وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا

(اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرو تو شمار نہ کر سکو گے) (ابراہیم: ۳۴)

نعم الباری
فی
شرح صحیح البخاری

تصنیف

علامہ غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دار العلوم نعیمیہ کراچی ۷۴۰۰

ضیاء القرآن پبلی کیشنز کراچی

Marfat.com

شرح صحیح البخاری کے نام ''**نِعم الباری**'' کی توجیہ

میں نے 18 رجنوری 2006ء کو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی 256ھ کی مشہور زمانہ کتاب ''المسند الصحیح الجامع المعروف به صحیح البخاری'' کی شرح لکھنے کا آغاز کیا، میں نے ابتداءً اس کا نام انعام الباری رکھا تھا، بعدازاں مجھے معلوم ہوا کہ شیخ محمد تقی عثمانی بھی اس نام سے صحیح البخاری کی شرح لکھ رہے ہیں اور اس وقت تک انعام الباری کی چار جلدیں ہو چکی تھیں، اس لیے میں نے اس کا نام بدل کر نعمۃ الباری رکھ دیا اور فرید بک اسٹال لاہور سے اس کی سات جلدیں لکھنے کا معاہدہ کیا اور 14 ستمبر 2010 کو میں نے نعمۃ الباری کی ساتویں جلد مکمل کر کے سید محسن اعجاز شاہ صاحب کے حوالہ کر دی اور یوں میری حد تک اس معاہدہ کی تکمیل ہو گئی۔

بعدازاں میرا رابطہ ادارہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز سے ہوا اور میں نے محترم محمد حفیظ البرکات شاہ صاحب سے شرح صحیح البخاری لکھنے کا معاہدہ طے کیا اور اب آٹھویں جلد سے میں نے اس کا نام نعمۃ الباری کے بجائے ''**نِعم الباری**'' رکھ دیا ہے تاکہ معاندین اور مفسدین کے لیے کسی شر کی گنجائش نہ رہے اور وہ یہ نہ کہیں کہ نعمۃ الباری کا معاہدہ تو ہم سے تھا اب یہ ضیاء القرآن اس کو کیوں شائع کر رہا ہے۔ اس لیے میں نے اس کا نام ہی بدل دیا ہے اور بجائے نعمۃ الباری کے اس کا نام ''**نِعم الباری**'' رکھ دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ میرا اور ضیاء القرآن پبلی کیشنز کا حافظ اور ناصر ہو اور ہمیں معاندین اور مفسدین کے شر اور فساد سے محفوظ اور مامون رکھے۔ آمین یا رب العالمین بجاہ سید المرسلین علیه وعلی اله واصحابه وازواجه وذریته الف الف صلوات وتسلیمات دائما ابدا۔

غلام رسول سعیدی

خادم الحدیث دارالعلوم نعیمیہ، کراچی 38

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا

(اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرو تو شمار نہ کر سکو گے (ابراہیم ۳۴)

نعم الباری
فی
شرح صحیح البخاری


تصنیف

علامہ غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دار العلوم نعیمیہ کراچی ۳۸

ضیاء القرآن پبلی کیشنز کراچی

Marfat.com



نعم الباری
فی
شرح صحیح البخاری

علامہ غلام رسول سعیدی

الجزء الثامن

Marfat.com

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا

اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کا شمار کرو تو شمار نہ کر سکو گے (ابراہیم: ۳۴)

نِعْمُ الْبَارِی
فی
شرحِ صحیح البُخاری

جلد ثامن (۸)

الاحادیث: ۴۹۷۷ ـــــ ۴۶۲۷

کتابُ التفسیر

تفسیر سورۃ الانعام تا سورۃ الناس

تصنیف

علامہ غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دار العلوم نعیمیہ، کراچی ۳۸

ضیاء القرآن پبلی کیشنز کراچی

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں
(یہ کتاب کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہے)

نام کتاب	نعم الباری فی شرح صحیح البخاری، جلد ثامن (۸)
تصنیف	علامہ غلام رسول سعیدی دامت برکاتہم العالیہ شیخ الحدیث دارالعلوم نعیمیہ، کراچی
ناشر	محمد حفیظ البرکات شاہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز، کراچی
سال اشاعت	باراول جون 2012ء باردوم ستمبر 2012ء بارسوم مئی 2013ء
تعداد	ایک ہزار
کمپیوٹر کوڈ	HS21

ملنے کا پتہ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

14۔انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی
فون:۔32630411-021-32212011۔فیکس:۔021-32210212
e-mail:- Info@zia-ul-quran.com
ziaulquranpublications@gmail.com
Website:- www.ziaulquran.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست مضامین

نعمۃ الباری فی شرح صحیح البخاری (جلد ہشتم)

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
☆	نعمۃ الباری کا افتتاحیہ	47
☆	گذارش احوال واقعی	49
	۶۔سورۃ الانعام کی تفسیر	57
1	سورۃ الانعام کا تعارف	57
2	تعلیقات مذکورہ کی شرح	59
	۱۔بَابٌ	
3	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اس کے پاس غیب کی چابیاں ہیں، اس کے سوا (ازخود) ان کو کوئی نہیں جانتا (الانعام:۵۹) کی تفسیر	66
4	غیب کی تعریف	66
5	الانعام:۵۹ میں مذکور مَفَاتِحُ الْغَيْبِ کی لفظی اور معنوی تحقیق	66
6	مفاتح الغیب کی تفسیر میں علامہ ابن الملقن، علامہ ابن حجر اور علامہ عینی پر مصنف کا تعاقب	67
7	مقبول بندوں کو علم غیب عطا کرنے میں محققین علماء کی تصریحات	67
	۲۔بَابٌ	
8	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ کہئے کہ وہی اس پر قادر ہے کہ تم پر تمہارے اوپر سے عذاب بھیجے۔ (الانعام:۶۵) کی تفسیر	69
9	اس امت کا آپس کی لڑائیوں میں مبتلا ہونا ان کے گناہوں کا کفارہ ہے	69
10	باب مذکور کی حدیث کے موافق دیگر احادیث	70
	۳۔بَابٌ	
11	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور انہوں نے اپنے ایمان کے ساتھ ظلم (شرک) کو نہیں ملایا (الانعام:۸۲) کی تفسیر	71
	۴۔بَابٌ	
12	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور یونس اور لوط، اور ہم نے سب کو (ان کے زمانہ کے) تمام جہان والوں پر فضیلت دی O (الانعام:۸۶) کی تفسیر	71
	۵۔بَابٌ	
13	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: یہ وہی لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی ہے، سو آپ بھی ان کے طریقہ پر چلیں۔ (الانعام:۹۰) کی تفسیر	72
14	اس اشکال کا جواب کہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ انبیاء سابقین کے مقتدی ہیں حالانکہ آپ کا مقام مقتدی ہونا ہے نہ کہ مقتدی ہونا	73
	۶۔بَابٌ	
15	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور یہودیوں پر ہم نے ہر	

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	ناخن والا جانور حرام کر دیا تھا اور ہم نے ان پر گائے اور بکری کی چربی حرام کر دی تھی (الانعام: ۱۴۶) کی تفسیر	75
16	تعلیقات مذکورہ کی شرح	75
17	جائز حیلہ اور ناجائز حیلہ کی تحقیق	76
	۷۔ بَابٌ	
18	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے حیائی کے کاموں کے قریب نہ جاؤ خواہ وہ ظاہر ہوں خواہ پوشیدہ۔ (الانعام: ۱۵۱) کی تفسیر	76
19	ظاہری بے حیائی اور باطنی بے حیائی کی تفصیل	77
	اللہ تعالیٰ کی غیرت اور بندوں کی غیرت کا معنی	77
20	اپنی تعریف کو پسند کرنا	78
	۸۔ بَابٌ	
21	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور وہ ہر چیز کا نگہبان ہے O (الانعام: ۱۰۲) کی تفسیر	78
	۹۔ بَابٌ	
22	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ کہئے کہ تم اپنے ان گواہوں کو پیش کرو۔ (الانعام: ۱۵۰) کی تفسیر	79
	۱۰۔ بَابٌ	
23	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تو کسی ایسے شخص کو ایمان لانے سے نفع نہیں ہوگا۔ (الانعام: ۱۵۸) کی تفسیر	80
24	باب مذکور کے موافق دیگر احادیث	81
25	سورج کے مغرب سے طلوع ہونے کے وقت ایمان لانے کے غیر مفید ہونے کا سبب	82
	۷۔ سورۃ الاعراف کی تفسیر	84
26	سورۃ الاعراف کا تعارف	84
27	تعلیقات مذکورہ کی شرح	86

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	۱۔ بَابٌ	
28	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ کہئے کہ میرے رب نے تو صرف بے حیائی کے کاموں کو حرام کیا ہے خواہ وہ ظاہر ہوں، خواہ پوشیدہ (الاعراف: ۳۳) کی تفسیر	97
	۲۔ بَابٌ	
29	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جب موسیٰ ہمارے مقرر کئے ہوئے وقت پر آئے اور ان کے رب نے ان سے کلام فرمایا، تو عرض کیا: اے میرے رب! مجھے اپنی ذات دکھا کہ میں تجھے دیکھوں، فرمایا: تم مجھے ہرگز نہ دیکھ سکو گے، البتہ تم اس پہاڑ کی طرف دیکھو، اگر (میری تجلی کے باوجود) یہ اپنی جگہ برقرار رہا تو عنقریب تم بھی مجھے دیکھ سکو گے، پھر جب ان کے رب نے پہاڑ پر تجلی فرمائی تو اس کو ریزہ ریزہ کر دیا اور موسیٰ (علیہ السلام) بے ہوش ہو کر گر پڑے، پھر جب ان کو ہوش آیا تو کہا: تو پاک ہے، میں نے تیرے حضور توبہ کی اور میں ایمان لانے والوں میں سب سے پہلا ہوں O (الاعراف: ۱۴۳) کی تفسیر	98
30	میقات، رب کی تجلی، حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بے ہوشی، ان کی توبہ اور ان کے اول المومنین ہونے کا محمل	98
	۳۔ بَابٌ	
31	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ہم نے ان پر من اور سلویٰ نازل کیا۔ (الاعراف: ۱۶۰) کی تفسیر	100
	۴۔ بَابٌ	
32	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (اے رسول مکرم!) آپ کہئے: اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں، جس کی ملک میں تمام آسمان اور زمینیں ہیں، اس کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے،	

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	وہی زندہ کرتا ہے اور وہی مارتا ہے، سو تم اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول پر جو نبی امی لقب ہیں، جو اللہ پر اور اس کے کلمات پر ایمان رکھتے ہیں، اور تم سب ان کی پیروی کرو تا کہ ہدایت پاؤ○ (الاعراف:۱۵۸) کی تفسیر	101
	۵۔بَابٌ	
33	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور حِطَّةٌ (معاف کرنا) کہتے جاؤ۔ (الاعراف:۱۶۱) کی تفسیر	102
	۶۔بَابٌ	
34	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ عفو و درگزر کا طریقہ اختیار کیجئے، اور نیکی کا حکم دیجئے، اور جاہلوں سے اعراض کیجئے○ (الاعراف:۱۹۹) کی تفسیر	103
35	اَلْعَفْو: معروف کا حکم دینے اور جاہلوں سے درگزر کی تفصیل	103
36	مشکل الفاظ کے معنی	104
37	خلق کی تعریف	105
	۸۔سورۃ الانفال کی تفسیر	106
38	سورۃ الانفال کا تعارف	106
	۱۔بَابٌ	
39	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (اے رسول مکرم!) یہ آپ سے انفال (اموال غنیمت) کے متعلق سوال کرتے ہیں، آپ کہئے کہ انفال (کے حکم) کا اللہ اور اس کا رسول مالک ہیں، سو تم اللہ سے ڈرو اور آپس میں صلح رکھو۔ (الانفال:۱) کی تفسیر	106
40	غنیمتوں کی تقسیم میں متعدد اقوال	106
41	تعلیق مذکور کی شرح	107
42	سورۃ الانفال کے شان نزول میں متعدد اقوال	107
	تعلیقات مذکور کی شرح	108

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	۲۔بَابٌ	
43	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک اللہ کے نزدیک بدترین جاندار وہ لوگ ہیں جو بہرے، گونگے ہیں جو عقل سے کام نہیں لیتے○ (الانفال:۲۲) کی تفسیر	111
44	سب سے بدترین جاندار کے مصداق میں متعدد اقوال	111
	۳۔بَابٌ	
45	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے ایمان والو! اللہ اور رسول کے بلانے پر (فوراً) حاضر ہو جب رسول تمہیں اس چیز کی طرف بلائیں جو تمہارے لئے حیات آفریں ہو، اور یقین رکھو کہ انسان اور اس کے دل کے درمیان اللہ حائل ہے اور بے شک تم اسی کی طرف اکٹھے کئے جاؤ گے○ (الانفال: ۲۴) کی تفسیر	112
46	سورۂ فاتحہ کے سب سے عظیم ہونے کی توجیہ اور اس کے السبع المثانی ہونے کا معنی	113
	۴۔بَابٌ	
47	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور (یاد کیجئے) جب انہوں نے کہا: اے اللہ! اگر یہ (قرآن) تیری جانب سے حق ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا یا ہم پر (کوئی دوسرا) دردناک عذاب لے آ○ (الانفال: ۳۲) کی تفسیر	113
48	کفار کے طلب عذاب کی دعا کے باوجود ان پر عذاب نازل نہ فرمانے کی توجیہ	113
49	احمد بن النضر کا تعارف	115
50	ابوجہل کا تذکرہ اور علامہ عینی کا علامہ عسقلانی پر تعاقب کرنا	115
51	کفار قریش پر عذاب نازل نہ کرنے کی وجوہ	115
52	مسجد حرام کے متولی صرف مسلمان ہیں	116

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	۵۔ بَابٌ	
53	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اللہ کی یہ شان نہیں کہ وہ انہیں عذاب دے جب کہ آپ ان میں موجود ہوں اور نہ اللہ (اس وقت) انہیں عذاب دینے والا ہے جب کہ یہ استغفار کر رہے ہوں O (الانفال: ۳۳) کی تفسیر	116
54	اس باب کے تکرار پر علامہ عینی کا اعتراض	116
55	الانفال: ۳۴-۳۳ کی متعدد تفسیریں	117
	۶۔ بَابٌ	
56	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور تم ان کے خلاف جنگ کرتے رہو حتیٰ کہ کفر (کا غلبہ) نہ رہے اور پورا دین (صرف) اللہ کے لئے ہو جائے۔ (الانفال: ۳۹) کی تفسیر	118
57	فتنہ کا مصداق شرک ہے	118
58	حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کا مسلمانوں کی آپس کی لڑائیوں سے الگ رہنا	120
	۷۔ بَابٌ	
59	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے نبی (مکرم!) مومنین کو قتال پر برانگیختہ کیجئے، اگر تم میں سے بیس صبر کرنے والے ہوں تو وہ دو سو پر غالب آ جائیں گے، اور اگر تم میں ایک سو (صبر کرنے والے) ہوں تو وہ ایک ہزار کافروں پر غالب آ جائیں گے، کیوں کہ وہ لوگ سمجھ نہیں سکتے O (الانفال: ۶۵) کی تفسیر	121
60	مشکل الفاظ کے معانی	121
61	نسخ اور تخفیف کا فرق اور ابن شبرمہ کا تعارف اور کفار اور فساق دونوں سے مقابلے کا حکم واحد ہے	122
	۸۔ بَابٌ	
62	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اب اللہ نے تم سے تخفیف کر دی ہے اور اسے معلوم ہے کہ تم میں کمزوری ہے۔ (الانفال: ۶۶) اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے، تک کی تفسیر	122
63	لشکر کے بغیر تنہا مسلمان کا دو کافروں کے مقابلہ سے بھاگنا، آیا جائز ہے یا نہیں؟	123
64	تنہا مسلمان کے دو یا زیادہ کافروں سے لڑنے کے وجوب پر حافظ ابن حجر کے دلائل پر مصنف کی گرفت	124
65	**۹۔ سورۃ التوبہ کی تفسیر**	125
66	سورۃ براءۃ (توبہ) کا تعارف	125
67	سورۃ التوبہ سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہ لکھنے کی توجیہات	125
68	تعلیقات مذکور کی شرح	126
	۱۔ بَابٌ	
69	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے ان مشرکین سے اعلان براءت (بیزاری) ہے جن سے تم نے معاہدہ کیا تھا O (التوبہ: ۱) کی تفسیر	132
70	مشرکین سے کیے ہوئے معاہدہ کو ان کی خلاف ورزی کی وجہ سے توڑنا	132
71	آخری آیت اور آخری سورت کے متعلق متعدد اقوال	134
	۲۔ بَابٌ	
72	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سو (اے مشرکو! اب تم (صرف) چار ماہ زمین میں (آزادی سے) چل پھر لو اور یقین رکھو کہ تم اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے اور یہ کہ اللہ کافروں کو رسوا کرنے والا ہے O (التوبہ: ۲) کی تفسیر	135
73	حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو براءت کا اعلان کرنے کے لئے بھیجنے کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجنے کی توجیح	135

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	۳۔ بَابٌ	
74	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور سب لوگوں کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے اعلان ہے کہ حج اکبر کے دن اللہ مشرکین سے بری الذمہ ہے اور اس کا رسول (بھی)، پس اگر تم توبہ کرلو تو تمہارے لئے بہتر ہے اور اگر تم اعراض کرتے ہو تو تم یقین رکھو کہ تم اللہ کو عاجز کرنے والے نہیں ہو، اور آپ کافروں کو دردناک عذاب کی خوشخبری دیجئے O (التوبہ: ۳) کی تفسیر	
75	حج اکبر کے متعلق مختلف اقوال اور مصنف کا مختار	136
76	اس اشکال کا جواب کہ حضرت ابوبکر نے حضرت ابوہریرہ کو اعلان کے لئے کیسے بھیجا؟ جب کہ نبی ﷺ نے تو اعلان کرنے کے لئے حضرت علی کو بھیجا تھا، اور حضرت علی کے اعلان کے متعلق حدیث اور سورۂ توبہ سے ان کے اعلان کی وضاحت	138
	۴۔ بَابٌ	
77	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ماسوا ان مشرکین کے جن سے تم نے معاہدہ کیا تھا۔ (التوبہ: ۴) کی تفسیر	139
78	حج اکبر اور حضرت علی کے اعلان کے متعلق مختلف روایات	139
	۵۔ بَابٌ	
79	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: کفر کے علم برداروں سے جنگ کرو، ان کی قسموں کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ (التوبہ: ۱۲) کی تفسیر	140
80	ائمہ کفر کے متعلق مختلف اقوال اور حضرت حذیفہ کو ان منافقین کا علم تھا یا نہیں؟	140
	۶۔ بَابٌ	
81	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جو لوگ سونے اور چاندی کو جمع کرتے ہیں اور اس کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے تو آپ ان کو دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیجئے O (التوبہ: ۳۴) کی تفسیر	141
	آیت مذکورہ کی تفسیر	141
82	حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے ربذہ میں جانے کا صحیح سبب	142
	۷۔ بَابٌ	
83	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جس دن وہ (سونا اور چاندی) دوزخ کی آگ میں تپایا جائے گا، پھر اس سے ان کی پیشانیوں کو اور ان کے پہلوؤں کو اور ان کی پیٹھوں کو داغا جائے گا، یہ ہے وہ (سونا اور چاندی) جس کو تم نے اپنے لئے جمع کر کے رکھا تھا، سو اب اپنے جمع کرنے کا مزہ چکھو O (التوبہ: ۳۵) کی تفسیر	142
	۸۔ بَابٌ	
84	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک اللہ کے نزدیک مہینوں کی تعداد اللہ کی کتاب میں بارہ مہینے ہے جس دن سے اس نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کیا، ان میں سے چار مہینے حرمت والے ہیں۔ (التوبہ: ۳۶) کی تفسیر	143
85	زمانے کے گھومنے کا معنی	143
	۹۔ بَابٌ	
86	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور (آں حالیکہ) وہ دو میں سے دوسرے تھے جب وہ دونوں غار میں تھے، جب وہ اپنے صاحب سے فرما رہے تھے: غم نہ کرو، بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے، یعنی ہمارا مددگار ہے۔ (التوبہ: ۴۰) کی تفسیر	144
87	حضرت ابن عباس اور حضرت ابن الزبیر کے درمیان بیعت کے مناقشہ کی تفصیل	145
88	حضرت ابن الزبیر رضی اللہ عنہ اور بنو امیہ کے درمیان جنگ کی تفصیل	148

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
89	بعض مشکل جملوں اور بعض ناموں کی وضاحت	149
	۱۰۔ بَابٌ	
90	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جن کے دلوں کو اسلام کی طرف راغب کرنا مقصود ہو۔ (التوبہ:۶۰) کی تفسیر	149
91	مؤلفۃ القلوب کی تعریف اور ان کا حکم	149
92	چند مبہم اسماء کی تعیین	150
	۱۱۔ بَابٌ	
93	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک جو (منافق) خوشی سے صدقہ دینے والے مومنوں کو طعنہ دیتے ہیں۔ (التوبہ:۷۹) کی تفسیر	150
94	آیت مذکورہ میں طعن کی تفسیر	150
95	جن صحابہ پر منافقین نے طعن کیا تھا، ان کے اسماء	151
	۱۲۔ بَابٌ	
96	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ ان کے لئے مغفرت طلب کریں یا نہ کریں، اگر آپ ان کے لئے ستر مرتبہ بھی مغفرت طلب کریں تو اللہ ان کو ہرگز نہیں بخشے گا۔ (التوبہ:۸۰) کی تفسیر	152
97	نکتہ چینی کرنے والے منافقین کا استغفار سے محروم ہونا	152
	عبداللہ بن ابی کو قمیص عطا فرمانے اور اس کی نماز جنازہ پڑھانے کی توجیہات	153
98	حدیث مذکور میں اضافہ شدہ روایات اور عبداللہ بن ابی ابن سلول کے نام کی وضاحت	155
	۱۳۔ بَابٌ	
99	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جو ان میں سے مرجائے تو آپ ان میں سے کسی کی نماز جنازہ نہ پڑھیں اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہوں۔ (التوبہ:۸۴) کی تفسیر	156
	التوبہ:۸۴ کا مصداق	156
100	حدیث مذکور میں یہ تصریح ہے کہ عبداللہ بن ابی کفر پر مرا، پھر اس پر یہ اشکال ہے کہ آپ نے اس کے لئے استغفار کیوں کیا؟ اور اس کا جواب	157
	۱۴۔ بَابٌ	
101	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جب تم ان کی طرف لوٹ کر جاؤ گے تو وہ تمہارے سامنے عنقریب اللہ کی قسمیں کھائیں گے، تاکہ تم ان (کے جھوٹے بہانوں) سے صرف نظر کرو، پس تم ان کی طرف توجہ نہ کرو، بے شک وہ ناپاک ہیں اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، (یہ) ان کے ان کاموں کی سزا ہے، جو وہ کرتے تھے○ (التوبہ:۹۵) کی تفسیر	158
	۱۵۔ بَابٌ	
102	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: وہ تم کو راضی کرنے کے لئے تمہارے سامنے قسمیں کھائیں گے، پس اگر تم ان سے راضی ہو (بھی) گئے تو اللہ فاسق لوگوں سے راضی نہیں ہوتا○ (التوبہ:۹۶) کی تفسیر	159
	۱۶۔ بَابٌ	
103	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بعض دوسرے وہ (مسلمان) ہیں جنہوں نے اپنے گناہوں کا اقرار کرلیا، انہوں نے نیک کاموں کو دوسرے برے کاموں سے ملا دیا۔ عنقریب اللہ ان کی توبہ قبول فرمائے گا، بے شک اللہ بہت بخشنے والا، بے حد رحم فرمانے والا ہے○ (التوبہ:۱۰۲) کی تفسیر	159
104	بعض صالح مومنین کے غزوۂ تبوک سے پیچھے رہ جانے کا ذکر	160
	۱۷۔ بَابٌ	
105	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: نبی اور ایمان والوں کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ مشرکین کے لئے استغفار کریں۔ (التوبہ:۱۱۳) کی تفسیر	161
106	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام آباء اور امہات مومن تھے	161

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	۱۸۔ بَابٌ	
107	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک اللہ نے نبی کی توبہ قبول فرمائی، اور مہاجرین اور انصار کی جنہوں نے تنگی کے وقت میں نبی کی اتباع کی جب کہ اس کے بعد یہ قریب تھا کہ ایک گروہ کے دل اپنی جگہ سے ہل جائیں، پھر اس کے بعد اس نے ان کی توبہ قبول کی، بے شک وہ ان پر نہایت مہربان	
108	بہت رحم والا ہے O (التوبہ:۱۱۷) کی تفسیر	162
109	نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی توبہ قبول کرنے کے محامل	163
	۱۹۔ بَابٌ	
110	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اس نے ان تین شخصوں کی توبہ (بھی) قبول فرمائی جن کا معاملہ مؤخر کر دیا گیا تھا، حتیٰ کہ جب زمین اپنی وسعت کے باوجود ان پر تنگ ہو گئی اور خود ان کی جانیں بھی ان پر تنگ ہو گئیں اور انہوں نے یہ یقین کر لیا کہ اللہ کے سوا ان کی کوئی جائے پناہ نہیں ہے، پھر ان کی توبہ قبول فرمائی تاکہ وہ توبہ پر قائم رہیں، بے شک اللہ بہت توبہ قبول فرمانے والا، بے حد رحم فرمانے والا ہے O (التوبہ:۱۱۸) کی تفسیر	164
111	ان تین کا بیان، جو پیچھے رہ گئے تھے	164
	۲۰۔ بَابٌ	
112	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور (ہمیشہ) سچوں کے ساتھ رہو O (التوبہ:۱۱۹) کی تفسیر	166
	۲۱۔ بَابٌ	
113	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک تمہارے پاس تم ہی میں سے ایک عظیم رسول آ گئے ہیں، تمہارا مشقت میں پڑنا ان پر بہت شاق ہے، تمہاری فلاح پر وہ بہت حریص ہیں، مومنوں پر بہت شفیق اور نہایت مہربان ہیں O (التوبہ:۱۲۸) کی تفسیر	167
114	التوبہ:۱۲۸ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل	167
115	حضرت ابوبکر کے قرآن جمع کرنے اور حضرت عثمان کے قرآن مجید جمع کرنے کا فرق اور بعض دیگر مسائل	170
116	حضرت خزیمہ کی شہادت کو دو شہادتوں کے برابر قرار دینے کے متعلق حدیث میں صراحت	171
	۱۰۔ سورۂ یونس کی تفسیر	173
117	سورۂ یونس کا تعارف	173
	۱۔ بَابٌ	173
118	تعلیقات مذکورہ کی شرح	174
	۲۔ بَابٌ	
119	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر کے پار گزار دیا تو فرعون اور اس کے لشکر نے دشمنی اور سرکشی سے ان کا پیچھا کیا، حتیٰ کہ جب وہ غرق ہونے لگا تو اس نے کہا: میں ایمان لایا کہ جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں، اس کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے اور میں مسلمانوں میں سے ہوں O (یونس:۹۰) کی تفسیر	177
120	فرعون کا نام اور جس سمندر میں فرعون غرق ہوا تھا اس کا بیان اور فرعون کا ایمان قبول نہ ہونے کی وجہ	177
	۱۱۔ سورۂ ہود کی تفسیر	179
121	سورۂ ہود کا تعارف	179
122	تعلیقات مذکورہ کی شرح	180
	۱۔ بَابٌ	
123	اللہ تعالیٰ کا ارشاد: سنو! وہ اپنے سینوں کو موڑتے ہیں تاکہ وہ اس سے چھپائیں، سنو! جس وقت وہ اپنے کپڑے اوڑھے ہوئے ہوتے ہیں (اس وقت بھی) وہ اس کو جانتا ہے جس کو وہ چھپاتے	

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	ہیں، اور جس کو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ بے شک وہ سینوں کی باتوں کو خوب جانتا ہے O (ھود: ۵) کی تفسیر	183
124	حدیث مذکور کی صرفی اور نحوی ترکیب	184
	۲۔ بَابٌ	
125	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اس کا عرش پانی پر تھا۔ (ھود: ۷) کی تفسیر	186
126	اللہ تعالیٰ کے بھرے ہوئے ہاتھ کا معنی	187
	۳۔ بَابٌ	
127	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور (ہم نے) مدین والوں کی طرف ان کے ہم قبیلہ شعیب کو بھیجا۔ (ھود: ۸۴) کی تفسیر	189
128	شعیب کی لفظی تحقیق اور ان کا نسب	189
	۴۔ بَابٌ	
129	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور تمام گواہ یہ کہیں گے: یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ باندھا تھا، سنو! ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے O (ھود: ۱۸) کی تفسیر	191
130	النجوٰی اور کَنَفٌ کا معنی	192
	۵۔ بَابٌ	
131	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور آپ کے رب کی گرفت اسی طرح ہوتی ہے جب وہ بستیوں پر اس حال میں گرفت کرتا ہے کہ وہ ظلم کر رہی ہوتی ہیں، بے شک اس کی گرفت دردناک شدید ہے O (ھود: ۱۰۲) کی تفسیر	192
	۶۔ بَابٌ	
132	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور دن کی دونوں طرفوں میں اور (ابتدائی) رات کے کچھ حصوں میں نماز قائم رکھئے، بے شک نیکیاں گناہوں کو مٹا دیتی ہیں، یہ	

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	ان لوگوں کے لیے نصیحت ہے جو نصیحت قبول کرنے والے ہیں O (ھود: ۱۱۴) کی تفسیر	193
133	دن کی دو طرفوں کا بیان اور زلفًا من اللیل کا معنی	194
134	بوسا لینے والے مرد کا نام اور ان کا مختصر تذکرہ	195
	۱۲۔ سورۂ یوسف کی تفسیر	197
135	سورۂ یوسف کا تعارف	197
	۱۔ بَابٌ	
136	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور تم پر اور آل یعقوب پر اپنی نعمت کو مکمل فرمائے گا جس طرح اس سے پہلے اس نے اس نعمت کو تمہارے باپ دادا ابراہیم اور اسحاق پر مکمل فرمایا تھا (یوسف: ۶) کی تفسیر	205
137	حضرت یوسف علیہ السلام پر اور ان کے باپ دادا پر نعمت پوری کرنے کا معنی	205
	۲۔ بَابٌ	
138	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک یوسف اور ان کے بھائیوں کے قصہ میں پوچھنے والوں کے لئے بہت نشانیاں ہیں O (یوسف: ۷) کی تفسیر	205
	۳۔ بَابٌ	
139	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (یعقوب نے) کہا: (بھیڑیئے نے تو خیر نہیں کھایا) بلکہ تمہارے دل نے ایک بات گھڑ لی ہے، پس اب صبر جمیل کرنا ہی بہتر ہے (یوسف: ۱۸) کی تفسیر	206
	۴۔ بَابٌ	
140	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور وہ جس عورت کے گھر میں تھے اس نے ان کو اپنی طرف راغب کیا اور اس نے دروازے بند کر کے کہا: جلدی آؤ۔ (یوسف: ۲۳) کی تفسیر	208
	۵۔ بَابٌ	
141	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جب ان کے پاس قاصد آیا	

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	تو انہوں نے کہا: اپنے آقا کے پاس واپس جاؤ اور اس سے پوچھو: ان عورتوں کا کیا حال ہے جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لئے تھے، بے شک میرا رب ان کی سازش کو خوب جاننے والا ہے O بادشاہ نے (ان عورتوں کو بلا کر) پوچھا: اس وقت کیا ہوا تھا جب تم نے یوسف کو اپنی طرف راغب کرنے کی کوشش کی تھی، انہوں نے کہا: حَاشَ لِلّٰہِ (یوسف: ۵۱۔۵۰) کی تفسیر	210
	۲۔ بَابٌ	
142	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: حتیٰ کہ جب رسول ناامید ہونے لگے (یوسف: ۱۱۰) کی تفسیر	211
143	کُذِبُوْا اور کُذِّبُوْا کی قراءت کا فرق	211
	۱۳۔ سورۃ الرعد کی تفسیر	213
144	سورۃ الرعد کا تعارف	213
	۱۔ بَابٌ	
145	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ہر مادہ کے حمل کو اللہ ہی جانتا ہے، اور ہر رحم میں جو کمی اور زیادتی ہوتی ہے اس کو بھی وہی جانتا ہے (الرعد: ۸) کی تفسیر	219
146	ناتمام بچے کی مختلف تعریفات	219
	۱۴۔ سورۂ ابراہیم کی تفسیر	221
147	سورۂ ابراہیم کا تعارف	221
	۱۔ بَابٌ	
148	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ایک پاکیزہ درخت کی طرح ہے جس کی جڑ (زمین میں) مضبوط ہے اور اس کی شاخیں آسمان میں ہیں O وہ درخت اپنے رب کے اذن سے ہر وقت پھل دیتا ہے۔ (ابراہیم: ۲۵-۲۴) کی تفسیر	224
149	کلمہ طیبہ اور شجرۂ طیبہ میں مختلف وجوہ سے مشابہت	224

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	۲۔ بَابٌ	
150	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اللہ ایمان والوں کو مضبوط کلمہ کے ساتھ ثابت قدم رکھتا ہے (ابراہیم: ۲۷) کی تفسیر	226
151	عذاب قبر کا ثبوت	226
	۳۔ بَابٌ	
152	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے اللہ کی نعمت کو ناشکری سے بدل دیا (ابراہیم: ۲۸) کی تفسیر	226
	۱۵۔ سورۃ الحجر کی تفسیر	228
153	سورۃ الحجر کا تعارف	228
	۱۔ بَابٌ	
154	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سوا اس کے جو چوری سے (فرشتوں کی باتیں) سنے تو اس کے پیچھے ایک چمکتا ہوا انگارہ آتا ہے O (الحجر: ۱۸) کی تفسیر	232
	حدیث مذکور کی شرح اور مشکل الفاظ کے معانی	233
	۲۔ بَابٌ	
155	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے شک وادیٔ حجر کے رہنے والوں نے رسولوں کی تکذیب کی O (الحجر: ۸۰) کی تفسیر	235
156	الحجر کا محل وقوع اور مرسلین کی تکذیب کی توجیہ	235
	۳۔ بَابٌ	
157	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے شک ہم نے آپ کو سات آیتیں دیں جو دو بار پڑھی جاتی ہیں اور قرآن عظیم دیا O (الحجر: ۸۷) کی تفسیر	236
158	سبعا من المثانی کی متعدد تفاسیر	236
159	سورۂ فاتحہ کو ام القرآن کہنے کی توجیہ	237
	۴۔ بَابٌ	
160	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جنہوں نے قرآن کو (کچھ مان کر اور کچھ نہ مان کر) ٹکڑے ٹکڑے کر دیا O	

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	(الحجر:۹۱) کی تفسیر	238
	۵۔بَابٌ	
161	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہئے حتیٰ کہ آپ کے پاس پیغام اجل آ جائے○ (الحجر:۹۹) کی تفسیر	240
	۱۶۔سورۃ النحل کی تفسیر	242
162	سورۃ النحل کا تعارف	242
	۱۔بَابٌ	
163	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور تم میں سے بعض کو نا کارہ عمر کی طرف لوٹا دیا جاتا ہے۔ (النحل:۷۰) کی تفسیر	247
164	ارذل عمر کا معنی	247
	۱۷۔سورۂ بنی اسرائیل کی تفسیر	249
165	سورۂ بنی اسرائیل کا تعارف	249
	۱۔بَابٌ	
166	مشکل الفاظ کے معانی	249
	۲۔بَابٌ	
167	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ہم نے بنی اسرائیل کو بتا دیا تھا۔ (بنی اسرائیل:۴) کی تفسیر	250
	۳۔بَابٌ	
168	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ہر عیب سے پاک ہے وہ جو اپنے (مکرم) بندہ کو رات کے ایک قلیل وقفہ میں مسجد حرام سے لے گیا۔ (بنی اسرائیل:۱) کی تفسیر	254
169	نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیت المقدس اٹھا کر رکھنے میں آپ کی فضیلت اور خصوصیت	255
	۴۔بَابٌ	
170	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے شک ہم نے ماولاد آدم کو فضیلت دی (بنی اسرائیل:۷۰) کی تفسیر	256
	۵۔بَابٌ	
171	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جب ہم کسی بستی کے لوگوں کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرتے ہیں تو اس کے عیش پرستوں کو اپنے احکام بھیجتے ہیں۔ (بنی اسرائیل:۱۶) کی تفسیر	260
	۶۔بَابٌ	
172	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (اے) ان لوگوں کی اولاد! جن کو ہم نے نوح کے ساتھ کشتی میں سوار کیا، بے شک وہ بہت شکر گزار بندے تھے○ (بنی اسرائیل:۳) کی تفسیر	260
	۷۔بَابٌ	
173	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ہم نے داؤد کو زبور عطا کی○ (بنی اسرائیل:۵۵) کی تفسیر	264
	۸۔بَابٌ	
174	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ کہئے کہ تم ان کو پکارو جو تمہارے زعم میں اللہ کے سوا (عبادت کے مستحق) ہیں، سو وہ تم سے نہ کسی ضرر کو دور کرنے کے مالک ہیں اور نہ اس کو بدلنے کے (مالک ہیں)○ (بنی اسرائیل:۵۶) کی تفسیر	264
	۹۔بَابٌ	
175	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جن لوگوں کی یہ (مشرکین) عبادت کرتے ہیں وہ خود ہی اپنے رب کی طرف قریب ترین وسیلہ تلاش کرتے ہیں۔ (بنی اسرائیل:۵۷) کی تفسیر	265
	۱۰۔بَابٌ	
176	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ہم نے آپ کو (شب معراج) جو جلوہ دکھایا تھا وہ صرف لوگوں کی آزمائش کے لیے تھا۔ (بنی اسرائیل:۶۰) کی تفسیر	266
	شب معراج میں عجائبات دیکھنے کی خبر کا لوگوں کے لیے آزمائش ہونا	267

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	۱۱۔ بَابٌ	
177	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک فجر کی نماز میں قرآن پڑھنے میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں O (بنی اسرائیل: ۷۸) کی تفسیر	267
	۱۲۔ بَابٌ	
178	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: عنقریب آپ کا رب آپ کو مقام محمود پر فائز کرے گا O (بنی اسرائیل: ۷۹) کی تفسیر	268
	۱۳۔ بَابٌ	
179	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور آپ کہیے: حق آ گیا اور باطل نابود ہو گیا اور بے شک باطل تھا بھی نابود ہونے والا O (بنی اسرائیل: ۸۱) کی تفسیر	269
	۱۴۔ بَابٌ	
180	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور یہ لوگ آپ سے روح کے متعلق سوال کرتے ہیں۔ (بنی اسرائیل: ۸۵) کی تفسیر	269
181	روح کی تحقیق	269
	۱۵۔ بَابٌ	
182	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور آپ نماز میں نہ بہت بلند آواز سے قرآن پڑھیں اور نہ بہت پست آواز سے۔ (بنی اسرائیل: ۱۱۰) کی تفسیر	271
183	نماز میں قرآن کو متوسط آواز کے ساتھ پڑھنے کا حکم	271
	۱۸۔ سورۃ الکہف کی تفسیر	273
184	سورۃ الکہف کا تعارف	273
	۱۔ بَابٌ	
185	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور انسان ہر چیز سے زیادہ جھگڑالو ہے۔ (الکہف: ۵۴) کی تفسیر	277
	۲۔ بَابٌ	
186	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جب موسیٰ نے اپنے خادم سے کہا: میں مسلسل چلتا رہوں گا حتیٰ کہ میں دو سمندروں کے سنگم پر پہنچ جاؤں یا سالہا سال تک چلتا رہوں گا۔ (الکہف: ۶۰) کی تفسیر	280
187	بعض مشکل عبارات کی شرح	284
	۳۔ بَابٌ	
188	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پس جب وہ دونوں سمندر کے سنگم پر پہنچ گئے تو وہ دونوں اپنی مچھلی بھول گئے، سو مچھلی نے سمندر میں سرنگ بناتے ہوئے اپنا راستہ بنالیا۔ (الکہف: ۶۱) کی تفسیر	285
189	اللہ نے اس مقتول لڑکے کے بدلے میں جو لڑکی دی تھی اس کا تذکرہ	289
	۴۔ بَابٌ	
190	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پھر جب وہ دونوں اس جگہ سے آگے بڑھ گئے تو موسیٰ نے اپنے خادم سے کہا: ہمارا ناشتہ لاؤ، ہمیں اس سفر سے تھکاوٹ پہنچی ہے O اس نے کہا: بھلا دیکھیے جب ہم اس چٹان کے پاس آ کر ٹھہرے تھے تو بے شک میں مچھلی کا ذکر کرنا بھول گیا تھا۔ یہ آیت یہاں تک ہے: اور اس مچھلی نے سمندر میں عجیب طریقہ سے راستہ بنالیا تھا۔ (الکہف: ۶۳۔ ۶۲) کی تفسیر	289
	۵۔ بَابٌ	
191	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ کہیے: کیا ہم تم کو یہ خبر دیں کہ سب سے زیادہ نقصان دہ کام کن لوگوں کے ہیں۔ (الکہف: ۱۰۳) کی تفسیر	294
192	مصعب کے والد کا نام اور حروریہ کا معنی	295
	۶۔ بَابٌ	
193	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کی آیتوں اور اس سے ملاقات کے ساتھ کفر کیا، سو ان کے اعمال ضائع ہو گئے۔	

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	(الکہف:۱۰۵) کی تفسیر	295
	۱۹۔سورۂ کٓهٰیٰعٓصٓ (مریم) کی تفسیر	297
194	سورۂ کٓهٰیٰعٓصٓ (مریم) کا تعارف	297
	۱۔بَابٌ	
195	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور آپ انہیں حسرت والے دن سے ڈرائیے۔(مریم:۳۹) کی تفسیر	300
196	یَوْمَ الْحَسْرَةِ کا مصداق	301
197	موت کو مینڈھے کی شکل میں ذبح کرنے کے متعلق احادیث	301
198	مینڈھے میں سفید اور سیاہ رنگ ہونے کی حکمت اور موت کا مخلوق ہونا اور جنت اور دوزخ کا دائمی ہونا	302
199	مینڈھے کی سفید دھاریوں سے اہل جنت کی طرف اور سیاہ دھاریوں سے اہل دوزخ کی طرف اشارہ کی توجیہ	303
	۲۔باب	
200	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ہم (فرشتے) صرف آپ کے رب کے حکم سے نازل ہوتے ہیں اور ہمارے آگے اور پیچھے اور جو اس کے درمیان ہے وہ سب اس کی ملکیت ہے۔(مریم:۶۴) کی تفسیر	303
	حضرت جبرئیل کے آپ کے پاس نازل نہ ہونے کی مدت میں متعدد اقوال	304
	۳۔بَابٌ	
201	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا؟ جس نے ہماری آیتوں کے ساتھ کفر کیا اور کہا: مجھے ضرور مال اور اولاد دی جائے گی۔ (مریم:۷۷) کی تفسیر	304
202	اس اعتراض کا جواب کہ کیا حضرت خباب قیامت کے بعد رسول اللہ ﷺ کا کفر کردیں گے	305
	۴۔بَابٌ	
203	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: کیا وہ غیب پر مطلع ہے یا اس نے رحمٰن سے کوئی عہد لیا ہوا ہے (یعنی پکا عہد لیا ہے)۔(مریم:۷۸) کی تفسیر	306
	۵۔بَابٌ	
204	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ہرگز نہیں! ہم عنقریب اس کی باتوں کو لکھ لیں گے اور اس کے عذاب کو بڑھاتے رہیں گے O (مریم:۷۹) کی تفسیر	307
	۶۔باب	
205	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ہم ہی اس کی باتوں کے وارث ہیں، اور وہ ہمارے پاس تنہا آئے گا O (مریم:۸۰) کی تفسیر	307
	۲۰۔سورۂ طٰہٰ کی تفسیر	309
206	سورۂ طٰہٰ کا تعارف	309
207	لفظ طٰہٰ کے متعدد محامل	309
	۱۔بَابٌ	
208	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور میں نے آپ کو خاص اپنے لیے چن لیا O (طٰہٰ:۴۱) کی تفسیر	317
209	حضرت آدم اور حضرت موسیٰ علیہما السلام کے مذاکرہ کی تفصیل اور یہ مذاکرہ کس جگہ ہوا تھا	318
210	دنیا میں کیے ہوئے گناہوں پر تقدیر کا عذر پیش کرنا جائز نہیں ہے	318
	۲۔بَابٌ	
211	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے شک ہم نے موسیٰ کی طرف وحی فرمائی کہ آپ راتوں رات میرے بندوں کو لے جائیں، پھر ان کے لیے سمندر میں سے خشک راستہ نکالیں آپ کو کسی کے پکڑنے کا خوف ہوگا نہ ڈر ہوگا O پس فرعون نے اپنے لشکر کے ساتھ ان کا پیچھا کیا، پھر سمندر نے ان کو	304 305

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	ڈھانپ لیا جو ڈھانپ لیاO اور فرعون نے اپنی قوم کو گم راہ کر دیا اور سیدھا راستہ نہ دکھایاO (طٰہٰ:۷۷ تا ۷۹) کی تفسیر	319
	۳۔ بَابٌ	
212	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ایسا نہ ہو کہ یہ (ابلیس) آپ دونوں کو جنت سے نکلوا دے تو آپ مشقت میں پڑ جائیں گےO (طٰہٰ:۱۱۷) کی تفسیر	319
	۲۱۔ سورۃ الانبیاء کی تفسیر	322
213	سورۃ الانبیاء کا تعارف	322
	۱۔ بَابٌ	
214	اللہ تعالیٰ کا ارشاد: جس طرح ہم نے ابتداءً پیدا کیا تھا، ہم اسی طرح دوبارہ پیدا کریں گے، یہ ہمارا وعدہ ہے، جس کو ہم ضرور پورا کرنے والے ہیںO (الانبیاء:۱۰۴) کی تفسیر	327
215	اَلنَّخْعُ کا معنی اور اس کی وجہ تسمیہ، غرلًا کا معنی اور مرتدین کا مصداق	328
	۲۲۔ سورۃ الحج کی تفسیر	330
216	سورۃ الحج کا تعارف	330
	۱۔ بَابٌ	
217	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور تم کو لوگ مدہوش نظر آئیں گے۔ (الحج:۲) کی تفسیر	333
218	جریر اور عیسیٰ کے اختلاف کی وضاحت	334
	۲۔ بَابٌ	
219	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور کوئی شخص ایک کنارے پر کھڑا ہو کر اللہ کی عبادت کرتا ہے، پس اگر اس کو کوئی بھلائی مل جائے تو وہ اس سے مطمئن ہو جاتا ہے اور اگر اس پر کوئی آزمائش کی جائے تو وہ منہ کے بل پلٹ جاتا ہے، اس نے دنیا اور آخرت کا نقصان سمیٹا (یہ یہاں تک ہے) یہی دور کی گمراہی ہےO (الحج:۱۲۔۱۱) کی تفسیر	335
	۳۔ بَابٌ	
220	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: یہ دو فریق ہیں جنہوں نے اپنے رب کے متعلق جھگڑا کیا۔ (الحج:۱۹) کی تفسیر	336
	۲۳۔ سورۃ المومنون کی تفسیر	338
221	سورۃ المومنون کا تعارف	338
	۲۴۔ سورۃ النور کی تفسیر	342
222	سورۃ النور کا تعارف	342
	۱۔ بَابٌ	
223	اللہ تعالیٰ کا ارشاد: اور جو لوگ اپنی بیویوں کو زنا کی تہمت لگائیں اور ان کے پاس خود ان کے سوا اور کوئی گواہ نہ ہو تو ان میں سے ایک شخص کی گواہی یہ ہے کہ وہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر یہ کہے کہ بے شک وہ ضرور سچوں میں سے ہےO (النور:۶) کی تفسیر	345
224	حضرت عاصم بن عدی کے سوال کو ناپسند کرنے کی وجوہ	346
	ملاعنہ کا بیان	346
225	حدیث مذکورہ سے مستنبط مسائل، لعان کے مختلف شرعی احکام اور ائمہ مجتہدین کے اقوال	347
226	لعان کے بعد وقوع طلاق کا جواز اور شرح صحیح مسلم میں اس کی تحقیق	349
227	لعان کرنے والے مرد و عورت کے درمیان آئندہ کبھی نکاح جائز ہے یا نہیں؟ اس بارے میں فقہاء	349
228	احناف کا اختلاف اور مفتی بہ قول پر دلائل	349
	۲۔ بَابٌ	
229	اللہ تعالیٰ کا ارشاد: اور پانچویں بار یہ کہے کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹوں میں سے ہوO (النور:۷) کی تفسیر	351
230	علامہ نووی کا یہ استدلال کہ محض لعان سے جدائی واقع ہو جاتی ہے اور دلائل سے اس نظریہ کا رد	352

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
231	محض حمل کا انکار کرنے پر لعان کرنا واجب ہوتا ہے یا نہیں؟ اس بارے میں ائمہ کے اقوال اور احناف کے موقف پر دلائل	353
232	لعان والی عورت اور اس کی اولاد کا آپس میں ایک دوسرے کا وارث ہونا	354
	۳۔ بَابٌ	
233	اللہ تعالیٰ کا ارشاد: اور عورت سے حد زنا اس طرح دور ہو سکتی ہے کہ وہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر کہے کہ بے شک اس کا خاوند ضرور جھوٹوں میں سے ہے O (النور:۸) کی تفسیر	355
234	لعان کی آیتیں حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ کے سلسلہ میں نازل ہوئیں یا حضرت عویمر رضی اللہ عنہ کے سلسلہ میں؟ اس پر حافظ ابن حجر عسقلانی کی مفصل تحقیق	356
235	حدیث کے کچھ مشکل کلمات کی تشریح	358
	۴۔ بَابٌ	
236	اللہ تعالیٰ کا ارشاد: اور پانچویں بار (عورت یہ کہے) کہ اس پر اللہ کا غضب نازل ہو اگر (اس کا خاوند) سچوں میں سے ہو O (النور:۹) کی تفسیر	358
	۵۔ بَابٌ	
237	اللہ تعالیٰ کا ارشاد: بے شک جن لوگوں نے (عائشہ صدیقہ پر) تہمت لگائی وہ تم میں سے ایک گروہ ہے، تم اس (تہمت) کو اپنے لیے شر نہ سمجھو بلکہ وہ (نتائج کے اعتبار سے) تمہارے لیے بہتر ہے، اس گروہ میں سے ہر فرد کے لیے وہ گناہ ہے جو اس نے کمایا اور جس شخص نے ان میں سے اس (تہمت) میں سب سے بڑا حصہ لیا اس کے لیے بہت بڑا عذاب ہے O (النور:۱۱) کی تفسیر	359
238	سورۃ النور کی آیت:۱۱ کی مختصر تفسیر، لفظ افک کا اصل معنی اور عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ پر اشکال کا جواب	359
239	"سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت میں جس نے بڑا حصہ لیا" اس سے عبداللہ بن ابی کے مراد ہونے پر دلائل	360
240	آیت میں عبداللہ بن ابی کے مراد ہونے پر صحیح بخاری ہی کی ایک حدیث کے ذریعہ معترضین کا اعتراض اور اس کا جواب	361
241	اس جواب کی تائید میں مختلف شارحین حدیث کی آراء	362
242	سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کی عزت افزائی فرمانا اور ان کے خلاف بولنے سے منع فرمانا	363
	۶۔ بَابٌ	
243	اللہ تعالیٰ کا ارشاد: جب تم نے اس (تہمت) کو سنا تو مومن مردوں اور مومن عورتوں نے اپنوں کے متعلق نیک گمان کیوں نہیں کیا اور یہ کیوں نہیں کہا کہ یہ تو کھلا بہتان ہے O تہمت لگانے والے اس تہمت پر چار گواہ کیوں نہ لائے! پس جب وہ گواہ نہیں لائے تو وہی اللہ کے نزدیک جھوٹے ہیں O (النور: ۱۳۔۱۲) کی تفسیر	364
244	بے قصور یا نامعلوم شخص پر تہمت لگے تو اہل ایمان کو کیا گمان رکھنا چاہیے؟ اور واقعہ افک کے	364
245	بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم پر ایک دلیل	365
246	حدیث افک	365
247	حدیث افک کے مباحث پر سب سے زیادہ محدث اعظم علامہ غلام رسول سعیدی کا بحث اور تحقیق فرمانا	374
248	نعمۃ الباری، کتاب الشہادات میں حدیث افک: ۲۶۶۱ کی شرح کے عنوانات	374
249	نعمۃ الباری، کتاب المغازی میں حدیث افک: ۴۱۴۱ کی شرح کے عنوانات	374
250	شرح صحیح مسلم میں حدیث افک کی شرح کے	374

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	عنوانات	374
251	تفسیر تبیان القرآن میں سورۃ النور کی آیات افک کے تحت حدیث افک کا تذکرہ اور اس کی شرح میں بعض معاصرین کے اعتراضات کے جوابات	375
252	حدیث افک پر شارح بخاری علامہ ابن ابی جمرہ کی شرح اور اس سے کچھ علمی نکات	375
253	سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا ہودج میں سوار ہونا اور اس کے ضمن میں مختلف شرعی مسائل	376
254	سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا قضائے حاجت فرمانے کے بعد اپنے گلے کے ہار کی طرف متوجہ ہونا اور کچھ شرعی مسائل	376
255	سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ ان کی بیماری کے دنوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا طرز عمل اور کچھ شرعی مسائل	376
256	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے معاملہ میں حضرت علی اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہم سے مشورہ فرمانا اور اس سے علامہ ابن ابی جمرہ کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عدم علم پر استدلال	377
257	مصنف کی طرف سے علامہ ابن ابی جمرہ کے اس استدلال کا جواب	377
258	حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا اپنی والدہ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کو مقدم کرنا اور یہ فرمانا کہ میں صرف اللہ عزوجل کی حمد کروں گی	378
259	حدیث افک پر علامہ ابن ابی جمرہ کے وارد کردہ کچھ سوالات اور ان ہی کے دیئے ہوئے جوابات	379
	۷۔ بَابٌ	
260	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اگر تم پر دنیا اور آخرت میں اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم نے جس (تہمت) کا چرچا کیا تھا اس کی وجہ سے تمہیں بہت بڑا عذاب پہنچتا O (النور: ۱۴) کی تفسیر	380
	فضل و رحمت اور عذاب عظیم کا معنی و مفہوم اور اس آیت کے مخاطبین کا تعین	381
262	مسروق کا حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا سے سماع ثابت ہے یا نہیں؟ اس بارے میں اختلاف اور راجح قول کا بیان	382
	۸۔ بَابٌ	
263	اللہ عزوجل کے ارشاد: جب تم یہ (تہمت) اپنی زبانوں سے نقل کرتے رہے اور اپنے منہ سے وہ بات کہتے رہے جس کا تمہیں علم نہ تھا اور تم اس کو معمولی بات سمجھتے رہے حالانکہ اللہ کے نزدیک وہ بہت سنگین بات تھی O (النور: ۱۵) کی تفسیر	383
264	اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی قراءت اور اس پر وارد ہونے والے ایک اعتراض کا جواب	383
	۹۔ بَابٌ	
265	اللہ عزوجل کے ارشاد: اور تم نے اس (تہمت) کو سنتے ہی یہ کیوں نہ کہا: ایسی بات کرنا ہمارے لیے جائز نہیں ہے، اے اللہ! تو پاک ہے، یہ تو بہت سنگین بہتان ہے O (النور: ۱۶) کی تفسیر	384
266	سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے مرض الموت میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا ان کے پاس آنا اور ان کی تعریف و توصیف کرنا	385
267	صحیح بخاری کی زیر بحث حدیث کی سند میں ذکوان کا نام مذکور نہ ہونا اور اس سے علامہ ابن الملقن کا اس حدیث کے مرسل ہونے پر استدلال	386
268	حافظ ابن الملقن کے اس استدلال پر حافظ ابن حجر عسقلانی کا کلام اور علامہ ابن الملقن کی تردید	386
269	علامہ بدرالدین عینی کا حافظ ابن حجر عسقلانی پر رد اور علامہ ابن الملقن کی تائید	386
270	مصنف کا نقطہ نظر اور اس پر زیر بحث حدیث کی	

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	سند سے استدلال	386
271	سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا کمال تواضع اور انکسار اور خوف الٰہی	387
272	صحابہ کرام کا خوف وخشیت اور ان کے مختلف جملے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی عیادت کے لیے آنا اور اس بارے میں امام احمد کی مفصل روایت کا بیان	387
		388
273	صحیح بخاری کی زیر بحث حدیث سے حافظ ابن حجر عسقلانی کا استنباط مسائل	389
	۱۰۔ بَابٌ	
274	اللہ عزوجل کا ارشاد: اللہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے کہ تم دوبارہ ایسی بات کبھی بھی نہ کرنا اگر تم مومن ہو O (النور: ۱۷) کی تفسیر	389
	۱۱۔ بَابٌ	
275	اللہ عزوجل کے ارشاد: اور اللہ تمہارے لیے آیتیں بیان فرماتا ہے، اور اللہ بہت علم والا بہت حکمت والا ہے O (النور: ۱۸) کی تفسیر	390
	۱۲۔ بَابٌ	
276	اللہ عزوجل کے ارشاد: بے شک جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ ایمان والوں میں بے حیائی کی بات پھیلے ان کے لیے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے O اور اگر تم ان پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی اور یہ کہ اللہ بہت شفیق اور بے حد مہربان ہے (تو تم پر عذاب آجاتا) O (النور: ۲۰۔۱۹) کی تفسیر	390
277	ارشاد باری تعالیٰ: اور تم میں سے اصحاب فضل اور ارباب وسعت یہ قسم نہ کھائیں کہ وہ رشتہ داروں اور مسکینوں اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو کچھ نہیں دیں گے، ان کو چاہیے کہ وہ معاف کر دیں اور درگزر کریں، کیا تم یہ نہیں چاہتے کہ اللہ تمہاری مغفرت کردے اور اللہ بہت بخشنے والا ہے بے حد رحم فرمانے والا ہے O (النور: ۲۲) کی تفسیر	391
278	حدیث افک کو امام بخاری کا سند معلق کے ساتھ روایت کرنا اور افک کے واقعہ میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے غضب فرمانے کی توجیہ	397
	۱۳۔ بَابٌ	
279	اللہ عزوجل کے ارشاد: اور عورتیں اپنے دوپٹے اپنے گریبانوں پر ڈالے رکھیں۔ (النور: ۳۱) کی تفسیر	397
280	النور: ۳۱ کی تفسیر میں امام بخاری کا سند معلق کے ساتھ حدیث روایت کرنا اور اس حدیث کی مختصر شرح	398
281	چادروں کے دوپٹے بنانے کے متعلق دو مختلف روایتوں میں تطبیق	398
282	سورۃ النور کا اختتام	399
	۲۵۔ سورۃ الفرقان کی تفسیر	400
283	سورۃ الفرقان کا مختصر تعارف	400
	۱۔ بَابٌ	
284	اللہ عزوجل کے ارشاد: جو لوگ اپنے چہروں کے بل گھسیٹ کر جہنم کی طرف لائے جائیں گے ان کا بہت برا ٹھکانا ہوگا اور وہ راستے سے سب سے زیادہ بھٹکنے والے ہوں گے O (الفرقان: ۳۴) کی تفسیر	405
285	کفار کا قیامت کے دن منہ کے بل گھسیٹا جانا اور عامۃ المسلمین کا اپنے قدموں سے چل کر آنا اور صالحین کا اپنی سواریوں پر بیٹھ کر آنا	405
	۲۔ بَابٌ	
286	اللہ عزوجل کے ارشاد: اور وہ لوگ جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کی عبادت نہیں کرتے اور نہ وہ کسی ایسے شخص کو قتل کرتے ہیں جس کے ناحق قتل کرنے کو اللہ نے حرام کر دیا ہے اور نہ وہ زنا کرتے ہیں	

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	اور جو ایسے کام کرے گا وہ اپنے گناہوں کی سزا	
	پائے گاO (الفرقان:۶۸) کی تفسیر	406
287	الفرقان: ۶۸ اور النساء: ۹۳ کی تفسیر میں حضرت	
	ابن عباس رضی اللہ عنہ کا موقف اور جمہور امت کا ان	
	سے اختلاف	407
	۳۔ بَابٌ	
288	اللہ عزوجل کے ارشاد: اس کے لیے قیامت کے	
	دن عذاب کو دوگنا کر دیا جائے گا اور اس میں وہ	
	ذلت کے ساتھ ہمیشہ رہے گاO (الفرقان:۶۹)	
	کی تفسیر	408
	۴۔ بَابٌ	
289	اللہ عزوجل کے ارشاد: سوا اس کے جس نے توبہ کر	
	لی اور ایمان لے آیا اور اس نے نیک عمل کیے تو یہ	
	وہ لوگ ہیں جن کے گناہوں کو اللہ نیکیوں سے بدل	
	دے گا اور اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے	
	والا ہےO (الفرقان:۷۰) کی تفسیر	409
290	گناہوں کا نیکیوں سے بدلنا کس طرح ہوگا؟ اس	
	بارے میں مفسرین کے اقوال	409
	۵۔ بَابٌ	
291	اللہ عزوجل کے ارشاد: پس (اس کا عذاب تم پر)	
	ہمیشہ لازم رہے گاO (القرآن:۷۷) کی تفسیر	410
292	لِزَام کا معنی و مفہوم اور اس کی تفسیر میں مختلف اقوال	411
	قیامت کی پانچ نشانیوں میں دھواں نکلنے سے	
	متعلق علامہ عینی کی تحقیق	411
293	بقیہ چار نشانیوں کی تائید میں قرآن مجید کی آیات	412
294	سورۃ الفرقان کا اختتام	412
295	نعمۃ الباری کی تحریر کی تشکیل جدید	413
	۲۶۔ سورۃ الشعراء کی تفسیر	414
296	سورۃ الشعراء کا مختصر تعارف	414

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
297	اونچی جگہ پر یادگار بنانے کے متعلق اقوال	415
298	جائز اور ناجائز کھیلوں کا بیان	415
299	قوم عاد کی مذمت کی وجوہ	415
300	نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کریمین کے ایمان کی تحقیق	418
301	شیخ سلیم اللہ خان کا الفطرۃ لکھنا اور یہ لفظ غلط اور	
	خلاف قرآن ہے	420
302	اس اعتراض کا جواب کہ لَعَلَّ کا معنی ہے امید اور	
	شاید اور اللہ تعالیٰ تو عالم الغیب ہے وہ کسی چیز کی	
	امید کرنے سے پاک ہے	420
303	الرَّیْعُ اور اَلْعَبَثُ کے معنی کی تحقیق	421
	۱۔ بَابٌ	
304	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جس دن لوگ دوبارہ زندہ کیے	
	جائیں گے مجھے شرمندہ نہ کرناO (الشعراء:۸۷)	
	کی تفسیر	423
305	حدیث مذکور کے رجال	423
306	قتر اور غبرہ کا معنوی فرق	424
307	حضرت ابراہیم علیہ السلام کے (عرفی) باپ آزر کو	
	دوزخ میں ڈالنے پر اعتراض کے متعدد جوابات	424
308	آزر کو بجو کی شکل میں مسخ کرنے کی حکمتیں اور	
	حضرت ابراہیم علیہ السلام کے آزر کے لیے استغفار کو	
	ترک کرنے اور آخرت میں اس کے لیے استغفار	
	کرنے کی دو روایتوں میں تطبیق	425
	۲۔ بَابٌ	
309	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور آپ اپنے قریبی رشتہ	
	داروں کو (عذاب سے) ڈرائیے O اور جن	
	مسلمانوں نے آپ کی پیروی کی ہے ان کے لیے	
	اپنی رحمت کے بازو کو جھکا کر رکھیے O (الشعراء:	
	۲۱۵۔۲۱۴) کی تفسیر	426
310	اس کی تحقیق کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا صفا پہاڑ پر کھڑے	

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	ہو کر کفار قریش کو اللہ کے عذاب سے ڈرانے کا قصہ ایک بار کا ہے یا دو مرتبہ ایسا ہوا اور اس اعتراض کا جواب کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت سیدہ فاطمہ سے فرمانا: تم اپنے آپ کو دوزخ کے عذاب سے بچاؤ میں تمہیں اللہ کے عذاب سے نہیں بچا سکتا اور دیگر مباحث	428
	۲۷۔سورۃ النمل کی تفسیر	431
311	سورۃ النمل کا تعارف	431
	۲۸۔سورۃ القصص کی تفسیر	437
312	سورۃ القصص کا تعارف	437
	۱۔بَابٌ	
313	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک آپ جس کو پسند کریں اس کو ہدایت یافتہ نہیں بنا سکتے، لیکن اللہ جس کو چاہے اس کو ہدایت یافتہ بنا دیتا ہے، اور وہ ہدایت پانے والوں کو خوب جانتا ہے O (القصص:۵۶) کی تفسیر	438
314	علامہ عینی اور علامہ عسقلانی کا مناقشہ	439
315	نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت کی وجہ سے ابو طالب کے عذاب میں تخفیف	440
316	ابو طالب کا کلمہ توحید سے انکار کرنا اور حافظ ابن حجر کا ابن المنیر پر رد کرنا	440
317	امام بخاری نے کہا ہے کہ التوبہ:۱۱۳ ابو طالب کی وفات کے وقت نازل ہوئی اور حافظ ابن حجر کی تحقیق یہ ہے کہ یہ آیت حضرت آمنہ اور مشرکین کی وفات کے وقت نازل ہوئی	441
318	اَلْعُضَّہَ کی تفسیر میں متعدد اقوال	443
319	وَیْکَأَنَّ کی لفظی تحقیق	449
	۲۔بَابٌ	
320	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک جس نے آپ پر قرآن فرض کیا ہے۔(القصص:۸۵) کی تفسیر	450
	۲۹۔سورۃ العنکبوت کی تفسیر	451
322	سورۃ العنکبوت کا تعارف	451
323	اللہ تعالیٰ کے علم پر حادث ہونے کے اشکال کا جواب	452
	۳۰۔سورۃ الروم کی تفسیر	455
324	سورۃ الروم کا تعارف	455
	۱۔بَابٌ	
325	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تو وہ اللہ کے نزدیک نہیں بڑھتا۔(الروم:۳۹) کی تفسیر	456
326	مصنف کی جوانی کے بعد بڑھاپا اور اس سے نعمۃ الباری کا کام متاثر ہونا اور پھر اللہ کے فضل سے دوبارہ شروع ہونا	460
327	حدیث مذکور کی مزید شرح	462
328	حدیث مذکور کے مشکل الفاظ کے معانی	462
	۲۔بَابٌ	
329	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اللہ تعالیٰ کی خلقت میں کوئی تبدیلی نہیں ہے، (روم:۳۰) یعنی اللہ تعالیٰ کے دین میں۔اور اللہ تعالیٰ کے ارشاد: یہ صرف پہلے لوگوں کا طریقہ ہے O (الشعراء:۱۳۷) یعنی اولین کا دین، فطرت سے مراد اسلام ہے۔	463
330	باب مذکور کے عنوان کی شرح	463
	۳۱۔سورۃ لقمان کی تفسیر	465
331	سورۃ لقمان کا تعارف	465
332	لقمان کا تعارف	465
	۱۔بَابٌ	
333	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اللہ کے ساتھ شرک نہ کرنا بے شک شرک کرنا ضرور سب سے بڑا ظلم ہے O (لقمان:۱۳) کی تفسیر	466

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	۲۔بَابٌ	
334	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک قیامت کا علم اللہ ہی کے پاس ہے۔(لقمان: ۳۴) کی تفسیر	467
335	علوم خمسہ کے متعلق متعدد احادیث اور قرآن مجید	
336	میں علم غیب کی نفی اور اس بات کا محمل	468
337	لقمان: ۳۴ کی تفسیر میں مصنف کی تحقیق	769
	۳۲۔سورۃ السجدۃ کی تفسیر	472
338	سورۃ السجدۃ کا تعارف	472
	۱۔بَابٌ	
339	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سو کوئی شخص نہیں جانتا کہ اس کی آنکھوں کی ٹھنڈک کے لیے کن نعمتوں کو چھپا کر رکھا گیا ہے۔(السجدۃ: ۱۷) کی تفسیر	473
340	بَلْهَ کے معنی کی تحقیق	475
	۳۳۔سورۃ الاحزاب کی تفسیر	476
341	سورۃ الاحزاب کا تعارف	476
	۱۔بَابٌ	
342	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: نبی ایمان والوں کی جانوں سے بھی زیادہ ان کے مالک ہیں (الاحزاب: ۶) کی تفسیر	477
	۲۔بَابٌ	
343	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: منہ بولے بیٹوں کو ان کے حقیقی باپوں کی طرف منسوب کر کے پکارو یہ اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف کی بات ہے (الاحزاب: ۵) کی تفسیر	478
	۳۔بَابٌ	
344	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سو ان میں سے بعض نے (شہید ہو کر) اپنی نذر پوری کر دی اور ان میں سے بعض منتظر ہیں اور انہوں نے (اپنے وعدہ میں) کوئی تبدیلی نہیں کی O (الاحزاب: ۲۳) کی تفسیر	478
345	حضرت خزیمہ بن ثابت کی شہادت کو دو مردوں کی شہادت کے برابر قرار دینے کی توجیہ	480
346	اس اعتراض کا جواب کہ جس آیت کو حضرت خزیمہ نے گم پایا تھا اس کی تعیین میں تعارض ہے	481
347	نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اختیار اور وسعت علم کی دلیل	481
	۴۔بَابٌ	
348	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے نبی! اپنی بیویوں سے کہیے: اگر تم دنیا کی زندگی اور اس کی زینت کو چاہتی ہو تو آؤ میں تم کو دنیا کا مال دوں اور تم کو اچھائی کے ساتھ رخصت کر دوں O (الاحزاب: ۲۸) کی تفسیر	482
349	ازواج مطہرات کو اختیار دینے کا معنی اور ان کو اختیار دینے کا سبب	482
	۵۔بَابٌ	
350	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اگر تم اللہ کا ارادہ کرتی ہو اور اس کے رسول کا اور آخرت کے گھر کا تو بے شک اللہ نے تم میں سے نیکی کرنے والیوں کے لیے بہت بڑا اجر تیار کر رکھا ہے O (الاحزاب: ۲۹) کی تفسیر	484
351	ازواج مطہرات کو اختیار دینے کے متعدد اسباب اور ان کے درمیان تطبیق	485
352	آپ نے جو ازواج کو اختیار دیا تھا آیا یہ اختیار دنیا اور آخرت کے درمیان تھا یا ان کو طلاق دینے اور نکاح کو برقرار رکھنے کے درمیان تھا؟	486
353	حضرت ام رومان کے نو (۹) ہجری تک زندہ رہنے پر دلیل	486
354	اختیار دینے کے واقعہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت	486
355	آیا اپنی ازواج کو اختیار دینا طلاق ہے یا نہیں	486

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	۶۔ بَابٌ	
356	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور آپ اپنے دل میں اس بات کو چھپا رہے تھے جس کو اللہ ظاہر فرمانے والا تھا اور آپ کو لوگوں کے طعنوں کا اندیشہ تھا اور اللہ آپ کے خوف کا زیادہ مستحق ہے۔ (الاحزاب: ۳۷) کی تفسیر	486
357	حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکاح کے قصہ کے متعلق علامہ عینی کی عبارت	487
358	حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکاح کے قصہ کے متعلق حافظ ابن حجر کی عبارت	488
	۷۔ بَابٌ	
359	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ان ازواج میں سے جن کو چاہیں خود سے دور رکھیں اور جن کو چاہیں اپنے پاس جگہ دیں اور جس بیوی سے آپ الگ ہو چکے ہیں اگر آپ اس کو (پھر) طلب کر لیں تو آپ پر کوئی تنگی نہیں ہے (الاحزاب: ۵۱) کی تفسیر	490
360	حدیث مذکور کے مشکل الفاظ کے معانی اور اپنا نفس ہبہ کرنے والی عورتوں کا بیان	491
361	جن عورتوں نے اپنا نفس آپ کو ہبہ کیا تھا ان کے متعلق احادیث	491
362	الاحزاب: ۵۱ کی تفسیر میں تین اقوال	492
	۸۔ بَابٌ	
363	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں داخل نہ ہو، سوا اس کے کہ تمہیں کھانے کے لیے بلایا جائے کھانا پکنے کا انتظار نہ کرتے رہو، بلکہ جب تمہیں بلایا جائے اس وقت جاؤ، پھر جب کھانا کھا چکو تو فوراً چلے جاؤ اور (وہاں) باتوں میں دل نہ لگاؤ، بے شک تمہارے اس عمل سے نبی کو تکلیف پہنچتی ہے، سو وہ تم سے حیاء کرتے ہیں، اور اللہ حق بات کہنے سے نہیں رکتا اور جب تم نبی کی بیویوں سے کوئی چیز مانگو تو پردے کے پیچھے سے مانگو، یہ تمہارے دلوں اور ان کے دلوں کے لیے نہایت پاکیزگی کا باعث ہے اور تمہارے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ تم اللہ کے رسول کو ایذاء پہنچاؤ اور نہ یہ جائز ہے کہ نبی کے بعد کبھی بھی ان کی بیویوں سے نکاح کرو، بے شک اللہ کے نزدیک یہ بہت سنگین بات ہے O (الاحزاب: ۵۳) کی تفسیر	493
364	حجاب کے احکام کی تفصیل	498
	۹۔ بَابٌ	
365	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اگر تم کسی بات کو چھپاؤ یا اس کو ظاہر کرو تو بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے O ان خواتین پر کوئی گناہ نہیں ہے کہ وہ اپنے باپ دادا اور اپنے بیٹوں اور اپنے بھائیوں اور اپنے بھتیجوں اور اپنے بھانجوں اور اپنی ہم دین خواتین اور اپنی باندیوں سے پردہ نہ کریں اور تم اللہ سے ڈرتی رہو، بے شک اللہ ہر چیز کا نگہبان ہے O (الاحزاب: ۵۵۔۵۴) کی تفسیر	499
366	نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج سے نکاح کے حرام ہونے کی سخت حرمت اور جن رشتہ داروں سے پردہ لازم ہے ان کی تفصیل	499
367	حدیث مذکور کی باب کے عنوان کے ساتھ مطابقت اور ابوالقعیس کے نام اور کنیت کی تحقیق	500
	۱۰۔ بَابٌ	
368	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود پڑھتے ہیں، اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود پڑھو اور بہ کثرت سلام پڑھو O (الاحزاب: ۵۶) کی تفسیر	500

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
369	علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ	501
370	درود ابراہیمی میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ہمارے	
	نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر افضلیت کے اعتراض کا جواب	502
371	ابراہیم بن حمزہ اور ابن ابی حازم کا تعارف	503
372	غیر نبی پر استقلالاً صلاۃ پڑھنے کی تحقیق	503
	۱۱۔ بَابٌ	
373	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے ایمان والو! ان لوگوں	
	کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے موسیٰ کو اذیت	
374	پہنچائی تھی۔ (الاحزاب:۶۹) کی تفسیر	504
375	صیبا اور وجیہا کے معنی	504
376	حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اذیت پہنچانے کا ایک اور محمل	505
	۳۴۔ سورۂ سبا کی تفسیر	506
377	سورۂ سبا کا تعارف	506
378	سبا کے متعلق علامہ عینی کی تحقیق	506
379	سبا کے متعلق حافظ ابن حجر کی تحقیق	506
	۱۔ بَابٌ	
380	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: حتیٰ کہ جب ان شفاعت	
	کرنے والوں کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہو	
	جائے گی، تو (طالبین شفاعت ان سے) پوچھیں	
	گے کہ آپ کے رب نے کیا فرمایا تھا؟ وہ کہیں	
	گے: حق فرمایا تھا اور وہ نہایت بلند اور بہت بڑا	
	ہے O (سبا:۲۳) کی تفسیر	511
381	حدیث مذکور کے بعض مشکل جملوں کی شرح علامہ	
	عینی سے	513
382	حدیث مذکور کے بعض مشکل جملوں کی شرح حافظ	
	ابن حجر سے	513
	۲۔ بَابٌ	
383	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: وہ تو صرف تم کو سخت عذاب	
	کے آنے سے پہلے ڈرانے والے ہیں O (سبا:	

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	۴۶) کی تفسیر	514
	۳۵۔ سورۃ الملائکہ (فاطر) کی تفسیر	515
384	سورۃ الملائکہ (فاطر) کا تعارف	515
	۳۶۔ سورۂ یٰسٓ کی تفسیر	517
385	سورۂ یٰسین کا تعارف	517
386	سورۂ یٰسین کے بعض فضائل	
	۱۔ بَابٌ	
387	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور سورج اپنی مقرر شدہ منزل	
	تک چلتا رہتا ہے، یہ بہت غالب علم والے کا بنایا	
	ہوا نظام ہے O (یٰس:۳۸) کی تفسیر	521
388	عرش کے نیچے سورج کے سجدہ کرنے کے متعلق	
	علامہ عینی کی تقریر	522
389	عرش کے نیچے سورج کے سجدہ کرنے کے متعلق	
	حافظ ابن حجر کی تقریر	522
390	سورج کے مستقر کے متعلق مصنف کی تقریر	523
	۳۷۔ سورۃ الصافات کی تفسیر	524
391	سورۃ الصافات کا تعارف	524
	۱۔ بَابٌ	
392	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے شک یونس ضرور رسولوں	
	میں سے ہیں O (الصافات:۱۳۹) کی تفسیر	528
	۳۸۔ سورۂ صٓ کی تفسیر	530
393	سورۂ صٓ کا تعارف	530
394	لفظ صٓ کے متعلق متعدد اقوال	530
	۱۔ بَابٌ	
395	الانعام:۹۰ میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عظیم منقبت	531
	اس آیت کریمہ کی دو تفسیریں ہیں، ایک مشہور تفسیر	
	اور دوسری محقق تفسیر	535
	۲۔ بَابٌ	
396	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور مجھے ایسی سلطنت عطا فرما جو	

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	میرے بعد کسی اور کے لائق نہ ہو بے شک تو ہی بہت دینے والا ہے O (ص:۳۵) کی تفسیر	536
397	ص:۳۵ کی علامہ عینی سے تفسیر	536
	۳۔ بَابٌ	
398	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور نہ میں تکلف کرنے والوں میں سے ہوں O (ص:۸۶) کی تفسیر	537
399	ص:۸۶ کی تفسیر علامہ عینی سے	537
	۳۹۔ سورۃ الزمر کی تفسیر	540
400	سورۃ الزمر کا تعارف	540
	۱۔ بَابٌ	
401	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے میرے وہ بندو! جو (گناہ کر کے) اپنی جانوں پر زیادتی کر چکے ہو، اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، بے شک اللہ تمام گناہوں کو بخش دے گا، بے شک وہی بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے O (الزمر: ۵۳) کی تفسیر	544
402	آیت مذکورہ کا شان نزول	544
403	آیا اس آیت میں حقوق اللہ اور حقوق العباد سب حقوق کی مغفرت کی نوید ہے یا صرف حقوق اللہ کی مغفرت کی نوید ہے؟	545
	۲۔ بَابٌ	
404	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور انہوں نے اللہ کی ایسی قدر نہ کی جیسا اس کی قدر کرنے کا حق تھا۔ (الزمر: ۶۷) کی تفسیر	546
405	حدیث مذکورہ میں انگلی کی شرح میں علماء کے اقوال اور ہنسی کے وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ڈاڑھوں کے ظہور کی تحقیق	546
	۳۔ بَابٌ	
406	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور قیامت کے دن سب زمینیں اس کی مٹھی میں ہوں گی اور آسمان اس کے دائیں ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہوں گے، وہ ان چیزوں سے پاک اور برتر ہے جن کو وہ اس کا شریک قرار دیتے ہیں O (الزمر: ۶۷) کی تفسیر	547
407	تمام زمینوں کو اپنی مٹھی میں پکڑنے سے مراد اللہ تعالیٰ کی عظمت ہے اور آسمانوں کو دائیں ہاتھ میں لپیٹنے سے مراد اللہ کی قدرت اور قوت ہے	548
	۴۔ بَابٌ	
408	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور صور میں پھونکا جائے گا تو آسمان والے اور زمینوں والے سب ہلاک ہو جائیں گے، ماسوا ان کے جس کو اللہ چاہے، پھر دوبارہ صور پھونکا جائے گا تو یکا یک وہ سب کھڑے ہو کر دیکھنے لگیں گے O (الزمر: ۶۸) کی تفسیر	548
409	آیت مذکورہ کے مشکل الفاظ کی شرح	548
410	حدیث مذکور کے بعض مشکل الفاظ کی شرح	549
411	حدیث مذکورہ کے مشکل الفاظ کی شرح	550
412	عجب الذنب کے متعلق علماء اور شارحین کی عبارات	551
413	عجب الذنب کے متعلق علامہ ابن الملقن کی عبارت	552
	۴۰۔ سورۃ المومن یعنی سورۂ غافر کی تفسیر	553
414	سورۃ المومن یعنی سورۂ غافر کا تعارف	553
415	حٰمٓ کے معنی میں بعض اقوال	553
	۴۱۔ سورۂ حٰمٓ السجدۃ کی تفسیر	557
416	سورۂ حٰمٓ السجدۃ کا تعارف	557
417	اِئْتِیَا کا معنی اعطیا کرنے کی توجیہ	557
418	قرآن مجید کی چار آیتوں میں تعارض کا جواب	558
419	علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ	563
	۱۔ بَابٌ	
420	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور تم اس وجہ سے اپنے گناہ نہیں چھپاتے تھے کہ تمہارے خلاف تمہارے	

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	کان، تمہاری آنکھیں اور تمہاری کھالیں گواہی دیں گی، لیکن تمہارا یہ گمان تھا کہ تم جو کچھ کام کر رہے ہو ان کو اللہ نہیں جانتا O (حم السجدہ: ۲۲) کی تفسیر	565
421	آیت مذکورہ کی تفسیر	565
422	حدیث مذکور کے الفاظ کی شرح	566
	۲۔ بَابٌ	
423	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور تمہارا اپنے رب کے ساتھ یہی گمان ہے جس نے تمہیں ہلاک کر دیا، پس تم نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گئے O (حم السجدہ: ۲۳) کی تفسیر	566
424	حدیث مذکور کے مشکل الفاظ کی شرح حافظ ابن حجر سے	567
425	شیخ ابن تیمیہ وغیرہ کا اللہ کے نیک بندوں کے وسیلہ سے دعا کرنے والوں کو مشرکین کے برابر قرار دینا باطل ہے	568
	۳۔ بَابٌ	
426	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اب اگر یہ صبر کریں تب بھی ان کا ٹھکانا دوزخ ہی ہے۔ (حم السجدہ: ۲۴) کی تفسیر	568
427	صحیح البخاری: ۴۸۱۷ کی سند کی تحقیق	568
	۴۲۔ سورۂ حم عسق (یعنی سورۃ الشوریٰ) کی تفسیر	570
428	سورۂ حم عسق (یعنی سورۃ الشوریٰ) کا تعارف	570
	۱۔ بَابٌ	
429	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سوا قرابت کی محبت کے۔ (الشوریٰ: ۲۳) کی تفسیر	572
430	قرابت اور قرابت داروں کی تفسیر	572
431	اس بات کی تحقیق کہ الشوریٰ: ۲۳ کی تفسیر میں صحیح بخاری کی روایت ہی معتمد ہے اور اس کے علاوہ جو دیگر روایات ہیں وہ موضوع ہیں یا ضعیف ہیں	573
	۴۳۔ سورۂ حم (الزخرف) کی تفسیر	576
432	سورۂ حم (الزخرف) کا تعارف	576
	۱۔ بَابٌ	
433	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور وہ (دوزخ کے نگران فرشتے سے) پکار کر کہیں گے: اے مالک! چاہیے کہ تمہارا رب ہمیں ختم کر دے، وہ کہے گا: تم اس میں ہمیشہ رہنے والے ہو O (الزخرف: ۷۷) کی تفسیر	582
	۲۔ بَابٌ	
434	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تو کیا ہم اس وجہ سے تم کو نصیحت کرنے سے اعراض کریں کہ تم حد سے گزرنے والے لوگ ہو O (الزخرف: ۵) کی تفسیر	584
	۴۴۔ سورۃ (حم) الدخان کی تفسیر	586
435	سورۃ (حم) الدخان کا تعارف	586
	۱۔ بَابٌ	
436	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سو آپ اس دن کا انتظار کیجئے جب آسمان واضح دھواں لائے گا O (الدخان: ۱۰) کی تفسیر	588
437	حدیث مذکور کے مشکل الفاظ کا بیان	589
	۲۔ بَابٌ	
438	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جو لوگوں کو ڈھانپ لے گا، یہ ہے دردناک عذاب O (الدخان: ۱۱) کی تفسیر	589
439	حدیث مذکور کے بعض مشکل الفاظ میں بعض مشکل جملوں کا بیان	590
	۳۔ بَابٌ	
440	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (اس دن وہ کہیں گے:) اے ہمارے رب! ہم سے اس عذاب کو دور کر دے بے شک ہم ایمان لانے والے ہیں O (الدخان: ۱۲) کی تفسیر	590

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	۴۔ بابٌ	
441	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اب ان کے نصیحت قبول کرنے کا وقت کہاں ہے حالانکہ ان کے پاس واضح ہدایت دینے والے رسول آ چکے تھے O (الدخان: ۱۳) کی تفسیر	592
	۵۔ بابٌ	
442	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پھر انہوں نے اس رسول سے اعراض کیا اور کہا: یہ سکھائے ہوئے دیوانے ہیں O (الدخان: ۱۴) کی تفسیر	592
	۶۔ بابٌ	
443	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جس دن ہم بہت سخت گرفت کے ساتھ پکڑیں گے، بے شک ہم انتقام لینے والے ہیں O (الدخان: ۱۶) کی تفسیر	593
	۴۵۔ سورۃ حم الجاثیہ کی تفسیر	595
444	سورۂ حم الجاثیہ کا تعارف	595
	۱۔ بابٌ	
445	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ہم (اسی دنیا میں) مرتے اور جیتے ہیں اور ہمیں صرف دہر (زمانہ) ہلاک کرتا ہے۔ (الجاثیہ: ۲۴) کی تفسیر	596
446	انا الدھر کی توجیہ اور ابوبکر بن داود کے قول کا بطلان	596
447	علامہ قرطبی، علامہ نووی اور علامہ راغب کی اس مسئلہ میں عبارات	597
448	انا الدہر کہنے کی ممانعت کی علت کے بیان میں علامہ عینی کا تفرد	598
	۴۶۔ سورۃ (حم) الاحقاف کی تفسیر	600
449	سورۃ (حم) الاحقاف کا تعارف	600
	۱۔ بابٌ	
450	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جس نے اپنے ماں باپ سے کہا: تم پر اف ہے، تم مجھے اسی سے ڈراتے رہے ہو کہ میں قبر سے نکالا جاؤں گا حالانکہ مجھ سے پہلے بہت صدیاں گزر چکی ہیں، اور وہ دونوں (ماں باپ) اللہ سے فریاد کرتے ہیں تیرے لیے ہلاکت ہو ایمان لے آ، بے شک اللہ کا وعدہ برحق ہے تو وہ کہتا ہے: یہ تو صرف پہلے لوگوں کے بنائے ہوئے افسانے ہیں O (الاحقاف: ۱۷) کی تفسیر	602
451	آیت مذکورہ کا شان نزول اور اف اور اساطیر کی تحقیق	602
452	حدیث مذکور کے مشکل الفاظ کے معانی اور مجمل الفاظ کا بیان	603
	۲۔ بابٌ	
453	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پھر جب انہوں نے اس (عذاب) کو بادل کی طرح اپنی وادیوں میں آتے دیکھا تو انہوں نے کہا: یہ ہم پر برسنے والا بادل ہے، (نہیں) بلکہ یہ وہ عذاب ہے جس کو تم نے جلد طلب کیا تھا یہ زبردست آندھی ہے جس میں دردناک عذاب ہے O (الاحقاف: ۲۴) کی تفسیر	604
454	لہوات کا معنی اور یہ اس حدیث کے خلاف نہیں ہے جس میں مذکور ہے کہ آپ ہنستے تو آپ کی ڈاڑھیں دکھائی دیتیں	606
455	آندھی کو دیکھ کر رسول اللہ ﷺ کی دعا کا بیان	606
456	اس اشکال کا جواب کہ سورۂ احقاف کی آیتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ جس قوم کو آندھی کے ساتھ عذاب دیا گیا تھا وہ اس کی غیر ہے جس نے کہا تھا کہ یہ بارش لانے والا بادل ہے	606
	۴۷۔ سورۂ محمد (ﷺ) کی تفسیر	608
457	سورۂ محمد (ﷺ) کا تعارف	608

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	۱۔ بَابٌ	
458	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور رشتہ توڑ ڈالو گے۔ (محمد:۲۲) کی تفسیر	610
459	رحم کا معنی، اور اس کے کھڑے ہونے اور بات کرنے کی توجیہ	611
460	الحقو کا معنی اور اس میں استعارہ تخیلیہ اور ترشیحیہ	611
461	کن رشتوں کو جوڑنا واجب ہے اور کن رشتوں کو جوڑنا مستحب ہے	611
462	آیت مذکورہ سے یزید پر لعنت کے جواز پر استدلال اور اس پر جمہور کا موقف	612
463	لعن یزید کے سلسلہ میں علامہ آلوسی کی مفصل تحقیق	612
	۴۸۔ سورۃ الفتح کی تفسیر	615
464	سورۃ الفتح کا تعارف	515
	۱۔ بَابٌ	
465	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (اے رسول مکرم!) ہم نے آپ کے لیے کھلی ہوئی فتح عطا فرمائی O (الفتح:۱) کی تفسیر	617
466	تکلتک امک (تجھ پر تیری ماں روئے) کی تحقیق	619
467	حضرت عمر کے بار بار سوال کرنے اور رسول اللہ ﷺ کے فوراً جواب نہ دینے کی توجیہ	619
468	اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا اس آیت کے زیادہ محبوب ہونے کی توجیہ	619
469	نبی ﷺ کی ترجیع کا معنی	620
	۲۔ بَابٌ	
470	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تاکہ اللہ آپ کے لیے معاف فرما دے آپ کے اگلے اور پچھلے (بہ ظاہر) خلاف اولیٰ سب کام، اور آپ پر اپنی نعمت پوری کر دے اور آپ کو صراط مستقیم پر برقرار رکھے O (الفتح:۲) کی تفسیر	620

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
471	الفتح:۲ کی تفسیر میں مختلف اقوال	620
472	نبی ﷺ کے پیر سوجنے کی توجیہ اور الفتح:۲ کی تفسیر میں مزید اقوال	621
473	آپ کے بدن پر گوشت زیادہ ہونے کی تحقیق	622
474	الفتح:۲ میں ذنب کا حقیقی معنی مراد ہونے اور اس کے مجاز پر محمول ہونے پر عبارات علماء سے استدلال	622
475	ذنب کا معنی خلاف اولیٰ کرنے پر دلائل	623
476	اعلیٰ حضرت کی عبارت سے نبی ﷺ کے لیے خلاف اولیٰ کا ثبوت	624
	۳۔ بَابٌ	
477	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک ہم نے آپ کو گواہی دینے والا، ثواب کی بشارت دینے والا اور عذاب سے ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے O (الفتح:۸) کی تفسیر	624
	شاہد، مبشر اور نذیر کے معانی	624
	۴۔ بَابٌ	
478	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: وہی ہے جس نے مومنوں کے دلوں میں سکون نازل فرمایا۔ (الفتح:۴) کی تفسیر	625
479	حضرت اسید بن حضیر کی قراءت اور اس پر سکینہ نازل ہونے کے متعلق دو روایتیں	626
	۵۔ بَابٌ	
480	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جب وہ درخت کے نیچے آپ سے بیعت کر رہے تھے۔ (الفتح:۱۸) کی تفسیر	626
481	کنکر اور پتھر مارنے کی ممانعت کی حکمت اور اگر اس سے کسی کو ضرر نہ ہو تو پھر اس کی اجازت	627
482	غسل خانہ میں پیشاب کرنے کی ممانعت کی توجیہ اور اگر غسل خانہ میں پانی گزرنے کے لیے نالی بنی ہوئی ہو تو پھر اس میں پیشاب کرنے کی رخصت	627
483	حدیث مذکور کی شرح علامہ عینی سے	629
484	مصنف کے نزدیک حدیث مذکور کا خلاصہ	630

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
485	حدیث مذکور کی شرح حافظ ابن حجر عسقلانی سے	630
	۴۹۔سورۃ الحجرات کی تفسیر	632
486	سورۃ الحجرات کا تعارف	632
	۱۔بَابٌ	
487	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اپنی آوازوں کو نبی کی آواز پر بلند نہ کرو۔(الحجرات:۲) کی تفسیر	634
488	بنو تمیم کے سواروں کے آنے کی تاریخ اور آپ کے سامنے بعض خواتین کے بلند آواز سے باتیں کرنے کی توجیہ	635
489	حضرت ثابت بن قیس کو جنت کی بشارت دی گئی تو یہ عشرہ مبشرہ پر زائد ہو گئے؟ اس اعتراض کا جواب	636
	۲۔بَابٌ	
490	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (اے رسول مکرم!) بے شک جو لوگ آپ کو حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں ان میں	
491	سے اکثر بے عقل ہیں O(الحجرات:۴) کی تفسیر	636
492	الحجرات:۴، کا شان نزول	636
	۳۔بَابٌ	
493	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اگر یہ لوگ صبر کرتے حتیٰ کہ آپ خود باہر آ جاتے تو یہ ان کے حق میں بہت بہتر ہوتا۔(الحجرات:۵) کی تفسیر	637
	۵۰۔سورۂ ق کی تفسیر	638
494	سورۂ ق کا تعارف	638
	۱۔بَابٌ	
495	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (اور دوزخ کہے گی:) کیا کچھ اور زیادہ (لوگ) ہیں O(ق:۳۰) کی تفسیر	643
496	جنت اور دوزخ کے مباحثہ کی کیفیت، جنت میں زیادہ تر پسماندہ لوگ ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی رحمت پر دلیل	644
497	دوزخ میں اللہ تعالیٰ کے قدم رکھنے اور پیر رکھنے کے متعلق دو مذہب اور قدم رکھنے اور پیر رکھنے کی مختلف تاویلات	645
	۲۔بَابٌ	
498	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجئے طلوع آفتاب اور غروب آفتاب سے پہلے O(ق:۳۹) کی تفسیر	646
499	حافظ ابن حجر اور علامہ عینی کا مناقشہ	646
	۵۱۔سورۂ والذاریات کی تفسیر	648
500	سورۂ والذاریات کا تعارف	648
501	شیخ سلیم اللہ خان کا امام بخاری پر یہ اعتراض کہ ان کا اہل بیت کے ناموں کے ساتھ علیہ السلام لکھنا درست نہیں	649
502	الذاریٰت:۵۶ پر اشکال کے امام بخاری کی طرف سے دو جوابوں کی وضاحت	652
503	امام بخاری کے جوابوں کا خلاصہ اور معتزلہ کے رد کی وضاحت	653
	۵۲۔سورۂ والطور کی تفسیر	657
504	سورۂ والطور کا تعارف	657
	۱۔بَابٌ	660
505	الطور:۳۵، ۳۷ کی تفسیر	661
	۵۳۔سورۂ والنجم کی تفسیر	663
506	سورۂ والنجم کا تعارف	663
507	علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ	667
508	مصنف کی طرف سے ان دونوں میں محاکمہ	667
	۱۔بَابٌ	668
509	یا امتاہ کی لفظی تحقیق اور حافظ ابن حجر اور علامہ عینی کا مناقشہ	669
510	لَاتُذِيْقُهُ الْاَبْصَارُ سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا نفی رویت باری پر استدلال اور علامہ عینی کے جوابات	669
511	حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا اس سے استدلال فرمانا کہ	

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	اللہ تعالیٰ سے کلام کی حالت میں کوئی اس کو دیکھ نہیں سکتا اور علامہ عینی کا جواب	670
512	یہ جائز نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کی کسی آیت یا اس کے کسی حکم کو چھپالیں	670
513	علامہ ثعلبی اور اکثر علماء کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ان کی اصلی صورت میں دوبار دیکھا	671
514	حضرت ابن عباس کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دل سے دیکھا ہے آنکھ سے نہیں دیکھا	671
515	اپنے رب کو دوبار دیکھنے کے متعلق مصنف کی تحقیق	672
516	حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ قول کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دل کی آنکھ سے دیکھا ہے، النجم:۱۱ سے اللہ تعالیٰ کو دیکھنے پر استدلال اور امام اشعری کا یہ قول کہ آپ نے اپنے رب کو اپنے سر کی آنکھوں سے دیکھا ہے، اور لاتدرکہ الابصار کے متعدد جوابات اور دیگر مباحث میں علامہ ابن الملقن کی تحقیق	672
517	رویت باری کے مسئلہ میں حافظ ابن حجر عسقلانی کی تحقیق کا خلاصہ	675
	۲۔ بَابٌ	
518	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تو وہ (نبی، اللہ سے) دو کمانوں کی مقدار قریب ہوگئے یا اس سے بھی زیادہ○ (النجم:۹) کی تفسیر	676
	۳۔ بَابٌ	
519	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پھر اللہ نے اپنے بندے کی طرف وحی فرمائی جو بھی وحی فرمائی○ (النجم:۱۰) کی تفسیر	676
520	حضرت عبداللہ بن مسعود کے مذہب کے مطابق سورۂ النجم:۱۰۔۸ کے معنی	677
	۴۔ بَابٌ	
521	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک (اس نبی نے) اپنے رب کی نشانیوں میں سے سب سے بڑی نشانی کو ضرور دیکھا○ (النجم:۱۸) کی تفسیر	677
522	اپنے رب کی سب سے بڑی نشانی کا مصداق	678
523	رفرف کی تعریف میں متعدد اقوال	678
	۵۔ بَابٌ	
524	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: کیا تم نے لات اور عزیٰ کو (بہ غور) دیکھا○ (النجم:۱۹) کی تفسیر	679
525	اللات کے ماخذ اشتقاق میں متعدد اقوال	679
526	اللات کی قسم کھانے سے تکفیر کی توجیہ، بت کی قسم کھانے سے قسم کے منعقد ہونے یا نہ ہونے میں مذاہب فقہاء	680
	۶۔ بَابٌ	
527	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اس تیسری ایک اور دیوی منات کو○ (النجم:۲۰) کی تفسیر	681
528	عروہ کے اشکال کا حضرت عائشہ کی طرف سے جواب اور منات کی وجہ تسمیہ اور محل وقوع میں متعدد اقوال	682
529	حدیث مذکور اور علامہ عینی کی شرح کی وضاحت از مصنف	683
	۷۔ بَابٌ	
530	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سو اللہ کے لیے سجدہ کرو اور اس کی عبادت کرو○ (النجم:۶۲) کی تفسیر	683
531	مسلمانوں کے ساتھ مشرکین کے سجدہ کرنے کی توجیہ	684
532	حافظ ابن حجر کا علامہ کرمانی سے مناقشہ اور اس پر علامہ عینی کے اعتراضات	684
	۵۴۔ سُورَةُ اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ	
	(سورۃ القمر) کی تفسیر	685

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
533	سُوْرَۃُ اقْتَرَبَتِ السَّاعَۃُ (سورۃ القمر) کا تعارف	685
	۱۔ بَابٌ	
534	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور چاند دو ٹکڑے ہو گیاO (اور کافر) اگر کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو پیٹھ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں: یہ تو وہ جادو ہے جو پیچھے سے چلا آ رہا ہےO (القمر: ۲۔۱) کی تفسیر	689
535	چاند کے شق ہونے کی جگہ میں متعدد روایات اور اقوال	689
536	سورۃ القمر میں شق القمر سے مراد قرب قیامت میں اس کا شق ہونا ہے نہ کہ وہ شق القمر جو رسول اللہ ﷺ کا معجزہ ہے	690
	۲۔ بَابٌ	
537	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جو (کشتی) ہماری آنکھوں کے سامنے چل رہی تھی ان کے صلہ میں جن کے ساتھ کفر کیا گیا تھاO اور بے شک ہم نے اس کو نشانی بنا کر چھوڑا، تو ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والاO (القمر: ۱۵۔۱۴) کی تفسیر	691
538	حضرت نوح علیہ السلام کا کشتی کو بنانا اور اس کو سیلاب میں چلانا کفار کو سزا دینے کے لیے تھا	691
	۳۔ بَابٌ	
539	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے شک ہم نے نصیحت کے حصول کے لیے قرآن کو آسان کر دیا ہے تو ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والاO (القمر: ۱۷) کی تفسیر	692
	۴۔ بَابٌ	
540	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جیسے وہ جڑ سے کٹے ہوئے کھجور کے تنے ہیںO پس کیسا تھا میرا عذاب اور کیسا تھا میرا ڈرانا O (القمر: ۲۱۔۲۰) کی تفسیر	692
	۵۔ بَابٌ	
541	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تو وہ باڑھ بنانے والے کی روندی ہوئی گھاس کی طرح چورا چورا ہو گیاO اور بے شک ہم نے حصول نصیحت کے لیے قرآن کو آسان کر دیا ہے تو ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والاO (القمر: ۳۲۔۳۱) کی تفسیر	693
	۶۔ بَابٌ	
542	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے شک ان کو طے شدہ عذاب نے علی الصبح تباہ کر دیاo پس تم میرے عذاب اور میرے ڈرانے کا مزا چکھوO (القمر: ۳۹۔۳۸) کی تفسیر	694
	۷۔ بَابٌ	
543	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے شک ہم تم جیسی بہت سی جماعتوں کو ہلاک کر چکے ہیں، پس ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والاO (القمر: ۵۱) کی تفسیر	694
	۸۔ بَابٌ	
544	اللہ تعالیٰ کا ارشاد: عنقریب ان کی جماعت شکست کھائے گی اور یہ پیٹھ پھیر کر بھاگیں گےO (القمر: ۴۵) کی تفسیر	695
545	حدیث مذکور کی دو سندوں کی وضاحت اور اللہ تعالیٰ کے عہد اور وعدہ کا بیان	696
	۹۔ بَابٌ	
546	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بلکہ ان کی وعید قیامت ہے اور قیامت بڑی مصیبت اور بہت تلخ ہےO (القمر: ۴۶) کی تفسیر	696
	۵۵۔ سورۃ الرحمٰن کی تفسیر	698
547	سورۃ الرحمٰن کا تعارف	698
548	امام بخاری اور امام ابوحنیفہ کا اس بات میں مناقشہ کہ آیا کھجور اور انار پھلوں میں داخل ہیں یا نہیں، امام ابوحنیفہ کے نزدیک کھجور اور انار پھلوں میں داخل نہیں بلکہ وہ غذا اور دوا ہیں اور امام بخاری	698

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	کے نزدیک وہ پھلوں میں داخل ہیں	703
549	مناقشہ مذکورہ میں مصنف کی رائے	705
	۱۔ بَابٌ	
550	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ان دو جنتوں کے علاوہ اور دو جنتیں ہیں O (الرحمٰن: ۶۲) کی تفسیر	708
551	اللہ تعالیٰ کی کبریائی کی چادر اور اس کے چہرے کی تحقیق	708
552	الرحمٰن: ۶۲، میں مذکور دو جنتوں کی تفصیل	709
	۲۔ بَابٌ	
553	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آنکھوں والی حوریں ہیں جو خیموں میں باپردہ ہیں O (الرحمٰن: ۷۲) کی تفسیر	709
	کھوکھلے موتی کے خیمہ کی شرح	710
	۵۶۔ سورۃ الواقعہ کی تفسیر	711
554	سورۃ الواقعہ کا تعارف	711
555	علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ	716
	۱۔ بَابٌ	
556	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور پھیلے ہوئے لمبے سایوں میں O (الواقعہ: ۳۰) کی تفسیر	718
	۵۷۔ سورۃ الحدید کی تفسیر	719
557	سورۃ الحدید کا تعارف	719
	۵۸۔ سورۃ المجادلہ کی تفسیر	722
558	سورۃ المجادلہ کا تعارف	722
	۵۹۔ سورۃ الحشر کی تفسیر	724
559	سورۃ الحشر کا تعارف	724
	۱۔ بَابٌ	
560	جن آیات میں منھم اور منھم کا ذکر کیا گیا ہے اور یہ پانچ آیات ہیں	725
561	سورۃ الحشر کو سورت بنو النضیر کہنے کی وجہ	726
	۲۔ بَابٌ	
562	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تم نے کھجوروں کے جو درخت کاٹ دیئے۔ (الحشر: ۵) کی تفسیر	726
563	لینہ کی تفسیر میں متعدد اقوال	726
	۳۔ بَابٌ	
564	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اللہ نے جو اموال اپنے رسول پر لوٹا دیئے۔ (الحشر: ۶) کی تفسیر	726
565	السلام اور الکرام کے معانی اور الفئ کی تقسیم میں مذاہب اور خوراک کے ذخیرہ کرنے کی تفصیل	727
	۴۔ بَابٌ	
566	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور رسول جو تم کو دیں اس کو لے لو۔ (الحشر: ۷) کی تفسیر	727
567	واشمہ اور موتشمہ کا معنی اور ان کا شرعی حکم	728
568	واشمہ اور موتشمہ کے حکم میں امام شافعی کا مذہب	729
569	عورت کی بھوؤں اور اس کے رخسار پر اگے ہوئے بالوں اور اس کی ڈاڑھی مونچھوں کے کاٹنے کے متعلق شرعی حکم	729
570	دانتوں میں کشادگی کرنے اور کروانے کا شرعی حکم	729
571	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں کسی مسلمان پر لعنت کرنے کا جواز اور اس پر بحث	730
572	سوئی سے گودنے اور بال نوچنے وغیرہ پر قرآن مجید میں بالواسطہ لعنت ہے	730
573	دو لوحوں کا معنی اور اس حدیث کی دیگر مبہم یا مجمل عبارتوں کی وضاحت اور بیان	730
574	عورت کے رخساروں اور بھوؤں سے بال نوچنے کے متعلق علامہ ابن عابدین شامی حنفی کی تحقیق	730
575	بالوں کے دوسرے بالوں کے ساتھ وصل کرنے میں علامہ قرطبی مالکی اور علامہ نووی شافعی کا مفصل قول اور پراندوں کے ساتھ وصل کرنے کا جواز	731

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
576	بالوں کے دوسرے بالوں کے ساتھ وصل کرنے میں علامہ شامی حنفی اور دیگر فقہاء احناف کا مفصل قول	732
	۵۔ بَابٌ	
577	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور (یہ اموال) ان لوگوں کے لیے ہیں جو دار ہجرت میں اور ایمان میں ان	
578	سے پہلے جگہ بنا چکے ہیں۔ (الحشر:۹) کی تفسیر	733
579	مہاجرین کے آنے سے پہلے انصار کے مدینہ میں دار ہجرت اور دار ایمان بنانے کی فضیلت	733
580	مہاجرین اولین کے مصداق میں متعدد اقوال	733
	۶۔ بَابٌ	
581	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور وہ دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں۔ (الحشر:۹) کی تفسیر	734
582	علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ	734
583	جو مرد بھوکا تھا اور اس نے کھانا طلب کیا تھا اس کا مصداق	736
584	جس انصاری نے اس بھوکے کی مہمانی کی تھی اس کا مصداق	736
585	بچی کو رات میں بھوکا سلانے کی توجیہ	736
586	اللہ تعالیٰ کے تعجب اور ہنسنے کا معنی	736
	۶۰۔ سورۃ الممتحنہ کی تفسیر	737
587	سورۃ الممتحنہ کا تعارف	737
588	مکہ میں جن کافرہ عورتوں کے ساتھ نکاح کو فسخ کر دیا گیا ان کی تفصیل	738
	۱۔ بَابٌ	
589	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے ایمان والو! میرے دشمنوں کو اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ (الممتحنہ:۱) کی تفسیر	738
590	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت سے خط لینے کے لیے جن کو بھیجا ان کے ناموں کی تفصیل اور اس	

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	عورت کا نام و دیگر امور	740
591	جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حاطب کی تصدیق کر دی تھی تو پھر حضرت عمر نے ان کو قتل کرنے کی اجازت کیوں طلب کی	740
592	جس روایت میں یہ اضافہ ہے کہ حضرت حاطب کے قصہ میں الممتحنۃ:۱، نازل ہوئی وہ روایت مدرج ہے	740
	۲۔ بَابٌ	
593	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جب تمہارے پاس ایمان والی عورتیں ہجرت کر کے آئیں۔ (الممتحنہ:۱۰) کی تفسیر	741
594	عورتوں کا امتحان لینے کی کیفیت، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو بیعت کرتے وقت کسی عورت کے ہاتھ کو نہیں چھوا، اس پر ایک اشکال کا جواب	742
	۳۔ بَابٌ	
595	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جب آپ کے پاس ایمان والی عورتیں بیعت کے لیے حاضر ہوں۔ (الممتحنہ:۱۲) کی تفسیر	743
596	نوحہ کرنے کا معنی اور جس عورت نے اپنا ہاتھ کھینچا تھا اس سے مراد خود حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا ہیں، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اختیار	743
597	جن احادیث میں مذکور ہے کہ آپ نے دوسری عورتوں کو بھی نوحہ کرنے کی اجازت دی ان احادیث کا محمل	744
598	معروف کی تفسیر میں مفسرین کے متعدد اقوال، اور شرط مذکورہ کا مردوں کے لیے بھی معتبر ہونا	745
	۶۱۔ سورۃ الصف کی تفسیر	748
539	سورۃ الصف کا تعارف	748
	۱۔ بَابٌ	
540	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جو میرے بعد آئے گا اس کا	

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	نام احمد ہے۔ (الصف:۶) کی تفسیر	749
541	آپ کے نام احمد کا معنی اور اہل انجیل کے نزدیک آپ کا نام	749
542	الحاشر اور العاقب کی وضاحت اور اس سوال کا جواب کہ اس حدیث میں جتنے اسماء ذکر کیے گئے آپ کے اسماء تو اس سے بہت زیادہ ہیں	749
543	محمد، احمد اور الماحی کے معنی	750
	۶۲۔ سورۃ الجمعہ کی تفسیر	751
544	سورۃ الجمعہ کا تعارف	751
	۱۔ بَابٌ	
545	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ان میں سے دوسروں کو بھی (تعلیم دیتے ہیں) جو ان پہلوں سے (ابھی) نہیں ملے۔ (الجمعہ:۳) کی تفسیر	751
546	دوسرے لوگوں کا مصداق اور فارس کی تاریخ	752
	۲۔ بَابٌ	
547	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جب انہوں نے کوئی تجارتی قافلہ دیکھا۔ (الجمعہ:۱۱) کی تفسیر	753
548	تجارت کے بعد لہو کے ذکر کا سبب	753
549	تجارت کے بعد اَوْ لَهْوًا فرمانے کی توجیہات اور لہو کا ترجمہ تماشا کرنا، نامناسب ہے اور جو صحابہ خطبہ چھوڑ کر چلے گئے تھے ان کی توجیہ	754
	۶۳۔ سورۃ المنافقون کی تفسیر	755
550	سورۃ المنافقون کا تعارف	755
	۱۔ بَابٌ	
551	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (اے رسول مکرم!) جب آپ کے پاس منافقین آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ ضرور اللہ کے رسول ہیں یہ آیت یہاں تک ہے کہ بے شک منافقین ضرور جھوٹے ہیں O (المنافقون:۱) کی تفسیر	755
552	حدیث میں مذکور غزوہ کی تعیین، عبداللہ بن ابی کا پورا نام، حضرت زید نے صرف اپنے چچا سے اس واقعہ کا ذکر کیا تھا نہ کہ حضرت عمر سے	756
553	حضرت زید بن ارقم کو جھوٹا قرار دینے سے ان کو جو غم ہوا اس کی کیفیت اور رسول اللہ ﷺ کا انہیں راضی کرنا	756
554	حدیث مذکور پر ایک اشکال کا مصنف کی طرف سے جواب اور حضرت زید بن ارقم کی فضیلت	757
	۲۔ بَابٌ	
555	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنالیا۔ (المنافقون:۲) کی تفسیر	758
556	حضرت زید بن ارقم کی تصدیق کے لیے رسول اللہ ﷺ نے جو آٹھ (۸) آیات تلاوت فرمائیں ان کا ترجمہ	758
	۳۔ بَابٌ	
557	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ (زبان سے) ایمان لائے، پھر انہوں نے (دل کا) کفر ظاہر کر دیا، سو ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی ہے، سو وہ سمجھتے نہیں ہیں O (المنافقون:۳) کی تفسیر	759
558	حدیث مذکور کے تعارض کو دور کرنے میں حافظ ابن حجر اور علامہ عینی کا مناقشہ	760
	۴۔ بَابٌ	
559	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور (اے مخاطب!) جب تم انہیں دیکھو گے تو ان کے جسم تمہیں اچھے لگیں گے اور اگر وہ بات کریں تو تم ان کی بات سنو گے، گویا وہ دیوار کے سہارے کھڑے ہوئے شہتیر ہیں، وہ ہر بلند آواز کو اپنے خلاف سمجھتے ہیں، یہی (حقیقی) دشمن ہیں، سو تم ان سے خبردار رہو، اللہ انہیں ہلاک کرے یہ کہاں اوندھے جا رہے ہیں O	

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	(المنافقون:۴) کی تفسیر	760
560	عبداللہ بن ابی اور اس کے حامیوں کی جسمانی خوبصورتی اور ان کا ایمان سے خالی ہونا اور شہتیروں سے ان کی مشابہت کی توجیہہ	761
561	اللہ انہیں ہلاک کرے، اس کی شرح میں علامہ عینی کا تسامح اور مصنف کا اس پر تبصرہ	761
562	علامہ عینی کا علامہ کرمانی سے مناقشہ	762
	۵۔بَابٌ	
563	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جب ان سے کہا جاتا ہے: آؤ رسول تمہارے لیے مغفرت طلب کریں تو یہ اپنے سر مٹکاتے ہیں اور آپ دیکھیں گے کہ یہ تکبر سے اپنے آپ کو روکتے ہیں○ (المنافقون: ۵) کی تفسیر	763
564	لَوَّوْا اور یَصُدُّوْنَ کا معنی	763
	۶۔بَابٌ	
565	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ان کے حق میں برابر ہے خواہ آپ کے لیے مغفرت طلب کریں یا نہ کریں اللہ ان کی ہرگز مغفرت نہیں کرے گا، بے شک اللہ فاسق لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا○ (المنافقون:۶) کی تفسیر	764
566	منافقین کی مغفرت نہ کرنے کی وجہ	764
567	حدیث میں مذکور غزوہ کی تعیین، جس مہاجر نے انصاری کو لات ماری تھی اس مہاجر اور انصاری کا نام	765
	۷۔بَابٌ	
568	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: یہ وہی لوگ ہیں جو کہتے ہیں: ان لوگوں پر خرچ نہ کرو جو رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ساتھ ہیں حتیٰ کہ یہ لوگ منتشر ہو جائیں (یعنی متفرق ہو جائیں) اور آسمانوں اور زمینوں کے تمام خزانے اللہ کی ملکیت میں ہیں، لیکن منافقین نہیں سمجھتے○ (المنافقون:۷) کی تفسیر	765
569	واقعہ حرۃ کا بیان اور حضرت زید بن ارقم کی حضرت انس سے شہداء انصار پر تعزیت	766
	۸۔بَابٌ	
570	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: وہ کہتے ہیں کہ اگر (اب) ہم مدینہ واپس گئے تو ضرور عزت والا ذلت والے کو وہاں سے نکال دے گا حالانکہ عزت تو صرف اللہ کے لیے ہے اور اس کے رسول کے لیے ہے اور ایمان والوں کے لیے لیکن منافقین نہیں جانتے○ (المنافقون:۸) کی تفسیر	766
	۶۴۔سورۃ التغابن کی تفسیر	768
571	سورۃ التغابن کا تعارف	768
	۶۵۔سورۃ الطلاق کی تفسیر	770
572	سورۃ الطلاق کا تعارف	770
	۱۔بَابٌ	
573	عورت کو حالت حیض میں طلاق دینا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے غضب کا سبب ہے	771
574	طلاق حسن، طلاق احسن اور طلاق بدعت کے متعلق امام ابوحنیفہ اور دیگر فقہاء کا مذہب	771
575	حالت حیض میں طلاق سے ممانعت کے متعلق دیگر مسائل	772
576	حالت حیض میں طلاق سے ممانعت کی مصنف کے نزدیک حکمت	773
	۲۔بَابٌ	
577	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور حاملہ عورتوں کی عدت وضع حمل ہے اور جو اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے کام میں آسانی کر دے گا○ (الطلاق:۴) کی تفسیر	773
578	حضرت سبیعہ اسلمیہ کا تعارف	774
579	حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے قول کی توجیہ	774

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
580	فضمن لی غلط ہے اور صحیح ضمنی ہے اور اس کا معنی ہے: چپ کرو، اور دیگر بعض الفاظ کے معانی	776
	۶۶۔ سورۃ التحریم کی تفسیر	777
581	سورۃ التحریم کا تعارف	777
	۱۔ بَابٌ	
582	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے نبی مکرم! آپ اس چیز کو کیوں حرام قرار دے رہے ہیں جس کو اللہ نے آپ کے لیے حلال فرمادیا ہے، آپ اپنی بیویوں کی رضا طلب کرتے ہیں اور اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے O (التحریم:۱) کی تفسیر	777
583	جس شخص نے اپنے اوپر اپنی بیوی کو حرام قرار دیا اس کے متعلق حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے متعدد اقوال	778
584	صورت مذکورہ میں چودہ (۱۴) مذاہب	778
585	اس سوال کا جواب کہ حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہما نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء پہنچانے کے لیے کیوں جھوٹ پر اتفاق کیا؟	779
586	آپ نے کس کے گھر شہد پیا تھا، اس کے متعلق متعدد مختلف روایات	780
587	مغافیر کا معنی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا آئندہ شہد نہ کھانے کی قسم کھانا اور حضرت حفصہ کو اس کی خبر دینے سے منع فرمانا	780
588	بعض روایات میں مذکور ہے کہ آپ نے شہد کی بجائے حضرت ماریہ قبطیہ کو اپنے اوپر حرام کیا تھا	780
589	ان روایات کی تعیین جن میں مذکور ہے کہ آپ نے اپنے اوپر حضرت ماریہ قبطیہ کو حرام قرار دیا تھا	781
	۲۔ بَابٌ	
590	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ اپنی بیویوں کی رضا طلب کرتے ہیں اور اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے O (اے مسلمانو!) بے شک اللہ نے تمہارے لیے تمہاری قسموں کو کھولنے کا طریقہ مقرر فرمادیا ہے O (التحریم:۲۔۱) کی تفسیر	781
591	عورتوں کے حقوق کے متعلق آیات	784
	۳۔ بَابٌ	
592	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جب نبی نے اپنی کسی بیوی سے راز کی بات کہی، پس اس نے اس راز کی خبر دے دی اور اللہ نے نبی پر اس کا اظہار فرمادیا تو نبی نے اس کو کچھ بتا دیا اور کچھ بتانے سے اعراض، کیا پھر جب نبی نے اس کو اس (افشاء راز) کی خبر دی تو اس نے کہا: آپ کو کس نے اس کی خبر دی تو نبی کہا: مجھے علیم وخبیر نے خبر دی ہے O (التحریم: ۳) کی تفسیر	784
593	آیت مذکورہ کی تفسیر	785
	۴۔ بَابٌ	
594	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اگر تم دونوں اللہ سے توبہ کرو (تو اچھا ہے) کیونکہ تمہارے دل اعتدال سے کچھ ہٹ چکے ہیں۔ (التحریم:۴) کی تفسیر	786
	۵۔ بَابٌ	
595	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اگر نبی نے تم کو طلاق دے دی تو عنقریب ان کا رب ان کو تمہارے بدلہ میں تم سے بہتر بیویاں دے دے گا جو فرماں بردار، ایمان دار، عبادت گزار، توبہ کرنے والیاں، عبادت کرنے والیاں، روزہ دار، شوہر دیدہ اور کنواریاں ہوں گی O (التحریم:۵) کی تفسیر	787
596	ازواج مطہرات کے بدلہ میں آنے والی بہ فرض وقوع دیگر ازواج امہات المومنین سے کیسے بہتر ہو سکتی ہیں، اس سوال کا جواب اور مسلمٰت، مومنٰت وغیرہا صفات کے معانی	787
	۶۷۔ سورۃ تَبٰرَكَ الَّذِیْ کی تفسیر	789

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
597	سورۃ تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ کا تعارف	789
	۶۸۔ سورۂ نٓ کی تفسیر	792
598	سورۂ ن والقلم کا تعارف	792
599	علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ	793
	۱۔ بَابٌ	
600	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بہت بدخو، ان سب کے بعد نطفہ حرام ہے○ (القلم: ۱۳) کی تفسیر	794
601	عتل اور زنیم کے معانی	794
602	زنیم کے مصداق کا بیان	795
603	ضعیف سے مراد متواضع اور متذلل ہے اور عتل سے مراد بدخصلت اور متکبر ہے	795
	۲۔ بَابٌ	
604	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جس دن پنڈلی کھول دی جائے گی۔ (القلم: ۴۲) کی تفسیر	796
605	کشف ساق یعنی پنڈلی کھولنے کا معنی	796
606	کشف ساق کے متعلق علماء کے دو مذہب اور متکلمین کی تاویلات، اور تکلیف مالایطاق کا ناجائز ہونا	796
	۶۹۔ سورۃ الحاقۃ کی تفسیر	798
607	سورۃ الحاقۃ کا تعارف	788
	۷۰۔ سورۃ المعارج کی تفسیر	801
608	سورۃ المعارج کا تعارف	801
	۷۱۔ سورۂ نوح کی تفسیر	803
609	سورۃ نوح (اِنَّآ اَرْسَلْنَا) کا تعارف	803
	۱۔ بَابٌ	
610	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ود اور سواع اور یغوث اور یعوق (نوح: ۲۳) کی تفسیر	805
611	حضرت نوح علیہ السلام کی قوم جن بتوں کی عبادت کرتی تھی ان بتوں کے اسماء اور ان کی عبادت کی ابتداء کا سبب	805
612	اس حدیث کی سند میں امام بخاری پر اعتراض کہ یہ حدیث منقطع ہے کیونکہ عطاء خراسانی کا حضرت ابن عباس سے سماع نہیں ہے	806
613	اوثان کا معنی	807
614	حدیث مذکور کا خلاصہ	807
615	حافظ عبدالمجید مقیم برسٹل کے مبسوط مقالہ کی تلخیص عطاء خراسانی کے ضعف کے متعلق محدثین کی تصریحات	807
616		810
617	حدیث مذکور کے متن پر اعتراض	810
618	امام بخاری کی سند مذکور پر شیخ سلیم اللہ خان دیوبندی کا اعتراض	811
619	صحیح بخاری کی مذکورہ روایت کی بناء پر غیر مقلدین کا اہل سنت پر بے بنیاد الزام	812
	۷۲۔ سورۃ الجن کی تفسیر	813
620	سورۃ الجن (قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ) کا تعارف	813
621	جنات کے قرآن مجید سننے کا واقعہ کب ہوا اور عکاظ اور تہامہ کا معنی	815
622	جنات کے سامنے قرآن پڑھنے اور نہ پڑھنے کے متعلق دو حدیثوں کا تعارض اور اس کا جواب	815
623	بعثت نبوی سے پہلے اور بعثت نبوی کے بعد شیاطین پر آگ کے گولے پھینکنے کی کیفیت اور مختلف احادیث میں تطبیق	815
	۷۳۔ سورۃ المزمل کی تفسیر	817
624	سورۃ المزمل کا تعارف	817
	۷۴۔ سورۃ المدثر کی تفسیر	819
625	سورۃ المدثر کا تعارف	819
	۱۔ بَابٌ	820
626	سب سے پہلے نازل ہونے والی آیت میں تعارض	

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	اور اس کا جواب اور جاورت اور جواری کا معنی	820
	۲۔ بَابٌ	
627	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اٹھیے پس لوگوں کو اللہ کے عذاب سے ڈرایئے O (المدثر:۲) کی تفسیر	821
	۳۔ بَابٌ	
628	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اپنے رب کی بڑائی کیجئے O (المدثر:۳) کی تفسیر	821
629	نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تکبیر پڑھنے کا معنی	821
	سب سے پہلے نازل ہونے والی آیت کے متعلق حافظ ابن حجر عسقلانی کی تحقیق، اور سورۃ المدثر کا	
630	سورۃ المزمل سے پہلے نازل ہونا	822
	۴۔ بَابٌ	
631	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اپنا لباس پاک رکھیے O (المدثر:۴) کی تفسیر	823
632	لباس پاک رکھنے کے متعلق متعدد تفاسیر اور مصنف کا مختار	823
633	وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ کی مزید تفاسیر اور حافظ ابن حجر کا تسامح	824
	۵۔ بَابٌ	
634	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بتوں کو چھوڑے رہیے O (المدثر:۵) کی تفسیر	825
	۷۵۔ سورۃ القیامہ کی تفسیر	826
635	سورۃ القیامہ کا تعارف	826
	۱۔ بَابٌ	
636	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ (قرآن کو یاد کرنے کے لیے) عجلت سے اپنی زبان کو حرکت نہ دیں O (القیامہ:۱۶) کی تفسیر	826
637	القیامہ:۱۶ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب ہے یا مطلق انسان سے؟	826
638	القیامہ:۱۶ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب کی توجیہ	827
	۲۔ بَابٌ	
639	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک اس کو (آپ کے سینہ میں) جمع کرنا اور آپ کو اس کا پڑھانا ہمارے ذمہ ہے O (القیامہ:۱۷) کی تفسیر	829
	۳۔ بَابٌ	
640	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سو جب ہم اس کو پڑھ چکیں تو آپ اس پڑھے ہوئے کی اتباع کریں O (القیامہ:۱۸) کی تفسیر	829
641	نزول وحی کے وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر شدت اور سختی کی کیفیت	830
642	آپ وحی کو یاد کرتے وقت زبان اور ہونٹ دونوں کو ہلاتے تھے، پھر قرآن مجید میں صرف زبان کا ذکر کیوں کیا گیا ہے	831
643	نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جلدی جلدی ہونٹ ہلانے کے دو سبب اور حضرت ابن عباس نے تو آپ کو ہونٹ ہلاتے ہوئے نہیں دیکھا تھا، پھر انہوں نے کیسے اس کا ذکر کیا	831
644	نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اجتہاد کی دلیل اور اس پر امام رازی کا اعتراض	831
645	القیامہ:۱۸ کی تفسیر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی دو تاویلیں	832
646	خطاب کے وقت سے خطاب کے بعض الفاظ کے بیان کی تاخیر کا جائز ہونا اور اس پر بحث و تمحیص	832
	۷۶۔ سورۃ الانسان (دہر) کی تفسیر	834
647	سورۃ الانسان (الدہر) کا تعارف	834
	۷۷۔ سورۃ المرسلات کی تفسیر	839
648	سورۃ المرسلات کا تعارف	839
	۱۔ بَابٌ	841

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
649	موذی جانوروں اور حشرت الارض کو قتل کرنے کے متعلق احادیث اور آثار	842
650	سانپ اور دیگر موذی جانوروں کو مارنے کے متعلق احادیث اور آثار کی روشنی میں مذاہب فقہاء	842
	۲۔ بَابٌ	
651	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک دوزخ محل کے برابر انگارے پھینکتی ہے O (المرسلات: ۳۲) کی تفسیر	845
	۳۔ بَابٌ	
652	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: گویا وہ زرد اونٹ ہیں O (المرسلات: ۳۳) کی تفسیر	845
	۴۔ بَابٌ	
653	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: یہ وہ دن ہے جس میں وہ (نفع آور) بات نہ کرسکیں گے O (المرسلات: ۳۵) کی تفسیر	846
	۷۸۔ سورۂ نبا کی تفسیر	847
654	سورۃ النبا کا تعارف	847
	۱۔ بَابٌ	
655	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جس دن صور میں پھونکا جائے گا تو تم فوج در فوج آؤ گے O (النبا: ۱۸) کی تفسیر	849
	۷۹۔ سورۃ والنازعات کی تفسیر	851
656	سورۂ والنازعات کا تعارف	851
	۱۔ بَابٌ	854
	۸۰۔ سورۂ عبس کی تفسیر	855
657	سورۃ عبس کا تعارف	855
	۱۔ بَابٌ	859
658	قرآن مجید کی تلاوت کرنے والے حافظ کی مثال اور معزز فرشتوں کے ساتھ ہونے کا معنی	860
	۸۱۔ سورۂ اذا الشمس کورت (سورۃ التکویر) کی تفسیر	861
659	سُورَةُ إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ (سورۃ التکویر) کا تعارف	861
	۸۲۔ سُورَةُ إِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ کی تفسیر	864
660	سُورَةُ إِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ (الانفطار) کا تعارف	864
	۸۳۔ سُورَةُ وَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِينَ کی تفسیر	866
661	سُورَةُ وَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِينَ (المطففین) کا تعارف	866
	۸۴۔ سُورَةِ إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ کی تفسیر	869
662	سُورَةِ إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ (الانشقاق) کا تعارف	869
	۱۔ بَابٌ	
663	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تو اس سے عنقریب بہت آسان حساب لیا جائے گا O (الانشقاق: ۸) کی تفسیر	870
664	باب مذکور کی آسان حساب سے متعلق ایک حدیث کا دوسری صحیح حدیث سے تعارض اور اس کے دو جواب	871
665	بیماریوں اور مصیبتوں کا گناہوں کے لیے کفارہ ہونا اور منا قشہ کے عذاب ہونے اور آسان حساب کی دو تاویلیں	872
	۲۔ بَابٌ	
666	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تم ضرور درجہ بہ درجہ چڑھو گے O (الانشقاق: ۱۹) کی تفسیر	873
667	ایک طبقہ سے دوسرے طبقہ کی طرف منتقل ہونے کی متعدد تفاسیر	873
668	طبق کا معنی اور طبقات کی مختلف تعبیریں	874
669	نطفہ سے لے کر موت تک انسان کے اڑتیس (۳۸) احوال	874
	۸۵۔ سورۃ البروج کی تفسیر	876
670	سورۃ البروج کا تعارف	876

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
671	بروج کے لغوی اور عرفی معنی	876
	۸۶۔ سورۃ الطارق کی تفسیر	878
672	سورۃ الطارق کا تعارف	878
	۸۷۔ سُوْرَةُ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى کی تفسیر	880
673	سُوْرَةُ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى (الاعلیٰ) کا تعارف	880
	حافظ ابن حجر کی اس پر تصریح کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم لکھنا مستحب ہے خواہ روایت میں مذکور نہ ہو	881
674	علامہ عینی کا حافظ ابن حجر سے مناقشہ	882
675	حافظ ابن حجر عسقلانی اور علامہ عینی کے درمیان مصنف کا محاکمہ	882
	۸۸۔ سورۃ الغاشیہ کی تفسیر	883
676	سُوْرَةُ هَلْ أَتٰكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ (الغاشیہ) کا تعارف	883
	۸۹۔ سورۃ والفجر کی تفسیر	886
677	سورۃ والفجر کا تعارف	886
678	قوم عاد کا تعارف	887
679	حلال اور حرام کی تمیز کے بغیر مال کھانے کی مذمت	888
680	علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ	888
	۹۰۔ سورۃ لا اقسم کی تفسیر	891
681	سورۃ لا اقسم (البلد) کا تعارف	891
682	بھوکے کو کھانا کھلانے کی فضیلت	892
683	دشوار گھاٹی اور پل صراط کا بیان	893
	۹۱۔ سورۃ والشمس کی تفسیر	894
684	سُوْرَةُ وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا (الشمس) کا تعارف	894
685	علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ اور مصنف کا محاکمہ	895
	۱۔ بَابٌ	896
	حدیث مذکور کی سند کی تفصیل	896
	حضرت صالح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اونٹنی اور اس کی کونچیں کاٹنے والے کا تذکرہ	897
688	عزیز، عارم اور منیع کے معانی اور زمعہ کے باپ کی مثل کے مصداق کا بیان	897
689	عورتوں کے ساتھ نرمی کرنے کی نصیحت اور گوز کی آواز سن کر ہنسنے کی مذمت	897
690	زمعہ کے باپ کو زبیر بن عوام کا چچا کہنے کی توجیہ	897
691	حافظ ابن حجر عسقلانی سے اس توجیہ کی تائید	898
	۹۲۔ سورۃ اللیل کی تفسیر	899
692	سُوْرَةِ وَالَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى (اللیل) کا تعارف	899
	۱۔ باب	
693	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور دن کی (قسم) جب وہ روشن ہوا! (اللیل: ۲) کی تفسیر	900
694	حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ اور اہل شام کا سورۃ اللیل کی قراءت میں اختلاف	901
	۲۔ بَابٌ	
695	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اس ذات کی (قسم) جس نے نر اور مادہ کو پیدا کیا O (اللیل: ۳) کی تفسیر	901
696	حضرت ابو الدرداء اور حضرت ابن مسعود کی قراءت متواترہ کی مخالفت کرنے کی توجیہ اور تحقیق	901
697	حضرت ابو الدرداء کی قراءت کے منسوخ ہونے پر تمام مسلمانوں کا اجماع	902
698	حضرت ابو الدرداء اور حضرت ابن مسعود کی قراءت متواترہ کی مخالفت کرنے کی مزید توجیہ	902
	۳۔ بَابٌ	
699	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پس جس نے (اللہ کی راہ میں) دیا اور اللہ سے ڈر کر گناہوں سے بچتا رہا O (اللیل: ۵) کی تفسیر	903

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
700	بقیع الغرقد کا معنی	903
701	جب سب کچھ تقدیر میں لکھا ہوا ہے تو پھر عمل کی کیا ضرورت ہے	903
	۴۔ بَابٌ	
702	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور نیک باتوں کی تصدیق کرتا رہا○ (اللیل:۶) کی تفسیر	904
	۵۔ بَابٌ	
703	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پس عنقریب ہم اس کو آسانی (جنت) مہیا کریں گے○ (اللیل:۷) کی تفسیر	904
	۶۔ بَابٌ	
704	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جس نے بخل کیا اور اللہ سے بے پرواہ رہا○ (اللیل:۸) کی تفسیر	905
	۷۔ بَابٌ	
705	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور نیک باتوں کی تکذیب کی○ (اللیل:۹) کی تفسیر	906
	۸۔ بَابٌ	
706	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پس عنقریب ہم اس کو دشواری (دوزخ) مہیا کریں گے○ (اللیل:۱۰) کی تفسیر	907
707	حدیث مذکور کا چھ سندوں کے ساتھ مروی ہونا	907
708	اہل بیت کرام کے اسماء کے ساتھ علیہ السلام لکھنے کا جواز اور رضی اللہ عنہ لکھنے کا افضل ہونا، اس کے متعلق مصنف کی تحقیق	907
	۹۳۔ سورۂ والضحیٰ کی تفسیر	910
709	سورۂ والضحیٰ کا تعارف	910
	۱۔ بَابٌ	
710	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ کے رب نے آپ کو نہیں چھوڑا اور نہ وہ بیزار ہوا○ (والضحیٰ:۳) کی تفسیر	911
711	نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اعتراض کرنے والی عورت کا نام	911
712	صحیح بخاری کے علاوہ دیگر کتب حدیث میں سورۂ	

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	والضحیٰ کے سبب نزول کے متعلق دیگر روایات اور ان کا غیر معتبر ہونا	912
	۲۔ بَابٌ	
713	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ کے رب نے آپ کو نہیں چھوڑا اور نہ آپ سے بیزار ہوا○ (الضحیٰ:۳) کی تفسیر	913
714	دوسری حدیث میں آپ سے کہنے والی عورت کا مصداق	913
715	اس پر دلیل کہ دوسری روایت میں جو عورت مذکور ہے وہ پہلی روایت میں مذکور عورت کی غیر ہے	914
716	علامہ عینی کا علامہ کرمانی اور حافظ ابن حجر عسقلانی کے ساتھ مناقشہ	914
717	حضرت جبرئیل علیہ السلام کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آنے میں تاخیر کی مدت	914
	۹۴۔ سورۂ الم نشرح لک کی تفسیر	915
718	سورۂ الم نشرح لک کا تعارف	915
719	نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ترک افضل کام اور خطاء اور سہو کی تحقیق	915
720	نحویوں کے اس قاعدہ کی وضاحت کہ جب معرفہ مکرر ہو تو ثانی اول کا عین ہوتا ہے اور جب نکرہ مکرر ہو تو ثانی اول کا غیر ہوتا ہے، لہٰذا الم نشرح: ۳، میں ایک مشکل کے ساتھ دو آسانیوں کا ذکر ہے اور اس کی احادیث اور آثار سے تائید	917
	۹۵۔ سورۂ والتین کی تفسیر	919
721	سورۂ والتین کا تعارف	919
722	انجیر اور زیتون کے طبی فوائد	919
	۱۔ بَابٌ	920
723	اس سوال کا جواب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی کون سی رکعت میں سورۂ والتین پڑھی تھی؟	920
	۹۶۔ سورۂ اقرأ کی تفسیر	922

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
724	سُوْرَةُ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِی (العلق) کا تعارف	922
725	سورۃ فاتحہ اور ہر سورت کے اول میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھنے یا نہ لکھنے کے متعلق حسن بصری کا مذہب	922
726	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو سورۃ فاتحہ کے اول میں اور ہر سورت کی ابتداء میں لکھنے کے متعلق مذاہب فقہاء اور علامہ ابن الملقن کا اختلاف	923
727	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو سورۃ فاتحہ کی ابتداء اور ہر سورت کی ابتداء میں لکھنے پر علامہ ابن الملقن کی عبارت کا رد	923
728	امام بخاری کا منشاء یہ ہے کہ ہر سورت کی ابتداء میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کا پڑھنا واجب نہیں ہے	923
	۱۔ بَابٌ	924
729	حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اس حدیث کا مرسل ہونا	927
730	اس حدیث کے مرسل ہونے پر بعض لوگوں کا اعتراض اور حافظ ابن حجر کا جواب	927
731	اس حدیث میں آپ پر نزول وحی کی دلیل ہے اور آپ کی نبوت کی دلیل دوسری کتب حدیث میں ہے اور اس پر دلیل کہ آپ کے پاس جو فرشتہ آیا تھا وہ حضرت جبرئیل تھے	927
732	رویاء صالحہ کا معنی، اور حراء میں آپ کب گئے تھے اور تحنث کا معنی حضرت عائشہ نے نہیں راوی نے بیان کیا ہے	928
733	غار حراء میں عبادت کی کیفیت اور اس کے متعلق شارحین کے اقوال	928
734	نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی کی اور نبوت کی ابتداء کس وقت ہوئی	929
735	اقرء اور ما انا بقاری کی وضاحت اور تین دفعہ اقرء کہنے کی حکمت اور سورۃ العلق کی پانچ آیتوں کی مناسبت اور حضرت جبرئیل کے آپ کو تین بار دبانے اور تین بار چھوڑنے کی حکمت	929
736	حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جو تسلی دی تھی اس کی توجیہ	930
737	ورقہ بن نوفل کا تذکرہ	931
738	حدیث مذکور کا مرسل ہونا	932
739	سورۃ المدثر کی ابتدائی پانچ آیتوں کی تفسیر	932
	۲۔ بَابٌ	
740	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا ہے O (العلق: ۲) کی تفسیر	932
741	اس آیت میں انسان سے مراد کیا ہے اس کا بیان	933
	۳۔ بَابٌ	
742	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پڑھیے اور آپ کا رب ہی سب سے زیادہ کریم ہے O (العلق: ۳) کی تفسیر	933
743	اللہ تعالیٰ کے کرم اور حلم کا بیان	934
744	اللہ تعالیٰ کی خصوصی نعمت قلم کا بیان	934
	۴۔ بَابٌ	
745	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جس نے قلم سے (لکھنا) سکھایا O (القلم: ۴) کی تفسیر	934
	۵۔ بَابٌ	
746	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک اگر وہ باز نہ آیا تو ہم ضرور اس کو پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر کھینچیں گے O وہ پیشانی جو جھوٹی گناہ گار ہے O (القلم: ۱۶۔۱۵) کی تفسیر	934
747	حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی ابوجہل کے قول کے متعلق مرسل روایت	935
748	ابوجہل کو اس کی دھمکی کی وجہ سے آگ کی خندق دکھائی گئی اور عقبہ بن ابی معیط کی ایذاء رسانی پر فوراً کوئی عذاب نہیں آیا، اس کی توجیہ	935

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	۹۷۔سورۃ القدر کی تفسیر	937
749	سورۃ القدر کا تعارف	937
	۹۸۔سورۃ البینۃ کی تفسیر	939
750	سورۃ البینۃ کا تعارف	939
	۱۔بَابٌ	940
751	حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے اپنے نام کے متعلق سوال کرنے اور پھر رونے کی توجیہ	940
	۲۔بَابٌ	
752	مطلق حدیث کو مقید پر محمول کرنا اور سورۃ البینہ کی آیت پڑھنے کی تخصیص اور حضرت ابی بن کعب کا نام لینے کی توجیہ	941
753	حضرت ابی بن کعب کو قرآن مجید پڑھانے اور ان کے سامنے قرآن پڑھنے کی حکمت اور سورۃ البینۃ کی جامعیت	941
757	امام بخاری کی سند پر خطیب بغدادی کے اعتراض کا جواب اور اسماء رجال کے فن میں امام بخاری کی عظمت	942
	۹۹۔سورۃ إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ کی تفسیر	944
755	سورۃ إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ (الزلزال) کا تعارف	944
	۱۔بَابٌ	
756	اللہ تعالیٰ کا ارشاد: سو جو ذرہ برابر نیکی کرے گا وہ اس کا صلہ دیکھے گا○ (الزلزال:۷) کی تفسیر	944
757	گھوڑوں پر زکوٰۃ فرض ہونے میں امام ابوحنیفہ کی دلیل اور الزلزال:۸۔۷ کا جامع ہونا	946
758	دریاؤں کے پانی کو بلا اجازت پینے کا جواز اور اس پانی کو فروخت کرنے کے متعلق مذاہب فقہاء	946
759	بعض مشکل الفاظ کے معانی	946
760	نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اجتہاد کرنے پر دلیل اور اس پر ایک سوال کا جواب	947
	۲۔بَابٌ	
761	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جو ذرہ برابر کوئی برائی کرے گا وہ اس کا عذاب دیکھے گا○ (الزلزال: ۸) کی تفسیر	947
762	الزلزال:۸۔۷ کی تفسیر علامہ قرطبی سے	948
763	الزلزال:۸ کی تفسیر مصنف کی طرف سے	948
764	مصنف کی تفسیر پر قرآن مجید اور احادیث صحیحہ سے تائید اور توثیق	948
	۱۰۰۔سورۃ والعادیات کی تفسیر	951
765	سورۃ والعادیات کا تعارف	951
766	سورۃ العادیات کا شان نزول اور العادیات کے مختلف معانی	952
	۱۰۱۔سورۃ القارعۃ کی تفسیر	953
767	سورۃ القارعۃ کا تعارف	953
	۱۰۲۔سورۃ التکاثر کی تفسیر	954
768	سورۃ التکاثر کا تعارف	954
	۱۰۳۔سورۃ العصر کی تفسیر	956
769	سورۃ العصر کا تعارف	956
770	قرآن مجید میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قسم کھائی ہے یا آپ کی طرف نسبتوں کی	956
	۱۰۴۔سورۃ الہمزۃ کی تفسیر	958
771	سورۃ الہمزۃ کا تعارف	958
772	سورۃ الہمزۃ کے شان نزول کے متعلق روایات	658
	۱۰۵۔سورۃ الفیل کی تفسیر	960
773	سورۃ أَلَمْ تَرَ (الفیل) کا تعارف	960
774	سورۃ الفیل کا خلاصہ	960
	۱۰۶۔سورۃ لایلاف (قریش) کی تفسیر	962
775	سورۃ لایلاف (قریش) کا تعارف	962
776	بیت اللہ کے رب کی عبادت کی وجہ سے اس کی	

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	خصوصی نعمت سفر میں آسانی مہیا کرنا ہے	963
	۱۰۷۔سورۃ الماعون کی تفسیر	964
777	سورۃ الماعون کا تعارف	964
	۱۰۸۔سورۃ الکوثر کی تفسیر	966
778	سورۃ الکوثر کا تعارف	966
	۱۔بَابٌ	966
779	الکوثر کا معنی اور اس کے مصداق میں اقوال	967
780	الکوثر کی تفسیر میں مزید اقوال	968
	۱۰۹۔سورۃ الکافرون کی تفسیر	969
781	سورۃ الکافرون کا تعارف	969
782	علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ اور تعلیق مذکور کا خلاصہ	970
	۱۱۰۔سورۃ الفتح کی تفسیر	971
783	سورۃ الفتح کا تعارف	971
	۱۔بَابٌ	971
	۲۔بَابٌ	972
	۳۔بَابٌ	
784	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور آپ لوگوں کو دیکھیں کہ وہ اللہ کے دین میں فوج در فوج داخل ہو رہے ہیں O (النصر: ۲) کی تفسیر	972
	۴۔بَابٌ	
785	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سو آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کریں اور اس سے مغفرت طلب کریں بے شک وہ بہت توبہ قبول فرمانے والا ہے O (النصر: ۳) کی تفسیر	973
786	آخری سورت کی تعیین اور نبی ﷺ کی وفات کے متعلق متعدد اقوال	974
	۱۱۱۔سورۃ المسد کی تفسیر	975
787	سورۃ المسد (اللہب) کا تعارف	975
788	علامہ عینی کا تسامح	975
	۱۔بَابٌ	976
789	وربطك منهم المخلصين کا منسوخ التلاوت ہونا	976
790	یا صباحاہ کا معنی	977
	۲۔بَابٌ	
791	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور وہ ہلاک ہو جائے O اس کے مال نے اور اس کی کمائی نے اس کو کوئی فائدہ نہیں پہنچایا O (اللہب: ۲۔۱) کی تفسیر	977
	۳۔بَابٌ	
792	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: وہ عنقریب سخت شعلوں والی آگ میں جائے گا O (اللہب: ۳) کی تفسیر	977
	۴۔باب	
793	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اس کی بیوی بھی لکڑیوں کا گٹھا اٹھائے ہوئے O (اللہب: ۴) کی تفسیر	978
794	ابولہب کی بیوی کا تذکرہ	978
	۱۱۲۔سورۃ الاخلاص کی تفسیر	979
795	سورۃ الاخلاص کا تعارف	979
796	واحد اور احد کا فرق	979
	۱۔بَابٌ	979
797	اللہ تعالیٰ کے احد ہونے کے متعلق ایک حدیث	980
	۲۔بَابٌ	
798	اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اللہ بے نیاز ہے O (الاخلاص: ۲) کی تفسیر	980
	۱۱۳۔سورۃ الفلق کی تفسیر	982
799	سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (الفلق) کا تعارف	982
800	اَلْمُعَوِّذَتَيْن کا قرآن ہونا	983
	۱۱۴۔سورۃ الناس کی تفسیر	984
801	سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (الناس) کا تعارف	984

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
802	المعوذتین کے قرآن ہونے پر احادیث سے دلائل	985
803	حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے المعوذتین کے انکار قرآن کی توجیہ	985
804	بعض علماء کا حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف انکار معوذتین کی نسبت کو باطل قرار دینا	985
805	حافظ ابن حجر عسقلانی کا ان بعض علماء سے اختلاف	986
806	حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے المعوذتین کے انکار قرآن کی دوسری توجیہ	986
807	زر نے صراحتاً حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف انکار معوذتین کی نسبت نہیں کی اس کی توجیہ	987
808	نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو المعوذتین پڑھنے کا حکم اللہ تعالیٰ نے دیا تھا یا حضرت جبرئیل نے یہ حکم پہنچایا تھا	987
809	المعوذتین کے قرآن ہونے پر خصوصی احادیث کی ضرورت نہیں بلکہ ان کے قرآن ہونے پر اجماع کافی ہے	988
810	المعوذتین کے قرآن ہونے پر خصوصی احادیث	988
811	المعوذتین کو پڑھ کر دم کرنے کے متعلق احادیث	989
	حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے نظریہ پر قوی اشکال	
812	اور جمہور صحابہ کی ایک حدیث سے دلیل	990
813	ختم قرآن کے وقت دعا کرنے کا استحباب	990
814	کتاب التفسیر میں مذکور احادیث کی تعداد	991
815	نعمۃ الباری جلد ثامن کی تکمیل	991
816	نعمۃ الباری فی شرح صحیح البخاری، جلد ثامن (۸) کی ڈائری	992
817	مصادر التحقیق فی نعمۃ الباری	993



Marfat.com

نعمۃ الباری کا افتتاحیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الحمد لله ربّ العالمين، الّذى جعلنا من المسلمين، ووصفنا بخير امّة من الأمم الماضين، وانعم علينا بتنزيل القرآن الكريم وهدانا به الى الصّراط المستقيم، والصلوٰة والسّلام على اشرف الانبياء والمرسلين قائد الغرّ المحجّلين، الذى شرح الفرقان باحاديثه وبيانه القويم، وكشف عن اسراره وغوامضه لهداية النّاس اجمعين، وانقذنا بحسن سيرته من الظلمات والضلال المبين، وعلى اله الطيبين واصحابه الطّاهرين الذين قاموا باشاعة الدين المتين مع كمال الخلوصٌ والجهد العظيم، وعلى ازواجه الطّاهرات امهات المؤمنين، وعلى جميع الائمة التابعين من المفسرين والمحدثين المخلصين الكاملين الى يوم الدّين۔

وبعد فيقول العبد الفقير الى مولاه القدير غلام رسول السعيدى دائم الاحتياج الى كرم ربه الصمدى انّى بعد الفراغ من التفسير قد شرعت فى شرح الصحيح للامام البخارى (علیه نعمة الباری) توكّلا على رحمة الله وفضله العميم۔ ولا يكون تحريره وتقريره وتكميله الّا نعمته العظمىٰ۔ فلذا سمّيته بنعمة البارى فى شرح الصحيح للبخارى۔ (تقبّله الله بلطفه وتغمدنى بغفرانه بمحض فضله)

اشهدان لا اله الّا الله وحده لا شريك له واشهد انّ سيّدنا ومولانا محمدا عبده ورسوله۔ اعوذ بالله من شرور نفسى ومن سيئات اعمالى۔ من يهده الله فلا مضلّ له ومن يّضلله فلا هادى له۔ اللهم ارنى الحق حقاً وارزقنى اتباعه۔ اللهم ارنى الباطل باطلاً وارزقنى اجتنابه۔ اللهم اجعلنى فى تصنيف هذا الكتاب على صراط مستقيم واجعله موافقاً باسمه واحفظه من شرور الاشرار والحاسدين۔ اللهم اجعله خالصا لوجهك الكريم ومقبولاً عندك وعند رسولك الرؤف الرحيم واجعله شائعاً ومستفيضاً ومفيضاً ومرغوباً فى اطراف العالمين الى يوم الدين واجعله لى ولجميع من انتسب الى من المسلمين صدقة جارية الى يوم القيامة وارزقنى زيارة النبىّ الكريم ﷺ فى الدنيا وشفاعته فى الاخرة واحينى على الاسلام بالسلامة وامتنى على الايمان بالكرامة۔ اللهم انت ربّى لا اله الا انت خلقتنى وانا عبدك وانا على عهدك ووعدك ما استطعت۔ اعوذ بك من شرّ ما صنعت ابوء لك بنعمتك علىّ وابوء لك بذنبى فاغفرلى فانه لا يغفر الذنوب الا انت۔ ربّ اوزعنى ان اشكر نعمتك التى انعمت علىّ وعلى والدىّ وان اعمل صالحاً ترضٰه۔ آمين يا ربّ العالمين بجاه سيد المرسلين ﷺ۔

Marfat.com

ترجمہ

تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے مخصوص ہیں، جس نے ہمیں مسلمان بنایا اور سب سے بہترین امت کا لقب عطا فرمایا، قرآن کریم نازل فرما کر ہم پر احسان کیا اور اس کتاب کے ذریعہ ہمیں سیدھی راہ دکھائی۔ حمد کے بعد سب سے افضل اور بلند رتبہ پیغمبر آقائے دو جہاں ﷺ پر درود وسلام ہو، جو سفید رو اور سفید ہاتھ پیروں والوں کے قائد ہیں، جنہوں نے اپنی احادیث اور مستحکم بیان سے قرآن مجید کی تشریح فرمائی اور تمام لوگوں کی ہدایت کے لیے اس کے اسرار و رموز سے پردہ اٹھایا اور ہمیں اپنا بہترین نمونہ عمل عطا کر کے ظلمت وگمراہی سے نجات بخشی۔ آپ کے بعد آپ کی اولاد پاک اور صحابہ کرام پر رحمتوں کا نزول ہو جو پورے اخلاص اور محنت کے ساتھ اشاعت دین میں مصروف رہے، اور آپ کی ازواج مطہرات پر رحمتوں کا نزول ہو جو مسلمانوں کی مائیں ہیں اور ان سب کے بعد تا قیام قیامت آنے والے مخلص اور باکمال ائمہ مفسرین اور محدثین پر رحمتیں نازل ہوں۔

حمد وصلوٰۃ کے بعد رب کائنات کے دائمی کرم کا بندۂ محتاج غلام رسول سعیدی غفرلہٗ عرض پرداز ہے کہ میں تفسیر تبیان القرآن سے فارغ ہونے کے بعد اللہ عزوجل کی رحمت اور اس کی عنایت پر بھروسا کرتے ہوئے صحیح بخاری کی شرح کا آغاز کر چکا ہوں۔ چونکہ ظاہری قویٰ اس عظیم کام کے متحمل نہیں ہیں اس لیے تصنیف کے جملہ مراحل سے گزر کر پایۂ تکمیل کو پہنچنے تک اس شرح کا مکمل دارومدار صرف اور صرف اللہ عزوجل کی خصوصی نعمت اور احسان پر ہے۔ اسی لیے میں نے اس شرح کا نام ''نعمۃ الباری فی شرح صحیح البخاری'' رکھا ہے۔ (اللہ تعالیٰ اپنے لطف وعنایت سے اس تصنیف کو شرف قبولیت عطا فرمائے اور محض اپنے فضل وکرم سے مجھے اپنی بخشش میں ڈھانپ لے)۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ سیدنا محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ میں اپنے نفس کے شر اور بداعمالیوں سے اللہ عزوجل کی پناہ میں آتا ہوں۔ جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت دے اسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا اور جس کو وہ گمراہی پر چھوڑ دے اس کو کوئی راہ راست پر نہیں لا سکتا۔ اے اللہ! مجھ پر حق واضح فرما اور مجھے اس کی اتباع عطا فرما اور باطل کو مجھ پر منکشف فرما اور اس سے بچنے کی توفیق مرحمت فرما۔ اے اللہ! مجھے اس شرح کی تصنیف میں صراط مستقیم پر گامزن فرما اور اس شرح کو اسم بہ مسمّٰی کر دے اور اسے شریروں کے شر اور حاسدوں کے حسد سے محفوظ فرما۔ اے اللہ! اس تصنیف میں صرف اپنی رضا مقدر فرما دے اور اس کو اپنی اور اپنے مہربان رسول (سیدنا محمد مصطفیٰ ﷺ) کی بارگاہ میں مقبول بنا دے، اور صبح قیامت تک اس کو اکناف عالم میں مشہور ومقبول، مرغوب ومحبوب اور اثر آفرین بنا دے، اس کو میرے لیے اور میرے جملہ مسلمان متعلقین کے لیے قیامت تک صدقۂ جاریہ بنا۔ مجھے دنیا میں نبی اکرم ﷺ کی زیارت اور قیامت میں آپ کی شفاعت سے بہرہ مند فرما۔ مجھے سلامتی کے ساتھ اسلام پر زندگی اور عزت کے ساتھ ایمان پر خاتمہ نصیب فرما۔ اے اللہ! تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں، تو نے مجھے پیدا کیا ہے اور میں تیرا بندہ ہوں اور تجھ سے کیے ہوئے وعدہ پر اپنی طاقت کے مطابق قائم ہوں۔ میں اپنی بداعمالیوں کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں، تیرے مجھ پر جو انعامات ہیں ان کا میں اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں۔ میری بخشش فرما، کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو معاف کرنے والا نہیں ہے، پروردگار! تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر جو انعامات فرمائے ہیں ان پر مجھے ہمیشہ شکر ادا کرنے کی توفیق عطا فرما اور مجھے ایسے نیک اعمال کی توفیق دے جو تجھے محبوب اور پسند ہوں۔ آمین یا رب العالمین بجاہ سید المرسلین ﷺ۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نحمدہٗ ونصلی ونسلم علیٰ رسولہ الکریم

گذارش احوال واقعی

کہتا ہوں وہی بات سمجھتا ہوں جسے حق ☆ میں زہر ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکا قند

فروری 2005ء کو میں نے تبیان القرآن کی تکمیل کے بعد شرح صحیح البخاری کی تصنیف کا عزم کیا اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ اپنے رسول مکرم ﷺ کے طفیل مجھے اس سعادت کی تکمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ چنانچہ 22، جنوری 2006ء کو میں نے ''انعام الباری شرح بخاری'' کے نام سے فرید بک اسٹال کے ساتھ سات مجلدات کی تصنیف کا معاہدہ کیا۔ بعد ازاں میں نے ''نعمۃ الباری'' کے نام سے بتوفیقِ باری تعالیٰ اِس معاہدے کو مکمل کیا اور سات مجلدات فرید بک اسٹال کے سپرد کر دیں، جن میں سے پانچ مجلدات طبع ہو چکی ہیں اور دو مجلدات زیرِ طبع ہیں۔

میں اپنے مزاج کے اعتبار سے خلوت نشین آدمی ہوں اور بہت سے معاملات سے مجھے کماحقہٗ آگہی نہیں ہوتی۔ فرید بک اسٹال کے مالک سید محسن اعجاز شاہ صاحب کا رویہ میرے ساتھ ہمیشہ روکھے پن اور سرد مہری کا رہا، لیکن میں اُن کے اِس رویے کو اِس لئے برداشت کرتا رہا کہ میری زندگی کی جتنی سانسیں باقی ہیں، اُن میں دین کا زیادہ سے زیادہ کام کر سکوں، جو میرے لئے صدقۂ جاریہ بنے اور ''باقیاتِ صالحات'' کی صورت میں طالبانِ علم کے لئے فیض رساں ثابت ہو۔

اب میری عمر تقریباً 76 سال ہو چکی ہے، میں کئی عشروں سے متعدد عوارض اور امراض میں مبتلا ہوں، درمیان میں ایک وقت ایسا بھی آیا کہ مجھے تحریری و تدریسی کام معطل کرنا پڑا، یہ ایام میرے لئے انتہائی اذیت ناک تھے، کیونکہ مارچ 1986ء سے لے کر جنوری 2011ء تک مسلسل مطالعہ اور تصنیف کی وجہ سے میں شدید بیمار ہو گیا تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے کرم فرمایا اور 18، مئی 2011ء کو میری صحت بحال ہو گئی اور میرے تصنیفی کام کی نشاۃِ ثانیہ ہو گئی ۔اب میری قوتِ برداشت اتنی مضمحل ہو چکی ہے کہ میں سید محسن اعجاز شاہ صاحب کی بے مہری اور بے اعتنائی کے رویے کا مزید متحمل نہیں ہو سکتا۔ میری دل شکنی کا ایک اہم سبب یہ ہے کہ شرح صحیح مسلم شریف کے معاہدہ کے مطابق سید محسن اعجاز شاہ صاحب کے والد مرحوم سید اعجاز شاہ نے مجھ سے یہ وعدہ کیا تھا کہ وہ خدانخواستہ میری علالت کی صورت میں میری اعانت کریں گے، لیکن از حد افسوس کے ساتھ یہ حقیقت بیان کر رہا ہوں کہ جب میں انتہائی علالت کے سبب کچھ عرصہ کام کے قابل نہ رہا تو میرے ساتھ تعاون تو درکنار انہوں نے ہمدردی کے کلمات بھی ادا نہیں کئے بلکہ یہ کہا کہ متبادل انتظام کر دیجئے، اس سے میرا دل ٹوٹ گیا، آخر ع

دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آئے کیوں

چنانچہ میں نے اب اُن سے قطعِ تعلق کا ارادہ کیا اور مزید کام جاری نہ رکھنے کا قطعی فیصلہ کر لیا ہے۔

اسی دوران ''ضیاء القرآن پبلی کیشنز'' کے مالک محترم جناب محمد حفیظ البرکات شاہ صاحب دامت الطافہم العالیہ سے رابطہ ہوا، اُن کی ایک عرصے سے خواہش تھی کہ میں اُن کے اشاعتی و طباعتی ادارے کے لئے کوئی کام کروں۔ شاہ صاحب اہلسنت و جماعت کی ایک عظیم روحانی اور علمی شخصیت کے فرزندِ ارجمند ہیں، اُن کے والدِ ماجد حضرت علامہ پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمہ اللہ تعالیٰ متوفّٰی

Marfat.com

۱۹۹۸ء اپنی تمام تر علمی عظمت و وجاہت کے باوجود انتہائی ملنسار، خلیق اور محبت کرنے والے انسان تھے اور اپنے اسی رویے سے وہ اپنے معاصرین اور اصاغر کو اپنا گرویدہ بنا لیتے تھے۔ مجھ پر ان کی خصوصی شفقتیں تھیں، ضیائے حرم کے لئے مضامین لکھوانے کے لئے وہ کئی بار میرے پاس تشریف لائے۔ اُن کے صاحبزادگان بھی اُن کے اسی حسنِ اخلاق کا مظہر ہیں، مجھے امید ہے کہ شاہ صاحب زید حبہ سے مجھے محبت واحترام اور گرمجوشی ملے گی، جس سے میرے علمی اور فکری قُویٰ کو تقویت ملے گی اور میں معیار اور مقدار کے اعتبار سے زیادہ سرعتِ رفتار سے کام کرسکوں گا۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اُنہیں میرے لئے میرے حسنِ ظن سے بھی بہتر ثابت کرے، اُن کے دل میں میرے لئے ہمیشہ وسعت پیدا ہو، تاکہ میں اپنے وجود کے لاحق امراض وعوارض کا مقابلہ کرتے ہوئے زندگی کی آخری سانس تک کام جاری رکھ سکوں اور ''نعمۃ الباری'' کی بقیہ مجلدات پہلے سے بھی زیادہ وقیع انداز میں علمی وجاہت کے ساتھ مکمل کرسکوں۔ قارئینِ کرام اور دین کا درد رکھنے والے سب اہلِ عقیدت ومحبت سے التجا ہے کہ اپنی خلوتوں میں میرے لئے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ کی توفیق اور تائیدِ غیبی ہمیشہ میرے شاملِ حال رہے اور اس کے حبیبِ مکرم ﷺ کی نگاہِ کرم دنیا وآخرت میں میرے لئے وسیلۂ نجات بنے۔ میری علمی زندگی کا سارا سرمایہ میرا یہی قلمی ورثہ ہے، یہ رب تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ میں ماجور ومشکور ہو اور رحمۃ للعالمین ﷺ کے حضور مقبول ہو۔

میں ''نعمۃ الباری'' کی آٹھویں جلد سے اس کی طباعت واشاعت کا کام محترم صاحبزادہ محمد حفیظ البرکات شاہ صاحب ''ضیاء القرآن پبلی کیشنز'' 14 انفال سنٹر اردو بازار، کراچی کے سپرد کررہا ہوں، اسی طرح میں اپنی مندرجہ ذیل کتب کے دائمی حقوق بھی ''ضیاء القرآن پبلی کیشنز'' کو تفویض کررہا ہوں:

(۱) تذکرۃ المحدثین (۲) مقالاتِ سعیدی (۳) مقامِ ولایت ونبوت (۴) توضیح البیان (۵) ذکر بالجہر

مندرجہ بالا کتب کو اگرچہ ماضی میں فرید بک اسٹال والے شائع کرتے رہے، لیکن میرا ان سے کوئی باقاعدہ معاہدہ نہیں تھا اور نہ ہی میں نے ان سے کوئی اس کا معاوضہ لیا، لہٰذا آج کے بعد میں انہیں باقاعدہ طور پر متنبہ کرتا ہوں کہ وہ میری ان کتب کی اشاعت فوراً روک دیں، ورنہ میں ان کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتا ہوں۔ اور اگر میں نے ان کے خلاف قانونی چارہ جوئی نہیں کی اور وہ میری اجازت کے بغیر ان کتابوں کو چھاپ کر رقم بٹورتے رہے تو آخرت میں عذاب الٰہی کا سامنا کرنے کے لیے تیار رہیں۔ اگر ان میں ایمان کی ذرہ برابر بھی رمق ہے تو جس معاہدہ پر انہوں نے میری بیماری کی حالت میں مجھ سے جبراً انگوٹھا لگوایا اور میرے دستخط کرائے تھے اس کا مسودہ مجھے واپس کردیں اسی طرح نعمۃ الباری اور تبیان القرآن کے انہوں نے جو دوبارہ معاہدات تیار کرائے اور اصطلاحی الفاظ کے معنی بتائے بغیر مجھ سے دستخط کرائے ان کے مسودات بھی مجھے واپس کردیں کیونکہ یہ تمام معاہدات شرعاً غیر مؤثر ہیں۔

شرح صحیح مسلم اور تبیان القرآن کے حقوق میں نے فرید بک اسٹال کو دیئے تھے اور انہوں نے ماشاء اللہ عرصۂ دراز تک ان کتب کو طبع کیا، فروخت کیا اور معتد بہ نفع حاصل کیا، یہ منافع ان کو مبارک ہوں۔ اب مجھے معلوم ہوا ہے کہ ملکی قانون کے تحت مصنف کے ناشر کو تفویض کردہ حقوق دائمی نہیں ہوتے اور دس سال کے بعد مصنف دوبارہ انہیں واپس لے سکتا ہے اور کسی بھی ملک کا پبلک لاء ملک کے تمام شہریوں پر نافذ ہوتا ہے اور حکومت نے یہ قانون اس لئے بنایا کہ پبلشرز تو لامحدود مدت تک منافع سمیٹتے رہتے تھے، لیکن جو مصنفین ومؤلفین اپنا خونِ جگر کشید کرکے اور پوری علمی، عقلی اور فکری قوت صرف کرکے یہ شاہکار تخلیق کرتے تھے، وہ اور ان کے متعلقین آخری عمر میں اپنے علاج معالجے اور بنیادی انسانی ضرورتوں کے لئے پریشان رہتے تھے، غالباً حکومت نے یہ

Marfat.com

قانون ایسے ہی پریشان حال مصنفین کی اشک شوئی کے لئے وضع کیا، کیونکہ جنہوں نے ساری زندگی ذہن اور قلم کے ساتھ اپنے دل ودماغ کی زمین کی اپنی فکری کاوشوں سے آبیاری کی ہو اور قلم کے ذریعے وہ تیار فصل کاٹ کر پبلشرز کے حوالے کردی ہو، جب وہ قابلِ کار نہ رہیں تو اب آخری عمر میں وہ کیا کریں!۔لہٰذا میں نے بھی اس ملکی قانون کی رعایت کو استعمال کرتے ہوئے فیصلہ کیا ہے کہ اپنا حق لوں اور آئندہ ان کتب کی اشاعت کا متبادل انتظام کروں اور اب قانوناً فرید بک اسٹال کو ان کتب کی مزید اشاعت کا حق باقی نہیں رہے گا۔

غلام رسول سعیدی غفرلہٗ

خادم الحدیث، دارالعلوم نعیمیہ، کراچی 38

19-03-2012

Marfat.com

فرید بک اسٹال سے واپسی کے سفر کی دل دوز حکایت

محترم قارئین! اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ''نعمۃ الباری'' کی جلد ثامن (۸) ہے جو ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور کی طبع شدہ ہے، یقیناً آپ کو تعجب ہوگا کہ اس سے پہلے تو ''نعمۃ الباری'' کی مجلدات فرید بک اسٹال لاہور سے طبع ہو کر آرہی تھیں اب یکا یک یہ آٹھویں جلد ضیاء القرآن پبلی کیشنز کی طرف سے طبع ہو کر کیسے آگئی! اس کا پسِ منظر بتانے کے لئے میں آپ کو شروع سے کہانی سناتا ہوں ؎

ہاں دکھا دے اے تصور پھر وہ صبح وشام تو دوڑ پیچھے کی طرف اے گردشِ ایّام تو

مارچ 1986ء کی کسی تاریخ کو سید محمد اعجاز شاہ صاحب رحمہ اللہ، مالک فرید بک اسٹال اپنی علالت اور ضعفِ بصارت کے باوجود مجھ سے ملاقات کے لئے کراچی تشریف لائے اور انہوں نے ''شرح صحیح مسلم'' کی سات جلدوں کی اشاعت کا مجھ سے معاہدہ کیا اور فی جلد دس ہزار روپے (10,000) کی معمولی سی رقم مقرر کی اور دو جلدوں کی ایڈوانس رقم مجھے پیش کردی، سید محمد اعجاز شاہ مرحوم بہت متحمل مزاج اور فراخ دل شخص تھے۔ ان کے ساتھ جو بھی وقت گزرا وہ میری زندگی کے بہترین ایام میں سے ہے۔ جب ''شرح صحیح مسلم'' کی سات جلدوں کی تکمیل ہوگئی تو اس کی خوشی میں انہوں نے مجھے انیس سو ترانوے (1993ء) میں پینتیس (۳۵) ہزار روپے عمرہ کرنے کے لئے پیش کئے پھر ''شرح صحیح مسلم'' کی تکمیل کے بعد میرا عزم تھا کہ میں قرآن مجید کی تفسیر ''تبیان القرآن'' کے نام سے لکھوں، سو مفتی اعظم پاکستان حضرت علامہ منیب الرحمن زید حبہ نے سید محمد اعجاز شاہ صاحب مرحوم کے ساتھ میری طرف سے اس کا معاہدہ کیا جس کے مطابق ''تبیان القرآن'' کی ہر جلد کا معاوضہ پچاس (۵۰) ہزار روپے مقرر کیا گیا اور پہلے ایڈیشن کی پچاس (۵۰) جلدوں کا فراہم کرنا طے کیا گیا اور ہر نئے ایڈیشن کی دس (۱۰) جلدوں کی فراہمی مقرر کی گئی۔ سید صاحب موصوف نے اسی وقت مجھے پہلی جلد کے پچاس ہزار روپے (۵۰،۰۰۰) پیشگی ادا کردیئے، سید محمد اعجاز شاہ صاحب مرحوم نے اس معاہدہ میں یہ بھی لکھوایا کہ اگر کسی جلد کی تکمیل سے پہلے میں قضائے الٰہی سے وفات پا گیا تو اس کی پیشگی لی ہوئی رقم مجھ پر معاف ہوگی، اور اگر اس دوران میں سخت بیمار ہوگیا تو وہ میرے علاج کے اخراجات برداشت کریں گے اور اگر میں تنگ دست ہوگیا تو وہ میری کفالت کریں گے۔ قارئین اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ایک وقیع علمی وتحقیقی کام کا یہ معاوضہ اس قابل بھی نہیں کہ اس کا ذکر کیا جائے، مگر اللہ تعالیٰ شاہد ہے کہ میرے پیش نظر میری کم از کم ضروریات کی تکمیل تھی اور یہ حسن نیت تھی کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے جو علمی صلاحیت اور تحریر کا ملکہ عطا کیا ہے، اس کا تشکرِ نعمت ایک علمی کام کی صورت میں کرتا جاؤں جو میرے، میرے والدین اور میرے اساتذۂ کرام علیہم الرحمۃ کے لئے صدقۂ جاریہ بنے اور دین کا قرض جو کہ ایک خادمِ دین پر ہوتا ہے، اپنی حقیر بشری استطاعت کے مطابق اس سے عہدہ برآ ہوسکوں اور یہ میرے لئے آخرت میں سرمایۂ نجات بن جائے۔

تبیان القرآن کی دوسری جلد کی طباعت کے دوران سید محمد اعجاز شاہ صاحب وفات پا گئے۔ ان کی وفات سے مجھے بہت رنج ہوا اور میں نے ایک سو (۱۰۰) قرآن مجید کے ختم ہائے مبارکہ کروا کے ان کو ایصالِ ثواب کیا۔

انیس سو چورانوے (1994ء) میں اللہ تعالیٰ نے مجھے حج اور عمرہ کی سعادت عطا کی اور جنوری 2006ء میں تبیان القرآن

Marfat.com

کی بارہ (۱۲) جلدیں مکمل ہوگئیں۔اس وقت مجھے سید محمد اعجاز شاہ مرحوم کی یاد آئی جنہوں نے شرح صحیح مسلم کی سات جلدوں کی تکمیل پر مجھے عمرہ کرنے کے لئے پینتیس (۳۵) ہزار روپے ارسال کئے تھے لیکن اس کے برعکس سید محسن اعجاز شاہ نے تبیان القرآن کی بارہ جلدوں کی تکمیل پر ایسی کسی فیاضی تو درکنار، کسی علامتی خوشی کا بھی مظاہرہ نہیں کیا، سید محمد اعجاز شاہ مرحوم کے ساتھ گزارا ہوا دور ختم ہوا۔اور اب میں ''نعمۃ الباری'' کی تصنیف کے دوران سید محسن اعجاز شاہ کے ساتھ گزارے ہوئے دور کی چند جھلکیاں پیش کرتا ہوں۔

نعمۃ الباری کی تصنیف کے دوران سید محسن اعجاز شاہ کے حُسنِ اخلاق کی چند جھلکیاں:

ہے بجا شیوۂ تسلیم میں مشہور ہیں ہم — قصۂ درد سناتے ہیں کہ مجبور ہیں ہم
سازِ خاموش ہیں، فریاد سے معمور ہیں ہم — نالہ آتا ہے اگر لب پہ، تو معذور ہیں ہم
میں بندۂ ناداں ہوں ، مگر شکر ہے تیرا — رکھتا ہوں نہانخانۂ لاہوت سے پیوند
اک ولولۂ تازہ دیا میں نے دلوں کو — لاہور سے تاخاکِ بخارا وسمر قند

18، جنوری 2006ء کو سید محسن اعجاز شاہ نے کراچی آکر مجھ سے نعمۃ الباری کی سات جلدیں لکھنے کا معاہدہ کیا اور ہر جلد کے عوض پچھتر (75) ہزار روپے کی معمولی رقم طے کی اور پہلے ایڈیشن پر پچاس (50) جلدیں اور نئے ایڈیشن پر دس جلدیں مہیا کرنے کا وعدہ کیا، الحمدللہ میں نے 14، ستمبر 2010ء کو نعمۃ الباری کی ساتویں جلد مکمل کر کے سید محسن اعجاز شاہ کے حوالہ کردی اور یوں میری حد تک اس معاہدہ کی تکمیل ہوگئی۔15، ستمبر 2010ء کو میں نے آٹھویں جلد کی ابتداء کردی تھی، میں مارچ 1986ء سے لے کر جنوری 2011ء تک مسلسل فرید بک اسٹال کے لئے لکھتا رہا اور اس اثناء میں، میں نے شرح صحیح مسلم کی سات جلدیں، تبیان القرآن کی بارہ جلدیں اور نعمۃ الباری کی سات جلدیں لکھیں جو تقریباً چھبیس (26) ہزار صفحات سے زیادہ پر مشتمل ہیں۔ مسلسل دماغی کام اور ذہنی دباؤ کی وجہ سے میری صحت نہایت متاثر ہوئی، یکم جنوری 2011ء سے لے کر 18، مئی 2011ء تک میں سخت بیمار رہا اور تصنیف وتالیف اور درس وتدریس کا کام معطل ہوگیا، یہ ایام میرے لئے سخت اذیت ناک تھے، تبیان القرآن کے معاہدہ میں یہ بات تحریر تھی کہ اگر میں سخت بیمار ہوگیا تو فرید بک اسٹال کی طرف سے میرا علاج کیا جائے گا اور اگر میں تنگ دست ہوگیا تو میری کفالت کی جائے گی، لیکن سید محسن اعجاز شاہ نے معاہدہ کی اس شق کی کوئی پرواہ نہیں کی، ان کو تو یہ فکر تھی کہ اگر میں اسی طرح بیمار رہا تو نعمۃ الباری کی بقیہ مجلدات کیسے پوری ہوں گی، انہوں نے مجھ سے سیل فون پر کہا کہ اب آپ یہ کام نہیں کر سکتے تو یہ کام اپنے لائق شاگرد مفتی محمد اسماعیل نورانی زید علمہ کے سپرد کردیں۔ پھر انہوں نے کراچی آکر مفتی محمد اسماعیل نورانی سے نعمۃ الباری لکھنے کا معاہدہ کیا، پہلے انہوں نے اس کا معاوضہ پینتیس (35) ہزار روپے فی جلد مقرر کیا پھر میرے کہنے سے بڑھا کر اس کا معاوضہ پچاس (50) ہزار روپے فی جلد کردیا اور وہ پچاس (50) ہزار روپے مفتی محمد اسماعیل نورانی کو پیشگی ادا کردیئے، مفتی محمد اسماعیل نورانی زید حبہ نے وہ پچاس ہزار روپے اسی وقت میرے قدموں میں ڈال دیئے اور مجھ سے کہا: یہ میری طرف سے حقیر نذرانہ ہے، مجھے چونکہ بیماری کے ان ایام میں پیسوں کی سخت ضرورت تھی اس لئے میں نے اس نذرانہ کو مجبوراً قبول کرلیا، اسی مجلس میں سید محسن اعجاز شاہ بونڈ پیپر پر ایک معاہدہ لکھوا کر لائے جس کے مطابق میں نے توضیح البیان، ذکر بالجہر، تذکرۃ المحدثین

Marfat.com

،مقالاتِ سعیدی اور مقامِ ولایت ونبوت کی اشاعت کے دائمی حقوق فرید بک اسٹال کے نام کردیئے، میں نے پوچھا: اس کی کوئی رائلٹی اور معاوضہ؟ انہوں نے کہا: آپ کو اس کی کوئی رائلٹی اور معاوضہ نہیں ملے گا، پھر انہوں نے میرا ہاتھ پکڑ کر بونڈ پیپر پر میرا انگوٹھا لگوالیا اور میں نے شدید بیماری کی حالت میں بہ امر مجبوری اس پر دستخط کردیئے۔ سید محسن اعجاز شاہ کاروباری ذہنیت کے مالک ہیں اور پروفیشنل آدمی ہیں۔ ان کے دل میں انسانی ہمدردی کا کوئی شمہ نہیں ہے، بہر حال وہ لاہور واپس چلے گئے۔

مفتی محمد اسماعیل نورانی زید علمہ وحبہ بہت ذہین، طباع اور محنتی عالم دین ہیں، انہوں نے درسِ نظامی کی اکثر کتب اپنے محترم استاذ مفتی محمد حسن حقانی رحمہ اللہ سے پڑھی ہیں اور 2001ء میں صحیح البخاری مجھ سے اور مفتی منیب الرحمن مدظلہ العالی سے صحیح مسلم پڑھی ہے۔ وہ دارالعلوم نعیمیہ کے فارغ التحصیل ہیں اور انہوں تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان سے نمایاں حیثیت (ممتاز مع الشرف) کے ساتھ شہادۃ العالمیہ فی العلوم العربیہ والاسلامیہ کی سند حاصل کی ہے۔ انہوں نے میری تمام تصانیف کو بہ غور پڑھا ہے، وہ جامعہ انوار القرآن کراچی میں درسِ نظامی کی منتہی کتب پڑھاتے ہیں اور افتاء کا کام بھی کرتے ہیں اور ''انوار الفتاویٰ'' کے نام سے ان کے فتاویٰ کی پہلی جلد شائع ہوچکی ہے، انہوں نے تفسیر خازن کا ترجمہ کیا اور اس میں درج احادیث کی تخریج وتحقیق کی اور علامہ خازن شافعی نے فقہاءِ احناف کے خلاف جو دلائل دیئے ان کے مثبت اور مدلل جوابات لکھے، اس کی پہلی جلد شائع ہوچکی ہے اور شائقین سے داد وتحسین حاصل کرچکی ہے، انہوں نے تفسیرِ خازن کی دوسری جلد بھی تیار کرکے فرید بک اسٹال کو دے دی جو فرید بک اسٹال نے ہنوز شائع نہیں کی، انہوں نے شرح صحیح مسلم اور تبیان القرآن کے تعارف پر ایک کتاب بھی لکھی ہے جس کا نام ''حقائق شرح صحیح مسلم ودقائق تبیان القرآن'' ہے، یہ کتاب بھی شائع ہوچکی ہے۔ سو مفتی محمد اسماعیل نورانی کی بہت علمی اور دینی مصروفیات ہیں، وہ اعلیٰ پایہ کے مقرر ہیں، شہر میں ان کے خطابات ہوتے رہتے ہیں اور Q.tv پر ان کے دینی معلوماتی پروگرام مسلسل ٹیلی کاسٹ ہوتے رہتے ہیں، ان کی شادی بھی ہوچکی ہے، ان کی گھریلو اور خانگی ذمہ داریاں ہیں اور والدین کی خدمت کا فریضہ بھی ان کے ذمہ ہے، لہٰذا ان کے لئے نعمۃ الباری کی آٹھویں جلد کی تصنیف کے لئے وقت نکالنا بہت مشکل تھا، وہ ایک گھنٹے کے لئے میرے پاس آتے اور میری ذاتی لائبریری میں بیٹھ کر نعمۃ الباری کی آٹھویں جلد کی تصنیف پر کام کرتے اور مجھ سے مشاورت کرتے، اسی اثناء میں وہ عمرہ کی ادائیگی کے لئے حرمین شریفین حاضر ہوئے اور ایک ماہ کا عرصہ گزار کر آئے اور جنوری 2011ء سے مئی 2011 کے طویل عرصہ میں وہ اپنی مصروفیات کی وجہ سے صرف پچاس صفحات لکھ سکے اور انہوں نے سورۃ النور اور سورۃ الفرقان کی تفسیر مکمل کی، جس کو میں نے من وعن نعمۃ الباری کی آٹھویں جلد میں شامل کردیا۔

میری اس طویل بیماری کے دوران مفتی اعظم پاکستان علامہ مفتی منیب الرحمٰن مہتمم دارالعلوم نعیمیہ کراچی (بسط علمہ وزید حبہ) نے میری بہت دل جوئی اور دستگیری کی۔ ہر چند کہ میں اب صحیح البخاری کی تدریس پر پہلے کی طرح قادر نہیں تھا، لیکن انہوں نے میرا مشاہرہ اور دیگر تمام سہولیات برقرار رکھیں اور وقتاً فوقتاً مجھے دیگر عطیات سے بھی نوازتے رہے اور مسلسل میرے ساتھ ہمدردی اور شفقت کا اظہار فرماتے رہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو دارین میں اس کی بہترین جزاء عطا فرمائے اور آخرت کے مراحل ان پر آسان کردے اور ہمیں جنت میں بھی اسی طرح یک جا کردے جس طرح 1964ء سے لے کر تادم تحریر ہم باہم شیر وشکر ہیں۔

چونکہ میری کتابیں، بھارت میں بھی پڑھی جاتی ہیں بلکہ بھارت میں توضیح البیان، تذکرۃ المحدثین، شرح صحیح مسلم، تفسیر تبیان القرآن اور تاریخ نجد وحجاز شائع بھی ہوچکی ہیں۔ اسی طرح یورپ اور امریکہ میں بھی میری کتابیں پڑھی جاتی ہیں، جب امریکہ کے قارئین کو یہ معلوم ہوا کہ میں اب ذہنی دباؤ کی وجہ سے بیمار ہوگیا ہوں اور لکھنے کے قابل نہیں رہا تو ڈاکٹر خالد اعوان، ڈاکٹر

Marfat.com

ارشد بھٹی اور ڈاکٹر شہرام شکراللہ عطایا ھم نے امریکہ سے میری دماغی تقویت کے لئے دوائیں بھجوائیں اور ان کو مسلسل استعمال کرنے سے الحمدللہ میں دوبارہ اپنا تصنیفی کام شروع کرنے کے قابل ہوا۔ پھر مفتی محمد اسماعیل نورانی زید حبہ نے نعمۃ الباری کی آٹھویں جلد کا کام میرے سپرد کردیا اور میں نے 18، مئی 2011ء سے نعمۃ الباری کی آٹھویں جلد کو لکھنا شروع کردیا اور میں نے سورۃ الشعراء سے لے کر سورۃ الناس تک کی تفسیر لکھ کر آٹھویں جلد کو مکمل کیا اور 8، ستمبر 2011ء کو میں نے آٹھویں جلد مکمل کردی۔ 18 مارچ 2012ء کو میں نے نعمۃ الباری کی جلد تاسع (۹) بھی مکمل کردی ہے اور 19 مارچ 2012ء کو میں نعمۃ الباری جلد عاشر (10) کا بھی اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر عنایت سے افتتاح کر چکا ہوں۔ تقبلہ اللہ منی وادام اشاعتہ الی یوم القیامۃ (آمین)۔

میری عمر اب انگریزی حساب سے 76 سال اور چاند کے حساب سے 78 سال ہو چکی ہے اور کمر کے درد، شوگر، کولیسٹرول اور ہائی بلڈ پریشر کے امراض اور عوارض کی وجہ سے اب میرے لئے اپنے قلم سے خود لکھنا بے حد مشکل اور دشوار ہے، میرے ایک مخلص محب اور ہونہار شاگرد جنہوں نے مجھ سے دورۂ حدیث پڑھا ہے مولانا وقار الحسن زید علمہ وحبہ ہیں، وہ لکھتے ہیں اور میں ان کو املاء کراتا ہوں۔ وہ صبح پونے چار بجے میرے پاس آجاتے ہیں اور ہم صبح ساڑھے چھ بجے تک کام کرتے ہیں، وہ چونکہ تخصص سال دوم میں پڑھ رہے ہیں، اس کے بعد ان کی تعلیمی مصروفیات ہوتی ہیں اور میری تدریسی مصروفیات ہوتی ہیں، پھر نماز ظہر کے بعد وہ میرے پاس آجاتے ہیں اور ظہر کے بعد سے لے کر عصر تک میرے ساتھ کام کرتے ہیں، وہ ماشاء اللہ بہت ذہین اور طباع ہیں اور میری ضرورت کے مطابق کتابوں سے حوالہ جات بھی تلاش کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کے علم وفضل میں ترقی عطا فرمائے اور حدیث کی اس خدمت کی وجہ سے ان کو دنیا اور آخرت میں اس کی بہترین جزا عطا فرمائے۔

سید محسن اعجاز شاہ کے میرے ساتھ ظالمانہ رویہ اور استحصال کی بدترین مثال یہ ہے کہ انہوں نے نعمۃ الباری کا دوبارہ معاہدہ بونڈ پیپر پر لکھوایا اور اس میں Contract of Service (کنٹریکٹ آف سروس) کے ٹیکنکل الفاظ لکھے اور مجھے اس کا معنی اور مفہوم بالکل نہیں بتلایا اور یہ تو مجھے اب معلوم ہوا کہ اس اصطلاح کا تقاضا یہ ہے کہ اس کے تحت مستقبل میں مصنف کے حقوق ساقط ہو جاتے ہیں۔ یہ میرے ساتھ انتہائی فراڈ اور فریب کاری ہے۔ انہوں نے اس کا معنی بتائے بغیر مجھ سے اس پر دستخط کرائے، سید محسن اعجاز شاہ نے تبیان القرآن کا بھی دوبارہ اسی طرح معاہدہ لکھوایا اور فریب دہی سے اس کا معنی اور مفہوم مجھے بتائے بغیر اس پر مجھ سے دستخط کرا لیے، اس لیے شرعاً یہ معاہدہ غیر مؤثر ہے، وہ دنیا میں تو ان کتابوں کی غیر شرعی اشاعت سے اپنا خزانہ بھر لیں گے لیکن ان شاء اللہ العزیز آخرت میں اس کے متعلق جواب دِہ ہوں گے۔

سید محسن اعجاز شاہ کے اس بے رحمانہ رویہ اور شدید استحصال کے باوجود میں فرید بک اسٹال کے لئے کام کرتا رہتا لیکن چھٹی جلد کی اشاعت میں انہوں نے جو غیر معمولی تاخیر کی تو اس سے میرا پیمانۂ صبر لبریز ہو گیا اور میں نے عزم مصمم کرلیا کہ اب میں آئندہ فرید بک اسٹال کے لئے کام نہیں کروں گا اور آٹھویں جلد اشاعت کے لئے ان کے حوالہ نہیں کروں گا۔

09، فروری، بہ روز جمعرات 2012ء علی الصبح سید محسن اعجاز شاہ میرے پاس تشریف لائے، انہوں نے دروازہ کھٹکھٹایا، میں نے دروازہ کھولا اور انہیں عزت واحترام سے بٹھایا اور ان کی تواضع کی۔ اس کے بعد میں نے ان سے کہا کہ میں آٹھویں جلد آپ کو نہیں دوں گا اور آپ نے اس سلسلہ میں پچاس ہزار روپے مفتی اسماعیل نورانی کو دیئے اور بعد ازاں پچیس ہزار روپے مجھے بھجوائے، وہ میرے ذمہ واجب الاداء ہیں اور اسی طرح میرے بھی آپ کے ذمے واجبات ہیں۔ یہ رقم ان کے عوض منہا ہو جائے گی، پھر بھی

میرے ذمے ان کی کوئی رقم باقی رہی تو میں فی الفور ادا کردوں گا۔

پھر میں نے واشگاف الفاظ میں بتادیا کہ آپ نے توضیح البیان، ذکر بالجہر، تذکرۃ المحدثین، مقالاتِ سعیدی اور مقامِ ولایت ونبوت کی اشاعت پر بلا معاوضہ جو مجھ سے دائمی حقوق کا جبری معاہدہ لکھوایا تھا اور میری بیماری کے ایام میں میرا ہاتھ پکڑ کر بونڈ پیپر پر اپنے ہاتھ سے انگوٹھا لگوایا تھا، وہ اب غیر مؤثر ہے اور اگر اب آپ نے ان کتابوں کی اشاعت کی تو میں آپ کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہوں۔ پھر میں نے کہا کہ مارچ 1986ء سے لے کر 9 فروری 2012ء تک ہمارے درمیان جو اشاعتی تعلقات تھے وہ اب ختم ہوگئے ہیں، لیکن اسلام کی محبت اور دعا سلام کا تعلق باقی رہے گا اور جب بھی آپ مجھ سے سلام دعا کریں گے اور محبت آمیز بات کریں گے تو میں خوش دلی سے اس کا خیر مقدم کروں گا، اس پر سید محسن اعجاز شاہ نے کہا: جب کاروباری تعلق ختم ہوگیا تو پھر اب اسلامی سلام دعا کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ رخصت کے وقت جب میں نے ان سے معانقہ کرنا چاہا تو انہوں نے انکار کردیا اور صرف بے دلی سے مصافحہ کرکے وہ میرے کمرے سے چلے گئے اور یوں ان کے بے رحمانہ اور سنگدلانہ طویل دور کا ڈراپ سین ہوگیا۔

اس دوران ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور کے منیجنگ ڈائریکٹر محترم جناب محمد حفیظ البرکات شاہ صاحب زید حبہ ولطفہ سے میرا رابطہ ہوا۔ انہوں نے بہت پہلے اس خواہش کا اظہار کیا تھا کہ میں ضیاء القرآن پبلی کیشنز کے لئے کوئی علمی کام کروں۔ چنانچہ میں نے ان کے ساتھ نعمۃ الباری کی بقیہ جلدوں کا معاہدہ کرلیا ہے۔ محترم محمد حفیظ البرکات شاہ صاحب بہت خوش اخلاق، فیاض اور دل آویز شخص ہیں اور اپنے والد محترم پیر محمد کرم شاہ الازہری قدس سرہ العزیز متوفی ۱۹۹۸ء کے حسن اخلاق کا مظہر ہیں، اللہ تعالیٰ ہماری اور ان کی رفاقت اور محبت کو قائم ودائم رکھے، میں اب عمر کے آخری حصہ میں ہوں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ''نعمۃ الباری'' کی بقیہ جلدوں کی میرے ہاتھوں تکمیل کرادے اور ضیاء القرآن پبلی کیشنز کے زیرِ انتظام اس کی شایانِ شان طریقہ سے اشاعت کرادے، وما ذلک علی اللہ بعزیز، وما توفیقی الا باللہ العلی العظیم۔ اللّٰھم تقبل منی ھذہ الدعوات بجاہ النبی الکریم علیہ الف الف صلوات وتسلیم، آمین یا رب العالمین۔

غلام رسول سعیدی غفرلہ

دارالعلوم نعیمیہ، بلاک 15 فیڈرل بی ایریا، عقب ایوب منزل، کراچی

19-03-2012

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۶۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْاَنْعَامِ

سورۃ الانعام کی تفسیر

سورۃ الانعام کا تعارف

امام ابن المنذر نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ سورۃ الانعام مکمل مکہ مکرمہ میں رات کو نازل ہوئی اور اس کے گرد ستر ہزار فرشتے تھے جو بلند آواز سے تسبیح پڑھ رہے تھے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، مجاہد، عطاء اور الکلبی سے روایت ہے کہ سورۃ الانعام مکہ میں نازل ہوئی ہے، سوا تین آیتوں کے، وہ مدینہ میں نازل ہوئی ہیں اور وہ یہ ہیں (۱) قُلْ تَعَالَوْا - تَتَّقُوْنَ تک (الانعام: ۱۵۳۔۱۵۱)۔(۲) مَا اَنْزَلَ اللّٰہُ عَلٰی بَشَرٍ (الانعام:۹۱)۔(۳) هُوَالَّذِیْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ (الانعام:۱۴۱)۔

الکتاب الفائق میں عبدالحسن القیسی نے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے پوری سورۃ الانعام پڑھی اور درمیان میں کوئی بات نہ کی تو اللہ تعالیٰ اس کے پچھلے گناہوں کو معاف فرما دیتا ہے کیونکہ یہ پوری سورت ایک ساتھ نازل ہوئی ہے اور اس کے ساتھ فرشتوں کی جماعت تھی جنہوں نے زمین اور آسمان کو بھر لیا تھا اور ان کی تسبیح سے زمین لرز رہی تھی۔

اس سورت میں ایک سو پینسٹھ (۱۶۵) آیتیں ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۲۹۵، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ (الانعام: ۲۳) مَعْذِرَتُهُمْ مَعْرُوْشٰتٍ (الانعام:۱۴۱) مَا يُعْرَشُ مِنَ الْكَرْمِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ حَمُوْلَةً (الانعام: ۱۴۲) مَا يُحْمَلُ عَلَيْهَا وَّلَلَبَسْنَا (الانعام:۹) لَشَبَّهْنَا وَيَنْئَوْنَ (الانعام: ۲۶) يَتَبَاعَدُوْنَ تُبْسَلَ (الانعام:۷۰) تُفْضَحُ اُبْسِلُوْا (الانعام:۷۰) أُفْضِحُوا بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ (الانعام:۹۳) اَلْبَسْطُ الضَّرْبُ وَقَوْلُهُ اسْتَكْثَرْتُمْ (الانعام: ۱۲۸) مِنَ الْاِنْسِ اَضْلَلْتُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ (الانعام:۱۳۶) جَعَلُوْا لِلّٰهِ مِنْ ثَمَرَاتِهِمْ وَمَالِهِمْ نَصِيْبًا وَلِلشَّيْطَانِ وَالْاَوْثَانِ نَصِيْبًا اَكِنَّةً (الانعام: ۲۵) وَاحِدُهَا كِنَانٌ اَمَّا اشْتَمَلَتْ (الانعام: ۱۴۴،۱۴۳) يَعْنِيْ هَلْ تَشْتَمِلُ اِلَّا عَلٰى ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى فَلِمَ تُحَرِّمُوْنَ بَعْضًا وَتُحِلُّوْنَ بَعْضًا مَّسْفُوْحًا (الانعام:۱۴۵) مُهْرَاقًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ (الانعام: ۲۳) اس کا معنی ہے: پھر ان کا اور کوئی عذر نہ ہوگا۔ مَعْرُوْشٰتٍ (لانعام:۱۴۱) اس کا معنی ہے: چھپر پر چڑھائی ہوئی انگور وغیرہ کی بیلیں۔ حَمُوْلَةً (الانعام: ۱۴۲) اس کا معنی ہے: جن جانوروں پر بوجھ لادا جائے۔ وَّلَلَبَسْنَا (الانعام:۹) اس کا معنی ہے: ہم نے ان پر شبہ ڈال دیا۔ وَيَنْئَوْنَ (الانعام:۲۶) اس کا معنی ہے: وہ دور ہو جاتے ہیں۔ تُبْسَلَ (الانعام:۷۰) اس کا معنی ہے: وہ رسوا کئے جائیں گے۔ اُبْسِلُوْا (الانعام:۷۰) اس کا معنی ہے: وہ رسوا کئے گئے۔ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ (الانعام:۹۳) اس کا معنی ہے: مارنا۔ اسْتَكْثَرْتُمْ (الانعام: ۱۲۸) اس کا معنی ہے: یعنی تم نے بہت لوگوں کو گمراہ کیا۔ ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ (الانعام:۱۳۶) یعنی انہوں نے اپنے پھلوں اور مالوں میں سے اللہ کا ایک حصہ اور شیطان اور بتوں کا ایک حصہ قرار دیا۔ اَكِنَّةً (الانعام:۲۵) اس کا واحد کنان

وَصَدَفَ (الانعام: ۱۵۷) أَعْرَضَ أُبْلِسُوْا (الانعام: ۴۴) أُوبِسُوا وَ أُبْسِلُوْا (الانعام: ۷۰) أُسْلِمُوا سَرْمَدًا (القصص: ۷۱) دَائِمًا اسْتَهْوَتْهُ (الانعام: ۷۱) أَضَلَّتْهُ تَمْتَرُونَ تَشُكُّونَ وَقْرٌ صَمَمٌ وَأَمَّا وَقْرًا (الانعام: ۲۵) فَإِنَّهُ الْحِمْلُ أَسَاطِيْرُ (الانعام: ۲۵) وَاحِدُهَا أُسْطُورَةٌ وَإِسْطَارَةٌ وَهِيَ التُّرَهَاتُ بِالْبَأْسَاءِ (الانعام: ۴۲) مِنَ الْبَأْسِ وَيَكُونُ مِنَ الْبُؤْسِ (الانعام: ۴۷) جَهْرَةً (الانعام: ۴۷) مُعَايَنَةً الصُّوْرِ (الانعام: ۷۳) جَمَاعَةُ صُورَةٍ كَقَوْلِهِ سُورَةٌ وَسُوَرٌ مَلَكُوْتَ (الانعام: ۷۵) مُلْكٌ مِثْلُ رَهَبُوتٍ خَيْرٌ مِنْ رَحَمُوتٍ وَتَقُولُ تُرْهَبُ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تُرْحَمَ جَنَّ (الانعام: ۷۶) أَظْلَمَ تَعَلَّى (الانعام: ۱۰۰) عَلَا إِنْ تَعْدِلْ (الانعام: ۷۰) تُقْسِطْ لَا يُقْبَلُ مِنْهَا فِي ذَلِكَ الْيَوْمِ يُقَالُ عَلَى اللهِ حُسْبَانُهُ أَيْ حِسَابُهُ وَيُقَالُ حُسْبَانًا (الانعام: ۹۶) مَرَامِيَ وَ رُجُوْمًا لِلشَّيَاطِيْنِ (الملک: ۵) مُسْتَقَرٌّ (الانعام: ۹۸) فِي الصُّلْبِ وَمُسْتَوْدَعٌ (الانعام: ۹۸) فِي الرَّحِمِ الْقِنْوُ (الانعام: ۹۹) الْعِذْقُ وَالِاثْنَانِ قِنْوَانِ وَالْجَمَاعَةُ أَيْضًا قِنْوَانٌ مِثْلُ صِنْوٍ وَصِنْوَانٍ۔

ہے اور اس کا معنی ہے: پردہ۔ أَمَّا اشْتَمَلَتْ (الانعام: ۱۴۴، ۱۴۳) یعنی کیا مادہ جانوروں کے پیٹ میں نر اور مادہ نہیں ہوتے تو پھر تم کیوں ایک کو حرام اور دوسرے کو حلال قرار دیتے ہو؟ مَّسْفُوْحًا (الانعام: ۱۴۵) یعنی بہایا ہوا خون۔ وَصَدَفَ (الانعام: ۱۵۷) اس کا معنی ہے: اعراض کیا۔ أُبْلِسُوْا (الانعام: ۴۴) اس کا معنی ہے: وہ ناامید کئے گئے۔ أُبْسِلُوْا (الانعام: ۷۰) اس کا معنی ہے: وہ غمگین اور نادم ہوئے۔ سَرْمَدًا (القصص: ۷۱) اس کا معنی ہے: ہمیشہ۔ اسْتَهْوَتْهُ (الانعام: ۷۱) یعنی گمراہ کیا۔ تَمْتَرُوْنَ (الانعام: ۲) یعنی تم شک کرتے ہو۔ وَقْرًا (الانعام: ۲۵) اس کا معنی ہے: ڈاٹ۔ (وقرٌ) اس کا معنی ہے: بوجھ۔ أَسَاطِيْرُ (الانعام: ۲۵) اس کا واحد أُسطورۃ اور إِسْطَارَةٌ ہے اور یہ تُرَّهات ہیں۔ اس کا معنی ہے: کہانیاں اور لغو باتیں۔ بِالْبَأْسَاءِ (الانعام: ۴۲) یہ بأس سے ماخوذ ہے اور بؤس سے بھی ہے، اس کا معنی خوف اور مایوسی ہے۔ جَهْرَةً (الانعام: ۴۷) اس کا معنی ہے: کھلم کھلا۔ الصُّوْرِ (الانعام: ۷۳) یہ صورۃٌ کی جمع ہے جیسے سُوْرَةٌ کی جمع سُوَرٌ ہے۔ مَلَكُوْتَ (الانعام: ۷۵) اس کا معنی ہے: ملک یعنی سلطنت جیسے کہا جاتا ہے: رهبوت رحموت سے بہتر ہے اور تم یوں کہتے ہو کہ تمہیں ڈرایا جائے، یہ اس سے بہتر ہے کہ تم پر رحم کیا جائے۔ جَنَّ (الانعام: ۷۶) یعنی رات کا اندھیرا اس پر چھا گیا۔ تَعَلَّى (الانعام: ۱۰۰) اس کا معنی ہے: وہ بلند ہے۔ إِنْ تَعْدِلْ (الانعام: ۷۰) اس کا معنی ہے کہ اگر وہ (نفس کافر) انصاف (یعنی توبہ) کرے گا تو قیامت کے دن اس سے قبول نہیں کیا جائے گا۔ کہا جاتا ہے: علی اللہ حسبانہ یعنی اس کا حساب اللہ پر ہے، اور کہا جاتا ہے: حُسْبَانًا (الانعام: ۹۶) مَرَامِيَ (شیطان کو آگ کے گولے مارنے کی جگہیں) اور رُجُوْمًا لِلشَّيَاطِيْنِ (الملک: ۵) (یعنی شیاطین کو آگ کے گولے مارنا) مُسْتَقَرٌّ (الانعام: ۹۸) سے مراد ہے: وہ پشت میں ٹھہرا ہوا ہے اور مُسْتَوْدَعٌ (الانعام: ۹۸) کا معنی ہے: وہ رحم میں رکھا ہوا ہے۔ القِنْوُ (الانعام: ۹۹) اس کا معنی ہے: خوشہ۔ اس کا تثنیہ بھی قنوان ہے اور جمع بھی قنوان ہے جیسے صِنْوٌ اور صنوانٌ۔

Marfat.com

تعلیقات مذکورہ کی شرح

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ مَعْذِرَتُهُمْ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: پھر ان کا اور کوئی عذر نہ ہوگا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ يَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَيْنَ شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَ اللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ۝ (الانعام: ۲۳۔۲۲)

اور جس دن ہم سب کو جمع کریں گے، پھر مشرکین سے کہیں گے: تمہارے (وہ) شرکاء کہاں ہیں جن پر تم گھمنڈ کرتے تھے؟ ○ پھر وہ صرف یہی عذر کر سکیں گے کہ کہیں: اللہ کی قسم جو ہمارا رب ہے! ہم شرک کرنے والے نہ تھے ○

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس تعلیق کی امام ابن ابی حاتم نے اپنی سند کے ساتھ روایت کی ہے۔

مَعْرُوْشَاتٍ مَا يُعْرَشُ مِنَ الْكَرْمِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ۔ مَعْرُوْشٰتٍ اس کا معنی ہے: چھپر پر جو انگور وغیرہ کی بیل چڑھائی جاتی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ۔ (الانعام: ۱۴۱) اور وہی ہے جس نے بیلوں والے باغ پیدا کئے اور جس نے درختوں والے باغ پیدا کئے۔

علی بن ابی طلحہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ معروشات سے مراد ہے: جن کو لوگ چھپروں پر بیلیں چڑھا لیتے ہیں اور غیر معروشات سے مراد وہ ہے جو میدانوں میں اور پہاڑوں میں پھلوں کے درخت ہوتے ہیں۔

حَمُوْلَةً مَا يُحْمَلُ عَلَيْهَا۔ حَمُوْلَةً کا معنی ہے: جن جانوروں پر بوجھ لادا جاتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا۔ (الانعام: ۱۴۲) اور اس نے بعض (قد آور) مویشی پیدا کئے جو بوجھ اٹھانے والے ہیں اور بعض زمین سے لگے ہوئے (کوتاہ قد) مویشی پیدا کئے۔

علی بن ابی طلحہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ الحمولۃ سے مراد ہیں: اونٹ، گھوڑے، خچر اور گدھے اور ہر وہ جانور جس پر سامان لادا جائے اور فرش سے مراد ہیں: بکریاں۔

وَلَلَبَسْنَا لَشَبَّهْنَا۔ اور لَلَبَسْنَا کا معنی ہے: ہم نے ان پر مشتبہ کر دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ۝ (الانعام: ۹) اور ان پر وہی اشتباہ ڈال دیتے جو اشتباہ وہ اب کر رہے ہیں ○

اس تعلیق کی امام ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے۔

يَنْأَوْنَ يَتَبَاعَدُوْنَ۔ وَيَنْئَوْنَ کا معنی ہے: وہ دور ہوتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْئَوْنَ عَنْهُ۔ (الانعام: ۲۵) اور وہ لوگوں کو اس سے روکتے ہیں اور خود بھی اس سے دور بھاگتے ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ اس کا معنی ہے: کفار مکہ لوگوں کو حق کی پیروی سے منع کرتے ہیں اور (خود بھی) اس

Marfat.com

سے دور ہوتے ہیں۔

تُبْسَلُ تُفْضَحُ أُبْسِلُوا أُفْضِحُوا۔

تُبْسَلَ (الانعام: ۷۰) کا معنی ہے: وہ رسوا کئے جائیں گے اور أُبْسِلُوْا (الانعام: ۷۰) کا معنی ہے: وہ رسوا کئے گئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے دو آیتوں کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ۔ (الانعام: ۷۰)

اور اس (قرآن) کے ساتھ ان کو نصیحت کرتے رہو کہیں یہ اپنے کرتوتوں کی وجہ سے رسوائی میں مبتلا نہ ہو جائیں۔

یعنی لوگوں کو قرآن مجید سے نصیحت کرتے رہیے اور ان کو قیامت کے دن کے دردناک عذاب سے ڈرایئے کہ کہیں وہ اپنے کرتوتوں کی وجہ سے رسوا نہ ہو جائیں۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا۔ (الانعام: ۷۰)

یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے کرتوتوں کی وجہ سے رسوائی میں مبتلا کئے گئے۔

بَاسِطُو أَيْدِيهِمُ الْبَسْطُ الضَّرْبُ۔

بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ (الانعام: ۹۳) اس کا معنی ہے: مارنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ۔ (الانعام: ۹۳)

اور (اے مخاطب!) کاش! تو وہ منظر دیکھے جب یہ ظالم موت کی سختیوں میں مبتلا ہوں گے اور فرشتے ان کی طرف ہاتھ پھیلائے ہوئے ہوں گے (اور کہیں گے): نکالو اپنی جانوں کو۔

بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ کی ایک تفسیر ہے: مارنا اور دوسری تفسیر ہے: ان کو عذاب دینا اور تیسری تفسیر ہے: موت کے وقت ان کے جسموں سے ان کی روحوں کو کھینچ کر نکالنا۔ ایک قول یہ ہے کہ یہ عذاب قیامت کے دن ہوگا اور ایک قول یہ ہے کہ یہ عذاب دوزخ میں ہوگا۔

وَقَوْلُهُ اسْتَكْثَرْتُمْ مِنَ الْإِنْسِ أَضْلَلْتُمْ كَثِيرًا۔

اسْتَكْثَرْتُمْ (الانعام: ۱۲۸) یعنی تم نے بہت لوگوں کو گمراہ کر دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ۔ (الانعام: ۱۲۸)

(اور فرمائے گا): اے جنات کی جماعت! تم نے بہت سے انسانوں کو گمراہ کر دیا۔

علی بن ابی طلحہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ تم نے بہت سے انسانوں کو گمراہ کر دیا۔

مِمَّا ذَرَأَ مِنَ الْحَرْثِ جَعَلُوا لِلّٰهِ مِنْ ثَمَرَاتِهِمْ وَمَالِهِمْ نَصِيبًا وَلِلشَّيْطَانِ وَالْأَوْثَانِ نَصِيبًا۔

ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ (الانعام: ۱۳۶) یعنی انہوں نے اپنے پھلوں اور مالوں میں سے اللہ کا ایک حصہ اور شیطان اور بتوں کا ایک حصہ قرار دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَجَعَلُوا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا۔ (الانعام: ۱۳۶)

اور انہوں نے اللہ کی پیدا کی ہوئی کھیتیوں اور مویشیوں میں سے ایک حصہ اللہ کے لئے مقرر کر لیا اور بزعم خویش یہ کہا کہ یہ اللہ کے لئے اور یہ ہمارے شرکاء کے لئے ہے۔

Marfat.com

امام ابن المنذر اور امام ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس آیت کی اسی طرح تفسیر کی ہے۔

أَكِنَّةً وَاحِدُهَا كِنَانٌ۔

أَكِنَّةً (الانعام:۲۵) اس کا واحد ہے: کنان اور اس کا معنی ہے: پردہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا۔ (الانعام:۲۵)

اور ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیئے ہیں تا کہ وہ آپ کی باتیں سمجھ نہ سکیں اور ہم نے ان کے کانوں میں ڈاٹ لگادی ہے۔

یعنی ان کے دلوں پر پردے ڈال دیئے ہیں تا کہ وہ قرآن کو سمجھ نہ سکیں اور کانوں میں ڈاٹ لگادی ہے تا کہ وہ قرآن کو سن نہ سکیں۔

أَمَّا اشْتَمَلَتْ يَعْنِي هَلْ تَشْتَمِلُ إِلَّا عَلَى ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى فَلِمَ تُحَرِّمُونَ بَعْضًا وَتُحِلُّونَ بَعْضًا۔

أَمَّا اشْتَمَلَتْ (الانعام: ۱۴۴۔ ۱۴۳) یعنی کیا مادہ جانوروں کے پیٹ میں نر اور مادہ نہیں ہوتے تو پھر تم کیوں ایک کو حرام اور دوسرے کو حلال قرار دیتے ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ ءَآلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ۭ نَبِّـــُٔوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ (الانعام:۱۴۳)

آپ کہئے: کیا اس نے دو نر حرام کئے یا دو مادہ حرام کیں یا وہ جسے دونوں مادہ اپنے پیٹوں میں لئے ہوئے ہیں، مجھے علمی دلیل سے خبر دو اگر تم سچے ہو ○

مشرکین اونٹوں کی بعض اجناس کو مردوں اور عورتوں دونوں پر حرام قرار دیتے تھے اور اونٹوں کی بعض اجناس کو صرف عورتوں پر حرام قرار دیتے تھے نہ کہ مردوں پر، تو اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں ان کا رد فرمایا کہ کیا تمہارے پاس کوئی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اس طرح حرام قرار دیا ہے یا تم اپنی طرف سے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھتے ہو۔

مَسْفُوحًا مُهْرَاقًا۔

مَّسْفُوْحًا (الانعام:۱۴۵) یعنی بہایا ہوا خون۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰي طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا۔ (انعام:۱۴۵)

آپ کہئے کہ میری طرف جو وحی کی گئی ہے، میں اس میں کسی کھانے والے پر کوئی چیز حرام نہیں پاتا سوائے اس کے کہ وہ مردار ہو یا بہا ہوا خون ہو۔

امام بخاری نے مَّسْفُوْحًا کی تفسیر مُهْرَاقًا کے ساتھ کی ہے یعنی بہایا ہوا۔ العوفی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اسی تفسیر کی روایت کی ہے۔

صَدَفَ أَعْرَضَ۔

وَصَدَفَ (الانعام:۱۵۷) اس کا معنی ہے: اعراض کیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا۔ (الانعام:۱۵۷)

تو اس سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ کی آیتوں کی تکذیب کرے، اور ان سے اعراض کرے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، مجاہد اور قتادہ نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی آیات سے اعراض کیا ہے اور السدی نے کہا ہے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی آیات پر عمل کرنے سے اعراض کیا اور لوگوں کو ان آیات پر ایمان لانے سے روکا۔

Marfat.com

أُبْلِسُوا أُوِيسُوا۔ أُبْلِسُوْا (الانعام:۴۴) اس کا معنی ہے: وہ ناامید کئے گئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ؕ حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ۝ (الانعام:۴۴)

پھر جب وہ اس نصیحت کو بھول گئے جو ان کو کی گئی تھی، تو ہم نے ان پر ہر چیز کے دروازے کھول دیئے، حتیٰ کہ جب وہ ان چیزوں پر اترانے لگے جو ان کو دی گئی تھیں تو ہم نے ان کو اچانک پکڑ لیا اور وہ ناامید ہو کر رہ گئے O

امام ابوعبیدہ نے بھی اَلْمُبْلِسِیْن کی تفسیر میں کہا ہے: جو غمزدہ اور نادم ہوں اور اَلْفَرَّاء نے کہا ہے: اَلْمُبْلِس وہ شخص ہوتا ہے جس کی امید منقطع ہو چکی ہو۔

وَ أُبْسِلُوا أُسْلِمُوا۔ أُبْسِلُوْا (الانعام:۷۰) وہ غمگین اور نادم ہوئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا (الانعام:۷۰) یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے کرتوتوں کی وجہ سے رسوائی میں مبتلا کئے گئے۔

اس آیت کی تفسیر بھی حسب سابق ہے۔

سَرْمَدًا دَائِمًا۔ سَرْمَدًا (القصص:۷۱) اس کا معنی ہے: ہمیشہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ۝ (القصص:۷۱)

فرمایئے: بتاؤ اگر اللہ تم پر ہمیشہ کے لئے قیامت کے دن تک رات کر دے تو اللہ کے سوا کون سا معبود ہے جو تمہارے پاس (دن کی) روشنی لے آئے۔ تو کیا تم نہیں سنتے O

علامہ عینی فرماتے ہیں کہ سورۃ الانعام کی تفسیر میں اس آیت کو لکھنے کی کوئی مناسبت نہیں۔

اسْتَهْوَتْهُ أَضَلَّتْهُ۔ اسْتَهْوَتْهُ (الانعام:۷۱) یعنی گمراہ کیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِى الْاَرْضِ حَيْرَانَ۔ (الانعام:۷۱)

آپ کہئے: کیا ہم اللہ کو چھوڑ کر ان کی پرستش کریں جو ہم کو نہ نفع دے سکتے ہیں اور نہ نقصان پہنچا سکتے ہیں؟ اور ہم اللہ کے ہدایت دینے کے بعد الٹے پاؤں لوٹا دیئے جائیں! اس شخص کی طرح جس کو جنات نے جنگل میں بھٹکا دیا ہو اور وہ اس حال میں حیران اور پریشان پھر رہا ہو۔

قتادہ نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ جس کو جنات نے گمراہ کر دیا ہو۔

تَمْتَرُوْنَ تَشُكُّوْنَ۔ تَمْتَرُوْنَ (الانعام:۲) یعنی تم شک کرتے ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

هُوَ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى اَجَلًا ؕ وَ اَجَلٌ

وہی ہے جس نے تم کو مٹی سے پیدا فرمایا، پھر مدت (حیات) مقرر

Marfat.com

مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ۝ (الانعام:۲) فرمادی، اور قیامت کا معین وقت اللہ ہی کے پاس ہے، پھر تم لوگ شک کرتے ہو ○

السدی نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ تَمْتَرُوْنَ کا معنی ہے: تم اس آیت میں شک کرتے ہو۔

وَقْرٌ صَمَمٌ وَأَمَّا الْوِقْرُ فَإِنَّهُ الْحِمْلُ۔ وَقْرًا (الانعام:۲۵) اس کا معنی ہے: ڈاٹ یا گرانی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا۔ (الانعام:۲۵) اور ان کے کانوں میں ڈاٹ ہے۔

اس آیت کی تفسیر حسب سابق ہے۔

وِقْرٌ اس کا معنی ہے: بوجھ۔

امام بخاری نے اس تعلیق کو اس لئے ذکر کیا ہے تاکہ اَلْوَقْر اور اَلْوِقْر کا فرق ظاہر ہو جائے۔ وَقْر کا معنی ڈاٹ ہے اور وِقْر کا معنی بوجھ ہے۔

أَسَاطِيرُ وَاحِدُهَا أُسْطُورَةٌ وَإِسْطَارَةٌ وَهِيَ التُّرَهَاتُ۔ اَسَاطِيْرُ (الانعام:۲۵) اس کا واحد اُسْطُوْرَةٌ اور اِسْطَارَةٌ ہے، اس کا معنی ہے: کہانیاں اور لغو باتیں اور یہ تُرہات ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ (الانعام:۲۵) حتیٰ کہ جب وہ آپ کے پاس بحث کرتے ہوئے آئیں گے تو کہیں گے: یہ قرآن تو محض پہلے لوگوں کا قصہ کہانی ہے ○

اَسَاطِيْرُ کا معنی ہے: باطل باتیں۔ ابوزید نے کہا: تُرَهَاتٌ، تُرْهَةٌ کی جمع ہے۔ علامہ ابن الاثیر نے کہا ہے کہ تُرَهَات کا معنی ہے: وہ چھوٹے راستے جو کسی بڑی شارع کی طرف نکلتے ہوں اور یہ باطل باتوں سے کنایہ ہے۔ الاصبعی نے کہا ہے کہ تُرَهات اصل میں فارسی لفظ ہے جس کو عربی بنالیا گیا ہے۔

اَلْبَأْسَاءُ مِنَ الْبَأْسِ وَيَكُوْنُ مِنَ الْبُؤْسِ۔ بِالْبَاْسَآءِ (الانعام:۴۲) یہ بَأْس سے ماخوذ ہے اور بُؤس سے بھی ہے، اس کا معنی خوف اور مایوسی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ۝ (الانعام:۴۲) اور بے شک ہم نے آپ سے پہلے کئی امتوں کی طرف رسول بھیجے، پھر ہم نے ان کو خوف اور مایوسی میں مبتلا کر دیا تاکہ وہ گڑگڑا کر دعا کریں ○

امام بخاری نے اس تفسیر سے یہ اشارہ کیا ہے کہ جائز ہے کہ اَلْبَاْسَاءِ، اَلْبَأْس سے ماخوذ ہو، جس کا معنی شدت ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ اَلْبُؤْس سے ماخوذ ہو جس کا معنی ضرر ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ اس کا معنی فقر اور بدحالی ہے۔ علامہ داؤدی نے کہا ہے کہ اَلْبَأْس کا معنی قتال ہے۔

جَهْرَةً مُعَايَنَةً۔ جَهْرَةً (الانعام:۴۷) اس کا معنی ہے: کھلم کھلا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ (الانعام:۴۷)

آپ کہئے! یہ بتاؤ اگر تمہارے پاس اچانک یا کھلم کھلا اللہ کا عذاب آجائے تو ظالم لوگوں کے سوا اور کون ہلاک کئے جائیں گے O

بَغْتَةً کا معنی ہے: اچانک اور جَهْرَةً کا معنی ہے: مشاہدہ، امام ابوعبیدہ نے اسی طرح تفسیر کی ہے۔

الصُّوَرُ جَمَاعَةُ صُورَةٍ كَقَوْلِهِ سُورَةٌ وَسُوَرٌ۔

اَلصُّوْرِ (الانعام: ۷۳) یہ صُوْرَةٌ کی جمع ہے جیسے سُوْرَةٌ کی جمع سُوَرٌ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ لَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝ (الانعام: ۷۳)

اور اس کی حکومت ہوگی جس دن صور پھونکا جائے گا، وہ ہر غیب اور ہر ظاہر کا جاننے والا ہے اور وہی نہایت حکمت والا، بہت خبر رکھنے والا ہے O

امام بخاری نے کہا ہے کہ صور، صورۃ کی جمع ہے۔ امام ابن جریر نے بھی اسی طرح تفسیر کی ہے لیکن یہ تفسیر صحیح نہیں ہے، صحیح یہ ہے کہ صُور سے مراد وہ سینگ ہے جس میں حضرت اسرافیل علیہ السلام پھونک ماریں گے۔ امام احمد نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ ایک اعرابی نے پوچھا: یارسول اللہ! صور کیا چیز ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ ایک سینگ ہے جس میں پھونک ماری جائے گی اور یہ واحد لفظ ہے، اسم جمع نہیں۔

مَلَكُوْتٌ مُلْكٌ مِثْلُ رَهَبُوْتٍ خَيْرٌ مِنْ رَحَمُوْتٍ وَتَقُوْلُ تُرْهَبُ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تُرْحَمَ۔

مَلَكُوْتَ (الانعام:۷۵) اس کا معنی ہے: ملک یعنی سلطنت، جیسے کہا جاتا ہے: رَهَبُوْت، رَحَمُوْت سے بہتر ہے اور تم کہتے ہو کہ تمہیں ڈرایا جائے، یہ اس سے بہتر ہے کہ تم پر رحم کیا جائے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ كَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ۝ (الانعام:۷۵)

اور اسی طرح ہم نے ابراہیم کو آسمانوں اور زمینوں کی سلطنت دکھائی اور اس لئے کہ وہ (کامل) یقین کرنے والوں میں سے ہو جائیں O

الجوہری نے کہا ہے کہ الملکوت، ملك سے ماخوذ ہے جیسے رَهبوت، اَلرُّهبة سے ماخوذ ہے اور ان دونوں لفظوں میں واؤ اور تاء دونوں زائد ہیں۔ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ کا معنی ہے کہ ہر چیز اس کی ملک میں ہے اور وہ ہر چیز کا مالک ہے اور وہ ہر چیز میں جس طرح چاہے تصرف کرتا ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ ملکوت کا معنی ہے: عالم الغیب، جس طرح ملك کا معنی ہے: عالم الشہادۃ۔ امام بخاری نے جو کہا کہ رَهبوت، رَحموت سے بہتر ہے اور تم کو ڈرایا جائے، وہ تم پر رحم کئے جانے سے بہتر ہے، یہ بہت کمزور تاویل ہے۔

جَنَّ أَظْلَمَ۔

جَنَّ (الانعام:۷۶) یعنی رات کا اندھیرا اس پر چھا گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا۔ (الانعام:۷۶)

پھر جب ان پر رات کا اندھیرا چھا گیا تو انہوں نے ایک ستارہ دیکھا۔

یہ ابوعبیدہ کی تفسیر کے مطابق ہے۔ ابوعبیدہ نے کہا ہے کہ جَنَّ کا معنی ہے: ڈھانپ لیا اور اندھیرا کر دیا۔

تَعَالَى عَلَا۔

تَعٰلٰى (الانعام:۱۰۰) اس کا معنی ہے: وہ بلند ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ (الانعام:۱۰۰) اور وہ اس سے پاک اور بالاتر ہے جو وہ بیان کرتے ہیں O

نسفی نے اس کی تفسیر کی ہے: ظالم اور جاہل لوگ جو اللہ تعالیٰ کے لئے شرکاء قرار دیتے ہیں اور اس کے لئے اولاد بناتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان تمام اوصاف سے بہت بلند اور برتر ہے۔

وَإِنْ تَعْدِلْ تُقْسِطْ لَا يُقْبَلْ مِنْهَا فِي ذٰلِكَ الْيَوْمِ۔ اِنْ تَعْدِلْ (الانعام:۷۰) اس کا معنی ہے کہ اگر وہ (نفس کافر) انصاف کرے (یعنی توبہ کرے) تو قیامت کے دن اس سے قبول نہیں کیا جائے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَإِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَا يُؤْخَذْ مِنْهَا۔ (الانعام:۷۰) اور اگر وہ ہر قسم کا فدیہ دے تو اس سے نہیں لیا جائے گا۔

امام بخاری نے تَعْدِلْ کا معنی انصاف کیا ہے اور اس کی ضمیر نفس کافر کی طرف لوٹائی ہے یعنی اگر قیامت کے دن کافر انصاف کرے (اور انصاف سے مراد توبہ ہے) تو اس کا یہ عمل قبول نہیں کیا جائے گا۔ امام ابوعبیدہ نے عدل کی تفسیر توبہ سے کی ہے، یعنی قیامت کے دن توبہ قبول نہیں کی جائے گی کیونکہ توبہ تو زندگی میں نفع دیتی ہے موت کے بعد نہیں۔

يُقَالُ عَلَى اللهِ حُسْبَانُهُ أَيْ حِسَابُهُ وَيُقَالُ حُسْبَانًا۔ علی اللہ حسبانہ یعنی اس کا حساب اللہ پر ہے اور کہا جاتا ہے: حُسْبَانًا (الانعام:۹۶)

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَالِقُ الْإِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا۔ (انعام:۹۶) وہ رات کو چاک کر کے صبح نکالنے والا ہے اور اس نے رات کو آرام کے لئے بنایا اور سورج اور چاند کو ایک حساب سے چلایا۔

حُسْبان حساب کی جمع ہے اور تفسیر میں ہے کہ سورج اور چاند حساب سے چلتے ہیں اور ان میں کوئی تغیر اور اضطراب نہیں ہے۔

مَرَامِيَ وَرُجُومًا لِلشَّيَاطِينِ۔ مَرَامِي: شیطان کو آگ کے گولے مارنے کی جگہ۔ رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ (الملک:۵) یعنی شیطان کو آگ کے گولے مارنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے سورۃ الملک:۵ کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

اس کی تفسیر کتاب بَدْءِ الخلق میں گزر چکی ہے۔

مُسْتَقِرٌّ فِي الصُّلْبِ وَمُسْتَوْدَعٌ فِي الرَّحِمِ۔ (مُسْتَقَرٌّ) فی الصلب (الانعام:۹۸) یعنی وہ پشت میں ٹھہرا ہوا ہے، (مُسْتَوْدَعٌ) فی الرحم یعنی وہ رحم میں رکھا ہوا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ۔ (الانعام:۹۸) وہی ہے جس نے تم (سب) کو ایک نفس سے پیدا کیا، پھر ہر ایک کے ٹھہرنے کی جگہ ہے اور اس کی سپردگی کی جگہ ہے۔

امام بخاری نے مستقرٌ کی تفسیر کی ہے: فی الصلب یعنی وہ نطفہ پشت میں رکھا ہوا ہے اور مُسْتَوْدَعٌ کی تفسیر کی ہے: فی الرحم یعنی وہ نطفہ رحم میں ہے۔ یہ تفسیر حضرت ابن مسعود، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم اور مجاہد، عطاء، نخعی، ضحاک اور قتادہ کے قول کے

Marfat.com

مطابق ہے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ایک روایت یہ ہے کہ مستقر کا تعلق دنیا کے ساتھ ہے اور مُسْتَوْدَعٌ کا تعلق اس کی موت کے وقت کے ساتھ ہے۔ اور امام طبرانی کی حدیث میں ہے کہ مستقر کا تعلق رحم کے ساتھ ہے اور مستودع کا تعلق زمین کے ساتھ ہے۔

اَلْقِنْوُ الْعِذْقُ وَالِاثْنَانِ قِنْوَانِ وَالْجَمَاعَةُ أَيْضًا قِنْوَانٌ مِثْلُ صِنْوٍ وَصِنْوَانٍ۔

اَلْقِنْوُ (الانعام:۹۹) اس کا معنی ہے: خوشہ، اس کا تثنیہ بھی قنوان ہے اور جمع بھی قنوان ہے، جیسے صِنْوٌ اور صِنْوَان۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ۔ (الانعام:۹۹)

اور کھجور کے شگوفوں سے پھلوں کے گچھے پیدا کئے۔

اَلْقِنْوُ واحد ہے اور اس کا تثنیہ اور جمع قنوان ہے اور ان دونوں میں فرق اس طرح ہے کہ تثنیہ میں ہر حال میں نون پر زیر ہوگی اور جو قنوان جمع ہے اس میں نون پر اعراب بہ اعتبار عوامل ہوگا مثلاً جاءَنِی قِنْوَانٌ میرے پاس ایک خوشہ آیا اور رَاَیْتُ قِنْوَانًا، میں نے ایک خوشہ دیکھا اور مَرَرْتُ بِقِنْوَانٍ، میں ایک خوشہ کے پاس سے گزرا۔

نوٹ: ان تمام تعلیقات کی شرح عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۰۲-۲۹۵ سے لی گئی ہے۔

۱۔ بَابٌ: وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ۔ (الانعام:۵۹)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اس کے پاس غیب کی چابیاں ہیں، اس کے سوا (از خود) ان کو کوئی نہیں جانتا (الانعام:۵۹) کی تفسیر

غیب کی تعریف

علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں: جس چیز کا حواس (خمسہ) سے ادراک نہ کیا جا سکے اور نہ اس کو ابتداءً عقل سے معلوم کیا جا سکے، وہ غیب ہے۔ اس کا علم صرف انبیاء علیہم السلام کے خبر دینے سے ہوتا ہے۔ (المفردات ص ۳۶۷، مطبوعہ المکتبۃ المرتضویہ، ایران، ۱۳۴۲ھ)

علامہ زبیدی لکھتے ہیں: جو چیز تم سے غائب ہو، وہ غیب ہے۔ ابو اسحاق زجاج نے "يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ" کی تفسیر میں کہا ہے: جو چیز متقین سے غائب تھی اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو اس کی خبر دی، وہ غیب ہے، جیسے مرنے کے بعد اٹھنا، جنت، دوزخ اور ہر وہ چیز جو ان سے غائب تھی اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو اس کی خبر دی، وہ غیب ہے۔ (تاج العروس ج ۱ ص ۴۱۶، مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ، مصر، ۱۳۰۶ھ)

الانعام:۵۹ میں مذکور مَفَاتِحُ الْغَيْبِ کی لفظی اور معنوی تحقیق

علامہ عمر بن علی ابن الملقن الشافعی متوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

اَلْمَفَاتِحُ، اَلْمَفْتَحُ کی جمع ہے اور اس کا معنی ہے: المفتاح یعنی چابی یا کنجی اور اس کا معنی یہ ہے کہ علم غیب تک پہنچنے کا ذریعہ اسی کے پاس ہے۔ السدی نے کہا ہے کہ اس کا معنی ہے، خزائن الغیب (تفسیر طبری ج ۵ ص ۲۱۰) اور مقاتل نے کہا ہے کہ عذاب کے غیب کا علم کہ وہ عذاب تم پر کب نازل ہوگا (تفسیر بغوی ج ۳ ص ۱۵۰) اور دوسروں نے کہا ہے: اس سے مراد ہے جو چیزیں ابن آدم سے غائب ہیں مثلاً زمین کے خزانے اور رزق اور بارش اور ثواب اور بعض علماء نے کہا: اس سے مراد شقاوت اور سعادت ہے یعنی بدبختی اور نیک بختی۔

دوسرا قول یہ ہے کہ اللہ ہی کو علم ہے کہ بارش کب اور کیسے نازل ہوگی۔ ایک اور قول یہ ہے کہ اس سے مراد اعمال کا خاتمہ ہے

Marfat.com

یعنی اللہ تعالیٰ کے سوا از خود کوئی نہیں جانتا کہ بندے کا کس عمل پر خاتمہ ہوگا۔

اور جب کہ چابیوں سے مُقَفَّل خزانے کو کھولا جاتا ہے تو جس کو چابیوں کا علم ہوگا وہ غیب کے ان خزانوں کو کھول سکے گا اور ان چابیوں کا اللہ عزوجل ہی کو علم ہے۔ (التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۲ ص ۳۲۸۔۳۲۷، وزارۃ الاوقاف، قطر ۱۴۲۹ھ)

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

امام بخاری نے کہا ہے کہ مَفَاتِحُ مِفْتَحٌ کی جمع ہے جس سے کسی چیز کو کھولا جاتا ہے۔ اسم آلہ میں یہ لغت بہت کم مستعمل ہے اور مشہور یہ ہے کہ مفتاح کی جمع مفاتیح ہے۔ اور امام طبری نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر چیز کا علم دیا گیا ہے سوا مفاتح الغیب کے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۵۸۲، دار المعرفہ، بیروت ۱۴۲۶ھ)

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

علامہ زمخشری نے کہا ہے کہ غیب کے لئے چابیاں بطور استعارہ ہیں کیونکہ چابیوں سے ان بند خزانوں کو کھولا جاتا ہے جن میں قفل لگا ہوا ہو اور جس کو ان چابیوں کا علم ہوگا اور یہ پتا ہوگا کہ ان چابیوں سے قفل کو کیسے کھولا جاتا ہے تو وہ غیب کے خزانوں سے علم حاصل کر لے گا تو اللہ تعالیٰ نے یہ ارادہ فرمایا کہ مُغیبات کا علم صرف اسی کو ہے اور کوئی ان مُغیبات کا علم حاصل نہیں کر سکتا جیسے جس شخص کے پاس خزانوں کی چابیاں ہوں اور اس کو قفل کھولنے کا طریقہ معلوم ہو تو وہی ان بند خزانوں کو کھول سکتا ہے اور کوئی نہیں کھول سکتا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۰۲، دار الکتب العلمیہ، بیروت ۱۴۲۱ھ)

مفاتح الغیب کی تفسیر میں علامہ ابن الملقن، علامہ ابن حجر اور علامہ عینی پر مصنف کا تعاقب

ان شارحین نے مطلق علم غیب کا حصر اللہ عزوجل کی ذات مقدسہ میں کیا ہے، حالانکہ غیب کے علم کی دو قسمیں ہیں: ذاتی اور عطائی۔ اگر مطلق علم غیب کا اللہ کی ذات میں حصر کیا جائے تو اس کا معنی ہوگا: علم غیب خواہ ذاتی ہو یا عطائی وہ اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہے اور یہ صحیح نہیں ہے، کیوں کہ اللہ تعالیٰ تو اپنے مقبول بندوں کو غیب کا علم عطا فرماتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کو تو کوئی عطا کرنے والا نہیں ہے، سو ان علماء اور مفسرین کو یہ کہنا چاہئے تھا کہ ذاتی علم غیب صرف اللہ عزوجل ہی کے پاس ہے اور وہی از خود ہر غیب کو جاننے والا ہے، وہ غیب کو جاننے میں کسی سبب، کسی ذریعہ اور کسی کی تعلیم کا محتاج نہیں ہے، ہاں! تمام مخلوق غیب کو جاننے میں اس کی طرف محتاج ہے۔

مقبول بندوں کو علم غیب عطا کرنے میں محققین علماء کی تصریحات

علامہ ابو العباس احمد بن عمر القرطبی المالکی متوفی ۶۵۶ھ لکھتے ہیں:

ان مغیبات کے علم کو جاننے کا کوئی ذریعہ نہیں ہے سوا اس کے کہ اللہ تعالیٰ اس کو علم عطا فرمائے یا جس کو چاہے ان مغیبات میں سے کسی ایک چیز کا علم عطا فرمائے، جیسے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ۔ (الجن: ۲۷۔۲۶)

وہ ہر غیب کا جاننے والا ہے، سو وہ اپنے ہر غیب پر کسی کو مکمل مطلع نہیں فرماتا ماسوا اُنکے جن کو اس نے پسند فرما لیا ہے جو اس کے (سب) رسول ہیں۔

اس کے بعد علامہ قرطبی لکھتے ہیں: سو جس شخص نے ان پانچ مغیبات میں سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطہ کے بغیر کسی چیز کے علم کا دعویٰ کیا تو وہ اپنے دعوے میں جھوٹا ہوگا۔ (المفہم ج ۱ ص ۱۵۶، دار ابن کثیر، بیروت ۱۴۲۰ھ)

Marfat.com

علامہ قرطبی کی اس عبارت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان مغیبات خمسہ میں سے جتنا اس نے چاہا، آپ کو علم عطا فرمایا ہے اور آپ کے واسطے سے دوسرے مقبول بندوں کو ان پانچ مغیبات میں سے جتنا اس نے چاہا ان کو اتنا علم عطا فرمایا ہے۔ علامہ قرطبی کی اس عبارت کو علامہ ابن حجر عسقلانی، علامہ بدرالدین عینی، ملا علی قاری اور دیوبندیوں کے عالم شیخ شبیر احمد عثمانی نے بھی اپنی اپنی تصانیف میں نقل کیا ہے۔ ان کے حوالہ جات درج ذیل ہیں:

(فتح الباری ج ۱ ص ۱۲۴، مطبوعہ لاہور ۱۴۰۱ھ، عمدۃ القاری ج ۱ ص ۲۹۰، مطبوعہ مصر ۱۳۴۸ھ، مرقاۃ المفاتیح ج ۱ ص ۶۵، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ، ملتان ۱۳۹۰ھ، فتح الملہم ج ۱ ص ۱۷۲، مطبوعہ مکتبۃ الحجاز، کراچی)

علامہ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ لکھتے ہیں:

بعض علماء نے بیان کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان پانچ چیزوں کا علم بھی دیا گیا ہے اور وقت وقوع قیامت اور روح کا علم بھی دیا گیا ہے اور آپ کو ان کے چھپانے کا حکم دیا گیا ہے۔ (شرح الصدور ص ۳۱۹، دارالکتب العلمیہ، بیروت ۱۴۰۴ھ)

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ سورۂ لقمان کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے سورۃ الجن: ۲۶ میں فرمایا ہے: وہ ہر غیب کا جاننے والا ہے، سو وہ اپنے ہر غیب پر کسی کو مکمل مطلع نہیں فرماتا O ماسوا ان کے جن کو اس نے پسند فرمالیا ہے جو اس کے (سب) رسول ہیں۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ قرآن مجید میں یہ تصریح ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ وہ لوگوں کو خبر دیتے ہیں کہ وہ کیا کھاتے ہیں اور کیا گھر میں رکھتے ہیں اور حضرت یوسف علیہ السلام لوگوں کو خواب کی تعبیر بیان کرتے تھے۔ ان کے علاوہ جو معجزات اور کرامات ظاہر ہیں، اس کا ثبوت سورۃ الجن کی اس آیت سے ہے کیونکہ اس آیت کا تقاضا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کو بعض غیب پر مطلع فرماتا ہے اور ولی اس کے رسول کے تابع ہیں اور ولی رسول علیہ السلام سے اکتساب فیض کرتا ہے اور رسول اور ولی کے علم میں فرق یہ ہے کہ رسول ان غیوب کے علم پر وحی کی اقسام سے مطلع ہوتا ہے اور ولی ان غیوب پر خواب کے ذریعے یا الہام سے مطلع ہوتا ہے۔

(فتح الباری ج ۵ ص ۷۷۰، دارالمعرفہ، بیروت ۱۴۲۶ھ)

۴۶۲۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ ﴿إِنَّ اللهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ إِنَّ اللهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ﴾ (لقمان: ۳۴)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی از ابن شہاب از سالم بن عبداللہ از والد خود، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: غیب کی پانچ چابیاں ہیں، بے شک اللہ ہی کے پاس قیامت کا علم ہے اور وہی بارش نازل فرماتا ہے اور وہی جانتا ہے ماؤں کے پیٹوں میں کیا ہے اور کوئی شخص از خود نہیں جانتا کہ وہ کل کیا کرے گا اور نہ کوئی شخص از خود جانتا ہے کہ وہ کس زمین میں مرے گا۔ بے شک اللہ بے حد جاننے والا، بہت زیادہ خبر رکھنے والا ہے O (لقمان: ۳۴)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۰۳۹ میں گزر چکی ہے۔

Marfat.com

۲۔ بَابٌ: قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلَىٰ أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِكُمْ (الانعام:٦٥)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ کہئے کہ وہی اس پر قادر ہے کہ تم پر تمہارے اوپر سے عذاب بھیجے۔ (الانعام:٦٥) کی تفسیر

يَلْبِسَكُمْ (الانعام:٦٥) یہ التباس سے ماخوذ ہے، يَلْبِسُوْا (الانعام:٨٢) اس کا معنی ہے: وہ خلط ملط ہو گئے اور شِيَعًا (الانعام:٦٥) مختلف فرقوں میں تقسیم ہو گئے۔

٤٦٢٨۔ حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ ﴿قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلَىٰ أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِكُمْ﴾ (الانعام:٦٥) قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ أَعُوذُ بِوَجْهِكَ قَالَ ﴿أَوْ مِنْ تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ﴾ (الانعام:٦٥) قَالَ أَعُوذُ بِوَجْهِكَ ﴿أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَيُذِيقَ بَعْضَكُمْ بَأْسَ بَعْضٍ﴾ (الانعام:٦٥) قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ هَذَا أَهْوَنُ أَوْ هَذَا أَيْسَرُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابوالنعمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں حماد بن زید نے حدیث بیان کی از عمرو بن دینار از حضرت جابر رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: آپ کہئے کہ وہی اس پر قادر ہے کہ تم پر تمہارے اوپر سے عذاب بھیجے (الانعام:٦٥) تو رسول اللہ ﷺ نے دعا کی: میں تیری ذات کی پناہ میں آتا ہوں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے (الانعام:٦٥) تو آپ نے دعا کی: میں تیری ذات کی پناہ میں آتا ہوں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یا تمہیں مختلف گروہوں میں تقسیم کر دے اور تمہارے بعضوں کو بعض کی لڑائی کا مزہ چکھا دے۔ (الانعام:٦٥) تو آپ نے فرمایا یہ بہت ہلکا ہے یا آپ نے فرمایا: یہ بہت آسان ہے۔

یہ حدیث صحیح البخاری:٢٥١٦ میں گزر چکی ہے۔

اس امت کا آپس کی لڑائیوں میں مبتلا ہونا ان کے گناہوں کا کفارہ ہے

علامہ عمر بن علی ابن الملقن الشافعی متوفی ٨٠٤ھ لکھتے ہیں:

تمہارے اوپر سے: جیسے آسمان سے پتھر برسائے مثلاً قوم لوط پر یا جیسے ابرہہ کے لشکر پر ابابیلوں نے کنکریاں برسائیں۔ تمہارے پاؤں کے نیچے سے: اس کا معنی ہے: زمین میں دھنسا دینا جیسے قارون کو زمین میں دھنسا دیا یا آل فرعون کو سمندر میں غرق کر دیا یا قوم نوح کو غرق کرنے کے لئے موسلا دھار بارش نازل کی، دوسری تفسیر یہ ہے کہ ''تمہارے اوپر سے'' کا معنی یہ ہے کہ تمہارے اکابر اور تمہارے سلاطین سے اور ''تمہارے پاؤں کے نیچے سے'' کا معنی ہے: جو لوگ تمہارے نیچے اور تمہارے غلام ہیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ تمہارے اوپر سے، کا معنی ہے: بارش کو روک لینا اور تمہارے پیروں کے نیچے سے، کا معنی ہے: زمین کی پیداوار کو روک لینا۔ اس تفسیر کو امام طبری نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔ (تفسیر طبری ج ٥ ص ٢٣٩)

اور تمہارے بعضوں کو بعض کی لڑائی کا مزہ چکھا دے: اس کا معنی ہے: فتنے اور اختلاف، یہ مجاہد کی تفسیر ہے۔ (صحیح مسلم:٢٨٩٠)

یہ بہت ہلکا ہے یا بہت آسان ہے: یعنی جو فتنے مخلوق کے درمیان واقع ہوں گے، ان کا عذاب اللہ کے عذاب سے بہت ہلکا ہے اور یہ امت فتنوں میں مبتلا ہوئی ہے کیونکہ نبی کریم ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ آپ کی امت کے اوپر کوئی ایسا دشمن

Marfat.com

غالب نہ ہو جو آپ کی امت کا غیر ہو تو اللہ تعالیٰ نے یہ آپ کو عطا کر دیا، اور دوسری دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے وہ بھی آپ کو عطا کر دیا، اور جب یہ دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس دعا سے روک دیا اور اس میں حکمت یہ تھی کہ جب آپ کی امت آپس کی لڑائیوں میں مبتلا ہو گی تو اس سے ان کے گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا۔ (التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۲ ص ۳۳۱۔ ۳۳۰، وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۰ھ)

باب مذکور کی حدیث کے موافق دیگر احادیث

حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ نے اس باب کی حدیث کے موافق متعدد احادیث روایت کی ہیں۔ ان میں سے بعض درج ذیل ہیں:

(۱) امام ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ میری امت سے چار چیزیں اٹھالے تو اللہ تعالیٰ نے دو چیزیں اٹھالیں اور دو چیزوں کے اٹھانے سے انکار کر دیا، میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ ان سے پتھروں کے برسنے کو اٹھالے اور ان سے زمین میں دھنسائے جانے کے عذاب کو اٹھالے اور یہ دعا کی کہ وہ مختلف فرقوں میں مبتلا نہ ہوں اور امت کے بعض افراد کو دوسرے بعض افراد کی لڑائی سے مزہ نہ چکھائے تو اللہ تعالیٰ نے ان سے زمین میں دھنسنے کو اور پتھر برسنے کو اٹھالیا اور دوسرے دو عذابوں کو اٹھانے سے انکار فرما دیا۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: تمہارے اوپر سے یا تمہارے نیچے سے، اس کی نظیر درج ذیل آیت میں ہے:

اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ یَّخْسِفَ بِکُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ یُرْسِلَ عَلَیْکُمْ حَاصِبًا۔ (الاسراء: ۶۸) کیا تم اس بات سے بے خوف ہو گئے کہ وہ تمہیں خشکی کے کسی کنارے میں دھنسا دے یا تم پر پتھر برسا دے۔

(۲) امام احمد نے سند صحیح کے ساتھ روایت کی ہے کہ العبدی نے بیان کیا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہو گی حتیٰ کہ چند قبائل کو زمین میں دھنسا نہ دیا جائے۔

(۳) امام ترمذی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس امت کے آخر میں زمین میں دھنسنا ہو گا اور مسخ ہو گا اور آسمان سے پتھروں کا برسنا ہو گا۔

(۴) امام احمد نے، امام ابن ماجہ نے، امام بزار نے اور امام طبرانی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہی روایت کی ہے لیکن ان کی اسانید پر جرح ہے، البتہ ان اسانید کا تعدد اس پر دلالت کرتا ہے کہ اس حدیث کی اصل ہے۔

(۵) امام مسلم نے حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ نے میرے لئے زمین کے مشارق اور مغارب کو لپیٹ دیا اور جہاں تک ان کو لپیٹا ہے میری امت وہاں تک پہنچے گی اور اس حدیث میں یہ مذکور ہے کہ میں نے اپنے رب سے یہ سوال کیا کہ میری امت کو عام قحط سے ہلاک نہ کرنا اور یہ کہ میری امت پر ان کے غیر کو مسلط نہ کرنا اور یہ کہ میری امت کو مختلف فرقوں میں تقسیم نہ کرنا اور میری امت کو ایک دوسرے کی لڑائی کا مزہ نہ چکھانا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے محمد! جب میں کوئی فیصلہ کر لوں تو وہ مسترد نہیں کیا جاتا اور میں نے آپ کی امت کو یہ عطا کر دیا ہے کہ ان کو عام قحط سے ہلاک نہیں کروں گا اور ان کے اوپر ان کے غیر کو مسلط نہیں کروں گا حتیٰ کہ وہ خود ایک دوسرے کو ہلاک کریں گے اور امام طبری نے سند صحیح کے ساتھ حضرت شداد سے یہ روایت کی ہے کہ بعض مومنوں کے اوپر ان کے دشمن کافر کو مسلط کیا گیا ہے لیکن یہ برطریق عموم نہیں تھا، اسی طرح بعض مسلمانوں کو زمین میں دھنسایا گیا اور بعض پر پتھر برسائے گئے لیکن یہ بھی برطریق عموم نہیں تھا اور حدیث کا معنی یہ ہے کہ ان پر برطریق عموم پتھر نہیں برسائے جائیں گے یا پوری امت کو زمین میں دھنسایا نہیں جائے گا۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۵۸۴۔ ۵۸۳، دار المعرفہ، بیروت ۱۴۲۶ھ)

Marfat.com

۳۔ بَابٌ: وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ۔

(الانعام: ۸۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور انہوں نے اپنے ایمان کے ساتھ ظلم (شرک) کو نہیں ملایا (الانعام: ۸۲) کی تفسیر

۴۶۲۹۔ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا ﴿وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾ (الانعام: ۸۲) قَالَ أَصْحَابُهُ وَأَيُّنَا لَمْ يَظْلِمْ فَنَزَلَتْ ﴿اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ۝﴾ (لقمان: ۱۳)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: ہمیں ابن ابی عدی نے حدیث بیان کی از شعبہ از سلیمان از ابراہیم از علقمہ از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: اور انہوں نے اپنے ایمان کے ساتھ ظلم (شرک) کو نہیں ملایا (الانعام: ۸۲) تو آپ کے اصحاب نے کہا: ہم میں سے کون شخص ظلم نہیں کرتا؟ تب یہ آیت نازل ہوئی: بے شک شرک بہت بڑا ظلم ہے ○ (لقمان: ۱۳)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۲ میں گزر چکی ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ ظلم کا ایک معنی ہے: غیر کی ملک میں تصرف کرنا یا کسی چیز کو اس کے غیر محل میں رکھنا، جیسے کوئی شخص کسی کی چیز دوسرے کو دے دے یا مسجد میں دخول کے وقت پہلے بایاں پیر رکھ دے، لیکن یہ معنی الانعام: ۸۲ کے منافی نہیں ہے۔ یہ پوری آیت اس طرح ہے:

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝ (الانعام: ۸۲)

جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اپنے ایمان کے ساتھ ظلم (شرک) کو نہیں ملایا، ان ہی کے لئے بے خوفی ہے اور وہی ہدایت یافتہ ہیں ○

پس صحابہ کرام کو یہ اشکال ہوا کہ ظلم تو کبھی خلاف اولیٰ کا ارتکاب بھی ہوتا ہے، سو اگر دوزخ سے نجات ظلم نہ کرنے پر موقوف ہے تو پھر ہم میں سے کسی کی بھی نجات نہیں ہوگی، تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتایا کہ ظلم کا ایک معنی شرک بھی ہے کیونکہ شرک میں بھی عبادت کو غیر محل میں رکھا جاتا ہے، جیسا کہ لقمان: ۱۳ میں ہے اور الانعام: ۸۲ میں جو فرمایا کہ ''جنہوں نے اپنے ایمان کو ظلم کے ساتھ نہیں ملایا'' اس سے مراد بھی شرک ہے یعنی جنہوں نے ایمان لانے کے بعد شرک نہیں کیا، ان ہی کو دوزخ سے نجات ملے گی۔

۴۔ بَابٌ: وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ۭ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ (الانعام: ۸۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور یونس اور لوط، اور ہم نے سب کو (ان کے زمانہ کے) تمام جہان والوں پر فضلیت دی ○ (الانعام: ۸۶) کی تفسیر

۴۶۳۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ عَمِّ نَبِيِّكُمْ يَعْنِي ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ مَا يَنْبَغِي لِعَبْدٍ أَنْ يَقُولَ أَنَا خَيْرٌ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابن مہدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از قتادہ از ابی العالیہ، انہوں نے کہا: مجھے تمہارے نبی کے عم زاد نے حدیث بیان کی یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے از نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ کسی بندے

Marfat.com

کے لئے یہ مناسب نہیں کہ وہ یہ کہے کہ میں حضرت یونس بن متی (علیہ السلام) سے بہتر ہوں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۳۹۵ میں گزر چکی ہے۔

۴۶۳۱۔ حَدَّثَنَا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ أَخْبَرَنَا سَعْدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ سَمِعْتُ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَا يَنْبَغِي لِعَبْدٍ أَنْ يَقُولَ أَنَا خَيْرٌ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں آدم بن ابی ایاس نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سعد بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف سے سنا از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ نے فرمایا: کسی بندے کو یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ یہ کہے کہ میں حضرت یونس بن متی (علیہ السلام) سے بہتر ہوں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۴۱۵ میں گزر چکی ہے۔

اس حدیث پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ اس کے خلاف دوسری حدیث یہ ہے:

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں قیامت کے دن تمام اولاد آدم کا سردار ہوں گا اور اس پر فخر نہیں ہے اور میرے ہی ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا اور اس پر فخر نہیں ہے اور اس دن ہر نبی خواہ حضرت آدم ہوں یا ان کے ماسوا سب میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے اور سب سے پہلے زمین مجھ سے شق ہوگی اور اس پر فخر نہیں ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ (سنن ترمذی: ۳۶۱۵، مسند احمد ج ۳ ص ۲)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ حدیث مروی ہے، اس میں مذکور ہے کہ: سنو! میں اللہ کا محبوب ہوں اور فخر نہیں ہے اور میں قیامت کے دن حمد کا جھنڈا اٹھانے والا ہوں اور اس پر فخر نہیں ہے اور میں سب سے پہلے شفاعت کرنے والا ہوں اور سب سے پہلے میری شفاعت قبول کی جائے گی اور فخر نہیں ہے اور میں وہ ہوں جو سب سے پہلے جنت کے دروازے کو کھٹکھٹائے گا، پس وہ دروازہ میرے لئے کھول دیا جائے گا، پس اللہ تعالیٰ مجھے اس میں داخل کرے گا اور میرے ساتھ فقراء مومنین ہوں گے اور فخر نہیں ہے اور میں تمام اولین اور آخرین سے زیادہ مکرم ہوں اور فخر نہیں ہے۔ (سنن ترمذی: ۳۶۱۶)

اس حدیث میں یہ تصریح ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود فرمایا کہ میں تمام نبیوں سے افضل ہوں اور اس باب کی حدیث میں مذکور ہے کہ کوئی بندہ یہ نہ کہے کہ میں حضرت یونس علیہ السلام سے بہتر ہوں، سو اس باب کی حدیث کا ان احادیث سے تعارض ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ آپ نے اس وقت فرمایا تھا جب آپ کو یہ علم نہیں دیا گیا تھا کہ آپ تمام نبیوں سے افضل ہیں یا یہ آپ کا ارشاد بطور تواضع اور انکسار ہے۔

۵۔ بَابٌ: أُولَئِكَ الَّذِينَ هَدَى اللهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ۔ (الانعام: ۹۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: یہ وہی لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی ہے، سو آپ بھی ان کے طریقہ پر چلیں۔ (الانعام: ۹۰) کی تفسیر

۴۶۳۲۔ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى أَخْبَرَنَا هِشَامٌ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث

Marfat.com

أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ قَالَ أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ الْأَحْوَلُ أَنَّ مُجَاهِدًا أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَأَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ أَفِي ص سَجْدَةٌ فَقَالَ نَعَمْ ثُمَّ تَلَا ﴿وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَقَ وَيَعْقُوبَ إِلَى قَوْلِهِ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ﴾ (الانعام: ۸۴۔۹۰) ثُمَّ قَالَ هُوَ مِنْهُمْ زَادَ يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ وَسَهْلُ بْنُ يُوسُفَ عَنِ الْعَوَّامِ عَنْ مُجَاهِدٍ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ نَبِيُّكُمْ ﷺ مِمَّنْ أُمِرَ أَنْ يَقْتَدِيَ بِهِمْ۔

بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشام نے خبر دی کہ ابن جریج نے ان کو خبر دی، انہوں نے کہا: مجھے سلیمان الاحول نے خبر دی کہ ان کو مجاہد نے خبر دی کہ انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سوال کیا کہ کیا سورۂ ص میں سجدہ ہے؟ تو انہوں نے کہا: ہاں! پھر یہ آیت تلاوت کی: اور ہم نے ''انہیں اسحاق اور یعقوب'' عطا کیا (الانعام: ۸۴) یہ آیت یہاں تک پڑھی تو آپ بھی ان کے طریقہ پر چلیں (الانعام: ۹۰) پھر کہا: اور آپ بھی ان میں سے ہیں اور یزید بن ہارون اور محمد بن عبید اور سہل بن یوسف نے از عوام از مجاہد یہ اضافہ کیا کہ میں نے حضرت ابن عباس سے کہا: کیا آپ کے نبی ﷺ بھی ان میں سے ہیں جن کو ان نبیوں کی پیروی کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۴۲۱ میں گزر چکی ہے۔

اس اشکال کا جواب کہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ انبیاء سابقین کے مقتدی ہیں حالانکہ آپ کا مقام مقتدیٰ ہونا ہے نہ کہ مقتدی ہونا

علامہ عمر بن علی ابن الملقن الشافعی متوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

اس حدیث پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ اس حدیث میں نبی کریم ﷺ کو انبیاء سابقین کی پیروی کرنے کا حکم دیا ہے حالانکہ نبی کریم ﷺ کا مقام یہ ہے کہ آپ کی پیروی کی جائے نہ یہ کہ آپ کسی کی پیروی کریں، اس کا جواب یہ ہے کہ اس آیت میں نبی کریم ﷺ کو انبیاء سابقین علیہم السلام کے عقائد کی پیروی کرنے کا حکم دیا ہے اور عقائد تمام نبیوں کے ایک ہیں۔

(التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۲ ص ۳۳۴، وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ھ)

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

اس میں اختلاف ہے کہ ناسخ کے نازل ہونے تک نبی ﷺ سابقہ شریعتوں پر عمل کرتے تھے یا نہیں؟ بعض علماء نے اثبات کا قول کیا ہے اور ان کی دلیل یہی آیت (الانعام: ۹۰) ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ نہیں! اور انہوں نے اس آیت کا یہ جواب دیا ہے کہ آپ انبیاء سابقین کی ان اعمال میں پیروی کریں جو آپ کی شریعت میں بھی مذکور ہیں۔ اکثر شافعی علماء نے اور امام الحرمین نے اور ابن حاجب نے اسی قول کو اختیار کیا ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۵۸۵، دار المعرفہ بیروت ۱۴۲۶ھ)

میں کہتا ہوں: اس آیت کا معنی ہے: اے رسول مکرم! ان نبیوں اور رسولوں نے جو عمل کیا ہے آپ اس کے مطابق عمل کریں اور جس منہاج پر یہ چلتے رہے ہیں اسی منہاج پر چلیں اور ہماری دی ہوئی ہدایت اور توفیق کے مطابق جس طرح انہوں نے زندگی گزاری ہے، آپ اسی طرح زندگی گزاریں اور ان تمام نبیوں اور رسولوں کے جس قدر محاسن اور خوبیاں ہیں آپ وہ سب اپنے اندر جمع کرلیں۔ اس آیت میں نبی ﷺ کی عظیم منقبت ہے کہ تمام نبیوں اور رسولوں میں جو خوبیاں اور کمالات الگ الگ اور متفرق طور پر پائے جاتے تھے، وہ سب کمالات آپ کی ذات میں جمع ہو گئے، جیسا کہ اس حدیث سے ظاہر ہوتا ہے:

Marfat.com

امام مالک بن بن انس اصبحی متوفی ۱۷۹ھ روایت کرتے ہیں:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس لئے مبعوث کیا گیا ہوں تا کہ حسن اخلاق کو مکمل کردوں۔

(الموطا: ۱۶۷۷، مشکوۃ: ۵۰۶۷۔۵۰۶۶)

امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری متوفی ۴۰۵ھ روایت کرتے ہیں:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے اس لئے مبعوث کیا گیا ہے کہ میں صالح اخلاق کو مکمل کردوں۔ (المستدرک: ج ۲ ص ۶۱۳، سنن کبریٰ للبیہقی ج ۱۰ ص ۱۹۲، الاستذکار: ۳۸۹۴۲، مسند احمد: ۸۹۳۲، شیخ احمد شاکر نے کہا: اس حدیث کی سند صحیح ہے، مطبوعہ دارالحدیث قاہرہ، مسند احمد: ۳۸۱، طبع قدیم، کنز العمال: ۳۱۹۶۹)

امام احمد بن عمر عتیکی بزار متوفی ۲۹۲ھ روایت کرتے ہیں:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے صرف مکارم اخلاق کو پورا کرنے کے لئے بھیجا گیا ہے۔

(مسند البزار: ۷۰ ۲۴، المعجم الاوسط: ۶۸۹۱، علامہ الہیثمی نے کہا: امام بزار کی سند صحیح ہے، مجمع الزوائد ج ۹ ص ۱۵، طبرانی کی روایت میں ایک راوی ضعیف ہے، الدر المنثور ۵: ۱۶۸)

امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی متوفی ۶۰۶ھ لکھتے ہیں:

علماء نے اس آیت سے استدلال کیا ہے کہ ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء علیہم السلام سے افضل ہیں اور اس کی تقریر یہ ہے کہ صفات کمال اور خصال شرف ان میں متفرق ہیں۔ حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہما السلام نعمت پر بے حد شکر کرنے والے تھے، اور حضرت ایوب علیہ السلام آزمائشوں پر بہت صبر کرنے والے تھے اور حضرت یوسف علیہ السلام صبر اور شکر کے جامع تھے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام قوی شریعت کے بانی اور غالب معجزات کے حامل تھے اور حضرت زکریا اور حضرت یحییٰ اور حضرت عیسیٰ اور حضرت الیاس علیہم السلام زہد میں راسخ قدم رکھتے تھے، حضرت اسماعیل پر صدق غالب تھا اور حضرت یونس علیہ السلام اللہ کی بارگاہ میں بہت گڑگڑا کر دعا کرنے والے تھے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے جن انبیاء علیہم السلام کا یہاں ذکر فرمایا ہے، ان میں سے ہر ایک پر شرف اور فضیلت کی کوئی نہ کوئی صفت غالب تھی، پھر اللہ تعالیٰ نے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حکم دیا کہ وہ ان تمام انبیاء کی اتباع کریں، گویا کہ اللہ تعالیٰ نے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حکم دیا کہ عبودیت اور اطاعت کی کل صفات جو ان تمام انبیاء علیہم السلام میں متفرق طور پر پائی جاتی ہیں، آپ تنہا ان صفات سے متصف ہو جائیں اور خصائل رفیعہ اور شمائل جمیلہ کو اپنی ذات میں جمع کرلیں، اور جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ حکم دیا تو یہ محال ہے کہ آپ ان صفات کمال کے حصول میں کوئی کوتاہی کریں، پس ثابت ہوا کہ شرف اور فضیلت کی یہ تمام صفات آپ کی ذات میں جمع ہوگئیں اور جو کمال تمام انبیاء علیہم السلام میں متفرق تھے، وہ سب آپ کی ذات مبارکہ میں جمع ہوگئے، لہٰذا یہ کہنا واجب ہے کہ ہمارے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء سے افضل ہیں۔

(تفسیر کبیر: ج ۵ ص ۵۷، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت ۱۴۱۵ھ، ج ۱۳ ص ۱۷، مطبوعہ مصر)

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرمایا: آپ کہئے: میں اس (تبلیغ رسالت) پر تم سے کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا، اس سے مراد یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو انبیاء سابقین علیہم السلام کی سیرت پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے اور تمام انبیاء علیہم السلام کی سیرت یہ تھی کہ وہ دین کو پہنچانے اور شریعت کی تبلیغ کرنے پر اجر اور معاوضہ کا مطالبہ نہیں کرتے تھے تو آپ نے بھی ان کے طریقہ کی پیروی کی اور

Marfat.com

فرمایا: میں دین کے پہنچانے کے عوض تم سے کسی معاوضہ کا مطالبہ نہیں کرتا اور یہ قرآن تو تمام جہان والوں کے لئے نصیحت ہے۔ یعنی تمام انسانوں کو اپنی دنیا اور آخرت کی صلاح اور فلاح کے لئے جن امور کی ضرورت ہوتی ہے، وہ سب قرآن مجید میں موجود ہیں اور اس میں یہ دلیل ہے کہ ہمارے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام دنیا کے انسانوں کی طرف مبعوث ہیں نہ کہ کسی ایک قوم کی طرف۔

علامہ شہاب الدین القسطلانی متوفی ۹۱۱ھ لکھتے ہیں:

اس آیت میں یہ دلیل ہے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام انبیاء سے افضل ہیں کیونکہ اللہ سبحانہ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے کہ آپ ان کی ہدایت کی اقتداء کریں اور اس حکم پر آپ کا عمل کرنا واجب ہے، پس ضروری ہوا کہ آپ کی ذات مقدسہ میں تمام انبیاء علیہم السلام کے فضائل اور اخلاق متفرقہ مجتمع ہو جائیں، سو اس آیت سے ثابت ہوا کہ آپ تمام انبیاء علیہم السلام سے افضل ہیں اور جن امور میں آپ کو اقتداء کرنے کا حکم دیا گیا ہے وہ اصول دین ہیں جو کہ اس بات کے مستحق ہیں کہ ان کا نام ہدایت مطلقہ رکھا جائے کیونکہ وہ نسخ کو قبول نہیں کرتے، اسی طرح ان انبیاء علیہم السلام کے مکارم اخلاق اور صفات محمودہ و مشہودہ بھی نسخ کو قبول نہیں کرتے۔ سو انبیاء علیہم السلام میں جو الگ الگ مکارم اخلاق تھے وہ سب آپ میں جمع ہو گئے۔ (ارشاد الساری ج ۱۰ ص ۲۳۹، دار الفکر بیروت، ۱۴۲۱ھ)

نواب صدیق حسن بھوپالی متوفی ۱۳۰۷ھ نے یہ پوری عبارت نقل کی ہے۔

(عون الباری ج ۵ ص ۳۱۴، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۹ھ)

۶۔ بَابٌ: وَعَلَى الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِي ظُفُرٍ ۚ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَا۔ (الانعام:۱۴۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور یہودیوں پر ہم نے ہر ناخن والا جانور حرام کر دیا تھا اور ہم نے ان پر گائے اور بکری کی چربی حرام کر دی تھی (الانعام:۱۴۶) کی تفسیر

وَقَالَ ابنُ عَبَّاسٍ كُلَّ ذِي ظُفُرٍ البَعِيرُ وَالنَّعَامَةُ أَلْحَوَايَا المَبْعَرُ وَقَالَ غَيْرُهُ هَادُوا صَارُوا يَهُودًا وَأَمَّا قَوْلُهُ هُدْنَا تُبْنَا هَائِدٌ تَائِبٌ۔

حضرت ابن عباس نے فرمایا: كُلَّ ذِي ظُفُرٍ (الانعام:۱۴۶) یعنی ہر ناخن والے جانور، اس سے مراد اونٹ اور شتر مرغ ہے۔ أَلْحَوَايَا (الانعام: ۱۴۶) یعنی انتڑیاں یعنی مینگنیوں کی جگہ اور دوسروں نے کہا: هَادُوا (الانعام: ۱۴۶) اس کا معنی ہے: وہ یہودی ہو گئے اور هُدْنَا (الاعراف:۱۵۶) اس کا معنی ہے: ہم نے توبہ کی اور هائد کا معنی ہے: تائب۔

تعلیقات مذکورہ کی شرح

علامہ عمر بن علی ابن الملقن الشافعی متوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

امام بخاری نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا جو قول ذکر کیا ہے اس کو امام ابن المنذر نے علی بن ابی طلحہ سے روایت کیا ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: ہر ناخن والے جانور، قتادہ نے کہا: یہ وہ پرندے ہیں جن کے ناخن ملے ہوئے ہوں، الگ الگ نہ ہوں، جیسے بطخ۔ (تفسیر طبری: ج ۵ ص ۳۸۲)

اور اہل لغت کے نزدیک یہ وہ پرندے ہیں جو اپنے پنجوں سے شکار کرتے ہیں اور ان میں تمام وہ پرندے داخل ہو گئے جو ناخنوں سے شکار کرتے ہیں اور کتوں اور بلیوں اور درندوں کی تمام اقسام، یہی الزجاج کا مختار ہے۔ (معانی القرآن، ج ۲ ص ۳۰۱)

اور یہ کھر والے جانور ہیں جیسے اونٹ اور وہ جانور ہیں جن کی انگلیاں کھلی ہوئی نہیں ہوتیں، جیسے بطخ۔

اور ابن زید نے کہا کہ ناخن والے جانور صرف اونٹ ہیں۔ (تفسیر طبری: ج ۵ ص ۳۸۲)

اور القتبی نے کہا: یہ ہر وہ پرندہ ہے جس کے پنجے ہوں اور ہر وہ چوپایہ ہے جس کے کھر ہوں اور انہوں نے اس قول کی بعض مفسرین سے حکایت کی ہے اور انہوں نے کہا: کھر کو بہ طور استعارہ ناخن کہا ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اَلْحَوَایَا کی تفسیر اَلْمَبَاعِرُ یعنی مینگنیوں کی جگہ سے کی ہے۔ اس کو ابن منذر نے اپنی سند سے روایت کیا ہے اور الضحاک سے روایت ہے کہ الحوایا کا معنی ہے: اَلْمَرَابِض یعنی پیٹ میں آنتوں کے جمع ہونے کی جگہ اور ایک قول ہے کہ جو چیز پیٹ میں ہو اور جمع ہو اور ٹھہری رہے اور ایک قول ہے: اس کا معنی ہے: وہ انتڑیاں جن پر چربی ہو۔

(التوضیح لشرح الجامع الصحیح: ج ۲۲ ص ۳۳۶-۳۳۵، وزارت الاوقاف، قطر ۱۴۲۹ھ)

۴۶۳۳۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ قَالَ عَطَاءٌ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ قَاتَلَ اللهُ الْيَهُودَ لَمَّا حَرَّمَ اللهُ عَلَيْهِمْ شُحُومَهَا جَمَلُوهُ ثُمَّ بَاعُوهُ فَأَكَلُوهَا وَقَالَ أَبُو عَاصِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ حَدَّثَنَا يَزِيدُ كَتَبَ إِلَيَّ عَطَاءٌ سَمِعْتُ جَابِرًا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ مِثْلَهُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عمرو بن خالد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں اللیث نے حدیث بیان کی از یزید بن ابی حبیب، عطاء نے کہا: میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے سنا: انہوں نے کہا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا: آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ یہود کو ہلاک کر دے، جب اللہ تعالیٰ نے ان پر (جانوروں کی) چربی حرام کر دی تو انہوں نے چربی کو پگھلایا، پھر اس کو بیچا، پھر اس کو کھایا، اور ابو عاصم نے کہا: ہمیں عبدالحمید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یزید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میری طرف عطاء نے لکھا، انہوں نے کہا: میں نے حضرت جابر سے سنا از نبی صلی اللہ علیہ وسلم "اسی کے مثل"۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۲۳۶ میں گزر چکی ہے۔

جائز حیلہ اور ناجائز حیلہ کی تحقیق

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ایسا حیلہ جائز نہیں ہے جس میں اصل کے اندر کوئی تغیر نہ ہو کیونکہ چربی تو بہر حال چربی ہے خواہ جمی ہوئی ہو یا پگھلی ہوئی ہو لیکن اگر اصل میں تغیر ہو جائے تو پھر وہ حیلہ جائز ہے، جیسے گدھے کا گوشت کھانا حرام ہے لیکن اگر وہ نمک کی کان میں جا کر نمک بن جائے تو پھر اس کی ذات میں تغیر ہو گیا تو اب اس کا کھانا جائز ہے، اسی طرح شراب حرام ہے لیکن جب اس میں اتنا نمک ڈال دیا کہ وہ سرکہ بن گئی اور نشہ آور نہیں رہی اور یہ اس کی ذات میں تغیر ہے تو اب اس سے بنا ہوا کھانا کھانا جائز ہے۔

۷۔ بَابٌ: وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ۔ (الانعام: ۱۵۱)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے حیائی کے کاموں کے قریب نہ جاؤ خواہ وہ ظاہر ہوں خواہ پوشیدہ۔ (الانعام: ۱۵۱) کی تفسیر

۴۶۳۴۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں حفص بن عمر نے حدیث

Marfat.com

عَمْرٍو عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنه قَالَ لَا أَحَدَ أَغْيَرُ مِنَ اللهِ وَلِذَلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَلَا شَيْئَ أَحَبُّ إِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللهِ وَلِذَلِكَ مَدَحَ نَفْسَهُ قُلْتُ سَمِعْتَهُ مِنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ وَرَفَعَهُ قَالَ نَعَمْ۔

[اطراف الحدیث: ۴۶۳۷، ۵۲۲۰، ۷۴۰۳]
[صحیح مسلم: ۲۷۶۰، الرقم المسلسل: ۶۸۸۵]

بیان کی انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از عمرو از ابی وائل از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ سے زیادہ کوئی غیرت والا نہیں ہے اس لئے اس نے تمام بے حیائی کے کاموں کو حرام کر دیا ہے خواہ وہ ظاہر ہوں خواہ باطن اور اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ اپنی تعریف کرنا پسند ہے، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے اپنی تعریف کی ہے۔ راوی نے کہا: میں نے ابو وائل سے پوچھا: کیا آپ نے اس حدیث کو خود حضرت عبداللہ سے سنا ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں! میں نے پوچھا: کیا انہوں نے یہ بتایا تھا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں!

ظاہری بے حیائی اور باطنی بے حیائی کی تفصیل

علامہ عمر بن علی ابن الملقن متوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

قتادہ نے کہا کہ بے حیائی کے ظاہر کام وہ ہیں جن کو انسان کھلم کھلا کرے۔ (تفسیر طبری: ج ۵ ص ۳۹۲)

لوگ آزاد عورت کے ساتھ چھپ کر زنا کرتے تھے اور باندی کے ساتھ کھلم کھلا زنا کرتے تھے۔ ایک قول ہے کہ بے حیائی کے ظاہر کاموں سے مراد ہے: شراب پینا اور بے حیائی کے پوشیدہ کاموں سے مراد ہے: زنا۔ (تفسیر طبری: ج ۵ ص ۳۹۲)

اور الماوردی نے کہا ہے کہ بے حیائی کے ظاہر کاموں سے مراد ہے: ظاہری اعضاء سے کئے ہوئے کام اور پوشیدہ سے مراد ہے: دل کا اعتقاد، اور ایک قول یہ ہے کہ یہ تمام بے حیائی کے کاموں کو شامل ہے، اور ایک قول یہ ہے کہ ظاہر سے مراد وہ ہے جو بندے اور لوگوں کے درمیان ہوں اور باطن سے مراد ہے: جو بندے اور اللہ کے درمیان ہوں، اور ایک قول یہ ہے کہ ظاہر بے حیائی سے مراد ہے: اجنبی عورت کو گلے لگانا اور اس کا بوسہ لینا اور باطن سے مراد ہے: برے کاموں کی نیت کرنا۔

اللہ تعالیٰ کی غیرت اور بندوں کی غیرت کا معنی

غیرت کا معنی ہے: حمیت اور کسی چیز کو باعث عار سمجھنا۔ النحاس نے کہا ہے: اس کا معنی ہے کہ کوئی شخص اپنی بیوی اور اس کے علاوہ دوسرے رشتہ داروں کی حفاظت کرے اور غیر محرم کو ان کے پاس آنے اور ان کو دیکھنے سے منع کرے اور یہ دیوث اور بے غیرت کی ضد ہے۔ صاحب المطالع نے کہا ہے کہ ایک شخص کی بیوی کی شرمگاہ میں اگر کوئی دوسرا شخص دخل اندازی کرے تو اس سے اس کا خون جوش میں آئے اور قلب میں ہیجان پیدا ہو تو یہ آدمیوں کے معاملہ میں غیرت کا معنی ہے۔

اور اللہ تعالیٰ کی غیرت کا معنی یہ ہے: جیسا کہ اس حدیث میں ہے کہ کوئی شخص اللہ تعالیٰ کے حرام کئے ہوئے کاموں کو کرے تو اس سے اللہ تعالیٰ غیرت میں آتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی غیرت کا معنی ہے: کسی کام سے منع کرنا اور اس کو حرام قرار دینا اور جب کہ اللہ تعالیٰ نے بے حیائی کے کاموں کو حرام قرار دیا ہے اور ان کے ارتکاب پر وعید فرمائی ہے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو غیرت سے تعبیر فرمایا ہے اور آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی غیرت سے یہ ہے کہ اس نے بے حیائی کے کاموں کو حرام فرمایا۔ (صحیح البخاری: ۵۲۲۳)

اپنی تعریف کو پسند کرنا

اللہ تعالیٰ جو اپنی تعریف کو پسند فرماتا ہے، یہ اس طرح نہیں ہے جس طرح ہم اپنی تعریف کو پسند کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنی اطاعت کو پسند فرماتا ہے اور اس کی تعریف فرماتا ہے تاکہ اس پر ثواب عطا فرمائے اور بندہ اس ثواب سے فائدہ اٹھائے، اس کا یہ معنی نہیں ہے کہ بندے کی اطاعت سے اللہ تعالیٰ کو کوئی فائدہ ہو یا اللہ تعالیٰ جو اپنی تعریف فرماتا ہے اس سے اس کو کوئی فائدہ ہو، جب کہ ہم اپنی تعریف کو اس لئے پسند کرتے ہیں کہ اس سے ہم کو فائدہ ہو اور لوگوں کے سامنے ہماری قدر و منزلت میں اضافہ ہو، پس ظاہر ہو گیا کہ یہ کہنا غلط ہے کہ جب اللہ تعالیٰ اپنی تعریف کو پسند فرماتا ہے تو ہم کیوں نہ اپنی تعریف کو پسند کریں کیونکہ دونوں میں فرق ہے۔ (التوضیح لشرح الجامع الصحیح: ج ۲۲ ص ۳۳۹-۳۳۸، وزارۃ الاوقاف قطر ۱۴۲۹ھ)

۸۔ بَابٌ: وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۰۲﴾ (الانعام: ۱۰۲)

۸۔ باب: اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور وہ ہر چیز کا نگہبان ہے ○ (الانعام: ۱۰۲) کی تفسیر

وَكِيْلٌ حَفِيْظٌ وَ مُحِيْطٌ بِهٖ۔

وکیل: حفیظ اس کا معنی ہے: وہ اس کو محیط ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۰۲﴾ (الانعام: ۱۰۲)

اور وہ ہر چیز کا نگہبان ہے ○

امام ابوعبیدہ نے بھی وکیل کی تفسیر حفیظ اور محیط کے ساتھ کی ہے۔ ایک اور آیت میں ہے:

وَاٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا ﴿۲﴾ (بنی اسرائیل: ۲)

اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور اسے بنی اسرائیل کے لئے ہدایت بنایا کہ میرے سوا کسی کو کارساز نہ ٹھہراؤ ○

اس آیت میں وکیل کی تفسیر میں ایک قول یہ ہے کہ اس کا معنی شریک ہے یعنی تم اللہ کے سوا کسی کو اس کا شریک نہ بناؤ جس کی طرف تمہارے امور مفوض ہوں، اور دوسری تفسیر یہ ہے کہ اس کا معنی کفیل ہے یعنی لوگوں کو رزق دینے کا اللہ کے سوا کوئی کفیل نہیں ہے۔

قُبُلًا جَمْعُ قَبِيْلٍ وَالْمَعْنٰى اَنَّهٗ ضُرُوْبٌ لِلْعَذَابِ، كُلُّ ضَرْبٍ مِنْهَا قَبِيْلٌ۔

قُبُلاً قبیل کی جمع ہے اور اس کا معنی ہے: عذاب کی قسمیں اور اس کی ہر قسم ایک قبیل ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ (الانعام: ۱۱۱)

اور اگر ہم ان کی طرف فرشتوں کو بھی نازل کرتے اور مردے ان سے باتیں کرتے اور ہم ہر چیز کو ان کے سامنے جمع کر دیتے، تب بھی وہ ایمان نہ لاتے، سوائے اس کے کہ اللہ کی مشیت ہوتی لیکن ان میں سے اکثر لوگ جاہل ہیں ○

تفسیر میں مذکور ہے کہ قُبُلًا قبیلہ کی جمع ہے یعنی فوجًا فوجًا اور صنفًا صنفًا اور اخفش نے کہا: قبیلًا، قبیلًا اور اس آیت کے علاوہ قبیلًا کفیل کے معنی میں ہوتا ہے اور عریف (کار مختار) کے معنی میں ہوتا ہے۔ اور اس سے امام بخاری نے عذاب کی انواع اور اقسام کی طرف اشارہ کیا ہے اور بعض لوگوں نے اس لفظ کو قاف کے کسرہ اور باء کے فتح کے ساتھ قِبَلًا پڑھا ہے اور اس کا معنی ہے: مقابلہ اور معاینہ (یعنی بالمقابل اور سامنے ہونا)۔

Marfat.com

زُخْرُفَ الْقَوْلِ كُلُّ شَيْءٍ حَسَّنْتَهُ وَشَيَّنْتَهُ، وَهُوَ بَاطِلٌ فَهُوَ زُخْرُفٌ۔

زُخْرُفَ الْقَوْل ہر اس بات کو کہتے ہیں جس کو تم خوش نما اور آراستہ بناؤ اور وہ واقع میں باطل ہو تو وہ زُخْرُفٌ ہے یعنی وہ ملمع کاری اور مصنوعی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَ الْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا۔ (الانعام:۱۱۲)

اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے لئے شیطان انسانوں اور جنوں کو دشمن بنا دیا جو (لوگوں کو) دھوکے میں ڈالنے کے لئے ایک دوسرے کو خوش نما باتیں القا کرتے رہتے ہیں۔

زُخْرُفٌ کا معنی ہے: کسی باطل چیز کو خوبصورت بنانا اور مزین کرنا جیسے پیتل کے اوپر سونے کا پانی چڑھانا تاکہ دیکھنے والے اسے سونا سمجھیں، مجاہد نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ کفار جن اور شیاطین، شیاطین انس کی طرف وحی کرتے تھے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یارسول اللہ! کیا انسانوں میں بھی شیاطین ہوتے ہیں؟ فرمایا: ہاں! اس حدیث کی امام ابن جریر نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

وَحَرْثٌ حِجْرٌ حَرَامٌ وَكُلُّ مَمْنُوعٍ فَهُوَ حِجْرٌ مَحْجُوْرٌ وَالْحِجْرُ كُلُّ بِنَاءٍ بَنَيْتَهُ وَيُقَالُ لِلْأُنْثَى مِنَ الْخَيْلِ حِجْرٌ وَيُقَالُ لِلْعَقْلِ حِجْرٌ وَحِجًى وَأَمَّا الْحِجْرُ فَمَوْضِعُ ثَمُوْدَ وَمَا حَجَرْتَ عَلَيْهِ مِنَ الْأَرْضِ فَهُوَ حِجْرٌ وَمِنْهُ سُمِّيَ حَطِيْمُ الْبَيْتِ حِجْرًا كَأَنَّهُ مُشْتَقٌّ مِنْ مَحْطُوْمٍ مِثْلُ قَتِيْلٍ مِنْ مَقْتُوْلٍ وَأَمَّا حَجْرُ الْيَمَامَةِ فَهُوَ مَنْزِلٌ۔

وَحَرْثٌ حِجْرٌ کا معنی ہے: جو کھیت حرام ہو اور ہر ممنوع چیز کو حِجر مَحْجُور کہتے ہیں اور حجر اس عمارت کو بھی کہتے ہیں جس کو تم نے بنایا ہو اور مادہ گھوڑیوں کو بھی کہتے ہیں اور عقل کو بھی حجر اور حِجی کہتے ہیں اور اَصْحَابُ الْحِجْر سے مراد اہل ثمود کی بستی والے ہیں اور جس زمین کو تم لوگوں کے آنے سے اور جانوروں کے چرانے سے روک دو، اس کو بھی حجر کہتے ہیں۔ خانہ کعبہ کے حطیم کو حجر کہنا بھی اسی سے ماخوذ ہے اور وہاں حطیم محطوم کے معنی میں ہے، جیسے قتیل مقتول کے معنی میں ہے، رہا یمامہ کا حجر تو وہ ایک مقام کا نام ہے۔

علامہ عینی فرماتے ہیں: یہ تکرار بلا فائدہ ہے، کیونکہ اس کا ذکر درج ذیل آیت کے تحت آچکا ہے:

وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا۔ (الاعراف:۷۳)

اور (قوم) ثمود کی طرف ان کے مشفق ہم قبیلہ صالح کو (بھیجا)۔

اور یہ آیت:

وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ (الحجر:۸۰)

اور بے شک (وادیٔ) حجر والوں نے رسولوں کو جھٹلایا O

اس آیت میں الْحِجْرِ سے مراد قوم ثمود کی جگہ ہے اور وہ جو امام بخاری نے ذکر کیا ہے کہ حَرْثٌ حِجْرٌ کا معنی ہے: حرام (آخر عبارت تک) اس کو صحیح بخاری کے دوسرے ناقلین نے ذکر نہیں کیا اور یہ اولیٰ ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۱۰-۳۰۹، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۹۔ بَابٌ: قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ۔ (الانعام:۱۵۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ کہئے کہ تم اپنے ان گواہوں کو پیش کرو۔ (الانعام:۱۵۰) کی تفسیر

امام بخاری نے یہاں پوری آیت ذکر نہیں کی، پوری آیت اس طرح ہے:

Marfat.com

قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ۔ (الانعام:۱۵۰)

آپ کہئے کہ تم اپنے ان گواہوں کو پیش کرو جو یہ گواہی دیں کہ اللہ نے اس کو حرام کیا ہے، پس اگر وہ یہ (جھوٹی) گواہی دیں تو (اے مخاطب!) تم ان کے ساتھ گواہی نہ دینا۔

لُغَةُ أَهْلِ الْحِجَازِ هَلُمَّ لِلْوَاحِدِ وَالاثْنَيْنِ وَالْجَمْعِ

یہ اہل حجاز کی لغت ہے، هَلُمَّ واحد، تثنیہ اور جمع کے لئے آتا ہے۔

یعنی اہل حجاز کے نزدیک هَلُمَّ واحد، تثنیہ اور جمع تینوں کی صلاحیت رکھتا ہے اور اہل نجد کے نزدیک واحد مذکر کے لئے هَلُمَّ ہے اور واحد مونث کے لئے هَلُمِّی ہے اور دونوں کے لئے تثنیہ هَلُمَّا ہے اور جمع مذکر کے لئے هَلُمُّوا ہے اور جمع مونث کے لئے هَلُمُمْنَ ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۱۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت ۱۴۲۱ھ)

۴۶۳۵۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا عُمَارَةُ حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ لَاتَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا فَإِذَا رَآهَا النَّاسُ آمَنَ مَنْ عَلَيْهَا فَذَاكَ حِينَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالواحد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عمارہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابوزرعہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی حتیٰ کہ سورج مغرب سے طلوع ہوگا، پس اس وقت جب لوگ اس کو دیکھیں گے تو جو زمین پر ہوں گے ایمان لے آئیں گے اور یہی وہ وقت ہوگا جب کسی ایسے شخص کو ایمان لانے سے نفع نہیں ہوگا جو پہلے سے ایمان نہیں لایا ہوگا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۸۵ میں گزر چکی ہے۔

۱۰۔ بَابٌ: يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا۔ (الانعام:۱۵۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تو کسی ایسے شخص کو ایمان لانے سے نفع نہیں ہوگا۔ (الانعام:۱۵۸) کی تفسیر

امام بخاری نے یہاں پوری آیت ذکر نہیں کی، پوری آیت اس طرح ہے:

يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ۭ قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ۝ (الانعام:۱۵۸)

جس دن آپ کے رب کی بعض نشانیاں آ جائیں گی تو کسی ایسے شخص کو ایمان لانے سے نفع نہیں ہوگا جو اس سے پہلے ایمان نہ لایا ہو یا اس نے اپنے ایمان میں کوئی نیکی نہ کی ہو، آپ کہئے کہ تم بھی انتظار کرو ہم بھی انتظار کر رہے ہیں ○

۴۶۳۶۔ حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ لَاتَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَطْلُعَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالرزاق نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں معمر نے خبر دی از ھمام از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، انہوں نے

Marfat.com

الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا فَإِذَا طَلَعَتْ وَرَآهَا النَّاسُ آمَنُوا أَجْمَعُونَ وَذَلِكَ حِينَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا ثُمَّ قَرَأَ الْآيَةَ۔

بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی حتیٰ کہ سورج مغرب سے طلوع ہوگا، جب سورج (مغرب سے) طلوع ہوگا اور لوگ اس کو دیکھ لیں گے تو سب لوگ ایمان لے آئیں گے اور یہ اس وقت ہوگا جب کسی نفس کو اس کا ایمان نفع نہیں دے گا (الانعام: ۱۵۸) پھر آپ نے یہ پوری آیت پڑھی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۸۵ میں گزر چکی ہے، تاہم ضروری امور بیان کئے جا رہے ہیں:

باب مذکور کے موافق دیگر احادیث

علامہ عمر بن علی ابن الملقن الشافعی متوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

امام مسلم اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں: جب تین چیزوں کا خروج ہو جائے گا تو کسی ایسے شخص کا ایمان لانا نفع نہیں دے گا جو پہلے ایمان نہ لایا ہو یا جس شخص نے اپنے ایمان لانے کے بعد کوئی نیک کام نہ کیا ہو: (۱) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا۔ (۲) دجال کا نکلنا۔ (۳) دابۃ الارض کا نکلنا۔ (صحیح مسلم: ۱۵۸)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: سورج کے ساتھ چاند بھی اسی وقت میں طلوع ہوگا گویا کہ وہ دونوں ایک ساتھ چلنے والے اونٹ ہیں، پھر انہوں نے یہ آیت پڑھی:

وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۝ (القیامہ: ۹) اور سورج اور چاند اکٹھے کر دیئے جائیں گے ○

اس حدیث کی امام طبری نے روایت کی ہے۔ (تفسیر طبری ج ۵ ص ۴۰۹)

قیامت کی پہلی نشانیوں میں اختلاف ہے۔ امام مسلم نے حضرت ابن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ پہلی نشانیاں یہ ہیں: سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، دابۃ الارض کا نکلنا، ان میں سے جس کا بھی پہلے ظہور ہو، دوسرے کا اس کے بعد خروج ہوگا۔ (صحیح مسلم: ۲۹۴۱)

نعیم بن حماد سے روایت ہے کہ صفوان بن عسال نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مغرب میں توبہ کا ایک دروازہ ہے، اس کا عرض ستر یا چالیس سال کی مسافت ہے۔ وہ اس وقت تک بند نہیں کیا جائے گا حتیٰ کہ سورج مغرب سے طلوع ہو، پھر آپ نے درج ذیل آیت کی تلاوت کی:

يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا۔ (الانعام: ۱۵۸)

جس دن آپ کے رب کی بعض نشانیاں آ جائیں گی تو کسی ایسے شخص کو ایمان لانے سے نفع نہیں ہوگا جو اس سے پہلے ایمان نہ لایا ہو یا اس نے اپنے ایمان میں کوئی نیکی نہ کی ہو۔

اس حدیث کی امام ترمذی نے روایت کی ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے۔ (سنن ترمذی: ۳۵۳۶)

امام طبرانی روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب سورج مغرب سے طلوع ہوگا تو ابلیس سجدے میں گر پڑے گا اور بلند آواز سے کہے گا کہ اے معبود! مجھے حکم دے کہ تو جس کے لئے چاہے میں اس کو سجدہ کروں، پھر (دوزخ کے) فرشتے اس کے پاس جمع ہو کر کہیں گے: یہ کیسا گڑگڑانا ہے؟ ابلیس کہے گا: میں نے اپنے

Marfat.com

رب سے سوال کیا تھا کہ مجھے اس وقت معلوم تک مہلت دے اور یہ وقت معلوم ہے، پھر دابۃ الارض صفا پہاڑ کے شگاف سے نکلے گا، پس وہ اپنا پہلا قدم انطاکیہ میں رکھے گا، پھر وہ ابلیس کے پاس آ کر اس کو ایک تھپڑ مارے گا۔ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے اس حدیث کی روایت میں عثمان بن سعید متفرد ہے۔ (المعجم الاوسط: ۹۴)

امام ابن المنذر نے الشعبی سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جب پہلی نشانیاں نکلیں گی تو قلم پھینک دیئے جائیں گے اور کراماً کاتبین کو روک دیا جائے گا اور اجسام اپنے اعمال پر گواہی دیں گے۔

سورج کے مغرب سے طلوع ہونے کے وقت ایمان لانے کے غیر مفید ہونے کا سبب

علماء نے ذکر کیا ہے کہ جب سورج مغرب سے طلوع ہوگا تو اس وقت کسی نفس کو اس کا ایمان لانا مفید نہیں ہوگا، کیونکہ اس وقت لوگوں کے دلوں سے تمام باطل خواہشات ختم کر دی جائیں گی اور بدن کی قوتوں میں سے ہر قوت کمزور ہو جائے گی اور تمام لوگ اس پر یقین کریں گے کہ قیامت قریب آ گئی ہے، جیسے جس شخص پر اس کی موت کا وقت قریب آ جائے تو ہر قسم کی معصیت کے محرکات ختم ہو جاتے ہیں اور اس کے بدن سے وہ محرکات ماؤف ہو جاتے ہیں، پس جو شخص اس وقت توبہ کرے تو اس کی توبہ قبول نہیں ہوگی جیسے جو شخص موت کے حاضر ہونے کے وقت توبہ کرے تو اس کی توبہ قبول نہیں ہوتی، کیونکہ حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ بندے کی توبہ اس وقت تک قبول فرماتا ہے جب تک کہ روح اس کے بدن سے نکل کر حلقوم تک نہیں پہنچ جاتی۔

(سنن ترمذی: ۳۵۳۷، مسند احمد ج ۲ ص ۱۳۲)

یعنی جس وقت اس کی روح حلق سے نکل جاتی ہے اور یہ معاینہ کا وقت ہوتا ہے جب وہ دیکھتا ہے کہ اس کا ٹھکانا دوزخ میں ہے یا جنت میں، پس سورج کے مغرب سے طلوع ہونے کے دیکھ لینے کو بھی اس کی مثل قرار دینا چاہئے، اس بناء پر جو بھی اس وقت توبہ کرے تو اس کی توبہ مردود ہوگی۔

ثعلبی نے بیان کیا ہے کہ سورج کو مغرب سے طلوع کرانے کی حکمت یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے نمرود سے فرمایا تھا:

قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ۔ (البقرہ: ۲۵۸)

ابراہیم نے فرمایا: بے شک اللہ سورج کو مشرق سے لاتا ہے تو اس کو مغرب سے لے آ تو بدحواس (ہو کر عاجز) ہو گیا کافر۔

اس سے معلوم ہوا کہ سورج کا مغرب سے نکلنا صرف اس وقت ہوگا جب کسی کی توبہ قبول نہیں ہوگی۔

عمران بن حصین سے روایت ہے کہ مغرب سے طلوع شمس کے وقت توبہ اس لئے قبول نہیں ہوگی کہ اس وقت ایک زبردست چنگھاڑ کی آواز آئے گی جسے سن کر کئی لوگ ہلاک ہو جائیں گے، پس جو شخص اس وقت اسلام لایا یا اس نے توبہ کی اور وہ اس چنگھاڑ کو سن کر ہلاک ہو گیا تو اس کی توبہ قبول نہیں ہوگی اور جس نے اس کے بعد توبہ کی تو اس کی توبہ قبول ہوگی۔ (تفسیر قرطبی ج ۷ ص ۱۴۸-۱۴۶)

علامہ قرطبی متوفی ۶۶۸ھ نے کہا ہے کہ مغرب سے طلوع کا وقت حدیث میں ذکر کے مطابق اس وقت کے ساتھ مخصوص ہے، کیونکہ یہ وہ وقت ہے کہ جس میں سب سے پہلے عالم علوی میں تغیر ہوگا اور جب سے اللہ تعالیٰ نے اس عالم کو پیدا کیا ہے اس وقت سے لے کر قیامت تک اس عالم میں کوئی تغیر نہیں ہوا تھا اور اس کے علاوہ جو دوسری قیامت کی پہلی نشانیاں ہیں، (مثلاً دابۃ الارض اور دجال وغیرہ کا خروج) اس نوع کی متقارب چیزوں کا اس سے پہلے ظہور ہوگا، پس جب ایسا ہو جائے گا اور ہر قلب میں کفر یا ایمان جو کچھ بھی ہے، اس کے موافق اس کے قلب کے اوپر مہر لگا دی جائے گی تو اللہ تعالیٰ دابۃ الارض کو نکالے گا تاکہ ان کے دلوں میں کفر یا ایمان جو بھی ہے، وہ معلوم ہو جائے، پس دابۃ الارض ان کے اوپر ایسی نشانی لگا دے گا جس سے وہ پہچان لئے جائیں گے

Marfat.com

اور لکھ دے گا کہ یہ مومن ہیں اور یہ کافر ہیں۔ (المفہم ج ۷ ص ۲۴۲)

میں کہتا ہوں کہ علامہ ابن ملقن متوفی ۸۰۴ھ نے جو تفسیر القرطبی کا حوالہ دیا ہے وہ علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ کی تصنیف ہے اور وہ صاحب المفہم کے شاگرد ہیں، جن کا نام ہے: علامہ ابوالعباس احمد بن عمر ابراہیم القرطبی متوفی ۶۵۶ھ، انہوں نے صحیح مسلم کی شرح المفہم کے نام سے لکھی ہے۔ گویا استاد نے حدیث کی کتاب صحیح مسلم کی شرح لکھی ہے اور شاگرد نے قرآن مجید کی تفسیر الجامع لاحکام القرآن کے نام سے لکھی ہے اور اس ناکارہ پر اللہ کا احسان اور انعام واکرام ہے کہ اس نے مجھے قرآن مجید کی تفسیر لکھنے کی بھی توفیق دی اور صحیح مسلم کی شرح لکھنے کی بھی ہمت عطا کی۔ تفسیر تبیان القرآن کی بارہ ضخیم جلدیں ہیں اور شرح صحیح مسلم کی سات ضخیم جلدیں ہیں۔ اور اب صحیح البخاری کی شرح لکھنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔

ایک قول یہ ہے کہ سورج کے مغرب سے طلوع ہونے کے بعد ایمان اس لئے نفع نہیں دے گا کیونکہ اس کے بعد قیامت قائم ہوگی، پس جب اس کا مشاہدہ کرلیا جائے گا تو اس پر بداہۃً ایمان حاصل ہو جائے گا اور یہ ایمان بالمشاہدہ ہوگا اور یہ ایمان بالغیب نہیں ہوگا جس کے ہم مکلف ہیں۔

مقاتل نے کہا ہے کہ قرآن مجید میں ہے کہ اس وقت کسی نفس کو اس کا ایمان لانا مفید نہیں ہوگا (الانعام: ۱۵۸) اس سے مراد ہے: نفس کافر کو اس وقت ایمان لانا مفید نہیں ہوگا، پس جس کو اس سے پہلے عمل نے نفع نہیں دیا تھا تو اس کے بعد بھی ایمان نفع نہیں دے گا۔ (التوضیح لشرح الجامع صحیح ج ۲۲ ص ۳۵۰-۳۴۳، ملخصاً، وزارۃ الاوقاف قطر، ۱۴۲۹ھ)

سورۃ الانعام کی تفسیر یہاں پر ختم ہوگئی ہے اور اب ان شاء اللہ سورۃ الاعراف کی تفسیر شروع ہوگی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۷۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْاَعْرَافِ

سورۃ الاعراف کی تفسیر

سورۃ الاعراف کا تعارف

ابوالعباس نے اپنی کتاب ''مقامات التنزیل'' میں لکھا ہے کہ سورۃ الاعراف مکی ہے اور اس میں اختلاف ہے۔ الکلبی نے ذکر کیا ہے کہ اس کی پندرہ (۱۵) آیات مدنی ہیں جو اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ (الاعراف: ۱۵۲) سے لے کر وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِیْ (الاعراف: ۱۵۷) تک ہیں، اور وَسْئَلْهُمْ عَنِ الْقَرْیَةِ الَّتِیْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ (الاعراف: ۱۶۳) سے لے کر وَدَمَّرْنَا مَا فِیْهِ (الانعام: ۱۶۹) تک ہیں، اور اس میں ایک اور آیت ہے: وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ (الاعراف: ۲۰۴) ایک جماعت نے ذکر کیا ہے کہ یہ آیت جمعہ کے دن خطبہ میں نازل ہوئی اور جمعہ صرف مدینہ میں ہوتا تھا۔

سورۃ الاعراف میں دوسو چھ (۲۰۶) آیات ہیں جو کوفی اور مکی ہیں اور دوسو پانچ (۲۰۵) آیات بصری اور شامی ہیں۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَ بِرِیْشًا (الاعراف: ۲۶) الْمَالُ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ (الاعراف: ۵۵) فِی الدُّعَاءِ وَفِی غَیْرِهٖ عَفَوْا (الاعراف: ۹۵) كَثُرُوا وَكَثُرَتْ اَمْوَالُهُمْ اَلْفَتَّاحُ (سبا: ۲۶) اَلْقَاضِی اِفْتَحْ بَیْنَنَا (الاعراف: ۸۹) اُقْضِ بَیْنَنَا نَتَقْنَا الْجَبَلَ (الاعراف: ۱۷۱) رَفَعْنَا فَانْۢبَجَسَتْ (الاعراف: ۱۶۰) اِنْفَجَرَتْ مُتَبَّرٌ (الاعراف: ۱۳۹) خُسْرَانٌ اٰسٰی (الاعراف: ۹۳) اَحْزَنُ تَاْسَ (المائدہ: ۲۶، ۶۸) تَحْزَنْ وَقَالَ غَیْرُهٗ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ (الاعراف: ۱۲) یَقُوْلُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ یَخْصِفٰنِ (الاعراف: ۲۲) اَخَذَا الْخِصَافَ مِنْ وَرَقِ الْجَنَّةِ یُؤَلِّفَانِ الْوَرَقَ یَخْصِفَانِ الْوَرَقَ بَعْضَهٗ اِلٰی بَعْضٍ سَوْاٰتِهِمَا (الاعراف: ۲۰) كِنَایَةٌ عَنْ فَرْجَیْهِمَا وَمَتَاعٌ اِلٰی حِیْنٍ (الاعراف: ۲۴) هُوَ هَا هُنَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ وَالْحِیْنُ عِنْدَ الْعَرَبِ مِنْ سَاعَةٍ اِلٰی مَالَا یُحْصٰی عَدَدُهٗ الرِّیَاشُ وَالرِّیْشُ وَاحِدٌ وَهُوَ مَا ظَهَرَ مِنَ اللِّبَاسِ وَ قَبِیْلُهٗ (الاعراف: ۲۷) قَبِیْلُهُ الَّذِیْ هُوَ مِنْهُمْ اٰذَارَكُوْا (الاعراف: ۳۸)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: وَرِیْشًا (الاعراف: ۲۶) کا معنی ہے: مال۔ اَلْمُعْتَدِیْنَ (الاعراف: ۵۵) اس کا معنی ہے: دعاء اور اس کے غیر میں تجاوز کرنے والے۔ عَفَوْا (الاعراف: ۹۵) اس کا معنی ہے: وہ کثیر ہوگئے اور ان کے مال بہت زیادہ ہوگئے۔ اَلْفَتَّاحُ (سبا: ۲۶) اس کا معنی ہے: فیصلہ کرنے والا۔ اِفْتَحْ بَیْنَنَا (الاعراف: ۸۹) اس کا معنی ہے: ہمارے درمیان فیصلہ کردے۔ وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ (الاعراف: ۱۷۱) اس کا معنی ہے: جب ہم نے پہاڑ کو اٹھایا۔ فَانْۢبَجَسَتْ (الاعراف: ۱۶۰) اس کا معنی ہے: چشمے پھوٹ پڑے۔ مُتَبَّرٌ (الاعراف: ۱۳۹) اس کا معنی ہے: خسارہ اور نقصان۔ اٰسٰی (الاعراف: ۹۳) اس کا معنی ہے: میں غمگین ہوتا ہوں۔ تَاْسَ (المائدہ: ۲۶، ۶۸) اس کا معنی ہے: تم غم کرو اور دوسروں نے کہا: مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ (الاعراف: ۱۲) اس کا معنی ہے: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: تجھ کو سجدہ کرنے سے کس نے روکا۔ یَخْصِفٰنِ (الاعراف: ۲۲) اس کا معنی ہے: ان دونوں نے جنت کے پتے پکڑ لئے، وہ ان پتوں کو ایک دوسرے سے ملا کر لپیٹتے تھے۔ سَوْاٰتِهِمَا (الاعراف: ۲۰) یہ ان کی شرمگاہوں سے کنایہ

Marfat.com

اجْتَمَعُوا وَمَشَاقُّ الْإِنْسَانِ وَالدَّابَّةِ كُلُّهَا يُسَمَّى سُمُومًا وَاحِدُهَا سَمٌّ وَهِيَ عَيْنَاهُ وَمَنْخِرَاهُ وَفَمُهُ وَأُذُنَاهُ وَدُبُرُهُ وَإِحْلِيلُهُ غَوَاشٍ (الاعراف: ۴۱) مَا غُشُّوا بِهِ نُشْرًا (الاعراف: ۵۷) مُتَفَرِّقَةً نَكِدًا (الاعراف: ۵۸) قَلِيلًا يَغْنَوْا (الاعراف: ۹۲) يَعِيشُوا حَقِيقٌ (الاعراف: ۱۰۵) حَقٌّ وَاسْتَرْهَبُوهُمْ (الاعراف: ۱۱۶) مِنْ رَهَبْتُ تَلْقَفُ (الاعراف: ۱۱۷) تَلْقَمُ طَآئِرُهُمْ (الاعراف: ۱۳۱) حَظُّهُمْ طُوفَانٌ مِنَ السَّيْلِ وَيُقَالُ لِلْمَوْتِ الْكَثِيرِ الطُّوفَانُ وَالْقُمَّلَ (الاعراف: ۱۳۳) الْحُمْنَانُ يُشْبِهُ صِغَارَ الْحَلَمِ عُرُوشٌ وَعَرِيشٌ بِنَاءٌ سُقِطَ (الاعراف: ۱۴۹) كُلُّ مَنْ نَدِمَ فَقَدْ سُقِطَ فِي يَدِهِ أَسْبَاطًا (الاعراف: ۱۶۰) قَبَائِلُ بَنِي إِسْرَائِيلَ يَعْدُونَ فِي السَّبْتِ (الاعراف: ۱۶۳) يَتَعَدَّوْنَ لَهُ يُجَاوِزُونَ تَجَاوُزٌ بَعْدَ تَجَاوُزٍ تَعْدُ تُجَاوِزُ شُرَّعًا (الاعراف: ۱۶۳) شَوَارِعَ بَهِيئِسٍ (الاعراف: ۱۶۵) بَهِيئِسٍ (الاعراف: ۱۶۵) شَدِيدٍ أَخْلَدَ (الاعراف: ۱۷۶) إِلَى الْأَرْضِ قَعَدَ وَتَقَاعَسَ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ (الاعراف: ۱۸۲) أَيْ نَأْتِيهِمْ مِنْ مَأْمَنِهِمْ كَقَوْلِهِ تَعَالَى فَأَتَاهُمُ اللهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوا مِنْ جِنَّةٍ (الاعراف: ۱۸۴) مِنْ جُنُونٍ أَيَّانَ مُرْسَاهَا (النزعت: ۴۲) مَتَى خُرُوجُهَا فَمَرَّتْ بِهِ (الاعراف: ۱۸۹) بِهِ اسْتَمَرَّ بِهَا الْحَمْلُ فَأَتَمَّتْهُ يَنْزَغَنَّكَ (الاعراف: ۲۰۰) يَسْتَخِفَّنَّكَ طَيْفٌ مُلِمٌّ بِهِ لَمَّ وَيُقَالُ طَيْفٌ (الاعراف: ۲۰۱) وَهُوَ وَاحِدٌ يَمُدُّونَهُمْ (الاعراف: ۲۰۲) يُزَيِّنُونَ وَخِيفَةً (الاعراف: ۲۰۵) خَوْفًا خُفْيَةً (الاعراف: ۵۵) مِنَ الْإِخْفَاءِ وَالْآصَالِ (الاعراف: ۲۰۵) وَاحِدُهَا أَصِيلٌ وَهُوَ مَا بَيْنَ الْعَصْرِ إِلَى الْمَغْرِبِ كَقَوْلِهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا۔ (الفرقان: ۵)

ہے۔ وَمَتَاعٌ إِلَى حِيْنٍ (الاعراف: ۲۴) یعنی اس وقت سے لے کر قیامت تک اور حِيْنٍ کا عربوں کے نزدیک معنی ہے: ایک ساعت سے لے کر غیر متناہی ساعات تک اور رِيَاش اور رِيْش دونوں کا ایک معنی ہے یعنی ظاہری لباس۔ وَقَبِيلُهُ (الاعراف: ۲۷) اس کا معنی ہے: شیطان کا وہ گروہ جس میں سے وہ خود بھی ہے۔ ادَّارَكُوْا (الاعراف: ۳۸) اس کا معنی ہے: وہ جمع ہو جائیں گے، آدمی اور جانور سب کے سوراخ، اس کو سموم کہتے ہیں اور اس کا واحد سَمٌّ ہے اور وہ سوراخ کہ اس کی دو آنکھیں ہیں اور دو نتھنے ہیں اور منہ ہے اور اس کے دو کان ہیں اور اس کی مقعد کا سوراخ ہے اور اس کے آلہ تناسل کا سوراخ ہے۔ غَوَاشٍ (الاعراف: ۴۱) اس کا معنی ہے: جس سے ڈھانپے گئے یعنی غلاف۔ نُشُرًا (الاعراف: ۵۷) اس کا معنی ہے: متفرق۔ نَكِدًا (الاعراف: ۵۸) اس کا معنی ہے: تھوڑا۔ يَغْنَوْا (الاعراف: ۹۲) اس کا معنی ہے: وہ زندہ رہے یا آباد ہوئے۔ حَقِيقٌ (الاعراف: ۱۰۵) اس کا معنی برحق ہے یا واجب۔ وَاسْتَرْهَبُوهُمْ (الاعراف: ۱۱۶) یہ رَهَبْتُ سے ماخوذ ہے، اس کا معنی ہے: میں نے اس کو ڈرایا۔ تَلْقَفُ (الاعراف: ۱۱۷) اس کا معنی ہے: وہ نگلنے لگا۔ طَآئِرُهُمْ (الاعراف: ۱۳۱) اس کا معنی ہے: سیلاب کے طوفان سے ان کا حصہ، اور جب اس سے بہت زیادہ اموات ہوں تو اس کو طوفان کہتے ہیں۔ وَالْقُمَّلَ (الاعراف: ۱۳۳) اس کا معنی ہے: چھوٹی جوؤں کی طرح چیچڑیاں اور عُرُوْش اور عَرِيْش کا معنی ہے: عمارت۔ سُقِطَ (الاعراف: ۱۴۹) اس کا معنی ہے: ہر شخص جب نادم ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے کہ وہ اپنے ہاتھوں پر گر گیا۔ أَسْبَاطًا (الاعراف: ۱۶۰) اس کا معنی ہے: بنی اسرائیل کے قبائل۔ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ (الاعراف: ۱۶۳) اس کا معنی ہے: وہ ہفتہ کے دن حد سے تجاوز کرتے تھے۔ تَعَدِّی اس کا معنی ہے: حد سے تجاوز کرنا۔ شُرَّعًا (الاعراف: ۱۶۳) اس کا معنی ہے: پانی کے اوپر تیرتے ہوئے۔ بَهِيْسٍ (الاعراف: ۱۶۵) اس کا معنی ہے: سخت۔ أَخْلَدَ (الاعراف: ۱۷۶) اس کا معنی ہے: بیٹھا اور پیچھے ہٹ گیا۔ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ

Marfat.com

(الاعراف:۱۸۲) اس کا معنی ہے: جہاں سے ان کو خطرہ نہیں ہوگا ہم وہاں سے آئیں گے جیسا کہ اس آیت میں ہے، یعنی اللہ کا عذاب ان پر وہاں سے آیا جہاں سے ان کو گمان بھی نہ تھا۔ (الحشر:۲) مِّنْ جِنَّةٍ (الاعراف: ۱۸۴) اس کا معنی ہے: جنون اور دیوانگی۔ اَيَّانَ مُرْسٰهَا (النزعت: ۴۲) اس کا معنی ہے: اس کے نکلنے کا وقت کب ہوگا۔ فَمَرَّتْ بِهٖ (الاعراف:۱۸۹) اس کا معنی ہے: اس کا حمل برقرار رہا، پس اس کی مدت پوری ہوگئی۔ يَنْزَغَنَّكَ (الاعراف: ۲۰۰) اس کا معنی ہے: شیطان تم کو ڈگمگائے یا پھسلائے۔ طٰٓئِفٌ (الاعراف:۲۰۱) اس کا معنی ہے: شیطان کی طرف سے جو تمہیں وسوسہ آئے۔ طائِفٌ اور طَیْفٌ کا ایک ہی معنی ہے۔ يَمُدُّوْنَهُمْ (الاعراف: ۲۰۲) اس کا معنی ہے: وہ اس کو خوش نما بناتے ہیں۔ وَّخِيْفَةً (الاعراف:۲۰۵) اس کا معنی ہے: ڈر اور خوف۔ خُفْيَةً (الاعراف: ۵۵) اس کا معنی ہے: چپکے چپکے۔ وَالْاٰصَالِ (الاعراف:۲۰۵) اس کا واحد اَصِیْلٌ ہے اور اس کا معنی ہے: عصر سے لے کر مغرب تک کا وقت جیسا کہ اس آیت میں ہے: بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا (الفرقان:۵) یعنی صبح اور شام کے وقت۔

تعلیقات مذکورہ کی شرح

علامہ عمر بن علی ابن الملقن الشافعی متوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَرِيَاشًا الْمَالُ۔ حضرت ابن عباس نے کہا: وَرِيَاشًا کا معنی ہے: مال۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا۔ بے شک ہم نے تم پر ایسا لباس نازل کیا ہے جو تمہاری شرم گاہوں کو چھپاتا ہے اور تمہاری زینت (بھی) ہے۔ (الاعراف:۲۶)

اس تعلیق کی امام ابن ابی حاتم نے اپنی سند کے ساتھ علی بن ابی طلحہ سے روایت کی ہے۔ (تفسیر ابن ابی حاتم ج ۵ ص ۱۴۵۷)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: رِيْشًا اور رِيَاشًا دونوں قرأتیں ہیں۔

اور رِيَاشًا یہ عاصم کی قرأت ہے۔ (اَلْمُسْتَنِیْر ج ۱ ص ۲۴۶)

امام ابو حاتم نے کہا: یہ قراءت حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اور اس کا معنی ہے: رزق میں فراخی اور پرتعیش زندگی اور لباس کی کثرت۔ ابن الاعرابی نے کہا کہ اَلرِّيْش کا معنی ہے: کھانا اور پینا اور اَلرِّيَاش کا معنی ہے: حاصل شدہ مال۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: اَلرِّيْش کا معنی مال ہے جیسا کہ امام بخاری نے ذکر کیا ہے۔ ان سے ایک روایت ہے: لباس اور پرتعیش زندگی۔ (تفسیر طبری ج ۵ ص ۴۵۷)

Marfat.com

جب کوئی شخص مال دار ہو جائے تو کہا جاتا ہے: تَرَيَّشَ الرَّجُلُ (تفسیر طبری ج ۵ ص ۴۵۸، تفسیر ابن ابی حاتم ج ۵ ص ۱۴۵۷)

اور قطرب نے کہا: اَلرِّيش اور الرِّياش کا ایک معنی ہے، جیسے حِلٌّ اور حَلَالٌ کا ایک معنی ہے اور اخفش نے کہا: اس کا معنی ہے: کھیتوں کی اور فصلوں کی زرخیزی، اور القتبی نے کہا: اَلرِّيش اور اَلرِّياش کا معنی ہے: ظاہری لباس۔ (القرطبین ج ۱ ص ۱۷۶)

مقاتل نے کہا: یہ آیت ثقیف، بنو عامر بن صعصعہ، خزاعہ، بنو مدلج، عامر اور الحارث بن عبد کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا تھا: ہم ان کپڑوں میں بیت اللہ کا طواف نہیں کریں گے جن کپڑوں میں ہم نے گناہ کئے تھے اور ہم ریشم کا اور اون کا، اور بالوں سے بنا ہوا اور چمڑے سے بنا ہوا لباس نہیں پہنیں گے اور وہ بیت اللہ کا برہنہ طواف کرتے تھے اور ان کی عورتیں رات کو طواف کرتی تھیں۔

إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ فِي الدُّعَاءِ وَفِي غَيْرِهِ۔ — الْمُعْتَدِيْنَ (الاعراف: ۵۵) اس کا معنی ہے: دعاء اور اس کے غیر میں تجاوز کرنے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ (الاعراف: ۵۵) — تم اپنے رب کو گڑگڑا کر اور چپکے چپکے پکارو، بے شک وہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا O

امام طبرانی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ دعا میں حد سے تجاوز کرنے کو پسند نہیں فرماتا اور نہ ہی کسی اور کام میں۔ (تفسیر طبری ج ۵ ص ۵۱۵) دعا میں حد سے بڑھنے کا معنی یہ ہے کہ اپنی ضرورت سے زیادہ سوال کرے، یا گا گا کر سوال کرے یا زیادہ بلند آواز کے ساتھ سوال کرے، حالانکہ ہمیں یہ حکم دیا گیا ہے کہ گڑگڑا کر اور چپکے چپکے سوال کرو۔

عَفَوْا كَثُرُوا وَكَثُرَتْ أَمْوَالُهُمْ۔ — عَفَوْا (الاعراف: ۹۵) اس کا معنی ہے: وہ کثیر ہو گئے اور ان کے مال بہت زیادہ ہو گئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا۔ (الاعراف: ۹۵) — پھر ہم نے ان کی بدحالی کو خوش حالی سے بدل دیا حتیٰ کہ وہ خوب پھلے پھولے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: وہ کثیر ہو گئے اور ان کے مال بھی بہت زیادہ ہو گئے۔ (تفسیر طبری ج ۶ ص ۹)

اور مقاتل نے کہا کہ انہوں نے تکبر کیا اور وہ اترائے اور انہوں نے شکر ہی نہیں کیا، اور عَفَوْا کی اصل عَفْوٌ سے ہے جس کا معنی کثرت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَعْفُوا اللُّحٰی یعنی داڑھیاں بڑھاؤ۔ (صحیح البخاری: ۵۸۹۳) اور قتادہ نے کہا ہے کہ وہ مال کی فراوانی سے خوش ہوئے۔ (تفسیر طبری ج ۶ ص ۱۰)

اَلْفَتَّاحُ الْقَاضِي۔ — اَلْفَتَّاحُ (سباء: ۲۶) اس کا معنی ہے: فیصلہ کرنے والا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ۭ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ﴿۲۶﴾ (سباء: ۲۶) — فرما دیجئے: ہمارا رب ہم سب کو جمع کرے گا، پھر ہمارے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ فرما دے گا اور وہی بہترین فیصلہ کرنے والا، سب کچھ جاننے والا ہے O

Marfat.com

اَلْفَتَّاحُ کا معنی ہے: فیصلہ کرنے والا، قرآن مجید میں ہے: ہمارے درمیان فیصلہ فرمادے، اور قتادہ کہتے ہیں: میں اس کا معنی نہیں جانتا تھا حتیٰ کہ میں نے ذی یزن کی بیٹی سے سنا، وہ اپنے شوہر سے کہہ رہی تھی: اُفَاتِحُكَ یعنی میں تجھ سے فیصلہ کراتی ہوں۔

(تفسیر طبری ج ۶ ص ۴)

المؤرج نے کہا ہے کہ اَفْتَحُ کا معنی ہے: میں فیصلہ کرتا ہوں اور الفراء نے کہا کہ اہل عمان قاضی کو فاتح اور فَتَّاح کہتے ہیں۔

(معانی القرآن ج ۱ ص ۳۸۵)

افْتَحْ بَيْنَنَا اقْضِ بَيْنَنَا۔ اَفْتَحْ بَيْنَنَا (الاعراف:۸۹) اس کا معنی ہے: ہمارے درمیان فیصلہ کردے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾ (الاعراف:۸۹) اے ہمارے رب! ہمارے درمیان اور ہماری قوم کے درمیان حق کا فیصلہ فرمادے اور تو سب سے اچھا فیصلہ کرنے والا ہے O

اس کی شرح اوپر گزر چکی ہے۔

نَتَقْنَا الْجَبَلَ رَفَعْنَا۔ وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ (الاعراف:۱۷۱) اس کا معنی ہے: جب ہم نے پہاڑ کو اٹھایا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ۔ (الاعراف:۱۷۱) اور جب ہم نے ان کے اوپر پہاڑ (اس طرح) اٹھالیا تھا گویا کہ وہ ان کے اوپر سائبان ہے۔

نَتَقْنَا کا معنی ہے: ہم نے اوپر اٹھادیا۔

انْبَجَسَتْ انْفَجَرَتْ فَانْۢبَجَسَتْ (الاعراف:۱۶۰) اس کا معنی ہے: چشمے پھوٹ پڑے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا۔ (الاعراف:۱۶۰) تو اس سے بارہ چشمے پھوٹ پڑے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں کہ امام بخاری نے انْبَجَسَتْ کی تفسیر انفجرت کے ساتھ کی ہے، جیسا کہ سورۂ بقرہ میں ہے:

فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا۔ (البقرہ:۶۰) تو اس سے بارہ چشمے جاری ہوگئے۔

جس پتھر پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے لاٹھی ماری تھی وہ پتھر پہاڑ طور کا تھا، جس کو حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے ساتھ اٹھا کر لائے تھے، پس جب بنی اسرائیل اس جگہ پہنچے جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی لاٹھی سے ضرب لگائی تھی تو اس سے پانی کے بارہ چشمے نکل آئے تھے اور ہر قبیلہ نے اپنے اپنے چشمے سے پانی پیا۔

مُتَبَّرٌ خُسْرَانٌ۔ مُتَبَّرٌ (الاعراف:۱۳۹) اس کا معنی ہے: خسارہ اور نقصان۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَ بٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ (الاعراف:۱۳۹) بے شک جس کام میں یہ لوگ مصروف ہیں وہ برباد ہونے والا ہے اور جو کچھ یہ کر رہے ہیں، وہ سراسر غلط ہے O

Marfat.com

امام بخاری نے مُتَبَّرٌ کی تفسیر خسارے کے ساتھ کی ہے اور مُتَبَّرٌ کا لفظ تَبَار سے ماخوذ ہے، اور اس کا معنی ہلاک ہے اور یہی تَتْبِیْر ہے، اور جب کوئی شخص کسی کو توڑ پھوڑ دے اور ہلاک کر دے تو کہا جاتا ہے: تَبَّرَهُ تَتْبِیْراً۔

آسَى أَحْزَنُ۔ اٰسٰی (الاعراف: ۹۳) اس کا معنی ہے: میں غمگین ہوتا ہوں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ۝ (الاعراف: ۹۳) تو اب میں کافروں (کے عذاب) پر کیوں افسوس کروں ○

علامہ عینی فرماتے ہیں: یہاں پر دو لفظ ہیں: پہلا لفظ ہے: اٰسٰی اور یہ الاعراف: ۹۳ میں ہے جس کا معنی ہے: میں غم اور افسوس کروں، اور یہ حضرت شعیب علیہ السلام کے قول کی حکایت ہے جب انہوں نے اپنی قوم کے ہلاک ہونے کے بعد فرمایا: میں کیسے اس قوم کی ہلاکت پر افسوس کروں جو اپنے کفر کی وجہ سے ہلاک ہوئی، اور دوسرا لفظ ہے: تَاْسَ جس کی شرح آرہی ہے۔

تَأْسَ تَحْزَنْ۔ تَاْسَ (المائدہ: ۲۷، ۶۸) اس کا معنی ہے: تم غم کرو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ۝ (المائدہ: ۲۶) تو (اے موسیٰ!) غمگین نہ ہونا فرمان قوم (کے انجام) پر ○

اس تعلیق کی شرح سورۃ المائدہ: ۲۶، ۶۸ میں گزر چکی ہے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ مَا مَنَعَكَ أَنْ لَا تَسْجُدَ يَقُولُ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَسْجُدَ۔ اور دوسروں نے کہا: مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ (الاعراف: ۱۲) اس کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: تجھ کو سجدہ کرنے سے کس نے روکا؟

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ۔ فرمایا: تجھ کو سجدہ کرنے سے کس چیز نے منع کیا جب کہ میں نے تجھے حکم دیا تھا۔ (الاعراف: ۱۲)

علامہ عینی لکھتے ہیں کہ امام بخاری نے الاعراف: ۱۲ کو لکھنے کے بعد یہ کہا ہے کہ یہ کہا جاتا ہے کہ تجھ کو سجدہ کرنے سے کس نے منع کیا؟ اور اس قول سے یہ تنبیہ کی ہے کہ اس آیت میں لَا کا لفظ زائد ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ دوسری جگہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ۔ (ص: ۷۵) (اللہ نے) فرمایا: اے ابلیس! تجھے کس چیز نے روکا کہ تو سجدہ کرے اس کے لئے جسے میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا۔

علامہ عینی فرماتے ہیں کہ اگر الاعراف: ۱۲ میں لَا کو زائد نہ مانا جائے تو پھر تقدیر عبارت اس طرح ہوگی: تجھے سجدہ نہ کرنے پر کس نے برانگیختہ کیا۔

يَخْصِفَانِ أَخَذَا الْخِصَافَ مِنْ وَرَقِ الْجَنَّةِ يُؤَلِّفَانِ الْوَرَقَ يَخْصِفَانِ الْوَرَقَ بَعْضَهُ إِلَى بَعْضٍ سَوْآتِهِمَا كِنَايَةٌ عَنْ فَرْجَيْهِمَا۔ يَخْصِفٰنِ (الاعراف: ۲۲) اس کا معنی ہے: ان دونوں نے جنت کے درخت کے پتے پکڑ لئے۔ وہ ان پتوں کو ایک دوسرے سے ملا کر لپیٹتے تھے۔ سَوْاٰتِهِمَا یہ ان دونوں کی شرمگاہوں سے کنایہ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ۔ (الاعراف: ۲۲) پس جب انہوں نے اس درخت سے چکھا تو ان کی شرمگاہیں ان کے لئے ظاہر ہو گئیں اور وہ اپنے اوپر جنت کے پتے جوڑنے لگے۔

خِصَاف، خَصَفَة کی جمع ہے اور یہ اس ٹوکری کو کہتے ہیں جس میں کھجوریں رکھی جاتی ہیں، اور طَفِقَا افعال مقاربہ میں سے ہے، یعنی حضرت آدم اور حضرت حوا علیہما السلام اپنے اوپر جنت کے درخت کے پتے لپیٹنے لگے۔ ایک قول یہ ہے کہ وہ انجیر کا درخت تھا، تو جب حضرت آدم اور حواء علیہما السلام نے اس ممنوع درخت سے کھایا تو ان کی شرمگاہیں کھل گئیں۔ تفسیر میں ہے کہ ان دونوں کا لباس گر گیا اور ان کی شرمگاہیں ظاہر ہو گئیں اور وہ دونوں اپنی طرف نہیں دیکھتے تھے اور نہ ایک دوسرے کی طرف دیکھتے تھے۔ امام بخاری نے جو کہا ہے کہ یہ شرم گاہ سے کنایہ ہے، اس پر یہ اعتراض ہے کہ یہ کنایہ نہیں ہے۔ الجوہری نے کہا کہ اَلسَّوْاٰۃ کا معنی شرمگاہ ہے۔

وَمَتَاعٌ إِلَى حِينٍ هُوَ هَا هُنَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَالْحِينُ عِنْدَ الْعَرَبِ مِنْ سَاعَةٍ إِلَى مَالَا يُحْصَى عَدَدُهُ۔

وَ مَتَاعٌ اِلٰی حِیْنٍ (الاعراف: ۲۴) یعنی اس وقت سے لے کر قیامت تک اور حِیْنٌ کا عربوں کے نزدیک معنی ہے: ایک ساعت سے لے کر غیر متناہی ساعات تک۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ۝ (الاعراف: ۲۴)

اور تمہارے لئے زمین میں ٹھہرنے کی جگہ ہے اور ایک مدت تک فائدہ اٹھانا ہے O

امام بخاری نے اس پر تنبیہ کی ہے کہ حِیْنٍ سے مراد یہاں پر قیامت تک کا وقت ہے، پھر امام بخاری نے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ عرب کے نزدیک حِیْن کا لفظ اعداد کثیرہ کے لئے استعمال ہوتا ہے، اور اس کی کم سے کم مقدار ایک ساعت یا ایک گھنٹہ ہے، علامہ ابن الاثیر نے کہا کہ حِیْنٍ کا معنی وقت ہے اور لغت کی کتاب ''مغرب'' میں مذکور ہے کہ حِیْنٍ کا لفظ مبہم ہے، قلیل اور کثیر پر واقع ہوتا ہے۔

الرِّيَاشُ وَالرِّيشُ وَاحِدٌ وَهُوَ مَا ظَهَرَ مِنَ اللِّبَاسِ۔

اور رِیَاش اور رِیْش دونوں کا ایک معنی ہے: یعنی ظاہری لباس۔

اس تعلیق کی شرح اوپر گزر چکی ہے۔

قَبِيلُهُ جِيلُهُ الَّذِي هُوَ مِنْهُمْ۔

وَ قَبِیْلُهٗ (الاعراف: ۲۷) اس کا معنی ہے: شیطان کا وہ گروہ جس میں سے وہ خود بھی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَ قَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ۔ (الاعراف: ۲۷)

بے شک وہ (شیطان) اور اس کا قبیلہ تمہیں دیکھتا ہے جہاں سے تم انہیں نہیں دیکھ سکتے۔

امام بخاری نے قَبِیْل کی تفسیر جِیْل کے ساتھ کی ہے۔ علامہ ابن الاثیر نے کہا ہے: اس کا معنی ہے: لوگوں کی ایک قسم، ترک بھی ایک جیل ہے اور چین بھی ایک جیل ہے، اور یہاں جِیْل سے مراد شیطان اور اس کا قبیلہ ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ اس سے مراد گھوڑ سوار اور پیادہ ہیں اور دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد اس کی ذُرِّیَّت ہے اور تیسرا قول ہے کہ اس سے مراد اس کے اصحاب ہیں۔

ادَّارَكُوا اجْتَمَعُوا۔

اِدَّارَكُوْا (الاعراف: ۳۸) اس کا معنی ہے: وہ جمع ہو جائیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ؕ حَتّٰۤى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا۔ (الاعراف: ۳۸)

جب بھی کوئی جماعت (دوزخ میں) داخل ہوگی تو وہ اپنی جیسی جماعت پر لعنت کرے گی، حتیٰ کہ جب اس میں سب جمع ہو جائیں گے۔

Marfat.com

امام بخاری نے اِذَا ادَّارَکُوْا کی تفسیر اِجْتَمَعُوْا کے ساتھ کی ہے، یعنی وہ جمع ہو گئے۔ مقاتل نے کہا کہ جب بھی ایک ملت والے دوزخ میں داخل ہوں گے تو وہ اپنی ملت والوں پر لعنت کریں گے، پس یہود، یہود کو لعنت کریں گے اور نصاریٰ، نصاریٰ کو لعنت کریں گے اور مجوس، مجوس کو لعنت کریں گے، اور اس آیت میں اُخت سے مراد ہے: دین اور ملت کی اخوت نہ کہ نسب کی اخوت اور حتیٰ اِذَا ادَّارَکُوْا کا معنی ہے: جب وہ دوزخ میں جمع ہو جائیں گے۔ اصل میں یہ لفظ تَدَارَکُوْا تھا، پھر تاء کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا۔

وَمَشَاقُّ الْإِنْسَانِ وَالدَّابَّةِ كُلُّهَا يُسَمَّى سُمُومًا وَاحِدُهَا سَمٌّ وَهِيَ عَيْنَاهُ وَمَنْخِرَاهُ وَفَمُهُ وَأُذُنَاهُ وَدُبُرُهُ وَإِحْلِيلُهُ۔

آدمی اور جانور سب کے سوراخ کو سَمُوْم کہتے ہیں اور اس کا واحد سَمٌّ ہے اور وہ سوراخ اس کی دو آنکھیں ہیں اور دو نتھنے ہیں اور منہ ہے اور اس کے دو کان ہیں اور اس کی مقعد کا سوراخ ہے اور اس کے آلہ تناسل کا سوراخ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے لفظ سَمٌّ کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے، جو درج ذیل آیت میں ہے:

وَلَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ۔ (الاعراف:۴۰)

اور وہ اس وقت تک جنت میں داخل نہیں ہوں گے حتیٰ کہ اونٹ سوئی کے ناکے (سوراخ) میں داخل ہو جائے۔

اس تعلیق میں مشاق الانسان کا ذکر ہے۔ اور صحیح بخاری کے دوسرے نسخوں میں مسام الانسان کا ذکر ہے۔ اور دونوں کا معنی ایک ہے، اور وہ ہے: انسان کے سوراخ۔

غَوَاشٍ مَا غُشُّوا بِهِ۔

غَوَاشٍ (الاعراف:۴۱) اس کا معنی ہے: جس میں ڈھانپے گئے یعنی غلاف۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ۔ (الاعراف:۴۱)

ان کے لئے دوزخ (کی آگ) کا بچھونا ہوگا اور ان کے اوپر اسی کا اوڑھنا ہوگا۔

امام بخاری نے غَوَاشٍ کے لفظ کی اس کے ساتھ تفسیر کی ہے جس کو ڈھانپ لیا گیا ہو، جیسے لحاف یا لباس بدن کو ڈھانپ لیتا ہے، اس طرح دوزخ کے اوپر تلے طبقات ہیں اور ہر اوپر والا طبقہ نیچے والے طبقہ کو ڈھانپ لیتا ہے۔

نُشُرًا مُتَفَرِّقَةً۔

نُشُرًا (الاعراف:۵۷) اس کا معنی ہے: متفرق۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ نُشُرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ۔ (الاعراف:۵۷)

وہی ہے جو متفرق ہواؤں کو بھیجتا ہے اپنی رحمت کے سامنے۔

امام بخاری نے نشرا کی تفسیر متفرق کے ساتھ کی ہے اور فن تفسیر میں مذکور ہے کہ نُشُرٌ نُشُوْرٌ کی جمع ہے اور یہ اس لطیف ہوا کو کہتے ہیں جو ہر جانب سے چلتی ہے۔ (ہماری قرأت میں یہ لفظ بُشْرًا ہے، اور اس کا معنی ہے: بارش کی خوش خبری دینے والی ہوائیں)۔

نَكِدًا قَلِيلًا۔

نَكِدًا (الاعراف:۵۸) اس کا معنی ہے: تھوڑا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

وَالَّذِیْ خَبُثَ لَا یَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا۔ (الاعراف:۵۸) اور جو خراب زمین ہوتی ہے، اس کی پیداوار صرف تھوڑی سی نکلتی ہے۔

امام بخاری نے نَكِدًا کی تفسیر قلیلًا کے ساتھ کی ہے اور امام ابوعبیدہ نے اس کی تفسیر عُسْرًا یعنی شدت کے ساتھ کی ہے۔

یَغْنَوْا یَعِیشُوا۔ یَغْنَوْا (الاعراف:۹۲) اس کا معنی ہے، وہ زندہ رہے یا آباد ہوئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَلَّذِیْنَ كَذَّبُوْا شُعَیْبًا كَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا فِیْهَا۔ (الاعراف:۹۲) جن لوگوں نے شعیب (علیہ السلام) کی تکذیب کی تھی، (وہ صفحۂ ہستی سے اس طرح مٹ گئے) گویا کہ کبھی ان گھروں میں بسے ہی نہ تھے۔

امام بخاری نے یَغْنَوْا کی تفسیر یَعِیشُوا کے ساتھ کی ہے۔ اس کا معنی ہے: انہوں نے خوش گوار زندگی نہیں گزاری۔

حَقِیْقٌ حَقٌّ۔ حَقِیْقٌ (الاعراف:۱۰۵) اس کا معنی ہے برحق یا واجب۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

حَقِیْقٌ عَلٰٓی اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَی اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ۔ (الاعراف:۱۰۵) میرا یہ منصب ہے کہ میں اللہ کے متعلق حق کے سوا کوئی بات نہ کہوں۔

امام بخاری نے حَقِیْقٌ کی تفسیر حَقٌّ کے ساتھ کی ہے، یعنی اللہ تعالیٰ اس لائق ہے کہ اس کے متعلق حق کے سوا اور کوئی بات نہ کہی جائے۔

اسْتَرْهَبُوْهُمْ مِنَ الرَّهْبَةِ۔ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ (الاعراف:۱۱۶) یہ رَهَبْتُ سے ماخوذ ہے: اس کا معنی ہے: میں نے اس کو ڈرایا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْیُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۱۶﴾ (الاعراف:۱۱۶) موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: تم ڈالو! جب انہوں نے ڈالا تو لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا اور ان کو خوف زدہ کر دیا اور انہوں نے بہت بڑا جادو پیش کیا○

امام بخاری نے کہا کہ استرهبوهم، رُهْبَةٌ سے ماخوذ ہے، یعنی خوف اور اس کا معنی یہ ہے کہ فرعون کے جادوگر لوگوں کی آنکھوں پر جادو کرتے تھے یعنی جو چیز ان کی آنکھوں میں ڈالتے، لوگ سمجھتے کہ خارج میں اس کی کوئی حقیقت ہے اور وہ لوگوں کو اس سے ڈراتے اور لوگ اس سے خوف زدہ ہو جاتے۔

تَلَقَّفُ تَلْقَمُ۔ تَلْقَفُ (الاعراف:۱۱۷) اس کا معنی ہے: نگلنے لگا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاَوْحَیْنَآ اِلٰی مُوْسٰٓی اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِیَ تَلْقَفُ مَا یَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ (الاعراف:۱۱۷) اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو وحی فرمائی کہ تم اپنا عصا ڈال دو تو وہ فوراً ان کے جھوٹے طلسم کو نگلنے لگا○

امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ فرعون کے جادوگروں نے لاٹھیوں کو اور رسیوں کو سانپ بنا کر دکھایا تھا، ان سب کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اژدھے نے نگل لیا اور ظاہر ہو گیا کہ انہوں نے جو کچھ دکھایا تھا، وہ باطل ہے۔

طٰٓئِرُهُمْ حَظُّهُمْ طُوْفَانٌ مِنَ السَّیْلِ وَیُقَالُ لِلْمَوْتِ طٰٓئِرُهُمْ (الاعراف:۱۳۱) اس کا معنی ہے: سیلاب کے طوفان سے

Marfat.com

الْكَثِيرِ الطُّوفَانُ۔ ان کا حصہ اور جب اس سے بہت زیادہ اموات ہوں تو اس کو طوفان کہتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَلَآ اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ۝ (الاعراف:۱۳۱) سنو! ان کافروں کی نحوست اللہ کے نزدیک (ثابت) ہے، لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے○

امام بخاری نے طٰٓئِرٌ کی تفسیر حصہ کے ساتھ کی ہے اور امام ابوعبیدہ نے بھی اسی طرح اس کی تفسیر کی ہے۔

طوفان سیلاب سے ماخوذ ہے، اور موت کثیر کے لئے طوفان کہا جاتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ۔ پس ہم نے ان پر طوفان بھیجا اور چیچڑیاں اور جوئیں۔ (الاعراف: ۱۳۳)

امام بخاری نے طوفان کی تفسیر سیلاب سے کی ہے اور سیلاب کے معنی میں اختلاف ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: جب بہت زیادہ بارشیں ہوں جن سے فصلیں، کھیتیاں اور باغات تباہ ہو جائیں تو اس کو سیلاب کہتے ہیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے دوسری روایت ہے کہ سیلاب کا معنی ہے: کثرۃ الموت جیسا کہ یہاں بیان کیا ہے اور عطاء کا بھی یہی قول ہے۔

الْقُمَّلُ الْحُمْنَانُ يُشْبِهُ صِغَارَ الْحَلَمِ۔ وَالْقُمَّلَ (الاعراف: ۱۳۳) اس کا معنی ہے: چیچڑیاں جو چھوٹی جوؤں کے مشابہ ہوتی ہیں۔

امام بخاری نے قُمَّلٌ کی تفسیر وہ کی ہے جو اس آیت میں ہے۔ امام ابوعبیدہ نے کہا ہے کہ عرب کے نزدیک قُمَّلٌ چیچڑی کی ایک قسم ہے اور اس کا واحد حمنانۃٌ ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ قُمَّلٌ اس سُرسُری کو کہتے ہیں جو گندم وغیرہ سے نکلتی ہے اور ان سے ایک اور روایت ہے کہ قُمَّلٌ اس چھوٹی ٹڈی کو کہتے ہیں، جس کے پر نہیں ہوتے اور عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم نے کہا کہ قمل کا معنی ہے: پسو۔

عُرُوْشٌ وَعَرِيْشٌ بِنَاءٌ۔ عُرُوْش اور عریش کا معنی ہے: عمارت۔

امام بخاری نے اس تعلق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ دَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَ قَوْمُهٗ وَ مَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ۝ (الاعراف:۱۳۷) اور ہم نے فرعون اور اس کی قوم کی بنائی ہوئی عمارتوں اور جو کچھ وہ بناتے ہیں، ان کو تباہ و برباد کر دیا○

امام بخاری نے یہ بتایا ہے کہ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ کا معنی ہے: جو کچھ وہ بناتے تھے۔ اور امام بخاری نے جو عروش اور عریش کا معنی بیان کیا ہے، وہ صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ عُرُوْش عرش کی جمع ہے اور عرش کا معنی ہے: بادشاہ کا تخت اور مکان کی چھت، لہٰذا امام بخاری نے جو اس کا معنی بیان کیا ہے: وہ درست نہیں ہے۔

سُقِطَ كُلُّ مَنْ نَدِمَ فَقَدْ سُقِطَ فِي يَدِهٖ۔ سُقِطَ (الاعراف:۱۴۹) اس کا معنی ہے: ہر شخص جب نادم ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے کہ وہ اپنے ہاتھوں پر گر گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

وَلَمَّا سُقِطَ فِيْٓ اَيْدِيْهِمْ۔ (الاعراف:۱۴۹) اور جب ان کی خود فریبی کا طلسم جاتا رہا (یعنی جب وہ اپنے کئے پر نادم اور شرمسار ہو گئے)۔

امام بخاری نے سُقِطَ کی تفسیر ندامت کے ساتھ کی ہے اور علامہ جوہری نے بھی کہا ہے کہ سَقَطَ فی یدیہ کا معنی ہے: وہ نادم ہو گیا اور یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کے قصہ میں ہے، جنہوں نے زیورات کا بچھڑا بنا لیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے حال کی اس آیت میں خبر دی کہ جب وہ نادم ہو گئے اور انہوں نے جان لیا کہ وہ گمراہ ہو گئے ہیں، یعنی وہ اپنے کئے پر نادم ہو گئے ہیں۔

الْأَسْبَاطُ قَبَائِلُ بَنِي إِسْرَائِيلَ۔ اَلْاَسْبَاطِ (الاعراف:۱۶۰) اس کا معنی ہے: بنی اسرائیل کے قبائل۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا۔ (الاعراف:۱۶۰) اور ہم نے ان (بنو اسرائیل) کو بارہ قبیلوں میں گروہ در گروہ تقسیم کر دیا۔

امام بخاری نے اسباط کی تفسیر یہ کی ہے کہ وہ بنی اسرائیل کے قبائل ہیں۔ امام ابوعبیدہ نے بھی اسی طرح تفسیر کی ہے اور انہوں نے یہ اضافہ کیا ہے کہ اس کا واحد سِبط ہے۔ کہا جاتا ہے کہ تم کس سِبط سے ہو، یعنی کس قبیلے سے ہو۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد کو اسباط کہا جاتا ہے اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد کو قبائل کہا جاتا ہے۔ اس کا اشتقاق سِبْط سے ہے اور اس کا معنی ہے: پے در پے آنا اور سَبَط اس درخت کو کہتے ہیں، جو بہت گھنا ہو۔ حضرت حسن اور حسین رضی اللہ عنہما کو سِبطِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہا جاتا ہے کیونکہ ان کی ذُرِّیَّت دنیا میں بہت پھیل گئی۔

يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ يَتَعَدَّوْنَ لَهُ يُجَاوِزُوْنَ تَجَاوُزٌ بَعْدَ تَجَاوُزٍ تَعْدُ تُجَاوِزُ۔ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ (الاعراف: ۱۶۳) اس کا معنی ہے، وہ ہفتہ کے دن حد سے تجاوز کرتے تھے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَسْئَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ۔ (الاعراف:۱۶۳) اور ان سے اس بستی کے متعلق سوال کیجئے جو سمندر کے کنارے واقع تھی، جب وہ سنیچر (ہفتہ) کے دن تجاوز کرتے تھے۔

امام بخاری نے يَعْدُوْنَ کی تفسیر یتجاوزون کے ساتھ کی ہے، یعنی وہ حد سے گزرتے تھے۔ علامہ زمخشری نے کہا ہے کہ وہ ہفتہ کے دن شکار کرتے تھے، حالانکہ انہیں ہفتہ کے دن شکار کرنے سے منع کیا گیا تھا۔ دوسری تفسیر یہ ہے کہ وہ ہفتہ کے دن شکار کے آلات تیار کرتے تھے، حالانکہ انہیں یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ عبادت کے سوا اور کوئی کام نہیں کریں گے۔

شُرَّعًا شَوَارِعَ۔ شُرَّعًا (الاعراف: ۱۶۳) اس کا معنی ہے: پانی کے اوپر تیرتے ہوئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّ يَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِيْهِمْ۔ (الاعراف:۱۶۳) جب سنیچر کے دن مچھلیاں تیرتی ہوئی ان کے پاس آتی تھیں، اور جب سنیچر کا دن نہ ہوتا تو وہ ان کے پاس (اتنی کثرت سے) اس طرح نہیں آتی تھیں۔

امام بخاری نے ذکر کیا ہے کہ شُرَّعًا، شوارع کی جمع ہے اور یہ پانی کی سطح کے اوپر راستہ ہے۔

Marfat.com

بَيِّيس شَدِيد۔ بَيْئِيس (الاعراف:۱۶۵) اس کا معنی ہے: سخت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍ بَيْئِيْسٍ۔ اور ہم نے ظالموں کو سخت عذاب میں جکڑ لیا۔

(الاعراف:۱۶۵)

امام بخاری نے بَيْئِيْسٍ کی تفسیر شدید سے کی ہے یعنی سخت اور مجاہد نے کہا: اس کا معنی ہے: اَلِيْمٌ یعنی دردناک۔

أَخْلَدَ إِلَى الْأَرْضِ قَعَدَ وَتَقَاعَسَ۔ اَخْلَدَ (الاعراف:۱۷۶) اس کا معنی ہے: بیٹھا اور پیچھے ہٹ گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ۔ (الاعراف:۱۷۶) مگر وہ پستی کی طرف جھکا اور اپنی خواہش نفس کی پیروی کی۔

امام ابوعبیدہ نے کہا ہے کہ اَخْلَدَ کا معنی ہے: وہ زمین کی طرف لازم ہو گیا یعنی وہ دنیا کی زندگی اور اس کی زینت کی طرف لازم ہوا اور وہ دنیا کی لذتوں اور نعمتوں کی طرف بڑھا اور ان چیزوں نے اس کو دھوکے میں ڈال دیا اور وہ پستی میں گر گیا اور تَقَاعَسَ کا معنی ہے: اس نے تاخیر کی اور دیر کی اور وَلٰكِنَّهٗٓ کی ضمیر بلعم بن باعورا کی طرف راجع ہے۔ یہ بنی اسرائیل کے علماء میں سے تھا اور اس کی دعاء بہت قبول ہوتی تھی لیکن اس نے اپنے نفس کی خواہش کی پیروی کی اور یہ ایمان سے نکل گیا اور اس کا قصہ مشہور ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد امیہ بن ابی الصلت ہے، جس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا اور آپ کی پیروی نہیں کی، اور یہ مشرکین کے مددگاروں میں سے ہو گیا، اور بعض احادیث میں وارد ہے کہ یہ زبان سے ایمان لایا اور دل سے ایمان نہیں لایا اور اس کے کچھ ربانی اشعار بھی ہیں، جن میں حکمت اور فصاحت ہے، لیکن اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لئے اس کا دل نہیں کھولا۔

سَنَسْتَدْرِجُهُمْ أَيْ نَأْتِيهِمْ مِنْ مَأْمَنِهِمْ كَقَوْلِهِ تَعَالَى فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا۔ (الحشر:۲)

سَنَسْتَدْرِجُهُمْ (الاعراف:۱۸۲) اس کا معنی ہے: جہاں سے ان کو خطرہ نہیں ہوگا ہم وہاں سے آئیں گے، جیسا کہ اس آیت میں ہے: یعنی اللہ کا عذاب وہاں سے آیا جہاں سے ان کو گمان بھی نہ تھا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ۝ (الاعراف:۱۸۲) اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا! ہم ان کو بتدریج تباہی کی طرف اس طرح لے جائیں گے کہ ان کو پتا بھی نہیں چلے گا○

اِسْتِدْرَاج کا معنی ہے: کسی چیز کی طرف درجہ بہ درجہ لے جانا یا پہنچنا اور الحشر:۲ کے ساتھ تشبیہ کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اچانک پکڑ لیا، جیسا کہ دوسری آیت میں فرمایا ہے:

حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً۔ (الانعام:۴۴) جب وہ اترانے لگے ان چیزوں کے ساتھ، جو انہیں دی گئیں تو ہم نے انہیں اچانک پکڑ لیا۔

مِنْ جِنَّةٍ مِنْ جُنُوْنٍ۔ مِّنْ جِنَّةٍ (الاعراف:۱۸۴) اس کا معنی ہے: جنون اور دیوانگی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ۔ (الاعراف:۱۸۴) ان کے صاحب پر مطلقاً جنون نہیں ہے۔

اس آیت میں صاحب سے مراد سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور کفار آپ کے متعلق یہ کہتے تھے کہ آپ شاعر ہیں یا مجنون، تو اللہ تعالیٰ

Marfat.com

نے کفار کا رد فرمایا کہ مسلمانوں کے صاحب پر جنون نہیں ہے۔

أَيَّانَ مُرْسَاهَا مَتَى خُرُوجُهَا۔ أَيَّانَ مُرْسٰهَا (النزعت: ۴۲) اس کا معنی ہے: اس کے نکلنے کا وقت کب ہوگا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يَسْئَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسٰهَا۔ آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں: اس کے نکلنے کا وقت کب ہوگا۔ (النازعات: ۴۲، الاعراف: ۱۸۷)

امام ابوعبیدہ نے بھی اس آیت کی یہی تفسیر کی ہے اور امام طبری نے علی بن ابی طلحہ از ابن عباس رضی اللہ عنہما یہ تفسیر کی ہے کہ مُرْسٰهَا کا معنی ہے: اس کی انتہاء کب ہوگی اور قتادہ سے روایت ہے کہ اس کا معنی ہے: کب قائم ہوگی یعنی قیامت۔

فَمَرَّتْ بِهِ اسْتَمَرَّ بِهَا الْحَمْلُ فَأَتَمَّتْهُ۔ فَمَرَّتْ بِهٖ (الاعراف: ۱۸۹) اس کا معنی ہے: اس کا حمل برقرار رہا، پس اس کی مدت پوری ہوگئی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَمَّا تَغَشّٰهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيفًا فَمَرَّتْ بِهٖ۔ پھر مرد نے جب اسے ڈھانپ لیا تو اسے خفیف سا حمل ہوگیا، وہ اس کے ساتھ چل پھر رہی تھی۔ (الاعراف: ۱۸۹)

فَمَرَّتْ بِهٖ کی ضمیر حضرت حواء علیہا السلام کی طرف لوٹتی ہے، یعنی جب ان کو حضرت آدم علیہ السلام سے حمل ہوگیا تو انہوں نے حمل کی مدت کو پورا کیا۔

يَنْزَغَنَّكَ يَسْتَخِفَّنَّكَ۔ يَنْزَغَنَّكَ (الاعراف: ۲۰۰) اس کا معنی ہے: شیطان تم کو ڈگمگائے یا پھسلائے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَإِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ۔ اور (اے مخاطب!) اگر شیطان تمہیں کوئی وسوسہ ڈالے تو اللہ کی پناہ طلب کرو۔ (الاعراف: ۲۰۰)

امام بخاری نے يَنْزَغَنَّكَ کی تفسیر کی ہے: شیطان تم کو ڈگمگائے یا پھسلائے، اسی طرح امام ابوعبیدہ نے بھی اس کی تفسیر کی ہے۔ اور امام ابن جریر نے اس کی تفسیر میں کہا ہے: اگر شیطان آپ کو غضبناک کرے، اور آپ کو جاہل سے درگزر کرنے سے روکے، اور آپ کو جاہل سے بدلہ لینے پر برانگیختہ کرے تو آپ اللہ کی پناہ طلب کریں۔

طَيْفٌ مُلِمٌّ بِهِ لَمَمٌ وَيُقَالُ طَائِفٌ وَهُوَ وَاحِدٌ۔ طٰٓئِفٌ (الاعراف: ۲۰۱) اس کا معنی ہے: شیطان کی طرف سے جو تمہیں وسوسہ آئے۔ طَائِفٌ اور طَيْفٌ کا ایک ہی معنی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

إِنَّ الَّذِينَ اتَّقَوْا إِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ۔ بے شک جو لوگ اللہ سے ڈرتے ہیں، انہیں اگر شیطان کی طرف سے کوئی برا خیال چھو بھی جاتا ہے۔ (الاعراف: ۲۰۱)

امام ابوعبیدہ نے کہا ہے کہ طیف کا معنی ہے: لَمَمٌ اور لَمَمٌ کا اطلاق جنون کی ایک قسم پر، اور صغیرہ گناہوں پر کیا جاتا ہے۔ بعض

مفسرین نے اس کی تفسیر غضب کے ساتھ کی ہے اور بعض مفسرین نے اس کی تفسیر مَسِّ شیطان کے ساتھ کی ہے اور بعض نے اس کی تفسیر ارتکاب گناہ کے ساتھ کی ہے۔

يَمُدُّونَهُمْ يُزَيِّنُونَ۔ يَمُدُّونَهُمْ (الاعراف: ۲۰۲) اس کا معنی ہے: وہ اس کو خوش نما بناتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَإِخْوَانُهُمْ يَمُدُّونَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُونَ ﴿۲۰۲﴾ (الاعراف:۲۰۲) اور شیطانوں کے بھائی بند ان کو گمراہی میں کھینچتے ہیں، پھر وہ (ان کو گمراہ کرنے میں) کوئی کمی نہیں کرتے ○

امام ابوعبیدہ نے اس کی تفسیر میں کہا ہے: وہ ان کے لئے کفر اور گمراہی کو مزین کرتے ہیں۔

وَخِيفَةً خَوْفًا وَخُفْيَةً مِنَ الْإِخْفَاءِ۔ وَخِيفَةً اس کا معنی ہے: ڈر اور خوف۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیتوں کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَاذْكُرْ رَبَّكَ فِي نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَخِيفَةً۔ (الاعراف:۲۰۵) اور اپنے رب کو اپنے دل میں خوف اور عاجزی کے ساتھ یاد کرو۔

اور قرآن مجید میں خُفْیَہ بھی ہے، جس کا معنی ہے: چپکے چپکے، جیسا کہ اس آیت میں ہے:

اُدْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً۔ (الاعراف:۵۵) تم اپنے رب کو گڑگڑا کر اور چپکے چپکے پکارو۔

وَالْآصَالُ وَاحِدُهَا أَصِيلٌ وَهُوَ مَا بَيْنَ الْعَصْرِ إِلَى الْمَغْرِبِ كَقَوْلِهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا۔ وَالْاٰصَالِ (الاعراف: ۲۰۵) اس کا واحد اصیل ہے، اور اس کا معنی ہے: عصر سے لے کر مغرب تک کا وقت، جیسا کہ اس آیت میں ہے: بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا (الفرقان:۵) یعنی صبح اور شام کے وقت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَدُونَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ۔ (الاعراف:۲۰۵) اور زبان سے آواز بلند کئے بغیر صبح اور شام (اپنے رب کو) یاد کرو۔

امام ابوعبیدہ نے بھی یہی کہا ہے کہ اٰصَالٌ، اَصِیْل کی جمع ہے۔

نوٹ: ان تعلیقات کی شرح التوضیح ج ۲۲ ص ۳۵۶-۳۵۲ اور عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۳۲-۳۳۱ سے لی گئی ہیں۔

۱۔ بَابٌ: قُلْ إِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ۔ (الاعراف:۳۳) اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ کہئے کہ میرے رب نے تو صرف بے حیائی کے کاموں کو حرام کیا ہے خواہ وہ ظاہر ہوں، خواہ پوشیدہ (الاعراف: ۳۳) کی تفسیر

فواحش سے کیا مراد ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ بعض مفسرین نے اس کو عموم پر محمول کیا ہے۔ قتادہ سے روایت ہے کہ چھپ کر بے حیائی کے کام کئے جائیں خواہ کھلم کھلا بے حیائی کے کام کئے جائیں اور بعض مفسرین نے اس کو خصوص پر محمول کیا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ زمانہ جاہلیت میں لوگ چھپ کر زنا کرنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے اور کھلم کھلا زنا کرنے کو برا سمجھتے تھے، تب اللہ تعالیٰ نے مطلقاً زنا کو حرام قرار دیا خواہ چھپ کر کیا جائے، خواہ کھلم کھلا۔ (عمدۃ القاری: ج ۲۲ ص ۳۲۳۔۳۲۲)

Marfat.com

۴۶۳۷۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنه قَالَ قُلْتُ أَنْتَ سَمِعْتَ هَذَا مِنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ نَعَمْ وَرَفَعَهُ قَالَ لَا أَحَدَ أَغْيَرُ مِنَ اللهِ فَلِذَلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَلَا أَحَدَ أَحَبُّ إِلَيْهِ الْمِدْحَةُ مِنَ اللهِ فَلِذَلِكَ مَدَحَ نَفْسَهُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی، از عمرو بن مرۃ از ابی وائل از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ، عمرو بن مرہ رضی اللہ عنہ نے ابووائل سے پوچھا: کیا آپ نے یہ حدیث حضرت عبداللہ سے سنی ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں! اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کوئی شخص اللہ تعالیٰ سے زیادہ غیرت والا نہیں ہے۔ اسی لئے اس نے بے حیائی کے کاموں کو حرام فرما دیا خواہ وہ ظاہر ہوں خواہ باطن اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ کسی کو اپنی تعریف کرنا پسند نہیں ہے، اسی لئے اللہ نے اپنی تعریف کی ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۶۳۴ میں گزر چکی ہے۔

۲۔ بَابٌ: وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ؕ قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴۳﴾

(الاعراف: ۱۴۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جب موسیٰ ہمارے مقرر کئے ہوئے وقت پر آئے اور ان کے رب نے ان سے کلام فرمایا، تو عرض کیا: اے میرے رب! مجھے اپنی ذات دکھا کہ میں تجھے دیکھوں، فرمایا: تم مجھے ہرگز نہ دیکھ سکو گے، البتہ تم اس پہاڑ کی طرف دیکھو، اگر (میری تجلی کے باوجود) یہ اپنی جگہ برقرار رہا تو عنقریب تم بھی مجھے دیکھ سکو گے، پھر جب ان کے رب نے پہاڑ پر تجلی فرمائی تو اس کو ریزہ ریزہ کر دیا اور موسیٰ (علیہ السلام) بے ہوش ہو کر گر پڑے، پھر جب ان کو ہوش آیا تو کہا: تو پاک ہے، میں نے تیرے حضور توبہ کی اور میں ایمان لانے والوں میں سب سے پہلا ہوں ○ (الاعراف: ۱۴۳) کی تفسیر

میقات، رب کی تجلی، حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بے ہوشی، ان کی توبہ اور ان کے اول المومنین ہونے کا محمل

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

لِمِيْقَاتِنَا: اَلْمِيْقَاتُ وقت کا مصدر ہے، اصل میں یہ مِوْقَاتٌ تھا، واؤ ماقبل مکسور تھا تو اس کو یاء سے بدل دیا تو یہ میقات ہو گیا۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکتے: یعنی کسی بشر میں یہ طاقت نہیں ہے کہ دنیا میں میری طرف دیکھے اور جس نے دنیا میں میری طرف دیکھا تو وہ مر جائے گا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: اے میرے خدا! میں نے تیرا کلام سنا تو مجھے تیری طرف

Marfat.com

دیکھنے کا شوق ہوا، سو تو مجھے اپنی ذات دکھا تو میں تیری طرف دیکھوں، پھر اگر میں تیری طرف دیکھتے ہوئے مرجاؤں تو وہ مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ میں تیری طرف دیکھے بغیر زندہ رہوں۔

فَلَمَّا تَجَلّٰی رَبُّهٗ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: رب کی تجلی اس کے نور کا ظہور ہے اور حضرت عبداللہ بن سلام اور کعب احبار نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی عظمت سے صرف اتنی تجلی کی تھی جتنا سوئی کا ناکہ ہوتا ہے، اور السُّدی نے کہا: چھنگلی کے برابر۔ امام احمد اور امام ترمذی نے حضرت سہل بن سعد سے روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ستر ہزار حجابات میں سے ایک درہم کے برابر اپنے نور کو ظاہر کیا۔

جَعَلَهٗ دَكًّا: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: اس پہاڑ کو مٹی کا ڈھیر بنا دیا۔ ابوبکر الہذلی نے کہا: وہ پہاڑ زمین کی تہہ میں چلا گیا۔

وَخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا: یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام بے ہوش ہو کر گر گئے۔ وہ جمعرات کا دن اور یوم عرفہ تھا اور انہیں جمعہ کے دن تورات دی گئی اور وہ یوم نحر تھا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے صَعِقًا کی تفسیر بے ہوشی کے ساتھ کی ہے، اور قتادہ نے اس کی تفسیر موت کے ساتھ کی ہے، لیکن حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی تفسیر راجح ہے۔

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام ہوش میں آئے تو کہا: سُبْحَانَكَ: یعنی تیری ذات اس سے مبرہ ہے کہ کوئی تجھے دنیا میں دیکھے اور جو تجھے دنیا میں دیکھے گا، وہ مرجائے گا۔

تُبْتُ اِلَيْكَ: یعنی میں تجھے دنیا میں دیکھنے کے سوال سے توبہ کرتا ہوں، اور ایک قول یہ ہے کہ میں تیری اجازت سے پہلے تجھ سے سوال کرنے سے توبہ کرتا ہوں۔ دوسرا قول یہ ہے کہ میں اس اعتقاد سے توبہ کرتا ہوں کہ تجھے دنیا میں دیکھنا ممکن ہے۔ تیسرا قول یہ ہے کہ توبہ سے یہاں مراد ہے: بغیر کسی پیشگی گناہ کے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا۔ چوتھا قول یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بطور تسبیح سبحان اللہ کہا جیسا کہ مسلمانوں کی عادت ہے کہ وہ اللہ کی کسی نشانی کو دیکھ کر سبحان اللہ کہتے ہیں۔

اَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ: یعنی میں سب سے پہلے اس پر ایمان لانے والا ہوں کہ تجھے دنیا میں نہیں دیکھا جا سکتا، اور مجاہد نے کہا: میں بنی اسرائیل میں سے سب سے پہلے ایمان لانے والا ہوں۔

اس آیت میں مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم مجھے نہیں دیکھ سکتے، اس سے معتزلہ نے یہ استدلال کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو دنیا اور آخرت میں نہیں دیکھا جا سکتا، تو اس کا جواب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تواتر کے ساتھ یہ حدیث ثابت ہے کہ مومنین اللہ تعالیٰ کو آخرت میں دیکھیں گے، نیز اہلسنت نے اس سے استدلال کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دکھائی دینے کو پہاڑ کے اپنی جگہ برقرار رہنے پر موقوف کیا ہے اور پہاڑ کا اپنی جگہ برقرار رہنا ممکن ہے، سو جو اس پر معلق ہو وہ بھی ممکن ہی ہوگا نہ کہ محال۔

(عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۲۵-۳۲۲، دار الکتب العلمیہ، بیروت ۱۴۲۱ھ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: اَرِنِی یعنی مجھے دکھا، اس کا معنی ہے: مجھے (اپنا دیدار) عطا فرما۔

اس تعلیق کو امام طبری نے از علی بن ابی طلحہ از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما موصولاً روایت کیا ہے۔

۴۶۳۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْمَازِنِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رضی الله عنه قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْيَهُودِ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ قَدْ لُطِمَ وَجْهُهُ وَقَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از عمرو بن یحییٰ المازنی از والد خود از حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک یہودی شخص نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا جس

رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِكَ مِنَ الْأَنْصَارِ لَطَمَنِي وَجْهِي قَالَ ادْعُوهُ فَدَعَوْهُ قَالَ لِمَ لَطَمْتَ وَجْهَهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي مَرَرْتُ بِالْيَهُودِ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ وَالَّذِي اصْطَفَى مُوسَى عَلَى الْبَشَرِ فَقُلْتُ وَعَلَى مُحَمَّدٍ وَأَخَذَتْنِي غَضْبَةٌ فَلَطَمْتُهُ قَالَ لَا تُخَيِّرُونِي مِنْ بَيْنِ الْأَنْبِيَاءِ فَإِنَّ النَّاسَ يَصْعَقُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَكُونُ أَوَّلَ مَنْ يُفِيقُ فَإِذَا أَنَا بِمُوسَى آخِذٌ بِقَائِمَةٍ مِنْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ فَلَا أَدْرِي أَفَاقَ قَبْلِي أَمْ جُزِيَ بِصَعْقَةِ الطُّورِ۔

کے منہ پر تھپڑ مارا گیا تھا اور اس نے کہا: اے محمد! (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ کے اصحاب میں سے ایک انصاری شخص نے میرے منہ پر تھپڑ مارا۔ آپ نے فرمایا: اس کو بلاؤ، لوگوں نے اس کو بلایا، آپ نے اس سے پوچھا: تم نے اس کے منہ پر تھپڑ کیوں مارا ہے؟ انہوں نے کہا: یارسول اللہ! میں ایک یہودی کے پاس سے گزرا۔ میں نے سنا وہ کہہ رہا تھا کہ اس ذات کی قسم! جس نے موسیٰ کو تمام بشروں پر فضیلت دی، تو میں نے اس سے کہا: کیا سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی؟ تو اس نے کہا: ہاں! محمد پر بھی، تو مجھے بہت غصہ آیا اور میں نے اسے تھپڑ مار دیا۔ آپ نے فرمایا: مجھے انبیاء علیہم السلام کے درمیان فضیلت مت دو۔ کیونکہ قیامت کے دن لوگ بے ہوش ہوں گے، پس میں سب سے پہلے ہوش میں آؤں گا۔ اس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام عرش کے پایوں میں سے ایک پائے کو پکڑ کر کھڑے ہوں گے، پس میں از خود نہیں جانتا کہ آیا وہ مجھ سے پہلے ہوش میں آ گئے تھے یا طور کی بے ہوشی کے بدلے میں ان کو یہ جزا دی گئی (پھر ان کو بے ہوش نہیں کیا گیا)۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۴۱۲ میں گزر چکی ہے، تاہم چند ضروری امور کی وضاحت کی جا رہی ہے:

مجھے انبیاء علیہم السلام کے درمیان فضیلت مت دو: یعنی مجھے انبیاء علیہم السلام پر اس طرح فضیلت مت دو جس سے ان کی کمی لازم آئے، یا مجھے ان پر اس طرح فضیلت مت دو جو کسی جھگڑے کا موجب ہو۔

امام ابن ابی الدنیا نے لکھا ہے کہ جس نے یہودی کو تھپڑ مارا تھا وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے اور صحیح بخاری میں ہے: ایک انصاری

۴۶۳۹۔حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا شِفَاءُ الْعَيْنِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں مسلم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از عبدالملک از عمرو بن حریث از سعید بن زید از نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، آپ نے فرمایا: کھنبی ''من'' میں سے ہے۔ اور اس کا پانی آنکھوں کے لئے شفاء ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری ۴۴۷۸ میں گزر چکی ہے۔ اس حدیث میں کھنبی کے پانی میں دو احتمال ہیں: یا تو محض اس کا پانی شفاء ہے، یا اس کے پانی کو دواء میں ملا کر ڈالا جائے تو وہ آنکھوں کے لئے شفاء ہے۔

۴۔بَابٌ: قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۖ فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ الَّذِي يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَكَلِمَاتِهِ وَاتَّبِعُوهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿١٥٨﴾ (الاعراف:۱۵۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (اے رسول مکرم!) آپ کہئے: اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں، جس کی مِلک میں تمام آسمان اور زمینیں ہیں، اس کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے، وہی زندہ کرتا ہے اور وہی مارتا ہے، سو تم اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول پر جو نبی امی لقب ہیں، جو اللہ پر اور اس کے کلمات پر ایمان رکھتے ہیں، اور تم سب ان کی پیروی کرو تا کہ ہدایت پاؤ ○ (الاعراف:۱۵۸) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ مذکور الصدر آیت کے تحت لکھتے ہیں:

قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ: اللہ تعالیٰ اپنے نبی اور رسول محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرماتا ہے: اے محمد! آپ کہئے: اے لوگو! یہ خطاب ہر کالے اور گورے اور عربی اور عجمی کے لئے ہے کہ میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں۔

میں اللہ کا رسول ہوں: یعنی اللہ تعالیٰ نے مجھے بھیجا ہے جو ہر چیز کا خالق ہے، رب ہے اور مالک ہے اور اسی کے قبضے میں ملک ہے اور وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے، پس اللہ پر ایمان لاؤ۔ جب اللہ نے لوگوں کو یہ بتا دیا کہ آپ اللہ کے رسول ہیں (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تو اللہ نے آپ پر ایمان لانے کا حکم دیا، اور اپنے رسول نبی امی کی اتباع کا حکم دیا، جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا اور کتب قدیمہ میں تم کو بشارت دی گئی تھی کہ ان کی یہ یہ صفات ہیں۔

وَاتَّبِعُوهُ: یعنی ان کے طریقے پر چلو اور ان کے نقش قدم کی تلاش کرو تا کہ تم صراط مستقیم کی ہدایت پا جاؤ۔

(عمدۃ القاری: ج ۲۲ ص ۳۲۶)

۴۶۴۰۔حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَمُوسَى بْنُ هَارُونَ قَالَا حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي بُسْرُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو إِدْرِيسَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سلیمان بن عبدالرحمٰن اور موسیٰ بن ہارون نے حدیث بیان کی، ان دونوں نے کہا: ہمیں الولید بن مسلم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبداللہ بن العلاء بن زبر

Marfat.com

الْخَوْلَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ يَقُولُ كَانَتْ بَيْنَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ مُحَاوَرَةٌ فَأَغْضَبَ أَبُوبَكْرٍ عُمَرَ فَانْصَرَفَ عَنْهُ عُمَرُ مُغْضَبًا فَاتَّبَعَهُ أَبُوبَكْرٍ يَسْأَلُهُ أَنْ يَسْتَغْفِرَ لَهُ فَلَمْ يَفْعَلْ حَتَّى أَغْلَقَ بَابَهُ فِي وَجْهِهِ فَأَقْبَلَ أَبُو بَكْرٍ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ فَقَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ وَنَحْنُ عِنْدَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ أَمَّا صَاحِبُكُمْ هَذَا فَقَدْ غَامَرَ قَالَ وَنَدِمَ عُمَرُ عَلَى مَا كَانَ مِنْهُ فَأَقْبَلَ حَتَّى سَلَّمَ وَجَلَسَ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ وَقَصَّ عَلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ الْخَبَرَ قَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ وَغَضِبَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَجَعَلَ أَبُو بَكْرٍ يَقُولُ وَاللهِ يَا رَسُولَ اللهِ لَأَنَا كُنْتُ أَظْلَمَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ هَلْ أَنْتُمْ تَارِكُونَ لِي صَاحِبِي هَلْ أَنْتُمْ تَارِكُونَ لِي صَاحِبِي إِنِّي قُلْتُ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا فَقُلْتُمْ كَذَبْتَ وَقَالَ أَبُو بَكْرٍ صَدَقْتَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ غَامَرَ سَبَقَ بِالْخَيْرِ۔

نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے بسر بن عبیداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے ابو ادریس الخولانی نے حدیث بیان کی: انہوں نے کہا: میں نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے درمیان کچھ رنجش ہوگئی تو حضرت ابوبکر نے حضرت عمر کو غضبناک کر دیا، پس حضرت عمر وہاں سے ناراض ہو کر چلے گئے، پھر حضرت ابوبکر ان کے پیچھے گئے اور ان سے یہ سوال کیا کہ ان کو معاف کر دیں۔ حضرت عمر نے ان کو معاف نہ کیا اور ان کے منہ کے سامنے اپنا دروازہ بند کر لیا، پھر حضرت ابوبکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے، حضرت ابوالدرداء نے بتایا ہم اس وقت آپ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے یہ صاحب (یعنی حضرت ابوبکر) کسی سے لڑ کر آئے ہیں۔ حضرت ابوالدرداء نے بتایا کہ حضرت عمر اپنے فعل پر نادم ہوئے، پس وہ آئے حتیٰ کہ سلام کیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھ گئے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پورا واقعہ بتایا۔ حضرت ابوالدرداء نے بتایا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غضبناک ہوئے اور حضرت ابوبکر کہہ رہے تھے: اللہ کی قسم یارسول اللہ! میں ہی ظلم کرنے والا تھا، تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میرے لئے میرے صاحب کو چھوڑتے ہو؟ (پھر مکرر فرمایا:) کیا تم میرے لئے میرے صاحب کو چھوڑتے ہو؟ میں نے کہا تھا: اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں، تو تم لوگوں نے کہا: تم جھوٹ بولتے ہو، اور ابوبکر نے کہا: آپ نے سچ فرمایا۔ امام ابوعبداللہ نے کہا: غَامَرَ کا معنی ہے: نیکی میں سبقت لے لینا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۶۶۱ میں گزر چکی ہے۔

اس حدیث میں یہ تصریح ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سب سے پہلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرنے والے ہیں۔

۵۔ بَابٌ: وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ

(الاعراف: ۱۶۱)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور حِطَّةٌ (معاف کرنا) کہتے جاؤ۔ (الاعراف: ۱۶۱) کی تفسیر

۴۶۴۱۔ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں اسحاق نے حدیث بیان

Marfat.com

مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ رضی الله عنه يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ قِيلَ لِبَنِي إِسْرَائِيلَ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَقُولُوا حِطَّةٌ نَغْفِرْ لَكُمْ خَطَايَاكُمْ فَبَدَّلُوا فَدَخَلُوا يَزْحَفُونَ عَلَى أَسْتَاهِهِمْ وَقَالُوا حَبَّةٌ فِي شَعَرَةٍ۔

کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالرزاق نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں معمر نے خبر دی از ہمام بن منبہ، انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بنی اسرائیل سے کہا گیا تھا کہ دروازے میں جھکتے ہوئے داخل ہونا اور کہنا حِطَّةٌ (معاف کرنا) تو ہم تمہارے لئے تمہاری خطاؤں کو معاف کردیں گے، انہوں نے اس کو بدل دیا، پس وہ اپنی سرین پر گھسٹتے ہوئے داخل ہوئے اور کہا: دانہ جو میں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۴۰۳ میں گزر چکی ہے۔

۶۔ بَابٌ: خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۱۹۹﴾

(الاعراف:۱۹۹)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ عفو و درگزر کا طریقہ اختیار کیجئے، اور نیکی کا حکم دیجئے، اور جاہلوں سے اعراض کیجئے ○ (الاعراف:۱۹۹) کی تفسیر

اَلْعَفْو: معروف کا حکم دینے اور جاہلوں سے درگزر کی تفصیل

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو تین چیزوں کا حکم دیا ہے: (۱) معاف کرنے کا۔ (۲) نیکی کا حکم دینے کا۔ (۳) جاہلوں سے درگزر کرنے کا۔

امام طبری نے مجاہد سے روایت کی ہے کہ معاف کرنے کے حکم کا تعلق لوگوں کے اخلاق اور ان کے اعمال کے ساتھ ہے اور حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت صرف لوگوں کے اخلاق کے متعلق نازل کی ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، ضحاک اور سدی نے کہا کہ خُذِ الْعَفْوَ کا تعلق مسلمانوں کے اموال کے ساتھ ہے اور عَفو کا معنی ہے: زائد چیز، یعنی لوگوں کے اموال میں سے جو چیز زائد ہے، وہ لے لیں۔ امام ابن جریر نے کہا: یہ حکم زکوٰۃ کے نازل ہونے سے پہلے تھا اور امام ابن جوزی نے کہا ہے: یہ وہ صدقہ ہے جو زکوٰۃ سے پہلے لیا جاتا تھا، پھر زکوٰۃ سے اس کا حکم منسوخ ہوگیا۔ ایک قول یہ ہے کہ اس آیت میں نبی ﷺ کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ آپ مشرکین کو معاف کردیں اور ان پر سختی نہ کریں، اور یہ حکم جہاد کی فرضیت سے پہلے تھا اور اَلْعُرْف کی تفسیر ابھی آرہی ہے اور یہ جو فرمایا ہے کہ جاہلوں سے اعراض کریں، تو ان جاہلوں سے ابوجہل اور اس کے اصحاب مراد ہیں۔ ابن زید نے کہا: یہ حکم بھی جہاد کی آیات سے منسوخ ہوگیا۔

اَلْعُرف کا معنی ہے: اَلْمَعْرُوف

امام طبری نے السدی اور قتادہ سے روایت کی ہے کہ معروف میں رشتہ داروں سے میل ملاپ رکھنا، اور جو محروم ہوں، ان کو عطا کرنا اور جو ظالم ہوں، ان کو معاف کرنا یہ امور داخل ہیں۔ علامہ ابن جوزی نے کہا ہے: معروف سے مراد وہ امور ہیں جو اللہ عزوجل کی اطاعت میں معروف ہیں۔ الثعلبی نے کہا ہے: ہر نیک خصلت معروف ہے۔ عطا نے کہا ہے: اس سے مراد ہے: لا إله الا الله پر ایمان لانے کا حکم دینا۔ (عمدۃ القاری: ج ۲۲ ص ۳۲۹-۳۲۸)

Marfat.com

۴۶۴۲۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما قَالَ قَدِمَ عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنِ بْنِ حُذَيْفَةَ فَنَزَلَ عَلَى ابْنِ أَخِيهِ الْحُرِّ بْنِ قَيْسٍ وَكَانَ مِنَ النَّفَرِ الَّذِينَ يُدْنِيهِمْ عُمَرُ وَكَانَ الْقُرَّاءُ أَصْحَابَ مَجَالِسِ عُمَرَ وَمُشَاوَرَتِهِ كُهُولًا كَانُوا أَوْ شُبَّانًا فَقَالَ عُيَيْنَةُ لِابْنِ أَخِيهِ يَا ابْنَ أَخِي هَلْ لَكَ وَجْهٌ عِنْدَ هَذَا الْأَمِيرِ فَاسْتَأْذِنْ لِي عَلَيْهِ قَالَ سَأَسْتَأْذِنُ لَكَ عَلَيْهِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَاسْتَأْذَنَ الْحُرُّ لِعُيَيْنَةَ فَأَذِنَ لَهُ عُمَرُ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ قَالَ هِيْ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ فَوَاللهِ مَا تُعْطِينَا الْجَزْلَ وَلَا تَحْكُمُ بَيْنَنَا بِالْعَدْلِ فَغَضِبَ عُمَرُ حَتَّى هَمَّ أَنْ يُوقِعَ بِهِ فَقَالَ لَهُ الْحُرُّ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ إِنَّ اللهَ تَعَالَى قَالَ لِنَبِيِّهِ ﷺ ﴿خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِينَ ۝﴾ (الاعراف:۱۹۹) وَإِنَّ هَذَا مِنَ الْجَاهِلِينَ وَاللهِ مَا جَاوَزَهَا عُمَرُ حِينَ تَلَاهَا عَلَيْهِ وَكَانَ وَقَّافًا عِنْدَ كِتَابِ اللهِ۔

[طرف الحدیث:۷۲۸۶]

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعیب نے حدیث بیان کی، از الزہری، انہوں نے کہا: مجھے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے خبر دی کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بتایا کہ عیینہ بن حصن بن حذیفہ آئے تو وہ اپنے بھتیجے الحر بن قیس کے ہاں ٹھہرے اور یہ ان چند لوگوں میں سے تھے جن کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے قریب رکھتے تھے، جو لوگ قرآن مجید کے زیادہ عالم اور قاری ہوتے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مجلس میں ان کو زیادہ قرب حاصل ہوتا تھا اور ایسے لوگ آپ کے مشیر ہوتے تھے، خواہ وہ ادھیڑ عمر کے ہوں یا جوان ہوں۔ عیینہ نے اپنے بھتیجے سے کہا: اے میرے بھتیجے! تمہیں اس امیر کی مجلس میں بہت قرب حاصل ہے، سو میرے لئے بھی اس مجلس میں حاضر ہونے کی اجازت لے دو، حر بن قیس نے کہا: میں آپ کے لئے عنقریب ان سے اجازت حاصل کروں گا۔ حضرت ابن عباس نے بتایا: سو انہوں نے عیینہ کے لئے بھی حاضری کی اجازت طلب کی، پس حضرت عمر نے ان کو مجلس میں حاضر ہونے کی اجازت دے دی۔ جب وہ مجلس میں پہنچے تو کہنے لگے: اے ابن خطاب! قصہ یہ ہے اللہ کی قسم! تم ہمیں نہ مال دیتے ہو اور نہ ہمارے درمیان عدل و انصاف سے فیصلہ کرتے ہو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس بات پر سخت غصہ آیا حتیٰ کہ انہوں نے عیینہ کو مارنے کا ارادہ کیا۔ تب حر نے کہا: اے امیر المومنین! اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب کر کے فرمایا ہے: آپ عفو و درگزر کا طریقہ اختیار کیجئے، اور نیکی کا حکم دیجئے، اور جاہلوں سے اعراض کیجئے ○ (الاعراف:۱۹۹)۔ اور یہ شخص بھی جاہلوں میں سے ہے۔ اللہ کی قسم! جب حر نے یہ کہا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بالکل تجاوز نہ کیا اور قرآن سن کر حضرت عمر کی یہی حالت ہوتی تھی۔

مشکل الفاظ کے معنی

علامہ بدرالدین محمود بن عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

كُهُولًا: ابن فارس نے کہا: اس کا معنی ہے: جس شخص کے بال سفید ہو جائیں۔ المبرد نے کہا: جس شخص کی عمر تینتیس (۳۳) سال ہو۔

ھئ: یہ ڈانٹ ڈپٹ کا کلمہ ہے، اور دھمکانے کا کلمہ ہے اور ایک قول یہ ہے کہ یہ مبتداء ہے اور اس کی خبر محذوف ہے، یعنی قصہ یہ ہے، اور دوسرا قول یہ ہے کہ یہ اسماء افعال میں سے ہے۔ یہ اس شخص سے کہا جاتا ہے جس نے اپنے قول یا کسی کام میں زیادتی کی ہو۔

الجزل: اس کا معنی یہ ہے کہ تم ہمیں عطاء کثیر نہیں دیتے۔

وَقَّافًا: یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ اللہ کی کتاب سے بہت واقف تھے۔ جب وہ کوئی آیت سنتے تو ٹھہر جاتے اور اس کے حکم سے تجاوز نہ کرتے۔ (عمدۃ القاری: ج ۱۸ ص ۳۲۹)

۴۶۴۳۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ خُذْ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ قَالَ مَا أَنْزَلَ اللهُ إِلَّا فِي أَخْلَاقِ النَّاسِ

[طرف الحدیث: ۴۶۴۴]، (سنن ابوداؤد: ۴۷۸۷)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا ہمیں وکیع نے حدیث بیان کی، از ہشام از والد خود از حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ خذ العفو وامر بالعرف کے متعلق انہوں نے بتایا کہ اس کو اللہ تعالیٰ نے صرف لوگوں کے اخلاق کے متعلق نازل کیا ہے۔

خلق کی تعریف

اخلاق خُلُقٌ کی جمع ہے، اور خُلق اس ملکہ یا مہارت کو کہتے ہیں جس سے افعال بغیر غور وفکر کے صادر ہوتے ہیں۔ امام جعفر الصادق نے کہا ہے کہ قرآن مجید میں مکارم اخلاق کی اس سے زیادہ جامع آیت اور کوئی نہیں ہے اور شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ معاملہ اپنے نفس کے ساتھ ہوگا یا اپنے غیر کے ساتھ، اور ہر ایک کے متعلق اس آیت میں ہدایت ہے یا اس لئے کہ اخلاق کے اصول تین ہیں کیونکہ انسانی قویٰ بھی تین ہیں: عقلیہ، شہویہ اور غضبیہ اور ہر قوت کی ایک فضیلت ہے اور وہ کیفیت متوسطہ ہے اور عقلیہ کی کیفیت متوسطہ حکمت ہے، اور اسی کے ساتھ انسان نیکی کا حکم دیتا ہے اور قوت شہویہ کی کیفیت متوسطہ عفت ہے اور اسی سے انسان معاف کرتا ہے اور قوت غضبیہ کی کیفیت متوسطہ شجاعت ہے اور اسی سے انسان جاہلوں سے درگزر کرتا ہے۔

۴۶۴۴۔ وَقَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ بَرَّادٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ أَمَرَ اللهُ نَبِيَّهُ ﷺ أَنْ يَأْخُذَ الْعَفْوَ مِنْ أَخْلَاقِ النَّاسِ أَوْ كَمَا قَالَ۔

اور عبداللہ بن براد نے کہا: ہمیں ابو اسامہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشام نے حدیث بیان کی از والد خود از حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو یہ حکم دیا کہ لوگوں کے اخلاق میں سے معاف کرنے کو لے لیں یا جس طرح آپ نے فرمایا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۶۴۳ میں گزر چکی ہے۔

سورۃ الاعراف کی تفسیر یہاں پر ختم ہوگئی۔ اب ان شاء اللہ سورۃ الانفال کی تفسیر شروع ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۸۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْاَنْفَالِ

سورۃ الانفال کی تفسیر

سورۃ الانفال کا تعارف

سورۃ الانفال چار آیات کے سوا مدنی ہے اور جو چار آیات مکی ہیں، وہ یہ ہیں:

اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰہِ (الانفال: ۵۵،۲۲) وَاِذْ یَمْکُرُ بِکَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا (الانفال: ۳۰) اور ایک آیت کے مکی یا مدنی ہونے میں اختلاف ہے اور وہ یہ ہے: وَمَا کَانَ اللّٰہُ لِیُعَذِّبَھُمْ وَاَنْتَ فِیْھِمْ (الانفال: ۳۳) الحصار نے اپنی کتاب ''الناسخ والمنسوخ'' میں لکھا ہے کہ یہ آیت بالاتفاق مدنی ہے۔

سورۃ الانفال کی پچھتر (۷۵) آیات ہیں۔

۱۔ بَابٌ: یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْاَنْفَالِ ط قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰہِ وَالرَّسُوْلِ ج فَاتَّقُوا اللّٰہَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَیْنِکُمْ۔ (الانفال: ۱)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (اے رسول مکرم!) یہ آپ سے انفال (اموال غنیمت) کے متعلق سوال کرتے ہیں، آپ کہئے کہ انفال (کے حکم) کا اللہ اور اس کا رسول مالک ہیں، سو تم اللہ سے ڈرو اور آپس میں صلح رکھو۔ (الانفال: ۱) کی تفسیر

غنیمتوں کی تقسیم میں متعدد اقوال

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

یَسْئَلُوْنَکَ: یعنی اے محمد! (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ کے اصحاب آپ سے ان غنیمتوں کے متعلق سوال کرتے ہیں جن غنیمتوں کو آپ نے اور آپ کے اصحاب نے غزوۂ بدر میں حاصل کیا تھا کہ یہ غنیمتیں کس کے لئے ہیں؟ پس ایک قول یہ ہے کہ یہ اللہ اور اس کے رسول کے لئے ہیں۔ دوسرا قول یہ ہے کہ یہ انفال السرایا ہیں، یعنی لشکر کے افراد کو جو مال غنیمت کے اس کے حصے سے زائد دیا جاتا ہے۔ تیسرا قول یہ ہے کہ مشرکین مسلمانوں کی طرف جو غلام یا سواری چھوڑ گئے تھے، وہ مراد ہے۔ چوتھا قول یہ ہے کہ غنیمتوں کی تقسیم کے بعد غنیمتوں کے سامان سے جو چیز گر جائے تو وہ نفل ہے، سو وہ اللہ اور اس کے رسول کے لئے ہے۔ پانچواں قول یہ ہے کہ نفل سے مراد وہ خمس ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اہل خمس کے لئے مقرر کیا ہے۔

النحاس نے کہا ہے: اس آیت کی تفسیر میں کئی اقوال ہیں اور اکثر اس پر متفق ہیں کہ یہ آیت درج ذیل آیت سے منسوخ ہے:

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰہِ خُمُسَہٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنِ وَابْنِ

اور (اے مسلمانو!) یاد رکھو! تم جتنا بھی مال غنیمت حاصل کرو تو بے شک اس مال غنیمت کا پانچواں حصہ اللہ کے لیے اور رسول کے

Marfat.com

السَّبِيْلِ۔(الانفال:۴۱) لئے ہے، اور (رسول کے) قرابت داروں کے لئے ہے، اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کے لئے ہے۔

اور بعض مفسرین نے کہا ہے کہ یہ آیت محکمہ ہے اور ائمہ کے لئے جائز ہے کہ وہ اس آیت پر عمل کریں، پس جس کو چاہیں نَفَل دیں، یعنی اس کی کارکردگی کی بناء پر اس کو مال غنیمت سے زائد حصہ دیں، جب کہ اس میں مسلمانوں کی اجتماعی مصلحت ہو۔

(عمدۃ القاری ج ۱۸ ج ۳۳۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت ۱۴۲۱ھ)

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْأَنْفَالُ الْمَغَانِمُ قَالَ قَتَادَةُ رِيحُكُمْ الْحَرْبُ يُقَالُ نَافِلَةٌ عَطِيَّةٌ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: (الانفال:۱) اس کا معنی ہے: غنیمتیں۔ قتادہ نے کہا: رِيْحُكُمْ (الانفال:۴۶) اس کا معنی ہے: جنگ۔ کہا جاتا ہے کہ نافلۃ کا معنی عطیہ ہے۔

تعلیق مذکور کی شرح

علامہ عمر بن علی ابن الملقن الشافعی متوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

اس تعلیق کو امام ابن ابی حاتم نے اپنی تفسیر میں سند موصول کے ساتھ روایت کیا ہے۔ (تفسیر ابن ابی حاتم: ج ۵ ص ۱۶۴۹)

أنفال کا واحد نَفَل ہے، اور اس کا معنی ہے: زیادہ۔ اس لئے امام بخاری نے اس کے بعد کہا ہے کہ کہا جاتا ہے: نافلۃ کا معنی عطیہ ہے اور یہ وہ چیز ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اس امت کے لئے حلال میں زیادہ کیا، کیونکہ اس سے پہلی امتوں میں یہ حرام تھا، اسی وجہ سے فرض سے زائد رکعات کو نماز میں نفل کہا جاتا ہے، کیونکہ یہ فرض سے زیادہ ہیں، اور ایک قول کے مطابق درج ذیل آیت میں نافلہ کا معنی ''زیادہ'' ہے۔

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ ۭ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً۔(الانبیاء:۷۲) اور ہم نے انہیں اسحاق عطا فرمائے اور (اسحاق پر) زائد یعقوب۔

اور قتادہ نے کہا: (وتذهب رِيحُكُمْ)، اس کا معنی ہے: جنگ، اس اثر کی امام عبدالرزاق نے معمر سے روایت کی ہے۔

(تفسیر عبدالرزاق: ج ۱ ص ۲۳۸)، (التوضیح: ج ۲۲ ص ۳۷۳۔ ۳۷۲)

۴۶۴۵۔ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ أَخْبَرَنَا أَبُو بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما سُورَةُ الْأَنْفَالِ قَالَ نَزَلَتْ فِي بَدْرٍ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے محمد بن عبدالرحیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سعید بن سلیمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشیم نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو بشر نے خبر دی از سعید بن جبیر، انہوں نے کہا: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سورۃ الانفال کے متعلق پوچھا: تو انہوں نے کہا: یہ غزوۂ بدر میں نازل ہوئی تھی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۰۲۹ میں گزر چکی ہے، تاہم چند ضروری امور بیان کئے جا رہے ہیں:

سورۃ الانفال کے شان نزول میں متعدد اقوال

علامہ عمر بن علی ابن الملقن الشافعی متوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

اس آیت کے متعلق چند اقوال ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ یہ بدر میں نازل ہوئی ہے، جیسا کہ صحیح بخاری میں مذکور ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ مسلمانوں کے تین گروہ کر دیئے گئے تھے۔ ایک گروہ وہ تھا، جو دشمن سے لڑ رہا تھا۔ دوسرا گروہ وہ تھا، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کر رہا تھا تاکہ آپ کو کوئی نقصان نہ پہنچے اور تیسرا گروہ وہ تھا، جو غنیمتوں کو جمع کر رہا تھا پس جب لڑائی ختم ہو گئی تو

مسلمانوں نے ان غنیمتوں کے متعلق اختلاف کیا، سو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ ان میں اللہ اور رسول کا حکم ہوگا اور اس آیت سے ان کی آزمائش کی گئی، پس وہ راضی ہو گئے اور انہوں نے اس حکم کو تسلیم کر لیا، پھر اللہ تعالیٰ نے ان غنیمتوں کا حکم بیان فرمایا: اور (اے مسلمانو!) یاد رکھو! تم جتنا بھی مال غنیمت حاصل کرو تو بے شک اس مال غنیمت کا پانچواں حصہ اللہ کے لئے ہے اور رسول کے لئے ہے، اور (رسول کے) قرابت داروں کے لئے ہے، اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کے لئے ہے۔ یہ تفسیر امام حاکم نے از عبادہ روایت کی ہے اور کہا ہے کہ یہ امام مسلم کی شرط کے مطابق ہے۔ (المستدرک: ج ۲ ص ۱۳۵-۱۳۴)

دوسرا قول یہ ہے کہ یہ آیت ابوالیسر کے متعلق نازل ہوئی اور تیسرا قول یہ ہے کہ یہ آیت منسوخ ہو چکی ہے۔ (الناسخ والمنسوخ ج ۲ ص ۳۶۵)

اور اکثر سے منقول ہے کہ یہ آیت محکمہ (غیر منسوخ) ہے۔ (التوضیح ج ۲۲ ص ۳۷۳-۳۷۲)

الشَّوْكَةِ (الانفال: ۷) اس کا معنی ہے: تلوار کی دھار۔ مُرْدِفِيْنَ (الانفال: ۹) اس کا معنی ہے: فوج در فوج۔ رَدِفَنِی اور اَرْدَفَنِی کا معنی ہے: وہ میرے بعد آیا۔ فَذُوْقُوا (الانفال: ۳۵) اس کا معنی ہے: اس کو برداشت کرو اور تجربہ کرو اور اس سے منہ سے چکھنا مراد نہیں۔ فَيَرْكُمَهٗ (الانفال: ۳۷) یعنی اس کو جمع کر دے۔ فَشَرِّدْ (الانفال: ۵۷) اس کا معنی ہے: متفرق کر دیں۔ وَ اِنْ جَنَحُوْا (الانفال: ۶۱) انہوں نے طلب کیا۔ سِلْم، سَلْم اور سَلَام کا ایک ہی معنی ہے۔ يُثْخِنَ (الانفال: ۶۷) اس کا معنی ہے: غالب ہوئے اور مجاہد نے کہا کہ مُكَاءً کا معنی ہے: اپنی انگلیوں کو اپنے منہ میں داخل کرنا اور تَصْدِيَةً (الانفال: ۳۵) کا معنی ہے: سیٹی بجانا۔ لِيُثْبِتُوْكَ (الانفال: ۳۰) اس کا معنی ہے: تا کہ وہ آپ کو قید کر لیں۔

تعلیقات مذکور کی شرح

علامہ ابن الملقن متوفی ۸۰۴ھ ان تعلیقات کی شرح میں لکھتے ہیں:

الشَّوْكَةُ الْحَدُّ۔ الشَّوْكَةِ (الانفال: ۷) اس کا معنی ہے: تلوار کی دھار۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَ تَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ۔ (الانفال: ۷) اور (یاد کرو) جب اللہ نے دو گروہوں میں سے ایک (پر غلبہ) کا تم سے وعدہ فرمایا تھا کہ یہ تمہارے لئے ہے اور تم یہ چاہتے تھے کہ غیر مسلح گروہ (قافلہ) تمہارے ہاتھ لگے۔

علامہ ابن الملقن کہتے ہیں کہ امام بخاری نے جو شوکۃ کا معنی تلوار کی دھار کیا ہے، وہ صحیح ہے۔ (مجاز القرآن ج ۱ ص ۲۴۷)

مُرْدَفِيْنَ فَوْجًا بَعْدَ فَوْجٍ رَدِفَنِی وَاَرْدَفَنِی جَاءَ بَعْدِی۔ مُرْدِفِيْنَ (الانفال: ۹) اس کا معنی ہے: فوج در فوج۔ ردفنی اور اَرْدَفَنِی کا معنی ہے: وہ میرے بعد آیا۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ مُرْدِفِينَ ۝ (الانفال:۹)

اور (یاد کرو) جب تم اپنے رب سے فریاد کر رہے تھے تو اس نے تمہاری دعا قبول فرما لی کہ میں ایک ہزار لگاتار آنے والے فرشتوں سے تمہاری مدد فرمانے والا ہوں O

یعنی اللہ تعالیٰ ان کے پاس فرشتوں کو فوج در فوج لایا۔ ردفتُ وأردفته اس وقت کہتے ہیں جب تم اس کے بعد آؤ۔

(کتاب الحجۃ للفارسی ج ۴ ص ۱۲۵-۱۲۴)

امام طبری نے کہا ہے کہ أَرْدَفْتُهُ اور رَدِفْتُهُ کا ایک ہی معنی ہے۔ (تفسیر طبری ج ۶ ص ۱۹۰)

امام ابوعبید نے کہا ہے: مُردفین کا لفظ اصلاً مُرتدفین کے معنی میں ہے، جیسا کہ سیبویہ نے کہا ہے اور السدی نے کہا ہے: اللہ تعالیٰ تمہاری ہزار فرشتوں کے ساتھ مدد کرے گا۔ (تفسیر طبری: ج ۶ ص ۱۹۰) اور یہ آل عمران کے موافق ہے اور جس نے الف کے ساتھ پڑھا اور مُردفین کی تفسیر ''ملائکہ کو یکے بعد دیگرے بھیجنے'' کے ساتھ نہیں کی، اس نے مُرَادِفین ان فرشتوں کو کہا ہے جو لڑنے والے تھے، اور ان کے ماسوا فرشتے ان کے پیروکار تھے۔ (الکشاف ج ۲ ص ۲۴۱)

ذُوقُوا بَاشِرُوا وَجَرِّبُوا وَلَيْسَ هَذَا مِنْ ذَوْقِ الْفَمِ۔

فَذُوقُوا (الانفال: ۳۵) اس کا معنی ہے: اس کو برداشت کرو اور تجربہ کرو، اور اس سے منہ سے چکھنا مراد نہیں ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ ۝ (الانفال:۳۵)

سو اب عذاب کو برداشت کرو کیوں کہ تم کفر کرتے تھے O

علامہ عینی فرماتے ہیں: اس آیت کی نظیر یہ آیت ہے:

ذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ۔ (الحشر:۱۵)

جنہوں نے اپنی شامت اعمال کا عذاب چکھا۔

فَيَرْكُمَهُ يَجْمَعَهُ۔

فَيَرْكُمَهُ (الانفال:۳۷) یعنی اس کو جمع کر دے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لِيَمِيزَ اللَّهُ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيثَ بَعْضَهُ عَلَى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهُ جَمِيعًا فَيَجْعَلَهُ فِي جَهَنَّمَ۔ (الانفال:۳۷)

تاکہ اللہ خبیث کو طیب سے الگ کر دے اور سب خبیثوں کو اوپر تلے رکھے، پھر ان سب کا ڈھیر بنا دے۔ پھر اس (ڈھیر) کو دوزخ میں ڈال دے۔

امام بخاری نے یَرْکُمَہ کی تفسیر یَجْمَعُہٗ کے ساتھ کی ہے، یعنی وہ ان کو اوپر تلے جمع کرتا ہے۔ اور اسی طرح امام ابن ابی حاتم نے اس کی تفسیر کی ہے، اور رَکم کا معنی ہے: چیزوں کو اوپر تلے جمع کرنا جیسے بادل، اور اس آیت کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کفار کے خبیث فریق کو مومنین کے طیب فریق سے ممتاز کر دے گا، پس خبیث لوگوں کو اوپر تلے جمع کرے گا اور ان سب کو جہنم میں ڈال دے گا۔

شَرِّدْ فَرِّقْ۔

فَشَرِّدْ (الانفال:۵۷) اس کا معنی ہے: متفرق کر دیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَإِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ۝ (الانفال:۵۷)

پس اگر آپ ان کو میدان جنگ میں پائیں تو ان کو ان کے پیچھے سے بھگا دیں تاکہ وہ عبرت حاصل کریں O

Marfat.com

امام ابوعبیدہ نے بھی اس آیت کی اسی طرح تفسیر کی ہے، اور زجاج نے کہا ہے کہ آپ ان کے ساتھ ایسا فعل کریں جو قتل کرنے، اور بھگانے کے فعل کی طرح ہو اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت حسن بصری اور ضحاک اور سدی نے کہا ہے کہ اس آیت کا معنی ہے: ان کو سخت سزا دیں اور ان کو قتل کریں اور ان کا خون بہائیں تا کہ ان کے علاوہ جو اور عرب میں دشمن ہیں، وہ ڈریں۔

وَإِنْ جَنَحُوا طَلَبُوا السِّلْمُ وَالسَّلْمُ وَالسَّلَامُ وَاحِدٌ۔ وَإِنْ جَنَحُوْا (الانفال:٦١) انہوں نے طلب کیا۔ سِلْم، سَلْم اور سلام کا ایک ہی معنی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَإِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللهِ۔ (الانفال:٦١) اور اگر (دشمن) صلح کی طرف مائل ہوں تو آپ بھی ان کی طرف مائل ہوں اور اللہ پر توکل کریں۔

امام بخاری نے جَنَحُوْا کی تفسیر کی ہے: وہ طلب کریں اور امام ابوعبیدہ نے بھی اسی طرح تفسیر کی ہے اور تفسیر میں مذکور ہے: اگر وہ صلح کی طرف مائل ہوں تو آپ بھی صلح کی طرف مائل ہوں اور ان سے صلح کو قبول کرلیں۔

يُثْخِنَ يَغْلِبَ۔ يُثْخِنَ (الانفال:٦٧) اس کا معنی ہے: غالب ہو جائے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُوْنَ لَهُ أَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ۔ (الانفال:٦٧) کسی نبی کے یہ لائق نہیں کہ اس کے لئے قیدی ہوں، حتیٰ کہ وہ زمین میں (کافروں کا) اچھی طرح خون بہادے۔

امام بخاری نے خون بہانے کی تفسیر غلبہ کے ساتھ کی ہے، کیونکہ جب کفار کا زمین پر خون بہایا جائے گا تو نبی کو زمین پر غلبہ حاصل ہوگا۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ مُكَاءً إِدْخَالُ أَصَابِعِهِمْ فِي أَفْوَاهِهِمْ وَتَصْدِيَةً الصَّفِيرُ۔ اور مجاہد نے کہا: مُكَآءً (الانفال:٣٥) اس کا معنی ہے: اپنی انگلیوں کو اپنے منہ میں داخل کرنا اور تَصْدِيَةً کا معنی ہے: سیٹی بجانا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ إِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً۔ (الانفال:٣٥) اور بیت اللہ کے نزدیک ان کی نماز اس کے سوا کیا تھی کہ وہ سیٹیاں اور تالیاں بجاتے تھے۔

امام بخاری نے یہ مجاہد کی تفسیر نقل کی ہے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا ہے: اَلْمُكَاءُ کا معنی ہے: سیٹیاں بجانا اور تصدیۃ کا معنی ہے: تالی بجانا، اور امام ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی یہی تفسیر نقل کی ہے کہ قریش بیت اللہ کے گرد برہنہ طواف کرتے تھے، سیٹیاں اور تالیاں بجاتے تھے۔

لِيُثْبِتُوكَ لِيَحْبِسُوكَ۔ لِيُثْبِتُوْكَ (الانفال:٣٠) اس کا معنی ہے: تا کہ وہ آپ کو قید کرلیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَإِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ أَوْ يَقْتُلُوْكَ أَوْ يُخْرِجُوْكَ۔ (الانفال:٣٠) اور یاد کیجئے جب کافر آپ کے خلاف سازش کر رہے تھے تا کہ آپ کو قید کریں یا قتل کریں یا جلاوطن کردیں۔

امام بخاری نے لِيُثْبِتُوْكَ کی تفسیر کی ہے: تا کہ وہ آپ کو قید کرلیں۔ عطاء نے کہا ہے کہ میں نے عبید بن عمیر سے سنا، وہ

Marfat.com

بیان کرتے ہیں کہ کفار نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق مشورہ کیا کہ وہ آپ کو قید کر دیں یا آپ کو قتل کر دیں یا آپ کو وطن سے نکال دیں۔ آپ کے چچا ابو طالب نے آپ سے پوچھا: کیا آپ کو معلوم ہے کہ انہوں نے آپ کے متعلق کیا مشورہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: ان کا ارادہ ہے کہ وہ مجھے قید کر دیں یا مجھے قتل کر دیں یا مجھے وطن سے نکال دیں۔ ابو طالب نے پوچھا: آپ کو اس کی کس نے خبر دی؟ تو آپ نے کہا: میرے رب نے۔ ابو طالب نے کہا: کیا ہی اچھا رب ہے تمہارا رب، تم اس سے خیر خواہی طلب کرو۔ آپ نے فرمایا: میں اس سے خیر خواہی طلب کروں، بلکہ وہ میری خود خیر خواہی کرتا ہے۔ اس حدیث کی ابن جریج نے بھی عبید بن عمیر سے روایت کی ہے، اور حافظ ابن کثیر نے کہا ہے کہ اس حدیث میں ابو طالب کا ذکر بہت عجیب ہے، بلکہ منکر ہے، کیونکہ یہ آیت مدنی ہے اور قریش نے جو یہ مشورہ کیا تھا کہ آپ کو قید کیا جائے یا قتل کیا جائے یا بے وطن کیا جائے، یہ ہجرت کا واقعہ ہے اور یہ ابو طالب کی موت کے تین سال بعد کا واقعہ ہے جب کفار قریش اس پر قادر ہوئے کہ آپ کے خلاف یہ اقدام کریں، کیونکہ آپ کے چچا ابو طالب فوت ہو چکے تھے جو آپ کی حفاظت کرتے تھے اور آپ کی نصرت کرتے تھے اور آپ کی مدافعت کرتے تھے۔

نوٹ: ان تعلیقات کی شرح التوضیح: ج ۲۲ ص ۳۷۴-۳۷۲ اور عمدۃ القاری: ج ۱۸ ص ۳۳۵-۳۳۲ سے لی گئی ہے۔

۲۔ بَابٌ: اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۲۲﴾ (الانفال: ۲۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک اللہ کے نزدیک بدترین جاندار وہ لوگ ہیں جو بہرے، گونگے ہیں جو عقل سے کام نہیں لیتے ○ (الانفال: ۲۲) کی تفسیر

سب سے بدترین جاندار کے مصداق میں متعدد اقوال

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ آیت اپنے الفاظ کے عموم کے اعتبار سے تمام مشرکین کو شامل ہے اگرچہ اس کا شان نزول مجاہد کی تفسیر کے مطابق بنو عبد الدار کے قریش کے ساتھ خاص ہے، اور محمد بن اسحاق نے کہا: اس آیت کا مصداق منافقین ہیں اور اللہ تعالیٰ نے یہ خبر دی ہے کہ بنو آدم کی یہ قسم بدترین مخلوق ہے۔ پس فرمایا کہ سب سے بدترین جاندار وہ ہیں جو حق کو سننے سے بہرے ہیں، اور حق کو سمجھنے سے قاصر ہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ بے عقل ہیں، اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کو جانوروں کے ساتھ تشبیہ دی ہے۔ پس فرمایا:

اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ۔ (الاعراف: ۱۷۹)

وہ جانوروں کی طرح ہیں، بلکہ ان سے زیادہ گم راہ ہیں۔

۴۶۴۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِنْدَ اللهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِينَ لَا يَعْقِلُونَ قَالَ هُمْ نَفَرٌ مِنْ بَنِي عَبْدِ الدَّارِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ورقاء نے حدیث بیان کی، از ابن نجیح از مجاہد از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ اللہ کے نزدیک سب سے بدترین جاندار وہ ہیں جو بہرے ہیں اور گونگے ہیں اور عقل نہیں رکھتے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بتایا کہ وہ بنو عبد الدار کی ایک جماعت ہے۔

اس حدیث کی روایت میں امام بخاری منفرد ہیں۔

Marfat.com

۳۔ بَابٌ: يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَجِيبُوا لِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيكُمْ ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَحُولُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ وَأَنَّهُ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿٢٤﴾

(الانفال: ۲۴)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے ایمان والو! اللہ اور رسول کے بلانے پر (فوراً) حاضر ہو جب رسول تمہیں اس چیز کی طرف بلائیں جو تمہارے لئے حیات آفریں ہو، اور یقین رکھو کہ انسان اور اس کے دل کے درمیان اللہ حائل ہے اور بے شک تم اسی کی طرف اکٹھے کئے جاؤ گے ○ (الانفال: ۲۴) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اِذَا دَعَاكُمْ: یعنی جب تم کو طلب کریں یا تم کو بلائیں۔

اللہ تعالیٰ مرد اور اس کے قلب کے درمیان حائل ہو جاتا ہے: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ مومن اور اس کے کفر کے درمیان اور کافر اور اس کے ایمان کے درمیان حائل ہو جاتا ہے۔ اس حدیث کی حاکم نے اپنی مستدرک میں روایت کی ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے اور امام بخاری اور مسلم نے اس کی روایت نہیں کی ہے۔

مجاہد سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ مرد اور اس کے قلب کے درمیان حائل ہو جاتا ہے حتیٰ کہ وہ اس کو اس حال میں چھوڑ دیتا ہے کہ وہ غور و فکر نہیں کرتا اور السدی نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ انسان اور اس کے قلب کے درمیان حائل ہو جاتا ہے، پس وہ اس کی اجازت کے بغیر ایمان لا سکتا ہے اور نہ کفر کر سکتا ہے۔

اِسْتَجِيبُوا کا معنی ہے: أَجِيبُوا یعنی اس چیز کو قبول کرو جو تمہیں دائمی زندگی دے گی اور تمہاری اصلاح کرے گی۔

امام ابوعبیدہ نے بھی یہی کہا ہے کہ یہاں اِسْتَجِيبُوا، أَجِيبُوا کے معنی میں ہے، یعنی یہاں پر باب استفعال طلب کے معنی میں نہیں ہے۔ قتادہ نے کہا: جو چیز تمہیں دائمی زندگی دے گی اور تمہاری اصلاح کرے گی، وہ قرآن ہے جس میں نجات ہے، بقاء ہے اور حیات ہے۔ عروہ بن زبیر نے کہا ہے: وہ تمہیں اس چیز کی طرف بلاتا ہے جو تمہیں دائمی زندگی دے گی، اس سے مراد جہاد ہے جس نے تمہیں ذلت کے بعد عزت دی ہے اور ضعف کے بعد قوت دی ہے اور دشمن کو تم سے دور کر دیا ہے جب کہ وہ اپنے قہر سے تم پر حاوی ہو رہا تھا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۳۶-۳۳۵)

۴۵۴۷۔ حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ أَخْبَرَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ سَمِعْتُ حَفْصَ بْنَ عَاصِمٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي سَعِيدِ بْنِ الْمُعَلَّى رضی الله عنه قَالَ كُنْتُ أُصَلِّي فَمَرَّ بِي رَسُولُ اللهِ ﷺ فَدَعَانِي فَلَمْ آتِهِ حَتَّى صَلَّيْتُ ثُمَّ أَتَيْتُهُ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَأْتِيَ أَلَمْ يَقُلِ اللهُ ﴿يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَجِيبُوا لِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُمْ﴾ (الانفال: ۲۴) ثُمَّ قَالَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں روح نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از خبیب بن عبدالرحمٰن، وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حفص بن عاصم سے سنا، وہ حدیث بیان کرتے ہیں از حضرت ابی سعید بن المعلیٰ رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نماز پڑھ رہا تھا پس میرے پاس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گزرے تو آپ نے مجھے بلایا، پس میں آپ کے پاس نہ آیا حتیٰ کہ میں نے نماز پڑھ لی، پھر

Marfat.com

لَأُعَلِّمَنَّكَ أَعْظَمَ سُورَةٍ فِي الْقُرْآنِ قَبْلَ أَنْ أَخْرُجَ فَذَهَبَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لِيَخْرُجَ فَذَكَرْتُ لَهُ۔

میں آپ کے پاس آیا، پس آپ نے فرمایا: تمہیں میرے پاس آنے سے کس چیز نے روکا؟ کیا اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا: اے ایمان والو! اللہ اور رسول کے بلانے پر (فوراً) حاضر ہو جب تمہیں رسول بلائیں۔ (الانفال: ۲۴) پھر آپ نے فرمایا: میں تمہیں جانے سے پہلے ضرور قرآن مجید کی سب سے عظیم سورت کی تعلیم دوں گا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جانے لگے، پھر میں نے آپ کو یاد دلایا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۴۷۴ میں گزر چکی ہے۔

وَقَالَ مُعَاذٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ سَمِعَ حَفْصًا سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ بِهَذَا وَقَالَ هِيَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، السَّبْعُ الْمَثَانِي۔

اور معاذ نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی، از خبیب بن عبدالرحمٰن انہوں نے حفص سے سنا، انہوں نے حضرت ابوسعید سے سنا جو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک مرد تھے، یعنی اسی حدیث کو اور آپ نے فرمایا: وہ الحمد للہ رب العالمین ہے اور السبع المثانی ہے۔

سورۂ فاتحہ کے سب سے عظیم ہونے کی توجیہ اور اس کے السبع المثانی ہونے کا معنی

علامہ عینی فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں سورۃ الفاتحہ کو سب سے عظیم سورت فرمایا ہے، یعنی اس کی قراءت کا ثواب سب سے زیادہ ہے کیونکہ اس سورت میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بھی ہے اور اس سے سوال اور دعاء بھی ہے۔

اس حدیث میں آپ نے سورۂ فاتحہ کو السبع المثانی فرمایا ہے۔ السبع اس لئے فرمایا ہے کہ اس میں سات آیات ہیں اور مثانی اس لئے فرمایا ہے کہ یہ تثنیہ سے ماخوذ ہے اور تثنیہ کے معنی میں تکرار ہے یا پھر ثناء سے ماخوذ ہے کیونکہ یہ سورت اللہ تعالیٰ کی ثناء پر مشتمل ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۳۷-۳۳۶)

۴۔ بَابٌ: وَإِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِنَ السَّمَاءِ أَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿۳۲﴾ (الانفال: ۳۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور (یاد کیجئے) جب انہوں نے کہا: اے اللہ! اگر یہ (قرآن) تیری جانب سے حق ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا یا ہم پر (کوئی دوسرا) دردناک عذاب لے آ ○ (الانفال: ۳۲) کی تفسیر

کفار کے طلبِ عذاب کی دعا کے باوجود ان پر عذاب نازل نہ فرمانے کی توجیہ

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

یہ کہنے والے کفار قریش تھے جیسے النضر بن الحارث اور ابوجہل اور ان کے مشابہ دوسرے کافر اور جاہل جو اپنے کثرت جہل اور سرکشی اور اپنے عناد اور اپنی تکذیب کی شدت کی وجہ سے یہ کہتے تھے کہ اگر یہ قرآن برحق ہے یا آپ کی نبوت برحق ہے تو ہمارے اوپر آسمان سے پتھر برسائیں اور یہ بات انہوں نے اس وجہ سے کہی تھی کہ ان کے دلوں میں آپ کی نبوت اور قرآن مجید

کے مُنَزَّل من اللہ ہونے کے متعلق شبہ جڑ پکڑ چکا تھا اور اگر انہیں اپنے شبہ کے باطل ہونے کا پتا ہوتا تو وہ یہ بات نہ کہتے کیونکہ انہیں علم ہوتا کہ اللہ تعالیٰ اس بات پر قادر ہے، پس انہوں نے پتھروں کے برسانے کو طلب کیا، کیونکہ ان کے خیال میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کے لئے یہ بہت بڑی دلیل تھی۔

میں کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے اس مطالبے کو پورا نہیں کیا۔ اولاً، اس وجہ سے کہ جب تک آپ کافروں کے درمیان موجود تھے تو اللہ تعالیٰ کی شان سے یہ بعید تھا کہ وہ رحمۃ للعالمین کے ہوتے ہوئے ان پر آسمانی عذاب نازل فرماتا۔ ثانیاً، اس لئے کہ اگر آسمان سے پتھر برس جاتے تو پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور قرآن مجید کی حقانیت بالکل بدیہی ہو جاتی اور اس میں عقل انسانی کے امتحان کے لئے کوئی گنجائش نہ رہتی اور یہ اللہ تعالیٰ کی حکمت کے خلاف ہے۔

ابن عیینہ نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں مَطَرٌ صرف عذاب کو فرمایا ہے اور عرب مطر بارش کو کہتے ہیں، جیسا کہ اس آیت میں ہے:

وَهُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا۔ اور وہی ہے جو بندوں کے ناامید ہونے کے بعد ان پر بارش نازل فرماتا ہے۔ (الشوریٰ:۲۸)

ابن عیینہ کے اس قول پر یہ اعتراض ہے کہ قرآن مجید میں مطر کا لفظ بارش کے معنی میں بھی آیا ہے جیسا کہ درج ذیل آیت میں ہے:

اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ۔ (النساء:۱۰۲) اگر تمہیں بارش کی وجہ سے تکلیف ہو۔

ان کو بارش کی وجہ سے یہ تکلیف تھی کہ ان کے بدن اور کپڑے بارش کی وجہ سے بھیگ گئے تھے۔

جوہری نے کہا ہے کہ لوگ کہتے ہیں: مطرت السماء امطرت یعنی آسمان سے بارش ہوئی۔

امام ابوعبیدہ نے کہا ہے کہ جب عذاب کا معنی ہو تو اُمْطِرَتْ ہوتا ہے اور جب رحمت کا معنی ہو تو مَطَرَتْ ہوتا ہے۔

۴۶۴۸۔ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ هُوَ ابْنُ كُرْدِيدٍ صَاحِبُ الزِّيَادِيِّ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رضی الله عنه قَالَ أَبُو جَهْلٍ اللَّهُمَّ إِنْ كَانَ هَذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِنَ السَّمَاءِ أَوْ ائْتِنَا بِعَذَابٍ أَلِيمٍ فَنَزَلَتْ ﴿وَمَا كَانَ اللهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ وَمَا كَانَ اللهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُونَ ۝ وَمَا لَهُمْ أَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللهُ وَهُمْ يَصُدُّونَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ (الانفال: ۳۳۔۳۴) الْآيَةَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے احمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبیداللہ بن معاذ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از عبدالحمید اور وہ ابن کردید ہیں جو زیادی کے صاحب ہیں، انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا ہے، وہ بیان کرتے ہیں کہ ابوجہل نے کہا: اے اللہ! اگر یہ تیری طرف سے حق ہے تو تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا، یا ہم پر دردناک عذاب لے آ، تو یہ آیت نازل ہوئی: اور اللہ کی یہ شان نہیں کہ وہ انہیں عذاب دے جب کہ آپ ان میں موجود ہوں اور نہ اللہ (اس وقت) انہیں عذاب دینے والا ہے جب کہ یہ استغفار کر رہے ہوں۔ اور اللہ انہیں کیوں عذاب نہیں دے گا حالانکہ وہ لوگوں کو مسجد حرام سے روکتے ہیں۔ (الانفال: ۳۴۔۳۳)

احمد بن النضر کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث کی سند میں احمد کا ذکر ہے اور ان کی کسی کی طرف نسبت نہیں ہے۔ حاکم ابوعبداللہ نے کہا ہے کہ وہ احمد بن النضر بن عبدالوہاب نیشاپوری ہیں اور حافظ مزی نے بھی کہا ہے کہ وہ احمد بن نضر ہیں جو محمد کے بھائی ہیں۔

علامہ عینی کہتے ہیں: میں کہتا ہوں: اس حدیث کے بعد امام بخاری کی روایت میں از محمد بن نضر آ رہا ہے اور یہ دونوں امام بخاری کے تلامذہ میں سے ہیں، اگرچہ یہ امام بخاری کے بعض شیوخ میں شریک ہیں اور ان دونوں کی صحیح بخاری میں صرف اسی جگہ روایت ہے اور ان کے شیخ عبیداللہ بن معاذ اپنے والد معاذ بن معاذ بن حصان ابوعمر العنبری التمیمی البصری سے روایت کرتے ہیں اور عبدالحمید بن دینار البصری سے روایت کرتے ہیں اور عمرو بن علی نے کہا: وہ عبدالحمید بن واصل ہیں اور وہ کمسن تابعی ہیں۔ اور ہمارے بعض نسخوں میں عبدالحمید بن کردید مذکور ہے اور میں نے نہیں دیکھا کہ ان کا کسی نے ذکر کیا ہو اور میں اس کی صحت کا التزام نہیں کرتا اور ان کے متعلق لکھا ہے کہ وہ زیادی کے صاحب ہیں اور زیادی میں زیاد بن ابوسفیان کی طرف نسبت ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۳۸)

ابوجہل کا تذکرہ اور علامہ عینی کا علامہ عسقلانی پر تعاقب کرنا

ابوجہل کا نام عمرو بن ہشام المخزومی ہے اور ظاہر عبارت کا یہ تقاضا ہے کہ ابوجہل نے یہ دعا کی تھی کہ اے اللہ! اگر یہ قرآن تیری طرف سے ہے تو تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا۔ اور امام طبرانی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت کی ہے کہ یہ دعاء کرنے والا النضر بن الحارث تھا۔ اسی طرح مجاہد، عطاء اور السدی نے کہا ہے۔ علامہ عینی فرماتے ہیں: ان دونوں روایتوں میں کوئی تعارض نہیں ہے کیونکہ ہوسکتا ہے کہ ان دونوں نے یہ دعا کی ہو۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے کہا ہے کہ اس دعا کی ابوجہل کی طرف نسبت کرنا زیادہ لائق ہے اور قتادہ سے روایت ہے کہ یہ دعاء اس نے کی ہے جو اس امت میں سب سے بڑا جاہل ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۵۹۷)

علامہ عینی فرماتے ہیں کہ اس دعوے پر کوئی دلیل نہیں ہے کہ زیادہ اولیٰ یہ ہے کہ یہ دعاء ابوجہل نے کی تھی بلکہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ النضر بن الحارث کی طرف اس دعاء کی نسبت کرنا زیادہ لائق ہے اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ النضر بن الحارث فارس کے شہروں میں جاتا تھا اور وہاں کے بادشاہوں کی خبریں معلوم کر کے آتا تھا اور رستم اور اسفندیار کی خبریں حاصل کر کے آتا تھا اور جب اس کو یہ معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے مبعوث فرمایا ہے اور آپ لوگوں کے سامنے قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب اپنی مجلس سے اٹھتے تو النضر بھی وہیں آپ کی جگہ جا کر بیٹھ جاتا اور پھر لوگوں کو فارس میں سنے ہوئے قصے سناتا، پھر لوگوں سے پوچھتا: بتاؤ کون عمدہ قصے سناتا ہے، میں یا محمد؟ یہی وجہ ہے کہ جب غزوۂ بدر کے دن اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس پر قادر کیا اور وہ قیدیوں میں گرفتار ہو کر آیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کہ آپ کے سامنے اس کو باندھ کر اس کی گردن اڑا دی جائے، سو ایسا کیا گیا اور جس نے اس کو گرفتار کیا تھا، وہ حضرت المقداد بن الاسود رضی اللہ عنہ تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۳۸)

کفار قریش پر عذاب نازل نہ کرنے کی وجوہ

جب ان کافروں نے یہ دعاء کی تو پھر وہ اس پر نادم ہوئے اور کہا: اے اللہ تو ہمیں معاف کر دے، تو یہ آیت نازل ہوئی:

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ اور اللہ کی یہ شان نہیں کہ وہ انہیں عذاب دے جب کہ آپ ان

مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾ (الانفال: ۳۳) میں موجود ہوں اور نہ اللہ (اس وقت) انہیں عذاب دینے والا ہے جب کہ یہ استغفار کر رہے ہوں O

علی بن ابی طلحہ نے اس آیت کی تفسیر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی یہ شان نہیں ہے کہ وہ کسی قوم کو اس وقت عذاب دے جب اس قوم میں انبیاء بھی موجود ہوں حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ ان نبیوں کو اس قوم کے درمیان سے نکال لیتا ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ اہل مکہ کے لئے دو امانیں تھیں: ایک نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مکہ میں تشریف فرما ہونا اور دوسرا ان کا استغفار کرنا۔ پس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ سے تو تشریف لے گئے اور ان کا استغفار کرنا باقی رہا۔

امام ابن جریر نے اپنی سند کے ساتھ ابن ابزی سے روایت کی ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ میں تھے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی: اور اللہ کی یہ شان نہیں کہ وہ انہیں (مشرکین کو) عذاب دے جبکہ آپ ان میں تشریف فرما ہوں۔ امام ابن جریر نے بیان کیا: پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ تشریف لے گئے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''اور نہ اللہ (اس وقت) انہیں عذاب دینے والا ہے جبکہ یہ استغفار کر رہے ہوں'' اور اس وقت باقی مسلمان اپنے ضعف کی وجہ سے مکہ میں ہی رہ رہے تھے اور جب وہ بھی ہجرت کر کے مدینہ چلے گئے تو پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''اور اللہ انہیں کیوں عذاب نہیں دے گا حالانکہ وہ لوگوں کو مسجد حرام سے روکتے ہیں''۔

مسجد حرام کے متولی صرف مسلمان ہیں

امام ابن ابی حاتم نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت کی ہے: ''اور نہ اللہ (اس وقت) انہیں عذاب دینے والا ہے جب کہ یہ استغفار کر رہے ہوں'' پھر اللہ تعالیٰ نے اس آیت کے عموم سے مشرکین کا استثناء کر لیا اور فرمایا: ''اور اللہ! انہیں کیوں عذاب نہیں دے گا حالانکہ وہ لوگوں کو مسجد حرام سے روکتے ہیں''۔ (الانفال: ۳۴) یعنی وہ مومنین کو مسجد حرام میں جانے سے روکتے ہیں حالانکہ وہ مسجد حرام میں نماز پڑھنے اور اس میں طواف کرنے کے اہل ہیں، اس لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَمَا كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ۭ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ۔ (الانفال: ۳۴) اور وہ (مشرکین) اس (مسجد حرام) کے متولی نہیں ہیں، اس کے متولی تو صرف متقی مسلمان ہی ہوتے ہیں۔

عروہ، السدی اور محمد بن اسحاق نے کہا: وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے اصحاب رضی اللہ عنہم ہیں۔ مجاہد نے کہا: اس کے متولی متقی مسلمان ہیں، خواہ وہ کہیں بھی ہوں۔

۵۔ بَابٌ: وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾ (الانفال: ۳۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اللہ کی یہ شان نہیں کہ وہ انہیں عذاب دے جب کہ آپ ان میں موجود ہوں اور نہ اللہ (اس وقت) انہیں عذاب دینے والا ہے جب کہ یہ استغفار کر رہے ہوں O (الانفال: ۳۳) کی تفسیر

اس باب کے تکرار پر علامہ عینی کا اعتراض

اس باب میں جو آیت ذکر کی ہے اور اس کی تفسیر میں جو حدیث ذکر کی ہے، وہ بعینہٖ باب سابق میں گزر چکی ہے، تاہم یہ فرق ہے کہ باب سابق میں یہ حدیث احمد بن النضر سے مروی تھی اور اس باب میں یہ حدیث ان کے بھائی محمد بن النضر سے مروی ہے

Marfat.com

ورنہ یہ تکرار بلا فائدہ ہے۔

۴۶۴۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ صَاحِبِ الزِّيَادِيِّ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ قَالَ أَبُو جَهْلٍ اللَّهُمَّ إِنْ كَانَ هَذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِنَ السَّمَاءِ أَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ أَلِيمٍ فَنَزَلَتْ ﴿وَمَا كَانَ اللهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ وَمَا كَانَ اللهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُونَ ۝ وَمَا لَهُمْ أَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللهُ وَهُمْ يَصُدُّونَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ (الانفال: ۳۳۔۳۴) الْآيَةَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن النضر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبید اللہ بن معاذ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی، از عبدالحمید جو صاحب الزیادی ہیں، انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے ہیں کہ ابوجہل نے کہا: اگر یہ تیری طرف سے حق ہے تو تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا، یا ہم پر دردناک عذاب لے آ۔ تب یہ آیت نازل ہوئی: اور اللہ کی یہ شان نہیں کہ وہ انہیں عذاب دے جب کہ آپ ان میں موجود ہوں اور نہ اللہ (اس وقت) انہیں عذاب دینے والا ہے جب کہ یہ استغفار کر رہے ہوں ○ اور اللہ انہیں کیوں عذاب نہیں دے گا حالانکہ وہ لوگوں کو مسجد حرام سے روکتے ہیں۔ (الانفال: ۳۴۔۳۳)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۶۴۸ (حدیث سابق) میں گزر چکی ہے، تاہم بعض ضروری امور بیان کئے جا رہے ہیں:

الانفال: ۳۴-۳۳ کی متعدد تفسیریں

علامہ محمد بن علی ابن الملقن شافعی متوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

مقاتل نے بیان کیا: جب النضر بن الحارث نے کہا: (سیدنا) محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تو صرف پہلے لوگوں کی کہانیاں سناتے ہیں تو حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ سے ڈر، سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو صرف حق بات کہتے ہیں اور میں بھی حق بات کہہ رہا ہوں، کیونکہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہتے ہیں: لا الہ الا اللہ (اللہ کے سوا کوئی عبادت کے مستحق نہیں ہے)، النضر بن الحارث نے کہا: میں بھی یہی کہتا ہوں، لیکن میں کہتا ہوں کہ فرشتے رحمان کی بیٹیاں ہیں۔ تب یہ آیت نازل ہوئی:

قُلْ إِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ فَأَنَا أَوَّلُ الْعٰبِدِينَ ۝ (الزخرف: ۸۱)

آپ کہیے کہ اگر (بالفرض) رحمٰن کی اولاد ہو تو سب سے پہلے میں اس کی عبادت کرنے والوں میں سے ہوں ○

پس انہوں نے کہا کہ (سیدنا) محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سچ فرمایا ہے۔ تب الولید بن المغیرہ نے کہا، اور وہ بہت فصیح تھا: نہیں اللہ کی قسم! انہوں نے تم سے سچ نہیں کہا، پھر النضر نے کہا: اے اللہ! اگر یہ تیری طرف سے حق ہے تو تو ہم پر پتھر برسا۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی: اور اللہ کی یہ شان نہیں کہ وہ انہیں عذاب دے، جب کہ آپ ان میں موجود ہوں اور نہ اللہ (اس وقت) انہیں عذاب دینے والا ہے جب کہ یہ استغفار کر رہے ہوں ○ (الانفال: ۳۳) یعنی جب وہ نماز پڑھ رہے ہوں، پھر بنو عبدالدار کی ایک جماعت نے کہا: ہم وہ لوگ ہیں جو بیت اللہ کے پاس نماز پڑھتے ہیں تو اللہ ہمیں عذاب دینے والا نہیں ہے، جب کہ ہم نماز پڑھتے ہیں، پس یہ آیت نازل ہوئی: اور اللہ انہیں کیوں عذاب نہیں دے گا حالانکہ وہ لوگوں کو مسجد حرام سے روکتے ہیں۔ (الانفال: ۳۴) کیونکہ ان کے درمیان کوئی نبی تھا نہ مومن اور وہ مومنین کو مسجد حرام سے روکتے تھے۔

اور الواحدی نے نقل کیا ہے کہ (الانفال: ۳۳) کی تفسیر یہ ہے کہ اللہ ان مشرکین کو عذاب نہیں دے گا جب کہ انبیاء علیہم السلام ان کے درمیان موجود ہیں۔ (تفسیر البسیط، الانفال: ۳۳)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جس بستی پر بھی عذاب نازل کیا تو انبیاء علیہم السلام اور مومنین کو اس بستی سے نکال لیا اور اسی کے ساتھ یہ آیت ملی ہوئی ہے: اور نہ اللہ اس وقت انہیں عذاب دینے والا ہے جب یہ استغفار کر رہے ہوں، یعنی اللہ ان کفار کو اس وقت عذاب دینے والا نہیں ہے جب ان میں مومنین ہوں اور وہ استغفار کر رہے ہوں۔ (تفسیر طبری ج ۶ ص ۲۳۳)

ایک قول یہ ہے کہ جن کفار کے متعلق اللہ تعالیٰ کا علم سابق یہ تھا کہ وہ ایمان لے آئیں گے جیسے ابوسفیان بن حرب اور ابوسفیان بن الحارث بن عبدالمطلب اور الحارث بن ہشام اور حکیم بن حزام اور ایک جماعت۔ یہ قول الزجاج کا مختار ہے۔
(معانی القرآن ج ۲ ص ۴۱۲)

اس آیت میں عذاب سے مراد ایسا عذاب ہے جو ان کافروں کو نیست و نابود کر دے، پھر اللہ تعالیٰ نے خصوصیت سے مشرکین کا ذکر کیا کہ وہ ان کو تلوار سے عذاب دینے والا ہے، اور اللہ انہیں کیوں عذاب نہیں دے گا یعنی تلوار سے، حالانکہ وہ لوگوں کو مسجد حرام سے روکتے ہیں، یعنی مومنین کو بیت اللہ میں طواف کرنے سے روکتے ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ کے اولیاء نہیں ہیں۔ یہ اس لیے فرمایا کہ مشرکین نے کہا تھا کہ ہم اللہ کے اولیاء ہیں، تو اللہ تعالیٰ نے ان کا رد کیا اور فرمایا:

اِنْ اَوْلِیَآؤُہٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ۔ (الانفال: ۳۴) اللہ کے اولیاء تو صرف متقین ہیں۔
(تفسیر الوسیط ج ۲ ص ۴۵۸-۴۵۷)

النحاس نے کہا: یہ آیت اس آیت سے منسوخ ہے: اور اللہ انہیں کیوں عذاب نہیں دے گا۔ (الانفال: ۳۴)
اور تمام علماء نے یہ کہا ہے کہ یہ آیت محکمہ ہے۔ (الناسخ والمنسوخ: ج ۲ ص ۳۸۱)
(التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۲ ص ۳۸۵-۳۸۳، وزارۃ الاوقاف، قطر ۱۴۲۹ھ)

۶۔ بَابٌ: وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ۔

(الانفال: ۳۹)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور تم ان کے خلاف جنگ کرتے رہو حتیٰ کہ کفر (کا غلبہ) نہ رہے اور پورا دین (صرف) اللہ کے لئے ہو جائے۔ (الانفال: ۳۹) کی تفسیر

فتنہ کا مصداق شرک ہے

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:
اللہ تعالیٰ نے مومنین کو کفار سے قتال کرنے کا حکم دیا ہے حتیٰ کہ فتنہ نہ رہے۔ ضحاک نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے: حتیٰ کہ شرک نہ رہے، یعنی فتنہ سے مراد شرک ہے۔ ابوالعالیہ، مجاہد، حسن بصری، قتادہ، ربیع بن انس، سدی، مقاتل بن حیان اور زید بن اسلم نے بھی اسی طرح اس آیت کی تفسیر کی ہے اور عروہ بن زبیر وغیرہ نے کہا: حتیٰ کہ کسی مسلمان کو اس کے دین کی وجہ سے فتنہ میں مبتلا نہ کیا جائے۔

اور پورا دین (صرف) اللہ کے لئے ہو جائے یعنی توحید خالص اللہ کے لئے ہو جائے۔ حضرت حسن بصری، قتادہ اور ابن جریج نے کہا کہ وہ لا الہ الا اللہ کہے اور محمد بن اسحاق نے کہا: توحید خالص اللہ کے لئے ہو اور اس میں شرک نہ ہو اور اللہ کے سوا جو اس نے

Marfat.com

شرکاء بنا رکھے تھے، ان سب کو چھوڑ دے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۴۰)

۴۶۵۰۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا حَيْوَةُ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی الله عنهما أَنَّ رَجُلًا جَائَهُ فَقَالَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَلَا تَسْمَعُ مَا ذَكَرَ اللهُ فِي كِتَابِهِ ﴿وَ إِنْ طَآ ئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا﴾ (الحجرات:۹) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ فَمَا يَمْنَعُكَ أَنْ لَا تُقَاتِلَ كَمَا ذَكَرَ اللهُ فِي كِتَابِهِ فَقَالَ يَا ابْنَ أَخِي أُعْتَزُ بِهٰذِهِ الْآيَةِ وَلَا أُقَاتِلُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُعْتَزَّ بِهٰذِهِ الْآيَةِ الَّتِي يَقُولُ اللهُ تَعَالَى وَ مَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا (النساء: ۹۳) إِلَى آخِرِهَا قَالَ فَإِنَّ اللهَ يَقُولُ ﴿وَ قَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ﴾ (الانفال:۳۹) قَالَ ابْنُ عُمَرَ قَدْ فَعَلْنَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ ﷺ إِذْ كَانَ الْإِسْلَامُ قَلِيلًا فَكَانَ الرَّجُلُ يُفْتَنُ فِي دِينِهِ إِمَّا يَقْتُلُونَهُ وَإِمَّا يُوثِقُونَهُ حَتّٰى كَثُرَ الْإِسْلَامُ فَلَمْ تَكُنْ فِتْنَةٌ فَلَمَّا رَأَى أَنَّهُ لَا يُوَافِقُهُ فِيمَا يُرِيدُ قَالَ فَمَا قَوْلُكَ فِي عَلِيٍّ وَعُثْمَانَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ مَا قَوْلِي فِي عَلِيٍّ وَعُثْمَانَ أَمَّا عُثْمَانُ فَكَانَ اللهُ قَدْ عَفَا عَنْهُ فَكَرِهْتُمْ أَنْ يَعْفُوَ عَنْهُ وَأَمَّا عَلِيٌّ فَابْنُ عَمِّ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَخَتَنُهُ وَأَشَارَ بِيَدِهِ وَهٰذِهِ ابْنَتُهُ أَوْ بِنْتُهُ حَيْثُ تَرَوْنَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں حسن بن عبدالعزیز نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبداللہ بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں حیوۃ نے حدیث بیان کی از بکر بن عمرو از بکیر از نافع از حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، کہ ان کے پاس ایک (خارجی) مرد آیا، پس اس نے کہا اے عبدالرحمٰن! کیا آپ اللہ کی کتاب میں اس آیت کا ذکر نہیں سنتے: اور اگر ایمان والوں کی دو جماعتیں آپس میں قتال کریں (الحجرات:۹) آخر آیت تک، پھر آپ کو اس طرح قتال کرنے سے کیا چیز مانع ہے جس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے، تو حضرت ابن عمر نے کہا: اے میرے بھتیجے! میں اس آیت میں تاویل کرتا ہوں اور قتال نہیں کرتا اور میرے نزدیک یہ تاویل اس سے زیادہ محبوب ہے کہ میں اس آیت میں تاویل کروں جس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اور جو کوئی کسی مسلمان کو قصداً قتل کرے تو اس کا بدلہ دوزخ ہے، وہ اس میں ہمیشہ رہے گا۔ آخر آیت تک۔ اس خارجی نے کہا: بے شک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اور تم ان کے خلاف جنگ کرتے رہو حتیٰ کہ کفر (کا غلبہ) نہ رہے۔ (الانفال:۳۹) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا: ہم نے رسول اللہ ﷺ کے عہد میں اس پر عمل کیا ہے جب مسلمانوں کی تعداد کم تھی، پس آدمی کی اس کے دین میں آزمائش کی جاتی تھی، پس مشرکین یا تو اس کو قتل کر دیتے یا اس کو قید کر دیتے حتیٰ کہ مسلمانوں کی تعداد زیادہ ہوگئی، پس فتنہ نہ رہا، جب اس خارجی نے دیکھا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اس کے ارادے کی موافقت نہیں کرتے تو اس نے کہا: اچھا تو آپ علی رضی اللہ عنہ اور عثمان رضی اللہ عنہ کے متعلق کیا کہتے ہیں؟ تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا: حضرت علی رضی اللہ عنہ اور عثمان رضی اللہ عنہ کے متعلق میرا قول یہی ہے کہ رہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تو اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف کر دیا اور تم ان کی معافی کو ناپسند کرتے ہو، اور رہے حضرت علی رضی اللہ عنہ تو وہ رسول اللہ ﷺ کے چچا زاد بھائی ہیں اور ان کے داماد ہیں، پھر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا اور کہا: یہ ان کی صاحبزادی ہیں

Marfat.com

اور یہ ان کا گھر ہے جہاں تم دیکھ رہے ہو۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۳۰۳ میں گزر چکی ہے، تاہم چند ضروری امور بیان کئے جا رہے ہیں:

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا مسلمانوں کی آپس کی لڑائیوں سے الگ رہنا

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

ایک مرد حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آیا: اس مرد کا نام حبان تھا۔ یہ امام سعید بن منصور کا قول ہے اور ابوبکر نجار نے کہا: اس کا نام ہیثم بن حنش تھا اور احمد بن یونس سے روایت ہے: وہ ایک شخص تھا جس کو حکیم کہا جاتا تھا اور ایک قول ہے: اس کو نافع بن ازرق کہا جاتا تھا۔ اس مرد نے کہا: تم کو قتال کرنے سے کیا چیز مانع ہے: اس جملہ میں ''اَلاَّ تقاتل'' مذکور ہے مگر اس میں لَا زائد ہے جیسے مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ (الاعراف: ۱۲) میں لَا زائد ہے۔ اور مسلمانوں میں جو آپس کی لڑائیاں ہوئی تھیں، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ان میں سے کسی لڑائی میں شریک نہ ہوئے تھے نہ جنگ صفین میں، نہ جنگ جمل میں اور نہ اس جنگ میں جب حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ کا محاصرہ کیا گیا تھا اور نہ کسی اور جنگ میں۔

اَعْتَزُّ یہ اِعْتِزَازٌ سے ماخوذ ہے، یعنی الحجرات: ۹ میں تاویل کرنا میرے نزدیک النساء: ۹۳ میں تاویل کرنے سے زیادہ محبوب ہے، کیونکہ اس آیت میں سخت تغلیظ ہے اور بہت بڑی تہدید ہے۔ حاصل یہ ہے کہ اس سائل کا اعتقاد یہ تھا کہ جس امام کی اطاعت کا وہ معتقد ہے، جو شخص اس امام کی مخالفت کرے اس کے خلاف لڑنا ضروری ہے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ نظریہ تھا کہ جو لڑائیاں حکومت اور ملک کو حاصل کرنے کے لئے ہوتی ہیں، ان لڑائیوں میں حصہ نہیں لینا چاہئے اور ان کو ترک کر دینا چاہئے، اور ظاہر یہ ہے کہ وہ سائل خوارج میں سے تھا، کیونکہ خوارج حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما سے تو محبت کرتے تھے اور حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خطا پر قرار دیتے تھے، تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ان دونوں کے مناقب ذکر کئے اور یہ بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک ان دونوں کا بہت بڑا مرتبہ تھا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ جو غزوۂ احد میں بھگدڑ کی وجہ سے بھاگے تھے اور غزوۂ بدر اور بیعت رضوان سے جو غائب رہے تھے، اس قصے میں ان کا عذر بیان کیا۔

یہ ان کی صاحبزادی ہیں اور یہ ان کا گھر ہے: راجح یہ ہے کہ روایت میں گھر کا ذکر ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۴۱۔ ۳۴۰ دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۶۵۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا بَيَانٌ أَنَّ وَبَرَةَ حَدَّثَهُ قَالَ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا أَوْ إِلَيْنَا ابْنُ عُمَرَ فَقَالَ رَجُلٌ كَيْفَ تَرَى فِي قِتَالِ الْفِتْنَةِ فَقَالَ وَهَلْ تَدْرِي مَا الْفِتْنَةُ كَانَ مُحَمَّدٌ ﷺ يُقَاتِلُ الْمُشْرِكِينَ وَكَانَ الدُّخُولُ عَلَيْهِمْ فِتْنَةً وَلَيْسَ كَقِتَالِكُمْ عَلَى الْمُلْكِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں زہیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں بیان نے حدیث بیان کی کہ ان کو وبرہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے سعید بن جبیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمارے پاس یا ہماری طرف حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما آئے تو ایک (خارجی) مرد نے پوچھا کہ قتال فتنہ کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا: کیا تم جانتے ہو کہ قتال فتنہ کیا ہوتا ہے؟ انہوں نے بتایا کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم مشرکین سے قتال کرتے تھے اور ان مشرکین پر داخل ہونا فتنہ تھا اور وہ قتال

Marfat.com

ایسا نہیں تھا جیسا تم ملک کے حصول کے لئے جنگ کرتے ہو۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۱۳۰ میں گزر چکی ہے۔

۷۔ بَابٌ: يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى الْقِتَالِ ۚ إِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ ۚ وَإِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ مِائَةٌ يَغْلِبُوا أَلْفًا مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَفْقَهُونَ ﴿١٥﴾ (الانفال:٦٥)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے نبی (مکرم!) مومنین کو قتال پر برانگیختہ کیجئے، اگر تم میں سے بیس صبر کرنے والے ہوں تو وہ دوسو پر غالب آجائیں گے، اور اگر تم میں ایک سو (صبر کرنے والے) ہوں تو وہ ایک ہزار کافروں پر غالب آجائیں گے، کیوں کہ وہ لوگ سمجھ نہیں سکتے ○ (الانفال:٦٥) کی تفسیر

مشکل الفاظ کے معانی

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

حَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ: یہ تحریض سے ماخوذ ہے اور اس کا معنی ہے: کسی چیز پر برانگیختہ کرنا۔

وَإِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ مِائَةٌ: یعنی اگر تم میں سے سو صبر کرنے والے ہوں اور دشمن کے لشکر سے مقابلے کے وقت صبر کرنے والے ہوں۔

قَوْمٌ لَا يَفْقَهُونَ: یعنی مشرکین قتال کرتے ہیں بغیر ثواب کی نیت کے اور بغیر طلب ثواب کے۔

۴۶۵۲: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما لَمَّا نَزَلَتْ ﴿إِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ ۚ وَإِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ مِائَةٌ﴾ (الانفال:٦٥) فَكُتِبَ عَلَيْهِمْ أَنْ لَا يَفِرَّ وَاحِدٌ مِنْ عَشَرَةٍ فَقَالَ سُفْيَانُ غَيْرَ مَرَّةٍ أَنْ لَا يَفِرَّ عِشْرُونَ مِنْ مِائَتَيْنِ ثُمَّ نَزَلَتْ ﴿الْآنَ خَفَّفَ اللهُ عَنْكُمْ﴾ (الانفال:٦٦) الْآيَةَ فَكُتِبَ أَنْ لَا يَفِرَّ مِائَةٌ مِنْ مِائَتَيْنِ وَزَادَ سُفْيَانُ مَرَّةً نَزَلَتْ ﴿حَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى الْقِتَالِ ۚ إِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ﴾ (الانفال:٦٥) قَالَ سُفْيَانُ وَقَالَ ابْنُ شُبْرُمَةَ وَأُرَى الْأَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ مِثْلَ هَذَا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، از عمرو از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی: ''اگر تم میں سے بیس صبر کرنے والے ہوں تو دوسو پر غالب آجائیں گے'' (الانفال:٦٥) تو ان پر یہ فرض کر دیا گیا کہ ایک (مؤمن) دس (کفار) سے مقابلہ میں نہ بھاگے، پس سفیان نے متعدد مرتبہ کہا کہ بیس دوسو کے مقابلہ میں نہ بھاگیں، پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی: ''اب اللہ نے تم سے تخفیف کر دی ہے''۔ (الانفال:٦٦) پوری آیت پڑھیں، پس اللہ نے یہ فرض کر دیا کہ ایک سو (مومن) دوسو (کافروں) سے نہ بھاگیں اور کبھی سفیان نے یہ اضافہ کیا کہ یہ آیت نازل ہوئی: ''مومنین کو قتال پر برانگیختہ کیجئے اگر تم میں سے بیس صبر کرنے والے ہوں'' (الانفال:٦٥) سفیان نے بیان کیا کہ ابن شبرمہ نے کہا: میری رائے

یہ ہے کہ نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا بھی اسی کی مثل ہے۔

امام بخاری نے اس حدیث کی شرح ۴۲۵۳ میں کی ہے۔ تاہم بعض امور کی وضاحت کی جارہی ہے:

نسخ اور تخفیف کا فرق اور ابن شبرمہ کا تعارف اور کفار اور فساق دونوں سے مقابلے کا حکم واحد ہے

علامہ بدرالدین محمود بن عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

فَكُتِبَ عَلَيْهِمْ: یعنی مسلمانوں پر یہ فرض کر دیا گیا کہ ایک مسلمان دس کافروں سے مقابلہ میں نہ بھاگے۔ یہ آیت اگرچہ صورۃً خبر ہے۔ مگر اس سے مراد امر ہے۔ اس لئے اس پر ناسخ داخل ہوا کیوں کہ جب مسلمانوں پر ایک کا دس سے مقابلہ دشوار ہوا تو اس فرض کو منسوخ کر کے ایک مسلمان کا دو کافروں سے مقابلہ فرض کر دیا۔ اس بناء پر یہ تخفیف ہے، نسخ نہیں ہے، اور قاضی ابوبکر بن الطیب نے کہا ہے کہ جب کسی حکم کا بعض حصہ منسوخ کر دیا جائے یا اس کے بعض اوصاف کو منسوخ کر دیا جائے یا اس کے عدد کو مغیر کر دیا جائے تو یہ کہنا جائز ہے کہ حکم منسوخ ہو گیا، کیونکہ اب وہ پہلے والا حکم نہیں ہے بلکہ اس کا غیر ہے۔ بعض علماء نے کہا: یہ واقعہ بدر کے دن کا ہے۔ علامہ ابن العربی نے کہا: یہ غلط ہے بلکہ یہ بدر کے بعد کا واقعہ ہے اور مقاتل نے یہ تصریح کی ہے کہ یہ بدر کے بعد کا واقعہ ہے۔ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کو علم تھا کہ جو قتال وہ کر رہے ہیں، وہ ثواب ہے اور کفار کو سمجھ نہیں تھی۔

ایک قول یہ ہے کہ ابتداء اسلام میں مسلمانوں کی تعداد کم تھی اس لئے ایک کا دس سے مقابلہ فرض کیا گیا، پھر جب مسلمانوں کی تعداد زیادہ ہو گئی تو اس حکم میں تخفیف کر دی گئی، پھر یہ ہمارے حق میں ہے اور رہے سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو آپ کا مقابلہ کثیر تعداد کے دشمن سے بھی واجب ہے۔ کیونکہ آپ سے مدد کا وعدہ کیا گیا ہے اور آپ کامل القوۃ ہیں۔

اور ابن شبرمہ نے کہا: ان کا نام عبداللہ ہے، یہ تابعی ہیں اور کوفہ کے عالم ہیں۔ ایک سو چوالیس ہجری (۱۴۴ھ) میں ان کی وفات ہوئی۔ ابن شبرمہ نے کہا: جب ایک مسلمان کے سامنے دو فاسق کوئی برا کام کر رہے ہوں تو اس پر واجب ہے کہ وہ ان دو سے گھبرا کر نہ بھاگے، ہاں! اگر ایک مسلمان کا دو سے زیادہ فاسقوں سے مقابلہ ہو تو پھر اس کا بھاگنا جائز ہے۔ کفار سے مقابلہ ہو یا فساق سے مقابلہ ہو ایک کا دو کے مقابلے سے بھاگنا جائز نہیں ہے۔ (عمدۃ القاری ۱۸ ص ۳۴۳-۳۴۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۸۔ بَابٌ: اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا (الانفال:۶۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اب اللہ نے تم سے تخفیف کر دی ہے اور اسے معلوم ہے کہ تم میں کمزوری ہے۔ (الانفال:۶۶) اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے، تک کی تفسیر

۴۶۵۳۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السُّلَمِيُّ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ أَخْبَرَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ أَخْبَرَنِي الزُّبَيْرُ بْنُ خِرِّيتٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ ﴿إِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ﴾ (الانفال:۶۵) شَقَّ ذَلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ حِينَ فُرِضَ عَلَيْهِمْ أَنْ لَا يَفِرَّ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ بن عبداللہ السلمی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبداللہ بن المبارک نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں جریر بن حازم نے خبر دی، انہوں نے کہا: مجھے الزبیر بن خریت نے خبر دی، از عکرمہ از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: پس اگر تم میں سے ایک سو صبر کرنے والے ہوں تو وہ دو سو (کافروں

وَاحِدٌ مِنْ عَشَرَةٍ فَجَاءَ التَّخْفِيفُ فَقَالَ ﴿اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ۚ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ﴾ (الانفال:٦٦) اَلْآنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ أَنَّ فِيكُمْ ضُعْفًا فَإِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ مِائَةٌ صَابِرَةٌ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ قَالَ فَلَمَّا خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْهُمْ مِنَ الْعِدَّةِ نَقَصَ مِنَ الصَّبْرِ بِقَدْرِ مَا خُفِّفَ عَنْهُمْ۔ (سنن ابوداؤد:٢٦٤٦)

پر) غالب آ جائیں گے۔ (الانفال:٦٥) جب مسلمانوں پر یہ فرض کیا گیا تھا تو یہ حکم مسلمانوں پر دشوار ہوا تھا کہ ایک مسلمان (دس (کافروں) کے مقابلہ سے نہ بھاگے۔ تب تخفیف آ گئی۔ پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اب اللہ نے تم سے تخفیف کر دی ہے اور اسے معلوم ہے کہ تم میں کمزوری ہے۔ پس اگر تم میں سے ایک سو صبر کرنے والے ہوں تو وہ دو سو (کافروں) پر غالب آ جائیں گے (الانفال: ٦٦) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: جب اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر تعداد کے بارے میں تخفیف کر دی تو تعداد کی اس کمی سے اس کے مطابق مسلمانوں کے صبر میں کمی ہو گئی۔

لشکر کے بغیر تنہا مسلمان کا دو کافروں کے مقابلہ سے بھاگنا، آیا جائز ہے یا نہیں؟

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ٨٥٢ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث میں تخفیف نازل ہونے کا ذکر ہے۔ اسماعیلی کی روایت ہے: پس ان پر یہ فرض کیا گیا کہ ایک مسلمان دو کافروں کے مقابلہ سے نہ بھاگے، اور اس حدیث سے یہ استدلال کیا گیا ہے کہ ایک مسلمان دو کافروں کے مقابلہ میں ثابت قدم رہے اور اس کا دو کافروں کے مقابلہ سے بھاگنا حرام ہے، خواہ وہ اس کو طلب کریں یا نہ کریں، خواہ وہ لشکر کی کسی صف میں کھڑا ہو یا وہاں کوئی لشکر نہ ہو۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی تفسیر کا یہی تقاضا ہے اور یہی امام شافعی کا جدید قول ہے، لیکن اگر مسلمان ایک ہو اور لشکر میں نہ ہو اور اس کے پاس لڑنے کے لئے اسلحہ ہو اور دو کافر اس کو مقابلہ کے لئے للکاریں تو اس کے لئے ان سے پیٹھ موڑ کر بھاگنا جائز ہے۔ اگر اس کو کافر طلب کریں تو آیا اس کا بھاگنا حرام ہے یا نہیں؟ اس کے متعلق متاخرین کے دو قول ہیں: زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ اس کا بھاگنا حرام نہیں ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا ظاہر قول یہ ہے کہ جب مسلمان لشکر میں ہو تو پھر اس کا دو کافروں کے مقابلہ سے بھاگنا جائز نہیں ہے، لیکن جب کوئی مسلمان لشکر کے بغیر اکیلا ہو تو پھر اس کا دو کے مقابلہ سے بھاگنا حرام نہیں ہے، کیونکہ معروف یہ ہے کہ جہاد جماعت کے ساتھ ہوتا ہے، لیکن اس پر یہ اعتراض ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے بعض اصحاب کو تنہا لڑنے کے لئے بھی بھیجا ہے، اور امام طبری نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی ایسی روایات جمع کی ہیں جن میں یہ تصریح ہے کہ ایک مسلمان کا بھی دو کافروں کے مقابلہ سے بھاگنا ممنوع ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اپنے اس موقف پر ان آیات سے استدلال کیا ہے:

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ۔ (البقرہ:٢٠٧)

اور لوگوں میں ایسا شخص بھی ہے جو اللہ کی رضا طلب کرنے کے لئے اپنی جان فروخت کر دیتا ہے۔

فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ۔ (النساء:٨٤)

سو آپ اللہ کی راہ میں جہاد کیجئے، آپ کو صرف آپ کی ذات کا مکلف کیا جائے گا۔

(فتح الباری ج ٥ ص ٦٠١، دار المعرفۃ، بیروت، ١٤٢٦ھ)

Marfat.com

تنہا مسلمان کے دو یا زیادہ کافروں سے لڑنے کے وجوب پر حافظ ابن حجر کے دلائل پر مصنف کی گرفت

حافظ ابن حجر عسقلانی نے البقرہ: ۲۰۷ سے اس پر استدلال کیا ہے کہ تنہا مسلمان کا دو یا زیادہ کافروں سے لڑنا واجب اور مقابلہ میں ان سے بھاگنا جائز نہیں ہے، تاہم یہ استدلال صحیح نہیں ہے، اس لئے کہ یہ آیت صہیب رومی یا حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہما کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ جب وہ مدینہ کی طرف ہجرت کر رہے تھے تو کفار قریش نے ان کو پکڑ لیا تو وہ ان کو اپنا سارا مال دے کر مدینہ کی طرف چلے گئے اور حضرت صہیب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: صہیب! تمہاری تجارت نے نفع پایا۔
(الدر المنثور ج ۱ ص ۲۳۹، ایران، مختصر تاریخ دمشق ج ۱۴ ص ۱۱۷، دار الفکر، بیروت)

اس آیت میں حضرت صہیب اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہما کی فضیلت کا ذکر ہے اور اس میں یہ حکم نہیں ہے کہ تنہا مسلمان کا دو یا دو سے زائد کفار سے لڑنا واجب ہے، تاہم جو تنہا مسلمان زیادہ کافروں سے لڑے گا خواہ اپنی جان دے دے، وہ بھی اس فضیلت میں داخل ہوگا، لیکن اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ تنہا مسلمان کا دو یا زیادہ کافروں سے لڑنا واجب ہے۔

اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے النساء: ۸۴ سے استدلال کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا: سو آپ اللہ کی راہ میں قتال کیجئے آپ کو صرف آپ کی ذات کا مکلف کیا جائے گا۔

اس آیت میں صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خطاب ہے عام مسلمانوں سے خطاب نہیں ہے اور یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خصوصیت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اتنی طاقت اور قوت عطا کی تھی کہ آپ تنہا تمام کافروں سے لڑ سکتے تھے۔ اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ عام مسلمانوں پر یہ واجب ہے کہ اگر وہ تنہا ہوں اور غیر مسلح ہوں پھر بھی ان کا زیادہ کافروں سے لڑنا واجب ہے اور مقابلہ میں ان سے بھاگنا حرام ہے۔

سو حافظ ابن حجر نے اپنے موقف پر قرآن مجید کی جن دو آیتوں سے استدلال کیا ہے، ان سے ان کا موقف ثابت نہیں ہوتا۔

سورۃ الانفال کی تفسیر یہاں پر ختم ہوگئی۔ اب ان شاء اللہ سورۃ التوبۃ کی تفسیر شروع ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۹۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ التَّوْبَۃِ

سورۃ التوبہ کی تفسیر

سورۃ براءۃ (توبہ) کا تعارف

ابوالحسن بن الحصار نے کہا ہے کہ سورۃ براءۃ بالاتفاق مدنی ہے اور اس میں ایک سو انتیس آیات ہیں۔ مقاتل نے کہا: اس کی آخری دو آیات: ۱۲۹۔۱۲۸ مکہ میں نازل ہوئیں ہیں۔ اس سورت کے متعدد اسماء ہیں، ان میں سے دو اسم مشہور ہیں: براءۃ اور توبہ۔

سورۃ التوبہ سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہ لکھنے کی توجیہات

اس میں اختلاف ہے کہ سورۂ توبہ کی ابتداء میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کیوں نہیں لکھی گئی؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس سورت میں عہد کو توڑنے کا حکم ہے، اور زمانہ جاہلیت میں جب لوگوں کا کسی سے معاہدہ ہوتا اور پھر اس معاہدے کو توڑنے کی تحریر لکھتے تو اس کی ابتداء میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں لکھتے تھے، سو اس وجہ سے سورۂ براءۃ کی ابتداء میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو نہیں لکھا اور جب سورۂ براءۃ میں عہد کے توڑنے کا اعلان کیا گیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس سورت کو کفار قریش کے سامنے پڑھا اور ان کے عرف و عادت کے مطابق بسم اللہ نہیں پڑھی۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ سورۂ انفال اوائل سورتوں میں سے ہے اور سورۂ براءۃ آخری سورتوں میں سے ہے اور سورۂ براءۃ کا قصہ سورۂ انفال کے قصے کے مشابہ تھا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوگئی اور آپ نے ہم سے یہ بیان نہیں کیا کہ سورۂ براءۃ سورۂ انفال کا حصہ ہے، پس میں نے یہ گمان کیا کہ یہ اسی کا حصہ ہے۔ اسی وجہ سے میں نے ان دونوں سورتوں کو ملا دیا اور ان کے درمیان بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو نہیں لکھا۔ اس حدیث کی امام حاکم نے روایت کی ہے اور اس کو صحیح قرار دیا ہے۔

اور تیسری وجہ یہ ہے کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کے زمانے میں مصحف کو لکھا گیا تو صحابہ کا اختلاف ہوا، پس بعض نے کہا: سورۂ براءۃ اور سورۂ انفال ایک سورت ہیں اور بعض نے کہا: یہ دو سورتیں ہیں، پس ان دو سورتوں کے درمیان خالی جگہ چھوڑ دی گئی۔

چوتھی وجہ یہ ہے کہ امام حاکم نے اپنی مستدرک میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے فرمایا کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم امان ہے اور سورۂ براءۃ تلوار کے ساتھ جہاد کرنے کے لئے نازل ہوئی ہے جس میں امان نہیں ہے۔

پانچویں وجہ یہ ہے کہ امام قشیری نے کہا ہے کہ صحیح وجہ یہ ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے سورۂ براءۃ سے پہلے بسم اللہ کو نازل نہیں کیا، اس لئے اس سے پہلے بسم اللہ کو نہیں لکھا گیا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۴۴، دار الکتب العلمیہ بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَلِیْجَۃً (براءۃ:۱۶) کُلُّ شَیْءٍ أَدْخَلْتَہٗ فِی شَیْءٍ مَرْصَدٍ (براءۃ:۵) طَرِیْقٌ الثَّنِیَّۃُ (براءۃ:۴۲) السَّفَرُ الْخَبَالُ

وَلِیْجَۃً (براءۃ:۱۶) اس کا معنی ہے: ہر وہ چیز جس کو تم دوسری چیز میں داخل کرو۔ مَرْصَدٍ (براءۃ: ۵) اس کا معنی ہے: راستہ۔

الْفَسَادُ وَالْخَبَالُ الْمَوْتُ وَلَا تَفْتِنِّيْ (۴۹) لَا تُوَبِّخْنِي كَرْهًا وَكُرْهًا (۵۳) وَاحِدٌ مُدَّخَلًا (۵۷) يُدْخَلُونَ فِيهِ يَجْمَحُونَ (۵۷) يُسْرِعُونَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ (۷۰) ائْتَفَكَتْ انْقَلَبَتْ بِهَا الْأَرْضُ أَهْوٰى (النجم: ۵۳) أَلْقَاهُ فِي هُوَّةٍ عَدْنٍ (۷۲) خُذْ عَدَنْتُ بِأَرْضِ أَيْ أَقَمْتُ وَمِنْهُ مَعْدِنٌ وَيُقَالُ فِي مَعْدِنِ صِدْقٍ فِي مَنْبَتِ صِدْقٍ الْخَوَالِفِ (۹۳) الْخَالِفُ الَّذِي خَلَفَنِي فَقَعَدَ بَعْدِي وَمِنْهُ يَخْلُفُهُ فِي الْغَابِرِينَ وَيَجُوزُ أَنْ يَكُونَ النِّسَاءُ مِنَ الْخَالِفَةِ وَإِنْ كَانَ جَمْعَ الذُّكُورِ فَإِنَّهُ لَمْ يُوجَدْ عَلَى تَقْدِيرِ جَمْعِهِ إِلَّا حَرْفَانِ فَارِسٌ وَفَوَارِسُ وَهَالِكٌ وَهَوَالِكُ الْخَيْرٰتُ (۸۸) وَاحِدُهَا خَيِّرَةٌ وَهِيَ الْفَوَاضِلُ مُرْجَوْنَ (۱۰۶) مُؤَخَّرُونَ شَفَا (۱۰۹) شَفِيرٌ وَهُوَ حَدُّهُ وَالْجُرُفُ (۱۰۹) مَا تَجَرَّفَ مِنَ السُّيُولِ وَالْأَوْدِيَةِ هَارٍ (۱۰۹) هَائِرٍ يُقَالُ تَهَوَّرَتْ الْبِئْرُ إِذَا انْهَدَمَتْ وَانْهَارَ مِثْلُهُ لَأَوَّاهٌ (۱۱۴) شَفَقًا وَفَرَقًا وَقَالَ الشَّاعِرُ إِذَا قُمْتُ أَرْحَلُهَا بِلَيْلٍ تَأَوَّهُ آهَةَ الرَّجُلِ الْحَزِينِ۔

الشُّقَّةُ (براءۃ: ۴۲) اس کا معنی ہے: سفر۔ خَبَالًا (۴۷) اس کا معنی ہے: فساد اور موت۔ وَلَا تَفْتِنِّيْ (۴۹) اس کا معنی ہے: تم مجھ کو مت جھڑکو یا مجھ کو مت ڈانٹو، كَرْهًا وَكُرْهًا (۵۳) کا ایک معنی ہے: زبردستی اور ناخوشی۔ مُدَّخَلًا (۵۷) اس کا معنی ہے: کسی چیز کے داخل ہونے کی جگہ مثلاً سرنگ۔ يَجْمَحُونَ (۵۷) اس کا معنی ہے: دوڑتے جائیں۔ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ (۷۰) اس کا معنی ہے: جس زمین کو الٹ دیا گیا۔ أَهْوٰى (النجم: ۵۳) یعنی اس کو گڑھے میں دھکیل دیا۔ عَدْنٍ (۷۲) اس کا معنی ہے: ہمیشہ یعنی اس زمین میں ہمیشہ رہ گیا اور اسی سے مَعْدِنٌ کا لفظ نکلا ہے۔ مَعْدِنِ صِدْقٍ اس جگہ کو کہتے ہیں جس جگہ سچائی ہوتی ہے۔ الْخَوَالِفِ (۹۳) خَالِفٌ اس شخص کو کہتے ہیں جو مجھ سے پیچھے رہا اور میرے پیچھے بیٹھ گیا۔ اسی سے ماخوذ ہے یہ جملہ کہ: جو لوگ مرنے والوں کے بعد باقی رہ گئے، اللہ عزوجل ان کا ولی و وارث ہو جائے۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ خوالف جمع مونث ہو اور خَالِفَةٌ کی جمع ہے اور اگر یہ خَالِفٌ مذکر کی جمع ہو تو یہ شاذ ہے۔ عربی زبان میں صرف ایسی دو جمع ہیں: فارس کی جمع فوارس اور هَالِك کی جمع هوالك۔ الْخَيْرٰتُ (۸۸) کا واحد خَيِّرَةٌ ہے، اس کا معنی ہے: نیکیاں اور اچھائیاں اور یہ اَلْفَوَاضِلُ کی طرح ہے۔ مُرْجَوْنَ (۱۰۶) اس کا معنی ہے: جن لوگوں کو موخر کیا گیا یا ان کو ڈھیل دی گئی۔ شَفَا (۱۰۹) اس کا معنی ہے: کنارہ اور حد۔ اَلْجُرُفُ (۱۰۹) اس کا معنی ہے: ندی نالوں کے بہنے سے جو زمین کھد جاتی ہے۔ هَارٍ (۱۰۹) اس کا معنی ہے: گرنے والی۔ کہا جاتا ہے: تَهَوَّرَتِ الْبِئْرُ جب کنواں گر جائے اور اِنْهَارَ بھی اسی کی مثل ہے۔ لَأَوَّاهٌ (۱۱۴) اس کا معنی ہے: اللہ سے بہت زیادہ ڈرنے والا اور خوف زدہ۔ شاعر نے کہا ہے: جب میں رات میں اٹھوں تو اونٹنی کو کیونکر سفر کے لئے تیار کروں جب کہ وہ غمزدہ مرد کی طرح آہیں بھر رہی ہو۔

تعلیقات مذکور کی شرح

وَلِيجَةً كُلُّ شَيْءٍ أَدْخَلْتَهُ فِي شَيْءٍ۔

وَلِيجَةً (براءۃ: ۱۶) اس کا معنی ہے: ہر وہ چیز جس کو تم دوسری چیز

Marfat.com

میں داخل کرو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَمْ يَتَّخِذُوا مِنْ دُونِ اللهِ وَلَا رَسُولِهِ وَلَا الْمُؤْمِنِينَ وَلِيجَةً ۚ وَاللهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٦﴾ (براءۃ:۱۶) اور انہوں نے اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں کے سوا کسی کو اپنا محرم راز نہ بنایا ہو، اور اللہ تمہارے سب کاموں کی خوب خبر رکھتا ہے ○

امام بخاری نے وَلِيجَةً کی تفسیر کی ہے: ہر وہ چیز جس کو تم دوسری چیز میں داخل کر دو اور تفسیر میں مذکور ہے کہ وَلِيجَةً کا معنی ہے: محرم راز، یعنی جن لوگوں نے تمہارے ساتھ جہاد کیا ہے اور انہوں نے اللہ اور اس کے رسول اور مومنین کے سوا کسی کو محرم راز نہیں بنایا، بلکہ وہ ظاہر اور باطن میں اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ خیر خواہی کرنے والے ہیں۔

مَرْصَدٍ طَرِيقٌ۔ مَرْصَدٍ (براءۃ:۵) اس کا معنی ہے: راستہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاقْعُدُوا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ۔ (براءۃ:۵) اور ان کی تاک میں ہر گھات کی جگہ بیٹھو۔

مَرْصَدٌ کا معنی ہے: راستہ یعنی ان کو گرفتار کرنے کے لئے ہر راستہ پر بیٹھو۔ مَرْصَدٌ کی جمع مَرَاصِدُ آتی ہے یعنی راستے۔

الشُّقَّةُ السَّفَرُ۔ الشُّقَّةُ (براءۃ:۴۲) اس کا معنی ہے: سفر

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيبًا وَسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوكَ وَلَٰكِن بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ۔ (براءۃ:۴۲) (اے رسول مکرم! آپ نے جس طرف نکلنے کے لئے کہا تھا) اگر وہ سہل الحصول مال ہوتا اور متوسط سفر ہوتا تو (یہ منافقین) ضرور آپ کے پیچھے چل پڑتے، لیکن دور دراز کا سفر ان کو بھاری لگا۔

امام بخاری نے شُقَّةٌ کی تفسیر سفر کے ساتھ کی ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی یہی مروی ہے اور کتب تفسیر میں ہے: لو کان عرضا قریبا کا معنی ہے: اگر مال غنیمت قریب کی جگہ حاصل ہوتو یہ آپ کے ساتھ جائیں گے لیکن جب دور دراز کی مسافت ہو مثلاً شام کی طرف تو پھر یہ سفر منافقین پر دشوار ہوگا۔

اَلْخَبَالُ الْفَسَادُ وَالْخَبَالُ الْمَوْتُ۔ اَلْخَبَالُ (۴۷) اس کا معنی ہے: فساد اور موت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَوْ خَرَجُوا فِيكُم مَّا زَادُوكُمْ إِلَّا خَبَالًا۔ (التوبہ:۴۷) اور اگر وہ تمہارے ساتھ نکلتے تو وہ تم میں فساد زیادہ پھیلاتے۔

امام بخاری نے اَلْخَبَالُ کی تفسیر فساد کے ساتھ کی ہے۔ امام ابو عبیدہ نے بھی اس کی یہی تفسیر کی ہے اور انہوں نے کہا ہے کہ الخبال، ابدان اور عقول میں فساد کو خَبَالٌ کہتے ہیں اور امام بخاری نے کہا ہے: اَلْخَبَالُ کا معنی ہے: موت۔ یہ انہوں نے صحیح نہیں کہا، الخبال کا معنی موت نہیں ہے بلکہ اَلْمَوْتَةُ ہے اور اس کا معنی ہے: مرگی۔

لَا تَفْتِنِّي لَا تُوَبِّخْنِي۔ وَلَا تَفْتِنِّي (۴۹) اس کا معنی ہے: تم مجھ کو مت جھڑکو یا مجھ کو مت ڈانٹو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمِنْهُم مَّن يَقُولُ ائْذَن لِّي وَلَا تَفْتِنِّي۔ (التوبہ:۴۹) اور ان میں سے بعض یہ کہتے ہیں کہ مجھے (جہاد سے رخصت کی)

Marfat.com

اجازت دیجئے اور مجھے فتنہ میں نہ ڈالو۔

امام بخاری نے اس کا معنی کیا ہے: تم مجھے زجر وتوبیخ نہ کرو۔ اور قاضی عیاض نے کہا ہے کہ اس کا معنی ہے: تم مجھے گناہ میں نہ ڈالو اور یہی صحیح ہے۔ یہ آیت ابن قیس منافق کے دادا کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ اس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے تم رومیوں سے جہاد کرو اور ان کی باندیوں کو حاصل کرلو۔ اس نے کہا: آپ مجھے یہیں بیٹھے رہنے کی اجازت دیں اور عورتوں کا ذکر کر کے مجھے فتنہ میں نہ ڈالیں، کیونکہ میری قوم کو معلوم ہے کہ میں عورتوں کو بہت پسند کرتا ہوں اور ان پر صبر نہیں کرسکتا۔

كَرْهًا وَ كُرْهًا وَاحِدٌ مُدَّخَلًا۔ كَرْهًا اور كُرْهًا (۵۳) کا ایک معنی ہے: یعنی زبردستی اور ناخوشی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ۔ آپ کہئے کہ تم (اللہ کی راہ میں) خوشی سے خرچ کرو یا ناخوشی سے، تم سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔ (التوبہ: ۵۳)

امام بخاری نے اس تفسیر سے یہ اشارہ کیا ہے کہ اس لفظ میں دو لغتیں ہیں: کوفیوں نے اس کو كُرْهًا پڑھا ہے اور باقیوں نے اس کو كَرْهًا پڑھا ہے۔

مُدَّخَلًا يَدْخُلُوْنَ فِيْهِ۔ مُدَّخَلًا (۵۷) اس کا معنی ہے: کسی چیز کے داخل ہونے کی جگہ مثلاً سرنگ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ۝ (التوبہ: ۵۷) اگر انہیں کوئی پناہ کی جگہ مل جائے یا تہہ خانے یا دخول کی کوئی بھی جگہ، تو وہ اس میں تیزی سے رسیاں تڑاتے ہوئے گھس جائیں O

اس کا معنی یہ ہے کہ اگر منافقین کو کوئی قلعہ مل جائے، جس میں یہ محفوظ رہ سکیں یا پہاڑوں میں کوئی غار مل جائے اور مُدَّخَلًا کا معنی ہے: پانی کا چشمہ، تو یہ لوگ وہیں چلے جائیں

يَجْمَحُوْنَ يُسْرِعُوْنَ۔ يَجْمَحُوْنَ (۵۷) اس کا معنی ہے: دوڑتے جائیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ۝ (التوبہ: ۵۷) اگر انہیں کوئی پناہ کی جگہ مل جائے یا تہہ خانے یا دخول کی کوئی بھی جگہ تو وہ اس میں تیزی سے رسیاں تڑاتے ہوئے گھس جائیں O

یعنی یہ منافق جو آپ کے ساتھ مل جل کر رہتے ہیں، یہ خوشی سے نہیں رہتے بلکہ جبراً رہتے ہیں۔ اگر انہیں کوئی اور جگہ مل جائے تو وہ دوڑتے ہوئے وہاں چلے جائیں گے۔

وَالْمُؤْتَفِكَاتِ ائْتَفَكَتْ انْقَلَبَتْ بِهَا الْاَرْضُ۔ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ (۷۰) اس کا معنی ہے: جس زمین کو الٹ دیا گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ۭ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ۔ (التوبہ: ۷۰) اور اصحاب مدین کی اور (ان کی) جن کی بستیوں کو الٹ دیا گیا تھا، ان کے پاس ان کے رسول معجزات لے کر آئے تھے۔

امام بخاری نے الْمُؤْتَفِكٰتِ کی تفسیر اس سے کی ہے کہ جس جگہ کی زمین کو الٹ دیا گیا۔ اس سے مراد قوم لوط کے شہر ہیں اور

ان کے بڑے شہر کا نام سدوم تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ان سب کو ہلاک کر دیا، کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت لوط علیہ السلام کی تکذیب کرتے تھے اور ایسی بے حیائی کا کام کرتے تھے جو ان سے پہلے کسی نے نہیں کیا تھا۔

أَهْوَى أَلْقَاهُ فِي هُوَّةٍ۔

أَهْوٰى (النجم: ۵۳) یعنی اس کو گڑھے میں دھکیل دیا۔

یہ لفظ سورۂ توبہ میں نہیں ہے یہ لفظ سورۃ النجم میں ہے۔ امام بخاری نے یہاں اس لفظ کو وَالْمُؤْتَفِكَةَ أَهْوٰى ○ (النجم: ۵۳) کی مناسبت سے ذکر کر دیا ہے اور هُوَّةٌ کا معنی گڑھا ہے۔

عَدْنٍ خُلْدٍ عَدَنْتُ بِأَرْضِ أَيْ أَقَمْتُ وَمِنْهُ مَعْدِنٌ وَيُقَالُ فِي مَعْدِنِ صِدْقٍ فِي مَنْبَتِ صِدْقٍ۔

عَدْنٍ (۷۲) اس کا معنی ہے: ہمیشہ یعنی میں اس زمین میں ہمیشہ رہ گیا اور اسی سے مَعْدِنٌ کا لفظ نکلا ہے۔ مَعدِن صِدق اس جگہ کو کہتے ہیں جس جگہ سچائی ہوتی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَ مَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ۔ (التوبہ: ۷۲)

اللہ نے مومن مردوں اور مومن عورتوں سے ان جنتوں کا وعدہ فرمایا ہے جن کے نیچے سے دریا بہتے ہیں، جس میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہوں گے اور دائمی جنتوں میں پاکیزہ رہائش گاہوں کا (وعدہ فرمایا ہے)۔

امام بخاری نے عدن کی تفسیر دوام، بقا اور ہمیشگی سے کی ہے اور اس کا لغوی معنی ہے: ٹھہرنا۔

الْخَوَالِفُ الْخَالِفُ الَّذِي خَلَفَنِي فَقَعَدَ بَعْدِي وَمِنْهُ يَخْلُفُهُ فِي الْغَابِرِينَ وَيَجُوزُ أَنْ يَكُونَ النِّسَاءُ مِنَ الْخَالِفَةِ وَإِنْ كَانَ جَمْعَ الذُّكُورِ فَإِنَّهُ لَمْ يُوجَدْ عَلَى تَقْدِيرِ جَمْعِهِ إِلَّا حَرْفَانِ فَارِسٌ وَفَوَارِسُ وَهَالِكٌ وَهَوَالِكُ۔

الْخَوَالِفِ (۹۳) خَالِفٌ اس شخص کو کہتے ہیں جو مجھ سے پیچھے رہا اور میرے پیچھے بیٹھ گیا۔ اسی سے ماخوذ ہے یہ جملہ کہ جو لوگ مرنے والے کے بعد باقی رہ گئے، اللہ عزوجل ان کا ولی و وارث ہو جائے۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ خوالف جمع مونث ہو اور خَالِفَہ کی جمع ہو اور اگر یہ خَالِفٌ مذکر کی جمع ہو تو یہ شاذ ہے۔ عربی زبان میں ایسی صرف دو جمع ہیں: فارس کی جمع فوارس اور هَالِك کی جمع هَوَالِكُ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ (التوبہ: ۹۳)

وہ اس کو پسند کرتے ہیں کہ پیچھے رہ جانے والی عورتوں کے ساتھ (گھروں میں) رہیں اور اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی ہے تو وہ کچھ نہیں جانتے ○

یہ آیت اور اس سے پہلی آیتیں غزوۂ تبوک کے قصے میں ہیں اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو غزوۂ تبوک میں جانے کا حکم دیا تو ایک جماعت پیچھے رہ گئی جس کا اللہ تعالیٰ نے عذر بیان فرمایا: کمزوروں اور بیماروں اور جو لوگ خرچ کرنے کی طاقت نہیں رکھتے، ان پر (جہاد میں شریک نہ ہونے کی وجہ سے) کوئی حرج نہیں ہے، جب کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے لئے اخلاص سے عمل کریں، نیکی کرنے والوں پر (طعنہ کرنے کی) کوئی راہ نہیں ہے، اور اللہ بہت بخشنے والا، بے حد رحم فرمانے والا ہے ○ اور نہ ان لوگوں پر کوئی حرج ہے جو آپ کے پاس آئے تاکہ آپ انہیں جہاد کے لئے سواری مہیا کریں تو آپ نے فرمایا: تمہارے لئے میرے پاس کوئی سواری نہیں ہے، وہ اس حال میں واپس گئے کہ ان کی آنکھوں سے اس غم میں آنسو بہہ رہے تھے کہ

ان کے پاس جہاد میں خرچ کرنے کے لئے کچھ نہیں ہے O (التوبہ:۹۲_۹۱)

اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں سے ملامت کی نفی کردی، پھر اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں پر ردفرمایا جوخوش حال تھے اوراس کے باوجود انہوں نے بیٹھے رہنے اور غزوۂ تبوک میں نہ جانے کی اجازت طلب کی۔ان کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ اس کو پسند کرتے ہیں کہ پیچھے رہ جانے والی عورتوں کے ساتھ (گھروں میں) رہیں، اور اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگادی ہے تو وہ کچھ نہیں جانتے۔ (التوبہ:۹۳) اور اَلْخَوَالِفِ سے مراد وہ عورتیں ہیں جو مردوں سے پیچھے رہ جاتی ہیں۔

امام بخاری نے کہا ہے: خَالِفٌ اس شخص کو کہتے ہیں جو مجھ سے پیچھے رہا اور میرے پیچھے بیٹھ گیا۔اس عبارت میں خالف کی تفسیر کی طرف اشارہ ہے اور یہ وہ شخص ہے جو کسی شخص کے بعد پالان میں بیٹھتا ہے۔اس کی جمع خالفین آتی ہے جیسا کہ اس آیت میں ہے:

فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ ﴿۸۳﴾ (التوبہ:۸۳) سو اب پیچھے رہ جانے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو O

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: یعنی جو مرد غزوۂ تبوک سے پیچھے رہ گئے تھے۔اور خَالِفٌ کی جمع خَالِفِيْن نہیں آتی، کیونکہ جمع مونث یاء اور نون کے ساتھ نہیں آتی، پس اگر تم یہ سوال کرو کہ قتادہ سے یہ روایت ہے کہ فاقعدوا مع الخالفین کا معنی ہے: عورتوں کے ساتھ بیٹھے رہو تو میں کہوں گا کہ امام ابن جریر نے اس کا رد کیا ہے اور اس کے اوپر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے قول کو ترجیح دی ہے۔علامہ کرمانی نے قتادہ کے قول کو اختیار کیا ہے اور کہا ہے کہ الخوالف، خالف کی جمع ہے اور کہا ہے کہ یہ جمع مونث ہے کیونکہ فَوَاعِلُ فَاعِلَةٌ کی جمع ہے۔اور کلام عرب میں ایسے صرف دو لفظ ہیں: فَوَارِس اور هَوَالِك۔تو میں کہوں گا کہ سابق کی جمع سَوَابق اور ناقص کی جمع نواقص اور داجن کی جمع دَوَاجِن آتی ہے: اور خلاصہ یہ ہے کہ خوالف سے مراد وہ عورتیں ہیں جو پیچھے رہ گئی تھیں۔

امام بخاری نے کہا ہے: اسی سے ماخوذ ہے جو لوگ مرنے والوں کے بعد باقی رہ گئے: یہ اس شخص کے لئے دعا ہے جس کا کوئی مرد فوت ہو گیا ہو، یعنی اے اللہ! اس کی نسل سے ان لوگوں کو کردے جو باقی رہنے والے ہوں۔

امام بخاری نے کہا ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ خوالف جمع مونث ہو اور یہ خَالِفَةٌ کی جمع ہو اور اگر یہ خَالِفٌ مذکر کی جمع ہو تو یہ شاذ ہے۔عربی زبان میں ایسی صرف دو جمعیں ہیں: فارس کی جمع فوارس اور هالك کی جمع هوالك۔

امام بخاری کی اس عبارت پر دو اعتراض ہیں: اول یہ کہ امام بخاری نے اس عبارت کے شروع میں حتمی طور پر یہ کہا تھا کہ خوالف خالف کی جمع ہے اور یہاں پر اس کو شک کے ساتھ ذکر کیا ہے کہ اگر خوالف جمع مذکر ہو تو ایسی جمع صرف دو آئی ہیں: فوارس اور هوالك۔ثانی یہ کہ امام بخاری نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ فاعل کی جمع فواعل صرف دو لفظوں میں آئی ہے: فوارس اور هوالك، حالانکہ اس کے علاوہ اور بھی اس وزن پر جمع مذکر آئی ہیں جیسے سابق کی جمع سوابق اور ناقص کی جمع نواقص اور داجن کی جمع دواجن۔

اَلْخَيْرَاتُ وَاحِدُهَا خَيْرَةٌ وَهِيَ الْفَوَاضِلُ۔ اَلْخَيْرٰتُ (۸۸) کا واحد خَيْرَةٌ ہے، اس کا معنی ہے: نیکیاں اور اچھائیاں اور یہ اَلْفَوَاضِلُ کی طرح ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۘ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸۸﴾ اور ان ہی کے لئے سب اچھائیاں ہیں اور وہی کامیاب ہونے والے ہیں O (التوبہ:۸۸)

امام بخاری نے ذکر کیا ہے کہ خَيْرٰت کا واحد خَيْرَةٌ ہے، پھر خَيْرٰت کی تفسیر فَوَاضِلُ کے ساتھ کی اور تفسیر میں مذکور ہے کہ اس سے مراد آخرت میں جنات الفردوس اور بلند درجات ہیں۔

مُرْجَئُونَ مُؤَخَّرُونَ۔

مُرْجَوْنَ (۱۰۶) اس کا معنی ہے: جن لوگوں کو مؤخر کیا گیا یا ان کو ڈھیل دی گئی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ۔ (التوبہ:۱۰۶)

اور بعض دوسرے وہ ہیں جن کو اللہ کا حکم آنے تک موخر کیا گیا ہے، یا اللہ ان کو عذاب دے گا یا ان کی توبہ قبول فرمالے گا۔

امام بخاری نے مُرْجَوْنَ کی تفسیر کی ہے کہ ان کا معاملہ اللہ کا حکم آنے تک موخر کیا گیا ہے اور اسی لفظ سے مُرْجئہ ماخوذ ہے اور یہ اسلام کے فرقوں میں سے ایک فرقہ ہے جن کا یہ اعتقاد تھا کہ ایمان کے ساتھ گناہ کرنے سے کوئی ضرر نہیں ہوتا اور جن تین لوگوں کا معاملہ یہاں موخر کیا گیا تھا۔ یہ وہ لوگ ہیں جو غزوۂ تبوک سے پیچھے رہ گئے تھے۔ یہ مرارہ بن الربیع، کعب بن مالک اور ہلال بن امیہ تھے۔ یہ ان لوگوں کے ساتھ بیٹھے رہے جو سستی، آرام طلبی اور درختوں پر کھجوروں کے پکنے کے انتظار میں بیٹھے رہے، اور غزوۂ تبوک میں نہیں گئے۔

اَلشَّفَا شَفِيرٌ وَهُوَ حَدُّهُ۔

اَلشَّفَا (۱۰۹) اس کا معنی ہے: کنارہ اور حد۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ۔ (التوبہ:۱۰۹)

تو کیا جس نے اللہ سے ڈرنے اور اس کی رضا پر اپنی مسجد کی بنیاد رکھی وہ بہتر ہے یا وہ شخص جس نے اپنی عمارت کی بنیاد ایسے گڑھے کے کنارے پر رکھی جو گرنے کے قریب ہے۔

امام بخاری نے الشفا کی تفسیر شفیر کے ساتھ کی ہے، جس کا معنی طرف اور کنارہ ہے۔

وَالْجُرُفُ مَا تَجَرَّفَ مِنَ السُّيُوْلِ وَالْأَوْدِيَةِ هَارٍ هَائِرٍ يُقَالُ تَهَوَّرَتِ الْبِئْرُ إِذَا انْهَدَمَتْ وَانْهَارَ مِثْلُهُ۔

اَلْجُرُفُ (۱۰۹) اس کا معنی ہے: ندی نالوں کے بہنے سے جو زمین کھد جاتی ہے۔ هارٍ (۱۰۹) اس کا معنی ہے: گرنے والی۔ تَهَوَّرَتِ الْبِئْرُ جب کنواں گر جائے اور انْهَارَ بھی اسی کی مثل ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ۔ (التوبہ:۱۰۹)

تو کیا جس نے اللہ سے ڈرنے اور اس کی رضا پر اپنی مسجد کی بنیاد رکھی وہ بہتر ہے، یا وہ شخص جس نے اپنی عمارت کی بنیاد ایسے گڑھے کے کنارے پر رکھی جو گرنے کے قریب ہے۔

جُرُف نالے کے اس کنارے کو کہتے ہیں جو نہر اور وادیوں کے پانی سے کمزور ہو جاتا ہے، اور گرنے کے قریب ہو جاتا ہے، اور ذرا سی حرکت سے گر جاتا ہے۔

هَارٍ اصل میں هَائِرٌ تھا، پھر هَائِرٌ میں صرفی قانون سے قلب ہو گیا یعنی وہ هَارِءٌ ہو گیا، پھر ہمزہ کو ماقبل مکسور ہونے کی وجہ سے یاء بنا دیا تو هَارِیٌ بن گیا۔ پھر قاضی کے قاعدہ سے یاء کو حذف کر دیا تو هَارٍ بن گیا جس کا معنی ہے: گرنے والا۔

لَاَوَّاهٌ شَفَقًا وَفَرَقًا وَقَالَ الشَّاعِرُ إِذَا قُمْتُ أَرْحَلُهَا بِلَيْلٍ تَأَوَّهُ آهَةَ الرَّجُلِ الْحَزِينِ۔

لَاَوَّاهٌ (۱۱۴) اس کا معنی ہے: اللہ سے بہت زیادہ ڈرنے والا اور خوف زدہ۔ شاعر نے کہا ہے: جب میں رات میں اٹھوں تو اونٹنی کو

Marfat.com

کیونکہ سفر کے لئے تیار کروں جب کہ وہ غمزدہ مرد کی طرح آہیں بھر رہی ہو۔ کہا جاتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ۝ (التوبہ:۱۱۴) بے شک ابراہیم بہت نرم دل اور بہت بردبار تھے O

اَوَّاهٌ کا معنی ہے: گڑگڑا کر دعا کرنے والا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: اَوَّاهٌ کا معنی ہے: بہت زیادہ توبہ کرنے والا۔ ابوایوب سے مروی ہے: اَوَّاہ کا معنی ہے: جو شخص اپنے گناہ کو یاد کرے تو توبہ کرے اور شَفِق کا معنی ہے: خوف خدا۔ اور یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا طریقہ ہے۔ اگر کوئی ان پر ظلم کرتا تو وہ بہت بردباری سے کام لیتے اور وہ اللہ تعالیٰ کی عظمت سے خوف زدہ رہتے تھے۔

نوٹ: ان تعلیقات کی شرح عمدۃ القاری: ج ۱۸ ص ۳۴۹-۳۴۴ سے لی گئی ہے۔

۱۔ بَابٌ: بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ (التوبہ:۱)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے ان مشرکین سے اعلان براءت (بیزاری) ہے جن سے تم نے معاہدہ کیا تھا O (التوبہ:۱) کی تفسیر

مشرکین سے کیے ہوئے معاہدہ کو ان کی خلاف ورزی کی وجہ سے توڑنا

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

امام ابواللیث سمرقندی نے کہا ہے کہ "اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے مشرکین کے عہد سے براءت ہے"۔ یہ آیت براءت ہے اور یہ سورۃ براءت ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: براءت کا معنی ہے: تم نے مشرکین سے جو عہد کیا تھا اللہ اور رسول نے اس عہد کو توڑ دیا، کیونکہ انہوں نے بھی مدت پوری ہونے سے پہلے اپنے معاہدے کو توڑ دیا تھا۔ تب اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ حکم دیا کہ ان کو چار مہینے کی مہلت دیں۔ اس کے بعد ان سے عہد یا معاہدہ ختم ہو جائے گا۔

علامہ ثعلبی نے کہا ہے کہ اس مدت کی ابتداء حج اکبر کے دن سے تھی اور دس ربیع الثانی کو اس کی انتہاء ہو گئی، اور اس آیت کے نازل ہونے کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی سے معاہدہ نہیں کیا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۵۱)

أَذَانٌ إِعْلَامٌ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ أُذُنٌ يُصَدِّقُ۔ اذانٌ اس کا معنی ہے: اعلان اور خبر دینا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: أُذُنٌ کا معنی ہے: وہ تصدیق کر دیتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ۔ (التوبہ:۶۱) اور بعض منافقین نبی کو ایذا پہنچاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ کانوں کے کچے ہیں۔

یعنی منافقین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی باتوں سے تکلیف پہنچاتے تھے اور کہتے تھے کہ وہ کان ہیں، یعنی وہ ہر ایک کی بات سن لیتے ہیں یا ہر ایک کی بات سن کر اس کی تصدیق کر دیتے ہیں۔

Marfat.com

تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَنَحْوُهَا كَثِيرٌ وَالزَّكَاةُ الطَّاعَةُ وَالْإِخْلَاصُ۔ آپ ان کو پاکیزہ کرتے ہیں، اور ان کا باطن صاف کرتے ہیں، اور اس کی بہت مثالیں ہیں۔ اور زکوٰۃ کا معنی ہے: اطاعت اور اخلاص۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا۔ (التوبہ: ۱۰۳) آپ ان کے مالوں میں زکوٰۃ لیجئے جس کے ذریعہ آپ ان کو پاک کریں اور ان کے باطن کو صاف کریں۔

مفسرین نے کہا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت ابولبابہ اور ان کے اصحاب کی توبہ قبول فرمائی تو انہوں نے کہا: یارسول اللہ! یہ ہمارے اموال ہیں، آپ ان کو صدقہ کردیں اور ہم کو پاک کردیں اور ہمارے لئے مغفرت طلب کریں، تو آپ نے فرمایا: مجھے یہ حکم نہیں دیا گیا کہ میں تمہارے اموال میں سے کوئی چیز لوں، تب یہ آیت نازل ہوئی۔ اس آیت میں جو فرمایا ہے کہ ''آپ ان کے اموال سے صدقہ لیں''، اس کے متعلق دو قول ہیں: (۱) نفلی صدقہ (۲) زکوٰۃ، اور اس آیت میں جو تزکیہ کا ذکر ہے، اس سے مراد پاکیزگی میں مبالغہ ہے اور یہ افزائش اور برکت کے معنی میں ہے۔

امام بخاری نے کہا ہے کہ اس کی بہت مثالیں ہیں: یعنی دو لفظوں کا مادہ مختلف ہو اور ان کا معنی ایک ہو جیسے تطہیر اور تزکیہ، دو مختلف لفظ ہیں اور ان کا معنی ایک ہے: پاکیزہ کرنا، اور ان کی بہت مثالیں ہیں: جیسے لیث اور اسد دو مختلف لفظ ہیں اور ان کا معنی ایک ہے، یعنی شیر۔

نیز امام بخاری نے کہا کہ زکوٰۃ کا معنی اطاعت اور اخلاص ہے۔ یہ تفسیر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔

لَا يُؤْتُونَ الزَّكَاةَ لَا يَشْهَدُونَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ۔ وہ زکوٰۃ نہیں دیتے۔ اس کا معنی ہے: وہ یہ شہادت نہیں دیتے کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِينَ ۝ الَّذِينَ لَا يُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ۔ (حم السجدۃ: ۷) ان مشرکین کے لئے سخت عذاب ہے ○ جو زکوٰۃ نہیں دیتے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس آیت کی اسی طرح تفسیر کی ہے۔

میں کہتا ہوں کہ اس آیت سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ کفار اور مشرکین بھی احکام شرعیہ فرعیہ کے مکلف ہوتے ہیں اور محققین احناف کا بھی یہی مختار ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق میں جس آیت کی طرف اشارہ کیا ہے، وہ سورۂ توبہ میں نہیں ہے، بلکہ حم السجدۃ میں ہے اور انہوں نے اس آیت کی طرف اس مناسبت سے اشارہ کیا ہے کہ اس آیت میں بھی زکوٰۃ کا ذکر ہے۔

يُضَاهُونَ يُشَبِّهُونَ۔ یضاھئون کا معنی ہے: وہ پہلے لوگوں کے مشابہ ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَالَتِ الْيَهُودُ عُزَيْرٌ ابْنُ اللهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيحُ ابْنُ اللهِ ۖ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِأَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِئُونَ قَوْلَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ قَبْلُ۔ (التوبہ: ۳۰) اور یہودیوں نے کہا کہ عزیر اللہ کا بیٹا ہے اور عیسائیوں نے کہا کہ مسیح اللہ کا بیٹا ہے، یہ محض ان کے منہ سے کہی ہوئی (بے سروپا) باتیں ہیں، یہ اپنے سے پہلے کافروں کی کہی ہوئی باتوں کی

مشابہت کرتے ہیں۔

امام بخاری نے جو يُضَاهِئُوْنَ کی تفسیر مشابہت کے ساتھ کی ہے، یہ تفسیر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔ یہ صرف ان کے منہ سے کہی ہوئی باتیں ہیں: اس کا معنی یہ ہے کہ ان کے پاس ان کے اس قول کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ یہ قول ان سے پہلے کفار کے قول کی مثل ہے اور جس طرح وہ گم راہ تھے اسی طرح یہ بھی گم راہ ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۵۲-۳۵۱، ملخصاً وموضحاً، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۶۵۴۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ رضی الله عنه يَقُولُ آخِرُ آيَةٍ نَزَلَتْ ﴿يَسْتَفْتُونَكَ ۚ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلَالَةِ﴾ (النساء: ۱۷۶) وَآخِرُ سُورَةٍ نَزَلَتْ بَرَاءَةٌ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابو الولید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی، از ابی اسحاق، انہوں نے کہا: میں نے حضرت البراء رضی اللہ عنہ سے سنا وہ فرماتے ہیں جو آخری آیت نازل ہوئی وہ یہ ہے: آپ سے حکم پوچھتے ہیں، فرما دیجئے! اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کلالہ (کی میراث) میں۔ (النساء: ۱۷۶) اور سورت براءۃ آخر میں نازل ہوئی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۳۶۴ میں گزر چکی ہے۔

آخری آیت اور آخری سورت کے متعلق متعدد اقوال

علامہ عمر بن علی ابن الملقن الشافعی متوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: آخری آیت سود کی آیت ہے اور وہ یہ ہے:

وَاتَّقُوا يَوْمًا تُرْجَعُونَ فِيهِ إِلَى اللَّهِ۔ (البقرہ: ۲۹۱) اور اس دن سے ڈرو جس میں تم اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

علامہ داؤدی نے کہا ہے کہ اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ سورۂ توبہ کے نزول کی ابتداء نو ہجری میں ہوئی ہے۔ جب حضرت ابوبکر صدیق نے لوگوں کو حج کرایا اس وقت یہ آیت نازل ہوئی:

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ۔ (المائدہ: ۳) آج کے دن میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا۔

یہ آیت حجۃ الوداع کے سال نازل ہوئی، پس سورۂ توبہ کیسے آخری نازل ہونے والی سورت ہوگی اور ہوسکتا ہے کہ حضرت البراء رضی اللہ عنہ نے سورۂ توبہ کی بعض آیتوں کا ارادہ کیا ہو۔ (التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۲ ص ۴۰۲۔۴۰۱، وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ھ)

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

ہوسکتا ہے حضرت البراء کی مراد یہ ہو کہ سورۂ توبہ کا اکثر حصہ آخر میں نازل ہوا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ سورۂ توبہ کا اکثر حصہ غزوۂ تبوک کے بیان پر مشتمل ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے حضرت ابن عباس اور حضرت البراء رضی اللہ عنہما کے اقوال میں اس طرح تطبیق دی ہے کہ انہوں نے آخر میں نازل ہونے والی سورت کو کسی سے نقل نہیں کیا ہے، بلکہ اپنے اجتہاد سے کہا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اپنے اجتہاد سے کہا کہ آخری آیت البقرہ: ۲۸۱ ہے، اور حضرت البراء نے کہا کہ آخری سورت سورۂ توبہ ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۶۰۴)

علامہ عینی علامہ ابن حجر پر رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس مسئلہ کا اجتہاد سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۵۳، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

Marfat.com

میں کہتا ہوں: حافظ ابن حجر نے ایک قول یہ بھی ذکر کیا ہے کہ آخری سورت جو نازل ہوئی، وہ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ ہے۔ اور میں وہاں پر ان اقوال میں تطبیق ذکر کروں گا۔ لیکن حافظ ابن حجر نے وہاں پر کوئی تطبیق ذکر نہیں کی اور وہ غالباً بھول گئے جیسا کہ وہ اکثر بھول جاتے ہیں۔

۲۔ بَابٌ: فَسِيحُوا فِي الْأَرْضِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللَّهِ وَأَنَّ اللَّهَ مُخْزِي الْكَافِرِينَ ۝ (التوبہ:۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سو (اے مشرکو! اب تم (صرف) چار ماہ زمین میں (آزادی سے) چل پھر لو اور یقین رکھو کہ تم اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے اور یہ کہ اللہ کافروں کو رسوا کرنے والا ہے ○ (التوبہ:۲) کی تفسیر

سِيحُوا کا معنی ہے: زمین میں سیر کرو۔

۴۶۵۵۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ وَأَخْبَرَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ بَعَثَنِي أَبُو بَكْرٍ فِي تِلْكَ الْحَجَّةِ فِي مُؤَذِّنِينَ بَعَثَهُمْ يَوْمَ النَّحْرِ يُؤَذِّنُونَ بِمِنًى أَنْ لَا يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَلَا يَطُوفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ قَالَ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ثُمَّ أَرْدَفَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ بِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ وَأَمَرَهُ أَنْ يُؤَذِّنَ بِبَرَائَةَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَأَذَّنَ مَعَنَا عَلِيٌّ يَوْمَ النَّحْرِ فِي أَهْلِ مِنًى بِبَرَائَةَ وَأَنْ لَا يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَلَا يَطُوفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں سعید بن عفیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے اللیث نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے عقیل نے حدیث بیان کی از ابن شہاب، انہوں نے کہا: مجھے حمید بن عبدالرحمٰن نے خبر دی کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھے اس حج میں اعلان کرنے والوں میں بھیجا، آپ نے ان کو قربانی کے دن بھیجا، وہ منیٰ میں اعلان کر رہے تھے کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہیں کرے گا اور نہ کوئی کعبہ میں برہنہ طواف کرے گا۔ حمید بن عبدالرحمٰن نے کہا: پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے پیچھے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور ان کو یہ حکم دیا کہ وہ مشرکین سے برأت کا اعلان کریں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بتایا: پس حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ہمارے ساتھ قربانی کے دن اہل منیٰ میں برأت کا اعلان کیا اور یہ کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہیں کرے گا، اور بیت اللہ میں برہنہ طواف نہیں کرے گا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۶۹ میں گزر چکی ہے۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو براءت کا اعلان کرنے کے لئے بھیجنے کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجنے کی توجیح

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

امام احمد نے اپنی سند کے ساتھ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے یہ روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مشرکین سے براءت کا اعلان کرنے کے لئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔ جب وہ ذوالحلیفہ کے مقام پر پہنچے تو آپ نے فرمایا: یہ اعلان صرف میں کر سکتا ہوں یا میرے اہل بیت میں سے کوئی کر سکتا ہے، پھر آپ نے براءت کا اعلان کرنے کے لئے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔ اس

Marfat.com

حدیث کی امام ترمذی نے بھی کتاب التفسیر میں روایت کی ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

امام عبداللہ بن احمد بن حنبل نے اپنی سند کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ روایت کی ہے کہ جب سورۂ توبہ کی دس آیتیں نازل ہوئیں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بلایا اور انہیں اہل مکہ پر یہ آیات پڑھنے کے لئے بھیجا، پھر آپ نے مجھے بلایا اور فرمایا: تم ابوبکر سے جا کر ملو وہ جہاں بھی ہوں اور ان سے وہ مکتوب لے لو اور تم اہل مکہ کے سامنے جاؤ اور یہ آیات پڑھو، پس میں مقام الجحفہ میں جا کر ان سے مل گیا اور ان سے وہ مکتوب لے لیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس واپس گئے، پس کہا یا رسول اللہ! کیا میرے متعلق کوئی حکم نازل ہوا ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں لیکن ابھی حضرت جبرئیل علیہ السلام میرے پاس آئے اور بتایا کہ آپ کی طرف سے یہ اعلان یا آپ کریں گے یا آپ کی طرف سے کوئی مرد کرے گا۔ حافظ ابن کثیر نے کہا ہے کہ اس حدیث کی سند ضعیف ہے اور اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اسی وقت واپس آ کر پوچھا تھا بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں جو تمام مناسک حج ادا کرنے کا حکم دیا تھا، وہ مناسک ادا کرنے کے بعد انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جا کر پوچھا جیسا کہ درج ذیل روایت میں ہے:

امام عبدالرزاق نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت کی ہے کہ حنین کے زمانے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے الجعرانہ سے عمرہ کیا، پھر آپ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اس حج کا امیر بنایا اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو یہ حکم دیا کہ وہ مکہ میں جا کر مشرکین سے براءت کا اعلان کریں۔ حضرت ابوہریرہ نے بتایا: پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے پیچھے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور ان کو یہ حکم دیا کہ وہ براءت کا اعلان کریں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۵۴، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

میں کہتا ہوں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بعد میں براءت کا اعلان کرنے کے لئے بھیجنے کی وجہ یہی تھی کہ معاہدہ توڑنے کا اعلان یا تو خود صاحب معاہدہ کرے گا یا اس کے اہل بیت میں سے کوئی مرد کرے گا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے جو معاہدۂ حدیبیہ کیا تھا، ان کی عہد شکنی کی وجہ سے وہ معاہدہ توڑ دیا، سو اس کا اعلان آپ خود کرتے یا آپ کا کوئی قریبی عزیز کرتا۔

۳۔ بَابٌ: وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَرَسُوْلُهٗ ؕ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ (التوبہ: ۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور سب لوگوں کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے اعلان ہے کہ حج اکبر کے دن اللہ مشرکین سے بری الذمہ ہے اور اس کا رسول (بھی)، پس اگر تم توبہ کر لو تو تمہارے لئے بہتر ہے اور اگر تم اعراض کرتے ہو تو تم یقین رکھو کہ تم اللہ کو عاجز کرنے والے نہیں ہو، اور آپ کافروں کو دردناک عذاب کی خوشخبری دیجئے ۝ (التوبہ: ۳) کی تفسیر

حج اکبر کے متعلق مختلف اقوال اور مصنف کا مختار

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ: یعنی اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے تمام لوگوں کو یہ خبر دینا ہے اور یہ اعلان کرنا ہے اور لوگوں

Marfat.com

کو ڈرانا ہے۔

یَوْمَ الْحَجِّ الْاَکْبَرِ: یہ وہ دن ہے جو ایام مناسک میں سب سے افضل دن ہے اور سب سے زیادہ لوگوں کو جمع کرنے والا دن ہے۔

امام عبدالرزاق نے اپنی سند کے ساتھ ابواسحاق سے روایت کی ہے کہ میں نے ابوجحیفہ سے حج اکبر کے دن کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے کہا: وہ یوم عرفہ ہے۔ اسی طرح عطاء سے بھی روایت ہے۔ اسی طرح حضرت ابن عباس، حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم، مجاہد اور طاؤس سے روایت ہے۔ ان سب نے کہا کہ عرفہ کا دن ہی حج اکبر کا دن ہے۔

محمد بن قیس بن مخرمہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عرفہ کے دن خطبہ دیا، پس فرمایا: یہ حج اکبر کا دن ہے۔

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حج اکبر کا دن یوم النحر ہے یعنی قربانی کا دن۔ اسی طرح حضرت مغیرہ بن شعبہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم اور دیگر صحابہ سے مروی ہے کہ حج اکبر کا دن یوم النحر ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یوم النحر کو جمرات کے پاس ٹھہرے اور فرمایا: یہ حج اکبر کا دن ہے۔

ابن عوف بیان کرتے ہیں کہ میں نے محمد بن سیرین سے حج اکبر کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا: حج اکبر وہ دن ہے جو اس دن کے موافق ہو جس دن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حج کیا تھا، اور تمام اہل خیمہ نے حج کیا تھا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۵۶-۳۵۵)

میں کہتا ہوں: اس حدیث کی بنیاد پر بعض اہل علم نے کہا ہے کہ جس سال یوم عرفہ جمعہ کے دن ہو تو وہ حج، حج اکبر ہے۔ میں نے شرح صحیح مسلم جلد ثالث (۳) ص ۶۹۲-۶۸۸ میں اس کی بہت زیادہ تحقیق کی ہے کہ جس سال یوم عرفہ جمعہ کے دن ہو تو وہ حج، حج اکبر ہوتا ہے، اور میں نے ۱۹۹۴ء میں حج کیا تھا اور اللہ کا کرم ہے کہ وہ حج بھی حج اکبر تھا۔

اَذَنَهُمْ کا معنی ہے: ان کو مطلع کیا یا خبر دی۔

۴۶۵۲۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَأَخْبَرَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ بَعَثَنِي أَبُو بَكْرٍ رضی الله عنه فِي تِلْكَ الْحَجَّةِ فِي الْمُؤَذِّنِينَ بَعَثَهُمْ يَوْمَ النَّحْرِ يُؤَذِّنُونَ بِمِنًى أَنْ لَا يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَلَا يَطُوفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ قَالَ حُمَيْدٌ ثُمَّ أَرْدَفَ النَّبِيُّ صلی الله علیه وسلم بِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ فَأَمَرَهُ أَنْ يُؤَذِّنَ بِبَرَائَةَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَأَذَّنَ مَعَنَا عَلِيٌّ فِي أَهْلِ مِنًى يَوْمَ النَّحْرِ بِبَرَائَةَ وَأَنْ لَا يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَلَا يَطُوفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں اللیث نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے عقیل نے حدیث بیان کی، ابن شہاب نے کہا: پس مجھے حمید بن عبدالرحمٰن نے خبر دی کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مجھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس حج میں اعلان کرنے والوں میں بھیجا جن کو انہوں نے قربانی کے دن بھیجا تھا۔ وہ منیٰ میں اعلان کر رہے تھے کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہیں کرے گا اور نہ کوئی بیت اللہ کا برہنہ طواف کرے گا۔ حمید نے بتایا: پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے پیچھے حضرت علی بن ابی طالب کو بھیجا، پس ان کو یہ حکم دیا کہ وہ مشرکین سے براءت کا اعلان کریں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بتایا: پس حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ہمارے ساتھ منیٰ والوں میں قربانی کے دن مشرکین سے براءت کا اعلان کیا اور یہ کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہیں

Marfat.com

کرے گا اور نہ بیت اللہ کا برہنہ طواف کرے گا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۶۹ میں گزر چکی ہے، تاہم چند ضروری امور بیان کئے جا رہے ہیں:

اس اشکال کا جواب کہ حضرت ابوبکر نے حضرت ابوہریرہ کو اعلان کے لئے کیسے بھیجا؟ جب کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تو اعلان کرنے کے لئے حضرت علی کو بھیجا تھا، اور حضرت علی کے اعلان کے متعلق حدیث اور سورۂ توبہ سے ان کے اعلان کی وضاحت

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

حضرت ابوہریرہ نے بیان کیا کہ مجھے حضرت ابوبکر نے اعلان کرنے والوں میں بھیجا: امام طحاوی نے اس پر یہ اشکال کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر کو بھیجا، پھر ان کے پیچھے حضرت علی کو بھیجا، پس ان کو اعلان کرنے کا حکم دیا تو یہ کیسے صحیح ہوگا کہ حضرت ابوبکر نے حضرت ابوہریرہ کو بھیجا؟ پھر انہوں نے اس کا یہ جواب دیا کہ حضرت ابوہریرہ یہ بیان کرتے ہیں کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کو مشرکین سے براءت کا اعلان کرنے کے لئے بھیجا تو میں بھی ان کے ساتھ تھا اور میں بھی بلند آواز سے اعلان کر رہا تھا اور وہ حضرت ابوبکر کے حکم سے اعلان کر رہے تھے جس طرح ان کو یہ پیغام پہنچانے کا حکم دیا تھا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر کو نو ہجری میں حج کا امیر بنا کر بھیجا تھا۔ اور حضرت علی کو سورۂ توبہ کی تیس یا چالیس آیتیں مشرکین پر پڑھنے کے لئے بھیجا تھا۔

علامہ کرمانی نے یہ اعتراض کیا ہے کہ حضرت علی کو تو سورۃ التوبہ کی آیات پڑھ کر سنانے کے لئے بھیجا تھا، پھر انہوں نے یہ اعلان کیسے کیا کہ اس سال کے بعد کوئی حج نہیں کرے گا، پھر انہوں نے اس کا یہ جواب دیا کہ حضرت علی کا یہ اعلان سورۂ براءت کی ان آیات کے مطابق ہے:

اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا۔ (التوبہ: ۲۸) تمام مشرک محض نجس ہیں، سو وہ اس سال کے بعد مسجد حرام کے قریب نہ آئیں۔

اور ہوسکتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کو یہ حکم دیا ہو کہ تم وہی اعلان کرنا جس کا میں نے ابوبکر کو حکم دیا تھا، اور حضرت ابوبکر کو یہ اعلان کرنے کا حکم دیا تھا کہ بیت اللہ کا کوئی برہنہ طواف نہ کرے۔

شعبی نے روایت کی ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا، جب ان کو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعلان کرنے کے لئے بھیجا، پس جب وہ تیز آواز سے اعلان کرتے تو میں اعلان کرتا۔ شعبی نے پوچھا: آپ کیا اعلان کرتے تھے؟ انہوں نے کہا: ہم چار باتوں کا اعلان کرتے تھے: (۱) کوئی بھی کعبہ کا برہنہ طواف نہ کرے (۲) جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جتنی مدت کے لئے عہد کیا، وہ عہد اس مدت تک ہے (۳) مومن کے سوا کوئی جنت میں داخل نہیں ہوگا (۴) اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہیں کرے گا۔

اس حدیث کی امام ابن جریر نے متعدد سندوں کے ساتھ شعبی سے روایت کی ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۸ ج ۳۵۷-۳۵۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۔ بَابٌ: إِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ۔ (التوبہ:۴)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ماسوا ان مشرکین کے جن سے تم نے معاہدہ کیا تھا۔ (التوبہ:۴) کی تفسیر

۴۶۵۷۔ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ رضی الله عنه بَعَثَهُ فِي الْحَجَّةِ الَّتِي أَمَّرَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ عَلَيْهَا قَبْلَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فِي رَهْطٍ يُؤَذِّنُونَ فِي النَّاسِ أَنْ لَا يَحُجَّنَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَلَا يَطُوفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ فَكَانَ حُمَيْدٌ يَقُولُ يَوْمُ النَّحْرِ يَوْمُ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ مِنْ أَجْلِ حَدِيثِ أَبِي هُرَيْرَةَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں اسحاق نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی از صالح از ابن شہاب کہ حمید بن عبدالرحمن نے ان کو خبر دی کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ان کو بتایا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو اس حج میں بھیجا جس حج کا ان کو رسول اللہ ﷺ نے امیر بنایا تھا حجۃ الوداع سے پہلے۔ وہ ایک جماعت کے ساتھ لوگوں میں یہ اعلان کر رہے تھے کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کرے اور نہ بیت اللہ کا برہنہ طواف کرے، پس حمید یہ کہتے تھے کہ قربانی کا دن ہی حج اکبر کا دن ہے، وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کی وجہ سے ایسا کہتے تھے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۶۹ میں گزر چکی ہے۔

حج اکبر اور حضرت علی کے اعلان کے متعلق مختلف روایات

علامہ عمر بن ابن الملقن الشافعی متوفی ۸۰۴ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

حمید یہ کہتے تھے کہ قربانی کا دن ہی حج اکبر کا دن ہے: میں کہتا ہوں: یہی زیادہ صحیح قول ہے، اور کتاب الحج میں گزر چکا ہے کہ نبی ﷺ نے یوم النحر کے متعلق فرمایا: یہ دن حج اکبر ہے۔ (صحیح البخاری: ۱۷۴۲) اور یہ حج اکبر کے متعلق نص صریح ہے اور ایک قول یہ ہے کہ تمام ایام، حج اکبر ہیں۔ حضرت ابن عباس نے کہا کہ یوم عرفہ حج اکبر ہے اور محمد بن سیرین نے کہا کہ جس سال رسول اللہ ﷺ نے حج کیا تھا، اس دن تمام اہل ملل نے حج کیا اور وہی دن حج اکبر ہے اور مجاہد سے روایت ہے کہ حج اکبر قران ہے اور حج اصغر عمرہ ہے۔ (تفسیر طبری ج ۶ ص ۳۱۸۔۳۰۹)

امام بیہقی نے کہا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے نو ہجری میں حج کیا اور سورۂ توبہ ان کے جانے کے بعد نازل ہوئی، اور نبی ﷺ نے حضرت علی کو بھیجا تاکہ وہ سورۂ توبہ لوگوں کو پڑھ کر سنائیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت ابوبکر کو بھیجا کہ وہ ان کلمات کے ساتھ ندا کریں، پھر ان کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔ حضرت علی ان کلمات کے ساتھ ندا کرتے تھے، پس جب وہ تھک جاتے تو حضرت ابوہریرہ کھڑے ہو کر ندا کرتے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت علی کو سورۂ توبہ کی چند آیات پڑھنے کے لئے بھیجا۔

(التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۲ ص ۴۰۷، وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ھ)

Marfat.com

۵۔ بَابٌ: فَقَاتِلُوْا أَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ إِنَّهُمْ لَآ أَيْمَانَ لَهُمْ۔ (التوبہ: ۱۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: کفر کے علم برداروں سے جنگ کرو، ان کی قسموں کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ (التوبہ: ۱۲) کی تفسیر

۴۶۵۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ قَالَ كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ فَقَالَ مَا بَقِيَ مِنْ أَصْحَابِ هَذِهِ الْآيَةِ إِلَّا ثَلَاثَةٌ وَلَا مِنَ الْمُنَافِقِينَ إِلَّا أَرْبَعَةٌ فَقَالَ أَعْرَابِيٌّ إِنَّكُمْ أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ ﷺ تُخْبِرُونَا فَلَا نَدْرِي فَمَا بَالُ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ يَبْقُرُونَ بُيُوتَنَا وَيَسْرِقُونَ أَعْلَاقَنَا قَالَ أُولَئِكَ الْفُسَّاقُ أَجَلْ لَمْ يَبْقَ مِنْهُمْ إِلَّا أَرْبَعَةٌ أَحَدُهُمْ شَيْخٌ كَبِيرٌ لَوْ شَرِبَ الْمَاءَ الْبَارِدَ لَمَا وَجَدَ بَرْدَهُ۔

(اس حدیث کی روایت میں امام بخاری منفرد ہیں)۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن المثنیٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں اسماعیل نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں زید بن وہب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، انہوں نے کہا: جن لوگوں کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی تھی ان میں سے صرف تین زندہ ہیں اور منافقین میں سے صرف چار زندہ ہیں۔ ایک اعرابی نے کہا: آپ لوگ! سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب ہیں، آپ ہمیں خبر دیں ہم خود نہیں جانتے، ان لوگوں کا کیا حال ہے جو ہماری چھتوں میں سوراخ کرتے ہیں اور اچھی چیزیں چرا کر لے جاتے ہیں۔ حضرت حذیفہ نے بتایا کہ یہ لوگ فاسق ہیں، ہاں! ان منافقین میں سے صرف چار باقی ہیں اور ان میں سے ایک تو اتنا بوڑھا ہو چکا ہے کہ اگر وہ ٹھنڈا پانی پیئے تو اسے اس کی ٹھنڈک کا پتا نہیں چلتا۔

ائمہ کفر کے متعلق مختلف اقوال اور حضرت حذیفہ کو ان منافقین کا علم تھا یا نہیں؟

علامہ عمر بن علی ابن الملقن الشافعی متوفی ۸۰۴ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

ائمہ کفر سے مراد ہے: قریش کے بڑے بڑے سردار جو اس آیت کے نزول کے وقت تھے۔ ابوجہل، امیہ بن خلف، عتبہ بن ربیعہ، ابوسفیان بن حرب اور سہیل بن عمرو (موخر الذکر دونوں بعد میں اسلام لے آئے تھے)۔ اس آیت میں ہے: لا ایمان لھم: فراء نے کہا: ان کے کئے ہوئے عہدوں کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ (معانی القرآن ج ۱ ص ۴۲۵)

مجاہد نے کہا: ائمہ کفر سے مراد اہل فارس اور اہل روم ہیں۔

حذیفہ نے کہا: اس آیت کے مصداق سے ابھی تک قتال نہیں کیا گیا اور ان کے مصداق ابھی تک نہیں آئے۔

(تفسیر طبری ج ۶ ص ۳۳۰ و تفسیر ابن ابی حاتم ج ۶ ص ۱۷۶۱)

علامہ ابن ملقن کہتے ہیں کہ حضرت حذیفہ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے متعدد منافقین کے نام بتائے تھے اور ان ائمہ کفر کے متعلق بھی بتایا تھا جن کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی ہے، لیکن آپ نے ان کو تمام منافقین کے متعلق نہیں بتایا تھا۔

علامہ داؤدی نے کہا ہے کہ حضرت حذیفہ کی اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ وہ ان منافقین کو جانتے تھے، جب ہی تو انہوں نے کہا کہ اب منافقین میں سے صرف چار باقی رہ گئے۔

Marfat.com

اس حدیث میں اعلاق کا معنی ہے: نفیس مال اور ہر وہ چیز جس کی قدر و منزلت ہو۔ علامہ خطابی نے کہا ہے: اعلاق کا معنی ہے: قیمتی چیز۔ (اعلام الحدیث ج ۳ ص ۱۸۴۴)، (التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۲ ص ۴۱۰۔۴۰۸، وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ھ)

۶۔ بَابُ: وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ (التوبہ: ۳۴)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جو لوگ سونے اور چاندی کو جمع کرتے ہیں اور اس کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے تو آپ ان کو دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیجئے ○ (التوبہ: ۳۴) کی تفسیر

آیت مذکورہ کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اس آیت کے مصداق کے متعلق اختلاف ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ یہ عام اہل کتاب اور مسلمانوں دونوں کے متعلق نازل ہوئی اور دوسرا قول یہ ہے کہ یہ صرف اہل کتاب کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ تیسرا قول یہ ہے کہ یہ اس امت کے ان لوگوں کے متعلق نازل ہوئی ہے جو زکوٰۃ نہیں دیتے۔ یہ حضرت ابن عباس، سدی اور عام مفسرین کا قول ہے۔

کنز: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ اس سے مراد وہ مال ہے جس کی زکوٰۃ ادا نہ کی گئی ہو اور وہی مال وعید کا مستحق ہے۔

پس ان کو دردناک عذاب کی بشارت دے دیجئے: زکوٰۃ نہ دینے والوں کے لئے عذاب کی وعید کو ثواب کی بشارت کے قائم مقام کیا گیا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۵۹)

۴۶۵۹۔ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ الْأَعْرَجَ حَدَّثَهُ أَنَّهُ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ يَكُونُ كَنْزُ أَحَدِكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحکم بن نافع نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعیب نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں ابوالزناد نے حدیث بیان کی کہ عبدالرحمٰن اعرج نے انہیں حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، وہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: تم میں سے کسی ایک کا جمع کیا ہوا مال قیامت کے دن گنجا سانپ بن جائے گا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۴۰۳ میں گزر چکی ہے۔

گنجا سانپ عام سانپوں کی بہ نسبت زیادہ زہریلا ہوتا ہے۔

۴۶۶۰۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ مَرَرْتُ عَلَى أَبِي ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ فَقُلْتُ مَا أَنْزَلَكَ بِهٰذِهِ الْأَرْضِ قَالَ كُنَّا بِالشَّامِ فَقَرَأْتُ ﴿وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں جریر نے حدیث بیان کی از حصین از زید بن وہب، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں ربذہ میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرا تو میں نے ان سے پوچھا: آپ کو اس زمین میں کس نے ٹھہرایا ہے؟ انہوں نے بتایا: میں شام میں تھا تو

Marfat.com

اَلِيْمٍ ۙ (التوبہ: ۳۴) قَالَ مُعَاوِيَةُ مَا هٰذِهِ فِينَا مَا هَذِهِ إِلَّا فِي أَهْلِ الْكِتَابِ قَالَ قُلْتُ إِنَّهَا لَفِينَا وَفِيهِمْ۔

میں نے یہ آیت پڑھی: اور جو لوگ سونے اور چاندی کو جمع کرتے ہیں اور اس کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے تو ان کو دردناک عذاب کی خوش خبری سنا دیجئے O (التوبہ: ۳۴) تو حضرت معاویہ نے کہا: یہ آیت ہمارے متعلق نازل نہیں ہوئی، یہ آیت صرف اہل کتاب کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے بتایا: میں نے کہا: یہ آیت ہمارے متعلق اور ان کے متعلق نازل ہوئی ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۴۰۶ میں گزر چکی ہے۔

ربذہ: مدینہ کے قریب ایک بستی کا نام ہے، اور حضرت ابوذر کے وہاں رہنے کی وجہ یہ تھی کہ شام میں ان کے اور حضرت معاویہ کے درمیان اس آیت کی تفسیر میں مناظرہ ہوا تو وہ دل برداشتہ ہو کر مدینہ میں آ گئے، پھر مدینہ میں بھی لوگوں نے ان سے اس سلسلے میں مناظرے کئے تو وہ دل برداشت ہو کر ربذہ میں آ گئے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۶۰-۳۵۹، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے ربذہ میں جانے کا صحیح سبب

میں کہتا ہوں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے ربذہ میں جانے کا صحیح سبب یہ ہے کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ اپنے اجتہاد سے یہ کہتے تھے کہ ہر انسان پر واجب ہے کہ وہ اپنی ضرورت سے زائد مال کو اللہ کی راہ میں صدقہ کر دے اور اس کا استنباط انہوں نے درج ذیل آیت سے کیا تھا:

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۬ قُلِ الْعَفْوَ۔ (البقرہ: ۲۱۹)

اور آپ سے پوچھتے ہیں کیا خرچ کریں؟ آپ فرما دیں: جو ضرورت سے زائد ہو۔

میں کہتا ہوں: اس آیت میں حکم مستحب بیان کیا ہے، یہ حکم واجب نہیں ہے، کیونکہ اگر ہر شخص اپنی ضرورت سے زائد مال صدقہ کر دے تو نہ کسی پر زکوٰۃ واجب ہوگی نہ قربانی، نہ صدقہ فطر اور نہ حج واجب ہوگا۔ تب حضرت عثمان نے حضرت ابوذر سے کہا: یہ لوگ آپ سے بحث کرتے ہیں اور آپ کی بات سمجھتے نہیں ہیں، اس لئے بہتر یہ ہے کہ آپ ربذہ میں چلے جائیں، سو اس وجہ سے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ ربذہ میں چلے گئے۔

۷۔ بَابُ: يَوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ۭ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ۝ (التوبہ: ۳۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جس دن وہ (سونا اور چاندی) دوزخ کی آگ میں تپایا جائے گا، پھر اس سے ان کی پیشانیوں کو اور ان کے پہلوؤں کو اور ان کی پیٹھوں کو داغا جائے گا، یہ ہے وہ (سونا اور چاندی) جس کو تم نے اپنے لئے جمع کر کے رکھا تھا، سو اب اپنے جمع کرنے کا مزہ چکھو O (التوبہ: ۳۵) کی تفسیر

۴۶۶۱۔ وَقَالَ أَحْمَدُ بْنُ شَبِيبِ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا أَبِي

اور احمد بن شبیب بن سعید نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث

عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ أَسْلَمَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ فَقَالَ هَذَا قَبْلَ أَنْ تُنْزَلَ الزَّكَاةُ فَلَمَّا أُنْزِلَتْ جَعَلَهَا اللهُ طُهْرًا لِلْأَمْوَالِ

بیان کی، از یونس از ابن شہاب از خالد بن اسلم، انہوں نے بیان کیا کہ ہم حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ نکلے تو انہوں نے کہا: یہ حکم زکوٰۃ کے حکم نازل ہونے سے پہلے تھا، پس جب زکوٰۃ کا حکم نازل ہوگیا تو اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ کو اموال کی پاکیزگی کا ذریعہ بنادیا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۴۰۴ میں گزر چکی ہے۔

۸۔ بَابٌ: إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ عِنْدَ اللهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِي كِتَابِ اللهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۚ (التوبہ:۳۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک اللہ کے نزدیک مہینوں کی تعداد اللہ کی کتاب میں بارہ مہینے ہے جس دن سے اس نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کیا، ان میں سے چار مہینے حرمت والے ہیں۔ (التوبہ:۳۶) کی تفسیر

ذٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ ۙ اَلْقَيِّمُ هُوَ الْقَائِمُ

اور یہ دینِ قیم ہے۔ (التوبہ:۳۶) قَیِّم کا معنی ہے: قائم

یعنی یہی شرع مستقیم ہے کہ اللہ عزوجل کے حکم کی اطاعت کی جائے، کیونکہ چار مہینوں میں قتال کو حرام قرار دینا، یہ حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کا دین ہے اور یہی دین مستقیم ہے۔

فَلَا تَظْلِمُوا فِيهِنَّ أَنْفُسَكُمْ

سو ان مہینوں میں تم اپنی جانوں پر ظلم نہ کرو۔ (التوبہ:۳۶)

یعنی ان چار مہینوں میں تم ایک دوسرے سے قتال کر کے اپنی جانوں پر ظلم نہ کرو۔

۴۶۶۲۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي بَكْرَةَ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ إِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهِ يَوْمَ خَلَقَ اللهُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ السَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ثَلَاثٌ مُتَوَالِيَاتٌ ذُو الْقَعْدَةِ وَذُو الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمُ وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِي بَيْنَ جُمَادَى وَشَعْبَانَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں حماد بن زید نے حدیث بیان کی از ایوب از محمد از ابن ابی بکرہ از حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ از نبی صلی اللہ علیہ وسلم، آپ نے فرمایا: زمانہ گھوم کر اپنی اصل حالت پر آ گیا ہے جیسے اس وقت تھا جب اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کیا تھا۔ سال کے بارہ مہینے ہیں، ان میں سے چار مہینے حرمت والے ہیں، تین مہینے پے در پے ہیں، ذوالقعدہ، ذوالحجہ اور محرم اور مُضَر کا رجب جو جمادی اور شعبان کے درمیان میں ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۱۹۷ میں گزر چکی ہے۔

زمانے کے گھومنے کا معنی

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

بے شک زمانہ: اس سے مراد ہے: سال۔

Marfat.com

بے شک گھوم کر آ گیا ہے: گھومنے سے مراد ہے: زمانہ اپنی اصل حالت کی طرف منتقل ہو گیا ہے، کیونکہ عرب محرم کو صفر کی طرف موخر کر دیتے تھے تا کہ اس مہینے میں قتال کر سکیں اور وہ یہ عمل ہر سال کرتے رہتے تھے، پس محرم ایک مہینے سے دوسرے مہینے کی طرف منتقل ہوتا رہا حتیٰ کہ وہ سال کے تمام مہینوں میں یہ عمل کرتے رہے۔

اور مُضَرُ کا رجب: مُضر کی طرف رجب کی اضافت کی گئی ہے، کیونکہ یہ وہ قبیلہ تھا جو رجب کے مہینے کی تعظیم کرتا تھا اور اس مہینے کو اس کی جگہ سے منتقل نہیں کرتا تھا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۶۲-۳۶۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۹۔ بَابٌ: ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْهُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا۔ (التوبہ: ۴۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: درآں حالیکہ وہ دو میں سے دوسرے تھے جب وہ دونوں غار میں تھے، جب وہ اپنے صاحب سے فرما رہے تھے: غم نہ کرو، بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے، یعنی ہمارا مددگار ہے۔ (التوبہ: ۴۰) کی تفسیر

امام بخاری نے پوری آیت ذکر نہیں کی، پوری آیت درج ذیل ہے:

إِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْهُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا۔

اگر تم نے رسول کی مدد نہیں کی تو بے شک اللہ ان کی مدد کر چکا ہے جب کافروں نے ان کو بے وطن کر دیا تھا درآں حالیکہ وہ دو میں سے دوسرے تھے جب وہ دونوں غار میں تھے، جب وہ اپنے صاحب سے فرما رہے تھے: غم نہ کرو، بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے، (یعنی اللہ ہمارا مددگار ہے)۔

إِلَّا تَنْصُرُوْهُ: یعنی اگر تم اللہ کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدد نہ کرو تو بے شک اللہ آپ کا مددگار ہے، اور آپ کا مؤید ہے، اور آپ کے لئے کافی ہے، اور آپ کا محافظ ہے، جیسے اللہ نے آپ کی اس وقت مدد کی جب مشرکین مکہ نے آپ کو شہر سے نکال دیا تھا اور یہ ہجرت کے سال کا واقعہ ہے جب انہوں نے آپ کو قتل کرنے کا یا آپ کو قید کرنے کا یا آپ کو جلاوطن کرنے کا ارادہ کیا تھا۔

ثَانِيَ اثْنَيْنِ: یعنی دو میں سے ایک، اور وہ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔

إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا: اور غار ثور، ثور کی بلندی کے اوپر ایک سوراخ ہے اور وہ مشہور پہاڑ ہے جو مکہ کے پیچھے دائیں جانب واقع ہے۔

لِصَاحِبِهٖ: اور وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔

اَلسَّكِيْنَة: یہ سکون سے ماخوذ ہے، فَعِيْلَة کے وزن پر اور اس کا معنی بھی سکون ہے۔

ہر چند کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہر وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے سکون نازل ہوتا رہتا ہے لیکن یہ اس کے منافی نہیں ہے کہ آپ کے اوپر دوبارہ سکون نازل ہو۔

۴۶۶۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا حَبَّانُ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ حَدَّثَنَا أَنَسٌ قَالَ حَدَّثَنِي

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں حبان نے حدیث بیان کی، انہوں

أَبُوبَكْرٍ رضی الله عنه قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي الْغَارِ فَرَأَيْتُ آثَارَ الْمُشْرِكِينَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ لَوْ أَنَّ أَحَدَهُمْ رَفَعَ قَدَمَهُ رَآنَا قَالَ مَا ظَنُّكَ بِاثْنَيْنِ اللهُ ثَالِثُهُمَا۔

نے کہا: ہمیں ہمام نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ثابت نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں حضرت انس رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نبی ﷺ کے ساتھ غار میں تھا تو میں نے مشرکین کے آثار دیکھے تو میں نے کہا: یارسول اللہ! اگر ان میں سے کسی ایک نے اپنا قدم اوپر اٹھایا تو وہ ہم کو دیکھ لے گا۔ تو آپ نے فرمایا: تمہارا ان دو کے متعلق کیا خیال ہے؟ جن میں تیسرا اللہ ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۶۵۳ میں گزر چکی ہے۔

۴۶۶۴۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما أَنَّهُ قَالَ حِينَ وَقَعَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ ابْنِ الزُّبَيْرِ قُلْتُ أَبُوهُ الزُّبَيْرُ وَأُمُّهُ أَسْمَاءُ وَخَالَتُهُ عَائِشَةُ وَجَدُّهُ أَبُوبَكْرٍ وَجَدَّتُهُ صَفِيَّةُ فَقُلْتُ لِسُفْيَانَ إِسْنَادُهُ فَقَالَ حَدَّثَنَا فَشَغَلَهُ إِنْسَانٌ وَلَمْ يَقُلِ ابْنُ جُرَيْجٍ۔

[طرف الحدیث: ۴۶۶۵، ۴۶۶۶]

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابن عیینہ نے حدیث بیان کی، از ابن جریج از ابن ابی ملیکہ از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ جب ان کے اور حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہما کے درمیان مناقشہ ہوا تو میں نے کہا کہ ان کے باپ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ ہیں اور ان کی ماں حضرت اسماء رضی اللہ عنہا ہیں اور ان کی خالہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہیں اور ان کے نانا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں اور ان کی دادی حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا ہیں (جو رسول اللہ ﷺ کی پھوپھی ہیں)، پس میں نے سفیان سے پوچھا: اس کی سند کیا ہے؟ تو انہوں نے کہا: انہوں نے ہمیں حدیث بیان کی، پھر کسی انسان نے ان کو باتوں میں مشغول کر دیا اور انہوں نے ابن جریج نہیں کہا۔

حضرت ابن عباس اور حضرت ابن الزبیر کے درمیان بیعت کے مناقشہ کی تفصیل

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

حضرت ابن عباس اور حضرت ابن زبیر میں بیعت کے سبب سے اختلاف ہوا تھا، کیونکہ جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات ہو گئی تو حضرت ابن زبیر نے یزید بن معاویہ کی بیعت سے انکار کیا اور اس پر اصرار کیا حتیٰ کہ یزید بن معاویہ نے مسلم بن عقبہ کو بھیج کر مدینہ پر حملہ کرایا، پھر اَلْحَرَّۃ کا واقعہ ہوا، پھر وہ لشکر مکہ کی طرف روانہ ہوا، پس ان کا امیر مسلم بن عقبہ مر گیا اور شامی لشکر کی قیادت حصین بن نمیر نے سنبھال لی اور مکہ میں حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہما کا محاصرہ کیا اور منجنیق سے کعبہ کے اوپر پتھر برسائے حتیٰ کہ کعبہ جل گیا، پھر ان کے پاس اچانک یزید بن معاویہ کے مرنے کی خبر آئی، پھر وہ لشکر شام کی طرف واپس چلا گیا اور حضرت ابن الزبیر نے کعبہ کی تعمیر شروع کی، پھر انہوں نے لوگوں کو اپنی بیعت کرنے کی دعوت دی تو ان کی بیعت خلافت کی گئی اور اہل حجاز، مصر، عراق، خراسان اور شام کے بھی بہت سے لوگوں نے ان کی بیعت کر لی، پھر مروان بن الحکم نے شام پر غلبہ پا لیا اور اس نے ضحاک بن قیس کو

قتل کر دیا جو حضرت ابن زبیر کی طرف سے امیر تھا، پھر مروان مصر کی طرف روانہ ہوا اور اس نے مصر کے اوپر غلبہ پالیا اور یہ تمام واقعات چونسٹھ (۶۴) ہجری کے ہیں اور کعبہ کی تعمیر پینسٹھ (۶۵) ہجری میں مکمل ہوگئی، پھر مروان پینسٹھ (۶۵) ہجری میں مر گیا اور اس کا بیٹا عبدالملک بن مروان، اس کا جانشین ہوا اور المختار بن ابی عبید نے کوفہ پر غلبہ پالیا تو وہاں حضرت ابن زبیر کے طرف دار جو لوگ تھے، وہ وہاں سے بھاگ گئے اور محمد بن علی بن ابی طالب جو ابن الحنفیہ کے نام سے معروف ہیں، وہ اور حضرت عبداللہ بن عباس مکہ میں ہی تھے جب حضرت حسین رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تھے، پس ان دونوں کو حضرت ابن الزبیر نے اپنی بیعت کے لئے بلایا تو ان دونوں نے انکار کیا اور کہا: ہم اس وقت تک بیعت نہیں کریں گے جب تک کہ تمام لوگ اس خلیفہ کی بیعت پر متفق نہ ہو جائیں اور مسلمانوں کی ایک جماعت نے ان کی موافقت کی تھی تو حضرت ابن زبیر نے ان کے اوپر سختی کی اور ان کو گھیر لیا، مختار کو جب یہ خبر پہنچی تو اس نے ان کی طرف ایک لشکر بھیجا اور ان دونوں کو وہاں سے نکال لیا اور ان دونوں سے حضرت ابن زبیر سے لڑنے کی اجازت طلب کی تو ان دونوں نے انکار کیا اور وہ دونوں طائف کی طرف چلے گئے، پھر وہ دونوں وہیں پر رہے، حتیٰ کہ حضرت ابن عباس اڑسٹھ (۶۸) ہجری میں وفات پا گئے اور ان کے بعد ابن الحنفیہ ینبع پہاڑ کی طرف چلے گئے اور وہاں ٹھہر گئے، پھر انہوں نے شام میں داخل ہونے کا ارادہ کیا، پس وہ بیت المقدس کی طرف متوجہ ہوئے اور سن تہتر (۷۳) یا چوہتر (۷۴) ہجری کے اول میں فوت ہو گئے اور صحیح قول یہ ہے کہ یہ حضرت ابن الزبیر کی شہادت کے بعد کا واقعہ ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ وہ اسی (۸۰) ہجری یا اس کے بعد تک زندہ رہے اور امام واقدی نے یہ کہا ہے کہ وہ اکیاسی (۸۱) ہجری میں مدینہ میں فوت ہوئے تھے اور فرقۂ الکیسانیہ کا یہ زعم ہے کہ وہ ابھی تک زندہ ہیں اور فوت نہیں ہوئے اور وہی مہدی ہیں اور وہ اس وقت تک فوت نہیں ہوں گے جب تک کہ وہ تمام روئے زمین کے مالک نہ ہو جائیں اور اس فرقہ کی اس سلسلہ میں بہت خرافات ہیں جن کو بیان کرنے کی یہ جگہ نہیں ہے اور میں نے جو ذکر کیا ہے، اس کو میں نے طبقات ابن سعد اور تاریخ الطبری سے اخذ کیا ہے تا کہ ابن ابی ملیکہ کے اس قول کی وضاحت ہو جائے کہ ''حضرت ابن عباس کے اور حضرت ابن الزبیر کے درمیان اختلاف ہوا''۔ اور دوسری سند سے ان کا یہ قول ہے کہ میں صبح کو حضرت ابن عباس کے پاس گیا، پس میں نے کہا: کیا آپ حضرت ابن الزبیر سے لڑنے کا ارادہ رکھتے ہیں؟ تو حضرت ابن عباس نے کہا: ان سے لڑائی کیسے ہو سکتی ہے اور ان کے مناقب بیان کئے لیکن حضرت ابن عباس نے حضرت ابن الزبیر کی بیعت کرنے سے انکار کیا جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہے۔

اور فاکہی نے سعید بن محمد بن جبیر بن معظم از والد خود یہ روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس اور ابن الحنفیہ دونوں مدینہ میں تھے، پھر انہوں نے مکہ میں رہائش اختیار کی اور حضرت ابن الزبیر نے ان دونوں سے بیعت طلب کی، پس ان دونوں نے انکار کیا حتیٰ کہ تمام لوگ اس مرد کی بیعت پر متفق ہو جائیں تو حضرت ابن الزبیر نے ان دونوں پر تنگی کی، پس ان دونوں نے ایک قاصد عراق کی طرف بھیجا، پس ان کی طرف چار ہزار کا ایک لشکر آیا، پس ان دونوں کو محصور پایا، پھر ان کو ڈرانے کے لئے دروازے پر لکڑیاں رکھی گئیں، پھر ان دونوں کو طائف کی طرف نکال دیا۔ امام ابن سعد نے حضرت ابن زبیر اور حضرت ابن عباس کے درمیان مناقشہ کا یہ قصہ چھیاسٹھ (۶۶) ہجری میں ذکر کیا ہے۔

اور ان کی ماں اسماء ہیں: یعنی بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہما اور ان کی دادی صفیہ ہیں یعنی بنت عبدالمطلب اور دوسری روایت میں ہے کہ ان کی پھوپھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ ہیں۔ ان کی مراد تھی: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا، ان پر ان کی پھوپھی کا اطلاق مجازاً ہے، ورنہ وہ ان کے باپ کی پھوپھی ہیں کیونکہ حضرت خدیجہ خویلد بن اسد کی بیٹی ہیں اور حضرت زبیر، وہ ابن العوام بن خویلد بن اسد ہیں۔

(فتح الباری ج ۵ ص ۶۱۳-۶۱۲، دارالمعرفۃ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

Marfat.com

۴۶۶۵۔ حَدَّثَنِی عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِی یَحْیَی بْنُ مَعِینٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ ابْنُ جُرَیْجٍ قَالَ ابْنُ أَبِی مُلَیْکَةَ وَکَانَ بَیْنَهُمَا شَیْئٌ فَغَدَوْتُ عَلَی ابْنِ عَبَّاسٍ فَقُلْتُ أَتُرِیدُ أَنْ تُقَاتِلَ ابْنَ الزُّبَیْرِ فَتُحِلَّ حَرَامَ اللهِ فَقَالَ مَعَاذَ اللهِ إِنَّ اللهَ کَتَبَ ابْنَ الزُّبَیْرِ وَبَنِی أُمَیَّةَ مُحِلِّینَ وَإِنِّی وَاللهِ لَا أُحِلُّهُ أَبَدًا قَالَ قَالَ النَّاسُ بَایِعْ لِابْنِ الزُّبَیْرِ فَقُلْتُ وَأَیْنَ بِهَذَا الْأَمْرِ عَنْهُ أَمَّا أَبُوهُ فَحَوَارِیُّ النَّبِیِّ ﷺ یُرِیدُ الزُّبَیْرَ وَأَمَّا جَدُّهُ فَصَاحِبُ الْغَارِ یُرِیدُ أَبَا بَکْرٍ وَأُمُّهُ فَذَاتُ النِّطَاقِ یُرِیدُ أَسْمَاءَ وَأَمَّا خَالَتُهُ فَأُمُّ الْمُؤْمِنِینَ یُرِیدُ عَائِشَةَ وَأَمَّا عَمَّتُهُ فَزَوْجُ النَّبِیِّ ﷺ یُرِیدُ خَدِیجَةَ وَأَمَّا عَمَّةُ النَّبِیِّ ﷺ فَجَدَّتُهُ یُرِیدُ صَفِیَّةَ ثُمَّ عَفِیفٌ فِی الْإِسْلَامِ قَارِئٌ لِلْقُرْآنِ وَاللهِ إِنْ وَصَلُونِی وَصَلُونِی مِنْ قَرِیبٍ وَإِنْ رَبُّونِی رَبُّونِی أَکْفَاءٌ کِرَامٌ فَاتَّرَ التُّوَیْتَاتِ وَالْأُسَامَاتِ وَالْحُمَیْدَاتِ یُرِیدُ أَبْطُنًا مِنْ بَنِی أَسَدٍ بَنِی تُوَیْتٍ وَبَنِی أُسَامَةَ وَبَنِی أَسَدٍ إِنَّ ابْنَ أَبِی الْعَاصِ بَرَزَ یَمْشِی الْقُدَمِیَّةَ یَعْنِی عَبْدَ الْمَلِکِ بْنَ مَرْوَانَ وَإِنَّهُ لَوَی ذَنَبَهُ یَعْنِی ابْنَ الزُّبَیْرِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے یحییٰ بن معین نے حدیث بیان کی: انہوں نے کہا: ہمیں حجاج نے حدیث بیان کی، ابن جریج نے کہا کہ ابن ابی ملیکہ نے بتایا کہ ان دونوں کے درمیان اختلاف تھا، پس میں صبح کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس گیا، پس میں نے کہا: کیا آپ حضرت ابن زبیر سے لڑنے کا ارادہ رکھتے ہیں؟ پس آپ اللہ کے حرم کو حلال کریں گے؟ حضرت ابن عباس نے کہا: معاذ اللہ! بے شک اللہ نے ابن الزبیر اور بنو امیہ کے متعلق لکھ دیا ہے کہ وہ حرم کو حلال کرنے والے ہیں اور بے شک میں اللہ کی قسم! حرم کو کبھی حلال نہیں کروں گا، ابن ابی ملیکہ نے بتایا کہ لوگ کہتے ہیں کہ آپ ابن الزبیر سے بیعت کرلیں تو حضرت ابن عباس نے کہا: مجھے ان سے بیعت کرنے میں کیا تامل ہوسکتا ہے۔ رہے ان کے والد تو وہ نبی ﷺ کے حواری تھے، ان کی مراد تھی حضرت زبیر۔ رہے ان کے نانا تو وہ غار کے ساتھی ہیں، ان کی مراد تھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ۔ رہی ان کی ماں تو وہ کمر بند والی ہیں، ان کی مراد تھی حضرت اسماء۔ رہی ان کی خالہ تو وہ ام المومنین ہیں، ان کی مراد تھی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور رہی ان کی پھوپھی تو وہ نبی ﷺ کی زوجہ ہیں، ان کی مراد تھی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا اور رہی نبی ﷺ کی پھوپھی تو وہ ان کی دادی ہیں، ان کی مراد تھی حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا، پھر وہ اسلام میں پاک باز ہیں، قرآن مجید کے قاری ہیں اور اللہ کی قسم اگر وہ مجھ سے حسن سلوک کریں تو ان کو حسن سلوک کرنا ہی چاہئے، وہ میرے بہت قریبی رشتہ دار ہیں اور اگر وہ مجھ پر حکومت کریں تو حکومت کریں وہ ہمارے برابر عزت دار ہیں لیکن انہوں نے تو تویتات، اسامات اور حمیدات کو ہم پر ترجیح دی ہے۔ ان کی مراد بنو اسد کے قبیلہ سے تھی بنو تویت، بنو اسامہ اور بنو اسد اور بے شک ابو العاص کا بیٹا اعلان جنگ کر رہا ہے، اور پیش قدمی کر رہا ہے، ان کی مراد تھی عبدالملک بن مروان اور بے شک ابن الزبیر نے اپنی دم دبالی ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۶۶۴ میں گزر چکی ہے۔

Marfat.com

حضرت ابن الزبیر رضی اللہ عنہ اور بنوامیہ کے درمیان جنگ کی تفصیل

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

پس تم اللہ کے حرم کو حلال کرو گے: یعنی تم حرم میں قتال کرو گے، خون بہاؤ گے۔

اللہ نے لکھ دیا ہے: یعنی اللہ تعالیٰ نے مقدر کر دیا ہے۔

ابن الزبیر اور بنوامیہ حرم کو حلال کرنے والے ہیں: یعنی وہ حرم میں قتال کریں گے اور خون بہائیں گے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حرم کو حلال کرنے کی نسبت حضرت ابن الزبیر کی طرف کی ہے، حالانکہ بنوامیہ ہی وہ لوگ تھے جنہوں نے قتال کی ابتداء کی تھی اور حضرت ابن الزبیر کا حرم میں محاصرہ کیا تھا اور حضرت ابن الزبیر نے تو اپنی مدافعت کی تھی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا مذہب یہ تھا کہ حرم میں اپنی مدافعت کے لئے بھی قتال کرنا جائز نہیں ہے، خواہ ان کو قتل کر دیا جائے۔ التویتات، الاسامات، الحمیدات، ان کی مراد تھی: بنواسد کے قبیلے۔ رہے تویتات تو ان کی نسبت بنوتویت بن اسد کی طرف ہے اور رہے اسامات تو ان کی نسبت بنواسامہ بن اسد بن عبدالعزیٰ کی طرف ہے اور رہے حمیدات تو ان کی نسبت بنوحمید بن زہیر بن الحارث بن اسد بن عبدالعزیٰ کی طرف ہے۔

اور انہوں نے اپنی دم دبالی ہے: یعنی حضرت ابن الزبیر نے۔ علامہ داؤدی نے کہا ہے: اس کا معنی یہ ہے کہ وہ کھڑے رہے، نہ آگے بڑھے نہ پیچھے ہٹے اور ابن التین نے کہا ہے کہ اس کا معنی ہے کہ ان کا ارادہ پورا نہیں ہوا اور ابو مخلف نے کہا ہے کہ حضرت ابن الزبیر اپنے پچھلے پاؤں پر لوٹ رہے تھے اور یہ اس کے مناسب ہے کہ عبدالملک آگے بڑھ رہا تھا، یہاں تک کہ اس نے عراق کو حضرت ابن الزبیر رضی اللہ عنہ سے چھین لیا اور ان کے بھائی حضرت مصعب رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا پھر اس کے لشکر مکہ میں حضرت ابن الزبیر پر حملہ آور ہوئے اور حضرت ابن الزبیر مسلسل پیچھے ہٹتے رہے، یہاں تک کہ ان کو قتل کر دیا گیا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ ورضی اللہ تعالیٰ۔

(فتح الباری ج ۵ ص ۶۱۵ - ۶۱۳، دارالمعرفۃ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۴۶۶۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ مَيْمُونٍ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ دَخَلْنَا عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ أَلَا تَعْجَبُونَ لِابْنِ الزُّبَيْرِ قَامَ فِي أَمْرِهِ هَذَا فَقُلْتُ لَأُحَاسِبَنَّ نَفْسِي لَهُ مَا حَاسَبْتُهَا لِأَبِي بَكْرٍ وَلَا لِعُمَرَ وَلَهُمَا كَانَا أَوْلَى بِكُلِّ خَيْرٍ مِنْهُ وَقُلْتُ ابْنُ عَمَّةِ النَّبِيِّ ﷺ وَابْنُ الزُّبَيْرِ وَابْنُ أَبِي بَكْرٍ وَابْنُ أَخِي خَدِيجَةَ وَابْنُ أُخْتِ عَائِشَةَ فَإِذَا هُوَ يَتَعَلَّى عَنِّي وَلَا يُرِيدُ ذَلِكَ فَقُلْتُ مَا كُنْتُ أَظُنُّ أَنِّي أَعِرِضُ هَذَا مِنْ نَفْسِي فَيَدَعُهُ وَمَا أُرَاهُ يُرِيدُ خَيْرًا وَإِنْ كَانَ لَا بُدَّ لَأَنْ يَرُبَّنِي بَنُو عَمِّي أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يَرُبَّنِي غَيْرُهُمْ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن عبید بن میمون نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عیسیٰ بن یونس نے حدیث بیان کی، از عمر بن سعید، انہوں نے کہا: مجھے ابن ابی ملیکہ نے خبر دی، وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس گئے تو انہوں نے کہا: تمہیں ابن الزبیر پر تعجب نہیں ہوتا؟ وہ خلافت کے لئے کھڑے ہو گئے، تو میں نے کہا: میں ان کے لئے اپنے نفس کا ایسا محاسبہ کروں گا کہ ایسا محاسبہ میں نے حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے لئے بھی نہیں کیا تھا اور وہ دونوں ان سے ہر اعتبار سے افضل تھے اور میں نے کہا: وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی کے بیٹے ہیں اور حضرت زبیر کے بیٹے ہیں اور حضرت ابوبکر کے بیٹے ہیں اور حضرت خدیجہ کے بھتیجے ہیں اور حضرت عائشہ کے بھانجے ہیں اور اب وہ مجھ پر بڑائی ظاہر کرنے لگے ہیں اور وہ مجھے اپنے برابر

Marfat.com

رکھنے کا ارادہ نہیں رکھتے، پس میں نے (دل میں) کہا کہ مجھے یہ گمان نہیں تھا کہ میں اپنے متعلق ان سے یہ عرض کروں گا کہ وہ اس کو چھوڑ دیں گے اور مجھے ان سے کسی خیر کی توقع نہیں ہے، اگر چہ اس کے بغیر چارہ نہیں ہے، اگر میرے چچا کے بیٹے مجھ پر حکومت کریں تو وہ مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ ان کا غیر مجھ پر حکومت کرے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۶۶۴ میں گزر چکی ہے۔

بعض مشکل جملوں اور بعض ناموں کی وضاحت

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

وہ اس امر میں کھڑے ہو گئے، یعنی خلافت کے لیے کھڑے ہو گئے۔

میں ان کے لئے ضرور اپنے نفس سے محاسبہ کروں گا: یعنی میں حضرت ابن الزبیر کے لئے ضرور مناقشہ کروں گا اور کہا گیا ہے کہ اس کا معنی ہے: میں اپنے نفس سے ضرور مطالبہ کروں گا کہ وہ میری رعایت کرے اور میرے حق کی حفاظت کرے اور میں ان کی پوری پوری خیر خواہی کروں گا اور ان کا دفاع کروں گا۔

وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پھوپھی کے بیٹے ہیں: اس میں مجاز ہے اور حقیقت میں ان کے والد نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پھوپھی کے بیٹے ہیں اور وہ حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب ہیں۔ اسی طرح انہوں نے کہا: وہ حضرت ابوبکر کے بیٹے ہیں، اس میں بھی مجاز ہے، کیونکہ وہ حضرت ابوبکر کی بیٹی حضرت اسماء کے بیٹے ہیں۔ (عمدۃ القاری، ج ۱۸ ص ۳۶۷، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۰۔ بَابٌ: وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ (التوبہ: ۶۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جن کے دلوں کو اسلام کی طرف راغب کرنا مقصود ہو۔ (التوبہ: ۶۰) کی تفسیر

امام بخاری نے پوری آیت نہیں لکھی، پوری آیت درج ذیل ہے:

إِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَ الْمَسٰكِيْنِ وَ الْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَ فِي الرِّقَابِ وَ الْغٰرِمِيْنَ وَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ (التوبہ: ۶۰)

زکوٰۃ کے مصارف صرف فقراء اور مساکین ہیں، اور زکوٰۃ کی وصول یابی پر مامور لوگ، اور جن کے دلوں کو اسلام کی طرف راغب کرنا مقصود ہو، اور جن غلاموں کو آزاد کرنا ہو، اور مقروض لوگ اور اللہ کی راہ میں مسافرین، یہ اللہ کی جانب سے ایک فریضہ ہے، اور اللہ بہت علم والا، بے حد حکمت والا ہے ○

مؤلفۃ القلوب کی تعریف اور ان کا حکم

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

اللہ عزوجل نے اس آیت میں صدقات کی تقسیم اور ان کے آٹھ مصارف کا بیان فرمایا ہے اور ان میں سے مؤلفۃ القلوب اب ساقط ہو گئے ہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کو غلبہ عطا فرما دیا اور ان سے مستغنی فرما دیا۔ ابتداء میں مؤلفۃ القلوب کو زکوٰۃ میں سے حصہ دیا جاتا تھا، تاکہ ان کے دل اسلام کی طرف مائل رہیں یا مسلمانوں سے ان کا ضرر دور رہے۔ آیا مؤلفۃ القلوب کو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

کے بعد بھی اسلام پر قائم رکھنے کے لئے زکوٰۃ میں سے حصہ دیا جائے گا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، پس حضرت عمر، شعبی اور ایک جماعت سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ان کو زکوٰۃ سے حصہ نہیں دیا جائے گا اور دوسروں نے کہا ہے کہ دیا جائے گا۔ کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے بعد اور ھوازن کا زور ٹوٹنے کے بعد ان کو زکوٰۃ میں سے حصہ دیا اور اس چیز کی کب ضرورت پیش آتی ہے؟ اس میں بھی اختلاف ہے کہ ان کی تالیف قلب کے لئے کس وقت ان کو زکوٰۃ سے حصہ دیا گیا۔ ایک قول یہ ہے کہ ان کے اسلام لانے سے پہلے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ ان کے اسلام لانے کے بعد، اور اس میں بھی اختلاف ہے کہ زکوٰۃ میں سے ان کا حصہ کب منقطع کیا گیا؟ ایک قول ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق کی خلافت میں اور دوسرا قول ہے کہ حضرت عمر فاروق کی خلافت میں، مؤلفۃ القلوب کی تعداد تقریباً پچاس (۵۰) تھی۔ ان میں سے حضرت ابوسفیان اور ان کے بیٹے حضرت معاویہ اور حضرت حکیم بن حزام اور حضرت عباس بن مرداس رضی اللہ عنہم بھی تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۶۷)

مجاہد نے کہا: ان کو کچھ عطیہ دے کر ان کی تالیف قلب کی جاتی تھی۔

۴۳۳۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي نُعَيْمٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ رضی الله عنه قَالَ بُعِثَ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ بِشَيْءٍ فَقَسَمَهُ بَيْنَ أَرْبَعَةٍ وَقَالَ أَتَأَلَّفُهُمْ فَقَالَ رَجُلٌ مَا عَدَلْتَ فَقَالَ يَخْرُجُ مِنْ ضِئْضِئِ هَذَا قَوْمٌ يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے خبر دی از والد خود از ابن ابی نعیم از حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کوئی چیز بھیجی گئی تو آپ نے اس کو چار مردوں میں تقسیم کر دیا اور فرمایا: میں ان کی تالیف کرتا ہوں، تو ایک مرد نے کہا: آپ نے عدل نہیں کیا، تو آپ نے فرمایا: اس آدمی کی نسل سے ایسی قوم نکلے گی جو دین سے نکل جائے گی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۴۱۵ میں گزر چکی ہے، تاہم چند ضروری امور بیان کئے جا رہے ہیں:

چند مبہم اسماء کی تعیین

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

چار مردوں میں تقسیم کر دیا: ان میں سے ایک اقرع بن حابس ہیں، دوسرے عیینہ بن بدر ہیں، اور تیسرے زید بن مہلہل ہیں، اور چوتھے علقمہ بن علاثہ ہیں۔

ایک مرد نے کہا: آپ نے عدل نہیں کیا، اس مرد کا نام ذوالخویصرہ ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۶۸، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۱۔ بَابٌ: اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ۔ (التوبہ:۷۹)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک جو (منافق) خوشی سے صدقہ دینے والے مومنوں کو طعنہ دیتے ہیں۔ (التوبہ:۷۹) کی تفسیر

آیت مذکورہ میں طعن کی تفسیر

اس آیت میں منافقین کی صفات بیان کی گئی ہیں کہ کوئی شخص بھی ان کی عیب جوئی اور نکتہ چینی سے بچا ہوا نہیں تھا۔ اگر کوئی شخص

Marfat.com

اللہ کی راہ میں بہت زیادہ مال لے کر آتا تو وہ کہتے: یہ دکھاوا کرنے والا ہے اور اگر کوئی شخص محنت مزدوری کر کے تھوڑا مال لے کر آتا تو وہ کہتے کہ اللہ تعالیٰ کو اتنے مال کی کیا ضرورت ہے۔

يَلْمِزُوْنَ: کا معنی ہے: وہ عیب جوئی کرتے ہیں، اور نکتہ چینی کرتے ہیں۔

جُهْدَهُمْ اور جَهْدَهُمْ اس کا معنی ہے: ان کی طاقت کے مطابق۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ۔ (التوبہ:۷۹) اور ان کو جن کے پاس (صدقہ کے لئے) اپنی محنت کی مزدوری کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

اس لفظ میں دو لغتیں ہیں جُهد اور جَهد، جُهد کا معنی ہے: طاقت اور جَهد کا معنی ہے: مشقت۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۶۸)

۴۶۶۸۔ حَدَّثَنِي بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ أَبُو مُحَمَّدٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ قَالَ لَمَّا أُمِرْنَا بِالصَّدَقَةِ كُنَّا نَتَحَامَلُ فَجَاءَ أَبُو عَقِيلٍ بِنِصْفِ صَاعٍ وَجَاءَ إِنْسَانٌ بِأَكْثَرَ مِنْهُ فَقَالَ الْمُنَافِقُونَ إِنَّ اللهَ لَغَنِيٌّ عَنْ صَدَقَةِ هَذَا وَمَا فَعَلَ هَذَا الْآخَرُ إِلَّا رِئَاءً فَنَزَلَتْ ﴿اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ﴾ (التوبہ:۷۹) الْآيَةَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے بشر بن خالد ابو محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں محمد بن جعفر نے خبر دی از شعبہ از سلیمان از ابی وائل از حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں: جب ہمیں صدقہ دینے کا حکم دیا گیا تو ہم بوجھ اٹھا کر لاتے، پس ابو عقیل نصف صاع (دو کلوگرام) لے کر آئے اور ایک انسان اس سے زیادہ لے کر آیا، تو منافقین نے کہا: اللہ عزوجل اس صدقہ سے مستغنی ہے اور دوسرا جو اکثر لے کر آیا ہے، وہ صرف دکھاوے کے لئے لے کر آیا ہے، تب یہ آیت نازل ہوئی: بے شک جو (منافق) خوشی سے صدقہ دینے والے مومنوں کو طعنہ دیتے، ہیں اور ان کو جن کے پاس (صدقہ کے لئے) اپنی محنت کی مزدوری کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ (التوبہ:۷۹)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۴۱۵ میں گزر چکی ہے تاہم بعض امور کی تفصیل بیان کی جارہی ہے:

جن صحابہ پر منافقین نے طعن کیا تھا، ان کے اسماء

علامہ عمر بن علی ابن الملقن الشافعی متوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

ایک قول ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے اپنے نصف مال کا صدقہ کیا جو چار ہزار درہم یا چار سو دینار تھا، اور حضرت عاصم بن عدی ایک سو وسق (چھ سو من) کھجوریں لے کر آئے تو منافقین نے ان دونوں پر نکتہ چینی کی اور کہا: یہ دکھاوا ہے اور کسی منافق نے کہا یہ کتنا بڑا دکھاوا ہے اور ایک انصاری تھوڑی سی کھجوریں لے کر آیا تو انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ اس سے مستغنی ہے۔ تب یہ آیت نازل ہوئی۔ اور ایک روایت یہ ہے کہ حضرت ابو عقیل رضی اللہ عنہ ایک صاع (چار کلوگرام) کھجوریں لے کر آئے اور کہا کہ میرے پاس صرف دو صاع کھجوریں تھیں۔ ایک صاع کھجوریں میں نے اپنے بال بچوں کے لئے رکھ لیں اور ایک صاع صدقہ کے لئے لے کر آ گیا۔ تو منافقین نے کہا کہ اللہ تعالیٰ اس سے مستغنی ہے۔ (التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۲ ص ۴۲۳، وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ھ)

۴۶۶۹۔ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ قُلْتُ لِأَبِي امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں اسحاق بن ابراہیم نے

أُسَامَةَ أَحَدَّثَكُمْ زَائِدَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَأْمُرُ بِالصَّدَقَةِ فَيَحْتَالُ أَحَدُنَا حَتَّى يَجِيءَ بِالْمُدِّ وَإِنَّ لِأَحَدِهِمُ الْيَوْمَ مِائَةَ أَلْفٍ كَأَنَّهُ يُعَرِّضُ بِنَفْسِهِ۔

حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے ابواسامہ سے پوچھا: کیا تم کو زائدہ نے (یہ) حدیث بیان کی ہے؟ از سلیمان از شقیق از حضرت ابومسعود الانصاری رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں صدقہ دینے کا حکم دیتے تو ہم میں سے کوئی شخص حیلہ کرتا، حتیٰ کہ وہ ایک کلو لے کر آتا اور بے شک آج ان کے پاس ایک لاکھ ہے۔ حضرت ابومسعود اپنی ذات سے کنایہ کرتے تھے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۴۱۵ میں گزر چکی ہے۔

اس حدیث میں جو مذکور ہے کہ وہ حیلہ کرتا: اس کا معنی ہے: کوشش کرتا۔

۱۲۔ بَابٌ: اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ط اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ۔ (التوبہ: ۸۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ ان کے لئے مغفرت طلب کریں یا نہ کریں، اگر آپ ان کے لئے ستر مرتبہ بھی مغفرت طلب کریں تو اللہ ان کو ہرگز نہیں بخشے گا۔ (التوبہ: ۸۰) کی تفسیر

نکتہ چینی کرنے والے منافقین کا استغفار سے محروم ہونا

علامہ عینی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے اس آیت کریمہ میں یہ خبر دی ہے کہ یہ نکتہ چینی کرنے والے منافقین ہیں، یہ استغفار کے اہل نہیں تھے اور اگر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے لئے ستر (۷۰) بار بھی استغفار کرتے تو اللہ تعالیٰ انہیں منع فرما دیتا۔ ستر (۷۰) سے مراد ستر کا عدد نہیں ہے بلکہ عرب ستر کا لفظ مبالغہ کے لئے بولتے تھے اور اس سے خاص عدد مراد نہیں ہوتا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۷۰)

۴۶۷۰۔ حَدَّثَنِي عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنْ أَبِي أُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی الله عنهما قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُ اللهِ بْنُ أُبَيٍّ جَاءَ ابْنُهُ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ فَسَأَلَهُ أَنْ يُعْطِيَهُ قَمِيصَهُ يُكَفِّنُ فِيهِ أَبَاهُ فَأَعْطَاهُ ثُمَّ سَأَلَهُ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَقَامَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَقَامَ عُمَرُ فَأَخَذَ بِثَوْبِ رَسُولِ اللهِ ﷺ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ تُصَلِّي عَلَيْهِ وَقَدْ نَهَاكَ رَبُّكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِنَّمَا خَيَّرَنِي اللهُ فَقَالَ ﴿اسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ط اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً﴾ (التوبہ: ۸۰) وَسَأَزِيدُهُ عَلَى السَّبْعِينَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، از ابواسامہ از عبیداللہ از نافع از حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں: جب عبداللہ بن ابی فوت ہو گیا تو اس کا بیٹا حضرت عبداللہ بن عبداللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور آپ سے یہ سوال کیا کہ آپ ان کو اپنی قمیص عطا فرمائیں تاکہ اس قمیص میں وہ اپنے باپ کو کفن دیں تو آپ نے ان کو قمیص عطا فرما دی، پھر انہوں نے سوال کیا کہ آپ اس کی نماز جنازہ پڑھائیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کی نماز پڑھانے کے لئے کھڑے ہوئے، سو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کپڑا کھینچا، پس کہا: یا رسول اللہ! کیا آپ اس پر نماز پڑھیں گے؟ حالانکہ آپ کے رب نے آپ کو اس پر نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے، تو

Marfat.com

قَالَ إِنَّهُ مُنَافِقٌ قَالَ فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَأَنْزَلَ اللهُ ﴿وَلَا تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا وَلَا تَقُمْ عَلَى قَبْرِهِ﴾ (التوبہ:۸۴)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا ہے، پس فرمایا ہے: آپ ان کے لئے مغفرت طلب کریں یا نہ کریں، اگر آپ ان کے لئے ستر مرتبہ بھی مغفرت طلب کریں تو اللہ ان کو ہرگز نہیں بخشے گا۔ (التوبہ:۸۰) اور میں عنقریب ستر مرتبہ سے زیادہ استغفار کروں گا۔ حضرت عمر نے کہا: وہ منافق ہے، حضرت ابن عمر نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے اس کی نماز جنازہ پڑھا دی، تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: اور جو ان میں سے مر جائے تو آپ ان میں سے کسی کی نماز جنازہ نہ پڑھیں اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہوں۔ (التوبہ:۸۴)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری:۱۲۶۹ میں گزر چکی ہے۔ تاہم چند ضروری امور بیان کئے جا رہے ہیں:

عبداللہ بن ابی کو قمیص عطا فرمانے اور اس کی نماز جنازہ پڑھانے کی توجیہات

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

علامہ واقدی نے بیان کیا ہے کہ عبداللہ بن ابی آپ کے تبوک سے واپس آنے کے بعد مر گیا تھا اور یہ ذوالقعدہ نو ہجری کا واقعہ ہے۔ یہ بیس (۲۰) دن بیمار رہا اور اس کی بیماری کی ابتداء شوال کی راتوں سے ہوئی تھی۔ اسی طرح امام حاکم نے "اکلیل" میں ذکر کیا ہے۔

علماء نے ذکر کیا ہے کہ عبداللہ بن ابی اور اس کے اصحاب غزوۂ تبوک سے پیچھے رہ گئے تھے، اور ان ہی کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی تھی:

لَوْ خَرَجُوا فِيكُمْ مَا زَادُوكُمْ إِلَّا خَبَالًا۔ (التوبہ:۴۷) اور اگر وہ تمہارے ساتھ نکلتے تو وہ تم میں فساد زیادہ پھیلاتے۔

نبی ﷺ نے اس کو اپنی قمیص عطا فرمادی: علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ اس پر یہ اعتراض ہے کہ نبی ﷺ نے اس منافق کو قمیص کیوں عطا فرمائی ہے؟ پھر انہوں نے کہا کہ اس کا جواب یہ ہے کہ نبی ﷺ نے اس منافق کی وجہ سے قمیص نہیں عطا فرمائی تھی بلکہ اس کے بیٹے کی وجہ سے قمیص عطا فرمائی تھی، جو صحابی تھے۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ غزوۂ بدر میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ پر کسی کی قمیص پوری نہیں آ رہی تھی، کیونکہ ان کا بہت لمبا قد تھا، تو عبداللہ بن ابی نے ان کو اپنی قمیص دی تھی جو ان کو پوری آ گئی، تو نبی ﷺ نے اس کا بدلہ اتارنے کے لئے عبداللہ بن ابی کو قمیص عطا فرمادی تاکہ آپ کے چچا پر اس کا احسان نہ رہے۔

میں کہتا ہوں کہ آپ کی عادت کریمہ یہ تھی کہ آپ کسی سائل کو رد نہیں فرماتے تھے، اس لئے آپ نے قمیص عطا فرمادی اور اس کی یہ وجہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ سے فرمایا:

وَأَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝ (الضحیٰ:۱۰) اور سائل کو نہ جھڑکیں ۝

پھر اس کے بیٹے نے آپ سے اس پر نماز جنازہ پڑھنے کا سوال کیا: انہوں نے یہ سوال اس لئے کیا تھا کہ عبداللہ بن ابی ظاہر میں کلمہ بھی پڑھتا تھا اور نمازیں بھی پڑھتا تھا، تو انہوں نے اس کو اسلام پر محمول کیا۔ دوسری وجہ یہ تھی کہ لوگ ان کے باپ پر اور ان کے قبیلے پر طعنہ نہ دیں اور نبی ﷺ نے بھی ظاہر حال کے مطابق ان کے اس سوال کو قبول کر لیا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی حقیقت

Marfat.com

واضح فرمادی۔

حضرت عمر نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا: کیا آپ منافق پر نماز پڑھتے ہیں؟ حضرت عمر نے منافق پر نماز پڑھنے کی ممانعت کو اس آیت سے نکالا تھا:

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ۔ (التوبہ: ۱۱۳) نبی اور ایمان والوں کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ مشرکین کے لئے استغفار کریں۔

حضرت عمر کی رائے دین پر تصلب اور منافقین پر شدت کا مظہر تھی اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارادہ یہ تھا جس کی تھوڑی سی بھی دین کی طرف نسبت ہے، اس پر شفقت کی جائے اور ان کے بیٹے کی دل جوئی کی جائے، جو صحابی تھے، اس لئے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے افضل چیز پر عمل کیا اور قتادہ نے بیان کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیان فرمایا کہ میری قمیص اس سے اللہ کے عذاب کو نہیں دور کر سکتی، لیکن مجھے یہ امید ہے کہ میرے اس حسن خلق کو دیکھ کر اس کی قوم کے ایک ہزار افراد ایمان لے آئیں گے۔ (سو ایسا ہی ہوا)

اس کے بعد یہ آیت نازل ہوئی:

وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ۔ (التوبہ: ۸۴) اور جو ان میں سے مرجائے تو آپ ان میں سے کسی کی نماز جنازہ نہ پڑھیں اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہوں۔

اس کے بعد پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی منافق کی نماز جنازہ نہیں پڑھی۔

میں کہتا ہوں: یہاں پر یہ شبہ نہ کیا جائے کہ قرآن مجید کی یہ آیت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رائے کے موافق نازل ہوئی ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف نازل ہوئی ہے، کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو اللہ تعالیٰ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عبداللہ بن ابی کی نماز جنازہ پڑھانے سے پہلے ہی منع فرما دیتا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے نماز جنازہ پڑھانے کے بعد یہ آیت نازل فرمائی۔ اس سے معلوم ہوا کہ آپ کا اس کی نماز جنازہ پڑھانا بالکل درست تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نظر عبداللہ بن ابی کے ظاہر نفاق پر تھی اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر اس کی قوم کے ایک ہزار مردوں کے اسلام پر تھی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۷۱-۳۷۰، فتح الباری ج ۵ ص ۶۲۱-۶۱۹)

۴۶۷۱۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ و قَالَ غَيْرُهُ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی الله عنه أَنَّهُ قَالَ لَمَّا مَاتَ عَبْدُ اللهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُولَ دُعِيَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَلَمَّا قَامَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَثَبْتُ إِلَيْهِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ أَتُصَلِّي عَلَى ابْنِ أُبَيٍّ وَقَدْ قَالَ يَوْمَ كَذَا كَذَا وَكَذَا قَالَ أُعَدِّدُ عَلَيْهِ قَوْلَهُ فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَقَالَ أَخِّرْ عَنِّي يَا عُمَرُ فَلَمَّا أَكْثَرْتُ عَلَيْهِ قَالَ إِنِّي خُيِّرْتُ فَاخْتَرْتُ لَوْ أَعْلَمُ أَنِّي إِنْ زِدْتُ عَلَى السَّبْعِينَ يُغْفَرُ لَهُ لَزِدْتُ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں لیث نے حدیث بیان کی، از عقیل اور ان کے غیر نے کہا: مجھے لیث نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے عقیل نے حدیث بیان کی از ابن شہاب، انہوں نے کہا: مجھے عبیداللہ بن عبداللہ نے خبر دی از حضرت ابن عباس از حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ، انہوں نے کہا: جب عبداللہ بن ابی ابن سلول مر گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس کی نماز جنازہ پڑھانے کے لئے بلایا گیا، پس جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے تو میں تیزی سے آپ کی طرف بڑھا، پس میں نے کہا: یا رسول اللہ! کیا آپ ابن ابی پر نماز پڑھیں گے؟ حالانکہ اس نے فلاں دن اس طرح اور اس طرح کہا تھا۔ حضرت عمر اس کے اقوال گنواتے

Marfat.com

عَلَيْهَا قَالَ فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُولُ اللهِ ﷺ ثُمَّ انْصَرَفَ فَلَمْ يَمْكُثْ إِلَّا يَسِيرًا حَتَّى نَزَلَتْ الْآيَتَانِ مِنْ بَرَائَةَ ﴿وَلَا تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا﴾ (التوبہ: ۸۴) إِلَى قَوْلِهِ ﴿وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝﴾ قَالَ فَعَجِبْتُ بَعْدُ مِنْ جُرْأَتِي عَلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ وَاللهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ۔

رہے۔ رسول اللہ ﷺ نے تبسم فرمایا اور فرمایا: اے عمر! مجھ سے پیچھے ہٹو، پس جب میں نے زیادہ اصرار کیا تو آپ نے فرمایا: مجھے اختیار دیا گیا ہے، پس میں نے (استغفار کو) اختیار کیا اور اگر مجھے معلوم ہوتا کہ اگر میں نے ستر مرتبہ سے زیادہ استغفار کیا تو اس کی مغفرت کر دی جائے گی تو میں ستر بار سے زیادہ استغفار کرتا۔ حضرت عمر نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کی نماز جنازہ پڑھا دی، پھر آپ لوٹ آئے، پھر سورۂ توبہ کی دو آیتیں نازل ہو گئیں: اور جو ان میں سے مر جائے تو آپ ان میں سے کسی کی نماز جنازہ نہ پڑھیں اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہوں۔ (التوبہ: ۸۴) یہ آیت وھم فٰسِقُوْن تک ہے۔ حضرت عمر نے کہا: پھر بعد میں مجھے رسول اللہ ﷺ کے سامنے اپنی جرأت پر بہت تعجب ہوا، اور اللہ اور اس کے رسول ہی زیادہ علم والے ہیں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۳۶۶ میں گزر چکی ہے، تاہم چند ضروری امور بیان کئے جا رہے ہیں:

حدیث مذکور میں اضافہ شدہ روایات اور عبداللہ بن ابی ابن سلول کے نام کی وضاحت

حافظ شہاب الدین احمد بن علی حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی: اور جو ان میں سے مر جائے تو آپ ان میں سے کسی کی نماز جنازہ نہ پڑھیں اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہوں۔ (التوبہ: ۸۴) مسدد نے اپنی حدیث میں از یحییٰ القطان از عبیداللہ بن عمر اس حدیث کے آخر میں یہ اضافہ کیا ہے کہ پس آپ نے ان پر نماز پڑھنے کو ترک کر دیا ہے۔ امام بخاری نے کتاب الجنائز میں از مسدد اس حدیث کی بغیر اس اضافے کے روایت کی ہے۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے کہ آپ نے اس پر نماز پڑھائی، پھر واپس چلے گئے، پھر تھوڑی دیر بعد یہ آیت نازل ہو گئی۔ اور زہری نے اپنی سند کے ساتھ یہ روایت کی ہے کہ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے کسی منافق کی نماز جنازہ نہیں پڑھائی، حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اٹھا لیا، اور طبری نے اسی سند کے ساتھ ابن اسحاق سے یہ روایت کی ہے کہ نہ آپ کسی منافق کی قبر پر کھڑے ہوئے۔

امام عبدالرزاق نے از معمر از قتادہ روایت کی ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی:

اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللهُ لَهُمْ۔ (التوبہ: ۸۰)

آپ ان کے لئے مغفرت طلب کریں یا نہ کریں، اگر آپ ان کے لئے ستر مرتبہ بھی مغفرت طلب کریں تو اللہ ان کو ہرگز نہیں بخشے گا۔

تو نبی ﷺ نے فرمایا: میں ستر مرتبہ سے زیادہ استغفار کروں گا۔ تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ أَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ أَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللهُ لَهُمْ۔ (المنافقون: ۶)

ان پر یکساں ہے، آپ ان کے لئے معافی چاہیں یا ان کے لئے معافی نہ چاہیں، اللہ انہیں ہرگز معاف نہ فرمائے گا۔

جب عبداللہ بن ابی ابن سلول مر گیا: سلول عبداللہ بن ابی کی ماں کا نام ہے اور وہ قبیلہ خزاعہ سے تھی اور عبداللہ بن ابی قبیلہ

خزرج سے تھا اور یہ دونوں انصار کے قبیلے ہیں۔

پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکرائے اور فرمایا: مجھ سے پیچھے ہٹو۔ علامہ داؤدی نے اس حالت میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مسکرانے پر اشکال کیا ہے کہ جنائز کے موقع پر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مسکرانا اور ہنسنا ثابت نہیں ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت عمر کی دل جوئی کے لئے اور ان کو خوش کرنے کے لئے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکرائے۔ آپ نے ان کے مشورے کو قبول نہیں کیا تھا اور ان کے کلام کو ترک کر دیا تھا تو گویا آپ کا مسکرانا اس کی معذرت کے لئے تھا۔

بعض شارحین نے کہا ہے کہ ہوسکتا ہے حضرت عمر نے یہ گمان کیا ہو کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عبداللہ بن ابی کی نماز جنازہ پڑھانے کے لئے آگے بڑھے تو شاید آپ بھول گئے کہ اس نے آپ کے خلاف کیا کیا کہا تھا، تو پھر جب میں نے زیادہ مبالغہ کیا تو آپ نے فرمایا: مجھے اختیار دیا گیا ہے، یعنی استغفار کا، پس میں نے استغفار کو اختیار کر لیا، تب حضرت عمر کو پتا چلا کہ آپ بھولے نہیں تھے۔

۱۳۔ بَابٌ: وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ۔ (التوبہ: ۸۴)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جو ان میں سے مر جائے تو آپ ان میں سے کسی کی نماز جنازہ نہ پڑھیں اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہوں۔ (التوبہ: ۸۴) کی تفسیر

التوبہ: ۸۴ کا مصداق

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کا ظاہر یہ ہے کہ یہ آیت تمام منافقین کے متعلق نازل ہوئی ہے، لیکن حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ آیت معین منافقین کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مجھے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں ایک راز بتا رہا ہوں تم اس کا کسی سے ذکر نہ کرنا۔ آپ نے فرمایا: مجھے فلاں فلاں کی نماز جنازہ پڑھانے سے منع کیا گیا ہے اور منافقین کے معین عدد کا ذکر فرمایا۔ حضرت جبیر بن معظم سے روایت ہے کہ وہ بارہ (۱۲) مرد تھے۔

۴۶۷۲۔ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی الله عنهما أَنَّهُ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُ اللهِ بْنُ أُبَيٍّ جَاءَ ابْنُهُ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ إِلَى رَسُولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَأَعْطَاهُ قَمِيصَهُ وَأَمَرَهُ أَنْ يُكَفِّنَهُ فِيهِ ثُمَّ قَامَ يُصَلِّي عَلَيْهِ فَأَخَذَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِثَوْبِهِ فَقَالَ تُصَلِّي عَلَيْهِ وَهُوَ مُنَافِقٌ وَقَدْ نَهَاكَ اللهُ أَنْ تَسْتَغْفِرَ لَهُمْ قَالَ إِنَّمَا خَيَّرَنِي اللهُ أَوْ أَخْبَرَنِي اللهُ فَقَالَ ﴿إِسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللهُ لَهُمْ﴾ (التوبہ: ۸۰) فَقَالَ سَأَزِيدُهُ عَلَى سَبْعِينَ قَالَ فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَصَلَّيْنَا مَعَهُ ثُمَّ أَنْزَلَ اللهُ عَلَيْهِ ﴿وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے ابراہیم بن المنذر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں انس بن عیاض نے حدیث بیان کی، از عبیداللہ از نافع از حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں: جب عبداللہ بن ابی فوت ہو گیا تو اس کے بیٹے حضرت عبداللہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے۔ آپ نے ان کو اپنی قمیص عطا فرمائی اور فرمایا: اس قمیص میں اس کو کفن دینا، پھر آپ اس کی نماز جنازہ پڑھانے کے لئے کھڑے ہوئے تو حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے آپ کا کپڑا پکڑ کر کہا کہ آپ اس پر نماز پڑھ رہے ہیں؟ یہ تو منافق ہے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو منافقین کے لئے استغفار کرنے سے منع فرمایا ہے۔ آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے اختیار دیا ہے، یا فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے خبر دی ہے! کہ آپ ان کے لئے مغفرت طلب کریں یا نہ کریں،

Marfat.com

اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ ۭ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۸۴﴾ (التوبہ:۸۴)

[طرف الحدیث:۷۸۰۹]

اگر آپ ان کے لئے ستر مرتبہ بھی مغفرت طلب کریں تو اللہ ان کو ہرگز نہیں بخشے گا۔ (التوبہ:۸۰) پس آپ نے فرمایا: میں عنقریب ستر مرتبہ سے زیادہ استغفار کروں گا۔ حضرت ابن عمر نے بتایا: پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ پڑھی اور ہم نے بھی آپ کے ساتھ اس کی نماز جنازہ پڑھی، پھر اللہ تعالیٰ نے آپ پر یہ آیت نازل کی: اور جو ان میں سے مرجائے تو آپ ان میں سے کسی کی نماز جنازہ نہ پڑھیں اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہوں بے شک انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کیا اور یہ نافرمانی کی حالت میں مرے ○ (التوبہ:۸۴)

حدیث مذکور میں یہ تصریح ہے کہ عبداللہ بن ابی کفر پر مرا، پھر اس پر یہ اشکال ہے کہ آپ نے اس کے لئے استغفار کیوں کیا؟ اور اس کا جواب

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث میں یہ تصریح ہے کہ عبداللہ بن ابی کی موت کفر پر ہوئی، تو اس پر یہ اعتراض ہے کہ پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ کیسے فرمایا کہ مجھے اس کے لئے استغفار کرنے کا اختیار دیا گیا ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص کی نماز جنازہ کیسے پڑھائی؟ جس کی موت کفر پر ہوئی، ہر چند کہ یہ حدیث متعدد اسانید سے مروی ہے اور امام بخاری اور امام مسلم نے اس کی روایت کی ہے لیکن اس حدیث میں یہ طعن ہے، اس وجہ سے حسب ذیل مشاہیر علماء اور محققین نے اس حدیث کی صحت کا انکار کیا ہے۔

(۱) قاضی ابوبکر نے کہا کہ اس حدیث کو قبول کرنا جائز نہیں ہے اور نہ یہ صحیح ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ فرمایا کہ مجھے اختیار دیا گیا ہے اور نہ یہ صحیح ہے کہ آپ نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی۔

(۲) علامہ ابوبکر الباقلانی نے ''التقریب'' میں کہا کہ یہ حدیث احاد میں سے ہے، جس کے ثبوت کا یقین نہیں ہے۔

(۳) امام الحرمین نے اپنی مختصر میں کہا: یہ حدیث صحیح نہیں ہے۔ اور ''البرہان'' میں کہا: اس حدیث کو محدثین صحیح نہیں قرار دیتے۔

(۴) امام غزالی نے ''المستصفیٰ'' میں کہا: زیادہ ظاہر یہ ہے کہ یہ حدیث صحیح نہیں ہے۔

(۵) علامہ داؤدی نے کہا: یہ حدیث غیر محفوظ ہے۔

اس اعتراض کا یہ جواب دیا گیا ہے کہ ان علماء نے یہ گمان کیا کہ قرآن مجید کی یہ آیت کہ: انہوں نے اللہ اور رسول کے ساتھ کفر کیا اور یہ لوگ فسق پر مرگئے، یہ آیت اس آیت کے ساتھ نازل ہوئی ہے کہ آپ ان کے لئے استغفار کریں یا استغفار نہ کریں، لیکن ایسا نہیں ہے۔ یہ آیت اس کے بعد نازل ہوئی ہے اور اب اعتراض اٹھ جاتا ہے۔ اس کا دوسرا جواب یہ ہے کہ اس استغفار سے ممانعت اس کے لئے ہے جو حالت شرک میں مرا اور یہ ممانعت اس کے لئے نہیں ہے جو اسلام کو ظاہر کرتا ہے اور چونکہ عبداللہ بن ابی اسلام کو ظاہر کرتا تھا، اس لئے اس کے لئے استغفار کی ممانعت نہیں ہے۔

اس حدیث میں مذکور ہے کہ آپ نے فرمایا: میں ستر مرتبہ سے زیادہ استغفار کروں گا۔ آپ کا یہ کلام عبداللہ بن ابی کے قبیلہ کی دل جوئی کے لئے تھا، ورنہ آپ کا یہ ارادہ نہیں تھا، کیونکہ آپ نے فرمایا کہ اگر مجھے یہ معلوم ہوتا کہ ستر مرتبہ سے زیادہ استغفار کرنے

Marfat.com

سے اس کی مغفرت ہو جائے گی تو میں اس کے لئے ستر مرتبہ سے زیادہ استغفار کرتا۔

(عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۷۳، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے بھی اس حدیث کی شرح میں یہی تقریر کی ہے، لیکن ان کا کلام بہت طویل اور غیر مرتب ہے اور علامہ عینی کی عبارت مختصر اور مرتب ہے اور تقریباً ہر حدیث کی شرح میں ان دونوں شارحین کا یہی اسلوب ہوتا ہے۔

(فتح الباری ج ۵ ص ۶۲۳-۶۲۱، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۱۴۔ بَابٌ: سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ۭ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ۭ اِنَّهُمْ رِجْسٌ وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ (التوبہ: ۹۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جب تم ان کی طرف لوٹ کر جاؤ گے تو وہ تمہارے سامنے عنقریب اللہ کی قسمیں کھائیں گے، تاکہ تم ان (کے جھوٹے بہانوں) سے صرف نظر کرو، پس تم ان کی طرف توجہ نہ کرو، بے شک وہ ناپاک ہیں اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، (یہ) ان کے ان کاموں کی سزا ہے، جو وہ کرتے تھے ○ (التوبہ: ۹۵) کی تفسیر

امام عبدالرحمٰن بن محمد بن ادریس الرازی، ابن ابی حاتم متوفی ۳۲۷ھ سے اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوۂ تبوک کے لئے روانہ ہوئے تو آپ نے حضرت علی کو اپنے بعد خلیفہ بنایا اور ان کو اپنے ساتھ نہیں لے گئے۔ منافقین نے کہا کہ آپ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کسی ناراضی کی بناء پر اپنے ساتھ نہیں لے گئے، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ راستہ میں آپ سے جا ملے اور منافقین کی باتوں سے آپ کو مطلع کیا۔ تب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: جب موسیٰ علیہ السلام اپنے رب کے پاس گئے تو انہوں نے حضرت ہارون علیہ السلام کو خلیفہ بنایا تھا اور میں نے اپنے پیچھے تم کو خلیفہ بنایا ہے۔ کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو؟ کہ تم میرے لئے ایسے ہو جیسا کہ حضرت ہارون علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے تھے، ہاں! مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا: کیوں نہیں یا رسول اللہ! جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوۂ تبوک سے واپس آئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ کا استقبال کیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو سواری پر اپنے ساتھ بٹھایا اور فرمایا: اللہ تعالیٰ منافقین اور مخالفین پر لعنت فرمائے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مومنین سے فرمایا: ان کے ساتھ بات کرو، نہ ان کے ساتھ بیٹھو، اور ان سے اس طرح اعراض کرو جس طرح اللہ تعالیٰ نے تمہیں حکم دیا ہے۔ (تفسیر امام ابن ابی حاتم ج ۶ ص ۱۸۶۵، مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز، مکہ مکرمہ، ۱۴۱۷ھ)

نیز اللہ تعالیٰ نے فرمایا: بے شک وہ ناپاک ہیں: اس آیت کا معنی یہ ہے کہ ان کا باطن خبیث اور نجس ہے، اور ان کی روح ناپاک ہے اور جس طرح جسمانی نجاستوں سے احتراز کرنا واجب ہے، اسی طرح روحانی نجاستوں سے بھی احتراز کرنا واجب ہے تاکہ ان کی نجاستیں انسان میں سرایت نہ کر جائیں اور تاکہ ان کے برے کاموں کی طرف انسان کی طبیعت راغب نہ ہو۔

۴۶۷۳۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ عَبْدَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں اللیث نے حدیث بیان کی، از عقیل از ابن

Marfat.com

اللهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ حِينَ تَخَلَّفَ عَنْ تَبُوكَ وَاللهِ مَا أَنْعَمَ اللهُ عَلَيَّ مِنْ نِعْمَةٍ بَعْدَ إِذْ هَدَانِي أَعْظَمَ مِنْ صِدْقِي رَسُولَ اللهِ ﷺ أَنْ لَا أَكُونَ كَذَبْتُهُ فَأَهْلِكَ كَمَا هَلَكَ الَّذِينَ كَذَبُوا حِينَ أُنْزِلَ الْوَحْيُ ﴿سَيَحْلِفُونَ بِاللهِ لَكُمْ إِذَا انْقَلَبْتُمْ إِلَيْهِمْ﴾ (التوبہ:۹۵) إِلَى قَوْلِهِ الْفَاسِقِينَ ⑨۶

شہاب از عبدالرحمٰن بن عبداللہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ عبداللہ بن کعب بن مالک نے کہا کہ میں نے حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا جب وہ غزوۂ تبوک میں پیچھے رہ گئے تھے۔ انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے مجھے ہدایت دینے کے بعد اس سے بڑی اور کوئی نعمت عطا نہیں کی کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سچ بولا اور اگر میں نے آپ سے جھوٹ بولا ہوتا تو میں بھی اسی طرح ہلاک ہو جاتا جس طرح وہ لوگ ہلاک ہو گئے جنہوں نے جھوٹ بولا تھا، جب وحی نازل ہوئی: جب تم ان کی طرف لوٹ کر جاؤ گے تو وہ تمہارے سامنے عنقریب اللہ کی قسمیں کھائیں گے تاکہ تم (ان کے جھوٹے بہانوں سے) صرف نظر کرو (التوبہ: ۹۵) یہ فاسقین تک ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۷۵۷ میں گزر چکی ہے۔

۱۵۔ بَابٌ: يَحْلِفُونَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَإِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنَّ اللهَ لَا يَرْضَىٰ عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ⑨۶ (التوبہ:۹۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: وہ تم کو راضی کرنے کے لئے تمہارے سامنے قسمیں کھائیں گے، پس اگر تم ان سے راضی ہو (بھی) گئے تو اللہ فاسق لوگوں سے راضی نہیں ہوتا ○ (التوبہ:۹۶) کی تفسیر

یہ آیت ان منافقین کے متعلق نازل ہوئی ہے جو قسمیں کھاتے تھے تاکہ تم ان سے راضی ہو جاؤ، پس اگر تم بالفرض راضی ہو بھی جاؤ تو اللہ تعالیٰ قوم فاسقین سے راضی نہیں ہوتا۔ فاسقین سے مراد وہ لوگ ہیں جو اللہ کی اطاعت سے اور اس کے رسول کی اطاعت سے خارج ہو گئے۔

امام بخاری نے اس آیت کی تفسیر میں کوئی تعلیق ذکر کی ہے، نہ کوئی حدیث روایت کی ہے۔

۱۶۔ بَابٌ: وَآخَرُونَ اعْتَرَفُوا بِذُنُوبِهِمْ خَلَطُوا عَمَلًا صَالِحًا وَآخَرَ سَيِّئًا ۖ عَسَى اللهُ أَنْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ اللهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ⑩۲ (التوبہ:۱۰۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بعض دوسرے وہ (مسلمان) ہیں جنہوں نے اپنے گناہوں کا اقرار کر لیا، انہوں نے نیک کاموں کو دوسرے برے کاموں سے ملا دیا۔ عنقریب اللہ ان کی توبہ قبول فرمائے گا، بے شک اللہ بہت بخشنے والا، بے حد رحم فرمانے والا ہے ○ (التوبہ:۱۰۲) کی تفسیر

Marfat.com

بعض صالح مومنین کے غزوۂ تبوک سے پیچھے رہ جانے کا ذکر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

جب کہ اللہ تعالیٰ نے ان منافقین کے حال کی خبر دی تھی، جنہوں نے غزوۂ تبوک سے تکذیب کی وجہ سے اعراض کیا تھا، تو اب ان لوگوں کے حال کا بیان شروع کیا جو سستی کی وجہ سے اور راحت اور آرام کے میلان کی وجہ سے جہاد سے پیچھے رہ گئے تھے، حالانکہ وہ مومن تھے اور حق کی تصدیق کرنے والے تھے، تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ۔ (التوبہ:۱۰۲) اور بعض دوسرے وہ (مسلمان) ہیں جنہوں نے اپنے گناہوں کا اقرار کرلیا۔

یعنی انہوں نے اپنے گناہوں کا اقرار کیا اور اپنے رب کے سامنے اعتراف کیا اور ان کے دیگر اعمال صالحہ بھی تھے جو ان کے گناہوں کے ساتھ مل گئے تھے، تو یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے عفو اور مغفرت کے تحت ہیں۔ یہ آیت اگرچہ ان خاص لوگوں کے متعلق نازل ہوئی ہے مگر اس کا حکم ان تمام گناہ گاروں اور تمام خطا کاروں کو شامل ہے جن کے برے عمل بھی ہیں اور نیک عمل بھی ہیں۔ مجاہد سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ یہ آیت حضرت ابولبابہ اور ان کے اصحاب کے متعلق نازل ہوئی ہے جو غزوۂ تبوک سے پیچھے رہ گئے تھے۔ بعض نے کہا: حضرت ابولبابہ کے ساتھ ان کے پانچ اصحاب تھے۔ بعض نے کہا: سات اصحاب تھے اور بعض نے کہا نو اصحاب تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۷۴)

۴۶۷۴۔ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ هُوَ ابْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَوْفٌ حَدَّثَنَا أَبُو رَجَاءٍ حَدَّثَنَا سَمُرَةُ بْنُ جُنْدَبٍ رضی الله عنه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لَنَا أَتَانِي اللَّيْلَةَ آتِيَانِ فَابْتَعَثَانِي فَانْتَهَيْنَا إِلَى مَدِينَةٍ مَبْنِيَّةٍ بِلَبِنٍ ذَهَبٍ وَلَبِنٍ فِضَّةٍ فَتَلَقَّانَا رِجَالٌ شَطْرٌ مِنْ خَلْقِهِمْ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ وَشَطْرٌ كَأَقْبَحِ مَا أَنْتَ رَاءٍ قَالَا لَهُمْ اذْهَبُوا فَقَعُوا فِي ذَلِكَ النَّهْرِ فَوَقَعُوا فِيهِ ثُمَّ رَجَعُوا إِلَيْنَا قَدْ ذَهَبَ ذَلِكَ السُّوءُ عَنْهُمْ فَصَارُوا فِي أَحْسَنِ صُورَةٍ قَالَا لِي هَذِهِ جَنَّةُ عَدْنٍ وَهَذَاكَ مَنْزِلُكَ قَالَا أَمَّا الْقَوْمُ الَّذِينَ كَانُوا شَطْرٌ مِنْهُمْ حَسَنٌ وَشَطْرٌ مِنْهُمْ قَبِيحٌ فَإِنَّهُمْ خَلَطُوا عَمَلًا صَالِحًا وَآخَرَ سَيِّئًا تَجَاوَزَ اللهُ عَنْهُمْ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں مؤمل نے حدیث بیان کی، اور وہ ابن ہشام ہیں، انہوں نے کہا: ہمیں اسماعیل بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عوف نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابورجاء نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے بیان کیا: ہم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس رات کو دو آنے والے آئے۔ ان دونوں نے مجھے بیدار کیا اور ہم ایسے شہر کے پاس پہنچے جو سونے کی اینٹوں اور چاندی کی اینٹوں سے بنا ہوا تھا، پھر ہم سے کچھ لوگ ملے جو بہت حسین تھے کہ تم نے اتنے حسین لوگ نہ دیکھے ہوں گے اور کچھ اور لوگ ملے جو انتہائی بدشکل تھے۔ تم نے اتنے بدشکل لوگ نہ دیکھے ہوں گے۔ ان دونوں آنے والوں نے ان سے کہا: جاؤ اس دریا میں کود جاؤ، سو وہ دریا میں کود گئے، پھر وہ ہماری طرف لوٹ کر آئے تو ان کی بدصورتی ان سے ختم ہو چکی تھی، پس وہ انتہائی حسین صورت میں ہو گئے۔ ان دونوں نے مجھے کہا: وہ لوگ جن میں سے آدھے حسین تھے اور آدھے بدشکل تھے، یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے نیک اعمال کے ساتھ

برے اعمال ملا لئے تھے، اللہ تعالیٰ نے ان سے درگزر فرمایا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۸۴۵ میں گزر چکی ہے، تاہم کچھ وضاحت مزید کی جارہی ہے:

دوآنے والے آئے: وہ فرشتے تھے۔

پس انہوں نے مجھے بیدار کیا: یعنی نیند سے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۷۵)

۱۷۔ بَابٌ: مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ۔ (التوبہ: ۱۱۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: نبی اور ایمان والوں کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ مشرکین کے لئے استغفار کریں۔ (التوبہ: ۱۱۳) کی تفسیر

قتادہ نے کہا: ہم سے یہ ذکر کیا گیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے کچھ مردوں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا: اے اللہ کے نبی! ہمارے آباء واجداد میں سے ایسے لوگ تھے جو پڑوسیوں سے حسن سلوک کرتے تھے، رشتہ داروں سے مل جل کر رہتے تھے، قیدیوں کو چھڑاتے تھے اور لوگوں کے حقوق ادا کرتے تھے۔ کیا آپ ان کے لئے استغفار نہیں کریں گے؟ آپ نے فرمایا: کیوں نہیں، اللہ کی قسم! میں اپنے باپ کے لئے ضرور استغفار کروں گا، جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ کے لئے استغفار کیا تھا۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی: نبی اور ایمان والوں کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ مشرکین کے لئے استغفار کریں۔ (التوبہ: ۱۱۳) یہ آیت اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ تک ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی والدہ کے لئے استغفار کرنے کا ارادہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس سے منع فرمادیا۔ آپ نے کہا: حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے اپنے باپ کے لئے استغفار کیا تھا، تو یہ آیت نازل ہوئی: اور ابراہیم کا اپنے (عرفی) باپ کے لئے استغفار کرنا صرف اس وعدہ کی وجہ سے تھا جو اس سے ابراہیم علیہ السلام نے کیا تھا اور جب ان پر یہ ظاہر ہوگیا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو وہ اس سے بیزار ہوگئے۔ (التوبہ: ۱۱۴) اور علی بن طلحہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس آیت کی تفسیر میں روایت کی ہے کہ لوگ اپنے فوت شدہ رشتہ داروں کے لئے مغفرت کی دعا کرتے تھے اور جب یہ آیت نازل ہوئی تو وہ ان کے لئے مغفرت کی دعا کرنے سے رک گئے، اور زندوں کے لئے مغفرت کی دعا کرنے سے نہیں منع کیا گیا۔

(عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۷۵)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تمام آباء اور امہات مومن تھے

میں کہتا ہوں کہ حضرت سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا کے لئے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو استغفار کرنے کی اجازت نہیں ملی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ جب غیر نبی یا غیر معصوم کے لئے استغفار کیا جائے تو اس سے یہ وہم ہوتا ہے کہ شاید انہوں نے گناہ کبیرہ کئے ہوں گے۔ اور صحیح مسلم: ۹۷۶ میں یہ حدیث ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کی اجازت طلب کی تو اس کی آپ کو اجازت دی گئی، حالانکہ کفار کی قبروں پر آپ کو کھڑے ہونے سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے، اس سے معلوم ہوا کہ وہ کافرہ نہیں تھیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والدین اور آپ کے تمام آباء اور امہات مومن تھے۔ علامہ عینی نے اس مسئلہ پر کچھ نہیں لکھا، اس لیے کہ یہ مسئلہ بعد کے متاخرین پر منکشف ہوا ہے جب کہ ان کی حدیث میں اس بات کا ثبوت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے والدین کے لئے نہیں بلکہ اپنے چچا ابو طالب کے لئے استغفار کرنے کا ارادہ کیا تھا اور یہی التوبہ: ۱۱۳ کا شان نزول ہے۔

Marfat.com

۴۶۷۵۔ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا طَالِبٍ الْوَفَاةُ دَخَلَ عَلَيْهِ النَّبِيُّ ﷺ وَعِنْدَهُ أَبُو جَهْلٍ وَعَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ فَقَالَ النَّبِيُّ أَيْ عَمِّ قُلْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ أُحَاجُّ لَكَ بِهَا عِنْدَ اللهِ فَقَالَ أَبُو جَهْلٍ وَعَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ يَا أَبَا طَالِبٍ أَتَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَ النَّبِيُّ لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ مَا لَمْ أُنْهَ عَنْكَ فَنَزَلَتْ ﴿مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَ لَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝﴾

(التوبہ: ۱۱۳)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں معمر نے خبر دی از زہری از سعید بن المسیب از والد خود، انہوں نے بیان کیا کہ جب ابو طالب پر وفات کا وقت آیا تو اس کے پاس نبی ﷺ آئے اور اس کے پاس اس وقت ابوجہل تھا اور عبداللہ بن ابوامیہ تھا، پس نبی ﷺ نے اس سے فرمایا: آپ کہئے: لا الٰہ الا اللہ، میں اس کلمہ کی وجہ سے آپ کے لئے اللہ کے پاس شفاعت کروں گا، تو ابوجہل اور عبداللہ بن ابوامیہ نے کہا: اے ابو طالب! کیا تم عبدالمطلب کی ملت سے اعراض کر رہے ہو؟ تو نبی ﷺ نے فرمایا: میں آپ کے لئے استغفار کرتا رہوں گا جب تک کہ مجھے اس سے منع نہ کر دیا جائے۔ تب یہ آیت نازل ہوئی: نبی اور ایمان والوں کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ مشرکین کے لئے استغفار کریں خواہ وہ ان کے قرابت دار ہوں جب کہ ان پر یہ ظاہر ہو چکا ہے کہ وہ (مشرکین) دوزخی ہیں ○ (التوبہ: ۱۱۳)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری ۱۳۶۰ میں گزر چکی ہے۔

ابو طالب کا نام عبد مناف ہے اور ابوجہل کا نام عمرو بن ہشام المخزومی ہے اور عبداللہ بن ابی امیہ المخزومی فتح مکہ کے سال اسلام لے آئے تھے۔

میں اللہ کے پاس آپ کی شفاعت کروں گا: علامہ قرطبی نے کہا ہے کہ میں نے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے چچا ابو طالب کو زندہ کیا، پس وہ آپ پر ایمان لائے اور علامہ سہیلی نے ''الروض الانف'' میں روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کی والدہ کو اور آپ کے والد کو زندہ کیا، پس وہ آپ پر ایمان لے آئے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۷۶)

میں کہتا ہوں: ابو طالب کے ایمان کی پوری تحقیق ان شاء اللہ میں سورۃ القصص کی تفسیر میں بیان کروں گا۔

۱۸۔ بَابٌ: لَقَدْ تَّابَ اللهُ عَلَى النَّبِيِّ وَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ (التوبہ: ۱۱۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک اللہ نے نبی کی توبہ قبول فرمائی، اور مہاجرین اور انصار کی جنہوں نے تنگی کے وقت میں نبی کی اتباع کی جب کہ اس کے بعد یہ قریب تھا کہ ایک گروہ کے دل اپنی جگہ سے ہل جائیں، پھر اس کے بعد اس نے ان کی توبہ قبول کی، بے شک وہ ان پر نہایت مہربان بہت رحم والا ہے ○

(التوبہ:۱۱۷) کی تفسیر

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توبہ قبول کرنے کے محامل

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

بے شک اللہ نے نبی کی توبہ قبول کی: یہ آیت اس طرح ہے جس طرح یہ آیت ہے: اور تا کہ اللہ تعالیٰ آپ کے لئے تمام اگلے اور پچھلے بہ ظاہر خلاف اولیٰ کام بخش دے۔ (الفتح:۲) اور جیسے یہ آیت ہے: اور آپ اپنے بہ ظاہر خلاف اولیٰ کاموں کے لئے استغفار کیجئے۔ (المومن:۵۵) اور اس کا معنی یہ ہے کہ آپ نے مومنین کو توبہ اور استغفار کرنے پر برانگیختہ کیا۔ اور بے شک ہر مومن توبہ اور استغفار کی طرف محتاج ہے، حتیٰ کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مہاجرین کو غزوۂ تبوک میں پیچھے رہ جانے کی جو اجازت دی تھی، اللہ تعالیٰ نے اس کو معاف کر دیا۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس آیت میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توبہ کا ذکر بطور تمہید کیا گیا ہے۔ تنگی کے وقت میں: اس وقت بہت تنگی تھی اور سختی تھی۔ حضرت جابر نے بتایا کہ سواریوں کی تنگی تھی اور زاد راہ کی تنگی تھی اور مال کی تنگی تھی، اور مجاہد وغیرہ نے کہا: یہ آیت غزوۂ تبوک کے متعلق نازل ہوئی ہے، کیونکہ صحابہ اس غزوہ میں سخت گرمی کے موسم میں نکلے تھے اور زاد راہ اور پانی کی بہت تنگی تھی۔ قتادہ نے کہا کہ ہم سے ذکر کیا گیا ہے کہ دو آدمی ایک کھجور کے دو ٹکڑے کرتے اور اس کو آپس میں تقسیم کر لیتے اور لوگ باری باری ایک کھجور کو چوستے، پھر اس کے اوپر پانی پی لیتے، پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمائی، پھر ان کو اس غزوہ سے واپس لوٹا دیا۔

جب کہ اس کے بعد یہ قریب تھا کہ ایک گروہ کے دل ہل جائیں: یعنی غزوۂ تبوک میں جو سختی اور مشقت انہیں برداشت کرنی پڑی تھی اس کی وجہ سے ہو سکتا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین میں ان کو شک پڑ جاتا۔

پھر اس کے بعد اللہ نے ان کی توبہ قبول کی: یعنی اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی طرف رجوع اور اپنے دین کے اوپر ثابت قدمی عطا فرمائی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۷۷-۳۷۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۶۷۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ ح قَالَ أَحْمَدُ وَحَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ حَدَّثَنَا يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ كَعْبٍ وَكَانَ قَائِدَ كَعْبٍ مِنْ بَنِيهِ حِينَ عَمِيَ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ فِي حَدِيثِهِ وَعَلَى الثَّلَاثَةِ الَّذِينَ خُلِّفُوا قَالَ فِي آخِرِ حَدِيثِهِ إِنَّ مِنْ تَوْبَتِي أَنْ أَنْخَلِعَ مِنْ مَالِي صَدَقَةً إِلَى اللهِ وَإِلَى رَسُولِهِ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ أَمْسِكْ بَعْضَ مَالِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں احمد بن صالح نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے ابن وہب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے یونس نے خبر دی۔ (ح) احمد نے کہا: اور ہمیں عنبسہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یونس نے حدیث بیان کی، از ابن شہاب، انہوں نے کہا: مجھے عبدالرحمن بن کعب نے خبر دی، انہوں نے کہا: مجھے عبداللہ بن کعب نے خبر دی اور وہ حضرت کعب کے بیٹوں میں سے ان کے قائد تھے، جب وہ نابینا ہو گئے تھے۔ انہوں نے کہا: میں نے حضرت کعب بن مالک سے ان کی حدیث میں سنا: اور ان تین آدمیوں پر جو پیچھے رہ گئے تھے۔ اور حضرت کعب نے اس حدیث کے آخر میں کہا کہ میری توبہ یہ ہے کہ میں اپنا سارا مال خالی کر کے اللہ اور اس کے رسول کی طرف صدقہ کر دوں۔ تب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنا بعض مال اپنے پاس رکھو وہ تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے۔

Marfat.com

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۷۵۷ میں گزر چکی ہے۔

حضرت کعب بن مالک کے تین بیٹے تھے: عبداللہ، عبدالرحمٰن اور عبیداللہ، اور وہ تینوں اپنے والد حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے حدیث روایت کرتے ہیں۔

۱۹۔ بَابُ: وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ؕ حَتّٰٓى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَ ضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَ ظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ (التوبہ:۱۱۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اس نے ان تین شخصوں کی توبہ (بھی) قبول فرمائی جن کا معاملہ مؤخر کر دیا گیا تھا، حتیٰ کہ جب زمین اپنی وسعت کے باوجود ان پر تنگ ہو گئی اور خود ان کی جانیں بھی ان پر تنگ ہو گئیں اور انہوں نے یہ یقین کر لیا کہ اللہ کے سوا ان کی کوئی جائے پناہ نہیں ہے، پھر ان کی توبہ قبول فرمائی تا کہ وہ توبہ پر قائم رہیں، بے شک اللہ بہت توبہ قبول فرمانے والا، بے حد رحم فرمانے والا ہے ○ (التوبہ:۱۱۸) کی تفسیر

ان تین کا بیان، جو پیچھے رہ گئے تھے

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اور اس نے ان تین شخصوں کی توبہ (بھی) قبول فرمائی، جن کا معاملہ موخر کر دیا گیا تھا: ان تینوں کے نام یہ ہیں: حضرت کعب بن مالک، حضرت مرارہ بن الربیع اور حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہم، یہ تینوں دوسرے مجاہدین کے ساتھ تبوک کی طرف نہیں گئے اور مدینہ میں ان سے پیچھے رہ گئے تھے۔

زمین اپنی وسعت کے باوجود ان پر تنگ ہو گئی: یعنی اس زمین میں ان کو کوئی ایسی جگہ نہیں ملی، جس میں ان کے بے قرار دل کو قرار آتا اور سکون ملتا۔

اور خود ان کی جانیں بھی ان پر تنگ ہو گئیں: یعنی ان کے دلوں میں نہ کوئی انس تھا اور نہ کوئی سرور۔

اور انہوں نے یہ یقین کر لیا کہ اللہ کے سوا ان کی کوئی جائے پناہ نہیں ہے: یعنی انہوں نے جان لیا کہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے صرف اس کی طرف توبہ اور استغفار کرنے سے پناہ ملے گی، پھر ان کی توبہ قبول فرمائی: یعنی اللہ تعالیٰ نے دوسری بار ان کی طرف قبول اور رحمت کے ساتھ رجوع فرمایا۔

تا کہ وہ توبہ پر قائم رہیں: تا کہ وہ اپنی توبہ پر مستقیم اور ثابت قدم رہیں اور اگر ان سے مستقبل میں پھر کوئی خطا ہو جائے تو پھر اللہ تعالیٰ کی طرف توبہ کریں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۷۷)

۴۶۷۷۔ حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ ابْنُ أَبِي شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ رَاشِدٍ أَنَّ الزُّهْرِيَّ حَدَّثَهُ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں احمد بن ابی شعیب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں موسیٰ بن اعین نے حدیث بیان کی، انہوں

Marfat.com

بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ وَهُوَ أَحَدُ الثَّلَاثَةِ الَّذِينَ تِيبَ عَلَيْهِمْ أَنَّهُ لَمْ يَتَخَلَّفْ عَنْ رَسُولِ اللهِ فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا قَطُّ غَيْرَ غَزْوَتَيْنِ غَزْوَةِ الْعُسْرَةِ وَغَزْوَةِ بَدْرٍ قَالَ فَأَجْمَعْتُ صِدْقَ رَسُولَ اللهِ ضُحًى وَكَانَ قَلَّمَا يَقْدَمُ مِنْ سَفَرٍ سَافَرَهُ إِلَّا ضُحًى وَكَانَ يَبْدَأُ بِالْمَسْجِدِ فَيَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ وَنَهَى النَّبِيُّ عَنْ كَلَامِي وَكَلَامِ صَاحِبَيَّ وَلَمْ يَنْهَ عَنْ كَلَامِ أَحَدٍ مِنَ الْمُتَخَلِّفِينَ غَيْرِنَا فَاجْتَنَبَ النَّاسُ كَلَامَنَا فَلَبِثْتُ كَذَلِكَ حَتَّى طَالَ عَلَيَّ الْأَمْرُ وَمَا مِنْ شَيْءٍ أَهَمَّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَمُوتَ فَلَا يُصَلِّي عَلَيَّ النَّبِيُّ أَوْ يَمُوتَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَأَكُونَ مِنَ النَّاسِ بِتِلْكَ الْمَنْزِلَةِ فَلَا يُكَلِّمُنِي أَحَدٌ مِنْهُمْ وَلَا يُصَلِّي عَلَيَّ فَأَنْزَلَ اللهُ تَوْبَتَنَا عَلَى نَبِيِّهِ ﷺ حِينَ بَقِيَ الثُّلُثُ الْآخِرُ مِنَ اللَّيْلِ وَرَسُولُ اللهِ عِنْدَ أُمِّ سَلَمَةَ وَكَانَتْ أُمُّ سَلَمَةَ مُحْسِنَةً فِي شَأْنِي مُعْنِيَةً فِي أَمْرِي فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَا أُمَّ سَلَمَةَ تِيبَ عَلَى كَعْبٍ قَالَتْ أَفَلَا أُرْسِلُ إِلَيْهِ فَأُبَشِّرَهُ قَالَ إِذًا يَحْطِمَكُمُ النَّاسُ فَيَمْنَعُونَكُمُ النَّوْمَ سَائِرَ اللَّيْلَةِ حَتَّى إِذَا صَلَّى رَسُولُ اللهِ ﷺ صَلَاةَ الْفَجْرِ آذَنَ بِتَوْبَةِ اللهِ عَلَيْنَا وَكَانَ إِذَا اسْتَبْشَرَ اسْتَنَارَ وَجْهُهُ حَتَّى كَأَنَّهُ قِطْعَةٌ مِنَ الْقَمَرِ وَكُنَّا أَيُّهَا الثَّلَاثَةُ الَّذِينَ خُلِّفُوا عَنِ الْأَمْرِ الَّذِي قُبِلَ مِنْ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ اعْتَذَرُوا حِينَ أَنْزَلَ اللهُ لَنَا التَّوْبَةَ فَلَمَّا ذُكِرَ الَّذِينَ كَذَبُوا رَسُولَ اللهِ مِنَ الْمُتَخَلِّفِينَ وَاعْتَذَرُوا بِالْبَاطِلِ ذُكِرُوا بِشَرِّ مَا ذُكِرَ بِهِ أَحَدٌ قَالَ اللهُ سُبْحَانَهُ ﴿يَعْتَذِرُونَ إِلَيْكُمْ إِذَا رَجَعْتُمْ إِلَيْهِمْ قُلْ لَا تَعْتَذِرُوا لَنْ نُؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّأَنَا اللهُ مِنْ أَخْبَارِكُمْ وَسَيَرَى اللهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ﴾ (التوبہ:۹۴) الْآيَةَ

نے کہا: ہمیں اسحاق بن راشد نے حدیث بیان کی کہ بے شک زہری نے ان کو حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب بن مالک نے خبر دی از والد خود، انہوں نے کہا: میں نے اپنے والد حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا اور وہ ان تین میں سے ایک تھے جن کی توبہ قبول کی گئی تھی کہ رسول اللہ ﷺ جس غزوہ میں بھی جہاد کے لئے گئے وہ ان میں سے کسی غزوہ میں آپ سے پیچھے نہیں رہے سوائے دو غزووں کے، ایک تنگی کا غزوہ تھا اور دوسرا غزوۂ بدر تھا۔ انہوں نے کہا: جب چاشت کے وقت رسول اللہ ﷺ غزوۂ تبوک سے واپس پہنچے تو میں نے آپ سے سچ بولنے کا پختہ ارادہ کرلیا اور بہت کم آپ کسی سفر سے چاشت کے وقت واپس آتے تھے، آپ مسجد سے ابتداء کرتے تھے، پس وہاں دو رکعت نماز پڑھتے اور نبی ﷺ نے مجھ سے اور میرے دو صاحبوں سے لوگوں کو کلام کرنے سے منع فرما دیا تھا اور ہمارے علاوہ دوسرے پیچھے رہنے والوں میں سے کسی کے ساتھ کلام کرنے سے منع نہیں فرمایا تھا، پس لوگوں نے ہمارے ساتھ کلام کرنے سے اجتناب کیا، پس میں اس حال پر ٹھہرا رہا حتیٰ کہ کافی طویل عرصہ گزر گیا۔ اور میرے نزدیک سب سے تکلیف دہ بات یہ تھی کہ میں مر جاؤں اور رسول اللہ ﷺ میری نماز جنازہ نہ پڑھیں یا رسول اللہ ﷺ! کی وفات ہو جائے اور میں لوگوں سے اسی طرح الگ تھلگ رہوں، پس مجھ سے کوئی شخص بات نہیں کرے گا اور نہ میری نماز جنازہ پڑھے گا، اور نہ مجھے سلام کرے گا، پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ پر ہماری توبہ نازل کی جس وقت رات کا تہائی حصہ باقی رہ گیا تھا۔ اور رسول اللہ ﷺ اس وقت حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھے۔ اور حضرت ام سلمہ میرے متعلق بہت نیکی کرنے والی تھیں اور میرے معاملہ میں بہت مدد کرنے والی تھیں، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ام سلمہ! کعب کی توبہ قبول کر لی گئی ہے، تو انہوں نے کہا: کیا میں ان کی طرف کسی کو بھیج کر یہ پیغام نہ دوں اور ان کو یہ خوش خبری نہ سناؤں؟ آپ نے فرمایا: اس وقت تمہیں لوگ

Marfat.com

روند ڈالیں گے اور تمہیں ساری رات نیند نہیں آسکے گی، حتیٰ کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز پڑھائی تو آپ نے یہ اعلان کیا کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری توبہ قبول فرمالی ہے اور جب آپ خوش ہوتے تھے تو آپ کا چہرہ یوں چمکنے لگتا تھا جیسا کہ وہ چاند کا ٹکڑا ہو۔ جو لوگ ہم تین کے علاوہ پیچھے رہ گئے تھے ان کا عذر قبول کرلیا گیا تھا اور ہم تینوں کا معاملہ مؤخر کردیا گیا تھا جب اللہ تعالیٰ نے ہماری توبہ نازل کی، پس جب ان لوگوں کا ذکر کیا گیا جو پیچھے رہ جانے والے تھے، اور انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جھوٹ بولا تھا، اور جھوٹا عذر پیش کیا تھا تو ان کا ذکر اتنی برائی کے ساتھ کیا گیا تھا جتنی برائی کے ساتھ کسی کا ذکر نہیں کیا گیا ہوگا۔ اللہ سبحانہ نے ان کے متعلق فرمایا: (اے مسلمانو!) جب تم ان (منافقین) کی طرف لوٹ کر جاؤ گے تو وہ تمہارے سامنے بہانے بنائیں گے، (اے رسول مکرم!) آپ کہئے کہ تم بہانے نہ بناؤ، ہم ہرگز تمہاری بات کا یقین نہیں کریں گے، اللہ نے ہم کو تمہارے حالات سے مطلع کردیا ہے اور اب اللہ اور اس کا رسول تمہارے (طرز) عمل کو دیکھے گا۔ (التوبہ: ۹۴)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۷۵۷ میں گزر چکی ہے، تاہم بعض امور کی وضاحت کی جارہی ہے:

یَعْتَذِرُوْنَ اِلَیْکُمْ: یعنی منافقین جب مدینہ آئیں گے تو تمہارے سامنے عذر پیش کریں گے جب تم غزوۂ تبوک سے واپس آؤ گے۔

قد نبّانا اللہ: یعنی اللہ تعالیٰ نے ہمیں تمہارے راز کی خبر دی ہے اور جن باتوں کو تم اپنے سینوں میں چھپاتے تھے، ان کی خبر دے دی ہے، اور عنقریب اللہ اور اس کا رسول دیکھیں گے کہ تم آئندہ کیا کام کرتے ہو کہ آیا تم اپنے نفاق سے توبہ کرتے ہو، یا اس پر قائم رہتے ہو؟ اور تم موت کے بعد عالم الغیب والشہادۃ کی طرف لوٹا دیئے جاؤ گے تو وہ تم کو خبر دے گا کہ تم ظاہر اور پوشیدہ اور جلوت اور خلوت میں کیا کام کرتے رہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۷۹)

۲۰۔ بَابٌ: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ۝ (التوبہ: ۱۱۹)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور (ہمیشہ) سچوں کے ساتھ رہو ○ (التوبہ: ۱۱۹) کی تفسیر

یہ آیت التوبہ: ۱۱۸ کے بعد ہے جس میں یہ بتایا تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تین اصحاب پر جو تنگی اور تکلیف آئی اور مسلمانوں نے ان سے پچاس راتوں تک قطع تعلق رکھا۔ انہوں نے اس پر صبر کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے سچ بولنے کے سبب ان کو اس مصیبت سے

Marfat.com

نجات عطا فرمائی اور ان کی توبہ قبول فرمائی اور ان کے صدق اور ان کے تقویٰ کے سبب سے ان کو نجات عطا فرمائی تو اس لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے ایمان والو! تم اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ رہنے کو لازم کرلو تا کہ تم کو بھی مصائب سے نجات ملے اور اللہ تعالیٰ تمہاری تنگی کو کشادگی سے بدل دے۔

۴۶۷۸۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَكَانَ قَائِدَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ حِينَ تَخَلَّفَ عَنْ قِصَّةِ تَبُوكَ فَوَاللهِ مَا أَعْلَمُ أَحَدًا أَبْلَاهُ اللهُ فِي صِدْقِ الْحَدِيثِ أَحْسَنَ مِمَّا أَبْلَانِي مَا تَعَمَّدْتُ مُنْذُ ذَكَرْتُ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللهِ ﷺ إِلَى يَوْمِي هَذَا كَذِبًا وَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّوَجَلَّ عَلَى رَسُولِهِ ﴿لَقَدْ تَّابَ اللهُ عَلَى النَّبِيِّ وَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَ الْاَنْصَارِ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ۝﴾ (التوبہ:۱۱۹)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں اللیث نے حدیث بیان کی، از عقیل از ابن شہاب از عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب بن مالک از عبداللہ بن کعب بن مالک جو حضرت کعب بن مالک کو راستہ دکھاتے تھے، انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ جب تبوک کے قصے میں وہ پیچھے رہ گئے تھے تو انہوں نے کہا کہ اللہ کی قسم! میں کسی شخص کو نہیں جانتا جس کو اللہ تعالیٰ نے سچی بات بیان کرنے کی وجہ سے اس سے اچھی جزا دی ہو، جس میں میں مبتلا ہو گیا تھا۔ جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس سچی بات کا ذکر کیا اس وقت سے لے کر اب تک میں نے عمداً جھوٹ نہیں بولا اور اللہ عزوجل نے اپنے رسول پر یہ آیت نازل کی: بے شک اللہ نے نبی کی اور مہاجرین کی توبہ قبول فرمائی اور یہ آیت یہاں تک ہے: اور سچوں کے ساتھ رہو ○ (التوبہ:۱۱۹)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۷۵۷ میں گزر چکی ہے۔

۲۱۔ بَابٌ: لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ (التوبہ:۱۲۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک تمہارے پاس تم ہی میں سے ایک عظیم رسول آ گئے ہیں، تمہارا مشقت میں پڑنا ان پر بہت شاق ہے، تمہاری فلاح پر وہ بہت حریص ہیں، مومنوں پر بہت شفیق اور نہایت مہربان ہیں ○ (التوبہ:۱۲۸) کی تفسیر

التوبہ:۱۲۸ میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فضائل

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

مِنْ اَنْفُسِهِمْ: یعنی ہم نے مومنین کی جنس سے اور ان کی زبان سے ایک رسول بھیجا جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی تھی: رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ۔ (البقرہ:۱۲۹) اے ہمارے رب! ان میں ایک رسول ان ہی میں سے بھیج دے۔

اور ایک قراءت میں ہے: مِنْ اَنْفَسِكُمْ اور یہ نفاست سے ماخوذ ہے، یعنی تم میں جو سب سے زیادہ نفاست والے اور سب سے زیادہ شرف والے ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ یہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قراءت ہے، اور حضرت سیدہ فاطمہ اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہما

Marfat.com

کی قراءت ہے۔

عَزِيْزٌ عليه ما عَنِتُّمْ: یعنی جو کام تم پر دشوار ہے، وہ ان پر شاق ہے۔ عَنِتُّمْ، عَنَتٌ سے ماخوذ ہے اور اس کا معنی ہے: مشقت۔ اس آیت کا حاصل یہ ہے: آپ پر یہ شاق گزرتا ہے کہ تم دوزخ میں داخل ہو جاؤ۔ اس آیت میں سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چھ صفات ہیں:

(۱) رسالت (۲) نفاست (۳) عزت (۴) اپنی امت کی طرف دنیا اور آخرت کی خیر پہنچانے کی حرص (۵) رأفت یعنی مہربانی (۶) رحمت۔ حسین بن الفضل نے کہا: اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کے لئے اپنے نام سے دو نام نہیں بنائے سوائے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں آپ کا نام رؤف اور رحیم رکھا ہے، کیونکہ فرمایا ہے:

بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ (التوبہ:۱۲۸)

اور اللہ تعالیٰ کا نام بھی رؤف و رحیم ہے جیسا کہ اس آیت میں ہے:

اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ (البقرہ:۱۴۳، الحج:۶۵)، (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۸۰، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

مِنَ الرَّأْفَةِ: یعنی رَؤف، رَأفَةٌ سے ماخوذ ہے اور اس کا معنی ہے: بہت زیادہ رحمت کرنے والا۔

۴۶۷۹۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ السَّبَّاقِ أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيَّ رضی الله عنه وَكَانَ مِمَّنْ يَكْتُبُ الْوَحْيَ قَالَ أَرْسَلَ إِلَيَّ أَبُو بَكْرٍ مَقْتَلَ أَهْلِ الْيَمَامَةِ وَعِنْدَهُ عُمَرُ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ إِنَّ عُمَرَ أَتَانِي فَقَالَ إِنَّ الْقَتْلَ قَدْ اسْتَحَرَّ يَوْمَ الْيَمَامَةِ بِالنَّاسِ وَإِنِّي أَخْشَى أَنْ يَسْتَحِرَّ الْقَتْلُ بِالْقُرَّاءِ فِي الْمَوَاطِنِ فَيَذْهَبَ كَثِيرٌ مِنَ الْقُرْآنِ إِلَّا أَنْ تَجْمَعُوهُ وَإِنِّي لَأَرَى أَنْ تَجْمَعَ الْقُرْآنَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ قُلْتُ لِعُمَرَ كَيْفَ أَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ عُمَرُ هُوَ وَاللهِ خَيْرٌ فَلَمْ يَزَلْ عُمَرُ يُرَاجِعُنِي فِيهِ حَتَّى شَرَحَ اللهُ لِذَلِكَ صَدْرِي وَرَأَيْتُ الَّذِي رَأَى عُمَرُ قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَعُمَرُ عِنْدَهُ جَالِسٌ لَا يَتَكَلَّمُ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ إِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ عَاقِلٌ وَلَا نَتَّهِمُكَ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ فَوَاللهِ لَوْ كَلَّفَنِي نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ أَثْقَلَ عَلَيَّ مِمَّا أَمَرَنِي بِهِ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ قُلْتُ كَيْفَ تَفْعَلَانِ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ هُوَ وَاللهِ خَيْرٌ فَلَمْ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعیب نے خبر دی از الزہری، انہوں نے کہا: مجھے ابن السباق نے خبر دی کہ حضرت زید بن ثابت الانصاری رضی اللہ عنہ اور یہ ان صحابہ میں سے تھے جو وحی لکھتے تھے، نے بیان کیا کہ مجھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بتایا جن دنوں اہل یمامہ سے لڑائی ہوئی تھی اور ان کے پاس اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ میرے پاس آئے تو انہوں نے کہا کہ یمامہ کی جنگ میں بہت زیادہ مسلمان شہید ہو گئے ہیں اور مجھے یہ خدشہ ہے کہ مختلف علاقوں کی جنگوں میں قرآن مجید کے مزید قاری شہید ہوتے رہیں گے تو اکثر قرآن جاتا رہے گا سوا اس کے کہ آپ اس کو کسی مصحف میں جمع کر لیں اور میری رائے یہ ہے کہ آپ قرآن مجید کو جمع کریں۔ حضرت ابوبکر نے بتایا کہ میں نے حضرت عمر سے کہا: میں وہ کام کیسے کروں جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا تو حضرت عمر نے کہا: اللہ کی قسم! اس کام میں خیر ہے، پھر حضرت عمر مجھ سے مسلسل اس کام کے لئے بات کرتے رہے، حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے اس کام کے لئے میرا سینہ کھول دیا اور میری بھی وہی رائے ہو گئی جو حضرت عمر کی رائے تھی۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے

Marfat.com

أَزَلْ أُرَاجِعُهُ حَتَّى شَرَحَ اللهُ صَدْرِي لِلَّذِي شَرَحَ اللهُ لَهُ صَدْرَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ فَقُمْتُ فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ أَجْمَعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ وَالْأَكْتَافِ وَالْعُسُبِ وَصُدُورِ الرِّجَالِ حَتَّى وَجَدْتُ مِنْ سُورَةِ التَّوْبَةِ آيَتَيْنِ مَعَ خُزَيْمَةَ الْأَنْصَارِيِّ لَمْ أَجِدْهُمَا مَعَ أَحَدٍ غَيْرِهِ ﴿لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ﴾ (التوبہ:۱۲۸) إِلَى آخِرِهِمَا وَكَانَتْ الصُّحُفُ الَّتِي جُمِعَ فِيهَا الْقُرْآنُ عِنْدَ أَبِي بَكْرٍ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللهُ ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللهُ ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ تَابَعَهُ عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ وَاللَّيْثُ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ وَقَالَ مَعَ أَبِي خُزَيْمَةَ الْأَنْصَارِيِّ وَقَالَ مُوسَى عَنْ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ مَعَ أَبِي خُزَيْمَةَ وَتَابَعَهُ يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَقَالَ أَبُو ثَابِتٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ وَقَالَ مَعَ خُزَيْمَةَ أَوْ أَبِي خُزَيْمَةَ۔

کہا: حضرت عمر بھی اس وقت وہیں بیٹھے ہوئے تھے اور کوئی بات نہیں کر رہے تھے۔ پس حضرت ابوبکر نے کہا: تم جوان مرد ہو اور عقل مند ہو اور ہم تم پر کوئی تہمت نہیں لگاتے تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے وحی لکھتے تھے، پس تم قرآن مجید کو تلاش کرو اور اس کو جمع کرو۔ حضرت زید نے کہا: پس اللہ کی قسم! اگر وہ مجھے پہاڑ کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کا حکم دیتے تو وہ مجھ پر اتنا بھاری نہ ہوتا جتنا مجھ پر یہ بھاری تھا کہ انہوں نے مجھے قرآن مجید کو جمع کرنے کا حکم دیا۔ میں نے کہا: آپ دونوں وہ کام کیسے کریں گے جس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا، تو حضرت ابوبکر نے کہا: اللہ کی قسم! اس کام میں خیر ہے، پھر میں ان سے مسلسل اس سلسلہ میں بات کرتا رہا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے میرا سینہ بھی اس کام کے لئے کھول دیا جس کام کے لئے حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کا سینہ کھولا تھا، پھر میں کھڑا ہوا اور میں نے قرآن مجید کو تلاش کیا۔ میں قرآن مجید کو چمڑوں سے اور چوڑی ہڈیوں سے اور کھجور کی چوڑی شاخوں سے اور مردوں کے سینوں سے جمع کرتا رہا حتیٰ کہ میں نے سورۂ توبہ کی دو آیتوں کو حضرت خزیمہ انصاری کے پاس پایا اور میں نے ان آیتوں کو ان کے سوا کسی اور کے پاس نہیں پایا۔ وہ آیتیں یہ ہیں: لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ (التوبہ:۱۲۸) ان آیتوں کو آخر تک پڑھیں۔ اور وہ صحیفے جن کو قرآن مجید میں جمع کیا گیا حضرت ابوبکر کے پاس تھے حتیٰ کہ جب اللہ تعالیٰ نے ان کو وفات دے دی تو پھر وہ صحیفے حضرت عمر کے پاس تھے، پھر جب اللہ تعالیٰ نے ان کو بھی وفات دے دی تو پھر وہ صحیفے حضرت حفصہ بنت عمر کے پاس تھے۔ شعیب کی متابعت عثمان بن عمر اور لیث نے کی ہے از یونس از ابن شہاب اور لیث نے کہا: مجھے عبدالرحمٰن بن خالد نے حدیث بیان کی از ابن شہاب، اس میں خزیمہ کی جگہ ابوخزیمہ انصاری کا ذکر ہے اور موسیٰ نے کہا: از ابراہیم، ہمیں ابن شہاب نے حدیث بیان کی، ابوخزیمہ کے ساتھ اس حدیث کی یعقوب بن ابراہیم نے متابعت کی ہے از والد خود اور ابوثابت نے کہا: ہمیں ابراہیم نے

حدیث بیان کی اور کہا خزیمہ کے ساتھ یا ابوخزیمہ کے ساتھ۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۸۰۷ میں گزر چکی ہے، تاہم کچھ ضروری امور بیان کئے جارہے ہیں:

حضرت ابوبکر کے قرآن جمع کرنے اور حضرت عثمان کے قرآن مجید جمع کرنے کا فرق اور بعض دیگر مسائل

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

مقتل اهل یمامه: جن ایام میں صحابہ نے مسیلمہ کذاب سے قتال کیا تھا، جس نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔ یہ قتال گیارہ ہجری میں ہوا تھا اور یمامہ یمن کا ایک شہر ہے۔

النحر: جب بہت شدت سے اور بہت کثرت سے قتال ہوا۔ اس جنگ میں گیارہ سو مسلمان شہید کردیئے گئے تھے اور ایک قول ہے کہ چودہ سو مسلمان شہید کردیئے گئے تھے۔ ان میں ستر ایسے مسلمان تھے، جو قرآن مجید کے حافظ تھے۔

فی المواطن: یعنی ان جگہوں میں جہاں مسلمان جہاد کریں گے، اور قرآن مجید کے حفاظ وہاں شہید ہوجائیں گے۔

میں کیسے وہ کام کروں جس کام کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں کیا: علامہ ابن جوزی نے کہا ہے: یہ ایسے شخص کا کلام ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع کو اختیار کرتا ہے اور بدعت کے ارتکاب سے ڈرتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی حیات مبارکہ میں قرآن مجید کو اس لئے جمع نہیں کیا تھا کہ ان دنوں مسلسل وحی نازل ہوتی رہتی تھی اور بعض آیتیں منسوخ ہوجاتی تھیں، اور بعض آیات میں اضافہ ہوجاتا تھا، اس لئے آپ کی حیات میں قرآن مجید کو جمع کرنا ممکن نہ تھا، تو جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات ہوگئی اور اب یہ احتمال نہ تھا کہ کوئی آیت منسوخ ہوجائے گی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے قرآن مجید کو جمع کرنے کا اہتمام کیا۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے قرآن مجید میں کوئی کارروائی نہیں کی۔ انہوں نے وہ مصحف منگوایا جو ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس رکھا ہوا تھا اور حضرت زید بن ثابت اور حضرت عبداللہ بن الزبیر اور حضرت عبداللہ بن الحارث بن ہشام اور حضرت سعید بن العاص اور حضرت ابی بن کعب اور دیگر قریش اور انصار کے بارہ مردوں کو یہ حکم دیا کہ وہ حضرت حفصہ کے مصحف کے مطابق نقول تیار کریں اور ان نقول کو مختلف شہروں میں بھیج دیا، کیونکہ حضرت حذیفہ نے حضرت عثمان کو یہ خبر دی تھی کہ لوگ قرآن مجید میں اختلاف کررہے ہیں کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن مجید کو سات قراءتوں میں پڑھنے کی اجازت دی تھی، پس جب کوئی شخص ایک قراءت کے مطابق قرآن پڑھتا تو دوسرا شخص اس کی تغلیط کرتا، کیونکہ وہ دوسری قراءت کے مطابق قرآن پڑھتا تھا، اس لئے حضرت حذیفہ نے حضرت عثمان کو لکھا کہ اس سے پہلے کہ یہ امت بھی یہود و نصاریٰ کی طرح اپنی کتاب میں اختلاف کرنے لگے آپ اس کی کوئی تدبیر کرلیجئے۔ تب حضرت عثمان نے یہ کارروائی کی، پھر جب حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کی وفات ہوگئی تو مروان بن الحکم نے ان مصاحف کو دھوڈالا اور یہ کہا کہ مجھے یہ خوف ہے کہ ان مصاحف میں کوئی ایسی چیز ہو جو حضرت عثمان کے لکھے ہوئے مصاحف کے خلاف ہو۔ یہ کام حضرت عثمان نے کیا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ کام نہیں کیا، اس لئے کہ حضرت ابوبکر کی غرض یہ تھی کہ قرآن مجید کو ان جمیع حروف اور ان جمیع طرق سے جمع کیا جائے جن پر وہ نازل ہوا اور یہ لغت قریش پر بھی تھا اور دوسری لغت پر بھی تھا اور حضرت عثمان کی غرض یہ تھی کہ قرآن مجید کو لغت قریش کے علاوہ باقی قراءت سے خالی کرلیا جائے۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت ابوبکر کا قرآن کو جمع کرنا اور ہے اور حضرت عثمان کا قرآن مجید کو جمع کرنا اور ہے۔

اور اللہ کی قسم! اس کام میں خیر ہے: اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ حضرت ابوبکر کا قرآن مجید کو جمع کرنا نیک کام تھا اور اس میں خیر تھی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس خیر کو کیسے ترک کیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ جمع قرآن کا خیر ہونا حضرت ابوبکر کے زمانے میں ہے

Marfat.com

اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں قرآن مجید کو جمع کرنا خیر نہیں تھا، کیونکہ اس وقت تک تمام قرآن نازل نہیں ہوا تھا اور بعض آیات کے منسوخ ہونے کا احتمال قائم تھا۔

تم جوان مرد ہو: حضرت ابوبکر نے یہ کلام حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے کیا تھا اور ان کو جوان اس لئے کہا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ میں آئے تو ان کی عمر گیارہ سال تھی اور جب حضرت ابوبکر نے ان سے اپنی خلافت میں کلام کیا تو ان کی عمر تقریباً بائیس (۲۲) سال تھی اور یہ ایام شباب ہیں۔

آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے وحی لکھتے تھے: حضرت زید بن ثابت کا وحی لکھنا، ان کی انتہائی امانت پر دلیل ہے اور کیوں نہ ہو کہ وہ افاضل صحابہ میں سے ہیں اور اصحاب الفتویٰ میں سے ہیں۔

پس میں نے قرآن مجید کو تلاش کیا: اس پر یہ اعتراض ہے کہ حضرت زید بن ثابت قرآن مجید کے حافظ تھے تو پھر ان کی تلاش اور تتبع کا کیا مطلب ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت زید بن ثابت سات اول قراءتوں کو تلاش کرتے تھے اور اپنی قراءت کے علاوہ دوسری قراءتوں کا بھی تتبع کرتے تھے۔

الرقاع، الکتاف اور اَلْعَسَبْ: رِقَاعٌ، رُقْعَةٌ کی جمع ہے، اس کا معنی ہے: چمڑے کا ٹکڑا اور الاکتاف، کتف کی جمع ہے، اس کا معنی ہے: چوڑی ہڈی اور اَلْعَسَبْ اس کا معنی ہے: کھجور کی چوڑی شاخ۔

حضرت خزیمہ الانصاری کے ساتھ: یہ حضرت خزیمہ بن ثابت بن الفاکھہ الانصاری ہیں جو صاحب شہادتین تھے۔ یہ جنگ صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے اور سینتیس (۳۷) ہجری میں اس دن شہید کر دیئے گئے۔

میں نے ان دو آیتوں کو حضرت خزیمہ کے سوا کسی کے پاس نہیں پایا: اس سے معلوم ہوا کہ سورۂ توبہ کی آخری دو آیتیں صرف حضرت خزیمہ کے قول سے ثابت ہوئیں، حالانکہ قرآن مجید کے ثبوت کے لئے تو نقل متواتر ضروری ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ سورۂ توبہ کی یہ دو آیتیں ان سب کو نقل متواتر سے معلوم تھیں اور ان سب کو حفظ تھیں۔ انہیں اس کی تلاش تھی کہ انہیں اس پر دو گواہیاں مل جائیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان آیتوں کو لکھوایا تھا، کیونکہ وہ مصحف میں کسی آیت کو اس وقت لکھتے تھے جب اس پر کم از کم دو گواہیاں مل جاتیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آیت کو لکھوایا تھا اور سورۂ توبہ کی ان آخری دو آیتوں کے متعلق صرف حضرت خزیمہ کی شہادت ملی، پھر جب ان کو یہ بتایا گیا کہ حضرت خزیمہ کی شہادت کو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو شہادتوں کے برابر قرار دیا ہے، تو وہ مطمئن ہو گئے اور انہوں نے ان دو آیتوں کو سورۂ توبہ کے آخر میں لکھ دیا۔

حضرت خزیمہ کی شہادت کو دو شہادتوں کے برابر قرار دینے کے متعلق حدیث میں صراحت

عمارہ بن خزیمہ کے چچا رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک اعرابی سے ایک گھوڑا خریدا۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے مہلت طلب کی تاکہ گھوڑے کی قیمت لے کر آئیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جلدی جلدی گھوڑے کی قیمت لینے گئے۔ اس اعرابی نے اس کو تاخیر سمجھا، پھر دوسرے لوگ اس اعرابی سے اس گھوڑے کی قیمت لگانے لگے اور ان کو یہ معلوم نہیں تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس گھوڑے کو خرید چکے ہیں، پھر اس اعرابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پکارا: اگر آپ اس گھوڑے کو خرید رہے ہیں تو ٹھیک ہے ورنہ میں اس گھوڑے کو بیچ رہا ہوں۔ آپ نے اس اعرابی کی بات سن کر فرمایا: کیا میں تم سے یہ گھوڑا خرید نہیں چکا؟ اس اعرابی نے کہا: نہیں خدا کی قسم! میں نے آپ کو یہ نہیں فروخت کیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیوں نہیں، میں تم سے یہ گھوڑا خرید چکا ہوں۔ اس اعرابی نے کہا: اچھا پھر آپ گواہ لائیں۔ حضرت خزیمہ بن ثابت نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ تم نے یہ گھوڑا آپ کو فروخت کر دیا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

Marfat.com

حضرت خزیمہ کی طرف متوجہ ہو کر پوچھا: تم کس وجہ سے گواہی دے رہے ہو؟ حضرت خزیمہ نے کہا: یارسول اللہ! کیونکہ میں آپ کی تصدیق کرتا ہوں، تب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت خزیمہ کی گواہی کو دو گواہیوں کے برابر قرار دیا۔

(سنن ابوداؤد، رقم الحدیث: ۳۶۰۷، سنن نسائی، رقم الحدیث: ۴۶۶۱، طبقات الکبری، رقم الحدیث: ۵۸۴، المعجم الکبیر، رقم الحدیث: ۳۷۳۰، مجمع الزوائد، ج ۹ ص ۳۲۰، المستدرک، ج ۲ ص ۱۸، سنن کبریٰ، ج ۱۰ ص ۱۴۶، تہذیب تاریخ دمشق، ج ۵ ص ۱۳۶، کنز العمال، رقم الحدیث: ۳۷۰۳۸، الاصابہ، رقم الحدیث: ۲۲۵۶، اسد الغابہ، رقم الحدیث: ۱۴۴۶)

سورۂ توبہ کی تفسیر یہاں ختم ہوگئی، اب ان شاء اللہ سورۂ یونس کی تفسیر شروع ہوگی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۰۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ یُوْنُسَ

سورۂ یونس کی تفسیر

سورۂ یونس کا تعارف

ابوالعباس نے ''مقامات التنزیل'' میں لکھا ہے کہ یہ سورت مکی ہے اور اس میں ایک آیت ہے جس کے متعلق کلبی نے ذکر کیا ہے کہ وہ آیت مدنی ہے اور وہ یہ ہے:

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ (یونس: ۶۴) اور ہم تک یہ خبر نہیں پہنچی کہ سورۂ یونس میں اس کے سوا کوئی اور مدنی آیت ہے اور تفسیر ابن النقیب میں النکلی سے منقول ہے کہ سورۂ یونس مکی ہے سوا اس آیت کے:

وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ (یونس: ۴۰) مقاتل نے کہا ہے: سورۂ یونس مکی ہے سوا ان دو آیتوں کے: فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَسْـَٔلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ (یونس: ۹۵۔۹۴) یہ دونوں آیتیں مدنی ہیں۔ اور تفسیر ابن مردویہ میں مذکور ہے کہ مشہور یہ ہے کہ پہلی آیت مکی ہے اور دوسری آیت مدنی ہے۔ سورۂ یونس میں ایک سو نو (۱۰۹) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۸۵)

۱۔ بَابٌ

باب

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَاخْتَلَطَ (یونس: ۲۴) فَنَبَتَ بِالْمَاءِ مِنْ كُلِّ لَوْنٍ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ هُوَ الْغَنِيُّ (یونس: ۶۸) وَقَالَ زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ (یونس: ۲) مُحَمَّدٌ ﷺ وَقَالَ مُجَاهِدٌ خَيْرٌ يُقَالُ تِلْكَ اٰيٰتُ (یونس: ۱) يَعْنِي هٰذِهِ أَعْلَامُ الْقُرْآنِ وَمِثْلُهُ حَتّٰى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ (یونس: ۲۲) بِهِمُ السَّعْنَى بِكُمْ يُقَالُ دَعْوٰىهُمْ (یونس: ۱۰) دُعَاؤُهُمْ أُحِيطَ بِهِمْ (یونس: ۲۲) دَنَوْا مِنَ الْهَلَكَةِ وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ (البقرہ: ۸۱) فَأَتْبَعَهُمْ (یونس: ۹۰) وَأَتْبَعَهُمْ وَاحِدٌ عَدْوًا (یونس: ۹۰) مِنَ الْعُدْوَانِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ (یونس: ۱۱) قَوْلُ الْإِنْسَانِ لِوَلَدِهٖ وَمَالِهٖ إِذَا

اور حضرت ابن عباس نے کہا: فَاخْتَلَطَ (یونس: ۲۴) اس کا معنی ہے: بارش نازل ہونے کی وجہ سے ہر قسم کا سبزہ اگا۔ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ هُوَ الْغَنِيُّ (یونس: ۶۸) یعنی عیسائیوں نے کہا: اللہ نے بیٹا بنالیا ہے۔ وہ اس سے پاک ہے اور بے پرواہ ہے۔ اور زید بن اسلم نے کہا: اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ (یونس: ۲) اس سے مراد (سیدنا) محمد ﷺ ہیں، اور مجاہد نے کہا: اس سے مراد خیر ہے۔ کہا جاتا ہے: تِلْكَ اٰيٰتُ (یونس: ۱) یعنی یہ قرآن کی نشانیاں ہیں، اور اسی کی مثل یہ آیت ہے: حَتّٰى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ (یونس: ۲۲) اس آیت میں بِهِمْ، بِكُمْ کے معنی میں ہے۔ دَعْوٰىهُمْ (یونس: ۱۰) کا معنی ہے: ان کی دعا۔ أُحِيطَ بِهِمْ (یونس: ۲۲) یعنی وہ ہلاکت کے قریب آ پہنچے۔ وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ (البقرہ: ۸۱) یعنی ان کو ان کے گناہوں

غَضِبَ اللّٰهُمَّ لَا تُبَارِكْ فِيهِ وَالْعَنْهُ لَقُضِيَ إِلَيْهِمْ أَجَلُهُمْ (یونس:۱۱) لَأُهْلِكُ مَنْ دُعِيَ عَلَيْهِ وَلَأَمَاتَهُ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَى (یونس:۲۶) مِثْلُهَا حُسْنَى وَ زِيَادَةٌ (یونس:۲۶) مَغْفِرَةٌ وَرِضْوَانٌ وَقَالَ غَيْرُهُ النَّظَرُ إِلَى وَجْهِهِ الْكِبْرِيَآءُ (یونس:۷۸) الْمُلْكُ۔

نے گھیر لیا۔ فَأَتْبَعَهُمْ (یونس:۹۰) اور أَتْبَعَهُمْ کا ایک معنی ہے، عَدْوًا (یونس:۹۰) یہ عدوان یعنی سرکشی سے ماخوذ ہے۔ اور مجاہد نے کہا: يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ (یونس:۱۱) اگر اللہ لوگوں کے لئے شر کو جلدی نازل کر دیتا جس طرح وہ خیر کو جلدی طلب کرتے ہیں۔ یہ اس طرح ہے جب انسان اپنے بیٹے یا مال پر غضب ناک ہو کر کہتا ہے: اے اللہ! اس میں برکت نہ ڈال اور اس پر لعنت کر۔ لَقُضِيَ إِلَيْهِمْ أَجَلُهُمْ (یونس:۱۱) یعنی جس کے خلاف دعا کی گئی، وہ ہلاک ہو گیا اور اس کو مار دیا۔ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَى (یونس:۲۶) یعنی جن لوگوں نے نیک کام کئے ان کے لیے مغفرت ہے، اور اللہ کی خوشنودی ہے۔ زِيَادَةٌ (یونس:۲۶) یعنی اضافہ ہے۔ اور دوسروں نے کہا: اس سے مراد ہے: اللہ تعالیٰ کے چہرے کی طرف دیکھنا۔ الْكِبْرِيَآءُ (یونس:۷۸) اس سے مراد ہے: اللہ کا ملک اور اس کی بادشاہی۔

تعلیقات مذکورہ کی شرح

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَاخْتَلَطَ فَنَبَتَ بِالْمَاءِ مِنْ كُلِّ لَوْنٍ۔

حضرت ابن عباس نے کہا: فَاخْتَلَطَ (یونس:۲۴) اس کا معنی ہے: بارش نازل ہونے کی وجہ سے ہر قسم کا سبزہ اگا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ أَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهِ نَبَاتُ الْأَرْضِ۔ (یونس:۲۴)

دنیا کی زندگی کی مثال محض اس پانی کی طرح ہے جس کو ہم نے آسمان سے نازل کیا تو اس کی وجہ سے زمین کی وہ پیداوار خوب گھنی ہو گئی۔

امام ابن جریر نے بھی اس آیت کی یہی تفسیر کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس پانی سے ہر قسم کا غلہ پیدا کیا جس کو لوگ کھاتے ہیں جیسے گندم، جو، مکئی وغیرہ۔

وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحَانَهُ هُوَ الْغَنِيُّ۔

قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهُ ۖ هُوَ الْغَنِيُّ (یونس: ۶۸) یعنی عیسائیوں نے کہا: اللہ نے بیٹا بنا لیا ہے وہ اس سے پاک ہے اور بے پرواہ ہے۔

یعنی اہل مکہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اولاد بنالی ہے۔ انہوں نے کہا: فرشتے اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں اور یہود نے کہا: عزیر اللہ کے بیٹے ہیں اور عیسائیوں نے کہا: مسیح اللہ کے بیٹے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اولاد بنانے سے پاک ہے، وہ بیوی اور بچوں سے مستغنی ہے۔

وَقَالَ زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ أَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ مُحَمَّدٌ

اور زید بن اسلم نے کہا: أَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ (یونس:۲) اس سے مراد (سیدنا) محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اور مجاہد نے کہا: اس سے مراد خیر ہے۔

Marfat.com

زید بن اسلم کی کنیت ابواسامہ ہے، وہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے آزاد شدہ غلام ہیں۔ انہوں نے درج ذیل آیت میں قدم صدق کی تفسیر سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے کی ہے اور وہ آیت یہ ہے:

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ۔ (یونس:۲) اور ایمان والوں کو یہ بشارت دیں کہ ان کے لئے ان کے رب کے پاس (ان کے نیک اعمال کا) بہترین اجر ہے۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کی تفسیر کی ہے: مَنْزِلِ صدق۔ اور ایک قول یہ ہے کہ قدم سے مراد عمل صالح ہے۔ ربیع بن انس نے کہا: اس سے مراد ہے: صدق کا ثواب اور مجاہد نے کہا: اس سے مراد ہے: خیر، پھر ان سے مروی ہے کہ اس سے مراد ہے: لوگوں کی نماز، ان کی تسبیح اور ان کے روزے۔ امام ابن جریر نے مجاہد کے قول کو ترجیح دی ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ خَيْرٌ يُقَالُ تِلْكَ آيَاتُ۔ کہا جاتا ہے: تِلْكَ اٰيٰتُ (یونس:۱) یعنی یہ قرآن کی نشانیاں ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ○ (یونس:۱) الف، لام، را، یہ اس کتاب کی آیات ہیں جو حکمت سے معمور ہے ○

امام بخاری نے یہ ارادہ کیا ہے کہ اس آیت میں تلك، هذه کے معنی میں ہے، اور بعید کا اشارہ قریب کے لئے ہے اور بُعد رتبتی کو بعد مکان کا قائم مقام کر کے اسم اشارہ بعید ذکر کیا گیا۔

يَعْنِي هَذِهِ أَعْلَامُ الْقُرْآنِ وَمِثْلُهُ حَتّٰٓى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِمُ الْمَعْنَى بِكُمْ۔ اور اس کی مثل یہ آیت ہے: حَتّٰٓى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ (یونس:۲۲) اس آیت میں بهم، بِكُمْ کے معنی میں ہے۔

یعنی جس طرح یونس:۱ میں تلك، هذه کے معنی میں ہے، اسی طرح یونس:۲۲ میں بهم۔ بكم کے معنی میں ہے اور غائب سے مراد حاضر ہے، اس صنعت کو علم بلاغت میں التفات کہتے ہیں۔

يُقَالُ دَعْوَاهُمْ دُعَاؤُهُمْ دَعْوٰىهُمْ (یونس:۱۰) اس کا معنی ہے: ان کی دعا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ۔ (یونس:۱۰) اور جنتوں میں ان کی (بے ساختہ) یہ پکار ہوگی: ''پاک ہے تو اے اللہ!''۔

امام ابوعبیدہ نے بھی اس آیت کی یہی تفسیر کی ہے۔

أُحِيطَ بِهِمْ دَنَوْا مِنَ الْهَلَكَةِ۔ أُحِيْطَ بِهِمْ (یونس:۲۲) یعنی وہ ہلاکت کے قریب آپہنچے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ۔ (یونس:۲۲) اور لوگ یہ یقین کر لیں کہ وہ (طوفان میں) پھنس چکے ہیں۔

امام بخاری نے اس آیت کی تفسیر کی ہے کہ وہ ہلاکت کے قریب آپہنچے اور امام ابوعبیدہ نے بھی اس آیت کی یہی تفسیر کی ہے۔

أَحَاطَتْ بِهِ خَطِيْئَتُهُ۔ وَاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ (البقرہ:۸۱) یعنی ان کو ان کے گناہوں نے گھیر لیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ۔ (البقرہ:۸۱) کیوں نہیں جس نے برائی کی اور اس کے گناہوں نے اسے گھیر لیا۔

Marfat.com

یعنی ان کو ان کے گناہوں نے گھیر لیا ہے، جس طرح دشمن کسی کا احاطہ کر لیتا ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ ان کے گناہوں نے ان کے لئے نجات کے راستے بند کر دیئے ہیں۔

فَاتَّبَعَهُمْ وَأَتْبَعَهُمْ وَاحِدٌ۔ فَأَتْبَعَهُمْ (یونس:۹۰) اور اَتْبَعَهُمْ کا ایک معنی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَجَاوَزْنَا بِبَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ الْبَحْرَ فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُودُهُۥ (یونس:۹۰) اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر کے پار گزار دیا تو فرعون اور اس کے لشکر نے ان کا پیچھا کیا۔

امام بخاری کی مراد یہ ہے کہ اِتَّبَعَهُمْ، تاء کی تشدید کے ساتھ اور اَتْبَعَهُمْ، تاء کی تشدید کے بغیر دونوں کا معنی ایک ہے اور اصمعی نے یہ کہا ہے کہ اِتَّبَعَهُمْ کا معنی یہ ہے کہ ان کو پالیا اور ان کے ساتھ مل گیا اور اَتْبَعَهُمْ کا معنی ہے: ان کے نشانات کو پالیا۔

عَدْوًا مِنَ الْعُدْوَانِ۔ عَدْوًا (یونس:۹۰) یہ عدوان یعنی سرکشی سے ماخوذ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُودُهُۥ بَغْيًا وَعَدْوًا۔ (یونس:۹۰) تو فرعون اور اس کے لشکر نے دشمنی اور سرکشی سے ان کا پیچھا کیا۔

امام بخاری نے عَدْوًا کی تفسیر دشمنی کے ساتھ کی ہے۔ امام ابوعبیدہ نے بھی اس آیت کی اسی طرح تفسیر کی ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ وَلَوْ يُعَجِّلُ اللهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ قَوْلُ الْإِنْسَانِ لِوَلَدِهِ وَمَالِهِ إِذَا غَضِبَ اللَّهُمَّ لَا تُبَارِكْ فِيهِ وَالْعَنْهُ۔ اور مجاہد نے کہا: يُعَجِّلُ اللهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ (یونس:۱۱) اگر اللہ لوگوں کے لئے شر کو جلدی نازل کر دیتا جس طرح وہ خیر کو جلدی طلب کرتے ہیں۔ یہ اس طرح ہے جب انسان اپنے بیٹے یا مال پر غضب ناک ہو کر کہتا ہے: اے اللہ! اس میں برکت نہ ڈال اور اس پر لعنت کر۔

یہ آیت نضر بن الحارث کے متعلق نازل ہوئی، جب اس نے یہ کہا تھا: اے اللہ! اگر یہ حق ہے تو تو ہم پر پتھر برسا۔ اس آیت کا معنی یہ ہے کہ جب لوگ غضب ناک ہو کر اپنی جانوں کے اوپر اور اپنے گھر والوں کے اوپر اور اپنے اموال کے اوپر بددعاء کرتے ہیں تو اگر اللہ تعالیٰ ان کی بددعاؤں کو بھی قبول کر لیتا جس طرح وہ ان کی دعاؤں کو قبول کرتا ہے تو وہ ہلاک ہو جاتے۔

لَقُضِيَ إِلَيْهِمْ أَجَلُهُمْ لَأُهْلِكَ مَنْ دُعِيَ عَلَيْهِ وَلَأَمَاتَهُ۔ لَقُضِيَ إِلَيْهِمْ أَجَلُهُمْ (یونس:۱۱) یعنی جس کے خلاف دعا کی گئی وہ ہلاک ہو گیا اور اس کو مار دیا۔

یہ لَوْ کا جواب ہے، اس کا معنی ہے: وہ مار دیئے جاتے اور ہلاک کر دیئے جاتے، یعنی جس کے خلاف دعا کی گئی ہے وہ مار دیا جاتا یا ہلاک کر دیا جاتا۔

لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَى مِثْلُهَا حُسْنَى۔ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَى (یونس:۲۶) یعنی جن لوگوں نے نیک کام کئے ان کے لئے مغفرت ہے، اور اللہ کی خوشنودی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَى وَزِيَادَةٌ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوهَهُمْ قَتَرٌ وَلَا ذِلَّةٌ۔ (یونس:۲۶) جن لوگوں نے نیک عمل کیے ان کے لیے اچھی جزاء ہے اور اس کے علاوہ زائد اجر ہے اور ان کے چہروں پر نہ سیاہی چھائے گی اور

نہ ہی ذلت۔

امام بخاری نے جو تفسیر ذکر کی ہے، یہ مجاہد کا قول ہے۔ زمخشری نے کہا: حسنٰی سے مراد نیک کام ہیں، اور دوسروں نے کہا: حسنٰی سے مراد لا الٰہ الا اللہ کہنا ہے۔ امام بخاری نے جو کہا ہے: مِثْلُهُ حُسْنٰى، اس کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ان کو اس حُسْنٰی کی مثل اور حُسْنٰی عطا فرمائے گا، جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: يَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ (النساء: ۱۷۳) یعنی ان کو اپنے فضل سے اور زیادہ اجر عطا فرمائے گا۔

وَزِيَادَةٌ مَغْفِرَةٌ وَرِضْوَانٌ وَقَالَ غَيْرُهُ النَّظَرُ إِلَى وَجْهِهِ۔

زِيَادَةٌ (یونس: ۲۶) یعنی اضافہ ہے۔ اور دوسروں نے کہا: اس سے مراد ہے: اللہ تعالیٰ کے چہرے کی طرف دیکھنا۔

قتادہ سے روایت ہے: حُسْنٰی سے مراد ہے: جنت اور زِيَادَةٌ سے مراد ہے: رحمٰن عزوجل کے چہرے کا دیدار۔

الْكِبْرِيَاءُ الْمُلْكُ۔

الْكِبْرِيَآءُ (یونس: ۷۸) اس سے مراد ہے: اللہ کا ملک اور اس کی بادشاہی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِي الْاَرْضِ۔ (یونس: ۷۸)

انہوں نے کہا: کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ تم ہمیں اس (دین) سے پھیر دو جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے اور زمین میں تم ہی دونوں کے لیے بڑائی ہو جائے۔

یعنی فرعون اور اس کی قوم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ ہم کو اپنے آباء واجداد کے طریقے یعنی بتوں کی عبادت سے پھیر دو اور تمہارے لئے اس سرزمین مصر میں بڑائی اور سلطنت حاصل ہو جائے۔

نوٹ: ان تمام تعلیقات کی شرح عمدۃ القاری جلد ۱۸ صفحہ ۳۸۸-۳۸۵ سے لی گئی ہے۔

۲۔ بَابٌ: وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّعَدْوًا ۭ حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ (یونس: ۹۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر کے پار گزار دیا تو فرعون اور اس کے لشکر نے دشمنی اور سرکشی سے ان کا پیچھا کیا، حتیٰ کہ جب وہ غرق ہونے لگا تو اس نے کہا: میں ایمان لایا کہ جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں، اس کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے اور میں مسلمانوں میں سے ہوں ○ (یونس: ۹۰) کی تفسیر

فرعون کا نام اور جس سمندر میں فرعون غرق ہوا تھا اس کا بیان اور فرعون کا ایمان قبول نہ ہونے کی وجہ

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

وَجٰوَزْنَا: یعنی ہم نے ان کے لئے سمندر کو قطع کیا اور اس سمندر کا نام بحر قلزم ہے اور یہ مصر اور یمن کے درمیان میں واقع ہے۔ اور بحر قلزم کے قرب میں فرعون کو غرق کیا گیا تھا۔ اس فرعون کا نام ولید بن مصعب بن ریان ابو مرہ تھا۔ سدی نے بیان کیا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام چھ

Marfat.com

لاکھ بیس ہزار لڑنے والی فوج کے ساتھ نکلے، اس فوج میں کوئی مرد بیس سال سے کم کا نہیں تھا، اور نہ ساٹھ سال سے زیادہ عمر کا تھا۔

فَاَتْبَعَهُمْ: پھر فرعون ان کے لشکر سے جاملا، وہ دس لاکھ کا لشکر لے کر نکلا تھا، اس کے لشکر میں ایک لاکھ سیاہ گھوڑے تھے اور ان میں کوئی مادہ گھوڑی نہیں تھی۔

حَتّٰى اِذَا اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ: حتیٰ کہ جب فرعون کو غرق کر دیا گیا، اور وہ عاشوراء کا دن تھا۔ اس نے تین بار کہا: میں ایمان لے آیا مگر اس کا ایمان قبول نہیں ہوا، کیونکہ وہ آخرت کا عذاب دیکھ کر ایمان لایا تھا۔ اگر وہ اس سے پہلے ایک بار بھی کہتا کہ میں ایمان لے آیا تو اس کا یہ قول قبول کر لیا جاتا۔

نُنَجِّيْكَ: یعنی ہم تجھے زمین کی بلند جگہ پر ڈال دیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً۔ (یونس: ۹۲) سو آج ہم تیرے (بے جان) جسم کو بچا لیں گے تاکہ تو اپنے بعد والوں کے لئے عبرت کا نشان بن جائے۔

امام بخاری کی مراد یہ ہے کہ نُنَجِّيْكَ کا معنی ہے: ہم تمہیں ڈال دیں گے۔ یہ النجوۃ سے مشتق ہے نہ کہ نجاۃ سے، النجوۃ کا معنی ہے: زمین کی بلند جگہ اور النجاۃ کا معنی ہے: سلامتی۔

اس کا سبب یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کے اصحاب جب سمندر سے باہر نکل آئے تو جو فرعون کی قوم کے بقیہ لوگ تھے، انہوں نے کہا: فرعون غرق نہیں ہوا بلکہ فرعون اور اس کے اصحاب سمندر میں شکار کر رہے ہیں۔ تب اللہ تعالیٰ نے سمندر کی طرف یہ وحی کی کہ وہ فرعون کو برہنہ ساحل کی کسی بلند جگہ پر پھینک دے تو سب نے دیکھ لیا کہ فرعون مردہ پڑا ہوا ہے۔

مقاتل نے بیان کیا کہ بنو اسرائیل نے کہا کہ قبطی غرق نہیں ہوئے ہیں، تو اللہ تعالیٰ نے سمندر کی طرف وحی کی کہ وہ قبطیوں کی لاشوں کو سمندر کی سطح پر لے آئے۔

ببدنك سے مراد ہے: تیرے جسم کے ساتھ، یہ مجاہد کا قول ہے، ایک قول یہ ہے کہ ببدنك سے مراد وہ زرہ ہے جو اس کے جسم پر تھی اور وہ زرہ سونے کی تھی جس سے وہ دور سے پہچان لیا جاتا تھا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۸۹-۳۸۸، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۶۸۰۔ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ ﷺ الْمَدِينَةَ وَالْيَهُودُ تَصُومُ عَاشُورَاءَ فَقَالُوا هَذَا يَوْمٌ ظَهَرَ فِيهِ مُوسَى عَلَى فِرْعَوْنَ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ لِأَصْحَابِهِ أَنْتُمْ أَحَقُّ بِمُوسَى مِنْهُمْ فَصُومُوا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں غندر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی، از ابی بشر از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ آئے اور یہود عاشوراء کا روزہ رکھتے تھے۔ انہوں نے کہا: یہ وہ دن ہے جس دن اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کو فرعون پر غلبہ عطا فرمایا تھا، تب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا: تم ان کی بہ نسبت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زیادہ حق دار ہو، پس تم (بھی) روزہ رکھو۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۰۰۴ میں گزر چکی ہے۔

سورۂ یونس کی تفسیر ختم ہوئی، اب ان شاء اللہ سورۂ ھود کی تفسیر شروع ہوگی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۱۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ ھُوْدٍ

سورۂ ہود کی تفسیر

سورۂ ہود کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

ابوالعباس نے ''المقامات'' میں لکھا ہے کہ سورۂ ھود میں ایک آیت مدنی ہے اور بعض نے کہا: دو آیتیں مدنی ہیں۔ السدی نے بتایا کہ حضرت ابن عباس نے کہا: سورۂ ھود مکی ہے سوا اس آیت کے: وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ طَرَفَیِ النَّھَارِ (ہود: ۱۱۴)۔ علامہ قرطبی نے کہا کہ حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ یہ سورت مطلقاً مکی ہے، حسن بصری، عکرمہ، مجاہد، جابر بن زید اور قتادہ نے بھی یہی کہا ہے اور قتادہ سے ایک روایت یہ ہے کہ یہ سورت مکی ہے سوائے ایک آیت کے اور وہ یہ ہے: فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ بَعْضَ مَا يُوْحٰى اِلَيْكَ (ھود: ۱۲) اس کی ان سے علی بن ابی طلحہ نے روایت کی ہے اور مقاتل نے کہا ہے: دو آیتوں کے سوا یہ سورت مکی ہے: (۱) اَقِمِ الصَّلٰوۃَ الایۃ (ھود: ۱۱۴)، (۲) اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ (ھود: ۱۷) یہ آیت حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ اور ان کے اصحاب کے متعلق نازل ہوئی ہے۔

سورۂ ھود میں ایک سو تیئس (۱۲۳) آیتیں ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۹۱)

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَصِيْبٌ (ھود: ۷۷) شَدِيْدٌ لَا جَرَمَ (ھود: ۲۲) بَلٰى وَقَالَ غَيْرُهٗ وَحَاقَ (ھود: ۸) نَزَلَ يَحِيْقُ يَنْزِلُ يَؤُدُّ (ھود: ۹) فَعُوْلٌ مِنْ يَئِسْتُ وَقَالَ مُجَاهِدٌ تَبْتَئِسْ (ھود: ۳۶) تَحْزَنْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ (ھود: ۵) شَكٌّ وَامْتِرَائٌ فِي الْحَقِّ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ مِنَ اللّٰهِ اِنْ اسْتَطَاعُوْا وَقَالَ اَبُوْ مَيْسَرَةَ اَلْاَوَّاهُ (ھود: ۷۵) الرَّحِيْمُ بِالْحَبْشِيَّةِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بَادِيَ الرَّاْيِ (ھود: ۲۷) بَدَا ظَهَرَ لَنَا وَقَالَ مُجَاهِدٌ الْجُوْدِيِّ (ھود: ۴۴) جَبَلٌ بِالْجَزِيْرَةِ وَقَالَ الْحَسَنُ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ (ھود: ۸۷) يَسْتَهْزِؤُنَ بِهٖ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَقْلِعِيْ (ھود: ۴۴) اَمْسِكِي عَصِيْبٌ شَدِيْدٌ لَا جَرَمَ بَلٰى وَفَارَ التَّنُّوْرُ (ھود: ۴۰) نَبَعَ الْمَاءُ وَقَالَ عِكْرِمَةُ وَجْهُ الْاَرْضِ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: عَصِيْبٌ (ھود: ۷۷) اس کا معنی ہے: شدید۔ لَا جَرَمَ (ھود: ۲۲) اس کا معنی ہے: کیوں نہیں اور دوسروں نے کہا: حَاقَ (ھود: ۸) اس کا معنی ہے: نازل ہوا اور یحیق کا معنی ہے: نازل ہوگا۔ يَؤُدُّ (ھود: ۹) یہ فعول کا وزن ہے اور يَئِسْتُ، یعنی یاس اور ناامیدی سے ماخوذ ہے اور مجاہد نے کہا: تَبْتَئِسْ (ھود: ۳۶) اس کا معنی ہے: غمگین ہونا۔ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ (ھود: ۵) اس کا معنی ہے: حق میں شک کرنا اور تردد کرنا تاکہ اگر ہو سکے تو وہ اللہ تعالیٰ سے چھپ سکیں۔ ابومیسرہ نے کہا: اَلْاَوَّاهُ (ھود: ۷۵) اس کا معنی حبشی زبان میں رحیم ہے۔ حضرت ابن عباس نے کہا: بَادِيَ الرَّاْيِ (ھود: ۲۷) اس کا معنی ہے: سرسری نظر میں۔ اور مجاہد نے کہا: الْجُوْدِيِّ (ھود: ۴۴) یہ جزیرے میں ایک پہاڑ ہے۔ اور حسن نے کہا: اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ (ھود: ۸۷) یعنی آپ بردبار ہیں۔ وہ اس قول سے استہزاء

کرتے تھے اور حضرت ابن عباس نے کہا: أَقْلِعِيْ (ھود: ۴۴) اس کا معنی ہے: روک لے اور عصیب کا معنی ہے: شدید اور لاجرم کا معنی ہے: کیوں نہیں۔ وَفَارَ التَّنُّوْرُ (ھود: ۴۰) اس کا معنی ہے: پانی ابل گیا۔ اور عکرمہ نے کہا: اس کا معنی ہے: زمین کی سطح پر زمین سے پانی ابلنا شروع ہوا۔

تعلیقات مذکورہ کی شرح

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَصِيْبٌ شَدِيْدٌ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: عَصِيْبٌ (ھود: ۷۷) اس کا معنی ہے: شدید۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ۝ (ھود: ۷۷)

اور جب ہمارے فرشتے (خوبصورت لڑکوں کی شکل میں) لوط کے پاس گئے تو وہ ان کی آمد سے غمگین ہوئے اور ان کا دل تنگ ہوا اور انہوں نے کہا: آج کا دن بڑا سخت ہے O

امام بخاری نے عَصِيْب کی تفسیر شدید سے کی ہے، یعنی یہ سخت دن ہے۔ یہ قول حضرت لوط علیہ السلام نے اس وقت کیا تھا جب ان کے پاس فرشتے بے ریش لڑکوں کی صورت میں آئے، پس انہوں نے یہ گمان کیا کہ یہ انسان ہیں، پھر اپنی قوم کے شر کی وجہ سے ان پر خوف زدہ ہوئے اور کسی کو ان کا پتا نہیں تھا۔ ان کی بیوی گھر سے باہر نکلی اور اس نے ان کی قوم کو خبر دے دی تو حضرت لوط علیہ السلام نے کہا: یہ سخت دن ہے۔

لَا جَرَمَ بَلٰى۔

لَا جَرَمَ (ھود: ۲۲) اس کا معنی ہے: کیوں نہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ۝ (ھود: ۲۲)

بلاشبہ یقیناً یہی لوگ آخرت میں سب سے زیادہ نقصان اٹھانے والے ہیں O

حافظ ابن حجر عسقلانی نے کہا ہے کہ امام ابن ابی حاتم نے اس تعلیق کی سند موصول کے ساتھ روایت کی ہے۔ حضرت ابن عباس نے اس آیت کی تفسیر میں کہا: لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ (النحل: ۲۳) اس کا معنی ہے: کیوں نہیں بے شک اللہ جانتا ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۶۳۰)

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری اس سورت، یعنی سورۂ ھود کی تفسیر لکھ رہے ہیں اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے جو آیت نقل کی ہے وہ سورۂ ھود میں نہیں ہے بلکہ سورۃ النحل میں ہے اور مناسب یہ تھا کہ وہ سورۂ ھود کی آیت لکھتے، کیونکہ امام بخاری سورۂ ھود کی تفسیر لکھ رہے ہیں، اگرچہ معنی دونوں جگہ پر ایک ہے۔ فراء نے کہا ہے کہ لَا جَرَمَ ایک کلمہ ہے اور یہ اصل میں لَابُدَّ اور لَامَحَالَة کے معنی میں ہے، پس یہ اسی طرح جاری ہو گیا اور اس کا استعمال کثیر ہو گیا، حتیٰ کہ یہ قسم کے معنی میں منتقل ہو گیا اور حَقَّ کے معنی میں استعمال ہونے لگا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۹۱)

وَقَالَ غَيْرُهُ وَحَاقَ نَزَلَ يَحِيْقُ يَنْزِلُ۔

اور دوسروں نے کہا: حَاقَ (ھود: ۸) اس کا معنی ہے: نازل ہوا اور

یَحِیْقُ کا معنی ہے: نازل ہوگا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَلَا یَوْمَ یَاْتِیْهِمْ لَیْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَ حَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ (ھود:۸)

سنو! جس دن ان پر وہ عذاب واقع ہوگا تو پھر وہ ان سے دور نہیں کیا جائے گا اور جس (عذاب) کا وہ مذاق اڑاتے تھے، وہ ان کا احاطہ کرے گا ○

امام بخاری نے حَاقَ کی تفسیر کی ہے: ان پر نازل ہوا اور ان کو پہنچا۔ امام ابوعبیدہ نے بھی یہی تفسیر کی ہے، پھر امام بخاری نے لکھا ہے: یَحِیْقُ کا معنی ہے: یَنْزِلُ، اس میں یہ اشارہ کیا ہے کہ یہ فَعَلَ یَفْعِلُ کے باب سے ہے یعنی ماضی میں عین کلمہ پر زبر اور مضارع میں عین کلمہ کے نیچے زیر۔

یَئُوْسٌ فَعُوْلٌ مِنْ یَئِسْتُ۔

یَؤُوْسٌ (ھود:۹) یہ فَعُوْلٌ کا وزن ہے اور یَئِسْتُ یعنی یاس اور ناامیدی سے ماخوذ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ لَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ اِنَّهٗ لَیَئُوْسٌ كَفُوْرٌ ۝ (ھود:۹)

اور اگر ہم اپنے پاس سے انسان کو رحمت (کی لذت) چکھائیں، پھر اس سے اس رحمت کو واپس لے لیں (تو) یقیناً وہ ناامید اور ناشکرا ہوگا ○

امام بخاری نے اس تفسیر سے یہ اشارہ کیا ہے کہ یَؤُوْسٌ، فَعُوْلٌ کے وزن پر ہے اور یہ مبالغہ کے صیغوں میں سے ہے اور یہ یأس سے ماخوذ ہے اور اس کا معنی ہے: امید کا منقطع ہونا۔ امام بخاری نے جو کہا ہے کہ یہ یَئِسْتُ سے ماخوذ ہے، یہ ان کا تسامح ہے، کیونکہ تمام صیغے مصدر سے مشتق ہوتے ہیں نہ کہ فعل سے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ تَبْتَئِسْ تَحْزَنْ۔

تَبْتَئِسْ (ھود:۳۶) اس کا معنی ہے: غمگین ہونا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا یَفْعَلُوْنَ ۝ (ھود:۳۶)

پس آپ ان کی کارروائی سے غمگین نہ ہوں ○

امام بخاری نے اس تعلیق سے یہ اشارہ کیا ہے کہ مجاہد نے تَبْتَئِس کی تفسیر تَحْزَنْ کے ساتھ کی ہے اور اس آیت میں حضرت نوح علیہ السلام سے خطاب ہے اور اس تعلیق کی امام طبری نے سند موصول کے ساتھ روایت کی ہے۔

یَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ شَكٌّ وَامْتِرَاءٌ فِی الْحَقِّ لِیَسْتَخْفُوْا مِنْهُ مِنَ اللّٰهِ اِنِ اسْتَطَاعُوْا۔

یَثْنُوْن صُدُوْرهم (ھود:۵) اس کا معنی ہے: حق میں شک کرنا اور تردد کرنا تاکہ اگر ہو سکے تو وہ اللہ تعالیٰ سے چھپ سکیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَلَآ اِنَّهُمْ یَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِیَسْتَخْفُوْا مِنْهُ اَلَا حِیْنَ یَسْتَغْشُوْنَ ثِیَابَهُمْ یَعْلَمُ مَا یُسِرُّوْنَ وَمَا یُعْلِنُوْنَ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ (ھود:۵)

سنو! وہ اپنے سینوں کو موڑتے ہیں تاکہ وہ اس سے چھپائیں، سنو! جس وقت وہ اپنے کپڑے اوڑھے ہوئے ہوتے ہیں (اس وقت بھی) وہ اس کو جانتا ہے جس کو وہ چھپاتے ہیں، اور جس کو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ بے شک وہ سینوں کی باتوں کو خوب جانتا ہے ○

Marfat.com

امام بخاری نے جو تفسیر کی ہے، یہی مجاہد کی تفسیر ہے، کیونکہ انہوں نے کہا: یثنون صدورھم کا معنی ہے: حق میں شک اور تردد کرنا۔ علامہ زمخشری نے کہا: اس کا معنی ہے: وہ حق کی تکذیب کرتے ہیں اور حق سے انحراف کرتے ہیں، کیونکہ جو شخص کسی چیز کو قبول کرتا ہے تو وہ اس کی طرف اپنا منہ اور سینہ کرتا ہے، اور جو شخص کسی سے انحراف کرتا ہے تو وہ اسے دیکھ کر اپنا سینہ موڑ لیتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ آیت اخنس بن شریق کے متعلق نازل ہوئی ہے، وہ بہت شیریں کلام تھا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس طرح ملتا جس طرح آپ پسند کرتے اور دل میں ناپسندیدہ باتوں کو چھپاتا تھا۔ ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت بعض منافقین کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ یہ آیت بعض مشرکین کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس سے گزرتے تو وہ اپنا سینہ موڑ لیتے اور سر جھکا لیتے تا کہ آپ ان کو نہ دیکھیں، پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خبر دے دی کہ وہ اپنے دلوں میں کیا چھپاتے ہیں اور وہ آپ کے ساتھ عداوت رکھتے تھے۔

وَقَالَ أَبُو مَيْسَرَةَ الْأَوَّاهُ الرَّحِيمُ بِالْحَبَشِيَّةِ۔ ابو میسرہ نے کہا: اَلْاَوَّاہُ (ھود:۷۵) اس کا معنی حبشی زبان میں رحیم ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ۝ (ھود:۷۵) بے شک ابراہیم بردبار، اللہ سے آہ وزاری کرنے والے، اور اس کی طرف رجوع کرنے والے تھے ○

ابو میسرہ کا نام عمرو بن شرحبیل الہمدانی ہے، یہ تابعی کوفی ہیں، ان سے شعبی اور ابو اسحاق السبیعی ایسے لوگوں نے حدیث کی روایت کی ہے۔ امام بخاری نے اس تفسیر سے یہ اشارہ کیا ہے کہ اَلْاَوَّاہُ کا معنی بہت مہربانی کرنے والا ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بَادِئَ الرَّأْيِ مَا ظَهَرَ لَنَا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: بَادِیَ الرَّأْیِ (ھود:۲۷) اس کا معنی ہے: سرسری نظر میں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ مَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّاْيِ۔ (ھود:۲۷) اور ہم دیکھتے ہیں کہ تمہاری پیروی صرف ہمارے پس ماندہ اور کم عقل لوگ ہی کر رہے ہیں۔

امام بخاری نے بَادِیَ الرَّأْیِ کی تفسیر کی ہے: جو چیز ہمیں سرسری نظر میں معلوم ہوتی ہے۔ اس تعلیق کی ابو محمد نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ الْجُودِيُّ جَبَلٌ بِالْجَزِيرَةِ۔ اور مجاہد نے کہا: اَلْجُوْدِیِّ (ھود:۴۴) یہ جزیرے میں ایک پہاڑ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ۔ (ھود:۴۴) اور کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہر گئی۔

یعنی حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہر گئی۔ اس دن پہاڑوں نے بہت سر اٹھایا اور تکبر کیا اور جودی پہاڑ نے اللہ عزوجل کے سامنے تواضع کی تو وہ پہاڑ غرق نہیں کیا گیا اور کشتی وہاں لنگر انداز ہو گئی۔ کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تین نبیوں کی وجہ سے تین پہاڑوں کو عزت دی ہے: حراء پہاڑ کو ہمارے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے عزت دی ہے، اور جودی پہاڑ کو حضرت نوح علیہ السلام کی وجہ سے عزت دی ہے اور پہاڑ طور کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وجہ سے عزت دی ہے۔

وَقَالَ الْحَسَنُ إِنَّكَ لَأَنْتَ الْحَلِيمُ يَسْتَهْزِؤُنَ بِهِ۔ اور حسن نے کہا: اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ (ھود:۸۷) یعنی آپ بردبار

ہیں، وہ اس قول سے استہزاء کرتے تھے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ۝ (ھود:۸۷) بے شک آپ تو بہت بردبار اور راست باز ہیں ○

حسن بصری نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ یہ آیت حضرت شعیب علیہ السلام کے قصے میں نازل ہوئی ہے۔ ان کی قوم نے ان کا مذاق اڑانے کے لئے کہا تھا کہ آپ تو بہت بردبار ہیں۔ اس تعلیق کی ابو محمد نے اپنی سند کے ساتھ حسن بصری سے روایت کی ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ أَقْلِعِي أَمْسِكِي۔ حضرت ابن عباس نے کہا: اَقْلِعِیْ (ھود: ۴۴) اس کا معنی ہے: روک لے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ۔ (ھود: ۴۴) اور حکم دیا گیا کہ اے زمین! اپنا پانی نگل لے اور اے آسمان! تھم جا۔

اس تعلیق کی ابو محمد نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے۔

عَصِيبٌ شَدِيدٌ لَا جَرَمَ بَلَى۔ عَصِیْبٌ کا معنی ہے: شدید اور لَا جَرَمَ کا معنی ہے: کیوں نہیں۔

ان دونوں تعلیقوں کی شرح پہلے گزر چکی ہے۔

وَفَارَ التَّنُّورُ نَبَعَ الْمَاءُ وَقَالَ عِكْرِمَةُ وَجْهُ الْأَرْضِ۔ وَفَارَ التَّنُّوْرُ (ھود: ۴۰) اس کا معنی ہے: پانی ابل گیا اور عکرمہ نے کہا: اس کا معنی ہے: زمین کی سطح پر زمین سے پانی ابلنا شروع ہوا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ۔ (ھود: ۴۰) حتیٰ کہ جب ہمارا حکم آ پہنچا اور تنور ابلنے لگا۔

اس تعلیق کی علی بن ابی طلحہ نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے اور فَارَ، اَلْفَوْر سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے: پانی کا جوش مارنا۔ ابن درید نے کہا ہے کہ التنور فارسی اسم ہے، جس کو عربی بنا لیا گیا ہے۔ عربی زبان میں التنور کے علاوہ اس کے لئے اور کوئی اسم نہیں ہے، اس لئے قرآن میں جب یہ لفظ آیا تو لوگوں نے اس کو جان لیا۔ اس تنور کی جگہ میں اختلاف ہے۔ مجاہد نے کہا: یہ کوفہ کی ایک جانب میں ہے۔ انہوں نے کہا: حضرت نوح علیہ السلام نے کوفہ کی مسجد کے وسط میں یہ کشتی بنائی تھی اور تنور اس میں داخل ہونے والے کی دائیں جانب میں تھا۔ مقاتل نے کہا: یہ حضرت آدم علیہ السلام کا تنور تھا اور یہ شام کی ایک جگہ میں تھا اور عکرمہ نے کہا: یہ تنور ہند میں تھا اور عکرمہ نے کہا کہ تنور کا معنی ہے: روئے زمین کا اسم، اور اس میں چھ اقوال ہیں: (۱) ایک یہی قول ہے۔ (۲) سطح زمین کی بلند جگہ کا نام ہے۔ (۳) صبح کے نور کا نام ہے۔ (۴) طلوع شمس کا نام ہے۔ (۵) یہ اس جگہ کا نام ہے جہاں کشتی کا پانی جمع ہو گیا تھا۔ جب وہاں پانی ابلا تو حضرت نوح علیہ السلام نے جان لیا کہ اب کشتی میں سوار ہونے کا وقت آ گیا ہے۔ (۶) جو امام بخاری نے ذکر کیا ہے یعنی سطح زمین۔

نوٹ: ان تمام تعلیقات کی شرح عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۴۹۴ سے لی گئی ہے۔

۱۔ بَابٌ: اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ

اللہ تعالیٰ کا ارشاد: سنو! وہ اپنے سینوں کو موڑتے ہیں تاکہ وہ اس سے چھپائیں، سنو! جس وقت وہ اپنے

Marfat.com

ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ (ھود:۵)

کپڑے اوڑھے ہوئے ہوتے ہیں (اس وقت بھی) وہ اس کو جانتا ہے جس کو وہ چھپاتے ہیں، اور جس کو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ بے شک وہ سینوں کی باتوں کو خوب جانتا ہے ○ (ھود:۵) کی تفسیر

۴۶۸۱۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَبَّاحٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقْرَأُ أَلَا إِنَّهُمْ تَثْنَوِنِي صُدُورُهُمْ قَالَ سَأَلْتُهُ عَنْهَا فَقَالَ أُنَاسٌ كَانُوا يَسْتَحْيُونَ أَنْ يَتَخَلَّوْا فَيُفْضُوا إِلَى السَّمَاءِ وَأَنْ يُجَامِعُوا نِسَائَهُمْ فَيُفْضُوا إِلَى السَّمَاءِ فَنَزَلَ ذَلِكَ فِيهِمْ۔

[اطراف الحدیث: ۴۶۸۲، ۴۶۸۳]

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحسن بن محمد بن صباح نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں حجاج نے حدیث بیان کی، انہوں نے بتایا کہ ابن جریج نے کہا: مجھے محمد بن عباد بن جعفر نے خبر دی، انہوں نے حضرت ابن عباس کو یہ آیت پڑھتے ہوئے سنا: سنو! وہ اپنے سینوں کو موڑتے ہیں (ھود:۵) انہوں نے کہا: میں نے حضرت ابن عباس سے اس آیت کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا کچھ لوگ کھلی جگہ میں قضائے حاجت کرتے وقت آسمان کی طرف ستر کھولنے سے حیاء کرتے تھے، اسی طرح اپنی عورتوں سے جماع کرتے وقت آسمان کی طرف ستر کھولنے سے حیاء کرتے تھے (تو وہ اپنے سینوں کو موڑ کر جھکا لیتے تھے)۔ یہ ان کے بارے میں نازل ہوئی۔

حدیث مذکور کی صرفی اور نحوی ترکیب

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

یثنوِنی: یہ باب التفعال سے ہے اِثْنَوْنَی یثنونی جیسے احلولی یحلولی۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: ''مثل اِعشَوْشب''۔ علامہ عینی رد فرماتے ہیں کہ ان کو چاہئے تھا کہ وہ کہتے: ''مثل العشوشب'' اس میں ایک شین اور واؤ زائد ہے اور اس کا مادہ عَشْبٌ ہے اور قرأت مشہورہ یثنون ہے، جمع مذکر مضارع اور اس کی ضمیر منافقین کی طرف راجع ہے، یعنی وہ اپنے سینوں کو موڑ لیتے ہیں۔

کانو یَسْتَحْیُوْنَ: حضرت ابن عباس نے کہا: وہ اس سے حیاء کرتے تھے کہ کھلے میدان میں قضاء حاجت کے وقت آسمان کی طرف منہ کریں یا اپنی عورتوں کے ساتھ جماع کریں یعنی اللہ تعالیٰ کے سامنے انہیں برہنہ ہونے سے حیاء آتی تھی، لیکن اللہ تعالیٰ تو ہر کھلی اور ڈھکی چیز کو دیکھنے والا اور جاننے والا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۹۴)

۴۶۸۲۔ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى أَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَأَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَرَأَ أَلَا إِنَّهُمْ تَثْنَوِنِي صُدُورُهُمْ قُلْتُ يَا أَبَا الْعَبَّاسِ مَا تَثْنَوِنِي صُدُورُهُمْ قَالَ كَانَ الرَّجُلُ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشام نے خبر دی از ابن جریج، انہوں نے کہا: اور مجھے محمد بن عباد بن جعفر نے خبر دی کہ حضرت ابن عباس نے یہ آیت پڑھی: سنو! وہ اپنے سینوں کو موڑتے ہیں

يُجَامِعُ امْرَأَتَهُ فَيَسْتَحِي أَوْ يَتَخَلَّى فَيَسْتَحِي فَنَزَلَتْ ﴿أَلَآ إِنَّهُمْ يَثْنُونَ صُدُورَهُمْ﴾۔ (هود:٥)

(ھود:۵) میں نے کہا: اے ابو العباس! ان کے سینہ موڑنے کا کیا معنی ہے؟ انہوں نے بتایا: جب مرد اپنی بیوی سے جماع کرتا ہے تو اسے حیاء آتی ہے یا جب وہ قضاء حاجت کرتا ہے تو اسے اللہ تعالیٰ کے سامنے (برہنہ ہونے سے) حیا آتی ہے، تب یہ آیت نازل ہوئی: سنو! وہ اپنے سینوں کو موڑتے ہیں۔ (ھود:۵)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۶۸۱ میں بیان کی جا چکی ہے۔

۴۶۸۳۔ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ قَرَأَ ابْنُ عَبَّاسٍ ﴿أَلَآ إِنَّهُمْ يَثْنُونَ صُدُورَهُمْ لِيَسْتَخْفُوا مِنْهُ ۚ أَلَا حِينَ يَسْتَغْشُونَ ثِيَابَهُمْ﴾ (هود:٥) و قَالَ غَيْرُهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْتَغْشُونَ يُغَطُّونَ رُؤُسَهُمْ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحمیدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عمرو نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ آیت پڑھی: سنو! وہ اپنے سینوں کو موڑتے ہیں تاکہ وہ اس سے چھپائیں، سنو! جس وقت وہ اپنے کپڑے اوڑھے ہوئے ہوتے ہیں (ھود:۵) اور دوسروں نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ یَسْتَغْشُوْنَ کا معنی ہے: وہ اپنے سروں کو ڈھانپ لیتے ہیں یا چھپا لیتے ہیں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۶۸۱ میں گزر چکی ہے۔

سِيئَ بِهِمْ سَاءَ ظَنُّهُ بِقَوْمِهِ وَضَاقَ بِهِمْ بِأَضْيَافِهِ۔

سِیٓءَ بِهِمْ کا معنی ہے: حضرت لوط علیہ السلام نے اپنی قوم کے ساتھ برائی کا گمان کیا اور اپنے مہمانوں کی وجہ سے ان کا دل تنگ ہو گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَقَالَ هَٰذَا يَوْمٌ عَصِيبٌ ۝ (هود:٧٧)

اور جب ہمارے فرشتے (خوبصورت لڑکوں کی شکل میں) لوط کے پاس گئے تو وہ ان کی آمد سے غمگین ہوئے اور ان کا دل تنگ ہوا اور انہوں نے کہا: آج کا دن بڑا سخت ہے ○

امام بخاری نے جو تفسیر کی ہے، اس کی علی بن ابی طلحہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے اور امام طبری نے اس کی اپنی سند سے روایت کی ہے۔

حضرت لوط علیہ السلام کے پاس فرشتے بے ریش لڑکوں کی صورت میں آئے تھے۔ حضرت لوط علیہ السلام نے جب ان کے حسین چہروں اور ان کے خوشبودار جسموں کو دیکھا تو وہ اپنی قوم کے کرتوتوں سے ڈرے کہ کہیں وہ ان کے ساتھ بدکاری کا ارادہ نہ کریں۔

بِقِطْعٍ مِنَ اللَّيْلِ بِسَوَادٍ۔

اس کا معنی ہے: رات کے ایک حصہ میں جب سیاہی پھیل جائے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ اللَّيْلِ۔ (هود:٨١)

آپ رات کے ایک حصہ میں اپنے گھر والوں کے ساتھ یہاں سے روانہ ہو جائیں۔

Marfat.com

امام بخاری نے رات کے ایک حصہ کی سیاہی کے ساتھ تفسیر کی ہے۔ امام ابوعبیدہ نے اس کی تفسیر میں کہا ہے: رات کے بعضِ حصہ میں اور امام عبدالرزاق نے قتادہ سے روایت کی ہے: رات کے ایک طائفہ میں۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ اِلَيْهِ اُنِيْبُ وَاَرْجِعُ۔ اور مجاہد نے کہا: اُنِیْبُ کا معنی ہے: میں رجوع کرتا ہوں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ۝ (ھود:۸۸) اور میری توفیق صرف اللہ کی مدد سے ہے، میں نے اسی پر توکل کیا ہے اور میں اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں O

امام بخاری نے اُنِیْبُ کی تفسیر اَرْجِعُ کے ساتھ کی ہے۔ امام عبد بن حمید نے اس تعلیق کی سند موصول کے ساتھ مجاہد سے روایت کی ہے۔

سِجِّيْلٌ کا معنی ہے: سخت اور بڑا۔ سِجِّیْل اور سِجِّیْن لام اور نون کے ساتھ ایک جیسے لفظ ہیں۔

اس سے امام بخاری نے ہود: ۸۲ کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے، اور یہ بتایا ہے کہ قوم ھود پر جو پتھر برسائے گئے وہ سخت اور بڑے پتھر تھے۔

اور تمیم بن مقبل نے کہا: بہت سے پیدل چلنے والے ایسے ہیں جو چاشت کے وقت ایسی سخت تلواریں مارتے ہیں جن کی بہادر مرد وصیت کرتے ہیں۔ تمیم بن مقبل مخضرمی شاعر ہے، یعنی اس نے زمانہ جاہلیت اور اسلام دونوں کو پایا ہے۔ اس کے اس شعر کو یہاں ذکر کرنے سے مقصود یہ ہے کہ سجیل کا لفظ سخت کے معنی میں آتا ہے۔

اور اَشھاد کہیں گے، یعنی گواہ جنہوں نے اپنے رب کے اوپر جھوٹ بولا، سنو! ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے۔ اَشْھَاد کا واحد شاہد ہے۔ جیسے اَصْحَاب کا واحد صاحب ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰي رَبِّهِمْ۔ (ھود:۱۸) اور تمام گواہ یہ کہیں گے: یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ باندھا تھا۔

امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ اَشْھَاد شاہد کی جمع ہے جیسے اَصْحَابٌ صَاحِبٌ کی جمع ہے۔ زید بن اسلم نے کہا ہے کہ اشہاد یہ ہیں: انبیاء علیہم السلام، ملائکہ اور مومنین، اور ضحاک نے کہا: انبیاء اور رسل علیہم السلام اور مجاہد سے روایت ہے کہ ملائکہ اشہاد ہیں، اس کی روایت امام ابن ابی حاتم نے کی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۹۹-۳۹۵)

۲۔ بَابٌ: وَكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَاۗءِ (ھود:۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اس کا عرش پانی پر تھا۔ (ھود:۷) کی تفسیر

امام بخاری نے یہاں پوری آیت ذکر نہیں کی، پوری آیت درج ذیل ہے:

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَاۗءِ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا۔ (ھود:۷) اور وہی جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا اور اس کا عرش پانی پر تھا تا کہ وہ تم کو آزمائے کہ تم میں سے کس کا عمل نیک ہے۔

Marfat.com

علامہ عینی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

یعنی آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کا عرش پانی پر تھا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا کہ پانی کس چیز پر تھا؟ تو انہوں نے کہا: وہ ہوا کی پشت پر تھا؟ اور کعب نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے سرخ یاقوت پیدا کیا، پھر اللہ تعالیٰ نے اس کی طرف نظر ہیبت سے دیکھا تو وہ کپکپاتا ہوا پانی ہو گیا، پھر اللہ تعالیٰ نے ہوا کو پیدا کیا اور پانی کو ہوا کی پشت پر رکھا، پھر عرش کو پانی پر رکھا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۹۹-۴۰۰)

۴۶۸۴۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْفِقْ أُنْفِقْ عَلَيْكَ وَقَالَ يَدُ اللهِ مَلْأَى لَا تَغِيضُهَا نَفَقَةٌ سَحَّاءُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَقَالَ أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ فَإِنَّهُ لَمْ يَغِضْ مَا فِي يَدِهِ وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ وَبِيَدِهِ الْمِيزَانُ يَخْفِضُ وَيَرْفَعُ۔

[أطراف الحديث: ۵۳۵۲۔۷۴۱۱۔۷۴۱۹۔۷۴۹۶]

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعیب نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں ابوالزناد نے حدیث بیان کی، از الاعرج از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے: تم خرچ کرو میں تم پر خرچ کروں گا، اور آپ نے فرمایا: اللہ کا ہاتھ بھرا ہوا ہے، اس میں خرچ سے کمی نہیں ہوتی۔ وہ مسلسل رات اور دن میں خرچ کرتا رہتا ہے، اور آپ نے فرمایا: مجھے بتاؤ جب سے اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا ہے اس نے کتنا خرچ کیا ہے؟ اس سے اس کے ہاتھ میں کوئی کمی نہیں ہوئی اور اس کا عرش پانی پر تھا اور اس کے ہاتھ میں میزان ہے وہ اس (کے پلڑے) کو جھکاتا ہے اور اس کو اٹھاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے بھرے ہوئے ہاتھ کا معنی

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

تم خرچ کرو میں تم پر خرچ کروں گا: کیونکہ اللہ تعالیٰ کے خرچ کرنے سے اس کے خزانوں میں کوئی کمی نہیں ہوتی۔

اللہ کا ہاتھ بھرا ہوا ہے: یہ اس سے کنایہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے عطا کرنے سے اس کے خزانوں میں کمی نہیں ہوتی۔

جب سے اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا ہے، وہ خرچ کر رہا ہے اور اس میں کوئی کمی نہیں ہوئی: اس حدیث میں جو اللہ تعالیٰ کے ہاتھ اور اس کے بھرے ہوئے ہونے کا ذکر ہے، اس پر ایمان لانا واجب ہے۔ اور اس کی کیفیت کی تاویل میں نہیں پڑنا چاہئے اور متاخرین نے کہا ہے کہ اس سے مراد اللہ تعالیٰ کے خزانوں کو خرچ کرنا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۴۰۰)

اِعْتَرٰىكَ یعنی افتعلت یہ عَرَوْتُهُ سے ماخوذ ہے، یعنی میں نے اسے مصیبت میں مبتلا کر دیا اور اسی سے ہے: يَعْرُوْهُ وَاعْتَرَانِي (یعنی یہ لفظ نَصَرَ اور افتعال دونوں سے ایک معنی میں استعمال ہوتا ہے)۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ۔ (ھود: ۵۴) ہم تو یہی کہتے ہیں کہ ہمارے بعض معبودوں نے تم کو مجنون بنا دیا ہے۔

امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ اِعْتَرٰىكَ باب افتعال سے ہے، اور اس کے بعد کاف خطاب کا ذکر ہے، پھر امام بخاری نے کہا یہ عَرَوْتُهُ سے ماخوذ ہے۔ اس میں یہ اشارہ کیا ہے کہ یہ نَصَرَ کے باب سے بھی آتا ہے اور علامہ جوہری نے صحاح میں کہا ہے

کہ عَرَوْتُ الرَّجُلَ اس وقت کہتے ہیں جب تم کسی کے پاس سائل بن کر جاؤ، پھر امام بخاری نے کہا: اسی سے ماخوذ ہے یَعْتَرُوْهُ وَاعْتَرَانِی علامہ جوہری نے کہا: اس کا معنی ہے: اس نے مجھ کو مصیبت میں مبتلا کر دیا۔

اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا (ھود:۵۶) یعنی وہ اس کے قبضہ اور اس کی سلطنت میں ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۶﴾ (ھود:۵۶)

ہر جان دار کو اس نے اس کی پیشانی سے پکڑا ہوا ہے، بے شک میرا رب سیدھے راستے پر (ملتا) ہے O

امام بخاری نے ''وہ اس کو پیشانی سے پکڑے ہوئے ہے''۔ کی تفسیر اس سے کی ہے کہ وہ اس کے قبضہ اور اس کی سلطنت میں ہے۔ یہ تفسیر غایت کے اعتبار سے ہے، کیونکہ جس کو کوئی پیشانی سے پکڑے ہوئے ہو وہ اس کا مقہور اور ماتحت ہوتا ہے۔

عَنِيْد اور عَنُوْد اور عَانِد، ان سب کا ایک معنی ہے اور یہ تَجَبُّرٌ (تکبر) کی تاکید ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۵۹﴾ (ھود:۵۹)

اور انہوں نے ہر ظالم ہٹ دھرم کا حکم مانا O

عَنِيْد، عُنود اور عَانِد ان سب کا معنی ہے: سرکش یعنی وہ ایسے لوگوں کی پیروی کرتے رہے جو ظالم اور سرکش تھے۔ ان الفاظ سے تَجَبُّرٌ یعنی تکبر کی تاکید اور اس کا مبالغہ مراد ہے۔

ویقول الاشهاد اور اس کا واحد شاہد ہے جیسے اصحاب کا واحد صاحب ہے۔

اس تعلیق کی شرح اس سے پہلے گزر چکی ہے۔

اِسْتَعْمَرَكُمْ کا معنی ہے: تم کو آباد کیا اور بسایا۔ عرب کہتے ہیں: اعمرته الدار فهی عمرة میں نے وہ گھر اسے عمر بھر کے لئے دے دیا، پس وہ عمرہ ہے یعنی وہ گھر میں نے اس کے لئے کر دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَيْهِ۔ (ھود:۶۱)

اس نے تم کو زمین سے پیدا کیا اور اس میں آباد کیا، سو تم اس سے مغفرت طلب کرو، پھر اس کی طرف توبہ کرو۔

مجاہد سے بھی یہی تفسیر مروی ہے۔ امام بخاری نے کہا ہے: میں نے یہ گھر اس کے لئے کر دیا یعنی اس کے لئے ہبہ کر دیا۔

نَكِرَهُمْ وَاَنْكَرَهُمْ وَاسْتَنْكَرَهُمْ، یعنی وہ ان سے خوف زدہ ہوئے، ان تینوں لفظوں کا معنی واحد ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَمَّا رَاٰۤ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَ اَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً۔ (ھود:۷۰)

پھر جب ابراہیم نے دیکھا کہ ان کے ہاتھ کھانے تک نہیں بڑھ رہے تو ابراہیم نے ان کو اجنبی سمجھا اور اپنے دل میں ان سے ڈرنے لگے۔

یعنی جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دیکھا کہ فرشتوں کے ہاتھ ان کے لائے ہوئے بچھڑے کے بھنے ہوئے گوشت کی طرف نہیں پہنچ رہے تو وہ خوف زدہ ہوئے، پس فرشتوں نے کہا:

لَا تَخَفْ اِنَّاۤ اُرْسِلْنَاۤ اِلٰی قَوْمِ لُوْطٍ ﴿۷۰﴾ (ھود:۷۰)

آپ مت ڈریں، بے شک ہمیں قوم لوط کی طرف بھیجا گیا ہے O

امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ نَكِرَهُمْ ثلاثی مجرد ہے، اور اَنْكَرَهُمْ ثلاثی مزید فیہ باب افعال سے ہے، اور اِسْتَنْكَرَهُمْ

Marfat.com

ثلاثی مزید فیہ باب استفعال سے ہے اور ان تینوں کا معنی ایک ہے یعنی وہ ان سے خوف زدہ ہوئے۔

حَمِیْدٌ مَّجِیْد: گویا کہ یہ مَاجِدٌ سے فعیل کے وزن پر ہے، اور حمید، محمود کے معنی میں ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ (ھود: ۷۳)

اے اہل بیت! تم پر اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں، بے شک اللہ حمد وثناء کا مستحق بہت بزرگ ہے ○

یعنی اللہ تعالیٰ ہی حمد کا اور مجد کا مستحق ہے، مجد کا معنی ہے: شرف اور بلندی، جب کوئی شخص سخی ہو اور اس کی عطا بہت وسیع ہو تو کہا جاتا ہے: وہ ماجد شخص ہے۔ علامہ طیبی نے کہا ہے کہ مَجِید، مَاجِدٌ کا مبالغہ ہے، یعنی بہت زیادہ سخاوت کرتا ہے۔ ایک قول ہے: مجید کا معنی ہے: عظیم اور بلند قدر و منزلت والا۔

سِجِّیْل کا معنی ہے: سخت اور بڑا۔ سجیل اور سِجِّیْن لام اور نون کے ساتھ ایک جیسے لفظ ہیں اور تمیم بن مقبل نے کہا ہے: بہت سے پیدل چلنے والے ایسے ہیں جو چاشت کے وقت ایسی سخت تلواریں مارتے ہیں جن کی بہادر مرد وصیت کرتے ہیں۔

اس تعلیق کی شرح گزر چکی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۹۸، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۳۔ بَابٌ: وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا (ھود: ۸۴)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور (ہم نے) مدین والوں کی طرف ان کے ہم قبیلہ شعیب کو بھیجا۔ (ھود: ۸۴) کی تفسیر

شعیب کی لفظی تحقیق اور ان کا نسب

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

یعنی ہم نے اہل مدین کی طرف ان ہی میں سے شعیب کو بھیجا اور لفظ شعیب منصرف ہے کیونکہ یہ علم اور عربی ہے اور اس میں دوسری علت نہیں ہے۔

صحیح ابن حبان میں یہ حدیث ہے کہ چار نبی عرب ہیں: (۱) ھود (۲) صالح (۳) شعیب (۴) اور اے ابوذر! تمہارے نبی، یعنی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

حضرت شعیب کی زبان عربی تھی، ان کو اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کے بعد مدین کی طرف بھیجا۔ حضرت شعیب کے والد کے متعلق کئی قول ہیں، مشہور یہ ہے: شعیب بن یوب ابن مدینہ بن ابراہیم اور مدین علمیت اور عجمہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے، پھر وہ قبیلہ کا نام پڑ گیا، پھر جب مدینہ نے سرزمین معان کے قریب ایک شہر بنایا جو شام کے اطراف میں تھا تو انہوں نے اس کا نام مدین رکھا۔

اِلٰی مَدْیَن: یعنی اہل مدین کی طرف کیونکہ مدین ایک شہر کا نام ہے اور شہر کی طرف رسول کو بھیجنا ممکن نہیں ہے، لہٰذا اس شہر والوں کی طرف رسول کو بھیجا گیا تھا، اس لئے وہاں پر مضاف مقدر ہے جیسے وَسْئَلِ الْقَرْیَۃ، یعنی بستی والوں سے سوال کیجئے کیونکہ بستی سے سوال کرنا متصور نہیں ہے۔ اسی طرح وَسْئَلِ الْعِیْرَ یعنی قافلہ والوں سے سوال کیجئے۔

وَرَائَکُمْ ظِهْرِیًّا: یعنی تم نے اس کی طرف توجہ نہیں کی اور جب کوئی شخص کسی کی حاجت پوری نہ کرے تو کہا جاتا ہے: تم نے میری حاجت کو پیٹھ کے پیچھے ڈال دیا اور تم نے مجھے پیٹھ کے پیچھے کر دیا اور ظِهْرِی کا معنی یہاں پر یہ ہے کہ تم اپنے ساتھ کوئی چوپایہ یا برتن لو تاکہ اس سے مدد حاصل کرو۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا۔ (ھود:۹۲) اور تم نے اللہ کو بالکل نظر انداز کیا ہوا ہے۔

امام بخاری نے اس آیت کی تفسیر یہ کی ہے کہ تم نے اس کی طرف توجہ نہیں کی اور یہ تفسیر نتیجہ اور غایت کے اعتبار سے ہے، کیونکہ کسی چیز کو پیٹھ کے پیچھے ڈال دینا اس کی طرف توجہ نہ کرنے سے کنایہ ہوتا ہے اور امام بخاری نے جو کہا ہے: ظِهْرِیّ کا معنی یہاں پر یہ ہے کہ تم اپنے ساتھ کوئی چوپایہ یا برتن لوتا کہ اس سے مدد حاصل کرو: یہ عرب کے محاورہ کے اعتبار سے ہے، قرآن مجید کی آیت کی تفسیر نہیں ہے۔

اَرَاذِلُنَا اس کا معنی ہے: جو ہمارے پس ماندہ طبقہ سے ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ مَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّاْيِ۔ (ھود:۲۷) اور ہم دیکھتے ہیں کہ تمہاری پیروی صرف ہمارے پس ماندہ اور کم عقل لوگ ہی کر رہے ہیں۔

اَرَاذِل اَرْذَلْ کی جمع ہے۔ اس کا معنی ہے: ردی، خسیس، گھٹیا اور نچلے طبقہ کے لوگ۔ یہ آیت حضرت نوح علیہ السلام کے قصہ میں وارد ہوئی۔

اِجْرَامی اور وہ اَجْرَمْتُ کا مصدر ہے اور بعض علماء نے کہا: وہ جَرَمْتُ کا مصدر ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَ اَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ۝ (ھود:۳۵) آپ کہئے کہ اگر (بالفرض) میں نے اس کو گھڑ لیا ہے تو میرا گناہ میرے ذمہ ہے۔ اور میں تمہارے گناہوں سے بری ہوں O

اِجْرَام باب افعال کا مصدر ہے، اور یہ ثلاثی مزید فیہ ہے اور بعض نے کہا: یہ ثلاثی مجرد جَرَمْتُ کا مصدر ہے۔

اَلْفُلْكُ وَالْفَلَكُ دونوں کا معنی ایک ہے اور یہ کشتی اور جہاز کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا۔ (ھود:۳۷) آپ ہماری نگرانی میں اور ہماری وحی کے موافق کشتی بنائیے۔

یہ آیت بھی حضرت نوح علیہ السلام کے قصہ میں ہے۔

مَجْرِهَا اس کا معنی ہے: کشتی کو چلانا اور یہ اَجْرَيْتُ کا مصدر ہے۔ اَجْرَيْتُ کا معنی ہے: میں نے اس کو چلایا اور اَرْسَيْتُ کا معنی ہے: میں نے اس کو روک لیا اور مَرْسٰها پڑھا جاتا ہے، یہ رَسَتْ سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے: کشتی کو روکنا یعنی کشتی کو چلانا اور روکنا اللہ ہی کا کام ہے۔ دوسری قراءت ہے: مَجْرٰهَا وَ مَرْسٰهَا یہ جَرَتْ سے ماخوذ ہے۔ تیسری قراءت ہے: مُجْرِيْهَا وَ مُرْسِيْهَا یعنی کشتی کو چلانے والا اور ٹھہرانے والا اللہ تعالیٰ ہے اور جس نے کشتیوں کو ٹھہرایا یعنی اس سے مراد ہے: ٹھہری ہوئی کشتیاں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَ مُرْسٰهَا۔ (ھود:۴۱) اور نوح نے کہا: اس کشتی میں سوار ہو جاؤ، اس کا چلنا اور ٹھہرنا اللہ ہی کے نام سے ہے۔

پہلی قراءت میں مُجْرٰها وَمُرْسٰها ہے اور یہ دونوں باب افعال سے مصدر میمی ہیں، یعنی کشتی کو چلانا اور روکنا اللہ ہی کے نام

سے ہے۔ دوسری قراءت مَجْرٰهَا وَ مَرْسٰهَا ہے۔ اس میں میم پر زبر ہے یعنی کشتی کا چلنا اور رکنا اللہ ہی کے نام سے ہے۔ تیسری قراءت مُجْرِيْهَا وَ مُرْسِيْهَا ہے۔ اس قراءت میں دونوں باب افعال سے اسم فاعل کے صیغے ہیں۔ اس کا معنی یہ ہے کہ کشتی کا چلانے والا اور ٹھہرانے والا اللہ ہی ہے۔ امام بخاری نے ہماری قراءت کی طرف اشارہ نہیں کیا، یعنی مَجْرٖىهَا وَ مُرْسٰهَا جیسا کہ ہود:۴۱ میں ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۶۳۴، دار المعرفۃ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۴۔ بَابٌ: وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝ (هود:۱۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور تمام گواہ یہ کہیں گے: یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ باندھا تھا، سنو! ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے ○ (ھود:۱۸) کی تفسیر

اشہاد کا واحد شاہد ہے جیسے اصحاب کا واحد صاحب ہے۔

۴۶۸۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ وَهِشَامٌ قَالَا حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ قَالَ بَيْنَا ابْنُ عُمَرَ يَطُوْفُ إِذْ عَرَضَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَوْ قَالَ يَا ابْنَ عُمَرَ سَمِعْتَ النَّبِيَّ ﷺ فِي النَّجْوٰى فَقَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ يُدْنَى الْمُؤْمِنُ مِنْ رَبِّهِ وَقَالَ هِشَامٌ يَدْنُو الْمُؤْمِنُ حَتّٰى يَضَعَ عَلَيْهِ كَنَفَهُ فَيُقَرِّرُهُ بِذُنُوْبِهِ تَعْرِفُ ذَنْبَ كَذَا يَقُوْلُ أَعْرِفُ يَقُوْلُ رَبِّ أَعْرِفُ مَرَّتَيْنِ فَيَقُوْلُ سَتَرْتُهَا فِي الدُّنْيَا وَأَغْفِرُهَا لَكَ الْيَوْمَ ثُمَّ تُطْوٰى صَحِيْفَةُ حَسَنَاتِهِ وَأَمَّا الْآخَرُوْنَ أَوِ الْكُفَّارُ فَيُنَادٰى عَلٰى رُؤُسِ الْأَشْهَادِ ﴿هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝﴾ (هود:۱۸) وَقَالَ شَيْبَانُ عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں مسدد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یزید بن زریع نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سعید اور ہشام نے حدیث بیان کی، ان دونوں نے کہا: ہمیں قتادہ نے حدیث بیان کی از صفوان بن محرز، وہ بیان کرتے ہیں: جب حضرت ابن عمر طواف کر رہے تھے تو ان کے پاس ایک مرد آیا، سو اس نے کہا: اے ابو عبد الرحمٰن! یا کہا: اے ابن عمر! کیا آپ نے النجوٰی (سرگوشی) کے متعلق نبی ﷺ سے کچھ سنا ہے؟ حضرت ابن عمر نے کہا: میں نے نبی ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ مومن کو اس کے رب کے قریب کیا جائے گا، اور ہشام نے کہا: مومن قریب ہوگا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ اس کے اوپر اپنی رحمت کا پر رکھ دے گا، پھر اس سے اس کے گناہوں کا اقرار کرائے گا: تم فلاں گناہ کو پہچانتے ہو؟ وہ کہے گا: اے میرے رب! میں پہچانتا ہوں اور وہ دو مرتبہ کہے گا: میں پہچانتا ہوں، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں نے دنیا میں تمہارا پردہ رکھا تھا اور آج میں تم کو بخش دیتا ہوں، پھر اس کی نیکیوں کا صحیفہ لپیٹ دیا جائے گا۔ رہے دوسرے لوگ یا کفار تو ان کو گواہوں کے سروں پر پکارا جائے گا کہ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کے اوپر جھوٹ باندھا تھا۔ سنو! لعنت ہے اللہ کی ظالموں پر ○ (ہود:۱۸) اور شیبان نے کہا: از قتادہ: ہمیں صفوان نے حدیث بیان کی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۴۴۱ میں گزر چکی ہے۔

النجوٰی اور کَنَفٌ کا معنی

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اَلنَّجْوٰی: یہ اللہ تعالیٰ اور مومنین کے درمیان مناجات ہے۔ اس کو نجویٰ اس لئے فرمایا کہ یہ کفار کی ندا کے مقابلہ میں ہے، ان کو لوگوں کے سروں پر سے ندا کی جائے گی۔

کَنَفَهٗ: یعنی وہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی رحمت کے سائے میں ہوگا۔ ابن اثیر نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس پر اپنی رحمت کا پردہ رکھے گا، یعنی اس کو چھپالے گا اور کَنَفٌ کا معنی ہے: قرب یعنی اللہ تعالیٰ اس کو قریب کرلے گا اور حقیقت میں یہ دونوں معانی اللہ کے لئے محال ہیں اور یہ حدیث متشابہات میں سے ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۴۰۳)

۵۔ بَابٌ: وَ كَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ۝ (ھود: ۱۰۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور آپ کے رب کی گرفت اسی طرح ہوتی ہے جب وہ بستیوں پر اس حال میں گرفت کرتا ہے کہ وہ ظلم کر رہی ہوتی ہیں، بے شک اس کی گرفت دردناک شدید ہے ○ (ھود: ۱۰۲) کی تفسیر

اس آیت کا خلاصہ یہ ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے پچھلی امتوں کو ہلاک کیا، اور ان کو عذاب میں گرفتار کیا اسی طرح جن بستیوں کے رہنے والے اللہ کی نافرمانی کر کے اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں، ان کو بھی اللہ تعالیٰ اپنے عذاب میں گرفتار کرلے گا۔

اَلرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ الْعَوْنُ الْمُعِيْنُ رَفَدْتُهٗ أَعَنْتُهٗ۔ اَلرِّفْدُ الْمَرْفُوْد رَفَدْتُهٗ: کا معنی ہے: میں نے اس کی مدد کی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ۝ (ھود: ۹۹)

اور اس دنیا میں بھی لعنت ان کے پیچھے لگا دی گئی، اور قیامت کے دن بھی ان کو کیسا برا انعام دیا گیا ○

امام بخاری نے اَلرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ کی تفسیر اَلْعَوْنُ الْمُعِيْن سے کی ہے، یعنی وہ بری مدد اور برا انعام ہے۔ علامہ زمخشری نے بھی اسی طرح تفسیر کی ہے۔

تَرْكَنُوْٓا تَمِيلُوا۔ تَرْكَنُوْٓا: یعنی تم دل سے میلان اور محبت کرو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ۔ (ھود: ۱۱۳)

اور تم ان لوگوں سے میل جول نہ رکھو جنہوں نے ظلم کیا ہے ورنہ تمہیں بھی (دوزخ کی) آگ لگ جائے گی۔

حضرت ابن عباس نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ تم ان ظالموں کے ساتھ دل سے محبت نہ رکھو اور ان کے ساتھ نرمی سے کلام نہ کرو۔

فَلَوْلَا كَانَ فَهَلَّا كَانَ۔ فَلَوْلَا كَانَ: فَهَلَّا كَانَ یعنی ایسا کیوں نہ ہوا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ۔ (ھود: ۱۱۶)

پس تم سے پہلی امتوں میں ایسے نیک لوگ کیوں نہ ہوئے۔

Marfat.com

اس کی نظیر یہ آیت ہے:

وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ۔ (بنی اسرائیل:۷۴) اور اگر (بالفرض) ہم آپ کو ثابت قدم نہ رکھتے تو قریب تھا کہ آپ ان کی طرف مائل ہو جاتے۔

أُتْرِفُوا أُهْلِكُوا۔ أُتْرِفُوا: اس کا معنی ہے: وہ ہلاک کر دیئے گئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ۝ (ھود:۱۱۶) اور ظالموں نے اس عیش ونشاط کی پیروی کی جس پر وہ جمے ہوئے تھے اور وہ لوگ مجرم تھے O

امام بخاری نے اُترفوا کی تفسیر کی ہے کہ وہ ہلاک کر دیئے گئے حالانکہ اِتْرَاف کا معنی ہے: ناز ونعمت اور عیش ونشاط، پس شاید امام بخاری کی مراد یہ ہے کہ اس عیش ونشاط نے ان کو سرکش بنا دیا اور وہ ہلاک کر دیئے گئے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ زَفِيْرٌ وَشَهِيْقٌ شَدِيْدٌ وَصَوْتٌ ضَعِيْفٌ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: زفیر اور شہیق کا معنی ہے: بلند آواز اور پست آواز۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ۝ (ھود:۱۰۶) رہے بدبخت لوگ تو وہ دوزخ میں ہوں گے، اور ان کے لئے اس میں چیخنا اور چلانا ہوگا O

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: زَفِيْر سخت آواز ہے اور شَهِيْق پست آواز ہے اور تفسیر میں مذکور ہے کہ یہ دونوں مکروہ آوازیں ہیں، یعنی مفسرین نے کہا کہ زفیر گدھے کی آواز ہے اور شہیق خچر کی آواز ہے۔ امام ابو العالیہ نے کہا: زفیر وہ آواز ہے جو حلق سے نکلتی ہو اور شہیق وہ آواز ہے جو سینے سے نکلتی ہو۔

۴۶۸۶۔ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى رضی الله عنه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِنَّ اللهَ لَيُمْلِي لِلظَّالِمِ حَتَّى إِذَا أَخَذَهُ لَمْ يُفْلِتْهُ قَالَ ثُمَّ قَرَأَ وَكَذَلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرَى وَهِيَ ظَالِمَةٌ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيمٌ شَدِيدٌ۔

(صحیح مسلم:۲۵۸۳، ترمذی:۳۱۱۰، ابن ماجہ:۴۰۱۸)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں صدقہ بن الفضل نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو معاویہ نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں برید بن ابو بردہ نے حدیث بیان کی از ابی بردہ از حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ظالم کو ڈھیل دیتا رہتا ہے حتیٰ کہ جب اس کو پکڑ لیتا ہے تو اس کو نہیں چھوڑتا، پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: اور آپ کے رب کی گرفت اسی طرح ہوتی ہے، جب وہ بستیوں پر اس حال میں گرفت کرتا ہے کہ وہ ظلم کر رہی ہوتی ہیں، بے شک اس کی گرفت دردناک شدید ہے O (ھود:۱۰۲)

۶۔ بَابٌ: وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور دن کی دونوں طرفوں میں اور (ابتدائی) رات کے کچھ حصوں میں نماز قائم رکھئے، بے

Marfat.com

ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ۝ (ھود: ۱۱۴)

شک نیکیاں گناہوں کو مٹا دیتی ہیں، یہ ان لوگوں کے لیے نصیحت ہے جو نصیحت قبول کرنے والے ہیں O (ھود: ۱۱۴) کی تفسیر

دن کی دو طرفوں کا بیان اور زلفا من الیل کا معنی

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ: اس آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خطاب ہے کہ آپ دن کی دو طرفوں میں نماز پڑھیں۔ دن کی دو طرفوں سے مراد فجر اور مغرب ہے۔ ایک قول ہے کہ ظہر اور عصر ہے اور دوسرا قول ہے کہ فجر اور ظہر ہے، یعنی ان میں پوری طرح رکوع اور سجود کریں۔ نماز کا خصوصیت سے اس لئے ذکر ہے کہ ایمان کے بعد نماز پڑھنے کا حکم ہے اور انسان مصائب سے گھبرا کر نماز کی پناہ میں آتا ہے۔

وَ زُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ: اور رات کے قریب نماز پڑھیے یعنی دن کی ان ساعات میں نماز پڑھیے جو رات کے قریب ہیں۔ صلوۃُ الزلف مغرب اور عشاء کی نمازیں ہیں کیونکہ زُلَف کے معنی قریب ہیں۔

بے شک نیکیاں گناہوں کو مٹا دیتی ہیں: نیکیوں سے مراد ہے: پانچ نمازیں اور ایک قول ہے: سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر۔ عطاء نے کہا: یہ باقیات صالحات ہیں اور سَیِّئات سے مراد ہے: گناہ صغیرہ۔

یہ نصیحت قبول کرنے والوں کے لئے نصیحت ہے: یعنی پانچ نمازیں اور ایک قول ہے: قرآن مجید کی تلاوت اور دوسرا قول ہے نیکی پر قائم رہنا، برائیوں سے بچنا اور الذکریٰ کے معنی ہیں: توبہ اور دوسرا قول ہے: نصیحت۔ اس کو نصیحت قبول کرنے والوں کے ساتھ خصوصیت سے ذکر کیا اس لئے کہ وہی اس نصیحت سے فائدہ اٹھانے والے ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۴۰۵)

اور زُلَفًا کا معنی ہے: ساعات کے بعد ساعات اس سے ماخوذ کر کے اَلْمُزْدَلِفَہ کا نام رکھا گیا ہے۔ اَلزُّلْفٰی کا معنی ہے: ایک منزل کے بعد دوسری منزل اور رہا زُلْفٰی تو یہ قُرْبٰی کا مصدر ہے، اِزْدَلَفُوْا کا معنی ہے: وہ جمع ہو گئے۔ اَزْلَفْنَا کا معنی ہے: ہم جمع ہو گئے۔

زلفاً مِّنَ الَّيْلِ: یہ زُلْفَةٌ کی جمع ہے جیسے ظُلْمَةٌ کی جمع ظُلَمٌ۔

اسی سے ماخوذ کر کے اَلْمُزْدَلِفَةُ کا نام رکھا گیا ہے کیونکہ اس میں لوگ رات کے اوقات میں آتے ہیں۔ ایک قول ہے: لوگ اس میں اللہ کا قرب حاصل کرنے کے لئے اور اللہ کے نزدیک مرتبہ پانے کے لئے آتے ہیں۔ دوسرا قول ہے: کیونکہ لوگ اس میں جمع ہوتے ہیں۔ تیسرا قول ہے: کیونکہ اس میں کئی منازل ہیں۔ الجوہری نے کہا ہے: اَلزُّلْفَةُ اور اَلزُّلْفٰی اس کا معنی ہے: قربت اور منزلت۔

اِزْدَلَفُوْا کا معنی ہے: اجتمعوا۔ اس میں یہ اشارہ ہے کہ ازدلاف اجتماع کے معنی میں آتا ہے اور یہ آگے بڑھنے کے معنی میں بھی آتا ہے۔ کہا جاتا ہے: قومٌ ازدلفوا اِلی الحَرْبِ یعنی وہ لوگ جنگ کی طرف آگے بڑھے۔

اَزْلَفْنَا کا معنی ہے: ہم جمع ہو گئے، قرآن مجید میں ہے: وَ اَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ ۝ (شعراء: ۶۴) اور اس جگہ ہم فرعون کو قریب لائے پھر دوسروں کو O

اور زُلْفٰی کا معنی قُرْبٰی ہے اور اس کی مثال یہ آیت ہے:

وَ اِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَ حُسْنَ مَاٰبٍ ۝ (ص: ۲۵)

اور بے شک ان کے لئے ہمارے پاس ضرور قرب خاص اور

Marfat.com

بہترین ٹھکانا ہے O

(عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۴۰۵، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۶۸۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَزِيدُ هُوَ ابْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رضی الله عنه أَنَّ رَجُلًا أَصَابَ مِنِ امْرَأَةٍ قُبْلَةً فَأَتَى رَسُولَ اللهِ ﷺ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ فَأَنْزَلَتْ عَلَيْهِ ﴿وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَ زُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ۝﴾ (هود: ۱۱۴) قَالَ الرَّجُلُ أَلِيَ هَذِهِ قَالَ لِمَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ أُمَّتِي

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں مسدد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یزید نے حدیث بیان کی وہ ابن زریع ہیں، انہوں نے کہا: ہمیں سلیمان تیمی نے حدیث بیان کی از ابی عثمان از حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرد نے ایک عورت کا بوسا لے لیا، پس وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور آپ سے اس کا ذکر کیا تو آپ پر یہ آیت نازل ہوئی: اور دن کی دونوں طرفوں میں اور (ابتدائی) رات کے کچھ حصوں میں نماز قائم رکھیے۔ بے شک نیکیاں، گناہوں کو مٹا دیتی ہیں۔ یہ ان لوگوں کے لئے نصیحت ہے جو نصیحت قبول کرنے والے ہیں O (ھود: ۱۱۴) اس مرد نے کہا کیا یہ صرف میرے لئے ہے۔ آپ نے فرمایا میری امت میں سے جو بھی اس پر عمل کرے اس کے لئے ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۵۲۶ میں گزر چکی ہے، تاہم چند ضروری امور بیان کئے جا رہے ہیں:

بوسا لینے والے مرد کا نام اور ان کا مختصر تذکرہ

علامہ بدرالدین محمود احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

ایک مرد نے ایک عورت کا بوسا لے لیا: اس مرد کا نام کعب بن عمرو ہے اور اس کی کنیت ابوالیسر ہے۔ اس حدیث کی ابن ابی خیثمہ نے روایت کی ہے۔ انہوں نے کہا: انصار کا ایک مرد جسے معتب کہا جاتا تھا، ایک قول ہے: اس کا نام نبہان التمار (کھجور فروش) تھا۔ دوسرا قول ہے: اس کا نام عمرو بن غزیہ تھا، وہ بیت عقبہ کے بعد غزوہ بدر میں حاضر ہوئے تھے اور ان کی عمر بیس (۲۰) سال تھی، یہ وہی ہیں جنہوں نے غزوۂ بدر میں عباس بن عبدالمطلب کو گرفتار کیا تھا، ان کا قد چھوٹا تھا اور یہ دبلے تھے اور عباس طویل قامت تھے اور فربہ تھے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک ایک معزز فرشتہ نے تمہاری مدد کی ہے۔ یہ وہی ہیں جنہوں نے مشرکین سے ان کا جھنڈا چھین لیا تھا، یہ جنگ صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے۔ ان کا شمار اہل مدینہ میں ہوتا تھا۔ نبہان التمار کی حدیث کی امام ثعلبی وغیرہ نے روایت کی ہے۔ حضرت ابن عباس نے بیان کیا کہ نبہان التمار کے پاس ایک خوبصورت عورت کھجور خریدنے کے لئے آئی تو انہوں نے اس کو کولہوں پر ضرب لگائی، پھر وہ نادم ہوئے اور رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے تو آپ نے فرمایا: تم غازی فی سبیل اللہ کی بیوی کو چھیڑنے سے اجتناب کرو تو، پھر وہ بہت روئے اور روزے رکھے اور قیام کیا، پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

﴿وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ (آل عمران: ۱۳۵)

اور وہ لوگ کہ جب وہ بے حیائی کا کام کریں یا اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اللہ کو یاد کر کے اپنے گناہوں کی معافی طلب کریں۔

Marfat.com

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مرد کو اس کی خبر دی تو اس نے اللہ تعالیٰ کی حمد کی، پھر اس نے کہا: یا رسول اللہ! میری توبہ قبول ہوگئی ہے تو میں اللہ تعالیٰ کا شکر کس طرح ادا کروں۔ تب یہ آیت نازل ہوئی: اور دن کی دونوں طرفوں میں اور (ابتدائی) رات کے کچھ حصوں میں نماز قائم رکھیے، بے شک نیکیاں گناہوں کو مٹا دیتی ہیں یہ ان لوگوں کے لئے نصیحت ہے جو نصیحت قبول کرنے والے ہیں ○ (ھود: ۱۱۴) اس مرد نے کہا: کیا یہ صرف میرے لئے ہے: یعنی کیا یہ آیت میرے ساتھ مختص ہے کہ میرا نماز پڑھنا میرے گناہ کو مٹانے والا ہے یا یہ حکم پوری امت کے لئے ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں یہ حکم پوری امت کے لئے ہے۔

اگر تم یہ سوال کرو کہ سنن دار قطنی کے اندر ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے اپنے بارے میں پوچھا کیا یہ صرف ان کے لیے ہے یا تمام لوگوں کے لئے ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ حدیث متعدد سوال کرنے والوں پر معمول ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۴۰۶، دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۱ھ)

سورۂ ھود کی تفسیر ختم، ہوئی اب سورۂ یوسف کی تفسیر شروع ہوگی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۲۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ یُوْسُفَ

سورۂ یوسف کی تفسیر

سورۂ یوسف کا تعارف

ابوالعباس نے مقامات التنزیل میں کہا ہے کہ سورۂ یوسف پوری مکی ہے اور ہمیں اس میں کوئی اختلاف نہیں پہنچا اور حضرت ابن عباس اور قتادہ سے روایت ہے کہ چار آیتوں کے سوا سورۂ یوسف مکہ میں نازل ہوئی، ان میں سے تین آیتیں سورۂ یوسف کی پہلی آیات ہیں اور چوتھی آیت یہ ہے: لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآىِٕلِيْنَ ۝ (یوسف: ۷)

اس سورت کے نزول کا سبب یہ ہے کہ یہود نے حضرت یعقوب اور حضرت یوسف علیہما السلام کے متعلق سوال کیا تھا تو یہ سورت نازل ہوئی۔

وَقَالَ فُضَيْلٌ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ مُجَاهِدٍ مُتَّكَأً الْأُتْرُجُّ قَالَ فُضَيْلٌ الْأُتْرُجُّ بِالْحَبَشِيَّةِ مُتْكًا وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ مُجَاهِدٍ مُتْكًا قَالَ كُلُّ شَيْءٍ قُطِعَ بِالسِّكِّيْنِ۔

اور فضیل نے از حصین از مجاہد کہا کہ مُتَّكَأً کا معنی ہے: اُتْرُجّ یعنی سنترہ یا نارنگی، فضیل نے کہا: اُتْرُجّ حبشی زبان میں مُتکا کو کہتے ہیں اور ابن عیینہ نے از ایک مرد از مجاہد کہا: مُتکا ہر وہ چیز ہے جس کو چھری سے کاٹا جائے۔

علامہ بدرالدین عینی اس تعلیق کی شرح میں اور اس باب میں مذکور دیگر تعلیقات کی شرح میں لکھتے ہیں:

فُضَیْل: یہ فَضْل کی تصغیر ہے، ان کا پورا نام ہے: فضل بن عیاش بن موسیٰ بن علی، یہ سمرقند میں پیدا ہوئے تھے اور ابی ورد میں ان کی نشوونما ہوئی اور کوفہ میں انہوں نے حدیث لکھی، پھر مکہ مکرمہ میں منتقل ہو گئے اور وہیں پر قیام کیا حتیٰ کہ انہوں نے ۱۸۷ھ میں وفات پائی، ان کی قبر مکہ میں ہے جس کی زیارت کی جاتی ہے اور حصین کا پورا نام حصین بن عبدالرحمٰن السلمی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ۔ (یوسف: ۳۱)

جب اس عورت نے ان عورتوں کی نکتہ چینی سنی تو اس نے ان کو بلوایا اور اس نے ان کے لئے تکیے سجا کر ایک محفل منعقد کی اور ان میں سے ہر ایک کو ایک چھری دے دی اور (یوسف سے) کہا: ان کے سامنے باہر آؤ۔

مُتَّكَاً کی تفسیر مجاہد نے کی ہے کہ اس سے مراد اُتْرُجّ ہے یعنی سنترہ یا نارنگی اور علامہ زمخشری نے کہا ہے کہ مُتَّكَاً سے مراد وہ گدے ہیں جن پر ٹیک لگا کر بیٹھتے ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ مُتَّكَاً کا معنی ہے: طعام کی مجلس کیونکہ اس میں کھانے، پینے اور باتیں کرنے کے لئے تکیے سے ٹیک لگا کر بیٹھتے تھے جس طرح امراء کی عادت ہوتی ہے۔ اسی لئے آپ نے لوگوں کو ٹیک لگا کر کھانے سے منع فرمایا ہے اور مجاہد سے دوسری تفسیر یہ مروی ہے کہ مُتَّكَاً اس طعام کو کہتے ہیں جسے کاٹ کاٹ کر کھایا جاتا ہے گویا کہ معنی یہ

ہے کہ وہ چھری پر اعتماد کرتے تھے کیونکہ کاٹنے والا کاٹنے والی چیز کے لیے چھری کا سہارا لیتا ہے۔

اور ابن عیینہ نے کہا: یہ سفیان بن عیینہ ہیں از ایک مرد اور وہ مجہول ہے از مجاہد مُتَّكَأً اور یہ ہر وہ چیز ہے جسے چھری سے کاٹا جائے۔

وَقَالَ قَتَادَةُ لَذُوْ عِلْمٍ لِمَا عَلَّمْنَاهُ عَامِلٌ بِمَا عَلِمَ۔ قتادہ نے کہا: لَذُوْ عِلْمٍ اس کا معنی ہے: جو اپنے علم کے تقاضے پر عمل کرے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ۔ (یوسف:۶۸) بے شک وہ صاحب علم تھے کیوں کہ ہم نے ان کو علم عطا کیا تھا۔

اِنَّهٗ کی ضمیر حضرت یعقوب علیہ السلام کی طرف راجع ہے کیونکہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے کہا تھا: اے میرے بیٹو! ایک دروازے سے مت داخل ہونا اور الگ الگ دروازوں سے داخل ہونا اور میں تم کو اللہ کی تقدیر سے بالکل بچا نہیں سکتا۔ (یوسف:۶۷)

وَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ صُوَاعَ الْمَلِكِ مَكُّوكُ الْفَارِسِيِّ الَّذِيْ يَلْتَقِيْ طَرَفَاهُ كَانَتْ تَشْرَبُ بِهِ الْأَعَاجِمُ۔ اور سعید بن جبیر نے کہا: صُوَاعَ اس کا معنی ہے: اہل فارس کا ایک پیالہ جس کی دونوں جانبیں ایک دوسرے کے ساتھ ملی ہوئی ہوتی تھیں، عجمی لوگ اس میں پانی پیتے تھے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَ لِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّ اَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ۝ (یوسف:۷۲) کارندوں نے کہا: بادشاہ کا پیالہ گم ہو گیا ہے اور جو اس کو لے کر آئے گا اس کو غلہ سے لدا ہوا ایک اونٹ ملے گا اور میں اس کا ضامن ہوں ○

سعید بن جبیر نے کہا: بادشاہ کا پیمانہ چاندی کا پیالہ تھا جس میں وہ پانی پیتے تھے، حضرت عباس کے پاس بھی زمانہ جاہلیت میں ایسا پیالہ تھا۔ زید بن زید نے کہا: یہ سونے کا پیالہ تھا۔ امام ابن اسحاق نے کہا: یہ چاندی کا پیالہ تھا اور اس میں جواہر جڑے ہوئے تھے۔ حضرت یوسف علیہ السلام اس پیالے سے ناپ ناپ کر غلہ دیتے تھے اور اسی سے پانی پیتے تھے۔ علامہ ابن اثیر نے کہا ہے کہ المکوک پیمانے کا نام ہے اور مختلف شہروں میں لوگوں کی اصطلاح سے اس کی مقدار مختلف ہوتی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک مکوک پانی سے وضوء کرتے تھے یعنی ایک لیٹر پانی سے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ تُفَنِّدُوْنِ تُجَهِّلُوْنِ۔ حضرت ابن عباس نے کہا: تُفَنِّدُوْن کا معنی ہے: تم مجھے جاہل قرار دیتے ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ لَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ لَوْلَاۤ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ۝ (یوسف:۹۴) اور جب قافلہ (مصر سے) روانہ ہوا تو ان کے باپ نے کہا: اگر تم یہ نہ کہو کہ بوڑھا سٹھیا گیا ہے تو مجھے یوسف کی خوشبو آ رہی ہے ○

امام ابوعبیدہ نے کہا: لولا ان تُفَنِّدُوْن کا معنی ہے: اگر تم مجھے بے وقوف نہ قرار دو اور مجاہد نے کہا: اگر تم یہ نہ کہو کہ آپ کی عقل ضائع ہو چکی ہے۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کو تین دن کی مسافت سے حضرت یوسف علیہ السلام کی خوشبو آ گئی تھی۔

وَقَالَ غَيْرُهٗ غَيَابَةٌ كُلُّ شَيْءٍ غَيَّبَ عَنْكَ شَيْئًا فَهُوَ غَيَابَةٌ۔ حضرت ابن عباس کے غیر نے کہا کہ غَيَابَةُ الْجُبِّ کا معنی ہے: ہر وہ چیز جو تم سے تھوڑی سی بھی غائب ہو تو وہ غیابت ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ۔ اور اس کو کسی اندھے کنوئیں کی گہرائی میں ڈال دو اس کو کوئی قافلہ والا اٹھالے گا۔ (یوسف:۱۰)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے کہا ہے: یہ حضرت ابن عباس کا کلام نہیں ہے بلکہ یہ امام ابوعبیدہ کا کلام ہے۔ (فتح الباری ج ۸ ص ۶۴۰)

علامہ بدر الدین عینی اس عبارت پر مواخذہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ امام ابوعبیدہ کا کلام ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ حضرت ابن عباس کا کلام نہ ہو بلکہ ہوسکتا ہے کہ یہ حضرت ابن عباس کا کلام ہو اور اس کو امام ابوعبیدہ نے بھی نقل کیا ہو۔

(عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۳۱۰)

ثعلبی نے کہا ہے کہ غَيَابَةَ الجبّ کا معنی ہے: کنویں کی گہرائی اور اس کا اندھیرا جہاں اس کی خبر غائب ہوجاتی ہے اور قتادہ نے کہا: اس کا معنی ہے: کنویں کا نچلا حصہ اور اس کی اصل غیبوبت ہے۔

وَالْجُبُّ الرَّكِيَّةُ الَّتِي لَمْ تُطْوَ۔ اور جُبّ کا معنی ہے: وہ کنواں جس کی منڈیر نہ ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ۔ (یوسف:۱۰) اور اس کو کسی اندھے کنوئیں کی گہرائی میں ڈال دو۔

قَلِيْب کا معنی بھی وہ کنواں ہے جس کی منڈیر نہ ہو۔ الجوہری نے کہا ہے: قلیب وہ کنواں ہے جس کی منڈیر نہ ہو۔ اس کو جُبّ اس لئے کہتے ہیں گویا کہ اس کو کاٹا گیا ہے۔

بِمُؤْمِنٍ لَنَا بِمُصَدِّقٍ۔ بِمُؤْمِنٍ لَنَا اس کا معنی ہے: آپ ہماری تصدیق کرنے والے نہیں ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ۝ (یوسف:۱۷) اور ہم نے یوسف کو اپنے سامان کے پاس چھوڑ دیا تھا، پس اس کو بھیڑیئے نے کھالیا اور آپ ہماری بات ماننے والے نہیں ہیں خواہ ہم سچے ہوں ○

اس آیت کا معنی یہ ہے کہ آپ ہمارے کلام کی تصدیق کرنے والے نہیں ہیں اور تفسیر میں مذکور ہے: اور آپ ہماری تصدیق کرنے والے نہیں ہیں کیونکہ آپ ہمارے ساتھ برا گمان رکھتے ہیں اور ہم پر تہمت لگاتے ہیں حالانکہ یہ قمیص خون آلود ہے۔

أَشُدَّهُ قَبْلَ أَنْ يَأْخُذَ فِي النُّقْصَانِ يُقَالُ بَدَغَ أَشُدَّهُ وَبَلَغُوا أَشُدَّهُمْ وَقَالَ بَعْضُهُمْ وَاحِدُهَا شَدٌّ۔ أَشُدَّهُ کا معنی ہے: قبل اس کے کہ اس میں کمی شروع ہو، کہا جاتا ہے: بَدَغَ اَشُدَّهُ یعنی وہ اپنی نشوونما کے کمال کو پہنچ گیا اس سے پہلے کہ اس میں کمی شروع ہوتی اور انہوں نے کہا: بَدَغَ اَشُدَّهُ اور بَلَغُوا اَشُدَّهُمْ اور بعض نے کہا: اس کا واحد شَدٌّ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا۔ یوسف:۲۲) اور جب وہ پختگی کی عمر کو پہنچے تو ہم نے ان کو فیصلہ کی قوت اور علم عطا کیا۔

Marfat.com

امام بخاری نے اَشُدَّہٗ کی تفسیر کی ہے کہ اس سے پہلے کہ اس میں کمی شروع ہو۔ اس سے امام بخاری نے یہ ارادہ کیا ہے کہ وہ اپنے شباب کی انتہاء کو پہنچ گیا اور امام مالک سے منقول ہے کہ وہ بلوغت کی عمر کو پہنچ گیا اور سعید بن جبیر سے منقول ہے کہ وہ اٹھارہ سال کی عمر کو پہنچ گیا۔ یہاں پر کئی اقوال ہیں جو ساٹھ سال کی عمر تک کے ہیں۔ علامہ ابن التین نے کہا ہے کہ زیادہ ظاہر یہ ہے کہ یہ چالیس سال کی عمر ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور جب وہ پختگی کی عمر کو پہنچے تو ہم نے ان کو فیصلہ کرنے کی قوت اور علم عطا کیا (یوسف: ۲۲) اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر نبی کو چالیس سال کے بعد نبوت عطا کی گئی ہے۔ بعض علماء نے اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اور حضرت یحییٰ علیہ السلام کو چالیس سال سے کم عمر میں نبوت عطا کر دی گئی کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ۝ (مریم: ۱۲) اور ہم نے ان کو بچپن میں نبوت عطا کی O

علامہ عینی نے کہا کہ یہ دونوں اس وصف کے ساتھ مخصوص ہیں بہ خلاف تمام انبیاء کے۔

میں کہتا ہوں کہ ہمارے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی بچپن میں نبوت عطا کی گئی تھی (یعنی روح مع الجسد والی نبوت) اور اس پر دلیل یہ حدیث ہے: عتبہ بن عبد السلمی نے بیان کیا کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا: یا رسول اللہ! آپ کی نبوت کی پہلی نشانی کیا تھی؟ آپ نے فرمایا: میں بنو سعد بن بکر کے ہاں اپنی دایہ کے پاس تھا، میں اور ان کا بیٹا بکریاں چرانے لگے، ہم نے اپنے ساتھ ناشتہ نہیں لیا تھا، میں نے کہا: اے بھائی! جاؤ ہماری ماں کے پاس سے ناشتہ لے آؤ، میرا بھائی چلا گیا اور میں بکریوں کے پاس رہا، پھر گدھ کی طرح دو سفید پرندے آئے، ایک نے دوسرے سے کہا: کیا یہ وہی ہے؟ اس نے کہا: ہاں! پھر وہ دونوں میری طرف جھپٹے، ان دونوں نے مجھے پکڑ کر زمین پر پیٹھ کے بل گرا دیا، پھر انہوں نے میرا سینہ چاک کیا اور میرا دل نکالا اور اس سے دو سیاہ لوتھڑے نکالے، پھر ایک نے دوسرے سے کہا: برف کا پانی لاؤ، پھر انہوں نے اس پانی سے میرے پیٹ کو دھویا، پھر کہا: ٹھنڈا پانی لاؤ، پھر کہا: چھری لاؤ، پھر ٹھنڈا پانی میرے دل پر چھڑکا، پھر کہا، اس دل کو سیو اور اس پر نبوت کی مہر لگا دو، پھر ایک نے دوسرے سے کہا ان کو ایک پلڑے میں رکھو اور ان کی امت کو دوسرے پلڑے میں رکھو، پھر میں اپنے اوپر ہزاروں آدمیوں کو دیکھ رہا تھا اور مجھے ڈر تھا کہ ان میں سے بعض مجھ پر گر پڑیں گے، پھر ان میں سے کسی نے کہا: اگر ان کا امت کے ساتھ وزن کیا گیا تو ان کا پلڑا بھاری ہوگا، پھر میں اپنی رضاعی ماں کے پاس گیا اور ان کو اس واقعہ کی خبر دی، ان کو یہ خطرہ ہوا کہ کہیں مجھ پر کوئی افتاد آ جائے گی، انہوں نے کہا: میں تمہیں اللہ کی پناہ میں دیتی ہوں، وہ اپنے اونٹ پر سوار ہوئیں اور مجھے اپنے پیچھے پالان پر بٹھایا حتیٰ کہ ہم میری والدہ (رضی اللہ عنہا) تک پہنچ گئے، میری رضاعی ماں نے کہا: کیا میں نے اپنی امانت ادا کر دی اور اپنے ذمہ کو پورا کر دیا؟ اور وہ واقعہ بیان کیا جو مجھے پیش آیا تھا۔ میری والدہ اس سے خوف زدہ نہیں ہوئیں اور فرمایا: میں نے دیکھا تھا کہ مجھ سے ایک نور نکلا تھا جس سے شام کے محلات روشن ہو گئے تھے۔ (مسند احمد ج ۴ ص ۱۸۵-۱۸۴ طبع قدیم، مسند احمد ج ۲۹ ص ۱۹۶-۱۹۵۔ سنن دارمی: ۱۳، الاحاد والمثانی: ۱۳۶۹، مسند الشامیین: ۱۱۸۱، المستدرک ج ۲ ص ۶۱۷-۶۱۶، تاریخ دمشق ج ۱ ص ۳۷۶، الوفاء لابن الجوزی ص ۱۰۸، دلائل النبوۃ للبیہقی ج ۲ ص ۷، مجمع الزوائد: ۱۳۸۴۱، حافظ الہیثمی نے کہا: امام احمد کی سند حسن ہے، البدایہ والنہایہ ج ۲ ص ۳۳۳ دار الفکر، بیروت، ۱۴۱۸ھ)

اس حدیث میں یہ تصریح ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بچپن میں شق صدر کیا گیا اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شق صدر کے اس واقعہ کو اپنی نبوت کی نشانی قرار دیا اور اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ آپ کو روح مع الجسد والی نبوت بچپن میں عطا کر دی گئی تھی اور اس میں نبوت کا ثبوت ہے اور نبوت کے احکام اس وقت جاری ہوئے جب آپ کی عمر کے چالیس سال پورے ہو گئے اور آپ کو اعلان نبوت کا حکم دیا گیا۔

اس مسئلہ کی زیادہ تحقیق ہم نے سورۂ الم نشرح: ۱ کے تحت تفسیر تبیان القرآن ج ۱۲ ص ۸۴۲ میں لکھی ہے۔

Marfat.com

امام بخاری نے کہا کہ کہا جاتا ہے: بَلَغَ اَشُدَّهٗ اور بَلَغُوْا اَشُدَّهُمْ، امام بخاری نے اس قول سے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ اس کی اضافت مفرد اور جمع دونوں کی طرف لفظ واحد سے کی جاتی ہے اور امام بخاری نے کہا: بعض نے کہا: اس کا واحد اَشُدَّ ہے، اس بات سے مراد سیبویہ اور کسائی ہیں اور امام ابوعبیدہ نے کہا: اس کا واحد اس لفظ سے نہیں آتا۔

وَالْمُتَّكَأُ مَا اتَّكَأْتَ عَلَيْهِ لِشَرَابٍ أَوْ لِحَدِيثٍ أَوْ لِطَعَامٍ وَأَبْطَلَ الَّذِي قَالَ الْأُتْرُجُّ وَلَيْسَ فِي كَلَامِ الْعَرَبِ الْأُتْرُجُّ فَلَمَّا احْتُجَّ عَلَيْهِمْ بِأَنَّهُ الْمُتَّكَأُ مِنْ نَمَارِقَ فَرُّوا إِلَى شَرٍّ مِنْهُ فَقَالُوا إِنَّمَا هُوَ الْمُتْكُ سَاكِنَةَ الثَّاءِ وَإِنَّمَا الْمُتْكُ طَرَفُ الْبَظْرِ وَمِنْ ذَلِكَ قِيلَ لَهَا مَتْكَاءُ وَابْنُ الْمَتْكَاءِ فَإِنْ كَانَ ثَمَّ أُتْرُجٌّ فَإِنَّهُ بَعْدَ الْمُتَّكَإِ۔

اور مُتَّكَأ کا معنی ہے: کسی چیز کو پینے کے لئے یا باتیں کرنے کے لئے جس پر ٹیک لگائی جائے اور جس نے کہا: اس کا معنی ہے: اُتْرُجّ یعنی سنترہ یا نارنگی۔ اس کا قول باطل ہے، کلام عرب میں اَلْاُتْرُجّ کا لفظ نہیں ہے، جب ان کے خلاف یہ دلیل دی گئی کہ اس کا معنی ٹیک لگانے والے گدے ہیں تو وہ اس سے بھی بدتر معنی کی طرف بھاگے تو انہوں نے کہا: یہ لفظ اَلْمُتْكُ ہے اور اس میں تاء ساکن ہے، یہ انہوں نے صحیح نہیں کہا کیونکہ اَلْمُتْكُ کا معنی ہے: عورت کی شرم گاہ کا کنارہ اور اسی وجہ سے غیر مختون عورت کے لئے کہا جاتا مَتْكَاءُ اور اس کے بیٹے کے لئے کہا جاتا ہے: ابن اَلْمَتْكَاء، پھر اگر وہاں پر سنترہ کا معنی ہو تو وہ ٹیک لگانے کے بعد کا استعمال ہے۔

اس سے پہلے ذکر کیا گیا تھا کہ اَلْمُتَّكَأ کا معنی اَلْاُتْرُجّ یعنی سنترہ ہے، سو امام بخاری نے اس کا انکار کیا اور انہوں نے کہا: اَلْمُتَّكَأ کا معنی ہے: جس پر کسی مشروب کو پینے کے لئے یا کسی طعام کو کھانے کے لئے یا کسی سے باتیں کرنے کے لئے ٹیک لگائی جائے۔ امام بخاری نے کہا: یہ کہنا باطل ہے کہ المتکأ کا معنی سنترہ ہے اور انہوں نے یہ دعویٰ کیا کہ کلام عرب میں اَلْاُتْرُجّ کا لفظ مستعمل نہیں ہے۔ اس قول پر اعتراض ہے کیونکہ علامہ ابن الملقن نے کہا ہے کہ یہ دعویٰ تعجب خیز ہے کیونکہ لغت کی کتاب المحکم میں لکھا ہے کہ اَلْمُتَّكَأ کا معنی اَلْاُتْرُجّ ہے اور اخفش نے بھی اسی طرح کہا ہے۔ ابوحنیفہ دینوری نے کہا ہے: المتکأ کا معنی الاترج ہے۔ اسی طرح ابو العلی القالی اور ابن فارس نے مجمل وغیرہ میں ذکر کیا ہے۔ امام بخاری نے اَلْمَتْكُ کا معنی ذکر کیا ہے کہ یہ عورت کی شرم گاہ کا کنارہ ہے یعنی عورت کے ختنہ کے بعد جو کھال لٹکی ہوتی ہے اس کو اَلْمَتْكُ کہتے ہیں۔ بعض علماء نے کہا ہے کہ امام بخاری نے جو کہا ہے وہ امام ابو عبیدہ کی اتباع میں کہا ہے، تاہم ان لوگوں نے اتنا تتبع نہیں کیا جتنا ہم نے تتبع کیا ہے، دراصل امام بخاری امام ابوعبیدہ کی تقلید کرتے ہیں اور یہ سب تقلید کی آفت ہے۔

شَغَفَهَا يُقَالُ بَلَغَ شِغَافَهَا وَهُوَ غِلَافُ قَلْبِهَا وَأَمَّا شَعَفَهَا فَمِنَ الْمَشْعُوفِ۔

شَغَفَهَا کہا جاتا ہے کہ وہ اس کے پردے تک پہنچ گیا اور یہ اس کے قلب کا غلاف ہے اور رہا شَعَفَهَا تو اس کا معنی ہے: دل کی گہرائی تک پہنچ گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۭ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ (یوسف: ۳۰)

عزیز مصر کی بیوی اپنے نوجوان (غلام) کو اپنی طرف راغب کر رہی ہے اس کی محبت اس کے دل پر چھا چکی ہے، بے شک ہم اس کو صریح بے راہ روی میں دیکھ رہی ہیں ○

Marfat.com

یعنی زلیخا کے دل کے پردے میں یوسف کی محبت پہنچ گئی تھی۔ایک قول ہے: شِغَافُ کا معنی ہے دل کی محبت اور رہا شَعَافُ تو اس کا معنی ہے: کسی چیز کا دل کی گہرائی میں پہنچنا۔

أَصْبُ أَمِيلُ صَبَا مَالَ۔ اَصْبُ اس کا معنی ہے: اَمِیْلُ یعنی میں مائل ہوجاؤں گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَ اَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ (یوسف:۳۳) اور اگر تو نے اس کی سازش مجھ سے دور نہ کی تو میں ان کی طرف مائل ہوجاؤں گا اور میں جاہلوں سے ہوجاؤں گا O

امام بخاری نے اَصْبُ کی تفسیر اَمِیْلُ کے ساتھ کی ہے، جب کوئی شخص کسی چیز کی طرف مائل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے: صَبا اِلَیْہِ اور صَبِیّ یعنی بچہ بھی اسی سے ماخوذ ہے کیونکہ وہ ہر چیز کی طرف مائل ہوتا ہے۔

أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ مَا لَا تَأْوِيلَ لَهُ۔ اَضْغَاثُ اَحْلَام اس کا معنی ہے: جس کی کوئی تاویل نہ ہوسکے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَ مَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ۝ (یوسف:۴۴) انہوں نے کہا: یہ تو پریشان خواب ہیں اور ہم پریشان خوابوں کی تاویل نہیں جانتے O

اضغاث ضِغْث کی جمع ہے اور اس کا لغوی معنی ہے: مٹھی بھر تنکے۔امام بخاری نے اضغاثُ احلام کی تفسیر کی ہے: جس کی تاویل نہ ہوسکے کیونکہ یہ جھوٹے خواب ہوتے ہیں جن کی کوئی اصل نہیں ہوتی۔

وَالضِّغْثُ مِلْءُ الْيَدِ مِنْ حَشِيشٍ وَمَا أَشْبَهَهُ وَمِنْهُ وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا لَا مِنْ قَوْلِهِ أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ وَاحِدُهَا ضِغْثٌ۔ ضِغْث کا معنی ہے: مٹھی بھر تنکے اور جو اس کے مشابہ ہے اور اسی معنی میں یہ آیت ہے: وَ خُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا (ص:۴۴) اور (اے ایوب! آپ) اپنے ہاتھ میں تنکوں کی ایک جھاڑو لے لیں، اور یہ آیت کریمہ اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ (یوسف:۴۴) سے ماخوذ نہیں ہے جس کا واحد ضغث ہے۔

امام بخاری نے ضغث کا لفظ لا کر دو چیزوں کی طرف اشارہ کیا ہے: ایک یہ کہ ضغث واحد ہے اور اضغاث جمع ہے اور دوسرا یہ کہ ص:۴۴ میں ضِغْث کا معنی ہے: تنکوں کی جھاڑو۔

نَمِيرُ مِنَ الْمِيرَةِ۔ وَنَمِيْرُ، اَلْمِيْرَة سے ماخوذ ہے اور اس کا معنی ہے: طعام۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَ نَمِيْرُ اَهْلَنَا۔ (یوسف:۶۵) یہ ہماری رقم کی تھیلی ہمیں لوٹا دی گئی ہے ہم اپنے گھر والوں کے لئے غلہ لائیں گے۔

اور اس کا معنی ہے: ہم اپنے گھر والوں کے لئے طعام یا غلہ لے کر آئیں گے۔

وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيرٍ مَا يَحْمِلُ بَعِيرٌ۔ وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ کا معنی ہے: جتنا غلہ ایک اونٹ پر لادا جاسکے۔

یعنی ہم زیادہ غلہ لائیں گے جس کو اونٹ پر لادا جاسکے۔ ثعلبی نے ذکر کیا ہے کہ یہاں اونٹ کا معنی گدھا ہے اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی کنعان میں رہتے تھے اور وہاں اونٹ نہیں ہوتے۔

Marfat.com

أَوَى إِلَيْهِ ضَمَّ إِلَيْهِ۔ اٰوٰی اِلَیْہِ کا معنی ہے: حضرت یوسف کی طرف ملا دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَمَّا دَخَلُوا عَلَى يُوسُفَ آوَى إِلَيْهِ أَخَاهُ۔ (یوسف:۶۹) اور جب وہ یوسف کے پاس پہنچے تو اس نے اپنے بھائی کو اپنے پاس ٹھہرایا۔

یعنی جب وہ حضرت یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے تو حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائی بنیامین کو اپنے پاس ٹھہرایا۔

السِّقَايَةُ مِكْيَالٌ۔ اَلسِّقَایَۃ کا معنی ہے: ناپنے کا پیمانہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِي رَحْلِ أَخِيهِ۔ (یوسف:۷۰) پھر جب یوسف نے ان کا سامان تیار کیا تو اس میں (شاہی) پیالہ اپنے بھائی کی بوری میں رکھ دیا۔

امام بخاری نے سَقَایَہ کی تفسیر مکیال سے کی ہے اور یہ وہ برتن ہے جس میں حضرت یوسف علیہ السلام پانی پیتے تھے، پھر انہوں نے اس کو ناپنے کا پیمانہ بنا دیا تا کہ لوگ اس پیمانہ کے علاوہ اور کسی پیمانہ سے نہ دیں ورنہ وہ ظالم ہو جائیں گے۔

اسْتَيْأَسُوا يَئِسُوا وَلَا تَايْئَسُوا مِنْ رَوْحِ اللهِ مَعْنَاهُ الرَّجَاءُ۔ اِسْتَیْاَسُوْا کا معنی ہے: وہ مایوس ہو گئے وَلَا تَایْئَسُوْا مِنْ رَوْحِ اللّٰہِ (یوسف:۸۷) اور اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو اور اس کا معنی ہے: امید۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَمَّا اسْتَيْئَسُوا مِنْهُ خَلَصُوا نَجِيًّا۔ (یوسف:۸۰) جب یوسف کے بھائی اس سے مایوس ہو گئے تو انہوں نے تنہائی میں سرگوشی کی۔

یعنی جب حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی حضرت یوسف علیہ السلام سے مایوس ہو گئے تو انہوں نے تنہائی میں یہ مشورہ کیا کہ وہ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی کو ان سے ملا دیں۔

خَلَصُوا نَجِيًّا اعْتَزَلُوا نَجِيًّا وَالْجَمِيعُ أَنْجِيَةٌ يَتَنَاجَوْنَ الْوَاحِدُ نَجِيٌّ وَالِاثْنَانِ وَالْجَمِيعُ نَجِيٌّ وَأَنْجِيَةٌ۔ خَلَصُوْا نَجِیًّا کا معنی ہے: انہوں نے الگ بیٹھ کر سرگوشی کی اور نَجِیًّا کی جمع اَنْجِیَۃٌ ہے یعنی وہ سرگوشی کرتے ہیں، اس کا واحد نَجِیٌّ ہے اور تثنیہ اور جمع نَجِیٌّ اور اَنْجِیَۃٌ ہے۔

اور نجی کے لفظ کا واحد اور جمع دونوں پر اطلاق کیا جاتا ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۶۴۱)

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَمَّا اسْتَيْئَسُوا مِنْهُ خَلَصُوا نَجِيًّا۔ (یوسف:۸۰) جب یوسف کے بھائی اس سے مایوس ہو گئے تو انہوں نے تنہائی میں سرگوشی کی۔

یعنی انہوں نے دوسروں سے الگ بیٹھ کر تنہائی میں مشورہ کیا ہے۔

تَفْتَأُ لَا تَزَالُ۔ تَفْتَأُ کا معنی ہے: لَاتَزَالُ یعنی ہمیشہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ۔ (یوسف:۸۵) بیٹوں نے کہا: اللہ کی قسم! آپ یوسف کو (ہی) یاد کرتے رہیں گے۔

اس کا معنی یہ ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے حضرت یعقوب علیہ السلام سے کہا: اللہ کی قسم! آپ ہمیشہ حضرت یوسف کا ذکر کرتے رہتے ہیں اور آپ کے دل سے ان کی محبت کم نہیں ہوتی۔

حَرَضًا مُحْرَضًا يُذِيبُكَ الْهَمُّ۔ حَرَضًا کا معنی ہے: مُحْرَضًا یعنی تفکرات آپ کا جسم گھلا دیں گے، کمزور کر دیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ۝ (یوسف:۸۵) حتیٰ کہ آپ سخت بیمار پڑ جائیں گے یا ہلاک ہونے والوں میں سے ہو جائیں گے ○

امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ حَرَضًا، مُحْرَضًا کے معنی میں ہے، یعنی جس کا جسم تفکرات سے گھل گیا ہو۔ ایک قول یہ ہے کہ وہ موت کے قریب آ پہنچا ہو۔ الفراء نے کہا ہے کہ اس کے جسم میں فساد ہو گیا ہو۔ قتادہ نے کہا: حَرَضًا کا معنی ہے: بڑھاپا۔ ربیع بن انس نے کہا ہے: اس کا معنی ہے: ہڈیوں پر اس کی کھال خشک ہو گئی ہو۔

تَحَسَّسُوا تَخَبَّرُوا۔ تَحَسَّسُوْا: اس کا معنی ہے: تم خبر حاصل کرو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ۔ (یوسف:۸۷) اے میرے بیٹو! جاؤ یوسف اور اس کے بھائی کو تلاش کرو۔

امام بخاری نے تَحَسَّسُوْا کا معنی کیا ہے: خبر طلب کرو۔ حضرت ابن عباس سے پوچھا گیا: تَحَسُّس اور تَجَسُّس میں کیا فرق ہے؟ انہوں نے کہا: کوئی فرق نہیں ہے مگر تَحَسُّس کا استعمال خیر میں ہوتا ہے اور تَجَسُّس کا استعمال شر میں ہوتا ہے۔

مُزْجَاةٍ قَلِيلَةٍ۔ مُزْجَاةٌ کا معنی ہے: تھوڑی سی یعنی پونجی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ۔ (یوسف:۸۸) اور ہم آپ کے پاس حقیر پونجی لے کر آئے ہیں۔

یعنی حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی نے حضرت یوسف سے کہا: ہم آپ سے غلہ خریدنے کے لئے تھوڑی سی پونجی لے کر آئے ہیں۔

غَاشِيَةٌ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ عَامَّةٌ مُجَلِّلَةٌ۔ غَاشِيَةٌ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ اس کا معنی ہے: عام عذاب۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ (یوسف:۱۰۷) کیا وہ اس بات سے بے خوف ہو گئے ہیں کہ ان کے اوپر اللہ کا ایسا عذاب آ جائے جو ان کا مکمل احاطہ کر لے یا ان پر اچانک قیامت آ جائے اور ان کو خبر بھی نہ ہو ○

امام بخاری نے غاشیہ کا معنی کیا ہے: عام عذاب اور مجللہ کا بھی یہی معنی ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور قتادہ سے بھی یہی تفسیر مروی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۴۱۴-۴۰۸، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

نوٹ: ہم نے سورۂ یوسف کی تفسیر میں تعلیقات کا اسلوب تبدیل کر دیا ہے۔ پہلے ہم نے التوضیح اور فتح الباری کی طرز پر تمام تعلیقات کو اکٹھا لکھا، پھر ان میں سے ہر تعلیق کی الگ الگ شرح کی اور سورۂ یوسف کی تفسیر میں ہم نے عمدۃ القاری کی طرز پر الگ الگ

تعلیقات کو لکھا اور تعلیق کے ساتھ اس کی شرح کی اور زیادہ غور وفکر سے ہمیں عمدۃ القاری کی طرز زیادہ مختصر اور آسان معلوم ہوئی۔

۱۔ بَابٌ: وَيُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ۔ (یوسف:۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور تم پر اور آل یعقوب پر اپنی نعمت کو مکمل فرمائے گا جس طرح اس سے پہلے اس نے اس نعمت کو تمہارے باپ دادا ابراہیم اور اسحاق پر مکمل فرمایا تھا (یوسف:۶) کی تفسیر

حضرت یوسف علیہ السلام پر اور ان کے باپ دادا پر نعمت پوری کرنے کا معنی

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

وَيُتِمُّ نِعْمَتَهُ: یعنی اللہ آپ پر اپنی نعمت پوری کرے گا، اس آیت میں حضرت یوسف علیہ السلام سے خطاب ہے، اور نبوت کے ذریعے آپ پر نعمت پوری کرے گا: ایک قول ہے کہ آپ کا نام بلند کرے گا۔ دوسرا قول ہے: آپ کے بھائیوں کو آپ کا محتاج کرے گا۔

اور آل یعقوب پر: وہ حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد ہیں یعنی یعقوب علیہ السلام کی اولاد پر، ایک اور قول ہے: ان پر، ان کی بیوی پر اور ان کے گیارہ بیٹوں پر، اور نعمت پوری کرنے کا معنی یہ ہے کہ دنیا اور آخرت کی نعمتیں ان میں جمع کر دے گا۔

جیسا کہ نعمت کو پورا کیا تھا حضرت ابراہیم اور اسحاق کے اوپر: حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نعمت یہ تھی کہ ان کو آگ سے نجات دی اور حضرت اسحاق پر نعمت یہ تھی کہ ان کو ذبح سے نجات دی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۴۱۵)

میں کہتا ہوں کہ صحیح یہ ہے کہ حضرت اسحاق علیہ السلام ذبیح نہیں تھے بلکہ حضرت اسماعیل علیہ السلام ذبیح تھے جب کہ حضرت اسحاق پر نعمت کو پورا کرنا یہ ہے کہ ان کو نبوت عطا فرمائی، ان کے باپ بھی نبی ہیں ان کے بیٹے حضرت یعقوب اور پوتے حضرت یوسف علیہم السلام بھی نبی ہیں۔

۴۶۸۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رضی الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ الْكَرِيْمُ ابْنُ الْكَرِيْمِ ابْنِ الْكَرِيْمِ ابْنِ الْكَرِيْمِ يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: ہمیں عبدالصمد نے حدیث بیان کی از عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن دینار از والد خود از حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما از نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے فرمایا: الکریم ابن الکریم ابن الکریم ابن الکریم یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم ہیں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۳۸۲ میں گزر چکی ہے۔

۲۔ بَابٌ: لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝ (یوسف:۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک یوسف اور ان کے بھائیوں کے قصہ میں پوچھنے والوں کے لئے بہت نشانیاں ہیں ○ (یوسف:۷) کی تفسیر

۴۶۸۹۔ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے محمد نے حدیث بیان کی،

Marfat.com

عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ سُئِلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ أَيُّ النَّاسِ أَكْرَمُ قَالَ أَكْرَمُهُمْ عِنْدَ اللهِ أَتْقَاهُمْ قَالُوا لَيْسَ عَنْ هَذَا نَسْأَلُكَ قَالَ فَأَكْرَمُ النَّاسِ يُوسُفُ نَبِيُّ اللهِ ابْنُ نَبِيِّ اللهِ ابْنِ نَبِيِّ اللهِ ابْنِ خَلِيلِ اللهِ قَالُوا لَيْسَ عَنْ هَذَا نَسْأَلُكَ قَالَ فَعَنْ مَعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْأَلُونِي قَالُوا نَعَمْ قَالَ فَخِيَارُكُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُكُمْ فِي الْإِسْلَامِ إِذَا فَقِهُوا تَابَعَهُ أَبُو أُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ۔

انہوں نے کہا: ہمیں عبدہ نے خبر دی از عبید اللہ از سعید بن ابی سعید از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا گیا کہ لوگوں میں سب سے زیادہ کریم کون ہے؟ آپ نے فرمایا: لوگوں میں سب سے زیادہ کریم وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہو۔ صحابہ نے کہا: ہم آپ سے اس کے متعلق سوال نہیں کر رہے۔ آپ نے فرمایا: پھر لوگوں میں سب سے زیادہ کریم یوسف نبی اللہ ابن نبی اللہ ابن نبی اللہ ابن خلیل اللہ ہیں۔ صحابہ نے کہا: ہم آپ سے اس کے متعلق (بھی) سوال نہیں کر رہے، آپ نے فرمایا: پھر تم عرب کے معادن کے متعلق سوال کر رہے ہو۔ صحابہ نے کہا: جی ہاں! آپ نے فرمایا: پھر جو زمانہ جاہلیت میں تم میں سب سے بہتر تھا وہ زمانۂ اسلام میں بھی تم میں سب سے بہتر ہے بہ شرطیکہ اس کو دین میں فہم ہو۔ عبدہ کی متابعت ابو اسامہ نے کی از عبید اللہ۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۳۵۳ میں گزر چکی ہے۔

اس حدیث میں یہ تصریح ہے کہ از روئے نسب حضرت یوسف سب سے افضل ہیں کیونکہ ان کے باپ، ان کے دادا اور ان کے دادا کے باپ سب نبی ہیں اور یہ فضائل کسی اور شخص میں جمع نہیں ہوئے۔ اس حدیث میں معادن کا ذکر کیا گیا ہے کیونکہ جس طرح معادن میں مختلف دھاتیں ہوتی ہیں اسی طرح فضیلت میں بھی مختلف صفات ہوتی ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۴۱۶)

۳۔ بَابٌ: قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنْفُسُكُمْ أَمْرًا ۖ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ۔ (یوسف: ۱۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (یعقوب نے) کہا: (بھیڑیے نے تو خیر نہیں کھایا) بلکہ تمہارے دل نے ایک بات گھڑ لی ہے، پس اب صبر جمیل کرنا ہی بہتر ہے۔ (یوسف: ۱۸) کی تفسیر

حضرت یعقوب علیہ السلام نے یہ بات اپنے بیٹوں سے اس وقت فرمائی تھی جب وہ حضرت یعقوب کے پاس حضرت یوسف علیہ السلام کی خون آلود قمیص لے کر آئے اور کہا: یوسف کو بھیڑیے نے کھا لیا تو حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا: یہ بات تم نے بنالی ہے، پس میرا صبر، صبر جمیل ہے۔ صبر جمیل سے مراد وہ صبر ہے جس میں نہ بے قراری کا اظہار ہو اور نہ اللہ تعالیٰ سے کوئی شکایت ہو۔

سَوَّلَتْ زَيَّنَتْ۔ سَوَّلَتْ یعنی تمہارے دل نے یہ خوش نما بات بنائی ہے۔

۴۶۹۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ ح و حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ النُّمَيْرِيُّ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبد العزیز بن عبد اللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی از صالح از ابن شہاب انہوں نے کہا: (ح) اور ہمیں حجاج

حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ الْأَيْلِيُّ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ وَسَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ وَعَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ وَعُبَيْدَ اللهِ بْنَ عَبْدِ اللهِ عَنْ حَدِيثِ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ حِينَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الْإِفْكِ مَا قَالُوا فَبَرَّأَهَا اللهُ كُلٌّ حَدَّثَنِي طَائِفَةً مِنَ الْحَدِيثِ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ إِنْ كُنْتِ بَرِيئَةً فَسَيُبَرِّئُكِ اللهُ وَإِنْ كُنْتِ أَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرِي اللهَ وَتُوبِي إِلَيْهِ قُلْتُ إِنِّي وَاللهِ لَا أَجِدُ مَثَلًا إِلَّا أَبَا يُوسُفَ ﴿فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ وَ اللهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ۝﴾(یوسف:۱۸)وَأَنْزَلَ اللهُ ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ۚ﴾(النور: ۱۱)إِنَّ الَّذِينَ جَاؤُا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِنْكُمُ الْعَشْرَ الْآيَاتِ

نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبداللہ بن عمر النمیر ی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یونس بن یزید الایلی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے الزہری سے سنا، انہوں نے کہا: میں نے عروہ بن زبیر اور سعید بن مسیب اور علقمہ بن وقاص اور عبیداللہ بن عبداللہ سے سنا از حدیث عائشہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زوجہ جب تہمت لگانے والوں نے ان کے متعلق جو کہا سو کہا، پس اللہ تعالیٰ نے ان کو بری کر دیا، ان میں سے ہر ایک نے مجھ سے حدیث کا ایک حصہ بیان کیا، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر آپ بے قصور ہیں تو عنقریب اللہ آپ کی براءت کو ظاہر کر دے گا اور اگر آپ نے گناہ کا ارتکاب کر لیا ہے تو آپ اللہ تعالیٰ سے استغفار کریں اور اس کی طرف توبہ کریں، میں نے کہا: بے شک اللہ کی قسم! میں صرف حضرت یوسف علیہ السلام کے والد کی مثال پاتی ہوں، پس صبر کرنا چاہیے اور جو کچھ آپ بیان کر رہے ہیں اس پر اللہ ہی سے مدد طلب کی گئی ہے ○ (یوسف:۱۸) اور اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرما دی: بے شک جو لوگ (ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ پر) کھلا بہتان لائے (وہ) تم میں سے ایک گروہ ہے (النور:۱۱) یہ دس آیات ہیں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۵۹۳ میں گزر چکی ہے۔

۴۶۹۱۔ حَدَّثَنَا مُوسَى حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ حَدَّثَنِي مَسْرُوقُ بْنُ الْأَجْدَعِ قَالَ حَدَّثَتْنِي أُمُّ رُومَانَ وَهِيَ أُمُّ عَائِشَةَ قَالَتْ بَيْنَا أَنَا وَعَائِشَةُ أَخَذَتْهَا الْحُمَّى فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ لَعَلَّ فِي حَدِيثٍ تُحُدِّثَ قَالَتْ نَعَمْ وَقَعَدَتْ عَائِشَةُ قَالَتْ مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ كَيَعْقُوبَ وَبَنِيهِ ﴿بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۖ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ وَ اللهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ۝﴾(یوسف:۱۸)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابوعوانہ نے حدیث بیان کی از حصین از ابی وائل، انہوں نے کہا: مجھے مسروق بن الاجدع نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے ام رومان نے حدیث بیان کی اور یہ حضرت عائشہ کی والدہ ہیں انہوں نے بیان کیا کہ جس وقت میں حضرت عائشہ کے پاس بیٹھی ہوئی تھی ان کو بخار چڑھ گیا تھا، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شاید یہ اس بات کی وجہ سے ہے جو بیان کی جا رہی ہے۔ حضرت ام رومان نے کہا جی ہاں اور حضرت عائشہ اٹھ کر بیٹھ گئیں، حضرت عائشہ نے کہا: میری اور تمہاری مثال حضرت یعقوب علیہ السلام اور ان کے بیٹوں کی مثل ہے: بلکہ تمہارے دلوں نے ایک بات گھڑ لی ہے، پس اب صبر جمیل ہی بہتر ہے۔ اور جو کچھ تم لوگ کہہ رہے ہو

Marfat.com

اس پر اللہ ہی سے مدد طلب کی گئی ہے O (یوسف:۱۸)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۳۸۸ میں گزر چکی ہے۔

۴۔ بَابٌ: وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ (یوسف: ۲۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور وہ جس عورت کے گھر میں تھے اس نے ان کو اپنی طرف راغب کیا اور اس نے دروازے بند کر کے کہا: جلدی آؤ۔ (یوسف: ۲۳) کی تفسیر

یعنی عزیز مصر کی بیوی زلیخا نے یوسف کا ارادہ کیا یعنی حضرت یوسف سے یہ طلب کیا کہ وہ اس کے ساتھ جماع کریں۔ اس آیت میں ابواب کا ذکر ہے، وہاں پر سات دروازے تھے۔

وَقَالَ عِكْرِمَةُ هَيْتَ لَكَ بِالْحَوْرَانِيَّةِ هَلُمَّ وَقَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ تَعَالَهْ۔

اور عکرمہ نے کہا: هَيْتَ لَكَ اس کا معنی حورانی زبان میں ہے: آؤ اور ابن جبیر نے کہا: اس کا معنی ہے: آؤ۔

علامہ کرمانی نے کہا، اَلْحُوران شام کا شہر ہے اور رشاطی نے کہا کہ حوران شام کا پہاڑ ہے۔ ابو محمد نے کہا: حوران دمشق کے شہروں میں سے ہے اور هَلُمَّ کا معنی ہے: آگے بڑھو۔ الکسائی نے کہا: یہ اہل حوران کی زبان ہے جس کا حجاز کی زبان میں معنی ہے: آؤ۔ حسن بصری نے کہا: یہ سریانی زبان کا لفظ ہے اور هيت لك کا معنی ہے: کیا تمہیں میرے حسن و جمال میں کوئی رغبت نہیں؟ ابو عبیدہ نے کہا: هيت کا نہ تثنیہ ہے نہ جمع نہ مونث ہے، یہ ہر حال میں اسی صورت میں ہوتا ہے۔ امام بخاری نے کہا: ابن جبیر نے کہا: یعنی سعید بن جبیر نے اور تعال کے آخر میں جو ہ (ھا) ہے وہ سکتہ کے لئے ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۴۱۸-۴۱۷)

۴۶۹۲۔ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ هَيْتَ لَكَ قَالَ: إِنَّمَا نَقْرَؤُهَا كَمَا عُلِّمْنَاهَا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے احمد بن سعید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں بشر بن عمر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از سلیمان از ابو وائل از حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، انہوں نے کہا: هَيْتَ لَكَ اور کہا: ہم اس کو اس طرح پڑھتے ہیں جس طرح ہمیں اس کی تعلیم دی گئی۔

اس حدیث کی روایت میں امام بخاری منفرد ہیں۔

مَثْوَاهُ مُقَامُهُ۔

مَثْوٰہ اس کا معنی ہے: ان کا مقام اور مرتبہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَالَ الَّذِي اشْتَرَاهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖۤ اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ۔ (یوسف:۲۱)

اور مصر کے جس شخص نے یوسف کو (قافلہ سے) خریدا تھا اس نے اپنی بیوی سے کہا: اس کو تعظیم و تکریم سے ٹھہراؤ۔

اس آیت میں عزیز مصر کی بیوی کا ذکر ہے۔ اس کا نام زلیخا تھا اور دوسرا قول یہ ہے کہ اس کا نام راعیل تھا۔

وَاَلْفَيَا وَجَدَا اَلْفَوْا آبَاءَهُمْ اَلْفَيْنَا۔

وَاَلْفَيَا کا معنی ہے: ان دونوں نے پایا۔ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ کا معنی ہے: انہوں نے اپنے باپ دادا کو پایا۔ اَلْفَيْنَا کا معنی ہے: ہم نے پایا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا

وہ دونوں دروازے کی طرف دوڑے، اس عورت نے ان کی قمیص

لَدَا الْبَابِ۔ (یوسف:۲۵) پیچھے سے پھاڑ ڈالی اور ان دونوں نے اس عورت کے خاوند کو دروازے کے قریب پایا۔

یعنی حضرت یوسف علیہ السلام اور زلیخا دونوں دروازے کی طرف بھاگے۔ رہے حضرت یوسف علیہ السلام وہ بے حیائی کے کام سے بچنے کے لئے بھاگے اور رہی زلیخا تو وہ حضرت یوسف کو پکڑنے کے لئے بھاگی تاکہ وہ اس کی خواہش پوری کریں۔ زلیخا نے حضرت یوسف کی قمیص کو پیچھے سے پکڑ کر کھینچا تو وہ پھٹ گئی اور ان دونوں نے زلیخا کے شوہر قطفیر کو دروازے پر دیکھا جو اپنے چچازاد کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا۔

وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ بَلْ عَجِبْتُ وَيَسْخَرُوْنَ۔ حضرت ابن مسعود سے روایت ہے بل عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ اس کا معنی ہے: بلکہ آپ نے تعجب کیا اور وہ مذاق اڑاتے ہیں۔

یہ پوری آیت درج ذیل ہے:

اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ﴿۱۲﴾ (الصافات:۱۲-۱۱) بیشک ہم نے انہیں لیس دار مٹی سے بنایا بلکہ آپ نے تعجب کیا اور وہ مذاق اڑاتے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کو یہاں ذکر کرنے کی کوئی مناسبت نہیں ہے۔

۴۶۹۳۔ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنه أَنَّ قُرَيْشًا لَمَّا أَبْطَئُوا عَلَى النَّبِيِّ ﷺ بِالْإِسْلَامِ قَالَ اللّٰهُمَّ اكْفِنِيهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوسُفَ فَأَصَابَتْهُمْ سَنَةٌ حَصَّتْ كُلَّ شَيْءٍ حَتَّى أَكَلُوا الْعِظَامَ حَتَّى جَعَلَ الرَّجُلُ يَنْظُرُ إِلَى السَّمَاءِ فَيَرَى بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا مِثْلَ الدُّخَانِ قَالَ اللهُ ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۰﴾﴾ (الدخان:۱۰) قَالَ اللهُ ﴿إِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا إِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ﴿۱۵﴾﴾ (الدخان: ۱۵) أَفَيُكْشَفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَقَدْ مَضَى الدُّخَانُ وَمَضَتِ الْبَطْشَةُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحمیدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از الاعمش از مسلم از مسروق از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ جب قریش نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے میں تاخیر کی تو آپ نے ان کے خلاف دعا کی: اے اللہ! ان سے میرا بدلہ لے اور ان پر حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے کے قحط کے سات سالوں کی طرح قحط کے سات سال مسلط کر دے تو ان پر قحط آ گیا جس نے ہر چیز کو خالی کر کے رکھ دیا حتیٰ کہ انہوں نے ہڈیاں کھائیں حتیٰ کہ ان میں سے کوئی مرد آسمان کی طرف دیکھتا تو وہ اپنے اوپر آسمان کے درمیان دھوئیں کی مثل دیکھتا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: سو آپ اس دن کا انتظار کیجئے جس دن آسمان واضح دھواں لائے گا O (الدخان:۱۰) اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: بے شک ہم تھوڑے وقت کے لئے عذاب دور کئے دیتے ہیں (مگر) بے شک تم پھر (کفر کی طرف) لوٹنے والے ہو O (دخان: ۱۵) اور کیا قیامت کے دن ان سے عذاب دور کر دیا جائے گا اور دُخَان یعنی دھواں گزر چکا ہے اور اللہ تعالیٰ کی گرفت جنگ بدر میں گزر چکی ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۰۰۷ میں گزر چکی ہے۔

Marfat.com

۵۔ بَابٌ: فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسْئَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ۝ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ يُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ (یوسف:۵۰-۵۱)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جب ان کے پاس قاصد آیا تو انہوں نے کہا: اپنے آقا کے پاس واپس جاؤ اور اس سے پوچھو: ان عورتوں کا کیا حال ہے جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لئے تھے، بے شک میرا رب ان کی سازش کو خوب جاننے والا ہے ○ بادشاہ نے (ان عورتوں کو بلا کر) پوچھا: اس وقت کیا ہوا تھا جب تم نے یوسف کو اپنی طرف راغب کرنے کی کوشش کی تھی، انہوں نے کہا: حَاشَ لِلّٰهِ (یوسف:۵۱۔۵۰) کی تفسیر

علامہ عینی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ: یعنی جب حضرت یوسف علیہ السلام کے پاس بادشاہ کا قاصد آیا اور کہا: بادشاہ کے پاس چلیں حتیٰ کہ بادشاہ کے پاس ان کا عذر اور ان کا بے قصور ہونا واضح ہو جائے اور بادشاہ کو معلوم ہو جائے کہ عورتوں نے ان کو گناہ پر اکسایا تھا۔

اِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ: یعنی اللہ تعالیٰ عورتوں کے مکر و فریب کو جاننے والا ہے، اور یہ کہ ان کا آقا قطفیر جاننے والا ہے کہ عورتوں نے ان کو فتنہ میں مبتلا کیا تھا۔

حَاشَ لِلّٰهِ: یعنی معاذ اللہ ہم نے حضرت یوسف میں کوئی بے حیائی کا کام نہیں پایا۔

وَحَاشَ وَحَاشَى تَنْزِيْهٌ وَاسْتِثْنَاءٌ۔ حَاشَ وَحَاشٰى اس کا معنی تنزیہ اور استثناء ہے۔

حاش کی تین قسمیں ہیں: ایک یہ کہ وہ فعل متعدی ہو اور اس کی گردان ہو جیسے حَاشَيْتُهُ کا معنی ہے: میں نے اس کا استثناء کیا اور دوسری صورت یہ ہے کہ وہ تنزیہ کے لئے ہو جیسے حاش لِلّٰہ اور یہ مبرد اور کوفیوں کے نزدیک فعل ہے اور صحیح یہ ہے کہ یہ اسم ہے جو تنزیہ کے مترادف ہے کیونکہ بعض کی قراءت میں حَاشَا لِلّٰهِ ہے۔ تیسری صورت یہ ہے کہ یہ استثناء کے لئے ہو، پس سیبویہ اور بصریوں کا مذہب یہ ہے کہ یہ ہمیشہ حرف ہوتا ہے اور اِلَّا کے قائم مقام ہے لیکن یہ مستثنیٰ کو جر دیتا ہے۔

حَصْحَصَ وَضَحَ۔ حَصْحَصَ اس کا معنی ہے: وَضَحَ یعنی واضح ہو گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ۔ (یوسف:۵۱) عزیز مصر کی بیوی نے کہا: اب تو حق بات ظاہر ہو ہی گئی ہے۔

امام بخاری نے حصحص کی تفسیر کی ہے: وَضَحَ (بمعنی واضح اور ظاہر ہونا) اور بعض نے اس کا معنی یہ بیان کیا ہے کہ قول باطل چلا گیا اور کذب منقطع ہو گیا اور حق ظاہر ہو گیا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۴۲۱-۴۲۰)

۴۶۹۴۔ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ تَلِيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ بَكْرِ بْنِ مُضَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں سعید بن تلید نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: ہمیں عبدالرحمٰن بن القاسم نے حدیث بیان کی از بکر بن مضر از عمرو بن الحارث از یونس بن یزید از ابن شہاب

Marfat.com

سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَأَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَرْحَمُ اللهُ لُوطًا لَقَدْ كَانَ يَأْوِي إِلَى رُكْنٍ شَدِيدٍ وَلَوْ لَبِثْتُ فِي السِّجْنِ مَا لَبِثَ يُوسُفُ لَأَجَبْتُ الدَّاعِيَ وَنَحْنُ أَحَقُّ مِنْ إِبْرَاهِيمَ إِذْ قَالَ لَهُ ﴿أَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلَى وَلَكِنْ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِي﴾ (البقرہ:۲۶۰)۔

از سعید بن مسیب و ابی سلمہ بن عبدالرحمن از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ حضرت لوط پر رحم فرمائے انہوں نے کسی مضبوط قبیلہ کی طرف پناہ لی اور اگر میں قید میں اتنا عرصہ رہتا جتنا عرصہ حضرت یوسف رہے تھے تو میں بلانے والے کی بات مان لیتا اور ہم حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بہ نسبت شک کرنے کے زیادہ حق دار ہیں جب ان سے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کیا آپ ایمان نہیں لائے تو انہوں نے کہا: کیوں نہیں لیکن تا کہ میرا دل مطمئن ہو جائے۔ (البقرہ:۲۶۰)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری ۲۷۳۳ میں گزر چکی ہے۔

۶۔ بَابٌ: حَتَّى إِذَا اسْتَيْئَسَ الرُّسُلُ (یوسف:۱۱۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: حتیٰ کہ جب رسول ناامید ہونے لگے (یوسف:۱۱۰) کی تفسیر

كُذِبُوا اور كُذِّبُوا کی قراءت کا فرق

علامہ بدرالدین عینی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اس آیت کا معنی یہ ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ اپنی قوم کے ایمان لانے سے مایوس ہونے لگے اور ان کی قوم نے یہ گمان کیا کہ رسولوں نے جو ان کو عذاب نازل ہونے کی وعید سنائی تھی وہ جھوٹی تھی اور دوسرا قول یہ ہے کہ جب رسول اس بات سے مایوس ہو گئے کہ ان کی قوم ان کی تصدیق کرے گی اور انہوں نے یہ گمان کیا کہ رسولوں نے ان سے جھوٹ بولا تھا اور عطاء اور حسن اور قتادہ نے یہ کہا کہ رسولوں کو یہ یقین تھا کہ ان کی قوم ان کی تکذیب کرے گی اور اگر یہ کُذِبوا نہ ہو بلکہ كُذِّبُوا ہو تو اس کا معنی یہ ہے کہ امتوں نے یہ گمان کیا کہ رسولوں نے جو ان کو یہ خبر دی تھی کہ اللہ تعالیٰ ان کے دشمنوں کو ہلاک کر کے ان کی مدد کرے گا تو رسولوں نے ان سے جھوٹ بولا تھا۔ (یہ قوم کا گمان تھا)

۴۶۹۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنها قَالَتْ لَهُ وَهُوَ يَسْأَلُهَا عَنْ قَوْلِ اللهِ تَعَالَى ﴿حَتَّى إِذَا اسْتَيْئَسَ الرُّسُلُ﴾ حَتَّى إِذَا اسْتَيْأَسَ الرُّسُلُ قَالَ قُلْتُ أَكُذِبُوا أَمْ كُذِّبُوا قَالَتْ عَائِشَةُ كُذِّبُوا قُلْتُ فَقَدْ اسْتَيْقَنُوا أَنَّ قَوْمَهُمْ كَذَّبُوهُمْ فَمَا هُوَ بِالظَّنِّ قَالَتْ أَجَلْ لَعَمْرِي لَقَدْ اسْتَيْقَنُوا بِذَلِكَ فَقُلْتُ لَهَا وَظَنُّوا أَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوا قَالَتْ مَعَاذَ اللهِ لَمْ تَكُنْ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی از صالح از ابن شہاب، انہوں نے کہا: مجھے عروہ بن بیر نے خبر دی از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، انہوں نے عروہ کو بتایا: جب وہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے متعلق سوال کر رہے تھے (حَتَّى إِذَا اسْتَيْئَسَ الرُّسُلُ) عروہ نے بتایا کہ میں نے پوچھا کہ یہ لفظ كُذِبُوا ہے یا كُذِّبُوا ہے۔ حضرت عائشہ نے کہا: كُذِّبُوا ہے، میں نے کہا: رسولوں کو یقین تھا کہ ان کی قوم نے ان کی تکذیب کی ہے تو یہ ظن تو نہیں ہے۔ حضرت عائشہ نے فرمایا: معاذ اللہ! رسول

Marfat.com

الرُّسُلُ تَظُنُّ ذَلِكَ بِرَبِّهَا قُلْتُ فَمَا هَذِهِ الْآيَةُ قَالَتْ هُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ الَّذِينَ آمَنُوا بِرَبِّهِمْ وَصَدَّقُوهُمْ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْبَلَاءُ وَاسْتَأْخَرَ عَنْهُمُ النَّصْرُ حَتَّى إِذَا اسْتَيْأَسَ الرُّسُلُ مِمَّنْ كَذَّبَهُمْ مِنْ قَوْمِهِمْ وَظَنَّتْ الرُّسُلُ أَنَّ أَتْبَاعَهُمْ قَدْ كَذَّبُوهُمْ جَائَهُمْ نَصْرُ اللهِ عِنْدَ ذَلِكَ۔

اپنے رب کے ساتھ یہ گمان کرنے والے نہیں تھے۔ میں نے کہا: پھر اس آیت کا کیا معنی ہے؟ حضرت عائشہ نے بتایا: وہ رسولوں کے پیروکار تھے جو اپنے رب پر ایمان لائے اور انہوں نے رسولوں کی تصدیق کی، پھر ان پر مصائب بہت طویل ہو گئے اور اللہ کی مدد موخر ہو گئی حتیٰ کہ جب رسول ان لوگوں سے مایوس ہو گئے جنہوں نے ان کی قوم میں سے ان کی تکذیب کی تھی اور رسولوں نے یہ گمان کیا کہ ان کے پیروکار بھی ان کی تکذیب کریں گے تو اس وقت ان کے پاس اللہ کی مدد آ گئی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۳۸۹ میں گزر چکی ہے۔

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اتباع الرُّسُل: اس سے مراد مومنین ہیں، پس جس چیز کا رسولوں نے گمان کیا وہ مومنین کی تکذیب ہے اور جس چیز کا انہیں یقین تھا وہ کفار کی تکذیب ہے۔

معاذ اللہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس سے اللہ کی پناہ طلب کی کہ رسولوں کو یہ گمان ہو کہ وہ اللہ کے نزدیک جھٹلائے گئے ہوں بلکہ رسولوں کو یہ گمان اپنے ان پیروکاروں پر تھا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۴۲۲)

۴۶۹۶۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ فَقُلْتُ لَعَلَّهَا كُذِبُوا مُخَفَّفَةً قَالَتْ مَعَاذَ اللهِ نَحْوَهُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعیب نے خبر دی از الزہری انہوں نے کہا: مجھے عروہ نے خبر دی، میں نے کہا: شاید یہ لفظ تخفیف کے ساتھ کُذِبُوا ہو۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا معاذ اللہ اسی کی طرح۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۳۸۹ میں گزر چکی ہے۔

سورۂ یوسف کی تفسیر ختم ہو گئی، اب ان شاء اللہ سورۃ الرعد کی تفسیر شروع ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۳۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الرَّعْدِ

سورۃ الرعد کی تفسیر

سورۃ الرعد کا تعارف

ایک قول یہ ہے کہ سورۂ الرعد مکی ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس میں مکی اور مدنی آیات ہیں اور اس سورت میں تینتالیس (۴۳) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۴۲۳)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں یہود نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے رَعْد کے متعلق سوال کیا کہ وہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ فرشتوں میں سے ایک فرشتہ ہے جو بادل کے ساتھ مؤکل ہے۔ اس کے پاس آگ کے کوڑے ہیں، جہاں اللہ چاہتا ہے وہ فرشتہ بادل کو وہاں لے جاتا ہے۔ انہوں نے پوچھا: یہ آواز کیسی ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ بادل کو ڈانٹنے کی آواز ہے جب فرشتہ بادل کو ڈانٹتا ہے۔ یہود نے کہا: آپ نے سچ فرمایا۔ (سنن ترمذی: ۳۱۱۷، سنن کبری للنسائی: ۱۰۹۰۷، المعجم الکبیر ج ۱۲ ص ۴۵)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے ارشاد فرمایا: اگر میرے بندے میری اطاعت کریں تو میں رات میں ان پر بارش نازل کروں گا اور دن میں ان پر سورج طلوع کروں گا اور ان کو رعد کی آواز نہیں سناؤں گا۔ (المستدرک ج ۲ ص ۳۴۹)

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ مَثَلُ الْمُشْرِكِ الَّذِي عَبَدَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ غَيْرَهُ كَمَثَلِ الْعَطْشَانِ الَّذِي يَنْظُرُ إِلَى ظِلِّ خَيَالِهِ فِي الْمَاءِ مِنْ بَعِيدٍ وَهُوَ يُرِيدُ أَنْ يَتَنَاوَلَهُ وَلَا يَقْدِرُ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ (الرعد: ۱۴) یعنی اس شخص کی طرح جو اپنے دونوں ہاتھ بڑھائے۔ یہ اس مشرک کی مثال ہے جو اللہ کے ساتھ اس کے سوا کسی اور کی بھی عبادت کرے وہ اس پیاسے شخص کی طرح ہے جو دور سے پانی کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہوئے پانی کو لینے کا ارادہ کرے اور اس پر قادر نہ ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ لَا يَسْتَجِيبُونَ لَهُمْ بِشَيْءٍ إِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ إِلَى الْمَاءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ۔ (الرعد: ۱۴)

اور جو لوگ کسی اور کو (حقیقی حاجت روا سمجھ کر) پکارتے ہیں وہ ان کی پکار کا کوئی جواب نہیں دے سکتے، ان کا پکارنا صرف اس شخص کی طرح ہے جو (دور سے) پانی کی طرف اپنے دونوں ہاتھوں کو بڑھائے تاکہ پانی اس کے منہ تک پہنچ جائے۔

یعنی جو مشرکین اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو پکارتے ہیں اور اس سے کسی ضرر کو دور کرنے کا ارادہ کرتے ہیں یا کسی نفع کے حصول کا ارادہ رکھتے ہیں وہ بت ان کی کسی بات کا جواب نہیں دے سکتے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ سَخَّرَ ذَلَّلَ۔

اور دوسروں نے کہا: سَخَّرَ کا معنی ہے: تابع کر دیا اور کام میں لگا دیا۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى۔ (الرعد:۲) اور اس نے سورج اور چاند کو اپنے نظام پر کاربند فرما دیا، ہر ایک اپنی مقرر مدت تک گردش کر رہا ہے۔

یعنی اللہ تعالیٰ نے سورج اور چاند کو مخلوق کی منفعتوں اور مخلوق کی مصلحتوں کے کام میں لگا دیا ہے اور ان میں سے ہر ایک وقت معلوم یعنی قیامت تک اپنے اپنے کام میں لگا رہے گا۔

مُتَجَاوِرَاتٌ مُتَدَانِيَاتٌ وَقَالَ مُجَاهِدٌ مُتَجَاوِرَاتٌ طَيِّبُهَا وَخَبِيثُهَا السِّبَاخُ۔ مُتَجٰوِرٰتٌ کا معنی ہے: مُتَقَارِبَاتٌ اور مجاہد نے کہا کہ زمین کا اچھا حصہ وہ ہے جو میٹھا ہو اور زمین کا خبیث حصہ وہ ہے جو شور اور بنجر ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَفِي الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ۔ (الرعد:۴) اور زمین میں ایک دوسرے کے قریب قطعات ہیں۔

امام بخاری نے مُتَجٰوِرٰتٌ کی تفسیر مُتَدَاوِيَاتٌ سے کی ہے یعنی زمین کے حصے ایک دوسرے کے قریب ہیں اور صفات میں مختلف ہیں۔ بعض حصے زرخیز ہیں جو فصل اگاتے ہیں اور بعض حصے بنجر ہیں جو کچھ نہیں اگاتے۔

اَلْمَثُلَاتُ وَاحِدُهَا مَثُلَةٌ وَهِيَ الْأَشْبَاهُ وَالْأَمْثَالُ وَقَالَ إِلَّا مِثْلَ أَيَّامِ الَّذِينَ خَلَوْا۔ اَلْمَثُلٰت اس کا واحد مَثُلَةٌ ہے یہ ایک دوسرے کے مشابہ اور ایک دوسرے کے مثل چیزیں ہیں اور فرمایا تو اب وہ انتظار نہیں کر رہے مگر ان ہی لوگوں سے دنوں کا جو ان سے پہلے گزر چکے۔ (یونس:۱۰۲)

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ۔ (الرعد:۶) اور بے شک ان سے پہلے عذاب یافتہ لوگ گزر چکے ہیں۔

یعنی ان سے پہلے وہ امتیں گزر چکی ہیں جنہوں نے اپنے رب کی نافرمانی کی اور اس کے رسولوں کی تکذیب کی۔ قتادہ نے بیان کیا ہے کہ المثلت کا معنی ہے: العقوبات یعنی سزائیں۔

بِمِقْدَارٍ بِقَدَرٍ۔ بِمِقْدَارٍ یعنی بِقَدَرٍ اس کا معنی ہے: اندازے سے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝ (الرعد:۸) اور ہر چیز کا اس کے نزدیک ایک اندازہ ہے ○

مقدار سے مراد یہاں پر وہ حد ہے جس پر نہ اضافہ ہو سکے اور نہ کمی ہو سکے۔ حضرت ابن عباس نے بتایا کہ مقدار کا معنی یہ ہے کہ قیامت تک ہر ہونے والی چیز کا صحیح اندازہ۔

مُعَقِّبَاتٌ مَلَائِكَةٌ حَفَظَةٌ تُعَقِّبُ الْأُولَى مِنْهَا الْأُخْرَى وَمِنْهُ قِيلَ الْعَقِيبُ أَيْ عَقَّبْتُ فِي إِثْرِهِ۔ مُعَقِّبٰتٌ اس سے مراد وہ فرشتے ہیں جو ایک دوسرے کے پیچھے بندوں کے اعمال کی حفاظت کرنے کے لئے آتے ہیں اور اسی سے اَلْعَقِيْب ماخوذ ہے جو کسی کے پیچھے آتا ہے۔ کہا جاتا ہے عَقَّبْتُ فِي اِثْرِهٖ یعنی میں اس کے نشان کے پیچھے آیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اس کے لئے باری باری آنے والے محافظ فرشتے ہیں جو اللہ کے حکم

Marfat.com

اَمْرِ اللّٰهِ۔ (الرعد:۱۱) سے اس کے سامنے سے اور اس کے پیچھے سے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔

امام بخاری نے مُعَقِّبٰتٌ کی تفسیر حفاظت کرنے والے فرشتوں سے کی ہے جو رات اور دن میں باری باری آتے ہیں، جب دن کے فرشتے اوپر چلے جاتے ہیں تو رات کے فرشتے نیچے آجاتے ہیں۔ حضرت ابن عباس نے اس آیت کی اس طرح تفسیر کی ہے کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے رحمن کی طرف سے جو آپ کے آگے اور پیچھے کی جانب سے آپ کی حفاظت کرتے ہیں۔ اور مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ کا معنی یہ ہے کہ وہ اللہ کے حکم سے حفاظت کرتے ہیں اور اسی سے عقیب ماخوذ ہے جو کسی کے بعد آتا ہے۔

الْمِحَالِ الْعُقُوبَةُ۔ اَلْمِحَال کا معنی ہے: اَلْعُقُوْبَة یعنی سزا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ۝ اور وہ اللہ کے متعلق جھگڑ رہے ہوتے ہیں اور وہ سخت گرفت کرنے والا ہے ○ (الرعد:۱۳)

امام بخاری نے الْمِحَال کی تفسیر گرفت کے ساتھ کی ہے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: وہ شدید گرفت کرنے والا ہے۔ مجاہد سے مروی ہے: وہ شدید قوت والا ہے۔ حسن بصری سے مروی ہے: وہ شدید غلبہ والا ہے اور مجاہد سے دوسری روایت میں ہے: وہ سخت انتقام لینے والا ہے۔

كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ إِلَى الْمَاءِ لِيَقْبِضَ عَلَى الْمَاءِ۔ كَبَاسِط كَفَّيْهِ الى الماء یعنی جیسے وہ شخص جو اپنے ہاتھوں کو بڑھائے تاکہ پانی پر قبضہ کر لے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ۔ (الرعد:۱۴) اور جو لوگ کسی اور کو (حقیقی حاجت روا سمجھ کر) پکارتے ہیں وہ ان کی پکار کا کوئی جواب نہیں دے سکتے، ان کا پکارنا صرف اس شخص کی طرح ہے جو (دور سے) پانی کی طرف اپنے دونوں ہاتھ بڑھائے تاکہ پانی اس کے منہ تک پہنچ جائے حالانکہ وہ پانی اس کے منہ تک پہنچنے والا نہیں۔

یعنی جو مشرکین اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو پکارتے ہیں وہ بت ان کی کسی پکار کا جواب نہیں دے سکتے مگر جس طرح کوئی شخص پانی کو دیکھ کر اپنے دونوں ہاتھ پانی کی طرف بڑھائے، سو جس طرح اس شخص کا مقصود پورا نہیں ہو سکتا اسی طرح بتوں کو پکارنے والے کا مقصود بھی پورا نہیں ہو سکتا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا: جیسے کوئی پیاسا شخص کنوئیں کی منڈیر پر بیٹھا ہو اور اپنے ہاتھ کنوئیں کے پانی کی طرف بڑھائے تو اس کے ہاتھ کنوئیں کی گہرائی تک نہیں پہنچ سکتے اور وہ کنوئیں کے پانی کو نہیں پا سکتا۔

رَابِيًا مِنْ رَبَا يَرْبُوْ۔ رَابِیًا یہ رَبَا یَرْبُوْ سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے: وہ پھول کر بلند ہو جاتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ اسی نے آسمان سے پانی نازل کیا جس سے اپنی وسعت کے

Marfat.com

السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا۔ (الرعد:۱۷) مطابق ندی نالے جاری ہو گئے، پھر پانی کے زور نے بلبلے والے جھاگ بنا دیئے۔

امام بخاری نے یہ بتایا ہے کہ رَابِیًا، ربایَرْبُوسے ماخوذ ہے۔امام ابوعبیدہ نے کہا:اس کا معنی ہے: پھول گیا اور تفسیر میں مذکور ہے۔اس کا معنی ہے:وہ پانی کی سطح کے اوپر بلند ہو گیا۔

أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِثْلُهُ الْمَتَاعُ مَا تَمَتَّعْتَ بِهِ۔ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ یا جھاگ کی متاع اور متاع کا معنی ہے: جس سے تم فائدہ اٹھاؤ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَاءَ حِلْيَةٍ أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهُ۔ (الرعد:۱۷) اور جس دھات کو زیور یا کسی اور چیز (کی شکل) میں ڈھالنے کے لئے آگ میں پگھلاتے ہیں اس میں بھی ایسے ہی جھاگ بنتے ہیں۔

امام بخاری نے مَتَاعٌ کی تفسیر کی ہے: جس سے تم فائدہ اٹھاؤ، یعنی جس طرح تم زیورات یا دیگر زینت کی چیزوں کو طلب کرنے کے لئے مختلف دھاتوں کو مثلاً سونے، چاندی، پیتل اور تانبے کو پگھلاتے ہو، پس ان سے وہ چیزیں بنتی ہیں جن سے تم فائدہ اٹھاتے ہو یعنی زیورات یا برتن وغیرہ اور ان کو بھی پگھلانے سے ایسے ہی جھاگ بنتے ہیں اور جھاگ باقی نہیں رہتا اور نہ اس سے فائدہ حاصل کیا جاتا ہے۔

جُفَاءً يُقَالُ أَجْفَأَتْ الْقِدْرُ إِذَا غَلَتْ فَعَلَاهَا الزَّبَدُ ثُمَّ تَسْكُنُ فَيَذْهَبُ الزَّبَدُ بِلَا مَنْفَعَةٍ فَكَذَلِكَ يُمَيِّزُ الْحَقَّ مِنَ الْبَاطِلِ۔ جُفَاءً یہ اَجْفَأَتِ الْقِدْرُ سے ماخوذ ہے یعنی جب دیگچی کا پانی جوش میں آئے تو جھاگ اوپر آجاتا ہے، پھر جب دیگچی میں پانی ٹھنڈا ہو جاتا ہے تو پھر جھاگ بغیر کسی منفعت سے ختم ہو جاتا ہے اسی طرح حق کو باطل سے ممتاز کیا جاتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَآءً۔ (الرعد:۱۷) پس رہا جھاگ تو وہ بے فائدہ ہونے کی وجہ سے زائل ہو جاتا ہے۔

امام بخاری کے قول کا معنی یہ ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے جھاگ کو اس چیز سے ممتاز کیا ہے جو باقی رہتی ہے اور جھاگ باقی نہیں رہتا اور نہ نفع پہنچاتا ہے اسی طرح حق باقی رہتا ہے اور دائم رہتا ہے اور باطل باقی نہیں رہتا اور دوسری آیت میں زیادہ وضاحت سے فرمایا: رہا جھاگ تو وہ بغیر فائدے کے زائل ہو جاتا ہے اور رہی وہ چیز جو لوگوں کو نفع دیتی ہے، پس وہ زمین میں باقی رہتی ہے۔ (رعد:۱۷)

الْمِهَادُ الْفِرَاشُ۔ اَلْمِهَاد کا معنی ہے: بچھونا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۸﴾ (الرعد:۱۸) اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ ٹھہرنے کی کیسی بری جگہ ہے ○

یہ تفسیر ابوذر کی روایت کے علاوہ دوسروں کی روایت میں ہے۔

يَدْرَؤُنَ يَدْفَعُونَ دَرَأْتُهُ عَنِّي دَفَعْتُهُ۔ وَيَدْرَؤُن یعنی وہ دور کرتے ہیں۔ دَرَأْتُهُ عَنِّی یعنی میں نے اس کو اپنے پاس سے دور کیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝ اور وہ برائی کو اچھائی سے دور کرتے ہیں ان ہی کے لئے آخرت کا (اچھا) گھر ہے ○ (الرعد:۲۲)

امام بخاری نے يَدْرَءُوْنَ کی تفسیر يَدْفَعُوْنَ کی ہے، جب تم کسی شخص کو گھر سے دور کردو تو کہا جاتا ہے: تم نے فلاں شخص کو دفع کردیا۔

سَلَامٌ عَلَيْكُمْ أَيْ يَقُولُونَ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ۔ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ یعنی وہ کہیں گے: سلامٌ علیکم۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝ تم پر سلامتی ہو کیونکہ تم نے صبر کیا، پس آخرت کا گھر کیسا اچھا گھر ہے ○ (الرعد:۲۴)

امام بخاری نے اس آیت سے پہلے يَقُوْلُوْنَ کو محذوف نکالا ہے۔ تفسیر میں مذکور ہے کہ فرشتے اہل جنت کے پاس آئیں گے، پس ان کو سلام کر کے کہیں گے کہ چونکہ تم نے دنیا میں فقر پر صبر کیا، ایک قول ہے جہاد پر صبر کیا، دوسرا قول ہے: دائمی عبادت پر صبر کیا۔ تیسرا قول ہے: گناہوں کے چھوڑنے پر صبر کیا، چوتھا قول ہے: شہوت کے تقاضوں کو ترک کرنے پر صبر کیا، اس لئے تم پر سلامتی ہو۔

وَإِلَيْهِ مَتَابِ تَوْبَتِي۔ وَاِلَيْهِ متاب کا معنی ہے: اور اس کی طرف میری توبہ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ۝ (الرعد:۳۰) آپ کہئے: وہ میرا رب ہے اس کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے۔ میں نے اسی پر توکل کیا ہے اور اسی کی طرف میرا لوٹنا ہے ○

تفسیر میں مذکور ہے: اور اسی کی طرف میرا رجوع ہے اور مَتَاب مصدر میمی ہے اور توبہ کا معنی ہے: گناہ سے رجوع کرنا۔

أَفَلَمْ يَيْئَسْ أَفَلَمْ يَتَبَيَّنْ۔ اَفَلَمْ يَايْئَسْ کا معنی ہے: کیا پس ان پر ظاہر نہیں ہوا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَفَلَمْ يَايْئَسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَاۗءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا۔ (الرعد:۳۱) کیا پس ایمان والوں پر یہ منکشف نہیں ہوا کہ اگر اللہ چاہتا تو سب لوگوں کو ہدایت دے دیتا۔

امام بخاری نے أَفَلَمْ يَايْئَسِ کی تفسیر کی ہے: کیا پس ان پر ظاہر نہیں ہوا۔ مجاہد اور حسن بصری نے کہا ہے کہ یہ ہوازن کی لغت ہے تم کہو: يَائِسْتُ كَذَا یعنی میں نے اس کو اس طرح جان لیا۔

قَارِعَةٌ دَاهِيَةٌ۔ قَارِعَةٌ اس کا معنی ہے: دَاهِيَةٌ یعنی مصیبت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ۔ (الرعد:۳۱) اور کافروں کو اپنے کرتوتوں کی وجہ سے ہمیشہ کوئی نہ کوئی مصیبت پہنچتی رہے گی۔

امام ابوعبیدہ نے کہا ہے دَاهِيَةٌ کا معنی ہے: ہلاکت اور مصیبت۔

فَأَمْلَيْتُ أَطَلْتُ مِنَ الْمَلِيِّ وَالْمِلَاوَةِ وَمِنْهُ مَلِيًّا وَيُقَالُ لِلْوَاسِعِ الطَّوِيلِ مِنَ الْأَرْضِ مَلًى مِنَ فَأَمْلَيْتُ کا معنی ہے: میں نے اس کو طویل مہلت دی۔ یہ اَلْمَلِيِّ اور اَلْمِلَاوَةُ سے ماخوذ ہے اور اسی سے مَلِيًّا ماخوذ ہے۔ وسیع اور

Marfat.com

الْأَرْضِ۔ طویل زمین کے لئے کہا جاتا ہے: مَلَاءَ مِنَ الْأَرْضِ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ لَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَأَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝ (الرعد:۳۲)

اور بے شک آپ سے پہلے رسولوں کا (بھی) مذاق اڑایا گیا، پس میں نے کافروں کو ڈھیل دی، پھر میں نے ان کو پکڑ لیا، سو کیسا تھا میرا عذاب!O

امام بخاری نے أَمْلَيْتُ کی تفسیر کی ہے: میں نے طویل مہلت دی، اور قرآن مجید میں ہے:

وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا ۝ (مریم:۴۶) اور مجھے طویل عرصے کے لئے چھوڑ دے O

الجوہری نے کہا ہے: اَلْمَلَاءُ کا معنی ہے: صحراء۔

أَشَقُّ أَشَدُّ مِنَ الْمَشَقَّةِ۔ أَشَقُّ یعنی بہت سخت اور یہ مشقت سے ماخوذ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ أَشَقُّ ۚ وَ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ۝ (الرعد:۳۴)

ان کے لئے دنیا کی زندگی میں عذاب ہے اور البتہ آخرت کا عذاب زیادہ دشوار ہے اور ان کو اللہ سے بچانے والا کوئی نہیں ہے O

امام بخاری نے اس تفسیر سے یہ اشارہ کیا ہے کہ أَشَقُّ کا لفظ شَقَّ يَشُقُّ سے اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔

مُعَقِّبَ مُغَيِّرٌ۔ مُعَقِّبٌ اس کا معنی ہے: مُغَيِّرٌ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَوَ لَمْ يَرَوْا أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَا ۭ وَ اللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ۭ وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ (الرعد:۴۱)

کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم زمین کو اس کے اطراف سے کم کرتے جا رہے ہیں اور اللہ حکم فرماتا ہے اور کوئی اس کے حکم کو رد کرنے والا نہیں اور وہ بہت جلد حساب لینے والا ہے O

امام ابوعبیدہ نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ کوئی اس کے حکم کو رد کرنے والا نہیں ہے اور نہ کوئی اس کے حکم کو متغیر کرنے والا ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ مُتَجَاوِرَاتٌ طَيِّبُهَا وَخَبِيثُهَا السِّبَاخُ۔ اور مجاہد نے کہا: مُتَجٰورات یعنی زمین کے بعض حصے عمدہ اور قابل کاشت ہیں اور بعض حصے شور اور کھاری ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَفِي الْأَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ۔ (الرعد:۴)

اور زمین میں ایک دوسرے کے قریب قطعات ہیں۔

اس کی شرح پہلے گزر چکی ہے۔

صِنْوَانٌ النَّخْلَتَانِ أَوْ أَكْثَرُ فِي أَصْلٍ وَاحِدٍ وَغَيْرُ صِنْوَانٍ وَحْدَهَا بِمَاءٍ وَاحِدٍ كَصَالِحِ بَنِي آدَمَ وَخَبِيثِهِمْ أَبُوهُمْ وَاحِدٌ۔

صِنْوَانٌ اس کا معنی ہے: کھجور کے دو یا دو سے زائد درخت جن کی جڑ ایک ہو اور غَيْرُ صِنْوَانٍ اس کا معنی ہے: ایک درخت، ان کو ایک ہی زمین سے پانی دیا جاتا ہے جیسے بنو آدم نیک اور بدکار اور دونوں کے باپ ایک ہیں۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَّ زَرْعٌ وَّ نَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ۔ (الرعد:۴) اور کھیت ہیں اور ایک ہی جڑ سے نکلے ہوئے کھجور کے درخت ہیں اور الگ الگ بھی ہیں (حالانکہ) سب کو ایک ہی پانی سے سیراب کیا جاتا ہے۔

صِنْوٌ کا اصل معنی ہے: مثل، حدیث میں ہے: مرد کا چچا اس کے باپ کی مثل ہوتا ہے کیونکہ ان دونوں کی اصل واحد ہے۔

اَلسَّحَابُ الثِّقَالُ الَّذِی فِیهِ الْمَاءُ۔ اَلسَّحَابُ الثِّقَال یعنی جس بادل میں پانی ہو، اس شخص کی طرح جو دور سے بادل کو دیکھ کر اپنے دونوں ہاتھوں کو ہلائے اور پانی کو بلائے، پس وہ اس کے پاس نہیں آئے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

هُوَ الَّذِیْ یُرِیْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّ طَمَعًا وَّ یُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۝ (الرعد:۱۲) وہی ہے جو تم کو (کبھی) ڈرانے کے لئے اور (کبھی) امید دلانے کے لئے بجلی کی چمک دکھاتا ہے اور بھاری بادل پیدا کرتا ہے ○

یعنی اللہ تعالیٰ پانی سے بوجھل اور بھاری بادلوں کو چلاتا ہے۔

فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا تَمْلَأُ بَطْنَ كُلِّ وَادٍ زَبَدًا رَابِيًا اَلزَّبَدُ زَبَدُ السَّيْلِ زَبَدٌ مِثْلُهُ خَبَثُ الْحَدِيدِ وَالْحِلْيَةِ۔ سَالَتْ اَوْدِيَةٌ بِقَدْرِهَا یعنی نالے اندازے سے بہتے ہیں اور وہ ہر وادی کا پیٹ پھولنے والے جھاگ سے بھر دیتے ہیں۔ جھاگ سے مراد ہے: سیلاب یعنی بہتا ہوا پانی یا جھاگ سے مراد ہے: لوہے اور زیورات کا زنگ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا۔ (الرعد:۱۷) وسعت کے مطابق ندی نالے جاری ہو گئے، پھر پانی کے زور نے بلبلے والے جھاگ بنا دیئے۔

یعنی اللہ تعالیٰ نے آسمان سے بارش نازل کی اور اس بارش سے ہر وادی اپنی گنجائش سے بھر گئی خواہ وہ وادی چھوٹی ہو یا بڑی۔ اَوْدِیَۃ وَادٍ کی جمع ہے، دو پہاڑوں کے درمیان جو کشادہ جگہ ہوتی ہے اس کو وادی کہتے ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۴۲۹-۴۲۳، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۔ بَابٌ: اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ۔ (الرعد:۸) اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ہر مادہ کے حمل کو اللہ ہی جانتا ہے، اور ہر رحم میں جو کمی اور زیادتی ہوتی ہے اس کو بھی وہی جانتا ہے (الرعد:۸) کی تفسیر

ناتمام بچے کی مختلف تعریفات

علامہ بدر الدین عینی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

وَمَا تَغِيْضُ: وہ جو رحم میں بچے کا نقصان ہو جاتا ہے یعنی حمل ساقط ہو جاتا ہے اور کبھی بچہ پورا پیدا ہو جاتا ہے۔ ضحاک نے کہا

Marfat.com

ہے کہ غیضھا کا معنی یہ ہے کہ عورت کے ہاں بچہ نو مہینہ سے کم میں پیدا ہو جاتا ہے۔ حسن بصری نے کہا ہے کہ اس کا معنی ہے: ناتمام بچہ پیدا ہو۔ ایک قول یہ ہے کہ چھ مہینے سے تین دن کم میں بچہ پیدا ہوا۔ علامہ قرطبی مالکی نے کہا ہے کہ اس آیت میں یہ دلیل ہے کہ حاملہ کو حیض آتا ہے اور امام شافعی کا بھی یہ ایک قول ہے اور عطاء، شعبی اور دوسروں نے کہا ہے کہ اس کو حیض نہیں آتا اور یہی امام ابوحنیفہ کا قول ہے۔ (عمدۃ القاری ۱۸ ص ۴۲۸)

۴۶۹۷۔ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی الله عنهما أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا اللهُ لَا يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ إِلَّا اللهُ وَلَا يَعْلَمُ مَا تَغِيضُ الْأَرْحَامُ إِلَّا اللهُ وَلَا يَعْلَمُ مَتَى يَأْتِي الْمَطَرُ أَحَدٌ إِلَّا اللهُ وَلَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ وَلَا يَعْلَمُ مَتَى تَقُومُ السَّاعَةُ إِلَّا اللهُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے ابراہیم بن المنذر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں معن نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں امام مالک نے حدیث بیان کی از عبداللہ بن دینار از حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غیب کی پانچ چابیاں ہیں جن کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ کل کیا ہوگا اور اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ رحم میں کیا کمی ہوتی ہے اور اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ بارش کب آئے گی اور اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ وہ کس زمین میں مرے گا اور اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ قیامت کب آئے گی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۰۳۹ میں گزر چکی ہے۔

اس حدیث میں صرف پانچ چیزوں کا ذکر ہے جنہیں اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا حالانکہ ایسی بہت چیزیں ہیں جنہیں اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اس کا جواب یہ ہے کہ کفار قریش کا یہ عقیدہ تھا کہ ان پانچ چیزوں کا علم ان کے کاہنوں کو ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے ان کا رد کر کے فرمایا کہ ان پانچ چیزوں کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

اللہ تعالیٰ کی مدد اور اس کی توفیق سے سورۃ الرعد کی تفسیر ختم ہوگئی، اب ان شاء اللہ سورۂ ابراہیم کی تفسیر شروع ہوگی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۴۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ اِبْرَاھِیْمَ

سورۂ ابراہیم کی تفسیر

سورۂ ابراہیم کا تعارف

ابوالعباس نے کہا ہے کہ اس سورت میں صرف ایک آیت مدنی ہے اور وہ یہ ہے:

اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰہِ کُفْرًا۔ (ابراہیم: ۲۸) اور کلبی سے روایت ہے کہ یہ آیت مدنی ہے اور ان کفار کے متعلق نازل ہوئی جو غزوۂ بدر میں قتل کر دیئے گئے تھے۔

اس سورت میں باون (۵۲) آیات ہیں۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ ھَادٍ دَاعٍ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: ھَادٍ کا معنی ہے: دعوت دینے والا۔

اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِکُلِّ قَوْمٍ ھَادٍ ۝ (الرعد: ۷) آپ تو صرف ڈرانے والے ہیں اور ہر قوم کو ہدایت دینے والے ہیں ○

امام بخاری پر یہ اعتراض ہے کہ انہوں نے سورۂ ابراہیم کی تفسیر میں سورۂ رعد کی آیت کو ذکر کر دیا ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ یہ ان بعض لکھنے والوں کی غلطی ہے جنہوں نے صحیح بخاری کے نسخہ کو نقل کیا ہے۔

وَقَالَ مُجَاھِدٌ صَدِیْدٌ قَیْحٌ وَدَمٌ۔ اور مجاہد نے کہا: صَدِیْد کا معنی ہے: پیپ اور خون۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مِّنْ وَّرَآئِہٖ جَھَنَّمُ وَیُسْقٰی مِنْ مَّآءٍ صَدِیْدٍ ۝ اس کے بعد دوزخ ہے اور اس کو پیپ کا پانی پلایا جائے گا ○

(ابراہیم: ۱۶)

قتادہ سے روایت ہے کہ یہ وہ پیپ اور خون ہے جو کافر کی کھال سے نکلے گا اور ربیع بن انس سے روایت ہے کہ یہ دوزخیوں کا غسالہ ہے اور یہ وہ پیپ اور خون ہے جو زنا کرنے والوں کی شرم گاہوں سے نکلے گا اور وہ دوزخیوں کو پلایا جائے گا۔

وَقَالَ ابْنُ عُیَیْنَۃَ اذْکُرُوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ اَیَادِیَ اللّٰہِ عِنْدَکُمْ وَاَیَامَہٗ۔ اور ابن عیینہ نے کہا: اذکروا نعمۃ اللہ علیکم کا معنی ہے، اللہ کی ان نعمتوں کو یاد کرو جو تمہارے پاس ہیں اور ان واقعات کو یاد کرو جو اس کی قدرت سے ہوئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِہِ اذْکُرُوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ اِذْ اَنْجٰکُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ۔ (ابراہیم: ۶) اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: تم اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو یاد کرو جب اس نے تم کو فرعون کے متبعین سے نجات دی۔

Marfat.com

امام بخاری نے نِعْمَةَ اللهِ کی تفسیر اَیَادِی اللہ کے ساتھ کی ہے۔اور اَیَادِیْ یَدٌ کی جمع ہے اور وہ نعمۃ کے معنی میں آتا ہے۔
امام طبری نے اس تعلیق کی سند موصول کے ساتھ روایت کی ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ مِنْ كُلِّ مَا سَأَلْتُمُوهُ رَغِبْتُمْ إِلَيْهِ فِيهِ۔ اور مجاہد نے کہا: من كُلِّ مَا سَأَلْتُمُوهُ کا معنی ہے: ہر وہ چیز جس کی طرف تم نے رغبت کی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ سَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ۝ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ (ابراہیم: ۳۳-۳۴) اور تمہارے لئے رات اور دن کو مسخر کیا O اور تمہاری تمام مانگی ہوئی چیزوں میں سے تم کو (بہت کچھ) عنایت کیا۔

یعنی جن چیزوں کی طرف تم نے رغبت کی وہ اللہ تعالیٰ نے تم کو عطا کر دیں اور بعض مفسرین نے کہا: اس کا معنی ہے: تم کو وہ نعمتیں عطا کیں جن کا تم نے سوال کیا اور وہ نعمتیں بھی عطا کیں جن کا تم نے سوال نہیں کیا۔

يَبْغُونَهَا عِوَجًا يَلْتَمِسُونَ لَهَا عِوَجًا۔ و يبغونها عوجا اس کا معنی ہے: اور وہ اس میں کجی اور ٹیڑھ کو تلاش کرتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا۔ (ابراہیم: ۳) اور وہ (لوگوں کو) اللہ کے راستے سے روکتے ہیں اور اس میں کجی تلاش کرتے ہیں۔

یہ تفسیر مجاہد کی تفسیر کے مطابق ہے۔

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ اَعْلَمَكُمْ آذَنَكُمْ۔ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ کا معنی ہے: اللہ تعالیٰ نے تم کو خبر دی اور بتایا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ۔ (ابراہیم: ۷) اور یاد کرو جب تمہارے رب نے آگاہ کر دیا تھا کہ اگر تم نے شکر کیا تو میں ضرور تم کو زیادہ (نعمت) دوں گا۔

امام ابوعبیدہ نے کہا ہے کہ اس آیت میں اِذْ کا لفظ زائد ہے۔علامہ عینی فرماتے ہیں: میں کہتا ہوں: اس طرح نہیں ہے بلکہ اس کا معنی ہے: یاد کرو جب تمہارے رب نے یہ خبر دی۔

حافظ ابن حجر نے کہا ہے کہ تَاَذَّنَ، اِیذَان سے ماخوذ ہے۔(فتح الباری ج ۵ ص ۶۵۴)

علامہ عینی اس کا رد فرماتے ہوئے کہتے ہیں: بلکہ یہ تاذین سے ماخوذ ہے۔

رَدُّوا أَيْدِيَهُمْ فِي أَفْوَاهِهِمْ هَذَا مَثَلٌ كَفُّوا عَمَّا أُمِرُوا بِهِ۔ رَدُّوْا اَیدیھم فِیْ اَفْوَاھِھِمْ یہ ایک مثال ہے یعنی وہ اس کام سے باز رہے جس کا انہیں حکم دیا گیا تھا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ۔ (ابراہیم: ۹) ان کے پاس ان کے رسول واضح دلائل لے کر آئے تو انہوں نے اپنے ہاتھ اپنے مونہوں پر رکھ دیئے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: انہوں نے غصہ میں آ کر اپنے ہاتھوں کو کاٹ لیا۔امام بخاری نے کہا: یہ ضرب المثل ہے یعنی

Marfat.com

جب کوئی شخص کسی حکم پر عمل نہ کرے تو اس کے لئے ضرب المثل ہے کہ انہوں نے اپنے ہاتھ اپنے منہ پر رکھ لئے، یعنی جب انبیاء علیہم السلام نے ان کو وعظ اور نصیحت کی تو انہوں نے ان کا بہت زیادہ رد کرنے کے لئے اپنے ہاتھ اپنے منہ پر رکھ لئے یعنی تم جو پیغام لے کر آئے ہو ہم اس کا کفر کرتے ہیں اور ہماری طرف سے اس کا یہی جواب ہے۔ دوسری تفسیر یہ ہے کہ انہوں نے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نصیحتوں کو ان کی طرف لوٹا دیا۔

مَقَامِی حَیْثُ یُقِیمُهُ اللهُ بَیْنَ یَدَیْهِ۔ مَقَامِی یعنی وہ جگہ جہاں اللہ تعالیٰ ان کو اپنے سامنے کھڑا کرے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِیْ وَخَافَ وَعِیْدِ ﴿۱۴﴾ یہ (اعلان) اس کے لئے ہے جو میرے سامنے پیش ہونے اور میرے عذاب دینے کی خبر سے ڈرے ○ (ابراہیم: ۱۴)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اسی طرح روایت ہے اور تفسیر میں مذکور ہے کہ یہ موقف ہے یعنی یہ وہ جگہ ہے جہاں قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے حساب لے گا۔

مِنْ وَرَائِهِ قُدَّامَهُ جَهَنَّمُ۔ مِنْ وَّرَآىِٕهٖ اس کا معنی ہے: ان کے سامنے جہنم ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمِنْ وَّرَآىِٕهٖ عَذَابٌ غَلِیْظٌ ﴿۱۷﴾ (ابراہیم: ۱۷) اور ان کے سامنے ایک اور سخت عذاب ہے ○

امام بخاری نے وَّرَآىِٕهٖ کی تفسیر قُدَّام سے کی ہے یعنی سامنے اور زمخشری نے بھی اسی طرح تفسیر کی ہے۔ قطرب وغیرہ نے کہا ہے کہ یہ لفظ اضداد سے ہے یعنی اس کا معنی پیچھے بھی ہے اور سامنے بھی اور ابراہیم بن عرفہ نے اس کا انکار کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ وراء کا لفظ آگے یا سامنے کے معنی میں اسی وقت آتا ہے جب وہ مکان یا زمان کے معنی میں ہو۔

لَكُمْ تَبَعًا وَاحِدُهَا تَابِعٌ مِثْلُ غَیَبٍ وَغَائِبٍ۔ لَكُمْ تبعًا اس کا واحد تَابِعٌ ہے جیسے غَیَبٌ اور غَائِبٌ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِیْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِیْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ۔ (ابراہیم: ۲۱) اور آخرت میں سب اللہ کے سامنے پیش ہوئے تو کمزور لوگوں نے بڑوں سے کہا: ہم (دنیا میں) تمہاری پیروی کرتے تھے، پس کیا تم ہم سے اللہ کے عذاب کو کچھ کم کر سکتے ہو؟

اَلتَّبَعُ التابع کی جمع ہے جیسے خَدَمٌ خَادِمٌ کی جمع ہے۔ امام بخاری نے مثال دی ہے جیسے غَیَبٌ غائب کی جمع ہے، اس آیت کا معنی ہے: بے شک ہم تمہاری پیروی کرنے والے تھے۔

بِمُصْرِخِكُمْ اسْتَصْرَخَنِی اسْتَغَاثَنِی یَسْتَصْرِخُهُ مِنَ الصُّرَاخِ۔ بِمُصْرِخِكُمْ یہ اِسْتَصْرَخَنی سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے: استغاثنی یعنی اس نے مجھ سے مدد طلب کی۔ یَسْتَصْرِخُهُ وہ مدد طلب کرتا ہے اور یہ صُراخ سے ماخوذ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَا تَلُوْمُوْنِیْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِیَّ۔ (ابراہیم: ۲۲) تو تم مجھ کو ملامت نہ کرو اور اپنے آپ کو ملامت کرو، نہ میں تمہاری فریاد رسی کرنے والا ہوں اور نہ تم میری فریاد رسی کرنے والے ہو۔

Marfat.com

علامہ زمخشری نے اس کا معنی کیا ہے: ہم میں سے کوئی کسی کو اللہ کے عذاب سے نجات دے سکتا ہے اور نہ کسی کی مدد کر سکتا ہے۔ یَسْتَصْرِخُہٗ کا معنی ہے: وہ زور سے چلاتا ہے۔ اسی لئے امام بخاری نے کہا: یہ مُراخ سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے آواز دینا۔

وَلَا خِلَالَ مَصْدَرُ خَالَلْتُهُ خِلَالًا وَيَجُوزُ أَيْضًا جَمْعُ خُلَّةٍ وَخِلَالٍ۔

وَلَا خِلَال یہ خَالَلْتُهُ خِلَالًا کا مصدر ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ خُلَّةٌ کی جمع خِلَال ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ۝ (ابراہیم:۳۱)

اس سے پہلے کہ وہ دن آجائے جس میں نہ خرید وفروخت ہوگی نہ دوستی O

امام بخاری نے لفظ خِلَالٌ میں دو صورتیں بیان کی ہیں: ایک یہ کہ یہ مصدر ہے اور اس کا معنی ہے: اس دن کسی دوست کی دوستی کام نہیں آئے گی اور دوسرا یہ کہ یہ خُلَّةٌ کی جمع ہے جیسے ظُلَّةٌ کی جمع ہے: ظلال ہے اور جمہور اہل لغت نے پہلی صورت کو اختیار کیا ہے اور خُلَّة کا معنی صداقت اور محبت ہے جو دل میں بس جائے اور اسی سے خلیل اور صدیق بنا ہے۔

اجْتُثَّتْ اسْتُؤْصِلَتْ۔

اجْتُثَّتْ اس کا معنی ہے: جڑ سے اکھاڑ لیا گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ۝ (ابراہیم:۲۶)

اور ناپاک کلمہ (بات) کی مثال اس ناپاک درخت کی طرح ہے جس کو زمین کے اوپر سے اکھاڑ دیا گیا اس کے لئے بالکل ثبات نہیں O

امام بخاری نے اُجْتُثَّتْ کی تفسیر اُسْتُؤْصِلَتْ کے ساتھ کی ہے، یہ لفظ اِسْتِیْصَال سے ماخوذ ہے، اس کا معنی ہے: کسی چیز کو جڑ سے اکھاڑ دینا۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۶-۳)

۱۔ بَابٌ: كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ۝ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ۔ (ابراہیم:۲۴-۲۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ایک پاکیزہ درخت کی طرح ہے جس کی جڑ (زمین میں) مضبوط ہے اور اس کی شاخیں آسمان میں ہیں O وہ درخت اپنے رب کے اذن سے ہر وقت پھل دیتا ہے۔ (ابراہیم:۲۵-۲۴)

کی تفسیر

کلمہ طیبہ اور شجرۂ طیبہ میں مختلف وجوہ سے مشابہت

علامہ بدرالدین محمود احمد بن عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ کلمہ طیبہ سے مراد ہے: اس بات کی شہادت دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے اور شجرہ طیبہ میں کئی اقوال ہیں، ایک قول یہ ہے کہ اس سے مراد ہر پھل دار درخت ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد کھجور کا درخت ہے۔ تیسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد جنت ہے۔ چوتھا قول یہ ہے کہ اس سے مراد جنت کا درخت ہے۔ پانچواں قول یہ ہے کہ اس سے مراد مومن ہے۔

اگر اس سے مراد پھل دار درخت ہو تو کلمہ طیبہ میں اور شجرۂ طیبہ میں مشابہت یہ ہے کہ ان میں سے ہر ایک سے منافع حاصل

ہوتے ہیں۔کلمہ طیبہ سے جنت میں دخول اور دوزخ کے دوام سے نجات حاصل ہوگی اور پھل دار درخت سے لذت اور قوت حاصل ہوتی ہے اور اگر شجرۂ طیبہ سے مراد کھجور کا درخت ہو تو کھجور کا درخت دیکھنے میں بہت خوبصورت ہوتا ہے اور اس سے بہت خیر حاصل ہوتی ہے اور اس کے منافع بہت زیادہ ہیں، اس کے تنے سے ستون بنائے جاتے ہیں اور اس کی شاخیں اور پتوں سے بہت کارآمد اور مفید چیزیں بنتی ہیں مثلاً چٹائیاں، پنکھے، چنگیریاں اور ٹوپیاں وغیرہ اور اس کی شاخیں جو اوپر کو جاتی ہیں اور اس کی جڑیں جو زمین میں پیوست ہوتی ہیں تو یہ ایسے ہے جیسے مومن کا ایمان اس کے سینہ میں ہوتا ہے اور اس کے نیک اعمال قبولیت کے لئے اوپر پہنچائے جاتے ہیں اور اگر شجرہ طیبہ سے مراد جنت یا جنت کا درخت ہو تو یہ اس لئے واضح ہے کہ کلمہ طیبہ سے جنت ملتی ہے اور جنت میں دوام حاصل ہوتا ہے اور اگر شجرہ طیبہ سے مراد مومن ہو تب بھی واضح ہے کہ کلمہ طیبہ پڑھنے سے بندہ مومن ہوتا ہے۔

اور وہ ہر وقت پھل دیتا ہے: یعنی جس طرح کھجور کا درخت ہر وقت پھل دیتا ہے اور کبھی معطل نہیں ہوتا، اسی طرح مومن سے بھی اس کے اعمال صالحہ کبھی معطل نہیں ہوتے۔

اس کی اصل ثابت ہے اور اس کی شاخیں آسمان میں ہیں: یعنی کھجور کی جڑیں زمین میں پیوست ہوتی ہیں اور اس کی شاخیں بلندی کی طرف اٹھی ہوئی ہوتی ہیں اور جب اس کی شاخیں اوپر اٹھی ہوئی ہوتی ہیں تو وہ زمین کی کثافتوں سے بہت بلند ہوتی ہیں۔

درخت اس وقت مکمل درخت بنتا ہے جب اس میں تین چیزیں ہوں، اس کی جڑ راسخ ہو اور اس کی اصل قائم ہو اور اس کی فرع بلند ہو، اسی طرح مومن اس وقت پھل دیتا ہے جب اس میں تین چیزیں ہوں: تصدیق بالقلب ہو، اقرار باللسان ہو اور عمل بالابدان ہو۔

سعید بن جبیر اور قتادہ نے کہا ہے کہ ''حین'' کا اطلاق ہر چھ ماہ بعد پر ہوتا ہے یعنی کھجور کا درخت ہر چھ ماہ بعد پھل دیتا ہے۔ الربیع بن انس نے کہا: کل حین کا معنی ہے: ہر صبح اور شام۔ اسی طرح مومن بھی ہر صبح اور شام نیک عمل کرتا ہے۔ ضحاک نے کہا ہے کہ حین کا معنی ہے: رات اور دن کی ساعت یعنی کھجور ہر موسم میں رات اور دن کے وقت کھائی جاتی ہے، اسی طرح مومن بھی رات اور دن کے ہر وقت میں نیک کام کرتا رہتا ہے، اس کا سونا بھی نیکی ہے کیونکہ وہ رات کی نیند سے دن میں نیک کام کرنے کی طاقت حاصل کرتا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۸ ص ۷-۶)

۴۶۹۸۔ حَدَّثَنِي عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنْ أَبِي أُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی الله عنهما قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللهِ ﷺ فَقَالَ أَخْبِرُونِي بِشَجَرَةٍ تُشْبِهُ أَوْ كَالرَّجُلِ الْمُسْلِمِ لَا يَتَحَاتُّ وَرَقُهَا وَلَا وَلَا وَلَا تُؤْتِي أُكُلَهَا كُلَّ حِينٍ قَالَ ابْنُ عُمَرَ فَوَقَعَ فِي نَفْسِي أَنَّهَا النَّخْلَةُ وَرَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ لَا يَتَكَلَّمَانِ فَكَرِهْتُ أَنْ أَتَكَلَّمَ فَلَمَّا لَمْ يَقُولُوا شَيْئًا قَالَ رَسُولُ اللهِ هِيَ النَّخْلَةُ فَلَمَّا قُمْنَا قُلْتُ لِعُمَرَ يَا أَبَتَاهُ وَاللهِ لَقَدْ كَانَ وَقَعَ فِي نَفْسِي أَنَّهَا النَّخْلَةُ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَكَلَّمَ قَالَ لَمْ أَرَكُمْ تَكَلَّمُونَ فَكَرِهْتُ أَنْ أَتَكَلَّمَ أَوْ أَقُولَ شَيْئًا قَالَ عُمَرُ لَأَنْ تَكُونَ قُلْتَهَا أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی از ابی اسامہ از عبید اللہ از نافع از حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے، آپ نے فرمایا: مجھے ایک درخت کی خبر دو جو مشابہ ہے یا فرمایا وہ مسلمان مرد کے مشابہ ہے۔ اس کے پتے نہیں گرتے اور نہ اس طرح ہوتا اور نہ اس طرح ہوتا ہے اور نہ اس طرح ہوتا ہے وہ اپنا پھل ہر وقت دیتا ہے، حضرت ابن عمر نے بتایا پس میرے دل میں آیا کہ وہ کھجور کا درخت ہے اور میں نے دیکھا کہ حضرت ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما بات نہیں کر رہے تو میں نے بات کرنا پسند نہیں کیا، پس جب صحابہ نے کچھ بھی نہیں کہا تو رسول اللہ ﷺ نے بتایا: وہ کھجور کا درخت ہے، پس جب ہم اٹھے تو میں نے حضرت عمر سے کہا اے ابا جان! اللہ کی

Marfat.com

كَذَا وَكَذَا۔

قسم! میرے دل میں یہ آیا تھا کہ وہ کھجور کا درخت ہے، پس انہوں نے کہا: تمہیں بتانے سے کیا چیز مانع ہوئی؟ حضرت ابن عمر نے کہا: میں نے دیکھا کہ آپ لوگ نہیں بتا رہے تو میں نے بتانے کو ناپسند کیا یا کچھ کہنے کو ناپسند کیا۔ حضرت عمر نے کہا اگر تم بتا دیتے تو یہ مجھے فلاں اور فلاں چیز سے زیادہ محبوب ہوتا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۶۱ میں گزر چکی ہے۔

۲۔ بَابٌ: يُثَبِّتُ اللهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ۔ (ابراہیم: ۲۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اللہ ایمان والوں کو مضبوط کلمہ کے ساتھ ثابت قدم رکھتا ہے (ابراہیم: ۲۷) کی تفسیر

عذاب قبر کا ثبوت

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یعنی اللہ تعالیٰ ان کے ایمان کو اور ان کے اعمال کو قول ثابت کے ساتھ محقق کرتا ہے اور اس سے مراد ہے: اس بات کی شہادت دینا کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے۔

دنیا کی زندگی میں: یعنی قبر میں منکر نکیر کے سوال کے وقت۔

اور آخرت میں: یعنی جب ان کو قیامت کے دن اٹھایا جائے گا۔

۴۶۹۹۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ أَخْبَرَنِي عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ الْمُسْلِمُ إِذَا سُئِلَ فِي الْقَبْرِ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ فَذَلِكَ قَوْلُهُ ﴿يُثَبِّتُ اللهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ﴾ (ابراہیم: ۲۷)

امام بخاری روایت کرتے ہیں ہمیں ابوالولید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے علقمہ بن مرثد نے خبر دی، انہوں نے کہا: میں نے سعد بن عبیدہ سے سنا از حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسلمان سے جب قبر میں سوال کیا جائے گا تو وہ شہادت دے گا کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے اور یہ کہ محمد اللہ کے رسول ہیں، پس یہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے: اللہ ایمان والوں کو دنیا میں (بھی) مضبوط کلمہ کے ساتھ ثابت قدم رکھتا ہے اور آخرت میں (بھی)۔ (ابراہیم: ۲۷)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۳۶۹ میں گزر چکی ہے۔

۳۔ بَابٌ: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللهِ كُفْرًا۔ (ابراہیم: ۲۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے اللہ کی نعمت کو ناشکری سے بدل دیا (ابراہیم: ۲۸) کی تفسیر

علامہ بدرالدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

Marfat.com

بَدَّلُوْا: یعنی جنہوں نے سیدنا محمد ﷺ میں اللہ عزوجل کی نعمت کو تبدیل کر دیا۔ جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان ہی لوگوں میں سے مبعوث فرمایا اور ان ہی میں مبعوث فرمایا، پس انہوں نے آپ کا کفر کیا اور آپ کی تکذیب کی۔

وَاَحَلُّوْا: یعنی انہوں نے اپنی قوم کے ان لوگوں کو جہنم میں داخل کر دیا جنہوں نے کفر کرنے میں ان کی موافقت کی تھی۔

اَلَمْ تَعْلَمْ یہ آیت اَلَمْ تَرَ کَیْفَ کی مثل ہے یعنی کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے ہاتھیوں والوں کے ساتھ کیا کیا یا یہ اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ خَرَجُوْا کی مثل ہے یعنی کیا آپ نے نہیں دیکھا جو لوگ اپنے گھروں سے نکلے تھے۔

امام بخاری نے جو تفسیر کی ہے وہی تفسیر امام ابوعبیدہ نے کی ہے۔ علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ اَلَمْ تَعْلَمْ، اَلَمْ تَرَ کے معنی میں نہیں ہے کیونکہ ان کو دیکھنا عادتاً حاصل نہیں ہوا۔ علامہ عینی فرماتے ہیں کہ یہ کلمہ اظہار تعجب کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

۴۷۰۰۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عَطَاءٍ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ ﴿اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا﴾ (ابراہیم: ۲۸) قَالَ هُمْ كُفَّارُ اَهْلِ مَكَّةَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از عمرو از عطاء، انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا: کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے اللہ کی نعمت کو ناشکری سے بدل دیا۔ (ابراہیم: ۲۸) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: یہ اہل مکہ کے کفار تھے جنہوں نے اللہ کی نعمت کو کفر سے تبدیل کیا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۹۷۷ میں گزر چکی ہے۔

سورۂ ابراہیم کی تفسیر ختم ہوئی اب انشاء اللہ سورۃ الحجر کی تفسیر شروع ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۵۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْحِجْرِ

سورۃ الحجر کی تفسیر

سورۃ الحجر کا تعارف

امام طبری نے کہا ہے کہ یہ سورت مکی ہے اور اس پر مفسرین کا اجماع ہے۔ علامہ سخاوی نے کہا ہے کہ یہ سورت سورۂ یوسف کے بعد اور سورۂ انعام سے پہلے نازل ہوئی اور اس میں ننانوے (۹۹) آیات ہیں۔ حجر کا معنی منع کرنا ہے۔ عقل کو بھی حجر کہتے ہیں کیونکہ وہ انسان کو غلط اور برے کاموں سے روکتی ہے، جو مکان پتھروں سے بنایا جائے اس کو بھی حجر کہتے ہیں۔ قوم ثمود کی آبادیاں چونکہ پتھروں کو تراش کر کے بنائی گئی تھیں اس لئے ان کو اَلْحِجر کہا گیا ہے جیسا کہ (الحجر: ۸۰) میں ہے۔ (تبیان القرآن ج ۶ ص ۲۳۱)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيمٌ الْحَقُّ يَرْجِعُ إِلَى اللّٰهِ وَعَلَيْهِ طَرِيقُهُ۔

اور مجاہد نے کہا: صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيمٌ اس کا معنی ہے کہ حق اللہ کی طرف رجوع کرتا ہے اور وہی اللہ کا راستہ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيمٌ ۝ (الحجر: ۴۱)

فرمایا: مجھ تک (پہنچنے کا) یہی سیدھا راستہ ہے ○

یہ امام ابن ابی حاتم کی تعلیق ہے اور اخفش نے اس کا معنی بیان کیا ہے کہ یہ صراط مستقیم پر دلالت ہے۔

وَإِنَّهُمَا لَبِإِمَامٍ مُبِينٍ الْإِمَامُ كُلُّ مَا ائْتَمَمْتَ وَاهْتَدَيْتَ بِهِ إِلَى الطَّرِيقِ۔

وانهما لبإمام مبين: اس کا معنی ہے: یہ دونوں شہر کھلے ہوئے راستہ پر ہیں۔ امام ہر اس راستہ کو کہتے ہیں جس کا تم قصد کرو اور جس سے تم کسی منزل کا راستہ پاؤ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ وَإِنَّهُمَا لَبِإِمَامٍ مُبِينٍ ۝

سو ہم نے ان سے انتقام لے لیا اور یہ دونوں بستیاں عام گزرگاہ پر ہیں ○ (الحجر: ۷۹)

یعنی حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کا شہر اور اصحاب الایکہ کا شہر کھلی ہوئی شاہراہ پر ہیں یعنی وہ بالکل واضح راستہ ہے، اس راستے کو امام اس لئے کہا کہ اس راستے کی اتباع کی جاتی ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَعَمْرُكَ لَعَيْشُكَ۔

حضرت ابن عباس نے کہا: لَعَمْرُكَ کا معنی ہے: آپ کی زندگی کی قسم۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِي سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝

(اے محمد!) آپ کی زندگی کی قسم! وہ لوگ اپنی مستی میں مدہوش ہو رہے ہیں ○ (الحجر: ۷۲)

Marfat.com

تفسیر ثعلبی میں مذکور ہے: اے محمد! آپ کی زندگی کی قسم! حضرت لوط علیہ السلام کی قوم اپنی گمراہی اور اپنی حیرت میں تردد کر رہے ہیں اور قتادہ سے روایت ہے کہ کھیل رہے ہیں۔

علامہ ابن الملقن نے لکھا ہے: تفسیر ابن مردویہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے علاوہ اور کسی کی زندگی کی قسم نہیں کھائی، پھر فرمایا: لَعَمْرُكَ يا محمد وَ حَيَاتُكَ يا محمدُ۔ (الدر المنثور ج ۴ ص ۱۹۲)، (التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۲ ص ۵۰۸)

قَوْمٌ مُنْكَرُونَ أَنْكَرَهُمْ لُوطٌ۔ قَوْمٌ مُنْكَرُوْن یعنی یہ اجنبی لوگ ہیں، حضرت لوط علیہ السلام نے ان کو اجنبی قرار دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ِالْمُرْسَلُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿۶۲﴾ (الحجر: ۶۲-۶۱) پھر جب فرشتے لوط کے گھر گئے ○ لوط نے کہا: بے شک تم اجنبی لوگ ہو ○

اس سے مراد یہ ہے کہ پہلے فرشتے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس گئے اور ان کو یہ بشارت دی کہ ان کے بڑھاپے کے باوجود اللہ تعالیٰ ان کو بیٹا عطا فرمائے گا، (ابراہیم نے) پوچھا: اے فرشتو! تمہیں اور کیا کام ہے؟ انہوں نے کہا: بے شک ہم مجرم قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں۔ (الحجر: ۵۷-۵۶)

فرشتوں نے مجرمین سے حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کو مراد لیا، پھر جب وہ حضرت لوط علیہ السلام کے پاس آئے تو حضرت لوط علیہ السلام نے فرشتوں کو نہیں پہچانا اور فرمایا کہ تم اجنبی لوگ ہو۔ (الحجر: ۶۲)

وَقَالَ غَيْرُهُ كِتَابٌ مَعْلُومٌ أَجَلٌ۔ اور دوسروں نے کہا: کتابٌ معلومٌ کا معنی ہے: تقدیر میں لکھی ہوئی مدت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ○ (الحجر: ۴) ہم نے جس بستی کو تباہ کیا اس کا نوشتہ تقدیر میں وقت معین تھا ○

اس کا معنی ہے: مدت اور تفسیر میں مذکور ہے: مدت معینہ جو ہم نے ان کے لئے لکھ دی ہے، جب تک وہ اس مدت کو نہیں پہنچ جائیں گے ہم ان کو نہ عذاب دیں گے اور نہ ہلاک کریں گے۔

لَوْمَا تَأْتِينَا هَلَّا تَأْتِينَا۔ لَوْمَا تَأْتِيْنَا کا معنی ہے: هَلَّا تَأْتينا یعنی تم ہمارے پاس کیوں نہیں لائے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَوْمَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ○ (الحجر: ۷) اگر تم سچے ہو تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لاتے ○

خلاصہ یہ ہے کہ مشرکین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہا کہ آپ ہمارے پاس فرشتوں کو لے کر کیوں نہیں آئے جو آپ کے صدق پر گواہی دیتے اور ہمیں ڈرانے میں آپ کی مدد کرتے۔

شِيَعٌ أُمَمٌ وَلِلْأَوْلِيَاءِ أَيْضًا شِيَعٌ۔ شِيَعٌ اس کا معنی ہے: امتیں اور دوستوں کے لئے بھی شِيَعٌ کہا جاتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ۝ (الحجر:۱۰) اور بے شک ہم نے آپ سے پہلی امتوں میں بھی رسول بھیجے تھے O

امام ابوعبیدہ نے بھی شیعٌ کی یہی تفسیر کی ہے اور شِیَعٌ کا واحد شِیْعَه ہے اور شیعہ کا معنی ہے: فرقہ اور لوگوں کی جماعت۔ امام طبری نے کہا ہے کہ کسی شخص کے دوستوں کو بھی شیعہ کہا جاتا ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ يُهْرَعُوْنَ مُسْرِعِيْنَ۔ حضرت ابن عباس نے کہا: يُهْرَعُوْنَ کا معنی ہے: وہ دوڑتے ہوئے آئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ جَآءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ؕ وَ مِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ۔ (ھود:۷۸) اور ان کے (منکر) لوگ بھاگتے ہوئے ان کی طرف آئے اور وہ پہلے ہی سے برے کام کرتے تھے۔

یعنی حضرت لوط علیہ السلام کے پاس ان کی قوم آئی۔ اس تعلیق کی امام ابن ابی حاتم نے سند موصول کے ساتھ روایت کی ہے۔

لِلْمُتَوَسِّمِيْنَ لِلنَّاظِرِيْنَ۔ لِلْمُتَوَسِّمِين کا معنی ہے: ناظرین کے لئے یعنی غور کرنے والوں کے لئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ۝ (الحجر:۷۵) بے شک اس (قصہ) میں اہل فراست کے لئے نشانیاں ہیں O

علامہ زمخشری نے کہا ہے: متوسمین کا معنی ہے: کسی چیز میں فکر و نظر کر کے اس کی حقیقت کو پہچاننا۔

قتادہ نے کہا: اس کا معنی ہے: معتبرین اور مقاتل نے کہا: اس کا معنی ہے: متفکرین۔

سُكِّرَتْ غُشِّيَتْ۔ سُكِّرَتْ اس کا معنی ہے: ڈھانپ لی گئیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۝ (الحجر:۱۵) تب بھی وہ یہی کہیں گے کہ بات صرف یہی ہے کہ ہماری نظر بند کر دی گئی ہے بلکہ ہم لوگوں پر جادو کر دیا گیا ہے O

امام بخاری نے سکرت کی تفسیر کی ہے: ان کی آنکھوں کو ڈھانپ لیا گیا ہے۔ حضرت ابن عباس سے مروی ہے: سُكِّرَتْ کا معنی ہے: پکڑ لی گئی یا لے لی گئی اور کہا گیا ہے: اس کا معنی ہے: نظر سے روک لیا گیا ہے۔

بُرُوْجًا مَنَازِلَ لِلشَّمْسِ وَالْقَمَرِ۔ بُرُوْجًا کا معنی ہے: سورج اور چاند کی منازل۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ۝ (الحجر:۱۶) اور بے شک ہم نے آسمان میں برج بنائے اور ہم نے ان کو دیکھنے والوں کے لئے مزین کر دیا O

یہ کواکب سیارہ کی منازل ہیں۔

علماء ہیئت کہتے ہیں کہ آسمان نو (۹) ہیں۔ سات آسمانوں میں سے ہر آسمان میں ایک سیارہ ہے، سات سیارگان یہ ہیں: قمر،

Marfat.com

زحل، عطارد، شمس، مشتری، مریخ اور زہرہ اور آٹھویں آسمان میں دو ستارے ہیں جو ثابت ہیں (یعنی گردش نہیں کرتے) اور نویں آسمان کو وہ فلک اطلس کہتے ہیں، وہ سادہ ہے اور آٹھویں آسمان میں ستاروں کے اجتماع سے جو مختلف شکلیں بنتی ہیں وہ اس نویں آسمان میں نظر آتی ہیں جن کو رصد گاہوں میں دیکھا جاتا ہے۔ کہیں یہ شکل شیر کی سی بن جاتی ہے، اس کو برج اسد کہتے ہیں اور کہیں ترازو کی سی شکل بن جاتی ہے اس کو برج میزان کہتے ہیں اور کہیں یہ شکل بچھو کی سی بنتی ہے اس کو برج عقرب کہتے ہیں، یہ کل بارہ برج ہیں: حمل، ثور، جوزا، سرطان، اسد، سنبلہ، میزان، عقرب، قوس، جدی، دلو اور حوت۔ سورج ہر ماہ میں ایک برج کی مسافت کو طے کرتا ہے اور ایک سال میں بارہ بروج کی مسافت قطع کرتا ہے۔ گرمی، سردی، بہار اور خزاں یہ چاروں موسم سورج کی اسی حرکت سے وجود میں آتے ہیں۔ (روح المعانی ج ۱۴ ص ۳۳-۳۲ ملخصاً وموضحاً)

میں کہتا ہوں کہ علماء ہیئت کا آسمانوں کی تعداد کو نو قرار دینا قرآن مجید کی صریح آیات اور احادیث صحیحہ کے خلاف ہے۔ بعض مفسرین نے اس کی توجیہ میں یہ کہا ہے کہ اگر عرش اور کرسی کو بھی آسمانوں کے ساتھ ملا لیا جائے تو یہ تعداد نو ہو جاتی ہے مگر میرے نزدیک قرآن مجید کی نصوص کو علماء ہیئت کے مطابق کرنا درست نہیں ہے کیونکہ اس سے یہ لازم آتا ہے کہ اصل علماء ہیئت کے اقوال ہیں اور یہ صحیح نہیں ہے بلکہ اصل قرآن مجید اور احادیث ہیں۔

لَوَاقِحَ مَلَاقِحَ مُلْقَحَةً۔ لَوَاقِح کا معنی ہے: مَلَا قِحْ اور یہ مُلْقِحَه کی جمع ہے یعنی وہ ہوائیں جو پانی کو اٹھائے ہوئے ہوتی ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ۔ (الحجر: ۲۲) اور ہم نے بادلوں کا بوجھ اٹھانے والی ہوائیں بھیجیں، پھر ہم نے آسمان سے بارش برسائی، سو ہم نے تم کو وہ پانی پلایا۔

امام بخاری نے لَوَاقِحْ کی تفسیر مَلَاقِحْ کی ہے اور یہ بتایا کہ یہ ملقحہ کی جمع ہے اور یہ تفسیر بہت نادر ہے کیونکہ رِیَاح کی تفسیر لَوَاقِحْ آتی ہے ملاقح نہیں آتی۔ الجوہری نے کہا ہے کہ یہ تفسیر نادر ہے۔

حَمَإٍ جَمَاعَةُ حَمْأَةٍ وَهُوَ الطِّيْنُ الْمُتَغَيِّرُ وَالْمَسْنُوْنُ الْمَصْبُوْبُ۔ حَمَإٍ حَمْأَةٌ کی جمع ہے اور یہ اس کیچڑ کو کہتے ہیں جو متغیر ہو کر بدبودار ہو گئی ہو اور مسنون کا معنی ہے: مَصْبُوْب یعنی گیلی مٹی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۳۳﴾ (الحجر: ۳۳) اس نے کہا: میں اس بشر کو سجدہ کرنے والا نہیں ہوں جس کو تو نے بجتی ہوئی خشک مٹی سے، سیاہ سڑے ہوئے گارے سے پیدا کیا○

امام بخاری نے ذکر کیا ہے کہ حَمَإٍ حَمْئَةٌ کی جمع ہے اور اس کا معنی ہے: بدبودار کیچڑ اور امام ابوعبیدہ نے بھی اسی طرح تفسیر کی ہے اور حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ مسنون کا معنی ہے: گیلی مٹی اور صَلْصَال کا معنی ہے: خشک مٹی۔

تَوْجَلْ تَخَفْ۔ تَوْجَل کا معنی تَخَفْ یعنی ڈرنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿۵۳﴾ (الحجر: ۵۳) انہوں نے کہا: آپ ڈریں نہیں! بے شک ہم آپ کو علم والے بیٹے کی بشارت دے رہے ہیں○

Marfat.com

لَاتَوْجَلْ، وَجَلْ سے ماخوذ ہے اور اس کا معنی ہے: خوف، یہ فرشتوں کا قول ہے جو انہوں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کہا تھا کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرشتوں کو دیکھ کر کہا تھا کہ ہم تم سے خوف زدہ ہیں، پھر فرشتوں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو علم والے لڑکے کی بشارت دی باوجود اس بات کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی بوڑھے تھے اور ان کی بیوی بھی بوڑھی تھیں اور اس آیت میں لڑکے سے حضرت اسحاق علیہ السلام مراد ہیں اور عَلِیْمٌ سے مراد ہے: جس کو دین کا علم ہو یا حکمت کا علم ہو۔

دَابِرَ آخِرَ۔ دَابِرَ کا معنی ہے: آخر اور اس سے مراد ہے: جڑ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ۝ (الحجر:٦٦) اور ہم نے لوط کو اس فیصلہ سے مطلع کیا کہ جس وقت یہ لوگ صبح کر رہے ہوں گے تو ان کی جڑ کاٹ دی جائے گی O

اس آیت میں فرمایا: ان لوگوں کی جڑ کاٹی ہوئی ہے یعنی اکھاڑی ہوئی ہے، اس سے مراد ہے: لوط علیہ السلام کی قوم کا انجام۔

الصَّيْحَةُ الْهَلَكَةُ۔ اَلصَّيْحَة اس کا معنی ہے: ہلاکت یعنی ایسی چنگھاڑ جس کو سن کر لوگ ہلاک ہو جائیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ۝ (الحجر:٧٣) سو جب ان پر سورج چمک رہا تھا تو ایک زبردست چیخ نے ان کو پکڑ لیا O

امام ابوعبیدہ نے بھی اسی طرح تفسیر کی ہے یعنی جب قوم لوط کے اوپر سورج طلوع ہوا تو ایک چنگھاڑ نے ان کو ہلاک کر دیا۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۲-۹، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۔ بَابٌ: اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ۝ (الحجر:١٨) اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سوا اس کے جو چوری سے (فرشتوں کی باتیں) سنے تو اس کے پیچھے ایک چمکتا ہوا انگارہ آتا ہے O (الحجر:١٨) کی تفسیر

اس آیت کی تفسیر کے لئے اس مکمل آیت کو اور اس سے پہلی آیت کو جاننا ضروری ہے:

وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۝ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ۝ اور ہم نے ان کو ہر راندۂ درگاہ شیطان سے محفوظ کر دیا O سوا اس کے جو چوری سے (فرشتوں کی باتیں) سنے تو اس کے پیچھے ایک چمکتا ہوا انگارہ آتا ہے O (الحجر:١٨-١٧)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے: پہلے شیطانوں کو آسمانوں سے حجاب میں نہیں رکھا جاتا تھا یعنی محفوظ نہیں رکھا جاتا تھا، پس جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے تو ان کو تین آسمانوں میں جانے سے روک دیا گیا، پھر جب ہمارے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے تو ان کو تمام آسمانوں میں جانے سے روک دیا گیا، پھر جب ان میں سے کوئی شیطان یہ ارادہ کرتا کہ وہ چوری چھپے آسمانوں میں جا کر فرشتوں کی باتیں سن لے تو اس کے پیچھے ایک آگ کا شعلہ مارا جاتا جس کو شہابٌ مبین فرمایا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۲)

۴۷۰۱۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث

Marfat.com

عَنْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ قَالَ إِذَا قَضَى اللهُ الْأَمْرَ فِي السَّمَاءِ ضَرَبَتْ الْمَلَائِكَةُ بِأَجْنِحَتِهَا خُضْعَانًا لِقَوْلِهِ كَالسِّلْسِلَةِ عَلَى صَفْوَانٍ قَالَ عَلِيٌّ وَقَالَ غَيْرُهُ صَفْوَانٍ يَنْفُذُهُمْ ذَلِكَ فَإِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوبِهِمْ قَالُوا مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوا لِلَّذِي قَالَ الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ فَيَسْمَعُهَا مُسْتَرِقُو السَّمْعِ وَمُسْتَرِقُو السَّمْعِ هَكَذَا وَاحِدٌ فَوْقَ آخَرَ وَوَصَفَ سُفْيَانُ بِيَدِهِ وَفَرَّجَ بَيْنَ أَصَابِعِ يَدِهِ الْيُمْنَى نَصَبَهَا بَعْضَهَا فَوْقَ بَعْضٍ فَرُبَّمَا أَدْرَكَ الشِّهَابُ الْمُسْتَمِعَ قَبْلَ أَنْ يَرْمِيَ بِهَا إِلَى صَاحِبِهِ فَيُحْرِقَهُ وَرُبَّمَا لَمْ يُدْرِكْهُ حَتَّى يَرْمِيَ بِهَا إِلَى الَّذِي يَلِيهِ إِلَى الَّذِي هُوَ أَسْفَلَ مِنْهُ حَتَّى يُلْقُوهَا إِلَى الْأَرْضِ وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ حَتَّى تَنْتَهِيَ إِلَى الْأَرْضِ فَتُلْقَى عَلَى فَمِ السَّاحِرِ فَيَكْذِبُ مَعَهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ فَيُصَدَّقُ فَيَقُولُونَ أَلَمْ يُخْبِرْنَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا يَكُونُ كَذَا وَكَذَا فَوَجَدْنَاهُ حَقًّا لِلْكَلِمَةِ الَّتِي سُمِعَتْ مِنْ السَّمَاءِ۔

[اطراف الحدیث:۴۸۰۰-۷۴۸۱]

بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از عمرو از عکرمہ از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، وہ اس حدیث کو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچاتے ہیں، آپ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ آسمان میں کسی بات کا فیصلہ فرماتا ہے تو فرشتے عاجزی اور اطاعت کے اظہار کے لئے اپنے پروں کو مارتے ہیں جیسے آپ کا ارشاد ہے جس طرح زنجیر کو کسی چکنے پتھر پر مارا جائے، یہ علی بن عبداللہ کا قول ہے اور ان کے علاوہ سفیان کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ وہ فیصلہ ان میں نافذ فرماتا ہے، پھر جب فرشتوں کے دلوں سے خوف دور ہو جاتا ہے تو وہ ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں کہ تمہارے رب نے کیا فرمایا؟ تو وہ اس سے کہتے ہیں جس نے پوچھا تھا کہ اس نے حق فرمایا اور وہ بلند اور بزرگ ہے، پس اس بات کو چوری چھپے سننے والے بھی سن لیتے ہیں اور اس طرح ایک کے بعد دوسرا سن لیتا ہے۔ سفیان نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا اور اپنے دائیں ہاتھ کی انگلیوں کے درمیان کشادگی رکھی اور انگلیوں کو ایک دوسرے کے اوپر رکھا، پھر آگ کا ایک شعلہ سننے والے کو دوسرے تک بات پہنچانے سے پہلے پکڑ لیتا ہے، پس اس کو جلا دیتا ہے اور بعض مرتبہ وہ شعلہ اس کو نہیں پکڑ پاتا حتیٰ کہ وہ شعلہ اس کے قریب نیچے والے شیطان کو پکڑ لیتا ہے حتیٰ کہ اس کو زمین پر گرا دیتا ہے اور بعض اوقات سفیان نے کہا: حتیٰ کہ وہ بات زمین تک پہنچ جاتی ہے، پھر وہ بات جادوگر کے منہ میں ڈال دی جاتی ہے، پس وہ جھوٹ بول کر اس کے ساتھ سو جھوٹ ملاتا ہے پھر کبھی وہ بات سچی ہو جاتی ہے تو لوگ کہتے ہیں: کیا اس نے فلاں دن ہم کو اس اس طرح خبر نہیں دی تھی کہ اس اس طرح واقعہ ہوگا، پس ہم نے اس کو برحق پایا اس بات کی وجہ سے جس کو آسمان سے سنا گیا تھا۔

حدیث مذکور کی شرح اور مشکل الفاظ کے معانی

علامہ بدرالدین محمود احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ وہ حدیث نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچاتے تھے: انہوں نے صراحۃً یہ نہیں کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کیونکہ ہوسکتا ہے کہ ان کے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان کوئی واسطہ ہو۔

جب اللہ تعالیٰ آسمان میں کسی چیز کا فیصلہ فرماتا ہے: یعنی جب اللہ تعالیٰ کسی کام کا حکم دیتا ہے اور یہ تقدیر کے معنی میں ہے اور

Marfat.com

یہ لفظ پیدا کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے۔

فرشتے اطاعت سے اپنے پر آسمان پر مارتے ہیں: اس حدیث میں خضعان کا لفظ ہے، اس کا معنی انقیاد اور طاعت ہے۔

علامہ طیبی نے کہا ہے کہ جب پرندہ خوف زدہ ہوتا ہے تو اپنے پروں کو مارتا ہے۔

جیسے زنجیر کو چکنے پتھر پر مارا جائے: جو قول اللہ تعالیٰ سے سنا ہو اس کو اس سے تشبیہ دی ہے جیسے زنجیر کو چکنے پتھر پر مارا جائے جیسے بدء الوحی کے باب میں وحی کو گھنٹی کی آواز کے ساتھ تشبیہ دی تھی۔

جب ان کا خوف زائل ہو جاتا ہے تو وہ پوچھتے ہیں: تمہارے رب نے کیا فرمایا تو جو فرشتے جواب دیتے ہیں: وہ ملائکہ مقربین ہیں جیسے جبرئیل اور میکائیل وغیرہ، چنانچہ سنن ابوداؤد میں ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ جب اللہ عزوجل وحی کے ساتھ کلام کرتا ہے تو فرشتے ایسی آواز سنتے ہیں جیسے زنجیر کو چکنے پتھر پر مارنے سے آتی ہے، پس وہ بے ہوش ہو جاتے ہیں، پس وہ اسی طرح بے ہوش رہتے ہیں حتیٰ کہ ان کے پاس حضرت جبرئیل علیہ السلام آتے ہیں، پس جب حضرت جبرئیل علیہ السلام آتے ہیں تو ان کے دلوں سے خوف دور ہو جاتا ہے۔ پس وہ کہتے ہیں: اے جبرئیل! آپ کے رب نے کیا فرمایا: حضرت جبرئیل کہتے ہیں: حق فرمایا ہے تو فرشتے بھی کہتے ہیں: حق فرمایا ہے۔ اس کا معنی یہ ہے کہ انہوں نے قضا وقدر کے متعلق اللہ تعالیٰ کے قول کو حق سے تعبیر کیا، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہاں حق سے مراد وہ ہو جو باطل کے مقابلے میں ہوتا ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس سے مراد وہ قول ہو جو لوح محفوظ میں لکھا ہو تو یہاں حق کا معنی ہے: جو لوح محفوظ میں ثابت ہو۔

سفیان نے اشارہ سے بتایا: کہ جس طرح یہ ہاتھ کی انگلیاں ایک دوسرے کے اوپر ہیں اسی طرح اللہ تعالیٰ کی وحی کو چوری چھپے سننے والے بھی ایک دوسرے پر سوار ہوتے ہیں۔

بعض اوقات شعلہ سننے والے کو پکڑ لیتا ہے: اس سے پہلے گزر چکا ہے کہ شہاب سے مراد آگ کا شعلہ ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ روشن ستارے ہیں کیونکہ قرآن مجید میں ہے:

إِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِزِينَةِ الْكَوَاكِبِ ۝ وَحِفْظًا مِّن كُلِّ شَيْطَانٍ مَّارِدٍ ۝ (الصفت: ۶-۷)

بے شک ہم نے آسمان دنیا کو ستاروں کی زینت سے مزین فرمایا ○ اور (اسے) ہر سرکش شیطان سے محفوظ رکھنے کے لئے (بھی مزین فرمایا) ○

اس کو اس کی روشنی اور آگ کی مشابہت کی وجہ سے شہاب کہا گیا ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ شہاب آگ کا شعلہ ہے۔

بعض اوقات سفیان نے کہا: پس وہ بات جادوگر کے منہ تک پہنچ جاتی ہے: یہاں جادوگر سے مراد نجومی ہے اور سورۂ سبا میں ہے: جادوگر یا کاہن کی زبان۔ اور سنن سعید بن منصور میں سفیان سے روایت ہے کہ جادوگر یا کاہن کے منہ تک وہ بات پہنچ جاتی ہے، پس وہ ساحر اس بات کے ساتھ کئی جھوٹ ملا دیتا ہے اور اس وجہ سے ساحر کی جھوٹی باتوں کی تصدیق کی جاتی ہے اور سننے والے کہتے ہیں کہ جادوگر نے ہم کو فلاں فلاں دن یہ یہ بات بتائی تھی، یہ ان خرافات سے کنایہ ہے جن کا جادوگر ذکر کرتے ہیں، پس آسمان سے جو بات سنی گئی تھی اس کی وجہ سے وہ جادوگر کی تمام باتوں کو حق قرار دیتے ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵-۱۳)

۷۰۱۴۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرٌو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ إِذَا قَضَى اللهُ الْأَمْرَ وَزَادَ وَالْكَاهِنِ و حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عمرو نے حدیث بیان کی از عکرمہ از حضرت ابوہریرہ

حَدَّثَنَا سُفْيَانُ فَقَالَ قَالَ عَمْرٌو سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ إِذَا قَضَى اللهُ الْأَمْرَ وَقَالَ عَلَى قَيِّمِ السَّاحِرِ قُلْتُ لِسُفْيَانَ آنْتَ سَمِعْتَ عَمْرًا قَالَ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ لِسُفْيَانَ إِنَّ إِنْسَانًا رَوَى عَنْكَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَيَرْفَعُهُ أَنَّهُ قَرَأَ فُزِّعَ قَالَ سُفْيَانُ هَكَذَا قَرَأَ عَمْرٌو فَلَا أَدْرِي سَمِعَهُ هَكَذَا أَمْ لَا قَالَ سُفْيَانُ وَهِيَ قِرَاءَتُنَا

رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں جب اللہ تعالیٰ کسی کام کا فیصلہ فرماتا ہے اور اس حدیث میں کا ہن کا اضافہ ہے، اور ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے بیان کیا کہ عمرو نے کہا: میں نے عکرمہ سے سنا، انہوں نے کہا: ہمیں حضرت ابوہریرہ نے حدیث بیان کی، وہ بیان کرتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ کسی کام کا فیصلہ فرماتا ہے، اور انہوں نے بیان کیا کہ یہ بات جادوگر کے منہ میں ڈال دی جاتی ہے، علی بن عبداللہ نے کہا: میں نے سفیان سے پوچھا: کیا تم نے یہ خود عمرو سے سنا تھا؟ انہوں نے کہا: میں نے عکرمہ سے سنا، انہوں نے کہا: میں نے حضرت ابوہریرہ سے سنا، انہوں نے کہا: ہاں! میں نے سفیان سے کہا کہ ایک انسان آپ سے روایت کرتے ہیں از عمرو از عکرمہ از حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابوہریرہ اس حدیث کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچاتے ہیں انہوں نے (فُزِّعَ کی بجائے) فُرِّغَ پڑھا ہے۔ سفیان نے کہا: اسی طرح عمرو نے پڑھا تھا، پس میں نہیں جانتا انہوں نے اسی طرح سنا تھا یا نہیں، سفیان نے کہا: یہی ہماری قراءت ہے۔

امام بخاری نے حدیث مذکور کی ایک اور سند بیان کی ہے جس میں یہ تصریح ہے کہ عکرمہ نے یہ حدیث حضرت ابوہریرہ سے سنی تھی اور اس سند کے ساتھ حدیث میں کچھ لفظی اختلاف بھی ہے کیونکہ پہلی سند کے ساتھ حدیث میں فُزِّعَ تھا اور اس حدیث کی سند کے ساتھ فُرِّغَ ہے۔

۲۔ بَابٌ: وَلَقَدْ كَذَّبَ أَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ (الحجر: ۸۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے شک وادیٔ حجر کے رہنے والوں نے رسولوں کی تکذیب کی ○ (الحجر: ۸۰) کی تفسیر

الحجر کا محل وقوع اور مرسلین کی تکذیب کی توجیہ

علامہ عینی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اس آیت میں حجر کا لفظ ہے یعنی وادی اور یہ حضرت صالح علیہ السلام کی قوم ثمود کا شہر ہے اور یہ مدینہ اور شام کے درمیان ہے۔ علامہ ثعلبی نے کہا: مرسلین سے مراد فقط حضرت صالح علیہ السلام ہیں۔ علامہ زمخشری نے بتایا: اس کو جمع سے تعبیر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ جس نے کسی ایک رسول کی تکذیب کی تو گویا اس نے تمام رسولوں کی تکذیب کی۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ انہوں نے حضرت صالح علیہ السلام کی بھی تکذیب کی اور ان کے ساتھ جو دوسرے مومنین تھے ان کی بھی تکذیب کی، دوسرے جواب پر یہ اعتراض ہے کہ قرآن مجید میں مذکور

Marfat.com

ہے کہ انہوں نے رسولوں کی تکذیب کی اور حضرت صالح علیہ السلام کے ساتھ جو مومنین تھے وہ رسول نہیں تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵)

۴۷۰۲۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رضی الله عنهما أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ لِأَصْحَابِ الْحِجْرِ لَا تَدْخُلُوا عَلَى هَؤُلَاءِ الْقَوْمِ إِلَّا أَنْ تَكُونُوا بَاكِينَ فَإِنْ لَمْ تَكُونُوا بَاكِينَ فَلَا تَدْخُلُوا عَلَيْهِمْ أَنْ يُصِيبَكُمْ مِثْلُ مَا أَصَابَهُمْ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابراہیم بن المنذر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں معن نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے مالک نے حدیث بیان کی از عبداللہ بن دینار از حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اصحاب حجر کے متعلق ارشاد فرمایا: ان لوگوں پر صرف روتے ہوئے گزرو اور اگر تم رو نہ سکو تو پھر ان پر نہ گزرو، کہیں ایسا نہ ہو تو کہ تم پر بھی ایسا عذاب آئے جیسا کہ ان پر عذاب آیا تھا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری ۴۳۳ میں گزر چکی ہے۔

اصحاب حجر سے فرمایا: یعنی رسول اللہ ﷺ نے ان اصحاب سے فرمایا جو وادیٔ حجر میں گئے تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۶)

۳۔ بَابٌ: وَلَقَدْ آتَيْنَاكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِي وَالْقُرْآنَ الْعَظِيمَ ۝ (الحجر: ۸۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے شک ہم نے آپ کو سات آیتیں دیں جو دو بار پڑھی جاتی ہیں اور قرآن عظیم دیا ○ (الحجر: ۸۷) کی تفسیر

سبعا من المثانی کی متعدد تفاسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِي: اس سے مراد سورۂ فاتحہ ہے، یہ حضرت عمر، حضرت علی، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہم کا قول ہے اور تابعین میں سے حسن بصری، مجاہد، قتادہ، ربیع اور کلبی کا بھی قول ہے اور یہ حدیث مرفوع سے بھی ثابت ہے جیسے ان شاء اللہ عنقریب آئے گا۔

سورۂ فاتحہ کو سبعا کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اس میں سات آیات ہیں اور مَثَانی کہنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ سورت دو بار نازل ہوئی ہے، ایک بار مکہ میں اور ایک بار مدینہ میں۔ اس کا سبب یہ ہے کہ سات قافلے ایک دن میں بنو قریضہ اور بنو النضیر کے لئے انواع و اقسام کے ساز و سامان لے کر آئے جس میں نفیس جواہر تھے تو مسلمانوں نے انہیں دیکھ کر کہا: اگر یہ اموال ہمارے لئے ہوتے تو ہم ان اموال سے قوت حاصل کرتے اور ان اموال سے اللہ کی راہ میں خرچ کرتے تو اللہ تعالیٰ نے الحجر: ۸۷ نازل فرمائی کہ سورۂ فاتحہ کی سات آیات تمہارے لئے ان سات قافلوں سے بہتر ہیں کیونکہ اس کے بعد والی آیت میں فرمایا ہے:

لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ۔ (الحجر: ۸۸)

اور آپ اس متاع (دنیاوی) کی طرف (رشک سے) نہ دیکھیں جو ہم نے کافروں کے کئی گروہوں کو دی ہے اور نہ ان کافروں پر افسوس کریں۔

اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ سورۂ فاتحہ کو مثانی اس لئے کہا گیا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کو جب چھینک آئی تو انہوں نے کہا: الحمد للہ اور حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد کا جنت میں آخری کلام بھی یہی ہوگا:

وَآخِرُ دَعْوَاهُمْ أَنِ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ (یونس: ۱۰)

اور الحمد للہ رب العالمین پر ان کی دعا ختم ہوگی ○

Marfat.com

اور بعض مفسرین نے کہا: السبع المثانی سے مراد سات لمبی سورتیں ہیں: (۱) البقرۃ (۲) آل عمران (۳) النساء (۴) المائدہ (۵) الانعام (۶) الاعراف (۷) الانفال اور التوبہ۔ یہ دونوں ایک سورت ہیں اس لئے ان کے درمیان بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں لکھی گئی اور یہ حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم کا قول ہے اور تابعین میں سے سعید بن جبیر اور ضحاک کا قول ہے، اس کے بعد والقرآن العظیم فرمایا ہے اور یہ عام کا خاص پر عطف ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۷-۱۶)

۴۷۰۳۔ حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي سَعِيدِ بْنِ الْمُعَلَّى قَالَ مَرَّ بِيَ النَّبِيُّ ﷺ وَأَنَا أُصَلِّي فَدَعَانِي فَلَمْ آتِهِ حَتَّى صَلَّيْتُ ثُمَّ أَتَيْتُ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَأْتِيَنِي فَقُلْتُ كُنْتُ أُصَلِّي فَقَالَ أَلَمْ يَقُلِ اللهُ ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَجِيبُوا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيكُمْ﴾ (انفال: ۲۴) ثُمَّ قَالَ أَلَا أُعَلِّمُكَ أَعْظَمَ سُورَةٍ فِي الْقُرْآنِ قَبْلَ أَنْ أَخْرُجَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَذَهَبَ النَّبِيُّ ﷺ لِيَخْرُجَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَذَكَّرْتُهُ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ هِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِي وَالْقُرْآنُ الْعَظِيمُ الَّذِي أُوتِيتُهُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں غندر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از خبیب بن عبدالرحمن از حفص بن عاصم از حضرت ابوسعید بن المعلّٰی انہوں نے کہا: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس سے گزرے اور میں اس وقت نماز پڑھ رہا تھا، آپ نے مجھے بلایا تو میں آپ کے پاس نہیں آیا حتیٰ کہ میں نے نماز پوری کی، پھر میں آپ کے پاس آیا: آپ نے پوچھا: تمہیں (فوراً) میرے پاس آنے سے کیا چیز مانع تھی؟ میں نے عرض کیا، میں نماز پڑھ رہا تھا، آپ نے فرمایا: کیا اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا، اے ایمان والو! جب اللہ اور اس کا رسول بلائیں (تو فوراً آجاؤ) (انفال: ۲۴)، پھر فرمایا: کیا میں تم کو قرآن مجید کی سب سے عظیم سورت کی تعلیم نہ دوں اس سے پہلے کہ میں مسجد سے نکلوں، پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مسجد سے نکلتے وقت خیال نہیں رہا تو میں نے آپ کو یاد دلایا تو آپ نے فرمایا: الحمدللہ رب العالمین، یہ السبع المثانی ہے اور وہ قرآن مجید ہے جو مجھے دیا گیا ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۷۴ میں گزر چکی ہے۔

۴۷۰۴۔ حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ الْمَقْبُرِيُّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ أُمُّ الْقُرْآنِ هِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِي وَالْقُرْآنُ الْعَظِيمُ۔

(سنن ابوداؤد: ۱۴۵۷، سنن ترمذی: ۳۱۲۴)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں آدم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابن ابی ذئب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سعید مقبری نے حدیث بیان کی از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ام القرآن ہی السبع المثانی ہے اور قرآن عظیم ہے۔

سورۂ فاتحہ کو ام القرآن کہنے کی توجیہ

السبع المثانی سے مراد سورۂ فاتحہ ہے اور اس کو ام القرآن اس لئے فرمایا ہے کہ یہ قرآن مجید کے ان معانی پر مشتمل ہے: اللہ عزوجل کی ثناء، اللہ عزوجل کے احکام پر عمل کرنے کا ذکر اور وعد اور وعید اور اس میں اصول ثلاثہ کا ذکر ہے اور وہ مبدأ، معاش اور [illegible] اور اس حدیث میں ابن سیرین کے اس قول کا رد ہے کہ سورۂ فاتحہ کو ام القرآن نہ کہو کیوں کہ ام الکتاب تو صرف لوح محفوظ

Marfat.com

ہے۔(عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۷)

۴۔ بَابُ: الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ﴿۹۱﴾ (الحجر:۹۱)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جنہوں نے قرآن کو (کچھ مان کر اور کچھ نہ مان کر) ٹکڑے ٹکڑے کر دیا○ (الحجر:۹۱) کی تفسیر

اس سے پہلی آیت اور یہ آیت درج ذیل ہے:

وَقُلْ اِنِّيْٓ اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۹﴾ كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ﴿۹۰﴾ الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ﴿۹۱﴾ (الحجر:۸۹۔۹۰۔۹۱)

اور آپ کہیں: میں ہی علی الاعلان ڈرانے والا ہوں○ جیسا کہ ہم نے ان پر (عذاب) نازل کیا جو (اپنی کتاب کو) تقسیم کرنے والے تھے○ جنہوں نے قرآن کو (کچھ مان کر اور کچھ نہ مان کر) ٹکڑے ٹکڑے کر دیا○

یعنی اے محمد! آپ کہئے کہ میں اللہ کے کھلے ہوئے عذاب سے ڈرانے والا ہوں جیسا کہ ہم نے ان پر عذاب نازل کیا جو اپنی کتاب کو تقسیم کرنے والے تھے۔

عِضین کا معنی ہے: اعضاء متفرقہ، جب تم کسی چیز کے ٹکڑے ٹکڑے کر دو تو کہتے ہو: عَضَيْتُ الشَّيْءَ یعنی میں نے اس چیز کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۸)

اَلْمُقْتَسِمِيْنَ الَّذِيْنَ حَلَفُوْا۔ اَلْمُقْتَسِمِيْن کا معنی ہے: جن لوگوں نے قسم کھائی تھی۔

ان کو المقتسمین اس لئے فرمایا ہے کہ یہ لوگ قرآن مجید کے ساتھ استہزاء کرتے تھے، ان میں سے ایک شخص کہتا کہ فلاں سورت میرے لئے ہے اور دوسرا کہتا: فلاں سورت میری ہے۔ مجاہد نے کہا: انہوں نے اپنی کتاب کے حصے کر دیئے تھے، پس ان میں سے بعض قرآن مجید کے کسی حصے پر ایمان لاتے اور دوسرے حصے کا کفر کرتے۔

اور دوسرا قول یہ ہے کہ انہوں نے قرآن مجید کی تقسیم کر دی تھی، پس ان میں سے بعض کہتے کہ قرآن مجید جادو ہے اور دوسرے کہتے کہ یہ قرآن شعر ہے، ان میں سے کوئی کہتا کہ قرآن میں پچھلوں کے قصے ہیں اور دوسرا کہتا کہ یہ جھوٹ ہے اور جادو ہے۔

مقاتل نے کہا: یہ سولہ (۱۶) مرد تھے جن کو ولید بن مغیرہ نے حج کے ایام میں بھیجا، انہوں نے مکہ کے راستوں اور گلیوں کو تقسیم کر لیا اور ان کے دروازوں پر بیٹھ گئے، پس جب کوئی حج کرنے والا آتا تو ایک فریق ان میں سے کہتا کہ جو شخص ہم میں سے خبر لینے ہو چکا ہے اس سے دھوکہ میں نہ آنا وہ نبوت کا دعویٰ کرتا ہے اور بے شک وہ مجنون ہے اور دوسری جماعت ایک اور راستے پر بیٹھ کر کہتی کہ وہ کاہن ہے اور ان میں سے کوئی کہتا کہ وہ شاعر ہے اور ولید مسجد کے دروازے پر بیٹھ جاتا اور وہاں انہوں نے ایک کاہن کو رکھا تھا، پس جب ان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق کوئی سوال کرتا تو ولید بن مغیرہ کہتا کہ یہ لوگ سچ کہتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کو غزوۂ بدر کے دن ہلاک کر دیا اور کچھ کو غزوۂ بدر سے پہلے مختلف آفات میں مبتلا کر کے ہلاک کر دیا۔

وَمِنْهُ لَا اُقْسِمُ اَيْ اُقْسِمُ وَتُقْرَأُ لَأُقْسِمُ۔ اور اسی سے ہے: لَا اُقْسِمُ یعنی میں قسم کھاتا ہوں لَأُقْسِمُ بھی پڑھا جاتا ہے۔

اور مقتسمین کے معنی سے لَا اُقْسِمُ ماخوذ ہے، اس میں یہ اشارہ کیا ہے کہ مقتسمین کے معنی میں قسم ہے، اسی وجہ سے

Marfat.com

بخاری نے اس سے پہلی تعلیق میں یہ کہا تھا کہ مقتسمین کا معنی ہے: وہ لوگ جنہوں نے قسم کھائی۔ امام بخاری نے یہ صحیح نہیں کہا کیونکہ مقتسمین، اقتسام سے بنا ہے نہ کہ قسم سے، لہٰذا یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ لا أُقسِمُ، مُقتسمین سے بنا ہے کیونکہ لَا أُقسِمُ میں لَا کا لفظ زائد ہے۔

لَآ أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝ (القیامہ:۱) کی تفسیر میں امام ابوعبیدہ نے کہا ہے کہ یہ مجاز ہے اور اس کا معنی ہے: میں قیامت کے دن کی قسم کھاتا ہوں۔ دوسرا قول یہ ہے کہ لا کا لفظ اپنے معنی پر ہے یعنی میں اس طرح قسم نہیں کھاتا اور اس طرح قسم نہیں کھاتا بلکہ اس طرح قسم کھاتا ہوں اور یہ لَأُقْسِمُ بھی پڑھا جاتا ہے لام تاکید کے ساتھ۔

وَقَاسَمَهُمَا حَلَفَ لَهُمَا وَلَمْ يَحْلِفَا لَهُ۔ قَاسَمَهُمَا یعنی ابلیس نے حضرت آدم اور حضرت حواء کے لئے قسم کھائی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَاسَمَهُمَآ إِنِّي لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ۝ (الاعراف:۲۱) اور ان سے قسم کھا کر کہا کہ بے شک میں تم دونوں کا خیر خواہ ہوں ○

یعنی قاسَمَا باب مفاعلہ ہے جو مشارکت کے لئے ہوتا ہے لیکن یہاں وہ اپنی اصل پر نہیں ہے اور یہ معنی نہیں ہے کہ ابلیس نے ان کے سامنے قسم کھائی اور ان دونوں نے اس کے سامنے قسم کھائی بلکہ صرف یہ معنی ہے کہ ابلیس نے ان کے سامنے قسم کھا کر یہ کہا تھا: (اے آدم وحوا!) تمہارے رب نے اس درخت سے تمہیں نہیں روکا مگر صرف اس لئے کہ کہیں تم فرشتے بن جاؤ یا ہمیشہ رہنے والے میں سے ہو جاؤ۔ (الاعراف:۲۰)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ تَقَاسَمُوا تَحَالَفُوا۔ اور مجاہد نے کہا: تَقَاسَمُوْا کا معنی ہے: تَحَالَفُوْا یعنی ان سب نے قسم کھائی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ۔ (النمل:۴۹) انہوں نے کہا: سب آپس میں اللہ کی قسمیں کھا کر عہد کرلو کہ ہم ضرور رات کو صالح اور ان کے گھر والوں پر شب خون مار دیں گے۔

الفریابی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے، اس تعلیق سے اور تعلیق سابق سے امام بخاری کی مراد یہ ہے کہ ان کے مذہب کو تقویت دی جائے کہ جنہوں نے کہا ہے کہ لفظ مقتسمین قسم سے ماخوذ ہے قِسْمَة سے ماخوذ نہیں ہے اور یہ تفسیر جمہور مفسرین کی تصریحات کے خلاف ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۹-۱۸، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۷۰۵۔ حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ أَخْبَرَنَا أَبُو بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما الَّذِينَ جَعَلُوا الْقُرْآنَ عِضِينَ قَالَ هُمْ أَهْلُ الْكِتَابِ جَزَّؤُهُ أَجْزَاءً فَآمَنُوا بِبَعْضِهِ وَكَفَرُوا بِبَعْضِهِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو بشر نے خبر دی از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہ جن لوگوں نے قرآن کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے، حضرت ابن عباس نے بتایا کہ وہ اہل کتاب ہیں، انہوں نے قرآن مجید کے کئی حصے کر دیئے، پس بعض پر وہ ایمان لائے اور بعض کا انہوں نے کفر کیا۔

Marfat.com

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری ۳۹۴۵ میں گزر چکی ہے۔

۴۷۰۶۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي ظَبْيَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما ﴿كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ۝﴾ (الحجر:۹۰) قَالَ آمَنُوا بِبَعْضٍ وَكَفَرُوا بِبَعْضِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبیداللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی از الاعمش از ابی ظبیان از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، انہوں نے كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ۝ (الحجر:۹۰) کی تفسیر میں کہا کہ یہود و نصاریٰ قرآن مجید کی بعض آیات پر ایمان لائے اور بعض آیات کا کفر کیا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۹۴۵ میں گزر چکی ہے۔

۵۔ بَابُ: وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ۝ (الحجر:۹۹)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہئے حتیٰ کہ آپ کے پاس پیغام اجل آجائے O (الحجر:۹۹) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

صحابہ کرام نے بتایا کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ پر یہ وحی نہیں کی گئی کہ میں مال جمع کروں اور تاجروں میں سے ہو جاؤں لیکن مجھ پر یہ وحی کی گئی ہے:

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ۝ (الحجر:۹۹-۹۸)

سو آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کیجئے اور سجدہ کرنے والوں میں سے رہئے O اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہئے حتیٰ کہ آپ کے پاس پیغام اجل آجائے O

سالم نے کہا: یقین سے مراد موت ہے۔

سالم سے مراد ہے: حضرت عبداللہ بن عمر بن الخطاب کے بیٹے رضی اللہ عنہم، اس تعلیق کی اسحاق بن ابراہیم نے اپنی سند کے ساتھ سالم سے روایت کی ہے۔

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

موت پر یقین کے اطلاق کی وجہ یہ ہے کہ حضرت ام العلاء کی حدیث میں مذکور ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان بن مظعون کے متعلق فرمایا: ان کے پاس یقین آگیا ہے اور میں ان کے لئے خیر کی توقع کرتا ہوں۔ بخاری کے بعض شارحین نے امام بخاری پر اعتراض کیا ہے کہ یقین موت کے اسماء میں سے نہیں ہے۔ حافظ ابن حجر نے کہا: میں کہتا ہوں کہ امام بخاری پر یہ اعتراض لازم نہیں آتا کیونکہ امام نسائی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں بہترین زندگی گزارنے والا وہ شخص ہے جو اپنے گھوڑے کی لگام پکڑے رہا حتیٰ کہ اس کے پاس یقین آگیا اور وہ شخص لوگوں میں سے صرف خیر پر ہے اور یہ سالم کے قول پر عمدہ شاہد ہے، نیز قرآن مجید میں ہے:

وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝ حَتّٰٓى اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ۝ (المدثر:۴۷-۴۶)

اور ہم حساب کے دن کو جھٹلاتے تھے O یہاں تک کہ ہمیں موت آگئی O

Marfat.com

اس آیت میں بھی موت کے اوپر یقین کا اطلاق کیا گیا ہے اور یقین پر موت کا اطلاق مجاز ہے کیونکہ موت کے متعلق کوئی شک نہیں ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۶۶۰، دار المعرفۃ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی نصرت سے سورۃ الحجر کی تفسیر ختم ہوئی، اب ان شاء اللہ سورۃ النحل کی تفسیر شروع ہوگی۔



بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۶۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ النَّحْلِ

سورۃ النحل کی تفسیر

سورۃ النحل کا تعارف

ہمام نے قتادہ سے روایت کی ہے کہ یہ سورت مدنی ہے اور سعید نے ان سے روایت کی ہے کہ اس سورت کا اول حصہ مکی ہے: اَلَّذِیْنَ هَاجَرُوْا فِی اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا (النحل:۴۱) تک اور پھر اس آیت سے لے کر اخیر سورت تک مدنی ہے اور سدی نے کہا: یہ سورت مکی ہے سوا اس ایک آیت کے: وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ (النحل:۱۲۶) اور سفیان نے کہا کہ یہ سورت مکی ہے۔ علامہ قرطبی نے کہا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یہ سورت مکی ہے سوا تین آیتوں کے جو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد نازل ہوئی تھیں: وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِیْلًا (النحل:۹۵) الآیات۔ اور ایک روایت میں ہے کہ تین آیتوں کے سوا یہ سورت مکی ہے، وہ آیتیں مکہ اور مدینہ کے درمیان نازل ہوئیں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احد پہاڑ سے واپس جا رہے تھے۔

اس سورت میں ایک سو اٹھائیس (۱۲۸) آیتیں ہیں۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۲۰، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

رُوْحُ الْقُدُسِ جِبْرِیْلُ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْأَمِیْنُ۔

رُوْحُ الْقُدُس سے مراد ہے: حضرت جبرئیل علیہ السلام، قرآن مجید میں ہے: اس قرآن کو الروح الامین نے نازل کیا○ (الشعراء:۱۹۳)

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ۔ (النحل:۱۰۲)

آپ کہئے: اس کو روح القدس نے آپ کے رب کی جانب سے حق کے ساتھ نازل کیا ہے۔

امام طبری نے محمد بن الکعب قرظی سے روایت کی ہے کہ روح القدس حضرت جبرئیل علیہ السلام ہیں اور روح کی اضافت قدس کی طرف کی ہے جس کا معنی طہر اور پاکیزگی ہے اور اس سے مراد ہے: الروح القدس یعنی ایسی روح جو پاکیزہ ہے۔ روح حقیقت میں اس کو کہتے ہیں جس کی وجہ سے جسم قائم ہوتا ہے اور اس میں حیات ہوتی ہے اور روح کا اطلاق قرآن پر بھی کیا گیا ہے اور رحمت پر بھی اور وحی پر بھی اور حضرت جبرئیل پر بھی کیا گیا ہے اور یہ جو امام بخاری نے کہا ہے کہ قرآن کو روح الامین لے کر نازل ہوئے یہ اس لئے کہا کہ روح القدس سے مراد حضرت جبرئیل ہیں۔ یہ قرآن سے ثابت ہے اور ضحاک نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ روح القدس سے مراد وہ اسم ہے جس سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام مردوں کو زندہ کرتے تھے۔ امام ابن ابی حاتم نے اس حدیث کی سند ضعیف سے روایت کی ہے۔ حضرت جبرئیل کی صفت امین ہے کیونکہ انہیں جو پیغام دے کر رسولوں کے پاس بھیجا جاتا تھا وہ اس پیغام کو پہنچانے میں امین تھے۔

فِیْ ضَیْقٍ یُقَالُ أَمْرٌ ضَیْقٌ وَضَیِّقٌ مِثْلُ هَیْنٍ وَهَیِّنٍ وَلَیْنٍ وَلَیِّنٍ وَمَیْتٍ وَمَیِّتٍ۔

فِیْ ضَیْقٍ (تنگی میں)، کہا جاتا ہے: أَمْرٌ ضَیْقٌ وَضَیِّقٌ جیسے هَیْنٌ اور هَیِّنٌ ہے اور لَیْنٌ اور لَیِّنٌ اور مَیْتٌ اور مَیِّتٌ ہے۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ ﴿١٢٧﴾ (النحل:۱۲۷) اور آپ ان کی سازشوں سے دل تنگ نہ ہوں ○

امام بخاری نے کہا ہے: کہا جاتا ہے: اَمْرٌ ضَيْقٌ و ضَيِّقٌ، اس میں یہ اشارہ کیا ہے کہ یہاں پر دو لغتیں ہیں: ایک تشدید کے ساتھ اور ایک تخفیف کے ساتھ، اسی طرح باقی مثالوں کا بھی یہی محمل ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فِي تَقَلُّبِهِمْ اخْتِلَافِهِمْ۔ حضرت ابن عباس نے کہا فی تَقَلُّبِهِمْ کا معنی ہے: ان کا اختلاف۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیات کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٤٥﴾ اَوْ يَاْخُذَهُمْ فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿٤٦﴾ (النحل:۴۵-۴۶) جو لوگ بری سازشیں کرتے ہیں کیا وہ اس بات سے بے خوف ہیں کہ اللہ انہیں زمین میں دھنسا دے یا ان پر وہاں سے عذاب لے آئے جہاں سے عذاب آنے کا انہیں وہم و گمان بھی نہ ہو ○ یا ان کو چلتے پھرتے پکڑ لے، سو وہ خدا کو عاجز نہیں کر سکتے ○

علامہ ثعلبی نے کہا ہے کہ ان آیات کا معنی یہ ہے جب وہ رات یا دن میں کہیں چل پھر رہیں ہوں گے تو اللہ تعالیٰ اچانک ان کو عذاب میں پکڑ لے گا۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ تَمِيدُ تَكَفَّأُ۔ مجاہد نے کہا ہے: تَمِيدُ کا معنی ہے: جھکنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ۔ (النحل:۱۵) اور اس نے زمین میں پہاڑوں کو نصب کر دیا تا کہ زمین تمہارے ساتھ (ایک طرف) جھک نہ جائے۔

اس تعلیق کو ابو محمد نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

مُفْرَطُونَ مَنْسِيُّونَ مُفْرَطُون کا معنی ہے: جو لوگ بھلا دیئے گئے ہوں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿٦٢﴾ (النحل:۶۲) بے شک ان کے لئے دوزخ کی آگ ہے اور وہ (اس میں) سب سے پہلے بھیجے جائیں گے ○

امام بخاری نے کہا ہے کہ مُفْرَطُون کا معنی مُنْسَيُونْ ہے اور امام طبری نے اس کی تفسیر میں کہا ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں جو فرائض اور واجبات کی ادائیگی میں سستی اور کمی کرتے تھے اور برے کاموں میں بہت زیادہ کوشش کرتے تھے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ هَذَا مُقَدَّمٌ وَمُؤَخَّرٌ وَذَلِكَ أَنَّ الِاسْتِعَاذَةَ قَبْلَ الْقِرَائَةِ وَمَعْنَاهَا الِاعْتِصَامُ بِاللهِ وَقَالَ غَيْرُهُ فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ هَذَا مُقَدَّمٌ وَمُؤَخَّرٌ وَذَلِكَ أَنَّ الِاسْتِعَاذَةَ قَبْلَ الْقِرَائَةِ وَمَعْنَاهَا الِاعْتِصَامُ بِاللهِ۔

اور مجاہد کے غیر نے کہا: فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ (النحل: ۹۸) یعنی جب تم قرآن پڑھو تو اعوذ باللہ پڑھو، اس آیت میں تقدیم اور تاخیر ہے کیونکہ اعوذ باللہ قرآن مجید پڑھنے سے پہلے پڑھی جاتی ہے اور اس کا معنی ہے: اللہ کی پناہ میں آنا۔

Marfat.com

یہ امام بخاری کی تقریر ہے اور جمہور نے یہ کہا ہے کہ اس آیت کے شروع میں یہ لفظ محذوف ہے کہ جب تم قرآن پڑھنے کا ارادہ کرو تو اللہ کی پناہ طلب کرو حتیٰ کہ علامہ ابن ملقن نے کہا ہے کہ اس پر اجماع ہے سوا اس کے جو حضرت ابو ہریرہ، داؤد ظاہری اور امام مالک سے مروی ہے کہ قرآن مجید پڑھنے کے بعد اعوذ باللہ پڑھی جائے تا کہ ظاہر قرآن پر عمل ہو۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے کہا ہے کہ غیر سے مراد امام ابوعبیدہ ہیں لیکن یہ صحیح نہیں ہے کیونکہ امام بخاری کی تعلیق میں غَيْرُهُ سے پہلے مجاہد کا ذکر ہے، اس کا معنی ہوگا: مجاہد کے غیر نے کہا نہ کہ ابوعبیدہ نے کہا:

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ تُسِيمُونَ تَرْعَوْنَ۔ حضرت ابن عباس نے کہا: تسیمون کا معنی ہے: چراتے ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ۝ (النحل:۱۰) جس پانی کو تم پیتے ہو اور اسی سے درخت بھی سیراب ہوتے ہیں جس میں تم مویشی چراتے ہو O

اور ابوعبیدہ نے کہا ہے کہ اسمت الابل کا معنی ہے میں نے اونٹوں کو چرایا۔

شَاكِلَتِهِ نَاحِيَتِهِ۔ شاکلتہ کا معنی ہے اپنے اپنے طریقہ پر۔

یہ تعلیق اس کے بعد والی سورت میں ہے اور امام بخاری نے وہاں اس تعلیق کو پھر دہرایا ہے۔ حموی سے روایت ہے کہ شاکلتہ کا معنی ہے: نیت۔

قَصْدُ السَّبِيلِ الْبَيَانُ۔ قصد السبیل کا معنی ہے: سیدھے راستے کا بیان۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ عَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَ مِنْهَا جَآئِرٌ ؕ وَ لَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ (النحل:۹) اور سیدھا راستہ اللہ تک پہنچتا ہے اور بعض راستے ٹیڑھے ہیں اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو (جبراً) ہدایت دے دیتا O

امام بخاری نے قصد السبیل کا معنی لکھا ہے: سیدھے راستے کا بیان۔ امام طبری نے لکھا ہے: اس کا معنی ہے: تمہارے لئے حکم کو بیان کرنا اور قصد کا معنی ہے: سیدھا راستہ۔ ایک قول ہے کہ شرائع اور فرائض کا بیان، ابن المبارک نے کہا ہے: اس کا معنی ہے: سنت۔

الدِّفْئُ مَا اسْتَدْفَأْتَ بِهِ۔ الدفء جس سے تم حرارت حاصل کرو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ الْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّ مَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝ (النحل:۵) اور اس نے چوپاؤں کو پیدا کیا ان میں تمہارے لئے گرم کپڑے اور دوسرے فوائد ہیں اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے ہو O

امام بخاری نے الدفء کی تفسیر کی ہے: جن چیزوں سے تم حرارت حاصل کرو مثلاً چادریں اور مکان وغیرہ۔ الجوہری نے کہا ہے: الدفء کا معنی ہے: گرمی اور اس آیت میں الدفء سے مراد ہے: اونٹوں کے بچے اور ان کے دودھ اور ان کے اون سے جو نفع حاصل کیا جائے۔

تُرِيْحُوْنَ بِالْعَشِيِّ وَ تَسْرَحُوْنَ بِالْغَدَاةِ۔ تُرِيْحُوْنَ بِالْعَشِيِّ وَ تَسْرَحُوْنَ بِالْغَدَاةِ یعنی شام کو تم مویشی چرا کر لاتے ہو اور صبح کو مویشی چرانے لے جاتے ہو۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَكُمْ فِيهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ۝ (النحل:٦) اوران میں تمہارے لئے حسن وزیبائش ہے جب تم شام کوانہیں چرا کرواپس لاتے ہواور جب صبح کوانہیں چراگاہ میں چھوڑتے ہو O

یعنی شام کوتم انہیں چرا کرانہیں ان کے باڑہ کی طرف لاتے ہواور صبح کوانہیں باڑہ سے نکال کر چراگاہ کی طرف لے جاتے ہو۔

بِشِقٍّ يَعْنِي الْمَشَقَّةَ۔ بِشِقٍّ یعنی مشقت سے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ۔ (النحل:٧) اوروہ چوپائے تمہارا سامان لاد کراس شہر تک لے جاتے ہیں جہاں تم بغیر مشقت کے خود نہیں پہنچ سکتے تھے۔

امام ابوعبیدہ نے بھی اس آیت کی یہی تفسیر کی ہے اور کہا ہے کہ شِقّ کا معنی مشقت ہے۔

عَلٰى تَخَوُّفٍ تَنَقُّصٍ۔ عَلٰى تَخَوُّفٍ کا معنی ہے: نقصان کر کے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰى تَخَوُّفٍ۔ (النحل:٤٧) یا وہ ان کواس حال میں پکڑ لے جب وہ اپنے اعمال میں کمی کر رہے ہوں۔

حضرت ابن عباس نے اس کی یہی تفسیر کی ہے اور ایک قول یہ ہے کہ اس کا معنی خوف ہے اور اس صورت میں معنی ہوگا: یا وہ ان کوعین حالت خوف میں پکڑ لے۔

اَلْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً وَهِيَ تُؤَنَّثُ وَتُذَكَّرُ وَكَذٰلِكَ النَّعَمُ الْاَنْعَامُ جَمَاعَةُ النَّعَمِ۔ اَلْاَنْعَام لَعِبْرَةً میں انعام نعم کی جمع ہے اور یہ مذکر اور مونث دونوں کے لئے ہے۔اسی طرح نعم کی جمع انعام ہے اور یہ بھی مذکر اور مونث دونوں کے لئے ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُّسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ۔ (النحل:٦٦) اور بے شک مویشیوں میں بھی تمہارے لئے غور کا مقام ہے ہم تمہیں اس چیز سے پلاتے ہیں جوان کے پیٹوں میں ہے۔

لَعِبْرَةً کا معنی ہے: اس میں تمہارے لئے نصیحت ہے مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ فرمایا ہے بُطُوْنِهَا نہیں فرمایا کیونکہ انعام اور نعم واحد ہیں اور لفظ نعم مذکر ہے، اس وجہ سے مذکر کی ضمیر لائے، نعم کی جمع انعام ہے اور یہ اونٹ، گائے اور بکریاں ہیں۔

اَكْنَانًا وَاحِدُهَا كِنٌّ مِثْلُ حِمْلٍ وَاَحْمَالٍ۔ اکنانا اس کا واحد کِنٌّ ہے جیسے حِمل اور اَحْمَال۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا۔ (النحل:٨١) اوراس نے تمہارے لئے پہاڑوں میں محفوظ غار بنائے۔

اَكْنَانا کا واحد کِنٌّ ہے اور اس کا معنی ہے: جو چیز تمہاری حفاظت اور ستر کا سبب ہو، اسی وجہ سے پہاڑوں میں جو غار رہائش کے لئے ہوتے ہیں انہیں اکنان کہتے ہیں۔

سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَاَمَّا سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ سَرَابِيْل سے مراد قمیصیں ہیں جو تمہیں گرمی سے بچاتی ہیں اور قمیصیں

Marfat.com

بَأْسَكُمْ فَإِنَّهَا الدُّرُوعُ۔ تمہیں ہتھیاروں سے محفوظ رکھتی ہیں، اس سے مراد زرہیں ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ جَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَأْسَكُمْ۔ (النحل:۸۱) اور تمہارے لئے ایسے لباس بنائے جو تمہیں گرمی سے بچاتے ہیں اور ایسے لباس (زرہیں) بنائے جو تم کو حملوں سے محفوظ رکھتے ہیں۔

جو قمیصیں گرمی سے بچاتی ہیں وہ سوت اور اون سے بنی ہوئی ہوتی ہیں اور یہ قمیصیں سردی سے بھی بچاتی ہیں اور جو قمیصیں نیزوں اور تیروں کی ضرب سے بچاتی ہیں وہ لوہے سے بنی ہوئی ہوتی ہیں جن کو زرہ کہتے ہیں۔

دَخَلًا بَيْنَكُمْ كُلُّ شَيْءٍ لَمْ يَصِحَّ فَهُوَ دَخَلٌ۔ دَخَلاً بَيْنَكُمْ اس کا معنی ہے: جو چیز صحیح نہ ہو اور جو چیز صحیح نہ ہو اس کو دَخَلٌ کہتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ۔ (النحل:۹۲) تم اپنی قسموں کو آپس میں عہد شکنی کا ذریعہ بنانے لگو گے۔

امام ابوعبیدہ نے کہا کہ دَخَلٌ کا معنی دھوکہ دینا اور خیانت کرنا بھی ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ حَفَدَةً مَنْ وَلَدَ الرَّجُلُ۔ حضرت ابن عباس نے کہا: حَفَدَة کا معنی ہے: مرد کی اولاد۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً۔ (النحل:۷۲) اور تمہارے لئے تمہاری بیویوں سے بیٹے اور پوتے بنائے۔

مرد کی اولاد کا ذکر کیا ہے اور یہ بیٹوں، پوتوں اور ان کی اولاد کو شامل ہے۔

اَلسَّكَرُ مَا حُرِّمَ مِنْ ثَمَرَتِهَا وَالرِّزْقُ الْحَسَنُ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ۔ اَلسَّكَرُ وہ ان پھلوں سے نکالا ہوا وہ مشروب ہے جس کو (نشہ آور ہونے کی وجہ سے) حرام کر دیا گیا ہے اور رزق حسن وہ پھل ہیں جن کو حلال کر دیا گیا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا۔ (النحل:۶۷) اور ہم تمہیں کھجوروں اور انگوروں کے پھلوں سے پلاتے ہیں تم ان سے میٹھے مشروبات تیار کرتے ہو اور عمدہ رزق۔

الثعلبی نے کہا ہے کہ سَکَرٌ خمر ہے اور رزق حسن کھجور اور انگور ہیں، انہوں نے کہا: یہ خمر کی تحریم سے پہلے پر محمول ہے۔ حضرت ابن مسعود، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اور سعید بن جبیر اور ابراہیم اور حسن کا یہی مذہب ہے۔ حضرت ابن عباس نے کہا کہ سکر وہ مشروب ہے جو ان پھلوں سے نکالا گیا ہو اور حرام ہو اور رزق حسن وہ مشروب ہے جو ان پھلوں سے نکالا گیا ہو اور حلال ہو، اور قتادہ نے کہا: سَکَرٌ ان عجمیوں کی شرابیں ہیں اور رہا رزق حسن، پس وہ نبیذ ہے اور سرکہ ہے اور جن پھلوں کو تم کھاتے ہو، اور خمر کی تحریم سورۂ مائدہ کے بعد نازل ہوئی ہے۔ ثعلبی نے کہا کہ سکر وہ چیزیں ہیں جن کو پیا جاتا ہے اور رزق حسن وہ چیزیں ہیں جن کو کھایا جاتا ہے۔ حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ حبشی لوگ خمر کا نام سکر رکھتے ہیں۔

وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ صَدَقَةَ اَنْكَاثًا هِيَ خَرْقَاءُ كَانَتْ إِذَا اَبْرَمَتْ غَزْلَهَا نَقَضَتْهُ۔ ابن عیینہ نے صدقہ سے روایت کی ہے کہ انکاثا کا معنی ہے: ٹکڑے ٹکڑے، یہ مکہ میں ایک عورت تھی جو مضبوط سوت بناتی تھی

پھر اس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیتی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا۔ (النحل:۹۲) اور اس عورت کی طرح نہ ہو جاؤ جس نے اپنا سوت مضبوطی سے کاتنے کے بعد ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔

زمخشری نے کہا ہے کہ تم اپنی قسموں کو توڑنے میں اس عورت کی مثل نہ ہو جانا جو مضبوط سوت بناتی، پھر اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیتی۔ امام بخاری نے کہا ہے کہ هِيَ خَرْقَاءُ یعنی اس عورت کا نام خرقاء تھا۔ قتادہ نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں ان لوگوں کے لئے ضرب المثل بیان کی ہے جو پختہ اور مضبوط عہد کرنے کے بعد اس کو توڑ دیتے ہیں۔ مقاتل نے اپنی تفسیر میں کہا ہے کہ یہ عورت قرشیہ تھی اور اس کا نام ریطیہ بنت عمرو بن کعب تھا۔

وَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ الْأُمَّةُ مُعَلِّمُ الْخَيْرِ۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: اُمّة کا معنی ہے: خیر کی یعنی نیکی کی تعلیم دینے والا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ۔ (النحل:۱۲۰) بے شک ابراہیم (اپنی ذات میں) ایک امت تھے، اللہ کے اطاعت گزار۔

حضرت ابن مسعود نے امت کی تفسیر میں کہا ہے کہ وہ نیکی کی تعلیم دینے والا ہے۔ حاکم نے کہا ہے: یہ حدیث امام بخاری اور امام مسلم کی شرط کے مطابق صحیح ہے۔ مجاہد سے روایت ہے کہ وہ تنہا مومن تھے اور باقی تمام لوگ کفار تھے اور شہر بن حوشب سے روایت ہے کہ زمین میں ہمیشہ ایسے چودہ (۱۴) آدمی رہے ہیں جن کی وجہ سے اللہ تعالیٰ مصائب دور کرتا ہے اور روئے زمین میں ان کی برکتیں نازل ہوتی ہیں سو احضرت ابراہیم علیہ السلام کے کیونکہ وہ اپنے زمانے میں تنہا ایسے شخص تھے جو ان صفات کے حامل تھے۔ قرآن مجید میں اُمَّةٌ کے اور بھی معانی ہیں: لوگ، جماعت، دین، وقت اور ایسا ایک شخص جو جماعت کے قائم مقام ہو۔

وَالْقَانِتُ الْمُطِيْعُ۔ والقانِتُ اس کا معنی ہے: مطیع یعنی اطاعت کرنے والا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا۔ (النحل:۱۲۰) اللہ کے اطاعت گزار، باطل سے مجتنب۔

۱۔ بَابٌ: وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ۔ (النحل:۷۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور تم میں سے بعض کو ناکارہ عمر کی طرف لوٹا دیا جاتا ہے۔ (النحل:۷۰) کی تفسیر

ارذل عمر کا معنی

علامہ بدرالدین محمود احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

الجوہری نے کہا ہے: رذیل کا معنی ہے: گھٹیا، خسیس اور ہر چیز کا ردی جز۔ ارذل عمر کا معنی ہے: انسان کی عمر کا گھٹیا حصہ۔ سدی نے کہا ہے: سخت بوڑھا۔ قتادہ نے کہا ہے: نوے (۹۰) سال کی عمر۔ حضرت علی نے کہا: پچھتر (۷۵) سال کی عمر۔ مقاتل نے کہا ہے بہت بوڑھا۔ عکرمہ نے کہا: جو قرآن پڑھنے والا ہو وہ ارذل عمر کی طرف نہیں لوٹایا جاتا۔ امام ابن مردویہ نے اپنی تفسیر میں

Marfat.com

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ارذل عمر ایک سو (۱۰۰) سال ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۶-۲۵)

۴۷۰۷۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مُوسَى أَبُو عَبْدِ اللهِ الْأَعْوَرُ عَنْ شُعَيْبٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضى الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ كَانَ يَدْعُو أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْكَسَلِ وَأَرْذَلِ الْعُمُرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَفِتْنَةِ الدَّجَّالِ وَفِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہارون بن موسیٰ ابوعبداللہ الاعور نے حدیث بیان کی از شعیب از حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ یہ دعا کرتے تھے: اے اللہ! میں بخل سے اور سستی سے اور ارذل عمر سے اور عذاب قبر سے اور دجال کے فتنہ سے اور زندگی اور موت کے فتنہ سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۸۲۳ میں گزر چکی ہے، تاہم چند اہم باتیں بیان کی جارہی ہیں:

بخل سے: یعنی مال کے حقوق سے، نبی ﷺ کا بخل سے پناہ مانگنا اس طرح ہے جس طرح آپ نے دولت کے فتنہ سے پناہ مانگی اور دولت کا فتنہ یہ ہے کہ اس کو گناہوں میں یا اسراف میں یا کسی قسم کے باطل کاموں میں خرچ کیا جائے۔

اور کسل سے یعنی سستی سے: اور وہ یہ ہے کہ کسی نیک کام کرنے کے لئے نفس کا تیار نہ ہونا اور اس میں کم رغبت کرنا۔

اور ارذل عمر سے: یعنی سخت بڑھاپے سے اور اس سے پناہ اس لئے مانگی ہے کہ عمر میں مطلوب یہ ہوتا ہے کہ اللہ کی نعمتوں میں غور وفکر کرے اور دل اور اعضاء سے اس کا شکر ادا کرے اور بڑھاپے میں چونکہ انسان اپنی قوتوں سے فائدہ حاصل نہیں کرسکتا اس لئے اس سے پناہ مانگنی چاہئے۔

اور زندگی کے فتنہ سے: زندگی کا فتنہ یہ ہے کہ انسان میں صبر نہ رہے اور مشکل حالات میں اللہ کی رضا نہ رہے، وہ مصائب میں مبتلا ہو اور فساد پر اصرار کرے اور ہدایت کی پیروی نہ کرے۔

اور موت کے فتنہ سے: یعنی منکر نکیر کا سوال کرنا حیرت اور خوف کے ساتھ۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۶)

اللہ کے فضل اور اس کی توفیق سے سورۃ النحل کی تفسیر ختم ہوئی اب ان شاء اللہ سورۂ بنی اسرائیل کی تفسیر شروع ہوگی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۷۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ

سورۂ بنی اسرائیل کی تفسیر

سورۂ بنی اسرائیل کا تعارف

قتادہ نے کہا ہے کہ یہ سورت آٹھ آیتوں کے سوا مکی ہے اور وہ آٹھ آیتیں مدینہ میں نازل ہوئی تھیں اور وہ آٹھ آیتیں یہاں سے شروع ہوتی ہیں: وَاِنْ کَادُوْا لَیَفْتِنُوْنَکَ (بنی اسرائیل: ۷۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی مروی ہے کہ یہ سورت مکی ہے۔ علامہ سخاوی نے کہا کہ یہ سورت سورۃ القصص کے بعد سورۂ یونس (علیہ السلام) سے پہلے نازل ہوئی ہے۔ اس سورت میں ایک سو گیارہ آیتیں ہیں۔

۱۔ بَابٌ

باب

۴۷۰۸۔ حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ أَبِی إِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ یَزِیْدَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ فِیْ بَنِیْ إِسْرَائِیْلَ وَالْکَہْفِ وَمَرْیَمَ إِنَّہُنَّ مِنَ الْعِتَاقِ الْأُوَلِ وَہُنَّ مِنْ تِلَادِیْ فَسَیُنْغِضُوْنَ إِلَیْکَ رُؤُسَہُمْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ یَہُزُّوْنَ وَقَالَ غَیْرُہُ نَغَضَتْ سِنُّکَ أَیْ تَحَرَّکَتْ

(اطراف الحدیث: ۴۷۳۹۔ ۴۹۹۴)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں آدم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از ابی اسحاق، انہوں نے کہا: میں نے عبدالرحمٰن بن یزید سے سنا، انہوں نے کہا میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے سنا، انہوں نے کہا: بنی اسرائیل، الکہف اور مریم یہ سورتیں پہلی عمدہ سورتوں میں سے ہیں اور یہ مجھے اچھی طرح یاد تھیں۔ وہ عنقریب آپ کی طرف اپنے سروں کو ہلائیں گے (بنی اسرائیل: ۵۱) حضرت ابن عباس نے کہا اس کا معنی ہے: وہ ہلائیں گے اور دوسروں نے کہا: نَغَضَتْ سِنُّکَ یعنی دانت ہل گیا۔

مشکل الفاظ کے معانی

اَلْعِتَاقُ الْاُوَل: عتاق عتیق کی جمع ہے اور اس کا معنی ہے: قدیم یا ہر وہ چیز جو عمدگی میں انتہاء کو پہنچی ہوئی ہو، ایک جماعت نے کہا اس حدیث میں عتاق کا یہی معنی ہے۔

تلادی: یعنی حضرت ابن مسعود کو یہ سورتیں شروع سے ہی حفظ تھیں، حضرت ابن مسعود کی مراد یہ ہے کہ جب انہوں نے ابتداءً قرآن مجید پڑھا تھا تو ان سورتوں کو حفظ کر لیا تھا، ان سورتوں کی فضیلت یہ ہے کہ ان سورتوں میں انبیاء علیہم السلام کے قصے اور ان کی امتوں کی خبریں ہیں۔

وہ عنقریب آپ کی طرف اپنے سروں کو ہلائیں گے۔ (بنی اسرائیل: ۵۱)

حضرت ابن عباس نے کہا کہ وہ استہزاءً اپنے سروں کو ہلائیں گے اور ابن قتیبہ نے کہا کہ مراد یہ ہے کہ وہ آپ کے ارشاد کو بعید

Marfat.com

سمجھتے ہوئے اپنے سروں کو ہلائیں گے۔(فتح الباری ج ۵ ص ۲۶۴)

۲۔ بَابٌ: وَ قَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ۔

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ہم نے بنی اسرائیل کو بتادیا تھا۔(بنی اسرائیل: ۴) کی تفسیر

(بنی اسرائیل: ۴)

امام بخاری نے پوری آیت ذکر نہیں کی، پوری آیت اس طرح ہے:

وَ قَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ فِي الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْاَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۝ (بنی اسرائیل: ۴)

اور ہم نے بنی اسرائیل کو ان کی کتاب میں بتادیا تھا کہ تم ضرور دو بار زمین میں فساد کرو گے اور تم ضرور بہت بڑی سرکشی کرو گے O

حافظ ابن حجر عسقلانی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں: یعنی ہم نے ان کو خبر دی تھی کہ وہ عنقریب فساد کریں گے۔

لفظ قضی کے کئی معنی ہیں: وَ قَضٰى رَبُّكَ (بنی اسرائیل: ۲۳) یعنی آپ کے رب نے یہ حکم دیا اور اس کا معنی فیصلہ کرنا بھی ہے جیسے اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ (النمل: ۷۸) بے شک آپ کا رب ان کے درمیان فیصلہ کرتا ہے اور اس کا معنی پیدا کرنا بھی ہے جیسے فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ (حم سجدہ: ۱۲) یعنی اللہ تعالیٰ نے سات آسمان پیدا کئے اور اس کا معنی ہے: فراغت جیسے فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ (البقرہ: ۲۰۰) یعنی جب تم افعال حج سے فارغ ہو جاؤ اور اس کا معنی تقدیر میں لکھنا بھی ہے جیسے فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا (المؤمن: ۶۸) یعنی جب اللہ تعالیٰ تقدیر میں کسی کام کو لکھ دیتا ہے اور اس کا معنی فیصلہ بھی ہے جیسے لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ (الانعام: ۵۸) تو ضرور میرے اور تمہارے درمیان فیصلہ ہو چکا ہوتا، اور اس کا معنی ہلاک کرنا ہے جیسے لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ (یونس: ۱۱) ان کی مدت حیات پوری کر دی جاتی یعنی ان کو ہلاک کر دیا جاتا اور اس کا معنی وصیت ہے جیسے وَ قَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ (بنی اسرائیل: ۲۳) اور آپ کے رب نے یہ وصیت (تاکید) کی ہے کہ تم اس کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کرنا اور اس کا معنی موت ہے جیسے فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ (القصص: ۱۵) یعنی پس حضرت موسیٰ نے اس کو گھونسا مارا تو اللہ نے اس پر موت طاری کر دی اور اس کا معنی فعل ہے جیسے كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ۝ (عبس: ۲۳) یعنی حق بات یہ ہے کہ اس نے وہ کام نہیں کیا جس کا اسے حکم دیا اور اس کا معنی عہد ہے جیسے اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ (القصص: ۴۴) یعنی جب ہم نے موسیٰ سے ایک کام کا عہد لیا۔

الازہری نے ذکر کیا کہ قضٰی کے لغت میں کئی معانی ہیں اور ان سب کا رجوع اس معنی کی طرف ہوتا ہے کہ کسی کام کو مکمل کر کے اسے منقطع کر دیا جائے۔

نَفِيرًا مَنْ يَنْفِرُ مَعَهٗ۔ نَفِيرًا کا معنی ہے: جو شخص اس کے ساتھ روانہ ہو جائے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ جَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ۝ (بنی اسرائیل: ۶) اور ہم نے تم کو بڑا گروہ بنادیا O

ابوعبیدہ نے کہا ہے کہ جو لوگ اس کے ساتھ جائیں اور قتادہ نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے: اور تم کو بڑا عدد بنادیا۔ ثعلبی نے کہا ہے: اس کی اصل یہ ہے کہ کسی مرد کے ساتھ اس کے قبیلے والے اور گھر والے روانہ ہوں۔

مَيْسُوْرًا لَيِّنًا۔ مَيْسُوْرًا کا معنی ہے: نرم۔

فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ۝ (بنی اسرائیل: ۲۸) تو ان کو کوئی نرم بات کہہ کر ٹال دو O

امام ابوعبیدہ نے بھی اس آیت کی یہی تفسیر کی ہے۔ عکرمہ نے کہا ہے: ان سے اچھا وعدہ کر لو اور سدی نے کہا ہے کہ سائل سے کہو: ہاں! اس وقت ہمارے پاس رقم نہیں ہے، پھر آئے گی تو دیں گے اور حسن بصری نے کہا: یوں کہو کہ ان شاء اللہ ہو جائے گا۔

Marfat.com

حَصِيرًا مَحْبِسًا مَحْصَرًا۔ حصیرًا اس کا معنی ہے: قید کرنے کی جگہ یعنی قید خانہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝ (بنی اسرائیل:۸) اور ہم نے کافروں کے لئے جہنم کو قید خانہ بنا دیا ہے ○

امام بخاری نے حصیر کی تفسیر قید خانہ کے ساتھ کی ہے۔ حضرت ابن عباس نے بھی اس کی یہی تفسیر کی ہے۔

حَقَّ وَجَبَ حَقَّ کا معنی ہے: واجب ہو گیا۔

فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ۝ پھر وہ عذاب کے مستحق ہو جاتے ہیں، سو ہم ان کو تباہ و برباد کر دیتے ہیں ○ (بنی اسرائیل:۱۶)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کی تفسیر میں کہا ہے کہ ان پر عذاب واجب ہو گیا ہے۔

خِطْئًا إِثْمًا وَهُوَ اسْمٌ مِنْ خَطِئْتَ وَالْخَطَأُ مَفْتُوحٌ مَصْدَرُهُ مِنَ الْإِثْمِ خَطِئْتُ بِمَعْنَى أَخْطَأْتُ۔ خِطَاءً یعنی گناہ اور یہ خَطِئْتُ کا اسم مصدر ہے اور خَطَأ جس میں خاء پر زبر ہے یہ گناہ کا مصدر ہے اور خَطِئْتُ کا معنی ہے: اَخْطَئْتُ یعنی میں نے خطا کی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ۝ (بنی اسرائیل:۳۱) بے شک ان کو قتل کرنا بہت بڑا گناہ ہے ○

امام بخاری نے خطأ کی تفسیر گناہ کی ہے، اسی طرح امام ابوعبیدہ نے بھی تفسیر کی ہے اور امام بخاری نے کہا ہے کہ خِطْأ یہ خَطِئْتُ کا اسم مصدر ہے اور اہل لغت نے یہ کہا ہے کہ یہ خِطَاءٌ کا مصدر ہے، نیز امام بخاری نے کہا کہ خَطأ جس میں خاء پر زبر ہے یہ مصدر ہے، یہ بھی اہل لغت کی تصریح کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا: یہ اسم مصدر ہے اور اس کا معنی ہے: جو کام صحیح اور صواب نہ ہو، نیز امام بخاری نے کہا کہ خَطِئْتُ کا معنی اَخْطَأْتُ ہے یعنی میں نے گناہ کیا، یہ بھی اہل لغت کی تصریح کے خلاف ہے کیونکہ خطاء کا لفظ جب ثلاثی مجرد سے ہو تو اس کا معنی ہے: عمداً کوئی غلط کام کرنا اور جب یہ ثلاثی مزید فیہ سے ہو تو اس کا معنی ہے: ایسا غلط کام کرنا جس میں عمد کا دخل نہ ہو۔

تَخْرِقَ تَقْطَعَ۔ تَخْرِقَ اس کا معنی ہے: تو زمین کو پھاڑ دے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ۝ (بنی اسرائیل:۳۷) اور زمین میں اکڑ اکڑ کر نہ چلو کیونکہ نہ تو تم زمین کو پھاڑ سکتے ہو اور نہ ہی تم طول میں پہاڑوں تک پہنچ سکتے ہو ○

یعنی تم تمام روئے زمین کو طے نہیں کر سکو گے اور مَرَحًا کا معنی ہے: اترانا، تکبر کرنا اور فخر کرنا اور انك لن تَخْرِق الارض کا معنی ہے کہ تو تمام زمین کو طے کر کے اس کے آخر تک نہیں پہنچ سکتا۔

وَإِذْ هُمْ نَجْوَى مَصْدَرٌ مِنْ نَاجَيْتُ فَوَصَفَهُمْ بِهَا وَالْمَعْنَى يَتَنَاجَوْنَ۔ وَإِذْ هُمْ نَجْوٰى یہ نَاجَيْتُ کا مصدر ہے، اللہ تعالیٰ نے ان کی صفت سرگوشی کی ہے اور اس کا معنی ہے: وہ سرگوشیاں کرتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى۔ (بنی اسرائیل:۴۷) جب وہ آپ کی طرف کان لگا کر سنتے ہیں اور جب وہ آپس میں سرگوشی کرتے ہیں۔

یعنی جب وہ آپ کا کلام سنتے ہیں تو اس وقت وہ آپس میں سرگوشیاں کرتے ہیں، ان میں سے کوئی کہتا ہے کہ یہ مجنون ہیں اور کوئی کہتا ہے: یہ کاہن ہیں، کوئی کہتا ہے: یہ جادوگر ہیں، کوئی کہتا ہے: یہ شاعر ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو مجسم سرگوشی فرمایا حالانکہ سرگوشی کرنا ان کا فعل تھا اور یہ مبالغۃً اطلاق کرنا ہے جیسے کہا جاتا ہے: زَیْدٌ عَدْلٌ (زید سراپا عدل ہے)۔

رُفَاتًا حُطَامًا۔ رُفَاتًا اس کا معنی ہے: چورا چورا ہونا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ۝ (بنی اسرائیل:۴۹) اور انہوں نے کہا: کیا جب ہم ہڈیاں ہو جائیں گے اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے تو پھر ہم کو از سر نو بنا کر کھڑا کر دیا جائے گا O

یعنی کفار مکہ حیات بعد الموت پر یہ اعتراض کرتے تھے کہ کیا جب ہماری ہڈیاں ریزہ ریزہ ہو جائیں گی تو کیا ہم کو دوبارہ زندہ کیا جائے گا۔ مجاہد نے بھی اس آیت کی اسی طرح تفسیر کی ہے۔

وَاسْتَفْزِزْ اسْتَخِفَّ بِخَيْلِكَ الْفُرْسَانِ وَالرَّجْلُ وَالرِّجَالُ الرَّجَالَةُ وَاحِدُهَا رَاجِلٌ مِثْلُ صَاحِبٍ وَصَحْبٍ وَتَاجِرٍ وَتَجْرٍ۔ وَاسْتَفْزِزْ اس کا معنی ہے: تو اپنی آواز سے جن کو گمراہ کر سکتا ہے اور اپنے گھوڑوں اور پیادوں سے بھی کام لے۔ الرجل، رجال کے معنی میں ہے اور اس کا واحد راجل ہے جیسے اَلصَّحْبُ کا واحد صاحب ہے اور التجر کا واحد تاجر ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ۔ (بنی اسرائیل: ۶۴) تو ان میں سے جن کو اپنی آواز کے ساتھ پھسلا سکتا ہے پھسلا دے اور ان پر اپنے سواروں اور پیادوں کے ساتھ چڑھائی کر دے۔

امام بخاری کی تفسیر امام ابو عبیدہ کی تفسیر کے مطابق ہے۔ کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ اس آیت میں امر تہدید کے لئے ہے یعنی دھمکانے کے لئے ہے، مراد یہ ہے کہ تو آدم علیہ السلام کی اولاد کو اپنی ترغیب سے اور گناہوں کا وسوسہ ڈالنے کی وجہ سے گمراہ کر سکتا ہے تو کر لے۔ حضرت ابن عباس نے کہا ہے: جو شخص بھی اللہ کی نافرمانی کی دعوت دے وہ شیطان کے لشکر میں سے ہے اور مجاہد نے کہا ہے کہ شیطان کی آواز سے مراد ہے: غنا اور مزامیر یعنی وہ آلات موسیقی جن کو منہ سے بجایا جائے۔

حَاصِبًا الرِّيْحُ الْعَاصِفُ وَالْحَاصِبُ أَيْضًا مَا تَرْمِي بِهِ الرِّيْحُ وَمِنْهُ حَصَبُ جَهَنَّمَ يُرْمَى بِهِ فِي جَهَنَّمَ وَهُوَ حَصَبُهَا وَيُقَالُ حَصَبَ فِي الْأَرْضِ ذَهَبَ وَالْحَصَبُ مُشْتَقٌّ مِنَ الْحَصْبَاءِ وَالْحِجَارَةِ۔ حَاصِبًا اس کا معنی ہے: سخت آندھی۔ آندھی جن کنکریوں وغیرہ کو پھینک دے ان کو بھی حاصب کہا جاتا ہے حَصَبُ جَهَنَّمَ بھی اسی سے ماخوذ ہے یعنی جن کافروں کو دوزخ میں پھینک دیا جائے گا وہ اس کا ایندھن ہیں اور جب کوئی شخص چلا جائے تو کہا جاتا ہے حَصَبَ فِي الْأَرْضِ اور حَصَبَ کا لفظ اَلْحَصْبَاء سے مشتق ہے جس کا معنی پتھر ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ۝ (بنی اسرائیل:۶۸) یا تمہارے اوپر پتھر برسائے، پھر تم اپنے لئے کوئی کارساز نہ پاؤ O

Marfat.com

امام بخاری نے حاصب کی تفسیر کی ہے: سخت آندھی اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ حاصب سے مراد وہ پتھر ہیں جو حضرت لوط علیہ السلام کی قوم پر برسائے گئے تھے۔ الجوہری نے کہا ہے کہ آندھی جن کنکریوں کو اڑا کر لاتی ہے ان کو حاصب کہتے ہیں۔ امام بخاری نے کہا ہے کہ حَصَبٌ، حَصْباء سے مشتق ہے، اس سے مراد اشتقاق اصطلاحی نہیں ہے بلکہ صرف مناسبت مراد ہے۔

تَارَةً مَرَّةً وَجَمَاعَتُهُ تِيَرَةٌ وَتَارَاتٌ۔ تَارَةً کا معنی ہے مَرَّةً یعنی ایک مرتبہ اور اس کی جمع تِيَرَةٌ اور تَارَاتٌ آتی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى۔ (بنی اسرائیل:۶۹) یا تم اس سے بے خوف ہو گئے ہو کہ وہ تمہیں دوبارہ (سمندری سفر پر) بھیج دے۔

علامہ ابن التین نے اس پر اعتراض کیا ہے کہ مناسب یہ تھا کہ امام بخاری لکھتے، تَارَةٌ کی جمع تِيَرَةٌ آتی ہے اور یاء پر جزم ہوتی جیسے قَاعَةٌ کی جمع قِيْعَةٌ آتی ہے۔

لَاَحْتَنِكَنَّ لَاَسْتَاْصِلَنَّهُمْ يُقَالُ احْتَنَكَ فُلَانٌ مَا عِنْدَ فُلَانٍ مِنْ عِلْمٍ اسْتَقْصَاهُ۔ لاحتنکن کا معنی ہے: تَاَسْتَاْصِلَنَّهُمْ یعنی میں ان کو ضرور جڑ سے اکھاڑ دوں گا جیسے جب کوئی شخص کسی کا سارا علم لے لے تو کہا جاتا ہے: اِحْتَنَكَ فلانٌ مَا عِنْدَ فُلَانٍ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۶۲﴾ (بنی اسرائیل:۶۲) اگر تو نے مجھے روز قیامت تک کی مہلت دی تو میں اس کی اولاد کو ضرور قابو میں کرلوں گا، سوا چند لوگوں کے ○

امام بخاری نے اِحْتِنَاك کا معنی کیا ہے: جڑ سے اکھاڑنا، اور کہا گیا ہے کہ اس کا معنی ہے: شیطان نے کہا: میں اولاد آدم کو گمراہ کر کے ان پر غالب آجاؤں گا اور جب ٹڈیاں کسی کھیت کو چاٹ کر ختم کر دیں تو کہا جاتا ہے: اِحْتَنَكَ الجرادُ الزرعَ یعنی ٹڈیوں نے کھیت کو جڑ سے اکھاڑ دیا۔

طَائِرَهٗ حَظَّهٗ۔ طَائِرَةٌ کا معنی ہے: اس کا حصہ یعنی اس کا نوشتہ تقدیر۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ۔ (بنی اسرائیل:۱۳) اور ہم نے ہر انسان کا اعمال نامہ اس کے گلے میں لٹکا دیا ہے۔

امام ابوعبیدہ اور قتیبی نے اس آیت کی یہ تفسیر کی ہے کہ انسان کی خیر اور شر کا اور اچھائی اور برائی کا تقدیر میں جو بھی حصہ ہوتا ہے وہ اللہ تعالیٰ نے اس پر لازم کر دیا ہے اور گردن کا ذکر اس لئے کیا ہے جیسے گردن میں ہار ڈالا جاتا ہے۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كُلُّ سُلْطَانٍ فِي الْقُرْآنِ فَهُوَ حُجَّةٌ۔ حضرت ابن عباس نے کہا: قرآن مجید میں سلطان کا لفظ جہاں بھی آیا ہے وہ حجت کے معنی میں ہے یعنی غلبہ کے۔

اس سورت میں سلطان کا لفظ دو مقامات پر آیا ہے جو حسب ذیل ہیں:

(۱) وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا۔ (بنی اسرائیل:۳۳) اور جو شخص مظلوماً قتل کیا گیا ہم نے اس کے وارث کو قوت دی ہے۔

Marfat.com

(۲) وَاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۝ (بنی اسرائیل:۸۰) اور میرے لئے اپنے پاس سے وہ غلبہ عطا فرما جو میرا مددگار ہو O

وَلِيٌّ مِنَ الذُّلِّ لَمْ يُحَالِفْ أَحَدًا۔ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ یعنی اس نے اپنی کمزوری میں کسی کو اپنا حلیف نہیں بنایا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝ (بنی اسرائیل:۱۱۱) اور نہ کسی کمزوری کی وجہ سے اس کا کوئی مددگار ہے اور آپ اس کی کبریائی بیان کرتے رہئے O

مجاہد نے اس کی تفسیر میں کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو کسی کی مدد کی ضرورت نہیں ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۲-۲۷، دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۱ھ)

۳۔ بَابٌ: سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ۔ (بنی اسرائیل:۱) اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ہر عیب سے پاک ہے وہ جو اپنے (مکرم) بندہ کو رات کے ایک قلیل وقفہ میں مسجد حرام سے لے گیا۔ (بنی اسرائیل:۱) کی تفسیر

سُبْحَان: تسبیح کا نام ہے، اس کا معنی ہے: اللہ تعالیٰ نے تسبیح کی، اس کے بعد اَسْرٰی کا ذکر ہے جس کا معنی ہے: رات کو لے گیا، اس کے بعد پھر لَیْلًا کا ذکر ہے، اس سے مراد یہ ہے کہ رات کے ایک قلیل وقت میں لے گیا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۲)

۴۷۰۹۔ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ ح و حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ أُرِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِهٖ بِإِيْلِيَاءَ بِقَدَحَيْنِ مِنْ خَمْرٍ وَلَبَنٍ فَنَظَرَ إِلَيْهِمَا فَأَخَذَ اللَّبَنَ قَالَ جِبْرِيْلُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدَاكَ لِلْفِطْرَةِ لَوْ أَخَذْتَ الْخَمْرَ غَوَتْ أُمَّتُكَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبدان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یونس نے خبر دی (ح) اور ہمیں احمد بن صالح نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عنبسہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یونس نے حدیث بیان کی از ابن شہاب، انہوں نے کہا کہ ابن المسیب نے کہا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ شب معراج جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایلیاء یعنی بیت المقدس لے جایا گیا تو آپ کے پاس دو پیالے لائے گئے، ایک میں شراب تھی اور دوسرے میں دودھ تھا، آپ نے ان پیالوں کی طرف دیکھا، پھر دودھ کو لے لیا، حضرت جبرئیل نے کہا: اللہ تعالیٰ کے لیے حمد ہے جس نے آپ کو فطرت کی ہدایت دی، اگر آپ شراب کا پیالہ لے لیتے تو آپ کی امت گمراہ ہو جاتی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۳۹۴ میں گزر چکی ہے۔

حدیث المعراج میں ہے کہ تین پیالے تھے اور تیسرے پیالے میں شہد تھا، علامہ عینی نے کہا ہے کہ اس میں کوئی منافات

Marfat.com

(تضاد) نہیں ہے۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۳۳)

۴۷۱۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَبُو سَلَمَةَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنهما قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ لَمَّا كَذَّبَتْنِي قُرَيْشٌ قُمْتُ فِي الْحِجْرِ فَجَلَّى اللهُ لِي بَيْتَ الْمَقْدِسِ فَطَفِقْتُ أُخْبِرُهُمْ عَنْ آيَاتِهِ وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَيْهِ زَادَ يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَخِي ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَمِّهِ لَمَّا كَذَّبَتْنِي قُرَيْشٌ حِينَ أُسْرِيَ بِي إِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ نَحْوَهُ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں احمد بن صالح نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابن وہب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے یونس نے خبر دی از ابن شہاب، انہوں نے کہا: ابوسلمہ نے بتایا کہ میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے سنا، انہوں نے کہا: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ جب قریش نے میری تکذیب کی تو میں مقام حجر میں کھڑا ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے میرے لئے بیت المقدس منکشف کر دیا، پھر میں بیت المقدس کو دیکھ کر انہیں اس کی نشانیاں بتاتا رہا، یعقوب بن ابراہیم نے یہ اضافہ کیا کہ ہمیں ابن شہاب کے بھتیجے نے اپنے چچا سے حدیث بیان کی کہ جب مجھے بیت المقدس کی طرف رات کو لے جایا گیا تو قریش نے میری تکذیب کی، یہ حدیث بھی اسی کی مثل ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۸۸۶ میں گزر چکی ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے بیت المقدس اٹھا کر رکھنے میں آپ کی فضیلت اور خصوصیت

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

میں حجر میں کھڑا ہو گیا: کعبہ کے پرنالے کے نیچے جو جگہ ہے اس کو حجر کہتے ہیں۔ میں ان کو بیت المقدس کی نشانیاں بتا رہا تھا: آپ سے مطعم بن عدی نے کہا تھا: اگر آپ رات کو بیت المقدس جا کر ہو آئے ہیں تو آپ ہمیں اس کی نشانیاں بتائیں تو ان میں سے بعض تالیاں بجانے لگے اور بعض اپنے سر پر ہاتھ رکھ کر تعجب سے دیکھنے لگے، ان میں سے بعض ایسے لوگ تھے جنہوں نے بیت المقدس تک کا سفر کیا تھا اور مسجد اقصیٰ کو دیکھا تھا تو ان میں سے کسی نے کہا: کیا آپ ہمیں بیت المقدس کی صفات بیان کر سکتے ہیں؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں بیت المقدس کی صفات بیان کرنے لگا حتیٰ کہ بعض صفات مجھ پر مشتبہ ہو گئیں تو میرے سامنے بیت المقدس لا کر رکھ دی گئی تو پھر میں بیت المقدس کو دیکھ کر اس کی صفات بیان کر رہا تھا تو لوگوں نے کہا: جو آپ نے صفات بیان کی ہیں وہ درست ہیں۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۳۳)

میں کہتا ہوں: اگر یہ سوال کیا جائے کہ جب بیت المقدس کو آپ کے سامنے لا کر رکھ دیا گیا تو کیا بیت المقدس کی مسجد اپنی جگہ پر باقی نہیں رہی تھی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ بیت المقدس اپنی جگہ قائم تھی اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے اس کی مثال لا کر رکھ دی گئی تھی یا اصل بیت المقدس کی مسجد آپ کے سامنے لا کر رکھ دی گئی اور وہاں اس کی مثال رکھ دی گئی اور اس میں یہ بتانا مقصود ہے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معجزہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے معجزہ سے زیادہ عظیم ہے کیونکہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے لئے تخت بلقیس لایا گیا اور آپ کے لئے مسجد اٹھا کر لائی گئی اور تخت کا لایا جانا اتنی حیرت کا باعث نہیں ہے کیونکہ تخت کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جا سکتا ہے لیکن کسی عمارت کو ایک جگہ سے کسی دوسری جگہ منتقل کرنا عادتاً محال ہے اور اس میں یہ بھی بتانا مقصود ہے کہ ہم میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں یہ فرق ہے کہ ہماری توجہ کسی چیز کی طرف سے ہٹ جائے تو کچھ نہیں ہوتا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توجہ کسی چیز سے ہٹ

Marfat.com

جائے تو وہ چیز اپنی جگہ سے ہٹ جاتی ہے آپ کی توجہ بیت المقدس سے کیا ہٹی تو بیت المقدس اپنی جگہ سے ہٹ گیا!

قَاصِفًا: وہ سخت آندھی جو ہر چیز کو اکھاڑ کر توڑ پھوڑ دیتی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ۔ (بنی اسرائیل:۶۹)

یا تم اس سے بے خوف ہو گئے ہو کہ وہ تمہیں دوبارہ (سمندری سفر پر) بھیج دے، پھر تم پر تیز و تند ہواؤں کے جھکڑ بھیج دے اور تمہارے کفر کے باعث تم کو غرق کر دے۔

امام بخاری نے قَاصِفٌ کی تفسیر کی ہے: ایسی سخت آندھی جو اپنی شدت سے ہر چیز کو توڑ پھوڑ ڈالے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی یہی تفسیر منقول ہے۔

۴۔ بَابٌ: وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ (بنی اسرائیل:۷۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے شک ہم نے اولاد آدم کو فضیلت دی (بنی اسرائیل:۷۰) کی تفسیر

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ بنو آدم کو عقل کے ساتھ دوسری مخلوقات پر فضیلت دی ہے۔ ضحاک نے کہا: نطق کے ساتھ فضیلت دی ہے۔ عطاء نے کہا: اس کی فضیلت یہ ہے کہ وہ سیدھا چلتا ہے۔ یمان نے کہا کہ اس کے لئے دوسری مخلوقات کو مسخر کیا گیا ہے اور اس کو کسی کے لئے مسخر نہیں کیا گیا ہے، نیز حضرت ابن عباس نے کہا: ہر مخلوق اپنا منہ کھانے تک لے جاتی ہے اور انسان کھانا اپنے ہاتھ میں لے کر منہ تک لے جاتا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۴)

كَرَّمْنَا وَاَكْرَمْنَا وَاحِدٌ۔

كَرَّمْنَا اور اَكْرَمْنَا دونوں کا معنی ایک ہے۔

كَرَّمْنَا باب تفعیل سے ہے اور اَكْرَمْنَا باب افعال سے ہے اور كَرَّمْنَا میں تشدید کی وجہ سے زیادہ مبالغہ ہے۔

ضِعْفَ الْحَيَاةِ عَذَابَ الْحَيَاةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ عَذَابَ الْمَمَاتِ۔

ضِعْفَ الحیاۃ کا معنی ہے: دنیا کی زندگی میں دگنا عذاب اور ضعف الممات کا معنی ہے: موت کے بعد دگنا عذاب۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَ ضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا ۝ (بنی اسرائیل:۷۵)

تو اس وقت ہم آپ کو دنیا کی زندگی میں دگنا مزہ چکھاتے ہیں اور دگنا مزہ موت کے وقت، پھر آپ ہمارے خلاف اپنا کوئی مددگار نہ پاتے ○

امام ابو عبیدہ نے کہا ہے کہ اس آیت سے مراد ہے: دنیا اور آخرت کا عذاب اور اس سے مراد آپ کی امت کو ڈرانا ہے نہ کہ آپ کو ڈرانا تا کہ کوئی مسلمان کسی چیز میں کسی مشرک کی طرف مائل نہ ہو کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معصوم تھے اور امام ابن جوزی نے کہا: یہ آیت اور ایسی دوسری آیات نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق میں محال ہیں اور یہاں ذکر آپ کا ہے اور مراد آپ کی امت ہے یعنی بہ ظاہر اسناد آپ کی طرف ہے اور حقیقت میں اسناد آپ کی امت کی طرف ہے اور اس کو صنعت تعریض کہتے ہیں۔

خِلَافَكَ وَ خَلْفَكَ سَوَاءٌ۔

خِلَافَكَ اور خَلْفَكَ برابر ہے کیونکہ دونوں کا معنی ہے: آپ کے بعد۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ (بنی اسرائیل:۷۶)

پھر یہ بھی آپ کے بعد بہت کم عرصہ ٹھہر پاتے ○

Marfat.com

امام ابوعبیدہ نے بھی اس آیت کی اسی طرح تفسیر کی ہے۔

وَنَأَى تَبَاعَدَ۔ وَنَأٰی کا معنی ہے: دور ہو گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَإِذَآ أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنْسَانِ أَعْرَضَ وَنَأٰ بِجَانِبِهٖ۔ (بنی اسرائیل: ۸۳) اور جب ہم انسان کو کوئی انعام دیتے ہیں تو وہ (بجائے شکر کے) منہ پھیر لیتا ہے اور پہلو تہی کرتا ہے۔

مفسرین نے کہا ہے کہ نَأٰی کا معنی ہے: اس نے اپنے آپ کو ہم سے دور کر لیا۔ عطاء نے کہا: اس کا معنی ہے: اس نے اپنے آپ کو بڑا سمجھا اور تکبر کیا۔

شَاكِلَتِهٖ نَاحِيَتِهٖ وَهِيَ مِنْ شَكْلِهٖ۔ شَاكِلَتِهٖ کا معنی ہے: اس کے طریقہ پر اور یہ شَكْلَتُهٗ سے ماخوذ ہے یعنی یہ اس کے مشابہ ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ۔ (بنی اسرائیل: ۸۴) آپ کہئے کہ ہر شخص اپنے طریقہ اور مزاج کے مطابق عمل کرتا ہے۔

حضرت ابن عباس سے بھی یہی تفسیر مروی ہے اور مجاہد نے کہا ہے کہ ہر شخص علیحدہ عمل کرتا ہے۔ قتادہ نے کہا ہے کہ ہر شخص اپنی نیت کے مطابق عمل کرتا ہے۔ ابوزید نے کہا ہے کہ ہر شخص اپنے دین پر عمل کرتا ہے اور مقاتل نے کہا ہے کہ ہر شخص اپنی فطرت کے مطابق عمل کرتا ہے۔ ابوعبیدہ اور قتبی نے کہا ہے کہ ہر شخص اپنی طبیعت کے مطابق عمل کرتا ہے۔

صَرَّفْنَا وَجَّهْنَا۔ صَرَّفْنَا کا معنی ہے: ہم نے اس کو کئی طرح بیان کیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا۔ (بنی اسرائیل: ۴۱) اور بے شک ہم نے اس قرآن میں کئی طرح بیان فرمایا تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔

قَبِيلًا مُعَايَنَةً وَمُقَابَلَةً وَقِيلَ الْقَابِلَةُ لِأَنَّهَا مُقَابِلَتُهَا وَتَقْبَلُ وَلَدَهَا۔ قَبِيْلًا کا معنی ہے: جس چیز کا مشاہدہ اور معاینہ ہو، اور جو آنکھوں کے سامنے ہو اور دائی کو اس لئے قابلہ کہا جاتا ہے کہ بچہ اس کی آنکھوں کے سامنے ہوتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَوْ تَأْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ۝ (بنی اسرائیل: ۹۲) یا آپ اللہ کو اور فرشتوں کو ہمارے سامنے (بے حجاب) لے آئیں ○

قابلہ اس عورت کو کہتے ہیں جس کے سامنے بچہ کی ولادت ہوتی ہے، اردو میں اس کو دائی کہتے ہیں۔

خَشْيَةَ الْإِنْفَاقِ أَنْفَقَ الرَّجُلُ أَمْلَقَ وَنَفِقَ الشَّيْئُ ذَهَبَ۔ خَشْيَةَ الْإِنْفَاق کا معنی ہے کہ مال ختم ہونے کے ڈر سے خرچ نہ کرنا اور املاق کا معنی ہے: فقر۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ لَّوْ أَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْ إِذًا لَّأَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْإِنْفَاقِ۔ (بنی اسرائیل: ۱۰۰) آپ کہیے: اگر تم (بالفرض) میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے مالک ہوتے تو تم خرچ کے ڈر سے ان کو روکے رکھتے۔

Marfat.com

امام بخاری نے انفاق کی تفسیر املاق کی ہے جس کا معنی ہے: فقر یعنی تم فقر کے ڈر سے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے۔

قَتُوْرًا مُقَتِّرًا۔ قَتُوْراً اس کا معنی ہے: بخیل۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ كَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ۝ (بنی اسرائیل:۱۰۰) اور (دراصل) انسان ہے ہی بخیل O

قتور اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی انسان خرچ کرنے میں کمی کرے، اس کا معنی بخیل اور ممسک ہے۔

لِلْأَذْقَانِ مُجْتَمَعُ اللَّحْيَيْنِ وَالْوَاحِدُ ذَقَنٌ۔ لِلْأَذْقَانِ یہ دو جڑوں کے ملنے کی جگہ ہے، اس کا واحد ذقن ہے یعنی ٹھوڑی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ۝ (بنی اسرائیل:۱۰۷) وہ ٹھوڑیوں کے بل سجدہ میں گر پڑتے ہیں O

جبڑا اس ہڈی کو کہتے ہیں جس میں دانت پیوست ہیں۔ حضرت ابن عباس نے کہا: اس آیت کا معنی یہ ہے کہ وہ اپنے چہروں اور پیشانیوں اور ٹھوڑیوں کے ساتھ سجدہ کرتے ہیں۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَوْفُوْرًا وَافِرًا۔ مجاہد نے کہا: موفوراً کا معنی ہے: وافر یعنی زیادہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ۝ (بنی اسرائیل:۶۳) فرمایا: چلا جا! ان میں سے جنہوں نے تیری پیروی کی تو بے شک جہنم تمہاری سزا ہے پوری پوری سزا O

خلاصہ یہ ہے کہ اس آیت میں مفعول فاعل کے معنی میں ہے، اس کے برعکس عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝ (الحاقۃ:۲۱) میں فاعل مفعول کے معنی میں ہے یعنی پسندیدہ زندگی۔

تَبِيْعًا ثَائِرًا۔ تَبِيْعًا اس کا معنی ہے: مطالبہ کرنے والا یا بدلہ لینے والا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ۝ (بنی اسرائیل:۶۹) پھر تم ہمارے خلاف کوئی چارہ جوئی کرنے والا نہ پاسکو گے O

امام بخاری نے تَبِيْعًا کی تفسیر ثَائِرًا کی ہے یعنی انتقام لینے والا یہ تفسیر مجاہد نے بھی کی ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ نَصِيْرًا۔ اور حضرت ابن عباس نے کہا: نَصِيْرًا کا معنی ہے: مدد کرنے والا۔

امام ابن ابی حاتم نے بھی اسی طرح تفسیر کی ہے۔

خَبَتْ طَفِئَتْ۔ خَبَتْ کا معنی ہے: طَفِئَتْ یعنی بجھ گئی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ۝ (بنی اسرائیل:۹۷) جب بھی وہ بجھنے لگے گی تو ہم اس کو ان کے لئے اور بھڑکا دیں گے O

جب آگ کا شعلہ ٹھنڈا ہو جائے تو کہا جاتا ہے: خَبَتِ النَّارُ یعنی آگ بجھ گئی۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَا تُبَذِّرْ لَا تُنْفِقْ فِي الْبَاطِلِ۔ اور حضرت ابن عباس نے کہا: لَا تُبَذِّرْ کا معنی ہے: باطل میں خرچ نہ کرو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ۝ (بنی اسرائیل:۲۶) اور رشتہ داروں اور مسکینوں اور مسافروں کا حق ان کو دیتے رہو اور اسراف اور فضول خرچ کرنے سے بچو O

حضرت ابن عباس نے کہا ہے کہ تبذیر کا معنی ہے: جہاں مال خرچ نہیں کرنا چاہئے وہاں مال خرچ کرنا اور اسراف کا معنی ہے: جہاں مال خرچ کرنا چاہئے وہاں ضرورت سے زائد مال خرچ کرنا۔

اِبْتِغَاءَ رَحْمَةٍ رِزْقٍ۔ اِبْتِغاء رَحْمَةٍ میں رحمت کا معنی ہے: رزق۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ۝ (بنی اسرائیل:۲۸) اور اگر تم کو اپنے رب کی رحمت (وسعت رزق) کی توقع اور جستجو میں ان سے اعراض کرنا پڑے تو ان کو کوئی نرم بات کہہ کر ٹال دو O

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بھی رحمت کی تفسیر رزق کے ساتھ کی ہے۔

مَثْبُوْرًا مَلْعُوْنًا۔ مَثْبُوْراً کا معنی ہے: ملعون۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ۝ (بنی اسرائیل:۱۰۲) اور اے فرعون! میں تم کو ضرور ہلاک کئے جانے والا گمان کرتا ہوں O

حضرت ابن عباس نے بھی مثبور کا معنی ملعون بیان کیا ہے لیکن امام ابوعبیدہ نے کہا ہے: ثبور کا معنی ہے: ہلاکت اور ملعون کا معنی ہے: ہلاک ہونے والا۔ العوفی نے کہا: اس کا معنی ہے: مغلوب اور ابن زید بن اسلم نے کہا: اس کا معنی ہے: بے عقل۔

لَا تَقُفُ لَا تَقُلْ۔ وَلَا تَقْفُ اس کا معنی ہے: تم نہ کہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ۔ (بنی اسرائیل:۳۶) اور جس چیز کا تمہیں علم نہیں اس کے درپے نہ ہو۔

یعنی جس چیز کا تمہیں علم نہ ہو اس کے متعلق کوئی بات نہ کہو۔ قتادہ نے کہا: جب تم نے کسی کو نہ دیکھا ہو تو یہ نہ کہو کہ میں نے دیکھا ہے اور جب تم نے کوئی بات نہ سنی ہو تو یہ نہ کہو کہ میں نے سنی ہے اور جب تمہیں کسی چیز کا علم نہ ہو تو یہ نہ کہو کہ مجھے اس چیز کا علم ہے۔ امام ابوحنیفہ نے اسی آیت سے یہ استدلال کیا ہے کہ جو شخص قیافہ سے کوئی بات کہے اس کی بات پر عمل نہ کرے اور اس سلسلے میں جو احادیث ہیں وہ سب اخبار احاد ہیں، وہ اس نص صریح کے مزاحم نہیں ہو سکتیں۔

فَجَاسُوا تَيَمَّمُوا۔ فَجَاسُوا کا معنی ہے انہوں نے قصد کیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ ؕ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ۝ (بنی اسرائیل:۵) سو جب ان میں سے پہلے وعدہ کا وقت آیا تو ہم نے تم پر اپنے ایسے بندے مسلط کر دیئے جو سخت جنگجو تھے، پس وہ شہروں میں تمہیں ڈھونڈنے کے لئے پھیل گئے اور یہ وعدہ پورا ہونے والا تھا O

امام بخاری نے جاسوا کی تفسیر تیمموا کے ساتھ کی ہے یعنی انہوں نے گھر کے وسط کا قصد کیا۔ جاسوا کا لفظ جوس سے بنا ہے اس کا معنی ہے: کسی چیز کو اچھی طرح طلب کرنا۔

Marfat.com

يُزْجِي الْفُلْكَ يُجْرِي الْفُلْكَ۔ يُزْجِي الْفُلْكَ اس کا معنی ہے: کشتی کو چلاتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

رَبُّكُمُ الَّذِي يُزْجِي لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ۔ (بنی اسرائیل:٦٦) تمہارا رب وہ ہے جو تمہارے لئے سمندروں میں کشتیاں چلاتا ہے۔

يُزْجِي، الازجاء سے بنا ہے جس کا معنی ہے: کسی چیز کو چلانا، جب تم اونٹوں کو ہانکتے ہو تو کہتے ہو: أَزْجَيْتُ الْإِبِلَ اور جب ہوا بادل کو چلائے تو کہا جاتا ہے: الريح تُزجي السحاب۔

يَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ لِلْوُجُوهِ۔ يَخِرُّون لِلْأَذْقَانِ للوجوہ اس کا معنی ہے: وہ ٹھوڑیوں کے بل گر جاتے ہیں۔

اس کی تشریح پہلے گزر چکی ہے۔

٥۔ بَابٌ: وَإِذَا أَرَدْنَا أَنْ نُهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيهَا۔

(بنی اسرائیل:١٦)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جب ہم کسی بستی کے لوگوں کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرتے ہیں تو اس کے عیش پرستوں کو اپنے احکام بھیجتے ہیں۔ (بنی اسرائیل:١٦) کی تفسیر

امام بخاری نے پوری آیت نہیں لکھی، پوری آیت اس طرح ہے:

وَإِذَا أَرَدْنَا أَنْ نُهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيهَا فَفَسَقُوا فِيهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنَاهَا تَدْمِيرًا ⑯

(بنی اسرائیل:١٦)

اور جب ہم کسی بستی کے لوگوں کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرتے ہیں تو اس کے عیش پرستوں کو اپنے احکام بھیجتے ہیں، سو وہ ان احکام کی نافرمانی کرتے ہیں، پھر وہ عذاب کے حکم کے مستحق ہو جاتے ہیں، سو ہم ان کو تباہ و برباد کر دیتے ہیں ○

٤٧١١۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ أَخْبَرَنَا مَنْصُورٌ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ كُنَّا نَقُولُ لِلْحَيِّ إِذَا كَثُرُوا أَمِرَ بَنُو فُلَانٍ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں منصور نے خبر دی از ابی وائل از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہ جب زمانہ جاہلیت میں کسی قبیلہ کی کثرت ہو جاتی تو ہم کہتے تھے امر بنو فلان یعنی بنو فلاں بہت کثیر ہو گئے ہیں۔

حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَقَالَ أَمَرَ۔

ہمیں حمیدی نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی اور کہا: امر۔

اس حدیث کی شرح میں امام بخاری منفرد ہیں۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے کہا ہے کہ یہاں امر کا معنی کثیر تعداد میں ہونا ہے۔ (فتح الباری ج ٥ ص ٦٧٠)

٦۔ بَابٌ: ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوحٍ ط إِنَّهُ كَانَ عَبْدًا شَكُورًا ⑬

(بنی اسرائیل:٣)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (اے) ان لوگوں کی اولاد! جن کو ہم نے نوح کے ساتھ کشتی میں سوار کیا، بے شک وہ بہت شکر گزار بندے تھے ○ (بنی اسرائیل:٣) کی تفسیر

Marfat.com

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

مفسرین نے کہا ہے کہ حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام جب کوئی کپڑا پہنتے یا کوئی کھانا کھاتے یا کوئی مشروب پیتے تو کہتے: الحمدللہ تو ان کا نام عبد شکور رکھ دیا گیا اور عمران بن سلیم نے بیان کیا کہ حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کو عبد شکور اس لئے کہا گیا ہے کہ جب وہ کوئی طعام کھاتے تو کہتے: اللہ کی حمد ہے کہ اس نے مجھے طعام کھلایا اور اگر وہ چاہتا تو مجھے بھوکا رکھتا اور جب کوئی مشروب پیتے تو کہتے کہ اللہ کی حمد ہے کہ اس نے مجھے مشروب پلایا، اگر وہ چاہتا تو مجھے پیاسا رکھتا اور جب وہ کوئی کپڑا پہنتے تو کہتے: اللہ کی حمد ہے کہ جس نے مجھے کپڑا پہنایا اور اگر وہ چاہتا تو مجھے برہنہ رکھتا اور جب وہ جوتی پہنتے تو کہتے: اللہ کی حمد ہے جس نے مجھے جوتی پہنائی اور اگر وہ چاہتا تو مجھے ننگے پیر رکھتا اور جب وہ قضائے حاجت کرتے تو اس کے بعد کہتے کہ اللہ کے لئے حمد ہے جس نے مجھ سے اس غلاظت اور نجاست کو نکال دیا اور اگر وہ چاہتا تو اس کو میرے اندر ہی رکھتا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۸، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۷۱۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ أَخْبَرَنَا أَبُو حَيَّانَ التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ أُتِيَ بِلَحْمٍ فَرُفِعَ إِلَيْهِ الذِّرَاعُ وَكَانَتْ تُعْجِبُهُ فَنَهَشَ مِنْهَا نَهْشَةً ثُمَّ قَالَ أَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهَلْ تَدْرُونَ مِمَّ ذَلِكَ يَجْمَعُ اللهُ النَّاسَ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ فِي صَعِيدٍ وَاحِدٍ يُسْمِعُهُمُ الدَّاعِي وَيَنْفُذُهُمُ الْبَصَرُ وَتَدْنُو الشَّمْسُ فَيَبْلُغُ النَّاسَ مِنَ الْغَمِّ وَالْكَرْبِ مَا لَا يُطِيقُونَ وَلَا يَحْتَمِلُونَ فَيَقُولُ النَّاسُ أَلَا تَرَوْنَ مَا قَدْ بَلَغَكُمْ أَلَا تَنْظُرُونَ مَنْ يَشْفَعُ لَكُمْ إِلَى رَبِّكُمْ فَيَقُولُ بَعْضُ النَّاسِ لِبَعْضٍ عَلَيْكُمْ بِآدَمَ فَيَأْتُونَ آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَيَقُولُونَ لَهُ أَنْتَ أَبُو الْبَشَرِ خَلَقَكَ اللهُ بِيَدِهِ وَنَفَخَ فِيكَ مِنْ رُوحِهِ وَأَمَرَ الْمَلَائِكَةَ فَسَجَدُوا لَكَ اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ أَلَا تَرَى إِلَى مَا نَحْنُ فِيهِ أَلَا تَرَى إِلَى مَا قَدْ بَلَغَنَا فَيَقُولُ آدَمُ إِنَّ رَبِّي قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ وَإِنَّهُ قَدْ نَهَانِي عَنِ الشَّجَرَةِ فَعَصَيْتُهُ نَفْسِي نَفْسِي نَفْسِي اذْهَبُوا إِلَى غَيْرِي اذْهَبُوا إِلَى نُوحٍ فَيَأْتُونَ نُوحًا فَيَقُولُونَ يَا نُوحُ إِنَّكَ أَنْتَ أَوَّلُ الرُّسُلِ إِلَى أَهْلِ الْأَرْضِ وَقَدْ سَمَّاكَ اللهُ عَبْدًا شَكُورًا اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ أَلَا تَرَى إِلَى مَا نَحْنُ فِيهِ فَيَقُولُ إِنَّ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن مقاتل نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبداللہ نے خبر دی انہوں نے کہا: ہمیں ابوحیان التیمی نے خبر دی از ابی زرعہ بن عمرو بن جریر از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گوشت لایا گیا، آپ کی طرف اس کا اگلا پایا پیش کیا گیا گوشت دانتوں سے نوچا، پھر فرمایا: میں قیامت کے دن تمام لوگوں کا سردار ہوں گا اور فرمایا: کیا تم جانتے ہو یہ کیسا دن ہوگا؟ اس دن اللہ تعالیٰ تمام اولین اور آخرین کو ایک میدان میں جمع کرے گا اور ایک پکارنے والے کی آواز ان سب تک پہنچے گی اور ایک نظر ان سب کو دیکھ سکے گی، سورج قریب ہوگا اور لوگوں کو پریشانی بہت زیادہ ہوگی جس کی وہ طاقت نہیں رکھیں گے اور ان کی برداشت سے باہر ہوگی، لوگ ایک دوسرے سے کہیں گے کیا: تم نہیں دیکھ رہے ہماری کیا حالت ہوگئی، کیا تم اللہ کے ایسے مقبول بندے کو تلاش نہیں کرتے جو تمہارے رب کے پاس تمہاری شفاعت کر سکے، لوگ ایک دوسرے سے کہیں گے: ہمیں حضرت آدم علیہ السلام کے پاس جانا چاہئے، پس وہ حضرت آدم علیہ السلام کے پاس آئیں گے اور ان سے کہیں گے: آپ تمام انسانوں کے باپ ہیں، اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے دست قدرت سے پیدا کیا اور آپ میں اپنی روح پھونکی اور فرشتوں کو حکم دیا تو انہوں نے آپ کو سجدہ کیا، آپ اپنے رب کے پاس ہماری شفاعت کیجئے، کیا آپ جو آپ کو پسند تھا، آپ نے اس میں سے نہیں دیکھ رہے کہ ہماری

Marfat.com

رَبِّي عَزَّوَجَلَّ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ وَإِنَّهُ قَدْ كَانَتْ لِي دَعْوَةٌ دَعَوْتُهَا عَلَى قَوْمِي نَفْسِي نَفْسِي اذْهَبُوا إِلَى غَيْرِي اذْهَبُوا إِلَى إِبْرَاهِيمَ فَيَأْتُونَ إِبْرَاهِيمَ فَيَقُولُونَ يَا إِبْرَاهِيمُ أَنْتَ نَبِيُّ اللهِ وَخَلِيلُهُ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ أَلَا تَرَى إِلَى مَا نَحْنُ فِيهِ فَيَقُولُ لَهُمْ إِنَّ رَبِّي قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ وَإِنِّي قَدْ كُنْتُ كَذَبْتُ ثَلَاثَ كَذِبَاتٍ فَذَكَرَهُنَّ أَبُو حَيَّانَ فِي الْحَدِيثِ نَفْسِي نَفْسِي نَفْسِي اذْهَبُوا إِلَى غَيْرِي اذْهَبُوا إِلَى مُوسَى فَيَأْتُونَ مُوسَى فَيَقُولُونَ يَا مُوسَى أَنْتَ رَسُولُ اللهِ فَضَّلَكَ اللهُ بِرِسَالَتِهِ وَبِكَلَامِهِ عَلَى النَّاسِ اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ أَلَا تَرَى إِلَى مَا نَحْنُ فِيهِ فَيَقُولُ إِنَّ رَبِّي قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ وَإِنِّي قَدْ قَتَلْتُ نَفْسًا لَمْ أُومَرْ بِقَتْلِهَا نَفْسِي نَفْسِي نَفْسِي اذْهَبُوا إِلَى غَيْرِي اذْهَبُوا إِلَى عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ فَيَأْتُونَ عِيسَى فَيَقُولُونَ يَا عِيسَى أَنْتَ رَسُولُ اللهِ وَكَلِمَتُهُ أَلْقَاهَا إِلَى مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِنْهُ وَكَلَّمْتَ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ أَلَا تَرَى إِلَى مَا نَحْنُ فِيهِ فَيَقُولُ عِيسَى إِنَّ رَبِّي قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ قَطُّ وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ ذَنْبًا نَفْسِي نَفْسِي نَفْسِي اذْهَبُوا إِلَى غَيْرِي اذْهَبُوا إِلَى مُحَمَّدٍ فَيَأْتُونَ مُحَمَّدًا فَيَقُولُونَ يَا مُحَمَّدُ أَنْتَ رَسُولُ اللهِ وَخَاتَمُ الْأَنْبِيَاءِ وَقَدْ غَفَرَ اللهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ أَلَا تَرَى إِلَى مَا نَحْنُ فِيهِ فَأَنْطَلِقُ فَآتِي تَحْتَ الْعَرْشِ فَأَقَعُ سَاجِدًا لِرَبِّي عَزَّ وَجَلَّ ثُمَّ يَفْتَحُ اللهُ عَلَيَّ مِنْ مَحَامِدِهِ وَحُسْنِ الثَّنَاءِ عَلَيْهِ شَيْئًا لَمْ يَفْتَحْهُ عَلَى أَحَدٍ قَبْلِي ثُمَّ يُقَالُ يَا مُحَمَّدُ

کیا حالت ہوگئی ہے، حضرت آدم کہیں گے: بے شک میرا رب آج اتنے زیادہ غضب میں ہے کہ پہلے کبھی اتنے غضب میں نہیں تھا اور نہ کبھی بعد میں اتنے غضب میں ہوگا، بے شک اس نے مجھے ایک درخت سے روکا تھا اور میں نے اس کی (صورتاً) نافرمانی کی، پس مجھے آج اپنے نفس کی فکر ہے، پس مجھے آج اپنے نفس کی فکر ہے، پس مجھے آج اپنے نفس کی فکر ہے، تم میرے علاوہ کسی اور کے پاس جاؤ، تم حضرت نوح کے پاس جاؤ، پس لوگ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس جائیں گے اور کہیں گے کہ اے نوح! بے شک آپ زمین والوں کی طرف سب سے پہلے رسول ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آپ کا نام شکرگزار بندہ رکھا ہے، آپ اپنے رب کے پاس ہماری شفاعت کیجئے، کیا آپ نہیں دیکھ رہے کہ ہم کس حال میں ہیں؟ تو حضرت نوح کہیں گے: بے شک میرا رب عزوجل آج اتنے زیادہ غضب میں ہے کہ اس سے پہلے کبھی اتنے غضب میں نہیں ہوا اور نہ کبھی اس کے بعد اتنے غضب میں ہوگا اور میں نے اپنی قوم کے خلاف ایک دعا کی تھی، مجھے آج اپنی فکر ہے، مجھے آج اپنی فکر ہے، مجھے آج اپنی فکر ہے۔ تم میرے علاوہ کسی اور کے پاس جاؤ، تم حضرت ابراہیم کے پاس جاؤ، پس لوگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس جائیں گے اور کہیں گے: اے ابراہیم! آپ زمین والوں کی طرف اللہ کے نبی اور خلیل ہیں، آپ اپنے رب کے پاس ہماری شفاعت کیجئے، کیا آپ نہیں دیکھ رہے کہ ہم کس حال میں ہیں؟ پس وہ ان سے کہیں گے کہ میرا رب آج اتنے زیادہ غضب میں ہے کہ پہلے کبھی اتنے غضب میں نہیں ہوا اور نہ کبھی آئندہ اتنے غضب میں ہوگا، پس میں نے (صورتاً) تین جھوٹے بولے تھے۔ راوی ابوحیان نے ان تین جھوٹوں کا اپنی روایت میں ذکر کیا ہے، مجھے اپنی فکر ہے، مجھے اپنی فکر ہے، مجھے اپنی فکر ہے، پس تم میرے علاوہ کسی اور کے پاس جاؤ، تم حضرت موسیٰ کے پاس جاؤ، پس وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے، پس لوگ کہیں گے: اے موسیٰ! آپ اللہ کے رسول ہیں، اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے اوپر آپ کو اپنی رسالت اور اپنی ہم کلامی

Marfat.com

ارْفَعْ رَأْسَكَ سَلْ تُعْطَهْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَأَرْفَعُ رَأْسِي فَأَقُولُ أُمَّتِي يَا رَبِّ أُمَّتِي يَا رَبِّ أُمَّتِي يَا رَبِّ فَيُقَالُ يَا مُحَمَّدُ أَدْخِلْ مِنْ أُمَّتِكَ مَنْ لَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ مِنَ الْبَابِ الْأَيْمَنِ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ وَهُمْ شُرَكَاءُ النَّاسِ فِيمَا سِوَى ذَلِكَ مِنَ الْأَبْوَابِ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّ مَا بَيْنَ الْمِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَصَارِيعِ الْجَنَّةِ كَمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَحِمْيَرَ أَوْ كَمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَبُصْرَى۔

سے فضیلت دی ہے، آپ اپنے رب کے پاس ہماری شفاعت کیجئے، کیا آپ نہیں دیکھ رہے کہ ہم کس حال میں ہیں، وہ کہیں گے: بے شک میرا رب آج اتنے غضب میں ہے کہ پہلے کبھی اتنے غضب میں نہیں ہوا اور نہ کبھی اس کے بعد اتنے غضب میں ہوگا اور میں نے ایک ایسے شخص کو (تادیباً) قتل کر دیا تھا جس کو قتل کرنے کا مجھے حکم نہیں دیا گیا تھا، آج مجھے اپنی فکر ہے، آج مجھے اپنی فکر ہے، آج مجھے اپنی فکر ہے۔ تم میرے علاوہ کسی اور کے پاس جاؤ، تم حضرت عیسیٰ کے پاس جاؤ، پس لوگ حضرت عیسیٰ کے پاس جائیں گے اور کہیں گے: اے عیسیٰ! آپ اللہ کے رسول ہیں اور اس کا وہ کلمہ ہیں جو اس نے حضرت مریم کی طرف ڈالا تھا اور اس کی پسندیدہ روح ہیں اور آپ نے بچپن میں لوگوں سے پنگھوڑے میں کلام کیا تھا۔ اپنے رب کی بارگاہ میں ہماری سفارش کیجئے، کیا آپ دیکھتے نہیں کہ ہم کس حال میں ہیں، پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہیں گے کہ آج میرا رب اتنے زیادہ غضب میں ہے کہ اس سے پہلے کبھی اتنے غضب میں نہیں ہوا اور نہ اس کے بعد اتنے غضب میں ہوگا اور وہ اپنا کوئی (صورتاً) گناہ یاد نہیں کریں گے، مجھے اپنے نفس کی فکر ہے، مجھے اپنے نفس کی فکر ہے، مجھے اپنے نفس کی فکر ہے۔ تم میرے علاوہ کسی اور کے پاس جاؤ، تم محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے پاس جاؤ، پس لوگ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جائیں گے، پس کہیں گے: اے محمد! آپ اللہ کے رسول ہیں اور تمام انبیاء کے خاتم ہیں، اللہ تعالیٰ نے آپ کے تمام اگلے اور پچھلے بہ ظاہر خلاف اولیٰ کام معاف کر دیئے ہیں۔ آپ اپنے رب سے ہماری شفاعت کیجئے، کیا آپ نہیں دیکھ رہے کہ ہم کس حال میں ہیں، پس میں جاؤں گا اور اپنے رب عزوجل کے لئے عرش کے نیچے سجدہ میں گر جاؤں گا، پھر اللہ تعالیٰ میرے لئے اپنی حمد و ثناء کے ایسے کلمات کھولے گا جو مجھ سے پہلے کسی کے لئے نہیں کھولے ہوں گے، پھر کہا جائے گا: اے محمد! اپنا سر اٹھایئے، آپ سوال کیجئے آپ کو عطا کیا جائے گا اور شفاعت کیجئے آپ کی شفاعت قبول کی جائے گی تو میں اپنا سر اٹھاؤں گا، پھر کہوں گا اے میرے

Marfat.com

رب! میری امت! اے میرے رب! میری امت! اے میرے رب! میری امت! پھر کہا جائے گا: اے محمد! جنت کے دروازوں میں سے سیدھے دروازے سے آپ اپنی امت کے ان لوگوں کو داخل کر دیجئے جن پر کوئی حساب نہیں ہے اور ان دروازوں کے علاوہ باقی دروازوں میں دوسرے لوگ بھی شریک ہوں گے، پھر فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے! جنت کے دروازوں میں سے دو دروازوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا فاصلہ مکہ اور حمیر میں ہے یا جتنا فاصلہ مکہ اور بصریٰ میں ہے۔

اس حدیث کی مفصل اور مکمل شرح صحیح البخاری: ۳۳۴۰ میں گزر چکی ہے۔

۷۔ بَابٌ: وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۝ (بنی اسرائیل: ۵۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ہم نے داؤد کو زبور عطا کی ○ (بنی اسرائیل: ۵۵) کی تفسیر

ربیع بن انس نے بیان کیا ہے کہ زبور میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء ہے، دعا ہے اور تسبیح ہے، قتادہ نے کہا: ہم یہ حدیث بیان کرتے تھے کہ زبور میں وہ دعا ہے جو اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کو سکھائی تھی اور اس میں اللہ تعالیٰ کی حمد ہے اور تمجید ہے، اس میں حلال اور حرام کے احکام نہیں ہیں اور نہ اس میں فرائض ہیں اور نہ حدود ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۰)

۴۷۱۳۔ حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ خُفِّفَ عَلَى دَاوٗدَ الْقِرَاءَةُ فَكَانَ يَأْمُرُ بِدَابَّتِهِ لِتُسْرَجَ فَكَانَ يَقْرَأُ قَبْلَ أَنْ يَفْرُغَ يَعْنِي الْقُرْآنَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے اسحاق بن نصر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالرزاق نے حدیث بیان کی از معمر از ہمام بن منبہ از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی صلی اللہ علیہ وسلم، آپ نے فرمایا کہ حضرت داؤد علیہ السلام کے اوپر (زبور کا) پڑھنا آسان کر دیا گیا تھا، وہ سواری پر زین بچھانے کا حکم دیتے، پھر زبور کو پڑھنا شروع کرتے اور زین بچھنے سے پہلے وہ زبور کو پڑھ لیتے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۰۷۳ میں گزر چکی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہے زمانے کو لپیٹ دیتا ہے جس طرح ان کے لئے وہ مکان کو لپیٹ دیتا ہے یعنی جس طرح وہ کم وقت میں زیادہ سفر طے کر لیتے ہیں اسی طرح وہ کم وقت میں زیادہ کام کر لیتے ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۱-۴۰)

۸۔ بَابٌ: قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ۝ (بنی اسرائیل: ۵۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ کہئے کہ تم ان کو پکارو جو تمہارے زعم میں اللہ کے سوا (عبادت کے مستحق) ہیں، سو وہ تم سے نہ کسی ضرر کو دور کرنے کے مالک ہیں اور نہ اس کو بدلنے کے (مالک ہیں) ○

Marfat.com

(بنی اسرائیل:۵۶) کی تفسیر

۴۷۱۴۔حَدَّثَنِی عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ حَدَّثَنَا یَحْیَی حَدَّثَنَا سُفْیَانُ حَدَّثَنِی سُلَیْمَانُ عَنْ إِبْرَاهِیمَ عَنْ أَبِی مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ إِلَی رَبِّهِمُ الْوَسِیلَةَ قَالَ كَانَ نَاسٌ مِنَ الْإِنْسِ یَعْبُدُونَ نَاسًا مِنَ الْجِنِّ فَأَسْلَمَ الْجِنُّ وَتَمَسَّكَ هَؤُلَاءِ بِدِینِهِمْ زَادَ الْأَشْجَعِیُّ عَنْ سُفْیَانَ عَنِ الْأَعْمَشِ ﴿قُلِ ادْعُوا الَّذِینَ زَعَمْتُمْ مِنْ دُونِهِ﴾ (بنی اسرائیل:۵۶)

[طرف الحدیث:۴۷۱۵]

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے سلیمان نے حدیث بیان کی از ابراہیم از ابی معمر از عبداللہ، انہوں نے اپنے رب کی طرف وسیلہ (بنی اسرائیل: ۵۷) کی تفسیر میں کہا: کچھ انسان کچھ جنات کی عبادت کرتے تھے، پس جنات تو اسلام لے آئے اور وہ انسان جنات کی پرستش کے دین پر جمے رہے۔ اشجعی نے از سفیان از اعمش یہ اضافہ کیا ہے: آپ کہئے کہ تم ان کو پکارو جو تمہارے زعم میں اللہ کے سوا (عبادت کے مستحق) ہیں۔ (بنی اسرائیل:۵۶)

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اپنے رب کی طرف وسیلہ (بنی اسرائیل: ۵۷): یہاں یہ عبارت محذوف ہے، حضرت عبداللہ نے یہ پوری آیت پڑھی: جن لوگوں کی یہ (مشرکین) عبادت کرتے ہیں وہ خود ہی اپنے رب کی طرف قریب ترین وسیلہ تلاش کرتے ہیں، اس کی رحمت کی امید رکھتے ہیں اور اس کے عذاب سے ڈرتے رہتے ہیں، بے شک آپ کے رب کے عذاب سے ڈرنا ہی چاہئے ○ (بنی اسرائیل: ۵۷)۔ حضرت عبداللہ نے یہ آیت پڑھ کر کہا کہ انسانوں کی ایک جماعت جنات کی ایک جماعت کی عبادت کرتی تھی، پھر جنات کی جماعت اسلام لے آئی اور انسانوں کی جماعت جنات کی عبادت کے ساتھ چمٹی رہی، تب یہ آیت نازل ہوئی: وہ خود ہی اپنے رب کی طرف قریب ترین وسیلہ تلاش کرتے ہیں۔ (بنی اسرائیل: ۵۷)

وسیلہ سے مراد ہے: اللہ تعالیٰ کا قرب، اور اس حدیث میں ہے کہ انسانوں میں سے کچھ ناس جنات میں سے کچھ ناس کی عبادت کرتے تھے، علامہ کرمانی نے یہ کہا ہے کہ ناس تو انسان ہیں جو جنات کی ضد ہیں، پس حضرت عبداللہ نے یہ کیسے کہا کہ انسانوں میں سے کچھ ناس اور جنات میں سے کچھ ناس؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ناس کے لفظ سے طائفہ اور جماعت مراد ہے یعنی انسانوں کی ایک جماعت جنات کی ایک جماعت کی عبادت کرتی تھی، پھر انسانوں کی جماعت جنات کی عبادت پر قائم رہی اور جنات ان کی عبادت کو پسند نہیں کرتے تھے کیونکہ وہ اسلام لا چکے تھے اور یہ وہی ہیں جن کے متعلق فرمایا ہے کہ یہ اپنے رب کی طرف وسیلہ تلاش کرتے ہیں۔

حدیث میں مذکور ہے کہ جنات اسلام لے آئے اور ان کو یہ علم نہیں تھا کہ انسان ان کی عبادت کرتے ہیں، تب یہ آیت نازل ہوئی: یہ مشرکین جن کی عبادت کرتے ہیں وہ تو خود اپنے رب کا وسیلہ تلاش کرتے ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۲-۴۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۹۔بَابٌ: أُولَئِكَ الَّذِینَ یَدْعُونَ یَبْتَغُونَ إِلَی رَبِّهِمُ الْوَسِیلَةَ (بنی اسرائیل:۵۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جن لوگوں کی یہ (مشرکین) عبادت کرتے ہیں وہ خود ہی اپنے رب کی طرف قریب ترین وسیلہ تلاش کرتے ہیں۔ (بنی اسرائیل: ۵۷) کی تفسیر

یہاں بھی یہ عبارت محذوف ہے: یہ مشرکین جن کو معبود قرار دے کر ان کی عبادت کرتے ہیں وہ تو خود اپنے رب کی طرف وسیلہ تلاش کرتے ہیں یعنی اپنے رب کا قرب تلاش کرتے ہیں۔

حضرت ابن عباس، مجاہد اور اکثر علماء سے روایت ہے کہ مشرکین جن کی عبادت کرتے تھے وہ حضرت عیسیٰ ہیں اور ان کی والدہ ہیں اور حضرت عزیر ہیں اور فرشتے ہیں اور سورج، چاند اور ستارے ہیں۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۴۶)

۴۷۱۵۔ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنه فِي هَذِهِ الْآيَةِ ﴿الَّذِينَ يَدْعُونَ يَبْتَغُونَ إِلَى رَبِّهِمُ الْوَسِيلَةَ﴾ (بنی اسرائیل: ۵۷) قَالَ كَانَ نَاسٌ مِنَ الْجِنِّ يُعْبَدُونَ فَأَسْلَمُوا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں بشر بن خالد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں محمد بن جعفر نے خبر دی از شعبہ از سلیمان از ابراہیم از ابی معمر از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ، انہوں نے اس آیت کی تفسیر میں کہا: جن لوگوں کی یہ (مشرکین) عبادت کرتے ہیں وہ خود ہی اپنے رب کی طرف قریب ترین وسیلہ تلاش کرتے ہیں۔ (بنی اسرائیل: ۵۷) انہوں نے بیان کیا کہ جنات میں سے ایک جماعت کی عبادت کی جاتی تھی، پس وہ اسلام لے آئے۔

اس حدیث کی شرح صحیح بخاری: ۴۷۱۴ میں گزر چکی ہے۔

۱۰۔ بَابٌ: وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِي أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ۔ (بنی اسرائیل: ۶۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ہم نے آپ کو (شب معراج) جو جلوہ دکھایا تھا وہ صرف لوگوں کی آزمائش کے لیے تھا۔ (بنی اسرائیل: ۶۰) کی تفسیر

علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اس رویاء سے مراد ہے: شب معراج جو عجائبات اور نشانیاں آپ کو دکھائی گئی تھیں، ابن الانباری نے کہا کہ رؤیت کا استعمال خواب میں کم ہوتا ہے اور اَلرُّؤْيَاء کا استعمال خواب میں زیادہ ہوتا ہے اور ان میں سے ہر ایک کا استعمال دونوں معنی میں جائز ہے۔

اِلَّا فِتْنَةً: یعنی یہ رؤیا لوگوں کے لیے آزمائش تھا کیونکہ انہوں نے واقعہ معراج کی خبر کو مذاق بنالیا تھا۔

(عمدۃ القاری ج۱۹ ص۴۶)

۴۷۱۶۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما ﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِي أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ﴾ (بنی اسرائیل: ۶۰) قَالَ هِيَ رُؤْيَا عَيْنٍ أُرِيَهَا رَسُولُ اللهِ ﷺ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِهِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُونَةَ شَجَرَةُ الزَّقُّومِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از عمرو از عکرمہ از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، انہوں نے اس آیت کی تفسیر میں کہا: اور ہم نے آپ کو (شب معراج) میں جو جلوہ دکھایا تھا وہ صرف لوگوں کی آزمائش کے لیے تھا۔ (بنی اسرائیل: ۶۰) انہوں نے کہا: یہ وہ رؤیا ہے جو شب معراج کو رسول اللہ ﷺ کو آنکھ سے دکھایا گیا تھا اور الشجرۃ الملعونہ سے مراد ہے: حنظل کا درخت

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۸۸۸ میں گزر چکی ہے۔

شب معراج میں عجائبات دیکھنے کی خبر کا لوگوں کے لیے آزمائش ہونا

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ: یعنی شب معراج آپ کو جو عجائبات دکھائے گئے اور الشجرۃ الملعونۃ کا جو قرآن میں ذکر ہے وہ صرف لوگوں کے لیے آزمائش ہے کیونکہ ایک جماعت شب معراج کو عجائبات دیکھنے کی خبر سن کر اسلام سے مرتد ہوگئی تھی۔ انہوں نے کہا: یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ آپ ایک رات میں بیت المقدس کی طرف چلے گئے ہوں اور شجرۃ ملعونہ میں یہ آزمائش تھی کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو ابوجہل نے کہا کہ ابوکبشہ کے بیٹے یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اس سے بڑا اور کیا جھوٹ ہوگا کہ وہ تم کو دوزخ سے ڈراتے ہیں جو پتھروں کو جلا دیتی ہے، پھر یہ کہتے ہیں کہ اس میں ایک درخت اگتا ہے اور تم جانتے ہو کہ آگ درخت کو جلا دیتی ہے، اور شجرۃ الزقوم کے متعلق قرآن مجید کی یہ آیت ہے:

اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ۝ (الصافات: ۶۴)

یقیناً وہ ایک درخت ہے جو دوزخ کی اصل (گہرائی) میں سے نکلتا ہے O

۱۱۔ بَابٌ: اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ۝ (بنی اسرائیل: ۷۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک فجر کی نماز میں قرآن پڑھنے میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں O

(بنی اسرائیل: ۷۸) کی تفسیر

قُرْاٰنَ الْفَجْرِ سے مراد ہے: فجر کی نماز میں قرآن مجید پڑھنا اور كَانَ مَشْهُوْدًا سے مراد یہ ہے کہ اس نماز میں رات اور دن کے فرشتے حاضر ہوتے ہیں، حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی کہ: اللہ تعالیٰ اس میں رات کے فرشتوں کو اور دن کے فرشتوں کو حاضر فرماتا ہے، اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جب رات کی تین ساعات باقی رہ جاتی ہیں تو اللہ تعالیٰ اس ذکر کو کھول دیتا ہے جس کو کسی نے نہیں دیکھا، پھر جس چیز کو چاہتا ہے منا دیتا ہے اور جس چیز کو چاہتا ہے برقرار رکھتا ہے، پھر دوسری ساعت میں عدن کی طرف متوجہ ہوتا ہے، پس فرماتا ہے: اے مبارک ہو جو تیرے اندر داخل ہوا، پھر تیسری ساعت میں آسمان دنیا کی طرف متوجہ ہوتا ہے، پس فرماتا ہے: کیا کوئی مغفرت طلب کرنے والا ہے تو میں اس کی مغفرت کردوں اور کیا کوئی دعا کرنے والا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرلوں حتیٰ کہ وہ فجر کی نماز پڑھ لے اور پھر اللہ تعالیٰ فرشتوں کو حاضر کرتا ہے، رات کے فرشتے اور دن کے فرشتے۔

قَالَ مُجَاهِدٌ صَلَاةَ الْفَجْرِ۔

مجاہد نے کہا: صلاۃ الفجر۔

یعنی فجر کی نماز میں قرآن پڑھنا مراد ہے۔

۴۷۱۷۔ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ وَابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ فَضْلُ صَلَاةِ الْجَمِيعِ عَلَى صَلَاةِ الْوَاحِدِ خَمْسٌ وَعِشْرُونَ دَرَجَةً وَتَجْتَمِعُ مَلَائِكَةُ اللَّيْلِ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں معمر نے خبر دی از الزہری از ابی سلمہ و ابن المسیب از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی صلی اللہ علیہ وسلم، آپ نے فرمایا: جماعت سے نماز پڑھنے والے کی فضیلت تنہا نماز پڑھنے

وَمَلَائِكَةُ النَّهَارِ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ يَقُولُ أَبُو هُرَيْرَةَ اقْرَءُوا إِنْ شِئْتُمْ ﴿إِنَّ قُرْآنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُودًا ۝﴾ (بنی اسرائیل:۷۸)

والے پچیس (۲۵) درجہ ہے اور رات کے فرشتے اور دن کے فرشتے صبح کی نماز میں جمع ہو جاتے ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ کہتے تھے کہ اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھو: اور فجر کی نماز میں قرآن پڑھیں، بے شک فجر کی نماز کے قرآن پڑھنے میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں ○ (بنی اسرائیل:۷۸)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۷۴ میں گزر چکی ہے۔

۱۲۔ بَابٌ: عَسَى أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُودًا ۝ (بنی اسرائیل:۷۹)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: عنقریب آپ کا رب آپ کو مقام محمود پر فائز کرے گا ○ (بنی اسرائیل:۷۹) کی تفسیر

مقام محمود سے مراد وہ مقام ہے جس میں آپ اپنی امت کی شفاعت کریں گے اور تمام اولین و آخرین آپ کی حمد کریں گے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت پڑھی: عنقریب آپ کا رب آپ کو مقام محمود پر فائز کرے گا۔ (بنی اسرائیل:۷۹) اور فرمایا: اللہ تعالیٰ مجھے اپنے قریب کر کے اپنے ساتھ اپنے عرش پر بٹھائے گا۔ یہ دونوں تفسیریں علامہ ثعلبی نے اپنی تفسیر میں بیان کی ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴)

۴۷۱۸۔ حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبَانَ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ آدَمَ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ رضی الله عنهما يَقُولُ إِنَّ النَّاسَ يَصِيرُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ جُثًا كُلُّ أُمَّةٍ تَتْبَعُ نَبِيَّهَا يَقُولُونَ يَا فُلَانُ اشْفَعْ يَا فُلَانُ اشْفَعْ حَتَّى تَنْتَهِيَ الشَّفَاعَةُ إِلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَذَلِكَ يَوْمَ يَبْعَثُهُ اللهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُودَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے اسماعیل بن ابان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو الاحوص نے حدیث بیان کی از آدم بن علی، انہوں نے کہا: میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ قیامت کے دن لوگ دوزانوں بیٹھے ہوئے ہوں گے، ہر امت اپنے نبی کے تابع ہوگی، وہ کہیں گے: اے فلاں! شفاعت کیجئے اے فلاں! شفاعت کیجئے حتیٰ کہ یہ شفاعت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ختم ہوگی، یہ وہ دن ہے جس دن اللہ تعالیٰ آپ کو مقام محمود پر فائز فرمائے گا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری ۱۴۷۵ میں گزر چکی ہے۔

۴۷۱۹۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنهما أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ مَنْ قَالَ حِينَ يَسْمَعُ النِّدَاءَ اللَّهُمَّ رَبَّ هَذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ مُحَمَّدًا الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُودًا الَّذِي وَعَدْتَهُ حَلَّتْ لَهُ شَفَاعَتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ رَوَاهُ حَمْزَةُ بْنُ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عیاش نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعیب بن ابی حمزہ نے حدیث بیان کی از محمد بن المنکدر از حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے اذان سن کر یہ دعا کی: اے اللہ! اس دعوت تامہ کے رب اور اس کے نتیجے میں کھڑی ہونے والی نماز کے رب! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو (جنت میں) بلند مقام عطا فرما اور فضیلت عطا فرما اور آپ کو اس مقام محمود پر فائز فرما جس کا تو نے

Marfat.com

عَبْدِ اللهِ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ۔

ان سے وعدہ کیا ہے، تو قیامت کے دن اس کی شفاعت کرنا میرے لیے جائز ہو جائے گا۔ اس حدیث کی حمزہ بن عبداللہ نے از والد خود از نبی ﷺ روایت کی ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۶۱۴ میں گزر چکی ہے۔

۱۳۔ بَابٌ: وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝ (بنی اسرائیل:۸۱)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور آپ کہیے: حق آ گیا اور باطل نابود ہو گیا اور بے شک باطل تھا بھی نابود ہونے والا ○ (بنی اسرائیل:۸۱) کی تفسیر

حق سے مراد اسلام ہے اور باطل سے مراد شرک ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ حق سے مراد اللہ کا دین اور باطل سے مراد بتوں کا دین ہے، ابن جریج سے روایت ہے کہ جہاد حق ہے اور قتال باطل ہے۔

يَزْهَقُ يَهْلِكُ۔

يَزْهَقُ کا معنی ہے: وہ ہلاک ہوگا۔

اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ تم کیسے کہتے ہو کہ باطل ہلاک ہو گیا حالانکہ باطل موجود ہے اور اس کے ماننے والے اس پر عمل کرتے ہیں؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ تدبر کرنے والوں کے نزدیک دلائل سے باطل کا ہلاک ہونا بالکل واضح ہے۔

۴۷۲۰۔ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ رضی الله عنه قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ ﷺ مَكَّةَ وَحَوْلَ الْبَيْتِ سِتُّونَ وَثَلَاثُ مِائَةِ نُصُبٍ فَجَعَلَ يَطْعُنُهَا بِعُودٍ فِي يَدِهِ وَيَقُولُ ﴿وَ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝﴾ (بنی اسرائیل:۸۱) ﴿قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ ۝﴾ (سبا:۴۹)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں حمیدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از ابن ابی نجیح از مجاہد از ابی معمر از حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ مکہ میں داخل ہوئے اور بیت اللہ کے گرد تین سو ساٹھ (۳۶۰) بت تھے، آپ کے ہاتھ میں ایک لکڑی تھی، آپ وہ لکڑی ان بتوں کو چبھوتے اور فرماتے: حق آ گیا اور باطل نابود ہو گیا اور بے شک باطل تھا بھی نابود ہونے والا ○ (بنی اسرائیل: ۸۱) اور حق آ گیا اور باطل نہ (کچھ) پیدا کرے گا اور نہ (کسی کو) لوٹا کر لائے گا ○ (سبا:۴۹)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۴۷۸ میں گزر چکی ہے۔

۱۴۔ بَابٌ: وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ (بنی اسرائیل:۸۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور یہ لوگ آپ سے روح کے متعلق سوال کرتے ہیں۔ (بنی اسرائیل:۸۵) کی تفسیر

روح کی تحقیق

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

علامہ زمخشری نے کہا کہ اکثر مفسرین کا مختار یہ ہے کہ لوگوں نے آپ سے روح کی حقیقت کے متعلق سوال کیا تھا تو آپ نے یہ خبر دی کہ "روح" اللہ کے امر سے ہے، یعنی اللہ تعالیٰ نے اس کے علم کو اپنے ساتھ مخصوص رکھا ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان

Marfat.com

کرتے ہیں کہ یہود نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا کہ آپ ہمیں روح کے متعلق خبر دیجئے اور اس کو کیسے عذاب ہوگا حالانکہ وہ اللہ کی طرف سے ہے اور اس وقت تک نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر روح کے متعلق کوئی چیز نازل نہیں ہوئی تھی تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو کوئی جواب نہیں دیا، پھر حضرت جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام آپ کے پاس یہ آیت لے کر نازل ہوئے۔

العشری نے کہا کہ روح اس سانس کو کہتے ہیں جو جسم میں داخل ہوتا ہے اور جسم سے خارج ہوتا ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ روح ایک جسم لطیف ہے جو اجسام ظاہرہ اور اعضائے ظاہرہ میں شریک ہے اور بعض علماء نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو روح کا علم نہیں ہے، اور جمہور نے کہا کہ روح معلوم ہے یعنی مخلوق کو روح کا علم ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ روح خون ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ روح اللہ کے نور سے ایک نور ہے اور اللہ کی حیات سے ایک حیات ہے، تیسرا قول یہ ہے کہ روح اللہ کے امر میں سے ایک امر ہے جس کی حقیقت اور اس کے علم کو اللہ نے مخفی رکھا ہے اور ایک قول یہ ہے کہ روح روحانی ہے جو ملکوت سے پیدا کی گئی ہے، پس جب روح صاف ہوتی ہے تو یہ ملکوت کی طرف لوٹ جاتی ہے۔ عام معتزلہ نے کہا ہے کہ روح عرض ہے اور ابن الراوندی کا قول ہے کہ یہ جسم لطیف ہے جو بدن میں رہتی ہے، علامہ واقدی نے کہا کہ مختار یہ ہے کہ روح جسم لطیف ہے جس میں حیات پائی جاتی ہے، اہل سنت و جماعت کا مذہب یہ ہے کہ تمام مخلوق کی روحیں مخلوق ہیں اور اس میں اختلاف ہے کہ بدن کی صورت سے روح کی موت ہو جاتی ہے یا نہیں ہوتی۔ ایک جماعت نے کہا ہے کہ روح نہ مرتی ہے نہ بوسیدہ ہوتی ہے اور بعض علماء نے کہا کہ روح مرتی ہے اور بوسیدہ نہیں ہوتی اور ابدان بوسیدہ ہو جاتے ہیں، ایک قول یہ ہے کہ روح کو عذاب دیا جاتا ہے جس طرح بدن کو عذاب دیا جاتا ہے، اسی طرح روح کو ثواب ہوتا ہے جس طرح بدن کو ثواب ہوتا ہے، ایک قول یہ ہے کہ قیامت کے دن روح کو اٹھایا جائے گا کیونکہ وہ آسمان کے حکم میں ہے اور بدن کو نہیں اٹھایا جائے گا کیونکہ وہ زمین سے پیدا کیا گیا ہے اور یہ قول کتاب، سنت اور اقوال صحابہ اور تابعین کے خلاف ہے اور ایک بحث یہ ہے کہ نفس اور روح ایک چیز ہیں یا مغایر ہیں تو علماء اہل سنت نے کہا کہ روح نفس کے مغایر ہے اور نفس کا قوام روح کے ساتھ ہوتا ہے اور نفس دنیا کی طرف دعوت دیتا ہے اور روح آخرت کی دعوت دیتی ہے، خواہشات، نفس اور شیطان کے تابع ہیں اور فرشتہ عقل اور روح کے ساتھ ہوتا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۷، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۷۲۱۔ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ قَالَ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنه قَالَ بَيْنَا أَنَا مَعَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فِي حَرْثٍ وَهُوَ مُتَّكِئٌ عَلَى عَسِيبٍ إِذْ مَرَّ الْيَهُودُ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ سَلُوهُ عَنِ الرُّوحِ فَقَالَ مَا رَأْيُكُمْ إِلَيْهِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا يَسْتَقْبِلُكُمْ بِشَيْءٍ تَكْرَهُونَهُ فَقَالُوا سَلُوهُ فَسَأَلُوهُ عَنِ الرُّوحِ فَأَمْسَكَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِمْ شَيْئًا فَعَلِمْتُ أَنَّهُ يُوحَى إِلَيْهِ فَقُمْتُ مَقَامِي فَلَمَّا نَزَلَ الْوَحْيُ قَالَ ﴿وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ ۖ قُلِ الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّي وَمَا أُوتِيتُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيلًا ۝﴾ (بنی اسرائیل:۸۵)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عمر بن حفص بن غیاث نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الاعمش نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے ابراہیم نے حدیث بیان کی از علقمہ از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ، انہوں نے بیان کیا کہ جس وقت کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک کھیت میں تھا اور آپ ایک شاخ کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے تھے، اس وقت وہاں سے یہود گزرے، پس انہوں نے ایک دوسرے سے کہا: ان سے روح کے متعلق سوال کرو تو کسی نے کہا: کہیں وہ تمہیں اس کے متعلق شک میں نہ ڈال دیں، اور کسی نے کہا: کہیں وہ تم کو کوئی ایسی چیز نہ بیان کر دیں جس کو تم ناپسند کرتے، ہو پس انہوں نے آپ سے روح کے متعلق سوال کیا،

Marfat.com

پس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاموش رہے اور آپ نے ان کو کوئی جواب نہیں دیا، پس میں نے جان لیا کہ آپ کی طرف وحی نازل ہو رہی ہے، پس میں اپنی جگہ کھڑا رہا، پس جب وحی نازل ہو چکی تو آپ نے فرمایا: اور یہ لوگ آپ سے روح کے متعلق سوال کرتے ہیں، آپ کہیے کہ روح میرے رب کے امر سے ہے، اور تم کو محض تھوڑا سا علم دیا گیا ہے ○ (بنی اسرائیل: ۸۵)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۲۵ میں گزر چکی ہے۔

۱۵۔ بَابُ: وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا۔ (بنی اسرائیل: ۱۱۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور آپ نماز میں نہ بہت بلند آواز سے قرآن پڑھیں اور نہ بہت پست آواز سے۔ (بنی اسرائیل: ۱۱۰) کی تفسیر

نماز میں قرآن کو متوسط آواز کے ساتھ پڑھنے کا حکم

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اس آیت کے نزول کے کئی اسباب ہیں: ایک وہ ہے جس کو امام بخاری نے بیان کیا ہے جو اس باب کی حدیث میں آ رہا ہے، دوسرا قول سعید بن جبیر کا ہے، انہوں نے بیان کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد حرام میں بلند آواز سے قرآن پڑھتے تھے تو قریش نے کہا کہ آپ بلند آواز سے قرآن پڑھ کر ہمارے معبودوں کو تکلیف پہنچاتے ہیں، پھر ہم بھی آپ کے رب کی ہجو کریں گے، تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی، تیسرا قول الواحدی کا ہے، انہوں نے بیان کیا کہ ایک اعرابی بلند آواز سے پڑھ رہا تھا: تمام قولی عبادتیں اللہ کے لیے ہیں اور تمام بدنی عبادتیں اللہ کے لیے ہیں اور تمام مالی عبادتیں اللہ کے لیے ہیں اور وہ اپنی آواز بلند کر رہا تھا اور چوتھا قول عبداللہ بن شداد کا ہے کہ جب بنو تمیم کے اعراب نماز میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سلام کرتے تو کہتے: اے اللہ! ہم کو مال دے اور اولاد دے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۹، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۷۲۲۔ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا أَبُو بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما فِي قَوْلِهِ تَعَالَى ﴿وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا﴾ (بنی اسرائیل: ۱۱۰) قَالَ نَزَلَتْ وَرَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم مُخْتَفٍ بِمَكَّةَ كَانَ إِذَا صَلَّى بِأَصْحَابِهِ رَفَعَ صَوْتَهُ بِالْقُرْآنِ فَإِذَا سَمِعَهُ الْمُشْرِكُونَ سَبُّوا الْقُرْآنَ وَمَنْ أَنْزَلَهُ وَمَنْ جَاءَ بِهِ فَقَالَ اللهُ تَعَالَى لِنَبِيِّهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ أَيْ بِقِرَاءَتِكَ فَيَسْمَعَ الْمُشْرِكُونَ فَيَسُبُّوا الْقُرْآنَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو بشر نے حدیث بیان کی از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما انہوں نے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تفسیر میں کہا: اور آپ نماز میں نہ بہت بلند آواز سے قرآن پڑھیں اور نہ بہت پست آواز سے۔ (بنی اسرائیل: ۱۱۰) انہوں نے بتایا کہ جس وقت یہ آیت نازل ہوئی اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ میں ایک خفیہ مقام میں تھے اور جب آپ اپنے اصحاب کو نماز پڑھاتے تو بلند آواز سے قرآن مجید پڑھتے تو جب مشرکین اس کو

Marfat.com

عَنْ أَصْحَابِكَ فَلَا تُسْمِعُهُمْ وَابْتَغِ بَيْنَ ذَلِكَ سَبِيلًا۔

[اطراف الحدیث:۷۴۹۰۔۷۵۲۵۔۷۵۴۷]

سنتے تو قرآن کو برا کہتے اور اس کے نازل کرنے والے کو برا کہتے اور جو اس کو لے کر آیا اس کو برا کہتے، تب اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا: آپ اپنی نماز میں بلند آواز سے قرآن نہ پڑھیں، پس مشرکین اس کو سنیں گے تو وہ قرآن کو برا کہیں گے اور نہ اس کو اپنے اصحاب کے سامنے اتنا آہستہ پڑھیں کہ ان کو سنا نہ سکیں اور آپ اس کی درمیانی صورت اختیار کریں۔

اس حدیث میں مذکور ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ میں ایک خفیہ مقام میں تھے، یہ ابتداء اسلام کا واقعہ ہے۔

۴۷۲۳۔ حَدَّثَنِي طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنها قَالَتْ أُنْزِلَ ذَلِكَ فِي الدُّعَاءِ۔

[اطراف الحدیث:۶۳۲۷، ۷۵۲۲]

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے طلق بن غنام نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: ہمیں زائدہ نے حدیث بیان کی از ہشام از والد خود از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا وہ بیان کرتی ہیں کہ یہ آیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دعا کے متعلق نازل ہوئی ہے۔

نیز سند صحیح کے ساتھ ایک انصاری صحابی سے روایت ہے کہ یہ آیت دعا کے متعلق نازل ہوئی ہے اور حضرت ابن عباس نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ یہ آیت اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے اور سوال کرنے کے متعلق نازل ہوئی ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۵۱)

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سورۂ بنی اسرائیل کی تفسیر ختم ہوئی، اب ان شاء اللہ سورۃ الکہف کی تفسیر شروع ہوگی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۸۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْکَھْفِ

سورۃ الکہف کی تفسیر

سورۃ الکہف کا تعارف

امام ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے کہ ان دونوں نے کہا: یہ سورت مکی ہے۔ علامہ قرطبی نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ یہ سورت مکی ہے سوا اس آیت کے: وَاصْبِرْ نَفْسَكَ (الکہف: ۲۸) اور مقامات التنزیل میں مذکور ہے کہ یہ آیت بھی مدنی ہے اور وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ (الکہف: ۸۳) اور اس سورت میں ایک سو دس آیتیں ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۵۲)

حضرت البراء بن عازب رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے سورۃ الکہف پڑھی، اس کے گھر میں ایک گھوڑا تھا، وہ بدکنے لگا، اس نے سلام پھیر دیا، اچانک اس نے دیکھا کہ ایک بادل کے ٹکڑے نے اس کو ڈھانپا ہوا تھا۔ اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا: اے شخص پڑھو! کیونکہ وہ سکینہ ہے (یعنی ایسی طمانیت اور رحمت ہے جس کے ساتھ فرشتے ہوتے ہیں) یہ قرآن مجید (پڑھنے) کی وجہ سے نازل ہوئی ہے۔

(صحیح البخاری: ۴۸۳۹۔ ۳۶۱۴۔ صحیح مسلم: ۷۹۵، سنن ترمذی: ۲۸۸۵، مسند ابو یعلیٰ: ۱۷۰۲۲، مسند احمد: ۱۸۶۶۶)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ تَقْرِضُهُمْ تَتْرُكُهُمْ۔ مجاہد نے کہا: تَقْرِضُهُمْ کا معنی ہے: وہ ان کو چھوڑ دیتی ہے یعنی دھوپ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَإِذَا غَرَبَتْ تَقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ۔ (الکہف: ۱۷) اور جب سورج غروب ہوتا ہے تو دھوپ ان سے بائیں جانب پھر جاتی ہے۔

حضرت ابن عباس نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ تَقْرِضُهُمْ کا معنی ہے کہ دھوپ ان کو چھوڑ دیتی ہے اور مقاتل نے کہا ہے کہ دھوپ ان سے تجاوز کر جاتی ہے اور قرض کا لغوی معنی ہے: قطع کرنا۔

وَكَانَ لَهُ ثُمُرٌ ذَهَبٌ وَفِضَّةٌ۔ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ، اس سے مراد ہے: سونا اور چاندی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ۔ (الکہف: ۳۴) اور جس شخص کے پاس پھل تھے۔

مجاہد نے کہا ہے کہ قرآن میں جو لفظ پیش کے ساتھ ثُمُرٌ ہے اس سے مراد مال ہے اور جو لفظ زبر کے ساتھ ثَمَرٌ ہے اس سے مراد ہے: درخت میں لگے ہوئے پھل۔

وَقَالَ غَيْرُهُ جَمَاعَةُ الثَّمَرِ۔ اور مجاہد کے غیر نے کہا: یہ ثَمَرٌ کی جمع ہے۔

بعض مفسرین نے کہا کہ مجاہد کے غیر سے مراد ہے: قتادہ، اور کہا گیا ہے کہ ثَمَرٌ کی جمع ثِمَار ہے اور ثِمَار کی جمع ثُمُرٌ ہے تو گویا کہ

Marfat.com

یہ جمع الجمع ہے۔

بَاخِعٌ مُهْلِكٌ۔ بَاخِعٌ اس کا معنی ہے: ہلاک ہونے والا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝ (الکہف:۶) اگر یہ لوگ اس قرآن پر ایمان نہ لائے تو لگتا ہے کہ آپ فرط غم سے ان کے پیچھے جان دے دیں گے O

امام ابوعبیدہ نے بھی بَاخِعٌ کی یہی تفسیر کی ہے۔

أَسَفًا نَدَمًا۔ اَسَفًا اس کا معنی ہے: ندامت

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝ (الکہف:۶) اگر یہ لوگ اس قرآن پر ایمان نہ لائے تو لگتا ہے کہ آپ فرط غم سے ان کے پیچھے جان دے دیں گے O

امام ابوعبیدہ نے بھی اَسَفًا کا معنی ندامت بیان کیا ہے اور قتادہ نے کہا ہے: اس کا معنی افسوس ہے۔

اَلْكَهْفُ اَلْفَتْحُ فِي الْجَبَلِ۔ اَلْكَهْفِ کا معنی ہے: پہاڑ میں کھلا ہوا راستہ یعنی غار۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝ (الکہف:۹) (اے مخاطب!) کیا تم نے یہ گمان کیا ہے کہ غار والے اور کتبے والے ہماری نشانیوں میں سے ایک عجیب نشانی تھے O

امام بخاری نے الکہف کی تفسیر کی ہے: پہاڑ میں کھلا ہوا راستہ، کہا جاتا ہے کہ الکہف کا معنی ہے: پہاڑ میں غار۔

وَالرَّقِيْمُ اَلْكِتَابُ مَرْقُوْمٌ مَكْتُوْبٌ مِنَ الرَّقْمِ۔ وَالرَّقِيْمِ کا معنی ہے: کتاب اور مَرْقُوْم کا معنی ہے: لکھی ہوئی چیز، یہ لفظ رقم سے ماخوذ ہے۔

اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝ (الکہف:۹) (اے مخاطب!) کیا تم نے یہ گمان کیا ہے کہ غار والے اور کتبے والے ہماری نشانیوں میں سے ایک عجیب نشانی تھے O

مفسرین کا رقیم کا معنی میں اختلاف ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ وہ پہاڑ میں ایک طاق ہے، حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ وہ ایلہ اور اسفان کے درمیان ایک وادی ہے اور ایلہ فلسطین کے نزدیک ہے اور یہ وہ وادی ہے جس میں اصحاب کہف رہتے تھے۔ سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ الرقیم پتھر کی ایک لوح ہے، ایک قول یہ ہے کہ وہ سیسہ کی ایک لوح ہے جس میں اصحاب کہف کے اسماء اور ان کا قصہ لکھا ہوا ہے، اور انہوں نے اس لوح کو غار کے دروازے پر رکھ دیا، اس وجہ سے الرقیم کا معنی مرقوم ہے یعنی مکتوب اور رقم کا معنی لکھنا ہے۔

رَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَلْهَمْنَاهُمْ صَبْرًا۔ رَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ یعنی ہم نے ان کے دلوں میں صبر ڈال دیا ہے۔

کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ ہم نے ان کے دلوں میں صبر کو باندھ دیا اور ان کے دلوں میں ان کا الہام کیا اور ان کو نور ایمان سے قوی کر دیا حتیٰ کہ انہوں نے اپنی قوموں سے جدائی پر صبر کیا اور جو عیش و عشرت وہ چھوڑ آئے تھے اس پر صبر کیا۔

لَوْلَا اَنْ رَبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا۔ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا یعنی اگر ہم نے ان کے دل کو مضبوط نہ

کیا ہوتا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ؕ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (القصص:۱۰)

اور موسیٰ کی ماں کا دل (صبر سے) خالی ہو گیا، بے شک وہ قریب ہو گئیں کہ موسیٰ کا حال ظاہر کر دیں اگر ہم ان کے دل کو (اس لیے) مضبوط نہ رکھتے کہ وہ یقین کرنے والوں میں سے رہیں O

یہ آیت سورۃ القصص میں ہے۔ امام بخاری نے اس آیت کو یہاں پر اس مناسبت سے ذکر کیا ہے کہ اس میں بھی رَبَطْنَا کا لفظ ہے۔

شَطَطًا إِفْرَاطًا — شَطَطًا اس کا معنی ہے: حد سے تجاوز کرنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ۝ (الکہف:۱۴)

تو انہوں نے کہا: ہمارا رب آسمانوں اور زمینوں کا رب ہے، ہم اس کے سوا کسی اور معبود کی ہرگز عبادت نہیں کریں گے (ورنہ) اس وقت ہماری بات حق سے بہت دور ہو گی O

امام بخاری نے شطط کی تفسیر افراط کی ہے، حضرت ابن عباس اور مقاتل نے اس کی تفسیر ظلم کی ہے اور قتادہ نے اس کی تفسیر جھوٹ کی ہے اور لغت میں شطط کا معنی ہے: حد سے تجاوز کرنا اور افراط۔

اَلْوَصِيْدُ الْفِنَاءُ جَمْعُهُ وَصَائِدُ وَوُصُدٌ وَيُقَالُ الْوَصِيْدُ الْبَابُ مُؤْصَدَةٌ مُطْبَقَةٌ آصَدَ الْبَابَ وَأَوْصَدَ۔

اَلْوَصِيْدُ اس کا معنی ہے: صحن اور اس کی جمع وَصَائِد اور وُصُدْ ہے اور بعض نے کہا: وَصِيْد کا معنی ہے: دروازہ اور مُوصَدَةٌ کا معنی ہے: بند کیا ہوا۔ عرب کہتے ہیں: اَصَدَ الباب وَاَوْصَدَ یعنی اس نے دروازہ بند کر دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ۔ (الکہف:۱۴)

اور ان کا کتا بھی چوکھٹ پر اپنے ہاتھ پھیلائے ہوئے ہے۔

امام بخاری نے وصید کی تفسیر صحن کے ساتھ کی ہے اور اس کا معنی ہے: گھروں کے سامنے کشادہ جگہ، حضرت ابن عباس اور سدی نے کہا ہے کہ وصید کا معنی ہے: دروازہ۔ عطاء نے کہا ہے کہ وَصِيْد کا معنی ہے: چوکھٹ، نیز امام بخاری نے کہا کہ موصدۃٌ کا معنی بند کیا ہوا ہے، اس قول سے انہوں نے درج ذیل آیت کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝ (الہمزہ:۸)

بے شک وہ (آگ) ان پر ہر طرف سے بند کی ہوئی ہو گی O

یعنی کافروں کے اوپر دوزخ کی آگ ہر طرف سے بند کی ہوئی ہو گی، امام بخاری نے کہا: یہ آصَدَ الباب سے ماخوذ ہے یعنی دوسرے ہمزہ کو الف سے بدل کر مد کے ساتھ آصَدَ کر دیا یا واؤ سے بدل کر اَوْصَدَ کر دیا۔

بَعَثْنَاهُمْ أَحْيَيْنَاهُمْ۔ — بَعَثْنٰهُمْ، اس کا معنی ہے: ہم نے ان کو زندہ کیا یعنی ان کو نیند سے بیدار کر کے کھڑا کر دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ۔ (الکہف:۱۹)

اور اسی طرح ہم نے ان کو اٹھایا تا کہ ایک دوسرے کا حال پوچھیں۔

Marfat.com

کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ ہم نے ان کو نیند سے بیدار کیا اور یہ اس وقت ہوا جب مسلمانوں نے اصحاب کہف کے متعلق بحث کی، اگلے مسلمانوں نے اور بعد کے مسلمانوں نے کہ وہ کتنی مدت غار میں رہے ہیں، اگلے مسلمانوں نے کہا کہ وہ تین سو نو سال (۳۰۹) غار میں رہے اور بعد کے مسلمانوں نے کوئی اور مدت بیان کی اور مسلمانوں کی ایک جماعت نے کہا کہ اللہ ہی جانتا ہے کہ وہ کتنی مدت تک غار میں رہے ہیں، پھر اللہ تعالیٰ نے غار میں ان کو نیند سے بیدار کیا تا کہ یہ ظاہر فرمائے کہ ان کی نیند کی مدت کے متعلق کس کا قول صحیح ہے جیسا کہ اس آیت میں فرمایا ہے:

ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَیُّ الْحِزْبَیْنِ اَحْصٰی لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ۝ (الکہف:۱۲)

پھر ہم نے ان کو اٹھایا تا کہ ہم یہ ظاہر کریں کہ ان کے غار میں ٹھہرنے کی مدت کو دو جماعتوں میں سے کس نے زیادہ یاد رکھا ہے O

مجاہد نے کہا ہے کہ جب ہم نے ان پر غار میں نیند طاری کی تو اتنے طویل زمانے تک ان کے جسموں کو بوسیدہ ہونے سے محفوظ رکھا اور ان کے کپڑوں کو بدبو سے محفوظ رکھا۔

أَزْكَى أَكْثَرُ وَيُقَالُ أَحَلُّ وَيُقَالُ أَكْثَرُ رَيْعًا۔

اَزْکٰی کا معنی ہے: جو اس بستی کے لوگوں کی زیادہ خوراک ہے اور جو زیادہ حلال اور پاکیزہ خوراک ہے اور جو زیادہ اچھی خوراک ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیات کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ۔ (الکہف:۱۹)

سو اب تم اپنے میں سے کسی کو چاندی کے یہ سکے دے کر شہر کی طرف بھیجو کہ وہ غور کرے کہ کون سا کھانا زیادہ پاکیزہ ہے اور اس میں سے تمہارے کھانے کے لیے لے کر آئے۔

امام بخاری نے اَزْکٰی کی تفسیر کی ہے: جو اس بستی والوں کی اکثر خوراک ہے، یہ لفظ زکوٰۃ سے ماخوذ ہے، اس کا معنی ہے: زیادتی اور بڑھنا، اور یہ جو معنی بیان کیا گیا کہ جو زیادہ حلال ہو اس کی وجہ یہ ہے کہ اس بستی میں زیادہ مجوسی تھے جو ذبح نہیں کرتے تھے اور کچھ مومن تھے جو ذبح کرتے تھے تو اصحاب کہف نے کہا: ہمارے لیے حلال خوراک لے کر آنا اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جس کا اصل کے مقابلہ میں بڑھنا زیادہ ہو۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ أُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ لَمْ تَنْقُصْ۔

حضرت ابن عباس نے کہا: اُکُلَھَا کا معنی ہے: خوب پھل لائے۔ وَلَمْ تَظْلِمْ کا معنی ہے: پھل لانے میں کوئی کمی نہ ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا۔ (الکہف:۳۳)

دونوں باغ خوب پھل لائے اور پیداوار میں کوئی کمی نہیں کی۔

حضرت ابن عباس کی اس تفسیر کی امام ابن ابی حاتم نے بھی روایت کی ہے۔

وَقَالَ سَعِيدٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ الرَّقِيمُ اللَّوْحُ مِنْ رَصَاصٍ كَتَبَ عَامِلُهُمْ أَسْمَائَهُمْ ثُمَّ طَرَحَهُ فِي خِزَانَتِهِ۔

اور سعید نے کہا: از حضرت ابن عباس: اَلرَّقِیْم کا معنی ہے: سیسہ کی لوح، ان کے عامل نے اس لوح کے اوپر اصحاب کہف کے نام لکھ دیئے، پھر اس لوح کو اپنے خزانے میں ڈال دیا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ان نوجوانوں کو تلاش کیا گیا تو وہ نہیں ملے، تب بادشاہ سے یہ قصہ بیان کیا گیا تو

Marfat.com

بادشاہ نے کہا: ان نوجوانوں کا ضرور کوئی واقعہ ہے، پھر اس نے سیسہ کی لوح پر ان نوجوانوں کے اسماء لکھے اور اس لوح کو اپنے خزانے میں ڈال دیا، پس رقیم سے مراد وہ لوح ہے جس پر ان کے نام لکھے گئے تھے۔ اس تعلیق کی امام ابن منذر نے روایت کی ہے۔

فَضَرَبَ اللّٰهُ عَلٰى آذَانِهِمْ فَنَامُوا۔ فضرب اللہ علی اذانھم کا معنی ہے: اللہ تعالیٰ نے ان پر نیند مسلط کردی تو وہ سو گئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ⑪ (الکہف:۱۱) پھر ہم نے اس غار میں ان کے کانوں پر گنتی کے کئی سالوں تک نیند مسلط کردی○

یہ قرآن مجید کا بہت فصیح کلام ہے جس کی کوئی مثل نہیں لاسکتا۔ اس کا معنی ہے: ہم نے ان کو سلا دیا اور ہم نے ان پر نیند مسلط کر دی اور ان کے کانوں تک کسی آواز کو پہنچنے نہیں دیا۔

وَقَالَ غَيْرُهُ وَأَلْتَ تَئِلُ تَنْجُو وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَوْئِلًا مَحْرِزًا۔ حضرت ابن عباس کے غیر نے کہا: وَأَلْتَ تَئِلُ اور اس کا معنی ہے: نجات پانا اور مجاہد نے کہا: مَوْئِلًا کا معنی ہے: حفاظت کی جگہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا ⑤⑧ (الکہف:۵۸) بلکہ ان کے لیے وعدہ کا ایک وقت مقرر ہے وہ اس سے سر موڑنے کا وقت نہیں پائیں گے○

امام بخاری کی مراد یہ ہے کہ لفظ ''مَوْئِل'' وأل یئل سے ماخوذ ہے جو باب ضرب سے ہے اور مَوْئِل کا معنی ہے: ملجا، قتادہ سے اسی طرح روایت ہے۔

لَا يَسْتَطِيعُونَ سَمْعًا لَا يَعْقِلُونَ۔ لَا يَسْتَطِيعُوْنَ سَمْعًا کا معنی ہے: وہ سننے کی طاقت نہیں رکھتے یعنی وہ سمجھ نہیں سکتے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے متعلق درج ذیل آیات کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ⑩① (الکہف:۱۰۱) جن کی آنکھیں میری یاد سے پردے میں رہیں اور وہ (حق کو) سننے کی طاقت نہیں رکھتے تھے○

کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے کافروں کا وصف بیان کیا ہے جن کی آنکھوں کے آگے میرے ذکر سے اور مجھ پر ایمان لانے سے اور قرآن پر ایمان لانے سے غفلت کے پردے ہیں، وہ اللہ عزوجل کی کتاب کو سننے کی طاقت نہیں رکھتے اور چونکہ ان پر شقاوت کا غلبہ ہے اس لیے وہ اس قرآن میں تدبر نہیں کرتے یعنی اس طرح نہیں سنتے کہ غور وفکر کریں۔

(عمدۃ القاری ج۱۹ ص۵۵۔۵۲، دارالکتب العلمیۃ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۔ بَابٌ: وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا۔ (الکہف:۵۴) اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور انسان ہر چیز سے زیادہ جھگڑالو ہے۔ (الکہف:۵۴) کی تفسیر

یہ آیت النضر بن الحارث کے متعلق نازل ہوئی ہے جو قرآن میں بہت بحث کرتا تھا اور ایک قول ہے کہ یہ ابی بن خلف کے متعلق نازل ہوئی ہے جو مرنے کے بعد دوبارہ اٹھنے پر بحث کرتا تھا۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۵۵۔۵۲، دارالکتب العلمیۃ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

Marfat.com

۴۷۲۴۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ أَنَّ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ عَنْ عَلِيٍّ رضی الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ طَرَقَهُ وَفَاطِمَةَ قَالَ أَلَا تُصَلِّيَانِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یعقوب بن ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی از صالح از ابن شہاب، انہوں نے کہا: مجھے علی بن حسین نے خبر دی کہ حضرت حسین بن علی نے ان کو خبر دی از حضرت علی رضی اللہ عنہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو ان کے اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے، فرمایا: کیا تم دونوں نماز نہیں پڑھتے؟

اس حدیث کی شرح صحیح بخاری: ۱۱۲۷ میں گزر چکی ہے۔

یہ پوری حدیث اس طرح ہے کہ حضرت علی نے کہا: یارسول اللہ! ہماری جانیں اللہ کے اختیار میں ہیں وہ جب ہم کو جگانا چاہے گا جگا دے گا، یہ سن کر آپ خاموشی سے لوٹ گئے اور اپنے زانو پر ہاتھ مارتے ہوئے فرما رہے تھے: وَكَانَ الْإِنْسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ۝ (الکہف: ۵۴)۔

رَجْمًا بِالْغَيْبِ لَمْ يَسْتَبِنْ۔

رَجْمًا بِالْغَيْبِ کا معنی ہے: لم یَسْتَبِن یعنی واضح نہیں ہوا اور انہوں نے صرف اندازے سے بات کی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَيَقُولُونَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ۔ (الکہف: ۲۲)

اور (بعض) کہیں گے: وہ پانچ تھے چھٹا ان کا کتا تھا، یہ تمام اقوال اٹکل پچو پر مبنی ہیں۔

امام بخاری نے رَجْمًا بِالْغَيْبِ کی تفسیر کی ہے: ''واضح نہیں ہوا''، ایک قول یہ ہے کہ انہوں نے بغیر یقین کے ظن سے کہا ہے۔

فُرُطًا يُقَالُ نَدَمًا۔

کہا جاتا ہے: فُرُطًا کا معنی ندامت ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاتَّبَعَ هَوَاهُ وَكَانَ أَمْرُهُ فُرُطًا ۝ (الکہف: ۲۸)

اور اس نے اپنی خواہش کی پیروی کی اور اس کا معاملہ حد سے بڑھ گیا○

امام بخاری نے فُرُطًا کی تفسیر ندامت کے ساتھ کی ہے اور ابوعبیدہ نے اس کی تفسیر اسراف اور ضائع کے ساتھ کی ہے۔ مجاہد نے اس کی تفسیر ضیاع کے ساتھ کی ہے اور سدی نے اس کی تفسیر ہلاک کرنے کے ساتھ کی ہے۔

سُرَادِقُهَا مِثْلُ السُّرَادِقِ وَالْحُجْرَةِ الَّتِي تُطِيفُ بِالْفَسَاطِيطِ۔

سُرَادِقُهَا یہ لفظ سُرَادِق کی مثل ہے اور اس حجرہ کی مثل ہے جس کو سب طرف سے خیمے گھیر لیتے ہیں (اس کا معنی ہے: چار دیواری یا ہر وہ چیز جو کسی چیز کو محیط ہو جیسے خیمہ یا شامیانہ یا قنات)۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلظَّالِمِينَ نَارًا أَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا۔ (الکہف: ۲۹)

بے شک ہم نے ظالموں کے لیے ایسی دوزخ تیار کی ہے جس (کے شعلوں) کی چار دیواری ان کا احاطہ کرے گی۔

سُرَادِقُهَا کی ضمیر دوزخ کی آگ کی طرف لوٹ رہی ہے اور اس کا معنی یہ ہے کہ دوزخ کی آگ کی چار دیواری اس حجرے کی طرح ہے جس کو خیموں نے گھیر لیا ہو اور سرادق وہ جگہ ہے جو گھر کے اوپر صحن میں پھیلی ہوئی ہوتی ہے اور گھر گھر محیط ہوتی ہے اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ حضرت ابوسعید خدری نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دوزخ کی آگ کے سُرادِق چار دیواریں ہیں، ان میں سے ہر ایک کی موٹائی چالیس سال کی مسافت ہے، حضرت ابن عباس نے کہا: السُرادق دوزخ کی دیوار ہے اور یہاں سرادق سے مراد وہ دھواں ہے جو قیامت کے دن کفار کا احاطہ کیے ہوئے ہوگا۔

يُحَاوِرُهُ مِنَ الْمُحَاوَرَةِ۔

يُحَاوِرُهٗٓ، المحاورۃ سے ماخوذ ہے اور اس میں اس آیت کی طرف اشارہ ہے: فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ (الکہف: ۳۴) یعنی اس نے اپنے ساتھی سے بحث کرتے ہوئے کہا یعنی لفظ یحاورہُ، المحاورۃ سے مشتق ہے اور اس کا معنی ہے: جواب دینا اور تفسیر میں مذکور ہے کہ یُحاورہ کا معنی ہے: اس کو جواب دینا۔

اس تعلیق کی امام بخاری نے از خود شرح کر دی ہے۔

لَكِنَّا هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ أَيْ لَكِنْ أَنَا هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ ثُمَّ حَذَفَ الْأَلِفَ وَأَدْغَمَ إِحْدَى النُّونَيْنِ فِي الْأُخْرَى۔

لٰكِنَّا هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ اس کا معنی ہے: لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ وہ اللہ میرا رب ہے۔ لٰكِنَّا اصل میں لٰكِنْ أَنَا تھا، الف کو حذف کر دیا اور ایک نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو لٰكِنَّا ہو گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لٰكِنَّا هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ۝ (الکہف: ۳۸) لیکن وہ اللہ ہی میرا رب ہے اور میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بناؤں گا ○

امام بخاری نے یہاں نحویوں کا قاعدہ ذکر کر کے یہ بتایا ہے کہ لٰكِنَّا اصل میں لکن انا تھا پھر أَنَا کے الف کو حذف کر کے نون کا نون میں ادغام کر دیا تو لٰكِنَّا ہو گیا۔

وَفَجَّرْنَا خِلَالَهُمَا نَهَرًا يَقُولُ بَيْنَهُمَا نَهَرًا۔

وَفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا یعنی ہم نے دو باغوں کے درمیان زمین کو شق کر کے ایک دریا بہا دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۝ (الکہف: ۳۳) دونوں باغ خوب پھل لائے اور پیداوار میں کوئی کمی نہیں کی اور ہم نے ان کے درمیان دریا رواں کر دیئے تھے ○

یعنی ہم نے ان دو باغوں کے درمیان زمین شق کر کے دریا بنا دیا۔

زَلَقًا لَا يَثْبُتُ فِيهِ قَدَمٌ۔

زَلَقًا اس کا معنی ہے: پھسلنے کی جگہ جس میں قدم ٹھہرتے نہیں ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ۝ (الکہف: ۴۰) اور تمہارے باغ پر آسمان سے کوئی عذاب بھیج دے تو وہ چٹیل اور چکنا میدان بن جائے ○

Marfat.com

تفسیر میں مذکور ہے کہ اس کا معنی ہے: چکنا میدان کہ جس میں کوئی پیداوار نہ ہو، اور مجاہد نے کہا ہے کہ اس کا معنی ہے: ریتلی زمین۔

هُنَالِكَ الْوِلَايَةُ مَصْدَرُ الْوَلِيِّ۔ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ یہ الولی کا مصدر ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ۝ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ۔ (الکہف: ۴۳۔۴۴) اور وہ بدلہ لینے کے قابل نہ تھا O یہیں سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام اختیارات اللہ ہی کے پاس ہیں جو سچا ہے۔

هُنَالِكَ سے مراد ہے: قیامت کا دن اور تفسیر میں مذکور ہے کہ اس دن وہ اللہ سے محبت کریں گے اور دنیا میں اللہ کے سوا جن کی عبادت کرتے تھے ان سے بیزاری کا اظہار کریں گے۔

عُقْبًا عَاقِبَةً وَعُقْبَى وَعُقْبَةً وَاحِدٌ وَهِيَ الْآخِرَةُ۔ عُقْبًا، عَاقِبَةً وَعُقْبَةٌ ان سب کا ایک معنی ہے اور وہ ہے: آخرت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ۝ (الکہف: ۴۴) وہی سب سے اچھا ثواب دینے والا ہے اور اس کے پاس بہترین انجام ہے O

الجوہری نے کہا ہے کہ ہر چیز کی عاقبت اس کا آخر ہے۔

قِبَلًا وَقُبُلًا وَقَبَلًا اسْتِئْنَافًا۔ قِبَلًا وَقُبُلًا وَقَبَلًا ان تینوں کا معنی ہے: سامنے آنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ۝ (الکہف: ۵۵) یا ان کے سامنے سے عذاب آجائے O

حضرت ابن عباس نے اس کی تفسیر میں کہا ہے: ان کی آنکھوں کے سامنے، ثعلبی نے کہا ہے کہ اس سے مراد ہے: غزوۂ بدر میں ان کو تلواروں سے ہلاک کرنا اور مقاتل نے کہا ہے کہ اس سے مراد ہے: مختلف قسم کے عذاب۔

لِيُدْحِضُوا لِيُزِيلُوا الدَّحْضُ الزَّلَقُ۔ لِيُدْحِضُوْا اس کا معنی ہے تاکہ وہ زائل کریں اور دَحْض کا معنی ہے: پھسلانا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ۔ (الکہف: ۵۶) تاکہ حق کو زائل کریں۔

جب کسی آدمی کا پیر پھسل جائے تو وہ کہتا ہے: دَحَضَتْ رِجْلِیْ اور سدی نے کہا ہے کہ اس کا معنی ہے: تاکہ وہ لوگ اس سے حق کو باطل کریں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۵۸۔۵۶، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۲۔ بَابٌ: وَإِذْ قَالَ مُوسٰى لِفَتٰهُ لَآ أَبْرَحُ حَتّٰى أَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ أَوْ أَمْضِيَ حُقُبًا۔ (الکہف: ۶۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جب موسیٰ نے اپنے خادم سے کہا: میں مسلسل چلتا رہوں گا حتیٰ کہ میں دو سمندروں کے سنگم پر پہنچ جاؤں یا سالہا سال تک چلتا رہوں گا۔ (الکہف: ۶۰) کی تفسیر

حُقُبًا زَمَانًا وَجَمْعُهُ أَحْقَابٌ۔ حُقُبًا کا معنی ہے: زمانہ اور اس کی جمع احقاب ہے۔

Marfat.com

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

وَاِذْقَالَ مُوْسٰی: یعنی یاد کیجئے جب حضرت موسیٰ نے کہا، اور وہ حضرت ابن عمران ہیں۔

لِفَتٰهُ: یعنی اپنے شاگرد سے اور وہ یوشع بن نون ہیں، وہ ان کے ساتھ سفر میں تھے، ایک قول یہ ہے کہ وہ ان کے غلام اور مملوک تھے۔

مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ: وہ بحر فارس اور بحر روم ہے جو مشرق کے قریب ہے اور حضرت ابی بن کعب سے روایت ہے کہ وہ افریقہ میں ہے اور ایک قول ہے کہ وہ بحر اردن اور بحر قلزم ہے۔

اَوْ اَمْضِیَ حُقُبًا: یعنی میں طویل زمانے تک سفر کرتا رہوں گا حتیٰ کہ میں مجمع البحرین تک پہنچ جاؤں گا۔ قتادہ نے کہا: حُقُبٌ کا معنی ہے: زمانہ، حضرت ابن عباس نے کہا: اس کا معنی ہے: دہر، حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص نے کہا: اس کا معنی ہے: اسی (۸۰) سال اور اس کی جمع احقاب ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۵۸)

۴۷۲۵۔ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ إِنَّ نَوْفًا الْبِكَالِيَّ يَزْعُمُ أَنَّ مُوسَى صَاحِبَ الْخَضِرِ لَيْسَ هُوَ مُوسَى صَاحِبَ بَنِي إِسْرَائِيلَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَذَبَ عَدُوُّ اللهِ حَدَّثَنِي أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ إِنَّ مُوسَى قَامَ خَطِيبًا فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ فَسُئِلَ أَيُّ النَّاسِ أَعْلَمُ فَقَالَ أَنَا فَعَتَبَ اللهُ عَلَيْهِ إِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ إِلَيْهِ فَأَوْحَى اللهُ إِلَيْهِ إِنَّ لِي عَبْدًا بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ هُوَ أَعْلَمُ مِنْكَ قَالَ مُوسَى يَا رَبِّ فَكَيْفَ لِي بِهِ قَالَ تَأْخُذُ مَعَكَ حُوتًا فَتَجْعَلُهُ فِي مِكْتَلٍ فَحَيْثُمَا فَقَدْتَ الْحُوتَ فَهُوَ ثَمَّ فَأَخَذَ حُوتًا فَجَعَلَهُ فِي مِكْتَلٍ ثُمَّ انْطَلَقَ وَانْطَلَقَ مَعَهُ بِفَتَاهُ يُوشَعَ بْنِ نُونٍ حَتَّى إِذَا أَتَيَا الصَّخْرَةَ وَضَعَا رُؤُسَهُمَا فَنَامَا وَاضْطَرَبَ الْحُوتُ فِي الْمِكْتَلِ فَخَرَجَ مِنْهُ فَسَقَطَ فِي الْبَحْرِ فَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا وَأَمْسَكَ اللهُ عَنِ الْحُوتِ جِرْيَةَ الْمَاءِ فَصَارَ عَلَيْهِ مِثْلَ الطَّاقِ فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ نَسِيَ صَاحِبُهُ أَنْ يُخْبِرَهُ بِالْحُوتِ فَانْطَلَقَا بَقِيَّةَ يَوْمِهِمَا وَلَيْلَتَهُمَا حَتَّى إِذَا كَانَ مِنَ الْغَدِ قَالَ مُوسَى لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَاءَنَا لَقَدْ لَقِينَا مِنْ سَفَرِنَا هَذَا نَصَبًا قَالَ وَلَمْ يَجِدْ مُوسَى

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحمیدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عمرو بن دینار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے سعید بن جبیر نے خبر دی، انہوں نے کہا: میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا کہ نوف بکالی کا یہ زعم ہے کہ جو موسیٰ حضرت خضر کے صاحب تھے وہ بنی اسرائیل کے موسیٰ نہیں تھے۔ حضرت ابن عباس نے کہا: اس اللہ کے دشمن نے جھوٹ بولا، مجھے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بیان کی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت موسیٰ بنی اسرائیل میں خطبہ دے رہے تھے تو ان سے سوال کیا گیا کہ سب سے بڑا عالم کون ہے؟ انہوں نے کہا: میں ہوں تو اللہ تعالیٰ نے ان پر عتاب فرمایا کیونکہ انہوں نے اللہ کی طرف علم کو نہیں لوٹایا تو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی کی کہ مجمع البحرین میں میرا ایک بندہ ہے جو تم سے بڑا عالم ہے تو حضرت موسیٰ نے پوچھا: اے میرے رب! میری اس تک کیسے رسائی ہوگی؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم اپنے ساتھ ایک مچھلی لو اور اس کو ٹوکری میں رکھو، پس جہاں تم اس مچھلی کو گم پاؤ گے وہ بندہ اسی جگہ ہوگا، حضرت موسیٰ نے ایک مچھلی لے کر اس کو ٹوکری میں رکھا، پھر وہ روانہ ہوئے اور ان کے ساتھ ان کے شاگرد حضرت یوشع بن نون بھی تھے، حتیٰ کہ جب وہ دونوں ایک چٹان پر آئے اور اس پر سر رکھ کر وہ دونوں سو گئے تو وہ مچھلی

Marfat.com

النَّصَبَ حَتّٰى جَاوَزَا الْمَكَانَ الَّذِي أَمَرَ اللهُ بِهِ فَقَالَ لَهُ فَتَاهُ أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّي نَسِيتُ الْحُوتَ وَمَا أَنْسَانِيهِ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ وَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ عَجَبًا قَالَ فَكَانَ لِلْحُوتِ سَرَبًا وَلِمُوسَى وَلِفَتَاهُ عَجَبًا فَقَالَ مُوسَى ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِي فَارْتَدَّا عَلَى آثَارِهِمَا قَصَصًا قَالَ رَجَعَا يَقُصَّانِ آثَارَهُمَا حَتّٰى انْتَهَيَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِذَا رَجُلٌ مُسَجًّى ثَوْبًا فَسَلَّمَ عَلَيْهِ مُوسَى فَقَالَ الْخَضِرُ وَأَنَّى بِأَرْضِكَ السَّلَامُ قَالَ أَنَا مُوسَى قَالَ مُوسَى بَنِي إِسْرَائِيلَ قَالَ نَعَمْ أَتَيْتُكَ لِتُعَلِّمَنِي مِمَّا عُلِّمْتَ رَشَدًا قَالَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا يَا مُوسَى إِنِّي عَلَى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللهِ عَلَّمَنِيهِ لَا تَعْلَمُهُ أَنْتَ وَأَنْتَ عَلَى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللهِ عَلَّمَكَهُ اللهُ لَا أَعْلَمُهُ فَقَالَ مُوسَى سَتَجِدُنِي إِنْ شَاءَ اللهُ صَابِرًا وَلَا أَعْصِي لَكَ أَمْرًا فَقَالَ لَهُ الْخَضِرُ فَإِنِ اتَّبَعْتَنِي فَلَا تَسْأَلْنِي عَنْ شَيْءٍ حَتّٰى أُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا فَانْطَلَقَا يَمْشِيَانِ عَلَى سَاحِلِ الْبَحْرِ فَمَرَّتْ سَفِينَةٌ فَكَلَّمُوهُمْ أَنْ يَحْمِلُوهُمْ فَعَرَفُوا الْخَضِرَ فَحَمَلُوهُمْ بِغَيْرِ نَوْلٍ فَلَمَّا رَكِبَا فِي السَّفِينَةِ لَمْ يَفْجَأْ إِلَّا وَالْخَضِرُ قَدْ قَلَعَ لَوْحًا مِنْ أَلْوَاحِ السَّفِينَةِ بِالْقَدُومِ فَقَالَ لَهُ مُوسَى قَوْمٌ قَدْ حَمَلُونَا بِغَيْرِ نَوْلٍ عَمَدْتَ إِلَى سَفِينَتِهِمْ فَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا إِمْرًا قَالَ أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِي بِمَا نَسِيتُ وَلَا تُرْهِقْنِي مِنْ أَمْرِي عُسْرًا قَالَ وَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَكَانَتِ الْأُولَى مِنْ مُوسَى نِسْيَانًا قَالَ وَجَاءَ عُصْفُورٌ فَوَقَعَ عَلَى حَرْفِ السَّفِينَةِ فَنَقَرَ فِي الْبَحْرِ نَقْرَةً فَقَالَ لَهُ الْخَضِرُ مَا عِلْمِي وَعِلْمُكَ مِنْ عِلْمِ اللهِ إِلَّا مِثْلُ مَا نَقَصَ هٰذَا الْعُصْفُورُ مِنْ هٰذَا الْبَحْرِ ثُمَّ خَرَجَا مِنَ السَّفِينَةِ فَبَيْنَا هُمَا يَمْشِيَانِ عَلَى السَّاحِلِ إِذْ أَبْصَرَ الْخَضِرُ

ٹوکری میں تڑپی اور وہ مچھلی سمندر میں جا گری اور اس نے سمندر میں سرنگ کی طرح اپنا راستہ بنالیا اور اللہ تعالیٰ نے مچھلی کے ساتھ پانی کے بہنے کو روک لیا اور وہ پانی اس پر طاق کی طرح ہو گیا، پھر جب حضرت موسیٰ بیدار ہوئے تو ان کا شاگرد ان کو مچھلی کی خبر دینا بھول گیا، پھر وہ دونوں بقیہ دن اور رات سفر کرتے رہے، پھر جب صبح ہوئی تو حضرت موسیٰ نے اپنے شاگرد سے کہا: ہمارا ناشتہ لاؤ ہم اس سفر سے تھک گئے ہیں، آپ نے بتایا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تھکاوٹ اس وقت ہوئی تھی جب وہ اس جگہ سے آگے چلے گئے تھے جہاں کا اللہ تعالیٰ نے انہیں حکم دیا تھا تو ان کے شاگرد نے کہا: بھلا دیکھیے جب ہم اس چٹان پر ٹھہرے تھے تو میں آپ سے مچھلی کا ذکر کرنا بھول گیا تھا اور مجھے اس کا ذکر کرنا صرف شیطان نے بھلایا تھا، اس مچھلی نے سمندر میں بہت عجیب راستہ بنالیا تھا اور مچھلی کے لیے سرنگ بن گئی تھی اور یہ حضرت موسیٰ اور ان کے شاگرد کے لیے بہت حیرت انگیز بات تھی، پس حضرت موسیٰ نے کہا: اسی واقعہ کو تو ہم ڈھونڈ رہے تھے، پھر وہ دونوں اپنے قدموں کے نشان پر واپس گئے اور اپنے قدموں کے نشان پر چلتے رہے حتیٰ کہ اس چٹان پر پہنچ گئے، پس انہوں نے دیکھا کہ وہاں ایک مرد چادر اوڑھے ہوئے بیٹھا ہے، حضرت موسیٰ نے انہیں سلام کیا، تو حضرت خضر نے کہا: اس جگہ سلام کہاں سے آیا؟ حضرت موسیٰ نے کہا: میں موسیٰ ہوں، حضرت خضر نے پوچھا: بنی اسرائیل کے موسیٰ ہو؟ حضرت موسیٰ نے کہا: جی ہاں! میں آپ کے پاس اس لیے آیا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے جو آپ کو ہدایت کا علم دیا ہے آپ اس میں سے کچھ علم مجھے بھی عطا فرما دیں۔ حضرت خضر نے کہا: آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکتے اے موسیٰ! مجھے اللہ تعالیٰ نے اپنے علم سے وہ علم دیا ہے جسے آپ نہیں جانتے اور آپ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے علم سے جو علم دیا ہے اس کو میں نہیں جانتا۔ حضرت موسیٰ نے کہا: ان شاء اللہ آپ عنقریب مجھے صبر کرنے والا پائیں گے اور میں کسی بات میں آپ کی حکم عدولی نہیں کروں گا۔ حضرت خضر نے کہا: اگر آپ میری پیروی کرتے ہیں تو آپ کسی چیز کے متعلق مجھ

Marfat.com

غُلَامًا يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ فَأَخَذَ الْخَضِرُ رَأْسَهُ بِيَدِهِ فَاقْتَلَعَهُ بِيَدِهِ فَقَتَلَهُ فَقَالَ لَهُ مُوسَى أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَاكِيَةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَكَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا قَالَ وَهَذِهِ أَشَدُّ مِنَ الْأُولَى قَالَ إِنْ سَأَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِي قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَدُنِّي عُذْرًا فَانْطَلَقَا حَتَّى إِذَا أَتَيَا أَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا أَهْلَهَا فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُوهُمَا فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارًا يُرِيدُ أَنْ يَنْقَضَّ قَالَ مَائِلٌ فَقَامَ الْخَضِرُ فَأَقَامَهُ بِيَدِهِ فَقَالَ مُوسَى قَوْمٌ أَتَيْنَاهُمْ فَلَمْ يُطْعِمُونَا وَلَمْ يُضَيِّفُونَا لَوْ شِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا قَالَ هَذَا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ إِلَى قَوْلِهِ ذَلِكَ تَأْوِيلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا ﴿بِتَأْوِيلِ مَالَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا۝﴾ (الکہف:۷۸) فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَدِدْنَا أَنَّ مُوسَى كَانَ صَبَرَ حَتَّى يَقُصَّ اللهُ عَلَيْنَا مِنْ خَبَرِهِمَا قَالَ سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ فَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقْرَأُ وَكَانَ أَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا وَكَانَ يَقْرَأُ وَأَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ كَافِرًا وَكَانَ أَبَوَاهُ مُؤْمِنَيْنِ۔

سے اس وقت تک سوال نہ کریں جب تک کہ میں خود آپ سے اس کا ذکر نہ کروں، پس وہ دونوں روانہ ہوئے اور سمندر کے کنارے چلتے رہے، پھر ان کے پاس سے کشتی گزری، انہوں نے اس سے بات کی کہ وہ ان کو سوار کرلیں انہوں نے حضرت خضر کو پہچان لیا اور بغیر معاوضہ کے ان کو سوار کرلیا، پس جب وہ کشتی میں سوار ہو گئے تو وہ صرف اس بات سے حیران ہوئے کہ حضرت خضر نے کشتی کے تختوں میں سے ایک تختے کو کلہاڑے سے چیر ڈالا، تو حضرت موسیٰ نے کہا: ان لوگوں نے ہم کو بغیر اجرت کے سوار کیا اور آپ نے ان کی کشتی کا ایک تختہ چیر ڈالا تاکہ انجام کار اس میں بیٹھنے والے ڈوب جائیں، یہ تو آپ نے بہت برا کام کیا۔ حضرت خضر نے کہا کہ میں نے آپ سے یہ نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کرسکیں گے؟ حضرت موسیٰ نے کہا: آپ میری بھول پر مواخذہ نہ کریں اور میرے کام کو دشوار نہ بنائیں، حضرت ابن عباس نے کہا: اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ پہلی بار حضرت موسیٰ سے بھول ہوئی تھی اور آپ نے فرمایا: ایک چڑیا آئی اور کشتی کے کنارے پر بیٹھ گئی، پھر اس نے سمندر میں ایک چونچ ماری تو حضرت خضر نے کہا: میرا اور آپ کا علم اللہ کے علم کے مقابلے میں بس اتنا ہے جتنا اس چڑیا نے سمندر سے پانی کم کیا ہے، پھر وہ دونوں کشتی سے اتر کر روانہ ہوئے، پس جس وقت وہ دونوں سمندر کے کنارے جا رہے تھے تو اچانک حضرت خضر نے ایک لڑکے کو دیکھا جو لڑکوں کے ساتھ کھیل رہا تھا، حضرت خضر نے اس کا سر پکڑ کر اس پر اپنا ہاتھ مارا، سو اس کو مار ڈالا تو حضرت موسیٰ نے ان سے کہا: آپ نے ایک بے قصور شخص کو بغیر کسی جان کے بدلے مار ڈالا، یہ تو آپ نے بہت برا کام کیا، حضرت خضر نے کہا: کیا میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکیں گے، نبی ﷺ نے فرمایا: یہ (ملامت) پہلے سے زیادہ شدید تھی، حضرت موسیٰ نے کہا: اگر اس کے بعد میں آپ سے کسی چیز کے متعلق سوال کروں تو آپ مجھے اپنے ساتھ نہ رکھیں بے شک آپ میری طرف سے عذر کو پہنچ چکے ہیں، پھر وہ دونوں روانہ

ہوئے حتیٰ کہ وہ ایک بستی والوں کے پاس آئے اور ان بستی والوں سے طعام طلب کیا، انہوں نے ان کی ضیافت سے انکار کر دیا، پھر ان دونوں نے دیکھا اس بستی کی ایک دیوار ٹوٹنے والی ہے، آپ نے بتایا کہ وہ جھک رہی تھی، حضرت خضر نے کھڑے ہو کر اپنے ہاتھ سے اس دیوار کو سیدھا کر دیا، پس حضرت موسیٰ نے کہا: ہم ان لوگوں کے پاس آئے تو انہوں نے ہمیں کھانا نہیں کھلایا، ہماری مہمانی نہیں کی تو اگر آپ چاہیں تو اپنے اس کام پر اجرت لے لیں، حضرت خضر نے کہا: یہ میرے اور آپ کے درمیان جدائی کی گھڑی ہے، یہ آیت یہاں تک ہے ''یہ ان باتوں کی توجیہات ہیں جن پر آپ صبر نہیں کر سکے تھے'' O (الکہف: ۷۸) پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم چاہتے تھے کہ حضرت موسیٰ صبر کرتے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ ان دونوں کے واقعات سے کچھ اور خبریں بیان فرماتا۔ سعید بن جبیر نے کہا: حضرت ابن عباس یوں پڑھتے تھے کہ ان کے سامنے ایک بادشاہ تھا جو ہر صحیح سالم کشتی کو چھین لیتا تھا اور وہ یہ پڑھتے تھے کہ رہا وہ لڑکا تو وہ کافر تھا اور اس کے ماں باپ مومن تھے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۷ میں گزر چکی ہے، تاہم چند امور کی وضاحت کی جا رہی ہے:

بعض مشکل عبارات کی شرح

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث کو امام بخاری نے دس سے زیادہ ابواب میں بیان کیا ہے اور ہم نے اس کی شرح اس باب میں کی ہے جس کا عنوان ہے: عالم کے لیے مستحب یہ ہے کہ جب اس سے سوال کیا جائے کہ سب سے بڑا عالم کون ہے تو وہ کہے: اللہ۔

نوف البکالی: حضرت ابن عباس نے ان کے متعلق کہا: اس اللہ کے دشمن نے جھوٹ بولا، یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے غضب سے کہا تھا ورنہ نوف البکالی نیک مومن تھے اور انہوں نے اسلام میں بہت اچھے عمل کیے تھے۔

حتیٰ کہ جب وہ دونوں چٹان پر پہنچے: یہ چٹان مجمع البحرین کے پاس تھی، وہ دونوں اس چٹان پر رات کے وقت پہنچے تھے اور سو گئے تھے۔

وہ مچھلی ٹوکری میں تڑپی اور ٹوکری سے نکل کر سمندر میں جا گری: کہا جاتا ہے کہ اس چٹان کی جڑ میں ایک چشمہ تھا جس کو آب حیات کہا جاتا تھا، جو بھی اس کا پانی پی لیتا تو وہ ہمیشہ زندہ رہتا۔ اس مچھلی نے بھی اس چشمہ کا پانی پا لیا تھا اس لیے وہ ٹوکری میں تڑپی اور ٹوکری سے نکل کر سمندر میں داخل ہو گئی، یہ امام ابن مردویہ کی روایت ہے اور دوسری روایت ہے کہ اس چشمہ کے پانی کے چند قطرے اس مچھلی پر گرے تھے، پس وہ زندہ ہو گئی اور ٹوکری سے نکل کر سمندر میں گر گئی۔

سَرَبًا: یعنی چلنے کی جگہ، حضرت ابی بن کعب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ وہ پانی مچھلی کے راستہ سے ایک

طرف ہو گیا اور وہ روشن دان کی طرح ہو گیا، پس حضرت موسیٰ علیہ السلام اس مچھلی کے پیچھے اس روشن دان میں داخل ہو گئے، پس وہاں ان کی حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوئی، یہ ثعلبی کی روایت ہے۔ کلبی کی روایت ہے کہ حضرت یوشع نے آب حیات کے چشمہ سے وضو کیا اور اس مچھلی پر جو ٹوکری میں تھی اس پر پانی کے چھینٹے ڈالے تو وہ زندہ ہو گئی، پھر وہ پانی میں کود گئی، پھر حضرت یوشع مچھلی کی دم کو مارتے اور جہاں بھی اس کو ضرب لگتی اس جگہ سے پانی خشک ہو جاتا۔

نَصَبًا: اس کا معنی ہے: شدید تھکاوٹ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس چٹان سے تجاوز کرنے کے بعد بھوک لگ گئی تھی تا کہ وہ مچھلی کو یاد کریں اور اپنے مطلب کی جگہ پہنچ جائیں۔

خضر: ان کا نام بلیاء تھا، ان کو خضر کا لقب اس لیے دیا گیا کہ وہ جس زمین پر بیٹھتے تو وہ سرسبز ہو جاتی تھی۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۶۰۔۵۹، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۳۔ بَابٌ: فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا۔ (الکہف:۶۱)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پس جب وہ دونوں سمندر کے سنگم پر پہنچ گئے تو وہ دونوں اپنی مچھلی بھول گئے، سو مچھلی نے سمندر میں سرنگ بناتے ہوئے اپنا راستہ بنالیا۔ (الکہف:۶۱) کی تفسیر

سَرَبٌ کا معنی ہے: جانے یا چلنے کی جگہ اور اسی سے ماخوذ ہے دن میں راستے پر جانے والا۔

وہ دونوں اپنی مچھلی کو بھول گئے: الثعلبی نے کہا ہے کہ مچھلی حضرت یوشع کے پاس تھی اور وہی اس کو بھول گئے تھے، پھر دونوں کی طرف نسیان کی نسبت کر دی اور مراد یہ ہے کہ ان دونوں میں سے ایک بھولا تھا۔

۴۷۲۶۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ قَالَ أَخْبَرَنِي يَعْلَى بْنُ مُسْلِمٍ وَعَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ يَزِيدُ أَحَدُهُمَا عَلَى صَاحِبِهِ وَغَيْرُهُمَا قَدْ سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُهُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ إِنَّا لَعِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي بَيْتِهِ إِذْ قَالَ سَلُونِي قُلْتُ أَيْ أَبَا عَبَّاسٍ جَعَلَنِي اللهُ فِدَاكَ بِالْكُوفَةِ رَجُلٌ قَاصٌّ يُقَالُ لَهُ نَوْفٌ يَزْعُمُ أَنَّهُ لَيْسَ بِمُوسَى بَنِي إِسْرَائِيلَ أَمَّا عَمْرٌو فَقَالَ لِي قَالَ قَدْ كَذَبَ عَدُوُّ اللهِ وَأَمَّا يَعْلَى فَقَالَ لِي قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ حَدَّثَنِي أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مُوسَى رَسُولُ اللهِ عَلَيْهِ السَّلَام قَالَ ذَكَّرَ النَّاسَ يَوْمًا حَتَّى إِذَا فَاضَتْ الْعُيُونُ وَرَقَّتْ الْقُلُوبُ وَلَّى

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشام بن یوسف نے خبر دی کہ ابن جریج نے ان کو خبر دی، انہوں نے بتایا کہ یعلیٰ بن مسلم اور عمرو بن دینار نے مجھے خبر دی از سعید بن جبیر ان میں سے ایک اپنے صاحب کی روایت پر اضافہ کرتا تھا اور ان دونوں کے غیر نے کہا: میں نے ان سے سنا وہ اس حدیث کو سعید بن جبیر سے روایت کرتے تھے، انہوں نے کہا: میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے ساتھ ان کے گھر میں بیٹھا ہوا تھا جب انہوں نے کہا: مجھ سے سوال کرو تو میں نے کہا: اے ابو العباس! اللہ مجھے آپ پر فدا کر دے کوفہ میں ایک قصہ بیان کرنے والا ہے جس کا نام نوف ہے۔ جس کا یہ زعم ہے کہ وہ بنی اسرائیل کے موسیٰ نہیں تھے (جن کی حضرت خضر سے ملاقات ہوئی تھی) لیکن عمرو بن دینار نے مجھ

Marfat.com

فَأَدْرَكَهُ رَجُلٌ فَقَالَ أَيْ رَسُولَ اللهِ هَلْ فِي الْأَرْضِ أَحَدٌ أَعْلَمُ مِنْكَ قَالَ لَا فَعَتَبَ عَلَيْهِ إِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ إِلَى اللهِ قِيلَ بَلَى قَالَ أَيْ رَبِّ فَأَيْنَ قَالَ بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ قَالَ أَيْ رَبِّ اجْعَلْ لِي عَلَمًا أَعْلَمُ ذَلِكَ بِهِ فَقَالَ لِي عَمْرٌو قَالَ حَيْثُ يُفَارِقُكَ الْحُوتُ وَقَالَ لِي يَعْلَى قَالَ خُذْ نُونًا مَيِّتًا حَيْثُ يُنْفَخُ فِيهِ الرُّوحُ فَأَخَذَ حُوتًا فَجَعَلَهُ فِي مِكْتَلٍ فَقَالَ لِفَتَاهُ لَا أُكَلِّفُكَ إِلَّا أَنْ تُخْبِرَنِي بِحَيْثُ يُفَارِقُكَ الْحُوتُ قَالَ مَا كَلَّفْتَ كَثِيرًا فَذَلِكَ قَوْلُهُ جَلَّ ذِكْرُهُ وَإِذْ قَالَ مُوسَى لِفَتَاهُ يُوشَعَ بْنِ نُونٍ لَيْسَتْ عَنْ سَعِيدٍ قَالَ فَبَيْنَمَا هُوَ فِي ظِلِّ صَخْرَةٍ فِي مَكَانٍ ثَرْيَانَ إِذْ تَضَرَّبَ الْحُوتُ وَمُوسَى نَائِمٌ فَقَالَ فَتَاهُ لَا أُوقِظُهُ حَتَّى إِذَا اسْتَيْقَظَ نَسِيَ أَنْ يُخْبِرَهُ وَتَضَرَّبَ الْحُوتُ حَتَّى دَخَلَ الْبَحْرَ فَأَمْسَكَ اللهُ عَنْهُ جِرْيَةَ الْبَحْرِ حَتَّى كَأَنَّ أَثَرَهُ فِي حَجَرٍ قَالَ لِي عَمْرٌو هَكَذَا كَأَنَّ أَثَرَهُ فِي حَجَرٍ وَحَلَّقَ بَيْنَ إِبْهَامَيْهِ وَالَّتَيْنِ تَلِيَانِهِمَا لَقَدْ لَقِينَا مِنْ سَفَرِنَا هَذَا نَصَبًا قَالَ قَدْ قَطَعَ اللهُ عَنْكَ النَّصَبَ لَيْسَتْ هَذِهِ عَنْ سَعِيدٍ أَخْبَرَهُ فَرَجَعَا فَوَجَدَا خَضِرًا قَالَ لِي عُثْمَانُ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ عَلَى طِنْفِسَةٍ خَضْرَاءَ عَلَى كَبِدِ الْبَحْرِ قَالَ سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ مُسَجًّى بِثَوْبِهِ قَدْ جَعَلَ طَرَفَهُ تَحْتَ رِجْلَيْهِ وَطَرَفَهُ تَحْتَ رَأْسِهِ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ مُوسَى فَكَشَفَ عَنْ وَجْهِهِ وَقَالَ هَلْ بِأَرْضِي مِنْ سَلَامٍ مَنْ أَنْتَ قَالَ أَنَا مُوسَى قَالَ مُوسَى بَنِي إِسْرَائِيلَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَمَا شَأْنُكَ قَالَ جِئْتُ لِتُعَلِّمَنِي مِمَّا عُلِّمْتَ رَشَدًا قَالَ أَمَا يَكْفِيكَ أَنَّ التَّوْرَاةَ بِيَدَيْكَ وَأَنَّ الْوَحْيَ يَأْتِيكَ يَا مُوسَى إِنَّ لِي عِلْمًا لَا يَنْبَغِي لَكَ أَنْ تَعْلَمَهُ وَإِنَّ لَكَ عِلْمًا لَا يَنْبَغِي لِي أَنْ أَعْلَمَهُ فَأَخَذَ طَائِرٌ بِمِنْقَارِهِ مِنَ الْبَحْرِ وَقَالَ وَاللهِ مَا عِلْمِي وَمَا عِلْمُكَ فِي جَنْبِ عِلْمِ اللهِ إِلَّا كَمَا أَخَذَ هَذَا الطَّائِرُ بِمِنْقَارِهِ مِنَ

سے کہا کہ حضرت ابن عباس نے فرمایا: اس اللہ کے دشمن نے جھوٹ بولا ہے اور یعلیٰ نے کہا کہ مجھ سے حضرت ابن عباس نے کہا کہ مجھے حضرت ابی بن کعب نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک دن اللہ کے رسول حضرت موسیٰ علیہ السلام نے لوگوں کو وعظ کیا حتیٰ کہ جب وعظ کے اثر سے لوگوں کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے اور ان کے دل نرم ہونے لگے تو وہ پیٹھ پھیر کر جانے لگے تو ایک شخص ان سے ملا اور کہا: اے رسول اللہ! کیا زمین میں آپ سے بڑا بھی کوئی عالم ہے؟ حضرت موسیٰ نے کہا: نہیں تو اللہ تعالیٰ نے ان پر عتاب فرمایا کیونکہ انہوں نے علم کو اللہ کی طرف نہیں لوٹایا تھا، سو ان سے کہا گیا: کیوں نہیں، حضرت موسیٰ نے پوچھا: اے میرے رب! وہ کہاں ہیں؟ فرمایا کہ مجمع البحرین میں ہیں، حضرت موسیٰ نے کہا: اے میرے رب! میرے لیے کوئی نشانی مقرر کر دے جس کے ذریعہ میں ان کو پہچان لو، پس مجھ سے عمرو بن دینار نے کہا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جس جگہ مچھلی تم سے جدا ہوگی اور یعلیٰ نے مجھ سے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تم ایک مردہ مچھلی لو، جس جگہ اس مچھلی میں روح ڈالی جائے گی تو حضرت موسیٰ نے ایک مچھلی لی اور اس کو ٹوکری میں رکھ دیا اور اپنے شاگرد سے کہا: میں تمہیں صرف اس بات کا پابند کرتا ہوں کہ تم مجھے بتانا کہ وہ مچھلی تم سے کہاں جدا ہوتی ہے۔ ان کے شاگرد نے کہا: آپ نے مجھے کسی زیادہ کام کا مکلف نہیں کیا اور یہ اللہ عزوجل کا وہ قول ہے: جب موسیٰ نے اپنے شاگرد یوشع بن نون سے کہا، یہ سعید کی روایت میں نہیں ہے، انہوں نے کہا کہ جس وقت حضرت موسیٰ چٹان کے سائے میں گئے جہاں نمی اور ٹھنڈ تھی اس وقت مچھلی تڑپی (اور سمندر میں کود گئی) اور حضرت موسیٰ سوئے ہوئے تھے تو ان کے شاگرد نے کہا: میں ان کو بیدار نہیں کروں گا حتیٰ کہ جب وہ بیدار ہوئے تو حضرت یوشع ان کو بتانا بھول گئے کہ مچھلی تڑپی اور سمندر میں داخل ہوگئی، پس اللہ تعالیٰ نے مچھلی سے سمندر کی روانی کو روک لیا حتیٰ کہ جس پتھر سے مچھلی گزری تھی اس پر اس کا نشان بن گیا، مجھ سے عمرو بن دینار نے کہا: ''اس طرح''

Marfat.com

الْبَحْرِ حَتَّى إِذَا رَكِبَا فِي السَّفِينَةِ وَجَدَا مَعَابِرَ صِغَارًا تَحْمِلُ أَهْلَ هَذَا السَّاحِلِ إِلَى أَهْلِ هَذَا السَّاحِلِ الْآخَرِ عَرَفُوهُ فَقَالُوا عَبْدُ اللهِ الصَّالِحُ قَالَ قُلْنَا لِسَعِيدٍ خَضِرٌ قَالَ نَعَمْ لَا نَحْمِلُهُ بِأَجْرٍ فَخَرَقَهَا وَوَتَدَ فِيهَا وَتِدًا قَالَ مُوسَى أَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا إِمْرًا قَالَ مُجَاهِدٌ مُنْكَرًا قَالَ أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا كَانَتِ الْأُولَى نِسْيَانًا وَالْوُسْطَى شَرْطًا وَالثَّالِثَةُ عَمْدًا قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِي بِمَا نَسِيتُ وَلَا تُرْهِقْنِي مِنْ أَمْرِي عُسْرًا لَقِيَا غُلَامًا فَقَتَلَهُ قَالَ يَعْلَى قَالَ سَعِيدٌ وَجَدَ غِلْمَانًا يَلْعَبُونَ فَأَخَذَ غُلَامًا كَافِرًا ظَرِيفًا فَأَضْجَعَهُ ثُمَّ ذَبَحَهُ بِالسِّكِّينِ قَالَ أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَمْ تَعْمَلْ بِالْحِنْثِ وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَرَأَهَا زَكِيَّةً زَاكِيَةً مُسْلِمَةً كَقَوْلِكَ غُلَامًا زَكِيًّا فَانْطَلَقَا فَوَجَدَا جِدَارًا يُرِيدُ أَنْ يَنْقَضَّ فَأَقَامَهُ قَالَ سَعِيدٌ بِيَدِهِ هَكَذَا وَرَفَعَ يَدَهُ فَاسْتَقَامَ قَالَ يَعْلَى حَسِبْتُ أَنَّ سَعِيدًا قَالَ فَمَسَحَهُ بِيَدِهِ فَاسْتَقَامَ لَوْ شِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا قَالَ سَعِيدٌ أَجْرًا نَأْكُلُهُ وَكَانَ وَرَائَهُمْ وَكَانَ أَمَامَهُمْ قَرَأَهَا ابْنُ عَبَّاسٍ أَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَزْعُمُونَ عَنْ غَيْرِ سَعِيدٍ أَنَّهُ هُدَدُ بْنُ بُدَدَ وَالْغُلَامُ الْمَقْتُولُ اسْمُهُ يَزْعُمُونَ جَيْسُورٌ مَلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ غَصْبًا فَأَرَدْتُ إِذَا هِيَ مَرَّتْ بِهِ أَنْ يَدَعَهَا لِعَيْبِهَا فَإِذَا جَاوَزُوا أَصْلَحُوهَا فَانْتَفَعُوا بِهَا وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ سَدُّوهَا بِقَارُورَةٍ وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ بِالْقَارِ كَانَ أَبَوَاهُ مُؤْمِنَيْنِ وَكَانَ كَافِرًا فَخَشِينَا أَنْ يُرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَكُفْرًا أَنْ يَحْمِلَهُمَا حُبُّهُ عَلَى أَنْ يُتَابِعَاهُ عَلَى دِينِهِ فَأَرَدْنَا أَنْ يُبَدِّلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِنْهُ زَكَاةً لِقَوْلِهِ أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً وَأَقْرَبَ رُحْمًا هُمَا بِهِ أَرْحَمُ مِنْهُمَا بِالْأَوَّلِ الَّذِي قَتَلَ خَضِرٌ وَزَعَمَ غَيْرُ سَعِيدٍ

اور انہوں نے اپنے انگوٹھے اور اس کے ساتھ کی دو انگلیوں کے درمیان حلقہ بنایا گویا کہ پتھر پر اس طرح کا نشان تھا (حضرت موسیٰ نے کہا:) ہم کو اس سفر سے بہت تھکاوٹ ہو گئی ہے، (حضرت یوشع نے) کہا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ سے اس تھکاوٹ کو منقطع کر دیا ہے، یہ جملہ سعید کی روایت میں نہیں ہے جو انہوں نے بتائی، پس وہ دونوں واپس گئے اور انہوں نے حضرت خضر کو پا لیا۔ ابن جریج نے کہا: مجھ سے عثمان بن ابی سلیمان نے کہا کہ حضرت خضر سمندر کے وسط میں سبز چادر کے اوپر بیٹھے ہوئے تھے، سعید بن جبیر نے کہا: وہ ایک کپڑے میں لپٹے ہوئے تھے، اس کپڑے کی ایک طرف اپنے دونوں پیروں کے نیچے رکھی تھی اور دوسری طرف اپنے سر کے نیچے رکھی تھی، پس حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کو سلام کیا، انہوں نے اپنے چہرے سے کپڑا کھولا اور کہا: کیا میری زمین میں سلامتی ہے؟ تم کون ہو؟ حضرت موسیٰ نے کہا: میں موسیٰ ہوں، انہوں نے پوچھا: بنی اسرائیل کے موسیٰ؟ انہوں نے کہا: ہاں! انہوں نے پوچھا: آپ کو کیا کام ہے؟ انہوں نے کہا: میں اس لیے آیا ہوں کہ اللہ نے آپ کو جو کچھ ہدایت کا علم دیا ہے اس میں سے کچھ علم کی آپ مجھے بھی تعلیم دیں۔ حضرت خضر نے کہا کہ آپ کو یہ کافی نہیں ہے کہ تورات آپ کے دونوں ہاتھوں میں ہے اور وحی آپ کے پاس آتی ہے اے موسیٰ! بے شک ایک علم ایسا ہے کہ آپ کے لیے اس کا جاننا مناسب نہیں ہے اور بے شک آپ کے پاس ایسا علم ہے جس کو جاننا میرے لیے مناسب نہیں ہے، پس ایک پرندے نے اپنی چونچ میں سمندر کا پانی پی لیا اور کہا: اللہ کی قسم! میرا علم اور آپ کا علم اللہ کے علم کے مقابلے میں اتنا ہے جتنا اس پرندے نے اپنی چونچ میں سمندر کا پانی لیا حتیٰ کہ وہ دونوں کشتی میں سوار ہو گئے، کشتی میں سوار ہوتے وقت انہوں نے چھوٹی چھوٹی کشتیاں دیکھیں جو ساحل سمندر کے ایک طرف رہنے والوں کو دوسرے ساحل پر رہنے والوں تک پہنچاتی تھی انہوں نے حضرت خضر کو پہچان لیا۔ کہنے لگے اللہ کے نیک بندے ہیں ابن جریج نے کہا: ہم نے سعید سے پوچھا: کیا حضرت خضر کو؟

Marfat.com

أَنَّهُمَا أُبِدِلَا جَارِيَةً وَأَمَّا دَاوُدُ بْنُ أَبِي عَاصِمٍ فَقَالَ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ إِنَّهَا جَارِيَةٌ۔

انہوں نے کہا: ہاں! کشتی والوں نے کہا: ہم انہیں اجرت لے کر سوار نہیں کریں گے، حضرت خضر نے کشتی کا ایک تختہ اکھاڑ دیا اور تختے کی جگہ اس میں کیلیں ٹھوک دیں، حضرت موسیٰ نے کہا: کیا آپ نے کشتی کا تختہ اس لیے اکھاڑا ہے کہ اس میں بیٹھنے والے غرق ہو جائیں؟ آپ نے ایک ناگوار کام کیا ہے۔ مجاہد نے اس کا ترجمہ مُنْكَرًا یعنی برا کیا ہے۔ حضرت خضر نے کہا: کیا میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکیں گے۔ پہلی مرتبہ حضرت موسیٰ کا سوال بھول سے تھا، دوسری مرتبہ بہ طور شرط تھا اور تیسری مرتبہ عمداً تھا، حضرت موسیٰ نے کہا: آپ میری بھول پر میرا مواخذہ نہ کریں اور میرے کام کو مشکل میں نہ ڈالیں، وہ دونوں ایک لڑکے سے ملے تو حضرت خضر نے اس کو قتل کر دیا، یعلیٰ نے کہا: سعید نے بیان کیا: حضرت خضر نے دیکھا کہ لڑکے کھیل رہے ہیں، انہوں نے ایک کافر اور چالاک لڑکے کو پکڑا اور اس کو زمین پر پچھاڑا اور اس کو زمین پر چھری سے ذبح کر دیا، حضرت موسیٰ نے کہا: کیا آپ نے ایک بے قصور لڑکے کو بغیر کسی جان کے بدلے کے قتل کر دیا جس نے ابھی تک کوئی گناہ نہیں کیا تھا۔ حضرت ابن عباس نے اس کو پڑھا ہے: زَكِيَّةً، زَاكِيَةً مُسْلِمَةً جیسے تم کہو: بے قصور لڑکا، پس وہ دونوں گئے تو انہوں نے دیکھا کہ ایک دیوار گرنے والی ہے تو حضرت خضر نے اس کو درست کر دیا، سعید نے کہا: انہوں نے اپنے ہاتھ سے اس طرح درست کیا، انہوں نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سیدھا کیا۔ یعلیٰ نے کہا: میرا گمان ہے کہ سعید نے کہا کہ حضرت خضر نے اس دیوار پر اپنا ہاتھ پھیرا تو وہ سیدھی ہو گئی، (حضرت موسیٰ نے کہا:) آپ چاہیں تو اس کی اجرت لے لیں، سعید نے کہا: ایسی اجرت لیں کہ جس کو ہم کھا سکیں وَكَانَ وَرَائَهُمْ اس کا معنی ہے: اس کے آگے ایک امام تھا، حضرت ابن عباس نے اس کو إِمَامٌ پڑھا ہے یعنی بادشاہ تھا اور سعید کے علاوہ دوسروں نے یہ کہا ہے کہ اس کا نام ہدد بن بدد تھا اور جو لڑکا قتل کیا گیا تھا اس کے بارے میں وہ بتاتے ہیں کہ اس کا نام جیسور تھا، بادشاہ ہر کشتی کو چھین لیتا تھا تو میں نے ارادہ کیا کہ جب وہ کشتی

Marfat.com

بادشاہ کے پاس سے گزرے تو اس کے عیب کی وجہ سے اس کو چھوڑ دے، پس جب وہ کشتی والے وہاں سے گزر جائیں گے تو اس کشتی کو ٹھیک کر کے اس سے نفع اٹھائیں گے اور ان میں سے بعض یہ کہتے تھے کہ انہوں نے اس کشتی کے تختے کو سیسہ سے جوڑ دیا اور بعض نے کہا: تارکول سے جوڑ دیا اور اس لڑکے کے ماں باپ مومن تھے اور وہ لڑکا کافر تھا، پس ہم ڈرے کہ وہ لڑکا ان کو بھی کفر اور سرکشی میں مبتلاء کر دے گا اور اس کے ماں باپ اس لڑکے سے محبت کی وجہ سے اس کے دین میں اس کی موافقت کریں گے، پس ہم نے ارادہ کیا کہ ان کا رب اس لڑکے سے بہتر اور پاکیزہ اور اللہ کی رحمت کے زیادہ قریب ان کو بیٹا دے دے، یہ اس قول کی تفسیر ہے: کیا آپ نے ایک بے قصور لڑکے کو قتل کر دیا اور اَقْرَب رحما سے مراد یہ ہے کہ وہ دونوں اس پہلے لڑکے سے زیادہ رحم کریں گے جس کو حضرت خضر نے قتل کر دیا تھا اور سعید کے علاوہ دوسروں نے یہ کہا کہ اس لڑکے کے بدلے میں اللہ تعالیٰ نے انہیں ایک لڑکی دے دی اور داؤد بن ابی عاصم نے کہا کہ متعدد لوگوں نے کہا ہے کہ اس لڑکے کے بدلے میں انہیں لڑکی دی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۷ میں گزر چکی ہے۔

اللہ نے اس مقتول لڑکے کے بدلے میں جو لڑکی دی تھی اس کا تذکرہ

اللہ نے انہیں اس لڑکے کے بدلے میں ایک لڑکی دی: ابن جریج نے بتایا کہ سعید بن جبیر نے کہا: اس مقتول لڑکے کے بدلے میں اللہ نے انہیں لڑکی دی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ اس لڑکی کے بطن سے ایک نبی پیدا ہوئے اور سدی نے کہا: یہ وہی ہیں جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد تھے، بنی اسرائیل نے کہا تھا: ہمارے لیے ایک بادشاہ بھیجیے ہم اس کے ساتھ مل کر اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے، اس نبی کا نام شمعون علیہ السلام تھا اور اس لڑکی کا نام حنہ تھا۔ اگر یہ سوال کیا جائے کہ ابن مردویہ کی روایت میں ہے کہ ان کو اس مقتول لڑکے کے بدلے میں ایک لڑکا دیا تھا، میں کہتا ہوں کہ یہ روایت ضعیف ہے اور ابن الکلبی کی تفسیر میں ہے کہ ان کو ایسی لڑکی دی تھی جس سے متعدد انبیاء پیدا ہوئے تھے اور اللہ تعالیٰ نے ان انبیاء علیہم السلام سے متعدد امتوں کو ہدایت دی۔
(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۶۶)

۴۔ بَابٌ: فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿۶۲﴾ قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پھر جب وہ دونوں اس جگہ سے آگے بڑھ گئے تو موسیٰ نے اپنے خادم سے کہا: ہمارا ناشتہ لاؤ، ہمیں اس سفر سے تھکاوٹ پہنچی ہے ○ اس

Marfat.com

نَسِيْتُ الْحُوْتَ۔ (الکہف: ۶۲۔۶۳)

نے کہا: بھلا دیکھیے جب ہم اس چٹان کے پاس آ کر ٹھہرے تھے تو بے شک میں مچھلی کا ذکر کرنا بھول گیا تھا۔ یہ آیت یہاں تک ہے: اور اس مچھلی نے سمندر میں عجیب طریقہ سے راستہ بنالیا تھا۔

(الکہف: ۶۳۔۶۲) کی تفسیر

یعنی جب حضرت موسیٰ اور حضرت یوشع نے اس جگہ سے تجاوز کیا جہاں وہ مچھلی بھول گئے تھے تو حضرت موسیٰ نے اپنے شاگرد حضرت یوشع بن نون سے کہا: ہمارا ناشتہ لاؤ ہم تھک گئے ہیں اور وہ اس لیے تھک گئے تھے کہ وہ اس چٹان سے گزرنے کے بعد ایک دن اور ایک رات تک چلتے رہے تھے۔

صُنْعًا عَمَلًا۔ صُنْعًا کا معنی ہے: عمل اور کام۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ۝ (الکہف: ۱۰۴)

یہ وہ لوگ ہیں جن کی تمام مساعی دنیا کی زندگی میں اکارت گئیں اور وہ یہ سمجھتے رہے کہ وہ نیک کام کر رہے ہیں O

امام بخاری نے صُنْعًا کی تفسیر عَمَلًا سے کی ہے اور اس آیت میں جن کا ذکر ہے ان کا بیان اس دوسری آیت میں ہے:

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ۝ (الکہف: ۱۰۳)

آپ کہیے: کیا ہم تم کو یہ خبر دیں کہ سب سے زیادہ نقصان دہ کام کن لوگوں کے ہیں O

ان کے مصداق میں اختلاف ہے، ایک قول یہ ہے کہ یہ راہب اور قصہ گو ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو گرجوں میں وقف کر رکھا تھا، یہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا قول ہے اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ یہود اور نصاریٰ ہیں اور عبداللہ بن الکوا نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: یہ کون لوگ ہیں تو انہوں نے کہا: یہ تم لوگ ہو، اے اہل حروراء!

حِوَلًا تَحَوُّلًا۔ حولا کا معنی ہے: پھر جانا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ۝ (الکہف: ۱۰۸)

وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں وہ اس جگہ کو تبدیل کرنا نہیں چاہیں گے O

یعنی اہل جنت جنت کو چھوڑ کر کہیں اور جانا نہیں چاہیں گے۔

قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۚ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ۝ (الکہف: ۶۴)

موسیٰ نے کہا: یہی تو وہ چیز ہے جس کو ہم ڈھونڈ رہے تھے تو وہ دونوں اپنے قدموں کے نشانوں کی پیروی کرتے ہوئے پیچھے لوٹے O

امام بخاری نے اس تعلیق میں اس آیت کا ذکر کیا ہے، بہ ظاہر اس آیت کی اس تعلیق کے ساتھ کوئی مناسبت نہیں ہے، علامہ عینی نے اس آیت کا ذکر نہیں کیا، حافظ ابن حجر نے اس آیت کو لکھا ہے مگر اس آیت کی یہاں پر کسی مناسبت کا ذکر نہیں کیا ہے۔

اِمْرًا وَنُكْرًا دَاهِيَةً۔ اِمْرًا اس کا معنی ہے: بہت عجیب کام وَنُكْرًا اس کا بھی یہی معنی ہے۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل دو آیتوں کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا إِمْرًا ۝ (الکہف:۷۱) یہ تو آپ نے بہت خطرناک کام کیا ہے O

لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُّكْرًا ۝ (الکہف:۷۴) آپ نے یہ بہت معیوب کام کیا ہے O

امام بخاری نے ان دونوں لفظوں کی تفسیر داھیہ کے ساتھ کی ہے یعنی عظیم (سنگین بات) اور اس میں اختلاف ہے کہ ان دونوں لفظوں میں سے کون سا زیادہ بلیغ ہے۔ ایک قول ہے کہ اِمْرًا، نُکْرًا سے زیادہ بلیغ ہے کیونکہ حضرت موسیٰ نے یہ اس وقت کہا تھا جب حضرت خضر نے کشتی کا تختہ اکھاڑ دیا تھا اور نُکْرًا اس وقت کہا تھا جب حضرت خضر نے اس لڑکے کو مار ڈالا تھا، دوسرا قول یہ ہے کہ نُکْرًا زیادہ بلیغ ہے کیونکہ اس کا ضرر اسی وقت ہو گیا تھا جب کہ اِمْرًا اس وقت کہا تھا جب ضرر کا خطرہ تھا اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ نُکْرًا کے ساتھ فرمایا: اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ (الکہف:۷۵) اور یہ اِمْرًا کے ساتھ نہیں کہا تھا۔

يَنْقَضَّ يَنْقَاضُ كَمَا تَنْقَاضُ السِّنُّ۔ يَنْقَضَّ اس کا معنی ہے: وہ دیوار ٹوٹ جائے گی جیسے دانت ٹوٹ جاتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارًا يُرِيدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ۔ (الکہف:۷۷) پھر ان دونوں نے اس بستی میں ایک دیوار کو دیکھا جو گرنے والی تھی تو اس نے اس کو سیدھا کر دیا۔

جب کوئی گھر منہدم ہو جائے تو عرب کہتے ہیں: اِنْقَضَّتِ الدَّارُ بعض نے اس کو يَنْقَاضُ پڑھا ہے، یہ اس وقت کہتے ہیں جب کوئی چیز اپنی اصل سے نکل جائے جیسے دانت نکل جائے تو کہتے ہیں: اِنْقَاضَتِ السِّنُّ۔

لَتَخِذْتَ وَاتَّخَذْتَ وَاحِدٌ۔ لَتَخَذْتَ اور وَاتَّخَذْتَ یہ دونوں الفاظ ایک ہیں یعنی آپ اجرت لے لیتے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ۝ (الکہف:۷۷) موسیٰ نے کہا: اگر آپ چاہتے تو اس پر کچھ اجرت لے لیتے O

مسلم کی روایت میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لَتَخَذْتَ پڑھا ہے۔

رُحْمًا مِنَ الرُّحْمِ وَهِيَ اَشَدُّ مُبَالَغَةً مِنَ الرَّحْمَةِ وَنَظُنُّ اَنَّهٗ مِنَ الرَّحِيمِ وَتُدْعَى مَكَّةُ اُمَّ رُحْمٍ اَيْ اَنَّ الرَّحْمَةَ تَنْزِلُ بِهَا۔ رُحْمًا، رُحم سے ماخوذ ہے اور یہ رحمت کا بہت زیادہ مبالغہ ہے اور ہم یہ گمان کرتے ہیں کہ یہ رَحیم سے نکلا ہے اس لیے مکہ کو اُمّ رُحم کہا جاتا ہے کیونکہ وہاں رحمت نازل ہوتی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاَرَدْنَا اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ۝ (الکہف:۸۱) تو ہم نے یہ چاہا کہ ان کا رب ان دونوں کو اس کے بدلہ میں اس سے اچھا بچہ عطا فرمائے جو پاکیزہ اور زیادہ رحم دل ہو O

خلاصہ یہ ہے کہ رُحم اس رِحم سے ماخوذ ہے جو قرابت کے معنی میں ہے اور اس میں رحمت سے زیادہ مبالغہ ہے کیونکہ رحمت کا معنی ہے: رقت قلب اور وہ قرابت کو مستلزم نہیں ہے جب کہ قرابت رقت قلب کو مستلزم ہے اور یہی امام بخاری کا مختار ہے۔

(فتح الباری ج ۵ ص ۶۹۴، دار المعرفہ بیروت، ۱۴۲۶ھ)

Marfat.com

۴۷۲۷۔ حَدَّثَنِی قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنِی سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ إِنَّ نَوْفًا الْبَكَالِيَّ يَزْعُمُ أَنَّ مُوسَى بَنِی إِسْرَائِيلَ لَيْسَ بِمُوسَى الْخَضِرِ فَقَالَ كَذَبَ عَدُوُّ اللهِ حَدَّثَنَا أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ قَالَ قَامَ مُوسَى خَطِيبًا فِی بَنِی إِسْرَائِيلَ فَقِيلَ لَهُ أَیُّ النَّاسِ أَعْلَمُ قَالَ أَنَا فَعَتَبَ اللهُ عَلَيْهِ إِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ إِلَيْهِ وَأَوْحَى إِلَيْهِ بَلَى عَبْدٌ مِنْ عِبَادِی بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ هُوَ أَعْلَمُ مِنْكَ قَالَ أَیْ رَبِّ كَيْفَ السَّبِيلُ إِلَيْهِ قَالَ تَأْخُذُ حُوتًا فِی مِكْتَلٍ فَحَيْثُمَا فَقَدْتَ الْحُوتَ فَاتَّبِعْهُ قَالَ فَخَرَجَ مُوسَى وَمَعَهُ فَتَاهُ يُوشَعُ بْنُ نُونٍ وَمَعَهُمَا الْحُوتُ حَتَّى انْتَهَيَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَنَزَلَا عِنْدَهَا قَالَ فَوَضَعَ مُوسَى رَأْسَهُ فَنَامَ قَالَ سُفْيَانُ وَفِی حَدِيثِ غَيْرِ عَمْرٍو قَالَ وَفِی أَصْلِ الصَّخْرَةِ عَيْنٌ يُقَالُ لَهَا الْحَيَاةُ لَا يُصِيبُ مِنْ مَائِهَا شَيْءٌ إِلَّا حَيِیَ فَأَصَابَ الْحُوتَ مِنْ مَائِ تِلْكَ الْعَيْنِ قَالَ فَتَحَرَّكَ وَانْسَلَّ مِنَ الْمِكْتَلِ فَدَخَلَ الْبَحْرَ فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ مُوسَى قَالَ لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَائَنَا الْآيَةَ قَالَ وَلَمْ يَجِدْ النَّصَبَ حَتَّى جَاوَزَ مَا أُمِرَ بِهِ قَالَ لَهُ فَتَاهُ يُوشَعُ بْنُ نُونٍ أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّی نَسِيتُ الْحُوتَ الْآيَةَ قَالَ فَرَجَعَا يَقُصَّانِ فِی آثَارِهِمَا فَوَجَدَا فِی الْبَحْرِ كَالطَّاقِ مَمَرَّ الْحُوتِ فَكَانَ لِفَتَاهُ عَجَبًا وَلِلْحُوتِ سَرَبًا قَالَ فَلَمَّا انْتَهَيَا إِلَى الصَّخْرَةِ إِذَا هُمَا بِرَجُلٍ مُسَجًّى بِثَوْبٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ مُوسَى قَالَ وَأَنَّى بِأَرْضِكَ السَّلَامُ فَقَالَ أَنَا مُوسَى قَالَ مُوسَى بَنِی إِسْرَائِيلَ قَالَ نَعَمْ قَالَ هَلْ أَتَّبِعُكَ عَلَى أَنْ تُعَلِّمَنِی مِمَّا عُلِّمْتَ رَشَدًا قَالَ لَهُ الْخَضِرُ يَا مُوسَى إِنَّكَ عَلَى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللهِ عَلَّمَكَهُ اللهُ لَا أَعْلَمُهُ وَأَنَا عَلَى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللهِ عَلَّمَنِيهِ اللهُ لَا تَعْلَمُهُ قَالَ بَلْ أَتَّبِعُكَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: مجھے سفیان بن عیینہ نے حدیث بیان کی از عمرو بن دینار از سعید بن جبیر، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا کہ نوف البکالی کا یہ زعم ہے کہ بنی اسرائیل کے حضرت موسیٰ وہ موسیٰ نہیں تھے جو حضرت خضر علیہ السلام کے ساتھ تھے، حضرت ابن عباس نے کہا: اس اللہ کے دشمن نے جھوٹ بولا، ہمیں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا کہ حضرت موسیٰ بنی اسرائیل میں خطبہ دے رہے تھے تو ان سے پوچھا گیا کہ سب سے بڑا عالم کون ہے؟ انہوں نے کہا: میں ہوں تو اللہ تعالیٰ نے ان پر عتاب فرمایا کیونکہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی طرف علم کو نہیں لوٹایا تھا، اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی: کیوں نہیں مجمع البحرین میں میرے بندوں میں سے ایک بندہ ہے جو آپ سے بڑا عالم ہے، حضرت موسیٰ نے عرض کیا: اے میرے رب! میں ان تک کیسے پہنچوں گا؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم اپنی ٹوکری میں ایک مچھلی رکھ لو، جس جگہ تم اس مچھلی کو گم پاؤ وہیں تم ان کی پیروی کرنا، آپ نے بتایا کہ حضرت موسیٰ نکلے اور ان کے ساتھ ان کے شاگرد حضرت یوشع بن نون بھی تھے اور دونوں کے ساتھ مچھلی تھی حتیٰ کہ جب وہ دونوں ایک چٹان پر پہنچے تو اس چٹان کے پاس ٹھہرے، پس حضرت موسیٰ اس چٹان پر سر رکھ سو گئے، سفیان نے کہا: عمرو بن دینار کے علاوہ دوسروں نے بتایا: اس چٹان کی جڑ میں ایک چشمہ تھا جس کو حیات کہا جاتا تھا، جس کو بھی اس چشمہ کا کچھ پانی مل جاتا تو وہ زندہ ہو جاتا، پس اس مچھلی نے اس چشمہ کا پانی پی لیا، وہ ٹوکری میں متحرک ہوئی اور ٹوکری سے نکل گئی، پس سمندر میں داخل ہوئی، حضرت موسیٰ علیہ السلام جب بیدار ہوئے تھے تو اپنے شاگرد سے کہتے تھے کہ ہمارا ناشتہ لاؤ (پوری آیت پڑھیں) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا: انہیں اس وقت تھکاوٹ ہوئی تھی جب وہ اس جگہ سے آگے گئے تھے جہاں پہنچنے کا انہیں حکم دیا گیا تھا، ان کے شاگرد حضرت یوشع بن نون نے کہا: یہ بتایئے کہ جب ہم نے

Marfat.com

قَالَ فَإِنْ اتَّبَعْتَنِي فَلَا تَسْأَلْنِي عَنْ شَيْءٍ حَتَّى أُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا فَانْطَلَقَا يَمْشِيَانِ عَلَى السَّاحِلِ فَمَرَّتْ بِهِمْ سَفِينَةٌ فَعُرِفَ الْخَضِرُ فَحَمَلُوهُمْ فِي سَفِينَتِهِمْ بِغَيْرِ نَوْلٍ يَقُولُ بِغَيْرِ أَجْرٍ فَرَكِبَا السَّفِينَةَ قَالَ وَوَقَعَ عُصْفُورٌ عَلَى حَرْفِ السَّفِينَةِ فَغَمَسَ مِنْقَارَهُ فِي الْبَحْرِ فَقَالَ الْخَضِرُ لِمُوسَى مَا عِلْمُكَ وَعِلْمِي وَعِلْمُ الْخَلَائِقِ فِي عِلْمِ اللهِ إِلَّا مِقْدَارُ مَا غَمَسَ هَذَا الْعُصْفُورُ مِنْقَارَهُ قَالَ فَلَمْ يَفْجَأْ مُوسَى إِذْ عَمَدَ الْخَضِرُ إِلَى قَدُومٍ فَخَرَقَ السَّفِينَةَ فَقَالَ لَهُ مُوسَى قَوْمٌ حَمَلُونَا بِغَيْرِ نَوْلٍ عَمَدْتَ إِلَى سَفِينَتِهِمْ فَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ الْآيَةَ فَانْطَلَقَا إِذَا هُمَا بِغُلَامٍ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ فَأَخَذَ الْخَضِرُ بِرَأْسِهِ فَقَطَعَهُ قَالَ لَهُ مُوسَى أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَكَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا إِلَى قَوْلِهِ فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُوهُمَا فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارًا يُرِيدُ أَنْ يَنْقَضَّ فَقَالَ بِيَدِهِ هَكَذَا فَأَقَامَهُ فَقَالَ لَهُ مُوسَى إِنَّا دَخَلْنَا هَذِهِ الْقَرْيَةَ فَلَمْ يُضَيِّفُونَا وَلَمْ يُطْعِمُونَا لَوْ شِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا قَالَ هَذَا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَدِدْنَا أَنَّ مُوسَى صَبَرَ حَتَّى يُقَصَّ عَلَيْنَا مِنْ أَمْرِهِمَا قَالَ وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقْرَأُ وَكَانَ أَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا وَأَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ كَافِرًا۔

چٹان پر آرام کیا تھا تو میں آپ سے مچھلی کا ذکر کرنا بھول گیا تھا (پوری آیت پڑھیں) تو وہ دونوں اپنے قدموں کے نشان پر واپس لوٹے تو انہوں نے دیکھا کہ مچھلی کے گزرنے سے سمندر ایک طاق کی طرح بن گیا ہے، یہ ان کے شاگرد کے لیے بہت حیرت انگیز بات تھی اور مچھلی کے لیے ایک سرنگ بن گئی تھی، آپ نے بتایا: جب وہ دونوں اس چٹان کی طرف پہنچے تو وہاں ایک مرد کپڑے میں لپٹا ہوا بیٹھا تھا۔ حضرت موسیٰ نے ان کو سلام کیا تو انہوں نے کہا: تمہاری سرزمین میں سلامتی کہاں ہے، حضرت موسیٰ نے کہا: میں موسیٰ ہوں، انہوں نے پوچھا: بنی اسرائیل کے موسیٰ ہو؟ حضرت موسیٰ نے کہا: جی ہاں! حضرت موسیٰ نے کہا: کیا میں آپ کی اس لیے پیروی کروں کہ آپ کو جو ہدایت کا علم دیا گیا ہے آپ اس میں سے کچھ مجھے بھی تعلیم دیں، حضرت خضر نے کہا: اے موسیٰ! آپ اللہ کے علم میں سے اس علم پر ہیں جس کی اللہ نے آپ کو تعلیم دی ہے میں اسے نہیں جانتا اور میں اللہ تعالیٰ کے اس علم پر ہوں جو اللہ نے مجھے تعلیم دی اور آپ اس علم کو نہیں جانتے۔ حضرت موسیٰ نے کہا: بلکہ میں آپ کی پیروی کروں گا، حضرت خضر نے کہا: اگر آپ میری پیروی کرتے ہیں تو آپ مجھ سے کسی چیز کے متعلق سوال نہ کریں جب تک کہ میں خود آپ سے اس کا ذکر نہ کروں، پھر وہ دونوں روانہ ہوئے اور ساحل سمندر پر چلنے لگے، پس ان دونوں کے پاس سے ایک کشتی گزری تو کشتی والوں نے حضرت خضر کو پہچان لیا تو انہوں نے ان کو اپنی کشتی میں بغیر کسی معاوضہ کے سوار کر لیا یعنی بغیر کسی اجرت کے، پس وہ دونوں کشتی میں سوار ہو گئے، آپ نے بتایا کہ ایک چڑیا آ کر کشتی کے کنارے پر بیٹھ گئی، پھر اس نے اپنی چونچ سمندر میں ڈالی تو حضرت خضر نے حضرت موسیٰ سے کہا: آپ کا علم اور میرا علم اور تمام مخلوق کا علم اللہ کے علم کے مقابلے میں بس اتنا ہے جتنا اس چڑیا نے سمندر میں اپنی چونچ ڈبو کر اس سے پانی لیا ہے، آپ نے بتایا کہ پس حضرت موسیٰ نے اچانک دیکھا کہ حضرت خضر نے کلہاڑے سے کشتی کا ایک تختہ چیر کر الگ کر دیا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت خضر

Marfat.com

سے کہا: ان لوگوں نے بغیر اجرت کے ہمیں کشتی میں سوار کیا اور آپ نے ان کی کشتی کا ایک تختہ اکھاڑ کر نکال دیا تا کہ کشتی میں بیٹھنے والے غرق ہو جائیں، آپ نے یہ (برا) کام کیا ہے (پوری آیت پڑھیں) پھر وہ دونوں روانہ ہوئے، پس وہ ایک لڑکے کے پاس سے گزرے جو دوسرے لڑکوں کے ساتھ کھیل رہا تھا، حضرت خضر نے اس کا سر پکڑ کر کاٹ ڈالا تو حضرت موسیٰ نے ان سے کہا: کیا آپ نے ایک بے قصور جان کو بغیر کسی جان کے بدلہ قتل کر دیا، یہ آپ نے بہت برا کام کیا۔ حضرت خضر نے کہا: کیا میں نے آپ سے یہ نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکیں گے، اس کے بعد یہ آیت یہاں تک ہے کہ بستی والوں نے ان کی مہمانی کرنے سے انکار کر دیا، پس وہاں ان دونوں نے دیکھا کہ ایک دیوار گرنے والی ہے، حضرت خضر نے اس دیوار کو اپنے ہاتھ سے درست کر کے اس طرح کھڑا کر دیا تو حضرت موسیٰ نے ان سے کہا: جب ہم اس بستی میں داخل ہوئے تو ان لوگوں نے ہماری مہمانی نہیں کی اور ہم کو کھانا نہیں کھلایا تو اگر آپ چاہیں تو اس پر اجرت لے لیں، حضرت خضر نے کہا: یہ میرے اور آپ کے درمیان جدائی کی گھڑی ہے، میں عنقریب آپ کو ان کاموں کی توجیہات بتاؤں گا جن پر آپ صبر نہیں کر سکے تھے، تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم یہ پسند کرتے تھے کہ حضرت موسیٰ صبر کرتے تا کہ اللہ تعالیٰ ان دونوں کے معاملہ سے ہمیں کچھ اور بتاتا اور حضرت ابن عباس یہ آیت اس طرح پڑھتے تھے کہ ان کے آگے ایک بادشاہ تھا جو ہر صحیح سالم کشتی کو چھین لیتا تھا اور رہا وہ لڑکا تو وہ کافر تھا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۷ میں گزر چکی ہے۔

اس حدیث میں مذکور ہے کہ اس چشمہ کو حیات کہا جاتا تھا اور لوگوں میں مشہور یہ ہے کہ اس چشمہ کو آب حیات کہا جاتا ہے۔

۵۔ بَابٌ: قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْأَخْسَرِينَ أَعْمَالًا۔ (الکہف: ۱۰۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ کہیے: کیا ہم تم کو یہ خبر دیں کہ سب سے زیادہ نقصان دہ کام کن لوگوں کے ہیں۔ (الکہف: ۱۰۳) کی تفسیر

اس آیت کی تفسیر پہلے گزر چکی ہے۔

Marfat.com

۴۷۲۸۔ حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ سَأَلْتُ أَبِی ﴿قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْأَخْسَرِينَ أَعْمَالًا ۝﴾ (الکہف:۱۰۳) هُمُ الْحَرُورِيَّةُ قَالَ لَا هُمُ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى أَمَّا الْيَهُودُ فَكَذَّبُوا مُحَمَّدًا ﷺ وَأَمَّا النَّصَارَى فَكَفَرُوا بِالْجَنَّةِ وَقَالُوا لَا طَعَامَ فِيهَا وَلَا شَرَابَ وَالْحَرُورِيَّةُ الَّذِينَ يَنْقُضُونَ عَهْدَ اللهِ مِنْ بَعْدِ مِيثَاقِهِ وَكَانَ سَعْدٌ يُسَمِّيهِمُ الْفَاسِقِينَ۔

(اس حدیث کی روایت میں امام بخاری منفرد ہیں)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: ہمیں محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از عمرو بن مرہ از مصعب بن سعد انہوں نے کہا: میں نے اپنے والد سے سوال کیا کہ آیہ کریمہ ''آپ کہیے: کیا ہم تم کو یہ خبر دیں کہ سب سے زیادہ نقصان دہ کام کن لوگوں کے ہیں''۔ (الکہف: ۱۰۳) کا مصداق کون ہے، کیا وہ اَلْحَرُوْرِیَہ ہیں؟ انہوں نے کہا: نہیں وہ یہود اور نصاریٰ ہیں، رہے یہود تو انہوں نے سیدنا محمد ﷺ کی تکذیب کی تھی، رہے نصاریٰ تو انہوں نے جنت کا کفر کیا تھا اور انہوں نے کہا کہ جنت میں نہ طعام ہوگا نہ مشروب ہوگا اور حروریہ وہ ہیں جنہوں نے اللہ کے عہد کو پکا کرنے کے بعد توڑ دیا تھا اور حضرت سعد ان کو فاسق کہتے تھے۔

مصعب کے والد کا نام اور حروریہ کا معنی

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

مصعب بیان کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے سوال کیا: ان کے والد کا نام ہے: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ۔

وہ حروریہ ہیں: یہ خوارج کی ایک جماعت ہے جو حروراء کی طرف منسوب ہے اور وہ کوفہ کے قریب ایک بستی ہے اور خوارج کے خروج کی ابتداء حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خلاف ہوئی تھی، مصعب بن سعد بیان کرتے ہیں کہ جب حروریہ نے خروج کیا تو میں نے اپنے والد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ کیا یہ وہ لوگ ہیں جن کے متعلق قرآن مجید کی یہ آیت نازل ہوئی ہے: ان لوگوں کی کوشش دنیا کی زندگی میں ضائع ہوگئی۔ (الکہف: ۱۰۴) تو حضرت سعد نے کہا: اس آیت کا مصداق گرجے والے ہیں، یہ لوگ ٹیڑھے ہوگئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا اور یہود و نصاریٰ کو خسارہ ہوا کیونکہ ان لوگوں نے بغیر کسی صحیح دلیل کے غیر اللہ کی عبادت کی تو ان کے اعمال ضائع ہو گئے اور عمریں برباد ہوگئیں اور حروریہ وہ ہیں جنہوں نے قرآن مجید میں اللہ سے کیے ہوئے عہد کو پکا کرنے کے بعد اس عہد کی مخالفت کی، انہوں نے قرآن میں یہ اقرار کیا تھا کہ وہ اولوالامر کی اطاعت کریں گے اور انہوں نے اولوالامر کی مخالفت کی اور حروریہ کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ نقصان اٹھانے والے ہیں کیونکہ وہ کافر نہیں ہیں بلکہ فاسق ہیں اور اللہ تعالیٰ نے عہد شکنی کرنے والوں کے بارے میں فرمایا: وہ نقصان اٹھانے والوں میں سے ہیں۔ (البقرہ: ۲۷) اور کافر وہ ہیں جو زیادہ نقصان اٹھانے والے ہیں جن کا ذکر (الکہف: ۱۰۵) میں ہے، اس کا بیان اگلے باب میں آرہا ہے۔

(عمدۃ القاری، ج ۱۹، ص ۷۰۔۶۹، دارالکتب العلمیہ، بیروت ۱۴۲۱ھ)

۶۔ بَابٌ: أُولَئِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَلِقَائِهِ فَحَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ

(الکہف:۱۰۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کی آیتوں اور اس سے ملاقات کے ساتھ کفر کیا، سو ان کے اعمال ضائع ہو گئے۔ (الکہف: ۱۰۵) کی تفسیر

Marfat.com

یعنی جن لوگوں نے دلائل کا انکار کیا اور مرنے کے بعد دوبارہ اٹھنے اور ثواب اور عذاب کا کفر کیا ان کے اعمال برباد ہو گئے کیونکہ وہ ثواب سے خالی ہیں۔

۴۷۲۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ أَخْبَرَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ قَالَ إِنَّهُ لَيَأْتِي الرَّجُلُ الْعَظِيمُ السَّمِينُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَا يَزِنُ عِنْدَ اللهِ جَنَاحَ بَعُوضَةٍ وَقَالَ اقْرَءُوا ﴿فَلَا نُقِيمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا﴾ (الکہف:۱۰۵)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سعید بن ابی مریم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں المغیرہ بن عبدالرحمٰن نے خبر دی، انہوں نے کہا: مجھے ابوالزناد نے حدیث بیان کی از اعرج از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ از رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے فرمایا: قیامت کے دن ایک بہت بڑا موٹا مرد آئے گا، اللہ کے نزدیک اس کا وزن مچھر کے پر کے برابر بھی نہیں ہوگا اور آپ نے فرمایا تم یہ آیت پڑھو: اور ہم قیامت کے دن ان کے لیے کوئی وزن قائم نہیں کریں گے ○ (الکہف:۱۰۵)، (مسلم:۲۷۸۵)

وَعَنْ يَحْيَى بْنِ بُكَيْرٍ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ مِثْلَهُ۔

از یحییٰ بن بکیر از مغیرہ بن عبدالرحمٰن از ابی الزناد سے بھی اسی کی مثل مروی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے سورۂ کہف کی تفسیر مکمل ہوگئی، اب ان شاء اللہ سورۂ مریم کی تفسیر شروع ہوگی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۹۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ کٓهٰیٰعٓصٓ

سورۂ کٓهٰیٰعٓصٓ (مریم) کی تفسیر

سورۂ کٓهٰیٰعٓصٓ (مریم) کا تعارف

یہ سورۂ کٓهٰیٰعٓصٓ کی بعض آیات کی تفسیر ہے۔ الثعلبی نے کہا: یہ سورت مکی ہے، مقاتل نے کہا: یہ پوری سورت مکی ہے سوا آیت سجدہ کے، وہ مدنی ہے، علامہ قرطبی نے کہا: یہ سورت سرزمین حبشہ کی طرف ہجرت کے بعد نازل ہوئی اور اس میں اٹھانوے (۹۸) آیات ہیں۔

کٓهٰیٰعٓصٓ کے معنی میں بھی اختلاف ہے حضرت ابن عباس نے فرمایا: یہ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک اسم ہے، ایک قول یہ ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ہے، قتادہ سے روایت ہے کہ یہ اسماء قرآن میں سے ایک اسم ہے، ایک قول یہ ہے کہ یہ ایک سورت کا نام ہے، نیز حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ یہ قسم ہے جس سے اللہ نے قسم کھائی ہے، کلبی سے روایت ہے کہ یہ ثناء ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس سے اپنی ثناء کی ہے، نیز حضرت ابن عباس نے کہا: الکاف کریم سے ہے اور الہاء ہادی سے ہے اور یاء رحیم سے ہے اور نین علیم اور عظیم سے ہے۔ اس حدیث کی امام مالک نے از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس روایت کی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۷)

امام ابن سعد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں مدینہ آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت خیبر میں تھے، میں نے بنوغفار کے ایک شخص کو دیکھا وہ لوگوں کو صبح کی نماز پڑھا رہا تھا، میں نے سنا اس نے صبح کی پہلی رکعت میں سورۂ مریم پڑھی اور دوسری رکعت میں وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ پڑھی۔ (الدر المنثور ج ۵ ص ۲۷۷)

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ اللهُ يَقُولُهُ وَهُمْ الْيَوْمَ لَا يَسْمَعُونَ وَلَا يُبْصِرُونَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ يَعْنِي قَوْلَهُ أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ الْكُفَّارُ يَوْمَئِذٍ أَسْمَعُ شَيْءٍ وَأَبْصَرُهُ۔

حضرت ابن عباس نے کہا: أَسْمِعْ بِهِمْ وَ أَبْصِرْ اس کا معنی ہے: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: یہ کفار آج (دنیا میں) نہ (حقیقت میں) سنتے ہیں اور نہ (حقیقت میں) دیکھتے ہیں، ان کی مراد اللہ تعالیٰ کے ارشاد أَسْمِعْ بِهِمْ وَ أَبْصِرْ کا تعلق قیامت کے دن سے ہے، اس دن وہ خوب سنتے ہوں گے اور خوب دیکھتے ہوں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَسْمِعْ بِهِمْ وَ أَبْصِرْ يَوْمَ يَأْتُوْنَنَا لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ (مریم: ۳۸)

جس دن وہ ہمارے سامنے پیش ہوں گے تو کیسے سنتے ہوں گے اور کیسے دیکھتے ہوں گے! لیکن ظالم آج کے دن کھلی ہوئی گمراہی میں ہیں ○

اس کا معنی یہ ہے کہ أَسْمِعْ بِهِمْ وَ أَبْصِرْ لفظاً امر ہیں اور اس کا معنی خبر ہے یعنی قیامت کے دن لوگوں میں کفار سے زیادہ سننے والا اور دیکھنے والا کوئی نہیں ہوگا لیکن اس دن ان کا سننا اور دیکھنا ان کو نفع نہیں دے گا اور دنیا میں وہ کھلی ہوئی گمراہی میں ہیں، نہ سنتے ہیں

Marfat.com

نہ دیکھتے ہیں۔

قولہ لَأَرْجُمَنَّكَ لَأَشْتِمَنَّكَ۔ لَأَرْجُمَنَّكَ اس کا معنی ہے: میں تم پر گالیوں سے پتھراؤ کروں گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ أَرَاغِبٌ أَنْتَ عَنْ آلِهَتِي يَا إِبْرَاهِيمُ لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ لَأَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِي مَلِيًّا ۝ (مریم:۴۶)

اس نے کہا: اے ابراہیم! کیا تو میرے خداؤں سے اعراض کرنے والا ہے؟ اگر تو باز نہ آیا تو میں تجھے سنگسار کر دوں گا اور تو ہمیشہ کے لیے مجھے چھوڑ دے O

مقاتل، ضحاک اور کلبی نے بھی اس آیت کی اسی طرح تفسیر کی ہے اور حضرت ابن عباس نے کہا: اس کا معنی ہے: میں تم کو ماروں گا۔

وَرِئْيًا مَنْظَرًا۔ وَرِءْيًا کا معنی ہے: منظر یعنی دکھائی دینے والی چیز۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْنٍ هُمْ أَحْسَنُ أَثَاثًا وَرِءْيًا ۝ (مریم:۷۴)

اور ہم ان سے پہلے کتنی بستیوں کو تباہ کر چکے ہیں، جن کا سامان اور آرائش ان سے زیادہ شاندار تھی O

امام بخاری نے رِئْيًا کی تفسیر منظر کے ساتھ کی ہے۔ حضرت ابن عباس نے بھی اس آیت کی یہی تفسیر کی ہے۔

وَقَالَ أَبُو وَائِلٍ عَلِمَتْ مَرْيَمُ أَنَّ التَّقِيَّ ذُو نُهْيَةٍ حَتَّى قَالَتْ إِنِّي أَعُوذُ بِالرَّحْمَنِ مِنْكَ إِنْ كُنْتَ تَقِيًّا وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ تَؤُزُّهُمْ أَزًّا تُزْعِجُهُمْ إِزْعَاجًا۔

ابو وائل نے کہا کہ حضرت مریم نے جان لیا تھا کہ جو اللہ سے ڈرنے والا ہو وہ صاحب عقل ہوتا ہے، حتیٰ کہ انہوں نے کہا کہ میں تجھ سے رحمٰن کی پناہ میں آتی ہوں اگر تو اللہ سے ڈرنے والا ہے۔ (مریم:۱۸) اور ابن عیینہ نے کہا: تَؤُزُّهُمْ أَزًّا کا معنی ہے: تو ان کو گناہوں کی طرف کھینچتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا الشَّيَاطِينَ عَلَى الْكَافِرِينَ تَؤُزُّهُمْ أَزًّا ۝ (مریم:۸۳)

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ ہم نے شیاطین کو کافروں پر (مسلط کر کے) بھیجا جو انہیں (برائیوں پر) برانگیختہ کرتے رہتے ہیں O

سفیان بن عیینہ نے اس آیت کی تفسیر میں کہا کہ شیاطین کفار کو گناہوں کی طرف کھینچتے رہتے تھے۔ حضرت ابن عباس سے بھی یہی تفسیر مروی ہے اور ضحاک نے اس کی تفسیر میں کہا کہ شیاطین ان کو گناہوں کا حکم دیتے ہیں: أَزًّا کا لغت میں معنی ہے: پست آواز۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ إِدًّا عِوَجًا۔ مجاہد نے کہا: لُدًّا کا معنی ہے: کجی اور ٹیڑھ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِينَ وَتُنْذِرَ بِهِ قَوْمًا لُدًّا ۝ (مریم:۹۷)

ہم نے اس قرآن کو آپ کی زبان میں آسان کر دیا ہے تا کہ آپ اس سے متقین کو بشارت دیں اور جھگڑالو قوم کو اس سے ڈرائیں O

لُدًّا اس شخص کو کہتے ہیں جس کی عادت لوگوں سے جھگڑا کرنا ہو اور مجاہد نے کہا: لُدًّا اس ظالم کو کہتے ہیں جو ہدایت پر نہ ہو اور ابو عبیدہ نے کہا: اَلْأَلَدّ اس شخص کو کہتے ہیں جو حق کو قبول نہ کرے اور باطل کی دعوت دے۔ مجاہد کی تعلیق کی امام ابن المنذر نے روایت کی ہے۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وِرْدًا عِطَاشًا۔ حضرت ابن عباس نے کہا: وِرْدًا کا معنی ہے: پیاسے۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ۝ (مریم:۸۶) اور ہم مجرموں کو پیاسے جہنم کی طرف ہانکیں گے O

اَلْوِرْد اس جماعت کو کہتے ہیں جو پانی کے گھاٹ پر یا پانی کے تالاب پر پانی پینے کے لیے آئے اور ثعلبی نے کہا ہے کہ اس کا معنی ہے: جو پیاسا ہو اور ننگے پیر گردن اٹھائے ہوئے پانی کی طرف آئے۔

أَثَاثًا مَالًا۔ اَثَاثًا اس کا معنی ہے: مال۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّ رِءْيًا ۝ (مریم:۷۴) اور ہم ان سے پہلے کتنی بستیوں کو تباہ کر چکے ہیں، جن کا سامان اور آرائش ان سے زیادہ شاندار تھی O

امام بخاری نے اَثَاثًا کی تفسیر مال کے ساتھ کی ہے، حضرت ابن عباس نے اس کی تفسیر ہیئت سے کی ہے، جب کہ مقاتل نے اس کی تفسیر کپڑے سے کی ہے۔

إِدًّا قَوْلًا عَظِيمًا۔ اِدًّا کا معنی ہے: قول عظیم یعنی بہت سنگین بات۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ۝ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْـًٔا اِدًّا ۝ (مریم:۸۸۔۸۹) اور کافروں نے کہا: رحمن نے (اپنی) اولاد بنائی ہے O بے شک تم نے بہت سخت بات کہی ہے O

یعنی اللہ تعالیٰ کے لیے بیٹے کا قول کرنا بہت سنگین بات ہے۔

رِكْزًا صَوْتًا۔ رِكْزًا کا معنی ہے: آواز۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ؕ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ۝ (مریم:۹۸) اور ہم اس سے پہلے کتنی صدیوں کے لوگوں کو ہلاک کر چکے ہیں، کیا آپ ان میں سے کسی کو دیکھتے ہیں یا ان میں سے کسی کی آہٹ سنتے ہیں O

امام بخاری نے رِكْزًا کی تفسیر آواز کے ساتھ کی ہے، حضرت ابن عباس سے بھی یہی تفسیر مروی ہے اور امام طبری نے کہا ہے کہ کلام عرب میں رِكْز کا معنی ہے: پست آواز۔

وَقَالَ غَيْرُهُ غَيًّا خُسْرَانًا۔ حضرت ابن عباس کے غیر نے کہا: غَيًّا کا معنی ہے: خسران یعنی نقصان۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ۝ (مریم:۵۹) پھر ان کے بعد ایسے ناخلف آئے جنہوں نے نمازیں ضائع کیں اور خواہشات کی پیروی کی تو عنقریب وہ غی (بلاکت) میں جا گریں گے O

امام بخاری نے غَيًّا کی تفسیر خسران کے ساتھ کی ہے، حضرت ابن عباس سے بھی اسی تفسیر کی مثل مروی ہے، حضرت ابن مسعود

رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اَلْغَیّ جہنم کی ایک وادی ہے جس کی گہرائی بہت زیادہ ہے، اس حدیث کی حاکم نے روایت کی ہے، حضرت ابن مسعود سے یہ بھی روایت ہے کہ اَلْغَیّ جہنم میں ایک دریا ہے، عطا سے روایت ہے کہ اَلْغَیّ جہنم کی ایک وادی ہے جس میں خون اور پیپ بہتا رہتا ہے اور کعب سے روایت ہے کہ وہ جہنم میں ایک وادی ہے جو سب سے زیادہ گہری ہے اور اس میں سب سے زیادہ تپش ہے اس میں ایک کنواں ہے جس کا نام اَلْهِيْم ہے۔ جب بھی جہنم کی آگ ٹھنڈی ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کنوئیں کو کھول دیتا ہے، پھر اس سے جہنم بھڑکنے لگتی ہے۔

بُكِيًّا جَمَاعَةُ بَاكٍ۔ بُكِيًّا یہ بَاكٍ کی جمع ہے، یعنی رونے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ﴿۵۸﴾ (مریم:۵۸) جب ان پر رحمٰن کی آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں تو وہ سجدہ کرتے ہوئے اور روتے ہوئے گر پڑتے ہیں O

امام بخاری نے کہا کہ بُكِيًّا بَاكٍ کی جمع ہے، امام ابوعبیدہ نے بھی اس کی یہی تفسیر کی ہے، علامہ عینی فرماتے ہیں کہ اس کی اصل بُكُوْيٌ ہے۔ فُعُوْلٌ کے وزن پر جو قَاعِدٌ کی جمع ہے۔ اس میں واؤ اور یاء جمع ہوئے اور اس میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا اور چونکہ اس سے پہلے پیش تھا اس کو یاء کی مناسبت سے زیر سے بدل دیا۔ ثعلبی نے کہا کہ یہ آیت اہل کتاب کے مومنین کے بارے میں نازل ہوئی ہے جو حضرت عبداللہ بن سلام اور ان کے اصحاب ہیں۔

صِلِيًّا صَلِيَ يَصْلَى۔ صِلِيًّا یہ صَلِيَ يَصْلَى کے باب کا مصدر ہے۔ اس کا معنی ہے: جو دوزخ میں گرا اور جل گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ﴿۷۰﴾ (مریم:۷۰) پھر بے شک ہم ان لوگوں کو خوب جانتے ہیں جو جہنم میں داخل ہونے کے زیادہ لائق ہیں O

کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص آگ میں داخل ہوا اور جل گیا۔

نَدِيًّا وَالنَّادِي وَاحِدٌ مَجْلِسًا۔ نَدِيًّا اور نَادِي واحد ہیں اور ان کا معنی ہے: مجلس۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّ اَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿۷۳﴾ (مریم:۷۳) اور جب ان پر ہماری واضح آیات کی تلاوت کی جاتی ہے تو کفار مومنوں سے یہ کہتے ہیں کہ دو فریقوں میں سے کس کا مقام زیادہ اچھا ہے، اور کس کی مجلس زیادہ بہتر ہے O

امام ابوعبیدہ نے کہا ہے: اَلنَّدِي اور اَلنَّادِي دونوں واحد ہیں اور اس کی جمع اَنْدِيَةٌ ہے اور اس کا معنی ہے: وہ جگہ جہاں لوگ جمع ہو کر بیٹھتے ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۷۳۔۷۱، دارالکتب العلمیہ بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۔ بَابٌ: وَ اَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ۔ (مریم:۳۹) اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور آپ انہیں حسرت والے دن سے ڈرایئے۔ (مریم:۳۹) کی تفسیر

Marfat.com

یَوْمَ الْحَسْرَةِ کا مصداق

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

امام بخاری نے پوری آیت نہیں لکھی، پوری آیت اس طرح ہے:

وَ اَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ ۘ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۹﴾ (مریم:۳۹)

اور آپ انہیں حسرت والے دن سے ڈرایئے، جب فیصلہ ہو چکا ہو گا اور وہ غفلت میں ہیں اور ایمان نہیں لا رہے O

یعنی آپ کفار مکہ کو قیامت کے دن سے ڈرایئے جو حسرت کا دن ہے، اس دن بدکار حسرت کرے گا کہ اس نے نیک عمل کیوں نہ کیے اور نیکوکار حسرت سے کہیں گے کہ کاش! اس نے زیادہ نیک کام کیے ہوتے۔

جب فیصلہ ہو چکا ہوگا: یعنی جب اللہ عزوجل بندوں کا حساب لے چکا ہوگا اور ایک قول ہے: جب موت کو ذبح کیا جا چکا ہوگا اور یہ کفار دنیا کی محبت اور مشغولیت میں غافل ہیں اور آخرت میں جو کچھ ہونا ہے۔ اس سے غافل ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۷۴۔ ۷۳)

۴۷۳۰۔ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رضی الله عنه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يُؤْتَى بِالْمَوْتِ كَهَيْئَةِ كَبْشٍ أَمْلَحَ فَيُنَادِي مُنَادٍ يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ فَيَشْرَئِبُّونَ وَيَنْظُرُونَ فَيَقُولُ هَلْ تَعْرِفُونَ هَذَا فَيَقُولُونَ نَعَمْ هَذَا الْمَوْتُ وَكُلُّهُمْ قَدْ رَآهُ ثُمَّ يُنَادِي يَا أَهْلَ النَّارِ فَيَشْرَئِبُّونَ وَيَنْظُرُونَ فَيَقُولُ هَلْ تَعْرِفُونَ هَذَا فَيَقُولُونَ نَعَمْ هَذَا الْمَوْتُ وَكُلُّهُمْ قَدْ رَآهُ فَيُذْبَحُ ثُمَّ يَقُولُ يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ خُلُودٌ فَلَا مَوْتَ وَيَا أَهْلَ النَّارِ خُلُودٌ فَلَا مَوْتَ ثُمَّ قَرَأَ ﴿وَ اَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ ۘ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ﴾ (مریم:۳۹) وَهَؤُلَاءِ فِي غَفْلَةِ أَهْلُ الدُّنْيَا وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ۔

(صحیح مسلم:۲۸۴۹، سنن ترمذی:۳۱۵۶)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عمر بن حفص بن غیاث نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی: انہوں نے کہا ہمیں الاعمش نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابوصالح نے حدیث بیان کی از حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ سرمئی مینڈھے کی شکل میں موت کو لایا جائے گا، پس ایک منادی ندا کرے گا: اے اہل جنت! تو وہ گردن اٹھائیں گے اور دیکھیں گے، وہ کہے گا: کیا تم اس کو پہچانتے ہو؟ تو وہ کہیں گے: ہاں یہ موت ہے اور وہ سب اس کو دیکھ چکے ہوں گے، پھر وہ پکارے گا: اے اہل دوزخ! پھر وہ گردن اٹھائیں گے اور دیکھیں گے وہ کہے گا کیا تم اس کو پہچانتے ہو؟ وہ کہیں گے: ہاں یہ موت ہے اور ان سب نے اس کو دیکھ لیا ہوگا، پھر اس مینڈھے کو ذبح کر دیا جائے گا، پھر وہ منادی کہے گا: اے اہل جنت! اب خلود اور دوام ہے، پس موت نہیں آئے گی اور اے اہل دوزخ! اب خلود اور دوام ہے، پس موت نہیں آئے گی، پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: اور آپ انہیں حسرت والے دن سے ڈرایئے، جب فیصلہ ہو چکا ہوگا اور وہ غفلت میں ہیں (مریم:۳۹) اور یہ لوگ اہل دنیا کی غفلت میں ہوں گے اور وہ ایمان نہیں لائیں گے۔

موت کو مینڈھے کی شکل میں ذبح کرنے کے متعلق احادیث

علامہ عمر بن علی ابن الملقن الشافعی متوفی ۸۰۴ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

Marfat.com

سنن ترمذی میں ہے کہ حضرت ابوسعید نے بیان کیا کہ سرمئی مینڈھے کی شکل میں موت کو لایا جائے گا اور اس کو جنت اور دوزخ کے درمیان کھڑا کر کے ذبح کر دیا جائے گا، پس اگر کوئی خوشی سے مرجاتا تو اہل جنت مرجاتے اور اگر کوئی غم سے مرجاتا تو اہل دوزخ مرجاتے، پھر امام ترمذی نے فرمایا: یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ (سنن ترمذی:۲۵۵۸)

اس حدیث کو امام بخاری نے بھی حضرت ابوہریرہ سے روایت کیا ہے۔ (صحیح البخاری:۶۵۴۵)

نیز امام ابن ماجہ نے اس حدیث کی اس طرح روایت کی ہے کہ موت کو لایا جائے گا، پھر اس کو الصراط پر کھڑا کر دیا جائے گا، پس کہا جائے گا: اے اہل جنت! تو وہ خوف زدہ ہوں گے، کہیں ان کو ان کی جگہ سے نکال نہ دیا جائے، پھر کہا جائے گا: اے اہل دوزخ! تو وہ خوشی خوشی مطلع ہوں گے کہ ان کو اس جگہ سے نکال دیا جائے گا، پھر کہا جائے گا، کیا تم اس کو پہچانتے ہو؟ تو وہ کہیں گے: ہاں یہ موت ہے تو اس کو ذبح کرنے کا حکم دیا جائے گا، پھر اس کو الصراط پر ذبح کر دیا جائے گا۔ (سنن ابن ماجہ:۴۳۲۷)

امام ترمذی نے اس حدیث کی ایک اور عبارت سے روایت کی ہے، اس میں ہے کہ موت کو لایا جائے گا اور اس کو جنت اور دوزخ کے درمیان سرحد پر کھڑا کر دیا جائے گا پھر اس کو لٹا کر اس سرحد پر ذبح کر دیا جائے گا۔ (سنن ترمذی:۲۵۵۷)

امام ابن مردویہ نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ موت کو ذبح کر دیا جائے گا۔ (الدر المنثور ج ۴ ص ۴۹۰)

مینڈھے میں سفید اور سیاہ رنگ ہونے کی حکمت اور موت کا مخلوق ہونا اور جنت اور دوزخ کا دائمی ہونا

اس مینڈھے میں سفید رنگ بھی ہوگا اور سیاہ دھاریاں بھی ہوں گی اور ابن الاعرابی نے کہا ہے کہ وہ خالص سفید ہوگا۔ (تہذیب اللغت ج ۴ ص ۳۴۴۲)

اس کے سفید اور سیاہ رنگ کی حکمت یہ ہے کہ سفید رنگ جنت کی جہت سے ہے اور سیاہ رنگ دوزخ کی جہت سے ہے۔

علامہ مازری نے کہا ہے کہ اہل سنت و جماعت کے نزدیک موت اعراض میں سے ایک عرض ہے جو حیات کی ضد ہے۔ بعض معتزلہ کا زعم ہے کہ موت عرض نہیں ہے بلکہ اس کا معنی ہے: حیات کا نہ ہونا، ان کا یہ قول غلط ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ۔ (الملک:۲) اللہ نے موت اور حیات کو پیدا کیا۔

اس سے ثابت ہوا کہ موت مخلوق ہے اور ان دونوں اقوال کی بناء پر موت جسم نہیں ہے اس لیے اس حدیث کی یہ تاویل کی جائے گی کہ اللہ تعالیٰ نے عالم مثال سے موت کا ایک جسم پیدا کر دیا تا کہ یہ معلوم ہو کہ اہل آخرت کو موت نہیں آئے گی۔ (اکمال المعلم بفوائد المسلم ج ۲ ص ۴۳۲۔۴۳۱)

حضرت ابن عباس، مقاتل اور کلبی نے کہا ہے کہ موت اور حیات دو جسم ہیں، پس موت مینڈھے کی شکل میں ہے اور جس شخص کو بھی اس کی خوشبو آئے گی، وہ مر جائے گا اور حیات چتکبری گھوڑی کی صورت میں ہے اور یہ وہی ہے جس پر حضرت جبریل علیہ السلام اور انبیاء علیہم السلام سواری کرتے تھے اور یہ وہی ہے جس کے پیروں کے نیچے آنے والی مٹی کو سامری نے لے کر گؤسالے، یعنی بچھڑے میں ڈال دیا تھا۔

اس میں یہ دلیل ہے کہ اہل جنت اور اہل دوزخ ملک الموت کا اس صورت میں مشاہدہ کریں گے۔

اس حدیث میں اور اس طرح کی دیگر احادیث میں یہ تصریح ہے کہ اہل جنت اور اہل دوزخ کے لیے خلود اور دوام ہے، جس کی کوئی انتہا نہیں ہے، پس جس نے یہ کہا کہ اہل دوزخ کو دوزخ سے نکال دیا جائے گا اور دوزخ خالی ہو جائے گی اور فنا ہو جائے گی تو اس کا یہ قول عقل کے بھی خلاف ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحیح اور صریح احادیث کے بھی خلاف ہے اور علماء اہلسنت کے اجماع

Marfat.com

کے بھی خلاف ہے۔ ہاں دوزخ کا پہلا طبقہ جس میں گناہ گار مسلمان ہوں گے وہ خالی ہو جائے گا جب گناہ گار مسلمانوں کو دوزخ سے نکال کر جنت میں داخل کر دیا جائے گا۔ اس کا بیان ایک حدیث موقوف میں ہے اور وہ یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص نے کہا کہ آندھیاں دوزخ کے دروازوں کو ہلائیں گی اور ان میں موحدین میں سے کوئی نہیں ہوگا۔ (مسند البزار: ۸: ۲۴۷)

یہ حدیث اگرچہ موقوف ہے لیکن اس حدیث کی مثل رائے اور عقل سے نہیں کہی جا سکتی تو یہ حدیث حکماً مرفوع ہے۔

موت کو مینڈھے کی صورت میں اس لیے لایا جائے گا کیونکہ حدیث میں ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے پاس ملک الموت سرمئی مینڈھے کی شکل میں آیا تھا اور اس نے اپنے چار ہزار (۴۰۰۰) پر کھول رکھے تھے اور جو اس کو ذبح کریں گے وہ یحییٰ بن زکریا ہیں، وہ اس مینڈھے کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ذبح کریں گے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس کو حضرت جبرئیل علیہ السلام ذبح کریں گے۔ یہ دونوں قول علامہ قرطبی نے ذکر کیے ہیں۔ (التذکرہ ص ۵۱۳۔۵۱۱)

(التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۲ ص ۵۹۷۔۵۹۴، وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ھ)

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

ہم اس حدیث کی شرح کتاب الرقاق میں کریں گے۔ دیکھیے صحیح البخاری: ۶۵۴۸۔

(فتح الباری ج ۵ ص ۶۹۸، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

حافظ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ نے اس کی وہی شرح کی ہے جو ہم ابھی ''التوضیح'' سے لکھ چکے ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۷۵۔۷۴)

علامہ محمد الفضیل بن الفاطمی المالکی الزرھونی المتوفی ۱۳۱۸ھ اس کی شرح میں لکھتے ہیں:

مینڈھے کی سفید دھاریوں سے اہل جنت کی طرف اور سیاہ دھاریوں سے اہل دوزخ کی طرف اشارہ کی توجیہ

موت کو لایا جائے گا: جو اعراض میں سے ایک عرض ہے، اس کو جسم بنا کر لایا جائے گا، کیونکہ اس میں کوئی مانع نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ عرض کو جسم بنا دے اور اس عرض کو اس کے جسم کا مادہ بنا دے۔ سرمئی مینڈھے کی شکل میں لایا جائے گا، اس میں سفید اور کالی دھاریاں ہوں گی، سفید زیادہ ہوں گی۔

قاضی عیاض نے کہا کہ سفیدی سے اہل جنت کی طرف اشارہ ہے، جن کے چہرے سفید ہوں گے اور سیاہی سے اہل دوزخ کی طرف اشارہ ہے، جن کے چہرے سیاہ ہوں گے۔ (اکمال المعلم بفوائد مسلم ج ۸ ص ۳۸۳)

علامہ دمامینی نے یہ اضافہ کیا ہے کہ سفیدی زیادہ ہونے میں یہ حکمت ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اس کے غضب سے زیادہ ہے۔

(مصابیح الجامع الصحیح: ۴۷۳۰)

ان میں سے ہر ایک نے اس کو دیکھ لیا: یعنی اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں ایسی بات ڈالی جس سے انہوں نے پہچان لیا کہ یہ مینڈھا دراصل موت ہے۔ (الفجر الساطع علی الصحیح الجامع ج ۱۱ ص ۳، مکتبۃ الرشد، ریاض، ۱۴۳۰ھ)

۲۔ باب: وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ (مریم: ۶۴)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ہم (فرشتے) صرف آپ کے رب کے حکم سے نازل ہوتے ہیں اور ہمارے آگے اور پیچھے اور جو اس کے درمیان ہے وہ سب اس کی ملکیت ہے۔ (مریم: ۶۴) کی تفسیر

حضرت جبرئیل کے آپ کے پاس نازل نہ ہونے کی مدت میں متعدد اقوال

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

عکرمہ، ضحاک، قتادہ، مقاتل اور کلبی نے بیان کیا ہے کہ جب آپ کی قوم کے لوگوں نے آپ سے اصحاب کہف، ذوالقرنین اور روح کے متعلق سوال کیا اور حضرت جبرئیل آپ کے پاس نہیں آئے، آپ کو امید تھی کہ حضرت جبرئیل آپ کے پاس ان کے سوال کا جواب لے کر آئیں گے، پس انہوں نے تاخیر کردی، عکرمہ نے کہا: چالیس دن تاخیر کردی، مجاہد نے کہا: بارہ راتیں اور ایک قول ہے: پندرہ دن، یہ تاخیر نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر بہت شاق گزری، پھر جب حضرت جبرئیل علیہ السلام نازل ہوئے تو آپ نے ان سے کہا کہ آپ نے بہت تاخیر کردی، مجھے آپ سے ملاقات کا اشتیاق ہوا۔ تب حضرت جبرئیل نے کہا: مجھے بھی آپ سے ملنے کا شوق تھا لیکن میں حکم کا پابند ہوں، جب مجھے بھیجا جاتا ہے تو میں نازل ہو جاتا ہوں اور جب مجھے روک لیا جاتا ہے تو میں رک جاتا ہوں، تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: اور ہم (فرشتے) صرف آپ کے رب کے حکم سے نازل ہوتے ہیں۔ (مریم: ۶۴)

۳۲۱۷۔ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ ذَرٍّ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم لِجِبْرِيلَ مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَزُورَنَا أَكْثَرَ مِمَّا تَزُورُنَا فَنَزَلَتْ ﴿وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ لَهُ مَا بَيْنَ أَيْدِينَا وَمَا خَلْفَنَا﴾ (مریم: ۶۴)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابونعیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عمر بن ذر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے اپنے والد سے سنا از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل سے فرمایا: آپ کو کس چیز نے منع کیا کہ آپ اس سے زیادہ ہم سے ملاقات کیا کریں جتنی آپ ہم سے ملاقات کرتے ہیں، تب یہ آیت نازل ہوئی: اور ہم (فرشتے) صرف آپ کے رب کے حکم سے نازل ہوتے ہیں اور ہمارے آگے اور پیچھے جو اس کے درمیان ہے، وہ بس اس کی ملکیت ہے۔ (مریم: ۶۴)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۲۱۸ میں گزر چکی ہے۔

۳۔ بَابٌ: أَفَرَءَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا۔

(مریم: ۷۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا؟ جس نے ہماری آیتوں کے ساتھ کفر کیا اور کہا: مجھے ضرور مال اور اولاد دی جائے گی۔ (مریم: ۷۷) کی تفسیر

عاص بن وائل نے قرآن مجید کی آیات کا کفر کیا اور وہ کہتا تھا کہ قیامت کے بعد اسے جنت میں مال اور اولاد ملے گی اور وہ قرآن مجید کی آیات کا مذاق اڑاتا تھا۔

۳۲۷۲۔ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي الضُّحَى عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ سَمِعْتُ خَبَّابًا قَالَ جِئْتُ الْعَاصَ بْنَ وَائِلٍ السَّهْمِيَّ أَتَقَاضَاهُ حَقًّا لِي عِنْدَهُ فَقَالَ لَا أُعْطِيكَ حَتَّى تَكْفُرَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحمیدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از الاعمش از ابی الضحیٰ از مسروق، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت خباب رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں العاص بن وائل السہمی

بِمُحَمَّدٍ ﷺ فَقُلْتُ لَا حَتَّى تَمُوتَ ثُمَّ تُبْعَثَ قَالَ وَإِنِّي لَمَيِّتٌ ثُمَّ مَبْعُوثٌ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ إِنَّ لِي هُنَاكَ مَالًا وَوَلَدًا فَأَقْضِيكَهُ فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ ﴿أَفَرَءَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا﴾ (مریم:۷۷)

کے پاس اس سے اپنے حق کا تقاضا کرنے کے لیے گیا جو اس کے پاس تھا، اس نے کہا: میں تم کو تمہارا حق اس وقت تک نہیں دوں گا جب تک کہ تم (سیدنا) محمد ﷺ کے ساتھ کفر نہیں کرو گے، میں نے کہا: میں اس وقت تک یہ کفر نہیں کروں گا حتیٰ کہ تم مر جاؤ، پھر تم کو زندہ کر کے اٹھایا جائے، اس نے کہا: میں مر جاؤں گا، پھر مجھ کو اٹھایا جائے گا؟ میں نے کہا: ہاں! اس نے کہا: پھر میرے پاس وہاں پر مال بھی ہوگا اور اولاد بھی ہوگی تو پھر میں تم کو تمہارا قرض ادا کر دوں گا۔ تب یہ آیت نازل ہوئی: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے ہماری آیتوں کے ساتھ کفر کیا اور کہا: مجھے ضرور مال اور اولاد دی جائے گی ○ (مریم:۷۷)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری:۲۰۹۱ میں گزر چکی ہے۔

اس اعتراض کا جواب کہ کیا حضرت خباب قیامت کے بعد رسول اللہ ﷺ کا کفر کر دیں گے

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

العاص بن وائل: یہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ مشہور صحابی کے والد کا نام ہے۔ زمانہ جاہلیت میں اس کی بہت قدر و منزلت تھی، لیکن اس کو اسلام لانے کی توفیق نہیں ہوئی، کلبی نے کہا ہے کہ یہ قریش کے حکام میں سے تھا۔

التوضیح میں مذکور ہے: العاص بغیر یاء کے ہے اور یہ لفظ عِصْیَان سے ماخوذ نہیں ہے بلکہ یہ عَصٰی یَعْصُوسے ماخوذ ہے جب کوئی شخص تلوار سے وار کرے، علامہ عینی ان کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اگر یہ عصیان سے ماخوذ ہو تب بھی کوئی مانع نہیں ہے بلکہ ظاہر یہ ہے کہ یہ عصیان سے ہی ماخوذ ہے اور تخفیف کی وجہ سے اس کی یاء حذف کر دی گئی، علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ یہ لفظ اجوف بھی ہے اور ناقص بھی ہے، علامہ عینی فرماتے ہیں: جب یہ لفظ اجوف ہوگا تو العوص سے ماخوذ ہوگا اور جب ناقص ہوگا تو پھر یہ عصیان سے ماخوذ ہوگا۔

میں نے کہا: میں آپ کا کفر نہیں کروں گا: اگر تم یہ سوال کرو کہ حضرت خباب کے اس جواب سے پتا چلتا ہے کہ وہ موت کے بعد نبی ﷺ کا کفر کریں گے تو اس کا جواب یہ ہے کہ موت کے بعد کفر کا کوئی تصور نہیں ہے اور ان کے اس قول کا مطلب یہ ہے کہ میں آپ کے ساتھ بالکل کفر نہیں کروں گا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۷۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

میں کہتا ہوں کہ حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ نے یہ اس لیے کہا تھا کہ عاص بن وائل مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کا قائل نہیں تھا اور اس کے نزدیک یہ محال تھا اور حضرت خباب کا موت کے بعد کفر کرنا بھی محال تھا، تو حضرت خباب نے محال کے اوپر محال کو معلق کیا اور اس کا خلاصہ یہی ہے کہ میں نبی ﷺ کا کفر کبھی نہیں کروں گا۔

رَوَاهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ وَحَفْصٌ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ وَوَكِيعٌ عَنِ الْأَعْمَشِ۔

اس حدیث کی ثوری، شعبہ، حفص، ابو معاویہ اور وکیع نے الاعمش سے روایت کی ہے۔

۴۔ بَابٌ: اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا۔ (مریم:۷۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: کیا وہ غیب پر مطلع ہے یا اس نے رحمٰن سے کوئی عہد لیا ہوا ہے (یعنی پکا عہد لیا ہے)۔ (مریم:۷۸) کی تفسیر

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: کیا وہ غیب پر مطلع ہو گیا۔ اس کا معنی یہ ہے کہ کیا عاص بن وائل نے لوح محفوظ کو دیکھ لیا اور مجاہد نے کہا: کیا اس نے غیب کو جان لیا حتیٰ کہ اس کو پتا چل گیا کہ وہ جنت میں ہوگا یا نہیں ہوگا۔

اَطَّلَعَ: اس کا معنی ہے: جب کوئی شخص پہاڑ کی بلندی پر چڑھ جائے۔

عَهْدًا: اس کا معنی ہے: کیا اس نے کلمہ پڑھ کر جنتی ہونے کی سند حاصل کر لی ہے، قتادہ نے کہا: کیا اس نے اللہ کے پاس نیک عمل بھیج دیے ہیں، کلبی نے کہا: کیا اس نے اللہ سے یہ عہد لے لیا ہے۔

مَوْثِقًا: اس کا معنی ہے: پکا عہد۔ یہ لفظ وِثَاق سے ماخوذ ہے، وِثاق اس رسی کو کہتے ہیں جس سے قیدی کو یا سواری کو باندھا جاتا ہے۔ جوہری نے کہا: موثقا کا معنی ہے: میثاق۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۷۷)

۴۷۳۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي الضُّحَى عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ خَبَّابٍ قَالَ كُنْتُ قَيْنًا بِمَكَّةَ فَعَمِلْتُ لِلْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ السَّهْمِيِّ سَيْفًا فَجِئْتُ أَتَقَاضَاهُ فَقَالَ لَا أُعْطِيكَ حَتَّى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ قُلْتُ لَا أَكْفُرُ بِمُحَمَّدٍ ﷺ حَتَّى يُمِيتَكَ اللهُ ثُمَّ يُحْيِيَكَ قَالَ إِذَا أَمَاتَنِي اللهُ ثُمَّ بَعَثَنِي وَلِي مَالٌ وَوَلَدٌ فَأَنْزَلَ اللهُ ﴿أَفَرَءَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِـَٔايَـٰتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا ۝ اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۝﴾ (مریم:۷۸-۷۷) قَالَ مَوْثِقًا لَمْ يَقُلِ الْأَشْجَعِيُّ عَنْ سُفْيَانَ سَيْفًا وَلَا مَوْثِقًا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے خبر دی از الاعمش از ابی الضحیٰ از مسروق از حضرت خباب رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں مکہ میں لوہار تھا، پس میں نے العاص بن وائل السہمی کے لیے تلوار بنائی، پس میں اس کے پاس (اپنی اجرت کا) تقاضا کرنے کے لیے گیا، اس نے کہا: میں تم کو اجرت نہیں دوں گا حتیٰ کہ تم (سیدنا) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ساتھ کفر کرو، میں نے کہا: میں سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کفر نہیں کروں گا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ تم کو مارے، پھر زندہ کرے، اس نے کہا: جب اللہ مجھ کو مارے گا، پھر زندہ کرے گا تو میرے پاس مال اور اولاد ہوگی، تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے ہماری آیتوں کے ساتھ کفر کیا اور کہا: مجھے ضرور مال اور اولاد دی جائے گی ○ کیا وہ غیب پر مطلع ہے یا اس نے رحمٰن سے کوئی عہد لیا ہوا ہے ○ (مریم:۷۸-۷۷) امام بخاری نے کہا: مَوْثِقًا سے پکا عہد مراد ہے، اشجعی نے سفیان سے روایت میں نہ تلوار کا ذکر کیا ہے اور نہ موثقا کا ذکر کیا ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۰۹۱ میں گزر چکی ہے۔

Marfat.com

۵۔ بَابٌ: كَلَّا ۛ سَنَكْتُبُ مَا يَقُوْلُ وَ نَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ۝ (مریم:۷۹)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ہرگز نہیں! ہم عنقریب اس کی باتوں کو لکھ لیں گے اور اس کے عذاب کو بڑھاتے رہیں گے ○ (مریم:۷۹) کی تفسیر

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے عاص بن وائل کے قول کا رد کیا ہے کہ ہم نے اس کے قول کو لکھ لیا ہے اور اس کی سزا میں آخرت میں اس کو دگنا عذاب دیں گے۔

۴۷۳۴۔ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ سَمِعْتُ أَبَا الضُّحَى يُحَدِّثُ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ خَبَّابٍ قَالَ كُنْتُ قَيْنًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَكَانَ لِي دَيْنٌ عَلَى الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ قَالَ فَأَتَاهُ يَتَقَاضَاهُ فَقَالَ لَا أُعْطِيكَ حَتَّى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ ﷺ فَقَالَ وَاللهِ لَا أَكْفُرُ حَتَّى يُمِيتَكَ اللهُ ثُمَّ يَبْعَثُكَ قَالَ فَذَرْنِي حَتَّى أَمُوتَ ثُمَّ أُبْعَثَ فَسَوْفَ أُوتَى مَالًا وَوَلَدًا فَأَقْضِيكَ فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ ﴿أَفَرَءَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِـَٔايَـٰتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا ۝﴾ (مریم:۷۷)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں بشر بن خالد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از سلیمان، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ابوالضحیٰ سے سنا، وہ حدیث بیان کرتے ہیں از مسروق از حضرت خباب رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ میں زمانہ جاہلیت میں لوہار تھا اور میرا العاص بن وائل پر قرض تھا۔ میں اس کے پاس تقاضا کرنے کے لیے گیا۔ اس نے کہا: میں تمہارا قرض نہیں دوں گا حتیٰ کہ تم (سیدنا) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا کفر کرو۔ پس حضرت خباب نے کہا: اللہ کی قسم! میں ان کا اس وقت تک کفر نہیں کروں گا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ تمہیں مارے، پھر تمہیں دوبارہ زندہ کر کے اٹھائے، اس نے کہا: پس تم مجھے چھوڑو حتیٰ کہ میں مرجاؤں، پھر دوبارہ زندہ کیا جاؤں، پس مجھے عنقریب مال اور اولاد دی جائے گی، سو میں تمہارا قرض ادا کر دوں گا، تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے ہماری آیتوں کے ساتھ کفر کیا اور کہا: مجھے ضرور مال اور اولاد دی جائے گی ○ (مریم:۷۷)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۰۹۱ میں گزر چکی ہے۔

۶۔ باب: وَّنَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ وَيَأْتِينَا فَرْدًا ۝ (مریم:۸۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ہم ہی اس کی باتوں کے وارث ہیں، اور وہ ہمارے پاس تنہا آئے گا ○ (مریم:۸۰) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں کہ علامہ نسفی نے کہا ہے کہ اس آیت کا معنی یہ ہے کہ ہم العاص بن وائل کے اس قول کو نہیں بھولیں گے اور نہ اس کو لغو قرار دیں گے بلکہ اس کے اس قول کو اس کے اعمال نامہ میں محفوظ رکھیں گے اور قیامت کے دن وہ صحیفہ اس کے منہ پر مار دیں گے اور وہ ہمارے پاس حالت فقر میں مال اور اولاد کے بغیر تنہا آئے گا۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْجِبَالُ هَدًّا هَدْمًا۔ حضرت ابن عباس نے کہا: الْجِبَالُ هَدًّا کا معنی ہے کہ پہاڑ منہدم

Marfat.com

ہوجائیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ۝ (مریم:۹۰)

قریب ہے کہ اس بات سے آسمان پھٹ جائیں، اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہوجائیں O

یعنی مشرکین نے جو کہا ہے کہ رحمٰن کا بیٹا ہے۔ یہ قول اتنا سنگین ہے کہ اسے سن کر آسمان پھٹ جائیں، زمین شق ہوجائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہوجائیں۔ امام بخاری نے هَدًّا کی تفسیر منہدم ہونے کے ساتھ کی ہے۔ مقاتل نے اس کی تفسیر ٹوٹنے کے ساتھ کی ہے۔ امام ابوعبیدہ نے اس کی تفسیر گرنے کے ساتھ کی ہے۔

۴۷۳۵۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي الضُّحَى عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ خَبَّابٍ قَالَ كُنْتُ رَجُلًا قَيْنًا وَكَانَ لِي عَلَى الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ دَيْنٌ فَأَتَيْتُهُ أَتَقَاضَاهُ فَقَالَ لِي لَا أَقْضِيكَ حَتَّى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ قَالَ قُلْتُ لَنْ أَكْفُرَ بِهِ حَتَّى تَمُوتَ ثُمَّ تُبْعَثَ قَالَ وَإِنِّي لَمَبْعُوثٌ مِنْ بَعْدِ الْمَوْتِ فَسَوْفَ أَقْضِيكَ إِذَا رَجَعْتُ إِلَى مَالٍ وَوَلَدٍ قَالَ فَنَزَلَتْ ﴿أَفَرَءَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا ۝ أَطَّلَعَ الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۝ كَلَّا سَنَكْتُبُ مَا يَقُولُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ۝ وَنَرِثُهُ مَا يَقُولُ وَيَأْتِينَا فَرْدًا ۝﴾ (مریم:۷۷ تا ۸۰)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں وکیع نے حدیث بیان کی از الاعمش از ابوالضحیٰ از مسروق از حضرت خباب رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ میں ایک لوہار شخص تھا اور میرا العاص بن وائل پر قرض تھا، میں اس کے پاس تقاضا کرنے کے لیے گیا۔ اس نے کہا: میں اس وقت تک (تمہارا قرض) ادا نہیں کروں گا حتیٰ کہ تم (سیدنا) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ساتھ کفر نہ کرو، حضرت خباب بیان کرتے ہیں میں نے کہا: میں ہرگز ان کا کفر نہیں کروں گا حتیٰ کہ تم مرجاؤ، پھر تمہیں دوبارہ زندہ کر کے اٹھایا جائے۔ اس نے کہا: بے شک میں جب موت کے بعد اٹھایا جاؤں گا تو میں عنقریب تمہارا قرض ادا کردوں گا جب میں اپنے مال اور اولاد کے ساتھ لوٹوں گا، کہتے ہیں: تب یہ آیات نازل ہوئیں: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے ہماری آیتوں کے ساتھ کفر کیا اور کہا: مجھے ضرور مال اور اولاد دی جائے گی O کیا وہ غیب پر مطلع ہے یا اس نے رحمٰن سے کوئی عہد لیا ہوا ہے O ہرگز نہیں! ہم عنقریب اس کی باتوں کو لکھ لیں گے اور اس کے عذاب کو بڑھاتے رہیں گے O اور ہم اس کی باتوں کے وارث ہیں اور وہ ہمارے پاس تنہا آئے گا O (مریم:۷۷ تا ۸۰)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۰۹۱ میں گزر چکی ہے۔

الحمدللہ رب العالمین، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے سورۂ مریم کی تفسیر مکمل ہوگئی، اب ان شاء اللہ سورۂ طٰہٰ کی تفسیر شروع ہوگی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۲۰۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ طٰہٰ

سورۂ طٰہٰ کی تفسیر

سورۂ طٰہٰ کا تعارف

مقاتل نے کہا: یہ پوری سورت مکی ہے، حضرت ابن عباس اور حضرت ابن الزبیر رضی اللہ عنہم نے بھی اسی طرح کہا ہے، اور مقامات التنزیل میں مذکور ہے کہ یہ پوری سورت مکی ہے اور اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے اور الکلبی نے ذکر کیا ہے کہ اس کی یہ آیت مدنی ہے: وَمِنْ اٰنَآئِ الَّیْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ۝ (طٰہٰ: ۱۳۰) اس آیت میں نماز کے اوقات بیان کیے گئے ہیں۔

اس سورت میں ایک سو پینتیس (۱۳۵) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۷۹)

مقاتل نے کہا: جب ابوجہل، ولید بن مغیرہ، نضر بن حارث اور مطعم بن عدی نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لمبی لمبی نمازیں پڑھتے ہوئے دیکھا تو کہا: جب سے آپ نے اپنے آباء واجداد کے دین کو چھوڑا ہے، آپ بہت سختی اور مصیبت میں مبتلا ہو گئے ہیں، تو اللہ تعالیٰ نے یہ سورت نازل فرمائی: اے طٰہٰ! ہم نے یہ قرآن آپ پر اس لیے نازل نہیں کیا کہ آپ کو سختی اور مشقت میں مبتلا کریں۔

(طٰہٰ: ۱۔۲) (تبیان القرآن ج ۷ ص ۳۲۳)

لفظ طٰہٰ کے متعدد محامل

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

سعید بن جبیر نے کہا ہے کہ طٰہٰ النبطیہ زبان کا لفظ ہے، مقاتل نے کہا: یہ سریانی زبان کا لفظ ہے اور اس کا معنی ہے: اے مرد، الواسطی نے کہا ہے کہ یہ حروف مقطعہ ہیں اور طا سے مراد ہے: یا طاہر اور ہا سے مراد ہے: یا ہادی۔ امام ابوحاتم نے کہا کہ طٰہٰ اس سورت کا افتتاحی لفظ ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک اسم ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس اسم کے ساتھ قسم کھائی ہے۔

لیث نے کہا ہے کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کا کلام سنا تو ان پر خوف طاری ہوا تو وہ شدت خوف کی وجہ سے اپنے پنجوں کے اوپر کھڑے ہو گئے، تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: طٰہٰ یعنی آپ مطمئن ہو جائیں، بعض علماء نے کہا ہے کہ اس کا معنی ہے: زمین کو اپنے قدموں سے روندیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۷۹، دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۱ھ)

قَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ وَالضَّحَّاكُ بِالنَّبَطِيَّةِ أَيْ طَهْ يَا رَجُلُ يُقَالُ كُلُّ مَا لَمْ يَنْطِقْ بِحَرْفٍ أَوْ فِيهِ تَمْتَمَةٌ أَوْ فَأْفَأَةٌ فَهِيَ عُقْدَةٌ۔

ابن جبیر اور ضحاک نے کہا: نبطیہ میں طٰہٰ کا معنی ہے: اے مرد! سعید بن جبیر نے کہا ہے کہ نبطی زبان میں طٰہٰ کا معنی ہے: اے مرد! اس کے علاوہ اور بھی اقوال ہیں جن کو ہم اس سے پہلے نقل کر چکے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ ہر وہ شخص جو کسی حرف کو نہ بول سکے یا اس کے بولنے میں تمتمہ ہو، یعنی بولنے میں اس کی زبان اٹکتی ہو یا فأفأۃ ہو یعنی بولتے وقت اس کی زبان سے فأفا کے الفاظ نکلتے ہوں ان

Marfat.com

تمام صورتوں میں اس پر عقدہ کا اطلاق ہوتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۝ (طٰہٰ:۲۷) اور میری زبان کی گرہ کھول دے ۝

حضرت ابن عباس نے کہا کہ حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مراد یہ تھی کہ میری زبان میں جو گرہ ہے، اس کو کھول دیجئے تا کہ لوگ میری بات کو سمجھ سکیں، تمتمہ کا معنی ہے: کلام میں تاء کو بار بار لانا۔ فأفأۃ کا معنی ہے: کلام میں فاء کو بار بار لانا۔

أَزْرِی ظَهْرِی۔ اَزْرِیْ اس کا معنی ہے: میری پشت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

هٰرُوْنَ اَخِی ۝ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِیْ ۝ (طٰہٰ:۳۰۔۳۱) میرے بھائی ہارون کو ۝ اس سے میری کمر کو مضبوط کر دے ۝

امام بخاری نے اَزْر کی تفسیر پشت کے ساتھ کی ہے اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ اَزْر کا معنی قوت بھی ہے اور پشت بھی، کہا جاتا ہے: اَزَرْتُ فلانا علی الأمر یعنی میں نے اس کو اس کام پر قوت دی۔

فَيُسْحِتَكُمْ يُهْلِكَكُمْ۔ فَيُسْحِتَكُمْ اس کا معنی ہے: وہ تم کو ہلاک کر دے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ۔ (طٰہٰ:۶۱) موسیٰ نے ان سے کہا: تم پر افسوس ہے، تم جھوٹ بول کر اللہ پر بہتان نہ باندھو، وہ تم کو عذاب سے ملیامیٹ کر دے گا۔

امام بخاری نے یُسْحِتَکُمْ کی تفسیر کی ہے: وہ تم کو ہلاک کر دے گا اور تفسیر میں ہے: وہ تم کو جڑ سے اکھاڑ دے گا۔

اَلْمُثْلٰى تَأْنِيثُ الْأَمْثَلِ يَقُولُ بِدِينِكُمْ يُقَالُ خُذْ الْمُثْلَى خُذْ الْأَمْثَلَ۔ اَلْمُثْلٰی یہ اَمْثَلُ کی تانیث ہے۔ وہ کہتا ہے: یعنی وہ دونوں تمہارے بہترین دین کو لے جائیں، کہتے ہیں: خُذِ الْمُثْلٰی وَالْاَمْثَلَ یعنی آپ اعلیٰ اور افضل کو لے لیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ۝ (طٰہٰ:۶۳) وہ کہنے لگے: بے شک یہ دونوں ضرور جادوگر ہیں جو اپنے جادو سے تمہیں تمہارے ملک سے نکالنا چاہتے ہیں اور تمہارے بہترین مذہب کو مٹانا چاہتے ہیں ۝

اللہ تعالیٰ نے فرعون کی طرف سے یہ خبر دی ہے کہ اس نے کہا کہ حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام اپنے جادو کے زور سے تم کو تمہارے وطن سے نکالنا چاہتے ہیں اور تمہارے عمدہ طریقہ یعنی عمدہ دین کو مٹانا چاہتے ہیں۔

ثُمَّ ائْتُوا صَفًّا يُقَالُ هَلْ أَتَيْتَ الصَّفَّ الْيَوْمَ يَعْنِي الْمُصَلَّى الَّذِي يُصَلَّى فِيهِ۔ پھر تم صف میں آؤ: عرب کہتے ہیں: کیا تم آج صف میں گئے تھے، یعنی اس عیدگاہ میں جہاں نماز پڑھی جاتی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاجْمَعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا۔ (طٰہٰ:۶۴) تم اپنے سارے داؤ پیچ جمع کر لو، پھر صف باندھ کر آؤ۔

امام بخاری نے کہا: یہاں صف کا معنی عیدگاہ ہے، یعنی لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ امام ابوعبیدہ نے بھی یہی تفسیر کی ہے

Marfat.com

مقاتل نے کلبی سے تفسیر کی ہے: اس کا معنی ہے: تم سب مل کر آنا، خلاصہ یہ ہے کہ فرعون نے اپنے لوگوں سے کہا: تم جادو کے اپنے طریقوں کو جمع کرلو، پھر تم لوگوں کے مصلّٰی یعنی ان کے جمع ہونے کی جگہ میں آؤ۔ (امام بخاری کی یہ تفسیر کہ صف کا معنی عیدگاہ ہے، صحیح نہیں ہے فرعون کے دور میں عیدگاہ کہاں تھی، صحیح یہ ہے کہ اس سے مراد لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ ہے۔ سعیدی غفرلہ)

فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خَوْفًا فَذَهَبَتْ الْوَاوُ مِنْ خِيفَةً لِكَسْرَةِ الْخَاءِ۔

حضرت موسیٰ نے اپنے دل میں خوف کو چھپایا۔ خیفۃ اصل میں خوف تھا۔ واؤ کو ماقبل کسرہ کی وجہ سے یاء سے بدل دیا تو یہ لفظ خیفۃ ہوگیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً مُّوسَىٰ ﴿٦٧﴾ (طٰہٰ:۶۷) پس موسیٰ نے اپنے دل میں خوف پایا○

امام بخاری نے اوجس کی تفسیر کی ہے: انہوں نے چھپایا، یعنی خوف کو، مقاتل نے کہا ہے کہ حضرت موسیٰ کو یہ خوف ہوا کہ جب وہ معجزہ سے لاٹھی کو اژدہا بنائیں گے تو کہیں لوگ ان کے معجزہ کو بھی فرعونیوں کے جادو کی طرح نہ گمان کرلیں اور پھر وہ آپ کی نبوت میں شک کرنے لگیں۔

فِي جُذُوعِ أَنْ عَلَى جُذُوعِ النَّخْلِ۔

فِیْ جُذُوْعِ یعنی کھجور کے تنوں کے اوپر۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ فِي جُذُوعِ النَّخْلِ۔ (طٰہٰ:۷۱) اور میں تم کو ضرور کھجور کے تنوں پر سولی چڑھاؤں گا۔

یعنی اس آیت میں فی، علیٰ کے معنی میں ہے۔

خَطْبُكَ بَالُكَ۔

خَطْبُكَ اس کا معنی ہے: تمہارا معاملہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يَا سَامِرِيُّ ﴿٩٥﴾ (طٰہٰ:۹۵) موسیٰ نے کہا: اے سامری! تیرا کیا معاملہ ہے○

امام بخاری نے خَطْبُكَ کی تفسیر کی ہے: تمہارا معاملہ، اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے سامری سے کہا: وہ کیا سبب ہے جس نے تمہیں اس کارروائی پر برانگیختہ کیا ہے۔

مِسَاسَ مَصْدَرُ مَاسَّهُ مِسَاسًا۔

مِسَاسَ یہ مَاسَّہٗ کا مصدر ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ فَاذْهَبْ فَإِنَّ لَكَ فِي الْحَيٰوةِ أَنْ تَقُولَ لَا مِسَاسَ۔ (طٰہٰ:۹۷) موسیٰ نے کہا: اب تو یہاں سے چلا جا، اب تو زندگی بھر یہی کہے گا کہ ''مجھے مت چھونا''۔

اس آیت کا معنی یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے سامری سے کہا: تم ہمارے پاس سے چلے جاؤ۔ اب تم جب تک زندہ ہو، یہی کہتے رہو گے کہ مجھے مت چھونا۔ اللہ تعالیٰ نے اسے ایسی سزا دی کہ اس سے زیادہ وحشت ناک اور کوئی سزا نہیں ہوسکتی، کیونکہ اس کو لوگوں کے ساتھ ملنے جلنے اور ان کے ساتھ باتیں کرنے سے بالکل روک دیا گیا تھا۔

لَنَنْسِفَنَّهُ لَنَذْرِيَنَّهُ۔

لَنَنْسِفَنَّهٗ کا معنی ہے: ہم اس کو ضرور بکھیر دیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

لَنُحَرِّقَنَّهُ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهُ فِي الْيَمِّ نَسْفًا ۝ ہم اس کو ضرور جلا دیں گے، پھر اس کی راکھ کو اڑا کر سمندر میں (طٰہٰ:۹۷) پھینک دیں گے O

کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس بچھڑے کو پکڑ کر ذبح کر دیا تو اس سے خون بہا چونکہ وہ گوشت اور خون بن گیا تھا، پھر انہوں نے اس کو جلا کر اس کی راکھ کو سمندر میں بہا دیا۔

قَاعًا يَعْلُوهُ الْمَاءُ وَالصَّفْصَفُ۔ قَاعًا اس کا معنی ہے: ہموار زمین، جس پر پانی چڑھ جائے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۝ (طٰہٰ:۱۰۶) اور زمین کو کھلے ہوئے ہموار میدان کی حالت میں چھوڑ دے گا O

امام بخاری نے اَلْقَاعُ کی تفسیر کی ہے: ایسی زمین، جس پر پانی چڑھ جائے، امام عبدالرزاق نے از معمر از قتادہ روایت کی ہے کہ اَلْقَاعُ الصَّفْصَفُ کا معنی ہے: ہموار زمین، الفراء نے کہا ہے: القاع اس کشادہ زمین کو کہتے ہیں جس میں دوپہر کے وقت ریت پانی کی طرح دکھائی دے، یعنی سراب اور صفصف اس چکنی اور پتھریلی زمین کو کہتے ہیں جس میں پیداوار نہ ہو۔

وَالصَّفْصَفُ الْمُسْتَوِي مِنَ الْأَرْضِ۔ الصفصف المستوی من الأرض اس کا معنی ہے: ہموار زمین۔

اس کی تشریح اس سے اوپر والی تعلیق میں ذکر کر دی گئی ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ أَوْزَارًا أَثْقَالًا۔ مجاہد نے کہا: أَوْزَارًا کا معنی ہے: ثقیل چیزیں، یعنی بوجھل چیزیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَكِنَّا حُمِّلْنَا أَوْزَارًا مِنْ زِينَةِ الْقَوْمِ۔ (طٰہٰ:۸۷) لیکن قوم (فرعون) کے زیورات کا بوجھ ہم پر لاد دیا گیا تھا۔

أَوْزَار، وِزْر کی جمع ہے اور وِزْر کسی سزا کے بوجھ کو کہتے ہیں جیسے کسی بوجھل چیز کے اٹھانے سے آدمی تھک جائے اور اس کو وہ بوجھل چیز سزا معلوم ہو یا اس سے مراد ہے: گناہوں کی سزا۔

مِنْ زِينَةِ الْقَوْمِ وَهِيَ الْحُلِيُّ الَّتِي اسْتَعَارُوا مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ۔ مِنْ زِينَةِ الْقَوْمِ یہ وہ زیورات ہیں جو بنی اسرائیل نے قوم فرعون سے عاریۃً لیے تھے۔

جو زیورات بنی اسرائیل نے قوم فرعون سے عاریۃً لیے تھے، جب مصر سے جاتے وقت ان کو وہ اٹھانے پڑے تو ان کو وہ بوجھ معلوم ہوئے۔

فَقَذَفْتُهَا فَأَلْقَيْتُهَا۔ فَقَذَفْتُهَا اس کا معنی ہے: پس ہم نے ان کو ڈال دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَقَذَفْتُهَا فَكَذَلِكَ أَلْقَى السَّامِرِيُّ ۝ (طٰہٰ:۸۷) تو ہم نے ان کو (آگ میں) ڈال دیا، سو اسی طرح سامری نے (ان کو آگ میں) ڈالا تھا O

یعنی بنی اسرائیل کے پاس جو قوم فرعون کے زیور تھے سامری نے ان کو آگ میں پگھلا کر ایک مجسمہ بنا لیا جس سے گائے کی سی آواز نکلتی تھی۔

أَلْقَى صَنَعَ۔ أَلْقَى اس کا معنی ہے: صنع یعنی بنایا۔

اس تعلیق میں بھی اسی آیت کی طرف اشارہ کیا ہے یعنی سامری نے ان زیورات کو پگھلا کر ایک مجسمہ بنا لیا تھا۔

Marfat.com

فَنَسِيَ مُوسَى هُمْ يَقُولُونَهُ أَخْطَأَ الرَّبَّ لَا يَرْجِعُ إِلَيْهِمْ قَوْلًا الْعِجْلُ۔

فَنَسِيَ (موسیٰ) اس سے مراد یہ ہے کہ بنی اسرائیل یہ کہتے تھے کہ موسیٰ نے اپنے رب کو پہچاننے میں خطا کی یعنی اصل رب تو یہ بچھڑا ہے، حالانکہ وہ بچھڑا ان کی کسی بات کا جواب نہیں دے سکتا تھا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَأَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَهُ خُوَارٌ فَقَالُوا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى ۫ فَنَسِيَ ۝ (طٰہٰ:۸۸)

پس اس نے ان کے لیے بچھڑے کا مجسمہ بنایا جس کی بیل کی (طرح) آواز تھی تو لوگوں نے کہا: یہ ہے تمہارا معبود اور موسیٰ کا معبود، موسیٰ تو بھولا رہا تھا○

امام بخاری نے کہا ہے: سامری اور اس کے متبعین یہ کہتے تھے کہ حضرت موسیٰ تو بھول گئے کہ انہوں نے تم کو یہ نہیں بتایا کہ ان کا رب تو اصل میں یہ بچھڑا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا۔ (طٰہٰ:۸۹)

تو کیا یہ لوگ یہ بھی نہیں دیکھ سکتے تھے کہ وہ ان کی کسی بات کا جواب نہیں دے سکتا تھا۔

یعنی بنی اسرائیل نے اس پر غور نہیں کیا کہ وہ بچھڑا نہ تو ان سے بات کر سکتا تھا، اور نہ ان کی کسی بات کا جواب دے سکتا تھا۔

هَمْسَ الْأَقْدَامِ۔

هَمْسًا اس کا معنی ہے: قدموں کی آہٹ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ۝ (طٰہٰ:۱۰۹)

اور رحمٰن کے خوف سے سب کی آوازیں پست ہوں گی سو (اے مخاطب!) تو معمولی سی آہٹ کے سوا کچھ نہ سن سکے گا○

علامہ ثعلبی نے کہا ہے کہ حشر کے دن لوگوں کو صرف آہٹ سنائی دے گی۔ قتادہ اور عکرمہ نے بھی اس آیت کی یہی تفسیر کی ہے اور همس کا لغوی معنی ہے: پست آواز۔

حَشَرْتَنِي أَعْمَى عَنْ حُجَّتِي وَقَدْ كُنْتُ بَصِيرًا فِي الدُّنْيَا۔

حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى اس کا معنی ہے: یعنی تو نے میرا حشر اس طرح کیا ہے کہ میں اپنی دلیل سے اندھا ہوں، حالانکہ میں دنیا میں بہت بصیر تھا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ۝ (طٰہٰ:۱۲۵)

وہ کہے گا: اے میرے رب! تو نے مجھے اندھا کیوں اٹھایا؟ حالانکہ میں (دنیا میں) دیکھنے والا تھا○

حضرت ابن عباس نے اَعْمٰى کی تفسیر میں کہا ہے: جو آنکھوں سے اندھا ہو۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بِقَبَسٍ ضَلُّوا الطَّرِيقَ وَكَانُوا شَاتِينَ فَقَالَ إِنْ لَمْ أَجِدْ عَلَيْهَا مَنْ يَهْدِي الطَّرِيقَ آتِكُمْ بِنَارٍ تُوقِدُونَ۔

حضرت ابن عباس نے کہا: بِقَبَسٍ کا معنی ہے: انگارہ۔ اس سے مراد یہ ہے کہ وہ لوگ راستہ بھول گئے تھے اور وہ سردیوں کے دن تھے، تو حضرت موسیٰ نے کہا کہ اگر مجھے کوئی راستہ دکھانے والا نہیں

Marfat.com

ملاتو میں تمہارے پاس آگ لے کر آؤں گا، جس سے تم حرارت اور روشنی حاصل کرو گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

إِذْ رَأَىٰ نَارًا فَقَالَ لِأَهْلِهِ امْكُثُوا إِنِّي آنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّي آتِيكُم مِّنْهَا بِقَبَسٍ أَوْ أَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ۝ (طٰہٰ:۱۰)

جب انہوں نے آگ کو دیکھا تو اپنی بیوی سے کہا: ٹھہرو! بے شک میں نے آگ دیکھی ہے شاید میں اس سے تمہارے پاس کوئی انگارہ لاؤں یا میں آگ سے راستہ کی کوئی نشانی پاؤں O

امام طبری نے کہا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے اھل سے کہا: تم لوگ ٹھہرو، یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اَھل سے مراد ان کی زوجہ صفوراء، ان کا بچہ اور ان کا خادم ہو اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اَھل سے مراد صرف ان کی زوجہ ہوں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: إِنِّي آنَسْتُ نَارًا میں نے آگ کو دیکھا ہے۔ اِناس کا معنی ہے: اس واضح چیز کو دیکھنا جس میں کوئی اشتباہ نہ ہو، حضرت موسیٰ نے اپنے اہل سے فرمایا: شاید کہ میں اس سے تمہارے پاس کوئی انگارہ لاؤں۔

وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ أَمْثَلُهُمْ طَرِيقَةً أَعْدَلُهُمْ۔

اور ابن عیینہ نے کہا: أَمْثَلُهُمْ طَرِيقَةً کا معنی ہے: سب سے افضل راستہ والا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

إِذْ يَقُولُ أَمْثَلُهُمْ طَرِيقَةً إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا يَوْمًا ۝ (طٰہٰ:۱۰)

جب کہ ان کے نزدیک سب سے اچھے طریقہ والا یہ کہے گا کہ تم تو صرف ایک دن ٹھہرے تھے O

امام طبری نے اس کی تفسیر میں کہا ہے کہ جس کی عقل ان سب میں سب سے کامل تھی۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ هَضْمًا لَا يُظْلَمُ فَيُهْضَمُ مِنْ حَسَنَاتِهِ۔

حضرت ابن عباس نے کہا: هَضْمًا کا معنی ہے: ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا بایں طور کہ ان کی نیکیاں کم کردی جائیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَن يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخَافُ ظُلْمًا وَلَا هَضْمًا ۝ (طٰہٰ:۱۱۲)

اور جو شخص ایمان کی حالت میں نیک عمل کرے گا، اسے نہ کسی ظلم کا خوف ہوگا اور نہ کسی نقصان کا O

یہ تفسیر حضرت ابن عباس سے مروی ہے۔ هَضْمٌ کا لغوی معنی ہے: کم کرنا اور توڑنا۔

عِوَجًا وَادِيًا۔

عِوَجًا کا معنی ہے: وادی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَّا تَرَىٰ فِيهَا عِوَجًا۔ (طٰہٰ:۱۰۷)

آپ اس زمین میں نہ کوئی کجی دیکھیں گے۔

امام بخاری نے کہا ہے کہ عِوَجًا سے مراد وادیاں اور نالے ہیں اور لغت میں عِوَجًا کا معنی کجی اور ٹیڑھا پن ہے۔

وَلَا أَمْتًا رَابِيَةً۔

وَلَا أَمْتًا اس کا معنی ہے: بلندی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَّا تَرَىٰ فِيهَا عِوَجًا وَلَا أَمْتًا ۝ (طٰہٰ:۱۰۷)

آپ اس زمین میں نہ کوئی کجی دیکھیں گے نہ اونچ نیچ۔

حضرت ابن عباس نے اس کی تفسیر میں لکھا ہے: ٹیلے اور مجاہد نے اس کی تفسیر میں کہا ہے: ارتفاع۔

سِيْرَتَهَا حَالَتَهَا الْأُولَى۔ سِيْرَتَهَا اس کا معنی ہے: اس کی پہلی حالت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ ۖ سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْأُوْلٰى ﴿٢١﴾ (طٰہٰ:۲۱) فرمایا: اس کو پکڑ لو اور ڈرو مت، ہم ابھی اس کو پہلی حالت کی طرف لوٹا دیں گے ○

یعنی جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا گیا کہ وہ لاٹھی ڈالیں، سو انہوں نے لاٹھی ڈال دی، پس وہ دوڑتا ہوا سانپ بن گئی۔ اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا: آپ اس کو پکڑ لیں اور مت ڈریں، ہم عنقریب اس کو اس کی پہلی حالت پر لوٹا دیں گے۔

النُّهٰى الثُّقَى۔ النُّهٰى سے مراد ہے: عقل والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿٥٤﴾ (طٰہٰ:۵۴) بے شک اس میں عقل والوں کے لیے ضرور نشانیاں ہیں ○

حضرت ابن عباس نے کہا ہے کہ اس کا معنی ہے: عقل والے، ضحاک، نے کہا یہ وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کے حرام کیے ہوئے کاموں سے اپنے آپ کو روکتے ہیں۔ قتادہ نے کہا: یہ متقی لوگ ہیں۔ ثعلبی نے کہا: النُّهٰى سے مراد ہے: عقل والے، متقین کو عقل والے اس لیے فرمایا ہے کیونکہ عقل برے کاموں سے اور محرمات اور ممنوعات سے روکتی ہے۔

ضَنْكًا الشَّقَاءُ۔ ضَنْكًا کا معنی ہے: شقاوت یعنی بدبختی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ﴿١٢٤﴾ (طٰہٰ:۱۲۴) اور جس نے میرے ذکر سے اعراض کیا تو یقیناً اس کی زندگی بہت تنگی میں گزرے گی اور قیامت کے دن ہم اسے اندھا اٹھائیں گے ○

امام بخاری نے ضَنْكًا کی تفسیر شقاوت اور بدبختی کے ساتھ کی ہے اور علامہ ثعلبی نے کہا ہے کہ ضَنْكًا کا معنی ہے: تنگی۔ کہا جاتا ہے: مَنْزِلٌ ضَنْكٌ یعنی تنگ گھر اور عَيْشٌ ضنكٌ یعنی تنگ زندگی۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ الضنك عذاب قبر ہے اور حسن بصری نے کہا: اس کا معنی ہے: زقوم یعنی تھور کا درخت، عکرمہ نے کہا: اس کا معنی ہے: حرام، ضحاک نے کہا: اس کا معنی ہے: ناجائز کمائی۔

هَوٰى۔ هَوٰى کا معنی ہے: بدبخت ہوا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى ﴿٨١﴾ (طٰہٰ:۸۱) اور جس پر میرا غضب نازل ہوا وہ یقیناً تباہ ہو گیا ○

یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا معنی ہے: وہ ہلاک ہو گیا یا دوزخ میں گر گیا۔

شَقِيَ بِالْوَادِي الْمُقَدَّسِ الْمُبَارَكِ۔ بالوادی المقدس اس کا معنی ہے: مبارک وادی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٢﴾ (طٰہٰ:۱۲) بے شک آپ مقدس میدان طویٰ میں ہیں ○

امام بخاری نے اس کی تفسیر المبارک کی ہے۔

Marfat.com

طُوًی اسْمُ الْوَادِی۔ طُوًی ایک وادی کا نام ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًی ۝ (طٰہٰ:۱۲) بے شک آپ مقدس میدان طویٰ میں ہیں O

امام بخاری نے اس کی تفسیر وادی کے ساتھ کی ہے اور ضحاک نے کہا: اس کا معنی ہے: گہری اور گول وادی جیسے کنوئیں کے گرد منڈیر ہوتی ہے۔

بِمِلْكِنَا بِأَمْرِنَا۔ بِمَلْكِنَا اس کا معنی ہے: ہم نے اپنے امر اور اختیار سے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا۔ (طٰہٰ:۸۷) انہوں نے کہا: ہم نے دانستہ آپ سے کیے ہوئے وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کی۔

امام بخاری نے اس کی تفسیر امر کے ساتھ کی ہے اور یہ اس تقدیر پر ہے کہ جب میم پر زیر ہو تو اکثر قراء کا یہی مختار ہے۔

مَكَانًا سِوًی مَنْصَفٌ بَيْنَهُمْ۔ مَكَانًا سُوًی کا معنی ہے: ایسی جگہ جو ہمارے اور ان کے درمیان نصف نصف ہو یعنی برابر۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَ لَآ اَنْتَ مَكَانًا سُوًی ۝ (طٰہٰ:۵۸) لہٰذا تم اپنے اور ہمارے درمیان ایک مدت مقرر کر لو نہ ہم اس کی خلاف ورزی کریں گے اور نہ تم کرنا یہ مقابلہ کھلے میدان میں ہوگا O

یعنی ایسی جگہ مقرر کر لیں جو مسافت میں دونوں فریقوں کے مساوی ہو۔

یَبَسًا یَابِسًا۔ یَبَسًا اس کا معنی ہے: خشک۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ لَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰی مُوْسٰٓی ۙ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِیْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِی الْبَحْرِ يَبَسًا۔ (طٰہٰ:۷۷) اور بے شک ہم نے موسیٰ کی طرف وحی فرمائی کہ آپ راتوں رات میرے بندوں کو لے جائیں، پھر ان کے لیے سمندر میں خشک راستہ نکالیں۔

امام بخاری نے اس کی تفسیر کی ہے: یَابِس یعنی خشک، اور تفسیر میں مذکور ہے: ایسی جگہ جہاں پانی ہو نہ کیچڑ ہو۔

عَلٰی قَدَرٍ مَوْعِدٍ۔ عَلٰی قَدَرٍ اس کا معنی ہے: مقرر وقت پر۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِیْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ ۙ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰی قَدَرٍ يّٰمُوْسٰی ۝ (طٰہٰ:۴۰) سو آپ کئی سال اہل مدین میں رہے، پھر اے موسیٰ! آپ اللہ کے مقرر کردہ وقت پر آ گئے O

امام بخاری نے اس کی یہ تفسیر کی ہے کہ آپ اس وقت پر آ گئے جو آپ کے آنے کے لیے مقرر کیا گیا تھا اور عبدالرحمٰن بن کیسان نے کہا ہے کہ آپ چالیس (۴۰) سال کی ابتدا میں آ گئے اور یہ وہ وقت ہے جو انبیاء علیہم السلام کی طرف وحی نازل کرنے کے لیے مقرر کیا گیا ہے۔

Marfat.com

لَاتَنِيَا تَضْعُفَا۔ لَاتَنِيَا اس کا معنی ہے: تم دونوں کمزور نہ ہونا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ۝ (طٰہٰ:۴۲) آپ اور آپ کے بھائی دونوں میری نشانیاں لے کر جائیں اور میری یاد میں سستی نہ کریں ○

امام بخاری نے اس کی تفسیر کی ہے کہ تم دونوں کمزور نہ ہونا۔ حضرت ابن عباس نے بھی اسی طرح تفسیر کی ہے اور سدی نے کہا ہے: تم دونوں تھکنا نہیں اور محمد بن کعب نے کہا ہے تم دونوں کوتاہی نہ کرنا، حضرت ابن مسعود کی قرأت میں ہے تم دونوں بزدلی نہ کرنا۔ الجوہری نے کہا ہے: وَنْیٌ کا معنی ہے: تھکاوٹ اور سستی۔

يَفْرُطَ عُقُوبَةً۔ يَفْرُطَ کا معنی ہے: وہ ہم پر زیادتی کرے گا یعنی کوئی سزا دے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ۝ (طٰہٰ:۴۵) ان دونوں نے کہا: اے ہمارے رب! ہمیں خطرہ ہے کہ وہ ہم پر زیادتی کرے گا یا سرکشی کرے گا ○

اس آیت پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ حضرت موسیٰ نے یہ دعا کی تھی کہ اے میرے رب! میرا کام مجھ پر آسان کر دے، پھر ان کو یہ خوف کیوں ہوا کہ فرعون ان پر زیادتی یا سرکشی کرے گا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ کام آسان ہونے کا معنی یہ ہے کہ وہ احکام شرعیہ کی اس طرح تبلیغ کریں کہ اس میں سہو اور نسیان نہ آسکے اور تبلیغ کرنے میں کوئی خوف اور خطرہ نہ ہو۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۸۵۔ ۸۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۔ بَابٌ: وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ۝ (طٰہٰ:۴۱)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور میں نے آپ کو خاص اپنے لیے چن لیا ○ (طٰہٰ:۴۱) کی تفسیر

اس کا معنی ہے: میں نے تم کو اپنے لیے پسند کر لیا اور میں نے تم کو نبوت اور رسالت کے ساتھ فضیلت دی۔

۴۷۳۶۔ حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ قَالَ الْتَقَى آدَمُ وَمُوسَى فَقَالَ مُوسَى لِآدَمَ أَنْتَ الَّذِي أَشْقَيْتَ النَّاسَ وَأَخْرَجْتَهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ قَالَ آدَمُ أَنْتَ مُوسَى الَّذِي اصْطَفَاكَ اللهُ بِرِسَالَتِهِ وَاصْطَفَاكَ لِنَفْسِهِ وَأَنْزَلَ عَلَيْكَ التَّوْرَاةَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَوَجَدْتَهَا كُتِبَ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَنِي قَالَ نَعَمْ فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الصلت بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں مہدی بن میمون نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں محمد بن سیرین نے حدیث بیان کی از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، آپ نے بیان فرمایا کہ حضرت آدم اور حضرت موسیٰ علیہما السلام کی ملاقات ہوئی تو حضرت موسیٰ نے حضرت آدم سے کہا کہ آپ وہ ہیں جنہوں نے لوگوں کو بدبخت کیا اور ان کو جنت سے نکالا۔ حضرت آدم نے ان سے کہا: آپ وہ ہیں جن کو اللہ نے اپنا رسول بنانے کے لیے منتخب کر لیا اور آپ کو اپنے نفس کے لیے پسند کیا اور آپ پر تورات نازل کی، حضرت موسیٰ نے کہا: ہاں! حضرت آدم نے کہا کہ آپ نے تورات میں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے میرے متعلق یہ بات مجھے پیدا

کرنے سے پہلے لکھ دی تھی، حضرت موسیٰ نے کہا: ہاں! پس حضرت آدم نے حضرت موسیٰ پر غلبہ پالیا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۴۰۹ میں گزر چکی ہے، تاہم چند ضروری امور بیان کیے جارہے ہیں:

حضرت آدم اور حضرت موسیٰ علیہما السلام کے مذاکرہ کی تفصیل اور یہ مذاکرہ کس جگہ ہوا تھا

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

حضرت آدم اور حضرت موسیٰ علیہما السلام کی ملاقات ہوئی: امام بخاری نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک حضرت موسیٰ (علیہ السلام) نے اللہ سے دعا کی: اے ہمارے رب! ہمیں ہمارا باپ دکھا جس نے ہمیں اور اپنے آپ کو جنت سے نکالا۔ تب اللہ تعالیٰ نے ان کی حضرت آدم سے ملاقات کرائی۔ حضرت موسیٰ نے کہا: آپ ہمارے باپ ہیں۔ انہوں نے کہا: ہاں! حضرت موسیٰ نے کہا: آپ وہ ہیں جن میں اللہ تعالیٰ نے اپنی روح پھونکی اور آپ کے لیے اپنے فرشتوں سے سجدہ کرایا۔ حضرت آدم نے کہا: ہاں! حضرت موسیٰ نے کہا: پھر آپ کو ہمیں جنت سے نکالنے کے لیے کس چیز نے برانگیختہ کیا؟ حضرت آدم نے پوچھا: آپ کون ہیں؟ انہوں نے کہا: میں موسیٰ ہوں، حضرت آدم نے کہا: جو بنو اسرائیل کے نبی ہیں، جن سے اللہ تعالیٰ نے کلام کیا اور ان کے علاوہ اپنی مخلوق میں سے کسی اور رسول سے کلام نہیں کیا۔ حضرت موسیٰ نے کہا: جی ہاں! حضرت آدم نے کہا: کیا آپ نے اللہ کی کتاب میں میری پیدائش سے پہلے یہ لکھا ہوا نہیں پایا تھا؟ حضرت موسیٰ نے کہا: جی ہاں! حضرت آدم نے کہا: تو آپ مجھے اس کام پر کیوں ملامت کررہے ہیں؟ جس کا اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی فیصلہ فرمادیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر فرمایا: سو حضرت آدم نے حضرت موسیٰ پر غلبہ پالیا۔

اگر یہ سوال کیا جائے کہ ان دونوں کی ملاقات کس جگہ ہوئی تھی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ان دونوں کی روحوں کی آسمان میں ملاقات ہوئی تھی اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ قیامت کے دن ان کی ملاقات ہو، قاضی عیاض نے کہا ہے کہ اس کو ظاہر پر محمول کرنا جائز ہے۔ معراج کی حدیث سے یہ ثابت ہے کہ انبیاء علیہم السلام آسمانوں پر اور بیت المقدس میں جمع ہوئے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو نماز پڑھائی، سو یہ بعید نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو زندہ کردیا ہو جیسے شہداء کو زندہ فرمایا ہے اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یہ واقعہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی حیات میں ہوا ہو۔

دنیا میں کیے ہوئے گناہوں پر تقدیر کا عذر پیش کرنا جائز نہیں ہے

یہ واقعہ میری پیدائش سے پہلے لکھا ہوا تھا: اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے یہ بتایا کہ شجر ممنوعہ سے کھانے میں ان کا کسب اور اختیار نہیں تھا، بلکہ ان کا مطلب یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کو ازل میں علم تھا کہ یہ واقعہ ہونا ہے اور انہوں نے بھولے سے شجر ممنوعہ کھانا ہے اور اس پر انہوں نے اللہ تعالیٰ سے توبہ کرنی ہے اور اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف فرمانا ہے، سو جس کام سے وہ توبہ کرچکے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کو معاف فرماچکا ہے آپ اس کام پر مجھے کیوں ملامت کررہے ہیں۔

اگر یہ سوال کیا جائے کہ کیا ہم بھی اپنی کسی تقصیر پر تقدیر کا عذر پیش کرسکتے ہیں؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ نہیں! حضرت آدم علیہ السلام نے دنیا میں اس کام پر تقدیر کا عذر پیش نہیں کیا، بلکہ اس پر بڑے لمبے عرصہ تک استغفار کرتے رہے۔ انہوں نے آخرت میں یہ عذر پیش کیا تھا، سو جب تک ہم دنیا میں ہیں ہمیں اپنی تقصیرات پر استغفار کرنا ہوگا اور توبہ کرنی ہوگی۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۸۷-۸۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

Marfat.com

۲۔ بَابٌ: اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ۝ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ۝ وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ۝ (طٰہٰ: ۷۷ تا ۷۹)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے شک ہم نے موسیٰ کی طرف وحی فرمائی کہ آپ راتوں رات میرے بندوں کو لے جائیں، پھر ان کے لیے سمندر میں سے خشک راستہ نکالیں آپ کو کسی کے پکڑنے کا خوف ہوگا نہ ڈر ہوگا○ پس فرعون نے اپنے لشکر کے ساتھ ان کا پیچھا کیا، پھر سمندر نے ان کو ڈھانپ لیا جو ڈھانپ لیا○ اور فرعون نے اپنی قوم کو گم راہ کر دیا اور سیدھا راستہ نہ دکھایا○ (طٰہٰ: ۷۷ تا ۷۹) کی تفسیر

یعنی آپ میرے بندوں کو رات کے وقت مصر کی سرزمین سے نکال کر لے جائیں، سمندر میں آپ کے لیے خشک راستہ ہوگا، اس میں پانی ہوگا نہ مٹی، اور آپ اپنے پیچھے فرعون کے آنے سے نہ ڈریں، پس فرعون اور اس کے لشکر کو سمندر نے ڈھانپ لیا۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۸۸)

۴۷۳۷۔ حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا أَبُو بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما قَالَ لَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللهِ ﷺ الْمَدِينَةَ وَالْيَهُودُ تَصُومُ يَوْمَ عَاشُورَاءَ فَسَأَلَهُمْ فَقَالُوا هَذَا الْيَوْمُ الَّذِي ظَهَرَ فِيهِ مُوسَى عَلَى فِرْعَوْنَ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ نَحْنُ أَوْلَى بِمُوسَى مِنْهُمْ فَصُومُوهُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں روح نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو بشر نے حدیث بیان کی، از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما وہ بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ مدینہ میں آئے تو یہود عاشوراء (دس محرم) کا روزہ رکھتے تھے۔ آپ نے ان سے (اس کے سبب کا) سوال کیا تو انہوں نے کہا: یہ وہ دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے (حضرت) موسیٰ کو فرعون پر غلبہ عطا کیا تھا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ہم ان کی بہ نسبت حضرت موسیٰ کے زیادہ قریب ہیں۔ سو تم اس دن کا روزہ رکھا کرو۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۰۰۴ میں گزر چکی ہے۔

۳۔ بَابٌ: فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ۝ (طٰہٰ: ۱۱۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ایسا نہ ہو کہ یہ (ابلیس) آپ دونوں کو جنت سے نکلوا دے تو آپ مشقت میں پڑ جائیں گے○ (طٰہٰ: ۱۱۷) کی تفسیر

سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: حضرت آدم علیہ السلام کو سرخ بیل کی طرف اتارا گیا۔ وہ اس کے ذریعہ کھیتی باڑی کرتے تھے اور

اپنی پیشانی سے پسینہ پونچھتے تھے۔ یہ وہ مشقت ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے ذکر فرمایا ہے، بہ ظاہر یوں ہونا چاہیے تھا کہ تم دونوں مشقت میں پڑ جاؤ گے، لیکن اللہ تعالیٰ نے مذکر کو غلبہ دیا اور حضرت آدم علیہ السلام کا ذکر فرمایا کیونکہ ان کی مشقت زیادہ تھی یا آیات کے وزن کی موافقت کے لیے واحد کا صیغہ فتشقی فرمایا۔ (عمدۃ القاری:۸۸)

۴۷۳۸۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ بْنُ النَّجَّارِ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ حَاجَّ مُوسَى آدَمَ فَقَالَ لَهُ أَنْتَ الَّذِي أَخْرَجْتَ النَّاسَ مِنَ الْجَنَّةِ بِذَنْبِكَ وَأَشْقَيْتَهُمْ قَالَ قَالَ آدَمُ يَا مُوسَى أَنْتَ الَّذِي اصْطَفَاكَ اللهُ بِرِسَالَتِهِ وَبِكَلَامِهِ أَتَلُومُنِي عَلَى أَمْرٍ كَتَبَهُ اللهُ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَنِي أَوْ قَدَّرَهُ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَنِي قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ایوب بن النجار نے حدیث بیان کی، از یحییٰ بن ابی کثیر از ابی سلمہ بن عبدالرحمٰن از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی ﷺ، آپ نے بیان فرمایا: حضرت موسیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام سے مباحثہ کرتے ہوئے کہا: آپ وہ ہیں جنہوں نے اپنی (ظاہر) خطاء کی وجہ سے لوگوں کو جنت سے نکلوایا اور آپ نے ان کو نامراد کیا، آپ نے بتایا کہ حضرت آدم نے کہا: اے موسیٰ! آپ وہ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی رسالت اور اور اپنی ہم کلامی سے فضیلت دی، کیا آپ مجھے اس کام پر ملامت کر رہے ہیں جس کو اللہ تعالیٰ نے میرے پیدا کرنے سے پہلے لکھ دیا تھا یا مجھے پیدا کرنے سے پہلے مقدر فرما دیا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پس حضرت آدم حضرت موسیٰ پر غالب آ گئے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری:۳۴۰۹ میں گزر چکی ہے تاہم بعض اہم امور بیان کیے جا رہے ہیں:

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

امام مسلم نے اس حدیث کی روایت میں بیان کیا ہے کہ حضرت آدم نے فرمایا: کیا آپ مجھے اس کام پر ملامت کر رہے ہیں جس کو اللہ تعالیٰ نے مجھے پیدا کرنے سے چالیس سال پہلے تقدیر میں لکھ دیا تھا کہ میں یہ کام کروں گا! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پھر حضرت آدم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر غلبہ پالیا۔ (صحیح مسلم:۲۶۵۲)

علامہ نووی نے کہا ہے کہ تقدیر سے مراد یہاں پر لوح محفوظ میں لکھنا ہے، یا تورات کے صحیفوں اور تختیوں میں لکھنا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے مجھے پیدا کرنے سے چالیس سال پہلے یہ لکھ دیا تھا اور اس کے بعد کی روایت میں اس کی تصریح ہے۔ انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ نے مجھے پیدا کرنے سے کتنا عرصہ پہلے تورات کو لکھا تھا، تو حضرت موسیٰ نے کہا: چالیس سال پہلے تو حضرت آدم نے کہا: آپ مجھے اس کام کرنے پر ملامت کر رہے ہیں جس کو اللہ تعالیٰ نے مجھے پیدا کرنے سے چالیس سال پہلے لکھ دیا تھا۔ (صحیح مسلم:۲۶۵۲، الرقم المسلسل:۶۶۳۷)

اس حدیث میں تصریح ہے کہ تقدیر سے مراد تورات کے صحیفوں میں لکھنا ہے اور اس سے حقیقتاً تقدیر مراد نہیں ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا علم اور جو کام اس نے اپنے بندوں کے لیے مقدر کیے ہیں، وہ ازلی ہیں، ان کی کوئی ابتدا نہیں ہے۔

اگر یہ سوال کیا جائے کہ حضرت موسیٰ کی پیدائش سے چالیس سال پہلے لکھنے سے کیا مراد ہے؟ حالانکہ حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کو پیدا کرنے سے پچاس ہزار سال پہلے تقدیر کو لکھا۔ (صحیح مسلم:۲۶۵۳، سنن ترمذی:۲۱۶۳)

Marfat.com

تو اس کا جواب یہ ہے کہ ہر مخلوق کے وجود سے پہلے تمام معلومات کو اللہ تعالیٰ کا علم قدیم محیط ہے، لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کو کسی نہ کسی زمانہ میں لوح محفوظ میں لکھ لیا ہے، پس ہوسکتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کا جو معاملہ ہوا اس کو اللہ تعالیٰ نے ان کی پیدائش سے چالیس سال پہلے لکھ لیا ہو اور اس میں یہ اشارہ ہے کہ یہ وہ مدت ہے جس میں ان کا پتلا مٹی اور گارے میں رہا تھا، کیونکہ وہ چالیس سال تک اسی حالت میں رہے تھے۔ گویا کہ حضرت آدم نے فرمایا: یہ مجھ پر اس وقت لکھ دیا گیا تھا جتنی مدت میں میرے پتلے میں روح نہیں پھونکی گئی تھی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۸۹۔۸۸، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

الحمد للہ رب العالمین سورۂ طٰہٰ کی تفسیر ختم ہوگئی، اب ان شاء اللہ سورۃ الانبیاء کی تفسیر شروع ہوگی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۲۱۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْاَنْبِیَاءِ

سورۃ الانبیاء کی تفسیر

سورۃ الانبیاء کا تعارف

امام ابن مردویہ نے حضرت عبداللہ بن الزبیر اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے کہ یہ سورت مکی ہے۔ اسی طرح مقاتل نے کہا ہے اور مقامات التنزیل میں مذکور ہے کہ اس آیت میں اختلاف ہے: اَفَلَا یَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِی الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا۔ (الانبیاء: ۴۴) کہ یہ آیت مکی ہے یا مدنی؟ کیونکہ اس کا معنی ہے کہ ہم کفار کو قتل کر دیں گے یا ان کو قید کریں گے اور یہ واقعہ مدینہ میں ہوا تھا، مجاہد نے کہا: اس کا معنی ہے: ہم وہاں کے رہنے والوں کو مارتے رہیں گے اور زمین کی پیداوار میں کمی کرتے رہیں گے، سو یہ واقعہ مکہ کا ہی ہو سکتا ہے۔

علامہ سخاوی نے کہا ہے کہ یہ سورت، سورۂ ابراہیم کے بعد اور سورۃ الفتح سے پہلے نازل ہوئی ہے اور اس سورت میں ایک سو بارہ آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۸۹، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۷۳۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِی إِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ یَزِیدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ بَنِی إِسْرَائِیلَ وَالْکَهْفُ وَمَرْیَمُ وَطه وَالْأَنْبِیَاءُ هُنَّ مِنَ الْعِتَاقِ الْأُوَلِ وَهُنَّ مِنْ تِلَادِی۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں غندر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از ابی اسحاق، انہوں نے کہا: میں نے عبدالرحمٰن بن یزید سے سنا از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ انہوں نے کہا: (سورۃ) بنی اسرائیل، الکہف، مریم، طٰہٰ اور انبیاء ان پہلے کی بہت فصیح سورتوں میں سے ہیں (جو مکہ میں نازل ہوئی تھیں) اور یہ وہ سورتیں ہیں جن کو میں نے بہت پہلے یاد کیا ہوا تھا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۷۰۸ میں گزر چکی ہے۔

وَقَالَ قَتَادَةُ جُذَاذًا قَطَّعَهُنَّ۔

اور قتادہ نے کہا: جُذٰذًا کا معنی ہے: اس کو کاٹ ڈالا یعنی ان بتوں کو توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِیْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَیْهِ یَرْجِعُوْنَ ۝ (انبیاء: ۵۸)

سو ابراہیم نے ان کے بڑے بت کے سوا سب بتوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے تاکہ وہ اس کی طرف رجوع کریں ○

امام ثعلبی نے کہا ہے کہ جُذٰذًا کا معنی ہے: حضرت ابراہیم نے ان بتوں کو توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ جُذَاذًا، جَذِیْذ کی جمع ہے اور اس کا اطلاق واحد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مونث سب پر ہوتا ہے۔

Marfat.com

وَقَالَ الْحَسَنُ فِی فَلَكٍ مِثْلِ فَلْكَةِ الْمِغْزَلِ يَسْبَحُونَ يَدُورُونَ۔

حسن بصری نے کہا: فِیْ فَلَكٍ کی مثال چرخہ کے تکلے کی طرح ہے۔ يَسْبَحُوْن اس کا معنی ہے: وہ گھومتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ فِیْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ۝ (انبیاء: ۳۳)

اور وہی ہے جس نے رات اور دن کو اور سورج اور چاند کو پیدا کیا، ہر ایک اپنے مدار میں تیر رہا ہے O

مِغْزَل کا معنی سوت کاتنے کا چرخہ ہے اور فَلْكَةٌ کا معنی ہے: تکلہ یعنی وہ لوہے کی سلاخ جس پر چرخہ گھومتا ہے۔ مجاہد نے کہا: وہ چکی کی سلاخ کی طرح ہے اور ایک قول یہ ہے کہ فلک سے مراد آسمان ہے جس میں یہ سیارے ہیں۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ نَفَشَتْ رَعَتْ لَيْلًا۔

حضرت ابن عباس نے فرمایا: رات کے وقت چریں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِی الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ۔ (انبیاء: ۷۸)

اور داؤد اور سلیمان کو یاد کیجئے جب وہ ایک کھیت کا فیصلہ کر رہے تھے، جب کچھ لوگوں کی بکریوں نے رات میں اس کھیت کو چر لیا تھا۔

حضرت ابن عباس نے بھی اس کی یہی تفسیر کی ہے، جس کی امام ابن ابی حاتم نے روایت کی ہے اور اہل لغت نے کہا ہے کہ نَفَشَتْ کا معنی ہے: جو جانور کسی چرواہے کے بغیر از خود رات کو چر لیں۔

يُصْحَبُوْنَ يُمْنَعُوْنَ۔

يُصْحَبُوْنَ اس کا معنی ہے: اور نہ وہ ہم سے روکے جائیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ۝ (انبیاء: ۴۳)

وہ تو خود اپنی مدد کرنے کی طاقت نہیں رکھتے، اور نہ ہماری طرف سے ان کی مدد کی جائے گی O

مجاہد نے کہا: یعنی ہماری طرف سے ان کی کوئی حفاظت نہیں کی جائے گی اور قتادہ نے کہا: وہ اللہ کی طرف سے کوئی خیر حاصل نہیں کر سکیں گے۔

اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَاحِدَةً قَالَ دِيْنُكُمْ دِيْنٌ وَاحِدٌ۔

امتکم امۃ واحدۃ اس کا معنی ہے: تمہارا دین ایک دین ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّ اَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ۝ (انبیاء: ۹۲)

بے شک یہ تمہاری ملت ہے جو درحقیقت ایک ہی ملت ہے اور میں (ہی) تمہارا رب ہوں۔ سو تم میری (ہی) عبادت کرو O

امام بخاری نے اُمَّة کی تفسیر دین کے ساتھ کی ہے، قتادہ نے بھی اس کی یہی تفسیر کی ہے۔ میں کہتا ہوں: تمام انبیاء علیہم السلام کا دین ایک ہے۔ تمام انبیاء علیہم السلام کے اصول اور عقائد واحد ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کا واحد ہونا، اس کے رسولوں کا برحق ہونا، اس کی نازل کی ہوئی کتابوں کا صادق ہونا، مرنے کے بعد سب کا دوبارہ زندہ ہونا اور ہر اچھی اور بری چیز کا اللہ کی تقدیر سے وابستہ ہونا، اعمال کے اعتبار سے جزا اور سزا کا ملنا اور اللہ تعالیٰ کا گناہوں کو معاف فرما دینا اور شریعت ہر نبی کی الگ الگ ہوتی ہے، جس میں وہ اپنے زمانے کی خصوصیات کے اعتبار سے احکام وضع فرماتے ہیں۔

وَقَالَ عِكْرِمَةُ حَصَبُ حَطَبٌ بِالْحَبَشِيَّةِ۔

عکرمہ نے کہا: حَصَبٌ کا معنی حبشیہ میں ایندھن ہے۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ۝ (انبیاء:۹۸)

بے شک تم خود اور جن چیزوں کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو (وہ سب) دوزخ کا ایندھن ہیں، تم (سب) اس میں داخل ہونے والے ہو O

عکرمہ نے بھی اس آیت کی یہی تفسیر کی ہے۔ حضرت ابن عباس نے کہا: تم اللہ کو چھوڑ کر جن کی عبادت کرتے ہو، اس سے مراد بت ہیں۔ اہل یمن کی لغت میں بھی حَصَب کا معنی ایندھن ہے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ أَحَسُّوا تَوَقَّعُوا مِنْ أَحْسَسْتُ۔

عکرمہ کے علاوہ دوسروں نے کہا: اَحَسُّوْا کا معنی ہے: جب ان کو اس کی توقع ہوئی۔ یہ اَحْسَسْتُ سے ماخوذ ہے یعنی میں نے محسوس کیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ۝ (انبیاء:۱۲)

سو جب انہوں نے ہمارے عذاب کو محسوس کیا تو فوراً اس سے بھاگنے لگے O

عکرمہ کے غیر سے مراد امام ابوعبیدہ ہیں، انہوں نے کہا: جب کفار کو عذاب کا خطرہ ہوا اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ جب انہوں نے ہمارے عذاب کی علامتیں دیکھیں تو انہوں نے بستی سے نکلنے کا قصد کیا۔ امام بخاری نے کہا: اَحَسُّوْا، اَحْسَسْتُ سے ماخوذ ہے یعنی احساس سے اور احساس کا معنی ہے: حواس کے ذریعہ علم جیسے آنکھ سے دیکھنا اور کان سے سننا اور ناک سے سونگھنا اور زبان سے چکھنا اور ہاتھوں سے چھونا۔ بعض مفسرین نے کہا ہے کہ جب انہوں نے اپنے حواس سے ہمارے عذاب کی شدت اور گرفت کو جان لیا تو پھر ان کو اس میں کوئی شک نہ رہا۔

خَامِدِيْنَ هَامِدِيْنَ۔

خٰمِدِيْنَ کا معنی ہے: بجھے ہوئے یعنی مرے ہوئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ۝ (انبیاء:۱۵)

ان کا مسلسل یہی کہنا رہا حتیٰ کہ ہم نے ان کو کاٹی ہوئی فصل کی طرح کر دیا زندگی کی حرارت سے بجھا ہوا O

امام ابوعبیدہ نے بھی یہی تفسیر کی ہے۔ جب آگ بجھ کر ختم ہو جائے تو کہا جاتا ہے: خَمِدَتِ النَّارُ اور جب کپڑا پرانا اور بوسیدہ ہو جائے تو کہا جاتا ہے: خَمِدَتِ الثَّوْبُ، جس زمین میں کوئی پیداوار نہ ہو اسے کہا جاتا ہے: اَرْضٌ خَامِدَةٌ۔ کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ خامدین کا معنی ہے: مرے ہوئے۔

وَالْحَصِيْدُ مُسْتَأْصَلٌ يَقَعُ عَلَى الْوَاحِدِ وَالِاثْنَيْنِ وَالْجَمِيْعِ۔

حَصِيْدٌ اس کا معنی ہے: جڑ سے اکھاڑا ہوا۔ اس کا واحد، تثنیہ اور جمع سب پر اطلاق ہوتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ۝ (انبیاء:۱۵)

ان کا مسلسل یہی کہنا رہا حتیٰ کہ ہم نے ان کو کاٹی ہوئی فصل کی طرح کر دیا زندگی کی حرارت سے بجھا ہوا O

امام بخاری نے اس کی تفسیر مُسْتَأْصَلٌ کی ہے اور یہ اِسْتِئْصَال سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے: کسی چیز کو جڑ سے اکھاڑ دینا۔

Marfat.com

لَا يَسْتَحْسِرُونَ لَا يُعْيُونَ وَمِنْهُ حَسِيرٌ وَحَسَرَتْ بَعِيرِي۔

لَا يَسْتَحْسِرُوْنَ اس کا معنی ہے: وہ تھکتے نہیں ہیں، حَسِیرٌ بھی اسی سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے: تھکا ہوا اور جب تم اپنے اونٹ کو تھکا دو تو کہتے ہو: حَسَرْتُ بَعِیْرِی یعنی میں نے اپنے اونٹ کو تھکا دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ مَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَ لَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ۝ (انبیاء:۱۹)

اور جو اس کے پاس (فرشتے) ہیں وہ اس کی عبادت سے نہ تکبر کرتے ہیں اور نہ تھکتے ہیں ○

امام بخاری نے اس کی تفسیر لَا یَعْیُوْنَ کی ہے۔ اس کا معنی ہے: وہ عاجز نہیں ہوتے۔ اسی سے الحسیر ماخوذ ہے۔ جو شخص تھک کر کھڑا ہو جائے اس کو الحسیر کہتے ہیں۔

عَمِيقٌ بَعِيدٌ۔

عَمِیْقٌ کا معنی ہے: بعید۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّ عَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ۝ (انبیاء:۲۷)

اور (اے ابراہیم!) لوگوں میں بلند آواز سے حج کا اعلان کر دیجئے کہ وہ آپ کے پاس پیادہ اور ہر دبلی اونٹنی پر آئیں گے وہ اونٹنیاں جو ہر دور دراز راستے سے پہنچیں گی ○

امام بخاری نے عمیق کی تفسیر بعید کے ساتھ کی ہے، لیکن امام بخاری سورۂ انبیاء کی تفسیر کر رہے ہیں اور یہ آیت سورۂ حج میں ہے۔ ہو سکتا ہے کہ امام بخاری نے اس آیت کی تفسیر کو اس لیے ذکر کر دیا ہے کہ سورۂ انبیاء کی ایک آیت میں فِجَاجًا کا لفظ ہے اور فِجَاجًا کا لفظ بھی فَجٌّ سے ماخوذ ہے۔ اس مناسبت سے اس آیت کی تفسیر کو ذکر کر دیا۔ سورۃ الانبیاء کی وہ آیت درج ذیل ہے:

وَ جَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ ۪ وَ جَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝ (انبیاء:۲۷)

اور ہم نے زمین میں اونچے اونچے پہاڑ بنا دیئے تا کہ لوگوں کے بوجھ سے زمین ایک طرف ڈھلک نہ جائے اور ہم نے اس زمین میں کشادہ راستے بنائے تا کہ لوگ ہدایت حاصل کریں ○

نُكِسُوا رُدُّوا۔

نُكِسُوْا کا معنی ہے: لوٹائے گئے یا پلٹائے گئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ ۝ (انبیاء:۶۵)

پھر انہوں نے اپنے سر جھکا لیے (اور شرمندگی سے) کہا: تم کو معلوم ہے یہ بول نہیں سکتے ○

امام بخاری نے اس کی تفسیر کی ہے: وہ لوٹائے گئے اور امام ابوعبیدہ نے اس کی تفسیر کی ہے: وہ پلٹائے گئے اور امام ثعلبی نے کہا: اس آیت کا معنی ہے: انہوں نے حیران ہو کر اپنے سروں کو جھکا لیا، اور انہوں نے جان لیا کہ یہ بت نہ بول سکتے ہیں اور نہ کسی چیز کو پکڑ سکتے ہیں۔ نَكَسْتُهٗ اس وقت کہتے ہیں جب تم کسی چیز کو پلٹ کر اوندھا کر دو اور اس کے نیچے کا حصہ اوپر اور اوپر کا حصہ نیچے کر دو۔

صَنْعَةَ لَبُوْسٍ الدُّرُوعُ۔

صَنْعَةَ لَبُوْسٍ کا معنی ہے: زرہوں کو بنانے کی صنعت یا کاری گری۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ۔ (انبیاء:۸۰) اور ہم نے داؤد کو تمہارے لیے خاص لباس (زرہ) بنانا سکھایا تاکہ وہ تم کو جنگوں میں محفوظ رکھے۔

امام بخاری نے صَنْعَةَ لَبُوْسٍ کی تفسیر زرہوں کے ساتھ کی ہے اور امام ابوعبیدہ نے کہا ہے کہ لَبُوْسٍ کا معنی ہر قسم کے ہتھیار ہیں خواہ زرہ ہو یا نیزہ۔ امام عبدالرزاق نے اپنی سند کے ساتھ روایت کی ہے کہ جس نے سب سے پہلے زرہ بُنی اور اس کے حلقہ بنائے، وہ حضرت داؤد علیہ السلام تھے۔ علامہ ثعلبی نے کہا ہے کہ اہل عرب کے نزدیک لَبُوْسٍ کا معنی ہر قسم کے ہتھیار ہیں، لیکن اللہ تعالیٰ کی مراد اس جگہ زرہ ہے۔

تَقَطَّعُوْا أَمْرَهُمْ اخْتَلَفُوا۔ تَقَطَّعُوْا اَمْرَهُمْ کا معنی ہے: انہوں نے اختلاف کیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ۝ (انبیاء:۹۳) اور انہوں نے اپنے دین میں (مختلف) فرقے بنا لیے، وہ سب ہماری ہی طرف لوٹ کر آنے والے ہیں O

امام ابوعبیدہ نے بھی اس آیت کی یہی تفسیر کی ہے اور یہ اضافہ کیا ہے کہ وہ کئی فرقوں میں بٹ گئے۔ کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ انہوں نے دین میں اختلاف کیا اور ان کے کئی فرقے اور جماعتیں ہو گئیں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ سب ہماری طرف لوٹ کر آنے والے ہیں، پس اللہ تعالیٰ ان کو ان کے اعمال کی جزا دے گا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ یہود، نصاریٰ، مجوس اور مشرکین ہو گئے۔

اَلْحَسِيْسُ وَالْحِسُّ وَالْجَرْسُ وَالْهَمْسُ وَاحِدٌ وَهُوَ مِنَ الصَّوْتِ الْخَفِيِّ۔ اَلْحَسِيْسُ وَالْحِسُّ وَالْجَرْسُ وَالْهَمْسُ، ان سب کا ایک معنی ہے: اور وہ ہے پست آواز۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ۝ (انبیاء:۱۰۲) وہ دوزخ کی آہٹ تک نہ سنیں گے اور انہوں نے جن لذتوں کو چاہا تھا ان میں ہمیشہ رہیں گے O

امام بخاری نے اَلْحَسِيْسُ کی تفسیر کی ہے: پست آواز، اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ جب اہل جنت، جنت میں داخل ہوں گے تو وہ اہل دوزخ کی آہٹ تک نہیں سنیں گے۔

آذَنَّاكَ أَعْلَمْنَاكَ آذَنْتُكُمْ إِذَا أَعْلَمْتَهُ فَأَنْتَ وَهُوَ عَلَى سَوَاءٍ لَمْ تَغْدِرْ۔ آذَنَّاكَ کا معنی ہے: ہم نے تم کو خبر دے دی، جب تم کسی کو کوئی چیز بتاؤ تو تم کہتے ہو: آذَنْتُكُمْ پس وہ اور تم عہد شکنی نہ کرنے میں برابر ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ شُرَكَاۗءِيْ قَالُوْٓا اٰذَنّٰكَ ۭ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ۝ (حم السجدہ:۴۷) اور جس دن اللہ انہیں ندا فرمائے گا کہ میرے شریک کہاں ہیں، وہ کہیں گے: (اے رب!) ہم تیری بارگاہ میں عرض کر چکے ہیں کہ ہم میں سے کوئی گواہی دینے والا نہیں (کہ وہ تیرے شریک ہیں) O

امام بخاری نے اٰذَنّٰكَ کی تفسیر کی ہے کہ ہم نے تم کو خبر دے دی تھی لیکن یہ آیت سورۃ الانبیاء میں نہیں ہے، بلکہ یہ سورۂ حم السجدہ کی آیت ہے۔ امام بخاری نے اس آیت کو اس مناسبت سے ذکر کیا ہے کہ سورۂ انبیاء میں اٰذَنْتُكُمْ کا لفظ ہے اور وہ اس آیت میں ہے

Marfat.com

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ۔ (انبیاء:۱۰۹) پھر اگر یہ پیٹھ پھیر لیں تو آپ کہیے: میں واضح طور پر تم کو خبردار کر چکا ہوں۔

عَلٰى سَوَآءٍ کا معنی ہے: جن کو خبر دی ہے، وہ سب اس خبر میں برابر ہیں، نہ کسی سے عہد شکنی کی ہے نہ کسی کو دھوکا دیا ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ لَعَلَّكُمْ تُسْأَلُونَ تُفْهَمُونَ۔ مجاہد نے کہا: لَعَلَّكُمْ تُسْئَلُوْنَ اس کا معنی ہے: شاید کہ تم سمجھو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْئَلُوْنَ ۝ (انبیاء:۱۳) (ان سے کہا گیا:) اب بھاگو مت، اور اسی جگہ لوٹو جہاں تمہیں آسودگی دی گئی تھی اور اپنی رہائش گاہوں میں تاکہ تم سے پوچھ گچھ کی جائے ○

ابن ابی نجیح نے بھی اس آیت کی یہی تفسیر کی ہے۔

ارْتَضٰى رَضِيَ۔ ارْتَضٰى کا معنی ہے: راضی ہوا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ۝ (انبیاء:۲۸) وہ جانتا ہے جو کچھ ان کے آگے ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے اور وہ اسی کی شفاعت کریں گے جس کی شفاعت سے وہ راضی ہو اور وہ اس کی ہیبت سے لرزہ براندام ہیں ○

امام بخاری نے ارتضیٰ کی تفسیر راضی ہونے کے ساتھ کی ہے اور حضرت ابن عباس نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنے سے راضی ہوتا ہے۔

التَّمَاثِيْلُ الْاَصْنَامُ۔ التَّمَاثِيْلُ کا معنی ہے: اصنام یعنی بت اور مورتیاں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ۝ (انبیاء:۵۲) جب انہوں نے اپنے (عرفی) باپ اور اپنی قوم سے کہا: یہ کیسی مورتیاں (بت) ہیں جن (کی پرستش) پر تم جمے ہوئے ہو ○

اَلتَّمَاثِيْل، تِمْثَال کی جمع ہے اور اس کا معنی ہے: مجسم صورت جیسے بت ہوتے ہیں۔

اَلسِّجِلُّ الصَّحِيْفَةُ۔ اَلسِّجِلُّ کا معنی ہے: صحیفہ یعنی وہ کاغذات جن پر کوئی چیز لکھی ہوئی ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ۔ (انبیاء:۱۰۴) جس دن ہم آسمانوں کو وثیقہ کے کاغذوں کی طرح لپیٹ لیں گے۔

امام بخاری نے اَلسِّجِلّ کی تفسیر صحیفہ کے ساتھ کی ہے، یعنی وہ کاغذات جن پر کچھ لکھا ہوا ہو، جیسے وثیقہ ہوتا ہے، یعنی ہم آسمانوں کو کاغذات کی طرح لپیٹ دیں گے۔

۱۔ بَابٌ: كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ۭ وَعْدًا عَلَيْنَا ۭ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝ (الانبیاء:۱۰۴) اللہ تعالیٰ کا ارشاد: جس طرح ہم نے ابتداء پیدا کیا تھا، ہم اسی طرح دوبارہ پیدا کریں گے، یہ ہمارا وعدہ ہے،

Marfat.com

جس کو ہم ضرور پورا کرنے والے ہیں O

(الانبیاء: ۱۰۴) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

یعنی جس طرح ہم نے لوگوں کو ان کی ماؤں کے پیٹوں میں ننگے پیر، ننگے بدن اور غیر مختون پیدا کیا تھا، اسی طرح ہم ان کو قیامت کے دن دوبارہ پیدا کریں گے، دوسرا قول یہ ہے کہ جس طرح ہم نے ان کو پانی سے پیدا کیا تھا، اسی طرح ہم ان کو مٹی سے پیدا کریں گے۔ ان کو مرنے کے بعد دوبارہ پیدا کرنا ہمارا وعدہ ہے، ہم اس وعدہ کو ضرور پورا کریں گے۔

۴۷۴۰۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ الْمُغِيرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ شَيْخٌ مِنْ النَّخَعِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما قَالَ خَطَبَ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ إِنَّكُمْ مَحْشُورُونَ إِلَى اللهِ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيدُهُ وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ ثُمَّ إِنَّ أَوَّلَ مَنْ يُكْسَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِبْرَاهِيمُ أَلَا إِنَّهُ يُجَاءُ بِرِجَالٍ مِنْ أُمَّتِي فَيُؤْخَذُ بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ فَأَقُولُ يَا رَبِّ أُصَيْحَابِي فَيُقَالُ لَا تَدْرِي مَا أَحْدَثُوا بَعْدَكَ فَأَقُولُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ ﴿وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَا دُمْتُ فِيهِمْ إِلَى قَوْلِهِ شَهِيدٌ ۝﴾ (المائدہ: ۱۱۷) فَيُقَالُ إِنَّ هَؤُلَاءِ لَمْ يَزَالُوا مُرْتَدِّينَ عَلَى أَعْقَابِهِمْ مُنْذُ فَارَقْتَهُمْ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از المغیرہ بن النعمان جو النخع کے شیخ ہیں، از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے خطبہ دیا اور فرمایا: (تم قیامت کے دن) اللہ کی طرف جمع کیے جاؤ گے اس حال میں کہ تم ننگے پیر، ننگے بدن اور غیر مختون ہو گے، جس طرح ہم نے تم کو پہلے پیدا کیا تھا اسی طرح تم کو دوبارہ پیدا کریں گے، یہ ہمارا وعدہ ہے جس کو ہم ضرور پورا کرنے والے ہیں، پھر سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کپڑے پہنائے جائیں گے، مگر میری امت کے کچھ لوگوں کو لایا جائے گا ان کو بائیں جانب کھڑا کیا جائے گا، میں کہوں گا: اے میرے رب! یہ میرے اصحاب ہیں، پس کہا جائے گا: آپ (از خود) نہیں جانتے کہ انہوں نے آپ کے بعد دین میں کیا نئے کام کیے ہیں، پس میں اسی طرح کہوں گا جس طرح اللہ کے نیک بندہ نے کہا تھا: میں ان پر اس وقت تک گواہ تھا جب تک میں ان میں تھا۔ یہ آیت شہید تک ہے۔ (المائدہ: ۱۱۷) پس بتایا جائے گا: یہ وہ لوگ ہیں کہ جب سے آپ ان سے جدا ہوئے، یہ ہمیشہ مرتدین رہے تھے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۳۴۹ میں گزر چکی ہے۔

النخع کا معنی اور اس کی وجہ تسمیہ، غرلاً کا معنی اور مرتدین کا مصداق

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

النخع: یہ مذحج کا بڑا قبیلہ ہے اور النخع کا نام جبیر بن عمرو ہے۔ نخع کا معنی دور ہونا ہے، ان کو النخع اس لیے کہا جاتا ہے کہ یہ اپنی قوم سے دور ہو گئے تھے اور اسلام قبول کر کے کوفہ میں رہائش اختیار کی تھی۔

Marfat.com

غرلاً: یہ اغرل کی جمع ہے۔ یہ اس شخص کو کہتے ہیں جس کا ختنہ نہ کیا گیا ہو۔ ان کو بائیں جانب کھڑا کیا جائے گا: یعنی دوزخ کی جانب۔

مرتدین: اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ یہ اسلام سے مرتد ہو گئے تھے، بلکہ یہ لوگ بعض حقوق واجبہ ادا نہیں کرتے تھے اور الحمدللہ صحابہ میں سے کوئی بھی مرتد نہیں ہوا، البتہ بعض اعرابی جو قتل کے خوف سے یا مال کے لالچ میں اسلام میں داخل ہوئے تھے، وہ مرتد ہو گئے تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۹۴، دار الکتب العلمیہ بیروت، ۱۴۲۱ھ)

الحمدللہ یہاں پر سورۃ الانبیاء کی تفسیر مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ سورۃ الحج کی تفسیر شروع ہو گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۲۲۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْحَجِّ

سورۃ الحج کی تفسیر

سورۃ الحج کا تعارف

امام ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس اور حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے کہ سورۃ الحج مدینہ میں نازل ہوئی ہے اور مقاتل نے کہا: اس سورت کا بعض حصہ مکہ میں نازل ہوا ہے اور قتادہ نے کہا کہ یہ سورت مکی ہے اور ان سے یہ بھی روایت ہے کہ چار آیات کے سوا یہ سورت مدنی ہے اور ہبہ بن سلامہ نے کہا: یہ قرآن مجید کی سب سے عجیب سورتوں میں سے ہے، کیونکہ اس میں مکی آیات بھی ہیں اور مدنی آیات بھی، سفری آیات بھی ہیں اور حضری آیات بھی، زمانہ جنگ کی آیات بھی ہیں اور زمانہ صلح کی بھی، رات میں نازل ہونے والی آیات بھی ہیں اور دن میں نازل ہونے والی آیات بھی اور اس میں ناسخ آیات بھی ہیں اور منسوخ آیات بھی ہیں اور اس میں اٹھہتر (۷۸) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۹۴، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ ابْنُ عُیَیْنَۃَ الْمُخْبِتِیْنَ الْمُطْمَئِنِّیْنَ۔

اور ابن عیینہ نے کہا: الْمُخْبِتِیْنَ کا معنی ہے: الْمُطْمَئِنِّیْنَ یعنی اللہ کے احکام پر خوشی اور اطمینان سے عمل کرنے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗۤ اَسْلِمُوْا ؕ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِیْنَ ۝ (الحج: ۳۴)

پس تمہاری عبادت کا مستحق واحد ہے اسی کی اطاعت کرو اور عاجزی کرنے والوں کو بشارت دیجئے ○

یعنی سفیان بن عیینہ نے اس آیت کی تفسیر میں از ابن جریج از مجاہد یہ روایت کی ہے اور ایک قول یہ ہے کہ اس کا معنی ہے: جو اطمینان سے اللہ کے احکام کی اطاعت کرتے ہیں۔ دوسرا قول ہے: جو عاجزی کرتے ہیں، تیسرا قول ہے: جو اللہ سے ڈرتے رہتے ہیں۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فِیْ اِذَا تَمَنّٰۤی اَلْقَی الشَّیْطَانُ فِیْ اُمْنِیَّتِهٖۤ اِذَا حَدَّثَ اَلْقَی الشَّیْطَانُ فِیْ حَدِیْثِهٖ فَیُبْطِلُ اللّٰهُ مَا یُلْقِی الشَّیْطَانُ وَیُحْكِمُ اٰیَاتِهٖ۔

اور حضرت ابن عباس نے درج ذیل آیت: اِذَا تَمَنّٰۤی اَلْقَی الشَّیْطٰنُ فِیْۤ اُمْنِیَّتِهٖ (الحج: ۵۲) یعنی جب نبی کوئی بات کرتا ہے تو شیطان اس کی بات میں اپنی طرف سے کچھ ملا دیتا ہے۔ کی تفسیر میں کہا: پس اللہ تعالیٰ شیطان کی ملائی ہوئی باتوں کو باطل کر دیتا ہے اور اپنی آیات کو پختہ کر دیتا ہے۔

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ کہتے ہیں:

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِیٍّ اِلَّاۤ اِذَا تَمَنّٰۤی اَلْقَی الشَّیْطٰنُ فِیْۤ اُمْنِیَّتِهٖ ۚ فَیَنْسَخُ اللّٰهُ مَا یُلْقِی

اور ہم نے آپ سے پہلے جو بھی رسول اور نبی بھیجا، تو جب بھی اس نے (اپنی امت کی وسعت کی) تمنا کی تو شیطان نے

الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ (الحج:۵۲)

(لوگوں کے دلوں میں شبہات ڈال کر) اس کی تمنا (پوری ہونے) میں رخنہ ڈال دیا، سو اللہ شیطان کے ڈالے ہوئے (شبہات) کو زائل کر دیتا ہے، پھر اللہ اپنی آیات کو پختہ کر دیتا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بہت حکمت والا ہے O

امام ابوالحسن بن علی الطبری نے اس آیت کی تفسیر میں یہ ذکر کیا ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ترتیل سے قرآن مجید کی تلاوت کرتے تو شیطان آپ کی گھات لگا کر بیٹھ جاتا اور جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی آیت کے بعد سکوت کرتے تو وہ سکوت کے اس وقفہ میں آپ کی آواز بنا کر اپنی طرف سے کچھ ملا دیتا، جس سے سننے والا یہ سمجھتا کہ یہ آپ نے فرمایا ہے۔ حضرت ابن عباس نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ میں سورۂ والنجم پڑھی اور جب آپ اس آیت پر پہنچے:

اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ۝ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ۝ (النجم:۲۰-۱۹)

تو کیا تم نے لات اور عزیٰ (دیویوں) کو بہ غور دیکھا O اور اس تیسری ایک اور (دیوی) منات کو O

تب شیطان نے آپ کے سکوت کے وقفہ میں آپ کی آواز کے مشابہ آواز میں اپنی طرف سے یہ کلمات ملا دیئے:

تلك الغرانيق العلى، وان شفاعتهن لترتجى۔

یہ اونچی اڑان والے پرندے، ان کی شفاعت کے مقبول ہونے کی امید کی جاتی ہے۔

تب مشرکین نے کہا: آج سے پہلے انہوں نے کبھی ہمارے معبودوں کا خیر کے ساتھ ذکر نہیں کیا، پس جب آپ نے سجدہ کیا تو مشرکین نے بھی سجدہ کر لیا۔ تب یہ آیت نازل ہوئی، یہ حدیث متعدد طرق سے مروی ہے۔

علامہ ابن العربی نے کہا کہ طبری نے اس مسئلہ میں بہت زیادہ روایات ذکر کی ہیں، جو سب باطل ہیں اور ان کی کوئی اصل نہیں ہے اور قاضی عیاض نے کہا: اس حدیث کی اصل صحت میں سے کسی نے روایت نہیں کی اور نہ کسی ثقہ راوی نے اس کی روایت کی ہے۔ اس کی کوئی سند متصل نہیں ہے اور اس کے ناقلین ضعیف ہیں اور یہ روایات مضطرب ہیں، ان کی اسانید منقطع ہیں، اسی طرح تابعین اور مفسرین میں سے جس نے اس قصہ کو بیان کیا ہے، ان میں سے کسی نے اس کی ثقہ راوی کی طرف نسبت نہیں کی اور اس حدیث کے اکثر طرق ضعیف ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۹۵)

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں:

علامہ ابن العربی اور قاضی عیاض نے یہ جو کچھ کہا ہے، یہ قواعد کے مطابق نہیں ہے، کیونکہ قاعدہ یہ ہے کہ جب کسی حدیث کے طرق متعدد اور مختلف ہوں تو یہ اس کی دلیل ہے کہ اس حدیث کی کوئی اصل ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۰۷)

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حافظ ابن حجر کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

علامہ ابن العربی اور قاضی عیاض نے جو کہا ہے وہی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مرتبہ اور مقام کے لائق ہے، کیونکہ دلائل سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معصوم ہونا ثابت ہے اور اس پر اجماع بھی ہے، اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بتوں کی تعریف میں کچھ کہنے سے معصوم ہیں اور آپ اس سے بری ہیں کہ آپ کے دل یا آپ کی زبان پر ایسی کوئی بات جاری ہو، ایسی کوئی بات آپ کی زبان پر عمداً جاری ہو سکتی ہے نہ سہواً اور نہ شیطان کو یہ طاقت ہے کہ وہ آپ سے کوئی بات کہلوا سکے۔ عقل اور عرف کے نزدیک یہ محال ہے، اگر ایسا ہوتا تو کئی مسلمان مرتد ہو جاتے اور یہ منقول نہیں ہے۔

Marfat.com

علامہ ابن العربی نے (الحج: ۵۲ کی تفسیر میں کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں یہ خبر دی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اپنے رسولوں میں سنت جاریہ ہے کہ جب رسول کوئی بات کہتے ہیں تو شیطان اس میں اپنی طرف سے کچھ بڑھا دیتا ہے۔ اس قول میں یہ تصریح ہے کہ شیطان نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد میں اپنی طرف سے کچھ اضافہ کیا تھا، نہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کلمات از خود فرمائے تھے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۹۶، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

ہم نے اس مسئلہ کی پوری تحقیق اپنی تفسیر میں سورۃ الحج: ۵۲ کے تحت کی ہے۔ دیکھیے: تبیان القرآن ج ۷ ص ۷۷۷۔۷۸۵

وَيُقَالُ أُمْنِيَّتُهُ قِرَاءَتُهُ إِلَّا أَمَانِيَّ يَقْرَؤُنَ وَلَا يَكْتُبُونَ

اور کہا جاتا ہے: أُمْنِيَّتُهُ اس کا معنی ہے: اس کا پڑھنا إِلَّا أَمَانِيَّ یعنی وہ پڑھتے ہیں اور لکھتے نہیں ہیں۔

یہ فراء کا قول ہے، اس نے إِلَّا إِذَا تَمَنَّى کا معنی بیان کیا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ لَا يَعْلَمُونَ الْكِتٰبَ إِلَّا أَمَانِيَّ۔ (البقرہ: ۷۸)

اور ان میں بعض ان پڑھ ہیں جو زبان سے لفظوں کو پڑھ لینے کے سوا (اللہ کی) کتاب (کے معانی) کا کچھ علم نہیں رکھتے O

امام بخاری نے اس آیت کو یہ ثابت کرنے کے لیے پیش کیا ہے کہ تَمَنَّى کا معنی ہے: اس نے پڑھا۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَشِيدٌ بِالْقَصَّةِ جُصٍّ۔

اور مجاہد نے کہا: مَشِيد کا معنی ہے: اس کو چونے سے مضبوط کیا گیا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيدٍ ۝ (الحج: ۴۵)

اور بہت سے غیر آباد کنویں اور بہت سے مضبوط محل O

ضحاک بیان کرتے ہیں یہ کنواں حضر موت کے شہر میں تھا جس کو حاضورا کہا جاتا تھا، کیونکہ چار ہزار مرد جو حضرت صالح علیہ السلام پر ایمان لائے تھے، جب وہ عذاب سے نجات پا گئے تو وہ حضر موت میں آئے اور ان کے ساتھ حضرت صالح علیہ السلام بھی تھے، پس جب وہ اس شہر میں حاضر ہوئے تو حضرت صالح علیہ السلام کو موت آ گئی، اس وجہ سے اس شہر کا نام حضر موت پڑ گیا۔ کیونکہ حضرت صالح علیہ السلام کو جب موت آئی تو ان لوگوں نے حاضورا کو بنایا اور اس کنویں پر بیٹھ گئے اور ایک مرد کو وہاں امیر بنا دیا جس کا نام جلہس تھا اور سخاریب بن سوادہ کو اس کا وزیر بنا دیا، پھر وہ وہاں پر بڑے عرصہ تک رہے اور ان کی نسل چلتی رہی، حتیٰ کہ وہ بہت زیادہ ہو گئے، پھر انہوں نے بتوں کی عبادت کی اور اللہ تعالیٰ کا انکار کیا، پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف ایک نبی کو بھیجا جن کا نام حنظلہ بن صفوان تھا، وہ اونٹ چراتے تھے۔ ان لوگوں نے ان کو بازار میں قتل کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کو ہلاک کر دیا اور وہ کنواں ویران ہو گیا اور ان کے محل کھنڈر بن گئے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ يَسْطُونَ يَقَعُونَ مِنَ السَّطْوَةِ وَيُقَالُ يَسْطُونَ يَبْطِشُونَ وَهُدُوا إِلَى الطَّيِّبِ أُلْهِمُوا وَهُدُوا إِلَى صِرَاطِ الْحَمِيدِ الْإِسْلَامِ۔

اور مجاہد کے غیر نے کہا: يَسْطُونَ کا معنی ہے: وہ زیادتی کرتے ہیں۔ یہ لفظ سَطْوَت سے ماخوذ ہے، کہا جاتا ہے: يَسْطُونَ یعنی وہ پکڑتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يَكَادُونَ يَسْطُونَ۔ (الحج: ۷۲)

لگتا ہے کہ وہ ہماری آیتیں تلاوت کرنے والوں پر حملہ کر بیٹھیں گے

امام بخاری نے کہا ہے کہ یَسْطُوْنَ کا معنی ہے: وہ زیادتی کرتے ہیں، امام ابوعبیدہ نے بھی اس آیت کی یہی تفسیر کی ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ یَسْطُوْنَ کا معنی ہے: جب وہ کسی کو پکڑتے ہیں یعنی کفار سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کی طرف غیض وغضب میں آکر ہاتھ بڑھاتے تھے تاکہ ان کو ایذاء پہنچائیں۔

اور ان کو نیک بات کی طرف ہدایت دی گئی، یعنی ان کو قرآن کی طرف الہام کیا گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ هُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَ هُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ۝ (الحج:۲۴)

اور ان کو پاکیزہ باتوں کی طرف ہدایت کی جائے گی اور جو کریمے والوں کے راستہ کی طرف ان کو ہدایت کی جائے گی ۝

ان کو صراط حمید کی طرف ہدایت دی گئی: اس سے مراد یہ ہے کہ ان کو اسلام کی طرف ہدایت دی گئی اور انہیں نیک بات کی طرف ہدایت دی گئی۔ حضرت ابن عباس نے کہا: اس سے مراد ہے: لا اِلٰہ اِلا اللہ والحمد للہ واللہ اکبر

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بِسَبَبٍ بِحَبْلٍ اِلٰى سَقْفِ الْبَيْتِ ثَانِ عِطْفِهٖ مُسْتَكْبِرٌ۔

اور حضرت ابن عباس نے کہا: بِسَبَبٍ کے معنی مراد ہے: وہ رسی جو چھت کی طرف لٹکی ہوئی ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ۝ (الحج:۱۵)

جو یہ گمان کرتا تھا کہ اللہ اپنے رسول کی دنیا اور آخرت میں ہرگز مدد نہیں کرے گا تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنی اونچی جگہ پر رسی باندھ کر (اپنے گلے میں ڈال لے)، پھر اس رسی کو کاٹ دے پھر دیکھے کہ آیا اس کی یہ تدبیر اس کے غضب اور غصہ کو دور کرتی ہے (یا نہیں) ۝

حضرت ابن عباس نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا: جس شخص کا یہ گمان ہو کہ اللہ تعالیٰ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدد نہیں کرے گا، وہ اپنے گھر کی چھت میں رسی لٹکا کر اپنا گلا گھونٹ لے۔

تَذْهَلُ تُشْغَلُ۔

تَذْهَلُ کا معنی ہے: وہ غافل ہو جائے گی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَ تَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَ تَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَ مَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَ لٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ۝ (الحج:۲)

جس دن تم اس کو دیکھو گے ہر دودھ پلانے والی اپنے (بچے) کو فراموش کر دے گی جس کو دودھ پلایا تھا اور ہر حاملہ کا حمل ساقط ہو جائے گا اور تم کو لوگ مدہوش نظر آئیں گے حالانکہ وہ مدہوش نہیں ہوں گے لیکن اللہ کا عذاب بہت سخت ہے ۝

۱۔ بَابٌ: وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى۔ (الحج:۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور تم کو لوگ مدہوش نظر آئیں گے۔ (الحج:۲) کی تفسیر

۴۷۴۱۔ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عمر بن حفص نے حدیث

Marfat.com

الْأَعْمَشُ حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ يَقُولُ اللهُ عَزَّوَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَا آدَمُ يَقُولُ لَبَّيْكَ رَبَّنَا وَسَعْدَيْكَ فَيُنَادَى بِصَوْتٍ إِنَّ اللهَ يَأْمُرُكَ أَنْ تُخْرِجَ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ بَعْثًا إِلَى النَّارِ قَالَ يَا رَبِّ وَمَا بَعْثُ النَّارِ قَالَ مِنْ كُلِّ أَلْفٍ أُرَاهُ قَالَ تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِينَ فَحِينَئِذٍ تَضَعُ الْحَامِلُ حَمْلَهَا وَيَشِيبُ الْوَلِيدُ وَتَرَى النَّاسَ سُكَارَى وَمَا هُمْ بِسُكَارَى وَلَكِنَّ عَذَابَ اللهِ شَدِيدٌ فَشَقَّ ذَلِكَ عَلَى النَّاسِ حَتَّى تَغَيَّرَتْ وُجُوهُهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ مِنْ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِينَ وَمِنْكُمْ وَاحِدٌ ثُمَّ أَنْتُمْ فِي النَّاسِ كَالشَّعْرَةِ السَّوْدَاءِ فِي جَنْبِ الثَّوْرِ الْأَبْيَضِ أَوْ كَالشَّعْرَةِ الْبَيْضَاءِ فِي جَنْبِ الثَّوْرِ الْأَسْوَدِ وَإِنِّي لَأَرْجُو أَنْ تَكُونُوا رُبُعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَكَبَّرْنَا ثُمَّ قَالَ ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَكَبَّرْنَا ثُمَّ قَالَ شَطْرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَكَبَّرْنَا۔

بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الاعمش نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو صالح نے حدیث بیان کی از حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ اللہ عزوجل قیامت کے دن فرمائے گا، اے آدم! وہ کہیں گے: اے ہمارے رب! میں حاضر ہوں اور تیری اطاعت کے لیے کمر بستہ ہوں، پھر اللہ عزوجل ایک آواز سے ندا فرمائے گا: بے شک اللہ تمہیں یہ حکم دیتا ہے کہ تم اپنی اولاد میں سے نکالو ایک گروہ کو دوزخ کی طرف، حضرت آدم کہیں گے: اے میرے رب! دوزخ کا گروہ کتنا ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا، ہر ہزار میں سے (میرا گمان ہے) نو سو ننانوے، پس اس وقت حاملہ عورت اپنے حمل کو گرا دے گی اور بچہ بوڑھا ہو جائے گا اور تم کو لوگ مدہوش نظر آئیں گے حالانکہ وہ مدہوش نہیں ہوں گے لیکن اللہ کا عذاب بہت سخت ہے (الحج:۲) پس لوگوں پر یہ حدیث بہت سخت گزری حتیٰ کہ ان کے چہرے متغیر ہو گئے۔ تب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نو سو ننانوے یاجوج ماجوج میں سے ہوں گے اور تم میں سے ایک ہوگا اور تم لوگوں میں ایسے ہو گے جیسے سفید بیل کے پہلو میں ایک کالا بال ہو یا کالے بیل کے پہلو میں ایک سفید بال ہو اور مجھے توقع ہے کہ تم اہل جنت میں سے چوتھائی ہو گے، پس ہم نے کہا: اللہ اکبر، پھر فرمایا: پھر اہل جنت میں سے ایک تہائی ہو گے، پس ہم نے کہا: اللہ اکبر، پھر فرمایا: تم اہل جنت کا نصف ہو گے، پس ہم نے کہا: اللہ اکبر۔

قَالَ أَبُو أُسَامَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ تَرَى النَّاسَ سُكَارَى وَمَا هُمْ بِسُكَارَى وَقَالَ مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِينَ وَقَالَ جَرِيرٌ وَعِيسَى بْنُ يُونُسَ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ سَكْرَى وَمَا هُمْ بِسَكْرَى۔

ابو اسامہ نے اعمش سے روایت کرتے ہوئے اس آیت کی تفسیر میں کہا: اور تم کو لوگ مدہوش نظر آئیں گے حالانکہ وہ مدہوش نہیں ہوں گے (الحج:۲) ہر ہزار میں سے نو سو ننانوے اور جریر، عیسیٰ بن یونس اور ابو معاویہ نے اس آیت کو یوں پڑھا سَكْرٰى وَمَا هُمْ بِسَكْرٰى۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری ۳۳۴۸ میں گزر چکی ہے۔

جریر اور عیسیٰ کے اختلاف کی وضاحت

سُكْرٰى کا لفظ جمع ہے اور سَكْرٰى کا لفظ واحد ہے۔ ان حضرات تابعین نے اس آیت میں لفظ واحد کو ذکر کیا، لیکن صحیح لفظ وہی ہے جو ہماری متواتر قراءت میں ہے۔

Marfat.com

۲۔ بَابٌ: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ۨ انْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ⑪ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ⑫ (الحج:۱۱۔۱۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور کوئی شخص ایک کنارے پر کھڑا ہو کر اللہ کی عبادت کرتا ہے، پس اگر اس کو کوئی بھلائی مل جائے تو وہ اس سے مطمئن ہو جاتا ہے اور اگر اس پر کوئی آزمائش کی جائے تو وہ منہ کے بل پلٹ جاتا ہے، اس نے دنیا اور آخرت کا نقصان سمیٹا (یہ یہاں تک ہے) یہی دور کی گمراہی ہے ○ (الحج: ۱۲۔۱۱) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

علامہ الواحدی نے کہا ہے کہ حضرت ابوسعید نے بیان کیا کہ یہود میں سے ایک شخص اسلام لایا، پھر اس کی بینائی چلی گئی، پھر اس کا مال ضائع ہو گیا تو اس نے اسلام کے ساتھ بدشگونی لی اور اس نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آ کر کہا کہ مجھ سے میرا اسلام واپس لے لیجئے۔ آپ نے فرمایا: اسلام واپس نہیں لیا جاتا اور اسلام لوگوں کو اس طرح پگھلاتا ہے جس طرح آگ لوہے کو پگھلا کر اس کا زنگ دور کر دیتی ہے۔

اس آیت میں عَلٰى حَرْفٍ کا لفظ ہے۔ حرف کا معنی ہے: طرف اور جانب اور مجاہد نے کہا: اس سے مراد ہے: شک یعنی وہ اللہ کی عبادت شک سے کرتا تھا۔ حسن بصری نے کہا: وہ منافق تھا، وہ زبان سے اللہ کی عبادت کرتا تھا دل سے اللہ کی عبادت نہیں کرتا تھا۔ اس آیت میں خَيْرٌ کا لفظ ہے، یعنی اس کو بھلائی مل جائے۔ اس سے مراد ہے: اس کا جسم تندرست ہو اور اس کا کاروبار وسیع ہو۔

اس آیت میں مذکور ہے: اِطْمَاَنَّ بِهٖ: اس سے مراد یہ ہے کہ پھر وہ اسلام پر راضی رہتا ہے اور اس پر قائم رہتا ہے۔

اور اس آیت میں مذکور ہے: وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ۨ: اس سے مراد ہے کہ اس کے جسم میں کوئی بیماری ہو جائے اور اس کو کاروبار میں نقصان پہنچے۔

اس میں مذکور ہے: انْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ: یعنی وہ مرتد ہو کر اپنے سابقہ کفر کی طرف لوٹ جاتا ہے۔

الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ: یعنی وہ ہم سے بہت دور ہو جاتا ہے۔

اَتْرَفْنَاهُمْ وَسَّعْنَاهُمْ۔ اَتْرَفْنٰهُمْ کا معنی ہے: ہم نے ان کی زندگی کشادہ کر دی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا۔ (المومنون:۳۳)

اور رسول کی قوم کے وہ کافر سردار بولے جنہوں نے آخرت کی ملاقات کی تکذیب کی تھی اور جن کو ہم نے دنیا کی زندگی میں فروانی عطا فرمائی تھی۔

یہ آیت سورۂ حج میں نہیں ہے، بلکہ سورۃ المومنون میں ہے۔ صحیح بخاری کو نقل کرنے والوں نے اس کو یہاں پر تسامح سے لکھ دیا ہے۔

۴۷۴۲۔ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي حَصِينٍ عَنْ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے ابراہیم بن الحارث نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یحییٰ بن ابی بکیر نے حدیث

Marfat.com

سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما قَالَ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَعْبُدُ اللهَ عَلَى حَرْفٍ قَالَ كَانَ الرَّجُلُ يَقْدَمُ الْمَدِينَةَ فَإِنْ وَلَدَتْ امْرَأَتُهُ غُلَامًا وَنُتِجَتْ خَيْلُهُ قَالَ هَذَا دِينٌ صَالِحٌ وَإِنْ لَمْ تَلِدْ امْرَأَتُهُ وَلَمْ تُنْتَجْ خَيْلُهُ قَالَ هَذَا دِينُ سُوءٍ

بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں اسرائیل نے حدیث بیان کی از ابی حصین از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، انہوں نے اس آیت کی تفسیر میں بیان کیا: اور کوئی شخص ایک کنارے پر کھڑا ہو کر اللہ کی عبادت کرتا ہے۔ (الحج:۱۱) انہوں نے بتایا: ایک شخص مدینہ آتا، پس اگر اس کی بیوی کے لڑکا پیدا ہوتا اور اس کی گھوڑیاں بچے دیتیں تو وہ کہتا: یہ اچھا دین ہے اور اگر اس کی بیوی کے بچہ نہ ہوتا اور اس کی گھوڑیاں بچے نہ دیتیں تو وہ کہتا کہ یہ خراب دین ہے۔

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اگر ان لوگوں کے ہاں اچھی پیداوار نہ ہوتی اور بری اولاد پیدا ہوتی تو وہ کہتے کہ ہمارے لیے اس دین میں کوئی خیر نہیں ہے اور العوفی کی روایت میں ہے: اگر کوئی شخص مدینہ میں بیمار ہو جاتا اور اس کی بیوی کے لڑکی پیدا ہوتی اور اس کو صدقہ دیر سے ملتا تو اس کے پاس شیطان آ کر کہتا کہ اللہ کی قسم! تم نے اس دین میں صرف مصیبت ہی پائی ہے اور حسن بصری کی روایت ہے کہ اگر اس کے جسم میں بیماری ہوتی اور اس کو صدقہ نہ ملتا اور اس کو مال کی ضرورت ہوتی تو وہ کہتا: اللہ کی قسم! یہ دین اچھا نہیں ہے میں ہمیشہ اپنے جسم میں اور اپنے مال میں نقصان پا رہا ہوں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۹۹، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۳۔ بَابٌ: هٰذَانِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوا فِي رَبِّهِمْ۔ (الحج:۱۹)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: یہ دو فریق ہیں جنہوں نے اپنے رب کے متعلق جھگڑا کیا۔ (الحج:۱۹) کی تفسیر

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں:

اَلْخَصْمَانِ: خصم کا تثنیہ ہے، اور خصم کا معنی ہے: فریق اور مقابل۔

۴۷۴۳۔ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ أَخْبَرَنَا أَبُو هَاشِمٍ عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضی الله عنه أَنَّهُ كَانَ يُقْسِمُ قَسَمًا إِنَّ هٰذِهِ الْآيَةَ هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوا فِي رَبِّهِمْ نَزَلَتْ فِي حَمْزَةَ وَصَاحِبَيْهِ وَعُتْبَةَ وَصَاحِبَيْهِ يَوْمَ بَرَزُوا فِي يَوْمِ بَدْرٍ رَوَاهُ سُفْيَانُ عَنْ أَبِي هَاشِمٍ وَقَالَ عُثْمَانُ عَنْ جَرِيرٍ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ أَبِي هَاشِمٍ عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ قَوْلَهُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو ہاشم نے خبر دی، از ابی مجلز از قیس بن عباد از حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ وہ قسم کھا کر کہتے تھے کہ یہ آیت: یہ دو فریق ہیں جنہوں نے اپنے رب کے متعلق جھگڑا کیا۔ (الحج:۱۹) حضرت حمزہ اور ان کے دو صاحبوں کے متعلق نازل ہوئی ہے اور عتبہ اور اس کے دو ساتھیوں کے متعلق نازل ہوئی ہے جب انہوں نے غزوۂ بدر میں ایک دوسرے کو للکارا۔ اس حدیث کی سفیان نے ابی ہاشم روایت کی ہے اور عثمان نے کہا: از جریر از منصور از ابی ہاشم از ابی مجلز: یہ ان کا قول ہے۔

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

حضرت ابوذر کا نام جندب بن جنادہ ہے اور حضرت حمزہ کے دو صاحبوں کا نام حضرت علی اور حضرت عبیدہ بن الحارث ہے

Marfat.com

عبدالمطلب ہے اور عتبہ کے دو ساتھیوں کا نام شیبہ بن ربیعہ اور ولید بن عتبہ ہے اور عتبہ کا پورا نام عتبہ بن ربیعہ ہے۔

۴۷۴۴۔ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو مِجْلَزٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضی الله عنه قَالَ أَنَا أَوَّلُ مَنْ يَجْثُو بَيْنَ يَدَيْ الرَّحْمَنِ لِلْخُصُومَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ قَيْسٌ وَفِيهِمْ نَزَلَتْ ﴿هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ﴾ (الحج:۱۹) قَالَ هُمُ الَّذِينَ بَارَزُوا يَوْمَ بَدْرٍ عَلِيٌّ وَحَمْزَةُ وَعُبَيْدَةُ وَشَيْبَةُ بْنُ رَبِيعَةَ وَعُتْبَةُ بْنُ رَبِيعَةَ وَالْوَلِيدُ بْنُ عُتْبَةَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں معتمر بن سلیمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے اپنے والد سے سنا، انہوں نے کہا: ہمیں ابومجلز نے حدیث بیان کی از قیس بن عباد از حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ انہوں نے کہا: میں پہلا شخص ہوں جو قیامت کے دن جھگڑے (کے فیصلہ) کے لیے رحمٰن کے سامنے دوزانو بیٹھوں گا۔ قیس نے کہا: انہی کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی ہے: یہ دو فریق ہیں جنہوں نے اپنے رب کے متعلق جھگڑا کیا۔ (الحج:۱۹) قیس نے کہا: یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے غزوۂ بدر کے دن کفار کو للکارا تھا: حضرت علی، حضرت حمزہ اور حضرت عبیدہ رضی اللہ عنہم (اور جن کفار کو للکارا تھا ان کے نام یہ ہیں:) شیبہ بن ربیعہ، عتبہ بن ربیعہ اور ولید بن عتبہ۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۹۶۵ میں گزر چکی ہے۔

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں: اگر تم یہ اعتراض کرو کہ امام طبری نے از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما یہ روایت کی ہے کہ یہ آیت اہل کتاب اور مسلمین کے متعلق نازل ہوئی ہے اور حسن بصری سے روایت کی ہے کہ یہ آیت کفار اور مومنین کے متعلق نازل ہوئی ہے اور مجاہد سے روایت کی ہے کہ مومن اور کافر نے مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کے متعلق جھگڑا کیا تھا، تو یہ آیت نازل ہوئی۔ اس کا جواب یہ ہے کہ جب کوئی آیت متعدد اسباب میں سے کسی ایک سبب کے متعلق نازل ہو تو وہ اس کے خلاف نہیں کہ وہ آیت ان تمام اسباب کے لیے عام ہو۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹، ص ۱۰۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سورۃ الحج کی تفسیر یہاں پر ختم ہوگئی، اب ان شاء اللہ سورۃ المومنون کی تفسیر شروع ہوگی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۲۳۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْمُؤْمِنُوْنَ

سورۃ المومنون کی تفسیر

سورۃ المومنون کا تعارف

یہ سورۃ المومنون کی بعض آیات کی تفسیر ہے۔ ابو العباس نے کہا ہے کہ پوری سورۃ المومنون مکی ہے اور اس میں ایک سو اٹھارہ (۱۱۸) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۰۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

قَالَ ابْنُ عُیَیْنَۃَ سَبْعَ طَرَائِقَ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ۔ ابن عیینہ نے کہا: سَبْعَ طَرَآئِقَ سے مراد سات آسمان ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ۔ (المومنون: ۱۷) اور بے شک ہم نے تمہارے اوپر سات آسمان بنائے۔

امام ثعلبی نے کہا: سات آسمانوں کو سبع طرائق یعنی ''سات راستے'' فرمایا، کیونکہ آسمان ایک دوسرے کے اوپر ہیں، پس ان میں سے ہر آسمان ایک راستہ ہے اور جو چیز ایک دوسرے کے اوپر ہو، اس کو عرب راستہ کہتے ہیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ آسمان فرشتوں کے راستے ہیں۔

لَهَا سَابِقُوْنَ سَبَقَتْ لَهُمُ السَّعَادَةُ۔ لَهَا سٰبِقُوْنَ اس سے مراد یہ ہے کہ ان کے لیے ازل سے سعادت اور نیک بختی لکھ دی گئی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ۝ (المومنون: ۶۱) وہ لوگ نیک کاموں میں جلدی کرتے ہیں اور وہی نیکیوں میں سب سے بڑھنے والے ہیں ۝

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا: چونکہ ان کے لیے پہلے سے سعادت اور نیک بختی مقدر ہو چکی ہے، اس لیے وہ نیکیوں میں جلدی کرتے ہیں۔

قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ خَائِفِيْنَ۔ قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اس کا معنی ہے: ان کے دل خوف زدہ ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَا اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۝ (المومنون: ۶۱) اور جو لوگ (اللہ کی راہ میں) کچھ دیتے ہیں وہ خوف زدہ دلوں کے ساتھ دیتے ہیں (اس یقین کے ساتھ) کہ وہ اللہ کی طرف لوٹنے والے ہیں ۝

امام ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت ذکر کی ہے کہ وہ لوگ اس خوف سے عمل کرتے ہیں کہ شاید ان کے عمل متقبول نہ ہوں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! المومنون: ۶۰ میں جو اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے، کیا یہ اس شخص کے متعلق ہے جو زنا کرتا ہے اور چوری کرتا ہے اس کے باوجود اللہ سے ڈرتا ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں، بلکہ یہ اس شخص کے متعلق ہے جو روزہ رکھتا ہے اور نماز پڑھتا ہے اور اس کے باوجود اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہتا ہے۔ اس حدیث کی امام ترمذی، امام احمد اور امام ابن ماجہ نے روایت کی ہے اور امام حاکم نے اس کو صحیح قرار دیا ہے۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ بَعِيدٌ بَعِيدٌ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ کا معنی ہے: بعید ہے بعید ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوعَدُونَ ۝ (المومنون: ۳۶) جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے، (اس کا پورا ہونا) بہت دور ہے بہت دور ہے O

امام طبری نے بھی اس آیت کی یہی تفسیر کی ہے۔

فَاسْأَلِ الْعَادِّينَ۔ فاسأل العادین یہ فرشتوں کا قول ہے: یعنی آپ گننے والوں سے پوچھئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

قَالُوا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْئَلِ الْعَآدِّينَ ۝ (المومنون: ۱۱۳) وہ کہیں گے: ہم ایک دن یا دن کا کچھ حصہ رہے تھے آپ گننے والوں سے پوچھ لیجئے O

امام ثعلبی نے کہا ہے کہ یہ عام فرشتوں کا قول ہے یا کراما کاتبین کا قول ہے یا حساب رکھنے والے فرشتوں کا قول ہے۔ امام عبدالرزاق نے معمر اور قتادہ سے روایت کی ہے کہ یہ حساب رکھنے والے فرشتوں کا قول ہے۔

قَالَ الْمَلَائِكَةُ تَنْكِصُونَ تَسْتَأْخِرُونَ۔ فرشتوں نے کہا: تَنْكِصُونَ یعنی تم پیچھے ہٹ رہے ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَدْ كَانَتْ آيَاتِي تُتْلَى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلَى أَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُونَ ۝ (المومنون: ۶۶) بے شک اس سے پہلے میری آیتیں تم پر تلاوت کی جاتی تھیں تو تم ایڑیوں کے بل پلٹ کر بھاگ جاتے تھے O

امام طبری نے مجاہد سے اس آیت کی یہی تفسیر نقل کی ہے۔

لَنَاكِبُونَ لَعَادِلُونَ۔ لَنَاكِبُونَ کا معنی ہے: منحرف ہونے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَإِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنَاكِبُونَ ۝ (المومنون: ۷۴) اور بے شک جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے وہ ضرور صراط مستقیم سے منحرف ہونے والے ہیں O

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا ہے: جب کوئی شخص کسی کام سے اعراض کرے اور انحراف کرے، تو کہا جاتا ہے: نَكَبَ۔

كَالِحُونَ عَابِسُونَ۔ كَلِحُونَ کا معنی ہے: بری حالت والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ۝ آگ ان کے چہروں کو جھلستی رہے گی اور وہ اس میں بری حالت میں ہوں گے ○ (المومنون: ۱۰۴)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا ہے کہ دونوں ہونٹ ایک دوسرے سے دور ہو جائیں حتیٰ کہ دانت ظاہر ہو جائیں اور حضرت ابوسعید خدری نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا: اس کو آگ جلائے گی تو اس کا اوپر والا ہونٹ اوپر چڑھ کر دماغ کے وسط میں پہنچ جائے گا اور نیچے والا ہونٹ لٹک کر ناف تک پہنچ جائے گا۔

وَقَالَ غَيْرُهُ مِنْ سُلَالَةٍ الْوَلَدُ وَالنُّطْفَةُ السُّلَالَةُ۔ مجاہد کے علاوہ دوسروں نے کہا: مِنْ سُلَالَةٍ کا معنی ہے: ولد یعنی بچہ اور نطفہ ہے، ولد اور نطفہ کو سُلَالَةٌ کہتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۝ (المومنون: ۱۲) اور بے شک ہم نے انسان کو مٹی کے جوہر سے پیدا کیا ○

علامہ ثعلبی نے کہا ہے کہ قتادہ اور مجاہد نے کہا ہے: جو چیز زمین سے کھینچ کر نکالی جائے اس کو سُلَالَةٌ کہتے ہیں اور عرب مرد کے نطفہ کو اور بچے کو سُلالہ اس لیے کہتے ہیں کیونکہ وہ بھی اس کی پشت سے کھنچ کر آتے ہیں۔

وَالْجِنَّةُ وَالْجُنُوْنُ وَاحِدٌ۔ اور جِنَّہ اور جنون کا ایک معنی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ۔ (المومنون: ۷۰) یا وہ کہتے ہیں کہ اس رسول کو جنون ہے۔

اس آیت میں جِنَّہ کا معنی جنون ہے۔

وَالْغُثَاءُ الزَّبَدُ وَمَا ارْتَفَعَ عَنِ الْمَاءِ وَمَا لَا يُنْتَفَعُ بِهٖ۔ وَالغثاءُ کا معنی ہے: جھاگ اور جو چیز پانی سے بلند ہو اور اس سے کوئی فائدہ حاصل نہ ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاَخَذْتُهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً۔ (المومنون: ۴۱) بالآخر تقاضۂ عدل کے مطابق ان کو ایک زبردست چنگھاڑ نے پکڑ لیا، پس ہم نے ان کو (ہلاک کر کے) خس وخاشاک بنا دیا۔

امام عبدالرزاق نے معمر اور قتادہ سے روایت کی ہے کہ الغثاء کا معنی ہے: پرانی اور بوسیدہ چیز۔

يَجْاَرُوْنَ يَرْفَعُوْنَ اَصْوَاتَهُمْ كَمَا تَجْاَرُ الْبَقَرَةُ۔ يَجْأَرُوْن کا معنی ہے: وہ اپنی آواز بلند کرتے ہیں جیسے گائے تکلیف کے وقت آواز نکالتی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ۝ (المومنون: ۶۴) حتیٰ کہ جب ہم ان کے آسودہ حال لوگوں کو گرفتار کریں گے تو وہ بلبلانے لگیں گے ○

اس کی تفسیر کتاب الزکوٰۃ کے اواخر میں گزر چکی ہے۔

عَلٰى اَعْقَابِكُمْ رَجَعَ عَلٰى عَقِبَيْهِ۔ علی اعقابکم کا معنی ہے: تم اپنی ایڑیوں پر پھر جاتے تھے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ۝ (المومنون:٦٦)

بے شک اس سے پہلے میری آیتیں تم پر تلاوت کی جاتی تھیں، تو تم ایڑیوں کے بل پلٹ کر بھاگ جاتے تھے ○

یہ امام ابوعبیدہ کی تفسیر کے مطابق ہے۔

سَامِرًا مِنَ السَّمَرِ وَالْجَمِيعُ السُّمَّارُ وَالسَّامِرُ هَاهُنَا فِي مَوْضِعِ الْجَمْعِ۔

سَامِرًا، سَمَرٌ سے ماخوذ ہے اور اس کی جمع سُمَّار ہے اور سَامِرٌ یہاں پر جمع کی جگہ ہے۔ سَامِرٌ کا معنی ہے: رات کو فضول باتیں کرنے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مُسْتَكْبِرِيْنَ ۚ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ۝ (المومنون:٦٧)

اس پر تکبیر کرتے ہوئے اس قرآن کو افسانہ کہہ کر بکواس کرتے ہوئے ○

حافظ ابن حجر عسقلانی نے کہا ہے: اس کی تشریح کتاب المواقیت کے اواخر میں گزر چکی ہے۔

تُسْحَرُونَ تَعْمَوْنَ مِنَ السِّحْرِ۔

تُسْحَرُوْنَ کا معنی ہے: وہ جادو سے اندھے ہو رہے ہیں، یہ لفظ سحر سے ماخوذ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ۝ (المومنون:٦٦)

عنقریب وہ کہیں گے کہ سب کا اللہ ہی مالک ہے، آپ کہیے: پھر کہاں سے تم پر جادو کیا گیا ہے ○

حافظ ابن حجر اور علامہ عینی نے اس کی شرح میں کچھ نہیں لکھا، لیکن اس سے مراد یہ ہے کہ اس آیت سے مشرکین کا رد کیا گیا ہے، تاہم اس کی تفسیر کے لیے کتب تفسیر کی طرف رجوع کیا جائے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۰۳۔۱۰۱، فتح الباری ج ۵ ص ۷۱۳۔۷۱۲)

الحمد للہ سورۃ المومنون کی تفسیر جتنی امام بخاری نے کی ہے، مکمل ہوگئی ہے اور اب ان شاء اللہ سورۃ النور کی تفسیر شروع ہوگی۔

علامہ عینی نے اکثر تعلیقات کا ذکر نہیں کیا۔ حافظ ابن حجر نے تمام تعلیقات ذکر کی ہیں، لیکن اکثر کی شرح نہیں کی تاہم ہم نے اپنے اسلوب کے مطابق ان کی شرح کی ہے۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۲۴۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ النُّوْرِ

سورۃ النور کی تفسیر

سورۃ النور کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

ابوالعباس، مقاتل، حضرت ابن الزبیر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم نے کہا ہے کہ یہ پوری سورت مدنی ہے اور اس میں انہوں نے کسی اختلاف کا ذکر نہیں کیا ہے اور اس میں چونسٹھ آیات ہیں۔

مِنْ خِلَالِہٖ مِنْ بَیْنِ أَضْعَافِ السَّحَابِ۔ مِنْ خِلٰلِہٖ اس کا معنی ہے: بادلوں کی تہوں کے درمیان سے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَتَرَی الْوَدْقَ یَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِہٖ۔ (النور: ۴۳) پھر آپ دیکھتے ہیں کہ ان کے درمیان سے بارش ہوتی ہے۔

امام ابوعبیدہ نے بھی اس آیت کی اسی طرح تفسیر کی ہے اور خِلَال، خَلَلٌ کی جمع ہے۔ اس کا معنی ہے: درمیان اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ خلل بارش کی جگہ ہے اور الودق کا معنی ہے: بارش۔

سَنَا بَرْقِہٖ وَھُوَ الضِّیَاءُ۔ سَنَا بَرْقِہٖ اس کا معنی ہے: بجلی کی روشنی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

یَکَادُ سَنَا بَرْقِہٖ یَذْھَبُ بِالْاَبْصَارِ ۝ (النور: ۴۳) قریب ہے کہ بجلی کی چمک ان کی آنکھوں کی بینائی لے جائے ○

یعنی بجلی کی روشنی کی شدت اور بجلی کی کڑک کی شدت سے قریب ہے ان کی آنکھیں اچک لی جائیں۔

مُذْعِنِیْنَ یُقَالُ لِلْمُسْتَخْذِی مُذْعِنٌ۔ مُذْعِنِیْنَ اس کا معنی ہے: عاجزی کرنے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اِنْ یَّکُنْ لَّھُمُ الْحَقُّ یَاْتُوْٓا اِلَیْہِ مُذْعِنِیْنَ ۝ اور اگر ان کے حق میں فیصلہ ہو تو وہ آپ کی طرف فرماں برداری کرتے ہوئے چلے آتے ہیں ○ (النور: ۴۹)

علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ مُذْعِنِیْنَ کا معنی ہے: عاجزی کرنے والے اور الجوہری نے کہا ہے کہ اس کا معنی ہے: جلدی کرنے والے۔

أَشْتَاتًا وَشَتّٰی وَشَتَّاتٌ وَشَتٌّ وَاحِدٌ۔ اشتاتا اور شَتّٰی و شَتَّاتٌ وَ شَتٌّ ان سب کا ایک معنی ہے، یعنی متفرق اور الگ الگ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَیْسَ عَلَیْکُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْکُلُوْا جَمِیْعًا اَوْ اَشْتَاتًا۔ (النور: ۶۱) اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم سب مل کر کھاؤ یا الگ الگ کھاؤ ○

اشتات، شَتٌّ کی جمع ہے اور شَتٌّ مفرد ہے اور اس کا معنی ہے: متفرق۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ سُوْرَةٌ أَنْزَلْنَاهَا بَيَّنَّاهَا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا کا معنی ہے: ہم نے اس سورت کو وضاحت سے بیان کیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا۔ (النور:۶۱)

یہ ہے وہ سورت جو ہم نے نازل فرمائی اور ہم نے اس (کے احکام) کو فرض کیا۔

فَرَضْنٰهَا کا معنی ہے: ہم نے اس کو بیان کیا اور بَيَّنْتٰهَا اس کی تفسیر ہے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ سُمِّيَ الْقُرْآنُ لِجَمَاعَةِ السُّوَرِ وَسُمِّيَتْ السُّوْرَةُ لِأَنَّهَا مَقْطُوعَةٌ مِنَ الْأُخْرَى فَلَمَّا قُرِنَ بَعْضُهَا إِلَى بَعْضٍ سُمِّيَ قُرْآنًا۔

حضرت ابن عباس کے علاوہ دوسروں نے کہا: قرآن کا نام قرآن اس لیے رکھا گیا ہے کہ یہ متعدد سورتوں کا جامع ہے اور سورت کا نام سورت اس لیے رکھا گیا ہے کہ ہر سورت دوسری سورت سے منقطع ہوتی ہے، پھر جب یہ سورتیں ایک دوسرے سے مل جاتی ہیں، تو ان کو قرآن کہا جاتا ہے۔

یہ امام ابوعبیدہ کے قول کے مطابق ہے۔ سورت کا اصطلاحی معنی ہے: یہ قرآن مجید کی چند آیات کا مجموعہ ہے اور سورت کا لغوی معنی منزل اور مرتبہ ہے اور یہ سُؤر سے ماخوذ ہے، جس کا معنی ہے: کسی چیز کا بقیہ۔ اس میں ہمزہ کو واؤ سے تبدیل کر دیا، یا اس لیے کہ جس طرح کسی چیز کا بقیہ اس کا حصہ ہوتا ہے، اسی طرح سورت بھی قرآن کا حصہ ہے۔

وَقَالَ سَعْدُ بْنُ عِيَاضٍ الثُّمَالِيُّ الْمِشْكَاةُ الْكُوَّةُ بِلِسَانِ الْحَبَشَةِ۔

اور سعد بن عیاض ثمالی نے کہا کہ مشکاۃ کے لفظ کا معنی طاق ہے، اور یہ حبشی زبان کا لفظ ہے۔

اس تعلیق میں سعد بن عیاض ثمالی کا ذکر ہے۔ یہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگردوں میں سے ہیں اور تابعین میں سے ہیں۔ مشکاۃ کا دوسرا معنی وہ چیز ہے جس میں قندیل کو لٹکایا جاتا ہے۔ مجاہد نے کہا: مشکاۃ کا معنی قندیل ہے اور ابن کعب نے کہا کہ مشکاۃ سے مراد سینہ ہے اور مِصْبَاح سے مراد ایمان اور قرآن ہے اور زُجَاجَةٌ سے مراد اس کا دل ہے اور الشجرةُ الْمُبَارَكَة سے مراد اخلاص ہے۔

وَقَوْلُهُ تَعَالَى إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ تَأْلِيفَ بَعْضِهِ إِلَى بَعْضٍ فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ فَإِذَا جَمَعْنَاهُ وَأَلَّفْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ أَيْ مَا جُمِعَ فِيهِ فَاعْمَلْ بِمَا أَمَرَكَ وَانْتَهِ عَمَّا نَهَاكَ اللهُ وَيُقَالُ لَيْسَ لِشِعْرِهِ قُرْآنٌ أَيْ تَأْلِيفٌ وَسُمِّيَ الْفُرْقَانَ لِأَنَّهُ يُفَرِّقُ بَيْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ وَيُقَالُ لِلْمَرْأَةِ مَا قَرَأَتْ بِسَلًا قَطُّ أَيْ لَمْ تَجْمَعْ فِي بَطْنِهَا وَلَدًا وَيُقَالُ فِي فَرَضْنَاهَا أَنْزَلْنَا فِيهَا فَرَائِضَ مُخْتَلِفَةً وَمَنْ قَرَأَ فَرَضْنَاهَا يَقُولُ

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد: اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝ (القیامہ: ۱۷) اے نبی مکرم! بے شک ہمارے ذمہ ہے قرآن کو آپ کے سینے میں جمع کرنا اور آپ سے پڑھوانا ۝ یعنی بعض آیت کو بعض آیت سے ملانا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝ (القیامہ: ۱۸) پس جب ہم اس کو پڑھ چکیں تو آپ اس پڑھے ہوئے کی پیروی کیجئے ۝ یعنی جب ہم قرآن کو جمع کر دیں اور اس کو مرتب کر دیں تو آپ اس مجموعہ کی پیروی کیجئے، پس جس کا آپ کو حکم دیا ہے اس پر عمل کیجئے اور جس کام سے اللہ نے آپ کو روکا

Marfat.com

فَرَضْنَا عَلَيْكُمْ وَعَلَى مَنْ بَعْدَكُمْ۔

ہے اس سے رک جایئے اور شعر کی تالیف کو قرآن نہیں کہا جاتا اور اس کو فرقان بھی فرمایا ہے، کیونکہ یہ حق اور باطل کے درمیان فرق کرتا ہے اور عورت سے کہا جاتا ہے کہ اس نے اپنی بچہ دانی کو جمع نہیں کیا، یعنی اس کے پیٹ میں بچہ کبھی نہیں آیا۔

امام بخاری نے یہ جو کچھ ذکر کیا ہے، یہ بالکل ظاہر ہے اور اس سے مقصود یہ ہے کہ قرآن قَرَءَ سے جَمَعَ کے معنی میں ماخوذ ہے اور قرآن قَرَءَ سے تلاوت کے معنی میں ماخوذ نہیں ہے اور اس تعلیق میں سِلَا کا لفظ ہے۔ سلا کا معنی ہے: وہ باریک کھال، جس میں بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے۔

اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: فَرَضْنٰهَا یعنی ہم نے اس میں مختلف فرائض نازل کیے اور جس نے اس آیت کو بغیر تشدید کے پڑھا، فَرَضْنٰهَا تو اس کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے یہ احکام تم پر بھی فرض کیے ہیں اور تمہارے بعد والوں پر بھی۔

فَرَضْنٰهَا میں راء پر تشدید ہے۔ اس کا معنی ہے: ہم نے تم پر مختلف فرائض نازل کیے ہیں اور ان کو تم پر اور تمہارے بعد قیامت تک آنے والوں پر واجب کیا ہے۔ یہ ابن کثیر اور ابی عمرو کی قراءت ہے اور دوسروں کی قراءت بغیر تشدید کے ہے، یعنی فَرَضْنٰهَا ہم نے ان احکام کو فرض کر دیا ہے۔ فرض کا معنی ہے: یعنی ان پر عمل کرنے کو قطعی طور پر لازم قرار دیا ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ أَوِ الطِّفْلِ الَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُوا لَمْ يَدْرُوا لِصِغَرِهِمْ مِنَ الصِّغَرِ۔

مجاہد نے کہا: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا یعنی یا ان لڑکوں پر جو عورتوں کی شرم والی باتوں پر مطلع نہ ہوں (النور: ۳۱) یعنی وہ اپنی کم عمری کی وجہ سے نہیں جانتے۔

امام بخاری نے پوری آیت نہیں لکھی، پوری آیت کا ترجمہ اس طرح ہے:

اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ۔ (النور: ۳۱) یا ان لڑکوں پر جو عورتوں کی شرم والی باتوں پر مطلع نہ ہوں۔

مجاہد نے کہا: اس سے مراد نابالغ بچے ہیں، جنہیں صرف اپنے کھانے پینے کی فکر ہوتی ہے اور عورتوں کو ان سے کوئی خطرہ نہیں ہوتا۔

وَقَالَ الشَّعْبِيُّ أُولِي الْإِرْبَةِ مَنْ لَيْسَ لَهُ أَرَبٌ۔

اور شعبی نے کہا کہ غَيْرِ أُولِي الْإِرْبَةِ کا معنی ہے: وہ لوگ جنہیں عورتوں کی شہوت نہ ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ أُولِي الْإِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ۔ (النور: ۳۱) یا اپنے ان نوکروں پر جن کو عورتوں کی شہوت نہ ہو۔

اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو تمہاری خدمت کرتے ہیں اور تمہارا بچا ہوا کھانا کھاتے ہیں اور نہ ان کو عورتوں کی ضرورت ہوتی ہے اور نہ عورتوں کی شہوت ہوتی ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ لَا يُهِمُّهُ إِلَّا بَطْنُهُ وَلَا يَخَافُ عَلَى النِّسَاءِ وَقَالَ طَاوُسٌ هُوَ الْأَحْمَقُ الَّذِي لَا حَاجَةَ لَهُ فِي النِّسَاءِ۔

اور مجاہد نے کہا: اس سے مراد وہ لوگ ہیں جن کو صرف اپنے پیٹ کی فکر ہو یعنی صرف کھانے پینے کی اور ان سے عورتوں پر کوئی خطرہ نہ ہو اور طاؤس نے کہا: اس سے وہ احمق لوگ مراد ہیں، جن کو عورتوں کی احتیاج نہ ہو۔

امام بخاری کی اس تعلیق کی امام عبدالرزاق نے سند موصول کے ساتھ روایت کی ہے اور علامہ نسفی نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے

Marfat.com

اس سے وہ خدمت گار مراد ہے جو احمق ہو اور اس کو عورت کی شہوت نہ ہو اور مرد کو اس پر غیرت نہ ہو۔ ایک قول یہ ہے کہ اس سے وہ احمق مراد ہے جو کھانے پینے کی خواہش تو کرتا ہو لیکن عورتوں کی خواہش نہ کرتا ہو۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد نامرد ہے، تیسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد شیخ فانی ہے۔ چوتھا قول یہ ہے کہ اس سے مراد وہ شخص ہے جس کا آلہ کٹا ہوا ہو۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۰۵۔ ۱۰۳، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۔ بَابٌ: وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ (النور:٦)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد: اور جو لوگ اپنی بیویوں کو زنا کی تہمت لگائیں اور ان کے پاس خود ان کے سوا اور کوئی گواہ نہ ہو تو ان میں کسی ایک شخص کی گواہی یہ ہے کہ وہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر یہ کہے کہ بے شک وہ ضرور سچوں میں سے ہے ○ (النور:٦) کی تفسیر

یعنی جو لوگ کسی پر زنا کی تہمت لگاتے ہیں اور ان کے پاس اپنے قول کی یا تہمت کی صحت کے اوپر اور کوئی دلیل نہیں ہوتی سوا ان کے اپنے قول کے تو ان سے حد قذف کو صرف چار گواہیاں ساقط کر سکتی ہیں (یعنی چار مرتبہ اللہ کی قسم اٹھا کر شہادت دینا)۔

۴۷۴۵۔ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّ عُوَيْمِرًا أَتَى عَاصِمَ بْنَ عَدِيٍّ وَكَانَ سَيِّدَ بَنِي عَجْلَانَ فَقَالَ كَيْفَ تَقُولُونَ فِي رَجُلٍ وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ أَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ سَلْ لِي رَسُولَ اللهِ ﷺ عَنْ ذَلِكَ فَأَتَى عَاصِمٌ النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ فَكَرِهَ رَسُولُ اللهِ ﷺ الْمَسَائِلَ فَسَأَلَهُ عُوَيْمِرٌ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ كَرِهَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا قَالَ عُوَيْمِرٌ وَاللهِ لَا أَنْتَهِي حَتَّى أَسْأَلَ رَسُولَ اللهِ ﷺ عَنْ ذَلِكَ فَجَاءَ عُوَيْمِرٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ رَجُلٌ وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ أَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ قَدْ أَنْزَلَ اللهُ الْقُرْآنَ فِيكَ وَفِي صَاحِبَتِكَ فَأَمَرَهُمَا رَسُولُ اللهِ ﷺ بِالْمُلَاعَنَةِ بِمَا سَمَّى اللهُ فِي كِتَابِهِ فَلَاعَنَهَا ثُمَّ قَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنْ حَبَسْتُهَا فَقَدْ ظَلَمْتُهَا فَطَلَّقَهَا فَكَانَتْ سُنَّةً لِمَنْ كَانَ بَعْدَهُمَا فِي الْمُتَلَاعِنَيْنِ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں اسحاق نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الاوزاعی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے الزہری نے حدیث بیان کی از حضرت سہل بن سعد کہ حضرت عویمر حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہم کے پاس آئے اور وہ بنو عجلان کے سردار تھے۔ انہوں نے کہا: تم اس مرد کے متعلق کیا کہتے ہو، جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی دوسرے مرد کو پائے، آیا اس کو قتل کرے؟ پس تم اس کو قتل کر دو گے (یعنی قصاص میں) یا پھر وہ کیا کرے؟ تم رسول اللہ ﷺ سے میرے لیے اس مسئلہ کے متعلق دریافت کرو۔ پھر حضرت عاصم نبی ﷺ کے پاس گئے، پس عرض کیا: یا رسول اللہ! تو رسول اللہ ﷺ نے ان کے سوال کو ناپسند کیا، پھر حضرت عویمر نے حضرت عاصم سے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کے سوال کو ناپسند کیا ہے اور ان سوالات کی مذمت کی ہے۔ حضرت عویمر نے کہا: اللہ کی قسم! میں باز نہیں آؤں گا حتیٰ کہ میں خود رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق سوال کروں، پھر حضرت عویمر آئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! ایک مرد اپنی بیوی کے ساتھ دوسرے مرد کو پاتا ہے کیا وہ اس کو قتل کر دے تو

Marfat.com

اللہ ﷺ انْظُرُوا فَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَسْحَمَ أَدْعَجَ الْعَيْنَيْنِ عَظِيمَ الْأَلْيَتَيْنِ خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ فَلَا أَحْسِبُ عُوَيْمِرًا إِلَّا قَدْ صَدَقَ عَلَيْهَا وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أُحَيْمِرَ كَأَنَّهُ وَحَرَةٌ فَلَا أَحْسِبُ عُوَيْمِرًا إِلَّا قَدْ كَذَبَ عَلَيْهَا فَجَاءَتْ بِهِ عَلَى النَّعْتِ الَّذِي نَعَتَ بِهِ رَسُولُ اللهِ ﷺ مِنْ تَصْدِيقِ عُوَيْمِرٍ فَكَانَ بَعْدُ يُنْسَبُ إِلَى أُمِّهِ۔

آپ لوگ اس کو قتل کر دیں گے (یعنی قصاص میں) یا پھر وہ کیا کرے؟ تب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہارے متعلق اور تمہاری بیوی کے متعلق قرآن میں حکم نازل فرمایا ہے، پس رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں کو لعان کرنے کا حکم دیا جس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں ذکر فرمایا ہے، پھر حضرت عویمر نے اپنی بیوی سے لعان کیا، پھر عرض کیا: یا رسول اللہ! اب اگر میں نے اس کو اپنے نکاح میں رکھا تو میں اس پر ظلم کرنے والا ہوں گا، پھر انہوں نے اس کو طلاق دے دی، اس کے بعد جو لعان کرنے والے ہیں ان کے لیے یہ طریقہ مقرر ہو گیا، پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دیکھو! اگر اس عورت کے کالا بہت کالی پتلیوں والا بھاری سرین اور بھری ہوئی پنڈلیوں والا بچہ پیدا ہو تو پھر میرا گمان ہے کہ عویمر نے اس کے اوپر صحیح الزام لگایا تھا اور اگر اس کا سرخ گرگٹ جیسا بچہ پیدا ہوا تو پھر گمان ہے کہ عویمر نے اپنی بیوی پر جھوٹا الزام لگایا تھا، پھر اس عورت کے ہاں ایسا بچہ پیدا ہوا جس کی رسول اللہ ﷺ نے ایسی صفات بیان کی تھیں، جن سے حضرت عویمر کی تصدیق ہوتی تھی، پھر اس بچے کی نسبت اس کی ماں کی طرف کی جاتی تھی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۲۳ میں گزر چکی ہے۔

ہر چند کہ اس حدیث کی مفصل شرح صحیح البخاری ۴۲۳ میں گزر چکی ہے، تاہم چند ضروری امور بیان کیے جا رہے ہیں۔

حضرت عاصم بن عدی کے سوال کو ناپسند کرنے کی وجوہ

نبی ﷺ نے حضرت عاصم کے سوال کو اس لیے ناپسند فرمایا کہ انہوں نے ایسے معاملہ کے متعلق سوال کیا تھا، جس کا ابھی تک وقوع نہیں ہوا تھا۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ انہوں نے بیان کیا کہ حضرت عویمر نے اپنی بیوی کے پاس دوسرے مرد کو دیکھا، سو اس بات سے مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کی عزت پر حرف آیا اور یہودیوں اور منافقین کو مسلمانوں کی عزت کے خلاف حرف گیری کا موقع ملا۔

ملاعنہ کا بیان

اس حدیث میں مذکور ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عویمر اور ان کی بیوی کو ایک دوسرے پر لعان کرنے کا حکم دیا۔

مرد اپنی بیوی سے اس طرح لعان کرے گا کہ مرد یوں کہے گا کہ اگر میں جھوٹوں میں سے ہوں تو اللہ کی مجھ پر لعنت ہو اور عورت چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر کہے کہ اس کا خاوند ضرور جھوٹوں میں سے ہے اور پانچویں بار یہ کہے کہ اس پر اللہ کا غضب نازل ہو اگر وہ خاوند سچوں میں سے ہو۔

Marfat.com

ان قسموں کو لعان اس لیے فرمایا ہے کہ ان میں ہر ایک نے دوسرے پر لعنت کی ہے اور لعنت کا معنی ہے: اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دور کرنے کی بددعا دینا اور اس لیے کہ اس لعان کے بعد ہر ایک اپنے صاحب سے بعید اور دور ہو جائے گا اور ان کے درمیان نکاح دائماً حرام ہو جائے گا۔ لعان کا یہ واقعہ شعبان نو ہجری میں واقع ہوا، اس تاریخ کو قاضی عیاض نے طبری سے نقل کیا ہے۔ لعان کا واقعہ حضرت عویمر العجلانی اور حضرت ہلال بن امیہ دونوں کے درمیان ہوا ہے۔ جمہور علماء نے کہا ہے کہ اسلام میں سب سے پہلے لعان حضرت ہلال بن امیہ نے کیا تھا۔ حضرت ہلال بن امیہ کے لعان کا واقعہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت ہے اور حضرت عویمر کے لعان کے واقعہ کی روایت حضرت ابن عباس اور حضرت ابن مسعود سے ہے۔

حدیث مذکورہ سے مستنبط مسائل، لعان کے مختلف شرعی احکام اور ائمہ مجتہدین کے اقوال

(۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کسی چیز کے واقع ہونے سے پہلے بھی اس کے متعلق سوال کیا جا سکتا ہے تاکہ اس کا حکم معلوم ہو۔ (۲) جو صاحب اختیار اور حکم نافذ کرنے کا اختیار رکھتا ہو، اس سے یہ سوال کرنا چاہیے۔ (۳) احکام کو ظاہر پر محمول کرنا چاہیے اور دلوں کی بات کو جاننے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ (۴) جن مسائل کے سوال کی حاجت نہ ہو، ان کے متعلق سوال نہیں کرنا چاہیے خاص طور پر جب اس سے کسی مسلمان مرد یا عورت کی عزت کی پردہ دری ہو یا کسی مسلمان مرد یا عورت کی طرف بدکاری کی نسبت ہو۔ (۵) اس میں اختلاف ہے کہ جب کوئی شخص کسی مرد کو قتل کر دے اور اس کا یہ زعم ہو کہ اس نے اس کی بیوی کے ساتھ بدکاری کی ہے تو جمہور علماء نے یہ کہا ہے کہ اس کو قتل نہیں کیا جائے گا بلکہ اس سے قصاص لینا لازم ہے سوا اس صورت کے کہ چار نیک مرد یہ گواہی دیں کہ اس شخص نے اس کی بیوی کے ساتھ زنا کیا ہے اور وہ شخص شادی شدہ ہو اور اگر وہ شخص صادق ہو تو اللہ کے نزدیک اس کا کوئی جرم نہیں ہے۔ (۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسئلہ معلوم کرنے کے لیے عالم کے گھر کی طرف از خود جانا چاہیے، نہ یہ کہ عالم دین کا مسجد میں یا راستہ میں ملاقات کا انتظار کیا جائے۔ (۷) اس حدیث سے لعان کا جواز ثابت ہوتا ہے (یعنی زوجین کا باہم ایک دوسرے پر لعنت کرنا) اور یہ قرآن مجید کی اس آیت سے ماخوذ ہے:

وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ (النور: ۷) اور پانچویں بار یہ کہے کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو، اگر وہ جھوٹوں میں سے ہو ۝

(۸) لعان کا فعل حاکم یا قاضی اور لوگوں کے مجمع کے سامنے انجام پانا چاہیے اور یہ لعان میں شدت کے مختلف طریقوں میں سے ایک طریقہ ہے۔ علامہ نووی فرماتے ہیں: لعان میں وقت، جگہ اور لوگوں کے مجمع سے شدت پیدا کی جاتی ہے، چنانچہ وقت یہ ہے کہ یہ فعل عصر کی نماز کے بعد ہو اور اس کے لیے شہر کی کسی بلند جگہ کا انتخاب کیا جائے اور مجمع یہ ہے کہ لوگوں کا گروہ وہاں موجود ہو جس کی کم سے کم تعداد چار ہے۔ رہا یہ کہ لعان میں یہ شدتیں واجب ہیں یا مستحب؟ سو اس بارے میں اختلاف ہے، ہمارے نزدیک صحیح ترین قول یہ ہے کہ یہ شدتیں مستحب ہیں۔ (۹) اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ زوجین کے درمیان محض لعان سے جدائی واقع نہیں ہوتی، بلکہ حاکم کے فیصلہ سے واقع ہوتی ہے اور یہی امام ابوحنیفہ کا موقف ہے۔ اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ نے لعان کرنے کے بعد طلاق بھی دی، (جیسا کہ صحیح بخاری کی زیر بحث حدیث میں صراحۃً مذکور ہے) اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی اس حدیث سے بھی تائید ہوتی ہے کہ: پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کے درمیان تفریق فرما دی۔ (صحیح مسلم: ۱۴۹۲)، اس سے معلوم ہوا کہ محض لعان سے جدائی واقع نہیں ہوتی۔ سفیان ثوری اور امام احمد بھی اسی کے قائل ہیں۔ جب کہ امام مالک کی فقہ میں اس بارے میں چار اقوال منقول ہیں: (۱) جدائی اس وقت واقع ہوگی جب دونوں لعان کر لیں۔ (۲) دوسرا

Marfat.com

قول یہ ہے کہ شوہر کے لعان کر لینے سے جدائی واقع ہو جائے گی۔ مؤطا میں یہی امام مالک کا ظاہر قول ہے۔ (۳) تیسرا قول علامہ سحنون کا ہے، وہ فرماتے ہیں کہ جدائی اس وقت واقع ہوگی جب شوہر کی طرف سے لعان پایا جائے اور عورت کی طرف سے نکول (قسم اٹھانے سے انکار)۔ (۴) اور چوتھا قول علامہ ابن القاسم کا ہے، وہ فرماتے ہیں کہ شوہر کے لعان سے جدائی واقع ہو جائے گی بہ شرط یہ کہ عورت بھی لعان کرے۔ خلاصہ یہ کہ فقہ مالکی میں لعان کے بعد جدائی کے لیے نہ حاکم کے فیصلہ کی ضرورت ہے، نہ شوہر کے طلاق دینے کی۔ امام زفر، اوزاعی، لیث اور ابوعبید بھی اسی کے قائل ہیں۔ امام شافعی کا موقف یہ ہے کہ شوہر کے لعان کر لینے سے جدائی واقع ہو جائے گی، پھر ائمہ کے درمیان ایک اختلاف یہ بھی ہے کہ لعان کرنے والوں کے درمیان جو جدائی ہے، وہ فسخ ہے یا طلاق؟ سو امام ابوحنیفہ، ابراہیم نخعی اور سعید بن المسیب کے نزدیک یہ ایک طلاق کے حکم میں ہے، جب کہ امام مالک اور امام شافعی کے نزدیک یہ فسخ کے حکم میں ہے۔

(۱۰) حدیث میں چونکہ یہ فرما دیا کہ ''لعان کرنے والوں کے درمیان یہ طریقہ مقرر ہو گیا'' تو اس سے معلوم ہوا کہ لعان کرنے والے زوجین کے درمیان آئندہ کبھی ملاپ نہیں ہو سکتا۔ (۱۱) اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ مشابہت کے ذریعہ قیاس کیا جا سکتا ہے، کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عویمر کی تصدیق کے معاملہ میں بچہ کی شباہت پر اپنے اندازہ کو موقوف فرمایا، البتہ حکم اس لیے جاری نہیں فرمایا کہ مشابہت سے زیادہ قوی چیز موجود تھی، یعنی قسمیں اٹھا کر لعان کرنا اور جب قوی چیز موجود ہو تو اندازے اور ظاہری مشابہت پر فیصلہ نہیں کیا جاتا جیسے زمعہ کی باندی کا بیٹا اگرچہ عتبہ بن ابی وقاص کے مشابہ تھا، مگر اس کے باوجود آپ نے ''الولد للفراش'' کے قوی اصول کی بنا پر یہی فیصلہ فرمایا کہ یہ زمعہ کا بیٹا ہے، نہ کہ عتبہ بن ابی وقاص کا، مگر چونکہ وہ لڑکا عتبہ بن ابی وقاص کے مشابہ تھا اس لیے احتیاطاً آپ نے ام المومنین حضرت سودہ بنت زمعہ کو اس لڑکے سے پردہ کرنے کا حکم فرمایا۔ (صحیح بخاری: ۲۴۲۱، صحیح مسلم: ۱۴۵۷) اس سے بھی یہی واضح ہوا کہ مشابہت کے مقابلہ میں کوئی قوی چیز موجود ہو تو ظاہری مشابہت اور اندازے پر فیصلہ نہیں کیا جاتا۔ (۱۲) حدیث لعان سے یہ بات بھی ثابت ہوتی ہے کہ لعان شدہ عورت اور اس کا بیٹا دونوں ایک دوسرے کے وارث ہوں گے، کیونکہ اس حدیث کا آخری جملہ یہ ہے کہ: حضرت عویمر کی تصدیق ہو جانے کے بعد وہ بچہ اپنی ماں کی طرف منسوب کیا جاتا تھا۔ اور اگلی حدیث (صحیح البخاری: ۴۷۴۶) میں صراحۃً یہ بات آ رہی ہے کہ لعان کے بعد میراث کے معاملہ میں یہ طریقہ مقرر ہو گیا کہ وہ بچہ اپنی ماں کا وارث ہوگا اور وہ عورت اپنے بچہ کی وارث ہوگی، اور اس کے لیے بچہ کے مال میں وہی حصہ ہوگا جو اس کے لیے اللہ عزوجل نے مقرر فرمایا ہے۔ امام احمد فرماتے ہیں کہ اگر اس بچہ کے مال میں صرف وہ عورت ہی وارث ہو تو عصبہ کے طور پر تمام مال اسی کو ملے گا اور امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ تنہا ہونے کی صورت میں تمام مال اسے ملے گا مگر عصبہ ہونے کی بناء پر نہیں، بلکہ ایک تہائی حصہ مقدار فرض کے طور پر اور بقیہ مال رد کے قاعدہ سے اسے دیا جائے گا۔ (۱۳) لعان کے لیے شرط یہ ہے کہ وہ زوجین کے درمیان ہو (یعنی ایسے دو افراد کے درمیان جن میں نکاح صحیح کے ساتھ رشتہ زوجیت قائم ہوا ہو) کیونکہ اللہ عزوجل نے النور: ۶ میں وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ فرما کر لعان کو زوجین کے ساتھ خاص فرمایا ہے، لہٰذا اگر نکاح فاسد کے بعد مرد، عورت پر زنا کی تہمت لگائے تو لعان نہیں کیا جائے گا، کیونکہ نکاح فاسد کی وجہ سے یہ دونوں آپس میں زوجین نہیں ہیں۔ اسی طرح طلاق بائن یا طلاق مغلظہ دینے کے بعد شوہر نے زنا کی تہمت لگائی، تب بھی لعان نہیں کیا جائے گا، البتہ اگر طلاق رجعی دی ہو اور پھر زنا کی تہمت لگائی تو لعان واجب ہوگا۔ اسی طرح شوہر نے عورت پر شادی سے پہلے زنا کی تہمت لگائی تب بھی لعان واجب ہوگا، کیونکہ آیت مبارکہ (النور: ۶) میں عموم ہے، البتہ امام شافعی کے نزدیک اس صورت میں لعان نہیں ہے۔ اس کے برعکس

Marfat.com

اگر کوئی شخص اپنی عورت پر اس کے مرنے کے بعد زنا کی تہمت لگائے تو ہمارے نزدیک اس شخص پر لعان کا حکم نہیں ہے، جب کہ امام شافعی کا موقف یہ ہے کہ وہ شخص عورت کی قبر پر لعان کرے گا۔ (۱۴) اس حدیث سے یہ مسئلہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ زنا کی تہمت لگانے کے باوجود آدمی پر تہمت کی حد جاری نہیں ہوگی، کیونکہ قسمیں کھانے کے سبب اس سے حد ساقط ہوگئی۔ (۱۵) ایک مسئلہ یہ معلوم ہوا کہ لعان کے واجب ہونے کی شرط یہ ہے کہ شوہر کے پاس اپنے دعویٰ کے ثبوت میں گواہ نہ ہوں، کیونکہ اسی آیت میں اللہ عزوجل نے فرمایا: وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ (النور:۶) ''اور ان کے پاس خود ان کے سوا کوئی گواہ نہ ہو''۔ لہٰذا اگر شوہر نے عورت کے زنا کرنے پر شرعی گواہ قائم کر دیئے تو اب لعان واجب نہیں ہوگا بلکہ عورت پر حد جاری کی جائے گی۔ (۱۶) اس حدیث سے اشارۃً معلوم ہوتا ہے کہ لعان کے واجب ہونے کے لیے ایک شرط یہ بھی ہے کہ عورت اپنی ذات سے زنا کا انکار کرے، لہٰذا اگر وہ انکار کرنے کے بجائے زنا کا اقرار کرلے تو بھی لعان کا حکم نہیں ہوگا، بلکہ عورت پر زنا کی حد جاری ہوگی اور زنا کی حد شرعی یہ ہے کہ اگر عورت محصنہ ہو تو اسے رجم کیا جائے گا اور اگر غیر محصنہ ہو تو اسے سو کوڑے لگائے جائیں گے (زنا کے باب میں محصنہ سے مراد ایسی عورت ہے جو آزاد ہو، باندی نہ ہو، عاقلہ اور بالغہ ہو، مسلمان ہو اور نکاح صحیح کے ساتھ اس سے دخول کیا گیا ہو۔ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی دونوں اس پر متفق ہیں)۔ (القاموس الفقہی ص ۹۲)

(عمدۃ القاری موضحاً ومشرحاً ج ۱۰ ص ۱۱۰، ۱۰۸، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

لعان کے بعد وقوع طلاق کا جواز اور شرح صحیح مسلم میں اس کی تحقیق

لعان کے ان مسائل میں جو مسئلہ زیادہ اہم ہے، وہ یہ ہے کہ زوجین کے درمیان آیا محض لعان سے ہی جدائی واقع ہو جاتی ہے یا شوہر کے طلاق دینے یا حاکم کے فیصلہ سے جدائی واقع ہوتی ہے؟ اس سلسلہ میں امام اعظم ابوحنیفہ کا یہ موقف بہت واضح ہے کہ لعان سے زوجین کے درمیان صرف مجامعت حرام ہو جاتی ہے، زوجیت کا رشتہ اس سے ختم نہیں ہوتا۔ اس کے لیے یا تو حاکم کے فیصلہ کی ضرورت ہوتی ہے، یا یہ کہ شوہر از خود طلاق دے کر عورت کو جدا کرے۔ علامہ عینی نے مذکورہ عبارت میں مسئلہ: ۹ کے تحت امام ابو حنیفہ کے اس موقف کو بہت جامع انداز میں بیان کیا ہے، تاہم اس مسئلہ کی زیادہ تفصیل اور تحقیق کے لیے ہمارے قارئین کو اس مقام پر شرح صحیح مسلم ج ۳ ص ۱۱۵۰ تا ۱۱۵۲ کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیے، کیونکہ اس میں استاذ مکرم محدث اعظم علامہ غلام رسول سعیدی صاحب مدظلہ العالی نے امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمہ کے اس موقف پر بہت دلائل کے ساتھ بحث کی ہے اور غیر مقلدین کی طرف سے اس مسئلہ پر تین طلاقوں کے حوالہ سے جو خدشات اور اعتراضات وارد کیے جاتے ہیں، ان کا بھرپور ازالہ کیا ہے۔

لعان کرنے والے مرد و عورت کے درمیان آئندہ کبھی نکاح جائز ہے یا نہیں؟ اس بارے میں فقہاء احناف کا اختلاف اور مفتیٰ بہ قول پر دلائل

گزشتہ عبارت میں علامہ بدرالدین عینی علیہ الرحمہ نے مسئلہ: ۱۰ کے تحت یہ بیان کیا ہے کہ لعان کرنے والے زوجین کے درمیان کبھی ملاپ نہیں ہو سکتا اور اس کی تفصیل نہیں فرمائی کہ اس بارے میں ائمہ کا کیا اختلاف ہے اور فقہ حنفی میں اس بارے میں کیا فتویٰ ہے؟ سو ہم یہاں مسئلہ کی وضاحت کے لیے ملک العلماء علامہ علاء الدین کاسانی حنفی متوفی ۵۸۷ھ کی ایک عبارت پیش کر رہے ہیں:

علامہ کاسانی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں: ایسی چیز جس سے لعان کا حکم باطل ہو جائے اس کے متعلق علماء کے درمیان اختلاف ہے، امام ابوحنیفہ اور امام محمد فرماتے ہیں کہ لعان سے جو جدائی واقع ہوتی ہے وہ ایک طلاق بائن کے ساتھ ہوتی ہے، اس لیے اس سے

Marfat.com

نکاح کی ملکیت زائل ہو جاتی ہے اور وطی کی حرمت ثابت ہو جاتی ہے اور جب تک وہ دونوں لعان کی حالت پر برقرار رہیں ان کا باہمی نکاح بھی جائز نہیں، البتہ اگر شوہر اپنے آپ کو جھٹلا دے (اور عورت کو تہمت سے بری کر دے) اور اپنے آپ کو جھٹلانے کے سبب اس پر حد قذف جاری ہو جائے یا عورت اپنی قسموں کو جھٹلا دے اور شوہر کے دعویٰ کی تصدیق کر دے تو اب دونوں کا باہمی نکاح جائز ہے۔ جبکہ امام ابو یوسف، امام زفر اور حضرت حسن بن زیاد کا موقف یہ ہے کہ لعان ایک ایسی جدائی ہے جو طلاق کے بغیر ہے اور اس سے زوجین کے درمیان ابدی حرمت ثابت ہو جاتی ہے، جیسے رضاعت اور مصاہرت سے ابدی حرمت ثابت ہوتی ہے۔ ان ائمہ کا استدلال نبی اکرم ﷺ کے اس ارشاد سے ہے کہ: متلاعنان (لعان کرنے والے زوجین) آپس میں کبھی جمع نہیں ہو سکتے۔ (سنن دار قطنی ج ۳ ص ۲۷۶، سنن بیہقی ج ۷ ص ۴۰۹) صحابہ کرام کی ایک جماعت جیسے حضرت عمر، حضرت علی، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم اور دیگر سے بھی یہی منقول ہے کہ لعان کرنے والے زوجین آئندہ کبھی جمع نہیں ہو سکتے۔

امام ابو حنیفہ اور امام محمد کی دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جب حضرت عویمر رضی اللہ عنہ اور ان کی زوجہ کے درمیان لعان کروا دیا تو حضرت عویمر نے عرض کی: یا رسول اللہ! اب اگر اس عورت کو میں اپنے پاس رکھوں تو میں نے اس پر جھوٹا الزام لگایا، لہٰذا (میری طرف سے) اس کو تین طلاقیں ہیں۔ بعض روایات میں یہ الفاظ ہیں کہ: اگر میں اس سے جدائی اختیار نہ کروں تو میں نے اس پر جھوٹا الزام لگایا، لہٰذا اس پر تین طلاقیں ہیں۔ سو لعان کرنے کے بعد طلاق دینا لعان کرنے والوں کے لیے ایک طریقہ قرار پایا، کیونکہ حضرت عویمر نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے لعان کرنے کے بعد اپنی عورت کو تین طلاقیں دیں اور رسول اللہ ﷺ نے ان طلاقوں کو نافذ فرما دیا۔ (سنن ابو داؤد: ۲۲۵۰) اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ہر لعان کرنے والا شخص اپنی عورت کو طلاق بھی دے (تاکہ دونوں میں تفریق ہو سکے)، اگر وہ طلاق نہ دے تو پھر تفریق کے لیے قاضی اس کا قائم مقام ہے، لہٰذا قاضی کا تفریق کرانا طلاق قرار پائے گا، جیسے عنین (نامرد) کے مسئلہ میں قاضی کی تفریق طلاق کے حکم میں ہے اور دوسری دلیل یہ ہے کہ لعان میں جو جدائی ہے اس کا سبب قذف ہے، یعنی شوہر کا عورت پر زنا کا الزام لگانا، کیونکہ اس الزام لگانے سے ہی لعان واجب ہوتا ہے اور لعان تفریق کرنے کو واجب کرتا ہے (یعنی جدا کرنے کو) اور جدا کرنا فرقت کو واجب کرتا ہے (یعنی جدا ہونے کو) سو ان تمام واسطوں کے ذریعہ زوجین کے درمیان جو جدائی ہے وہ اصلاً شوہر کے قذف ہی کی طرف منسوب ہے اور ہر وہ جدائی جو شوہر کی طرف سے ہو یا شوہر کا کوئی فعل اس کا سبب بنے تو وہ جدائی طلاق کے حکم میں ہوتی ہے، جیسے عنین، خلع اور ایلاء وغیرہ میں جدائی طلاق کے حکم میں ہے، متقدمین ائمہ جیسے حضرت ابراہیم نخعی، حسن بصری، سعید بن جبیر اور قتادہ وغیرہم بھی یہی فرماتے ہیں کہ ہر وہ فرقت جو شوہر کی طرف سے ہو وہ طلاق ہے۔

جہاں تک اس حدیث کا تعلق ہے جس میں فرمایا کہ متلاعنان آپس میں کبھی جمع نہیں ہو سکتے، تو اس کے حقیقی معنی پر عمل ممکن نہیں ہے، کیونکہ متلاعنان کا لفظ باب تفاعل سے ہے، جس کا حقیقی معنی ہے: عملاً کسی کام میں مشغول ہونا، (اس اعتبار سے حدیث کا معنی ہوگا کہ دونوں لعان کرنے والے جب لعان کرنے میں مشغول ہوں تو آپس میں جمع نہیں ہو سکتے، اور یہ ظاہری معنی ممکن نہیں کیونکہ جب دونوں لعان کرنے میں مشغول ہوتے ہیں تو اس وقت دونوں جمع بھی ہوتے ہیں اور نکاح بھی برقرار ہوتا ہے) اور جب دونوں لعان سے فارغ ہو جاتے ہیں تو وہ متلاعن رہتے ہی نہیں ہیں، لہٰذا حدیث میں متلاعنان سے مراد حکم لعان ہوگا اور مفہوم یہ ہوگا کہ دونوں اس وقت تک جمع نہیں ہو سکتے جب تک لعان کا حکم دونوں پر ثابت رہے، پس اگر شوہر اپنے آپ کو جھٹلا دے اور اس پر قذف جاری ہو جائے تو اب اس سے لعان کا حکم زائل ہو جائے گا اور یوں وہ حقیقۃً متلاعن رہے گا نہ حکماً، لہٰذا اب دونوں کا باہمی

Marfat.com

نکاح جائز ہو جائے گا، اس کی نظیر یہ ہے کہ اصحاب کہف کے واقعہ میں اللہ عزوجل نے ارشاد فرمایا:

اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ۝ (الکہف: ۲۰)

بے شک اگر وہ لوگ تم پر آگاہ ہو گئے تو وہ تم پر پتھراؤ کریں گے یا تمہیں اپنی ملت میں لوٹا دیں گے اور اس صورت میں تمہیں ہرگز کبھی فلاح نہیں ملے گی ○

یعنی اگر تم نے ان کی ملت اختیار کر لی تو جب تک ان کی ملت پر رہو گے تمہیں فلاح اور کامیابی نصیب نہیں ہوگی۔ اسی معنی و مفہوم میں یہ حدیث ہے کہ لعان کرنے والے جب تک لعان کے حکم میں رہیں، کبھی آپس میں نکاح نہیں کر سکتے اور جب دونوں سے یا کسی ایک سے بھی لعان کا حکم زائل ہو جائے تو متلاعن نہ رہنے کے سبب دونوں کا باہم نکاح جائز ہے۔

(بدائع الصنائع، موضحاتج ۵ ص ۵۴۔ ۵۳، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۸ھ)

فقہ حنفی میں اسی پر فتویٰ ہے کہ لعان کا حکم زائل ہونے کی صورت میں دونوں کا آپس میں نکاح جائز ہے، کیونکہ لعان سے زوجین کے درمیان ابدی حرمت ثابت نہیں ہوتی۔ صدر الشریعہ علامہ محمد امجد علی اعظمی متوفی ۱۳۷۲ھ فتاویٰ عالم گیری اور درمختار کے حوالہ سے لکھتے ہیں:

لعان وتفریق کے بعد پھر اس عورت سے نکاح نہیں کر سکتا جب تک دونوں اہلیت لعان رکھتے ہوں اور اگر لعان کی کوئی شرط دونوں یا ایک میں مفقود ہو گئی تو اب باہم نکاح کر سکتے ہیں، مثلاً شوہر نے اس تہمت میں اپنے کو جھوٹا بتایا اگرچہ صراحۃً یہ نہ کہا ہو کہ میں نے جھوٹی تہمت لگائی تھی، مثلاً وہ بچہ جس کا انکار کر چکا تھا مر گیا اور اس نے مال چھوڑا، ترکہ لینے کے لیے یہ کہتا ہے کہ وہ میرا بچہ تھا تو حد قذف قائم ہوگی اور اس کا نکاح اس عورت سے اب ہو سکتا ہے اور اگر حد قذف نہ لگائی گئی جب بھی نکاح ہو سکتا ہے۔

(بہار شریعت، حصہ ۸، ص ۶۱ مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور)

۲۔ بَابٌ: وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ (النور: ۷)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد: اور پانچویں بار یہ کہے کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹوں میں سے ہو ○ (النور: ۷) کی تفسیر

یعنی اگر ابتداءً چار مرتبہ شوہر اس بات پر قسم اٹھا کر شہادت دے کہ وہ اپنے دعویٰ میں سچا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہے کہ اگر میں اس تہمت کے لگانے میں جھوٹا ہوں تو مجھ پر اللہ کی لعنت ہو۔ اس کے بعد عورت سے قسمیں لی جائیں گی، جس کا ذکر آگے آئے گا۔

۴۷۴۶۔ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ أَبُو الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّ رَجُلًا أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ رَجُلًا رَأَى مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ فِيهِمَا مَا ذُكِرَ فِي الْقُرْآنِ مِنَ التَّلَاعُنِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ قَدْ قُضِيَ فِيكَ وَفِي امْرَأَتِكَ قَالَ فَتَلَاعَنَا وَأَنَا شَاهِدٌ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ فَفَارَقَهَا فَكَانَتْ سُنَّةً أَنْ يُفَرَّقَ بَيْنَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے سلیمان بن داؤد ابو الربیع نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا، ہمیں فلیح نے از الزہری از حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ یہ حدیث بیان کی کہ: ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہوا اور اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ یہ بتائیں کہ ایک شخص اپنی بیوی کے ساتھ مرد کو پائے تو کیا وہ اسے قتل کر دے اور پھر اس کے نتیجہ میں آپ (قصاص کے طور پر) اس شخص کو قتل کر دیں گے، یا پھر اس آدمی کو کیا کرنا چاہیے؟ تو ایسے مرد و عورت کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں وہ

Marfat.com

الْمُتَلَاعِنَيْنِ وَكَانَتْ حَامِلًا فَأَنْكَرَ حَمْلَهَا وَكَانَ ابْنُهَا يُدْعَى إِلَيْهَا ثُمَّ جَرَتْ السُّنَّةُ فِي الْمِيرَاثِ أَنْ يَرِثَهَا وَتَرِثَ مِنْهُ مَا فَرَضَ اللهُ لَهَا۔

آیات نازل فرمائیں جن میں لعان کا ذکر ہے، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (سوال کرنے والے) شخص سے فرمایا: تمہارے بارے میں اور تمہاری بیوی کے بارے میں فیصلہ کیا جاچکا ہے، راوی نے کہا: پس دونوں نے آپس میں لعان کیا اور میں (اس وقت) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس موجود تھا، پھر آپ نے دونوں میں جدائی کروادی اور اس کے بعد یہی طریقہ مقرر ہوگیا کہ دونوں لعان کرنے والوں کے درمیان جدائی کرادی جائے (اس واقعہ میں) عورت حاملہ تھی، پس انہوں نے (اپنی زوجہ کے) حمل کا (بھی) انکار کردیا اور اس عورت کا (وہ) بیٹا اس عورت کی طرف منسوب کیا جاتا تھا، پھر میراث کے معاملہ میں یہ طریقہ رائج ہوگیا کہ (ایسا) لڑکا اپنی ماں کا وارث ہوگا اور ماں (بھی) اس کے مال میں اس حصہ کی وارث ہوگی جو اللہ عزوجل نے اس کے لیے مقرر فرمایا ہے۔

اس حدیث کی شرح، صحیح البخاری: ۴۲۳۳ اور گزشتہ حدیث: ۴۷۴۵ کے تحت گزر چکی ہے، تاہم چند ضروری امور حسب ذیل ہیں:

علامہ نووی کا یہ استدلال کہ محض لعان سے جدائی واقع ہوجاتی ہے اور دلائل سے اس نظریہ کا رد

علامہ بدرالدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے اس حدیث کو امام بخاری علیہ الرحمہ نے دو سندوں سے روایت کیا ہے، ایک از اسحاق از محمد بن یوسف، جو کہ رقم الحدیث: ۴۷۴۵ کے تحت گزر چکی اور دوسری از سلیمان بن داؤد از فلیح، جو کہ زیر بحث ہے، اور فلیح کا مکمل نام ابو یحییٰ عبدالملک بن سلیمان الخزاعی ہے اور ان کا لقب فلیح ہے۔

اس حدیث میں جو فرمایا کہ: ایک شخص حاضر ہوا، اس سے مراد حضرت عویمر العجلانی رضی اللہ عنہ ہیں، اور یہ جملہ کہ: اس کے بعد یہی طریقہ مقرر ہوگیا کہ دونوں لعان کرنے والوں کے درمیان جدائی کرادی جائے، اس کی تاویل میں علامہ ابن نافع المالکی نے کہا ہے کہ اس کا معنی یہ ہے کہ لعان کے بعد طلاق دینا مستحب ہے، جب کہ علامہ نووی نے جمہور کے حوالہ سے کہا ہے کہ اس جملہ کا مفہوم یہ ہے کہ محض لعان سے ہی زوجین کے درمیان جدائی حاصل ہوجاتی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ جدائی کے لیے حاکم کا فیصلہ ضروری ہے، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عویمر کو لعان کے بعد فرمایا: تم اس (عورت) کو طلاق دے دو۔ (اس سے معلوم ہوا کہ محض لعان سے جدائی واقع نہیں ہوتی)۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۱۱۔۱۱۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت)

علامہ نووی نے جمہور کا جو استدلال پیش کیا ہے اس کے جواب میں علامہ عینی کا کلام اطمینان بخش نہیں ہے، کیونکہ جو جملہ آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالہ سے پیش کیا ہے کہ: ''آپ نے حضرت عویمر سے فرمایا: تم اس (عورت) کو طلاق دے دو''۔ اس پر علامہ عینی نے کوئی حوالہ نہیں دیا کہ یہ جملہ کس حدیث میں مذکور ہے، جب کہ اس کے برخلاف کئی احادیث میں صراحت موجود ہے کہ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم فرمانے سے پہلے ہی عورت کو طلاق دے دی۔ (دیکھیے: صحیح بخاری: ۵۲۵۹۔۵۳۰۸، صحیح مسلم: ۱۴۹۲، سنن ابوداؤد: ۲۲۴۵) اور خود علامہ عینی نے اس اعتراض و جواب سے چند سطر پہلے یہ بات لکھی ہے کہ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ

Marfat.com

نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم فرمانے سے پہلے ہی عورت کو تین طلاقیں دے دیں، اس لیے جمہور کے استدلال کا صحیح جواب یہ ہے کہ لعان کرنے والوں کے درمیان جدائی کروانے کا جو طریقہ مقرر ہوا اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ محض لعان سے جدائی واقع ہو جاتی ہے، کیونکہ اگر نفس لعان سے جدائی واقع ہو جاتی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دونوں میں جدائی کروانے کی ضرورت پیش نہ آتی اور نہ ہی حضرت عویمر رضی اللہ عنہ کو لعان کے بعد طلاق کی ضرورت پیش آتی، مگر لعان کرنے کے بعد حضرت عویمر رضی اللہ عنہ نے نہ صرف یہ کہ اپنی عورت کو تین طلاقیں دیں، بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان طلاقوں کو نافذ بھی فرما دیا۔ (سنن ابوداؤد: ۲۲۵۰) اس سے بالکل واضح ہو گیا کہ محض لعان سے جدائی واقع نہیں ہوتی۔

محض حمل کا انکار کرنے پر لعان کرنا واجب ہوتا ہے یا نہیں؟ اس بارے میں ائمہ کے اقوال اور احناف کے موقف پر دلائل

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس حدیث میں راوی نے کہا: وہ عورت حمل سے تھی پس، انہوں نے (یعنی حضرت عویمر نے) اس کے حمل کا انکار کر دیا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حمل کے انکار پر لعان کروانا جائز ہے۔ ابن ابی لیلیٰ، امام مالک، ابوعبیدہ اور امام ابو یوسف اپنی ایک روایت کے مطابق اسی کے قائل ہیں۔ ان سب کا قول یہ ہے کہ جو شخص اپنی زوجہ کے حمل سے انکار کر دے، اس کے اور اس کی عورت کے درمیان قاضی لعان کروائے گا اور بچہ کو اس کی ماں کے ساتھ لاحق کر دے گا، جب کہ سفیان ثوری، امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اپنے قول مشہور کے مطابق، امام محمد، امام احمد ایک قول کے مطابق، مالکیہ میں سے ابن الماجشون اور امام زفر کا موقف یہ ہے کہ حمل کے انکار پر لعان نہیں ہے۔ رہا یہ کہ حمل سے انکار کے بعد چھ مہینے مکمل ہونے پر ولادت ہوتی ہو یا چھ مہینے سے پہلے، سو امام ابوحنیفہ اور امام زفر کے نزدیک اس میں کوئی فرق نہیں ہے۔ (یعنی ان دونوں صورتوں میں لعان نہیں ہوگا) جب کہ امام ابو یوسف، امام محمد اور امام احمد کا موقف یہ ہے کہ حمل سے انکار کے بعد چھ ماہ سے کم میں ولادت ہو جائے تو لعان واجب ہوگا، کیونکہ اب یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ گئی کہ انکار کے وقت حمل موجود تھا اور اگر چھ ماہ سے زائد میں پیدا ہو تو لعان نہیں ہوگا، کیونکہ اس میں یہ احتمال ہے کہ حمل بعد میں ٹھہرا ہو اور انکار پہلے ہی کر دیا گیا ہو۔

اس مسئلہ میں جو علماء لعان کے قائل نہیں ہیں انہوں نے حضرت عویمر رضی اللہ عنہ کے انکار حمل کا جواب یہ دیا ہے کہ ان کے اور ان کی زوجہ کے درمیان جو لعان ہوا ہے وہ حمل سے انکار کرنے کی وجہ سے نہیں ہوا، بلکہ انہوں نے اپنی عورت پر زنا کا جو دعویٰ کیا اس کی وجہ سے یہ لعان ہوا ہے اور دوسرا یہ کہ حمل کا ہونا ایک امکانی چیز تھی کیونکہ عورت سے کسی ایسے فعل کا صادر ہونا جس سے اسے حمل ٹھہرنا ممکن ہو یہ اس کے حمل کی یقینی دلیل نہیں ہے، اس لیے حضرت عویمر رضی اللہ عنہ کا حمل سے انکار ایک امکانی اور غیر یقینی چیز کا انکار کرنا تھا اور غیر یقینی چیز کے انکار سے لعان واجب نہیں ہوتا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۱۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت)

علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر مرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ھ اس مسئلہ میں فقہاء احناف کا اختلاف اور دلائل ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

جب شوہر یہ کہے کہ: تیرا حمل مجھ سے نہیں ہے، تو اس صورت میں دونوں کے درمیان لعان نہیں ہوگا۔ یہ امام ابوحنیفہ اور امام زفر کا قول ہے، کیونکہ حمل کا قیام یقینی چیز نہیں ہے، اس لیے شوہر اپنے اس جملہ سے عورت پر زنا کی تہمت لگانے والا قرار نہیں پائے گا۔ جب کہ امام ابو یوسف اور امام محمد کا موقف یہ ہے کہ حمل کا انکار کرنے کے بعد اگر چھ ماہ سے کم میں ولادت ہو جائے تو لعان واجب ہوگا، کیونکہ اب یہ بات ثابت ہو گئی کہ انکار کے وقت حمل موجود تھا اور جب حمل موجود تھا تو شوہر کی طرف سے عورت پر قذف (زنا کا

الزام) متحقق ہوگیا۔ امام ابوحنیفہ اور امام زفر کی طرف سے اس کا جواب یہ ہے کہ شوہر نے جس وقت حمل سے انکار کیا اس وقت وہ قذف نہ بن سکا تو یہ معلق بالشرط کی طرح ہوگیا، یعنی شوہر نے گویا عورت سے یوں کہا کہ: اگر تجھے حمل ہو تو وہ مجھ سے نہیں ہے، اور جب شوہر کا جملہ شرط پر موقوف ہوگیا تو یہ قذف نہیں بن سکتا، کیونکہ قذف کو معلق بالشرط کرنا درست نہیں ہے۔

(البدایہ مع فتح القدیر ج ۴ ص ۲۶۲ دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۵ھ)

فقہ حنفی میں فتویٰ اسی قول پر ہے کہ محض حمل کا انکار کرنے پر لعان نہیں ہے، البتہ حمل کے انکار کے ساتھ ساتھ عورت پر زنا کا صراحۃً الزام لگایا تو اب لعان کیا جائے گا، اسی طرح بچہ پیدا ہونے پر کہا کہ یہ مجھ سے نہیں ہے تب بھی لعان ہوگا اور لعان کے بعد بچہ کو ماں کی طرف منسوب کر کے ماں کے ساتھ ہی لاحق کر دیا جائے گا، جیسا کہ صحیح بخاری کی زیر بحث احادیث میں صراحۃً مذکور ہے کہ اس عورت کا بیٹا اسی عورت کی طرف منسوب کیا جاتا تھا۔ اسی طرح حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی یہ حدیث بھی بہت واضح ہے کہ:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرد اور اس کی عورت کے درمیان لعان کروایا، کیونکہ مرد نے اس عورت کے بیٹے کا انکار کر دیا تھا، پس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (لعان کے بعد) ان دونوں میں تفریق فرما دی اور اس لڑکے کو عورت کے ساتھ لاحق فرما دیا۔

(صحیح بخاری: ۴۷۴۸، صحیح مسلم: ۱۴۹۴، سنن ابوداؤد: ۲۲۵۹، سنن ترمذی: ۱۲۰۳، سنن نسائی: ۳۴۷۷، سنن ابن ماجہ: ۲۰۶۹)

لعان والی عورت اور اس کی اولاد کا آپس میں ایک دوسرے کا وارث ہونا

صحیح بخاری کی زیر بحث حدیث کے آخر میں فرمایا: پھر میراث کے معاملہ میں یہ طریقہ رائج ہوگیا کہ (ایسا) لڑکا اپنی ماں کا وارث ہوگا اور ماں (بھی) اس کے مال میں اس حصہ کی وارث ہوگی جو اللہ عزوجل نے اس کے لیے مقرر فرمایا ہے۔

علامہ عینی اس کی شرح میں لکھتے ہیں: اس جملہ کا خلاصہ گزشتہ باب کی حدیث کے تحت گزر چکا ہے اور تمام علماء کا اس پر اجماع و اتفاق ہے کہ اس بچہ کے اس کی ماں کی جانب سے جو اصحاب فروض رشتہ دار ہیں (یعنی ایسے لوگ جن کے حصے مقرر ہیں) وہ سب اس بچے کے وارث ہوں گے اور وہ بچہ ان کا وارث ہوگا۔ اور ایسے رشتہ دار اس بچے کے ماں شریک بھائی بہن اور اس کی نانیاں ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۱۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت)

زیر بحث جملہ کے آخر میں جو فرمایا کہ: ماں اس بچہ کے مال میں اس حصہ کی وارث ہوگی جو اللہ عزوجل نے اس کے لیے مقرر فرمایا ہے، اس سے مراد میراث کے وہ حصے ہیں جو شریعت میں ماں کے لیے طے کر دیئے گئے ہیں، اور یہ کل تین حصے ہیں:

(۱) سدس (چھٹا حصہ): یہ حصہ اس صورت میں ہے جب مرنے والے کی اولاد یا پوتا پوتی یا دو یا دو سے زائد بھائی بہن (خواہ سگے ہوں یا سوتیلے) موجود ہوں۔

(۲) ثلث الکل (کل مال کا تہائی حصہ): یہ اس صورت میں ہے جب مذکورہ افراد میں سے کوئی بھی نہ ہو اور زوجین میں سے بھی کوئی نہ ہو تو اس صورت میں کل مال کا تہائی ماں کو دیا جائے گا۔

(۳) ثلث مابقی (بقیہ مال کا ایک تہائی): یہ اس صورت میں ہے جب زوجین میں سے کوئی موجود ہو تو اس کو اس کا فرض حصہ دینے کے بعد باقی بچے ہوئے مال میں سے ایک تہائی حصہ ماں کو دیا جائے گا۔

(السراجی مع الشریفیہ ص ۳۰-۲۹، مکتبہ حقانیہ پشاور، درمختار مع ردالمحتار ج ۱۰ ص ۴۲۴، دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۱۹ھ)

اور گزشتہ حدیث کی شرح میں علامہ عینی کے حوالہ سے ہم امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول لکھ چکے ہیں کہ اگر اس بچے کا سوائے اس کی ماں کے کوئی اور وارث نہ ہو تو سارا مال ماں کو ملے گا، مگر اس طرح کہ ایک تہائی حصہ مقدار فرض کے طور پر اور بقیہ مال رد کے قاعدہ

Marfat.com

سے دیا جائے گا۔

۳۔ بَابٌ: وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ أَنْ تَشْهَدَ أَرْبَعَ شَهٰدٰتٍ بِاللّٰهِ ۙ إِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ (النور:۸)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد: اور عورت سے حد زنا اس طرح دور ہو سکتی ہے کہ وہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر کہے کہ بے شک اس کا خاوند ضرور جھوٹوں میں سے ہے ○

(النور:۸) کی تفسیر

۴۷۴۷۔ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ هِلَالَ بْنَ أُمَيَّةَ قَذَفَ امْرَأَتَهُ عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ بِشَرِيكِ ابْنِ سَحْمَاءَ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ الْبَيِّنَةَ أَوْ حَدٌّ فِي ظَهْرِكَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِذَا رَأَى أَحَدُنَا عَلَى امْرَأَتِهِ رَجُلًا يَنْطَلِقُ يَلْتَمِسُ الْبَيِّنَةَ فَجَعَلَ النَّبِيُّ ﷺ يَقُولُ الْبَيِّنَةَ وَإِلَّا حَدٌّ فِي ظَهْرِكَ فَقَالَ هِلَالٌ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ إِنِّي لَصَادِقٌ فَلَيُنْزِلَنَّ اللّٰهُ مَا يُبَرِّئُ ظَهْرِي مِنَ الْحَدِّ فَنَزَلَ جِبْرِيلُ وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ فَقَرَأَ حَتَّى بَلَغَ إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِينَ فَانْصَرَفَ النَّبِيُّ ﷺ فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا فَجَاءَ هِلَالٌ فَشَهِدَ وَالنَّبِيُّ ﷺ يَقُولُ إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ أَنَّ أَحَدَكُمَا كَاذِبٌ فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ ثُمَّ قَامَتْ فَشَهِدَتْ فَلَمَّا كَانَتْ عِنْدَ الْخَامِسَةِ وَقَّفُوهَا وَقَالُوا إِنَّهَا مُوجِبَةٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَتَلَكَّأَتْ وَنَكَصَتْ حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّهَا تَرْجِعُ ثُمَّ قَالَتْ لَا أَفْضَحُ قَوْمِي سَائِرَ الْيَوْمِ فَمَضَتْ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ أَبْصِرُوهَا فَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَكْحَلَ الْعَيْنَيْنِ سَابِغَ الْأَلْيَتَيْنِ خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِشَرِيكِ ابْنِ سَحْمَاءَ فَجَاءَتْ بِهِ كَذٰلِكَ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ لَوْلَا مَا مَضَى مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ لَكَانَ لِي وَلَهَا شَأْنٌ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابن ابی عدی نے از ہشام بن حسان حدیث بیان کی، انہوں نے کہا، ہمیں عکرمہ نے از حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ حدیث بیان کی کہ: حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اپنی بیوی پر شریک بن سحماء کے ساتھ (زنا کرنے کی) تہمت لگائی، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اپنے اس دعویٰ پر) گواہ پیش کرو ورنہ تمہاری پشت پر حد لگائی جائے گی، تو انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! جب ہم میں سے کوئی شخص کسی مرد کو اپنی بیوی کے ساتھ ملوث پائے تو کیا (اس وقت) وہ گواہ تلاش کرنے جائے؟ لیکن نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہی فرماتے رہے کہ گواہ لے کر آؤ ورنہ تمہاری پشت پر حد جاری کی جائے گی، پس حضرت ہلال نے کہا: جس ذات نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے اس کی قسم! بے شک میں (اپنے دعویٰ میں) ضرور سچا ہوں اور اللہ تعالیٰ ضرور ایسی آیت نازل فرمائے گا جو میری پشت کو حد سے بری کر دے گی، سو (اس کے بعد) حضرت جبرئیل آپ کے پاس یہ آیت لے کر نازل ہوئے: اور جو لوگ اپنی بیویوں پر زنا کی تہمت لگائیں اور ان کے پاس خود اپنے سوا اور گواہ نہ ہوں۔ (یہ آیات النور:۶ سے النور:۹ تک ہیں۔) پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم (وحی الٰہی سے) فارغ ہوئے تو آپ نے حضرت ہلال کو (ان آیات پر عمل کے لیے) بلوایا، سو انہوں نے حاضر ہو کر گواہیاں دیں (یعنی چار مرتبہ قسمیں اٹھائیں) اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس موقع پر فرما رہے تھے کہ اللہ عزوجل اس بات کو جانتا ہے کہ تم میں سے کوئی ایک جھوٹا ہے تو کیا تم میں سے کوئی توبہ کے لیے تیار ہے؟ پھر (ان کی زوجہ

نے) کھڑے ہو کر قسمیں کھائیں (یعنی چار مرتبہ قسم اٹھا کر شہادت دی کہ میرا خاوند جھوٹوں میں سے ہے)، پس وہ پانچویں شہادت پر پہنچی تو لوگوں نے اسے روکا اور کہا کہ (اگر تم اپنی قسم میں جھوٹی ہو تو) تمہاری یہ قسمیں (دردناک عذاب کا) سبب بن جائیں گی۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: پس وہ عورت تردد کا شکار ہوئی اور ہچکچائی، حتیٰ کہ ہم نے گمان کیا کہ اب یہ رجوع کر لے گی، مگر اس نے کہا: میں کبھی اپنی قوم کو رسوا نہیں کروں گی اور (پانچویں شہادت دے کر) اس نے لعان مکمل کر دیا، پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اب دیکھنا اگر یہ عورت ایسا بچہ جنے جس کی آنکھیں بہت سیاہ پلکوں والی ہوں، اس کے سرین موٹے ہوں اور پنڈلیاں بھری ہوئی ہوں تو وہ شریک بن سحماء کا ہے، پس اس عورت نے اس طرح کا بچہ جنا، تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ کی کتاب کا حکم نہ آچکا ہوتا تو میرا اس عورت کے لیے کچھ اور ہی سلوک ہوتا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۶۷۱ اور گزشتہ احادیث: ۴۷۴۵ اور ۴۷۴۶ کے تحت گزر چکی ہے، تاہم چند امور مزید بیان کیے جا رہے ہیں۔

لعان کی آیتیں حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ کے سلسلہ میں نازل ہوئیں یا حضرت عویمر رضی اللہ عنہ کے سلسلہ میں؟ اس پر حافظ ابن حجر عسقلانی کی مفصل تحقیق

حافظ احمد بن علی بن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث میں ہے کہ لعان کی آیات حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ کے سلسلہ میں نازل ہوئیں، جب کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی جو روایت گزری اس میں ہے کہ یہ آیتیں حضرت عویمر رضی اللہ عنہ کے معاملہ میں نازل ہوئیں، اس کے الفاظ یہ ہیں کہ: حضرت عویمر رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے اور عرض کی: یا رسول اللہ! کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو پائے تو کیا وہ اسے قتل کر دے اور پھر اس کے نتیجہ میں آپ (قصاص کے طور پر) اس شخص کو قتل کر دیں، یا پھر اس آدمی کو کیا کرنا چاہیے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے تمہارے اور تمہاری بیوی کے متعلق حکم نازل فرمایا ہے، اور پھر آپ نے ان دونوں کو لعان کرنے کا حکم دیا۔ اب ائمہ کے درمیان اس بارے میں اختلاف ہے کہ لعان کی آیتیں کس واقعہ پر نازل ہوئیں، بعض ائمہ نے اس بات کو ترجیح دی ہے کہ یہ آیتیں حضرت عویمر رضی اللہ عنہ کے معاملہ میں نازل ہوئیں اور بعض ائمہ نے اس بات کو ترجیح دی کہ یہ آیتیں حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ کے معاملہ میں نازل ہوئیں، اور بعض ائمہ نے ان دونوں روایات میں تطبیق دی ہے (یعنی اختلاف کو دور کیا ہے) اور وہ اس طرح کہ لعان کا واقعہ سب سے پہلے جن صحابی کو پیش آیا وہ حضرت ہلال ہی ہیں، البتہ ان کے ساتھ ہی حضرت عویمر رضی اللہ عنہ کو بھی اس طرح کا واقعہ پیش آ گیا اور لعان کی آیتیں ایک ہی وقت میں دونوں کے لیے نازل ہو گئیں۔ علامہ نووی کا رجحان بھی اسی قول کی طرف ہے اور خطیب نے ان پر سبقت کرتے ہوئے پہلے ہی فرما دیا کہ: ہو سکتا ہے دونوں صحابہ اتفاقاً ایک ہی وقت میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

کے پاس پہنچے ہوں۔ یہ واقعہ ایک سے زائد افراد کے ساتھ پیش آیا، اس کی تائید اس بات سے ہوتی ہے کہ حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ کے واقعہ میں جو تفصیل بیان کرنے والے ہیں وہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ ہیں، جیسا کہ اس کو امام ابوداؤد اور امام طبری نے روایت کیا ہے۔ (جامع البیان للطبری: ۱۹۵۳۹، دار الفکر، بیروت، ۱۴۱۵ھ) جب کہ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ کے واقعہ میں جو تفصیل بیان کرنے والے ہیں وہ حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ ہیں، جیسا کہ صحیح بخاری کی گزشتہ حدیث: ۴۷۴۵ میں گزر چکا ہے، اور اس میں کوئی حرج نہیں کہ واقعات میں تعدد ہو اور نزول ایک مرتبہ ہو۔ (لہٰذا حضرت ہلال اور حضرت عویمر دونوں کا واقعہ آیات لعان کا سبب ہو سکتا ہے)، اسی طرح امام بزار اپنی سند کے ساتھ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اگر تم ام رومان کے ساتھ کسی مرد کو پاؤ تو اس سے کیا سلوک کرو گے؟ تو انہوں نے عرض کی: میں اس کے ساتھ بہت ہی سخت سلوک کروں گا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے عمر! تم کیا کرو گے؟ انہوں نے کہا: میں اسے خدا کی قسم! قتل کر دوں گا، اور میں پہلے ہی کہتا تھا کہ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو اپنی رحمت سے بہت دور کر دے، راوی کہتے ہیں: پھر آیت لعان نازل ہوئی۔ (کشف الاستار عن زوائد البزار: ۲۲۳۷، مجمع الزوائد ج ۷ ص ۴۷)

اور یہاں یہ احتمال بھی ہے کہ آیت لعان کا نزول اصلاً حضرت ہلال رضی اللہ عنہ کے واقعہ کی وجہ سے ہوا ہو، پھر جب حضرت عویمر رضی اللہ عنہ آئے ہوں اور انہیں حضرت ہلال کے ساتھ پیش آنے والا واقعہ معلوم نہ ہو تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اسی سابقہ حکم سے آگاہ فرمایا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت ہلال کے واقعہ میں راوی نے کہا: ''پس جبرئیل نازل ہوئے'' اور حضرت عویمر کے واقعہ میں راوی نے کہا کہ: ''اللہ تعالیٰ نے تمہارے متعلق حکم نازل فرما دیا ہے''۔ اس کا معنی یہ کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے متعلق اور تمہاری طرح جس کے ساتھ بھی یہ واقعہ پیش آئے اس کے متعلق حکم نازل فرما دیا ہے، لہٰذا دونوں روایات میں کوئی تعارض نہیں ہے۔ علامہ ابن الصباغ نے الشامل میں یہی جواب دیا ہے، وہ کہتے ہیں: آیت لعان حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے، البتہ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ سے جو فرمایا کہ: ''تمہارے اور تمہاری زوجہ کے بارے میں حکم نازل ہو گیا ہے''۔ اس سے مراد یہ ہے کہ وہی حکم جو حضرت ہلال کے واقعہ میں نازل ہوا۔ اس کی تائید امام ابویعلیٰ کی روایت کردہ اس حدیث سے ہوتی ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اسلام میں سب سے پہلا جو لعان ہوا وہ اس وجہ سے تھا کہ حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ نے اپنی زوجہ کے ساتھ شریک بن سحماء کے ملوث ہونے کا دعویٰ کیا۔ الحدیث (مسند ابویعلیٰ: ۲۸۲۴ ج ۵ ص ۲۰۷)

علامہ ابوالعباس قرطبی متوفی ۶۵۶ھ کا رجحان اس بارے میں یہ ہے کہ ہو سکتا ہے آیت لعان دو مرتبہ نازل ہوئی ہو۔ علامہ قرطبی فرماتے ہیں: یہ مختلف احتمالات اگرچہ بعید ہیں، مگر ان روایتوں کے راوی جو کہ حفاظ ہیں ان کو غلط قرار دینے سے یہ احتمالات ہی بہتر ہیں۔ ایک جماعت نے لعان کے واقعہ میں حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ کے ذکر سے انکار کیا ہے۔ علامہ قرطبی فرماتے ہیں: ابوعبداللہ بن ابی صفرہ جو کہ المہلب کے بھائی ہیں انہوں نے اس کا انکار کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ (راویوں سے) خطاء ہوئی ہے اور صحیح یہ ہے کہ یہ واقعہ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ کا ہے، اور امام طبری نے بھی اسی طرح کی بات کی ہے۔ (المفہم ج ۴ ص ۳۰۰، مطبوعہ دار ابن کثیر، بیروت، ۱۴۲۰ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی، ابوعبداللہ بن ابی صفرہ کے اس قول کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ابن ابی صفرہ کا یہ دعویٰ بلا دلیل ہے اور حضرت ہلال کا ذکر کرنے میں راویوں کی خطاء کا کیسے یقین کیا جا سکتا ہے جب کہ یہ حدیث صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ہے اور پھر ان میں تطبیق بھی ممکن ہے اور جہاں تک امام ابن جریر طبری کے حوالہ کا تعلق ہے تو ایسی کوئی بات میں نے ان کے کلام میں نہیں دیکھی۔

(فتح الباری، موضحاً ومخرجاً ج ۵ ص ۷۱۷-۷۱۶، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

حدیث کے کچھ مشکل کلمات کی تشریح

فتنکأت: اس کا معنی ہے: کسی کام سے پیچھے ہٹنا، اس میں توقف اور تردد کرنا۔ یہ باب تفعل سے ہے اور اس کے حروف اصلیہ لام، کاف اور ہمزہ ہیں۔ نکصت: یہ نکوص (مصدر) سے ہے اور اس کا باب نصر وضرب ہے، اس کا معنی ہے: باز رہنا، پیچھے ہٹنا۔ فبضت: اس سے مراد ہے: اس نے لعان مکمل کر دیا۔ اکحل العینین: آنکھوں کی پلکوں پر قدرتی طور پر ایسی سیاہی ہو جیسے ان پر سرمہ لگایا گیا ہو۔ سباغ: ایسی چیز جو مکمل ہو اور بھری ہوئی ہو۔ خدلج: ایسی چیز جو بھری ہوئی ہو اور موٹی ہو۔ حدیث کے بالکل آخر میں جو فرمایا: لکان لی ولها شأن اس میں لفظ شأن سے مراد رجم کرنا ہے اور مفہوم یہ ہے کہ اگر لعان کے سبب شریعت نے اس عورت سے رجم کو ساقط نہ کیا ہوتا تو میں اس کے بیٹے کے شریک بن سحماء کے ساتھ مشابہ ہونے کی بناء پر رجم کرتا۔

(کشف المشکل لابن الجوزی ج ۶ ص ۱۶۷، عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۱۲، تحفۃ الباری لابی یحییٰ الانصاری الشافعی ج ۸ ص ۵۳)

۴۔ بَابٌ: وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ (النور:۹)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد: اور پانچویں بار (عورت یہ کہے) کہ اس پر اللہ کا غضب نازل ہو اگر (اس کا خاوند) سچوں میں سے ہو ۝ (النور:۹) کی تفسیر

۴۷۴۸۔ حَدَّثَنَا مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى حَدَّثَنَا عَمِّي الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَقَدْ سَمِعَ مِنْهُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی الله عنهما أَنَّ رَجُلًا رَمَى امْرَأَتَهُ فَانْتَفَى مِنْ وَلَدِهَا فِي زَمَانِ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ فَأَمَرَ بِهِمَا رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ فَتَلَاعَنَا كَمَا قَالَ اللّٰهُ ثُمَّ قَضَى بِالْوَلَدِ لِلْمَرْأَةِ وَفَرَّقَ بَيْنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ۔

[اطراف الحدیث: ۵۳۰۴۔ ۵۳۱۳۔ ۵۳۱۴۔ ۵۳۱۵۔ ۶۷۴۸]

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں مقدم بن محمد بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے چچا قاسم بن یحییٰ نے از عبیداللہ حدیث بیان کی اور قاسم نے عبیداللہ سے سماع کیا ہے، عبیداللہ از نافع از حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ: ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں اپنی عورت پر زنا کی تہمت لگائی اور اس سے پیدا ہونے والے بچہ کا انکار کر دیا تو اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں سے لعان کروایا، پھر آپ نے فیصلہ فرمایا کہ بچہ عورت کا ہے اور دونوں لعان کرنے والوں کے درمیان آپ نے جدائی کروادی۔

(صحیح مسلم: ۱۴۹۴، سنن ابوداؤد: ۲۲۵۹، سنن ترمذی: ۱۲۰۳، سنن نسائی: ۳۴۷۷، سنن ابن ماجہ: ۲۰۶۹، المنتقی لابن الجارود: ۷۵۴، سنن دارمی: ج ۱ ص ۱۵۱، سنن کبریٰ للبیہقی، ج ۷، ص ۴۰۹، صحیح ابن حبان: ۴۲۸۸، مسند احمد ج ۲ ص ۷، طبع قدیم ج ۸ ص ۱۲۴، رقم الحدیث ۴۵۲۷، موسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۱۶ھ)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نفس لعان سے میاں بیوی کے درمیان جدائی واقع نہیں ہوتی بلکہ لعان کے بعد حاکم کے فیصلہ کی ضرورت پڑتی ہے یا یہ کہ شوہر از خود طلاق دے کر جدائی کر دے۔ دوسرا یہ کہ بچہ پیدا ہونے پر اس کا انکار کر دینا لعان کو واجب کر دیتا ہے اور لعان کے بعد وہ بچہ صرف اپنی ماں کی طرف منسوب ہوتا ہے۔ ان تمام مسائل پر گزشتہ احادیث کی شرح میں تفصیلی کلام گزر چکا ہے۔

Marfat.com

۵۔ بَابٌ: اِنَّ الَّذِیْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ خَیْرٌ لَّكُمْ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ وَالَّذِیْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ﴿۱۱﴾ (النور:۱۱)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد: بے شک جن لوگوں نے (عائشہ صدیقہ پر) تہمت لگائی وہ تم میں سے ایک گروہ ہے، تم اس (تہمت) کو اپنے لیے شر نہ سمجھو بلکہ وہ (نتائج کے اعتبار سے) تمہارے لیے بہتر ہے، اس گروہ میں سے ہر فرد کے لیے وہ گناہ ہے جو اس نے کمایا اور جس شخص نے ان میں سے اس (تہمت) میں سب سے بڑا حصہ لیا اس کے لیے بہت بڑا عذاب ہے ○

(النور:۱۱) کی تفسیر

سورۃ النور کی آیت:۱۱ کی مختصر تفسیر، لفظ افک کا اصل معنی اور عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ پر اشکال کا جواب

مفسرین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یہ آیت اور اس کے بعد آنے والی آیات (النور:۲۰ تک) حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے سلسلہ میں نازل ہوئی ہیں، کیونکہ غزوۂ بنو المصطلق سے لوٹنے کے بعد آپ پر حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ کے ساتھ بدکاری کی تہمت لگائی گئی، تو اللہ عزوجل نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت وحرمت کے تعلق سے حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا کی پاکیزگی کو از خود بیان فرمایا اور آپ کی شان میں سورۃ النور کی دس آیتیں نازل فرمائیں۔

اس آیت میں ''الإفك'' کا لفظ ہے، اس کا معنی ہے: جھوٹ اور ایک قول کے مطابق اس کا معنی ہے: بدترین جھوٹ۔ اس کا اصل معنی ہے: کسی چیز کا پلٹ دینا، جیسے وہ بستیاں جن کو عذاب الٰہی نے پلٹ دیا ان کو قرآن مجید میں المؤتفکات کہا گیا ہے۔ اس اعتبار سے ''إفك'' کا معنی ہوا: ایسی بات جس کو اس کے اصل رخ سے پھیر دیا گیا ہو۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے واقعہ میں یہ لفظ اس طرف اشارہ کر رہا ہے کہ ان کے ساتھ بھی یہی معاملہ کیا گیا، کہ وہ اپنی پاک دامنی اور شرافت نسب کی بناء پر تعریف وتوصیف کی حق دار تھیں نہ کہ تہمت اور الزام تراشی کی، لیکن جنہوں نے ان پر تہمت لگائی انہوں نے ان کا اصل حق (تعریف وثناء) ان سے پھیر دیا، اس لیے اس کو آیت میں ''افک'' قرار دیا گیا۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۱۱۳)

ایک لفظ ''عُصْبَةٌ'' آیا ہے، اس کا معنی جماعت اور گروہ ہے، البتہ کتنے افراد کے گروہ پر یہ لفظ بولا جاتا ہے اس بارے میں اقوال مختلف ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ لفظ تین سے دس تک افراد پر بولا جاتا ہے جب کہ ابن عیینہ کے نزدیک ۴۰ افراد، فراء کے نزدیک ایک سے چالیس ۴۰ افراد تک اور مجاہد کے نزدیک دس سے پندرہ افراد پر بولا جاتا ہے۔

(تفسیر قرطبی ج۶ ص ۱۸۲، عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۱۱۳)

جن افراد نے تہمت لگائی ان میں اس کا بانی تو رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی ہے، جب کہ اس کے ساتھ زید بن رفاعہ، حضرت حسان بن ثابت، حضرت مسطح بن اثاثہ، حضرت حمنہ بنت جحش اور دیگر موافقین بھی شامل ہو گئے۔ یہاں یہ سوال ہوتا ہے کہ اس آیت میں ''مِّنْكُمْ'' کا لفظ فرمایا گیا ہے، جس کا معنی ہے: یہ گروہ تم ہی میں سے ہے، حالانکہ تہمت لگانے والے اس گروہ میں زیادہ تر منافقین نے حصہ لیا، اس کے باوجود ''مِّنْكُمْ'' کہہ کر ان کو مسلمانوں میں کیوں شامل کیا گیا؟ علامہ سید محمود آلوسی حنفی متوفی ۱۲۷۰ھ

Marfat.com

نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ ''مِنْكُمْ'' سے مراد ہے: ایسا گروہ جو تمہاری ملت پر ہے اور اپنے آپ کو اسلام کی طرف منسوب کرتا ہے، خواہ فی الواقع مسلمان ہے یا نہیں، لہٰذا یہ لفظ عبداللہ بن ابی کو بھی شامل ہوگا، کیونکہ وہ بہ ظاہر اپنے آپ کو اسلام ہی کی طرف منسوب کرتا تھا، اگرچہ حقیقۃً وہ کافر تھا۔ (روح المعانی ج ۱۰ ص ۱۷۰، مطبوعہ دار الفکر، بیروت، ۱۴۱۷ھ)

اس آیت میں فرمایا، تم اس تہمت کو اپنے لیے شر نہ سمجھو بلکہ وہ تمہارے لیے بہتر ہے۔ اس جملہ میں مسلمانوں سے خطاب ہے، کیونکہ تہمت لگانے سے انہیں بہت صدمہ اور رنج ہوا تھا، خصوصاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ کو اس کا بہت غم اور ملال تھا، اس لیے یہاں اللہ عزوجل کی طرف سے تسلی اور تسکین فرمائی جا رہی ہے کہ اس تہمت کو اپنے لیے شر یعنی نقصان دہ نہ سمجھو، بلکہ اس میں تمہارے لیے خیر اور نفع ہے، کیونکہ اس تکلیف پر اللہ تعالیٰ تمہیں اجر عظیم عطا فرمائے گا اور اپنا کلام نازل فرما کر تمہاری پاکیزگی کا اعلان فرمائے گا اور اس کے لیے ایسی آیات نازل فرمائے گا کہ ان میں سے ہر آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم اور ان کی تسلی کا سامان ہوگا اور ام المومنین رضی اللہ عنہا کی پاکیزگی اور اہل بیت کرام کی طہارت کا بیان ہوگا اور جو اس معاملہ میں کلام کرے اس کے لیے سزا کا بیان ہوگا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۱۳)

آیت کے آخر میں فرمایا: اور جس شخص نے ان میں سے اس تہمت میں بڑا حصہ لیا اس کے لیے بہت بڑا عذاب ہے۔ اس سے مراد رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی ہے، جیسا کہ صحیح بخاری میں آنے والی حدیث: ۴۷۴۹ میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے صراحۃً فرمایا ہے کہ اس سے مراد عبداللہ بن ابی ابن سلول ہے۔ اس کی مزید تفصیل ہم وہیں ذکر کریں گے۔

افاک اس کا معنی ہے: بہت جھوٹ بولنے والا۔

امام ابوعبیدہ اور دیگر نے افاک کا یہی معنی بیان کیا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۱۴، فتح الباری ج ۵ ص ۱۸۷) اس تعلیق سے امام بخاری کا مقصد لفظ ''افک'' کا معنی و مفہوم واضح کرنا ہے۔

۴۷۴۹۔ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنها ﴿وَالَّذِي تَوَلّٰى كِبْرَهُ﴾ (النور:۱۱) قَالَتْ عَبْدُ اللهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُولَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابونعیم نے حدیث بیان کی، وہ کہتے ہیں: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از معمر از الزہری از عروہ از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہ انہوں نے (النور:۱۱) کی تفسیر میں وَالَّذِي تَوَلّٰى كِبْرَهُ کے متعلق فرمایا: یہ عبداللہ بن ابی ابن سلول ہے۔

''سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت میں جس نے بڑا حصہ لیا'' اس سے عبداللہ بن ابی کے مراد ہونے پر دلائل

وَالَّذِي تَوَلّٰى كِبْرَهُ کا معنی یہ ہے کہ جس شخص نے اس تہمت میں بڑا حصہ لیا۔ بڑا حصہ لینے سے مراد یہ ہے کہ اس سنگین کام کا آغاز کیا اور اس کی بنیاد رکھی۔ (تفسیر ابن ابی حاتم: ۱۴۲۱۴، معالم التنزیل ج ۳ ص ۳۹۲) اور ظاہر ہے کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر زنا کی ناپاک تہمت کی بنیاد رکھنے والا اور اس ناپاک مہم کا آغاز کرنے والا رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی تھا۔ اس لیے صحیح قول یہی ہے کہ النور:۱۱ میں ''وَالَّذِي تَوَلّٰى كِبْرَهُ'' سے مراد صرف عبداللہ بن ابی ہے اور اسی کے لیے عذاب عظیم ہے۔ امام زہری نے عروہ سے اور انہوں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ: وَالَّذِي تَوَلّٰى كِبْرَهُ سے مراد عبداللہ بن ابی ہے اور عذاب عظیم سے مراد جہنم کا عذاب ہے۔ (معالم التنزیل ج ۳ ص ۳۹۲)

علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی متوفی ۱۲۷۰ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

عذاب عظیم سے مراد دنیا اور آخرت دونوں کا عذاب ہے یا صرف آخرت کا عذاب ہے، اور وَالَّذِي تَوَلّٰى كِبْرَهُ سے مراد

Marfat.com

عبداللہ بن ابی ہے، جیسا کہ صحیح بخاری (۴۷۴۹) میں از زہری از عروہ از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مروی ہے اور اسی پر محدثین کی اکثریت ہے، اور عبداللہ بن ابی لعنۃ اللہ علیہ لوگوں کو اپنے پاس جمع کیا کرتا تھا اور ان کے سامنے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگاتا تھا، یہی وہ پہلا شخص تھا جس نے یہ تہمت گھڑی اور اس کی تشہیر و اشاعت کی اور اس نے یہ سب کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دشمنی میں شدت کی وجہ سے کیا۔ آخرت میں اس کے لیے عذاب یہ ہے کہ اس کو جہنم کے سب سے نچلے طبقہ میں ڈالا جائے گا اور اس میں کتنا عذاب دیا جائے گا اس کی مقدار اللہ عزوجل ہی کو معلوم ہے اور دنیا میں اس کو جو عذاب ملا وہ یہ کہ اللہ عزوجل نے اس کو ذلت و رسوائی کا نشان بنا دیا اور تمام لوگوں پر اس کی منافقت ظاہر فرما دی اور اس پر دو مرتبہ حد جاری ہوئی، جیسا کہ امام طبرانی اور ابن مردویہ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ (سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی پاکیزگی میں) آیات نازل ہونے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے اور حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کو بلایا اور لوگوں کو جمع فرمایا، پھر ان سب کے سامنے وہ آیات تلاوت فرمائیں جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی پاکیزگی کے بیان میں نازل ہوئی تھیں اور آپ نے عبداللہ بن ابی کو بھی بلوایا، اسے سامنے لایا گیا تو آپ نے اس پر دو مرتبہ حد جاری فرمائی اور حضرت حسان، حضرت مسطح اور حضرت حمنہ بنت جحش (رضی اللہ عنہم) کو بھی بلوایا اور انہیں سخت خطاب لگائی۔ (المعجم الکبیر ج ۲۳ ص ۱۲۸) ایک قول یہ ہے کہ عبداللہ بن ابی پر آپ نے ایک ہی حد جاری فرمائی۔ چنانچہ امام طبرانی نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے لَهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ ○ (النور:۱۱) کی تفسیر یہ کی ہے کہ عبداللہ ابی کے لیے دنیا میں عذاب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ۸۰ کوڑے لگائے اور آخرت میں عذاب یہ ہے کہ اسے جہنم میں ڈالا جائے گا۔
(المعجم الکبیر ج ۲۳ ص ۱۳۷۔۱۳۶) (روح المعانی ج ۱۰ ص ۱۷۱ مطبوعہ دار الفکر، بیروت، ۱۴۱۷ھ)

آیت میں عبداللہ بن ابی کے مراد ہونے پر صحیح بخاری ہی کی ایک حدیث کے ذریعہ معترضین کا اعتراض اور اس کا جواب

علامہ آلوسی کی اس عبارت سے یہ بات واضح ہوگئی کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانے میں آغاز سے لے کر تشہیر و اشاعت تک سب سے بڑا حصہ جس نے لیا ہے وہ عبداللہ بن ابی ہے اور اس کے لیے عذاب عظیم یہ ہے کہ وہ دنیا میں بھی رسوا ہوا اور آخرت کی رسوائی کہیں زیادہ ہے، اور صحیح بخاری کی زیر بحث حدیث میں سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا خود بھی صراحت فرما چکیں کہ وَالَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ سے مراد عبداللہ بن ابی ہے۔

اس پر یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ صحیح بخاری ہی کی ایک حدیث سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ وَالَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ (جس نے تہمت میں بڑا حصہ لیا) اس سے مراد حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ ہیں، چنانچہ مکمل حدیث اس طرح ہے:

مسروق روایت کرتے ہیں کہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ملاقات کرنے کی اجازت چاہی، میں نے عرض کی کہ آپ انہیں بھی (اپنے پاس آنے کی) اجازت دیتی ہیں؟ ایک روایت میں ہے کہ میں نے عرض کی: آپ ایسے شخص کو اپنے پاس آنے دیتی ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ یہ آیت نازل فرما چکا کہ: وَالَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ مِنْهُمْ (النور:۱۱) تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کیا انہیں عذاب عظیم نہیں پہنچ چکا؟ سفیان کہتے ہیں: آپ کا اشارہ حضرت حسان کے نابینا ہو جانے کی طرف تھا۔ ایک روایت میں ہے کہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے (مسروق سے) فرمایا: نابینا ہو جانے سے بڑھ کر اور کیا عذاب ہوگا؟ (اور ان کے بارے میں کچھ بولنے کی ضرورت نہیں، کیونکہ) وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کفار کو جواب دیا کرتے تھے۔
(صحیح بخاری: ۴۷۵۵۔۴۱۴۶۔۷۷۵۶)

Marfat.com

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ⑪ میں حضرت حسان رضی اللہ عنہ بھی شامل ہیں، اس کا جواب یہ ہے کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا اپنا موقف تو یہی ہے کہ وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَهٗ (جس نے تہمت میں بڑا حصہ لیا) اس سے مراد رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی ہے (جیسا کہ صحیح بخاری کی زیر بحث حدیث: ۴۷۴۹ میں مذکور ہے) البتہ مسروق کو یہ وہم ہوا کہ حضرت حسان رضی اللہ عنہ اور جتنے افراد بھی تہمت لگانے والے ہیں وہ سب اس آیت میں شامل ہیں، تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے گویا بر سبیل فرض یہ بات فرمائی کہ اگر وہ اس آیت میں شامل بھی ہیں تو ان کا معاملہ عبداللہ بن ابی کی طرح نہیں ہے، کیونکہ عبداللہ بن ابی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مسلسل اذیت اور تکلیف دیتا رہا اور آپ کی شان میں گستاخیاں کرتا رہا، جب کہ حضرت حسان رضی اللہ عنہ کا معاملہ یہ ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حمایت اور دفاع میں کفار کے خلاف اشعار کہتے ہیں اور ان کی طرف سے ہونے والے اعتراضات کے جواب دے کر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان بیان کرتے ہیں، سو جب حضرت حسان رضی اللہ عنہ عبداللہ بن ابی کی طرح نہیں ہیں تو اس آیت کے بہ موجب ''عذاب عظیم'' میں بھی وہ عبداللہ بن ابی کی طرح نہیں ہیں، کیونکہ عبداللہ بن ابی کے لیے عذاب عظیم یہ ہے کہ وہ دنیا میں بھی ذلیل ہوا اور آخرت میں بھی اس کے لیے بہت شدید اور کبھی نہ ختم ہونے والی رسوائی ہے، جب کہ حضرت حسان رضی اللہ عنہ کی جو بینائی چلی گئی، تو یہی ان کے لیے کفارہ بن گیا اور ان کے لیے آگے کوئی عذاب نہیں ہے۔

اس جواب کی تائید میں مختلف شارحین حدیث کی آراء

خلاصہ یہ کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا ذاتی موقف یہی ہے کہ وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَهٗ سے مراد صرف عبداللہ بن ابی ہے اور حضرت حسان رضی اللہ عنہ کو اس میں شامل کرنا یہ مسروق کا اپنا خیال ہے۔ ذیل میں ہم اس سلسلہ میں مختلف شارحین کی آراء ذکر کر رہے ہیں۔

حافظ احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَهٗ میں حضرت حسان رضی اللہ عنہ کا شامل ہونا ایک پیچیدہ معاملہ ہے، کیونکہ یہ بات گزر چکی ہے کہ اس سے مراد عبداللہ بن ابی ہے اور یہی قول معتمد ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۴۶۷، مطبوعہ دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

علامہ احمد بن اسماعیل کورانی حنفی متوفی ۸۹۳ھ لکھتے ہیں:

یہ مسروق کا وہم ہے (ذاتی خیال ہے) کیونکہ اس بات پر اتفاق ہے کہ جس نے تہمت میں سب سے بڑا حصہ لیا وہ عبداللہ بن ابی ابن سلول ہے۔ (الکوثر الجاری ج ۸ ص ۲۰۹، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۲۹ھ)

علامہ ابو العباس شہاب الدین احمد القسطلانی المتوفی ۹۲۳ھ لکھتے ہیں:

یہ ایک پیچیدہ روایت ہے، کیونکہ اس سے بہ ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَهٗ سے مراد حضرت حسان رضی اللہ عنہ ہیں، حالانکہ معتمد قول یہ ہے کہ اس سے مراد عبداللہ بن ابی ہے۔ (ارشاد الساری ج ۱۰ ص ۵۲۷، مطبوعہ دار الفکر، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

علامہ محمد الفضیل بن الفاطمی الزرہونی المالکی المتوفی ۱۳۱۸ھ لکھتے ہیں:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا مسروق سے یہ فرمانا کہ: ''نابینا ہونے سے زیادہ کیا عذاب ہوگا'' یہ بر سبیل تنزل ہے۔ (یعنی اگر مان لیا جائے کہ وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَهٗ میں حضرت حسان رضی اللہ عنہ شامل ہیں تو دنیا میں نابینا ہو جانا ہی ان کے لیے کافی ہے) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے قول کا اس کے سوا کوئی معنی نہیں ہے۔ (علامہ زرہونی ایک اور جگہ لکھتے ہیں کہ) معتمد قول یہی ہے کہ وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَهٗ سے مراد صرف عبداللہ بن ابی ہے۔ (الفجر الساطع علی الصحیح الجامع ج ۹ ص ۳۵۶، ج ۱۱ ص ۴۵، مطبوعہ مکتبۃ الرشد، ریاض، ۱۴۳۰ھ)

Marfat.com

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کی عزت افزائی فرمانا اور ان کے خلاف بولنے سے منع فرمانا

ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ ''سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا ذاتی موقف یہی تھا کہ وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَہٗ سے مراد عبداللہ بن ابی ہے اور حضرت حسان رضی اللہ عنہ اس میں شامل نہیں ہیں''۔ اس کی تائید اس بات سے بھی ہوتی ہے کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا حضرت حسان رضی اللہ عنہ کو بہت عزت دیتی تھیں اور ان کے خلاف کسی قسم کی بات سننے کو گوارا نہیں کرتی تھیں اور اگر کوئی کہنا چاہتا تو اسے یہ کہہ کر خاموش فرما دیتی تھیں کہ حسان رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دفاع میں اشعار کہتے ہیں اور آپ کے دشمنوں کا بھرپور رد کرتے ہیں، اس لیے ان کے خلاف کچھ نہ کہو۔ چنانچہ واقعہ افک کی تفصیلی حدیث میں امام بخاری روایت کرتے ہیں کہ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میرے معاملہ میں وہ لوگ ہلاک ہو گئے جو ہلاک ہو گئے اور جس نے اس تہمت میں سب سے زیادہ حصہ لیا وہ عبداللہ بن ابی ابن سلول ہے۔ عروہ کہتے ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے سامنے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کی مذمت کیے جانے کو ناپسند کرتی تھیں اور فرماتی تھیں کہ انہوں نے یہ شعر کہا ہے:

فان ابی ووالدہٗ و عرضی لعرض محمد منکم وقاء

میرے آباء واجداد اور میری عزت وآبرو سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت وآبرو کے لیے تمہارے حملوں سے بچاؤ کا ذریعہ اور ڈھال بنی رہے گی۔ (صحیح البخاری: ۴۱۴۱، صحیح مسلم: ۲۷۷۰)

علامہ ابوعمر ابن عبدالبر قرطبی مالکی متوفی ۴۶۳ھ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے حالات بیان کرتے ہوئے یہ حدیث ذکر کرتے ہیں کہ: محمد بن سائب بن برکہ اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ طواف کر رہی تھیں، ان کے ساتھ ام حکیم بنت خالد بن العاص اور ام حکیم بنت عبداللہ بن ابی ربیعہ رضی اللہ عنہما بھی موجود تھیں، یہ دونوں حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے متعلق گفتگو کرنے لگیں اور ان کی گفتگو میں حضرت حسان رضی اللہ عنہ کی مذمت تھی، تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: تم دونوں (حسان رضی اللہ عنہ کی مذمت کر رہی ہو؟) میں تو یہ امید کرتی ہوں کہ وہ اپنی زبان سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت کا جو تحفظ کرتے تھے اس کے طفیل اللہ تعالیٰ انہیں جنت میں داخل فرمائے گا۔ (الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب ج ۱ ص ۴۰۴، مطبوعہ دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۵ھ)

مفسر شہیر امام جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ روایت کرتے ہیں:

امام محمد بن سعد نے محمد بن سیرین سے روایت کیا کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا حضرت حسان رضی اللہ عنہ کو (اپنے پاس آنے کی) اجازت دیا کرتی تھیں اور ان کے لیے تکیہ منگواتی تھیں اور (لوگوں سے) فرماتی تھیں کہ: حسان (رضی اللہ عنہ) کو اذیت مت دیا کرو'' کیونکہ یہ اپنی زبان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نصرت وحمایت کرتے ہیں اور اللہ عزوجل اس بات پر قادر ہے کہ ان کے نابینا ہونے کو ہی ان کے لیے عذاب عظیم (کے قائم مقام) فرما دے (اور آخرت میں انہیں کچھ تکلیف نہ ہو)۔

ایک روایت میں ہے کہ: نابینا ہونا بڑا عذاب ہے اور اللہ عزوجل اس بات پر قادر ہے کہ وہ ان کے نابینا ہونے کو ہی عذاب عظیم (کے قائم مقام) فرما دے اور حسان (رضی اللہ عنہ) کی مغفرت فرما دے اور ان کو جنت میں داخل فرما دے۔

(الدر المنثور ج ۶ ص ۱۴۷، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

اس روایت میں نابینا ہونے کو جو عذاب عظیم قرار دیا گیا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ دنیا میں اس تکلیف کو ان کے لیے کفارہ کر دیا گیا ہے اور اب آخرت میں ان کے لیے کسی قسم کی سزا اور سرزنش نہیں ہوگی، البتہ جو ان ہستیوں پر لعن طعن کرے اس کے لیے ضرور ذلت ورسوائی کا عذاب ہے، کیونکہ جب ''رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ'' فرما کر اللہ عزوجل نے ان ہستیوں سے اپنی رضا اور

خوشنودی کا اعلان فرمادیا تو یہی ان کے لیے سب سے بڑی نعمت ہے اور اس نعمت کے ہوتے ہوئے انہیں کسی کی ناراضی اور بغض و عداوت کی پرواہ نہیں ہے۔

٦ ـ بَابٌ: لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ۝ لَوْلَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ۝ (النور: ۱۲ـ ۱۳)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد: جب تم نے اس (تہمت) کو سنا تو مومن مردوں اور مومن عورتوں نے اپنوں کے متعلق نیک گمان کیوں نہیں کیا اور یہ کیوں نہیں کہا کہ یہ تو کھلا بہتان ہے ۝ تہمت لگانے والے اس تہمت پر چار گواہ کیوں نہ لائے! پس جب وہ گواہ نہیں لائے تو وہی اللہ کے نزدیک جھوٹے ہیں ۝ (النور: ۱۳ـ ۱۲) کی تفسیر

بے قصور یا نامعلوم شخص پر تہمت لگے تو اہل ایمان کو کیا گمان رکھنا چاہیے؟ اور واقعہ افک کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم پر ایک دلیل

''مومن مردوں اور مومن عورتوں نے اپنوں کے متعلق نیک گمان کیوں نہیں کیا'' یعنی سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے متعلق جو غلط اور سنگین افواہ اڑائی گئی اس کو سنتے ہی اہل ایمان کو چاہیے تھا کہ وہ اپنوں کے متعلق نیک گمان کرتے اور اس معاملہ کو اپنی ذات پر قیاس کر کے غور کرتے، جیسے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ اور ان کی زوجہ حضرت ام ایوب رضی اللہ عنہا نے مثال قائم فرمائی کہ انہوں نے حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ نے سنا لوگ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے متعلق کس طرح کی باتیں کر رہے ہیں؟ حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ نے کہا: ہاں میں نے وہ باتیں سنی ہیں، مگر وہ سب جھوٹ ہے۔ اے ام ایوب! تم بتاؤ کیا تم ایسا کر سکتی ہو؟ انہوں نے کہا: نہیں، خدا کی قسم! میں ایسا نہیں کر سکتی، تو حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے کہا، خدا کی قسم! عائشہ (رضی اللہ عنہا) تم سے بہتر عورت ہیں (وہ بدرجہ اولیٰ ایسا کام نہیں کر سکتیں)۔ (جامع البیان للطبری ج ۱۰ ص ۱۲۸، تفسیر قرطبی ج ۶ ص ۱۸۶)

علامہ قرطبی فرماتے ہیں: پس اللہ عزوجل نے مسلمانوں پر واجب فرمادیا کہ جب وہ نامعلوم شخص پر کسی کی زبان سے تہمت یا کسی بھی قسم کا برا تذکرہ سنیں تو اس کو تسلیم نہ کریں اور اسے جھٹلا دیں۔ علماء فرماتے ہیں کہ: اس آیت سے یہ قانون ملتا ہے کہ کوئی فاسد، مجہول اور غیر یقینی خبر، خواہ کتنی ہی مشہور ہو جائے، اس کی بناء پر کسی کے مرتبہ ایمان، مقام تقویٰ اور پاک دامنی کی چادر کو زائل نہیں کیا جا سکتا۔ (تفسیر قرطبی ج ۶ ص ۱۸۶، مطبوعہ دارالفکر، بیروت، ۱۴۱۵ھ)

''اور یہ کیوں نہیں کہا کہ یہ تو کھلا ہوا بہتان ہے'' اس جملہ میں اللہ عزوجل نے ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت کے واقعہ کو ''افک مبین'' (کھلا بہتان) قرار دیا ہے اور اہل ایمان پر عتاب فرمایا ہے کہ ان کو یہ الزام سنتے ہی کہنا چاہیے تھا کہ یہ بالکل کھلا بہتان ہے، سو جب قرآن مجید نے اس تہمت کو کھلا بہتان قرار دے دیا تو اس سے معلوم ہوا کہ یہ کوئی پوشیدہ اور پیچیدہ معاملہ نہیں تھا، لہٰذا یہ کہنا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس واقعہ کی حقیقت کا علم نہیں تھا اور معاذ اللہ لاعلمی کی وجہ سے آپ افسردہ اور پریشان تھے، یہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم کا بھی انکار ہے اور آیت مبارکہ کے الفاظ ''افک مبین'' کے معنی و مفہوم کا بھی انکار ہے۔

حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی متوفی ۱۳۹۱ھ اس آیت کے تحت کنز الایمان کے حاشیہ میں لکھتے ہیں:

Marfat.com

یہ بھی معلوم ہوا کہ اس (تہمت) کا جھوٹا بہتان ہونا غیب نہیں، بلکہ بالکل ظاہر تھا، جسے رب نے ''مبین'' فرمایا، لہٰذا حضور پر کیسے مخفی رہ سکتا ہے۔ (نور العرفان ص ۵۶۰، مطبوعہ ادارہ کتب اسلامیہ، گجرات، پاکستان)

اگلی آیت (النور: ۱۳) میں فرمایا: ''پس جب وہ گواہ نہیں لائے تو وہی اللہ کے نزدیک جھوٹے ہیں'' یہی تہمت لگانے والے اگر اپنی خبر میں حق پر تھے تو قذف کی جو بنیادی شرط ہے (چار گواہ پیش کرنا) وہ انہوں نے پوری کیوں نہیں کی؟ اور جب یہ شرط پوری نہیں کی تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ان کی یہ خبر کذب پر مبنی ہے۔

حدیث افک

۴۷۵۰۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ وَسَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَعَلْقَمَةُ بْنُ وَقَّاصٍ وَعُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ عَنْ حَدِيثِ عَائِشَةَ رضی الله عنها زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ حِينَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الْإِفْكِ مَا قَالُوا فَبَرَّأَهَا اللهُ مِمَّا قَالُوا وَكُلٌّ حَدَّثَنِي طَائِفَةٌ مِنَ الْحَدِيثِ وَبَعْضُ حَدِيثِهِمْ يُصَدِّقُ بَعْضًا وَإِنْ كَانَ بَعْضُهُمْ أَوْعَى لَهُ مِنْ بَعْضٍ الَّذِي حَدَّثَنِي عُرْوَةُ عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنها أَنَّ عَائِشَةَ رضی الله عنها زَوْجَ النَّبِيِّ ﷺ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ أَقْرَعَ بَيْنَ أَزْوَاجِهِ فَأَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا رَسُولُ اللهِ ﷺ مَعَهُ قَالَتْ عَائِشَةُ فَأَقْرَعَ بَيْنَنَا فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا فَخَرَجَ سَهْمِي فَخَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ ﷺ بَعْدَمَا نَزَلَ الْحِجَابُ فَأَنَا أُحْمَلُ فِي هَوْدَجِي وَأُنْزَلُ فِيهِ فَسِرْنَا حَتَّى إِذَا فَرَغَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مِنْ غَزْوَتِهِ تِلْكَ وَقَفَلَ وَدَنَوْنَا مِنَ الْمَدِينَةِ قَافِلِينَ آذَنَ لَيْلَةً بِالرَّحِيلِ فَقُمْتُ حِينَ آذَنُوا بِالرَّحِيلِ فَمَشَيْتُ حَتَّى جَاوَزْتُ الْجَيْشَ فَلَمَّا قَضَيْتُ شَأْنِي أَقْبَلْتُ إِلَى رَحْلِي فَإِذَا عِقْدٌ لِي مِنْ جَزْعِ ظَفَارِ قَدِ انْقَطَعَ فَالْتَمَسْتُ عِقْدِي وَحَبَسَنِي ابْتِغَاؤُهُ وَأَقْبَلَ الرَّهْطُ الَّذِينَ كَانُوا يَرْحَلُونَ لِي فَاحْتَمَلُوا هَوْدَجِي فَرَحَلُوهُ عَلَى بَعِيرِي الَّذِي كُنْتُ رَكِبْتُ وَهُمْ يَحْسِبُونَ أَنِّي فِيهِ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، وہ کہتے ہیں: ہمیں لیث نے حدیث بیان کی از یونس از ابن شہاب، انہوں نے کہا: مجھے عروہ بن الزبیر، سعید بن المسیب، علقمہ بن وقاص اور عبید اللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود نے نبی ﷺ کی زوجہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانے کا واقعہ بیان کیا جب تہمت لگانے والوں نے ان کے متعلق ناگفتہ بہ باتیں کیں اور پھر اللہ عزوجل نے اس تہمت سے ان کی پاکیزگی کو بیان فرمایا، (ابن شہاب الزہری کہتے ہیں:) ان راویوں میں سے ہر ایک نے مجھے اس حدیث کا ایک ایک ٹکڑا بیان کیا اور ان راویوں کی بیان کردہ حدیث کا ایک ٹکڑا دوسرے کی تصدیق کرتا ہے، اگرچہ ان راویوں میں بعض ایسے ہیں جو اس حدیث کو دوسرے بعض سے زیادہ یاد رکھنے والے ہیں۔ عروہ نے یہ حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مجھے جس طرح بیان کی ہے وہ یہ ہے کہ: نبی ﷺ کی زوجہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ جب (سفر کے لیے) تشریف لے جانے کا ارادہ فرماتے تو اپنی ازواج کے درمیان قرعہ اندازی فرماتے، پس ان میں سے جس کا نام نکل آتا رسول اللہ ﷺ اسے اپنے ساتھ لے جاتے۔ حضرت عائشہ نے فرمایا: ایک غزوہ کے موقع پر آپ نے اسی طرح ہمارے درمیان قرعہ اندازی فرمائی تو میرا نام نکل آیا، پس میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ روانہ ہوئی، یہ واقعہ پردے کا حکم نازل ہونے کے بعد کا ہے، پس مجھے ہودج سمیت (اونٹ پر) سوار کیا جاتا تھا اور اسی کے ساتھ مجھے (اونٹ سے) اتارا جاتا تھا، سو (اس طرح) ہم چلتے رہے، حتیٰ کہ جب رسول اللہ ﷺ اپنے اس غزوہ سے

Marfat.com

وَكَانَ النِّسَاءُ إِذْ ذَاكَ خِفَافًا لَمْ يُثْقِلْهُنَّ اللَّحْمُ إِنَّمَا تَأْكُلُ الْعُلْقَةَ مِنَ الطَّعَامِ فَلَمْ يَسْتَنْكِرِ الْقَوْمُ خِفَّةَ الْهَوْدَجِ حِينَ رَفَعُوهُ وَكُنْتُ جَارِيَةً حَدِيثَةَ السِّنِّ فَبَعَثُوا الْجَمَلَ وَسَارُوا فَوَجَدْتُ عِقْدِي بَعْدَمَا اسْتَمَرَّ الْجَيْشُ فَجِئْتُ مَنَازِلَهُمْ وَلَيْسَ بِهَا دَاعٍ وَلَا مُجِيبٌ فَأَمَمْتُ مَنْزِلِي الَّذِي كُنْتُ بِهِ وَظَنَنْتُ أَنَّهُمْ سَيَفْقِدُونِي فَيَرْجِعُونَ إِلَيَّ فَبَيْنَا أَنَا جَالِسَةٌ فِي مَنْزِلِي غَلَبَتْنِي عَيْنِي فَنِمْتُ وَكَانَ صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِيُّ ثُمَّ الذَّكْوَانِيُّ مِنْ وَرَاءِ الْجَيْشِ فَأَدْلَجَ فَأَصْبَحَ عِنْدَ مَنْزِلِي فَرَأَى سَوَادَ إِنْسَانٍ نَائِمٍ فَأَتَانِي فَعَرَفَنِي حِينَ رَآنِي وَكَانَ رَآنِي قَبْلَ الْحِجَابِ فَاسْتَيْقَظْتُ بِاسْتِرْجَاعِهِ حِينَ عَرَفَنِي فَخَمَّرْتُ وَجْهِي بِجِلْبَابِي وَ وَاللهِ مَا كَلَّمَنِي كَلِمَةً وَلَا سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً غَيْرَ اسْتِرْجَاعِهِ حَتَّى أَنَاخَ رَاحِلَتَهُ فَوَطِئَ عَلَى يَدَيْهَا فَرَكِبْتُهَا فَانْطَلَقَ يَقُودُ بِي الرَّاحِلَةَ حَتَّى أَتَيْنَا الْجَيْشَ بَعْدَمَا نَزَلُوا مُوغِرِينَ فِي نَحْرِ الظَّهِيرَةِ فَهَلَكَ مَنْ هَلَكَ وَكَانَ الَّذِي تَوَلَّى الْإِفْكَ عَبْدَ اللهِ بْنَ أُبَيِّ ابْنَ سَلُولَ فَقَدِمْنَا الْمَدِينَةَ فَاشْتَكَيْتُ حِينَ قَدِمْتُ شَهْرًا وَالنَّاسُ يُفِيضُونَ فِي قَوْلِ أَصْحَابِ الْإِفْكِ لَا أَشْعُرُ بِشَيْءٍ مِنْ ذَلِكَ وَهُوَ يَرِيبُنِي فِي وَجَعِي أَنِّي لَا أَعْرِفُ مِنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ اللُّطْفَ الَّذِي كُنْتُ أَرَى مِنْهُ حِينَ أَشْتَكِي إِنَّمَا يَدْخُلُ عَلَيَّ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَيُسَلِّمُ ثُمَّ يَقُولُ كَيْفَ تِيكُمْ ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَذَاكَ الَّذِي يَرِيبُنِي وَلَا أَشْعُرُ بِالشَّرِّ حَتَّى خَرَجْتُ بَعْدَمَا نَقَهْتُ فَخَرَجَتْ مَعِي أُمُّ مِسْطَحٍ قِبَلَ الْمَنَاصِعِ وَهُوَ مُتَبَرَّزُنَا وَكُنَّا لَا نَخْرُجُ إِلَّا لَيْلًا إِلَى لَيْلٍ وَذَلِكَ قَبْلَ أَنْ نَتَّخِذَ الْكُنُفَ قَرِيبًا مِنْ بُيُوتِنَا وَأَمْرُنَا أَمْرُ الْعَرَبِ الْأُوَلِ فِي التَّبَرُّزِ قِبَلَ الْغَائِطِ فَكُنَّا نَتَأَذَّى بِالْكُنُفِ أَنْ نَتَّخِذَهَا عِنْدَ بُيُوتِنَا فَانْطَلَقْتُ

فارغ ہو کر واپس لوٹے اور لوٹتے ہوئے ہم مدینہ کے قریب ہو گئے تو ایک رات جب قافلہ کے چلنے کا حکم ہوا تو میں چلنے کا حکم ہوتے ہی کھڑی ہوئی اور (قضائے حاجت کے لیے ایک طرف) چلی، حتیٰ کہ لشکر سے دور نکل گئی، پھر جب اپنی حاجت پوری کر کے میں اپنی منزل کی طرف آنے لگی تو اچانک میری توجہ ہوئی کہ ظفار (یمن کی ایک بستی) کے نگینوں کا بنا ہوا میرا ہار ٹوٹ کر کہیں گر گیا ہے، پس میں اپنا ہار تلاش کرنے لگی اور اس کی تلاش نے مجھے (وہاں) روک دیا، (دوسری طرف) وہ لوگ جو میرے لیے کجاوہ اونٹ پر باندھتے تھے وہ آئے اور میرا کجاوہ اٹھا کر اس اونٹ پر رکھ دیا جس پر میں سوار ہوتی تھی، وہ لوگ اس گمان میں تھے کہ میں کجاوے میں موجود ہوں۔ ان دنوں عورتوں ہلکی پھلکی ہوتی تھیں اور گوشت سے ان کے بدن بھاری نہیں ہوتے تھے، کیونکہ وہ تھوڑا سا کھانا کھاتی تھیں، سو اس لیے کجاوے کو اٹھاتے وقت لوگوں کو اس کا ہلکا ہونا محسوس نہیں ہوا اور (مزید یہ کہ اس وقت) میں ایک کم عمر لڑکی تھی، پس ان لوگوں نے اونٹ کو اٹھایا اور چل دیئے اور جب لشکر گزر گیا تو مجھے میرا ہار مل گیا، لہٰذا میں لوگوں کے پڑاؤ کی جگہوں پر پہنچی تو وہاں (یہ حال تھا کہ) نہ کوئی آواز دینے والا تھا نہ کوئی جواب دینے والا، پس میں اس جگہ پر چلی آئی جہاں میں تھی، اور میرا گمان یہ تھا کہ جب لوگ (کجاوے میں) مجھے نہیں پائیں گے تو میری طرف لوٹ آئیں گے، میں ابھی اپنے پڑاؤ کی جگہ میں بیٹھی ہوئی تھی کہ اس دوران مجھے اونگھ آنے لگی اور میں سو گئی، حضرت صفوان بن معطل السلمی ثم الذکوانی (رضی اللہ عنہ) لشکر کے پیچھے پیچھے تھے، وہ رات کے آخری حصہ سے چلتے ہوئے آ رہے تھے، پس میرے پڑاؤ کی جگہ پر وہ صبح کے وقت پہنچے، انہوں نے (دور سے) ایک سوئے انسان کا سراپا دیکھا تو وہ میرے پاس آئے اور مجھے دیکھتے ہی پہچان گئے (کیونکہ) پردے کا حکم آنے سے پہلے انہوں نے مجھے دیکھا ہوا تھا، سو انہوں نے مجھے پہچانتے ہی اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ پڑھا جس سے میں جاگ گئی اور میں نے فوراً اپنی چادر سے اپنا چہرہ چھپا لیا، اللہ کی قسم! انہوں نے

Marfat.com

أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ وَهِيَ ابْنَةُ أَبِي رُهْمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ وَأُمُّهَا بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ خَالَةُ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ وَابْنُهَا مِسْطَحُ بْنُ أُثَاثَةَ فَأَقْبَلْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ قِبَلَ بَيْتِي وَقَدْ فَرَغْنَا مِنْ شَأْنِنَا فَعَثَرَتْ أُمُّ مِسْطَحٍ فِي مِرْطِهَا فَقَالَتْ تَعِسَ مِسْطَحٌ فَقُلْتُ لَهَا بِئْسَ مَا قُلْتِ أَتَسُبِّينَ رَجُلًا شَهِدَ بَدْرًا قَالَتْ أَيْ هَنْتَاهْ أَوَلَمْ تَسْمَعِي مَا قَالَ قَالَتْ قُلْتُ وَمَا قَالَ فَأَخْبَرَتْنِي بِقَوْلِ أَهْلِ الْإِفْكِ فَازْدَدْتُ مَرَضًا عَلَى مَرَضِي فَلَمَّا رَجَعْتُ إِلَى بَيْتِي وَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللهِ ﷺ تَعْنِي سَلَّمَ ثُمَّ قَالَ كَيْفَ تِيكُمْ فَقُلْتُ أَتَأْذَنُ لِي أَنْ آتِيَ أَبَوَيَّ قَالَتْ وَأَنَا حِينَئِذٍ أُرِيدُ أَنْ أَسْتَيْقِنَ الْخَبَرَ مِنْ قِبَلِهِمَا قَالَتْ فَأَذِنَ لِي رَسُولُ اللهِ ﷺ فَجِئْتُ أَبَوَيَّ فَقُلْتُ لِأُمِّي يَا أُمَّتَاهْ مَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ قَالَتْ يَا بُنَيَّةُ هَوِّنِي عَلَيْكِ فَوَاللهِ لَقَلَّمَا كَانَتْ امْرَأَةٌ قَطُّ وَضِيئَةٌ عِنْدَ رَجُلٍ يُحِبُّهَا وَلَهَا ضَرَائِرُ إِلَّا كَثَّرْنَ عَلَيْهَا قَالَتْ فَقُلْتُ سُبْحَانَ اللهِ أَوَلَقَدْ تَحَدَّثَ النَّاسُ بِهَذَا قَالَتْ فَبَكَيْتُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ حَتَّى أَصْبَحْتُ لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ حَتَّى أَصْبَحْتُ أَبْكِي فَدَعَا رَسُولُ اللهِ ﷺ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ وَأُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ رضی الله عنه حِينَ اسْتَلْبَثَ الْوَحْيُ يَسْتَأْمِرُهُمَا فِي فِرَاقِ أَهْلِهِ قَالَتْ فَأَمَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَأَشَارَ عَلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ بِالَّذِي يَعْلَمُ مِنْ بَرَائَةِ أَهْلِهِ وَبِالَّذِي يَعْلَمُ لَهُمْ فِي نَفْسِهِ مِنَ الْوُدِّ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ أَهْلَكَ وَلَا نَعْلَمُ إِلَّا خَيْرًا وَأَمَّا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ لَمْ يُضَيِّقِ اللهُ عَلَيْكَ وَالنِّسَاءُ سِوَاهَا كَثِيرٌ وَإِنْ تَسْأَلِ الْجَارِيَةَ تَصْدُقْكَ قَالَتْ فَدَعَا رَسُولُ اللهِ ﷺ بَرِيرَةَ فَقَالَ أَيْ بَرِيرَةُ هَلْ رَأَيْتِ مِنْ شَيْءٍ يَرِيبُكِ قَالَتْ بَرِيرَةُ لَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ إِنْ رَأَيْتُ عَلَيْهَا أَمْرًا أَغْمِصُهُ عَلَيْهَا أَكْثَرَ مِنْ

مجھ سے کسی قسم کی کوئی بات نہیں کی اور نہ میں نے ان سے کی اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ کے سوا ان سے کوئی بات نہیں سنی، حتیٰ کہ انہوں نے اپنا اونٹ بٹھا دیا اور اونٹ کے پاؤں اپنے ہاتھوں سے دبا کر رکھے، پس میں اس اونٹ پر سوار ہوگئی اور وہ اونٹ کو آگے سے کھینچتے ہوئے مجھے لے چلے، حتیٰ کہ ہم اس وقت لشکر کے پاس پہنچے جب وہ عین دوپہر کی شدید گرمی میں (دھوپ سے بچنے کے لیے) پڑاؤ ڈالے ہوئے تھے، سو (اس کے بعد تہمت کا ایک طوفان کھڑا ہوا اور اس میں) جسے ہلاک ہونا تھا وہ ہلاک ہوا اور اس تہمت میں جس نے قائدانہ کردار ادا کیا وہ (رئیس المنافقین) عبداللہ بن ابی ابن سلول ہے، پس ہم مدینہ پہنچے اور میں پہنچتے ہی ایک ماہ کے لیے بیمار ہوگئی، (اس دوران) لوگ تہمت لگانے والوں کی باتوں میں بہت مشغول رہے اور مجھے اس میں سے کسی بات کا علم نہیں تھا، البتہ اس بیماری کے دوران مجھے اس بات سے کچھ شبہ ہوتا تھا کہ میں رسول اللہ ﷺ سے وہ لطف و کرم نہیں پاتی تھی جو اس سے پہلے بیماری کے دنوں میں آپ سے میں پاتی تھی، اب صرف اتنا ہوتا تھا کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لاتے اور سلام کر کے فرماتے کہ تم کیسی ہو؟ پھر واپس تشریف لے جاتے، پس یہ وہ بات تھی جس سے مجھے شبہ ہوتا تھا (کہ کوئی بات ضرور ہے) تاہم مجھے (باہر ہونے والی) شرارت کا کچھ علم نہیں تھا، حتیٰ کہ ایک دن جب کمزوری کے باوجود طبیعت میں کچھ افاقہ تھا تو میں باہر نکلی، حضرت ام مسطح (رضی اللہ عنہا) بھی میرے ساتھ نکلیں، ہم ''مناصع'' (مدینہ کے بیرونی جگہ ایک جگہ) کی طرف گئے، ہمارے قضائے حاجت کے لیے یہی جگہ تھی اور (قضائے حاجت کے لیے) ہم صرف رات میں نکلتے تھے اور پھر اس سے اگلی رات کو نکلتے تھے اور یہ اس وقت کی بات ہے جب اپنے گھروں کے قریب بیت الخلاء بنانے سے ہمیں تکلیف ہوتی تھی، پس میں اور حضرت ام مسطح (مناصع کی طرف) روانہ ہوئیں، ام مسطح ابورہم بن عبد مناف کی بیٹی ہیں اور ان کی والدہ صخر بن عامر کی بیٹی ہیں۔ یوں ام مسطح، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خالہ

Marfat.com

أَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيثَةُ السِّنِّ تَنَامُ عَنْ عَجِينِ أَهْلِهَا فَتَأْتِي الدَّاجِنُ فَتَأْكُلُهُ فَقَامَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَاسْتَعْذَرَ يَوْمَئِذٍ مِنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أُبَيٍّ ابْنِ سَلُولَ قَالَتْ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ مَنْ يَعْذِرُنِي مِنْ رَجُلٍ قَدْ بَلَغَنِي أَذَاهُ فِي أَهْلِ بَيْتِي فَوَاللهِ مَا عَلِمْتُ عَلَى أَهْلِي إِلَّا خَيْرًا وَلَقَدْ ذَكَرُوا رَجُلًا مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ إِلَّا خَيْرًا وَمَا كَانَ يَدْخُلُ عَلَى أَهْلِي إِلَّا مَعِي فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ الْأَنْصَارِيُّ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ أَنَا أَعْذِرُكَ مِنْهُ إِنْ كَانَ مِنَ الْأَوْسِ ضَرَبْتُ عُنُقَهُ وَإِنْ كَانَ مِنْ إِخْوَانِنَا مِنَ الْخَزْرَجِ أَمَرْتَنَا فَفَعَلْنَا أَمْرَكَ قَالَتْ فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَهُوَ سَيِّدُ الْخَزْرَجِ وَكَانَ قَبْلَ ذَلِكَ رَجُلًا صَالِحًا وَلَكِنِ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ فَقَالَ لِسَعْدٍ كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللهِ لَا تَقْتُلُهُ وَلَا تَقْدِرُ عَلَى قَتْلِهِ فَقَامَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَهُوَ ابْنُ عَمِّ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فَقَالَ لِسَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللهِ لَنَقْتُلَنَّهُ فَإِنَّكَ مُنَافِقٌ تُجَادِلُ عَنِ الْمُنَافِقِينَ فَتَثَاوَرَ الْحَيَّانِ الْأَوْسُ وَالْخَزْرَجُ حَتَّى هَمُّوا أَنْ يَقْتَتِلُوا وَرَسُولُ اللهِ ﷺ قَائِمٌ عَلَى الْمِنْبَرِ فَلَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللهِ ﷺ يُخَفِّضُهُمْ حَتَّى سَكَتُوا وَسَكَتَ قَالَتْ فَبَكَيْتُ يَوْمِي ذَلِكَ لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ قَالَتْ فَأَصْبَحَ أَبَوَايَ عِنْدِي وَقَدْ بَكَيْتُ لَيْلَتَيْنِ وَيَوْمًا لَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ وَلَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ يَظُنَّانِ أَنَّ الْبُكَاءَ فَالِقٌ كَبِدِي قَالَتْ فَبَيْنَمَا هُمَا جَالِسَانِ عِنْدِي وَأَنَا أَبْكِي فَاسْتَأْذَنَتْ عَلَيَّ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَأَذِنْتُ لَهَا فَجَلَسَتْ تَبْكِي مَعِي قَالَتْ فَبَيْنَا نَحْنُ عَلَى ذَلِكَ دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ ﷺ فَسَلَّمَ ثُمَّ جَلَسَ قَالَتْ وَلَمْ يَجْلِسْ عِنْدِي مُنْذُ قِيلَ مَا قِيلَ قَبْلَهَا وَقَدْ لَبِثَ شَهْرًا لَا يُوحَى إِلَيْهِ فِي شَأْنِي قَالَتْ فَتَشَهَّدَ

ہیں اور ان کے بیٹے حضرت مسطح بن اثاثہ رضی اللہ عنہ ہیں، پس قضائے حاجت سے فارغ ہو کر جب میں اور ام مسطح گھر کی طرف آنے لگیں تو ام مسطح اپنی چادر میں الجھ کر پھسل گئیں، تو (بے اختیار) انہوں نے کہا: مسطح ہلاک ہو جائے! میں نے ان سے کہا: آپ نے بری بات کہی، آپ ایک ایسے شخص کو برا کہہ رہی ہیں جس نے غزوۂ بدر میں شرکت کی ہے۔ انہوں نے کہا: ہائے سیدھی سادی لڑکی تم نے وہ بات نہیں سنی جو مسطح نے کہی ہے؟ میں نے کہا: (بتاؤ) مسطح نے کیا کہا ہے؟ پھر انہوں نے مجھے تہمت والوں کی خبر سنائی، یوں میری بیماری اور بڑھ گئی، پس میں اپنے گھر لوٹی اور رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور (حسب معمول) سلام فرما کر پوچھا کہ تم کیسی ہو؟ تو میں نے کہا: کیا آپ مجھے میرے والدین کے پاس جانے کی اجازت دیتے ہیں؟ اور میں اس وقت یہ چاہتی تھی کہ ان دونوں سے اس خبر کی تحقیق کروں۔ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اجازت دے دی، پس میں اپنے ماں باپ کے پاس آئی اور میں نے اپنی والدہ سے کہا: امی جان! لوگ کس قسم کی باتیں کر رہے ہیں؟ انہوں نے کہا: پیاری بیٹی! اپنے آپ پر اطمینان رکھو، کیونکہ اللہ کی قسم! بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ کوئی خوب صورت عورت کسی ایسے شخص کے نکاح میں ہو جو اس سے محبت بھی رکھتا ہو اور اس کی سوکنیں بھی ہوں اور پھر عورتیں اس کے بارے میں باتیں نہ بنائیں۔ (حضرت عائشہ فرماتی ہیں:) میں نے کہا: اللہ بہت پاک ہے اور لوگ (بھی) اس بات کا چرچا کرنے میں لگے ہوئے ہیں؟ فرماتی ہیں: پھر میں وہ پوری رات روتی رہی حتیٰ کہ صبح ہو گئی، (لیکن) میرے آنسو نہیں رکے رہے تھے اور نہ ہی نیند کو میں نے اپنی آنکھوں کا سرمہ بنایا، حتیٰ کہ مجھے روتے روتے صبح ہو گئی، پھر رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی بن ابی طالب اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہم کو بلایا اس وقت کہ جب آپ پر وحی نازل ہونے میں دیر ہو گئی، آپ ان دونوں سے اپنی زوجہ کو چھوڑ دینے کے معاملہ میں مشورہ لینا چاہتے تھے۔ فرماتی ہیں: جہاں تک حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کا معاملہ ہے

Marfat.com

رَسُولُ اللهِ ﷺ حِينَ جَلَسَ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ يَا عَائِشَةُ فَإِنَّهُ قَدْ بَلَغَنِي عَنْكِ كَذَا وَكَذَا فَإِنْ كُنْتِ بَرِيئَةً فَسَيُبَرِّئُكِ اللهُ وَإِنْ كُنْتِ أَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرِي اللهَ وَتُوبِي إِلَيْهِ فَإِنَّ الْعَبْدَ إِذَا اعْتَرَفَ بِذَنْبِهِ ثُمَّ تَابَ إِلَى اللهِ تَابَ اللهُ عَلَيْهِ قَالَتْ فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللهِ ﷺ مَقَالَتَهُ قَلَصَ دَمْعِي حَتَّى مَا أُحِسُّ مِنْهُ قَطْرَةً فَقُلْتُ لِأَبِي أَجِبْ رَسُولَ اللهِ ﷺ فِيمَا قَالَ قَالَ وَاللهِ مَا أَدْرِي مَا أَقُولُ لِرَسُولِ اللهِ ﷺ فَقُلْتُ لِأُمِّي أَجِيبِي رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَتْ مَا أَدْرِي مَا أَقُولُ لِرَسُولِ اللهِ ﷺ قَالَتْ فَقُلْتُ وَأَنَا جَارِيَةٌ حَدِيثَةُ السِّنِّ لَا أَقْرَأُ كَثِيرًا مِنَ الْقُرْآنِ إِنِّي وَاللهِ لَقَدْ عَلِمْتُ لَقَدْ سَمِعْتُمْ هَذَا الْحَدِيثَ حَتَّى اسْتَقَرَّ فِي أَنْفُسِكُمْ وَصَدَّقْتُمْ بِهِ فَلَئِنْ قُلْتُ لَكُمْ إِنِّي بَرِيئَةٌ وَاللهُ يَعْلَمُ أَنِّي بَرِيئَةٌ لَا تُصَدِّقُونِي بِذَلِكَ وَلَئِنِ اعْتَرَفْتُ لَكُمْ بِأَمْرٍ وَاللهُ يَعْلَمُ أَنِّي مِنْهُ بَرِيئَةٌ لَتُصَدِّقُنِّي وَاللهِ مَا أَجِدُ لَكُمْ مَثَلًا إِلَّا قَوْلَ أَبِي يُوسُفَ قَالَ ﴿فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ وَاللهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ ۝﴾ (یوسف:۱۸) قَالَتْ ثُمَّ تَحَوَّلْتُ فَاضْطَجَعْتُ عَلَى فِرَاشِي قَالَتْ وَأَنَا حِينَئِذٍ أَعْلَمُ أَنِّي بَرِيئَةٌ وَأَنَّ اللهَ مُبَرِّئِي بِبَرَائَتِي وَلَكِنْ وَاللهِ مَا كُنْتُ أَظُنُّ أَنَّ اللهَ مُنْزِلٌ فِي شَأْنِي وَحْيًا يُتْلَى وَلَشَأْنِي فِي نَفْسِي كَانَ أَحْقَرَ مِنْ أَنْ يَتَكَلَّمَ اللهُ فِيَّ بِأَمْرٍ يُتْلَى وَلَكِنْ كُنْتُ أَرْجُو أَنْ يَرَى رَسُولُ اللهِ ﷺ فِي النَّوْمِ رُؤْيَا يُبَرِّئُنِي اللهُ بِهَا قَالَتْ فَوَاللهِ مَا رَامَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَلَا خَرَجَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ حَتَّى أُنْزِلَ عَلَيْهِ فَأَخَذَهُ مَا كَانَ يَأْخُذُهُ مِنَ الْبُرَحَاءِ حَتَّى إِنَّهُ لَيَتَحَدَّرُ مِنْهُ مِثْلُ الْجُمَانِ مِنَ الْعَرَقِ وَهُوَ فِي يَوْمٍ شَاتٍ مِنْ ثِقَلِ الْقَوْلِ الَّذِي يُنْزَلُ عَلَيْهِ قَالَتْ فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ سُرِّيَ عَنْهُ وَهُوَ

انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو وہی مشورہ دیا جس کا ان کو علم تھا اور وہ یہ کہ آپ کی اہلیہ پاک ہیں اور انہیں رسول اللہ ﷺ کے دل میں اپنے گھر والوں سے جس محبت کا علم تھا اس کے مطابق انہوں نے مشورہ دیا اور عرض کیا: یا رسول اللہ! (یہ) آپ کی اہلیہ ہیں اور ہمیں (ان کے بارے میں) خیر کے سوا کسی بات کا علم نہیں ہے، اور جہاں تک حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا معاملہ ہے تو انہوں نے کہا: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ پر تنگی نہیں رکھی، ان کے سوا عورتیں اور بھی بہت ہیں اور اگر آپ (ان کی) باندی سے پوچھ لیں تو وہ آپ کو سچ سچ بتائے گی۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں: پس رسول اللہ ﷺ نے حضرت بریرہ کو بلایا اور فرمایا: بریرہ! کیا تم نے کوئی ایسی چیز دیکھی ہے جس سے تمہیں شک ہوتا ہو؟ حضرت بریرہ نے کہا: نہیں! جس ذات نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے اس کی قسم! میں نے ان میں کوئی ایسی بات نہیں دیکھی جس کی وجہ سے میں ان کی ذات پر عیب لگا سکوں، البتہ زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ آپ ایک کم عمر لڑکی ہیں اور اپنے گھر میں آٹا گوندھتے ہوئے سو جاتی ہیں تو کوئی جانور آ کر اس آٹے کو کھا جاتا ہے، پس رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے اور اس دن آپ نے عبداللہ بن ابی ابن سلول کے معاملہ میں (اپنے لیے) حمایت طلب کی۔ فرماتی ہیں: پس رسول اللہ ﷺ نے منبر پر (کھڑے ہو کر) فرمایا: اے گروہ مسلمین! ایک ایسا شخص جس کی میرے گھر والوں کے متعلق شر انگیزی (کی خبر) مجھے پہنچی ہے اس کے مقابلہ پر کون میری حمایت کرے گا؟ پس اللہ کی قسم! مجھے اپنے گھر والی کے متعلق خیر کے سوا کسی چیز کا علم نہیں ہے اور لوگ جس مرد کا ذکر کر رہے ہیں ان کے بارے میں (بھی) مجھے خیر کے سوا کسی چیز کا علم نہیں ہے اور وہ (شخص) ہمیشہ میرے گھر میں میرے ساتھ آیا ہے، پس حضرت سعد بن معاذ الانصاری رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں اس (تہمت کا آغاز کرنے والے) کے مقابلہ میں آپ کی حمایت کرتا ہوں، اگر وہ شخص اوس سے ہوا تو میں اس کی گردن اڑا دوں گا اور

Marfat.com

يَضْحَكُ فَكَانَتْ أَوَّلُ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا يَا عَائِشَةُ أَمَّا اللهُ عَزَّ وَجَلَّ فَقَدْ بَرَّأَكِ فَقَالَتْ أُمِّي قُومِي إِلَيْهِ قَالَتْ فَقُلْتُ لَا وَاللهِ لَا أَقُومُ إِلَيْهِ وَلَا أَحْمَدُ إِلَّا اللهَ عَزَّ وَجَلَّ فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ إِنَّ الَّذِينَ جَاءُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِنْكُمْ لَا تَحْسَبُوهُ الْعَشْرَ الْآيَاتِ كُلَّهَا فَلَمَّا أَنْزَلَ اللهُ هَذَا فِي بَرَائَتِي قَالَ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رضی الله عنه وَكَانَ يُنْفِقُ عَلَى مِسْطَحِ بْنِ أُثَاثَةَ لِقَرَابَتِهِ مِنْهُ وَفَقْرِهِ وَاللهِ لَا أُنْفِقُ عَلَى مِسْطَحٍ شَيْئًا أَبَدًا بَعْدَ الَّذِي قَالَ لِعَائِشَةَ مَا قَالَ فَأَنْزَلَ اللهُ ﴿وَلَا يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَى وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ فِي سَبِيلِ اللهِ ۖ وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا ۗ أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللهُ لَكُمْ ۗ وَاللهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٢٢﴾﴾ (النور: ٢٢) قَالَ أَبُو بَكْرٍ بَلَى وَاللهِ إِنِّي أُحِبُّ أَنْ يَغْفِرَ اللهُ لِي فَرَجَعَ إِلَى مِسْطَحٍ النَّفَقَةَ الَّتِي كَانَ يُنْفِقُ عَلَيْهِ وَقَالَ وَاللهِ لَا أَنْزِعُهَا مِنْهُ أَبَدًا قَالَتْ عَائِشَةُ وَكَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَسْأَلُ زَيْنَبَ ابْنَةَ جَحْشٍ عَنْ أَمْرِي فَقَالَ يَا زَيْنَبُ مَاذَا عَلِمْتِ أَوْ رَأَيْتِ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ أَحْمِي سَمْعِي وَبَصَرِي مَا عَلِمْتُ إِلَّا خَيْرًا قَالَتْ وَهِيَ الَّتِي كَانَتْ تُسَامِينِي مِنْ أَزْوَاجِ رَسُولِ اللهِ ﷺ فَعَصَمَهَا اللهُ بِالْوَرَعِ وَطَفِقَتْ أُخْتُهَا حَمْنَةُ تُحَارِبُ لَهَا فَهَلَكَتْ فِيمَنْ هَلَكَ مِنْ أَصْحَابِ الْإِفْكِ۔

اگر وہ ہمارے خزرجی بھائیوں میں سے ہوا تو آپ ہمیں جو حکم دیں گے ہم اس پر عمل کریں گے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: پھر حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ جو کہ خزرج کے سردار ہیں وہ کھڑے ہوئے، پہلے وہ اچھے آدمی تھے، مگر (آج اپنی قوم کی) غیرت ان پر غالب آ گئی، انہوں نے کھڑے ہو کر حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ سے کہا: اللہ کی بقا کی قسم! تم نے غلط بیانی کی ہے، تم اس شخص کو قتل نہیں کرو گے اور نہ ہی اسے قتل کرنے کی تم میں طاقت ہے، پس حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے جو کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے چچا زاد بھائی تھے، انہوں نے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے کہا: تم نے غلط بیانی کی ہے، اللہ کی بقا کی قسم! ہم ضرور اس شخص کو قتل کریں گے، کیا تم (بھی) منافق ہو گئے ہو جو منافقوں کی حمایت میں جھگڑ رہے ہو؟ پس (اس طرح) اوس اور خزرج دونوں قبیلے (جوش میں) اٹھ کھڑے ہوئے، حتیٰ کہ انہوں نے باہم لڑائی کا ارادہ کر لیا اور (دوسری طرف) رسول اللہ ﷺ منبر پر کھڑے ہوئے تھے، آپ (اپنے منبر سے) مسلسل انہیں ٹھنڈا کرتے رہے، حتیٰ کہ لوگ خاموش ہو گئے اور آپ ﷺ بھی خاموش ہو گئے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: پس میرا یہ پورا دن اس طرح گزرا کہ میرے آنسو نہیں تھم رہے تھے اور نہ (اس دوران) میں نے نیند کو اپنی آنکھوں کا سرمہ بنایا۔ فرماتی ہیں: پس (اگلے روز) صبح کو بھی میرے والدین میرے پاس موجود تھے اور مجھے روتے روتے دو راتیں اور ایک دن گزر چکا تھا، جس میں میں نے نہ تو نیند کو اپنی آنکھوں کا سرمہ بنایا تھا اور نہ میرے آنسو رکے تھے، (اس حالت کو دیکھ کر میرے والدین) یہ گمان کر رہے تھے کہ اتنا رونے سے میرا کلیجہ پھٹ جائے گا، پس وہ دونوں میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور میں رو رہی تھی کہ اس اثناء میں انصار کی ایک عورت نے میرے پاس آنے کی اجازت مانگی، میں نے اسے اجازت دی تو وہ بیٹھ گئی اور (خود بھی) میرے ساتھ رونے لگی۔ ابھی ہم اسی طرح بیٹھے ہوئے تھے کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے، پس آپ نے سلام کیا اور پھر

Marfat.com

بیٹھ گئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب سے تہمت کا سلسلہ شروع ہوا تھا اس وقت سے لے کر آج سے پہلے تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس نہیں بیٹھے، ایک مہینے تک آپ نے میرے معاملہ میں انتظار کیا (لیکن) آپ پر وحی نازل نہیں ہوئی۔ فرماتی ہیں: پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیٹھے بیٹھے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کی، پھر فرمایا: حمد وثناء کے بعد اے عائشہ! بے شک مجھے تمہارے بارے میں اس اس طرح کی خبر پہنچی ہے، پس اگر تم پاک ہو تو عنقریب اللہ عزوجل تمہاری پاکیزگی بیان فرمادے گا اور اگر تم سے کسی لغزش کا ارتکاب ہو گیا ہے تو اللہ عزوجل سے تم بخشش طلب کرو اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرو، کیونکہ بندہ جب اپنی لغزش کا اعتراف کر کے اللہ عزوجل کی طرف رجوع کر لیتا ہے تو اللہ عزوجل اس کی توبہ قبول فرماتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: پس جیسے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی بات مکمل فرمائی میرے آنسو ایک دم اس طرح خشک ہو گئے کہ میں اس کا ایک قطرہ بھی اب محسوس نہیں کر رہی تھی، پس میں نے اپنے والد (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) سے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کچھ فرمایا ہے آپ (میری طرف سے) اس کا جواب دیں۔ انہوں نے فرمایا: اللہ کی قسم! مجھے نہیں سمجھ آ رہا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا عرض کروں؟ پس میں نے اپنی والدہ سے کہا: آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جواب دیں۔ انہوں نے (بھی یہی) کہا کہ: مجھے نہیں سمجھ آ رہا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا عرض کروں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: پس میں نے (خود ہی) عرض کیا اور اس وقت میں ایک کم سن لڑکی تھی اور میں نے قرآن مجید بہت زیادہ نہیں پڑھا تھا، (میں نے عرض کیا کہ:) اللہ کی قسم! بلاشبہ یہ بات مجھے معلوم ہے کہ آپ لوگوں نے (میرے متعلق) یہ بات اس قدر سنی ہے کہ یہ آپ لوگوں کے دلوں میں بیٹھ گئی ہے اور آپ لوگوں نے اس کی تصدیق بھی کی ہے، پس اگر میں آپ لوگوں سے یہ کہوں کہ میں (اس تہمت سے) پاک ہوں اور اللہ جانتا ہے کہ میں پاک ہوں، تو آپ لوگ ضرور میری تصدیق نہیں کریں گے اور اگر میں (اس)

Marfat.com

تہمت کا اعتراف کرلوں حالانکہ اللہ جانتا ہے کہ میں پاک ہوں، تو آپ لوگ ضرور میری تصدیق کریں گے۔ اللہ کی قسم! آپ لوگوں کے لیے میں کوئی مثال نہیں پاتی سوائے حضرت یوسف علیہ السلام کے والد (حضرت یعقوب علیہ السلام) کے اس جملہ کے، انہوں نے فرمایا تھا: پس صبر کرنا ہی بہتر ہے اور جو کچھ تم لوگ بیان کر رہے ہو اس پر اللہ ہی سے مدد کی درخواست ہے O (یوسف ۱۸) فرماتی ہیں: پھر میں دوسری جانب منہ کر کے اپنے بستر پر لیٹ گئی اور اس وقت میں بہت مطمئن تھی کہ میں پاک ہوں اور مجھے یقین تھا کہ اللہ عزوجل میری براءت (پاکیزگی) ضرور بیان فرمائے گا، لیکن اللہ کی قسم! مجھے یہ گمان نہیں تھا کہ اللہ عزوجل میرے معاملہ میں ایسی وحی نازل فرمائے گا جس کی (ہمیشہ) تلاوت کی جائے گی، اور میرے خیال میں میرا معاملہ اس سے کہیں کم تر تھا کہ اللہ تعالیٰ میرے متعلق ایسی بات فرمائے گا جو (ہمیشہ) تلاوت کی جائے گی، البتہ مجھے یہ امید تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نیند میں کوئی ایسا خواب (ضرور) دیکھیں گے کہ جس سے اللہ تعالیٰ میری پاکیزگی ظاہر فرمائے گا، فرماتی ہیں: پس اللہ کی قسم! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (کہیں جانے کے لیے ابھی یہاں سے) اٹھے بھی نہیں تھے اور گھر والوں میں سے بھی کوئی باہر نہیں گیا تھا اور آپ پر وحی کا نزول شروع ہو گیا، پس آپ پر وہی شدت طاری ہو گئی جو (نزول وحی کے وقت) آپ پر طاری ہوتی تھی، حتیٰ کہ جو کلام آپ پر نازل ہو رہا تھا اس کی ثقالت کی وجہ سے موتیوں کی طرح آپ سے پسینے کے قطرے ٹپکنے لگے، حالانکہ یہ سردی کا دن تھا۔ فرماتی ہیں: پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جب یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ مسکرا رہے تھے، پس (نزول وحی کے بعد) سب سے پہلی جو بات آپ نے فرمائی وہ یہ تھی کہ: اے عائشہ! اللہ عزوجل نے تمہاری پاکیزگی بیان فرما دی ہے، پس میری والدہ نے کہا: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف کھڑی ہو جاؤ، پس میں نے عرض کیا: اللہ کی قسم! میں آپ کی طرف کھڑی نہیں ہوں گی اور میں (ابھی) صرف اللہ عزوجل کی تعریف کروں گی۔ اللہ عزوجل نے اِنَّ الَّذِیْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ

Marfat.com

عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ (سے وَ اَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ تک) دس آیتیں مکمل نازل فرمائیں۔ جب یہ آیتیں میری پاکیزگی کے بیان میں اللہ عزوجل نے نازل فرمادیں تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جو حضرت مسطح بن اثاثہ رضی اللہ عنہ پر ان سے قرابت داری اور ان کی غربت کی وجہ سے (اپنا مال) خرچ کیا کرتے تھے ان کے متعلق انہوں نے فرمادیا کہ: اللہ کی قسم! میں آئندہ مسطح پر کوئی چیز خرچ نہیں کروں گا بعد اس کے کہ انہوں نے (میری بیٹی) عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگائی ہے۔ (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے اس کہنے پر) پس اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: اور تم میں سے اصحاب فضل اور ارباب وسعت یہ قسم نہ کھائیں کہ وہ رشتہ داروں اور مسکینوں اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو نہیں دیں گے، ان کو چاہیے کہ وہ معاف کردیں اور درگزر کریں، کیا تم یہ نہیں چاہتے کہ اللہ تمہاری مغفرت فرمادے اور اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے ○ (النور: ۲۲) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے (یہ آیت سن کر) کہا: کیوں نہیں! اللہ کی قسم! میں یہی پسند کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل میری مغفرت فرمادے، پس آپ نے مسطح رضی اللہ عنہ کو پھر سے خرچہ دینا شروع کردیا جو پہلے آپ دیا کرتے تھے اور فرمایا: اللہ کی قسم! میں اس خرچہ کو ان سے کبھی نہیں روکوں گا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے (بھی) میرے معاملہ میں دریافت کیا تھا اور فرمایا تھا: اے زینب! تمہیں (اس بارے میں) کیا کچھ معلوم ہے اور تمہاری کیا رائے ہے؟ تو انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں اپنے کان اور اپنی آنکھ کی بہت حفاظت کرتی ہوں، (عائشہ رضی اللہ عنہا کے متعلق) مجھے خیر کے سوا کسی چیز کا علم نہیں ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج میں زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا وہ خاتون ہیں جو مجھ سے بلند رہنا چاہتی تھیں، پس اللہ عزوجل نے ان کی خدا خوفی کی وجہ سے ان کو (تہمت لگانے سے) محفوظ رکھا، (البتہ) ان کی بہن حضرت حمنہ بنت جحش رضی اللہ عنہا ان (کی بلندی) کے لیے لڑیں، پس وہ تہمت

Marfat.com

لگانے والوں میں شامل ہوکر ہلاک ہوگئی۔

حدیث افک کے مباحث پر سب سے زیادہ محدث اعظم علامہ غلام رسول سعیدی کا بحث اور تحقیق فرمانا

یہ حدیث اسی تفصیل کے ساتھ اس سے قبل دو مرتبہ گزر چکی ہے، ایک مرتبہ کتاب الشہادات میں رقم الحدیث ۲۶۶۱ کے تحت اور دوسری مرتبہ کتاب المغازی میں ۴۱۴۱ کے تحت، اور استاذ مکرم محدث اعظم علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ العالی دونوں مرتبہ اس کی بہت مفصل شرح کر چکے ہیں۔ البتہ پہلی حدیث (۲۶۶۱) کی شرح میں خود آپ کے بہ قول آپ نے علامہ بدرالدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ کی عمدۃ القاری کو پیش نظر رکھا ہے، جب کہ دوسری حدیث (۴۱۴۱) کی شرح میں آپ نے علامہ ابوحفص عمر بن علی المعروف بابن الملقن الشافعی المتوفی ۸۰۴ھ کی التوضیح سے استفادہ فرمایا ہے۔ قارئین کی دلچسپی کے لیے یہاں علامہ کی دونوں ابحاث کے عنوان ذکر کیے جارہے ہیں:

نعمۃ الباری، کتاب الشہادات میں حدیث افک: ۲۶۶۱ کی شرح کے عنوانات

(۱) حدیث مذکور کے رجال (۲) حدیث مذکور میں درج مشکل الفاظ کے معانی (۳) افک کا معنی، اہل افک کے اسماء اور حضرت صفوان بن المعطل رضی اللہ عنہ کا تذکرہ (۴) حضرت علی نے حضرت عائشہ کے علاوہ دیگر عورتوں کا جو مشورہ دیا تھا، اس کی توجیہ علامہ عینی کی طرف سے اور دیگر توجیہات مصنف کی طرف سے (۵) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی عالی ظرفی اور اخلاق کی بلندی (۶) حدیث افک سے مستنبط بائیس فقہی مسائل (۷) حدیث افک سے مستنبط مزید تیئیس فقہی مسائل (۸) حضرت عائشہ کی براءت میں ایک ماہ کی تاخیر میں مصنف کی بیان کردہ حکمتیں۔ (نعمۃ الباری ج ۵ ص ۴۸۶۔۴۷۸)

نعمۃ الباری، کتاب المغازی میں حدیث افک: ۴۱۴۱ کی شرح کے عنوانات

(۱) غزوۂ بنوالمصطلق کے وقوع کی تاریخ میں اختلاف اور اس میں مصنف کی تحقیق (۲) قرعہ اندازی کی تحقیق، قرعہ اندازی کا ثبوت اور قرعہ اندازی کا طریقہ (۳) سفر میں کسی بیوی کو ساتھ لے جانے کے لیے بیویوں کے درمیان قرعہ اندازی میں مذاہب اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر بیویوں میں عدل کرنے کا عدم وجوب (۴) حضرت صفوان بن المعطل رضی اللہ عنہ کا تذکرہ (۵) حضرت عائشہ پر تہمت لگانے والوں کی تعداد اور بعض مشکل الفاظ کے معانی (۶) حضرت سعد بن معاذ اور حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہما کے درمیان مباحثہ کی توجیہ (۷) اس حدیث میں حضرت سعد بن معاذ کے ذکر کو اکثر محدثین نے امام بخاری کا وہم کہا اور اس پر مصنف کی گرفت (۸) حضرت سعد بن معاذ اور حضرت سعد بن عبادہ کے باہمی کلام کی وضاحت (۹) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ کو اعتراف گناہ کی جو تلقین کی اس کے متعلق علامہ داؤدی کی تقریر، پھر مصنف کی تقریر (۱۰) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا عجز و انکسار (۱۱) حضرت عائشہ کے عتاب کی توجیہ علامہ ابن ملقن کی طرف سے، پھر مصنف کی طرف سے (۱۲) حدیث مذکور کے مختصر فوائد (۱۳) علامہ ابن الملقن کی نکتہ شناسی پر مصنف کا تعاقب اور تہمت لگانے والوں پر حد جاری کرنے کے ثبوت میں احادیث (۱۴) مقبولین کے درمیان حضرت عائشہ کی خصوصی فضیلت اور انفرادیت۔ (نعمۃ الباری ج ۷)

شرح صحیح مسلم میں حدیث افک کی شرح کے عنوانات

علاوہ ازیں یہ حدیث چونکہ صحیح مسلم، کتاب التوبہ (رقم: ۲۷۷۰) میں بھی موجود ہے اس لیے محدث اعظم علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ العالی نے شرح صحیح مسلم میں بھی اس پر بہت سیر حاصل بحث فرمائی ہے اور مختلف عنوانات قائم کر کے بہت دلائل کے ساتھ گفتگو

Marfat.com

کی ہے۔آپ کی اس شرح کے عنوانات حسب ذیل ہیں:

(۱) سفر میں بیوی کو ساتھ لے جانے کے لیے قرعہ اندازی میں مذاہب (۲) نزول وحی سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حضرت عائشہ کی براءت کے متعلق علم اور شبہات کے جوابات (۳) کسی نبی کی زوجہ نے کبھی بدکاری نہیں کی (۴) حضرت عائشہ کی براءت پر علماء اہل سنت کے دلائل (۵) حضرت عائشہ کی براءت پر علماء شیعہ کے دلائل (۶) حضرت عائشہ کی براءت کے متعلق نازل ہونے والی قرآن مجید کی آیات (۷) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے فضائل (۸) حدیث افک سے استنباط شدہ مسائل (۹) حضرت عائشہ کا یہ کہنا کہ ''میں حضور کے لیے قیام نہیں کروں گی، میں صرف اللہ کی حمد کروں گی''۔(شرح صحیح مسلم ج ۷ ص ۵۷۰۔۵۵۸)

تفسیر تبیان القرآن میں سورۃ النور کی آیات افک کے تحت حدیث افک کا تذکرہ اور اس کی شرح میں بعض معاصرین کے اعتراضات کے جوابات

بات یہیں پر مکمل نہیں ہوتی، بلکہ علامہ نے اپنی تفسیر تبیان القرآن میں بھی اس حدیث کو ذکر کیا ہے اور اس کے تحت ایک نئے عنوان کے طور پر بعض معاصرین کے حدیث افک پر آٹھ اعتراضات ذکر کر کے ان کے مدلل جوابات دیئے ہیں، اور چونکہ حدیث افک کا دارومدار حضرت ابن شہاب زہری پر ہے اس لیے علامہ نے ان کی ثقاہت اور روایت حدیث میں ان کے مقام ومرتبہ پر بہت دلائل کے ساتھ گفتگو کی ہے اور منکرین حدیث کی طرف سے ابن شہاب زہری کے خلاف جو ہرزہ سرائی کی جاتی ہے اس کا بھرپور جواب دیا ہے۔(تبیان القرآن ج ۸ ص ۱۰۲۔۹۷)

قارئین سے التماس ہے کہ وہ حدیث افک کا فقط ترجمہ پڑھنے پر اکتفاء نہ کریں، بلکہ اس کی شرح کے ان تمام عنوانات کا تفصیل سے مطالعہ کریں جو محدث اعظم علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ العالی کے حوالہ سے ہم نے اوپر ذکر کیے ہیں اور ان عنوانات کو یہاں ذکر کرنے کا مقصد بھی یہی ہے، نیز ان عنوانات کے تحت جب اصل ابحاث کا مطالعہ کیا جائے گا تو قارئین پر یہ بھی منکشف ہو جائے گا کہ حدیث افک کے مختلف مباحث اور اس پر وارد ہونے والے اعتراضات کے جوابات پر سب سے زیادہ تحقیق محدث اعظم علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ العالی نے فرمائی ہے۔اللہ تعالیٰ اس پر انہیں بہترین اجر عطا فرمائے اور صحت کے حوالہ سے اس وقت جس تکلیف اور پریشانی سے وہ گزر رہے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے اس دفاع کے صدقہ میں اس تکلیف اور بیماری سے نجات عطا فرمائے اور ان کا سایۂ رحمت ہم پر دراز فرمائے۔

حدیث افک پر شارح بخاری علامہ ابن ابی جمرہ کی شرح اور اس سے کچھ علمی نکات

علامہ عبداللہ بن ابی جمرہ اندلسی متوفی ۶۹۹ ھ بہت عظیم محدث اور صحیح بخاری کے بہت مایہ ناز مستند شارح ہیں۔نعمۃ الباری کی مختلف جلدوں میں استاذ مکرم نے آپ کی تحقیق کو اپنی شرح کی زینت بنایا ہے اور بعض مقامات پر دلائل کے ساتھ ان سے اختلاف بھی فرمایا ہے، تاہم مجموعی حیثیت سے ان کی شرح اور تحقیق بہت وقیع اور بہت مدلل ہوتی ہے۔حدیث افک کے مباحث پر بھی انہوں نے بہت مفصل اور جامع تحقیق فرمائی ہے اور ساتھ ہی اس حدیث پر وارد ہونے والے بعض دلچسپ سوالات بھی انہوں نے ذکر فرمائے ہیں اور پھر علمی اور تحقیقی انداز میں ان سوالات کے جوابات دیئے ہیں۔ذیل میں ہم ان کی اس شرح سے کچھ علمی نکات اور کچھ سوالات کے جوابات ذکر کر رہے ہیں، تاکہ حدیث افک کے بعض مباحث مزید واضح ہو جائیں:

Marfat.com

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا ہودج میں سوار ہونا اور اس کے ضمن میں مختلف شرعی مسائل

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: مجھے ہودج سمیت سوار کیا جاتا تھا اور اسی کے ساتھ اتارا جاتا تھا۔ اس سے چند امور معلوم ہوئے:

(۱) ایک یہ کہ جو چیز دنیا سے اور دنیا کی زیب و زینت سے تعلق رکھتی ہو اس سے اگر دین پر معاونت حاصل ہو رہی ہو تو وہ چیز دنیا نہیں رہتی، بلکہ آخرت سے ہو جاتی ہے۔ ''ہودج'' اہل عرب کے ہاں باہمی فخر کی چیز تھی، مگر جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں دینی مصلحت دیکھی تو پردے کی غرض سے اس کو استعمال کروایا۔

(۲) دوسرا یہ کہ جانور پر بھاری چیز لادنا جائز ہے، جب کہ جانور اس کی طاقت رکھتا ہو۔ ہودج بھی بھاری ہوتا ہے اور اس کو جانور پر لادا گیا، مگر چونکہ اس میں طاقت تھی اس لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع نہیں فرمایا۔

(۳) جو پردہ عورت کے بدن سے جدا ہو اس کو اجنبی آدمی چھو سکتا ہے، کیونکہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے خود فرمایا کہ کچھ آدمی مقرر تھے جو ان کا ہودج اٹھاتے بھی تھے اور اتارتے بھی تھے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا قضائے حاجت فرمانے کے بعد اپنے گلے کے ہار کی طرف متوجہ ہونا اور کچھ شرعی مسائل

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: پھر جب اپنی حاجت پوری کر کے میں اپنی منزل کی طرف آنے لگی تو اچانک میری توجہ ہوئی کہ ظفار (یمن کی بستی) کے نگینوں کا بنا ہوا ہار ٹوٹ کر کہیں گر گیا ہے۔ اس جملہ سے چند امور معلوم ہوئے:

(۱) ایک یہ کہ خبیث چیزوں کا نام اپنی زبان پر لانے سے (حتی الامکان) بچنا چاہیے، کیونکہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے قضائے حاجت کے لیے ''قضیت شانی'' فرمایا، جس کا معنی ہے: جب میں اپنے کام سے فارغ ہوئی۔

(۲) اپنا مال ڈھونڈنا چاہیے، کیونکہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنا ہار تلاش کیا۔

(۳) عورتوں کا اپنا زیور پہن کر سفر کرنا جائز ہے، لیکن اس میں یہ شرط ہے کہ اس زیور سے آواز پیدا نہ ہو، کیونکہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے گلے میں ہار پہنا تھا اور ہار سے آواز پیدا نہیں ہوتی، اور اگر ایسا زیور جس سے آواز پیدا ہوتی ہو تو اس کو (اجنبی مردوں کے لیے) پہننا جائز نہیں ہے، کیونکہ اس کی آواز فتنہ کا سبب بنے گی۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ ان کی بیماری کے دنوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طرز عمل اور کچھ شرعی مسائل

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: مجھے اس (تہمت) کا کچھ بھی علم نہیں تھا، البتہ اس بیماری کے دوران مجھے اس بات سے کچھ شبہ ہوتا تھا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وہ لطف و کرم نہیں پاتی تھی جو اس سے پہلے بیماری کے دنوں میں پاتی تھی۔ اب صرف اتنا ہوتا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لاتے اور سلام کر کے فرماتے کہ تم کیسی ہو؟ پھر واپس تشریف لے جاتے۔ اس سے چند امور معلوم ہوئے:

(۱) مریض کے ساتھ لطف اور محبت سے پیش آنا سنت ہے، کیونکہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں آپ کا وہ لطف و کرم نہیں پاتی تھی جو اس سے پہلے بیماری کے دنوں میں پاتی تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ (اصلاً) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیماروں پر بہت لطف فرمایا کرتے تھے۔

(۲) جس شخص کے بارے میں کوئی ایسی بات مشہور کر دی جائے جو اس کے حق میں قذف (یعنی بدکاری کی تہمت) قرار پائے تو اس سے کنارا کشی کرنی چاہیے، البتہ اس سے بالکل قطع تعلق کر لینا جائز نہیں ہے، جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ اپنی عادت اور معمول کو (کچھ دنوں کے لیے) تبدیل فرما دیا، لیکن اس کے باوجود آپ ان کے پاس تشریف لاتے، سلام کرتے اور

Marfat.com

مزاج پرسی فرماتے۔
(۳) گھر والوں میں جب کوئی بیمار ہوتو اس کا حال پوچھتے رہنا چاہیے، کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حال دریافت فرماتے تھے، اور اس میں حکمت یہ ہے کہ بعض اوقات مریض کی تکلیف بڑھ جاتی ہے، تو گھر کے سرپرست کو جب مریض کے حال کا صحیح علم ہوگا تو وہ اس کے علاج کی ذمہ داری پوری کر سکے گا۔
(۴) گھر والوں کو سلام کرنا چاہیے، کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اپنے گھر والوں کو سلام کرتے تھے، اور ایک روایت میں ہے کہ اس سے گھر میں برکت پیدا ہوتی ہے۔ (سنن ترمذی: ۲۶۹۸)
(۵) اس حدیث سے ''سدذریعہ'' کا اصول بھی مستفاد ہوتا ہے۔ (یعنی لوگوں کی زبان بند کرنا، انہیں بات بنانے کا موقع نہ دینا) کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے گھر والوں کی ہر بھلائی اور خوبی سے واقف تھے اور آپ کو معلوم تھا کہ یہ لوگ ایسے نہیں ہیں جیسی باتیں کی جارہی ہیں۔ اس کے باوجود آپ نے لطف وکرم میں کمی فرمادی اور کچھ لاتعلقی کا اظہار فرمایا، محض اس لیے تاکہ سدذریعہ ہو سکے، کیونکہ ''غیرت'' (اپنے محبوب کے متعلق کسی بھی قسم کی غلط بات یا اس کے ساتھ کسی غیر کی شرکت کو برداشت نہ کرنا) دین کا حصہ ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کا اظہار نہ فرماتے تو اس سے ترک غیرت لازم آتا۔ اس لیے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ طرز عمل اختیار فرمایا جس کا بیان ابھی گزرا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے معاملہ میں حضرت علی اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہم سے مشورہ فرمانا اور اس سے علامہ ابن ابی جمرہ کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عدم علم پر استدلال

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: جب آپ پر وحی نازل ہونے میں دیر ہوگئی تو آپ نے حضرت علی بن ابی طالب اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہم کو بلایا، آپ ان دونوں سے اپنی زوجہ کو چھوڑ دینے کے معاملہ میں مشورہ لینا چاہتے تھے۔
علامہ ابن ابی جمرہ فرماتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تہمت کے اس واقعہ میں حقیقت سے واقف نہ ہونا آپ کے معجزہ کی دلیل ہے اور اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ جو کچھ لاتے ہیں وہ رب عزوجل کی طرف سے لاتے ہیں، کیونکہ آپ نے قیامت تک ہونے والے واقعات کی خبریں دی ہیں، جب کہ تہمت کے بارے میں آپ کو (حقیقت کا) علم نہیں تھا، اسی لیے آپ نے مشاورت فرمائی اور آپ پر بشریت کے اوصاف ظاہر ہوئے۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ آپ ہر غیب کی خبر اللہ عزوجل کی طرف سے دیتے ہیں۔ اگر آپ کا خبر دینا کسی اور ذریعہ سے ہوتا جیسا کہ کفار سمجھتے ہیں تو آپ اس تہمت کے بارے میں بھی اسی ذریعہ سے جان لیتے۔

مصنف کی طرف سے علامہ ابن ابی جمرہ کے اس استدلال کا جواب

علامہ ابن ابی جمرہ کے اس استدلال پر حیرت ہے کہ جس چیز کا پہلے وہ اقرار اور اثبات کر چکے ہیں، اسی کا یہاں وہ رد کر رہے ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لطف وکرم میں کمی محسوس کرنے کی بات فرمائی تو علامہ ابن ابی جمرہ نے یہ توجیہ کی کہ یہ محض ''سدذریعہ'' کے لیے تھا، ورنہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے گھر والوں کی ہر بھلائی اور ہر خوبی کا علم تھا اور آپ کو معلوم تھا کہ یہ لوگ ایسے نہیں ہیں جیسی باتیں کی جارہی ہیں۔ یعنی علامہ ابن ابی جمرہ واضح طور پر تسلیم کر رہے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حقیقت حال سے باخبر تھے۔ اس کے بعد پھر اپنی ہی بات کے خلاف فرمارہے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو مشاورت فرمائی اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کو حقیقت کا علم نہیں تھا، اور پھر اس نفی کے ساتھ ساتھ یہاں یہ اعتراف بھی فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قیامت تک ہونے والے واقعات کی خبر دی، بلکہ صحیح احادیث کے مطابق صحابہ نے تو یہاں تک بیان کیا ہے کہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں وہ

Marfat.com

واقعات بھی بتائے جو ہو چکے اور وہ واقعات بھی بتائے جو آئندہ ہوں گے۔ (صحیح مسلم: ۲۸۹۲) اور ظاہر ہے کہ اس کے عموم میں واقعہ افک بھی داخل ہے۔

علامہ ازیں خود واقعہ افک کی حدیث میں یہ صراحت موجود ہے کہ (قرآنی آیات نازل ہونے سے پہلے ہی) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر کھڑے ہو کر صحابہ سے فرمایا:

فو الله ما علمت على اهلى الا خيرا و قد ذكروا رجلا ما علمت عليه الا خيرا۔

اللہ کی قسم! مجھے اپنی اہلیہ کے متعلق پاکیزگی کے سوا کسی چیز کا علم نہیں ہے اور لوگوں نے جس شخص کے ساتھ تہمت لگائی ہے مجھے اس کے متعلق بھی صرف پاکیزگی کا علم ہے۔

(صحیح بخاری: ۴۷۵۰، صحیح مسلم: ۲۷۷۰)

لہٰذا علامہ ابن ابی جمرہ کا یہ کہنا قطعاً صحیح نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تہمت کے اس واقعہ میں (حقیقت کا) کوئی علم نہیں تھا۔ البتہ علامہ ابن ابی جمرہ اس کی بنیاد پر جو بات ثابت کرنا چاہتے ہیں وہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو دین اور جو بھی خبر لے کر آئے وہ اللہ عزوجل ہی کی جانب سے لائے ہیں۔ اللہ عزوجل کے علاوہ آپ کی خبر کا کوئی اور ذریعہ ہوتا تو آپ واقعہ افک کی خبر بھی لے آتے اور لوگوں کے سامنے پیش کر دیتے، اور کسی سے آپ کو مشاورت کی ضرورت بھی پیش نہ آتی۔

مگر علامہ ابن ابی جمرہ نے یہ نکتہ آفرینی اس طرح بھی فرما سکتے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اگرچہ اس واقعہ کی حقیقت سے من جانب اللہ پوری طرح باخبر تھے (جیسا کہ صحیح احادیث سے اوپر ثابت کیا گیا) مگر اس کے باوجود آپ نے مشاورت فرمائی اور از خود کوئی فیصلہ نہیں فرمایا، بلکہ وحیٔ جلی (قرآنی آیات) کے نزول کا انتظار فرمایا، تاکہ کفار پر یہ حقیقت آشکار ہو جائے کہ یہ نبی اپنی خواہش سے کچھ نہیں بولتے، اور یہ جو کچھ فرماتے اور حکم دیتے ہیں وہ اللہ عزوجل کی جانب سے ہوتا ہے، اور دوسری جانب ناپختہ ایمان والوں کے دلوں میں شیطان یہ وسوسہ بھی نہ ڈال سکے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جلدی کا مظاہرہ فرمایا اور اپنے گھر کا معاملہ تھا اس لیے آپ نے زیادہ تحقیق نہیں فرمائی۔ اس طرح کے تمام شکوک وشبہات اور وسوسوں کا ازالہ فرمانے کے لیے اتمام حجت کے طور پر آپ نے اپنے اصحاب سے مشاورت فرمائی۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا اپنی والدہ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کو مقدم کرنا اور یہ فرمانا کہ میں صرف اللہ عزوجل کی حمد کروں گی

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! اللہ عزوجل نے تمہاری پاکیزگی بیان فرما دی ہے، پس میری والدہ نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کھڑی ہو جاؤ، پس میں نے عرض کیا: اللہ کی قسم! میں آپ کی طرف کھڑی نہیں ہوں گی اور میں صرف اللہ عزوجل کی حمد کروں گی۔

صحیح بخاری: ۲۶۶۱ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: اے عائشہ! تم اللہ عزوجل کی حمد کرو، کیونکہ اس نے تمہاری پاکیزگی بیان فرما دی ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے ایک حکم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا کہ اللہ عزوجل کی حمد کرو اور ایک حکم والدہ کا تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قیام کرو۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے والدہ کے حکم پر عمل نہیں کیا بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری کی اور یہ ظاہر فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت والدین کی اطاعت پر مقدم ہے، لہٰذا سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ فرمانا کہ ''میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قیام نہیں کروں گی'' یہ اس بناء پر ہے کہ میں پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر عمل کروں گی اور وہ حکم یہ تھا کہ تم اللہ عزوجل کی

حمد کرو، نہ یہ بات کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خدانخواستہ ناراض تھیں۔ اگر ایسی کوئی وجہ ہوتی تو سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اس موقع پر خاموش نہ رہتے، بلکہ وہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر سختی فرماتے اور انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قیام کرنے پر مجبور کرتے، لیکن انہوں نے ایسا کچھ نہیں کیا، حالانکہ آپ ہی نے اس سے بہت چھوٹی بات پر سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر سختی اور ناراضگی فرمائی جب ایک سفر میں ان کا ہار گم ہو جانے سے پورا قافلہ رک گیا اور آیت تیمم نازل ہوئی۔ (صحیح البخاری: ۳۳۴، صحیح مسلم: ۳۶۷، سنن ابوداؤد: ۳۲۰) اس سے معلوم ہوا کہ یہاں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا اپنی والدہ کے کہنے کے باوجود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قیام نہ فرمانا خالصۃً آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور آپ کے حکم کو مقدم کرنے کی وجہ سے تھا۔

حدیث افک پر علامہ ابن ابی جمرہ کے وارد کردہ کچھ سوالات اور ان ہی کے دیئے ہوئے جوابات

(۱) ایک سوال یہ ہے کہ جب قرآن مجید نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی پاکیزگی کو بیان فرما دیا تو پھر سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوری حدیث افک بیان کر کے اپنی پاکیزگی کیوں بیان فرمائی اور انہیں اس کی ضرورت کیوں پیش آئی؟

اس کا جواب یہ ہے کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے پورا واقعہ اس لیے بیان فرمایا تا کہ کسی قسم کی بدگمانی باقی نہ رہے، کیونکہ قرآن مجید کی آیات سے یہ ضرور ثابت ہوتا ہے کہ انہوں نے کسی قسم کی بدکاری نہیں کی، تاہم کسی بد باطن کے ذہن میں یہ گمان آ سکتا ہے کہ بدکاری کے علاوہ کچھ نہ کچھ ایسی بات ضرور ہوئی ہے جس کی وجہ سے لوگوں نے تہمت لگانے کا ارتکاب کیا۔ اگر سرے سے کچھ بھی نہ ہوا ہوتا تو اتنی بڑی بات نہ بنائی جاتی، سو اس بدگمانی سے لوگوں کو بچانے کے لیے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے تہمت کا پورا واقعہ بیان فرمایا اور ایک ایک بات تفصیل سے ذکر فرمائی۔ یہ ایسا ہی ہے جیسے صلح حدیبیہ کے موقع پر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو جانور ذبح کرنے اور حلق کروا کر احرام کھول دینے کا حکم فرمایا اور صحابہ نے (شدت غم) سے اس حکم پر عمل نہیں کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے اس کا ذکر کیا، تو انہوں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! کیا آپ چاہتے ہیں کہ لوگ قربانی وغیرہ کر لیں، تو آپ باہر تشریف لائیں اور کسی سے کچھ کہے بغیر اپنا اونٹ نحر فرما دیں اور سر مونڈنے والے کو بلا کر سر منڈا دیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اس طرح کیا تو سب نے آپ کی پیروی کی۔ (صحیح بخاری: ۲۷۳۱) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو مشورہ دیا، اس میں مسلمانوں کے ساتھ رحمت اور لطف کا اظہار تھا، کیونکہ انہوں نے یہ مشورہ دے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب سے اس رنج کو دور کیا جو بعد میں لوگوں کے لیے ہلاکت کا باعث ہو سکتا تھا، سو جس طرح حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا کلام اور مشورہ لوگوں کے لیے باعث رحمت ثابت ہوا، اسی طرح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا اپنی زبان سے واقعہ افک کو تفصیلاً بیان فرمانا بھی لوگوں پر شفقت اور رحمت کی بناء پر ہے، تا کہ لوگ بدکاری کے علاوہ اور کسی قسم کی بدگمانی بھی نہ کریں اور اللہ عزوجل کی ناراضگی سے محفوظ رہیں۔

(۲) ایک سوال یہ ہوتا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر کھڑے ہو کر عبداللہ بن ابی کے خلاف حمایت طلب کی تو قبیلہ اوس کے سردار حضرت سعد بن معاذ انصاری رضی اللہ عنہ نے آپ کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے یہ کیوں کہا کہ: اگر وہ شخص اوس سے ہوا تو میں اس کی گردن اڑا دوں گا اور اگر وہ ہمارے خزرجی بھائیوں میں سے ہوا تو آپ ہمیں جو حکم دیں گے ہم اس پر عمل کریں گے؟ انہوں نے دونوں صورتوں میں قتل کی بات کیوں نہیں کی؟

اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا یہ جملہ اہل عرب کے عرف و عادت کے مطابق تھا، کیونکہ ان میں یہ طریقہ تھا کہ قبیلہ کا سردار اپنی قوم پر از خود فیصلہ کر دیا کرتا تھا اور اس کی ہر بات میں پیروی کی جاتی تھی۔ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ بھی قبیلہ اوس کے سردار تھے اور ان کا حکم اپنی قوم پر مکمل نافذ تھا، اور چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ابھی تہمت لگانے والے میں کوئی

Marfat.com

نص یعنی واضح حکم وارد نہیں ہوا تھا اس لیے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے اپنے اجتہاد سے یہ کہا کہ ''میں اس کی گردن اڑادوں گا''۔ اور قبیلہ خزرج والوں کے لیے انہوں نے قتل کی بات نہیں کی، بلکہ صرف یہ کہا کہ ہم آپ کے حکم کی فرمانبرداری کریں گے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ''خزرج'' ان کا قبیلہ نہیں تھا اور خزرج والے ان کے حکم کے ماتحت نہیں تھے، اس لیے انہوں نے خزرج والوں کا معاملہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ پر موقوف رکھا، تاکہ کسی ذاتی اقدام کے کرنے سے باہم جھگڑا لازم نہ آئے۔

(۳) ایک سوال یہ ہوتا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس حدیث میں فرمایا: ''پس وہ دونوں (میرے والدین) میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور میں رو رہی تھی کہ اس اثناء میں انصار کی ایک عورت نے میرے پاس آنے کی اجازت طلب کی، میں نے اس کو اجازت دی تو وہ آکر بیٹھ گئی اور (وہ بھی) میرے ساتھ رونے لگی''۔ اس جملہ کے مطابق انصار کی یہ عورت آپ کے ساتھ رونے میں شامل ہوگئی، جب کہ آپ کے والدین نہیں رو رہے تھے، اس کی کیا وجہ ہے؟ حالانکہ والدین کو اپنی بیٹی کا غم زیادہ ہوتا ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ ایمان کے سات درجات ہیں، ان میں سے سب سے اونچا درجہ تسلیم ورضا ہے، جس کو طمانیت یا اطمینان بھی کہا جاتا ہے اور تمام اہل ایمان باعتبار درجات برابر نہیں ہیں، بلکہ بعض لوگ مقام خوف میں ہوتے ہیں، بعض تسلیم ورضا میں ہوتے ہیں اور بعض کسی اور درجہ میں، اور جو تسلیم ورضا کے درجہ میں ہوتے ہیں وہ تقدیر کے فیصلہ پر نہ تو اعتراض کرتے ہیں اور نہ ہی اپنے معاملات میں کسی تاویل اور حیلہ کا سہارا لیتے ہیں، کیونکہ وہ اللہ عزوجل کے ہر فیصلہ کو دلی طور پر قبول کر چکے ہوتے ہیں، اس لیے کوئی فائدہ ہو یا نقصان، وہ ہر حال میں خوش رہتے ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ وہ شخصیت ہیں جن کو تسلیم ورضا میں (انبیاء کرام کے بعد) سب سے اونچا مقام حاصل ہے اور کیوں نہ ہو کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ ہیں اور غار میں آپ کے ساتھ رہنے والے ہیں اور حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا بھی اس مقام ومرتبہ میں آپ سے قریب ہیں، سو اس لیے یہ دونوں اس واقعہ پر نہیں روئے اور تسلیم و رضا کا پیکر بنے رہے۔ جہاں تک سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا معاملہ تھا تو (اگرچہ وہ بھی تسلیم ورضا کی پیکر تھیں، مگر) وہ حیاء کے غلبہ کی وجہ سے زیادہ رو رہی تھیں، کیونکہ انہیں والدین سے بھی حیا آرہی تھی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی حیا آرہی تھی اور اس پر مستزاد یہ کہ ابھی ان کی عمر مبارک بھی کم تھی، سو اس لیے ان کا غم بہت بڑھ گیا اور نیند بالکل غائب ہوگئی اور آنسو مسلسل جاری ہوگئے۔

(۴) ایک سوال یہ ہوتا ہے کہ حضرت مسطح بن اثاثہ رضی اللہ عنہ پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے خرچ کے معاملہ میں اللہ عزوجل نے (النور: ۲۲ میں) مغفرت کا وعدہ کیوں فرمایا؟ جب کہ قرآن وسنت میں علی العموم خرچ کرنے کے جو فضائل آئے ہیں ان میں فقط اجر وثواب کو بڑھانے کا ذکر کیا گیا ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے خرچ کرنے پر مغفرت کا وعدہ اس لیے فرمایا گیا کہ اس میں خرچ کرنے کے ساتھ ساتھ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف سے حضرت مسطح رضی اللہ عنہ کے ساتھ حسن سلوک، صلہ رحمی اور ان کے بدری ہونے کا لحاظ کرنا بھی شامل ہے، اور اس کے علاوہ یہ وجہ بھی ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دلی صدمہ پہنچنے کے باوجود تواضع اور انکساری فرمائی، پس پاک ہے وہ لطیف وحکیم پروردگار جس نے ہر شخص کو اس کے حال کے موافق بلندی عطا فرمائی اور اپنے حسن تدبیر سے ہر شخص کو اس کے درجہ اور مرتبہ میں رکھا۔ (بہجۃ النفوس للمحدث ابن ابی جمرہ ج ۳ ص ۴۷۔ ۴۲، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۸ھ)

۷۔ بَابٌ: وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ (النور: ۱۴)

۷۔ باب: اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اگر تم پر دنیا اور آخرت میں اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم نے جس (تہمت) کا چرچا کیا تھا اس کی وجہ سے تمہیں بہت

بڑا عذاب پہنچتا○ (النور: ۱۴) کی تفسیر

فضل ورحمت اور عذاب عظیم کا معنی ومفہوم اور اس آیت کے مخاطبین کا تعین

امام ابو منصور محمد بن محمد بن محمود ماتریدی متوفی ۳۳۳ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

فضل اور رحمت سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سیدہ عائشہ صدیقہ اور حضرت صفوان رضی اللہ عنہما کے سلسلہ میں قرآنی آیات نازل فرمائیں اور ان دونوں کی براءت اور پاکیزگی کو بیان فرمایا، جس کا فائدہ یہ ہوا کہ تم لوگوں نے تہمت سے توبہ کر لی اور عذاب سے بچ گئے۔

عذاب کے بارے میں دو احتمال ہیں: ایک یہ کہ ہوسکتا ہے اس سے آخرت کا عذاب مراد ہو اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اس سے دنیا کا عذاب مراد ہو۔ (تاویلات اہل السنہ ج ۷ ص ۵۳۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

یہاں یہ بھی واضح رہے کہ اس آیت میں صرف ان لوگوں سے خطاب ہے جو مسلمان تھے اور تہمت لگانے میں مشغول ہوئے، کیونکہ وہی اللہ عزوجل کے فضل اور رحمت سے مستفید ہوئے اور انہوں نے ہی اپنی تہمت سے توبہ کی جب کہ منافقین، جنہوں نے اس تہمت کی نشر واشاعت میں خوب کردار ادا کیا انہوں نے کسی قسم کی توبہ نہیں کی، اس لیے براءت کی آیات نازل ہونے سے وہ لوگ دنیا میں رسوا ہو گئے اور آخرت میں ذلیل ہونا اور جہنم کا عذاب پانا ابھی باقی ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ براءت کی آیات نازل فرما کر اللہ عزوجل نے مسلمانوں پر بہت فضل وکرم اور رحمت فرمائی، کہ اس سے انہیں توبہ کی توفیق ملی اور وہ صدق دل سے توبہ کر کے اور حد شرعی کو پا کر حسب سابق طیب اور طاہر ہو گئے اور اخروی عذاب سے بچ گئے، جب کہ دوسری طرف منافقین بے نقاب ہو گئے اور ان کا اصلی چہرہ سامنے آ گیا اور یوں آیات براءت کے نزول سے دونوں گروہوں میں فرق بالکل واضح ہو گیا اور اب بھی یہ فرق واضح ہوتا رہتا ہے (جیسا کہ مشاہدہ سے ثابت ہے) اور قیامت تک یہ فرق اسی طرح واضح ہوتا رہے گا۔ اسی لیے قرآن مجید کا ایک نام ''الفرقان'' ہے، یعنی حق اور باطل میں فرق واضح کرنے والی کتاب۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ تَلَقَّوْنَهُ يَرْوِيهِ بَعْضُكُمْ عَنْ بَعْضٍ تُفِيضُونَ تَقُولُونَ۔

اور مجاہد نے کہا، تلقونہ کا معنی ہے: تم اس آیت کو ایک دوسرے سے نقل کرنے لگے۔ اور تُفِيضُوْنَ کا معنی ہے: تم کہتے ہو۔

اس تعلیق میں امام بخاری نے دو الفاظ کی تفسیر ذکر کی ہے۔ پہلے لفظ سے سورۃ النور کی آیت: ۱۵ کی طرف اشارہ فرمایا ہے، جس کی تفصیل اگلے باب میں مستقل آ رہی ہے اور امام بخاری تعلیق کے اس حصہ کو وہیں ذکر کرتے تو زیادہ بہتر ہوتا جب کہ دوسرے لفظ سے سورۂ یونس کی اس آیت کی طرف اشارہ ہے کہ:

وَلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ إِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا إِذْ تُفِيضُوْنَ فِيْهِ۔ (یونس: ۶۱)

اور تم جو کام بھی کرتے ہو تو ہم (اس وقت) تم سب پر گواہ ہوتے ہیں جس وقت تم ان کاموں میں مشغول ہوتے ہو۔

علامہ عینی فرماتے ہیں: امام بخاری نے یہاں سورۂ یونس کے لفظ (تُفِيضُوْنَ) کی تفسیر اس لیے ذکر کی تا کہ اس سے سورۃ النور کی زیر بحث آیت میں لفظ ''افضتم'' کا معنی واضح ہو جائے، کیونکہ یہ دونوں الفاظ ''الافاضہ'' سے ہیں، جس کا معنی ہے: الاکثار فی القول (بہت زیادہ باتیں کرنا)، (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۲۲)

۴۷۵۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ عَنْ

امام بخاری روایت کرتے ہیں کہ ہمیں محمد بن کثیر نے حدیث بیان

Marfat.com

حُصَيْنٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ أُمِّ رُومَانَ أُمِّ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ لَمَّا رُمِيَتْ عَائِشَةُ خَرَّتْ مَغْشِيًّا عَلَيْهَا۔

کی، انہوں نے کہا: ہمیں سلیمان نے خبر دی از حصین از ابووائل از مسروق از حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا، جو کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی والدہ ہیں، انہوں نے فرمایا: جب عائشہ (رضی اللہ عنہا) پر تہمت لگائی گئی تو وہ بے ہوش ہو کر گر گئیں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۳۸۸ میں گزر چکی ہے، تاہم یہاں ایک اعتراض اور اس کے جواب کی تفصیل ضروری ہے:

مسروق کا حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا سے سماع ثابت ہے یا نہیں؟ اس بارے میں اختلاف اور راجح قول کا بیان

اعتراض یہ ہے کہ اس حدیث کو مسروق نے حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے، حالانکہ مسروق کا حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا سے سماع ثابت نہیں ہے، بلکہ ممکن ہی نہیں ہے، کیونکہ حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہری حیات میں چار یا پانچ یا چھ ہجری میں انتقال کر گئی تھیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی قبر میں اترے تھے، جب کہ مسروق تابعین میں سے ہیں اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد حضرت ابوبکر صدیق یا حضرت عمر رضی اللہ عنہما کے دور خلافت میں یمن سے مدینہ منورہ آئے تھے۔

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس اعتراض کے جواب میں لکھتے ہیں:

غور و فکر کے بعد جو بات مجھ پر واضح ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ امام بخاری کا یہ روایت کرنا درست ہے، کیونکہ جنہوں نے اس سند پر اعتراض کیا ہے ان کا دار و مدار اس بات پر ہے کہ حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں چار یا پانچ یا چھ ہجری میں انتقال کر گئیں تھیں اور یہ وہ بات ہے جس کو واقدی نے اور سند منقطع کے ساتھ زبیر بن بکار نے ذکر کیا ہے اور صرف واقدی کی کسی بات کو بنیاد بنا کر اسانید صحیحہ کا رد نہیں کیا جا سکتا۔ امام بخاری نے اپنی تاریخ اوسط اور تاریخ صغیر میں حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا کا ذکر ان لوگوں میں سے کیا ہے جن کا انتقال حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں ہوا اور پھر لکھا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا کے وفات پانے کی روایت محل نظر ہے اور مسروق کی حدیث سنداً بہت قوی ہے اور اس کا متصل ہونا بالکل واضح ہے۔ امام بخاری کا کلام مکمل ہوا۔ ابراہیم الحربی نے یقین کے ساتھ کہا ہے کہ مسروق نے حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا سے حدیث کا سماع کیا ہے اور اس وقت ان کی عمر ۱۵ سال تھی۔ اس اعتبار سے ان کا حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا سے سماع حدیث حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں ہوا، کیونکہ ان کی ولادت ہجرت کے سال ہوئی ہے۔ اسی لیے امام ابونعیم الاصبہانی نے کہا کہ حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پردہ فرمانے کے بعد بھی حیات تھیں۔

الخطیب نے صرف واقدی اور زبیر بن بکار کے سہارے ان تمام حقائق کا رد کیا ہے، حالانکہ واقدی اور زبیر بن بکار نے جو بات ذکر کی ہے کہ حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا نے چار یا پانچ یا چھ ہجری میں وفات پائی، یہ درست نہیں ہے، کیونکہ امام احمد نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا، جب تخییر (الاحزاب: ۲۹-۲۸) نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اختیار دینے کا) آغاز سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے کیا اور فرمایا: اے عائشہ! بے شک میں تمہارے سامنے ایک معاملہ پیش کر رہا ہوں پس تم اس میں از خود کوئی فیصلہ نہ کرنا جب تک تم اسے اپنے والدین حضرت ابوبکر اور حضرت ام رومان رضی اللہ عنہما کے سامنے پیش نہ کرو۔ (مسند احمد ج ۶ ص ۲۱۲) اور اس بات پر سب متفق ہیں کہ آیت تخییر ۹ ہجری میں نازل ہوئی ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ واقدی اور زبیر بن بکار نے حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا کے انتقال کا جو سن ذکر کیا ہے وہ درست نہیں ہے۔

(فتح الباری، ملخصاً ج ۵ ص ۲۷۴-۲۷۳، مطبوعہ دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

Marfat.com

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اپنی کتاب الاصابہ میں بھی یہی بحث فرمائی ہے۔

(الاصابہ ج ۸ ص ۳۹۴۔۳۹۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۵ھ)

خلاصہ یہ ہے کہ حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا چونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہری حیات کے بعد بھی زندہ تھیں اور مسروق بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پردہ فرمانے کے بعد یمن سے مدینہ منورہ آئے تھے اس لیے ان کا براہ راست حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا سے روایت کرنا بالکل ممکن ہے، بلکہ صحیح بخاری کی حدیث: ۴۱۴۳ میں انہوں نے صراحۃً کہا ہے کہ: حدثتنی ام رومان (مجھے ام رومان نے حدیث بیان کی)، لہٰذا حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا سے ان کا سماع ثابت ہے اور امام بخاری کی اس سند کے بارے میں منقطع ہونے کا قول کرنا درست نہیں ہے۔

نعمۃ الباری کی ساتویں جلد میں حدیث: ۴۱۴۳ کے تحت محدث اعظم علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ العالی نے اس موضوع پر تفصیل سے لکھا ہے اور وہاں حافظ ابن حجر عسقلانی کی مذکورہ عبارت کے ساتھ ساتھ اس موضوع پر حافظ ابن حجر کے استاذ علامہ ابن الملقن (صاحب توضیح) کا نظریہ بھی پیش کیا ہے۔ قارئین مزید تحقیق کے لیے اس کا بھی مطالعہ فرمائیں۔

۸۔ بَابٌ: إِذْ تَلَقَّوْنَهُ بِأَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُولُونَ بِأَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُم بِهِ عِلْمٌ وَتَحْسَبُونَهُ هَيِّنًا وَهُوَ عِندَ اللَّهِ عَظِيمٌ ﴿۱۵﴾ (النور: ۱۵)

اللہ عزوجل کے ارشاد: جب تم یہ (تہمت) اپنی زبانوں سے نقل کرتے رہے اور اپنے منہ سے وہ بات کہتے رہے جس کا تمہیں علم نہ تھا اور تم اس کو معمولی بات سمجھتے رہے حالانکہ اللہ کے نزدیک وہ بہت سنگین بات تھی ○ (النور: ۱۵) کی تفسیر

اس آیت میں فرمایا: ''تم اپنے منہ سے وہ بات کہتے رہے''۔ حالانکہ بات منہ سے ہی کی جاتی ہے، اس کے باوجود منہ کا ذکر اس لیے فرمایا تاکہ یہ ظاہر کیا جائے کہ یہ تہمت بغیر علم اور تحقیق کے تم لوگوں میں گردش کرنے لگی، کیونکہ جس چیز کا علم ہو وہ پہلے دل و دماغ میں ہوتی ہے اور پھر زبان پر آتی ہے اور جس چیز کا کوئی علم ہی نہ ہو وہ صرف زبانوں پر جاری ہوتی ہے، علم اور تحقیق سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۲۳۔۱۲۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

جیسے قرآن مجید میں ایک مقام پر فرمایا: يَقُولُونَ بِأَفْوَاهِهِم مَّا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ (آل عمران: ۱۶۷)۔ یہ لوگ اپنے منہ سے وہ بات کہہ رہے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہے۔

۴۷۵۲۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ قَالَ ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقْرَأُ إِذْ تَلِقُونَهُ بِأَلْسِنَتِكُمْ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں کہ ہمیں ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشام بن یوسف نے حدیث بیان کی کہ ابن جریج نے انہیں خبر دی کہ ابن ابی ملیکہ نے کہا: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو (اس طرح) پڑھتے ہوئے سنا: إِذْ تَلِقُونَهُ بِأَلْسِنَتِكُمْ

إِذْ تَلَقَّوْنَهُ میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی قراءت اور اس پر وارد ہونے والے ایک اعتراض کا جواب

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۱۴۴ کے تحت گزر چکی ہے، البتہ یہاں مختصراً یہ وضاحت ضروری ہے کہ قراءت مشہورہ کے

Marfat.com

مطابق یہ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ ہے، جس کا معنی ہے: زبان در زبان کوئی بات منتقل کرنا، جب کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جس طرح اس کو پڑھا ہے اس کے مطابق اس کا معنی ''جھوٹ بولنا'' ہے۔ صحیح البخاری: ۴۱۴۴ میں یہ صراحت ہے کہ آپ اِذْ تَلِقُوْنَهٗ پڑھتی تھیں اور فرماتی تھیں کہ اَلْوَلْقُ کا معنی الکذب ہے۔ (یعنی جھوٹ بولنا اور جھوٹی خبر دینا)، اس اعتبار سے سورۃ النور کی آیت: ۱۵ کا معنی یہ ہوگا کہ: جب تم اس جھوٹی تہمت کی خبر دیتے رہے یا غلط بیانی کرتے رہے۔ اور قراءت مشہورہ کے مطابق ترجمہ ہوگا کہ: جب تم یہ تہمت ایک دوسرے کی طرف منتقل کرتے رہے۔ رہا یہ کہ قراءت مشہورہ میں اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پڑھنے میں فرق کیوں ہے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ قرآن مجید کے مختلف قراءتوں پر نازل ہونے کی وجہ سے ہے، کیونکہ قرآن مجید اس طرح نازل ہوا ہے کہ اس کو سات طریقوں سے پڑھا جا سکتا ہے، جیسا کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک یہ قرآن سات طریقوں پر نازل ہوا ہے، پس اس قرآن سے جو آسان لگے اس کی تلاوت کرو۔ (صحیح بخاری: ۲۴۱۹، صحیح مسلم: ۸۱۸) ان شاء اللہ فضائل القرآن میں حدیث: ۴۹۹۲ کے تحت ہم اس حدیث کی مفصل شرح کریں گے۔

۹۔ بَابٌ: وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۶﴾ (النور: ۱۶)

اللہ عزوجل کے ارشاد: اور تم نے اس (تہمت) کو سنتے ہی یہ کیوں نہ کہا: ایسی بات کرنا ہمارے لیے جائز نہیں ہے، اے اللہ! تو پاک ہے، یہ تو بہت سنگین بہتان ہے ○ (النور: ۱۶) کی تفسیر

سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے جب سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے متعلق تہمت کی بات سنی تو انہوں نے فوراً کہا: سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ (اے اللہ تو پاک ہے، یہ بہت سنگین بہتان ہے)۔

اسی طرح سعید بن المسیب رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت زید بن حارثہ اور حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہما نے جب اس تہمت سے متعلق کوئی بات سنی تو فوراً کہا: اے اللہ تو پاک ہے، یہ بہت سنگین بہتان ہے۔

(الدر المنثور ج ۶ ص ۱۴۸، دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

یعنی آیت کے نازل ہونے سے پہلے ہی ان حضرات نے سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ کہہ دیا اور پھر اللہ تعالیٰ نے جب آیت نازل فرمائی تو اس میں تہمت لگانے والوں کو مخاطب کر کے اس طرف متوجہ کیا کہ تم لوگوں نے یہ جملہ کیوں نہیں کہا!

تہمت کے اس افسوس ناک موقع پر سبحانک یا سبحان اللہ کہنا عربی محاورہ کے مطابق ہے، کیونکہ عربی میں یہ الفاظ تعجب کے موقع پر بولے جاتے ہیں، اور یہاں اس لفظ کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس بات سے پاک ہے کہ وہ اپنے نبی کو عیب دار کرے اور فجور والی عورت ان کے نکاح میں دے اور جب اللہ عزوجل اس بات سے ہی پاک ہے تو پھر نبی کی زوجہ پر بدکاری کا الزام لگانا سوائے سنگین بہتان کے اور کیا ہو سکتا ہے!

۴۷۵۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ حُسَيْنٍ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ اَبِيْ مُلَيْكَةَ قَالَ اسْتَاْذَنَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَبْلَ مَوْتِهَا عَلٰى عَائِشَةَ وَهِيَ مَغْلُوْبَةٌ قَالَتْ اَخْشٰى اَنْ يُّثْنِيَ عَلَيَّ

امام بخاری روایت کرتے ہیں کہ ہمیں محمد بن المثنیٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی از عمر بن سعید بن ابی حسین، انہوں نے کہا: مجھے ابن ابی ملیکہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اپنی موت سے قبل جب

Marfat.com

فَقِيلَ ابْنُ عَمِّ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَمِنْ وُجُوهِ الْمُسْلِمِينَ قَالَتْ ائْذَنُوا لَهُ فَقَالَ كَيْفَ تَجِدِينَكِ قَالَتْ بِخَيْرٍ إِنِ اتَّقَيْتُ قَالَ فَأَنْتِ بِخَيْرٍ إِنْ شَاءَ اللهُ زَوْجَةُ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَلَمْ يَنْكِحْ بِكْرًا غَيْرَكِ وَنَزَلَ عُذْرُكِ مِنَ السَّمَاءِ وَدَخَلَ ابْنُ الزُّبَيْرِ خِلَافَهُ فَقَالَتْ دَخَلَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَأَثْنَى عَلَيَّ وَوَدِدْتُ أَنِّي كُنْتُ نَسْيًا مَنْسِيًّا۔

(صحیح ابن حبان: ۷۱۰۸، المستدرک ج ۴ ص ۸، الطبقات لابن سعد ج ۸ ص ۷۴، حلیۃ الاولیاء ج ۲ ص ۴۵، مسند احمد ج ۱ ص ۲۲۰، طبع قدیم، مسند احمد ج ۳ ص ۳۸۹، رقم: ۱۹۰۵، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالہ، بیروت، ۱۴۲۰ھ، المعجم الکبیر: ۱۰۷۸۳، مسند ابو یعلیٰ: ۲۶۴۸)

نزع کے عالم میں تھیں تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے (ان کے پاس آنے کی) اجازت چاہی، آپ نے فرمایا: مجھے ڈر ہے کہ یہ میری تعریف کریں گے، تو کہا گیا: یہ رسول اللہ ﷺ کے چچازاد ہیں اور مسلمانوں کے اکابرین میں سے ہیں، آپ نے فرمایا: (چلو پھر) انہیں اجازت دے دو، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے (آپ کے پاس آ کر) پوچھا: آپ اپنے آپ کو کیسا پاتی ہیں؟ آپ نے فرمایا: اگر میں اللہ عزوجل سے ڈروں تو بہت بہتر ہوں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ان شاء اللہ آپ بہتر ہی ہیں (کیونکہ) آپ رسول اللہ ﷺ کی زوجہ ہیں اور رسول اللہ ﷺ نے آپ کے سوا کسی کنواری سے نکاح نہیں فرمایا اور آسمان سے آپ کی پاکیزگی کا بیان نازل ہوا، (حضرت ابن عباس کے جانے کے بعد) ان کے پیچھے حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہما داخل ہوئے، تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: (ابھی) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما آئے تھے اور انہوں نے میری تعریف کی، پس میں تو چاہتی ہوں کہ میں بھولی بسری اور گمنام ہو جاؤں۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے مرض الموت میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا ان کے پاس آنا اور ان کی تعریف وتوصیف کرنا

علامہ بدرالدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں کہتے ہیں:

ترجمۃ الباب کے ساتھ اس حدیث کی مطابقت اس جملہ میں ہے: ونزل عذرك من السماء (آسمان سے آپ کی پاکیزگی کا بیان نازل ہوا) یعنی اس جملہ کی وجہ سے امام بخاری نے اس حدیث کو یہاں روایت کیا، اور اس حدیث کی سند میں یحییٰ سے مراد سعید القطان کے بیٹے ہیں اور ابن ابی ملیکہ سے مراد عبداللہ ہیں۔

اس حدیث میں فرمایا: وهي مغلوبة۔ اس سے مراد یہ ہے کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا موت کی تکلیف سے مغلوب تھیں۔ اس حالت میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے آپ کے پاس آنا چاہا، تو آپ نے فرمایا: مجھے ڈر ہے کہ یہ میری تعریف کریں گے، تو آپ سے کہا گیا: یہ رسول اللہ ﷺ کے چچازاد ہیں۔ یہ جملہ کہنے والے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پوتے حضرت عبداللہ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہما تھے۔ انہوں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے جملہ سے یہ سمجھا کہ وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو منع فرمانا چاہ رہی ہیں تو انہوں نے فوراً آپ کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے مقام ومرتبہ کی طرف توجہ دلائی، اور جنہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے لیے اجازت طلب کی وہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے آزاد کردہ غلام ذکوان تھے۔ یہ تمام تفصیل امام احمد نے اپنی مسند میں امام عبدالرزاق سے روایت کی ہے، چنانچہ امام احمد کہتے ہیں: ہمیں عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہوں نے عبداللہ بن عثمان بن خثیم از ابن ابی ملیکہ از ذکوان جو کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے آزاد کردہ غلام ہیں، کہ انہوں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے لیے اجازت طلب کی، سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اس وقت نزع کے عالم میں تھیں اور آپ کے پاس آپ کے بھائی حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کے

بیٹے عبداللہ موجود تھے۔ (الی آخر الحدیث) (مسند احمد ج ۱ ص ۳۴۹)

صحیح بخاری کی زیر بحث حدیث کی سند میں ذکوان کا نام مذکور نہ ہونا اور اس سے علامہ ابن الملقن کا اس حدیث کے مرسل ہونے پر استدلال

امام بخاری کی زیر بحث روایت میں ابن ابی ملیکہ اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے درمیان کسی واسطہ کا ذکر نہیں ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس ملاقات کے موقع پر ابن ابی ملیکہ موجود تھے، جب کہ امام احمد کی مذکورہ روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ابن ابی ملیکہ خود وہاں موجود نہیں تھے، البتہ انہوں نے یہ ساری تفصیل ذکوان سے سنی ہے اور پھر اس کو ذکوان ہی سے روایت کیا ہے۔ اس اعتبار سے امام بخاری کی سند پر یہ اعتراض ہوگا کہ اس میں ابن ابی ملیکہ نے ذکوان کا نام چھوڑ دیا ہے اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے براہ راست اس حدیث کو روایت کیا ہے، اس لیے یہ سند اً متصل نہیں ہے۔

علامہ ابوحفص عمر بن علی بن احمد انصاری شافعی المعروف بابن الملقن المتوفی ۸۰۴ ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

امام احمد کی روایت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ (اس مقام پر) امام بخاری کی سند میں ارسال ہے اور یہ بات بھی ثابت ہوتی ہے کہ ابن ابی ملیکہ اس موقع پر سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس موجود نہیں تھے (بلکہ انہوں نے اس حدیث کو ذکوان سے ہی سن کر روایت کیا ہے)۔ (التوضیح ج ۲۳ ص ۴۸، مطبوعہ وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ ھ)

حافظ ابن الملقن کے اس استدلال پر حافظ ابن حجر عسقلانی کا کلام اور علامہ ابن الملقن کی تردید

حافظ احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ ھ نے اپنی شرح میں علامہ ابن الملقن کی اس عبارت کا رد کیا ہے، چنانچہ آپ لکھتے ہیں: مجھے نہیں معلوم کہ انہیں (علامہ ابن الملقن کو) یہ یقین کیسے حاصل ہوا کہ ابن ملیکہ نہ تو وہاں موجود تھے اور نہ انہوں نے براہ راست اس حدیث کو سماعت کیا ہے اور آخر اس میں رکاوٹ کیا ہے؟ ہوسکتا ہے یہ تمام افراد سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس موجود ہوں اور کافی دیر تک بیٹھے ہوں اور اس دوران جو کچھ ہوا ہو اس کو ان لوگوں میں سے ذکوان نے آگے روایت کیا ہو۔ (لہٰذا اس سے ابن ابی ملیکہ کا غیر حاضر ہونا لازم نہیں آتا)۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۴۴۷، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ ھ)

علامہ بدر الدین عینی کا حافظ ابن حجر عسقلانی پر رد اور علامہ ابن الملقن کی تائید

علامہ بدر الدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ ھ نے اپنی شرح میں حافظ ابن حجر عسقلانی کی اس عبارت کا رد کیا ہے اور علامہ ابن الملقن کی تائید میں کلام کیا ہے، چنانچہ وہ لکھتے ہیں:

علامہ ابن الملقن نے اپنی عبارت میں یقین کا دعویٰ کیا ہی نہیں ہے، بلکہ ایک امکان قریب کا اظہار کیا ہے (پھر بھی حافظ ابن حجر نے لکھ دیا کہ مجھے نہیں معلوم کہ انہیں یہ یقین کیسے حاصل ہوا؟) اور حافظ ابن حجر عسقلانی علامہ ابن الملقن کا کیسے رد کر سکتے ہیں حالانکہ انہوں نے اپنی عبارت میں "لعنه" (جس کا معنی ہے: ہوسکتا ہے) کا لفظ کہہ کر خود اپنا رد کیا ہے!!

(عمدۃ القاری ج ۱۰ ص ۱۲۴، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ ھ)

مصنف کا نقطہ نظر اور اس پر زیر بحث حدیث کی سند سے استدلال

ہمارے نزدیک بھی علامہ ابن الملقن کا موقف قوی ہے کہ اس مقام پر امام بخاری کی سند میں ارسال ہے، کیونکہ ابن ابی ملیکہ اس موقع پر سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس موجود نہیں تھے اور انہوں نے یہ حدیث ذکوان ہی سے سن کر روایت کی ہے۔ علامہ ابن

Marfat.com

المُلقن نے یہ دعویٰ اگرچہ یقین کے ساتھ نہیں کیا (جیسا کہ علامہ عینی نے فرمایا) تاہم ہمیں اس دعویٰ پر یقین حاصل ہے اور یہ یقین اس لیے حاصل ہے کہ ابن ابی ملیکہ نے خود یہی کہا ہے کہ مجھے یہ حدیث ذکوان نے بیان کی ہے، جیسا کہ مسند احمد (ج ۱ ص ۲۷۷) اور طبقات ابن سعد (ج ۸ ص ۷۵) میں اس کی صراحت موجود ہے اور ابن ابی ملیکہ کی اپنی صراحت کے ہوتے ہوئے احتمال، امکان اور لعل وغیرہ کی طرف جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہاں اگر ابن ابی ملیکہ کی یہ صراحت نہ ہوتی تو پھر مختلف احتمالات اور مفروضات قائم کرنا مناسب ہوتا۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا کمال تواضع اور انکسار اور خوف الٰہی

زیر بحث حدیث میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت کا واضح ثبوت موجود ہے، کہ انہوں نے بے پناہ تواضع اور انکساری کا اظہار فرمایا اور بالکل گوارا نہیں فرمایا کہ ان کی تعریف کی جائے، حتیٰ کہ فرمایا: میں تو چاہتی ہوں کہ میں ''نسیا منسیا'' ہو جاؤں۔ یعنی بھولی بسری اور گمنام اور کوئی بھی مجھے پہچانے نہ میرا تذکرہ کرے۔ اور آپ کا یہ جملہ خالصۃً خوف الٰہی کے غلبہ اور شدت کی وجہ سے تھا۔ طبقات ابن سعد میں آپ کے یہ جملے بھی مذکور ہیں کہ:

آپ نے اپنے وصال کے قریب فرمایا: کاش میں پیدا نہ کی جاتی! کاش میں ایک درخت ہوتی اور میں تسبیح کرتی رہتی اور میرے پتے اور شاخیں وغیرہ کاٹ دی جاتیں!

کاش میں ایک پتھر ہوتی! کاش میں مٹی کا ایک ڈھیلا ہوتی! کاش میں درخت کا ایک پتا ہوتی!

(الطبقات الکبریٰ ج ۸ ص ۷۵۔ ۷۴، دار صادر، بیروت)

صحابہ کرام کا خوف وخشیت اور ان کے مختلف جملے

سورۂ مریم کی آیت: ۲۳ میں اللہ عزوجل نے حضرت مریم علیہا السلام کا یہ جملہ ذکر فرمایا ہے کہ: (دردزہ کے وقت) انہوں نے کہا: کاش! میں اس سے پہلے ہی مر جاتی اور بھولی بسری اور گمنام ہو جاتی۔ مفسر قرآن علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ العالی نے اس آیت کی تفسیر میں مختلف صحابہ اور تابعین کے وہ اقوال ذکر کیے ہیں جو انہوں نے خوف خدا کے غلبہ سے کہے، مثلاً حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے ایک موقع پر فرمایا: کاش! میں ایک درخت ہوتا جس کو کاٹ دیا جاتا۔ کاش! مجھے پیدا ہی نہ کیا جاتا۔ (کتاب الزہد للوکیع، رقم الحدیث: ۱۵۹، مسند احمد ج ۵ ص ۱۷۳) اسی طرح حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ایک پرندے کو درخت پر بیٹھا ہوا دیکھا تو فرمایا: کاش میں اس پرندے کی جگہ ہوتا۔ (کتاب الزہد للوکیع، رقم الحدیث ۱۶۵، مسند احمد ج ۵ ص ۱۵۷) اور ایک موقع پر فرمایا: اے پرندہ! تیرے لیے خوشی ہے، تجھ سے حساب لیا جائے گا نہ تجھے عذاب ہوگا۔ (کتاب الزہد للہناد، رقم الحدیث ۷۴۳) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زمین سے ایک تنکا اٹھا کر کہا: کاش! میں اس طرح تنکا ہوتا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جنگ جمل کے دن کہا: کاش! میں اس دن کے آنے سے ۲۰ سال پہلے فوت ہو چکا ہوتا، اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے ایک موقع پر کہا: کاش! بلال کو اس کی ماں نے نہ جنا ہوتا۔

(تفسیر کبیر ج ۷ ص ۵۲۶) (تبیان القرآن ملخصاً ج ۷ ص ۲۶۷)

امام عبدالرزاق نے حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کا یہ جملہ ذکر کیا ہے کہ انہوں نے ایک موقع پر فرمایا: کاش! میں ایک مینڈھا ہوتا اور مجھے میرے گھر والے ذبح کر کے کھا لیتے، اور حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کاش! میں کسی ٹیلے کی ریت ہوتا، جسے تیز ہوائیں ادھر ادھر اڑا دیتیں۔ (مصنف عبدالرزاق ج ۱۰ ص ۲۷۳، دار الکتب العلمیہ، بیروت ۱۴۲۱ھ)

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے یہ جملے یہاں اس لیے ذکر کیے گئے ہیں تاکہ خوف وخشیت اور تقویٰ و پرہیز گاری میں ان کا

Marfat.com

مقام و مرتبہ واضح ہو جائے اور یہ بھی واضح ہو جائے کہ اس طرح کے تمنائی جملے بہت سنجیدگی کے ساتھ بولنے چاہئیں اور اس وقت بولنے چاہئیں جب اللہ عزوجل کا خوف بہت شدت اختیار کر جائے، نہ یہ کہ ان جملوں کو وقت بے وقت بول کر یا ان کو اپنا تکیہ کلام بنا کر ان جملوں کی اہمیت ختم کی جائے، یا موقع، بے موقع بول کر لوگوں کو ہنسنے کی دعوت دی جائے!! ہر کام میں حسن تدبیر اور حکمت ضروری ہے۔

۴۷۵۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنِ الْقَاسِمِ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما اسْتَأْذَنَ عَلَى عَائِشَةَ نَحْوَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ نِسْيًا مَنْسِيًّا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں کہ: ہمیں محمد بن المثنیٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالوہاب بن عبدالمجید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا، ہمیں ابن عون نے حدیث بیان کی از القاسم، کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس (آنے کی) اجازت طلب کی۔ بقیہ حدیث سابق ہے، البتہ انہوں نے (یعنی القاسم نے) نسیا منسیا کا ذکر نہیں کیا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی عیادت کے لیے آنا اور اس بارے میں امام احمد کی مفصل روایت کا بیان

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے مرض الموت میں دیگر اصحاب کے علاوہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بھی ان کی عیادت کے لیے ان کے پاس تشریف لائے اور اس موقع پر ان کے درمیان جو گفتگو ہوئی اس کی کچھ تفصیل گزشتہ حدیث (۴۷۵۳) میں بیان ہو چکی ہے، البتہ امام احمد نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس گفتگو کو زیادہ تفصیل سے روایت کیا ہے اور ایک سے زائد اسناد کے ساتھ متعدد مقامات پر روایت کیا ہے۔ ذیل میں ہم ان کی مکمل روایت پیش کر رہے ہیں:

امام احمد روایت کرتے ہیں کہ ہمیں معاویہ بن عمرو نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں زائدہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبداللہ بن خثیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے عبداللہ ابن ابی ملیکہ نے حدیث بیان کی، یہ کہ ان کو ذکوان نے حدیث بیان کی، جو کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے دربان تھے، کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما تشریف لائے، وہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ملاقات کی اجازت چاہتے تھے، پس میں (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس) حاضر ہوا، اس وقت ان کے سرہانے ان کے بھائی حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کے بیٹے عبداللہ موجود تھے، میں نے عرض کیا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اجازت طلب کر رہے ہیں، تو ان کے بھائی کے بیٹے عبداللہ ان پر جھک آئے اور وہ بھی یہ کہنے لگے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما (آپ سے ملنے کے لیے) اجازت طلب کر رہے ہیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اس وقت موت کے عالم میں تھیں، سو آپ نے فرمایا: مجھے ابن عباس (رضی اللہ عنہما) سے نہ ملاؤ، تو عبداللہ نے عرض کیا: امی جان! حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما آپ کے نیک بیٹوں میں سے ہیں، وہ آپ کو سلام اور الوداع کہنا چاہتے ہیں، آپ نے فرمایا: اگر تم چاہتے ہو تو ان کو (آنے کی) اجازت دے دو۔

ذکوان کہتے ہیں: پس میں ان کو اندر لے آیا، پھر انہوں نے بیٹھتے ہی (سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے) کہا: آپ کو بشارت ہو۔ آپ نے فرمایا: اور کچھ؟ تو انہوں نے کہا: آپ کے درمیان اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دیگر محبوبین سے آپ کے ملنے کے درمیان صرف بدن سے روح نکلنے کا فاصلہ ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام ازواج مطہرات میں آپ سب سے زیادہ محبوب تھیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صرف طیب اور پاکیزہ چیز سے محبت فرماتے تھے، نیز غزوۂ ابواء کی رات آپ کا ہار کہیں گر گیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (آپ

Marfat.com

کی خاطر) ٹھہر گئے حتیٰ کہ اس جگہ صبح ہوگئی اور لوگ بھی وہیں ٹھہرے ہوئے تھے، حالانکہ ان کے پاس پانی بھی نہیں تھا، پس اللہ عزوجل نے تیمم کا حکم نازل فرمایا، سو یہ حکم اور اس میں امت کے لیے جو رخصت اور سہولت ہے وہ آپ ہی کے سبب سے ہے، اور سات آسمانوں کے اوپر سے اللہ عزوجل نے آپ کی پاکیزگی کا بیان نازل فرمایا، جسے روح امین (حضرت جبریل) لے کر نازل ہوئے، پس اب کوئی مسجد ایسی نہیں ہے جس میں شب و روز ان آیات کی تلاوت نہ ہوتی ہو۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے ابن عباس! مجھے (میرے حال پر) چھوڑ دو اور مجھے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے! میں یہ تمنا کرتی ہوں کہ میں بھولی بسری اور گمنام ہو جاؤں۔ (مسند احمد ج ۱ ص ۲۷۷ طبع قدیم، مسند احمد ج ۴ ص ۲۹۸۔۲۹۷، مؤسسۃ الرسالہ، بیروت، ۱۴۲۰ھ)

صحیح بخاری کی زیر بحث حدیث سے حافظ ابن حجر عسقلانی کا استنباط مسائل

حافظ احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

اس واقعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا علم بہت وسیع تھا اور صحابہ و تابعین کے درمیان ان کا مرتبہ بہت عظیم تھا، نیز اس واقعہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی تواضع و انکسار، بلندی مرتبہ اور دینی معاملات میں ان کے سختی فرمانے کا ثبوت بھی موجود ہے اور یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بغیر اجازت کے امہات المومنین کے پاس نہیں آتے تھے۔ علاوہ ازیں اس واقعہ میں چھوٹے کا بڑے کو مشورہ دینے کا ثبوت بھی ہے اور اس بات کا ثبوت بھی ہے کہ علم اور دین میں جو اکابر ہوں ان کے مقام و مرتبہ کا لحاظ کرنا چاہیے اور جس تعظیم کے وہ حق دار ہوں اس کو ترک نہیں کرنا چاہیے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۴۵ دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

میں کہتا ہوں کہ انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو آنے کی اجازت اس وجہ سے دی تھی کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عم زاد ہیں۔

۱۰۔ بَابٌ: يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ (النور: ۱۷)

اللہ عزوجل کا ارشاد: اللہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے کہ تم دوبارہ ایسی بات کبھی بھی نہ کرنا اگر تم مومن ہو ○ (النور: ۱۷) کی تفسیر

۴۷۵۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي الضُّحَى عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ رضى الله عنها قَالَتْ جَاءَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ يَسْتَأْذِنُ عَلَيْهَا قُلْتُ أَتَأْذَنِينَ لِهَذَا قَالَتْ أَوَلَيْسَ قَدْ أَصَابَهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ قَالَ سُفْيَانُ تَعْنِي ذَهَابَ بَصَرِهٖ فَقَالَ

حَصَانٌ رَزَانٌ مَا تُزَنُّ بِرِيبَةٍ
وَتُصْبِحُ غَرْثَى مِنْ لُحُومِ الْغَوَافِلِ

قَالَتْ لَكِنْ أَنْتَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں کہ ہمیں محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از اعمش از ابوالضحیٰ از مسروق از سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا، انہوں نے فرمایا کہ: حضرت حسان بن ثابت (رضی اللہ عنہ) نے ان سے (ملاقات کی) اجازت طلب کی، میں نے عرض کی: کیا آپ انہیں (بھی اپنے پاس آنے کی) اجازت دیتی ہیں؟ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کیا انہیں بڑا عذاب نہیں پہنچ چکا؟ سفیان کہتے ہیں: اس سے ان کی مراد تھی حضرت حسان رضی اللہ عنہ کا نابینا ہو جانا، پھر حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے (یہ شعر) عرض کیا: (آپ) بہت پاک دامن اور باوقار خاتون ہیں اور کسی تہمت والی بات سے آلودہ نہیں ہیں۔ آپ اس حالت میں صبح کرتی ہیں کہ پاک دامن عورتوں کے گوشت سے

Marfat.com

آپ کا پیٹ خالی ہوتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے (یہ سن کر ان سے) فرمایا: لیکن آپ نے ایسا نہیں کیا۔

اس حدیث کی شرح کے لیے صحیح البخاری: ۱۴۱۴ اور ۴۷۴۹ کا مطالعہ فرمائیں۔

۱۱۔ بَابٌ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ (النور: ۱۸)

اللہ عزوجل کے ارشاد: اور اللہ تمہارے لیے آیتیں بیان فرماتا ہے، اور اللہ بہت علم والا بہت حکمت والا ہے ○ (النور: ۱۸) کی تفسیر

۴۷۵۲۔ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي الضُّحَى عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ دَخَلَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ عَلَى عَائِشَةَ فَشَبَّبَ وَقَالَ

حَصَانٌ رَزَانٌ مَا تُزَنُّ بِرِيبَةٍ
وَتُصْبِحُ غَرْثَى مِنْ لُحُومِ الْغَوَافِلِ

قَالَتْ لَسْتَ كَذَاكَ قُلْتُ تَدَعِينَ مِثْلَ هَذَا يَدْخُلُ عَلَيْكِ وَقَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ ﴿وَالَّذِي تَوَلّٰى كِبْرَهُ مِنْهُمْ﴾ (النور: ۱۱) فَقَالَتْ وَأَيُّ عَذَابٍ أَشَدُّ مِنَ الْعَمَى وَقَالَتْ وَقَدْ كَانَ يَرُدُّ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں کہ مجھے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابن ابی عدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے خبر دی از اعمش از ابوالضحیٰ از مسروق، انہوں نے کہا: حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور انہوں نے تشبیب کے ساتھ یہ شعر کہا: (آپ) باوقار خاتون ہیں اور کسی تہمت والی بات سے آلودہ نہیں ہیں۔ آپ اس حالت میں صبح کرتی ہیں کہ پاک دامن عورتوں کے گوشت سے آپ کا پیٹ خالی ہوتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے (ان سے) فرمایا: (لیکن) آپ ایسے نہیں ہیں۔ (مسروق کہتے ہیں:) میں نے عرض کی: آپ ان جیسے شخص کو اپنے پاس آنے دیتی ہیں حالانکہ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی کہ: ان میں سے جس نے اس تہمت میں بڑا حصہ لیا اس کے لیے بڑا عذاب ہے ○ (النور: ۱۱) تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: نابینا ہو جانے سے زیادہ شدید عذاب کیا ہوگا! اور انہوں نے (حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے متعلق یہ بھی) فرمایا کہ: وہ رسول اللہ ﷺ پر ہونے والے اعتراضات کا جواب دیا کرتے تھے۔

اس حدیث کی شرح کے لیے بھی صحیح البخاری: ۱۴۱۴ اور ۴۷۴۹ کا مطالعہ فرمائیں۔

۱۲۔ بَابٌ: إِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اللہ عزوجل کے ارشاد: بے شک جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ ایمان والوں میں بے حیائی کی بات پھیلے ان کے لیے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ○ اور اگر تم ان پر اللہ کا فضل

Marfat.com

وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۲۰ (النور:۱۹۔۲۰)

اور اس کی رحمت نہ ہوتی اور یہ کہ اللہ بہت شفیق اور بے حد مہربان ہے (تو تم پر عذاب آجاتا) ○

(النور:۲۰۔۱۹) کی تفسیر

تَشِيْعَ تَظْهَرَ۔

علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی متوفی ۶۶۸ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اس میں ایمان والوں سے پاک دامن مرد اور پاک دامن عورتیں مراد ہیں اور یہ لفظ اگرچہ تمام اہل ایمان کے لیے ہے، مگر یہاں (خصوصیت کے ساتھ) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور حضرت صفوان رضی اللہ عنہ کو مراد لیا گیا ہے اور ''فاحشہ'' کا معنی ہے: انتہائی بدترین فعل، اور ایک قول یہ ہے کہ یہاں اس کا معنی ہے: بری بات، اور دنیا میں دردناک عذاب سے مراد ہے: حد کا جاری ہونا اور آخرت کے اعتبار سے اس کا معنی ہے: جہنم کا عذاب، جو کہ (تہمت لگانے والوں میں) منافقین کے ساتھ خاص ہے۔

(الجامع الاحکام القرآن جز ۱۸ ج ۶ ص ۱۹۰، دارالفکر، بیروت، ۱۴۱۵ھ)

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ جو لوگ ام المومنین سیدہ عائشہ اور حضرت صفوان رضی اللہ عنہما کے لیے یہ خواہش رکھتے ہیں کہ ان کے متعلق کوئی بری بات عام ہو ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

آگے جو فرمایا: ''اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے'' اس سے مراد یہ ہے کہ جنہوں نے تہمت لگائی ان کا جھوٹا ہونا اور جن پر تہمت لگائی گئی ان کا سچا ہونا اللہ کے علم میں ہے، اور اے لوگو! تمہیں اس کا علم نہیں ہے، کیونکہ یہ ایک غیب ہے اور غیوب کا علم اللہ عزوجل کو ہے، لہٰذا جس چیز کا تمہیں علم نہ ہو اس کو ایمان والوں کی طرف منسوب نہ کرو، خصوصاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج کی طرف، ورنہ تم ہلاک ہو جاؤ گے۔ (جامع البیان ج ۱۰ ص ۱۳۴۔۱۳۳، دارالفکر بیروت، ۱۴۱۵ھ)

امام بخاری نے کہا: تشیع کا معنی ہے: ظاہر ہو جائے۔

اس سے امام بخاری کا مقصود سورۃ النور کی زیر بحث آیت: ۱۹ میں مذکور لفظ ''تشیع'' کا معنی بیان کرنا ہے، اور علامہ عینی نے کہا ہے کہ مجاہد نے بھی اس لفظ کی یہی تفسیر کی ہے، لیکن اس اضافہ کے ساتھ کہ اس لفظ کا معنی ہے: لوگوں میں اس بات کا چرچا ہو جائے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۲۶)

وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ۭ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۲۲ (النور:۲۲)

ارشاد باری تعالیٰ: اور تم میں سے اصحاب فضل اور ارباب وسعت یہ قسم نہ کھائیں کہ وہ رشتہ داروں اور مسکینوں اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو کچھ نہیں دیں گے، ان کو چاہیے کہ وہ معاف کر دیں اور درگزر کریں، کیا تم یہ نہیں چاہتے کہ اللہ تمہاری مغفرت کر دے اور اللہ بہت بخشنے والا ہے بے حد رحم فرمانے والا ہے ○ (النور:۲۲) کی تفسیر

یہ آیت حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے متعلق نازل ہوئی۔ آپ حضرت مسطح بن اثاثہ رضی اللہ عنہ پر اپنا مال خرچ کیا کرتے

Marfat.com

تھے، لیکن حضرت مسطح رضی اللہ عنہ نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانے میں حصہ لیا، جس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ قسم اٹھائی کہ وہ آئندہ حضرت مسطح رضی اللہ عنہ پر اپنا مال خرچ نہیں کریں گے۔ اس پر اللہ عزوجل نے مذکورہ آیت نازل فرمائی اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو درگزر کرنے کا حکم فرمایا۔

۴۷۵۷۔ وَقَالَ أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا ذُكِرَ مِنْ شَأْنِي الَّذِي ذُكِرَ وَمَا عَلِمْتُ بِهِ قَامَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فِي خَطِيبًا فَتَشَهَّدَ فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ أَشِيرُوا عَلَيَّ فِي أُنَاسٍ أَبَنُوا أَهْلِي وَايْمُ اللهِ مَا عَلِمْتُ عَلَى أَهْلِي مِنْ سُوءٍ وَأَبَنُوهُمْ بِمَنْ وَاللهِ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ مِنْ سُوءٍ قَطُّ وَلَا يَدْخُلُ بَيْتِي قَطُّ إِلَّا وَأَنَا حَاضِرٌ وَلَا غِبْتُ فِي سَفَرٍ إِلَّا غَابَ مَعِي فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فَقَالَ ائْذَنْ لِي يَا رَسُولَ اللهِ أَنْ نَضْرِبَ أَعْنَاقَهُمْ وَقَامَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي الْخَزْرَجِ وَكَانَتْ أُمُّ حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ مِنْ رَهْطِ ذَلِكَ الرَّجُلِ فَقَالَ كَذَبْتَ أَمَا وَاللهِ أَنْ لَوْ كَانُوا مِنَ الْأَوْسِ مَا أَحْبَبْتَ أَنْ تُضْرَبَ أَعْنَاقُهُمْ حَتَّى كَادَ أَنْ يَكُونَ بَيْنَ الْأَوْسِ وَالْخَزْرَجِ شَرٌّ فِي الْمَسْجِدِ وَمَا عَلِمْتُ فَلَمَّا كَانَ مَسَاءُ ذَلِكَ الْيَوْمِ خَرَجْتُ لِبَعْضِ حَاجَتِي وَمَعِي أُمُّ مِسْطَحٍ فَعَثَرَتْ وَقَالَتْ تَعِسَ مِسْطَحٌ فَقُلْتُ أَيْ أُمِّ تَسُبِّينَ ابْنَكِ وَسَكَتَتْ ثُمَّ عَثَرَتْ الثَّانِيَةَ فَقَالَتْ تَعِسَ مِسْطَحٌ فَقُلْتُ لَهَا أَيْ أُمِّ أَتَسُبِّينَ ابْنَكِ فَسَكَتَتْ ثُمَّ عَثَرَتْ الثَّالِثَةَ فَقَالَتْ تَعِسَ مِسْطَحٌ فَانْتَهَرْتُهَا فَقَالَتْ وَاللهِ مَا أَسُبُّهُ إِلَّا فِيكِ فَقُلْتُ فِي أَيِّ شَأْنِي قَالَتْ فَبَقِرَتْ لِي الْحَدِيثَ فَقُلْتُ وَقَدْ كَانَ هَذَا قَالَتْ نَعَمْ وَاللهِ فَرَجَعْتُ إِلَى بَيْتِي كَأَنَّ الَّذِي خَرَجْتُ لَهُ لَا أَجِدُ مِنْهُ قَلِيلًا وَلَا كَثِيرًا وَوُعِكْتُ فَقُلْتُ لِرَسُولِ اللهِ ﷺ أَرْسِلْنِي إِلَى بَيْتِ أَبِي فَأَرْسَلَ مَعِيَ الْغُلَامَ فَدَخَلْتُ الدَّارَ فَوَجَدْتُ أُمَّ رُومَانَ فِي السُّفْلِ وَأَبَا بَكْرٍ فَوْقَ الْبَيْتِ يَقْرَأُ فَقَالَتْ أُمِّي مَا جَاءَ بِكِ يَا بُنَيَّةُ

اور ابواسامہ نے کہا از ہشام بن عروہ، انہوں نے کہا: مجھے میرے والد نے خبر دی از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہ آپ نے فرمایا: جب میرے متعلق لوگوں میں تہمت کا چرچا ہوا، حالانکہ مجھے اس کا کوئی علم نہیں تھا تو رسول اللہ ﷺ میرے معاملہ میں خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے، آپ نے تشہد پڑھا، یعنی اللہ عزوجل کی حمد و ثناء بیان کی، ایسے الفاظ کے ساتھ جو اللہ عزوجل کے شایان شان تھے، پھر فرمایا: حمد و ثناء کے بعد! مجھے ان لوگوں کے بارے میں مشورہ دو جنہوں نے میری زوجہ پر تہمت لگائی ہے، حالانکہ اللہ کی قسم! مجھے اپنی زوجہ کے متعلق کسی برائی (میں مبتلا ہونے) کا علم نہیں ہے اور ان لوگوں نے ایسے شخص کے ساتھ تہمت لگائی ہے کہ اللہ کی قسم! اس کے متعلق بھی کبھی کوئی برائی میرے علم میں نہیں آئی اور وہ میرے گھر میں کبھی داخل نہیں ہوتے مگر یہ کہ میں (خود) موجود ہوں اور میں کسی بھی سفر میں (گھر سے) غائب ہوتا ہوں تو وہ بھی میرے ساتھ غائب ہوتے ہیں، پس حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر عرض کی: یا رسول اللہ! آپ مجھے اجازت مرحمت فرمائیں کہ ہم تہمت لگانے والوں کی گردنیں اڑا دیں، (اتنے میں) بنوالخزرج کا ایک شخص کھڑا ہو گیا، حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کی والدہ اسی شخص کے قبیلہ سے تھیں، اس شخص نے (حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو مخاطب کر کے) کہا: آپ نے کذب سے کام لیا ہے، اللہ کی قسم! اگر تہمت لگانے والے افراد قبیلہ اوس سے ہوتے تو آپ (قطعاً) پسند نہ کرتے کہ ان کی گردنیں اڑائی جائیں۔ (بات اتنی بڑھی) کہ مسجد ہی میں اوس اور خزرج کے درمیان جھگڑا برپا ہو گیا اور مجھے (کسی بات کا کوئی) علم نہیں تھا۔ جب اس دن شام ہوئی تو میں کسی ضرورت کی غرض سے باہر نکلی اور میرے ساتھ حضرت مسطح رضی اللہ عنہ کی والدہ (بھی) تھیں، وہ (چلتے ہوئے) ٹھوکر کھا کر گر گئیں تو ان کے منہ سے نکلا:

فَأَخْبَرْتُهَا وَذَكَرْتُ لَهَا الْحَدِيثَ فَإِذَا هُوَ لَمْ يَبْلُغْ مِنْهَا مِثْلَ مَا بَلَغَ مِنِّي فَقَالَتْ يَا بُنَيَّةُ خَفِّفِي عَلَيْكِ الشَّأْنَ فَإِنَّهُ وَاللهِ لَقَلَّمَا كَانَتْ امْرَأَةٌ حَسْنَاءُ عِنْدَ رَجُلٍ يُحِبُّهَا لَهَا ضَرَائِرُ إِلَّا حَسَدْنَهَا وَقِيلَ فِيهَا فَإِذَا هُوَ لَمْ يَبْلُغْ مِنْهَا مَا بَلَغَ مِنِّي قُلْتُ وَقَدْ عَلِمَ بِهِ أَبِي قَالَتْ نَعَمْ قُلْتُ وَرَسُولُ اللهِ ﷺ قَالَتْ نَعَمْ وَرَسُولُ اللهِ ﷺ وَاسْتَعْبَرْتُ وَبَكَيْتُ فَسَمِعَ أَبُو بَكْرٍ صَوْتِي وَهُوَ فَوْقَ الْبَيْتِ يَقْرَأُ فَنَزَلَ فَقَالَ لِأُمِّي مَا شَأْنُهَا قَالَتْ بَلَغَهَا الَّذِي ذُكِرَ مِنْ شَأْنِهَا فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ قَالَ أَقْسَمْتُ عَلَيْكِ أَيْ بُنَيَّةُ إِلَّا رَجَعْتِ إِلَى بَيْتِكِ فَرَجَعْتُ وَلَقَدْ جَاءَ رَسُولُ اللهِ ﷺ بَيْتِي فَسَأَلَ عَنِّي خَادِمَتِي فَقَالَتْ لَا وَاللهِ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهَا عَيْبًا إِلَّا أَنَّهَا كَانَتْ تَرْقُدُ حَتَّى تَدْخُلَ الشَّاةُ فَتَأْكُلَ خَمِيرَهَا أَوْ عَجِينَهَا وَانْتَهَرَهَا بَعْضُ أَصْحَابِهِ فَقَالَ اصْدُقِي رَسُولَ اللهِ ﷺ حَتَّى أَسْقَطُوا لَهَا بِهِ فَقَالَتْ سُبْحَانَ اللهِ وَاللهِ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهَا إِلَّا مَا يَعْلَمُ الصَّائِغُ عَلَى تِبْرِ الذَّهَبِ الْأَحْمَرِ وَبَلَغَ الْأَمْرُ إِلَى ذَلِكَ الرَّجُلِ الَّذِي قِيلَ لَهُ فَقَالَ سُبْحَانَ اللهِ وَاللهِ مَا كَشَفْتُ كَنَفَ أُنْثَى قَطُّ قَالَتْ عَائِشَةُ فَقُتِلَ شَهِيدًا فِي سَبِيلِ اللهِ قَالَتْ وَأَصْبَحَ أَبَوَايَ عِنْدِي فَلَمْ يَزَالَا حَتَّى دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَقَدْ صَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ دَخَلَ وَقَدْ اكْتَنَفَنِي أَبَوَايَ عَنْ يَمِينِي وَعَنْ شِمَالِي فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ يَا عَائِشَةُ إِنْ كُنْتِ قَارَفْتِ سُوءًا أَوْ ظَلَمْتِ فَتُوبِي إِلَى اللهِ فَإِنَّ اللهَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ مِنْ عِبَادِهِ قَالَتْ وَقَدْ جَاءَتْ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَهِيَ جَالِسَةٌ بِالْبَابِ فَقُلْتُ أَلَا تَسْتَحْيِي مِنْ هَذِهِ الْمَرْأَةِ أَنْ تَذْكُرَ شَيْئًا فَوَعَظَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَالْتَفَتُّ إِلَى أَبِي فَقُلْتُ لَهُ أَجِبْهُ قَالَ فَمَاذَا أَقُولُ فَالْتَفَتُّ إِلَى أُمِّي فَقُلْتُ أَجِيبِيهِ

مسطح ہلاک ہو جائے۔ میں نے کہا: اماں جی! آپ اپنے بیٹے کو برا کہہ رہی ہیں؟ (لیکن) وہ چپ رہیں، پھر دوسری مرتبہ گر پڑیں، تو (دوبارہ) انہوں نے کہا: مسطح ہلاک ہو جائے۔ میں نے ان سے کہا: آپ اپنے بیٹے کو برا کہہ رہی ہیں؟ پھر وہ تیسری مرتبہ گر پڑیں، انہوں نے (پھر) کہا: مسطح ہلاک ہو جائے، تو میں نے ان کو سخت لہجہ میں اس سے روکا، تو انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! میں صرف آپ کے معاملہ کی وجہ سے مسطح کو برا کہہ رہی ہوں۔ میں نے کہا: میرا کون سا معاملہ ہے؟ تو انہوں نے پورا واقعہ بیان کیا۔ میں نے (انتہائی حیرت سے) کہا: کیا واقعی ایسا ہوا ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں! اللہ کی قسم! پس میں اپنے گھر لوٹ آئی اور میری حالت یہ تھی کہ جس کام کے لیے میں باہر نکلی تھی اس کا مجھے قطعاً احساس نہیں ہو رہا تھا، نہ کم نہ زیادہ اور مجھے بخار ہو گیا، پس میں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی: آپ مجھے میرے والد کے گھر بھجوا دیں، تو آپ نے ایک بچے کے ساتھ مجھے بھیج دیا، میں گھر میں داخل ہوئی تو میں نے (اپنی والدہ) حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا کو گھر کے نچلے حصہ میں پایا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو گھر کے بالاخانے میں تلاوت کرتے ہوئے پایا۔ میری والدہ نے کہا: پیاری بیٹی! کیسے آنا ہوا؟ تو میں نے انہیں پورا واقعہ سنایا اور اس وقت میں نے محسوس کیا کہ ان کو اس واقعہ سے اتنا رنج و غم نہیں تھا جتنا مجھے تھا۔ پھر انہوں نے کہا: اے بیٹی! اس معاملہ میں پرسکون رہو (پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے) کیونکہ اللہ کی قسم! بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ کوئی عورت بہت حسین ہو اور کسی ایسے شخص کے نکاح میں ہو جو اس سے محبت رکھتا ہو اور پھر اس کی سوکنیں بھی ہوں اور وہ سوکنیں اس (حسین عورت) سے حسد نہ کریں اور ایسی عورت میں عیب نہ نکالا جائے۔ مجھے (بہرحال) یہی معلوم ہو رہا تھا کہ ان کو اس معاملہ میں اتنی پریشانی لاحق نہیں تھی جتنی مجھے تھی۔ میں نے کہا: کیا میرے والد کو (بھی) یہ سب کچھ معلوم ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں! میں نے کہا: اور رسول اللہ ﷺ کو؟ انہوں نے کہا: ہاں! رسول اللہ ﷺ کو بھی یہ سب کچھ معلوم ہے، پھر

Marfat.com

فَقَالَتْ أَقُولُ مَاذَا فَلَمَّا لَمْ يُجِيبَاهُ تَشَهَّدْتُ فَحَمِدْتُ اللهَ وَأَثْنَيْتُ عَلَيْهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ قُلْتُ أَمَّا بَعْدُ فَوَاللهِ لَئِنْ قُلْتُ لَكُمْ إِنِّي لَمْ أَفْعَلْ وَاللهُ عَزَّوَجَلَّ يَشْهَدُ إِنِّي لَصَادِقَةٌ مَا ذَاكَ بِنَافِعِي عِنْدَكُمْ لَقَدْ تَكَلَّمْتُمْ بِهِ وَأُشْرِبَتْهُ قُلُوبُكُمْ وَإِنْ قُلْتُ إِنِّي قَدْ فَعَلْتُ وَاللهُ يَعْلَمُ أَنِّي لَمْ أَفْعَلْ لَتَقُولُنَّ قَدْ بَائَتْ بِهِ عَلَى نَفْسِهَا وَإِنِّي وَاللهِ مَا أَجِدُ لِي وَلَكُمْ مَثَلًا وَالْتَمَسْتُ اسْمَ يَعْقُوبَ فَلَمْ أَقْدِرْ عَلَيْهِ إِلَّا أَبَا يُوسُفَ حِينَ قَالَ ﴿فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ وَاللهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَىٰ مَا تَصِفُونَ ﴿١١﴾﴾ (یوسف:۱۸) وَأُنْزِلَ عَلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ مِنْ سَاعَتِهِ فَسَكَتْنَا فَرُفِعَ عَنْهُ وَإِنِّي لَأَتَبَيَّنُ السُّرُورَ فِي وَجْهِهِ وَهُوَ يَمْسَحُ جَبِينَهُ وَيَقُولُ أَبْشِرِي يَا عَائِشَةُ فَقَدْ أَنْزَلَ اللهُ بَرَاءَتَكِ قَالَتْ وَكُنْتُ أَشَدَّ مَا كُنْتُ غَضَبًا فَقَالَ لِي أَبَوَايَ قُومِي إِلَيْهِ فَقُلْتُ لَا وَاللهِ لَا أَقُومُ إِلَيْهِ وَلَا أَحْمَدُهُ وَلَا أَحْمَدُكُمَا وَلَكِنْ أَحْمَدُ اللهَ الَّذِي أَنْزَلَ بَرَاءَتِي لَقَدْ سَمِعْتُمُوهُ فَمَا أَنْكَرْتُمُوهُ وَلَا غَيَّرْتُمُوهُ وَكَانَتْ عَائِشَةُ تَقُولُ أَمَّا زَيْنَبُ ابْنَةُ جَحْشٍ فَعَصَمَهَا اللهُ بِدِينِهَا فَلَمْ تَقُلْ إِلَّا خَيْرًا وَأَمَّا أُخْتُهَا حَمْنَةُ فَهَلَكَتْ فِيمَنْ هَلَكَ وَكَانَ الَّذِي يَتَكَلَّمُ فِيهِ مِسْطَحٌ وَحَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ وَالْمُنَافِقُ عَبْدُ اللهِ بْنُ أُبَيٍّ وَهُوَ الَّذِي كَانَ يَسْتَوْشِيهِ وَيَجْمَعُهُ وَهُوَ الَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ مِنْهُمْ هُوَ وَحَمْنَةُ قَالَتْ فَحَلَفَ أَبُو بَكْرٍ أَنْ لَا يَنْفَعَ مِسْطَحًا بِنَافِعَةٍ أَبَدًا فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّوَجَلَّ وَلَا يَأْتَلِ أُولُو الْفَضْلِ مِنْكُمْ إِلَى آخِرِ الْآيَةِ يَعْنِي أَبَا بَكْرٍ وَالسَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَى وَالْمَسَاكِينَ يَعْنِي مِسْطَحًا إِلَى قَوْلِهِ أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللهُ لَكُمْ وَاللهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ حَتَّى قَالَ أَبُو بَكْرٍ بَلَى وَاللهِ يَا رَبَّنَا إِنَّا لَنُحِبُّ أَنْ تَغْفِرَ لَنَا وَعَادَ لَهُ بِمَا كَانَ يَصْنَعُ۔

(صحیح مسلم:۲۷۷۰، سنن ترمذی:۳۱۸۰، المعجم الکبیر للطبرانی ج ۲۳

میری آنکھیں بھر آئیں اور میں آواز سے رونے لگیں تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے میری آواز سن لی، وہ گھر کے بالاخانے میں تلاوت کر رہے تھے، پس وہ نیچے اترے اور انہوں نے میری والدہ سے کہا: یہ کیوں رو رہی ہیں؟ انہوں نے کہا: اس کو وہ خبر پہنچ گئی ہے جو اس کے معاملہ میں گردش کر رہی ہے۔ یہ سن کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ رو پڑے اور انہوں نے (مجھ سے) فرمایا: اے میری بیٹی! میں تمہیں قسم دے کر کہتا ہوں کہ تم اپنے گھر لوٹ جاؤ، پس میں لوٹ آئی اور رسول اللہ ﷺ بھی میرے گھر میں تشریف لائے اور آپ نے میری خادمہ (حضرت بریرہ) سے میرے متعلق پوچھا تو خادمہ نے کہا: اللہ کی قسم! ایسی کوئی بات نہیں ہے (اور) ان کے متعلق کسی قسم کا کوئی عیب میرے علم میں نہیں ہے، سوائے اس کے کہ (آٹا گوندھتے ہوئے) انہیں اونگھ آجاتی ہے حتیٰ کہ بکری آکر ان کا آٹا کھا جاتی ہے۔ صحابہ میں سے کسی نے خادمہ کو ٹوکا اور کہا کہ رسول اللہ ﷺ سے سچ سچ بیان کرو اور لوگوں نے خادمہ کو مختلف باتیں کہہ کر وضاحت چاہی، تو خادمہ نے کہا: اللہ عزوجل پاک ہے، اللہ کی قسم! میں تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے متعلق وہی بات جانتی ہوں جو سونے کے خالص ٹکڑے کے متعلق ایک سنار جانتا ہے (یعنی عیب سے پاک اور صاف ہونا) اور واقعہ کی یہ خبر اس شخص تک (بھی) پہنچی جس کے ساتھ تہمت لگائی تھی (یعنی حضرت صفوان رضی اللہ عنہ)، انہوں نے یہ خبر سن کر کہا: اللہ عزوجل پاک ہے! اللہ کی قسم میں نے کبھی کسی عورت کا کپڑا نہیں کھولا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: انہوں نے اللہ عزوجل کی راہ میں شہادت کی موت پائی۔ فرماتی ہیں: (اگلے دن) صبح کو میرے والدین میرے پاس میری دائیں اور بائیں جانب سے میرا احاطہ کیے ہوئے تھے، پس رسول اللہ ﷺ نے اللہ عزوجل کی حمد وثنا کی، پھر فرمایا: حمد وثناء کے بعد اے عائشہ! اگر تم نے کسی برائی کا ارتکاب کیا ہے یا ظلم کیا ہے تو اللہ عزوجل کی بارگاہ میں توبہ کر لو، کیونکہ اللہ اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اس دوران انصار کی ایک عورت آکر

Marfat.com

ص ۱۵۰، مسند احمد ج ۶ ص ۵۹، ج ۴۰، ص ۳۶۸، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت)

دروازے پر بیٹھی ہوئی تھی (اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گفتگو سن رہی تھی)، میں نے عرض کی: آپ اس عورت کی وجہ سے توقف نہیں فرمائیں گے کہ کہیں یہ (باہر جا کر) کچھ کا کچھ بیان کر دے، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نصیحت جاری رکھی، پھر میں اپنے والد کی طرف متوجہ ہوئی اور میں نے ان سے کہا: آپ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات کا جواب دیں۔ انہوں نے کہا: میں کیا کہوں؟ پھر میں اپنی والدہ کی طرف متوجہ ہوئی اور میں نے ان سے کہا: آپ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات کا جواب دیں، تو انہوں نے (بھی) یہی کہا کہ میں کیا کہوں؟ پس جب ان دونوں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات کا جواب نہیں دیا تو پھر میں نے تشہد پڑھا، یعنی اللہ عزوجل کی حمد وثناء بیان کی ایسے الفاظ کے ساتھ جن کا اللہ عزوجل ہی اہل ہے، پھر میں نے کہا: حمد وثناء کے بعد اللہ کی قسم! اگر میں آپ لوگوں سے یہ کہوں کہ میں نے کوئی (غلط کام) نہیں کیا اور اللہ عزوجل گواہ ہے کہ میں ضرور سچی ہوں تو میرا یہ دعویٰ آپ لوگوں کے نزدیک میرے حق میں (بالکل) مفید نہیں ہوگا، (کیونکہ) آپ لوگوں نے اس واقعہ پر آپس میں (بہت) کلام کیا ہے اور یہ واقعہ آپ لوگوں کے دلوں میں رچ بس گیا ہے اور اگر میں یہ کہوں کہ میں نے ایسا کیا ہے، حالانکہ اللہ عزوجل جانتا ہے کہ میں نے ایسا نہیں کیا تو ضرور آپ لوگ کہیں گے کہ اس نے اپنے جرم کا اقرار کر لیا ہے اور بلاشبہ اللہ کی قسم! میں اپنے لیے اور آپ لوگوں کے لیے صرف حضرت یوسف کے والد (علیہ السلام) کی مثال پاتی ہوں جب انہوں نے فرمایا تھا کہ: ''صبر کرنا ہی بہتر ہے اور جو کچھ تم لوگ بیان کر رہے ہو اس پر اللہ ہی سے مدد مطلوب ہے'' ○ (یوسف: ۱۸) میں (یہ مثال بیان کرنے کے لیے) حضرت یعقوب علیہ السلام کا نام سوچتی رہی مگر (شدت غم کی وجہ سے) میں اس نام کو ذہن میں لانے پر قادر نہ ہو سکی اور اسی وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی کا نزول شروع ہو گیا، پس ہم خاموش ہو گئے، پھر جب آپ سے وحی کی کیفیت ختم ہوئی تو میں نمایاں طور پر آپ کے چہرۂ انور میں خوشی دیکھ رہی تھی اور آپ اپنی پیشانی سے (پسینہ) پونچھ رہے تھے اور فرما رہے تھے: اے

Marfat.com

عائشہ! تمہیں خوش خبری ہو، اللہ عزوجل نے تمہاری پاکیزگی (کا بیان) نازل فرما دیا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اس وقت میں بہت زیادہ غصہ میں تھی، پس مجھ سے میرے والدین نے کہا: تم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف (تعظیماً) کھڑی ہو جاؤ، تو میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں ان کی طرف قیام نہیں کروں گی اور نہ میں ان کی حمد کروں گی اور نہ آپ دونوں کی حمد کروں گی، بلکہ میں اللہ عزوجل کی کروں گی جس نے میری پاکیزگی (کا بیان) نازل فرمایا، آپ لوگوں نے (جب) یہ تہمت کی بات سنی تو نہ تو اس کا انکار کیا اور نہ اس کو ختم کیا، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی تھیں کہ: حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کو تو اللہ عزوجل نے ان کے دین کے سبب (غلط بات کرنے سے) محفوظ رکھا اور انہوں نے صرف خیر کی بات کی، جب کہ ان کی بہن (حضرت) حمنہ (رضی اللہ عنہا) ہلاک ہونے والوں میں شامل ہو کر ہلاک ہو گئیں، اور وہ لوگ جو اس تہمت کی بات میں شریک ہوئے وہ حضرت مسطح، حضرت حسان بن ثابت (رضی اللہ عنہما) اور (سب سے بڑھ کر) منافق شخص عبداللہ بن ابی تھا، یہی وہ شخص تھا جو کرید کرید کر باتیں جمع کر رہا تھا (تاکہ کہانی بن سکے) اور تہمت لگانے والوں میں یہ اور حمنہ (رضی اللہ عنہا) دو افراد ہیں جنہوں نے اس میں بڑا حصہ لیا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: پس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے قسم اٹھالی کہ وہ آئندہ کبھی بھی مسطح رضی اللہ عنہ کو کوئی نفع نہیں پہنچائیں گے، پس اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: اور قسم نہ کھائیں تم میں سے اصحاب فضل اور ارباب وسعت۔ اس سے مراد حضرت ابوبکر صدق رضی اللہ عنہ ہیں۔ یہ قسم کہ وہ رشتہ داروں اور مسکینوں کو کچھ نہیں دیں گے، اس سے مراد حضرت مسطح رضی اللہ عنہ ہیں۔ یہ آیت یہاں تک ہے کہ: کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ تمہاری مغفرت کر دے اور اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے (النور: ۲۲) حتیٰ کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: کیوں نہیں، اللہ کی قسم! اے ہمارے پروردگار! بے شک ہم ضرور چاہتے ہیں کہ تو ہماری مغفرت فرما دے۔ اور (یہ کہہ کر) انہوں نے حضرت مسطح رضی اللہ عنہ کا وہ خرچہ بحال فرما دیا جو

Marfat.com

(پہلے) انہیں آپ دیا کرتے تھے۔

• اس حدیث کی شرح، صحیح البخاری: ۴۷۵۰ کے تحت بہت تفصیل کے ساتھ گزر چکی ہے، تاہم یہاں دو اہم امور ذکر کیے جا رہے ہیں:

حدیث افک کو امام بخاری کا سند معلق کے ساتھ روایت کرنا اور افک کے واقعہ میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے غضب فرمانے کی توجیہ

(۱) ایک یہ کہ اس حدیث کو یہاں امام بخاری نے سند معلق کے ساتھ روایت کیا ہے، کیونکہ انہوں نے سند کے آغاز میں فرمایا: ابو اسامہ نے کہا: جب کہ امام مسلم نے اس حدیث کو سند متصل کے ساتھ روایت کیا ہے، اور ان کی سند کے الفاظ یہ ہیں کہ: ہمیں ابو بکر بن ابی شیبہ اور محمد بن العلاء نے حدیث بیان کی، ان دونوں نے کہا، ہمیں ابو اسامہ نے حدیث بیان کی از ہشام بن عروہ از والد خود (حضرت عروہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ) از سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا۔ (صحیح مسلم: ۲۷۷۰، کتاب التوبہ، رقم: ۵۸)

(۲) دوسرا یہ کہ اس حدیث میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں بہت زیادہ غصہ میں تھی (الی قولہا): اللہ کی قسم! میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف قیام نہیں کروں گی اور نہ میں ان کی حمد کروں گی اور نہ آپ دونوں کی حمد کروں گی۔ اس جملہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو اپنے والدین سمیت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی غصہ تھا، تو آیا ان کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر غصہ ہونا ان کے ایمان کے منافی تھا یا نہیں؟

اس کا جواب یہ ہے کہ کسی شخص کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر آپ کی رسالت اور نبوت کی حیثیت سے غصہ ہونا، یہ تو ایمان کے منافی ہے، لیکن تمام حیثیات کا حکم یکساں نہیں ہے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ ہیں، اگر بالفرض انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر غصہ فرمایا ہے تو آپ کے رسول اور نبی ہونے کی حیثیت سے نہیں، بلکہ آپ کے ساتھ ازدواجی رشتہ کے لحاظ سے، اور اس پر شرعاً کوئی حکم لاگو نہیں ہوتا۔ اگر ان کا یہ جملہ ان کے ایمان کے منافی ہوتا تو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان پر یہ بات ظاہر فرما دیتے اور ان کا ایمان ضائع ہونے سے بچاتے، مگر یہاں ایسی کوئی بات نہیں ہوئی، اور از دواجی رشتہ کے لحاظ سے غصہ ہونا ایسی چیز ہے جس کی نسبت خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف فرمائی ہے، جیسا کہ حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا خود فرماتی ہیں کہ مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک میں خوب جانتا ہوں جب تم مجھ سے راضی ہوتی ہو اور جب تم مجھ سے ناراض ہوتی ہو۔ (الی آخر الحدیث) (صحیح بخاری: ۵۲۲۸، صحیح مسلم: ۲۴۳۹)

یہ تمام گفتگو اس صورت میں ہے جب یہ تسلیم کر لیا جائے کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اس موقع پر اپنے والدین سمیت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی غصہ میں تھیں، ورنہ اس سے قبل (صحیح البخاری: ۴۷۵۰ کے تحت) علامہ ابن ابی جمرہ متوفی ۶۹۹ ھ کے حوالہ سے ہم لکھ چکے ہیں کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو جب ان کے والدین نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کھڑی ہو جاؤ، تو آپ نے قیام کرنے سے اس لیے منع کر دیا تھا کہ آپ کو آپ کے والدین سے پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حکم فرما چکے تھے کہ اللہ عزوجل کی حمد کرو۔ (جیسا کہ صحیح البخاری: ۲۶۶۱ میں اس کی تصریح ہے) سو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے مناسب نہ سمجھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر والدین کے حکم کو ترجیح دی جائے، اس لیے آپ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قیام نہیں کیا۔

۱۳۔ بَابٌ: وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلَىٰ جُيُوبِهِنَّ۔ (النور: ۳۱)

اللہ عزوجل کے ارشاد: اور عورتیں اپنے دوپٹے اپنے گریبانوں پر ڈالے رکھیں۔ (النور: ۳۱) کی تفسیر

اس آیت مبارکہ کا آغاز اس طرح ہے:

Marfat.com

وَ قُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَ يَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ۔ (النور:۳۱)

۴۷۵۸۔ وَقَالَ أَحْمَدُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ يُونُسَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنها قَالَتْ يَرْحَمُ اللهُ نِسَاءَ الْمُهَاجِرَاتِ الْأُوَلَ لَمَّا أَنْزَلَ اللهُ ﴿وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ﴾ (النور:۳۱) شَقَّقْنَ مُرُوطَهُنَّ فَاخْتَمَرْنَ بِهَا۔

(سنن ابوداؤد: ۴۱۰۲، سنن بیہقی ج ۲ ص ۲۳۴، المستدرک ج ۲ ص ۳۹۷ شرح السنہ: ۳۰۸۲)

اور آپ مسلمان عورتوں سے کہیے کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی زیبائش کو ظاہر نہ کریں مگر جواز خود ظاہر ہو اور اپنے دوپٹوں کو اپنے گریبانوں پر ڈالے رکھیں۔

اور احمد بن شبیب نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی از یونس، کہ ابن شہاب نے کہا از عروہ از سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہ انہوں نے فرمایا: اللہ عزوجل رحمت نازل فرمائے ان عورتوں پر جنہوں نے پہلے ہجرت کی، کہ جب اللہ عزوجل نے یہ حکم نازل فرمایا: ''اور عورتیں اپنے دوپٹے اپنے گریبانوں پر ڈالے رکھیں'' (النور:۳۱)۔ تو ان عورتوں نے اپنی چادریں پھاڑ کر ان کے دوپٹے بنالیے۔

النور:۳۱ کی تفسیر میں امام بخاری کا سند معلق کے ساتھ حدیث روایت کرنا اور اس حدیث کی مختصر شرح

یہ حدیث بھی امام بخاری نے سند معلق کے ساتھ ذکر کی ہے حالانکہ احمد بن شبیب آپ کے مشائخ میں سے ہیں۔ اس اعتبار سے اگر آپ یوں فرماتے کہ ''ہمیں حدیث بیان کی احمد بن شبیب نے'' تو زیادہ بہتر ہوتا، لیکن ہوسکتا ہے آپ نے ان سے یہ حدیث نہ سنی ہو اس لیے آپ نے حدثنا کا لفظ ترک فرمادیا۔

پہلے ہجرت کرنے سے مراد یہ ہے کہ جن عورتوں نے ہجرت کرنے میں سبقت کی، اور دوپٹے بنانے سے مراد یہ ہے کہ ان عورتوں نے اپنی چادریں پھاڑ کر اپنا سر، سینہ اور چہرہ سب کچھ چھپادیا۔ زمانہ جاہلیت میں عورتیں اپنا دوپٹہ پیچھے کی طرف لٹکا دیتی تھیں اور اگلا حصہ کھلا چھوڑ دیتی تھیں، اس لیے النور:۳۱ نازل فرما کر اللہ عزوجل نے عورتوں کو خصوصیت کے ساتھ اپنے گریبان ڈھانپے رکھنے کا حکم فرمایا۔ ہمارے دور میں خواتین کی ایک بڑی تعداد نے دوپٹہ استعمال کرنا ہی ترک کردیا ہے، وہ اپنے سر کے بال اور سینے کو نمایاں کر کے جہاں چاہتی ہیں آتی جاتی ہیں اور ایک بڑی تعداد ایسی ہے جو دوپٹے کو برائے نام اپنے گلے میں لٹکائے رکھتی ہے اور یہ دونوں ہی طرز عمل قرآن مجید کی اس آیت کے خلاف ہیں۔

۴۷۵۹۔ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَافِعٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ أَنَّ عَائِشَةَ رضی الله عنها كَانَتْ تَقُولُ لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ ﴿وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ﴾ (النور:۳۱) أَخَذْنَ أُزُرَهُنَّ فَشَقَقْنَهَا مِنْ قِبَلِ الْحَوَاشِي فَاخْتَمَرْنَ بِهَا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں کہ: ہمیں ابونعیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابراہیم بن نافع نے حدیث بیان کی از حسن بن مسلم از صفیہ بنت شیبہ کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی تھیں جب یہ آیت نازل ہوئی: ''اور عورتیں اپنے دوپٹے اپنے گریبانوں پر ڈالے رکھیں'' (النور:۳۱)۔ تو عورتوں نے اپنے تہبند کناروں سے پھاڑ کر ان کے دوپٹے بنالیے۔

چادروں کے دوپٹے بنانے کے متعلق دو مختلف روایتوں میں تطبیق

علامہ بدرالدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

Marfat.com

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جن عورتوں نے اپنی چادروں کے دوپٹے بنائے وہ مہاجرات (ہجرت کرنے والی) خواتین ہیں، جب کہ آپ ہی سے یہ بھی مروی ہے کہ انصار کی عورتوں نے اپنی چادروں کے دوپٹے بنائے۔ اس کو امام ابن ابی حاتم نے روایت کیا ہے۔ میں کہتا ہوں: ان دونوں روایتوں میں تطبیق اس طرح ممکن ہے کہ انصار کی عورتوں نے اس حکم پر عمل کرنے میں سبقت کر لی اور پھر مہاجرات نے بھی اس پر عمل کیا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۳۰)

سورۃ النور کا اختتام

الحمد للہ آج بروز جمعرات ۱۵ جمادی الاخریٰ ۱۴۳۲ھ مطابق ۱۹ مئی ۲۰۱۱ء کو سورۃ النور کی احادیث کی شرح مکمل ہو گئی، اب ان شاء اللہ سورۃ الفرقان کی احادیث کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۲۵۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْفُرْقَانِ

سورۃ الفرقان کی تفسیر

سورۃ الفرقان کا مختصر تعارف

علامہ بدرالدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

الفرقان کا لفظ فرق سے ماخوذ ہے، جس کا معنی ہے: دو چیزوں کے درمیان فاصلہ اور امتیاز کرنا۔ قرآن مجید کا ایک نام الفرقان ہے، کیونکہ قرآن مجید حق اور باطل کے درمیان فرق کرتا ہے اور بعض نے یہ وجہ بیان کی کہ قرآن مجید ایک مرتبہ میں نازل نہیں ہوا، بلکہ جدا جدا طور پر نازل ہوا ہے، اس لیے اس کو الفرقان کہا جاتا ہے اور اس بات کی تائید سورۂ بنی اسرائیل کی آیت: ۱۰۶ میں موجود ہے۔

سورۃ الفرقان مکی ہے، البتہ اس کی آیت: ۷۰ کے مکی اور مدنی ہونے میں اختلاف ہے اور ایک قول یہ ہے کہ اس سورت کی آیت: ۶۸ اور آیت: ۷۰ دونوں کے متعلق اختلاف ہے۔ بعض کے نزدیک یہ دونوں آیات مدنی ہیں اور بعض کے نزدیک مکی ہیں، جب کہ سعید بن جبیر کے نزدیک ان میں سے پہلی آیت مکی ہے اور دوسری آیت مدنی ہے۔ اس سورت میں ۷۷ آیتیں ہیں، ۸۹۲ کلمات ہیں اور ۳۷۸۰ حروف ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۳۱)

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ هَبَاءً مَنْثُورًا مَا تَسْفِي بِهِ الرِّيحُ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: هَبَآءً مَّنْثُوْرًا کا معنی ہے: ایسی چیز جو ہوا اڑا کر لائے۔

اس تعلیق سے امام بخاری کا اشارہ اس آیت کی طرف ہے:

وَ قَدِمْنَآ اِلٰی مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿۲۳﴾ (الفرقان: ۲۳)

اور انہوں نے (اپنے زعم میں) جس قدر (نیک) کام کیے تھے ہم ان کی طرف قصد کریں گے اور ان کو فضا میں بکھرے ہوئے (غبار کے) باریک ذرے بنا دیں گے ○

مفسرین کے ایک قول کے مطابق یہ آیت کفار سے متعلق ہے اور اس کا معنی یہ ہے کہ کفار نے اپنے گمان میں جو نیک اعمال کیے تھے وہ آخرت میں ریزہ ریزہ کر کے ضائع کر دیے جائیں گے اور وہ فضا میں بکھرے ہوئے سورج کی شعاعوں کے باریک ذرات کی طرح ہو جائیں گے، کیونکہ ایمان کے بغیر کوئی صالح عمل مقبول نہیں ہوتا۔ (انوار تبیان القرآن ص ۵۷۷)

اس آیت میں هَبَآءً کا جو لفظ ہے اس کی تفسیر میں مفسرین کے مختلف اقوال ہیں: مجاہد، عکرمہ اور حسن بصری کے نزدیک اس سے مراد غبار کی مانند وہ ذرات ہیں جو سورج کی روشنی میں روشن دان سے نظر آتے ہیں اور سائے میں نظر نہیں آتے اور ہاتھوں سے ان کو چھوا بھی نہیں جاتا۔ ابن زید کا قول ہے کہ اس سے مراد غبار ہے اور مقاتل کا قول ہے کہ اس سے مراد وہ ذرات ہیں جو جانوروں کے کھروں سے اڑتے ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۳۱) اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کی جو تفسیر فرمائی وہ امام بخاری نے ذکر کر دی کہ اس سے مراد وہ چیز یعنی وہ ذرات ہیں جو ہوا اپنے ساتھ اڑا کر لائے۔ خلاصہ یہ ہے کہ کفار کے اعمال انہی ذرات

Marfat.com

اور گرد وغبار کی طرح بے کار ہو جائیں گے اور انہیں کوئی نفع نہیں ہوگا۔

مَدَّ الظِّلَّ مَا بَيْنَ طُلُوعِ الْفَجْرِ إِلَى طُلُوعِ الشَّمْسِ سَاكِنًا دَائِمًا۔

مَدَّالظِّلَّ سے مراد وہ وقت ہے جو طلوع فجر سے طلوع آفتاب کے درمیان ہوتا ہے، اور سَاكِنًا سے مراد ہے: ہمیشہ رہنے والا۔

اس سے امام بخاری کا اشارہ اس آیت کی طرف ہے:

أَلَمْ تَرَ إِلَى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهُ سَاكِنًا۔ (الفرقان:۴۵)

کیا آپ نے اپنے رب کی (قدرت کی) طرف نہیں دیکھا کہ اس نے کس طرح سائے کو پھیلا دیا اور اگر وہ چاہتا تو اس کو ٹھہرا ہوا کر دیتا۔

اس تعلیق کے ذریعہ امام بخاری نے یہ واضح فرمایا ہے کہ سایا پھیلانے کا جو وقت ہے وہ طلوع فجر سے طلوع آفتاب کے درمیان ہے۔ اس وقت میں ہر طرف چھاؤں پھیلی ہوئی ہوتی ہے، کیونکہ اس وقت تک سورج نمودار نہیں ہوا ہوتا، اور سَاكِنًا کی جو تفسیر فرمائی اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سائے کو ہمیشہ سایا رکھنے پر قادر ہے، اس طور پر کہ کبھی سورج طلوع ہی نہ ہو، مگر اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق پر مہربانی فرمائی اور ہر چیز کے لیے ایک مخصوص مقدار مقرر فرمائی تا کہ لوگوں کے لیے زندگی گزارنا ممکن ہو۔

عَلَيْهِ دَلِيلًا طُلُوعُ الشَّمْسِ۔

عَلَيْهِ دَلِيلًا سے مراد سورج کا طلوع ہونا ہے۔

اس سے امام بخاری کا اشارہ اس آیت کی طرف ہے:

ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيلًا ﴿۴۵﴾ (الفرقان:۴۵)

پھر ہم نے سورج کو اس کے اوپر دلیل (علامت) بنا دیا○

یعنی سورج کا طلوع ہونا سائے کے وجود کی دلیل ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ سورج سائے پر دلالت کرتا ہے، یعنی اگر سورج نہ ہوتا تو سائے کی پہچان نہ ہوتی اور نور نہ ہوتا تو اندھیرے کی پہچان نہ ہوتی۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۱۳۲)

امام ابو منصور ماتریدی متوفی ۳۳۳ھ نے بھی آیت کی یہی تفسیر کی ہے۔ (تاویلات اہل السنۃ ج ۸ ص ۳۰)

خِلْفَةً مَنْ فَاتَهُ مِنَ اللَّيْلِ عَمَلٌ أَدْرَكَهُ بِالنَّهَارِ أَوْ فَاتَهُ بِالنَّهَارِ أَدْرَكَهُ بِاللَّيْلِ۔

خِلْفَةً سے مراد یہ ہے کہ جس شخص کا رات میں کوئی عمل رہ جاتا ہے وہ اسے دن میں پالیتا ہے یا دن میں کوئی عمل رہ جاتا ہے تو وہ رات میں اسے پالیتا ہے۔

اس سے امام بخاری کا اشارہ اس آیت کی طرف ہے:

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يَذَّكَّرَ أَوْ أَرَادَ شُكُورًا ﴿۶۲﴾ (الفرقان:۶۲)

اور وہی ہے جس نے رات اور دن کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے والا بنایا یہ اس کے لیے ہے جو نصیحت حاصل کرنے کا ارادہ کرے یا شکر ادا کرنے کا ارادہ کرے○

اس تعلیق کے ذریعہ امام بخاری نے یہ واضح فرمایا کہ اس آیت میں خِلْفَةً کا لفظ خلیفہ اور نائب کے معنی میں ہے۔ مراد یہ ہے کہ اللہ عزوجل نے رات اور دن کو ایک دوسرے کا نائب بنایا ہے، لہٰذا دن کا کوئی عمل رہ جائے اور دن گزر جائے تو اگلے دن کا انتظار کرنے کے بجائے رات میں ہی اس عمل کو انجام دیا جائے، اسی طرح رات کا عمل رہ جائے اور رات گزر جائے تو دن میں اس عمل کو ادا کر لیا جائے۔

امام ابو منصور ماتریدی متوفی ۳۳۳ھ لکھتے ہیں: دن اور رات میں ہر ایک کو اللہ عزوجل نے دوسرے کے پیچھے آنے والا بنا دیا ہے، تا کہ دونوں میں سے کسی ایک میں ذکر و اذکار اور شکر کی ادائیگی رہ جائے تو دوسرے میں اسے ادا کر لیا جائے۔ حسن بصری نے

Marfat.com

اس کے قریب قریب قول فرمایا ہے اور اسی کی مثل حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے ان سے کہا: اے امیر المومنین! میں رات کو نماز نہیں پا سکا۔ آپ نے فرمایا: رات کا جو عمل رہ جائے اسے دن میں ادا کرلو اور دن کا جو عمل رہ جائے اسے رات میں ادا کرلو، پھر آپ نے یہی آیت تلاوت فرمائی کہ: (اللہ) وہی ہے جس نے رات اور دن کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے والا بنایا۔

(تاویلات اہل السنۃ ج ۸ ص ۲۸)

خِلْفَةً کی تفسیر میں علماء مفسرین کے اور بھی اقوال ہیں، جن کی تفصیل کتب تفسیر میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

وَقَالَ الْحَسَنُ هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ فِي طَاعَةِ اللهِ وَمَا شَيْءٌ أَقَرَّ لِعَيْنِ الْمُؤْمِنِ مِنْ أَنْ يَرَى حَبِيبَهُ فِي طَاعَةِ اللهِ۔

اور حسن (بصری) نے کہا: هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا سے مراد ہے: اللہ کی اطاعت وفرمانبرداری میں، اور مومن کی آنکھ کے لیے سب سے زیادہ جو چیز ٹھنڈک کا باعث ہے وہ یہ ہے کہ مومن شخص اپنے پیارے کو اللہ کی اطاعت میں دیکھے۔

اس تعلیق سے امام بخاری کا اشارہ اس آیت کی طرف ہے:

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ۔ (الفرقان: ۷۴)

اور وہ لوگ (رحمٰن کے بندے) یہ دعا کرتے ہیں: اے ہمارے رب! ہماری بیویوں اور ہماری اولاد سے ہمیں آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما۔

اس تعلیق میں امام بخاری نے حسن بصری کا جو قول پیش کیا ہے وہ درحقیقت ''قُرَّةَ أَعْيُنٍ'' کی تفسیر ہے، جس کا لفظی معنی ہے: آنکھوں کی ٹھنڈک، اور حسن بصری کی مراد یہ ہے کہ ازواج کی طرف سے ان کے شوہروں کے لیے اور اولاد کی طرف سے ان کے والدین کے لیے جو چیز آنکھوں کی ٹھنڈک کا باعث ہوسکتی ہے وہ ازواج اور اولاد کا نیک، فرمانبردار مومن ہونا ہے، اور جس شخص نے ایمان کی حلاوت پالی ہو اس کی آنکھوں کے لیے اس سے زیادہ کوئی چیز آنکھوں کی ٹھنڈک کا باعث نہیں ہوسکتی کہ وہ اپنے گھر والوں کو اللہ عزوجل کا اطاعت گزار اور متبع شریعت دیکھے۔ ہمارے زمانے میں چونکہ لوگوں کی اکثریت ایمان کی حلاوت سے محروم ہے اس لیے بدقسمتی سے آنکھوں کی ٹھنڈک کا معیار بھی بدل چکا ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ ثُبُوْرًا وَيْلًا۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ثُبُوْرًا کا معنی وَیل ہے (یعنی بربادی)۔

اس سے امام بخاری کا اشارہ اس آیت کی طرف ہے:

وَإِذَآ أُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ۝ (الفرقان: ۱۳)

اور جب ان کو زنجیروں سے جکڑ کر (دوزخ کی) تنگ جگہ میں جھونکا جائے گا تو وہاں وہ موت کا پکاریں گے ○

موت کو پکارنے سے مراد یہ ہے کہ وہ لوگ موت کو طلب کریں گے، تاکہ عذاب سے چھٹکارا ملے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے لفظ ثبور کی جو تفسیر فرمائی کہ اس کا معنی وَیل ہے، اس سے مراد یہ ہے کہ دوزخی لوگ عذاب کی شدت سے تنگ آکر ثبور کا لفظ پکاریں گے اور مراد یہ ہوگی کہ ہم برباد ہوگئے ہم تباہ ہوگئے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ السَّعِيْرُ مُذَكَّرٌ وَالسَّفْرُ وَالْاِضْطِرَامُ الْتَوَقُّدُ الشَّدِيْدُ۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے علاوہ دیگر نے کہا ہے: السعیر مذکر ہے اور تسعر اور اضطرام کا معنی ہے: آگ کا بہت شدت

کے ساتھ روشن ہونا۔

اس تعلیق سے امام بخاری کا اشارہ اس آیت کی طرف ہے:

بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ ۫ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ○ (الفرقان:۱۱)

بلکہ انہوں نے قیامت کو جھٹلایا اور جس نے قیامت کو جھٹلایا ہم نے اس کے لیے بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے ○

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے علاوہ دیگر نے کہا: اس سے مراد حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ ہیں۔ انہوں نے لفظ سعیر کو مذکر کہا ہے، کیونکہ لفظی طور پر اس میں کوئی تانیث نہیں ہے، البتہ جب اس کے لیے فعل کا صیغہ مونث لایا جائے تو وہ اس بناء پر ہے کہ اس لفظ کا استعمال آگ کے لیے ہوتا ہے یا اس بناء پر ہے کہ یہ لفظ جہنم کے ناموں میں سے ایک نام ہے اور یہ دونوں وجہیں ایسی ہیں کہ ان سے بہر حال خود لفظ سعیر کا مونث ہونا لازم نہیں آتا۔

اس تعلیق کے آخر میں امام بخاری نے جو فرمایا کہ: تسعرا اور اضطرام کا معنی ہے: آگ کا بہت شدت سے روشن ہونا، اس سے مقصود سعیر کا معنی واضح کرنا ہے۔

تُمْلٰى عَلَيْهِ تُقْرَأُ عَلَيْهِ مِنْ أَمْلَيْتُ وَأَمْلَلْتُ۔

تُمْلٰى عَلَيْهِ کا معنی ہے: وہ (کہانیاں) اس رسول پر پڑھی جاتی ہیں۔ یہ أَمْلَيْتُ اور أَمْلَلْتُ سے مشتق ہے۔

اس سے امام بخاری کا اشارہ اس آیت کی طرف ہے:

وَ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا ۝ (الفرقان:۱۱)

اور انہوں نے کہا: یہ گزشتہ لوگوں کی کہانیاں ہیں جن کو اس (رسول) نے لکھوالیا جو اس پر صبح و شام پڑھی جاتی ہیں ○

یعنی کفار کا مقصد یہ تھا کہ قرآن مجید گزشتہ زمانے کی کہانیوں کی طرح کہانی کی ایک کتاب ہے اور وہ کہانیاں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی سے اپنے لیے لکھوالی ہیں اور پھر وہ کہانیاں صبح و شام آپ کے سامنے پڑھی جاتی ہیں۔ (نعوذ باللہ من ھفوات الکافرین)

تعلیق کے آخر میں امام بخاری نے املیت اور املت سے اس طرف اشارہ فرمایا ہے کہ آیت میں تُمْلٰى کا لفظ املاء سے مشتق ہے اور املاء میں ایک لغت املال بھی ہے جو کہ البقرہ: ۲۸۲ میں مذکور ہے اور چونکہ یہ دونوں لغتیں قرآن مجید میں مذکور ہیں اس لیے یہ دونوں جید ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۳۳)

الرَّسُّ الْمَعْدِنُ جَمْعُهُ رِسَاسٌ مَا يَغْبَأُ۔

الرَّسّ کا معنی ہے: المعدن (کان)، اس کی جمع رساس آتی ہے۔

اس سے امام بخاری کا اشارہ اس آیت کی طرف ہے:

وَّ عَادًا وَّثَمُوْدَا وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَ قُرُوْنًۢا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا ۝ (الفرقان:۱۱)

اور عاد اور ثمود اور کنویں والوں اور ان کے درمیان بہت سی قوموں کے لیے (ہم نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے) ○

ابوعبیدہ نے کہا: اصحاب الرس سے مراد اصحاب المعدن ہیں۔ خلیل نے کہا: الرس ہر اس کنویں کو کہتے ہیں جو پتھروں سے نہ بنایا گیا ہو۔ مجاہد نے کہا: الرس سے مراد کنواں ہے۔ (فتح الباری ج ۸ ص ۵۰۷) قتادہ نے کہا: اصحاب الایکہ اور اصحاب الرس دو امتیں ہیں جن کی طرف اللہ عزوجل نے حضرت شعیب علیہ السلام کو بھیجا اور دونوں امتیں عذاب کا شکار ہوئیں۔ سدی نے کہا: رس ایک کنواں ہے جو انطاکیہ میں ہے۔ اس میں لوگوں نے حبیب نجار کو شہید کیا، اس لیے لوگوں کو اس کنوئیں کی طرف منسوب کیا گیا، اور اصحاب الرس فرمایا گیا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۰ ص ۱۳۳)

Marfat.com

مَا يَعْبَأُ يُقَالُ مَا عَبَأْتُ بِهِ شَيْئًا لَا يُعْتَدُّ بِهِ۔

مایعبأ: کہا جاتا ہے: ماعبات به شیئا۔ مجھے اس کی پرواہ نہیں ہے۔ یہ ایسی چیز کے بارے میں بولا جاتا ہے جو کسی گنتی میں نہ ہو۔

اس سے امام بخاری کا اشارہ اس آیت کی طرف ہے:

قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّي لَوْلَا دُعَاؤُكُمْ۔ (الفرقان:۷۷)

آپ کہیے: میرے رب کو تمہاری کوئی پرواہ نہیں اگر تم (اس کی) عبادت نہ کرو۔

غَرَامًا هَلَاكًا وَقَالَ مُجَاهِدٌ وَعَتَوْا طَغَوْا۔

غَرَامًا کا معنی ہے: ہلاکت، اور مجاہد نے کہا: عَتَوْا کا معنی ہے: انہوں نے سرکشی کی۔

غَرَامًا کی تفسیر سے امام بخاری کا اشارہ اس آیت کی طرف ہے:

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝ (الفرقان:۶۵)

اور (رحمٰن کے بندے وہ ہیں) جو کہتے ہیں: اے ہمارے رب! ہم سے دوزخ کے عذاب کو پھیر دے، بے شک دوزخ کا عذاب چمٹنے والا ہے O

امام ابو منصور ماتریدی متوفی ۳۳۳ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

حسن بصری نے کہا: غرام ایسی چیز کو کہتے ہیں جو کسی سے چمٹ جائے اور اس سے جدا نہ ہو، اور بعض نے کہا: اس کا معنی ہلاکت ہے۔ (تاویلات اہل السنہ ج ۸ ص ۴۱)

امام بخاری نے اس کے بعد مجاہد کے حوالہ سے عَتَوْا کی جو تفسیر ذکر کی اس سے آپ کا اشارہ اس آیت کی طرف ہے:

لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ۝ (الفرقان:۲۱)

ان (کفار) نے اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھا اور بہت بڑی سرکشی کی O

کیونکہ انہوں نے بعث بعد الموت کو جھٹلایا اور اپنے آپ کو اس پر ایمان لانے سے بالاتر سمجھا اور سرکشی کا مظاہرہ کیا۔ سرکشی سے مراد یہ ہے کہ انہوں نے یہ انکار کر کے خوب دیدہ دلیری اور جسارت کا مظاہرہ کیا اور حد سے آگے بڑھ گئے اور یہ سب کچھ اس بنا پر ہوا کہ ان کے دلوں میں تکبر تھا۔

وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَاتِيَةٍ عَتَتْ عَنِ الْخَزَّانِ۔

اور سفیان بن عیینہ نے کہا: عاتیۃ سے مراد ایسی ہوا ہے جو خازن فرشتوں پر تجاوز کر گئی۔

امام بخاری نے یہ تعلیق صرف لفظ عَتَوْا کا معنی واضح کرنے کے لیے ذکر کی ہے، ورنہ ''عَاتِيَةٍ'' کا لفظ سورۃ الفرقان میں نہیں ہے، بلکہ سورۃ الحاقہ میں ہے۔ پوری آیت اس طرح ہے:

وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۝ (الحاقہ:۶)

اور رہے عاد تو ان کو گرجتی ہوئی تیز آندھی سے ہلاک کر دیا گیا O

امام بخاری نے جو تعلیق ذکر کی اس میں خازن فرشتوں سے مراد وہ فرشتے ہیں جو ہواؤں پر مقرر ہیں اور اللہ عزوجل کے حکم سے وہ ایک معین مقدار میں ہوا چلاتے ہیں، مگر جس دن قوم عاد پر عذاب کی ہوا چلائی گئی تو اس دن وہ ہوا ان فرشتوں پر تجاوز کر گئی اور کسی قسم کی مقدار، پیمانے اور وزن کے بغیر چلتی رہی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۳۳) اور ظاہر ہے کہ اس دن یہی حکم ربی تھا، ورنہ کوئی بھی چیز اذن الٰہی کے بغیر کیسے تصرف کر سکتی ہے!

۱۔ بَابٌ: اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۳۴﴾ (الفرقان: ۳۴)

اللہ عزوجل کے ارشاد: جولوگ اپنے چہروں کے بل گھسیٹ کر جہنم کی طرف لائے جائیں گے ان کا بہت برا ٹھکانا ہوگا اور وہ راستے سے سب سے زیادہ بھٹکنے والے ہوں گے ○ (الفرقان: ۳۴) کی تفسیر

علامہ ابن جوزی متوفی ۵۹۷ھ لکھتے ہیں: کفار مکہ نے کہا کہ (سیدنا) محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور آپ کے اصحاب اللہ کی مخلوق میں (معاذ اللہ) سب سے برے لوگ ہیں۔ ان کے جواب میں اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی۔

(زاد المسیر ص ۱۰۱۶، مطبوعہ دار ابن حزم، ۱۴۲۳ھ)

۴۷۶۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغْدَادِيُّ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رضی الله عنه أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا نَبِيَّ اللهِ يُحْشَرُ الْكَافِرُ عَلَى وَجْهِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ أَلَيْسَ الَّذِي أَمْشَاهُ عَلَى الرِّجْلَيْنِ فِي الدُّنْيَا قَادِرًا عَلَى أَنْ يُمْشِيَهُ عَلَى وَجْهِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ قَتَادَةُ بَلَى وَعِزَّةِ رَبِّنَا۔

[طرف الحدیث: ۶۵۲۳]

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یونس بن محمد البغدادی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا، ہمیں شیبان نے حدیث بیان کی از قتادہ، انہوں نے کہا: ہمیں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ ایک شخص نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! کیا کافر کو قیامت کے دن اس کے چہرے کے بل چلایا جائے گا؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ ذات جس نے اس دنیا میں اسے دو ٹانگوں کے ذریعہ چلایا کیا وہ اس بات پر قادر نہیں ہے کہ قیامت کے دن اسے اس کے چہرے کے بل چلائے۔ قتادہ نے نے کہا: کیوں نہیں، ہمارے پروردگار کی عزت کی قسم!

کفار کا قیامت کے دن منہ کے بل گھسیٹا جانا اور عامۃ المسلمین کا اپنے قدموں سے چل کر آنا اور صالحین کا اپنی سواریوں پر بیٹھ کر آنا

حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

امام بزار نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ لوگوں کا حشر تین اقسام میں ہوگا: ایک قسم ان لوگوں کی ہوگی جو جانوروں پر سوار ہوں گے، ایک قسم ان لوگوں کی ہوگی جو اپنے پیروں پر کھڑے ہوں گے اور ایک قسم ان لوگوں کی ہوگی جو اپنے چہروں کے بل چل رہے ہوں گے، پس سوال کیا گیا: لوگ اپنے چہروں کے بل کیسے چلیں گے؟ (آگے وہی جواب مذکور ہے جو صحیح بخاری کی حدیث میں اوپر مذکور ہوا۔) اور احادیث کے مجموعہ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اللہ عزوجل کے نیک اور مقرب بندے اپنی سواریوں پر حشر میں وارد ہوں گے، عام مسلمان اپنے قدموں سے چل کر آئیں گے اور کفار اپنے چہروں کے بل جمع کیے جائیں گے۔

کتاب الرقاق میں حافظ ابن حجر عسقلانی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سائل کے جواب میں جو جملہ ارشاد فرمایا اس سے واضح ہوتا ہے کہ کفار کا چہرے کے بل چلنا حقیقتاً ہوگا (لہٰذا اس میں بلا ضرورت تاویل کرنے کی ضرورت

Marfat.com

نہیں ہے) اسی لیے صحابہ نے اس پر حیرت کا اظہار کیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی کیفیت کے متعلق سوال کیا۔ بعض مفسرین نے یہ گمان کیا ہے کہ کافروں کا منہ کے بل چلنا ایک مثال ہے اور یہ ایسا ہی ہے جیسے اللہ عزوجل نے فرمایا: اَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓى اَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ (الملک: ۲۲) ''بھلا جو شخص منہ کے بل اوندھا چلے کیا وہ زیادہ ہدایت یافتہ ہے یا وہ جو صراط مستقیم پر سیدھا چلے'' ○ مجاہد نے کہا کہ اس آیت میں مومن اور کافر کی مثال بیان کی گئی ہے۔ (حافظ ابن حجر فرماتے ہیں:) میں کہتا ہوں: مجاہد نے اس آیت کی جو تفسیر فرمائی اس کو بنیاد بنا کر کسی دوسری آیات کی تفسیر نہیں کی جاسکتی، لہٰذا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سائل کو جو جواب ارشاد فرمایا اس سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ قیامت کے دن کفار کا منہ کے بل چلنا (کوئی مجاز نہیں ہے) بلکہ حقیقت پر مبنی ہے۔ (فتح الباری ج ۸ ص ۷۵۱، ج ۷ ص ۵۹۳، مطبوعہ دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

زیر بحث حدیث میں قتادہ نے جو جملہ کہا کہ: کیوں نہیں! ہمارے پروردگار کی عزت کی قسم! یہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جملے کی تصدیق میں کہا اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے حدیث سن کر کہا۔

۲۔ بَابٌ: وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ۝

(الفرقان: ۶۸)

اللہ عزوجل کے ارشاد: اور وہ لوگ جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کی عبادت نہیں کرتے اور نہ وہ کسی ایسے شخص کو قتل کرتے ہیں جس کے ناحق قتل کرنے کو اللہ نے حرام کر دیا ہے اور نہ وہ زنا کرتے ہیں اور جو ایسے کام کرے گا وہ اپنے گناہوں کی سزا پائے گا ○ (الفرقان: ۶۸) کی تفسیر

اس آیت کا تعلق الفرقان: ۶۳ سے ہے، کیونکہ اس میں ''عِبَادُ الرَّحْمٰنِ'' (رحمٰن عزوجل کے بندوں) کی صفات کا بیان فرمایا گیا ہے اور زیر بحث آیت (الفرقان: ۶۸) میں ان ہی صفات کا تسلسل جاری ہے۔

۴۷۶۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَنْصُوْرٌ وَسُلَيْمَانُ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْ مَيْسَرَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ح قَالَ وَحَدَّثَنِيْ وَاصِلٌ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ قَالَ سَاَلْتُ اَوْ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اَيُّ الذَّنْبِ عِنْدَ اللّٰهِ اَكْبَرُ قَالَ اَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ قُلْتُ ثُمَّ اَيٌّ قَالَ ثُمَّ اَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ خَشْيَةَ اَنْ يَّطْعَمَ مَعَكَ قُلْتُ ثُمَّ اَيٌّ قَالَ اَنْ تُزَانِيَ بِحَلِيْلَةِ جَارِكَ قَالَ وَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ تَصْدِيْقًا لِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم ﴿وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ﴾ (الفرقان: ۶۸)

امام بخاری روایت کرتے ہیں ہمیں مسدد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی از سفیان، انہوں نے کہا: مجھے منصور اور سلیمان نے حدیث بیان کی از ابووائل از ابو میسرہ از عبداللہ، (ح) انہوں نے کہا: اور مجھے واصل نے حدیث بیان کی از ابووائل از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ، انہوں نے کہا: میں نے پوچھا، یا پوچھا گیا: (یا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کون سا گناہ اللہ کے نزدیک زیادہ بڑا ہے؟ آپ نے فرمایا: (سب سے بڑا گناہ) ہے کہ تم اللہ کے لیے شریک ٹھہرا لو حالانکہ اسی نے تمہیں پیدا کیا ہے۔ میں نے عرض کیا: پھر کون سا گناہ؟ فرمایا: یہ کہ تو اپنی اولاد کو قتل کرے اس خوف سے کہ وہ تیرے ساتھ کھائے گی۔ میں نے عرض کیا: پھر کون سا گناہ؟ فرمایا: (پھر یہ گناہ) کہ تم اپنے پڑوسی کی بیوی

Marfat.com

سے بدکاری کرو۔ راوی نے کہا: اور یہ آیت (الفرقان: ۶۸) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قول کی تصدیق کے لیے نازل ہوئی (جس میں رحمٰن عزوجل کے بندوں کی صفات بیان کرتے ہوئے فرمایا:) اور وہ لوگ جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کی عبادت نہیں کرتے اور نہ وہ کسی ایسے شخص کو قتل کرتے ہیں جن کے ناحق قتل کرنے کو اللہ نے حرام کر دیا ہے اور نہ وہ زنا کرتے ہیں۔ (الفرقان: ۶۸)

اس حدیث کی شرح، صحیح البخاری: ۴۴۷۷ کے تحت گزر چکی ہے۔

۴۷۶۲۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ قَالَ أَخْبَرَنِي الْقَاسِمُ بْنُ أَبِي بَزَّةَ أَنَّهُ سَأَلَ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ هَلْ لِمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا مِنْ تَوْبَةٍ فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ ﴿وَ لَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللهُ إِلَّا بِالْحَقِّ﴾ (الفرقان: ۶۸) فَقَالَ سَعِيدٌ قَرَأْتُهَا عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ كَمَا قَرَأْتَهَا عَلَيَّ فَقَالَ هَذِهِ مَكِّيَّةٌ نَسَخَتْهَا آيَةٌ مَدَنِيَّةٌ الَّتِي فِي سُورَةِ النِّسَاءِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشام بن یوسف نے خبر دی کہ ابن جریج نے انہیں خبر دی، انہوں نے کہا کہ مجھے القاسم بن ابی بزہ نے خبر دی کہ انہوں نے حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: جس شخص نے کسی مسلمان کو جان بوجھ کر قتل کیا ہو، کیا اس کے لیے توبہ (کی گنجائش) ہے؟ (انہوں نے کہا: نہیں) پس میں نے اس شخص کے سامنے یہ آیت پڑھی: اور وہ لوگ کسی ایسے شخص کو قتل نہیں کرتے جس کے ناحق قتل کرنے کو اللہ نے حرام کر دیا ہے۔ (الفرقان: ۶۸) تو سعید بن جبیر نے (مجھ سے) کہا: یہ آیت میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے سامنے پڑھی تھی جس طرح تم نے میرے سامنے پڑھی ہے، تو انہوں نے فرمایا تھا: یہ مکی آیت ہے، اس کو ایک مدنی آیت نے منسوخ کر دیا ہے جو کہ سورۃ النساء میں ہے۔

الفرقان: ۶۸ اور النساء: ۹۳ کی تفسیر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا موقف اور جمہور امت کا ان سے اختلاف

اس حدیث کی شرح، صحیح البخاری: ۳۸۵۵ کے تحت گزر چکی ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ القرآن: ۶۸ تا ۷۰ میں ان لوگوں کے لیے مغفرت کا اعلان فرمایا گیا ہے جنہوں نے کبیرہ گناہوں کا ارتکاب نہ کیا ہو اور اگر ارتکاب کر لیا ہو تو اس کے بعد توبہ کر لی ہو۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ توبہ کر لینے کے بعد بڑے سے بڑے گناہ بھی معاف ہو جاتے ہیں، جب کہ سورۃ النساء کی آیت: ۹۳ میں مطلقاً فرمایا گیا ہے کہ جو شخص کسی مسلمان کو جان بوجھ کر قتل کر دے تو اس کی سزا جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا۔ اس میں توبہ کرنے والے اور نہ کرنے والے کے درمیان کوئی فرق نہیں کیا گیا۔ اس سے بہ ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ قاتل کے لیے قطعاً معافی نہیں ہے، اگرچہ وہ توبہ کر لے۔

دونوں آیتوں کے اس مفہوم میں ظاہراً جو اختلاف نظر آ رہا ہے اس کو دور کرنے کے لیے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ موقف اختیار فرمایا کہ الفرقان کی مذکورہ آیات کفار و مشرکین کے متعلق نازل ہوئی ہیں اور انہیں یہ ترغیب دی گئی ہے کہ اگر وہ اپنے کفر و شرک سے توبہ کر لیں تو زمانہ کفر میں کیے ہوئے ان کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے، جب کہ النساء کی آیت: ۹۳ اہل

Marfat.com

ایمان کے متعلق نازل ہوئی ہے، کہ اگر ان میں سے کسی نے قتل عمد کا ارتکاب کیا تو وہ ہمیشہ جہنم میں رہے گا اور اس کے لیے کسی قسم کی توبہ کی گنجائش نہیں ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے اس قول کے برخلاف جمہور امت کا نظریہ یہ ہے کہ گناہ خواہ کتنا ہی بڑا کیوں نہ ہو، توبہ کر لینے سے وہ معاف ہو جاتا ہے۔ النساء: ۹۳ میں توبہ کرنے والوں کا استثناء نہ ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ قاتل کے لیے توبہ کی گنجائش ہی نہ ہو، کیونکہ جب شرک جیسا گناہ توبہ کر لینے سے معاف ہو جاتا ہے تو قتل کا گناہ معاف کیوں نہیں ہو سکتا! النساء: ۹۳ کی ایک تاویل یہ بھی کی گئی ہے کہ اس میں قتل عمد پر ابدی عذاب کی جو وعید بیان کی گئی ہے وہ اس صورت میں ہے جب کوئی شخص قتل مومن کو حلال جان کر قتل کا ارتکاب کرے اور پھر اسی نظریہ پر قائم رہے، حتیٰ کہ اسے موت آجائے، تو ایسا شخص چونکہ قتل مومن کو حلال سمجھنے کی وجہ سے کافر ہو کر مرا، اس لیے اس کی سزا دائمی عذاب ہے۔

۴۷۶۳۔ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ اخْتَلَفَ أَهْلُ الْكُوفَةِ فِي قَتْلِ الْمُؤْمِنِ فَرَحَلْتُ فِيهِ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ نَزَلَتْ فِي آخِرِ مَا نَزَلَ وَلَمْ يَنْسَخْهَا شَيْءٌ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں غندر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از المغیرہ بن النعمان از سعید بن جبیر، انہوں نے کہا: قتل مومن کے معاملہ میں کوفہ والوں کے درمیان اختلاف ہوا، پس میں اس سلسلہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس گیا، تو آپ نے فرمایا: یہ آیت (النساء: ۹۳) ان آیتوں میں سے ہے جو آخر میں نازل ہوئی ہیں اور اس کو کسی آیت نے منسوخ نہیں کیا۔

۴۷۶۴۔ حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما عَنْ قَوْلِهِ تَعَالَى ﴿فَجَزَآؤُهُ جَهَنَّمُ﴾ (النساء: ۹۲) قَالَ لَا تَوْبَةَ لَهُ وَعَنْ قَوْلِهِ جَلَّ ذِكْرُهُ ﴿لَا يَدْعُونَ مَعَ اللهِ إِلٰهًا آخَرَ﴾ (الفرقان: ۶۸) قَالَ كَانَتْ هَذِهِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں آدم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں منصور نے حدیث بیان کی از سعید بن جبیر، انہوں نے کہا: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اللہ عزوجل کے ارشاد: فَجَزَآؤُهُ جَهَنَّمُ (النساء: ۹۲) کے متعلق سوال کیا (کہ قاتل کے لیے توبہ کی گنجائش ہے یا نہیں؟) انہوں نے فرمایا: اس کے لیے کوئی توبہ نہیں ہے، اور میں نے اللہ عزوجل کے ارشاد: لَا يَدْعُونَ مَعَ اللهِ إِلٰهًا آخَرَ (الفرقان: ۶۸) کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے فرمایا: اس کا حکم زمانہ جاہلیت والوں کے لیے ہے۔

ان دونوں احادیث کی شرح کے لیے صحیح البخاری: ۳۸۵۵ کی شرح ملاحظہ فرمائیں۔

۳۔ بَابٌ: يُضٰعَفُ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ يَخْلُدْ فِيهٖ مُهَانًا ﴿۶۹﴾ (الفرقان: ۶۹)

اللہ عزوجل کے ارشاد: اس کے لیے قیامت کے دن عذاب کو دوگنا کر دیا جائے گا اور اس میں وہ ذلت کے ساتھ ہمیشہ رہے گا ○ (الفرقان: ۶۹) کی تفسیر

Marfat.com

یعنی وہ شخص جو اللہ عزوجل کے ساتھ کسی کو شریک کرے یا قتل ناحق کا ارتکاب کرے یا بدکاری کرے اس کے لیے دوگنا عذاب ہے اور ذلت ورسوائی کے ساتھ اس کے لیے عذاب میں ہمیشگی بھی ہے۔

۴۷۶۵۔ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ قَالَ ابْنُ أَبْزَى سَلْ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ قَوْلِهِ تَعَالَى ﴿وَ مَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا﴾ (النساء: ۹۳) وَقَوْلِهِ ﴿وَ لَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ﴾ (الفرقان:۶۸) حَتَّى بَلَغَ ﴿اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ﴾ (الفرقان:۷۰) فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ لَمَّا نَزَلَتْ قَالَ أَهْلُ مَكَّةَ قَدْ عَدَلْنَا بِاللّٰهِ وَقَدْ قَتَلْنَا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَتَيْنَا الْفَوَاحِشَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ ﴿اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَ عَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا اِلٰى قَوْلِهٖ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا۝﴾ (الفرقان:۷۰)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں سعد بن حفص نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شیبان نے حدیث بیان کی از منصور از سعید بن جبیر، انہوں نے کہا کہ ابن ابزیٰ نے (مجھ سے) کہا: آپ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اللہ تعالیٰ کے قول (کے متعلق) پوچھیں: (ایک یہ) کہ: ''جو شخص کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کردے تو اس کی سزا جہنم ہے''۔ (النساء: ۹۳) اور (دوسرے) یہ: ''اور وہ لوگ ایسے شخص کو قتل نہیں کرتے جس کو ناحق قتل کرنا اللہ نے حرام کردیا ہے''۔ اس آیت تک کہ: ''سوائے اس کے جو توبہ کرلے اور ایمان لے آئے''۔ (الفرقان: ۷۰۔۶۸) پس میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سوال کیا تو آپ نے فرمایا: جب (الفرقان کی آیت) نازل ہوئی تو اہل مکہ نے کہا: ہم نے اللہ کے ساتھ شرک بھی کیا ہے اور ایسے شخص کو قتل بھی کیا ہے جس کا ناحق قتل کرنا اللہ نے حرام کیا ہے اور ہم نے بے حیائی کے کاموں کا ارتکاب بھی کیا ہے۔ تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: سوا اس کے جس نے توبہ کرلی اور ایمان لے آیا اور اس نے نیک عمل کیے تو یہ وہ لوگ ہیں جن کے گناہوں کو اللہ نیکیوں سے بدل دے گا اور اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے ○ (الفرقان: ۷۰)

اس حدیث کی شرح بھی صحیح البخاری: ۳۸۵۵ میں ملاحظہ فرمائیں۔

۴۔ بَابٌ: اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَ عَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا۝ (الفرقان:۷۰)

اللہ عزوجل کے ارشاد: سوا اس کے جس نے توبہ کرلی اور ایمان لے آیا اور اس نے نیک عمل کیے تو یہ وہ لوگ ہیں جن کے گناہوں کو اللہ نیکیوں سے بدل دے گا اور اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے ○ (الفرقان: ۷۰) کی تفسیر

گناہوں کا نیکیوں سے بدلنا کس طرح ہوگا؟ اس بارے میں مفسرین کے اقوال

امام ابو منصور محمد بن محمد الماتریدی المتوفی ۳۳۳ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

گناہوں کو نیکیوں سے بدلنے کے دو معنی ہیں: ایک یہ کہ گناہ کرنے والے لوگ جب اپنے گناہوں سے توبہ کرلیتے ہیں اور ان

گناہوں پر نادم ہوتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کو آئندہ کی زندگی میں یہ توفیق عطا فرماتا ہے کہ وہ ہر گزشتہ گناہ کی جگہ ایک نیکی کر لیتے ہیں اور یوں (اس توفیق کے سبب) ان کا ہر گناہ نیکی میں تبدیل ہو جاتا ہے، اور دوسرا معنی یہ ہے کہ: دنیا میں لوگوں کو اگر اپنے گناہوں پر ندامت اور حسرت پیدا ہو جائے تو اللہ تعالیٰ آخرت میں ان گناہوں کو نیکیوں میں تبدیل فرما دے گا۔

(تاویلات اہل السنۃ، ج ۸ ص ۴۵، دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۶ھ)

یہ دوسرا معنی اللہ عزوجل کی رحمت پر زیادہ دلالت کرتا ہے اور اس کی تائید حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی اس روایت سے ہوتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

بے شک ضرور اہل جنت میں، میں اس شخص کو جانتا ہوں جو سب سے آخر میں جنت میں داخل ہوگا اور اہل جہنم کے اس شخص کو جانتا ہوں جو سب سے آخر میں جہنم سے نکلے گا۔ آپ نے فرمایا: ایک ایسا شخص ہوگا جس کو قیامت کے دن اللہ عزوجل کے حضور میں پیش کیا جائے گا، اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرمائے گا: اس شخص کے صغیرہ گناہ اس کے سامنے پیش کرو اور کبیرہ گناہ اس سے (ابھی) دور رکھو، چنانچہ اس کے صغیرہ گناہ اس کے سامنے پیش کیے جائیں گے اور اس سے کہا جائے گا: تو نے فلاں دن فلاں فلاں کام کیا تھا اور فلاں دن فلاں فلاں کام کیا تھا، تو وہ "ہاں" میں جواب دے گا اور اس میں انکار کرنے کی سکت نہیں ہوگی اور (اندر ہی اندر) اسے اپنے کبیرہ گناہوں سے ڈر لگ رہا ہوگا کہ کہیں وہ (گناہ) سامنے نہ لائے جائیں۔ (اسی اثناء میں) اس سے کہا جائے گا: تمہارے لیے ہر گناہ کے بدلہ میں ایک نیکی ہے، پس وہ بندہ (خوشی کے مارے) کہے گا: اے میرے رب! میں نے تو اور بھی گناہ کیے تھے جو مجھے یہاں نظر نہیں آ رہے۔ حضرت ابوذر کہتے ہیں: میں نے دیکھا کہ یہ فرما کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہنس پڑے یہاں تک کہ آپ کی ڈاڑھیں ظاہر ہو گئیں۔ (صحیح مسلم: ۱۹۰، سنن ترمذی: ۲۵۹۶)

۴۷۶۶۔ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ أَخْبَرَنَا أَبِي عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ أَمَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبْزَى أَنْ أَسْأَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ هَاتَيْنِ الْآيَتَيْنِ ﴿وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا﴾ (النساء: ۹۳) فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ لَمْ يَنْسَخْهَا شَيْءٌ وَعَنْ ﴿وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَهًا آخَرَ﴾ (الفرقان: ۶۸) قَالَ نَزَلَتْ فِي أَهْلِ الشِّرْكِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبدان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں خبر دی میرے والد نے از شعبہ از منصور از سعید بن جبیر، انہوں نے کہا: مجھے عبدالرحمٰن بن ابزیٰ نے حکم دیا کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ان دو آیتوں کے متعلق سوال کروں: ایک یہ آیت کہ جو شخص کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کر دے۔ (النساء: ۹۳) پس میں نے ان سے پوچھا تو انہوں نے فرمایا: اس کو کسی آیت نے منسوخ نہیں کیا۔ اور دوسری یہ آیت کہ: وہ لوگ اللہ کے ساتھ کسی اور خدا کی پوجا نہیں کرتے۔ (الفرقان: ۶۸) تو انہوں نے فرمایا: یہ آیت مشرکین کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

اس حدیث کی شرح، صحیح بخاری: ۳۸۵۵ میں ملاحظہ فرمائیں۔

۵۔ بَابٌ: فَسَوْفَ يَكُونُ لِزَامًا ۝ (الفرقان: ۷۷) هَلَكَةً

اللہ عزوجل کے ارشاد: پس (اس کا عذاب تم پر) ہمیشہ لازم رہے گا ۝ (القرآن: ۷۷) کی تفسیر

امام بخاری نے کہا:

(اس آیت میں) لِزَامًا کا معنی ہلاکت ہے۔

Marfat.com

لِزام کا معنی ومفہوم اور اس کی تفسیر میں مختلف اقوال

مکمل آیت اس طرح ہے:

قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْ لَا دُعَآؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ۝ (الفرقان: ۷۷)

آپ کہیے کہ اگر تم میرے رب کی عبادت نہ کرو تو اس کو تمہاری کوئی پرواہ نہیں ہے، پھر بے شک تم نے اس کو جھٹلایا تو اس کا عذاب تم پر ہمیشہ لازم رہے گا ○

علامہ ابن جریر طبری کہتے ہیں: لِزَامًا سے مراد یہ ہے کہ ایسا عذاب ہوگا جو ہمیشہ رہے گا اور ایسی ہلاکت ہوگی جو تمہیں فنا کر دے گی۔ علامہ ابن جوزی لکھتے ہیں: لِزَامًا کا معنی ہے: عذابا لازما لکم۔ یعنی ایسا عذاب ہوگا جو تم پر لازم رہے گا۔ اور اس کی تفسیر میں تین اقوال ہیں: (۱) ایک یہ کہ اس سے کفار کا غزوۂ بدر میں قتل ہونا مراد ہے۔ یہ حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہما اور مجاہد کا قول ہے۔ (۲) دوسرا یہ کہ اس سے مراد موت ہے۔ یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا موقف ہے۔ (۳) تیسرا یہ کہ اس سے قتال مراد ہے۔ (یعنی کفار کے خلاف جہاد کا ہونا) یہ ابن زید کا قول ہے۔ (زاد المسیر ص ۱۰۲۵، مطبوعہ دار ابن حزم، بیروت، ۱۴۲۳ھ)

۴۷۶۷۔ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللهِ خَمْسٌ قَدْ مَضَيْنَ الدُّخَانُ وَالْقَمَرُ وَالرُّومُ وَالْبَطْشَةُ وَاللِّزَامُ ﴿فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ۝﴾ (الفرقان: ۷۷)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عمر بن حفص بن غیاث نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں اعمش نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں مسلم نے حدیث بیان کی از مسروق، انہوں نے کہا کہ حضرت عبداللہ (ابن مسعود) رضی اللہ عنہ نے فرمایا: (قیامت کی) پانچ علامتیں ایسی ہیں جو پوری ہو چکی ہیں: دھواں (نکلنا)، چاند (کا شق ہونا)، روم (کا مغلوب ہونا)، گرفت اور لزام (یعنی ہلاکت اور بربادی)، پھر آپ نے یہ آیت پڑھی:) تو اس کا عذاب تم پر ہمیشہ لازم رہے گا ○ (الفرقان: ۷۷)

قیامت کی پانچ نشانیوں میں دھواں نکلنے سے متعلق علامہ عینی کی تحقیق

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۰۰۷ کے تحت گزر چکی ہے، تاہم چند امور مزید ذکر کیے جا رہے ہیں:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے دھویں کا جو ذکر فرمایا ہے اس سے مراد حقیقی دھواں نہیں ہے، بلکہ دھوئیں کی کیفیت کا محسوس ہونا مراد ہے، اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی ایک روایت کے مطابق یہ کیفیت کفار قریش پر گزر چکی ہے، چنانچہ آپ فرماتے ہیں: جب قریش (کی مخالفت) سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بہت دشواری ہونے لگی تو آپ نے ان کے لیے حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے کی مانند سات سال قحط میں مبتلا ہونے کی دعا فرمائی، سو قحط اور تنگی نے ان کو گھیر لیا، حتیٰ کہ ان میں سے کوئی شخص آسمان کی طرف دیکھتا تو اسے اپنی بے حالی کی وجہ سے اس پوری فضا میں دھوئیں کی مانند کوئی چیز نظر آتی اور لوگ اتنے بدحال ہو گئے کہ ہڈیاں کھانے لگے، پھر ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر ہوا اور اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! قبیلہ مضر کے لیے اللہ عزوجل سے دعاء مغفرت فرما دیں، کیونکہ وہ لوگ ہلاک ہو رہے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قبیلہ مضر کے لیے (دعاء کروں)؟ بے شک تم بہت جرأت مند آدمی ہو، پھر آپ نے ان کے لیے اللہ عزوجل سے دعاء فرمائی، تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی:

Marfat.com

اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ۝ (الدخان:۱۵) اگر ہم کچھ وقت کے لیے عذاب دور کردیں تو بے شک تم پھر (کفر کی طرف) لوٹنے والے ہو O

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پھر لوگوں پر بارش ہوئی اور جب خشک سالی دور ہوگئی، تو وہ لوگ دوبارہ کفر کی طرف لوٹ آئے۔ اس پر اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی۔

فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۝ سو آپ اس دن کا انتظار کیجئے جب آسمان واضح دھواں لائے گا O جو
يَّغْشَى النَّاسَ ۭ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ (الدخان:۱۰۔۱۱) لوگوں کو ڈھانپ لے گا، یہ ہے دردناک عذاب O

خلاصہ یہ کہ دخان (دھواں) دو طرح کا ہے: ایک حقیقی جو کہ قرب قیامت میں ایک علامت کے طور پر ظاہر ہوگا اور دوسرا غیر حقیقی، جو کہ کفار کے لیے ظاہر ہو چکا اور زیر بحث حدیث میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی یہی مراد ہے۔ (عمدۃ القاری ملخصاً ج ۷ ص ۴۱)

بقیہ چار نشانیوں کی تائید میں قرآن مجید کی آیات

اس کے علاوہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے مزید جن چار چیزوں کا ذکر فرمایا ہے وہ بھی قرآن مجید کی مختلف آیات میں مذکور ہیں، چنانچہ چاند کے شق ہونے سے درج ذیل آیت کی طرف اشارہ ہے:

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝ (القمر:۱) قیامت قریب آگئی اور چاند دو ٹکڑے ہوگیا O

یہ واقعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد اقدس میں ہجرت سے پانچ سال پہلے پیش آیا اور یہ اہل مکہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مطالبہ کیا تھا کہ آپ انہیں کوئی معجزہ دکھائیں، تو اس کے جواب میں آپ نے انہیں چاند دو ٹکڑے کر کے دکھایا۔ (انوار تبیان القرآن ص ۸۴۳)

روم کے مغلوب ہوجانے سے درج ذیل آیت کی طرف اشارہ ہے:

الٓمّٓ ۝ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۝ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ الف لام میم O رومی (ایرانیوں سے) سے مغلوب ہو گئے O
(الروم:۱ تا ۳) قریب کی سرزمین میں۔

قتادہ نے بیان کیا ہے کہ جب مسلمان حدیبیہ سے لوٹے (۶ ہجری میں) تو رومی ایرانیوں پر غالب آگئے تھے۔
(انوار تبیان القرآن ص ۶۴۵)

گرفت سے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا اشارہ درج ذیل آیت کی طرف ہے۔

يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۔ (الدخان:۱۶) جس دن ہم بہت سخت گرفت کے ساتھ پکڑیں گے۔

اس سے غزوۂ بدر میں کفار کا قتل ہونا مراد ہے اور پانچویں چیز (لِزام) سے القرآن: ۷۷ کی طرف اشارہ ہے، جس کو خود حضرت ابن مسعود نے زیر بحث حدیث میں ذکر فرمادیا ہے اور اس کی تفسیر میں ہم مختلف اقوال ذکر کر چکے ہیں۔ مزید اقوال یہ ہیں کہ لزام سے قحط سالی مراد ہے اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے مشرکین کو اکٹھا کر کے بدر کے کنویں میں ڈالنا مراد ہے اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے کفار کا قید ہونا مراد ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۳۸)

سورۃ الفرقان کا اختتام

الحمدللہ آج بروز جمعۃ المبارک ۲۳ جمادی الاخریٰ ۱۴۳۲ھ مطابق ۲۷ مئی ۲۰۱۱ء کو سورۃ الفرقان کی احادیث کی شرح مکمل ہوگئی۔ اب ان شاء اللہ سورۃ الشعراء کا آغاز کیا جائے گا۔

Marfat.com

نعمۃ الباری کی تحریر کی تشکیل جدید

علامہ مفتی محمد اسماعیل نورانی زید علمہ وحبہ نے سورۃ النور سے سورۃ الفرقان تک کی تفسیر مکمل کی ہے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی توفیق اور اس کی تائید اور اعانت سے سورۃ الشعراء سے ان شاء اللہ میں شروع کروں گا۔ ایک طویل بیماری کے بعد میں نے سید محسن اعجاز صاحب زید حبہ کے مشورہ سے یہ کام موقوف کر کے علامہ اسماعیل نورانی کے سپرد کر دیا تھا انہوں نے بہت محنت اور کاوش سے سورۃ النور اور سورۃ الفرقان خصوصاً سورۃ النور کی تفسیر بہت طویل اور بہت تفصیل اور تحقیق سے لکھی۔ اللہ تعالیٰ ان کے علم و فضل میں مزید نکھار پیدا فرمائے، پھر اٹھارہ مئی ۲۰۱۱ء کو مفتی پاکستان علامہ مفتی منیب الرحمن زید حبہم و لطفہم کی اور دیگر احباب کی پر خلوص دعاؤں اور حضرت حافظ عبدالمجید برسٹل کے تعاون سے میں نے امریکا سے دماغ کی دوائیں منگائیں اور الحمدللہ ان دواؤں کے استعمال سے میرے حافظہ اور دماغ کی کارکردگی بحال ہوگئی اور میں نے پھر نعمۃ الباری کا کام شروع کر دیا۔

وَهُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ۭ وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ (الشوریٰ:۲۸)

اور وہی ہے جو لوگوں کے مایوس ہونے کے بعد بارش نازل فرماتا ہے، اور اپنی رحمت پھیلاتا ہے اور وہ مددگار ہے، بہت حمد کیا ہوا ○

والحمد للہ رب العلمین، والصلاۃ والسلام علی سید المرسلین وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ اجمعین۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۲۶۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الشُّعَرَاءِ

سورۃ الشعراء کی تفسیر

سورۃ الشعراء کا مختصر تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ تفسیر سورۃ الشعراء کی بعض آیات کی ہے، اور ایک آیت کے سوا یہ پوری سورت مکی ہے اور وہ آیت یہ ہے:

اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَکَرُوا اللّٰہَ کَثِیْرًا وَانْتَصَرُوْا مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا۔ (الشعراء: ۲۲۷)

سوا ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے اور انہوں نے اللہ کا بہت زیادہ ذکر کیا اور انہوں نے اپنے مظلوم ہونے کے بعد بدلہ لیا۔

یہ آیت حضرت کعب بن مالک، حضرت عبداللہ بن رواحہ، اور حضرت حسان رضی اللہ عنہم کے متعلق نازل ہوئی، جو شعراء انصار تھے۔

مقاتل نے کہا: اس سورت میں دو مدنی آیات ہیں، وہ یہ ہیں:

وَالشُّعَرَآءُ یَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ۝ (الشعراء: ۲۲۴) اور شاعروں کی پیروی گم راہ لوگ کرتے ہیں O

اَوَلَمْ یَکُنْ لَّهُمْ اٰیَةً اَنْ یَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ۝ (الشعراء: ۱۹۷) کیا ان کفار مکہ کے لیے یہ کافی نہیں ہے کہ اس قرآن کو علماء بنی اسرائیل بھی جانتے ہیں O

علامہ سخاوی کے نزدیک یہ سورت، سورۃ الواقعہ کے بعد اور سورۃ النمل سے پہلے نازل ہوئی ہے۔ اس میں دو سو ستائیس (۲۲۷) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۸۳۸، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ تَعْبَثُوْنَ تَبْنُوْنَ۔ اور مجاہد نے کہا: تَعْبَثُوْنَ کا معنی ہے: تم تعمیر کرتے ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَتَبْنُوْنَ بِکُلِّ رِیْعٍ اٰیَةً تَعْبَثُوْنَ ۝ (الشعراء: ۱۲۸) کیا تم ہر اونچی جگہ پر لہو ولعب کی ایک یادگار تعمیر کرتے رہے ہو O

اور اس آیت میں رِیْعٍ کا لفظ ہے، اس کا معنی ہے: ٹیلا، یعنی ہر وہ اونچی جگہ جو دور سے نظر آئے۔ (المفردات ج ۲ ص ۲۷۴، دارالفکر، بیروت)

اور اس آیت میں تَعْبَثُوْنَ کا لفظ ہے، یہ عبث سے بنا ہے، اس کا معنی ہے: کھیل کود اور بے کار کام میں مشغول ہونا، جس کام کی کوئی غرض صحیح نہ ہو اس کو عبث کہتے ہیں۔ (المفردات ج ۲ ص ۴۱۶، دارالفکر، بیروت)

اور اس میں اٰیَةً کا لفظ ہے، اس کا معنی ہے: علامت، نشانی اور یادگار، قوم عاد ہر اونچی جگہ پر جو یادگار تعمیر کرتی تھی اس کے متعلق حسب ذیل اقوال ہیں:

Marfat.com

اونچی جگہ پر یادگار بنانے کے متعلق اقوال

(۱) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: وہ ہر اونچی جگہ پر مکان بناتے تھے جس میں وہ رہائش کا ارادہ نہیں رکھتے تھے، اس وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کی تعمیر کو عبث فرمایا۔

(۲) سعید بن جبیر اور مجاہد نے کہا: وہ عمارت بنا کر اس کے اوپر برج بناتے تھے اور اس برج میں کبوتر رکھتے تھے۔

(۳) ضحاک نے کہا: وہ بلند جگہ پر ایک عمارت بناتے اور اس پر کھڑے ہو کر آنے جانے والوں کو دیکھتے اور ان کا مذاق اڑاتے۔

(زاد المسیر ج ۶ ص ۱۳۶۔۱۳۵، مکتب اسلامی، بیروت)

جائز اور ناجائز کھیلوں کا بیان

کبوتر کے ساتھ کھیلنے کی ممانعت ہے اور اس سلسلہ میں یہ حدیث ہے:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کبوتر کا پیچھا کرتے ہوئے دیکھا جس سے وہ کھیل رہا تھا تو آپ نے فرمایا: شیطان، شیطان کا پیچھا کر رہا ہے۔ (سنن ابوداؤد: ۴۹۴۰، دار الفکر، بیروت)

تاہم جسمانی ورزش اور باہمی دل چسپی کے لیے جو کھیل کھیلے جاتے ہیں ان کے کھیلنے سے اگر کسی غیر شرعی امر کا ارتکاب نہ ہوتا ہو اور کوئی عبادت ضائع نہ ہوتی ہو تو ان کا کھیلنا جائز ہے۔

قوم عاد کی مذمت کی وجوہ

قوم عاد کے ظاہر حال سے یہ معلوم ہوتا تھا کہ وہ ان مکانوں میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ان کی مذمت اس لیے فرمائی کہ ان کا یہ فعل اسراف تھا یا اس میں اظہار تکبر تھا، ان کی مذمت کی دوسری وجہ یہ ہے کہ وہ دنیا کی دلچسپیوں میں منہمک ہو کر اللہ تعالیٰ کی یاد سے اور اس کی عبادت سے غافل ہو گئے تھے، وہ یہ بھول گئے تھے کہ یہ دنیا سرائے فانی ہے، یہاں سے آگے گزر جانا ہے، یہ دائمی قیام گاہ نہیں ہے۔

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ اس تعلیق کی شرح میں لکھتے ہیں:

حضرت مجاہد نے تَعْبَثُوْنَ کا معنی کیا ہے: تَبْنُوْن یعنی وہ تعمیر کرتے تھے، اور ابن ابی نجیح نے اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ کی تفسیر میں کہا ہے: بِكُلِّ فَجٍّ یعنی وہ ہر کھلے راستے میں تعمیر کرتے تھے۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا ہے: بِكُلِّ رِيْعٍ کا معنی ہے: بِكُلِّ شَرَفٍ یعنی وہ ہر بلندی پر تعمیر کرتے تھے، اور عکرمہ سے روایت ہے کہ رِيْعٍ کا معنی وادی ہے یعنی وہ ہر وادی میں تعمیر کرتے تھے اور مقاتل نے بیان کیا ہے کہ وہ سفر کرتے تھے اور ستاروں سے ہدایت حاصل کرتے تھے تو انہوں نے راستوں پر بلند یادگاریں بنا دیں تاکہ ان یادگاروں کو دیکھ کر ہدایت حاصل کریں، اور علامہ کرمانی نے کہا کہ وہ کبوتروں کے لیے مکانوں کے اوپر بروج بناتے تھے اور ان سے کھیلتے تھے اور اَلرِّيْع کا معنی ہے: بلند زمین میں اور اس کی جمع ہے: رِيَعَةٌ۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۳۸، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

هَضِيْمٌ يَتَفَتَّتُ إِذَا مُسَّ۔ هَضِيْمٌ اس کا معنی ہے: ایسا خوشہ جو چھونے سے ریزہ ریزہ ہو جائے یعنی اس کے سوکھنے کے بعد۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فِيْ جَنّٰتٍ وَّ عُيُوْنٍ ۙ وَّ زُرُوْعٍ وَّ نَخْلٍ طَلْعُهَا باغوں اور چشموں میں ۙ کھیتوں میں اور کھجور کے درختوں میں

Marfat.com

هَضِيْمٌ ﴿۱۴۸﴾ (الشعراء:۱۴۸۔۱۴۷) جن کے خوشے نرم ہیں O

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں:

امام بخاری نے هَضِيْمٌ کی تفسیر اپنے اس قول سے کی ہے کہ وہ کھجور کا ایسا خوشہ ہے جو چھونے سے جھڑ جاتا ہے اور یہ حضرت مجاہد کی تفسیر ہے۔

مُسَحَّرِيْنَ الْمَسْحُوْرِيْنَ۔ مُسَحَّرِيْن اس کا معنی ہے: مَسْحُوْرین یعنی جن پر جادو کیا گیا ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۸۵﴾ (الشعراء:۱۸۵) انہوں نے کہا تم صرف ان لوگوں میں سے ہو جن پر جادو کیا گیا ہے O

علامہ عینی فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے مُسَحَّرِين کی تفسیر مَسْحُوْرِيْن کے ساتھ کی ہے یعنی جن پر بار بار جادو کیا گیا ہو، چونکہ تم کھاتے پیتے ہو اس لیے تم پر جادو کیا گیا ہے۔ الفراء نے کہا: بے شک تم طعام کھاتے ہو اور پانی پیتے ہو اور اس کے ساتھ تم پر جادو کیا گیا ہے اور اس کا معنی یہ ہے کہ تم فرشتے نہیں ہو تم تو صرف ہماری مثل بشر ہو، تم کو ہم پر کسی چیز میں فضیلت نہیں ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۳۹، فتح الباری ج ۵ ص ۷۵۶)

لَيْكَةُ وَالْأَيْكَةُ جَمْعُ أَيْكَةٍ وَهِيَ جَمْعُ شَجَرٍ۔ لَيْكَةُ اور الْأَيْكَةُ، اَيْكَةٌ کی جمع ہے اور یہ شجر یعنی درخت کی جمع ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كَذَّبَ اَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۶﴾ (الشعراء:۱۷۶) اصحاب الایکہ (سرسبز جنگل والوں) نے رسولوں کی تکذیب کی O

عکرمہ نے بیان کیا ہے کہ حضرت شعیب علیہ السلام کے سوا کسی نبی کو دو مرتبہ نہیں بھیجا گیا۔ ان کو ایک مرتبہ مدین کی طرف بھیجا گیا، پھر اس قوم کی نافرمانی کی بنا پر اس قوم کو ایک زبردست گرج دار آواز سے ہلاک کر دیا گیا اور دوسری دفعہ ان کو اصحاب الایکہ (سرسبز جھاڑیوں والے علاقے کے رہنے والوں) کی طرف بھیجا جن کو سائبان والے عذاب نے پکڑ لیا تھا۔ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مدین اور اصحاب الایکہ دو امتیں ہیں جن کی طرف حضرت شعیب علیہ السلام کو بھیجا گیا۔

(مختصر تاریخ دمشق ج ۱۰ ص ۳۰۸۔۳۰۷، مطبوعہ دار الفکر، بیروت)

علامہ عینی فرماتے ہیں: الجوہری نے کہا: الایکہ کا معنی ہے: سرسبز جنگل اور الیکہ ایک بستی کا نام ہے اور انہوں نے کہا الایلۃ سرسبز اور گھنے درختوں کو کہتے ہیں اور اس کا واحد اَيْكَةٌ ہے۔ امام بخاری نے کہا کہ یہ اَيْكَةٌ کی جمع ہے، تمام نسخوں میں اسی طرح مذکور ہے اور یہ صحیح نہیں ہے اور صحیح یہ ہے کہ کہا جائے کہ اَلْاَيْكَة اور اَلْاَيْكَة دونوں اَيْكٌ کا مفرد ہیں اور ان کی جمع بھی اَيْكٌ ہے۔

بعض شارحین پر تعجب ہے کہ انہوں نے یہاں پر کچھ ذکر نہیں کیا بلکہ کہا: پہلا کلام مجاہد کا قول ہے، الایکہ اَيْكَةٌ کی جمع ہے، یہ ابو عبیدہ کا کلام ہے اور مجاہد اور ابو عبیدہ اس بات سے بری ہیں کہ وہ کہیں کہ الایکہ، اَيْكَةٌ کی جمع ہے۔

امام بخاری نے کہا: یہ شجر کی جمع ہے، اکثر نسخوں میں اسی طرح مذکور ہے اور بعض نسخوں میں ہے کہ یہ درختوں کی جمع ہے اور ہر تقدیر پر نفس الامر میں اس طرح نہیں ہے۔ غیضہ جس کی تفسیر الایکہ سے کی جاتی ہے کیونکہ غیضہ درختوں کی جماعت ہے اور جب ایکہ کی تفسیر غیضہ سے نہیں کی جائے گی تو یہ کلام درست نہیں ہوگا، غور کریں، یہ غور کرنے کی جگہ ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۳۹، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

يَوْمِ الظُّلَّةِ إِظْلَالُ الْعَذَابِ إِيَّاهُمْ۔ يَوْمُ الظُّلَّةِ کا معنی ہے: عذاب کا ان پر سایہ کرنا۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۸۹﴾ (الشعراء:۱۸۹)

انہوں نے شعیب کی تکذیب کر دی تو ان کو سائے بان والے دن کے عذاب نے پکڑ لیا۔ بے شک وہ بہت بھاری دن کا عذاب تھا○

علماء نے بیان کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت شعیب علیہ السلام کو بیس (۲۰) سال کی عمر میں مدین کی طرف مبعوث فرمایا، یہ قوم ناپ تول میں کمی کرتی تھی۔ حضرت شعیب علیہ السلام نے ان کو توحید کی دعوت دی اور ان کو ناپ تول میں کمی کرنے سے منع کیا۔ حضرت شعیب علیہ السلام اپنی قوم کو بہترین جواب دیتے تھے، اس لیے ان کو خطیب الانبیاء کہا جاتا تھا، جب اہل مدین کی سرکشی بہت بڑھ گئی تو اللہ تعالیٰ نے ان پر سخت گرمی کا عذاب بھیجا، وہ گرمی سے گھبرا کر اپنے گھروں کو چھوڑ کر جنگل کی طرف چلے گئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف ایک بادل بھیجا جس نے سورج سے ان کے اوپر سایہ کر لیا، اس سے ان کو ٹھنڈک اور لذت حاصل ہوئی، پھر انہوں نے دوسرے لوگوں کو بھی بلا لیا حتیٰ کہ سب اس بادل کے نیچے جمع ہو گئے، پھر اللہ تعالیٰ نے ان سب کے اوپر ایک آگ بھیجی جس نے ان سب کو جلا ڈالا اور یہ بھی یوم الظلہ ہے یعنی سائبان کے دن کا عذاب ہے۔ (المنتظم ج ۱ ص ۲۱۰، دار الفکر، بیروت، ۱۴۱۵ھ)

علامہ عینی نے اس کی تفسیر میں لکھا ہے کہ ان پر عذاب کا سایہ کرنا یہ یوم الظلہ کی تفسیر ہے اور الظلہ سے مراد وہ بادل ہے جس نے ان پر سایہ کر لیا تھا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۳۹، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

مَوْزُوْنٍ مَعْلُوْمٍ۔ مَوْزُوْنٌ کا معنی ہے: معلوم۔

علامہ عینی فرماتے ہیں: یہ تعلیق اس جگہ سے متعلق نہیں ہے اور گویا کہ یہ لکھنے والے کی جہالت ہے کیونکہ موزونٌ کا لفظ اس آیت میں ہے۔

وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ﴿۱۹﴾ (الحجر:۱۹)

اور ہم نے اس زمین میں ہر مناسب چیز اگائی○

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۳۹، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

كَالطَّوْدِ كَالْجَبَلِ۔ کالطود اس کا معنی ہے: پہاڑ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ۭ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿۶۳﴾ (الشعراء:۶۳)

تو ہم نے موسیٰ کی طرف وحی فرمائی کہ آپ اپنا عصا سمندر پر ماریں تو یکا یک سمندر پھٹ گیا، پس (اس کا) ہر حصہ بڑے پہاڑ کی طرح ہو گیا○

علامہ عینی فرماتے ہیں: امام بخاری نے الطود کی تفسیر پہاڑ کے ساتھ کی ہے۔ ابوذر نے کہا ہے کہ یہ تفسیر حضرت ابن عباس کی طرف منسوب ہے اور دوسروں نے کہا ہے کہ یہ تفسیر مجاہد کی طرف منسوب ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۰، فتح الباری ج ۵ ص ۷۵۶)

وَقَالَ غَيْرُهٗ لَشِرْذِمَةٌ الشِّرْذِمَةُ طَائِفَةٌ قَلِيلَةٌ۔ الشرذمۃ اس کا معنی ہے: قلیل جماعت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿۵۴﴾ (الشعراء:۵۴)

کہ بے شک یہ جماعت (بنی اسرائیل) بہت کم تعداد میں ہے○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الشرذمۃ کی تفسیر قلیل جماعت کے ساتھ کی ہے۔ امام ثعلبی نے کہا ہے: فرعون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پیچھے اپنے لشکر کو بھیجا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام ایک کروڑ پانچ لاکھ بنی اسرائیل کے ساتھ نکلے اور فرعون بہت

Marfat.com

بڑے تخت پر بیٹھ کر نکلا گویا کہ اس میں دس کروڑ گھوڑ سوار تھے۔ اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت میں ہے کہ فرعون نے دو ہزار گھوڑوں کے ساتھ ان کا پیچھا کیا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ چھ لاکھ بنی اسرائیل تھے تو فرعون نے کہا: یہ قلیل جماعت ہے، پس ان دونوں عبارتوں میں کس طرح تطبیق ہوگی؟ تو میں کہوں گا کہ ہوسکتا ہے کہ حضرت ابن عباس کی مراد یہ ہو کہ فرعون کے ساتھ اس کے خواص ہوں جو دن رات فرعون کے ساتھ رہتے تھے اور انہوں نے دوسروں کا ذکر نہیں کیا۔ علاوہ ازیں امام ثعلبی کی تفسیر پر یہ اعتراض ہے کہ حضرت عبداللہ ابن عباس سے یہ روایت ہے کہ فرعونیوں کی تعداد چھ لاکھ ستر ہزار تھی۔
(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:
حضرت مجاہد سے روایت ہے کہ بنی اسرائیل اس دن چھ لاکھ تھے اور فرعون کے لشکر کی تعداد کا شمار نہیں تھا اور امام عبدالرزاق نے از معمر از قتادہ یہ روایت کی ہے کہ وہ بنی اسرائیل جن کے ساتھ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس دن سمندر کو پار کیا تھا وہ چھ لاکھ تھے اور امام ابن ابی حاتم نے از ابن اسحاق از ابوعبیدہ از حضرت ابن مسعود یہ روایت ذکر کی ہے کہ وہ چھ لاکھ ستر ہزار تھے۔
(فتح الباری ج ۵ ص ۷۵۶، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

فِي السَّاجِدِينَ الْمُصَلِّينَ۔ فی السّٰجِدِین اس کا معنی ہے: نماز پڑھنے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

الَّذِي يَرَاكَ حِينَ تَقُومُ ۝ وَتَقَلُّبَكَ فِي السَّاجِدِينَ ۝ (الشعراء: ۲۱۸۔۲۱۹) جو آپ کو آپ کے قیام کے وقت دیکھتا ہے ○ اور سجدہ کرنے والوں میں آپ کے پلٹنے کو ○

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والدین کریمین کے ایمان کی تحقیق

اس آیت کا معنی یہ ہے کہ آپ کی روح ایک ساجد سے دوسرے ساجد کی طرف منتقل ہو رہی تھی، یہ آیت اس پر دلالت کرتی ہے کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تمام آباء واجداد مسلمان تھے اور اس سے یہ ثابت ہوگا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کافر نہ تھے۔
(اسرار التنزیل وانوار التاویل ص ۲۶۷ للبیضاوی متوفی ۶۸۵ھ، مطبوعہ دارالفراس للنشر والتوزیع، مصر)

امام مسلم روایت کرتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے کہا: یارسول اللہ! میرا باپ کہاں ہے؟ جب وہ پیٹھ پھیر کر جانے لگا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرا باپ اور تمہارا باپ دوزخ میں ہیں۔ (صحیح مسلم: ۲۰۳، سنن ابوداؤد: ۴۷۱۸)

بہ ظاہر یہ حدیث والدین کے ایمان کے معارض ہے لیکن اس حدیث میں میرے باپ سے مراد چچا ہے یعنی ابوطالب، پھر کوئی اعتراض نہیں ہے اور ہمارے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والدین کے متعلق ایسی کوئی بات کہیں اور آپ کو ایذاء پہنچائیں کیونکہ آپ نے فرمایا کہ مردوں کو برا کہہ کر زندوں کو ایذاء نہ پہنچاؤ۔ وہ حدیث یہ ہے: عمرو بیان کرتے ہیں کہ جب عکرمہ بن ابی جہل مدینہ میں آئے تو لوگ جمع ہو کر یہ کہنے لگے کہ یہ ابوجہل کا بیٹا ہے، یہ ابوجہل کا بیٹا ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مردوں کو برا کہہ کر زندوں کو تکلیف نہ پہنچاؤ۔ (تاریخ دمشق الکبیر جز ۴۳ ص ۱۱۹۴ ابن عساکر متوفی ۵۷۱، مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

جب حضرت عکرمہ کے والد کو کافر کہنا حضرت عکرمہ کے لیے باعث اذیت ہے تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والدین کو کافر کہنا آپ کے لیے کس قدر باعث ایذاء ہوگا، قرآن مجید میں ہے:

اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَ بے شک جو لوگ اللہ کو اور اس کے رسول کو ایذاء پہنچاتے ہیں اللہ

Marfat.com

الْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝ تعالیٰ ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت فرماتا ہے اور اس نے ان کے لیے رسوا کن عذاب تیار کر رکھا ہے ○ (الاحزاب: ۵۷)

حافظ ابو حفص عمر بن احمد بن عثمان المعروف بابن شاہین متوفی ۳۸۵ھ اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مقام ہجون پر بہت غمزدگی اور افسردگی کی حالت میں اترے اور جب تک آپ کے رب عزوجل نے چاہا آپ وہیں ٹھہرے رہے، پھر آپ وہاں سے بہت خوش خوش واپس ہوئے، میں نے پوچھا: یا رسول اللہ! آپ مقام ہجون پر بہت افسردگی کے عالم میں اترے تھے، پھر آپ بہت خوش خوش واپس ہوئے تھے، آپ نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے سوال کیا تو اللہ تعالیٰ نے میری والدہ کو زندہ کر دیا، وہ مجھ پر ایمان لائیں، پھر اللہ تعالیٰ نے ان پر موت کو لوٹا دیا۔ (یہ حدیث مسلم کی حدیث کے لیے ناسخ ہے)۔ (الناسخ والمنسوخ رقم الحدیث: ۶۳۰، مکتبہ دار الباز، مکۃ المکرمہ، ۱۴۱۲ھ)

اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور قدرت اس سے عاجز نہیں ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کے اہل ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آپ کو جس چیز کے ساتھ چاہے خاص کر لے۔

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ اس تعلیق کی شرح میں لکھتے ہیں:

امام بخاری نے اَلسَّاجِدِيْنَ کی تفسیر نمازیوں کے ساتھ کی ہے۔ الکلبی نے بھی اسی طرح تفسیر کی ہے، اللہ تعالیٰ آپ کو جماعت کے ارکان الصلوٰۃ میں کھڑے ہوئے اور بیٹھے ہوئے اور رکوع و سجود میں تصرف کرتے ہوئے دیکھتا ہے۔ الشعبی نے کہا: یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۰، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

شیخ سلیم اللہ خان اس تعلیق کی شرح میں لکھتے ہیں:

ابو جعفر نحاس نے معانی القرآن میں اس کا ایک اور مطلب نقل کیا ہے، وہ فرماتے ہیں کہ وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ ○ کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو اصلاب طاہرہ سے ارحام طاہرہ میں منتقل کیا۔ علامہ ماوردی نے بھی حضرت ابن عباس سے یہ ہی تفسیر نقل کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں: اس آیت میں چھ تاویلات ہیں۔ ایک یہ کہ آپ ایک نبی سے دوسرے نبی کی طرف منتقل ہوتے رہے، حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو نبی بنا کر نکالا اور یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے۔ (النکت والعیون ج ۴ ص ۱۸۵)

اور حافظ جلال الدین سیوطی نے اسی پر اعتماد کرتے ہوئے مسالک الحنفاء میں یہ ثابت کیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین مومن تھے بلکہ ان کا تو خیال ہے کہ آپ سے عمود نسب میں جناب عبد اللہ سے لے کر حضرت آدم علیہ السلام تک کوئی بھی کافر نہیں گزرا۔ (الحاوی للفتاویٰ ج ۲ ص ۲۱۶۔۲۱۰)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کے بارے میں راجح قول یہ ہی ہے کہ وہ مومن ہوئے ہیں۔ علامہ آلوسی نے اس آیت سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کے ایمان پر استدلال کیا ہے جیسا کہ اکثر اجلہ اہلسنت کا مذہب ہے اور جو شخص ان کو کافر کہتا ہے مجھے اس کے کفر کا خدشہ ہے۔ (روح المعانی ج ۱۹ ص ۱۳۸)

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب الایمان میں ایک روایت نقل کی ہے، اس سے آپ کے والد کا غیر ناجی ہونا معلوم ہوتا ہے اور امام مسلم ہی نے جنائز میں ایک اور روایت نقل کی ہے، اس سے آپ کی والدہ کا غیر ناجی ہونا معلوم ہوتا ہے۔ حدیث کے الفاظ یہ ہیں:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کی، پس آپ خود بھی روئے اور اپنے اردگرد والوں کو بھی رلایا، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے اجازت طلب کی کہ میں اپنی والدہ کے لیے مغفرت کی دعا

کروں تو مجھے اس کی اجازت نہیں دی گئی اور میں نے اس سے اجازت طلب کی کہ میں ان کی قبر کی زیارت کروں تو مجھے اس کی اجازت دی گئی، سوتم بھی قبروں کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ تم کو موت کی یاد دلائے گی۔ (صحیح مسلم ج ۱ ص ۳۱۴، مطبوعہ کراچی)

لیکن ابن شاہین نے کتاب ''الناسخ والمنسوخ'' میں اور خطیب بغدادی نے ''کتاب السابق واللاحق'' میں ایک روایت نقل کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی والدہ کو زندہ کیا اور وہ ایمان لے آئیں، اس کے بعد ان کی وفات ہوگئی۔

شیخ سلیم اللہ خان کا الفطرۃ لکھنا اور یہ لفظ غلط اور خلاف قرآن ہے[1]

علامہ سیوطی کی رائے یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والدین اصحاب الفطرۃ (میں کہتا ہوں کہ صحیح لفظ فَتْرَۃ ہے، دیکھیے: المائدہ:۱۹) اور اصحاب الفطرۃ (اصحاب الفترۃ) اگر مشکوک نہ ہوں تو ان کے حق میں نجات کا فیصلہ ہے۔ امام مسلم کی روایت پر علامہ سیوطی نے کلام کیا ہے۔ (الحاوی للفتاویٰ ج ۲ ص ۲۲۷۔۲۲۶)

لیکن یہ مسئلہ بہر حال پیچیدہ ہے اور عقیدے سے اس کا اس طرح تعلق بھی نہیں ہے کہ انسان کی نجات کا دارومدار اس پر ہے اس لیے اس مسئلہ پر سکوت اختیار کرنا زیادہ بہتر اور مناسب ہے۔

شیخ شبیر احمد عثمانی نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے:

اور بعض سلف نے کہا ہے کہ ساجدین سے آپ کے آباء مراد ہیں یعنی آپ کے نور کا ایک نبی کی صلب سے دوسرے نبی کی صلب تک منتقل ہونا اور آخر میں نبی ہو کر تشریف لانا بلکہ بعض مفسرین نے اسی لفظ سے آپ کے والدین کے ایمان پر استدلال کیا ہے۔

(تفسیر عثمانی ص ۵۰۱، سورۃ الشعراء:۲۱۹۔۲۱۸) (کشف الباری کتاب التفسیر ص ۴۹۰۔۴۸۸، مکتبہ فاروقیہ شاہ فیصل کالونی، کراچی)

ہم نے والدین کریمین کے ایمان پر اس سے کہیں زیادہ مفصل اور محقق بحث کی ہے۔ اسی آیت کی تفسیر میں دیکھیے۔

(تبیان القرآن ج ۸ ص ۵۱۱۔۴۷۷)

اس اعتراض کا جواب کہ لَعَلَّ کا معنی ہے امید اور شاید اور اللہ تعالیٰ تو عالم الغیب ہے وہ کسی چیز کی امید کرنے سے پاک ہے

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ كَأَنَّكُمْ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا، لعلکم تخلدون میں لعلکم کانکم کے معنی میں ہے یعنی گویا کہ تم ان مکانوں میں ہمیشہ رہو گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَتَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ ۝ (الشعراء:۱۲۹) تم مضبوط مکان بنا رہے ہو (گویا کہ) تم ان میں ہمیشہ رہو گے ۝

یعنی ان کے ظاہر حال سے یہ معلوم ہوتا تھا کہ وہ ان مکانوں میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، اس کی مذمت اس لیے فرمائی ہے کہ

---

[1] میں کہتا ہوں کہ فطرت کا معنی ہے: وہ صفت کہ ہر موجود اپنی ابتداء پیدائش میں اس کے ساتھ متصف ہو، طبعی حالت۔ (المنجد اردو ص ۷۵۴) اور فترت کا معنی ہے: دو نبیوں کے درمیان کا زمانہ۔ (المنجد ص ۷۲۸)

قرآن مجید میں ہے:

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلَىٰ فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ۔ (المائدہ:۱۹) اے اہل کتاب! بے شک تمہارے پاس ہمارا رسول آ گیا جو انقطاع رسل کی مدت کے بعد تمہارے لیے (احکام شریعہ) بیان کرتا ہے۔

شیخ سلیم اللہ خان اپنے حلقہ میں بہت بڑے عالم ہیں، مفتی تقی عثمانی اور مفتی رفیع عثمانی کے استاذ ہیں، پھر حیرت ہے کہ ان پر فطرت اور فترت کا فرق مخفی رہا۔ (سعیدی غفرلہ)

Marfat.com

ان کا یہ فعل اسراف تھا یا اس میں اظہار تکبر تھا۔

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس تعلیق کی شرح میں لکھتے ہیں:

علامہ واحدی نے کہا ہے کہ قرآن مجید میں جہاں بھی لَعَلَّ کا لفظ ہے وہ علت اور سبب بیان کرنے کے لیے ہے سوا اس مقام کے، یہاں پر یہ لفظ تشبیہ کے لیے ہے، مگر اس حصر پر یہ اعتراض ہے کہ ایک اور جگہ بھی قرآن مجید میں لعل تشبیہ کے لیے ہے اور وہ یہ آیت ہے:

لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ أَلَّا يَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ۝ (الشعراء:۳) (اے رسول مکرم!) گویا کہ آپ اس غم میں جان دے دیں گے کہ وہ ایمان لانے والے نہیں ہیں ○

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

یہ بھی ہوسکتا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ قول اس اعتراض کا جواب ہو کہ لَعَلَّ کا معنی ہے: ترجی یعنی امید ہے کہ ایسا ہو یا شاید اور یہ بات وہ کہے گا جس کو مستقبل کی خبر نہ ہو حالانکہ اللہ تعالیٰ تو مستقبل کے تمام امور کا جاننے والا ہے، سو الشعراء:۱۲۹، کا معنی ہوگا: تم یہ مضبوط مکان بنا رہے ہو کہ شاید تم ان مکانوں میں ہمیشہ رہو گے۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا: یہاں لعل تشبیہ کے لیے ہے یعنی گویا کہ تم ان مکانوں میں ہمیشہ رہو گے۔

الریعُ اور اَلْعَبَثُ کے معنی کی تحقیق

اَلرِّيعُ الْأَيْفَاعُ مِنَ الْأَرْضِ وَجَمْعُهُ رِيعَةٌ وَأَرْيَاعٌ وَاحِدُهُ رِيعَةٌ۔ اَلرِّیْعُ اس کا معنی ہے: بلند زمین اور اس کی جمع رِیعَۃٌ اور اَرْیَاعٌ آتی ہے اور اس کا واحد اَلرِّیْعَۃُ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَتَبْنُونَ بِكُلِّ رِيعٍ آيَةً تَعْبَثُونَ ۝ (الشعراء:۱۲۸) کیا تم ہر اونچی جگہ پر لہو ولعب کی ایک یادگار تعمیر کر رہے ہو ○

اس آیت میں رِیْعٌ کا لفظ ہے اور رِیْعٌ کا معنی ہے: ٹیلا اور ہر وہ اونچی جگہ جو دور سے نظر آئے۔

(المفردات ج ۲ ص ۲۷۴ مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز، مکہ مکرمہ)

اور اس میں تعبثون کا لفظ ہے اور یہ عبث سے بنا ہے، اس کا معنی ہے: کھیل کود اور بے کار کام میں مشغول ہونا۔ جس کام کی کوئی غرض صحیح نہ ہو اسے عبث کہتے ہیں۔ (المفردات ج ۲ ص ۴۱۶)

اور اس میں اٰیَۃٌ کا لفظ ہے اور اس کا معنی ہے علامت، نشانی اور یادگار۔ قوم عاد ہر اونچی جگہ پر ایک یادگار تعمیر کرتے تھے۔

علامہ عینی اس تعلیق کی شرح میں لکھتے ہیں:

امام بخاری نے فرمایا: الریع کا معنی ہے: الایفاع من الارض۔ ایفاع کا لفظ یَافِعٌ کی جمع ہے اور یہ زمین کی بلند جگہ کو کہتے ہیں۔ اسی سے ماخوذ ہے: ایفع الغلامُ یعنی لڑکے کا قد بلند ہو گیا اور صحیح لفظ اَلْیَفَعُ من الارض ہے اور اس کا معنی زمین کی بلند جگہ ہے۔ عمارہ نے کہا ہے: اس کا معنی پہاڑ ہے اور رَیْعٌ کا معنی راستہ بھی ہے ایک قول یہ ہے کہ اس کا معنی ہے: دو پہاڑوں کے درمیان کی گھاٹی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۱۔۱۴۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

مَصَانِعَ كُلُّ بِنَاءٍ فَهُوَ مَصْنَعَةٌ۔ مَصَانِعَ اس کا معنی ہے: ہر عمارت یہ مصنعۃٌ کی جمع ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ۝ (الشعراء:۱۲۹) تم مضبوط مکان بنا رہے ہو گویا کہ تم ان مکانوں میں ہمیشہ رہو گے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے فرمایا: ہر عمارت کو مصنعہ کہتے ہیں: اسی طرح امام ابوعبیدہ نے کہا ہے اور مصنعہ مفرد ہے اور اس کی جمع مَصَانِعُ ہے۔ امام عبدالرزاق نے از معمر از قتادہ روایت کی ہے کہ المصانع محلات اور قلعوں کو کہتے ہیں۔ امام عبدالرزاق نے کہا: ہمارے نزدیک المصانع یمن کی لغت میں محلات کو کہتے ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ مصانع کا معنی ہے: کبوتروں کے گنبد۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے بھی مصانع کی شرح میں یہی لکھا ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۵۶ دارالمعرفہ بیروت ۱۴۲۶ھ)

فَرِهِيْنَ مَرِحِيْنَ فَارِهِيْنَ بِمَعْنَاهُ وَيُقَالُ فَارِهِيْنَ حَاذِقِيْنَ۔ فرھین کا معنی ہے: اترانے والے اور فخر کرنے والے، ان دونوں لفظوں کا ایک معنی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ فارھین کا معنی ہے: تجربہ کار اور ماہر۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا فٰرِهِيْنَ ۝ (الشعراء:۱۴۹) اور تم خوشی سے اتراتے ہوئے پہاڑوں کو تراش کر گھر بناتے ہو O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے فَرِهِيْنَ کا معنی مَرِحِيْنَ یعنی اترانے والے کیا ہے، اسی طرح امام ابوعبیدہ نے اس کی تفسیر کی ہے اور مرحین مَرِحٌ کی جمع ہے اور یہ صفت مشبہ ہے اور اَلْمَرَحُ کا معنی ہے: بہت زیادہ خوش ہونا۔ عکرمہ نے کہا: اس کا معنی ہے: نعمت سے حصہ لینے والے اور سدی نے کہا: اس کا معنی ہے متحیر، اور ابن زید نے کہا: اس کا معنی ہے: قوی۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

تَعْثَوْا هُوَ أَشَدُّ الْفَسَادِ۔ تَعْثَوْا کا معنی ہے: جنہوں نے بہت زیادہ فساد کیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ (الشعراء:۱۸۳) اور زمین میں فساد پھیلاتے ہوئے حد سے تجاوز نہ کرو O

علامہ عینی اس تعلیق کی شرح میں لکھتے ہیں: امام بخاری نے تَعْثَوْا کی تفسیر بہت شدید فساد کے ساتھ کی ہے کیونکہ عثائی الارض کا معنی ہے: زمین میں بہت فساد کیا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۱)

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: امام ابن ابی حاتم نے از قتادہ روایت کی ہے کہ وَلَا تَعْثَوْا کا معنی ہے: زمین میں فساد کرتے ہوئے سفر نہ کرو۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۵۷)

عاث يَعِيْثُ عَيْثًا۔

امام بخاری کی مراد یہ ہے کہ عاث کا معنی عثی کی مثل ہے یعنی اس نے فاسد کر دیا اور ان کی مراد یہ نہیں ہے کہ تعثوا، عاث سے مشتق ہے کیونکہ تعثوا ناقص واوی ہے اور عاث اجوف واوی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۲-۱۴۱)

الْجِبِلَّةَ الْخَلْقُ جُبِلَ خُلِقَ وَمِنْهُ جُبُلًا وَجِبِلًا وَجُبْلًا يَعْنِي الْخَلْقَ قَالَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ۔ الجبلۃ کا معنی ہے: پیدا کرنا۔ جبل کا معنی ہے: پیدا کیا گیا اور اسی سے جُبُلٌ، جِبِلٌ اور یہ جُبْلٌ سے ماخوذ ہے یعنی مخلوق۔ یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

وَاتَّقُوا الَّذِیْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِیْنَ ۝ (الشعراء: ۱۸۴)

اور بے شک اس ذات سے ڈرو جس نے تمہیں پیدا کیا ہے اور تم سے پہلے کی جبلت (سرشت) کو پیدا کیا ہے O

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی فرماتے ہیں:

امام بخاری نے کہا: اور اسی باب سے ہے جبل اور وہ اس آیت میں ہے:

وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِیْرًا۔ (یٰسٓ: ۶۲)

اور بے شک اسی نے تم میں سے بہت سے لوگوں کو گم راہ کر دیا۔

اس آیت میں کئی قراءتیں ہیں: جُبُلًا، جُبْلًا وغیرہ۔

یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے، بعض شارحین نے کہا ہے کہ یہ زیادہ بہتر ہے کیونکہ یہ تمام کلام امام ابوعبیدہ کا ہے، میں کہتا ہوں کہ امام ابوعبیدہ کا کلام ہونا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے قول کی نفی کو مستلزم نہیں ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۲، دارالکتب العلمیۃ بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۔ بَابٌ: وَلَا تُخْزِنِیْ یَوْمَ یُبْعَثُوْنَ ۝ (الشعراء: ۸۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جس دن لوگ دوبارہ زندہ کیے جائیں گے مجھے شرمندہ نہ کرنا O (الشعراء: ۸۷) کی تفسیر

۴۷۶۸۔ وَقَالَ اِبْرَاهِیْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ اِنَّ اِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ یَرَی اَبَاهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ عَلَیْهِ الْغَبَرَةُ وَالْقَتَرَةُ الْغَبَرَةُ هِیَ الْقَتَرَةُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: اور ابراہیم بن طہمان نے کہا از ابن ابی ذئب از سعید بن ابی سعید المقبری از والد خود از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی ﷺ، آپ نے فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام قیامت کے دن اپنے (عرفی) باپ کو دیکھیں گے ان پر گرد و غبار اور سیاہی ہوگی، اور الغبرۃ کا معنی بھی سیاہی ہے۔

اس حدیث کی مفصل شرح صحیح البخاری ۳۳۵۰ میں گزر چکی ہے۔

اس حدیث کی الشعراء: ۸۷ کے ساتھ مناسبت یہ ہے کہ اس سے پہلی آیت میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے یہ سوال کیا تھا:

وَاغْفِرْ لِاَبِیْۤ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّیْنَ ۝ (الشعراء: ۸۶)

اور میرے (عرفی) باپ کو بخش دے بے شک وہ گم راہوں میں سے تھا O

اور جب انہوں نے اس کو گرد و غبار اور سیاہی میں دیکھا تو اللہ تعالیٰ سے دعا کی۔

حدیث مذکور کے رجال

ابراہیم بن طہمان: الہروی ہیں، ابوسعید مقبری نیشاپور میں رہے پھر مکہ میں رہے اور ایک سو ساٹھ ہجری میں فوت ہو گئے، یہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم کے رجال میں سے ہیں، ابن ابی ذئب: محمد بن عبدالرحمن بن ابی ذئب اور ان کا نام ہشام ہے اور سعید اپنے والد ابی سعید سے روایت کرتے ہیں اور ان کا نام کیسان المدنی ہے، وہ ایک قبرستان کے پاس رہتے تھے تو ان کو قبرستان کی طرف منسوب کر کے مقبری کہتے ہیں۔ یہ حدیث معلق ہے، اس کو امام نسائی نے سند موصول کے ساتھ روایت کیا ہے۔

اس حدیث میں مذکور ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے عرفی باپ کو قیامت کے دن اس طرح دکھایا جائے گا کہ ان کے چہرہ پر

الغبرہ اور القترہ ہوگا، ان لفظوں کا معنی ہے: گرد وغبار اور سیاہی۔ قرآن مجید میں ہے:

وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ۝ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ۝ (عبس: ۴۰۔۴۱)

اور اس دن کئی چہرے غبار آلود ہوں گے O ان پر سیاہی چھائی ہو گی O

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۳۔ ۱۴۲، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

قترہ اور غبرہ کا معنوی فرق

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

امام نسائی نے اپنی روایت میں یہ اضافہ کیا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے (عرفی) باپ کو دیکھ کر کہا: میں نے تم کو شرک سے منع کیا تھا لیکن تم نے میری نافرمانی کی، ان کے (عرفی) باپ نے کہا: لیکن میں آج تمہاری نافرمانی نہیں کروں گا۔ اس سے معلوم ہوا کہ الغبرہ ھی القترۃ۔ یہ امام بخاری کا کلام ہے جس کو انہوں نے امام ابوعبیدہ کے کلام سے اخذ کیا ہے اور ان کا یہ کلام سورۂ یونس کی تفسیر میں ہے۔ بعض علماء نے کہا ہے کہ قترہ اس سیاہی کو کہتے ہیں جو غم اور افسوس کی وجہ سے چہرے کو ڈھانپ لیتی ہے اور غبرہ اس گرد وغبار کو کہتے ہیں جو چہرے پر پڑ جاتا ہے۔ غَبَرَۃ حسی امر ہے اور قترہ معنوی امر ہے، اور ایک قول یہ ہے کہ قترہ اس گرد وغبار کو کہتے ہیں جو چہرے کو سیاہ کر دے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ قترہ دھوئیں کی سیاہی کو کہتے ہیں۔

(فتح الباری ج ۵ ص ۷۵۸۔ ۷۵۷، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۴۷۶۹۔ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ حَدَّثَنَا أَخِي عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ يَلْقَى إِبْرَاهِيمُ أَبَاهُ فَيَقُولُ يَا رَبِّ إِنَّكَ وَعَدْتَنِي أَنْ لَا تُخْزِيَنِي يَوْمَ يُبْعَثُونَ فَيَقُولُ اللهُ إِنِّي حَرَّمْتُ الْجَنَّةَ عَلَى الْكَافِرِينَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں اسماعیل نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے بھائی نے حدیث بیان کی از ابن ابی ذئب از سعید المقبری از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی ﷺ، آپ نے فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے (عرفی) باپ سے ملاقات کریں گے، پس عرض کریں گے: اے میرے رب! تو نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ تو مجھے اس دن شرمندہ نہیں کرے گا جس دن سب لوگوں کو اٹھایا جائے گا، تب اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا: بے شک میں نے جنت کو کافروں کے اوپر حرام کر دیا ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۳۵۰ میں گزر چکی ہے۔

یہ اس حدیث کی دوسری سند ہے جس کو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے سعید مقبری سے ان کے باپ کے واسطے کے بغیر سنا ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے (عرفی) باپ آزر کو دوزخ میں ڈالنے پر اعتراض کے متعدد جوابات

علامہ بدر الدین عینی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی دعا میں عرض کیا:

وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ يُبْعَثُونَ ۝ (الشعراء: ۸۷)

اور جس دن سب لوگ دوبارہ زندہ کیے جائیں گے مجھے رسوا نہ کرنا O

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے رسوائی کا ذکر اس لیے کیا کہ قرآن مجید میں ہے:

رَبَّنَا إِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُ (آل عمران: ۱۹۲)

اے ہمارے رب! تو نے جس کو دوزخ میں داخل کر دیا، سو تو نے

اس کو ضرور رسوا کر دیا ہے۔

اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے (عرفی) باپ کو دوزخ میں ڈال دیا تو یہ امر ان کے لیے باعث شرمندگی تھا۔

اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم سے یہ وعدہ فرمایا تھا کہ وہ ان کو اس دن شرمندہ نہیں کرے گا جس دن لوگوں کو اٹھایا جائے گا اور جب ان کے (عرفی) باپ کو دوزخ میں ڈال دیا تو یہ ان کے لیے باعث شرمندگی ہوا کیونکہ باپ کی رسوائی بیٹے کی رسوائی ہے اور اس سے الخلف فی الوعد لازم آیا اور یہ محال ہے، تو اس کا یہ جواب دیا گیا ہے کہ اگر ان کے عرفی باپ آزر کو دوزخ میں نہ ڈالا جاتا تو الخلف فی الوعید لازم آتا اور یہ بھی محال ہے اور اللہ تعالیٰ نے جو فرمایا ہے: میں نے جنت کو کافروں پر حرام کر دیا ہے اس سے یہی مراد ہے۔ اس کا دوسرا جواب یہ ہے کہ آزر کو قبر کے بجو کی صورت میں مسخ کر کے دوزخ میں ڈالا جائے گا تو اب حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شرمندگی کی کوئی وجہ نہیں ہے کیونکہ شرمندگی کی وجہ تب ہوتی کہ جب آزر کو اس کی معروف صورت میں دوزخ میں ڈالا جاتا تو لوگ کہتے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے (عرفی) باپ کو دوزخ میں ڈال دیا گیا، پس اللہ تعالیٰ کا وعدہ بھی پورا ہو گیا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام شرمندگی سے بچ گئے اور اللہ تعالیٰ کی وعید بھی پوری ہو گئی کیونکہ کافر کو دوزخ میں نہیں ڈالا گیا، اور اس اعتراض کا ایک اور جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ کہ وہ آزر کو بخش دے گا اس کے ایمان لانے کے ساتھ مشروط تھا اور جب وہ ایمان نہیں لایا تو اس کی مغفرت کی کوئی وجہ نہیں رہی۔

قرآن مجید میں ہے:

وَ مَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَاۤ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗۤ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ۝

(التوبہ: ۱۱۴)

اور ابراہیم کا اپنے (عرفی) باپ کے لیے استغفار کرنا صرف اس وعدہ کی وجہ سے تھا جو انہوں نے اس سے کیا تھا، اور جب ان پر ظاہر ہو گیا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو وہ اس سے بیزار ہو گئے، بے شک ابراہیم بہت نرم دل اور بہت بردبار تھے ○

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۳، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

آزر کو بجو کی شکل میں مسخ کرنے کی حکمتیں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے آزر کے لیے استغفار کو ترک کرنے اور آخرت میں اس کے لیے استغفار کرنے کی دو روایتوں میں تطبیق

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

ایوب کی روایت میں مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے فرمائے گا: اے میرے بندے! آپ جنت کے جس دروازے سے داخل ہونا چاہیں جنت میں داخل ہو جائیں تو حضرت ابراہیم علیہ السلام عرض کریں گے: اے میرے رب! تو نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ تو مجھے رسوا نہیں کرے گا اور اس سے بڑھ کر کیا رسوائی ہو گی کہ میرا (عرفی) باپ دوزخ میں داخل ہو۔ تب اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں نے جنت کو کافروں پر حرام کر دیا ہے۔

حضرت ابوسعید خدری کی حدیث میں ہے: پس ندا کی جائے گی کہ جنت میں کوئی کافر داخل نہیں ہو گا۔

ابراہیم بن طہمان کی روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا: اے ابراہیم! تمہارے باپ کہاں ہیں؟ حضرت ابراہیم علیہ السلام عرض کریں گے: تو نے اس کو مجھ سے لے لیا تھا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تم نیچے دیکھو، پس وہ دیکھیں گے کہ ایک قبر کا بجو اپنی بدبو میں لوٹ پوٹ ہو رہا ہے، اور ایوب کی روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو مسخ کر کے قبر کا بجو بنا دیں گا، پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے

میرے بندے! تمہارا باپ یہ ہے، سو حضرت ابراہیم علیہ السلام عرض کریں گے: نہیں! تیری عزت کی قسم! اور حضرت ابوسعید کی حدیث میں ہے: اس کو قبیح صورت اور بدبودار شکل میں قبر کے بجو کی صورت میں بنا دیا جائے گا، ابوالمنذر نے اس میں یہ اضافہ کیا ہے: جب حضرت ابراہیم اس کو اس صورت میں دیکھیں گے تو فرمائیں گے: تو میرا (عرفی) باپ نہیں ہے۔

کہا گیا ہے کہ اس کو بجو کی شکل میں مسخ کرنے کی حکمت یہ ہے تاکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا نفس اس سے متنفر ہو اور تاکہ ان کا (عرفی) باپ اپنی اس صورت میں دوزخ میں نہ ڈالا جائے جو کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لیے باعث رنج و ملال ہو۔

یہ بھی کہا گیا ہے کہ آزر کو قبر کے بجو کی شکل میں مسخ کرنے کی حکمت یہ تھی کہ قبر کا بجو تمام جانوروں میں سب سے زیادہ احمق ہے اور کیونکہ یہ کتے اور خنزیر اور شیر کے درمیان متوسط ہے، کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بہت زیادہ تواضع کے ساتھ دین اسلام کی تبلیغ کی لیکن اس نے اسلام قبول کرنے سے انکار کیا اور تکبر کیا اور اپنے کفر پر اصرار کیا، سو اس کے ساتھ قیامت کے دن ذلت آمیز سلوک کیا جائے گا اور اس لیے کہ قبر کا بجو ٹیڑھا ہے اور اس میں استقامت نہیں ہے اور آزر بھی سیدھا نہیں ہوا اور اپنی کجروی اور ٹیڑھ پر ڈٹا رہا۔

اسماعیلی نے اس حدیث کو اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے، پھر کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح نہیں ہے اور معلل ہے کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو معلوم تھا کہ اللہ تعالیٰ اپنی وعید کے خلاف نہیں کرتا، پھر انہوں نے کیوں کر آزر کے لیے دعا کی!

اور دوسرے علماء نے یہ کہا ہے کہ یہ حدیث بہ ظاہر اس آیت کے خلاف ہے:

وَ مَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَاۤ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗۤ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ (التوبہ: ۱۱۴)

اور ابراہیم کا اپنے (عرفی) باپ کے لیے استغفار کرنا صرف اس وعدہ کی وجہ سے تھا جو ابراہیم نے اس سے کیا تھا، اور جب ان پر ظاہر ہو گیا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو وہ اس سے بیزار ہو گئے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ مفسرین کا اس میں اختلاف ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کس وقت آزر سے بیزار ہوئے تھے۔ ایک قول یہ ہے کہ جب آزر حالت شرک میں مر گیا تو وہ دنیا میں ہی اس سے بیزار ہو گئے تھے۔ اس روایت کو امام ابن جریر طبری متوفی ۳۱۰ھ نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے اور اس کی سند صحیح ہے۔ دوسری روایت یہ ہے کہ جب آزر مر گیا تو حضرت ابراہیم نے اس کے لیے استغفار نہیں کیا، ایک اور سند سے مروی ہے کہ جب تک وہ زندہ رہا حضرت ابراہیم اس کے لیے استغفار کرتے رہے اور جب وہ مر گیا تو آپ اس کے لیے استغفار کرنے سے رک گئے۔

امام ابن المنذر کی روایت ہے کہ قیامت کے دن جب آزر کو بجو کی شکل میں مسخ کیا جائے گا تو حضرت ابراہیم اس سے بیزار ہو جائیں گے جیسا کہ میں نے اس طرف پہلے بھی اشارہ کیا ہے۔

ان دونوں روایتوں میں اس طرح تطبیق ہو سکتی ہے کہ جب آزر شرک پر مر گیا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس کے لیے استغفار کو ترک کر دیا لیکن جب انہوں نے اس کو قیامت کے دن دیکھا تو ان پر پھر نرمی اور شفقت غالب آ گئی، سو انہوں نے اس کے حق میں دعا کی، پس جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ دیکھا کہ آزر کو مسخ کر دیا گیا تو وہ اس کے ایمان لانے سے مایوس ہو گئے اور وہ اس سے ہمیشہ کے لیے بیزار ہو گئے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۵۹۔۷۵۸، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۲۔ بَابٌ: وَ اَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ۙ﴿۲۱۴﴾ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو (عذاب سے) ڈرایئے ○ اور جن مسلمانوں نے آپ

Marfat.com

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

(الشعراء ۲۱۴۔۲۱۵)

کی پیروی کی ہے ان کے لیے اپنی رحمت کے بازو کو جھکا کر رکھیے ○ (الشعراء: ۲۱۵۔۲۱۴) کی تفسیر

امام بخاری نے کہا: اس کا معنی ہے آپ اپنی جانب کو نرم رکھیں۔

۴۷۷۰۔ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ قَالَ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنه قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ ۝﴾ (الشعراء: ۲۱۴) صَعِدَ النَّبِيُّ ﷺ عَلَى الصَّفَا فَجَعَلَ يُنَادِي يَا بَنِي فِهْرٍ يَا بَنِي عَدِيٍّ لِبُطُونِ قُرَيْشٍ حَتَّى اجْتَمَعُوا فَجَعَلَ الرَّجُلُ إِذَا لَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَخْرُجَ أَرْسَلَ رَسُولًا لِيَنْظُرَ مَا هُوَ فَجَاءَ أَبُو لَهَبٍ وَقُرَيْشٌ فَقَالَ أَرَأَيْتَكُمْ لَوْ أَخْبَرْتُكُمْ أَنَّ خَيْلًا بِالْوَادِي تُرِيدُ أَنْ تُغِيرَ عَلَيْكُمْ أَكُنْتُمْ مُصَدِّقِيَّ قَالُوا نَعَمْ مَا جَرَّبْنَا عَلَيْكَ إِلَّا صِدْقًا قَالَ فَإِنِّي نَذِيرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ فَقَالَ أَبُو لَهَبٍ تَبًّا لَكَ سَائِرَ الْيَوْمِ أَلِهَذَا جَمَعْتَنَا فَنَزَلَتْ ﴿تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ ۝ مَا أَغْنَى عَنْهُ مَالُهُ وَمَا كَسَبَ ۝﴾ (المسد: ۱۔۲)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عمر بن حفص بن غیاث نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الاعمش نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے عمرو بن مرہ نے حدیث بیان کی از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ ○ (الشعراء: ۲۱۴) (اور آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو عذاب سے ڈرائیے ○) تو نبی ﷺ صفا پہاڑ پر چڑھے، پھر آپ بلند آواز سے نداء فرما رہے تھے: اے بنی فہر! اے بنی عدی! قریش کے قبیلوں کو حتیٰ کہ وہ سب جمع ہو گئے، پھر جو مرد خود نکلنے کی طاقت نہیں رکھتا تھا تو وہ کسی قاصد کو بھیجتا تا کہ دیکھے کیا معاملہ ہے، پھر ابولہب اور قریش آئے، تب آپ نے فرمایا: یہ بتاؤ کہ اگر میں تم کو یہ خبر دوں کہ گھوڑ سواروں کا ایک لشکر تم پر حملہ کرنے والا ہے تو کیا تم میری تصدیق کرنے والے ہو؟ تو سب نے کہا: ہاں! ہم نے آپ کے متعلق صدق کے سوا کسی چیز کا تجربہ نہیں کیا، آپ نے فرمایا: پس میں تمہیں سخت عذاب سے ڈرانے والا ہوں جو تمہارے سامنے ہے۔ تو ابولہب نے کہا: تمہارے لیے سارے دن ہلاکت ہو، کیا تو نے اس لیے ہمیں جمع کیا تھا، تب یہ آیت نازل ہوئی: تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ ○ مَا أَغْنَى عَنْهُ مَالُهُ وَمَا كَسَبَ ○ (المسد: ۱۔۲) ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں اور وہ ہلاک ہو جائے ○ اس کے مال اور اس کی کمائی نے اس کو کوئی فائدہ نہ پہنچایا ○

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۳۹۴ میں گزر چکی ہے۔

Marfat.com

اس کی تحقیق کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا صفا پہاڑ پر کھڑے ہو کر کفار قریش کو اللہ کے عذاب سے ڈرانے کا قصہ ایک بار کا ہے یا دو مرتبہ ایسا ہوا اور اس اعتراض کا جواب کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حضرت سیدہ فاطمہ سے فرمانا: تم اپنے آپ کو دوزخ کے عذاب سے بچاؤ میں تمہیں اللہ کے عذاب سے نہیں بچا سکتا اور دیگر مباحث

حافظ شہاب الدین احمد بن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

یہ حدیث صحابہ کی مرسل روایات میں سے ہے، اسماعیلی نے اس کو وثوق سے کہا ہے کیونکہ حضرت ابو ہریرہ تو مدینہ میں اسلام لائے تھے اور اس قصہ میں مکہ کا واقعہ ہے اور حضرت ابن عباس اس وقت یا تو پیدا نہیں ہوئے تھے اور یا اس وقت بہت بچے تھے (حدیث: ۴۷۷۰، حضرت ابن عباس سے مروی ہے اور حدیث: ۴۷۷۱، حضرت ابو ہریرہ سے مروی ہے) اور دوسرے احتمال کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ حضرت فاطمہ کو یہ نداء کرنا: تم میرے مال سے جو چاہو سوال کرو لیکن میں تم سے اللہ تعالیٰ کے کسی امر کو دور نہیں کر سکتا، اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت فاطمہ اس وقت احکام کی مخاطب تھیں اور ہم اس سے پہلے اوائل سیرۃ النبویہ میں یہ بیان کر چکے ہیں کہ ہو سکتا ہے کہ یہ قصہ دو مرتبہ واقع ہوا ہو، لیکن اصل یہ ہے کہ نزول کا تکرار نہ ہوا ہو کیونکہ اس روایت میں یہ تصریح ہے کہ آپ نے یہ اس وقت فرمایا جب وَ اَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ۝ (الشعراء: ۲۱۴) نازل ہوئی تھی۔

ہاں امام طبرانی نے حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے یہ بیان کیا ہے کہ جب وَ اَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ۝ (الشعراء: ۲۱۴) نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنو ہاشم کو اور اپنی ازواج کو اور اپنے گھر والوں کو جمع کیا، پس فرمایا: اے بنو ہاشم! اپنے نفسوں کو دوزخ کے عذاب سے خرید لو اور اپنے غلاموں کو آزاد کرنے کی کوشش کرو اور اے عائشہ بنت ابی بکر! اور اے حفصہ بنت عمر! اور اے ام سلمہ! پھر انہوں نے ایک طویل حدیث روایت کی، پس اگر یہ روایت ثابت ہو تو یہ اس قصہ کے تعدد پر دلالت کرتی ہے۔ چونکہ پہلی حدیث (بخاری: ۴۷۷۰) کا واقعہ مکہ سے متعلق ہے اور اس حدیث میں یہ تصریح ہے کہ آپ صفا پہاڑ پر چڑھے اور اس وقت حضرت عائشہ، حضرت حفصہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہن آپ کے پاس نہیں تھیں، یہ ازواج مطہرات آپ کے پاس صرف مدینہ میں تھیں، پس ہو سکتا ہے کہ یہ قصہ پہلے قصہ سے متاخر ہو اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم بھی اس وقت آپ کے پاس حاضر ہوئے ہوں اور شاید پہلے یہ آیت نازل ہوئی ہو: وَ اَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ۝ تو آپ نے بالعموم قریش کے عام لوگوں کو اور خاص لوگوں کو جمع کیا اور دوسری مرتبہ یہ ارشاد نازل ہوا: وَ رَهْطَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ تو اس وقت آپ نے خصوصاً بنو ہاشم کو اور اپنی ازواج مطہرات کو جمع کیا اور اس سے علامہ نووی کی اس بات کا رد ہو جاتا ہے کہ وَ رَهْطَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ صحیح بخاری میں نہیں ہے اور وہ اس سے غافل ہو گئے کہ یہ جملہ صحیح بخاری میں سورۃ تبت کی تفسیر میں موجود ہے۔

اور جب یہ آیت نازل ہوئی: وَ اَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ۝ (الشعراء: ۲۱۴) تو امام بخاری نے سورۃ تبت کی تفسیر میں یہ اضافہ کیا ہے: اس سند کے ساتھ ابو اسامہ نے از اعمش یہ روایت کی ہے، اور اس کے ساتھ یہ آیت نازل ہوئی: وَ رَهْطَكَ منهم المخلصين (اور اپنے قبیلہ میں سے مخلص لوگوں کو ڈرایئے) اور اس اضافہ کی امام طبری نے ایک اور سند سے بھی روایت کی ہے: عمرو بن مرۃ نے کہا: آپ اسی طرح تلاوت فرماتے تھے، علامہ قرطبی نے کہا کہ ہو سکتا ہے کہ یہ اضافہ قرآن ہو، پھر اس کی تلاوت منسوخ کر دی گئی ہو، پھر اس پر یہ اشکال قائم کیا ہے کہ عذاب سے ڈرانا تو کافروں کے لیے تھا اور مخلصین تو مومنین کی صفت ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ ہو سکتا ہے یہ خاص کا عطف عام پر ہو، وَ اَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ ان سب کے لیے عام ہے خواہ وہ ایمان لائے ہوں یا نہ

Marfat.com

لائے ہوں، پھر اس کی تائید کے لیے اس پر قبیلہ کے مخلصین کا عطف فرمایا۔ اس حدیث میں فرمایا ہے: ''اے فاطمہ بنت محمد! تم میرے مال سے جو چاہو سوال کرو میں تمہیں اللہ کی کسی چیز سے بے پرواہ نہیں کر سکتا''۔ بعض مالکیہ نے یہ اعتراض کیا ہے کہ نیک اعمال میں کسی کی نیابت نہیں ہو سکتی، ورنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے نیک اعمال سے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اللہ کے عذاب سے بچا لیتے، اس کا جواب یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ اس وقت فرمایا تھا جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس پر مطلع نہیں فرمایا تھا کہ آپ جس کی شفاعت فرمائیں گے اللہ تعالیٰ اس کی شفاعت قبول فرمالے گا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ ایک جماعت کو بغیر حساب کے جنت میں داخل فرما دے گا (اللہ تعالیٰ مصنف کو بھی اس جماعت میں شامل فرما دے۔ آمین) اور اللہ تعالیٰ ایک اور جماعت کے درجات بلند فرما دے گا اور ایک جماعت کو دوزخ سے نکال لے گا جو اپنے گناہوں کی وجہ سے دوزخ میں داخل کیے گئے تھے یا آپ نے حضرت سیدتنا فاطمہ رضی اللہ عنہا کو یہ اس لیے فرمایا تھا کہ یہ عذاب سے ڈرانے کا مقام تھا، یا آپ نے نیک اعمال پر برانگیختہ کرنے کے لیے اس طرح فرمایا تھا یا آپ نے جو فرمایا تھا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نہیں بچا سکتا، یہاں پر یہ جملہ مقدر ہے: سوا اس صورت کے کہ اللہ تعالیٰ مجھے شفاعت کرنے کی اجازت عطا فرمائے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اے قریش کی جماعت! یا اس طرح کا کوئی کلمہ کہا، البلاذری نے ایک اور سند کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے، آپ نے فرمایا: اے بنو فہر! پس وہ جمع ہو گئے، پھر آپ نے فرمایا: اے بنو غالب! تو فہر کے دو بیٹے محارب اور الحارث آ گئے، پس آپ نے فرمایا: اے بنی لوی! پھر آپ نے فرمایا: اے آل کعب! تو بنو عدی اور ایک جماعت آ گئی، پھر آپ نے فرمایا: اے آل کلاب! تو بنو مخزوم اور بنو تیم آ گئے، پھر فرمایا: اے آل قصی! تو بنو زہرہ آ گئے تو پھر فرمایا: اے آل عبد مناف! تو عبدالدار کے بیٹے اور عبدالعزیٰ آ گئے، تب ابولہب نے آپ سے کہا: یہ بنو عبد مناف آپ کے پاس ہیں اور علامہ واقدی نے صرف بنو ہاشم اور بنو مطلب کے بلانے پر اقتصار کیا ہے اور وہ اس وقت پینتالیس (۴۵) مرد تھے، اور امام بیہقی نے دلائل النبوۃ میں لکھا ہے کہ وہ چالیس (۴۰) سے زیادہ تھے اور اس میں آپ کے چچاؤں کا ذکر ہے۔ ابوطالب، ابولہب اور حضرت حمزہ اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما۔

حضرت علی کی روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا: میں عرب کے کسی جوان کو نہیں جانتا کہ جس نے اپنی قوم کو اس سے افضل چیز کی دعوت دی ہو جس کی دعوت میں نے تمہیں دی ہے، میں نے تم کو دنیا اور آخرت کی خیر کی دعوت دی ہے۔

امام مسلم اور امام احمد کی حدیث میں ہے کہ میں تمہیں اللہ کے عذاب سے ڈرانے والا ہوں اور میری مثال اور تمہاری مثال اس شخص کی طرح ہے جو دشمن کو دیکھ کر بلند آواز سے اپنی قوم کو ڈرائے۔

حضرت ابوہریرہ کی روایت میں ہے: تم اپنے نفسوں کو اللہ سے خرید لو یعنی اپنے نفسوں کو دوزخ کے عذاب سے چھڑا لو گویا کہ آپ نے فرمایا: تم اسلام قبول کر لو تو تم اللہ کے عذاب سے سلامت رہو گے اور یہ اللہ سے اپنے نفسوں کو خریدنے کی مثل ہے گویا کہ عبادت نجات کی قیمت ہے اور رہا اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد:

إِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ (التوبہ:۱۱۱) بے شک اللہ نے ایمان والوں سے ان کی جانوں اور ان کے مالوں کو جنت کے بدلہ میں خرید لیا۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مومن کو بیچنے والا قرار دیا ہے اور جنت کو قیمت قرار دیا ہے اور اس میں یہ اشارہ ہے کہ تمام نفوس اللہ تعالیٰ کے ملک ہیں اور بے شک جس نے اللہ تعالیٰ کی کما حقہ اطاعت کی اور اس کے تمام احکام پر عمل کیا اور اس کے تمام منع کردہ

Marfat.com

کاموں سے رکا رہا تو اس نے جنت کی پوری قیمت ادا کردی۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۱۔۷۵۹، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۴۷۷۱۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَأَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَامَ رَسُولُ اللهِ ﷺ حِينَ أَنْزَلَ اللهُ ﴿وَ أَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ ۝﴾ (الشعراء: ۲۱۴) قَالَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ أَوْ كَلِمَةً نَحْوَهَا اشْتَرُوا أَنْفُسَكُمْ لَا أُغْنِي عَنْكُمْ مِنَ اللهِ شَيْئًا يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ لَا أُغْنِي عَنْكُمْ مِنَ اللهِ شَيْئًا يَا عَبَّاسُ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا أُغْنِي عَنْكَ مِنَ اللهِ شَيْئًا وَيَا صَفِيَّةُ عَمَّةَ رَسُولِ اللهِ لَا أُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللهِ شَيْئًا وَيَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَلِينِي مَا شِئْتِ مِنْ مَالِي لَا أُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللهِ شَيْئًا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعیب نے خبر دی از الزہری، انہوں نے کہا: مجھے سعید بن المسیب اور ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے خبر دی کہ بے شک حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ پر یہ آیت نازل فرمائی: وَ اَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ۝ (الشعراء: ۲۱۴) (اور آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو اللہ کے عذاب سے ڈرائیں ۝) تو رسول اللہ ﷺ نے (صفا پہاڑ پر) کھڑے ہو کر فرمایا: اے قریش کی جماعت! یا اس کی مثل کوئی کلمہ فرمایا، تم اپنے نفسوں کو اللہ تعالیٰ سے خرید لو میں تمہیں اللہ کے عذاب سے بالکل نہیں بچا سکتا، اے بنی عبد مناف! میں تمہیں اللہ کے عذاب سے بالکل نہیں بچا سکتا۔ اے عباس بن عبدالمطلب! میں تمہیں اللہ کے عذاب سے بالکل نہیں بچا سکتا اور اے صفیہ! رسول اللہ (ﷺ) کی پھوپھی، میں آپ کو اللہ کے عذاب سے بالکل نہیں بچا سکتا اور اے فاطمہ بنت محمد ﷺ! تم میرے مال سے جو چاہو سوال کرو میں تمہیں اللہ کے عذاب سے بالکل نہیں بچا سکتا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۷۵۳ میں گزر چکی ہے۔

تَابَعَهُ أَصْبَغُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ۔

امام بخاری نے کہا: اصبغ نے ابوالیمان کی متابعت کی ہے از ابن وہب از یونس از ابن شہاب۔

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں: اصبغ بن الفرج المصری امام بخاری کے مشائخ میں سے ایک ہیں۔

اور نبی ﷺ نے اپنے قریبی رشتہ داروں کو جو سب سے پہلے اللہ کے عذاب سے ڈرایا اس میں حکمت یہ تھی کہ جب آپ کے قریبی رشتہ داروں کے اوپر حجت قائم ہوگی تو دوسروں پر بھی یہ حجت قائم ہوگی اور دوسروں کے لیے آپ کی دعوت کو مسترد کرنے کی کوئی وجہ نہیں رہے گی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۵، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

اس حدیث کی مفصل شرح حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ کی عبارت میں گزر چکی ہے۔

الحمدللہ رب العالمین، سورۃ الشعراء کی تفسیر مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ سورۃ النمل کی تفسیر شروع ہوگی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۲۷۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ النَّمْلِ

سورۃ النمل کی تفسیر

سورۃ النمل کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ اس سورۃ کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

علامہ القرطبی وغیرہ نے ذکر کیا ہے کہ یہ سورت بالاتفاق مکی ہے، اور علامہ سخاوی نے لکھا ہے کہ یہ سورت سورۃ القصص سے پہلے نازل ہوئی ہے اور سورۃ القصص کے بعد سورۂ بنی اسرائیل نازل ہوئی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۵)

میں کہتا ہوں کہ اس سورت کو قرآن بھی فرمایا اور کتاب بھی، قرآن کا لفظ قراءت سے بنا ہے جس کا معنی ہے: پڑھنا اور کتاب کا لفظ کَتَبَ سے بنا ہے جس کا معنی ہے: لکھنا۔ اس کو قرآن اس لیے فرمایا کہ اس کو سب سے زیادہ پڑھا جاتا ہے اور کتاب اس لیے فرمایا کہ اس کو سب سے زیادہ لکھا جاتا ہے اور قرآن کے لفظ کو کتاب کے لفظ پر اس لیے مقدم فرمادیا کہ پہلے اس کو پڑھا جاتا تھا، پھر اس کو لکھا جاتا تھا۔

وَالْخَبْءُ مَا خَبَأْتَ۔ الخب کا معنی ہے: جس چیز کو تم چھپاؤ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَلَّا یَسْجُدُوْا لِلّٰہِ الَّذِیْ یُخْرِجُ الْخَبْءَ۔ (النمل: ۲۵) یہ لوگ اللہ کو سجدہ کیوں نہیں کرتے جو (آسمانوں اور زمینوں کی پوشیدہ چیزوں کو) باہر لاتا ہے۔

علامہ بدرالدین محمود بن عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

امام بخاری نے الْخَبْءَ کا معنی بیان کیا ہے: جس چیز کو تم پوشیدہ رکھو، الفراء نے کہا: اللہ تعالیٰ آسمان سے بارش کو نکالتا ہے اور سبزہ کو زمین سے نکالتا ہے۔ ابوذر کی روایت میں والخبء ہے اور دوسروں کی روایت میں الخبء ہے اور اس واؤ کو واؤ استفتاح کہا جاتا ہے، میں نے اپنے بڑے اساتذہ سے اسی طرح سنا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۵)

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی لکھتے ہیں:

یعنی اللہ تعالیٰ آسمان سے بارش کو اور سبزہ کو زمین سے نکالتا ہے۔ اس آیت میں فی کا معنی زمین ہے۔

(فتح الباری ج ۵، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

لَا قِبَلَ لَا طَاقَۃَ۔ لَا قِبَلَ اس کا معنی ہے: اس کی طاقت نہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِرْجِعْ اِلَیْہِمْ فَلَنَاْتِیَنَّہُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَہُمْ بِہَا وَلَنُخْرِجَنَّہُمْ مِّنْہَآ اَذِلَّۃً وَّہُمْ صٰغِرُوْنَ ۝ (النمل: ۳۷) ان کے پاس واپس جاؤ (اور انہیں بتادو) کہ ہم ضرور ایسے لشکروں کے ساتھ ان پر حملہ کریں گے جن کے مقابلہ کی ان میں طاقت نہیں اور ہم ضرور ان کو ذلیل و رسوا کر کے وہاں سے نکال باہر کریں گے ○

Marfat.com

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: یہ ابوعبیدہ کا قول ہے اور امام طبری نے بھی اسماعیل بن ابی خالد سے اس کی مثل روایت کی ہے۔

الصَّرْحُ كُلُّ مِلَاطٍ اتُّخِذَ مِنْ الْقَوَارِيرِ وَالصَّرْحُ الْقَصْرُ وَجَمَاعَتُهُ صُرُوحٌ۔

الصَّرْحُ: ہر وہ عمارت جو شیشے اور گارے کو ملا کر بنائی جائے اور الصرح کا معنی محل ہے اور اس کی جمع صُرُوْح ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّ كَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ۭ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ۔ (النمل: ۴۴)

اس سے کہا گیا: اس محل میں داخل ہو جا، سو جب اس نے اس (شیشہ کے فرش) کو دیکھا تو اس نے اس کو گہرا پانی گمان کیا اور اپنی دونوں پنڈلیوں سے کپڑا اونچا کر لیا۔ سلیمان نے کہا: بے شک یہ شیشہ سے بنا ہوا چکنا محل ہے۔

بلقیس جب حضرت سلیمان علیہ السلام کے محل کے قریب پہنچی اس سے کہا گیا: اس محل میں داخل ہو جاؤ (الصرح کا معنی ہے: بلند عمارت اور خالص چیز)، بلقیس نے دیکھا کہ اس محل میں سورج چمک رہا ہے اور اس میں مچھلیاں تیر رہی ہیں تو اس نے سمجھا کہ محل کے صحن میں پانی بھرا ہوا ہے تو اس نے اپنے پائنچے اپنی پنڈلیوں سے اوپر اٹھا لیے تا کہ اس کا لباس بھیگ نہ جائے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا: بے شک یہ شیشے سے بنا ہوا چکنا محل ہے یعنی وہ جس کو پانی گمان کر رہی ہے وہ شیشے کا فرش ہے، اس کے نیچے پانی بھرا ہوا ہے جو شیشے میں سے پانی نظر آ رہا ہے، اس لیے تم کو اس سے بچنے کے لیے پائنچے اوپر اٹھانے کی ضرورت نہیں۔

علامہ عینی نے لکھا ہے: امام بخاری نے کہا ہے: ہر بلند عمارت جو شیشہ سے بنائی گئی ہو اور اسی طرح امام ابوعبیدہ نے کہا ہے اور امام بخاری نے کہا: اس کی جمع صروح ہے اور زیادہ صحیح یہ ہے کہ اس کی جمع صروح ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۶۔۱۴۵، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: الملاط کا معنی ہے: وہ گارا جو تعمیر کے وقت اینٹوں کے درمیان رکھا جاتا ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ اس کا معنی بڑا پتھر ہے۔

امام طبری نے کہا ہے: حضرت سلیمان علیہ السلام نے جنات کو حکم دیا تھا تو انہوں نے شیشے کا یہ محل بنایا، پھر اس کے نیچے پانی چھوڑ دیا اور اپنا تخت اس کے اوپر رکھا، پس وہ اس پر بیٹھ گئے اور پرندے، جنات اور انسان وہاں پر بیٹھ گئے تا کہ وہ بلقیس کو دکھائیں کہ ان کا ملک اس کے ملک سے زیادہ غالب ہے اور محمد بن کعب کی روایت میں ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے سمندری جانور، مچھلیاں اور مینڈک قید کر رکھے تھے تو جب بلقیس نے انہیں دیکھا تو یہ گمان کیا کہ یہ گہرا پانی ہے اور اس کی پنڈلیاں بہت حسین تھیں تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کو پنڈلیاں چھپانے کا حکم دیا۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۲۔۷۶۱، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَلَهَا عَرْشٌ سَرِيرٌ كَرِيمٌ حُسْنُ الصَّنْعَةِ وَغَلَاءُ الثَّمَنِ۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ بلقیس کا ایک عرش عظیم ہے اس کا معنی ہے: معزز تخت جس کی بہت حسین کاری گری ہو اور اس کی قیمت بہت مہنگی ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنِّيْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ وَاُوْتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّلَهَا عَرْشٌ عَظِيْمٌ ۝ (النمل: ۲۳)

(ہدہد نے کہا:) میں نے دیکھا کہ ان پر ایک عورت حکومت کر رہی ہے اور اس کو ہر چیز سے دیا گیا ہے اور اس کا بہت بڑا تخت ہے ۝

Marfat.com

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس آیت کی تفسیر میں کہا: بلقیس کا ایک بہت عمدہ اور بیش قیمت تخت ہے، انہوں نے تخت کی صفت میں کہا: وہ کریم ہے، یہ مجازاً فرمایا جیسے حدیث میں ہے: کَرَائِمَ اموالِ الناس یعنی لوگوں کے نفیس مال۔ حسن الصنعہ کا معنی ہے: اس کی کاری گری بہت حسین ہے اور غالی الثمن کا معنی ہے: وہ بیش قیمت ہے۔ علامہ ثعلبی نے بیان کیا ہے: اس تخت کا اگلا حصہ سونے کا تھا اور اس میں سرخ یاقوت اور سبز زمرد جڑے ہوئے تھے اور اس کا پچھلا حصہ چاندی کا تھا اور وہ بھی جواہر سے آراستہ تھا۔ اور اس کے چار پائے تھے اور ایک پایہ زرد یاقوت کا تھا اور دوسرا پایہ سبز زمرد کا تھا اور تیسرا پایہ موتیوں کا تھا۔ علامہ ثعلبی نے چوتھے پایہ کا ذکر نہیں کیا، اس پایہ کے اوپر سات کمرے بنے ہوئے تھے اور ہر کمرے کا دروازہ بند تھا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے: وہ تیس ہاتھ لمبا اور تیس ہاتھ چوڑا تھا اور مقاتل سے روایت ہے کہ وہ اسی ہاتھ لمبا اور اسی ہاتھ چھوڑا تھا۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے بھی اسی طرح لکھا ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۲، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

میں کہتا ہوں: بعض علماء نے بلقیس کی حکمرانی سے عورت کی حکمرانی کے جواز کا استدلال کیا ہے لیکن یہ استدلال صحیح نہیں ہے کیونکہ جس دور میں بلقیس حکمران تھی اس دور میں وہ کافرہ تھی اور کافروں پر اس کی حکومت تھی اور کافروں کا کوئی قول اور فعل حجت نہیں ہوتا۔ اسلام میں عورت کی حکمرانی جائز نہیں ہے، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ قوم ہرگز فلاح نہیں پائے گی جس نے عورت کو اپنا امیر مقرر کرلیا۔ (صحیح البخاری: ۷۰۹۹) اس موضوع پر مفصل بحث کے لیے تبیان القرآن میں اسی آیت کا مطالعہ کریں۔

(تبیان القرآن ج ۸ ص ۶۶۹۔ ۶۵۷)

یَأْتُونِی مُسْلِمِینَ طَائِعِینَ۔ وہ میرے پاس اس حال میں آئیں کہ مسلمین ہوں: اس کا معنی ہے: وہ مطیع اور فرمانبردار ہوں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ يَا أَيُّهَا الْمَلَؤُا أَيُّكُمْ يَأْتِينِي بِعَرْشِهَا قَبْلَ أَنْ يَأْتُونِي مُسْلِمِينَ ۝ (النمل: ۳۸) سلیمان نے کہا: اے سردارو! تم میں سے کون ان کے اطاعت گزار ہو کر آنے سے پہلے اس کا تخت میرے پاس لا سکتا ہے ○

امام بخاری نے طائعین کی تفسیر کی ہے: مطیع اور اطاعت گزار، حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ طائعین سے مراد ہے: حضرت سلیمان علیہ السلام کی اطاعت کرنے والے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۶)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: امام طبری نے علی بن ابی طلحہ کی حضرت ابن عباس سے اسی طرح روایت کی ہے اور جریج کی روایت سے لکھا ہے کہ وہ دین اسلام کے اقرار کرنے والے ہو جائیں، اور امام طبری نے پہلی روایت کو راجح قرار دیا ہے۔

(فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۲، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

رَدِفَ اقْتَرَبَ۔ رَدِفَ کا معنی ہے: قریب آ پہنچا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ عَسَى أَنْ يَكُونَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِي تَسْتَعْجِلُونَ ۝ (النمل: ۷۲) آپ کہیے کہ جس چیز کو تم جلد طلب کر رہے ہو، ہو سکتا ہے کہ وہ تمہارے ساتھ لگ چکی ہو ○

Marfat.com

علامہ بدرالدین عینی نے لکھا ہے: امام بخاری نے رَدِفَ کی تفسیر کی ہے: وہ قریب آ پہنچا۔ اسی طرح امام طبری نے از علی بن ابی طلحہ از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت ذکر کی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

میں کہتا ہوں: کفار یہ کہتے تھے کہ تم نے جس عذاب کی وعید سنائی ہے وہ کب آئے گا؟ آپ کہیے: وہ عذاب تمہارے قریب آ پہنچا ہے اور وہ عذاب تمہارے لیے بہ منزلہ ردیف ہے۔ ردیف اس شخص کو کہتے ہیں جو سواری پر سوار کے پیچھے بیٹھتا ہے یعنی جس طرح ردیف سوار کے قریب ہوتا ہے اسی طرح وہ عذاب تمہارے قریب آ پہنچا ہے۔

جَامِدَةً قَائِمَةً۔ جَامِدَةً اس کا معنی ہے قائم ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ط (النمل: ۸۸) (اے مخاطب) تو اس دن پہاڑوں کو اپنی جگہ جما ہوا گمان کرے گا حالانکہ وہ بادلوں کی طرح اڑ رہے ہوں گے۔

علامہ بدرالدین عینی نے لکھا ہے: امام بخاری نے جَامِدَةً کی تفسیر قَائِمَةً کی ہے۔ اسی طرح امام طبری نے از علی بن ابی طلحہ از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے بھی اسی طرح لکھا ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۲)

میں کہتا ہوں: اس دن سے مراد قیامت کا دن ہے، اس دن پہاڑ اپنی جگہوں پر نہیں رہیں گے بلکہ اس دن پہاڑ بادلوں کی طرح چلیں گے اور اڑیں گے اور یہ اللہ تعالیٰ کی عظیم قدرت ہے جس نے ہر چیز کو مضبوط بنایا لیکن وہ ان مضبوط چیزوں کو بھی روئی کے گالوں کی طرح بنا کر اڑا دے گا۔

أَوْزِعْنِي اجْعَلْنِي۔ أَوْزِعْنِيْ اس کا معنی ہے: اِجْعَلْنِيْ یعنی مجھے بنا دے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِيْٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَأَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ (النمل: ۱۹) اور سلیمان (علیہ السلام) نے دعا کی: اے میرے رب! تو نے مجھے اور میرے والدین کو جو نعمتیں عطاء کی ہیں مجھے ان کا شکر ادا کرتے رہنے پر قائم رکھ اور مجھے ان نیک اعمال پر قائم رکھ جن سے تو راضی ہو اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں شامل کر لے ۝

علامہ عینی نے لکھا ہے: امام بخاری نے أَوْزِعْنِيْٓ کی تفسیر اِجْعَلْنِيْ کے ساتھ کی ہے، اسی طرح امام طبری نے از علی بن ابی طلحہ از حضرت ابن عباس روایت کی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۷-۱۴۶)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: امام ابوعبیدہ نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا: مجھے شکر گزاری پر برقرار رکھ اور دوسری جگہ یہ لکھا: مجھ پر شکر گزاری کا الہام فرما۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۲)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ نَكِّرُوا غَيِّرُوا۔ اور مجاہد نے کہا: نَكِّرُوا یعنی اس کی صورت بدل دو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ أَتَهْتَدِيْٓ أَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ لَا يَهْتَدُوْنَ ۝ (النمل: ۴۱) سلیمان نے حکم دیا کہ اس تخت میں کچھ تغیر کر دو تاکہ ہم آزمائیں کہ آیا وہ اس کو پہچاننے کی راہ پاتی ہے یا ان لوگوں میں سے ہے جو راہ نہیں پاتے

Marfat.com

نہیں پاتے○

مجاہد سے روایت ہے کہ حضرت سلیمان نے حکم دیا کہ عرش کی صورت بدل دو، پس تبدیل کر کے جو سرخ تھا اسے سبز کر دیا اور جو سبز تھا اس کو زرد کر دیا اور ہر چیز کی حالت بدل دی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۷، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: عکرمہ نے بیان کیا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے کہا کہ اس تخت میں کچھ اضافہ کرو اور کچھ کمی کر دو۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۲)

وَالْقَبَسُ اس کا معنی ہے: جس چیز کا آگ سے استفادہ کیا گیا ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝ (النمل: ۷) یا کوئی سلگتا ہوا انگارہ لاتا ہوں تا کہ تم حرارت حاصل کرو○

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: امام ابو عبیدہ نے کہا ہے: اس سے مراد ہے: آگ کا شعلہ اور قبس کا معنی ہے: جو چیز آگ سے حاصل کی گئی ہو یعنی انگارہ۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۲، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ) علامہ عینی نے اپنی شرح میں اس تعلیق کا ذکر نہیں کیا۔

وَأُوتِينَا الْعِلْمَ يَقُولُهُ سُلَيْمَانُ۔ و اوتینا العلم اور ہمیں علم عطا کیا ہے۔ یہ حضرت سلیمان علیہ السلام فرماتے تھے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَمَّا جَآءَتْ قِيْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ؕ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَ اُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَ كُنَّا مُسْلِمِيْنَ ۝ (النمل: ۴۲) پس جب بلقیس آئی تو اس سے پوچھا گیا: کیا تمہارا تخت ایسا ہی ہے؟ اس نے کہا: گویا کہ یہ وہی ہے اور ہمیں اس سے پہلے ہی علم دیا گیا تھا اور ہم اطاعت گزار ہو چکے ہیں○

علامہ بدر الدین عینی نے لکھا ہے: امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے ''اور ہمیں پہلے ہی علم دیا گیا تھا'' یہ بلقیس کا قول ہے اور امام الواحدی نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ یہ حضرت سلیمان علیہ السلام کا قول ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۷)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے دوسرے قول کو معتمد لکھا ہے یعنی حضرت سلیمان علیہ السلام کا قول ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۲)

علامہ عینی حافظ ابن حجر کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ آیت کا سیاق و سباق اس پر دلالت کرتا ہے کہ یہ بلقیس کا قول ہے، اس نے حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت کی تصدیق کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۷)

الصَّرْحُ بِرْكَةُ مَاءٍ ضَرَبَ عَلَيْهَا سُلَيْمَانُ قَوَارِيرَ أَلْبَسَهَا إِيَّاهُ۔ اَلصَّرْحُ کا معنی ہے: پانی کا تالاب۔ حضرت سلیمان نے اس تالاب کے اوپر شیشے بچھا دیئے تھے تا کہ وہ مشتبہ ہو کر ان شیشوں کو پانی سمجھے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّ كَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ۔ (النمل: ۴۴) بلقیس سے کہا گیا: اس محل میں داخل ہو جا، سو جب اس نے اس (شیشے کے فرش) کو دیکھا تو اس نے اس کو گویا پانی گمان کیا اور اپنی دونوں پنڈلیوں سے کپڑا اونچا کر لیا۔ سلیمان نے کہا: بے شک یہ شیشے سے بنا ہوا چکنا محل ہے۔

Marfat.com

علامہ عینی نے لکھا ہے: جب بلقیس نے اپنی پنڈلیوں کو کھولا تو ان پر بال تھے تو حضرت سلیمان نے اس کو حکم دیا کہ وہ ان بالوں کو صاف کرے، سو اس نے ایسا کیا۔ قوارِیر، قَارُوْرَۃٌ کی جمع ہے، حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس محل کو بنانے کا حکم دیا اور اس کے نیچے پانی کو جاری کر دیا اور اس پانی میں مچھلیاں اور دوسرے سمندری جانور ڈال دیئے اور اس کے وسط میں اپنا تخت رکھوا دیا اور اس پر تشریف فرما ہو گئے، پس جب بلقیس آئی تو اس سے کہا گیا کہ محل میں داخل ہو جاؤ، جب بلقیس نے اس شیشے کو دیکھا تو گمان کیا کہ یہ بہت گہرا پانی ہے اور ابن جریج کی روایت ہے کہ اس نے اس کو سمندر گمان کیا اور اپنی پنڈلیوں سے کپڑا اونچا کر لیا اور اس کا باقی قصہ مشہور ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۷، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر نے بھی اسی طرح لکھا ہے اور اس میں یہ اضافہ ہے کہ بلقیس وہ پہلی خاتون تھی جس نے چونے کو بال صاف کرنے کے لیے استعمال کیا۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۲، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

الحمد للہ رب العالمین سورۃ النمل کی تفسیر مکمل ہو گئی، اس کے بعد ان شاء اللہ سورۃ القصص کی تفسیر شروع ہو گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۲۸۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْقَصَصِ

سورۃ القصص کی تفسیر

سورۃ القصص کا تعارف

سورۃ القصص میں احکام شرعیہ کو بیان کیا گیا ہے اور یہ سورت ان چیزوں کو بیان کرتی ہے جن میں بنی اسرائیل اختلاف کرتے تھے، اور اس سورت میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قصے کے وہ حقائق اور دقائق بیان کیے گئے ہیں جن کو ان کے ماہرین میں سے بھی بہت کم لوگ جانتے ہیں۔ یہ سورت بیان کرتی ہے کہ فرعون اور اس کی قوم سے کس طرح انتقام لیا گیا اور قارون کو کس طرح سزا دی گئی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل پر کیا کیا انعام کیے گئے۔

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

ابوالعباس نے کہا: یہ سورت مکی ہے سوا ایک آیت کے جو الجحفہ میں نازل ہوئی اور وہ یہ ہے: اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ ۝ (القصص:۸۵) مَعَادٌ سے مراد مکہ مکرمہ ہے یعنی جس ذات نے آپ پر قرآن نازل کیا ہے وہ آپ کو مکہ مکرمہ کی طرف لوٹانے والی ہے۔ حضرت ابن عباس سے ایک روایت یہ ہے کہ اس سے مراد موت ہے اور ان سے دوسری روایت یہ ہے کہ اس سے مراد قیامت کا دن ہے اور ان سے تیسری روایت یہ ہے کہ اس سے مراد بیت المقدس ہے، اور حضرت ابوسعید خدری سے روایت ہے کہ اس سے مراد جنت ہے، اس سورت میں اٹھاسی (۸۸) آیات ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۸۔۱۴۷، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ اِلَّا مُلْكَهٗ وَیُقَالُ اِلَّا مَا اُرِیْدَ بِهٖ وَجْهُ اللّٰهِ۔

كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ یعنی اس کی ذات کے سوا ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے۔ وَجْهَهٗ کی تفسیر میں کہا جاتا ہے: مُلْكَهٗ یعنی اللہ کی حکومت کے سوا ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے اور کہا جاتا ہے: سوا اس کام کے جس سے اللہ کی رضا کا ارادہ کیا گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ (القصص:۸۸)

اور اللہ کے سوا کسی اور معبود کی عبادت نہ کریں۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں، اس کی ذات کے سوا ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے، اسی کا حکم ہے اور تم اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الوجہ کی تفسیر ملک کے ساتھ کی ہے، اسی طرح امام طبری نے بعض اہل العربیہ سے نقل کیا ہے، اور اسی طرح الفراء نے ذکر کیا ہے، اور امام ابوعبیدہ سے منقول ہے: سوا اس کے جلال کے اور امام بخاری نے کہا ہے کہ اس کے معنی میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ سوا ان کاموں کے جن سے اللہ کی رضا کا ارادہ کیا جاتا ہے، سفیان نے کہا: اس کا معنی ہے: سوا ان کاموں

Marfat.com

کے جن سے اللہ کی رضا اور اس کے تقرب کا ارادہ کیا جاتا ہے نہ کہ ریا کاری کا اور لوگوں کی خوشنودی کا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۸)

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر بن عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

امام نے جو دو قول نقل کیے ہیں وہ اس اختلاف پر متفرع ہیں کہ اللہ تعالیٰ پر شے کا اطلاق جائز ہے یا نہیں، جنہوں نے اس کو جائز کہا ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ استثناء متصل ہے اور الوجہ سے مراد ذات ہے اور اہل عرب شرف والی چیز کو ذات سے تعبیر کرتے ہیں، اور جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی ذات پر شے کے اطلاق کو ناجائز کہا ہے انہوں نے کہا: یہ استثناء منقطع ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے یا یہ استثناء متصل ہے اور الوجہ سے مراد وہ اعمال ہیں جو اللہ کی رضا کے لیے کیے گئے ہوں۔

(فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۳، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْأَنْبَاءُ الْحُجَجُ۔ مجاہد نے کہا: اَلْاَنْبَاءُ کا معنی ہے: اَلْحُجَجُ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَىِٕذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۶۶﴾ (القصص:۶۶) تو اس دن ان سے خبریں پوشیدہ ہو جائیں گی، پس وہ ایک دوسرے سے سوال تک نہ کر سکیں گے ○

میں کہتا ہوں: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کفار سے فرمائے گا: جب تمہارے پاس انبیاء بھیجے گئے تھے اور انہوں نے اللہ کے پیغام پہنچائے تھے تو تم نے ان کو کیا جواب دیا تھا؟ اس وقت ان سے خبریں پوشیدہ ہو جائیں گی، مجاہد نے کہا کہ وہ اس وقت کوئی عذر پیش نہیں کر سکیں گے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے دنیا میں ان کے پاس رسول بھیج کر ان پر اپنی حجت تمام کر دی اور وہ ایک دوسرے سے عذر کو پوچھ بھی نہیں سکیں گے، اس کی ایک تفسیر یہ ہے کہ قیامت کے دن ان پر ایسی دہشت طاری ہوگی کہ نہ خود ان کے دماغوں میں کوئی عذر آئے گا نہ وہ کسی سے عذر پوچھ سکیں گے۔

علامہ عینی نے لکھا ہے: کہ انباء کا معنی ہے: دلائل، اسی طرح امام طبری نے ذکر کیا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۸)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس بات پر کوئی اضافہ نہیں کیا۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۳)

۱۔ بَابٌ: اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِیْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾ (القصص:۵۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک آپ جس کو پسند کریں اس کو ہدایت یافتہ نہیں بنا سکتے، لیکن اللہ جس کو چاہے اس کو ہدایت یافتہ بنا دیتا ہے، اور وہ ہدایت پانے والوں کو خوب جانتا ہے ○ (القصص:۵۶) کی تفسیر

۴۷۷۲۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا طَالِبٍ الْوَفَاةُ جَاءَهُ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ فَوَجَدَ عِنْدَهُ أَبَا جَهْلٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِي أُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ فَقَالَ أَيْ عَمِّ قُلْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ كَلِمَةً أُحَاجُّ لَكَ بِهَا عِنْدَ اللّٰهِ فَقَالَ أَبُو جَهْلٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا ہمیں شعیب نے خبر دی از الزہری، انہوں نے کہا: مجھے سعید بن المسیب نے خبر دی از والد خود، انہوں نے بیان کیا: جب ابو طالب کی وفات کا وقت آیا تو اس کے پاس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے، پس آپ نے اس کے پاس ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ بن المغیرہ کو دیکھا، پس آپ نے فرمایا: اے

Marfat.com

أَبِي أُمَيَّةَ أَتَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَلَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَعْرِضُهَا عَلَيْهِ وَيُعِيدَانِهِ بِتِلْكَ الْمَقَالَةِ حَتَّى قَالَ أَبُو طَالِبٍ آخِرَ مَا كَلَّمَهُمْ عَلَى مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَأَبَى أَنْ يَقُولَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَاللهِ لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ مَا لَمْ أُنْهَ عَنْكَ فَأَنْزَلَ اللهُ ﴿مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ﴾ (التوبہ: ۱۱۳) وَأَنْزَلَ اللهُ فِي أَبِي طَالِبٍ فَقَالَ لِرَسُولِ اللهِ ﷺ ﴿إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَكِنَّ اللهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ﴾ (القصص: ۵۶)

میرے چچا! آپ یہ کلمہ پڑھیے: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ (اللہ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے)، میں اس کلمہ کے سبب سے اللہ تعالیٰ کے سامنے آپ کے حق میں جھگڑا کروں گا، پس ابوجہل اور عبداللہ بن امیہ نے کہا: کیا تم عبدالمطلب کے دین سے (جو ان کے نزدیک مشرک تھے) اعراض کر رہے ہو؟ پس رسول اللہ ﷺ ابو طالب پر کلمہ توحید پیش کرتے رہے، اور وہ دونوں اپنی بات دہراتے رہے، آخر کار ابو طالب نے ان سے کہا: وہ عبدالمطلب کے دین پر ہے اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ پڑھنے سے انکار کر دیا، تب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں ضرور تمہارے لیے مغفرت کی دعا کرتا رہوں گا جب تک مجھے اس سے منع نہیں کیا جائے گا، پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ (التوبہ: ۱۱۳) (یعنی نبی کے لیے اور ایمان والوں کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ مشرکین کے لیے مغفرت کی دعا کریں) اور اللہ تعالیٰ نے ابو طالب کے متعلق رسول ﷺ پر یہ آیت نازل فرمائی: اِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَكِنَّ اللهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ (القصص: ۵۶) (بے شک آپ جس کو پسند کریں اس کو ہدایت یافتہ نہیں بنا سکتے لیکن اللہ جس کو چاہے اس کو ہدایت یافتہ بنا دیتا ہے)۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۳۶۰ میں گزر چکی ہے۔

ابو طالب کے ایمان کی تحقیق ہم نے اسی آیت کی تفسیر میں کی ہے (یعنی التوبہ: ۱۱۳ کی تفسیر میں)۔ دیکھیے تبیان القرآن ج ۵، ص ۲۷۲۔۲۷۱۔

علامہ عینی اور علامہ عسقلانی کا مناقشہ

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

صاحب التلویح (علامہ مغلطائی حنفی متوفی ۷۶۲ھ) نے کہا اور علامہ ابن الملقن (متوفی ۸۰۴ھ) نے اس کی اتباع کی ہے، انہوں نے کہا یہ حدیث صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کی مراسیل میں سے ہے کیونکہ حضرت مسیب مصعب کے قول کے مطابق فتح مکہ کے سال اسلام لائے اور العسکری کے قول کے مطابق وہ ان صحابہ میں سے ہیں جنہوں نے درخت کے نیچے بیعت رضوان کی تھی پس صورت حال جو بھی ہو وہ ابو طالب کی وفات کے وقت حاضر نہیں تھے کیونکہ ابو طالب اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا قریب قریب ایام میں ایک ہی سال میں فوت ہوئے تھے اور یہ تقریباً پچاس (۵۰) ہجری کی بات ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۹)

نوٹ: علامہ مغلطائی حنفی متوفی ۷۶۲ھ، علامہ بدرالدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اور حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ دونوں

Marfat.com

کے استاد ہیں اور علامہ مغلطائی حنفی نے جو صحیح البخاری کی شرح التلویح کے نام سے لکھی ہے وہ ہنوز طبع نہیں ہوئی۔ سعیدی غفرلہ

حافظ شہاب الدین ابن حجر عسقلانی اس پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

حضرت مسیب کے اسلام کے متاخر ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ ابو طالب کی وفات کے وقت حاضر نہ ہوں کیونکہ جس طرح عبداللہ بن ابی امیہ، ابو طالب کی وفات کے وقت حاضر تھے اور وہ اس وقت کافر تھے، پھر اس کے بعد اسلام لائے، پھر اس قائل پر تعجب ہے کہ اس نے کس طرح العسکری کی طرف یہ نسبت کی ہے کہ حضرت المسیب ان صحابہ میں سے تھے جنہوں نے درخت کے نیچے بیعت رضوان کی تھی اور وہ اس بات سے غافل ہو گئے، حالانکہ یہ بات تو صحیح حدیث سے ثابت ہے جیسا کہ میں نے اس کی کتاب المغازی میں شرح کی ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۴)

علامہ بدر الدین عینی حافظ ابن حجر پر رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

میں کہتا ہوں: عبداللہ بن ابی امیہ کا ابو طالب کی وفات پر حاضر ہونا جس حال میں وہ کافر تھے حدیث صحیح سے ثابت ہے اور ابو طالب کی وفات کے دن مسیب کا حاضر ہونا کسی حدیث سے ثابت نہیں ہے خواہ وہ حدیث صحیح ہو یا غیر صحیح اور محض احتمال کی وجہ سے علامہ ابن الملقن کے کلام کو رد نہیں کیا جا سکتا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۹)

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خصوصیت کی وجہ سے ابو طالب کے عذاب میں تخفیف

جب ابو طالب پر وفات حاضر ہوئی: حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ اس سے مراد وفات کی علامات کا حاضر ہونا ہے ورنہ اگر ابو طالب نے وفات کے وقت علامات عذاب کو دیکھ لیا ہوتا تو اس کے بعد اگر وہ ایمان بھی لے آتا تو اس سے اسے کوئی فائدہ نہ پہنچتا۔

حافظ ابن حجر علامہ کرمانی سے اختلاف کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ: یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ابو طالب نے موت کے وقت عذاب کی علامات دیکھ لی ہوں لیکن نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ امید ہو کہ جب وہ توحید کا اقرار کر لے گا خواہ وہ اسی حال میں ہو تو اس کا ایمان لانا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خصوصیت کی وجہ سے فائدہ دے گا اور اسی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت سے اس کو فائدہ ہو گا اور تب ہی آپ نے فرمایا: میں تمہارے حق میں اللہ تعالیٰ سے جھگڑا کروں گا اور تمہارے حق میں شفاعت کروں گا اور عنقریب اس کا بیان آئے گا، اور خصوصیت کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ اس کے ایمان لانے سے انکار کرنے اور کفر پر مرنے کے باوجود نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی شفاعت کو ترک نہیں کیا بلکہ اس کے لیے آپ مسلسل شفاعت فرماتے رہے حتیٰ کہ دوسروں کی بہ نسبت اس کے عذاب میں تخفیف کر دی گئی اور یہ اس کے حق میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خصائص میں سے ہے اور میں اس سلسلے میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت کے بیان میں روایت لکھ چکا ہوں۔

ابو طالب کا کلمہ توحید سے انکار کرنا اور حافظ ابن حجر کا ابن المنیر پر رد کرنا

ابو طالب کا آخری کلام یہ تھا کہ وہ عبد المطلب کی ملت پر ہے:

حافظ ابن حجر عسقلانی اس کی شرح میں لکھتے ہیں: مجاہد نے کہا کہ ابو طالب نے کہا: اے میرے بھتیجے! میں اپنے اشیاخ کی ملت پر ہوں، اور امام مسلم، امام ترمذی اور امام طبری نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ ابو طالب نے کہا کہ اگر مجھے قریش کے عار دلانے کا خطرہ نہ ہوتا کہ وہ کہیں گے کہ کلمہ توحید کے اقرار پر موت کی گھبراہٹ نے برانگیختہ کیا، سو اگر مجھے اس بات کا خوف نہ ہوتا تو میں کلمہ توحید پڑھ کر تمہاری آنکھوں کو ٹھنڈا کر دیتا اور ابو طالب نے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھنے سے انکار کر دیا۔

یہ راوی کی طرف سے اس بات کی تائید ہے کہ ابو طالب اسلام نہیں لائے۔

اور اللہ کی قسم! میں تمہارے لیے ضرور اس وقت تک استغفار کرتا رہوں گا جب تک مجھے اس سے منع نہ کیا جائے:

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: الزین بن المنیر نے کہا ہے: اس سے مراد مغفرت عامہ کی طلب نہیں ہے اور شرک کے گناہ سے معافی کو طلب کرنا مراد نہیں ہے بلکہ یہاں مغفرت سے مراد عذاب میں تخفیف ہے جیسا کہ اس کا دوسری حدیث میں بیان ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں: یہ ابن المنیر کی شدید غفلت ہے کیونکہ ابو طالب کے حق میں تخفیف عذاب کی شفاعت مسترد نہیں کی گئی اور اس کو طلب کرنے سے آپ کو منع نہیں کیا گیا بلکہ آپ کو مغفرت عامہ کی طلب سے منع کیا گیا ہے کہ اس کو بالکل عذاب نہ دیا جائے اور یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اتباع میں جائز ہے۔

امام بخاری نے کہا ہے کہ التوبہ: ۱۱۳ ابو طالب کی وفات کے وقت نازل ہوئی اور حافظ ابن حجر کی تحقیق یہ ہے کہ یہ آیت حضرت آمنہ اور مشرکین کی وفات کے وقت نازل ہوئی

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: نبی اور ایمان والوں کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ مشرکین کے لیے استغفار کریں خواہ وہ اس کے قرابت دار ہوں جب کہ ان پر یہ ظاہر ہو چکا ہے کہ یہ مشرکین دوزخی ہیں۔ (التوبہ: ۱۱۳)

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: یعنی نبی اور ایمان والوں کے لیے یہ مناسب نہیں ہے اور امام طبری کی روایت میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے (عرفی) باپ آزر کے لیے استغفار کیا حالانکہ وہ مشرک تھا، سو میں بھی ابو طالب کے لیے اس وقت تک استغفار کرتا رہوں گا حتیٰ کہ میرا رب مجھے اس سے منع فرما دے، پھر آپ کے اصحاب نے کہا: ہم بھی اپنے آباء و اجداد کے لیے استغفار کریں گے جس طرح ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا کے لیے استغفار کیا، تب یہ آیت نازل ہوئی یعنی التوبہ: ۱۱۳۔ اور اس پر یہ اشکال ہے کہ یہ بات بالاتفاق ثابت ہے کہ ابو طالب کی وفات ہجرت سے پہلے مکہ میں ہوئی تھی اور یہ حدیث سے ثابت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب عمرہ کیا تو آپ اپنی والدہ کی قبر پر گئے اور اپنے رب سے ان کے لیے استغفار کرنے کی اجازت طلب کی، اس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی، اور یہ نہیں ہو سکتا کہ یہ آیت دو مرتبہ نازل ہوئی ہو کیونکہ قاعدہ یہ ہے کہ نزول کا تکرار نہیں ہوتا۔ اور امام حاکم نے اور امام ابن ابی حاتم نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن باہر نکلے اور قبرستان کی طرف گئے، سو ہم نے بھی آپ کی پیروی کی، پس آپ آئے حتیٰ کہ ایک قبر کی طرف بیٹھ گئے اور بہت طویل دعا کی، پھر آپ روئے اور آپ کے رونے کی وجہ سے ہم بھی روئے، تب آپ نے فرمایا: یہ قبر جس کے پاس میں بیٹھا تھا یہ میری والدہ کی قبر ہے اور میں نے اپنے رب سے ان کے حق میں دعا کی اجازت طلب کی تو مجھے اس کی اجازت نہیں دی گئی، پھر یہ آیت نازل ہوئی:

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ۔ (التوبہ: ۱۱۳) نبی اور ایمان والوں کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ مشرکین کے لیے استغفار کریں خواہ وہ ان کے قرابت دار ہوں۔

اور امام احمد نے از ابن بریدہ از والد خود یہ روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ساتھ ٹھہرے اور ہم آپ کے ساتھ تھے تقریباً ایک ہزار سوار اور امام طبری نے اسی سند کے ساتھ یہ روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ میں داخل ہوئے تو ایک قبر کے پاس آئے اور فضیل بن مرزوق نے عطیہ سے روایت کی ہے کہ جب آپ مکہ میں آئے تو اپنی والدہ کی قبر پر ٹھہرے حتیٰ کہ آپ کے اوپر تیز دھوپ آ گئی، آپ کو یہ توقع تھی کہ آپ کو ان کے لیے استغفار کی اجازت دی جائے گی، اس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اور امام طبرانی نے بھی از عکرمہ از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس کی مثل روایت کی ہے، پس یہ متعدد اسانید ہیں جو ایک دوسرے کی تائید کرتی

Marfat.com

ہیں اور ان میں یہ دلیل ہے کہ یہ آیت ابو طالب کی وفات کے بعد نازل ہوئی ہے، اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ غزوۂ احد میں جب آپ کا سر زخمی ہو گیا تو آپ نے دعا کی: اے میرے رب! میری قوم کو معاف فرما کیونکہ وہ نہیں جانتے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کا یہ استغفار زندوں کے ساتھ خاص ہو اور اس میں بحث نہیں ہے، اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آیت کا نزول متاخر ہو ہر چند کہ اس کا سبب مقدم تھا اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس آیت کے نزول کے دو سبب ہوں، ایک مقدم ہو اور وہ ابو طالب کا معاملہ تھا، اور ایک سبب مؤخر ہو اور وہ آپ کی والدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کا معاملہ تھا، اور تاخیر نزول کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ سورۂ توبہ کی تفسیر میں یہ گزر چکا ہے کہ آپ نے پہلے منافقین کے لیے استغفار کیا، پھر بعد میں اس کی ممانعت نازل ہوئی، اس سے یہ واضح ہو گیا کہ بعض اوقات نزول آیت کا سبب مقدم ہوتا ہے اور آیت بعد میں نازل ہوتی ہے، اور اس کی طرف اس میں اشارہ ہے کہ: اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ، بے شک آپ جس کو پسند کریں اس کو ہدایت یافتہ نہیں بنا سکتے۔ (القصص:۵۶) حدیث میں ہے: یہ آیت اللہ تعالیٰ نے ابو طالب کے متعلق نازل فرمائی، اس سے معلوم ہوا کہ پہلی آیت ابو طالب اور دوسروں کے متعلق نازل ہوئی ہے (یعنی التوبہ: ۱۱۳) اور دوسری آیت (یعنی القصص:۵۶) صرف ابو طالب کے متعلق نازل ہوئی ہے، اور تعدد سبب کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ امام احمد نے اپنی سند کے ساتھ حضرت علی سے روایت کی ہے کہ ایک مرد اپنے والدین کے لیے مغفرت کی دعا کر رہا تھا اور وہ دونوں مشرک تھے، سو میں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس بات کا ذکر کیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: مَا كَانَ لِلنَّبِیِّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ یَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِیْنَ، اور ایمان والوں کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ مشرکین کے لیے استغفار کریں (التوبہ: ۱۱۳) اور امام طبری نے مجاہد سے روایت کی ہے: مومنوں نے پوچھا: کیا ہم اپنے باپ دادا کے لیے اس طرح استغفار نہ کریں جس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے (عرفی) باپ کے لیے استغفار کیا تھا تو یہ آیت نازل ہوئی، اور حدیث میں ہے کہ جس شخص نے کوئی بھی نیک عمل نہ کیا سو جب اس کا خاتمہ توحید کی شہادت پر ہو تو اس کے اسلام کا حکم کیا جائے گا اور اس پر مسلمانوں کے احکام جاری کیے جائیں گے، پس اگر اس نے اس کے ساتھ زبان سے بھی اقرار کیا ہو تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کو اس سے نفع ہوگا، بہ شرطیکہ اس نے عذاب کے معائنہ تک اللہ تعالیٰ سے اپنی امید منقطع نہ کی ہو اور اسی کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے:

وَ لَیْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ السَّیِّاٰتِ ۚ حَتّٰۤی اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّیْ تُبْتُ الْـٰٔنَ۔ (النساء:۱۸)

اور ان لوگوں کی توبہ مقبول نہیں ہے جو مسلسل گناہ کرتے رہتے ہیں حتیٰ کہ جب ان میں سے کسی شخص کو موت آتی ہے تو وہ کہتا ہے: میں نے اب توبہ کی۔

واللہ اعلم۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۵۔ ۷۶۳ دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اُولِی الْقُوَّةِ لَا یَرْفَعُهَا الْعُصْبَةُ مِنَ الرِّجَالِ لَتَنُوْءُ لَتُثْقِلُ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اُولِی القُوَّۃ کا معنی ہے: طاقت والے یعنی طاقت والے مردوں کی جماعت بھی ان (چابیوں) کو اٹھا نہیں سکتی تھی اور لتنوء کا معنی ہے تاکہ وہ بوجھل ہو جائیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰی فَبَغٰی عَلَیْهِمْ ۪ وَ اٰتَیْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَاۤ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِی الْقُوَّةِ ۗ (القصص:۷۶)

بے شک قارون موسیٰ کی قوم سے تھا، پھر اس نے اس کے خلاف سر اٹھایا اور ہم نے اس کو اس قدر خزانے دیئے تھے کہ ان کی چابیاں ایک طاقت ور جانور کو تھکا دیتی تھیں۔

اَلْعُصْبَۃُ کی تفسیر میں متعدد اقوال

علامہ بدرالدین عینی اس تعلیق کی شرح میں لکھتے ہیں: مجاہد نے کہا ہے کہ اَلْعُصْبَۃ دس سے پندرہ لوگوں کی جماعت کو کہتے ہیں اور قتادہ نے کہا کہ دس سے لے کر چالیس لوگوں کی جماعت کو اَلْعُصْبہ کہتے ہیں اور ابو طالح نے کہا: چالیس مردوں کو اَلْعُصْبہ کہتے ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ تین سے لے کر دس تک کی جماعت کو العصبہ کہتے ہیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ساٹھ مردوں کی جماعت کو العصبہ کہتے ہیں اور لَتَنُوْءُ کا معنی ہے کہ وہ اس کے بوجھ سے جھک جاتے تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۹)

حافظ ابن حجر نے العصبہ کی تفسیر میں کوئی کلام نہیں کیا۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۵)

فَارِغًا اِلَّا مِنْ ذِكْرِ مُوْسٰى۔ فَارِغًا اِلَّا مِنْ ذِكْرِ مُوْسٰى۔ یعنی موسیٰ کی یاد کے سوا ان کا دل ہر چیز سے خالی ہو چکا تھا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا (القصص:۷۶) اور موسیٰ کی ماں کا دل خالی ہو گیا تھا۔

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں: کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی یاد کے سوا ان کا دل ہر چیز سے غافل ہو چکا تھا، اور امام ابو عبیدہ نے کہا ہے کہ ان کا دل غم سے فارغ ہو چکا تھا کیونکہ ان کو معلوم تھا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام غرق نہیں کیے گئے تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۹)

حافظ ابن حجر نے اس تعلیق کی بھی کوئی قابل ذکر شرح نہیں کی۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۵)

اَلْفَرِحِيْنَ اَلْمَرِحِيْنَ۔ اَلْفَرِحِيْنَ اس کا معنی ہے: اترانے والے اور تکبر کرنے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ۝ (القصص:۷۶) جب قارون سے اس کی قوم نے کہا: تم اترا و مت بے شک اللہ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اَلْفَرِحِيْنَ کی تفسیر اَلْمَرِحِيْنَ کی ہے یعنی اترانے والے، اسی طرح امام ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۴۹)

قُصِّيْهِ اتَّبِعِي أَثَرَهُ وَقَدْ يَكُوْنُ أَنْ يَقُصَّ الْكَلَامَ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ۔ قُصِّيْهِ اس کا معنی ہے اس کے پیچھے پیچھے اس کے نقش قدم پر چلی جا اور کبھی اس کا معنی ہوتا ہے: کلام اور قصے کو بیان کرنا، جیسے قرآن مجید میں ہے: نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ (یوسف:۳) ہم آپ کے سامنے حضرت یوسف کا قصہ بیان کریں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ۚ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ (القصص:۱۱) اور موسیٰ کی ماں نے ان کی بہن سے کہا: تم اس کے پیچھے پیچھے جاؤ تو وہ اس کو دور دور سے دیکھتی رہی اور فرعونیوں کو اس کا شعور نہیں ہوا ○

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے جو قُصِّيْهِ کا معنی بیان کیا ہے یہ اہل عرب کے اس قول سے ماخوذ ہے: قَصَصْتُ اثَارَ الْقَوْمِ یعنی میں نے قوم کے نقوش کی پیروی کی، پھر لکھا ہے: اور کبھی یہ قصہ بیان کرنے کے معنی میں ہوتا ہے جیسا کہ قرآن مجید

Marfat.com

میں ہے نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ (یوسف:۳) ہم آپ کے سامنے حضرت یوسف کا قصہ بیان کریں گے۔ قَصَّ الرُّؤیا کا معنی ہے: خواب کی خبر دینا۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۴۹)

عَنْ جُنُبٍ عَنْ بُعْدٍ عَنْ جَنَابَةٍ وَاحِدٌ وَعَنِ اجْتِنَابٍ أَيْضًا۔ عَنْ جُنُبٍ کا معنی ہے دور سے، جنابت اور اجتناب کا بھی یہی معنی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ قَالَتْ لِأُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ۚ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ○ (القصص:۱۱) اور موسیٰ کی ماں نے ان کی بہن سے کہا: تم اس کے پیچھے پیچھے جاؤ تو وہ اس کو دور دور سے دیکھتی رہی اور فرعونیوں کو اس کا شعور نہیں ہوا○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن ان کو دور سے دیکھتی رہی اور فرعونیوں کو یہ پتا نہیں چلا کہ یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن ہے یعنی وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دور سے دیکھتی رہیں حالانکہ فرعونیوں کہ یہ پتا نہیں چلا کہ یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن ہے، حضرت ابن عباس نے فرمایا: اَلْجُنُبُ کا معنی یہ ہے کہ انسان کسی دور کی چیز کو دیکھے حالانکہ وہ چیز اس کے پہلو میں ہو اور اسے اس کا پتا نہ ہو۔ قتادہ نے کہا: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن ان کی طرف اس طرح دیکھتی تھی گویا کہ وہ ان کا ارادہ کر رہی تھی، امام بخاری نے کہا: جَنَابَت اور اجتناب کا بھی یہی معنی ہے یعنی بُعد، اور جُنبی کو جنبی اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ تلاوت قرآن سے بعید ہوتا ہے۔

(عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۵۰۔۱۴۹، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر نے اس تعلیق کی کوئی قابل ذکر شرح نہیں کی۔ (فتح الباری ج۵ ص۷۶۵)

يَبْطِشُ وَيَبْطُشُ۔ يَبْطِشُ کا معنی ہے يَبْطُشُ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَمَّآ اَنْ اَرَادَ اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا۔ پھر جب موسیٰ نے اس شخص کو پکڑنا چاہا جو ان دونوں کا دشمن تھا۔ (القصص:۱۹)

علامہ بدر الدین عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ بتایا ہے کہ يَبْطِشُ اور يَبْطُشُ دو لغات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۵۰)

میں کہتا ہوں: جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کے مشترکہ دشمن کو پکڑنا چاہا تو اسرائیلی نے غلط فہمی سے یہ سمجھا کہ حضرت موسیٰ اس کو پکڑ رہے ہیں اس لیے اس نے کہا: آپ تو شہر میں جَبّار بننا چاہتے ہیں، جبار کا معنی ہے: زور اور زبردستی کرنے والا، جس کو ہمارے عرف میں دادا گیر کہتے ہیں اور وہ اسرائیلی دراصل کافر تھا۔

يَأْتَمِرُوْنَ يَتَشَاوَرُوْنَ۔ يَأْتَمِرُوْنَ اس کا معنی ہے: يَتَشَاوَرُوْنَ یعنی وہ مشورہ کر رہے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ جَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ۚ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ○ (القصص:۲۰) اور ایک مرد شہر کے آخری کنارے سے دوڑتا ہوا آیا، اس نے کہا: اے موسیٰ! بے شک فرعون کے سردار آپ کے قتل کا مشورہ کر رہے ہیں، سو آپ یہاں سے نکل جائیں بے شک میں آپ کے خیر خواہوں میں سے ہوں○

علامہ عینی نے لکھا ہے: امام بخاری نے یأتمرون کی تفسیر يَتَشَاوَرُوْنَ کی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا معنی ہے: وہ ایک

دوسرے کو حکم دے رہے تھے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو مشورہ دینے والے شخص کا نام حزقیل تھا اور وہ آل فرعون میں سے مومن تھا اور فرعون کے چچا کا بیٹا تھا اور اَلْمَلَا کا معنی ہے: جماعت۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۵۰)

الْعُدْوَانُ وَالْعَدَائُ وَالتَّعَدِّی وَاحِدٌ۔ اَلْعَدْوَان اور اَلْعَدَاء اور اَلتَّعَدِّیْ ان تینوں لفظوں کا معنی واحد ہے یعنی کسی پر زیادتی کرنا اور حد سے تجاوز کرنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ۭ اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ۭ (القصص:۲۸) موسیٰ نے کہا: یہ بات میرے اور آپ کے درمیان ہے، میں نے ان دونوں میں سے جس مدت کو بھی پورا کر دیا تو مجھ سے کوئی زیادتی نہیں ہوگی۔

امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ ان تینوں لفظوں کا معنی ایک ہے اور اَلتَّعَدِّیْ کا معنی ہے: حد سے تجاوز کرنا۔

(عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۵۰)

آنَسَ أَبْصَرَ۔ آنَسَ: اس کا معنی ہے: اس نے دیکھ لیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَهْلِهٖٓ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۭ (القصص:۲۹) پھر جب موسیٰ نے (اجارہ کی مدت) پوری کر دی اور اپنی اہلیہ کے ساتھ روانہ ہوئے تو انہوں نے (پہاڑ) طور کی جانب ایک آگ دیکھی۔

امام بخاری نے آنَسَ کی تفسیر اَبْصَرَ کے ساتھ کی ہے یعنی انہوں نے دیکھ لیا۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۵۰)

الْجِذْوَةُ قِطْعَةٌ غَلِيظَةٌ مِنَ الْخَشَبِ لَيْسَ فِيهَا لَهَبٌ وَالشِّهَابُ فِيهِ لَهَبٌ۔ الجذوۃ اس کا معنی ہے: جلی ہوئی لکڑی کا موٹا ٹکڑا جس میں شعلہ نہ ہو یعنی انگارہ اور شہاب وہ ہوتا ہے جس میں شعلہ ہوتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّىْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝ (القصص:۲۹) موسیٰ نے اپنی اہلیہ سے کہا: تم لوگ یہاں ٹھہرو، میں نے آگ دیکھی ہے شاید میں اس کی کوئی خبر لاؤں یا آگ کا کوئی انگارہ لاؤں جس سے تم ہاتھ تاپو O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ اس آیت میں الجذوۃ کا معنی آگ کا انگارہ ہے، اور مقاتل اور قتادہ نے کہا ہے کہ الجذوۃ اس لکڑی کو کہتے ہیں جس کا ایک سرا جل گیا ہو اور تصطلون کا معنی ہے: تم اس سے حرارت حاصل کرو اور لکھا ہے کہ شہاب وہ لکڑی ہے جس کا ایک سرا جل گیا ہو۔ اس سے درج ذیل آیت کی طرف اشارہ ہے:

اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّىْٓ اٰنَسْتُ نَارًا ۭ سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝ (النمل:۷) جب موسیٰ نے اپنی اہلیہ سے کہا: بے شک میں نے آگ دیکھی ہے، میں تمہارے پاس کوئی خبر لاتا ہوں یا کوئی سلگتا ہوا انگارہ تاکہ تم حرارت حاصل کرو O

امام بخاری نے شہاب کی یہ تفسیر کی ہے کہ اس میں شعلہ ہوتا ہے، الجوہری نے کہا: شہاب بھڑکتی ہوئی آگ کا ایک شعلہ ہے اور

Marfat.com

انہوں نے کہا کہ ابولہب کی کنیت اس کے جمال کی وجہ سے تھی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۱۔۱۵۰)

كَأَنَّهَا جَانٌّ وَهُوَ فِي آيَةٍ أُخْرَى كَأَنَّهَا حَيَّةٌ تَسْعَى وَالْحَيَّاتُ أَجْنَاسٌ الْجَانُّ وَالْأَفَاعِي وَالْأَسَاوِدُ۔

کانھا جان اور دوسری آیت میں اس کے متعلق فرمایا: کانھا حیۃ تسعیٰ گویا کہ وہ دوڑتا ہوا سانپ ہے اور الحیات کی متعدد اقسام ہیں، الجان اور الافاعی اور الاساود۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَأَنْ أَلْقِ عَصَاكَ ۖ فَلَمَّا رَآهَا تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَانٌّ وَلَّىٰ مُدْبِرًا وَلَمْ يُعَقِّبْ۔ (القصص:۳۱)

اور یہ (بھی آواز آئی) کہ آپ اپنا عصا ڈال دیں، پھر جب موسیٰ نے اس کو سانپ کی طرح لہراتے ہوئے دیکھا تو پیٹھ پھیر کر چل دیئے اور واپس مڑ کر نہ دیکھا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا: اور دوسری آیت میں مذکور ہے، وہ آیت یہ ہے:

فَأَلْقَاهَا فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعَىٰ ﴿۲۰﴾ (طہ:۲۰)

موسیٰ نے اس عصا کو ڈال دیا، اچانک وہ ایک دوڑتا ہوا سانپ تھا ○

اور سورۃ الشعراء میں مذکور ہے:

فَأَلْقَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُبِينٌ ﴿۳۲﴾ (الشعراء:۳۲)

پس موسیٰ نے اپنا عصا ڈال دیا تو وہ یکا یک کھلم کھلا اژدھا بن گیا ○

اور امام بخاری نے اس آیت کا ذکر نہیں کیا حالانکہ یہ بھی اس سے متعلق ہے اور حیات یعنی سانپوں کی مختلف قسمیں ہیں، قرآن مجید میں الحیہ، الجان اور الثعبان کا ذکر ہے اور الحیہ اسم جنس ہے، اس کا مذکر و مونث اور صغیر اور کبیر سب پر اطلاق ہوتا ہے اور الحیہ کا لفظ الجان اور الثعبان کو شامل ہے اور اللہ تعالیٰ کے خطاب کی رات میں وہ عصا سانپ بن گیا اور جب حضرت موسیٰ نے اس لاٹھی کو فرعون کے سامنے ڈالا تو وہ لہراتا ہوا سانپ بن گیا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے: وہ زرد رنگ کا سانپ تھا، پھر وہ پھول کر ثعبان یعنی اژدہا بن گیا اور یہ تمام سانپوں میں سب سے بڑے سائز کا ہے۔ اسی لیے دوسری آیت میں فرمایا: كَأَنَّهَا جَانٌّ اور یہ سب سے چھوٹا سانپ ہے اور دوسری آیت میں ثعبان فرمایا اور یہ سب سے بڑا سانپ ہے تو اس لاٹھی کی ابتدائی حالت الجان تھی یعنی چھوٹا سانپ اور اس کی انتہائی حالت ثعبان تھی یعنی سب سے بڑا سانپ اور الجان بہت تیزی سے دوڑتا ہے اس لیے فرمایا:

فَلَمَّا رَآهَا تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَانٌّ۔ (القصص:۳۱)

پھر جب موسیٰ نے اس کو سانپ کی طرح لہراتے ہوئے دیکھا۔

اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ الحیات یعنی سانپوں کی چالیس (۴۰) قسمیں ہیں اور حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ اَلْحَيَّةُ ثعبان کی صورت میں تبدیل ہو گیا یعنی چھوٹا سانپ بہت بڑا سانپ بن گیا اور یہ سانپ مذکر تھا اور بڑے بڑے پتھروں کو نگل جاتا تھا، امام بخاری نے لکھا ہے: اَلْأَفَاعِيْ یہ اَفْعٰی کی جمع ہے اور الافعی مذکر سانپ ہے اور امام بخاری نے لکھا ہے الاساود یہ اسود کی جمع ہے اور یہ سیاہ رنگ کا سانپ ہوتا ہے۔ الجوہری نے کہا ہے کہ یہ اسم جنس ہے اور یہ ہر سال اپنی کینچلی بدل لیتا ہے یعنی اپنی کھال تبدیل کر لیتا ہے اور اس کی مونث اَسْوِدَةٌ ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر نے اس تعلیق کی کوئی شرح نہیں کی۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۵)

رِدْئًا مُعِينًا۔ رِدْءًا اس کا معنی ہے مُعِیْن یعنی مددگار۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

وَاَخِیْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّیْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِیَ رِدْاً یُّصَدِّقُنِیْٓ اِنِّیْٓ اَخَافُ اَنْ یُّكَذِّبُوْنِ ۝ (القصص:۳۴)

(موسیٰ نے عرض کیا:) اور میرے بھائی ہارون مجھ سے زیادہ روانی سے بولنے والے ہیں تو ان کو میری مدد کے لیے رسول بنادے، وہ میری تصدیق کریں گے، کیونکہ مجھے اندیشہ ہے کہ وہ میری تکذیب کریں گے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے رِدْاً کی تفسیر مُعِین کے ساتھ کی ہے کیونکہ جب کوئی شخص کسی کی مدد کرے اور اس کی پشت مضبوط کرے تو کہا جاتا ہے: فلانٌ رِدْءٌ۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۵۱)

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لِكَیْ یُصَدِّقَنِیْ وَقَالَ غَیْرُهٗ سَنَشُدُّ سَنُعِیْنُكَ كُلَّمَا عَزَّزْتَ شَیْئًا فَقَدْ جَعَلْتَ لَهٗ عَضُدًا۔

حضرت ابن عباس نے فرمایا: لکَیْ یُصَدِّقَنِیْ یعنی تاکہ وہ میری تصدیق کرے اور دوسروں نے کہا سَنَشُدُّ کا معنی ہے: سَنُعِیْنُكَ یعنی ہم عنقریب تمہاری مدد کریں گے۔ جب بھی تم کسی چیز کو غلبہ دو تو تم اس کے لیے بازو بن گئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِیْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا یَصِلُوْنَ اِلَیْكُمَا ۚ بِاٰیٰتِنَآ ۚ اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ۝ (القصص:۳۵)

فرمایا: ہم عنقریب آپ کے بازو کو آپ کے بھائی کے ساتھ مضبوط کریں گے اور ہم آپ دونوں کو غلبہ عطا فرمائیں گے، سو وہ آپ دونوں تک نہیں پہنچ سکیں گے، ہماری نشانیوں کے سبب سے آپ دونوں اور آپ کے متبعین غالب رہیں گے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا ہے: ان کو میرا مددگار بنادے تاکہ وہ میری تصدیق کریں، کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ تصدیق سے مراد یہ نہیں ہے کہ وہ حضرت موسیٰ سے کہیں کہ آپ نے سچ کہا بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قول کی تشریح کریں، اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی حمایت میں کفار سے بحث کریں اور حضرت ابن عباس کے علاوہ دوسروں نے کہا: سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِیْكَ کا معنی ہے: ہم عنقریب آپ کی مدد کریں گے اور آپ کو حضرت ہارون کی وجہ سے قوت دیں گے، اور بازو کو مضبوط کرنا تقویت دینے سے کنایہ ہوتا ہے اور كُلَّمَا عززت کا معنی بھی قوت دینا ہے، کہا جاتا ہے: عَزَّ فلانٌ اَخَاهُ فلاں نے اپنے بھائی کو قوت دی اور اسی سے ماخوذ ہے: فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ (یٰس:۱۴) یعنی ہم نے تیسرے رسول سے ان کو قوت دی۔

(عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۵۲۔۱۵۱)

مَقْبُوْحِیْنَ مُهْلَكِیْنَ۔

مَقْبُوْحِین کا معنی ہے: مُهْلَكِین یعنی ہلاک ہونے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا لَعْنَةً ۚ وَیَوْمَ الْقِیٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِیْنَ ۝ (القصص:۴۲)

اور ہم نے اس دنیا میں (بھی) ان کے پیچھے (اپنی) لعنت لگادی ہے، اور قیامت کے دن وہ بدحال لوگوں میں سے ہوں گے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے المقبوحین کی تفسیر المهلکین کے ساتھ کی ہے، اسی طرح امام ابوعبیدہ نے اس کی تفسیر کی ہے اور دوسروں نے اس کی تفسیر کی ہے: اَلْمَلْعُوْنِیْن یعنی وہ اللہ کی رحمت سے دور کیے جائیں گے، اور ابن زید نے کہا: قَبَّحَ اللّٰهُ فُلَانًا قبیحًا اس کا معنی ہے: اللہ نے اس کو ہر خیر سے دور کردیا اور الکلبی نے کہا ہے: اس کا معنی ہے: ان کا منہ کالا کردیا اور اس طرح

یہ اَلْمُقَبِّحِیْنَ کا معنی ہے۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۱۵۲)

وَصَلْنَا بَیَّنَّاہُ وَاَتْمَمْنَاہُ۔

وَصَلْنَا: اس کا معنی ہے بَیَّنَّاہُ وَاَتْمَمْنَاہُ یعنی ہم نے اس کے کلام کو بیان کیا اور اس کو مکمل کیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝ (القصص:۵۱)

اور ہم لگاتار اپنا کلام لوگوں کے لیے بھیجتے رہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے وَصَّلْنَا کی تفسیر بَیَّنَّاہُ کے ساتھ کی ہے اور سدی سے بھی اسی طرح منقول ہے اور الفراء سے منقول ہے کہ ہم نے بعض کلام کو بعض دوسرے کلام کے ساتھ متصل بھیجا، اس آیت کا خلاصہ یہ ہے کہ ہم نے کفار مکہ کے لیے قرآن مجید میں گزشتہ امتوں کی خبریں بیان کیں کہ جب انہوں نے ہم کو جھٹلایا تو ہم نے ان کو کیسا عذاب دیا۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۱۵۲)

یُجْبَی یُجْلَبُ۔

یُجْبٰی اس کا معنی ہے: یُجْلَبُ یعنی کھینچ کر لائے جاتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَوَ لَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰۤى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَیْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ (القصص:۵۷)

کیا ہم نے ان کو حرم میں آباد نہیں کیا جو امن والا ہے، اس کی طرف ہمارے دیئے ہوئے ہر قسم کے پھل لائے جاتے ہیں لیکن ان کے اکثر (لوگ) نہیں جانتے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یُجْبٰی کی تفسیر یُجْلَبُ کے ساتھ کی ہے اور اِلَیْہِ کی ضمیر حرم کی طرف لوٹتی ہے، اس آیت کا معنی یہ ہے کہ تمام ممالک سے ہر قسم کے پھل بہ طور رزق کے حرم کی طرف کھینچ کر لائے جاتے ہیں اور وہ ہماری طرف سے لائے جاتے ہیں۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۱۵۲)

بَطِرَتْ أَشِرَتْ۔

بَطِرَتْ کا معنی ہے: اَشِرَتْ یعنی اترانا، نازاں ہونا اور تکبر ہونا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۭ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ؕ وَ كُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ۝ (القصص:۵۸)

اور ہم نے بہت سی ان بستیوں کو ہلاک کر دیا جن کے رہنے والے اپنی خوش حالی پر اتراتے تھے، سو یہ ان کے مکان ہیں جن میں ان کے بعد بہت کم سکونت کی گئی، اور (انجام کار) ہم ہی وارث ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے بطرت کی تفسیر اشرت کے ساتھ کی ہے یعنی انہوں نے سرکشی اور بغاوت کی، ابن فارس نے کہا: اَلْبَطَر کا معنی ہے: حد سے تجاوز کرنا، اور کہا گیا ہے کہ اس کا معنی ہے: نعمت کی ناشکری کرنا۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۱۵۲)

ہم نے لکھا ہے: اس آیت میں کفار کے اس شبہ کا جواب دیا گیا ہے کہ انہوں نے کہا تھا کہ ہمیں یہ خوف تھا کہ ہم ایمان لائیں تو ہم سے یہ نعمتیں زائل ہو جائیں گی، اللہ تعالیٰ نے یہ بتایا کہ ایمان لانے سے یہ نعمتیں زائل نہیں ہوتیں بلکہ ایمان نہ لانے سے نعمتیں زائل ہوتی ہیں۔ پچھلی امتوں کے جو لوگ ہماری دی ہوئی خوشحالی پر اتراتے تھے اور ایمان نہیں لاتے تھے ان بستیوں میں سکونت نہ ہونے کی درج ذیل وجوہات ہیں:

Marfat.com

(۱) خالی مکانوں میں صرف مسافر یا راستے سے گزرنے والے ایک یا دو دن رہتے تھے۔
(۲) ان مکانوں میں رہنے والوں کے گناہوں کی نحوست ان مکانوں میں سرایت کر گئی تھی اس لیے ان مکانوں میں کوئی نہیں رہتا تھا۔
(۳) ہر چند کہ قریش مکہ بھی کفر اور شرک کا ارتکاب کر کے اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے لیکن اللہ تعالیٰ کو یہ علم تھا کہ یہ عنقریب ایمان لے آئیں گے اور اگر یہ خود ایمان نہ لائے تو ان کی نسل سے ایسے لوگ پیدا ہوں گے جو ایمان لے آئیں گے۔ (انوار تبیان القرآن ص ۶۲۶)

فِيْ أُمِّهَا رَسُوْلًا أُمُّ الْقُرٰى مَكَّةُ وَمَا حَوْلَهَا — فِيْ أُمِّهَا رَسُوْلًا: امها سے مراد اُمُّ الْقُرٰی یعنی مکہ مکرمہ اور اس کے اردگرد کی بستیاں ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ مَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْ أُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ (القصص:۵۹) — اور آپ کا رب اس وقت تک بستیوں کو ہلاک کرنے والا نہیں ہے جب تک کہ ان کے مرکز میں کسی رسول کو نہ بھیج دے جو ان پر ہماری آیتوں کو تلاوت کرتا ہو۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ ذکر کیا ہے کہ ام القریٰ سے مراد مکہ اور اس کے اردگرد کی بستیاں ہیں، اس کو ام القری اس لیے فرمایا ہے کہ زمین مکہ کے نیچے سے پھیلا دی گئی تھی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۲)

تُكِنُّ تُخْفِي أَكْنَنْتُ الشَّيْئَ أَخْفَيْتُهُ وَكَنَنْتُهُ أَخْفَيْتُهُ وَأَظْهَرْتُهُ۔ — تُكِنُّ اس کا معنی ہے: تُخْفِيْ یعنی وہ چھپاتے ہیں: أَكْنَنْتُ الشَّيْئَ کا معنی ہے: میں نے اس چیز کو چھپایا اور كَنَنْتُهُ کا معنی ہے: میں نے اس کو چھپایا اور اس کو ظاہر کیا، یہ لغت اضداد میں سے ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝ (القصص:۶۹) — اور آپ کا رب ان چیزوں کو جانتا ہے جن کو وہ اپنے سینوں میں چھپاتے ہیں اور جن چیزوں کو وہ ظاہر کرتے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے تُكِنُّ کی تفسیر تُخْفِيْ کے ساتھ کی ہے، جب کوئی شخص کسی چیز کو چھپا لے تو وہ کہتا ہے: أَكْنَنْتُ الشَّيْئَ اور كَنَنْتُهُ جو ثلاثی مجرد سے ہے، یہ لغت اضداد سے ہے، اس کا معنی ہے: میں نے چھپایا اور میں نے ظاہر کر دیا، سو یہ لغت اضداد سے ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۳۔۱۵۲)

وَيْكَأَنَّ اللّٰهَ مِثْلُ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ۔ (الروم:۳۷) يُوَسِّعُ عَلَيْهِ وَيُضَيِّقُ عَلَيْهِ۔ — ویکان اللہ یہ اس آیت کی مثل ہے: کیا انہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ کر دیتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے (رزق) تنگ کر دیتا ہے۔

یعنی جس کے لیے اللہ چاہتا ہے رزق میں وسعت کر دیتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے رزق میں کمی کر دیتا ہے۔

وَيْكَأَنَّ کی لفظی تحقیق

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ أَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْأَمْسِ يَقُوْلُوْنَ — اور کل تک جو لوگ اس کے مقام تک پہنچنے کی تمنا کر رہے تھے وہ کہنے

Marfat.com

وَيْكَأَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَ يَقْدِرُ ۚ (القصص:۸۲)

لگے: افسوس ہم بھول گئے تھے کہ اللہ اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ کر دیتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے (رزق) تنگ کر دیتا ہے۔

امام بخاری نے وی کان اللہ کی تفسیر الم تر الایہ کی مثل کی ہے، اسی طرح امام ابوعبیدہ نے اس کی تفسیر کی ہے۔ الزمخشری نے کہا ہے کہ لفظ وی، کان سے منفصل ہے اور یہ خطاء پر تنبیہ کرنے کا کلمہ ہے اور یہی خلیل اور سیبویہ کا مذہب ہے اور کوفیوں کے نزدیک ویك، ویلك کے معنی میں ہے اور اس کا معنی یہ ہے: کیا آپ نہیں جانتے کہ کافر فلاح نہیں پائیں گے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ کاف خطاب کا ہو اور وی کے ساتھ ملا ہوا ہو اور یہ لانہ (اس لیے کہ) کے معنی میں ہو یعنی اس وجہ سے یہ بات کہی گئی ہے کہ کافر فلاح نہیں پائیں گے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۳، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس تعلیق کی کوئی خاص شرح نہیں کی۔ (فتح الباری، ج ۵، ص ۷۶۶)

۲۔ بَابٌ: اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ۔ (القصص:۸۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک جس نے آپ پر قرآن فرض کیا ہے۔ (القصص:۸۵) کی تفسیر

علامہ عینی نے لکھا ہے، پوری آیت اس طرح سے ہے:

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ ؕ۔ (القصص:۸۵)

بے شک جس نے آپ پر قرآن فرض کیا ہے وہ آپ کو لوٹنے کی جگہ (مکہ مکرمہ) ضرور واپس لائے گا۔

علامہ ثعلبی نے اس کی تفسیر میں کہا ہے: جس ذات نے آپ پر قرآن نازل کیا ہے اور عطا بن ابی رباح نے اس کی تفسیر میں کہا ہے جس نے آپ پر قرآن کے عمل کو فرض کیا ہے۔

۴۷۷۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَخْبَرَنَا يَعْلَى حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الْعُصْفُرِيُّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ لَرَادُّكَ إِلَى مَعَادٍ قَالَ إِلَى مَكَّةَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن مقاتل نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یعلیٰ نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان العصفری نے حدیث بیان کی از عکرمہ از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، انہوں نے لرادك الی معاد (آپ کو لوٹنے کی جگہ ضرور واپس لائے گا) کی تفسیر میں فرمایا: اس سے مراد مکہ مکرمہ ہے۔

مجاہد سے بھی حضرت ابن عباس سے روایت ہے اور الشعبی نے کہا ہے کہ کسی مرد کا معاد اس کا شہر ہے کیونکہ وہ وہاں جا کر وہیں لوٹ کر آتا ہے اور حضرت ابوسعید خدری نے کہا کہ اس سے مراد موت ہے اور الزہری نے کہا: اس سے مراد قیامت کا دن ہے اور ابو صالح نے کہا: اس سے مراد جنت ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۳)

الحمد للہ علی احسانہ، سورۃ القصص کی جو تفسیر امام بخاری نے کی ہے وہ مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ سورۃ العنکبوت کی تفسیر شروع ہو گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۲۹۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْعَنْکَبُوْتِ

سورۃ العنکبوت کی تفسیر

سورۃ العنکبوت کا تعارف

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں: یہ سورۃ العنکبوت کی بعض آیات کی تفسیر ہے۔ یہ سورت مکی ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: اس میں سترہ (۱۷) آیات میں اختلاف ہے، پھر انہوں نے ان آیات کا ذکر کیا، اور مقاتل نے کہا: الٓمّٓ ۚ اَحَسِبَ النَّاسُ (العنکبوت: ۲۔۱) یہ آیت حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت مھجع بن عبداللہ کے متعلق نازل ہوئی جو مسلمانوں کی جانب سے غزوۂ بدر میں سب سے پہلے قتل کیے گئے تھے۔ ابن الحضرمی نے ان پر ایک تیر مار کر ان کو قتل کر دیا اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کے شہداء میں سے ان کو سب سے پہلے جنت کی طرف بلایا جائے گا، اور علامہ سخاوی نے کہا کہ یہ سورت الٓمّٓ ۚ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۙ (الروم: ۲۔۱) کے بعد نازل ہوئی اور ایک قول یہ ہے کہ یہ سورت المطففین سے پہلے نازل ہوئی ہے اور اس میں انہتر (۶۹) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۴۔ ۱۵۳، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

قَالَ مُجَاهِدٌ وَكَانُوا مُسْتَبْصِرِينَ ضَلَلَةً۔ مجاہد نے کہا: وَ كَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ: اس سے مراد ہے: وہ گمراہ لوگ تھے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَعَادًا وَّثَمُوْدَا وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۫ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَ كَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ۙ (العنکبوت: ۳۸) اور قوم عاد اور قوم ثمود کو ہلاک کیا اور (اے مکہ والو!) تم پر (سفر میں) ان کی بستیاں ظاہر ہو چکی ہیں اور شیطان نے ان کے لیے ان کے اعمال کو خوبصورت بنا دیا تھا، سو اس نے ان کو صراط مستقیم پر چلنے سے روک دیا حالانکہ وہ سمجھ دار لوگ تھے ○

علامہ عینی نے لکھا ہے: حضرت مجاہد نے کہا: ضَلَلَةٌ یہ ضَال کی جمع ہے یعنی گمراہ لوگ اور اس پر اعتراض ہے اور صحیح لفظ ضَلَالَةٌ ہے، کتب تفسیر میں اس کا معنی یہ کیا گیا ہے: وہ لوگ گمراہی کو سمجھنے والے تھے اور قتادہ سے منقول ہے کہ وہ اپنی گمراہی پر بصیرت رکھتے تھے اور اس سے خوش ہوتے تھے، اور الفراء سے منقول ہے کہ وہ عقلاء اور اصحاب بصیرت تھے اور ضحاک، کلبی اور مقاتل سے منقول ہے کہ انہوں نے یہ گمان کیا تھا کہ وہ حق اور ہدایت پر ہیں اور مسلمان باطل پر ہیں اور گمراہی میں ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۴)

اور ہم نے اس کی تفسیر میں لکھا ہے: عاد قوم کی بستی حضر موت (یمن) کے قریب ہے اور ثمود کی بستی حجر ہے اور اس کو آج کل مدائن صالح کہتے ہیں، یہ علاقہ حجاز کے شمال میں ہے، عربوں کے لیے ان کی بستیاں انجان نہیں تھیں اور اے اہل مکہ! تم نے اپنے سفر کے دوران قوم عاد کے گھروں کے کھنڈرات اور قوم ثمود کے ویران مکانوں کے آثار دیکھے ہوں گے، شیطان نے ان کے کفر اور دیگر ناجائز کاموں کو ان کی آنکھوں میں خوبصورت اور خوش نما بنا دیا تھا اور ان کو سیدھے راستے سے ہٹا دیا تھا جس پر چلنا ان پر واجب تھا اور یہ وہ

Marfat.com

صراط مستقیم ہے جس کی انبیاء علیہم السلام دعوت دیتے ہیں کہ وہ اللہ کو ایک مانیں اور صرف اس کی اطاعت اور عبادت کریں حالانکہ وہ لوگ سمجھ دار تھے، ان میں عقل تھی، غور وفکر کرنے اور نظر اور استدلال کرنے کی صلاحیت تھی، لیکن شیطان کی پیروی کرنے کی وجہ سے انہوں نے اپنی بصیرت اور دیگر صلاحیتوں سے فائدہ نہیں اٹھایا۔ (انوار تبیان القرآن ص ۶۳۹، فرید بک اسٹال لاہور، ۱۴۳۱ھ)

وَقَالَ غَيْرُهُ الْحَيَوَانُ وَالْحَيُّ وَاحِدٌ — اور مجاہد کے علاوہ دوسروں نے کہا: اَلْحَیَوَانُ اور اَلْحَیّ دونوں کا معنی ایک ہے یعنی زندگی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ مَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّ لَعِبٌ ؕ وَ اِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۴﴾ (العنکبوت: ۶۴) — اور دنیا کی یہ زندگی صرف کھیل اور تماشا ہے اور بے شک آخرت کا گھر ہی اصل زندگی ہے اگر وہ جانتے ہوتے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے ذکر کیا ہے کہ الحیوان اور اَلْحَیّ دونوں ایک ہیں یعنی دار آخرت ہی حیات ہے اور وہی زندہ لوگوں کی جگہ ہے اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ لَهِيَ الْحَيَوَان کا معنی ہے: جو گھر باقی ہے اور جس کو زوال نہیں ہے اور جس میں موت نہیں ہے، اور ایک قول یہ ہے کہ اس گھر میں صرف ایک زندگی ہے جو ہمیشہ ہمیشہ رہے گی اور اس میں موت نہیں آئے گی گویا وہ اپنی ذات میں نفس زندگی ہے اور الحیوان کا لفظ حَیّ کا مصدر ہے اور لفظ الحیوان کو حیات پر اس لیے اختیار کیا ہے کہ اس میں حروف زیادہ ہیں اور حروف کی زیادتی معنی کی زیادتی پر دلالت کرتی ہے اور الحیات کا معنی حرکت ہے جیسا کہ موت کا معنی سکون ہے، اسی لیے لفظ حیوان کو اختیار کیا ہے جو مبالغہ کا مقتضی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۴)

ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: دنیا کی زندگی کو کھیل اور تماشا کے ساتھ دو وجہ سے تشبیہ دی گئی ہے، ایک وجہ یہ ہے کہ کھیل اور تماشا جلد ختم ہو جاتا ہے اور دائمی نہیں ہوتا، اسی طرح دنیا کی زیب وزینت اور اس کی باطل خواہشیں بھی جلد ختم ہو جاتی ہیں، دوسری وجہ یہ ہے کہ کھیل اور تماشا میں مشغول ہونا بچوں اور کم عقلوں کا کام ہے نہ کہ عقل والوں کا، اسی وجہ سے عقل والے دنیا کی رنگینیوں اور دلچسپیوں سے دور رہتے ہیں۔ (انوار تبیان القرآن ص ۶۴۴ فرید بک اسٹال لاہور ۱۴۳۱ھ)

اللہ تعالیٰ کے علم پر حادث ہونے کے اشکال کا جواب

فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ عَلِمَ اللّٰهُ ذٰلِكَ إِنَّمَا هِيَ بِمَنْزِلَةِ فَلْيَمِيزَ اللّٰهُ كَقَوْلِهِ لِيَمِيزَ اللّٰهُ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ۔ — وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ (سو اللہ ان لوگوں کو ضرور ظاہر کر دے گا) اللہ کو اس کا علم ہے اور یہ اس مرتبہ میں ہے جیسے اللہ ان کو ضرور ممتاز کر دے گا جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد لِيَمِيزَ اللّٰهُ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ (الانفال: ۳۷) یعنی تا کہ اللہ خبیث کو طیب سے الگ کر دے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ﴿۱۱﴾ — اور اللہ ایمان والوں کو ضرور ظاہر فرما دے گا اور منافقوں کو بھی ضرور ظاہر فرما دے گا O (العنکبوت: ۶۴)

علامہ عینی لکھتے ہیں: فریقین کا حال اللہ تعالیٰ کے نزدیک ظاہر ہے جو جزا اور سزا کا مالک ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے یہ بھی فرمایا:

فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳﴾ — سو اللہ ان لوگوں کو ضرور ظاہر کر دے گا جو سچے ہیں اور ان لوگوں کو بھی ضرور ظاہر کر دے گا جو جھوٹے ہیں O (العنکبوت: ۳)

Marfat.com

فلیمیز اللہ کا معنی ہے: اللہ کو پہلے سے اس کا علم ہے کیونکہ اس نے دونوں جماعتوں کے درمیان تفریق کر دی جیسا کہ اس آیت میں ارشاد ہے:

لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ۔ (الانفال:۳۷) تا کہ اللہ خبیث کو طیب سے الگ کر دے۔

یعنی کافر کو مومن سے الگ کر دے۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۵۵۔۱۴۵)

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: اور ابو عبیدہ نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو ضرور ممتاز کر دے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ کو اس کا پہلے سے علم ہے۔ (فتح الباری ج۸ ص۶۷۷)

اور ہم نے لکھا ہے: اس آیت کا لفظی ترجمہ ہے: سو اللہ ان لوگوں کو ضرور جان لے گا جو سچے ہیں اور ان لوگوں کو (بھی) ضرور جان لے گا جو جھوٹے ہیں۔ (العنکبوت:۳) اس آیت سے بہ ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو مستقبل میں ہونے والے کسی کام کا پہلے علم نہیں ہوتا بلکہ اس کام کے واقع ہو جانے کے بعد اس کا علم ہوتا ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ کو ان لوگوں کا امتحان لینے سے پہلے ان کا علم ہوتا ہے، اس کا علم قدیم اور مکمل ہے اور اس آیت کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو ظاہر کر دے گا حتیٰ کہ اس کا معلوم ہونا موجود اور متحقق ہو جائے، الاخفش نے کہا: اس کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو ممتاز اور ممیز کر دے گا۔ (الکشف والبیان ج۷ ص۲۷۰)

(انوار تبیان القرآن ص۶۳۳ فرید بک اسٹال لاہور ۱۴۳۱ھ)

نیز اس کی تفصیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿۱۲﴾ (الطلاق:۱۲) بے شک اللہ کے علم نے ہر چیز کا احاطہ کیا ہوا ہے ○

تمام چیزیں اول سے آخر تک خواہ وہ حقیر ہوں یا عظیم ہوں، قلیل ہوں یا کثیر ہوں سب اللہ کے سامنے حاضر ہیں، اس کو ان سب کا علم ایک ساتھ ہے اور اس کے علم میں تقدم اور تاخر ہرگز نہیں ہے مگر وہ معلومات ایک دوسرے کی بہ نسبت مقدم و مؤخر اعتبار کی جاتی ہیں، سو اللہ تعالیٰ کے علم کے لحاظ سے تو تمام چیزیں شے واحد کے مرتبہ میں موجود ہیں، اس لیے وہاں ماضی، حال اور مستقبل کو نکالنا بالکل غلط ہوگا بلکہ باہمی تقدم و تاخر کی وجہ سے یہ تینوں زمانے یقیناً الگ الگ نکلیں گے، سو اللہ تعالیٰ حسب موقع و حسب حکمت اپنے معلوم ہونے کے لحاظ سے کلام فرماتا ہے اور کبھی ان چیزوں کے تقدم و تاخر کا لحاظ ہوتا ہے، اس کی نظیر اللہ تعالیٰ کا کلام ہے، جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا۔ (الاعراف:۴۴) اور اہل جنت نے دوزخیوں سے پکار کر کہا کہ بے شک ہمارے رب نے ہم سے جو وعدہ کیا تھا اس کو ہم نے سچا پایا۔

حالانکہ یہ واقعہ ابھی نہیں ہوا بلکہ قیامت کے بعد واقع ہوگا، اسی طرح اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ۔ (البقرہ:۵۰) اور ہم نے آل فرعون (فرعون اور اس کے متبعین) کو غرق کر دیا۔

حالانکہ اللہ تعالیٰ کا علم تو ازلی اور قدیم ہے اور ازل میں نہ تو فرعون تھا اور نہ ہی اس کے غرق کرنے کا واقعہ ہوا تھا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے علم میں تمام چیزیں حاضر اور پیش نظر ہیں اور وہاں ماضی اور مستقبل کا کوئی لحاظ نہیں ہے، البتہ ان کی تعبیرات اپنے اپنے زمانے کے لحاظ سے کی جائیں گی۔

اَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ اَوْزَارًا مَّعَ اَوْزَارِهِمْ۔ اَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ اس کا معنی ہے: اَوْزَارًا مَّعَ اَوْزَارِهِمْ یعنی ان کے گناہوں کے بوجھ کے ساتھ دوسرے کفار کے گناہوں کا بوجھ ہوگا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ اور وہ ضرور اپنے بوجھ اٹھائیں گے اور اپنے بوجھوں کے ساتھ اور (العنکبوت:۱۳) کئی بوجھ اٹھائیں گے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اثقال کی تفسیر ''اوزار'' کی ہے، اسی طرح امام ابوعبیدہ نے تفسیر کی ہے: یعنی اس سبب سے کہ انہوں نے لوگوں کو گمراہ کیا، پس ان کے اوپر قیامت کے دن ان کے مکمل گناہ لاد دیئے جائیں گے۔

(عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۵۵، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: جس نے کسی قوم کو گمراہی کی دعوت دی تو اس کے اوپر اس کے گناہوں کے بوجھ کے مثل ڈالی جائے گی۔ (فتح الباری ج۵ ص۷۶۷)

یعنی اس کے اوپر اس کے گناہوں کا بوجھ بھی ڈالا جائے گا اور جن کو اس نے گمراہ کیا ان کے گناہوں کا بوجھ بھی اس پر ڈالا جائے گا کیونکہ وہ ان کی گمراہی کا سبب بنا، اور اس کے گناہوں میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی۔

حدیث میں ہے: حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو بھی ظلماً قتل کیا جائے گا تو آدم کے پہلے بیٹے (قابیل) کے اوپر اس کے گناہ کا ایک حصہ ڈالا جائے گا (کیونکہ قابیل نے بعد کے لوگوں کو گناہ کا طریقہ بتایا)

(صحیح البخاری:۶۸۶۷، ۲۳۳۵، صحیح مسلم:۱۶۷۷، سنن ترمذی:۲۶۷۳، سنن نسائی:۳۹۸۵، سنن ابن ماجہ:۲۶۱۶)

اللہ تعالیٰ کے فضل سے سورۃ العنکبوت کی تفسیر مکمل ہوگئی، اب اس کے بعد ان شاء اللہ سورۃ الروم کی تفسیر شروع کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۳۰۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الرُّوْمِ

سورۃ الروم کی تفسیر

سورۃ الروم کا تعارف

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ سورۃ الروم کی بعض آیات کی تفسیر ہے اور اس کی دو آیتوں میں اختلاف ہے: ایک یہ ہے: وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَۃٍ اَقْلَامٌ۔ (لقمان: ۲۷) السدی نے ذکر کیا ہے کہ یہ آیت مدینہ میں نازل ہوئی اور دوسری آیت یہ ہے: اِنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ (لقمان: ۳۴) اور علامہ سخاوی نے کہا: یہ سورت اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ○ (الانشقاق: ۱) کے بعد اور العنکبوت سے پہلے نازل ہوئی۔

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب غزوۂ بدر کا دن تھا تو رومی ایرانیوں پر غالب آ گئے، سو اس سے مومنین بہت خوش ہوئے تو پھر یہ آیت نازل ہوئی: الٓمّٓ ۚ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ○ (الروم: ۲-۱) پس مومنین ایرانیوں پر روم کے غلبہ سے خوش ہوئے کیونکہ رومی عیسائی اور اہل کتاب تھے جو اللہ کو اور نبی کو اور کتاب کو مانتے تھے اور ایرانی ان میں سے کسی چیز کو نہیں مانتے تھے، اس سورت میں ساٹھ (۶۰) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۵)

میں کہتا ہوں: یہ پوری آیت اس طرح ہے:

الٓمّٓ ۚ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ○ فِیْٓ اَدْنَی الْاَرْضِ وَھُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِھِمْ سَیَغْلِبُوْنَ ○ فِیْ بِضْعِ سِنِیْنَ ۭ لِلّٰہِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ۭ وَیَوْمَىِٕذٍ یَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ بِنَصْرِ اللّٰہِ ۭ یَنْصُرُ مَنْ یَّشَآءُ ۭ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ○ (الروم: ۱-۵)

الف، لام، میم ○ رومی (ایرانیوں سے) مغلوب ہو گئے ○ قریب کی سرزمین میں اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد عنقریب دوبارہ غالب ہوں گے ○ چند سالوں میں، پہلے (بھی) اور بعد (بھی) حکم اللہ ہی کو زیبا ہے اور اس دن مومنین خوش ہوں گے ○ اللہ کی مدد سے، وہ جس کی چاہتا ہے مدد فرماتا ہے، اور وہ بہت غالب ہے بے حد رحم فرمانے والا ○

ہم نے لکھا ہے: حضرت البراء بن عازب رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی:

الٓمّٓ ۚ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ○ (الروم: ۱-۲) الف، لام، میم ○ روم (ایرانیوں سے) مغلوب ہو گئے ○

تو مشرکین نے حضرت ابوبکر سے کہا: کیا تم نے نہیں دیکھا کہ تمہارے نبی نے کیا کہا ہے، وہ کہتے ہیں کہ رومی ایرانیوں پر غالب آ جائیں گے۔ حضرت ابوبکر نے کہا: میرے نبی نے سچ فرمایا ہے، مشرکین نے کہا: کیا تم اس پر شرط لگاؤ گے، پھر حضرت ابوبکر نے ایک شرط مقرر کی اور رومیوں کے غلبہ سے وہ مدت پوری ہو گئی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک یہ خبر پہنچی تو آپ رنجیدہ ہوئے اور حضرت ابوبکر سے پوچھا: تمہیں اس شرط پر کس نے برانگیختہ کیا؟ انہوں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول کی تصدیق نے، آپ نے فرمایا: ان سے پھر بات کرو اور شرط اور مدت دونوں میں اضافہ کر دو، حضرت ابوبکر نے مشرکین سے بات کی اور دوبارہ شرط لگائی، ابھی وہ مدت

پوری نہیں ہوئی تھی کہ رومی ایرانیوں پر غالب آ گئے اور انہوں نے مدائن میں اپنے گھوڑے باندھے، حضرت ابوبکر اپنی جیت کی اونٹنیاں لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، آپ نے فرمایا: ان اونٹنیوں کو صدقہ کر دو یہ حرام ہیں، تو حضرت ابوبکر نے ان کو صدقہ کر دیا۔ (تفسیر امام ابن ابی حاتم: ۱۷۴۵۸)

قتادہ نے بیان کیا ہے کہ جب مسلمان حدیبیہ سے چھ (۶) ہجری میں لوٹے تو رومی ایرانیوں پر غالب آ چکے تھے۔

(انوار تبیان القرآن ص ۶۴۵ فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

۱۔ بَابٌ: فَلَا يَرْبُوا عِنْدَ اللّٰهِ۔ (الروم: ۳۹)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تو وہ اللہ کے نزدیک نہیں بڑھتا۔ (الروم: ۳۹) کی تفسیر

مَنْ أَعْطَى عَطِيَّةً يَبْتَغِي أَفْضَلَ مِنْهُ فَلَا أَجْرَ لَهُ فِيهَا قَالَ مُجَاهِدٌ يُحْبَرُونَ يُنَعَّمُونَ۔

جس نے کسی کو کچھ عطا کیا تا کہ وہ اس کے بدلے میں اس سے زیادہ طلب کرے تو اس کو اس عطا میں کوئی اجر نہیں ملے گا۔ مجاہد نے کہا: يُحْبَرُونَ کا معنی ہے: يُنَعَّمُونَ یعنی وہ نعمتوں میں ہوں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَهُمْ فِي رَوْضَةٍ يُحْبَرُونَ ۝ (الروم: ۱۵)

اور رہے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور ہماری ملاقات اور ہماری آیات کی تکذیب کی، تو ان سب کو عذاب میں پیش کیا جائے گا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے يُحْبَرُونَ کی تفسیر ینعمون کی ہے یعنی وہ نعمتوں میں ہوں گے اور اس تعلیق کی حنظلی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے یعنی ان کی تکریم کی جائے گی، اور ایک قول ہے کہ وہ جنت میں سماع کریں گے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۵)

ہم نے لکھا ہے: الروضہ کا معنی جنت ہے یعنی باغ اور اس کی جمع ریاض ہے یعنی جِنَان، بعض علماء نے کہا: جو باغ اونچی جگہ میں ہو اس کو الروضہ کہتے ہیں اور بعض علماء نے کہا: جو باغ پست زمین پر بنا ہو اس کو الروضہ کہتے ہیں۔ ضحاک نے کہا: يُحْبَرُونَ کا معنی ہے: ان کی تعظیم اور تکریم کی جائے گی۔ (انوار تبیان القرآن ص ۶۴۷، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

فَلَا يَرْبُوا عِنْدَ اللّٰهِ مَنْ أَعْطَى عَطِيَّةً يَبْتَغِي أَفْضَلَ مِنْهُ فَلَا أَجْرَ لَهُ فِيهَا۔

فلا یربوا عند اللہ: اس کا معنی ہے: جس نے کسی شخص کو کوئی عطیہ دیا تا کہ اس دیئے ہوئے سے کچھ زیادہ طلب کرے تو اس کو اس دیئے ہوئے عطیہ سے کوئی اجر نہیں ملے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَا آتَيْتُمْ مِنْ رِبًا لِيَرْبُوَا فِي أَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوا عِنْدَ اللّٰهِ ۖ۔ (الروم: ۳۹)

اور تم جو مال سود لینے کے لیے دیتے ہو تا کہ وہ لوگوں کے مال میں شامل ہو کر بڑھتا رہے تو وہ اللہ کے نزدیک نہیں بڑھتا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کے معنی میں اختلاف ہے، پس سعید بن جبیر اور مجاہد اور طاؤس اور قتادہ اور ضحاک نے کہا: اس سے مراد وہ شخص ہے جو کسی شخص کو عطیہ اور ہدیہ دے تا کہ وہ اس دیئے ہوئے سے زیادہ لے تو یہ ربا (سود) ہے جو حرام ہے اور عام لوگوں کا حکم ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے یہ حرام ہے کہ آپ کسی کو کوئی ہدیہ زیادہ لینے کے لیے دیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۝ (المدثر: ۶)

اور زیادہ لینے کے لیے کسی پر احسان نہ کیجئے ۝

Marfat.com

الشعبی نے کہا ہے: اس سے مراد وہ شخص ہے جو کسی کے ساتھ دوستی گانٹھتا ہے اور اس کا سامان اٹھاتا ہے اور اس کے ساتھ سفر کرتا ہے، پس اس کو اس کے مال کا نفع دیا جاتا ہے تاکہ وہ اس کا بدلہ دے اور وہ اس کو صرف اس سے مدد طلب کرنے کے لیے لیتا ہے اور ان سے اللہ کی رضا کا ارادہ نہیں کرتا، اور ابراہیم نخعی نے کہا: یہ زمانہ جاہلیت میں تھا، ایک مرد اپنے قرابت دار کو مال دیتا تاکہ اس سے زیادہ مال لے۔ امام بخاری نے کہا: اس عطیہ سے اس کو نہ کوئی اجر ملے گا اور نہ کوئی گناہ ہوگا یعنی یہ مباح ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۶۔۱۵۵)

اور ہم نے لکھا ہے: اس آیت میں سود سے مراد وہ ہدیہ ہے جس میں ہدیہ دینے والا اس سے افضل چیز کا طالب ہو، یہ حقیقتاً سود نہیں ہے لیکن صورتاً سود کے مشابہ ہے، اس لیے اس کو سود فرمایا ہے اور یہ جائز ہے، اس میں ثواب ہے نہ گناہ اور اس کو ہمارے عرف میں نیوتا کہتے ہیں۔ (انوار تبیان القرآن ص ۶۵۲۔۶۵۱، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

يَمْهَدُونَ يُسَوُّونَ الْمَضَاجِعَ۔ يَمْهَدُوْنَ: اس کا معنی ہے: يُسَوُّوْنَ الْمَضَاجِعَ یعنی وہ اپنا بستر ہموار اور برابر کرتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ ۝ (الروم: ۴۴) اور جس نے کفر کیا اس کے کفر کا وبال اسی پر ہوگا اور جن لوگوں نے نیک کام کیے تو وہ اپنے ہی لیے (جنت کو) تیار کر رہے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے يَمْهَدُوْنَ کی تفسیر کی ہے: وہ اپنے بستروں کو برابر کرتے ہیں، مجاہد نے اس کی تفسیر میں کہا ہے: وہ اپنی قبروں میں ٹھہرنے کی جگہوں کو یا جنت میں اپنے ٹھہرنے کی جگہوں کو تیار کر رہے ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۶، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۳۱ھ)

ہم نے لکھا ہے: مَهد کا معنی ہے بستر، مسکن اور قرار کی جگہ، مَهْدُ الصَّبِيِّ بچے کے پالنے کو کہتے ہیں، تمہید الامور کا معنی ہے: چیزوں کو ہموار کرنا اور ان کی اصلاح کرنا اور تَمَهَّدَ کا معنی ہے: جگہ حاصل کرنا۔ (انوار تبیان القرآن ص ۶۵۲، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

الْوَدْقَ الْمَطَرَ۔ الْوَدْقَ: کا معنی ہے: المطر یعنی بارش۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِي السَّمَآءِ كَيْفَ يَشَآءُ وَيَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ۔ (الروم: ۴۸) اللہ ہی ہے جو ہواؤں کو بھیجتا ہے جو بادل کو اٹھاتی ہیں تو وہ اس بادل کو جس طرح چاہتا ہے آسمان میں پھیلا دیتا ہے، اور وہ اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا ہے، پھر تم دیکھتے ہو کہ اس کے درمیان سے پانی نکلتا ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الْوَدْقَ کی تفسیر المطر کے ساتھ کی ہے، اسی طرح مجاہد نے اس کی تفسیر کی ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۴)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: الفریابی نے اس تعلیق کی از ابی نجیح روایت کی ہے۔ (فتح الباری ج ۸ ص ۷۶۸)

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ هَلْ لَكُمْ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ فِيْ الْاٰلِهَةِ وَفِيْهِ تَخَافُوْنَهُمْ اَنْ يَرِثُوْكُمْ كَمَا يَرِثُ بَعْضُكُمْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ (الروم: ۲۸) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ آیت کریمہ هَلْ لَكُمْ مِّنْ یہ کفار کے باطل معبودوں کے

بَعْضًا۔

لیے مثال بیان فرمائی، اور اس آیت میں ہے کہ تمہیں ان سے یہ خوف ہوتا ہے کہ وہ تمہارے وارث ہوں گے جیسے تم ایک دوسرے کے وارث ہوتے ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ؕ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَآءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ (الروم:۲۸)

اللہ نے تمہارے لیے تم میں سے ہی ایک مثال بیان فرمائی، کیا تمہارے غلاموں میں سے کوئی تمہارا اس رزق میں شریک ہے جو ہم نے تم کو دیا ہے، کہ تم اور وہ (غلام) اس (رزق) میں برابر ہوں، تم کو ان سے اس طرح خوف ہو جس طرح تم کو اپنے ہم مثلوں سے خوف ہے، ہم عقل والوں کے لیے اسی طرح تفصیل سے آیات بیان فرماتے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت ابن عباس نے فرمایا: فِي الْاٰلِهَةِ یہ آیت (باطل) معبودوں کے متعلق ہوئی ہے اور فرمایا: وفیہ یعنی اللہ کے حق میں اور یہ بہ طور مثال ہے یعنی کیا تم اپنے لیے اس پر راضی ہو کہ تمہارے بعض غلام تمہارے اس رزق میں شریک ہو جائیں جو ہم نے تم کو دیا ہے اور تم اور وہ اس رزق میں برابر ہوں اور تمہارے درمیان اور تمہارے غلاموں کے درمیان کوئی فرق نہ ہو اور تمہیں یہ خوف ہو کہ ان میں سے بعض تمہارے بعضوں کے وارث ہو جائیں یا وہ تمہارے بغیر خود مستقل تصرف کریں جیسا کہ بعض آزاد دوسروں سے خوف کرتے ہیں، پس جب تم اس بات کو اپنے لیے ناپسند کرتے ہو تو تم اللہ کے لیے اس بات پر کیسے راضی ہو کہ تم اللہ کے بعض بندوں کو اس کا شریک قرار دو۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۶)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: یہ مثال اللہ عزوجل اور بتوں کے لیے بیان کی گئی ہے، پس اللہ مالک ہے اور بت مملوک ہیں اور مملوک مالک کے برابر نہیں ہوتا، اور ابو مجلز نے بیان کیا ہے کہ تمہارا مملوک تمہارے مال کو تقسیم نہیں کر سکتا، اسی طرح اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں ہے۔ اور امام ابن ابی حاتم نے قتادہ سے روایت کی ہے کہ اللہ نے اس مثال کو اس شخص کے لیے بیان کیا ہے جو اللہ کی مخلوق میں سے کسی کو اس کے برابر قرار دے، فرماتا ہے: کیا تم میں سے کسی شخص کا مملوک اس کے بستر یا اس کی بیوی میں شریک ہوتا ہے اور اسی طرح سے اللہ اس سے راضی نہیں ہوتا کہ اس کی مخلوق میں سے کوئی اس کے برابر ہو۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۸)

ہم نے لکھا ہے: اس مثال کا معنی یہ ہے: کیا تم میں سے کوئی شخص اس کو پسند کرتا ہے کہ جو شخص اس کا نوکر اور غلام ہو وہ اس کے مال اور کاروبار میں اس کا شریک بن جائے تو تم اس کو ناپسند کرتے ہو کہ تمہارے نوکروں اور غلاموں کو تمہارے اموال میں شریک کیا جائے، تو تم اللہ کے مملوک اور اس کی مخلوق کو اللہ کا شریک کیوں کہتے ہو اور جو چیز تمہیں اپنے لیے ناپسند ہے اس کو اللہ کے لیے کیوں پسند کرتے ہو، پھر فرمایا: تم کو ان سے اس طرح خوف ہو جس طرح تم کو اپنے ہم مثلوں سے خوف ہے، اس کا معنی یہ ہے کہ کیا تم اپنے غلاموں اور نوکروں سے اس طرح ڈرتے ہو جس طرح تم آزاد لوگ ایک دوسرے سے ڈرتے ہو یعنی جس طرح تم مشترکہ کاروبار یا مشترکہ املاک میں تصرف کرتے ہوئے ڈرتے ہوئے ہو کہ دوسرے شرکاء تم سے باز پرس کریں گے کہ تم نے ان کو بتائے بغیر کیوں تصرف کیا، کیا تم اپنے نوکروں اور غلاموں سے بھی اسی طرح ڈرتے ہو یعنی نہیں ڈرتے کیونکہ جب تم نے اپنے نوکروں اور غلاموں کو اپنے کاروبار میں اور املاک میں شریک بنایا ہی نہیں تو پھر ان سے ڈرنے کا کیا سبب ہے؟ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرمایا: بلکہ

Marfat.com

ظالموں نے بغیر علم کے اپنی خواہشات کی پیروی کی یعنی کفار جو بت پرستی کرتے ہیں اور بتوں کو اللہ کا شریک قرار دیتے ہیں یہ کسی دلیل کی بنا پر نہیں ہے بلکہ کفار اپنی خواہش سے ان بتوں کی عبادت کرتے ہیں اور بتوں کو اللہ کا شریک قرار دیتے ہیں اور اپنے آباء و اجداد کی اندھی تقلید میں ان کی پرستش کرتے ہیں۔ (انوار تبیان القرآن ص ۶۵۰، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

يَصَّدَّعُونَ يَتَفَرَّقُونَ فَاصْدَعْ۔ يَصَّدَّعُوْنَ: اس کا معنی ہے: وہ متفرق ہو جائیں گے اور فَاصْدَعْ کا معنی ہے: پس ان سے الگ ہو جائیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ يَوْمٌ لَا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّهِ يَوْمَئِذٍ يَصَّدَّعُونَ ۝ (الروم: ۴۳) سو آپ اپنا رخ دین مستقیم ہی کی طرف رکھیں، اس سے پہلے کہ وہ دن آئے جو اللہ کی طرف سے ٹالا نہیں جائے گا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے يَصَّدَّعُونَ کی تفسیر یتفرقون کے ساتھ کی ہے یعنی سب لوگ متفرق ہو جائیں گے، اسی طرح امام ابوعبیدہ نے تفسیر کی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ آیت درج ذیل آیت کے معنی میں ہے:

يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا لِيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ ۝ (الزلزال: ۶) اس دن لوگ مختلف احوال میں لوٹیں گے تا کہ انہیں ان کے اعمال دکھائیں جائیں O

تیسرا قول یہ ہے کہ یہ ان کے درجات کا فرق ہے، کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ وہ مختلف فرقوں میں بٹ جائیں گے۔ ایک فریق جنت میں چلا جائے گا اور ایک فریق دوزخ میں چلا جائے گا اور یصَّدَّعون کا لفظ یَتَصَدَّعُوْنَ تھا، تا کو صاد سے بدل کر صاد کا صاد میں ادغام کر دیا گیا تو یَصَّدَّعُوْنَ ہو گیا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۶)

نیز امام بخاری نے کہا: فَاصْدَعْ، اس میں اللہ عزوجل کے اس ارشاد کی طرف اشارہ ہے:

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ ۝ آپ اس کا برملا اعلان کر دیں جس کا آپ کو حکم دیا گیا ہے اور مشرکین سے اعراض کیجئے O (الحجر: ۹۴)

یعنی آپ مشرکین سے الگ ہو جائیں اور اپنے طریقہ پر چلتے رہیں، یہ ابوعبیدہ کی تفسیر ہے اور اَلصَّدْعُ کا اصل معنی ہے: کسی چیز کو شق کرنا اور پھاڑنا۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: اَلصَّدْعُ کا لفظ کسی سخت چیز کے توڑنے کے معنی میں ہے مثلاً لوہا یعنی تم کہو کہ میں نے کسی چیز کو توڑا تو وہ ٹوٹ گئی اور صداع الراس بھی اسی سے ماخوذ ہے یعنی جب سر میں شدید درد ہو تو آدمی کو یہ وہم ہوتا ہے کہ اس کا سر پھٹ جائے گا اور فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ کا معنی یہ ہے کہ آپ اللہ عزوجل کی توحید کی طرف دعوت دے کر لوگوں سے متفرق ہو جائیں۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۸)

وَقَالَ غَيْرُهُ ضُعْفٌ وَضَعْفٌ لُغَتَانِ۔ اور دوسروں نے کہا: ضُعْفٌ اور ضَعْفٌ دو لغتیں ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اللَّهُ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ ضَعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ ضَعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفًا وَشَيْبَةً يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ وَهُوَ الْعَلِيمُ الْقَدِيرُ ۝ (الروم: ۵۴) اللہ ہی ہے جس نے تمہیں کمزوری کی حالت میں پیدا کیا، پھر اس کمزوری کے بعد قوت پیدا کی، پھر اس قوت کے بعد ضعف اور بڑھاپا طاری کیا، وہ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے اور وہ بہت علم والا

Marfat.com

ہے اور بے حد قدرت والا ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے علاوہ دوسروں نے اس آیت کی تفسیر میں کہا کہ پہلا لفظ ضَعْف ہے اور دوسرا لفظ ضُعْف ہے اور جمہور نے دونوں لفظوں کو پیش کے ساتھ پڑھا ہے اور عاصم اور حمزہ نے دونوں لفظوں کو زبر کے ساتھ پڑھا ہے اور الخلیل نے کہا ضُعف کا معنی ہے: جسمانی کمزوری اور ضَعْف کا معنی ہے عقل کی کمزوری۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۷، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس شرح پر کچھ اضافہ نہیں کیا ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۸)

میں کہتا ہوں: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کمزوری کی حالت میں پیدا کیا، اس سے انسان کی پیدائش کی حالت اور اس کے بچپن کی حالت مراد ہے کیونکہ اس وقت اس کا جسم اور بدن کمزور ہوتا ہے اور کمزوری کے بعد قوت دی، اس سے اس کی جوانی کی حالت مراد ہے، پھر بہ تدریج اس میں ضعف پیدا کیا، پھر وہ بڑھاپے میں داخل ہو جاتا ہے اور یہ قوت کے بعد کمزوری کی حالت ہے۔

(انوار تبیان القرآن ص ۶۵۴، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

مصنف کی جوانی کے بعد بڑھاپا اور اس سے نعمۃ الباری کا کام متاثر ہونا اور پھر اللہ کے فضل سے دوبارہ شروع ہونا

اب میری عمر چاند کے حساب سے چھہتر (۷۶) سال ہو چکی ہے اور انگریزی حساب سے دو ہزار گیارہ (۲۰۱۱ء) میں چوہتر (۷۴) سال ہو چکی ہے اور میرے بالوں میں کافی سفیدی آ چکی ہے اور جسم نحیف اور لاغر ہو چکا ہے، گزشتہ دنوں میں میرے دماغ پر اثر ہو گیا تھا اور حافظہ کمزور ہو گیا تھا حتیٰ کہ چھبیس (۲۶) فروری دو ہزار گیارہ (۲۰۱۱ء) کو میں نے اپنے آپ کو نعمۃ الباری کے کام سے عاجز پایا، سو میں نے نعمۃ الباری کا کام اپنے عزیز فاضل علامہ مفتی محمد اسماعیل نورانی زید علمہ وحبہ کے سپرد کر دیا اور انہوں نے نہایت عمدگی اور بہت تفصیل اور تحقیق کے ساتھ سورۃ النور اور سورۃ الفرقان کی تفسیر لکھی، پھر میں نے امریکا سے دماغ کی تقویت کی دوائیں منگوائیں جن کے استعمال سے میں نے اپنے دماغ میں اتنی قوت محسوس کی کہ اب میں دوبارہ یہ کام کر سکتا ہوں، سو اٹھارہ مئی (۱۸) دو ہزار گیارہ کو میں نے یہ کام دوبارہ شروع کر دیا اور یوں نعمۃ الباری کی دوبارہ نشاۃ ثانیہ ہو گئی اور اب تک یعنی چھ جون (۶) تک الحمد للہ رب العالمین میں سورۃ الشعراء، سورۃ النمل، سورۃ القصص اور سورۃ العنکبوت کی امام بخاری کی کی ہوئی تفسیر کی شرح لکھ چکا ہوں اور اب سورۃ الروم قریب الاختتام ہے۔ قارئین کرام سے درخواست ہے کہ دعا کریں کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے میرے دماغ کو طاقت دی ہے اسی طرح میرے جسم کو بھی طاقت اور توانائی عطا فرمائے اور مجھے شوگر کے موذی مرض سے نجات عطا فرمائے اور میں اللہ تعالیٰ کی مدد سے نعمۃ الباری کی تکمیل کر لوں۔ آمین یارب العالمین۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ السُّوْأَى الْإِسَاءَةُ جَزَاءُ الْمُسِيْئِيْنَ۔ اور مجاہد نے کہا: اَلسُّوْأٰی: اس کا معنی ہے: برائی، جو برے کام کرنے والوں کی سزا ہو گی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوا السُّوْٓأٰى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ (الروم: ۱۰)

پھر برے کام کرنے والوں کا برا انجام ہوا کیونکہ وہ اللہ کی آیتوں کی تکذیب کرتے تھے اور ان کا مذاق اڑاتے تھے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اَلسُّوْٓأٰی کی تفسیر اِساءۃ کی ہے اور علامہ نسفی نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ اَلسُّوْاٰی اَلْاَسْوَاء کی تانیث ہے اور اس کا معنی ہے: زیادہ برا کام جیسا کہ اَلْحُسْنٰی، اَلْاَحْسَنْ کی تانیث ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۷)

Marfat.com

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: یعنی کافروں کی سزا عذاب ہے۔ (فتح الباری ج ۸ ص ۷۶۸)

اور ہم نے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی آیات سے مراد قرآن مجید ہے یا سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کے دلائل اور آپ کے معجزات ہیں یا خود آپ کی ذات مقدسہ مراد ہے، کفار مکہ آپ کا مذاق اڑاتے تھے، آپ کی نبوت کا انکار کرتے تھے اور شرک کرتے تھے اور یہ سب سے برے کام ہیں، اسی وجہ سے وہ سب سے برے عذاب کے مستحق ہو گئے۔ (انوار تبیان القرآن ص ۷۶۴، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

۴۷۷۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ وَالْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي الضُّحَى عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ يُحَدِّثُ فِي كِنْدَةَ فَقَالَ يَجِيئُ دُخَانٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَأْخُذُ بِأَسْمَاعِ الْمُنَافِقِينَ وَأَبْصَارِهِمْ يَأْخُذُ الْمُؤْمِنَ كَهَيْئَةِ الزُّكَامِ فَفَزِعْنَا فَأَتَيْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ وَكَانَ مُتَّكِئًا فَغَضِبَ فَجَلَسَ فَقَالَ مَنْ عَلِمَ فَلْيَقُلْ وَمَنْ لَمْ يَعْلَمْ فَلْيَقُلْ اللهُ أَعْلَمُ فَإِنَّ مِنَ الْعِلْمِ أَنْ يَقُولَ لِمَا لَا يَعْلَمُ لَا أَعْلَمُ فَإِنَّ اللهَ قَالَ لِنَبِيِّهِ ﷺ قُلْ مَا أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ ﴿۸۶﴾ (ص:۸۶) فَإِنَّ قُرَيْشًا أَبْطَئُوا عَنِ الْإِسْلَامِ فَدَعَا عَلَيْهِمُ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ اللَّهُمَّ أَعِنِّي عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوسُفَ فَأَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ حَتَّى هَلَكُوا فِيهَا وَأَكَلُوا الْمَيْتَةَ وَالْعِظَامَ وَيَرَى الرَّجُلُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ فَجَاءَهُ أَبُو سُفْيَانَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ جِئْتَ تَأْمُرُنَا بِصِلَةِ الرَّحِمِ وَإِنَّ قَوْمَكَ قَدْ هَلَكُوا فَادْعُ اللهَ فَقَرَأَ ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِينٍ ﴿۱۰﴾﴾ (الدخان:۱۰) إِلَى قَوْلِهِ عَائِدُونَ أَفَيُكْشَفُ عَنْهُمْ عَذَابُ الْآخِرَةِ إِذَا جَاءَ ثُمَّ عَادُوا إِلَى كُفْرِهِمْ فَذَلِكَ قَوْلُهُ تَعَالَى يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَى يَوْمَ بَدْرٍ وَلِزَامًا يَوْمَ بَدْرٍ الم غُلِبَتِ الرُّومُ إِلَى سَيَغْلِبُونَ وَالرُّومُ قَدْ مَضَى۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، وہ کہتے ہیں: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی: وہ کہتے ہیں: ہمیں منصور اور الاعمش نے حدیث بیان کی از ابی الضحیٰ از مسروق، وہ بیان کرتے ہیں کہ جس وقت ایک مرد کندہ میں حدیث بیان کر رہا تھا تو اس نے کہا: قیامت کے دن دھواں آئے گا تو وہ منافقین کی سماعت اور بصارت کو سلب کر لے گا اور مومنوں کی کیفیت زکام کی طرح ہوگی، پس ہم ڈر گئے، پس میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور وہ ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے، پس وہ غضب ناک ہو گئے تو انہوں نے کہا: جس کو علم ہو وہ کوئی بات کرے اور جس کو علم نہ ہو وہ کہے: اللہ ہی زیادہ جانتا ہے کیونکہ یہ بھی علم میں سے ہے کہ جس بات کا تمہیں علم نہ ہو تم کہو: میں نہیں جانتا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا قُلْ مَا أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ ﴿۸۶﴾ (ص:۸۶) آپ کہیے کہ میں تم سے اس پیغام کو پہنچانے پر کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا اور نہ میں تکلف کرنے والوں میں سے ہوں ○ بے شک قریش نے اسلام قبول کرنے میں تاخیر کر دی تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے خلاف دعا کی، پس کہا: اے اللہ! میری مدد فرما اور ان پر حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے کے قحط کی طرح قحط مسلط کر دے، پس ان کو ایک سال تک قحط نے پکڑ لیا حتیٰ کہ وہ اس میں ہلاک ہو گئے اور انہوں نے مردار اور ہڈیاں کھائیں، اور ایک مرد آسمان اور زمین کے درمیان دھوئیں کی طرح ایک چیز دیکھتا تھا، سو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ابوسفیان آیا، پس کہا: اے محمد! (صلی اللہ علیک وسلم) آپ ہمیں لوگوں کو رشتہ داروں سے ملانے کا حکم دینے کے لیے آئے ہیں اور آپ کی قوم ہلاک ہو رہی ہے، سو آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے تو آپ نے یہ آیت پڑھی: فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي

Marfat.com

السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۝ (الدخان:۱۰) سو آپ اس دن کا انتظار کیجئے جب آسمان واضح دھواں لائے گا O یہ آیت: عَآئِدُوْنَ تک پڑھیے، کیا پس ان سے آخرت کا عذاب کھول دیا جائے گا جب آ جائے، پھر وہ اپنے کفر کی طرف لوٹ جائیں گے، پس یہ اللہ عزوجل کے اس ارشاد کا مصداق ہے: يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ۝ (الدخان:۱۶) جس دن ہم بہت سخت گرفت کے ساتھ پکڑیں گے، بے شک ہم انتقام لینے والے ہیں O (بہت سخت گرفت کے ساتھ پکڑنے سے مراد) بدر کا دن ہے اور لِزَامًا کی قید سے بھی مراد بدر کا ہی دن ہے۔ الف، لام، میم O رومی (ایرانیوں سے) مغلوب ہو گئے (یہ آیت یہاں تک ہے) وہ عنقریب دوبارہ غالب ہوں گے O اور سورۃ الروم کی پیش گوئی گزر چکی ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۰۰۷ میں گزر چکی ہے۔

حدیث مذکور کی مزید شرح

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

یہ حدیث بعینہ اسی سند کے ساتھ کتاب الاستسقاء میں اس باب کے تحت گزر چکی ہے: ''جب مشرکین قحط کے وقت مسلمانوں سے شفاعت طلب کریں'' لیکن اس کے الفاظ میں کچھ زیادتی اور کمی ہے اور اس حدیث کی سند میں جو سفیان کا ذکر ہے اس سے مراد سفیان ثوری ہے اور منصور سے مراد منصور بن المعتمر ہے اور الاعمش سے مراد سلیمان ہے، ابوالضحیٰ مسلم بن صبیح الکوفی العطار ہے اور مسروق ابن الاجدع ہے۔

حدیث مذکور کے مشکل الفاظ کے معانی

کِندہ: علامہ کرمانی نے کہا کہ یہ کوفہ کی ایک جگہ ہے، علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس حدیث میں جس مرد کا ذکر ہے اس کا تعلق کندہ قبیلہ سے ہو۔

پس میں حضرت ابن مسعود کے پاس آیا: یہاں کچھ عبارت محذوف ہے یعنی حضرت ابن مسعود کے پاس گیا اور ان کو اس مرد کی خبر دی وہ ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے، یہ سن کر غصہ میں آ گئے اور سیدھے ہو کر بیٹھ گئے، کیونکہ یہ بھی علم میں سے ہے کہ انسان جس چیز کو نہ جانتا ہو اس کے متعلق کہے کہ میں نہیں جانتا: علامہ کرمانی نے کہا: یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ''میں نہیں جانتا'' کہنا علم ہو۔ علامہ عینی فرماتے ہیں: معلوم کو مجہول سے ممتاز کرنا بھی علم کی قسم ہے اور یہ اس قول کے مناسب ہے کہ میں نہیں جانتا کہنا بھی نصف علم ہے اور آیت کے ساتھ مناسبت یہ ہے کہ آدمی کو جس چیز کا علم نہ ہو اس کے متعلق بات کرنا بھی ایک قسم کا تکلف ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۸۔۱۵۷، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

Marfat.com

۲۔ بَابٌ: لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللهِ۔ (روم:۳۰) لِدِيْنِ اللهِ۔ خُلُقُ الْأَوَّلِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ (الشعراء:۱۳۷) دِيْنُ الْأَوَّلِيْنَ وَالْفِطْرَةُ الْإِسْلَامُ

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اللہ تعالیٰ کی خلقت میں کوئی تبدیلی نہیں ہے، (روم:۳۰) یعنی اللہ تعالیٰ کے دین میں۔ اور اللہ تعالیٰ کے ارشاد: یہ صرف پہلے لوگوں کا طریقہ ہے ○ (الشعراء:۱۳۷) یعنی اولین کا دین، فطرت سے مراد اسلام ہے۔

باب مذکور کے عنوان کی شرح

یعنی اس باب میں یہ بیان کیا جائے گا کہ اللہ تعالیٰ کی خلقت میں کوئی تبدیلی نہیں ہے، امام بخاری نے کہا: اس کا معنی ہے: اللہ تعالیٰ کے دین میں، کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ اس عبارت کا ظاہر نفی ہے اور اس سے مراد ممانعت ہے یعنی اللہ کے دین میں کوئی تبدیلی نہ کی جائے اور یہی اکثر علماء کا قول ہے، اور عکرمہ اور مجاہد نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں کوئی تغیر نہ کیا جائے، یعنی جانوروں کو خصی نہ کیا جائے۔ امام بخاری نے کہا: یہ صرف پہلے لوگوں کا طریقہ ہے یعنی یہ صرف پہلے لوگوں کا دین ہے، امام بخاری نے کہا: فطرت سے مراد اسلام ہے، امام بخاری نے اس عبارت سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فِطْرَتَ اللهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۚ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللهِ ۚ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۚ۔ (الروم:۳۰)

(اے لوگو!) اپنے آپ کو اللہ کی بنائی ہوئی اس خلقت پر قائم رکھو جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے، اللہ کی خلقت میں کوئی تبدیلی نہیں ہے وہی صحیح دین ہے۔

امام بخاری نے فطرت کی تفسیر اسلام کے ساتھ کی ہے اور یہ عکرمہ کا قول ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ یہاں فطرت سے مراد فقر اور فاقہ ہے اور فِطْرَتَ اللہ پر جو نصب ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ مفعول مطلق ہے، اصل عبارت ہے: فَطَرَ فِطْرَةً اور الدین القیم کا معنی ہے: دین مستقیم۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۸)

۴۷۷۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ أَخْبَرَنَا يُونُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مَا مِنْ مَوْلُودٍ إِلَّا يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ أَوْ يُنَصِّرَانِهِ أَوْ يُمَجِّسَانِهِ كَمَا تُنْتَجُ الْبَهِيمَةُ بَهِيمَةً جَمْعَاءَ هَلْ تُحِسُّونَ فِيهَا مِنْ جَدْعَاءَ ثُمَّ يَقُولُ ﴿فِطْرَتَ اللهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۚ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللهِ ۚ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۚ﴾ (الروم:۳۰)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبدان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبداللہ نے خبر دی انہوں نے ہمیں یونس نے خبر دی از الزہری، انہوں نے کہا: مجھے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے خبر دی کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر بچہ الفطرۃ پر پیدا ہوتا ہے، پھر اس کے ماں باپ اس کو یہودی یا نصرانی یا مجوسی بنا دیتے ہیں جیسے بکری کا بچہ صحیح سالم پیدا ہوتا ہے، کیا تم اس کی ناک یا کان کٹا ہوا دیکھتے ہو؟ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: فِطْرَتَ اللهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۚ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللهِ ۚ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۚ (الروم:۳۰) (اے لوگو!) اپنے آپ کو اللہ کی بنائی ہوئی اس خلقت پر قائم رکھو جس پر

Marfat.com

اس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے: اللہ کی خلقت میں کوئی تبدیلی نہیں ہے وہی صحیح دین ہے)۔

یہ حدیث صحیح بخاری ۱۳۵۸ میں اسی سند اور اسی متن کے ساتھ گزر چکی ہے۔

عبدان: سے مراد ہے: عبداللہ بن عثمان المروزی، یہ ان کا نام ہے اور عبدان ان کا لقب ہے اور عبداللہ سے مراد ہے: عبداللہ بن المبارک المروزی اور یونس سے مراد ہے: یونس بن یزید اور الزہری سے مراد ہے: محمد بن مسلم بن شہاب اور ابوسلمہ وہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے بیٹے ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۸، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

الحمدللہ رب العالمین سورۃ الروم کی جو تفسیر امام بخاری نے کی تھی وہ مکمل ہوگئی، اب اس کے بعد ان شاء اللہ سورۃ لقمان کی تفسیر شروع ہوگی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۳۱۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ لُقْمَانَ

سورۃ لقمان کی تفسیر

سورۃ لقمان کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۂ لقمان کی بعض آیات کی تفسیر ہے، یہ سورت مکی ہے اور اس کی دو آیتوں کے مکی اور مدنی ہونے میں اختلاف ہے، ایک یہ ہے: وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَۃٍ اَقْلَامٌ۔ (لقمان: ۲۷) السدی نے ذکر کیا ہے کہ یہ آیت مدینہ میں نازل ہوئی اور دوسری آیت یہ ہے: اِنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ۔ (لقمان: ۳۴) یہ آیت محارب کے ایک مرد کے متعلق مدینہ میں نازل ہوئی ہے اور الحسن البصری سے منقول ہے کہ صرف ایک آیت میں اختلاف ہے اور وہ یہ آیت ہے: اَلَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ (لقمان: ۴) کیونکہ زکوٰۃ کے احکام مدینہ میں نازل ہوئے، اس سورت میں چونتیس (۳۴) آیات ہیں۔

لقمان کا تعارف

ان کا پورا نام ہے: لقمان بن باعور بن ناخر اور وہ آزر ہیں جو حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے (عرفی) باپ تھے، یا السہیلی نے کہا ہے: لقمان بن عنقا بن سرون، یہ ایک ہزار سال زندہ رہے تھے اور انہوں نے حضرت داؤد علیہ السلام کا زمانہ پایا اور ان سے علم حاصل کیا اور یہ حضرت داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بعثت سے پہلے فتویٰ دیتے تھے، پھر جب حضرت داؤد علیہ السلام مبعوث ہو گئے تو ان کے فتاویٰ رک گئے، ایک قول یہ ہے کہ یہ ایک ہزار نبیوں کے شاگرد تھے، اور امام ابن ابی حاتم نے مجاہد سے روایت کی ہے: یہ سیاہ فام غلام تھے اور ان کے ہونٹ بڑے بڑے تھے اور ان کے دونوں پیر کٹے ہوئے تھے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یہ حبشی غلام تھے اور بڑھئی تھے اور سعید بن المسیب نے کہا کہ یہ مصر کے سیاہ فام لوگوں میں سے تھے، اللہ تعالیٰ نے ان کو حکمت عطا کی اور ان سے نبوت کو روک لیا اور حضرت جابر بن عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ یہ کوتاہ قد تھے اور امام ابن قتیبہ نے کہا: اکثر اقوال کے مطابق یہ نبی نہیں تھے اور نیک مرد تھے اور ابن المسیب سے دوسری روایت یہ ہے کہ یہ درزی تھے اور زجاج سے روایت ہے کہ یہ نجار تھے اور ایک قول یہ ہے کہ یہ چرواہے تھے۔ الواقدی نے کہا ہے: یہ بنی اسرائیل میں مقدمات کا فیصلہ کرتے تھے اور احکام نافذ کرتے تھے، اور ان کا زمانہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان تھا، اور عکرمہ سے روایت ہے کہ یہ نبی تھے اور وہ اس قول میں منفرد ہیں، وہب بن منبہ نے کہا کہ یہ حضرت ایوب علیہ السلام کے بھانجے تھے اور مقاتل نے کہا کہ یہ حضرت ایوب علیہ السلام کی خالہ کے بیٹے تھے، ان کے بیٹے کا نام انعم تھا، وہ پہلے کافر تھا، پھر مسلمان ہو گیا اور دوسرا قول یہ ہے کہ اس کا نام مشکم تھا اور تیسرا قول یہ ہے کہ اس کا نام ثاران تھا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۹، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۔ بَابٌ: لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ۚ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۳﴾ (لقمان: ۱۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اللہ کے ساتھ شرک نہ کرنا بے شک شرک کرنا ضرور سب سے بڑا ظلم ہے ○ (لقمان: ۱۳) کی تفسیر

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کے شروع کا حصہ نہیں لکھا اور وہ یہ ہے:

وَ اِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَ هُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ۚ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۳﴾ (لقمان: ۱۳)

اور جب لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا: اے میرے پیارے بیٹے! اللہ کے ساتھ شرک نہ کرنا بے شک شرک کرنا ضرور سب سے بڑا گناہ ہے ○

ظلم کا معنی ہے: کسی چیز کو اس کی جگہ کے غیر میں رکھنا اور شرک کا معنی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمت کو اس کے غیر کی طرف منسوب کرنا کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی رزاق ہے اور زندہ کرنے والا ہے اور مارنے والا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵۹)

میں کہتا ہوں: اصطلاحی مشرک کی یہ تعریف نہیں ہے، بلکہ اس طرح ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو عبادت کا مستحق قرار دیا جائے یا اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو واجب الوجوب اور قدیم مانا جائے۔ ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے:

حکیم لقمان کا بیٹا اور اس کی بیوی دونوں کافر تھے، حکیم لقمان ان دونوں کو مسلسل نصیحت کرتے رہے حتیٰ کہ وہ دونوں مسلمان ہو گئے۔ (روح البیان ج ۷ ص ۹۴)

اس میں اختلاف ہے کہ یہ قول اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے یا حکیم لقمان کا قول ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے نقل فرمایا ہے، شرک کو سب سے بڑا ظلم اس وجہ سے فرمایا ہے کہ ظلم کا معنی ہے، کسی کا حق دوسرے کو دے دینا جو اس حق کا مستحق نہ ہو اور مستحق عبادت ہونا اللہ کا حق ہے، اسی طرح اللہ ہی کا یہ حق ہے کہ اس کی عبادت کی جائے، پس اگر مخلوق میں سے کسی کا حق دوسرے غیر مستحق کو دے دیا جائے تو یہ بھی ظلم ہے لیکن سب سے بڑا ظلم تو یہ ہے کہ جو اللہ تعالیٰ کا حق ہے وہ کسی غیر مستحق کو دے دیا جائے اور اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر کسی اور کو عبادت کا مستحق مانا جائے اور اس کی عبادت کی جائے۔ (انوار تبیان القرآن ص ۶۵۷، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

۴۷۷۶۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ ﴿اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ لَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾ (الانعام: ۸۶) شَقَّ ذٰلِكَ عَلٰى اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَقَالُوْا اَيُّنَا لَمْ يَلْبِسْ اِيْمَانَهٗ بِظُلْمٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّهٗ لَيْسَ بِذَاكَ اَلَا تَسْمَعُ اِلٰى قَوْلِ لُقْمَانَ ﴿اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۳﴾﴾ (لقمان: ۱۳)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں جریر نے حدیث بیان کی از الاعمش از ابراہیم از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ لَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَ هُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۸۲﴾ (الانعام: ۸۶) جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اپنے ایمان کے ساتھ ظلم (شرک) کو نہیں ملایا ان ہی کے لیے بے خوفی ہے اور وہی ہدایت یافتہ ہیں ○ تو یہ آیت رسول اللہ ﷺ کے اصحاب پر بہت دشوار گزری اور انہوں نے کہا: ہم میں سے کون ہے جو اپنے ایمان کو ظلم کے ساتھ نہیں ملاتا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہاں ظلم سے یہ

Marfat.com

مراد نہیں ہے، کیا تم نے نہیں سنا کہ لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا تھا: اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۳﴾ (لقمان: ۱۳)
(بے شک شرک کرنا ضرور سب سے بڑا ظلم ہے)O

یہ حدیث صحیح البخاری: ۳۲ میں گزر چکی ہے۔

علامہ بدرالدین عینی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں: جریر کا پورا نام جریر بن عبداللہ ہے اور یہ سلیمان الاعمش سے روایت کرتے ہیں اور وہ ابراہیم النخعی از علقمہ بن قیس النخعی از حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں اور یہ حدیث کتاب الایمان میں گزر چکی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۶۰۔۱۵۹)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس حدیث کی شرح میں کچھ نہیں لکھا۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۶۹)

۲۔ بَابٌ: اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ۔ (لقمان: ۳۴)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک قیامت کا علم اللہ ہی کے پاس ہے۔ (لقمان: ۳۴) کی تفسیر

علامہ بدرالدین عینی اس باب کے عنوان کی شرح میں لکھتے ہیں:

یہ آیت الوارث بن عمر کے متعلق نازل ہوئی ہے جو جنگلوں میں اور دیہاتوں میں رہنے والے تھے، وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور آپ سے سوال کیا کہ قیامت کس وقت قائم ہوگی؟ اور کہا: ہماری زمین قحط زدہ ہے، پس بارش کب نازل ہوگی؟ اور میں نے اپنی بیوی کو حاملہ چھوڑا ہے تو اس کے یہاں ولادت کب ہوگی؟ اور میں زمین میں کس جگہ مروں گا؟ تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۶۰)

۴۷۷۷۔ حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ عَنْ جَرِيرٍ عَنْ أَبِي حَيَّانَ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ يَوْمًا بَارِزًا لِلنَّاسِ إِذْ أَتَاهُ رَجُلٌ يَمْشِي فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا الْإِيمَانُ قَالَ الْإِيمَانُ أَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ وَلِقَائِهِ وَتُؤْمِنَ بِالْبَعْثِ الْآخِرِ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا الْإِسْلَامُ قَالَ الْإِسْلَامُ أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَتُقِيمَ الصَّلَاةَ وَتُؤَدِّيَ الزَّكَاةَ الْمَفْرُوضَةَ وَتَصُومَ رَمَضَانَ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا الْإِحْسَانُ قَالَ الْإِحْسَانُ أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَتَى السَّاعَةُ قَالَ مَا الْمَسْئُولُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ وَلَكِنْ سَأُحَدِّثُكَ عَنْ أَشْرَاطِهَا إِذَا وَلَدَتْ الْمَرْأَةُ رَبَّتَهَا فَذَاكَ مِنْ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے اسحاق نے حدیث بیان کی از جریر از ابی حیان از ابی زرعہ از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے سامنے بیٹھے ہوئے تھے، اتنے میں ایک مرد آپ کے پاس چلتا ہوا آیا، پس کہنے لگا: یا رسول اللہ! ایمان کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: ایمان یہ ہے کہ تم اللہ پر، اس کے تمام فرشتوں پر، اس کی تمام کتابوں پر اور اس کے تمام رسولوں پر اور اس سے ملاقات پر ایمان لاؤ اور تم مرنے کے بعد دوبارہ اٹھنے پر ایمان لاؤ، اس نے پوچھا: یا رسول اللہ! اسلام کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: اسلام یہ ہے کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرو اور تم نماز کو قائم کرو اور فرض زکوٰۃ کو ادا کرو اور رمضان کے روزے رکھو، اس نے پوچھا: یا رسول اللہ! احسان کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: احسان یہ ہے کہ تم اللہ کی اس طرح عبادت کرو گویا کہ تم اس کو دیکھ رہے ہو، پس

Marfat.com

أَشْرَاطِهَا وَإِذَا كَانَ الْحُفَاةُ الْعُرَاةُ رُؤُسَ النَّاسِ فَذَاكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا فِي خَمْسٍ لَا يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا اللهُ ﴿إِنَّ اللهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَ يَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ ۖ﴾ (لقمان: ۳۴) ثُمَّ انْصَرَفَ الرَّجُلُ فَقَالَ رُدُّوا عَلَيَّ فَأَخَذُوا لِيَرُدُّوا فَلَمْ يَرَوْا شَيْئًا فَقَالَ هَذَا جِبْرِيلُ جَاءَ لِيُعَلِّمَ النَّاسَ دِينَهُمْ۔

اگر تم اس کو نہیں دیکھ رہے تو بے شک وہ تم کو دیکھ رہا ہے۔ اس نے پوچھا: یا رسول اللہ! قیامت کب آئے گی؟ آپ نے فرمایا: جس سے سوال کیا گیا ہے وہ سوال کرنے والے سے زیادہ جاننے والا نہیں ہے لیکن میں عنقریب تم کو قیامت کی علامات بتاؤں گا (اور وہ یہ ہیں:) آپ نے فرمایا: جب کوئی عورت اپنے آقا کو پیدا کرے تو یہ قیامت کی علامات میں سے ہے اور جب ننگے پیر اور ننگے بدن آدمی لوگوں کے سردار بن جائیں تو یہ قیامت کی علامات میں سے ہے، (یہ) ان پانچ چیزوں میں سے ہے جن کو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا: بے شک قیامت کا علم اللہ ہی کے پاس ہے اور وہی بارش نازل فرماتا ہے اور وہی (از خود) جانتا ہے کہ (ماؤں) کے رحموں میں کیا ہے اور کوئی (از خود) نہیں جانتا کہ وہ کل کیا کرے گا اور کوئی شخص (از خود) نہیں جانتا کہ وہ کس جگہ مرے گا (لقمان: ۳۴) پھر وہ مرد واپس چلا گیا، آپ نے فرمایا: اس کو میرے پاس واپس لاؤ، پس صحابہ اس کو واپس لانے کے لیے گئے تو انہوں نے کسی چیز کو نہیں دیکھا، آپ نے فرمایا: یہ جبرئیل تھے جو لوگوں کو ان کے دین کی تعلیم دینے کے لیے آئے تھے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۵۰ میں گزر چکی ہے۔

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں:

اسحاق کا نام اسحاق بن ابراہیم ہے اور یہ ابن راہویہ کے نام سے معروف ہیں اور جریر کا نام ہے: جریر بن عبدالحمید اور ابو حیان کا نام ہے: یحییٰ ابن سعید الکوفی اور ابوزرعہ کا نام ہے: حرم بن عمرو بن جریر البجلی۔ یہ حدیث کتاب الایمان میں گزر چکی ہے اور ہم نے وہاں اس کی مفصل شرح کی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۶۰)

علامہ عینی نے اس حدیث کی شرح میں صرف اتنا ہی لکھا ہے۔

علوم خمسہ کے متعلق متعدد احادیث اور قرآن مجید میں علم غیب کی نفی اور اس بات کا محمل

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مفاتیح الغیب پانچ ہیں، پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: إِنَّ اللهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ۔ (لقمان: ۳۴) اور ابو عاصم کی روایت میں ہے کہ مفاتیح الغیب پانچ ہیں جن کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا، بے شک اللہ ہی کے پاس قیامت کا علم ہے اور وہی بارش نازل فرماتا ہے یعنی پوری آیت۔ اور اس سے پہلے سورۃ الرعد کی تفسیر میں گزر چکا ہے۔ اور کتاب الاستسقاء میں حضرت عبداللہ بن دینار کی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ مفاتیح الغیب پانچ ہیں، ان کو اللہ کے سوا (از خود) کوئی نہیں جانتا، اللہ کے سوا کوئی (از خود) نہیں جانتا کہ کل کیا ہوگا (الحدیث)، یہ سیاق ان پانچ چیزوں کے بیان میں ہے اور تفسیر الانعام میں

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی یہ روایت ہے کہ مفاتیح الغیب پانچ ہیں: بے شک اللہ ہی کے پاس قیامت کا علم ہے، آخر سورت تک، اور امام ابوداؤد الطیالسی نے اپنی مسند میں زہری سے یہ روایت کی ہے کہ تمہارے نبی کو ان پانچ چیزوں کے سوا غیب کی مفاتیح دی گئی ہیں، پھر آپ نے اس آیت کی تلاوت کی، اور میرا گمان یہ ہے کہ ایک متن دوسرے متن میں داخل ہو گیا ہے کیونکہ ان الفاظ کے ساتھ امام ابن مردویہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کی ہے۔ امام احمد اور امام البزار نے تصحیح سند کے ساتھ اور امام ابن حبان اور امام حاکم نے حضرت بریدہ سے یہ روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پانچ چیزیں ایسی ہیں جنہیں اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا: بے شک اللہ ہی کے پاس قیامت کا علم ہے الآیہ، اور کتاب الایمان میں ہم پہلے ان پانچ چیزوں کی وجہ حصر بیان کر چکے ہیں اور یہ ممکن ہے کہ اس کا اس آیت سے استفادہ کیا جائے:

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ۔ (النمل:۶۵) آپ کہیے کہ آسمانوں میں اور زمینوں میں اللہ کے سوا کوئی (از خود) غیب نہیں جانتا۔

پس اس آیت میں جس غیب کی نفی کی گئی ہے اس سے مراد وہ غیب ہے جس کا سورۂ لقمان میں ذکر ہے اور رہی یہ آیت:

عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ۝ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ۔ (الجن:۲۶۔۲۷) وہ ہر غیب کا جاننے والا ہے سو وہ اپنے ہر غیب پر کسی کو مکمل مطلع نہیں فرماتا O ماسوا ان کے جن کو اس نے پسند فرما لیا ہے جو اس کے (سب) رسول ہیں۔

پس ممکن ہے اس آیت کی تفسیر امام الطیالسی کی روایت کردہ حدیث کے مطابق کی جائے اور وہ جو صریح قرآن سے ثابت ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ وہ لوگوں کو خبر دیتے ہیں کہ وہ کیا کھا کر آئے ہیں اور کیا گھر میں ذخیرہ کیا ہے اور حضرت یوسف علیہ السلام نے قیدیوں کے خواب کی تعبیر بیان کی اور اس قسم کے دوسرے واقعات، یہ معجزات اور کرامات کی قبیل سے ہیں، پس ان میں سے ہر چیز کا سورۃ الجن ۲۷۔۲۶ سے استفادہ کرنا ممکن ہے کیونکہ اس آیت کا تقاضا یہ ہے کہ رسولوں کو بعض غیوب پر اطلاع دی جاتی ہے اور ولی رسول کے تابع ہے، وہ رسول سے غیب کا علم حاصل کرتا ہے اور اس کی تکریم کی جاتی ہے اور ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ رسول کو وحی کی تمام اقسام سے اطلاع دی جاتی ہے اور ولی صرف خواب یا الہام کے ذریعے غیب پر مطلع ہوتا ہے۔
(فتح الباری ج ۵ ص ۷۷۰، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

لقمان: ۳۴ کی تفسیر میں مصنف کی تحقیق

ہم نے سورۂ لقمان: ۳۴ کی تفسیر میں لکھا ہے: یعنی قیامت کا علم کلی، ذاتی اور محیط اللہ ہی کے پاس ہے، علم کلی اور محیط کی قید اس لیے ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قیامت کی علامات بتائیں کہ قرب قیامت میں مہدی کا ظہور ہوگا (سنن ابوداؤد: ۴۲۹۰) اور فرمایا: قیامت سے پہلے حضرت عیسیٰ کا نزول ہوگا، یاجوج وماجوج کا ظہور ہوگا (صحیح مسلم: ۲۹۰۱) اور آپ نے فرمایا: محرم کی دس (۱۰) تاریخ کو قیامت واقع ہوگی (فضائل الاوقات للبیہقی ص ۴۴۱) اور یہ بھی فرمایا کہ جمعہ کے دن قیامت آئے گی (صحیح مسلم: ۸۵۴) اور یہ بھی بتا دیا کہ جمعہ کے دن عصر اور مغرب کے دن قیامت آئے گی (الاسماء والصفات للبیہقی ص ۳۸۳) آپ نے وقوع قیامت کے بارے میں سب کچھ بتا دیا صرف سن نہیں بتایا کیونکہ اگر آپ سن بھی بتا دیتے تو ہمیں آج معلوم ہوتا کہ قیامت آنے میں اتنے سال رہ گئے ہیں اور قیامت کا آنا اچانک نہ رہتا حالانکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً۔ (الاعراف:۱۸۷) قیامت تمہارے پاس اچانک ہی آئے گی۔

اگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم قیامت کا سن بھی بتا دیتے تو قیامت کا آنا اچانک نہ رہتا اور قرآن جھوٹا ہو جاتا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کے مصدق بن کر آئے تھے اس کے مکذب بن کر نہیں آئے تھے، سو آپ نے قرآن کی تصدیق کے لیے قیامت کا سن نہیں بتایا اور اپنے علم کے اظہار کے لیے وقوع قیامت کی تمام نشانیاں مہینہ، تاریخ، دن اور ان کا مخصوص وقت سب کچھ بتا دیا۔

اور اس آیت میں بارش نازل ہونے کے علم کی بھی نفی ہے، اس کا بھی یہی معنی ہے کہ بارش کا کل علم اللہ تعالیٰ کے ساتھ مختص ہے ورنہ حضرت یوسف علیہ السلام نے بھی بارش نازل ہونے کی خبر دی ہے، فرمایا:

ثُمَّ يَأْتِي مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيهِ يُغَاثُ النَّاسُ۔ (یوسف:۴۹) اس کے بعد جو سال آئے گا اس میں لوگوں پر خوب بارش نازل کی جائے گی۔

اور ہمارے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی بارش کے نزول کی خبر دی ہے:

امام شافعی نے کتاب الام میں المطلب بن حطب سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات اور دن کی ہر ساعت میں بارش نازل ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ جہاں چاہتا ہے اس بارش کو لے جاتا ہے۔ (مسند شافعی، ص ۸۲، الدر المنثور، ص ۷۹)

سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ کوئی سال دوسرے سال سے زیادہ بارش والا نہیں ہوتا لیکن اللہ تعالیٰ اس بارش کو جہاں چاہتا ہے لے جاتا ہے اور بارش کے ساتھ فلاں فلاں فرشتے نازل ہوتے ہیں اور وہ لکھتے ہیں کہ کہاں بارش ہو رہی ہے اور کس کو رزق مل رہا ہے اور اس کے قطروں سے کیا پیدا ہو رہا ہے۔ (المستدرک ج ۲ ص ۴۰۳)

اور اس آیت میں ماؤں کے رحم میں کیا ہے، اس کے علم کی بھی نفی ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کا علم بھی مخلوق کو عطا فرمایا ہے، قرآن مجید میں ہے کہ فرشتوں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حضرت اسحاق علیہ السلام کی بشارت دی، فرمایا:

قَالُوا لَا تَخَفْ وَبَشَّرُوهُ بِغُلَامٍ عَلِيمٍ ۝ (الذاریات:۲۸) فرشتوں نے کہا: آپ مت ڈریں اور ان کو علم والے لڑکے کی بشارت دی ۝

اور فرشتوں کو بتا دیا جاتا ہے کہ ماں کے پیٹ میں لڑکا ہے یا لڑکی اور فرشتے ماں کے پیٹ میں لکھ دیتے ہیں۔ (صحیح البخاری:۳۱۸)

اسی طرح ہمارے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ سیدتنا فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں حسن پیدا ہوں گے۔ (سنن ابن ماجہ:۳۹۲۳)

اس آیت میں آئندہ کل کے علم کی بھی نفی کی گئی ہے۔ اس کا جواب یہ ہے:

اللہ تعالیٰ نے کل اور آئندہ ہونے والے واقعات سے بھی انبیاء اور بالخصوص سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو آگاہ فرمایا۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے آئندہ پیش آنے والے واقعات کے سلسلے میں بتایا:

قَالَ تَزْرَعُونَ سَبْعَ سِنِينَ دَأَبًا فَمَا حَصَدْتُمْ فَذَرُوهُ فِي سُنْبُلِهِ إِلَّا قَلِيلًا مِمَّا تَأْكُلُونَ ۝ ثُمَّ يَأْتِي مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَأْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ إِلَّا قَلِيلًا مِمَّا تُحْصِنُونَ ۝ (یوسف:۴۷۔۴۸)

(حضرت) یوسف نے کہا: تم لگاتار سات سال تک معمول کے مطابق کاشتکاری کرنا اور فصل کاٹ کر اس کو خوشوں میں رہنے دینا سوا اپنے کھانے کی تھوڑی چیزوں کے ۝ اس کے بعد سات سخت قحط کے سال آئیں گے وہ تمہارے ذخیرہ کیے ہوئے غلے کو کھا جائیں گے سوا اس تھوڑے سے غلے کے جس کی تم حفاظت کرو گے ۝

حضرت یوسف علیہ السلام نے اللہ کے دیئے ہوئے علم سے صرف کل کی نہیں چودہ سال پہلے کی خبر دی تھی اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کل کی خبر دیتے ہوئے فرمایا: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا يَفْتَحُ اللهُ عَلَى يَدَيْهِ (صحیح البخاری:۳۷۰۱) کل میں جھنڈا اس کو عطا کروں گا جس

کے ہاتھ پر اللہ خیبر کو فتح کرے گا۔

اس آیت میں مرنے کی جگہ کے علم کی بھی نفی کی گئی ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنی قید کے ایک ساتھی سے یہ فرمایا تھا: تمہیں سولی دی جائے گی (یوسف:۴۱) اس کا معنی یہ ہے کہ حضرت یوسف نے اس کو بتادیا کہ تمہیں پھانسی کے تختے پر موت آئے گی اس سے واضح ہوگیا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کو اس کے مرنے کی جگہ کا علم تھا اور ہمارے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقتولین بدر کے متعلق فرمایا: هذا مَصْرَعُ فُلانٍ ان شاء اللهُ غَدًا (صحیح مسلم: ۲۸۷۳) ان شاء اللہ کل فلاں کافر اس جگہ قتل ہوگا، خلاصہ یہ ہے کہ ان پانچ چیزوں کا بالذات، بلا واسطہ اور از خود علم تو اللہ تعالیٰ کا خاصہ ہے اور ان پانچ چیزوں کا کلی علم بھی اللہ تعالیٰ کا خاصہ ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی تعلیم اور اس کے بتانے سے ان کی جزئیات کا علم فرشتوں کو بھی ہے اور نبیوں اور رسولوں کو بھی ہے اور جس کا مرتبہ جتنا زیادہ ہے اس کو اتنا زیادہ علم ہے اور ان جزئیات کا سب سے زیادہ علم ہمارے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہے۔

(انوار تبیان القرآن ص ۶۶۲۔۶۶۱، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

۴۷۷۸۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ رضی الله عنهما قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ مَفَاتِيحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ ثُمَّ ﴿إِنَّ اللهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ﴾ (لقمان:۳۴)

امام بخاری روایت کرتے ہیں، ہمیں یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے ابن وہب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے عمر بن محمد بن زید بن عبداللہ بن عمر نے حدیث بیان کی، انہوں نے بتایا کہ ان کے والد نے یہ حدیث بیان کی کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مفاتیح الغیب پانچ ہیں، پھر یہ آیت پڑھی: اِنَّ اللهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ۔ (لقمان:۳۴) بے شک قیامت کا علم اللہ ہی کے پاس ہے۔

یہ حدیث صحیح البخاری: ۱۰۳۹ میں گزر چکی ہے۔

اس حدیث کی شرح وہی ہے جو اس سے پہلے فتح الباری اور انوار تبیان القرآن کے حوالہ سے گزر چکی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سورۂ لقمان کی امام بخاری کی کی ہوئی تفسیر مکمل ہوگئی اور اس کے بعد ان شاء اللہ سورۃ السجدۃ کی تفسیر شروع ہوگی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۳۲۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ السَّجْدَۃِ

سورۃ السجدۃ کی تفسیر

سورۃ السجدۃ کا تعارف

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں: یہ سورۃ السجدۃ کی بعض آیات کی تفسیر ہے، مقاتل نے کہا سورۃ السجدۃ مکی ہے اور اس میں ایک مدنی آیت ہے اور وہ یہ ہے: تَتَجَافٰی جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ (السجدۃ:۱۶) کیونکہ یہ انصار کے متعلق نازل ہوئی اور علامہ سخاوی نے کہا اس کے بعد سورۃ المومنون نازل ہوئی ہے اور اس سورت میں تیس (۳۰) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۶۱)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَهِينٍ ضَعِيفٍ نُطْفَةُ الرَّجُلِ۔ اور مجاہد نے کہا: مَهِيْن کا معنی ہے: ضعیف اور اس سے مراد ہے: مرد کا نطفہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۝ (السجدۃ:۸) پھر ایک حقیر پانی کے نچوڑ سے اس کی نسل بڑھائی O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا ہے کہ مجاہد نے مہین کا معنی ضعیف کیا ہے، پھر کہا: حقیر پانی سے مراد مرد کا نطفہ ہے، اس حدیث کی امام ابن ابی حاتم نے روایت کی ہے۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۶۱)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس تعلیق کی شرح میں کوئی اضافہ نہیں کیا۔ (فتح الباری ج۵ ص۱۷۷)

ضَلَلْنَا هَلَكْنَا۔ ضَلَلْنَا کا معنی ہے: هَلَكْنَا یعنی جب ہم ہلاک ہو جائیں گے اور مر جائیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۭ بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝ (السجدۃ:۱۰) اور (کافروں نے) کہا: جب ہم مٹی میں مل جائیں گے تو کیا پھر ہماری ازسرنو پیدائش ہوگی؟ بلکہ وہ اپنے رب سے ملاقات کے منکر ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مجاہد کے حوالے سے ضَلَلْنَا کی تفسیر کی ہے: جب ہم ہلاک ہو جائیں گے اور دوسروں نے کہا کہ جب ہم مٹی میں مل جائیں گے کیونکہ جب میت کو دفن کر دیا جائے تو کہا جاتا ہے: اَضَلَّ الْمَيِّتُ، اور جب تم اس کو دفن کر دو تو کہتے ہو: اَضْلَلْتُهٗ۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۶۱)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس شرح پر کوئی اضافہ نہیں کیا۔ (فتح الباری ج۵ ص۱۷۷)

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْجُرُزُ الَّتِي لَا تُمْطَرُ إِلَّا مَطَرًا لَا يُغْنِي عَنْهَا شَيْئًا۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: اَلْجُرُزُ اس زمین کو کہتے ہیں جہاں بہت کم بارش ہوتی ہے جس سے زمین کو بہت کم فائدہ ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا۔ (السجدۃ:۲۷) کیا انہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ ہم پانی کو بنجر زمین کی طرف بہا کر لے جاتے ہیں، پھر ہم اس سے فصل اگاتے ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت ابن عباس نے اَلْجُرُزُ کی تفسیر اس زمین کے ساتھ کی ہے جہاں بارش نہیں ہوتی، ایک قول یہ ہے کہ اس سے مراد وہ زمین ہے جو بہت سخت ہو، خشک ہو، جہاں کوئی پیداوار نہ ہوتی ہو۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۱۶۲)

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: مجاہد نے کہا: یہ اَبْیَنْ کی زمین ہے، الحربی نے کہا: ابین یمن کا ایک مشہور شہر ہے اور غالباً مجاہد نے یہ اس وقت کہا تھا جب اَبْیَنْ کی زمین کوئی چیز پیدا نہیں کرتی تھی، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا ہے کہ یہ یمن کی زمین ہے، اور امام ابوعبیدہ نے کہا: یہ وہ سخت زمین ہے جو خشک ہو اور اس پر بارش نہ ہوتی ہو۔ (فتح الباری ج۵ ص ۱۷۷)

يَهْدِ يُبَيِّنْ۔ يَهْدِ: اس کا معنی ہے: بیان کرنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ۔ (السجدۃ:۲۶) کیا انہوں نے اس سے ہدایت حاصل نہیں کی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی قوموں کو ہلاک کر دیا ہے جو اپنے گھروں میں چلتے پھرتے تھے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے يَهْدِ کی تفسیر يُبَيِّنْ کے ساتھ کی ہے، اور امام طبری نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت کی ہے کہ کیا ہم نے ان کے لیے بیان نہیں کر دیا؟ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۱۶۲۔۱۶۱)

۱۔ بَابٌ: فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ۔ (السجدۃ:۱۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سو کوئی شخص نہیں جانتا کہ اس کی آنکھوں کی ٹھنڈک کے لیے کن نعمتوں کو چھپا کر رکھا گیا ہے۔ (السجدۃ:۱۷) کی تفسیر

۴۷۷۹۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی الله عنه عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ قَالَ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِيْنَ مَا لَا عَيْنٌ رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ ﴿فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ﴾ (السجدۃ:۱۷)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از ابی الزناد از الاعرج از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ از رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، آپ نے بیان کیا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ بیان فرماتا ہے: میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے نعمتیں تیار کر رکھی ہیں جن کو کسی آنکھ نے دیکھا ہے اور نہ کسی کان نے سنا ہے اور نہ کسی بشر کے دل میں ان کا خیال آیا ہے۔ حضرت ابو ہریرہ نے کہا: اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھو: فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ (السجدۃ:۱۷) سو کوئی شخص نہیں جانتا کہ اس کی آنکھوں کی ٹھنڈک کے لیے کن نعمتوں کو چھپا کر رکھا گیا ہے۔

Marfat.com

یہ حدیث صحیح البخاری: ۳۲۴۴ میں گزر چکی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اپنی حدیث میں یہ اضافہ کیا ہے: اور نہ ان کو کوئی مقرب فرشتہ جانتا ہے اور نہ مرسل۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۶۲)

وَحَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ اللهُ مِثْلَهُ قِيلَ لِسُفْيَانَ رِوَايَةً قَالَ فَأَيُّ شَيْءٍ؟ وَقَالَ أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ قَرَأَ أَبُو هُرَيْرَةَ قُرَّاتِ۔

اور ہم کو علی نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: ہم کو سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہم کو ابو الزناد نے حدیث بیان کی از اعرج از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا، یہ حدیث بھی سفیان کی روایت کے مثل ہے اور سفیان سے پوچھا گیا: کیا یہ روایت ہے؟ انہوں نے کہا: پھر اور کیا چیز ہے؟ اور ابو معاویہ نے کہا الاعمش از ابو صالح کہ حضرت ابو ہریرہ نے پڑھا: قُرَّاتِ۔

علامہ عینی لکھتے ہیں:

سفیان سے پوچھا: گیا کیا یہ روایت ہے؟ یعنی کیا یہ الفاظ تم نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کر رہے ہو یا تم اپنے اجتہاد سے کہہ رہے ہو تو انہوں نے کہا: اگر یہ روایت نہیں ہے تو پھر اور کیا چیز ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۶۳)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے:

اس حدیث کا سبب یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب سے سوال کیا کہ اہل جنت میں سے سب سے بڑا مرتبہ کس کا ہے؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں نے ان کی تکریم کا پودا اپنے ہاتھ سے اگایا ہے اور میں نے اس پر مہر لگا دی ہے اور جس کو نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہے، نہ کسی کان نے سنا ہے اور نہ کسی بشر کے دل میں اس کا خیال آیا ہے۔ اس حدیث کی امام مسلم نے روایت کی ہے اور امام ترمذی نے اس حدیث کی بہت طویل روایت کی ہے جو حضرت مغیرہ بن شعبہ سے مروی ہے۔

(فتح الباری ج ۵ ص ۷۷۶، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۴۷۸۰۔ حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُولُ اللهُ تَعَالَى أَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِينَ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ ذُخْرًا بَلْهَ مَا أُطْلِعْتُمْ عَلَيْهِ ثُمَّ قَرَأَ ﴿فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم مِّن قُرَّةِ أَعْيُنٍ ۚ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴾ (السجدۃ: ۱۷)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے اسحاق بن نصر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو اسامہ نے حدیث بیان کی از الاعمش، انہوں نے کہا: ہمیں ابو صالح نے حدیث بیان کی از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی صلی اللہ علیہ وسلم، آپ فرماتے تھے: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے ان نعمتوں کو تیار کر رکھا ہے جن کو نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہے اور نہ کسی کان نے سنا ہے اور نہ کسی بشر کے دل میں ان کا خیال آیا ہے، میں نے ان کا ذخیرہ تیار کر رکھا ہے اس کو چھوڑو جس کی تم کو اطلاع دی گئی ہے، پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم مِّن قُرَّةِ أَعْيُنٍ ۚ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (السجدۃ: ۱۷)

Marfat.com

سو کوئی نہیں جانتا کہ اس کی آنکھوں کی ٹھنڈک کے لیے اس کے
اعمال کی جزاء میں کس نعمت کو چھپا کر رکھا گیا ہے O

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۲۴۴ میں گزر چکی ہے۔

بَلْهَ کے معنی کی تحقیق

علامہ بدرالدین عینی نے اس حدیث کی شرح میں بَلْهَ کے متعلق لکھا ہے:

اس کا معنی ہے: اس کو چھوڑو جس پر تم مطلع ہو چکے ہو، ایک قول ہے: ان کے سوا جن کا ذکر قرآن میں آچکا ہے جن پر تم مطلع ہو چکے ہو۔

علامہ خطابی نے کہا ہے: گویا کہ آپ کی مراد یہ تھی کہ اس کو چھوڑو جس پر تم مطلع ہو چکے ہو، اور میں نے ان کے لیے جو نعمتیں تیار کر رکھی ہیں وہ اس کے متعلق بہت تھوڑی ہیں، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا معنی ہے: اَجَلْ یعنی ہاں یا کیوں نہیں۔

اور لیث نے حکایت کی ہے کہ یہ فضل یعنی زائد کے معنی میں ہے گویا کہ یوں فرمایا: یہ وہ نعمتیں ہیں جن کو میں نے تم سے غائب رکھا تھا، اور یہ ان سے زائد ہیں جن پر تم مطلع ہو چکے ہو۔

ابن مالک نے کہا کہ معروف یہ ہے کہ بَلْهَ اسم فعل ہے اور اس کا معنی ہے: چھوڑو اور یہ اپنے بعد والے لفظ کو بہ طور مفعول نصب دیتا ہے۔

اور الاخفش نے کہا: کہ بَلْهَ یہاں پر مصدر ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۶۳، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے یہی لکھا ہے اور کچھ عبارت اس پر زائد ہے اور وہ یہ ہے:

علامہ ابن ہشام نے المغنی میں لکھا ہے: بَلْهَ کو تم معرب استعمال کرو اور یہ لفظ مِنْ سے مجرور ہے اور اس کا معنی ہے: غیر اور انہوں نے اس کے سوا ذکر نہیں کیا اور اس پر اعتراض ہے کیونکہ علامہ ابن التین نے حکایت کی ہے کہ بَلْهَ میں ہاء پر زبر ہے حالانکہ اس سے پہلے مِنْ موجود ہے، اس سے معلوم ہوا کہ یہ مبنی ہے معرب نہیں ہے اور ما مصدریہ ہے اور یہ اور اس کا صلہ بہ طور مبتداء کے مرفوع ہے اور اس کی خبر جار اور مجرور ہے جو مقدم ہے اور بَلْهَ سے مراد یہ ہے کہ کیسے اس کے مستبعد ہونے کا قصد کیا جائے گا اور اس کا معنی یہ ہے کہ تمہیں اس مقدار پر کیسے اطلاع ہوگی جس کا احاطہ کرنے سے بشر کی عقلیں عاجز ہیں اور اس طور پر بَلْهَ کے اوپر مِنْ کو داخل کرنا صحیح ہے جیسا کہ سید میر شریف نے کافیہ ابن حاجب کی شرح میں تحریر کیا ہے، میں کہتا ہوں: ان تمام توجیہات میں سب سے بہتر یہ ہے کہ یہ غَیْرَ کے معنی میں ہے یعنی ان نعمتوں کا خیال کسی بشر کے دل میں نہیں آیا ماسوا ان نعمتوں کے جن پر تم مطلع ہو چکے ہو۔
(فتح الباری ج ۵ ص ۲۷۲، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ السجدۃ کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث درج کی تھیں ان کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ سورۃ الاحزاب کی تفسیر شروع کی جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۳۳۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْأَحْزَابِ

سورۃ الاحزاب کی تفسیر

سورۃ الاحزاب کا تعارف

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الاحزاب کی بعض آیات کی تفسیر ہے اور یہ پوری سورت مدنی ہے، اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے، علامہ سخاوی نے کہا: یہ سورت آل عمران کے بعد اور سورۃ الممتحنہ سے پہلے نازل ہوئی ہے، اس سورت میں تہتر (۷۳) آیات ہیں۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ صَيَاصِيهِمْ قُصُورِهِمْ۔

مجاہد نے کہا: صَيَاصِيهِمْ: اس کا معنی ہے: ان کے محل یا ان کے قلعے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَأَنْزَلَ الَّذِينَ ظَاهَرُوهُمْ مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيهِمْ وَقَذَفَ فِي قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيقًا تَقْتُلُونَ وَتَأْسِرُونَ فَرِيقًا ﴿۲۶﴾ (الاحزاب:۲۶)

اور جن اہل کتاب نے ان حملہ آور مشرکوں کی مدد کی تھی اللہ نے ان کو ان قلعوں سے اتار لیا اور ان کے دلوں میں رعب طاری کر دیا کہ تم ان کے ایک گروہ کو قتل کر رہے ہو اور ایک گروہ کو قید کر رہے ہو○

علامہ عینی نے لکھا ہے کہ صیاصیھم، صَيْصَةٌ کی جمع ہے اور یہ وہ عمارت ہے جسے لوگوں کو محفوظ کرنے کے لیے بنایا جائے، اس آیت میں فرمایا: جن اہل کتاب نے ان حملہ آوروں کی مدد کی تھی یعنی جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مومنین کے خلاف قریش اور غطفان کی مدد کی تھی اور وہ بنو قریظہ ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۶۴۔ ۱۶۳)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس تعلیق کی شرح میں کچھ نہیں لکھا ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۷۳)

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: اس سے مراد بنو قریظہ کو قلعوں سے اتارنا ہے کیونکہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پچیس (۲۵) روز تک ان کا محاصرہ کیا تو انہوں نے کہا: ہم اوس کے سردار حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے حکم پر قلعہ سے نکل آئیں گے کیونکہ جاہلیت میں قبیلہ اوس یہودیوں کا حلیف تھا اور ان کا یہ گمان تھا کہ حضرت سعد ان کے ساتھ اسی طرح مصلحت اندیشی سے پیش آئیں گے جس طرح عبداللہ بن ابی سلول بنو قینقاع کے ساتھ پیش آیا تھا، اور ان کو یہ معلوم نہیں تھا کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے بازو کی ایک رگ میں ان کی طرف سے ایک تیر پیوست ہو چکا تھا (اس وجہ سے وہ اس موقع پر مدینہ منورہ میں نہیں تھے)، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو مدینہ سے بلایا تا کہ وہ بنو قریظہ کے متعلق فیصلہ کریں، جب حضرت سعد دراز گوش پر سوار ہو کر آئے تو قبیلہ اوس نے ان سے بنو قریظہ کے متعلق سفارش کی کہ ان سے نرم فیصلہ کریں، جب انہوں نے بہت اصرار کیا تو حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اب اس بات کا وقت آ گیا ہے کہ سعد اس بات کا ثبوت دے کہ اسے اللہ کی راہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی فکر نہیں ہے، حضرت سعد نے بنو قریظہ کے متعلق یہ فیصلہ کیا کہ بنو قریظہ میں جس قدر جنگ جو ہیں ان کو قتل کر دیا جائے، ان

Marfat.com

کی اولاد کو قید کرلیا جائے اور ان کے اموال پر قبضہ کرلیا جائے، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے سعد! تم نے ان کے متعلق وہی فیصلہ کیا ہے جو اللہ تعالیٰ کے ساتویں آسمان کے اوپر حکم تھا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم سے ان کو باندھا گیا اور ان کی گردنیں اڑادی گئیں، یہ سات سو (۷۰۰) یا آٹھ سو (۸۰۰) افراد تھے، ان کی عورتوں اور بچوں کو قید کرلیا گیا اور ان کے اموال کو ضبط کرلیا گیا۔

(تفسیر ابن کثیر ج ۳ ص ۵۲۴) (انوار تبیان القرآن ص ۶۷۲، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

معروفاً فی الکتاب: معروف کے معنی ہیں نیکی اور فی الکتاب سے مراد ہے کہ یہ حکم اللہ کی کتاب میں لکھا ہوا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّاۤ اَنْ تَفْعَلُوْۤا اِلٰۤى اَوْلِيٰٓـئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝ (الاحزاب:۶)

اللہ کی کتاب میں رشتہ دار دوسرے مومنوں اور مہاجروں کی بہ نسبت ایک دوسرے سے زیادہ قریب ہیں، مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں کے ساتھ کوئی نیکی کرو، یہ اللہ کی کتاب میں لکھا ہوا ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس تعلیق میں الکتاب کا ذکر ہے اور اس سے مراد قرآن ہے، ایک قول یہ ہے کہ اس سے مراد لوح محفوظ ہے، اور دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد تورات ہے۔ (عمدۃ القاری ۱۹ ص ۱۶۴)

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: امام عبدالرزاق نے اپنی سند کے ساتھ لکھا ہے کہ ابن جریج نے بیان کیا کہ میں نے عطاء سے اس آیت کے متعلق پوچھا کہ پہلے مسلمان اس کافر کو عطا کرتا تھا جس کے ساتھ اس کی رشتہ داری ہوتی تھی۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۷۳)

ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے کہ: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہجرت کی وجہ سے بعض مہاجرین کو بعض انصار کا بھائی بنادیا تھا، وہ ایک دوسرے کے وارث ہوتے تھے، اسی طرح بعض مسلمان دین میں ایک دوسرے کی حمایت کرنے کی وجہ سے دوستی کی بنا پر ایک دوسرے کے وارث ہوتے تھے، اس آیت کے نازل ہونے کے بعد وارث ہونے کی یہ تمام صورتیں منسوخ ہوگئیں اور صرف رشتہ دار ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے کے وارث ہونے کی صورت باقی رہ گئی۔ (انوار تبیان القرآن، ص ۶۶۸، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

۱۔ بَابٌ: اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ۔ (الاحزاب:۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: نبی ایمان والوں کی جانوں سے بھی زیادہ ان کے مالک ہیں (الاحزاب:۶) کی تفسیر

علامہ عینی نے اس آیت کا یہ معنی لکھا ہے کہ نبی مومنوں سے ہر چیز میں خواہ اس کا تعلق دین سے ہو یا دنیا سے ہو زیادہ حق دار ہے، کیونکہ یہ آیت مطلق ہے اور اس میں کوئی قید نہیں ہے۔

۴۷۸۱۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ عَمْرَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ مَا مِنْ مُؤْمِنٍ اِلَّا وَاَنَا اَوْلَى النَّاسِ بِهٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ ﴿اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ﴾ (الاحزاب:۶) فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ تَرَكَ مَالًا فَلْيَرِثْهُ عَصَبَتُهُ مَنْ كَانُوْا فَاِنْ تَرَكَ دَيْنًا اَوْ ضَيَاعًا فَلْيَاْتِنِيْ فَاَنَا مَوْلَاهُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابراہیم بن المنذر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں محمد بن فلیح نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی از ہلال بن علی از عبدالرحمٰن بن ابی عمرۃ از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، آپ نے فرمایا: جو بھی مومن ہے میں دنیا اور آخرت میں اس کا لوگوں سے زیادہ حق دار ہوں اور اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھو: اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ (الاحزاب:۶) نبی ایمان والوں کی جانوں سے بھی زیادہ ان کے مالک ہیں، پس جس

Marfat.com

مومن نے ترکہ میں مال چھوڑا تو اس کے وارث اس کے قریبی رشتہ دار ہوں گے اور اگر اس نے قرض چھوڑا یا اولاد چھوڑی تو وہ میرے پاس آئے میں اس کا کفیل ہوں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۲۹۸ میں گزر چکی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: ضیاع کا معنی ہے: مرنے والے کی اولاد کیونکہ جب ان کے پاس کوئی مال نہیں ہوگا اور نہ کوئی ان کا کفیل ہو گا تو وہ ضائع ہو جائیں گے، اور مولیٰ کے معنی ہیں: مددگار۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۶۴)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: اس حدیث کی شرح ان شاء اللہ کتاب الفرائض میں آئے گی۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۷۳)

۲۔ بَابٌ: اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ۔ (الاحزاب: ۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: منہ بولے بیٹوں کو ان کے حقیقی باپوں کی طرف منسوب کر کے پکارو یہ اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف کی بات ہے (الاحزاب: ۵) کی تفسیر

علامہ عینی نے لکھا ہے: کہ اَقْسط کا معنی ہے: یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ عدل کی بات ہے۔

۴۷۸۲۔ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِي سَالِمٌ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رضى الله عنهما أَنَّ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ مَوْلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ مَا كُنَّا نَدْعُوهُ إِلَّا زَيْدَ بْنَ مُحَمَّدٍ حَتَّى نَزَلَ الْقُرْآنُ ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللهِ۔

(صحیح مسلم: ۲۴۲۵، سنن ترمذی: ۳۸۴۰۔ ۳۲۲۰، مسند احمد: ۵۴۸۰)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں معلیٰ بن اسد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالعزیز بن المختار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں موسیٰ بن عقبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے سالم نے حدیث بیان کی از حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہ حضرت زید بن حارثہ رسول اللہ ﷺ کے آزاد کردہ غلام تھے، ہم ان کو صرف زید بن محمد کہہ کر بلاتے تھے حتیٰ کہ قرآن کی یہ آیت نازل ہوگئی: اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ (الاحزاب: ۵) منہ بولے بیٹوں کو ان کے حقیقی باپوں کی طرف منسوب کر کے پکارو، یہ اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف کی بات ہے۔

علامہ عینی نے لکھا ہے کہ: عنقریب حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث آئے گی، اس میں ہے کہ جو شخص زمانہ جاہلیت میں کسی کو اپنا بیٹا بنا لیتا تو لوگ اس کو اسی کی طرف منسوب کر کے پکارتے تھے اور وہ اس کی میراث کا وارث ہوتا تھا حتیٰ کہ یہ آیت نازل ہوگئی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۶۵)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس شرح پر کوئی خاص اضافہ نہیں کیا۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۷۳)

۳۔ بَابٌ: فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۫ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ۝ (الاحزاب: ۲۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سو ان میں سے بعض نے (شہید ہو کر) اپنی نذر پوری کر دی اور ان میں سے بعض منتظر ہیں اور انہوں نے (اپنے وعدہ میں) کوئی تبدیلی نہیں کی ○ (الاحزاب: ۲۳) کی تفسیر

نَحْبَهُ عَهْدَهُ۔ نَحْبَهُ کا معنی ہے: اس کا عہد۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ (الاحزاب: ۲۳) سو ان میں سے بعض نے (شہید ہو کر) اپنی نذر پوری کر دی اور ان میں سے بعض منتظر ہیں، اور انہوں نے (اپنے وعدہ میں) کوئی تبدیلی نہیں کی ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: اَلنَّحْب کا معنی ہے: نذر اور اَلنَّحْب کا معنی ہے: الموت، مقاتل سے روایت ہے کہ اس کا معنی ہے: اس کی مدت حیات پوری ہو گئی، پس وہ نذر پوری ہونے کے بعد شہید ہو گیا یعنی حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ اور ان کے اصحاب رضی اللہ عنہم اور ایک قول یہ ہے کہ اس نے اپنا عہد پورا کرنے کے لیے اپنی پوری کوشش صرف کی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۶۵)

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: امام ابوعبیدہ نے اس کی تفسیر میں لکھا ہے کہ اس نے اپنی نذر پوری کی اور النحب کا معنی النفس بھی ہے اور النحب کا معنی بہت بڑا کام بھی ہے اور دوسروں نے کہا: نَحْب کا معنی نذر ہے، پھر اس کو ہر چیز کے آخر میں استعمال کیا گیا، اور امام عبدالرزاق نے اس آیت کی تفسیر میں یہ روایت ذکر کی ہے کہ اس نے عہد پورا کرنے میں اپنی مدت حیات پوری کر دی اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تو آپ نے فرمایا: اے طلحہ! تم ان لوگوں میں سے ہو جنہوں نے اپنے عہد کو پورا کر لیا۔ اس حدیث کی امام ابن ماجہ اور امام حاکم نے بھی روایت کی ہے اور ان میں اس طرح تطبیق دی جا سکتی ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کو مجاز پر محمول کیا جائے اور قضیٰ بہ معنی یقضی ہے یعنی اے طلحہ! تم ان لوگوں میں سے ہو جو اپنی نذر کو پورا کریں گے، اور امام ابن ابی حاتم کی تفسیر میں مذکور ہے کہ ان میں سے حضرت عمار بن یاسر بھی ہیں اور حضرت حمزہ اور ان کے اصحاب بھی ہیں رضی اللہ عنہم اور حضرت انس بن مالک نے کہا: ان میں سے حضرت انس بن النضر بھی ہیں اور امام حاکم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ان میں سے حضرت مصعب بن عمیر بھی ہیں۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۷۴)

أَقْطَارِهَا جَوَانِبُهَا الْفِتْنَةَ لَآتَوْهَا لَأَعْطَوْهَا۔ اَقْطَارُهَا: اس کا معنی ہے: اس کی جوانب اور اطراف۔ اَلْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا یعنی وہ فتنے میں ضرور داخل ہو جاتے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا ﴿۱۴﴾ (الاحزاب: ۱۴) اور اگر مدینہ کے چاروں اطراف سے ان پر لشکر حملہ آور ہوتے، پھر ان سے شرک کو طلب کیا جاتا تو وہ ضرور شرک کر لیتے اور وہ اس میں ذرا دیر نہ کرتے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کا معنی ہے: اگر کفار کی جماعتیں مدینہ میں داخل ہوتیں اور وہ ان منافقین کو شرک کرنے کا حکم دیتیں تو وہ ان کی بات ماننے میں بالکل دیر نہ کرتے اور اسلام سے (ظاہراً بھی) مرتد ہو جاتے اور کفر کرتے اور اس آیت میں فتنہ سے مراد شرک ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۶۵)

۴۷۸۳۔ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْأَنْصَارِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ ثُمَامَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی الله عنه قَالَ نُرَى هٰذِهِ امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں محمد بن عبداللہ الانصاری نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے میرے والد نے حدیث بیان کی از

الْآيَةَ نَزَلَتْ فِي أَنَسِ بْنِ النَّضْرِ ﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَاعَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ﴾ (الاحزاب:۲۳)

ثمامہ از حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ، انہوں نے کہا، ہم یہ گمان کرتے تھے کہ یہ آیت حضرت انس بن النضر کے متعلق نازل ہوئی ہے: مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَاعَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ (الاحزاب:۲۳) مومنوں میں کچھ ایسے (ہمت والے) مرد ہیں جنہوں نے اس عہد کو سچا کر دکھایا جو انہوں نے اللہ سے کیا تھا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری:۲۸۰۵ میں گزر چکی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں، حضرت انس بن النضر الانصاری رضی اللہ عنہ حضرت انس بن مالک انصاری کے چچا ہیں۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۶۶)

ہم نے لکھا ہے کہ ان مومنوں نے اللہ سے یہ عہد کیا تھا کہ وہ دین اسلام کی سربلندی کے لیے آئندہ کفار کے خلاف جہاد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ثابت قدم رہیں گے اور وہ مسلسل قتال کرتے رہیں گے حتیٰ کہ وہ شہید ہو جائیں گے، یہ مومنین حضرت عثمان بن عفان، حضرت طلحہ بن عبید اللہ، حضرت سعید بن زید، حضرت حمزہ، حضرت مصعب بن عمیر اور حضرت انس بن نضر وغیرہم رضی اللہ عنہم تھے۔ (انوار تبیان القرآن ص ۶۲۱، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

۴۷۸۴۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ لَمَّا نَسَخْنَا الصُّحُفَ فِي الْمَصَاحِفِ فَقَدْتُ آيَةً مِنْ سُورَةِ الْأَحْزَابِ كُنْتُ كَثِيرًا أَسْمَعُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقْرَؤُهَا لَمْ أَجِدْهَا مَعَ أَحَدٍ إِلَّا مَعَ خُزَيْمَةَ الْأَنْصَارِيِّ الَّذِي جَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ شَهَادَتَهُ شَهَادَةَ رَجُلَيْنِ ﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَاعَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ﴾ (الاحزاب:۲۳)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابوالیمان نے حدیث بیان کی، وہ کہتے ہیں کہ ہمیں شعیب نے خبر دی از الزہری انہوں نے کہا: مجھے خارجہ بن زید بن ثابت نے خبر دی کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے بیان کیا: جب ہم قرآن مجید کو مصاحف میں لکھ رہے تھے تو میں نے سورۃ الاحزاب کی ایک آیت کو گم پایا جس کو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی بار پڑھتے ہوئے سنا تھا، وہ آیت مجھے حضرت خزیمہ الانصاری رضی اللہ عنہ کے سوا اور کسی کے پاس نہیں ملی جن کی شہادت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو شہادتوں کے برابر قرار دیا تھا، وہ آیت یہ تھی: مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ (الاحزاب:۲۳) مومنوں میں سے کچھ ایسے (ہمت والے) مرد ہیں جنہوں نے اس عہد کو سچا کر دکھایا جو انہوں نے اللہ سے کیا تھا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری:۲۸۰۷ میں گزر چکی ہے۔

حضرت خزیمہ بن ثابت کی شہادت کو دو مردوں کی شہادت کے برابر قرار دینے کی توجیہ

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

یہ حدیث اس پر دلالت کرتی ہے کہ حضرت زید بن ثابت قرآن کو جمع کرنے میں اپنے علم پر اعتماد نہیں کرتے تھے اور نہ اپنے حفظ کے اوپر انحصار کرتے تھے لیکن اس حدیث میں یہ اشکال ہے کہ انہوں نے صرف حضرت خزیمہ سے اس آیت کو سننے پر اکتفاء

Marfat.com

کرلیا حالانکہ قرآن مجید تو تواتر سے ثابت ہے اور مجھ پر جو اس کا جواب منکشف ہوا وہ یہ ہے کہ: حضرت زید نے جو کہا کہ میں نے اس آیت کو گم پایا اس کا یہ معنی نہیں ہے کہ انہوں نے اس کا جود بالکل نہیں پایا بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے اس آیت کو لکھا ہوا نہیں پایا کیونکہ یہ آیت ان کو بھی حفظ تھی اور دوسروں کو بھی حفظ تھی، اور یہ اس کی دلیل ہے کہ جمع القرآن کی حدیث میں ہے کہ میں قرآن مجید کو کاغذ کے ٹکڑوں اور ہڈیوں پر لکھا ہوا تلاش کرتا تھا جیسا کہ عنقریب فضائل قرآن میں تفصیل سے آئے گا۔

حضرت زید نے کہا کہ حضرت خزیمہ انصاری کی شہادت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو مردوں کی شہادت کے برابر قرار دیا تھا، اس میں اس قصہ کی طرف اشارہ ہے جس کو امام ابوداؤد اور امام نسائی نے حضرت خزیمہ کے چچا سے روایت کیا ہے اور وہ بھی صحابی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک اعرابی سے گھوڑا، خریدا پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس گھوڑے کی قیمت لینے گھر گئے، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جلدی جلدی جا رہے تھے اور اعرابی آہستہ آہستہ چل رہا تھا، پھر دوسرے لوگوں نے اس اعرابی سے گھوڑے کی قیمت پوچھی حتیٰ کہ اس کی قیمت میں اضافہ کیا، پھر جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کی قیمت لے کر آئے تو اس اعرابی نے کہا: آپ اس پر گواہ لائیں کہ میں نے اس گھوڑے کی آپ کے ساتھ بیع کی ہے، پھر مسلمانوں میں سے کسی شخص نے کہا: تجھ پر افسوس ہے، کیا تجھے نہیں معلوم کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق کے سوا کوئی بات نہیں کہتے حتیٰ کہ حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ اس موقع پر آئے اور انہوں نے یہ بحث سنی تو انہوں نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ تم نے اس گھوڑے کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیع کر دی تھی، ان سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا کہ تم کس بناء پر گواہی دے رہے ہو؟ انہوں نے کہا: آپ کی نبوت کی تصدیق کی بنا پر تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت خزیمہ کی شہادت کو دو مردوں کی شہادت کے برابر قرار دے دیا، اور امام طبرانی کی روایت میں ہے کہ اس اعرابی کا نام سواد بن الحارث تھا۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۷۴، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

اس اعتراض کا جواب کہ جس آیت کو حضرت خزیمہ نے گم پایا تھا اس کی تعیین میں تعارض ہے

علامہ عینی نے اس حدیث کی شرح میں لکھا ہے:

اس حدیث میں یہ ذکر ہے کہ جس آیت کو حضرت زید بن ثابت نے گم پایا تھا وہ یہ تھی: مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ (الاحزاب: ۲۳) اور یہ بھی کہا گیا ہے: جو آیت حضرت خزیمہ نے گم پائی تھی وہ سورۂ توبہ کی آخری آیت تھی جو صرف خزیمہ کے پاس سے ملی تھی۔ اور اس کا یہ جواب دیا گیا ہے کہ یہاں حصر کی کوئی دلیل نہیں ہے کہ صرف ایک آیت حضرت زید کو نہیں ملی تھی جو صرف حضرت خزیمہ کے پاس تھی اور اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ یہ دونوں آیتیں صرف حضرت خزیمہ کے پاس لکھی ہوئی ہوں اور دوسروں کے پاس لکھی ہوئی نہ ہوں، اور دوسرا جواب یہ ہے کہ پہلا واقعہ اس وقت کا ہے جب صحابہ اس آیت کو ہڈیوں وغیرہ سے تلاش کر کے مصحف میں نقل کر رہے تھے اور دوسرا واقعہ اس وقت کا ہے جب صحابہ آیتوں کو ایک مصحف سے دوسرے مصحف میں نقل کر رہے تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۶۶، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اختیار اور وسعت علم کی دلیل

میں کہتا ہوں: اس حدیث میں ایک تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اختیار اور آپ کے شارع ہونے پر دلیل ہے کیونکہ قرآن مجید میں ہے:

وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ۔ (البقرہ: ۲۸۲) اور تم اپنے مردوں میں سے دو گواہ بناؤ، تو پھر اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بہ ظاہر اس آیت کے خلاف صرف حضرت خزیمہ کی شہادت کو دو مردوں کی شہادت کے برابر قرار دے دیا۔ اس کی توجیہ یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس کا علم تھا کہ اس آیت میں جو دو مردوں کی شہادت کا قاعدہ بیان فرمایا ہے اس سے حضرت

Marfat.com

خزیمہ مستثنیٰ ہیں، اور دوسری دلیل یہ ہے کہ علم نبوت میں یہ بات تھی کہ ایک وقت آئے گا کہ سورۂ احزاب کی اور سورۂ توبہ کی ایک آیت حضرت خزیمہ کے سوا اور کسی کے پاس سے نہیں ملے گی تو اگر آپ حضرت خزیمہ کی شہادت کو دو مردوں کی شہادت کے برابر قرار نہ دیتے تو یہ آیتیں قرآن مجید میں درج ہونے سے رہ جاتیں، سو جس طرح یہ حدیث آپ کے اختیار کی دلیل ہے اسی طرح آپ کے علم کی وسعت کی بھی دلیل ہے۔ اس نکتہ کو بیان کرنے میں اللہ کے فضل وکرم سے یہ ناکارہ متفرد ہے۔

۴۔ بَابٌ: يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا ۝ (الاحزاب:۲۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے نبی! اپنی بیویوں سے کہیے: اگر تم دنیا کی زندگی اور اس کی زینت کو چاہتی ہو تو آؤ میں تم کو دنیا کا مال دوں اور تم کو اچھائی کے ساتھ رخصت کردوں ○ (الاحزاب:۲۸) کی تفسیر

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں: مفسرین نے بیان کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات آپ سے دنیا کا ساز وسامان اور خرچ میں اضافہ کو طلب کرتی تھیں اور آپ کو اس سے تکلیف پہنچتی تھی اور آپ نے ایک مہینے تک ان کے قریب نہ آنے کی قسم کھالی اور آپ اپنے اصحاب کی طرف بھی نہیں گئے، تب یہ آیت نازل ہوئی، جس میں مذکور ہے کہ اگر دنیا کی زندگی اور زینت یعنی دنیا میں کشادگی اور مال کی کثرت چاہتی ہو تو آؤ یعنی تم اپنے اختیار اور ارادے سے آؤ میں تم کو طلاق دے کر رخصت کردوں۔

ازواج مطہرات کو اختیار دینے کا معنی اور ان کو اختیار دینے کا سبب

اس میں علماء کا اختلاف ہے کہ آپ نے جو ازواج مطہرات کو اختیار دیا تھا اس کا کیا معنی ہے؟ حسن بصری اور قتادہ نے کہا: آپ نے ان کو دنیا اور آخرت کے درمیان اختیار دیا تھا، پس اگر وہ دنیا کو اختیار کرتیں تو آپ ان سے الگ ہو جاتے اور اگر وہ آخرت کو اختیار کرتیں تو آپ ان کو اپنے پاس رکھتے اور آپ نے ان کو طلاق میں اختیار نہیں دیا تھا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور مجاہد، شعبی اور مقاتل نے کہا ہے: بلکہ آپ نے ان کو طلاق کے درمیان اور آپ کے ساتھ رہنے کے درمیان اختیار دیا تھا اور اس وقت آپ کے نکاح میں نو (۹) ازواج مطہرات تھیں، پانچ (۵) قریش میں سے تھیں: (۱) حضرت عائشہ بنت ابی بکر (۲) حضرت حفصہ بنت عمر (۳) حضرت ام حبیبہ بنت ابی سفیان (۴) حضرت سودہ بنت زمعہ (۵) حضرت ام سلمہ بنت ابی امیہ، اور باقی چار یہ ہیں: (۶) حضرت صفیہ بنت حیی بن اخطب الخیریہ (۷) حضرت میمونہ بنت الحارث الہلالیہ (۸) حضرت زینب بنت جحش الاسدیہ (۹) حضرت جویریہ بنت الحارث المصطلقیہ۔

اس میں بھی اختلاف ہے کہ ازواج مطہرات کو اختیار دینے کا کیا سبب تھا؟ پس ایک قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ اختیار دیا تھا کہ آپ دنیا کا ملک رکھیں یا آخرت کی نعمتیں رکھیں تو آپ نے بھی اپنی ازواج مطہرات کو یہ اختیار دیا تھا تاکہ ان کا حال بھی آپ کے حال کی طرح ہو جائے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ وہ آپ کے اوپر غیرت کرتی تھیں تو آپ ایک مہینے کے لیے ان سے الگ ہو گئے، تیسرا قول یہ ہے کہ ایک دن ازواج مطہرات جمع ہوئیں، پس انہوں نے کہا: ہم بھی دوسری عورتوں کی طرح زیورات چاہتی ہیں حتیٰ کہ ان میں سے بعض نے کہا: اگر ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی اور کے پاس ہوتیں تو ہمارے پاس بہت عمدہ کپڑے ہوتے، بہت نفیس زیورات ہوتے۔ (مصنف اس قول سے اللہ کی پناہ طلب کرتا ہے)، چوتھا قول یہ ہے کہ ازواج مطہرات میں سے ہر ایک نے کچھ نہ کچھ طلب کیا جس کی بہ ظاہر آپ کے پاس استطاعت نہ تھی، پس حضرت ام سلمہ نے ایک منقش لباس کو طلب کیا اور

Marfat.com

حضرت میمونہ نے حلہ یمانیہ کو طلب کیا اور حضرت زینب نے دھاری دار کپڑوں کو طلب کیا جو کہ یمنی چادریں ہیں اور حضرت ام حبیبہ نے سوتی کپڑے کو طلب کیا اور حضرت حفصہ نے مصری کپڑوں کو طلب کیا اور حضرت جویریہ نے سر پر باندھنے کے کپڑوں کو طلب کیا اور حضرت سودہ نے خیبر کی چادر طلب کی سوائے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے، انہوں نے کوئی چیز طلب نہیں کی۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۶۷۔۱۶۶، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ مَعْمَرٌ التَّبَرُّجُ أَنْ تُخْرِجَ مَحَاسِنَهَا۔

معمر نے کہا: اَلتَّبَرُّج کا معنی یہ ہے کہ عورت اپنے حسن اور اپنی زیبائش کو ظاہر کرے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ قَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَ لَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُوْلٰى۔ (الاحزاب: ۳۳)

اور اپنے گھروں میں ٹھہری رہو اور قدیم جاہلیت کی طرح اپنے بناؤ سنگھار کی نمائش نہ کرو۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد اور قتادہ نے کہا کہ تَبَرُّج کا معنی ہے: تَبَخْتُر یعنی ناز سے چلنا اور نخرے دکھانا۔

سُنَّةَ اللهِ اسْتَنَّهَا جَعَلَهَا۔

سُنَّةَ اللہ: اس سے مراد وہ معمول اور وہ طریقہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے مقرر کیا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

سُنَّةَ اللهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ۔ (الاحزاب: ۳۳)

جو لوگ اس سے پہلے گزر چکے ہیں ان میں بھی اللہ کا یہی دستور تھا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: کتب تفسیر میں مذکور ہے: مثل ''اللہ کی سنت کے'' یعنی اس کے دستور کی مثل، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا معنی یہ ہے کہ تم اللہ کے دستور کی پیروی کرو، نیز فرمایا: جو لوگ پہلے گزر چکے ہیں، اس سے مراد ہے: گزشتہ انبیاء علیہم السلام کا جو طریقہ اور دستور رہا ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ اس میں نکاح کی سنت کی طرف اشارہ ہے کیونکہ یہ انبیاء علیہم السلام کی سنت ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۶۷)

۴۷۸۵۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ عَائِشَةَ رضی الله عنها زَوْجَ النَّبِيِّ ﷺ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ جَاءَهَا حِينَ أَمَرَهُ اللهُ أَنْ يُخَيِّرَ أَزْوَاجَهُ فَبَدَأَ بِي رَسُولُ اللهِ ﷺ فَقَالَ إِنِّي ذَاكِرٌ لَكِ أَمْرًا فَلَا عَلَيْكِ أَنْ لَا تَسْتَعْجِلِي حَتَّى تَسْتَأْمِرِي أَبَوَيْكِ وَقَدْ عَلِمَ أَنَّ أَبَوَيَّ لَمْ يَكُونَا يَأْمُرَانِنِي بِفِرَاقِهِ قَالَتْ ثُمَّ قَالَ إِنَّ اللهَ قَالَ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ إِلَى تَمَامِ الْآيَتَيْنِ فَقُلْتُ لَهُ فَفِي أَيِّ هَذَا أَسْتَأْمِرُ أَبَوَيَّ فَإِنِّي أُرِيدُ اللهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعیب نے خبر دی از الزہری، انہوں نے کہا: مجھے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے خبر دی کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، زوجہ نبی ﷺ نے ان کو خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ ان کے پاس تشریف لائے جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ حکم دیا کہ اپنی ازواج کو یہ اختیار دیں تو رسول اللہ ﷺ نے مجھے سے ابتداء کی، آپ نے فرمایا: بے شک میں تمہارے سامنے ایک بات کا ذکر کرتا ہوں، پس تم پر کوئی حرج نہیں کہ تم عجلت (نہ) کرو حتیٰ کہ تم اپنے والدین سے مشورہ کرلو حالانکہ آپ کو خوب علم تھا کہ میرے والدین مجھے آپ سے الگ ہونے کا مشورہ نہیں دیں گے، حضرت عائشہ نے بیان کیا: پھر آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا

Marfat.com

ہے: اے نبی! آپ اپنی ازواج سے کہیے: (پوری دو آیتیں) میں نے عرض کیا: پس میں کس چیز کا اپنے والدین سے مشورہ کروں، پس بے شک میں اللہ کا اور اس کے رسول کا اور دار آخرت کا ارادہ کرتی ہوں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۷۸۶ میں آرہی ہے۔

۵۔ بَابٌ: وَإِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَإِنَّ اللّٰهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ أَجْرًا عَظِيْمًا ۝ (الاحزاب:۲۹)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اگر تم اللہ کا ارادہ کرتی ہو اور اس کے رسول کا اور آخرت کے گھر کا تو بے شک اللہ نے تم میں سے نیکی کرنے والیوں کے لیے بہت بڑا اجر تیار کر رکھا ہے ○ (الاحزاب:۲۹) کی تفسیر

وَقَالَ قَتَادَةُ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلَى فِي بُيُوتِكُنَّ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ الْقُرْآنِ وَالْحِكْمَةُ السُّنَّةُ۔

قتادہ نے کہا: اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور تمہارے گھروں میں جو اللہ کی آیتوں اور حکمت کی باتوں کی تلاوت کی جاتی ہے ان کو یاد کرتی رہو۔ (الاحزاب:۳۴) یعنی قرآن اور سنت کو یاد کرتی رہو۔

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں کہ: امام ابی حاتم نے اس تعلیق کو از معمر از قتادہ سند موصول کے ساتھ روایت کیا ہے اور امام عبدالرزاق کی روایت بھی اسی طرح ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۷۶)

۴۷۸۶۔ وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ ﷺ قَالَتْ لَمَّا أُمِرَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ بِتَخْيِيرِ أَزْوَاجِهِ بَدَأَ بِي فَقَالَ إِنِّي ذَاكِرٌ لَكِ أَمْرًا فَلَا عَلَيْكِ أَنْ لَا تَعْجَلِي حَتَّى تَسْتَأْمِرِي أَبَوَيْكِ قَالَتْ وَقَدْ عَلِمَ أَنَّ أَبَوَيَّ لَمْ يَكُونَا يَأْمُرَانِي بِفِرَاقِهِ قَالَتْ ثُمَّ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ جَلَّ ثَنَاؤُهُ قَالَ ﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا إِلَى أَجْرًا عَظِيمًا ۝﴾ (الاحزاب:۲۸۔۲۹) قَالَتْ فَقُلْتُ فَفِي أَيِّ هٰذَا أَسْتَأْمِرُ أَبَوَيَّ فَإِنِّي أُرِيدُ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ قَالَتْ ثُمَّ فَعَلَ أَزْوَاجُ النَّبِيِّ ﷺ مِثْلَ مَا فَعَلْتُ تَابَعَهُ مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ وَقَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَأَبُو سُفْيَانَ الْمَعْمَرِيُّ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ

اور لیث نے کہا: مجھے یونس نے حدیث بیان کی از ابن شہاب، انہوں نے کہا: مجھے ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن نے خبر دی کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا گیا کہ آپ اپنی ازواج کو اختیار دیں تو آپ نے مجھ سے ابتداء کی، پس آپ نے فرمایا: میں تم سے ایک بات کا ذکر کرتا ہوں، سو اگر تم جلدی نہ کرو تو کوئی حرج نہیں ہے حتیٰ کہ تم اپنے والدین سے مشورہ کر لو، حضرت عائشہ نے کہا: حالانکہ آپ کو خوب علم تھا کہ میرے والدین مجھے آپ سے الگ ہونے کا مشورہ نہیں دیں گے، پھر آپ نے فرمایا کہ بے شک اللہ جل ثناؤہٗ نے فرمایا: اے نبی! اپنی بیویوں سے کہیے: کہ اگر تم دنیا کی زندگی اور اس کی زینت کو چاہتی ہو تو آؤ (یہ آیت اجرا عظیما تک پڑھیں)، حضرت عائشہ نے بیان کیا: میں نے کہا: پس میں کس چیز میں اپنے والدین سے مشورہ کروں، پس بے شک میں اللہ کا ارادہ کرتی ہوں اور رسول کا ارادہ کرتی ہوں اور آخرت کے گھر کا ارادہ کرتی ہوں۔

Marfat.com

عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنهَا۔

حضرت عائشہ نے بیان کیا کہ پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دیگر ازواج نے بھی اسی کی مثل کیا۔ موسیٰ بن اعین نے لیث کی متابعت کی ہے از معمر از زہری، انہوں نے کہا: مجھے ابو سلمہ نے خبر دی اور عبدالرزاق، ابوسفیان المعمری نے از معمر روایت کی ہے از زہری از عروہ از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا۔

ازواج مطہرات کو اختیار دینے کے متعدد اسباب اور ان کے درمیان تطبیق

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

ازواج کو اختیار دینے کا سبب یہ تھا جیسا کہ امام مسلم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اجازت لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور اس حدیث میں یہ مذکور ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم دیکھ رہے ہو میرے گرد یہ ازواج بیٹھی ہوئی ہیں اور مجھ سے خرچ کا سوال کر رہی ہیں اور اس حدیث میں یہ مذکور ہے کہ آپ اپنی ازواج سے ایک مہینہ الگ رہے، پھر آپ پر یہ آیت نازل ہوئی: اے نبی! آپ اپنی ازواج سے کہیے اور یہ آیت اجر عظیم تک ہے (الاحزاب: ۲۹۔۲۸) پھر آپ نے عائشہ سے ابتداء کی جیسا کہ اس حدیث میں مذکور ہے، اور کتاب النکاح میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت سے ایک طویل حدیث آئے گی جس میں ان دو ازواج کا قصہ ہے جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے موافقت نہیں کی تھی، جب حضرت حفصہ نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا راز حضرت عائشہ کو بتا دیا تھا اور آپ نے ان پر شدید غم و غصہ کی وجہ سے فرمایا تھا کہ میں ازواج کے پاس ایک ماہ تک نہیں جاؤں گا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ پر عتاب فرمایا، پھر جب انتیس (۲۹) دن گزر گئے تو آپ حضرت عائشہ کے پاس گئے اور ان سے ابتداء کی، انہوں نے عرض کیا کہ آپ نے تو فرمایا تھا کہ آپ ایک ماہ تک ہمارے پاس نہیں آئیں گے تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مہینہ انتیس (۲۹) دن کا بھی ہوتا ہے اور وہ مہینہ انتیس دن کا تھا، حضرت عائشہ نے بیان کیا: پھر آپ پر اختیار دینے کی آیت نازل ہو گئی تو پھر آپ نے اپنی ازواج میں سے سب سے پہلے مجھ سے ابتداء کی، آپ نے فرمایا: میں تم سے ایک بات کا ذکر کرتا ہوں اور اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ تم کوئی جلدی نہ کرو، اس سیاق سے یہ ظاہر ہے کہ یہ پوری روایت حضرت ابن عباس از حضرت عمر مروی ہے، اور جو روایت حضرت عائشہ سے مروی ہے وہ بھی حضرت ابن عباس سے مروی ہے اور اس کی تصریح تفسیر ابن ابی حاتم میں مذکور ہے لیکن امام مسلم کی روایت میں زیادہ بہتر تفصیل ہے، اس طویل حدیث میں یہ مذکور ہے کہ حضرت عمر نے ان دو ازواج کا قصہ بیان کیا جنہوں نے آپ سے موافقت نہیں کی تھی، حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ پر عتاب فرمایا، عروہ نے حضرت عائشہ سے روایت کی ہے کہ جب انتیس (۲۹) دن گزر گئے، پھر اس میں ذکر ہے کہ آپ نے فرمایا: اے عائشہ! میں تم سے ایک بات کا ذکر کرتا ہوں اور اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ تم کوئی جلدی نہ کرو حتیٰ کہ تم اپنے والدین سے مشورہ کر لو، الحدیث۔ پس یہ دونوں حدیثیں اس پر متفق ہیں کہ اختیار دینے کی آیت اس وقت نازل ہوئی جب ان سے الگ ہونے کے بعد ایک مہینہ گزر گیا اور یہ دونوں حدیثیں ازواج سے الگ ہونے کے سبب میں مختلف ہیں۔ ایک حدیث میں یہ بیان ہے کہ اس کا سبب یہ تھا کہ ازواج نے خرچ میں اضافہ کا سوال کیا تھا اور دوسری حدیث میں یہ ہے کہ ازواج سے الگ ہونے کا سبب یہ ہے کہ دو ازواج نے آپ کے ساتھ موافقت نہیں کی تھی، جب حضرت حفصہ نے آپ کا راز حضرت عائشہ کو بتا دیا تھا جیسا کہ صحیح بخاری کی روایت کتاب النکاح اور کتاب المظالم میں ہے اور ان میں تطبیق اس طرح ہو سکتی ہے کہ ہو سکتا ہے کہ یہ دونوں باتیں ازواج سے الگ ہونے کا سبب ہوں۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۷۶، مطبوعہ دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

Marfat.com

آپ نے جواز واج کو اختیار دیا تھا آیا یہ اختیار دنیا اور آخرت کے درمیان تھا یا ان کو طلاق دینے اور نکاح کو برقرار رکھنے کے درمیان تھا؟

اس میں اختلاف ہے کہ آپ نے جواز واج کو اختیار دیا تھا یہ دنیا اور آخرت کے درمیان اختیار تھا یا طلاق دینے اور آپ کے پاس رہنے کے درمیان اختیار تھا، علامہ الماوردی نے کہا ہے: اس میں علماء کے دو قول ہیں اور زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ یہ طلاق دینے اور آپ کے پاس رہنے کے درمیان اختیار تھا، اسی طرح امام شافعی اور علامہ قرطبی نے کہا ہے۔ اور زیادہ ظاہر یہ ہے کہ ان دونوں قولوں میں اس طرح تطبیق ہے کہ ایک امر دوسرے امر کو لازم ہے گویا کہ آپ نے ان کو یہ اختیار دیا کہ آپ ان کو طلاق دے دیں اور یہ گویا ان کو دنیا کا اختیار دیا، اور آپ نے ان کو آخرت کا اختیار دیا کہ آپ ان کو اپنے نکاح میں رکھیں، پھر مجھ پر یہ منکشف ہوا کہ ان دونوں قولوں کا محمل یہ ہے کہ آیا آپ نے ان کو طلاق تفویض کر دی تھی یا نہیں؟ اسی وجہ سے امام احمد نے اپنی سند کے ساتھ حضرت علی سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ازواج کو صرف دنیا اور آخرت کے درمیان اختیار دیا تھا۔

حضرت ام رومان کے نو (۹) ہجری تک زندہ رہنے پر دلیل

امام احمد اور طبری کی روایت میں یہ ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ تم اپنے والدین سے مشورہ کر لو یعنی حضرت ابوبکر اور حضرت ام رومان سے اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اس وقت حضرت ام رومان حیات تھیں، اور یہ اختیار دینے کا واقعہ نو (۹) ہجری کا ہے، اور اس میں ان لوگوں کا رد ہے جو کہتے ہیں کہ حضرت ام رومان چھ (۶) ہجری میں فوت ہو گئی تھیں۔

اختیار دینے کے واقعہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے جو اختیار دینے کی ابتداء کی تھی اس میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت کی دلیل ہے اور حضرت عائشہ نے فرمایا: آپ کو معلوم تھا کہ میرے ماں باپ مجھے آپ سے الگ ہونے کا مشورہ نہیں دیں گے، اس میں ان کی ذہانت کی دلیل ہے اور ان کی عقل کے کمال اور ان کی رائے کی صحت کی دلیل ہے اس کے باوجود کہ وہ بہت کم عمر تھیں اور غیرت کامل عقل والی کو بھی نامناسب بات کہہ دینے پر برانگیختہ کرتی ہے، اس لیے حضرت عائشہ نے کہا: آپ دوسری ازواج کو یہ نہ بتائیں کہ میں نے کیا جواب دیا، لیکن چونکہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ علم تھا کہ عورتوں میں جو طبعاً غیرت ہوتی ہے اور وہ سوکنوں کا بھلا نہیں چاہتیں، اس وجہ سے حضرت عائشہ نے یہ کہا ہے، اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے کہنے پر عمل نہیں کیا۔

آیا اپنی ازواج کو اختیار دینا طلاق ہے یا نہیں

بعض علماء نے ذکر کیا ہے کہ اپنی ازواج کو طلاق یا اپنے نکاح میں رکھنے کا اختیار دینا یہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خصائص میں سے ہے لیکن اس حدیث میں ایسا کوئی لفظ نہیں ہے جو اس اختیار کو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اختصاص پر دلالت کرے، ہاں! بعض علماء نے یہ کہا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق میں یہ اختیار طلاق اور نکاح میں برقرار رکھنے کے درمیان نہیں تھا اور امت کے حق میں اختیار دینا طلاق اور نکاح میں برقرار رکھنے کے درمیان ہے۔

۶۔ بَابٌ: وَتُخْفِي فِي نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور آپ اپنے دل میں اس بات کو چھپا رہے تھے جس کو اللہ ظاہر فرمانے والا تھا اور آپ کو

Marfat.com

اَنْ تَخْشٰهُ۔ (الاحزاب:۳۷)

لوگوں کے طعنوں کا اندیشہ تھا اور اللہ آپ کے خوف کا زیادہ مستحق ہے۔ (الاحزاب:۳۷) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کے شروع کا حصہ یہ ہے:

وَ اِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِ اَمْسِكْ عَلَیْكَ زَوْجَكَ وَ اتَّقِ اللّٰهَ وَ تُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِیْهِ وَ تَخْشَى النَّاسَ ۚ وَ اللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰهُ۔ (الاحزاب:۳۷)

اور اے رسول مکرم! یاد کیجئے جب آپ اس شخص سے کہہ رہے تھے جس پر اللہ نے انعام کیا ہے اور آپ نے بھی اس پر انعام کیا ہے کہ تم اپنی بیوی کو اپنے نکاح میں رہنے دو، اور اللہ سے ڈرتے رہو اور آپ اپنے دل میں اس بات کو چھپا رہے تھے جس کو اللہ ظاہر فرمانے والا تھا اور آپ کو لوگوں کے طعنوں کا اندیشہ تھا اور اللہ آپ کے خوف کا زیادہ مستحق ہے۔

حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نکاح کے قصہ کے متعلق علامہ عینی کی عبارت

یہ آیت حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے متعلق نازل ہوئی ہے جیسا کہ عنقریب آئے گا اور اس کا قصہ کتب تفسیر میں مذکور ہے اور اس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک دن نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے آزاد کردہ غلام حضرت زید بن حارثہ کے گھر کسی کام سے گئے تو آپ نے ان کی بیوی حضرت زینب بنت جحش کو دیکھا جو اپنی قمیص پہنے اور اپنا دوپٹا اوڑھے کھڑی تھیں تو وہ آپ کو اچھی لگیں تو گویا کہ وہ آپ کے دل میں اتر گئیں تو آپ نے فرمایا: سبحان اللہ دلوں کو پلٹنے والے، اور آپ واپس چلے گئے تو حضرت زینب نے حضرت زید سے یہ واقعہ ذکر کیا اور اللہ تعالیٰ نے حضرت زید کے دل میں ان کی کراہت ڈال دی تو انہوں نے حضرت زینب کو طلاق دینے کا ارادہ کیا، پس وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس گئے، سو کہا: میں اپنی بیوی سے الگ ہونے کا ارادہ کر رہا ہوں تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا: اللہ سے ڈرو اور اپنی بیوی کو اپنے پاس رکھو اور اللہ تعالیٰ نے جو فرمایا: اور یاد کرو جب آپ اس شخص سے کہتے تھے جس پر اللہ نے انعام فرمایا ہے یعنی اس کو اسلام کی توفیق دی ہے اور وہ شخص حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ تھے اور آپ نے بھی اس پر انعام فرمایا یعنی آپ نے ان کو آزاد کر دیا اور فرمایا: آپ اپنے دل میں اس بات کو چھپاتے تھے یعنی اگر حضرت زید بن حارثہ نے حضرت زینب کو طلاق دے دی اور آپ نے ان سے نکاح کر لیا، اور حضرت ابن عباس سے ایک روایت ہے کہ آپ اپنے دل میں حضرت زینب کی محبت کو چھپاتے تھے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جس کو اللہ تعالیٰ ظاہر فرمانے والا ہے اور آپ کو لوگوں کے طعنوں کا اندیشہ تھا یعنی آپ لوگوں سے حیاء فرماتے تھے، حضرت ابن عباس اور حضرت حسن بصری سے روایت ہے کہ آپ کو یہ خوف تھا کہ لوگ یہ کہیں گے کہ آپ نے اس مرد کو حکم دیا کہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دے، پھر جب اس نے طلاق دے دی تو آپ نے ان سے نکاح کر لیا، حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ آپ کے اوپر اس سے زیادہ سخت آیت نازل نہیں ہوئی کہ اللہ آپ کے خوف کا زیادہ مستحق ہے، اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں سے ڈرتے تھے اور اللہ سے نہیں ڈرتے تھے بلکہ اس کا معنی یہ ہے کہ بے شک اللہ اس کا زیادہ مستحق ہے کہ آپ صرف اس سے ڈریں اور اللہ کے سوا اور کسی سے نہ ڈریں، اور آپ اللہ ہی سے ڈرتے تھے لیکن آپ کو لوگوں کے طعنوں کا بھی اندیشہ تھا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: آپ اپنا خوف صرف اللہ کے لیے رکھیں، اس میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حال پر کوئی طعن نہیں ہے کیونکہ بندے کے دل میں جو خیالات آئیں اس پر اسے کوئی ملامت نہیں کی جاتی جب تک کہ وہ اس میں کسی گناہ کا ارادہ نہ

Marfat.com

کرے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۶۹، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۷۸۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضى الله عنه أَنَّ هَذِهِ الْآيَةَ ﴿وَتُخْفِي فِي نَفْسِكَ مَا اللَّهُ مُبْدِيهِ﴾ (الاحزاب: ۳۷) نَزَلَتْ فِي شَأْنِ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ وَزَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ۔

(صحیح البخاری: ۷۴۲۰، سنن ترمذی: ۳۲۱۲)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن عبدالرحیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں معلّٰی بن منصور نے حدیث بیان کی از حماد بن زید، انہوں نے کہا: ہمیں ثابت نے حدیث بیان کی از حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہ بے شک یہ آیت: وَتُخْفِي فِي نَفْسِكَ مَا اللَّهُ مُبْدِيهِ (الاحزاب: ۳۷) اور آپ اپنے دل میں اس بات کو چھپاتے تھے جس کو اللہ تعالیٰ ظاہر فرمانے والا تھا۔ حضرت زینب بنت جحش اور حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہما کے متعلق نازل ہوئی ہے۔

حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نکاح کے قصہ کے متعلق حافظ ابن حجر کی عبارت

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

امام بخاری نے اس حدیث کو کتاب التوحید میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضرت زید بن حارثہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حضرت زینب کی شکایت کرتے ہوئے آئے تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان سے فرما رہے تھے: تم اللہ سے ڈرو اور اپنی بیوی کو اپنے پاس رکھو، حضرت انس نے کہا کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی چیز کو چھپانے والے ہوتے تو اس آیت کو چھپا لیتے۔ حضرت انس نے بیان کیا کہ حضرت زینب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دوسری ازواج مطہرات کے اوپر فخر کیا کرتی تھیں (الحدیث) اور امام ابن ابی حاتم نے اس قصہ کو سدی کی سند سے زیادہ عمدہ اور وضاحت سے بیان کیا ہے اور اس کی عبارت یہ ہے: ہمیں یہ خبر پہنچی ہے کہ یہ آیت حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے متعلق نازل ہوئی ہے اور ان کی والدہ عمیمہ بنت عبدالمطلب تھیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پھوپھی تھیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ ارادہ کیا کہ وہ حضرت زینب کا نکاح حضرت زید بن حارثہ سے کر دیں جو آپ کے آزاد کردہ غلام تھے، پہلے انہوں نے اس رشتہ کو ناپسند کیا، پھر وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تجویز پر راضی ہو گئیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت زینب کا نکاح حضرت زید سے کر دیا، پھر اللہ عزوجل نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ خبر دی کہ زید بن حارثہ سے حضرت زینب کے نکاح کے بعد حضرت زینب آپ کے نکاح میں داخل ہو جائیں گی تو آپ اس سے حیاء فرماتے تھے کہ آپ حضرت زید بن حارثہ کو یہ حکم دیں کہ وہ حضرت زینب کو طلاق دیں اور حضرت زید بن حارثہ اور حضرت زینب کے درمیان مسلسل لڑائی جھگڑتے رہتے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت زید کو یہ حکم دیا کہ وہ اپنی بیوی کو اپنے نکاح میں رکھیں اور اللہ تعالیٰ سے ڈریں، اور آپ کو یہ خدشہ تھا کہ لوگ آپ کو یہ طعنہ دیں گے کہ انہوں نے اپنے بیٹے کی بیوی سے خود نکاح کر لیا کیونکہ آپ حضرت زید کو اپنا بیٹا بنا چکے تھے اور امام ابن ابی حاتم نے ایک اور سند کے ساتھ حضرت علی بن حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے یہ روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ خبر دی کہ بے شک حضرت زینب آپ کی ازواج میں داخل ہو جائیں گی، پس جب آپ کے پاس حضرت زید حضرت زینب کی شکایت کرنے کے لیے آئے تو آپ نے ان سے فرمایا: اللہ سے ڈرو اور اپنی بیوی کو اپنے نکاح میں رکھو۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں تمہیں خبر دے چکا ہوں کہ بے شک میں تمہارا نکاح ان سے کر دوں گا اور آپ اپنے دل میں اس بات کو چھپاتے تھے جس کو اللہ تعالیٰ ظاہر کرنے والا تھا۔ اور حکیم ترمذی نے اس روایت کو ثابت کرنے کے لیے بہت طویل بحث کی ہے اور کہا ہے کہ یہ پوشیدہ علم کے جواہر میں سے ہے

Marfat.com

اور گویا کہ وہ سدی کی تفسیر سے واقف نہیں ہوئے جس کو میں بیان کر چکا ہوں اور وہ زیادہ واضح ہے اور اس کی سند زیادہ صحیح ہے کیونکہ اس حدیث کی سند میں علی بن زید بن جدعان ہے، وہ ضعیف راوی ہے اور امام عبدالرزاق نے از معمر از قتادہ یہ روایت بیان کی ہے کہ آپ کے پاس حضرت زید بن حارثہ آئے، پس عرض کیا: یارسول اللہ! زینب کی زبان بہت لمبی اور سخت ہے اور میں اس کو طلاق دینا چاہتا ہوں، آپ نے فرمایا: تم اللہ سے ڈرو اور اپنی بیوی کو اپنے نکاح میں رکھو، انہوں نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ چاہتے تھے کہ وہ زینب کو طلاق نہ دیں اور لوگوں کی نکتہ چینی سے ڈرتے تھے، اس سلسلے میں اور بھی آثار مروی ہیں جن کی امام ابن ابی حاتم نے اور طبری نے روایت کی ہے اور ان کو اکثر مفسرین نے نقل کیا ہے اور ان میں مشغول ہونا مناسب نہیں ہے اور جس روایت کو میں نے نقل کیا ہے وہی معتمد ہے اور خلاصہ یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس چیز کو مخفی رکھتے تھے وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو خبر دی تھی کہ وہ عنقریب آپ کی زوجہ ہو جائیں گی اور جو چیز نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس خبر کو چھپانے پر برانگیختہ کرتی تھی وہ یہ تھی کہ (لوگ کہیں گے کہ) انہوں نے اپنے بیٹے کی بیوی سے نکاح کر لیا ہے اور اللہ تعالیٰ یہ چاہتا تھا کہ زمانہ جاہلیت کے اس رواج کو باطل کر دیا جائے کہ منہ بولا بیٹا حقیقی بیٹے کے حکم میں نہیں ہوتا، اور اس کی بیوی سے نکاح کرنا جائز ہے اور اس کی قوی دلیل یہی ہو سکتی تھی کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود اپنے منہ بولے بیٹے کی بیوی سے نکاح فرمالیں تا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ عمل لوگوں کے لیے نمونہ بن جائے اور یہ لوگوں کے عمل کے لیے زیادہ قوی سبب ہو، مفسرین کو خبط میں خشیت کی تاویل نے مبتلاء کیا، امام ترمذی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ روایت کی ہے کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی وحی کو چھپا سکتے تو اس آیت کو چھپا لیتے یعنی وَ اِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ (الاحزاب: ۳۷) (اور اے رسول مکرم! یاد کیجئے: جب آپ اس شخص سے کہہ رہے تھے جس پر اللہ نے انعام کیا ہے اور آپ نے بھی اس پر انعام کیا ہے کہ تم اپنی بیوی کو اپنے نکاح میں رہنے دو اور آپ اپنے دل میں اس بات کو چھپاتے تھے جس کو اللہ ظاہر فرمانے والا تھا اور آپ کو لوگوں کے طعنوں کا اندیشہ تھا۔) پھر آپ پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَ لٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ۔ (الاحزاب: ۴۰)

محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن وہ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب حضرت زید کو بیٹا بنایا تھا تو وہ چھوٹے اور کم سن تھے حتیٰ کہ وہ بڑے ہو کر مرد بن گئے تو انہیں زید بن محمد کہا جاتا تھا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

وَ مَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ وَ اللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَ هُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ۝ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ۔ (الاحزاب: ۴، ۵)

اور (اللہ نے) نہ تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارا (حقیقی) بیٹا بنایا ہے، یہ تمہارا صرف زبانی کہنا ہے اور اللہ حق بات کہتا ہے اور سیدھا راستہ دکھاتا ہے ۝ اور منہ بولے بیٹوں کو ان کے حقیقی باپوں کی طرف منسوب کر کے پکارو، یہی اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف پسند بات ہے۔

اور علامہ ابن العربی نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت زید سے صرف اتنا کہا تھا کہ اپنی بیوی کو اپنے نکاح میں رکھو، پھر حضرت زید نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت زینب سے ان کی زبان درازی کی وجہ سے اپنی نفرت پر مطلع کیا اور ان کو طلاق دینے کی اجازت طلب کی اور ان کو طلاق دے دی۔

امام مسلم، امام احمد اور امام نسائی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یہ روایت کی ہے کہ جب حضرت زینب کی عدت پوری ہو گئی تو

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت زید سے فرمایا: تم حضرت زینب کے پاس جا کر میرا ذکر کرو، انہوں نے کہا: پس میں گیا اور میں نے کہا: اے زینب! تمہیں مبارک اور خوش خبری ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے بھیجا ہے اور وہ تمہارا ذکر فرما رہے تھے، انہوں نے کہا: میں اس وقت تک کچھ نہیں کروں گی حتیٰ کہ اپنے رب سے مشورہ کرلوں، پس حضرت زینب کھڑی ہو کر اپنے نماز پڑھنے کی جگہ گئیں اور قرآن مجید کی یہ آیت نازل ہوگئی:

فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا۔ (الاحزاب:۳۷) پھر جب زید نے اس کو طلاق دے کر اپنی غرض پوری کرلی تو ہم نے (عدت کے بعد) آپ کا اس سے نکاح کردیا۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس بغیر اجازت کے داخل ہوگئے اور یہ اس واقعہ کا سب سے بلیغ قصہ ہے، اس حدیث کے فوائد میں سے یہ ہے کہ عورت کے لیے استخارہ کرنا مستحب ہے، اور وہ منگنی کو قبول کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ سے دعا کرے اور یہ کہ جو اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کردے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے اس چیز کو آسان کردیتا ہے جس کا اس کے لیے اس کی دنیا اور آخرت کے لیے زیادہ نفع ہو۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۷۹۔۷۷۸، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۷۔ بَابٌ: تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ۭ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ۔ (الاحزاب:۳۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ان ازواج میں سے جن کو چاہیں خود سے دور رکھیں اور جن کو چاہیں اپنے پاس جگہ دیں اور جس بیوی سے آپ الگ ہو چکے ہیں اگر آپ اس کو (پھر) طلب کرلیں تو آپ پر کوئی تنگی نہیں ہے (الاحزاب:۵۱) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں، مفسرین میں سے الواحدی نے بیان کیا ہے کہ یہ آیت ازواج کو اختیار دینے کی آیت کے بعد نازل ہوئی ہے کیونکہ بعض ازواج مطہرات اس سے ڈریں کہ آپ ان کو طلاق دے دیں گے تو اللہ تعالیٰ نے ازواج کی باریوں کی تقسیم کو آپ کے سپرد کردیا اور فرمایا: تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ یعنی آپ جس کو چاہیں موخر کردیں وَتُـْٔوِيْٓ یعنی آپ جس کو چاہیں اپنے پاس رکھیں، ازواج کے معاملہ کو آپ کے سپرد کردیا یعنی آپ جس کو چاہیں اس کی باری مؤخر کردیں اور جس کو چاہیں اس کی باری سے پہلے اپنے پاس بلالیں آپ پر اس میں کوئی تنگی نہیں ہے، اس آیت میں آپ کو تمام مردوں پر فضیلت دی گئی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۷۰)

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ تُرْجِيْ تُؤَخِّرُ أَرْجِئْهُ أَخِّرْهُ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: تُرْجِيْ کا معنی ہے: آپ مؤخر کریں، اَرْجِئْهُ کا معنی ہے: تم اس کو مؤخر کردو۔

حضرت ابن عباس نے جو تُرْجِيْ کا معنی بیان کیا ہے اس کو امام ابن حاتم نے سند موصول کے ساتھ روایت کیا ہے اور اس حکم کے ساتھ سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خاص کردیا گیا ہے اور امام بخاری نے جو یہ کہا ہے کہ اَرْجِئْهُ کا معنی ہے کہ تم اس کو مؤخر کردو تو اَرْجِئْهُ کا لفظ سورۃ الاعراف اور سورۃ الشعراء میں ہے اور امام بخاری نے اس کو یہاں تبعاً ذکر کردیا ہے۔

۴۷۸۸۔ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ قَالَ هِشَامٌ حَدَّثَنَا عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ كُنْتُ أَغَارُ عَلَى اللَّاتِي وَهَبْنَ أَنْفُسَهُنَّ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے زکریاء بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابواسامہ نے حدیث بیان کی: ہشام نے کہا: انہوں نے ہمیں اپنے والد سے حدیث بیان کی از حضرت

Marfat.com

لِرَسُولِ اللهِ ﷺ وَأَقُولُ أَتَهَبُ الْمَرْأَةُ نَفْسَهَا فَلَمَّا أَنْزَلَ اللهُ تَعَالَى ﴿تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُئْوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ۭ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ﴾ (الاحزاب:۵۱) قُلْتُ مَا أُرَى رَبَّكَ إِلَّا يُسَارِعُ فِي هَوَاكَ۔

(صحیح البخاری: ۵۱۱۳، صحیح مسلم: ۱۴۶۴، سنن نسائی: ۳۱۹۰)

عائشہ رضی اللہ عنہا، انہوں نے کہا: مجھے ان عورتوں پر غیرت آتی تھی جو اپنے آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہبہ کرتی تھیں اور میں کہتی تھی: کیا کوئی عورت اپنا نفس ہبہ کرسکتی ہے، پس جب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُئْوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ۭ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ (الاحزاب:۵۱) ان ازواج میں سے آپ جن کو چاہیں خود سے دور رکھیں اور جن کو چاہیں اپنے پاس جگہ دیں اور جس بیوی سے آپ الگ ہو چکے ہیں اگر آپ اس کو (پھر) طلب فرمالیں تو آپ پر کوئی تنگی نہیں ہے۔ تو میں نے کہا کہ میں دیکھتی ہوں کہ آپ کا رب آپ کی خواہش پوری کرنے میں بہت جلدی کرتا ہے۔

حدیث مذکور کے مشکل الفاظ کے معانی اور اپنا نفس ہبہ کرنے والی عورتوں کا بیان

میں ان پر غیرت کرتی تھی: اس کا معنی ہے: میں ان پر عیب لگاتی تھی۔

اور جو اس حدیث میں ہے کہ جو عورتیں اپنا نفس ہبہ کرتی تھیں: اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہبہ کرنے والی عورتیں ایک سے زیادہ تھیں۔ امام ابن ابی حاتم کی روایت ہے کہ ان عورتوں میں سے خولہ بنت حکیم تھیں اور الشعبی کی روایت ہے کہ ان عورتوں میں سے ام شریک تھیں اور ابوعبیدہ کی روایت ہے کہ ان عورتوں میں سے فاطمہ بنت شریح تھیں اور بعض کی روایت ہے کہ ان عورتوں میں سے لیلیٰ بنت الخطیم تھیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ ان عورتوں میں سے میمونہ بنت الحارث تھیں۔

حضرت عائشہ نے کہا: میں دیکھتی ہوں کہ آپ کا رب آپ کی خواہش پوری کرنے میں جلدی کرتا ہے: یعنی اللہ تعالیٰ بغیر کسی تاخیر کے وہ کام کردیتا ہے جس کو آپ پسند کرتے ہیں اور جس سے آپ راضی ہوتے ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۷۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

جن عورتوں نے اپنا نفس آپ کو ہبہ کیا تھا ان کے متعلق احادیث

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

عنقریب کتاب النکاح میں یہ حدیث آئے گی کہ ایک عورت نے کہا: یا رسول اللہ! میں نے اپنا نفس آپ کو ہبہ کردیا (الحدیث) اور اس حدیث میں اس مرد کا قصہ ہے جس نے ان کو طلب کیا تھا تو آپ نے فرمایا: جا کر اس کا مہر تلاش کرو خواہ وہ لوہے کی ایک انگوٹھی ہو اور حضرت انس سے روایت ہے کہ ایک عورت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور آپ سے عرض کیا: میری ایک بیٹی ہے، پھر اس نے اس کا حسن و جمال ذکر کیا اور کہا: میں نے اس کو آپ کے لیے پسند کرلیا تو آپ نے فرمایا: میں اس کو قبول نہیں کرتا، پھر وہ اس کا ذکر کرتی رہی حتیٰ کہ کہا: اس کے سر میں کبھی درد نہیں ہوا، آپ نے فرمایا: مجھے تمہاری بیٹی کی کوئی ضرورت نہیں ہے، اس حدیث کی امام احمد نے بھی روایت کی ہے اور یقیناً یہ کوئی اور عورت ہے، اور امام ابن ابی حاتم نے حضرت عائشہ کی اس روایت میں کہا ہے: جس عورت نے اپنا نفس آپ کو ہبہ کیا تھا وہ خولہ بنت حکیم تھی اور عنقریب کتاب النکاح میں اس پر بحث آئے گی، کیونکہ امام بخاری نے اس کی طرف اپنی تعلیق میں اشارہ کیا ہے، اور امام نسائی نے شعبی سے روایت کیا ہے کہ اپنا نفس ہبہ کرنے والیوں میں ام

Marfat.com

شریک تھیں اور امام ابوعبیدہ سے معمر نے روایت کی ہے کہ اپنا نفس ہبہ کرنے والوں میں فاطمہ بنت شریح تھیں اور ایک قول ہے کہ لیلیٰ بنت الحطیم بھی ان عورتوں میں سے تھیں جنہوں نے اپنا نفس ہبہ کیا تھا اور شعبی سے روایت ہے کہ ان عورتوں میں سے زینب بنت خزیمہ بھی تھیں اور یہ ثابت نہیں ہے، اور قتادہ نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ ان عورتوں میں سے میمونہ بنت الحارث تھیں مگر اس حدیث کی سند منقطع ہے، مگر یہ ایک اور ضعیف سند سے مروی ہے اور اس کے معارض یہ ہے کہ عکرمہ نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نکاح میں ایسی کوئی عورت نہیں تھی جس نے آپ کو اپنا نفس ہبہ کیا ہو، اس حدیث کی امام طبری نے روایت کی ہے اور اس کی سند حسن ہے اور اس سے مراد یہ ہے کہ آپ نے کسی ایسی عورت کے ساتھ دخول نہیں کیا جس نے اپنا نفس آپ کو ہبہ کیا ہو ہر چند کہ یہ آپ کے لیے مباح تھا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ (الاحزاب:۵۰)

اور وہ مومنہ عورت بھی آپ کے لیے حلال ہے جس نے اپنا نفس آپ کے لیے ہبہ کر دیا اگر نبی اس کو اپنے نکاح میں لینا چاہیں، یہ حکم صرف آپ کے لیے مخصوص ہے عام مسلمانوں کے لیے نہیں ہے۔

(فتح الباری ج ۵ ص ۷۸۰، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۴۷۸۹۔ حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوسَى أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ أَخْبَرَنَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ عَنْ مُعَاذَةَ عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنها أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يَسْتَأْذِنُ فِي يَوْمِ الْمَرْأَةِ مِنَّا بَعْدَ أَنْ أُنْزِلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ ﴿تُرْجِي مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي إِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ ۖ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ﴾ (الاحزاب:۵۱) فَقُلْتُ لَهَا مَا كُنْتِ تَقُولِينَ قَالَتْ كُنْتُ أَقُولُ لَهُ إِنْ كَانَ ذَاكَ إِلَيَّ فَإِنِّي لَا أُرِيدُ يَا رَسُولَ اللهِ أَنْ أُوثِرَ عَلَيْكَ أَحَدًا تَابَعَهُ عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ سَمِعَ عَاصِمًا۔

(صحیح مسلم:۱۴۷۶، سنن ابوداؤد:۲۱۳۶)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں حبان بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبداللہ نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں عاصم الاحول نے خبر دی از معاذہ از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، وہ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس آیت کے نازل ہونے کے بعد ہم میں سے کسی زوجہ کی باری کے متعلق اجازت طلب کرتے تھے، وہ آیت یہ ہے: تُرْجِي مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي إِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ ۖ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ (الاحزاب:۵۱) ان ازواج میں آپ جن کو چاہیں خود سے دور رکھیں اور جن کو چاہیں اپنے پاس جگہ دیں اور جس بیوی سے آپ الگ ہو چکے ہیں اگر آپ اس کو (پھر) طلب کر لیں تو آپ پر کوئی تنگی نہیں ہے۔ معاذہ نے کہا: میں نے حضرت عائشہ سے پوچھا آپ کیا فرماتی ہیں؟ انہوں نے کہا: میں آپ سے یہ کہتی تھی کہ اگر یہ معاملہ میرے سپرد ہو یا رسول اللہ! تو میں آپ کے اوپر کسی کو ترجیح دینے کا ارادہ نہیں کروں گی۔ عبداللہ بن عباد نے عباد بن عباد کی متابعت کی ہے جنہوں نے عاصم سے سنا ہے۔

الاحزاب:۵۱ کی تفسیر میں تین اقوال

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

تُرْجِیْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَ تُـْٔوِیْۤ اِلَیْكَ مَنْ تَشَآءُ ؕ۔ (الاحزاب:۵۱)

ان ازواج میں آپ جن کو چاہیں خود سے دور رکھیں اور جن کو چاہیں اپنے پاس جگہ دیں۔

ایک قول یہ ہے کہ اس آیت سے مراد یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بعض ازواج کو طلاق دینے کا ارادہ کیا تو انہوں نے کہا: آپ ہمیں طلاق نہ دیں اور ہمارے لیے جس طرح چاہیں باری مقرر فرما دیں تو آپ ان میں سے بعض کے لیے برابر برابر باری مقرر فرماتے اور یہ وہ ازواج تھیں جن کو آپ نے اپنے پاس رکھا تھا اور باقی ازواج کے لیے آپ جس طرح چاہتے باری مقرر فرماتے اور یہ وہ ازواج تھیں جن کو آپ نے خود سے دور رکھا تھا، خلاصہ یہ ہے کہ اس آیت کی تفسیر میں تین قول ہیں:

(۱) آپ جس کو چاہیں طلاق دے دیں اور جس کو چاہیں اپنے پاس رکھیں۔

(۲) آپ جس زوجہ کو چاہیں بغیر طلاق کے اپنے پاس سے الگ کر دیں اور دوسری ازواج کے لیے باریاں مقرر کر دیں۔

(۳) جو عورتیں اپنا نفس آپ کو ہبہ کرتی ہیں آپ ان میں سے جس کو چاہیں قبول فرما لیں اور جس کو چاہیں مسترد کر دیں۔

اس حدیث کا ظاہر یہ ہے جیسا کہ حضرت عائشہ نے فرمایا کہ آپ ان ازواج میں سے کسی سے الگ نہیں ہوئے، زہری نے کہا ہے کہ مجھے علم نہیں کہ آپ اپنی ازواج سے کسی سے الگ ہوئے ہوں، قتادہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اجازت دی ہے کہ آپ جس طرح چاہیں ازواج کی باریاں مقرر فرمائیں مگر آپ نے صرف برابر برابر باریاں مقرر کیں۔

(فتح الباری ج ۵ ص ۷۸۰، دار المعروفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۸۔ بَابٌ: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتَ النَّبِیِّ اِلَّاۤ اَنْ یُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَیْرَ نٰظِرِیْنَ اِنٰىهُ وَ لٰكِنْ اِذَا دُعِیْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَ لَا مُسْتَاْنِسِیْنَ لِحَدِیْثٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ یُؤْذِی النَّبِیَّ فَیَسْتَحْیٖ مِنْكُمْ ۫ وَ اللّٰهُ لَا یَسْتَحْیٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ وَ اِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَ قُلُوْبِهِنَّ ؕ وَ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَ لَاۤ اَنْ تَنْكِحُوْۤا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖۤ اَبَدًا ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِیْمًا ﴿۵۳﴾ (الاحزاب:۵۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں داخل نہ ہو، سوا اس کے کہ تمہیں کھانے کے لیے بلایا جائے کھانا پکنے کا انتظار نہ کرتے رہو، بلکہ جب تمہیں بلایا جائے اس وقت جاؤ، پھر جب کھانا کھا چکو تو فوراً چلے جاؤ اور (وہاں) باتوں میں دل نہ لگاؤ، بے شک تمہارے اس عمل سے نبی کو تکلیف پہنچتی ہے، سو وہ تم سے حیاء کرتے ہیں، اور اللہ حق بات کہنے سے نہیں رکتا اور جب تم نبی کی بیویوں سے کوئی چیز مانگو تو پردے کے پیچھے سے مانگو، یہ تمہارے دلوں اور ان کے دلوں کے لیے نہایت پاکیزگی کا باعث ہے اور تمہارے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ تم اللہ کے رسول کو ایذاء پہنچاؤ اور نہ یہ جائز ہے کہ نبی کے بعد کبھی بھی ان کی بیویوں سے نکاح کرو، بے شک اللہ کے نزدیک یہ

Marfat.com

بہت سنگین بات ہے○ (الاحزاب: ۵۳) کی تفسیر

يُقَالُ إِنَاهُ إِدْرَاكُهُ أَنَى يَأْنِي أَنَاةً۔

کہا جاتا ہے: اِنَاهُ اس کا معنی ہے: اِدْرَاکُهٗ یعنی اس کا پکنا اور تیار ہونا انی یانی اِنَاءَةً اس کا معنی ہے: وقت کا آنا اور پکنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ۔ (الاحزاب: ۵۳)

کھانا پکنے کا انتظار نہ کرتے رہو۔

لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا إِذَا وَصَفْتَ صِفَةَ الْمُؤَنَّثِ قُلْتَ قَرِيبَةً وَإِذَا جَعَلْتَهُ ظَرْفًا وَبَدَلًا وَلَمْ تُرِدِ الصِّفَةَ نَزَعْتَ الْهَاءَ مِنَ الْمُؤَنَّثِ وَكَذٰلِكَ لَفْظُهَا فِي الْوَاحِدِ وَالِاثْنَيْنِ وَالْجَمِيعِ لِلذَّكَرِ وَالْأُنْثٰى۔

لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ۝ اس کا معنی ہے: اور اے مخاطب تجھے کیا پتا کہ شاید قیامت عنقریب واقع ہو (الاحزاب: ۶۳) یہاں بہ ظاہر یہ اشکال ہے کہ الساعۃ مونث ہے تو قریبۃ کا لفظ ہونا چاہیے تھا کیونکہ جب تم مونث کی صفت لاؤ تو قریبۃ لاتے ہو اور جب تم اس کو ظرف اور بدل لاؤ تو تم مونث کی تاء کو حذف کر دیتے ہو اور اس میں واحد، تثنیہ اور جمع اور مذکر اور مونث سب برابر ہوتے ہیں۔

۴۷۹۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ رضی الله عنه قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ يَدْخُلُ عَلَيْكَ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ فَلَوْ أَمَرْتَ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ بِالْحِجَابِ فَأَنْزَلَ اللهُ آيَةَ الْحِجَابِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں مسدد نے حدیث بیان کی از یحییٰ از حمید از حضرت انس رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کے پاس نیک اور بد ہر قسم کے لوگ آتے ہیں، پس آپ امہات المومنین کو حجاب میں رہنے کا حکم دیں تو اللہ تعالیٰ نے حجاب کی آیت نازل فرما دی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۰۲ میں گزر چکی ہے۔

۴۷۹۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ حَدَّثَنَا أَبُو مِجْلَزٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی الله عنه قَالَ لَمَّا تَزَوَّجَ رَسُولُ اللهِ ﷺ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ دَعَا الْقَوْمَ فَطَعِمُوا ثُمَّ جَلَسُوا يَتَحَدَّثُونَ وَإِذَا هُوَ كَأَنَّهُ يَتَهَيَّأُ لِلْقِيَامِ فَلَمْ يَقُومُوا فَلَمَّا رَأٰى ذٰلِكَ قَامَ فَلَمَّا قَامَ قَامَ مَنْ قَامَ وَقَعَدَ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ فَجَاءَ النَّبِيُّ ﷺ لِيَدْخُلَ فَإِذَا الْقَوْمُ جُلُوسٌ ثُمَّ إِنَّهُمْ قَامُوا فَانْطَلَقْتُ فَجِئْتُ فَأَخْبَرْتُ النَّبِيَّ ﷺ أَنَّهُمْ قَدِ انْطَلَقُوا فَجَاءَ حَتّٰى دَخَلَ فَذَهَبْتُ أَدْخُلُ فَأَلْقَى

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن عبداللہ الرقاشی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں معتمر بن سلیمان نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: میں نے اپنے والد کو یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے، وہ کہتے تھے: ہمیں ابومجلز نے حدیث بیان کی از حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ نے حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا تو آپ نے لوگوں کو بلایا، پس انہوں نے کھانا کھایا، پھر بیٹھ کر باتیں کرنے لگے اور اس وقت آپ گویا اٹھنے کے لیے تیار ہوئے، پس لوگ نہیں اٹھے، جب آپ نے یہ دیکھا تو آپ کھڑے ہو گئے، پھر جب آپ کھڑے ہو گئے تو جنہوں نے کھڑے ہونا تھا وہ

Marfat.com

الْحِجَابَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ فَأَنْزَلَ اللهُ ﴿يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ﴾ الْآيَةَ (الاحزاب:۵۳)
(صحیح مسلم:۱۴۲۸، سنن نسائی:۳۲۴۸)

کھڑے ہو گئے اور تین شخص بیٹھے رہے، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اندر داخل ہونے کے لیے آئے تو اس وقت (بھی) وہ لوگ بیٹھے ہوئے تھے، پھر وہ لوگ کھڑے ہو گئے، پھر میں بھی چلا گیا، پس میں آیا تو میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دی وہ لوگ چلے گئے ہیں، پس آپ آئے حتیٰ کہ اندر داخل ہو گئے تو میں داخل ہونے لگا تو آپ نے میرے اور اپنے درمیان حجاب ڈال دیا، پھر اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی: يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ (الاحزاب:۵۳) اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں داخل نہ ہو۔

۴۷۹۲۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَا أَعْلَمُ النَّاسِ بِهَذِهِ الْآيَةِ آيَةِ الْحِجَابِ لَمَّا أُهْدِيَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ جَحْشٍ رضی الله عنها إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ كَانَتْ مَعَهُ فِي الْبَيْتِ صَنَعَ طَعَامًا وَدَعَا الْقَوْمَ فَقَعَدُوا يَتَحَدَّثُونَ فَجَعَلَ النَّبِيُّ ﷺ يَخْرُجُ ثُمَّ يَرْجِعُ وَهُمْ قُعُودٌ يَتَحَدَّثُونَ فَأَنْزَلَ اللهُ تَعَالَى ﴿يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ إِلَى قَوْلِهِ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ﴾ الْآيَةَ (الاحزاب:۵۳) فَضُرِبَ الْحِجَابُ وَقَامَ الْقَوْمُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں حماد بن زید نے حدیث بیان کی از ایوب از ابی قلابہ، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا: میں تمام لوگوں سے زیادہ اس آیت کو جانتا ہوں جو آیت حجاب ہے، جب حضرت زینب جحش رضی اللہ عنہا کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف پیش کیا گیا وہ آپ کے ساتھ گھر میں تھیں، آپ نے کھانا تیار کیا اور لوگوں کو بلایا، پس وہ بیٹھ کر باتیں کرنے لگے، سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم باہر نکلتے، پھر لوٹ آتے او وہ اسی طرح بیٹھے باتیں کر رہے تھے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرما دی: اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں داخل نہ ہو سوا اس کے کہ تمہیں کھانے کے لیے بلایا جائے کھانا پکنے کا انتظار نہ کرتے رہو (الاحزاب: ۵۳) یہ آیت یہاں تک ہے مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ یعنی پردے کے پیچھے سے۔ پس پردہ گرا دیا گیا اور لوگ اٹھ گئے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: ابوعبیدہ نے کہا: حضرت زینب بنت جحش کے ساتھ نکاح تین (۳) ہجری میں ہوا، اور قتادہ نے کہا: پانچ (۵) ہجری میں ہوا تھا، اس کے علاوہ اور بھی اقوال ہیں۔

وہ لوگ کھانا کھانے کے بعد گھر سے نہیں نکلے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بار بار گھر سے نکل کر باہر جاتے اور لوٹ آتے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے حیاء فرماتے تھے کہ آپ ان سے فرمائیں کہ تم اٹھ کر چلے جاؤ۔

حضرت زینب بن جحش کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف پیش کیا گیا: یعنی کسی عورت نے ان کا بناؤ سنگھار کر کے دلہن بنایا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف پیش کیا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۷۴)

۴۷۹۳۔ حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسٍ رضی الله

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابومعمر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا، ہمیں عبدالوارث نے حدیث بیان کی، انہوں نے

Marfat.com

عنه قَالَ بُنِيَ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ بِزَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ بِخُبْزٍ وَلَحْمٍ فَأَرْسِلْتُ عَلَى الطَّعَامِ دَاعِيًا فَيَجِيئُ قَوْمٌ فَيَأْكُلُونَ وَيَخْرُجُونَ ثُمَّ يَجِيئُ قَوْمٌ فَيَأْكُلُونَ وَيَخْرُجُونَ فَدَعَوْتُ حَتَّى مَا أَجِدُ أَحَدًا أَدْعُو فَقُلْتُ يَا نَبِيَّ اللهِ مَا أَجِدُ أَحَدًا أَدْعُوهُ قَالَ ارْفَعُوا طَعَامَكُمْ وَبَقِيَ ثَلَاثَةُ رَهْطٍ يَتَحَدَّثُونَ فِي الْبَيْتِ فَخَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ فَانْطَلَقَ إِلَى حُجْرَةِ عَائِشَةَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ وَرَحْمَةُ اللهِ فَقَالَتْ وَعَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللهِ كَيْفَ وَجَدْتَ أَهْلَكَ بَارَكَ اللهُ لَكَ فَتَقَرَّى حُجَرَ نِسَائِهِ كُلِّهِنَّ يَقُولُ لَهُنَّ كَمَا يَقُولُ لِعَائِشَةَ وَيَقُلْنَ لَهُ كَمَا قَالَتْ عَائِشَةُ ثُمَّ رَجَعَ النَّبِيُّ ﷺ فَإِذَا ثَلَاثَةٌ مِنْ رَهْطٍ فِي الْبَيْتِ يَتَحَدَّثُونَ وَكَانَ النَّبِيُّ ﷺ شَدِيدَ الْحَيَاءِ فَخَرَجَ مُنْطَلِقًا نَحْوَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ فَمَا أَدْرِي آخْبَرْتُهُ أَوْ أُخْبِرَ أَنَّ الْقَوْمَ خَرَجُوا فَرَجَعَ حَتَّى إِذَا وَضَعَ رِجْلَهُ فِي أُسْكُفَّةِ الْبَابِ دَاخِلَةً وَأُخْرَى خَارِجَةً أَرْخَى السِّتْرَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ وَأُنْزِلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ۔

کہا: ہمیں عبدالعزیز بن صہیب نے حدیث بیان کی از حضرت انس رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پیش کیا گیا تو آپ نے روٹیاں اور گوشت تیار کرایا، پھر میں نے لوگوں کو کھانے کی دعوت دی، پس لوگ آتے کھانا کھاتے اور چلے جاتے، پھر دوسرے لوگ آتے وہ کھانا کھاتے اور چلے جاتے، پس میں لوگوں کو دعوت دیتا رہا حتیٰ کہ کوئی ایک شخص باقی نہیں رہا کہ جس کو میں دعوت دوں تو میں نے کہا: اے اللہ کے نبی! میں کسی ایک شخص کو بھی نہیں پاتا کہ جس کو میں دعوت دوں، آپ نے فرمایا: تم اپنا کھانا اٹھالو اور تین آدمی باقی رہ گئے جو گھر میں باتیں کر رہے تھے، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کی طرف باہر نکلے تو آپ نے فرمایا: اے اہل بیت! السلام علیکم ورحمۃ اللہ، حضرت عائشہ نے جواب دیا: وعلیک السلام ورحمۃ اللہ، آپ نے اپنی بیوی کو کیسا پایا، اللہ تعالیٰ آپ کو برکت دے، یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم تمام ازواج مطہرات کے حجروں میں گئے اور ان سے اسی طرح بات کی جس طرح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بات کی تھی اور انہوں نے بھی اسی طرح جواب دیا جس طرح حضرت عائشہ نے جواب دیا تھا، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر واپس آئے تو وہ تین شخص اسی طرح باتیں کر رہے تھے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم بہت زیادہ حیاء فرماتے تھے، آپ پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ کی طرف چل پڑے، مجھے پتا نہیں کہ میں نے آپ کو خبر دی یا کسی اور نے خبر دی کہ لوگ گھر سے نکل گئے ہیں، پس آپ واپس آئے حتیٰ کہ آپ نے اپنا ایک پیر دروازے کی چوکھٹ پر داخل ہونے کے لیے رکھا اور دوسرا پیر باہر تھا، پھر آپ نے میرے اور اپنے درمیان پردہ ڈال دیا اور حجاب کی آیت نازل ہوگئی۔

اس حدیث کی وہی شرح ہے جو صحیح البخاری: ۴۷۹۱ میں ہے۔

علامہ عینی نے بعض مشکل الفاظ کے معانی لکھے ہیں:

بُنِيَ: اس کا معنی ہے: بیوی کے پاس داخل ہونا اور اس کی اصل یہ ہے کہ مرد جب کسی عورت سے نکاح کرے تو ان کے لیے خیمہ یا کمرہ بنا دیا جاتا ہے تاکہ وہ اپنی بیوی کے ساتھ دخول کرے۔

فَتَقَرَّى: یعنی آپ ایک ایک کر کے ہر حجرے میں گئے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۷۵، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۷۹۴۔ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ أَنَسٍ رضی الله عنه قَالَ أَوْلَمَ رَسُولُ اللهِ ﷺ حِينَ بَنَى بِزَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ فَأَشْبَعَ النَّاسَ خُبْزًا وَلَحْمًا ثُمَّ خَرَجَ إِلَى حُجَرِ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ كَمَا كَانَ يَصْنَعُ صَبِيحَةَ بِنَائِهِ فَيُسَلِّمُ عَلَيْهِنَّ وَيُسَلِّمْنَ عَلَيْهِ وَيَدْعُو لَهُنَّ وَيَدْعُونَ لَهُ فَلَمَّا رَجَعَ إِلَى بَيْتِهِ رَأَى رَجُلَيْنِ جَرَى بِهِمَا الْحَدِيثُ فَلَمَّا رَآهُمَا رَجَعَ عَنْ بَيْتِهِ فَلَمَّا رَأَى الرَّجُلَانِ نَبِيَّ اللهِ ﷺ رَجَعَ عَنْ بَيْتِهِ وَثَبَا مُسْرِعَيْنِ فَمَا أَدْرِي أَنَا أَخْبَرْتُهُ بِخُرُوجِهِمَا أَمْ أُخْبِرَ فَرَجَعَ حَتَّى دَخَلَ الْبَيْتَ وَأَرْخَى السِّتْرَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ وَأُنْزِلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ وَقَالَ ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ أَخْبَرَنَا يَحْيَى حَدَّثَنِي حُمَيْدٌ سَمِعَ أَنَسًا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں اسحاق بن منصور نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبداللہ بن بکر السہمی نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں حمید نے حدیث بیان کی از حضرت انس رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حضرت زینب بنت جحش کو پیش کیا گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ولیمہ کیا، پس تمام لوگ روٹیوں اور گوشت سے سیر ہو گئے، پھر آپ امہات المومنین کے حجروں کی طرف نکلے جیسا کہ آپ شب باشی کی صبح کو کرتے تھے، پس آپ نے ان کو سلام کیا اور انہوں نے آپ کے سلام کا جواب دیا اور آپ نے ان کو دعا دی اور انہوں نے آپ کو دعا دی، پھر جب آپ اپنے گھر کی طرف واپس گئے تو آپ نے دیکھا کہ دو مردوں کے درمیان باتیں جاری ہیں، پس جب آپ نے ان دونوں کو دیکھا تو اپنے گھر واپس گئے، پس جب ان دو مردوں نے نبی اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا تو وہ بہت تیزی سے آپ کے گھر سے لوٹ گئے، پس مجھے معلوم نہیں کہ میں نے ان کے نکلنے کی خبر دی تھی یا آپ کو وحی کے ذریعے خبر دی گئی تھی، پس آپ واپس آئے حتیٰ کہ گھر میں داخل ہو گئے اور آپ نے میرے اور اپنے درمیان پردہ لٹکا دیا اور آیت حجاب نازل ہوئی، ابن ابی مریم نے کہا: ہمیں یحییٰ نے خبر دی، انہوں نے کہا: مجھے حدیث بیان کی حمید نے، انہوں نے حضرت انس سے سنا، وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیان کرتے ہیں۔

اس حدیث کی شرح وہی ہے جو صحیح البخاری: ۴۷۹۱ کی شرح ہے۔

علامہ عینی نے بعض مشکل الفاظ کے معانی بیان کیے ہیں جو حسب ذیل ہیں:

صَبِيحَةَ بِنَائِهِ: یعنی شب زفاف کے بعد کی صبح۔

آپ نے دو مردوں کو دیکھا: اس سے پہلی حدیث میں تین مردوں کا ذکر تھا اور مفہوم عدد کا اعتبار نہیں ہوتا اور دوسرا جواب یہ ہے کہ باتیں دو آدمی کر رہے تھے اور تیسرا خاموش تھا اور تیسرا جواب یہ ہے کہ پہلے تین آدمی تھے، پھر ان میں سے ایک اٹھ کر چلا گیا تو باقی دو رہ گئے تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ صفحہ ۱۷۶)

۴۷۹۵۔ حَدَّثَنِي زَكَرِيَّاءُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنها قَالَتْ خَرَجَتْ سَوْدَةُ بَعْدَمَا ضُرِبَ الْحِجَابُ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے زکریا بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو اسامہ نے حدیث بیان کی از ہشام از والد خود از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، وہ بیان کرتی ہیں:

Marfat.com

لِحَاجَتِهَا وَكَانَتْ امْرَأَةً جَسِيمَةً لَا تَخْفَى عَلَى مَنْ يَعْرِفُهَا فَرَآهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ يَا سَوْدَةُ أَمَا وَاللهِ مَا تَخْفَيْنَ عَلَيْنَا فَانْظُرِي كَيْفَ تَخْرُجِينَ قَالَتْ فَانْكَفَأَتْ رَاجِعَةً وَرَسُولُ اللهِ ﷺ فِي بَيْتِي وَإِنَّهُ لَيَتَعَشَّى وَفِي يَدِهِ عَرْقٌ فَدَخَلَتْ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي خَرَجْتُ لِبَعْضِ حَاجَتِي فَقَالَ لِي عُمَرُ كَذَا وَكَذَا قَالَتْ فَأَوْحَى اللهُ إِلَيْهِ ثُمَّ رُفِعَ عَنْهُ وَإِنَّ الْعَرْقَ فِي يَدِهِ مَا وَضَعَهُ فَقَالَ إِنَّهُ قَدْ أُذِنَ لَكُنَّ أَنْ تَخْرُجْنَ لِحَاجَتِكُنَّ۔

پردے کا حکم نازل ہونے کے بعد حضرت سودہ رضی اللہ عنہا اپنے کسی کام کے سبب گھر سے باہر نکلیں اور یہ بھاری جسم والی عورت تھی، جو شخص ان کو پہچانتا ہو وہ اس پر مخفی نہیں رہتی تھیں، پس ان کو حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے دیکھا تو انہوں نے کہا: اے سودہ! سنیے! اللہ کی قسم! آپ ہم پر مخفی نہیں ہیں آپ غور کیجئے آپ کیسے نکل رہی ہیں، حضرت عائشہ نے بتایا کہ حضرت سودہ مڑ کر واپس گئیں اور رسول اللہ ﷺ میرے گھر میں کھانا تناول فرما رہے تھے اور آپ کے ہاتھ میں گوشت والی ہڈی تھی، وہ اندر آئیں اور انہوں نے کہا: یا رسول اللہ! میں اپنے کسی کام سے نکلی تھی، پس مجھ سے حضرت عمر نے اس طرح اور اس طرح کہا۔ حضرت عائشہ نے بتایا: پس اللہ نے آپ کی طرف وحی کی، پھر آپ سے وحی منقطع ہوئی اور گوشت والی ہڈی آپ کے ہاتھ میں تھی جس کو آپ نے ابھی رکھا نہیں تھا، پس آپ نے فرمایا: تم ازواج کے لیے اجازت دی گئی ہے کہ تم اپنی ضروریات کے لیے گھر سے باہر نکلا کرو۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۴۶ میں گزر چکی ہے۔

علامہ عینی نے اس حدیث کے مشکل الفاظ کے معانی لکھے ہیں جو کہ حسب ذیل ہیں:

حضرت سودہ نکلیں: یہ حضرت سودہ بنت زمعہ ام المومنین ہیں۔

پردے کا حکم نازل ہونے کے بعد: کتاب الطہارت میں یہ گزر چکا ہے کہ یہ حجاب کا حکم نازل ہونے سے پہلے کا واقعہ ہے، علامہ کرمانی نے لکھا ہے: شاید یہ واقعہ دو مرتبہ ہوا ہے، خلاصہ یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دل میں یہ تھا کہ نبی ﷺ کی ازواج پر اجنبی مردوں کی نظریں نہ پڑیں حتیٰ کہ انہوں نے اس کی تصریح کی اور کہا: آپ اپنی ازواج کو حجاب میں رکھیں حتیٰ کہ پردہ کے احکام نازل ہو گئے، پھر ان کا ارادہ یہ تھا کہ ازواج مطہرات کا بدن بالکل ظاہر نہ ہو خواہ وہ مستور ہوں تو انہوں نے اس میں مبالغہ کیا اور حضرت عمر کو اس سے منع کیا گیا اور ازواج مطہرات کو اپنی ضرورت کے کاموں میں نکلنے کی اجازت دی گئی تا کہ ان کو مشقت اور حرج نہ ہو۔

اس باب میں جو احادیث ذکر کی گئی ہیں وہ سب حجاب سے متعلق ہیں۔

حجاب کے احکام کی تفصیل

قاضی عیاض نے کہا ہے: نبی ﷺ کی ازواج کے اوپر حجاب فرض کیا گیا ہے اور یہ ان پر بالاتفاق فرض ہے اور ان کے لیے چہرے اور ہتھیلیوں کو بھی کھولنا جائز نہیں ہے نہ شہادت کے موقع پر اور نہ کسی اور موقع پر اور ان کے لیے اپنے جسم کو ظاہر کرنا جائز نہیں ہے سوائے اس کے کہ وہ قضائے حاجت کے لیے گھر سے باہر جائیں اور اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ ازواج مطہرات کے سوا دوسری عورتوں کے لیے جائز ہے کہ وہ اپنی ضرورت کے کاموں میں گھر سے باہر جا سکتی ہیں لیکن ان پر لازم ہے کہ وہ اپنے تمام اعضاء کو مستور رکھیں اور اپنی کسی زینت کو ظاہر نہ کریں اور نہ اپنی آواز بلند کریں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۷۷۔۱۷۶، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۹۔ بَابٌ: إِنْ تُبْدُوا شَيْئًا أَوْ تُخْفُوهُ فَإِنَّ اللهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ۝ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ وَلَا أَبْنَائِهِنَّ وَلَا إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَائِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ وَاتَّقِينَ اللهَ إِنَّ اللهَ كَانَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا ۝ (الاحزاب:۵۴۔۵۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اگر تم کسی بات کو چھپاؤ یا اس کو ظاہر کرو تو بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے O ان خواتین پر کوئی گناہ نہیں ہے کہ وہ اپنے باپ دادا اور اپنے بیٹوں اور اپنے بھائیوں اور اپنے بھتیجوں اور اپنے بھانجوں اور اپنی ہم دین خواتین اور اپنی باندیوں سے پردہ نہ کریں اور تم اللہ سے ڈرتی رہو، بے شک اللہ ہر چیز کا نگہبان ہے O (الاحزاب:۵۵۔۵۴) کی تفسیر

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج سے نکاح کے حرام ہونے کی سخت حرمت اور جن رشتہ داروں سے پردہ لازم ہے ان کی تفصیل

علامہ عینی ان آیتوں کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

یعنی اگر تم نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج سے نکاح کے متعلق کوئی بات اپنی زبانوں پر لاؤ یا تم اس قسم کی بات کو اپنے سینوں میں چھپاؤ تو بے شک اللہ اس کو جانتا ہے، وہ تم کو سخت عذاب دے گا اور چونکہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد ان کا کسی سے نکاح کرنا حرام ہو چکا ہے اس لیے بیت المال سے ان کا خرچ ادا کرنا لازم ہے اور اہل علم کا اس میں اختلاف ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد ان پر عدت واجب ہے یا نہیں؟ پس ایک قول یہ ہے کہ ان پر عدت واجب نہیں ہے کیونکہ عدت میں دوسرے نکاح کا انتظار ہوتا ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ ان پر عدت واجب ہے کیونکہ عدت گزارنا عبادت ہے خواہ اس کے بعد کسی دوسرے نکاح کا انتظار ہو یا نہ ہو۔

مفسرین نے کہا کہ جب آیت حجاب نازل ہوئی تو عورتوں کے باپوں اور بیٹوں نے پوچھا: اے اللہ کے نبی! کیا ہم بھی ان سے پردہ کے پیچھے سے بات کیا کریں؟ تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: کہ ان رشتہ داروں کے حق میں پردہ کرنا لازم نہیں ہے، اس آیت میں چچا کا ذکر نہیں کیا کیونکہ وہ باپ کی مثل ہے اور نہ ماموں کا ذکر کیا کیونکہ وہ بھائی کی مثل ہے اور فرمایا: اور تم اللہ سے ڈرتی رہو یعنی ان رشتہ داروں کے علاوہ کوئی اور تم کو دیکھے تو تم اللہ سے ڈرتی رہنا کیونکہ اللہ تعالیٰ سے کسی کا کوئی عمل مخفی نہیں ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ صفحہ ۱۷۸۔۱۷۷)

۴۷۹۶۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائِشَةَ رضی الله عنها قَالَتْ اسْتَأْذَنَ عَلَيَّ أَفْلَحُ أَخُو أَبِي الْقُعَيْسِ بَعْدَمَا أُنْزِلَ الْحِجَابُ فَقُلْتُ لَا آذَنُ لَهُ حَتَّى أَسْتَأْذِنَ فِيهِ النَّبِيَّ ﷺ فَإِنَّ أَخَاهُ أَبَا الْقُعَيْسِ لَيْسَ هُوَ أَرْضَعَنِي وَلَكِنْ أَرْضَعَتْنِي امْرَأَةُ أَبِي الْقُعَيْسِ فَدَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ ﷺ فَقُلْتُ لَهُ يَا رَسُولَ اللهِ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعیب نے حدیث بیان کی از الزہری، انہوں نے کہا: مجھے عروہ بن زبیر نے حدیث بیان کی کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ حجاب کے احکام نازل ہونے کے بعد ابوالقعیس کے بھائی افلح نے میرے پاس آنے کی اجازت طلب کی تو میں نے کہا: میں اس کو اجازت نہیں دوں گی حتیٰ کہ میں اس کے متعلق نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کرلوں کیونکہ ابوالقعیس کے

Marfat.com

إِنَّ أَفْلَحَ أَخَا أَبِي الْقُعَيْسِ اسْتَأْذَنَ فَأَبَيْتُ أَنْ آذَنَ لَهُ حَتَّى أَسْتَأْذِنَكَ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ وَمَا مَنَعَكِ أَنْ تَأْذَنِي عَمُّكِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ الرَّجُلَ لَيْسَ هُوَ أَرْضَعَنِي وَلَكِنْ أَرْضَعَتْنِي امْرَأَةُ أَبِي الْقُعَيْسِ فَقَالَ ائْذَنِي لَهُ فَإِنَّهُ عَمُّكِ تَرِبَتْ يَمِينُكِ قَالَ عُرْوَةُ فَلِذَلِكَ كَانَتْ عَائِشَةُ تَقُولُ حَرِّمُوا مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا تُحَرِّمُونَ مِنَ النَّسَبِ۔

بھائی نے مجھے دودھ نہیں پلایا لیکن ابوالقعیس کی بیوی نے مجھ کو دودھ پلایا ہے، پھر نبی ﷺ میرے پاس تشریف لائے تو میں نے آپ سے پوچھا: یا رسول اللہ! بے شک افلح جو ابوالقعیس کا بھائی ہے اس نے میرے پاس آنے کی اجازت طلب کی تھی تو میں نے اس کو اجازت دینے سے انکار کر دیا حتیٰ کہ میں آپ سے اجازت طلب کرلوں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: اور تمہیں اپنے چچا کو اجازت دینے سے کس چیز نے روکا، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس مرد نے مجھے دودھ نہیں پلایا لیکن ابوالقعیس کی بیوی نے مجھ کو دودھ پلایا تھا، تب نبی ﷺ نے فرمایا: تم اس کو اجازت دو تمہارے ہاتھ خاک آلودہ ہوں وہ تمہارا رضاعی چچا ہے، عروہ نے کہا: اسی وجہ سے حضرت عائشہ یہ فرماتی تھیں: جن رشتہ داروں کو تم نسب سے حرام قرار دیتے ہو ان کو رضاعت سے بھی حرام قرار دو۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۶۴۴ میں گزر چکی ہے

حدیث مذکور کی باب کے عنوان کے ساتھ مطابقت اور ابوالقعیس کے نام اور کنیت کی تحقیق

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس حدیث پر یہ اعتراض ہے کہ اس میں کوئی تفسیر نہیں ہے تو اس کا یہ جواب دیا گیا ہے کہ یہ حدیث باب کے عنوان کے ساتھ اس حیثیت سے مطابق ہے کہ اس میں یہ ذکر ہے کہ رضاعی باپوں اور رضاعی چچاؤں کا امہات المومنین کے گھر داخل ہونا جائز ہے کیونکہ آپ نے حضرت عائشہ سے فرمایا: ان کو اجازت دو وہ تمہارے چچا ہیں۔

اس حدیث میں افلح ابوالقعیس کا ذکر ہے اور ابوعمر نے کہا ہے یہ اسم افلح بن ابی القعیس ہے اور ایک قول یہ ہے کہ ان کے نام میں دو قول ہیں اور زیادہ صحیح یہ ہے کہ ان کا نام ابوالقعیس ہے کیونکہ حضرت عائشہ نے فرمایا: ابوالقعیس کے بھائی افلح آئے، اور دوسرا قول یہ ہے کہ ابوالقعیس کا نام الجعد ہے اور کہا جاتا ہے کہ افلح کی کنیت ابوالجعد ہے اور ایک قول ہے: ان کا نام وائل بن افلح ہے۔

اس حدیث میں ذکر ہے: تمہارے ہاتھ خاک آلود ہوں: یہ وہ بات ہے جس کو عرب کہتے ہیں اور وہ ان الفاظ کی حقیقت اور ان کے وقوع کا ارادہ نہیں کرتے تھے اور ان الفاظ کا معنی یہ ہے کہ تم فقیر اور محتاج ہو جاؤ کیونکہ جو شخص فقیر اور محتاج ہو وہ خاک سے مل جاتا ہے۔

علامہ خطابی نے کہا ہے: اس حدیث کی فقہ یہ ہے کہ مرد سے بھی دودھ کا رشتہ ثابت ہوتا ہے اور دودھ پلانے والی کا شوہر والد کے حکم میں ہے اور اس کا بھائی چچا کے حکم میں ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۷۸)

۱۰۔ بَابٌ: إِنَّ اللهَ وَمَلٰٓئِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ﴿٥٦﴾ (الاحزاب: ۵۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود پڑھتے ہیں، اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود پڑھو اور بہ کثرت سلام پڑھو ○ (الاحزاب: ۵۶) کی تفسیر

Marfat.com

قَالَ أَبُو الْعَالِيَةِ صَلَاةُ اللهِ ثَنَاؤُهُ عَلَيْهِ عِنْدَ الْمَلَائِكَةِ وَصَلَاةُ الْمَلَائِكَةِ الدُّعَاءُ۔

ابو العالیہ نے کہا: اللہ کی صلوٰۃ کا معنی ہے: اللہ عزوجل کا فرشتوں کے سامنے اپنی حمد وثنا کرنا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: ابو العالیہ کا نام رفیع بن مہران الریاحی البصری ہے، انہوں نے زمانہ جاہلیت کو پایا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے دو سال بعد اسلام لائے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوئے اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت سے احادیث روایت کیں اور نوے (۹۰) ہجری میں وفات پائی۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ يُصَلُّونَ يُبَرِّكُونَ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: يُصَلُّوْنَ کا معنی ہے: وہ برکت کی دعا کرتے ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس تعلیق کی امام ابن ابی حاتم نے اپنی سند کے ساتھ روایت کی ہے۔

لَنُغْرِيَنَّكَ لَنُسَلِّطَنَّكَ۔

لَنُغْرِيَنَّكَ اس کا معنی ہے: لَنُسَلِّطَنَّكَ یعنی ہم آپ کو ان پر ضرور غالب کردیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ (الاحزاب:۶۰)

اگر منافق باز نہ آئے اور وہ لوگ جن کے دلوں میں (فسق کی) بیماری ہے اور مدینہ میں جھوٹی افواہیں اڑانے والے تو ہم آپ کو ضرور ان پر مسلط فرما دیں گے تو پھر وہ آپ کے پاس مدینہ میں زیادہ عرصہ نہیں ٹھہر سکیں گے ○

علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی اگر منافقین مسلمانوں کو ایذاء پہنچانے سے باز نہیں آئے اور مدینہ میں جھوٹی افواہیں پھیلانے سے نہیں رکے تو ہم آپ کو ان کے اوپر جنگ کرنے کے لیے مسلط کردیں گے اور مدینہ سے ان کو نکالنے کے لیے آپ کو غالب کردیں گے، پھر وہ آپ کے ساتھ بہت کم تعداد میں رہ جائیں گے یا بہت تھوڑے زمانہ تک رہیں گے حتیٰ کہ ہلاک ہو جائیں گے یا وہاں سے کوچ کر جائیں گے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۷۹)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: یہاں پر اسی طرح ہے اور اس تعلیق کا آیت کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے ہر چند کہ یہ بھی اسی سورت سے ہے، پس شاید کہ یہ بخاری کے نسخہ کو نقل کرنے والے کی غلطی ہے۔ (فتح الباری ج ۵ صفحہ ۷۸۶)

علامہ عینی حافظ ابن حجر کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں: امام بخاری نے اپنی عادت کے مطابق اس تعلیق کو لکھا ہے تاکہ اس کے معنی کی تفسیر کی جائے، اگر یہ آیت کسی اور سورت کی ہوتی تو حافظ ابن حجر کے اعتراض کی کوئی وجہ ہوتی اور بخاری کے نسخہ کو نقل کرنے والوں کی طرف اس غلطی کی نسبت کرنا بہت بعید ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۷۹)

۴۷۹۷۔ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنِ الْحَكَمِ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ رضی الله عنه قِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ أَمَّا السَّلَامُ عَلَيْكَ فَقَدْ عَرَفْنَاهُ فَكَيْفَ الصَّلَاةُ عَلَيْكَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے سعید بن یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں مسعر نے حدیث بیان کی از الحکم از ابن ابی لیلیٰ از حضرت کعب بن عجرۃ رضی اللہ عنہ عرض کیا گیا: یا رسول

Marfat.com

قَالَ قُولُوا اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ اللَّهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ۔

اللہ! آپ پر سلام پڑھنے کا طریقہ تو ہم نے جان لیا ہے تو ہم آپ پر صلاۃ کیسے پڑھیں تو آپ نے فرمایا: تم کہو: اللھم صل علی محمد و علی آل محمد کما صلیت علی آل ابراھیم انک حمید مجید اللھم بارك علی محمد و علی آل محمد کما بارکت علی آل ابراھیم انک حمیدٌ مجیدٌ۔

اس حدیث کی شرح صحیح بخاری: ۳۳۷۰ میں گزر چکی ہے۔

درود ابراہیمی میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر افضلیت کے اعتراض کا جواب

علامہ بدرالدین عینی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

رہا آپ پر سلام پڑھنا تو اس کا طریقہ ہمیں معلوم ہے: صحابہ کی مراد یہ تھی کہ آپ نے ان کو سلام پڑھنے کا جو طریقہ نماز کے تشہد میں سکھایا ہے یعنی السلام علیك ایھا النبی و رحمة الله و برکاته۔

آپ نے فرمایا: جس طرح آپ نے حضرت ابراہیم پر صلاۃ پڑھی ہے: یعنی جس طرح آپ پہلے حضرت ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر صلاۃ نازل فرما چکے ہیں، پس ہم آپ سے سیدنا محمد پر صلاۃ نازل کرنے کا سوال کرتے ہیں، پھر اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ تشبیہ کا قاعدہ یہ ہے کہ مشبہ بہ، مشبہ سے اقوی ہوتا ہے اور یہاں اس کے برعکس ہے کیونکہ ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابراہیم سے افضل ہیں، اس کا ایک جواب یہ ہے کہ یہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس وقت فرمایا تھا جب آپ کو یہ علم نہیں تھا کہ آپ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے افضل ہیں۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ یہاں تشبیہ اس لیے نہیں ہے کہ ناقص کو کامل کے ساتھ ملایا جائے بلکہ اس لیے ہے کہ غیر معروف کو معروف کے ساتھ ملایا جائے یعنی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابراہیم علیہ السلام سے زیادہ معروف ہیں۔ تیسرا جواب یہ ہے کہ یہاں پر مجموع کو مجموع کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ آل ابراہیم سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل سے افضل ہیں کیونکہ آل ابراہیم میں انبیاء علیہم السلام داخل ہیں اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل میں کوئی نبی نہیں ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۸۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۷۹۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ الْهَادِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ خَبَّابٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللهِ هَذَا التَّسْلِيمُ فَكَيْفَ نُصَلِّي عَلَيْكَ قَالَ قُولُوا اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَبُو صَالِحٍ عَنِ اللَّيْثِ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ وَالدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ يَزِيدَ وَقَالَ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں اللیث نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے ابن الہاد نے حدیث بیان کی از عبداللہ بن خباب از حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ سلام پڑھنا ہے تو ہم آپ پر صلاۃ کیسے پڑھیں، آپ نے فرمایا: تم کہو: اللھم صل علی محمد عبدك و رسولك کما صلیت علی آل ابراھیم و بارك علی محمد و علی آل محمد کما بارکت علی ابراھیم۔ ابوصالح نے لیث سے روایت کرتے ہوئے کہا: علی محمد و علی آل محمد کما بارکت علی آل ابراھیم۔ ہمیں ابراہیم بن حمزہ نے حدیث بیان

إِبْرَاهِيمَ وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَآلِ إِبْرَاهِيمَ

کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابن ابی حازم اور الدراوردی نے حدیث بیان کی از یزید اور کہا: کما صلیت علی ابراهیم و بارك علی محمد و آل محمد کما بارکت علی ابراهیم و آل ابراهیم۔

ابراہیم بن حمزہ اور ابن ابی حازم کا تعارف

علامہ عینی لکھتے ہیں: ابراہیم بن حمزہ کا نام ابواسحاق الزبیری المدینی ہے اور ابن ابی حازم وہ عبدالعزیز بن ابی حازم ہیں اور ان کا نام سلمہ ہے اور الدراوردی وہ عبدالعزیز بن محمد ہیں جو منسوب ہیں دراورد کی طرف اور یزید سے مراد ابن الہاد ہیں اور امام بخاری کی مراد یہ ہے کہ ابن ابی حازم اور الدراوردی دونوں نے اس حدیث کی لیث کی سند سے روایت کی ہے، پس آل ابراہیم کا ذکر کیا جیسا کہ اس کا ذکر ابوصالح نے لیث کی روایت سے کیا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۸۱۔ ۱۸۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

غیر نبی پر استقلالاً صلاۃ پڑھنے کی تحقیق

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

اس حدیث میں ارشاد ہے: اللھم صل علی محمد و علی آل محمد اور آل محمد میں تو نبی نہیں ہیں، سو اس سے معلوم ہوا کہ غیر نبی پر بھی صلاۃ پڑھنا جائز ہے حالانکہ جمہور علماء کے نزدیک یہ جائز نہیں ہے، اس کا یہ جواب دیا گیا ہے کہ یہ جواز اس صورت میں ہے جب نبی پر صلاۃ کی دعا کرنے کے بعد تبعاً غیر نبی پر صلاۃ کی دعا کی جائے اور ممانعت اس صورت میں ہے جب غیر نبی پر استقلالاً صلاۃ کی دعا کی جائے اور ممانعت کی دلیل یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلاۃ پڑھنا شعار ہو گیا ہے، اسی لیے اس میں کوئی دوسرا شریک نہیں ہوگا، اس لیے یہ کہنا جائز نہیں کہ ''ابوبکر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' ہر چند کہ اس کا معنی صحیح ہے اور یوں کہنا جائز ہے کہ صلی اللہ علی النبی و علی صدیقه یا و علی خلیفته اور اسی کے قریب یہ ہے کہ ''محمد عزوجل'' کہنا جائز نہیں ہے اگرچہ اس کا معنی صحیح ہے کیونکہ یہ ''ثناء'' اللہ سبحانہ کا شعار ہے، اس لیے کسی دوسرے کو اس میں شریک کرنا جائز نہیں ہے۔ بعض علماء نے کہا ہے کہ قرآن مجید میں ہے:

خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ۖ إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿١٠٣﴾ (توبہ: ۱۰۳)

آپ ان کے مالوں سے زکوٰۃ لیجئے جس کے ذریعے آپ انہیں پاک کریں گے اور ان کے باطن کو صاف کریں گے اور آپ ان پر صلاۃ بھیجئے، بے شک آپ کی صلاۃ ان کے لیے باعث طمانیت ہے اور اللہ بہت سننے والا بہت جاننے والا ہے O

اور اسی طرح نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ دعا کی: اللھم صل علی آل ابی اوفی (اے اللہ! ابواوفیٰ کی آل پر صلاۃ نازل فرما) اور حضرت جابر کی بیوی نے کہا: صل علی و علی زوجی (مجھ پر صلاۃ نازل فرما اور میرے خاوند پر) تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کی: اللھم صل علیھما (اے اللہ! ان دونوں پر صلاۃ نازل فرما)، یہ تمام دعائیں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کی ہیں اور صاحب حق کے لیے یہ جائز ہے کہ وہ اپنے حق میں سے جس کو چاہے عطا فرما دے اور دوسروں کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اس کے حق میں اس کی اجازت کے بغیر تصرف کریں اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دوسروں کے لیے یہ اجازت ثابت نہیں ہے اور ممانعت کی قوی دلیل یہ ہے کہ غیر نبی پر استقلالاً صلوٰۃ پڑھنا روافض اور اہل بدعت کا شعار ہے کیونکہ یہ لوگ اہل بیت میں سے جس کی تعظیم کرتے ہیں اس پر استقلالاً صلاۃ پڑھتے ہیں اور یہ ممانعت آیا حرام ہے یا مکروہ ہے یا خلاف اولیٰ ہے؟

علامہ نووی نے کتاب الاذکار میں یہ تینوں قول نقل کیے ہیں اور صحیح یہ ہے کہ یہ مکروہ ہے اور اسماعیل بن اسحاق نے کتاب احکام

Marfat.com

القرآن میں سند حسن کے ساتھ حضرت عمر بن عبدالعزیز سے یہ روایت نقل کی ہے، انہوں نے لکھا کہ کچھ لوگ آخرت کے عمل کے بدلہ میں دنیا کا عمل تلاش کرتے ہیں اور کچھ قصہ گو واعظین نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلاۃ کے ساتھ اپنے خلفاء اور امراء پر صلاۃ پڑھنے کی بدعت ایجاد کرلی ہے، پس تمہارے پاس جب میرا یہ مکتوب آئے تو تم ان کو یہ حکم دو کہ نبیوں پر صلاۃ پڑھیں اور مسلمانوں کے لیے دعا کریں اور اس کے سوا جو چیز ہے اس کو ترک کردیں، پھر انہوں نے سند صحیح کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ حدیث روایت کی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سوا اور کسی پر صلاۃ پڑھنا جائز نہیں ہے، لیکن مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کے لیے استغفار ہے اور ابوذر نے ذکر کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلاۃ پڑھنے کا معمول دوسری صدی ہجری میں رائج ہوا ہے۔

(فتح الباری ج ۵ ص ۷۸۷۔۷۸۶، دارالمعرف، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۱۱۔ بَابٌ: يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَى۔

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے ایمان والو! ان لوگوں کی طرح نہ ہوجانا جنہوں نے موسیٰ کو اذیت پہنچائی تھی۔ (الاحزاب:۶۹) کی تفسیر

(الاحزاب:۶۹)

علامہ عینی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں: یعنی تم سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس طرح ایذا نہ دو جس طرح بنو اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ایذاء دی تھی اور انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ ایذاء پہنچائی تھی کہ انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے متعلق کہا کہ ان کے خصیتین بہت بڑے بڑے ہیں، دوسرا قول یہ ہے کہ انہوں نے کہا تھا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت ہارون علیہ السلام کو قتل کیا ہے، اور تیسرا قول یہ ہے کہ انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر جادوگر اور مجنون ہونے کی تہمت لگائی تھی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۸۱)

۳۷۹۹۔ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا عَوْفٌ عَنِ الْحَسَنِ وَمُحَمَّدٍ وَخِلَاسٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم إِنَّ مُوسَى كَانَ رَجُلًا حَيِيًّا وَذَلِكَ قَوْلُهُ تَعَالَى ﴿يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَى فَبَرَّأَهُ اللهُ مِمَّا قَالُوا وَكَانَ عِنْدَ اللهِ وَجِيهًا ۝﴾

(الاحزاب:۶۹)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں اسحاق ابن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں روح بن عبادہ نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں عوف نے حدیث بیان کی از الحسن اور محمد اور خلاس از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک حضرت موسیٰ علیہ السلام بہت حیاء والے مرد تھے اور یہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَى فَبَرَّأَهُ اللهُ مِمَّا قَالُوا وَكَانَ عِنْدَ اللهِ وَجِيهًا ۝ (الاحزاب:۶۹) اے ایمان والو! ان لوگوں کی طرح نہ ہوجانا جنہوں نے موسیٰ کو اذیت پہنچائی تھی، تو اللہ نے موسیٰ کو ان کی تہمت سے بری کردیا اور وہ اللہ کے نزدیک معزز تھے ○

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۷۸ میں گزر چکی ہے۔

حییا اور وجیہا کے معنی

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس حدیث میں مذکور ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بہت حیاء دار تھے کیونکہ وہ صرف خلوت میں غسل کرتے تھے تو بنی اسرائیل نے ان پر تہمت لگائی کہ وہ صرف اس لیے چھپ کر غسل کرتے ہیں کہ ان کے خصیتین بہت بڑے بڑے ہیں تو

Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ان کی اس تہمت سے بری کر دیا کہ پتھر ان کے کپڑے لے کر بھاگ گیا، حضرت موسیٰ علیہ السلام اس پتھر کے پیچھے بھاگتے ہوئے بنی اسرائیل کی جماعت کے پاس سے گزرے اور اس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام برہنہ جا رہے تھے تو بنی اسرائیل نے ان کو دیکھ لیا کہ ان میں تو کوئی عیب نہیں ہے۔ صلوٰت اللہ وسلامہ۔

اور اس آیت میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وجیہہ فرمایا ہے، وجیہہ کا معنی ہے: کریم، مقبول اور عزت والا۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۸۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اذیت پہنچانے کا ایک اور محمل

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

اس حدیث کی شرح تفصیل کے ساتھ کتاب الانبیاء میں گزر چکی ہے۔ احمد بن منیع نے اپنی مسند میں اور امام طبری اور امام ابن ابی حاتم نے سند قوی کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے از حضرت علی رضی اللہ عنہ روایت کی ہے کہ حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام دونوں پہاڑ پر چڑھے، پس حضرت ہارون علیہ السلام فوت ہو گئے تو بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا: آپ نے ان کو قتل کر دیا ہے اور وہ آپ سے زیادہ نرم مزاج اور آپ سے زیادہ حیاء دار تھے، سو انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنے اس قول سے اذیت پہنچائی، تب اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم دیا کہ وہ حضرت ہارون علیہ السلام کا جسد لے کر بنی اسرائیل کی مجالس کے پاس سے گزریں تو ان کو حضرت ہارون علیہ السلام کی وفات کا علم ہوا، امام طبری نے کہا ہے کہ اس آیت میں جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اذیت پہنچانے کا حکم ہے ہو سکتا ہے اس سے یہی اذیت مراد ہو۔ حافظ ابن حجر فرماتے ہیں: میں کہتا ہوں: وہ جو صحیح حدیث میں ہے وہ اس سے زیادہ صحیح ہے (یعنی بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خصیتین کے متعلق جو بری بات کہی تھی) لیکن ہو سکتا ہے کہ ایک چیز کے دو سبب ہوں جیسا کہ اس سے پہلے کئی بار گزر چکا ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۸۷، دار المعروفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الاحزاب کی جو تفسیر ذکر کی تھی اس کی شرح مکمل ہو گئی، اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز سورۂ سبا کی امام بخاری کی بیان کردہ تفسیر کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۳۴۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ سَبَإٍ

سورۂ سبا کی تفسیر

سورۂ سبا کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۂ سبا کی بعض آیات کی تفسیر ہے، مقاتل نے کہا: ایک آیت کے سوا یہ پوری سورت مکی ہے اور وہ آیت یہ ہے: وَیَرَی الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ۔ (سبا:۶) اس سورت میں چون (۵۴) آیات ہیں۔

سبا کے متعلق علامہ عینی کی تحقیق

امام ترمذی نے فروہ بن مسیک المرادی سے روایت کی ہے، انہوں نے کہا: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، پھر پوری حدیث ذکر کی تو ایک مرد نے پوچھا سباء کیا ہے زمین ہے یا کوئی عورت ہے تو آپ نے فرمایا: نہ وہ زمین ہے اور نہ وہ عورت ہے لیکن وہ ایک مرد ہے، اس کے عربوں سے دس بیٹے پیدا ہوئے، ان میں سے چھ (۵) تو یمن میں چلے گئے اور چار (۴) شام میں چلے گئے۔ رہے وہ جو ملک شام میں گئے تھے وہ لخم، جذام، غسان اور عاملہ ہیں اور رہے وہ جو یمن میں گئے تھے پس وہ ازد ہیں، اشعریین ہیں اور حمیر ہیں اور کندہ ہیں اور مزحج ہیں اور انمار ہیں۔ اس مرد نے پوچھا: انمار کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جن سے خثعم اور جیلہ ہیں۔ امام ترمذی نے کہا: یہ حدیث حسن غریب ہے۔

اور امام ابن اسحاق نے کہا: سبا ایک شخص کا نام ہے جو عبد شمس بن یشجب بن یعرب بن قحطان بن یقطان بن عامر ہے اور وہ ہود بن شالخ بن ارفخشد بن سام بن نوح علیہ السلام ہے اور وہ پہلا شخص ہے جس کو عربوں میں سے قید کیا گیا، یعنی السبی پس اس کو یہ لقب دیا گیا۔

ادب الخواص میں مذکور ہے کہ یہ اشتقاق صحیح نہیں ہے اس لیے کہ سبا مہموز ہے اور السبی غیر مہموز ہے اور صحیح یہ ہے کہ یہ اسم سبا النار الجلد سے ماخوذ ہے یعنی اس نے کھال کو جلا دیا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۸۲۔۱۸۱ دارالکتب العلمیہ بیروت، ۱۴۲۱ھ)

سبا کے متعلق حافظ ابن حجر کی تحقیق

امام ترمذی اور امام ابن اسحاق کی عبارات نقل کرنے کے بعد حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں:

امام ابن ابی حاتم نے فروہ کی روایت میں یہ اضافہ کیا ہے کہ انہوں نے کہا: یا رسول اللہ! سبا ایسی قوم ہے جس کی زمانہ جاہلیت میں عزت تھی اور مجھے یہ خوف ہے کہ وہ مرتد ہو گئے تھے، کیا پس میں ان سے قتال کروں تو آپ نے فرمایا: مجھے ان کے متعلق کوئی حکم نہیں دیا گیا تو یہ آیت نازل ہوئی:

لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّ شِمَالٍ۔ (سبا:۱۵) بے شک اہل سبا کے لیے ان کی بستیوں میں ہی نشانی تھی، دو باغ دائیں اور بائیں جانب تھے۔

پس ایک شخص نے کہا: یا رسول اللہ! سبا کیا ہے تو پھر آپ نے اس کا ذکر کیا اور امام ابن عبدالبر نے کتاب الانساب میں اس کا

Marfat.com

تمیم داری سے ایک شاہد ذکر کیا ہے جس کا امام ابن اسحاق نے سیرت النبی کی ابتداء میں بہت طویل قصہ ذکر کیا ہے۔
(فتح الباری ج ۵ ص ۷۸۸، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

يُقَالُ مُعَاجِزِينَ مُسَابِقِينَ۔ مُعَاجِزِينَ کا معنی ہے: مُسَابِقِينَ یعنی آگے بڑھنے والے اور مقابل کو عاجز کرنے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝ (سبا:۵) اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں پر غالب آنے کی کوشش کی ان کے لیے دردناک عذاب کی سزا ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے معاجزین کی تفسیر مسابقین کی ہے اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ اس کا معنی ہے: جو لوگ یہ گمان کرتے تھے کہ وہ لوگ ہم پر غالب آجائیں گے۔ اور ایک قول یہ ہے کہ مُعَاجِزِيْنَ کا معنی ہے: مُعَانِدِيْنَ اور مُغَالِبِيْنَ۔

بِمُعْجِزِيْنَ بِفَائِتِيْنَ۔ بِمُعْجِزِيْنَ کا معنی ہے: عاجز کرنے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ (العنکبوت:۲۲) اور تم (اللہ کو) زمین میں عاجز کرنے والے نہیں ہو اور نہ آسمان میں اور نہ اللہ کو چھوڑ کر تمہارے لیے کوئی دوست ہے اور نہ مددگار ○

یہ آیت سورۂ عنکبوت کی ہے اور امام بخاری نے اس کو لفظ عجز کی مناسبت سے یہاں ذکر کر دیا ہے۔

مُعَاجِزِيْنَ مُغَالِبِيْنَ۔ مُعَاجزین: اس کا معنی ہے: مُغَالبین یعنی ان میں سے ہر ایک یہ ارادہ کرتا ہے کہ وہ اپنے مقابل کے اوپر غالب آجائے گا۔

یہ لفظ صرف ابوذر کی روایت میں مکرر واقع ہوا ہے اور دوسرے ناسخین کی روایت میں نہیں ہے۔

سَبَقُوا فَاتُوا۔ سبقوا اس کا معنی ہے: فَاتُوا یعنی نکل گئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ لَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ۝ (الانفال:۵۹) اور کافر اس گھمنڈ میں نہ رہیں کہ وہ نکل گئے بے شک وہ (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتے ○

لَا يُعْجِزُوْنَ لَا يَفُوْتُوْنَ۔ لَا يُعْجِزُوْنَ اس کا معنی ہے: لَا يَفُوْتُوْنَ یعنی وہ اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے۔

اس میں بھی سورۂ انفال کی اسی آیت کی طرف اشارہ کیا ہے۔

يَسْبِقُوْنَا يُعْجِزُوْنَا۔ يَسْبِقُوْنَا اس کا معنی ہے: يُعْجِزُوْنَا یعنی وہ ہم سے بچ کر نکل جائیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝ (العنکبوت:۴) جو لوگ برے کام کرتے ہیں کیا انہوں نے یہ گمان کر لیا ہے کہ وہ ہم سے بچ کر نکل جائیں گے، کیسا برا فیصلہ کرتے ہیں ○

وَقَوْلُهُ بِمُعْجِزِينَ بِفَائِتِينَ۔ اور بِمُعْجِزِيْنَ کا معنی ہے: بفائتین یعنی عاجز کرنے والے۔

امام بخاری نے اس تعلق کو مکرر ذکر کیا ہے۔

وَمَعْنَى مُعَاجِزِينَ مُغَالِبِينَ يُرِيدُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا أَنْ يُظْهِرَ عَجْزَ صَاحِبِهِ۔ اور مُعَاجزین کا معنی ہے: مُغَالِبِیْنَ یعنی ان میں سے ہر ایک یہ ارادہ کرتا ہو کہ وہ اپنے صاحب کو عاجز کر دے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے یہ اشارہ کیا ہے کہ معاجزین باب مفاعلہ سے ہے جو فاعل میں مشارکت کا تقاضا کرتا ہے۔

مِعْشَارٌ عُشْرٌ۔ مِعْشَارَ اس کا معنی ہے عشر یعنی دسواں حصہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَ مَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَاۤ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِيْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ۝ (سبا:۴۵) اور ان سے پہلے لوگوں نے (بھی رسولوں کو) جھٹلایا تھا اور جو (نعمتیں) ہم نے ان کو دی تھیں یہ (کفار مکہ) اس کے دسویں حصہ کو بھی نہیں پہنچے تو ان پر میرا کیسا عذاب آیا تھا○

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کا معنی ہے: ہم جن لوگوں کو اس سے پہلے ہلاک کر چکے ہیں یہ کفار مکہ جسمانی قوت میں اور اولاد کی کثرت میں ان کے دسویں حصہ کو بھی نہیں پہنچے۔

يُقَالُ الْأُكُلُ الثَّمَرُ۔ اُکُلٍ اس کا معنی ہے: الثمر یعنی پھل۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّ اَثْلٍ وَّ شَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ۝ (سبا:۱۶) پھر انہوں نے اعراض کیا تو ہم نے ان پر تند و تیز سیلاب بھیج دیا، پھر ہم نے ان کے دو باغوں کو ایسے دو باغوں سے تبدیل کر دیا جن میں بدذائقہ پھل اور جھاؤ کے درخت اور بیری کے بہت کم درخت تھے○

کتب تفسیر میں مذکور ہے: اُکُلٍ کا معنی ہے: پھل اور اَلْخَمْط کا معنی ہے: جھاؤ کے درخت یعنی پیلو کے درخت اور اکثر مفسرین نے کہا ہے اس سے مراد کانٹے دار درخت ہیں۔

بَاعِدْ وَبَعِّدْ وَاحِدٌ۔ بَعِدَ اور بَعَّدَ دونوں کا معنی ایک ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا۔ (سبا:۱۹) پھر انہوں نے کہا: اے ہمارے رب! ہماری منازل کو دور دور کر دے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: بَاعِدْ اور بَعِّدْ دونوں کا معنی ایک ہے اور بَاعِدْ اکثرین کی قراءت ہے اور بَعِّدْ ابو عمرو اور ابن کثیر کی قراءت ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ لَا يَعْزُبُ لَا يَغِيبُ۔ مجاہد نے کہا: لَا يَعْزُبُ یعنی غائب نہیں ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ اور کافروں نے کہا: ہم پر قیامت نہیں آئے گی، آپ کہیے: کیوں

Marfat.com

لَتَاْتِيَنَّكُمْ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَ لَا فِي الْاَرْضِ وَ لَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَ لَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ (سبا:۳)

نہیں! مجھے اپنے رب کی قسم جو عالم الغیب ہے وہ تم پر ضرور آئے گی، اس سے ذرہ برابر بھی کوئی چیز چھپی ہوئی نہیں ہے نہ آسمانوں میں اور نہ زمینوں میں اور ہر چیز روشن کتاب میں ہے خواہ وہ ایک ذرہ سے چھوٹی ہو یا بڑی O

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس تعلیق کی ابومحمد الحنظلی نے ابوسعید سے روایت کی ہے، حضرت ابن عباس سے مروی ہے: لَا يَعْزُبُ کا معنی ہے: آپ کے رب سے کوئی چیز مخفی نہیں ہے۔

سَيْلَ الْعَرِمِ السُّدُّ مَاءٌ أَحْمَرُ أَرْسَلَهُ اللهُ فِي السُّدِّ فَشَقَّهُ وَهَدَمَهُ وَحَفَرَ الْوَادِيَ فَارْتَفَعَتَا عَنِ الْجَنَّتَيْنِ وَغَابَ عَنْهُمَا الْمَاءُ فَيَبِسَتَا وَلَمْ يَكُنِ الْمَاءُ الْأَحْمَرُ مِنَ السُّدِّ وَلَكِنْ كَانَ عَذَابًا أَرْسَلَهُ اللهُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَيْثُ شَاءَ وَقَالَ عَمْرُو بْنُ شُرَحْبِيلَ الْعَرِمُ الْمُسَنَّاةُ بِلَحْنِ أَهْلِ الْيَمَنِ وَقَالَ غَيْرُهُ الْعَرِمُ الْوَادِي۔

اَلْعَرِم اس کا معنی ہے: اَلسَّدُ یعنی بند، یہ سرخ پانی ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے بند میں بھیجا، پس اس نے اسے پھاڑ دیا اور منہدم کر دیا اور اس نے ایک وادی کو کھود ڈالا پس دو باغ پانی سے بلند ہو گئے اور پانی ان سے غائب ہو گیا تو وہ دو باغ خشک ہو گئے اور یہ سرخ پانی اس بند سے نہ تھا لیکن یہ عذاب تھا جو اللہ تعالیٰ نے ان پر بھیجا جہاں سے چاہا اور عمر بن شرحبیل نے کہا: اَلْعَرِم کا اہل یمن کی لغت میں معنی ہے: بند، جو سیلاب کو روکنے کے لیے بنایا جاتا ہے اور دوسروں نے کہا: العرم ایک وادی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: ابن شربہ نے کہا کہ ایاس بن رحیم بن سلیمان بن داؤد علیہما السلام کے زمانے میں اللہ تعالیٰ نے ایک مرد کو قبیلہ ازد سے بھیجا جس کا نام عمرو بن الحجر تھا اور ایک دوسرے شخص کو بھیجا جس کو حنظلہ بن صفوان کہا جاتا تھا اور ان کے زمانے میں یہ بند ویران ہو چکا تھا اور اس کی وجہ یہ ہے کہ رسولوں نے وہاں کے رہنے والوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دی تو انہوں نے کہا: ہم اللہ تعالیٰ کی اپنے اوپر کسی نعمت کو نہیں پہچانتے، اگر تم سچے ہو تو ہمارے خلاف اور ہمارے بند کے خلاف دعا کرو، سو انہوں نے ان کے خلاف دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے ان کے اوپر سرخ رنگ کی موسلا دھار بارش نازل فرمائی گویا کہ اس میں آگ تھی اور ان کے آگے گھوڑا تھا، پس جب وہ گھوڑا اس بند سے ٹکرایا تو بند ٹوٹ گیا اور ان کے گھر ریت میں دفن ہو گئے اور ان کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے حتیٰ کہ عرب کے نزدیک ان کی مثال بن گئی، پس انہوں نے کہا: سبا کے ہاتھوں کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے۔

السَّابِغَاتُ الدُّرُوعُ۔

اَلسَّابِغَاتُ اس کا معنی ہے: اَلدُّرُوع یعنی زرہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ۝ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّ قَدِّرْ فِي السَّرْدِ۔ (سبا:۱۰-۱۱)

اور ہم نے ان کے لیے لوہے کو نرم کر دیا تھا O کہ آپ مکمل زرہیں بنائیں اور مناسب انداز سے ان کی کڑیاں جوڑیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے دُرُوع یعنی زرہوں کے ساتھ تفسیر کی ہے، اسی طرح امام ابوعبیدہ نے بھی تفسیر کی ہے اور یہ اضافہ کیا ہے کہ وہ بہت وسیع اور طویل زرہیں تھیں اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ وہ کامل اور وسیع زرہیں تھی اور بے شک حضرت داؤد علیہ السلام وہ پہلے شخص تھے جنہوں نے زرہیں بنائیں۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ يُجَازِي يُعَاقِبُ۔

اور مجاہد نے کہا یُجَازِی کا معنی ہے: وہ سزا دیتا ہے۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ۭ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ۝ (سبا:۱۷) یہ ہم نے ان کی ناشکری کی سزا دی اور ہم صرف ناشکروں کو (ایسی) سزا دیتے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یُجَازِیْ کی تفسیر یُعَاقِبُ کے ساتھ کی ہے یعنی وہ سزا دیتا ہے اور اسی طرح امام ابن ابی حاتم نے اپنی سند کے ساتھ روایت کی ہے۔

أَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ بِطَاعَةِ اللهِ مَثْنَى وَفُرَادَى وَاحِدٌ وَاثْنَيْنِ۔ اَعِظُکُمْ بِوَاحِدَۃٍ یعنی میں تمہیں ایک نصیحت کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنے کی، مَثْنٰی وَفُرَادٰی یعنی دونوں مل کر یا ایک ایک۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا۔ (سبا:۴۶) آپ کہیے کہ میں تم کو صرف ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں کہ اللہ کے لیے تم دو دو مل کر یا تنہا تنہا کھڑے ہو کر غور کرو۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ میں تم کو حکم دیتا ہوں اور ایک بات کی وصیت کرتا ہوں کہ تم اللہ کے لیے دو دو مل کر یا تنہا تنہا قیام کرو درآں حالیہ تم تفکر کر رہے ہو اور تفکر کا معنی ہے: دل سے کسی چیز کو طلب کرنا، دوسرا قول ہے کہ تم دوسروں کے ساتھ مل کر تفکر کرو یا اپنے دل میں تفکر کرو۔

التَّنَاوُشُ الرَّدُّ مِنَ الْآخِرَةِ إِلَى الدُّنْيَا۔ التَّنَاوُشُ اس کا معنی ہے: آخرت سے لوٹ کر دنیا کی طرف آنا اور اس کا اصل معنی ہے: ہاتھ بڑھا کر کسی چیز کو اٹھانا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ۝ (سبا:۵۲) اور وہ (اس وقت) کہیں گے: ہم اس (قرآن) پر ایمان لے آئے، اور اتنی دور کی جگہ سے ان کے لیے کیسے (اس کا) حصول ہو سکتا ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے التَّنَاوُشُ کی تفسیر کی ہے: دنیا سے آخرت کی طرف لوٹنا، حضرت ابن عباس بیان فرماتے ہیں کہ وہ لوٹنے کی تمنا کریں گے اور وہ لوٹنے کا وقت نہیں ہے۔

وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُونَ مِنْ مَالٍ أَوْ وَلَدٍ أَوْ زَهْرَةٍ بِأَشْيَاعِهِمْ بِأَمْثَالِهِمْ۔ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ یعنی ان کے مال یا اولاد یا دنیا کی تروتازگی جو ان کے سامان کی مثل ہو، کی خواہش کے درمیان۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ۝ (سبا:۵۴) اور ان کے اور ان کی خواہشوں کے درمیان ایک حجاب ڈال دیا گیا جیسے پہلے بھی ان جیسے لوگوں کے ساتھ کیا گیا تھا، بے شک وہ بھی بہت بڑے شک میں مبتلا تھے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے بِاَشْيَاعِهِمْ کی تفسیر بامثالھم کے ساتھ کی ہے یعنی جو لوگ ان کے دین پر تھے اور گزشتہ امتوں میں سے ان کے موافق تھے جس وقت ان سے توبہ کو اور ایمان کو قبول نہیں کیا گیا۔

Marfat.com

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَالْجَوَابِ كَالْجَوْبَةِ مِنَ الْأَرْضِ۔ حضرت ابن عباس نے کہا: كَالْجَوَابِ اس کا معنی ہے: كَالْجَوْبَةِ مِنَ الْأَرْضِ یعنی زمین میں حوض کی مثل۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشَاءُ مِنْ مَحَارِيبَ وَتَمَاثِيلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُورٍ رَاسِيَاتٍ۔ (سبا: ۵۴) سلیمان جو کچھ چاہتے تھے وہ (جنات) ان کے لیے بنا دیتے تھے قلعے اور مجسمے اور حوضوں کے برابر ٹب اور چولہوں پر جمی ہوئی دیگیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام ابن ابی حاتم نے اس تعلیق کی حضرت ابن عباس کی طرف نسبت کی ہے اور مجاہد نے کہا: الجواب کا معنی ہے: اونٹوں کے حوض اور لغت میں اس کی اصل اَلْجَابِيَة ہے اور یہ وہ حوض ہے جس میں کوئی چیز جمع کی جاتی ہے، یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایک ٹب کو ایک ہزار آدمی مل کر اٹھاتے تھے اور الجفان جَفْنه کی جمع ہے اور اس کا معنی ہے: ٹب اور الجواب جابیہ کی جمع ہے۔

الْخَمْطُ الْأَرَاكُ وَالْأَثْلُ الطَّرْفَاءُ۔ الخمط کا معنی ہے: اَلْاِرَاک یعنی پیلو کے درخت اور اَلْاَثْل کا معنی ہے: الطرفاء یعنی جھاؤ کے درخت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَبَدَّلْنَاهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ أُكُلٍ خَمْطٍ وَأَثْلٍ۔ (سبا: ۱۶) پھر ہم نے ان کے دو باغوں کو ایسے دو باغوں سے تبدیل کر دیا جن میں بدذائقہ پھل اور جھاؤ کے درخت تھے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اَلْخَمْط کی تفسیر پیلو کے درخت کے ساتھ کی ہے۔ یہ وہ درخت ہے جس کی جڑ سے مسواک بنائی جاتی ہے، یہ مجاہد اور ضحاک کا قول ہے اور امام ابوعبیدہ نے کہا کہ الخمط ہر کانٹے دار درخت ہے جس کا پھل بدذائقہ ہو اور ابن فارس نے کہا: جس درخت میں کانٹے نہ ہوں۔

اَلْعَرِمُ الشَّدِيدُ۔ اَلْعَرِمِ اس کا معنی ہے: اَلشَّدِيد۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَأَعْرَضُوا فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ۔ (سبا: ۱۶) پھر انہوں نے اعراض کیا تو ہم نے ان پر تند و تیز سیلاب بھیج دیا۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۸۶۔ ۱۸۲ سے لی گئی ہیں]

۱۔ بَابٌ: حَتّٰى إِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوبِهِمْ قَالُوا مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوا الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ﴿۲۳﴾ (سبا: ۲۳) اللہ تعالیٰ کے ارشاد: حتیٰ کہ جب ان شفاعت کرنے والوں کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہو جائے گی، تو (طالبین شفاعت ان سے) پوچھیں گے کہ آپ کے رب نے کیا فرمایا تھا؟ وہ کہیں گے: حق فرمایا تھا اور وہ نہایت بلند اور بہت بڑا ہے ○ (سبا: ۲۳) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

اس آیت کے شروع کا حصہ یہ ہے:

وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهُ إِلَّا لِمَنْ أَذِنَ لَهُ۔ (سبا: ۲۳) اور اس کے پاس صرف اسی کی شفاعت نفع آور ہوگی جس کو وہ

Marfat.com

شفاعت کرنے کی اجازت دے گا۔

یعنی اس دن کسی فرشتے اور نہ کسی نبی کی شفاعت نفع دے گی حتیٰ کہ اس کو شفاعت کی اجازت دی جائے گی اور اس آیت میں کفار کے اس عقیدہ کا رد ہے کہ ان کے معبود ان کی شفاعت کریں گے: نیز فرمایا: حتیٰ کہ ان شفاعت کرنے والوں کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہو جائے گی۔ اس میں اختلاف ہے کہ ان کے دلوں سے کون گھبراہٹ کو نکالے گا۔ ایک قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کلام سننے سے ان کے دلوں میں جو خوف اور گھبراہٹ پیدا ہوگی تو فرشتے ان کے دلوں سے اس گھبراہٹ کو نکال دیں گے، پھر وہ ایک دوسرے سے پوچھیں گے: تمہارے رب نے کیا فرمایا تھا؟ تو وہ کہیں گے: حق فرمایا تھا اور وہ بلند اور نہایت بڑا ہے۔ اور دوسرا قول یہ ہے کہ مشرکین کی موت کے وقت ان کے دلوں میں گھبراہٹ ہوگی تو جب وہ گھبراہٹ دور ہو جائے گی تو ان سے فرشتے پوچھیں گے: تمہارے رب نے کیا فرمایا تھا؟ پس وہ کہیں گے: حق فرمایا تھا، پس وہ موت کے وقت اقرار کر لیں گے، لیکن اب ان کا یہ اقرار ان کو نفع نہیں دے گا۔ یہ حسن بصری کا قول ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۸۶)

۸۰۰۔ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ إِنَّ نَبِيَّ اللهِ ﷺ قَالَ إِذَا قَضَى اللهُ الْأَمْرَ فِي السَّمَاءِ ضَرَبَتْ الْمَلَائِكَةُ بِأَجْنِحَتِهَا خُضْعَانًا لِقَوْلِهِ كَأَنَّهُ سِلْسِلَةٌ عَلَى صَفْوَانٍ فَإِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوبِهِمْ قَالُوا مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوا لِلَّذِي قَالَ الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ فَيَسْمَعُهَا مُسْتَرِقُ السَّمْعِ وَمُسْتَرِقُ السَّمْعِ هَكَذَا بَعْضُهُ فَوْقَ بَعْضٍ وَوَصَفَ سُفْيَانُ بِكَفِّهِ فَحَرَفَهَا وَبَدَّدَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ فَيَسْمَعُ الْكَلِمَةَ فَيُلْقِيهَا إِلَى مَنْ تَحْتَهُ ثُمَّ يُلْقِيهَا الْآخَرُ إِلَى مَنْ تَحْتَهُ حَتَّى يُلْقِيَهَا عَلَى لِسَانِ السَّاحِرِ أَوْ الْكَاهِنِ فَرُبَّمَا أَدْرَكَ الشِّهَابُ قَبْلَ أَنْ يُلْقِيَهَا وَرُبَّمَا أَلْقَاهَا قَبْلَ أَنْ يُدْرِكَهُ فَيَكْذِبُ مَعَهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ فَيُقَالُ أَلَيْسَ قَدْ قَالَ لَنَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا كَذَا وَكَذَا فَيُصَدَّقُ بِتِلْكَ الْكَلِمَةِ الَّتِي سَمِعَ مِنَ السَّمَاءِ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں حمیدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عمرو نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے عکرمہ سے سنا، وہ کہتے تھے: میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے ہیں کہ بے شک اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ آسمان میں کسی چیز کا فیصلہ فرماتا ہے تو فرشتے عجز کے ساتھ اپنے پروں کو مارتے ہیں اس کے ارشاد کی ہیبت کی وجہ سے گویا کہ وہ ایک زنجیر ہے جو پتھر پر ماری گئی، ہو پس جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے تو وہ ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں: تمہارے رب نے کیا فرمایا تھا؟ (سبا ۲۳) تو وہ اس سے کہتے ہیں جس سے فرمایا تھا اس نے حق فرمایا اور وہ بہت بلند اور نہایت بڑا ہے، پس اس بات کو چوری چھپے سننے والے شیطان سن کر بھاگتے ہیں، شیطان آسمان کے نیچے یوں اوپر نیچے ہوتے ہیں، سفیان نے اس موقع پر ہتھیلی کو موڑ کر انگلیاں الگ الگ کر کے شیاطین کے جمع ہونے کی کیفیت بتائی کہ اس طرح شیاطین ایک کے اوپر ایک ہوتے ہیں، پھر وہ شیاطین کوئی ایک بات سن لیتے ہیں اور اپنے نیچے والے کو بتاتے ہیں، پھر وہ اپنے سے نیچے والے کو بتاتے ہیں، اس طرح وہ بات ساحر یا کاہن تک پہنچتی ہے، کبھی تو ایسا ہوتا ہے کہ اس سے پہلے کہ وہ یہ بات اپنے سے نیچے والے کو بتائیں آگ کا اک شعلہ انہیں دبوچ لیتا ہے اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ جب وہ بتاتے ہیں

Marfat.com

تو آگ کا انگارہ ان پر پڑتا ہے، اس کے بعد کاہن اس میں سو جھوٹ ملا کر لوگوں سے بیان کرتا ہے، (جب اس کاہن کی ایک بات صحیح ہو جاتی ہے تو ان کے ماننے والوں کی طرف سے) کہا جاتا ہے کہ کیا اس، اس طرح ہم سے فلاں دن کاہن نے نہیں کہا تھا، اسی ایک بات کی وجہ سے جو آسمان پر شیاطین نے سنی تھی کاہنوں اور ساحروں کی بات کو لوگ سچا جاننے لگتے ہیں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۷۰۱۴ میں گزر چکی ہے۔

حدیث مذکور کے بعض مشکل جملوں کی شرح علامہ عینی سے

علامہ بدرالدین عینی اس حدیث کے بعض مشکل جملوں کی شرح میں لکھتے ہیں:

جب اللہ کسی چیز کا فیصلہ فرماتا ہے: امام طبرانی نے النواس بن سمعان سے یہ روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ وحی سے کلام فرماتا ہے تو آسمان اللہ تعالیٰ کے خوف سے بہت زیادہ لرزنے لگتا ہے، پھر جب اس کلام کو فرشتے سنتے ہیں تو بے ہوش ہو جاتے ہیں اور سجدہ میں گر جاتے ہیں، پھر ان میں سے سب سے پہلے حضرت جبرائیل علیہ السلام اپنا سر اٹھاتے ہیں، پھر اللہ جو چاہتا ہے اپنی وحی سے ان سے کلام فرماتا ہے، پھر حضرت جبرئیل فرشتوں کے پاس پہنچتے ہیں، پھر جب بھی وہ کسی آسمان سے گزرتے ہیں وہ آسمان والے ان سے سوال کرتے ہیں: ہمارے رب نے کیا فرمایا ہے؟ وہ کہتے ہیں: ہمارے رب نے حق فرمایا۔

خَضْعَانًا: اس کا معنی ہے: عاجزی سے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۸۶ دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حدیث مذکور کے بعض مشکل جملوں کی شرح حافظ ابن حجر سے

حافظ شہاب الدین احمد بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کے بعض مشکل جملوں کی شرح میں لکھتے ہیں: گویا کہ وہ قول ایک زنجیر ہے جو پتھر پر ماری گئی ہو: اس کی مثل بدء الوحی میں ہے: اس کی آواز گھنٹی کی آواز کی طرح ہے، یہ دراصل فرشتے کی وحی کی آواز ہے، اور امام ابن مردویہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ روایت کی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ وحی سے کلام کرتا ہے تو اس کو تمام آسمانوں والے اس طرح سنتے ہیں جیسے کسی زنجیر کو پتھر پر مارا جائے تو آواز آتی ہے، پس وہ سب خوف زدہ ہو جاتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ قیامت آ گئی اور اس حدیث کی اصل سنن ابوداؤد میں موقوفاً روایت ہے جس کا ذکر ان شاء اللہ کتاب التوحید میں آئے گا۔

علامہ خطابی نے کہا ہے: الصلصلہ لوہے کے ہلانے کی آواز ہے، یہ بدء الوحی کے اعتبار سے ہے اور جو یہاں ذکر ہے وہ یہ ہے کہ لوہے کی زنجیر کو کسی چکنے پتھر پر مارا جائے تو اس سے جو آواز آتی ہے۔

چکنے پتھر پر: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا ہے کہ جب بھی اللہ کا کلام آسمان والوں پر نازل ہوتا ہے تو وہ خوف سے بے ہوش ہو جاتے ہیں۔ اور امام مسلم اور امام ترمذی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت کی ہے کہ چند انصاری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے تو ایک ستارہ مارا گیا، پھر وہ چھپ گیا، آپ نے پوچھا: جب زمانہ جاہلیت میں یہ ستارا مارا جاتا تھا تو تم اس کے متعلق کیا کہتے تھے؟ انہوں نے کہا: تو ہم کہتے تھے کہ بہت بڑا آدمی فوت ہو گیا ہے یا کسی بڑے آدمی کا بیٹا فوت ہو گیا ہے، آپ نے فرمایا: یہ ستارہ نہ کسی کی موت کی وجہ سے مارا جاتا ہے اور نہ کسی کی حیات کی وجہ سے، لیکن جب ہمارا رب کسی کام کا فیصلہ فرماتا ہے تو حاملین عرش اس کی تسبیح کرتے ہیں، پھر حاملین عرش کے نزدیک جو آسمان کے فرشتے ہیں وہ اس کی تسبیح کرتے ہیں حتیٰ کہ یہ تسبیح

آسمان دنیا تک پہنچتی ہے، پھر وہ حاملین عرش یہ کہتے ہیں: تمہارے رب نے کیا فرمایا۔ الحدیث، اور کتاب التوحید میں اس حدیث کی مزید شرح آئے گی۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۹۱۔۷۹۰، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۲۔ بَابٌ: إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ ﴿۴۶﴾ (سبا:۴۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: وہ تو صرف تم کو سخت عذاب کے آنے سے پہلے ڈرانے والے ہیں ○ (سبا:۴۶) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کا معنی یہ ہے کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو صرف تم کو قیامت کے دن کے سخت عذاب سے ڈرانے والے ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۸۷)

۴۸۰۱۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَازِمٍ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما قَالَ صَعِدَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم الصَّفَا ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ يَا صَبَاحَاهُ فَاجْتَمَعَتْ إِلَيْهِ قُرَيْشٌ قَالُوا مَا لَكَ قَالَ أَرَأَيْتُمْ لَوْ أَخْبَرْتُكُمْ أَنَّ الْعَدُوَّ يُصَبِّحُكُمْ أَوْ يُمَسِّيكُمْ أَمَا كُنْتُمْ تُصَدِّقُونِي قَالُوا بَلَى قَالَ فَإِنِّي نَذِيرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ فَقَالَ أَبُو لَهَبٍ تَبًّا لَكَ أَلِهَذَا جَمَعْتَنَا فَأَنْزَلَ اللهُ ﴿تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ﴾ (اللہب:۱)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں محمد بن حازم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الاعمش نے حدیث بیان کی از عمرو بن مرہ از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صفا پہاڑ پر چڑھے اور آپ نے بلند آواز سے فرمایا: یا صباحاہ (لوگو دوڑو)، پس تمام قریش آپ کی طرف جمع ہو گئے، انہوں نے کہا: کیا ہوا، کیا بات ہے؟ آپ نے فرمایا: تم مجھے یہ بتاؤ اگر میں تمہیں یہ خبر دوں کہ دشمن صبح کو یا شام کو تم پر حملہ کرنے والا ہے تو کیا تم میری تصدیق کرو گے؟ انہوں نے کہا: کیوں نہیں۔ آپ نے فرمایا: تو پھر میں تم کو سخت عذاب سے ڈرانے والا ہوں جو تم پر آنے والا ہے تو ابولہب نے کہا: تمہارے لیے ہلاکت ہو کیا تم نے ہم کو صرف اس لیے جمع کیا تھا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ (اللہب:۱) ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں۔

يَا صَبَاحَاهُ: یہ وہ کلمہ ہے جس کو عرب لوٹ مار کے خطرے سے آگاہ کرنے کے لیے بولتے ہیں اور زیادہ تر یہ خطرہ صبح کے وقت پیش آتا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۸۷)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ امام بخاری نے سورۂ سبا کی جو تفسیر کی تھی اس کی شرح مکمل ہو گئی، اب ان شاء اللہ سورۂ فاطر کی تفسیر کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۳۵۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْمَلَائِکَۃِ

سورۃ الملائکہ (فاطر) کی تفسیر

سورۃ الملائکہ (فاطر) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۂ فاطر کی بعض آیات کی تفسیر ہے اور یہ سورت مکی ہے، یہ سورۂ مریم سے پہلے اور سورۃ الفرقان کے بعد نازل ہوئی ہے اور اس میں پینتالیس (۴۵) آیات ہیں۔

قَالَ مُجَاهِدٌ اَلْقِطْمِیْرُ لِفَافَةُ النَّوَاةِ۔ اَلْقِطْمِیْرُ: اس کا معنی ہے: کھجور کی گٹھلی کے اوپر باریک سا چھلکا یا جھلی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا یَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِیْرٍ ۝ (فاطر: ۱۳) اور جن کی تم اللہ کے سوا پرستش کرتے ہو، وہ کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے (بھی) مالک نہیں ہیں ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے القطمیر کا یہ معنی کیا ہے: کھجور کی گٹھلی کے اوپر باریک سا چھلکا، مجاہد نے بھی اسی طرح کہا ہے، اور عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت کی ہے کہ القطمیر کھجور کی گٹھلی کے اوپر والے چھلکے کو کہتے ہیں۔

مُثْقَلَةٌ مُتَثَقَّلَةٌ۔ مُثْقَلَةٌ اس کا معنی ہے: بوجھ اٹھانے والا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا لَا یُحْمَلْ مِنْهُ شَیْءٌ۔ (فاطر: ۱۶) اور اگر کوئی بوجھ والا اپنا بوجھ اٹھانے کے لیے کسی دوسرے کو بلائے گا تو اس کے بوجھ میں سے کچھ بھی نہ اٹھایا جائے گا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد نے کہا ہے کہ اس کا معنی ہے: کوئی گناہوں کا بوجھ اٹھانے والا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۸۸)

وَقَالَ غَیْرُهٗ اَلْحَرُوْرُ بِالنَّهَارِ مَعَ الشَّمْسِ۔ اور دوسروں نے کہا ہے: اَلْحَرُوْرُ: دن کے وقت کی دھوپ کو کہا جاتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَا یَسْتَوِی الْاَعْمٰى وَالْبَصِیْرُ ۝ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ۝ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ۝ (فاطر: ۱۹۔۲۰۔۲۱) اور اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں ہے ۝ اور نہ اندھیرے اور روشنی برابر ہے ۝ اور نہ سایا اور دھوپ برابر ہے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد کے علاوہ دوسروں نے کہا کہ الحرور سے مراد دھوپ ہے اور کتب تفسیر میں ہے کہ وَمَا یَسْتَوِی الْاَعْمٰى وَالْبَصِیْرُ ۝ (فاطر: ۱۹) کا معنی ہے کہ عالم اور جاہل برابر نہیں ہیں اور نہ کفر اور ایمان برابر ہے اور وَلَا الظِّلُّ وَلَا

Marfat.com

الْحَرُوْرُ ۝ کا معنی ہے: جنت اور دوزخ برابر نہیں ہے اور الحرور کا معنی ہے: دھوپ، اور ایک قول ہے: حرور کا معنی ہے: رات کو چلنے والی گرم ہوا اور سَمُوْم کا معنی ہے: دن کو چلنے والی گرم ہوا۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْحَرُوْرُ بِاللَّيْلِ وَالسَّمُوْمُ بِالنَّهَارِ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ اَلْحَرُوْرُ کا معنی ہے: رات کو چلنے والی گرم ہوا اور اَلسَّمُوْمُ کا معنی ہے: دن کو چلنے والی گرم ہوا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ حَرُوْرُ کی تفسیر کی ہے اور جو انہوں نے ذکر کیا ہے وہ ابوذر کے نسخہ میں نہیں ہے۔

وَغَرَابِيْبُ أَشَدُّ سَوَادِ الْغِرْبِيْبُ الشَّدِيْدُ السَّوَادِ

وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ اس کا معنی ہے: بہت زیادہ سیاہ، اَلْغِرْبِيْب کا معنی ہے بہت شدید سیاہی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ؕ وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ ۝ (فاطر:۲۷)

کیا تم نے اس پر غور نہیں کیا کہ اللہ نے آسمان سے پانی نازل کیا، پھر ہم نے اس سے مختلف رنگوں کے پھل پیدا کیے اور پہاڑوں کے حصے ہیں سفید اور سرخ ان کے رنگ مختلف ہیں اور بہت گہرے سیاہ O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ غَرَابِيْبُ غربیب کی جمع ہے اور اس کا معنی ہے: بہت سخت سیاہ اور وہ کوے کے رنگ کے مشابہ ہے۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۸۸۔۱۸۷ سے لی گئی ہے]

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ امام بخاری نے سورۂ فاطر کی شرح میں جو تعلیقات درج کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ سورۂ یاسین کی امام بخاری کی کی ہوئی تفسیر کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۳۶۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ یٰسٓ

سورۂ یٰسٓ کی تفسیر

سورۂ یٰسین کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۂ یٰسین کی بعض آیات کی تفسیر ہے، ابوالعباس نے لکھا ہے کہ اس پر اتفاق ہے کہ یہ سورت مکی ہے، یہ سورۂ فرقان سے پہلے اور سورۂ جن کے بعد نازل ہوئی ہے اور اس میں تراسی (۸۳) آیات ہیں۔

سورۂ یٰس کے بعض فضائل

ہم نے لکھا ہے: بعض ظنی روایات کے مطابق یٰس اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ہے۔ (جامع البیان: ۲۲۲۲)

اور بعض روایات کے مطابق یٰس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسماء میں سے ہے۔ (الجامع لاحکام القرآن جز ۱۵ ص ۱۶)

سورۂ یٰس کو پڑھنے کی بڑی فضیلت ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر چیز کا قلب ہوتا ہے اور قرآن کا قلب یٰس ہے اور جس نے سورۂ یٰس کو پڑھا اللہ تعالیٰ اس کو سورۂ یٰس پڑھنے کی وجہ سے دس بار قرآن پڑھنے کا اجر عطا فرمائے گا۔ (سنن ترمذی: ۲۸۸۷) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جس شخص نے کسی رات میں سورۂ یٰس کو پڑھا اس رات میں اس کی مغفرت کردی جائے گی۔ (سنن دارمی: ۳۴۱۸) (انوار تبیان القرآن ص ۷۰۲، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ فَعَزَّزْنَا شَدَدْنَا۔ اور مجاہد نے کہا: فَعَزَّزْنَا اس کے معنی ہے: ہم نے قوت دی یا تائید کی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ۝ (یٰس: ۱۴) جب ہم نے ان کے پاس دو رسولوں کو بھیجا تو انہوں نے ان کو جھٹلایا، پھر ہم نے تیسرے رسول سے ان کی تائید کی، سو ان تینوں نے کہا: ہم تمہاری طرف پیغام دے کر بھیجے گئے ہیں ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی ہم نے ان کی تائید کی، امام عبد بن حمید نے اس کی تفسیر میں کہا ہے: ہم نے تیسرے رسول سے ان دو رسولوں کی تائید کی اور یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے رسول تھے جن کو انہوں نے انطاکیہ کی طرف بھیجا تھا، ان کے نام صادق، صدوق اور شلوم ہیں اور کہا گیا ہے کہ تیسرے کا نام شمعون تھا۔

یَا حَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ كَانَ حَسْرَةً عَلَيْهِمْ اسْتِهْزَاؤُهُمْ بِالرُّسُلِ۔ یٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ اس کا معنی ہے: یہ حسرت کافروں کو ہوگی کیونکہ انہوں نے رسولوں کا مذاق اڑایا تھا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَأْتِيهِمْ مِنْ رَسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ۝ (یٰس:۳۰)

(کہا گیا:) ہائے افسوس! ان بندوں پر جب بھی ان کے پاس کوئی رسول آیا وہ اس کا مذاق اڑاتے تھے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے حسرۃ کی تفسیر کی ہے: ان کا رسولوں کا مذاق اڑانا یعنی دنیا میں، ابوالعالیہ نے کہا: جب ان کو عذاب دیا جائے گا تو وہ کہیں گے: ہائے بندوں پر افسوس ہے! یعنی وہ ان تین رسولوں پر ایمان نہیں لائے اور قیامت کے دن ان پر ایمان لائے جب ان کا ایمان انہیں نفع نہیں دے گا۔

أَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ لَا يَسْتَتِرُ ضَوْءُ أَحَدِهِمَا ضَوْءَ الْآخَرِ وَلَا يَنْبَغِي لَهُمَا ذَلِكَ سَابِقُ النَّهَارِ يَتَطَالَبَانِ حَثِيثَيْنِ۔

اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ اس کا معنی ہے کہ سورج اور چاند میں سے کوئی دوسرے کی روشنی کو نہیں چھپاتا اور نہ یہ ان کے لیے مناسب ہے اور نہ رات دن پر سبقت کر سکتی ہے اور سورج اور چاند میں سے ہر ایک اپنے صاحب کو طلب کرتا ہے اس حال میں کہ وہ دونوں طلب میں کوشاں ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَا الشَّمْسُ يَنْبَغِي لَهَا أَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۚ وَكُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ ۝ (یٰس:۴۰)

نہ سورج چاند کو پکڑ سکتا ہے اور نہ رات دن سے آگے بڑھ سکتی ہے اور ہر ایک (سیارہ) اپنے مدار میں تیر رہا ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ کی یہ تفسیر کی ہے کہ چاند اور سورج میں سے کوئی دوسرے کی روشنی نہیں چھپا سکتا اور نہ یہ ان کے لیے چھپانا مناسب ہے کیونکہ ان میں سے ہر ایک کی ایک حد ہے جس سے وہ تجاوز نہیں کر سکتا اور نہ اس حد سے کم کر سکتا ہے، پس جب وہ جمع ہو جائیں اور ان میں سے ہر ایک اپنے صاحب کو پکڑ لے تو قیامت آ جائے گی اور فرمایا: اور نہ رات دن پر سبقت کر سکتی ہے یعنی سورج اور چاند ان میں سے ہر ایک اپنے صاحب کو طلب کرتا ہے اور اس میں کوشاں ہے، پس یہ صرف اس وقت میں جمع ہوں گے جس وقت کو اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے معین کر دیا ہے اور وہ قیامت کا دن ہے۔

نَسْلَخُ نُخْرِجُ أَحَدَهُمَا مِنَ الْآخَرِ وَيَجْرِي كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا۔

نَسْلَخُ اس کا معنی ہے: ہم رات اور دن میں ایک کو دوسرے سے کھینچ لیتے ہیں، اور ان میں سے ہر ایک دوسرے پر وارد ہوتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَآيَةٌ لَهُمُ الَّيْلُ ۖ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَإِذَا هُمْ مُظْلِمُونَ ۝ (یٰس:۳۷)

اور ان کے لیے ایک نشانی رات ہے، ہم اس سے دن کو کھینچ لیتے ہیں تو یکایک وہ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے نَسْلَخُ کی تفسیر کی ہے کہ ہم رات اور دن میں سے ایک کو دوسرے سے نکال لیتے ہیں، اور کتب تفسیر میں مذکور ہے: ہم رات کو کھینچ لیتے ہیں اور اس سے دن کو نکالتے ہیں۔

اصل میں نَسْلَخُ کا معنی ہے: بکری کی کھال کو کھینچ لینا، اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ تشبیہ دی ہے کہ ہم دن کی روشنی کو کھینچ لیتے ہیں اور اس کے اوپر رات کے اندھیرے کو طاری کر دیتے ہیں۔

مِنْ مِثْلِهِ مِنَ الْأَنْعَامِ۔

من مثلہ اس سے مراد ہے: ہم نے کشتی کی مثل سواری پیدا کیے ہیں جیسے اونٹ، گھوڑے، گدھے اور خچر وغیرہ جن پر لوگ سوار

Marfat.com

ہوتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ۝ اور ہم نے ان کے لیے اس کشتی کی مثل اور چیزیں پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں O (یس:۴۲)

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا: کشتی کی مثل وہ مویشی ہیں جن پر لوگ سوار ہوتے ہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ اونٹ خشکی کی کشتی ہے، اور ابو مالک سے مروی ہے یہ مویشی چھوٹی چھوٹی کشتیاں ہیں۔

فَكِهُوْنَ مُعْجَبُوْنَ۔ فَكِهُوْنَ کا معنی ہے: مُعْجَبُوْنَ یعنی خوش ہوں گے یا خوش ہونے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ۝ بے شک اہل جنت آج دل چسپ مشغلوں میں خوش وخرم ہوں گے O (یس:۵۵)

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام کسائی نے کہا: الفاکہ کا معنی ہے: ذوالفاکِہَ یعنی پھلوں والا جیسے تَامِرٌ اور لابِنٌ یعنی کھجور والا اور دودھ والا اور السدی سے روایت ہے: وہ نعمتوں میں ہوں گے اور حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ وہ خوش ہوں گے۔

جُنْدٌ مُحْضَرُوْنَ عِنْدَ الْحِسَابِ۔ جند محضرون: اس سے مراد ہے: یہ بت حساب کے وقت حاضر کیے جائیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ۝ حالانکہ وہ (بت) کسی کی مدد کرنے کی طاقت نہیں رکھتے (بلکہ) وہ (مشرکین) خود (ان کی مدافعت کے لیے) کمر بستہ ہیں O (یس:۷۵)

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی کفار، اور لشکر مراد ہے: ان کا گروہ اور ان کے مددگار سب حساب کے وقت حاضر کیے جائیں گے اور وہ ایک دوسرے کی مدافعت نہیں کر سکیں گے۔

وَيُذْكَرُ عَنْ عِكْرِمَةَ الْمَشْحُوْنِ الْمُوْقَرُ۔ اور عکرمہ سے ذکر کیا جاتا ہے کہ الْمَشْحُوْنِ کا معنی ہے: بوجھل، بھری ہوئی، لدی ہوئی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ۝ اور ان کے لیے اس بھری ہوئی کشتی میں نشانی ہے جس میں ہم نے ان کی اولاد کو سوار کر دیا O (یس:۴۱)

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے آزاد کردہ غلام عکرمہ سے منقول ہے کہ المشحون کا معنی ہے: بھری ہوئی کشتی اور یہ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی تھی، انہوں نے لوگوں کے آباء واجداد کو اور ان کو جو ان کی پشتوں میں تھے ان کو سوار کیا۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ طَائِرُكُمْ مَصَائِبُكُمْ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: طَآئِرُكُمْ کا معنی ہے: تمہاری مصیبتیں یا تمہاری نحوستیں۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالُوْا طَآىِٕرُكُمْ مَّعَكُمْ ؕ اَىِٕنْ ذُكِّرْتُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ۝ (یس:۱۹)

رسولوں نے کہا: تمہاری بد فالی تمہارے ساتھ ہے، کیا تم نصیحت کرنے کو برا سمجھتے ہو! بلکہ تم لوگ حد سے گزرنے والے ہو۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے طَآىِٕرُكُمْ کی تفسیر تمہارے مصائب کی ہے اور قتادہ سے منقول ہے: تمہارے اعمال۔

يَنْسِلُوْنَ يَخْرُجُوْنَ۔ ینسلون اس کا معنی ہے: یَخْرُجُوْنَ یعنی وہ نکلیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ۝ (یس:۵۱)

اور صور پھونک دیا جائے گا، پس اچانک وہ سب قبروں سے اپنے رب کی طرف تیزی سے چلنے لگیں گے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے يَنْسِلُوْنَ کی تفسیر کی ہے: وہ تیزی سے نکلیں گے اور اسی سے نَسِیْل کا لفظ ماخوذ ہے جو اس بچے کے لیے کہا جاتا ہے جو اپنی ماں کے پیٹ سے نکلتا ہے۔

مَرْقَدِنَا مَخْرَجِنَا۔ مَّرْقَدِنَا اس کا معنی ہے: مخرجنا یعنی ہمارے نکلنے کی جگہ اور اس سے مراد قبر ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ۝ (یس:۵۲)

وہ کہیں گے: ہائے ہماری مصیبت! ہم کو ہماری خواب گاہوں سے کس نے اٹھا دیا، یہ وہ واقعہ ہے جس کا رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور رسولوں نے سچ کہا تھا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مرقد کی تفسیر نکلنے کی جگہ کے ساتھ کی ہے، اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کس نے ہم کو ہماری نیندوں سے اٹھا دیا، حضرت ابن عباس اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہما اور قتادہ سے منقول ہے: یہ وہ صرف اس وقت کہیں گے، کیونکہ دو صور پھونکنے کے وقتوں میں اللہ ان سے عذاب کو اٹھا لے گا تو وہ سو جائیں گے اور دوسرا قول یہ ہے کہ کفار جب جہنم اور اس کے عذاب کی انواع و اقسام کا مشاہدہ کریں گے تو ان کو قبروں میں جو عذاب دیا گیا تھا وہ ان کے پہلو میں خواب کی طرح ہوگا تو وہ کہیں گے: ہائے ہماری مصیبت! کس نے ہم کو خواب سے اٹھا دیا۔

اَحْصَيْنَاهُ حَفِظْنَاهُ۔ احصیناہ اس کا معنی ہے: حفظناہ یعنی ہم نے اس کو محفوظ کر لیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَ نَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَ اٰثَارَهُمْ ۚ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝ (یس:۱۲)

بے شک ہم ہی مردوں کو زندہ کرتے ہیں اور ہم ان کے وہ عمل لکھ رہے ہیں جو انہوں نے پہلے بھیج دیے اور وہ عمل (بھی) جو انہوں نے پیچھے چھوڑ دیے اور ہم نے ہر چیز کا احاطہ کر کے لوح محفوظ میں منضبط کر دیا ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ تم کو معلوم ہے اور ہم نے اس کا شمار کر لیا ہے اور ہم نے اس کو امام مبین یعنی لوح محفوظ میں محفوظ کر لیا ہے۔

Marfat.com

مَكَانَتُهُمْ وَمَكَانُهُمْ وَاحِدٌ۔ مکانتھم اور مَکَانُھُمْ دونوں کا ایک ہی معنی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَوْنَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ (یس:۶۷) اور اگر ہم چاہتے تو ان کی جگہ پر ان کی صورتوں کو مسخ کر دیتے تو پھر وہ نہ جا سکتے تھے اور نہ لوٹ سکتے تھے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا ہے: المکانۃ اور المکان دونوں کا ایک معنی ہے اور امام طبری نے العوفی سے روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: ہم ان کو ان کے گھروں میں ہلاک کر دیتے۔

[تمام تعلیقات کی یہ شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۹۰۔ ۱۸۸ میں ذکر کی ہے]

۱۔ بَابُ: وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٣٨﴾ (یس:۳۸) اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور سورج اپنی مقرر شدہ منزل تک چلتا رہتا ہے، یہ بہت غالب علم والے کا بنایا ہوا نظام ہے O (یس:۳۸) کی تفسیر

علامہ عینی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ سورج اپنے مستقر میں اس وقت تک نہیں پہنچتا جب تک اپنی منزلوں کو طے نہیں کر لیتا، دوسرا قول یہ ہے: اس سلسلے کی انتہاء اس وقت ہوگی جب دنیا ختم ہو جائے گی اور یہ دن اور رات اور سورج کا جو معاملہ ذکر کیا گیا ہے یہ اللہ عزوجل جو بہت غالب ہے اور بہت علم والا ہے اس کا اپنے ملک میں بنایا ہوا نظام ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۹۱۔ ۱۹۰)

۴۸۰۲۔ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضی الله عنه قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي الْمَسْجِدِ عِنْدَ غُرُوبِ الشَّمْسِ فَقَالَ يَا أَبَا ذَرٍّ أَتَدْرِي أَيْنَ تَغْرُبُ الشَّمْسُ قُلْتُ اللهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ فَإِنَّهَا تَذْهَبُ حَتَّى تَسْجُدَ تَحْتَ الْعَرْشِ فَذَلِكَ قَوْلُهُ تَعَالَى ﴿وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٣٨﴾﴾ (یس:۳۸)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابونعیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الاعمش نے حدیث بیان کی از ابراہیم تیمی از والد خود از حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سورج کے غروب ہونے کے وقت مسجد میں تھا، آپ نے فرمایا: اے ابوذر! کیا تم جانتے ہو سورج کہاں غروب ہوتا ہے؟ میں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول کو ہی زیادہ علم ہے، آپ نے فرمایا: پس بے شک سورج چلتا رہتا ہے حتیٰ کہ عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا مصداق ہے: وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٣٨﴾ (یس:۳۸) اور سورج اپنی مقرر شدہ منزل تک چلتا رہتا ہے۔ یہ بہت غالب بے حد علم والے کا بنایا ہوا نظام ہے O

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۱۹۹ میں گزر چکی ہے۔

۴۸۰۳۔ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحمیدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں وکیع نے حدیث بیان کی، انہوں نے

سَأَلْتُ النَّبِيَّ ﷺ عَنْ قَوْلِهِ تَعَالَى ﴿وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا﴾ (یس:۳۸) قَالَ مُسْتَقَرُّهَا تَحْتَ الْعَرْشِ

کہا: ہمیں الاعمش نے حدیث بیان کی از ابراہیم التیمی از والد خود از حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ وہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ سے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے متعلق سوال کیا: وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا (یس:۳۸) اور سورج اپنی مقرر شدہ منزل تک چلتا رہتا ہے۔ آپ نے فرمایا: اس کی منزل عرش کے نیچے ہے۔

اس حدیث کی شرح بھی صحیح البخاری، :۱۹۹۳ میں گزر چکی ہے۔

عرش کے نیچے سورج کے سجدہ کرنے کے متعلق علامہ عینی کی تقریر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

پہلی حدیث میں مذکور ہے کہ نبی ﷺ نے خود حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ کیا تم کو معلوم ہے کہ سورج کہاں غروب ہوتا ہے؟ اور دوسری حدیث میں مذکور ہے کہ حضرت ابوذر نے نبی ﷺ سے سوال کیا کہ سورج کہاں غروب ہوتا ہے اور پہلی حدیث میں مذکور ہے کہ سورج عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے اور اس کا انکار اس لیے نہیں کیا جائے گا کہ سورج اپنے چلنے اور اپنی رفتار میں عرش کے بالمقابل ہوتا ہے اور قرآن مجید میں مذکور ہے کہ سورج اور چاند اور ستارے سب اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرتے ہیں، اگر تم یہ اعتراض کرو کہ دوسری جگہ قرآن مجید میں مذکور ہے:

حَتّٰى إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ۔ (الکہف:۸۶)

حتیٰ کہ جب وہ (ذوالقرنین) غروب آفتاب کی جگہ پہنچے تو انہوں نے اسے سیاہ دلدل کے چشمے میں غروب ہوتے ہوئے پایا۔

ان حدیثوں میں مذکور ہے کہ سورج غروب کے وقت عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے اور اس آیت میں مذکور ہے کہ سورج سیاہ دلدل کے چشمے میں غروب ہوا تھا اور ان میں تعارض ہے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ ان میں تعارض نہیں ہے اس لیے کہ اس آیت میں سورج کے غروب کے وقت بصر کے ادراک کی انتہاء کا بیان ہے اور حدیث میں جو ذکر ہے کہ وہ عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے، وہ غروب کے بعد کا واقعہ ہے اور سیاہ دلدل کے چشمے میں غروب کا یہ معنی نہیں ہے کہ سورج اس چشمے میں گر جاتا ہے بلکہ اس آیت میں ذوالقرنین کے سفر کی انتہاء کو بیان کیا گیا ہے حتیٰ کہ انہیں اس کے بعد کوئی بڑا راستہ نہیں ملا جیسے کوئی شخص ساحل سمندر پر کھڑا ہو تو وہ غروب آفتاب کے وقت یہ دیکھے کہ سورج سمندر میں غروب ہو رہا ہے اور درحقیقت وہ اس سمندر کے نیچے غروب ہو رہا ہے اور اللہ تعالیٰ ہی کو حقیقت حال کا علم ہے۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۹۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

عرش کے نیچے سورج کے سجدہ کرنے کے متعلق حافظ ابن حجر کی تقریر

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

امام نسائی نے اس حدیث کو از اسحاق بن ابراہیم از ابونعیم شیخ بخاری روایت کیا ہے اور اس کی یہ عبارت ہے کہ سورج عرش کے نیچے اپنے رب کے پاس چلتا رہتا ہے اور اس میں یہ اضافہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے اجازت طلب کرتا ہے تو اس کو طلوع کی اجازت دی جاتی ہے اور قریب ہے سورج اجازت طلب کرے گا تو اسے اجازت نہیں دی جائے گی، اس وقت اس سے کہا جائے گا: تم اس جگہ سے طلوع ہو جاؤ۔ (یہ اس وقت ہوگا جب قیامت آئے گی)

Marfat.com

اس حدیث میں مذکور ہے کہ سورج چلتا رہتا ہے حتیٰ کہ عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے اور عنقریب کتاب التوحید میں آئے گا کہ سورج چلتا رہے گا، پھر وہ سجدہ کی اجازت طلب کرتا ہے تو اس کو اجازت دی جاتی ہے گویا کہ اس سے کہا جائے گا، تو جہاں سے آیا ہے وہیں طلوع ہو، اور امام عبدالرزاق کی روایت ہے کہ جب سورج غروب ہوگا تو وہ سلام کرے گا، سجدہ کرے گا اور اجازت طلب کرے گا تو اس کو اجازت نہیں دی جائے گی، پس جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا سورج ٹھہرا رہے گا، پھر اس سے کہا جائے گا: جہاں سے تو غروب ہوا ہے وہیں سے طلوع ہو جا، پس اس وقت سے لے کر قیامت تک جو شخص اس وقت ایمان نہیں لایا ہے اسے ایمان لانے کا فائدہ نہیں ہوگا، اور جو حدیث میں ہے کہ سورج عرش کے نیچے سجدہ کرے گا تو کہا گیا ہے کہ سورج عرش کی محاذات میں سجدہ کرے گا۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۷۹۴۔ ۷۹۳، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

سورج کے مستقر کے متعلق مصنف کی تقریر

ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے کہ اس آیت میں مستقر کی حسب ذیل تفسیریں کی گئی ہیں:

(۱) اس مستقر سے مراد ظرف زمان ہے اور وہ قیامت تک کا وقت ہے یعنی قیامت آنے تک سورج مسلسل چلتا رہے گا اور قیامت آنے کے بعد سورج کی حرکت منقطع ہو جائے گی۔

(۲) کسی ایک خطۂ زمین میں رات آنے تک سورج چلتا رہتا ہے اور جب رات آجاتی ہے تو وہ اس خطہ زمین میں غروب ہو چکا ہوتا ہے اور کسی دوسرے خطۂ زمین میں اس کی حرکت شروع ہو جاتی ہے اور یہ صرف ظاہری اعتبار سے ہے ورنہ حقیقت میں سورج کی حرکت قیامت تک منقطع نہیں ہوگی۔

(۳) سورج ایک سال تک اپنے مستقر تک سفر کرتا رہتا ہے اور دوسرے سال اس کا پھر نیا سفر شروع ہو جاتا ہے۔

(تفسیر کبیر ج ۹ ص ۲۷۶ ملخصا) (انوار تبیان القرآن ص ۷۰۶، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ امام بخاری نے سورۂ یٰس کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی تھیں وہ مکمل ہو گئیں اور اب ان شاء اللہ سورۃ الصافات کی تفسیر شروع ہوگی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۳۷۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الصَّافَّاتِ

سورۃ الصافات کی تفسیر

سورۃ الصافات کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الصافات کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اور یہ سورت بالاتفاق مکی ہے، ہاں ایک آیت کے متعلق عبدالرحمٰن بن زید کی روایت ہے کہ وہ مدنی ہے اور وہ آیت یہ ہے: قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّیْ كَانَ لِیْ قَرِیْنٌ ﴿۵۱﴾ (الصافات:۵۱)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ وَيَقْذِفُونَ بِالْغَيْبِ مِنْ مَكَانٍ بَعِيدٍ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَيُقْذَفُونَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ يُرْمَوْنَ۔

وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ، مجاہد نے کہا، اس کا معنی ہے: ان پر غیب سے ہر طرف سے ٹوٹے ہوئے ستارے مارے جاتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ﴿۸﴾ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿۹﴾ (الصافات:۸۔۹)

وہ عالم بالا کے فرشتوں (کی باتوں) کو سننے کے لیے کان نہیں لگا سکتے اور ان پر ہر جانب سے ضرب لگائی جاتی ہے O ان (کو بھگانے) کے لیے اور ان کے لیے دائمی عذاب ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یقذفون کی تفسیر یُرْمَوْنَ کی ہے یعنی ان پر مارے جاتے ہیں اور کتب تفسیر میں مذکور ہے: ان پر ستارے مارے جاتے ہیں اور ان کو ہر جانب سے بھگایا جاتا ہے یعنی وہ جس جانب سے بھی آسمان پر چڑھنا چاہیں ان کو اس جانب سے بھگایا جاتا ہے۔ دُحُوْرًا کا معنی ہے: ان کو دھتکارنے کے لیے۔

وَاصِبٌ دَائِمٌ۔ واصب کا معنی ہے: دائمی یعنی ہمیشہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿۹﴾ (الصافات:۹) اور ان کے لیے دائمی عذاب ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے وَّاصِبٌ کی تفسیر دَائِمٌ کے ساتھ کی ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کی تفسیر منقول ہے: شدید یعنی ان کے لیے عذاب شدید ہے۔

لَازِبٌ لَازِمٌ۔ لَازِبٌ کا معنی ہے: لَازِمٌ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾ (الصافات:۱۱) ہم نے ان کو لیس دار مٹی سے پیدا کیا ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے لازبٌ کی تفسیر لَازِمٌ کے ساتھ کی ہے اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ ایسی مٹی جو چپکنی ہو اور بہت عمدہ ہو، اور السدی سے منقول ہے کہ لَازِبٌ کا معنی ہے: خالص۔

Marfat.com

تَأْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ يَعْنِي الْحَقَّ الْكُفَّارُ تَقُوْلُهُ لِلشَّيْطَانِ۔

تاتوننا عن الیمین اس کا معنی ہے: تم ہمارے پاس دائیں طرف سے آتے تھے یعنی جو جن کفار ہیں وہ یہ بات شیطان سے کہیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالُوْا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَأْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿۲۸﴾ (الصافات:۲۸)

(شیطان کے پیروکار شیطان سے) کہیں گے: بے شک تم ہمارے پاس دائیں جانب سے آتے تھے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس کی یہ تفسیر کی ہے کہ جو کفار جن ہیں وہ شیطان سے کہیں گے کہ تم ہمارے پاس دائیں جانب سے آتے تھے، اور قاضی عیاض نے کہا ہے کہ یہ لفظ جِن نہیں ہے بلکہ حَقّ ہے یعنی تم ہمارے پاس حق کی جہت سے آتے تھے اور تم ہم پر حق کو مشتبہ کرتے تھے۔

غَوْلٌ وَجَعُ بَطْنٍ۔

غَوْلٌ اس کا معنی ہے: پیٹ میں درد۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ (الصافات:۴۷)

نہ اس سے دردسر ہوگا اور نہ وہ اس سے بہکیں گے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے غَوْلٌ کی تفسیر پیٹ کے درد کے ساتھ کی ہے اور یہ قتادہ کا قول ہے اور الکلبی سے منقول ہے: نہ اس میں کوئی گناہ ہوگا، اس کی نظیر یہ آیت ہے:

لَا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَأْثِيْمٌ ﴿۲۳﴾ (الطور:۲۳)

جس میں نہ کوئی بے ہودگی ہوگی اور نہ کوئی گناہ ○

اور حسن بصری سے منقول ہے کہ غَوْلٌ کا معنی سر کا درد ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ ان کی عقول زائل نہیں ہوں گی اور تیسرا قول یہ ہے کہ اس میں کوئی ناپسندیدہ چیز نہیں ہوگی۔

يُنْزَفُوْنَ لَا تَذْهَبُ عُقُوْلُهُمْ۔

يُنْزَفُوْنَ اس کا معنی ہے: ان کی عقلیں نہیں جائیں گی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ (الصافات:۴۷)

نہ اس سے دردسر ہوگا اور نہ وہ اس سے بہکیں گے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے ینزفون کی تفسیر کی ہے کہ ان کی عقلیں نہیں جائیں گی اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ ان کی عقلوں پر شراب کا غلبہ نہیں ہوگا اور نہ اس سے نشہ آئے گا، جب کسی کو نشہ ہو اور اس کی عقل چلی جائے تو عرب کہتے ہیں: نَزَفَ الرَّجُلُ۔

قَرِيْنٌ شَيْطَانٌ۔

قَرِيْنٌ اس سے شیطان مراد ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ﴿۵۱﴾

ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا: بے شک دنیا میں میرا ایک ساتھی ہے ○ (الصافات:۵۱)

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے قرین کی تفسیر شیطان کی ہے یعنی دنیا میں ایک شیطان اس کا ساتھی تھا۔

يُهْرَعُوْنَ كَهَيْئَةِ الْهَرْوَلَةِ۔

يُهْرَعُوْنَ اس کا معنی ہے: وہ دوڑنے کی طرح تیز چلتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ۝ (الصافات:۷۰) سو وہ ان ہی کے نقش قدم پر بھگائے جاتے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: اَلْهَرْوَلَه کا معنی ہے: تیز تیز چلنا۔ امام بخاری نے کہا ہے: وہ دوڑنے کی طرح تیز تیز چلتے ہیں۔

يَزِفُّوْنَ النَّسَلَانُ فِي الْمَشْيِ۔ یزفون اس کا معنی ہے: وہ تیز تیز چلتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ۝ (الصافات:۹۴) پھر وہ لوگ دوڑتے ہوئے آپ کے پاس آئے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے يَزِفُّوْنَ کی تفسیر تیز تیز چلنے کے ساتھ کی ہے، اَلنَّسَلَان کا معنی ہے: قریب قریب قدم رکھنا اور دوڑے بغیر تیز تیز چلنا۔ ایک قول یہ ہے کہ یہ زفیف النعام سے ماخوذ ہے یعنی شتر مرغ کی اڑنے اور چلنے کے درمیان رفتار۔

وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا قَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ الْمَلَائِكَةُ بَنَاتُ اللّٰهِ وَاُمَّهَاتُهُمْ بَنَاتُ سَرَوَاتِ الْجِنِّ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ﴿وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ۝﴾ (الصافات: ۱۵۸) سَتُحْضَرُ لِلْحِسَابِ۔

وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا اس سے مراد یہ ہے کہ کفار قریش کہتے تھے کہ فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں اور ان کی مائیں جنات کی سرداروں کی مائیں ہیں، اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ۝ (الصافات: ۱۵۸) جنات کو خوب معلوم ہے کہ وہ حساب کے لیے پیش کیے جائیں گے O

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ۭ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ۝ (الصافات:۱۵۸) اور ان لوگوں نے اللہ اور جنات کے درمیان نسبی قرابت داری بنا دی، حالانکہ جنات کو علم ہے کہ وہ ضرور (عذاب پر) پیش کیے جائیں گے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: مشرکین مکہ نے اللہ تعالیٰ اور جنات کے درمیان قرابت داری بنائی، جنات سے مراد فرشتے ہیں اور انہوں نے فرشتوں کو جنات اس لیے کہا کہ فرشتے ان کی آنکھوں سے چھپے ہوئے ہیں، انہوں نے کہا: فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں، اور فرشتوں کی مائیں جنات کے سردار یعنی ان کے خواص کی بیٹیاں ہیں۔ السروات کا لفظ سراۃ کی جمع ہے اور وہ عزیز کے معنی میں ہے اور اس بات کے کہنے والے خوب جانتے ہیں کہ جنات دوزخ پر پیش کیے جائیں گے اور اللہ تعالیٰ ان کو عذاب دے گا اور اگر جنات اللہ تعالیٰ کے رشتہ دار یا شریک ہوتے تو اللہ تعالیٰ ان کو عذاب نہ دیتا۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَنَحْنُ الصَّافُّوْنَ الْمَلَائِكَةُ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ اس کا معنی ہے: بے شک ہم صف باندھے ہوئے ہیں اور اس سے مراد فرشتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ۝ (الصافات:۱۶۵) اور بے شک ہم ضرور صف بستہ ہیں O

علامہ عینی نے لکھا ہے: صف باندھنے والے فرشتے ہیں، اسی طرح ابن جریر کی حضرت ابن عباس سے روایت ہے اور اس میں یہ اضافہ ہے کہ ہم اللہ کی تسبیح کرنے والے ہیں، اور علامہ ثعلبی نے کہا: ہم نماز میں صف باندھنے والے ہیں۔

صِرَاطَ الْجَحِيْمِ سَوَاءِ الْجَحِيْمِ وَوَسَطِ الْجَحِيْمِ۔ صراط الجحیم، سواء الجحیم، وسط الجحیم تینوں کا ایک معنی

ہے یعنی دوزخ کا راستہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ۝ (الصافات: ۲۳) پھر ان سب کو دوزخ کے راستے پر لے جاؤ O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ ان تینوں لفظوں کا ایک معنی ہے، اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ صراط الجحیم: دوزخ کا راستہ ہے اور صراط کا معنی ہے: راستہ۔

لَشَوْبًا يُخْلَطُ طَعَامُهُمْ وَيُسَاطُ بِالْحَمِيمِ۔ لَشَوْبًا اس کا معنی ہے: ملانا یعنی ان کے کھانے کو گرم کھولتے ہوئے پانی کے ساتھ ملایا جائے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ۝ (الصافات: ۲۳) پھر بے شک ان کے لیے (پیپ) ملا ہوا گرم پانی ہوگا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے شوبًا کی تفسیر کی ہے: يُخْلَطُ یعنی اس کو ملایا جائے گا گرم کھولتے ہوئے پانی کے ساتھ اور ان کا کھانا حنظل کے درخت سے بنا ہوگا جو بہت کڑوا ہوتا ہے۔

مَدْحُوْرًا مَطْرُوْدًا۔ مَدْحُوْرًا اس کا معنی ہے: دھتکارا ہوا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا۔ (الاعراف: ۱۸) فرمایا: یہاں سے ذلیل اور دھتکارا ہوا ہو کر نکل جا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: لیکن یہ سورۂ اعراف کی آیت ہے اور یہاں اس کا محل نہیں ہے، سورۃ الصافات میں یہ آیت ہے:

وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا۔ (الصافات: ۲۳) اور ان پر ہر جانب سے ضرب لگائی جاتی ہے O ان کو بھگانے کے لیے۔

امام بخاری نے مدحورًا کی تفسیر مطرودًا کی ہے یعنی دھتکارا ہوا کیونکہ اَلدَّحْرُ کا معنی ہے: بھگانا اور دور کرنا۔

بَيْضٌ مَكْنُوْنٌ اللُّؤْلُؤُ الْمَكْنُوْنُ۔ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ اس کا معنی ہے: پوشیدہ موتی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ۝ (الاعراف: ۴۹) گویا کہ وہ پوشیدہ انڈے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ کی تفسیر کی ہے: پوشیدہ موتی یعنی صفائی میں اور ''بیض'' بیضہ کی جمع ہے یعنی انڈے، اور کتب تفسیر میں مذکور ہے: مَّكْنُوْنٌ کا معنی ہے: مستور اور ایک قول ہے: محفوظ، قرآن مجید میں مَّكْنُوْنٌ مذکر کا صیغہ ہے حالانکہ یہ بَيْضٌ کی صفت ہے اور وہ مونث ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ لفظ کے اعتبار سے ہے۔

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِيْنَ يُذْكَرُ بِخَيْرٍ۔ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ یعنی ہم نے ان کے بعد آنے والے لوگوں میں یہ بات رہنے دی کہ ان پر سلام ہو، اس سے مراد یہ ہے کہ ان کا ذکر خیر ہوتا رہے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝ (الصافات: ۷۸) اور ہم نے ان کا ذکر بعد والوں میں باقی رکھا O

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: ذکر خیر سے مراد یہ ہے کہ ہر امت میں قیامت تک حضرت نوح علیہ السلام کی حمد وثناء ہوتی رہے گی۔

وَيُقَالُ يَسْتَسْخِرُونَ يَسْخَرُونَ۔ یستسخرون اس کا معنی ہے: یَسْخَرُوْن یعنی وہ مذاق اڑاتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَإِذَا رَأَوْا آيَةً يَسْتَسْخِرُونَ ﴿١٤﴾ (الصافات: ۱۴) اور جب کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو مذاق اڑاتے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یستسخرون کی تفسیر یسخرون کی ہے یعنی وہ مذاق اڑاتے ہیں۔

بَعْلًا رَبًّا۔ بَعْلًا اس کا معنی ہے: ان کا خود ساختہ رب۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَتَدْعُونَ بَعْلًا وَتَذَرُونَ أَحْسَنَ الْخَالِقِينَ ﴿١٢٥﴾ کیا تم بعل کی عبادت کرتے ہو اور سب سے بہتر خالق کو چھوڑ دیتے ہو O (الصافات: ۱۲۵)

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے بَعْل کی تفسیر رَبّ کی ہے اور بَعل ایک بت کا نام ہے جس کی وہ عبادت کرتے تھے اور اسی سے بعلبک ماخوذ ہے، یہ ان کے بت کا نام ہے۔ [یہ تمام تعلیقات اور ان کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۹۵۔ ۱۹۲ میں کی ہیں]

۱۔ بَابٌ: وَإِنَّ يُونُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٣٩﴾ (الصافات: ۱۳۹)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے شک یونس ضرور رسولوں میں سے ہیں O (الصافات: ۱۳۹) کی تفسیر

۴۸۰۴۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ أَنْ يَكُونَ خَيْرًا مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں جریر نے حدیث بیان کی از الاعمش از ابووائل از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی شخص کے لیے یہ کہنا جائز نہیں ہے کہ وہ متی کے بیٹے حضرت یونس سے افضل ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۴۱۲ میں گزر چکی ہے۔

۴۸۰۵۔ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى فَقَدْ كَذَبَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے ابراہیم بن المنذر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں محمد بن فلیح نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے میرے والد نے حدیث بیان کی از ہلال بن علی جو عامر بن لوی کے بیٹوں میں سے ہیں از عطاء بن یسار از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی ﷺ، آپ نے فرمایا: جس نے کہا: میں یونس بن متی سے افضل ہوں اس نے جھوٹ بولا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۴۱۵ میں گزر چکی ہے۔

میں کہتا ہوں: اس حدیث پر یہ اشکال ہوتا ہے کیا حضور ﷺ کو یہ علم نہیں تھا کہ آپ حضرت یونس علیہ السلام سے افضل ہیں؟ اس کا

Marfat.com

ایک جواب یہ ہے کہ یہ آپ نے اس وقت فرمایا تھا جب آپ کو اپنے افضل الانبیاء ہونے کا علم نہیں تھا اور دوسرا جواب یہ ہے کہ آپ نے یہ کلام تواضعاً فرمایا ہے۔

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الصافات کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ سورۂ ص کی تفسیر شروع ہوگی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۳۸۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ صٓ

سورۂ ص کی تفسیر

سورۂ ص کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۂ ص کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس پر اتفاق ہے کہ سورۂ ص مکی ہے، یہ سورۂ انشقاق کے بعد اور سورۂ اعراف سے پہلے نازل ہوئی ہے اور اس میں اٹھاسی (۸۸) آیات ہیں۔

لفظ ص کے متعلق متعدد اقوال

ص کے معنی میں اختلاف ہے، پس حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: یہ ایک سمندر ہے جس کے اوپر رحمٰن کا عرش ہے، وہاں نہ کوئی رات ہے اور نہ دن ہے اور حضرت سعید بن جبیر سے روایت ہے: یہ ایک سمندر ہے جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ دو صوروں کے درمیان مردوں کو زندہ کرے گا، اور ضحاک سے روایت ہے کہ ص سے مراد ہے: صدق اللہ تعالیٰ (اللہ تعالیٰ نے سچا فرمایا) اور مجاہد سے مروی ہے: ص کا معنی ہے: سورت کی ابتداء، اور قتادہ سے مروی ہے کہ ص قرآن کے اسماء میں سے ایک اسم ہے اور السدی سے مروی ہے کہ ص اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک اسم ہے اور محمد القرظی سے مروی ہے: یہ اللہ تعالیٰ کے اسماء کی چابی ہے، وہ صمد ہے اور تمام مصنوعات کو بنانے والا ہے اور صادق الوعد ہے اور ابن سلیمان دمشقی سے مروی ہے کہ ص ایک سانپ کا نام ہے جس کا سر عرش کے نیچے ہے اور اس کی دم سب سے آخری زمین کے نیچے ہے، انہوں نے کہا: میرا گمان ہے کہ یہ عکرمہ سے مروی ہے اور ایک قول ہے: اس کا معنی ہے: ص تمہارے عمل کے ساتھ قرآن ہے یعنی ہم دیکھتے ہیں کہ تمہارا عمل کہاں ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۹۶۔۱۹۵، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۔ بَابٌ

باب

۴۸۰۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْعَوَّامِ قَالَ سَأَلْتُ مُجَاهِدًا عَنْ السَّجْدَةِ فِی ص قَالَ سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَالَ ﴿أُولَئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ﴾ (الانعام: ۹۰) وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَسْجُدُ فِيهَا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں غندر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از العوام انہوں نے کہا: میں نے مجاہد سے سورۂ ص کے سجدہ کے متعلق سوال کیا انہوں نے کہا: حضرت ابن عباس سے یہ سوال کیا گیا تو انہوں نے یہ آیت پڑھی: أُولَئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ (الانعام: ۹۰) یہ وہی لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی ہے، سو آپ بھی ان کے طریقہ پر چلیں۔ اور حضرت ابن عباس اس آیت پر سجدہ کرتے تھے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۴۲۱ میں گزر چکی ہے۔

۴۸۰۷۔ حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ عَنِ الْعَوَّامِ قَالَ سَأَلْتُ مُجَاهِدًا عَنْ سَجْدَةٍ فِي ص فَقَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ مِنْ أَيْنَ سَجَدْتَ فَقَالَ أَوَ مَا تَقْرَأُ ﴿وَ مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَ سُلَيْمٰنَ﴾ (الانعام: ۸۴)۔ ﴿أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللهُ فَبِهُدٰهُمُ اقْتَدِهْ﴾ (الانعام: ۹۰) فَكَانَ دَاوُدُ مِمَّنْ أُمِرَ نَبِيُّكُمْ ﷺ أَنْ يَقْتَدِيَ بِهٖ فَسَجَدَهَا دَاوُدُ عَلَيْهِ السَّلَام فَسَجَدَهَا رَسُولُ اللهِ ﷺ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے محمد بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں محمد بن عبید الطنافسی نے حدیث بیان کی از العوام، انہوں نے کہا: میں نے مجاہد سے سورۂ ص کے سجدہ کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے کہا: میں نے حضرت ابن عباس سے سوال کیا تھا: آپ نے کہاں سے سجدہ کیا؟ تو انہوں نے کہا: کیا تم یہ آیت نہیں پڑھتے: وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ (الانعام: ۸۴) اور ان کی اولاد میں سے داؤد اور سلیمان ہیں۔ أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللهُ فَبِهُدٰهُمُ اقْتَدِهْ (الانعام: ۹۰) یہ وہی لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی ہے، سو آپ بھی ان کے طریقہ پر چلیں۔ پس حضرت داؤد علیہ السلام وہ ہیں کہ جن کی اقتداء کا تمہارے نبی ﷺ کو حکم دیا گیا تو حضرت داؤد علیہ السلام نے سجدہ کیا، اس پر تو رسول اللہ ﷺ نے بھی سجدہ کیا۔

اس حدیث کی شرح بھی صحیح البخاری: ۳۴۲۱ میں گزر چکی ہے۔

علامہ عینی اس حدیث کے بعض مشکل جملوں کی شرح میں لکھتے ہیں:

آپ نے کہاں سے سجدہ کیا؟ یعنی آپ نے کس دلیل سے اس سورت میں سجدہ کیا ہے؟

پس حضرت داؤد علیہ السلام نے اس پر سجدہ کیا: یعنی حضرت داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس سورت میں سجدہ کیا ہے اور ہمارے رسول ﷺ کو ان کی اقتداء کا حکم دیا گیا ہے اور ہمیں نبی ﷺ کی اقتداء اور آپ کی اتباع کا حکم دیا گیا ہے، اور یہ حدیث امام شافعی پر حجت ہے کیونکہ وہ کہتے ہیں سورۂ ص میں سجدہ کرنا عزیمت نہیں ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۹۶)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے ان دونوں حدیثوں کی شرح میں کچھ نہیں لکھا۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۱۹۶۔ ۱۹۵)

الانعام: ۹۰ میں ہمارے نبی ﷺ کی عظیم منقبت

میں کہتا ہوں: ہم نے (الانعام: ۹۰) کی تفسیر میں لکھا ہے: اس آیت کا معنی ہے: اے رسول مکرم! ان نبیوں اور رسولوں نے جو عمل کیا ہے آپ اس کے مطابق عمل کریں اور جس منہاج پر یہ چلتے رہے ہیں اس منہاج پر آپ بھی چلیں اور ہماری دی ہوئی ہدایت اور توفیق کے مطابق جس طرح انہوں نے زندگی گزاری ہے آپ اس طرح زندگی گزاریں اور ان تمام نبیوں اور رسولوں کے جس قدر محاسن اور خوبیاں ہیں آپ وہ سب اپنے اندر جمع کرلیں۔ اس آیت میں نبی ﷺ کی عظیم منقبت ہے کہ تمام نبیوں اور رسولوں میں جو خوبیاں اور کمالات الگ الگ اور متفرق طور پر پائے جاتے تھے وہ سب کمالات آپ کی ذات میں جمع ہو گئے یعنی تمام انبیاء علیہم السلام کی گزاری ہوئی زندگیاں متن متین ہیں اور آپ کی زندگی ان کی شرح جمیل ہے:

حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

(تبیان القرآن ص ۲۱۹ فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

Marfat.com

عُجَابٌ عَجِيبٌ۔ عُجَاب: اس کا معنی ہے: عجیب۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝ (ص:۵) بے شک یہ بہت عجیب بات ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ ذکر کیا ہے کہ عجاب کا معنی عجیب ہے اور اس لفظ کو جیم کی تشدید کے ساتھ عُجَّاب بھی پڑھا گیا ہے، مقاتل نے کہا: یہ ازدشنوءہ کی لغت ہے جیسے کریم اور کُرَّام اور کبیر اور کبار اور طویل اور طُوَّال اور عَرِیض اور عُرَّاض۔

اَلْقِطُّ الصَّحِيفَةُ هُوَ هَا هُنَا صَحِيفَةُ الْحِسَابِ۔ اَلْقِط کا معنی ہے: صحیفہ اور یہاں اس سے مراد نیکیوں کا صحیفہ ہے یا اعمال نامہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ۝ (ص:۱۶) اور انہوں نے کہا: اے ہمارے رب! ہمارا حصہ تو ہمیں روز حساب سے پہلے ہی جلد دے دے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے بتایا کہ القِط کا معنی ہے: الصحیفہ مطلقاً لیکن یہاں اس سے مراد نیکیوں کا صحیفہ ہے اور کشمیہنی کی روایت میں ہے: حساب کا صحیفہ اور اسی طرح النسفی کی روایت ہے، اور الکلبی نے کہا کہ جب سورۃ الحاقہ میں یہ آیت نازل ہوئی:

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ۝ (الحاقہ:۱۹) سو جس کو اس کا صحیفہ اعمال اس کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ کہے گا: آؤ میرا نامہ اعمال پڑھو O

تو کفار نے بہ طور استہزاء کہا: ہمارا حصہ ہمیں جلدی دے دے، ان کی مراد یہ تھی کہ ہمارا اعمال نامہ ہمیں دنیا میں ہی جلد دے دے، اور قتادہ، مجاہد اور سدی سے روایت ہے کہ ان کی مراد یہ تھی کہ ہمارا عذاب جو ہمارے لیے مقرر کیا گیا ہے وہ ہمیں دنیا میں ہی جلد دے دے۔ یہ النضر بن الحارث نے کہا تھا اور امام ابوعبیدہ نے کہا ہے کہ القِطّ کا معنی ہے: کتاب اور اس کی اصل قط الشیٔ ہے جب کسی چیز کو کاٹ کر ٹکڑے کر دو اور اس کا صحیفہ پر اس لیے اطلاق ہوتا ہے کہ وہ بھی کاغذ کا ایک ٹکڑا ہے اور اسی طرح اس کا صلہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے یعنی چیک پر۔

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: اس آیت میں قِطَّنَا کا لفظ ہے اور القط کا معنی ہے: کسی چیز کو کاٹنے کے بعد اس کا حاصل شدہ ٹکڑا اور اس سے مراد ان کا حصہ اور مقسوم ہے، اس کا معنی یہ ہے کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ ہم کو جس عذاب سے ڈرا رہے ہیں اس عذاب میں سے جو حصہ ہمارے لیے مقرر ہے وہ حصہ ہمیں دنیا میں دلوا دیں اور اس کو روز حساب تک موخر نہ کریں۔ (انوار تبیان القرآن ص ۷۲۴، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ فِيْ عِزَّةٍ مُعَازِّيْنَ۔ اور مجاہد نے کہا: فِيْ عِزَّةٍ کا معنی ہے: غلبہ چاہنے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ۝ (ص:۲) بلکہ جن لوگوں نے کفر کیا وہ تکبر اور مخالفت میں پڑے ہوئے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے ارادہ کیا کہ فِيْ عِزَّةٍ کا لفظ خبر کے محل میں ہے اور معززین کا معنی ہے: مغالبین یعنی غلبہ چاہنے والے، دوسرا قول ہے: اس کا معنی ہے: تکبر اور جاہلیت اور شقاق کا معنی ہے: مخالفت اور تفرقہ۔

Marfat.com

الْمِلَّةِ الْآخِرَةِ مِلَّةُ قُرَيْشٍ الْاِخْتِلَاقُ الْكَذِبُ۔ الملة الاخرۃ اس کا معنی ہے: قریش کا دین اور الاختلاق کا معنی ہے: جھوٹ اور من گھڑت بات۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۝ (ص:۷) ہم نے یہ بات اس سے پہلے دین میں نہیں سنی، یہ صرف ان کی بنائی ہوئی (جھوٹی) بات ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الملة الاخرۃ کی تفسیر قریش کے دین کے ساتھ کی ہے اور اختلاق کی تفسیر جھوٹ کے ساتھ کی ہے، مجاہد اور قتادہ سے بھی یہی تفسیر منقول ہے، اور حضرت ابن عباس اور قرطبی اور الکلبی اور مقاتل نے کہا ہے: ان کی مراد نصرانیت تھی کیونکہ نصاریٰ بھی اللہ کے ساتھ اور خدا کو شریک کرتے تھے۔

الْأَسْبَابُ طُرُقُ السَّمَاءِ فِي أَبْوَابِهَا۔ الاسباب اس سے مراد ہے، آسمان کے دروازوں میں آسمانوں کے راستے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا فَلْيَرْتَقُوْا فِي الْاَسْبَابِ ۝ (ص:۱۰) یہ آسمان اور زمین اور ان کے درمیان کی ہر چیز ان کی ملکیت میں ہے تو ان کو چاہیے کہ رسیاں باندھ کر آسمان پر چڑھ جائیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اسباب کی تفسیر آسمان کے دروازوں میں آسمان کے راستوں کے ساتھ کی ہے، اسی طرح اس کی تفسیر مجاہد اور قتادہ سے منقول ہے اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ فَلْيَرْتَقُوْا کا معنی ہے کہ انہیں چاہیے کہ پہاڑوں پر چڑھ کر آسمان تک پہنچیں، پھر وہاں سے ان کے پاس وحی لے کر آئیں یہ ان کو ڈانٹنے، جھڑکنے اور عاجز کرنے کا حکم ہے۔

قَوْلُهُ جُنْدٌ مَا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ يَعْنِي قُرَيْشًا۔ جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ اس سے مراد ہے: یہ اس جگہ کفار قریش کا شکست خوردہ لشکر ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ۝ (ص:۱۱) یہ اس جگہ کفار کا شکست خوردہ حقیر لشکر ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی جو تفسیر کی ہے اسی طرح مجاہد نے تفسیر کی ہے یعنی اس جگہ لشکر کفار کو شکست دی جائے گی اور یہ غیب کی خبر دینا ہے کیونکہ اس کے بعد یعنی مکہ میں کفار کو شکست دی گئی اور قتادہ نے اس کی تفسیر کی ہے کہ اللہ عزوجل نے مکہ میں یہ وعدہ کیا ہے کہ ان کو شکست دی جائے گی اور اس کی تعبیر غزوۂ بدر میں پوری ہوئی۔

أُولَئِكَ الْأَحْزَابُ الْقُرُونُ الْمَاضِيَةُ۔ أُولٰٓئِكَ الْاَحْزَابُ اس کا معنی ہے: گزشتہ گروہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ ۭ اُولٰٓئِكَ الْاَحْزَابُ ۝ (ص:۱۳) اور ثمود اور لوط کی قوم اور اصحاب ایکہ (جنگل والے)، یہ کفار کے گروہ ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے أُولٰٓئِكَ الْاَحْزَابُ کی تفسیر گزری ہوئی جماعتوں کے ساتھ کی ہے اور دوسرے مفسرین نے یہ اضافہ کیا ہے کہ ان لوگوں پر قہر کیا گیا اور ان کو عذاب دیا گیا۔

Marfat.com

فَوَاقٍ رُجُوع۔

فَوَاقٍ کا معنی ہے: رجوع یعنی واپسی کی مہلت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ۝ (ص:۱۵)

اور یہ (کفار) صرف ایک سخت چنگھاڑ کا انتظار کر رہے ہیں جس کے درمیان کوئی مہلت نہیں ہوگی O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ بتایا ہے کہ ان کے لیے دنیا کی طرف لوٹنے اور واپسی کی کوئی گنجائش نہیں ہوگی۔ امام ابو عبیدہ نے کہا ہے: یہ لفظ فَوَاق ہے اور اس کا معنی ہے: ان کے لیے کوئی راحت نہیں ہوگی اور جنہوں نے کہا کہ یہ لفظ فُوَاق ہے (فاء پر پیش) انہوں نے کہا: اس کا معنی ہے: مہلت یعنی اونٹنی کا دودھ دوہنے کے درمیان وقفہ۔

قِطَّنَا عَذَابَنَا۔

قِطَّنَا اس کا معنی ہے: ہمارے حصہ کا عذاب۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ تعلیق مکرر ہے مگر پہلے امام بخاری نے قِطَّنَا کی تفسیر کی تھی: صحیفہ اور یہاں اس کی تفسیر عذاب کی ہے اور صحیح بخاری کے اکثر نسخوں میں یہ تعلیق نہیں ہے۔

اتَّخَذْنَاهُمْ سُخْرِيًّا أَحَطْنَا بِهِمْ۔

اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اس سے مراد ہے: جن لوگوں کا ہم مذاق اڑاتے ہوئے ان کو گھیر لیا کرتے تھے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ۝ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ۝ (ص:۶۲۔۶۳)

دوزخی کہیں گے کیا: سبب ہے کہ ہمیں وہ لوگ نظر نہیں آ رہے جنہیں ہم لوگ (دنیا میں) برے لوگ شمار کرتے تھے O کیا ہم نے ان کا ناحق مذاق اڑایا تھا یا ہماری نگاہیں ان سے ہٹ گئی ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی کفار قریش نے کہا اور وہ اس وقت دوزخ میں ہوں گے کہ کیا وجہ ہے کہ ہم ان مردوں کو نہیں دیکھ رہے جن کو ہم بہت برا اور رذیل قرار دیتے تھے اور یہ سمجھتے تھے کہ ان میں کوئی خیر نہیں ہے یعنی ہم ان کو دوزخ میں نہیں دیکھ رہے گویا کہ وہ دوزخ میں نہیں ہیں بلکہ ہماری نظریں ان سے پھیر دی گئی ہیں اور وہ دوزخ ہی میں ہیں۔

ہم نے لکھا ہے: یعنی کفار جب جہنم کی تمام اطراف اور جوانب میں نظر ڈالیں گے تو ان کو وہ فقراء مسلمین نظر نہیں آئیں گے جن کا دنیا میں مذاق اڑاتے تھے، وہ ان کو اشرار اور بروں میں شمار اس لیے کرتے تھے کہ وہ ان کے دین کے خلاف تھے اور ایسے دین کی پیروی کر رہے تھے جس سے ان کو کوئی دنیاوی منفعت حاصل نہیں ہو رہی تھی۔ (انوار تبیان القرآن ص ۷۲۹، فرید بک سٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

أَتْرَابٌ أَمْثَالٌ۔

أَتْرَابٌ اس کا معنی ہے: ان کی ہم مثل۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ۝ (ص:۵۲)

اور ان کے پاس نیچی نظر والی حوریں ہوں گی O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے أَتْرَابٌ کی تفسیر امثال کی ہے اور اتراب، تِرْب کی جمع ہے اور اس کا معنی ہے: لذت اس سے مراد یہ ہے کہ ان حوروں کی عمر ایک ہوگی اور وہ سب تینتیس (۳۳) سال کی ہوں گی۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْأَيْدُ الْقُوَّةُ فِي الْعِبَادَةِ الْأَبْصَارُ الْبَصَرُ فِي أَمْرِ اللهِ۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: الاید کا معنی ہے: عبا میں قوت اور الابصار کا معنی ہے: اللہ کے احکام میں بصیرت۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ۝ (ص:۴۵) اور ہمارے (دیگر خاص) بندوں کو یاد کیجئے ابراہیم، اسحاق اور یعقوب کو جو قوت والے اور بصیرت والے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الایدی کی تفسیر عبادت میں قوت کے ساتھ کی ہے اور الابصار کی تفسیر اللہ کے احکام میں بصیرت کے ساتھ کی ہے۔ امام طبری نے اس کو اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔

اس آیت کریمہ کی دو تفسیریں ہیں، ایک مشہور تفسیر اور دوسری محقق تفسیر

حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ مِنْ ذِكْرِ۔ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ، مِنْ ذکر ربی اس میں یہ بتایا ہے کہ عن ذکر ربی میں عَنْ، مِنْ کے معنی میں ہے یعنی خیر کی محبت نے مجھے میرے رب کی عبادت سے غافل کر دیا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ۝ (ص:۳۲) انہوں نے کہا: بے شک میں نے نیک مال کی محبت اپنے رب کے ذکر کرنے کی وجہ سے اختیار کی ہے حتیٰ کہ جب وہ گھوڑے نگاہ سے اوجھل ہو گئے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کہا: میں نے خیر کی محبت میں، اس سے ان کی مراد گھوڑے تھے اور وہ گھوڑے تھے جو ان کے سامنے پیش کیے گئے تھے، عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ یعنی نماز سے غافل کر دیا حتیٰ کہ سورج غروب ہو گیا۔ امام بخاری نے من ذکر ربی لکھ کر یہ اشارہ کیا ہے: اس آیت میں عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ میں عن من کے معنی میں ہے۔ میں کہتا ہوں: ان آیات کی تفصیل میں نحاس نے ذکر کیا ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نماز پڑھ رہے تھے تو ان کے پاس غنیمت سے حاصل شدہ گھوڑے لائے گئے تھے تا کہ وہ ان کا معائنہ کریں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام اس وقت نماز پڑھ رہے تھے، انہوں نے اشارہ کیا کہ ان گھوڑوں کو ان کے اصطبل میں پہنچا دیا جائے حتیٰ کہ وہ گھوڑے ان کی نظر سے اوجھل ہو گئے اور جب حضرت سلیمان علیہ السلام نماز سے فارغ ہو گئے تو آپ نے فرمایا: ان گھوڑوں کو دوبارہ میرے پاس لاؤ، پھر آپ ان کی گردنوں اور پنڈلیوں پر ہاتھ پھیرنے لگے اور آپ کا ان کی گردنوں پر ہاتھ پھیرنا ان گھوڑوں کی تکریم کے لیے تھا تا کہ لوگوں کو یہ معلوم ہو جائے کہ اگر کوئی بڑا اور باوقار آدمی گھوڑوں کی گردنوں اور پنڈلیوں پر ہاتھ پھیرے تو یہ کام اس کے مقام اور وقار کے خلاف نہیں ہے۔

(الجامع لاحکام القرآن جز ۱۵ ص ۱۷۵، تفسیر کبیر ج ۵ ص ۳۹۰) (انوار البیان القرآن ص ۷۲۶، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

اس آیت کی مشہور تفسیر یہ ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام گھوڑوں کے معائنوں میں ایسے مشغول ہوئے کہ اس وقت کی نماز یا وظیفہ رہ گیا، جب بعد میں آپ اس پر متنبہ ہوئے تو آپ نے ان گھوڑوں کو واپس لانے کا حکم دیا اور تلوار سے ان کی گردنیں اور پنڈلیاں کاٹنی شروع کیں جن کی وجہ سے اللہ کی عبادت میں خلل ہوا تھا۔

ہم نے جو لکھا ہے وہ اس آیت کی دوسری تفسیر ہے کہ یہ گھوڑے جہاد کے لیے تھے اور ان کا معائنہ کرنے میں کوئی حرج نہیں تھا کیونکہ جہاد بھی اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے۔ علامہ عینی نے جو تفسیر کی ہے وہ مشہور تفسیر کے مطابق ہے۔

مَسْحًا يَمْسَحُ أَعْرَافَ الْخَيْلِ وَعَرَاقِيبَهَا۔ طَفِقَ مَسْحًا اس کا معنی ہے: وہ گھوڑوں کی پنڈلیوں اور گردنوں پر

Marfat.com

ہاتھ پھیرنے لگے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

رُدُّوْهَا عَلَيَّ ۚ فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ۝ (ص:۳۳)

تو انہوں نے حکم دیا کہ ان (گھوڑوں) کو دوبارہ میرے سامنے لاؤ، پھر وہ ان کی پنڈلیوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرنے لگے O

اَلْاَصْفَادِ الْوَثَاقِ۔

اَلْاَصْفَاد اس کا معنی ہے: زنجیروں اور بیڑیوں میں جکڑے ہوئے تھے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ۝ (ص:۳۸)

اور دوسرے جنات کو بھی (ان کے تابع کر دیا) جو زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الاصفاد کی تفسیر الوثاق کی ہے یعنی زنجیریں اور بیڑیاں اور مقرنین کا معنی ہے: وہ زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۹۹۔۱۹۶ میں کی ہے]

۲۔ بَابٌ: وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ (ص:۳۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور مجھے ایسی سلطنت عطا فرما جو میرے بعد کسی اور کے لائق نہ ہو بے شک تو ہی بہت دینے والا ہے O (ص:۳۵) کی تفسیر

ص:۳۵ کی علامہ عینی سے تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پہلے اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کی، پھر اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کی کہ وہ ان کو ایسی سلطنت عطا فرمائے جو ان کے بعد کسی اور کے لائق نہ ہو اور مقاتل بن حیان نے روایت کی ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو سلطنت حاصل تھی لیکن انہوں نے ارادہ کیا کہ اللہ تعالیٰ ان کے لیے ہواؤں کو اور پرندوں کو بھی مسخر کر دے اور اَلْوَهَّابُ کا معنی ہے: جو بہت زیادہ دینے والا ہو۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۱۹۹)

۴۸۰۸۔ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ إِنَّ عِفْرِيتًا مِنَ الْجِنِّ تَفَلَّتَ عَلَيَّ الْبَارِحَةَ أَوْ كَلِمَةً نَحْوَهَا لِيَقْطَعَ عَلَيَّ الصَّلَاةَ فَأَمْكَنَنِي اللهُ مِنْهُ وَأَرَدْتُ أَنْ أَرْبِطَهُ إِلَى سَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ حَتَّى تُصْبِحُوا وَتَنْظُرُوا إِلَيْهِ كُلُّكُمْ فَذَكَرْتُ قَوْلَ أَخِي سُلَيْمَانَ ﴿رَبِّ اغْفِرْ لِي وَهَبْ لِي مُلْكًا لَا يَنْۢبَغِي لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ﴾ (ص:۳۵) رَبِّ هَبْ لِي مُلْكًا لَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ مِنْ بَعْدِي قَالَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں روح اور محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی از شعبہ از محمد بن زیاد از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی صلی اللہ علیہ وسلم، آپ نے فرمایا: ایک خبیث جن گزشتہ رات مجھ پر حملہ آور ہوا یا کوئی اور اس کی مثل کلمہ فرمایا تا کہ وہ مجھ پر میری نماز منقطع کر دے تو اللہ تعالیٰ نے مجھے اس پر قادر کر دیا اور میں نے ارادہ کیا کہ میں اس کو مسجد کے ستونوں میں سے کسی ایک ستون کے ساتھ باندھ دوں حتیٰ کہ جب تم صبح اٹھو تو تم سب اس کی طرف دیکھو، پھر مجھے اپنے بھائی سلیمان کی یہ دعا یاد آئی: رَبِّ اغْفِرْ لِي

Marfat.com

رَوْحٌ فَرَدَّهُ خَاسِئًا۔

وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ (ص:۳۵) (اے میرے رب! مجھے بخش دے اور مجھے ایسی سلطنت عطا فرما جو میرے بعد کسی اور کے لائق نہ ہو)، روح نے کہا: پھر آپ نے اس کو نامراد کرتے ہوئے دھتکار دیا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۰۶۱ میں گزر چکی ہے۔

۳۔ بَابٌ: وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿۸۶﴾ (ص:۸۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور نہ میں تکلف کرنے والوں میں سے ہوں ○ (ص:۸۶) کی تفسیر

ص:۸۶ کی تفسیر علامہ عینی سے

علامہ عینی فرماتے ہیں: یہ پوری آیت اس طرح ہے:

قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿۸۶﴾ (ص:۸۶)

آپ کہیے کہ میں تم سے اس پیغام کو پہنچانے پر کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا اور نہ میں تکلف کرنے والوں میں سے ہوں ○

یعنی اے محمد! (صلی اللہ علیک وسلم) آپ کہیے: میں تم لوگوں سے اس وحی کے پہنچانے پر کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا۔

الحسن بن فضل نے کہا: یہ آیت درج ذیل آیت کے لیے ناسخ ہے:

قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى۔ (الشوریٰ: ۲۳)

آپ کہیے کہ میں اس (تبلیغ رسالت) پر تم سے کوئی اجرت طلب نہیں کرتا سوا قرابت داروں کی محبت کے۔

اور مَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ کا معنی ہے کہ میں از خود اپنی طرف سے قرآن کو نہیں بناتا، اور علامہ نسفی نے کہا ہے کہ میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جو کسی کام کو خود نہ کرتے ہوں اور یہ چاہتے ہوں کہ ان کی ان کاموں پر تعریف کی جائے اور میں اس چیز کا دعویٰ کرنے والا نہیں ہوں جو میرے پاس نہ ہو حتیٰ کہ میں نبوت کا جھوٹا دعویٰ کروں اور قرآن کو اپنے پاس سے بنا کر لاؤں۔

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ (یوسف:۱۰۴) یہ قرآن تو صرف تمام جہان والوں کے لیے نصیحت ہے ○

اور میری طرف یہ وحی کی گئی ہے کہ میں اس کی تبلیغ کروں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۰۰)

۴۸۰۹۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي الضُّحٰى عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰى عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ مَنْ عَلِمَ شَيْئًا فَلْيَقُلْ بِهِ وَمَنْ لَّمْ يَعْلَمْ فَلْيَقُلْ اللهُ أَعْلَمُ فَإِنَّ مِنَ الْعِلْمِ أَنْ يَّقُوْلَ لِمَا لَا يَعْلَمُ اللهُ أَعْلَمُ قَالَ اللهُ عَزَّوَجَلَّ لِنَبِيِّهِ ﷺ ﴿قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿۸۶﴾﴾ (ص:۸۶) وَسَأُحَدِّثُكُمْ عَنِ الدُّخَانِ إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ دَعَا

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں جریر نے حدیث بیان کی از الاعمش از ابی الضحیٰ از مسروق انہوں نے بیان کیا: ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوئے، انہوں نے فرمایا: اے لوگو! جس کو کسی بات کا علم ہو وہ اس کو کہے اور جس کو علم نہیں ہو تو اس کو چاہیے وہ کہے: اللہ ہی زیادہ جاننے والا ہے کیونکہ یہ بھی علم میں سے ہے کہ انسان کو جس چیز کا علم نہ ہو وہ کہے: اس کا علم اللہ ہی کو ہے۔ اللہ عزوجل نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا: قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ

Marfat.com

قُرَيْشًا إِلَى الْإِسْلَامِ فَأَبْطَئُوا عَلَيْهِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ أَعِنِّي عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوسُفَ فَأَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ فَحَصَّتْ كُلَّ شَيْءٍ حَتَّى أَكَلُوا الْمَيْتَةَ وَالْجُلُودَ حَتَّى جَعَلَ الرَّجُلُ يَرَى بَيْنَهُ وَبَيْنَ السَّمَاءِ دُخَانًا مِنَ الْجُوعِ قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۙ يَّغْشَى النَّاسَ ۭ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝﴾ (الدخان: ۱۰۔۱۱) قَالَ فَدَعَوْا ﴿رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝ اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۝ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ۝ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ۝﴾ (الدخان: ۱۰۔ ۱۵) أَفَيُكْشَفُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ فَكُشِفَ ثُمَّ عَادُوا فِي كُفْرِهِمْ فَأَخَذَهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ بَدْرٍ قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى ﴿يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ۝﴾ (الدخان:۱۶)

عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ۝ (ص:۸۶) آپ کہیے: میں تم سے اس پیغام کو پہنچانے پر کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا اور نہ میں تکلف کرنے والوں میں سے ہوں O اور میں تمہیں عنقریب دخان (دھواں) کے متعلق حدیث بیان کروں گا کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کو دعوت اسلام دی، انہوں نے اس کو قبول کرنے میں تاخیر کر دی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے خلاف دعا کی: اے اللہ! ان کے خلاف میری مدد فرما اور حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے کے قحط کے سات (۷) سالوں کی طرح ان پر قحط کے سات سال مسلط فرما دے، پس ان کو قحط نے پکڑ لیا اور ہر چیز ختم ہو گئی حتیٰ کہ انہوں نے مردار کھائے اور کھالیں کھائیں حتیٰ کہ ایک مرد اپنے اور آسمان کے درمیان بھوک کی وجہ سے دھوئیں کو دیکھتا تھا، اللہ عزوجل نے فرمایا: فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۙ يَّغْشَى النَّاسَ ۭ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ (الدخان:۱۰۔۱۱) سو آپ اس دن کا انتظار کیجئے جب آسمان واضح دھواں لائے گا O جو لوگوں کو ڈھانپ لے گا، یہ ہے دردناک عذاب O حضرت عبداللہ بن مسعود نے بیان کیا پس انہوں نے دعا کی: رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝ اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۝ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ۝ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ۝ (الدخان: ۱۰۔ ۱۵) (اس دن وہ کہیں گے:) اے ہمارے رب! ہم سے اس عذاب کو دور کر دے، بے شک ہم ایمان لانے والے ہیں O اب ان کے نصیحت قبول کرنے کا وقت کہاں ہے، حالانکہ ان کے پاس واضح ہدایت دینے والے رسول آ چکے تھے O پھر انہوں نے اس رسول سے اعراض کیا اور کہا: یہ سکھائے ہوئے دیوانے ہیں O (اگر) ہم کچھ وقت کے لیے عذاب دور کر دیں تو بے شک تم پھر (کفر کی طرف) لوٹنے والے ہو O کیا پس قیامت کے دن عذاب دور کیا جائے گا، حضرت ابن مسعود نے فرمایا: پس عذاب دور کیا گیا۔ پھر وہ اپنے کفر میں لوٹ گئے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے بدر کے دن ان کو پکڑ لیا، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ

Marfat.com

الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ۝ (الدخان:۱۶) جس دن ہم بہت گرفت کے ساتھ پکڑیں گے، بے شک ہم انتقام لینے والے ہیں ○

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۰۰۷ میں گزر چکی ہے۔

الحمدللہ رب العالمین سورۂ ص کی امام بخاری نے جو تفسیر تعلیقات اور احادیث کے ساتھ کی تھی اس کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاءاللہ امام بخاری نے سورۃ الزمر کی جو تفسیر کی ہے اس کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۳۹۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الزُّمَرِ

سورۃ الزمر کی تفسیر

سورۃ الزمر کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الزمر کی بعض آیات کی تفسیر ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: یہ پوری سورت مکی ہے۔ صرف دو آیتیں مدنی ہیں، ان میں سے ایک یہ آیت ہے: قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا۔ (الزمر: ۵۳) یہ آیت حضرت وحشی کے متعلق نازل ہوئی تھی اور دوسری آیت یہ ہے: وَمَا قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ۔ (الزمر: ۶۷)

علامہ سخاوی نے کہا ہے: سورۃ الزمر، سورۂ سبا کے بعد نازل ہوئی ہے اور سورۃ المومن سے پہلے یعنی سورۂ غافر سے پہلے سورۃ الزمر میں کل پچہتر (۷۵) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۰۱)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَفَمَنْ یَتَّقِیْ بِوَجْهِهٖ یُجَرُّ عَلٰی وَجْهِهٖ فِی النَّارِ وَهُوَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی ﴿اَفَمَنْ یُّلْقٰی فِی النَّارِ خَیْرٌ اَمْ مَّنْ یَّاْتِیْٓ اٰمِنًا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ﴾ (حم السجدہ: ۴۰)

اور مجاہد نے کہا ہے: اَفَمَنْ یَّتَّقِیْ بِوَجْهِهٖ یعنی کیا جو شخص اپنے چہرے کو (عذاب سے) بچاتا ہے جو منہ کے بل دوزخ میں گھسیٹا جائے گا یہ اس آیت کا مصداق ہے: آیا جو شخص دوزخ کی آگ میں جھونک دیا جائے گا وہ بہتر ہے یا وہ شخص جو اطمینان سے قیامت کے دن آئے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

اَفَمَنْ یَّتَّقِیْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ۔ (الزمر: ۲۴)

کیا جو شخص قیامت کے دن بدترین عذاب کو اپنے چہرے سے دور کرتا ہے (اس شخص کی طرح ہو سکتا جو خوشی سے جنت میں داخل ہو؟)

علامہ عینی لکھتے ہیں: کہا جاتا ہے: کسی شخص نے سامنے سے آنے والے عذاب کو اپنی ڈھال سے دور کیا اور اپنے ہاتھوں سے دور کیا لیکن دوزخی شخص جس کو اوندھے منہ گھسیٹا جائے گا وہ اس عذاب کو اپنے چہرے سے دور کرے گا کیونکہ اس کے ہاتھ بندھے ہوئے ہوں گے اور اس آیت کا معنی یہ ہے کہ جو شخص بدترین عذاب کو اپنے چہرے سے دور کرے گا کیا وہ اس کی مثل ہو سکتا ہے جو عذاب سے بے خوف ہو؟

غَیْرَ ذِیْ عِوَجٍ لَّبِیْس۔

غَیْرَ ذِیْ عِوَجٍ لَّبِیْس یعنی جس میں کجی اور اشتباہ نہ ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا غَیْرَ ذِیْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ یَتَّقُوْنَ ۝

ہم نے انہیں عربی زبان میں قرآن عطا فرمایا جس میں کوئی کجی نہیں ہے تاکہ وہ اللہ سے ڈریں ۝ (الزمر: ۲۸)

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اَلْعِوَجُ کی تفسیر لَبْس کے ساتھ کی ہے جس کا معنی ہے: اشتباہ یعنی قرآن میں کوئی اشتباہ نہیں ہے اور نہ کوئی کجی ہے۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا: یعنی قرآن مجید مخلوق نہیں ہے۔

وَرَجُلًا سَلَمًا لِرَجُلٍ مَثَلٌ لِآلِهَتِهِمُ الْبَاطِلِ وَالْإِلَهِ الْحَقِّ۔

وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ اور ایک مرد صرف ایک مرد کا غلام ہو۔ یہ کفار کے معبودان باطلہ اور معبود برحق کی مثال ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا۔ (الزمر:۲۹)

اللہ ایک مثال بیان فرما رہا ہے کہ ایک غلام ہے جس میں کئی متضاد خیالات کے لوگ شریک ہیں اور ایک دوسرا غلام ہے جس کا صرف ایک شخص ہی مالک ہے، کیا ان دونوں غلاموں کی مثال برابر ہے۔

ظاہر ہے کہ یہ دونوں غلام ہرگز برابر نہیں ہو سکتے۔ پہلا غلام اپنے مختلف آقاؤں کی وجہ سے ہمیشہ تذبذب اور مشکل میں رہے گا کہ کس کا حکم مانے اور کس کو راضی رکھے اور جب کہ دوسرا شخص صرف ایک آقا کا غلام ہے اور اس کا معاملہ صرف ایک شخص سے متعلق ہے، وہ تذبذب اور مشکل میں مبتلا نہیں رہے گا کیونکہ اس کا معاملہ صرف ایک ہی شخص کے ساتھ متعلق ہے، بالکل یہی مثال اس شخص کی ہے جو متعدد معبودوں کی عبادت کرتا ہے، وہ بھی اسی طرح تذبذب اور مشکل میں مبتلا ہوگا اور جو شخص صرف ایک آقا کا غلام ہوگا اس کو یہ تذبذب اور پریشانی نہیں ہوگی۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا ہے: یہ ان کے باطل معبودوں اور برحق معبود کی مثال ہے اور اس کا معنی یہ ہے کہ کیا ان دونوں غلاموں کی صفات برابر ہیں؟ علامہ ثعلبی نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ اس کافر کی مثال بیان فرمائی ہے جو متعدد معبودوں کی عبادت کرتا ہے اور مومن کی مثال بیان فرمائی ہے جو صرف ایک اللہ عزوجل کی عبادت کرتا ہے، اس آیت میں متشاکسون کا لفظ ہے، اس کا معنی ہے: جو مختلف ہوں اور متنازع ہوں اور جھگڑالو اور بداخلاق ہوں۔

وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ بِالْأَوْثَانِ۔

وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ یعنی یہ لوگ آپ کو اللہ کے سوا دوسرے (معبودوں) سے ڈراتے ہیں (الزمر:۳۶) اس سے مراد ان کے بت ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ۔ (الزمر:۳۶)

کیا اللہ اپنے بندے کے لیے کافی نہیں ہے؟ یہ لوگ آپ کو اللہ کے سوا دوسرے (معبودوں) سے ڈرا رہے ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی مشرکین آپ کو بتوں کے ضرر پہنچانے سے ڈراتے ہیں۔ کفار نے کہا: آپ ہمارے معبودوں کی مذمت کرتے ہیں اور ان کا برائی کے ساتھ ذکر کرتے ہیں، آپ ان کے ذکر سے باز آجائیں ورنہ ہم آپ کے ساتھ برا سلوک کریں گے۔ اس میں الاوثان کا ذکر ہے اور بالاوثان کی بھی روایت ہے اور یہ روایت زیادہ بہتر ہے۔

خَوَّلْنَا أَعْطَيْنَا۔

خَوَّلْنَا اس کا معنی ہے: أَعْطَيْنَا یعنی ہم نے عطا کیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

فَإِذَا مَسَّ الْإِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ۚ ثُمَّ إِذَا خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا

پس جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ہم کو پکارتا ہے، پھر

Marfat.com

قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ۔ (الزمر:۴۹) جب ہم اس کو اپنے پاس سے کوئی نعمت عطا فرماتے ہیں تو وہ کہتا ہے کہ یہ نعمت تو مجھے صرف ایک علم کی بنا پر دی گئی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے خَوَّلْنَا کی تفسیر اعطینا کے ساتھ کی ہے اور امام ابوعبیدہ نے کہا: جب تم کسی کو کوئی مال عطا کرو تو کہتے ہو: خَوَّلْتُهٗ۔

وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ الْقُرْآنُ وَصَدَّقَ بِهِ الْمُؤْمِنُ يَجِيئُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَقُولُ هَذَا الَّذِی أَعْطَيْتَنِی عَمِلْتُ بِمَا فِيهِ۔

وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ (الزمر: ۳۳) (اور جو سچے دین کو لے کر آئے) یعنی القرآن وَصَدَّقَ بِهٖ (اور جنہوں نے اس کی تصدیق کی) یعنی مومن قیامت کے دن آ کر کہے گا: یہ وہ ہے جو تو نے مجھے عطا کیا تھا، میں نے جو کچھ اس میں لکھا ہے اس پر عمل کیا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ الَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَ صَدَّقَ بِهٖۤ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ۝ (الزمر: ۳۳)

اور جو سچے دین کو لے کر آئے اور جنہوں نے اس کی تصدیق کی وہی لوگ متقی ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ کی تفسیر "القرآن" کے ساتھ کی ہے اور السدی نے کہا: وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ کا مصداق حضرت جبرئیل علیہ السلام ہیں جو قرآن لے کر آئے اور وصدق بہ کا مصداق سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ کا مصداق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جو لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے حامل ہیں اور وصدق بہ کا بھی مصداق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جنہوں نے اس پیغام کو مخلوق تک پہنچایا، اور حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور ابوالعالیہ اور الکلبی سے روایت ہے کہ وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ کا مصداق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور وصدق بہ کا مصداق حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں، اور قتادہ اور مقاتل سے روایت ہے کہ وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ کا مصداق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور وصدق بہ کا مصداق المومنون ہیں اور عطاء سے روایت ہے: وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ کا مصداق انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام ہیں اور وصدق بہ کا مصداق ان کے پیروکار ہیں، اور اس صورت میں وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ میں الذی بہ معنی الذین ہے جیسے خُضْتُمْ كَالَّذِیْ خَاضُوْا (التوبہ: ۶۹) میں الذی بہ معنی الذین ہے اور یہ پوری تفسیر صرف علامہ نسفی نے ذکر کی ہے۔

وَقَالَ غَيْرُهٗ مُتَشَاكِسُونَ الرَّجُلُ الشَّكِسُ الْعَسِرُ لَا يَرْضَى بِالْإِنْصَافِ۔

مُتَشٰكِسُوْنَ اس کا معنی ہے: الرجل الشکس یعنی وہ مرد جو تنگ دل اور جھگڑالو ہو اور انصاف کی بات پر راضی نہ ہوتا ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ۔ (الزمر:۲۹)

اللہ ایک مثال بیان فرما رہا ہے ایک ایسے غلام کی جس میں کئی متضاد خیالات کے (جھگڑالو) لوگ شریک ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الشکس لکھ کر یہ اشارہ کیا ہے کہ یہ مُتَشَاكِسُوْنَ کا مادہ ہے، البتہ قرآن مجید میں اس کا ذکر باب تفاعل سے ہے جو فاعل میں مشارکت کے لیے آتا ہے اور الشکس کا لفظ مفرد ہے اور صفت مشبہ ہے، رجل شکس اس شخص کو کہتے ہیں جس کے اخلاق ٹیڑھے ہوں اور قوم شُکُس اس کا معنی ہے: سچا مرد اور سچی قوم اور اَلشِّکْس کا معنی ہے: بہت برا۔ امام بخاری نے اَلشِّکْس کی تفسیر اس شخص کے ساتھ کی ہے جو جھگڑالو ہو اور انصاف کی بات پر راضی نہ ہوتا ہو۔

Marfat.com

وَرَجُلًا سِلْمًا وَيُقَالُ سَالِمًا صَالِحًا۔ رَجُلًا سَلَمًا اور اس کے معنی میں کہا جاتا ہے جو سالم اور صالح ہو۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ تعلیق صحیح بخاری کے اکثر نسخوں میں نہیں ہے کیونکہ یہ مکرر ہے، چار تعلیقات پہلے اس کا ذکر آ چکا ہے، لیکن یہ کہا جا سکتا ہے کہ پہلی تعلیق میں امام بخاری نے وَرَجُلًا سِلْمًا کہا تھا اور اس تعلیق میں رَجُلًا سَلَمًا کہا ہے، اور اس میں یہ اشارہ ہے کہ سَلَمًا کے سین پر زیر بھی ہے اور زبر بھی اور الزجاج نے کہا سِلْمًا اور سَلَمًا دونوں مصدر ہیں اور اس سے مراد وہ مرد ہے جو نیک سیرت اور صالح ہو۔

اشْمَأَزَّتْ نَفَرَتْ۔ اِشْمَأَزَّتْ کا معنی ہے: متنفر ہوئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ۔ (الزمر:۴۵) اور جب صرف اللہ کا ذکر کیا جائے تو ان لوگوں کے دل متنفر ہوتے ہیں جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اِشْمَأَزَّتْ کی تفسیر تنفر کے ساتھ کی ہے، اسی طرح اس کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے، مجاہد نے کہا: اس کا معنی ہے: وہ منقبض ہوتے ہیں اور قتادہ نے کہا: اس کا معنی ہے: ان کے دل کفر کرتے ہیں۔

بِمَفَازَتِهِمْ مِنَ الْفَوْزِ۔ بِمَفَازَتِهِمْ یہ الفوز سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے: کامیابی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ۔ (الزمر:۶۱) اور اللہ متقین کو ان کی کامیابی کے سبب سے عذاب سے نجات دے گا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ مَفَازَةٌ، فَوْزٌ سے ماخوذ ہے یعنی مصدر میمی ہے۔

حَافِّيْنَ أَطَافُوا بِهِ مُطِيفِينَ بِحِفَافَيْهِ بِجَوَانِبِهِ۔ حافین اس کا معنی ہے: وہ حاطہ کرنے والے ہیں بِحَفَافَيْهِ یعنی عرش کی تمام جانبوں سے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ۔ (الزمر:۸۵) اے رسول مکرم! آپ دیکھیں گے کہ فرشتے عرش کے گرد حلقہ بنائے ہوئے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کر رہے ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے حَافِّين کی تفسیر مطیفین کے ساتھ کی ہے جو اَلْاِطَافَةُ سے ماخوذ ہے، اس کا معنی ہے: کسی چیز کے گرد طواف کرنا بِحَفَافَيْهِ یہ حفاف کا تثنیہ ہے اور اس کا معنی جانب ہے اور حفافیہ کا معنی ہے: اس کی دونوں جانبوں سے۔ اور دوسری روایت میں ہے: بجوانبہ یعنی اس کی تمام جانبوں سے۔

مُتَشَابِهًا لَيْسَ مِنَ الْاشْتِبَاهِ وَلَكِنْ يُشْبِهُ بَعْضُهُ بَعْضَا فِي التَّصْدِيقِ۔ مُتَشَابِهًا یہ اشتباہ سے ماخوذ نہیں ہے بلکہ اس کا معنی ہے کہ بعض آیات دوسری بعض آیات کے تصدیق میں مشابہ ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا۔ (الزمر:۲۳) اللہ نے بہترین کلام کو نازل کیا جس کے مضامین ایک جیسے ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ متشابہا، اشتباہ سے ماخوذ نہیں ہے جس کا معنی اختلاط اور التباس

Marfat.com

ہے لیکن اس کا معنی ہے: قرآن مجید کی بعض آیات تصدیق میں دوسری بعض آیات کے مشابہ ہیں کیونکہ قرآن مجید کی بعض آیات دوسری بعض آیات کی تصدیق کرتی ہیں، اور دوسرا قول یہ ہے کہ قرآن مجید کی بعض آیات رسول اللہ ﷺ کی رسالت کی تصدیق میں دوسری بعض آیات کے مشابہ ہیں اور یہ آپ کے معجزہ کے سبب سے ہیں۔

۱۔ بَابٌ: قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ (الزمر: ۵۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے میرے وہ بندو! جو (گناہ کر کے) اپنی جانوں پر زیادتی کر چکے ہو، اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، بے شک اللہ تمام گناہوں کو بخش دے گا بے شک وہی بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے ○ (الزمر: ۵۳) کی تفسیر

آیت مذکورہ کا شان نزول

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

اس باب میں الزمر: ۵۳ کی تفسیر ہے: اس آیت کے سبب نزول میں اختلاف ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ یہ آیت اہل مکہ کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا: (سیدنا) محمد (ﷺ) کا یہ زعم ہے کہ جس شخص نے اس کو قتل کیا جس کے قتل کو اللہ نے حرام کر دیا ہے اور اس نے بتوں کی عبادت کی تو اس کی بخشش نہیں ہوگی، پس انہوں نے کہا: ہم کیسے ہجرت کریں اور اسلام قبول کریں حالانکہ ہم نے اللہ کے ساتھ دوسرے معبودوں کی عبادت کی ہے اور ہم اس شخص کو قتل کر چکے ہیں جس کے قتل کرنے کو اللہ نے حرام قرار دیا ہے، تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے دوسری روایت یہ ہے کہ یہ آیت وحشی کے متعلق نازل ہوئی ہے، جو سیدنا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا قاتل تھا اور قتادہ سے روایت ہے کہ بعض لوگوں نے زمانہ جاہلیت میں بہت بڑے بڑے گناہ کیے تھے، پس جب اسلام کا ظہور ہوا تو انہیں اس بات کا خوف ہوا کہ ان کی توبہ قبول نہیں ہوگی، تب اللہ تعالیٰ نے اس آیت کریمہ سے ان کو اسلام کی دعوت دی، اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ یہ آیت عیاش بن ابی ربیعہ اور ولید بن الولید اور مسلمانوں کی ایک جماعت کے متعلق نازل ہوئی ہے جو اسلام لا چکے تھے، پھر ان کو فتنہ میں ڈالا گیا اور عذاب دیا گیا، پس وہ فتنہ میں مبتلا ہوئے تو ہم یہ کہتے تھے کہ اللہ تعالیٰ ان سے کبھی بھی نہ فرض قبول کرے گا اور نہ نفل یہ لوگ اسلام لائے، پھر انہوں نے اپنے دین کو اس عذاب کی وجہ سے ترک کر دیا جو عذاب انہیں دیا گیا تھا تو یہ آیت نازل ہوئی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۰۴، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۱۰۔ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ قَالَ يَعْلَى إِنَّ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ أَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضى الله عنهما أَنَّ نَاسًا مِنْ أَهْلِ الشِّرْكِ كَانُوا قَدْ قَتَلُوا وَأَكْثَرُوا وَزَنَوْا وَأَكْثَرُوا فَأَتَوْا مُحَمَّدًا ﷺ فَقَالُوا إِنَّ الَّذِي تَقُولُ وَتَدْعُو إِلَيْهِ لَحَسَنٌ لَوْ تُخْبِرُنَا أَنَّ لِمَا عَمِلْنَا

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشام بن یوسف نے خبر دی کہ ابن جریج نے ان کو خبر دی، یعلیٰ نے کہا کہ بے شک سعید بن جبیر نے ان کو خبر دی از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، کہ مشرکین میں سے بعض لوگوں نے بہت زیادہ قتل کیا اور بہت زیادہ زنا کیا، پھر وہ سیدنا محمد ﷺ کے پاس آئے کہ آپ جو بیان کرتے ہیں اور جس دین کی

Marfat.com

كَفَّارَةً فَنَزَلَ ﴿وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَ لَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَ لَا يَزْنُوْنَ﴾ (الفرقان: ۶۸) وَنَزَلَتْ ﴿قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا﴾ (الزمر: ۵۳)

(صحیح بخاری: ۴۵۱۹، صحیح مسلم: ۱۲۲، سنن ابی داؤد: ۴۲۷۴، سنن نسائی، ۴۱۰۵)

طرف دعوت دیتے ہیں وہ بہت اچھا ہے اگر آپ ہم کو یہ خبر دیں کہ بے شک ہم نے جو گناہ کیے تھے ان کا کوئی کفارہ ہے تو یہ آیت نازل ہوئی: وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَ لَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَ لَا يَزْنُوْنَ (الفرقان: ۶۸) اور وہ لوگ جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کی عبادت نہیں کرتے اور نہ وہ کسی ایسے شخص کو قتل کرتے ہیں جس کے ناحق قتل کرنے کو اللہ نے حرام کر دیا ہے اور نہ وہ زنا کرتے ہیں۔ اور یہ آیت نازل ہوئی: قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا (الزمر: ۵۳) آپ کہیے: اے میرے وہ بندوں جو (گناہ کر کے) اپنی جانوں پر زیادتی کر چکے ہو اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، بے شک اللہ تمام گناہوں کو بخش دے گا۔

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

امام طبرانی کی روایت میں ہے: لوگوں نے کہا: یا رسول اللہ! ہم سے بھی وہ گناہ ہو چکے ہیں جو وحشی نے کیے ہیں، تب آپ نے فرمایا: یہ آیت تمام مسلمانوں کے لیے عام ہے۔

امام احمد نے اور امام طبرانی نے اوسط میں حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا ہے آپ فرما رہے تھے کہ مجھے یہ پسند نہیں کہ مجھے اس آیت کے بدلہ میں دنیا اور مافیہا مل جائے یعنی يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ (الزمر: ۵۳) کے بدلہ میں، ایک شخص نے پوچھا: اور جس نے شرک کیا ہو تو؟ آپ پہلے کچھ دیر خاموش رہے، پھر تین بار فرمایا: اور جس نے شرک کیا ہو۔

آیا اس آیت میں حقوق اللہ اور حقوق العباد سب حقوق کی مغفرت کی نوید ہے یا صرف حقوق اللہ کی مغفرت کی نوید ہے؟

حافظ ابن حجر لکھتے ہیں: اس آیت کے عموم سے یہ استدلال کیا گیا ہے کہ اس شخص کے تمام گناہ معاف کر دیئے جائیں گے خواہ کبائر ہوں یا صغائر اور ان کا تعلق حقوق العباد کے ساتھ ہو یا نہ ہو اور اہل سنت کے نزدیک مشہور یہ ہے کہ تمام گناہ توبہ سے معاف کر دیئے جاتے ہیں اور جس کے لیے اللہ چاہے گا اس کے تمام گناہ معاف کر دیئے جائیں گے خواہ وہ بغیر توبہ کے مر گیا ہو، اور رہے حقوق العباد تو جب اس نے یہ توبہ کی ہو کہ وہ آئندہ ایسا گناہ نہیں کرے گا تو اس کو اس توبہ سے نفع ہوگا اور اگر اس نے کسی بندہ کا حق ضائع کیا ہے تو ضروری ہے کہ وہ اس بندہ سے اس حق کو معاف کرائے ورنہ پھر اس کو اس کے حق کے بدلہ میں اپنی نیکیاں دینی ہوں گی ہاں! اللہ تعالیٰ کے فضل میں یہ وسعت ہے کہ وہ حق دار کو اس کے حق کے بدلہ میں اپنی طرف سے اس کا معاوضہ عطا فرمائے اور گناہ گار کو عذاب نہ دے اور اس کی دلیل قرآن مجید کی یہ آیت ہے:

Marfat.com

إِنَّ اللهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَشَآءُ۔ (النسا:۱۱۶)

بے شک اللہ اس کو نہیں معاف کرے گا کہ اس کے ساتھ شرک کیا جائے اور جو گناہ اس سے کم ہوگا اس کو جس کے لیے چاہے گا بخش دے گا۔

(فتح الباری ج ۵ ص ۸۰۱، دارالمعرف، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۲۔ بَابٌ: وَمَاقَدَرُوا اللهَ حَقَّ قَدْرِهٖ۔ (الزمر:۶۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور انہوں نے اللہ کی ایسی قدر نہ کی جیسا اس کی قدر کرنے کا حق تھا۔ (الزمر:۶۷) کی تفسیر

۴۸۱۱۔ حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبِيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ ﷺ قَالَ جَاءَ حَبْرٌ مِنَ الْأَحْبَارِ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّا نَجِدُ أَنَّ اللهَ يَجْعَلُ السَّمٰوَاتِ عَلَى إِصْبَعٍ وَالْأَرَضِيْنَ عَلَى إِصْبَعٍ وَالشَّجَرَ عَلَى إِصْبَعٍ وَالْمَاءَ وَالثَّرٰى عَلَى إِصْبَعٍ وَسَائِرَ الْخَلَائِقِ عَلَى إِصْبَعٍ فَيَقُوْلُ أَنَا الْمَلِكُ فَضَحِكَ النَّبِيُّ ﷺ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ تَصْدِيْقًا لِقَوْلِ الْحَبْرِ ثُمَّ قَرَأَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ ﴿وَمَاقَدَرُوا اللهَ حَقَّ قَدْرِهٖ﴾ (الزمر:۶۷)

(صحیح البخاری: ۷۴۱۴، صحیح مسلم: ۶۸۶۳، سنن ترمذی: ۳۲۳۸)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں آدم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شیبان نے حدیث بیان کی از منصور از ابراہیم از عبیدہ از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ انہوں نے بیان کیا کہ علماء یہود میں سے ایک عالم رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا، پس اس نے کہا: اے محمد! (صلی اللہ علیک وسلم) ہم یہ لکھا ہوا پاتے ہیں: بے شک اللہ تمام آسمانوں کو ایک انگلی پر رکھے گا اور تمام زمینوں کو ایک انگلی پر اور تمام درختوں کو ایک انگلی پر اور تمام پانی اور کیچڑ کو ایک انگلی پر اور تمام مخلوقات کو ایک انگلی پر، پھر فرمائے گا: میں بادشاہ ہوں تو نبی ﷺ ہنسے حتیٰ کہ آپ کی ڈاڑھیں ظاہر ہوگئیں، اس یہودی عالم کی تصدیق کی وجہ سے، پھر رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی: وَمَاقَدَرُوا اللهَ حَقَّ قَدْرِهٖ (الزمر:۶۷) اور انہوں نے اللہ کی ایسی قدر نہ کی جیسا اس کی قدر کرنے کا حق تھا۔

حدیث مذکورہ میں انگلی کی شرح میں علماء کے اقوال اور ہنسی کے وقت نبی ﷺ کی ڈاڑھوں کے ظہور کی تحقیق

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کے بعض مشکل جملوں کی شرح میں لکھتے ہیں:

ایک انگلی پر: اس سے مراد قدرت ہے، ابن فورک نے کہا: اس سے مراد کسی مخلوق کی انگلی ہے اور یہ بھی ممنوع نہیں ہے، اور محمد بن شجاع الثلجی نے کہا: ہوسکتا ہے کہ اس سے مراد کوئی مخلوق ہو جس کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہو اور اس کا نام انگلی کے موافق ہو اور وہ جو بعض روایات میں آیا ہے کہ "رحمٰن کی انگلیوں میں سے ایک انگلی" اس کی تاویل قدرت یا سلطنت کے ساتھ ہے اور الخطابی نے کہا ہے کہ قاعدہ یہ ہے کہ انگلی یا اس کی مثل جو چیز ہو اس کا اطلاق اللہ تعالیٰ پر نہیں کیا جائے گا سوا اس کے کہ اس کا ذکر کتاب میں ہو یا کسی ایسی حدیث میں ہو جس کی صحت قطعی ہو اور اگر اس طرح نہ ہو تو پھر اس کا اللہ پر اطلاق کرنے سے توقف کرنا لازم ہے اور انگلیوں کا ذکر نہ کتاب میں ہے اور نہ سنت قطعیہ میں ہے اور انگلی ہاتھ کے معنی میں نہیں ہے حتیٰ کہ یہ کہا جائے کہ ہاتھ کے ثبوت سے انگلی کا ثبوت ہو جائے گا اور اس حدیث کی روایت حضرت عبداللہ کے بہ کثرت اصحاب نے کی ہے اور عبیدۃ کے سوا اور کسی نے یہ ذکر نہیں کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس یہودی عالم کی تصدیق کی اور یہ ثابت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اہل کتاب تمہارے

Marfat.com

سامنے جو حدیث بیان کریں تو نہ تم ان کی تصدیق کرو اور نہ ان کی تکذیب کرو اور اس کی دلیل یہ ہے کہ آپ نے کوئی ایسا لفظ نہیں فرمایا جس سے اس یہودی عالم کی تصدیق یا تکذیب ہوتی ہو اور آپ سے صرف ہنسی کا ظہور ہوا جس سے یہ خیال کیا گیا کہ آپ اس کی بات پر راضی ہیں اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ آپ کی ہنسی اس کی بات پر تعجب کے لیے ہو اور انکار کے لیے ہو اور جس نے یہ کہا کہ آپ سے ہنسی کا ظہور اس یہودی عالم کی تصدیق کے لیے ہوا یہ محض اس کا گمان ہے اور اس سے ایسے عظیم امر کی مثل پر استدلال کرنا جائز نہیں ہے اور اگر یہ حدیث صحیح ہو تو اس میں کوئی تاویل کرنا ضروری ہے کہ یہ کسی قسم کا مجاز ہے اور کبھی کوئی قوی انسان کسی دشوار کام کے لیے کہتا ہے کہ وہ اس کام کو تو ایک انگلی سے کرسکتا ہے اور وہ اس سے اس کام پر اپنی قدرت کو ظاہر کرتا ہے، پس اس سے معلوم ہوا کہ یہ اس یہودی عالم کی تحریف تھی کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اس کی بات پر ہنسنا تعجب کے طور پر تھا۔

اور علامہ تمیمی نے کہا ہے کہ علامہ خطابی نے اس شرح میں تکلف کیا ہے اور ایسی بات کہی ہے جو قدیم علماء نے نہیں کہی، اور صحابہ کرام جنہوں نے اس حدیث کو روایت کیا ہے وہ ان سے زیادہ عالم ہیں اور انہوں نے کہا ہے کہ آپ کا ہنسنا اس یہودی عالم کی تصدیق کے لیے تھا اور سنت صحیحہ میں یہ وارد ہے کہ ہر دل رحمٰن کی انگلیوں میں دو انگلیوں کے درمیان ہے اور علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ ایسی حدیث کی مثل میں امت کے دو گروہ ہیں، ایک گروہ اس قسم کی حدیث کی تاویل کرتا ہے اور ایک گروہ اس پر توقف کرتا ہے جیسا کہ آیات متشابہات کے بارے میں بعض علماء ان کی تاویل کرتے ہیں اور بعض علماء ان پر توقف کرتے ہیں اور ان کا علم اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دیتے ہیں۔

علامہ نووی رحمہ اللہ نے کہا ہے کہ اس حدیث کا سیاق و سباق اس پر دلیل ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اس یہودی عالم کی بات پر ہنسنا اس کی تصدیق کے لیے تھا اور اس کی دلیل یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہنسنے کے بعد قرآن مجید کی یہ آیت پڑھی: وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ (الزمر:۶۷) (اور انہوں نے اللہ کی ایسی قدر نہیں کی جیسا اس کی قدر کرنے کا حق تھا)۔

النواجذ: الاصمعی نے کہا: یہ تمام ڈاڑھیں ہیں نہ کہ آخری دانت، اور علامہ ابن کثیر نے بہترین بات کہی ہے کہ انسان کے نواجذ اس کے ضواحک ہیں اور یہ وہ دانت ہیں جو ہنسی کے وقت ظاہر ہوتے ہیں اور زیادہ مشہور یہ ہے کہ یہ آخری دانت ہیں اور یہاں مراد پہلا معنی ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس قدر نہیں ہنستے تھے کہ آپ کی آخری ڈاڑھیں ظاہر ہوں اور یہ کیسے ہوسکتا ہے کیونکہ آپ کے ہنسنے کی یہ تفصیل کی گئی ہے کہ آپ کا ہنسنا تبسم فرمانا تھا اور اگر یہ کہا جائے کہ اس سے مراد دانتوں کا آخری حصہ ہے تو یہ کہا جائے گا کہ اس سے ہنسنے میں مبالغہ مراد ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۰۶۔۱۰۵، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر نے یہ لکھا ہے کہ انگلی کی شرح میں توقف کرنا زیادہ بہتر ہے۔ (فتح الباری ج ۱۱ ص ۸۰۲)

۳۔ بَابٌ: وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۶۷ (الزمر:۶۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور قیامت کے دن سب زمینیں اس کی مٹھی میں ہوں گی اور آسمان اس کے دائیں ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہوں گے، وہ ان چیزوں سے پاک اور برتر ہے جن کو وہ اس کا شریک قرار دیتے ہیں ○ (الزمر:۶۷) کی تفسیر

۴۸۱۴۔ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں سعید بن عفیر نے حدیث

قَالَ حَدَّثَنِی عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِی سَلَمَةَ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ يَقْبِضُ اللهُ الْأَرْضَ وَيَطْوِی السَّمَوَاتِ بِيَمِينِهِ ثُمَّ يَقُولُ أَنَا الْمَلِكُ أَيْنَ مُلُوكُ الْأَرْضِ

(صحیح البخاری:۶۵۱۹، صحیح مسلم:۲۷۸۷)

بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے لیث نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے عبدالرحمٰن بن خالد بن مسافر نے حدیث بیان کی از ابن شہاب از ابی سلمہ کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام زمینوں کو ایک مٹھی میں پکڑ لے گا اور تمام آسمانوں کو اپنے دائیں ہاتھ میں لپیٹ لے گا، پھر فرمائے گا: میں بادشاہ ہوں زمینوں کے بادشاہ کہاں ہیں؟

تمام زمینوں کو اپنی مٹھی میں پکڑنے سے مراد اللہ تعالیٰ کی عظمت ہے اور آسمانوں کو دائیں ہاتھ میں لپیٹنے سے مراد اللہ کی قدرت اور قوت ہے

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کے بعض مشکل الفاظ کی شرح میں لکھتے ہیں:

اور تمام زمینوں کو ایک مٹھی میں پکڑ لے گا: اس سے یہ مراد نہیں کہ تمام زمینیں اس کی ہتھیلی میں ہوں گی بلکہ یہ مراد ہے کہ تمام زمینیں اللہ تعالیٰ کی سلطنت میں ہیں کیونکہ یہاں اللہ تعالیٰ کی عظمت کو بیان کرنا مقصود ہے۔

اور تمام آسمانوں کو اپنے دائیں ہاتھ میں لپیٹ لے گا: یہاں طَیَّ کا لفظ ہے اور طَیَّ کے کئی معانی ہیں اور اس کا ایک معنی لپیٹنا ہے جیسے کاغذ کو لپیٹا جاتا ہے اور اس کا دوسرا معنی ہے کہ میں نے فلاں چیز کو لوگوں کی نظروں سے لپیٹ دیا یعنی اس کو چھپالیا اور اس کا ایک معنی اعراض کرنا ہے۔ طویتُ عَنْ فُلَانٍ اس کا معنی ہے: میں نے اس سے اعراض کیا۔

دائیں ہاتھ: دائیں ہاتھ کا ذکر قدرت میں مبالغہ کے لیے ہے اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے قوت کا بیان کرنا مقصود ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۰۷۔۲۰۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے کہ اس حدیث کی شرح تفصیل سے کتاب التوحید میں آئے گی۔ ان شاء اللہ

(فتح الباری ج ۱۳ ص ۸۰۲)

۴۔ بَابٌ: وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰی فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ۝ (الزمر:۶۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور صور میں پھونکا جائے گا تو آسمان والے اور زمینوں والے سب ہلاک ہو جائیں گے، ماسوا ان کے جس کو اللہ چاہے، پھر دوبارہ صور پھونکا جائے گا تو یکا یک وہ سب کھڑے ہو کر دیکھنے لگیں گے ○ (الزمر: ۶۸) کی تفسیر

آیت مذکور کے مشکل الفاظ کی شرح

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کے مشکل الفاظ کی شرح میں لکھتے ہیں:

الصور: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی ﷺ سے روایت کی ہے: صور سینگ کی شکل کی ایک چیز ہے جس میں پھونک

Marfat.com

ماری جائے گی۔

فَصَعِقَ: آسمانوں اور زمینوں والے سب مرجائیں گے۔

الا من شاء اللہ: اس میں اختلاف ہے کہ کن لوگوں کو موت سے مستثنیٰ فرمایا ہے، ایک قول یہ ہے کہ وہ شہداء ہیں جو عرش کے گرد اپنی تلواریں لٹکائے ہوئے ہیں۔ دوسرا قول یہ ہے کہ وہ حضرت جبرئیل، حضرت میکائیل اور حضرت اسرافیل ہیں، اس کی حضرت انس رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے اور کعب الاحبار سے منقول ہے کہ وہ بارہ (۱۲) ہیں، آٹھ (۸) تو حاملین عرش ہیں اور چار (۴) یہ ہیں: حضرت جبرئیل، میکائیل، اسرافیل اور ملک الموت، اور ضحاک سے منقول ہے کہ وہ جنت کے محافظ رضوان ہیں اور بڑی آنکھوں والی حوریں ہیں اور دوزخ کے محافظ مالک ہیں اور وہ انیس (۱۹) فرشتے ہیں، اور حسن بصری سے منقول ہے کہ وہ صرف اللہ عزوجل ہے اور ایک قول یہ ہے کہ وہ دوزخ کے بچھو اور سانپ ہیں۔

پس یکا یک وہ کھڑے ہوں گے: وہ اپنی قبروں سے نکل کر کھڑے ہو جائیں گے۔

وہ دیکھ رہے ہوں گے: کہ وہ کب دوبارہ زندہ کیے جائیں گے، دوسرا قول ہے: وہ اپنے متعلق اللہ کے حکم کا انتظار کر رہے ہوں گے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۰۷)

۴۸۱۳۔ حَدَّثَنِي الْحَسَنُ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ خَلِيلٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ عَنْ زَكَرِيَّاءَ بْنِ أَبِي زَائِدَةَ عَنْ عَامِرٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ إِنِّي أَوَّلُ مَنْ يَرْفَعُ رَأْسَهُ بَعْدَ النَّفْخَةِ الْآخِرَةِ فَإِذَا أَنَا بِمُوسَى مُتَعَلِّقٌ بِالْعَرْشِ فَلَا أَدْرِي أَكَذَلِكَ كَانَ أَمْ بَعْدَ النَّفْخَةِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے الحسن نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں اسماعیل بن خلیل نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالرحیم نے خبر دی از زکریا بن ابی زائدۃ از عامر از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، آپ نے فرمایا: دوسری بار صور پھونکنے کے بعد سب سے پہلے میں سر بلند کر کے دیکھوں گا، اس وقت حضرت موسیٰ عرش کے ساتھ معلق ہوں گے، پس میں از خود نہیں جانتا کہ وہ شروع سے اسی طرح ہیں یا صور میں پھونکنے کے بعد اس طرح ہیں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۴۱۱ میں گزر چکی ہے۔

حدیث مذکور کے بعض مشکل الفاظ کی شرح

دوسری بار صور میں پھونکنے کے بعد: اس صور میں پھونکنے کے بعد لوگوں کو زندہ کیا جائے گا اور پہلی بار صور میں پھونکنے کے بعد لوگوں کو مار دیا جائے گا۔

پس میں از خود نہیں جانتا آیا وہ شروع سے اسی طرح ہیں: یعنی وہ پہلی بار صور میں پھونکنے سے فوت نہیں ہوئے اور پہاڑ طور پر جو بے ہوش ہوئے تھے اسی پر اکتفاء کر لی گئی یا دوسری بار صور میں پھونکنے کے بعد ان کو زندہ کیا گیا، پس وہ مجھ سے پہلے ہوش میں آ گئے اور عرش سے معلق ہو گئے۔ اس طرح اس کی علامہ کرمانی نے تفسیر کی ہے۔

اور اس مقام کی تحقیق یہ ہے کہ لوگ قیامت کے دن بے ہوش ہوں گے، پس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ان کے ساتھ بے ہوش ہو جائیں گے، پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے پہلے ہوش میں آئیں گے، جب آپ ہوش میں آ کر دیکھیں گے کہ موسیٰ علیہ السلام عرش سے متعلق ہیں اور آپ کو از خود یہ پتا نہیں تھا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی لوگوں کے ساتھ بے ہوش ہو گئے تھے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے ہوش میں آ گئے یا

Marfat.com

حضرت موسیٰ علیہ السلام ان لوگوں میں سے تھے جن کو اللہ تعالیٰ نے بے ہوش ہونے والوں سے مستثنیٰ فرمالیا اور جس کا میں نے ذکر کیا ہے یہ اس حدیث کا مضمون ہے جس کو امام بخاری نے اشخاص میں اور احادیث الانبیاء علیہم السلام میں ذکر کیا ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۰۸، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۱۴۔ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا صَالِحٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ أَرْبَعُونَ قَالُوا يَا أَبَا هُرَيْرَةَ أَرْبَعُونَ يَوْمًا قَالَ أَبَيْتُ قَالَ أَرْبَعُونَ سَنَةً قَالَ أَبَيْتُ قَالَ أَرْبَعُونَ شَهْرًا قَالَ أَبَيْتُ وَيَبْلَى كُلُّ شَيْءٍ مِنَ الْإِنْسَانِ إِلَّا عَجْبَ ذَنَبِهِ فِيهِ يُرَكَّبُ الْخَلْقُ۔

(صحیح البخاری: ۴۹۳۵، صحیح مسلم: ۹۵۵)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عمر بن حفص نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الاعمش نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے ابو صالح سے سنا، انہوں نے کہا: میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا از نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے فرمایا: دو مرتبہ صور میں پھونکنے کے درمیان چالیس (۴۰) کا عرصہ ہے، لوگوں نے کہا: اے ابو ہریرہ! چالیس دن کا عرصہ ہے؟ انہوں نے کہا میں انکار کرتا ہوں، انہوں نے کہا: چالیس (۴۰) سال کا؟ انہوں نے کہا: میں انکار کرتا ہوں انہوں نے کہا: چالیس (۴۰) مہینوں کا؟ انہوں نے کہا: میں انکار کرتا ہوں اور کہا: انسان کی ریڑھ کی ہڈی کے سوا اس کی ہر چیز بوسیدہ ہو جائے گی اور اسی سے اس کی دوبارہ پیدائش کی جائے گی۔

حدیث مذکورہ کے مشکل الفاظ کی شرح

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ حدیث مذکور کے بعض مشکل الفاظ کے معانی بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

دو مرتبہ صور پھونکنے کے درمیان: اس سے مراد پہلی مرتبہ اور دوسری مرتبہ صور میں پھونکنا ہے۔

لوگوں نے کہا: اس سے مراد حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے اصحاب ہیں۔

میں انکار کرتا ہوں: یعنی میں دنوں، سالوں اور مہینوں کی تعیین سے انکار کرتا ہوں کیونکہ حضرت ابو ہریرہ کو اس کی تعیین کا علم نہیں تھا۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: بعض شارحین نے کہا ہے کہ صحیح مسلم میں چالیس (۴۰) سال کی تصریح ہے اور اس کا وجود نہیں ہے۔

میں کہتا ہوں کہ: اگر بعض شارحین سے ان کی مراد صاحب التوضیح ہیں (علامہ ابن الملقن جو حافظ ابن حجر کے استاد ہیں) تو انہوں نے اس طرح نہیں کہا، انہوں نے یہ کہا ہے کہ صحیح مسلم کے علاوہ دوسری کتب میں چالیس (۴۰) سال کی تصریح کی ہے، اس سے انہوں نے اسی سند کے ساتھ امام ابن مردویہ کی روایت کی طرف اشارہ کیا ہے جس میں چالیس سال کا ذکر کیا ہے اور یہ شاذ ہے اور ایک سند ضعیف سے حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ دو صوروں کے پھونکنے کے درمیان چالیس سال کا عرصہ ہے۔

میں کہتا ہوں: علامہ ابن الملقن کی عبارت اس طرح ہے: اس حدیث کی امام مسلم اور امام نسائی نے روایت کی ہے اور ''میں انکار کرتا ہوں'' کا معنی یہ ہے: مجھے کسی مدت پر وثوق نہیں ہے، مجھے صرف چالیس کے عدد پر وثوق ہے اور امام مسلم کے علاوہ دوسری

Marfat.com

کتب حدیث میں چالیس سال کی تصریح ہے۔ علامہ ابن التین نے کہا ہے: یا تو حضرت ابو ہریرہ کو اس روایت کا علم نہیں تھا یا وہ اس لیے خاموش رہے کہ ان کو کسی اور وقت میں بتادیں گے، پھر وہ بھول گئے یا پھر کسی اور کام میں مشغول ہو گئے۔
(التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۳ ص ۱۸۳)

عجب الذنب کے متعلق علماء اور شارحین کی عبارات

انسان کی ریڑھ کی ہڈی کے سوا اس کی ہر چیز بوسیدہ ہو جائے گی: حدیث میں عجب ذنبہ کے الفاظ ہیں او یہ ریڑھ کی ہڈی کی جڑ ہے جو اس کی پشت کی جڑ میں ایک نرم ہڈی ہے۔ امام ابن ابی الدنیا نے کتاب البعث میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی یہ روایت بیان کی ہے کہ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! العجب کیا چیز ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ رائی کے دانہ کی مثل ہے۔ علامہ عینی لکھتے ہیں: اس کو عجم بھی کہا جاتا ہے اور اس کی آدمی میں سب سے پہلے تخلیق کی جاتی ہے اور یہ وہی ہے جس کو باقی رکھا جاتا ہے تا کہ اس سے اس کی تخلیق کی جائے، اس مخصوص ہڈی کو باقی رکھنے کا فائدہ یہ ہے جیسا کہ علامہ ابن عقیل نے کہا ہے: اس کی حقیقت کا تو اللہ ہی کو علم ہے کیونکہ جو عدم سے وجود کو ظاہر فرماتا ہے وہ اس کا محتاج نہیں ہے کہ اس کے فعل کے لیے کوئی چیز ہو جس پر بناء کی جائے۔ اگر اللہ عزوجل کے اس فعل کی اور تخصیص کی کوئی حکمت بیان کی جائے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس نرم ہڈی کو اس لیے باقی رکھا گیا کہ یہ فرشتوں کے لیے اس بات کی علامت ہو کہ ہر انسان کو بعینہ اس کے جوہر سے زندہ کیا جائے گا اور فرشتوں کو اس کا علم صرف اس صورت میں ہو گا جب ہر شخص کی نرم ہڈی کو باقی رکھا جائے تا کہ فرشتوں کو معلوم ہو کہ انسان کے بعینہ اسی جز میں روح ڈالی جائے گی۔ (اسی کو متکلمین انسان کا جزء اصلی کہتے ہیں)، جب حضرت عزیر علیہ الصلوٰۃ والسلام فوت ہو گئے اور ان کا گدھا بھی فوت ہو گیا اور گدھے کی ہڈیوں کو باقی رکھا گیا، پھر ان پر گوشت پہنایا گیا تا کہ معلوم ہو جائے یہ اسی گدھے کا جسم ہے کسی اور کا نہیں اور اگر انسان کے کسی جزء کو باقی نہ رکھا جاتا تو ہو سکتا تھا فرشتوں کے نزدیک یہ جائز ہوتا کہ ارواح کا اعادہ ان جسموں کی امثال میں ہے نہ کہ بعینہ ان ہی اجسام میں۔

اگر تم یہ اعتراض کرو کہ صحیح حدیث میں ہے کہ انسان کی ہر چیز بوسیدہ ہو جاتی ہے اور اس حدیث میں ہے کہ اس کی ریڑھ کی ہڈی کا عجب (جو رائی کے دانہ کے برابر ہے) وہ بوسیدہ نہیں ہوتا تو میں کہتا ہوں کہ یہ عام مخصوص عنہ البعض نہیں ہے جیسا کہ ہم کہتے ہیں کہ ان دونوں حدیثوں سے انبیاء علیہم السلام مخصوص ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر ان کے اجسام کے کھانے کو حرام کر دیا ہے۔ اور علامہ ابن عبدالبر نے شہداء کو بھی ان کے ساتھ لاحق کیا ہے اور علامہ قرطبی نے بلا معاوضہ اذان دینے والے کو بھی ان کے ساتھ لاحق کیا ہے۔

اگر تم یہ پوچھو کہ ریڑھ کی ہڈی کے اس رائی کے دانہ کے برابر حصہ کو بوسیدہ ہونے سے مستثنیٰ رکھنے کی کیا حکمت ہے تو میں کہوں گا کہ انسان کی اصل خلقت اسی جز سے ہوتی ہے اور اسی سے اس کو بنایا جاتا ہے اور یہ ہی وہ بنیاد ہے جس کے اوپر انسان کو دوبارہ بنایا جائے گا، سو وہ انسان کے تمام اجزاء کے مقابلہ میں اصل بنیاد ہے جیسے دیوار کی بنیاد کسی خاص چیز پر ہوتی ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ہمام کی سند سے یہ روایت کی ہے کہ انسان کی ایک ہڈی ہے جس کو زمین کبھی بھی نہیں کھا سکتی اور اس ہڈی سے انسان قیامت کے دن دوبارہ بنایا جائے گا۔ لوگوں نے پوچھا: وہ کون سی ہڈی ہے تو حضرت ابو ہریرہ نے کہا: وہ ریڑھ کی ہڈی ہے۔ اس حدیث کی امام مسلم نے روایت کی ہے۔

اس حدیث پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ سلیمان کی حدیث میں ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے سر کو سب سے پہلے پیدا کیا گیا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ حضرت آدم علیہ السلام کے حق میں ہے اور ریڑھ کی ہڈی کی حدیث ان کی اولاد کے متعلق ہے۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ سلیمان کے قول سے مراد یہ ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے سر میں سب سے پہلے روح پھونکی جائے گی۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ ان

Marfat.com

کے جسم کو جب بنایا جائے گا تو سب سے پہلے سر کو بنایا جائے گا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۰۹۔۲۰۸، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

عجب الذنب کے متعلق علامہ ابن الملقن کی عبارت

علامہ ابوحفص عمر بن علی بن احمد الشافعی المعروف بابن الملقن متوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

عجب الذنب: ایک لطیف ہڈی ہے جو پشت کی جڑ میں ہوتی ہے اور جانوروں میں یہ دم کی ہڈی ہوتی ہے اور یہ پہلا جز ہے جس سے آدمی کی تخلیق کی جاتی ہے اور یہی وہ جز ہے جس کو باقی رکھا جاتا ہے تاکہ اس کے اوپر انسان کی دوبارہ تخلیق کی جائے اور حدیث میں اسی کی طرف اشارہ ہے کہ عجب الذنب سے مخلوق کو (دوبارہ) بنایا جائے گا، اور امام ابن ابی الدنیا نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے یہ روایت کی ہے کہ عرض کیا گیا: یارسول اللہ! العجب کیا چیز ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ رائی کے دانہ کی مثل ہے۔

اگر تم یہ سوال کرو کہ اس مخصوص ہڈی کو باقی رکھنے کا کیا فائدہ ہے تو میں کہوں گا: اس میں ایک راز ہے جس کو ہم نہیں جانتے کیونکہ جو ذات وجود کو عدم سے ظاہر کرتی ہے وہ اس کی محتاج نہیں ہے کہ اس کے فعل کے لیے کوئی ایسی چیز ہو جس پر بنیاد رکھی جائے، پس اگر اس کی حکمت بیان کی جائے تو کہا جائے گا کہ ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو فرشتوں کے لیے اس بات کی علامت بنادیا ہو کہ ہر انسان کو اس کے بعینہ جوہر سے زندہ کیا جائے گا اور فرشتوں کو اس کا علم صرف جانداروں کی اس ہڈی کے باقی رکھنے سے حاصل ہوگا تاکہ فرشتے یہ جان لیں کہ ارواح کو ان ہی اجسام میں لوٹایا گیا ہے جن کا جز یہ ان کی ہڈی ہے۔ جس طرح اللہ تعالیٰ نے جب حضرت عزیر پر اور ان کے گدھے پر موت طاری کی تو گدھے کی ہڈیوں کو باقی رکھا اور ان پر گوشت پہنا دیا تاکہ معلوم ہو جائے کہ اسی گدھے کو زندہ کیا گیا ہے نہ کہ کسی اور کو اور اگر انسان کے کسی جز کو باقی نہ رکھا جاتا تو ہوسکتا تھا فرشتے یہ سمجھتے کہ ان اجسام کی امثال میں ارواح کو لوٹایا گیا ہے نہ کہ بعینہ ان ہی اجسام میں۔ اس پر علامہ ابن عقیل حنبلی نے تنبیہ کی ہے۔

اور وہ جو بعض روایات میں آیا ہے کہ انسان کے جسم کی ہر چیز بوسیدہ ہو جائے گی، اس سے مراد ریڑھ کی ہڈی کے اس جز کے ماسوا ہے اور اس سے انبیاء علیہم السلام مستثنیٰ ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کر دیا ہے کہ وہ ان کے اجسام کو فنا کر دے اور اسی طرح جو شہداء ہیں اور یا جو ان کے حکم میں ہے جیسے وہ مؤذن جو بلا معاوضہ اذان دیتا ہو اور ان کے مشابہ دوسرے لوگ۔

(التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۳ ص ۱۸۴۔۱۸۳، وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ نے بھی علامہ ابن الملقن کی عبارت کو ان کا نام لیے بغیر نقل کر دیا ہے جس طرح علامہ عینی نے بھی علامہ ابن الملقن کی عبارت کو ان کا نام لیے بغیر نقل کیا ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۸۰۳، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

علامہ محمد الفضیل بن الفاطمی الشبیبی الزرہونی المتوفی ۱۳۱۸ھ لکھتے ہیں:

عجب ذنبہ: یہ رائی کے دانہ کی مثل نرم ہڈی ہے جو پشت کی جڑ میں ہوتی ہے دم کی ہڈی کے سر کے پاس، یہ ہڈی بوسیدہ نہیں ہوتی جیسے انبیاء علیہم السلام اور جو مقدس لوگ ان کے حکم میں ہیں وہ بوسیدہ نہیں ہوتے۔ (الفجر الساطع ج ۱۱ ص ۱۱۱، مکتبۃ الرشد، ریاض، ۱۴۳۰ھ)

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الزمر کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ المومن کی تفسیر شروع کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۴۰۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْمُؤْمِنِ

سورۃ المؤمن کی تفسیر

سورۃ المؤمن یعنی سورۂ غافر کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ المومن کی بعض آیات کی تفسیر ہے، یہ سورت بالاتفاق مکی ہے، یہ سورت سورۃ الزمر کے بعد اور سورۂ حم السجدہ سے پہلے نازل ہوئی ہے، اور سورۂ حم السجدہ کے بعد سورۃ الشوری ہے، پھر سورۃ الزخرف ہے، پھر سورۃ الدخان ہے، پھر سورۃ الجاثیہ ہے، پھر سورۃ الاحقاف ہے اور اس سورت میں پچاسی (۸۵) آیات ہیں۔

قَالَ مُجَاهِدٌ حٰمٓ مَجَازُهَا مَجَازُ أَوَائِلِ السُّوَرِ

مجاہد نے کہا: حم اس کا مجاز وہ ہے جو سورتوں کی ابتداء کا مجاز ہے یعنی حم کا وہی حکم ہے جو سورتوں کی ابتداء میں حروف مقطعات کا حکم ہے یعنی حم بھی حروف مقطعہ ہے۔

حٰمٓ کے معنی میں بعض اقوال

علامہ عینی لکھتے ہیں: عکرمہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حم اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک اسم ہے اور یہ تمہارے رب جل جلالہ کے خزانوں کی چابی ہے اور حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ہے۔ اور ان سے دوسری روایت ہے کہ یہ قسم ہے جس کے ساتھ اللہ نے قسم کھائی ہے اور قتادہ سے روایت ہے کہ یہ قرآن کے اسماء میں سے ایک اسم ہے اور الشعبی سے روایت ہے: یہ اس سورت کا شعار ہے اور عطاء الخراسانی سے روایت ہے کہ حم کی حاء جو ہے وہ اللہ تعالیٰ کے ان اسماء کا شروع ہے: حلیم، حمید، حی، حنان، حکیم، حفیظ اور حبیب، اور میم اللہ تعالیٰ کے ان اسماء کا شروع ہے: ملک، مجید اور منان۔ اور ضحاک اور کسائی سے منقول ہے کہ اس کا معنی ہے کہ جو کام ہونے والے تھے اللہ تعالیٰ نے ان کا فیصلہ کر دیا ہے۔

وَيُقَالُ بَلْ هُوَ اسْمٌ لِقَوْلِ شُرَيْحِ بْنِ أَبِي أَوْفَى الْعَبْسِيِّ

اور کہا جاتا ہے: بلکہ یہ اسم ہے یعنی حرف نہیں ہے اور اس پر شریح بن ابی اوفی العبسی کے شعر سے استدلال ہے:

يُذَكِّرُنِي حَامِيمَ وَالرُّمْحُ شَاجِرٌ ... وہ مجھے حامیم کی یاد دلاتا ہے حالانکہ نیزہ چلنے والا ہے، پس اس نے

فَهَلَّا تَلَا حَامِيمَ قَبْلَ التَّقَدُّمِ ... حملہ سے پہلے حامیم کی تلاوت کیوں نہ کی۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: جو لوگ کہتے ہیں کہ حم اسم ہے انہوں نے شاعر مذکور کے اس شعر سے استدلال کیا ہے جس کے دونوں مصرعوں میں لفظ حامیم منصوب بہ طور مفعول ہے اور منصوب بہ طور اسم ہوتا ہے نہ کہ حرف۔

شریح ابن ابی اوفی: جنگ جمل میں حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے اور اس جنگ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اصحاب کا شعار حم تھا، پس جب شریح نے محمد بن طلحہ بن عبید اللہ پر نیزہ سے حملہ کیا اور ان پر نیزہ مارا تو محمد بن طلحہ نے کہا: حم یعنی وہ حضرت علی

Marfat.com

کے اصحاب میں سے ہے تو شریح نے کہا: یہ اب مجھے حم یاد دلا رہا ہے، اسے چاہیے تھا کہ یہ نیزہ مارنے سے پہلے مجھے حم یاد دلاتا۔

الطَّوْلِ التَّفَضُّلُ۔ اَلطَّوْل اس کا معنی ہے فضل اور احسان کرنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَ قَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ۔ (المومن:۳) گناہوں کو بخشنے والا اور توبہ قبول فرمانے والا بہت سخت عذاب دینے والا صاحب فضل ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے طَوْل کی تفسیر فضل اور احسان کرنے کے ساتھ کی ہے، اسی طرح اس کی امام ابوعبیدہ نے تفسیر کی ہے اور یہ اضافہ کیا ہے کہ عرب اس شخص کو ذوطول کہتے ہیں جو اپنی قوم پر فضل اور احسان کرتا ہے اور امام ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت کی ہے کہ ذی الطوال کا معنی ہے: وسعت والا اور غنی اور عکرمہ سے یہ روایت کی ہے کہ ذِی الطوال وہ شخص ہے جو احسانات کرتا ہو اور قتادہ سے روایت کی ہے کہ ذی الطوال کا معنی ہے: نعمتیں دینے والا۔

دَاخِرِيْنَ خَاضِعِيْنَ۔ دَاخِرِيْنَ اس کا معنی ہے: ذلیل اور رسوا ہوتے ہوئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ۝ (المومن:۶۰) بے شک جو لوگ میری عبادت کرنے سے تکبر کرتے ہیں وہ عنقریب ذلت سے جہنم میں داخل ہوں گے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے دَاخِرِيْنَ کی تفسیر خاضعین کے ساتھ کی ہے، اسی طرح امام ابوعبیدہ نے اس کی تفسیر کی ہے اور السدی نے کہا ہے: اس کا معنی ہے: صاغرین یعنی ذلیل ہوتے ہوئے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ اِلَى النَّجَاةِ الْاِيْمَانُ۔ مجاہد نے کہا: اِلَى النَّجَاةِ اس کا معنی ہے: ایمان کی طرف۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَيٰقَوْمِ مَالِيْٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَى النَّجٰوةِ وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ۝ (المومن:۴۱) اے میری قوم! مجھے کیا ہوا ہے کہ میں تمہیں نجات کی دعوت دے رہا ہوں اور تم مجھے دوزخ کی طرف بلا رہے ہو O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الی النجاۃ کی تفسیر الی الایمان کے ساتھ کی ہے۔

لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ يَعْنِي الْوَثَنَ۔ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ یعنی بت کسی کی دعا قبول نہیں کر سکتا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ۔ (المومن:۴۳) اس میں کوئی شک نہیں کہ تم مجھے اس کی طرف دعوت دے رہے ہو جو نہ دنیا میں عبادت کا مستحق ہے اور نہ آخرت میں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا کہ بت کسی عبادت کا مستحق نہیں ہے اور یہ اس مرد کے کلام کا تتمہ ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آیا تھا اور یہ وہی ہے جس کی اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں خبر دی ہے:

وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ۝ (المومن:۳۸) اور اس مرد مومن نے کہا: اے میری قوم! میری پیروی کرو میں نیکی کے راستہ پر تمہاری رہنمائی کروں گا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ شخص آل فرعون میں سے تھا اور اپنا ایمان فرعون سے اور اس کی قوم سے چھپاتا تھا اور سدی اور مقاتل

Marfat.com

سے منقول ہے کہ یہ فرعون کے چچا کا بیٹا تھا، اور حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ اس کا نام حزقیل تھا اور وہب بن منبہ سے روایت ہے کہ اس کا نام خزیال تھا اور اسحاق سے روایت ہے کہ اس کا نام خزبیل تھا اور ایک قول یہ ہے کہ اس کا نام حبیب تھا۔

يُسْجَرُونَ تُوقَدُ بِهِمُ النَّارُ۔ يُسْجَرُوْنَ اس کا معنی ہے: ان کو آگ میں ڈالا جائے گا یا ان پر آگ جلائی جائے گی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ۭ يُسْحَبُوْنَ ۝ فِي الْحَمِيْمِ ۙ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ۝ (المومن:۷۱۔۷۲)

جب ان کی گردنوں میں طوق ہوں گے اور ان کو زنجیروں کے ساتھ گھسیٹا جائے گا O سخت گرم پانی میں، پھر ان کو دوزخ کی آگ میں جھونک دیا جائے گا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے يُسْجَرُوْن کی تفسیر کی ہے کہ انہیں آگ میں جلایا جائے گا۔ اور مجاہد سے منقول ہے کہ وہ آگ کا ایندھن بنائے جائیں گے۔

تَمْرَحُونَ تَبْطَرُونَ۔ تَمْرَحُوْن اس کا معنی ہے: تم اتراتے تھے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ۝ (المومن:۷۵)

(اے کافرو!) تمہارا یہ عذاب اس وجہ سے ہے کہ تم زمین میں اپنی عارضی کامیابی پر ناحق اتراتے تھے اور بے جا اکڑتے پھرتے تھے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے تَمْرَحُوْنَ کی تفسیر اترانے کے ساتھ کی ہے۔

امام بخاری لوگوں کو عذاب سے ڈرانے کے فوائد کے متعلق لکھتے ہیں:

وَكَانَ الْعَلَاءُ بْنُ زِيَادٍ يُذَكِّرُ النَّارَ فَقَالَ رَجُلٌ لِمَ تُقَنِّطُ النَّاسَ قَالَ وَأَنَا أَقْدِرُ أَنْ أُقَنِّطَ النَّاسَ وَاللهُ عَزَّوَجَلَّ يَقُولُ ﴿قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ﴾ (الزمر:۵۳) وَيَقُولُ ﴿وَاَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝﴾ (المومن:۴۳) وَلَكِنَّكُمْ تُحِبُّونَ أَنْ تُبَشَّرُوا بِالْجَنَّةِ عَلَى مَسَاوِئِ أَعْمَالِكُمْ وَإِنَّمَا بَعَثَ اللهُ مُحَمَّدًا ﷺ مُبَشِّرًا بِالْجَنَّةِ لِمَنْ أَطَاعَهُ وَمُنْذِرًا بِالنَّارِ لِمَنْ عَصَاهُ۔

اور علاء بن زیاد (مشہور عبادت گزار تابعی) لوگوں کو دوزخ کی یاد دلاتے تھے تو ایک شخص نے ان سے کہا: آپ لوگوں کو اس قدر مایوس کیوں کرتے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: کیا میں لوگوں کو مایوس کرنے پر قادر ہوں؟ حالانکہ اللہ عزوجل فرماتا ہے: اے میرے وہ بندو جو گناہ کر کے اپنی جانوں پر زیادتی کر چکے ہو اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو (الزمر: ۵۳) اور فرماتا ہے: اور بے شک حد سے تجاوز کرنے والے ہی دوزخی ہیں O (المومن: ۴۳) لیکن تم لوگ یہ چاہتے ہو کہ تم کو تمہارے برے کاموں کے باوجود جنت کی بشارت دی جائے حالانکہ اللہ تعالیٰ نے سیدنا محمد ﷺ کو اس شخص کے لیے جنت کی بشارت دینے کے لیے بھیجا ہے جو اللہ کی اطاعت کرتا ہو، اور اس شخص کو دوزخ سے ڈرانے کے لیے بھیجا ہے جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: العلاء بن زیاد العدوی البصری التابعی زاہد ہیں، ان کو احادیث کا علم کم تھا، ان کا صحیح بخاری میں اس جگہ ذکر ہے اور یہ چورانوے (۹۴) ہجری میں فوت ہو گئے تھے۔ (ان تمام تعلیقات کی شرح عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۱۲۔۲۱۰ سے اخذ کی گئی ہے)

۴۸۱۵۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ قَالَ قُلْتُ لِعَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَخْبِرْنِي بِأَشَدِّ مَا صَنَعَ الْمُشْرِكُونَ بِرَسُولِ اللهِ ﷺ قَالَ بَيْنَا رَسُولُ اللهِ ﷺ يُصَلِّي بِفِنَاءِ الْكَعْبَةِ إِذْ أَقْبَلَ عُقْبَةُ بْنُ أَبِي مُعَيْطٍ فَأَخَذَ بِمَنْكِبَيْ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَلَوَى ثَوْبَهُ فِي عُنُقِهِ فَخَنَقَهُ بِهِ خَنْقًا شَدِيدًا فَأَقْبَلَ أَبُو بَكْرٍ فَأَخَذَ بِمَنْكِبِهِ وَدَفَعَ عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَقَالَ ﴿أَتَقْتُلُونَ رَجُلًا أَنْ يَقُولَ رَبِّيَ اللهُ وَقَدْ جَاءَكُمْ بِالْبَيِّنَاتِ مِنْ رَبِّكُمْ﴾ (المؤمن: ۲۸)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الولید بن مسلم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں اوزاعی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے یحییٰ بن ابوکثیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے محمد بن ابراہیم تیمی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے عروہ بن الزبیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے کہا: مجھے بتائیے کہ مشرکین نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سب سے زیادہ برا سلوک کب کیا تھا؟ انہوں نے کہا: جس وقت رسول اللہ ﷺ کعبہ کے صحن میں نماز پڑھ رہے تھے تو اچانک عقبہ بن ابی معیط آیا، اس نے رسول اللہ ﷺ کا کندھا پکڑا اور اپنا کپڑا رسول اللہ ﷺ کی گردن میں لپیٹا اور پھر بڑی سختی سے آپ کا گلا گھونٹنے لگا، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آ گئے، پس انہوں نے عقبہ بن ابی معیط کو کندھے سے پکڑا اور رسول اللہ ﷺ سے دور دھکا دیا اور کہا: أَتَقْتُلُونَ رَجُلًا أَنْ يَقُولَ رَبِّيَ اللهُ وَقَدْ جَاءَكُمْ بِالْبَيِّنَاتِ مِنْ رَبِّكُمْ (المومن: ۲۸) کیا تم ایک شخص کو اس لیے قتل کر رہے ہو کہ اس نے کہا: میرا رب اللہ ہے حالانکہ وہ تمہارے رب کی طرف سے نشانیاں لا چکا ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۶۷۸ میں گزر چکی ہے۔

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ المومن کی تفسیر میں جو تعلیقات لکھی تھیں اور جو حدیث روایت کی تھی ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ سورۂ حم السجدہ کی تفسیر شروع کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۴۱۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ حٰمٓ السَّجْدَۃِ

سورۂ حم السجدۃ کی تفسیر

سورۂ حم السجدۃ کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ حم السجدہ کی بعض آیات کی تفسیر ہے، یہ سورت بالاتفاق مکی ہے، یہ سورۃ المومن کے بعد اور سورۂ الشوری سے پہلے نازل ہوئی ہے، اس سورت میں چون (۵۴) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۱۳، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۳۱ھ) اس کو سورۃ فصلت بھی کہتے ہیں۔

وَقَالَ طَاوُسٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ائْتِیَا طَوْعًا أَوْ کَرْهًا أَعْطِیَا قَالَتَا أَتَیْنَا طَائِعِینَ أَعْطَیْنَا۔

طاؤس نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے: ائْتِیَا طَوْعًا او کرھًا اس کا معنی ہے: تم خوشی یا ناخوشی سے حاضر ہو، ان دونوں (آسمان اور زمین) نے کہا: ہم خوشی سے حاضر ہوتے ہیں۔

ائْتِیَا کا معنی اعطیا کرنے کی توجیہ

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

امام طبری اور امام ابن ابی حاتم نے امام بخاری کی شرط کے مطابق سند موصول کے ساتھ اس تعلیق کی روایت کی ہے اور امام طبری نے کہا ہے: اعطیا یعنی لاؤ تو زمین اور آسمان نے کہا: اَعْطَیْنَا یعنی ہم لاتے ہیں۔ قاضی عیاض نے کہا: یہاں پر اتی، اعطی کے معنی میں نہیں ہے، وہ صرف اتیان سے ماخوذ ہے اور اس کا معنی حاضر ہونا ہے، جیسا کہ خود اس آیت میں دلیل ہے اور اسی کے ساتھ مفسرین نے اس کی تفسیر کی ہے، کہ اس کا معنی ہے: تم ان چیزوں کے ساتھ حاضر ہو جو میں نے تم دونوں میں پیدا کی ہیں اور ان کو ظاہر کرو، زمین اور آسمان نے کہا: ہم ایسا کرتے ہیں اور یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے اور سعید بن جبیر سے بھی اسی طرح روایت ہے جس طرح اس کو امام بخاری نے ذکر کیا ہے لیکن معنی کو قریب کرنے کے لیے اس کی اس طرح روایت کی گئی ہے کہ جب ان دونوں کو یہ حکم دیا گیا کہ ان میں جو سورج، چاند، دریا اور سبزہ وغیرہ ہیں وہ ان کو ظاہر کریں اور انہوں نے اس کا مثبت جواب دیا تو یہ اعطاء یعنی لانے کی مثل ہے، پس آنے کو لانے کے ساتھ تعبیر کیا گیا ہے، حافظ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں: جب یہ توجیہ موجود ہے اور اس کے ساتھ روایت بھی ثابت ہے تو حضرت ابن عباس کی اس تفسیر کا انکار کرنے کا کیا مطلب ہے؟ اور امام طبری نے مجاہد کی سند سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت کی ہے کہ اللہ عزوجل نے آسمانوں سے فرمایا کہ سورج، چاند اور ستاروں کو طلوع کرو اور زمین سے فرمایا: اپنے دریاؤں کو پھاڑ کر نکالو اور اپنے پھلوں کو نکالو تو ان دونوں نے کہا ہم خوشی سے حاضر ہیں۔

اور بعض مفسرین نے کہا ہے کہ یہ جائز ہے کہ اتینا کا معنی موافقت ہو اور اسی کو زمخشری نے وثوق کے ساتھ کہا ہے، اس بناء پر

Marfat.com

ایک مفعول محذوف ہوگا اور اصل عبارت یوں ہوگی: تا کہ تم میں سے ہر ایک دوسرے کے موافق ہو تو ان دونوں نے کہا: ہم نے موافقت کر لی اور پہلی صورت میں دو مفعول محذوف ہوں گے اور اصل عبارت یوں ہوگی: تم دونوں کو جو حکم دیا گیا ہے تم اس کی طرف سے اپنی اطاعت لاؤ تو ان دونوں نے کہا: ہم اس اطاعت کو لاتے ہیں اور یہ زیادہ راجح ہے کیونکہ اس کا ترجمان القرآن یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے صراحتاً ثبوت ہے، زمین و آسمان نے کہا: اَتَيْنَا طَائِعِيْنَ یعنی ہم خوشی سے لاتے ہیں یا آتے ہیں۔ اس جگہ زمین و آسمان کے لیے جمع کا صیغہ لائے ہیں نہ کہ تثنیہ کا کیونکہ آسمان اور زمینیں متعدد ہیں اور اسی کو ذوی العقول کی جمع مذکر سے تعبیر فرمایا ہے کیونکہ ان کے ساتھ ذوی العقول کا معاملہ کیا گیا تھا اور اس کی نظیر یہ ہے کہ قرآن مجید میں سورج، چاند اور ستاروں کے لیے فرمایا: رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ۝ (یوسف: ۴) (میں نے دیکھا وہ مجھ کو سجدہ کر رہے ہیں ۝) اور سٰجِدِيْن بھی ذوی العقول کی جمع ہے۔

قرآن مجید کی چار آیتوں میں تعارض کا جواب

اور منہال نے سعید بن جبیر سے روایت کی ہے کہ ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا: میں قرآن مجید کی چند آیتوں میں تعارض اور اضطراب پاتا ہوں، حضرت ابن عباس نے فرمایا: وہ آیتیں بیان کرو، اس نے کہا: ایک آیت میں اس طرح ہے:

فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ۝ (المومنون: ۱۰۱)

پھر جب صور پھونک دیا جائے گا تو اس دن ان کے درمیان رشتے قائم نہیں رہیں گے اور نہ وہ ایک دوسرے سے سوال کر سکیں گے ۝

اور دوسری آیت میں اس طرح ہے:

وَ اَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝

وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر سوال کریں گے ۝

(الصافات: ۲۷۔۵۰، الطور: ۲۵)

(اس طرح ان دونوں آیتوں میں تعارض ہے) اور تعارض کی دوسری صورت یہ ہے کہ ایک آیت میں اس طرح ہے:

وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ۝ (النساء: ۴۲)

اور (کفار) اللہ سے کسی بات کو چھپا نہ سکیں گے ۝

اور دوسری آیت میں اس طرح ہے: کہ قیامت کے دن کفار کہیں گے:

وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ۝ (الانعام: ۲۳)

اللہ کی قسم جو ہمارا رب ہے! ہم شرک کرنے والے نہ تھے ۝

سو اس آیت میں بتایا ہے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے اپنے شرک کو چھپایا اور یہ ان دو آیتوں میں واضح تعارض ہے، اور تعارض کی تیسری صورت یہ ہے: کہ ایک آیت میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ ۭ بَنٰىهَا ۝ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ۝ وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ ضُحٰىهَا ۝ وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ۝ (النازعات: ۲۷۔۳۰)

کیا تم کو پیدا کرنا زیادہ دشوار ہے یا آسمان کو؟ جس کو اللہ نے بنا دیا ہے ۝ اللہ نے اس کی چھت بلند کی، پھر اس کو ہموار بنایا ۝ اس کی رات تاریک کر دی اور اس کا دن روشن کر دیا ۝ اور اس کے بعد زمین کو پھیلا دیا ۝

ان آیتوں میں یہ تصریح ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین کو پیدا کرنے سے پہلے آسمان کو بنایا، پھر دوسری آیت میں فرمایا:

قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ (الی قولہ تعالیٰ) ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ۭ قَالَتَآ

آپ کہیے: کیا تم واقعی اس ذات کا کفر کر رہے ہو جس نے دو دنوں میں زمین کو پیدا کیا (یہ آیت یہاں تک ہے) پھر اس نے آسمان کی طرف قصد فرمایا اور وہ اس وقت دھواں تھا، پھر اس نے آسمان

Marfat.com

اور زمین سے فرمایا کہ تم دونوں خوشی یا ناخوشی سے حاضر ہو، ان دونوں نے کہا: ہم دونوں بہ خوشی حاضر ہیں O

اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ۝

(حم السجدۃ:۹ تا ۱۱)

اس آیت میں یہ ذکر فرمایا ہے کہ زمین کو آسمان سے پہلے پیدا فرمایا ہے اور سورۃ النازعات میں فرمایا تھا کہ زمین کو آسمان کے بعد پیدا فرمایا ہے اور یہ سورۃ النازعات اور سورۂ حم السجدۃ میں واضح تعارض ہے۔

اور تعارض کی چوتھی صورت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۹۶ (النساء:۹۶) اور اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا تھا O

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝۵۶ (النساء:۵۶) بے شک اللہ بہت غالب بڑی حکمت والا تھا O

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ۝۵۸ (النساء:۵۸) بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا تھا O

گویا کہ اللہ تعالیٰ زمانہ ماضی میں ان صفات کے ساتھ متصف تھا اب نہیں ہے حالانکہ اب بھی اللہ تعالیٰ ان صفات کے ساتھ متصف ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کے جواب میں فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے جو فرمایا ہے: ان کے درمیان رشتے باقی نہیں رہیں گے (المومنون:۱۰۱) یہ اس وقت کی بات ہے جب پہلے صور میں پھونکا جائے گا اور پہلی بار صور میں پھونکنے کے بعد فرمایا: پھر دوسری بار صور میں پھونکا جائے گا تو آسمانوں میں اور زمینوں میں جتنے بھی ہیں سب ہلاک ہو جائیں گے ماسوا ان کے جن کو اللہ تعالیٰ چاہے گا، پس اس وقت ان کے درمیان کوئی رشتے نہیں ہوں گے اور نہ وہ ایک دوسرے سے سوال کریں گے، پھر دوسری بار صور میں پھونکا جائے گا، تب وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر سوال کریں گے۔

رہا اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد: کہ کفار کہیں گے: ہم شرک کرنے والے نہ تھے اور دوسری آیت میں فرمایا: وہ اللہ تعالیٰ سے کسی بات کو چھپا نہ سکیں گے۔ تو اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ صاحبان اخلاص کے گناہوں کو معاف فرما دے گا اور مشرکین یہ کہیں گے: آؤ ہم کہتے ہیں کہ ہم شرک کرنے والے نہ تھے، پس اللہ تعالیٰ ان کے مونہوں پر مہر لگا دے گا، پس اس وقت ان کے ہاتھ بولیں گے، پھر اس وقت یہ معلوم ہو جائے گا کہ بے شک اللہ تعالیٰ سے وہ کوئی بات چھپا نہیں سکیں گے جیسا کہ اس آیت میں فرمایا ہے:

يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ۭ وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ۝ (النساء:۴۲) جن لوگوں نے کفر کیا ہے اور رسول کی نافرمانی کی ہے وہ اس دن یہ تمنا کریں گے: (اس آیت تک) اور وہ اللہ سے کسی بات کو چھپا نہ سکیں گے O

اور تیسرے تعارض کے جواب میں فرمایا: اور یہ جو فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین کو دو دنوں میں پیدا کیا ہے، پھر آسمان کی طرف قصد فرمایا، پھر ان کو دوسرے دو دنوں میں برابر کر دیا، پھر زمین کو پھیلا دیا اور زمین کو پھیلانے کا معنی یہ ہے کہ زمین سے پانی اور چراگاہوں کو نکالا اور پہاڑوں کو پیدا کیا اور اونٹوں کو اور ٹیلوں کو اور زمین اور آسمان کے درمیان جو کچھ ہے اس کو دوسرے دو دنوں میں پیدا کیا، یہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا معنی ہے کہ زمین کو پھلایا (النازعات:۳۰) اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: زمین کو دو دنوں میں پیدا کیا (حم السجدہ:۹) پس زمین کو اور جو کچھ زمین میں ہے اس کو چار دنوں میں پیدا کیا اور آسمانوں کو دو دنوں میں پیدا کیا۔ خلاصہ یہ ہے کہ زمین کو دو دن میں پیدا کرنے کا معنی یہ ہے کہ زمین کا مادہ دو دنوں میں پیدا کیا، اس کو ابھی پھیلایا نہیں، پھر آسمان کو پیدا کیا اور دو دنوں میں اس کو برابر کیا یعنی اس کے طبقات مرتب کیے، اس کے بعد زمین کو پھیلایا اور زمین کو پھیلانا یہ ہے کہ اس میں سے پانی

نکالا اور گھاس وغیرہ کو پیدا کیا یعنی زمین دو دنوں میں پیدا ہوئی جیسے فرمایا: خلق الارض فی یومین اور زمین اپنی تمام چیزوں سمیت چار دنوں میں بنی اور آسمان دو دنوں میں بنے، اس طرح یہ تعارض دور ہوا۔

چوتھے تعارض کے جواب میں فرمایا: کہ اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا اور بے حد رحم فرمانے والا تھا۔ اس کا یہ معنی نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ ماضی میں ایسا تھا اور اب نہیں ہے بلکہ اس کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے اس طرح تھا کیونکہ اللہ تعالیٰ جس چیز کا ارادہ فرماتا ہے اللہ تعالیٰ اس چیز کو اپنے ارادہ کے موافق حاصل کر لیتا ہے، پس تم پر قرآن مجید کی آیات متعارض نہ ہوں کیونکہ تمام آیات اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں (خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صفت سماعت قدیم ہے اور اس کے متعلقات یعنی مسموعات حادث ہیں)۔

امام بخاری فرماتے ہیں: مجھے یہ حدیث یوسف بن عدی نے بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبیداللہ بن عمر نے حدیث بیان کی از زید بن ابیسہ از المنہال، اسی طرح۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ مَحْسُوبٍ۔ اور مجاہد نے کہا: اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ (حم السجدہ:۸) اس کا معنی ہے: اس اجر کا کبھی شمار نہیں ہوگا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ (حم السجدہ:۸) بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کے لیے ایسا اجر ہے جو ختم نہیں ہوگا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: ایک روایت میں ہے: غیر مَحْسُوْب یعنی اس کا شمار نہیں کیا جائے گا اور امام طبری نے اس کی تفسیر کی ہے: غیر منقوص یعنی وہ اجر کبھی کم نہیں ہوگا۔

أَقْوَاتَهَا أَرْزَاقَهَا۔ اَقْوَاتُهَا اس کا معنی ہے: ان کے رزق۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَبٰرَكَ فِيْهَا وَقَدَّرَ فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا۔ (حم السجدہ:۸) اور اس میں برکت رکھی اور زمین میں رہنے والوں کی غذا بھی مقدر کی۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اقواتھا کی تفسیر ان کے رزق کے ساتھ کی ہے، یہ بھی مجاہد کی تفسیر ہے اور امام ابوعبیدہ نے کہا اقوات کا واحد قوت ہے اور وہی رزق ہے۔

فِيْ كُلِّ سَمَاءٍ أَمْرَهَا مِمَّا أُمِرَ بِهِ۔ فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا اس کا معنی ہے جن چیزوں کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا۔ (حم السجدہ:۱۲) اور ہر آسمان میں اس کے متعلق احکام بھیجے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس کی تفسیر اس سے کی ہے کہ ہر آسمان میں اسی کے متعلق وحی فرمائی۔ یہ تفسیر بھی مجاہد سے منقول ہے اور اس سے ان کی مراد یہ ہے کہ آسمانوں میں جو ستارے پیدا کیے اور شہاب ثاقب پیدا کیے۔ اور قتادہ اور سدی سے منقول ہے کہ آسمانوں میں سورج، چاند اور ستارے پیدا کیے اور ہر آسمان میں فرشتے پیدا کیے اور اس میں سمندر اور برف کے پہاڑ پیدا کیے جن کو کوئی نہیں جانتا۔

نَحِسَاتِ مَشَائِيمَ۔ نَحِسَاتٍ اس کا معنی ہے: منحوس اور نامبارک، مَشَائِيم، مَشْئُومَةٌ کی جمع ہے اس کا معنی ہے: منحوس۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي أَيَّامٍ نَحِسَاتٍ۔ (حم السجدہ:۱۶) سو ہم نے (ان کے) منحوس دنوں میں ان پر خوف ناک آواز والی آندھی بھیجی۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے نحسات کی تفسیر مَشَائِيم کی ہے جو مَشْئُومَةٌ کی جمع ہے اور مجاہد سے بھی اسی طرح مروی ہے اور امام ابوعبیدہ نے کہا ہے: خوف ناک آواز والی آندھی کو الصر الصر کہتے ہیں اور نحسات کا معنی ہے نحوست والی۔

وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَاءَ قَرَنَاهُمْ بِهِمْ تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ عِنْدَ الْمَوْتِ۔ وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَاءَ۔ (فصلت:۲۵) اس کا معنی ہے: قَرَنَّا بِهِمُ یعنی ہم نے ان کے ساتھ (ان کے شیطانوں کو) ملا دیا، موت کے وقت ان کے اوپر فرشتے نازل ہوتے ہیں۔ (فصلت:۳۰)

علامہ عینی لکھتے ہیں: تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ (فصلت:۳۰) وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَاءَ (فصلت:۲۵) کی تفسیر نہیں ہے اور کتب تفسیر میں مذکور ہے: قَيَّضْنَا کا معنی ہے: ہم نے ان پر مسلط کر دیا یعنی ان جیسے شیاطین کو ان پر مسلط کر دیا۔ اور مجاہد سے مروی ہے کہ قُرَنَاءَ کا معنی شیاطین ہے اور (فصلت:۳۰) کی پوری آیت اس طرح ہے:

تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا۔ (فصلت:۳۰) ان پر فرشتے (یہ کہتے ہوئے) نازل ہوتے ہیں کہ تم نہ خوف کرو اور نہ غم کرو۔

موت کے وقت فرشتے مومنوں پر یہ کہتے ہوئے نازل ہوتے ہیں۔ اور فصلت:۲۵، اور فصلت:۳۰، الگ الگ آیتیں ہیں۔

اهْتَزَّتْ بِالنَّبَاتِ وَرَبَتْ ارْتَفَعَتْ مِنْ أَكْمَامِهَا حِينَ تَطْلُعُ۔ اهْتَزَّتْ یعنی وہ زمین سبزہ کے ساتھ لہلہاتی ہے، وَرَبَتْ یعنی وہ زمین بلند ہوتی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمِنْ آيَاتِهِ أَنَّكَ تَرَى الْأَرْضَ خَاشِعَةً فَإِذَا أَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ۔ (فصلت:۳۹) اور (اے مخاطب!) اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ تو زمین کو خشک اور غیر آباد دیکھتا ہے، پھر جب ہم اس پر پانی نازل کرتے ہیں تو وہ تر و تازہ ہو کر لہلہاتی ہے اور ابھرتی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اهْتَزَّتْ کی تفسیر کی ہے: یعنی جب وہ سبزہ سے لہلہاتی ہے اور ربت کی تفسیر کی ہے: جب وہ نشوونما پا کر بلند ہوتی ہے۔

اور مجاہد کے سوا دوسروں نے کہا: مِنْ أَكْمَامِهَا یعنی اپنے شگوفوں سے جب پھل نکلتے ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد کے علاوہ دوسروں نے بیان کیا کہ ربت اور ارْتَفَعَتْ کا معنی یہ ہے کہ جب پھول اپنے شگوفوں سے نکلتے ہیں۔

لَيَقُولَنَّ هَذَا لِي أَنَا مَحْقُوقٌ بِهَذَا۔ لَيَقُولَنَّ هَذَا لِي یعنی یہ میرے عمل کے سبب سے ہے اور میں اس کا مستحق ہوں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ۔ (حم السجدہ:۵۰)

اور اگر ہم اس کو تکلیف پہنچنے کے بعد رحمت کا ذائقہ چکھائیں تو وہ یہ ضرور کہے گا کہ میں بہر صورت اس کا حق دار تھا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے لِیْ کی تفسیر کی ہے: بِعَمَلِیْ اور اَنَا مَحْقُوْقٌ کا معنی ہے: یعنی میں اس کا مستحق ہوں، اور علامہ نسفی نے کہا ہے کہ وہ ضرور یہ کہے گا کہ یہ میرا حق ہے جو مجھ تک پہنچا ہے کیونکہ میں اس کا مستحق ہوں ان کاموں کی وجہ سے جو میرے نزدیک عمدہ اور افضل ہیں اور نیکی کے کام ہیں۔

وَقَالَ غَيْرُهٗ سَوَاءً لِلسَّائِلِيْنَ قَدَّرَهَا سَوَاءً۔

اور دوسروں نے کہا: سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيْنَ یعنی تمام مانگنے والوں کے لیے برابر ہے اور انہوں نے سَوَآءً کو مقدر کیا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اور مجاہد کے علاوہ دوسروں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا وَبٰرَكَ فِيْهَا وَقَدَّرَ فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ۭ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝ (حم السجدہ:۵۰)

اور اس نے زمین کے اوپر بھاری پہاڑ نصب کر دیئے اور اس میں برکت رکھی اور زمین میں رہنے والوں کی غذا بھی چار دنوں میں مقدر کی جو طلب کرنے والوں کے لیے برابر ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی زمین میں رہنے والوں کے لیے ان کی خوراک اور ان کے معاش اور ان کی اصلاح کی چیزیں مقدر کیں یعنی اس نے دو دنوں میں زمین کو پیدا کیا اتوار اور پیر کے دن اور چار دنوں میں ان کی خوراک اور رزق کو پیدا کیا، دوسرا قول یہ ہے کہ لِّلسَّآئِلِيْنَ کا معنی ہے: یعنی جو اللہ سے اپنی ضروریات کا سوال کرتے ہیں، اور ابن زید سے مروی ہے: اللہ تعالیٰ نے ان کے سوال کے اعتبار سے یہ رزق مقرر کیا، اور تیسرا قول یہ ہے کہ سائلین اور غیر سائلین کے لیے یعنی اللہ تعالیٰ نے زمین میں جو رزق رکھا ہے وہ سوال کرنے والوں کو بھی عطا فرماتا ہے اور جو سوال نہ کریں ان کو بھی عطا فرماتا ہے۔

فَهَدَيْنٰهُمْ دَلَلْنَاهُمْ عَلَى الْخَيْرِ وَالشَّرِّ كَقَوْلِهٖ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ وَكَقَوْلِهٖ هَدَيْنَاهُ السَّبِيْلَ وَالْهُدٰى الَّذِيْ هُوَ الْاِرْشَادُ بِمَنْزِلَةِ اَسْعَدْنَاهُ وَمِنْ ذٰلِكَ قَوْلُهٗ ﴿اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ﴾ (الانعام:۹۰)

فَهَدَيْنٰهُمْ اس کا معنی ہے: ہم نے انہیں خیر اور شر کی رہنمائی کر دی، جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ۝ (البلد:۱۰) (یعنی ہم نے ان کو گمراہی اور ہدایت کے دونوں راستے دکھا دیئے) اسی طرح اس آیت میں ہے: هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ (الدہر:۳) (ہم نے اس کو سیدھا راستہ دکھا دیا) اور ہدایت کا دوسرا معنی ہے: اِرْشَاد اور اِسْعَاد یعنی کسی کو مومن اور نیک بخت بنا دینا جیسا کہ اس آیت میں ہے: اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ (الانعام:۹۰) (یہ وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے نیک بخت بنا دیا سو آپ بھی ان کے طریقہ پر چلیں)۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى۔ (حم السجدہ:۱۷)

اور رہے ثمود تو ہم نے ان کو ہدایت دی تھی لیکن انہوں نے گمراہی کو ہدایت پر ترجیح دی تھی۔

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: ہدایت کے دو معنی ہیں: ایک راستہ دکھانا اور دوسرا مومن بنانا اور نیک بخت بنا دینا۔ (حم السجدۃ: ۱۷) (البلد: ۱۰) اور (الدہر: ۳) ان تینوں آیتوں میں ہدایت کا معنی ہے: ارائۃ الطریق یعنی راستہ دکھانا اور دوسرا معنی یعنی مومن بنانا اور نیک بخت بنا دینا ہدایت کا یہ معنی اس آیت میں ہے: أُولَٰئِكَ الَّذِينَ هَدَى اللَّهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ (الانعام: ۹۰) (یہ وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے نیک بخت بنا دیا، سو آپ بھی ان کے طریقہ پر چلیں)، امام بخاری کی غرض یہ ہے کہ بعض آیات میں ہدایت کا معنی ارائۃ الطریق ہے یعنی راستہ دکھانا اور بعض آیات میں ہدایت کا معنی ایصال الی المقصود ہے یعنی مومن بنا دینا اور نیک بخت بنا دینا، رہا یہ کہ یہ ہدایت ان دونوں معنوں میں مشترک ہے یا ایک میں حقیقت ہے اور دوسرے میں مجاز، سو اس میں علماء اور مفسرین کا اختلاف ہے۔

يُوزَعُونَ يُكَفُّونَ۔ يُوزَعُوْن اس کا معنی ہے: ان کو اکٹھا کیا جائے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَيَوْمَ يُحْشَرُ أَعْدَاءُ اللَّهِ إِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوزَعُونَ ﴿۱۹﴾ اور جس دن اللہ کے دشمنوں کو آگ کی طرف لایا جائے گا، پھر ان کو جمع کیا جائے گا ○ (حم السجدہ: ۱۹)

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ يُوزَعُوْن کا معنی ہے: جمع کیا جائے گا، اور امام ابوعبیدہ سے منقول ہے کہ اس کا معنی ہے: ان کو دھکیلا جائے گا، جب تم کسی کو روکو تو کہا جاتا ہے: وَزَعْتُ اور دوسروں نے کہا، اس کا معنی ہے: ان کو دوزخ میں جھونک دیا جائے گا۔

مِنْ أَكْمَامِهَا قِشْرُ الْكُفْرَّى هِيَ الْكُمُّ۔ من اکمامھا اس کا معنی ہے: خوشہ کا چھلکا اور اس کو کُم کہتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرَاتٍ مِّنْ أَكْمَامِهَا۔ (حم السجدہ: ۱۷) اور جو پھل اپنے شگوفوں سے نکلتے ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اَکمام کی تفسیر خوشہ کے چھلکے کے ساتھ کی ہے۔

علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ

حافظ ابن حجر لکھتے ہیں: جب یہ لفظ کُم ہو (کُ پر پیش ہو) تو اس کا معنی ہے: قمیص کی آستین۔ اور امام ابوعبیدہ کی عبارت بھی اس پر دلالت کرتی ہے اور اسی پر امام راغب اصفہانی نے اعتماد کیا ہے اور تفسیر کشاف میں لکھا ہے: کاف کی زیر کے ساتھ یعنی کِم۔ اگر یہ ثابت ہو تو یہ بھی اس میں ایک لغت ہے نہ کہ قمیص کی آستین (فتح الباری ج ۵ ص ۸۱۰) علامہ عینی لکھتے ہیں: اس باب میں زمخشری کے قول کا کوئی اعتبار نہیں کیونکہ کُم (کاف پر پیش) کا معنی ہے: قمیص کی آستین اور کِم (کاف پر زیر) کا معنی ہے: شگوفہ یا پھل کا چھلکا، اسی طرح ان دونوں کے درمیان الجوہری وغیرہ نے فرق کیا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۱۹)

وَقَالَ غَيْرُهُ وَيُقَالُ لِلْعِنَبِ إِذَا خَرَجَ أَيْضًا كَافُورٌ وَكُفْرَّى۔ اور دوسروں نے کہا: انگور جب نکلتا ہے تو اس کو بھی کافور اور کفری کہا جاتا ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ تعلیق صرف صحیح بخاری کے المستملی کے نسخہ میں ہے اور اس کے علاوہ کسی اور نسخہ میں نہیں ہے۔ اور الاصمعی وغیرہ نے کہا ہے کہ ہر چیز کے غلاف کو کافور کہتے ہیں۔

وَلِيٌّ حَمِيمٌ الْقَرِيبُ۔ وَلِيٌّ حَمِيمٌ اس کا معنی ہے: قریبی دوست۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

فَإِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَبَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ ۝ (حم السجدہ: ۳۴)

پس اس وقت جس کے اور آپ کے درمیان دشمنی ہے وہ ایسا ہو جائے گا جیسے وہ آپ کا خیر خواہ دوست ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے حمیم کی تفسیر قریبی دوست کے ساتھ کی ہے، اسی طرح اکثرین نے کہا ہے۔

مِنْ مَحِیْصٍ حَاصَ عَنْهُ أَیْ حَادَ۔

محیص یہ حاص بہ معنی حاد سے ماخوذ ہے، حاد کا معنی ہے: ہٹ جانا، الگ ہونا، اعراض کرنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِیْصٍ ۝ (حم السجدہ: ۴۸)

اور ان سے وہ سب گم ہو جائیں گے جن کی اس سے پہلے وہ دنیا میں پرستش کرتے تھے اور وہ یہ سمجھ لیں گے کہ اب ان کے لیے نجات کا کوئی راستہ نہیں ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ محیص کا لفظ حاص یحیص سے ماخوذ ہے اور اس کا معنی ہے: حاد یعنی اعراض کنا، حاصل معنی یہ ہے کہ ان کے لیے بھاگنے کی کوئی جگہ نہیں۔

مِرْیَةٌ وَمُرْیَةٌ وَاحِدٌ أَیْ امْتِرَاءٌ

مِرْیَةٌ اور مُرْیَةٌ دونوں ایک ہیں اور ان کا معنی ہے: شک کرنا اور جھگڑنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَلَآ اِنَّهُمْ فِیْ مِرْیَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ؕ اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ ۝ (حم السجدہ: ۵۴)

سنو! بے شک ان کو اپنے رب سے ملاقات کے متعلق شک ہے، سنو! وہ وہ ہر چیز پر محیط ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: کہ مِرْیَةٌ اور مُرْیَةٌ دونوں کا معنی واحد ہے اور جمہور کی قراءت مِرْیَة ہے یعنی زیر کے ساتھ اور حسن بصری نے کہا: یہ مُرْیَةٌ ہے یعنی پیش کے ساتھ۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ هِیَ وَعِیْدٌ۔

اور مجاہد نے کہا: اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ یعنی تمہارا جو دل چاہے وہ کرو، اس کا حقیقی معنی مراد نہیں ہے بلکہ یہ وعید ہے اور جھڑکنے اور دھمکانے کے طور پر فرمایا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۚ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ۝ (حم السجدہ: ۴۰)

تم جو چاہو کرو بے شک وہ تمہارے کاموں کو خوب دیکھنے والا ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری کی مراد یہ ہے کہ اس آیت میں امر کا صیغہ اپنی حقیقت پر محمول نہیں ہے بلکہ یہ دھمکانے اور جھڑکنے کا امر ہے اور وعید ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ ادْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ أَحْسَنُ الصَّبْرُ عِنْدَ الْغَضَبِ وَالْعَفْوُ عِنْدَ الْإِسَاءَةِ فَإِذَا فَعَلُوْهُ عَصَمَهُمُ اللّٰهُ وَخَضَعَ لَهُمْ عَدُوُّهُمْ كَأَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ أَحْسَنُ (حم السجدہ: ۳۴) (آپ برائی کو اچھے طریقہ سے دور کریں) یعنی غصہ اور غضب کے وقت صبر کریں اور برے سلوک کو معاف کر

Marfat.com

دیں، پس جب لوگ ایسا کریں گے تو اللہ تعالیٰ ان کو (ضرر سے) بچائے گا اور ان کا دشمن ان کے لیے متواضع ہو جائے گا گویا کہ وہ ان کا قریبی دوست ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَ بَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ ﴿۳۴﴾ (حم السجدہ: ۳۴)

سو آپ برائی کو اچھے طریقہ سے دور کریں، پس اس وقت جس کے اور آپ کے درمیان دشمنی ہے وہ ایسا ہو جائے گا جیسے وہ آپ کا خیر خواہ دوست ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اچھے طریقہ کی یہ تفسیر کی ہے کہ غضب کے وقت صبر کیا جائے اور برے سلوک کو معاف کر دیا جائے۔ امام بخاری نے اس تعلیق کو سند موصول کے ساتھ روایت کیا ہے۔ اور مجاہد سے اچھے طریقہ کے متعلق منقول ہے کہ اس سے مراد اسلام کی تعلیمات اور اس کے احکام پر عمل کرنا ہے۔ (ان تمام تعلیقات کی شرح عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۲۰۔۲۱۰ سے اخذ کی گئی ہے)

۱۔ بَابٌ: وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ یَّشْهَدَ عَلَیْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَاۤ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا یَعْلَمُ كَثِیْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ (حم السجدہ: ۲۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور تم اس وجہ سے اپنے گناہ نہیں چھپاتے تھے کہ تمہارے خلاف تمہارے کان، تمہاری آنکھیں اور تمہاری کھالیں گواہی دیں گی، لیکن تمہارا یہ گمان تھا کہ تم جو کچھ کام کر رہے ہو ان کو اللہ نہیں جانتا ○ (حم السجدہ: ۲۲) کی تفسیر

آیت مذکورہ کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: علامہ نسفی نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ تم بے حیائی کے کام کرتے وقت اپنے آپ کو دیواروں اور پردوں کے پیچھے چھپاتے ہو اور تمہارا اپنے آپ کو چھپانا اس وجہ سے نہیں ہے کہ تمہیں یہ خوف ہے کہ تمہارے خلاف تمہارے اعضاء گواہی دیں گے کیونکہ تم کو یہ علم نہیں ہے کہ تمہارے اعضاء تمہارے خلاف گواہی دیں گے بلکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ تم مرنے کے بعد دوبارہ اٹھنے کا اور بداعمالیوں پر سزا کا بالکل انکار کرتے ہو۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۲۰)

۴۸۱۶۔ حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِیْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ یَّشْهَدَ عَلَیْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا اَبْصَارُكُمْ الْاٰیَةَ قَالَ كَانَ رَجُلَانِ مِنْ قُرَیْشٍ وَخَتَنٌ لَهُمَا مِنْ ثَقِیْفَ اَوْ رَجُلَانِ مِنْ ثَقِیْفَ وَخَتَنٌ لَهُمَا مِنْ قُرَیْشٍ فِیْ بَیْتٍ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ اَتَرَوْنَ اَنَّ اللّٰهَ یَسْمَعُ حَدِیْثَنَا قَالَ بَعْضُهُمْ یَسْمَعُ بَعْضَهٗ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَئِنْ كَانَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الصلت بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یزید بن زریع نے حدیث بیان کی از روح بن القاسم از منصور از مجاہد از ابو معمر از حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں: وَ مَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ یَّشْهَدَ عَلَیْكُمْ سَمْعُكُمْ (پوری آیت تک) (اور تم اس وجہ سے اپنے گناہ نہیں چھپاتے تھے کہ تمہارے خلاف تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں گواہی دیں گے)، اس حدیث کا شان نزول یہ ہے کہ قریش کے دو مرد اور ان دونوں کا بیوی کی طرف سے کوئی رشتہ دار

Marfat.com

يَسْمَعُ بَعْضَهُ لَقَدْ يَسْمَعُ كُلَّهُ فَأَنْزَلَتْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا أَبْصَارُكُمْ الْآيَةَ۔

(صحیح البخاری: ۴۸۱۷، ۷۵۲۱، سنن ترمذی: ۳۲۴۸)

قبیلہ ثقیف سے تھا یا دو مرد قبیلہ ثقیف سے تھے اور بیوی کی طرف سے ان کا کوئی رشتہ دار (برادر نسبتی) قریش سے تھا، وہ دونوں کسی ایک گھر میں تھے، پس انہوں نے ایک دوسرے سے کہا: تمہارا کیا گمان ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری باتیں سن رہا ہے؟ ان میں سے کسی نے کہا: بعض باتیں سن رہا ہے تو دوسرے نے کہا: اگر وہ بعض باتیں سن رہا ہے تو وہ سب باتیں سن رہا ہے، تب یہ آیت نازل ہوئی: وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا أَبْصَارُكُمْ (حم السجدۃ: ۲۲) اور تم اس وجہ سے اپنے گناہ نہیں چھپاتے تھے کہ تمہارے خلاف تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں گواہی دیں گی۔

حدیث مذکور کے الفاظ کی شرح

علامہ بدرالدین محمود بن عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کے مشکل الفاظ کے معانی کے بیان میں لکھتے ہیں:

قریش کے دو مرد تھے اور ایک ان کا ختن تھا: بیوی کی طرف سے ہر رشتہ دار کو ختن کہتے ہیں مثلاً برادر نسبتی یا سسر۔

یا قبیلۂ ثقیف کے دو مرد: یہ شک حدیث کے راوی ابو معمر کو ہے، اور امام عبدالرزاق نے حضرت ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ ایک مرد ثقفی تھا اور بیوی کی طرف سے دور رشتہ دار قریشی تھے اور اس میں کوئی شک نہیں تھا۔

ابن بشکوال نے کتاب المبہمات میں لکھا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ قرشی کا نام الاسود بن عبد یغوث تھا اور جو دو ثقفی تھے ان میں سے ایک کا نام اخنس بن شریق تھا اور انہوں نے دوسرے کا نام نہیں بتایا، علامہ ثعلبی نے ذکر کیا ہے اور علامہ بغوی نے اس کی پیروی کی ہے کہ ثقفی کا نام عبد یالیل بن عمرو بن عمیر تھا اور دو قرشی، صفوان اور ربیعہ تھے جو امیہ بن خلف کے بیٹے تھے اور اسماعیل بن محمد تیمی نے اپنی تفسیر میں ذکر کیا ہے کہ قرشی کا نام صفوان بن امیہ تھا اور جو دو ثقفی تھے وہ ربیعہ اور حبیب تھے جو عمرو کے بیٹے تھے۔

اگر وہ بعض باتیں سنتا ہے تو پھر ضرور وہ کل باتیں سنتا ہے: اس تلازم کی دلیل یہ ہے کہ تمام مسموعات کی اللہ تعالیٰ کی طرف نسبت واحد ہے اور تخصیص کرنا کہ وہ بعض باتیں سنتا ہے محض اپنی رائے سے حکم لگانا ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۲۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۲۔ بَابٌ: وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾

(حم السجدہ: ۲۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور تمہارا اپنے رب کے ساتھ یہی گمان ہے جس نے تمہیں ہلاک کر دیا، پس تم نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گئے ○ (حم السجدہ: ۲۳) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: ذلکم کا اشارہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی طرف ہے:

Marfat.com

وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ (حم السجدہ:۲۲)

لیکن تمہارا یہ گمان تھا کہ تم جو کچھ کام کر رہے ہو ان کو اللہ نہیں جانتا ۝

(عمدۃ القاری ج۱۹ ص۲۲۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۱۷۔ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ قَالَ اجْتَمَعَ عِنْدَ الْبَيْتِ قُرَشِيَّانِ وَثَقَفِيٌّ أَوْ ثَقَفِيَّانِ وَقُرَشِيٌّ كَثِيْرَةٌ شَحْمُ بُطُوْنِهِمْ قَلِيْلَةٌ فِقْهُ قُلُوْبِهِمْ فَقَالَ أَحَدُهُمْ أَتَرَوْنَ أَنَّ اللّٰهَ يَسْمَعُ مَا نَقُوْلُ قَالَ الْآخَرُ يَسْمَعُ إِنْ جَهَرْنَا وَلَا يَسْمَعُ إِنْ أَخْفَيْنَا وَقَالَ الْآخَرُ إِنْ كَانَ يَسْمَعُ إِذَا جَهَرْنَا فَإِنَّهُ يَسْمَعُ إِذَا أَخْفَيْنَا فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ ﴿وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ﴾ (حم السجدہ: ۲۲) الْآيَةَ وَكَانَ سُفْيَانُ يُحَدِّثُنَا بِهٰذَا فَيَقُوْلُ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ أَوِ ابْنُ أَبِي نَجِيْحٍ أَوْ حُمَيْدٌ أَحَدُهُمْ أَوِ اثْنَانِ مِنْهُمْ ثُمَّ ثَبَتَ عَلَى مَنْصُوْرٍ وَتَرَكَ ذٰلِكَ مِرَارًا غَيْرَ مَرَّةٍ وَاحِدَةٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي مَنْصُوْرٌ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بِنَحْوِهٖ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں حمیدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا ہمیں منصور نے حدیث بیان کی از مجاہد از ابی معمر از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ، انہوں نے کہا کہ بیت اللہ کے پاس دو قریشی اور ایک ثقفی جمع ہوئے یا دو ثقفی یا اور ایک قریشی جمع ہوئے، ان کے پیٹوں کی چربی تو بہت زیادہ تھی اور ان کے دلوں کی سمجھ بہت کم تھی، پس ان میں سے کسی ایک نے کہا: کیا تمہارا یہ گمان ہے کہ جو کچھ ہم باتیں کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو سن رہا ہے، دوسرے نے کہا: اگر ہم زور سے بولیں تو وہ سنتا ہے اور اگر ہم آہستہ بولیں تو وہ نہیں سنتا اور اس دوسرے نے کہا: اگر وہ ہمارے زور سے بولنے کو سنتا ہے تو وہ ہمارے آہستہ سے بولنے کو بھی سنتا ہے۔ تب اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ (حم السجدہ: ۲۲) اور تم اس وجہ سے اپنے گناہ نہیں چھپاتے تھے کہ تمہارے خلاف تمہارے کان، تمہاری آنکھیں اور تمہاری کھالیں گواہی دیں گی۔ اور سفیان ہمیں یہ حدیث بیان کرتے تھے، پس وہ کہتے تھے: ہمیں منصور نے حدیث بیان کی یا ابن ابی نجیح نے حدیث بیان کی یا حمید نے حدیث بیان کی، ان میں سے ایک نے یا ان میں سے دو نے، پھر وہ منصور ہی کا ذکر کرتے تھے اور دوسروں کا ذکر ایک بار سے زیادہ نہیں کیا۔ امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی عمرو بن علی نے، انہوں نے کہا: ہمیں حدیث بیان کی سفیان ثوری نے، انہوں نے کہا: مجھے حدیث بیان کی منصور نے از مجاہد از ابی معمر از حضرت عبداللہ اسی کی مثل۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۸۱۶ میں گزر چکی ہے۔

حدیث مذکور کے مشکل الفاظ کی شرح حافظ ابن حجر سے

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کے بعض مشکل جملوں کی شرح میں لکھتے ہیں:

Marfat.com

ان کے پیٹوں کی چربی بہت زیادہ تھی اور ان کے دلوں کی سمجھ بہت کم تھی: اس میں یہ اشارہ ہے کہ موٹے آدمی میں ذہانت بہت کم ہوتی ہے، امام شافعی نے کہا: میں نے امام محمد بن الحسن کے علاوہ کسی موٹے آدمی کو عقل مند نہیں دیکھا۔

اگر وہ بعض باتیں سنتا ہے تو پھر ضرور کل باتیں سنتا ہے: کیونکہ تمام مسموعات کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف واحد ہے اور بعض کی تخصیص کرنا محض اپنی رائے سے حکم لگانا ہے۔ اس میں یہ خبر ہے کہ اس قول کا قائل اپنے اصحاب میں زیادہ ذہین تھا اور یقیناً وہ الاخنس بن شریق تھا کیونکہ وہ اس کے بعد مسلمان ہو گیا تھا، اسی طرح صفوان بن امیہ تھا۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۸۱۲، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

شیخ ابن تیمیہ وغیرہ کا اللہ کے نیک بندوں کے وسیلہ سے دعا کرنے والوں کو مشرکین کے برابر قرار دینا باطل ہے

حم السجدۃ: ۲۳، اور صحیح بخاری: ۴۸۱۷۔ ۴۸۱۶ سے یہ معلوم ہوا کہ بعض مشرکین کا یہ عقیدہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کو بعض باتوں کا علم نہیں ہوتا تھا اور اس سے ان لوگوں کا رد ہو جاتا ہے جو کہتے ہیں کہ مشرکین بھی اللہ تعالیٰ کو واحد، عالم اور قادر مانتے تھے لیکن وہ اللہ تعالیٰ کو عبادت کا مستحق نہیں قرار دیتے تھے بلکہ وہ کہتے تھے: ہم بتوں کی اس لیے عبادت کرتے ہیں تا کہ وہ ہمیں اللہ کے قریب کر دیں، سو جو لوگ اللہ کے نیک بندوں کے وسیلہ سے دعا کرتے ہیں اور ان سے مدد مانگتے ہیں وہ بھی ان مشرکین کی طرح ہیں۔ ہم کہتے ہیں: یہ بات محض غلط اور باطل ہے، مشرکین اللہ تعالیٰ کو اس طرح نہیں مانتے تھے جس طرح اسے ماننے کا حق ہے بلکہ حم السجدۃ: ۲۳، سے یہ واضح ہوتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کو عالم بھی نہیں مانتے تھے اور اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں ان کے اس عقیدہ اور قول کو باطل قرار دیا ہے لہٰذا شیخ ابن تیمیہ وغیرہ کا اللہ کے نیک بندوں کے وسیلہ سے دعا کرنے والوں کو مشرکین کے برابر قرار دینا قطعاً باطل اور مردود ہے۔

۳۔ بَابٌ: فَإِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ۔ (حم السجدہ: ۲۴)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اب اگر یہ صبر کریں تب بھی ان کا ٹھکانا دوزخ ہی ہے۔ (حم السجدہ: ۲۴) کی تفسیر

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ پوری آیت اس طرح سے ہے:

فَإِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَإِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ﴿۲۴﴾ (حم السجدہ: ۲۴)

اب اگر یہ صبر کریں تب بھی ان کا ٹھکانا دوزخ ہی ہے اور اگر وہ اللہ کی ناراضگی دور کرنے کو طلب کریں تب بھی وہ ان لوگوں میں سے نہیں ہوں گے جن سے ناراضگی دور کی جائے گی O

یعنی اگر وہ کفار اہل دوزخ کے اعمال کے اوپر صبر کریں تب بھی ان کی اقامت کی جگہ دوزخ ہی ہے اور اگر وہ اللہ کی رضا کو طلب کریں اور اس کی ناراضگی کے دور کرنے کو طلب کریں تب بھی وہ ان لوگوں میں سے نہیں ہوں گے جو اللہ کو راضی کرنے والے ہیں۔

صحیح البخاری: ۴۸۱۷ کی سند کی تحقیق

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہم کو عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہم کو یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہم کو سفیان ثوری نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے منصور نے حدیث بیان کی از مجاہد از مسروق، از عبداللہ، اسی حدیث کی مثل۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: عمرو بن علی بن بحر ابو حفص البصری الصیرفی ہیں اور وہ امام مسلم کے بھی شیخ ہیں اور یحییٰ ابن سعید القطان ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۲۲)

Marfat.com

حافظ ابن حجر لکھتے ہیں: اس حدیث کی ایک اور سند ہے جس کی امام مسلم نے روایت کی ہے از ابوبکر بن خلاد از یحییٰ القطان از سفیان ثوری از سلیمان اور وہ الاعمش ہیں از عمارہ بن عمیر از وہب بن ربیعہ از حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اور گویا کہ امام بخاری نے الاعمش کی سند کو ترک کر دیا کیونکہ ان میں اختلاف تھا، ایک قول تو اس طرح ہے اور دوسرا قول اس طرح ہے: از عمارہ بن عمیر از عبدالرحمٰن بن یزید از حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ، امام ترمذی نے اس حدیث کی دونوں سندوں سے روایت کی ہے۔

(فتح الباری ج ۵ ص ۸۱۲)

میں کہتا ہوں: یہ اسی سند کی تحقیق ہے جو صحیح البخاری: ۸۱۷۴ اور صحیح البخاری: ۸۱۶۴ میں مذکور ہے۔ (سعیدی غفرلہ)

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۂ حم السجدۃ کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی تھیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ان سب کی شرح مکمل ہوگئی، اب اس کے بعد ان شاء اللہ سورۂ حم عسق کی تفسیر شروع کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۴۲۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ حٰمٓ عٓسٓقٓ

سورۂ حم عسق (یعنی سورۃ الشوریٰ) کی تفسیر

سورۂ حم عسق (یعنی سورۃ الشوریٰ) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الشوریٰ کی بعض آیات کی تفسیر ہے، مفسرین نے حم عسق کے بھی بہت معانی ذکر کیے ہیں جن کے ذکر کرنے کا یہ مقام نہیں ہے اور یہ سورت مکی ہے اور مقاتل نے کہا: اس میں مدنی آیات بھی ہیں اور وہ یہ ہیں: ذٰلِكَ الَّذِیْ یُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ (الشوری: ۲۳) اور یہ آیت بھی: وَالَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْیُ هُمْ یَنْتَصِرُوْنَ ۝ یہ آیت یہاں تک ہے: فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَیْهِمْ مِّنْ سَبِیْلٍ ۝ (الشوری: ۳۹۔۴۱) اور سورۂ الشوری میں ترپن (۵۳) آیات ہیں۔

وَیُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَقِیْمًا الَّتِیْ لَا تَلِدُ۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ذکر کیا جاتا ہے کہ عَقِیْمًا کا معنی وہ عورت ہے جس کی اولاد نہ ہوتی ہو، یعنی وہ عورت بانجھ ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَوْ یُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَیَجْعَلُ مَنْ یَّشَآءُ عَقِیْمًا ۭ اِنَّهٗ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ ۝ (الشوری: ۵۰) یا جس کو چاہے بیٹے اور بیٹیاں عطا کر دے اور جس کو چاہے بے اولاد کر دے، وہ بے حد علم والا بہت قدرت والا ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا ہے کہ عقیم وہ عورت ہے جس کی اولاد نہ ہو، اسی طرح ضحاک نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے مگر یہ سند ضعیف اور منقطع ہے، اس وجہ سے امام بخاری نے اس کو وثوق سے نہیں کہا اور کہا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ذکر کیا جاتا ہے۔

رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا الْقُرْاٰنُ۔ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا اس سے مراد قرآن ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَكَذٰلِكَ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا۔ (الشوری: ۵۲) اور اسی طرح ہم نے اپنے حکم سے آپ کی طرف روح (قرآن) کی وحی کی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے روح کی تفسیر قرآن کے ساتھ کی ہے، اسی طرح امام ابن ابی حاتم نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے اور السدی سے منقول ہے کہ روح کا معنی ہے: وحی اور حسن بصری سے منقول ہے: اس کا معنی ہے: رحمت۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ یَذْرَؤُكُمْ فِیْهِ نَسْلٌ بَعْدَ نَسْلٍ۔ اور مجاہد نے کہا: یَذْرَؤُكُمْ فِیْهِ کا معنی ہے: وہ ایک نسل کے بعد دوسری نسل پیدا کرتا ہے۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ ؕ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ⑪ (الشوری:۱۱)

وہ آسمانوں اور زمینوں کا پیدا کرنے والا ہے، اس نے تمہارے لیے تم ہی میں سے جوڑے بنائے اور مویشیوں سے جوڑے بنائے، وہ تمہیں اس میں پھیلاتا ہے اس کی مثل کوئی چیز نہیں ہے، وہ ہر بات کو سننے والا ہر چیز کو دیکھنے والا ہے○

علامہ عینی لکھتے ہیں: يَذْرَؤُكُمْ کا معنی ہے: وہ انسانوں اور مویشیوں میں سے ایک نسل کے بعد دوسری نسل پیدا کرتا ہے، اس طرح السدی نے اس کی تفسیر کی ہے گویا کہ یہ لفظ ذُرِّيَّتٌ کو پیدا کرنے کے ساتھ خاص ہے، اس کے برخلاف بَرَأَ ہے کیونکہ وہ عام ہے۔ يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ کا معنی القتبی نے بیان کیا ہے کہ وہ تمہیں روح میں پیدا کرتا ہے اور جس نے کہا: رحم میں پیدا کرتا ہے اس نے خطاء کی کیونکہ رحم مونث ہے مذکر نہیں ہے۔

لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ لَا خُصُومَةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ۔

لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا یعنی ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی جھگڑا نہیں ہے حُجَّتٌ کا معنی ہے: خصومت یعنی جھگڑا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

اَللّٰهُ رَبُّنَا وَ رَبُّكُمْ ؕ لَنَاۤ اَعْمَالُنَا وَ لَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؕ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَ بَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ⑮ (الشوری:۱۵)

اللہ ہمارا رب ہے اور تمہارا رب ہے، ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال ہیں، ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی ذاتی جھگڑا نہیں، اللہ ہم سب کو جمع فرمائے گا اور اسی کی طرف (سب کو) لوٹنا ہے○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے حُجَّتٌ کی تفسیر خُصُوْمَتٌ یعنی جھگڑے کے ساتھ کی ہے اور بعض نسخوں میں مذکور ہے: ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی خصومت نہیں۔

مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ذَلِيلٍ۔

مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ: اس کا معنی ہے ذلیل اور کمزور نظر سے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ؕ۔ (الشوری:۴۵)

اور آپ ان کو دیکھیں گے کہ ان کو دوزخ پر اس حال میں پیش کیا جائے گا کہ وہ ذلت سے سر جھکائے ہوئے ہوں گے کن انکھیوں سے دیکھ رہے ہوں گے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے خَفِيٍّ کی تفسیر ذلیل اور کمزور کے ساتھ کی ہے، اسی طرح اس کی مجاہد نے تفسیر کی ہے، اور السدی سے منقول ہے کہ وہ چور نظروں سے دیکھ رہے ہوں گے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلَى ظَهْرِهٖ يَسْتَحْرِكْنَ وَلَا يَجْرِيْنَ فِي الْبَحْرِ۔

اور مجاہد کے علاوہ دوسروں نے کہا: فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ کا معنی ہے: وہ جہاز سمندر میں حرکت کرتے رہے یعنی ہلتے جلتے رہے اور سمندر میں چل نہ سکے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ مِنْ اٰیٰتِهِ الْجَوَارِ فِی الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ۝ اِنْ یَّشَاْ یُسْكِنِ الرِّیْحَ فَیَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰی ظَهْرِهٖ۔ (الشوری: ۳۲۔۳۳)

اور اس کی نشانیوں میں سے سمندر میں رواں دواں پہاڑوں کی مانند جہاز ہیں O اور اگر وہ چاہے تو ہوا کو روک لے اور یہ جہاز سطح سمندر پر ٹھہرے کے ٹھہرے رہ جائیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا ہے اور مجاہد کے علاوہ دوسروں نے کہا ہے کہ الشوری ۳۳۔ ۳۲ میں فرمایا ہے: اگر اللہ چاہے تو ہوا کو روک لے اور وہ جہاز سمندر میں موجوں کے تھپیڑے کھاتے رہیں اور ہوا کے رک جانے کی وجہ سے چل نہ سکیں، اور اس آیت میں فرمایا: وَمِنْ اٰیٰتِهِ یعنی اللہ کی وہ بعض علامتیں جو اس کی عظمت اور توحید پر دلالت کرتی ہیں وہ پہاڑوں کی طرح جہاز ہیں جو سمندر میں چلتے ہیں، نیز ارشاد ہے: كَالْاَعْلَامِ یہ علم کی جمع ہے اور خلیل سے منقول ہے: ہر بلند چیز عرب کے نزدیک عَلَم ہے اور ارشاد ہے: رَوَاكِدَ یعنی وہ جہاز ٹھہرے کے ٹھہرے رہ جائیں، نیز ارشاد ہے: عَلٰی ظَهْرِهٖ یعنی سمندر کی پشت پر ہوں اور چل نہ سکیں۔ اگر تم یہ اعتراض کرو کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ وہ جہاز ٹھہرے رہیں اور یہ بھی فرمایا ہے کہ وہ حرکت کریں اور سکون اور حرکت کرنے میں منافات ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ حرکت کرنے کا معنی یہ ہے کہ وہ اپنی جگہ پر ہلتے جلتے رہیں اور سمندر میں چل نہ سکیں اور ان میں کوئی منافات نہیں ہے۔ ہاں! اگر اس آیت کا تعلق زمین سے ہوتا تو حرکت کرنے اور ٹھہرنے میں منافات ہوتی۔

شَرَعُوا ابْتَدَعُوْا۔

شَرَعُوْا کا معنی ہے: انہوں نے دین میں نیا معنی نکالا ہے اور بدعت کی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّیْنِ مَا لَمْ یَاْذَنْۢ بِهِ اللّٰهُ۔ (الشوری: ۲۱)

کیا ان کے لیے کچھ ایسے شریک ہیں جنہوں نے ان کے لیے دین کا ایسا راستہ مقرر کر دیا ہے جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے شَرَعُوْا کی تفسیر اِبْتَدَعُوْا کے ساتھ کی ہے یعنی انہوں نے دین میں ایک نیا طریقہ نکالا ہے اور یہ مقام بدعت کی تفصیل ذکر کرنے کا نہیں ہے۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی کی عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۲۴۔ ۲۲۲ سے اخذ کی گئی ہے]

۱۔ بَابٌ: اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی۔ (الشوریٰ: ۲۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سوا قرابت کی محبت کے۔ (الشوریٰ: ۲۳) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

امام بخاری نے پوری آیت ذکر نہیں کی، پوری آیت اس طرح ہے:

قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی۔ (الشوری: ۲۳)

آپ کہیے کہ میں اس (تبلیغ رسالت) پر تم سے کوئی اجرت طلب نہیں کرتا سوا قرابت کی محبت کے۔

قرابت اور قرابت داروں کی تفسیر

کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لائے تو آپ کو بعض حوادث اور حقوق پیش آئے اور آپ کے ہاتھ میں گنجائش نہیں تھی تو انصار نے کہا: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے ہمیں آپ کے ذریعہ ہدایت دی ہے اور آپ کو ضروریات

Marfat.com

اور حقوق درپیش ہیں اور آپ کے ہاتھ میں گنجائش نہیں ہے تو ہم آپ کے لیے اپنے اموال کو جمع کرتے ہیں تو آپ ان سے اپنی مہمات میں مدد طلب کریں، تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی جس کا معنی یہ ہے: اے محمد (صلی اللہ علیک وسلم!) آپ کہیے کہ میں نے جو تمہیں دلائل اور ہدایات پیش کی ہیں میں تم سے ان پر کوئی اجرت طلب نہیں کرتا ماسوا قرابت کی محبت کے یعنی تم اللہ عزوجل سے محبت کرو اور عبادت کر کے اس کا قرب حاصل کرو، یہ حسن بصری رحمہ اللہ کی تفسیر ہے، انہوں نے کہا: قرابت سے مراد اللہ کا قرب ہے اور عکرمہ، مجاہد، السدی، ضحاک اور قتادہ سے منقول ہے کہ اس آیت کا معنی یہ ہے کہ تم میرے قرابت داروں اور میری عترت اور آل سے محبت رکھو اور تم میری ان میں حفاظت کرو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قرابت داروں کے مصداق میں اختلاف ہے، ایک قول یہ ہے کہ وہ حضرت علی اور حضرت فاطمہ اور ان کے صاحبزادے ہیں رضی اللہ عنہم جو عبدالمطلب کی اولاد ہیں، دوسرا قول یہ ہے جن پر صدقہ حرام کر دیا گیا ہے اور جن پر خمس کو تقسیم کیا جاتا ہے اور وہ بنو ہاشم اور بنو عبدالمطلب ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۲۴، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۱۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ قَالَ سَمِعْتُ طَاوُسًا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ قَوْلِهِ إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَى فَقَالَ سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ قُرْبَى آلِ مُحَمَّدٍ ﷺ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَجِلْتَ إِنَّ النَّبِيَّ ﷺ لَمْ يَكُنْ بَطْنٌ مِنْ قُرَيْشٍ إِلَّا كَانَ لَهُ فِيهِمْ قَرَابَةٌ فَقَالَ إِلَّا أَنْ تَصِلُوا مَا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ مِنَ الْقَرَابَةِ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از عبدالملک بن میسرۃ، انہوں نے کہا: میں نے طاؤس سے سنا از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہ ان سے سوال کیا گیا: اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى یعنی قرابت داروں کی کیا تفسیر ہے؟ تو سعید بن جبیر نے کہا کہ قرابت داروں سے مراد سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل ہے تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم نے عجلت کی ہے، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قریش کے ہر قبیلہ میں قرابت ہے، پس فرمایا: اس آیت کا معنی ہے: مگر یہ کہ تم میرے درمیان اور اپنے درمیان قرابت کو ملاؤ۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۴۹۷ میں گزر چکی ہے۔

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث کی امام ترمذی نے کتاب التفسیر میں روایت کی ہے اور امام نسائی نے بھی اس کی روایت کی ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے کلام کا خلاصہ یہ ہے کہ تمام قریش نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قرابت دار ہیں اور اس آیت سے بنو ہاشم وغیرہ مراد نہیں ہیں جس طرح سعید بن جبیر کے قول کی طرف ذہن متبادر ہوتا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ صفحہ ۲۲۵، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

اس بات کی تحقیق کہ الشوریٰ: ۲۳ کی تفسیر میں صحیح بخاری کی روایت ہی معتمد ہے اور اس کے علاوہ جو دیگر روایات ہیں وہ موضوع ہیں یا ضعیف ہیں

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

امام بخاری نے اس باب میں طاؤس کی حدیث روایت کی ہے اور اس میں مذکور ہے کہ حضرت ابن عباس سے اس آیت کی تفسیر دریافت کی گئی تو سعید بن جبیر نے کہا: قربیٰ سے مراد سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل ہیں تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم نے اس کی

تفسیر کرنے میں عجلت کی ہے۔ حافظ ابن حجر کہتے ہیں: سعید بن جبیر نے جو تفسیر کی ہے اس کی امام طبری نے اپنی سند کے ساتھ از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کی ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو صحابہ نے کہا: یارسول اللہ! وہ آپ کے کون سے قرابت دار ہیں جن سے محبت کرنا ہم پر واجب ہے۔ الحدیث، اور اس حدیث کی سند ضعیف ہے اور یہ ساقط ہے کیونکہ یہ صحیح بخاری کی اس صحیح روایت کے خلاف ہے اور اس کا معنی یہ ہے کہ تم میری قرابت کی وجہ سے مجھ سے محبت کرو اور میری حفاظت کرو اور اس میں خصوصاً قریش سے خطاب ہے اور قربیٰ سے مراد آپ کے عصبات اور رحم کی قرابت ہے گویا کہ آپ نے فرمایا: قرابت کی وجہ سے میری حفاظت کرو اگر تم نبوت کی وجہ سے میری پیروی نہیں کرتے۔ اور علامہ زمخشری نے اس آیت کی تفسیر میں کئی احادیث ذکر کی ہیں جن کا ظاہر یہ ہے کہ وہ احادیث موضوع ہیں اور الزجاج نے اس کو رد کر دیا ہے کیونکہ طاؤس کی جو روایت اس باب کی حدیث میں حضرت ابن عباس سے ہے وہ صحیح ہے اور وہی معتمد ہے اور انہوں نے وثوق سے کہا ہے کہ یہ مستثنیٰ منقطع ہے۔

اس آیت کے سبب نزول میں ایک اور قول ہے جس کی واحدی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ میں آئے اور آپ کو کئی ضروریات پیش آئیں اور آپ کے ہاتھ میں کوئی مال نہیں تھا تو انصار نے مال جمع کیے، پس کہا: یارسول اللہ! آپ ہمارے بھانجے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے سبب سے ہمیں ہدایت دی ہے اور آپ کی ضروریات اور حقوق ہیں اور آپ کے پاس وسعت اور گنجائش نہیں ہے تو ہم نے آپ کے لیے یہ اموال جمع کیے ہیں تاکہ ان سے آپ کام چلائیں، اس وقت یہ آیت نازل ہوئی اور یہ کلبی اور اس کے مماثل کی روایت ہے جو ضعفاء میں سے ہیں اور واحدی نے مقسم کی سند سے حضرت ابن عباس سے بھی یہ روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب انصار کی یہ خبر پہنچی تو آپ نے فرمایا: کیا تم گمراہ نہیں تھے تو اللہ تعالیٰ نے تم کو میرے سبب سے ہدایت دی۔ الحدیث، اور اس حدیث میں مذکور ہے کہ انصار گھٹنوں کے بل گر گئے اور کہنے لگے: ہماری جانیں اور ہمارے اموال آپ کے لیے ہیں تو یہ آیت نازل ہوئی اور یہ حدیث بھی ضعیف ہے اور یہ اس وجہ سے بھی باطل ہے کہ یہ آیت مکی ہے اور انصار مدینہ میں تھے اور اس آیت کے نزول کے سبب میں قوی روایت یہ ہے جو قتادہ سے مروی ہے کہ مشرکین نے کہا کہ شاید محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اپنی تبلیغ پر اجر کو طلب کریں گے اور بعض علماء کا یہ زعم ہے کہ یہ آیت منسوخ ہے اور ثعلبی نے اس کو رد کر دیا ہے کہ اس آیت کا معنی یہ ہے کہ تم اللہ کی اطاعت کر کے اور اس کے نبی کی پیروی کر کے یا صلہ رحم کر کے اللہ کا قرب حاصل کرو اور ان تمام امور کا حکم دائمی ہے منسوخ نہیں ہے۔

اور خلاصہ یہ ہے کہ سعید بن جبیر اور جو ان کے موافقین ہیں مثلاً علی بن حسین اور سدی اور عمرو بن شعیب وغیرہ انہوں نے اس آیت کو اس پر محمول کیا ہے کہ مخاطبین کو یہ حکم دیا ہے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قرابت داروں سے محبت رکھیں اور حضرت ابن عباس نے اس آیت کو اس پر محمول کیا ہے کہ مخاطبین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس سبب سے محبت رکھیں کہ ان کے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان قرابت ہے۔ پہلی صورت میں یہ خطاب تمام مکلفین کے لیے عام ہے اور دوسری صورت میں یہ خطاب قریش کے ساتھ خاص ہے، اور اس کی تائید اس بات سے ہوتی ہے کہ یہ سورت مکی ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ آیت درج ذیل آیت سے منسوخ ہے:

قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ۔ (ص:۸۶) آپ کہیے کہ میں تم سے اس پیغام کو پہنچانے پر کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا۔

اور ہو سکتا ہے کہ یہ حکم عام ہو اور اس باب کی آیت کے مدلول سے اس میں تخصیص کی گئی ہو اور اس کا معنی یہ ہے کہ قریش اپنے رشتہ داروں سے حسن سلوک کرتے تھے اور جب آپ مبعوث کیے گئے تو انہوں نے آپ سے رشتہ منقطع کر لیا تو آپ نے فرمایا: تم

میرے ساتھ بھی اسی طرح رشتہ کو ملاؤ جس طرح تم میرے علاوہ اپنے دوسرے رشتہ داروں کے ساتھ رشتہ کو ملاتے ہو۔ اور امام سعید بن منصور نے شعبی کی سند سے روایت کی ہے کہ اس آیت میں لوگوں نے بہت بحث کی تو میں نے حضرت ابن عباس کی طرف مکتوب لکھ کر ان سے اس آیت کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے جواب میں لکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قریش میں نسب کا واسطہ تھے۔ اور قریش کے ہر قبیلہ میں آپ کا نسب تھا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: آپ کہیے کہ میں اس (تبلیغ رسالت) پر تم سے کوئی اجرت طلب نہیں کرتا سوا قربت کی محبت کے۔ (الشوریٰ: ۲۳) یعنی میری جو تمہارے ساتھ قرابت ہے تم اس قرابت کی وجہ سے مجھ سے محبت رکھو اور میری حفاظت کرو۔

یہاں پر ایک تیسرا قول بھی ہے، اس کی امام احمد نے از مجاہد از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارے پاس جو دلائل اور ہدایت لایا ہوں میں تم سے اس پر کوئی اجرت طلب نہیں کرتا مگر یہ کہ تم اللہ کی عبادت کر کے اس کا قرب حاصل کرو۔ اور اس حدیث کی سند ضعیف ہے اور اس پر اجرت کا اطلاق مجاز ہے اور قربیٰ زلفی اور بشریٰ کی طرح مصدر ہے اور اس کا معنی قرابت ہے اور اس سے مراد اہل قرابت ہیں، یہ اس بناء پر ہے کہ یہ استثناء متصل ہو اور اگر یہ استثناء منقطع ہو تو اس کا معنی یہ ہے کہ میں تم سے بالکل اجرت طلب نہیں کرتا لیکن میں تم سے یہ سوال کرتا ہوں کہ تم مجھ سے اس وجہ سے محبت رکھو کہ میری تمہارے ساتھ رشتہ داری ہے۔ (فتح الباری ج ۵ ص ۸۱۴۔ ۸۱۳، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الشوریٰ کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور ایک حدیث روایت کی تھی ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ سورۃ الزخرف کی تفسیر شروع کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۴۳۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ حٰمٓ الزُّخْرُفِ

سورۂ حم (الزخرف) کی تفسیر

سورۂ حم (الزخرف) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۂ حم الزخرف کی بعض آیات کی تفسیر ہے، صحیح بخاری کے بعض نسخوں میں سورۃ الزخرف مذکور ہے اور بعض نسخوں میں سورۂ حم الزخرف مذکور ہے، مقاتل نے کہا: ایک آیت کے سوا یہ سورت مکی ہے اور وہ آیت یہ ہے: وَسْئَلْ مَنْ اَرْسَلْنَا (الزخرف: ۴۵) اور ابو العباس نے کہا: یہ سورت مکی ہے اور اس میں کوئی اختلاف نہیں، علامہ ابن سیدہ نے کہا: الزخرف کا معنی ہے: سونا، یہ اس کا اصل معنی ہے، پھر ہر مزین چیز کو زخرف کہا گیا اور ہر وہ چیز جس کو مزین کہا گیا وہ زخرف ہے۔ اس سورت میں نواسی (۸۹) آیات ہیں۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ عَلَى أُمَّةٍ عَلَى إِمَامٍ — اور مجاہد نے کہا: عَلٰی اُمَّۃٍ کا معنی ہے: عَلٰی اِمَامٍ یعنی ایک امام پر۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

بَلْ قَالُوْٓا اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝ (الزخرف: ۲۲)

نہیں بلکہ انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک دین پر پایا اور ہم ان ہی کے قدموں کے نشانات پر چل کر ہدایت پانے والے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اُمَّۃٍ کی تفسیر امام کے ساتھ کی ہے، اسی طرح امام ابوعبیدہ نے اس کی تفسیر کی ہے۔ مجاہد نے اس کی تفسیر ملت کی ہے اور امام طبرانی نے حضرت ابن عباس کی روایت سے اس کی تفسیر دین کے ساتھ کی ہے۔

وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ تَفْسِيْرُهُ اَيَحْسِبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُمْ وَلَا نَسْمَعُ قِيْلَهُمْ ﴿اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ﴾ (الزخرف: ۸۰)

وَقِیْلِہٖ یَا رَبِّ اس کا معنی ہے: اور ان کے اس قول کی قسم! اے میرے رب! اس آیت کا ربط درج ذیل آیت کے ساتھ ہے: ان کا یہ گمان ہے کہ ہم ان کی خفیہ باتوں اور سرگوشیوں کو نہیں سنتے۔ (الزخرف: ۸۰)

وَلَا نَسْمَعُ قِيْلَهُمْ۔ — اور ہم ان کی گفتگو کو نہیں سنتے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: بعض مفسرین نے اس تفسیر کا انکار کیا ہے، انہوں نے کہا: یہ تفسیر اس وقت صحیح ہوتی اگر الزخرف: ۸۸ میں وقیلهم ہوتا اور جمع کی ضمیر ہوتی جو مشرکین کی طرف راجع ہوتی جب کہ یہ واحد کی ضمیر ہے جو نبی ﷺ کی طرف راجع ہے، علامہ ثعلبی نے کہا: وقیله یا رب یعنی سیدنا محمد ﷺ نے اپنے رب سے شکایت کرتے ہوئے یہ کہا۔۔۔۔ اور قسم ہے رسول مکرم کے اس قول کی: اے میرے رب! یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان نہیں لائیں گے (الزخرف: ۸۸) سو آپ ان سے درگزر کیجیے اور کہیے: پس ہمارا سلام، پس یہ عنقریب جان لیں گے (الزخرف: ۸۹) اور دوسری تفسیر یہ ہے کہ اس آیت کا معنی ہے کہ اللہ ہی کے پاس قیامت کا علم

Marfat.com

ہے اور آپ کے قول کا علم ہے، اللہ تعالیٰ نے جو فرمایا: آپ کے قول کی قسم! یہ آپ کے مرتبہ کو بلند کرنے کے لیے فرمایا۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَلَوْلَا أَنْ يَكُونَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً لَوْلَا أَنْ جَعَلَ النَّاسَ كُلَّهُمْ كُفَّارًا لَجَعَلْتُ لِبُيُوتِ الْكُفَّارِ سَقْفًا مِنْ فِضَّةٍ وَمَعَارِجَ مِنْ فِضَّةٍ وَهِيَ دَرَجٌ وَسُرُرَ فِضَّةٍ۔

وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً (الزخرف: ۳۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: اس کا معنی ہے: اگر یہ بات نہ ہوتی کہ سب لوگوں کو میں ہی کافر بناؤں گا تو میں ضرور کفار کے گھروں کی چھت چاندی کی بنا دیتا اور ان کی سیڑھیاں چاندی کی بنا دیتا اور ان کے تخت چاندی کے بنا دیتا (مَعَارِجَ کے معانی سیڑھیاں اور زینہ ہیں۔)

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّ مَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ۝ (الزخرف: ۳۳)

اور اگر ایسا نہ ہوتا کہ تمام لوگ کافروں کا گروہ بن جاتے تو ہم رحمٰن کا کفر کرنے والوں کے گھروں کی چھت چاندی کی بنا دیتے اور ان کی وہ سیڑھیاں جن پر وہ چڑھتے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی وہ تفسیر کی ہے جو حضرت ابن عباس نے بیان کی اور اس کی امام ابن جریر نے مجاہد سے روایت کی ہے اور کتب تفسیر میں مذکور ہے: اگر یہ بات نہ ہوتی کہ لوگ کفر پر جمع ہو جاتے، پس تمام لوگ کافر ہو جاتے، یہ اکثر مفسرین کا قول ہے اور ابن زید کی روایت ہے: اگر یہ بات نہ ہوتی کہ تمام لوگ دنیا کی طلب میں اور دنیا کو آخرت پر ترجیح دینے میں امت واحدہ ہو جاتے تو ہم رحمٰن کا کفر کرنے والوں کے گھروں کو چاندی کا بنا دیتے اور ان کی ان سیڑھیوں کو چاندی کا بنا دیتے جن پر وہ چڑھتے ہیں۔

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: ان آیات کا معنی یہ ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ بات ناپسندیدہ نہ ہوتی کہ جب لوگ کافروں کے گھروں میں انواع و اقسام کی نعمتیں اور عیش و عشرت کا سامان دیکھ کر کفر کی رغبت کریں گے اور یہ وہم کریں گے کہ فضیلت کفر میں ہے اور پھر سب لوگ کفر کو اختیار کریں گے تو اللہ تعالیٰ ضرور کافروں کے گھر اور ان کا ساز و سامان چاندی اور سونے کا بنا دیتا، اس جگہ پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے: اگر اللہ تعالیٰ کافروں پر تمام نعمتوں کے دروازے کھول دیتا تو یہ تمام لوگوں کے کفر پر مجتمع ہونے کا سبب بن جاتا، پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی تمام نعمتوں کے دروازے مسلمانوں پر کیوں نہیں کھولے تا کہ یہ تمام لوگوں کے اسلام پر مجتمع ہونے کا سبب بن جاتا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس صورت میں لوگ دنیا کو طلب کرنے کے لیے اسلام کو قبول کرتے اور یہ منافقین کا ایمان ہے، اس لیے حکمت کا تقاضا یہ تھا کہ مسلمانوں کے اوپر دنیا تنگ کر دی جائے حتیٰ کہ جو شخص بھی اسلام کو قبول کرے وہ اسلام کی حقانیت کی وجہ سے اسلام کو قبول کرے اور محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے، اور اب اس کو عظیم ثواب ملے گا کیونکہ اب اس کا اسلام اخلاص پر مبنی ہوگا۔ (انوار تبیان القرآن ص ۷۸۵، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

مُقْرِنِيْنَ مُطِيقِينَ۔

مُقْرِنِيْنَ اس کا معنی ہے: طاقت رکھنے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۝ (الزخرف: ۳۳)

وہ ذات ہر عیب اور نقص سے پاک ہے جس نے سواری کو ہماری قدرت میں کر دیا اور ہم از خود اس پر قادر ہونے والے نہیں تھے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مُقْرِنِيْنَ کی تفسیر کی ہے: مُطِيقِيْنَ یعنی ہم اس پر طاقت رکھنے والے اور اس سواری پر قہر کرنے والے نہیں تھے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ مقرنین قَرَن سے ماخوذ ہے یعنی ہم قوت میں اس کا ہم پلہ نہیں تھے۔

آسَفُونَا أَسْخَطُونَا۔ آسَفُوْنَا کا معنی ہے: اَسْخَطُوْنَا انہوں نے ہم کو غضب ناک کر دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ۝ (الزخرف:۵۵) پھر جب انہوں نے ہمیں ناراض کیا تو ہم نے ان سے انتقام لیا، پھر ہم نے ان سب کو غرق کر دیا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے آسَفُوْنَا کی تفسیر کی ہے: اَسْخَطُوْنَا یعنی انہوں نے ہم کو ناراض کر دیا، اسی طرح حضرت ابن عباس نے اس کی تفسیر کی ہے۔ دوسرا قول یہ ہے: انہوں نے ہم کو غضب ناک کر دیا، تیسرا قول یہ ہے: انہوں نے ہماری مخالفت کی، اور یہ تمام معانی متقارب ہیں۔

يَعْشُ يَعْشَى۔ يَعْشُ اس کا معنی ہے: يَعْشَى یعنی اندھا بن جائے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ۝ (الزخرف:۳۶) اور جو شخص رحمٰن کی یاد سے (غافل ہو کر) اندھا ہو جاتا ہے ہم اس کے لیے ایک شیطان کو مسلط کر دیتے ہیں سو، وہی اس کا ساتھی ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے يَعْشُ کی تفسیر يَعْشَى کے ساتھ کی ہے، اس کا معنی ہے: جس کی نظر کمزور ہو، حضرت ابن عباس نے اس کو زبر کے ساتھ پڑھا ہے یعنی يَعْشَ اس کا معنی ہے: جو ظلم کرتا ہے اور اس کی بینائی کمزور ہو جاتی ہے، القرظی سے منقول ہے: جو اپنی پیٹھ پھیرتا ہے اور ذکر رحمٰن سے مراد قرآن ہے اور نقیض لہ کا معنی ہے: ہم اس کے ساتھ ملا دیتے ہیں اور اس پر مسلط کر دیتے ہیں۔ فھولہ قرین کا معنی ہے: وہ اس کا ایسا ساتھی ہے جو اس سے جدا نہیں ہوتا۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ أَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ أَيْ تُكَذِّبُوْنَ بِالْقُرْآنِ ثُمَّ لَا تُعَاقَبُوْنَ عَلَيْهِ۔ اور مجاہد نے کہا: اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ (الزخرف:۵) یعنی تم قرآن کی تکذیب کرتے ہو، پھر تم کو اس پر سزا نہیں دی جاتی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ۝ (الزخرف:۵) تو کیا ہم اس وجہ سے تم کو نصیحت کرنے سے اعراض کریں گے کہ تم حد سے گزرنے والے لوگ ہو O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ تم قرآن کی تکذیب کرتے ہو، پھر تم کو سزا نہیں دی جاتی؟ یعنی کیا ہم قرآن کی تکذیب کرنے والوں سے اعراض کر لیں اور ان کو سزا نہ دیں؟ دوسرا قول یہ ہے کہ اس آیت کا معنی یہ ہے: کیا ہم تم سے عذاب کو دور کر دیں اور تم سے اعراض کر لیں اور تم کو چھوڑ دیں اور تم کو تمہارے کفر پر سزا نہ دیں، یہ تفسیر بھی حضرت ابن عباس اور سدی سے منقول ہے اور الکسائی سے منقول ہے: کیا ہم تم سے نصیحت کو لپیٹ لیں، پس نہ تم کو دعوت دی جائے اور نہ نصیحت کی جائے۔

وَمَضٰى مَثَلُ الْأَوَّلِيْنَ سُنَّةُ الْأَوَّلِيْنَ۔ وَمَضٰى مَثَلُ الْأَوَّلِيْنَ اس کا معنی ہے: اور پہلے لوگوں کا طریقہ گزر چکا ہے۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ (الزخرف:۸)

سو ہم نے ان میں سے ان کو ہلاک کر دیا جن کی گرفت بہت سخت تھی اور پہلے لوگوں کی مثال گزر چکی ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مثل الاولین کی تفسیر کی ہے: سنۃ الاولین اور دوسرا قول ہے: ان کا طریقہ اور ان کی سزا۔

وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ يَعْنِي الْإِبِلَ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ۔

وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ یعنی اونٹ، گھوڑے، خچر اور گدھے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۝ (الزخرف:۱۳)

تاکہ تم ان (مویشیوں) کی پیٹھوں پر جم کر سوار ہو سکو، پھر تم اپنے رب کی نعمت کو یاد کرو جب تم ان پر سیدھے بیٹھ جاؤ اور تم یہ کہو: وہ ذات ہر عیب اور نقص سے پاک ہے جس نے اس سواری کو ہماری قدرت میں کر دیا اور ہم از خود اس پر قادر ہونے والے نہیں تھے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت میں لَهٗ کی ضمیر اَنْعَامٌ یعنی مویشیوں کی طرف لوٹتی ہے اور مذکر کی ضمیر اس لیے لائے ہیں کہ اَنْعَامٌ معنیٰ جمع ہے جیسے الجن، الجیش اور الرھط وغیرہ جو اسماء جنس ہیں۔

يَنْشَأُ فِي الْحِلْيَةِ الْجَوَارِي جَعَلْتُمُوْهُنَّ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا فَكَيْفَ تَحْكُمُوْنَ۔

يَنْشَأُ فِي الْحِلْيَةِ اس کا معنیٰ ہے: جو زیورات میں پلتی ہو۔ اس سے مراد وہ لڑکیاں ہیں جن کو تم نے رحمٰن کی اولاد قرار دیا ہے، پس تم یہ کیسا حکم لگاتے ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَوَمَنْ يُّنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ ۝ (الزخرف:۱۸)

کیا وہ جو زیورات میں پلتی ہو اور دوران بحث اپنا موقف واضح نہ کر سکے ○ (وہ لڑکی اللہ کی اولاد ہو سکتی ہے؟)

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا: جو لڑکی زیورات میں پل کر بڑی ہوئی ہو، اور اس کی تفسیر لڑکیوں کے ساتھ کی ہے، خلاصہ یہ ہے کہ تم نے عورتوں کو اللہ کی اولاد قرار دیا کیونکہ مشرکین نے کہا تھا کہ فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں، پس تم اللہ کے لیے یہ حکم کیسے لگاتے ہو جب کہ تم اپنے لیے بیٹیوں کو پسند نہیں کرتے۔

لَوْ شَاءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنَاهُمْ يَعْنُوْنَ الْأَوْثَانَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ أَيِ الْأَوْثَانُ إِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ۔

لَوْ شَاءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ یعنی اگر رحمٰن چاہتا تو ہم بتوں کی عبادت نہ کرتے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ان کو اس بات کا علم نہیں ہے (الزخرف:۲۰) یعنی بت اس بات کو نہیں جانتے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝ (الزخرف:۲۰)

اور انہوں نے کہا: اگر رحمٰن چاہتا تو ہم ان کی عبادت نہ کرتے، انہیں اس کا کچھ علم نہیں، وہ محض اٹکل پچو سے باتیں کرتے ہیں ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا ہے کہ وہ بتوں کا ارادہ کرتے ہیں اور قتادہ نے کہا: وہ فرشتوں کا ارادہ کرتے ہیں اور عام

Marfat.com

مفسرین کے نزدیک مَاعَبَدْتُهُمْ کی ھم ضمیر بتوں کی طرف راجع ہے اور بتوں کو ذوی العقول کے منزلہ میں نازل کر کے اللہ تعالیٰ نے مذکر کی ضمیر ذکر کی ہے، نیز اللہ تعالیٰ نے فرمایا: انہیں اس کا کچھ علم نہیں۔ وہ محض اٹکل پچو سے باتیں کرتے ہیں یعنی جھوٹ بولتے ہیں۔

فِی عَقِبِهٖ وَلَدِهٖ۔ فِیْ عَقِبِهٖ اس کا معنی ہے: وَلَدِهٖ یعنی اپنی اولاد میں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً فِيْ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾ (الزخرف: ۲۸) اور (ابراہیم) نے اس (عقیدۂ توحید) کو اپنی نسل میں باقی رکھا تا کہ ان کی اولاد اس عقیدہ کی طرف رجوع کرے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اَلْعَقِب کی تفسیر وَلَدْ کے ساتھ کی ہے اور اس سے مراد جنس وَلَدْ ہے حتیٰ کہ وَلَدُ الْوَلَدْ (پوتا) بھی اس میں داخل ہو جائے، اور ابن فارس نے کہا: بلکہ تمام وَرَثَۃْ عَقِبْ ہیں اور کلمہ بَاقِیَۃ سے مراد ہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔

مُقْتَرِنِيْنَ يَمْشُوْنَ مَعًا۔ مُقْتَرِنِيْنَ کا معنی ہے: ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَوْ لَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ (الزخرف: ۵۳) (اگر یہ واقعی رسول ہے تو) اس کو سونے کے کنگن کیوں نہیں پہنائے گئے یا اس کے ساتھ فرشتے چلتے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مُقْتَرِنِيْنَ کی تفسیر کی ہے: ساتھ ساتھ چلتے یعنی ان کی پیروی میں ساتھ ساتھ چلتے۔

سَلَفًا قَوْمُ فِرْعَوْنَ سَلَفًا لِكُفَّارِ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ ﷺ وَمَثَلًا عِبْرَةً۔ سَلَفًا یعنی فرعون کی قوم سیدنا محمد ﷺ کی امت کے کفار کے لیے سلف ہے، اور ان کے لیے مثل ہے یعنی عبرت ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ (الزخرف: ۵۶) پھر ہم نے ان کو قصہ پارینہ بنا دیا اور بعد کے لوگوں کے لیے ضرب المثل بنا دیا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی ہم نے قوم فرعون کو اس امت کے کفار کے لیے سلف بنا دیا اور کتب تفسیر میں مذکور ہے: سلف کا معنی ہے: گزری ہوئی پہلی امتیں اور مثلاً کا معنی ہے: بعد میں آنے والوں کے لیے عبرت بنا دیا۔

يَصِدُّوْنَ يَضِجُّوْنَ۔ يَصِدُّوْنَ اس کا معنی ہے يَضِجُّوْنَ یعنی چلانے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ﴿۵۷﴾ (الزخرف: ۵۷) اور جب ابن مریم کی مثال بیان کی گئی تو آپ کی قوم (خوشی سے) چلانے لگی O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے يَصِدُّوْنَ کی تفسیر يَضِجُّوْنَ کی ہے، اس کا معنی ہے: وہ چلاتے ہیں اور بعض نے اس کو پیش کے ساتھ پڑھا ہے یعنی يَصُدُّوْن، اس کا معنی ہے: وہ درپے ہوتے ہیں۔ اور الکسائی نے کہا ہے: یہ ایک معنی کی دو لغتیں ہیں۔

مُبْرِمُوْنَ مُجْمِعُوْنَ۔ مُبْرِمُوْنَ اس کا معنی ہے: مُجْمِعُوْن یعنی اجماعی فیصلہ کرنے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ کیا انہوں نے کسی کام کو پکا کرلیا ہے بے شک ہم بھی پکا کام کرنے والے ہیں ○ (الزخرف:۷۹)

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مبرمون کی تفسیر مُجْمِعُوْنَ کی ہے، دوسرا قول ہے کہ اس کی تفسیر مُحْکِمُوْن ہے، یعنی کیا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف کسی سازش کو پکا کرلیا ہے تو ہم بھی ان کے خلاف پکا کام کرنے والے ہیں۔

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: مقاتل نے کہا: یہ آیت اس موقع پر نازل ہوئی تھی جب کفار مکہ نے دار الندوہ میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف خفیہ سازش کی تھی کہ ہر قبیلہ کا ایک ایک فرد مل کر اچانک سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حملہ کر کے آپ کو قتل کر دے تاکہ تمام قبائل آپ کو قتل کرنے میں مشترک ہوں اور کسی ایک قبیلہ پر الزام نہ آئے اور آپ کی دیت اور خون بہا کا مطالبہ کمزور ہوجائے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ہم بھی پکا کام کرنے والے ہیں یعنی ان کی سازش کا توڑ کرنے والے ہیں۔

(انوار تبیان القرآن ص ۷۹۰، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

أَوَّلُ الْعَابِدِيْنَ أَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ أَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ اس کا معنی ہے: أَوَّلُ المومنين۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ آپ کہیے: اگر رحمٰن کا بیٹا ہوتا تو میں سب سے پہلے (اس کی) عبادت کرنے والا ہوتا ○ (الزخرف:۸۱)

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے العابدین کی تفسیر المومنین کے ساتھ کی ہے اور مجاہد نے اس کی تفسیر کی ہے: میں سب سے پہلے اللہ پر ایمان لانے والا ہوں، تم جو چاہو کہو، اور کتب تفسیر میں مذکور ہے: اگر تمہارے زعم اور تمہارے قول کے مطابق اللہ کا بیٹا ہوتا تو میں سب سے پہلے اللہ کو واحد ماننے والا ہوں اور اللہ پر ایمان لانے والا ہوں اور تمہاری تکذیب کرنے والا ہوں اور تم جو کہتے ہو کہ اللہ کا بیٹا ہے تو میں سب سے پہلے اس کا انکار کرنے والا ہوں، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رحمٰن کا کوئی بیٹا نہیں ہے اور میں سب سے پہلے اس کی شہادت دینے والا ہوں۔

وَقَالَ غَيْرُهُ اِنَّنِىْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ الْعَرَبُ تَقُوْلُ نَحْنُ مِنْكَ الْبَرَاءُ وَالْخَلَاءُ وَالْوَاحِدُ وَالِاثْنَانِ وَالْجَمِيْعُ مِنَ الْمُذَكَّرِ وَالْمُؤَنَّثِ يُقَالُ فِيْهِ بَرَاءٌ لِاَنَّهٗ مَصْدَرٌ وَلَوْ قَالَ بَرِيْءٌ لَقِيْلَ فِى الِاثْنَيْنِ بَرِيْئَانِ وَفِى الْجَمِيْعِ بَرِيْئُوْنَ وَقَرَاَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنَّنِىْ بَرِيْءٌ بِالْيَاءِ

اور مجاہد کے علاوہ دوسروں نے کہا: اِنَّنِیْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۶﴾ (الزخرف:۲۶) (ابراہیم نے اپنی قوم سے کہا: بے شک میں ان سے بیزار ہوں جن کی تم عبادت کرتے ہو ○) اور عرب کہتے ہیں: نحن منك اَلْبَرَاءُ وَ الْخَلَاءُ ہم تم سے بیزار ہیں اور الگ ہیں اور اس میں واحد، تثنیہ، جمع مذکر اور جمع مونث سب برابر ہیں۔ اس میں کہا جاتا ہے: بَرَآءٌ کیونکہ یہ مصدر ہے اور اگر اس نے کہا: بَرِیْءٌ تو پھر تثنیہ میں بَرِیْئَانِ کہا جائے گا اور جمع میں بَرِیْئُوْن کہا جائے گا اور حضرت عبداللہ کی قراءت ہے: اِنَّنِیْ بَرِیْءٌ یاء کے ساتھ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖٓ اِنَّنِىْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۶﴾ (الزخرف:۲۶) اور یاد کیجئے جب ابراہیم نے اپنے (عرفی) باپ اور اپنی قوم سے کہا: بے شک میں ان سے بیزار ہوں جن کی تم عبادت کرتے ہو ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا اس میں بَرَآءٌ کہا جائے گا کیونکہ یہ مصدر ہے یعنی اس کو صفت کا قائم مقام کیا گیا ہے، کہا جاتا ہے: میں نے تم کو دُیُوْن یعنی قرضوں سے اور عیوب سے بری کر دیا۔ امام بخاری نے کہا: اور جمع میں برینون کہا جائے گا اور اس میں براء بھی کہا جاتا ہے جیسے فقیہ اور فقہاء اور اس میں بِرَآءٌ یعنی باء کی زیر کے ساتھ بھی کہا جاتا ہے جیسے کریم اور کرام اور اَبْرَآءٌ بھی کہا جاتا ہے جیسے شَرِیْفٌ اور اَشْرَافٌ اور اَبْرِیَآءُ بھی کہا جاتا ہے جیسے نَصِیْبٌ اور اَنْصِبَآءُ اور مونث میں کہا جاتا ہے: اِمْرَءَۃٌ بَرِیْئَۃٌ وَھُمَا بَرِیْئَتَانِ وَھُنَّ بَرِیْئَاتٌ وَ بَرَآیَا اور یہ اہل نجد کی لغت ہے اور پہلی لغت اہل حجاز کی ہے۔ امام بخاری نے کہا: اور حضرت عبداللہ کی قرأت ہے: اس سے مراد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہیں۔

وَالزُّخْرُفُ الذَّھَبُ مَلَائِکَۃٌ یَخْلُفُوْنَ یَخْلُفُ بَعْضُھُمْ بَعْضًا۔

وَالزُّخْرُف اس کا معنی ہے: اَلذَّھَبُ یعنی سونا۔ مَلَائِکَۃٌ یَخْلُفُوْنَ: اس کا معنی ہے: فرشتے ایک دوسرے کے پیچھے آتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْکُمْ مَّلٰٓئِکَۃً فِی الْاَرْضِ یَخْلُفُوْنَ ۝ (الزخرف:۶۰)

اور اگر ہم چاہتے تو تمہاری جگہ فرشتے پیدا کر دیتے جو تمہارے بعد زمین میں رہتے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یَخْلُفُوْن کی تفسیر کی ہے: وہ ایک دوسرے کے بعد آتے ہیں۔ امام عبدالرزاق نے از معمر از قتادہ اسی طرح روایت کی ہے اور اس کے آخر میں ہے: ابن آدم کی جگہ یعنی تمہارے ہاں ابن آدم کی جگہ فرشتے پیدا ہوتے اور وہ زمین پر رہتے اور ایک دوسرے کے بعد آتے۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج۱۹ ص۲۲۹۔۲۲۵ میں کی ہے]

۱۔ بَابٌ۔ وَنَادَوْا یٰمٰلِکُ لِیَقْضِ عَلَیْنَا رَبُّکَ ؕ قَالَ اِنَّکُمْ مّٰکِثُوْنَ ۝ (الزخرف:۷۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور وہ (دوزخ کے نگران فرشتے سے) پکار کر کہیں گے: اے مالک! چاہیے کہ تمہارا رب ہمیں ختم کر دے، وہ کہے گا: تم اس میں ہمیشہ رہنے والے ہو ○ (الزخرف:۷۷) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:
یعنی کفار دوزخ میں دوزخ کے محافظ مالک سے پکار کر کہیں گے: چاہیے کہ تمہارا رب ہمارا خاتمہ کر دے یعنی ہم کو مار ڈالے تاکہ ہم اس عذاب سے نجات پالیں تو ایک ہزار سال بعد مالک ان کو جواب دے گا: تم اس عذاب میں ہمیشہ رہو گے اور امام ابن جوزی نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ وہ چالس (۴۰) سال تک مالک سے پکار کر کہتے رہیں گے، پھر اس کے بعد وہ ان کو جواب دے گا کہ تم اس دوزخ میں ہمیشہ رہو گے، پھر وہ پکاریں گے: اے رب العزت! ہم کو اس دوزخ سے نکال دے، اللہ تعالیٰ ان کو کوئی جواب نہیں دے گا حتیٰ کہ اتنا عرصہ گزر جائے گا جتنی دنیا کی عمر ہے، پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تم دوزخ میں دفع ہو جاؤ اور مجھ سے بات نہ کرو۔

۴۸۱۹۔ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْھَالٍ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَۃَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عَطَاءٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ یَعْلَی عَنْ اَبِیْہِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ ﷺ یَقْرَأُ عَلَی الْمِنْبَرِ وَنَادَوْا یٰمٰلِکُ لِیَقْضِ عَلَیْنَا رَبُّکَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان بن عیینہ نے حدیث بیان کی از عمرو از عطاء از صفوان بن یعلیٰ از والد خود وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے سنا، نبی ﷺ منبر پر پڑھ رہے تھے: وَ نَادَوْا یٰمٰلِکُ

لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ (الزخرف: ۷۷) (اور وہ دوزخ کے نگران فرشتے سے) پکار کر کہیں گے: اے مالک! چاہیے کہ تمہارا رب ہمیں ختم کر دے)۔

وَقَالَ قَتَادَةُ مَثَلًا لِلْآخِرِينَ عِظَةً لِمَنْ بَعْدَهُمْ۔ اور قتادہ نے کہا: مَثَلًا لِلْآخِرِيْنَ اس کا معنی ہے: بعد والوں کے لیے نصیحت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّ مَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ (الزخرف: ۵۶) پھر ہم نے ان کو قصہ پارینہ بنا دیا اور بعد کے لوگوں کے لیے ضرب المثل بنا دیا○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی ان کو بعد والوں کے لیے نصیحت بنا دیا۔ امام بخاری نے عِظَةٌ کا لفظ لکھا ہے، یہ اصل میں مَوْعِظَةٌ ہے، واؤ کو اس سے حذف کر دیا گیا چونکہ اس کے فعل میں بھی واؤ کو حذف کیا گیا ہے اور اس کی گردان اس طرح ہے: وَعَظَ يَعِظُ، يَعِظُ اصل میں يَوْعِظُ تھا، اس سے واؤ کو حذف کر دیا گیا۔

وَقَالَ غَيْرُهُ مُقْرِنِيْنَ ضَابِطِيْنَ يُقَالُ فُلَانٌ مُقْرِنٌ لِفُلَانٍ ضَابِطٌ لَهُ۔ اور قتادہ کے علاوہ دوسروں نے کہا: مُقْرِنِيْن کا معنی ہے: ضَابِطِيْن یعنی قابو میں لانے والے، کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص فلاں کا مُقْرِن ہے یعنی وہ اس کو قابو میں لانے والے ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ (الزخرف: ۱۳) وہ ذات ہر عیب اور نقص سے پاک ہے جس نے سواری کو ہمارے قابو میں کر دیا اور ہم از خود اس کو قابو میں لانے والے نہیں تھے○

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس تعلیق کی تفصیل اور تحقیق پہلے گزر چکی ہے۔

وَالْأَكْوَابُ الْأَبَارِيقُ الَّتِي لَا خَرَاطِيمَ لَهَا۔ اَلْاَكْوَابُ اس سے مراد وہ لوٹے ہیں جن کی ٹوٹی نہ ہو، خَرَاطِيْم خُرْطُوْم کی جمع ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّ اَكْوَابٍ۔ ان کے گرد سونے کی پلیٹوں اور گلاسوں کو گردش میں لایا جائے گا۔ (الزخرف: ۷۱)

علامہ عینی کہتے ہیں: الاکواب اَلْكُوْبَة کی جمع ہے اور علامہ زمخشری نے کہا ہے: اَلْكُوْب اور اَلْكُوْز اس لوٹے کو کہتے ہیں جس کا دستہ اور ٹوٹی نہ ہو۔

وَقَالَ قَتَادَةُ فِي أُمِّ الْكِتَابِ جُمْلَةِ الْكِتَابِ أَصْلِ الْكِتَابِ۔ اور قتادہ نے کہا: فِيْ اُمِّ الْكِتٰبِ (الزخرف: ۴) اس کا معنی ہے: جملۃ الکتاب، اصل الکتاب۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاِنَّهٗ فِيْ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿۴﴾ (الزخرف: ۴) بے شک یہ لوح محفوظ میں ہمارے نزدیک بہت بلند مرتبہ، بہت

حکمت والی ہے○

علامہ عینی لکھتے ہیں: قتادہ نے ام الکتاب کی تفسیر جملۃ الکتاب اور اصل الکتاب کی ہے اور مفسرین نے کہا ہے کہ ام الکتاب سے مراد لوح محفوظ ہے جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔

أَوَّلُ الْعَابِدِينَ أَيْ مَا كَانَ فَأَنَا أَوَّلُ الْآنِفِينَ وَهُمَا لُغَتَانِ رَجُلٌ عَابِدٌ وَعَبِدٌ وَقَرَأَ عَبْدُ اللهِ وَقَالَ الرَّسُولُ يَا رَبِّ وَيُقَالُ أَوَّلُ الْعَابِدِينَ الْجَاحِدِينَ مِنْ عَبِدَ يَعْبَدُ

أَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ۝ (الزخرف:۸۱) اس کا معنی ہے: میں سب سے پہلے انکار کرنے والا ہوں اور یہ دونوں لغتیں ہیں رَجُلٌ عَابِدٌ یعنی عبادت کرنے والا مرد وَعَبِدٌ یعنی انکار کرنے والا۔ اور حضرت عبداللہ (بن مسعود) نے قرأت کی: وقال الرسول یا رب: یعنی رسول نے کہا: اے میرے رب! اور کہا جاتا ہے کہ اول العابدین کا معنی ہے میں سب سے پہلے انکار کرنے والا ہوں، یہ دوسری لغت ہے جس کی گردان عَبِدَ يَعْبَدُ سے ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: عنقریب اول العابدین کی یہ تفسیر گزر چکی ہے کہ اگر بافرض رحمٰن کا بیٹا ہوتا تو میں سب سے پہلے اس کی عبادت کرنے والا ہوتا۔ امام بخاری نے عابدین کا دوسرا معنی بنانے کے لیے یہاں اس کو دوبارہ ذکر کیا ہے اور دوسرا معنی ہے: فَأَنَا أَوَّلُ الْآنِفِينَ یعنی میں سب سے پہلے اس کا انکار کرنے والا ہوں کیونکہ عابدین یہاں پر عَبِدَ يَعْبَدُ سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے: انکار کرنے والا، اور الجوہری نے کہا ہے: عَبِدَ کا معنی ہے: غضب اور عبد کا معنی ہے: انکار۔ امام بخاری نے کہا: عَبِدَ يَعْبَدُ سے عَبِدَ کا معنی ہے انکار کیا اور علامہ ابن التین نے کہا کہ اہل لغت نے اس کا ذکر نہیں کیا کہ عَبِدَ کا معنی ہے: انکار کیا اور اس کا محمد بن عزیز السجستانی نے رد کیا ہے اور کہا ہے کہ عابدین کا معنی ہے: انکار کرنے والے اور اس بناء پر تفسیر کی ہے کہ اگر رحمن کا ولد ہو تو میں سب سے پہلے انکار کرنے والا ہوں اور سدی نے کہا ہے: اس کا معنی اس طرح ہے کہ اگر رحمٰن کا ولد ہوتا تو میں سب سے پہلے اس کی عبادت کرنے والا تھا لیکن رحمٰن کا کوئی ولد نہیں ہے اور ابو عبیدہ نے کہا: اس کا معنی اس طرح ہے کہ رحمٰن کا ولد نہیں ہے اور میں سب سے پہلے اس کی عبادت کرنے والا ہوں۔ امام بخاری نے کہا: اور عبداللہ نے پڑھا یعنی حضرت ابن مسعود نے وَقِيلِهِ يٰرَبِّ (الزخرف:۸۸) میں یارب کی جگہ قال الرسول یا رب پڑھا۔ علامہ عینی اعتراض کرتے ہیں: امام بخاری کو چاہیے تھا کہ اس بات کو (الزخرف:۸۸) کی تفسیر میں ذکر کرتے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۳۱۔ ۲۳۰، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۳۱ھ)

۲۔ بَابٌ: أَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا أَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُسْرِفِينَ ۝ (الزخرف:۵)

مُشْرِكِينَ

وَاللهِ لَوْ أَنَّ هَذَا الْقُرْآنَ رُفِعَ حَيْثُ رَدَّهُ أَوَائِلُ هَذِهِ الْأُمَّةِ لَهَلَكُوا فَأَهْلَكَنَا أَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَمَضَى مَثَلُ الْأَوَّلِينَ عُقُوبَةُ الْأَوَّلِينَ۔

۲۔ باب: تو کیا ہم اس وجہ سے تم کو نصیحت کرنے سے اعراض کریں کہ تم حد سے گزرنے والے لوگ ہو○ (الزخرف:۵) کی تفسیر

مسرفین کا معنی ہے: مشرکین اور اللہ کی قسم! اگر اس قرآن کو اس وقت اٹھا لیا جاتا جب اس امت کے پہلے لوگوں نے اس کو مسترد کر دیا تھا تو سب ہلاک ہو جاتے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: مسرفین کا معنی ہے: مشرکین یعنی جو حد سے تجاوز کرنے والے ہیں اور اللہ کے حکم سے تجاوز کرنے والے

Marfat.com

ہیں، لیکن اللہ عزوجل نے اپنے بندوں پر رحمت کے ساتھ رجوع کیا اور بیس (۲۰) سال تک یا جب تک اللہ نے چاہا ان کو اس قرآن کی طرف دعوت دیتا رہا۔

فَاَهْلَكْنَاۤ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ (الزخرف:۸) (سو ہم نے ان میں سے ان کو ہلاک کر دیا جن کی گرفت بہت سخت تھی اور پہلے لوگوں کی مثال گزر چکی ہے) یعنی پہلے لوگوں کی سزا گزر چکی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اسی طرح قتادہ سے روایت ہے اور امام عبدالرزاق نے معمر سے روایت کی ہے اور مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ کی تفسیر کی ہے: عُقُوْبَةُ الْاَوَّلِيْنَ یعنی پہلے لوگوں کی سزا۔

جُزْءًا عِدْلًا۔ جُزْءًا اس کا معنی ہے: عِدْلًا یعنی حصہ اور بعض۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ جَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ (الزخرف:۱۵) اور انہوں نے بعض اللہ کے بندوں کو اس کا جزء قرار دے دیا، بے شک انسان ضرور کھلا ہوا ناشکرا ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے جزءً کی تفسیر عِدْلًا کی ہے یعنی بعض اور کتب تفسیر میں مذکور ہے یعنی حصہ اور بعض۔ کیونکہ مشرکین کہتے تھے: فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کے اس قول سے بہت بلند ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۳۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الزخرف کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ سورۂ حم الدخان کی تفسیر شروع ہو گئی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۴۴۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ حٰمٓ الدُّخَانِ

سورۃ (حم) الدخان کی تفسیر

سورۃ (حم) الدخان کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الدخان کی بعض آیات کی تفسیر ہے۔ صحیح بخاری کے بعض نسخوں میں حم الدخان لکھا ہے اور بعض نسخوں میں صرف الدخان لکھا ہے۔ مقاتل نے کہا: یہ پوری سورت مکی ہے، اور ابوالعباس نے کہا کہ اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے اور اس سورت میں انسٹھ (۵۹) آیات ہیں۔

امام ترمذی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت کی ہے: جس شخص نے رات کو سورۂ حم الدخان کی تلاوت کی تو اس کے لیے صبح کو ستر ہزار فرشتے استغفار کرتے ہیں، اور امام ترمذی نے کہا: یہ حدیث غریب ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جس شخص نے جمعہ کی رات میں سورۂ حم الدخان پڑھی اس کی مغفرت کردی جائے گی:

وَقَالَ مُجَاهِدٌ رَهْوًا طَرِيقًا يَابِسًا وَيُقَالُ رَهْوًا سَاكِنًا۔

اور مجاہد نے کہا: رَهْوًا کا معنی ہے: خشک راستہ اور کہا جاتا ہے کہ رَهْوًا کا معنی ہے: ساکن۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ۖ إِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُونَ ۝ (الدخان: ۲۴)

آپ سمندر کو یوں ہی ساکن چھوڑ کر چلے جائیں، بے شک ان کا لشکر غرق کردیا جائے گا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے رَهْوًا کی تفسیر خشک راستہ سے کی ہے اور حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ سمندر جس طرح ہے اس کو اسی طرح چھوڑ کر چلے جائیں، اور ابوعبیدہ نے تفسیر کی ہے: خشک راستہ۔

عَلَى عِلْمٍ عَلَى الْعَالَمِينَ عَلَى مَنْ بَيْنَ ظَهْرَيْهِ۔

عَلٰی عِلْمٍ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ اس کا معنی ہے: علی من بین ظھریہ یعنی ان لوگوں پر جو ان کے درمیان ہیں ان پر ان کو برتری دی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ (الدخان: ۳۲)

اور ہم نے بنی اسرائیل کو دانستہ اس وقت تمام جہانوں پر فضیلت عطا کی تھی ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے علی من بین ظھریہ کی تفسیر بنی اسرائیل کے معاصرین کے ساتھ کی ہے اور یہ مجاہد کا بھی قول ہے اور اس آیت کا معنی ہے: ہم نے موسیٰ اور بنی اسرائیل کو ان کے زمانہ کے تمام جہان والوں پر فضیلت دی۔

فَاعْتِلُوهُ ادْفَعُوهُ۔

فاعتلوہ اس کا معنی ہے: ادفعوہ، یعنی اس کو جھونک دو۔

Marfat.com

امام بخاری اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۝ (الدخان: ۴۷) (اللہ فرمائے گا:) اس کو پکڑو، پس اس کو گھسیٹتے ہوئے جہنم کے وسط کی طرف لے جاؤ O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے فاعتلوہ کی تفسیر دھکیل دو اور جھونک دو کے ساتھ کی ہے، کتب تفسیر میں مذکور ہے: اس کا معنی ہے: اس کو گھسیٹتے ہوئے دوزخ کی طرف لے جاؤ۔

وَزَوَّجْنَاهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ أَنْكَحْنَاهُمْ حُوْرًا عِيْنًا يَحَارُ فِيهَا الطَّرْفُ۔ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ یعنی ہم نے ان کا نکاح بڑی آنکھوں والی حوروں سے کر دیا جن کو دیکھ کر آنکھیں حیرت میں رہ جاتی ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كَذٰلِكَ ۖ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ۝ (الدخان: ۵۴) ایسا ہی ہوگا اور ہم بڑی آنکھوں والی حوروں کو ان کی بیویاں بنائیں گے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے: کپڑوں کے پار سے ان کی پنڈلیوں کا گودا دکھائی دے گا اور دیکھنے والا ان کے چہرے کی طرف دیکھے گا، ان کی کھال باریک ہوگی جیسے آئینہ ہو اور موتی کی طرح صاف ہوگی اور حور حوراء کی جمع ہے اور عین عیناء کی جمع ہے اور یہ وہ عورت ہے جس کی آنکھیں بڑی بڑی ہوں۔

میں (سعیدی غفرلہ) کہتا ہوں: عبداللہ بن عیسیٰ بیان کرتے ہیں کہ مجھے یہ خبر دی گئی ہے کہ جس شخص نے ایمان اور تصدیق کے ساتھ جمعہ کی شب حم الدخان پڑھی وہ صبح کو بخشا ہوا اٹھے گا، ابورافع کی روایت میں ہے: ان کی بڑی آنکھوں والی حور سے شادی کر دی جائے گی۔ (سنن دارمی: ۳۴۲۲۔۳۴۲۱، دارالمعرفہ، بیروت)

تَرْجُمُوْنِ الْقَتْلُ۔ تَرْجُمُوْنِ یعنی تمہارے قتل کرنے سے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ۝ (الدخان: ۲۰) اور بے شک میں تمہارے سنگ سار کرنے سے اپنے رب اور تمہارے رب کی پناہ میں آچکا ہوں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس طرح قتادہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے، تَرْجُمُوْنِ کا معنی ہے: تم مجھے برا کہتے ہو اور جادوگر کہتے ہو، اور یہ بھی کہا جاتا ہے: اس کا معنی ہے: تمہارے قتل کرنے سے۔

وَرَهْوًا سَاكِنًا۔ رھوا یعنی ساکن۔

یہ تعلیق مکرر ہے، عنقریب اس کی تحقیق گزر چکی ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَالْمُهْلِ أَسْوَدُ كَمُهْلِ الزَّيْتِ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: كَالْمُهْلِ یعنی زیتون کے تیل کے تل چھٹ کی طرح سیاہ ہوگا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ۝ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ۝ كَالْمُهْلِ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ۝ (الدخان: ۴۳، ۴۵) بے شک تھوہر کا درخت گنہ گاروں کا کھانا ہے O جو پگھلے ہوئے تانبے کی طرح پیٹوں میں جوش مارے گا O

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: اَلْمُهْل کا معنی ہے: پگھلا ہوا سیسہ یا پیتل یا چاندی، ان دھاتوں میں سے جس کو بھی پگھلا لیا جائے تو وہ مُهل ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ دوزخیوں کی کھالوں سے جو پیپ بہتی ہے اس کو اَلْمُهل کہتے ہیں۔ اللیث نے کہا: اَلْمُهْل ایک قسم کا تیل ہے جس کے ساتھ سردیوں میں اونٹوں کی مالش کی جاتی ہے اور الاصمعی سے منقول ہے کہ اگر یہ لفظ اَلْمَهْل ہو یعنی میم پر زبر ہو تو اس کا معنی پیپ ہے اور جو چیز میت سے بہتی ہے، اور تیسرا قول یہ ہے کہ یہ زیتون کے تیل کا تل چھٹ ہے اور چوتھا قول یہ ہے کہ انگاروں کے نکلنے کے بعد جو راکھ باقی رہ جاتی ہے اس کو اَلْمَهْل کہتے ہیں، اَلْمُحْكَم میں مذکور ہے کہ اَلْمَهْل جواہر کا زنگ ہے یعنی سونا، چاندی، سیسہ اور لوہے کا زنگ۔

وَقَالَ غَيْرُهُ تُبَّعٍ مُلُوكُ الْيَمَنِ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ يُسَمَّى تُبَّعًا لِأَنَّهُ يَتْبَعُ صَاحِبَهُ وَالظِّلُّ يُسَمَّى تُبَّعًا لِأَنَّهُ يَتْبَعُ الشَّمْسَ۔

اور حضرت ابن عباس کے علاوہ دوسروں نے کہا: اَلتُّبَّعُ یمن کے بادشاہ کو کہتے ہیں، ان میں سے ہر ایک کا نام تُبَّعٌ ہے کیونکہ وہ اپنے صاحب کی اتباع کرتا ہے اور سایا کو بھی تُبَّعٌ کہا جاتا ہے کیونکہ وہ سورج کی اتباع کرتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَهُمْ خَيْرٌ أَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ۔ (الدخان: ۳۷)

کیا یہ لوگ بہتر ہیں یا قوم تبع کے لوگ۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے التبع کی تفسیر کی ہے: یمن کے بادشاہ اور جو بھی یمن کا بادشاہ تھا اس کو تبع کہا جاتا تھا جیسے جو بھی فارس کا بادشاہ تھا اس کو کسریٰ کہا جاتا تھا اور اسی طرح جو بھی روم کا بادشاہ تھا اس کو قیصر کہا جاتا تھا اور جو بھی حبشہ کا بادشاہ تھا اس کو نجاشی کہا جاتا تھا اور جو بھی ترک کا بادشاہ تھا اس کو خاقان کہا جاتا تھا۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ صفحہ ۲۳۳۔ ۲۳۲ میں کی ہے]

۱۔ بَابٌ: فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُّبِينٍ ⑩ (الدخان: ۱۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سو آپ اس دن کا انتظار کیجئے جب آسمان واضح دھواں لائے گا ○ (الدخان: ۱۰) کی تفسیر

قتادہ نے کہا: فارتقب کا معنی ہے: پس آپ انتظار کیجئے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: قتادہ نے اللہ عزوجل کے ارشاد: فارتقب کی تفسیر میں کہا ہے: اے محمد! (صلی اللہ علیک وسلم) آپ انتظار کیجئے اور یہ کسی ناپسندیدہ بات کے متعلق کہا جاتا ہے، اور اس کا معنی ہے: اس کے عذاب کا انتظار کیجئے، یہاں پر مفعول عذاب کو حذف کر دیا کیونکہ بعد کا مضمون اس کے حذف پر دلالت کرتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے: هٰذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ⑪ (الدخان: ۱۱) دوسرا قول ہے: وہ مفعول ہے يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ کا۔

۴۸۲۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ مَضَى خَمْسٌ الدُّخَانُ وَالرُّومُ وَالْقَمَرُ وَالْبَطْشَةُ وَاللِّزَامُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبدان نے حدیث بیان کی از ابی حمزہ از الاعمش از مسلم از مسروق از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ انہوں نے کہا: پانچ چیزیں چلی گئیں: دخان، روم، قمر، البطشہ اور لزام۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخار: ۱۰۰۷ میں گزر چکی ہے۔

Marfat.com

حدیث مذکور کے مشکل الفاظ کا بیان

علامہ بدرالدین عینی حدیث مذکور کے مشکل الفاظ کے معانی کے بیان میں لکھتے ہیں:

الدخان: قیامت کے وقوع سے پہلے کفار اور منافقین کے کانوں میں دھواں داخل ہو جائے گا حتیٰ کہ ان کا سر بھنی ہوئی سری کی طرح ہو جائے گا اور تمام روئے زمین اس گھر کی طرح ہو جائے گی جس میں آگ جلائی گئی ہو اور ابھی تک جلی نہ ہو، اور مومن صرف زکام کی سی کیفیت میں مبتلا ہوگا۔

الروم: قرآن مجید میں ہے: الٓمّٓ ۝ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۝ (الروم:۱-۲) الف، لام، میم ○ رومی پسپا ہو گئے ○

القمر: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝ (القمر:۱) اور چاند شق ہو گیا ○

البطشہ: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى (الدخان:۱۶) جس دن ہم بہت سخت گرفت کے ساتھ پکڑیں گے۔ یعنی بدر کے دن جو کفار کو قتل کیا گیا تھا۔

اللزام: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ۝ (الفرقان:۷۷) تو اس کا عذاب تم پر ہمیشہ لازم رہے گا ○ اس سے مراد ہے: غزوۂ بدر میں کفار کو جو گرفتار کیا گیا تھا اور دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد بھی ان کو قتل کرنا ہے۔

۲۔ بَابٌ: يَغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ أَلِيْمٌ ۝ (الدخان:۱۱)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جو لوگوں کو ڈھانپ لے گا، یہ ہے دردناک عذاب ○ (الدخان:۱۱) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: يَغْشَى النَّاسَ یعنی وہ دھواں مشرق اور مغرب کے تمام لوگوں کا احاطہ کر کے ان کو بھرے گا اور چالس دن اور رات تک رہے گا، رہا مومن تو وہ اس سے صرف زکام میں مبتلا ہوگا اور رہا کافر تو وہ اس طرح ہوگا جیسے نشہ میں ہو اور اس کے نتھنوں اور اس کے کانوں اور اس کے مقعد سے دھواں نکلے گا، نیز اس آیت میں مذکور ہے: یہ دردناک عذاب ہے یعنی اللہ تعالیٰ یہ فرمائے گا، دوسرا قول یہ ہے کہ لوگ کہیں گے۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۲۳۴)

۴۸۲۱۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللهِ إِنَّمَا كَانَ هٰذَا لِأَنَّ قُرَيْشًا لَمَّا اسْتَعْصَوْا عَلَى النَّبِيِّ ﷺ دَعَا عَلَيْهِمْ بِسِنِينَ كَسِنِي يُوسُفَ فَأَصَابَهُمْ قَحْطٌ وَجَهْدٌ حَتَّى أَكَلُوا الْعِظَامَ فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَنْظُرُ إِلَى السَّمَاءِ فَيَرَى مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ مِنْ الْجَهْدِ فَأَنْزَلَ اللهُ تَعَالَى ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۝﴾ (الدخان:۱۰) يَغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ قَالَ فَأُتِيَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَقِيلَ لَهُ يَا رَسُولَ اللهِ اسْتَسْقِ اللهَ لِمُضَرَ فَإِنَّهَا قَدْ هَلَكَتْ قَالَ لِمُضَرَ إِنَّكَ لَجَرِيءٌ فَاسْتَسْقَى لَهُمْ فَسُقُوا فَنَزَلَتْ إِنَّكُمْ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: ہمیں ابو معاویہ نے حدیث بیان کی از الاعمش از مسلم از مسروق، وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ نے کہا: اس کی وجہ یہ ہے کہ جب قریش نے نبی ﷺ کی نافرمانی کی تو آپ نے ان کے خلاف کئی سالوں کے قحط کی دعا کی جیسے حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں قحط کے سال آئے تھے، سو ان پر قحط آ گیا اور وہ شدید مصیبت میں مبتلا ہوئے حتیٰ کہ انہوں نے ہڈیاں کھائیں، پس کوئی مرد آسمان کی طرف دیکھتا تو اس کو شدید مشقت کی وجہ سے دھوئیں کی طرح کوئی چیز دکھائی دیتی، تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۝ (الدخان:۱۰) (سو آپ اس دن کا انتظار کیجئے جب

Marfat.com

عَائِدُونَ فَلَمَّا أَصَابَتْهُمُ الرَّفَاهِيَةُ عَادُوا إِلَى حَالِهِمْ حِينَ أَصَابَتْهُمُ الرَّفَاهِيَةُ فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّوَجَلَّ ﴿يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَى ۚ إِنَّا مُنْتَقِمُونَ ۝﴾ (الدخان: ۱۶) قَالَ يَعْنِي يَوْمَ بَدْرٍ۔

آسمان واضح دھواں لائے گا جو لوگوں کو ڈھانپ لے گا یہ دردناک عذاب ہے O) پس رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا گیا: یارسول اللہ! مضر کے لیے اللہ تعالیٰ سے پانی طلب کیجئے کیونکہ وہ ہلاک ہو رہے ہیں، آپ نے فرمایا: مضر کے لیے وہ تو بڑے سرکش ہیں، پھر آپ نے ان کے لیے (اللہ تعالیٰ سے) بارش کو طلب کیا، پس بارش ہوئی۔ پس یہ آیت یہاں تک نازل ہوئی: بے شک تم پلٹنے والے ہو۔ پھر جب ان کے اوپر خوش حالی آ گئی تو پھر اپنے اس حال کی طرف لوٹ گئے جب ان پر خوش حالی آئی تھی تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَى ۚ إِنَّا مُنْتَقِمُونَ ۝ (الدخان: ۱۶) (جس دن ہم بہت سخت گرفت کے ساتھ پکڑیں گے، بے شک ہم انتقام لینے والے ہیں O)

حضرت عبداللہ بن مسعود نے کہا: یعنی بدر کے دن۔

اس حدیث کی شرح بھی صحیح البخاری: ۱۰۰۷ میں گزر چکی ہے۔

حدیث مذکور کے بعض مشکل الفاظ میں بعض مشکل جملوں کا بیان

علامہ عینی حدیث مذکور کے بعض مشکل جملوں کے بیان میں لکھتے ہیں:

اس کی وجہ یہ ہے: یعنی قریش پر جو شدید قحط آیا اور شدید مصیبت آئی حتیٰ کہ انہوں نے اپنے اور آسمان کے درمیان دھوئیں کی مثل کوئی چیز دیکھی۔

جب قریش نے نافرمانی کی: یعنی انہوں نے شرک کو ترک نہیں کیا۔

اَلرَّفَاهِيَه: اس کا معنی ہے: وسعت اور راحت۔

۳۔ بَابٌ: رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ ۝ (الدخان: ۱۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (اس دن وہ کہیں گے:) اے ہمارے رب! ہم سے اس عذاب کو دور کر دے بے شک ہم ایمان لانے والے ہیں O (الدخان: ۱۲) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: جب مشرکین پر قحط آیا اور وہ شدید مشقت اور مصیبت میں مبتلا ہوئے تو انہوں نے یہ دعا کی: اے ہمارے رب! ہم سے اس عذاب کو دور کر دے اور عذاب سے مراد وہ قحط ہے جس میں انہوں نے مردار اور کھالوں کو کھالیا، انہوں نے کہا: بے شک ہم ایمان لانے والے ہیں۔ اللہ عزوجل نے فرمایا:

إِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيلًا إِنَّكُمْ عَائِدُونَ ۝ (الدخان: ۱۵)

اگر ہم کچھ وقت کے لیے عذاب دور کر دیں تو بے شک تم پھر (کفر کی طرف) لوٹنے والے ہو O

پھر وہ کفر کی طرف لوٹ گئے تو اللہ تعالیٰ نے بدر کے دن ان سے انتقام لیا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۳۵)

Marfat.com

۴۸۲۲۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي الضُّحَى عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى عَبْدِ اللهِ فَقَالَ إِنَّ مِنَ الْعِلْمِ أَنْ تَقُولَ لِمَا لَا تَعْلَمُ اللهُ أَعْلَمُ إِنَّ اللهَ قَالَ لِنَبِيِّهِ ﷺ ﴿قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ ۝﴾ (ص:۸۶) إِنَّ قُرَيْشًا لَمَّا غَلَبُوا النَّبِيَّ ﷺ وَاسْتَعْصَوْا عَلَيْهِ قَالَ اللَّهُمَّ أَعِنِّي عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوسُفَ فَأَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ أَكَلُوا فِيهَا الْعِظَامَ وَالْمَيْتَةَ مِنَ الْجَهْدِ حَتَّى جَعَلَ أَحَدُهُمْ يَرَى مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ السَّمَاءِ كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ مِنَ الْجُوعِ قَالُوا ﴿رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ ۝﴾ (الدخان:۱۲) فَقِيلَ لَهُ إِنْ كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَادُوا فَدَعَا رَبَّهُ فَكَشَفَ عَنْهُمْ فَعَادُوا فَانْتَقَمَ اللهُ مِنْهُمْ يَوْمَ بَدْرٍ فَذَلِكَ قَوْلُهُ تَعَالَى ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِينٍ ۝ إِلَى قَوْلِهِ جَلَّ ذِكْرُهُ إِنَّا مُنْتَقِمُونَ ۝﴾ (الدخان:۱۰۔۱۶)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں وکیع نے حدیث بیان کی از الاعمش از ابی الضحیٰ از مسروق، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس داخل ہوا، انہوں نے کہا کہ بے شک یہ بھی علم میں سے ہے کہ تمہیں جس چیز کا علم نہ ہو تو تم کہو: اس کو اللہ ہی جانتا ہے، بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا: قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ ۝ (ص:۸۶) (آپ کہیے کہ میں تم سے اس پیغام کو پہنچانے پر کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا اور نہ میں تکلف کرنے والوں میں سے ہوں ۝) بے شک قریش نے جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت زیادہ مصیبت میں مبتلا کیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا کی: اے اللہ! ان کے خلاف میری ایسے سات سالوں کے ساتھ مدد فرما جیسے یوسف علیہ السلام کے زمانے میں سات سال تھے، پس ان کو قحط نے پکڑ لیا، اور انہوں نے اس مصیبت کی وجہ سے ہڈیاں کھائیں اور مردار کو کھایا حتیٰ کہ ان میں سے کوئی شخص اپنے اوپر آسمان کے درمیان بھوک کی وجہ سے دھوئیں کی مثل کوئی چیز دیکھتا تھا تو انہوں نے یہ دعا کی: رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ ۝ (الدخان:۱۲) (اس دن وہ کہیں گے! اے ہمارے رب! ہم سے اس عذاب کو دور کر دے بے شک ہم ایمان لانے والے ہیں ۝) پس آپ سے فرمایا گیا: بے شک اگر ہم ان سے عذاب کو دور کر دیں تو پھر یہ کفر کی طرف لوٹنے والے ہوں گے، آپ نے اپنے رب سے دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے ان سے عذاب کو دور کر دیا، پس وہ پھر کفر کی طرف لوٹ گئے تو اللہ تعالیٰ نے بدر کے دن ان سے انتقام لیا، اس کے موافق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِينٍ ۝ (الدخان:۱۰) یہ آیت یہاں تک ہے: إِنَّا مُنْتَقِمُونَ ۝ (الدخان:۱۶) (اس دن کا انتظار کیجئے جب آسمان واضح دھواں لائے۔ بے شک ہم انتقام لینے والے ہیں)۔

اس حدیث کی شرح بھی صحیح البخاری: ۱۰۰۷ میں گزر چکی ہے۔

Marfat.com

۴۔ بَابٌ: اَنّٰی لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۳﴾ (الدخان: ۱۳)

۴۸۲۳۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي الضُّحٰى عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ ثُمَّ قَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ لَمَّا دَعَا قُرَيْشًا كَذَّبُوْهُ وَاسْتَعْصَوْا عَلَيْهِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ أَعِنِّي عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوْسُفَ فَأَصَابَتْهُمْ سَنَةٌ حَصَّتْ يَعْنِي كُلَّ شَيْءٍ حَتّٰى كَانُوْا يَأْكُلُوْنَ الْمَيْتَةَ فَكَانَ يَقُوْمُ أَحَدُهُمْ فَكَانَ يَرٰى بَيْنَهُ وَبَيْنَ السَّمَاءِ مِثْلَ الدُّخَانِ مِنَ الْجَهْدِ وَالْجُوْعِ ثُمَّ قَرَأَ ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿۱۰﴾ يَّغْشَى النَّاسَ ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾ حَتّٰى بَلَغَ إِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا إِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ﴿۱۵﴾﴾ (الدخان: ۱۰،۱۵) قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ أَفَيُكْشَفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ وَالْبَطْشَةُ الْكُبْرٰى يَوْمَ بَدْرٍ

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اب ان کے نصیحت قبول کرنے کا وقت کہاں ہے حالانکہ ان کے پاس واضح ہدایت دینے والے رسول آ چکے تھے ○ (الدخان: ۱۳) کی تفسیر

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں جریر بن حازم نے حدیث بیان کی از الاعمش از ابی الاضحیٰ از مسروق، وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس داخل ہوا، پھر انہوں نے بیان کیا: پھر بے شک جب رسول اللہ ﷺ نے قریش کو اسلام کی دعوت دی اور انہوں نے آپ کی تکذیب کی اور آپ کی نافرمانی کی تو آپ نے یہ دعا کی کہ اے اللہ! حضرت یوسف کے زمانہ کے سات سالوں کی طرح ان پر سات سال مسلط کر کے ان کے خلاف میری مدد فرما تو ان پر قحط آ گیا جس نے ہر چیز کو تباہ کر دیا حتیٰ کہ یہ مردار کو کھاتے تھے، پھر ان میں سے کوئی شخص کھڑا ہوتا تو اپنے اور آسمان کے درمیان مصیبت اور بھوک کی وجہ سے دھوئیں کی مثل کوئی چیز دیکھتا، پھر انہوں نے یہ آیت تلاوت کی: فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ○ یہ آیت یہاں تک تلاوت کی اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ○ (الدخان: ۱۰۔۱۵) (سو آپ اس دن کا انتظار کیجئے جس میں آسمان واضح دھواں لائے گا وہ لوگوں کو ڈھانپ لے گا یہ دردناک عذاب ہے تم پھر کفر کی طرف لوٹنے والے ہو ○) حضرت عبداللہ نے کہا: کیا ان سے قیامت کے دن عذاب دور کیا جائے گا اور البطشۃ الکبریٰ یعنی زبردست گرفت بدر کے دن تھی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۰۰۷ میں گزر چکی ہے۔

۵۔ باب: ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ﴿۱۴﴾ (الدخان: ۱۴)

۴۸۲۴۔ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ وَمَنْصُوْرٍ عَنْ أَبِي الضُّحٰى

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پھر انہوں نے اس رسول سے اعراض کیا اور کہا: یہ سکھائے ہوئے دیوانے ہیں ○ (الدخان: ۱۴) کی تفسیر

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں بشر بن خالد نے حدیث بیان کی: انہوں نے کہا: ہمیں محمد نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں

Marfat.com

عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللهِ إِنَّ اللهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا ﷺ وَقَالَ ﴿قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ ۝﴾ (ص: ۸۶) فَإِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ لَمَّا رَأَى قُرَيْشًا اسْتَعْصَوْا عَلَيْهِ فَقَالَ اللَّهُمَّ أَعِنِّي عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوسُفَ فَأَخَذَتْهُمُ السَّنَةُ حَتَّى حَصَّتْ كُلَّ شَيْءٍ حَتَّى أَكَلُوا الْعِظَامَ وَالْجُلُودَ فَقَالَ أَحَدُهُمْ حَتَّى أَكَلُوا الْجُلُودَ وَالْمَيْتَةَ وَجَعَلَ يَخْرُجُ مِنَ الْأَرْضِ كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ فَأَتَاهُ أَبُو سُفْيَانَ فَقَالَ أَيْ مُحَمَّدُ إِنَّ قَوْمَكَ قَدْ هَلَكُوا فَادْعُ اللهَ أَنْ يَكْشِفَ عَنْهُمْ فَدَعَا ثُمَّ قَالَ تَعُودُونَ بَعْدَ هَذَا فِي حَدِيثِ مَنْصُورٍ ثُمَّ قَرَأَ ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِينٍ ۝ إِلَى عَائِدُونَ ۝﴾ (الدخان: ۱۰-۱۵) أَنَكْشِفُ عَنْهُمْ عَذَابَ الْآخِرَةِ فَقَدْ مَضَى الدُّخَانُ وَالْبَطْشَةُ وَاللِّزَامُ وَقَالَ أَحَدُهُمُ الْقَمَرُ وَقَالَ الْآخَرُ وَالرُّومُ۔

حدیث بیان کی از سلیمان اور منصور از ابی الضحیٰ از مسروق، وہ بیان شعبہ کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے (سیدنا) محمد ﷺ کو مبعوث فرمایا اور ارشاد فرمایا: قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ ۝ (ص:۸۶) (آپ کہیے کہ میں تم سے اس پیغام کو پہنچانے پر کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا اور نہ میں تکلف کرنے والوں میں سے ہوں ۝) پس بے شک رسول اللہ ﷺ نے جب یہ دیکھا کہ قریش نے آپ کی بہت نافرمانی کی ہے تو آپ نے دعا کی: اے اللہ! ان کے خلاف حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانہ کے سات سالوں کی مثل سات سالوں سے میری مدد فرما تو ان کو قحط نے پکڑ لیا حتیٰ کہ اس نے ہر چیز کو تباہ کر دیا حتیٰ کہ انہوں نے ہڈیوں کو کھایا اور کھالوں کو کھایا۔ پس ان میں سے کسی نے کہا حتیٰ کہ انہوں نے کھالوں کو اور مردار کو کھایا اور زمین سے دھوئیں کی مثل کوئی چیز نکلنے لگی تو ابوسفیان آپ کے پاس آیا، پس کہا: اے محمد! (صلی اللہ علیک وسلم) بے شک آپ کی قوم ہلاک ہو گئی آپ اللہ سے دعا کیجئے کہ وہ ان سے یہ مصیبت دور کر دے، پس آپ نے دعا کی، پھر: فرمایا تم اس کے بعد (کفر کی طرف) پھر لوٹ جاؤ گے اور منصور کی حدیث میں یہ الفاظ ہیں: پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی: فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِينٍ ۝ ---- عَائِدُونَ ۝ تک (سو آپ اس دن کا انتظار کیجئے جب آسمان دھواں لائے گا---- بے شک تم کفر کی طرف لوٹنے والے ہو۔ تک، کیا ہم ان سے آخرت کا عذاب دور کر دیں گے، پس بے شک الدخان، البطشہ اور اللزام (یہ نشانیاں گزر چکی ہیں) اور ان میں سے کسی ایک نے کہا: القمر اور دوسرے نے کہا: الروم۔

اس حدیث کی شرح بھی صحیح البخاری: ۱۰۰۷ میں گزر چکی ہے۔

۶۔ بَابٌ: يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَى ۚ إِنَّا مُنْتَقِمُونَ ۝ (الدخان:۱۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جس دن ہم بہت سخت گرفت کے ساتھ پکڑیں گے، بے شک ہم انتقام لینے والے ہیں ۝ (الدخان:۱۶) کی تفسیر

۴۸۲۵۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنِ الْأَعْمَشِ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی،

Marfat.com

عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ خَمْسٌ قَدْ مَضَيْنَ اللِّزَامُ وَالرُّومُ وَالْبَطْشَةُ وَالْقَمَرُ وَالدُّخَانُ

انہوں نے کہا: ہمیں وکیع نے حدیث بیان کی از الاعمش از مسلم از مسروق از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ، انہوں نے بیان کیا: یہ پانچ نشانیاں گزر چکی ہیں: اللزام، الروم، البطشہ، القمر اور الدخان۔

اس حدیث کی شرح بھی صحیح البخاری، ۱۰۰۷ میں گزر چکی ہے۔

اللزام: سے مراد ہے: جنگ بدر کے دن جو کفار کو گرفتار کیا گیا تھا۔

الروم: سے مراد ہے کہ سورۂ روم میں یہ فرمایا تھا کہ رومی مغلوب ہو گئے۔

البطشہ: سے مراد ہے: جب غزوۂ بدر کے دن اللہ تعالیٰ نے کفار پر سخت گرفت کی اور ان کو قتل کیا گیا۔

القمر: سے مراد ہے کہ قرآن مجید میں ہے کہ چاند شق ہو گیا۔ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝ (القمر:۱)

الدخان: سے مراد ہے کہ قیامت کے وقوع سے پہلے کفار اور منافقین کے کانوں میں دھواں داخل ہو گا جس سے ان کے سر بھنی ہوئی سری کی طرح ہو جائیں گے اور مومنین پر زکام کی سی کیفیت ہو گی۔

الحمد للہ رب العالمین، امام بخاری نے سورۃ الدخان کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ سورۃ الجاثیہ کی تفسیر شروع ہو گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۴۵۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ حٰمٓ الْجَاثِیَۃِ

سورۃ حم الجاثیہ کی تفسیر

سورۃ حم الجاثیہ کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۂ جاثیہ کی بعض آیات کی تفسیر ہے اور یہ سورت مکی ہے، اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے، اور اس میں سینتیس (۳۷) آیات ہیں۔

مُسْتَوْفِزِیْنَ عَلَی الرُّکَبِ۔ جاثیہ یعنی وہ گھٹنوں کے بل بیٹھے ہوئے ہوں اور لگتا ہو کہ انہیں اٹھنے کی بہت بے تابی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَتَرٰی کُلَّ اُمَّۃٍ جَاثِیَۃً۔ (الجاثیہ:۲۸) اور آپ دیکھیں گے کہ ہر جماعت (اس دن) گھٹنوں کے بل گری ہوئی ہوگی۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے جاثیہ کی تفسیر کی ہے: مستوفزین علی الرکب، اِسْتَوْفَزَ اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی شخص غیر مطمئن حالت میں بیٹھا ہو۔

وَقَالَ مُجَاھِدٌ نَسْتَنْسِخُ نَکْتُبُ۔ اور مجاہد نے کہا: نَسْتَنْسِخُ کا معنی ہے: ہم لکھتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

ھٰذَا کِتٰبُنَا یَنْطِقُ عَلَیْکُمْ بِالْحَقِّ ۚ اِنَّا کُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ (الجاثیہ:۲۹) یہ ہمارا لکھا ہوا ہے جو تمہارے متعلق حق بیان کر رہا ہے، تم جو کچھ بھی کرتے تھے ہم (اس کو) لکھتے رہتے تھے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: کتب تفسیر میں مذکور ہے: اس آیت کا معنی ہے: ہم لکھنے کا حکم دیتے تھے، حسن بصری سے منقول ہے: ہم تمہارے اعمال کی حفاظت کرتے تھے اور ضحاک سے منقول ہے کہ ہم تمہارے اعمال کو ثابت رکھتے تھے۔

نَنْسَاکُمْ نَتْرُکُکُمْ۔ نَنْسٰکُمْ یعنی ہم تم کو چھوڑ دیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَقِیْلَ الْیَوْمَ نَنْسٰکُمْ کَمَا نَسِیْتُمْ لِقَآءَ یَوْمِکُمْ ھٰذَا۔ (الجاثیہ:۳۴) اور (ان سے) کہا جائے گا: آج ہم تمہیں اس طرح فراموش کر دیں گے جس طرح تم نے اس دن کی ملاقات کو بھلا دیا تھا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کا معنی ہے: ہم تمہیں اس طرح چھوڑ دیں گے جس طرح تم نے چھوڑ دیا تھا اور ان کو چھوڑنا صرف دوزخ میں ہوگا، یہاں ملزوم کا ذکر کر کے لازم کا ارادہ کیا ہے کیونکہ بھولنے کو چھوڑ دینا لازم ہے اور اس کے برعکس نہیں ہے۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۳۷ میں بیان کی ہے]

Marfat.com

۱۔ بَابٌ: وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ۔

(الجاثیہ:۲۴)

۱۔ باب: اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ہم (اس دنیا میں) مرتے اور جیتے ہیں اور ہمیں صرف دہر (زمانہ) ہلاک کرتا ہے۔ (الجاثیہ:۲۴) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کا معنی ہے: ہمیں صرف زمانہ کا گزرنا اور دہر کا طول فنا کرتا ہے۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۲۳۸)

۴۸۲۶۔ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ يُؤْذِينِي ابْنُ آدَمَ يَسُبُّ الدَّهْرَ وَأَنَا الدَّهْرُ بِيَدِي الْأَمْرُ أُقَلِّبُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ۔

(صحیح البخاری:۶۱۷۱، صحیح مسلم:۲۲۴۶، سنن ابوداؤد:۵۲۷۴)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحمیدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: ہمیں الزہری نے حدیث بیان کی از سعید بن المسیب از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: مجھے ابن آدم اذیت پہنچاتا ہے، وہ دہر کو برا کہتا ہے اور میں ہی دہر ہوں اور میرے ہی ہاتھ میں معاملات ہیں، میں رات اور دن کو ادلتا بدلتا رہتا ہوں۔

انا الدھر کی توجیہ اور ابوبکر بن داؤد کے قول کا بطلان

علامہ ابوحفص عمر بن علی بن احمد الانصاری المعروف بابن الملقن الشافعی متوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

اس حدیث میں مذکور ہے: میں ہی دہر ہوں: ایک قول یہ ہے کہ اس کا معنی ہے: میں صاحب دہر ہوں اور ان معاملات کی تدبیر کرتا ہوں جو دہر کی طرف منسوب ہیں، دوسرا قول یہ ہے کہ تم دہر کو برا کہتے ہو کیونکہ تم پر زمانہ میں مصائب نازل ہوتے ہیں اور فعل تو صرف اللہ کے لیے ہے اور جس نے دہر کو برا کہا تو وہ بھی اس حدیث کے مصداق میں داخل ہوگا اور عرب کی عادت یہ تھی کہ ان پر جب کوئی مصیبت آتی تو وہ دہر کو برا کہتے تھے اور جب وہ اپنے مردوں کو یاد کرتے تو کہتے تھے: ان کو دہر نے فنا کر دیا، وہ ان کی فنا کو دہر کی طرف منسوب کرتے تھے اور ان کا یہ عقیدہ تھا کہ ان کاموں کا فاعل دہر ہے اور ان کا یہ عقیدہ نہیں تھا کہ یہ کام اللہ تعالیٰ کی قضاء اور قدر سے ہے، اور اللہ تعالیٰ ازلی ہے اور اس سے پہلے کوئی چیز نہیں ہے، پس اللہ تعالیٰ نے ان کو بتایا کہ دہر حادث ہے، اللہ رات اور دن کو گردش میں لاتا ہے۔ ابوبکر بن داؤد الاصبہانی نے کہا: یہ لفظ اَنَا الدَّهْرُ نہیں ہے بلکہ اَنَا الدَّهْرَ ہے اور یہ بر بنائے ظرفیت منصوب ہے یعنی اس پر زبر ہے اور اس کا معنی ہے: میں دہر میں موجود ہوں، انہوں نے کہا: اگر راء پر پیش ہوتی تو یہ اللہ تعالیٰ کا اسم ہوتا۔ قاضی عیاض نے کہا: اس پر زبر بہ طور تخصیص ہے اور بہ طور ظرفیت زیادہ صحیح ہے اور ابوجعفر النحاس نے کہا: اس پر زبر پڑھنا جائز ہے یعنی اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ ہمیشہ باقی ہے اور اس کو زوال نہیں ہے۔

علامہ ابن جوزی نے کہا: ان کا یہ قول کئی وجوہ سے باطل ہے:

(۱) اَنَا الدَّهْرَ (راء پر زبر) پڑھنا اہل نقل کے خلاف ہے اور محدثین اور محققین نے اس کی صرف پیش (اَنَا الدَّهْرُ) کے ساتھ روایت کی ہے اور ابوبکر بن داؤد الاصبہانی حفاظ اور علماء نقل میں سے نہیں ہیں۔

(۲) یہ لفظ احادیث صحیحہ میں اسی طرح وارد ہے اور زبر کے ساتھ اس کی تاویل باطل ہے۔ حدیث میں ہے کہ یہ نہ کہو: ہائے! دہر کی ناکامی کیوں کہ اللہ تعالیٰ ہی دہر ہے۔ (صحیح البخاری:۶۱۸۲، صحیح مسلم:۲۲۴۶)

Marfat.com

(۳) اَنَا الدَّھْرُ کی تاویل کا یہ تقاضا ہے کہ ممانعت کی علت کا ذکر نہیں کیا گیا کیونکہ جب یہ فرمایا کہ دہر کو برا نہ کہو کیونکہ میں دہر ہوں، رات اور دن کو گردش میں لاتا ہوں تو گویا کہ فرمایا: دہر کو برا نہ کہو کیوں کہ میں دہر کو گردش میں لاتا ہوں اور یہ معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر خیر اور شر کو گردش میں لاتا ہے اور اس کا چیزوں کو گردش میں لانا اس کی مذمت سے مانع نہیں ہے (اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ابن آدم مجھے اذیت پہنچاتا ہے۔)

علامہ القرطبی نے کہا: ابن آدم مجھے ایسی بات کہتا ہے جس سے اس کو اذیت ہوتی ہے یا جس کو اذیت ہو سکتی ہو۔ اس کا یہ معنی نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اذیت ہوتی ہے کیونکہ اذیت کا معنی ہے: نقصان اور درد کی تکلیف اور اللہ تبارک وتعالیٰ نقصان اور درد کی تکلیف سے منزہ ہے اور یہ مجازات ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ جو اللہ تعالیٰ سے یہ معاملہ کرے گا وہ اللہ تعالیٰ کی سزا اور اس کی گرفت کے درپے ہوگا اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ جس نے اللہ تعالیٰ کی طرف اذیت پہنچنے کی نسبت کی وہ کافر ہو جائے گا اور جس نے حقیقتاً دہر کی مدح یا مذمت کی وہ بھی کافر ہو جائے گا اور جس کی زبان پر یہ الفاظ اتفاقیہ جاری ہو گئے اور اس نے ان الفاظ کی صحت کا عقیدہ نہیں رکھا تو وہ کافر نہیں ہوگا لیکن وہ اہل کفر کے مشابہ ہوگا اور اس کام کا ارتکاب کرے گا جس سے شارح علیہ السلام نے منع فرمایا ہے، سو اس کو توبہ اور استغفار کرنا چاہیے۔ (المفہم ج ۵ ص ۵۴۸۔۵۴۷)

(التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۳ ص ۲۳۰۔۲۲۸، وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ھ)

علامہ قرطبی، علامہ نووی اور علامہ راغب کی اس مسئلہ میں عبارات

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

اس حدیث میں مذکور ہے: ابن آدم مجھے اذیت پہنچاتا ہے: امام بخاری نے اس حدیث کی اختصار کے ساتھ روایت کی ہے اور امام طبری نے اسی سند کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس طرح روایت کی ہے کہ اہل جاہلیت اس طرح کہتے تھے: ہمیں رات اور دن فنا کرتے ہیں اور وہی ہم کو مارتے ہیں اور زندہ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں فرمایا:

وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا۔ (الجاثیہ: ۲۴) اور انہوں نے کہا: ہماری تو صرف یہی دنیا کی زندگی ہے ہم (اسی دنیا میں) مرتے اور جیتے ہیں اور ہمیں صرف دہر (زمانہ) ہلاک کرتا ہے۔

پس وہ دہر کو برا کہتے ہیں اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا: ابن آدم مجھے اذیت پہنچاتا ہے۔

علامہ قرطبی نے کہا: اس کا معنی یہ ہے: وہ ایسی بات کہتا ہے کہ اس سے اس کو اذیت ہوگی جس کو اذیت ہو سکتی ہے یا جس کے لیے اذیت ممکن ہو اور اللہ تعالیٰ اس سے منزہ ہے کہ اس کی طرف اذیت پہنچے اور یہ کلام صرف مجاز پر محمول ہے اور اس سے مراد یہ ہے کہ جس سے یہ کلام صادر ہوگا وہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کے درپے ہوگا۔

علامہ خطابی نے کہا ہے: حدیث میں مذکور ہے کہ میں دہر ہوں، اس کا معنی یہ ہے کہ میں دہر کا مالک ہوں اور ان امور کی تدبیر کرتا ہوں جن کو لوگ دہر کی طرف منسوب کرتے ہیں، پس جس نے دہر کو اس وجہ سے برا کہا کہ دہر ان کاموں کا فاعل ہے تو اس کا یہ سب وشتم درحقیقت دہر کے رب کی طرف راجع ہوگا جو ان کاموں کا فاعل ہے، دہر تو صرف زمانہ ہے جس کو ان کاموں کے وقوع کا ظرف قرار دیا ہے، اور عرب کی یہ عادت تھی کہ جب ان کو کوئی مصیبت پہنچتی تو وہ اس کی اضافت دہر کی طرف کرتے اور کہتے کہ دہر کے لیے تباہی اور ہلاکت ہے۔ علامہ نووی نے کہا: یہ لفظ انا الدہر ہے (پیش کے ساتھ)۔ اسی طرح اکثرین اور محققین نے اس کو

Marfat.com

منضبط کیا ہے اور اس کو زبر کے ساتھ بھی پڑھا گیا ہے یعنی انا الدہر اور یہ زبر بر بنائے ظرفیت ہے یعنی میں دہر میں ہمیشہ باقی رہنے والا ہوں۔ اور یہ اس حدیث کے موافق ہے کہ بے شک اللہ ہی دہر ہے اور یہ مجاز ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ عرب مصائب کے نزول کے وقت دہر کو برا کہتے تھے تو آپ نے فرمایا: دہر کو برا نہ کہو کیونکہ مصائب کے نزول کا فاعل اللہ تعالیٰ ہے گویا کہ آپ نے فرمایا کہ دہر کو برا نہ کہو کیونکہ جب تم اس کو برا کہو گے تو تم اللہ عزوجل کو برا کہو گے یا دہر یہاں پر داہر کے معنی میں ہے، اور امام راغب نے یہ نقل کیا ہے کہ حدیث میں جو مذکور ہے: بے شک اللہ ہی دہر ہے یہ یَسُبُّ الدَّھْرَ کے علاوہ ہے کیونکہ پہلی عبارت میں دہر کا معنی زمانہ ہے اور دوسری عبارت میں دہر کا معنی ہے: تدبیر کرنے والا اور حوادث میں تصرف کرنے والا، پھر انہوں نے اس قول کو اس لیے ضعیف قرار دیا کہ اس کے اوپر کوئی دلیل نہیں ہے پھر کہا: اگر اس طرح ہوتا تو دہر کو اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے شمار کیا جاتا، علامہ راغب کی عبارت ختم ہوئی۔ اور اسی طرح محمد بن داؤد نے کہا ہے، ان کی دلیل یہ ہے کہ راء کی زبر کے ساتھ انا الدھر بھی پڑھا گیا ہے، وہ یہ کہتے تھے: اگر انا الدھر ہوتا تو دہر اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ہوتا اور اس کا رد کیا گیا ہے کیونکہ یہ لازم نہیں ہے خصوصاً اس لیے کہ اس کی روایت دہر کے پیش کے ساتھ ہے۔ علامہ ابن الجوزی نے کہا: ان اللہ ھو الدھر (راء کے پیش کے ساتھ) کئی وجوہ سے درست ہے۔ اولاً اس لیے کہ محدثین کے نزدیک راء کی پیش ہی منضبط ہے، ثانیاً اس لیے کہ اگر یہ لفظ انا الدھر ہوتا تو اصل عبارت یوں ہوتی کہ میں دہر ہوں کیونکہ میں دہر کو ادلتا بدلتا ہوں، پھر دہر کو برا کہنے کی علت مذکور نہ ہوتی کیونکہ اللہ تعالیٰ خیر اور شر کو لوٹاتا رہتا ہے، پس یہ مذمت کی ممانعت کو مستلزم نہیں ہے، ثالثاً جس روایت میں ہے کہ پس بے شک اللہ ہی دہر ہے اور یہ روایت پیش کو معین نہیں کرتی کیونکہ مخالف یہ کہہ سکتا ہے کہ اصل عبارت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی دہر ہے جو خیر اور شر کو لوٹاتا رہتا ہے، اسی طرح ممانعت کی علت کے ذکر کو ترک کرنا بھی پیش کو متعین نہیں کرتا کیونکہ سیاق سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دہر کا کوئی گناہ نہیں ہے، سو تم اس کو برا نہ کہو۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۶۔۵، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

میں کہتا ہوں: محمد بن داؤد کی عبارت کو رد کرنے میں حافظ ابن حجر عسقلانی کے استاد علامہ ابن الملقن کی عبارت بہت زیادہ واضح ہے۔

انا الدہر کہنے کی ممانعت کی علت کے بیان میں علامہ عینی کا تفرد

علامہ بدر الدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ نے بھی اس بحث میں حصہ لیا ہے، وہ لکھتے ہیں:

علامہ ابن الجوزی نے کہا ہے کہ محمد بن داؤد کا یہ قول کئی وجوہ سے باطل ہے:

(۱) یہ قول نقل کے خلاف ہے کیونکہ محققین محدثین نے اس لفظ کو پیش کے ساتھ ہی منضبط کیا ہے اور محمد بن داؤد حفاظ میں سے ہیں اور نہ ہی علماء نقل میں سے ہیں۔

(۲) یہ لفظ احادیث صحیحہ میں متعدد الفاظ کے ساتھ وارد ہے جس سے محمد بن داؤد کی تاویل باطل ہو جاتی ہے۔ وہ الفاظ یہ ہیں: یہ نہ کہو: ہائے! دہر کی ناکامی کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی دہر ہے۔ یہ حدیث صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ہے، اور صحیح مسلم میں ہے کہ دہر کو برا نہ کہو کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی دہر ہے۔

(۳) محمد بن داؤد کی تاویل کا یہ تقاضا ہے کہ ممانعت کی علت مذکور نہ ہو کیونکہ جب فرمایا: دہر کو برا نہ کہو کیونکہ میں دہر ہوں، رات اور دن کو لوٹاتا رہتا ہوں تو گویا کہ فرمایا: دہر کو برا نہ کہو کیونکہ میں دہر کو لوٹاتا ہوں کیونکہ یہ معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر خیر اور شر کو لوٹاتا رہتا ہے اور اس کا اشیاء کو لوٹانا ان کی مذمت سے مانع نہیں ہے۔

حدیث میں ہے: مجھے ابن آدم ایذاء پہنچاتا ہے، یہ قول عرب کے قول کے موافق ہے کیونکہ جب ان کو کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو وہ دہر کو برا کہتے ہیں، وہ اپنے مردوں کو یاد کرتے وقت کہتے ہیں: ان کو دہر نے ہلاک کر دیا، وہ یہ اعتقاد کرتے ہیں کہ ان اشیاء کا فاعل دہر ہے اور وہ یہ اعتقاد نہیں رکھتے کہ یہ کام اللہ کی قضاء اور قدر سے ہے۔

علامہ عینی فرماتے ہیں: میں کہتا ہوں: حدیث میں مذکور ہے: میں رات اور دن کو لوٹاتا رہتا ہوں اور یہ اس پر قوی قرینہ ہے کہ انا الدہر میں مضاف محذوف ہے اور اصل عبارت یہ ہے کہ میں دہر کا خالق ہوں اور جب معنی اس طرح ہوگا تو اللہ تعالیٰ پر یہ اطلاق کیا جائے گا کہ وہ رات اور دن کو لوٹانے والا ہے اور دہر لوٹایا ہوا ہے، پس یہ نہیں کہا جائے گا کہ اللہ ہی مطلقاً دہر ہے کیونکہ لوٹانے والا اس کا غیر ہے جو لوٹایا گیا ہو، اس کو بہ غور سمجھ لو کیونکہ الفتوحات الربانیہ کی وجہ سے میں اس توجیہ میں منفرد ہوں، اس وجہ سے جن افعال میں دہر کی مدح کی گئی ہے یا مذمت کی گئی ہے ان کی حقیقتاً دہر کی طرف نسبت کرنا جائز نہیں ہے اور جس نے یہ عقیدہ رکھا اس کے کفر میں کوئی شک نہیں ہے اور جس شخص کی زبان پر یہ الفاظ اتفاقاً جاری ہوتے ہیں اور وہ ان کی صحت کا عقیدہ نہیں رکھتا، سو وہ کافر نہیں لیکن وہ کفار کے مشابہ ہے اور جس کام سے منع کیا گیا ہے اس کا ارتکاب کر رہا ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۴۰، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

میں کہتا ہوں: علامہ عینی نے علامہ ابن الملقن کی عبارت پر صرف یہ اضافہ کیا ہے کہ جب دہر سے مراد مطلقاً زمانہ ہو تو اس وقت اللہ تعالیٰ پر دہر کا اطلاق کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ وہ رات اور دن کو لوٹانے والا ہے اور دہر لوٹایا ہوا ہے، کیونکہ جو لوٹایا ہوا ہو وہ لوٹانے والے کا غیر ہے۔ دہر لوٹایا ہوا ہے اور اللہ تعالیٰ لوٹانے والا ہے اور اس نکتہ کو علامہ عینی نے بہت طمطراق کے ساتھ پیش کیا ہے۔ یاد رہے کہ ابوبکر بن داؤد اصفہانی نے یہ کہا تھا کہ انا الدہر میں راء پر زبر ہے کیونکہ اگر راء پر پیش ہوتا اور یہ لفظ اس طرح ہوتا انا الدھر تو پھر دہر اللہ تعالیٰ کی صفت ہوتی اور دہر اللہ تعالیٰ کا اسم ہوتا حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ علامہ عینی نے یہ بتایا ہے کہ دہر لوٹایا ہوا ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ کو مطلقاً دہر کہنا جائز نہیں ہے کیونکہ جو لوٹایا ہوا ہو وہ لوٹانے والے کا غیر ہے۔ (سعیدی غفرلہ)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الجاثیہ کی تفسیر میں جو تعلیقات اور جو حدیث ذکر کی تھی ان کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ امام بخاری نے سورۃ الاحقاف کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی ہیں، ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۴۶۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ حٰمٓ الْاَحْقَافِ

سورۃ (حم) الاحقاف کی تفسیر

سورۃ (حم) الاحقاف کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الاحقاف کی بعض آیات کی تفسیر ہے۔ صحیح بخاری کے بعض نسخوں میں سورۂ حم الاحقاف مذکور ہے اور بعض نسخوں میں سورۃ الاحقاف مذکور ہے۔ ابوالعباس نے کہا: یہ سورت مکی ہے اور اس میں دو آیتیں مدنی ہیں، ایک یہ ہے: قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَ كَفَرْتُمْ بِهٖ (الاحقاف:۱۰) اور دوسری آیت یہ ہے: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ (الاحقاف:۱۱) سورۃ الاحقاف میں پینتیس (۳۵) آیات ہیں۔

الکسائی نے کہا ہے کہ احقاف کا معنی ہے: ریت کے بلند ٹیلے، اس کا واحد حقف اور حقاف ہے، جیسے لبس اور لباس۔ دوسرا قول یہ ہے کہ الحقاف، الحقف کی جمع ہے اور الاحقاف جمع الجمع ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا، الاحقاف عمان اور مہرہ کے درمیان ایک وادی ہے اور مقاتل سے منقول ہے کہ عاد کے چند گھر یمن میں تھے حضرموت کی کسی جگہ میں جس کو مہرہ کہا جاتا تھا، اس کی طرف مہری اونٹ منسوب تھے۔ یہ لوگ قبیلہ ارم سے تھے اور ضحاک سے منقول ہے کہ الاحقاف شام کا پہاڑ ہے اور الخلیل سے منقول ہے کہ یہ بڑے بڑے ٹیلے ہیں۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ تُفِيضُونَ تَقُولُونَ۔ اور مجاہد نے کہا: تُفِيضُوْنَ کا معنی ہے: تم کہتے ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ۔ (الاحقاف:۸) تم اس (قرآن) کے متعلق جو کچھ کہہ رہے ہو اللہ اس کو خوب جاننے والا ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے تُفِيْضُوْنَ کی یہ تفسیر کی ہے: تم جو کچھ کہہ رہے ہو۔ امام طبری نے اپنی سند کے ساتھ بھی مجاہد سے یہی تفسیر نقل کی ہے۔

وَقَالَ بَعْضُهُمْ اَثَرَةٌ وَاُثْرَةٌ وَاَثَارَةٌ بَقِيَّةٌ مِنْ عِلْمٍ۔ اور بعض نے کہا: اَثَرَةٌ وَاُثْرَةٌ وَاَثَارَةٌ کا معنی ہے: کسی چیز کا باقی علم۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِئْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ (الاحقاف:۴) میرے پاس اس سے پہلی کوئی کتاب لاؤ یا (پہلے) علم کا کچھ بقیہ حصہ اگر تم سچے ہو ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: بعض علماء نے ان تین لفظوں کی تفسیر بقیہ کے ساتھ کی ہے، پس پہلا لفظ دو زبروں کے ساتھ ہے یعنی اَثَرَةٌ اور دوسرا لفظ پیش اور جزم کے ساتھ ہے یعنی اُثْرَةٌ اور تیسرا لفظ اَثَارَةٌ ہے زبر کے ساتھ، اور امام ابوعبیدہ نے اَوْ اَثَارَةٍ مِّنْ عِلْمٍ کی

تفسیر بقیہ علم کے ساتھ کی ہے۔امام طبری نے کہا ہے: جمہور کی قراءت اَثَارَۃٌ ہے (الف کے ساتھ) اور کلبی سے منقول ہے: اس کا معنی ہے: علم کا بقیہ جو تم پراولین کے علوم سے واقف ہو، عرب کہتے ہیں: اس اونٹنی کے لیے اَثَارَۃٌ مِنْ سِنٍ ہے یعنی عمر کا بقیہ حصہ ہے اور عکرمہ اور مقاتل نے کہا: اس کا معنی ہے: انبیاء علیہم السلام سے روایت اور اس کا مادہ اَثَرٌ ہے جس کا معنی روایت ہے اور اس وجہ سے خبر کو اثر کہا جاتا ہے اور مجاہد سے منقول ہے: اس کا معنی ہے: وہ روایت جس کو وہ اپنے پہلوں سے نقل کرتے ہیں۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بِدْعًا مِنَ الرُّسُلِ لَسْتُ بِأَوَّلِ الرُّسُلِ۔

حضرت ابن عباس نے کہا کہ بِدْعًا مِنَ الرُّسُلِ کا معنی ہے: میں پہلا رسول تو نہیں ہوں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ۔ (الاحقاف:۹)

آپ کہیے کہ میں رسولوں میں سے کوئی انوکھا رسول نہیں ہوں اور نہ میں از خود جانتا ہوں کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا اور (نہ میں از خود یہ جانتا ہوں کہ) تمہارے ساتھ کیا کیا جائے گا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت ابن عباس نے بِدْعًا مِنَ الرُّسُلِ کی تفسیر کی ہے کہ میں پہلا رسول نہیں ہوں، امام ابن المنذر نے بھی اس کی اسی طرح تفسیر کی ہے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ أَرَأَيْتُمْ هَذِهِ الْأَلِفُ إِنَّمَا هِيَ تَوَعُّدٌ إِنْ صَحَّ مَا تَدَّعُونَ لَا يَسْتَحِقُّ أَنْ يُعْبَدَ وَلَيْسَ قَوْلُهُ أَرَأَيْتُمْ بِرُؤْيَةِ الْعَيْنِ إِنَّمَا هُوَ أَتَعْلَمُونَ أَبَلَغَكُمْ أَنَّ مَا تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللهِ خَلَقُوا شَيْئًا۔

اور حضرت ابن عباس کے علاوہ دوسروں نے کہا: اَرَءَيْتُمْ میں جو الف ہے یہ صرف وعید کے لیے ہے یعنی اگر بالفرض تمہارے شرک کا دعویٰ صحیح بھی ہو تب بھی وہ اس بات کا مستحق نہیں ہے کہ ان بتوں کی عبادت کی جائے اور اَرَءَيْتُمْ کا معنی آنکھ سے دیکھنا نہیں ہے، اس کا صرف یہ معنی ہے: کیا تم جانتے ہو، تمہیں یہ خبر پہنچی ہے کہ تم اللہ کو چھوڑ کر جن کی عبادت کرتے ہو انہوں نے کسی چیز کو پیدا کیا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُلْ أَرَءَيْتُمْ إِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللهِ وَكَفَرْتُمْ بِهِ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِنْ بَنِي إِسْرَآءِيلَ عَلَى مِثْلِهِ فَآمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ إِنَّ اللهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِينَ ۝ (الاحقاف:۱۰۔۹)

آپ کہیے کہ اگر یہ قرآن اللہ کی طرف سے ہو اور تم اس کا کفر کر چکے ہو (تو پھر تمہارا کیا انجام ہوگا) اور بنی اسرائیل کا ایک شخص اس جیسی کتاب کی گواہی دے چکا ہو اور اس پر ایمان بھی لا چکا ہو اور تم نے تکبر کیا ہو (تو تمہاری عاقبت کیسی ہوگی)، بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا○

علامہ عینی لکھتے ہیں: مفسرین نے کہا کہ اَرَأَيْتُمْ کا معنی ہے: مجھے خبر دو، اور تفسیر نسفی میں مذکور ہے: اے محمد! (صلی اللہ علیک وسلم) آپ ان کفار سے کہیے کہ اگر یہ قرآن اللہ کی طرف سے ہو اور دوسرا قول یہ ہے کہ اگر سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کی طرف سے مبعوث ہوں اور تم نے ان کا کفر کیا ہو اور بنی اسرائیل کا ایک شخص بھی ان کے برحق ہونے کی گواہی دے چکا ہو اور اس شرط کا جواب محذوف ہے اور وہ یہ ہے کہ کیا تم ظالم نہیں ہو گے اور اس جواب کے محذوف ہونے کی یہ دلیل ہے کہ اس کے بعد مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

Marfat.com

بنی اسرائیل کے ایک شخص کی تفسیر میں قتادہ اور ضحاک نے کہا ہے کہ وہ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ ہیں جنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی شہادت دی اور آپ پر ایمان لائے۔ مسروق نے کہا کہ اللہ کی قسم! یہ آیت عبداللہ بن سلام کے متعلق نازل نہیں ہوئی اس لیے کہ سورۂ احقاف مکہ میں نازل ہوئی ہے اور حضرت عبداللہ بن سلام مدینہ میں اسلام لائے تھے اور کہا گیا ہے کہ بنی اسرائیل کے اس شاہد سے مراد حضرت موسیٰ بن عمران علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں۔

امام بخاری نے کہا کہ اَرَاَیْتُمْ کا الف وعید کے لیے ہے۔ علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ اَرَاَیْتُمْ کے شروع میں جو الف ہے وہ کفار مکہ کی وعید کے لیے ہے کیونکہ انہوں نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ وہ اللہ کو چھوڑ کر جن کی عبادت کرتے ہیں کی عبادت کرنا صحیح ہے تو اگر بالفرض ان کا یہ دعویٰ صحیح بھی ہو تو یہ بت اس کے مستحق نہیں کہ ان کی عبادت کی جائے کیونکہ وہ بت مخلوق ہیں، سو اللہ ہی عبادت کا مستحق ہے جو ہر چیز کا خالق ہے اور امام بخاری نے فرمایا اَرَاَیْتُمْ میں آنکھ سے دیکھنا مراد نہیں ہے بلکہ اس کا معنی یہ ہے کہ کیا تم جانتے ہو یا تم کو یہ خبر پہنچی ہے۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۴۱۔ ۲۴۰ میں کی ہے]

۱۔ بَابٌ: وَالَّذِیْ قَالَ لِوَالِدَیْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِیْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِیْ ۚ وَهُمَا یَسْتَغِیْثٰنِ اللّٰهَ وَیْلَكَ اٰمِنْ ۖ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۖ فَیَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ۝ (الاحقاف: ۱۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جس نے اپنے ماں باپ سے کہا: تم پر اف ہے، تم مجھے اسی سے ڈراتے رہے ہو کہ میں قبر سے نکالا جاؤں گا حالانکہ مجھ سے پہلے بہت صدیاں گزر چکی ہیں، اور وہ دونوں (ماں باپ) اللہ سے فریاد کرتے ہیں تیرے لیے ہلاکت ہو ایمان لے آ، بے شک اللہ کا وعدہ برحق ہے تو وہ کہتا ہے: یہ تو صرف پہلے لوگوں کے بنائے ہوئے افسانے ہیں O (الاحقاف: ۱۷) کی تفسیر

آیت مذکورہ کا شان نزول اور اف اور اساطیر کی تحقیق

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے متعلق نازل ہوئی ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ یہ آیت حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہما کے متعلق ان کے اسلام لانے سے پہلے نازل ہوئی ہے، ان کے ماں باپ ان کو موت سے اور مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیے جانے سے ڈراتے تھے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ وہ اس کا انکار کرتی ہیں کہ یہ آیت حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کے متعلق نازل ہوئی ہے اور زجاج نے کہا: جس نے یہ کہا: یہ آیت حضرت عبدالرحمٰن کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ اس کا قول باطل ہے۔ صحیح بات یہ ہے کہ یہ آیت اس کافر کے متعلق نازل ہوئی ہے جو اپنے ماں باپ کا نافرمان تھا، اس کا الواحدی اور ابن الجوزی نے ذکر کیا ہے۔

اف: یہ وہ کلمہ ہے جس کو ناراضگی کے اظہار کے قصد سے بولا جاتا ہے، جمہور نے اف کی فاء پر کسرہ اور تنوین پڑھی ہے اور

عاصم کی قراءت میں فاء پر بغیر تنوین کے زبر ہے۔

اس نے کہا: تم مجھے اس سے ڈراتے ہو کہ میں اپنے بوسیدہ ہونے اور فنا ہونے کے بعد قبر سے دوبارہ نکالا جاؤں گا اور مجھ سے پہلے اتنی صدیاں گزر چکی ہیں اور اس دوران مرنے والوں میں سے کسی ایک کو بھی دوبارہ زندہ نہیں کیا گیا اور اس کے ماں باپ اللہ سے فریاد کرتے تھے اور اس کے خلاف مدد طلب کرتے تھے اور وہ کہتے تھے: ہم تیرے خلاف اللہ سے مدد چاہتے ہیں اور تیری بات سے اللہ کی پناہ میں آتے ہیں۔ اس کے ماں باپ نے کہا: تیرے لیے ہلاکت ہو تو ایمان لے آ اور مرنے کے بعد دوبارہ اٹھنے کی تصدیق کر اور وہ جواب میں کہتا تھا: یہ تو صرف پہلے لوگوں کے افسانے ہیں، اس آیت میں اساطیر کا لفظ ہے، یہ اُسْطَارٌ کی جمع ہے اور اُسْطَار، سَطْرٌ کی جمع ہے اور سطر کا معنی خط اور کتابت ہے۔ الجواہری نے کہا ہے: اساطیر کا معنی ہے: اَبَاطِیْل اور یہ اُسْطُوْرَۃٌ اور اِسْطَارَۃٌ کی جمع ہے۔

۴۸۲۷۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ قَالَ كَانَ مَرْوَانُ عَلَى الْحِجَازِ اسْتَعْمَلَهُ مُعَاوِيَةُ فَخَطَبَ فَجَعَلَ يَذْكُرُ يَزِيدَ بْنَ مُعَاوِيَةَ لِكَيْ يُبَايَعَ لَهُ بَعْدَ أَبِيهِ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ شَيْئًا فَقَالَ خُذُوهُ فَدَخَلَ بَيْتَ عَائِشَةَ فَلَمْ يَقْدِرُوا فَقَالَ مَرْوَانُ إِنَّ هَذَا الَّذِي أَنْزَلَ اللهُ فِيهِ وَالَّذِي ﴿وَالَّذِي قَالَ لِوَالِدَيْهِ أُفٍّ لَكُمَا أَتَعِدَانِنِي﴾ (الاحقاف: ۱۷) فَقَالَتْ عَائِشَةُ مِنْ وَرَاءِ الْحِجَابِ مَا أَنْزَلَ اللهُ فِينَا شَيْئًا مِنَ الْقُرْآنِ إِلَّا أَنَّ اللهَ أَنْزَلَ عُذْرِي

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابوعوانہ نے حدیث بیان کی از ابی بشر از یوسف بن ماہک وہ بیان کرتے ہیں کہ مروان حجاز کا گورنر تھا، اس کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے گورنر بنایا تھا، اس نے خطبہ دیا، پس وہ یزید بن معاویہ کا ذکر کرنے لگا تاکہ اس کے والد کے بعد اس کی بیعت کی جائے، پس حضرت عبدالرحمن بن ابی بکر نے اس کے متعلق کوئی سخت بات کی تو مروان نے کہا: اس کو پکڑ لو، پھر حضرت عبدالرحمن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں داخل ہو گئے، پس مروان کے کارندے ان پر قادر نہ ہو سکے تو مروان نے کہا: یہ ہی وہ شخص ہے جس کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی ہے: وَالَّذِي قَالَ لِوَالِدَيْهِ أُفٍّ لَكُمَا أَتَعِدَانِنِي (الاحقاف: ۱۷) (اور جس نے اپنے ماں باپ سے کہا: تم پر اف ہے تم مجھے اسی سے ڈراتے رہے ہو) تو حضرت عائشہ نے پردہ کے پیچھے سے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ہمارے متعلق قرآن میں کوئی چیز نازل نہیں کی مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں میری براءت نازل فرمائی۔

حدیث مذکور کے مشکل الفاظ کے معانی اور مجمل الفاظ کا بیان

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

پس مروان یزید بن معاویہ کا ذکر کرنے لگا: اسماعیلی نے درج ذیل عبارت کے ساتھ اس کی وضاحت کی ہے، وہ لکھتے ہیں:

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا ارادہ تھا کہ یزید کو خلیفہ بنائیں تو انہوں نے مروان کی طرف خط لکھا اور وہ اس وقت مدینہ کا گورنر تھا، پس اس نے لوگوں کو جمع کر کے خطبہ دیا اور کہا: بے شک امیر المومنین کی یزید کے متعلق بہت عمدہ رائے ہے اور انہوں نے یزید کی بیعت کرنے کے لیے لوگوں کو دعوت دی تو حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ تو صرف عیسائی بادشاہ ہرقل کا طریقہ ہے، اللہ کی قسم!

حضرت ابوبکر نے اپنی اولاد میں سے کسی کو خلیفہ نہیں بنایا اور نہ اپنے شہر کے لوگوں میں سے کسی کو اپنا خلیفہ بنایا اور نہ اپنے گھر والوں میں سے کسی کو خلیفہ بنایا تو مروان نے کہا: کیا تم وہی نہیں ہو جس کے متعلق اللہ نے قرآن میں فرمایا: اور جس نے اپنے ماں باپ سے کہا ہے: ''أُفٍّ لَّكُمَآ''۔ اسماعیلی نے بیان کیا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس بات کو سن لیا تو انہوں نے فرمایا: اے مروان! تم عبدالرحمٰن کے متعلق اس طرح اور اس طرح کہہ رہے ہو اللہ کی قسم! یہ آیت تو صرف فلاں بن فلاں کے متعلق نازل ہوئی ہے اور اگر میں اس کا نام لینا چاہوں تو لے سکتی ہوں لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مروان کے باپ پر اس وقت لعنت کی تھی جب مروان اپنے باپ کی پشت میں تھا، پس مروان اللہ عزوجل کی لعنت کا ایک ٹکڑا ہے تو مروان جلدی سے منبر سے اترا حتیٰ کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے دروازے پر آیا، پھر وہ حضرت عائشہ سے بات کرنے لگا اور حضرت عائشہ جواب دیتی رہیں، اور اسماعیلی کی دوسری عبارت میں ہے: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اس نے جھوٹ بولا، اللہ کی قسم! یہ آیت عبدالرحمٰن کے متعلق نازل نہیں ہوئی۔

پس عبدالرحمٰن بن ابوبکر نے کوئی سخت بات کی: امام بخاری نے یہ نہیں بیان کیا کہ حضرت عبدالرحمٰن نے مروان سے کیا کہا تھا اور اسماعیلی نے اس کی اپنی روایت میں وضاحت کی ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن نے کہا: یہ تو صرف عیسائی بادشاہوں کا طریقہ ہے اور محمد بن زیاد کی روایت ہے کہ مروان نے کہا کہ یہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کا طریقہ ہے، پس حضرت عبدالرحمٰن نے کہا: نہیں یہ ہرقل اور قیصر کا طریقہ ہے۔

مروان نے کہا: اس کو پکڑ لو: یعنی مروان نے اپنے سپاہیوں سے کہا: اس کو پکڑ لو۔

پس حضرت عبدالرحمٰن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں داخل ہو گئے: یعنی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی پناہ میں چلے گئے، پس وہ حضرت عبدالرحمٰن پر قادر نہ ہوئے: وہ حضرت عبدالرحمٰن کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر سے نکالنے پر قادر نہ ہوئے، اس کی وجہ حضرت عائشہ کی تعظیم تھی، وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں داخل ہونے سے باز رہے۔

مروان نے کہا: یہ وہی ہے جس کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ''اور جس نے اپنے ماں باپ سے کہا: تم پر اف ہے تم مجھے اسی سے ڈراتے رہے ہو'' الآیۃ (الاحقاف: ۱۷) پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ نے ہمارے متعلق کوئی چیز نازل نہیں فرمائی، ہاں! میری براءت میں اللہ تعالیٰ نے سورۂ نور کی دس آیتیں نازل فرمائیں اور حضرت ابوبکر کے متعلق ثَانِيَ اثْنَيْنِ الآیۃ (التوبہ: ۴۰) نازل فرمائیں اور متعدد آیات نازل فرمائیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۴۳۔ ۲۴۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۳۱ھ)

۲۔ بَابٌ: فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ۭ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ۭ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ (الاحقاف: ۲۴)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پھر جب انہوں نے اس (عذاب) کو بادل کی طرح اپنی وادیوں میں آتے دیکھا تو انہوں نے کہا: یہ ہم پر برسنے والا بادل ہے، (نہیں) بلکہ یہ وہ عذاب ہے جس کو تم نے جلد طلب کیا تھا یہ زبردست آندھی ہے جس میں دردناک عذاب ہے ○ (الاحقاف: ۲۴) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

پھر جب انہوں نے اس (عذاب) کو بادل کی طرح اپنی وادیوں میں آتے دیکھا: کفار حضرت ہود علیہ السلام سے کہتے تھے: آپ

ہمیں جس عذاب سے ڈراتے ہیں تو ہمارے پاس وہ عذاب لے آئیں اگر آپ سچے ہیں اور یہ کہنے والے حضرت ہود علیہ السلام کی قوم کے لوگ تھے، پھر جب کفار نے دیکھا کہ بادل ان کی بستیوں کی طرف بڑھ رہا ہے تو وہ خوش ہو کر کہنے لگا: یہ ہم پر بارش برسانے والا بادل ہے تو اللہ عزوجل نے فرمایا: ''(نہیں) بلکہ یہ وہ عذاب ہے جس کو تم نے جلد طلب کیا تھا یہ زبردست آندھی ہے''۔ یہ وہی آندھی ہے جس کو دبور بھی فرمایا ہے، اس آندھی نے خیموں کو اکھاڑ کر پھینک دیا اور راستہ میں چلنے والی عورت کو ٹڈی کی طرح اڑا کر بلندی پر لے گئی اور جو ان کے مویشی اور ان کے گھر تھے ان کو زمین اور آسمان کے درمیان پردوں کی طرح اڑا یا۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا: وہ لوگ اپنے گھروں میں داخل ہو گئے اور انہوں نے اپنے گھروں کے دروازے بند کر لیے پھر آندھی نے ان کے گھروں کے دروازوں کو اکھاڑ کر پھینک دیا اور ان لوگوں کو اوندھے منہ گرا دیا اور اللہ تعالیٰ نے آندھی کو حکم دیا تو اس نے ان کے اوپر ریت کو الٹ دیا، پھر وہ سات راتیں اور آٹھ دن تک ریت میں دفن رہے، پھر اللہ تعالیٰ نے آندھی کو حکم دیا تو اس نے ان کے اوپر سے ریت کو ہٹا دیا، پھر اللہ تعالیٰ نے ریت کو حکم دیا تو اس نے ان کی لاشوں کو اٹھا کر سمندر میں پھینک دیا اور یہی اس آیت کا معنی ہے:

تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۭ بِأَمْرِ رَبِّهَا فَأَصْبَحُوا لَا يُرَىٰٓ إِلَّا مَسَٰكِنُهُمْ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِينَ ۝ (الاحقاف:۲۵)

یہ آندھی اپنے رب کے حکم سے ہر چیز برباد کر دے گی، پھر وہ اس طرح ہو گئے کہ ان کے گھروں کے سوا اور کچھ دکھائی نہیں دیتا تھا، ہم مجرموں کو اسی طرح سزا دیتے ہیں O

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَارِضٌ السَّحَابُ۔

حضرت ابن عباس نے فرمایا: عَارِضٌ سے مراد ہے: بادل۔

علامہ عینی فرماتے ہیں: ہم تفصیل سے بیان کر چکے ہیں کہ انہوں نے اس عذاب کو بادل کیوں کہا تھا۔

(عمدۃ القاری: ج۱۹ ص ۲۴۴۔ ۲۴۳، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۲۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنَا عَمْرٌو أَنَّ أَبَا النَّضْرِ حَدَّثَهُ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنها زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَتْ مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ ضَاحِكًا حَتَّى أَرَى مِنْهُ لَهَوَاتِهِ إِنَّمَا كَانَ يَتَبَسَّمُ۔

(صحیح البخاری:۶۰۹۲، صحیح مسلم:۸۹۹، سنن ابوداؤد:۵۰۹۸)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں احمد بن عیسیٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابن وہب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عمرو نے خبر دی کہ ابو النضر نے ان کو حدیث بیان کی از سلیمان بن یسار از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جو نبی ﷺ کی زوجہ محترمہ ہیں، وہ بیان کرتی ہیں کہ میں نے کبھی بھی رسول اللہ ﷺ کو اس طرح ہنستے ہوئے نہیں دیکھا حتیٰ کہ میں آپ کے حلق کے اوپر کا گوشت دیکھوں آپ صرف مسکراتے تھے۔

۴۸۲۹۔ قَالَتْ وَكَانَ إِذَا رَأَى غَيْمًا أَوْ رِيحًا عُرِفَ فِي وَجْهِهِ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ النَّاسَ إِذَا رَأَوُا الْغَيْمَ فَرِحُوا رَجَاءَ أَنْ يَكُونَ فِيهِ الْمَطَرُ وَأَرَاكَ إِذَا رَأَيْتَهُ عُرِفَ فِي وَجْهِكَ الْكَرَاهِيَةُ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ مَا يُؤْمِنِّي أَنْ يَكُونَ فِيهِ عَذَابٌ عُذِّبَ قَوْمٌ بِالرِّيحِ وَقَدْ رَأَى قَوْمٌ الْعَذَابَ فَقَالُوا هَذَا عَارِضٌ مُمْطِرُنَا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: جب آپ بادل یا آندھی کو دیکھتے تو آپ کے چہرے پر خوف کے آثار دکھائی دیتے، حضرت عائشہ کہتی ہیں: یا رسول اللہ! بے شک جب لوگ بادل کو دیکھتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں کہ اس میں بارش ہوگی اور میں آپ کو دیکھتی ہوں کہ جب آپ بادل کو دیکھتے ہیں تو آپ کے چہرے پر ناپسندیدگی کے آثار دکھائی دیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: اے عائشہ: مجھے کون اس چیز سے بے خوف کرے گا کہ اس بادل میں عذاب (نہیں)

Marfat.com

ہوگا، قوم عاد کو آندھی کا عذاب دیا گیا تھا اور ایک قوم نے عذاب کو دیکھ کر کہا تھا: یہ ہم پر بارش لانے والا بادل ہے۔

اس حدیث کا شرح صحیح البخاری: ۳۲۰۶ میں گزر چکی ہے۔

لہوات کا معنی اور یہ اس حدیث کے خلاف نہیں ہے جس میں مذکور ہے کہ آپ ہنستے تو آپ کی ڈاڑھیں دکھائی دیتیں

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ حدیث مذکور کی شرح میں لکھتے ہیں:

حتیٰ کہ میں آپ کے لَہَوَات کو دیکھوں: یہ لفظ لہاۃ کی جمع ہے، یہ وہ گوشت ہے جو حلق کے اوپر کے حصہ میں ہوتا ہے۔

آپ صرف مسکراتے تھے: یہ اس حدیث کے خلاف نہیں ہے جس میں مذکور ہے کہ ''آپ ہنسے حتیٰ کہ آپ کی ڈاڑھیں ظاہر ہو گئیں''۔ ڈاڑھیں ان دانتوں کو کہتے ہیں جو منہ کے شروع میں ہوتے ہیں یا کچلیوں کو کہتے ہیں اور یہ اس کو مستلزم نہیں ہے کہ اس سے حلق کے اوپر کا گوشت دکھائی دے۔

آندھی کو دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا کا بیان

آپ کے چہرے پر ناپسندیدگی کے آثار دکھائی دیتے ہیں: عطاء نے حضرت عائشہ سے اس حدیث کے شروع کے حصہ کی روایت کی ہے، جب آندھی آتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا کرتے: اے اللہ! میں تجھ سے اس کی خیر کا سوال کرتا ہوں اور جو کچھ اس میں ہے اس کی خیر کا سوال کرتا ہوں اور جو چیز اس کے ساتھ بھیجی گئی ہے میں اس کی خیر کا سوال کرتا ہوں اور میں اس کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور جو اس میں ہے اس کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور جس چیز کے ساتھ اس کو بھیجا گیا ہے اس کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں، اور جب آسمان پر بادل چھا جاتے تو آپ کا چہرہ متغیر ہو جاتا، آپ گھر سے نکلتے اور داخل ہوتے اور آگے بڑھتے اور پیچھے آتے، پھر جب بارش ہو جاتی تو آپ کے چہرے سے خوف اور گھبراہٹ کے آثار دور ہو جاتے۔ اس حدیث کی امام مسلم نے کافی طویل عبارت کے ساتھ روایت کی ہے، یہ حدیث بدء الخلق میں گزر چکی ہے اور کتاب الاستسقاء کے اواخر میں حضرت انس کی روایت سے گزر چکی ہے۔

اس اشکال کا جواب کے سورۂ احقاف کی آیتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ جس قوم کو آندھی کے ساتھ عذاب دیا گیا تھا وہ اس کی غیر ہے جس نے کہا تھا کہ یہ بارش لانے والا بادل ہے

ایک قوم کو آندھی کے ساتھ عذاب دیا گیا اور ایک قوم نے عذاب کو دیکھا تو کہا: یہ بارش لانے والا بادل ہے: اس حدیث کے ظاہر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جن لوگوں کو آندھی سے عذاب دیا گیا تھا وہ ان کے غیر ہیں جنہوں نے کہا تھا: یہ بارش لانے والا بادل ہے کیونکہ قاعدہ یہ ہے کہ جب نکرہ مکرر ہو تو ثانی اول کا غیر ہوتا ہے، لیکن اس باب کی آیات سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جن لوگوں کو آندھی سے عذاب دیا گیا تھا یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے آندھی کو دیکھ کر یہ کہا تھا کہ یہ بارش لانے والا بادل ہے۔ قرآن مجید کی درج ذیل آیات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہی لوگ ہیں:

وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ؕ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ۔ (الاحقاف: ۲۱)

اور (اے رسول مکرم!) عاد کے ہم قبیلہ (ہود) کو یاد کیجئے جب انہوں نے اپنی قوم کو احقاف (ریگستانی بستی) میں اللہ کے عذاب سے ڈرایا۔

Marfat.com

فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ۭ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ۭ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ (الاحقاف: ۲۴)

پھر جب انہوں نے اس عذاب کو بادل کی طرح اپنی وادیوں میں آتے دیکھا تو انہوں نے کہا: یہ ہم پر برسنے والا بادل ہے (نہیں) بلکہ یہ وہ عذاب ہے جس کو تم نے جلد طلب کیا تھا، یہ زبردست آندھی ہے جس میں دردناک عذاب ہے O

علامہ کرمانی نے اس اشکال کا یہ جواب دیا ہے: یہ قاعدہ مذکورہ (نکرہ جب مکررہ ہوتو ثانی غیر اولیٰ ہوتا ہے) اس وقت جاری ہوتا ہے جب عبارت میں ایسا قرینہ نہ ہو جو اس پر دلالت کرے کہ ثانی اول کا عین ہے، اگر وہاں پر قرینہ ہوتو پھر ثانی سے مراد اول کا عین ہوتا ہے جیسا کہ اس آیت میں ہے:

وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَاۗءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۔ (الاحقاف: ۸۴)

اور وہی آسمان میں عبادت کا مستحق ہے اور وہی زمین میں عبادت کا مستحق ہے۔

اور یہ معلوم ہے کہ جو زمین اور آسمان میں عبادت کا مستحق ہے وہ ایک ہے۔ اللہ وحدہ لا شریک لہ۔ پھر علامہ کرمانی نے لکھا: یہ بھی ہوسکتا ہے کہ عاد کی دو قومیں ہوں، ایک وہ قوم جو احقاف (ریگستانی) بستی میں تھی اور یہ وہی ہیں جنہوں نے آندھی کو دیکھ کر کہا: یہ بارش لانے والا بادل ہے۔

یہ جواب ہر چند کہ بعید ہے لیکن اس کا احتمال ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ النجم میں فرمایا:

وَاَنَّهٗٓ اَهْلَكَ عَادَۨا الْاُوْلٰى ۝ (النجم: ۵۰)

اور یہ کہ اس نے پہلی (قوم) عاد کو ہلاک کر دیا O

اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلی قوم عاد کے علاوہ کوئی دوسری قوم عاد بھی ہے۔

(فتح الباری ج ۶ ص ۸، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الاحقاف کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ سورۂ محمد کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی ہیں، ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۴۷۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَةِ مُحَمَّدٍ

سورۂ محمد کی تفسیر

سورۂ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۂ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بعض آیات کی تفسیر ہے، ابوالعباس نے سدی کی روایت سے کہا ہے کہ یہ سورت مکی ہے، پھر کہا: ہم کو جو عام خبریں پہنچی ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سورت مدنی ہے اور اس سورت میں اڑتیس (۳۸) آیات ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ اس کی بعض آیات سے پتا چلتا ہے کہ یہ سورۃ مدنی ہے جیسا کہ (محمد: ۴۔۲۱۔۲۹۔۳۰)۔ (سعیدی غفرلہ)

أَوْزَارَهَا آثَامَهَا حَتّٰی لَا یَبْقٰی إِلَّا مُسْلِمٌ۔

أَوْزَارَهَا اس کا معنی ہے: اس قوم کے گناہ حتیٰ کہ مسلمان کے سوا کوئی باقی نہ رہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَإِذَا لَقِیْتُمُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ط حَتّٰی إِذَآ أَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ز فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَآءً حَتّٰی تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا۔ (محمد: ۴)

سو جب تمہارا کفار سے مقابلہ ہو تو ان کی گردنیں مارو حتیٰ کہ جب تم ان کا خون بہا چکو تو ان کو مضبوطی سے گرفتار کرلو (پھر تم کو اختیار ہے) خواہ تم ان پر احسان کر کے ان کو (بلا معاوضہ) چھوڑ دو، یا ان سے فدیہ لے کر انہیں چھوڑ دو حتیٰ کہ جنگ اپنے ہتھیار رکھ دے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے أَوْزَارَهَا کی تفسیر آثَامَهَا یعنی اس کے گناہوں کے ساتھ کی ہے، پس امام بخاری کی تفسیر کے طور پر اوزار، وِزْر کی جمع ہے اور آثام، إِثْم کی جمع ہے، علامہ ابن التین نے کہا ہے: یہ تفسیر امام بخاری کے سوا اور کسی نے نہیں کی اور معروف تفسیر یہ ہے کہ أَوْزَارَهَا سے مراد اسلحہ اور ہتھیار ہیں، علامہ عینی فرماتے ہیں: پس اس صورت میں أَوْزَار، وِزْر کی جمع ہے جس کا معنی ہتھیار ہیں، اور لغت کی کتاب مغرب میں مذکور ہے کہ وِزْر کا معنی وزنی بوجھ ہے اور اس کے موافق قرآن مجید کی یہ آیت ہے:

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرٰی۔ (الانعام: ۱۶۴)

اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔

یعنی کسی کے گناہ کا بوجھ نہیں اٹھائے گا، عرب کہتے ہیں: وَضَعَتِ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا یعنی جنگ ختم ہو گئی اور فریقین نے اپنے ہتھیار رکھ دیئے، اس وجہ سے ہتھیاروں کو وِزْر یعنی بوجھ کہتے ہیں۔

اس تفصیل سے علامہ ابن التین کا کلام قوی ہوتا ہے اور امام بخاری کا کلام علامہ ثعلبی کی تفسیر سے قوی ہوتا ہے، انہوں نے کہا ہے: اثامہا سے مراد ہے: فریقین کے جرائم کیونکہ جنگ میں کسی ایک فریق کا جرم اور گناہ ہوتا ہے، پھر جب جنگ ختم ہو جاتی ہے تو ان کے جرائم بھی ختم ہو جاتے ہیں، پھر علامہ ثعلبی نے کہا: حتیٰ کہ جنگ اپنے ہتھیاروں کو رکھ دے اور جنگ کو چھوڑ دے اور حرب سے

مراد لڑنے والی قوم ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ اس آیت کا معنی ہے: حتیٰ کہ لڑنے والی قوم اپنے ہتھیاروں اور اپنے گناہوں کو چھوڑ دے، بایں طور کہ وہ کفر سے توبہ کرلیں اور اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لے آئیں۔ علامہ عینی لکھتے ہیں: اس تفصیل سے تم کو معلوم ہوگیا ہوگا کہ امام بخاری کے کلام اور علامہ ابن التین کے کلام دونوں کی توجیہ ہوسکتی ہے۔

عَرَّفَهَا بَيَّنَهَا۔ عَرَّفَهَا اس کا معنی ہے: بَيَّنَهَا یعنی ان کو اس کی پہچان کرادے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝ (محمد:۶) اور ان کو جنت میں داخل کردے گا جس کی ان کو پہچان کرادی ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے عَرَّفَهَا کی تفسیر کی ہے کہ وہ اس کا بیان کردے گا۔ علامہ ثعلبی نے اس کی تفسیر میں کہا ہے یعنی اللہ تعالیٰ اہل جنت کے لیے ان کے گھروں کا بیان کردے گا حتیٰ کہ ان کو اپنے گھر اور اپنے درجات کی پہچان ہوجائے گی اور انہیں کوئی اور ان کے گھروں کی رہنمائی نہیں کرے گا حتیٰ کہ یوں معلوم ہوگا کہ وہ جب سے پیدا ہوئے ہیں ان گھروں میں رہنے والے ہیں۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَوْلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَلِيُّهُمْ۔ اور مجاہد نے کہا: مومنین کے مولی کا معنی ہے: ان کا ولی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ مَوْلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَأَنَّ الْكَافِرِينَ لَا مَوْلَىٰ لَهُمْ ۝ (محمد:۱۱) اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ ایمان والوں کا مددگار ہے اور کافروں کا کوئی مددگار نہیں ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مولی کی تفسیر ولی کے ساتھ کی ہے اور امام طبری نے بھی اپنی سند سے اس کی روایت کی ہے۔

فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ أَيْ جَدَّ الْأَمْرُ۔ عَزَمَ الْأَمْرُ کا معنی ہے معاملہ پختہ ہوگیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

طَاعَةٌ وَقَوْلٌ مَعْرُوفٌ ۖ فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ ۖ فَلَوْ صَدَقُوا اللَّهَ لَكَانَ خَيْرًا لَهُمْ ۝ (محمد:۲۱) اللہ کی اطاعت کرنا اور نیک بات کہنا (زیادہ بہتر ہے)، پس جب جہاد کا قطعی حکم آگیا تو اگر وہ اللہ کے ساتھ سچے رہتے تو ان کے حق میں زیادہ بہتر تھا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے عَزَمَ الْأَمْرَ کی تفسیر کی ہے: جَدَّ الْأَمْرُ یعنی جب جہاد کا قطعی حکم آجائے۔ ابو نجیح نے بھی اس کی مثل مجاہد سے روایت کی ہے۔

فَلَا تَهِنُوا لَا تَضْعُفُوا۔ فَلَا تَهِنُوا اس کا معنی ہے: تم کمزور نہ پڑنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا إِلَى السَّلْمِ ۚ وَأَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ۔ (محمد:۳۵) سو (اے مسلمانو!) تم ہمت نہ ہارو اور ان کو صلح کی دعوت نہ دو اور تم ہی غالب رہو گے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے فَلَا تَهِنُوا کی تفسیر کی ہے: لَا تَضْعُفُوا یعنی تم کمزور نہ پڑھنا، مجاہد نے بھی اسی طرح تفسیر کی ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ أَضْغَانَهُمْ حَسَدَهُمْ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: أَضْغَانَهُمْ کا معنی ہے: ان کا حسد۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿۲۹﴾ (محمد:۲۹)

کیا جن لوگوں کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے انہوں نے یہ گمان کر رکھا ہے کہ اللہ ان کے دلوں کے کینہ کو ظاہر نہیں فرمائے گا○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اَضْغَانَ کی تفسیر حسد کے ساتھ کی ہے اور اَضْغَانٌ، ضِغْنٌ کی جمع ہے جس کا معنی کینہ اور حسد ہے اور فِيْ قُلُوْبِهِمْ کی ضمیر منافقین کی طرف راجع ہے۔

آسِنٍ مُتَغَيِّرٍ۔ آسِنٌ کا معنی ہے: متغیر۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّاۗءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۔ (محمد:۱۵)

جس جنت کا متقین سے وعدہ کیا گیا ہے اس کی صفت یہ ہے کہ اس میں ایسے دریا ہیں جن کا پانی متغیر نہیں ہوتا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی جنت کے دریاؤں کا پانی متغیر نہیں ہوتا۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج۱۹ ص۲۴۶۔۲۴۵ میں کی ہے]

۱۔ بَابٌ: وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ (محمد:۲۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور رشتہ توڑ ڈالو گے۔ (محمد:۲۲) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے پوری آیت ذکر نہیں کی پوری آیت اس طرح ہے:

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ﴿۲۲﴾ (محمد:۲۲)

تم سے یہ بعید نہیں ہے کہ اگر تم کو حکومت مل جائے تو تم زمین میں فساد کرو گے اور رشتے توڑ ڈالو گے○

۴۸۳۰۔ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ قَالَ حَدَّثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِيْ مُزَرِّدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ خَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْهُ قَامَتِ الرَّحِمُ فَأَخَذَتْ بِحَقْوِ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ لَهُ مَهْ قَالَتْ هٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِ بِكَ مِنَ الْقَطِيْعَةِ قَالَ أَلَا تَرْضَيْنَ أَنْ أَصِلَ مَنْ وَصَلَكِ وَأَقْطَعَ مَنْ قَطَعَكِ قَالَتْ بَلٰى يَا رَبِّ قَالَ فَذٰلِكَ۔

[صحیح البخاری:۴۸۳۱۔۴۸۳۲۔۵۹۸۷۔۷۵۰۲]

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں خالد بن مخلد نے حدیث بیان کی: انہوں نے کہا: ہمیں سلیمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے معاویہ بن ابی مزرد نے حدیث بیان کی از سعید بن یسار از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی ﷺ، آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا، جب وہ اس سے فارغ ہو گیا تو رحم کھڑا ہو گیا اور اس نے رحمٰن کے ازار باندھنے کی جگہ کو پکڑ لیا، اللہ تعالیٰ نے اس سے فرمایا: ٹھہرو تو رحم نے کہا: یہ رشتہ توڑنے سے تیری پناہ میں آنے والے کا مقام ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کیا تو اس سے راضی نہیں ہے کہ جو تجھ کو جوڑے میں اس کو جوڑوں اور جو تجھ کو توڑے میں اس کو توڑ دوں۔ رحم نے عرض کی: ہاں! اے میرے رب! تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: پھر ایسا ہی ہوگا۔

قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ اقْرَءُوْا إِنْ شِئْتُمْ ﴿فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھو: فَهَلْ

Marfat.com

تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ﴿۲۲﴾ (محمد:۲۲)

عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ﴿۲۲﴾ (محمد:۲۲) (تم سے یہ بعید نہیں ہے کہ اگر تم کو حکومت مل جائے تو تم زمین میں فساد کرو گے اور رشتہ توڑ ڈالو گے ○)

رحم کا معنی، اور اس کے کھڑے ہونے اور بات کرنے کی توجیہ

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

رحم کھڑا ہو گیا: رحم کا معنی ہے: قربت اور یہ لفظ رحمت سے ہے ماخوذ ہے، وہ ایک عرض ہے جس کو جسم میں رکھ دیا گیا ہے، اس وجہ سے اس نے کھڑے ہو کر کلام کیا۔

قاضی عیاض نے کہا: ہو سکتا ہے رحم کے کھڑے ہونے سے کسی فرشتہ کا کھڑا ہونا مراد ہو، رحم عرش کے ساتھ معلق ہو گیا اور اپنی زبان سے اللہ تعالیٰ سے کلام کرے اور علامہ قرطبی نے کہا: رحم کو جوڑا جاتا ہے اور توڑا جاتا ہے۔ یہ معانی میں سے ایک معنی ہے، اس کا نہ قیام ہو سکتا ہے اور نہ اس کا کلام ہو سکتا ہے، پس اس حدیث سے مراد اس کی تعظیم اور فضیلت ہے اور یہ بیان کرنا ہے کہ رحم کو توڑنا بہت بڑا گناہ ہے۔

پس رحم رحمٰن کے ازار باندھنے کی جگہ کو پکڑ لے گا: اور طبری کی روایت میں ہے: رحمٰن کے ازار باندھنے کی دو جگہوں کو پکڑ لے گا یعنی یہ روایت تثنیہ کے ساتھ ہے۔ علامہ طیبی نے کہا: اس میں تثنیہ تاکید کے لیے ہے کیونکہ پناہ لینے کے لیے دو ہاتھوں کو پکڑنا ایک ہاتھ کے پکڑنے سے زیادہ مؤکد ہے۔

الحقو کا معنی اور اس میں استعارہ تخییلیہ اور ترشیحیہ

الحقو: کا معنی ہے: ازار باندھنے کی جگہ، قاضی عیاض نے کہا ہے: الحقو ازار باندھنے کی جگہ ہے اور یہ وہ جگہ ہے جہاں سے پناہ طلب کی جاتی ہے اور علامہ طیبی نے کہا ہے: یہ قول استعارۂ تمثیلیہ پر مبنی ہے، رحم کے لیے مجاز بالاستعارہ کیا گیا جب وہ اللہ سے رشتہ توڑنے کے سبب پناہ طلب کرتا ہے، پس گویا کہ رحم جو جوڑنے کا محتاج ہوتا ہے اس کی اس حالت کو اس کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے جو ازار باندھنے کی جگہ کو پکڑ کر پناہ طلب کرتا ہے اور اس میں استعارہ تخییلیہ ہے یعنی مشبہ بہ کے لوازم کو مشبہ کے لیے ثابت کرنا اور یہ اس پر قرینہ ہے کہ یہاں پر حقیقی معنی مراد نہیں ہے اور اس میں ازار باندھنے کی جگہ کا ذکر ہے اور رحم کے پکڑنے کا اور اس کے بات کرنے کا اور یہ استعارہ ترشیحیہ ہے۔

مہ: یعنی رحمٰن رحم سے کہے گا: مہ یعنی رک جاؤ، اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ رحم کو حکم دے گا: تم اپنی حاجت کا اظہار کرو اور اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ علم کو طلب کرے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر راز کی اور چھپی ہوئی بات کو جاننے والا ہے۔

کن رشتوں کو جوڑنا واجب ہے اور کن رشتوں کو جوڑنا مستحب ہے

اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ میں اس سے تعلق جوڑوں جو تم کو جوڑتا ہو اور اس سے تعلق توڑ دوں جو تم کو توڑتا ہو: جوڑنے کا معنی ہے: شفقت اور مہربانی اور یہ اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں پر فضل ہے اور ان پر رحمت اور مہربانی ہے اور اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ رشتوں کو جوڑنا واجب ہے اور رشتوں کو توڑنا گناہ کبیرہ ہے اور اس باب میں احادیث ہیں جو اس پر شاہد ہیں لیکن رشتوں کے جوڑنے کے درجات ہیں اور ان میں سے بعض بعض پر بلند ہیں اور رشتہ جوڑنے کا ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ بندہ قطع تعلق

Marfat.com

کو ترک کرے اور بات چیت جاری رکھے خواہ سلام ہی کرے اور اس کا حکم قدرت اور ضرورت کے اعتبار سے مختلف ہوتا ہے۔ ان میں سے بعض واجب ہیں اور بعض مستحب ہیں، اگر اس نے اس پر اقتصار کیا جس پر وہ قادر ہے تو اس کو جوڑنے والا کہنا چاہیے۔ اس میں اختلاف ہے کہ وہ کون سے رشتے ہیں جن کو جوڑنا واجب ہے؟ پس ایک قول یہ ہے کہ ہر وہ رشتہ جو محرم ہو یعنی ان میں سے ایک مذکر ہو اور دوسرا مونث ہو اور ان کے درمیان نکاح حرام ہو جیسے سگے بھائی بہن اس بناء پر چچا کی اولاد میں اور ماموں کی اولاد میں رشتوں کو جوڑنا واجب نہیں ہے کیونکہ اس میں عورت اور اس کی بہن کو اور پھوپھی اور اس کی بہن کو نکاح میں جمع کرنا جائز ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ تمام رشتوں کو جوڑنا واجب ہے خواہ وہ عصبات ہوں یا ذوی الارحام ہوں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: تم سے یہ بعید نہیں ہے کہ اگر تم کو حکومت مل جائے تو تم زمین میں فساد کرو گے اور رشتے توڑ ڈالو گے۔ اس کے بعد فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی تو ان کو بہرہ بنا دیا اور ان کی آنکھوں کو اندھا کر دیا۔ (محمد: ۲۳۔۲۲)

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی اگر تم کو حکومت مل جائے تو تم زمین میں فساد کرو گے اور لوگوں پر ظلم کرو گے، یہ آیت بنو امیہ اور بنو ہاشم کے متعلق نازل ہوئی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۴۸)

آیت مذکورہ سے یزید پر لعنت کے جواز پر استدلال اور اس پر جمہور کا موقف

میں کہتا ہوں کہ علامہ آلوسی نے اس آیت سے یزید کے کفر پر استدلال کیا ہے کہ جب اس کو حکومت مل گئی تو اس نے رشتوں کو توڑ ڈالا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر ظلم کیا اور اس کے کارندوں نے امام حسین اور ان کے رفقاء کو شہید کیا اور اس آیت میں ایسا کرنے والوں پر اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے، سو اس آیت سے یزید کے اوپر لعنت کرنے کے جواز پر استدلال کیا گیا ہے، بر چند کے جمہور مسلمین نے کسی پر شخصی لعنت کرنے سے منع کیا ہے اور یزید کے مسئلہ میں توقف کیا ہے۔

لعن یزید کے سلسلہ میں علامہ آلوسی کی مفصل تحقیق

علامہ سید محمود آلوسی متوفی ۱۲۷۰ھ لکھتے ہیں:

ایک جماعت نے کہا ہے: کسی معین عاصی پر لعنت کرنا جائز ہے اور اس مسئلہ میں اختلاف ہے، پس جمہور کا موقف یہ ہے کہ کسی معین شخص کے اوپر لعنت کرنا جائز نہیں ہے خواہ وہ فاسق ہو یا ذمی ہو، زندہ ہو یا مردہ ہو اور اس کی کفر پر موت کا یقین نہ ہو کیونکہ ہو سکتا ہے کہ اس کا خاتمہ اسلام پر ہو، اس کے برخلاف وہ شخص ہے جس کی کفر پر موت کا یقین ہو جیسے ابو جہل۔

شیخ الاسلام السراج البلقینی کا مذہب یہ ہے کہ عاصی معین پر لعنت کرنا جائز ہے کیونکہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں یہ حدیث ہے کہ جب کوئی مرد اپنی بیوی کو اپنے بستر پر بلائے، پھر وہ آنے سے انکار کر دے اور وہ مرد غصہ میں رات گزارے تو صبح تک فرشتے اس پر لعنت کرتے رہتے ہیں، مگر اس استدلال پر یہ اعتراض ہے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ فرشتے اس پر خصوصیت سے لعنت نہ کرتے ہوں بلکہ بالعموم لعنت کرتے ہوں کہ اس عورت پر اللہ لعنت فرمائے جو رات کو اپنے شوہر کو بستر پر چھوڑے رکھے۔

اور الزواجر میں مذکور ہے کہ صحیح مسلم میں یہ حدیث ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایسے گدھے کے پاس سے گزرے جس کے چہرے پر داغ لگایا گیا تھا تو آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص پر لعنت کرے جس نے ایسا کیا تھا تو اس حدیث سے شخص معین پر لعنت کرنے کا جواز زیادہ ظاہر ہے۔

اس بناء پر یزید پر لعنت کرنے میں کوئی توقف نہیں ہے کیونکہ اس کے اوصاف خبیثہ بہت زیادہ ہیں اور اس کے ایام حکومت

Marfat.com

میں کبائر کا ارتکاب بھی بہت زیادہ ہے اور اس پر لعنت کرنے کے لیے یہ کافی ہے کہ اس نے اپنے غلبہ کے ایام میں اہل مدینہ اور اہل مکہ کے ساتھ ظلم کیا۔ امام طبرانی نے سند حسن کے ساتھ یہ روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ دعا کی: اے اللہ! جو اہل مدینہ پر ظلم کرے اور ان کو دھمکائے تو تو اس کو دھمکا اور اس پر اللہ کی لعنت ہے اور فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی، اس کا نہ فرض قبول کیا جائے اور نہ نفل، اور یزید نے اہل بیت پر جو ظلم کیا اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے قتل پر راضی ہوا اور اس پر خوش ہوا اور اس نے اہل بیت کی اہانت کی جو معناً متواتر ہے ہر چند ان کی تفاصیل اخبار احاد سے ہیں اور حدیث میں ہے: چھ مردوں پر میں نے لعنت کی ہے اور اللہ نے ان پر لعنت کی ہے اور ہر نبی کی دعا قبول ہوتی ہے:

(۱) اللہ کی کتاب میں تحریف کرنے والا (۲) اللہ کی تقدیر کی تکذیب کرنے والا (۳) اور طاقت سے حکومت کرنے والا تا کہ اس کو عزت دے جس کو اللہ نے ذلیل کیا اور اس کو ذلیل کرے جس کو اللہ نے عزت دی (۴) اللہ کی حرمات کو حلال کرنے والا (۵) اور میری آل پر ظلم کو حلال کرنے والا (۶) اور میری سنت کو ترک کرنے والا۔

علماء کی ایک جماعت نے وثوق کے ساتھ یزید کی تکفیر کی ہے اور اس پر لعنت کی تصریح کی ہے، ان میں سے ناصر السنہ ابن الجوزی ہیں اور قاضی ابو یعلیٰ ہیں اور علامہ تفتازانی نے کہا کہ ہم یزید کے معاملہ میں کوئی توقف نہیں کرتے بلکہ اس کے ایمان میں بھی کوئی توقف نہیں کرتے، اس پر اور اس کے اعوان وانصار پر اللہ کی لعنت ہو اور جنہوں نے اس پر لعنت کی تصریح کی ہے ان میں سے علامہ جلال الدین سیوطی ہیں اور وہ تاریخی روایات میں ہے کہ جب عراق سے قیدیوں کو یزید کے پاس لایا گیا تو وہ باہر نکلا اور حضرت علی اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما کی اولاد سے اس حال میں ملا کہ ان کے سر ہائے مبارک نیزوں کے اطراف پر تھے، جب اس نے ان کو دیکھا تو کوا کائیں کائیں کرنے لگا تو اس نے ایک شعر پڑھا:

جب یہ لوگ ظاہر ہوئے اور ان کے سروں کو نیزوں پر بلند کیا گیا تو کوا کائیں کائیں کرنے لگا۔

میں نے کہا: کوا کچھ بولے یا نہ بولے میں نے تو رسول سے اپنے پرانے قرضوں کو وصول کر لیا۔

یعنی یزید نے آپ کی آل کو قتل کر کے ان کا بدلہ لے لیا جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنگ بدر میں قتل کیا تھا جیسے اس کا نانا عتبہ اور اس کا ماموں عتبہ کا بیٹا وغیرہ، پس جب اس شعر کی نقل صحیح ہو تو یہ اس کا صریح کفر ہے۔

اور امام غزالی عفا اللہ عنہ نے فتویٰ دیا کہ یزید پر لعنت کرنا حرام ہے اور سفارینی حنبلی نے ان پر تعاقب کیا اور امام احمد اور ان کے اصحاب نے کہا: اس پر خصوصیت سے لعنت کرنا جائز نہیں ہے اور اس میں ابو الحسین اور ابن الجوزی وغیرہ کا اختلاف ہے۔

جو شخص قیل اور قال سے ڈرتا ہو اور اس پر صریح لعنت کرنے سے احتیاط کرتا ہو اس کو یوں کہنا چاہیے کہ اللہ اس شخص پر لعنت کرے جو حضرت حسین کے قتل پر راضی ہوا اور جس نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عترت کو ناحق اذیت پہنچائی اور جس نے ان کا حق غصب کیا اور ان الفاظ کے ساتھ یزید پر لعنت کرنے میں کسی کا اختلاف نہیں ہے سوا ابن عربی اور ان کے موافقین کے کیونکہ ان سے یہ منقول ہے کہ وہ اس پر اس طرح بھی لعنت کرنے کو جائز نہیں کہتے اور مجھے میری عمر کی قسم! یہ صریح گمراہی ہے اور یزید کی گمراہی سے زیادہ ہے۔ (روح المعانی جز ۲۶ ص ۱۱۱۔۱۰۸، ملخصاً دار الفکر، بیروت، ۱۴۱۷ھ)

۴۸۳۱۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنِي عَمِّي أَبُو الْحُبَابِ سَعِيدُ بْنُ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ بِهَذَا ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابراہیم بن حمزہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں حاتم نے حدیث بیان کی از معاویہ، انہوں نے کہا: مجھے میرے چچا ابو الحباب سعید بن یسار نے حدیث

Marfat.com

اقْرَؤُا إِنْ شِئْتُمْ فَهَلْ عَسَيْتُمْ۔

بیان کی از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ان الفاظ کے ساتھ، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھو: فَهَلْ عَسَيْتُمْ۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کی دوسری سند ہے اور ان الفاظ کے ساتھ کا مطلب ہے: اس حدیث کے ساتھ جس کا اس سے پہلے ذکر کیا گیا ہے۔

۴۸۳۲۔ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ أَخْبَرَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي الْمُزَرِّدِ بِهَذَا قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَاقْرَؤُا إِنْ شِئْتُمْ فَهَلْ عَسَيْتُمْ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں بشر بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبداللہ نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں معاویہ بن ابی المزرد نے خبر دی اس حدیث کے ساتھ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تم چاہو تو پڑھو: فَهَلْ عَسَيْتُمْ۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ اس حدیث کی ایک اور سند ہے۔

الحمد للہ رب العالمین سورۂ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ امام بخاری نے سورۃ الفتح کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۴۸۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْفَتْحِ

سورۃ الفتح کی تفسیر

سورۃ الفتح کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الفتح کی بعض آیات کی تفسیر ہے، یہ سورت مدنی ہے، ایک قول یہ ہے کہ یہ سورت الحدیبیہ اور المدینہ کے درمیان نازل ہوئی ہے جب آپ الحدیبیہ سے واپس جارہے تھے یا کراع الغمیم میں نازل ہوئی ہے اور فتح سے مراد صلح حدیبیہ ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ فتح سے مراد فتح مکہ ہے، سورۃ الفتح میں انتیس (۲۹) آیات ہیں۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ بُورًا هَالِكِيْنَ — اور مجاہد نے کہا: بُوْرًا کا معنی ہے: ہلاک ہونے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۚ وَكُنْتُمْ قَوْمًا بُوْرًا ﴿۱۲﴾ (الفتح: ۱۲) — اور تم نے بہت برا گمان کیا تھا اور تم ہلاک ہونے والے لوگ تھے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے بُوْرًا کی تفسیر ھالکین کے ساتھ کی ہے یعنی فساد کرنے والے جو کسی چیز کی اصلاح نہ کریں یہ بار سے ماخوذ ہے اور یہ لفظاً اور معناً هَالِكٌ کی مثل ہے، یہ واحد، جمع اور مذکر اور مونث کی صفت آتی ہے اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یہ بائر کی جمع ہو، علامہ نسفی نے کہا ہے کہ تم ایسی قوم تھے جو اپنی جانوں میں اور اپنے دلوں میں اور اپنی نیتوں میں فساد کرنے والے تھے تم میں کوئی خیر نہیں تھی اور تم اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہلاک ہونے والے تھے، اس کی ناراضگی اور اس کے عذاب کے مستحق تھے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمُ السِّخْنَةُ وَقَالَ مَنْصُوْرٌ عَنْ مُجَاهِدٍ التَّوَاضُعُ۔ — اور مجاہد نے کہا: سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ میں سیما کا معنی السحنہ ہے یعنی کھال کی نرمی اور تازگی۔ اور منصور نے کہا از مجاہد: اس کا معنی ہے: التواضع یعنی انکسار اور عجز۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ۔ (الفتح: ۲۹) — سجدوں کے اثر سے ان کے چہروں پر ان کی نشانی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد نے سیماھم کی تفسیر اَلسَّخْنَۃُ کے ساتھ کی ہے، علامہ ابن الاثیر نے کہا ہے کہ السحنہ چہرے کی کھال اور اس کی کیفیت اور حال کو کہتے ہیں، السحنہ میں س پر زبر بھی پڑھا گیا ہے اور زیر بھی اور مد کے ساتھ السحناء بھی پڑھا گیا ہے، قاضی عیاض نے کہا ہے: اہل لغت کے نزدیک یہی صحیح ہے، اس تعلیق کی اسماعیلی نے اپنی سند کے ساتھ مجاہد سے روایت کی ہے۔

اور منصور نے مجاہد سے روایت کی ہے کہ سِيْمَا کا معنی تواضع ہے۔

یعنی منصور بن المعتمر نے مجاہد سے یہ تفسیر نقل کی ہے کہ ان کی علامت تواضع ہے، یہ تفسیر امام ابن ابی حاتم نے نقل کی ہے کہ سجدوں کے اثر سے ان کے چہروں میں خشوع اور تواضع ہے۔

شَطْأَهٗ فِرَاخَهٗ۔ شَطْأَهٗ کا معنی ہے: پودے کی ابتدائی کونپل۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَهٗ۔ (الفتح:۲۹) جیسے ایک کھیتی ہو جس نے اپنی باریک کونپل نکالی۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: الاخفش نے بھی اسی طرح تفسیر کی ہے جب کھیتی اپنی کونپل نکالے تو کہا جاتا ہے: اَشْطَأَ الزرعُ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ شَطْأَهٗ کا معنی ہے: اس کی نبات، اور سدی سے منقول ہے کہ اس کے ساتھ ایک اور باریک پودا نکل آئے۔

فَاسْتَغْلَظَ غَلَظَ۔ فاستغلظ کا معنی ہے: قوی ہو گیا اور طاقت ور ہو گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ۔ (الفتح:۲۹) پھر اس کونپل نے طاقت پکڑی، پھر وہ موٹی ہو گئی۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس کا معنی ہے: غَلُظَ یعنی وہ پودا موٹا ہو گیا اور قوی ہو گیا۔

سُوْقِهِ السَّاقُ حَامِلَةُ الشَّجَرَةِ۔ سُوْقِهِ الساق کا معنی ہے درخت کو اٹھانے والا یعنی تنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ۔ (الفتح:۲۹) پھر وہ اپنے تنے پر سیدھی کھڑی ہو گئی۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: سوق ساق کی جمع ہے، امام بخاری نے اس کی تفسیر کی ہے: درخت کو اٹھانے والا تنا۔

وَيُقَالُ دَائِرَةُ السَّوْءِ كَقَوْلِكَ رَجُلُ السَّوْءِ وَدَائِرَةُ السَّوْءِ الْعَذَابُ۔ اور کہا جاتا ہے دَائِرَةُ السَّوْءِ جیسے تمہارا قول ہے: رَجُلُ السَّوْءِ یعنی برا آدمی اور دائرۃُ السوء کا معنی ہے: بری گردش یعنی عذاب۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ يُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَ الْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ۔ (الفتح:۶) اور تا کہ منافق مردوں اور منافق عورتوں کو عذاب دے اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے جو اللہ کے متعلق برا گمان رکھتے ہیں، ان ہی پر بری گردش ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے دَائِرَةُ السَّوْءِ کی تفسیر عذاب کے ساتھ کی ہے، اسی طرح امام ابو عبیدہ نے اس کی تفسیر کی ہے، دوسرا قول ہے کہ دائرہ کا معنی ہے: ہلاکت، جمہور نے السوء کی قرأت س کے زبر کے ساتھ کی ہے اور ابو عمرو اور ابن کثیر نے اس کی قرأت پیش کے ساتھ کی ہے یعنی السُّوء۔

تُعَزِّرُوْهُ تَنْصُرُوْهُ۔ تُعَزِّرُوْهُ کا معنی ہے: تَنْصُرُوْهُ یعنی تم ان کی مدد کرو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ۔ (الفتح:۹) تا کہ تم اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور تم اس کے رسول کی تعظیم اور توقیر کرو۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے تُعَزِّرُوْهُ کی تفسیر تنصروہ کے ساتھ کی ہے یعنی تم ان کی مدد کرو، اسی طرح امام عبدالرزاق نے از معمر از قتادہ روایت کی ہے اور عکرمہ سے روایت ہے کہ تم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تلوار سے قتال کرو اور الشعبی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم ان کی مدد کرو اور ان کی تعظیم اور توقیر کرو اور اس پر

وقف تام ہے۔

شَطْأَهٗ شَطْءُ السُّنْبُلِ تَنْبُتُ الْحَبَّةُ عَشْرًا وَ ثَمَانِيًا وَ سَبْعًا فَيَقْوٰى بَعْضُهٗ بِبَعْضٍ فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى فَآزَرَهٗ فَاسْتَوٰى وَلَوْ كَانَتْ وَاحِدَةً لَمْ تَقُمْ عَلٰى سَاقٍ وَهُوَ مَثَلٌ ضَرَبَهُ اللّٰهُ لِلنَّبِيِّ ﷺ إِذْ خَرَجَ وَحْدَهٗ ثُمَّ قَوَّاهُ بِأَصْحَابِهٖ كَمَا قَوَّى الْحَبَّةَ بِمَا يَنْبُتُ مِنْهَا۔

شَطْئَهٗ خوشہ کی کونپل جو دس یا آٹھ یا سات خوشے اگاتی ہے، پس بعض خوشے دوسرے بعض خوشوں سے قوی ہو جاتے ہیں اور یہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا مصداق ہے: فَاٰزَرَهٗ (الفتح:۲۹) پس اس کو قوت دی اور اگر وہ ایک خوشہ ہوتا تو وہ اپنی شاخ پر کھڑا نہ ہوتا، اللہ تعالیٰ نے یہ مثال نبی ﷺ کے لیے بیان کی ہے کہ آپ (دین کی تبلیغ کے لیے) تنہا نکلے تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کو آپ کے اصحاب کے ساتھ قوت دی جس طرح ایک دانہ کو دوسرے دانوں کے ساتھ قوت دیتا ہے۔

علامہ عینی فرماتے ہیں: صحیح بخاری کے بعض نسخوں میں یہ تعلیق مذکور نہیں ہے اور نہ شارحین اس تعلیق کی شرح کے درپے ہوئے ہیں۔

امام بخاری نے کہا: وہ دس یا آٹھ یا سات دانے اگاتا ہے یعنی ایک دانہ دس خوشے اگاتا ہے اور کبھی آٹھ خوشے اگاتا ہے اور کبھی سات خوشے اگاتا ہے، جیسے دوسری جگہ قرآن مجید میں ہے:

كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ۔ (البقرہ:۲۶۱) اس کی مثال اس دانہ کی طرح ہے جس نے سات خوشے اگائے۔

امام بخاری نے کہا: اللہ تعالیٰ نے یہ مثال نبی ﷺ کے لیے بیان کی ہے۔

اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سیدنا محمد ﷺ کے اصحاب کے لیے یہ مثال بیان کی ہے کہ وہ ابتداء میں تھوڑے تھے، پھر وہ زیادہ اور کثیر ہو گئے اور قوی ہو گئے اور قتادہ سے منقول ہے کہ یہ سیدنا محمد ﷺ کے اصحاب کی مثال ہے جو انجیل میں لکھی ہوئی ہے کہ عنقریب ایک قوم نکلے گی، وہ ایک کھیت کو اگائیں گے، وہ لوگوں کو نیکی کا حکم دیں گے اور برے کاموں سے منع کریں گے۔

امام بخاری نے کہا: آپ (دین کی تبلیغ کے لیے) تنہا نکلے۔ جب آپ تنہا کفار مکہ کو اللہ کی توحید کی دعوت دے رہے تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کو قوت دی اور مکہ میں چند لوگ اسلام لے آئے اور اس کا معنی یہ بھی ہو سکتا ہے کہ جب کفار قریش نے آپ کو اذیت پہنچانے کے لیے آپ کے گھر کا محاصرہ کیا ہوا تھا تو آپ تنہا نکلے، پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کے رفیق ہو گئے، پھر جب آپ مدینہ میں داخل ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے انصار کے ساتھ آپ کو قوت دی۔

وَيُقَالُ دَائِرَةُ السَّوْءِ كَقَوْلِكَ رَجُلُ السَّوْءِ وَدَائِرَةُ السَّوْءِ الْعَذَابُ۔

کہا جاتا ہے: دائرۃ السوء جیسے تمہارا قول ہے: رجل السوء یعنی برا آدمی اور دائرۃ السوء کا معنی ہے: بری گردش یعنی عذاب۔

تُعَزِّرُوْهُ يَنْصُرُوْهُ۔

تعزروہ کا معنی ہے تم ان کی مدد کرو۔

یہ دونوں تعلیقیں مکرر ہیں ایک تعلیق پہلے یہ گزر چکی ہیں۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۵۱۔۲۴۹ میں کی ہے]

۱۔ بَابٌ: إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝ (الفتح:۱)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (اے رسول مکرم!) ہم نے آپ کے لیے کھلی ہوئی فتح عطا فرمائی ○ (الفتح:۱) کی تفسیر

Marfat.com

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اس آیت میں فتح سے مراد فتح مکہ ہے اور مجاہد اور العوفی سے روایت ہے کہ اس سے مراد فتح خیبر ہے اور بعض سے منقول ہے کہ اس سے مراد روم کی فتح ہے اور ایک قول ہے کہ اس سے مراد اسلام کی فتح ہے اور حضرت جابر سے روایت ہے کہ ہم صرف حدیبیہ کے دن فتح مکہ کا شمار کرتے تھے اور بشر بن البراء سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا: جب ہم غزوۂ حدیبیہ سے لوٹے اور ہمارے اور ہماری قربانیوں کے درمیان غم اور افسوس حائل ہو چکا تھا تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ (الآیۃ) (الفتح:۱) (اے رسول مکرم!) ہم نے آپ کے لیے کھلی فتح عطا فرمائی۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۵۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۳۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ كَانَ يَسِيرُ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَسِيرُ مَعَهُ لَيْلًا فَسَأَلَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَنْ شَيْءٍ فَلَمْ يُجِبْهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ ثُمَّ سَأَلَهُ فَلَمْ يُجِبْهُ ثُمَّ سَأَلَهُ فَلَمْ يُجِبْهُ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ثَكِلَتْ أُمُّ عُمَرَ نَزَرْتَ رَسُولَ اللهِ ﷺ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ كُلَّ ذَلِكَ لَا يُجِيبُكَ قَالَ عُمَرُ فَحَرَّكْتُ بَعِيرِي ثُمَّ تَقَدَّمْتُ أَمَامَ النَّاسِ وَخَشِيتُ أَنْ يُنْزَلَ فِيَّ قُرْآنٌ فَمَا نَشِبْتُ أَنْ سَمِعْتُ صَارِخًا يَصْرُخُ بِي فَقُلْتُ لَقَدْ خَشِيتُ أَنْ يَكُونَ نَزَلَ فِيَّ قُرْآنٌ فَجِئْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَقَالَ لَقَدْ أُنْزِلَتْ عَلَيَّ اللَّيْلَةَ سُورَةٌ لَهِيَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ ثُمَّ قَرَأَ ﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا ۝﴾ (الفتح:۱)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی از مالک از زید بن اسلم از والد خود، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنے کسی سفر میں رات کو جا رہے تھے اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی آپ کے ساتھ رات میں سفر کر رہے تھے، پس آپ سے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے سوال کیا تو رسول اللہ ﷺ نے ان کو کوئی جواب نہیں دیا انہوں نے آپ سے پھر سوال کیا تو پھر آپ نے کوئی جواب نہیں دیا، انہوں نے آپ سے پھر سوال کیا آپ نے ان کو کوئی جواب نہیں دیا، تو حضرت عمر بن خطاب نے (اپنے دل میں) کہا: عمر کی ماں اس پر روئے! تم نے رسول اللہ ﷺ سے تین مرتبہ سوال میں اصرار کیا اور رسول اللہ ﷺ نے ہر بار تم کو جواب نہیں دیا، حضرت عمر نے کہا: پھر میں نے اپنے اونٹ کو حرکت دی، پھر میں لوگوں سے آگے بڑھ گیا اور مجھے یہ خوف ہوا کہ میرے متعلق قرآن میں کوئی آیت نازل ہوگی، پھر تھوڑی دیر میں میں نے سنا کہ کوئی چلانے والا میرا نام لے کر چلا رہا تھا، پس میں نے کہا، مجھے تو (پہلے ہی) یہ خوف تھا کہ میرے متعلق قرآن کی کوئی آیت نازل ہوگی، پس میں رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہوا، سو میں نے آپ کو سلام کیا، آپ نے فرمایا: آج رات مجھ پر ایسی سورت نازل ہوئی ہے جو مجھے ان تمام چیزوں سے زیادہ محبوب ہے جن پر سورج طلوع ہوتا ہے، پھر آپ نے پڑھا: اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا ۝ (الفتح:۱) (ہم نے آپ کے لیے کھلی ہوئی فتح عطا فرمائی ۝

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۱۷۷ میں گزر چکی ہے، تاہم بعض ضروری امور کی وضاحت کی جا رہی ہے۔

Marfat.com

علامہ بدرالدین محمود بن عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

علامہ قرطبی نے کہا ہے کہ یہ سفر رات میں اس وقت تھا جب آپ حدیبیہ سے واپس جا رہے تھے اور میرے علم میں اہل علم کا اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔

ثکلتك امك (تجھ پر تیری ماں روئے) کی تحقیق

تجھ پر عمر کی ماں روئے: حدیث میں ہے: ثَكِلَتْكَ اور یہ ثَكَلٌ سے ماخوذ ہے اور یہ اس وقت کہا جاتا ہے جب عورت کا بچہ گم ہو جاتا ہے گویا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خود اپنے خلاف دعا کی کیونکہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بار بار سوال کیا تھا، علامہ ابن الاثیر نے کہا ہے: گویا کہ حضرت عمر نے اپنے لیے موت کی دعا کی اور موت ہر شخص کو آنی ہے، پس گویا کہ یہ دعا نہ تھی اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ثَكِلَتْكَ ان الفاظ میں سے ہو جو عربوں کی زبان پر بے ساختہ جاری ہوتے ہیں اور وہ اس کے معنی کا قصد نہیں کرتے جیسے وہ کہتے ہیں تَرِبَتْ يَدَاكَ (تمہارے ہاتھ خاک آلودہ ہوں) اور کہتے ہیں: قَاتَلَكَ اللہ (اللہ تمہیں مار ڈالے)۔

حضرت عمر کے بار بار سوال کرنے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فوراً جواب نہ دینے کی توجیہ

فنزرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: یعنی تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بار بار سوال کیا اور سوال میں مبالغہ کیا۔ الداؤدی نے کہا ہے کہ اس کا معنی ہے کہ تم نے آپ سے ایسی چیز کا سوال کیا ہے جس کا آپ کو جواب دینا پسند نہیں تھا۔ ہر بات کا جواب لازم نہیں ہوتا بلکہ بعض اوقات سکوت کرنا بھی کسی بات کا جواب ہوتا ہے، حضرت عمر نے بار بار سوال اس لیے کیا تھا کہ ان کا گمان یہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کا سوال نہیں سنا یا جس چیز کے متعلق حضرت عمر کا سوال کر رہے تھے، وہ ان کے نزدیک بہت اہم تھی اور ہو سکتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بعد میں ان کو جواب دیا ہو اور فوراً اس کا جواب اس لیے نہیں دیا تھا کہ اس وقت آپ پر وحی نازل ہو رہی تھی۔

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا اس آیت کے زیادہ محبوب ہونے کی توجیہ

یہ آیت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دنیا اور مافیہا سے زیادہ محبوب تھی کیونکہ اس آیت میں یہ بشارت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے اگلے اور پچھلے ان تمام کاموں کی مغفرت فرما دی جو بہ ظاہر خلاف اولیٰ تھے اور اس آیت میں آپ کے لیے فتح اور آپ کے لیے نصرت کا ذکر ہے اور آپ پر پوری نعمت نازل کرنے کا ذکر ہے اور اس صورت میں اصحاب الشجرہ سے اللہ تعالیٰ کے راضی ہونے کا ذکر ہے، اس حدیث میں ذکر ہے کہ یہ سورت آپ کو ان تمام چیزوں سے زیادہ محبوب ہے جن پر سورج طلوع ہوتا ہے۔ علامہ ابن بطال نے کہا کہ آپ کے اس ارشاد کا معنی یہ ہے کہ یہ سورت آپ کو ہر چیز سے زیادہ محبوب ہے کیونکہ دنیا اور آخرت کے سوا اور کوئی چیز نہیں ہے، یا یہ عام لوگوں کے اعتبار سے ارشاد ہے کیونکہ عام لوگوں کا یہ اعتقاد ہے کہ دنیا کی مثل کوئی چیز نہیں ہے اور یہی مقصود ہے تو آپ نے یہ بتایا کہ آپ کے نزدیک یہ سورت ان تمام چیزوں سے افضل ہے جن کے متعلق تمہارا یہ گمان ہے کہ ان سے افضل کوئی چیز نہیں ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۵۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۳۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ سَمِعْتُ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ رضی الله عنه إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا قَالَ الْحُدَيْبِيَةُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں غندر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے قتادہ سے سنا از حضرت انس رضی اللہ عنہ کہ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝

(الفتح:۱)(ہم نے آپ کے لیے کھلی فتح عطا فرمائی) انہوں نے کہا: اس سے مراد حدیبیہ ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۱۷۲ میں گزر چکی ہے۔

۴۸۳۵۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ قُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ قَرَأَ النَّبِيُّ ﷺ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ سُورَةَ الْفَتْحِ فَرَجَّعَ فِيهَا قَالَ مُعَاوِيَةُ لَوْ شِئْتُ أَنْ أَحْكِيَ لَكُمْ قِرَائَةَ النَّبِيِّ ﷺ لَفَعَلْتُ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں مسلم بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں معاویہ بن قرۃ نے حدیث بیان کی از حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فتح مکہ کے دن سورۂ فتح پڑھی اور اس کو خوش الحانی کے ساتھ دہرایا، معاویہ نے کہا: اگر تم چاہو تو میں تمہارے لیے نبی ﷺ کی قراءت نقل کروں تو میں ایسا کروں گا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۲۸۱ میں گزر چکی ہے۔

نبی ﷺ کی ترجیع کا معنی

اس حدیث میں مذکور ہے نبی ﷺ نے سورۃ الفتح کی قراءت کی فَرَجَّعَ فِيهَا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: ترجیع کا معنی ہے: حلق میں آواز کو دہرانا جیسے خوش الحان قراء کرتے ہیں، اور یہ بھی کہا گیا ہے: اس کا معنی ہے: آواز میں حرکات کو ایک دوسرے کے قریب کرنا، اور بعض شارحین نے کہا ہے کہ یہ آپ سے اس لیے صادر ہوا کہ آپ اونٹنی پر سوار تھے، پس اونٹنی آپ کو ہلاتی تھی جس سے ترجیع حاصل ہوئی اور یہ اس پر محمول ہے کہ آپ مدات کو کھینچ کر پڑھتے تھے اور نبی ﷺ کی آواز بہت حسین تھی، جب آپ قراءت کرتے تو مدات کو کھینچتے، اور قاضی عیاض نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کو حسین آواز کے ساتھ بھیجا اور اس پر اجماع ہے کہ نبی ﷺ کی قراءت بہت حسین تھی اور آپ ترتیل کے ساتھ قراءت کرتے تھے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۵۳، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۲۔ بَابٌ: لِيَغْفِرَ لَكَ اللهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ۝ (الفتح:۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تاکہ اللہ آپ کے لیے معاف فرما دے آپ کے اگلے اور پچھلے (بہ ظاہر) خلاف اولیٰ سب کام، اور آپ پر اپنی نعمت پوری کر دے اور آپ کو صراط مستقیم پر برقرار رکھے ۝ (الفتح:۲) کی تفسیر

الفتح:۲ کی تفسیر میں مختلف اقوال

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

امام ابن جریر نے کہا ہے کہ یہ آیت إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللهِ وَالْفَتْحُ ۝ (النصر:۱) (جب اللہ کی مدد اور فتح آجائے) کی طرف راجع ہے۔ تاکہ اللہ آپ کے لیے معاف فرما دے آپ کے اگلے اور پچھلے (بہ ظاہر) خلاف اولیٰ سب کام (الفتح:۲) اور یہ محمول ہے رسالت سے پہلے سے لے کر اس سورت کے نزول تک، اور عطاء الخراسانی سے منقول ہے کہ مَا تَقَدَّمَ سے مراد ہے: آپ سے

Marfat.com

پہلے آپ کے باپ اور ماں حضرت آدم اور حضرت حوا کے گناہ اور مَاتَاَخَّرَ سے مراد ہے کہ آپ کی امت کے گناہ، اور ایک قول یہ ہے کہ جو ہو چکے اور جو ہوں گے ان سب کی مغفرت کر دی گئی، دوسرا قول یہ ہے کہ مغفرت فتح کا سبب ہے یعنی کیونکہ ہم نے آپ کی مغفرت کر دی ہے اس لیے ہم نے آپ کو فتح عطا فرمائی، نیز فرمایا: اور تا کہ آپ پر اپنی نعمت پوری کر دے یعنی آپ کو نبوت اور حکمت عطا فرمائے اور فرمایا اور تا کہ آپ کو ہدایت دے یعنی آپ کو ہدایت پر ثابت اور برقرار رکھے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۵۳، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۳۶۔ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنَا زِيَادٌ هُوَ ابْنُ عِلَاقَةَ أَنَّهُ سَمِعَ الْمُغِيرَةَ يَقُولُ قَامَ النَّبِيُّ ﷺ حَتَّى تَوَرَّمَتْ قَدَمَاهُ فَقِيلَ لَهُ غَفَرَ اللهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ قَالَ أَفَلَا أَكُونُ عَبْدًا شَكُورًا

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں صدقہ بن الفضل نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا، ہمیں ابن عیینہ نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں زیاد بن علاقہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے حضرت المغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اتنا (زیادہ) قیام کیا حتیٰ کہ آپ کے دونوں پیر سوج گئے، پس آپ سے کہا گیا: اللہ تعالیٰ نے آپ کے تمام اگلے اور پچھلے (بہ ظاہر) خلاف اولیٰ سب کام معاف فرما دیئے ہیں (پھر آپ اتنا قیام کیوں کرتے ہیں؟) آپ نے فرمایا: کیا میں اللہ تعالیٰ کا بہت زیادہ شکر ادا کرنے والا بندہ نہ بنوں۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیر سوجنے کی توجیہ اور الفتح: ۲ کی تفسیر میں مزید اقوال

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عبادت میں شدت کو اختیار کرنا جائز ہے خواہ اس سے بدن کو نقصان پہنچے اور یہ آپ کے لیے حلال ہے اگرچہ آپ کے لیے رخصت پر عمل کرنا بھی جائز تھا، کیا تم نہیں دیکھتے کہ آپ نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ کا زیادہ شکر کرنے والا بندہ نہ بنوں، اس نکتہ پر علامہ المہلب مالکی نے متنبہ کیا ہے اور اس آیت میں مفسرین کے متعدد اقوال ہیں:

(۱) اس سے مراد آپ کی امت کے گناہ ہیں یا مراد یہ ہے کہ اگر بالفرض آپ سے کوئی گناہ ہو جائے تو اس کی بھی مغفرت کر دی جائے گی۔

(۲) مجاہد کا قول ہے کہ رسالت سے پہلے اور رسالت کے بعد جو امور واقع ہوئے ان کی مغفرت کر دی گئی۔

(۳) امام طبری نے کہا ہے کہ آپ نے جنگ بدر کے دن کہا تھا: اے اللہ! اگر یہ جماعت ہلاک ہو گئی تو زمین پر کبھی بھی تیری عبادت نہیں کی جائے گی۔ (صحیح مسلم: ۱۷۶۳) تو آپ کی طرف یہ وحی کی گئی کہ آپ کو یہ کہاں سے معلوم ہوا یہ آپ کا وہ پہلا کام ہے جس کی مغفرت کر دی گئی اور پچھلا کام یہ ہے کہ غزوۂ حنین میں آپ نے کنکریاں ماریں اور آپ نے کہا: اگر میں ان کافروں کو کنکریاں نہ مارتا تو ان کو شکست نہ ہوتی، پس یہ آیت نازل ہوئی:

وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَكِنَّ اللهَ رَمَى۔ (الانفال: ۱۷) اور (اے رسول معظم!) آپ نے وہ خاک نہیں پھینکی جس وقت آپ نے وہ خاک پھینکی تھی لیکن وہ خاک اللہ نے پھینکی تھی۔

(التوضیح لشرح الجامع الصحیح، ج ۲۳ ص ۲۵۵۔ ۲۵۳، وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ھ)

۴۸۳۷۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عَبْدُ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحسن بن عبد العزیز نے

Marfat.com

اللهِ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا حَيْوَةُ عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ سَمِعَ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رضى الله عنها أَنَّ نَبِيَّ اللهِ ﷺ كَانَ يَقُومُ مِنَ اللَّيْلِ حَتَّى تَتَفَطَّرَ قَدَمَاهُ فَقَالَتْ عَائِشَةُ لِمَ تَصْنَعُ هَذَا يَا رَسُولَ اللهِ وَقَدْ غَفَرَ اللهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ قَالَ أَفَلَا أُحِبُّ أَنْ أَكُونَ عَبْدًا شَكُورًا فَلَمَّا كَثُرَ لَحْمُهُ صَلَّى جَالِسًا فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَرْكَعَ قَامَ فَقَرَأَ ثُمَّ رَكَعَ۔

حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبداللہ بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں حیوۃ نے خبر دی از ابوالاسود، انہوں نے عروہ سے سنا از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا وہ بیان کرتی ہیں کہ نبی ﷺ رات کو قیام کرتے تھے حتیٰ کہ آپ کے دونوں پیر پھٹ گئے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: آپ یارسول اللہ! اس طرح کیوں کرتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے تمام اگلے اور پچھلے بہ ظاہر خلاف اولیٰ کاموں کی مغفرت کردی ہے، آپ نے فرمایا: کیا میں اس کو پسند نہیں کرتا کہ میں اللہ تعالیٰ کا زیادہ شکر کرنے والا بندہ بنوں، پھر جب رسول اللہ ﷺ کے جسم پر گوشت زیادہ ہوگیا تو پھر آپ بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے، پس جب آپ رکوع کرنے کا ارادہ کرتے تو کھڑے ہوکر قراءت کرتے، پھر رکوع کرتے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۱۱۸ میں گزر چکی ہے۔

آپ کے بدن پر گوشت زیادہ ہونے کی تحقیق

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس حدیث میں مذکور ہے کہ جب آپ کے بدن پر گوشت زیادہ ہوگیا، علامہ داؤدی نے اس لفظ کا انکار کیا ہے اور کہا ہے کہ حدیث میں ہے: فَلَمَّا بَدُنَ یعنی جب آپ بوڑھے ہوگئے، پس گویا کہ راوی نے اس کی تاویل گوشت کے زیادہ ہونے سے کی اور علامہ ابن الجوزی نے کہا ہے: کسی نے بھی نبی ﷺ کی یہ صفت نہیں بیان کی کہ آپ موٹے ہوگئے تھے حالانکہ جب آپ کی وفات ہوئی تو آپ ایک دن میں دو مرتبہ بھی خمیری روٹیاں سیر ہوکر نہیں کھاتے تھے اور امام ابوعبیدہ نے کہا، حدیث میں جو بدن کا لفظ ہے اس سے راوی نے یہ گمان کیا کہ آپ کا گوشت زیادہ ہوگیا حالانکہ اس کا معنی یہ ہے کہ جب آپ کی عمر زیادہ ہو گئی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۵۴، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

الفتح: ۲، میں ذنب کا حقیقی معنی مراد ہونے اور اس کے مجاز پر محمول ہونے پر عبارات علماء سے استدلال

الفتح: ۲، کا لفظی ترجمہ اس طرح ہے: تاکہ اللہ آپ کے لیے آپ کے اگلے اور پچھلے گناہ معاف فرمادے، لیکن اس پر یہ اشکال ہے کہ نبی ﷺ معصوم ہیں اور معصوم سے گناہ کا صدور نہیں ہوتا اس لیے ہم نے یہ کہا کہ ہر آیت مجاز پر محمول ہے اور گناہ سے مراد بہ ظاہر خلاف اولیٰ کام ہیں اور معاف کرنے سے مراد یہ ہے کہ آپ کے درجات کو بلند کیا جائے۔ متقدمین میں سے معتمد علماء نے اس آیت میں ذنب کے لفظ سے گناہ کا معنی مراد نہیں لیا۔

حافظ اسماعیل بن کثیر شافعی دمشقی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

یہ آیت نبی ﷺ کے ان خصائص میں سے ہے جن میں کوئی اور آپ کا شریک نہیں ہے، آپ کے علاوہ اور کسی شخص کے لیے کسی حدیث صحیح میں یہ نہیں ہے کہ اس کی اگلی اور پچھلی (ظاہری) خطاؤں کی مغفرت کردی گئی ہو اور اس میں ہمارے نبی ﷺ کی نہایت تعظیم اور تکریم ہے اور اطاعت، نیکی اور پارسائی میں اولین اور آخرین میں سے کسی نے آپ کو مقام کو نہیں پایا اور آپ ﷺ دنیا اور آخرت میں علی الاطلاق اکمل البشر اور سید البشر ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر ج ۴ ص ۲۰۱، دارالفکر، بیروت، ۱۴۱۹ھ)

Marfat.com

قاضی عیاض بن موسیٰ مالکی متوفی ۵۴۴ھ لکھتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے سورۂ فتح میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم اور توقیر کا جو بیان فرمایا ہے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک جو آپ کا مرتبہ اور مقام ہے اس کا جو ذکر فرمایا ہے اس کی ابتداء اللہ تعالیٰ نے دشمنوں پر آپ کے غلبہ اور آپ کی شریعت کی سربلندی کی خبر دینے سے کی ہے اور یہ بیان فرمایا ہے کہ آپ کی مغفرت کر دی گئی ہے اور ماضی اور مستقبل کے کسی کام پر آپ سے مواخذہ نہیں ہوگا۔ بعض علماء نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے یہ ارادہ فرمایا کہ آپ سے کوئی کام ہوا ہے یا نہیں، بہر حال آپ کا جو بھی کام ہو اللہ تعالیٰ نے اس کی مغفرت کر دی ہے۔ (الشفاء ج ۱ ص ۴۱، عبدالتواب اکیڈمی، ملتان)

علامہ شہاب الدین خفاجی حنفی متوفی ۱۰۶۹ھ لکھتے ہیں:

علامہ تجانی نے کہا کہ یہ آیت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم اور توقیر بیان کرنے کے لیے نازل ہوئی ہے، جیسے کوئی شخص کسی سے اظہار محبت کے لیے کہے: اگر تمہارا کوئی پہلا یا پچھلا گناہ ہو بھی تو ہم نے اس کو معاف کر دیا۔ اس کلام سے اس شخص کا یہ ارادہ نہیں ہوتا کہ اس نے فی الواقع کوئی گناہ کیا ہے اور وہ اس کو معاف کر رہا ہے، اور میں کہتا ہوں: کہ ذنب کا معنی ستر ہے جو نہ دکھائی دینے کا تقاضا کرتا ہے اور اس کو لازم ہے عدم ذنب، یعنی جب گناہ ہے ہی نہیں تو کیسے دکھائی دے گا اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اگلے اور پچھلے دونوں کا ذکر کیا ہے حالانکہ پچھلے کا وجود ہی نہیں اور اس میں یہ اشارہ ہے کہ آپ کا کوئی گناہ پہلے ہے اور نہ بعد میں، لہٰذا آپ سے مطلقاً گناہ سرزد نہیں ہوا۔ (نسیم الریاض ج ۱ ص ۲۷۳، دارالفکر، بیروت)

ملا علی قاری حنفی متوفی ۱۰۱۴ھ لکھتے ہیں:

زیادہ ظاہر یہ ہے کہ اس آیت میں یہ اشارہ ہے کہ ہر چند کہ بندہ اپنے مقسوم کے مطابق اعلیٰ مرتبہ پر پہنچ جائے، پھر بھی وہ اللہ تعالیٰ کی مغفرت سے مستغنی نہیں ہوتا کیونکہ بندہ اپنے بشری عوارض کی بنا پر تقاضائے ربوبیت کے مطابق عبادت کا حق ادا کرنے سے قاصر رہ جاتا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ مباح امور میں مشغول ہونے کی وجہ سے یا امت کے اہم کاموں میں منہمک اور مستغرق ہونے کی وجہ سے جو حضرت الوہیت میں غفلت واقع ہوتی ہے حضرات انبیاء علیہم السلام اپنے بلند مقام کے اعتبار سے اس کو بھی سیئہ اور گناہ خیال کرتے ہیں جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ ابرار کی نیکیاں بھی مقربین کے نزدیک گناہ ہوتی ہیں۔

(شرح الشفا علی ہامش نسیم الریاض ج ۱ ص ۲۷۳، دارالفکر، بیروت)

ذنب کا معنی خلاف اولیٰ کرنے پر دلائل

ہم نے ذنب کا معنی خلاف اولیٰ کیا ہے اور بہ ظاہر کی قید اس لیے لگائی ہے کہ حقیقت میں آپ کا کوئی بھی کام خلاف اولیٰ یا مکروہ تنزیہی نہیں ہے، بعض اوقات آپ نے کسی کام سے منع فرمایا، پھر خود اس کام کو کیا تاکہ امت کو یہ معلوم ہو جائے کہ آپ کا اس کام سے منع کرنا تحریم کے لیے نہیں تھا بلکہ تنزیہہ کے لیے تھا۔

مثلاً آپ نے فصد لگانے (رگ کاٹنے کے لیے خون چوس کر نکالنا) کی اجرت دینے سے منع فرمایا اور حضرت ابوطیبہ نے آپ کو فصد لگائی تو آپ نے ان کو دو صاع (آٹھ کلوگرام) طعام دینے کا حکم فرمایا۔ (جامع ترمذی، ص ۲۰۴، مطبوعہ کراچی) اگر آپ ابوطیبہ کو فصد لگانے کی اجرت نہ دیتے تو ہم کو یہ کیسے معلوم ہوتا کہ فصد کی اجرت دینا جائز ہے اور آپ کا منع فرمانا تنزیہہ کے لیے ہے۔ یہ بھی ملحوظ رہنا چاہیے کہ فصد کی اجرت دینا ہمارے لیے مکروہ تنزیہی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں فصد کی اجرت دینا مکروہ تنزیہی نہیں ہے اور اس سے وہ آپ کو اجر و ثواب ملے گا جو فرض کی ادائیگی پر ملتا ہے، اس طرح بعض اوقات آپ نے کسی کام کا افضل اور اولیٰ طریقہ

Marfat.com

بتایا، پھر اس کے خلاف کیا، یہ بھی اس طرح بہ ظاہر خلاف اولی ہے حقیقت میں خلاف اولیٰ نہیں ہے مثلاً آپ نے فرمایا سفیدی پھیلنے کے بعد فجر کی نماز پڑھنے میں زیادہ اجر ہوتا ہے۔ (جامع ترمذی ص ۴۹، مطبوعہ کراچی)

اور آپ نے خود منہ اندھیرے بھی فجر کی نماز پڑھی ہے۔ (صحیح البخاری: ۵۷۸)

اگر آپ کسی کام سے منع فرما کر یہ بتا دیتے کہ اس کے خلاف کرنا بھی جائز ہے اور خود اس کام کو نہ کرتے تب بھی مسئلہ تو معلوم ہو جاتا لیکن اس کام میں آپ کی اقتداء کا شرف حاصل نہ ہوتا، بہر حال قرآن مجید اور احادیث میں جہاں آپ کی طرف مغفرت ذنب کی نسبت کی گئی ہے وہاں ذنب سے مراد بہ ظاہر خلاف اولیٰ یا مکروہ تنزیہی کام مراد ہیں اور مغفرت سے مراد آپ کے درجات کی بلندی اور قرب خاص سے نوازنا ہے۔

اعلیٰ حضرت کی عبارت سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے خلاف اولیٰ کا ثبوت

اعلیٰ حضرت قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں:

مکروہ تنزیہی میں کوئی گناہ نہیں ہوتا وہ صرف خلاف اولیٰ ہے، نیز حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان جواز کے لیے ایسا کیا اور نبی قصداً گناہ کرنے سے معصوم ہوتا ہے اور گناہ میں مبتلاء کرنے والی چیز کا ارتکاب جائز نہیں ہوتا تو بیان جواز کے کیا معنی؟

(فتاویٰ رضویہ ج ۹ ص ۴۵۰۔۴۴۹، رضا فاؤنڈیشن، لاہور، ۱۹۹۳ء)

۳۔ بَابٌ: اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ (الفتح: ۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک ہم نے آپ کو گواہی دینے والا، ثواب کی بشارت دینے والا اور عذاب سے ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے ○ (الفتح: ۸) کی تفسیر

شاہد، مبشر اور نذیر کے معانی

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵، اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

شَاهِدًا کا معنی ہے، مُبَيِّنًا کیونکہ آپ حکم کو بیان کرتے ہیں تو آپ کا نام شاہد رکھا گیا کیونکہ آپ حال کا اور حقیقت کا مشاہدہ فرماتے ہیں، پس گویا کہ آپ جس کی شہادت دیتے ہیں اس کو دیکھنے والے ہیں اور ان کے اعمال میں جو اطاعت اور معصیت ہے آپ اس کی بھی شہادت دیتے ہیں اور جس چیز کے ساتھ آپ کو ان کی طرف بھیجا گیا ہے اس کی بھی شہادت دیتے ہیں، شاہد کا اصل معنی ہے: جس چیز کا مشاہدہ کیا ہے اس کی خبر دینے والا، اور قتادہ سے منقول ہے کہ آپ اپنی امت کی گواہی دینے والے ہیں اور انبیاء علیہم السلام کی گواہی دینے والے ہیں۔

اور مُبَشِّرًا کا معنی ہے: آپ اطاعت کرنے والوں کو جنت کی بشارت دینے والے ہیں اور نَذِيْرًا کا معنی ہے: آپ نافرمانوں اور بے عملوں اور بد عملوں کو دوزخ کے عذاب سے ڈرانے والے ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۵۴، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۳۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ هِلَالِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رضی اللہ عنہ اَنَّ هٰذِهِ الْاٰيَةَ الَّتِيْ فِي الْقُرْاٰنِ ﴿يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، کرتے ہیں: ہمیں عبدالعزیز بن ابی سلمہ نے حدیث بیان کی از ہلال بن ابی ہلال از عطا بن یسار از عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما وہ بیان کرتے ہیں بے شک یہ آیت جو قرآن میں

Marfat.com

إِنَّآ أَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ (الاحزاب: ۴۵) قَالَ فِي التَّوْرَاةِ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَحِرْزًا لِلْأُمِّيِّينَ أَنْتَ عَبْدِي وَرَسُولِي سَمَّيْتُكَ الْمُتَوَكِّلَ لَيْسَ بِفَظٍّ وَلَا غَلِيظٍ وَلَا سَخَّابٍ بِالْأَسْوَاقِ وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَةَ بِالسَّيِّئَةِ وَلَكِنْ يَعْفُو وَيَصْفَحُ وَلَنْ يَقْبِضَهُ اللهُ حَتَّى يُقِيمَ بِهِ الْمِلَّةَ الْعَوْجَاءَ بِأَنْ يَقُولُوا لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ فَيَفْتَحَ بِهَا أَعْيُنًا عُمْيًا وَآذَانًا صُمًّا وَقُلُوبًا غُلْفًا

ہے: يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّآ أَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ (الاحزاب: ۴۵) (اے نبی! ہم نے آپ کو گواہی دینے والا اور ثواب کی بشارت دینے والا اور عذاب سے ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے O) انہوں نے کہا کہ تورات میں مذکور ہے: اے نبی! ہم نے آپ کو گواہی دینے والا اور ثواب کی بشارت دینے والا اور عذاب سے ڈرانے والا اور ان پڑھ لوگوں کی حفاظت کرنے والا بنا کر بھیجا ہے، آپ میرے بندے اور میرے رسول ہیں، میں نے آپ کا نام المتوکل رکھا ہے، آپ نہ بدخصلت ہیں اور نہ سخت دل ہیں آپ بازاروں میں شور کرنے والے نہیں ہیں، آپ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیتے لیکن معاف کرتے ہیں اور درگزر کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ آپ کی روح کو اس وقت تک ہرگز قبض نہیں فرمائے گا حتیٰ کہ آپ کے سبب سے ٹیڑھی قوم کو سیدھا کر دے بایں طور پر کہ وہ کہیں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے، پس اس کلمہ توحید کے ذریعے وہ اندھی آنکھوں، بہرے کانوں اور پردہ پڑے ہوئے دلوں کو کھول دیں گے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۱۲۵ میں گزر چکی ہے۔

۴۔ بَابٌ: هُوَ الَّذِيْ أَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ (الفتح: ۴)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: وہی ہے جس نے مومنوں کے دلوں میں سکون نازل فرمایا۔ (الفتح: ۴) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: السکینہ کا معنی ہے: رحمت اور طمانیت۔

۴۸۳۹۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ رضی الله عنه قَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ يَقْرَأُ وَفَرَسٌ لَهُ مَرْبُوطٌ فِي الدَّارِ فَجَعَلَ يَنْفِرُ فَخَرَجَ الرَّجُلُ فَنَظَرَ فَلَمْ يَرَ شَيْئًا وَجَعَلَ يَنْفِرُ فَلَمَّا أَصْبَحَ ذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ السَّكِينَةُ تَنَزَّلَتْ بِالْقُرْآنِ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبید اللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی از اسرائیل از ابی اسحاق از حضرت البراء رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں جس وقت نبی ﷺ کے اصحاب میں سے ایک مرد قرآن پڑھ رہا تھا اور اس کا گھوڑا گھر میں بندھا ہوا تھا، پس وہ گھوڑا بدکنے لگا، پھر وہ مرد باہر نکلا، پس اس نے (ادھر ادھر) دیکھا تو اسے کوئی چیز دکھائی نہیں دی، پھر جب صبح ہوئی تو اس نے نبی ﷺ سے اس واقعہ کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا کہ وہ چیز (جس سے گھوڑا بدکا تھا) سکینہ ہے جو قرآن کے سبب سے نازل ہوئی تھی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۶۱۴ میں گزر چکی ہے۔

حضرت اسید بن حضیر کی قراءت اور اس پر سکینہ نازل ہونے کے متعلق دو روایتیں

علامہ بدرالدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

دوسری حدیث میں بیان ہے: وہ مرد جو قرآن پڑھ رہے تھے ان کا نام اسید بن حضیر تھا اور وہ اس رات سورۂ کہف پڑھ رہے تھے، پس چراغوں کی مثل فرشتے ان پر نازل ہوئے، اور امام نسائی نے روایت کی ہے کہ حضرت اسید جس وقت رات کو سورۂ بقرہ پڑھ رہے تھے تو ان کا گھوڑا بدکنے لگا، پھر وہ خاموش ہو گئے تو گھوڑا بھی پرسکون ہو گیا اس طرح تین مرتبہ ہوا، پھر انہوں نے سر اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھا تو اس میں چراغوں کی مثل کوئی چیز تھی، انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس واقعہ کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: تم نہیں جانتے وہ کیا چیزیں تھیں؟ وہ فرشتے تھے جو تمہاری آواز سن کر قریب آ گئے تھے، اگر تم اسی طرح صبح تک قرآن پڑھتے رہتے تو سب لوگ ان کی طرف دیکھتے۔

بعض علماء نے کہا کہ ہو سکتا ہے کہ یہ دو واقعے ہوں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حضرت اسید بن حضیر نے ان دونوں راتوں میں قرآن پڑھا ہو، علامہ عینی فرماتے ہیں: اس تطبیق کی اس وقت ضرورت ہو گی کہ جب دونوں روایتیں مساوی ہوں حالانکہ پہلی روایت صحیح بخاری کی ہے اور دوسری روایت سنن نسائی کی ہے اور یہ دونوں روایتیں مساوی نہیں ہیں، پس ان میں تطبیق کی ضرورت نہیں ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۵۶۔۲۵۵، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۵۔ بَابٌ: إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ۔ (الفتح: ۱۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جب وہ درخت کے نیچے آپ سے بیعت کر رہے تھے۔ (الفتح: ۱۸) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ پوری آیت اس طرح ہے:

لَقَدْ رَضِيَ اللهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ۔ (الفتح: ۱۸)

بے شک اللہ ایمان والوں سے اس وقت راضی ہو گیا جب وہ درخت کے نیچے آپ سے بیعت کر رہے تھے۔

وہ درخت ببول کا تھا، دوسرا قول ہے کہ وہ درخت بیری کا تھا اور روایت ہے کہ اگلے سال وہ درخت ان سے گم ہو گیا، پس وہ نہیں جان سکے کہ وہ درخت کہاں گیا ہے؟ اور کہا گیا ہے کہ وہ درخت مکہ کے راستے میں تھا اور نافع نے کہا: پھر بعد میں لوگ اس درخت کے نیچے آتے تھے اور اس درخت کے نیچے نمازیں پڑھتے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ خبر پہنچی تو انہوں نے اس درخت کو کاٹنے کا حکم دیا (حضرت عمر کو یہ خوف تھا کہ کہیں لوگ اس درخت کی پرستش نہ کرنے لگیں)، آپ سے بیعت کرنے والے صحابہ کی تعداد ایک ہزار پانچ سو پچیس (۱۵۲۵) تھی اور دوسرا قول ہے کہ ان کی تعداد ایک ہزار چار سو (۱۴۰۰) تھی اور تیسرا قول ہے کہ ان کی تعداد ایک ہزار تین سو (۱۳۰۰) تھی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۵۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

علامہ عینی نے لکھا ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس درخت کو کٹوانے کا حکم دیا تھا لیکن اس پر یہ اعتراض ہے کہ حضرت عمر کا یہ مزاج نہیں تھا، انہوں نے خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ ہم مقام ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ نہ بنا لیں، اس سے معلوم ہوا کہ حضرت عمر انبیاء اور صلحاء کی یادگاروں کو قائم رکھنا چاہتے تھے حالانکہ اس جگہ بھی یہ کہا جا سکتا ہے کہ بعد کے لوگ مقام ابراہیم کی پرستش نہ کرنا شروع کر دیں۔ (سعیدی غفرلہ)

۴۸۴۰۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں قتیبہ بن سعید نے حدیث

Marfat.com

عَنْ عَمْرٍو عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ أَلْفًا وَأَرْبَعَ مِائَةٍ۔

بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از عمرو از جابر، انہوں نے بیان کیا کہ ہم حدیبیہ کے دن ایک ہزار اور چار سو (۱۴۰۰) تھے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۵۳۶ میں گزر چکی ہے۔

۴۸۴۱۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ صُهْبَانَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُغَفَّلٍ الْمُزَنِيِّ إِنِّي مِمَّنْ شَهِدَ الشَّجَرَةَ نَهَى النَّبِيُّ ﷺ عَنِ الْخَذْفِ

(صحیح البخاری: ۵۴۷۹، صحیح مسلم، ۱۹۵۴، سنن ابوداؤد: ۵۲۷۰، سنن ابن ماجہ: ۳۲۲۶)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شبابہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از قتادہ، انہوں نے کہا: میں نے عقبہ بن صہبان سے سنا از حضرت عبداللہ بن مغفل المزنی رضی اللہ عنہ کہ بے شک میں ان صحابہ سے تھا جو درخت پر حاضر ہوئے تھے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی کو کنکری مارنے سے منع فرمایا تھا۔

۴۸۴۲۔ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ صُهْبَانَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ مُغَفَّلٍ الْمُزَنِيَّ فِي الْبَوْلِ فِي الْمُغْتَسَلِ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: اور عقبہ بن صہبان سے روایت ہے، انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مغفل المزنی رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ غسل خانہ میں پیشاب کرنے کے متعلق حدیث بیان کرتے تھے۔

کنکر اور پتھر مارنے کی ممانعت کی حکمت اور اگر اس سے کسی کو ضرر نہ ہو تو پھر اس کی اجازت

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

ان دو حدیثوں میں دو مسئلوں کا بیان ہے، پہلی حدیث میں کسی کو کنکر یا پتھر مارنے سے منع فرمایا ہے کیونکہ کنکر یا پتھر مارنے سے نہ دشمن ہلاک ہوتا ہے اور نہ شکار مارا جاتا ہے لیکن اس سے آنکھ پھوٹ جاتی ہے اور دانت ٹوٹ جاتا ہے، اور اس لیے کہ اس میں کوئی مصلحت نہیں ہے اور اس میں فساد کا خطرہ ہے اور ہر وہ کام جو اس کے مشابہ ہو اس کا بھی یہ ہی حکم ہے، اور اس میں یہ تفصیل ہے کہ اگر کنکر یا پتھر مارنے میں کوئی مصلحت ہو یا دشمن سے قتال میں اس کی ضرورت ہو یا شکار حاصل کرنے میں اس کی ضرورت ہو تو یہ جائز ہے اور پرندوں کو غلیل سے مارنا بھی اسی حکم میں ہے کیونکہ غلیل سے اگر کسی بڑے پرندے کو مارا جائے تو وہ غالباً اس کو ہلاک نہیں کرتا اور اس پرندے کو زندہ پکڑ لیا جاتا ہے تو یہ عمل جائز ہے، علامہ نووی نے شرح صحیح مسلم میں اسی طرح لکھا ہے۔

غسل خانہ میں پیشاب کرنے کی ممانعت کی توجیہ اور اگر غسل خانہ میں پانی گزرنے کے لیے نالی بنی ہوئی ہو تو پھر اس میں پیشاب کرنے کی رخصت

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ غسل خانہ میں پیشاب کرنے سے آپ نے منع فرمایا ہے، کیونکہ اس سے وسوسہ پیدا ہوتا ہے، علامہ خطابی نے لکھا ہے کہ یہ ممانعت اس وقت ہے کہ جب غسل خانہ میں پانی گزرنے کی کوئی نالی نہ ہو لیکن جب غسل خانہ میں پانی گزرنے کے لیے کوئی نالی ہو تو پھر غسل خانہ میں نالی کے پاس بیٹھ کر پیشاب کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور جب پیشاب کرنے کے بعد اس پر پانی بہا دیا جائے تو پھر بھی کوئی حرج نہیں ہے۔

Marfat.com

غسل خانہ میں پیشاب کرنے کی ممانعت کے متعلق متعدد احادیث ہیں:

(۱) حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تم میں سے کوئی شخص اپنے غسل خانہ میں ہرگز پیشاب نہ کرے۔

(۲) حضرت عبداللہ بن یزید الانصاری رضی اللہ عنہ نے کہا: تم اپنے غسل خانہ میں پیشاب نہ کرو۔

(۳) حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے کہا: جس نے اپنے غسل خانہ میں پیشاب کیا وہ پاک نہیں ہوا۔

(۴) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اللہ اس شخص کو پاک نہیں کرتا جو اپنے غسل خانہ میں پیشاب کرتا ہے۔

اور ابن سیرین اور دوسروں نے غسل خانہ میں پیشاب کرنے کی اجازت دی ہے اور یہ اجازت اسی پر محمول ہے جب غسل خانہ میں پانی کے گزرنے کے لیے نالی بنی ہوئی ہو۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۵۷، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۴۳۔ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خَالِدٍ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ رضی الله عنه وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ الشَّجَرَةِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے محمد بن الولید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از خالد از ابی قلابہ از حضرت ثابت بن الضحاک رضی اللہ عنہ اور وہ اصحاب الشجرہ میں سے تھے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۳۶۳ میں گزر چکی ہے۔

۴۸۴۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ السُّلَمِيُّ حَدَّثَنَا يَعْلَى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ سِيَاهٍ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ قَالَ أَتَيْتُ أَبَا وَائِلٍ أَسْأَلُهُ فَقَالَ كُنَّا بِصِفِّينَ فَقَالَ رَجُلٌ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يُدْعَوْنَ إِلَى كِتَابِ اللهِ فَقَالَ عَلِيٌّ نَعَمْ فَقَالَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ اتَّهِمُوا أَنْفُسَكُمْ فَلَقَدْ رَأَيْتُنَا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ يَعْنِي الصُّلْحَ الَّذِي كَانَ بَيْنَ النَّبِيِّ ﷺ وَالْمُشْرِكِينَ وَلَوْ نَرَى قِتَالًا لَقَاتَلْنَا فَجَاءَ عُمَرُ فَقَالَ أَلَسْنَا عَلَى الْحَقِّ وَهُمْ عَلَى الْبَاطِلِ أَلَيْسَ قَتْلَانَا فِي الْجَنَّةِ وَقَتْلَاهُمْ فِي النَّارِ قَالَ بَلَى قَالَ فَفِيمَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِي دِينِنَا وَنَرْجِعُ وَلَمَّا يَحْكُمِ اللهُ بَيْنَنَا فَقَالَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ إِنِّي رَسُولُ اللهِ وَلَنْ يُضَيِّعَنِي اللهُ أَبَدًا فَرَجَعَ مُتَغَيِّظًا فَلَمْ يَصْبِرْ حَتَّى جَاءَ أَبَا بَكْرٍ فَقَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ أَلَسْنَا عَلَى الْحَقِّ وَهُمْ عَلَى الْبَاطِلِ قَالَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ إِنَّهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَلَنْ يُضَيِّعَهُ اللهُ أَبَدًا فَنَزَلَتْ سُورَةُ الْفَتْحِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں احمد بن اسحاق السلمی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یعلیٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالعزیز بن سیاہ نے حدیث بیان کی از حبیب بن ابی ثابت، انہوں نے کہا: میں حضرت ابووائل رضی اللہ عنہ کے پاس (خوارج کے متعلق) ایک مسئلہ معلوم کرنے کے لیے گیا تو انہوں نے بتایا کہ ہم مقام صفین میں تھے تو ایک مرد نے کہا: کیا آپ ان لوگوں کو نہیں دیکھتے جن کو اللہ کی کتاب کی طرف دعوت دی جاتی ہے؟ تو حضرت علی نے فرمایا: ہاں! تو حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ نے (خوارج سے) فرمایا: تم لوگ اپنی رائے کے اوپر غلطی کی تہمت لگاؤ، پس ہم نے اپنے آپ کو حدیبیہ کے دن دیکھا یعنی اس صلح کے دوران جو نبی ﷺ اور مشرکین کے درمیان ہوئی تھی اور اگر ہم جنگ کو درست سمجھتے تو ضرور جنگ کرتے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے اور انہوں نے کہا: کیا یہ بات نہیں ہے کہ ہم حق پر ہیں اور مشرکین باطل پر ہیں؟ کیا ہمارے مقتولین جنت میں اور مشرکین کے مقتولین دوزخ میں نہیں ہیں؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیوں نہیں! حضرت عمر نے کہا: پھر ہم کس وجہ سے اپنے دین میں پستی کو اختیار کریں اور لوٹ جائیں

Marfat.com

اور اللہ تعالیٰ نے ہمارے درمیان کوئی فیصلہ نہیں فرمایا: تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے ابن الخطاب! بے شک میں اللہ کا رسول ہوں اور اللہ تعالیٰ مجھے ہرگز ضائع نہیں کرے گا۔ حضرت عمر غصہ میں واپس چلے گئے اور ان کو صبر نہیں آیا تھا حتیٰ کہ وہ حضرت ابوبکر کے پاس آئے اور کہا: اے ابوبکر! کیا یہ بات نہیں ہے کہ ہم حق پر ہیں اور وہ باطل پر ہیں تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے ابن الخطاب! بے شک وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور اللہ ان کو کبھی بھی ضائع نہیں کرے گا، پھر سورۃ الفتح نازل ہوگئی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۱۸۱ میں گزر چکی ہے۔

حدیث مذکور کی شرح علامہ عینی سے

علامہ بدرالدین عینی اس حدیث کے بعض مشکل الفاظ اور بعض مشکل جملوں کی شرح میں لکھتے ہیں:

صفین: یہ دریائے فرات کے قریب ایک جگہ ہے جہاں حضرت علی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما کے درمیان مشہور جنگ ہوئی تھی اور یہ لفظ غیر منصرف ہے۔

ایک مرد نے کہا: یہ مرد حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اصحاب میں سے تھا، اس نے الحجرات: ۹ کے ایک حصہ کی تلاوت کی اور اس کا قصد اس آیت کی تلاوت نہیں تھا، اس کا قصد یہ تھا کہ جو لوگ جنگ نہیں کر رہے ان کے خلاف جنگ کے لیے کیوں بلایا جا رہا ہے کیونکہ اس آیت میں فرمایا ہے: اور اگر مومنوں کے دو گروہ باہم جنگ کریں تو ان میں صلح کرا دو، پھر اگر ان میں سے ایک گروہ دوسرے گروہ پر زیادتی کرے تو زیادتی کرنے والے گروہ سے جنگ کرو حتیٰ کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی طرف رجوع کرے، پس اگر وہ رجوع کرے تو ان میں عدل کے ساتھ صلح کرا دو اور انصاف سے کام لو۔ (الحجرات: ۹) حضرت علی نے فرمایا: ہاں، مسند احمد اور سنن نسائی میں اس پر یہ اضافہ ہے کہ میں اس کے زیادہ لائق ہوں یعنی میں کتاب اللہ پر عمل کرنے کے زیادہ لائق ہوں اور مجھے یہ اعتماد ہے کہ میں حق پر ہوں۔

حضرت سہل بن حنیف نے کہا: تم لوگ اپنی رائے کے اوپر غلطی کی تہمت لگاؤ: کیونکہ کبھی انسان اپنی رائے سے ایک بات کہتا ہے اور صحیح اور درست بات اس کے خلاف ہوتی ہے یعنی تم لوگ اپنی آراء پر عمل نہ کرو، ان کی مراد یہ تھی کہ حضرت علی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما کے درمیان صلح کا وقت گزر چکا ہے اور اس کی وجہ یہ تھی کہ حضرت سہل رضی اللہ عنہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اصحاب میں سے تھے ان کے نزدیک حضرت علی اور حضرت معاویہ کے درمیان حضرت عمرو بن العاص اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما کو حکم بنانا ناپسندیدہ تھا۔

علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ حضرت سہل قتال میں کوتاہی کو غلط سمجھتے تھے تو انہوں نے کہا: تم اپنی رائے پر غلطی کی تہمت لگاؤ کیونکہ میں جنگ میں کوتاہی نہیں کرتا اور میں ضرورت کے وقت جنگ میں کوتاہی کرنے والا نہیں ہوں جیسا کہ حدیبیہ کے دن میں تھا کیونکہ اس دن میں نے اپنے آپ کو دیکھا کہ میں اس طرح تھا کہ اگر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کی مخالفت پر قادر نہ ہوتا تو میں مشرکین کے خلاف زبردست قتال کرتا لیکن آج ہم جنگ میں مصلحت کو نہیں دیکھتے بلکہ مسلمانوں کی مصلحت کے لیے اس جنگ میں توقف کرنا زیادہ بہتر ہے اور رہا حکم بنانے پر انکار تو حکم بنانے کا حکم کتاب اللہ میں نہیں ہے، پس حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں! یہ بات

Marfat.com

درست ہے لیکن انکار کرنے والے وہ لوگ ہیں جنہوں نے اللہ کی کتاب سے انحراف کیا کیونکہ مجتہد کی جب یہ رائے ہو اور جب یہ ظن ہو کہ فریقین کے درمیان حکم بنانا جائز ہے تو وہ اللہ کا حکم ہے، حضرت سہل نے کہا: تم اپنی رائے پر غلطی کی تہمت لگاؤ کیونکہ ہم بھی حدیبیہ کے دن قتال ترک کرنے کو ناپسند کرتے تھے اور ہمیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صلح پر مجبور کیا۔

تو ہم دین میں پستی کو کیوں اختیار کریں: یعنی ہم ایسی شرائط پر کیوں صلح کریں جو ہمارے عجز اور ضعف پر دلالت کرتی ہوں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۵۹۔۲۵۸، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

مصنف کے نزدیک حدیث مذکور کا خلاصہ

میں کہتا ہوں کہ حضرت سہل بن حنیف نے جو کہا کہ تم اپنی رائے پر غلطی کی تہمت لگاؤ تو ان کی اس سے مراد خوارج تھے جو فریقین کے درمیان حکم بنانے کو غلط کہتے تھے، حضرت سہل بن حنیف نے کہا: تمہاری رائے غلط ہے۔ مصلحت کی وجہ سے فریقین کے درمیان حکم بنانا جائز ہے، جیسا کہ حدیبیہ کے دن مشرکین کے خلاف جنگ موقوف کرنا درست تھا اگرچہ ہم لوگ مشرکین سے جنگ نہ کرنے کے خلاف تھے لیکن بعد میں یہ ظاہر ہوا کہ مسلمانوں کی خیر اور مصلحت اسی میں تھی۔

حدیث مذکور کی شرح حافظ ابن حجر عسقلانی سے

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں کتاب کا علم دیا گیا، انہیں کتاب اللہ کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ (کتاب) ان کے باہمی اختلاف میں فیصلہ کرے۔ (آل عمران: ۲۳)

امام احمد نے یہ پوری آیت ذکر کی ہے اور لکھا ہے کہ یہ مرد عبداللہ بن الکواء تھا، امام طبری نے ذکر کیا ہے کہ اس کا سبب یہ تھا کہ اہل شام (حضرت معاویہ کا گروہ) نے جب یہ دیکھا کہ اہل عراق (حضرت علی کا گروہ) ان پر غالب آ رہا ہے تو انہوں نے حضرت عمرو بن العاص کو اشارہ دیا کہ وہ قرآن مجید اٹھالیں اور قرآن مجید میں جو حکم مذکور ہے اس پر عمل کرنے کی دعوت دیں اور ان کی مراد یہ تھی کہ معاملہ طول پکڑ جائے اور ان کو اس مصیبت سے نجات مل جائے جس میں وہ واقع ہو چکے تھے، پس ایسا ہی ہوا جیسے ان کا گمان تھا، پھر جب انہوں نے قرآن مجید کو اٹھالیا اور کہا: ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب فیصلہ کرنے والی ہے اور اس بات کو حضرت علی کے لشکر نے سن لیا اور ان میں اکثریت دین دار تھی، پس حضرت علی نے فریقین کے درمیان حکم بنانے کو قبول کرلیا اور ان کی موافقت کی کیونکہ ان کو اعتماد تھا کہ حق ان کے ساتھ ہے اور امام نسائی نے بھی اس حدیث کو احمد بن سلیمان سے روایت کیا ہے۔

امام بخاری کی روایت پر مسند احمد میں یہ اضافہ ہے کہ جب ہم صفین میں تھے اور اہل شام کے ساتھ جنگ گرم ہو گئی تھی تو حضرت عمرو بن العاص نے حضرت معاویہ سے کہا: آپ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف مصحف (قرآن مجید) کو بھیجیں اور انہیں کتاب اللہ پر عمل کی دعوت دیں تو وہ اس پر انکار نہیں کریں گے، پس حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس ایک مرد آیا اور کہا: ہمارے اور آپ کے درمیان اللہ کی یہ کتاب حکم ہے یعنی منصف ہے تو حضرت علی نے فرمایا: میں اس کے زیادہ لائق ہوں کہ ہمارے درمیان اللہ کی کتاب حکم ہو۔ پھر حضرت علی کے پاس خوارج آئے اور ہم اس زمانہ میں ان کو القراء کہتے تھے اور ان کی تلواریں ان کے کندھوں پر تھیں، انہوں نے کہا: اے امیر المومنین! ہم اس قوم کا انتظار نہیں کرتے، ہم اپنی تلواروں سے ان کے اوپر حملہ کیوں نہیں کرتے، تب حضرت سہل بن حنیف کھڑے ہوئے۔

حضرت علی نے فرمایا: ہاں: امام احمد اور امام نسائی نے یہ اضافہ کیا ہے کہ ہاں! میں اس کے زیادہ لائق ہوں یعنی جب کتاب اللہ پر

Marfat.com

عمل کرنے کی دعوت دی جائے تو میں اس دعوت کو قبول کرنے کے زیادہ لائق ہوں کیونکہ مجھے اس پر اعتماد ہے کہ حق میرے ساتھ ہے۔

حضرت سہل بن حنیف نے کہا: تم اپنی رائے پر غلطی کی تہمت لگاؤ: یعنی اس رائے میں (کہ فریقین کے درمیان حکم نہیں بنانا چاہیے) کیونکہ اکثر خوارج نے فریقین کے حکم بنانے کا انکار کیا تھا اور کہا تھا کہ اللہ کے سوا کوئی حکم نہیں ہے۔

حضرت علی نے فرمایا: یہ کلمہ حق ہے جس سے باطل کا ارادہ کیا گیا ہے اور اکابر صحابہ نے حضرت علی کی اطاعت کرنے کی طرف اشارہ کیا ہے اور یہ کہ ان کی مخالفت نہ کی جائے کیونکہ وہ مصلحت کو زیادہ جاننے والے ہیں اور حضرت سہل بن حنیف نے خوارج سے ذکر کیا کہ ان کے ساتھ حدیبیہ میں جو معاملہ پیش تھا اس وقت مسلمانوں کی رائے یہ تھی کہ مشرکین کے خلاف جنگ جاری رکھی جائے اور انہوں نے حدیبیہ میں صلح کی مخالفت کی، پھر بعد میں یہ ظاہر ہوا کہ مسلمانوں کی زیادہ مصلحت صلح میں ہی تھی جس کو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا اور اس کی پوری تفصیل ان شاء اللہ کتاب استتابۃ المرتدین میں آئے گی۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۷، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الفتح کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ امام بخاری نے سورۃ الحجرات میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۴۹۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْحُجُرَاتِ

سورۃ الحجرات کی تفسیر

سورۃ الحجرات کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الحجرات کی بعض آیات کی تفسیر ہے، علامہ ابوالعباس نے کہا ہے: یہ پوری سورت مدنی ہے، ہمیں اس میں کوئی اختلاف نہیں پہنچا۔ علامہ سخاوی نے کہا ہے کہ یہ سورت سورۃ المجادلہ کے بعد نازل ہوئی اور سورۂ تحریم سے پہلے، اور اس سورت میں اٹھارہ (۱۸) آیات ہیں، حجرات حجرہ کی جمع ہے اور اس سے مراد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کے گھر ہیں۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ لَا تُقَدِّمُوا لَا تَفْتَاتُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ حَتّٰى يَقْضِيَ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِهِ۔

اور مجاہد نے کہا: لا تقدموا کا معنی ہے: لا تفتاتوا یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سبقت نہ کرو حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے کوئی فیصلہ فرمائے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ۔ (الحجرات:۱)

اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول پر سبقت نہ کرو۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے لا تقدموا کی تفسیر لا تفتاتوا کی ہے، یہ لفظ افتیاۃ سے بنا ہے اور اس کا مادہ فوت ہے اور اس کا معنی ہے: کسی چیز کی طرف سبقت کرنا، مفسرین کا اس آیت کی تفسیر میں اختلاف ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ تم کتاب اور سنت کے خلاف کوئی بات نہ کہو اور ان سے دوسری روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کے دوران کلام نہ کرو اور حضرت جابر اور حسن بصری سے روایت ہے کہ تم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذبح کرنے سے پہلے ذبح نہ کرو اور جن لوگوں نے آپ سے پہلے قربانی کر لی تھی ان کو دوبارہ قربانی کرنے کا حکم دیا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے: تم اپنے نبی کے روزہ رکھنے سے پہلے روزہ نہ رکھو اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ بنو تمیم کا وفد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ القعقاع بن محمد بن زرارہ کو امیر بنائیں اور حضرت عمر نے کہا: الاقرع بن حابس کو امیر بنائیں، حضرت ابوبکر نے کہا: تم صرف میری مخالفت کا ارادہ رکھتے ہو، حضرت عمر نے کہا: میں نے آپ کی مخالفت کا ارادہ نہیں کیا، پھر ان دونوں کی آوازیں بلند ہو گئیں تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ۔ (الحجرات:۱)

اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول پر سبقت نہ کرو۔

اور ضحاک سے منقول ہے: قتال میں اور دین کے احکام میں یعنی اللہ اور اس کے رسول کے بغیر کسی کام کا فیصلہ نہ کرو، اور الکلبی

سے منقول ہے: تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کسی قول اور فعل سے پہلے سبقت نہ کرو حتیٰ کہ وہ خود تمہیں کسی کام کا حکم دیں، اور ابن زید سے منقول ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کے بغیر کسی کام کا فیصلہ نہ کرو اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آگے نہ چلو۔

اِمْتَحَنَ أَخْلَصَ۔ امتحن کا معنی ہے: خاص کرلیا اور چن لیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰی ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ عَظِیْمٌ ۝ (الحجرات:۳)

بے شک جو لوگ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے سامنے اپنی آوازوں کو پست رکھتے ہیں یہ وہی لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ نے تقویٰ کے لیے پرکھ لیا ہے، ان ہی کے لیے مغفرت ہے اور اجر عظیم ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے امتحن کی تفسیر اخلص کے ساتھ کی ہے اور امام عبدالرزاق نے قتادہ سے روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کو اپنے پسندیدہ کاموں کے لیے چن لیا ہے۔

وَلَا تَنَابَزُوا یُدْعَی بِالْكُفْرِ بَعْدَ الْإِسْلَامِ۔ تَنَابَزُوْا کا معنی ہے: اسلام کے بعد کسی کو کفر کے ساتھ پکارا جائے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ لَا تَلْمِزُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَ لَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ؕ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِیْمَانِ۔ (الحجرات:۱۱)

اور تم ایک دوسرے کو طعنہ نہ دیا کرو اور نہ ایک دوسرے کو برے القاب سے بلاؤ، ایمان کے بعد فاسق کہلانا کتنا برا کام ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: تنابز کا معنی ہے: کسی مرد کو اسلام کے بعد کفر کے نام سے پکارا جائے۔ اس کا حاصل وہ ہے جو مجاہد نے کہا کہ کسی مسلمان مرد کو کافر کہہ کر نہ پکارو اور عکرمہ سے منقول ہے کہ تنابز کا معنی ہے: ایک مرد دوسرے مرد کو کافر، منافق یا فاسق کہے اور اس کے نزول کا سبب یہ ہے جو ضحاک نے روایت کی ہے: یہ آیت ہم میں یعنی بنوسلمہ میں نازل ہوئی ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب مدینہ میں آئے تو ہم میں سے ہر شخص کے دو دو یا تین تین نام تھے، پس جب ایک دوسرے مرد کو بلاتا تو ہم کہتے: یا رسول اللہ! یہ شخص اس نام سے غضب ناک ہوتا ہے، تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ۔ (الحجرات:۱۴) اور ایک دوسرے کو برے القاب سے نہ بلاؤ۔

یَلِتْكُمْ یَنْقُصْكُمْ أَلَتْنَا نَقَصْنَا۔ یَلِتْكُمْ کا معنی ہے: ینقصکم یعنی تم میں کمی کرے گا، التنا کا معنی ہے: نَقَصْنَا یعنی ہم نے کمی کی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اِنْ تُطِیْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ لَا یَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَیْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ (الحجرات:۱۴)

اور اگر تم اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے رسول کی تو اللہ تمہارے نیک اعمال سے کوئی کمی نہیں کرے گا، بے شک اللہ بہت بخشنے والا، بے حد رحم فرمانے والا ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یلتکم کی تفسیر ینقصکم کی ہے اور یہ لفظ لاتی یلیت لیتا سے ماخوذ ہے، اس کا معنی ہے: وہ اس سے کوئی کمی نہیں کرے گا اور التنا کا معنی ہے: نقصنا اور یہ لفظ سورۃ الطور میں ہے، امام بخاری نے اس لفظ کو یہاں پر بالتبع ذکر کر دیا ہے۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۲۶۰۔۲۵۹، میں کی ہے]

۱۔ بَابٌ: لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ۔ (الحجرات:۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اپنی آوازوں کو نبی کی آواز پر بلند نہ کرو۔ (الحجرات:۲) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ پوری آیت اس طرح ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝ (الحجرات:۲)

اے ایمان والو! اپنی آوازوں کو نبی کی آواز پر بلند نہ کرو اور نہ ان کے سامنے بلند آواز سے بولو جیسے ایک دوسرے سے بلند آواز سے بات کرتے ہو، ورنہ تمہارے اعمال ضائع ہو جائیں گے اور تمہیں پتا بھی نہیں چلے گا ۝

تشعرون کا معنی ہے: تعلمون یعنی تم جانتے ہو اور اسی سے الشاعر ماخوذ ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے تشعرون کی تفسیر تعلمون کی ہے اور اسی طرح دوسرے مفسرین نے اس کی تفسیر کی ہے، امام بخاری نے کہا: اسی سے الشاعر ماخوذ ہے، کہا جاتا ہے: شعرت بالشیئ میں نے اس چیز کو ذہانت سے جان لیا اور اسی سے شاعر ماخوذ ہے کیونکہ وہ بھی ذہین ہوتا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۶۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۴۵۔ حَدَّثَنَا يَسَرَةُ بْنُ صَفْوَانَ بْنِ جَمِيلٍ اللَّخْمِيُّ حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ كَادَ الْخَيِّرَانِ أَنْ يَهْلِكَا أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ رضی اللہ عنہما رَفَعَا أَصْوَاتَهُمَا عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ حِينَ قَدِمَ عَلَيْهِ رَكْبُ بَنِي تَمِيمٍ فَأَشَارَ أَحَدُهُمَا بِالْأَقْرَعِ بْنِ حَابِسٍ أَخِي بَنِي مُجَاشِعٍ وَأَشَارَ الْآخَرُ بِرَجُلٍ آخَرَ قَالَ نَافِعٌ لَا أَحْفَظُ اسْمَهُ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ لِعُمَرَ مَا أَرَدْتَ إِلَّا خِلَافِي قَالَ مَا أَرَدْتُ خِلَافَكَ فَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمَا فِي ذٰلِكَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ ﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ﴾ الْآيَةَ قَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ فَمَا كَانَ عُمَرُ يُسْمِعُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ بَعْدَ هٰذِهِ الْآيَةِ حَتّٰى يَسْتَفْهِمَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ ذٰلِكَ عَنْ أَبِيهِ يَعْنِي أَبَا بَكْرٍ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یسرہ بن صفوان بن جمیل اللخمی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں نافع بن عمر نے حدیث بیان کی از ابن ابی ملیکہ، انہوں نے بیان کیا: قریب تھا کہ سب سے بہتر دو مرد ہلاک ہو جاتے یعنی حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما، ان دونوں نے نبی ﷺ کے سامنے اپنی آوازیں بلند کیں جب آپ کے پاس بنو تمیم کے سوار آئے تھے تو ان میں سے ایک نے اقرع بن حابس کو امیر بنانے کا اشارہ کیا جو بنی مجاشع کا بھائی تھا اور دوسرے نے دوسرے مرد کو امیر بنانے کا اشارہ کیا، نافع نے کہا: مجھے اس کا نام یاد نہیں، پس حضرت ابوبکر نے حضرت عمر سے کہا: تم نے صرف میری مخالفت کا ارادہ کیا ہے، حضرت عمر نے کہا: میں نے آپ کی مخالفت کا ارادہ نہیں کیا: پس اس معاملہ میں دونوں کی آوازیں بلند ہو گئیں تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ الآیہ (اے ایمان والو! تم اپنی آوازوں کو نبی کی آواز پر بلند نہ کرو) حضرت ابن الزبیر نے کہا: اس آیت کے نازل ہونے کے بعد حضرت عمر بہت پست آواز سے رسول اللہ ﷺ کو کوئی بات سناتے تھے حتیٰ کہ آپ ان سے اس بات کو پوچھتے تھے اور حضرت

Marfat.com

ابن الزبیر نے اس کے متعلق اپنے باپ (اپنے نانا) یعنی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے متعلق کوئی بات نہیں کی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۳۴۷ میں گزر چکی ہے تاہم بعض مشکل اور مجمل الفاظ کی شرح کی جارہی ہے:

بنوتمیم کے سواروں کے آنے کی تاریخ اور آپ کے سامنے بعض خواتین کے بلند آواز سے باتیں کرنے کی توجیہ

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

جب آپ کے پاس بنوتمیم کے سوار آئے: یہ سوار آپ کے پاس نو (۹) ہجری میں اونٹوں پر سفر کر کے آئے تھے۔ ان میں سے ایک نے اقرع بن حابس کو امیر بنانے کو کہا: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کے زمانہ میں حضرت اقرع کی وفات ہوگئی تھی۔

اور دوسرے نے دوسرے آدمی کے لیے کہا: وہ دوسرا مرد القعقاع بن معبد بن زرارہ تھا۔

اس آیت کے نازل ہونے کے بعد حضرت عمر بہت پست آواز سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کوئی بات سناتے تھے: کیونکہ اس آیت کی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے بلند آواز سے بات کرنا حرام ہوگیا تھا، اس پر یہ اشکال ہے کہ صحیح حدیث میں ہے کہ حضرت عمر اجازت لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور اس وقت آپ کے پاس قریش کی خواتین تھیں جو آپ سے بلند آواز میں باتیں کر رہی تھی تو اس کا جواب یہ ہے کہ ہوسکتا ہے کہ ان کا بلند آواز سے باتیں کرنا ممانعت سے پہلے ہو یا سب عورتوں کی آواز مل کر بلند ہوگئی ہو اور ہر ایک کی آواز بلند نہ ہو۔

اور اس کے متعلق حضرت ابن الزبیر نے اپنے باپ سے یعنی اپنے نانا سے کوئی بات نہیں سنی: علامہ کرمانی نے کہا کہ نانا کے اوپر باپ کا اطلاق مجاز ہے کیونکہ حضرت ابوبکر حضرت عبداللہ بن زبیر کی ماں کے باپ تھے اور ان کی ماں حضرت اسماء بنت ابی بکر تھیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۶۲۔۲۶۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۴۶۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا أَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ قَالَ أَنْبَأَنِي مُوسَى بْنُ أَنَسٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ افْتَقَدَ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللهِ أَنَا أَعْلَمُ لَكَ عِلْمَهُ فَأَتَاهُ فَوَجَدَهُ جَالِسًا فِي بَيْتِهِ مُنَكِّسًا رَأْسَهُ فَقَالَ لَهُ مَا شَأْنُكَ فَقَالَ شَرٌّ كَانَ يَرْفَعُ صَوْتَهُ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ ﷺ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ وَهُوَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَأَتَى الرَّجُلُ النَّبِيَّ ﷺ فَأَخْبَرَهُ أَنَّهُ قَالَ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ مُوسَى فَرَجَعَ إِلَيْهِ الْمَرَّةَ الْآخِرَةَ بِبِشَارَةٍ عَظِيمَةٍ فَقَالَ اذْهَبْ إِلَيْهِ فَقُلْ لَهُ إِنَّكَ لَسْتَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ وَلَكِنَّكَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ازہر بن سعد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابن عون نے خبر دی انہوں نے کہا: مجھے موسیٰ بن انس نے خبر دی از حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کو گم پایا تو ایک مرد نے کہا: یا رسول اللہ! میں آپ کو ان کا پتا بتاتا ہوں، پس وہ حضرت ثابت بن قیس کے پاس گئے تو دیکھا وہ اپنے گھر میں سر جھکائے ہوئے بیٹھے تھے تو انہوں نے ان سے پوچھا: تمہارا کیا حال ہے؟ انہوں نے کہا، بہت برا حال ہے، (انہوں نے بتایا:) وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آواز پر اپنی آواز کو بلند کرتے تھے تو (انہوں نے گمان کیا ہے) ان کا عمل ضائع ہوگیا اور وہ اہل دوزخ سے ہوگئے ہیں، پس وہ مرد نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور اس نے آپ کو اس بات کی خبر دی اور بتایا کہ اس نے اس طرح اور اس طرح کہا ہے،

Marfat.com

موسیٰ (بن انس) نے کہا: پھر وہ مرد دوسری بار حضرت ثابت بن قیس کے پاس عظیم بشارت لے کر گیا، آپ نے فرمایا: تم اس کے پاس جاؤ اور اس سے کہو کہ تم اہل دوزخ سے نہیں ہو لیکن تم اہل جنت سے ہو۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۶۱۳ میں گزر چکی ہے۔

حضرت ثابت بن قیس کو جنت کی بشارت دی گئی تو یہ عشرہ مبشرہ پر زائد ہو گئے؟ اس اعتراض کا جواب

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت ثابت بن قیس کے جنتی ہونے کی اس حدیث میں تصریح ہے اور یہ اس حدیث کے منافی نہیں ہے جس میں یہ ذکر ہے کہ جتنی صحابہ دس (۱۰) ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ عشرہ مبشرہ کو ایک مجلس میں جنت کی بشارت دی گئی تھی، ان کے علاوہ جن کو جنت کی بشارت دی گئی ہے وہ الگ الگ مواقع پر دی گئی ہے، دوسرا جواب یہ ہے کہ عدد کے مفہوم مخالف کا اعتبار نہیں ہوتا اس لیے دس (۱۰) سے زیادہ کی بشارت کی نفی نہیں ہوگی۔ تیسرا جواب یہ ہے کہ عشرہ مبشرہ وہ ہیں جن کو لفظ بشارت کے ساتھ جنت کی بشارت دی گئی اور یہ تاویل اس لیے ضروری ہے کہ اس پر اجماع ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اور حسنین کریمین بھی اہل جنت سے ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۶۲، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۲۔ بَابُ: اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ (الحجرات: ۴)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (اے رسول مکرم!) بے شک جو لوگ آپ کو حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں ان میں سے اکثر بے عقل ہیں ۝ (الحجرات: ۴) کی تفسیر

الحجرات: ۴، کا شان نزول

علامہ عینی لکھتے ہیں: مفسرین نے کہا ہے کہ قبیلہ تمیم کے اعراب نے یعنی دیہاتیوں نے ندا کی: اے محمد! ہماری طرف باہر آئیں اور قتادہ نے کہا کہ زید بن ارقم سے روایت ہے کہ چند دیہاتی لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف آئے اور انہوں نے ایک دوسرے سے کہا ہم اس مرد کی طرف جاتے ہیں، اگر یہ واقعی نبی ہیں تو ہم لوگوں میں سے سب سے زیادہ کامیاب ہوں گے اور اگر وہ بادشاہ ہیں تو ہم ان کے سائے میں زندگی گزاریں گے، پس وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرے کی طرف آئے اور آپ کو ندا کرنے لگے: یا محمد! یا محمد! تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ الآیۃ (بے شک جو لوگ آپ کو ندا کرتے ہیں)۔ (عمدۃ القاری ۱۹ ص ۲۶۳)

۴۸۴۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُمْ أَنَّهُ قَدِمَ رَكْبٌ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ أَمِّرِ الْقَعْقَاعَ بْنَ مَعْبَدٍ وَقَالَ عُمَرُ بَلْ أَمِّرِ الْأَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ مَا أَرَدْتَ إِلَّا خِلَافِي فَقَالَ عُمَرُ مَا أَرَدْتُ خِلَافَكَ فَتَمَارَيَا حَتَّى ارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمَا فَنَزَلَ فِي

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحسن بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں حجاج نے حدیث بیان کی از ابن جریج، انہوں نے کہا: مجھے ابن ابی ملیکہ نے خبر دی کہ حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما نے ان کو خبر دی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بنو تمیم کے سوار آئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: ان کے اوپر القعقاع بن معبد کو امیر بنائیں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: بلکہ ان کے اوپر الاقرع بن حابس کو امیر بنائیں، پس حضرت ابوبکر نے

ذَلِكَ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ اللهِ وَرَسُولِهِ حَتَّى انْقَضَتْ الْآيَةُ۔

کہا: تم نے میری طرف کیا ارادہ کیا ہے یا کہا: تم نے صرف میری مخالفت کا ارادہ کیا ہے۔ حضرت عمر نے کہا: میں نے آپ کی مخالفت کا ارادہ نہیں کیا: پھر وہ دونوں بحث کرنے لگے حتیٰ کہ ان کی آوازیں بلند ہونے لگیں، تو اس کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی: يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللهِ وَ رَسُوْلِهٖ (الحجرات:۱) (اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول پر سبقت نہ کرو) حتیٰ کہ یہ آیت پوری ہوگئی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۳۶۷ میں گزر چکی ہے۔

۳۔ بَابٌ: وَلَوْ أَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ إِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ۔ (الحجرات:۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اگر یہ لوگ صبر کرتے حتیٰ کہ آپ خود باہر آجاتے تو یہ ان کے حق میں بہت بہتر ہوتا۔ (الحجرات:۵) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: صحیح بخاری کے تمام نسخوں میں اسی طرح مذکور ہے، باب کا عنوان تو قائم کیا ہے لیکن اس کے بعد اس کے متعلق کوئی حدیث ذکر نہیں کی، پس یا تو امام بخاری کو اس باب کے مناسب اپنی شرط کے مطابق کوئی حدیث ملی نہیں یا ان پر اس سے پہلے موت آگئی، کہ وہ اس باب کے مناسب کوئی حدیث درج کر دیتے۔

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الحجرات کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہوگئی اب ان شاء اللہ سورۃ ق کی تفسیر میں انہوں نے جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۵۰۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ قٓ

سورۂ قٓ کی تفسیر

سورۂ قٓ کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۂ قٓ کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس سورت میں پینتالیس (۴۵) آیات ہیں، یہ سورۃ مکی ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ قٓ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک اسم ہے جس کی اللہ تعالیٰ نے قسم کھائی ہے اور قتادہ سے روایت ہے کہ یہ قرآن مجید کے اسماء میں سے ایک اسم ہے، علامہ قرطبی سے منقول ہے کہ قٓ سے مراد اللہ تعالیٰ کے یہ اسماء ہیں: قدیر، قادر، قاہر، قریب، قاضی اور قابض، اور الشعبی سے منقول ہے کہ قٓ سے سورت کا افتتاح کیا ہے۔

رَجْعٌ بَعِیْدٌ رَدُّہٗ۔ رَجْعٌ بَعِیْدٌ اس کا معنی ہے: دنیا کی طرف دوبارہ لوٹایا جانا بہت بعید ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ءَاِذَا مِتْنَا وَ كُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ ۝ (ق:۳) کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی ہو جائیں گے (تو پھر زندہ ہوں گے)، بے شک یہ لوٹنا (عقل سے) بعید ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے رجعٌ بعید کی یہ تفسیر کی ہے کہ دوبارہ زندگی کی طرف لوٹایا جانا بعید ہے کیونکہ مشرکین مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کا اعتراف نہیں کرتے تھے۔

فُرُوْجٍ فُتُوْقٍ وَاحِدُهَا فَرْجٌ۔ فُرُوْج فُتُوق کا معنی فتوق ہے یعنی شگاف، فروج جمع ہے اور اس کا واحد فرج ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ۝ (ق:۶) کیا انہوں نے اپنے اوپر آسمان کو نہیں دیکھا ہم نے اس کو کیسے بنایا اور کس طرح اس کو (ستاروں سے) مزین کیا اور اس میں کوئی شگاف نہیں ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: الفروج، فرج کی جمع ہے اور ابن زید سے منقول ہے: الفروج اس چیز کو کہتے ہیں جس کے اجزاء ایک دوسرے سے متفرق ہوں اور الکسائی سے منقول ہے کہ آسمانوں میں کوئی تفاوت اور اختلاف نہیں ہے۔

مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ وَرِيدَاهُ فِي حَلْقِهِ وَالْعَمَلُ حَبْلُ الْعَاتِقِ۔ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ یعنی حلق میں دو رگیں ہیں، العمل گردن کی رسی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ﴿ق:١٦﴾ اور ہم (انسان کی) شہ رگ سے زیادہ اس کے قریب ہیں ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی ہم اس پر اس کی شہ رگ سے زیادہ قادر ہیں چونکہ یہ شہ رگ رسی کے مشابہ ہوتی ہے اس لیے اس کو الحبل فرمایا، اس رگ کے کٹنے سے انسان کی موت واقع ہو جاتی ہے۔ امام طبری نے اس تفسیر کو اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَا تَنْقُصُ الْأَرْضُ مِنْ عِظَامِهِمْ۔ اور مجاہد نے کہا: ماتنقص الارض منهم زمین ان کی ہڈیوں سے جو کم کرتی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْأَرْضُ مِنْهُمْ۔ (ق:٤) بے شک ہم جانتے ہیں کہ زمین ان سے کتنا کم کرتی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ بھی کہا گیا ہے کہ ان کے اجسام میں سے جو کم کرتی ہے۔

تَبْصِرَةً بَصِيرَةً۔ تَبْصِرَةً اس کا معنی ہے: بَصِيْرَةً۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

تَبْصِرَةً وَذِكْرَىٰ لِكُلِّ عَبْدٍ مُنِيبٍ ﴿ق:٨﴾ جو بصیرت اور نصیحت ہیں ہر رجوع کرنے والے بندے کے لیے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے تَبْصِرَةً کی تفسیر بصیرت کے ساتھ کی ہے یعنی ہم نے اس کو بصیرت بنا دیا اور منیب کا معنی ہے: مخلص۔

حَبَّ الْحَصِيدِ الْحِنْطَةُ۔ حَبُّ الحصید یعنی کاٹی ہوئی فصل کے دانے، اس سے مراد گندم ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً مُبَارَكًا فَأَنْبَتْنَا بِهِ جَنَّاتٍ وَحَبَّ الْحَصِيدِ ﴿ق:٩﴾ اور ہم نے آسمان سے برکت والا پانی نازل کیا، پھر ہم نے اس سے باغات اور کھیتوں میں کاٹی جانے والی فصل کے دانے اگائے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے ان دانوں کی تفسیر گندم کے ساتھ کی ہے اسی طرح جو اور باقی دانے بھی ہیں۔

بَاسِقَاتِ الطِّوَالُ۔ بَاسِقَاتٍ اس کا معنی ہے: اونچے اونچے اور لمبے لمبے درخت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ لَهَا طَلْعٌ نَضِيدٌ ﴿ق:١٠﴾ اور کھجور کے لیے درخت اگائے جن پر تہ بہ تہ پھل لدے ہوئے ہیں ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے بَاسِقَاتٍ کی تفسیر لمبے درختوں کے ساتھ کی ہے، جب کوئی چیز لمبی اور طویل ہو تو اس کو کہا جاتا ہے: بسق الشیئ اور روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بَاسِقَاتٍ کو ص کے ساتھ پڑھتے تھے۔

أَفَعَيِينَا أَفَأَعْيَا عَلَيْنَا حِينَ أَنْشَأَكُمْ وَأَنْشَأَ خَلْقَكُمْ۔ اَفَعَيِيْنَا اس کا معنی ہے: کیا ہم پر بوجھ بن گیا ہے یا ہم کو تھکا دیا ہے جب ہم نے تم کو پیدا کیا اور ہم نے تمہاری صورتیں بنائیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَفَعَيِينَا بِالْخَلْقِ الْأَوَّلِ ۖ بَلْ هُمْ فِي لَبْسٍ مِنْ خَلْقٍ تو کیا ہم پہلی بار پیدا کر کے تھک گئے ہیں؟ (نہیں) بلکہ وہ اپنے

Marfat.com

جَدِيْدٍ ۝ (ق:۱۵) از سرنو پیدا ہونے کے متعلق شک میں مبتلا ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اَفَعَيِينَا کی تفسیر کی ہے اَفَاعيا علينا یعنی کیا ہم دوبارہ پیدا کرنے سے عاجز ہو گئے ہیں یا ہم پر یہ مشکل ہو گیا ہے۔ عیی عن کذا کا معنی ہے: اس سے عاجز ہو گئے، بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ اس کا معنی ہے: شیطان نے ان کو شک میں ڈال دیا مِنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ یعنی دوبارہ پیدا کرنے سے۔

وَقَالَ قَرِيْنُهُ الشَّيْطَانُ الَّذِيْ قُيِّضَ لَهُ۔ وَقَالَ قَرِيْنُهُ اس سے مراد وہ شیطان ہے جو اس کے لیے مقدر کیا گیا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَالَ قَرِيْنُهُ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ۝ (ق:۲۳) اور اس (کی زندگی) کا ساتھی (فرشتہ) کہے گا: یہ اس کا اعمال نامہ ہے جو میرے پاس تیار ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے قرین کی تفسیر شیطان کے ساتھ کی ہے جو اس کے لیے مقدر کیا گیا ہے اور قتادہ سے منقول ہے: اس سے مراد وہ فرشتہ ہے جو اس کے ساتھ مقرر کیا گیا ہے، اسی طرح تفسیر ثعلبی میں ہے۔

فَنَقَّبُوا ضَرَبُوا۔ فَنَقَّبُوْا کا معنی ہے: زمین میں سفر کیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ۝ (ق:۳۶) انہوں نے بہت سے شہروں کو کھنگال ڈالا کہ کہیں چھٹکارے کی جگہ ہو O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے نَقَّبُوْا کی تفسیر کی ہے: زمین میں سفر کرنے کے ساتھ، اسی طرح مجاہد سے منقول ہے اور ابن عباس سے منقول ہے کہ وہ زمین میں گھومے پھرے اور الفراء سے منقول ہے: انہوں نے زمین کو کھنگال ڈالا، فَنَقَّبُوْا میں قاف پر زبر بھی پڑھا گیا ہے اور یہ امر کا صیغہ ہے جو تہدید اور وعید کے لیے ہے یعنی تم تمام شہروں میں اور تمام روئے زمین میں گھوم پھر کر دیکھو کہیں موت سے نجات ہے، تہدید اور وعید کا معنی ہے: ڈانٹ ڈپٹ۔

أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ لَا يُحَدِّثُ نَفْسَهُ بِغَيْرِهِ۔ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ اس کا معنی ہے: وہ اپنے دل میں اس کے علاوہ اور کوئی بات نہ سوچیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ۝ (ق:۳۷) یا جو کان لگا کر سنے اور اس کا ذہن حاضر ہو O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ کی تفسیر کی ہے کہ وہ اپنے دل میں اس کے علاوہ اور کوئی بات نہ سوچیں یعنی وہ قرآن سنیں اور اس کی طرف کان لگائیں اور ان کا ذہن حاضر ہو۔

وحين أنشأكم وأنشأ خلقكم۔ وحين انشأكم اور اس نے تمہاری خلقت بنائی۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس تعلیق کا تعلق أَفَعَيِينَا (ق:۱۵) سے ہے یعنی تو کیا ہم پہلی بار پیدا کر کے تھک گئے ہیں؟ بہ ظاہر اس تعلیق کا اس تعلیق سے ملحق ہونا چاہیے تھا لیکن یہ کاتب کی وجہ سے یہاں لکھی گئی۔

رقيب عتيد رصد۔ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ اس کا معنی ہے: رَصَدٌ یعنی جو کسی کی گھات میں ہو۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿۱۸﴾ (ق:۱۸) وہ جو بات بھی کہتا ہے (اس کو لکھنے کے لیے) اس کا کوئی محافظ (فرشتہ) منتظر ہوتا ہے○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ کی تفسیر رصد کے ساتھ کی ہے یعنی جو انتظار کرتا ہے اور گھات میں ہوتا ہے اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ رقیب کا معنی حافظ ہے اور عتید کا معنی حاضر ہے۔

سَائِقٌ وَّشَهِيْدٌ اَلْمَلَكَانِ كَاتِبٌ وَشَهِيْدٌ۔ سَائِقٌ وَّ شَهِيْد یہ دو فرشتے ہیں ایک لکھنے والا ہے اور دوسرا گواہ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ ﴿۲۱﴾ (ق:۲۱) اور ہر شخص اس طرح حاضر ہوگا کہ اس کو چلانے والا ایک فرشتہ ہوگا اور ایک گواہ ہوگا○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس کی یہ تفسیر کی ہے کہ ایک لکھنے والا ہے اور دوسرا گواہ ہے اور حسن بصری سے منقول ہے کہ ایک اس کو چلانے والا ہوگا اور دوسرا گواہ ہوگا۔

شَهِيْدٌ شَاهِدٌ بِالْغَيْبِ۔ شَهِيْدٌ اس کا معنی ہے: جو دل کے ساتھ حاضر ہونے والا ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ﴿۳۷﴾ (ق:۳۷) بے شک اس (قرآن) میں اس کے لیے ضرور نصیحت ہے جو صاحب دل ہو یا جو ذہن حاضر کر کے کان لگائے○

علامہ عینی لکھتے ہیں: الکشمیہنی کی روایت بالقلب ہے اور دوسروں کی روایت بالغیب ہے اور اسی طرح مجاہد سے روایت ہے۔

مِنْ لُغُوْبِ النَّصَبُ۔ لُغُوْب اس کا معنی ہے: النصب یعنی تھکاوٹ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿۳۸﴾ (ق:۳۸) اور بے شک ہم نے آسمانوں اور زمینوں کو اور ان کے درمیان کی چیزوں کو چھ دنوں میں پیدا کیا اور ہمیں کوئی تھکاوٹ نہیں ہوئی○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے لغوب کی تفسیر نصب کے ساتھ کی ہے جس کا معنی ہے: مشقت اور تھکاوٹ، امام عبدالرزاق نے از معمر از قتادہ یہ روایت کی ہے کہ یہود نے کہا: اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو چھ دنوں میں پیدا کیا اور تخلیق سے جمعہ کے دن فارغ ہو گیا اور ہفتہ کے دن اس نے آرام کیا، اللہ تعالیٰ نے ان کی تکذیب کی اور فرمایا: وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿۳۸﴾ اور ہمیں کوئی تھکاوٹ نہیں ہوئی○

وَقَالَ غَيْرُهُ نَضِيْدٌ الْكُفْرَّى مَا دَامَ فِيْ اَكْمَامِهٖ وَمَعْنَاهُ مَنْضُوْدٌ بَعْضُهُ عَلٰى بَعْضٍ فَاِذَا خَرَجَ مِنْ اَكْمَامِهٖ فَلَيْسَ بِنَضِيْدٍ۔ مجاہد کے علاوہ دوسروں نے کہا: نضید یعنی خوشہ اس وقت تک ہوتا ہے جب تک وہ اپنے غلاف میں ہو اور اس کا معنی ہے: بعض بعض کے اوپر تہ بہ تہ ہیں: پس جب وہ اپنے غلاف سے نکل جائے تو وہ نضید نہیں ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ۝ (ق:۱۰) اور کھجور کے لیے لمبے اور اونچے درخت اگائے جن پر تہ بہ تہ شگوفے لدے ہوئے ہیں O

وَإِدْبَارِ النُّجُومِ وَأَدْبَارِ السُّجُودِ كَانَ عَاصِمٌ يَفْتَحُ الَّتِي فِي ق وَيَكْسِرُ الَّتِي فِي الطُّورِ وَيُكْسِرَانِ جَمِيعًا وَيُنْصِبَانِ۔

اِدْبَارَ النُّجُوْمِ ۝: (الطور:۴۹) اَدْبَارَ السُّجُوْدِ ۝: (ق:۴۰) میں عاصم ق کی آیت میں ادبار کے ہمزہ پر زبر پڑھتے ہیں اور طور کی آیت میں ہمزہ پر زیر پڑھتے ہیں اور بعض دونوں لفظوں پر زیر پڑھتے ہیں اور بعض دونوں لفظوں پر زبر پڑھتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ۝ (ق:۴۰) اور رات کے کچھ حصہ میں بھی اس کی تسبیح کیجئے اور نمازوں کے بعد (بھی) O

علامہ عینی لکھتے ہیں: ابوعمرو اور الکسائی نے ہمزہ پر زبر پڑھنے میں عاصم کی موافقت کی ہے اور نافع، ابن کثیر اور حمزہ نے عاصم کی مخالفت کی ہے اور ہمزہ پر زیر پڑھی ہے، علامہ داؤدی نے کہا ہے: جس نے زیر کے ساتھ اَدْبار النجوم پڑھا وہ ستاروں کے مائل اور جھکنے کا ارادہ کرتا ہے اور جس نے ہمزہ پر زبر پڑھی ہے وہ اس آیت کی موافقت کرتا ہے:

وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَ قَبْلَ الْغُرُوْبِ ۝ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ۝ (ق:۳۹،۴۰) اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجئے طلوع آفتاب اور غروب آفتاب سے پہلے O اور رات کے کچھ حصہ میں بھی اس کی تسبیح کیجئے اور نمازوں کے بعد (بھی) O

اس کا معنی ہے: حقیقتاً تسبیح کیجئے اور ایک قول ہے: فرض نمازوں کے بعد اس کی تسبیح کیجئے، دوسرا قول ہے: فرض نمازوں کے بعد نوافل پڑھیے، طلوع الشمس سے پہلے کا معنی ہے: صبح کے وقت اور غروب سے پہلے کا معنی ہے: عصر کے وقت اور رات کے کچھ حصہ میں اس کی تسبیح کیجئے، اس سے مراد ہے: عشاء کی نماز میں اور ایک قول ہے: تہجد کی نماز میں، اور اَدْبار السجود کا معنی ہے: مغرب کے بعد دو رکعت اور ادبار النجوم کا معنی ہے: فجر سے پہلے دو رکعت اور ادبار کا لفظ دُبُر کی جمع ہے۔ امام بخاری نے کہا: اور بعض دونوں میں زیر پڑھتے تھے یعنی سورۂ طور اور سورۂ ق میں دونوں میں ادبار کے ہمزہ پر زیر پڑھتے ہیں اور بعض دونوں میں ادبار کے ہمزہ پر زبر پڑھتے ہیں۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَوْمَ الْخُرُوجِ يَوْمَ يَخْرُجُونَ إِلَى الْبَعْثِ مِنَ الْقُبُورِ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یوم الخروج کا معنی ہے: جس دن وہ قبروں سے نکالے جائیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يَوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ جس دن لوگ چیخ کی آواز برحق سنیں گے، یہ قبروں سے نکلنے کا دن

الْخُرُوْجُ ﴿۴۲﴾ (ق:۴۲) ہے○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام ابن ابی حاتم نے اس تعلیق کی سند موصول کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۶۷۔ ۲۶۴ میں کی ہے]

۱۔ بَابُ: وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ ﴿۳۰﴾ (ق:۳۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (اور دوزخ کہے گی:) کیا کچھ اور زیادہ (لوگ) ہیں○ (ق:۳۰) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ پوری آیت اس طرح ہے:

يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَأْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ ﴿۳۰﴾ (ق:۳۰)

(آپ یاد کیجئے!) جس دن ہم جہنم سے فرمائیں گے: کیا تو پر ہو گئی؟ اور وہ کہے گی: کیا کچھ اور زیادہ (لوگ) ہیں○

علامہ ثعلبی لکھتے ہیں: اس آیت میں یہ بھی ہوسکتا ہے کہ هَلْ نفی کے معنیٰ میں ہو یعنی اب اضافہ کی گنجائش نہیں اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ هَلْ استفہام کے معنیٰ میں ہو یعنی کیا اور بھی کچھ لوگ ہیں؟ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۶۷)

۴۸۴۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ يُلْقَى فِي النَّارِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَزِيْدٍ حَتَّى يَضَعَ قَدَمَهُ فَتَقُوْلُ قَطْ قَطْ۔

(صحیح البخاری: ۶۶۶۱۔ ۷۳۸۴)، (ترمذی: ۳۲۷۲)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن ابی الاسود نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں حرمی بن عمارہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از قتادہ از حضرت انس رضی اللہ عنہ از نبی ﷺ، آپ نے فرمایا: دوزخ میں اہل دوزخ کو ڈالا جائے گا اور دوزخ کہے گی: کیا کچھ اور بھی زیادہ لوگ ہیں حتیٰ کہ رب العزت اس میں اپنا قدم رکھ دے گا تو دوزخ کہے گی: مجھے یہ لوگ کافی ہیں۔

۴۸۴۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا أَبُو سُفْيَانَ الْحِمْيَرِيُّ سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا عَوْفٌ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَفَعَهُ وَأَكْثَرُ مَا كَانَ يُوقِفُهُ أَبُو سُفْيَانَ يُقَالُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَأْتِ وَتَقُولُ هَلْ مِنْ مَزِيدٍ فَيَضَعُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالَى قَدَمَهُ عَلَيْهَا فَتَقُولُ قَطْ قَطْ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد موسیٰ القطان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابوسفیان الحمیری سعید بن یحییٰ بن مہدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا، ہمیں عوف نے حدیث بیان کی از محمد از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وہ اس حدیث کو مرفوع بیان کرتے ہیں اور ابوسفیان اس کو اکثر موقوف بیان کرتے ہیں، جہنم سے کہا جائے گا: کیا تو پر ہوگئی، وہ کہے گی: کیا کچھ اور لوگ بھی ہیں؟ پس رب تبارک وتعالیٰ اس پر اپنا قدم رکھ دے گا تو جہنم کہے گی: مجھے یہ لوگ کافی ہیں، مجھے یہ لوگ کافی ہیں۔

۴۸۵۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالرزاق نے حدیث بیان کی،

Marfat.com

عنه قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ تَحَاجَّتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ فَقَالَتْ النَّارُ أُوثِرْتُ بِالْمُتَكَبِّرِينَ وَالْمُتَجَبِّرِينَ وَقَالَتْ الْجَنَّةُ مَالِي لَا يَدْخُلُنِي إِلَّا ضُعَفَاءُ النَّاسِ وَسَقَطُهُمْ قَالَ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى لِلْجَنَّةِ أَنْتِ رَحْمَتِي أَرْحَمُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ مِنْ عِبَادِي وَقَالَ لِلنَّارِ إِنَّمَا أَنْتِ عَذَابِي أُعَذِّبُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ مِنْ عِبَادِي وَلِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا مِلْؤُهَا فَأَمَّا النَّارُ فَلَا تَمْتَلِئُ حَتَّى يَضَعَ رِجْلَهُ فَتَقُولُ قَطْ قَطْ فَهُنَالِكَ تَمْتَلِئُ وَيُزْوَى بَعْضُهَا إِلَى بَعْضٍ وَلَا يَظْلِمُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ خَلْقِهِ أَحَدًا وَأَمَّا الْجَنَّةُ فَإِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ يُنْشِئُ لَهَا خَلْقًا۔

انہوں نے کہا: ہمیں معمر نے خبر دی از ہمام از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت اور دوزخ نے مباحثہ کیا، پس دوزخ نے کہا: مجھے متکبرین اور جابر لوگوں کے ساتھ خاص کیا گیا ہے اور جنت نے کہا: مجھے کیا ہوا کہ میرے اندر صرف کمزور اور کم حیثیت لوگ داخل ہوں گے، اللہ تبارک وتعالیٰ نے جنت سے فرمایا: تو میری رحمت ہے میں تیرے سبب سے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہوں گا رحم فرماؤں گا اور دوزخ سے فرمائے گا: تو صرف میرا عذاب ہے تیرے سبب سے میں اپنے بندوں میں سے جس کو چاہوں گا عذاب دوں گا، جنت اور دوزخ میں سے ہر ایک کے لیے بھرنا ہوگا، رہی دوزخ تو وہ اس وقت تک نہیں بھرے گی حتیٰ کہ رب العزت (اپنی شان کے مطابق) اس میں اپنا پیر رکھ دے گا تو وہ کہے گی: مجھے یہ لوگ کافی ہیں، مجھے یہ لوگ کافی ہیں، پس اس وقت دوزخ بھر جائے گی اور دوزخ کے حصے ایک دوسرے پر چڑھ جائیں گے اور اللہ عزوجل اپنی مخلوق میں سے کسی پر ظلم نہیں کرے گا اور رہی جنت تو اللہ عزوجل اس کے لیے ایک مخلوق کو پیدا کرے گا۔

جنت اور دوزخ کے مباحثہ کی کیفیت، جنت میں زیادہ تر پسماندہ لوگ ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی رحمت پر دلیل

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

جنت اور دوزخ نے مباحثہ کیا: یہ بھی ہوسکتا ہے کہ انہوں نے زبان حال سے مباحثہ کیا ہو اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ انہوں نے زبان قال سے مباحثہ کیا ہو۔

دوزخ نے کہا: مجھے متکبرین اور جابر لوگوں کے ساتھ خاص کیا گیا ہے: لغوی طور پر ان دونوں لفظوں میں کوئی فرق نہیں ہے اور دوسرا لفظ پہلے کی تاکید ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ متکبر وہ ہوتا ہے جو ان اوصاف کی وجہ سے اپنے آپ کو بڑا سمجھتا ہو جو اس میں نہ ہوں اور جابر وہ ہے جو اس کے برخلاف ہو (یعنی وہ ان اوصاف کی وجہ سے اپنے آپ کو بڑا سمجھے جو اس میں ہوں)۔

اور جنت کہے گی: میرے اندر صرف کمزور اور کم حیثیت لوگ ہیں: اس سے مراد وہ لوگ ہیں جن کے ضعف کی وجہ سے اکثر لوگ ان کی طرف توجہ نہیں کرتے اور ان کو اپنے دروازوں سے دھتکار دیتے ہیں، لوگوں کے نزدیک وہ حقیر ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ عظیم ہوتے ہیں کیونکہ یہ لوگ بہت زیادہ تواضع کرنے والے ہوتے ہیں اور یہ حصر اغلب اور اکثر کے اعتبار سے ہے کیونکہ اکثر جنتی لوگ فقراء اور مساکین ہوں گے اور جنت میں مال دار لوگ بہت کم ہوں گے۔

اور اللہ جنت کے لیے ایک مخلوق کو پیدا کرے گا: امام مسلم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

Marfat.com

جنت میں اتنی جگہ باقی ہوگی جتنی اللہ تعالیٰ چاہے گا، پھر اس کے لیے اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کو پیدا فرمائے گا جس کو وہ چاہے گا اور دوسری روایت میں اس طرح ہے کہ اللہ تعالیٰ جنت میں اپنے فضل سے ایک مخلوق کو پیدا کرے گا، علامہ نووی نے لکھا ہے: اس حدیث میں اہل سنت کی یہ دلیل ہے کہ ثواب عطا فرمانا اعمال پر موقوف نہیں ہے کیونکہ ان لوگوں کو اس وقت پیدا کیا جائے گا، ان کو جنت عطا کی جائے گی اور ان کو جنت اور اس کا ثواب بغیر عمل کے عطا کیا جائے گا اور اسی کی مثل وہ نابالغ بچے اور دیوانے ہیں جنہوں نے کوئی نیک عمل نہیں کیا اور وہ سب اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کے فضل سے جنت میں ہوں گے اور اس حدیث میں جنت کی وسعت پر بھی دلیل ہے کیونکہ صحیح حدیث میں ہے کہ ایک جنتی شخص کو دنیا کی دس گنا نعمتیں دی جائیں گی، اور علامہ ابن الملقن نے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ جنت سے فرمائے گا: تم وسیع ہو جاؤ تو وہ اتنی تیزی سے وسیع ہوگی جس طرح تیر کمان سے نکلتا ہے۔

دوزخ میں اللہ تعالیٰ کے قدم رکھنے اور پیر رکھنے کے متعلق دو مذہب اور قدم رکھنے اور پیر رکھنے کی مختلف تاویلات

جن احادیث میں دوزخ میں اللہ عزوجل کے قدم رکھنے کا ذکر ہے، یہ مشہور احادیث الصفات ہیں اور ان میں علماء کے دو مذہب ہیں:

(۱) مذہب المفوضہ: اللہ تعالیٰ نے قدم رکھنے سے جس معنی کا ارادہ کیا ہے وہ برحق ہے اور اس کا ایسا معنی ہے جو اس کی شان کے لائق ہے اور اس کا ظاہر معنی مراد نہیں ہے، جمہور سلف اور متکلمین کی جماعت کا یہی مذہب ہے۔

(۲) مذہب المؤلہ: اور یہ جمہور متکلمین کا مذہب ہے اور ان میں قدم اور پیر رکھنے کی تاویل میں اختلاف ہے۔

قدم کی حسب ذیل تاویلات ہیں:

(الف) قدم سے مراد مُتَقَدِّم ہے اور اس کا معنی یہ ہے: جن لوگوں کو پہلے عذاب دیا جائے گا ان کو دوزخ میں رکھ دے گا۔

(ب) اس سے مراد بعض مخلوق کا قدم ہے اور قدمہ کی ضمیر اس مخلوق کی طرف راجع ہے جو اللہ کو معلوم ہے۔

(ج) یا کوئی مخلوق ہے جس کا نام قدم ہے، اللہ اس مخلوق کو دوزخ میں رکھ دے گا۔

(د) قدم سے مراد جگہ ہے، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان لوگوں کو اور ان جگہوں کو دوزخ میں ڈال دے گا جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی یا جن جگہوں پر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی گئی اور دوزخ یہ کہتی رہے گی کہ مجھ میں اور لوگ اور جگہیں ڈال حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ اس میں اتنی جگہیں ڈال دے گا اور اتنے کافر لوگ ڈال دے گا جن سے دوزخ بھر جائے گی۔

(ہ) قدم رکھنے سے مراد زجر وتوبیخ اور ڈانٹ ڈپٹ ہے جیسے کوئی شخص کہے: یہ تمام چیزیں تو میرے قدم کے نیچے ہیں، پس اللہ تعالیٰ دوزخ کو زجر وتوبیخ اور ڈانٹ ڈپٹ کرے گا جس کے بعد وہ مزید لوگوں کے ڈالنے کا مطالبہ نہیں کرے گی۔

(و) علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ قدم سے مراد آخر ہے کیونکہ قدم آخر اعضاء ہے اور حدیث کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ دوزخ میں اہل دوزخ کے آخر کو رکھ دے گا۔

بعض روایات میں قدم رکھنے کی بجائے پیر رکھنے کا ذکر ہے، امام ابوبکر بن فورک نے کہا ہے کہ پیر کا لفظ اہل نقل کے نزدیک ثابت نہیں ہے، لیکن ان کے اس قول کو رد کیا گیا ہے کیونکہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں پیر کا لفظ ہے۔

علامہ ابن الجوزی نے کہا ہے کہ جن روایات میں پیر کا لفظ ہے وہ بعض راویوں کی تحریف ہے کیونکہ انہوں نے یہ گمان کیا کہ قدم سے مراد عضو ہے اور اس کو انہوں نے پیر سے تعبیر کیا۔

اور مؤولین نے پیر کی تعریف میں بھی اختلاف کیا ہے۔ بعض نے کہا کہ یہ لفظ زجر وتوبیخ کے لیے ہے جیسے تم کہو کہ میں نے فلاں

چیز کو اپنے پاؤں کے نیچے رکھ دیا، اور اس کا بیان ہم قدم کی تاویل میں کر چکے ہیں۔ دوسری تاویل یہ ہے کہ اس سے مراد بعض مخلوق کا پیر ہے یعنی اللہ تعالیٰ اس مخلوق کے پیر کو دوزخ میں رکھ دے گا، تیسری تاویل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوقات میں سے کسی مخلوق کا نام پیر ہے، اللہ تعالیٰ اس مخلوق کو دوزخ میں رکھ دے گا۔

اور بعض علماء نے ان تمام احادیث کا انکار کیا اور ان کی تکذیب کی ہے اور یہ ثقہ راویوں پر طعن ہے اور احادیث صحیحہ کے رد کرنے میں افراط ہے اور بعض علماء نے ان احادیث کی ایسی تاویل کی ہے جو مشبہہ کے قول کے قریب ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۷۰۔ ۲۶۸، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۲۔ بَابٌ: وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿ق:۳۹﴾

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجئے طلوع آفتاب اور غروب آفتاب سے پہلے ﴿ق:۳۹﴾ کی تفسیر

حافظ ابن حجر اور علامہ عینی کا مناقشہ

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: باب فسبح بحمد ربك قبل طلوع الشمس وقبل غروبها اسی طرح ابوذر نے اس کے عنوان میں لکھا ہے اور حدیث کے سیاق میں دونوں جگہوں پر واو کے ساتھ ہے اور یہی تلاوت کے موافق ہے اور یہی صحیح ہے اور ان کے نزدیک قبل الغروب کا لفظ ہے اور اس سورت کی آیت کے موافق ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۲۵، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

علامہ بدرالدین عینی، حافظ ابن حجر عسقلانی پر رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

ایسی مبہم اور بے جا بات کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے، ہمارے نسخہ میں جو عنوان ہے وہ اس سورت کی آیت کے موافق ہے (یعنی فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿ق:۳۹﴾) پھر قرآن مجید میں تحریف کرنے کی کیا ضرورت ہے اور اس کو ابوذر یا کسی اور کی طرف منسوب کرنے کی کیا حاجت ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۷۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۵۱۔ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ جَرِيرٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ كُنَّا جُلُوسًا لَيْلَةً مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فَنَظَرَ إِلَى الْقَمَرِ لَيْلَةَ أَرْبَعَ عَشْرَةَ فَقَالَ إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ هَذَا لَا تُضَامُّونَ فِي رُؤْيَتِهِ فَإِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ لَا تُغْلَبُوا عَلَى صَلَاةٍ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا فَافْعَلُوا ثُمَّ قَرَأَ ﴿وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿﴾﴾ (ق:۳۹)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی از جریر از اسماعیل از قیس بن ابی حازم از جریر بن عبداللہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم ایک رات میں نبی ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، آپ نے چودھویں رات کو چاند کی طرف دیکھا، پس فرمایا: تم عنقریب اپنے رب کو دیکھو گے جیسا کہ اس (چاند) کو دیکھ رہے ہو، تم اس کو دیکھنے میں تنگ نہیں ہو گے، پس اگر تم یہ کر سکتے ہو تو تم طلوع شمس سے پہلے اور غروب شمس سے پہلے نماز پڑھنے پر مغلوب نہ ہو، پھر آپ نے اس آیت کی تلاوت کی: وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿ق:۳۹﴾ (اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجئے طلوع آفتاب اور غروب آفتاب سے پہلے)

Marfat.com

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۵۵۴ میں گزر چکی ہے، تاہم علامہ عینی نے بعض مشکل الفاظ کے معانی لکھے ہیں:

لا تضامون: یعنی تم اس کو دیکھنے میں ایک دوسرے کے مزاحم نہ ہو۔

اس حدیث میں فجر اور عصر کی نماز پڑھنے پر برانگیختہ فرمایا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۷۱)

۴۸۵۲۔ حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ أُمِرَهُ أَنْ يُسَبِّحَ فِي أَدْبَارِ الصَّلَوَاتِ كُلِّهَا يَعْنِي قَوْلَهُ وَإِدْبَارَ السُّجُودِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں آدم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ورقاء نے حدیث بیان از ابن ابی نجیح از مجاہد کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ حکم دیا ہے کہ آپ تمام نمازوں کے بعد اللہ کی تسبیح کریں یعنی اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں وَ اَدْبَارَ السُّجُوْدِ ۝ (نمازوں کے بعد)۔

علامہ عینی نے لکھا ہے: اس حدیث میں سجدہ کا اطلاق نماز پر کیا گیا ہے جیسے جز کا اطلاق کل پر ہوتا ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۷۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۂ ق کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ سورۃ الذاریٰت کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی تفسیر کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۵۱۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ وَالذّٰرِیَاتِ

سورۂ والذاریات کی تفسیر

سورۂ والذاریات کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الذاریات کی بعض آیات کی تفسیر ہے، مقاتل وغیرہ نے کہا ہے کہ یہ پوری سورت مکی ہے اور علامہ سخاوی نے کہا ہے کہ یہ سورت سورۂ احقاف کے بعد اور سورۃ الغاشیہ سے پہلے نازل ہوئی ہے، اس سورت میں ساٹھ (۶۰) آیات ہیں اور الذاریات قسم ہے جیسا کہ ہم ان شاء اللہ عنقریب ذکر کریں گے۔

قَالَ عَلِیٌّ عَلَیْہِ السَّلَام الذّٰرِیَاتُ الرِّیَاحُ۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: الذاریٰت کا معنی ہے: ہوائیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ الذّٰرِیٰتِ ذَرْوًا ۙ﴿۱﴾ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۙ﴿۲﴾ فَالْجٰرِیٰتِ یُسْرًا ۙ﴿۳﴾ فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۙ﴿۴﴾ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۙ﴿۵﴾ (الذاریات: ۱، ۵)

گرد وغبار اڑانے والی ہواؤں کی قسم ○ پھر بادلوں کی صورت میں پانی کا بوجھ اٹھانے والی ہواؤں کی قسم ○ پھر آسانی سے چلنے والی کشتیوں کی قسم ○ پھر رزق کو تقسیم کرنے والے فرشتوں کی قسم ○ بے شک جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے وہ ضرور سچا ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام ابن عیینہ نے اپنی تفسیر میں یہ روایت ذکر کی ہے کہ ابن الکواء نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے یہ سوال کیا کہ الذّٰرِیٰتِ ذَرْوًا ۙ﴿۱﴾ (الذاریات: ۱) کا کیا معنی ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: ہوائیں، پھر انہوں نے سوال کیا: فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۙ﴿۲﴾ (الذاریات: ۲) کا کیا معنی ہے؟ تو آپ نے فرمایا: بادل، پھر انہوں نے پوچھا: فَالْجٰرِیٰتِ یُسْرًا ۙ﴿۳﴾ (الذاریات: ۳) کا کیا معنی ہے؟ تو آپ نے فرمایا: کشتیاں، پھر انہوں نے پوچھا: فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۙ﴿۴﴾ (النازعات: ۵) کا کیا معنی ہے؟ تو آپ نے فرمایا: یہ فرشتے ہیں۔ اس حدیث کو حاکم نے ایک اور سند کے ساتھ ابوالطفیل سے روایت کیا ہے اور امام عبدالرزاق نے ایک اور سند کے ساتھ ابوالطفیل سے روایت کی ہے، انہوں نے بیان کیا: میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر تھا اور آپ خطبہ دے رہے تھے اور یہ فرما رہے تھے، مجھ سے سوال کرو، پس اللہ کی قسم! تم قیامت تک کی کسی چیز کا مجھ سے سوال نہیں کرو گے مگر میں تم سے اس کا بیان کروں گا اور آپ نے فرمایا: مجھ سے اللہ کی کتاب کے متعلق سوال کرو، پس اللہ کی قسم! مجھے ہر آیت کے متعلق علم ہے کہ وہ رات میں نازل ہوئی ہے یا دن میں نازل ہوئی ہے، وہ کسی میدان میں نازل ہوئی ہے یا پہاڑ میں نازل ہوئی ہے اور حضرت علی نے فرمایا: تم پر افسوس ہے تم دین سمجھنے کے لیے سوال کرو اور تکبر کی وجہ سے سوال نہ کرو۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۷۳)

تنبیہ: امام بخاری نے حضرت علی کے نام کے ساتھ علیہ السلام لکھا ہے، اسی طرح وہ حضرت فاطمہ کے نام کے ساتھ علیہا السلام لکھتے

Marfat.com

ہیں اور حضرت حسن اور حسین کے نام کے ساتھ علیہ السلام لکھتے ہیں اور یہ ان کی اہل بیت کے ساتھ محبت کی وجہ سے ہے اور باقی صحابہ کے نام کے ساتھ رضی اللہ عنہ لکھتے ہیں۔

شیخ سلیم اللہ خان کا امام بخاری پر یہ اعتراض کہ ان کا اہل بیت کے ناموں کے ساتھ علیہ السلام لکھنا درست نہیں

شیخ سلیم اللہ خان لکھتے ہیں:

جمہور علماء کا یہی مسلک ہے کہ غیر نبی کے لیے علیہ السلام کہنا درست نہیں ہے، اس کے بعد حافظ ابن کثیر کی عبارت نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں: اس عبارت سے معلوم ہوا کہ نبی کے علاوہ اور کسی کے لیے سلام کہنا کراہت سے خالی نہیں ہے۔

(کشف الباری، کتاب التفسیر ۴۲۴۔ ۴۲۳، مکتبہ فاروقیہ، کراچی)

میں کہتا ہوں: حافظ ابن کثیر نے علیہ السلام کو انبیاء کے خصائص میں سے نہیں لکھا بلکہ انہوں نے علیہ الصلاۃ کو انبیاء کے خصائص سے لکھا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر ج ۳ ص ۵۶۹ دار الفکر، بیروت، اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ کی تفسیر میں) جب کہ علیہ السلام کا لفظ عرف اور شرح میں زندہ لوگوں اور وفات یافتہ لوگوں دونوں کے لیے بولا جاتا ہے، زندہ لوگوں کے لے کہا جاتا ہے: السلام علیکم اور وفات یافتہ لوگوں کے لیے کہا جاتا ہے: السلام علیکم یا اہل القبور! پس حضرات اہل بیت کے لیے علیہ السلام کا لفظ استعمال کرنا ہرگز ممنوع نہیں ہے اور یہ امام بخاری کی اہل بیت کے ساتھ محبت ہے کہ وہ ان کے اسماء کے ساتھ علیہ السلام لکھتے ہیں، تاہم ہمارے نزدیک ان کے ناموں کے ساتھ رضی اللہ عنہم لکھنے میں ان کی زیادہ تکریم ہے کیونکہ رضی اللہ عنہ کا لفظ عرف اور شرع میں صحابہ کرام کے ساتھ مخصوص ہے اور علیہ السلام کا لفظ تو عام مومنین کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے، لہٰذا شیخ سلیم اللہ خان کا یہ لکھنا صحیح نہیں ہے:

بیروت اور مصر وغیرہ میں جو کتابیں چھپتی ہیں ان میں حضرت علی اور حضرت فاطمہ کے ناموں کے ساتھ ترضی کی بہ جائے علیہ السلام ہوتا ہے، معلوم یہ ہوتا ہے کہ طباعت کے اداروں پر شیعوں کا تسلط ہے اور وہ منصوبہ بندی کے تحت یہ کام کرتے ہیں۔

(کشف الباری۔ کتاب التفسیر ص ۶۲۳ مکتبہ فاروقیہ کراچی)

وَقَالَ غَيْرُهٗ تَذْرُوْهُ تُفَرِّقُهٗ۔ اور حضرت علی کے علاوہ دوسروں نے کہا: ہوائیں اس کو بکھیرتی ہیں اور اس کو منتشر کرتی ہیں

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ؕ (الکہف:۴۵) تو اس پانی سے زمین کا ملا جلا سبز نکلا پھر وہ سوکھ کر چورا چورا ہو گیا جس کو ہوائیں اڑا دیتی ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس لفظ کو ذاریٰت کی مناسبت کے ساتھ ذکر کیا ہے، الجوہری نے ذکر کیا ہے کہ ہوا مٹی کو اڑا دیتی ہے۔

وَفِيْ اَنْفُسِكُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ تَاْكُلُ وَتَشْرَبُ فِيْ مَدْخَلٍ وَاحِدٍ وَيَخْرُجُ مِنْ مَوْضِعَيْنِ۔ وفی انفسکم افلا تبصرون: یعنی قیامت کے وقوع پر تمہارے نفسوں پر بھی نشانیاں ہیں کہ تم ایک جگہ میں کھاتے اور پیتے ہو اور وہ کھانا اور پینا تمہارے جسم کی دو جگہوں سے نکلتا ہے یعنی آگے اور پیچھے سے۔

علامہ عینی نے لکھا ہے: یہ بہت بڑی نشانی ہے کہ انسان ایک جگہ سے کھاتا پیتا ہے اور وہ دو جگہوں سے نکلتا ہے یعنی پیشاب

Marfat.com

کے راستے سے اور پاخانہ کے راستہ سے۔

فَرَاغَ فَرَجَعَ۔ فَرَاغَ: کا معنی ہے: پس وہ لوٹا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ۝ (الذاریٰت:۲۶) پھر وہ چپکے سے اپنے گھر گئے، پس بھنا ہوا فربہ بچھڑا لے آئے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے فراغ کی تفسیر کی ہے: پس وہ لوٹ آئے اور اسی طرح الفراء نے کہا ہے اور تفسیر میں مذکور ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام دوسری طرف سے مڑ کر گئے اور الفراء نے کہا ہے کہ فراغ کا لفظ اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی شخص چپکے سے آئے اور جائے۔

فَصَكَّتْ فَجَمَعَتْ أَصَابِعَهَا فَضَرَبَتْ بِهِ جَبْهَتَهَا۔ فَصَكَّتْ: یعنی حضرت سارہ نے اپنی انگلیوں کو اکٹھا کر کے اپنی پیشانی پر مارا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ۝ (الذاریٰت:۲۹) پھر ان کی بیوی چیختی ہوئی آگے بڑھی اور اپنے چہرے پر ہاتھ مار کر کہا: میں تو بڑھیا اور بانجھ ہوں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے فَصَكَّتْ کی تفسیر کی ہے: انہوں نے اپنی انگلیوں کو اکٹھا کیا اور مجاہد نے کہا کہ انہوں نے اپنا ہاتھ پیشانی پر مارا اور کہا: ہائے ہائے فِيْ صَرَّةٍ کا معنی ہے: اپنی چیخ میں۔

وَالرَّمِيمُ نَبَاتُ الْأَرْضِ إِذَا يَبِسَ وَدِيسَ۔ والرمیم: اس کا معنی ہے: زمین کا سبزہ جب وہ سوکھ جائے اور اس کو روندا جائے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ۝ (الذاریات:۴۲) وہ آندھی کسی چیز کو نہیں چھوڑتی تھی وہ جس پر سے بھی گزرتی تھی اس کو ریزہ ریزہ کر دیتی تھی O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے رمیم کی تفسیر اس سبزہ اور گھاس کے ساتھ کی ہے جب وہ سوکھ جائے اور دِيْسَ کا معنی ہے جس چیز کو پیروں سے روندا جائے حتیٰ کہ وہ چیز ٹوٹ پھوٹ جائے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے رمیم کی تفسیر منقول ہے: جو چیز ہلاک ہو گئی ہو اور ابو العالیہ سے منقول ہے: وہ مٹی جو ریزہ ریزہ ہو گئی ہو اور دوسرا قول یہ ہے کہ اس کا معنی ہے: بوسیدہ ہڈی۔

لَمُوسِعُونَ أَيْ لَذُو سَعَةٍ وَكَذَلِكَ عَلَى الْمُوسِعِ قَدَرُهُ يَعْنِي الْقَوِيَّ۔ لَمُوْسِعُوْنَ اسی طرح علی الموسع قدرہ کا معنی ہے: یعنی جو قوت والا ہے وہ اپنی طاقت کے مطابق چیزیں دے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۝ اور ہم نے آسمان کو (اپنی) قوت سے بنایا اور بے شک ہم ضرور وسیع بنانے پر قدرت رکھتے ہیں O (الذاریات:۴۷)

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے لَمُوْسِعُوْنَ کی تفسیر کی ہے: ہم ضرور اپنی تخلیق کے لیے وسعت والے ہیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کی تفسیر منقول ہے: ہم ضرور قدرت والے ہیں اور ان سے اس کی تفسیر یہ بھی منقول ہے کہ وہ ضرور [illegible]

Marfat.com

مخلوق کو وسعت سے رزق دینے والے ہیں اور حسن بصری سے منقول ہے کہ ہم طاقت رکھنے والے ہیں۔

اسی طرح اس آیت کا معنی ہے:

وَمَتِّعُوْهُنَّ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ۔ (البقرہ:۲۳۶) اور تم (مطلقہ عورتوں کو) استعمال کی کوئی چیز دو، خوشحال پر اس کی طاقت کے مطابق دینا ہے۔

- خلاصہ یہ ہے کہ لموسعون کا معنی ہے: وسعت والے اور قدرت والے۔

زَوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْأُنْثَى۔ الزوجین: یعنی مذکر اور مونث۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ (الذاریٰت:۴۹) اور ہم نے ہر چیز سے جوڑے جوڑے بنائے تا کہ تم نصیحت حاصل کرو○

علامہ عینی لکھتے ہیں: الزوجین سے مراد ہے: تمام حیوانات سے مذکر اور مونث جوڑے بنائے، اور کتب تفسیر میں مذکور ہے زوجین سے مراد ہے: دو مختلف قسمیں، جیسے آسمان اور زمین، سورج اور چاند، رات اور دن، صحراء اور سمندر، سردی اور گرمی، انسان اور جن، کفر اور ایمان، بدبختی اور نیک بختی، حق اور باطل، مذکر اور مونث اور دنیا اور آخرت۔

وَاخْتِلَافُ الْأَلْوَانِ حُلْوٌ وَحَامِضٌ فَهُمَا زَوْجَانِ اور رنگوں کا اختلاف میٹھا اور کھٹا، سو یہ بھی زوجین ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ (الروم:۲۱) اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تمہاری ہی جنس سے تمہارے لیے جوڑے پیدا کیے تا کہ تم کو ان سے سکون حاصل ہو اور اس نے تمہارے درمیان محبت اور ہمدردی قائم کر دی۔ بے شک اس میں غور و فکر کرنے والے لوگوں کے لیے ضرور نشانیاں ہیں○

علامہ عینی لکھتے ہیں: اور اس کی من جملہ نشانیوں میں سے بنو آدم کے رنگوں کا اختلاف ہے اس لیے کہ اگر وہ سب ایک نوع اور ایک شکل کے ہوتے تو ان میں تجاہل اور التباس ہوتا اور ان کی الگ الگ شناخت نہ ہوتی اور بہت سی مصلحتیں معطل ہو جاتیں، اور اسی طرح ہر چیز میں رنگوں کا اختلاف ہے اور اسی طرح کھانے کی چیزوں کے ذائقوں اور پھلوں کے رنگوں کا اختلاف ہے یعنی بعض میٹھے ہیں اور بعض کھٹے ہیں اور ان پر زوجین کا اطلاق کیا کیونکہ ان میں سے ہر ایک اپنی ضد کے اعتبار سے دوسرے کا مقابل ہے جیسے مذکر اور مونث ہیں کیونکہ مذکر ذکورت میں مونث کے مقابل ہے اور وہ تانیث کی ضد ہے اور میں نے نہیں دیکھا کہ کسی شارح نے اس مقام کو اتنی وضاحت سے لکھا ہو، ہر چند کہ یہ آیت سورۂ روم کی ہے لیکن امام بخاری نے زوجین کی مناسبت سے اس کو یہاں پر ذکر کر دیا ہے۔

فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَعْنَاهُ مِنَ اللّٰهِ اِلَيْهِ۔ فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ: اس کا معنی ہے: اللہ کے غضب اور عذاب سے بچنے کے لیے اللہ ہی کی طرف بھاگو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ (الذاریٰت:۵۰) پس تم اللہ کی طرف بھاگو، میں تمہارے لیے اس کی طرف سے کھلا

Marfat.com

کھلا (عذاب سے) ڈرانے والا ہوں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس کی تفسیر کی ہے: اللہ سے اسی کی طرف یعنی معصیت سے اس کی اطاعت کی طرف اور اس کے عذاب سے اس کی رحمت کی طرف، اور کتب تفسیر میں مذکور ہے: اللہ کے عذاب سے ایمان کے ساتھ اس کے ثواب کی طرف بھاگو اور ابو بکر الوراق سے منقول ہے: شیطان کی اطاعت سے رحمٰن کی اطاعت کی طرف۔

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ مَا خَلَقْتُ أَهْلَ السَّعَادَةِ مِنْ أَهْلِ الْفَرِيقَيْنِ إِلَّا لِيُوَحِّدُونِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ خَلَقَهُمْ لِيَفْعَلُوا فَفَعَلَ بَعْضٌ وَتَرَكَ بَعْضٌ وَلَيْسَ فِيهِ حُجَّةٌ لِأَهْلِ الْقَدَرِ۔

الا لیعبدون: یعنی میں نے دو فریقوں میں سے اہل سعادت کو اس لیے پیدا کیا کہ وہ میری واحدانیت کو مانیں اور بعض علماء نے کہا: اللہ تعالیٰ نے سب کو توحید کے لیے پیدا کیا ہے۔ پس بعض نے اللہ کو واحد مانا اور بعض نے اس کو ترک کر دیا اور اس آیت میں قدریہ کی کوئی دلیل نہیں ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ ﴿٥٦﴾ (الذاریٰت: ۵۶)

اور میں نے جنات اور انسانوں کو صرف اس لیے پیدا کیا ہے کہ وہ میری عبادت کریں O

الذاریٰت: ۵۶ پر اشکال کے امام بخاری کی طرف سے دو جوابوں کی وضاحت

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کا ظاہر معنی یہ ہے کہ میں نے ان دو فریقوں یعنی جن اور انس کو صرف اس لیے پیدا کیا ہے کہ وہ مجھے واحد مانیں لیکن امام بخاری نے یہ تفسیر کی ہے کہ میں نے ان دو فریقوں میں سے اہل سعادت کو اس لیے پیدا کیا ہے کہ وہ مجھے واحد مانیں اور ان دو فریقوں میں سے اہل سعادت کو اس لیے مخصوص کیا ہے تا کہ علت اور معلول کے درمیان ملازمہ ظاہر ہو، پس اگر اس آیت کو ظاہر پر محمول کیا جاتا تو علت اور معلول کے درمیان منافات ہوتی اور اسی وجہ سے الضحاک اور سفیان نے کہا ہے کہ یہ آیت اہل عبادت اور اطاعت کے ساتھ خاص ہے اور اس کی دلیل حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی قراءت ہے: وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٥٦﴾ یعنی میں نے مومنین میں سے جن اور انس کو صرف اس لیے پیدا کیا ہے۔۔۔۔۔

اور حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ اس کا معنی ہے کہ میں نے ان کو صرف اس لیے پیدا کیا ہے کہ میں ان کو اپنی عبادت کا حکم دوں اور ان کو اپنی عبادت کی طرف دعوت دوں اور الزجاج نے بھی اسی پر اعتماد کیا ہے اور اس کی تائید اس آیت سے ہوتی ہے:

وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ۔ (البینہ: ۵)

اور ان کو صرف یہی حکم دیا گیا تھا کہ وہ اخلاص کے ساتھ اطاعت کرتے ہوئے اللہ کی عبادت کریں۔

اگر تم یہ اعتراض کرو کہ پھر جن اور انس نے کفر کیسے کیا حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی ربوبیت کے اقرار اور اپنے حکم اور اپنی مشیت کے سامنے ذلت کے ساتھ جھکنے کے لیے پیدا کیا ہے تو میں کہوں گا: وہ اللہ کی اس قضا کے سامنے ذلت کے ساتھ جھک گئے جو اس نے ان کے خلاف قضا کی تھی کیونکہ اللہ کی قضا ان پر جاری ہے اور جب اس کی قضا ان پر نازل ہو تو وہ ان سے انحراف کی طاقت نہیں رکھتے اور جنہوں نے کفر کیا انہوں نے عمل میں اس کے حکم کی مخالفت کی اور اس کی قضا سے تذلل کرنا ممتنع نہیں ہے۔

امام بخاری نے کہا ہے: اللہ تعالیٰ نے سب کو توحید کے اعتراف اور اقرار کے لیے پیدا کیا ہے، پس بعض نے توحید کا اقرار کیا

Marfat.com

اور بعض نے ترک کر دیا، یہ الفراء کا قول ہے، پس اگر تم سوال کرو، ان دو تاویلوں میں کیا فرق ہے تو میں کہوں گا: پہلی تاویل میں لفظ عام سے خصوص کا ارادہ کیا گیا ہے اور وہ یہ ہے کہ جن اور انس میں سے اہل سعادت مراد ہیں اور دوسری تاویل میں یہ لفظ اپنے عموم پر ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے جن اور انس کو پیدا کیا تا کہ وہ اس کو واحد مانیں لیکن ان میں سے بعض نے اس حکم کی اطاعت کی اور ان میں سے بعض نے نافرمانی کی اور خلاصہ یہ ہے کہ اس آیت میں یہ بتایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی جبلت اور فطرت میں عبادت کی تخلیق نہیں کی بلکہ ان کو اختیار دے کر عبادت کا مکلف کیا ہے، پس جس کو اس نے توفیق دی اس نے عبادت کو قائم کیا جس کے لیے اسے پیدا کیا گیا تھا اور جس کو اس نے ناکام اور نامراد کیا اور دھتکار دیا اس کو اس نے عبادت سے محروم کر دیا اور اس نے وہ عمل کیا جس کے لیے اس کو پیدا کیا گیا ہے جیسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: تم عمل کرو ہر ایک لیے وہی عمل آسان کیا گیا ہے جس کے لیے اس کو پیدا کیا گیا ہے، اور نفس الامر میں یہ ایک راز ہے جس پر اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی مطلع نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ﴿۲۳﴾ اللہ سے ان کاموں کا سوال نہیں کیا جائے گا جو وہ کرتا ہے اور ان سب سے باز پرس کی جائے گی ○ (الانبیاء: ۲۳)

امام بخاری نے کہا: اور اس آیت میں قدریہ کی کوئی دلیل نہیں ہے، قدریہ سے مراد المعتزلہ ہیں، انہوں نے اس آیت سے یہ استدلال کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ارادہ صرف خیر کے ساتھ متعلق ہوتا ہے اور رہا شر تو اس کی تخلیق کے ساتھ اللہ کا ارادہ نہیں ہوتا اور اہل سنت نے اس کا یہ جواب دیا ہے: کوئی چیز دوسری چیز کے لیے علت ہو تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ علت مراد بھی ہو اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس کا غیر مراد ہو۔ انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ کے افعال کے لیے یہ ضروری ہے کہ اس کی کوئی علت ہو، تو اس کا یہ جواب دیا گیا ہے کہ کسی چیز کی علت ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ ہر جگہ علت کا ہونا واجب ہے اور ہم یہ کہتے ہیں کہ کسی کام کی علت کا ہونا جائز ہے، معتزلہ نے کہا: بندوں کے افعال ان کے پیدا کیے ہوئے ہیں کیونکہ بندوں کے افعال کی نسبت ان کی طرف کی گئی ہے، اس کا یہ جواب دیا گیا ہے کہ معتزلہ کی اس میں کوئی دلیل نہیں ہے کیونکہ بندوں کے افعال کی ان کی طرف نسبت بہ طور کسب ہے بہ طور تخلیق نہیں ہے اور اس وجہ سے کہ بندہ ان افعال کا محل ہے۔

امام بخاری کے جوابوں کا خلاصہ اور معتزلہ کے رد کی وضاحت

میں کہتا ہوں: کہ خلاصہ یہ ہے کہ الذاریٰت: ۵۶ پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ جب انسانوں اور جنات کو عبادت کے لیے پیدا کیا گیا ہے تو پھر کیا وجہ ہے کہ بہت سے جن اور انسان عبادت نہیں کرتے۔ امام بخاری نے الفراء سے اس کے دو جواب نقل کیے ہیں، پہلا جواب یہ ہے کہ اس آیت میں ہر چند کہ لفظ عام ہے لیکن اس سے مراد خاص اہل سعادت ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول ہیں اور دوسرا جواب یہ دیا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے جنات اور انسانوں کو پیدا کیا تو ان میں عبادت کی استعداد اور صلاحیت رکھی لیکن کوئی اس صلاحیت کو استعمال کر کے اللہ کی عبادت کرتا ہے اور کوئی ایسی صلاحیت سے انکار اور انحراف کر کے عبادت کو ترک کر دیتا ہے۔

معتزلہ یہ کہتے ہیں کہ اس آیت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ارادہ صرف خیر سے متعلق ہوتا ہے اور شر سے اس کا ارادہ متعلق نہیں ہوتا، اس کا جواب یہ ہے کہ اس آیت میں خیر کے ساتھ اللہ کے ارادہ کا تعلق ہے اور شر کے ساتھ اس کے ارادے کا ذکر نہیں ہے، نیز معتزلہ یہ کہتے ہیں کہ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے افعال معلل بالاغراض ہیں، اس کا جواب یہ ہے کہ انسانوں اور جنات کو پیدا کرنے کی حکمت یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں، یہ اس کی غرض نہیں ہے، غرض وہ ہوتی ہے جس سے

Marfat.com

فاعل اپنے فعل کی تکمیل کا تقاضا کرتا ہے۔

اور معتزلہ یہ بھی کہتے ہیں کہ انسان اپنے افعال کا خود خالق ہے کیونکہ افعال کی نسبت انسان کی طرف کی جاتی ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ ہر چیز کا اللہ تعالیٰ خالق ہے اور انسان کے افعال کی جو اس کی طرف نسبت ہے وہ بہ طور کسب ہے بہ طور خلق نہیں ہے، علامہ عینی نے ایک جامع جواب یہ دیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے کسی فعل پر جواب دہ نہیں ہے اور انسان سے اس کے ہر فعل سے متعلق سوال کیا جائے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ خالق اور مالک ہے اور انسان مخلوق اور مملوک ہے۔

وَالذَّنُوبُ الدَّلْوُ الْعَظِيمُ وَقَالَ مُجَاهِدٌ ذَنُوبًا سَبِيلًا۔ اور الذنوب کا معنی ہے: بہت بڑا ڈول، اور مجاہد نے کہا: ذنوب کا معنی ہے: سجل یعنی پانی سے بھرا ڈول۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَإِنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذَنُوبًا مِثْلَ ذَنُوبِ أَصْحَابِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُونِ ﴿٥٩﴾ (الذاریٰت:۵۹) پس بے شک ظالموں کے لیے (عذاب کا ایسا) حصہ ہے جیسے (عذاب کا) حصہ ان کے اصحاب کا ہے، سو وہ (عذاب کی) جلدی نہ کریں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: ذنوب کی تفسیر بہت بڑا ڈول اور سجل کی تفسیر پانی سے بھرا ہوا ڈول، یہ تفسیر لغت کے اعتبار سے ہے، اور الخفی سے منقول ہے کہ اس کا معنی ہے: حصہ، اور قتادہ اور عطاء سے منقول ہے: اس کا معنی ہے: عذاب اور الکسائی سے منقول ہے: اس کا معنی ہے خطا، اور الاخفش سے منقول ہے کہ اس کا معنی ہے: نصیب یعنی حصہ۔

صَرَّةٌ صَيْحَةٌ۔ صَرَّةٌ: کا معنی ہے: چیخ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَأَقْبَلَتِ امْرَأَتُهُ فِي صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا۔ (الذاریٰت:۵۹) پھر ان کی بیوی چیختی ہوئی آگے بڑھی اور اپنے چہرے پر ہاتھ مارا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے صَرَّةٌ کا معنی چیخ کیا ہے، مجاہد سے بھی اسی طرح منقول ہے۔

الْعَقِيمُ الَّتِي لَا تَلِدُ وَلَا تُنْقِعُ شَيْئًا۔ العقیم: اس کا معنی ہے: عورت جس کی اولاد نہ ہو اور اس سے کچھ بھی پیدا نہ ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَالَتْ عَجُوزٌ عَقِيمٌ ﴿٢٩﴾ (الذاریٰت:۲۹) اس نے کہا: (میں تو) بڑھیا (اور) بانجھ ہوں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ عورت حضرت سارہ تھیں، ان کی اس سے پہلے اولاد نہیں ہوتی تھی اور ان کی اس وقت عمر ننانوے (۹۹) سال تھی اور حضرت ابراہیم صلوٰۃ اللہ علیہ کی عمر اس وقت سو (۱۰۰) سال تھی۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَالْحُبُكِ اسْتِوَاؤُهَا وَحُسْنُهَا۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا والحبک کا معنی ہے: آسمانوں کا برابر ہونا اور اس کا حسن۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ﴿٧﴾ (الذاریٰت:۷) اور راستوں والے آسمان کی قسم O

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الحبك کی تفسیر آسمانوں کے برابر ہونے اور ان کے حسن کے ساتھ کی ہے، اور امام ابن ابی حاتم نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور قتادہ اور ربیع سے روایت کی ہے، اس کا معنی ہے: جس کے اخلاق اچھے اور برابر ہوں اور عکرمہ نے کہا: کیا تم نہیں دیکھتے کہ جب کوئی کپڑا بننے والا عمدہ طریقہ سے کپڑا بنے تو کہا جاتا ہے: مَا اَحْسَنَ حُبُكَهٗ یعنی اس کی بنائی کتنی حسین ہے اور حسن بصری سے منقول ہے: حبکت بالنجوم یعنی آسمان ستاروں سے حسین ہے، اور سعید بن جبیر سے منقول ہے: آسمان زینت والے ہیں اور ضحاک سے منقول ہے: آسمانوں میں راستے ہیں لیکن وہ مخلوق کی رسائی سے دور ہیں، سو وہ ان کو نہیں دیکھتے۔

فِیْ غَمْرَةٍ فِیْ ضَلَالَتِهِمْ یَتَمَادَوْنَ۔ فِیْ غَمْرَةٍ: اس کا معنی ہے وہ اپنی گمراہی میں بڑھتے جا رہے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ۙ﴿۱۰﴾ الَّذِیْنَ هُمْ فِیْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ﴿۱۱﴾ اٹکل پچو سے باتیں کرنے والے ہلاک کر دیئے جائیں ○ جو غفلت میں بھولے ہوئے ہیں ○ (الذاریٰت: ۱۰، ۱۱)

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے غَمْرَةٍ کا معنی گمراہی کیا ہے اور ایک قول یہ ہے کہ غمرۃ کا معنی شبہ اور غفلت ہے اور سَاهُوْنَ کا معنی ہے: بھولنے والے۔

وَقَالَ غَیْرُهٗ تَوَاصَوْا تَوَاطَئُوا۔ اور دوسروں نے کہا: تواصوا کا معنی ہے: وہ ان کی موافقت کرنے لگے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۵۳﴾ کیا انہوں نے ایک دوسرے کو اس قول کی وصیت کی تھی؟ (نہیں) بلکہ وہ سرکش لوگ تھے ○ (الذاریٰت: ۵۳)

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے تواصوا کی تفسیر کی ہے: وہ ان کی موافقت کرنے لگے اور وہ ایک دوسرے کے موافق بات کہنے لگے، علامہ الثعلبی نے کہا ہے: انہوں نے ایک دوسرے کی تکذیب کی وصیت کی ہے یعنی اللہ اور رسول کو جھٹلانے کی اور اتواصوا میں استفہام زجر و توبیخ اور جھڑکنے کے لیے ہے۔ یہ تفسیر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے علاوہ دوسروں نے کی ہے۔

وَقَالَ مُسَوَّمَةً مُعَلَّمَةً مِنَ السِّیْمَا۔ مُسَوَّمَةً: کا معنی ہے: نشان زدہ، یہ لفظ اَلسِّیْمَا سے ماخوذ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لِنُرْسِلَ عَلَیْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِیْنٍ ﴿۳۳﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِیْنَ ﴿۳۴﴾ (الذاریٰت: ۳۳، ۳۴) تاکہ ہم ان پر مٹی کے پتھر برسائیں ○ جو آپ کے رب کے نزدیک حد سے بڑھنے والوں کے لیے نشان زدہ ہیں ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: مُسَوَّمَةً کا لفظ سِیْمَا سے ماخوذ ہے اور اس کا معنی علامت ہے۔

قُتِلَ الْاِنْسَانُ لُعِنَ قُتِلَ الْاِنْسَانُ: اس کا معنی ہے: انسان پر لعنت کی گئی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَا اَكْفَرَهٗ ﴿۱۷﴾ (عبس: ۱۷) (کافر) انسان ہلاک ہو جائے وہ کیسا ناشکرا ہے ○

میں کہتا ہوں کہ یہ آیت سورۃ الذاریٰت میں نہیں ہے بلکہ سورۂ عبس میں ہے۔ امام بخاری نے اس آیت کو یہاں قتل

Marfat.com

الخرصون کی مناسبت سے ذکر کر دیا ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: الخراصون سے مراد ہے: شک کرنے والے اور مجاہد سے منقول ہے: یہ کاہن ہیں۔

امام بخاری نے اس سورت میں کوئی حدیث مرفوع ذکر نہیں کی اور ظاہر یہ ہے کہ ان کو اپنی شرط کے موافق کوئی حدیث نہیں ملی۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۷۶۔ ۲۷۲ میں کی ہے]

الحمدللہ رب العالمین سورۂ الذاریٰت کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ سورۂ والطور میں امام بخاری کی ذکر کردہ تعلیقات اور احادیث کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۵۲۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ وَالطُّوْرِ

سورۂ والطور کی تفسیر

سورۂ والطور کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۂ الطور کی بعض آیات کی تفسیر ہے، صحیح بخاری کے بعض نسخوں میں سورۂ والطور مذکور ہے اور ابو العباس نے کہا: یہ پوری سورت مکی ہے، اور الکلبی نے ذکر کیا ہے کہ اس میں ایک آیت مدنی ہے اور وہ یہ ہے: وَاِنَّ لِلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ۝ (الطور: ۴۷) ان کا زعم ہے کہ یہ آیت ان مشرکین کے متعلق نازل ہوئی ہے جو بدر میں قتل کیے گئے تھے اس سورت میں انچاس (۴۹) آیات ہیں۔

علامہ الثعلبی نے کہا ہے: ہر پہاڑ طور ہے لیکن اللہ عزوجل نے یہاں پر طور سے اس پہاڑ کا ارادہ فرمایا ہے جس پہاڑ پر اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا تھا، یہ پہاڑ ارض مقدسہ میں ہے اور وہ مدین میں ہے اور اس کا نام زبیر ہے۔ مقاتل بن حیان نے کہا ہے: یہ دو طور ہیں، ان میں سے ایک کو طور زیتا کہا جاتا ہے اور دوسرے کو طور تینا کہا جاتا ہے کیونکہ ان دونوں پہاڑوں پر زیتون اور تین یعنی انجیر کی پیدائش ہوتی ہے اور جب کفار مکہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کی تو اللہ تعالیٰ نے طور کی قسم کھائی، نبطیوں کی لغت میں طور کا معنی وہ پہاڑ ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے ارض مقدسہ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا تھا۔ علامہ ابن الجوزی نے کہا: یہ طور سیناء ہے اور علامہ ابوعبداللہ الحموی نے اپنی کتاب المشترک میں لکھا ہے کہ طور زیتا اسم مقصور ہے اور یہ رأس عین میں ایک پہاڑ کا نام ہے اور طور زیتا بھی بیت المقدس میں ایک پہاڑ ہے اور آثار میں مذکور ہے کہ طور زیتا میں ستر (۷۰) ہزار نبی فوت ہوئے جن کی بھوک سے وفات ہوئی تھی اور یہ وادی سلوان کی مشرقی جانب میں ہے اور طور بھی ایک معین پہاڑ کا نام ہے جو اردن کے شہر طبریہ میں ہے، اور طور بھی ایک پہاڑ ہے جو سرزمین مصر کی چند بستیوں میں ہے، جو کہ مصر اور فاران کے پہاڑ کے درمیان میں ہے اور طور سیناء کے متعلق کہا گیا ہے کہ وہ ایلہ کے قریب ایک پہاڑ ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ وہ شام میں ہے اور طور ہارون علیہ السلام ایک پہاڑ کا نام ہے جو بیت المقدس سے پہلے ہے اور اس میں حضرت ہارون علیہ السلام کی قبر ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۷۷۔۲۷۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ قَتَادَةُ مَسْطُوْرٍ مَكْتُوْبٍ۔ اور قتادہ نے کہا: مَسْطُوْرٍ: کا معنی ہے: مکتوب۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۝ (الطور: ۲) اور اس کتاب کی قسم جو لکھی ہوئی ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس کو کتاب خلق الافعال میں از قتادہ روایت کیا ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ الطُّوْرُ الْجَبَلُ بِالسُّرْيَانِيَّةِ۔ اور مجاہد نے کہا: الطور سریانی زبان میں پہاڑ کو کہتے ہیں۔

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس تعلیق کو ابن ابی نجیح نے مجاہد سے کتاب الحکم میں روایت کیا ہے کہ طور پہاڑ ہے اور اس کا غالب اطلاق طور سیناء پر ہے جو شام میں نہیں ہے اور یہ سریانی زبان میں طور ہے اور اس کی طرف نسبت طوری اور طورانی ہے۔

رَقٍّ مَنْشُورٍ صَحِيفَةٍ۔ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ: اس کا معنی ہے: صحیفہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۝ (الطور:۲) جو باریک کھال کے کھلے ہوئے ورق میں ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد نے کہا ہے: الرق کا معنی ہے: جلد، دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے لوح محفوظ مراد ہے اور کلبی سے منقول ہے کہ یہ وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے لکھا تھا، اس میں تورات ہے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام قلم کی آواز سنتے تھے اور جب بھی قلم ایک جانب سے گزرتا تو وہ اس کو دوسری جانب موڑ دیتے، ان کے پاس ایک کتاب تھی جس کے دو رخ تھے، دوسرا قول یہ ہے کہ اس میں کراماً کاتبین کے وہ صحیفے تھے جن میں بنو آدم کے اعمال لکھے ہوئے ہیں، ایک اور قول یہ ہے کہ یہ وہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے اولیاء کے قلوب میں ایمان کو لکھ دیا ہے جس کا ذکر اس آیت میں ہے:

أُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَ اَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ۔ (المجادلہ:۲۲) یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان لکھ دیا ہے اور اپنی طرف کی روح سے ان کی مدد فرمائی۔

وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوعِ سَمَاءٌ۔ والسقف المرفوع: اور بلند کی ہوئی چھت یعنی آسمان۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کتاب بدء الخلق میں ذکر کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان کو چھت فرمایا کیونکہ آسمان زمین کے لیے اس طرح ہے جس طرح گھر کے لیے چھت ہوتی ہے، اس کی دلیل یہ آیت ہے:

وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ۔ (الانبیا:۳۲) اور ہم نے آسمان کو محفوظ چھت بنا دیا۔

اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۝ (الطور:۶) اور بلند چھت کی قسم O

الْمَسْجُورِ الْمُوقَدِ۔ المسجور کا معنی ہے: بھڑکایا ہوا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۝ (الطور:۶) اور بھڑکائے ہوئے سمندر کی قسم O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام طبری نے ابن ابی نجیح کی سند کے ساتھ مجاہد سے روایت کی ہے کہ مسجور کا معنی ہے: الموقد یعنی بھڑکایا ہوا، اور امام طبری نے قتادہ کی سند کے ساتھ روایت کی ہے کہ مسجور کا معنی ہے: بھرا ہوا، اور حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے والبحر المسجور کی تفسیر کی ہے کہ وہ عرش کے نیچے ایک کھارے پانی کا سمندر ہے جو سات آسمانوں سے لے کر سات زمینوں تک بڑا ہے، اس کو بحر الحیوان کہا جاتا ہے، پہلی بار صور میں پھونکنے کے بعد اس سے چالیس (۴۰) روز تک بندوں پر بارش ہوگی تو وہ اپنی قبروں میں اگنے لگیں گے۔

وَقَالَ الْحَسَنُ تُسْجَرُ حَتّٰى يَذْهَبَ مَاؤُهَا فَلَا يَبْقٰى فِيْهَا قَطْرَةٌ۔ اور حسن بصری نے کہا کہ سمندر کو اتنا بھڑکایا جائے گا حتیٰ کہ اس کا تمام پانی ختم ہو جائے گا، پس اس میں قطرہ بھی باقی نہیں بچے گا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس تعلیق کی امام طبری نے قتادہ سے روایت کی ہے، درج ذیل آیت کی تفسیر میں:

Marfat.com

وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۝ (التکویر:۶) اور جب سمندر بھڑکا دیئے جائیں گے O

وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَلَتْنَاهُمْ نَقَصْنَا۔ اور مجاہد نے کہا: اَلَتْنٰهُمْ کا معنی ہے: ہم نے ان میں کوئی کمی نہیں کی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ ؕ۔ (الطور:۲۱) اور ہم ایمان والوں کے عمل سے کوئی کمی نہیں کریں گے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ کا معنی ہے: ہم نے ان میں کوئی کمی نہیں کی ہے، یہ لفظ اَلَتْ سے ماخوذ ہے اور اس کا معنی نقصان اور کمی ہے، علامہ ثعلبی نے کہا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ مومن کے بچوں کو اس کے درجوں میں بلند فرمائے گا اگرچہ وہ بچے عمل میں اس مومن سے کم ہوں گے تاکہ ان بچوں کی وجہ سے اس مومن کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں، پھر آپ نے یہ آیت پڑھی:

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ اتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّیَّتُهُمْ بِاِیْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّیَّتَهُمْ ؕ۔ (الطور:۲۱) اور ایمان والوں کو اور ان کی اس اولاد کو جس نے ایمان لانے میں ان کی پیروی کی ہم ان کی اس اولاد کو بھی اس کے ساتھ ملا دیں گے۔

وَقَالَ غَیْرُهٗ تَمُوْرُ تَدُوْرُ۔ اور مجاہد کے علاوہ دوسروں نے کہا: تَمُوْرُ کا معنی ہے: گھومے گا، گردش کرے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

یَوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۝ (الطور:۹) جس دن آسمان بہت کانپ رہا ہوگا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کا معنی ہے کہ آسمان اس طرح گھومے گا جس طرح چکی گھومتی ہے اور مور کا لغوی معنی ہے مضطرب ہونا۔

أَحْلَامُهُمُ الْعُقُوْلُ۔ اَحْلَامُهُمْ: کا معنی ہے: عقول۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ۝ (الطور:۳۲) آیا ان کی عقلیں یہ حکم دے رہی ہیں یا وہ سرکش لوگ ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: اسی طرح امام طبری نے اس آیت کی تفسیر کی ہے احلامھم، حلم کی جمع ہے اور اس کا معنی عقل ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَلْبَرُّ اللَّطِیْفُ۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اَلْبَرّ: کا معنی ہے: لطیف اور مہربان۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِیْمُ ۝ (الطور:۲۸) بے شک وہ بہت احسان فرمانے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اَلْبَرّ کی تفسیر لطیف اور مہربان کی ہے، ابوذر کی روایت میں یہ تعلیق نہیں ہے۔

کِسَفًا قِطَعًا۔ کِسَفًا: کا معنی ہے: ٹکڑا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

وَ اِنْ یَّرَوْا کِسْفًا مِّنَ السَّمَآءِ سَاقِطًا یَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْکُوْمٌ ۝ (الطور: ۴۴)

اور اگر وہ آسمان کا کوئی ٹکڑا گرتا ہوا دیکھ لیں تو وہ کہیں گے: یہ تو اوپر تلے بادل ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کسفا کی تفسیر قطعًا کے ساتھ کی ہے، یہ قطعۃ کی جمع ہے جس کا معنی ٹکڑا ہے، امام ابوعبیدہ نے کہا ہے کہ کِسْفٌ، کِسْفَۃٌ کی جمع ہے جیسے سدر، سِدْرَۃٌ کی جمع ہے، رہا یہ سوال کہ جمع مکسر کی صفت تو مونث لائی جاتی ہے اور اس آیت میں اس کی صفت ساقط ہے جو مذکر کا صیغہ ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ مذکر کا صیغہ لفظی اعتبار سے لایا گیا ہے کیونکہ لفظی اعتبار سے کِسْفًا واحد مذکر ہے۔

اَلْمَنُوْنُ اَلْمَوْتُ۔

المنون: کا معنی ہے: الموت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَمْ یَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَیْبَ الْمَنُوْنِ ۝ (الطور: ۳۰)

یا وہ (کفار) کہتے ہیں کہ یہ شاعر ہیں ہم ان پر مصائب زمانہ (یعنی موت) کا انتظار کر رہے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے المنون کی تفسیر موت کی ہے، اسی طرح امام طبری نے اس کی تفسیر کی ہے۔

وَقَالَ غَیْرُهٗ یَتَنَازَعُوْنَ یَتَعَاطَوْنَ۔

اور حضرت ابن عباس کے علاوہ دوسروں نے کہا: یَتَنَازَعُوْنَ: کا معنی ہے: وہ ایک دوسرے سے (مذاق میں) چھینیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

یَتَنَازَعُوْنَ فِیْهَا کَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِیْهَا وَ لَا تَاْثِیْمٌ ۝ (الطور: ۲۳)

وہ جنت میں شراب کے جام کے لیے ایک دوسرے پر جھپٹ رہے ہوں گے، جس میں نہ کوئی بے ہودگی ہوگی اور نہ گناہ O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یَتَنَازَعُوْنَ کی تفسیر ایک دوسرے پر جھپٹ کر لینے کے ساتھ کی ہے، اسی طرح امام ابو عبیدہ نے اس کی تفسیر کی ہے، کَاْسًا کا معنی ہے: وہ برتن جس میں شراب ہو، لَا لَغْوٌ فِیْهَا کا معنی ہے: اس میں کوئی باطل اور فضول بات نہیں ہوگی اور ابن زید سے منقول ہے کہ اس میں کوئی گالی گلوچ اور جھگڑا نہیں ہوگا اور عطاء سے منقول ہے کہ اس میں کوئی لغو بات نہیں ہوگی، وہ جنت عدن کی مجلس میں ہوں گے اور فرشتے ان کو شراب طہور پلا رہے ہوں گے اور وہ اللہ کا ذکر کر کے پئیں گے اور وہ لوگ اللہ تعالیٰ کے مہمان ہوں گے۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۷۹۔۲۷۷ میں کی ہے]

۱۔ بَابٌ

باب

۴۸۵۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ زَیْنَبَ بِنْتِ أَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ شَكَوْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ أَنِّیْ أَشْتَكِیْ فَقَالَ طُوْفِیْ مِنْ وَرَاءِ النَّاسِ وَأَنْتِ رَاكِبَةٌ فَطُفْتُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ یُصَلِّیْ إِلٰى جَنْبِ الْبَیْتِ یَقْرَأُ بِالطُّوْرِ وَكِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں مالک نے خبر دی از محمد بن عبدالرحمٰن بن نوفل از عروہ از زینب بنت ابی سلمہ از حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا، وہ بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے شکایت کی کہ میں بیمار ہوں، آپ نے فرمایا کہ تم لوگوں کے پیچھے سے طواف کرو اس حال میں کہ تم سوار ہو، پس میں نے طواف کیا اور رسول اللہ ﷺ بیت اللہ کے پہلو میں نماز پڑھ رہے تھے اور آپ قرأت کر رہے

Marfat.com

تھے: وَالطُّوْرِ ۙ﴿۱﴾ وَ كِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۙ﴿۲﴾۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۶۴ میں گزر چکی ہے۔

۴۸۵۴۔ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثُونِي عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ أَبِيهِ رضی الله عنه قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِالطُّورِ فَلَمَّا بَلَغَ هَذِهِ الْآيَةَ ﴿أَمْ خُلِقُوا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخَالِقُونَ ۞ أَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَ الْأَرْضَ ۚ بَلْ لَا يُوقِنُونَ ۞ أَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ أَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُونَ ۞﴾ (الطور: ۳۵۔۳۷) قَالَ كَادَ قَلْبِي أَنْ يَطِيرَ قَالَ سُفْيَانُ فَأَمَّا أَنَا فَإِنَّمَا سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ أَبِيهِ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِالطُّورِ وَلَمْ أَسْمَعْهُ زَادَ الَّذِي قَالُوا لِي۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحمیدی نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا مجھے انہوں نے حدیث بیان کی از الزہری از محمد بن جبیر بن مطعم از والد خود رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے سنا نبی ﷺ مغرب کی نماز میں سورہ الطور کی قراءت کر رہے تھے، جب آپ اس آیت پر پہنچے: اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ۞ اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ۚ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ۞ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُوْنَ ۞ (الطور: ۳۵۔۳۷) (کیا وہ بغیر کسی سبب کے پیدا ہو گئے یا وہ خود خالق ہیں ۞ کیا انہوں نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کیا ہے، بلکہ وہ یقین نہیں کرتے ۞ کیا ان کے پاس آپ کے رب کے خزانے ہیں یا وہی (ان پر) حاکم ہیں ۞) تو میرا دل اڑنے لگا۔ سفیان نے کہا: لیکن میں نے زہری سے سنا ہے، وہ محمد بن جبیر بن مطعم سے روایت کرتے ہیں از والد خود، انہوں نے کہا: میں نے نبی ﷺ سے سنا آپ مغرب میں سورۂ طور کی قراءت کر رہے تھے، (سفیان نے کہا:) میرے اصحاب نے اس کے بعد جو اضافہ کیا ہے وہ میں نے زہری سے نہیں سنا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۷۶۵ میں گزر چکی ہے۔

الطور: ۳۵، ۳۷ کی تفسیر

علامہ عینی نے الطور ۳۷۔۳۵ کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اس سورت میں اَمْ کا لفظ پندرہ (۱۵) جگہ مسلسل اور ایک دوسرے کے بعد ذکر کیا گیا ہے۔

اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ (الطور: ۳۵) اس کا معنی ہے: یا ان کو بغیر مٹی کے پیدا کیا گیا ہے، یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی تفسیر ہے، دوسرا قول ہے: یا ان کو بغیر باپ اور ماں کے پیدا کیا گیا ہے اور وہ جمادات کی مثل ہیں، انہیں کوئی عقل نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ ان کے خلاف کوئی حجت قائم نہیں کرے گا، کیا وہ نطفہ سے پیدا نہیں کیے گئے ہیں، پھر جمے ہوئے خون سے، پھر گوشت کی بوٹی سے؟ یہ عطاء کا قول ہے اور ابن کیسان نے کہا: اس آیت کا معنی ہے: کیا ان کو عبث اور بے مقصد پیدا کیا گیا ہے اور ان کو یوں ہی چھوڑ دیا گیا ہے، انہیں کسی کام کا حکم دیا جائے گا اور نہ کسی کام سے منع کیا جائے گا یا وہ خود اپنے خالق ہیں؟ پس جب یہ دونوں صورتیں باطل ہو گئیں تو ان کے خلاف حجت قائم ہو گی کہ ان کا خالق ہے۔

Marfat.com

اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (الطور:۳۶) اس کی تفسیر یہ ہے کہ اگر بالفرض ان کا یہ دعویٰ درست ہو کہ انہوں نے خود اپنے آپ کو پیدا کیا ہے تو پھر ان کو یہ دعویٰ بھی کرنا چاہیے کہ انہوں نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کیا ہے اور ان کا یہ دعویٰ تو ممکن نہیں ہے تو ان کے خلاف حجت قائم ہو گئی، پھر اللہ تعالیٰ نے اس سے اعراض کر کے فرمایا: بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ۝ (بلکہ وہ یقین نہیں کرتے) اس میں یہ اشارہ ہے کہ ان کے ایمان نہ لانے کا سبب یہ ہے کہ ان کو یقین نہیں ہے اور یقین محض اللہ تعالیٰ کی عطا اور اس کے فضل سے حاصل ہوتا ہے اور اس کی توفیق کے بغیر حاصل نہیں ہوتا۔

اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ (الطور:۳۷) (یا ان کے پاس آپ کے رب کے خزانے ہیں؟) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: خزانوں سے مراد بارش اور رزق ہے اور عکرمہ سے منقول ہے کہ اس سے مراد نبوت ہے اور ایک قول ہے کہ اس سے مراد مستقبل کا علم ہے۔

اَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُوْنَ ۝ یعنی کیا وہ جبر کرنے والے ہیں اور مسلط ہونے والے ہیں، یہ اکثر مفسرین کا قول ہے اور عطاء سے منقول ہے: کیا وہ قہر کرنے والے رب ہیں۔

حضرت جبیر بن مطعم نے کہا: قریب تھا کہ میرا دل اڑنے لگے، علامہ خطابی نے کہا: اس آیت کے سننے اور اس کے معنی کی معرفت کے حسن سے جس میں بہت بلیغ حجت ہے۔

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۂ والطور کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ سورۂ والنجم کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۵۳۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ وَالنَّجْمِ

سورۂ والنجم کی تفسیر

سورۂ والنجم کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ النجم کی بعض آیات کی تفسیر ہے، یہ سورت مکی ہے، مقاتل نے کہا: سوا اس آیت کے جو نبہان نامی کھجور فروش کے متعلق نازل ہوئی اور وہ یہ آیت ہے: اَلَّذِیْنَ یَجْتَنِبُوْنَ کَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ (النجم: ۳۲)، مقاتل نے اس سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے اس قول کا رد کیا ہے کہ یہ سورت مکی ہے اور اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اور علامہ سخاوی نے کہا: یہ سورت سورۂ اخلاص کے بعد اور سورۂ عبس سے پہلے نازل ہوئی ہے اور اس سورت میں باسٹھ (۶۲) آیات ہیں۔

والنجم میں واؤ قسم کے لیے ہے، اور النجم سے مراد ہے: ثریا، یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے، اور عرب ثریا کو النجم کہتے ہیں، اور ستارے کو بھی النجم کہتے ہیں کیونکہ وہ طلوع ہوتا ہے اور ہر طلوع ہونے والا النجم ہے، فرمایا: اِذَا هَوٰی: یعنی جب وہ غائب ہو جائے اور ساقط ہو جائے: مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ: یہ قسم کا جواب ہے اور صاحب سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۸۱۔ ۲۸۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

میں کہتا ہوں: ہم نے اس سورت کی تفسیر میں لکھا ہے: اصل میں طلوع ہونے والے ستارے کو نجم کہتے ہیں، اس کی جمع نجوم ہے اور عرب ثریا کو بھی نجم کہتے ہیں۔ (المفردات ج ۲ ص ۶۲۵) النجم سے ثریا کو مراد لینا اس لیے مناسب ہے کہ یہ آسمان کے ستاروں میں سب سے زیادہ روشن اور سب سے زیادہ واضح ہے اور ہمارے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی کثرت معجزات اور دلائل کے اعتبار سے نبیوں میں سب سے زیادہ روشن اور واضح ہیں، نیز خریف کے اواخر میں جب عشاء کے وقت ثریا کا ظہور ہوتا ہے تو زمین سے پھلوں کی آفت دور ہو جاتی ہے اور پھل پک جاتے ہیں، اسی طرح جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ظہور ہوا تو دلوں کی بیماریاں دور ہو گئیں اور ایمان اور عرفان کے پھل پک کر تیار ہو گئے، اسی مناسبت سے اللہ تعالیٰ نے النجم کی قسم کھائی جس کا معنی ثریا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے پہلے فرمایا: مَا ضَلَّ یعنی آپ نے کبھی راہ راست کو ترک نہیں کیا پھر فرمایا ''وَمَا غَوٰی'' یعنی آپ کبھی راہ راست کے خلاف نہیں چلے، خلوت میں نہ ہی جلوت میں، ایام طفولیت میں اور نہ ہی ایام شباب میں۔

(انوار تبیان القرآن ص ۸۳۹، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ ذُو مِرَّةٍ ذُو قُوَّةٍ۔ اور مجاہد نے کہا: ذو مِرَّۃ، کا معنی ہے: ذو قُوَّۃ یعنی طاقت والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ذُوْ مِرَّةٍ ؕ فَاسْتَوٰی ۙ (النجم: ۶) بہت زبردست نے، پھر اللہ نے استواء فرمایا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد نے اس کی تفسیر کی ہے: زبردست قوت والے نے اور وہ حضرت جبرئیل علیہ السلام ہیں، حضرت ابن

Marfat.com

عباس رضی اللہ عنہما نے اس کی تفسیر میں فرمایا: عمدہ اخلاق والے نے، امام ابوعبیدہ نے اس کی تفسیر میں کہا: بہت طاقت والے نے، اور کلبی سے منقول ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طاقت یہ ہے کہ انہوں نے حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کی بستیوں کو سیاہ پانی سے اکھاڑا اور ان بستیوں کو اپنے ایک پر کے اوپر رکھ لیا، پھر وہ ان بستیوں کو بلند کر کے آسمان کی طرف لے گئے، پھر وہاں سے ان کو اٹھا کر زمین پر پلٹ دیا، مِرَّۃ کا لفظ اَمْرَرْتُ الحبلَ سے ماخوذ ہے، یہ اس وقت کہتے ہیں جب اس کی بنائی مضبوط ہو جائے۔ فاستوی کا معنی ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ معراج کی شب میں افق اعلیٰ پر پہنچے اور یہ دنیا کا آخری حصہ ہے جب سورج آسمان پر طلوع ہوتا ہے۔

قَابَ قَوْسَيْنِ حَيْثُ الْوَتَرُ مِنَ الْقَوْسِ۔ قَابَ قَوْسَيْنِ: یعنی جس طرح قوس کا وتر ہوتا ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام ابوعبیدہ سے منقول ہے: جتنی دو کمانوں کی مقدار ہوتی ہے یا اس سے بھی کم یعنی آپ اللہ کے اتنے قریب ہوئے جتنی دو کمانوں کی مقدار ہوتی ہے یا اس سے بھی کم، اور ضحاک سے منقول ہے کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے رب عزوجل کے قریب ہوئے، پھر سجدے میں گر گئے تو آپ کا اس سے اتنا فاصلہ تھا "جتنا دو کمانوں میں ہوتا ہے یا اس سے بھی کم"، دوسرا قول یہ ہے کہ "اَوْ اَدْنٰی" کا معنی ہے: آپ اس سے بھی زیادہ قریب ہو گئے۔ اور تیسرا قول یہ ہے کہ پھر سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم عرش کی ساق سے قریب ہوئے "فَتَدَلّٰی" حتیٰ کہ پردوں کے پار چلے گئے، وہاں کوئی مکان نہیں تھا لیکن آپ اللہ عزوجل کے اذن سے قائم تھے اور یہ اس طرح ہے، جیسے کوئی شخص کسی چیز کے ساتھ لٹکا ہوا ہو اور اس کے قدم مکان پر نہ ہوں اور قاب، قاد اور قید کا معنی ہے: کسی چیز کی مقدار اور کمان کے پکڑنے کی جگہ کو قاب کہتے ہیں، الواحدی نے کہا: یہ جمہور مفسرین کا قول ہے کہ قوس سے مراد کمان ہے جس سے تیر پھینکے جاتے ہیں، دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد ذراع (ایک ہاتھ کی مقدار) ہے کیونکہ اس سے کسی چیز کو قیاس کیا جاتا ہے، علامہ عینی فرماتے ہیں: میں کہتا ہوں کہ اس کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے جس کی امام ابن مردویہ نے سند صحیح کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے: آپ نے فرمایا کہ القاب مقدار ہے اور قوسین دو ذراع ہیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ قَابَ قَوْسَيْنِ میں قلب ہے یعنی الٰہی اضافت ہے: یہ اصل میں قَابِ قُوْسٍ ہے یعنی ایک کمان کی دو قابیں، کمان کے نصف دائرہ کے دوسرے یعنی جس طرح کمان کی دو قابیں ایک دوسرے کے قریب ہوتی ہیں اس طرح اللہ اور رسول ایک دوسرے کے قریب ہو گئے۔

ضِيزَى عَوْجَاءُ۔ ضِيزٰی: اس کا معنی ہے: ٹیڑھی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

تِلْكَ إِذًا قِسْمَةٌ ضِيزَىٰ ﴿٢٢﴾ (النجم: ۲۲) پھر تو یہ بڑی ظالمانہ تقسیم ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے ضِيزٰی کی تفسیر عوجاء کی ہے یعنی ٹیڑھی، یہ تفسیر مقاتل سے مروی ہے اور حضرت ابن عباس اور قتادہ نے کہا کہ تم نے اپنے رب کے لیے مونث کو ثابت کیا ہے جس کو تم اپنے لیے ناپسند کرتے ہو، سو یہ بہت ظالمانہ تقسیم ہے اور ابن سیرین سے منقول ہے کہ یہ ناہموار تقسیم ہے کہ تمہارے لیے تو بیٹے ہیں اور اللہ کے لیے بیٹیاں ہوں، اللہ تعالیٰ اس سے بہت زیادہ بلند ہے۔

وَأَكْدَى قَطَعَ عَطَائَهُ۔ واکدی: کا معنی ہے: اس نے اپنی عطا کو منقطع کر دیا یعنی دینا بند کر دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

اَفَرَءَيْتَ الَّذِیْ تَوَلّٰی ﴿۳۳﴾ وَاَعْطٰی قَلِيْلًا وَّاَكْدٰی ﴿۳۴﴾ کیا پھر آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے پیٹھ پھیری ○ اور تھوڑا سا مال دیا اور روک دیا ○ (النجم:۳۴-۳۳)

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اکدی کی تفسیر کی ہے: اس نے اپنی عطاء کو منقطع کر دیا، یہ آیت الولید بن المغیرہ کے متعلق نازل ہوئی ہے، مقاتل نے کہا: یعنی ولید نے تھوڑا سا کلمہ خیر کہا، پھر اس کو منقطع کر دیا اور پورا نہیں کیا، اکدی الکدیہ سے ماخوذ ہے جب کوئی شخص بخل کرے تو کہا جاتا ہے: کدیت اصابعہ۔

رَبُّ الشِّعْرٰی هُوَ مِرْزَمُ الْجَوْزَاءِ۔ رَبُّ الشِّعْرٰی: اور وہ مرزم الجوزاء ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰی ﴿۴۹﴾ (النجم:۴۹) اور یہ کہ شعریٰ (ستارے) کا وہی رب ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا کہ شعریٰ کا معنی مرزم الجوزاء ہے اور یہ وہ ستارہ ہے جو الجوزاء ستارے کے بعد طلوع ہوتا ہے اور یہ دونوں ستارے شعریٰ ہیں، پہلا ستارہ برج اسد میں ہے اور دوسرا ستارہ برج جوزاء میں ہے، ان دو ستاروں کو الغمیصاء اور العبور بھی کہا جاتا ہے اور قبیلہ خزاعہ الشعریٰ اور العبور کی پرستش کرتے تھے۔

الَّذِیْ وَفّٰی وَفّٰی مَا فُرِضَ عَلَيْهِ۔ الَّذِیْ وَفّٰی: اس کا معنی ہے: جو ان پر فرض تھا اس کو پورا کر دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِیْ وَفّٰۤی ﴿۳۷﴾ (النجم:۳۷) اور جو ابراہیم کے صحائف میں ہے اس کو انہوں نے پورا کر دیا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الَّذِیْ وَفّٰۤی کی تفسیر کی ہے: حضرت ابراہیم علیہ السلام پر جو حکم فرض کیا گیا تھا اس کو انہوں نے پورا کر دیا تھا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور ابو العالیہ سے منقول ہے کہ اوفی کا معنی ہے: ادا کر دیا، زجاج سے منقول ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے جو امتحان لیا گیا تھا اور ان کو حکم دیا گیا تھا کہ وہ اپنے بیٹے کو ذبح کر دیں اس امتحان میں وہ کامیاب ہو گئے اور اللہ تعالیٰ کے حکم پر عمل کیا۔

اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ۔ ازفت الازفة: اس کا معنی ہے: قیامت قریب آ گئی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿۵۶﴾ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿۵۸﴾ قریب آنے والی ساعت قریب آ چکی ہے ○ اللہ کے سوا (وقت معین پر) اسے کوئی دکھانے والا نہیں ○ (النجم:۵۷-۵۸)

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے ازفت الازفة کی تفسیر کی ہے: قیامت قریب آ چکی ہے، مجاہد سے بھی اسی طرح مروی ہے، کاشفة کا معنی ہے مظهرة، مقیمة یعنی اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی قیامت کو ظاہر کرنے والا یا قائم کرنے والا نہیں ہے۔

سَامِدُوْنَ الْبَرْطَمَةُ وَقَالَ عِكْرِمَةُ يَتَغَنَّوْنَ بِالْحِمْيَرِيَّةِ۔ سٰمِدُوْنَ: اس کا معنی ہے: البرطمہ یعنی اعراض کرنے والے اور عکرمہ نے کہا: حمیری زبان میں اس کا معنی ہے: وہ گانا گاتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿۶۱﴾ اور تم ہنستے ہو اور روتے نہیں ہو ○ اور تم کھیل کود میں پڑے ہو ○ (النجم:۶۱-۶۰)

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے سٰمِدُوْنَ کا معنی البرطمہ بیان کیا ہے اور اس کا معنی اعراض ہے، ابن عیینہ نے کہا: جب کوئی شخص اپنی ٹھوڑی اپنے سینہ پر رکھ لے تو البرطمہ کہتے ہیں، مجاہد سے منقول ہے: سمدون کا معنی ہے: متبرطمون، ان سے پوچھا گیا: البرطمہ کیا ہے تو انہوں نے کہا: اعراض کرنا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ مبرطم کا معنی ہے: متکبر اور کتب تفسیر میں مذکور ہے: سمدون کا معنی ہے: لہو ولعب میں مشغول اور غافل اور یہ لغو میں مشغول ہونے والوں کے لیے اہل یمن کی لغت ہے، اور عکرمہ نے کہا جو حضرت ابن عباس کے آزاد کردہ غلام ہیں: الحمیر کی لغت میں سامدون کا معنی ہے: جو گاتا گاتے ہیں۔

وَقَالَ إِبْرَاهِيمُ أَفَتُمَارُونَهُ أَفَتُجَادِلُونَهُ وَمَنْ قَرَأَ أَفَتَمْرُونَهُ يَعْنِي أَفَتَجْحَدُونَهُ۔

اور ابراہیم نے کہا: أَفَتُمَارُونَهُ: کا معنی ہے: کیا تم ان سے جھگڑا کرتے ہو اور جس نے أَفَتَمْرُونَه پڑھا اس کا معنی ہے: کیا تم اس کا انکار کرتے ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ۝ (النجم: ۱۲) کیا تم ان سے اس پر جھگڑ رہے ہو جو انہوں نے دیکھا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: ابراہیم نخعی نے أَفَتُمٰرُوْنَهٗ کی تفسیر أَفَتُجَادِلُوْنَهٗ کی ہے یعنی کیا تم ان سے جھگڑا کرتے ہو، یہ لفظ المراء سے ماخوذ ہے جس کا معنی مجادلہ اور جھگڑا ہے، اور کہا جاتا ہے کہ یہ لفظ مریت الناقۃ سے ماخوذ ہے، جب اونٹنی کے تھنوں پر دودھ نکالنے کے لیے ہاتھ پھیرا جائے، حمزہ اور الکسائی نے اس لفظ کو أَفَتَمْرُوْنَهٗ پڑھا ہے، اس کا معنی ہے: کیا تم ان کا انکار کرتے ہو، اور امام ابو عبیدہ کا یہی مختار ہے، انہوں نے کہا: مشرکین قریش نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جھگڑ نہیں رہے تھے بلکہ آپ کا انکار کر رہے تھے اور جب کوئی شخص کسی کے حق کا انکار کرے تو عرب کہتے ہیں: مَرَيْتُ الرَّجُلَ حَقَّهٗ میں نے مرد کے حق کا انکار کیا۔

وَقَالَ مَا زَاغَ الْبَصَرُ بَصَرُ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم وَمَا طَغَى وَمَا جَاوَزَ مَا رَأَى

مَا زَاغَ الْبَصَرُ: کا معنی ہے کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھ ٹیڑھی نہیں ہوئی اور مَا طَغٰى کا معنی ہے: آپ نے جو کچھ دیکھا اس سے متجاوز نہیں ہوئی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ۝ (النجم: ۱۷) آپ کی نظر نہ ٹیڑھی ہوئی اور نہ حد سے بڑھی ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ تعلیق بالکل ظاہر ہے، اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ آپ کو جتنا دیکھنے کا حکم دیا گیا تھا آپ کی نظر نے اس سے تجاوز نہیں کیا اور نہ آپ کی نظر اس سے کسی دوسری طرف ہوئی، کہا جاتا ہے کہ آپ کی نظر نہ دائیں طرف منحرف ہوئی اور نہ بائیں طرف منحرف ہوئی اور نہ اس نے حد سے تجاوز کیا اور یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب کی صفت ہے۔

فَتَمَارَوْا كَذَّبُوا۔

فَتَمَارَوْا کا معنی ہے: انہوں نے جھٹلایا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَقَدْ أَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ۝ (القمر: ۳۶) اور بے شک لوط نے انہیں ہماری گرفت سے ڈرایا تھا تو انہوں نے ان کے ڈرانے کو جھٹلایا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ آیت سورۃ النجم میں نہیں ہے بلکہ اس کے بعد کی سورت القمر میں ہے اور شاید کہ یہ لکھنے والے کا سہو ہے۔

Marfat.com

علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: علامہ کرمانی نے بعض نسخوں سے یہاں نقل کیا ہے کہ تتماری کا معنی ہے: وہ جھٹلاتے ہیں اور میں اس نسخہ پر واقف نہیں ہو سکا، پھر اس کے بعد مجھ پر یہ منکشف ہوا کہ علامہ کرمانی نے الفراء کے کلام کا اختصار کیا ہے کیونکہ انہوں نے اس آیت کی تفسیر میں کہا:

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰی ۝ (النجم:۵۵) پس (اے مخاطب!) تو اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاتا رہے گا O

یعنی یہ کہتا رہے گا کہ یہ نعمتیں اس کے رب کی طرف سے نہیں ہیں، اسی طرح یہ آیت ہے: فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ۝ (القمر:۳۶) (پس انہوں نے ڈرانے والوں کو جھٹلایا O) (فتح الباری ج ۶ ص ۳۲)

علامہ عینی، حافظ ابن حجر پر رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

انہیں علامہ کرمانی کے کلام پر واقف ہونے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ یہ آیت اسی سورت میں ہے۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰی ۝ (النجم:۵۵) پس (اے مخاطب!) تو اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاتا رہے گا O

اس آیت میں مطلقاً انسان سے خطاب ہے اور تفسیر نسفی میں مذکور ہے کہ اس آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خطاب ہے لیکن مجھے یہ تفسیر پسند نہیں ہے۔ واللہ اعلم (انتقاض الاعتراض فی الرد علی العینی فی شرح البخاری ج ۲ ص ۲۶۵۔ ۲۶۴، مکتبۃ الرشد، ریاض، ۱۴۱۸ھ)

مصنف کی طرف سے ان دونوں میں محاکمہ

میں کہتا ہوں: کہ حافظ ابن حجر نے کوئی غلط بات نہیں کہی جس کے رد کی ضرورت ہو، امام بخاری نے یہاں پر تعلیق میں سورۃ القمر:۳۶ کی آیت لکھی جس کے متعلق علامہ عینی نے کہا کہ یہ لکھنے والے کا سہو ہے اور حافظ ابن حجر نے اس کی توجیہ کی کہ چونکہ اس سورت میں مذکور ہے: فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰی ۝ (النجم:۵۵) (پس (اے مخاطب!) تو اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاتا رہے گا) تو امام بخاری نے اس آیت کی مناسبت سے یہاں پر سورۃ القمر:۳۶ کو بھی لکھ دیا اور ایسا ہوتا رہتا ہے کہ امام بخاری ایک سورت کی آیت کی مناسبت سے وہاں کسی اور سورت کی آیت کو ذکر کر دیتے ہیں۔

وَقَالَ الْحَسَنُ اِذَا هَوٰی غَابَ۔ اور حسن نے اِذَا هَوٰی: کی تفسیر میں کہا: جب وہ ستارہ غائب ہو گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰی ۝ (القمر:۱) روشن ستارے کی قسم! جب وہ غروب ہو گیا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: حسن بصری نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے: جب وہ ستارہ غائب ہو گیا، اسی طرح امام عبد الرزاق نے از حسن بصری روایت کی ہے، اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اِذَا هَوٰی کا معنی ہے: جب وہ ستارہ اترا اور گر گیا، اور امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے اس کی تفسیر میں منقول ہے: یعنی جب سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شب معراج آسمان سے اترے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَغْنٰی وَاَقْنٰی اَعْطٰی فَاَرْضٰی۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اَغْنٰی وَ اَقْنٰی کی تفسیر میں کہا کہ انہوں نے اتنا دیا کہ لینے والے کو راضی کر دیا۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰى وَاَقْنٰى ۝ (النجم:۴۸) اور یہ کہ اس نے غنی کیا اور خوش کر دیا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس آیت کی اس طرح تفسیر کی ہے جیسا کہ اوپر مذکور ہے اور ابو صالح سے منقول ہے کہ اللہ نے لوگوں کو مال دیا اور لوگوں کو اموال کے اصول عطا کئے، اور ضحاک سے منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سونا، چاندی اور اموال کی مختلف قسمیں عطا کیں اور اقنی کا معنی ہے: اس نے لوگوں کو اونٹ، گائے اور بکریاں عطا کیں اور ابن زید سے منقول ہے کہ اغنی کا معنی ہے: اس نے بہت مال دیا اور اقنی کا معنی ہے: اس نے بہت کم مال دیا اور اخفش سے منقول ہے کہ اقنی کا معنی ہے: اس نے لوگوں کو فقیر بنا دیا۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۸۴۔۲۸۰ میں کی ہے]

۱۔ بَابٌ

باب

۴۸۵۵۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ رضی الله عنها يَا أُمَّتَاهْ هَلْ رَأَى مُحَمَّدٌ ﷺ رَبَّهُ فَقَالَتْ لَقَدْ قَفَّ شَعَرِي مِمَّا قُلْتَ أَيْنَ أَنْتَ مِنْ ثَلَاثٍ مَنْ حَدَّثَكَهُنَّ فَقَدْ كَذَبَ مَنْ حَدَّثَكَ أَنَّ مُحَمَّدًا ﷺ رَأَى رَبَّهُ فَقَدْ كَذَبَ ثُمَّ قَرَأَتْ ﴿لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ۝﴾ (الانعام:۱۰۳) ﴿وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُكَلِّمَهُ اللَّهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ﴾ (الشوریٰ:۵۱) وَمَنْ حَدَّثَكَ أَنَّهُ يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ فَقَدْ كَذَبَ ثُمَّ قَرَأَتْ ﴿وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا﴾ (لقمان:۳۴) وَمَنْ حَدَّثَكَ أَنَّهُ كَتَمَ فَقَدْ كَذَبَ ثُمَّ قَرَأَتْ ﴿يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ﴾ الآية (المائدہ:۶۷) وَلَكِنَّهُ رَأَى جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي صُورَتِهِ مَرَّتَيْنِ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں وکیع نے حدیث بیان کی از اسماعیل بن ابی خالد از عامر از مسروق، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کیا: اے امی جان! کیا سیدنا محمد ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا ہے تو حضرت عائشہ نے فرمایا: تم نے جو بات کہی ہے اس سے میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے تم ان تین آیات میں سے کہاں ہو، جس نے تم کو بتایا اس نے جھوٹ بولا، جس نے تم کو یہ بتایا کہ سیدنا محمد ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا تو اس نے جھوٹ بولا ہے، پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ آیت پڑھی: لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ۝ (الانعام:۱۰۳) (آنکھیں اس کا احاطہ نہیں کر سکتیں اور وہ آنکھوں کا احاطہ کیے ہوئے ہے اور وہ نہایت باریک بین بہت باخبر ہے O وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُكَلِّمَهُ اللَّهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ (الشوریٰ:۵۱) (اور کسی بشر کے لیے یہ ممکن نہیں کہ اللہ اس سے کلام کرے ماسوا وحی کے یا پردے کے اوٹ سے۔ اور جس نے تم کو بتایا کہ آپ آئندہ کل کی بات جانتے ہیں تو اس نے جھوٹ بولا، پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ آیت پڑھی: وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا (لقمان:۳۴) (اور کوئی (از خود) نہیں جانتا کہ وہ کل کیا کرے گا) اور جس نے تم کو یہ بتایا کہ آپ نے (کوئی آیت) چھپا لی تو بے شک اس نے جھوٹ بولا ہے، پھر حضرت عائشہ نے یہ آیت پڑھی: يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ الآیۃ

Marfat.com

(المائدہ:٦٧) (اے رسول! جو آپ پر آپ کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا ہے اس کو پہنچا دیجئے) لیکن آپ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ان کی اصل صورت میں دو مرتبہ دیکھا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۲۳۴ میں گزر چکی ہے، تاہم بعض ضروری امور بیان کیے جا رہے ہیں:

یا امتاہ کی لفظی تحقیق اور حافظ ابن حجر اور علامہ عینی کا مناقشہ

یا امتاہ: حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے کہ اس کی اصل یا ام ہے اور باء اس میں وقف کے لیے ہے، پھر اس کی طرف استغاثہ کے الف کی طرف اضافت کی گئی اور اس کو تاء سے بدل دیا گیا اور اس پر باء کا الف کے سکتہ کے بعد اضافہ کیا گیا ہے۔
(فتح الباری ج٦ ص ٣٣)

علامہ عینی، حافظ ابن حجر کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

میں کہتا ہوں کہ جن سے شرح نقل کی جاتی ہے ان میں سے کسی نے بھی یہ نہیں کہا کہ اس میں الف استغاثہ کے لیے ہے اور یہاں استغاثہ کہاں ہے؟ علامہ خطابی نے کہا ہے: جب عرب باپ یا ماں کو ندا کرتے ہیں تو وقف کی صورت میں یا ابہ یا امہ کہتے ہیں، پس جب وصل کرتے تو یا ابت اور یا امت کہتے ہیں اور جب اس پر زبر پڑھتے ہیں متعدی کرنے کے لیے تو کہتے ہیں: یا ابتاہ اور یا امتاہ اور ہاء اس میں وقف کے لیے ہے، علامہ کرمانی نے کہا ہے: اس میں الف ندبہ کے لیے نہیں ہے کیونکہ یہاں کسی پر رو یا نہیں گیا۔ (عمدۃ القاری ج١٩ ص ٢٨٤)

حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی نے علامہ بدر الدین عینی حنفی کے اس اعتراض کا ''انتقاض الاعتراض'' میں ذکر تک نہیں کیا۔ سعیدی غفرلہ

لَاتُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا نفی رویت باری پر استدلال اور علامہ عینی کے جوابات

میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے: یعنی اللہ تعالیٰ کی ہیبت اور اس کے جلال سے میرے دل میں خوف پیدا ہوا اور خوف اور گھبراہٹ کے وقت کھال سکڑ جاتی ہے اور اس پر جو بال ہیں وہ کھڑے ہو جاتے ہیں۔

تم ان تین آیات میں سے کہاں ہو: یعنی کیا ان تین آیتوں کو ذہن میں حاضر کرنے سے تمہاری فہم غائب ہو گئی؟ پس تمہیں چاہیے کہ ان تین آیتوں کو اپنے ذہن میں حاضر کرو تا کہ تمہارا علم ان کو محیط ہو اور جو شخص ان کے خلاف بات کہتا ہے اس کی تم تکذیب کرو۔

جس نے تم کو بتایا اس نے جھوٹ بولا: یعنی جس نے تم کو ان تین چیزوں کے متعلق بتایا اس نے جھوٹ بولا یعنی جس نے یہ خبر دی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج اپنے رب کو دیکھا ہے اس نے اپنی خبر میں جھوٹ بولا ہے، پھر حضرت عائشہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نہ دیکھنے پر دو آیتوں سے استدلال کیا ہے، پہلی آیت یہ ہے:

لَاتُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ۔ آنکھیں اس کا احاطہ نہیں کر سکتیں اور وہ آنکھوں کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ (الانعام:١٠٣)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے استدلال کی تقریر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آنکھوں کے ادراک کرنے کی نفی کی ہے اور آنکھوں کے ادراک کی نفی دیکھنے کی نفی ہے۔

علامہ نووی نے کہا ہے: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی ارشاد سے دیکھنے کی نفی نہیں کی اور ان کے پاس کوئی ایسی حدیث ہوتی تو وہ اس کا ذکر کرتیں لیکن انہوں نے اس آیت کے ظاہر سے استنباط کیا ہے اور دوسرے صحابہ نے حضرت عائشہ

رضی اللہ عنہا کے اس قول کی مخالفت کی ہے اور جب ایک صحابی کوئی بات کہے اور دوسرا صحابی اس کے خلاف بات کہے تو اس پر اتفاق ہے کہ اس صحابی کا قول حجت نہیں ہوتا، اور حضرت عائشہ کے اس قول کی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے مخالفت کی ہے، کیونکہ امام ترمذی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یہ روایت کی ہے کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے، عکرمہ نے کہا: کیا اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ آنکھیں اس کو نہیں دیکھ سکتیں؟ حضرت ابن عباس نے فرمایا: یہ اس وقت ہے جب اللہ تعالیٰ اپنے اس نور کے ساتھ تجلی فرمائے جو اس کا نور ہے اور بے شک آپ نے اپنے رب کو دو مرتبہ دیکھا ہے، اور امام ابن خزیمہ نے سند قوی کے ساتھ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے، انہوں نے فرمایا کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے اور حضرت ابن عباس کے تمام اصحاب کا اور کعب احبار کا اور زہری کا اور صاحب معمر کا اور دوسروں کا یہی قول ہے اور امام عبدالرزاق نے معمر سے روایت کی ہے کہ حسن بصری نے حلف اٹھا کر کہا کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے، اور امام ابن خزیمہ نے عروہ بن زبیر سے دیکھنے کی روایت کی ہے اور جب کوئی ان کے سامنے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے انکار کا ذکر کرتا تو وہ اس کا بہت سختی سے رد کرتے، اور امام اشعری اور ان کے اکثر متبعین کا بھی یہی قول ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا اس سے استدلال فرمانا کہ اللہ تعالیٰ سے کلام کی حالت میں کوئی اس کو دیکھ نہیں سکتا اور علامہ عینی کا جواب

وما کان لبشر الا یہ: یہ دوسری آیت ہے جس سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نفی رؤیت باری پر استدلال کیا ہے اور ان کے استدلال کی تقریر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی سے کلام کرنے کا حصر تین صورتوں میں کیا ہے: (۱) وحی، بایں طور کہ اللہ تعالیٰ نبی کے دل میں جو چاہے القاء فرما دے (۲) اللہ تعالیٰ پردے کی اوٹ سے بغیر واسطے کے نبی سے کلام فرمائے (۳) نبی کی طرف اپنا کوئی فرشتہ بھیج دے جو اللہ کا کلام نبی علیہ السلام کو پہنچائے، ان تین صورتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ جس حالت میں اللہ کلام فرماتا ہے، اس حالت میں اسے کوئی دیکھ نہیں سکتا، علماء کرام نے اس کا جواب دیا ہے کہ اس سے مطلقاً رؤیت باری کی نفی نہیں ہوتی، اس کا زیادہ سے زیادہ تقاضا یہ ہے کہ ان تین صورتوں کے علاوہ اللہ تعالیٰ کلام نہیں فرماتا، پس ہوسکتا ہے کہ جس وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا ہو اس وقت اللہ تعالیٰ نے آپ سے کلام نہ فرمایا ہو۔

یہ جائز نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کی کسی آیت یا اس کے کسی حکم کو چھپالیں

جس نے تم کو یہ بتایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی آیت کو چھپایا تو اس نے جھوٹ بولا: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جن تین باتوں کا انکار فرمایا تھا یہ ان میں سے تیسری بات ہے، یعنی جس نے یہ بتایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی نازل کی ہوئی وحی میں سے کوئی بات چھپائی تو اس نے جھوٹ بولا کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن مجید کی تبلیغ کا حکم دیا گیا ہے، پس آپ کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ آپ اس میں سے کسی چیز کو چھپالیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس پر اس سے استدلال فرمایا کہ المائدہ: ۶۷ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اے رسول! جو آپ پر آپ کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا ہے اس کو پہنچا دیجئے۔ مصنف کہتا ہے: اس سے یہ معلوم ہوا کہ شیعہ اور روافض کا یہ کہنا باطل ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر حضرت علی کے خلیفہ بلافصل ہونے کے متعلق آیت نازل کی گئی تھی لیکن آپ نے اس کو چھپا لیا، اسی طرح حضرت علی کے فضائل میں کئی آیات نازل کی گئی تھیں لیکن آپ نے ان آیات کو چھپالیا۔

Marfat.com

علامہ ثعلبی اور اکثر علماء کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ان کی اصلی صورت میں دوبارہ دیکھا

لیکن آپ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا تھا: جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس کی نفی کر دی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی آنکھوں سے اپنے رب کو دیکھا تو پھر حضرت مسروق کے سوال کے جواب میں بتایا: لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ان کی اصلی صورت میں دو مرتبہ دیکھا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی طرف اشارہ کیا:

وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۝ (النجم: ۱۳) اور بے شک انہوں نے اسے ضرور دوسری بار دیکھا ○

علامہ ثعلبی نے کہا ہے: یعنی دوسری بار دیکھا، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ان کی اس صورت میں جس پر وہ پیدا کیے گئے ہیں دو مرتبہ دیکھا، ایک مرتبہ زمین پر الافق الاعلیٰ میں اور دوسری مرتبہ آسمان میں سدرۃ المنتہیٰ کے پاس، یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور اکثر علماء کا قول ہے اور یہ ہی مختار ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے رویت کو مکان کے ساتھ ملایا ہے، پس فرمایا: سدرۃ المنتہیٰ کے پاس اور کیونکہ فرمایا: نَزْلَةً اُخْرٰى یعنی اترتے وقت اور اللہ تعالیٰ کا مکان میں ہونا اور اترنا جو کہ انتقال کو مستلزم ہے محال ہے۔

پس اگر تم یہ اعتراض کرو کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا رؤیت باری کا انکار کرتی ہیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما رؤیت باری کو ثابت کرتے ہیں تو ان دونوں کے اقوال میں کس طرح موافقت ہوگی؟

میں کہتا ہوں: حضرت عائشہ نے جو رؤیت باری کی نفی کی ہے وہ آنکھ سے دیکھنے پر محمول ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے جو رؤیت باری کو ثابت کیا ہے وہ دل سے دیکھنے پر محمول ہے، اس کی دلیل یہ ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا:

مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ۝ (النجم: ۱۱) (آپ کے) قلب نے اس کی تکذیب نہ کی جو آپ کی آنکھوں نے دیکھا ○

وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۝ (النجم: ۱۳) اور بے شک انہوں نے ضرور اسے دوسری بار دیکھا ○

حضرت ابن عباس کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دل سے دیکھا ہے آنکھ سے نہیں دیکھا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: آپ نے اپنے رب کو اپنے دل سے دو مرتبہ دیکھا، اور عطاء نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ آپ نے اپنے رب کو اپنے دل سے دیکھا اور اس سے بھی زیادہ صریح روایت وہ ہے جس کی امام ابن مردویہ نے از عطاء از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب کو اپنی آنکھ سے نہیں دیکھا، آپ نے اس کو اپنے دل سے دیکھا ہے۔

علامہ قرطبی نے اس مسئلہ میں توقف کرنے کے قول کو راجح قرار دیا ہے اور اس قول کو محققین کی ایک جماعت کی طرف منسوب کیا ہے، کیونکہ اس باب میں کوئی دلیل قطعی نہیں ہے اور دونوں فریقوں نے جو زیادہ سے زیادہ استدلال کیا ہے وہ ظاہر آیات ہیں جو متعارض ہیں اور تاویل کی گنجائش رکھتی ہیں، انہوں نے کہا: یہ مسئلہ عملیات سے متعلق نہیں ہے کہ اس میں دلائل ظنیہ پر اکتفاء کر لیا جائے، اس مسئلہ کا تعلق صرف عقائد سے ہے اور اس میں صرف دلیل قطعی سے استدلال ہو سکتا ہے، اور امام ابن خزیمہ نے کتاب التوحید میں کافی طویل دلائل کے ساتھ رؤیت باری کو ثابت کیا ہے اور یہ کہا ہے کہ حضرت ابن عباس سے جو منقول ہے کہ رؤیت دو

مرتبہ ہوئی وہ اس پر محمول ہے کہ ایک مرتبہ آپ نے آنکھ سے دیکھا اور دوسری مرتبہ دل سے دیکھا۔

اپنے رب کو دو بار دیکھنے کے متعلق مصنف کی تحقیق

میں کہتا ہوں: ہم نے لکھا ہے کہ البقلی رحمہ اللہ نے کہا: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شب معراج اپنے رب کو دو مرتبہ دیکھا اور یہ دوسری بار دیکھنے کا ماجرا ہے کیونکہ جب آپ نے پہلی بار اپنے رب کو دیکھا تو وہاں اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کچھ نہ تھا اس لیے وہاں یہ نہیں فرمایا: مَازَاغَ الْبَصَرُ وَمَاطَغٰى ○ (النجم:۱۷) آپ کی بصر ادھر ادھر متوجہ ہوئی اور نہ اللہ کی ذات کو دیکھنے سے متجاوز ہوئی○

بلکہ اس کی ذات کو دیکھنے میں محو اور مستغرق رہی، اور جب آپ نے دوسری بار واپسی کے بعد اللہ تعالیٰ کو دیکھا تو آپ کے سامنے جنت، دوزخ اور دیگر عجیب وغریب نشانیاں بھی تھیں لیکن آپ کسی اور طرف متوجہ نہیں ہوئے بلکہ صرف اس کی ذات کو ٹکٹکی باندھ کر لگاتار دیکھتے رہے۔ (روح البیان ج ۳ ص ۲۶۹) (انوار تبیان القرآن ص ۸۴۰، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ قول کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب کو دل کی آنکھ سے دیکھا ہے، النجم:۱۱ سے اللہ تعالیٰ کو دیکھنے پر استدلال اور امام اشعری کا یہ قول کہ آپ نے اپنے رب کو اپنے سر کی آنکھوں سے دیکھا ہے، اور لاتدرکہ الابصار کے متعدد جوابات اور دیگر مباحث میں علامہ ابن الملقن کی تحقیق

حافظ ابو حفص عمر بن علی بن احمد الانصاری الشافعی المعروف بابن الملقن متوفی ۸۰۴ھ نے شب معراج رؤیت باری کے مسئلہ پر طویل بحث کی ہے وہ اس میں لکھتے ہیں:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے شب معراج رؤیت باری کا انکار کیا ہے، لیکن انہوں نے اپنے موقف کے ثبوت میں کوئی حدیث ذکر نہیں کی، اگر ان کے پاس کوئی حدیث ہوتی تو وہ اس کا ذکر کرتیں، انہوں نے صرف چند آیات سے اس مسئلہ کا استنباط کیا ہے اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا بھی مشہور قول یہی ہے اور محدثین، فقہاء اور متکلمین کی ایک جماعت کا بھی یہی موقف ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب کو اپنی آنکھ سے دیکھا ہے۔

امام ابن مردویہ نے اپنی تفسیر میں ضحاک اور عکرمہ سے ایک طویل حدیث روایت کی ہے، اس میں مذکور ہے: پس جب میرے رب نے اپنی رؤیت (دیدار) کے ساتھ میری تکریم کی بایں طور کہ میرے قلب میں میری آنکھ کو ثابت کر دیا تو میری آنکھ میں نور عرش کو دیکھنے کی صلاحیت آگئی، الحدیث۔ اور اللالکائی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عباس سے یہ روایت کی ہے کہ میں نے اپنے رب عزوجل کو دیکھا۔ (شرح اصول الاعتقاد ج ۳ ص ۵۶۷) اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں نے اپنے رب عزوجل کو دیکھا۔ (شرح اصول الاعتقاد ج ۳ ص ۵۷۵)

اور عطاء نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ آپ نے اپنے رب کو دیکھا (صحیح مسلم:۱۷۶) اور اسی طرح امام ترمذی نے سند حسن کے ساتھ عکرمہ سے روایت کی ہے۔ (سنن ترمذی:۳۲۸۱)

اور امام ترمذی نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا، الحدیث۔ (سنن ترمذی:۳۲۷۹) اور امام مسلم نے ابو العالیہ سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب کو اپنے دل سے دو مرتبہ دیکھا (صحیح مسلم:۱۷۶)

امام ابن اسحاق نے ذکر کیا ہے کہ حضرت ابن عمر نے حضرت ابن عباس کی طرف کسی کو بھیج کر یہ سوال کیا کہ کیا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے تو انہوں نے فرمایا: ہاں۔

اس حدیث کی عبداللہ بن احمد نے کتاب السنہ ج ۱ ص ۱۷۵ میں روایت کی ہے۔

اور مشہور یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب کو اپنی آنکھ سے دیکھا ہے، اور متعدد سندوں کے ساتھ مروی ہے کہ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ بے شک اللہ عزوجل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کلام کے ساتھ خاص کر لیا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلیل بنانے کے ساتھ خاص کیا اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رؤیت (دیدار) کے ساتھ خاص کیا۔ اس حدیث کی امام ابن ابی عاصم نے کتاب السنہ: ۴۵۱، امام نسائی نے السنن الکبیر: ۷۷۲۴ میں، اور امام ابن خزیمہ نے التوحید: ۲۷۲ اور امام حاکم نے المستدرک ج ۱ ص ۶۵ میں روایت کی ہے، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ﴿۱۱﴾ (النجم:۱۱) (آپ کے) قلب نے اس کی تکذیب نہ کی جو آپ کی آنکھوں نے دیکھا ○

الماوردی نے کہا ہے کہ ایک قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام اور اپنی رؤیت کو سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے درمیان تقسیم کر دیا ہے، پس سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب کو دو مرتبہ دیکھا ہے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے دو مرتبہ کلام فرمایا۔

ابوالفتح الرازی اور ابواللیث السمرقندی نے اس حکایت کو کعب احبار سے نقل کیا۔ (تفسیر السمرقندی ج ۳ ص ۲۸۹)

عبداللہ بن الحارث نے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور کعب احبار اکٹھے ہوئے تو حضرت ابن عباس نے فرمایا: ہم بنو ہاشم یہ کہتے ہیں کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب کو دو مرتبہ دیکھا ہے تو کعب نے بہت بلند آواز سے کہا: اللہ اکبر حتیٰ کہ پہاڑ گونج اٹھے اور حضرت ابن عباس نے فرمایا: بے شک اللہ نے اپنی رؤیت اور اپنے کلام کو سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے درمیان تقسیم کر دیا ہے، پس حضرت موسیٰ نے اللہ سے کلام فرمایا اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دل سے اپنے رب کو دیکھا (سنن ترمذی: ۳۲۷۸) اور شریک نے حضرت ابوذر سے النجم: ۱۱ کی تفسیر میں رویت کی ہے کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا۔

اور علامہ السمرقندی نے محمد بن کعب القرظی سے اور الربیع بن انس سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا گیا: کیا آپ نے اپنے رب کو دیکھا ہے تو آپ نے فرمایا: میں نے اپنے دل سے دیکھا ہے اور میں نے اپنی آنکھ سے نہیں دیکھا۔

(تفسیر السمرقندی ج ۳ ص ۲۸۹)

اور مالک بن یخامر نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے اپنے رب کو دیکھا۔ (سنن ترمذی: ۳۲۳۵)۔ امام ترمذی نے کہا: یہ حدیث حسن صحیح ہے اور امام بخاری نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔

امام عبدالرزاق نے روایت کی ہے کہ حسن بصری اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتے تھے کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے (تفسیر عبدالرزاق، ۳۰۳۳) اسی طرح مقاتل نے ذکر کیا ہے، اور امام عبد بن حمید نے اپنی تفسیر میں النجم: ۱۱ کی تفسیر میں کہا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب کو اپنے دل سے دو مرتبہ دیکھا اور محمد بن کعب سے روایت کی ہے کہ آپ نے اپنے رب کو دل سے دو مرتبہ دیکھا، اور ابراہیم تیمی سے روایت ہے کہ آپ نے اپنے رب کو اپنے دل سے دیکھا، پھر انہوں نے کہا: مجھے میرے والد نے حدیث بیان کی از حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہ آپ نے اپنے رب کو اپنے دل سے دیکھا ہے اور اپنی آنکھ سے نہیں دیکھا۔

اور تفسیر ابن عباس میں حضرت انس سے روایت ہے، وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ جب میں حجاب تک پہنچا تو میری دونوں آنکھیں سو گئیں اور میں نے اپنے دل سے دیکھا اور میرا دل بیدار تھا اور اس وقت سے اب تک

Marfat.com

نہیں سویا اور زجاج نے امام احمد سے روایت کی ہے کہ آپ نے اپنے رب کو اپنے دل سے دیکھا، اور یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کے ساتھ آپ کو خاص کیا گیا ہے، جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کلام کے ساتھ خاص کیا گیا ہے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلیل بنانے کے ساتھ خاص کیا گیا ہے اس قول کی امام ابوعمر ابن عبدالبر نے روایت کی ہے، لیکن نقاش نے یہ روایت کی ہے کہ امام احمد نے کہا: میں کہتا ہوں کہ حضرت ابن عباس کی حدیث میں ہے کہ آپ نے اپنے رب کو اپنی دونوں آنکھوں سے دیکھا ہے، امام احمد بار بار یہ کہتے رہے حتیٰ کہ ان کا سانس ٹوٹ گیا۔

اور الالکائی نے ام الطفیل زوجہ ابی بن کعب سے روایت کی ہے، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ نے اپنے رب کو دیکھا ہے یعنی دل کے ساتھ اور بعض متکلمین نے اس موقف کو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے، اور امام ابن اسحاق نے روایت کی ہے کہ مروان نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سوال کیا: کیا سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں۔

اور سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ نہ میں یہ کہتا ہوں کہ آپ نے دیکھا ہے اور نہ یہ کہتا ہوں کہ آپ نے نہیں دیکھا اور النجم: ۱۱ کی تاویل میں اختلاف ہے، حضرت ابن عباس اور عکرمہ اور حسن بصری اور حضرت ابن مسعود سے روایت ہے کہ آپ نے اپنے رب کو اپنے دل سے دیکھا ہے اور حسن بصری اور ابن مسعود سے دوسری روایت ہے کہ آپ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا ہے۔ (تفسیر طبری، جز ۱۱ ص ۵۱۱-۵۱۰)

امام اشعری اور ان کے اصحاب کی ایک جماعت نے کہا ہے کہ آپ نے اپنے رب کو اپنی بصر سے اور اپنے سر کی آنکھوں سے دیکھا ہے اور یہ کہا ہے کہ ہر وہ معجزہ جو انبیاء سابقین میں سے کسی نبی کو دیا گیا تھا تو اس کی مثل ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی دی گئی ہے اور ان میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو رؤیت کی فضیلت کے ساتھ خاص کر لیا گیا ہے۔

اور بعض مشائخ نے اس مسئلہ میں توقف کیا ہے، انہوں نے کہا ہے کہ اس موقف پر کوئی واضح دلیل نہیں ہے لیکن جیسا کہ قاضی عیاض نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو دنیا میں دیکھنا عقلاً جائز ہے اور عقل کے نزدیک یہ محال نہیں ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے اس کی رؤیت کا سوال کیا ہے اور یہ محال ہے کہ اللہ کے نبی کو یہ معلوم نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کو دیکھنا جائز نہیں ہے بلکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے اسی چیز کا سوال کیا جو جائز تھی اور محال نہیں تھی، لیکن اس کا وقوع اور غیب سے اس کا مشاہدہ کرنا اس کا اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو علم نہیں ہے اور شریعت میں اس کے وقوع کے محال ہونے پر کوئی قطعی دلیل نہیں ہے، پس اللہ تعالیٰ کو دیکھنا جائز ہے محال نہیں ہے۔ (اکمال المعلم ج ۱ ص ۵۲۷)

قرآن مجید میں ہے: لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ (الانعام: ۱۰۳) یعنی آنکھیں اس کا ادراک نہیں کر سکتیں، اس آیت میں اللہ تعالیٰ کی رؤیت کے محال ہونے پر کوئی دلیل نہیں ہے اور اس آیت کی متعدد تاویلات ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ کفار کی آنکھیں اس کو نہیں دیکھ سکتیں، دوسرا قول یہ ہے کہ آنکھیں اس کا احاطہ نہیں کر سکتیں اور یہ حضرت ابن عباس کا قول ہے اور یہ تاویلات اللہ تعالیٰ کی رؤیت کے ممنوع اور محال ہونے کا تقاضا نہیں کرتیں۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا: لَنْ تَرَانِي (الاعراف: ۱۴۳) یعنی آپ مجھ کو نہیں دیکھ سکتے، اس آیت میں عموم نہیں ہے اور اس کی تاویل یہ ہے کہ آپ مجھے دنیا میں نہیں دیکھ سکتے، سو اس آیت میں بھی اللہ تعالیٰ کی رؤیت کے محال ہونے پر کوئی دلیل نہیں ہے۔

Marfat.com

اور قاضی ابوبکر الباقلانی نے ذکر کیا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب عزوجل کو دیکھا ہے، اسی لیے وہ بے ہوش ہو گئے تھے۔

اور پہاڑ نے بھی اپنے رب عزوجل کو دیکھا، اسی لیے وہ ریزہ ریزہ ہو گیا، انہوں نے اس کا استنباط اس آیت سے کیا ہے:

وَ لٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّ خَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا۔ (الاعراف: ۱۴۳)

فرمایا: تم اس پہاڑ کی طرف دیکھو اگر (میری تجلی کے باوجود) یہ اپنی جگہ پر برقرار رہا تو عنقریب تم بھی مجھے دیکھ سکو گے، پھر جب ان کے رب نے پہاڑ پر تجلی فرمائی تو اس کو ریزہ ریزہ کر دیا اور موسیٰ بے ہوش ہو کر گر پڑے۔

اس قول کے مطابق اللہ تعالیٰ نے پہاڑ پر تجلی فرمائی حتیٰ کہ پہاڑ نے اپنے رب کو دیکھ لیا۔

اور بعض مفسرین نے کہا ہے کہ چونکہ پہاڑ نے اپنے رب کو دیکھا ہے، اسی سے یہ استدلال کیا گیا ہے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی اپنے رب کو دیکھا ہے کیونکہ یہ رب کو دیکھنے کے جواز اور امکان پر دلیل ہے اور جواز اور امکان میں کوئی شک نہیں ہے کیونکہ آیات میں اس پر کوئی دلیل نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کو دیکھنا محال ہے۔ (التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۱۹ ص ۱۱۰۔ ۱۰۴، وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ھ)

رویت باری کے مسئلہ میں حافظ ابن حجر عسقلانی کی تحقیق کا خلاصہ

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی الشافعی المتوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

متقدمین کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شب معراج اپنے رب کو دیکھا ہے یا نہیں، حضرت عائشہ اور حضرت ابن مسعود کا موقف یہ ہے کہ آپ نے اپنے رب کو نہیں دیکھا اور حضرت ابوذر سے روایات مختلف ہیں اور ایک جماعت کا موقف یہ ہے کہ آپ نے اپنے رب کو دیکھا ہے، امام عبدالرزاق نے حسن بصری سے روایت کی ہے کہ وہ قسم کھا کر کہتے تھے کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے اور امام ابن خزیمہ نے عروہ بن الزبیر سے دیکھنے کی روایت کی ہے اور جب کوئی ان سے یہ کہتا کہ حضرت عائشہ نے دیکھنے کا انکار کیا ہے تو وہ اس پر بہت سختی کرتے تھے۔ حضرت ابن عباس کے تمام اصحاب اسی کے قائل تھے، کعب احبار، زہری، معمر اور دوسروں نے اسی پر وثوق کیا ہے اور یہی امام اشعری اور ان کے اکثر متبعین کا قول ہے، پھر ان کا اس میں اختلاف ہے کہ آپ نے آنکھوں سے اپنے رب کو دیکھا یا دل سے دیکھا، اور امام احمد کے اس مسئلہ میں دو قول ہیں، میں کہتا ہوں کہ حضرت ابن عباس کے اس مسئلہ میں مطلق اقوال بھی ہیں اور مقید بھی یعنی یہ قول بھی ہے کہ آپ نے اپنے رب کو دیکھا ہے اور یہ قول بھی ہے کہ آپ نے اپنے رب کو دل سے دیکھا ہے، اس لیے مطلق اقوال کو مقید پر محمول کرنا ضروری ہے بلکہ ان سے زیادہ صراحت کے ساتھ امام ابن مردویہ نے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کو اپنی آنکھ سے نہیں دیکھا بلکہ اپنے دل سے دیکھا ہے اور اس طریقہ پر حضرت ابن عباس کی جو اثبات رؤیت کی روایت ہے اور حضرت عائشہ کی نفی رویت کی جو روایت ہے ان میں تطبیق دینا ممکن ہے بایں طور کہ حضرت عائشہ کی نفی رویت کی روایت کو رویت بصر پر محمول کیا جائے اور حضرت ابن عباس کی اثبات رویت کی روایت کو رویت قلب پر محمول کیا جائے اور رویت قلب کا معنی یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب میں اللہ تعالیٰ نے ایسی چیز پیدا کر دی تھی جس سے آپ اپنے قلب سے اس طرح دیکھتے تھے جس طرح دوسرے لوگ آنکھوں سے دیکھتے تھے اور ہر چند کہ عادتاً انسان اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہے لیکن عقل کے نزدیک رویت آنکھوں کے ساتھ خاص نہیں ہے، امام ابن خزیمہ نے امام احمد سے روایت کیا ہے کہ آپ نے اپنے رب کو قلب سے دیکھا اور آنکھ سے نہیں دیکھا۔

علامہ قرطبی نے المفہم میں توقف کے قول کو راجح قرار دیا ہے اور اس کو محققین کی ایک جماعت کی طرف منسوب کیا ہے اور یہ کہا ہے

Marfat.com

کہ اس مسئلہ میں کوئی دلیل قطعی نہیں ہے اور دونوں فریق ظواہر نصوص سے استدلال کرتے ہیں جو باہم متعارض ہیں اور تاویل کی گنجائش رکھتی ہیں اور یہ مسئلہ عملیات سے نہیں ہے اس لیے اس میں دلائل ظنیہ کافی ہیں، دلائل قطعیہ کی ضرورت صرف معتقدات میں ہوتی ہے اور امام ابن خزیمہ نے کتاب التوحید میں اثبات رویت کو ترجیح دی ہے اور جن علماء نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے رویت کو ثابت کیا ہے ان میں امام احمد ہیں، المروزی بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام احمد سے پوچھا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا رویت کی نفی کرتی تھیں، آپ ان کے قول کو کس دلیل سے رد کریں گے تو انہوں نے جواب دیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد سے کہ میں نے اپنے رب کو دیکھا ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے قول پر راجح اور فائق ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۳۴، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

میں کہتا ہوں کہ اس سلسلے میں واضح حدیث امام مسلم نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا: کیا آپ نے اپنے رب کو دیکھا ہے؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ (خالق) نور ہے اور میں نے اس کو جہاں سے بھی دیکھا وہ نور ہی نور ہے۔ (صحیح مسلم: ۳۲۲، سنن الترمذی: ۳۲۹۳)

۲۔ بَابٌ: فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى ۝ (النجم: ۹)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تو وہ (نبی، اللہ سے) دو کمانوں کی مقدار قریب ہو گئے یا اس سے بھی زیادہ ۝ (النجم: ۹) کی تفسیر

یعنی (اللہ اور رسول میں) اتنا فاصلہ رہ گیا تھا جتنا کمان اور اس کے وتر (اس کی تانت) میں ہوتا ہے۔

۴۸۵۶۔ حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ زِرًّا عَنْ عَبْدِ اللهِ ﴿فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى ۝ فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهٖ مَا أَوْحٰى ۝﴾ (النجم: ۹۔۱۰) قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ مَسْعُودٍ أَنَّهُ رَأَى جِبْرِيلَ لَهُ سِتُّ مِائَةِ جَنَاحٍ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابوالنعمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالواحد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الشیبانی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے زر سے سنا از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ، انہوں نے اس آیت کے متعلق کہا: فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى ۝ فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهٖ مَا أَوْحٰى ۝ (النجم: ۹۔۱۰) (تو وہ (نبی، اللہ سے) دو کمانوں کی مقدار قریب ہو گئے یا اس سے بھی زیادہ ۝) پھر اللہ نے اپنے مقدس بندے کی طرف وحی فرمائی جو بھی وحی فرمائی ۝ زر نے کہا: ہمیں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا، ان کے چھ سو (۶۰۰) پر تھے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۲۳۲ میں گزر چکی ہے۔

علامہ عینی نے لکھا ہے کہ امام نسائی کی روایت میں ہے، ان کے پروں سے مختلف رنگوں کے موتی اور یاقوت جھڑ رہے تھے۔

۳۔ بَابٌ: فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهٖ مَا أَوْحٰى ۝ (النجم: ۱۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پھر اللہ نے اپنے بندے کی طرف وحی فرمائی جو بھی وحی فرمائی ۝ (النجم: ۱۰) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

Marfat.com

یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف وحی فرمائی اور حسن بصری، ربیع اور ابن زید نے کہا: اس کا معنی ہے: پس حضرت جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف وہ وحی فرمائی جو ان کی طرف ان کے رب نے وحی فرمائی تھی، اور سعید بن جبیر سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف یہ وحی فرمائی:

اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝ (الضحیٰ:۶) کیا اس نے آپ کو یتیم نہیں پایا، پھر آپ کو ٹھکانا دیا ○

اور یہ آیت:

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ (الم نشرح:۴) اور ہم نے آپ کی خاطر آپ کا ذکر بلند کر دیا ○

دوسرا قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف یہ وحی فرمائی کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء سابقین علیہم الصلوٰۃ والسلام پر جنت میں دخول کو حرام فرما دیا ہے حتیٰ کہ آپ جنت میں داخل ہو جائیں اور امتوں پر جنت میں دخول کو حرام کر دیا ہے حتیٰ کہ آپ کی امت جنت میں داخل ہو جائے۔

۴۸۵۷۔ حَدَّثَنَا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ قَالَ سَأَلْتُ زِرًّا عَنْ قَوْلِهِ تَعَالَى ﴿فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۝ فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰى ۝﴾ (النجم:۹۔۱۰) قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ أَنَّ مُحَمَّدًا صلی اللہ علیہ وسلم رَأَى جِبْرِيلَ لَهُ سِتُّ مِائَةِ جَنَاحٍ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں طلق بن غنام نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں زائدہ نے حدیث بیان کی از الشیبانی، انہوں نے کہا: میں نے زر سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے متعلق سوال کیا: فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۝ فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰى ۝ (النجم:۹۔۱۰) پھر وہ (اللہ، نبی سے) دو کمانوں کی مقدار قریب ہو گئے یا اس سے بھی زیادہ ○ پھر اللہ نے اپنے مقدس بندے کی طرف وحی فرمائی جو بھی وحی فرمائی ○ انہوں نے کہا کہ ہمیں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا جن کے چھ سو (۶۰۰) پر تھے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۲۳۲ میں گزر چکی ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود کے مذہب کے مطابق سورۂ النجم: ۱۰۔۸ کے معنی

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث کا حاصل یہ ہے کہ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا بھی یہی مذہب تھا کہ معراج کی شب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس کو دیکھا تھا وہ حضرت جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام تھے، جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا مذہب ہے اور حضرت ابن مسعود کی رائے کے موافق اس آیت کا معنی یہ ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اللہ تعالیٰ کے مقدس بندہ کی طرف وحی کی یعنی اللہ کی وحی پہنچائی کیونکہ وہی آپ کے زیادہ قریب ہوئے، پھر اور زیادہ قریب ہوئے حتیٰ کہ دو کمانوں کی مقدار قریب ہو گئے، پھر انہوں نے اللہ کے مقدس بندہ کی طرف وحی پہنچائی جو پہنچائی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۸۷، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۔ بَابٌ: لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ۝ (النجم:۱۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک (اس نبی نے) اپنے رب کی نشانیوں میں سے سب سے بڑی نشانی کو ضرور

Marfat.com

دیکھاO (النجم:۱۸) کی تفسیر

اپنے رب کی سب سے بڑی نشانی کا مصداق

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

یعنی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنت کے سبز قالین کو دیکھا جس نے آسمان کے کناروں کو بھر لیا تھا، ضحاک نے کہا: اس سے مراد سدرۃ المنتہیٰ ہے اور مقاتل سے منقول ہے کہ آپ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو اس صورت میں دیکھا جس صورت میں وہ آسمانوں میں ہیں، ایک قول ہے کہ اس سے مراد معراج ہے اور آپ نے اس رات کے سفر کی ابتداء اور انتہاء اور واپس آنے کے درمیان جو کچھ دیکھا ہے۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۲۸۷)

۴۸۵۸۔ حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنه ﴿لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى۝﴾ (النجم:۱۸) قَالَ رَأَى رَفْرَفًا أَخْضَرَ قَدْ سَدَّ الْأُفُقَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں قبیصہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از اعمش از ابراہیم از علقمہ از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ انہوں نے اس آیت کی تفسیر میں کہا: لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى۝ (النجم:۱۸) بے شک (اس نبی نے) اپنے رب کی نشانیوں میں سے سب سے بڑی نشان کو ضرور دیکھاO حضرت ابن مسعود نے کہا: اس سے مراد جنت کا سبز قالین ہے جس نے آسمان کے کناروں کو بھر لیا تھا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۲۳۲ میں گزر چکی ہے۔

رفرف کی تعریف میں متعدد اقوال

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی ۸۵۵ھ رفرف کے متعلق لکھتے ہیں:

اس حدیث میں مذکور ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے رفرف کو دیکھا اور اس سے پہلی حدیث میں یہ مذکور تھا کہ آپ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا جن کے چھ سو پر تھے۔ بہ ظاہر یہ دونوں حدیثیں متعارض ہیں لیکن امام نسائی کی روایت سے مراد واضح ہو جاتی ہے، انہوں نے از عبدالرحمٰن بن عبداللہ از حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ یہ روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو رفرف پر دکھایا جس نے آسمان اور زمین سب چیزوں کو بھر لیا تھا ان دونوں حدیثوں میں تطبیق اس طرح ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام موصوف ہیں اور ان کی صفت یہ ہے کہ وہ رفرف پر تھے اور رفرف سے مراد حلہ ہے یعنی حضرت جبرئیل علیہ السلام حلہ پہنے ہوئے تھے اور امام ترمذی نے از عبدالرحمٰن بن یزید از حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ یہ روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو رفرف کا حلہ پہنے ہوئے دیکھا، انہوں نے آسمان اور زمین کے درمیان سب چیزوں کو بھر لیا تھا اور انہوں نے کہا: یہ حدیث صحیح ہے اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ (الرحمٰن:۷۶) متقین سبز قالینوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے۔

رفرف اصل میں باریک ریشم ہے جس کی خوبصورت بناوٹ ہو، پھر پردہ پر اس کا استعمال مشہور ہو گیا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ رفرف وہ پرندہ ہے جو اپنے پروں کو پھیلا لے، علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ رفرف چادر ہے اور ایک قول یہ ہے کہ وہ فرش ہے اور ایک قول یہ ہے کہ وہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کا لباس تھا، میں کہتا ہوں: دوسری حدیث میں ہے کہ آپ نے حضرت جبرئیل علیہ الصلاۃ

Marfat.com

والسلام کو رفرف کے دو حلوں میں دیکھا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے متکئین علی رفرف کی تفسیر میں فرمایا کہ یہ جنت کے باغات ہیں اور یہ لفظ رفرفہ کی جمع ہے اور الرفارف جمع الجمع ہے اور ان سے دوسری تفسیر یہ ہے کہ رفرف سے مراد بیٹھنے کی جگہیں اور بستر ہیں اور قتادہ اور ضحاک سے منقول ہے کہ رفرف عرش کے اوپر سبز بیٹھنے کی خوب صورت جگہیں (یعنی سبز قالین) ہیں، اور علامہ قرطبی نے کہا کہ رفرف سے مراد بستر ہے اور ایک قول یہ ہے کہ عرب ہر لمبے، چوڑے کپڑے کو رفرف کہتے ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۸۸۔۲۸۷، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۵۔ بَابٌ: اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ⑲

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: کیا تم نے لات اور عزیٰ کو (بہ غور) دیکھا ○ (النجم:۱۹) کی تفسیر

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

علامہ ثعلبی نے کہا ہے کہ اللات کا لفظ لفظ اللہ سے ماخوذ ہے، پھر اس کے ساتھ تانیث کی تا ملا دی گئی ہے تو یہ مونث کا صیغہ ہو گیا جیسے کسی مرد کو عَمْرو کہا جائے، پھر مونث کے لیے عمرۃ کہا جائے، دوسرا قول یہ ہے کہ کفار نے یہ ارادہ کیا کہ اپنے باطل الٰہ کا نام اللہ کے نام کے ساتھ رکھیں تو اللہ تعالیٰ نے لفظ اللہ کو محفوظ رکھنے اور اس کی حرمت کی حفاظت کرنے کے لیے اس لفظ کو اللات کی طرف منصرف کر دیا اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ اللات طائف میں پتھر کی ایک چٹان کا نام ہے اور ابن زید سے منقول ہے اللات ایک گھر میں کھجور کا ایک درخت تھا جس کی قریش عبادت کرتے تھے اور العزیٰ ایک دوسرا درخت تھا جس کی قبیلہ غطفان عبادت کرتا تھا یہ مجاہد کا قول ہے، علامہ عینی فرماتے ہیں: میں کہتا ہوں: یہ ہی وہ درخت ہے جس کو کاٹنے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید کو بھیجا تھا اور انہوں نے اس درخت کو کاٹ دیا تھا، الضحاک سے منقول ہے کہ اللات غطفان کا بت تھا جس کو ان کے لیے سعد بن ظالم الغطفانی نے رکھا تھا اور ابن زید سے منقول ہے کہ یہ طائف میں ایک گھر تھا جس کی ثقیف عبادت کرتے تھے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۸۸، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۵۹۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَشْهَبِ حَدَّثَنَا أَبُو الْجَوْزَاءِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما فِي قَوْلِهِ اللَّاتَ وَالْعُزَّى كَانَ اللَّاتُ رَجُلًا يَلُتُّ سَوِيقَ الْحَاجِّ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں مسلم بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابوالاشہب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابوالجوزاء نے حدیث بیان کی از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما انہوں نے اللات اور العزیٰ کی تفسیر میں کہا: اللات ایک مرد تھا جو حجاج کے لیے ستو گھولتا تھا۔

اللات کے ماخذ اشتقاق میں متعدد اقوال

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

حضرت ابن عباس نے اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ⑲ (النجم:۱۹) کیا تم نے لات اور عزیٰ کو (بہ غور) دیکھا ○ اس کی تفسیر میں فرمایا کہ لات ایک مرد تھا جو حجاج کے لیے ستو گھولتا تھا۔ یہ حدیث حضرت ابن عباس پر موقوف ہے۔ الزجاج نے کہا ہے: ان کا زعم یہ ہے کہ ایک مرد ستو گھولتا تھا اور اس کو ایک بت کے پاس بیچتا تھا تو اس بت کا نام اللات رکھ دیا گیا۔

غرر البیان میں مذکور ہے کہ اللات لوی کا فعل ہے لانہم کانوا یلوون علیہا یعنی وہ اس بت کے گرد طواف کرتے تھے۔ علامہ

Marfat.com

سہیلی نے حضرت ابن عباس کے قول کی تفسیر میں کہا ہے کہ ایک مرد حجاج کے آٹے پر ستو گھولتا تھا اور عرب اس مرد کی تعظیم کرتے تھے کیونکہ وہ ہر حج کے موقع پر لوگوں کو ستو کھلاتا تھا، کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عمرو بن لحی تھا اور دوسرا قول یہ ہے کہ اس کا نام ربیعہ بن حارثہ تھا۔ اور وہ خزاعہ کا والد تھا اور اس نے بہت طویل عمر پائی، جب وہ مر گیا تو جس جگہ وہ ستو گھولتا تھا وہاں ایک عبادت گاہ بنالی، پھر ان پر یہ منکشف ہوا کہ جس چٹان پر وہ بیٹھتا تھا وہاں ایک بت بنا کر رکھ دیا جائے اور اس کا نام اللات رکھ دیا جائے اور یہ لفظ اللاتی سے ماخوذ ہے یعنی لت السویق سے جس کا معنی ستو گھولنا ہے اور وہ بت طائف میں تھا، دوسرا قول یہ ہے کہ وہ طائف کے راستہ میں تھا ایک اور قول یہ ہے کہ وہ مکہ میں تھا، قتادہ نے کہا کہ وہ ایک کھجور کے درخت کے پاس تھا۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۸۹۔۲۸۸، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۶۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مَنْ حَلَفَ فَقَالَ فِي حَلِفِهِ وَاللَّاتِ وَالْعُزَّى فَلْيَقُلْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَمَنْ قَالَ لِصَاحِبِهِ تَعَالَ أُقَامِرْكَ فَلْيَتَصَدَّقْ

(صحیح البخاری: ۶۱۰۷، ۶۳۰۱، ۶۶۵۰، صحیح مسلم: ۱۶۴۷، سنن ابو داؤد: ۳۲۴۷، سنن ترمذی: ۱۵۴۳، سنن ابن ماجہ: ۲۰۹۶)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشام بن یوسف نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں معمر نے خبر دی از الزہری از حمید بن عبدالرحمن از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے حلف اٹھایا اور اپنے حلف میں کہا: اللات اور العزیٰ کی قسم! اسے چاہیے کہ وہ کہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ اور جس شخص نے اپنے ساتھی سے کہا: آؤ میں تمہارے ساتھ جوا کھیلتا ہوں تو اسے چاہیے کہ وہ صدقہ کرے۔

اللات کی قسم کھانے سے تکفیر کی توجیہ، بت کی قسم کھانے سے قسم کے منعقد ہونے یا نہ ہونے میں مذاہب فقہاء

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

علامہ خطابی نے کہا ہے: قسم اس معبود کی کھائی جاتی ہے جس کی تعظیم کی جاتی ہو، پس جب کسی شخص نے اللات اور العزیٰ کی قسم کھائی تو گویا اس نے ان بتوں کو ایسا معبود قرار دیا جن کی تعظیم کی جاتی ہو، سو وہ اللات اور العزیٰ کی قسم کھانے سے اس عمل میں کفار کے مشابہ ہو گیا تو آپ نے اس کے تدارک اور تلافی کے لیے فرمایا کہ کلمہ توحید پڑھے اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ کہے۔

جس شخص نے اپنے ساتھی سے کہا: آؤ میں تمہارے ساتھ جوا کھیلتا ہوں تو رسول اللہ ﷺ نے اس شخص کے متعلق فرمایا: اس کو صدقہ کرنا چاہیے، یعنی جس مال سے وہ جوا کھیلنا چاہتا تھا اس مال کو وہ اللہ کی راہ میں صدقہ کرے، دوسرا قول یہ ہے کہ اس کو چاہیے کہ وہ اپنے مال سے صدقہ کرے تاکہ وہ صدقہ جوئے کی دعوت دینے والے قول کا کفارہ ہو جائے۔

علامہ نووی نے لکھا ہے کہ ہمارے اصحاب نے یہ کہا ہے: جب کوئی شخص اللات یا کسی اور بت کی قسم کھائے یا اس نے کہا: اگر میں نے فلاں کام کیا تو میں اس کے بعد یہودی ہوں گا یا نصرانی ہوں گا یا اسلام سے بری ہوں گا یا سیدنا رسول اللہ ﷺ سے بری ہوں گا یا اس طرح کی کوئی اور بات کہے تو اس کی قسم منعقد نہیں ہوگی اور اس پر لازم ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے استغفار کرے اور کہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ اور اس کے سوا اس کے پاس اور کوئی کفارہ نہیں ہے، یہ امام شافعی، امام مالک اور جمہور علماء کا مذہب ہے، اور امام ابو حنیفہ نے یہ کہا ہے: ان میں سے ہر صورت میں اس پر کفارہ لازم ہے سوا اس کے کہ اس نے یوں کہا ہو کہ اگر میں نے فلاں کام کیا تو میں بدعتی ہوں یا رسول اللہ ﷺ سے بری ہوں یا یہودی ہوں، علامہ نووی کی عبارت ختم ہوئی۔

Marfat.com

اور فتاویٰ الظہیریہ میں مذکور ہے: اگر اس نے کہا کہ اگر اس نے فلاں کام کیا تو وہ یہودی ہوگا یا اسلام سے بری ہوگا تو ہمارے نزدیک اس کا یہ قول قسم ہے، پھر جب اس نے وہ کام کرلیا تو آیا وہ کافر ہو جائے گا؟ تو اس کی دو صورتیں ہیں: اگر اس نے ان الفاظ کے ساتھ قسم کھائی اور اس قسم کو فعل ماضی کے ساتھ معلق کیا اور قسم کھاتے وقت اس کو معلوم تھا کہ وہ جھوٹا ہے تو اس میں اختلاف ہے، بعض علماء نے کہا: وہ کافر نہیں ہوگا اور نہ اس پر کفارہ لازم ہے اور شیخ الاسلام خواہر زادہ کا اسی طرف میلان ہے اور اگر اس نے ان الفاظ کے ساتھ مستقبل کے کسی کام پر قسم کھائی تو بعض علماء نے کہا: وہ کافر نہیں ہوگا لیکن اس پر قسم کا کفارہ لازم ہے اور صحیح وہ ہے جس کو علامہ السرخسی نے کہا ہے، انہوں نے کہا کہ اگر قسم کھانے والے کا اعتقاد یہ ہو کہ اگر اس نے ماضی کے کسی کام پر قسم کھائی تو وہ کافر ہوگا، پس وہ اسی وقت کافر ہو جائے گا اور اگر اس کے اعتقاد میں یہ نہ ہو تو وہ کافر نہیں ہوگا خواہ اس کی قسم مستقبل کے کسی کام پر ہو یا ماضی کے کسی کام پر۔

اقامرك یہ لفظ باب مفاعلہ سے ہے یعنی قامرہ یقامرہ قمارًا جب ان میں سے ہر ایک کی طلب یہ ہو کہ وہ اپنے صاحب پر قول یا عمل میں غالب آ کر اس کا تمام مال لے لے گا اور یہ بالاجماع حرام ہے۔

فلیتصدق: یعنی اس کو صدقہ کرنا چاہیے، اور امام مسلم کی روایت میں ہے: اسے کوئی چیز صدقہ کرنی چاہیے، علماء نے کہا ہے: ہمیں صدقہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے تا کہ اس کے کلام میں جو معصیت تھی وہ صدقہ اس کی خطا کا کفارہ ہو جائے۔

علامہ خطابی نے کہا ہے: اگر وہ ایک دینار کے ساتھ جوا کھیلنے کا ارادہ رکھتا تھا تو اس دینار کو صدقہ کر دے اور یہی امام اوزاعی کا قول ہے اور علامہ نووی رحمہ اللہ نے کہا ہے کہ صحیح یہ ہے کہ اس کو جتنی رقم آسانی سے میسر ہو اس کو صدقہ کر دے اور ''التلویح'' میں بعض احناف سے منقول ہے کہ فلیتصدق سے مراد ہے: وہ قسم کا کفارہ ادا کرے، بعض علماء نے کہا ہے کہ اس کلام سے اس کی قسم منعقد ہو جائے گی اور جب قسم منعقد ہوئی تو اس پر اس کا کفارہ واجب ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۹۰۔۲۸۹، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۶۔ بَابٌ: وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْأُخْرٰى ۝ (النجم: ۲۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اس تیسری ایک اور دیوی منات کو ○ (النجم: ۲۰) کی تفسیر

۴۸۶۱۔ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ سَمِعْتُ عُرْوَةَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ رضی الله عنها فَقَالَتْ إِنَّمَا كَانَ مَنْ أَهَلَّ بِمَنَاةَ الطَّاغِيَةِ الَّتِي بِالْمُشَلَّلِ لَا يَطُوفُونَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَأَنْزَلَ اللهُ تَعَالَى ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللهِ﴾ (البقرہ: ۱۵۸) فَطَافَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَالْمُسْلِمُونَ قَالَ سُفْيَانُ مَنَاةُ بِالْمُشَلَّلِ مِنْ قُدَيْدٍ وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ عُرْوَةُ قَالَتْ عَائِشَةُ نَزَلَتْ فِي الْأَنْصَارِ كَانُوا هُمْ وَغَسَّانُ قَبْلَ أَنْ يُسْلِمُوا يُهِلُّونَ لِمَنَاةَ مِثْلَهُ وَقَالَ مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ كَانَ رِجَالٌ مِنَ الْأَنْصَارِ مِمَّنْ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحمیدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الزہری نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے عروہ سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا--- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ جو شخص لوگ مشلل میں گمراہ منات (بت) کا احرام باندھتے تھے (یعنی زمانہ جاہلیت میں تو وہ اسلام لانے کے بعد) صفا اور مروہ میں طواف یعنی سعی نہیں کرتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللهِ (البقرہ: ۱۵۸) (بے شک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں)، پس بے شک رسول اللہ ﷺ نے اور مسلمانوں نے صفا اور مروہ میں طواف کیا یعنی سعی کی، سفیان نے

Marfat.com

كَانَ يُهِلُّ لِمَنَاةَ وَمَنَاةُ صَنَمٌ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ قَالُوا يَا نَبِيَّ اللهِ كُنَّا لَا نَطُوفُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ تَعْظِيمًا لِمَنَاةَ نَحْوَهُ۔

کہا: منات مشلل میں قدید کے مقام پر ہے اور عبدالرحمٰن بن خالد نے کہا از ابن شہاب، انہوں نے بیان کیا کہ عروہ نے کہا: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: یہ آیت انصار کے متعلق نازل ہوئی ہے، وہ اور غسان اسلام لانے سے پہلے منات کے نام کا احرام باندھتے تھے اور معمر نے کہا از الزہری از عروہ از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہ انصار کے بعض مرد منات کے لیے احرام باندھتے تھے اور منات مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک بت تھا: انہوں نے کہا: اے اللہ کے نبی (صلی اللہ علیک وسلم!) ہم منات کی تعظیم کی وجہ سے صفا اور مروہ کے درمیان طواف نہیں کرتے، یہ سفیان کی حدیث کی مثل ہے (کیونکہ وہ اسلام سے پہلے منات کی تعظیم کے لیے صفا اور مروہ میں سعی کرتے تھے۔)

عروہ کے اشکال کا حضرت عائشہ کی طرف سے جواب اور منات کی وجہ تسمیہ اور محل وقوع میں متعدد اقوال

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

زہری نے کہا: میں نے عروہ سے سنا، انہوں نے بتایا: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا، اس جگہ کچھ عبارت محذوف ہے، اصل عبارت اس طرح ہے کہ عروہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زوجہ محترمہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا اور میں اس وقت کم عمر تھا: یہ بتایئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا ۖ (البقرہ:۱۵۸)

بے شک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں، سو جس نے بیت اللہ کا حج یا عمرہ کیا اس پر ان دونوں کا طواف (سعی) کرنے میں کوئی گناہ نہیں ہے۔

پس میں نہیں سمجھتا کہ اس شخص پر کوئی گناہ ہوگا جو صفا اور مروہ کی سعی نہ کرے، پس حضرت عائشہ نے کہا: یہ آیت اس شخص کے متعلق ہے جس نے منات کی تعظیم کی وجہ سے احرام باندھا، حضرت عائشہ نے منات الطاغیہ فرمایا، یعنی جن سرکش لوگوں نے منات کی تعظیم کے لیے احرام باندھا، اس منات کی دوسری صفت یہ ہے کہ وہ مشلل میں ہے اور یہ قدید کی ایک جگہ ہے۔

یعنی جو لوگ پہلے اس بت کے لیے حج کرتے تھے وہ صفا اور مروہ کے درمیان حج اور عمرہ میں سعی نہیں کرتے تھے کیونکہ سعی کی جگہ میں اساف اور نائلہ کے دو بت تھے، تب اللہ تعالیٰ نے ان کے رد کے لیے یہ آیت نازل فرمائی:

إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا ۖ (البقرہ:۱۵۸)

بے شک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں، سو جس نے بیت اللہ کا حج یا عمرہ کیا اس پر ان دونوں کا طواف (سعی) کرنے میں کوئی گناہ نہیں ہے۔

پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صفا اور مروہ میں سعی کی اور مسلمانوں نے آپ کے ساتھ ان کے درمیان سعی کی۔

سفیان نے کہا: اس سے مراد سفیان بن عیینہ ہے جس کا اس حدیث میں ذکر ہے۔

اور عبدالرحمٰن بن خالد بن مسافر الفہمی نے کہا: یہ ہشام کی طرف سے ایک سو ستائیس ہجری (۱۲۷) میں مصر کے امیر تھے۔

Marfat.com

انصار اور قبیلہ غسان کے لوگ اسلام لانے سے پہلے منات کی تعظیم کے لیے احرام باندھتے تھے، یہ سفیان بن عیینہ کی حدیث کی مثل ہے، منات مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک بت تھا یعنی منات اس بت کا نام ہے جو مکہ اور مدینہ کے درمیان تھا، یہ بت خزاعہ اور ہزیل کا تھا، اس کا نام منات اس لیے رکھا گیا کہ جانوروں کا خون اس بت پر بہایا جاتا تھا اور عربی میں بہائے جانے کے لیے یمنی کا لفظ ہے اور اسی کی مناسبت سے منات کا نام ہے۔

اور تفسیر ابن عباس میں مذکور ہے کہ منات ساحل سمندر پر ایک بت تھا جس کی پرستش کی جاتی تھی اور تفسیر عبدالرزاق میں قتادہ سے روایت ہے کہ اہل طائف کے بت کا نام اللات تھا اور قریش کے بت کا نام عزیٰ تھا اور انصار کے بت کا نام منات تھا اور ابن زید سے منقول ہے کہ مشلل میں منات کا ایک گھر تھا جس کی بنو کعب عبادت کرتے تھے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ پتھر کے بتوں کا نام منات تھا جو کعبہ کے اندر رکھے ہوئے تھے اور قریش ان کی پرستش کرتے تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۹۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حدیث مذکور اور علامہ عینی کی شرح کی وضاحت از مصنف

میں کہتا ہوں: اس حدیث کا خلاصہ یہ ہے کہ عروہ کو یہ شبہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے کہ جو صفا اور مروہ کے درمیان طواف نہ کرے اسے کوئی گناہ نہیں ہوگا حالانکہ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنا حج میں واجب ہے، حضرت عائشہ نے ان کو سمجھایا اگر بات اس طرح ہوتی جس طرح تم کہہ رہے ہو تو اللہ تعالیٰ یوں فرماتا: جو صفا اور مروہ کے درمیان سعی نہ کرے اس پر کوئی گناہ نہیں ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ نے یوں فرمایا ہے: جو صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرے اس پر کوئی گناہ نہیں ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ انصار اور غسان کے قبیلے اسلام لانے سے پہلے منات کی تعظیم کے لیے احرام باندھتے تھے اور صفا اور مروہ میں ان کی تعظیم کے لیے سعی کرتے تھے، پھر اسلام لانے کے بعد انہوں نے صفا اور مروہ کے درمیان سعی کو مکروہ سمجھا کیونکہ یہ سعی تو وہ قبل از اسلام منات کی تعظیم کے لیے کرتے تھے، حضرت عائشہ نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ صفا اور مروہ تو اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں، سو جو بیت اللہ کا حج کرے یا عمرہ کرے اس کے لیے صفا اور مروہ کے درمیان طواف یا سعی کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی صفا اور مروہ کے درمیان سعی کی ہے اور مسلمانوں نے بھی ان کے درمیان سعی کی ہے۔

۷۔ بَابٌ: فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿۶۲﴾ (النجم: ۶۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سو اللہ کے لیے سجدہ کرو اور اس کی عبادت کرو ○ (النجم: ۶۲) کی تفسیر

۴۸۶۲۔ حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاس رضی الله عنهما قَالَ سَجَدَ النَّبِيُّ ﷺ بِالنَّجْمِ وَسَجَدَ مَعَهُ الْمُسْلِمُونَ وَالْمُشْرِكُونَ وَالْجِنُّ وَالْإِنْسُ تَابَعَهُ إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ أَيُّوبَ وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنُ عُلَيَّةَ ابْنَ عَبَّاسٍ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابو معمر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالوارث نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ایوب نے حدیث بیان کی از عکرمہ از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورۃ النجم کا سجدہ کیا اور آپ کے ساتھ مسلمین، مشرکین، جن اور انس نے سجدہ کیا، عبدالوارث کی ابراہیم بن طہمان نے متابعت کی ہے از ایوب اور ابن علیہ نے حضرت ابن عباس کا ذکر نہیں کیا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۰۷۱ میں گزر چکی ہے۔

Marfat.com

مسلمانوں کے ساتھ مشرکین کے سجدہ کرنے کی توجیہ

علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ مشرکین نے اس لیے سجدہ کیا کیونکہ یہ پہلی آیت سجدہ تھی جو نازل ہوئی تھی تو انہوں نے ارادہ کیا کہ وہ اپنے معبود کے لیے سجدہ کر کے مسلمانوں سے معارضہ کریں یا انہوں نے بلاقصد یہ سجدہ کرلیا تھا یا وہ اس مجلس میں مسلمانوں کی مخالفت کرنے سے ڈرے، اس سلسلہ میں ایک قول یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قراءت کے دوران شیطان نے یہ دو جملے القاء کر دیئے تھے:

تلك الغرانيق العلى منها الشفاعة ترتجى

یہ اونچی اڑان والے پرندے ان کی شفاعت کی امید کی گئی ہے

سو یہ قول عقلاً صحیح ہے نہ نقلاً۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۹۲)

اس کی پوری تفصیل اور تحقیق سورۃ الحج کی تفسیر میں گزر چکی ہے۔

۴۸۶۳۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ أَخْبَرَنِي أَبُو أَحْمَدَ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنه قَالَ أَوَّلُ سُورَةٍ أُنْزِلَتْ فِيهَا سَجْدَةٌ وَالنَّجْمِ قَالَ فَسَجَدَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَسَجَدَ مَنْ خَلْفَهُ إِلَّا رَجُلًا رَأَيْتُهُ أَخَذَ كَفًّا مِنْ تُرَابٍ فَسَجَدَ عَلَيْهِ فَرَأَيْتُهُ بَعْدَ ذَلِكَ قُتِلَ كَافِرًا وَهُوَ أُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں نصر بن علی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے ابو احمد نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں اسرائیل نے حدیث بیان کی از ابی اسحاق از الاسود بن یزید از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ، انہوں نے بیان کیا کہ جس پہلی سورت میں آیت سجدہ نازل ہوئی وہ النجم ہے، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا اور آپ کے پیچھے ایک شخص کے سوا سب نے سجدہ کیا، میں نے اس شخص کو دیکھا اس نے اپنی ہتھیلی میں مٹی اٹھائی اور اس پر سجدہ کیا، پس میں نے بعد میں دیکھا وہ شخص حالت کفر میں قتل کیا گیا اور وہ شخص امیہ بن خلف تھا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۰۶۷ میں گزر چکی ہے۔

حافظ ابن حجر کا علامہ کرمانی سے مناقشہ اور اس پر علامہ عینی کے اعتراضات

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ مشرکین نے مسلمانوں کے ساتھ اس لیے سجدہ کیا کہ یہ پہلی آیت سجدہ تھی تو انہوں نے اپنے معبود کے لیے سجدہ کر کے مسلمانوں سے معارضہ کیا۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے کہ علامہ کرمانی نے اس کو قاضی عیاض سے نقل کیا ہے، علامہ عینی نے لکھا: حافظ ابن حجر نے اس پر اعتراض کی وجہ بیان نہیں کی، علامہ کرمانی نے لکھا یا انہوں نے بالقصد سجدہ کیا، حافظ ابن حجر نے کہا: یہ حضرت ابن مسعود کی اس روایت کے خلاف ہے کہ اس نے اپنی ہتھیلی میں مٹی اٹھا کر اس پر سجدہ کرلیا، علامہ عینی اس کو رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اس اعتراض سے یہ احتمال دور نہیں ہوتا کہ انہوں نے بلاقصد سجدہ کیا تھا، علامہ کرمانی نے تیسری وجہ یہ بیان کی ہے: مشرکین نے اس لیے سجدہ کیا تھا کہ وہ مسلمانوں کی مخالفت سے ڈرتے تھے، حافظ ابن حجر نے اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ یہ احتمال بہت بعید ہے اس لیے کہ اس وقت مسلمان مشرکین سے ڈرتے تھے نہ کہ مشرکین مسلمانوں سے ڈرتے تھے کیونکہ وہ دین کے دشمن تھے اور مسلمانوں کو ہلاک کرنے کا قصد کرتے تھے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۳۹، عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۹۲)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ النجم کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کیں تھی ان کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ سورۃ اقتربت الساعۃ یعنی سورۃ القمر کی تفسیر شروع کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۵۴۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ اقْتَرَبَتِ السَّاعَۃُ

سُوْرَۃُ اقْتَرَبَتِ السَّاعَۃُ (سورۃ القمر) کی تفسیر

سُوْرَۃُ اقْتَرَبَتِ السَّاعَۃُ (سورۃ القمر) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورت اقتربت الساعۃ کی بعض آیات کی تفسیر ہے اور اس سورت کا نام سورۃ القمر بھی ہے، مقاتل نے کہا: یہ پوری سورت مکی ہے سوا تین آیتوں کے: (۱) اَمْ یَقُوْلُوْنَ نَحْنُ جَمِیْعٌ مُّنْتَصِرٌ ۝ (القمر:۴۴) (۲) وَالسَّاعَۃُ اَدْھٰی وَ اَمَرُّ ۝ (القمر:۴۶) (۳) سَیُھْزَمُ الْجَمْعُ (القمر:۴۵)، یہ آیت اس وقت نازل ہوئی تھی جب بدر کے دن ابوجہل بن ہشام کو قتل کر دیا تھا، اس سورت میں پچپن (۵۵) آیات ہیں۔

اقتربت الساعۃ کا معنی ہے: قیامت قریب آ پہنچی ہے۔

قَالَ مُجَاھِدٌ مُسْتَمِرٌّ ذَاھِبٌ۔ اور مجاہد نے کہا: مُسْتَمِر: کا معنی ہے: جانے والا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاِنْ یَّرَوْا اٰیَۃً یُّعْرِضُوْا وَیَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ۝ (القمر:۲) اور (کافر) اگر کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو پیٹھ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں: یہ تو وہ جادو ہے جو پیچھے سے چلا آ رہا ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مستمر کی تفسیر کی ہے: ذَاھِبٌ یعنی جانے والا، اسی طرح امام عبدالرزاق کی حضرت انس سے روایت ہے۔ کتب تفسیر میں مذکور ہے: جو عنقریب چلا جائے اور باطل ہو جائے، اور ضحاک سے مروی ہے: اس کا معنی ہے: محکم اور بہت قوی ہے، اور قتادہ سے منقول ہے: اس کا معنی ہے: غالب اور ربیع سے منقول ہے: اس کا معنی ہے، نافذ اور امام ابوعبیدہ سے منقول ہے: اس کا معنی ہے، باطل۔

مُزْدَجَرٌ مُتَنَاہٍ۔ مُزْدَجَرٌ کا معنی ہے: متناہی یعنی انتہائی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَقَدْ جَآءَھُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِیْہِ مُزْدَجَرٌ ۝ (القمر:۴) اور بے شک ان کے پاس ایسی خبریں آ چکی ہیں جن میں (شرک پر) سرزنش ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مزدجر کی تفسیر کی ہے: انتہائی یعنی ڈانٹ ڈپٹ جس پر اور اضافہ نہیں ہو سکتا، اسی طرح قتادہ نے اس کی تفسیر کی ہے یعنی تمہارے پاس گزشتہ امتوں کے عذاب کی انتہائی خبریں آ چکی ہیں اور مزدجر کا لفظ اصل میں مُزْتَجَرٌ تھا، تاء کو دال سے تبدیل کر دیا گیا۔

وَازْدُجِرَ فَاسْتَطِیْرَ جُنُوْنًا۔ وَازْدُجِرَ اس کا معنی ہے: وہ جنون کی وجہ سے ڈرایا گیا ہے۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ فَكَذَّبُوا عَبْدَنَا وَ قَالُوا مَجْنُونٌ وَّازْدُجِرَ ۝ (القمر:۹)

اس سے پہلے نوح کی قوم نے تکذیب کی، سو انہوں نے ہمارے بندے (نوح) کی تکذیب کی اور کہا: یہ دیوانہ ہے اور ان کو جھڑکا گیا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے وَازْدُجِرَ کا معنی کیا ہے: ان کو جنون کی وجہ سے ڈرایا گیا ہے، اور ابن زید نے کہا ہے کہ انہوں نے حضرت نوح علیہ السلام پر تہمت لگائی اور ان کو جھڑکا اور ان کو ڈرایا کہ اگر تم باز نہ آئے تو تم ان لوگوں میں سے ہو جاؤ گے جن کو سنگسار کیا گیا ہے اور الثعلبی نے کہا: اس کا معنی ہے کہ کافروں نے حضرت نوح علیہ السلام کو ان کی دعوت اور تبلیغ پر جھڑکا۔

دُسُرٍ أَضْلَاعُ السَّفِينَةِ۔ دُسُرٍ اس کا معنی ہے: کشتی کی اطراف یعنی کشتی کے تختے اور کیلیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ۝ (القمر:۱۳)

اور ہم نے نوح کو تختوں اور کیلوں والی کشتی پر سوار کر دیا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے دُسُرٍ کی تفسیر کشتی کے اطراف کے ساتھ کی ہے اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ دُسُرٍ کا معنی ہے: کیلیں، دسرت السفینہ اس وقت کہا جاتا ہے جب کشتی کو کیلیں ٹھونک کر مضبوط کر دیا جائے، یہ قتادہ اور ابن زید کا قول ہے، اور حسن بصری سے منقول ہے کہ اس سے مراد کشتی کا اگلا حصہ ہے کیونکہ وہ حصہ پانی کو دھکیلتا ہے اور دسر کا لغوی معنی پھینکنا اور دھکیلنا ہے، العنبر کے متعلق حدیث میں ہے: انما هو شيئ دسره البحر یہ وہ چیز ہے جس کو سمندر نے پھینک دیا۔

لِمَنْ كَانَ كُفِرَ يُقَالُ كُفِرَ لَهُ جَزَاءً مِنَ اللّٰهِ لِمَنْ كَانَ كُفِرَ: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: یہ اللہ کی طرف سے اس کی سزا ہے جو نوح کی ناشکری کی گئی تھی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ۝ (القمر:۱۴)

جو کشتی ہماری آنکھوں کے سامنے چل رہی تھی اس کے صلہ میں جس کے ساتھ کفر کیا گیا تھا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس کی تفسیر کی ہے: یہ اللہ کی طرف سے اس کی سزا ہے جو نوح علیہ السلام کی ناشکری کی گئی تھی اور لہٗ کی ضمیر حضرت نوح علیہ السلام کی طرف راجع ہے یعنی ہم نے حضرت نوح علیہ السلام اور ان کافروں کے ساتھ جو معاملہ کیا کہ آسمان نے بارش برسائی اور زمین نے چشموں سے پانی اگل دیا یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی سزا تھی جو کافروں نے حضرت نوح علیہ السلام اور ان کے اصحاب کے ساتھ سلوک کیا تھا، علامہ نسفی نے کہا ہے کہ یہ ان کے کفر کی سزا ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے ان کافروں کو ان کے کفر کی سزا دی ہے یعنی جنہوں نے اللہ تعالیٰ کا کفر کیا اور قتادہ نے کہا ہے: جنہوں نے حضرت نوح علیہ السلام کی ناشکری کی اس کی وجہ سے ان کافروں کو سزا دی۔

مُحْتَضَرٌ يَحْضُرُونَ الْمَاءَ۔ مُحْتَضَرٌ یعنی وہ پانی پر حاضر ہوں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ۝ (القمر:۲۸)

اور آپ انہیں بتا دیجئے کہ ان کے اور اونٹنی کے درمیان پانی تقسیم کیا گیا ہے، ہر ایک اپنے پانی کی باری پر حاضر ہوگا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی حضرت صالح علیہ السلام کی قوم پانی پر اس وقت حاضر ہوگی جب اونٹنی غائب ہوگی، اسی طرح مجاہد سے

روایت ہے اور کتب تفسیر میں مذکور ہے: یعنی ہر ایک اپنی باری کے لیے حاضر ہوگا یعنی جب اونٹنی کی باری ہوگی تو وہ پانی پر حاضر ہوگی اور جب حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کی باری ہوگی تو وہ پانی پر حاضر ہوں گے۔

وَقَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ مُهْطِعِينَ النَّسَلَانُ الْخَبَبُ السِّرَاعُ۔ اور ابن جبیر نے کہا: مُهْطِعِينَ کا معنی ہے: النسلان یعنی تیز تیز چلنے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مُهْطِعِينَ إِلَى الدَّاعِ ۖ يَقُولُ الْكَافِرُونَ هَٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ۝ (القمر:۸) وہ بلانے والے کی طرف دوڑتے ہوئے آئیں گے، کافر کہیں گے: یہ بہت سخت دن ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: سعید بن جبیر نے کہا: مُهْطِعِينَ کا معنی ہے: دوڑنے والا، اس کا مصدر اھطاع ہے، امام بخاری نے کہا: ہے النسلان یہ مُهْطِعِينَ کی تفسیر ہے یعنی جو تیز تیز چلتے ہیں، پھر امام بخاری نے اس کی تفسیر الخبب کے ساتھ کی ہے، یہ بھی دوڑنے کی ایک قسم ہے: پھر امام بخاری نے اس کی تائید السراع کے ساتھ کی ہے جس کا مصدر المسارعة ہے، حضرت ابن عباس نے مُهْطِعِينَ کی تفسیر ناظرین کے ساتھ کی ہے، یعنی دیکھنے والے اور قتادہ سے منقول ہے: وہ دوڑ کر بلانے والے کی طرف جا رہے ہوں گے اور احمد بن یحییٰ نے کہا: مھطع کا معنی ہے: جو ذلت کے ساتھ اور ڈرتے ہوئے دیکھتا ہے اور داعی یعنی بلانے والے حضرت اسرافیل علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں۔

وَقَالَ غَيْرُهُ فَتَعَاطَى فَعَاطَهَا بِيَدِهِ فَعَقَرَهَا۔ اور دوسروں نے کہا: فَتَعَاطَى کا معنی ہے: فعاطها بیدہ یعنی اس اونٹنی کو ہاتھ سے پکڑا اور اس کی کونچیں کاٹ دیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطَىٰ فَعَقَرَ ۝ (القمر:۲۹) سو انہوں نے اپنے صاحب کو پکارا تو (اس نے اونٹنی کو پکڑ کر) اس کی کونچیں کاٹ دی ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: سعید بن جبیر کے علاوہ دوسروں نے اس آیت کی تفسیر میں کہا کہ فَتَعَاطَى کا معنی ہے کہ اس نے اپنے ہاتھ سے حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کو پکڑ کر اس کی کونچیں کاٹ دیں، علامہ ابن التین نے کہا ہے: امام بخاری نے جو لکھا ہے: فَعَاطَهَا اس کا کوئی معنی نہیں ہے، ہاں! یہ سکتا ہے کہ یہ مقلوب ہو اور اس کے عین کلمہ کو لام کلمہ سے بدل دیا گیا ہو اور اس کا مادہ عوط کے بہ جائے عَطَوٌ ہو تو اس کا معنی ہاتھ سے پکڑنا ہے اور رہا عوط تو اس کا کلام عرب میں کوئی معنی نہیں ہے اور اگر یہ اجوف یائی ہو یعنی عیت سے بنا ہو تو اس کا معنی یہاں موافق نہیں ہے، ابن فارس نے کہا: تعاطی کا معنی ہے: جزا اور بدلہ۔

الْمُحْتَظِرِ كَحِظَارِ مِنَ الشَّجَرِ مُحْتَرِقٍ۔ الْمُحْتَظِرِ: اس کا معنی ہے: وہ درخت کی جلی ہوئی لکڑیوں کی باڑھ کی طرح ہو گئے۔ باڑھ سے مراد ہے: جو چیز آگ کے اور دوسروں کے درمیان رکاوٹ ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَاحِدَةً فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ ۝ (القمر:۳۱) بے شک ہم نے ان پر ایک ہولناک آواز بھیجی تو وہ باڑھ بنانے والے کی روندی ہوئی گھاس کی طرح چورا چورا ہو گئے ○

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے محتضر کی تفسیر حضار کے ساتھ کی ہے یعنی درخت کی ٹوٹی ہوئی اور جلی ہوئی لکڑی، حضرت ابن عباس نے اس کی تفسیر کی ہے: یعنی جو عذاب حضرت صالح علیہ السلام کی قوم پر اونٹنی کی کونچیں کاٹنے کی وجہ سے بھیجا گیا تھا اور حضرت ابن عباس نے فرمایا: محتضر کا معنی ہے کہ مرد جو اپنی بکریوں کے لیے درخت کی لکڑیوں سے اور کانٹوں سے باڑھ بناتا ہے، پس جو چیز اس باڑھ سے گر جائے یا جس کو بکریاں روند ڈالیں وہ الھشیم ہے، قتادہ نے کہا: یعنی گلی ہوئی اور جلی ہوئی ہڈیوں کی طرح اور حضرت ابن عباس سے یہ بھی ایک روایت ہے اور ان سے دوسری روایت ہے کہ اس سوکھی ہوئی گھاس کی طرح جس کو بکری کھاتی ہے۔

اُزْدُجِرَ افْتُعِلَ مِنْ زَجَرْتُ۔

اُزْدُجِرَ: یہ زجرت سے اُفْتُعِلَ کے وزن پر ہے یعنی اُزْتُجِرَ تاء کو دال سے بدل دیا گیا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ ۝ (القمر:۹)

سو انہوں نے ہمارے بندے (نوح) کی تکذیب کی اور کہا: یہ دیوانہ ہے اور ان کو جھڑکا گیا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ تعلیق ابھی ابھی گزر چکی ہے، امام بخاری نے اس کا اعادہ یہ بتانے کے لیے کیا ہے کہ ازدجر باب افتعال سے ہے اور اس کی تاء دال سے بدلی ہوئی ہے، امام بخاری نے جو کہا ہے: یہ زجرت سے ماخوذ ہے یہ صحیح نہیں کہا کیونکہ فعل فعل سے مشتق نہیں ہوتا بلکہ مصدر سے مشتق ہوتا ہے۔

كُفِرَ فَعَلْنَا بِهٖ وَبِهِمْ مَا فَعَلْنَا جَزَاءً لِمَا صُنِعَ بِنُوْحٍ وَأَصْحَابِهٖ۔

کفر: اس سے مراد ہے ہم نے نوح اور ان کی قوم کے ساتھ جو معاملہ کیا یہ اس کی سزا تھی جو کافروں نے نوح اور ان کے اصحاب کے ساتھ معاملہ کیا تھا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ تعلیق بھی القمر: ۱۴ کی تفسیر میں گزر چکی ہے اور اگر امام بخاری اس تعلیق کو یہاں ذکر نہ کرتے تو زیادہ بہتر تھا اور کفر سے مراد کفران نعمت ہے یعنی ہم نے نوح کو بھیج کر ان کو جو ہدایت کی نعمت دی تھی ان کافروں نے اس کی ناشکری کی، اس وجہ سے ان کو پانی کے سیلاب کا عذاب دیا گیا۔

مُسْتَقِرٌّ عَذَابٌ حَقٌّ۔

مستقر: اس کا معنی ہے، برحق عذاب۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ۝ (القمر:۳۸)

اور بے شک ان کو طے شدہ عذاب نے علی الصبح تباہ کر دیا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مستقر کی تفسیر عذاب حق کے ساتھ کی ہے اور اسی طرح الفراء نے کہا ہے، عبد بن حمید نے قتادہ سے روایت کی ہے: ان کافروں کا ٹھکانہ دوزخ کا عذاب ہے اور کتب تفسیر میں مذکور ہے: عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ کا معنی ہے: دائمی اور ہمیشہ کا عذاب۔

يُقَالُ الْأَشِرُ الْبَطِرُ وَالشَّجِرُ۔

الاشر: کا معنی ہے: اترانے والا اور تکبر کرنے والا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْأَشِرُ ۝ (القمر:۲۶)

عنقریب کل انہیں معلوم ہو جائے گا کہ کون بڑا جھوٹا متکبر ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الاشر کی تفسیر اترانے والے اور جھوٹے کے ساتھ کی ہے، اسی طرح امام ابوعبیدہ نے اور

دوسروں نے اس کی تفسیر کی ہے۔[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۹۷۔ ۲۹۴ میں کی ہے]

۱۔ بَابٌ: وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ○ وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ○ (القمر:۱۔۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور چاند دو ٹکڑے ہو گیا○ (اور کافر) اگر کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو پیٹھ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں: یہ تو وہ جادو ہے جو پیچھے سے چلا آ رہا ہے○ (القمر:۲۔۱) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

پوری آیت اس طرح ہے:

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ○ (القمر:۱) قیامت قریب آ گئی اور چاند دو ٹکڑے ہو گیا○

القمر:۲، میں آیت کا معنی معجزہ ہے یعنی کفار جب کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو پیٹھ پھیر لیتے ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۹۷، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۶۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ شُعْبَةَ وَسُفْيَانَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ ﷺ فِرْقَتَيْنِ فِرْقَةٌ فَوْقَ الْجَبَلِ وَفِرْقَةٌ دُونَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ اشْهَدُوا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں مسدد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی از شعبہ وسفیان از الاعمش از ابراہیم از ابی معمر از حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے عہد میں چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے، ایک ٹکڑا پہاڑ کے اوپر تھا اور دوسرا ٹکڑا پہاڑ کے پیچھے تھا تب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: گواہ ہو جاؤ۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۶۳۶ میں گزر چکی ہے، تاہم بعض ضروری امور کی وضاحت کی جا رہی ہے:

چاند کے شق ہونے کی جگہ میں متعدد روایات اور اقوال

جس جگہ چاند کے دو ٹکڑے ہوئے اس کی تعیین میں اختلاف ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے عہد میں چاند کے دو ٹکڑے ہوئے، ایک ٹکڑا سویداء پر تھا اور دوسرا ٹکڑا خندمہ پر تھا۔

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اہل مکہ نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ آپ ان کو کوئی معجزہ دکھائیں، پس آپ نے ان کو دکھایا کہ چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے حتیٰ کہ انہوں نے حرا پہاڑ کو ان دو ٹکڑوں کے درمیان دیکھا۔

تفسیر ابوعبداللہ میں مذکور ہے کہ مشرکین نے نبی ﷺ سے کہا: اگر آپ سچے ہیں تو ہمیں چاند کو شق کر کے دکھائیں؟ آپ نے پوچھا: اگر میں نے ایسا کر دیا تو تم ایمان لے آؤ گے؟ اور وہ جمعہ کی رات تھی۔ پس آپ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تو چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے، نصف ٹکڑا صفا پہاڑ پر تھا اور نصف ٹکڑا قعیقعان پر تھا۔ الحدیث

امام بخاری نے از ابومعمر از حضرت عبداللہ روایت کی ہے: انہوں نے کہا: میں نے دیکھا کہ چاند شق ہو کر دو ٹکڑے ہو گیا، ایک ٹکڑا مکہ میں ابوقبیس پہاڑ پر تھا اور دوسرا ٹکڑا السویداء پر تھا۔

حضرت عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے چاند کا نصف ٹکڑا قعیقعان پر دیکھا۔

Marfat.com

امام مسلم نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے، ایک ٹکڑا پہاڑ کے سامنے تھا اور ایک ٹکڑا پہاڑ کے پیچھے تھا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۹۷، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۶۵۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ انْشَقَّ الْقَمَرُ وَنَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فَصَارَ فِرْقَتَيْنِ فَقَالَ لَنَا اشْهَدُوا اشْهَدُوا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابن ابی نجیح نے خبر دی از مجاہد از ابی معمر از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ چاند شق ہو گیا اور ہم نبی ﷺ کے ساتھ تھے پس چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے تو آپ نے ہم سے فرمایا: گواہ ہو جاؤ گواہ ہو جاؤ۔

اس حدیث کی شرح بھی صحیح البخاری: ۳۶۳۶ میں گزر چکی ہے۔

۴۸۶۶۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي بَكْرٌ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما قَالَ انْشَقَّ الْقَمَرُ فِي زَمَانِ النَّبِيِّ ﷺ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے بکر نے حدیث بیان کی از جعفر از عراک بن مالک از عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، انہوں نے بیان کیا کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں چاند شق ہو گیا تھا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۶۳۸ میں گزر چکی ہے۔

۴۸۶۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ رضی الله عنه قَالَ سَأَلَ أَهْلُ مَكَّةَ أَنْ يُرِيَهُمْ آيَةً فَأَرَاهُمُ انْشِقَاقَ الْقَمَرِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یونس بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شیبان نے حدیث بیان کی از قتادہ از حضرت انس رضی اللہ عنہ، انہوں نے کہا: اہل مکہ نے سوال کیا کہ انہیں کوئی معجزہ دکھائیں تو آپ نے ان کو چاند کا شق ہونا دکھایا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۶۱۷ میں گزر چکی ہے۔

۴۸۶۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ انْشَقَّ الْقَمَرُ فِرْقَتَيْنِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں مسدد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از قتادہ از حضرت انس رضی اللہ عنہ انہوں نے بیان کیا کہ چاند شق ہو کر دو ٹکڑے ہو گیا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۶۳۷ میں گزر چکی ہے۔

سورۃ القمر میں شق القمر سے مراد قرب قیامت میں اس کا شق ہونا ہے نہ کہ وہ شق القمر جو رسول اللہ ﷺ کا معجزہ ہے

علامہ عینی لکھتے ہیں: علامہ کلیمی نے اپنی منہاج میں لکھا ہے کہ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ○ (القمر: ۱) کا معنی ہے کہ چاند شق ہوگا جیسے اَتٰی

اَمْرُ اللّٰهِ (النحل:۱) کا معنی ہے: اللہ کا حکم آ پہنچے گا، انہوں نے کہا: جب اس طرح ہے تو معلوم ہوا کہ سورۃ القمر میں جو چاند کے شق ہونے کا ذکر ہے اس سے مراد قیامت میں چاند کا شق ہونا ہے، اس سے چاند کا وہ شق ہونا مراد نہیں ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معجزہ تھا جس کو اللہ تعالیٰ نے اہل مکہ پر حجت بنایا تھا۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۲۹۸، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۲۔ بَابٌ: تَجْرِیْ بِاَعْیُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ۝۱۴ وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰیَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝۱۵ (القمر: ۱۴۔۱۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جو (کشتی) ہماری آنکھوں کے سامنے چل رہی تھی ان کے صلہ میں جن کے ساتھ کفر کیا گیا تھا○ اور بے شک ہم نے اس کو نشانی بنا کر چھوڑا، تو ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا○ (القمر: ۱۵۔۱۴) کی تفسیر

حضرت نوح علیہ السلام کا کشتی کو بنانا اور اس کو سیلاب میں چلانا کفار کو سزا دینے کے لیے تھا

علامہ عینی ان آیتوں کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

یعنی ہم نے حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ایسی کشتی پر سوار کیا جس پر تختے جڑے ہوئے تھے اور کیلیں ٹھکی ہوئی تھیں اور وہ کشتی ہماری آنکھوں کے سامنے چل رہی تھی، مقاتل بن حیان نے کہا: وہ ہماری حفاظت میں چل رہی تھی اور مقاتل بن سلیمان نے کہا: وہ کشتی ہماری وحی کے موافق چل رہی تھی۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ○ یعنی ہم نے آسمانوں کے دروازے کھول کر بارش برسائی اور زمین نے اپنا پانی اگلا، ہمارا یہ فعل ان لوگوں کی سزا کے لیے تھا جنہوں نے نوح علیہ السلام کی ناشکری کی کیونکہ اللہ کا نبی اس کی نعمت اور اس کی رحمت ہے، پس حضرت نوح علیہ السلام ایسی نعمت تھے جن کی ان کی قوم کے کافروں نے ناشکری کی تو اللہ تعالیٰ نے ان کی ناشکری کی ان کو یہ سزا دی کہ ان کو سیلاب میں غرق کر دیا۔

امام بخاری نے کہا: ہم نے اس (کشتی) کو نشانی بنا کر چھوڑا۔ (القمر: ۱۵) یعنی ہم نے اس کشتی کو عبرت اور نصیحت بنا کر چھوڑا حتیٰ کہ اس امت کے پہلے لوگوں نے اس کی طرف دیکھا اور اس کے بعد کتنی ہی کشتیاں راکھ بن گئیں، اور قتادہ سے منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کشتی کو جزیرہ کی زمین پر ٹھہرا دیا، اور دوسرا قول یہ ہے کہ اس کشتی کو لمبے عرصہ تک الجودی پہاڑ پر ٹھہرا دیا، اس کے بعد ارشاد ہے: تو ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا (القمر: ۱۵)۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس کا معنی ہے: ہے کوئی اس سے عبرت پکڑنے والا اور نصیحت حاصل کرنے والا اور ڈرنے والا کہ ان پر ایسی مصیبت نہ آ جائے یا ایسا عذاب نہ آ جائے جیسے نوح علیہ السلام کی قوم پر عذاب آیا تھا حتیٰ کہ جو لوگ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان نہیں لائے وہ ڈر کر ایمان لے آئیں۔

قتادہ نے کہا: اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کو باقی رکھا حتیٰ کہ اس امت کے پہلے لوگوں نے اس کشتی کو پا لیا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: قتادہ سے روایت ہے کہ اللہ عزوجل نے اس کشتی کو ایک جزیرہ کی زمین پر باقی رکھا تا کہ بعد کے لوگ اس سے عبرت پکڑیں اور اس کو نشانی بنا دیا حتیٰ کہ اس امت کے پہلے لوگوں نے اس کو دیکھا اور اس کے بعد کتنی ہی کشتیاں ہیں جو راکھ بن گئیں، اور امام عبد بن حمید کی روایت میں ہے: اس امت کے پہلے لوگوں نے اس کشتی کو جودی پہاڑ پر دیکھا۔

Marfat.com

۴۸۶۹۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يَقْرَأُ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں حفص بن عمر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از ابی اسحاق از الاسود از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ قراءت کرتے تھے: فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۳۴۱ میں گزر چکی ہے۔

علامہ عینی نے لکھا ہے: آپ اس لفظ کو ذال کے ساتھ پڑھتے تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۹۹)

۳۔ بَابٌ: وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ ۝ (القمر: ۱۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے شک ہم نے نصیحت کے حصول کے لیے قرآن کو آسان کر دیا ہے تو ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا ○ (القمر: ۱۷) کی تفسیر

مجاہد نے کہا: يَسَّرْنَا کا معنی ہے: ہم نے اس کے پڑھنے کو آسان کر دیا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام عبد بن حمید نے ابن ابی نجیح سے اسی طرح روایت کی ہے اور سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ ہم نے اس کو حفظ کے لیے آسان کر دیا ہے اور قرآن مجید کے سوا اللہ تعالیٰ کی کتابوں میں سے کوئی کتاب ایسی نہیں ہے جس کو پورا زبانی پڑھا جاتا ہے اور لِلذِّكْرِ کا معنی ہے: تاکہ اس کو یاد کیا جائے اور اس سے عبرت حاصل کی جائے اور اس میں غور و فکر کیا جائے۔

۴۸۷۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ عَنْ يَحْيَى عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ كَانَ يَقْرَأُ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں مسدد نے حدیث بیان کی از یحییٰ از شعبہ از ابی اسحاق از الاسود از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ از نبی ﷺ وہ بیان کرتے ہیں کہ آپ پڑھتے تھے: فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۳۴۱ میں گزر چکی ہے۔

یعنی آپ ذال کے ساتھ پڑھتے تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۰۰)

۴۔ بَابٌ: تَنْزِعُ النَّاسَ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ مُنْقَعِرٍ ۝ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ (القمر: ۲۰۔۲۱)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جیسے وہ جڑ سے کٹے ہوئے کھجور کے تنے ہیں ○ پس کیسا تھا میرا عذاب اور کیسا تھا میرا ڈرانا ○ (القمر: ۲۱۔۲۰) کی تفسیر

علامہ بدر الدین محمود بن عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ پوری آیت اس طرح ہے:

تَنْزِعُ النَّاسَ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ مُنْقَعِرٍ ○ (القمر: ۲۰)

(وہ آندھی) جو ان کو اٹھا کر زمین پر اس طرح مارتی تھی جیسے وہ جڑ سے کٹے ہوئے کھجور کے تنے ہیں ○

یہ آیت اور اس سے پہلی آیتیں قوم عاد کے متعلق ہیں یعنی وہ آندھی قوم عاد کے لوگوں کو زمین سے اٹھا کر اوپر سے ان کو سر کے بل اس طرح پھینکتی تھی کہ ان کی گردنیں ٹوٹ جاتی تھیں اور محمد بن قرظہ بن کعب نے اپنے والد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ

Marfat.com

نے فرمایا کہ وہ آندھی لوگوں کو قبروں سے نکال کر اس طرح پھینکے گی جیسے وہ جڑ سے کٹے ہوئے کھجور کے تنے ہیں۔ منقعر کا معنی ہے: اپنی جگہ سے منقطع ہو کر زمین پر گرا ہوا ہو، اور اعجاز عجز کی جمع ہے، اس کا معنی ہے: کسی چیز کا پچھلا حصہ۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۳۰۰)

۴۸۷۱۔ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ أَنَّهُ سَمِعَ رَجُلًا سَأَلَ الْأَسْوَدَ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ أَوْ مُذَّكِرٍ فَقَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ يَقْرَؤُهَا فَهَلْ مِنْ مُذَّكِرٍ قَالَ وَسَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقْرَؤُهَا فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ دَالًا

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابونعیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں زہیر نے حدیث بیان کی از ابی اسحاق، انہوں نے ایک مرد سے سنا جو الاسود سے سوال کر رہا تھا کہ یہ لفظ فھل من مدکر ہے یا مذکر ہے، انہوں نے کہا: میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا ہے وہ اس لفظ کو دال کے ساتھ فھل من مدکر پڑھتے تھے، انہوں نے کہا: میں نے نبی ﷺ کو اسے دال کے ساتھ پڑھتے ہوئے سنا ہے: فھل من مدکر۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۳۴۱ میں گزر چکی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی مدتکر میں تاء کو دال سے بدل کر دال میں ادغام کیا گیا ہے اور اس کو ذال سے بدل کر ذال میں ادغام نہیں کیا گیا ہے۔

۵۔ بَابٌ: فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ ۝ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ ۝ (القمر: ۳۱۔۳۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تو وہ باڑھ بنانے والے کی روندی ہوئی گھاس کی طرح چورا چورا ہو گیا ○ اور بے شک ہم نے حصول نصیحت کے لیے قرآن کو آسان کر دیا ہے تو ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ○ (القمر: ۳۲۔۳۱)

کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ اور اس سے پہلی آیت حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کے قصہ سے متعلق ہے، یعنی حضرت جبرئیل علیہ السلام نے ایک چیخ ماری تھی جس کی وجہ سے وہ لوگ چورا چورا ہو گئے، قرآن مجید میں ہے:

إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَاحِدَةً فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ ○ (القمر: ۳۱)

بے شک ہم نے ان پر ایک ہولناک آواز بھیجی تو وہ باڑھ بنانے والے کی روندی ہوئی گھاس کی طرح چورا چورا ہو گئے ○

۴۸۷۲۔ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ أَخْبَرَنَا أَبِي عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَرَأَ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ الْآيَةَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبدان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے خبر دی از شعبہ از ابی اسحاق از الاسود از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ از نبی ﷺ وہ بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فھل بن مذکر پڑھا ہے (ذال کے ساتھ)۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۳۴۱ میں گزر چکی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ حضرت ابن مسعود کی اس روایت کی ایک اور سند ہے۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۳۰۱)

٦۔ باب: وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ مُسْتَقِرٌّ ﴿٣٨﴾ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿٣٩﴾ (القمر:٣٨۔٣٩)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے شک ان کو طے شدہ عذاب نے علی الصبح تباہ کر دیا○ پس تم میرے عذاب اور میرے ڈرانے کا مزا چکھو○ (القمر:٣٩۔٣٨) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ٨٥٥ھ ان آیتوں کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ الآیہ، یہ آیت حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کے قصہ میں ہے، ان کے اوپر صبح کے ابتدائی وقت میں عذاب آیا جس نے ان کو تباہ کر دیا۔

عَذَابٌ مُسْتَقِرٌّ الآیہ، یعنی دائمی عذاب جو ان پر جاری رہا حتیٰ کہ اس نے ان کو عذاب آخرت کی طرف پہنچا دیا۔

(عمدۃ القاری ج١٩ ص٣١٠)

٤٨٧٣۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَرَأَ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں غندر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از ابی اسحاق از الاسود از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ از نبی ﷺ وہ بیان کرتے ہیں کہ آپ نے قراءت کی: فهل من مدكر (دال کے ساتھ)۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ١٣٣٤ میں گزر چکی ہے۔

٧۔ بَابٌ: وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا أَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ ﴿٥١﴾ (القمر:٥١)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بے شک ہم تم جیسی بہت سی جماعتوں کو ہلاک کر چکے ہیں، پس ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا○ (القمر:٥١) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ٨٥٥ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

یہ آیت مجرموں کے قصہ کے بیان میں ہے۔

أَشْيَاعَكُمْ: اس کا معنی ہے: گزشتہ امتوں کے جو لوگ کفر میں تمہارے مشابہ تھے۔ (عمدۃ القاری ج١٩ ص٣٠١)

٤٨٧٤۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں وکیع نے حدیث بیان کی از اسرائیل از ابی اسحاق از الاسود بن یزید از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کے سامنے قراءت کی: فهل من مدكر (ذال کے ساتھ) تو نبی ﷺ نے فرمایا فهل من مدكر (دال کے ساتھ)۔

Marfat.com

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۳۴۱ میں گزر چکی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس حدیث کی چھ (۶) سندوں کے ساتھ روایت کی ہے اور ان کو چھ مختلف ابواب میں ذکر کیا ہے اور ہر باب کا الگ الگ عنوان قائم کیا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۰۱)

۸۔ بَابٌ: سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ۝ (القمر: ۴۵)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد: عنقریب ان کی جماعت شکست کھائے گی اور یہ پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے ○ (القمر: ۴۵) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

یہ آیت اور اس سے پہلی آیات اہل مکہ کو ڈرانے کے لیے نازل ہوئی ہیں کیونکہ وہ کہتے تھے کہ ہماری جماعت غالب رہے گی تو اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدے کو سچا کیا اور ان کو بدر کے دن شکست دی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ۝ (القمر: ۴۵) عنقریب ان کی جماعت شکست کھائے گی اور یہ پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے ○

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھے پتا نہیں تھا کہ کون سی جماعت شکست کھائے گی، پس جب غزوۂ بدر کا دن آیا تو میں نے دیکھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی زرہ پہنے ہوئے تھے اور یہ آیت پڑھ رہے تھے، یعنی کفار مکہ کو شکست ہوگی اور وہ پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے، اس آیت میں دُبُرٌ کا لفظ ہے جو واحد کا صیغہ ہے اور مراد کفار کی جماعت ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ القمر کی تمام آیتوں کے آخری الفاظ اسی وزن پر ہیں، اگر دُبُرٌ کی جگہ ادبار کا لفظ لایا جاتا تو آخری الفاظ کی یکسانیت کی رعایت نہ رہتی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۰۲)

۴۸۷۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَوْشَبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ وُهَيْبٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ وَهُوَ فِي قُبَّةٍ يَوْمَ بَدْرٍ اللَّهُمَّ إِنِّي أَنْشُدُكَ عَهْدَكَ وَوَعْدَكَ اللَّهُمَّ إِنْ تَشَأْ لَا تُعْبَدْ بَعْدَ الْيَوْمِ فَأَخَذَ أَبُو بَكْرٍ بِيَدِهِ فَقَالَ حَسْبُكَ يَا رَسُولَ اللهِ أَلْحَحْتَ عَلَى رَبِّكَ وَهُوَ يَثِبُ فِي الدِّرْعِ فَخَرَجَ وَهُوَ يَقُولُ ﴿سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ۝﴾ (القمر: ۴۵)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن عبداللہ بن حوشب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں خالد نے حدیث بیان کی از عکرمہ از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما (ح) اور مجھے محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عفان بن مسلم نے خبر دی از وہیب، انہوں نے کہا: ہمیں خالد نے حدیث بیان کی از عکرمہ از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اور اس وقت آپ غزوۂ بدر کے دن خیمہ میں تھے اور آپ یہ دعا کر رہے تھے: اے اللہ! میں تجھے تیرا عہد اور تیرا وعدہ یاد دلاتا ہوں، اے اللہ! اگر تو (مومنین کی ہلاکت) چاہتا ہے تو آج کے بعد تیری عبادت نہیں کی جائے گی، پس حضرت ابوبکر نے آپ کا ہاتھ پکڑ کر کہا: یارسول اللہ! بس کریں آپ نے اپنے رب سے بہت اصرار کے ساتھ دعا کی ہے، اس وقت آپ زرہ پہنے ہوئے تیزی سے چل رہے تھے

Marfat.com

پھر آپ یہ کہتے ہوئے باہر نکلے: عنقریب ان کی جماعت شکست کھائے گی اور یہ پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے O (القمر: ۴۵)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۹۱۵ میں گزر چکی ہے۔

حدیث مذکور کی دو سندوں کی وضاحت اور اللہ تعالیٰ کے عہد اور وعدہ کا بیان

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

یہ حدیث دو سندوں سے مروی ہے، پہلی سند محمد بن عبداللہ بن حوشب سے شروع ہوتی ہے اور دوسری سند محمد سے شروع ہوتی ہے، الفسانی نے کہا ہے کہ شاید یہ محمد بن یحییٰ الذہلی ہیں۔

میں کہتا ہوں: امام بخاری ان کا نام صرف محمد لکھتے ہیں اور پورا نام محمد بن یحییٰ الذہلی نہیں لکھتے کیونکہ وہ امام بخاری پر جرح اور تنقید کرتے تھے، وہ بھی امام بخاری کے استاذ ہیں لیکن اللہ کے کلام کے مخلوق ہونے یا نہ ہونے میں ان کا باہم اختلاف ہوا تھا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے اور وہ غزوۂ بدر میں حاضر نہیں تھے تو انہوں نے یہ حدیث اس صحابی سے سنی ہوگی جو غزوۂ بدر میں حاضر تھے، اس لیے یہ حدیث مرسل ہے۔

اس حدیث میں مذکور ہے: اے اللہ! میں تجھے تیرا عہد یاد دلاتا ہوں، وہ عہد حسب ذیل آیت میں ہے:

وَ لَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ۝ (الصّٰفّٰت: ۱۷۲-۱۷۱)

اور بے شک ہم نے پہلے ہی اپنے بندوں سے بات کر چکے ہیں جو رسول ہیں O کہ بے شک ان ہی کی مدد کی جائے گی O

اور اللہ کے وعدہ کے متعلق یہ آیت ہے:

وَ اِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ۔ (الانفال: ۷)

اور یاد کرو جب اللہ نے دو گروہوں میں سے ایک (پر غلبہ) کا تم سے وعدہ فرمایا تھا کہ یہ تمہارے لیے ہے۔

اس آیت میں ہے اے اللہ! اگر تو چاہتا ہے۔۔۔ اس کے بعد مفعول محذوف ہے یعنی اگر تو مومنین کی ہلاکت چاہتا ہے تو پھر آج کے بعد تیری عبادت نہیں کی جائے گی۔

اس حدیث میں مذکور ہے: الححت اس کا معنی ہے: آپ نے دعا میں بہت مبالغہ کیا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۰۲)

۹۔ باب: بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ۝ (القمر: ۴۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بلکہ ان کی وعید قیامت ہے اور قیامت بڑی مصیبت اور بہت تلخ ہے O (القمر: ۴۶) کی تفسیر

امر کا لفظ مرارۃ سے ماخوذ ہے جس کا معنی تلخی اور کڑواہٹ ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: غزوۂ بدر میں جو کفار کو قتل کیا گیا تھا اور گرفتار کیا گیا تھا اس سے بڑی مصیبت اور تلخ چیز قیامت ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۰۳)

۴۸۷۶۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ قَالَ أَخْبَرَنِي يُوسُفُ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشام بن یوسف نے حدیث بیان

بْنِ مَالِكٍ قَالَ إِنِّي عِنْدَ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ لَقَدْ نَزَلَ عَلَى مُحَمَّدٍ ﷺ بِمَكَّةَ وَإِنِّي لَجَارِيَةٌ أَلْعَبُ ﴿بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهٰى وَ أَمَرُّ ۝﴾ (القمر:۴۶)، (صحیح البخاری:۴۸۷۶)

کی کہ ابن جریج نے ان کو خبر دی، انہوں نے کہا: مجھے یوسف بن ماہک نے خبر دی، انہوں نے بتایا کہ میں ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھا تو انہوں نے بتایا کہ جس وقت یہ آیت (سیدنا) محمد ﷺ پر مکہ میں نازل ہوئی: بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهٰى وَ أَمَرُّ ۝ (القمر:۴۶) بلکہ ان کی وعید قیامت ہے اور قیامت بڑی مصیبت اور بہت تلخ ہے ○ اس وقت میں کم عمر لڑکی تھی اور کھیلا کرتی تھی۔

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

امام بخاری نے اس حدیث کی یہاں پر اختصار سے روایت کی ہے اور کتاب فضائل القرآن کے باب تالیف القرآن میں اس حدیث کی بہت طویل روایت کی ہے اور اس کی شرح ہم ان شاء اللہ وہیں پر کریں گے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۰۳)

۴۸۷۷۔ حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ خَالِدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ وَهُوَ فِي قُبَّةٍ لَهُ يَوْمَ بَدْرٍ أَنْشُدُكَ عَهْدَكَ وَوَعْدَكَ اللَّهُمَّ إِنْ شِئْتَ لَمْ تُعْبَدْ بَعْدَ الْيَوْمِ أَبَدًا فَأَخَذَ أَبُو بَكْرٍ بِيَدِهِ وَقَالَ حَسْبُكَ يَا رَسُولَ اللهِ فَقَدْ أَلْحَحْتَ عَلَى رَبِّكَ وَهُوَ فِي الدِّرْعِ فَخَرَجَ وَهُوَ يَقُولُ ﴿سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَ يُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ۝ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهٰى وَأَمَرُّ ۝﴾ (القمر:۴۵-۴۶)

(صحیح البخاری: ۸۹، ۲۴۶۸، ۴۹۱۳، ۴۹۱۴، ۴۹۱۵، ۵۱۱۹، ۵۲۱۸، ۵۸۴۳، ۷۲۵۶، ۷۲۶۳، صحیح مسلم: ۳۶۹۵، مسند احمد: ۲۲۲)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے اسحاق نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: ہمیں خالد نے حدیث بیان کی از خالد از عکرمہ از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے اپنے خیمہ میں بدر کے دن یہ دعا کی: اے اللہ! میں تجھے تیرا عہد اور وعدہ یاد دلاتا ہوں، اے اللہ! اگر تو (مومنین کی ہلاکت) چاہتا ہے تو آج کے بعد تیری عبادت نہیں کی جائے گی، پس حضرت ابوبکر نے آپ کا ہاتھ پکڑا اور کہا: بس کریں یارسول اللہ! آپ نے اپنے رب سے بہت مبالغہ سے دعا کی ہے، پھر آپ زرہ پہنے ہوئے باہر نکلے اور آپ یہ آیت پڑھ رہے تھے: سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ۝ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهٰى وَ أَمَرُّ ۝ (القمر: ۴۶-۴۵) عنقریب ان کی جماعت شکست کھائے گی اور وہ پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے ○ بلکہ ان کی وعید قیامت ہے اور قیامت بڑی مصیبت اور بہت تلخ ہے ○

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ القمر کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی تھیں ان تمام کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ امام بخاری نے سورہ رحمٰن کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۵۵۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الرَّحْمٰنِ

سورۃ الرحمٰن کی تفسیر

سورۃ الرحمٰن کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الرحمٰن کی بعض آیات کی تفسیر ہے، علامہ ابوالعباس نے کہا ہے کہ اس پر اجماع ہے کہ یہ سورت مکی ہے مگر ہمام نے قتادہ سے روایت کی ہے کہ یہ سورت مدنی ہے، ابوالعباس نے کہا: یہ سورت کیسے مدنی ہو سکتی ہے حالانکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سورت کو عکاظ کے بازار میں پڑھا تھا اور یہ بازار مکہ میں ہے اور قریش نے جس قرآن کو بلند آواز سے سنا وہ سورۂ رحمٰن ہے، حضرت ابن مسعود نے الحجر کے پاس سورۂ رحمٰن کو پڑھا تو کفار نے آپ کو زدوکوب کیا حتیٰ کہ آپ کے چہرے پر نیل پڑ گیا اور سعید نے قتادہ سے روایت کی ہے کہ یہ سورت مکی ہے، علامہ سخاوی نے کہا ہے کہ سورۂ رحمٰن سورۂ الدہر سے پہلے نازل ہوئی ہے اور سورۃ الرعد کے بعد نازل ہوئی ہے اور اس سورت میں اٹھہتر (۷۸) آیات ہیں۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ بِحُسْبَانٍ كَحُسْبَانِ الرَّحَى۔ اور مجاہد نے کہا: بحسبان: کا معنی ہے: وہ چکی کی مثل گھوم رہے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۝ (الرحمٰن: ۵) سورج اور چاند ایک حساب سے چل رہے ہیں ۝

- علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد نے کہا ہے کہ سورج اور چاند اس طرح گھوم رہے ہیں جس طرح چکی اپنے قطب (چکی کی لوہے کی کیل جس پر چکی گھومتی ہے) پر گھومتی ہے اور حسبان کا لفظ مصدر ہے جیسے غفران اور کفران مصدر ہیں اور کبھی یہ حساب کی جمع ہوتا ہے جیسے رکبان اور رہبان راکب اور راہب کی جمع ہیں اور اس کا معنی یہ ہے کہ سورج اور چاند ایک حساب سے چلتے ہیں اور مجاہد کی تعلیق کی امام عبد بن حمید نے ابن ابی نجیح سے روایت کی ہے، انہوں نے کہا ہے: یہ دونوں اس طرح گھومتے ہیں جس طرح چکی اپنے قطب پر گھومتی ہے اور ایک قول یہ ہے کہ وہ حساب اور منازل سے چلتے ہیں اس سے تجاوز نہیں کر سکتے اور ابن زید اور ابن کیسان سے روایت ہے کہ اوقات، عمروں اور مدتوں کا حساب سورج اور چاند کی گردش سے کیا جاتا ہے اور سدی سے منقول ہے: جس طرح لوگوں کی اجل یعنی مدت حیات ہے اسی طرح ان کی بھی اجل ہے، پس جب ان کی اجل آئے گی تو یہ دونوں فنا ہو جائیں گے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ وَأَقِيمُوا الْوَزْنَ يُرِيدُ لِسَانَ الْمِيزَانِ۔ اور دوسروں نے کہا: اقیموا الوزن: سے مراد ہے: ترازو کی لسان یعنی ترازو کے دونوں پلڑوں کے درمیان ایک لکڑی جس سے دونوں پلڑوں کو برابر کیا جاتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ۝ اور انصاف کے ساتھ صحیح وزن کرو اور تول میں کمی نہ کرو ۝

(الرحمن:۹)

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی مجاہد کے علاوہ دوسروں نے اس آیت کی تفسیر میں کہا: ترازو کے دونوں پلڑوں کی ڈنڈی کو انصاف سے برابر رکھو، حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے بھی یہی تفسیر مروی ہے اور ابن عیینہ سے منقول ہے کہ ہاتھ سے اس ڈنڈی کو سیدھا رکھو اور دل سے انصاف کرو اور وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ کا معنی ہے: ناپ اور تول میں کمی نہ کرو۔

وَالْعَصْفُ بَقْلُ الزَّرْعِ إِذَا قُطِعَ مِنْهُ شَيْئٌ قَبْلَ أَنْ يُدْرِكَ فَذَلِكَ الْعَصْفُ وَالرَّيْحَانُ رِزْقُهُ وَالْحَبُّ الَّذِي يُؤْكَلُ مِنْهُ وَالرَّيْحَانُ فِي كَلَامِ الْعَرَبِ الرِّزْقُ وَالرَّيْحَانُ رِزْقُهُ وَالْحَبُّ الَّذِي يُؤْكَلُ مِنْهُ وَقَالَ بَعْضُهُمْ وَالْعَصْفُ يُرِيدُ الْمَأْكُولَ مِنَ الْحَبِّ وَالرَّيْحَانُ النَّضِيجُ الَّذِي لَمْ يُؤْكَلْ وَقَالَ غَيْرُهُ الْعَصْفُ وَرَقُ الْحِنْطَةِ وَقَالَ الضَّحَّاكُ الْعَصْفُ التِّبْنُ وَقَالَ أَبُو مَالِكٍ الْعَصْفُ أَوَّلُ مَا يَنْبُتُ تُسَمِّيهِ النَّبَطُ هَبُورًا وَقَالَ مُجَاهِدٌ الْعَصْفُ وَرَقُ الْحِنْطَةِ وَالرَّيْحَانُ الرِّزْقُ۔

کھیت کا وہ پودا جس کے پکنے سے پہلے اس کا کچھ حصہ کاٹ دیا جائے تو اس کو عصف کہتے ہیں اور ریحان اس کے پتے کو کہتے ہیں اور الحب سے مراد وہ دانے ہیں جن کو کھایا جاتا ہے اور ریحان کا معنی کلام عرب میں رزق اور روزی ہے اور بعض علماء نے کہا ہے: جن دانوں کو کھایا جاتا ہے ان کو العصف کہتے ہیں اور ریحان ان پکے ہوئے دانوں کو کہتے ہیں جن کو (کچا) نہیں کھایا جاتا اور دوسروں نے کہا: گندم کے پتوں کو العصف کہتے ہیں اور ضحاک نے کہا: العصف کا معنی بھوسا ہے، ابو مالک نے کہا: کھیت کا جو پودا سب سے پہلے اگتا ہے اس کو العصف کہتے ہیں اور کسان اس کو هَبُورا کہتے ہیں، اور مجاہد نے کہا: گندم کے پتوں کو العصف کہتے ہیں اور رزق اور روزی کو الریحان کہتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ۝ (الرحمن:۱۲) اور بھوسے والا غلہ ہے اور خوشبودار پھول ہیں ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا ہے کہ کھیت کے پودے کے جس حصہ کو پکنے سے پہلے کاٹ لیا جائے اس پودے کو العصف کہتے ہیں، اسی طرح الفراء سے منقول ہے اور ابن کیسان نے کہا: ہر اس چیز کے پتے کو العصف کہتے ہیں جس سے ابتداء میں دانے نکلیں، پھر وہ شاخ بن جائیں، پھر اللہ تعالیٰ اس میں غلاف پیدا کر دے، پھر اس غلاف میں دانے پیدا کر دے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ کھیت کے سبز پتوں کے سروں کو کاٹ لیا جائے اور وہ سوکھ جائیں تو وہ العصف ہیں یعنی بھوسا۔

امام بخاری نے کہا: اور ریحان اس کے پتے ہیں یعنی دانہ کے پتے ہیں اور بعض نسخوں میں لکھا ہے کہ وہ اس کا رزق ہیں اور علامہ ثعلبی نے مجاہد سے نقل کیا ہے کہ ریحان کا معنی رزق اور روزی ہے اور ضحاک سے منقول ہے کہ اس کا معنی طعام ہے یعنی گندم، پس الصعف کا معنی ہے: بھوسا اور ریحان کا معنی ہے: اس کا پھل اور حسن اور ابن زید سے مروی ہے کہ ریحان کا معنی وہ پھول ہے جس کو تم سونگھتے ہو اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ وہ کھیت کا سبز پودا ہے۔

امام بخاری نے کہا: الحب سے مراد وہ دانے ہیں جن کو کھایا جاتا ہے اور ریحان کا معنی کلام عرب میں رزق اور روزی ہے کیونکہ عرب کہتے ہیں: ہم اللہ کے ریحان کو طلب کرنے کے لیے نکلے یعنی اس کے رزق کو طلب کرنے کے لیے نکلے۔

امام بخاری نے کہا کہ بعض علماء نے کہا ہے: جن دانوں کو کھایا جاتا ہے اس کو العصف کہتے ہیں: بعض علماء سے امام بخاری کی مراد

Marfat.com

الفراء ہیں کیونکہ انہوں نے کہا کہ جن دانوں کو کھایا جاتا ہے وہ العصف ہیں اور جن پکے ہوئے دانوں کو کھایا نہیں جاتا وہ ریحان ہیں۔

امام بخاری نے لکھا ہے: ضحاک نے کہا: الصعف کا معنی ہے: بھوسا: اس طرح ان کی تفسیر میں جویبر کی روایت سے منقول ہے۔

امام بخاری نے لکھا: اور ابو مالک نے کہا: ان کا نام معروف نہیں ہے، یہ ابو زرعہ کا قول ہے اور دوسروں نے کہا: ان کا نام غزوان ہے اور صحیح بخاری میں ان کے علاوہ اور کسی کا ذکر نہیں ہے اور یہ کوفی، تابعی اور ثقہ شخص ہیں۔

امام بخاری نے کہا: النبط: اس سے مراد عجمی کسان ہیں۔

امام بخاری نے کہا: هبورا: اس سے مراد ہے: کھیت کے خشک پودوں کو کوٹنے کے بعد جو بھوسا نکلتا ہے۔

كعصف ماكول: اس کا معنی ہے: کھائے ہوئے بھوسے کی طرح۔

وَالْمَارِجُ اللَّهَبُ الْأَصْفَرُ وَالْأَخْضَرُ الَّذِي يَعْلُو النَّارَ إِذَا أُوقِدَتْ۔

المعارج: کا معنی ہے: زرد اور سبز رنگ کا شعلہ جو آگ کے بھڑکنے کے بعد اوپر کو اٹھتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿۱۵﴾ (الرحمن: ۱۵)

اور جن کو خالص آگ کے شعلہ سے پیدا کیا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مارج کی تفسیر زرد یا سرخ شعلہ کے ساتھ کی ہے، اسی طرح امام ابن ابی حاتم نے اپنی سند کے ساتھ مجاہد سے روایت کی ہے اور حضرت ابن عباس سے مروی ہے، یہ آگ کی زبان ہے جس کی طرف میں بھڑکتا ہوا شعلہ ہوتا ہے، دوسرا قول ہے: مارج کا معنی ہے: صاف اور خالص شعلہ جس میں دھواں نہ ہو اور جان سے مراد جنات کا باپ ہے، اور ضحاک سے مروی ہے: وہ ابلیس ہے اور ابو عبیدہ سے روایت ہے کہ الجان، الجن کا واحد ہے۔

وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَنْ مُجَاهِدٍ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ لِلشَّمْسِ فِي الشِّتَاءِ مَشْرِقٌ وَمَشْرِقٌ فِي الصَّيْفِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ مَغْرِبُهَا فِي الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ۔

اور بعض علماء نے بیان کیا کہ مجاہد نے رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ کی تفسیر میں کہا کہ سورج کا سردیوں میں ایک مشرق ہے (یعنی طلوع ہونے کی جگہ) اور گرمیوں میں دوسرا مشرق ہے اور رَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ کی تفسیر میں کہا: سورج کا سردیوں میں ایک مغرب ہے اور گرمیوں میں دوسرا مغرب ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿۱۷﴾ (الرحمن: ۱۷)

وہی مشرقین کا رب ہے اور وہی مغربین کا رب ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد سے بھی اسی طرح منقول ہے۔

میں کہتا ہوں: ہم نے لکھا ہے: مشرق سورج کے طلوع ہونے کی جگہ ہے اور مغرب سورج کے غروب ہونے کی جگہ ہے، ہر روز ایک نیا مشرق اور نیا مغرب ہوتا ہے، گرمیوں میں سورج ہر روز ایک درجہ پہلے طلوع ہوتا ہے اور سردیوں میں، سورج ہر روز ایک درجہ بعد میں طلوع ہوتا ہے، ویسے تو ہر روز الگ الگ مشرق اور مغرب ہیں لیکن گرمیوں اور سردیوں کے دو مشرقوں اور دو مغربوں میں نمایاں فرق ہوتا ہے اس لیے ان کو خصوصیت کے ساتھ ذکر فرمایا ہے۔ (انوار تبیان القرآن ص ۸۴۸، فرید اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

لَا يَبْغِيَانِ لَا يَخْتَلِطَانِ۔

لَا يَبْغِيَانِ: اس کا معنی ہے: وہ سمندر ایک دوسرے کے ساتھ نہیں ملتے۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ۝ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ۝ (الرحمن:۱۹۔۲۰) اس نے (کھاری اور شیریں) دو سمندر جاری کیے جو (ایک دوسرے سے) مل جاتے ہیں ○ ان دونوں کے درمیان ایک آڑ ہے جس سے وہ تجاوز نہیں کرتے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی وہ دو سمندر نہ ایک دوسرے کے ساتھ ملتے ہیں اور نہ متغیر ہوتے ہیں اور نہ ان میں سے ایک دوسرے کی حد سے تجاوز کرتا ہے اور قتادہ سے منقول ہے: وہ لوگوں کو غرق کر کے سرکشی نہیں کرتے اور ان دو سمندروں سے مراد بحر روم اور بحر ہند ہے، اسی طرح حسن بصری سے مروی ہے اور قتادہ سے منقول ہے: وہ دو سمندر بحر فارس اور بحر روم ہیں اور ان کے درمیان جو آڑ ہیں وہ مختلف جزائر ہیں اور مجاہد اور ضحاک سے مروی ہے: یعنی آسمان کا سمندر اور زمین کا سمندر جو ہر سال ملتے ہیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ان دو سمندروں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے کہ ایک سمندر دوسرے سمندر کی حد سے تجاوز نہیں کرتا اور اس کی تائید ان کے قول سے ہوتی ہے جنہوں نے کہا: بحرین سے مراد بحر فارس اور بحر روم ہے اور ان دونوں کے درمیان بہت طویل مسافت ہے۔

الْمُنْشَآتُ مَا رُفِعَ قِلْعُهُ مِنَ السُّفُنِ فَأَمَّا مَا لَمْ يُرْفَعْ قِلْعُهُ فَلَيْسَ بِمُنْشَأَةٍ۔ المنشآت: اس سے مراد وہ کشتیاں ہیں جن کا بادبان اوپر اٹھایا ہوا ہو اور جن کا بادبان اوپر نہ اٹھایا ہوا ہو وہ منشات نہیں ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ ۝ (الرحمن:۲۴) اور سمندر میں پہاڑوں کی مانند اونچی چلنے والی کشتیاں اسی کی ملکیت ہیں ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الْمُنْشَئٰتُ کی جو تفسیر کی ہے وہی مجاہد کا قول بھی ہے اور الجوار، اَلْجَارِيَةُ کی جمع ہے، اس کا معنی ہے: بڑی بڑی کشتیاں اور الْمُنْشَئٰتُ کا معنی ہے: اونچے بادبانوں والی کشتیاں، دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد وہ مخلوقات ہیں جو بلند اور مسخر ہیں۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ كَالْفَخَّارِ كَمَا يُصْنَعُ الْفَخَّارُ۔ اور مجاہد نے کہا: کالفخار: جس طرح ٹھیکرے بنائے جاتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ۝ (الرحمن:۱۴) اس نے انسان کو ٹھیکرے کی طرح بجتی ہوئی سوکھی مٹی سے بنایا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: فخار کا معنی ہے: جس سوکھی ہوئی مٹی کو آگ میں تپالیا جائے تو وہ بجتا ہوا ٹھیکرا بن جاتا ہے۔

الشُّوَاظُ لَهَبٌ مِنْ نَارٍ۔ اَلشواظ: اس کا معنی ہے: آگ کا شعلہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ (الرحمن:۳۵) (اے مکذبو!) تم پر (روز قیامت) آگ کا خالص شعلہ چھوڑا جائے گا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ بھی مجاہد کا قول ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ شواظ اس آگ کو کہتے ہیں جس میں دھواں نہ ہو اور ضحاک سے منقول ہے کہ شواظ اس دھوئیں کو کہتے ہیں جو شعلہ سے نکلتا ہے اور یہ وہ دھواں نہیں ہے جو جلی ہوئی لکڑیوں سے نکلتا ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ وَنُحَاسٌ النُّحَاسُ الصُّفْرُ يُصَبُّ عَلَى اور مجاہد نے کہا: نحاس: کا معنی ہے: پیتل یا تانبا (جو پگھلا ہوا ہو) جس

رُؤُسِهِمْ فَيُعَذَّبُونَ بِهِ۔ کو ان کے سروں پر ڈال کر اس کے ساتھ ان کو عذاب دیا جائے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّن نَّارٍ ۙ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنتَصِرَانِ ۝ (الرحمن: ۳۵) (اے مکذبو!) تم پر (روز قیامت) آگ کا خالص شعلہ چھوڑا جائے گا، پھر تم اس کو دور نہ کر سکو گے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے نحاس کی تفسیر پگھلا ہوا تانبا کی ہے، اور اسی طرح مجاہد نے اس کی تفسیر کی ہے۔

میں کہتا ہوں: نحاس کا دوسرا معنی دھواں ہے جس طرح ہم نے اس آیت کا ترجمہ ہے۔

خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ يَهُمُّ بِالْمَعْصِيَةِ فَيَذْكُرُ اللهَ عَزَّوَجَلَّ فَيَتْرُكُهَا۔ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ: اس کا معنی ہے: ایک شخص گناہ کا ارادہ کرتا ہے پھر وہ اللہ عزوجل کو یاد کرتا ہے، پھر اس گناہ کو ترک کر دیتا ہے۔

میں کہتا ہوں: صحیح بخاری کے دار الفکر کے مطبوعہ نسخہ میں اس تعلیق کے بعد لهب من نار چھپا ہوا ہے سو یہ غلط ہے یہ دراصل شواظ کا معنی ہے جو کمپوزنگ کی غلطی سے یہاں کمپوز ہو گیا ہے۔ (سعیدی غفرلہ)

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ۝ (الرحمن: ۴۶) اور جو شخص اپنے رب کے سامنے حاضر ہونے سے ڈرتا ہو اس کے لیے دو جنتیں ہیں ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی یہ تفسیر کی ہے کہ ایک مرد یہ ارادہ کرتا ہے کہ وہ کوئی گناہ کرے گا، پھر وہ اللہ تعالیٰ کو اور اس کی عظمت کو یاد کرتا ہے، پھر وہ یہ یاد کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ گناہ کے ارتکاب پر سزا دیتا ہے اور گناہ کو ترک کرنے پر ثواب عطا فرماتا ہے تو وہ اس گناہ کو ترک کر دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو ان لوگوں میں داخل کر دیتا ہے جن کے لیے دو جنتیں ہیں۔

مُدْهَامَّتَانِ سَوْدَاوَانِ مِنَ الرِّيِّ۔ مُدْهَآمَّتٰنِ: اس کا معنی ہے: وہ دونوں باغ سیرابی کی وجہ سے سیاہ رنگ کے دکھائی دیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مُدْهَآمَّتٰنِ ۝ (الرحمن: ۶۴) وہ دونوں جنتیں سیاہی مائل سبز رنگ کی ہیں ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی وہ شدید سبز رنگ کی وجہ سے سیاہ معلوم ہوں گی کیونکہ جب سبز رنگ گاڑھا ہو تو وہ سیاہ دکھائی دیتا ہے۔

صَلْصَالٍ طِينٌ خُلِطَ بِرَمْلٍ فَصَلْصَلَ كَمَا يُصَلْصِلُ الْفَخَّارُ وَيُقَالُ مُنْتِنٌ يُرِيدُونَ بِهِ صَلَّ يُقَالُ صَلْصَالٌ كَمَا يُقَالُ صَرَّ الْبَابُ عِنْدَ الْإِغْلَاقِ وَصَرْصَرَ مِثْلُ كَبْكَبْتُهُ يَعْنِي كَبَبْتُهُ۔ صلصال: یعنی جس کیچڑ میں ریت ملا دی جائے تو وہ ٹھیکرے کی طرح کھنکھنانے اور بجنے لگتی ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ صَلَّ بدبودار کیچڑ کو کہتے ہیں، اس کو صلصال بھی کہا جاتا ہے جس طرح دروازہ بند کرتے وقت جو آواز آئے اس کو صَرَّ الباب اور صَرْصَرَ کہا جاتا ہے جیسے كَبْكَبْتُهُ کا معنی ہے: كَبَبْتُهُ یعنی میں نے اس کو اوندھا کر دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

خَلَقَ الْإِنسَانَ مِن صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ۝ (الرحمن: ۱۴) اس نے انسان کو ٹھیکرے کی طرح بجتی ہوئی سوکھی مٹی سے بنایا ۝

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: خَلَقَ الْاِنْسَانَ سے مراد ہے: حضرت آدم کو بنایا، مِنْ صَلْصَالٍ کا معنی ہے: اس سوکھی ہوئی مٹی سے جو ٹھیکرے کی طرح کھنکھناتی اور بجتی تھی، امام بخاری نے اس کی تفسیر کی ہے کہ جب کیچڑ میں ریت ملادی جائے اور کیچڑ سوکھ جائے تو وہ بہت مضبوط ہوجاتی ہے اور جب اسے کسی چیز پر مارا جائے تو اس سے کھنکھنانے اور بجنے کی آواز آتی ہے۔

امام بخاری نے کہا: یہ بھی کہا جاتا ہے کہ صَلٌ بدبودار مٹی کو کہتے ہیں: جیسے لَحْمٌ مُنْتَنٌ کہتے ہیں یعنی بدبودار گوشت اس کو صَلٌ کہتے ہیں خواہ وہ پکا ہو یا کچا۔

امام بخاری نے لکھا، صلصال کہا جاتا ہے جیسے صر الباب کہا جاتا ہے: امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ صلصل، صل کا مضاعف ہے جیسے دروازہ بند کرتے وقت جو آواز آتی ہے اس کو صر الباب کہا جاتا ہے اور اس کا مضاعف صرصر ہے جیسے کَبَّ کا مضاعف کَبْکَبَ ہے جیسے قرآن مجید میں ہے:

فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا۔ (الشعراء: ۹۴) تمام گمراہ لوگ دوزخ میں اوندھے منہ گرادیئے جائیں گے۔

امام بخاری اور امام ابوحنیفہ کا اس بات میں مناقشہ کہ آیا کھجور اور انار پھلوں میں داخل ہیں یا نہیں، امام ابوحنیفہ کے نزدیک کھجور اور انار پھلوں میں داخل نہیں بلکہ وہ غذا اور دواء ہیں اور امام بخاری کے نزدیک وہ پھلوں میں داخل ہیں

فَاكِهَةٌ وَنَخْلٌ وَرُمَّانٌ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَيْسَ الرُّمَّانُ وَالنَّخْلُ بِالْفَاكِهَةِ وَأَمَّا الْعَرَبُ فَإِنَّهَا تَعُدُّهَا فَاكِهَةً۔

فاکھۃ و نخل و رمان: یعنی پھل، کھجور اور انار اور بعض ائمہ (امام ابوحنیفہ) نے کہا: انار اور کھجور پھل نہیں ہیں لیکن عرب ان کو پھلوں میں شمار کرتے ہیں۔

جیسے اللہ عزوجل کا ارشاد ہے:

حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى۔ (البقرہ: ۲۳۸) تمام نمازوں کی حفاظت کرو اور (خصوصاً) درمیانی نماز کی۔

پس اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو تمام نمازوں کا حکم دیا، پھر اس کی تاکید کے لیے عصر کی نماز کا بہ طور تاکید دوبارہ ذکر کیا، اسی طرح پہلے فاکھۃ میں تمام پھلوں کا ذکر کیا، پھر دوبارہ النخل و رمان یعنی کھجور اور انار کا بہ طور تاکید ان پر عطف کیا (تو یہ تخصیص بعد التعمیم ہے)، اسی طرح یہ آیت ہے:

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ۔ (الحج: ۱۸) کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ کے لیے ہی سجدہ کرتے ہیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمینوں میں ہیں۔

پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ؕ وَ كَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ؕ (الحج: ۱۸) اور بہت انسان، اور بہت سے وہ بھی ہیں جن پر عذاب مقدر ہو چکا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اس آیت کے شروع میں جب فرمایا: اللہ کے لیے ہی سجدہ کرتے ہیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمینوں میں ہیں، تو اس میں بہت انسان اور بہت وہ جن پر عذاب مقدر ہو چکا ہے داخل تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے ان کا دوبارہ خصوصیت کے ساتھ ذکر فرمایا (یہ تخصیص بعد التعمیم ہے)، اسی طرح کھجور اور انار بھی پھلوں میں داخل تھے، پھر ان کا خصوصیت سے الگ ذکر کرنا بھی

تخصیص بعد التعمیم ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فِيهِمَا فَاكِهَةٌ وَنَخْلٌ وَرُمَّانٌ ۝ (الرحمن:۶۸) ان جنتوں میں پھل، کھجوریں اور انار ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: ان دو جنتوں میں جن کا ذکر اس آیت میں ہے:

وَمِنْ دُونِهِمَا جَنَّتَانِ ۝ (الرحمن:۶۲) اور ان دو جنتوں کے علاوہ اور دو جنتیں ہیں O

پس جنتیں چار ہیں جن کا ذکر اللہ تعالیٰ نے ان آیتوں میں کیا ہے:

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ ۝ (الرحمن:۴۶) اور جو اپنے رب کے سامنے حاضر ہونے سے ڈرتا ہو اس کے لیے دو جنتیں ہیں O

پھر فرمایا

وَمِنْ دُونِهِمَا جَنَّتَانِ ۝ (الرحمن:۶۲) اور ان دو جنتوں کے علاوہ اور دو جنتیں ہیں O

یعنی ان دو پہلی جنتوں کے علاوہ جن کا اللہ سے ڈرنے والوں کے لیے وعدہ فرمایا تھا اور دو جنتیں ہیں۔

امام بخاری نے لکھا ہے اور بعض ائمہ نے کہا: علامہ ابن الملقن نے بتایا کہ بعض ائمہ سے مراد امام ابوحنیفہ ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس قول کی صرف امام ابوحنیفہ کی طرف نسبت درست نہیں ہے کیونکہ مفسرین کی ایک جماعت کا بھی یہی مختار ہے، الفراء نے کہا: انار اور کھجور پھل نہیں ہیں، اسی وجہ سے فقہاء نے کہا ہے کہ اگر کسی شخص نے قسم کھائی کہ وہ پھل نہیں کھائے گا، پھر اس نے انار یا تازہ کھجور کھالی تو اس کی قسم نہیں ٹوٹے گی اور اس پر کفارہ نہیں ہوگا۔

امام بخاری نے لکھا ہے: اور عرب کھجور اور انار کو پھل شمار کرتے ہیں: علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس عبارت سے امام ابوحنیفہ کی دلیل کا جواب دیا ہے، علامہ عینی لکھتے ہیں: امام ابوحنیفہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم کھجور اور انار پر پھلوں کے اطلاق کا انکار نہیں کرتے لیکن وہ محض پھل نہیں ہیں۔

امام بخاری نے کہا: جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد: حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى (البقرہ:۲۳۸) یعنی تمام نمازوں کی حفاظت کرو اور درمیانی نماز کی حفاظت کرو حالانکہ درمیانی نماز بھی تمام نمازوں میں داخل ہے۔ اسی طرح کھجور اور انار بھی پھلوں میں داخل ہیں، پھر ان کا پھلوں پر عطف کیا گیا ہے تو یہ بھی اسی طرح تخصیص بعد التعمیم ہے، علامہ عینی لکھتے ہیں: امام ابوحنیفہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم نہیں مانتے کہ فَاكِهَةٌ عام ہے کیونکہ نکرہ جب اثبات میں ہو تو وہ مفید عموم نہیں ہوتا، ہاں نکرہ جب نفی کے بعد ہو تو وہ مفید عموم ہوتا ہے لہٰذا فَاكِهَةٌ وَنَخْلٌ وَرُمَّانٌ میں فَاكِهَةٌ کیونکہ اثبات میں ہے اس لیے وہ عام نہیں ہے۔

امام بخاری نے کہا: اسی طرح الحج:۱۸ میں تمام آسمانوں اور زمینوں میں جنہوں نے سجدہ کیا ان میں بہت سے انسان اور بہت سے لوگ جن پر عذاب مقدر ہو چکا ہے داخل ہیں اور ان کا بعد میں عطف کرنا تخصیص بعد التعمیم ہے، علامہ عینی لکھتے ہیں کہ حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ میں صلوٰت کا لفظ اتفاقاً عام ہے اور من فی السموٰت بھی اتفاقاً عام ہے لیکن اس پر فَاكِهَةٌ وَنَخْلٌ وَرُمَّانٌ کو قیاس کرنا درست نہیں کیونکہ اس آیت میں فَاكِهَةٌ نکرہ ہے اور کلام اثبات میں ہے یعنی نفی کے تحت نہیں ہے اس لیے وہ عام نہیں ہے، کیونکہ نکرہ جب نفی کے تحت ہو تو مفید عموم ہوتا ہے۔

Marfat.com

مناقشہ مذکورہ میں مصنف کی رائے

میری رائے یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کرام کے دور میں تو کھجوریں بہ طور غذا کے ہی کھائی جاتیں تھی اور امام ابوحنیفہ کا قول اسی زمانے کے اعتبار سے ہے لیکن بعد میں جب گندم، چنے اور بیسن کی کثرت ہوگئی اور ان کی روٹیاں بہ طور غذا کھائی جانے لگیں تو کھجوروں کو صرف پھلوں کے طور پر کھایا جانے لگا، اسی طرح جب دیگر جڑی بوٹیوں سے علاج دریافت نہیں ہوا تھا تو انار کو بہ طور دواء ہی استعمال کیا جاتا تھا لیکن جب دیگر دوائیں دریافت ہوگئیں تو انار کو پھر صرف پھل کے طور پر استعمال کیا جانے لگا، سو امام ابوحنیفہ کا قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کے زمانہ کے اعتبار سے ہے اور امام بخاری کا قول بعد کے زمانے کے اعتبار سے ہے اور اب پوری دنیا میں کھجوروں اور اناروں کو بہ طور پھل ہی استعمال کیا جاتا ہے، اللہ تعالیٰ مجھے معاف فرمائے ہوسکتا ہے میری رائے غلط ہو۔ ان بزرگ ائمہ کے سامنے اس ناکارہ اور کم علم کی حیثیت بھی کیا ہے۔ (سعیدی غفرلہ)

وَقَالَ غَيْرُهُ أَفْنَانٍ أَغْصَانٍ۔ اور دوسروں نے کہا: افنان کا معنی ہے: شاخیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ۝ (الرحمٰن: ۴۸) جو سرسبز شاخوں والی دو جنتیں ہیں ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس سے پہلے صراحۃً مجاہد کا ذکر نہیں کیا لیکن یہاں یہی مراد ہے کہ مجاہد کے علاوہ دوسروں نے کہا، افنان، فنن کی جمع ہے اور اسی طرح حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ مختلف رنگوں کی جنتیں اور عکرمہ سے مروی ہے: اس کا معنی ہے دیواروں پر ٹہنیاں اور ضحاک سے منقول ہے: مختلف رنگوں کے پھل۔

وَجَنَى الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ مَا يُجْتَنَى قَرِيبٌ وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ: اس کا معنی ہے: ان دو باغوں کے پھل بہت قریب ہوں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ۝ (الرحمٰن: ۵۴) اور دونوں جنتوں کے پھل جھکے ہوئے ہوں گے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس کی تفسیر کی ہے: مایجتنی یعنی دونوں جنتوں کے درخت قریب ہوں گے اور کوئی شخص خواہ کھڑا ہو یا بیٹھا ہو یا لیٹا ہوا ہو وہ اس کے پھل توڑ سکے گا۔

وَقَالَ الْحَسَنُ فَبِاَيِّ آلَاءِ نِعَمِهِ وَقَالَ قَتَادَةُ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ يَعْنِي الْجِنَّ وَالْإِنْسَ۔ اور حسن بصری نے کہا: فَبِاَيِّ اٰلَآءِ کا معنی ہے: اس کی کون کون سی نعمتیں اور قتادہ نے کہا: رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ: سے مراد ہے: جن اور انس۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ سو تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ○

(الرحمٰن: ۱۳، ۱۶، ۱۸، ۲۱، ۲۳، ۲۵، ۲۸، ۳۰، ۳۲، ۳۴، ۳۶، ۳۸، ۴۰، ۴۲، ۴۵، ۴۷، ۴۹، ۵۱، ۵۳، ۵۵، ۵۷، ۵۹، ۶۱، ۶۳، ۶۵، ۶۹، ۷۱، ۷۳، ۷۵، ۷۷)

علامہ عینی لکھتے ہیں: پس حسن بصری نے اٰلَآءِ کی تفسیر نعمتوں کے ساتھ کی ہے اور قتادہ نے رَبِّكُمَا کی تفسیر جن اور انس کے ساتھ کی ہے اور اٰلَآءِ، اٰلٍ کی جمع ہے اور رَبِّكُمَا میں جن اور انس سے خطاب ہے اگرچہ ان کا پہلے ذکر نہیں ہے اور اس آیت کے

Marfat.com

تکرار کی حکمت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس سورت میں اپنی نعمتوں کا ذکر فرمایا، پھر ہر دو نعمتوں کے درمیان اس آیت کو فاصلہ بنایا تا کہ لوگوں کو ان نعمتوں پر متنبہ فرمائے۔

وَقَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ يَغْفِرُ ذَنْبًا وَيَكْشِفُ كَرْبًا وَيَرْفَعُ قَوْمًا وَيَضَعُ آخَرِينَ۔

حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ نے كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ ۝ (الرحمن: ۲۹) کی تفسیر میں کہا: وہ گناہ معاف فرماتا ہے اور تکلیف دور کر دیتا ہے اور کسی قوم کا درجہ بلند فرما دیتا ہے اور کسی کا پست کر دیتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ ۝ (الرحمن: ۲۹) وہ دن ہر آن نئی شان میں ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی حضرت ابو الدرداء عویمر بن مالک نے اس آیت کی تفسیر میں بیان کیا جس کو امام ابن ماجہ نے اپنی سند کے ساتھ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی شان یہ ہے کہ وہ گناہ معاف فرماتا ہے اور مصیبت کو دور کرتا ہے اور ایک قوم کو بلند کرتا ہے اور دوسری قوم کو پست کر دیتا ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بَرْزَخٌ حَاجِزٌ۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: بَرْزَخٌ کا معنی ہے: آڑ اور رکاوٹ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ ۝ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَا يَبْغِيَانِ ۝ (الرحمن: ۲۰-۱۹) اس نے (کھاری اور شیریں) دو سمندر جاری کیے جو (ایک دوسرے سے) مل جاتے ہیں O ان دونوں کے درمیان ایک آڑ ہے جس سے وہ تجاوز نہیں کرتے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی ان کے درمیان ایک آڑ ہے، دوسرا قول ہے: ایک حائل ہے، ان میں سے کوئی ایک دوسرے سے تجاوز نہیں کرتا، یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اس کی حکمت بالغہ کی وجہ سے ہے۔

الْأَنَامُ الْخَلْقُ

الانام: اس کا معنی ہے خلق یعنی مخلوق۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ ۝ (الرحمن: ۱۰) اور اس نے لوگوں کے لیے زمین کو نیچے بنایا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت ابن عباس سے اور شعبی سے روایت ہے: انام کا معنی ہے: ہر ذی روح اور دوسرا قول ہے کہ اس کا معنی ہے: جن اور انس۔

نَضَّاخَتَانِ فَيَّاضَتَانِ۔

نَضَّاخَتَانِ: اس کا معنی ہے: فیض پہچانے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فِيهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ ۝ (الرحمن: ۶۶) ان جنتوں میں چھلکتے ہوئے دو چشمے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے نَضَّاخَتَانِ کی تفسیر کی ہے: فیض دینے والے، دوسرا قول ہے، پانی سے بھرے ہوئے، تیسرا قول ہے: پانی سے جوش مارتے ہوئے، حسن بصری نے کہا: وہ چشمے پھوٹتے ہیں، پھر جاری ہوتے ہیں، سعید بن جبیر نے کہا: وہ پانی سے چھلکتے ہوئے ہیں اور رنگ برنگ پھلوں سے بھرے ہوئے ہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: وہ اہل جنت پر خیر

اور برکت برسانے والے ہیں۔

ذُو الْجَلَالِ ذُو الْعَظَمَةِ۔ ذو الجلال: اس کا معنی ہے: عظمت والا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝ (الرحمٰن:۷۸) آپ کے رب کا نام بہت بابرکت ہے جو بہت بزرگی والا اور بہت عزت والا ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی وہ عظمت والا ہے اور کبریائی والا ہے، والاکرام اس کا معنی ہے: وہ کرم کرنے والا ہے یعنی جو بغیر سوال اور بغیر وسیلہ کے عطا فرمائے، دوسرا قول ہے: اس کا معنی ہے: جو عتاب نہیں کرتا اور درگزر کرتا ہے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ مَارِجٌ خَالِصٌ مِنَ النَّارِ يُقَالُ مَرَجَ الْأَمِيرُ رَعِيَّتَهُ إِذَا خَلَّاهُمْ يَعْدُو بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ وَيُقَالُ مَرَجَ أَمْرُ النَّاسِ مَرِيجٍ مُلْتَبِسٌ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ اخْتَلَطَ الْبَحْرَانِ مِنْ مَرَجْتَ دَابَّتَكَ تَرَكْتَهَا۔

اور دوسروں نے کہا: مَارِجٍ کا معنی ہے: خالص آگ، جب امیر اپنی رعایا کو آزاد چھوڑ دے کہ ان میں سے بعض بعض پر ظلم کریں تو کہا جاتا ہے: مَرَجَ الامیر رَعِیَّتَهُ اور مَرَجَ امر الناس یعنی لوگوں کے معاملات فاسد ہو گئے اور مرج کا معنی ہے، دو سمندر مل گئے، یہ مرجت دابتك سے ماخوذ ہے یعنی جب تم اپنی سواری کو چرنے کے لیے چھوڑ دو (خلاصہ یہ ہے کہ مَارِجٍ کے متعدد معانی ہیں)۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۝ (الرحمٰن:۱۵) اور جن کو خالص آگ کے شعلہ سے پیدا کیا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ تعلیق مکرر ہے کیونکہ اس کا عنقریب پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

یعنی حضرت ابن عباس کے علاوہ دوسروں نے کہا کہ مَرَجَ کا لفظ کئی معانی میں مستعمل ہے، ایک معنی یہ ہے کہ جب امیر اپنی رعایا کو آزاد چھوڑ دے اور وہ ایک دوسرے پر ظلم کریں تو کہا جاتا ہے: مرج الامیر رعیته اور جب لوگ مختلط اور مضطرب ہوں تو کہا جاتا ہے مرج امر الناس اور اس معنی کے اعتبار سے ہے:

فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ۝ (ق:۵) سو وہ الجھن میں ہیں ○

یعنی ان پر معاملہ ملتبس ہو گیا اور مشتبہ ہو گیا ہے، اور مرج البحرین کا معنی ہے: دو سمندروں کو ملا دیا۔

امام بخاری نے کہا: یہ مرجت دابتك سے ماخوذ ہے یعنی تو نے اپنی سواری کو چرنے کے لیے چھوڑ دیا، علامہ عینی اعتراض کرتے ہیں کہ امام بخاری کو چاہیے تھا کہ وہ اس کو مرج الامیر کے بعد ذکر کرتے۔

سَنَفْرُغُ لَكُمْ سَنُحَاسِبُكُمْ لَا يَشْغَلُهُ شَيْءٌ عَنْ شَيْءٍ وَهُوَ مَعْرُوفٌ فِي كَلَامِ الْعَرَبِ يُقَالُ لَأَتَفَرَّغَنَّ لَكَ وَمَا بِهِ شُغْلٌ يَقُولُ لَآخُذَنَّكَ عَلَى غِرَّتِكَ۔

سَنَفْرُغُ لَكُمْ: یعنی اب ہم تمہارے لیے فارغ ہوں گے۔ اس کا یہ معنی نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ پہلے کسی کام میں مشغول تھا اور اب جنات اور انسانوں کا حساب لینے کے لیے فارغ ہو گیا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کو کوئی کام دوسرے کام سے مشغول نہیں کرتا اور یہ کلام عرب میں معروف اور محاورہ ہے، کہا جاتا ہے: میں ابھی تمہارے لیے فارغ ہوتا ہوں حالانکہ اسے کوئی مشغولیت نہیں ہوتی، اس کا معنی یہ ہے کہ

وہ فرماتا ہے کہ ابھی تمہیں پکڑ کر تمہاری غفلت پر سزا دوں گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ۝ (الرحمن:۳۱) اے جنات اور انسان کے گروہو! ہم عنقریب تمہاری طرف متوجہ ہوں گے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: فارغ ہونے سے مجازی معنی مراد ہے یعنی ہم عنقریب تمہارا حساب لیں گے کیونکہ اللہ تعالیٰ کو کوئی کام دوسرے کام سے مشغول نہیں کرتا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یہ اللہ تعالیٰ کی اپنے بندوں پر وعید ہے اور اللہ تعالیٰ کو کوئی مشغولیت نہیں ہے، اس کا معنی ہے: ہم عنقریب تم سے مواخذہ کریں گے۔

امام بخاری نے کہا: یہ مجاز کلام عرب میں معروف ہے، انسان کو کوئی مشغولیت نہیں ہوتی، پھر بھی وہ کہتا ہے کہ میں عنقریب تمہارے لیے فارغ ہوں گا اور عنقریب تمہاری غفلت پر مواخذہ کروں گا، علامہ ثعلبی نے کہا: اس آیت میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے وعید اور تہدید ہے جیسے کوئی کہے: میں عنقریب تمہارے لیے فارغ ہوں گا حالانکہ اس کو کوئی مشغولیت نہیں ہوتی اور یہ ابن اسحاق اور ضحاک کا قول ہے۔ [علامہ عینی نے ان تمام تعلیقات کی شرح عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۱۰۔ ۳۰۴ میں بیان کی ہے]

۱۔ بَابٌ: وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ۝ (الرحمن: ۶۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ان دو جنتوں کے علاوہ اور دو جنتیں ہیں ۝ (الرحمن: ۶۲) کی تفسیر

۴۸۷۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْعَمِّيُّ حَدَّثَنَا أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ جَنَّتَانِ مِنْ فِضَّةٍ آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيهِمَا وَجَنَّتَانِ مِنْ ذَهَبٍ آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيهِمَا وَمَا بَيْنَ الْقَوْمِ وَبَيْنَ أَنْ يَنْظُرُوا إِلَى رَبِّهِمْ إِلَّا رِدَاءُ الْكِبْرِيَاءِ عَلَى وَجْهِهِ فِي جَنَّةِ عَدْنٍ۔

(صحیح مسلم: ۱۸۰، سنن ترمذی: ۲۵۳۶، سنن ابن ماجہ: ۱۸۶)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن ابو الاسد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالعزیز بن عبدالصمد العمی نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: ہمیں ابو عمران الجونی نے حدیث بیان کی از ابوبکر بن عبداللہ بن قیس از والد خود کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو جنتیں چاندی کی ہیں، ان کے برتن اور جو کچھ ان میں ہے (وہ چاندی کا ہے) اور دو جنتیں سونے کی ہیں، ان کے برتن اور جو کچھ ان میں ہے (وہ سونے کا ہے) اور لوگوں کے درمیان اور اس کے درمیان کہ وہ اپنے رب کو دیکھیں صرف اللہ کی کبریائی کی چادر ہے جو اللہ کے چہرے پر ہے جنت عدن میں۔

اللہ تعالیٰ کی کبریائی کی چادر اور اس کے چہرے کی تحقیق

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی تشریح میں لکھتے ہیں:

یہ حدیث متشابہات میں سے ہے کیونکہ چہرے کا اور چادر کا جو لغوی معنی ہے اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے، اللہ تعالیٰ کا نہ ہماری طرح چہرہ ہے اور نہ اس کی ہماری طرح چادر ہے، المفوضۃ یہ کہتے ہیں کہ اس کی تاویل کو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا اور المؤولہ یہ کہتے ہیں کہ چہرے سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات ہے اور چادر اس کی عظمت سے کنایہ ہے۔ علامہ قرطبی نے کہا ہے کہ عظمت اور کبریائی کی چادر محسوس کپڑوں کی جنس سے نہیں ہے، یہ صرف مجازات ہیں اور مناسبت یہ ہے کہ جس طرح چادر ارتہبند کسی انسان کو

Marfat.com

لازم ہوتے ہیں اور اس کے ساتھ مخصوص ہوتے ہیں اور اس میں کوئی دوسرا اس کا شریک نہیں ہوتا، اسی طرح اللہ تعالیٰ کی عظمت اور اس کی کبریائی اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے اور اس میں کوئی دوسرا اس کا شریک نہیں ہے، کیا تم نہیں دیکھتے کہ دوسری حدیث میں ہے: جس نے ان کو مجھ سے چھیننے کی کوشش کی میں اس سے جھگڑا کروں گا۔

جنت عدن کا معنی یہ ہے کہ اس وقت اہل جنت جنت عدن یعنی ہمیشگی کی جنت میں ہوں گے اور اس کا یہ معنی نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ جنت عدن میں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا زمان اور مکان میں ہونا محال ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۱۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

الرحمٰن: ۶۲، میں مذکور دو جنتوں کی تفصیل

حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ نے لکھا ہے کہ الرحمٰن: ۶۲، میں جن دو جنتوں کا ذکر ہے یہ دو جنتیں چاندی اور سونے کی ہیں اور ان کے درجات میں اتنا فرق ہے جتنا چاندی اور سونے میں فرق ہوتا ہے۔ سونے کی جنت مقربین کے لیے ہوگی اور چاندی کی جنت اصحاب الیمین کے لیے ہوگی۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۴۷، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۲۔ بَابٌ: حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ۝ اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آنکھوں والی حوریں ہیں جو خیموں میں باپردہ ہیں ○ (الرحمٰن: ۷۲) کی تفسیر

(الرحمٰن: ۷۲)

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

لفظ حور حوراء کی جمع ہے، اس کا معنی ہے: وہ عورت جو بہت زیادہ سفید ہو اور اس کی آنکھیں بہت زیادہ سیاہ ہوں اور مقصورات کا معنی ہے: مستورات اور الخیام خیمہ کی جمع ہے، الثعلبی نے کہا ہے: ان کے خیموں میں ہونے کا معنی ہے: وہ باپردہ ہیں اور صحابہ سے منقول ہے کہ وہ صرف اپنے شوہروں پر مقصور ہیں یعنی ان ہی کے لیے منحصر ہیں، نہ وہ کسی دوسرے کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھیں گی اور نہ وہ کسی کو اپنے اوپر تصرف کرنے دیں گی۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْحُورُ السُّودُ الْحَدَقِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَقْصُورَاتٌ مَحْبُوسَاتٌ قُصِرَ طَرْفُهُنَّ وَأَنْفُسُهُنَّ عَلَى أَزْوَاجِهِنَّ قَاصِرَاتٌ لَا يَبْغِينَ غَيْرَ أَزْوَاجِهِنَّ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: حور کا معنی ہے: جس عورت کی آنکھ کا ڈھیلا خوب سیاہ ہو اور مجاہد نے کہا کہ مقصورات کا معنی ہے: محبوسات یعنی ان عورتوں نے اپنی نگاہوں کو اور اپنے آپ کو اپنے شوہروں میں منحصر کر رکھا ہے، وہ اپنے شوہروں کے سوا کسی اور کی طرف نہ دیکھتیں ہیں نہ کسی کو اپنے اوپر ہاتھ لگانے دیتی ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۱۲۔۳۱۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۷۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ إِنَّ فِي الْجَنَّةِ خَيْمَةً مِنْ لُؤْلُؤَةٍ مُجَوَّفَةٍ عَرْضُهَا سِتُّونَ مِيلًا فِي كُلِّ زَاوِيَةٍ مِنْهَا أَهْلٌ مَا يَرَوْنَ الْآخَرِينَ يَطُوفُ عَلَيْهِمُ الْمُؤْمِنُونَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن المثنی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبد العزیز بن عبد الصمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو عمران الجونی نے حدیث بیان کی از ابو بکر بن عبد اللہ بن قیس از والد خود کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جنت میں کھوکھلے موتی کا ایک خیمہ ہے جس کا عرض ساٹھ (۶۰) میل ہے اور اس کے ہر کونے پر (مسلمان کی) بیوی ہوگی، اس کو دوسرے

Marfat.com

نہیں دیکھ سکیں گے اور ان پر مومنین گھومتے رہیں گے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۲۴۳ میں گزر چکی ہے۔

کھوکھلے موتی کے خیمہ کی شرح

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

کھوکھلے موتی کا معنی یہ ہے کہ اس موتی کا پیٹ بہت وسیع اور کشادہ ہوگا اور فرمایا: اس کا عرض ساٹھ میل کا ہوگا، ایک میل تین فرسخ کا ہے اور ایک فرسخ چار ہزار (۴۰۰۰) قدم کا ہے اور فرمایا: اس کے ہر کونے میں ایک اہل ہے، صحیح مسلم کی روایت میں ہے کہ مسلمان کی بیوی ہے اور فرمایا: اس پر مومنین طواف کریں گے، علامہ الدمیاطی نے کہا ہے کہ صحیح واحد کا صیغہ ہے یعنی وہ مومن اس خیمہ میں گھومے گا جس کی وہ حور ہوگی اور جمع کے صیغہ کی توجیہ یہ ہے کہ یہ جمع جمع کے مقابلہ میں ہے یعنی ان خیموں میں مومنین گھومیں گے، اس کا معنی ہے: ہر مومن اپنے خیمہ میں گھومے گا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۱۲ فتح الباری ج ۶ ص ۴۸)

۴۸۸۰۔ وَجَنَّتَانِ مِنْ فِضَّةٍ آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيهِمَا وَجَنَّتَانِ مِنْ كَذَا آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيهِمَا وَمَا بَيْنَ الْقَوْمِ وَبَيْنَ أَنْ يَنْظُرُوا إِلَى رَبِّهِمْ إِلَّا رِدَاءُ الْكِبْرِ عَلَى وَجْهِهِ فِي جَنَّةِ عَدْنٍ۔

اور دو جنتیں چاندی کی ہوں گی، اس کے برتن اور جو کچھ اس میں ہے وہ چاندی کا ہوگا، اسی طرح دو جنتیں فلاں چیز کی ہوں گی (یعنی سونے کی) ان کے برتن اور جو کچھ اس میں ہے (سونے کا ہو گا) اور لوگوں کے درمیان اور اس کے درمیان کہ وہ اپنے رب کی طرف دیکھیں صرف جنت عدن میں کبریائی کی چادر ہے جو اللہ تعالیٰ کے (اس کی شان کے موافق اس کے) چہرے پر ہوگی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۸۷۸ میں گزر چکی ہے۔

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الرحمٰن کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ امام بخاری نے سورۃ الواقعہ کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۵۶۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْوَاقِعَۃِ

سورۃ الواقعہ کی تفسیر

سورۃ الواقعہ کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الواقعہ کی بعض آیات کی تفسیر ہے، علامہ ابوالعباس نے کہا ہے کہ یہ سورت مکی ہے اور ان آیتوں میں اختلاف ہے: وَ اَصْحٰبُ الْیَمِیْنِ (الواقعہ: ۲۷) اور اَفَبِهٰذَا الْحَدِیْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ۝ (الواقعہ: ۸۱) پہلی آیت اہل طائف کے متعلق نازل ہوئی ہے اور وہ فتح مکہ اور حنین کے بعد اسلام لائے تھے، اور دوسری آیت اس وقت نازل ہوئی جب آپ نے بارش کے لیے دعا کی تھی اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ جب مشرکین نے کہا تھا کہ ہم پر فلاں ستارہ کی وجہ سے بارش ہوئی ہے تب یہ آیت نازل ہوئی وَ تَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ۝ (الواقعہ: ۸۲) حضرت علی رضی اللہ عنہ اس کی یوں قرأت کرتے تھے: وتجعلونَ شُکْرَکُمْ، سورۃ والواقعہ میں چھیانوے (۹۶) آیات ہیں اور الواقعہ سے مراد القیامت ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۱۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ رُجَّتْ زُلْزِلَتْ۔ اور مجاہد نے کہا: رُجَّتْ کا معنی ہے: جب زمین کو متزلزل کیا جائے یعنی جب اس کو ہلایا جائے گا اور اس کو متحرک کیا جائے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ۝ (الواقعہ: ۴) جب زمین بڑے زور سے ہلا دی جائے گی ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے رُجَّتِ کی تفسیر کی ہے: زلزلت یہ تفسیر مجاہد کی ہے اور علامہ ثعلبی نے کہا ہے: جب زمین متحرک اور مضطرب ہوگی اور لغت میں رَجٌّ کا معنی حرکت دینا ہے۔

بُسَّتْ فُتَّتْ لُتَّتْ كَمَا يُلَتُّ السَّوِيْقُ۔ بُسَّتِ: اس کا معنی ہے: اس کو چور چور کر دیا جائے گا اور لت پت کر دیا جائے گا، جس طرح ستو کو پانی میں گھول کر لت پت کر دیا جاتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝ (الواقعہ: ۵) اور پہاڑ ریزہ ریزہ کر دیئے جائیں گے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: پہاڑ چور چور کر دیئے جائیں گے اور لت پت کر دیئے جائیں گے اور یہ بھی مجاہد کی تفسیر ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ بُسَّتْ اور لُتَّتْ کا ایک ہی معنی ہے یعنی وہ اس طرح ہو جائیں گے جس طرح پسا ہوا گیلا آٹا ہو، اور عرب آٹے اور ستو کو بَسِیْسَۃٌ کہتے ہیں اور ابن المسیب سے روایت ہے کہ پہاڑوں میں توڑ پھوڑ کر دی جائے گی اور عطیہ نے تفسیر کی ہے کہ وہ پہاڑ ریت اور مٹی کی طرح ہو جائیں گے۔

اَلْمَخْضُوْدُ الْمُوْقَرُ حَمْلًا وَيُقَالُ اَيْضًا لَا شَوْكَ لَهٗ۔ المخضود: اس کا معنی ہے: پھلوں کے بوجھ سے لدے ہوئے اور

Marfat.com

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جس درخت میں کوئی کانٹا نہ ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ۝ (الواقعہ:۲۸) وہ بغیر کانٹوں کے بیری کے درختوں میں ہوں گے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: الخضد کا لغوی معنی ہے: قطع یعنی کاٹنا، گویا کہ اس بیری کے درخت کے کانٹے کاٹے ہوئے ہیں، حسن بصری سے منقول ہے: اس سے ہاتھ زخمی نہیں ہوتے اور ضحاک سے منقول ہے کہ مسلمان طائف کی ایک سرسبز وادی میں گئے تو ان کو وہاں بیری کے درخت بہت اچھے لگے تو انہوں نے کہا: کاش! ہمارے لیے بھی بیری کے درخت ہوں تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی۔

مَنْضُودِ الْمَوْزِ۔ مَّنْضُوْدٍ: اس کا معنی ہے: (تہ بہ تہ) کیلے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ۝ (الواقعہ:۲۹) اور تہ بہ تہ کیلوں میں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: طلح، طلحۃ کی جمع ہے یہ اکثر مفسرین کا قول ہے اور حسن بصری نے کہا ہے: وہ کیلے کا درخت نہیں ہے لیکن وہ ایسا درخت ہے جس کا سایہ ٹھنڈا اور خوش گوار ہے اور الفراء اور امام ابوعبیدہ سے منقول ہے کہ عرب کے نزدیک طلح بہت بڑے درخت کو کہتے ہیں جس پر کانٹے ہوں اور المنضود کا معنی ہے کہ پھل ایک دوسرے کے اوپر رکھے ہوئے ہوں اور لغت کی کتاب المغرب میں مذکور ہے کہ النضد کا معنی ہے کہ بعض سامان کو بعض کے اوپر رکھ دینا۔

وَالْعُرُبُ الْمُحَبِّبَاتُ إِلَى أَزْوَاجِهِنَّ۔ اَلْعُرُبُ: اس کا معنی ہے: وہ بیویاں جو اپنے شوہروں کے نزدیک محبوب ہوں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ۝ عُرُبًا اَتْرَابًا ۝ (الواقعہ:۳۶-۳۷) ہم نے ان کو دوشیزہ بنا دیا O محبت کرنے والیاں ہم عمر O

علامہ عینی لکھتے ہیں: اَلْمُحَبِّبَاتُ اَلْمُحَبَّبَةُ کی جمع ہے اور یہ اَلْحُبُّ کا اسم مفعول ہے، مجاہد نے اس کی تفسیر میں کہا: جو بیوی اپنے خاوند کے نزدیک محبوب ہو، اور علامہ الثعلبی نے کہا: عُرُبًا کا معنی ہے: جو بیویاں اپنے شوہروں سے محبت کرنے والی ہوں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ عُرُبٌ، عَرُوْبَةٌ کی جمع ہے اور اہل مکہ اس کو عَرِیَہ کہتے ہیں (راء پر زیر) اور اہل مدینہ اس کو غَنِجَةٌ اور اہل عراق اس کو شَكِلَةٌ کہتے ہیں اور أَتْرَاب کے معنی ہیں جو عمر میں مساوی ہوں، یہ لفظ تِرْب کی جمع ہے۔

ثُلَّةٌ أُمَّةٌ۔ ثُلَّةٌ: کا معنی ہے: جماعت اور گروہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۝ (الواقعہ:۳۹) (دائیں طرف والوں کا) بڑا گروہ پہلے لوگوں میں سے ہوگا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: ثُلَّةٌ کا معنی ہے: امت یعنی گروہ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا معنی فرقہ ہے۔

يَحْمُومٍ دُخَانٌ أَسْوَدُ۔ يَحْمُوْمٍ: اس کا معنی ہے: کالا دھواں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ۝ (الواقعہ:۴۳) اور سیاہ دھوئیں کے سائے میں ہوں گے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یَحْمُوْم کی تفسیر کی ہے: کالا دھواں کیونکہ عرب کالی چیز کو یَحْمُوْم کہتے ہیں۔

Marfat.com

يُصِرُّونَ يُدِيمُونَ — يُصِرُّوْنَ: اس کا معنی ہے وہ اس پر اصرار کرتے تھے یعنی اس پر ہمیشہ ڈٹے رہتے تھے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ كَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ۝ (الواقعہ:۴۶) اور وہ بہت بڑے گناہ پر اصرار کرتے تھے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: الحنث العظیم کا معنی ہے: بہت بڑا گناہ، ابوبکر الاصم سے منقول ہے: کفار قسم کھا کر کہتے تھے کہ وہ دوبارہ زندہ نہیں کیے جائیں گے اور یہ کہ بت اللہ تعالیٰ کے شریک ہیں، اللہ تعالیٰ اس قول سے بہت بلند ہے اور يُصِرُّوْنَ کا معنی ہے: وہ اس پر ڈٹے رہتے تھے۔

الْهِيمُ الْإِبِلُ الظِّمَاءُ۔ — الهیم: اس کا معنی ہے: پیاسے اونٹ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ۝ (الواقعہ:۵۵) پس تم سخت پیاسے اونٹ کی طرح پینے والے ہو گے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: الهیم، الهیماء کی جمع ہے، پیاسے اونٹوں کو کہتے ہیں: جَمَلٌ اَهْيَم و ناقةٌ هيماء، قتادہ سے منقول ہے: یہ اونٹوں کی ایک بیماری ہے جس میں وہ ہمیشہ پانی پیتا رہتا ہے حتیٰ کہ ہلاک ہو جاتا ہے اور اس کو پیاس کی بیماری کہا جاتا ہے اور الظماء، الظمآن کی جمع ہے اور الظما کا معنی پیاس ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ۔ (التوبہ:۱۲۰) ان کو کبھی بھی پیاس نہیں لگے گی۔

اور الظمان کا معنی ہے: پیاسا۔

لَمُغْرَمُوْنَ لَمَلُوْمُوْنَ۔ — لمغرمون: کا معنی ہے: (ہم پر تاوان) لازم کیا گیا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ۝ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ۝ کہ ہم پر تو تاوان پڑ گیا O بلکہ ہم تو محروم ہوئے O

(الواقعہ:۶۷۔۶۶)

علامہ عینی لکھتے ہیں: لملزمون، الزام سے بنا ہے اور لام تاکید کے لیے ہے یعنی ہم پر ضرور تاوان لازم کیا گیا ہے اور حضرت ابن عباس اور قتادہ سے منقول ہے کہ لمغرمون کا معنی ہے: لمعذبون یعنی ہم کو ضرور عذاب دیا گیا ہے اور یہ غَرَام سے ماخوذ ہے جس کا معنی عذاب ہے اور مجاہد سے منقول ہے: ہم کو شر سے ملایا گیا ہے اور مقاتل سے منقول ہے: ہم کو ہلاک کیا گیا اور مرۃ الہمدانی سے منقول ہے: ہمارا محاسبہ کیا گیا ہے۔

مَدِيْنِيْنَ مُحَاسَبِيْنَ۔ — مدینین: اس کا معنی ہے: جن کا حساب کیا جائے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ۝ (الواقعہ:۸۶) پس اگر تم کسی کے زیر فرمان نہیں ہو O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس کا معنی کیا ہے: اگر تم کسی کو حساب دینے والے نہیں ہو، الزمخشری نے کہا ہے: یعنی اگر تم کسی حاکم کے زیر سلطنت نہیں ہو اور اس کا جواب محذوف ہے یعنی جب کسی مرنے والے کی روح اس کی حلقوم تک پہنچ جاتی ہے تو تم اس کو واپس کیوں نہیں لاتے اگر تم سچے ہو۔

Marfat.com

رَوْحٌ جَنَّةٌ وَرَخَاءٌ وَرَيْحَانُ الرِّزْقُ۔ رَوْحٌ: اس کا معنی جنت اور وسعت ہے اور ریحان اس کا معنی رزق ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۸۸﴾ فَرَوْحٌ وَّ رَيْحَانٌ ۙ وَّ جَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿۸۹﴾ (الواقعہ:۸۸۔۸۹) پس اگر وہ (مرنے والا) مقربین میں سے ہے O تو اس کے لیے راحت ہے اور رزق اور انعام والی جنت ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: ابن زید سے منقول ہے کہ راحت موت کے وقت ہوگی اور ریحان یعنی رزق آخرت میں لے گا اور حسن بصری سے منقول ہے کہ اس کی روح راحت سے نکلے گی اور حضرت ابن عباس اور مجاہد سے منقول ہے کہ فَرَوْحٌ کا معنی ہے: راحت اور ریحان کا معنی ہے: راحت والا اور مجاہد اور سعید بن جبیر سے منقول ہے کہ ریحان کا معنی ہے: رزق۔

وَنُنْشِئَكُمْ فِيمَا لَا تَعْلَمُونَ فِي أَيِّ خَلْقٍ نَشَاءُ۔ وننشاکم: یعنی ہم جس صورت میں چاہیں گے تم کو بنا دیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۱﴾ (الواقعہ:۶۱) اور ہم تمہیں از سر نو اس طرح پیدا کر دیں جس کو تم بالکل نہیں جانتے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی ہم تم کو جس صورت میں چاہیں پیدا کر دیں ان صورتوں میں سے جن کو تم بالکل نہیں جانتے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ تَفَكَّهُونَ تَعْجَبُونَ۔ اور دوسروں نے کہا: تَفَكَّهُوْنَ کا معنی ہے: تم تعجب کرتے ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿۶۵﴾ (الواقعہ:۶۵) اگر ہم چاہیں تو اس کو بالکل چورا چورا کر دیں پھر تم باتیں بناتے رہ جاؤ O

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی مجاہد کے علاوہ دوسروں نے تَفَكَّهُوْنَ کی تفسیر کی ہے: تم تعجب کرتے رہ جاؤ، اسی طرح قتادہ نے اس کی تفسیر کی ہے اور عکرمہ سے منقول ہے: تم ملامت کرتے رہو، اور حسن بصری سے منقول ہے: تم نادم ہوتے رہو اور ابن کیسان سے منقول ہے: تم افسوس کرتے رہو اور انہوں نے کہا: یہ لغت اضداد سے ہے، عرب اس کا معنی کرتے ہیں: تم نعمت میں ہو اور یہ بھی کہتے ہیں کہ تم غم میں ہو، دوسرا قول ہے: تَفَكُّهٌ کا معنی ہے: فضول باتیں کرنا، اسی وجہ سے مزاح کرنے والے کو فَاكِهٌ کہتے ہیں۔

عُرُبًا مُثْقَلَةٌ وَاحِدُهَا عَرُوبٌ مِثْلُ صَبُورٍ وَصُبُرٍ يُسَمِّيهَا أَهْلُ مَكَّةَ الْعَرِبَةَ وَأَهْلُ الْمَدِينَةِ الْفَنِجَةَ وَأَهْلُ الْعِرَاقِ الشَّكْلَةَ۔ عُرُبًا: یہ ثقیل ہے (یعنی اس پر پیش ہے) اور اس کا واحد عَرُوب ہے جیسے صبور اور صبر، اہل مکہ ایسی عورت کو العربہ کہتے ہیں اور اہل مدینہ ایسی عورت کو الفنجہ کہتے ہیں اور اہل عراق ایسی عورت کو الشکلہ کہتے ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ تعلیق ابوذر کے نسخہ میں نہیں ہے اور یہ تعلیق مکرر ہے جس کا صفت جنت میں ذکر ہو چکا ہے۔

وَقَالَ لِي خَافِضَةٌ لِقَوْمٍ إِلَى النَّارِ وَرَافِعَةٌ إِلَى الْجَنَّةِ۔ (اور مجاہد نے) خافضۃ کے متعلق کہا: قیامت بعض لوگوں کو دوزخ کی طرف پستی میں لے جانے والی ہے اور بعض لوگوں کو جنت کی طرف بلند کرنے والی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۝ (الواقعہ:۳) وہ (قیامت) پست کرنے والی، بلند کرنے والی ہوگی ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: قیامت کے دن قیامت بعض لوگوں کو دوزخ کی پستی میں ڈال دے گی اور بعض لوگوں کو جنت کی طرف بلند کردے گی، عطاء نے کہا: عدل کے ساتھ پستی میں ڈالے گی اور فضل کے ساتھ بلند کرے گی۔

مَوْضُونَةٍ مَنْسُوجَةٍ وَمِنْهُ وَضِينُ النَّاقَةِ۔ مَوْضُونَةٌ: اس کا معنی ہے: بنی ہوئی اور اسی سے وضین الناقہ بنا ہے یعنی اونٹنی کی وہ رسی جس سے کجاوہ کو باندھتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

عَلَىٰ سُرُرٍ مَّوْضُونَةٍ ۝ (الواقعہ:۱۵) وہ (زر و جواہر سے) مرصع تختوں پر ہوں گے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ تعلیق صرف ابوذر کے نسخہ میں ہے۔ یعنی وہ ایسے تختوں پر ہوں گے جو سونے اور جواہر سے بنے ہوئے ہوں گے جس طرح زرہ کے حلقہ بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ امام بخاری نے کہا: اور اسی باب سے وضین الناقہ ہے یعنی وہ بنی ہوئی رسی جس سے اونٹ کے اوپر پالان کو باندھا جاتا ہے۔

وَالْكُوبُ لَا آذَانَ لَهُ وَلَا عُرْوَةَ وَالْأَبَارِيقُ ذَوَاتُ الْآذَانِ وَالْعُرَى۔ الکوب: یہ وہ برتن ہے جس میں ٹونٹی ہو اور نہ پکڑنے کا دستہ ہو جیسے پیالہ اور گلاس وغیرہ اور الاباریق یہ وہ برتن ہے جن کی ٹونٹیاں بھی ہوں اور پکڑنے کے دستے بھی ہوں (جیسے لوٹے)۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

بِأَكْوَابٍ وَأَبَارِيقَ۔ (الواقعہ:۱۸) جیسے پیالے اور لوٹے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کی تفسیر ظاہر ہے۔ الاکواب، کوب کی جمع ہے اور اباریق، ابریق کی جمع ہے، اس کے روشن رنگ کی وجہ سے اس کو ابریق کہا جاتا ہے۔

مَسْكُوبٍ جَارٍ۔ مسکوب: کا معنی ہے: جاری یعنی بہنے والا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَاءٍ مَّسْكُوبٍ ۝ (الواقعہ:۳۱) اور چھلکتے ہوئے پانی میں ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: کتب تفسیر میں مذکور ہے، اس سے مراد وہ پانی ہے جو ہمیشہ بہتا رہتا ہو۔

وَفُرُشٍ مَرْفُوعَةٍ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ۔ وفرش مرفوعہ: اس سے مراد ہے اوپر تلے بستر۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَفُرُشٍ مَّرْفُوعَةٍ ۝ (الواقعہ:۳۴) اور اونچے بستروں میں ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ان کے بستر تختوں پر بلند ہوں گے اور حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اگر اوپر سے بستر نیچے کی طرف پھینکا جائے گا تو وہ ستر (۷۰) سال کے بعد زمین پر پہنچے گا۔

مُتْرَفِينَ مُسْتَغِينَ۔ مترفین: عیش و آرام سے زندگی گزارنے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَٰلِكَ مُتْرَفِينَ ۝ (الواقعہ:۴۵) بے شک وہ اس سے پہلے بہت نعمتوں میں تھے ○

Marfat.com

علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مترفین کی تفسیر متنعمین کی ہے یعنی اس سے پہلے وہ نعمتوں میں تھے، یہ تنعم سے ماخوذ ہے، حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: یہ تمتع سے ماخوذ ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۵۰ د) علامہ عینی ان کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یہ غلط ہے، یہ تمتع سے اس وقت ماخوذ ہوتا جب امام بخاری اس کی تفسیر متمتعین کرتے جب کہ امام بخاری نے اس کی تفسیر کی ہے متنعمین۔

مَا تُمْنُونَ مِنَ النُّطَفِ يَعْنِي هِيَ النُّطْفَةُ فِي أَرْحَامِ النِّسَاءِ۔ ماتمنون: یعنی وہ نطفہ جس کو عورتوں کے رحموں میں ڈالا جاتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ۝ (الواقعہ: ۵۹۔۵۸) بھلا یہ بتاؤ کہ تم جو منی (رحم میں) ٹپکاتے ہو O کیا اس سے تم (انسان کی) تخلیق کرتے ہو یا ہم تخلیق کرنے والے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے ماتمنون کی تفسیر اس نطفہ سے کی ہے جس کو رحم میں ٹپکایا جاتا ہے، الفراء نے کہا ہے: یعنی وہ نطفہ جس کو رحموں میں ڈالا جاتا ہے، کیا ان نطفوں کی تخلیق تم کرتے ہو یا ہم کرتے ہیں۔

لِلْمُقْوِينَ لِلْمُسَافِرِينَ وَالْقِيُّ الْقَفْرُ۔ للمقوین: اس کا معنی ہے: مسافرین، یہ لفظ القی سے ماخوذ ہے جس کا معنی صحراء اور ویرانہ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ۝ (الواقعہ: ۷۳) ہم نے اس کو نصیحت بنایا اور مسافروں کے لیے فائدے کی چیز O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے المقوین کی تفسیر مسافرین کے ساتھ کی ہے، یہ لفظ القِواء سے ماخوذ ہے، اس کا معنی ہے: صحراء اور ویرانہ یعنی دور دراز کی وہ خالی جگہ جو آبادی سے دور ہو، جب کوئی جگہ رہنے والوں سے خالی رہ جائے تو عرب کہتے ہیں: اقوت الدار، مجاہد نے کہا ہے: مقوین کا معنی ہے: وہ تمام لوگ جو آگ سے فائدہ اٹھانے والے ہوں خواہ وہ مسافر ہوں یا شہری وہ اس آگ سے اندھیرے میں روشنی حاصل کرتے ہیں اور سردیوں میں اس سے ہاتھ تاپتے ہیں اور اس آگ سے روٹی اور سالن پکاتے ہیں اور اس آگ کو دیکھ کر دوزخ کی آگ کو یاد کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دوزخ کی آگ سے پناہ طلب کرتے ہیں، القطرب نے کہا کہ المقوی لغت اضداد سے ہے، یہ فقیر اور غنی دونوں کے لیے آتا ہے۔

بِمَوَاقِعِ النُّجُومِ بِمُحْكَمِ الْقُرْآنِ وَيُقَالُ بِمَسْقِطِ النُّجُومِ إِذَا سَقَطْنَ وَمَوَاقِعُ وَمَوْقِعٌ وَاحِدٌ۔ بِمَوَاقِعِ النُّجُوْمِ: اس کا معنی ہے: قرآن مجید کی محکم آیات، اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ستاروں کے گرنے کی جگہ اور مواقع اور موقع کی تفسیر واحد ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ۝ (الواقعہ: ۷۵) پس مجھے ستاروں کے وقوع کی جگہوں کی قسم O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی دو تفسیریں کی ہیں، ایک تفسیر کی ہے: قرآن مجید کی محکم آیات، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس آیت کو پڑھ کر فرمایا: نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن مجید نجماً نجماً نازل ہوا یعنی قسط وار نازل ہوا، حمزہ اور الکسائی

Marfat.com

نے اسی طرح قراءت کی ہے اور اس کی دوسری تفسیر ہے: ستاروں کے گرنے اور ان کے غروب ہونے کی جگہ، امام بخاری نے جو کہا: ہے مواقع اور موقع واحد ہیں، اس کا مطلب ہے: لفظی اعتبار سے واحد ہیں نہ کہ معنوی اعتبار سے کیونکہ صحیح مذہب یہ ہے: جمع مضاف اور مفرد مضاف دونوں عام ہوتے ہیں۔

مُدْهِنُونَ مُكَذِّبُونَ مِثْلُ ﴿لَوْتُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ ۝﴾ (القلم:۹)

مُدْهِنُونَ: اس کا معنی ہے: مکذبون جیسے یہ آیت: لَوْتُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ ۝ (القلم:۹) یعنی اگر آپ دین میں نرمی کریں تو وہ بھی نرم ہو جائیں گے ○

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ أَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ۝ (الواقعہ:۸۱) کیا تم اس قرآن کو معمولی سمجھ رہے ہو ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مُدْهِنُونَ کی تفسیر مکذبون کی ہے، اسی طرح الفراء نے اس کی تفسیر کی ہے اور کہا ہے کہ اگر آپ تبلیغ میں نرم پڑیں تو یہ بھی نرم پڑ جائیں، یہ سورۃ القلم کی تفسیر ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے (الواقعہ:۸۱) کی تفسیر میں فرمایا: کیا یہ اس قرآن کے ساتھ کفر کرنے والے ہیں اور ابن کیسان سے منقول ہے کہ مدھن وہ شخص ہے جو اس کام کو نہ کرے جو اس پر فرض اور واجب ہو اور مال لے کر اس کام کو چھوڑ دے، اور المؤرخ سے منقول ہے کہ المدھن وہ منافق ہے جو اپنے کفر کو چھپانے کے لیے اپنی جانب نرم رکھتا ہے۔

فَسَلَامٌ لَكَ أَيْ مُسَلَّمٌ لَكَ إِنَّكَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِيْنِ وَأُلْغِيَتْ إِنَّ وَهُوَ مَعْنَاهَا كَمَا تَقُوْلُ أَنْتَ مُصَدَّقٌ مُسَافِرٌ عَنْ قَلِيْلٍ إِذَا كَانَ قَدْ قَالَ إِنِّيْ مُسَافِرٌ عَنْ قَلِيْلٍ وَقَدْ يَكُوْنُ كَالدُّعَاءِ لَهُ كَقَوْلِكَ فَسَقْيًا مِنَ الرِّجَالِ إِنْ رَفَعْتَ السَّلَامَ فَهُوَ مِنَ الدُّعَاءِ۔

فَسَلَامٌ لَّكَ: یعنی آپ کے لیے یہ تسلیم کر لیا گیا کہ آپ دائیں طرف والے اصحاب میں سے ہیں اور حرف إِنَّ کو حذف کر دیا گیا اور اس کا معنی مراد ہے جیسا کہ تم کہو کہ تمہاری تصدیق کی گئی ہے کہ تم تھوڑی دیر میں سفر کرنے والے ہو جب کہ اس شخص نے یہ کہا ہو کہ میں تھوڑی دیر میں یہ سفر کرنے والا ہوں اور کبھی سلام کا لفظ دعا کے معنی میں ہوتا ہے جب کہ وہ مرفوع ہو اور اس کا معنی ہے: اللہ تمہیں سلامت رکھے جیسے فسقیا جب منصوب ہو تو یہ دعا کے لیے ہوتا ہے یعنی اللہ تمہیں سیراب کرے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَأَمَّا إِنْ كَانَ مِنْ أَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ أَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝ (الواقعہ:۹۱-۹۰)

اور اگر وہ (مرنے والا) دائیں طرف والوں میں سے ہے ○ (اے دائیں طرف والے!) تجھ پر سلام ہو کیونکہ تو دائیں طرف والوں میں سے ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس تعلیق میں یہ اشارہ کیا ہے کہ أَنَّ کا حرف محذوف ہے اور اصل عبارت اس طرح ہے: أَنَّكَ من أَصْحٰبِ اليمين، ہر چند کہ یہ لفظاً مذکور نہیں ہے لیکن اس کا معنی مراد ہے جیسا کہ تم یہ کہو: تمہاری یہ تصدیق کی گئی ہے کہ تم تھوڑی دیر میں سفر کرنے والے ہو جب کوئی شخص یہ کہے: میں تھوڑی دیر میں یہ سفر کرنے والا ہوں، یہاں بھی اصل عبارت یہ ہے: انت مصدق انك مسافر عن قليل، اس عبارت میں بھی لفظاً حرف أَنَّ کو حذف کیا گیا ہے اور معناً مراد ہے، امام بخاری نے کہا:

Marfat.com

اور کبھی لفظ سلام دعا کے لیے ہوتا ہے جب اس کو مرفوع پڑھا جائے یعنی سَلَامٌ جیسے تم کہو: فسیقالك من اصحب الیمین، تم دائیں طرف والوں میں سے ہو تو اللہ تمہیں سیراب کرے۔

تُورُونَ تَسْتَخْرِجُونَ أَوْرَيْتُ أَوْقَدْتُ۔ تُورُون: اس کا معنی ہے: جس آگ کو تم نکالتے ہو یعنی اس کو سلگاتے ہو۔ اوریت کا معنی ہے: میں نے آگ جلائی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِي تُورُونَ ۝ (الواقعہ: ۷۱) بھلا بتاؤ کہ جس آگ کو تم سلگاتے ہو O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے تُورُونَ کی تفسیر کی ہے: تم آگ نکالتے ہو اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ تم چقماق (آگ جلانے کا قدیم آلہ) سے آگ جلاتے ہو، اور درخت کی وہ لکڑیاں جن میں آگ سلگاتے ہو، تُورُونَ اصل میں تُوْرِيُوْنَ تھا، یاء پر ضمہ ثقیل تھا، اسے ماقبل کی طرف نقل کر دیا گیا، پھر یاء اور واؤ میں التقاء ساکنین ہوا تو یاء کو حذف کر دیا گیا۔

لَغْوًا بَاطِلًا تَأْثِيمًا كَذِبًا۔ لَغْوًا: اس کا معنی ہے: باطل اور تَأْثِيمًا: اس کا معنی ہے: جھوٹ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَلَا تَأْثِيمًا ۝ (الواقعہ: ۲۵) وہ اس میں نہ کوئی بے ہودہ بات سنیں گے اور نہ گناہ کی بات O

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی دائمی جنتوں میں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اسی طرح منقول ہے۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۱۸۔ ۳۱۳، میں بیان کی ہے]

۱۔ بَابٌ: وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ ۝ (الواقعہ: ۳۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور پھیلے ہوئے لمبے سایوں میں O (الواقعہ: ۳۰) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

ظل ممدود کا معنی ہے: دائمی سایا جس کو سورج مٹا نہ سکے اور الربیع سے منقول ہے: یعنی عرش کا سایہ اور عمرو بن میمون بیان کرتے ہیں کہ اس سائے کی مسافت ستر ہزار سال ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۱۸)

۸۸۱ م۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ إِنَّ فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةً يَسِيرُ الرَّاكِبُ فِي ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ لَا يَقْطَعُهَا وَاقْرَءُوا إِنْ شِئْتُمْ ﴿وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ ۝﴾ (الواقعہ: ۳۰)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از ابی الزناد از الاعرج از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وہ اس حدیث کو نبی ﷺ تک پہنچاتے ہیں، آپ نے فرمایا: جنت میں ایک ایسا درخت ہے کہ کوئی سوار اس کے سائے میں سو سال تک چلتا رہے، پھر بھی وہ سایہ ختم نہیں ہوگا اور اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھو: وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ ۝ (الواقعہ: ۳۰) (اور پھیلے ہوئے لمبے سایوں میں O)

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۲۵۲ میں گزر چکی ہے۔

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الواقعہ کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور جو حدیث روایت کی تھی ان سب کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ سورۃ الحدید کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۵۷۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْحَدِیْدِ

سورۃ الحدید کی تفسیر

سورۃ الحدید کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الحدید کی بعض آیات کی تفسیر ہے اور اس کے بعد سورۃ المجادلہ آئے گی اور سورۃ الحدید مکی ہے، اس میں السدی کا اختلاف ہے، اور الکلبی نے کہا ہے: اس میں مکی آیات بھی ہیں اور مدنی آیات بھی ہیں اور اس سورت میں منافقین کا ذکر ہے اور منافقین صرف مدینہ میں تھے اور اس سورت میں یہ آیت ہے: لَا یَسْتَوِیْ مِنْکُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ (الحدید:۱۰) اور یہ آیت صرف فتح مکہ کے بعد نازل ہوئی ہے اور اس سے پہلی آیت مکی ہے کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس آیت کو اپنے اسلام لانے سے پہلے اپنی بہن کے گھر پڑھا تھا، اس سورت میں انتیس (۲۹) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۱۹، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ جَعَلَكُمْ مُسْتَخْلَفِينَ مُعَمَّرِينَ فِيهِ۔ اور مجاہد نے کہا: جَعَلَكُمْ مُسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ: یعنی تم کو اس نے آباد کیا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ (الحدید:۷) اور اس مال میں سے خرچ کرو جس میں اللہ نے تمہیں پہلوں کا جانشین بنادیا ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی تمہیں اس زمین میں آباد کردیا ہے اور الفراء سے منقول ہے: تم کو ان کا جانشین بنادیا ہے۔

مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ مِنَ الضَّلَالَةِ إِلَى الْهُدَى۔ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ: یعنی گمراہی سے ہدایت کی طرف۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

هُوَ الَّذِیْ یُنَزِّلُ عَلٰی عَبْدِهٖۤ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ لِّیُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ (الحدید:۹) وہی ہے جو اپنے (مکرم) بندے پر واضح آیات نازل فرماتا ہے تاکہ تمہیں اندھیروں سے روشنی کی طرف لائے۔

علامہ عینی نے اس تعلیق کی کوئی شرح نہیں کی۔ اسی طرح حافظ ابن حجر نے بھی اس تعلیق کی کوئی شرح نہیں کی گویا کہ دونوں شارحین کے نزدیک یہ تعلیق بالکل واضح ہے اور اس کی شرح کی حاجت نہیں۔

فِيهِ بَأْسٌ شَدِيدٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ جُنَّةٌ وَسِلَاحٌ۔ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّ مَنَافِعُ لِلنَّاسِ: (الحدید:۲۵) اس سے مراد ہے: ڈھال اور ہتھیار۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

وَ اَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّ مَنَافِعُ لِلنَّاسِ۔ (الحدید:۲۵) اور ہم نے لوہا نازل کیا جس میں سخت قوت ہے اور لوگوں کے لیے دیگر فوائد ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی لوگ لوہے سے بنی ہوئی چیزوں کو اپنی ضروریات اور مصلحتوں میں استعمال کرتے ہیں کیونکہ لوہا ہر صنعت کا آلہ ہے۔ امام بخاری نے بَاْسٌ شَدِيْدٌ اور مَنَافِعُ لِلنَّاسِ کی تفسیر ڈھال اور ہتھیاروں کے ساتھ کی ہے، اور یہ تمام جنگ کے آلات کو شامل ہے۔

مَوْلَاكُمْ أَوْلَى بِكُمْ۔ مَوْلَاكُمْ: کا معنی ہے: وہ تمہارے زیادہ لائق ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مَاْوٰكُمُ النَّارُ ۚ هِيَ مَوْلٰكُمْ ۚ (الحدید:۱۵) تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے، وہی تمہارا رفیق ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: الفراء اور امام ابوعبیدہ نے بھی یہی تفسیر کی ہے، امام ابوعبیدہ نے لکھا ہے کہ اس میں مذکر کی ضمیر لائی ہے کیونکہ نار سے مراد مکان اور جگہ ہے۔

لِئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتَابِ لِيَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتَابِ۔ لِئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتٰبِ: اس کا معنی ہے: تاکہ اہل کتاب جان لیں اور اس میں لا کا لفظ زائد ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لِئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ۔ (الحدید:۲۹) تاکہ اہل کتاب جان لیں کہ وہ اللہ کے فضل پر بالکل قدرت نہیں رکھتے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت میں لا اس طرح زائد ہے جس طرح درج ذیل آیت میں لا زائد ہے:

قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ۔ (الاعراف:۱۲) فرمایا: تجھ کو سجدہ کرنے سے کس چیز نے منع کیا جب کہ میں نے تجھے حکم دیا تھا۔

يُقَالُ الظَّاهِرُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا وَالْبَاطِنُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا۔ الظاھر: یعنی وہ اپنے علم کے اعتبار سے ہر چیز پر ظاہر ہے۔
والباطن: یعنی وہ اپنے علم کے اعتبار سے ہر چیز سے باطن ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ (الحدید:۳) وہی اول اور آخر ہے اور ظاہر اور باطن ہے۔

علامہ عینی اور حافظ ابن حجر نے اس تعلیق کی کوئی شرح نہیں کی، تاہم اس آیت کے متعلق یہ حدیث ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! تو اول ہے تجھ سے پہلے کوئی چیز نہیں اور تو آخر ہے تیرے بعد کوئی چیز نہیں اور تو ظاہر ہے تیرے اوپر کوئی چیز نہیں اور تو باطن ہے تیرے سوا کوئی چیز نہیں، پس تو ہمارا قرض ادا کر دے اور ہم کو فقر سے بے پرواہ کر دے۔ (صحیح مسلم: ۲۷۱۳)

أَنْظِرُونَا انْتَظِرُونَا۔ انظرونا: اس کا معنی ہے: ہمارا انتظار کرو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا جس دن منافق مرد اور منافق عورتیں ایمان والوں سے کہیں گے:

Marfat.com

انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ۔ (الحدید: ۱۳) تم ہمارا انتظار کرو ہم تمہارے نور سے کچھ روشنی حاصل کریں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کا معنی کیا ہے: تم ہمارا انتظار کرو، اور الفراء، الاعمش اور حمزہ نے اس کا معنی کیا ہے: تم ہماری طرف دیکھو۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۲۱۔ ۳۲۰، میں کی ہے]

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الحدید کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ امام بخاری نے سورۃ المجادلہ کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۵۸۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْمُجَادَلَۃِ

سورۃ المجادلہ کی تفسیر

سورۃ المجادلہ کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ المجادلہ کی بعض آیات کی تفسیر ہے، علامہ ابوالعباس نے کہا ہے کہ اس پر اتفاق ہے کہ یہ سورت مدنی ہے اور علامہ سخاوی نے کہا ہے کہ یہ سورت الحجرات سے پہلے اور المنافقین کے بعد نازل ہوئی ہے، اور اس سورت میں بائیس (۲۲) آیات ہیں۔

مجادلہ کا معنی ہے: لڑنے اور جھگڑنے والی عورت، تفسیر عبد بن حمید میں مذکور ہے کہ محمد بن سیرین نے کہا ہے کہ اس لڑنے والی عورت کا نام خویلہ تھا، اس کے خاوند نے اس سے ظہار کر لیا تھا اور یہ اسلام میں پہلا ظہار تھا اور امام ابوالعالیہ نے کہا ہے کہ اس کا نام خویلہ بنت الصامت تھا، اور ابوعمر نے کہا: اس کا نام خولہ بنت ثعلبہ تھا اور اس کے خاوند کا نام اوس بن الصامت تھا، مجاہد نے کہا: اس کا نام جمیلہ تھا، ابن مندہ نے کہا: اس کا نام خولہ بنت الصامت تھا، اور ابوعمر نے کہا: اس کا نام خولہ بنت ثعلبہ بن اصرم تھا اور عروہ، محمد بن کعب اور عکرمہ نے کہا: اس کا نام خولہ بنت ثعلبہ تھا، یہ حضرت عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ کے بھائی اوس بن الصامت کے نکاح میں تھیں، انہوں نے اس سے ظہار کیا تھا اور اسی عورت کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی:

قَدْ سَمِعَ اللّٰہُ قَوْلَ الَّتِیْ تُجَادِلُکَ فِیْ زَوْجِھَا وَ تَشْتَکِیْٓ اِلَی اللّٰہِ۔ (المجادلہ:۱)

بے شک اللہ نے اس عورت کی بات سن لی جو اپنے خاوند کے متعلق آپ سے بحث اور تکرار کر رہی تھی اور اللہ سے شکایت کر رہی تھی۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۲۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ مُجَاھِدٌ یُحَادُّوْنَ یُشَاقُّوْنَ اللّٰہَ۔

یُحَآدُّوْنَ: اس کا معنی ہے: جو لوگ اللہ سے جھگڑا کرتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَآدُّوْنَ اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہٗ کُبِتُوْا کَمَا کُبِتَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ۔ (المجادلہ:۵)

بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے عداوت رکھتے ہیں وہ اسی طرح رسوا کیے جائیں گے جس طرح ان سے پہلے لوگ رسوا کیے گئے تھے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام عبد بن حمید نے روایت کی ہے: جو لوگ اللہ سے جھگڑا کرتے ہیں اور اس سے عداوت رکھتے ہیں، مجاہد سے بھی یہی تفسیر مروی ہے۔

کُبِتُوْا اُخْزُوْا مِنَ الْخِزْیِ۔

کُبِتُوْا: اس کا معنی ہے: وہ رسوا کیے جائیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

کُبِتُوْا کَمَا کُبِتَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ۔ (المجادلہ:۵)

وہ اسی طرح رسوا کیے جائیں گے جس طرح ان سے پہلے لوگ رسوا

Marfat.com

کیے گئے تھے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کُبِتُوْا کی تفسیر کی ہے: اخزیوا یعنی وہ رسوا کیے گئے۔ تفسیر نسفی میں بھی اسی طرح ہے۔

اسْتَحْوَذَ غَلَبَ۔ استحوذ: اس کا معنی ہے: غالب آ گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ۔ (المجادلہ:۱۹) شیطان ان پر غالب آ گیا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام ابوعبیدہ نے بھی اسی طرح تفسیر کی ہے، امام بخاری نے اس سورت میں کوئی حدیث مرفوع لکھی ہے نہ اس سے پہلی سورت میں۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۳۲۱ میں کی ہے]

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ المجادلہ کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ اس کے بعد سورۃ الحشر کی تفسیر میں جو تعلیق ذکر کی ہے اور احادیث روایت کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۵۹۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْحَشْرِ

سورۃ الحشر کی تفسیر

سورۃ الحشر کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الحشر کی بعض آیات کی تفسیر ہے، یہ سورت مدنی ہے اور اس سورت میں چوبیس (۲۴) آیات ہیں۔

اس سورت کا نام حشر اس لیے رکھا گیا ہے کہ اس کی درج ذیل آیت میں الحشر کا ذکر ہے:

هُوَ الَّذِیْٓ اَخْرَجَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِیَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ (الحشر: ۲)

ان کفار اہل کتاب سے مراد بنونضیر ہیں جو مدینہ میں رہتے تھے اور امام ابن اسحاق سے روایت ہے کہ بنونضیر کو مدینہ سے اس وقت جلاوطن کیا گیا تھا جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ احد سے واپس آئے تھے اور بنوقریظہ پر اس وقت فتح حاصل کی تھی جب آپ غزوۂ احزاب سے واپس آئے تھے۔

اس آیت میں اول الحشر اس لیے فرمایا ہے کہ بنونضیر وہ پہلے اہل کتاب تھے جن کا حشر کیا گیا یعنی ان کو جمع کیا گیا اور ان کو حجاز سے نکالا گیا اور ان کو شام کی طرف جمع کیا گیا، مرہ البہمدانی نے لکھا ہے: یہ ان کا اول حشر مدینہ سے تھا اور ان کا حشر ثانی خیبر اور تمام جزیرۂ عرب سے تھا اور حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے دور میں ان کو شام کے علاقہ اریحا میں دھکیل دیا گیا، قتادہ نے کہا: یہ اول حشر تھا اور حشر ثانی جب ہوگا جب ان کو ایک آگ مشرق سے دھکیل کر مغرب کی طرف لے جائے گی اور جہاں وہ رات کو رہیں گے وہیں وہ آگ رات کو رہے گی اور جہاں وہ دوپہر کو رہیں گے وہیں وہ آگ دوپہر کو رہے گی۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۲۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

الْجَلَآءَ: اس کا معنی ہے: ایک سرزمین سے دوسری سرزمین کی طرف نکالنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ لَوْ لَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَیْهِمُ الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِی الدُّنْیَا (الحشر: ۳) اور اگر اللہ نے ان کے لیے جلاوطنی کو مقدر نہ کر دیا ہوتا تو وہ ان کو ضرور دنیا میں عذاب دیتا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: الْجَلَآءَ کا لفظ الاخراج سے خاص ہے کیونکہ جب کسی کو گھر والوں اور مال ومتاع کے ساتھ نکال دیا جائے تو اس کو الجلاء کہتے ہیں، اور الاخراج اس سے عام ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۲۲)

۱۔ بَابٌ

باب

۴۸۸۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِیْمِ حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ سُلَیْمَانَ حَدَّثَنَا هُشَیْمٌ أَخْبَرَنَا أَبُوْ بِشْرٍ عَنْ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن عبدالرحیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سعید بن سلیمان نے حدیث بیان

Marfat.com

سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ سُورَةُ التَّوْبَةِ قَالَ التَّوْبَةُ هِيَ الْفَاضِحَةُ مَا زَالَتْ تَنْزِلُ وَمِنْهُمْ وَمِنْهُمْ حَتَّى ظَنُّوا أَنَّهَا لَنْ تُبْقِيَ أَحَدًا مِنْهُمْ إِلَّا ذُكِرَ فِيهَا قَالَ قُلْتُ سُورَةُ الْأَنْفَالِ قَالَ نَزَلَتْ فِي بَدْرٍ قَالَ قُلْتُ سُورَةُ الْحَشْرِ قَالَ نَزَلَتْ فِي بَنِي النَّضِيرِ۔

کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو بشر نے خبر دی از سعید بن جبیر، انہوں نے کہا: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سورۂ توبہ کے متعلق پوچھا، انہوں نے کہا: سورۂ توبہ ہی الفاضحہ ہے، وہ ہمیشہ نازل ہوتی رہی و منهم و منهم حتیٰ کہ لوگوں نے گمان کیا کہ کوئی شخص باقی نہیں بچا لیکن اس کا ذکر اس سورت میں آ گیا، سعید بن جبیر نے کہا: میں نے پوچھا: وہ سورۂ انفال ہے؟ انہوں نے کہا: وہ تو بدر میں نازل ہوئی تھی، میں نے کہا: وہ سورۃ الحشر ہے؟ تو انہوں نے کہا: وہ بنو النضیر کے متعلق نازل ہوئی ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۰۲۹ میں گزر چکی ہے، تاہم بعض ضروری امور کی وضاحت کی جا رہی ہے:

جن آیات میں منهم اور منهم کا ذکر کیا گیا ہے اور یہ پانچ آیات ہیں

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

هی الفاضحة: یعنی وہ رسوا کرنے والی ہے، وہ لوگوں کو رسوا کرتی ہے، کیونکہ ان کے عیوب بیان کرتی ہے۔

و منهم و منهم اس میں ان آیتوں کی طرف اشارہ ہے:

وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ۔ (التوبۃ:۶۱) اور بعض منافقین میں سے وہ ہیں جو نبی کو ایذاء پہنچاتے ہیں۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ ۚ (التوبۃ:۵۸) اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو صدقات کی تقسیم میں آپ پر اعتراض کرتے ہیں۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ (التوبۃ:۴۹) اور ان میں سے بعض کہتے ہیں کہ مجھے جہاد سے رخصت کی اجازت دیجئے۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ۔ (التوبۃ:۷۵) اور ان میں سے بعض وہ (منافقین) ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا۔

بنوالنضیر: یہود کا ایک قبیلہ ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۲۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۸۳۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُدْرِكٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ أَخْبَرَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ سَعِيدٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما سُورَةُ الْحَشْرِ قَالَ قُلْ سُورَةُ النَّضِيرِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحسن بن مدرک نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یحییٰ بن حماد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابوعوانہ نے خبر دی از ابی بشر از سعید، انہوں نے کہا: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سورۃ الحشر کے متعلق پوچھا، انہوں نے کہا: سورۃ النضیر کہو۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۰۲۹ میں گزر چکی ہے۔

Marfat.com

سورۃ الحشر کو سورت بنوالنضیر کہنے کی وجہ

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

سورۃ النضیر کہو: حضرت ابن عباس نے اس سورت کا نام سورۃ الحشر ناپسند کیا تا کہ یہ نہ گمان کیا جائے کہ اس سے مراد قیامت کا دن ہے کیونکہ اس سورت سے مراد بنوالنضیر کو جلاوطن کرنا ہے۔

۲۔ بَابٌ: مَاقَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ۔ (الحشر:۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تم نے کھجوروں کے جو درخت کاٹ دیئے۔ (الحشر:۵) کی تفسیر

لینہ: اس سے مراد وہ کھجوریں ہیں جو عجوہ یا برنی نہ ہوں۔

لینہ کی تفسیر میں متعدد اقوال

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا ہے کہ لینہ سے مراد ان کھجوروں کے درخت ہیں جو عجوہ یا برنی نہ ہوں۔ علامہ ثعلبی نے کہا ہے: لینہ کی تفسیر میں اختلاف ہے، ایک قول یہ ہے کہ یہ ان کھجوروں کے درخت ہیں جو العجوہ نہ ہوں اور العجوہ کے سوا تمام کھجوروں کے درخت لینہ ہیں اور یہ ہی عکرمہ اور قتادہ کا قول ہے اور زہری سے منقول ہے کہ العجوہ یا البرنی کے سوا تمام قسم کی کھجوروں کے درخت لینہ ہیں اور عطیہ اور ابن زید سے منقول ہے کہ لینہ سے مراد تمام قسم کی کھجوروں کے درخت ہیں اور اس میں کوئی استثنا نہیں ہے اور حضرت ابن عباس سے منقول ہے کہ لینہ کھجوروں کی ایک قسم ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۲۳)

۴۸۸۴۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی الله عنهما أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ حَرَّقَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيرِ وَقَطَعَ وَهِيَ الْبُوَيْرَةُ فَأَنْزَلَ اللهُ تَعَالَى ﴿مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوهَا قَآئِمَةً عَلَى أُصُولِهَا فَبِإِذْنِ اللهِ وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِينَ ۝﴾ (الحشر:۵)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں قتیبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں لیث نے حدیث بیان کی از نافع از حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مقام البویرہ میں بنونضیر کے درخت جلا دیئے اور کاٹ ڈالے تو اس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوهَا قَآئِمَةً عَلَى أُصُولِهَا فَبِإِذْنِ اللهِ وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِينَ ۝ (الحشر:۵) تم نے کھجوروں کے جو درخت کاٹ دیئے یا جن کو ان کی جڑوں پر کھڑا چھوڑ دیا، سو وہ اللہ کے اذن سے ہوا اور تا کہ وہ فاسقوں کو ذلیل کرے ۝

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۳۲۶ میں گزر چکی ہے۔

۳۔ بَابٌ: وَمَا أَفَآءَ اللهُ عَلَى رَسُولِهِ۔ (الحشر:۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اللہ نے جو اموال اپنے رسول پر لوٹا دیئے۔ (الحشر:۶) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی بنونضیر کے جو اموال رسول اللہ ﷺ کی طرف لوٹا دیئے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۲۳)

۴۸۸۵۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ غَيْرَ مَرَّةٍ عَنْ عَمْرٍو عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسٍ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے کئی مرتبہ از عمرو حدیث

Marfat.com

بُنِ الْحَدَثَانِ عَنْ عُمَرَ رضی الله عنه قَالَ كَانَتْ أَمْوَالُ بَنِي النَّضِيرِ مِمَّا أَفَاءَ اللهُ عَلَى رَسُولِهِ ﷺ مِمَّا لَمْ يُوجِفْ الْمُسْلِمُونَ عَلَيْهِ بِخَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ فَكَانَتْ لِرَسُولِ اللهِ ﷺ خَاصَّةً يُنْفِقُ عَلَى أَهْلِهِ مِنْهَا نَفَقَةَ سَنَتِهِ ثُمَّ يَجْعَلُ مَا بَقِيَ فِي السِّلَاحِ وَالْكُرَاعِ عُدَّةً فِي سَبِيلِ اللهِ۔

بیان کی از الزہری از مالک بن اوس بن الحدثان از حضرت عمر رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں: اموال بنونضیر اس قسم میں سے تھے جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ پر لوٹا دیا جن کے حصول کے لیے مسلمانوں نے اپنے گھوڑے دوڑائے تھے اور نہ اونٹ اور یہ رسول اللہ ﷺ کے لیے مخصوص تھے، رسول اللہ ﷺ ان اموال میں سے اپنے گھر والوں کے لیے ایک سال کا خرچ دیتے تھے، پھر جو ان اموال سے باقی بچتا اس کے ہتھیار اور گھوڑے خرید کر اللہ کی راہ میں جہاد کے لیے تیار کر کے رکھتے تھے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۹۰۴ میں گزر چکی ہے، تاہم بعض ضروری امور بیان کیے جا رہے ہیں:

السلاح اور الکراع کے معانی اور الفئ کی تقسیم میں مذاہب اور خوراک کے ذخیرہ کرنے کی تفصیل

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

السلاح: اس سے مراد لوہے کے وہ تمام ہتھیار ہیں جن سے دشمن کے خلاف لڑا جاتا ہے اور صرف تلوار کو السلاح نہیں کہا جاتا۔

الکراع: علامہ ابن درید نے کہا ہے: اس سے مراد صرف کھر والے جانور ہیں، پھر اس کا زیادہ استعمال گھوڑوں میں ہونے لگا اور المجرد میں مذکور ہے کہ الکراع تمام قسم کے گھوڑوں کا نام ہے جب ہتھیاروں اور گھوڑوں میں کمی ہو۔ علامہ القرطبی نے کہا ہے: اس حدیث میں امام مالک کی یہ دلیل ہے کہ الفئ کو تقسیم نہیں کیا جاتا، وہ صرف سربراہ ملک کے اجتہاد پر موقوف ہے، ان کے نزدیک اسی طرح الخمس کا حکم ہے اور امام ابوحنیفہ الفئ کو تین حصوں میں تقسیم کرتے ہیں اور امام شافعی اس کو پانچ حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔

علامہ ابن المنذر نے کہا ہے: ہمارے علم میں نہیں ہے کہ امام شافعی سے پہلے کسی نے الفئ کو پانچ حصوں میں تقسیم کرنے کے لیے کہا ہو۔

اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ ایک سال کی خوراک کا ذخیرہ کرنا جائز ہے جب کہ وہ خوراک ان اموال میں موجود ہو، علامہ ابو العباس نے کہا ہے کہ اگر اس خوراک کو بازار سے خریدیں تو بعض ائمہ نے اس کو ذخیرہ کرنے کی اجازت دی ہے اور دوسروں نے کہا ہے جب اس سے لوگوں کو حرج ہو تو پھر یہ جائز نہیں ہے۔

اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ خوراک کا ذخیرہ کرنا توکل کے خلاف نہیں ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۲۴۔ ۳۲۳، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۔ بَابٌ: وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ۔ (الحشر: ۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور رسول جو تم کو دیں اس کو لے لو۔ (الحشر: ۷) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی رسول اللہ ﷺ تم کو جو حکم دیں اس پر عمل کرو۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۲۴)

۴۸۸۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از منصور

لَعَنَ اللهُ الْوَاشِمَاتِ وَالْمُوتَشِمَاتِ وَالْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللهِ فَبَلَغَ ذَلِكَ امْرَأَةً مِنْ بَنِي أَسَدٍ يُقَالُ لَهَا أُمُّ يَعْقُوبَ فَجَاءَتْ فَقَالَتْ إِنَّهُ بَلَغَنِي عَنْكَ أَنَّكَ لَعَنْتَ كَيْتَ وَكَيْتَ فَقَالَ وَمَا لِي أَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَمَنْ هُوَ فِي كِتَابِ اللهِ فَقَالَتْ لَقَدْ قَرَأْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ فَمَا وَجَدْتُ فِيهِ مَا تَقُولُ قَالَ لَئِنْ كُنْتِ قَرَأْتِيهِ لَقَدْ وَجَدْتِيهِ أَمَا قَرَأْتِ ﴿وَمَا اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۗ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ﴾ (الحشر:۷) قَالَتْ بَلَى قَالَ فَإِنَّهُ قَدْ نَهَى عَنْهُ قَالَتْ فَإِنِّي أَرَى أَهْلَكَ يَفْعَلُونَهُ قَالَ فَاذْهَبِي فَانْظُرِي فَذَهَبَتْ فَنَظَرَتْ فَلَمْ تَرَ مِنْ حَاجَتِهَا شَيْئًا فَقَالَ لَوْ كَانَتْ كَذَلِكَ مَا جَامَعَتُهَا۔

(صحیح البخاری: ۴۸۸۷، صحیح مسلم: ۲۱۲۵، سنن ترمذی: ۲۷۸۲، سنن نسائی: ۵۱۱۴، سنن ابن ماجہ: ۱۹۸۹)

از ابراہیم از علقمہ از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ انہوں نے کہا: گودنے والیوں پر اور گودوانے والیوں پر اور بال نوچنے والیوں پر اور حسن کے لیے دانتوں میں جھری (کشادگی) کرنے والیوں پر اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے جو عورتیں اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں تغیر کرنے والیاں ہیں، یہ قول بنو اسد کی ایک عورت تک پہنچا جس کو ام یعقوب کہا جاتا ہے، پس وہ (ان کے پاس) آئی اور اس نے کہا: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ آپ نے اس طرح کی عورتوں پر لعنت کی ہے، حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا: مجھے کیا ہوا کہ میں اس پر لعنت نہ کروں جس پر رسول اللہ ﷺ نے لعنت کی ہے اور جس پر اللہ کی کتاب میں لعنت ہے اس عورت نے کہا: میں نے دو لوحوں (رحل) کے درمیان پورا قرآن پڑھا ہے مجھے تو اس میں وہ لعنت نہیں ملی جو آپ فرماتے ہیں، حضرت ابن مسعود نے فرمایا: اگر تم نے پورا قرآن پڑھا ہوتا تو تم اس لعنت کے ذکر کو پالیتیں، کیا تم نے قرآن مجید میں یہ آیت نہیں پڑھی؟ **وَمَا اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۗ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا** (الحشر:۷) اور رسول جو تم کو دیں اس کو لے لو اور جس سے تم کو روکیں اس سے رک جاؤ۔ اس عورت نے کہا: کیوں نہیں! حضرت ابن مسعود نے فرمایا: پس بے شک رسول اللہ ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے۔ اس عورت نے کہا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ کی بیوی بھی اس طرح کرتی ہے، حضرت ابن مسعود نے فرمایا: پس تم جاؤ اور دیکھو تو وہ عورت گئی اور اس نے دیکھا پس اس کو اپنی مطلوبہ کوئی چیز نہیں ملی حضرت ابن مسعود نے فرمایا: اگر میری بیوی اس طرح کرتی تو وہ میرے ساتھ ہرگز نہیں رہ سکتی تھی۔

واشمہ اور موتشمہ کا معنی اور ان کا شرعی حکم

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

الواشمات: یہ الواشمہ کی جمع ہے، اس کا معنی ہے: جو عورت کسی دوسری عورت کی ہتھیلی پر یا پشت پر یا کلائی پر یا بدن کی کسی اور جگہ پر سوئی چبھو کر خون نکالے، پھر اس خون کو پونچھ دے اور سوئی سے کیے ہوئے ان باریک سوراخوں میں سرمہ یا چونا بھر دے اور اس سے کوئی عبارت لکھی جائے یا کوئی تصویر بنائی جائے تو ایسی عورت کو اردو میں گودنے والی اور عربی میں واشمہ کہتے ہیں اور

Marfat.com

جس عورت کے بدن کے کسی حصہ پر یہ عمل کیا جائے اس عورت کو عربی میں موشومہ کہتے ہیں، اگر کوئی عورت اس عمل کو طلب کرے تو اس کو مستوشمہ کہتے ہیں: یہ عمل کرنا حرام ہے اور یہ عمل کروانا بھی حرام ہے، اگر کسی کم سن بچی نے اس عمل کو طلب کیا تو اس کا گناہ گودنے والی پر ہوگا بچی پر نہیں ہوگا کیونکہ وہ کم سن اور نابالغہ ہونے کی وجہ سے مکلف نہیں ہے۔

واشمہ اور موتشمہ کے حکم میں امام شافعی کا مذہب

علامہ نووی لکھتے ہیں: بدن کے جس حصہ کو سوئی سے گودا جائے اور اس کے سوراخ میں چونا یا سرمہ بھر کر کچھ بنایا جائے تو جسم کا وہ حصہ نجس ہو جائے گا، اگر علاج کے ذریعہ اس بنائی ہوئی چیز کو زائل کرنا ممکن ہو تو اس کو زائل کرنا واجب ہے اور اگر زخم کیے بغیر اس کو زائل کرنا ممکن نہ ہو تو اگر بدن کے اس حصہ کے تلف ہونے یا عضو کے فوت ہونے یا عضو کی منفعت کے ضائع ہونے کا خطرہ ہو یا عضو میں کسی اور بڑی خرابی کا خطرہ ہو تو پھر اس بنائی ہوئی چیز کو زائل کرنا واجب نہیں ہے اور جب گودوانے والی عورت یا گودوانے والا مرد اس فعل پر توبہ کرلے تو پھر اس کا گناہ باقی نہیں رہے گا اور اگر اس بنائی ہوئی چیز کے زائل کرنے سے کسی نقصان کا خطرہ نہ ہو تو پھر اس کا زائل کرنا واجب ہے اور اگر اس نے اس کے زائل کرنے میں تاخیر کی تو وہ گناہ گار ہوگا خواہ گودوانے والا مرد ہو یا عورت ہو۔

عورت کی بھوؤں اور اس کے رخسار پر اگے ہوئے بالوں اور اس کی ڈاڑھی مونچھوں کے کاٹنے کے متعلق شرعی حکم

المنتمصات: یہ المنتمصہ کی جمع ہے، اس کا معنی ہے: چہرے کے بالوں کو نوچ کر اکھاڑنا، جو عورت اس عمل کی طالبہ ہو اس کو المنتمصہ کہا جاتا ہے اور جو عورت یہ عمل کرے اس کو النامصہ کہا جاتا ہے یعنی چہرے کے بالوں کو اکھاڑ کر زائل کرنے والی۔

علامہ النووی نے کہا ہے: یہ عمل حرام ہے سوا اس صورت کے جب عورت کے چہرے پر ڈاڑھی اگ جائے یا اس کے چہرے پر مونچھیں اگ جائیں تو اس صورت میں ڈاڑھی یا مونچھوں کو اکھاڑنا حرام نہیں ہے بلکہ ہمارے نزدیک مستحب ہے اور ممانعت صرف بھوؤں میں ہے یا چہرے کے اطراف یعنی گالوں اور رخساروں پر اگے ہوئے بالوں پر ہے۔ علامہ ابن حزم نے کہا ہے: عورت کی ڈاڑھی کو مونڈنا جائز نہیں ہے اور نہ اس کی بچی ڈاڑھی کو مونڈنا جائز ہے اور نہ اس کی مونچھوں کو مونڈنا جائز ہے اور نہ اس کی تخلیق کی کسی چیز میں کمی یا زیادتی کے ساتھ تغیر کرنا جائز ہے۔

دانتوں میں کشادگی کرنے اور کروانے کا شرعی حکم

المتفلجات: یہ المتفلجہ کی جمع ہے اور اس کا مصدر التفلج ہے اور اس کا معنی ہے: سامنے کے چار دانتوں میں کشادگی کرنا۔

للحسن: یعنی حسن اور زیبائش کے لیے دانتوں میں کشادگی کرانا، یہ قید اس لیے لگائی ہے کہ اس سے مراد حسن اور زیبائش کے لیے دانتوں میں کشادگی کرانا ہے لیکن اگر علاج کی غرض سے دانتوں میں کشادگی کرائی جائے یا دانتوں میں کوئی عیب ہو جس کی وجہ سے دانتوں میں کشادگی کرائی جائے تو پھر کوئی حرج نہیں ہے۔

علامہ نووی نے کہا ہے: یہ فعل بوڑھی اور ادھیڑ عمر کی عورتیں کرتی ہیں تاکہ ان کی عمر کم معلوم ہو اور دانت خوبصورت لگیں، یہ فعل دانتوں میں کشادگی کرانے والی اور کشادگی کرنے والی دونوں کے لیے حرام ہے۔

المغیرات لخلق اللہ: یعنی اللہ تعالیٰ کی تخلیق اور بناوٹ میں تغیر کرنے والیاں خواہ یہ تغیر کھال گودنے کی وجہ سے ہو یا چہرے کے بالوں کو نوچنے کی وجہ سے ہو یا دانتوں میں کشادگی اور جھری کرانے کی وجہ سے ہو، ان سب صورتوں میں اللہ تعالیٰ کی خلقت میں تغیر ہے اور لوگوں کو اشتباہ اور دھوکہ میں ڈالنا ہے اس لیے ان میں سے کوئی صورت بھی جائز نہیں ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اقتداء میں کسی مسلمان پر لعنت کرنے کا جواز اور اس پر بحث

مجھے کیا ہوا کہ میں اس پر لعنت نہ کروں جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لعنت کی ہے: اس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع میں لعنت کرنے کے جواز کی دلیل ہے خواہ کسی شخص معین پر لعنت کی جائے یا غیر معین پر لعنت کی جائے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس پر لعنت فرماتے تھے جو آپ کے نزدیک لعنت کا مستحق ہوتا تھا، اگر تم یہ سوال کرو کہ اس کے معارض یہ حدیث ہے: میں نے جس مسلمان کو برا کہا یا اس پر لعنت کی اور وہ اس کا اہل نہیں تھا تو اے اللہ! تو اس لعنت کو اس کے لیے کفارہ بنا دے اور اس کے گناہوں سے پاک ہونے کا ذریعہ بنا دے، تو میں کہوں گا: یہ حدیث زیر بحث حدیث کے معارض نہیں ہے کیونکہ آپ کے نزدیک ایسی عورتیں لعنت کی مستحق تھیں، رہا یہ کہ اللہ عزوجل کے نزدیک بھی لعنت کی مستحق ہیں یا نہیں تو یہ معاملہ اللہ تعالیٰ کی طرف مفوض ہے، جو اس سے سمجھ میں آتا ہے کہ آپ نے فرمایا: وہ لعنت کا مستحق نہ ہو یعنی اے اللہ! وہ تیرے علم میں لعنت کا مستحق نہ ہو نہ کہ میرے علم میں یا تو اس شخص نے اس برائی سے توبہ کر لی ہو یا اس برائی کو ترک کر دیا ہو جس کی وجہ سے آپ نے اس پر لعنت فرمائی۔

سوئی سے گودنے اور بال نوچنے وغیرہ پر قرآن مجید میں بالواسطہ لعنت ہے

حضرت ابن مسعود نے فرمایا: ایسی عورتوں پر قرآن مجید میں لعنت ہے، اس پر یہ اعتراض ہے کہ قرآن مجید میں ان پر لعنت کہاں ہے؟ اس کا جواب یہ ہے: اس حدیث کا منشاء یہ ہے کہ جس کام سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا ہو اس کام سے رکنا واجب ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور جس کام سے تم کو رسول روکیں اس سے رک جاؤ (الحشر: ۷) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کاموں سے یعنی سوئی سے گودنے اور بال نوچنے وغیرہ سے منع فرمایا ہے تو ان کاموں کا کرنے والا ظالم ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ○ (ہود: ۱۸) سنو! ظالموں پر اللہ کی لعنت ہو ○

تو اس اعتبار سے ان ممنوعہ کاموں کے کرنے والیوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے اور اس کا بالواسطہ قرآن مجید میں ذکر ہے۔

دولوحوں کا معنی اور اس حدیث کی دیگر مبہم یا مجمل عبارتوں کی وضاحت اور بیان

اس عورت نے کہا: میں نے دولوحوں کے درمیان پورا قرآن پڑھا ہے: اس حدیث میں دولوحوں سے مراد رحل کی دو طرفیں ہیں، رحل لکڑی سے بنے ہوئے اس اسٹینڈ کو کہتے ہیں جس پر قرآن مجید کو رکھ کر اس کی تلاوت کی جاتی ہے، سو یہ قرآن مجید سے کنایہ ہے اور اسماعیل قاضی نے کہا ہے کہ وہ عورت قرآن کی قاریہ تھی۔

اس عورت نے کہا: آپ کی بیوی ایسا کرتی ہے: بیوی سے اس عورت کی مراد زینب بنت عبداللہ الثقفیہ تھیں۔

پس اس کو اپنی مطلوبہ چیز نہیں ملی: یعنی ام یعقوب نے یہ نہیں دیکھا کہ حضرت ابن مسعود کی بیوی ان ممنوعہ کاموں کو کرتی ہے۔

اگر میری بیوی ایسا کرتی تو میرے ساتھ ہرگز نہیں رہ سکتی تھی: یعنی اگر میری بیوی ان ممنوعہ کاموں کو کرتی تو میں اس کو طلاق دے کر اس سے علیحدہ ہو جاتا۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر کسی مسلمان کی بیوی کوئی خلاف شرع کام کرے اور منع کرنے سے باز نہ آئے تو مسلمان کو چاہیے کہ وہ اس عورت کو طلاق دے کر اس سے الگ ہو جائے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۲۶-۳۲۵، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

عورت کے رخساروں اور بھوؤں سے بال نوچنے کے متعلق علامہ ابن عابدین شامی حنفی کی تحقیق

علامہ محمد امین بن عمر بن عبدالعزیز عابدین الدمشقی المتوفی ۱۲۵۲ھ لکھتے ہیں:

علامہ علاؤالدین الحصکفی الحنفی المتوفی ۱۰۸۸ھ نے لکھا ہے: عورت کا اپنے رخساروں سے بالوں کو نوچنا حرام ہے۔

(الدرالمختار علی ہامش ردالمحتار ج ۹ ص ۴۵۵۔ ۴۵۴، داراحیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۱۹ھ)

شاید یہ عبارت اس صورت پر محمول ہے جب عورت اپنی زینت اجنبی مردوں کو دکھانے کے لیے ایسا کرے ورنہ اگر عورت کے رخساروں پر بال ہوں اور اس کا شوہر اس وجہ سے اس سے نفرت کرتا ہو تو پھر ان بالوں کے ازالہ کو حرام قرار دینا بعید ہے کیونکہ عورتوں کے لیے اپنے حسن کی خاطر زینت کو اختیار کرنا مطلوب ہے، ہاں اس عبارت کا یہ محمل ہوسکتا ہے کہ بلاضرورت موچنے یا چمٹی سے بالوں کو نوچنا حرام ہے، کیونکہ اس سے ایذاء اور تکلیف ہوتی ہے (بلکہ بعض اوقات اس سے زخم ہوجاتا ہے) اور ''تبیین المحارم'' میں لکھا ہے کہ چہرے سے بالوں کو زائل کرنا حرام ہے سوا اس کے کہ عورت کے چہرے پر ڈاڑھی اور مونچھیں ہوں تو ان کو زائل کرنا حرام نہیں ہے بلکہ مستحب ہے اور تاتارخانیہ میں المضمرات سے منقول ہے کہ بھوؤں کو تراشنے اور رخسار کے بالوں کو کاٹنے میں کوئی حرج نہیں ہے بہ شرطیکہ اس سے مخنث (ہیجڑے) کے ساتھ مشابہت نہ ہو۔

(ردالمحتار علی الدرالمختار ج ۹ ص ۴۵۵، داراحیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۱۹ھ)

۴۸۸۷۔ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ ذَكَرْتُ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَابِسٍ حَدِيثَ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنه قَالَ لَعَنَ اللهُ الْوَاصِلَةَ فَقَالَ سَمِعْتُهُ مِنْ امْرَأَةٍ يُقَالُ لَهَا أُمُّ يَعْقُوبَ عَنْ عَبْدِ اللهِ مِثْلَ حَدِيثِ مَنْصُورٍ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی از سفیان، انہوں نے کہا: میں نے عبدالرحمٰن بن عابس کے لیے منصور کی حدیث ذکر کی از ابراہیم از علقمہ از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ انہوں نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے الواصلہ پر لعنت کی ہے، علقمہ نے کہا: میں نے اس بات کو ایک عورت سے سنا جس کو ام یعقوب کہا جاتا تھا از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ یہ حدیث منصور کی حدیث کی مثل ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۸۸۶ میں گزر چکی ہے۔

بالوں کے دوسرے بالوں کے ساتھ وصل کرنے میں علامہ قرطبی مالکی اور علامہ نووی شافعی کا مفصل قول اور پراندوں کے ساتھ وصل کرنے کا جواز

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

الواصلہ: یہ وہ عورت ہے جو اپنے بالوں کو زیادہ کرنے کے لیے اپنے بالوں کے ساتھ کسی اور عورت کے بال ملا لے، اور المستوصلہ: وہ عورت ہے جو اس فعل کو طلب کرے۔

علامہ قرطبی نے لکھا ہے: اس حدیث میں اس فعل کے حرام ہونے کی تصریح ہے اور یہی امام مالک اور علماء کی ایک جماعت کا قول ہے، انہوں نے کہا ہے کہ بالوں کو اون یا دھجیوں یا دھاگوں کے ساتھ ملایا جائے (جس کو چنلا یا پراندہ کہتے ہیں) یا کسی اور چیز کے ساتھ ملایا جائے تو یہ سب صورتیں بالوں کے ساتھ وصل کے معنی میں ہیں اور اس ممانعت کے عموم کی وجہ سے اور سد الذریعہ کی وجہ سے یعنی دیگر ممنوع کاموں کو روکنے کی وجہ سے یہ تمام صورتیں حرام ہیں اور اللیث بن سعد کا یہ قول شاذ ہے کہ انہوں نے بالوں کے اون کے ساتھ وصل کو جائز کہا ہے اور ان چیزوں کے ساتھ وصل کو جائز کہا ہے جو بال نہ ہوں اور دوسرے علماء نے بالوں کے سر پر رکھنے کو مباح کہا ہے: انہوں نے کہا: ممانعت صرف وصل کے ساتھ ہے اور یہ قول صرف ظاہری ہے اور اس میں معنی سے اعراض

ہے اور دوسری قوم کا یہ قول بھی شاذ ہے کہ انہوں نے بالوں کے ساتھ وصل کو مطلقاً جائز کہا ہے اور حدیث کی یہ تاویل کی ہے کہ جب بالوں کے علاوہ کسی اور چیز کے ساتھ وصل کیا جائے اور یہ قول باطل ہے اور اس سلسلہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے جو روایت کی گئی ہے وہ صحیح نہیں ہے۔

اور اس ممانعت میں رنگین دھاگوں کے چٹلوں اور پراندوں کے ساتھ بالوں کو وصل کرنے کی ممانعت داخل نہیں ہے کیونکہ چٹلے اور پراندے بالوں کے مشابہ نہیں ہیں اس لیے وہ ممنوع نہیں ہیں اور وہ وصل نہیں ہے بلکہ خوبصورتی اور زینت کے لیے چٹلوں اور پراندوں کو استعمال کیا جاتا ہے۔

علامہ نووی نے کہا ہے: ہمارے اصحاب نے اس مسئلہ کو تفصیل سے بیان کیا ہے کہ اگر عورت نے آدمی کے بالوں کے ساتھ بالوں کا وصل کیا تو یہ بالاتفاق حرام ہے خواہ مرد کے بالوں کے ساتھ وصل کیا ہو یا عورت کے بالوں کے ساتھ کیونکہ حدیث میں ممانعت عام ہے اور اس لیے بھی کہ آدمی کے بالوں کے ساتھ اور آدمی کے تمام اجزاء کے ساتھ نفع حاصل کرنا آدمی کی کرامت کی وجہ سے حرام ہے بلکہ اس کے بالوں اور اس کے ناخنوں کو اور اس کے تمام اجزاء کو دفن کر دیا جائے گا، اور اگر کسی عورت نے غیر آدمی کے بالوں کے ساتھ وصل کیا تو اگر وہ بال کسی مردے کے ہوں جو نجس ہوں یا اس جانور کے بال ہوں جس کا گوشت کھایا نہیں جاتا تو اگر اس کی زندگی میں وہ بال الگ کر لیے ہوں تب بھی وہ حرام ہیں اور اس لیے کہ وہ عورت اپنی نمازوں وغیرہ میں نجاست کو عمداً اٹھائے ہوئے ہوگی اور ان دونوں صورتوں میں یہی حکم ہے خواہ وہ عورت شادی شدہ ہو یا غیر شادی شدہ اور اگر اس نے اپنے بالوں کا پاک بالوں کے ساتھ وصل کیا ہو تو اگر وہ غیر شادی شدہ ہے تب بھی یہ فعل حرام ہے اور اگر وہ عورت شادی شدہ ہے تو اس کی تین صورتیں ہیں، ایک صورت یہ ہے کہ ظاہر حدیث کی وجہ سے یہ وصل حرام ہے، دوسری صورت یہ ہے کہ اگر اس عورت نے اپنے خاوند کی اجازت سے اپنے بالوں کا پاک بالوں کے ساتھ وصل کیا تو پھر یہ جائز ہے ورنہ یہ حرام ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۲۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

بالوں کے دوسرے بالوں کے ساتھ وصل کرنے میں علامہ شامی حنفی اور دیگر فقہاء احناف کا مفصل قول

علامہ علاء الدین الحصکفی الحنفی المتوفی ۱۰۸۸ھ لکھتے ہیں:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے الواصلہ اور المستوصلہ پر لعنت فرمائی ہے۔

(صحیح مسلم: ۲۱۲۴، سنن ابوداؤد: ۴۱۶۸، سنن ترمذی: ۲۷۸۴) (الدرالمختار علی ہامش ردالمحتار ج ۹ ص ۴۵۴، داراحیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۱۹ھ)

علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی حنفی المتوفی ۱۲۵۲ھ، اس عبارت کی شرح میں لکھتے ہیں:

الواصلہ: وہ عورت ہے جو اپنے بالوں کے ساتھ بالوں میں اضافہ کے لیے کسی دوسری عورت کے بال ملائے، اس پر لعنت اس لیے فرمائی ہے کہ اس میں لوگوں کو دھوکہ دینا ہے اور آدمی کے جز سے نفع حاصل کرنا۔ (تاتارخانیہ) اور جب کوئی عورت اپنے بالوں کے ساتھ دوسری عورت کے بالوں کو ملائے یعنی اس کے بالوں کو اپنے بالوں کے ساتھ جوڑے اور پیوند کرے تو یہ مکروہ ہے، اور بنوآدم کے بالوں کے سوا عورت کسی اور چیز کو اپنی مینڈھیوں میں ملائے جیسے (چٹلا یا پراندہ) تو اس کی رخصت ہے، یہ امام ابویوسف سے مروی ہے اور فتاویٰ قاضی خان میں مذکور ہے: اگر کوئی عورت اپنی مینڈھیوں میں ریشم کی کوئی چیز ملائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

علامہ الحصکفی نے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے الواصلہ پر لعنت کی ہے الواصلہ وہ عورت ہے جو اپنے بالوں کے ساتھ کسی دوسرے کے بالوں کو ملائے اور ان کے ساتھ جوڑے یا پیوند کرے اور المستوصلہ وہ عورت ہے جو اس کام کو طلب کرے۔

Marfat.com

اگر کوئی عورت اپنے بالوں کے ساتھ کالے اون کے چٹلے یا پراندے جوڑے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔
(ردالمحتار علی الدرالمختار ج ۹ ص ۴۵۴، داراحیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۱۹ھ)

۵۔ بَابٌ: وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْإِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ۔ (الحشر:۹)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور (یہ اموال) ان لوگوں کے لیے ہیں جو دار ہجرت میں اور ایمان میں ان سے پہلے جگہ بنا چکے ہیں۔ (الحشر:۹) کی تفسیر

مہاجرین کے آنے سے پہلے انصار کے مدینہ میں دار ہجرت اور دار ایمان بنانے کی فضیلت

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یعنی جن لوگوں نے مدینہ میں ایمان اور ہجرت کا گھر بنالیا اور یہ لوگ وہ انصار ہیں جو اپنے گھروں میں اسلام لا چکے تھے اور انہوں نے مسلمانوں کے وہاں آنے سے دو سال پہلے مسجدیں بنالی تھیں یعنی انہوں نے مہاجرین کے آنے سے پہلے وہاں مسجدیں بنالی تھیں اور وہ ایمان لا چکے تھے اور وہ مہاجرین سے محبت کرتے تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۲۷)

۴۸۸۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ يَعْنِي ابْنَ عَيَّاشٍ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ رضی الله عنه أُوصِي الْخَلِيفَةَ بِالْمُهَاجِرِينَ الْأَوَّلِينَ أَنْ يَعْرِفَ لَهُمْ حَقَّهُمْ وَأُوصِي الْخَلِيفَةَ بِالْأَنْصَارِ الَّذِينَ تَبَوَّؤُا الدَّارَ وَالْإِيمَانَ مِنْ قَبْلِ أَنْ يُهَاجِرَ النَّبِيُّ ﷺ أَنْ يَقْبَلَ مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَيَعْفُوَ عَنْ مُسِيئِهِمْ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابوبکر نے یعنی ابن عیاش نے حدیث بیان کی از حصین از عمرو بن میمون، وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں (بعد کے) خلیفہ کو وصیت کرتا ہوں کہ وہ مہاجرین اولین کے ساتھ اچھا سلوک کرے اور ان کے حق کو پہچانے اور میں خلیفہ کو انصار کے ساتھ اچھے سلوک کی وصیت کرتا ہوں جنہوں نے نبی ﷺ کے ہجرت کرنے سے پہلے ایمان اور ہجرت کا گھر بنایا اور اس کو میں یہ وصیت کرتا ہوں کہ انصار میں سے نیکوں کی نیکیوں کو قبول کرے اور ان میں سے برے لوگوں کی برائی کو معاف کردے۔

مہاجرین اولین کے مصداق میں متعدد اقوال

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

مہاجرین اولین: یہ وہ مہاجرین ہیں جنہوں نے کعبہ اور بیت المقدس دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھی، یہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ اور ابن المسیب کا قول ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے بیعت الرضوان کو پالیا تھا، یہ شعبی اور ابن سیرین کا قول ہے، سو پہلے قول کی بنا پر مہاجرین اولین وہ ہیں جنہوں نے تحویل قبلہ سے دو سال پہلے ہجرت کی اور دوسرے قول کی بنا پر مہاجرین اولین وہ ہیں جنہوں نے صلح حدیبیہ سے پہلے ہجرت کی اور تیسرا قول یہ ہے کہ مہاجرین اولین وہ ہیں جو غزوہ بدر میں حاضر ہوئے تھے۔ (عمدۃ القاری، ج ۱۹، ص ۳۲۷، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

٦ ـ بَابٌ: وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ۔ (الحشر:٩)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور وہ دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں۔ (الحشر:٩) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ آیت انصار کی مدح میں ہے جنہوں نے اپنے گھروں اور اپنے مالوں کو مہاجرین کے لیے تقسیم کر دیا تھا۔
(عمدۃ القاری ج١٩ ص ٣٢٧)

الْخَصَاصَةُ الْفَاقَةُ۔

الخصاصہ: اس سے مراد فاقہ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَ لَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَ لَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ (الحشر:٩)

وہ ان سے محبت کرتے ہیں جو ان کی طرف ہجرت کر کے آئے اور وہ اپنے دلوں میں اس چیز کی کوئی طلب نہیں پاتے جو ان مہاجروں کی دی گئی ہے اور وہ دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں خواہ انہیں خود شدید ضرورت ہو۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے خصاصہ کی تفسیر فاقہ کے ساتھ کی ہے، اس کا معنی فقر اور احتیاج ہے اور یہ مقاتل بن حیان کا قول ہے۔

الْمُفْلِحُوْنَ الْفَائِزُوْنَ بِالْخُلُوْدِ وَالْفَلَاحُ الْبَقَاءُ۔

المفلحون: اس کا معنی ہے: جن کو دائمی کامیابی حاصل ہو اور فلاح کا معنی ہے: بقاء و دوام۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ (الحشر:٩)

اور جن کو ان کے نفسوں کے بخل سے بچایا گیا، سو وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے المفلحون کی تفسیر کی ہے: جن لوگوں کو دائمی کامیابی حاصل ہو الفراء نے بھی اسی کے ساتھ تفسیر کی ہے اور امام بخاری نے فلاح کا معنی لکھا ہے: بقاء و دوام، اور لغت کی کتاب المغرب میں لکھا ہے کہ فلاح کا معنی ہے: مطلوب کے ساتھ کامیاب ہونا۔

حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ عَجِّلْ۔

حَيَّ علی الفلاح: اس کا معنی ہے: جلدی کرو۔

علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس کا معنی ہے: مطلوب کے ساتھ کامیابی کو جلدی حاصل کرو۔

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: اس کا معنی ہے: فلاح کی طرف جلدی کرو، علامہ ابن التین نے لکھا ہے: اہل لغت میں سے کسی نے بھی حَيَّ کا یہ معنی نہیں لکھا، انہوں نے کہا کہ اس کا صرف یہ معنی ہے کہ آؤ اور آگے بڑھو۔ میں کہتا ہوں: یہ اس طرح ہے لیکن اس میں عجلت سے طلب کرنے کی خبر ہے اور اس کا معنی ہے: جلدی سے آؤ۔ (فتح الباری ج٦ ص ٥٥)

علامہ عینی لکھتے ہیں: حافظ ابن حجر کی عبارت سے یہ معلوم ہوتا ہے جیسے امام بخاری حَيَّ کا معنی بیان کرنے کے درپے ہوں حالانکہ امام بخاری فلاح کے معنی بیان کرنے کے درپے ہیں اور حَيَّ کا معنی بالتبع ذکر کیا ہے۔

Marfat.com

وَقَالَ الْحَسَنُ حَاجَةً حَسَدًا۔ اور حسن بصری نے کہا ہے: حاجةً: کا معنی ہے: حسداً۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا۔ (الحشر:۹) اور وہ اپنے دلوں میں اس چیز کی کوئی طلب نہیں پاتے جو ان مہاجروں کو دی گئی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے حاجت کی تفسیر حسد کے ساتھ کی ہے، اسی طرح امام عبدالرزاق نے حسن بصری سے یہ تفسیر نقل کی ہے۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۳۲۸۔۳۲۷ میں ذکر کی ہے]

۴۸۸۹۔ حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ كَثِيرٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ حَدَّثَنَا أَبُو حَازِمٍ الْأَشْجَعِيُّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ أَتَى رَجُلٌ رَسُولَ اللهِ ﷺ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ أَصَابَنِي الْجَهْدُ فَأَرْسَلَ إِلَى نِسَائِهِ فَلَمْ يَجِدْ عِنْدَهُنَّ شَيْئًا فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ أَلَا رَجُلٌ يُضَيِّفُهُ هَذِهِ اللَّيْلَةَ يَرْحَمُهُ اللهُ فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ أَنَا يَا رَسُولَ اللهِ فَذَهَبَ إِلَى أَهْلِهِ فَقَالَ لِامْرَأَتِهِ ضَيْفُ رَسُولِ اللهِ ﷺ لَا تَدَّخِرِيهِ شَيْئًا قَالَتْ وَاللهِ مَا عِنْدِي إِلَّا قُوتُ الصِّبْيَةِ قَالَ فَإِذَا أَرَادَ الصِّبْيَةُ الْعَشَاءَ فَنَوِّمِيهِمْ وَتَعَالَيْ فَأَطْفِئِي السِّرَاجَ وَنَطْوِي بُطُونَنَا اللَّيْلَةَ فَفَعَلَتْ ثُمَّ غَدَا الرَّجُلُ عَلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ فَقَالَ لَقَدْ عَجِبَ اللهُ عَزَّوَجَلَّ أَوْ ضَحِكَ مِنْ فُلَانٍ وَفُلَانَةَ فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ (الحشر:۹)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے یعقوب بن ابراہیم بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو اسامہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں فضیل بن غزوان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو حازم الاشجعی نے حدیث بیان کی از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرد رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا، اس نے کہا: یا رسول اللہ! میں فاقہ سے ہوں، آپ نے اپنی ازواج کی طرف کسی کو بھیجا کہ وہ کھانے کی کوئی چیز لائے، پس اس نے آپ کی ازواج کے پاس کوئی چیز نہیں پائی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سنو! کوئی مرد ہے جو اس رات اس کی مہمانی کرے تو اللہ اس پر رحم فرمائے گا، پس انصار میں سے ایک مرد اٹھا، اس نے کہا: یا رسول اللہ! میں اس کی مہمانی کروں گا، پس اس انصاری نے اپنے گھر جا کر اپنی بیوی سے کہا: رسول اللہ ﷺ کا ایک مہمان ہے، تم اس سے کس چیز کو ذخیرہ نہ کرنا، اس کی بیوی نے کہا: اللہ کی قسم! میرے پاس تو صرف اس بچی کی خوراک ہے، اس انصاری نے کہا: جب وہ بچی رات کو کھانے کا ارادہ کرے تو اس کو سلا دینا اور آؤ اس چراغ کو بجھا دو اور ہم یہ رات بھوکے گزاریں گے، اس کی بیوی نے ایسا کیا، پھر صبح کو وہ مرد رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل خوش ہوا یا فرمایا: وہ فلاں مرد اور فلاں عورت کی کارگزاری سے ہنسا، پس اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ (الحشر:۹) اور وہ دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں خواہ انہیں شدید ضرورت ہو۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۷۹۸ میں گزر چکی ہے تاہم بعض ضروری امور کی وضاحت کی جارہی ہے:

جو مرد بھوکا تھا اور اس نے کھانا طلب کیا تھا اس کا مصداق

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

ایک مرد آیا: الواحدی نے ذکر کیا ہے کہ وہ مرد اہل صفہ میں سے تھا اور امام طبرانی نے المعجم الاوسط میں لکھا ہے کہ وہ مرد خود حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۲۹)

جس انصاری نے اس بھوکے کی مہمانی کی تھی اس کا مصداق

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

مناقب انصار میں اس حدیث کی شرح گزر چکی ہے کہ وہ انصاری حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ تھے اور الخطیب کو اس میں تردد ہے کہ آیا وہ انصاری حضرت زید بن سہل تھے یا کوئی اور انصار تھے جن کی کنیت ابوطلحہ تھی اور یہ قول بھی گزر چکا ہے کہ وہ انصاری حضرت ثابت بن قیس تھے۔

اور امام ابن المنذر نے ابوالمتوکل سے روایت کی ہے کہ ایک مسلمان مرد کو تین دن تک کوئی چیز روزہ افطار کرنے کے لیے نہیں ملی حتیٰ کہ انصار کے ایک مرد کو اس کا پتا چل گیا اور ان کا نام ثابت بن قیس تھا اور ہمارے شیخ ابن الملقن نے کہا ہے کہ یہ وہم ہے اس لیے کہ ابوالمتوکل اجماعاً تابعی ہیں، پس گویا کہ ابن المنذر نے ان کو صحابی کہا جن کی کنیت ابوالمتوکل تھی اور اس طرح نہیں ہے۔

(صحیح البخاری ج ۶ ص ۵۵، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

علامہ عینی لکھتے ہیں: وہ انصاری مرد حضرت ابوطلحہ انصاری تھے اور ابن بشکوال نے کہا ہے کہ وہ حضرت زید بن سہل تھے اور النحاس نے کہا ہے کہ یہ آیت ابوالمتوکل کے متعلق نازل ہوئی ہے اور مہمان حضرت ثابت بن قیس تھے اور یہ کہنا کہ یہ آیت المتوکل کے متعلق نازل ہوئی ہے وہم فاحش ہے کیونکہ ابوالمتوکل تو اجماعاً تابعی ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۲۹)

بچی کو رات میں بھوکا سلانے کی توجیہ

تم بچی کو سلا دینا: یہ اس پر محمول ہے کہ اس بچی کو کھانے کی ضرورت نہیں تھی کیونکہ اگر اس کو کھانے کی ضرورت ہوتی اور کھانا نہ کھانے سے اس کو نقصان ہوتا تو ان پر واجب تھا کہ وہ مہمان کی بجائے اس بچی کو کھانا کھلاتے۔ علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ شاید وہ کھانا ان کی ضرورت سے زائد تھا۔ علامہ عینی فرماتے ہیں: اس پر اعتراض ہے کہ اس انصاری کی بیوی نے صراحۃً کہا تھا کہ ہمارے پاس تو صرف بچی کی خوراک ہے اور زیادہ بہتر یہ ہے کہ یوں کہا جائے کہ اس انصاری کی بیوی کو یہ معلوم تھا کہ وہ بچی رات کو کھانا نہ کھانے پر صبر کر سکتی ہے کیونکہ انسان کچھ دیر کھانا نہ کھانے پر صبر کر سکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے تعجب اور ہنسنے کا معنی

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس حدیث میں مذکور ہے کہ اللہ عزوجل نے تعجب کیا حالانکہ تعجب کا معنی ہے: کسی نامانوس اور خلاف عادت بات کا ادراک کرنا اور اس حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ ہنسا حالانکہ ہنسنے کا معنی ہے: دانتوں کا ظاہر ہونا اور یہ دونوں امور اللہ تعالیٰ کے لیے محال ہیں۔ علامہ خطابی نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ پر تعجب کا اطلاق جائز نہیں ہے، اس کا معنی صرف اللہ تعالیٰ کا راضی ہونا ہے، یا اس کا ثواب عطا فرمانا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۹۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الحشر کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ سورۃ الممتحنہ کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۶۰۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْمُمْتَحِنَۃِ

سورۃ الممتحنہ کی تفسیر

سورۃ الممتحنہ کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الممتحنہ کی بعض آیات کی تفسیر ہے، علامہ سہیلی نے کہا کہ الممتحنہ میں حاء کے نیچے زیر ہے یعنی یہ سورت عورتوں کا امتحان لینے والی ہے اور اس سورت کی طرف امتحان لینے کی نسبت مجاز ہے، جیسے سورۂ توبہ کا نام الفاضحہ مجاز ہے یعنی وہ سورت رسواء کرنے والی ہے اور یہ بھی مجاز ہے کیونکہ اس سورت میں منافقین کے عیوب بیان کیے گئے ہیں اور جنہوں نے کہا کہ یہ لفظ اَلْمُمْتَحَنَہ ہے یعنی جن عورتوں کا امتحان لیا گیا ہے کیونکہ یہ سورت ایک عورت کے متعلق نازل ہوئی ہے جو کہ ام کلثوم بنت عقبہ بن ابی معیط تھیں اور یہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی بیوی تھیں اور مقاتل نے کہا ہے کہ جس عورت کا امتحان لیا گیا تھا ان کا نام سبیعہ ہے اور کہا جاتا ہے: ان کا نام سعیدہ بنت الحارث اسلمیہ ہے اور وہ سیفی بن راہب کے نکاح میں تھی اور امام ابن عساکر نے کہا ہے کہ وہ عورت ام کلثوم تھیں جو حضرت عمرو بن العاص کے نکاح میں تھیں۔

علامہ ابوالعباس نے کہا ہے کہ اس پر اتفاق ہے کہ یہ سورت مدنی ہے اور علامہ سخاوی نے کہا ہے کہ یہ سورت سورۃ الاحزاب کے بعد نازل ہوئی ہے اور سورۃ النساء سے پہلے اور اس میں تیرہ (۱۳) آیات ہیں۔

علامہ عینی نے لکھا ہے: سب کے نزدیک اس سورت میں بِسْمِ اللّٰہِ نہیں ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۳۰۔۳۲۹، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

میں کہتا ہوں کہ یہ علامہ عینی کا تسامح ہے کیونکہ سورۃ الممتحنہ میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھی جاتی ہے اور اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لَا تُعَذِّبْنَا بِأَيْدِيهِمْ فَيَقُولُونَ لَوْ كَانَ هَؤُلَاءِ عَلَى الْحَقِّ مَا أَصَابَهُمْ هَذَا۔

اور مجاہد نے کہا: لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً: اس کا معنی ہے: ان کے ہاتھوں سے ہمیں عذاب نہ دے تو وہ کہیں گے کہ اگر یہ مسلمان حق پر ہوتے تو آج ان کو یہ مصیبت نہ پہنچتی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا۔ (الممتحنہ: ۵) اے ہمارے رب! ہمیں کافروں کے لیے آزمائش نہ بنا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی تفسیر کی ہے: ہمیں ان کے ہاتھوں سے عذاب نہ دے اور تفسیر نسفی میں مذکور ہے: ان کافروں کو ہم پر مسلط نہ فرما، پھر وہ ہم کو ایسا عذاب دیں گے جس کی ہم میں طاقت نہیں ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ ان کو ہم پر غلبہ نہ عطا فرما، پس وہ یہ گمان کریں گے کہ وہ حق پر ہیں اور ہم باطل پر ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۳۰)

Marfat.com

بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ أُمِرَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ ﷺ بِفِرَاقِ نِسَائِهِمْ كُنَّ كَوَافِرَ بِمَكَّةَ۔

بعصم الکوافر: اس کا معنی ہے: نبی ﷺ کے اصحاب کو یہ حکم دیا گیا کہ وہ اپنی ان بیویوں سے الگ ہو جائیں جو مکہ میں کفر پر قائم تھیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَا تُمْسِكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ۔ (الممتحنہ:۱۰)

(اے مسلمانو!) تم بھی کافر عورتوں کو اپنے نکاح میں نہ روکے رکھو۔

مکہ میں جن کافرہ عورتوں کے ساتھ نکاح کو فسخ کر دیا گیا ان کی تفصیل

علامہ عینی لکھتے ہیں: العصم، اَلعِصْمَة کی جمع ہے، اس کا معنی ہے: جو عقد نکاح یا نسب کے رشتہ کی وجہ سے محفوظ ہو اور الکوافر کافرہ کی جمع ہے اور اس آیت کا معنی ہے: اور تم نکاح شدہ کافر عورتوں کو مت روکے رکھو اور اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو اس سے منع کر دیا کہ وہ کافرہ کے ساتھ نکاح پر قائم رہیں، اور مسلمانوں کو حکم دیا کہ ان مشرکہ بیویوں سے الگ ہو جاؤ۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا اس آیت کا معنی ہے کہ تم کافر عورتوں کے ساتھ عقد پر قائم نہ رہو، پس جس مرد کی بیوی مکہ میں کافرہ تھی وہ اس کے ساتھ نکاح پر قائم نہ رہے، اس کی عصمت ختم ہو گئی اور وہ اس اس کی بیوی نہیں ہے۔ اور اگر تمہارے پاس اہل مکہ میں سے کوئی مسلمان عورت آئے اور اس کا وہاں کافر خاوند ہو تو وہ اس کی عدت نہیں گزارے گی، پس بے شک اس کی عصمت منقطع ہو چکی ہے اور الزہری نے کہا: جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی ان دو مشرکہ بیویوں کو طلاق دے دی جو مکہ میں تھیں، ان میں سے ایک کا نام قریبہ بنت امیہ تھا، ان کے بعد معاویہ نے ان سے نکاح کر لیا اور وہ دونوں اس وقت اپنے شرک پر تھے اور دوسری کا نام ام کلثوم الخزاعیہ تھا اور یہ حضرت عبداللہ کی ماں تھی، پھر ان سے ابوجہم نے نکاح کر لیا اور وہ دونوں اپنے شرک پر قائم تھے اور حضرت طلحہ بن عبیداللہ کے نکاح میں اروی بنت ربیعہ تھیں، اسلام نے ان دونوں کے درمیان تفریق کر دی۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۳۰، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۔ بَابٌ: لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاءَ (الممتحنہ:۱)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے ایمان والو! میرے دشمنوں کو اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ (الممتحنہ:۱) کی تفسیر

۴۸۹۰۔ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ أَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَ اللهِ بْنَ أَبِي رَافِعٍ كَاتِبَ عَلِيٍّ يَقُولُ سَمِعْتُ عَلِيًّا رضی الله عنه يَقُولُ بَعَثَنِي رَسُولُ اللهِ ﷺ أَنَا وَالزُّبَيْرَ وَالْمِقْدَادَ فَقَالَ انْطَلِقُوا حَتَّى تَأْتُوا رَوْضَةَ خَاخٍ فَإِنَّ بِهَا ظَعِينَةً مَعَهَا كِتَابٌ فَخُذُوهُ مِنْهَا فَذَهَبْنَا تَعَادَى بِنَا خَيْلُنَا حَتَّى أَتَيْنَا الرَّوْضَةَ فَإِذَا نَحْنُ بِالظَّعِينَةِ فَقُلْنَا أَخْرِجِي الْكِتَابَ فَقَالَتْ مَا مَعِي مِنْ كِتَابٍ فَقُلْنَا لَتُخْرِجِنَّ الْكِتَابَ أَوْ لَتُلْقِيَنَّ الثِّيَابَ فَأَخْرَجَتْهُ مِنْ عِقَاصِهَا فَأَتَيْنَا بِهِ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحمیدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عمرو بن دینار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے الحسن بن محمد بن علی نے حدیث بیان کی کہ انہوں نے حضرت عبیداللہ بن ابی رافع سے سنا جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے کاتب تھے، وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سنا وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اور حضرت زبیر اور حضرت مقداد رضی اللہ عنہم کو بھیجا، پس فرمایا: تم لوگ جاؤ اور جب مقام خاخ کے باغ میں پہنچ جاؤ تو وہاں تمہیں ایک مسافرہ عورت ملے گی، اس کے پاس ایک خط ہو گا، تم اس سے وہ خط لے لینا، پس ہم لوگ

Marfat.com

النَّبِيَّ ﷺ فَإِذَا فِيهِ مِنْ حَاطِبِ بْنِ أَبِي بَلْتَعَةَ إِلَى أُنَاسٍ مِنَ الْمُشْرِكِينَ مِمَّنْ بِمَكَّةَ يُخْبِرُهُمْ بِبَعْضِ أَمْرِ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ فَإِذَا فِيهِ مَا هَذَا يَا حَاطِبُ قَالَ لَا تَعْجَلْ عَلَيَّ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي كُنْتُ امْرَأً مِنَ قُرَيْشٍ وَلَمْ أَكُنْ مِنْ أَنْفُسِهِمْ وَكَانَ مَنْ مَعَكَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ لَهُمْ قَرَابَاتٌ يَحْمُونَ بِهَا أَهْلِيهِمْ وَأَمْوَالَهُمْ بِمَكَّةَ فَأَحْبَبْتُ إِذْ فَاتَنِي مِنَ النَّسَبِ فِيهِمْ أَنْ أَصْطَنِعَ إِلَيْهِمْ يَدًا يَحْمُونَ قَرَابَتِي وَمَا فَعَلْتُ ذَلِكَ كُفْرًا وَلَا ارْتِدَادًا عَنْ دِينِي فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ إِنَّهُ قَدْ صَدَقَكُمْ فَقَالَ عُمَرُ دَعْنِي يَا رَسُولَ اللهِ فَأَضْرِبَ عُنُقَهُ فَقَالَ إِنَّهُ شَهِدَ بَدْرًا وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ اطَّلَعَ عَلَى أَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ قَالَ عَمْرٌو وَنَزَلَتْ فِيهِ ﴿يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ﴾ (الممتحنة:١) قَالَ لَا أَدْرِي الْآيَةَ فِي الْحَدِيثِ أَوْ قَوْلُ عَمْرٍو۔

گئے، ہم اپنے گھوڑوں کو دوڑا رہے تھے حتیٰ کہ ہم اس باغ میں پہنچے تو وہاں پر وہ مسافرہ عورت تھی، ہم نے اس سے کہا: تم خط نکالو، اس نے کہا: میرے پاس کوئی خط نہیں ہے، ہم نے اس سے کہا: تم ضرور خط نکالو گیورنہ ہم تمہارے کپڑے اتار دیں گے تو اس نے اپنے سر کے بالوں کے گچھے کے نیچے سے خط نکالا، ہم نبی ﷺ کے پاس وہ خط لے کر آئے، پس وہ خط حضرت حاطب بن ابی بلتعہ کی جانب سے مشرکین کے مردوں کے نام تھا، اس میں انہوں نے نبی ﷺ کے بعض معاملات کی خبر دی تھی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: اے حاطب! یہ کیا ہے؟ حضرت حاطب نے کہا: یارسول اللہ! میرے متعلق عجلت میں فیصلہ نہ کریں بے شک میں قریش میں سے ایک مرد تھا اور میں ان میں سے نہیں تھا اور آپ کے ساتھ جو مہاجرین ہیں ان کی قریش کے ساتھ رشتہ داریاں ہیں جس کی وجہ سے وہ اپنے گھر والوں اور اپنے مالوں کی مکہ میں حفاظت کریں گے، پس میں نے یہ پسند کیا کہ جب ان میں میرا نسب اور رشتہ داری نہیں ہے تو میں ان کی طرف کوئی احسان کردوں جس کی وجہ سے وہ میرے رشتہ داروں کی حفاظت کریں اور یہ میں نے کسی کفر کی وجہ سے نہیں کیا اور نہ اپنے دین سے ارتداد کی وجہ سے کیا ہے، تو نبی ﷺ نے فرمایا: اس نے تم سے سچ بولا ہے، پس حضرت عمر نے کہا: یارسول اللہ! مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس کی گردن ماردوں، آپ نے فرمایا: یہ غزوۂ بدر میں حاضر ہو چکا ہے اور تمہیں معلوم نہیں کہ بے شک اللہ عزوجل اہل بدر کی طرف متوجہ ہوا، پس فرمایا: تم جو چاہو عمل کرو میں نے تمہاری مغفرت کردی، عمرو بن دینار نے کہا: اس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَ عَدُوَّكُمْ (الممتحنہ:۱) اے ایمان والو! میرے دشمنوں کو اور اپنے دشمنوں کو (دوست) نہ بناؤ۔ سفیان بن عیینہ نے کہا کہ میں نہیں جانتا کہ حدیث میں اس سے مراد یہ آیت ہے یا عمرو بن دینار کا قول ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۰۰۷ میں گزر چکی ہے، تاہم بعض ضروری امور کی وضاحت کی جاتی ہے:

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورت سے خط لینے کے لیے جن کو بھیجا ان کے ناموں کی تفصیل اور اس عورت کا نام و دیگر امور

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

آپ نے مجھے اور حضرت زبیر کو اور حضرت مقداد کو بھیجا: اور الثعلبی کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کو اور حضرت عمار کو اور حضرت عمر کو اور حضرت زبیر کو اور حضرت طلحہ کو اور حضرت المقداد بن اسود کو اور حضرت ابومرثد رضی اللہ عنہم کو بھیجا اور یہ سب گھوڑوں پر سوار تھے۔

تو وہاں تمہیں ایک مسافرہ عورت ملے گی: یہ عورت حودج میں تھی اور اس کا نام سارہ تھا۔

میں قریش میں سے ایک مرد تھا: یعنی میں نے ان سے دوستی اور محبت کا حلف اٹھایا ہوا تھا، میرا ان سے کوئی نسبی رشتہ نہیں تھا۔

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حاطب کی تصدیق کر دی تھی تو پھر حضرت عمر نے ان کو قتل کرنے کی اجازت کیوں طلب کی

مجھے اجازت دیں کہ میں اس کی گردن ماردوں: اگر تم یہ اعتراض کرو کہ حضرت عمر نے یہ کیسے کہا جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کی تصدیق کر چکے تھے، اس کا جواب یہ ہے کہ اس کا سبب ان کی دینی قوت اور حق میں صلابت تھی اور ان کو حضرت حاطب کے کفر پر وثوق نہیں تھا، اسی لیے انہوں نے کہا: مجھے اجازت دیں، بعض روایات میں ہے کہ انہوں نے کہا: یہ منافق ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ منافق سے ان کی مراد نفاق اعتقادی نہیں تھا بلکہ نفاق عملی تھا کیونکہ انہوں نے ایسا اقدام کیا جو ان کے دعویٰ ایمان کے خلاف تھا۔

پس بے شک میں نے ان کی مغفرت کر دی ہے: یعنی امور اخرویہ کی، اور اگر دنیا میں ان پر حد واجب ہو تو حد نافذ کی جائے گی یا کسی مرد کا ان پر کوئی حق ہو تو ان سے وہ حق لیا جائے گا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۳۲۔۳۳۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ قِيلَ لِسُفْيَانَ فِي هَذَا فَنَزَلَتْ ﴿لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَ عَدُوَّكُمْ أَوْلِيَآءَ الْآيَةَ﴾ (الممتحنہ:۱) قَالَ سُفْيَانُ هَذَا فِي حَدِيثِ النَّاسِ حَفِظْتُهُ مِنْ عَمْرٍو مَا تَرَكْتُ مِنْهُ حَرْفًا وَمَا أُرَى أَحَدًا حَفِظَهُ غَيْرِي۔

ہمیں علی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا کہ سفیان سے پوچھا گیا کہ اس واقعہ کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی ہے: لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي۔ الآیۃ (الممتحنہ:۱) سفیان نے کہا: یہ بات لوگوں کی زبانوں پر ہے، میں نے اس حدیث کو عمرو بن دینار سے محفوظ رکھا ہے اور میں نے اس حدیث میں سے ایک حرف کو بھی نہیں چھوڑا اور میں نہیں سمجھتا کہ میرے علاوہ کسی اور کو یہ حدیث محفوظ ہے یعنی حفظ ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۰۰۷ میں گزر چکی ہے۔

جس روایت میں یہ اضافہ ہے کہ حضرت حاطب کے قصہ میں الممتحنہ:۱، نازل ہوئی وہ روایت مدرج ہے

علامہ بدر محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث کی سند میں علی سے مراد علی بن المدینی ہیں، اور سفیان سے مراد سفیان بن عیینہ ہیں۔

کیا اس واقعہ کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی: یعنی کیا حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کے قصہ میں الممتحنہ:۱، نازل ہوئی ہے۔ سفیان بن

Marfat.com

عیینہ نے کہا: یہ بات لوگوں کی زبانوں اور ان کی روایات پر ہے: لیکن میں نے عمرو بن دینار سے جو حدیث حفظ کی ہے اور جس کو میں نے اس آیت کے نزول کے بغیر روایت کیا ہے اس میں اس آیت کے نزول کا ذکر نہیں ہے اور میں نہیں سمجھتا کہ کسی اور نے عمرو بن دینار کی اس حدیث کو میرے علاوہ یاد رکھا ہوگا۔

علامہ عینی فرماتے ہیں: جس حدیث میں حضرت حاطب کے قصہ کے بعد اس آیت کے نزول کا ذکر ہے وہ حدیث مدرج ہے یعنی اس حدیث میں راوی نے اپنی طرف سے یہ بات ملا دی ہے اور سفیان کو اس اضافہ پر یقین اور وثوق نہیں تھا، تاہم علامہ ثعلبی نے اس حدیث کی بہت طول کے ساتھ روایت کی ہے اور اس میں یہ ذکر ہے کہ حضرت حاطب اور ان کے خط بھیجنے کے قصہ کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی: يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاءَ۔ (الممتحنہ:۱)

(عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۳۳۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۲۔ بَابٌ: إِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ۔ (الممتحنہ:۱۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جب تمہارے پاس ایمان والی عورتیں ہجرت کر کے آئیں۔ (الممتحنہ:۱۰) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یعنی جس حال میں ایمان والی عورتیں دارالکفر سے ہجرت کر کے دارالسلام کی طرف آئیں تو ان کو آزما لیا کرو۔ اس پر اتفاق ہے کہ یہ آیت صلح حدیبیہ کے بعد نازل ہوئی ہے اور اس کا سبب صلح نامہ کی یہ شرط ہے کہ قریش سے جو شخص مسلمانوں کی طرف آئے اس کو قریش کی طرف واپس کیا جائے گا، پھر اللہ تعالیٰ نے اس شرط سے ان مسلمان عورتوں کو مستثنیٰ کر لیا جو ہجرت کر کے آئیں بہ شرطیکہ ان کو آزما لیا جائے۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۳۳۲)

۴۸۹۱۔ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَخِي ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَمِّهِ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ أَنَّ عَائِشَةَ رضی الله عنها زَوْجَ النَّبِيِّ ﷺ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ كَانَ يَمْتَحِنُ مَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ بِهَذِهِ الْآيَةِ بِقَوْلِ اللهِ ﴿يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ إِلَى قَوْلِهِ غَفُورٌ رَحِيمٌ﴾ قَالَ عُرْوَةُ قَالَتْ عَائِشَةُ فَمَنْ أَقَرَّ بِهَذَا الشَّرْطِ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ قَالَ لَهَا رَسُولُ اللهِ ﷺ قَدْ بَايَعْتُكِ كَلَامًا وَلَا وَاللهِ مَا مَسَّتْ يَدُهُ يَدَ امْرَأَةٍ قَطُّ فِي الْمُبَايَعَةِ مَا يُبَايِعُهُنَّ إِلَّا بِقَوْلِهِ قَدْ بَايَعْتُكِ عَلَى ذَلِكِ تَابَعَهُ يُونُسُ وَمَعْمَرٌ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَقَالَ إِسْحَاقُ بْنُ رَاشِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ وَعَمْرَةَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں اسحاق نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابن شہاب کے بھتیجے نے حدیث بیان کی از عم خود، انہوں نے کہا: مجھے عروہ نے خبر دی، وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ کی زوجہ محترمہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کو خبر دی کہ بے شک رسول اللہ ﷺ اس آیت کی وجہ سے ان مسلمان عورتوں کا امتحان لیا کرتے تھے جو آپ کی طرف ہجرت کر کے آتی تھیں، وہ آیت یہ ہے: يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ ۔۔۔ غَفُورٌ رَحِيمٌ تک۔ اے نبی! جب آپ کے پاس ایمان والی عورتیں حاضر ہوں وہ آپ سے اس پر بیعت کریں۔۔۔ بے شک اللہ بہت بخشنے والا ہے رحم فرمانے والا ہے (تک)، عروہ نے بیان کیا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ پس ایمان والی عورتوں میں سے جس نے اس شرط کا اقرار کیا تو رسول اللہ ﷺ اس عورت

Marfat.com

سے فرماتے کہ میں نے تم کو بیعت کرلیا، آپ کلام کے ذریعہ بیعت کرتے اور اللہ کی قسم! عورتوں کو بیعت کرتے وقت آپ کے ہاتھ نے کسی عورت کے ہاتھ کو نہیں چھوا، آپ ان عورتوں کو یہ فرما کر صرف اپنے کلام سے بیعت کرتے کہ میں نے تم کو بیعت کرلیا ہے۔ ابن شہاب کے بھتیجے کی متابعت یونس اور معمر اور عبدالرحمٰن بن اسحاق نے کی ہے از زہری اور اسحاق بن راشد نے کہا از زہری از عروہ وعمرۃ۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۷۱۳ میں گزر چکی ہے، تاہم بعض امور کی وضاحت کی جارہی ہے:

عورتوں کا امتحان لینے کی کیفیت، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورتوں کو بیعت کرتے وقت کسی عورت کے ہاتھ کو نہیں چھوا،

اس پر ایک اشکال کا جواب

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان عورتوں کا امتحان لیتے تھے: کہ وہ عورتیں حلف اٹھا کر یہ بیان کریں کہ وہ عورتیں اپنے شوہر سے بغض کی وجہ سے ہجرت نہیں کر رہیں اور نہ دنیا کو طلب کرنے کے لیے ایک علاقہ سے دوسرے علاقہ کی طرف جارہی ہیں بلکہ وہ صرف اللہ اور اس کے رسول کی محبت کی بناء پر دار کفر سے دارالاسلام کی طرف ہجرت کر رہی ہیں۔

اس آیت کی وجہ سے: پوری آیت حسب ذیل ہے:

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (الممتحنہ: ۱۲)

اے نبی! (مکرم) جب آپ کے پاس ایمان والی عورتیں حاضر ہوں تو وہ آپ سے اس پر بیعت کریں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کریں گی اور نہ چوری کریں گی اور نہ زنا کریں گی اور نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی اور نہ اپنے ہاتھوں اور پیروں کے سامنے کوئی بہتان گھڑیں گی اور نہ دستور کے مطابق کسی کام میں آپ کی نافرمانی کریں گی تو آپ ان کو بیعت کرلیا کریں، اور آپ ان کے لیے اللہ سے مغفرت طلب کریں، بے شک اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے ○

مفسرین نے کہا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مردوں کو بیعت کرنے سے فارغ ہوگئے تو آپ نے عورتوں کو بیعت کرنا شروع کیا، اس وقت آپ صفا پہاڑ پر تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس پہاڑ کے نیچے تھے اور وہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم سے عورتوں کو بیعت کر رہے تھے اور ان عورتوں کو اس آیت کی تبلیغ کر رہے تھے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے تم سے اس کلام کے ذریعہ بیعت کی ہے: یعنی آپ کلام سے بیعت کرتے تھے اور ہاتھ سے بیعت نہیں کرتے تھے جس طرح مردوں سے مصافحہ کرکے ان سے دونوں ہاتھوں سے بیعت کرتے تھے۔

Marfat.com

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اللہ کی قسم! آپ نے کسی عورت کا ہاتھ نہیں چھوا: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اس قول میں اس روایت کا رد ہے جس کی امام ابن خزیمہ، امام ابن حبان، امام البزار، امام طبرانی اور امام ابن مردویہ نے اپنی سندوں کے ساتھ حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا سے آپ کے بیعت کرنے کے قصہ میں حدیث بیان کی ہے، وہ یہ ہے:

حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے کہا: آپ نے گھر کے باہر سے اپنا ہاتھ بڑھایا اور ہم نے گھر کے اندر سے اپنے ہاتھوں کو بڑھایا، پھر آپ نے فرمایا: اے اللہ! تو گواہ ہو جا، اسی طرح اس حدیث میں ہے جو اس کے بعد آئے گی، اس میں یہ ذکر ہے کہ حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے کہا: پس ہم میں سے ایک عورت نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا۔ اس حدیث میں یہ خبر ہے کہ ان عورتوں نے آپ سے اپنے ہاتھوں کے ساتھ بیعت کی تھی۔ اگر تم یہ سوال کرو کہ ان حدیثوں کو مسترد کرنے کی کیا وجہ ہے جب کہ یہ تمام احادیث صحیح ہیں، اس کا جواب یہ ہے: جن حدیثوں میں ہے کہ آپ نے اپنا ہاتھ گھر کے باہر سے بڑھایا ان میں یہ اشارہ ہے کہ بیعت واقع ہو گئی اور صحیح بخاری کی دوسری حدیث میں جو مذکور ہے کہ حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے ہاتھ کھینچ لیا اس سے مراد یہ ہے کہ انہوں نے بیعت کو قبول کرنے میں تاخیر کی یا یہ بیعت پردے کی اوٹ سے تھی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۳۳، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۳۔ بَابٌ: إِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ۔ (الممتحنۃ: ۱۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جب آپ کے پاس ایمان والی عورتیں بیعت کے لیے حاضر ہوں۔ (الممتحنۃ: ۱۲) کی تفسیر

۴۸۹۲۔ حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ رضی الله عنها قَالَتْ بَايَعْنَا رَسُولَ اللهِ ﷺ فَقَرَأَ عَلَيْنَا أَنْ لَا يُشْرِكْنَ بِاللهِ شَيْئًا وَنَهَانَا عَنِ النِّيَاحَةِ فَقَبَضَتْ امْرَأَةٌ يَدَهَا فَقَالَتْ أَسْعَدَتْنِي فُلَانَةُ أُرِيدُ أَنْ أَجْزِيَهَا فَمَا قَالَ لَهَا النَّبِيُّ ﷺ شَيْئًا فَانْطَلَقَتْ وَرَجَعَتْ فَبَايَعَهَا

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابو معمر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبد الوارث نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ایوب نے حدیث بیان کی از حفصہ بنت سیرین از حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا وہ بیان کرتی ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے بیعت کی تو آپ نے ہم پر یہ آیت پڑھی کہ وہ عورتیں اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کریں گی اور ہم کو نوحہ کرنے سے منع فرمایا تو ایک عورت نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا، پس اس نے کہا کہ فلاں عورت نے نوحہ کرنے میں میری موافقت کی تھی اب میں اس کا بدلہ اتارنا چاہتی ہوں تو نبی ﷺ نے کوئی جواب نہیں دیا، پس وہ عورت چلی گئی اور واپس آئی تو آپ نے اس کو بیعت کر لیا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۳۰۴ میں گزر چکی ہے، تاہم بعض ضروری امور کی وضاحت کی جا رہی ہے:

نوحہ کرنے کا معنی اور جس عورت نے اپنا ہاتھ کھینچا تھا اس سے مراد خود حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا ہیں، اور نبی ﷺ کا اختیار

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

آپ نے ہم کو نوحہ کرنے سے منع فرمایا: نوحہ کا معنی ہے کہ میت پر رویا جائے اور اس کے محاسن کو اور اچھے کاموں کو بیان کیا جائے، دوسری تعریف یہ ہے کہ آواز کے ساتھ رونے کو نوحہ کہتے ہیں۔

Marfat.com

پس ایک عورت نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا: اس عورت سے مراد خود حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا ہیں، اس پر دلیل یہ ہے کہ امام نسائی کی روایت میں مذکور ہے کہ حضرت ام عطیہ نے کہا: یارسول اللہ! ایک عورت نے نوحہ کرنے میں میری موافقت کی تھی، سو میرے لیے ضروری ہے کہ میں بھی اس کے ساتھ نوحہ کرنے میں اس کی موافقت کروں۔

تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو کوئی جواب نہیں دیا: اور امام نسائی کی روایت میں ہے: آپ فرمایا: جاؤ اس کے ساتھ نوحہ میں موافقت کرو، پس وہ گئیں اور اس عورت کے ساتھ موافقت کی، پھر آ کر آپ سے بیعت کی اور یہی حدیث کے ان الفاظ کا معنی ہے: پس وہ عورت چلی گئی اور واپس آئی تو آپ نے اس کو بیعت کرلیا۔ اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا کو اس عورت کے ساتھ نوحہ کرنے کی اجازت دی۔

علامہ نووی نے کہا ہے: یہ اجازت صرف حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا کے لیے مخصوص تھی اور شارع علیہ السلام کے لیے یہ جائز ہے کہ وہ جس کو چاہیں عام حکم سے خاص اور مستثنیٰ کرلیں۔

جن احادیث میں مذکور ہے کہ آپ نے دوسری عورتوں کو بھی نوحہ کرنے کی اجازت دی ان احادیث کا محمل

اس پر یہ اعتراض ہے کہ امام ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت کی ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان عورتوں سے شرک نہ کرنے اور نوحہ نہ کرنے پر بیعت کی تو حضرت خولہ بنت حکیم نے کہا: یارسول اللہ! میرا باپ اور میرا بھائی زمانہ جاہلیت میں مر گئے تھے اور فلاں عورت نے ان پر نوحہ کرنے میں میری موافقت کی تھی اور اب اس عورت کا بھائی مر گیا ہے۔ اور امام ترمذی نے اپنی سند کے ساتھ از حضرت ام سلمہ انصاریہ رضی اللہ عنہا از اسماء بنت یزید یہ روایت کی ہے، وہ بیان کرتی ہیں کہ میں نے کہا: یارسول اللہ! بنو فلاں نے میرے چچا پر نوحہ کرنے میں میری موافقت کی تھی اور میرے لیے ان کا بدلہ اتارنا ضروری ہے تو آپ نے انکار فرمایا، انہوں نے کہا: پس میں نے آپ سے بار بار یہ بات کہی تو آپ نے مجھے اجازت دے دی، پھر اس کے بعد میں نے کسی پر نوحہ نہیں کیا۔

امام احمد اور امام طبرانی نے مصعب بن نوح سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: مجھے ایک بوڑھی عورت ملی جوان عورتوں میں سے تھی جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی تھی، کہتی ہیں: آپ نے ہم سے اس پر بیعت کی کہ تم نوحہ نہیں کرو گی، اس بوڑھی عورت نے کہا: میں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! کچھ لوگوں نے ہم پر جو مصائب آئے ان پر نوحہ کرنے میں ہماری موافقت کی اب ان پر بھی مصائب آئے ہیں تو میں ان کی موافقت کرنا چاہتی ہوں تو آپ نے فرمایا: تم جاؤ، پس ان کی موافقت کرو، اس بوڑھی عورت نے کہا: پس میں گئی اور میں نے ان لوگوں کے مصائب میں نوحہ کر کے ان کا بدلہ اتارا، پھر میں آئی اور میں نے آپ سے بیعت کرلی۔

علامہ عینی فرماتے ہیں: پس ان احادیث سے بعض فقہاء مالکیہ نے نوحہ کرنے کے جواز پر استدلال کیا ہے اور انہوں نے کہا: وہ نوحہ حرام ہے جس میں افعال جاہلیت میں سے کوئی کام ہو مثلاً گریبان پھاڑنا اور چہرے پر تھپڑ مارنا وغیرہ۔

علامہ عینی فرماتے ہیں: صحیح یہ ہے کہ نوحہ کرنا مطلقاً حرام ہے اور یہی تمام علماء کا مذہب ہے اور ان احادیث کا بہترین جواب یہ ہے کہ یہ کہا جائے کہ پہلے ممانعت تنزیہہ کے لیے تھی یعنی مکروہ تنزیہی تھی، پھر جب عورتوں کی بیعت مکمل ہو گئی تو پھر نوحہ کی تحریم آ گئی، سو جن احادیث میں آپ نے نوحہ کرنے کی اجازت دی ہے وہ اس پر محمول ہیں کہ تب نوحہ کرنا مکروہ تنزیہی تھا، پھر بعد میں نوحہ کی تحریم آ گئی اور نوحہ کی ممانعت پر بہ کثرت احادیث میں وعید شدید آ گئی۔

Marfat.com

اگر تم یہ سوال کرو کہ اس باب کی حدیث میں ہے کہ حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا، یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اس حدیث کے خلاف ہے کہ آپ نے عورتوں سے صرف کلام سے بیعت کی تھی اور آپ نے کسی عورت کے ہاتھ کو مس نہیں کیا تھا، اس کا جواب یہ ہے کہ ہم اس سے پہلے حضرت عائشہ کی حدیث میں یہ بتا چکے ہیں کہ حضرت ام عطیہ کے ہاتھ کھینچنے سے مراد یہ ہے کہ انہوں نے اس بیعت کو قبول کرنے میں تاخیر کی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۳۵۔ ۲۳۴، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۹۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ سَمِعْتُ الزُّبَيْرَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى ﴿وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِي مَعْرُوْفٍ﴾ (الممتحنۃ: ۱۲) قَالَ إِنَّمَا هُوَ شَرْطٌ شَرَطَهُ اللهُ لِلنِّسَاءِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں وہب بن جریر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں الزبیر سے سنا از عکرمہ از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، انہوں نے اللہ تعالیٰ کے اس قول کی تفسیر میں کہا: وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِي مَعْرُوْفٍ (الممتحنۃ: ۱۲) اور نہ دستور کے مطابق کسی کام میں آپ کی نافرمانی کریں گی۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا: یہ وہ شرط ہے جو اللہ تعالیٰ نے عورتوں کے لیے لگائی ہے۔

معروف کی تفسیر میں مفسرین کے متعدد اقوال، اور شرط مذکورہ کا مردوں کے لیے بھی معتبر ہونا

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

مفسرین نے کہا ہے: اس سے مراد نوحہ کرنا ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ کوئی عورت اپنے محرم کے علاوہ کسی اجنبی مرد کے ساتھ خلوت میں نہیں رہے گی، تیسرا قول ہے کہ کوئی عورت اپنے چہرے پر تھپڑ نہیں مارے گی اور اپنا گریبان نہیں پھاڑے گی اور نہ ہائے ہائے اور واویلا کرے گی اور نہ کوئی غیر شرعی شعر پڑھے گی، چوتھا قول ہے کہ معروف سے مراد ہے: اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت اور پانچواں قول ہے: اس سے مراد ہر وہ کام ہے جس میں عورتوں کے لیے ہدایت ہو، چھٹا قول یہ ہے کہ معروف سے مراد اللہ تعالیٰ کے حکم پر عمل کرنا ہے۔

حضرت ابن عباس نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے یہ شرط عورتوں کے لیے لگائی ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ یہ شرط مردوں کے لیے بھی ہے کہ وہ بھی کسی معروف کام میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی نہ کریں اور مفہوم مخالف کا اعتبار نہیں ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۳۵، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۹۴۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنَاهُ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو إِدْرِيسَ سَمِعَ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ رضی الله عنه قَالَ كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ أَتُبَايِعُونِي عَلَى أَنْ لَا تُشْرِكُوا بِاللهِ شَيْئًا وَلَا تَزْنُوا وَلَا تَسْرِقُوا وَقَرَأَ آيَةَ النِّسَاءِ وَأَكْثَرُ لَفْظِ سُفْيَانَ قَرَأَ الْآيَةَ فَمَنْ وَفَى مِنْكُمْ فَأَجْرُهُ عَلَى اللهِ وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا فَعُوقِبَ فَهُوَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، الزہری نے کہا: انہوں نے ہمیں حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے ابو ادریس نے حدیث بیان کی، انہوں نے حضرت عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے تو آپ نے فرمایا: کیا تم مجھ سے اس پر بیعت کرو گے کہ تم اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرو گے اور نہ تم زنا کرو گے اور نہ تم

كَفَّارَةٌ لَهُ وَمَنْ أَصَابَ مِنْهَا شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ فَسَتَرَهُ اللهُ فَهُوَ إِلَى اللهِ إِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُ تَابَعَهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ فِي الْآيَةِ

چوری کرو گے اور آپ نے عورتوں کے متعلق آیت مذکورہ پڑھی، اور سفیان کے اکثر الفاظ یہ ہیں کہ آپ نے وہ آیت پڑھی پس تم میں سے جس نے اس بیعت کو پورا کرلیا تو اس کا اجر اللہ کے ذمہ کرم پر ہے اور جس نے (ان ممنوعہ کاموں میں سے) کسی کام کو کرلیا، پس اسے سزا دی گئی تو وہ اس کے لیے کفارہ ہے اور جس نے ان میں سے کسی کام کو کیا، پس اللہ تعالیٰ نے اس پر پردہ رکھا تو وہ اللہ تعالیٰ کی مشیت پر موقوف ہے اگر وہ چاہے گا تو اس کو عذاب دے گا اور اگر وہ چاہے گا تو اس کو معاف فرما دے گا۔ سفیان کی متابعت عبدالرزاق نے کی ہے از معمر اس آیت کی تلاوت میں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۸ میں گزر چکی ہے۔

۴۸۹۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ وَأَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ أَنَّ الْحَسَنَ بْنَ مُسْلِمٍ أَخْبَرَهُ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما قَالَ شَهِدْتُ الصَّلَاةَ يَوْمَ الْفِطْرِ مَعَ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ فَكُلُّهُمْ يُصَلِّيهَا قَبْلَ الْخُطْبَةِ ثُمَّ يَخْطُبُ بَعْدُ فَنَزَلَ نَبِيُّ اللهِ ﷺ فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ حِينَ يُجَلِّسُ الرِّجَالَ بِيَدِهِ ثُمَّ أَقْبَلَ يَشُقُّهُمْ حَتَّى أَتَى النِّسَاءَ مَعَ بِلَالٍ فَقَالَ ﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَى أَنْ لَا يُشْرِكْنَ بِاللهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ﴾ (الممتحنة: ۱۲) حَتَّى فَرَغَ مِنَ الْآيَةِ كُلِّهَا ثُمَّ قَالَ حِينَ فَرَغَ أَنْتُنَّ عَلَى ذَلِكَ فَقَالَتِ امْرَأَةٌ وَاحِدَةٌ لَمْ يُجِبْهُ غَيْرُهَا نَعَمْ يَا رَسُولَ اللهِ لَا يَدْرِي الْحَسَنُ مَنْ هِيَ قَالَ فَتَصَدَّقْنَ وَبَسَطَ بِلَالٌ ثَوْبَهُ فَجَعَلْنَ يُلْقِينَ الْفَتَخَ وَالْخَوَاتِيمَ فِي ثَوْبِ بِلَالٍ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن عبدالرحیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہارون بن معروف نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: ہمیں عبداللہ بن وہب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: اور مجھے ابن جریج نے خبر دی کہ ان کو الحسن بن مسلم نے خبر دی از طاؤس از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، انہوں نے بیان کیا کہ میں عید الفطر کے دن رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکر اور حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کے ساتھ حاضر تھا، پس یہ سب عید الفطر کی نماز خطبہ دینے سے پہلے پڑھتے تھے، پھر اس کے بعد خطبہ دیتے تھے، پس اللہ تعالیٰ کے نبی ﷺ منبر سے اترے، پس گویا کہ میں دیکھ رہا تھا جب آپ اپنے ہاتھ سے مردوں کو بٹھا رہے تھے، پھر آپ ان کی صفوں کو چیرتے ہوئے آگے بڑھے حتیٰ کہ آپ حضرت بلال کے ساتھ عورتوں کے پاس آئے، پس آپ نے یہ آیت پڑھی: يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَى أَنْ لَا يُشْرِكْنَ بِاللهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ (الممتحنة: ۱۲) اے نبی! (مکرم) جب آپ کے پاس ایمان والی عورتیں حاضر ہوں تو وہ آپ سے اس پر بیعت کریں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کریں گی اور نہ چوری کریں گی نہ زنا کریں گی اور نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی اور نہ اپنے ہاتھوں اور

پیروں کے سامنے کوئی بہتان گھڑیں گی اور نہ دستور کے مطابق کسی کام میں آپ کی نافرمانی کریں گی تو آپ ان کو بیعت کرلیا کریں، اور آپ ان کے لیے اللہ سے مغفرت طلب کریں، بے شک اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے○ حتیٰ کہ آپ پوری آیت پڑھ کر فارغ ہو گئے، پھر جب آپ فارغ ہو گئے تو آپ نے فرمایا: تم اس (بیعت) پر قائم رہو گی اور ایک عورت کے سوا کسی نے آپ کو جواب نہیں دیا، اس نے کہا: جی ہاں یارسول اللہ! الحسن نہیں جانتے تھے کہ وہ عورت کون ہے، آپ نے فرمایا: پس تم صدقہ کیا کرو اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اپنا کپڑا پھیلا لیا تو عورتیں اپنے چھلے اور انگوٹھیاں حضرت بلال کے کپڑے میں ڈالنے لگیں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۹۸ میں گزر چکی ہے۔

اس حدیث میں خصوصیت کے ساتھ عورتوں کو وعظ کرنے اور جھولی پھیلا کر چندہ کرنے کا ثبوت ہے۔

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الممتحنہ کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور احادیث روایت کی تھیں ان سب کی تفسیر مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ الصف کی تفسیر کی میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور احادیث روایت کی ہیں ان کی تفسیر کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۶۱ ۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الصَّفِّ

سورۃ الصّف کی تفسیر

سورۃ الصّف کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الصّف کی بعض آیات کی تفسیر ہے۔ اس سورت کا نام الصّف اس لیے ہے کہ اس کی ایک آیت میں صف کا ذکر ہے اور وہ آیت یہ ہے: یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِہٖ صَفًّا (الصف: ۴) اس سورت کا نام سورۃ الحواریین بھی ہے، علامہ ابوالعباس نے کہا: یہ سورت بالاتفاق مدنی ہے اور ابن النقیب نے ابن بشار سے نقل کیا ہے کہ یہ سورت مکی ہے، اور علامہ سخاوی نے کہا: یہ سورت تغابن کے بعد اور سورۃ الفتح سے پہلے نازل ہوئی ہے اور اس سورت میں چودہ (۱۴) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۳۷، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَنْ أَنْصَارِي إِلَى اللّٰهِ مَنْ يَتْبَعُنِي إِلَى اللّٰهِ۔

اور مجاہد نے کہا: مَنْ اَنْصَارِیْٓ اِلَی اللّٰہِ: اس کا معنی ہے: اللہ تعالیٰ کے راستے کی طرف میری کون پیروی کرے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كَمَا قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيِّينَ مَنْ أَنْصَارِيٓ إِلَى اللّٰهِ ؕ (الصف: ۱۴)

جیسا کہ عیسیٰ ابن مریم نے حواریوں سے کہا: اللہ کی طرف میرے مددگار کون ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی یہ تفسیر کی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے راستہ کی طرف میری کون پیروی کرے گا، اس تعلیق کی الحنظلی نے اپنی سند کے ساتھ مجاہد سے روایت کی ہے، ایک قول یہ ہے کہ لفظ الی، مع کے معنی میں ہے اور اس کا معنی ہے: کون اپنی نصرت کی اضافت اللہ تعالیٰ کی طرف کرے گا، داؤدی نے کہا: یہ بھی ہوسکتا ہے کہ کون اللہ کی رضا کے لیے یا اللہ کی محبت میں میری پیروی کرے گا۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَرْصُوصٌ مُلْصَقٌ بَعْضُهُ بِبَعْضٍ وَقَالَ يَحْيَى بِالرَّصَاصِ۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: مرصوص کا معنی ہے: اس کا بعض بعض سے ملا ہوا ہے یا جڑا ہوا ہے اور دوسروں نے کہا کہ وہ سیسہ سے جڑا ہوا ہے یا سیسہ پلایا ہوا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كَأَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَرْصُوصٌ ۝ (الصف: ۴)

جیسے وہ سیسہ پلائی ہوئی دیواریں یا عمارت ہیں ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ بعض بعض کے ساتھ ملے ہوئے ہیں اور ابوذر کی روایت میں ہے کہ بعض بعض کی طرف ملے ہوئے ہیں اور دوسروں نے کہا کہ وہ سیسہ کے ساتھ ملے ہوئے ہیں، لفظ رصاص کے متعلق علامہ کرمانی نے کہا: اس پر زبر ہے اور عام لوگوں نے کہا: اس پر زیر ہے، علامہ عینی لکھتے ہیں: دستور اللغت میں اس پر صرف زبر کو ذکر کیا ہے۔

Marfat.com

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۳۷ میں کی ہے]

۱۔ بَابُ: يَأْتِي مِنْ بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ ۔ (الصف:٦)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جو میرے بعد آئے گا اس کا نام احمد ہے۔ (الصف:٦) کی تفسیر

آپ کے نام احمد کا معنی اور اہل انجیل کے نزدیک آپ کا نام

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ پوری آیت اس طرح ہے:

وَإِذْ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ وَمُبَشِّرًا بِرَسُولٍ يَأْتِي مِنْ بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ (الصف:٦)

اور جب عیسیٰ ابن مریم نے کہا: اے بنی اسرائیل! میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں اپنے سے پہلی کتاب تورات کی تصدیق کرنے والا ہوں اور اس (عظیم) رسول کی بشارت دینے والا ہوں جو میرے آئے گا اس کا نام احمد ہے۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کا نام احمد رکھا جو اس کے نام سے مشتق ہے یا فاعل میں مبالغہ ہے اور اس کا معنی ہے: جس نے میری حمد کی تو آپ اس سے احمد ہیں یعنی زیادہ حمد کرنے والے اور اہل انجیل کے نزدیک آپ کا نام الفارقلیط ہے جو فاران کے پہاڑوں سے آئیں گے یعنی وہ حق کی پسندیدہ روح ہیں اور اپنی طرف سے کلام نہیں کرتے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۳۷، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۹۶۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ أَبِيهِ رضی اللہ عنہ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ يَقُولُ إِنَّ لِي أَسْمَاءً أَنَا مُحَمَّدٌ وَأَنَا أَحْمَدُ وَأَنَا الْمَاحِي الَّذِي يَمْحُو اللَّهُ بِيَ الْكُفْرَ وَأَنَا الْحَاشِرُ الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي وَأَنَا الْعَاقِبُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعیب نے خبر دی از الزہری، انہوں نے کہا: مجھے محمد بن جبیر بن مطعم نے خبر دی از والد خود رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میرے لیے کئی اسماء ہیں: میں محمد ہوں اور میں احمد ہوں اور میں الماحی (مٹانے والا) ہوں، اللہ تعالیٰ میرے سبب سے کفر کو مٹا دے گا اور میں الحاشر (جمع کرنے والا) ہوں، میرے قدموں پر لوگوں کو جمع کیا جائے گا اور میں العاقب ہوں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۵۳۲ میں گزر چکی ہے، تاہم بعض ضروری امور بیان کیے جا رہے ہیں:

الحاشر اور العاقب کی وضاحت اور اس سوال کا جواب کہ اس حدیث میں جتنے اسماء ذکر کیے گئے آپ کے اسماء تو اس سے بہت زیادہ ہیں

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

میرے قدموں پر لوگوں کو جمع کیا جائے گا: یعنی میرے زمانہ میں، جب حشر کی علامات کے ظہور کے وقت میں اپنے قدم پر کھڑا ہوں گا، اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کی مراد یہ ہو کہ میرا سب سے پہلے حشر کیا جائے گا۔

اور العاقب وہ ہے جو اپنے سے پہلوں کے بعد آئے۔

Marfat.com

محمد، احمد اور الماحی کے معنی

حافظ ابن حجر اور علامہ عینی نے لفظ محمد، احمد اور الماحی کے معانی نہیں لکھے، سو لفظ محمد کا معنی ہے: جس کی بہت زیادہ حمد کی گئی ہو اور جس کی بار بار حمد کی گئی ہو، اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو محمد فرمایا ہے اور قرآن مجید میں چار جگہ آپ کے نام محمد کا ذکر ہے اور محمد کا معنی ہے: جس کی بہت زیادہ حمد کی گئی ہو اور حمد صفت کمال پر ہوتی ہے اور آپ علی الاطلاق محمد ہیں، اس کا معنی یہ ہے کہ آپ میں کمال علی الاطلاق ہے اور آپ میں کسی وجہ سے بھی نقص اور عیب ہوتا تو آپ علی الاطلاق محمد نہ ہوتے، یہی وجہ ہے کہ کفار جب آپ کی مذمت کرتے تھے تو آپ کو محمد کی بہ جائے مذمم کہتے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس پر تعجب نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ نے قریش کے سب وشتم کو مجھ سے کس طرح دور کر دیا، وہ مذمم کو سب وشتم کرتے ہیں اور لعنت کرتے ہیں اور میں تو محمد ہوں (صحیح البخاری: ۳۵۳۳) اور احمد کا معنی ہے: میں حامدوں سے زیادہ اللہ کی حمد کرنے والا ہوں اور آپ نے تمام مخلوق سے زیادہ اللہ کی حمد کی ہے اور الماحی کا معنی ہے: مٹانے والا اور جتنا آپ نے کفر کو مٹایا ہے کسی اور نبی اور رسول نے اتنا کفر کو نہیں مٹایا۔

لاکھ ستارے ہر طرف ظلمت شب جہاں جہاں ایک طلوع آفتاب دشت و جبل سحر سحر

اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ اس حدیث میں جو اسماء ذکر کیے گئے ہیں آپ کے اسماء وصفات تو اس سے بہت زیادہ ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں آپ کے ان اسماء کا ذکر کیا گیا ہے جو کتب قدیمہ میں موجود تھے اور گزشتہ امتوں کو جن کا علم تھا۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۳۸، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الصف کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور جو حدیث روایت کی تھی ان سب کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ سورۃ الجمعہ کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی ہیں ان کی شرح بیان کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۶۲۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْجُمُعَۃِ

سورۃ الجمعہ کی تفسیر

سورۃ الجمعہ کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الجمعہ کی بعض آیات کی تفسیر ہے، امام عبدالرزاق نے ابن سیرین سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آنے سے پہلے لوگ مدینہ میں جمع ہوئے اور ان ہی لوگوں نے اس دن کا نام جمعہ رکھا، اس کی وجہ یہ ہے کہ انصار نے کہا: یہودی ہر ہفتہ کے دن جمع ہوتے ہیں اور نصاریٰ اتوار کے دن جمع ہوتے ہیں تو کیوں نہ ہم بھی ایک دن جمع ہوں اور اس دن اللہ کا ذکر کریں اور نماز پڑھیں اور اس کا شکر ادا کریں، پس انہوں نے یوم عروبہ کا نام جمعہ رکھ دیا، پھر وہ حضرت اسعد کے پاس جمع ہوئے اور انہوں نے انہیں دو رکعت نماز پڑھائی اور نصیحت کی، پس انہوں نے اس دن کا نام جمعہ رکھا۔ (مصنف عبدالرزاق: ۵۸۵۱)

اور علامہ ابوالعباس نے کہا کہ اس پر اتفاق ہے کہ یہ سورت مدنی ہے اور علامہ سخاوی نے کہا ہے کہ سورۃ الجمعہ سورۃ التحریم کے بعد اور سورۃ التغابن سے پہلے نازل ہوئی ہے اور اس سورت میں گیارہ (۱۱) آیات ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۳۸، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۔ بَابٌ: وَّاٰخَرِیْنَ مِنْهُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِهِمْ۔ (الجمعہ: ۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور ان میں سے دوسروں کو بھی (تعلیم دیتے ہیں) جو ان پہلوں سے (ابھی) نہیں ملے۔ (الجمعہ: ۳) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس سے پہلی آیت یہ ہے:

هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَیُزَكِّیْهِمْ وَیُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۝ (الجمعہ: ۲)

وہی ہے جس نے ان پڑھ لوگوں میں ان ہی میں سے (عظیم) رسول بھیجا جو ان پر اس کی آیات تلاوت کرتا ہے اور ان کے باطن کو صاف کرتا ہے اور ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے اور بے شک وہ اس سے پہلی کھلی گمراہی میں تھے ۝

وَقَرَأَ عُمَرُ فَامْضُوْا اِلٰی ذِكْرِ اللّٰهِ۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی قراءت ہے: فامضوا الی ذکر اللہ۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: سالم بن عبداللہ بن عمر نے کہا ہے کہ میں نے حضرت عمر بن الخطاب سے اس طرح سنا، اور مشہور اور متواتر قراءت فاسعوا الی ذکر اللہ ہے۔

۴۸۹۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے عبدالعزیز بن عبداللہ نے

Marfat.com

حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ ثَوْرٍ عَنْ أَبِي الْغَيْثِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَأُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْجُمُعَةِ ﴿وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ﴾ (الجمعہ:۳) قَالَ قُلْتُ مَنْ هُمْ يَا رَسُولَ اللهِ فَلَمْ يُرَاجِعْهُ حَتَّى سَأَلَ ثَلَاثًا وَفِينَا سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ وَضَعَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَدَهُ عَلَى سَلْمَانَ ثُمَّ قَالَ لَوْ كَانَ الْإِيمَانُ عِنْدَ الثُّرَيَّا لَنَالَهُ رِجَالٌ أَوْ رَجُلٌ مِنْ هَؤُلَاءِ۔

(صحیح مسلم:۲۵۴۶، سنن ترمذی:۳۳۱۰۔ ۳۹۳۳)

حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے سلیمان بن بلال نے حدیث بیان کی از ثور از ابوالغیث از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، انہوں نے بیان کیا کہ ہم نبی ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے تو آپ پر سورۃ الجمعہ کی یہ آیت نازل ہوئی: وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ (الجمعہ:۳) اور ان میں سے دوسروں کو بھی (تعلیم دیتے ہیں) جو ان پہلوں سے نہیں ملے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے پوچھا: یا رسول اللہ! وہ کون ہے؟ آپ نے ان کو کوئی جواب نہیں دیا حتیٰ کہ انہوں نے تین مرتبہ سوال کیا اور ہم میں اس وقت حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے تو رسول اللہ ﷺ نے اپنا ہاتھ حضرت سلمان فارسی پر رکھ کر فرمایا: اگر ایمان ثریا (ستارے) کے پاس بھی ہوتا تو ان کے مرد یا ان میں سے ایک مرد ایمان کے پاس پہنچ جاتا۔

دوسرے لوگوں کا مصداق اور فارس کی تاریخ

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

آپ پر سورۃ الجمعہ نازل ہوئی: حافظ ابن حجر نے لکھا ہے: گویا کہ حضرت ابو ہریرہ کی مراد یہ ہے کہ آپ پر سورۃ الجمعہ کی یہ آیت نازل ہوئی۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۶۳)

علامہ عینی حافظ ابن حجر کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں: شک کے ساتھ تفسیر کرنے کا کوئی فائدہ نہیں اور اس کا معنی صحیح مسلم کی روایت کے مطابق ہے کہ آپ پر سورۃ الجمعہ نازل ہوئی۔

اور دوسروں کو بھی جو ابھی ان پہلوں سے نہیں ملے: حضرت ابو ہریرہ نے کہا: میں نے پوچھا: یا رسول اللہ! وہ کون ہیں؟ اور سنن ترمذی میں ہے: ایک مرد نے کہا: یا رسول اللہ! وہ کون ہیں جو ابھی ہم سے نہیں ملے؟ تو نبی ﷺ نے سائل کو جواب دیا حتیٰ کہ انہوں نے تین مرتبہ سوال کیا، آپ نے فرمایا کہ اگر ایمان ثریا کے پاس بھی ہو تو ان لوگوں کے مرد اس کو حاصل کر لیں گے یعنی فارس کے لوگ اس قرینہ سے کہ حضرت سلمان فارس کے رہنے والے تھے۔

پھر اس میں اختلاف ہے کہ وہ دوسرے کون لوگ ہیں: ایک قول یہ ہے کہ وہ تابعین ہیں، دوسرا قول یہ ہے کہ وہ عجمی ہیں، تیسرا قول یہ ہے کہ وہ تابعین کے بیٹے ہیں، چوتھا قول یہ ہے کہ یہ ہر وہ لوگ ہیں جو صحابہ کے بعد ہیں اور ابوروق نے کہا ہے: اس سے مراد قیامت تک کے تمام مسلمان ہیں۔

علامہ قرطبی نے کہا ہے کہ دوسروں سے مراد فارس کے باشندے ہیں، اس کی دلیل یہ ہے کہ اس حدیث میں مذکور ہے: اگر ایمان ثریا کے پاس بھی ہوتا تو ان کے مرد اس کے پاس پہنچ جاتے، اور یہ مشاہدہ ہے کہ فارس کے لوگوں نے دین کو کامیابی سے حاصل کیا اور ان میں بہت زیادہ علماء ہیں اور ان کا وجود نبی ﷺ کے ارشاد کے صدق کی دلیل ہے۔

اور کتاب الطبقات میں مذکور ہے کہ فارس کے لوگ ابتدا میں توحید کو مانتے تھے اور حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دین پر

Marfat.com

تھے یہاں تک کہ طہمورس کا زمانہ آیا جو فارس کے بادشاہوں میں سے تیسرا تھا اور یہ لوگ الصابئین تھے (یعنی ستارہ پرست) یہاں تک کہ یہ بارہ سو (۱۲۰۰) سال تک اسی دین پر رہے، پھر جب زرداشت کا ظہور ہوا تو یہ سب مجوسی ہو گئے، زرداشت نے ان کو دین مجوسیت کی دعوت دی، یہ آگ کی اور ستاروں کی پرستش کرتے تھے، فارس کے تمام لوگوں نے اس کی اطاعت کی اور صابئین کے دین کو ترک کر دیا اور ان کا اعتقاد تھا کہ زرداشت نبی ہے جو ان کی طرف بھیجا گیا ہے، وہ تقریباً تیرہ سو سال (۱۳۰۰) تک اس کے دین پر رہے حتیٰ کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں فارس کو فتح کیا گیا اور وہاں پر اسلام پہنچ گیا۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۴۱۔۳۴۰ ملخصاً، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۸۹۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ أَخْبَرَنِي ثَوْرٌ عَنْ أَبِي الْغَيْثِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ لَنَالَهُ رِجَالٌ مِنْ هَؤُلَاءِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالعزیز نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے ثور نے خبر دی از ابوالغیث از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، آپ نے فرمایا: ان لوگوں کے مرد ضرور دین کو حاصل کر لیتے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۸۹۷ میں گزر چکی ہے۔

۲۔ بَابٌ: وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً۔ (الجمعہ:۱۱)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جب انہوں نے کوئی تجارتی قافلہ دیکھا۔ (الجمعہ:۱۱) کی تفسیر

تجارت کے بعد لہو کے ذکر کا سبب

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں: یہ پوری آیت اس طرح ہے:

وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انْفَضُّوا إِلَيْهَا وَتَرَكُوكَ قَائِمًا (الجمعہ:۱۱)

اور جب انہوں نے کوئی تجارتی قافلہ دیکھا یا طبل کی آواز سنی تو اس کی طرف بھاگ گئے اور آپ کو (خطبہ میں) کھڑا چھوڑ دیا۔

تجارت کے بعد لہو کا ذکر اس لیے فرمایا ہے کہ تجارت لہو کا سبب ہے کیونکہ لہو کا معنی ہے: کسی فضول کام میں مشغول ہو کر اللہ تعالیٰ کی عبادت سے غافل ہو جانا اور جب انسان تجارت میں بہت زیادہ مشغول ہوتا ہے تو وہ دنیاداری میں منہمک ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی عبادت سے غافل ہو جاتا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۴۰)

۴۸۹۹۔ حَدَّثَنِي حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ وَعَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنهما قَالَ أَقْبَلَتْ عِيرٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَنَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فَثَارَ النَّاسُ إِلَّا اثْنَيْ عَشَرَ رَجُلًا فَأَنْزَلَ اللهُ ﴿وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انْفَضُّوا إِلَيْهَا﴾ (الجمعہ:۱۱)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں خالد بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں حصین نے حدیث بیان کی از سالم ابن ابی الجعد از ابوسفیان از حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما، خود بیان کرتے ہیں کہ جمعہ کے دن ایک تجارتی قافلہ آیا اور ہم نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے تو بارہ (۱۲) مردوں کے سوا سب لوگ بھاگ گئے تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً

اَوْ لَهْوًا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا (الجمعہ:۱۱) اور جب انہوں نے کوئی تجارتی قافلہ دیکھا یا طبل کی آواز سنی تو اس کی طرف بھاگ گئے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۹۳۴ میں گزر چکی ہے۔

تجارت کے بعد اَوْ لهوًا فرمانے کی توجیہات اور لہو کا ترجمہ تماشا کرنا، نامناسب ہے اور جو صحابہ خطبہ چھوڑ کر چلے گئے تھے ان کی توجیہ

علامہ آلوسی لکھتے ہیں: اس آیت میں دو چیزوں کا ذکر ہے، تجارت اور لہو تو بہ ظاہر ان کی طرف تثنیہ کی ضمیر لوٹانی چاہیے تھی یعنی انفضوا الیهما فرمایا جاتا لیکن آیت میں انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا واحد کی ضمیر کا ذکر فرمایا ہے جو تجارت کی طرف لوٹ رہی ہے اور اس میں نکتہ یہ ہے کہ جب مکلف اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اس کی یاد سے غافل ہو تو اس کو لہو شمار کیا جاتا ہے اور اگر تجارت اس کو اللہ کی یاد سے غافل نہ کرے تو یہ اس پر اللہ کا فضل ہے، یہاں پر چونکہ بارہ صحابہ کے سوا سب تجارتی قافلہ کی طرف بھاگ گئے تھے اور عبادت سے غافل ہو گئے تھے اس لیے تجارت کے بعد لہو کا ذکر فرمایا اور اس آیت میں اَوْ کا لفظ واوٗ کے معنی میں ہے اور یہ عطف تفسیری ہے یعنی تجارت کی تفسیر لہو سے فرمائی ہے۔ (روح المعانی ج ۱۵ ص ۱۵۵، دار الفکر، بیروت، ۱۴۱۷ھ)

دوسری وجہ یہ ہے کہ تجارتی قافلہ کے آنے کے وقت طبل اور نقارہ بجایا جاتا تھا تا کہ لوگوں کو پتا چل جائے کہ تجارتی قافلہ آ گیا ہے اور وہ اپنی ضرورت کی چیزیں خرید لیں، سو اس طبل اور نقارہ کی آواز کو لہو سے تعبیر فرمایا۔

رہا یہ سوال کہ صحابہ کرام سے یہ بعید ہے کہ وہ خطبہ سننے کو چھوڑ کر تجارتی قافلہ کی طرف چلے جائیں، اس کا جواب یہ ہے کہ بارہ صحابہ جن میں خلفاء راشدین بھی تھے وہ خطبہ چھوڑ کر نہیں گئے تھے اور ابتدا میں خطبہ جمعہ کی نماز کے بعد ہوتا تھا اور اس کا سننا واجب نہیں تھا۔ (مراسیل ابوداؤد: ص ۷) اور چونکہ اس زمانہ میں غلہ کی شدید قلت تھی اور اضطرار کی حالت تھی اس لیے ان کا یہ فعل قابل اعتراض نہیں ہے، تاہم اللہ تعالیٰ کو یہ فعل پسند نہیں آیا کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خطبہ دیتے ہوئے چھوڑ کر تجارتی قافلہ کی طرف چلے جائیں۔

تقریباً تمام مترجمین نے اس آیت میں لفظ لہو کا ترجمہ تماشا کیا ہے لیکن ہم نے یہاں پر اس ترجمہ سے اعراض کیا ہے کیونکہ صحابہ کے حال سے یہ بعید ہے کہ وہ خطبہ کو چھوڑ کر تماشا دیکھنے چلے جائیں۔

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الجمعہ کی تفسیر میں جو تعلیق ذکر کی تھی اور جو احادیث روایت کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ المنافقین کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۶۳۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْمُنَافِقِیْنَ

سورۃ المنافقون کی تفسیر

سورۃ المنافقون کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ المنافقون کی بعض آیات کی تفسیر ہے اور یہ سورت مدنی ہے اور اس میں گیارہ (۱۱) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۹ ص ۳۴۱)

۱۔ بَابٌ: إِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ إِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ إِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ۘ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ إِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۝ (المنافقون:۱)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: (اے رسول مکرم!) جب آپ کے پاس منافقین آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ ضرور اللہ کے رسول ہیں یہ آیت یہاں تک ہے کہ بے شک منافقین ضرور جھوٹے ہیں ○

(المنافقون:۱) کی تفسیر

۴۹۰۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ كُنْتُ فِي غَزَاةٍ فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ يَقُولُ لَا تُنْفِقُوا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوا مِنْ حَوْلِهِ وَلَئِنْ رَجَعْنَا مِنْ عِنْدِهِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِعَمِّي أَوْ لِعُمَرَ فَذَكَرَهُ لِلنَّبِيِّ ﷺ فَدَعَانِي فَحَدَّثْتُهُ فَأَرْسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ وَأَصْحَابِهِ فَحَلَفُوا مَا قَالُوا فَكَذَّبَنِي رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ وَصَدَّقَهُ فَأَصَابَنِي هَمٌّ لَمْ يُصِبْنِي مِثْلُهُ قَطُّ فَجَلَسْتُ فِي الْبَيْتِ فَقَالَ لِي عَمِّي مَا أَرَدْتَ إِلَى أَنْ كَذَّبَكَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ وَمَقَتَكَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى ﴿إِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ﴾ (المنافقون:۱) فَبَعَثَ إِلَيَّ النَّبِيُّ ﷺ فَقَرَأَ فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ صَدَّقَكَ يَا زَيْدُ (صحیح مسلم:۹۴۱۰، سنن ترمذی:۳۳۱۲)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن رجاء نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں اسرائیل نے حدیث بیان کی از ابی اسحاق از زید بن ارقم، انہوں نے کہا کہ میں کسی غزوہ میں تھا، پس میں نے عبداللہ بن ابی کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ جو لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس ہیں ان پر خرچ نہ کرو حتیٰ کہ وہ لوگ ان کے پاس سے منتشر ہو جائیں اور اگر اب ہم ان کے پاس واپس گئے تو ضرور مدینہ سے عزت والے ذلت والوں کو نکال دیں گے تو میں نے اس واقعہ کا ذکر اپنے چچا سے یا حضرت عمر سے کیا، پس انہوں نے اس بات کا نبی ﷺ سے ذکر کیا، پس آپ نے مجھے بلایا تو میں نے آپ کو یہ واقعہ سنایا تو رسول اللہ ﷺ نے عبداللہ بن ابی اور اس کے اصحاب کو بلایا تو انہوں نے قسمیں کھالیں کہ انہوں نے یہ بات نہیں کہی، سو رسول اللہ ﷺ نے (ظاہر کے اعتبار سے) مجھے جھوٹا قرار دیا اور اس کی تصدیق کر دی، پس مجھے اس سے بہت غم ہوا ایسا غم مجھے کبھی نہیں ہوا تھا، پس میں گھر جا کر بیٹھ گیا

Marfat.com

تو مجھ سے میرے چچا نے کہا: میرا یہ ارادہ نہیں تھا کہ تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جھوٹا قرار دیں اور تم پر ناراض ہوں، تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ (المنافقون:۱) (جب آپ کے پاس منافق آتے ہیں)، تب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری طرف کسی کو بھیجا، پھر آپ نے یہ آیت پڑھی، پس فرمایا: اے زید! بے شک اللہ نے تمہیں سچا قرار دیا ہے۔

حدیث میں مذکور غزوہ کی تعیین، عبداللہ بن ابی کا پورا نام، حضرت زید نے صرف اپنے چچا سے اس واقعہ کا ذکر کیا تھا نہ کہ حضرت عمر سے

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

میں کسی غزوہ میں تھا: سنن نسائی کی روایت میں ہے کہ یہ غزوۂ تبوک تھا، اور اہل مغازی کی تصریح ہے کہ یہ غزوہ بنوالمصطلق تھا اور علامہ ابوالفرج نے ذکر کیا ہے کہ یہ غزوہ المریسیع تھا جو پانچ ہجری میں ہوا تھا، دوسرا قول ہے کہ یہ غزوہ چھ ہجری میں ہوا تھا اور موسیٰ بن عقبہ نے کہا ہے کہ یہ غزوہ چار ہجری میں ہوا تھا۔

عبداللہ بن ابی: یعنی ابن سلول جو منافقین کا سردار تھا اس کے نام میں دوسرا ابن عبداللہ کی صفت ہے اور سلول غیر منصرف ہے اور یہ عبداللہ کی ماں کا نام تھا۔

عبداللہ بن ابی نے کہا: لا تنفقوا علی من عند رسول اللہ: یہ عبداللہ بن ابی کا کلام تھا اور راوی نے اس سے آیت کی تلاوت کا قصد نہیں کیا۔

میں نے اس بات کا اپنے چچا سے یا حضرت عمر سے ذکر کیا: یہ راوی کو شک ہے لیکن باقی تمام روایات میں صرف چچا کا ذکر ہے حضرت عمر کا ذکر نہیں ہے اور امام طبرانی اور امام ابن مردویہ نے لکھا ہے کہ چچا سے ان کی مراد حضرت سعد بن عبادہ ہیں اور وہ ان کے حقیقی چچا نہیں ہیں، وہ ان کی قوم الخزرج کے سردار تھے اور حضرت زید بن ارقم کے حقیقی چچا حضرت ثابت بن قیس ہیں جو صحابی ہیں اور ان کے چچا ان کی ماں کے خاوند حضرت عبداللہ بن رواحہ خزرجی بھی ہیں اور علامہ کرمانی کی عبارت میں ہے کہ حضرت عبداللہ بن رواحہ ان کے مجازی چچا ہیں۔

حضرت زید بن ارقم کو جھوٹا قرار دینے سے ان کو جو غم ہوا اس کی کیفیت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انہیں راضی کرنا

پس مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جھوٹا قرار دیا اور عبداللہ بن ابی کو سچا قرار دیا: پس مجھے اتنا غم ہوا کہ اس سے پہلے مجھے کسی بات کا اتنا غم نہیں ہوا تھا، سنن ترمذی میں یہ اضافہ ہے کہ پس میں غمزدہ ہو کر لیٹ گیا اور ابن ابی لیلیٰ کی روایت میں یہ اضافہ ہے کہ حتیٰ کہ میں گھر جا کر بیٹھ گیا اس خوف سے کہ مسلمان مجھے دیکھ کر کہیں گے کہ تم جھوٹے ہو، اور نسائی میں یہ اضافہ ہے کہ میری قوم نے مجھے ملامت کی۔

پس اللہ نے یہ آیت نازل کی: محمد بن کعب کی روایت میں ہے: پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی آئی اور ابوالاسود نے عروہ سے روایت کی ہے کہ جس وقت وہ رات کو جا رہے تھے تو انہوں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی نازل ہو رہی ہے تو یہ آیت نازل

Marfat.com

ہوئی، اور ابوسعد کی روایت میں ہے کہ حضرت زید بن ارقم نے کہا کہ جس وقت میں رات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جا رہا تھا اور غم سے میرا سر جھکا ہوا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس آئے، آپ نے میرا کان کھینچا، پھر آپ میرے چہرے کے سامنے ہنسے، پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مجھ سے آکر ملے اور مجھ سے اس آیت کے متعلق سوال کیا اور آدم بن ابی ایاس نے یہ اضافہ کیا ہے کہ یہ وہی لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ہیں ان پر خرچ نہ کرو۔ اس آیت تک کہ عزت والا ذلت والے کو نکال دے گا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۴۲۔۳۴۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حدیث مذکور پر ایک اشکال کا مصنف کی طرف سے جواب اور حضرت زید بن ارقم کی فضیلت

میں کہتا ہوں: اس حدیث پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے سچے نبی ہیں اور آپ پر امور غیبیہ منکشف ہوتے ہیں تو پھر آپ کو پہلے ہی معلوم ہونا چاہیے تھا کہ حضرت زید بن ارقم اپنی خبر میں سچے ہیں اور عبداللہ بن ابی نے جھوٹی قسمیں کھائی ہیں، پھر آپ نے کیوں حضرت زید کو جھوٹا اور عبداللہ بن ابی کو سچا قرار دیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ظاہر فرمایا کہ شریعت کا مدار ظاہر پر ہے اور چونکہ عبداللہ بن ابی نے قسمیں کھالی تھیں اس لیے آپ نے ظاہر شرع کے اعتبار سے حضرت زید کے ساتھ جھوٹوں کا معاملہ کیا اگرچہ آپ کے نزدیک وہ واقع میں جھوٹے نہیں تھے اور جب حضرت زید کی تائید میں سورۃ المنافقون کی آیات نازل ہوگئیں تو اس سے حضرت زید کے غم کی تلافی ہوگئی اور ان کا مرتبہ مسلمانوں کے نزدیک اور زیادہ ہوگیا۔ حضرت زید کی تائید اور تصدیق میں یہ آیات نازل ہوئیں۔

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ۭ وَلِلّٰهِ خَزَاۗىِٕنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝ يَقُوْلُوْنَ لَىِٕنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ۭ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

(المنافقون: ۸۔۷)

یہ وہی لوگ ہیں جو کہتے تھے: ان لوگوں پر خرچ نہ کرو جو رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ساتھ ہیں حتیٰ کہ یہ لوگ منتشر ہو جائیں اور آسمانوں اور زمینوں کے تمام خزانے اللہ ہی کی ملکیت میں ہیں، لیکن منافقین نہیں سمجھتے ○ وہ کہتے ہیں کہ اگر (اب) ہم مدینہ واپس گئے تو ضرور عزت والا ذلت والے کو وہاں سے نکال دے گا، حالانکہ عزت تو صرف اللہ کے لیے ہے اور اس کے رسول کے لیے ہے اور ایمان والوں کے لیے ہے لیکن منافقین نہیں جانتے ○

اس حدیث سے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی یہ فضیلت ظاہر ہوتی ہے کہ ان کی تصدیق کے لیے سورۃ المنافقون کی آٹھ آیتیں نازل ہوئیں اور ان کی دوسری فضیلت یہ ہے کہ ان کو یقین تھا کہ وہ سچے ہیں اور ابی بن کعب اور اس کے حامیوں نے جو قسمیں کھائیں وہ جھوٹی ہیں، اس کے باوجود جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن ابی کی قسموں کی بنا پر ان کے ساتھ جھوٹوں کا معاملہ کیا یا ان کو جھوٹا قرار دیا تو ان کے دل و دماغ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت اور نبوت کے خلاف کوئی شک اور کوئی خطرہ پیدا نہیں ہوا، وہ بے پناہ غم کے بوجھ تلے دبے رہے لیکن نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی تصدیق پر قائم رہے اور ان کو ایک آن کے لیے بھی یہ خیال نہیں آیا کہ اگر یہ واقعی اللہ کے رسول ہیں تو ان پر حقیقت حال کیوں نہیں منکشف ہوئی اور تیسری فضیلت یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا غم دور کرنے کے لیے اور ان کو راضی کرنے کی خاطر ان کا کان کھینچا اور ان کو دیکھ کر ہنسے اور ان پر سورۃ المنافقون کی آٹھ آیتیں تلاوت فرمائیں۔

Marfat.com

۲۔ بَابٌ: اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً۔

(المنافقون: ۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا لیا۔ (المنافقون: ۲) کی تفسیر

يَجْتَنُّوْنَ بها: اس کا معنی ہے: وہ منافقین اپنی قسموں سے اپنا ستر کرتے تھے اور ان کو اپنے لیے ڈھال بناتے تھے۔

۴۹۰۱۔ حَدَّثَنَا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ رضی الله عنه قَالَ كُنْتُ مَعَ عَمِّي فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ أُبَيٍّ ابْنَ سَلُولَ يَقُولُ لَا تُنْفِقُوا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ حَتَّى يَنْفَضُّوا وَقَالَ أَيْضًا لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِعَمِّي فَذَكَرَ عَمِّي لِرَسُولِ اللهِ ﷺ فَأَرْسَلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ أُبَيٍّ وَأَصْحَابِهِ فَحَلَفُوا مَا قَالُوا فَصَدَّقَهُمْ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَكَذَّبَنِي فَأَصَابَنِي هَمٌّ لَمْ يُصِبْنِي مِثْلُهُ قَطُّ فَجَلَسْتُ فِي بَيْتِي فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ ﴿إِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ﴾ (المنافقون: ۱) إِلَى قَوْلِهِ ﴿هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ﴾ (المنافقون: ۷) إِلَى قَوْلِهِ ﴿لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ﴾ (المنافقون: ۸) فَأَرْسَلَ إِلَيَّ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَقَرَأَهَا عَلَيَّ ثُمَّ قَالَ إِنَّ اللهَ قَدْ صَدَّقَكَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں آدم بن ابی ایاس نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں اسرائیل نے حدیث بیان کی از ابی اسحاق از حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ، انہوں نے بیان کیا کہ میں اپنے چچا کے ساتھ تھا تو میں نے سنا عبداللہ بن ابی ابن سلول یہ کہہ رہا تھا: جو لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس ہیں ان پر خرچ نہ کرو حتیٰ کہ وہ لوگ منتشر ہو جائیں اور اس نے یہ بھی کہا کہ اگر ہم مدینہ کی طرف واپس گئے تو ضرور عزت والا ذلت والے کو نکال دے گا، سو میں نے اس بات کا اپنے چچا سے ذکر کیا، میرے چچا نے اس بات کا ذکر رسول اللہ ﷺ سے کیا تو رسول اللہ ﷺ نے عبداللہ بن ابی اور اس کے اصحاب کو بلایا تو انہوں نے قسمیں کھالیں کہ انہوں نے یہ بات نہیں کہی، پس رسول اللہ ﷺ نے (ظاہر شرع کے اعتبار سے) ان کی تصدیق کر دی اور مجھے جھوٹا قرار دیا، پس مجھے اتنا غم ہوا کہ ایسا غم مجھے کبھی نہیں ہوا تھا، پس میں اپنے گھر میں جا کر بیٹھ گیا تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ (المنافقون: ۱) یہ آیت یہاں تک نازل فرمائی: هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (المنافقون: ۷) یہ آیت یہاں تک ہے: لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ (المنافقون: ۸) تب رسول اللہ ﷺ نے مجھے بلوایا اور میرے سامنے یہ آیات پڑھیں، پھر فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہاری تصدیق کر دی ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۹۰۰ میں گزر چکی ہے۔

حضرت زید بن ارقم کی تصدیق کے لیے رسول اللہ ﷺ نے جو آٹھ (۸) آیات تلاوت فرمائیں ان کا ترجمہ

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَ اللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۝ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ

(اے رسول مکرم!) جب آپ کے پاس منافقین آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ بے شک آپ ضرور اللہ کے رسول ہیں اور اللہ خوب جانتا ہے کہ بے شک آپ ضرور اللہ کے رسول

Marfat.com

سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝ وَ اِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَ اِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَ رَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَ لِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ لٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝ يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَاۤ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ وَ لِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَ لِرَسُوْلِهٖ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ لٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ (المنافقون:۸-۱)

ہیں اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ بے شک منافقین ضرور جھوٹے ہیں ○ انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا لیا، پس اللہ کے راستہ سے (لوگوں کو) روکا، بے شک یہ بہت برا کام کر رہے ہیں ○ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ (زبان سے) ایمان لائے، پھر انہوں نے (دل کا) کفر ظاہر کر دیا، سو ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی تو وہ سمجھتے نہیں ہیں ○ اور (اے مخاطب!) جب تم انہیں دیکھو گے تو ان کے جسم تمہیں اچھے لگیں گے اور اگر وہ بات کریں گے تو تم ان کی بات سنو گے، گویا وہ دیوار کے سہارے کھڑے ہوئے شہتیر ہیں، وہ ہر بلند آواز کو اپنے خلاف سمجھتے ہیں، یہی (حقیقی) دشمن ہیں، سو تم ان سے خبردار رہو، اللہ انہیں ہلاک کرے، یہ کہاں اوندھے جا رہے ہیں ○ اور جب ان سے کہا جاتا ہے: آؤ رسول اللہ تمہارے لیے مغفرت طلب کریں تو یہ اپنے سر مٹکاتے ہیں اور آپ دیکھیں گے کہ یہ تکبر سے اپنے آپ کو روکتے ہیں ○ ان کے حق میں برابر ہے خواہ آپ کے لیے مغفرت طلب کریں یا نہ کریں، اللہ ان کی ہرگز مغفرت نہیں کرے گا، اللہ فاسق لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ○ یہ وہی لوگ ہیں جو کہتے تھے: ان لوگوں پر خرچ نہ کرو جو رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ساتھ ہیں حتیٰ کہ یہ لوگ منتشر ہو جائیں اور آسمانوں اور زمینوں کے تمام خزانے اللہ ہی کی ملکیت میں ہیں لیکن منافقین نہیں سمجھتے ○ وہ کہتے ہیں کہ اگر (اب) ہم مدینہ واپس گئے تو ضرور عزت والا ذلت والے کو وہاں سے نکال دے گا حالانکہ عزت تو صرف اللہ کے لیے ہے اور اس کے رسول کے لیے ہے اور ایمان والوں کے لیے ہے لیکن منافقین نہیں جانتے ○

۳۔ بَابٌ: ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝ (المنافقون:۳)

۳۔ باب: اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ (زبان سے) ایمان لائے، پھر انہوں نے (دل کا) کفر ظاہر کر دیا، سو ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی ہے، سو وہ سمجھتے نہیں ہیں ○ (المنافقون: ۳) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت میں منافقین کے نفاق اور ان کے دعویٰ ایمان کے جھوٹ کی طرف اشارہ ہے کہ وہ زبان سے کلمہ شہادت پڑھتے ہیں، پھر اپنے کفر کو ظاہر کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی، سو اب ان کے دلوں میں ایمان

داخل نہیں ہوگا اور یہ ان کے نفاق کی سزا ہے، سو وہ ایمان کی صحت اور قرآن مجید کے اعزاز کو اس طرح نہیں سمجھتے جس طرح اس کو مومنین سمجھتے ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۴۳)

۴۹۰۲۔ حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ الْقُرَظِيَّ قَالَ سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ رضی الله عنه قَالَ لَمَّا قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ أُبَيٍّ لَا تُنْفِقُوا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ وَقَالَ أَيْضًا لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ أَخْبَرْتُ بِهِ النَّبِيَّ ﷺ فَلَامَنِي الْأَنْصَارُ وَحَلَفَ عَبْدُ اللهِ بْنُ أُبَيٍّ مَا قَالَ ذَلِكَ فَرَجَعْتُ إِلَى الْمَنْزِلِ فَنِمْتُ فَدَعَانِي رَسُولُ اللهِ ﷺ فَأَتَيْتُهُ فَقَالَ إِنَّ اللهَ قَدْ صَدَّقَكَ وَنَزَلَ ﴿هُمُ الَّذِينَ يَقُولُونَ لَا تُنْفِقُوا﴾ (المنافقون: ۷) الْآيَةَ وَقَالَ ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں آدم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از الحکم، انہوں نے کہا: میں نے محمد بن کعب القرظی سے سنا، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے سنا، انہوں نے بتایا کہ جب عبداللہ بن ابی نے یہ کہا کہ جو رسول اللہ ﷺ کے پاس ہیں ان پر خرچ نہ کرو اور یہ بھی کہا کہ اگر اب ہم مدینہ کی طرف واپس گئے الخ تو میں نے اس بات کی نبی ﷺ کو خبر دی، سو انصار نے مجھے ملامت کی تو عبداللہ بن ابی نے یہ قسم کھالی کہ میں نے یہ نہیں کہا ہے، سو میں گھر کی طرف گیا اور جا کر سو گیا، پس مجھے رسول اللہ ﷺ نے بلایا، پس میں آپ کے پاس حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہاری تصدیق کر دی ہے اور یہ آیت نازل ہوئی: هُمُ الَّذِينَ يَقُولُونَ لَا تُنْفِقُوا (المنافقون: ۷) (یہ وہی لوگ ہیں جو کہتے تھے: ان لوگوں پر خرچ نہ کرو) اور ابن ابی زائدہ نے کہا از الاعمش از عمرو از ابن ابی لیلیٰ از حضرت زید از نبی ﷺ۔

حدیث مذکور کے تعارض کو دور کرنے میں حافظ ابن حجر اور علامہ عینی کا مناقشہ

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

میں نے اس بات کی نبی ﷺ کو خبر دی: اس سے پہلی حدیثوں میں تھا کہ حضرت زید نے اس بات کی اپنے چچا کو خبر دی اور انہوں نے اس بات کی نبی ﷺ کو خبر دی اور اس حدیث میں مذکور ہے کہ حضرت زید نے کہا: میں نے اس بات کی نبی ﷺ کو خبر دی اور یہ ان حدیثوں میں تعارض ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ اس حدیث کا محمل یہ ہے کہ میں نے اپنے چچا کی زبان سے نبی ﷺ کو اس بات کی خبر دی۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۶۷)

علامہ عینی حافظ ابن حجر کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اس تاویل کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اس حدیث کا محمل یہ ہے کہ جب عبداللہ بن ابی نے قسم کھا کر اس بات کے کہنے کا انکار کیا تو میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس بات کی خبر دی۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۴۳، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۔ بَابٌ: وَإِذَا رَأَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ أَجْسَامُهُمْ وَإِنْ يَقُولُوا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ كَأَنَّهُمْ خُشُبٌ مُسَنَّدَةٌ يَحْسَبُونَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور (اے مخاطب!) جب تم انہیں دیکھو گے تو ان کے جسم تمہیں اچھے لگیں گے اور اگر وہ بات کریں تو تم ان کی بات سنو گے، گویا وہ دیوار

هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝ (المنافقون: ۴)

کے سہارے کھڑے ہوئے شہتیر ہیں، وہ ہر بلند آواز کو اپنے خلاف سمجھتے ہیں، یہی (حقیقی) دشمن ہیں، سو تم ان سے خبردار رہو، اللہ انہیں ہلاک کرے یہ کہاں اوندھے جارہے ہیں ○ (المنافقون: ۴) کی تفسیر

عبداللہ بن ابی اور اس کے حامیوں کی جسمانی خوبصورتی اور ان کا ایمان سے خالی ہونا اور شہتیروں سے ان کی مشابہت کی توجیہہ

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یعنی دیکھنے والوں کو ان منافقین کے جسم اچھے لگیں گے یعنی ان کی ہم وار خلقت، حسین صورت اور طویل قامت کی وجہ سے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ عبداللہ بن ابی گورے رنگ کا جسیم آدمی تھا اور چرب زبان تھا اور دیگر منافقین بھی اسی کی طرح تھے اور یہ لوگ مدینہ کے سردار تھے، یہ لوگ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس میں حاضر ہوتے تھے اور یہ دیکھنے میں بھلے لگتے تھے اور ان کی زبانیں فصیح تھیں، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حاضرین انہیں دیکھ کر خوش ہوتے تھے، جب یہ کوئی بات کرتے تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کی بات سنتے تھے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ دیوار کے سہارے کھڑے ہوئے شہتیر کی طرح ہیں یعنی جس طرح شہتیر ایمان اور خیر سے خالی ہوتا ہے اسی طرح یہ ایمان اور خیر سے خالی ہیں، یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ دیوار کے سہارے کھڑے ہوئے شہتیروں سے ان کی مشابہت کی وجہ یہ ہو کہ ان کی صورتیں تو اچھی ہیں لیکن ان سے نفع کوئی نہیں ہوتا

وہ ہر بلند آواز کو اپنے خلاف سمجھتے ہیں: اس کی وجہ ان کا خبث اور ان کی بدگمانی ہے اور ان کے یقین کی کمی ہے، وہ سمجھتے ہیں کہ ہر بلند آواز ان کو نقصان دینے والی ہے، مقاتل نے کہا ہے کہ اگر لشکر میں کوئی منادی ندا کرے یا کسی کی سواری لڑکھڑا کر گر جائے یا کسی گم شدہ چیز کا اعلان کیا جائے تو ان کے دلوں میں جو رعب ہے اس کی وجہ سے یہ گمان کرتے ہیں کہ شاید ان کے خلاف کوئی بات کہی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہی تمہارے (حقیقی) دشمن ہیں یعنی دشمنی میں کامل ہیں، سو تم ان پر اعتماد نہ کرو اور ان کے ظاہر سے دھوکہ نہ کھاؤ۔

اللہ انہیں ہلاک کرے، اس کی شرح میں علامہ عینی کا تسامح اور مصنف کا اس پر تبصرہ

اللہ انہیں ہلاک کرے: یہ ان پر لعنت ہے۔

علامہ عینی نے لکھا ہے: یہ اللہ نے ان کے خلاف لعنت اور رسوائی کی دعا کی ہے۔

مصنف کہتا ہے: اللہ تعالیٰ دعا کرنے سے بلند اور برتر ہے، اس نے ان کی ہلاکت کی دعا نہیں کی بلکہ ان کی ہلاکت اور رسوائی کا اعلان فرمایا ہے، اللہ تعالیٰ علامہ عینی کو معاف فرمائے، ان سے یہ سہو ہوگیا۔

یہ کہاں اوندھے جارہے ہیں: یعنی یہ کس طرح حق سے پلٹ رہے ہیں، اس میں ان کی جہالت اور گمراہی پر تعجب کا اظہار ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۴۴، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۹۰۳۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عمرو بن خالد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں زہیر بن معاویہ نے حدیث بیان

أَرْقَمَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي سَفَرٍ أَصَابَ النَّاسَ فِيهِ شِدَّةٌ فَقَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ أُبَيٍّ لِأَصْحَابِهِ لَا تُنْفِقُوا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ حَتَّى يَنْفَضُّوا مِنْ حَوْلِهِ وَقَالَ لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فَأَخْبَرْتُهُ فَأَرْسَلَ إِلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ أُبَيٍّ فَسَأَلَهُ فَاجْتَهَدَ يَمِينَهُ مَا فَعَلَ قَالُوا كَذَبَ زَيْدٌ رَسُولَ اللهِ ﷺ فَوَقَعَ فِي نَفْسِي مِمَّا قَالُوا شِدَّةٌ حَتَّى أَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ تَصْدِيقِي فِي ﴿إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ﴾ (المنافقون:۱) فَدَعَاهُمُ النَّبِيُّ ﷺ لِيَسْتَغْفِرَ لَهُمْ فَلَوَّوْا رُؤُسَهُمْ وَقَوْلُهُ خُشُبٌ مُسَنَّدَةٌ قَالَ كَانُوا رِجَالًا أَجْمَلَ شَيْءٍ۔

کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو اسحاق نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ ہم نبی ﷺ کے ساتھ کسی سفر میں گئے جس میں لوگوں پر بہت تنگ وقت آیا تھا تو عبداللہ بن ابی نے اپنے اصحاب سے کہا: جو لوگ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہیں تم ان پر خرچ نہ کرو حتیٰ کہ وہ ان کے پاس سے منتشر ہو جائیں اور کہا کہ اب اگر ہم مدینہ واپس گئے تو اس میں سے عزت والا ذلت والے کو نکال دے گا، حضرت زید نے کہا: پس میں نبی ﷺ کے پاس گیا اور میں نے آپ کو اس بات کی خبر دی، آپ نے عبداللہ بن ابی کو بلوایا اور اس سے پوچھا تو اس نے بہت پکی قسم کھا کر کہا کہ اس نے ایسا نہیں کہا۔ لوگوں نے کہا حضرت زید نے رسول اللہ ﷺ سے جھوٹ بولا ہے تو ان کی اس بات سے میرے دل میں اس کا بہت زیادہ رنج ہوا حتیٰ کہ اللہ عزوجل نے میری تصدیق میں یہ آیت نازل فرمائی: إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ (المنافقون:۱) (جب آپ کے پاس منافق آتے ہیں)، پھر نبی ﷺ نے ان کو بلایا تاکہ ان کے لیے مغفرت طلب کریں تو انہوں نے اپنے سروں کو مٹکایا اور اللہ عزوجل کا ارشاد: خُشُبٌ مُسَنَّدَةٌ (المنافقون:۴) (وہ دیوار کے سہارے لگے ہوئے شہتیر ہیں)، حضرت زید نے کہا: وہ منافقین سب سے زیادہ خوبصورت تھے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۹۰۰ میں گزر چکی ہے۔

علامہ عینی کا علامہ کرمانی سے مناقشہ

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

جس سفر میں لوگوں پر بہت تنگ وقت آیا تھا: کیونکہ لوگوں کے پاس خوراک بہت کم تھی۔

میں نے نبی ﷺ کے پاس آ کر اس کی خبر دی: اس پر یہ اشکال ہے کہ پہلی حدیثوں میں یہ گزرا ہے کہ نبی ﷺ کو یہ خبر حضرت زید بن ارقم کے چچا نے دی تھی۔ علامہ کرمانی نے کہا: اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت زید نے جو کہا کہ میں نے خبر دی اس کا معنی ہے: میں نے اپنے چچا کے واسطہ سے آپ کو خبر دی۔ علامہ عینی فرماتے ہیں: اس تاویل کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ حضرت زید نے یہ خبر اس وقت دی تھی جب آپ نے عبداللہ بن ابی کو بلایا تھا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۴۵، دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۱ھ)

Marfat.com

۵۔ بَابٌ: وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُولُ اللهِ لَوَّوْا رُءُوسَهُمْ وَرَأَيْتَهُمْ يَصُدُّونَ وَهُمْ مُسْتَكْبِرُونَ ۝ (المنافقون:۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جب ان سے کہا جاتا ہے: آؤ رسول تمہارے لیے مغفرت طلب کریں تو یہ اپنے سر مٹکاتے ہیں اور آپ دیکھیں گے کہ یہ تکبر سے اپنے آپ کو روکتے ہیں ○ (المنافقون:۵) کی تفسیر

لَوَّوْا اور يَصُدُّونَ کا معنی

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

لَوَّوْا رُءُوسَهُمْ: یعنی اپنے سروں کو ہلاتے ہیں اور کراہیت ظاہر کرنے کے لیے اپنے چہروں سے اعراض کرتے ہیں۔

يَصُدُّونَ: یعنی ان کو اسلام کی جو دعوت دی جاتی ہے یہ اس سے اعراض کرتے ہیں۔

وَهُمْ مُسْتَكْبِرُونَ: یعنی وہ مغفرت طلب نہیں کرتے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۴۵)

حَرَّكُوا: یعنی وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مذاق اڑانے کے لیے اپنے سروں کو مٹکاتے تھے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ لَوَّوْا رُءُوسَهُمْ کی تفسیر ہے یعنی وہ استہزاء کرتے ہیں اور تکبر کرتے ہیں اور اسلام کو قبول کرنے سے اعراض کرتے ہیں۔

لووا کو بغیر تشدید کے بھی پڑھا گیا ہے اور یہ لویت سے ماخوذ ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ نافع کی قراءت ہے اور لَوَيْتُ رَأْسِي کا معنی ہے: میں نے اپنے سر کو ادھر ادھر ہلایا۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۴۵، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۹۰۴۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ كُنْتُ مَعَ عَمِّي فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ أُبَيٍّ ابْنَ سَلُولَ يَقُولُ لَا تُنْفِقُوا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ حَتَّى يَنْفَضُّوا وَلَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِعَمِّي فَذَكَرَ عَمِّي لِلنَّبِيِّ ﷺ فَدَعَانِي فَحَدَّثْتُهُ فَأَرْسَلَ إِلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ أُبَيٍّ وَأَصْحَابِهِ فَحَلَفُوا مَا قَالُوا وَكَذَّبَنِي النَّبِيُّ ﷺ وَصَدَّقَهُمْ فَأَصَابَنِي غَمٌّ لَمْ يُصِبْنِي مِثْلُهُ قَطُّ فَجَلَسْتُ فِي بَيْتِي وَقَالَ عَمِّي مَا أَرَدْتَ إِلَى أَنْ كَذَّبَكَ النَّبِيُّ ﷺ وَمَقَتَكَ فَأَنْزَلَ اللهُ تَعَالَى ﴿إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ قَالُوا نَشْهَدُ إِنَّكَ لَرَسُولُ اللهِ﴾ (المنافقون:۱) وَأَرْسَلَ إِلَيَّ النَّبِيُّ ﷺ فَقَرَأَهَا وَقَالَ إِنَّ اللهَ قَدْ صَدَّقَكَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبید اللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی از اسرائیل از ابی اسحاق از حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنے چچا کے ساتھ تھا تو میں نے سنا، عبداللہ بن ابی ابن سلول یہ کہہ رہا تھا: جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہیں ان پر خرچ نہ کرو حتیٰ کہ وہ منتشر ہو جائیں اور اگر ہم مدینہ کی طرف واپس گئے تو عزت والا ذلت والے کو نکال دے گا، میں نے اس بات کا اپنے چچا سے ذکر کیا، پھر میرے چچا نے اس بات کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا اور آپ نے ان کی تصدیق کی، سو آپ نے مجھے بلایا تو میں نے آپ کو اس بات کی خبر دی، پھر آپ نے عبداللہ بن ابی اور اس کے اصحاب کو بلایا تو انہوں نے قسمیں کھالیں کہ انہوں نے یہ بات نہیں کہی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ظاہر شرع کے اعتبار سے) مجھے جھوٹا قرار دیا تو مجھے بہت غم ہوا اتنا غم مجھے کبھی نہیں ہوا تھا، پس میں اپنے گھر جا کر بیٹھ گیا، میرے چچا نے

Marfat.com

کہا: میں نے یہ ارادہ نہیں کیا تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں جھوٹا قرار دیں اور تم پر ناراض ہوں، پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ (المنافقون:۱) جب آپ کے پاس منافقین آتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم گواہی دیتے ہیں کہ بے شک آپ ضرور اللہ کے رسول ہیں۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلایا، پس یہ آیت پڑھی اور فرمایا: بے شک اللہ نے تمہاری تصدیق کردی ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۹۰۰ میں گزر چکی ہے۔

۶۔ بَابٌ: سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ (المنافقون:۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ان کے حق میں برابر ہے خواہ آپ کے لیے مغفرت طلب کریں یا نہ کریں اللہ ان کی ہرگز مغفرت نہیں کرے گا، بے شک اللہ فاسق لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ○ (المنافقون:۶) کی تفسیر

منافقین کی مغفرت نہ کرنے کی وجہ

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی ان کے حق میں بخشش طلب کرنا اور بخشش طلب نہ کرنا دونوں برابر ہیں کیونکہ وہ اس کی طرف توجہ نہیں کرتے اور نہ اس کو قابل شمار سمجھتے ہیں، اس لیے اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت نہیں کرے گا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۴۶)

۴۹۰۵۔ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ عَمْرٌو سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہما قَالَ كُنَّا فِي غَزَاةٍ قَالَ سُفْيَانُ مَرَّةً فِي جَيْشٍ فَكَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ الْاَنْصَارِيُّ يَا لَلْاَنْصَارِ وَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ يَا لَلْمُهَاجِرِيْنَ فَسَمِعَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ مَا بَالُ دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ دَعُوْهَا فَاِنَّهَا مُنْتِنَةٌ فَسَمِعَ بِذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيٍّ فَقَالَ فَعَلُوْهَا اَمَا وَاللّٰهِ لَئِنْ رَجَعْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ فَهَدَّدَ النَّبِيُّ ﷺ فَقَامَ عُمَرُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ دَعْنِي اَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ دَعْهُ لَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ اَنَّ مُحَمَّدًا

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی کہ عمرو نے کہا: میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے سنا، وہ بیان کرتے ہیں: ہم ایک غزوہ میں تھے، سفیان نے دوسری بار کہا: ہم ایک لشکر میں تھے، پس مہاجرین میں سے ایک مرد نے انصار میں سے ایک مرد کی مقعد پر لات ماری تو انصاری نے کہا: اے انصار! مدد کے لیے آؤ، اور مہاجر نے کہا: اے مہاجرین! مدد کے لیے آؤ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آوازیں سنیں تو آپ نے فرمایا: یہ کیسی زمانہ جاہلیت کی طرح (کی) چیخ و پکار ہے، لوگوں نے بتایا: یارسول اللہ! مہاجرین میں سے ایک مرد نے انصار کے ایک مرد کی مقعد پر لات ماری تھی تو آپ نے فرمایا: اس بات کو چھوڑو، یہ بدبودار بات ہے، عبداللہ بن ابی نے یہ بات سن لی تو اس نے کہا: کیا انہوں نے ایسا کیا ہے، سنو اللہ کی قسم اگر اب ہم مدینہ واپس

Marfat.com

يَقْتُلُ أَصْحَابَهُ وَكَانَتْ الْأَنْصَارُ أَكْثَرَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ حِينَ قَدِمُوا الْمَدِينَةَ ثُمَّ إِنَّ الْمُهَاجِرِينَ كَثُرُوا بَعْدُ قَالَ سُفْيَانُ فَحَفِظْتُهُ مِنْ عَمْرٍو قَالَ عَمْرٌو سَمِعْتُ جَابِرًا كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ۔

گئے تو اس میں سے عزت والا ذلت والے کو نکال دے گا، پس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک یہ خبر پہنچ گئی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر کہا: یارسول اللہ! مجھے اجازت دیں میں اس منافق کی گردن مار دوں تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو رہنے دو، لوگ یہ نہ کہیں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اپنے اصحاب کو قتل کر رہے ہیں اور انصار مہاجرین سے زیادہ تعداد میں تھے جب مہاجرین مدینہ آئے تھے، پھر اس کے بعد مہاجرین زیادہ تعداد میں ہو گئے، سفیان نے کہا: میں نے اس حدیث کو عمرو سے یاد رکھا ہے اور عمرو نے کہا: میں نے حضرت جابر سے سنا ہے کہ ہم نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۵۱۸ میں گزر چکی ہے۔

حدیث میں مذکور غزوہ کی تعیین، جس مہاجر نے انصاری کو لات ماری تھی اس مہاجر اور انصاری کا نام

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

ہم ایک غزوہ میں تھے: امام ابن اسحاق نے کہا ہے کہ یہ غزوہ بنو المصطلق تھا۔

فَكَعَ: الکعع کا معنی ہے: کسی انسان کی مقعد پر گھونسا یا لات مارنا۔

جس مہاجر نے لات ماری تھی اس کا نام جہجاہ بن قیس تھا اور دوسرا قول ہے کہ اس کا نام ابن سعید الغفاری تھا، وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا اور ان کے گھوڑے کو چلا رہا تھا اور جس انصاری کی مقعد پر لات ماری ان کا نام سنان بن وبرہ الجہنی تھا اور وہ انصار کا حلیف تھا۔

۷۔ بَابٌ: هُمُ الَّذِينَ يَقُولُونَ لَا تُنْفِقُوا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ حَتَّى يَنْفَضُّوا ۗ وَلِلَّهِ خَزَائِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِينَ لَا يَفْقَهُونَ ۝ (المنافقون: ۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: یہ وہی لوگ ہیں جو کہتے ہیں: ان لوگوں پر خرچ نہ کرو جو رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ساتھ ہیں حتیٰ کہ یہ لوگ منتشر ہو جائیں (یعنی متفرق ہو جائیں) اور آسمانوں اور زمینوں کے تمام خزانے اللہ کی ملکیت میں ہیں، لیکن منافقین نہیں سمجھتے ○ (المنافقون: ۷) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: یتفرق کا لفظ قرآن مجید میں نہیں ہے بلکہ وہ ینفضوا کی تفسیر ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۴۷)

۴۹۰۶۔ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْفَضْلِ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں اسماعیل بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے اسماعیل بن ابراہیم بن عقبہ نے حدیث بیان کی از موسیٰ بن عقبہ، وہ بیان کرتے ہیں: مجھے

Marfat.com

مَالِكٍ يَقُولُ حَزِنْتُ عَلَى مَنْ أُصِيبَ بِالْحَرَّةِ فَكَتَبَ إِلَيَّ زَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ وَبَلَغَهُ شِدَّةُ حُزْنِي يَذْكُرُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَلِأَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ وَشَكَّ ابْنُ الْفَضْلِ فِي أَبْنَاءِ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ فَسَأَلَ أَنَسًا بَعْضُ مَنْ كَانَ عِنْدَهُ فَقَالَ هُوَ الَّذِي يَقُولُ رَسُولُ اللهِ ﷺ هَذَا الَّذِي أَوْفَى اللهُ لَهُ بِأُذُنِهِ۔ (صحیح مسلم:۲۵۰۶)

عبداللہ بن الفضل نے حدیث بیان کی وہ بیان کرتے ہیں انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ جو صحابہ واقعہ الحرۃ میں شہید ہوئے تھے مجھے ان پر بہت رنج ہوا، پس حضرت زید بن ارقم نے میری طرف خط لکھا اور ان کو میرے شدید غم کی خبر پہنچی، اس میں انہوں نے ذکر کیا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ آپ یہ دعا کر رہے تھے، اے اللہ! انصار کی مغفرت فرما اور انصار کے بیٹوں کی مغفرت فرما، ابن الفضل کو شک ہے کہ آپ نے انصار کے بیٹوں کے لیے بھی دعا کی تھی، پس جو لوگ حضرت انس کے پاس تھے ان میں سے کسی نے حضرت انس سے پوچھا تو انہوں نے کہا: حضرت زید بن ارقم ہی وہ صحابی ہیں جن کے متعلق رسول اللہ ﷺ فرماتے تھے: یہ وہی ہے جس کے کان کی (یعنی جس کے سننے کی) اللہ تعالیٰ نے تصدق کی تھی۔ (اور اس کے کان کو اللہ تعالیٰ نے پورا کر دیا)۔

واقعہ حرۃ کا بیان اور حضرت زید بن ارقم کی حضرت انس سے شہداء انصار پر تعزیت

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اَلْحَرَّۃُ: یہ مدینہ کے شروع میں کالے پتھروں والی زمین ہے، یہاں پر سن تریسٹھ (۶۳ھ) ہجری میں مشہور حادثہ ہوا تھا اور اس کا سبب یہ تھا کہ جب اہل مدینہ کو یزید بن معاویہ کے برے اور غلط کاموں کی خبر پہنچی تو انہوں نے اس کی بیعت کو توڑ دیا، پس انصار نے عبداللہ بن حنظلہ بن ابی عامر کو اپنا امیر بنا دیا اور مہاجرین نے عبداللہ بن مطیع العدوی کو اپنا امیر بنا دیا اور یزید بن معاویہ نے مسلم بن عقبہ کو بہت بڑے لشکر کے ساتھ اہل مدینہ پر حملہ کرنے کے لیے بھیجا، اس نے اہل مدینہ کو شکست دی اور مدینہ میں خونریزی کو مباح کر دیا اور انصار میں سے بہت بڑی تعداد کو شہید کر دیا گیا، اس وقت حضرت انس رضی اللہ عنہ بصرہ میں تھے، ان کو انصار کے شہید کیے جانے کی خبر پہنچی تو ان کو بہت غم ہوا، پس ان کی طرف حضرت زید بن ارقم نے خط لکھا اور ان سے انصار کی شہادت پر تعزیت کی اور ان کو رسول اللہ ﷺ کی یہ دعا لکھ کر بھیجی: اے اللہ! انصار کی مغفرت فرما اور ان کی اولاد کی مغفرت فرما۔

ھذا الذی اوفی اللہ لہ بِاُذُنِہ: اس جملہ میں اَوْفَی کا معنی ہے: صَدَّقَ یعنی اللہ تعالیٰ نے ان کے کان کی تصدیق کر دی یعنی انہوں نے جو عبداللہ بن ابی سے سنا تھا وہ سچ تھا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۴۹۔۳۴۸، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۸۔ بَابٌ: يَقُولُونَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ۭ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ (المنافقون:۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: وہ کہتے ہیں کہ اگر (اب) ہم مدینہ واپس گئے تو ضرور عزت والا ذلت والے کو وہاں سے نکال دے گا حالانکہ عزت تو صرف اللہ کے لیے ہے اور اس کے رسول کے لیے ہے اور

Marfat.com

ایمان والوں کے لیے لیکن منافقین نہیں جانتے ○
(المنافقون:۸) کی تفسیر

۴۹۰۷۔ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَفِظْنَاهُ مِنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنهما يَقُولُ كُنَّا فِي غَزَاةٍ فَكَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ يَا لَلْأَنْصَارِ وَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ يَا لَلْمُهَاجِرِينَ فَسَمِعَهَا اللهُ رَسُولُهُ ﷺ قَالَ مَا هَذَا فَقَالُوا كَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ يَا لَلْأَنْصَارِ وَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ يَا لَلْمُهَاجِرِينَ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ دَعُوهَا فَإِنَّهَا مُنْتِنَةٌ قَالَ جَابِرٌ وَكَانَتِ الْأَنْصَارُ حِينَ قَدِمَ النَّبِيُّ ﷺ أَكْثَرَ ثُمَّ كَثُرَ الْمُهَاجِرُونَ بَعْدُ فَقَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ أُبَيٍّ أَوَقَدْ فَعَلُوا وَاللهِ لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رضی الله عنه دَعْنِي يَا رَسُولَ اللهِ أَضْرِبْ عُنُقَ هَذَا الْمُنَافِقِ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ دَعْهُ لَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ أَنَّ مُحَمَّدًا يَقْتُلُ أَصْحَابَهُ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحمیدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہم نے اس حدیث کو عمرو بن دینار سے یاد رکھا ہے، انہوں نے کہا: میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ ہم ایک غزوہ میں تھے، پس مہاجرین میں سے ایک مرد نے انصار کے ایک مرد کی مقعد پر لات ماری تو انصاری نے کہا: اے انصار! آؤ اور مہاجر نے کہا: اے مہاجرو آؤ! پس اللہ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ چیز سنا دی تو آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے، تو کہنے لگے: مہاجرین میں سے ایک مرد نے انصار کے ایک مرد کی مقعد پر لات ماری ہے تو انصاری نے کہا اے انصار مدد کے لیے آؤ اور مہاجر نے کہا: اے مہاجرین! مدد کے لیے آؤ، تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (یہ سن کر) فرمایا اس چیخ و پکار کو چھوڑو یہ بدبودار ہے، حضرت جابر نے بتایا کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ میں آئے تو انصار کی تعداد زیادہ تھی، پھر بعد میں مہاجروں کی تعداد زیادہ ہوگئی، پس عبداللہ بن ابی نے کہا: کیا واقعی انہوں نے ایسا کیا ہے اور اللہ کی قسم! اب اگر ہم مدینہ واپس گئے تو ان میں سے عزت والا ذلت والے کو نکال دے گا، پس حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ! مجھے اجازت دیجئے میں اس منافق کی گردن ماردوں، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو چھوڑ دو لوگ یہ نہ کہیں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اپنے اصحاب کو قتل کر رہے ہیں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۵۱۸ میں گزر چکی ہے۔

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورہ المنافقون کی تفسیر میں جو آٹھ احادیث روایت کی تھیں ان کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ التغابن میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۶۴ ۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ التَّغَابُنِ

سورۃ التغابن کی تفسیر

سورۃ التغابن کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ التغابن کی بعض آیات کی تفسیر ہے، علامہ ابوالعباس نے کہا کہ یہ سورت بالاتفاق مدنی ہے، اور مقاتل نے کہا: یہ سورت مدنی ہے اور اس میں ایک آیت مکی ہے (علامہ عینی نے اس آیت کا ذکر نہیں کیا) اور حضرت ابن عباس نے فرمایا: یہ سورت مکی ہے اور اس کی آخر کی چند آیات مدینہ میں نازل ہوئی ہیں اور الکلبی نے کہا: یہ سورت مکی اور مدنی ہے۔

التغابن قیامت کے اسماء میں سے ایک اسم ہے، تغابن غبن سے ماخوذ ہے، قیامت کا نام تغابن اس لیے رکھا گیا کہ اس دن مظلوم ظالم سے غبن کرے گا یعنی اپنے اوپر زیادتی کا بدلہ لے گا، دوسرا قول یہ ہے کہ اس دن کفار کو ان کی تجارتوں میں غبن ہوگا جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے یہ خبر دی ہے کہ انہوں نے ہدایت کے بدلہ میں گمراہی کو خرید لیا، اس سورت میں اٹھارہ (۱۸) آیات ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۴۹)

وَقَالَ عَلْقَمَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ﴿وَ مَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ﴾ (التغابن:۱۱) هُوَ الَّذِی إِذَا أَصَابَتْهُ مُصِيبَةٌ رَضِیَ وَعَرَفَ أَنَّهَا مِنَ اللّٰهِ۔

اور علقمہ نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے درج ذیل آیت کی تفسیر میں روایت کی: وَ مَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ (التغابن:۱۱) اور جو شخص اللہ پر ایمان رکھے اللہ اس کے دل کو ہدایت دے گا۔

حضرت عبداللہ نے فرمایا: یہ وہ شخص ہے کہ اس پر جب کوئی مصیبت آئے تو وہ اس پر راضی رہے اور یہ سمجھے کہ یہ مصیبت اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں، علقمہ کا پورا نام علقمہ بن قیس ہے وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگرد ہیں اور انہوں نے ان سے التغابن: ۱۱، کی تفسیر میں یہ روایت کی ہے کہ کسی شخص پر جب کوئی مصیبت آئے تو وہ اس پر راضی رہے اور اس کو تسلیم کرے اور یہ سمجھے کہ وہ اللہ کی طرف سے ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ التَّغَابُنُ غَبْنُ أَهْلِ الْجَنَّةِ أَهْلَ النَّارِ۔

اور مجاہد نے کہا: اہل جنت اہل نار کے ساتھ غبن کریں گے یعنی ان کو نقصان پہنچائیں گے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یوم التغابن وہ دن ہے جب اہل جنت اہل نار کے ساتھ غبن کریں گے کیونکہ اہل جنت نے اسلام پر بیعت کی اور نفع میں جنت کو حاصل کیا اور اہل نار نے اسلام لانے سے انکار کیا، پس انہوں نے نقصان اٹھایا تو ان دونوں کو اس سے تشبیہ دی گئی جس طرح دو خرید و فروخت کرنے والے ہوں اور ان میں سے کوئی ایک دوسرے کے ساتھ غبن کرے، یعنی اس کو

نقصان پہنچائے۔[یہ دونوں تعلیقیں علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۵۰ میں ذکر کی ہیں]

اللہ تعالیٰ نے کفار کے لیے جنت میں گھر بنائے تھے، اگر کفار ایمان لے آتے تو ان کو وہ گھر مل جاتے لیکن جب وہ ایمان نہیں لائے تو ان کے لیے جو گھر بنائے گئے تھے وہ مومنوں کو یعنی اہل جنت کو مل جائیں گے تو اس طرح اہل جنت، اہل دوزخ کے ساتھ غبن کریں گے یعنی ان کو نقصان پہنچائیں گے۔ (مسند احمد ج ۲ ص ۵۱۲)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ التغابن میں جو دو تعلیقیں ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ الطلاق کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۶۵ ۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الطَّلَاقِ

سورۃ الطلاق کی تفسیر

سورۃ الطلاق کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الطلاق کی بعض آیات کی تفسیر ہے، یہ سورت بالاتفاق مدنی ہے، اور مقاتل نے کہا ہے: یہ سورت النساء الصغریٰ ہے اور یہ سورۃ الدہر کے بعد نازل ہوئی ہے، اس سورت میں بارہ (۱۲) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۵۰)

۱ ۔ بَابٌ

باب

وَقَالَ مُجَاهِدٌ وَبَالَ أَمْرِهَا جَزَاءَ أَمْرِهَا۔

اور مجاہد نے کہا: وَبَالَ اَمْرِهَا: اس کا معنی ہے: انہوں نے اپنی بد اعمالیوں کی سزا پائی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَذَاقَتْ وَبَالَ أَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ أَمْرِهَا خُسْرًا ۝

(الطلاق:۹)

سو انہوں نے اپنے کرتوتوں کا خمیازہ چکھا اور انجام کار ان کو نقصان ہوا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے وَبَالَ کی تفسیر سزا کے ساتھ کی ہے، ابن ابی نجیح سے بھی اسی طرح مروی ہے اور فَذَاقَتْ کی ضمیر درج ذیل آیت میں مذکور بستیوں کی طرف لوٹ رہی ہے:

وَكَأَيِّنْ مِنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ أَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهِ فَحَاسَبْنَاهَا حِسَابًا شَدِيدًا وَعَذَّبْنَاهَا عَذَابًا نُكْرًا ۝

(الطلاق:۸)

اور بہت سی بستیوں والوں نے اپنے رب کے حکم سے اور رسولوں سے سرکشی کی تو ہم نے ان کا سخت محاسبہ کیا اور ان کو بہت برا عذاب دیا ۝

إِنِ ارْتَبْتُمْ إِنْ لَمْ تَعْلَمُوا أَتَحِيضُ أَمْ لَا تَحِيضُ فَاللَّائِي قَعَدْنَ عَنِ الْمَحِيضِ وَاللَّائِي لَمْ يَحِضْنَ بَعْدُ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلَاثَةُ أَشْهُرٍ۔

اِنِ ارْتَبْتُمْ: (اگر تم کو شک ہو) یعنی اگر تم کو یہ معلوم نہ ہو کہ آیا اس عورت کو حیض آتا ہے یا نہیں، پس جو عورتیں حیض کے آنے سے بیٹھ گئیں اور جن عورتوں کو ابھی تک حیض نہیں آیا فَعِدَّتُهُنَّ ثَلَاثَةُ اَشْهُرٍ: (تو ان کی عدت تین ماہ ہے)۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاللَّائِي يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيضِ مِنْ نِسَائِكُمْ إِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلَاثَةُ أَشْهُرٍ وَاللَّائِي لَمْ يَحِضْنَ (الطلاق:۴)

اور تمہاری عورتوں میں سے جو حیض سے مایوس ہو چکی ہیں اگر تم کو ان کی عدت میں شبہ ہو تو ان کی عدت تین ماہ ہے اور وہ عورتیں جن کا حیض ابھی نہیں آیا (ان کی بھی یہی عدت ہے)۔

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کا حاصل یہ ہے کہ اگر تم کو عورتوں کے حیض کا علم نہ ہو تو جو عورتیں بوڑھی ہونے کی وجہ سے حیض سے مایوس ہو چکی ہیں اور جن کو کم سنی کی وجہ سے ابھی تک حیض نہیں آیا تو ان کی عدت تین ماہ ہے یعنی اگر تمہیں ان کے حکم میں شک ہو اور تم کو یہ معلوم نہ ہو کہ ان کی عدت کا کیا حکم ہے تو ان کی عدت تین ماہ ہے۔

[یہ دونوں تعلیقیں علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۵۰ میں ذکر کی ہیں]

۴۹۰۸۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سَالِمٌ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ رضی الله عنهما أَخْبَرَهُ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَذَكَرَ عُمَرُ لِرَسُولِ اللهِ ﷺ فَتَغَيَّظَ فِيهِ رَسُولُ اللهِ ﷺ ثُمَّ قَالَ لِيُرَاجِعْهَا ثُمَّ يُمْسِكُهَا حَتَّى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيضَ فَتَطْهُرَ فَإِنْ بَدَا لَهُ أَنْ يُطَلِّقَهَا فَلْيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا قَبْلَ أَنْ يَمَسَّهَا فَتِلْكَ الْعِدَّةُ كَمَا أَمَرَ اللهُ۔

(صحیح البخاری: ۵۲۵۱، ۵۲۵۲، ۵۲۵۳، ۵۲۶۴، ۵۳۳۲، ۵۳۳۳، ۷۱۶۰)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں لیث نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے عقیل نے حدیث بیان کی از ابن شہاب، انہوں نے کہا: مجھے سالم نے خبر دی کہ ان کو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے خبر دی کہ انہوں نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی اور وہ اس وقت حائضہ تھیں، پس حضرت عمر نے اس کا رسول اللہ ﷺ سے ذکر کیا تو رسول اللہ ﷺ اس پر غضب ناک ہوئے، پھر فرمایا کہ اس کو چاہیے کہ وہ اپنی بیوی سے رجوع کرے، پھر اس کو روک کر رکھے حتیٰ کہ وہ حیض سے پاک ہو جائے، پھر اس کو حیض آئے، پھر وہ اس حیض سے پاک ہو جائے، پس اگر اس کو یہ ظاہر ہو کہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دے تو وہ اس کو طہر کی حالت میں طلاق دے دے اس کے ساتھ جماع کرنے سے پہلے، پس یہ وہ عدت ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا ہے۔

عورت کو حالت حیض میں طلاق دینا نبی ﷺ کے غضب کا سبب ہے

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

پس رسول اللہ ﷺ غضب ناک ہوئے: آپ اس لیے غضب ناک ہوئے کہ حیض میں طلاق دینا بدعت ہے۔

فلیطلقها طاهراً: اس حدیث میں طاهراً مذکر کا صیغہ ہے حالانکہ یہ عورت کا حکم بیان کیا جا رہا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ حیض سے پاک ہونا عورتوں کے ساتھ مخصوص ہے، اس لیے طَاهِرَةً کہنے کی ضرورت نہیں تھی۔

طلاق حسن، طلاق احسن اور طلاق بدعت کے متعلق امام ابوحنیفہ اور دیگر فقہاء کا مذہب

اس حدیث سے درج ذیل احکام مستنبط ہوتے ہیں:

(۱) سنت کے مطابق طلاق یہ ہے کہ طہر میں طلاق دی جائے اور اس مسئلہ میں فقہاء کا اختلاف ہے۔

امام مالک کا مذہب یہ ہے کہ سنت کے مطابق طلاق یہ ہے کہ مرد اپنی بیوی کو اس طہر میں طلاق دے جس میں اس کے ساتھ جماع نہ کیا ہو تو یہ ایک طلاق ہے، پھر اس کو چھوڑ دے حتیٰ کہ اس کی عدت پوری ہو جائے جب وہ تیسرے حیض کے خون کا پہلا قطرہ دیکھ لے اور یہی لیث اور اوزاعی کا قول ہے۔

Marfat.com

اور امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ طلاق احسن ہے اور ان کا دوسرا قول یہ ہے کہ جب وہ اپنی بیوی کو تین طلاقیں دینا چاہے تو اس کو ہر ایسے طہر میں طلاق دے جس میں اس کے ساتھ جماع نہ کیا ہو اور یہی ثوری اور اشعب کا قول ہے۔

علامہ المرغینانی نے کہا ہے کہ اصحاب ابوحنیفہ کے نزدیک طلاق کی تین قسمیں ہیں: حسن، احسن اور بدعی، پس حسن وہ طلاق سنت ہے اور وہ یہ ہے کہ جس عورت سے دخول کر چکا ہو اس کو تین طہروں میں تین طلاقیں دے اور احسن یہ ہے کہ اس کو اس طہر میں ایک طلاق دے جس میں اس کے ساتھ جماع نہ کیا ہو، پھر اس کو چھوڑ دے حتیٰ کہ اس کی عدت پوری ہو جائے اور طلاق بدعی یہ ہے کہ اس کو ایک جملہ کے ساتھ تین طلاقیں دے دے یا اس کو ایک طہر میں تین طلاقیں دے دے، پس جب وہ ایسا کرے گا تو طلاق واقع ہو جائے گی اور وہ گناہ گار ہوگا۔

قاضی عیاض نے کہا ہے کہ طلاق سنت میں علماء کا اختلاف ہے: امام مالک اور ان کے تمام اصحاب کا مذہب یہ ہے کہ مرد اپنی بیوی کو اس طہر میں طلاق دے جس میں اس کے ساتھ جماع نہ کیا ہو، پھر اس کو چھوڑے رکھے حتیٰ کہ اس کی عدت پوری ہو جائے اور یہی لیث اور اوزاعی کا قول ہے اور امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب نے کہا ہے کہ یہ طلاق احسن ہے اور ان کا دوسرا قول یہ ہے کہ اگر وہ چاہے تو اس کو تین طلاقیں دے اور ہر طہر میں ایک طلاق ہو اور یہ دونوں صورتیں فقہاء کوفہ کے نزدیک طلاق سنت ہیں اور یہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول ہے، اور امام شافعی، امام احمد اور ابوثور نے یہ کہا ہے: تین طلاقوں کے عدد کے اعتبار سے نہ کوئی طلاق سنت ہے اور نہ بدعت ہے، طلاق سنت اور بدعت ہونا وقت کے اعتبار سے ہے۔

حالت حیض میں طلاق سے ممانعت کے متعلق دیگر مسائل

(۲) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ حیض میں دی گئی طلاق سے رجوع کرے، اس میں یہ دلیل ہے کہ جو طلاق غیر بائن ہو اس میں عورت کی رضا کی ضرورت نہیں ہے۔ (کسی طلاق میں بھی عورت کی رضا کی ضرورت نہیں ہے۔ سعیدی غفرلہ)

(۳) اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ قول کے ساتھ طلاق سے رجوع کرنا صحیح ہے، قاضی عیاض نے کہا ہے: فعل کے ساتھ طلاق کے رجوع میں فقہاء کا اختلاف ہے، قاضی عیاض نے کہا: ہمارے نزدیک فعل کے ساتھ رجوع کرنا بھی صحیح ہے مثلاً وہ اس عورت سے مباشرت کر لے یا اس کو بوسا دے یا اس کو ہاتھ لگائے اور اس کا ارادہ طلاق سے رجوع کرنا ہو۔ امام شافعی نے فعل کے ساتھ طلاق کے رجوع کا مطلقاً انکار کیا ہے اور امام ابوحنیفہ نے اس کو ثابت کیا ہے خواہ اس کا یہ فعل رجوع کے قصد سے بغیر ہو۔

(۴) امام ابوحنیفہ نے اس حدیث سے یہ استدلال کیا ہے کہ جس مرد نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دی تو وہ گناہ گار ہوگا اور اس پر لازم ہے کہ اس طلاق سے رجوع کرے، اگر اس نے رجوع نہیں کیا اور عورت کی عدت گزر گئی تو عورت اس سے ایک طلاق کے ساتھ بائنہ ہو جائے گی۔

(۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جس نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دی اس کو اس طلاق سے رجوع کرنے کا حکم دیا جائے گا۔ امام مالک کے نزدیک یہ واجب ہے اور جس مرد نے اپنی بیوی کو حالت حیض یا حالت نفاس میں طلاق دی اس کو اس طلاق سے رجوع کرنے پر مجبور کیا جائے گا، انہوں نے نفاس کے خون کو حیض کے خون کے مساوی قرار دیا ہے اور امام ابوحنیفہ، امام شافعی، امام احمد اور دیگر فقہاء نے یہ کہا ہے کہ اس مرد کو اس طلاق سے رجوع کرنے کا حکم دیا جائے گا اور اس پر اس کو مجبور نہیں کیا جائے گا اور انہوں نے کہا ہے: اس حدیث میں جو اس طلاق سے رجوع کرنے کا حکم ہے یہ حکم استحباب پر محمول ہے تاکہ اس کی طلاق سنت کے مطابق ہو جائے اور اس پر اجماع ہے کہ جس مرد نے اپنی بیوی کو ایسے طہر میں طلاق دی جس میں وہ اس سے جماع کر چکا تھا تو اس کو

Marfat.com

اس طلاق سے رجوع کرنے پر مجبور نہیں کیا جائے گا اور نہ اس طلاق سے رجوع کرنے کا حکم دیا جائے گا اگر چہ اس نے یہ طلاق سنت کے مطابق نہیں دی۔

(۶) حیض میں طلاق دینا حرام ہے لیکن اگر کسی مرد نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دی تو وہ واقع ہو جائے گی، ایک شاذ قول یہ ہے کہ ایسی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اگر تم یہ سوال کرو کہ حالت حیض میں طلاق سے منع کرنے کی کیا حکمت ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ ایسی عبادت ہے جس کی کوئی عقلی توجیہ نہیں ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ اس کی حکمت یہ ہے کہ اس کی عدت طویل ہو۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۵۲۔۳۵۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حالت حیض میں طلاق سے ممانعت کی مصنف کے نزدیک حکمت

مصنف کہتا ہے: ہوسکتا ہے کہ اس کی حکمت یہ ہو کہ جب کوئی مرد اپنی بیوی کو کسی بات پر غصہ کی وجہ سے حالت حیض میں طلاق دینے کا ارادہ کرے گا، پھر وہ اس وجہ سے اپنے ارادے سے رک جائے گا کہ حالت حیض میں طلاق دینا منع ہے اور وہ حیض ختم ہونے کا انتظار کرے گا تو اس وقفہ میں ہوسکتا ہے کہ اس کا غصہ ختم ہو جائے اور پھر وہ اس کو طلاق دینے کا ارادہ نہ کرے اور یوں ان کے درمیان جدائی نہیں ہوگی۔

۲۔ بَابٌ: وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مِنْ أَمْرِهِ يُسْرًا ۝ (الطلاق: ۴)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور حاملہ عورتوں کی عدت وضع حمل ہے اور جو اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے کام میں آسانی کردے گا ○ (الطلاق: ۴) کی تفسیر

وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ وَاحِدُهَا ذَاتُ حَمْلٍ۔

وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ: اس کا واحد ہے، ذات حمل یعنی حمل والی عورت۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ اولات ذات کی جمع ہے اور احمال، حمل کی جمع ہے اور اس کا معنی یہ ہے کہ ایسی عورت کی عدت کا وقت مقرر ہے اور وہ وقت ان کا وضع حمل ہے اور یہ حکم مطلقہ عورتوں اور ان عورتوں کے لیے عام ہے جن کے خاوند فوت ہو گئے ہوں اور یہ حضرت عمر، حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت ابو مسعود بدری اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم اور دیگر شہر کے فقہاء کا قول ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول یہ ہے کہ جس عورت کا خاوند فوت ہو گیا ہو اس عورت کی عدت وہ ہے جس کی مدت زیادہ ہو یعنی اگر اس کے خاوند کی وفات کے ایک دن یا دو دن بعد اس کا وضع حمل ہو گیا تو اس کی عدت چار ماہ دس دن ہوگی کیونکہ یہ زیادہ مدت ہے اور اگر پانچ یا چھ ماہ یا اس سے زیادہ دنوں کے بعد اس کا وضع حمل ہوا تو اس کی عدت وضع حمل ہوگی کیونکہ یہ مدت چار ماہ دس دن سے زیادہ ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ جو مدت زیادہ ہو وہی اس کی عدت ہوگی خواہ وہ مدت چار ماہ دس دن ہو یا وضع حمل ہو۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۵۳۔۳۵۲، مع وضاحۃ المصنف، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۹۰۹۔ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَحْيَى قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ وَأَبُو هُرَيْرَةَ جَالِسٌ عِنْدَهُ فَقَالَ أَفْتِنِي فِي امْرَأَةٍ وَلَدَتْ بَعْدَ زَوْجِهَا بِأَرْبَعِينَ لَيْلَةً فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں سعد بن حفص نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شیبان نے حدیث بیان کی از یحییٰ، انہوں نے کہا: مجھے ابوسلمہ نے خبر دی، انہوں نے بیان کیا کہ ایک مرد حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آیا اور اس وقت حضرت

آخِرُ الْأَجَلَيْنِ قُلْتُ أَنَا ﴿وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ﴾ (الطلاق: ۴) قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ أَنَا مَعَ ابْنِ أَخِي يَعْنِي أَبَا سَلَمَةَ فَأَرْسَلَ ابْنُ عَبَّاسٍ غُلَامَهُ كُرَيْبًا إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ يَسْأَلُهَا فَقَالَتْ قُتِلَ زَوْجُ سُبَيْعَةَ الْأَسْلَمِيَّةِ وَهِيَ حُبْلَى فَوَضَعَتْ بَعْدَ مَوْتِهِ بِأَرْبَعِينَ لَيْلَةً فَخُطِبَتْ فَأَنْكَحَهَا رَسُولُ اللهِ ﷺ وَكَانَ أَبُو السَّنَابِلِ فِيمَنْ خَطَبَهَا

(صحیح البخاری: ۵۳۱۸، سنن ترمذی: ۱۱۹۴، مسند احمد، ج ۶، ص ۳۱۴)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ان کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، اس مرد نے (حضرت ابن عباس سے) پوچھا: مجھے اس عورت کے متعلق فتویٰ دیں جس نے اپنے خاوند کی وفات کی چالیس (۴۰) راتوں کے بعد بچہ جن دیا (یعنی اس سے بچہ کی ولادت ہوگئی) تو حضرت ابن عباس نے فرمایا: اس کی عدت زیادہ مدت والی ہوگی (یعنی اس کی عدت چار ماہ دس دن ہوگی)، ابو سلمہ نے بیان کیا کہ میں نے کہا قرآن مجید میں تو اس طرح ہے: **وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ** (الطلاق: ۴) اور حاملہ عورتوں کی عدت وضع حمل ہے۔ حضرت ابو ہریرہ نے کہا: میری رائے بھی میرے بھتیجے یعنی ابو سلمہ کے ساتھ ہے، تب حضرت ابن عباس نے اپنے غلام کریب کو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا اور ان سے اس مسئلہ کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے فرمایا: حضرت سبیعہ اسلمیہ کے خاوند اس وقت شہید کر دیے گئے جب وہ حاملہ تھیں اور ان کی وفات کی چالیس راتوں کے بعد انہوں نے بچہ جن دیا یعنی ان کا وضع حمل ہوگیا، پھر ان کو نکاح کا پیغام دیا گیا تو رسول اللہ ﷺ نے ان کا نکاح کر دیا اور حضرت ابو السنابل بھی ان مردوں میں سے تھے جنہوں نے ان کو نکاح کا پیغام دیا تھا۔

حضرت سبیعہ اسلمیہ کا تعارف

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

حضرت ابن عباس نے فرمایا: اس کی عدت زیادہ مدت والی ہوگی: یعنی اس عورت کے لیے ضروری ہے کہ وہ چار مہینہ دس دن عدت پوری کرے اور اس کے لیے وضع حمل کی عدت گزارنا کافی نہیں ہے کیونکہ وہی زیادہ مدت ہے۔

سبیعہ الاسلمیہ: یہ الحارث اسلمی کی بیٹی ہیں، کہا گیا ہے کہ یہ پہلی عورت ہیں جو صلح حدیبیہ کے بعد اسلام لائی تھیں اور ان کے خاوند حضرت سعد بن خولہ تھے، عروہ نے کہا کہ حضرت خولہ بنو عامر میں سے تھے اور انہوں نے حبشہ ہجرت کی تھی اور غزوۂ بدر میں حاضر ہوئے تھے۔ اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ کتاب الجنائز میں یہ گزرا ہے کہ حضرت سعد بن خولہ کی مکہ میں وفات ہوئی تھی اور اس حدیث میں مذکور ہے کہ ان کو شہید کیا گیا تھا، اس کا جواب یہ ہے کہ مشہور یہی ہے کہ ان کی وفات ہوئی تھی اور وہ شہید نہیں کیے گئے تھے، حضرت ام سلمہ نے جو فرمایا کہ وہ شہید کیے گئے تھے، ان کا یہ قول ان کے گمان کی بنا پر ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے قول کی توجیہ

اس حدیث کی فقہ یہ ہے کہ جس عورت کا خاوند فوت ہوگیا ہو اور اس نے خاوند کی وفات کے بعد بچہ جنا ہو تو حضرت ابن عباس کے نزدیک اس عورت کی عدت وہ ہے جس کی مدت زیادہ ہو۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ابن ابی لیلیٰ سے بھی یہی قول مروی ہے اور جمہور

Marfat.com

مالکی کا بھی یہی مختار ہے، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت بھی ہے کہ انہوں نے اس قول سے رجوع کرلیا تھا اور انہوں نے کہا کہ اس کی عدت وضع حمل ہے اور تمام شہروں کے فقہاء کا یہی مذہب ہے اور حضرت ابو ہریرہ، حضرت عمر، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہم اور ابو سلمہ کا بھی یہی قول ہے اور اس اختلاف کا سبب یہ ہے کہ دو آیتوں میں تعارض ہے اور ان میں سے ہر ایک آیت ایک اعتبار سے عام ہے اور دوسرے اعتبار سے خاص ہے۔ وہ دو آیتیں حسب ذیل ہیں:

وَ الَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ (البقرہ: ۲۳۴) اور تم میں سے جو لوگ وفات پا جائیں اور اپنی بیویاں چھوڑ جائیں تو وہ (عورتیں) اپنے آپ کو (عقد ثانی سے) چار ماہ دس دن روکے رکھیں۔

یہ آیت بیوہ عورت کے متعلق عام ہے خواہ وہ حاملہ ہو یا نہ ہو، اور دوسری آیت یہ ہے:

وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ (الطلاق: ۴) اور حاملہ عورتوں کی عدت وضع حمل ہے۔

اس آیت میں حاملہ عورتیں اس سے عام ہیں خواہ ان کا خاوند فوت ہوا ہو یا نہ ہوا ہو، پس یہ سبب ہے جس کی وجہ سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ حاملہ بیوہ کی عدت زیادہ مدت والی ہو کیونکہ ایک آیت دوسری آیت پر راجح نہیں ہے اس لیے واجب ہے کہ بغیر یقین کے عدت کو نہ ختم کیا جائے اور یہ یقین اس صورت میں حاصل ہوگا جب زیادہ مدت کو عدت قرار دیا جائے، تاہم شہروں کے فقہاء نے اس باب کی حدیث پر اعتماد کیا ہے کیونکہ یہ حدیث البقرہ: ۲۳۴ کے عموم کے لیے مخصص ہے اور حضرت سبیعہ کا قصہ بعد کا ہے کیونکہ یہ حجۃ الوداع کے بعد کا قصہ ہے۔ اور البقرہ: ۲۳۴ اس پر محمول ہے کہ اس میں اس بیوہ عورت کی عدت کا بیان ہے جو حاملہ نہ ہو اور حاملہ عورت کی عدت کا بیان الطلاق: ۴ میں ہے کہ اس کی عدت وضع حمل ہے اور حضرت سبیعہ کی حدیث سے اس کی وضاحت ہو جاتی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۵۴، مع وضاحۃ المصنف، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۹۱۰۔ وَقَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَأَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ كُنْتُ فِي حَلْقَةٍ فِيهَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي لَيْلَى وَكَانَ أَصْحَابُهُ يُعَظِّمُونَهُ فَذَكَرُوا لَهُ فَذَكَرَ آخِرَ الْأَجَلَيْنِ فَحَدَّثْتُ بِحَدِيثِ سُبَيْعَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ فَضَتَزَلِي بَعْضُ أَصْحَابِهِ قَالَ مُحَمَّدٌ فَفَطِنْتُ لَهُ فَقُلْتُ إِنِّي إِذًا لَجَرِيءٌ إِنْ كَذَبْتُ عَلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ وَهُوَ فِي نَاحِيَةِ الْكُوفَةِ فَاسْتَحْيَا وَقَالَ لَكِنْ عَمُّهُ لَمْ يَقُلْ ذَاكَ فَلَقِيتُ أَبَا عَطِيَّةَ مَالِكَ بْنَ عَامِرٍ فَسَأَلْتُهُ فَذَهَبَ يُحَدِّثُنِي حَدِيثَ سُبَيْعَةَ فَقُلْتُ هَلْ سَمِعْتَ عَنْ عَبْدِ اللهِ فِيهَا شَيْئًا فَقَالَ كُنَّا عِنْدَ عَبْدِ اللهِ فَقَالَ أَتَجْعَلُونَ عَلَيْهَا التَّغْلِيظَ وَلَا

اور سلیمان بن حرب اور ابو النعمان نے کہا: ہمیں حماد بن زید نے حدیث بیان کی از ایوب از محمد، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں ایک حلقہ میں بیٹھا ہوا تھا اور اس میں عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ بھی تھے اور ان کے اصحاب ان کی بہت تعظیم کرتے تھے، پس انہوں نے دو مدتوں میں زیادہ مدت والی عدت کا ذکر کیا تو میں نے حضرت سبیعہ بنت الحارث کی حدیث از عبد اللہ بن عتبہ بیان کی تو عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ کے کسی صاحب نے مجھے خاموش کرایا، محمد (راوی) نے کہا: میں اس کا مقصد سمجھ گیا، پس میں نے کہا کہ اگر میں نے عبد اللہ بن عتبہ پر جھوٹ باندھا ہو جب کہ وہ کوفہ کی ایک جانب میں موجود ہیں پھر تو میں بہت جرأت والا ہوں گا تو ان صاحب کو حیا آئی اور انہوں نے کہا: لیکن ان کے چچا نے یہ بات نہیں کی، پس میری ابو عطیہ مالک بن عامر سے ملاقات ہوئی تو میں نے ان سے اس مسئلہ کے متعلق

Marfat.com

تَجْعَلُونَ عَلَيْهَا الرُّخْصَةَ لَنَزَلَتْ سُورَةُ النِّسَاءِ الْقُصْرَى بَعْدَ الطُّولَى وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ۔

(صحیح البخاری: ۴۵۳۲، صحیح مسلم: ۱۴۸۵)

دریافت کیا تو وہ مجھے حضرت سبیعہ کی حدیث بیان کرنے لگے پس میں نے پوچھا کیا: آپ نے حضرت عبداللہ (بن مسعود) سے اس کے متعلق کچھ سنا ہے تو انہوں نے کہا: ہم حضرت عبداللہ کے پاس تھے تو انہوں نے کہا: کیا تم اس عورت کے اوپر مغلظ عدت لازم کرتے ہو (یعنی زیادہ مدت والی) اور تم اس کے اوپر آسانی نہیں کرتے اور سورۃ النساء الصغریٰ (یعنی سورۃ الطلاق) سورہ نساء الطولیٰ کے بعد نازل ہوئی ہے یعنی اس کی یہ آیت وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ (الطلاق: ۴) اور حاملہ عورتوں کی عدت وضع حمل ہے۔

فضسن لی غلط ہے اور صحیح ضمزنی ہے اور اس کا معنی ہے: چپ کرو، اور دیگر بعض الفاظ کے معانی

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

فَضَسِنَ لِیْ: صاحب التلویح نے کہا ہے: ہمارے صحیح بخاری کے نسخوں میں اسی طرح ہے، قاضی عیاض نے کہا ہے: لیکن اس کا کوئی محصل معنی نہیں ہے، اور مشابہ بالحق یہ ہے کہ یہ لفظ ضمزنی ہے جس کا معنی ہے: اس نے مجھے خاموش کیا، علامہ ابن التین نے کہا ہے: اس کا معنی ہے: اس نے مجھے اشارے سے کہا ہے: چپ کرو، ضمز الرجل اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی شخص دونوں ہونٹوں کو ملا کر چپ کرنے کا اشارہ کرے۔

پھر تو میں بہت جرأت والا ہوں گا: یعنی میں جھوٹ بولنے پر حریص ہوں گا۔

لیکن ان کے چچا نے یہ نہیں کہا: یعنی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس طرح نہیں کہا، عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ نے اسی طرح حضرت ابن مسعود سے نقل کیا ہے لیکن حضرت ابن مسعود کی مشہور روایت اس کے خلاف ہے، ہوسکتا ہے کہ حضرت ابن مسعود نے پہلے اسی طرح کہا ہو، پھر اس سے رجوع کرلیا ہو یا پھر عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کو اس نقل میں وہم ہوا ہو۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۵۵۔ ۳۵۴، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الطلاق کی تفسیر میں جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ سورۃ التحریم کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

٦٦ ـ تَفْسِيْرُ سُوْرَةِ التَّحْرِيْمِ

سورۃ التحریم کی تفسیر

سورۃ التحریم کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ التحریم کی بعض آیات کی تفسیر ہے، صحیح بخاری کے بعض نسخوں میں اس سورت کا نام سورۃ لِمَ تُحَرِّمُ ہے اور یہ سورت بالاتفاق مدنی ہے، علامہ سخاوی نے کہا ہے کہ یہ سورت سورۃ الحجرات کے بعد اور سورۃ الجمعہ سے پہلے نازل ہوئی ہے، اور کہا گیا ہے کہ یہ سورت حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کی تحریم کے متعلق نازل ہوئی ہے، اس کی امام نسائی نے روایت کی ہے اور حاکم نے اس کو امام مسلم کی شرط کے مطابق قرار دیا ہے، اور علامہ خطابی نے اس کو اکثر مفسرین سے نقل کیا ہے اور صحیح یہ ہے کہ یہ سورت شہد کی تحریم کے متعلق نازل ہوئی ہے، امام نسائی نے کہا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی شہد کے سلسلہ میں حدیث بہت عمدہ ہے اور حضرت ماریہ اور ان کی تحریم کے متعلق جو حدیث ہے اس کی سند اتنی عمدہ نہیں ہے، اس سورت میں بارہ (۱۲) آیات ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۵۶۔۳۵۵، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱ ـ بَابٌ: يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ① (التحریم:۱)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اے نبی مکرم! آپ اس چیز کو کیوں حرام قرار دے رہے ہیں جس کو اللہ نے آپ کے لیے حلال فرما دیا ہے، آپ اپنی بیویوں کی رضا طلب کرتے ہیں اور اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے ○

(التحریم:۱) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: ہم اس سورت کے سبب نزول میں اختلاف کو بیان کر چکے ہیں اور عنقریب اس پر مزید کلام آئے گا۔

۴۹۱۱ ـ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيٰى عَنِ ابْنِ حَكِيمٍ هُوَ يَعْلَى بْنُ حَكِيمٍ الثَّقَفِيُّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما قَالَ فِي الْحَرَامِ يُكَفَّرُ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾ (الاحزاب:۲۱)

(صحیح البخاری:۵۲۶۶، صحیح مسلم:۱۴۷۳، سنن ابن ماجہ:۲۰۷۳)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں معاذ بن فضالہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشام نے حدیث بیان کی از یحییٰ از ابن حکیم جو یعلیٰ بن حکیم ثقفی ہیں از سعید بن جبیر کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کسی حلال چیز کو حرام کرنے پر کفارہ دیا جائے گا۔ اور حضرت ابن عباس نے یہ آیت پڑھی: لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (الاحزاب:۲۱) بے شک رسول اللہ میں تمہارے لیے نہایت عمدہ نمونہ ہے۔

Marfat.com

جس شخص نے اپنے اوپر اپنی بیوی کو حرام قرار دیا اس کے متعلق حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے متعدد اقوال

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

یعنی جب کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا: تو مجھ پر حرام ہے یا کہا: یہ چیز مجھ پر حرام ہے تو اس میں قسم کا کفارہ دیا جائے گا اور حضرت ابن عباس سے دوسری روایت یہ ہے کہ جب کسی شخص نے اپنی بیوی کو اپنے اوپر حرام کر دیا اور کہا: تو مجھ پر حرام ہے تو اس پر طلاق نہیں ہوگی اور اس پر قسم کا کفارہ ہے اور ان سے دوسری روایت ہے کہ جب کسی شخص نے اپنی بیوی کو اپنے اوپر حرام کیا تو کچھ نہیں ہے، اور علامہ ابن بطال نے کہا ہے، اس پر کفارہ ظہار لازم آئے گا اور کہا ہے: یہ ابو قلابہ اور ابن جبیر کا قول ہے اور یہی امام احمد کا قول ہے اور امام شافعی سے منقول ہے کہ جب کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا: تو مجھ پر حرام ہے تو اگر اس نے طلاق کی نیت کی تو یہ طلاق ہے اور اگر ظہار کی نیت کی تو یہ ظہار ہے اور اگر اس نے بغیر طلاق اور بغیر ظہار کے اس مخصوص عورت کو اپنے اوپر حرام قرار دیا تو اس لفظ سے اس پر قسم کا کفارہ لازم آئے گا اور یہ قسم نہیں ہوگی اور اگر اس نے کچھ نیت نہیں کی تو اس کے متعلق دو قول ہیں، زیادہ صحیح یہ ہے کہ اس پر قسم کا کفارہ لازم آئے گا اور دوسرا قول یہ ہے کہ اس کا یہ کلام لغو ہے، اس پر کچھ لازم نہیں آئے گا اور نہ اس پر کوئی حکم مرتب ہوگا۔

صورت مذکورہ میں چودہ (۱۴) مذاہب

قاضی عیاض نے اس مسئلہ میں حسب ذیل چودہ (۱۴) مذاہب ذکر کیے ہیں:

(۱) امام مالک کا مشہور مذہب یہ ہے کہ جب کسی شخص نے اپنے اوپر اپنی بیوی کو حرام قرار دیا تو اس سے اس کی بیوی پر تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی خواہ اس کی بیوی مدخول بہا ہو یا نہ ہو، اگر اس کی بیوی غیر مدخول بہا ہو اور اس نے تین طلاقوں سے کم کی نیت کی ہو تو اس کا قول قبول کیا جائے گا، حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، زید، حسن بصری اور حکم کا یہی مذہب ہے۔

(۲) اس قول سے تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی اور اس کی نیت کو قبول نہیں کیا جائے گا نہ مدخول بہا میں اور نہ غیر مدخول بہا میں، یہ ابن ابی لیلیٰ اور عبدالملک بن الماجشون کا قول ہے۔

(۳) اس صورت میں مدخول بہا پر تین طلاقیں واقع ہوں گی اور غیر مدخول بہا پر ایک طلاق واقع ہوگی، یہ ابو مصعب اور محمد بن حکم کا قول ہے۔

(۴) اس صورت میں ایک طلاق بائنہ واقع ہوگی خواہ اس کی بیوی مدخول بہا ہو یا نہ ہو، یہ امام مالک سے ایک روایت ہے۔

(۵) اس صورت میں ایک طلاق رجعی واقع ہوگی، یہ عبدالعزیز بن ابی سلمہ الماجشون کا قول ہے۔

(۶) اس صورت میں جو اس نے نیت کی ہے وہ واقع ہوگی اور ایک طلاق سے کم نہیں ہوگی، یہ زہری کا قول ہے۔

(۷) اگر اس نے ایک طلاق کی نیت کی یا متعدد طلاقوں کی نیت کی یا قسم کی نیت کی تو اس کی نیت کا اعتبار ہوگا اور اگر کوئی نیت نہیں کی تو اس کا کلام لغو ہے، یہ ثوری کا قول ہے۔

(۸) یہ بھی اسی کی مثل قول ہے مگر جب اس نے کوئی نیت نہیں کی تو اس پر قسم کا کفارہ لازم آئے گا، یہ الاوزاعی اور ابو ثور کا قول ہے۔

(۹) اگر اس نے طلاق کی نیت کی تو جتنے عدد کی نیت کی اس کا اعتبار ہوگا اور اگر اس نے ایک طلاق کی نیت کی تو یہ ایک طلاق رجعی ہوگی، یہ امام شافعی کا قول ہے اور اسی کی مثل حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما اور دیگر صحابہ اور تابعین سے مروی ہے۔

(۱۰) اگر اس نے طلاق کی نیت کی تو طلاق بائنہ واقع ہوگی اور اگر اس نے تین طلاقوں کی نیت کی تو تین طلاقیں واقع ہوں گی اور اگر اس نے دو طلاقوں کی نیت کی تو ایک طلاق واقع ہوگی اور اگر اس نے کوئی نیت نہیں کی تو یہ قسم ہے، یہ امام ابو حنیفہ اور ان کے اصحاب

کا قول ہے۔

(۱۱) یہ بھی دسویں قول کی مثل ہے مگر اس میں یہ فرق ہے کہ اگر اس نے دو طلاقوں کی نیت کی تو دو طلاقیں واقع ہوں گی، یہ امام زفر کا قول ہے۔

(۱۲) اس صورت میں کفارہ ظہار واجب ہوگا، یہ اسحاق بن راہو یہ کا قول ہے۔

(۱۳) یہ قسم ہے اور اس میں قسم کا کفارہ لازم آئے گا، یہ حضرت ابن عباس اور بعض تابعین کا قول ہے اور ان کا دوسرا قول یہ ہے کہ یہ کچھ بھی نہیں ہے۔

(۱۴) یہ پانی اور طعام کو حرام کرنے کی مثل ہے، سو اس پر کوئی چیز واجب نہیں ہوگی اور نہ اس سے کوئی چیز واقع ہوگی بلکہ یہ کلام لغو ہے یہ مسروق، ابو سلمہ اور شعبی اور اصبغ کا قول ہے۔

(اکمال المعلم بفوائد مسلم للقاضی عیاض ج ۵ ص ۲۷۔۲۶، دار الوفاء) (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۵۷، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۹۱۲۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنها قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَشْرَبُ عَسَلًا عِنْدَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ وَيَمْكُثُ عِنْدَهَا فَوَاطَيْتُ أَنَا وَحَفْصَةُ عَلَى أَيَّتُنَا دَخَلَ عَلَيْهَا فَلْتَقُلْ لَهُ أَكَلْتَ مَغَافِيرَ إِنِّي أَجِدُ مِنْكَ رِيحَ مَغَافِيرَ قَالَ لَا وَلَكِنِّي كُنْتُ أَشْرَبُ عَسَلًا عِنْدَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ فَلَنْ أَعُودَ لَهُ وَقَدْ حَلَفْتُ لَا تُخْبِرِي بِذَلِكَ أَحَدًا۔

(صحیح البخاری: ۵۲۱۶۔ ۵۲۶۷۔ ۵۲۶۸۔ ۵۴۳۱، ۵۵۹۹۔ ۵۶۱۔ ۵۶۸۲۔ ۶۶۹۱۔ ۶۹۷۲، صحیح مسلم: ۱۴۷۴، سنن ابو داؤد: ۳۷۱۴، سنن نسائی: ۳۴۲۱)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی: انہوں نے کہا: ہمیں ہشام بن یوسف نے خبر دی از ابن جریج از عطاء از عبید بن عمیر از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، وہ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ حضرت زینب بنت جحش کے پاس شہد پیتے تھے اور ان کے پاس ٹھہرتے تھے، پس میں نے اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے اتفاق سے یہ طے کیا کہ ہم میں سے جس کے پاس بھی رسول اللہ ﷺ آئیں تو وہ یہ کہے کہ کیا آپ نے مغافیر کھایا ہے، مجھے آپ سے مغافیر کی بو آتی ہے، آپ نے فرمایا: نہیں لیکن میں نے زینب بنت جحش کے پاس شہد پیا ہے، پس میں ہرگز اس کو دوبارہ نہیں پیوں گا اور میں نے اس کی قسم کھالی ہے، تم کسی کو اس کی خبر نہ دینا۔

اس سوال کا جواب کہ حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہما نے نبی ﷺ کو ایذاء پہنچانے کے لیے کیوں جھوٹ پر اتفاق کیا؟

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اگر تم یہ سوال کرو کہ حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہما کے لیے یہ کیوں کر جائز ہوا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کو ایذاء پہنچانے کے لیے باہم جھوٹ پر اتفاق کریں، اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس وقت کم سن تھیں تاہم ان کا قصد اس سے رسول اللہ ﷺ کو ایذاء پہنچانا نہیں تھا بلکہ اس کا سبب وہ غیرت تھی جو عورتوں کی جبلت میں سوکنوں کے خلاف رکھ دی گئی ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۵۸)

مصنف کہتا ہے: اس حدیث پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مغافیر نہیں کھایا تھا، پھر ازواج مطہرات نے کیسے

Marfat.com

کہہ دیا کہ آپ نے مغافیر کھایا ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ حدیث میں ہے: ازواج نے کہا: شاید اس شہد کی مکھیوں نے عرفط کے درخت کو چوسا ہوگا۔ (صحیح بخاری: ۶۹۷۲) ازواج کا مطلب یہ تھا: اس وجہ سے جو شہد آپ نے پیا اس سے مغافیر کی بو آرہی ہے۔

آپ نے کس کے گھر شہد پیا تھا، اس کے متعلق متعدد مختلف روایات

اس میں بھی اختلاف ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کس کے گھر میں شہد پیا تھا، پس امام بخاری کی روایت میں یہ ہے کہ آپ نے حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے گھر شہد پیا تھا اور جنہوں نے یہ کہا کہ کیا آپ نے مغافیر کھایا ہے وہ حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہما تھیں، اور دوسری روایت یہ ہے کہ آپ نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر شہد پیا تھا اور جنہوں نے یہ کہا تھا کہ آپ نے مغافیر کھایا ہے وہ حضرت عائشہ، حضرت سودہ اور حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہن تھیں۔

اور تفسیر عبد بن حمید میں مذکور ہے کہ آپ نے حضرت سودہ کے گھر شہد پیا تھا اور ان کے رشتہ داروں نے یمن سے لاکر ان کو شہد ہدیہ میں دیا تھا اور جنہوں نے یہ کہا کہ آپ نے مغافیر کھایا ہے وہ حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہما تھیں اور جو چیز زیادہ ظاہر ہے وہ یہ ہے کہ آپ نے حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے گھر شہد پیا تھا جیسا کہ امام بخاری کی روایت میں ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کے دو گروہ تھے، ایک گروہ میں حضرت عائشہ، حضرت سودہ، حضرت حفصہ اور حضرت صفیہ رضی اللہ عنہن تھیں اور حضرت زینب، حضرت ام سلمہ اور باقی ازواج دوسرے گروہ میں تھیں۔

مغافیر کا معنی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا آئندہ شہد نہ کھانے کی قسم کھانا اور حضرت حفصہ کو اس کی خبر دینے سے منع فرمانا

کیا آپ نے مغافیر کھایا ہے؟: مغافیر مغفور کی جمع ہے: یہ میٹھے ذائقہ کا گوند ہے جس کی ناگوار بو ہوتی ہے جو العرفط نامی درخت (یا بیل) پر لگتا ہے، اس کے چوڑے پتے ہوتے ہیں جو زمین پر پھیلے ہوئے ہوتے ہیں اور اس میں کانٹے ہوتے ہیں اور اس کا روئی کی طرح سفید رنگ کا پھل ہوتا ہے اور اس کی سخت بدبو ہوتی ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں: یعنی میں نے مغافیر نہیں کھایا لیکن میں نے زینب کے پاس شہد پیا ہے اور میں نے قسم کھالی ہے کہ میں دوبارہ شہد نہیں پیوں گا: پھر آپ نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو مخاطب کر کے فرمایا: تم اس کی خبر کسی کو نہ دینا کیونکہ انہوں نے ہی کہا تھا کیا آپ نے مغافیر کھایا ہے؟ یعنی تم کسی کو بھی اس کی خبر نہ دینا خواہ وہ عائشہ ہوں یا ان کے علاوہ کوئی اور ہوں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج کی رضا کو طلب کرتے تھے۔

بعض روایات میں مذکور ہے کہ آپ نے شہد کی بجائے حضرت ماریہ قبطیہ کو اپنے اوپر حرام کیا تھا

علامہ خطابی نے کہا ہے کہ اکثر روایات میں یہ ہے کہ یہ آیت حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کو حرام قرار دینے کے متعلق نازل ہوئی ہے جب آپ نے ان کو اپنے نفس پر حرام کر لیا تھا اور آپ نے حضرت حفصہ سے فرمایا تھا: اس کی خبر عائشہ کو نہ دینا، پس حضرت حفصہ نے آپ کے راز کو نہیں چھپایا اور حضرت عائشہ کو اس بات کی خبر دے دی اور ان ہی کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی:

وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلَىٰ بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيثًا (التحریم: ۳)

اور جب نبی نے اپنی کسی بیوی سے راز کی بات کہی، پس اس نے اس راز کی خبر دے دی۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۵۸، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

Marfat.com

ان روایات کی تعیین جن میں مذکور ہے کہ آپ نے اپنے اوپر حضرت ماریہ قبطیہ کو حرام قرار دیا تھا

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

امام طبرانی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حفصہ کے گھر میں حضرت ماریہ سے مقاربت کی، پس اچانک اس دوران حضرت حفصہ آ گئیں، انہوں نے آپ کو حضرت ماریہ کے ساتھ مشغول پایا تو انہوں نے کہا: یارسول اللہ! آپ میرے گھر میں ایسا کر رہے ہیں، اور امام طبرانی نے حضرت ابن عباس سے دوسری روایت کی ہے کہ حضرت حفصہ اپنے گھر میں آئیں اور حضرت ماریہ کے ساتھ آپ کو مشغول پایا تو وہ آپ پر ناراض ہوئیں، یہ حدیث متعدد ایسی سندوں کے ساتھ مروی ہے جن سے اس حدیث کی تقویت ہوتی ہے اس لیے ہوسکتا ہے کہ سورۂ تحریم کی یہ آیت شہد حرام قرار دینے سے بھی متعلق ہو اور حضرت ماریہ کو حرام قرار دینے سے بھی متعلق ہو، اور امام نسائی نے اس قصہ کو اختصار سے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ایک باندی سے مقاربت کر رہے تھے، سو حضرت حفصہ اور حضرت عائشہ کو ناگوار ہوا تو آپ نے اس باندی کو اپنے اوپر حرام قرار دے دیا، پس سورۃ التحریم کی یہ آیت نازل ہوئی:

يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكَ ۚ (التحریم:۱)

اے نبی مکرم! آپ اس چیز کو کیوں حرام قرار دے رہے ہیں جس چیز کو اللہ نے آپ کے لیے حلال فرما دیا ہے

(فتح الباری ج ۶ ص ۷۶، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۲۔ بَابٌ: تَبْتَغِي مَرْضَاتَ أَزْوَاجِكَ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ قَدْ فَرَضَ اللَّهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ أَيْمَانِكُمْ ۚ (التحریم:۱۔۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ اپنی بیویوں کی رضا طلب کرتے ہیں اور اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے ○ (اے مسلمانو!) بے شک اللہ نے تمہارے لیے تمہاری قسموں کو کھولنے کا طریقہ مقرر فرما دیا ہے ○ (التحریم: ۲۔۱) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی آپ اپنی بیویوں کی رضا طلب کرتے ہیں اور قسم کھاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے قسموں کے کھولنے کا طریقہ بیان فرما دیا ہے، یہ بیان سورۃ المائدہ میں ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۵۹)

۴۹۱۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما يُحَدِّثُ أَنَّهُ قَالَ مَكَثْتُ سَنَةً أُرِيدُ أَنْ أَسْأَلَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَنْ آيَةٍ فَمَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أَسْأَلَهُ هَيْبَةً لَهُ حَتَّى خَرَجَ حَاجًّا فَخَرَجْتُ مَعَهُ فَلَمَّا رَجَعْنَا وَكُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِيقِ عَدَلَ إِلَى الْأَرَاكِ لِحَاجَةٍ لَهُ قَالَ فَوَقَفْتُ لَهُ حَتَّى فَرَغَ ثُمَّ سِرْتُ مَعَهُ فَقُلْتُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ مَنِ اللَّتَانِ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سلیمان بن بلال نے حدیث بیان کی از یحییٰ از عبید بن حنین وہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا، وہ فرماتے تھے: میں ایک سال ٹھہرا رہا کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے ایک آیت کے متعلق سوال کروں، پس مجھے ان کی ہیبت کی وجہ سے اب تک ان سے سوال کرنے کی طاقت نہ تھی حتیٰ کہ وہ حج کرنے کے لیے روانہ ہوئے، پس میں بھی ان کے ساتھ نکلا، پس جب ہم حج سے واپس

Marfat.com

تَظَاهَرَتَا عَلَى النَّبِيِّ ﷺ مِنْ أَزْوَاجِهِ فَقَالَ تِلْكَ حَفْصَةُ وَعَائِشَةُ قَالَ فَقُلْتُ وَاللهِ إِنْ كُنْتُ لَأُرِيدُ أَنْ أَسْأَلَكَ عَنْ هَذَا مُنْذُ سَنَةٍ فَمَا أَسْتَطِيعُ هَيْبَةً لَكَ قَالَ فَلَا تَفْعَلْ مَا ظَنَنْتَ أَنَّ عِنْدِي مِنْ عِلْمٍ فَاسْأَلْنِي فَإِنْ كَانَ لِي عِلْمٌ خَبَّرْتُكَ بِهِ قَالَ ثُمَّ قَالَ عُمَرُ وَاللهِ إِنْ كُنَّا فِي الْجَاهِلِيَّةِ مَا نَعُدُّ لِلنِّسَاءِ أَمْرًا حَتَّى أَنْزَلَ اللهُ فِيهِنَّ مَا أَنْزَلَ وَقَسَمَ لَهُنَّ مَا قَسَمَ قَالَ فَبَيْنَا أَنَا فِي أَمْرٍ أَتَأَمَّرُهُ إِذْ قَالَتْ امْرَأَتِي لَوْ صَنَعْتَ كَذَا وَكَذَا قَالَ فَقُلْتُ لَهَا مَا لَكِ وَلِمَا هَا هُنَا وَفِيمَ تَكَلُّفُكِ فِي أَمْرٍ أُرِيدُهُ فَقَالَتْ لِي عَجَبًا لَكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ مَا تُرِيدُ أَنْ تُرَاجَعَ أَنْتَ وَإِنَّ ابْنَتَكَ لَتُرَاجِعُ رَسُولَ اللهِ ﷺ حَتَّى يَظَلَّ يَوْمَهُ غَضْبَانَ فَقَامَ عُمَرُ فَأَخَذَ رِدَائَهُ مَكَانَهُ حَتَّى دَخَلَ عَلَى حَفْصَةَ فَقَالَ لَهَا يَا بُنَيَّةُ إِنَّكِ لَتُرَاجِعِينَ رَسُولَ اللهِ ﷺ حَتَّى يَظَلَّ يَوْمَهُ غَضْبَانَ فَقَالَتْ حَفْصَةُ وَاللهِ إِنَّا لَنُرَاجِعُهُ فَقُلْتُ تَعْلَمِينَ أَنِّي أُحَذِّرُكِ عُقُوبَةَ اللهِ وَغَضَبَ رَسُولِهِ ﷺ يَا بُنَيَّةُ لَا يَغُرَّنَّكِ هَذِهِ الَّتِي أَعْجَبَهَا حُسْنُهَا حُبُّ رَسُولِ اللهِ ﷺ إِيَّاهَا يُرِيدُ عَائِشَةَ قَالَ ثُمَّ خَرَجْتُ حَتَّى دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ لِقَرَابَتِي مِنْهَا فَكَلَّمْتُهَا فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ عَجَبًا لَكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ دَخَلْتَ فِي كُلِّ شَيْءٍ حَتَّى تَبْتَغِيَ أَنْ تَدْخُلَ بَيْنَ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَأَزْوَاجِهِ فَأَخَذَتْنِي وَاللهِ أَخْذًا كَسَرَتْنِي عَنْ بَعْضِ مَا كُنْتُ أَجِدُ فَخَرَجْتُ مِنْ عِنْدِهَا وَكَانَ لِي صَاحِبٌ مِنَ الْأَنْصَارِ إِذَا غِبْتُ أَتَانِي بِالْخَبَرِ وَإِذَا غَابَ كُنْتُ أَنَا آتِيهِ بِالْخَبَرِ وَنَحْنُ نَتَخَوَّفُ مَلِكًا مِنْ مُلُوكِ غَسَّانَ ذُكِرَ لَنَا أَنَّهُ يُرِيدُ أَنْ يَسِيرَ إِلَيْنَا فَقَدِ امْتَلَأَتْ صُدُورُنَا مِنْهُ فَإِذَا صَاحِبِي الْأَنْصَارِيُّ يَدُقُّ الْبَابَ فَقَالَ افْتَحِ افْتَحْ فَقُلْتُ جَاءَ الْغَسَّانِيُّ فَقَالَ بَلْ أَشَدُّ مِنْ ذَلِكَ اعْتَزَلَ

آئے اور ہم کسی راستہ میں تھے تو حضرت عمر قضاء حاجت کے لیے پیلو کے درخت کی طرف مڑ گئے، حضرت ابن عباس نے فرمایا: پس میں ٹھہرا رہا حتیٰ کہ وہ قضاء حاجت سے فارغ ہو گئے، پھر میں ان کے ساتھ چلنے لگا، پس میں نے ان سے پوچھا: اے امیر المومنین! نبی ﷺ کی ازواج میں سے وہ کون سی دو عورتیں تھیں جنہوں نبی ﷺ کے حکم کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کی تھی، حضرت عمر نے فرمایا: وہ حضرت حفصہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما تھیں، حضرت ابن عباس نے کہا: اللہ کی قسم! میں ایک سال سے یہ انتظار کر رہا تھا کہ میں آپ سے اس کے متعلق استفسار کروں لیکن آپ کے رعب اور ہیبت کی وجہ سے میں اس کی طاقت نہیں رکھتا تھا، حضرت عمر نے فرمایا: تم ایسا نہ کرو جس چیز کے متعلق تمہیں یہ گمان ہو کہ مجھے اس کا علم ہے تم مجھ سے اس چیز کے متعلق سوال کرو، پس اگر مجھے اس کا علم ہوگا تو میں تمہیں اس کی خبر دوں گا، پھر حضرت عمر رضی اللہ نے بیان فرمایا: اللہ کی قسم! ہم زمانہ جاہلیت میں عورتوں کو بالکل شمار نہیں سمجھتے تھے حتیٰ کہ اللہ نے ان کے متعلق وہ احکام نازل فرمائے جو احکام نازل فرمائے اور ان کے لیے وہ تقسیم کی جو تقسیم کی، حضرت عمر نے فرمایا کہ جس وقت میں کسی معاملہ میں غور کر رہا تھا تو میری بیوی نے کہا: اگر آپ اس طرح اور اس طرح کر لیں، تو میں نے اس سے کہا: تمہیں کیا ہوا تم اس معاملہ میں کیوں دخل دے رہی ہو جس معاملہ میں میں غور کر رہا ہوں تم اس میں کیوں بولتی ہو تو اس نے مجھ سے کہا: اے ابن الخطاب! تم پر تعجب ہے تم نہیں چاہتے کہ میں تمہیں جواب دوں حالانکہ تمہاری بیٹی تو رسول اللہ ﷺ کو جواب دیتی ہے حتیٰ کہ آپ پورا ایک دن ناراضگی میں گزارتے ہیں، پس حضرت عمر کھڑے ہوئے اور انہوں نے اپنی جگہ سے چادر اٹھائی حتیٰ کہ وہ حضرت حفصہ کے پاس گئے اور کہا اے میری بیٹی! کیا تم رسول اللہ ﷺ کو جواب دیتی ہو حتیٰ کہ آپ پورا ایک دن غصہ کی حالت میں گزارتے ہیں تو (حضرت) حفصہ نے کہا: اللہ کی قسم بے شک ہم ضرور رسول اللہ ﷺ کو جواب دیتی ہیں، پس میں

Marfat.com

رَسُولُ اللهِ ﷺ أَزْوَاجَهُ فَقُلْتُ رَغَمَ أَنْفُ حَفْصَةَ وَعَائِشَةَ فَأَخَذْتُ ثَوْبِي فَأَخْرُجُ حَتَّى جِئْتُ فَإِذَا رَسُولُ اللهِ ﷺ فِي مَشْرُبَةٍ لَهُ يَرْقَى عَلَيْهَا بِعَجَلَةٍ وَغُلَامٌ لِرَسُولِ اللهِ ﷺ أَسْوَدُ عَلَى رَأْسِ الدَّرَجَةِ فَقُلْتُ لَهُ قُلْ هَذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَأَذِنَ لِي قَالَ عُمَرُ فَقَصَصْتُ عَلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ هَذَا الْحَدِيثَ فَلَمَّا بَلَغْتُ حَدِيثَ أُمِّ سَلَمَةَ تَبَسَّمَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَإِنَّهُ لَعَلَى حَصِيرٍ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ شَيْءٌ وَتَحْتَ رَأْسِهِ وِسَادَةٌ مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهَا لِيفٌ وَإِنَّ عِنْدَ رِجْلَيْهِ قَرَظًا مَصْبُوبًا وَعِنْدَ رَأْسِهِ أَهَبٌ مُعَلَّقَةٌ فَرَأَيْتُ أَثَرَ الْحَصِيرِ فِي جَنْبِهِ فَبَكَيْتُ فَقَالَ مَا يُبْكِيكَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ كِسْرَى وَقَيْصَرَ فِيمَا هُمَا فِيهِ وَأَنْتَ رَسُولُ اللهِ فَقَالَ أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْآخِرَةُ۔ (صحیح مسلم:۱۴۸۹)۔

نے کہا: تم اچھی طرح سمجھ لو بے شک میں تم کو اللہ کے عذاب سے اور رسول اللہ ﷺ کے غضب سے ڈرا رہا ہوں، اے میری بیٹی! تم اس عورت سے دھوکا نہ کھاؤ جس کا حسن آپ کو پسند ہے جو رسول اللہ ﷺ کی محبوبہ ہیں، ان کی مراد حضرت عائشہ تھیں، پھر میں وہاں سے نکلا اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا کیونکہ میری ان کے ساتھ رشتہ داری تھی، پس میں نے ان سے بھی یہی بات کہی تو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اے ابن الخطاب! تم پر تعجب ہے تم ہر چیز میں دخل دیتے ہو حتیٰ کہ تم چاہتے ہو کہ تم رسول اللہ ﷺ اور آپ کی ازواج کے درمیان میں بھی مداخلت کرو، پس انہوں نے میری ایسی گرفت کی کہ اللہ کی قسم! اس گرفت نے میرے غم اور غصہ کو کم کر دیا، پس میں ان کے پاس سے نکل آیا اور انصار میں سے میرا ایک ساتھی تھا، پس جس دن میں غائب ہوتا تھا وہ اس دن کی میرے پاس خبر لاتا تھا اور جب وہ کسی دن غائب ہوتا تو میں اس کے پاس اس دن کی خبر لاتا تھا اور ہم لوگ غسان کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ سے خوف زدہ رہتے تھے، ہمیں یہ بتایا گیا تھا کہ وہ ہم پر حملہ کرنا چاہتا ہے، پس ہمارے دل اس کے خوف سے سہمے رہتے تھے، پس اچانک ایک دن میرا انصاری ساتھی دروازہ کھٹکھٹا رہا تھا، پس اس نے کہا: (دروازہ) کھولو کھولو، میں نے کہا: کیا غسانی آ گیا، اس نے کہا: بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت بات ہو گئی ہے، رسول اللہ ﷺ اپنی ازواج سے الگ ہو گئے ہیں، میں نے دل میں کہا: (حضرت) حفصہ اور حضرت عائشہ کی ناک خاک آلود ہو، پس میں نے اپنے کپڑے لیے، پس میں نکلا حتیٰ کہ میں آیا تو رسول اللہ ﷺ اپنے بالا خانہ میں تھے جس پر سیڑھی سے چڑھا جاتا تھا اور رسول اللہ ﷺ کا ایک سیاہ فام غلام سیڑھی کے ڈنڈے پر بیٹھا ہوا تھا، میں نے اس سے کہا: جا کر کہو یہ عمر بن الخطاب ہیں تو آپ نے میرے لیے اجازت دے دی، حضرت عمر نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ بات سنائی، پس جب میں نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی بات سنائی تو رسول اللہ ﷺ مسکرائے، آپ ایک چٹائی پر لیٹے

Marfat.com

ہوئے تھے اور آپ کے اور اس چٹائی کے درمیان کوئی اور چیز نہیں تھی اور آپ کے سر کے نیچے ایک چمڑے کا تکیہ تھا جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی، آپ کے پیروں کی جانب کیکر کے پتوں کا ڈھیر تھا اور آپ کے سرہانے ایک کچی کھال لٹکی ہوئی تھی، پس میں نے دیکھا کہ چٹائی کے نشانات آپ کے پہلو میں نقش ہو چکے تھے، پس میں رو پڑا، آپ نے فرمایا: تمہیں کیا چیز رلاتی ہے؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! قیصر و کسریٰ تو اس عیش و آرام میں ہیں جس میں وہ ہیں اور آپ اللہ کے رسول ہیں (اور آپ کا یہ حال ہے) آپ نے فرمایا: کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ ان کے لیے دنیا ہو اور ہمارے لیے آخرت ہو۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۸۹ میں گزر چکی ہے۔

عورتوں کے حقوق کے متعلق آیات

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے عورتوں کے حق میں وہ احکام نازل فرمائے جو احکام نازل فرمائے: اس سے مراد درج ذیل آیات ہیں:

وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ (النساء: ۱۹) اور تم عورتوں کے ساتھ دستور کے مطابق نیک سلوک کرو۔

وَلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا (البقرہ: ۲۳۱) اور تم عورتوں کو ضرر پہنچانے کے لیے نہ روکے رکھو تاکہ تم ان پر زیادتی کرو۔

اور عورتوں کے لیے تقسیم فرمایا جو تقسیم فرمایا: اس کی مثال درج ذیل آیت ہے:

وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ (البقرہ: ۲۳۳) اور جس کا بچہ ہے اس کے ذمہ دستور کے موافق ان (ماؤں) کا کھانا اور پہننا ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۶۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۳۔ بَابٌ: وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلَى بَعْضِ أَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا فَلَمَّا نَبَّأَتْ بِهٖ وَأَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَأَعْرَضَ عَنْ بَعْضٍ فَلَمَّا نَبَّأَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ أَنْبَأَكَ هٰذَا قَالَ نَبَّأَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝ (التحریم: ۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جب نبی نے اپنی کسی بیوی سے راز کی بات کہی، پس اس نے اس راز کی خبر دے دی اور اللہ نے نبی پر اس کا اظہار فرما دیا تو نبی نے اس کو کچھ بتا دیا اور کچھ بتانے سے اعراض، کیا پھر جب نبی نے اس کو اس (افشاء راز) کی خبر دی تو اس نے کہا: آپ کو کس نے اس کی خبر دی تو نبی کہا: مجھے علیم و

Marfat.com

خبیر نے خبر دی ہے○ (التحریم: ۳) کی تفسیر

آیت مذکورہ کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِیُّ اِلٰی بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ: جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی کسی بیوی کو اپنا راز بتایا، وہ بیوی حضرت حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہما تھیں اور راز یہ تھا کہ آپ نے اپنی باندی حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کو اپنے اوپر حرام کرلیا تھا اور فرمایا تھا: کسی کو یہ نہ بتانا کہ میں نے اس باندی کو اپنے اوپر حرام کرلیا ہے، اور کلبی کی روایت میں ہے: آپ نے یہ راز بتایا تھا کہ تمہارے والد اور عائشہ کے والد دونوں میرے بعد میری امت پر خلیفہ ہوں گے۔

فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ: جب اس بیوی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ راز اپنی سہیلی کو بتادیا یعنی حضرت حفصہ نے یہ راز حضرت عائشہ کو بتایا تھا۔

عَرَّفَ بَعْضَهٗ: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حفصہ کو بتادیا کہ انہوں نے حضرت عائشہ کو کیا بتایا ہے اور پوری بات نہیں بتائی۔

قَالَتْ مَنْ اَنْبَاَكَ هٰذَا: یعنی جب آپ نے حضرت حفصہ کو یہ بات بتائی تو انہوں نے پوچھا: آپ کو یہ بات کس نے بتائی تو آپ نے فرمایا: مجھے علیم وخبیر نے یہ بات بتائی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۶۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

فِیْهِ عَائِشَةُ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم

اس باب میں حضرت عائشہ نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک حدیث روایت کی ہے۔

وہ حدیث درج ذیل ہے:

۴۹۱۴۔ حَدَّثَنَا عَلِیٌّ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ قَالَ سَمِعْتُ عُبَیْدَ بْنَ حُنَیْنٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما یَقُوْلُ اَرَدْتُ اَنْ اَسْاَلَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ فَقُلْتُ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ مَنْ الْمَرْاَتَانِ اللَّتَانِ تَظَاهَرَتَا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَمَا اَتْمَمْتُ كَلَامِیْ حَتّٰی قَالَ عَائِشَةُ وَحَفْصَةُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے عبید بن حنین سے سنا، انہوں نے کہا: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا، وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سوال کرنے کا ارادہ کیا تو میں نے کہا: اے امیر المومنین! وہ دو عورتیں کون ہیں جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کی تھی، ابھی میری بات پوری نہیں ہوئی تھی کہ حضرت عمر نے فرمایا کہ وہ حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہما تھیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ اس طویل حدیث کا ایک حصہ ہے جو ابھی ابھی گزری ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۶۲)

قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِیْكُمْ قَالَ مُجَاهِدٌ اَوْصُوْا: قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِیْكُمْ: مجاہد نے کہا اس کا معنی ہے تم اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو وصیت کرو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِیْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے

Marfat.com

النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ (التحریم:۶) بچاؤ جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی تفسیر کی ہے تم اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو وصیت کرو کہ وہ گناہوں کو ترک کریں اور عبادات کو انجام دیں یعنی ان کو نیک کاموں کا حکم دو اور برے کاموں سے روکو، اور ان کو تعلیم دو اور ان کو ادب سکھاؤ یہ معنی صحیح ہے جس کو مفسرین نے ذکر کیا ہے، علامہ زمخشری نے کہا ہے اپنے نفسوں کو دوزخ کے عذاب سے بچاؤ گناہوں کے ترک کرنے کے سبب سے اور نیکیاں کرنے کے سبب سے اور اپنے گھر والوں کو بھی بچاؤ بایں طور کہ جن کاموں پر تم اپنا مواخذہ کرتے ہو ان کاموں پر ان کا مواخذہ بھی کرو۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۳۶۳، دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۱ھ)

۴۔ بَابٌ: اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا۔ (التحریم:۴) اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اگر تم دونوں اللہ سے توبہ کرو (تو اچھا ہے) کیونکہ تمہارے دل اعتدال سے کچھ ہٹ چکے ہیں۔ (التحریم:۴) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت میں حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہما کو خطاب ہے کہ تم دونوں جو رسول اللہ ﷺ کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کر کے آپ کو ایذا پہنچا رہی ہو اس سے تم دونوں توبہ کر لو تو یہ تمہارے حق میں اچھا ہے۔
(عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۳۶۳)

صَغَوْتُ وَأَصْغَيْتُ مِلْتُ لِتَصْغَى لِتَمِيلَ۔ صغوت اور اصغیت کا معنی ہے: میں مائل ہوا، اور لتصغیٰ کا معنی ہے: تاکہ تم مائل ہو۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس تعلیق سے یہ اشارہ کیا ہے کہ آیت کریمہ قد صغت کا معنی ہے تمہارے دل مائل ہو گئے ہیں اور منحرف ہو گئے ہیں اور تم پر توبہ لازم ہے، امام بخاری نے صغوت اور اصغیت دو مثالیں دی ہیں ایک ثلاثی مجرد سے ہے اور دوسری ثلاثی مزید فیہ سے ہے۔ امام بخاری نے دوسری تعلیق میں لکھا ہے لِتَصْغَى اس سے درج ذیل آیت کی طرف اشارہ ہے۔

وَلِتَصْغَى إِلَيْهِ أَفْئِدَةُ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ۔ (الانعام:۱۱۳) اور تاکہ جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے ان کے دل (خوش نما باتوں) کی طرف مائل ہوں۔

وَإِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۝ (التحریم:۴) اور اگر نبی کے خلاف تم دونوں ایک دوسرے کی مدد کرتی رہیں تو بے شک اللہ نبی کا مددگار ہے اور جبرئیل اور نیک مسلمان اور اس کے بعد سب فرشتے بھی (ان کے) مددگار ہیں ۝

ظَهِيْرٌ عَوْنٌ تَظَاهَرُوْنَ تَعَاوَنُوْنَ۔ ظہیر کا معنی ہے: عون یعنی مددگار اور تظھرون کا معنی ہے: تم ایک دوسرے کی مدد کرتے ہو۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ (التحریم:۶) بِتَقْوَى اللّٰهِ وَأَدِّبُوهُمْ۔ اپنے اور اپنے گھر والوں کو (اس آگ سے) بچاؤ۔ اس کا معنی ہے تم اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کی وصیت کرو اور ان کو ادب سکھاؤ۔

اس تعلیق کی شرح علامہ عینی کی عبارت کے حوالہ سے اس سے پہلے گزر چکی ہے۔

۴۹۱۵۔ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ سَمِعْتُ عُبَيْدَ بْنَ حُنَيْنٍ يَقُولُ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ كُنْتُ أُرِيدُ أَنْ أَسْأَلَ عُمَرَ عَنِ الْمَرْأَتَيْنِ اللَّتَيْنِ تَظَاهَرَتَا عَلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ فَمَكَثْتُ سَنَةً فَلَمْ أَجِدْ لَهُ مَوْضِعًا حَتَّى خَرَجْتُ مَعَهُ حَاجًّا فَلَمَّا كُنَّا بِظَهْرَانَ ذَهَبَ عُمَرُ لِحَاجَتِهِ فَقَالَ أَدْرِكْنِي بِالْوَضُوءِ فَأَدْرَكْتُهُ بِالْإِدَاوَةِ فَجَعَلْتُ أَسْكُبُ عَلَيْهِ الْمَاءَ وَرَأَيْتُ مَوْضِعًا فَقُلْتُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ مَنِ الْمَرْأَتَانِ اللَّتَانِ تَظَاهَرَتَا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَمَا أَتْمَمْتُ كَلَامِي حَتَّى قَالَ عَائِشَةُ وَحَفْصَةُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحمیدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے عبید بن حنین سے سنا، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ارادہ کیا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ان دو عورتوں کے متعلق سوال کروں، جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کی تھی، پس میں ایک سال ٹھہرا رہا، مجھ کو (سوال کرنے کا) موقع نہیں ملا حتیٰ کہ میں حضرت عمر کے ساتھ حج کرنے کے لیے نکلا، پس جب ہم مقام ظہران پر پہنچے تو حضرت عمر قضاء حاجت کے لیے گئے، پس کہا: میرے وضوء کرنے کے لیے پانی لاؤ، میں ایک مشکیزہ میں پانی لے کر گیا، میں ان کے اوپر پانی ڈال رہا تھا، اس وقت مجھے (سوال کرنے کا) موقع ملا تو میں نے پوچھا: اے امیر المومنین! وہ دو عورتیں کون سی ہیں جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کی تھی؟ حضرت ابن عباس نے بتایا کہ ابھی میری بات پوری نہیں ہوئی تھی کہ حضرت عمر نے کہا: وہ حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہما ہیں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۸۹ میں گزر چکی ہے۔

۵۔ بَابٌ: عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗۤ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ۝ (التحریم: ۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اگر نبی نے تم کو طلاق دے دی تو عنقریب ان کا رب ان کو تمہارے بدلہ میں تم سے بہتر بیویاں دے دے گا جو فرماں بردار، ایمان دار، عبادت گزار، توبہ کرنے والیاں، عبادت کرنے والیاں، روزہ دار، شوہر دیدہ اور کنواریاں ہوں گی ○ (التحریم: ۵) کی تفسیر

ازواج مطہرات کے بدلہ میں آنے والی بہ فرض وقوع دیگر ازواج امہات المومنین سے کیسے بہتر ہو سکتی ہیں،

اس سوال کا جواب اور مسلمٰتٌ، مومنٰت وغیرہا صفات کے معانی

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

Marfat.com

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کی خبر دی ہے اور ازواج مطہرات کو ڈرایا ہے، یہ معنی نہیں ہے کہ واقع میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات سے بہتر آپ کی امت میں عورتیں موجود ہیں۔

علامہ زمخشری نے کہا ہے: یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ آپ کی ازواج کے بدلہ میں جن دیگر عورتوں سے نکاح کیا جائے وہ آپ کی ازواج سے بہتر ہوں حالانکہ روئے زمین پر آپ کی ازواج مطہرات اور امہات المومنین سے کوئی عورت بہتر نہیں ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج کی نافرمانی اور ان کی ایذا رسانی کی وجہ سے ان کو طلاق دے دیں گے تو وہ اپنی بہتری کی صفت پر قائم نہیں رہیں گی اور دیگر جن عورتوں سے بالفرض آپ کا عقد کیا جائے گا تو وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت اور آپ کی رضا کے مطابق زندگی گزارنے کی وجہ سے ان سے بہتر ہوں گی۔

مسلمٰتٌ مومنٰتٌ: اس کا معنی ہے: جو اسلام کا اقرار کریں گی اور اخلاص پر قائم رہیں گی۔

قٰنِتٰتٌ: دعا کرنے والیاں اور نماز پڑھنے والیاں۔

تٰٓئِبٰتٌ: گناہوں سے توبہ کرنے والیاں، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف رجوع کرنے والیاں اور اپنے نفس کی خواہشوں کو ترک کرنے والیاں۔

عٰبِدٰتٌ: اللہ تعالیٰ کی بہت زیادہ عبادت کرنے والیاں اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کر کے اپنے آپ کو جھکانے والیاں، اور عبد کا لفظ بھی عبادت سے ماخوذ ہے یعنی اللہ کے سامنے عاجزی کے ساتھ تذلل کرنے والا۔

سٰٓئِحٰتٌ: اس کا ایک معنی ہے روزہ رکھنے والیاں، اور کہا گیا ہے کہ اس کا معنی ہے: گناہوں سے ہجرت کرنے والیاں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۶۴، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۹۱۶۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ رضی اللہ عنہ اجْتَمَعَ نِسَاءُ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِي الْغَيْرَةِ عَلَيْهِ فَقُلْتُ لَهُنَّ عَسَى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ أَنْ يُبْدِلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِنْكُنَّ فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عمرو بن عون نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشیم نے حدیث بیان کی از حمید از حضرت انس رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج آپ پر غیرت کرنے میں جمع ہوئیں تو میں نے ان سے کہا: عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ (التحریم: ۵) اگر نبی نے تم کو طلاق دے دی تو عنقریب ان کا رب ان کو تمہارے بدلہ میں تم سے بہتر بیویاں دے دے گا۔ پس یہ آیت نازل ہوگئی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۰۲ میں گزر چکی ہے۔

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ التحریم کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور احادیث روایت کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ الملک کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

٦٧۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَةِ تَبٰرَكَ الَّذِیْ

سورۃ تَبٰرَكَ الَّذِیْ کی تفسیر

سورۃ تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورت تَبٰرَكَ کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اور صحیح بخاری کے بعض نسخوں میں سورۃ الملک مذکور ہے، یہ پوری سورت مکی ہے، یہ مقاتل کا قول ہے اور علامہ سخاوی نے کہا ہے: یہ سورۃ الحاقہ سے پہلے اور سورۃ الطور کے بعد نازل ہوئی ہے اور اس میں تیس (۳۰) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری، ج ۱۰، ص ۳۶۵)

التَّفَاوُتُ اِلاِخْتِلَافُ وَالتَّفَاوُتُ وَالتَّفَوُّتُ وَاحِدٌ۔ اَلتَّفَاوُت کا معنی ہے: الاختلاف، التفاوت اور التفوُّت دونوں کا معنی واحد ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مَاتَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ط (الملک: ۳) (اے مخاطب!) تو رحمٰن کے نظم تخلیق میں کوئی خلل نہیں دیکھے گا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے تفوُّت کی تفسیر اختلاف کی ہے اور یہ اشارہ کیا ہے کہ التفاوت اور التفوت دونوں کا معنی واحد ہے۔ جیسے التعہد اور التعاہد ہیں اور التطہر اور التطاہر ہیں، اور الکسائی اور حمزہ نے تفوُّت بغیر الف کے پڑھا ہے اور الفراء نے کہا ہے کہ یہ حضرت ابن مسعود کی قراءت ہے اور دوسروں نے الف کے ساتھ پڑھا ہے۔

تَمَیَّزُ تَقَطَّعُ۔ تَمَیَّزُ اس کا معنی ہے: وہ (غصہ کے سبب سے) پھٹ پڑے گی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

تَكَادُ تَمَیَّزُ مِنَ الْغَیْظِ ط (الملک: ۸) گویا وہ ابھی شدت غضب سے پھٹ جائے گی۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے تَمَیَّزُ کی تفسیر کی ہے: وہ غصہ سے پھٹ جائے گی اور اس کی ضمیر دوزخ کی طرف راجع ہے جس کا اس آیت میں ذکر ہے:

اِذَآ اُلْقُوْا فِیْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِیْقًا وَّهِیَ تَفُوْرُ ۝ (الملک: ۷) جب ان کو دوزخ میں جھونکا جائے گا تو وہ دوزخ کی خوف ناک چنگھاڑ سنیں گے اور وہ جوش میں آ رہی ہوگی ۝

اس کی یہ چنگھاڑ گدھے کی آواز کے مشابہ ہوگی اور وہ اس طرح جوش میں آ رہی ہوگی جس طرح پتیلی میں رکھا ہوا پانی جوش میں آتا ہے جب وہ پتیلی آگ پر رکھی ہو۔

مَنَاكِبِهَا جَوَانِبِهَا مَنَاكِبِهَا اس کا معنی ہے: زمین کی اطراف اور جوانب۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

فَامْشُوْا فِیْ مَنَاكِبِهَا وَ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ وَ اِلَیْهِ النُّشُوْرُ ۝ (الملک:۱۵) سو تم اس زمین کے راستوں میں چلو اور اس کی دی ہوئی روزی میں سے کھاؤ، اور اسی کی طرف سب نے اٹھ کر جانا ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مَنَاكِبِهَا کی تفسیر زمین کی جانبوں کے ساتھ کی ہے، اسی طرح الفراء نے اس کی تفسیر کی ہے اور المنکب کا اصل میں معنی جانب ہے، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور قتادہ نے اس کی تفسیر زمین کے پہاڑوں کے ساتھ کی ہے، اور مجاہد نے اس کی تفسیر زمین کے راستوں کے ساتھ کی ہے۔

تَدْعُوْنَ وَتَدْعُوْنَ وَاحِدٌ مِثْلُ تَذْكُرُوْنَ وَتَذْكُرُوْنَ۔ تَدْعُوْن اور تَدْعُوْن، تذکرون اور تَذْكُرُوْنَ کی مثل ہیں یعنی ان دونوں کا معنی واحد ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقِیْلَ هٰذَا الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ۝ (الملک:۲۷) اور کہا جائے گا: یہی ہے وہ جس کو تم بار بار طلب کرتے تھے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس تفسیر سے یہ اشارہ کیا ہے کہ ان دونوں لفظوں کا ایک معنی ہے اور قرآن مجید میں تَدْعُوْنَ کی قراءت نہیں ہے۔

وَيَقْبِضْنَ يَضْرِبْنَ بِأَجْنِحَتِهِنَّ۔ وَيَقْبِضْنَ: اس کا معنی ہے: وہ اپنے پروں کو مار کر سمیٹ لیتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ يَقْبِضْنَ ۛ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍۭ بَصِیْرٌ ۝ (الملک:۱۹) اور (کبھی) پر سمیٹے ہوئے پرندوں کو نہیں دیکھا، ان کو (فضاء میں) رحمٰن کے سوا کوئی روک نہیں سکتا، بے شک وہ ہر چیز کو خوب دیکھنے والا ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے يَقْبِضْنَ کی تفسیر کی ہے: وہ اپنے پروں کو مار کر سمیٹ لیتے ہیں، اس آیت کا معنی ہے کہ جس وقت پرندے فضاء میں پر پھیلاتے ہیں یا سمیٹتے ہیں ان کو اس حالت میں رحمٰن کے سوا کوئی گرنے سے روک نہیں سکتا۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ صَافَّاتٍ بَسْطُ أَجْنِحَتِهِنَّ۔ اور مجاہد نے کہا صٰٓفّٰتٍ کا معنی ہے: پرندوں کا اپنے پروں کو پھیلانا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ۔ (الملک:۱۹) کیا انہوں نے اپنے اوپر (کبھی) پر پھیلائے ہوئے پرندوں کو نہیں دیکھا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی جب پرندے پر پھیلائے ہوئے فضاء میں اڑتے ہیں اور کبھی اڑتے ہوئے پر سمیٹ لیتے ہیں۔

وَنُفُوْرُ الْكُفُوْرُ۔ نُفُوْر اس کا معنی ہے: کفر اور سرکشی سے بھاگنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

بَلْ لَّجُّوْا فِیْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ۝ (الملک:۲۱) بلکہ کافر اپنی سرکشی میں اور نفرت میں راسخ ہو چکے ہیں ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: عُتُوٌّ کا معنی ہے: گمراہی میں بڑھتے جانا اور نفور کا معنی ہے: حق سے متنفر ہو کر بھاگنا۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۶۶۔۳۶۵ میں کی ہے]

Marfat.com

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الملک کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہوگئی، سورۃ الملک کی تفسیر میں امام بخاری نے کوئی حدیث روایت نہیں کی۔

اب ان شاء اللہ تعالیٰ سورۂ نون والقلم کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور احادیث روایت کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۶۸ ۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ نٓ

سورۂ نٓ والقلم کی تفسیر

سورۂ ن والقلم کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۂ ن والقلم کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اور مقاتل نے کہا: یہ پوری سورت مکی ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا ہے: اس سورت کا اول حصہ سَنَسِمُهٗ (القلم:۱۶) تک مکی ہے اور اس کے بعد لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ (القلم: ۳۳) تک مدنی ہے، علامہ سخاوی نے کہا ہے کہ یہ سورۃ المزمل کے بعد اور سورۃ المدثر سے پہلے نازل ہوئی ہے۔ مفسرین کا نون کے معنی میں اختلاف ہے، مجاہد، مقاتل اور سدی اور دوسروں سے منقول ہے کہ اس کا معنی مچھلی ہے اور حضرت ابن عباس سے بھی یہ ایک روایت ہے، اور دوسرا قول یہ ہے کہ النون ایک دواء ہے اور یہ بھی حضرت ابن عباس سے ایک روایت ہے اور عطاء سے روایت ہے کہ نون اللہ تعالیٰ کے ان اسماء کا پہلا حرف ہے: نور، ناصر اور نصیر اور جعفر سے روایت ہے کہ نون جنت میں ایک نہر ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۶۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَتَخَافَتُوْنَ يَتَنَاجَوْنَ السِّرَارَ وَالْكَلَامَ الْخَفِيَّ۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: يَتَخَافَتُوْنَ کا معنی ہے: وہ چپکے چپکے سرگوشی کر رہے تھے اور خفیہ باتیں کر رہے تھے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ۝ (القلم: ۲۳)

پھر وہ چپکے چپکے باتیں کرتے ہوئے چل پڑے ○

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: یہ تعلیق صرف ابوذر کے نسخہ میں ہے اور دوسروں نے اس کو کتاب التوحید میں ذکر کیا ہے۔

(فتح الباری ج ۶ ص ۸۰)

وَقَالَ قَتَادَةُ حَرْدٍ جِدٍّ أَنْفُسِهِمْ۔

اور قتادہ نے کہا: حَرْدٌ کا معنی ہے: دل و جان سے کوشش کرنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ۝ (القلم: ۲۵)

پھر وہ خود کو اپنے فیصلہ پر قادر سمجھتے ہوئے سویرے سویرے چل دیئے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے حَرْدٌ کی تفسیر کی ہے: کسی کام میں بہت زیادہ مبالغہ سے کوشش کرنا، علامہ ابن التین نے کہا ہے کہ بعض اصول کے مطابق یہ لفظ جَدٌّ ہے جیسا کہ امام عبدالرزاق نے اپنی تفسیر میں روایت کی ہے، اس آیت کا خلاصہ یہ ہے کہ انہوں نے یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ وہ اس باغ سے کسی سائل کو کچھ نہیں دیں گے اس لیے وہ صبح صبح اس ارادہ سے چلے جیسے وہ باغ کے سارے پھل توڑنے پر قادر ہیں۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَضَالُّونَ أَضْلَلْنَا مَكَانَ جَنَّتِنَا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: لضالون کا معنی ہے: ہم نے اپنے باغ کی جگہ کو گم کر دیا یا ہم اس کو بھول گئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَمَّا رَأَوْهَا قَالُوا إِنَّا لَضَالُّونَ ﴿٢٦﴾ (القلم:۲۶)

پھر جب انہوں نے اس کٹے ہوئے باغ کو دیکھا تو کہا: ہم ضرور راستہ بھول گئے ہیں ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ ہم اپنے باغ کی جگہ کو بھول گئے ہیں، امام ابن ابی حاتم نے بھی اس آیت کی اسی طرح تفسیر کی ہے۔

فَلَمَّا رَأَوْهَا: میں ہاء ضمیر جنت یعنی باغ کی طرف لوٹ رہی ہے جو درج ذیل آیت میں مذکور ہے:

إِنَّا بَلَوْنَاهُمْ كَمَا بَلَوْنَا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ ۚ إِذْ أَقْسَمُوا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِينَ ﴿١٧﴾ (القلم:۱۷)

ہم نے ان کی اس طرح آزمائش کی جس طرح ہم نے باغ والوں کی آزمائش کی تھی جب انہوں نے قسم کھائی کہ وہ ضرور صبح کو اس کے پھل کاٹیں گے ○

یعنی ہم نے اہل مکہ کا امتحان لیا ہے اور ان کو قحط اور بھوک میں مبتلا کر کے ان کی اس طرح آزمائش کی ہے جس طرح ہم نے باغ والوں کی آزمائش کی تھی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ یہ باغ یمن میں تھا، اس کو الضروان کہا جاتا تھا، یہ صنعاء سے دو فرسخ کے فاصلہ پر تھا، انہوں نے قسم کھائی تھی کہ وہ اس باغ کی کھجوروں کو صبح ہونے سے پہلے اندھیرے میں کاٹ لیں گے تاکہ مسکین مانگنے کے لیے اس باغ کی طرف نہ آ جائیں تو اللہ تعالیٰ نے آسمان سے آگ بھیجی جس نے اس باغ کو جلا دیا اور اس وقت وہ سوئے ہوئے تھے، پھر جب وہ صبح کو اٹھے اور اس باغ کی طرف دیکھا تو انہوں نے کہا: ہم ضرور راستہ بھول گئے ہیں، یہ ہمارا باغ نہیں ہے۔

علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ

حافظ ابن حجر عسقلانی نے کہا ہے کہ بعض شارحین کا یہ گمان ہے کہ یہ لفظ اضللنا نہیں ہے بلکہ ضللنا ہے، یہ اس وقت کہا جاتا ہے جب تم کوئی چیز رکھ کر بھول جاؤ کہ تم نے کہاں رکھی ہے اور وہ تمہیں نہ ملے اور اضللت الشیئ اس وقت کہا جاتا ہے جب تم کسی چیز کو ضائع کر دو۔ حافظ ابن حجر ان بعض شارحین کا رد کرتے ہیں کہ اس تعلیق میں جو اضللنا کا لفظ ہے وہ بھی درست ہے اور اس کا معنی ہے: ہم نے اس شخص کی طرح کام کیا جو کسی کام کو ضائع کر دے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۸۰)

علامہ عینی لکھتے ہیں: حافظ ابن حجر کی بعض شارحین سے مراد حافظ الدمیاطی ہیں، جنہوں نے کہا کہ یہاں اضللنا کی بجائے ضللنا ہونا چاہیے تھا، ان کا قول لغت کے موافق ہے اور حافظ ابن حجر نے جو حافظ دمیاطی کا رد کیا ہے وہ بہت بعید ہے کیونکہ یہاں پر باغ والوں کا صرف یہ عمل تھا کہ وہ صبح سویرے باغ کی طرف چلے گئے تھے اور ان کا اس میں کوئی ایسا عمل نہیں تھا جو اس شخص کے عمل کی طرح ہو جس نے اپنے عمل سے کسی چیز کو ضائع کر دیا ہو۔

وَقَالَ غَيْرُهُ كَالصَّرِيمِ كَالصُّبْحِ انْصَرَمَ مِنَ اللَّيْلِ وَاللَّيْلِ انْصَرَمَ مِنَ النَّهَارِ وَهُوَ أَيْضًا كُلُّ رَمْلَةٍ انْصَرَمَتْ مِنْ مُعْظَمِ الرَّمْلِ وَالصَّرِيمُ أَيْضًا الْمَصْرُومُ مِثْلُ قَتِيلٍ وَمَقْتُولٍ۔

اور حضرت ابن عباس کے علاوہ دوسروں نے کہا: کالصریم کا معنی ہے کالصبح یعنی وہ باغ کٹے ہوئے کھیت کی طرح ہو گیا جس طرح صبح رات سے منقطع ہوتی ہے اور رات دن سے منقطع ہوتی ہے، نیز ریت کا ہر وہ چھوٹا ٹیلا جو بڑے ٹیلہ سے منقطع ہو اس کو بھی صَرِیم

Marfat.com

کہا جاتا ہے اور نیز صَرِیم، مصدر صرم کے معنی میں بھی ہے یعنی کٹا ہوا جیسے قتیل مقتول کے معنی میں ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ۝ (القلم:۲۰) پھر وہ پھل دار باغ کٹے ہوئے باغ کی طرح ہو گیا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی وہ مذکورہ باغ کٹے ہوئے باغ یا کھیت کی طرح ہو گیا اور صَرِیم کے مادہ میں کٹنے کا معنی ملحوظ ہے، امام بخاری نے تین مثالیں دی ہیں جیسے صبح رات سے منقطع ہوتی ہے اور رات دن سے منقطع ہوتی ہے اور چھوٹا ٹیلا بڑے ٹیلے سے منقطع ہوتا ہے۔

مَكْظُوْمٌ وَ كَظِيْمٌ مَغْمُوْمٌ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ تَرْخُصُ فَيَرْخُصُوْنَ۔

مکظوم اور کظیم، اس کا معنی ہے: مغموم یعنی جس نے اپنے غم اور غصہ کو پی لیا ہو اور تدھن فیدھنون اس کا معنی ہے کہ آپ رخصت پر عمل کریں تو وہ بھی رخصت پر عمل کریں گے یعنی آپ مداہنت کریں تو وہ بھی مداہنت کریں گے۔

امام بخاری نے تعلیق کے دوسرے جز سے اس آیت کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ۝ (القلم:۹) انہوں نے یہ چاہا کہ اگر آپ (دین میں) نرمی کریں تو وہ بھی نرم ہو جائیں گے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری کی تفسیر کے مطابق حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور عطیہ اور ضحاک سے بھی یہ تفسیر مروی ہے۔ اور کلبی سے یہ تفسیر منقول ہے کہ اگر آپ ان کے لیے نرم ہوں تو وہ بھی نرم ہو جائیں گے اور حسن بصری سے یہ منقول ہے کہ اگر آپ اپنے دین میں کوئی تحریف کریں تو وہ بھی اپنے دین میں تحریف کریں گے۔ تعلیق کے پہلے جز میں درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ ۘ اِذْ نَادٰى وَهُوَ مَكْظُوْمٌ ۝ (القلم:۴۸) اور آپ مچھلی والے کی طرح نہ ہو جائیں جنہوں نے اپنے رب کو حالت غم میں پکارا تھا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مکظوم اور کظیم کی تفسیر کی ہے: مغموم اور اس میں یہ اشارہ کیا ہے کہ ان دونوں لفظوں کا ایک معنی ہے۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۲۶۷۔۲۶۶ میں کی ہے]

۱۔ بَابٌ: عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ۝ (القلم: ۱۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بہت بدخو، ان سب کے بعد نطفہ حرام ہے ۝ (القلم: ۱۳) کی تفسیر

عتل اور زنیم کے معانی

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

العتل کا معنی ہے: سخت جھگڑالو اور منافق، یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے اور عبید بن عمیر سے منقول ہے: العتل وہ شخص ہے جو بہت زیادہ کھاتا اور پیتا ہو: میزان میں اس کا وزن ایک جو کے برابر بھی نہیں ہوگا، فرشتہ اس کو جہنم میں دھکا دے گا تو وہ ستر ہزار (فرسخ یا ذراع، حدیث میں اس کا بیان نہیں ہے) کی گہرائی تک گر جائے گا اور زنیم وہ شخص ہے جس کی اصل نہ ہو، دوسرا

Marfat.com

قول ہے: اس کا معنی ہے: کینہ پرور یعنی بغض رکھنے والا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۶۸)

۴۹۱۷۔ حَدَّثَنَا مَحْمُودٌ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ أَبِي حَصِينٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما عُتُلٍّ بَعْدَ ذَلِكَ زَنِيمٍ قَالَ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ لَهُ زَنَمَةٌ مِثْلُ زَنَمَةِ الشَّاةِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمود نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: ہمیں عبیداللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی از اسرائیل از ابی حصین از مجاہد از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، انہوں نے عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ کی تفسیر میں کہا: یہ قریش کا ایک مرد تھا جس کے کان پر گوشت کا ایک ٹکڑا لٹک رہا ہوتا تھا جیسے بکری کے کان پر گوشت کا ٹکڑا لٹکا ہوا ہوتا ہے۔

زنیم کے مصداق کا بیان

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس میں اختلاف ہے کہ اس صفت قبیحہ سے موسوم کون شخص تھا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ یہ شخص الولید بن مغیرہ المخزومی تھا اور عطاء اور السدی نے کہا: یہ شخص الاخنس بن شریق تھا اور مجاہد نے کہا: یہ الاسود بن عبد یغوث تھا اور مجاہد سے مروی ہے کہ الولید کے ہر ہاتھ میں چھ انگلیاں تھیں، ایک انگلی زائد تھی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۶۸، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۹۱۸۔ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ الْخُزَاعِيَّ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ كُلُّ ضَعِيفٍ مُتَضَعَّفٍ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللهِ لَأَبَرَّهُ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ النَّارِ كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ۔
(صحیح مسلم: ۲۸۵۳، سنن ترمذی: ۲۶۵۰، سنن ابن ماجہ: ۴۱۱۶)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابونعیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از معبد بن خالد، انہوں نے کہا: میں نے حارثہ بن وہب الخزاعی سے سنا، انہوں نے کہا: میں نے نبی ﷺ سے سنا، آپ فرما رہے تھے: کیا میں تم کو اہل جنت کی خبر نہ دوں، وہ بہت زیادہ کم زور شخص ہوتا ہے لیکن اگر اللہ تعالیٰ پر کسی کام کے کرنے کی قسم کھالے تو اللہ تعالیٰ وہ کام کر کے اس کو ضرور اس کی قسم میں سچا کر دیتا ہے اور کیا میں تم کو اہل دوزخ کی خبر نہ دوں وہ ہر بد خصلت بھاری جسم والا اور متکبر ہوتا ہے۔

ضعیف سے مراد متواضع اور متذلل ہے اور عتل سے مراد بد خصلت اور متکبر ہے

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

بہت کم زور شخص ہوتا ہے: یعنی دنیا میں اس کے ظاہری ضعف کی وجہ سے لوگ اس کو بہت کم زور اور حقیر سمجھتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ اتنا عالی مرتبہ ہوتا ہے کہ اگر وہ اللہ تعالیٰ کے کرم پر امید رکھتے ہوئے یہ قسم کھالے کہ اللہ تعالیٰ فلاں کام کرے گا تو اللہ تعالیٰ وہ کام کر کے اس کو اس کی قسم میں سچا کر دیتا ہے اور دوسری تفسیر یہ ہے کہ اگر وہ اللہ تعالیٰ سے کوئی دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا ضرور قبول فرماتا ہے، اور ضعیف سے مراد یہ ہے کہ وہ شخص متواضع اور منکسر المزاج ہو۔

عُتُلّ: اس کا معنی ہے: جو سخت مزاج ہو اور دوسرا قول ہے: جو ہر چیز میں سختی کرتا ہو، اور تیسرا قول ہے: کافر۔ علامہ داؤدی نے کہا: یہ بہت موٹا شخص ہے جس کی گردن لمبی اور پیٹ بڑا ہو، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ بہت زیادہ کھانے پینے والا ہو۔

الجواظ: اس کا معنی ہے: جو برا کام کرنے کے لیے بہت زور کی آواز نکالے، اور کہا گیا ہے: اس کا معنی ہے: جو تکبر کرنے والا

Marfat.com

ہو اور ناز نخرے سے چلتا ہو، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ جس پر گوشت بہت زیادہ ہو۔
یہ مراد نہیں ہے کہ ہر جنتی اور ہر دوزخی ایسا ہوگا بلکہ مراد یہ ہے کہ اکثر اہل جنت اور اکثر اہل دوزخ اس صفت پر ہوں گے۔
(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۶۹، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۲۔ بَابٌ: يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ۔ (القلم: ۴۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جس دن پنڈلی کھول دی جائے گی۔ (القلم: ۴۲) کی تفسیر

کشف ساق یعنی پنڈلی کھولنے کا معنی

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:
یعنی قیامت کو اس کی پنڈلی سے کھول دیا جائے گا، دوسرا قول ہے: اس سے مراد بہت بھاری اور سخت امر ہے اور وہ دنیا سے جانا اور آخرت کی طرف متوجہ ہونا ہے، یہ عرب کے محاورہ کے مطابق ہے کہ جب کوئی بہت اہم اور سخت کام کرنا ہو تو عرب کہتے ہیں: اس نے اپنی پنڈلی سے پائنچے اوپر کر لیے یعنی پنڈلی کھول دی، پس پنڈلی کا کھولنا کسی سخت اور دشوار کام سے استعارہ ہے ورنہ حقیقت میں وہاں پنڈلی کا کھولنا نہیں ہوتا اور عرب اس سال کو کہتے ہیں جس میں زیادہ لڑائیاں ہوں، اس سال نے اپنی پنڈلی کھول دی یعنی اس سال میں بہت سخت اور دشوار کام ہوئے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۶۹)

۴۹۱۹۔ حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ رضی الله عنه قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ يَكْشِفُ رَبُّنَا عَنْ سَاقِهِ فَيَسْجُدُ لَهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ فَيَبْقَى كُلُّ مَنْ كَانَ يَسْجُدُ فِي الدُّنْيَا رِيَاءً وَسُمْعَةً فَيَذْهَبُ لِيَسْجُدَ فَيَعُودُ ظَهْرُهُ طَبَقًا وَاحِدًا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں آدم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں لیث نے حدیث بیان کی از خالد بن یزید از سعید بن ابی ہلال از زید بن اسلم از عطاء بن یسار از حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے، آپ فرما رہے تھے: ہمارا رب اپنی پنڈلی سے (کپڑا) کھولے گا تو ہر مومن مرد اور ہر مومن عورت سجدے میں گر جائیں گے اور وہ لوگ باقی رہ جائیں گے جو دنیا میں دکھانے اور سنانے یعنی ریاکاری کے لیے سجدہ کرتے تھے، وہ سجدہ کرنا چاہیں گے لیکن ان کی پیٹھ اکڑ کر ایک تختہ کی طرح ہو جائے گی (وہ جھک نہیں سکیں گے)۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۲ میں گزر چکی ہے۔

کشف ساق کے متعلق علماء کے دو مذہب اور متکلمین کی تاویلات، اور تکلیف مالا یطاق کا ناجائز ہونا

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:
ہمارا رب اپنی پنڈلی سے (کپڑا) کھولے گا: یہ حدیث متشابہات میں سے ہے۔ اہل علم کے اس میں دو مذہب ہیں، اکثر سلف یا تمام سلف کا مذہب یہ ہے کہ وہ اس معاملہ کو اللہ تعالیٰ کی طرف مفوض کر دیتے ہیں اور اس پر ایمان لاتے ہیں اور اس معنی کا اعتقاد رکھتے ہیں جو اللہ عزوجل کی شان کے لائق ہے، دوسرا مذہب بعض متکلمین کا ہے، وہ اس کی اللہ تعالیٰ کی شان کے لائق تاویل کرتے ہیں اور یہ تاویل کرنا صرف اس کے لیے جائز ہے جو اس کا اہل ہو اور زبان عرب کا جاننے والا ہو اور اصول و فروع کے قواعد کی معرفت رکھتا ہو، پس انہوں نے

Marfat.com

کہا: ساق (پنڈلی) سے مراد یہاں پر شدت ہے یعنی اللہ تعالیٰ شدت کو کھول دے گا اور جو چیز خوف میں مبتلا کر رہی ہو اس کو زائل کر دے گا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اسی طرح تفسیر کی ہے اور قاضی عیاض نے کہا کہ ساق سے مراد عظیم نور ہے اور حضرت ابوموسیٰ اشعری نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے، آپ نے فرمایا: جس دن اللہ تعالیٰ پنڈلی کھولے گا، آپ نے فرمایا: یہ وہ عظیم نور ہے جس کے سامنے سب سجدہ کریں گے اور حضرت عبداللہ نے فرمایا: یہ رب العزت کے پردے ہیں جن کو وہ قیامت کے دن مومن کے لیے کھولے گا۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے رب کو قیامت کے دن کس طرح پہچانو گے، مسلمانوں نے کہا: ہمارے اور ہمارے رب کے درمیان ایک علامت ہے، جب ہم اس علامت کو دیکھیں گے تو اس کو پہچان لیں گے، آپ نے پوچھا: کون سی علامت ہے؟ تو انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ اپنی پنڈلی سے (کپڑا) کھولے گا تو تمام مومنین سجدہ میں گر جائیں گے، قاضی عیاض نے کہا: ساق (پنڈلی) کا وہی انکار کرے گا جو الید (ہاتھ) اور القدم اور الوجہ (چہرہ) کا انکار کرتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی تمام صفات کو معطل قرار دیتا ہے۔

علامہ ابن الجوزی نے کہا ہے کہ کشف الساق کا معنی ہے کہ اللہ تعالیٰ مومنین سے شدت اور سختیوں کو کھول دے گا، پس وہ سب شکر کا سجدہ کریں گے۔

اور حضرت ابوموسیٰ کی حدیث سے یہ استدلال کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے حجابات کو کھول دے گا، پس مومنین اللہ کو دیکھیں گے۔

اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو لوگ رب العالمین کے سامنے چالیس سال تک کھڑے رہیں گے، پس اس وقت اللہ تعالیٰ پنڈلی کھولے گا اور ان کے لیے تجلی فرمائے گا۔

اور بعض علماء نے اس کی یہ تاویل کی ہے کہ اللہ تعالیٰ بعض مخلوقین کی پنڈلی کو کھولے گا یعنی فرشتوں وغیرہم کی پنڈلیوں کو کھولے گا۔

ابوالعباس نحوی نے کہا ہے کہ ساق سے مراد نفس اور ذات ہے جیسے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا: میں ضرور خوارج سے قتال کروں گا خواہ میری پنڈلی ضائع ہو جائے، سو یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کشف ساق سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات کی مومنین کے لیے تجلی ہے اور پردوں کو کھولنا ہے حتیٰ کہ جب مومنین اس کو دیکھیں گے تو اس کو سجدہ کریں گے۔ اگر تم یہ سوال کرو کہ قیامت تو دار الجزاء ہے دار العمل نہیں ہے، پھر وہاں سجدہ کس لیے ہوگا، اس کا جواب یہ ہے کہ یہ سجدہ بہ طور تکلیف نہیں ہوگا بلکہ بہ طور تلذذ ہوگا اور اللہ تعالیٰ سے تقرب کے لیے ہوگا۔

ان کی پیٹھ اکڑ کر ایک تختہ کی طرح ہو جائے گی: یعنی وہ اپنی کمر کو جھکا نہیں سکیں گے اور موڑ نہیں سکیں گے، پس وہ اللہ تعالیٰ کو سجدہ نہیں کر سکیں گے، اور ایک طویل حدیث میں مذکور ہے، پس مومنین اپنے چہروں کے بل پر سجدہ میں گر پڑیں گے اور ہر منافق اپنی پیٹھ کے بل پر گرے گا اور منافق سجدہ نہیں کر سکیں گے اور ان کی پیٹھ سلاخ کی طرح ہو جائے گی۔ علامہ نووی نے کہا ہے: قرآن مجید میں ہے:

يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّ يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۝ (القلم: ۴۲) جس دن پنڈلی کھول دی جائے گی اور ان کو سجدہ کے لیے بلایا جائے گا تو وہ سجدہ نہ کر سکیں گے ○

علامہ نووی نے اس سے یہ استدلال کیا ہے کہ بندہ جس کام کی طاقت نہ رکھتا ہو تو بندہ کو اس کام کا مکلف کرنا جائز ہے، علامہ عینی فرماتے ہیں: یہ استدلال باطل ہے کیونکہ آخرت دار تکلیف نہیں ہے اور ان کو امتحان کے واسطے سجدہ کے لیے بلایا جائے گا اور ان کو اس کا مکلف نہیں کیا جائے گا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۶۷۔۳۶۹، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ القلم کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور احادیث روایت کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ الحاقہ کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۶۹ ۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْحَاقَّۃِ

سورۃ الحاقہ کی تفسیر

سورۃ الحاقہ کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الحاقہ کی بعض آیات کی تفسیر ہے اور تمام مفسرین کے نزدیک یہ سورت مکی ہے، علامہ سخاوی نے کہا: یہ سورت سورۃ المعارج سے پہلے اور سورۃ الملک کے بعد نازل ہوئی ہے، اس سورت میں باون (۵۲) آیات ہیں۔

اس سورت کا نام الحاقہ اس لیے رکھا گیا ہے کہ اس سورت میں ثواب اور عقاب سے متعلق حقائق اعمال کو بیان کیا گیا ہے۔

حُسُوْمًا مُتَتَابِعَۃً۔ حسومًا کا معنی ہے: لگاتار اور پے در پے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا (الحاقہ: ۷) (اللہ نے) اس آندھی کو ان پر مسلسل سات راتیں اور آٹھ دن تک مسلط رکھا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے حسومًا کی تفسیر متتابعہ یعنی لگاتار کی ہے، اس کا معنی ہے: وہ کام جس کے درمیان انقطاع نہ ہو، یہ حسم الکی سے ماخوذ ہے یعنی کسی کو لگاتار داغ لگایا جائے، الکلبی نے کہا: اس کا معنی ہے: دائمہ اور الضحاک نے کہا: اس کا معنی ہے: کاملہ، وہ آندھی ان سے منقطع نہیں ہوئی حتیٰ کہ ان سب کو فنا کر دیا اور خلیل نے کہا: اس آندھی نے ان کی جڑ کاٹ کر رکھ دی اور آیت میں حسومًا پر نصب بہ طور حال ہے۔

قَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ عِيْشَةٍ رَاضِيَةٍ يُرِيْدُ فِيْهَا الرِّضَا۔ اور ابن جبیر نے کہا: عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۙ (الحاقہ: ۲۱) اس کا معنی ہے جو اس زندگی میں رضا کا ارادہ کرے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۙ (الحاقہ: ۲۱) پس وہ پسندیدہ زندگی میں ہوگا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: سعید بن جبیر نے اس آیت کی تفسیر میں کہا کہ رضا سے مراد ہے: ذات رضا یعنی راضی ہونے والا جیسے تامر سے مراد ہے: کھجور والا اور لابن سے مراد ہے: دودھ والا، اس زندگی کو راضیہ اس لیے فرمایا کہ وہ رضا کی طرف منسوب ہوگی، اصل تو راضی وہ شخص ہوگا جو اس زندگی میں ہوگا، پس زندگی کی طرف رضا کی نسبت اسناد مجازی عقلی ہے۔

آخرت میں جو اجر و ثواب ہوگا وہ اس لیے پسندیدہ ہوگا کہ اس کے ساتھ رنج کی آزمائش نہیں ہوگی اور وہ ثواب دائمی ہوگا۔

اَلْقَاضِيَةَ الْمَوْتَةَ الْاُوْلَى الَّتِيْ مُتُّهَا لَمْ اُحْيَ بَعْدَهَا۔ القاضیہ: کا معنی ہے: وہ پہلی موت جس میں میں مر جاتا، پھر اس کے بعد مجھے زندہ نہ کیا جاتا۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ۝ اے کاش وہی (موت) میرا کام پورا کر دیتی o میرا مال میرے کسی کام نہ آیا o (الحاقہ: ۲۷۔۲۸)

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ کاش پہلی موت ہی میرے معاملہ کو منقطع کرنے والی ہوتی اور میں اس کے بعد کبھی زندہ نہ کیا جاتا نہ اس کے بعد مرنے کے دوبارہ اٹھنا ہوتا اور نہ اعمال کا بدلہ ہوتا، قتادہ نے کہا: وہ اس وقت موت کی تمنا کرے گا حالانکہ زندگی میں اس کے نزدیک موت سے بڑھ کر کوئی چیز ناپسندیدہ نہیں تھی۔

مِنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِيْنَ أَحَدٌ يَكُوْنُ لِلْجَمْعِ وَلِلْوَاحِدِ۔ مِنْ اَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِيْنَ: یعنی احدٌ کا لفظ جمع اور واحد دونوں کے لیے ہوتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حٰجِزِيْنَ ۝ (الحاقہ: ۴۷) پھر تم میں سے کوئی بھی ان کو بچانے والا نہ ہوتا o

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری کی غرض یہ ہے کہ لفظ اَحَد واحد اور جمع دونوں کی صلاحیت رکھتا ہے کیونکہ اس آیت میں احد کا لفظ نفی کے بعد ہے، ان آیات کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر محمد اللہ کے سچے رسول نہ ہوتے اور اللہ تعالیٰ کی طرف جھوٹ منسوب کرتے تو ان پر العیاذ باللہ، اللہ کا ایسا عذاب آتا کہ تم سب مل کر بھی ان کو اس عذاب سے بچا نہ سکتے اور جب ایسا عذاب نہیں آیا تو معلوم ہو گیا کہ آپ اللہ تعالیٰ کے سچے رسول ہیں اور برحق نبی ہیں۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْوَتِيْنَ نِيَاطُ الْقَلْبِ۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: الوتین: کا معنی ہے: دل کی رگ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ ۝ (الحاقہ: ۴۶) پھر ہم ضرور ان کی شہ رگ کاٹ دیتے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: نیاط القلب کا معنی ہے: شہ رگ، جب وہ کٹ جائے تو موت واقع ہو جاتی ہے۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ طَغَى كَثُرَ وَيُقَالُ بِالطَّاغِيَةِ بِطُغْيَانِهِمْ وَيُقَالُ طَغَتْ عَلَى الْخَزَّانِ كَمَا طَغَى الْمَاءُ عَلَى قَوْمِ نُوْحٍ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: طَغٰی کا معنی ہے: بہت زیادہ ہو گیا اور الطاغیہ کا معنی ہے: ان کے طغیان اور سرکشی کی وجہ سے، اور کہا جاتا ہے: وہ ہوا الخزان پر ہے یعنی ہوا کے فرشتوں پر بڑھ گئی جیسے حضرت نوح علیہ السلام کی قوم پر پانی بڑھ گیا تھا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ۝ (الحاقہ: ۱۱) بے شک جب پانی میں طغیانی آ گئی تو ہم نے تمہیں کشتی میں سوار کر دیا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے طغٰی کی تفسیر کی ہے بِکَثُرَ یعنی جب پانی بہت زیادہ ہو گیا اور حد سے بڑھ گیا اور اس میں طغیانی آ گئی، امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ طغٰی کا لفظ تین معانی کے لیے آتا ہے، ایک معنی ہے: زیادہ ہونا جیسا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت نوح علیہ السلام کے قصہ میں بیان کیا کہ جب پانی بہت زیادہ ہو گیا، اور اس کا دوسرا معنی ہے حد سے بڑھ جانا جیسے قوم ثمود اپنی نافرمانی میں حد سے بڑھ گئی تھی، اس کی طرف امام بخاری نے طغیان اور سرکشی سے اشارہ کیا ہے اور تیسرا معنی ہے: ہوا کا حد سے

Marfat.com

بڑھ جانا، اس کی طرف امام بخاری نے اس عبارت سے اشارہ کیا ہے کہ ہوا خزان یعنی ہوا کے فرشتوں پر بڑھ گئی اور قرآن مجید میں ہے:

وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۝ (الحاقۃ:۶) اور رہے عاد تو ان کو گرجتی ہوئی تیز آندھی سے ہلاک کر دیا گیا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: الخزان، الخازن کی جمع ہے اور آندھیوں کے لیے فرشتے محافظ ہیں جو اس کو ایک مقدار سے روانہ کرتے ہیں لیکن جب قوم عاد نے حد سے زیادہ سرکشی کی تو اللہ تعالیٰ نے ان پر ایسی آندھی بھیجی جو آندھی کے فرشتوں کے لیے حد سے زیادہ تھی۔

وَغِسْلِيْنٍ مَا يَسِيْلُ مِنْ صَدِيْدِ أَهْلِ النَّارِ۔ غِسلین کا معنی ہے: دوزخیوں کی جو پیپ بہتی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ۝ (الحاقۃ:۳۶) اور نہ (دوزخیوں کی) پیپ کے سوا کوئی طعام ہے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے غسلین کی جو تفسیر کی ہے وہ الفراء کا قول ہے اور الثعلبی نے کہا ہے: گویا کہ وہ ان کے چھالوں اور زخموں سے نکلنے والا پانی ہے اور ضحاک اور ربیع سے منقول ہے: غسلین ایک درخت ہے جس سے دوزخی کھائیں گے اور یہ صرف علامہ نسفی کی تفسیر میں ہے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ مِنْ غِسْلَيْنٍ كُلِّ شَيْءٍ غَسَلْتَهُ فَخَرَجَ مِنْهُ شَيْءٌ فَهُوَ غَسْلَيْنٌ فِعْلَيْنٌ مِنَ الْغَسْلِ مِنَ الْجَرْحِ وَالدُّبُرِ۔ اور دوسروں نے کہا: غسلین کا معنی ہے: ہر چیز جس کو تم دھوؤ، پھر اس میں سے کوئی چیز نکلے تو وہ غسلین ہے۔ یہ الغسل سے فعلین کا وزن ہے یعنی جو پانی زخم سے اور مقعد سے نکلتا ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی الفراء کے علاوہ دوسروں نے کہا، اور یہ صحیح بخاری کے نسخہ لکھنے والے سے رہ گیا اور اگر اس کو مقدر نہ مانا جائے تو کلام درست نہیں ہوگا۔

أَعْجَازُ نَخْلٍ أُصُولُهَا۔ اَعْجَازُ نَخْلٍ اس کا معنی ہے: کھجور کے تنے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝ (الحاقۃ:۷) پس (اے مخاطب!) تم دیکھتے کہ یہ لوگ زمین پر کھجور کے کھوکھلے تنوں کی طرح گر گئے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الاعجاز کی تفسیر کی ہے: کھجور کے درخت کے اصول یعنی اس کے تنے اور خاویہ کا معنی ہے ساقطۃ یعنی گرے ہوئے، یہ بھی صرف علامہ نسفی کی تفسیر میں ہے۔

بَاقِيَةٍ بَقِيَّةٍ۔ بَاقِيَةٍ اس کا معنی ہے: بقیہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ۝ (الحاقۃ:۸) کیا اب تمہیں ان میں سے کوئی باقی نظر آ رہا ہے؟ ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے باقیۃ کی تفسیر بقیہ کی ہے اور یہ بھی صرف علامہ نسفی کی تفسیر میں ہے۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۷۳۔۳۷۱ میں کی ہے]

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الحاقۃ کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہو گئی، امام بخاری نے اس سورت میں کوئی حدیث روایت نہیں کی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ المعارج کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۷۰۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْمَعَارِجِ

سورۃ المعارج کی تفسیر

سورۃ المعارج کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ المعارج کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس سورت کا نام سورۃ سَاَلَ سَائِلٌ بھی ہے، اس سورت میں چوالیس (۴۴) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۳۷۳)

الْفَصِیلَۃُ أَصْغَرُ آبَائِہِ الْقُرْبَیٰ إِلَیْہِ یَنْتَمِی مَنْ انْتَمَیٰ۔ الفصیلۃ اس کا معنی ہے: اس کے قریبی آباء کے سب سے چھوٹے لوگ، یَنْتَمِیْ کا مصدر انتمیٰ ہے یعنی جس کی طرف وہ منسوب ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَفَصِیْلَتِہِ الَّتِیْ تُـْٔوِیْہِ ۝ (المعارج: ۱۳) اور اپنے اس رشتہ دار کا جو (دنیا میں) اس کو پناہ دیتا تھا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الفصیلہ کی تفسیر کی ہے: اس کا وہ قریبی قبیلہ یا رشتہ دار جن سے وہ منفصل ہوا ہے، اسی طرح اس کی تفسیر الفراء نے کی ہے اور دوسری تفسیر ہے: اس کے وہ رشتہ دار جو اس کے زیادہ قریب ہیں، اور مجاہد سے منقول ہے: اس کا قبیلہ اور ینتمی کا معنی ہے: جس کی طرف وہ منسوب ہو۔

لِلشَّوَی الْیَدَانِ وَالرِّجْلَانِ وَالْأَطْرَافُ وَجِلْدَۃُ الرَّأْسِ یُقَالُ لَہَا شَوَاۃٌ وَمَا کَانَ غَیْرَ مَقْتَلٍ فَہُوَ شَوًی۔ لِلشویٰ اس کا معنی ہے: دونوں ہاتھ، دونوں پیر، دیگر اعضاء اور سر کی کھال، ان کو شواۃٌ کہا جاتا ہے اور جسم کا وہ حصہ جس کے کٹنے سے انسان مرتا نہیں ہے اس کو شویٰ کہتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

کَلَّا ۭ اِنَّہَا لَظٰی ۝ نَزَّاعَۃً لِّلشَّوٰی ۝ ہرگز نہیں! بے شک وہ بھڑکتی ہوئی آگ ہے ○ وہ (سر سے پاؤں تک) کھال اتارنے والی ہے ○ (المعارج: ۱۵۔۱۶)

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس تعلیق کا معنی ظاہر ہے، اور کتب تفسیر میں مذکور ہے کہ نزاعۃ للشوی کا معنی ہے: وہ سر کی کھال اتارنے والی ہے، دوسرا قول ہے کہ وہ چہرے کے محاسن اتارنے والی ہے اور تیسرا قول ہے: اس سے مراد سر، دونوں ہاتھ اور دونوں پیر ہیں اور چوتھا قول ہے: اس سے مراد ہڈی کے بغیر گوشت ہے، اس کا معنی ہے کہ دوزخ کی آگ گوشت اور کھال میں سرایت کر کے اس کو جلا دے گی اور الکلبی سے منقول ہے کہ دوزخ کی آگ سر کے گوشت اور دماغ کو کھالے گی، پھر دماغ اپنی اصل حالت پر آجائے گا، پھر دوزخ اس کو کھالے گی اور یوں ہی ہوتا رہے گا۔

عِزِیْنَ وَالْعِزُونَ الْحِلَقُ وَالْجَمَاعَاتُ وَوَاحِدُہَا عِزَۃٌ۔ والعزون اس کا معنی ہے: جماعتیں اور اس کا واحد عِزَۃٌ ہے۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَمَالِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قِبَلَكَ مُهْطِعِيْنَ ۝ عَنِ الْيَمِيْنِ وَ عَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ ۝ (المعارج: ۳۷-۳۶)

پس ان کافروں کو کیا ہوا ہے کہ یہ آپ کی طرف بھاگے آ رہے ہیں O دائیں بائیں سے گروہ در گروہ O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے عزین کی تفسیر کی ہے: جماعتیں اور ابوذر کی روایت میں ہے، اس کا معنی ہے: حلقے، امام بخاری نے کہا ہے: اس کا واحد عِزَةٌ ہے، اس کی نظیر ہے جیسے ثُبَةٌ اور ثُبِين اور مهطعين کا معنی ہے: وہ بھاگ رہے ہیں اور گردن اٹھا کر اپنی طرف نظر جمائے ہوئے دوڑے چلے آ رہے ہیں۔

يُوْفِضُوْنَ الإِيفَاضُ الإِسْرَاعِ۔ یوفضون الایفاض کا معنی ہے دوڑنا اور بھاگنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ يُّوْفِضُوْنَ ۝ (المعارج ۴۳)

جس دن یہ قبروں سے دوڑتے ہوئے نکلیں گے گویا کہ وہ بتوں کی طرف بھاگے جا رہے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے ایفاض کی تفسیر کی ہے: بھاگنا اور دوڑنا، یہ یوفضون کا مصدر ہے جس کا معنی ہے: وہ دوڑتے ہیں اور بھاگتے ہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور قتادہ نے اس کی تفسیر کی ہے: یسعون اس کا معنی بھی ہے: وہ دوڑتے اور بھاگتے ہیں۔ ابو العالیہ نے اس کی تفسیر کی ہے، وہ ایک دوسرے پر سبقت لے جاتے ہیں اور الضحاک نے اس کی تفسیر کی ہے: وہ چلتے ہیں، حسن بصری اور علامہ قرطبی نے بھی اس کی یہی تفسیر کی ہے، حضرت ابن عباس نے نصب کی تفسیر کی ہے: غایت یعنی ان کے دوڑنے کی انتہاء اور وہ اس وقت بھاگیں گے جب وہ آخری چیخ سنیں گے اور الکسائی سے منقول ہے: وہ اپنے ان بتوں کی طرف بھاگیں گے جن کی وہ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ان کی پرستش کرتے تھے۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۷۴۔ ۳۷۳ میں کی ہے]

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ المعارج کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہو گئی، اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز سورۃ نوح کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور ایک حدیث روایت کی ہے ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۷۱۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ نُوْحٍ

سورۂ نوح کی تفسیر

سورۃ نوح (اِنَّآ اَرْسَلْنَا) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۂ نوح کی بعض آیات کی تفسیر ہے اور صحیح بخاری کے بعض نسخوں میں مذکور ہے: سورۃ اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا (نوح:۱) اور یہ سورت مکی ہے، یہ سورت سورۃ النحل کے بعد اور سورۂ ابراہیم سے پہلے نازل ہوئی ہے، اس سورت میں اٹھائیس (۲۸) آیات ہیں۔

أَطْوَارًا طَوْرًا كَذَا وَطَوْرًا كَذَا يُقَالُ عَدَا طَوْرَهُ أَيْ قَدْرَهُ۔

اطوارًا اس کا معنی ہے: کبھی اس طرح اور کبھی اس طرح کہا جاتا ہے: عدا طورہ وہ چیز اپنی مقدار سے تجاوز کر گئی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَقَدْ خَلَقَكُمْ أَطْوَارًا ﴿۱۴﴾ (نوح:۱۴)

حالانکہ اس نے تم کو بہ تدریج پیدا کیا ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے انسان کو مختلف اطوار میں پیدا کیا پہلے، وہ نطفہ تھا، پھر وہ جما ہوا خون بن گیا، پھر اس میں ہڈیاں بن گئیں، پھر ان ہڈیوں پر گوشت چڑھا دیا، پھر اس کو اور خلقت میں بنایا اور مجاہد نے کہا ہے: پہلے وہ مٹی تھا، پھر وہ نطفہ ہوا، پھر وہ جما ہوا خون ہوا، اور طوران تمام جگہوں میں کبھی کے معنی میں ہے اور کبھی یہ مقدار کے معنی میں بھی آتا ہے، کہا جاتا ہے: عدا طورہ یعنی فلاں چیز اپنی مقدار سے بڑھ گئی اور اس کی جمع اطوار آتی ہے۔

وَالْكُبَّارُ أَشَدُّ مِنَ الْكِبَارِ وَكَذَلِكَ جُمَّالٌ وَجَمِيلٌ لِأَنَّهَا أَشَدُّ مُبَالَغَةً وَكُبَّارٌ الْكَبِيرُ وَكُبَارًا أَيْضًا بِالتَّخْفِيفِ وَالْعَرَبُ تَقُولُ رَجُلٌ حُسَّانٌ وَجُمَّالٌ وَحُسَانٌ مُخَفَّفٌ وَجُمَالٌ مُخَفَّفٌ

اور اَلْکُبَّار، اَلْکُبَارُ کا زیادہ مبالغہ ہے، اس طرح جُمَّال اور جَمِیل ہے کیونکہ جُمَّال میں زیادہ مبالغہ ہے اور کُبَّار کا معنی ہے: الکبیر اور یہ لفظ تخفیف کے ساتھ کُبَار بھی ہے اور عرب کہتے ہیں: رَجُلٌ حُسَّانٌ وَ جُمَّالٌ اور حُسَان اور جُمَالٌ تخفیف کے ساتھ بھی کہتے ہیں یعنی وہ مرد بہت حسین اور بہت جمیل ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَكَرُوا مَكْرًا كُبَّارًا ﴿۲۲﴾ (نوح:۲۲)

اور انہوں نے بہت بڑی سازش کی ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا ہے کہ کبّار (تشدید کے ساتھ) میں کُبَار سے زیادہ مبالغہ ہے یعنی اس سے جس میں تشدید نہ ہو اور کُبَار میں کبیر سے زیادہ مبالغہ ہے۔ امام بخاری نے کہا: اسی طرح جُمَّال اور جمیل ہیں یعنی جُمَّال میں (یعنی تشدید کے ساتھ) جُمَال سے زیادہ مبالغہ ہے اور جُمَّال میں جمیل سے زیادہ مبالغہ ہے، اسی طرح حُسَّان (تشدید کے ساتھ) میں حُسَان سے زیادہ مبالغہ ہے۔

Marfat.com

دَيَّارًا مِنْ دَوْرٍ وَلَكِنَّهُ فَيْعَالٌ مِنَ الدَّوَرَانِ كَمَا قَرَأَ عُمَرُ الْحَيُّ الْقَيَامُ وَهِيَ مِنْ قُمْتُ وَقَالَ غَيْرُهُ دَيَّارًا أَحَدًا

دَیَّاراً یہ دَور سے ماخوذ ہے لیکن یہ دوران سے فَیْعَالٌ کا وزن ہے جیسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پڑھا اَلْحَیُّ الْقَیَّامُ اور یہ قُمْتُ سے ماخوذ ہے اور دوسروں نے کہا: یہ دَیَّاراً احداً ہے یعنی کسی کو بسنے والا نہ چھوڑ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قَالَ نُوحٌ رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ۝ (نوح:۲۶)

اور نوح نے دعا کی: اے میرے رب! زمین پر کافروں میں سے کوئی بسنے والا نہ چھوڑ O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا: دَیَّارا کا لفظ دور سے ماخوذ ہے اور اس کا وزن فیعال ہے اور یہ لفظ اصل میں دَیْوَارٌ تھا، پس واؤ کو یاء سے بدل دیا گیا اور یاء، کا یاء میں ادغام کر دیا تو دَیَّار ہو گیا اور یہ نہ کہا جائے کہ اس کا وزن فَعَّال ہے کیونکہ اگر یہ کہا گیا تو اصل میں یہ دَوَّار ہو گا، اسی طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اَلْحَیُّ الْقَیَّامُ فرمایا اور اس کی نظیر دَیَّار ہے کیونکہ قَیَّام کی اصل قَوَّام ہے، پس یہ نہ کہا جائے کہ اس کا وزن فَعَّال ہے بلکہ اس کا وزن فَیْعَال ہے، دوسروں نے کہا: اس کا تقاضا یہ ہے کہ اَحَدٌ کا لفظ مقدم ہو جو بعض ناقلین سے ساقط ہو گیا ہے اور ان دوسروں کی طرف منسوب ہے کہ دَیَّار اَحَد کے معنی میں ہے اور آیت کا معنی یہ ہے کہ تو روئے زمین پر ایک کافر کو بھی نہ چھوڑ اور الثعلبی نے اس معنی کی طرف اشارہ کیا ہے کیونکہ انہوں نے کہا دَیَّاراً اَحَداً یعنی وہ زمین میں چکر لگاتا ہو، جاتا ہو اور آتا ہو، اسی طرح علامہ نسفی نے اپنی تفسیر میں ذکر کیا ہے۔

تَبَارًا هَلَاكًا۔

تَبَاراً اس کا معنی ہے: ہلاکت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ۝ (نوح:۲۸)

اور ظالموں میں صرف ہلاکت کو زیادہ فرمایا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے تبار کی تفسیر ہلاکت کی ہے اور علامہ ثعلبی نے اس کی تفسیر دَمَار کی ہے اور اس کا معنی بھی ہلاکت ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مِدْرَارًا يَتْبَعُ بَعْضُهَا بَعْضًا۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: مِدْرَاراً کا معنی ہے: جو چیزیں ایک دوسرے کے پیچھے آئیں یعنی لگاتار۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۝ (نوح:۱۱)

وہ تم پر موسلا دھار بارش نازل فرمائے گا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے جو مدرار کی تفسیر کی ہے اس کی امام ابن ابی حاتم نے سند موصول کے ساتھ روایت کی ہے۔

وَقَارًا عَظَمَةً۔

وقارا کا معنی ہے: عظمت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ۝ (نوح:۱۳)

تم اللہ کی عظمت اور جلالت کو کیوں تسلیم نہیں کرتے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الوقار کی تفسیر العظمۃ کی ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: وہ لوگ اللہ تعالیٰ سے اس طرح نہیں ڈرتے تھے جس طرح اس کی عظمت سے ڈرنے کا حق ہے، مجاہد نے کہا: وہ لوگ اللہ تعالیٰ کی عظمت کا اعتقاد نہیں

کرتے تھے اور حسن بصری نے کہا: وہ لوگ اللہ تعالیٰ کے حق کا اعتراف نہیں کرتے تھے اور اس کی کسی نعمت کا شکر ادا نہیں کرتے تھے اور ابن جبیر سے منقول ہے کہ وہ لوگ اللہ تعالیٰ سے ثواب کی امید نہیں رکھتے تھے اور نہ اس کے عذاب سے ڈرتے تھے۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۷۶۔۳۷۵ میں بیان کی ہے]

۱۔ بَابٌ: وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ۔ (نوح: ۲۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور وداور سواع اور یغوث اور یعوق (نوح: ۲۳) کی تفسیر

حضرت نوح علیہ السلام کی قوم جن بتوں کی عبادت کرتی تھی ان بتوں کے اسماء اور ان کی عبادت کی ابتداء کا سبب

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

امام بخاری نے پوری آیت ذکر نہیں کی پوری آیت اس طرح ہے:

وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ۙ وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ۝ (نوح: ۲۳)

اور انہوں نے کہا: تم اپنے معبودوں کو ہرگز نہ چھوڑنا اور ود اور سواع اور یغوث اور یعوق اور نسر کو ہرگز نہ چھوڑنا ○

اور محمد بن کعب سے روایت ہے کہ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پانچ بیٹے تھے، ود، سواع، یغوث، یعوق اور نسر، پس ان میں سے ایک مر د فوت ہو گیا تو وہ اس پر بہت غمگین ہوئے تو شیطان نے کہا: میں تمہارے لیے اس کی مثل تصویر بنا دیتا ہوں، جب تم اس کی طرف دیکھو گے تو اس کو یاد کرو گے، انہوں نے کہا: بنا دو تو اس نے مسجد میں پیتل اور سیسہ کی تصویر بنا دی، پھر دوسرا بیٹا فوت ہوا تو اس کی تصویر بنا دی حتیٰ کہ وہ سب فوت ہو گئے حتیٰ کہ کچھ عرصہ کے بعد لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا چھوڑ دی تو شیطان نے لوگوں سے کہا: تمہیں کیا ہوا کہ تم اپنے معبودوں کی اور اپنے باپ دادا کے معبودوں کی عبادت نہیں کرتے، پس لوگوں نے ان تصویروں کی عبادت کرنا شروع کر دی حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مبعوث فرمایا۔

علامہ سہیلی نے کہا ہے کہ یغوث حضرت شیث علیہ السلام کا بیٹا ہے اور ان کی عبادت کی ابتداء مہلائیل بن قینان کے زمانہ سے ہے۔

کتاب العین میں مذکور ہے کہ وَدّ (واؤ پر زبر) حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم کا بت تھا اور وُد (واؤ پر پیش) قریش کا بت تھا، اس پر عمرو بن عبد ود کا نام رکھا گیا ہے، الماوردی نے کہا ہے: یہ پہلا بت تھا جس کا نام ان کی محبت کی وجہ سے ود رکھا گیا ہے اور یہ حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم کے بعد تھا اور یہ دومۃ الجندل میں تھا اور سواع ایک عورت کی صورت پر تھا اور یہ ہذیل بن مدرکہ بن الیاس بن مضر کا بت تھا اور یہ مکہ شرفہا اللہ پر ساحل سمندر کے قریب ایک جگہ میں تھا اور یغوث مراد کا بت تھا، پھر بنو غطیف کا جوف میں بت تھا یمن کے علاقہ میں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۷۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۹۲۰۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى أَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَقَالَ عَطَاءٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنهما صَارَتِ الْأَوْثَانُ الَّتِي كَانَتْ فِي قَوْمِ نُوحٍ فِي الْعَرَبِ بَعْدُ أَمَّا وَدٌّ كَانَتْ لِكَلْبٍ بِدَوْمَةِ الْجَنْدَلِ وَأَمَّا سُوَاعٌ كَانَتْ لِهُذَيْلٍ وَأَمَّا يَغُوثُ فَكَانَتْ لِمُرَادٍ ثُمَّ لِبَنِي غُطَيْفٍ بِالْجَوْفِ عِنْدَ سَبَإٍ وَأَمَّا يَعُوقُ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشام نے خبر دی از ابن جریج اور عطاء نے کہا از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہ حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے جو بت تھے وہ ایک عرصہ کے بعد عربوں کے بت ہو گئے، رہا ود تو وہ دومۃ الجندل میں کلب کا بت تھا اور رہا سواع تو وہ ہذیل کا بت تھا اور رہا یغوث تو وہ مراد کا بت تھا، پھر وہ بنو غطیف کا

فَكَانَتْ لِهَمْدَانَ وَأَمَّا نَسْرٌ فَكَانَتْ لِحِمْيَرَ لِآلِ ذِي الْكَلَاعِ أَسْمَاءُ رِجَالٍ صَالِحِينَ مِنْ قَوْمِ نُوحٍ فَلَمَّا هَلَكُوا أَوْحَى الشَّيْطَانُ إِلَى قَوْمِهِمْ أَنْ انْصِبُوا إِلَى مَجَالِسِهِمْ الَّتِي كَانُوا يَجْلِسُونَ أَنْصَابًا وَسَمُّوهَا بِأَسْمَائِهِمْ فَفَعَلُوا فَلَمْ تُعْبَدْ حَتَّى إِذَا هَلَكَ أُولَئِكَ وَتَنَسَّخَ الْعِلْمُ عُبِدَتْ

الجوف میں ہو گیا سبا کے پاس اور رہا یعوق تو وہ ہمدان کا بت تھا اور رہا نسر تو وہ حمیر کا بت تھا جو آل ذی الکلاع کے لیے تھا، یہ حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے صالح مردوں کے نام ہیں، پس جب وہ مرد فوت ہو گئے تو شیطان نے ان کی قوم کی طرف یہ وسوسہ ڈالا کہ وہ جن مجلسوں میں بیٹھتے ہیں وہاں پر ان کے بت رکھ دے اور ان مردوں کے نام پر ان بتوں کے نام رکھیں، سو انہوں نے ایسا کیا، اس وقت ان بتوں کی عبادت نہیں کی جاتی تھی حتیٰ کہ جب وہ مرد فوت ہو گئے اور لوگوں میں علم نہ رہا تو ان کی عبادت کی جانے لگی۔

اس حدیث کی سند میں امام بخاری پر اعتراض کہ یہ حدیث منقطع ہے کیونکہ عطاء خراسانی کا حضرت ابن عباس سے سماع نہیں ہے

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث کی سند میں ہشام کا ذکر ہے، یہ ہشام بن یوسف الصنعانی ہے اور ابن جریج عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج کا ذکر ہے اور عطاء کا ذکر ہے، یہ العطاء خراسانی ہے اور یہ عطاء بن ابی رباح نہیں ہے اور نہ عطاء بن یسار ہے اور ابن جریج نے کہا کہ اس نے اس حدیث کو عطاء خراسانی کی کتاب سے لیا تھا جو اس کے بیٹے کے پاس تھی جس نے اس سے سماع کیا تھا، اس لیے کہا گیا ہے کہ یہ حدیث منقطع ہے کیونکہ عطاء خراسانی نے حضرت ابن عباس سے سماع نہیں کیا، اور ابو مسعود نے کہا ہے کہ امام بخاری نے یہ گمان کیا ہے کہ یہ عطاء، عطا بن ابی رباح ہے اور ابن جریج نے یہ تفسیر عطاء خراسانی سے نہیں سنی، انہوں نے کتاب اس کے بیٹے سے لی اور اس میں غور و فکر کیا، اور از صالح بن احمد از ابن المدینی روایت کی گئی ہے، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے یحییٰ بن سعید سے ابن جریج کی احادیث از عطاء الخراسانی کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے کہا: وہ سب ضعیف ہیں، پس میں نے یحییٰ بن سعید سے کہا: وہ کہتے ہیں: اخبرنا (ہمیں خبر دی)، انہوں نے کہا: یہ لَاشَیْءَ ہے اور یہ پوری حدیث ضعیف ہے: یہ صرف وہ کتاب ہے جو ابن جریج کو عطاء خراسانی کے بیٹے نے دی تھی، اس اعتراض کے جواب میں امام بخاری کی تائید میں یہ کہا گیا ہے کہ یہ خصوصیت کے ساتھ اس سند پر جو ابن جریج کی العطاء الخراسانی اور از عطاء بن ابی رباح دونوں کے متعلق ہے اور امام بخاری باوجود اس کے کہ وہ اتصال کی شرط میں بہت متشدد ہیں ان پر یہ مخفی رہا اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ امام بخاری نے اس سند کے ساتھ بہ کثرت روایت نہیں کی، انہوں نے اس سند کے ساتھ دو جگہ حدیث روایت کی ہے۔ ایک یہاں پر اور دوسری کتاب النکاح میں اور اگر ان پر یہ بات مخفی ہوتی تو وہ اس سند کے ساتھ بہ کثرت روایت کرتے کیونکہ بہ ظاہر یہ سند ان کی شرط کے مطابق ہے (امام بخاری کی طرف سے جواب دینے والے کی عبارت ختم ہوئی)، علامہ عینی فرماتے ہیں: میں کہتا ہوں کہ اس پر یہ اعتراض ہے کہ امام بخاری کا اتصال کی شرط میں تشدد اس بات کو مستلزم نہیں ہے کہ ان پر اس سند کا انقطاع مخفی نہ رہے، پس سبحان ہے وہ ذات جس پر کوئی چیز مخفی نہیں ہے اور جواب دینے والے کا یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ بہ ظاہر یہ سند ان کی شرط کے مطابق ہے کیونکہ خراسانی سے روایت کرنے میں صرف امام مسلم منفرد ہیں۔ عطاء خراسانی امام بخاری کے رجال میں سے نہیں ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۷۷، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

Marfat.com

اوثان کا معنی

علامہ عینی اس حدیث کی مشکل عبارات کی شرح میں لکھتے ہیں:

الاوثان: یہ لفظ وثن کی جمع ہے، لغت کی کتاب المغرب میں لکھا ہے: الوثن اس کو کہتے ہیں کہ لکڑی یا پتھر یا چاندی یا کسی جوہر کو تراش کر اس کا ایک مجسمہ بنالیا جائے اور اس کی پرستش کی جائے۔

یہ اوثان عربوں میں حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے بعد ہوئے: امام عبدالرزاق نے از معمر از قتادہ یہ روایت کی ہے کہ ان بتوں کی حضرت نوح علیہ السلام کی قوم عبادت کرتی تھی اور بعد میں عربوں نے ان کی عبادت کی، امام ابوعبیدہ سے روایت ہے: لوگوں کا یہ زعم ہے کہ یہ لوگ مجوسی تھے۔

حدیث مذکور کا خلاصہ

علامہ کرمانی نے لکھا ہے: یہ پانچ نام نیک مردوں کے تھے، جب یہ پانچ مرد فوت ہو گئے تو نوح علیہ السلام کی قوم نے ان کے بتوں کی پرستش شروع کر دی اور ان بتوں کے نام ان صالح مردوں کے نام پر رکھ دیئے، خلاصہ یہ ہے کہ جب وہ پانچ نیک مرد فوت ہو گئے اور صورت حال بدل گئی اور لوگوں کے ذہنوں سے ان کی معرفت زائل ہو گئی تو ان بتوں کو مجالس میں رکھ کر ان کی پرستش کی جانے لگی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۷۸۔۳۷۹، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

اس حدیث کی بناء پر غیر مقلدین نے اہل سنت پر یہ اعتراض کیا ہے کہ جس طرح قوم نوح بزرگوں اور نیک لوگوں کے مجسمے بنا کر ان کی پرستش کرتی تھی اسی طرح یہ لوگ بھی بزرگوں کی یادگاریں بنا کر ان کی پرستش کرتے ہیں، مشہور محقق حافظ عبدالمجید مقیم برسٹل نے اس کے جواب میں ایک مفصل اور مبسوط مقالہ لکھا ہے جس کی تلخیص کو ہم پیش کر رہے ہیں:

حافظ عبدالمجید مقیم برسٹل کے مبسوط مقالہ کی تلخیص

اللہ عزوجل نے فرمایا:

وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ۙ وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ۝ (نوح: ۲۳)

اور انہوں نے کہا: ہرگز نہ چھوڑنا اپنے خداؤں کو اور ہرگز نہ چھوڑنا ود، سواع، یغوث اور یعوق ونسر کو ○

اس آیہ کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کی اس بات کا ذکر کیا ہے جو ان کے سرداروں نے انہیں کہی تھی جب آپ علیہ السلام نے ان کو اللہ تعالیٰ کی توحید اور اپنی رسالت پر ایمان لانے کی دعوت دی۔

اس آیہ کریمہ میں ان بتوں کا ذکر ہے جن کی حضرت نوح علیہ السلام کی قوم عبادت کرتی تھی اور ان کے بڑے قوم کو ان کی عبادت کرنے کی تلقین کرتے ہوئے بولے تھے کہ ہرگز اپنے خداؤں کی عبادت کو ترک نہ کرنا، خاص کر ود، سواع، یغوث، یعوق اور نسر کی عبادت ترک نہ کرنا۔

ان کی قوم کے سرداروں کی اس بات سے یہ عیاں ہوتا ہے کہ ان کے ہاں ان پانچوں کو کوئی خاص امتیاز حاصل تھا۔

ان پانچوں بتوں کے بارے میں کئی قسم کی باتیں کتب احادیث وتفاسیر وغیرہما میں موجود ہیں۔ یہ بت کیا تھے؟ کہاں سے آئے؟ ان کی حقیقت کیا تھی؟ عربوں میں یہی بت آئے یا صرف ان کے نام؟ وغیرہ وغیرہ۔

ان کے بارے میں جو سب سے مشہور بات بیان کی جاتی ہے وہ یہ ہے:

Marfat.com

یہ پانچوں حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے درمیانی عرصہ کے نیک لوگوں کے مجسمے تھے، جب وہ دنیا سے چل بسے تو شیطان کی تحریک پر اس دور کے ان کے محبین نے ان کی یادگار کے طور پر یہ مجسمے بنائے تھے۔

وہ ان کے مجسموں کی تعظیم کرتے اور آہستہ آہستہ بعد میں آنے والوں نے ان کی عبادت کرنی شروع کردی جس سے بت پرستی کی ابتداء ہوئی اور ان بتوں کو معبود بنالیا گیا۔

سب سے پہلے ہم اس بات کو حقیقت کے آئینہ میں دیکھتے ہیں کہ کیا واقعی یہ نیک لوگوں کے مجسمے تھے کہ جن کی بعد میں عبادت کی جانے لگی، اس بارے میں بیان کی جانے والی روایات میں سب سے زیادہ اعتماد اس روایت پر کیا جاتا ہے، جس کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا ہے۔

آیئے! اس روایت اور اس کے بارے میں ائمہ محدثین کی آراء ملاحظہ فرمائیں:

حدیث مذکور کی شرح میں علامہ ابن رجب لکھتے ہیں:

اسماعیلی نے ذکر کیا ہے: یہ عطاء الخراسانی ہے اور عطاء الخراسانی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس حدیث کو نہیں سنا۔

(فتح الباری شرح صحیح بخاری ج ۳ ص ۱۹۷)

امام ابوعلی غسانی لکھتے ہیں:

یعنی ابو مسعود دمشقی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ حدیث ثابت ہے (انہوں نے ابن جریج عن عطاء کی سند سے مروی صحیح بخاری میں دونوں روایتوں کا یہاں ذکر کیا ہے کتاب الطلاق اور کتاب التفسیر والی، جب کہ کتاب التفسیر کی مذکورہ روایت کو پہلے ذکر فرمایا ہے اس لیے فرمایا کہ وہ جو اس سے پہلی ہے) ابن جریج عن عطاء خراسانی کی تفسیر سے، اور بے شک جو اس نے اس کے بیٹے سے کتاب لی تھی اس میں دیکھا ہے، یعنی ابن جریج نے ابن عطاء خراسانی سے وہ لی تھی۔ (التنبیہ علی الاوہام الواقعۃ فی الصحیح للبخاری ص ۱۸۹، مطبعۃ النجاح)

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "مقدمہ فتح الباری" میں لکھتے ہیں:

اور یہ حدیث، ابو مسعود دمشقی نے کہا کہ: "یہ حدیث ابن جریج کی تفسیر میں عطاء الخرسانی عن ابن عباس رضی اللہ عنہما ثابت ہے اور عطاء نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نہیں سنا، اور ابن جریج نے عطاء سے نہیں سنا، اور جو اس نے اس کے بیٹے سے کتاب لی تھی اس میں دیکھا ہے۔ (ہدی الساری مقدمہ فتح الباری ص ۴۵۳)

امام عبدالرزاق بھی ابن جریج کے طریق سے اس روایت کو عطاء الخراسانی سے ہی بیان کر رہے ہیں:

نا عبد الرزاق عن ابن جریج، عن عطاء الخراسانی، عن ابن عباس مثلہ۔

(تفسیر عبدالرزاق ج ۳ ص ۳۵۰ (۳۳۴۲) تفسیر سورۃ النوح)

پس جب ابن جریج کی اپنی کتاب میں بھی وضاحت ہے اور ان سے روایت کرنے والے امام عبدالرزاق بھی واضح بیان کر رہے ہیں کہ یہاں عطاء خراسانی ہے، تو زیادہ قرین قیاس یہی بات ہے کہ بعد میں روایت کرنے والا ثقہ راوی اگر بغیر نسبت کے اس روایت کو اسی سند سے ذکر کرتا ہے تو اس سے مراد عطاء خراسانی ہی ہوگا نہ کہ عطاء بن ابی رباح۔

حافظ ابن حجر عسقلانی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

یعنی امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا قول "عن ابن عباس رضی اللہ عنہما" اس کے بارے میں کہا گیا ہے کہ یہ منقطع ہے کیونکہ عطاء مذکور خراسانی ہے اور وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نہیں ملا، پس اس حدیث کو امام عبدالرزاق نے اپنی تفسیر میں ابن جریج سے بیان

Marfat.com

کیا۔انہوں نے کہا: مجھے عطاء خراسانی نے خبر دی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے، اور ابو مسعود نے کہا: یہ حدیث ابن جریج کی تفسیر میں عطاء خراسانی عن ابن عباس رضی اللہ عنہما ثابت ہے اور ابن جریج نے عطاء خراسانی سے تفسیر نہیں سنی، اور جو اس نے اس کے بیٹے عثمان بن عطاء سے لیا تھا اس میں دیکھا ہوگا، اور امام صالح بن احمد بن حنبل نے ''العلل'' میں امام علی بن مدینی سے ذکر کیا، انہوں نے کہا: میں نے امام یحییٰ القطان سے سوال کیا، ابن جریج عن عطاء الخراسانی کی حدیث کے بارے میں، تو انہوں نے کہا: ضعیف ہے۔ میں نے کہا: بے شک وہ کہے: ہمیں خبر دی (اخبرنا)۔فرمایا: کوئی چیز نہیں، کیونکہ وہ کتاب اسے دی گئی ہے انتہی۔اور ابن جریج ملنے اور لکھنے میں اخبرنا کے اطلاق کو جائز قرار دیتے تھے۔اور امام اسماعیلی نے کہا ہے کہ مجھے امام علی بن مدینی سے خبر دی گئی کیونکہ انہوں نے اس کو ابن جریج کی تفسیر سے کلاماً ذکر کیا ہے جس کا معنی یہ ہے کہ وہ کہتے تھے کہ ''عن عطاء الخراسانی عن ابن عباس رضی اللہ عنہما'' پس کاتب کے لیے یہ بات طول کا باعث تھی کہ ہر جگہ خراسانی ذکر کرتے اس لیے انہوں نے خراسانی کو چھوڑ دیا، پس اس کو جس نے بھی روایت کیا ہے اس نے اس سے مراد عطاء بن ابی رباح لیا انتہی۔اور اس میں اشارہ ہے اس واقعہ کی طرف جس کو صالح بن احمد نے علی بن مدینی سے ذکر کیا ہے اور اس پر ابو علی جیانی نے ''تقیید المهمل'' میں متنبہ کیا ہے۔ابن مدینی نے کہا: میں نے ہشام بن یوسف سے سنا، وہ یہ کہتے تھے کہ ابن جریج نے مجھ سے کہا: میں نے عطاء سے سورۂ بقرہ اور آل عمران کی تفسیر کے بارے میں سوال کیا، پھر انہوں نے کہا: مجھے اس سے معاف رکھو، انہوں نے کہا کہ ہشام نے کہا: پس یہ اس کے بعد تھا جب انہوں نے کہا کہ عطاء نے کہا: عن ابن عباس رضی اللہ عنہما یعنی عطاء الخراسانی نے کہا۔ ہشام نے کہا: پس ہم نے لکھا، پھر ہم اکتا گئے یعنی خراسانی لکھنے سے۔ابن مدینی نے کہا کہ میں نے یہ اس لیے بیان کیا کہ محمد بن ثور ایسے کیا کرتے تھے یعنی ابن جریج سے اپنی بیان کردہ روایت میں عن عطاء عن ابن عباس رضی اللہ عنہما، پس وہ یہ گمان کرتے تھے کہ اس سے مراد عطاء بن ابی رباح ہے، اور تحقیق فاکہی نے بھی اس مذکورہ حدیث کو ''محمد بن ثور عن ابن جریج عن عطاء عن ابن عباس رضی اللہ عنہما'' کے طریق سے بیان کیا ہے اور خراسانی نہیں کہا۔

اور عبدالرزاق نے بھی اس کو بیان کیا، پس کہا الخراسانی ہے جیسا کہ ذکر ہو چکا۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کی یہاں تک بیان کردہ عبارت میں یہ عیاں ہے کہ یہاں عطاء خراسانی ہی ہے اور ایسے ہی حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے ''تہذیب التہذیب'' میں عطاء خراسانی کے ترجمہ میں ہی اس روایت کو ذکر کیا ہے اور زیادہ شواہد اسی پر دلالت کرتے ہیں۔(تہذیب التہذیب ج ۷ ص ۱۹۰، فی ترجمۃ)

اولاً: ابن مدینی کا بیان کرنا کہ کاتب نے اکتاہٹ کے باعث عطاء کے ساتھ خراسانی لکھنا ترک کر دیا، طوالت کے خوف سے، تو بعد والوں نے غلط فہمی سے اس کو ابن ابی رباح سمجھ لیا۔

پس ان کا اس کو ابن ابی رباح سمجھنا وہم ہے، لہٰذا یہ بات بھی اسی پر دلالت کرتی ہے کہ امام بخاری پر اس کا خراسانی ہونا مخفی رہا، انہوں نے اس کو ابن ابی رباح خیال کر کے اس کو اپنی صحیح میں داخل کر دیا، انسان سے خطاء ہونا کوئی عجیب بات نہیں۔

اس کے بعد حافظ ابن حجر عسقلانی نے امام بخاری کی طرف سے ایک کمزور توجیہ لکھی ہے، وہ لکھتے ہیں:

امام بخاری پر یہ کیسے مخفی ہو سکتا ہے کہ وہ عطاء خراسانی کو عطاء بن ابی رباح سمجھ لیں، اگر ایسا ہوتا تو ان کی سند میں ایسی روایات بہ کثرت ہوتیں جب کہ اس سند کے ساتھ روایت صرف دو جگہ ہے، ایک اس باب میں اور دوسری کتاب النکاح میں، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ حدیث ان کی شرط کے مطابق ہے۔(فتح الباری ج ۶ ص ۸۶۔۸۵، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

علامہ شہاب الدین احمد قسطلانی لکھتے ہیں:

Marfat.com

اور عطاء نے کہا: (عن ابن عباس رضی اللہ عنہما) لیکن عطا نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سماع نہیں کیا اور ابن جریج نے عطاء خراسانی سے تفسیر کا سماع نہیں کیا کیونکہ وہ کتاب اس نے اس کے بیٹے عثمان سے لی تھی، اس میں دیکھا ہوگا، لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اسے بیان نہیں کیا کیونکہ یہ روایت عطاء بن ابی رباح سے ہے، کیونکہ خراسانی ان کی شرط کے مطابق نہیں اور اگر سوال کرنے والا یہ کہے کہ جو مذکور عطاء ہے وہ خراسانی نہیں، اس کا جواب یہ ہوگا کہ اس میں یہ احتمال ہے کہ یہ حدیث ابن جریج کے پاس خراسانی اور ابن ابی رباح سے اکٹھی ہے، مقدمہ میں کہا: اور یہ جواب تسلی بخش نہیں ہے اور میرے نزدیک (یعنی امام قسطلانی کے نزدیک) صحیح جواب کی بجائے مخفی مقامات میں سے ہے، لہٰذا کجی سے صواب کی طرف جانا ضروری ہے۔ (ارشاد الساری ج ۱۱ ص ۱۷۴)

اس سلسلہ میں ہم اس سے پہلے امام بخاری کی طرف سے حافظ ابن حجر کی ذکر کردہ توجیہ کا علامہ عینی کے حوالہ سے رد کر چکے ہیں۔

شیخ وحید الزمان جو غیر مقلدین کے مسلم اکابر سے ہیں وہ لکھتے ہیں:

عطاء خراسانی تو ضعیف ہے، دوسرے ابن جریج نے اس سے نہیں سنا بلکہ عطا کے فرزند عثمان سے اس نے عطاء کی کتاب لی تھی، اس میں دیکھا ہوگا، شاید امام بخاری نے اس کو عطاء بن ابی رباح سمجھا، یہ ان سے غلطی ہوئی اور کیسا ہی بڑا عالم ہو کبھی نہ کبھی اس سے غلطی ہو جاتی ہے، تیر اک ہی پانی میں ڈوبتا ہے اور چابک سوار ہی گھوڑے سے گرتا ہے، بعضوں نے کہا: شاید ابن جریج نے یہ حدیث عطاء خراسانی اور عطا بن رباح (تیسیر میں یوں ہی ہے) دونوں سے روایت کی ہے۔ واللہ اعلم (تیسیر الباری ج ۴ ص ۲۵۷، حاشیہ نمبر ۴)

حافظ ابن حجر کے استاذ حافظ ابن الملقن متوفی ۸۰۴ھ کی بھی یہی تحقیق ہے کہ اس حدیث کی سند میں عطاء کو عطاء بن ابی رباح گمان کرنا غلط ہے وہ دراصل عطاء خراسانی ہے اور ابن جریج کی اس سے تمام روایات ضعیف ہیں۔

(التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۳ ص ۴۵۸۔۴۵۷)

عطاء خراسانی کے ضعف کے متعلق محدثین کی تصریحات

امام ابوداؤد فرماتے ہیں: عطاء خراسانی نے حضرت ابن عباس کو نہیں پایا اور نہ ان کو دیکھا۔

(المراسیل لابی داؤد ص ۴۰۸، کتاب الوصایا)

امام بیہقی نے بھی اسی طرح لکھا ہے۔ (السنن الکبریٰ ج ۷ ص ۳۷۰)

امام ابن حبان لکھتے ہیں: عطاء خراسانی نے حضرت ابن عباس سے کوئی چیز نہیں سنی۔ (کتاب المجروحین ج ۲ ص ۲۵۰)

شیخ ابن حزم ظاہری لکھتے ہیں: عطاء خراسانی نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے کوئی چیز نہیں سنی اور نہ حضرت انس کے علاوہ کسی اور صحابی سے کوئی حدیث سنی۔ (المحلی بالآثار ج ۸ ص ۲۳۲)

مذکورہ بالا عبارات سے واضح ہو گیا کہ عطاء خراسانی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کچھ نہیں سنا، لہٰذا ثابت ہوا کہ یہ روایت منقطع ہے، نیز امام ابومسعود کے قول کے مطابق ابن جریج نے عطاء خراسانی سے اس روایت کو نہیں سنا بلکہ اس کے بیٹے عثمان سے اس روایت کو لیا اور اس کو دیکھا ہے، لہٰذا یہ روایت منقطع اور ضعیف ہے اور امام بخاری پر یہ مخفی رہا اور انہوں نے اس روایت میں عطاء خراسانی کو عطاء بن ابی رباح سمجھتے ہوئے اپنی صحیح میں اس کی روایت کر دی۔

حدیث مذکور کے متن پر اعتراض

مذکورہ بالا بحث تو اس روایت کی سند کے حوالے سے تھی، اگر ہم اس روایت کو عقلی طور پر دیکھتے ہیں تو بھی یہ بات محال نظر آتی ہے۔ کیونکہ اگر بالفرض محال ہم تسلیم کر لیں کہ یہ پانچوں بت حضرت نوح علیہ السلام کے زمانہ کے نیک لوگوں کے تھے جن کی ان کی قوم

Marfat.com

عبادت کرتی تھی تو عرض یہ ہے کہ قوم نوح علیہ السلام پر جو عذاب الٰہی نازل ہوا تھا یعنی طوفان نوح تو اس کے ساتھ سوائے ان لوگوں اور اشیاء وغیرہ کے جن کو حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی کشتی میں بٹھایا یا رکھا تھا سب کچھ نیست و نابود ہو گیا تھا، پھر یہ پانچوں بت کیسے عربوں تک پہنچ گئے؟

امام فخر الدین الرازی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

''یہ پانچ بت سب سے بڑے بت تھے، پھر یہ بت حضرت نوح علیہ السلام کی قوم سے اہل عرب کی طرف منتقل ہوئے، پس ود بنو کلب کا ہو گیا اور سواع ہمدان کا ہو گیا، یغوث مذحج کا ہو گیا، یعوق مراد کا ہو گیا اور نسر حمیر کا ہو گیا، اسی وجہ سے اہل عرب کو عبد ود اور عبد یغوث کہا جاتا تھا، تاریخی کتب میں اسی طرح مذکور ہے اور اس پر یہ اشکال ہے کہ طوفان کے زمانہ میں تمام دنیا ملیا میٹ ہو چکی تھی تو یہ بت کیسے باقی بچ گئے اور عرب کی طرف منتقل ہوئے اور یہ کہنا ممکن نہیں ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام ان بتوں کو اپنے ساتھ کشتی میں لے آئے تھے، پھر انہوں نے ان بتوں کو حفاظت کے ساتھ رکھا یہاں تک کہ یہ امانت عربوں کے پاس پہنچ گئی، کیونکہ حضرت نوح علیہ السلام بتوں کے محافظ نہیں تھے بت شکن تھے۔ (تفسیر کبیر ج ۱۰ ص ۶۵۷، دار احیاء التراث العربی، بیروت ۱۴۱۵ھ)

پس یہ کہنا صحیح نہیں کہ عرب میں جن بتوں کی پرستش ہوتی تھی، یہ حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے صالحین کی صورتوں کے مجسمے ہیں اور یہ وہی بت ہیں جن کی حضرت نوح علیہ السلام کی قوم پرستش کرتی تھی۔

حضرت محقق مولانا عبد المجید (برسٹل) کے تحقیقی مقالہ کی تلخیص ختم ہوئی، ان کا اصل مقالہ بہت فکر انگیز اور کافی ضخیم ہے جو قارئین ان کے اصل مقالہ سے استفادہ کرنا چاہئیں تو وہ ''پانچ بت'' کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔

امام بخاری کی سند مذکور پر شیخ سلیم اللہ خان دیوبندی کا اعتراض

شیخ سلیم اللہ خان دیوبندی نے بھی یہ تصریح کی ہے کہ:

یہاں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کو مغالطہ ہوا ہے اور انہوں نے سند میں مذکور عطاء کو عطاء بن ابی رباح سمجھ کر اس سے روایت لی جب کہ یہ عطاء خراسانی ہیں عطاء بن ابی رباح نہیں ہیں۔

پھر دوسری بات یہ ہے کہ ابن جریج نے یہ روایت عطاء خراسانی سے براہ راست روایت نہیں کی ہے بلکہ ابن جریج نے اس کتاب سے روایت لی ہے جو عطاء خراسانی کی تھی اور ان کے بیٹے عثمان کے پاس تھی۔

عطاء خراسانی کی روایت چونکہ بخاری کی شرط پر نہیں اترتی اس لیے امام بخاری کو اسے یہاں ذکر نہیں کرنا چاہیے لیکن امام کو اس کا احساس ہی نہیں ہو سکا۔

اس کے بعد اس بحث کے آخر میں لکھتے ہیں:

وراق ہر جگہ عطاء کے ساتھ خراسانی لکھنے سے اکتا گیا اور صرف عطاء لکھنے لگا جس کی وجہ سے بعض لوگوں کو یہ شبہ ہوا کہ عطاء سے عطاء بن ابی رباح مراد ہیں، چنانچہ محمد بن ثور کو بھی یہ مغالطہ لگا ہے اور انہوں نے عطاء بن ابی رباح ہی مراد لیا ہے جب کہ یہ عطاء خراسانی ہیں۔

بہر حال محدثین کے نزدیک اتنی بات متعین ہے کہ مذکورہ عبارت میں عطاء سے عطاء خراسانی مراد ہیں، ان کی روایت ذکر کر کے یہ ظاہر امام بخاری کو بھی غلط فہمی ہوئی ہے۔ واللہ اعلم۔ (کشف الباری کتاب التفسیر ص ۷۰۰۔ ۶۹۹، مکتبہ فاروقیہ، کراچی)

Marfat.com

صحیح بخاری کی مذکورہ روایت کی بناء پر غیر مقلدین کا اہل سنت پر بے بنیاد الزام

مشہور غیر مقلد عالم شیخ محمد داؤد راز میواتی لکھتے ہیں:

بت پرستی کی ابتداء جملہ بت پرستوں کی اقوام میں اس طرح شروع ہوئی کہ انہوں نے اپنے نیک لوگوں کے ناموں پر بت بنا لیے، پہلے عبادت میں ان کو سامنے رکھنے لگے، شیطان نے یہ فریب اس طرح چلایا کہ ان بتوں کے دیکھنے سے بزرگوں کی یاد تازہ رہے گی اور عبادت میں دل لگے لگا، تمام بت پرستوں کا آج تک یہی حال ہے۔ (الی ان قال)

کتنے نام نہاد مسلمانوں نے مزار اولیاء کے فوٹو لے کر ان کو گھروں میں رکھا ہوا ہے اور صبح وشام ان کو معطر کر کے ان پر پھول چڑھاتے ہیں اور ان کی تعظیم کرتے ہیں یہ جملہ حرکات بت سازی اور بت پرستی ہی کی شکلیں ہیں اللہ پاک مسلمانوں کو نیک سمجھ عطا کرے کہ وہ ایسی حرکتوں سے باز رہیں ورنہ میدان محشر میں سخت ترین رسوائی کے لیے تیار رہیں۔

(صحیح بخاری مع ترجمہ وتشریح ج ۶ ص ۴۶۲، مکتبہ قدوسیہ، اردو بازار، لاہور)

شیخ داؤد راز نے صحیح بخاری کی جس روایت کی بناء پر اہل سنت پر یہ طعن اور تشنیع کی ہے اس روای کی سند ضعیف ہے اور متن بھی درست نہیں، علاوہ ازیں اہل سنت مزارات اولیاء کی اس طرح تعظیم نہیں کرتے جس طرح شیخ داؤد راز نے لکھا ہے، وہ صرف مزارات پر جا کر قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان بزرگوں کے وسیلہ سے ہماری نیک حاجات کو پورا فرمائے اور ان بزرگوں کے درجات کو بلند فرمائے اور اس میں کوئی چیز خلاف شرع نہیں ہے بلکہ شریعت کے عین مطابق ہے اور شریعت کا مطلوب ہے اور بعض جہلاء جو مزارت کو سجدہ کرتے ہیں اور ان سے مرادیں مانگتے ہیں اور ان کی نذر مانتے ہیں علماء اہل سنت اس سے ہمیشہ منع کرتے ہیں۔

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۂ نوح کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہوگئی اور جو اس کی تفسیر میں حدیث روایت کی ہے اس پر بھی مفصل بحث آگئی اور اب ان شاء اللہ سورۃ الجن کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیق ذکر کی ہے اور حدیث روایت کی ہے اس کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۷۲۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْجِنِّ

سورۃ الجن کی تفسیر

سورۃ الجن (قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الجن کی بعض آیات کی تفسیر ہے، صحیح بخاری کے بعض نسخوں میں اس کا نام سورۃ قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ ہے، یہ سورت مکی ہے اور اس سورت میں اٹھائیس (۲۸) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۷۸)

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لِبَدًا أَعْوَانًا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: لِبَدًا کا معنی ہے: مدد کرنے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَّ اَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ یَدْعُوْهُ كَادُوْا یَكُوْنُوْنَ عَلَیْهِ لِبَدًا ۝ (الجن:۱۹) اور جب اللہ کا بندہ اس کی عبادت کے لیے کھڑا ہوا تو قریب تھا کہ وہ جتھا بن کر اس پر ٹوٹ پڑتے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس تعلیق کی امام ابن ابی حاتم نے سند موصول کے ساتھ روایت کی ہے یعنی وہ سب اکٹھے ہو کر بھیڑ کی صورت میں آپ کے گرد جمع ہو جاتے اور رش کی وجہ سے گرنے کے قریب ہوتے کیونکہ وہ قرآن مجید کو سننے پر حریص تھے اور حسن بصری اور قتادہ اور ابن زید سے مروی ہے کہ جب اللہ کا بندہ ان کو تبلیغ کرنے کے لیے کھڑا ہوتا تو انسان اور جن جمع ہو کر ان کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کے لیے کھڑے ہوتے تاکہ وہ اس حق کو باطل کریں جس کو وہ لے کر آئے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے نور کو بجھا دیں، پس اللہ تعالیٰ نے اس نور کو پورا کرنے کے سوا ہر چیز کا انکار کیا اور اس بندہ کی مدد کی۔

علامہ نسفی نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے: لِبَدًا کا اصل معنی ہے: گروہ اور جماعتیں جو ایک دوسرے پر چڑھی ہوئی ہوں۔ اس لفظ کو لُبُدًا بھی پڑھا گیا ہے اور یہ لُبُوْدٌ کی جمع ہے اور لُبَدٌ بھی پڑھا گیا ہے جو لَابِدٌ کی جمع ہے جیسے رَاکِعٌ کی جمع رُکَّعٌ ہے۔

امام بخاری نے لِبَدٌ کی تفسیر اَعْوَان کی ہے اور یہ عَوْن کی جمع ہے جس کا معنی ہے: کسی کام پر مدد کرنے والے۔

بَخْسًا نَقْصًا۔ بخسا اس کا معنی ہے: نقص۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَّ اَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدٰۤی اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ یُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ فَلَا یَخَافُ بَخْسًا وَّ لَا رَهَقًا ۝ (الجن:۱۳) اور بے شک ہم نے جیسے ہی ہدایت کی بات سنی تو ہم اس پر ایمان لے آئے، سو جو بھی اپنے رب پر ایمان لائے گا وہ نہ کسی خیر میں کمی پائے گا نہ کسی شر میں اضافہ ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے البخس کی تفسیر النقص کی ہے اور الرھق کا معنی کلام عرب میں گناہ ہے اور حرام کاموں کو

Marfat.com

ڈھانپ لینا اور یہ صرف علامہ نسفی کی تفسیر ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۷۹۔۳۷۸، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۹۲۱۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ انْطَلَقَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فِي طَائِفَةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ عَامِدِينَ إِلَى سُوقِ عُكَاظٍ وَقَدْ حِيلَ بَيْنَ الشَّيَاطِينِ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ وَأُرْسِلَتْ عَلَيْهِمُ الشُّهُبُ فَرَجَعَتْ الشَّيَاطِينُ فَقَالُوا مَا لَكُمْ فَقَالُوا حِيلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ وَأُرْسِلَتْ عَلَيْنَا الشُّهُبُ قَالَ مَا حَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ إِلَّا مَا حَدَثَ فَاضْرِبُوا مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا فَانْظُرُوا مَا هَذَا الْأَمْرُ الَّذِي حَدَثَ فَانْطَلَقُوا فَضَرَبُوا مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا يَنْظُرُونَ مَا هَذَا الْأَمْرُ الَّذِي حَالَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ قَالَ فَانْطَلَقَ الَّذِينَ تَوَجَّهُوا نَحْوَ تِهَامَةَ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ بِنَخْلَةَ وَهُوَ عَامِدٌ إِلَى سُوقِ عُكَاظٍ وَهُوَ يُصَلِّي بِأَصْحَابِهِ صَلَاةَ الْفَجْرِ فَلَمَّا سَمِعُوا الْقُرْآنَ تَسَمَّعُوا لَهُ فَقَالُوا هَذَا الَّذِي حَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ فَهُنَالِكَ رَجَعُوا إِلَى قَوْمِهِمْ فَقَالُوا يَا قَوْمَنَا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا يَهْدِي إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ وَلَنْ نُشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَدًا وَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى نَبِيِّهِ ﷺ ﴿قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِنَ الْجِنِّ﴾ (الجن: ۱) وَإِنَّمَا أُوحِيَ إِلَيْهِ قَوْلُ الْجِنِّ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابوعوانہ نے حدیث بیان کی از ابی بشر از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنے اصحاب کی جماعت کے ساتھ عکاظ کے بازار کی طرف روانہ ہوئے، اس وقت شیاطین کے درمیان اور آسمان کی خبر (کی چوری) کے درمیان کوئی چیز حائل ہوگئی اور ان پر آگ کے گولے بھیجے جاتے تھے، پس جب وہ جنات واپس آئے (تو ان کی قوم نے) ان سے پوچھا: کیا بات ہوئی؟ تو انہوں نے کہا کہ آسمان کی خبروں اور ہمارے درمیان کوئی رکاوٹ حائل ہوگئی ہے اور ہم پر آگ کے گولے بھیجے جاتے ہیں (تو ان کی قوم نے) کہا کہ تمہارے اور آسمان کی خبروں کے درمیان کوئی نئی چیز حائل ہوئی ہے تو تم زمین کے مشارق اور مغارب میں جاؤ اور تفتیش کرو کہ کون سی نئی چیز تمہارے اور آسمان کی خبروں کے درمیان حائل ہوئی ہے، پس وہ روانہ ہوئے اور انہوں نے زمین کے مشارق اور مغارب میں سفر کیا اور وہ یہ تفتیش کر رہے تھے کہ وہ کون سی چیز ہے جو ان کے اور آسمان کی خبروں (کی چوری) کے درمیان حائل ہوئی ہے، راوی نے بیان کیا کہ جو لوگ اس تفتیش کے لیے گئے تھے وہ وادی تہامہ کی طرف جا نکلے جہاں رسول اللہ ﷺ عکاظ کے بازار کی طرف جاتے ہوئے ایک کھجور کے درخت کے پاس اپنے اصحاب کو صبح کی نماز پڑھا رہے تھے، پس جب جنات نے قرآن مجید کو سنا تو انہوں نے کہا: یہی وہ چیز ہے جو تمہارے درمیان اور آسمان کی خبروں (کی چوری) کے درمیان حائل ہوئی ہے، پھر وہ اپنی قوم کی طرف واپس آئے، پس کہا: اے ہماری قوم! ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہے جو نیکی کے راستہ کی طرف ہدایت دیتا ہے، پس ہم اس پر ایمان لے آئے اور ہم اپنے رب کے ساتھ ہرگز کسی کو شریک نہیں کریں گے اور اللہ عزوجل نے اپنے نبی ﷺ پر یہ آیت نازل فرمائی: قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِنَ الْجِنِّ (الجن: ۱) آپ

Marfat.com

کہیے کہ میری طرف یہ وحی کی گئی ہے کہ جنات کی ایک جماعت نے (قرآن) سنا۔ اور آپ کی طرف صرف جنات کے قول کی وحی کی گئی تھی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۷۷۳ میں گزر چکی ہے۔

جنات کے قرآن مجید سننے کا واقعہ کب ہوا اور عکاظ اور تہامہ کا معنی

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روانہ ہوئے: یہ واقعہ بعثت نبوی کے دس (۱۰) سال بعد ذوالقعدہ میں ہوا تھا۔

عکاظ: یہ مکہ کی ایک جانب عربوں کا بازار ہے، وہ زمانہ جاہلیت میں اس بازار میں کئی کئی دن قیام کرتے تھے۔

تہامہ: یہ حجاز کے شہروں سے نجد کی اترائی کی طرف ایک وادی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۷۹، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

جنات کے سامنے قرآن پڑھنے اور نہ پڑھنے کے متعلق دو حدیثوں کا تعارض اور اس کا جواب

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

امام طبرانی نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنات کے سامنے نہ قرآن مجید پڑھا اور نہ ان کو دیکھا، اور حضرت ابن مسعود کی روایت یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس جنات کی طرف سے ایک دعوت دینے والا آیا تو میں اس کے ساتھ گیا اور میں نے اس کے سامنے قرآن پڑھا، سو ان دو حدیثوں میں تعارض ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ یہ متعدد واقعات ہیں، پہلے آپ نے ان کے سامنے قرآن نہیں پڑھا تھا جیسا کہ حضرت ابن عباس کی روایت ہے اور پھر بعد میں آپ نے ان کے سامنے قرآن پڑھا جیسے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۸۸، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

میں کہتا ہوں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اپنے اجتہاد سے جنات کے سماع کی نفی کی ہے اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ تو اس سماع کے شاہد ہیں۔

بعثت نبوی سے پہلے اور بعثت نبوی کے بعد شیاطین پر آگ کے گولے پھینکنے کی کیفیت اور مختلف احادیث میں تطبیق

اس وقت شیاطین کے درمیان اور آسمان کی خبر (کی چوری) کے درمیان کوئی چیز حائل ہوگئی تھی:

حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

امام مسلم نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس چند انصار کے لوگ بیٹھے ہوئے تھے، اس وقت ایک آگ کا گولہ پھینکا گیا تو آسمان روشن ہوگیا تو آپ نے انصار سے پوچھا جب زمانہ جاہلیت میں یہ آگ کا گولا پھینکا جاتا تھا تو تم اس کے متعلق کیا کہتے تھے؟ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بعثت نبوی سے پہلے بھی آگ کے گولے پھینکے جاتے تھے اور امام عبدالرزاق نے معمر سے روایت کی ہے کہ زہری سے سوال کیا گیا کہ کیا زمانہ جاہلیت میں بھی آگ کے گولے پھینکے جاتے تھے تو انہوں نے کہا: ہاں لیکن جب اسلام کا ظہور ہوا تو آگ کے گولے پھینکنے میں زیادہ شدت ہوگئی۔

اور اس باب کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آگ کے گولے پھینکنے کی ابتداء بعثت نبوی کے بعد ہوئی ہے۔ علامہ قرطبی نے کہا:

Marfat.com

ان احادیث میں تطبیق اس طرح ہے کہ بعثت نبوی سے پہلے بھی آگ کے گولے پھینکے جاتے تھے تا کہ شیطان فرشتوں کی باتیں نہ سن سکے لیکن کبھی پھینکے جاتے تھے اور کبھی نہیں پھینکے جاتے تھے اور کسی ایک جانب سے پھینکے جاتے تھے اور ہر جانب سے نہیں پھینکے جاتے تھے اور بعد میں ان پر ہر جانب سے آگ کے گولے پھینکے جانے لگے جیسا کہ ان آیات سے ظاہر ہوتا ہے:

اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ ِالْکَوَاکِبِ ۝ وَ حِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ لَا یَسَّمَّعُوْنَ اِلَی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی وَ یُقْذَفُوْنَ مِنْ کُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّ لَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝ (الصافات:۱۰-۶)

ہم نے آسمان دنیا کو ستاروں کی زینت سے مزین فرمادیا O اور (اس کو) ہر سرکش شیطان سے محفوظ کر دیا O وہ عالم بالا کے فرشتوں (کی باتوں) کو سننے کے لیے کان نہیں لگا سکتے اور ان پر ہر جانب سے ضرب لگائی جاتی ہے O ان (کو بھگانے) کے لیے اور ان کے لیے دائمی عذاب ہے O مگر جو شیطان کوئی بات اچک لے تو فوراً چمکتا ہوا انگارہ اس کا پیچھا کرتا ہے O

حافظ ابن حجر لکھتے ہیں: پھر میں نے وہب بن منبہ کی عبارت دیکھی جس سے یہ اشکال دور ہو جاتا ہے اور مختلف احادیث میں تطبیق ہو جاتی ہے، انہوں نے بیان کیا کہ پہلے ابلیس تمام آسمانوں کی طرف چڑھ جاتا تھا اور ان میں جس طرح چاہتا تھا گھومتا رہتا تھا، اس کو منع نہیں کیا جاتا ہے حتیٰ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان پر اٹھا لیا گیا، پھر اس کو چار آسمانوں سے روک دیا گیا، پھر جب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی تو ان کو باقی تین آسمانوں سے بھی روک دیا گیا، پھر ابلیس اور اس کا لشکر چوری سے آسمانوں کی خبروں کو سنتا تھا اور اس پر آگ کے گولے پھینکے جاتے تھے، اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ امام طبری نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ہمارے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان جو زمانہ فترت تھا اس زمانہ میں آسمانوں کی حفاظت نہیں کی جاتی تھی، پھر جب سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی تو آسمانوں کی بہت سخت حفاظت کی گئی اور شیاطین پر آگ کے گولے برسائے گئے اور سدی کی روایت ہے کہ پہلے آسمانوں کی حفاظت نہیں کی جاتی تھی اور شیاطین مختلف مورچوں میں گھات لگا کر بیٹھتے تھے تا کہ مستقبل کے متعلق فرشتوں کی باتیں سنیں، پھر جب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی تو ان پر آگ کے گولے برسائے گئے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۸۹، دار المعرفہ بیروت ۱۴۲۶ھ)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الجن کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور حدیث روایت کی تھیں ان کی شرح مکمل ہوئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ المزمل کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۷۳۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْمُزَّمِّلِ

سورۃ المزمل کی تفسیر

سورۃ المزمل کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ المزمل کی بعض آیات کی تفسیر ہے، مقاتل نے کہا کہ یہ سورت مکی ہے سوا اس ایک آیت کے: وَاٰخَرُوْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ (المزمل:۲۰) اور اس سورت میں بیس (۲۰) آیات ہیں۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ وَتَبَتَّلْ أَخْلِصْ۔ اور مجاہد نے کہا: تَبَتَّلْ کا معنی ہے: أَخْلِصْ یعنی اخلاص کے ساتھ صرف اللہ کے ہو جاؤ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَتَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا ۝ (المزمل:۸) اور سب سے منقطع ہو کر اسی کے ہو رہیں ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے تَبَتَّلْ کی تفسیر أَخْلِص کی ہے اور ابن جریج سے روایت ہے کہ آپ اخلاص کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے سوال کریں اور دعا کریں اور قتادہ نے کہا: آپ اخلاص کے ساتھ تبلیغ کریں اور عبادت کریں اور امام ابن ابی حاتم نے بھی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اسی کی روایت کی ہے اور عطاء سے منقول ہے کہ آپ سب سے منقطع ہو کر اللہ تعالیٰ کی طرف ہو جائیں اور یہی معنی اصل کے مطابق ہے۔

وَقَالَ الْحَسَنُ أَنْكَالًا قُيُودًا۔ اور حسن بصری نے کہا: انکالاً کا معنی ہے: بیڑیاں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ لَدَیْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِیْمًا ۝ (المزمل:۱۲) بے شک ہمارے پاس ان کے لیے بھاری بیڑیاں اور بھڑکتی ہوئی آگ ہے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: انکالاً کا لفظ نکل کی جمع ہے۔

مُنْفَطِرٌ بِهِ مُثْقَلَةٌ بِهِ۔ منفطر بہ اس کا معنی ہے: وہ اس کے خوف کے سبب سے بھاری ہو جائے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَكَیْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ یَوْمًا یَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِیْبًا ۝ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۝ (المزمل:۱۸-۱۷) اگر تم نے اس کا انکار کیا تو تم اس دن کے عذاب سے کیسے بچو گے جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا ۝ آسمان اس کی شدت سے پھٹ جائے گا اور اس کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا ۝

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے منفطر بہ کی تفسیر کی ہے: مُنْفَلَةٌ اور منفطرٌ کا صیغہ واحد مذکر ہے، اس پر یہ اعتراض ہے کہ مُنْفَلَةٌ تو واحد مونث ہے تو وہ منفطرٌ کی کیسے تفسیر ہوگی جب کہ وہ مذکر کا صیغہ ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ السماء کا لفظ سقف یعنی چھت کی تاویل میں ہے اور وہ مذکر ہے، اس لیے یہ تفسیر صحیح ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَثِيبًا مَهِيلًا الرَّمْلُ السَّائِلُ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا كَثِيبًا مَهِيلًا کا معنی ہے: بہنے والی ریت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يَوْمَ تَرْجُفُ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ وَ كَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيبًا مَّهِيلًا ۝ (المزمل: ۱۴) جس دن زمین اور پہاڑ لرزنے لگیں گے اور پہاڑ ریت کا بکھرا ہوا ٹیلا بن جائیں گے ۝

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: اس تعلیق کی امام ابن ابی حاتم نے سند موصول کے ساتھ روایت کی ہے، اور حاکم نے ایک اور سند کے ساتھ اس کی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے، اس کی عبارت اس طرح ہے: مهيل کا معنی یہ ہے کہ جب اس میں سے کوئی چیز نکالو تو اس کی باقی چیزیں بھی نکل آئیں اور کثیب کا معنی ہے: ریت۔ الفراء نے کہا ہے: کثیب کا معنی ریت ہے اور کثیب وہ چیز ہے کہ جب اس کا نچلا حصہ متحرک ہو تو تمہارے اوپر اس کا اوپر والا حصہ بھی گر جائے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۹۲)

وَبِيلًا شَدِيدًا۔ وَبِيلاً کا معنی ہے: شدید۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَعَصَىٰ فِرْعَوْنُ الرَّسُولَ فَأَخَذْنَاهُ أَخْذًا وَبِيلًا ۝ (المزمل: ۱۶) پس فرعون نے اس رسول کی نافرمانی کی تو ہم نے اس کو سخت گرفت سے پکڑ لیا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے وبیلا کی تفسیر شدیدا کی ہے، اسی طرح امام طبری نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے، اور علامہ ثعلبی نے کہا ہے کہ وبیلا کا معنی ہے: شدید اور سخت دشوار اور اسی سے وبال کا لفظ بنا ہے۔

[ایک تعلیق کے سوا باقی تمام تعلیقات کی شرح عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۸۰ سے اخذ کی گئی ہے]

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

تنبیہ: امام بخاری نے سورۃ المزمل کی تفسیر میں کوئی حدیث مرفوع روایت نہیں کی اور امام مسلم نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے قیام اللیل یعنی تہجد کے متعلق ایک روایت کی ہے: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: پس تہجد کی نماز پہلے فرض تھی، پھر وہ نفل ہوگئی اور یہ بھی ممکن ہے کہ درج ذیل آیت:

وَ مَا تُقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ اللَّهِ هُوَ خَيْرًا وَّ أَعْظَمَ أَجْرًا ۚ (المزمل: ۲۰) اور تم اپنی بھلائی کے لیے جو آگے بھیجو گے اس کو اللہ کے پاس اس سے بہتر اور زیادہ ثواب میں پاؤ گے۔

اس آیت کی تفسیر میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ قول داخل کر دیا جائے: تم میں سے کوئی ایک اس کی طرف میلان کرتا ہے جو اس نے آگے بھیجا ہے اور اس کا وارث اس کی طرف میلان کرتا ہے جو اس نے پیچھے چھوڑا ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۹۶، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ المزمل کی تفسیر میں جو احادیث ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ المدثر کی تفسیر میں انہوں نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور احادیث روایت کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۷۴۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْمُدَّثِّرِ

سورۃ المدثر کی تفسیر

سورۃ المدثر کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ المدثر کی بعض آیات کی تفسیر ہے، یہ سورت مکی ہے اور اس میں چھپن (۵۶) آیات ہیں۔

علامہ ثعلبی نے کہا ہے: یٰٓاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ (المدثر:۱) اے چادر لپیٹنے والے! اور جمہور نے کہا ہے: اے کپڑا لپیٹنے والے!۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَسِیْرٌ شَدِیْدٌ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: عسیر کا معنی ہے: شدید یعنی سخت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَذٰلِكَ یَوْمَئِذٍ یَّوْمٌ عَسِیْرٌ ۝ (المدثر:۹) تو وہ بہت مشکل والا دن ہوگا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے عسیر کی تفسیر شدید کی ہے، امام ابن ابی حاتم نے اس تعلیق کو سند موصول کے ساتھ روایت کیا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۸۱، فتح الباری ج ۶ ص ۹۲)

قَسْوَرَۃٌ رِکْزُ النَّاسِ وَأَصْوَاتُهُمْ وَکُلُّ شَدِیْدٍ قَسْوَرَۃٌ۔ قسورۃٌ اس کا معنی ہے: لوگوں کی آہٹیں اور آوازیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

کَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَۃٌ ۝ فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَۃٍ ۝ گویا وہ بدکے ہوئے وحشی گدھے ہیں ○ جو شیر سے بھاگ رہے ہیں ○ (المدثر:۵۰۔۵۱)

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: قسورۃ کا معنی ہے: لوگوں کی آواز، اور ابوسفیان نے کہا: یعنی لوگوں کا احساس اور ان کی آوازیں۔

وَقَالَ أَبُو هُرَیْرَۃَ الْقَسْوَرَۃُ قَسْوَرٌ الْأَسَدُ الرِّکْزُ الصَّوْتُ۔ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اس کا معنی ہے: شیر اور ہر سخت چیز اور قسورٌ کا معنی ہے الرکز یعنی آواز۔

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: یہ حبشی زبان کا لفظ ہے، اور امام ابن جریر نے لکھا ہے کہ عربی میں القسورۃ کا معنی شیر ہے اور اس کو فارسی میں شیر اور عربی میں قسورۃ کہتے ہیں۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۹۳)

مُسْتَنْفِرَۃٌ نَافِرَۃٌ مَذْعُوْرَۃٌ۔ مُسْتَنْفِرَۃٌ اس کا معنی ہے: وحشت زدہ اور ڈری ہوئی۔

حافظ ابن حجر لکھتے ہیں: امام بخاری کی مراد یہ ہے کہ مستنفرۃ کے دو معنی ہیں: وحشت زدہ اور ڈری ہوئی۔

(فتح الباری ج ۶ ص ۹۳)

۱۔ بَابٌ

۴۹۲۲۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ سَأَلْتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَوَّلِ مَا نَزَلَ مِنَ الْقُرْآنِ قَالَ يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُلْتُ يَقُولُونَ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ فَقَالَ أَبُو سَلَمَةَ سَأَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنهما عَنْ ذَلِكَ وَقُلْتُ لَهُ مِثْلَ الَّذِي قُلْتَ فَقَالَ جَابِرٌ لَا أُحَدِّثُكَ إِلَّا مَا حَدَّثَنَا رَسُولُ اللهِ ﷺ قَالَ جَاوَرْتُ بِحِرَاءٍ فَلَمَّا قَضَيْتُ جِوَارِي هَبَطْتُ فَنُودِيتُ فَنَظَرْتُ عَنْ يَمِينِي فَلَمْ أَرَ شَيْئًا وَنَظَرْتُ عَنْ شِمَالِي فَلَمْ أَرَ شَيْئًا وَنَظَرْتُ أَمَامِي فَلَمْ أَرَ شَيْئًا وَنَظَرْتُ خَلْفِي فَلَمْ أَرَ شَيْئًا فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَرَأَيْتُ شَيْئًا فَأَتَيْتُ خَدِيجَةَ فَقُلْتُ دَثِّرُونِي وَصُبُّوا عَلَيَّ مَاءً بَارِدًا قَالَ فَدَثَّرُونِي وَصَبُّوا عَلَيَّ مَاءً بَارِدًا قَالَ فَنَزَلَتْ ﴿يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَأَنْذِرْ ۝ وَ رَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝﴾ (المدثر:۱۔۳)

باب

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں وکیع نے حدیث بیان کی از علی بن المبارک از یحییٰ بن ابی کثیر، وہ بیان کرتے ہیں: میں نے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے پوچھا: سب سے پہلے قرآن مجید کی کون سی آیت نازل ہوئی تو انہوں نے کہا: يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ میں نے کہا: لوگ کہتے ہیں: (سب سے پہلے) اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ ۝ (نازل ہوئی ہے) تو ابوسلمہ نے کہا: میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے اس کے متعلق سوال کیا تھا اور ان سے اسی طرح کہا تھا جس طرح تم نے کہا ہے تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تم کو صرف وہی حدیث بیان کرتا ہوں جو رسول اللہ ﷺ نے ہم سے بیان فرمائی ہے، آپ نے فرمایا: میں نے حراء پہاڑ میں اعتکاف کیا، جب میرا اعتکاف پورا ہو گیا تو میں پہاڑ سے نیچے اترا، پس مجھے آواز دی گئی تو میں نے اپنی دائیں طرف دیکھا تو میں نے کوئی چیز نہیں دیکھی اور میں نے بائیں طرف دیکھا تو میں نے کوئی چیز نہیں دیکھی اور میں نے اپنے آگے دیکھا تو میں نے کوئی چیز نہیں دیکھی اور میں نے اپنے پیچھے دیکھا تو میں نے کوئی چیز نہیں دیکھی، پس میں نے اپنا سر اوپر اٹھایا تو میں نے کچھ دیکھا، پس میں خدیجہ کے پاس آیا، پھر میں نے کہا: مجھ پر کپڑا ڈالو اور مجھ پر ٹھنڈا پانی انڈیلو تو انہوں نے مجھ پر کپڑا ڈالا اور مجھ پر ٹھنڈا پانی انڈیلا، پھر یہ آیات نازل ہوئیں: يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَأَنْذِرْ ۝ وَ رَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝ (المدثر: ۳۔۱) اے چادر لپیٹنے والے ۝ اٹھیے پس لوگوں کو اللہ کے عذاب سے ڈرایئے ۝ اور اپنے رب کی بڑائی بیان کیجئے ۝

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴ میں گزر چکی ہے۔

سب سے پہلے نازل ہونے والی آیت میں تعارض اور اس کا جواب اور جاورت اور جواری کا معنی

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

جاورت بحراء: یعنی میں نے حراء پہاڑ پر اعتکاف کیا، حراء وہ پہاڑ ہے جو شخص مکہ سے منیٰ کی طرف جا رہا ہو تو یہ پہاڑ اس کی بائیں جانب ہوتا ہے۔

جواری: اس کا معنی ہے: میرا اعتکاف۔

تو میں نے کوئی چیز دیکھی: ہو سکتا ہے کہ اس سے مراد یہ ہو کہ میں نے حضرت جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دیکھا اور اس وقت انہوں نے فرمایا: اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ (العلق:۱) (اپنے رب کے نام سے پڑھیے) تو میں اس سے خوف زدہ ہو گیا، پھر میں خدیجہ رضی اللہ عنہا کے

Marfat.com

پاس آیا، پس میں نے کہا: مجھے کپڑے سے ڈھانپ دو، تب یہ آیت نازل ہوئی: يَآيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ (المدثر:۱) (اے چادر لپیٹنے والے!) اور جمہور کا موقف یہ ہے کہ جو آیت سب سے پہلے نازل ہوئی ہے وہ اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ ہے، اور اس حدیث میں جو مذکور ہے کہ سب سے پہلے يَآيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ نازل ہوئی ہے، یہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا اجتہاد ہے اور یہ صحیح بخاری کی اس حدیث کے معارض نہیں ہے جس میں تصریح ہے کہ سب سے پہلے اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ نازل ہوئی ہے۔ (صحیح البخاری: ۳) دوسرا جواب یہ ہے کہ سب سے پہلے نازل ہونے والی آیت سے مراد اولیت حقیقی نہیں ہے بلکہ اولیت اضافی ہے یعنی دوسری آیات سے پہلے نازل ہوئی نہ کہ سب سے پہلے نازل ہوئی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۸۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس حدیث کی شرح نہیں کی۔

۲۔ بَابٌ: قُمْ فَأَنْذِرْ ۝ (المدثر:۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اٹھیے پس لوگوں کو اللہ کے عذاب سے ڈرایئے ○ (المدثر:۲) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کا معنی ہے: اے محمد (صلی اللہ علیک وسلم!) آپ اپنے بستر سے اٹھیے اور پورے عزم اور کوشش کے ساتھ اپنی قوم کو اور دوسرے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈرایئے کیونکہ اس آیت میں مطلقاً ڈرانے کا ذکر ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۸۲)

۴۹۲۳۔ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ وَغَيْرُهُ قَالَا حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ جَاوَرْتُ بِحِرَاءٍ مِثْلَ حَدِيثِ عُثْمَانَ بْنِ عُمَرَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالرحمٰن بن مہدی وغیرہ نے حدیث بیان کی، ان دونوں نے کہا: ہمیں حرب بن شداد نے حدیث بیان کی از یحییٰ بن ابی کثیر از ابی سلمہ از حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے حراء پہاڑ میں اعتکاف کیا، یہ حدیث اس حدیث کی مثل ہے جو عثمان بن عمر از علی بن المبارک سے مروی ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴ میں گزر چکی ہے۔

امام بخاری نے حضرت جابر کی حدیث سابق کی دوسری سند بیان کی ہے۔

۳۔ بَابٌ: وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝ (المدثر:۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اپنے رب کی بڑائی کیجئے ○ (المدثر:۳) کی تفسیر

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تکبیر پڑھنے کا معنی

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی اپنے رب کی تعظیم کیجئے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنے پر برقرار رہیے اور یہ تکبیر نماز میں بھی ہوتی ہے اور غیر نماز میں بھی اور جب یہ آیت نازل ہوئی تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے اور آپ نے اللہ اکبر کہا، پس حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے بھی اللہ اکبر کہا اور خوش ہوئیں اور انہوں نے جان لیا کہ آپ نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی پر عمل کیا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۸۳۔۳۸۲)

۴۹۲۴۔ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا حَرْبٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ سَأَلْتُ أَبَا

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں اسحاق بن منصور نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالصمد نے حدیث بیان کی،

Marfat.com

سَلَمَةَ أَيُّ الْقُرْآنِ أُنْزِلَ أَوَّلُ فَقَالَ يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ فَقُلْتُ أُنْبِئْتُ أَنَّهُ اقْرَأَ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ فَقَالَ أَبُو سَلَمَةَ سَأَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ أَيُّ الْقُرْآنِ أُنْزِلَ أَوَّلُ فَقَالَ يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ فَقُلْتُ أُنْبِئْتُ أَنَّهُ اقْرَأَ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ فَقَالَ لَا أُخْبِرُكَ إِلَّا بِمَا قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ جَاوَرْتُ فِي حِرَاءٍ فَلَمَّا قَضَيْتُ جِوَارِي هَبَطْتُ فَاسْتَبْطَنْتُ الْوَادِيَ فَنُودِيتُ فَنَظَرْتُ أَمَامِي وَخَلْفِي وَعَنْ يَمِينِي وَعَنْ شِمَالِي فَإِذَا هُوَ جَالِسٌ عَلَى كُرْسِيٍّ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ فَأَتَيْتُ خَدِيجَةَ فَقُلْتُ دَثِّرُونِي وَصُبُّوا عَلَيَّ مَاءً بَارِدًا وَأُنْزِلَ عَلَيَّ ﴿يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَأَنْذِرْ ۝ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝﴾ (المدثر:۱-۳)

انہوں نے کہا ہمیں حرب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے ابوسلمہ سے سوال کیا کہ سب سے پہلے قرآن مجید کی کون سی آیت نازل ہوئی تو انہوں نے بتایا: يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ میں نے کہا مجھے خبر دی گئی ہے کہ سب سے پہلے یہ آیت نازل کی گئی اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ ۝ (العلق:۱) (اے رسول مکرم! اپنے رب کے نام سے پڑھیے جس نے پیدا کیا ہے ۝) تو ابوسلمہ نے کہا: میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے سوال کیا تھا کہ سب سے پہلے قرآن مجید کی کون سی آیت نازل ہوئی تو انہوں نے کہا: يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ میں نے کہا مجھے یہ خبر دی گئی ہے کہ سب سے پہلے یہ آیت نازل ہوئی ہے اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ ۝ تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا میں تمہیں صرف وہی خبر دیتا ہوں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے حراء پہاڑ میں اعتکاف کیا، پس جب میرا اعتکاف پورا ہو گیا تو میں پہاڑ سے نیچے اترا اور وادی کے نشیب میں گیا تو مجھے ندا کی گئی، پس میں نے اپنے آگے اور پیچھے اور دائیں طرف اور بائیں طرف دیکھا تو اس وقت وہ (فرشتہ) آسمان اور زمین کے درمیان ایک تخت پر بیٹھا ہوا تھا، پس میں خدیجہ کے پاس آیا، پس میں نے کہا: مجھے چادر اوڑھا دو اور مجھ پر ٹھنڈا پانی ڈالو اور اس وقت مجھ پر یہ آیت نازل کی گئی: يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَأَنْذِرْ ۝ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝ (المدثر:۳-۱) اے چادر لپیٹنے والے ۝ اٹھیے پس لوگوں کو اللہ کے عذاب سے ڈرایئے ۝ اور اپنے رب کی بڑائی بیان کیجیے ۝

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴ میں گزر چکی ہے۔

سب سے پہلے نازل ہونے والی آیت کے متعلق حافظ ابن حجر عسقلانی کی تحقیق، اور سورۃ المدثر کا سورۃ المزمل سے پہلے نازل ہونا

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

حضرت جابر کی حدیث میں سب سے پہلی آیت سے مراد اولیت مطلقہ نہیں ہے بلکہ اولیت مخصوصہ ہے یعنی نزول وحی کے موقوف ہونے کے بعد جو آیت سب سے پہلے نازل ہوئی وہ يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ہے۔

علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ حضرت جابر نے اپنے اجتہاد سے یہ استخراج کیا کہ يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ سب سے پہلے نازل ہوئی

ہے اور یہ ان کی روایت نہیں ہے اور صحیح وہ ہے جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے کہ سب سے پہلے اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ○ نازل ہوئی۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں: میں کہتا ہوں کہ حضرت جابر کی حدیث میں اولیت سے مراد ہے: جو کسی سبب سے اول نازل ہوئی اور وہ سبب ہے: آپ کا چادر لپیٹنا یا اوڑھنا اور جمہور نے جو کہا ہے کہ سب سے پہلے اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ○ نازل ہوئی اس سے مراد ہے: جو آیت بغیر کسی سبب کے سب سے پہلے نازل ہوئی۔

سب سے پہلے نازل ہونے والی سورت کے متعلق ایک اور قول ہے جو عطاء الخراسانی سے منقول ہے کہ سورۃ المزمل سورۃ المدثر سے پہلے نازل ہوئی اور عطاء ضعیف ہے اور اس کی روایت ضعیف ہے کیونکہ کسی معین صحابی سے عطاء کی ملاقات منقول نہیں ہے اور احادیث صحیحہ کا ظاہر یہ ہے کہ سورۃ المزمل بعد میں نازل ہوئی ہے کیونکہ سورۃ المزمل میں قیام لیل اور تہجد کی نماز کا ذکر ہے اور یہ ابتداء نزول وحی سے مؤخر ہے، اس کے برخلاف سورۃ المدثر میں اس طرح نہیں ہے۔

اس حدیث میں مذکور ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حراء پہاڑ میں اعتکاف کیا تھا اور اعتکاف پورا کرنے کے بعد آپ پہاڑ سے اترے جب کہ حضرت عائشہ سے جو ابتداء وحی کی حدیث مروی ہے اس میں یہ مذکور نہیں ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ امام بیہقی نے روایت کی ہے کہ آپ ہر سال رمضان کے مہینہ میں اعتکاف کرتے تھے اور آپ کا یہ اعتکاف اس مدت میں ہوا تھا جس مدت میں وحی کا آنا رک گیا تھا اور تب حضرت جبرئیل آپ کے پاس نزول وحی کے موقوف ہونے کے بعد آئے تھے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۹۴، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۴۔ بَابٌ: وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ○

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اپنا لباس پاک رکھیے ○ (المدثر: ۴) کی تفسیر

لباس پاک رکھنے کے متعلق متعدد تفاسیر اور مصنف کا مختار

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

علامہ ثعلبی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس آیت کے متعلق سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا: اپنے لباس کو گناہ اور عہد شکنی کے ساتھ آلودہ نہ کریں اور جب کوئی شخص اپنا عہد پورا کرے اور سچ بولے تو عرب اس کے متعلق کہتے ہیں: اس کا لباس طاہر ہے، اور جب وہ گناہ کرے اور عہد شکنی کرے تو وہ کہتے ہیں کہ اس کا لباس گندہ ہے اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ اپنے لباس کو تکبر، ظلم اور گناہ سے آلودہ نہ کریں اور اس حال میں لباس پہنیں کہ آپ گناہوں سے پاک ہوں اور ابن سیرین اور ابن زید سے منقول ہے کہ اپنے کپڑوں کو صاف کریں اور ان کو پانی سے دھوئیں اور نجاست سے پاک کریں کیونکہ مشرکین اپنے کپڑوں کو پاک اور صاف نہیں کرتے تھے اور طاؤس سے منقول ہے: اپنے کپڑوں کو دھوئیں کیونکہ کپڑوں کو دھونا بھی پاکیزگی ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۸۳، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

میں کہتا ہوں کہ ان اکابر کا کلام اپنی جگہ ہے لیکن میرے نزدیک اس آیت کا معنی ہے: اپنا لباس پاک رکھیے یعنی جس طرح وہ لباس پہلے پاک تھا اس کو اسی حالت پر پاک رکھیے کیونکہ اگر یہ کہا جائے کہ اپنا لباس پاک کیجئے تو اس سے یہ وہم ہوگا کہ آپ کا لباس ناپاک ہے، سو اس کو پاک کریں۔

۴۹۲۵۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ بن بکیر نے حدیث

Marfat.com

عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ح و حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ قَالَ الزُّهْرِيُّ فَأَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ وَهُوَ يُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ الْوَحْيِ فَقَالَ فِي حَدِيثِهِ فَبَيْنَا أَنَا أَمْشِي إِذْ سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَاءِ فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَإِذَا الْمَلَكُ الَّذِي جَاءَنِي بِحِرَاءَ جَالِسٌ عَلَى كُرْسِيٍّ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ فَجَئِثْتُ مِنْهُ رُعْبًا فَرَجَعْتُ فَقُلْتُ زَمِّلُونِي زَمِّلُونِي فَدَثَّرُونِي فَأَنْزَلَ اللهُ تَعَالَى يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَأَنْذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ قَبْلَ أَنْ تُفْرَضَ الصَّلَاةُ وَهِيَ الْأَوْثَانُ۔

بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں لیث نے حدیث بیان کی از عقیل از ابن شہاب (ح) اور مجھے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں معمر نے خبر دی از الزہری، انہوں نے کہا: مجھے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے خبر دی از حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ سے سنا، جب آپ وحی کے رک جانے کے متعلق بیان فرما رہے تھے تو آپ نے اپنی حدیث میں فرمایا: پس جس وقت میں چل رہا تھا تو میں نے آسمان سے آواز سنی، پس میں نے اپنا سر اٹھایا تو وہی فرشتہ جو میرے پاس حراء میں آیا تھا آسمان اور زمین کے درمیان ایک کرسی پر بیٹھا ہوا تھا، پس میں اس سے مرعوب ہو گیا اور میں گھر لوٹ آیا اور میں نے کہا: مجھ پر چادر ڈالو مجھ پر چادر ڈالو تو گھر والوں نے مجھ پر چادر ڈالی تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ○ --- وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ○ (المدثر: ۱-۵) اے چادر لپیٹنے والے! ----- اور بتوں کو چھوڑے رہیے ○ یہ نماز کے فرض ہونے سے پہلے کا واقعہ ہے اور رجز کا معنی ہے: الاوثان یعنی بت۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴ میں گزر چکی ہے۔

وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ کی مزید تفاسیر اور حافظ ابن حجر کا تسامح

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث میں مذکور ہے: نماز فرض ہونے سے پہلے: اس سے معلوم ہوا کہ نبی ﷺ کو فرضیت نماز سے پہلے بھی لباس پاک رکھنے کا حکم تھا۔

امام ابن المنذر نے حسن بصری سے نقل کیا ہے کہ اپنے اخلاق کو حسین بنائیں، امام شافعی رحمہ اللہ نے کہا ہے کہ آپ پاک کپڑوں میں نماز پڑھیں۔

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: امام ابن المنذر نے اس آیت کے سبب نزول میں اپنی سند سے یہ روایت کی ہے کہ نبی ﷺ پر اونٹنی کی اوجھڑی یا وہ جھلی ڈال دی جس میں بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے تو یہ آیت نازل ہوئی۔

(فتح الباری ج ۶ ص ۹۵، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

میں کہتا ہوں: امام ابن المنذر کا یہ سبب نزول بیان کرنا صحیح نہیں ہے کیونکہ یہ آیت سورۃ المدثر کی ہے جو کہ ابتداء میں اور فرضیت نماز سے پہلے کی آیت ہے اور کفار نے جو آپ کی پشت پر اوجھڑی یا اونٹنی کے بچے کی جھلی ڈال تھی یہ بہت بعد کا واقعہ ہے جب آپ صحن کعبہ میں نماز پڑھ رہے تھے، سو حافظ ابن حجر کو اس سبب نزول کو نقل کرنے میں تسامح ہوا ہے۔

Marfat.com

۵۔ بَابٌ: وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝ (المدثر:۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور بتوں کو چھوڑے رہیے ○ (المدثر:۵) کی تفسیر

يُقَالُ الرِّجْزُ وَالرِّجْسُ الْعَذَابُ۔

رُجز کا معنی بیان کیا جاتا ہے: نجاست اور عذاب۔

حافظ ابن حجر لکھتے ہیں: یہ امام ابوعبیدہ کا قول ہے اور اس سے پہلے گزر چکا ہے کہ رُجز کا معنی بت ہے اور یہ تفسیر اس آیت کے معنی کی ہے یعنی عذاب کے اسباب کو چھوڑے رکھیے جو بت ہیں۔ (فتح الباری ج ۸ ص ۹۵، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت ابن عباس سے منقول ہے کہ آپ گناہوں کو چھوڑے رکھیے اور مجاہد، عکرمہ، قتادہ، زہری اور ابن زید سے منقول ہے کہ آپ بتوں کو چھوڑے رکھیے اور ان کے قریب نہ جائیں اور اس کی دلیل یہ ہے کہ قرآن مجید میں ہے:

فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ (الحج:۳۰) سو تم بتوں کی نجاست سے اجتناب کرو۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ بت نجس ہیں، نیز اس آیت کا معنی یہ ہے کہ آپ ان کاموں کو چھوڑے رکھیں جو عذاب کا سبب ہیں اور دوسرا قول یہ ہے کہ اپنے دل سے دنیا کی محبت ساقط کر دیں کیونکہ وہ ہر گناہ کی اصل ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۸۴، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۹۲۶۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ قَالَ أَخْبَرَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ ﷺ يُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ الْوَحْيِ فَبَيْنَا أَنَا أَمْشِي سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَاءِ فَرَفَعْتُ بَصَرِي قِبَلَ السَّمَاءِ فَإِذَا الْمَلَكُ الَّذِي جَائَنِي بِحِرَاءٍ قَاعِدٌ عَلَى كُرْسِيٍّ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ فَجَئِثْتُ مِنْهُ حَتَّى هَوَيْتُ إِلَى الْأَرْضِ فَجِئْتُ أَهْلِي فَقُلْتُ زَمِّلُونِي زَمِّلُونِي فَزَمَّلُونِي فَأَنْزَلَ اللهُ تَعَالَى يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَأَنْذِرْ إِلَى قَوْلِهِ فَاهْجُرْ قَالَ أَبُو سَلَمَةَ وَالرُّجْزَ الْأَوْثَانُ ثُمَّ حَمِيَ الْوَحْيُ وَتَتَابَعَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہم کو لیث نے حدیث بیان کی از عقیل، ابن شہاب نے کہا: میں نے ابوسلمہ سے سنا، انہوں نے کہا: مجھے حضرت جابر بن عبداللہ نے خبر دی، انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ وحی رک جانے کی حدیث بیان کر رہے تھے، (آپ نے فرمایا) کہ جس وقت میں جا رہا تھا تو اچانک میں نے آسمان سے ایک آواز سنی، پس میں نے آنکھ اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھا تو اس پر وہی فرشتہ تھا جو میرے پاس حراء میں آیا تھا، وہ آسمان اور زمین کے درمیان ایک کرسی پر بیٹھا تھا، میں اس سے مرعوب ہو گیا حتیٰ کہ میں نے زمین پر اترنے کا ارادہ کیا، پس میں اپنے گھر والوں کے پاس آیا، پس میں نے کہا: مجھے چادر اوڑھاؤ مجھے چادر اوڑھاؤ تو انہوں نے مجھے چادر اوڑھائی، تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: يَاأَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ○ ..... وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝ (المدثر:۱۔۵) اے چادر لپیٹنے والے ..... بتوں کو چھوڑے رہیے۔ ابوسلمہ نے کہا: رجز کا معنی ہے: اوثان، پھر وحی گرم ہو گئی اور لگاتار آنے لگی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴ میں گزر چکی ہے۔

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ المدثر کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور جو احادیث روایت کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ القیامہ کی تفسیر شروع کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۷۵۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْقِیَامَۃِ

سورۃ القیامہ کی تفسیر

سورۃ القیامہ کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ القیامۃ کی بعض آیات کی تفسیر ہے، سورۃ القیامہ مکی ہے اور اس میں چالیس (۴۰) آیات ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۸۵)

۱۔ بَابٌ: لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝ (القیامہ:۱۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ (قرآن کو یاد کرنے کے لیے) عجلت سے اپنی زبان کو حرکت نہ دیں ۝ (القیامہ:۱۶) کی تفسیر

القیامہ:۱۶ میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خطاب ہے یا مطلق انسان سے؟

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

متقدمین کا اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ اس آیت میں نزول وحی کے متعلق نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خطاب کیا گیا ہے جیسا کہ اس باب کی حدیث اس پر دلالت کرتی ہے لیکن امام فخر الدین رازی نے لکھا ہے کہ قفال نے اس بات کو جائز قرار دیا ہے کہ یہ آیت انسان کے متعلق نازل ہوئی ہو جس کا اس سے پہلے درج ذیل آیت میں ذکر فرمایا گیا ہے:

يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ۝ (القیامہ:۱۳) اس دن انسان کو اس کے اگلے اور پچھلے کاموں کی خبر دی جائے گی ۝

قفال نے کہا کہ انسان پر اس کا اعمال نامہ پیش کیا جائے گا، پس اس سے کہا جائے گا کہ اپنا اعمال نامہ پڑھو، پس جب وہ اس کو پڑھنا شروع کرے گا تو اس پر خوف طاری ہو جائے گا، سو وہ جلدی جلدی پڑھنا شروع کرے گا تو اس سے کہا جائے گا: تم اپنی زبان کو جلدی جلدی حرکت نہ دو، تمہارے اعمال کو جمع کرنا اور ان کو تم سے پڑھوانا ہمارا ذمہ ہے، پس جب ہم تم کو پڑھائیں تو پھر تم اقرار کر کے ہمارے پڑھانے کی اتباع کرو کہ تم نے یہ کام کیے ہیں، پھر یہ ہمارے ذمہ ہے کہ ہم انسان کے معاملہ کو اور اس کی سزا سے متعلق امور کو بیان کریں، قفال نے کہا: یہ عمدہ توجیہ ہے اور عقل کے نزدیک کوئی ایسی دلیل نہیں ہے جو اس توجیہ کو رد کرے اگرچہ اس کی تائید میں احادیث اور آثار وارد نہیں ہیں، قفال کی اس تفسیر کا باعث یہ ہے کہ اس آیت اور اس سے پہلی آیات کے درمیان جو احوال قیامت بیان کیے گئے ہیں ان میں مناسبت کو بیان کرنا مشکل ہے حتیٰ کہ بعض رافضیوں نے یہ گمان کیا ہے کہ اس سورت سے چھ آیات ساقط ہو گئی ہیں اور یہ ان کے دوسرے باطل دعووں میں سے ایک ہے۔

ائمہ تفسیر نے اس آیت اور اس سے پہلی آیتوں کے درمیان یہ مناسبت بیان کی ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے جب قیامت کا ذکر

Marfat.com

فرمایا کہ جو شخص نیک اعمال میں کمی کرتا ہے وہ دنیا سے محبت کرتا ہے اور دین کا تقاضا یہ ہے کہ نیک کام کرنے میں سبقت کی جائے تو اللہ تعالیٰ نے اس پر تنبیہ کی کہ اس مطلوب سے زیادہ اہم چیز یہ ہے کہ وحی الٰہی کو توجہ سے سنا جائے اور اللہ تعالیٰ اس وحی سے جو ارادہ کرتا ہے اس کو توجہ سے سمجھا جائے اور اللہ تعالیٰ کی وحی کو یاد کرنے کے درپے ہوا جائے، پس اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا کہ اس وحی کو یاد کرنے میں جلدی نہ کی جائے کیونکہ اس کو یاد کرانا اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لے لیا ہے اور انسان کو چاہیے کہ وہ اس پر غور کرے کہ اس کا رب اس سے کیا چاہتا ہے، پھر اس وحی کے حکم کی اتباع کرے، پھر جب یہ جملہ معترضہ ختم ہو گیا تو پھر کلام اس سابق کلام کے ساتھ مل گیا جس میں انسان کے ذکر سے ابتداء کی گئی ہے، پس فرمایا: کَلَّا (ہرگز نہیں) یہ ڈانٹنے اور جھڑکنے کا کلمہ ہے گویا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: بلکہ اے بنی آدم! چونکہ تم کو عجلت سے پیدا کیا گیا ہے تو تم ہر چیز میں عجلت کرتے ہو۔ اسی وجہ سے تم العاجلہ یعنی دنیا سے محبت کرتے ہو امام فخر الدین رازی نے یہاں اور بھی متعدد مناسبات ذکر کی ہیں اور آخری مناسبت یہ ذکر کی ہے کہ اس سورت کے شروع میں نفس کا ذکر کیا گیا ہے اور وہ آیت درج ذیل ہے:

وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۝ (القیامہ:۲) اور ملامت کرنے والے نفس کی قسم کھاتا ہوں ○

پھر اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے نفس مصطفیٰ کی طرف عدول فرمایا گویا کہ فرمایا یہ تمام نفوس کی شان ہے اور اے محمد! (صلی اللہ علیک وسلم) آپ کا نفس تمام نفوس سے اشرف اور افضل ہے اس لیے آپ کا حال تمام احوال سے زیادہ کامل ہونا چاہیے، اس لیے فرمایا: آپ (قرآن کو یاد کرنے کے لیے) عجلت سے اپنی زبان کو حرکت نہ دیں۔ (القیامہ:۱۷)، (فتح الباری ج ۷ ص ۹۶، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

القیامہ:۱۶ میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خطاب کی توجیہ

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

اس آیت میں فرمایا: آپ (قرآن کو یاد کرنے کے لیے) عجلت سے اپنی زبان کو حرکت نہ دیں ○ (القیامہ:۱۶) کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرآن مجید کو بہت اہمیت کے ساتھ پڑھتے تھے کہ کہیں آپ اس کو بھول نہ جائیں اس لیے اپنی زبان کو جلدی جلدی حرکت دیتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی یعنی قرآن مجید کو یاد کرانا ہمارے ذمہ ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۸۵، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

- وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ سُدًى هَمَلًا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: سُدیٰ کا معنی ہے: آزاد، بے قید اور مہمل۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ۝ (القیامہ:۳۶) کیا انسان نے یہ گمان کر رکھا ہے کہ اس کو یونہی (آزاد) چھوڑ دیا جائے گا ○

علامہ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: سُدیٰ کا معنی ہے: مہمل یعنی کیا انسان نے یہ گمان کیا ہے کہ اس کو نہ کسی کام سے منع کیا جائے گا اور نہ کسی کام کا حکم دیا جائے گا اور اس کو یونہی آزاد اور مہمل چھوڑ دیا جائے گا، عرب کہتے ہیں: اسدیت حاجتی یعنی تم نے میری ضرورت کو مہمل چھوڑ دیا گویا اس کو پورا کیے بغیر چھوڑ دیا۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۹۷)

وَقَالَ لِيَفْجُرَ أَمَامَهُ سَوْفَ أَتُوبُ سَوْفَ أَعْمَلُ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: لِيَفْجُرَ اَمَامَهُ (یعنی وہ مسلسل گناہ کرتا رہے اور یہ کہتا رہے:) میں عنقریب توبہ کروں گا،

Marfat.com

عنقریب نیک کام کروں گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ۝ (القیامہ:۳۶) بلکہ انسان یہ چاہتا ہے کہ وہ اپنے آگے بھی (یعنی آئندہ بھی) برے کام کرتا رہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: حاصل معنی یہ ہے کہ انسان یہ ارادہ کرتا ہے کہ وہ دائماً گناہ کرتا رہے گا اور مستقبل میں بھی گناہوں پر قائم رہے گا اور وہ یہ کہتا ہے کہ میں عنقریب توبہ کروں گا اور میں عنقریب نیک عمل کروں گا۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۳۸۵)

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے یعنی انسان یہ چاہتا ہے کہ وہ مستقبل میں بھی برے کام کرتا رہے اور برے کاموں کو بالکل ترک نہ کرے، سعید بن جبیر کہتے ہیں کہ وہ شخص مسلسل گناہ کرتا ہے اور کہتا رہتا ہے کہ میں عنقریب توبہ کرلوں گا حتیٰ کہ وہ برے کاموں میں مشغول ہوتا ہے اور اسی حال میں اس پر موت آجاتی ہے۔ (انوار تبیان القرآن ص۹۲۷ فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

لَا وَزَرَ لَا حِصْنَ۔ لَا وَزَرَ کا معنی ہے: کوئی قلعہ یعنی محفوظ جگہ نہیں ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كَلَّا لَا وَزَرَ ۝ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَىِٕذِ ِالْمُسْتَقَرُّ ۝ (القیامہ:۱۱۔۱۲) ہرگز نہیں! اس دن کہیں پناہ نہ ہوگی O اس دن آپ کے رب کی طرف ہی ٹھہرنے کی جگہ ہوگی O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الوزر کی تفسیر الحصن یعنی قلعہ کے ساتھ کی ہے اور امام ابوعبیدہ نے کہا: اس کی تفسیر ہے: اَلْمَلْجَا یعنی پناہ کی جگہ۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۳۸۵)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس کے لیے نہ کوئی قلعہ ہوگا اور نہ کوئی پناہ کی جگہ ہوگی، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کی تفسیر میں کہا: اس کے لیے قلعہ نہیں ہوگا، اور حسن بصری نے اس کی تفسیر میں کہا: گویا کہ کوئی مرد اپنے مویشیوں میں ہو اور اچانک گھوڑ سواروں کی جماعت اس پر حملہ کرنے کے لیے آجائے تو وہ کہتا ہے: اَلْوَزَرَ، اَلْوَزَرَ یعنی پہاڑ کی طرف جا کر پناہ حاصل کرو۔ (فتح الباری ج۶ ص۹۷۔۹۶)

۴۹۲۷۔ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ أَبِي عَائِشَةَ وَكَانَ ثِقَةً عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما قَالَ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ إِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ حَرَّكَ بِهِ لِسَانَهُ وَوَصَفَ سُفْيَانُ يُرِيدُ أَنْ يَحْفَظَهُ فَأَنْزَلَ اللهُ ﴿لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ ۝﴾ (القیامہ:۱۶)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحمیدی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں موسیٰ بن ابی عائشہ نے حدیث بیان کی اور وہ ثقہ ہیں از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوتی تو آپ اپنی زبان کو حرکت دیتے۔ سفیان نے اس کی یہ صفت بیان کی کہ آپ اس آیت کو یاد کرنے کا ارادہ کرتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ ۝ (القیامہ:۱۶) آپ (قرآن کو یاد کرنے کے لیے) عجلت سے اپنی زبان کو حرکت نہ دیں O

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۵ میں گزر چکی ہے۔

Marfat.com

۲۔ بَابٌ: إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ ⑰ (القیامہ:۱۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک اس کو (آپ کے سینہ میں) جمع کرنا اور آپ کو اس کا پڑھانا ہمارے ذمہ ہے ○ (القیامہ:۱۷) کی تفسیر

علامہ عینی نے لکھا ہے: القرآن مصدر ہے جیسے رجحان اور نقصان مصدر ہیں۔

۴۹۲۸۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي عَائِشَةَ أَنَّهُ سَأَلَ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ عَنْ قَوْلِهِ تَعَالَى لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ قَالَ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَانَ يُحَرِّكُ شَفَتَيْهِ إِذَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ فَقِيلَ لَهُ لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ يَخْشَى أَنْ يَنْفَلِتَ مِنْهُ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ أَنْ نَجْمَعَهُ فِي صَدْرِكَ وَقُرْآنَهُ أَنْ تَقْرَأَهُ فَإِذَا قَرَأْنَاهُ يَقُولُ أُنْزِلَ عَلَيْهِ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ أَنْ نُبَيِّنَهُ عَلَى لِسَانِكَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبید اللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی از اسرائیل از موسیٰ بن ابی عائشہ، انہوں نے سعید بن جبیر سے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے متعلق سوال کیا: لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ (القیامہ:۱۶) آپ (قرآن کو یاد کرنے کے لیے) عجلت سے اپنی زبان کو حرکت نہ دیں ○ تو انہوں نے کہا: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ جب آپ پر کوئی آیت نازل کی جاتی تو آپ اپنے ہونٹوں کو ہلاتے تھے تو آپ سے کہا گیا: لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ آپ اس سے ڈرتے تھے کہ کہیں آپ بھول جائیں گے (اور یہ آیت نازل فرمائی:) إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ ⑰ (القیامہ:۱۷) بے شک اس کو (آپ کے سینہ میں) جمع کرنا اور آپ کو اس کا پڑھنا ہمارا ذمہ ہے ○ یعنی اس کو آپ کے سینہ میں جمع کرنا اور آپ کو اس کا پڑھانا ہمارا ذمہ ہے۔ فَإِذَا قَرَأْنَاهُ (القیامہ:۱۸) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: جب آپ پر قرآن نازل کیا جائے فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ ⑱ (القیامہ:۱۸) (سو جب ہم اس کو پڑھ چکیں تو آپ اس پڑھے ہوئے کی اتباع کریں) ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ ⑲ (القیامہ:۱۹) یعنی ہم اس کو آپ کی زبان پر بیان کریں گے (اس کا معنی بیان کریں گے)۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۵ میں گزر چکی ہے۔

حافظ ابن حجر اور علامہ عینی نے لکھا ہے: اس کے بعد والی حدیث اس سے زیادہ مکمل ہے، سو اس حدیث کی شرح وہیں کی جائے گی۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۹۷، عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۸۶)

۳۔ بَابٌ: فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ ⑱ (القیامہ:۱۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سو جب ہم اس کو پڑھ چکیں تو آپ اس پڑھے ہوئے کی اتباع کریں ○ (القیامہ:۱۸) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی آپ قرآن مجید کے احکام پر عمل کریں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۸۶)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: قرانہ کا معنی ہے: جو ہم نے بیان کیا فَاتَّبِعْ کا معنی ہے: آپ اس پر عمل کریں۔

حافظ ابن حجر عسقلانی اور علامہ عینی نے لکھا ہے: اس تفسیر کی علی بن ابی طلحہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے جس کی امام ابن ابی حاتم نے اپنی سند کے ساتھ روایت کی ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۹۷، عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۸۷)

۴۹۲۹۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي عَائِشَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِذَا نَزَلَ جِبْرِيلُ بِالْوَحْيِ وَكَانَ مِمَّا يُحَرِّكُ بِهِ لِسَانَهُ وَشَفَتَيْهِ فَيَشْتَدُّ عَلَيْهِ وَكَانَ يُعْرَفُ مِنْهُ فَأَنْزَلَ اللهُ الْآيَةَ الَّتِي فِي لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ قَالَ عَلَيْنَا أَنْ نَجْمَعَهُ فِي صَدْرِكَ وَقُرْآنَهُ فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ فَإِذَا أَنْزَلْنَاهُ فَاسْتَمِعْ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ عَلَيْنَا أَنْ نُبَيِّنَهُ بِلِسَانِكَ قَالَ فَكَانَ إِذَا أَتَاهُ جِبْرِيلُ أَطْرَقَ فَإِذَا ذَهَبَ قَرَأَهُ كَمَا وَعَدَهُ اللهُ عَزَّوَجَلَّ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں جریر نے حدیث بیان کی از موسیٰ بن ابی عائشہ از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، انہوں نے لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ (القیامہ:۱۶) کی تفسیر میں فرمایا کہ جب حضرت جبرئیل علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس وحی لے کر آئے اور آپ (اسے یاد کرنے کے لیے) اپنی زبان اور اپنے ہونٹوں کو ہلاتے تو یہ (عمل) آپ پر سخت گزرتا اور اس کی سختی آپ سے پہچانی جاتی تھی تو اللہ تعالیٰ نے وہ آیت نازل کی جو لَآ أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝ (القیامۃ:۱) (میں قیامت کے دن کی قسم کھاتا ہوں) میں ہے: لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ ۝ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَ قُرْاٰنَهُ ۝ (القیامہ: ۱۶۔۱۷) اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ ہمارے ذمہ ہے کہ ہم اس قرآن کو آپ کے سینہ میں جمع کریں اور آپ کو پڑھائیں۔ فَإِذَا قَرَأْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهُ ۝ یعنی جب ہم قرآن کو نازل کریں تو آپ اس کو غور سے سنیں ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ ۝ (القیامہ:۱۹) یعنی آپ کی زبان سے اس کو بیان کرنا ہمارے ذمہ ہے۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا: پھر جب حضرت جبرئیل آپ کے پاس آتے تو آپ اپنا سر جھکا لیتے، پھر جب حضرت جبرئیل چلے جاتے تو آپ قرآن مجید کی اس آیت کو اسی طرح پڑھتے جس طرح اللہ عزوجل نے آپ سے وعدہ فرمایا ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۵ میں گزر چکی ہے۔

میں کہتا ہوں: اس حدیث میں سورۃ القیامۃ کی ۱۶ تا ۱۹ آیات ذکر کی گئی ہیں، ان کا مربوط ترجمہ حسب ذیل ہے:

آپ (قرآن کو یاد کرنے کے لیے) عجلت سے اپنی زبان کو حرکت نہ دیں ○ بے شک اس (قرآن کو آپ کے سینہ میں) جمع کرنا اور آپ کو اس کا پڑھانا ہمارے ذمہ ہے ○ سو جب ہم اس کو پڑھ چکیں تو آپ اس پڑھے ہوئے کی اتباع کریں ○ پھر ہمارے ذمہ ہے اس کا بیان ○

نزول وحی کے وقت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر شدت اور سختی کی کیفیت

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

Marfat.com

اس حدیث میں مذکور ہے: جب حضرت جبرئیل علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس وحی لے کر آئے اور آپ (اسے یاد کرنے کے لیے) اپنی زبان اور اپنے ہونٹوں کو ہلاتے تو یہ (عمل) آپ پر سخت گزرتا اور اس کی سختی آپ سے پہچانی جاتی تھی، یہ جملے اس کو بیان کرنے کی تمہید ہیں کہ نزول وحی کے وقت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بہت شدت اور سختی ہوتی تھی حتیٰ کے سخت سردی کے موسم میں بھی آپ کی پیشانی پر پسینہ کے قطرے نمودار ہو جاتے تھے جیسا کہ ابتداء وحی کی حدیث میں اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت کی حدیث میں اس کا بیان گزر چکا ہے اور یہ شدت اور سختی اللہ تعالیٰ کے کلام کے ثقل کی وجہ سے ہوتی تھی۔

آپ وحی کو یاد کرتے وقت زبان اور ہونٹ دونوں کو ہلاتے تھے، پھر قرآن مجید میں صرف زبان کا ذکر کیوں کیا گیا ہے

آپ اپنی زبان اور ہونٹوں کو ہلاتے تھے: ابوعوانہ اور اسرائیل نے صرف ہونٹوں کا ذکر کیا ہے اور سفیان نے صرف زبان کا ذکر کیا ہے اور دونوں کا ہلانا مراد ہے کیونکہ ان دونوں کا ہلانا ایک دوسرے کو لازم ہے یا اس سے مراد منہ کا ہلانا ہے جو زبان اور ہونٹوں پر مشتمل ہے لیکن چونکہ بات کرنے میں اصل زبان ہے اس لیے (القیامہ:۱۶) میں صرف زبان کا ذکر کیا گیا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جلدی جلدی ہونٹ ہلانے کے دو سبب اور حضرت ابن عباس نے تو آپ کو ہونٹ ہلاتے ہوئے نہیں دیکھا تھا، پھر انہوں نے کیسے اس کا ذکر کیا

اسرائیل کی روایت میں ہے: کیا آپ اس لیے جلدی جلدی زبان ہلاتے تھے تا کہ آپ آیت کو یاد کر لیں اور وہ آپ کو بھول نہ جائے، اور طبری نے شعبی سے روایت کی ہے کہ جب آپ پر وحی نازل ہوتی تو آپ اس کو جلدی جلدی دہراتے کیونکہ آپ کو وحی سے محبت تھی، اس محبت کی وجہ سے آپ عجلت سے دہراتے تھے۔ حافظ ابن حجر لکھتے ہیں کہ اس سے کوئی مانع نہیں ہے کہ آپ کے جلدی جلدی دہرانے کے دو سبب ہوں، ایک یہ سبب تھا کہ وہ آیت آپ کو بھول نہ جائے اور دوسرا سبب یہ تھا کہ آپ کو وحی سے محبت تھی۔

ابوعوانہ کی روایت میں مذکور ہے: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں اس طرح ہونٹوں کو ہلاتا ہوں جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہونٹوں کو ہلاتے تھے اور سعید بن جبیر نے کہا: میں اس طرح ہونٹوں کو ہلاتا ہوں جس طرح میں نے حضرت ابن عباس کو ہونٹ ہلاتے ہوئے دیکھا ہے، سعید بن جبیر نے یہ قید لگائی ہے کہ جس طرح میں نے حضرت ابن عباس کو ہونٹ ہلاتے ہوئے دیکھا کیونکہ حضرت ابن عباس نے اس حال میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہیں دیکھا کیونکہ یہ واقعہ بعثت نبوی کی ابتداء کا ہے اور حضرت ابن عباس اس وقت پیدا بھی نہیں ہوئے تھے لیکن یہ ہو سکتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بعد میں حضرت ابن عباس کو بتا دیا ہو کہ میں اس طرح جلدی جلدی ہونٹ ہلاتا تھا اور امام ابوداؤد الطیالسی نے ابوعوانہ کی سند سے یہ روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے سعید بن جبیر سے فرمایا: میں تمہیں اس طرح ہونٹ ہلا کر دکھاتا ہوں جس طرح میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہونٹ ہلاتے ہوئے دیکھا۔ صحیح بخاری کی روایت میں مذکور ہے: میں ان دونوں کو اس طرح ہلاتا ہوں جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان دونوں کو ہلاتے تھے (صحیح البخاری:۵) اور صحیح بخاری میں اس سے پہلے ہونٹوں کا ذکر نہیں ہے، اس سے ہمیں معلوم ہوا کہ یہ راویوں کے تصرف کی وجہ سے ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اجتہاد کی دلیل اور اس پر امام رازی کا اعتراض

تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی: لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ: یعنی آپ کے جلدی جلدی ہونٹ ہلانے کے سبب سے تا کہ آپ کو وہ آیت یاد ہو جائے۔

Marfat.com

اس سے معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اجتہاد سے ایسا کرتے تھے اور اس حدیث میں ان کی دلیل ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اجتہاد کے قائل ہیں۔ امام فخر الدین رازی نے کہا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ پہلے آپ کو جلدی جلدی ہونٹ ہلانے اور آیت دہرانے کی اجازت دی ہو اور بعد میں اس سے منع فرما دیا ہو تا کہ آپ کو مشقت نہ ہو، لہٰذا اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ آپ اپنے اجتہاد سے آیت کو دہراتے تھے۔

القیامہ: ۱۸ کی تفسیر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی دو تاویلیں

جب ہم قرآن نازل کریں تو آپ غور سے سنیں، اس کے بعد حدیث میں ہے: جب حضرت جبرئیل آپ کے پاس آتے تو آپ اپنا سر جھکا لیتے یعنی خاموش ہو جاتے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: خلاصہ یہ ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس آیت کی دو تاویلیں کی ہیں، ایک یہ ہے کہ جب آپ پر قرآن نازل کیا جائے تو آپ غور سے سنیں یعنی اس کے حلال پر عمل کریں اور اس کے حرام سے اجتناب کریں اور دوسری تاویل یہ کی ہے کہ جب آپ پر قرآن نازل کیا جائے تو آپ خاموش رہیں اور اس میں کوئی شک نہیں کہ غور سے سننا خاموش رہنے کی بہ نسبت خاص ہے کیونکہ غور سے سننے کا مطلب ہے: کان لگانا اور خاموش رہنے کا مطلب ہے: بات نہ کرنا اور ان میں سے ایک دوسرے کو مستلزم نہیں ہے، اسی لیے قرآن مجید میں ہے:

فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَ اَنْصِتُوْا۔ (الاعراف: ۲۰۴) (اور جب قرآن پڑھا جائے) تو اس کو غور سے سنو اور خاموش رہو۔

خطاب کے وقت سے خطاب کے بعض الفاظ کے بیان کی تاخیر کا جائز ہونا اور اس پر بحث و تمحیص

ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝ (القیامہ: ۱۹) یعنی پھر آپ کی زبان سے اس کو بیان کرنا ہمارے ذمہ ہے ۝

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: حدیث کے اس جملہ سے جمہور اہل سنت نے یہ استدلال کیا ہے کہ خطاب کے وقت سے بیان کو مؤخر کرنا جائز ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝ اور ثُمَّ کا لفظ تاخیر کا تقاضا کرتا ہے، امام شافعی نے اس کی تصریح کی ہے، سب سے پہلے اس آیت سے قاضی ابوبکر بن الطیب اور ان کے متبعین نے استدلال کیا تھا اور یہ دلیل اسی وقت قائم ہوگی جب بیان سے مراد قرآن مجید کے الفاظ کے معانی کو بیان کرنا ہو ورنہ اگر اس سے یہ مراد ہو کہ آپ کو قرآن مجید یاد رہے گا اور آپ کی زبان سے اس کا اظہار ہوگا تو پھر یہ دلیل نہیں بن سکے گی کیونکہ بیان کا معنی اظہار بھی آتا ہے، ستارہ جب ظاہر ہو تو کہا جاتا ہے بان الکوکب اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ اس آیت سے مراد تمام قرآن ہے یعنی تمام قرآن کو بیان کرنا ہمارے ذمہ ہے اور مجمل الفاظ تمام قرآن نہیں ہیں بلکہ قرآن مجید کے بعض الفاظ ہیں اور اس آیت میں ایسا کوئی قرینہ نہیں ہے کہ یہاں قرآن سے مراد صرف بعض مخصوص الفاظ ہیں جو مجمل ہیں۔

ابوالحسن البصری نے کہا ہے کہ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝ سے مراد بیان تفصیلی ہے اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ بیان اجمالی کو مؤخر کرنا جائز ہے، لہٰذا اس مطلوب پر استدلال مکمل نہیں ہوگا اور اس پر یہ تعاقب کیا گیا ہے کہ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اظہار اور تفصیل دونوں معنوں کا ارادہ کیا جائے یعنی قرآن مجید کا آپ کی زبان سے اظہار کرنا ہمارے ذمہ ہے اور قرآن مجید کے مجمل الفاظ کی تفصیل کرنا بھی ہمارے ذمہ ہے کیونکہ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝ میں بیان کا لفظ مضاف ہے اور جنس ہے، پس یہ بیان کی تمام اصناف اور اقسام کو شامل ہے یعنی قرآن مجید کو آپ کی زبان سے ظاہر کرنا اور قرآن مجید کے احکام کو بیان کرنا اور جو امور اس کے متعلق ہیں مثلاً کسی لفظ عام کی تخصیص کرنا اور کسی لفظ مطلق کو مقید کرنا اور کسی آیت یا اس کے حکم کو منسوخ قرار دینا، یہ سب امور قرآن

Marfat.com

مجید کے بیان میں شامل ہیں، اس حدیث کے اکثر مباحث ہم اس سے پہلے بدء الوحی کی حدیث کی شرح میں بیان کر چکے ہیں اور بعض نکات نئے بیان کیے ہیں۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۹۹۔۹۸، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

أَوْلَى لَكَ فَأَوْلَى تَوَعُّدٌ اولی لك فاولیٰ اس کا معنی ہے: عذاب کی وعید۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَوْلَى لَكَ فَأَوْلَىٰ ثُمَّ أَوْلَى لَكَ فَأَوْلَىٰ (القیامہ: ۳۵۔۳۴) تیرے لیے (مرتے وقت) خرابی ہو پھر تیرے لیے (قبر میں) خرابی ہو O پھر تیرے لیے (حشر میں) خرابی ہو، پھر تیرے لیے (دوزخ میں) خرابی ہو O

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت میں ابوجہل کی دھمکی پر وعید فرمائی گئی ہے اور یہ لفظ تہدید اور وعید کے لیے وضع کیا گیا ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ أَوْلَىٰ وَيْلٌ کا الٹ ہے جو کہ ویل سے ماخوذ ہے اور آیت کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ابوجہل سے فرماتا ہے: جس دن سخت گرمی ہوگی اس دن تیرے لیے عذاب ہو اور جس دن تو مرے گا اس دن تیرے لیے عذاب ہو اور جس دن تو مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیا جائے گا اس دن تیرے لیے عذاب ہو اور جس دن تو دوزخ میں داخل کیا جائے گا اس دن تیرے لیے عذاب ہو۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۸۷)

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے کہ اس سے پہلی آیات (۳۳۔۳۱) کا ترجمہ حسب ذیل ہے:

نہ اس نے تصدیق کی اور نہ اس نے نماز پڑھی O لیکن اس نے تکذیب کی اور روگردانی کی O پھر وہ اپنے گھر والوں کی طرف اکڑتا ہوا گیا O (القیامہ: ۳۳۔۳۱) یہ آیات ابوجہل کے متعلق نازل ہوئی ہیں، اس کے بعد ابوجہل کو وعید دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: (ترجمہ)

تیرے لیے (مرتے وقت) خرابی ہو، پھر تیرے لیے (قبر میں) خرابی ہو O پھر تیرے لیے (حشر میں) خرابی ہو، پھر تیرے لیے (دوزخ میں) خرابی ہو O (انوار تبیان القرآن ص ۹۲۸، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ القیامۃ کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور جو احادیث روایت کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ الانسان (الدہر) کی تفسیر میں امام نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۷۶۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْإِنْسَانِ (دَهْر)

سورۃ الانسان (دہر) کی تفسیر

سورۃ الانسان (الدہر) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الانسان (الدہر) کی بعض آیات کی تفسیر ہے، قتادہ، سدی اور سفیان نے کہا ہے کہ یہ سورت مکی ہے اور الکلبی سے منقول ہے کہ اس کی چند آیات مدنی ہیں اور باقی مکی ہیں، وہ چند آیات یہ ہیں: وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ (الدہر:۸،۹) یہ آیت قَمْطَرِيرًا ○ تک ہے اور حسن بصری سے منقول ہے کہ یہ سورت مکی ہے اور اس میں ایک آیت مدنی ہے اور وہ یہ ہے وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ آثِمًا أَوْ كَفُورًا ○ (الدہر:۲۴)

دوسرا قول یہ ہے: اس کے متعلق حسن بصری اور کلبی کا قول صحیح نہیں ہے اور احادیث میں وارد ہے کہ یہ سورت مدینہ میں حضرت علی، حضرت فاطمہ اور ان کے صاحبزادوں کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ رضی اللہ عنہم۔ ابن النقیب نے ذکر کیا ہے: یہ پوری سورت مدنی ہے یہ جمہور کا قول ہے، علامہ سخاوی نے کہا ہے کہ یہ سورت سورۃ الرحمٰن کے بعد اور سورۃ الطلاق سے پہلے نازل ہوئی ہے اور اس میں اکتیس (۳۱) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۸۷، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

يُقَالُ مَعْنَاهُ أَتَى عَلَى الْإِنْسَانِ وَهَلْ تَكُونُ جَحْدًا وَتَكُونُ خَبَرًا وَهَذَا مِنَ الْخَبَرِ يَقُولُ كَانَ شَيْئًا قَدْ لَمْ يَكُنْ مَذْكُورًا وَذَلِكَ مِنْ حِينِ خَلَقَهُ مِنْ طِينٍ إِلَى أَنْ يُنْفَخَ فِيهِ الرُّوحُ۔

کہا جاتا ہے کہ انسان پر ایک دور آیا، اور ھل کا لفظ (کبھی) نفی کے معنی میں ہوتا ہے اور (کبھی) خبر ہوتا ہے (یعنی) قد کے معنی میں ہوتا ہے اور اس آیت میں ھل خبر کے معنی میں ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: انسان پہلے کوئی چیز تھا لیکن قابل ذکر چیز نہ تھا اور یہ اس وقت تھا جب اس کو مٹی سے پیدا کیا یہاں تک کہ اس میں روح پھونک دی گئی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

هَلْ أَتَىٰ عَلَى الْإِنْسَانِ حِينٌ مِنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَذْكُورًا ○ (الدہر:۱)

یقیناً انسان پر زمانہ میں ایسا وقت آچکا ہے جب وہ کوئی قابل ذکر چیز نہ تھا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا: کہا جاتا ہے: اس قول کا قائل الفراء ہے، اس نے کہا کہ لفظ ھل کبھی استفہام کے لیے ہوتا ہے اور بعد کا جملہ اس کا صلہ ہوتا ہے اور لفظ ھل نفی کے لیے ہوتا ہے اور کبھی لفظ ھل تحقیق کے لیے ہوتا اور قد کے معنی میں ہوتا ہے، اور اس آیت میں انسان سے مراد حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں۔

اس آیت میں فرمایا: یقیناً انسان پر زمانہ میں ایسا وقت آچکا ہے جب وہ کوئی قابل ذکر چیز نہ تھا۔

Marfat.com

یہ وقت چالیس (۴۰) سال کا عرصہ تھا جب اس کا پتلا اس میں روح پھونکے جانے سے پہلے مکہ اور طائف کے درمیان پڑا ہوا تھا، نیز فرمایا: اس وقت کوئی قابل ذکر چیز نہ تھا، یعنی اس وقت اس کا کوئی ذکر کیا جاتا تھا اور نہ ہی اس کو پہچانا جاتا تھا اور نہ یہ معلوم تھا کہ اس کا نام کیا ہے اور نہ یہ معلوم تھا کہ اس سے کس چیز کا ارادہ کیا گیا ہے۔

أَمْشَاجٍ الْأَخْلَاطُ مَاءُ الْمَرْأَةِ وَمَاءُ الرَّجُلِ الدَّمُ وَالْعَلَقَةُ وَيُقَالُ إِذَا خُلِطَ مَشِيجٌ كَقَوْلِكَ خَلِيطٌ وَمَنْشُوجٌ مِثْلُ مَخْلُوطٍ۔

امشاج اس کا معنی ہے: ملی ہوئی چیزیں یعنی عورت کی منی اور مرد کی منی جو ملی ہوئی تھی اور خون اور جما ہوا خون جب کوئی چیز دوسری چیز سے ملا دی جائے تو اس کو مشیج کہتے ہیں جیسے تم کہو خلیط اور اس کو مَنْشُوج بھی کہتے ہیں جیسے مخلوط ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ۔ (الدہر: ۲) بے شک ہم نے انسان کو مخلوط نطفہ سے پیدا کیا ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے امشاج کی تفسیر کی ہے: مخلوط یعنی عورت کی منی اور مرد کی منی سے ملا جلا، امشاج کا لفظ مشج کی جمع ہے، علامہ ثعلبی نے کہا ہے: یہ لفظ جمع ہے اور معنی میں واحد ہے کیونکہ یہ لفظ نطفہ کی صفت ہے اور کبھی واحد کی صفت جمع کے صیغہ سے بھی لائی جاتی ہے جیسے کہا جاتا ہے: ثوب اخلاق یعنی پھٹے پرانے کپڑے۔ امام بخاری نے کہا: عورت کا پانی اور مرد کا پانی، یہ اخلاط کی تفسیر ہے یعنی یہ دونوں پانی رحم میں مخلوط ہو جاتے ہیں اور ان دونوں سے بچہ پیدا ہوتا ہے، مرد کا پانی سفید اور گاڑھا ہوتا ہے اور عورت کا پانی زرد اور پتلا ہوتا ہے اور ان میں سے جو پانی بھی غالب ہو جائے بچہ اس کے مشابہ ہوتا ہے، اسی طرح حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حسن بصری اور عکرمہ اور مجاہد اور ربیع سے مروی ہے، پھر امام بخاری نے کہا: اور خون اور جما ہوا خون، اصل عبارت اس طرح ہے کہ پھر وہ نطفہ خون بن جاتا ہے، پھر جما ہوا خون بن جاتا ہے، پھر گوشت بن جاتا ہے، پھر ہڈی بن جاتا ہے، پھر اللہ تعالیٰ اس میں کئی اور تخلیق فرماتا ہے، اور امام بخاری نے کہا: جب کوئی چیز دوسری چیز سے مل جائے تو اس کو مشیج کہتے ہیں اور یہ فعیل کا وزن مفعول کے معنی میں ہے یعنی مشیج کا لفظ ممشوج کے معنی میں ہے اور خلیط کا لفظ مخلوط کے معنی میں ہے۔

سَلَاسِلَا وَأَغْلَالًا۔

سلاسلا و اغلالا اس کا معنی ہے: زنجیریں اور طوق۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّا اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا۠ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ۝ بے شک ہم نے کافروں کے لیے زنجیریں اور طوق اور بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے ○ (الدہر: ۴)

علامہ عینی لکھتے ہیں: السلاسل، السلسلہ کی جمع ہے یعنی زنجیریں اور ہر زنجیر ستر (۷۰) ہاتھ کی ہوگی اور اغلال، غل کی جمع ہے اور اس کا معنی ہے: طوق پس زنجیریں کافروں کے گلوں میں ہوں گی اور طوق ان کے ہاتھوں میں ہوگا اور سعیرا ایسی آگ ہے جو کبھی نہیں بجھے گی، اور دوسرا قول یہ ہے کہ سلاسل سے مراد بیڑیاں ہیں۔

میں کہتا ہوں: لغت کی کتابوں میں اور عرف میں طوق کے متعلق مذکور ہے کہ وہ گلے میں ہوتا ہے۔

وَلَمْ يُجْرِ بَعْضُهُمْ

اور بعض نے اس کو مجری نہیں کیا یعنی سلاسل کو منصرف نہیں پڑھا اور اس پر تنوین داخل نہیں کی۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: سَلَاسِلَ جمع منتہی الجموع ہے اور وہ غیر منصرف ہوتا ہے اور قاعدہ کے مطابق اس پر تنوین نہیں آتی، لہٰذا اس

Marfat.com

کو سَلَاسِلَ پڑھنا چاہیے لیکن اس کے بعد جو لفظ اغلالا ہے اس پر تنوین ہے تو اس کی مناسبت سے سلاسل پر بھی تنوین آ گئی اور اس کو سلاسلاً پڑھا گیا۔ امام بخاری فرماتے ہیں: بعض نے اس کو غیر منصرف ہی رکھا ہے اور اس پر تنوین داخل نہیں کی، امام بخاری کی یہ عبارت قدیم اصطلاح پر مبنی ہے، قدیم اصطلاح میں منصرف کو مجری اور غیر منصرف کو غیر مجری کہا جاتا ہے، اس لیے امام بخاری نے کہا لَمْ يُجْرِ بَعْضُهُمْ یعنی بعض نے اس کو منصرف نہیں کیا غیر منصرف ہی رکھا ہے اور اس پر تنوین داخل نہیں کی۔

مُسْتَطِيرًا مُنْتَشِرًا الْبَلَاءُ۔ مُسْتَطِيرًا اس کا معنی ہے: جو مصیبت پھیلی ہوئی ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيرًا ۝ (الدہر: ۷) اور نذر پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کا شر پھیلا ہوا ہے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مُسْتَطِيرًا کی تفسیر کی ہے: جو مصیبت پھیلی ہوئی ہو، اسی طرح اس کی الفراء نے تفسیر کی ہے، دوسرا قول ہے: جب کوئی چیز شدید ہو تو کہا جاتا ہے: اِسْتَطَارَ۔

وَالْقَمْطَرِيرُ الشَّدِيدُ يُقَالُ يَوْمٌ قَمْطَرِيرٌ وَيَوْمٌ قُمَاطِرٌ وَالْعَبُوسُ وَالْقَمْطَرِيرُ وَالْقُمَاطِرُ وَالْعَصِيبُ أَشَدُّ مَا يَكُونُ مِنَ الْأَيَّامِ فِي الْبَلَاءِ۔ القمطریر اس کا معنی ہے: شدید اور سخت: کہا جاتا ہے: یَوْمٌ قمطریرٌ وَیَوْمٌ قُمَاطِرٌ یعنی مصیبت کا دن اور العبوس اور القمطریر اور القماطر اور العصیب ان چاروں الفاظ کا معنی ہے: وہ ایام جن میں مصائب بہت شدید اور سخت ہوں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

إِنَّا نَخَافُ مِنْ رَبِّنَا يَوْمًا عَبُوسًا قَمْطَرِيرًا ۝ (الدہر: ۱۰) بے شک ہم اپنے رب سے اس دن کا خوف رکھتے ہیں جو بے حد ترش اور بہت سخت ہے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا ہے: العبوس کا معنی ہے: تنگ یا تنگی اور القمطریر کا معنی ہے: طویل اور مجاہد سے منقول ہے کہ القمطریر کا معنی ہے: وہ دن جس میں چہروں کی کھال اکھڑ جائے گی اور اس دن کی شدت سے آنکھیں پتھرا جائیں گی اور الکسائی سے منقول ہے: بہت سردی والا دن۔

وَقَالَ الْحَسَنُ النَّضْرَةُ فِي الْوَجْهِ وَالسُّرُورُ فِي الْقَلْبِ۔ اور حسن بصری نے کہا: النضرہ یعنی تروتازگی چہرے میں ہوتی ہے اور سرور یعنی خوشی دل میں ہوتی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَوَقَاهُمُ اللَّهُ شَرَّ ذَٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقَّاهُمْ نَضْرَةً وَسُرُورًا ۝ (الدہر: ۱۱) سو اللہ نے ان کو اس دن کے شر سے بچا لیا اور ان کو تروتازگی اور فرحت عطا فرمائی ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری کی یہ تفسیر صرف علامہ نسفی اور علامہ جرجانی کی کتاب میں ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْأَرَائِكِ السُّرُرُ وَقَالَ مقاتل السرر الجمال من الدر والیاقوت۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: الارائک کا معنی ہے: سُرُر یعنی تخت اور مقاتل نے کہا سرر اس حسن کو کہتے ہیں جو موتیوں اور یاقوتوں سے حاصل ہوتا ہے۔ (دار الفکر کے نسخہ میں جمال کا لفظ

ہے جس کا معنی حسن ہے اور صحیح لفظ حجال ہے جس کا معنی مسہری ہے یعنی موتیوں اور یاقوتوں کی مسہری۔ سعیدی غفرلہ)

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

مُتَّكِـِٔيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ۔ (الدہر: ۱۳) وہ جنت میں مسندوں پر ٹیک لگائے بیٹھے ہوں گے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الْاَرَآئِكِ کی تفسیر کی ہے: سرر، یہ سریر کی جمع ہے جس کا معنی ہے: تخت یا مسند، علامہ ثعلبی نے کہا ہے کہ الْاَرَآئِكِ وہ تخت ہیں جو مسہری میں ہوتے ہیں اور یہ اہل یمن کی لغت ہے اور مقاتل نے کہا: الْاَرَآئِكِ موتیوں اور یاقوتوں کی مسہری ہے جو سونے، چاندی اور مختلف جواہر سے بنی ہوگی، یہ تفسیر بھی صرف علامہ نسفی اور علامہ جرجانی کی کتاب میں ہے۔

وَقَالَ الْبَرَاءُ وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا يَقْطِفُوْنَ كَيْفَ شَاؤُا۔ وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا اس سے یہ مراد ہے کہ وہ جس طرح چاہیں پھلوں کو توڑ لیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ۝ (الدہر: ۱۴) اور پھلوں کے خوشے ان کے قریب کر دیئے جائیں گے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت البرآء نے کہا اور پھلوں کے خوشے ان کے قریب کر دیئے جائیں گے تا کہ وہ جس طرح چاہیں پھلوں کو توڑ لیں یعنی خواہ وہ کھڑے ہوں، بیٹھے ہوں یا لیٹے ہوں وہ جس حال میں بھی ہوں پھلوں کو توڑ سکیں۔ یہ تفسیر بھی صرف علامہ نسفی کی کتاب میں ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِد سلسبيلًا حديد الحجرية۔ اور مجاہد نے کہا: سلسبیلا کا معنی ہے: حَدِيْدُ الْجَرْيَةِ یعنی بہت تیزی سے بہنے والا چشمہ۔

حافظ ابن حجر نے لکھا ہے: یہ تفسیر بھی صرف علامہ نسفی کی کتاب میں ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۰۰)

دار الفکر کے نسخہ میں حَدِيْدُ الْحَجْرِيَةِ چھپا ہوا ہے، صحیح لفظ وہ ہے جس کو ہم نے فتح الباری سے نقل کیا ہے۔ (سعیدی غفرلہ)

وَقَالَ مَعْمَرٌ أَسْرَهُمْ شِدَّةُ الْخَلْقِ وَكُلُّ شَيْءٍ شَدَدْتَهُ مِنْ قَتَبٍ وَغَبِيطٍ فَهُوَ مَأْسُوْرٌ۔ اور معمر نے کہا: شَدَدْنَا اَسْرَهُمْ کا معنی ہے: ہم نے ان کی خلقت اور بناوٹ خوب مضبوط کی، اور جس چیز کو بھی تم مضبوطی سے باندھو جیسے پالان اور کاٹھی وغیرہ اس کو ماسور کہتے ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی معمر بن المثنیٰ ابوعبیدہ نے کہا یا معمر بن راشد نے کہا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ (الدہر: ۲۸) ہم نے ان کو پیدا کیا ہے اور ہم نے ان کے جوڑ مضبوط بنائے ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الاسر کی تفسیر کی ہے: مضبوط خلقت، جو گھوڑا بہت مضبوط ہو اس کو کہا جاتا ہے: یہ شَدِيْدُ الْخَلْق ہے، امام بخاری نے کہا: قتب یا غبیط سے، قتب کا معنی ہے: پالان اور غبیط عورتوں کے اس پالان کو کہتے ہیں جس پر ہودج کو باندھا جاتا ہے اور غبیط کی جمع غُبُطٌ ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کہا ہے: معمر، اور زیادہ ظاہر یہ ہے کہ اس سے مراد معمر بن راشد ہے کیونکہ امام عبدالرزاق از معمر از قتادہ روایت کرتے ہیں، پس حافظ ابن حجر نے زعم کیا کہ امام عبدالرزاق بھی اپنی تفسیر میں ان سے روایت

Marfat.com

کرتے ہیں۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۰۰)

علامہ عینی لکھتے ہیں: زیادہ ظاہر یہ ہے کہ یہ معمر بن راشد ہے اور معمر بن المثنیٰ ابوعبیدہ نہیں ہے کیونکہ امام بخاری نے کتاب التفسیر میں امام ابوعبیدہ سے بہت روایات ذکر کی ہیں اور کہیں ان کے نام کا ذکر نہیں کیا تو یہاں ان کے نام کا ذکر کیسے کرتے، اس لیے صاف ظاہر ہے کہ یہ معمر بن راشد ہے۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۹۰۔۳۸۷ میں کی ہے]

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الدہر کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ المرسلات کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۷۷۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ وَالْمُرْسَلَاتِ

سورۃ المرسلات کی تفسیر

سورۃ المرسلات کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ المرسلات کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس پر اتفاق ہے کہ یہ سورت مکی ہے، یہ ابوالعباس کا قول ہے اور اس میں ایک آیت مدنی ہے اور وہ یہ ہے: وَاِذَا قِیْلَ لَھُمُ ارْکَعُوْا لَا یَرْکَعُوْنَ ۝ (المرسلات: ۴۸) علامہ سخاوی نے کہا: یہ آیت سورۃ الہمزہ کے بعد اور سورۂ ق سے پہلے نازل ہوئی ہے، اس سورت میں پچاس (۵۰) آیات ہیں۔

المرسلات کا معنی ہے: تیز ہوائیں اور عرفاً کا معنی ہے: جو لگاتار ہوں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۹۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

میں کہتا ہوں: ہم نے حسب ذیل آیات کی تفسیر میں لکھا ہے:

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ۝ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ۝ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ۝ فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ۝ فَالْمُلْقِیٰتِ ذِکْرًا ۝ (المرسلات: ۵-۱)

ان ہواؤں کی قسم جو مسلسل بھیجی جاتی ہیں ○ پھر ان ہواؤں کی قسم جو بہت تیز چلتی ہیں ○ پھر ان ہواؤں کی قسم جو (بادلوں کو) پھیلاتی ہیں ○ پھر ان فرشتوں کی قسم جو حق اور باطل کو الگ الگ کرنے والے ہیں ○ پھر ان فرشتوں کی قسم جو (دلوں میں) ذکر ڈالنے والے ہیں ○

ان آیات کی تفسیر ہم نے اس طرح کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں پانچ چیزوں کی قسم کھا کر یہ فرمایا ہے کہ جس قیامت کے واقع ہونے کا اللہ تعالیٰ نے لوگوں سے وعدہ فرمایا ہے وہ ضرور آنے والی ہے، ان پانچ چیزوں کے ناموں کا اللہ تعالیٰ نے ذکر نہیں فرمایا لیکن ان کی صفات کا ذکر فرمایا ہے، اور ان کے موصوف کے متعلق مفسرین کا اختلاف ہے، بعض نے کہا: ان کا موصوف ہوائیں ہیں، بعض نے کہا: ان کا موصوف قرآن مجید ہے۔ بعض نے کہا: ان کا موصوف انبیاء علیہم السلام ہیں اور جمہور مفسرین نے یہ کہا کہ پہلی تین صفات کا موصوف ہوائیں ہیں اور بعد کی دو صفات کا موصوف فرشتے ہیں، امام ابن جریر اور حافظ ابن کثیر وغیرہم کا یہی مختار ہے اور ہم نے بھی اسی کے موافق ترجمہ کیا ہے۔ (انوار تبیان القرآن ص ۹۳۲، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

وَقَالَ مُجَاھِدٌ جِمَالَاتٌ حِبَالٌ۔ اور مجاہد نے کہا جمالات کا معنی ہے: (جہاز کی) موٹی رسیاں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّھَا تَرْمِیْ بِشَرَرٍ کَالْقَصْرِ ۝ کَاَنَّہٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ۝ (المرسلٰت: ۳۳-۳۲)

بے شک دوزخ محل کے برابر انگارے پھینکتی ہے ○ گویا وہ زرد اونٹ ہیں ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے جِمٰلَتٌ کی تفسیر حِبَال یعنی رسیوں سے کی ہے، یہ وہ موٹی رسیاں ہیں جن کے ساتھ بڑی

Marfat.com

کشتیوں یا جہازوں کو باندھا جاتا ہے، یہ اس وقت ہے جب اس لفظ کو جیم کے پیش کے ساتھ جُملت پڑھا جائے اور جب اس کو زیر جِملت پڑھا جائے تو یہ جِمَالَۃٌ کی جمع ہے اور جِمَالَۃٌ کا معنی ہے: اونٹنی کا نر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور سعید بن جبیر سے مروی ہے: جملتٌ صفرٌ کا معنی ہے: جہازوں کی رسیاں جو بٹی ہوئی ہوتی ہیں۔

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: اس سے مقصود یہ ہے کہ جس آگ کے انگارے اتنے بڑے بڑے ہوں گے وہ آگ کتنی عظیم ہوگی اور اس آگ کے انگارے اڑ کر دوزخیوں پر گریں گے اور جس شخص کے اوپر بلندی سے محل کے برابر یا اونٹ کے برابر کوئی چیز آ کر گرے اس کا کیا حال ہوگا؟ سو جب دوزخیوں کے اوپر اتنے بڑے انگارے گریں گے تو ان کا کس طرح کچومر نکل جائے گا، پھر ان لوگوں کو بتایا جو ایمان نہیں لاتے اور کفر پر ڈٹے ہوئے ہیں ان کو ایسے عذاب کا سامنا ہوگا، پس ان کو چاہیے کہ وہ اللہ کی توحید اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی تصدیق کریں اور اس دن کی تکذیب کرنے والوں کے لیے سخت عذاب اور ہلاکت ہے۔ (انوار تبیان القرآن ص ۹۳۳، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

ارْكَعُوا صَلُّوا لَا يَرْكَعُونَ لَا يُصَلُّونَ۔

ارْكَعُوْا کا معنی ہے: نماز پڑھو اور لَا يَرْكَعُوْنَ کا معنی ہے: وہ نماز نہیں پڑھتے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ ارْكَعُوا لَا يَرْكَعُونَ ۝ (المرسلت: ۴۸) اور جب ان سے کہا جاتا ہے: نماز پڑھو تو وہ نماز نہیں پڑھتے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے ارْكَعُوْا کی تفسیر کی ہے: صلوا یعنی نماز پڑھو اور لَا يَرْكَعُوْنَ کی تفسیر ہے: لا یصلون یعنی وہ نماز نہیں پڑھتے، اس آیت میں رکوع کا اطلاق کیا گیا ہے اور اس سے مراد نماز ہے، رکوع نماز کا جز ہے اور نماز کل ہے، سو اس آیت میں جز کا اطلاق کل پر کیا گیا ہے۔

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: مقاتل نے بیان کیا ہے کہ یہ آیت ثقیف کے متعلق نازل ہوئی ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اسلام لے آؤ اور نماز پڑھو، انہوں نے کہا: ہم جھکیں گے نہیں یعنی رکوع نہیں کریں گے، یہ ہمارے لیے عیب ہے، آپ نے فرمایا: اس دین میں کوئی خیر نہیں ہے جس میں رکوع اور سجود نہ ہوں۔

(انوار تبیان القرآن ص ۹۳۴، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

وَسُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَا يَنْطِقُونَ وَاللهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِينَ الْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلَى أَفْوَاهِهِمْ فَقَالَ إِنَّهُ ذُو أَلْوَانٍ مَرَّةً يَنْطِقُونَ وَمَرَّةً يُخْتَمُ عَلَيْهِمْ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سوال کیا گیا کہ قرآن مجید کی ایک آیت میں ہے: هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ۝ (المرسلت: ۳۵) یہ وہ دن ہے جس میں وہ (نفع آور) بات نہ کر سکیں گے ○ اور دوسری آیت میں فرمایا: وَاللهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ۝ (الانعام: ۲۳) اللہ کی قسم جو ہمارا رب ہے! ہم شرک کرنے والے نہ تھے ○ (اور یہ آیت پہلی آیت کے خلاف ہے کیونکہ اس میں انہوں نے کلام کیا ہے) اور تیسری آیت میں فرمایا: اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰى اَفْوَاهِهِمْ۔ (یٰس: ۶۵) ہم آج ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے۔ (حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس سوال کے جواب میں)

فرمایا: قرآن مجید نے کفار کے مختلف احوال بیان فرمائے ہیں، کبھی وہ بات کریں گے اور کبھی ان کے مونہوں پر مہر لگادی جائے گی۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس سوال کا خلاصہ یہ ہے کہ ان تین آیتوں میں کس طرح تطبیق ہوگی؟ ایک آیت میں فرمایا: وہ بات نہیں کر سکیں گے اور دوسری آیت میں فرمایا: ہم ان کے مونہوں پر مہر لگادیں گے اور تیسری آیت میں فرمایا: وہ کہیں گے: اللہ کی قسم جو ہمارا رب ہے ہم شرک کرنے والے نہ تھے اور یہ آیت اس پر دلالت کرتی ہے کہ وہ بات کریں گے۔ اور جواب کا حاصل یہ ہے: کہ قیامت کے دن کے متعدد احوال ہوں گے یعنی وہ بہت طویل دن ہوگا اور اس میں مختلف مقامات ہوں گے سو وہ ایک وقت میں بات کریں گے اور دوسرے وقت میں بات نہیں کر سکیں گے۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۹۱۔۳۹۰ میں بیان کی ہے]

۱۔ بَابٌ

باب

۴۹۳۰۔ حَدَّثَنِي مَحْمُودٌ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنه قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَأُنْزِلَتْ عَلَيْهِ وَالْمُرْسَلَاتِ وَإِنَّا لَنَتَلَقَّاهَا مِنْ فِيهِ فَخَرَجَتْ حَيَّةٌ فَابْتَدَرْنَاهَا فَسَبَقَتْنَا فَدَخَلَتْ جُحْرَهَا فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وُقِيَتْ شَرَّكُمْ كَمَا وُقِيتُمْ شَرَّهَا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے محمود نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبیداللہ نے حدیث بیان کی از اسرائیل از منصور از ابراہیم از علقمہ از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اور آپ پر سورۃ المرسلٰت نازل ہوئی اور ہم اس سورت کو آپ کے منہ سے حاصل کر رہے تھے، اس وقت ایک سانپ نکلا ہم اس پر جھپٹے، وہ ہم پر سبقت کر کے اپنے بل میں داخل ہو گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ تمہارے شر سے بچا لیا گیا جس طرح تم اس کے شر سے محفوظ ہو گئے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۸۳۰ میں گزر چکی ہے۔

۴۹۳۱۔ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللهِ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ مَنْصُورٍ بِهَذَا وَعَنْ إِسْرَائِيلَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ مِثْلَهُ وَتَابَعَهُ أَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ إِسْرَائِيلَ وَقَالَ حَفْصٌ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ وَسُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ قَالَ يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ أَخْبَرَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ وَقَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبدۃ بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یحییٰ بن آدم نے خبر دی از اسرائیل از منصور اسی حدیث مذکور کی اور از اسرائیل از الاعمش از ابراہیم از علقمہ از حضرت عبداللہ (بن مسعود) بھی اسی حدیث کی مثل مروی ہے، اسود بن عامر نے اس کی متابعت کی ہے از اسرائیل اور حفص اور ابو معاویہ اور سلیمان بن قرم نے کہا از الاعمش از ابراہیم از الاسود اور یحییٰ بن حماد نے کہا: ہمیں ابوعوانہ نے خبر دی از مغیرہ از ابراہیم از علقمہ از حضرت عبداللہ بن مسعود اور ابن اسحاق نے کہا: از عبدالرحمٰن بن الاسود از والد خود از حضرت عبداللہ بن مسعود۔

امام بخاری نے اس حدیث کی دو سندیں بیان کیں اور ایک متابعت بیان کی اور تین تعلیقات بیان کیں، پھر ان سندوں، متابعت اور تعلیقات کے بعد درج ذیل حدیث کا متن بیان کیا:

Marfat.com

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللهِ بَيْنَا نَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللهِ ﷺ فِي غَارٍ إِذْ نَزَلَتْ عَلَيْهِ وَالْمُرْسَلَاتِ فَتَلَقَّيْنَاهَا مِنْ فِيهِ وَإِنَّ فَاهُ لَرَطْبٌ بِهَا إِذْ خَرَجَتْ حَيَّةٌ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ عَلَيْكُمْ اقْتُلُوهَا قَالَ فَابْتَدَرْنَاهَا فَسَبَقَتْنَا قَالَ فَقَالَ وُقِيَتْ شَرَّكُمْ كَمَا وُقِيتُمْ شَرَّهَا

ہمیں قتیبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں جریر نے حدیث بیان کی از الاعمش از ابراہیم از الاسود، انہوں نے کہا کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جس وقت ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک غار میں تھے اس وقت آپ پر سورۃ المرسلات نازل ہوئی، ہم اس کو آپ کے منہ مبارک سے حاصل کر رہے تھے اور آپ کا منہ اس سورت کی تلاوت سے تر تھا، اس وقت ایک سانپ نکل آیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس کو پکڑو اور اس کو قتل کر دو، ہم اس کی طرف جھپٹے، وہ ہم پر سبقت کر کے نکل گیا، آپ نے فرمایا: وہ تمہارے شر سے (یعنی تمہارے حملہ سے) محفوظ ہو گیا جس طرح تم اس کے شر (یعنی اس کے ڈسنے سے) محفوظ ہو گئے۔

اس حدیث کی شرح بھی صحیح البخاری: ۱۸۳۰ میں گزر چکی ہے۔

موذی جانوروں اور حشرات الارض کو قتل کرنے کے متعلق احادیث اور آثار

علامہ ابوحفص عمر بن علی بن احمد الانصاری الشافعی المعروف بابن الملقن المتوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

امام مسلم اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں کہ ایک مرد نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سوال کیا کہ محرم حالت احرام میں کن جانوروں کو قتل کر سکتا ہے؟ انہوں نے کہا: مجھے نبی ﷺ کی ازواج مطہرات میں سے کسی نے یہ حدیث بیان کی کہ آپ یہ حکم دیتے تھے: کاٹنے والے کتے کو قتل کر دیا جائے اور چوہے کو اور بچھو کو اور چیل کو اور کوے کو اور سانپ کو اور فرمایا: نماز میں بھی قتل کر دیا جائے۔ (صحیح مسلم: ۱۲۰۰ (۲۷۶۰) دار الفکر، بیروت)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بیان فرمایا: پانچ جانور سب کے سب فاسق ہیں، ان کو حرم میں قتل کر دیا جائے گا: کوا، چیل، کاٹنے والا کتا، بچھو اور چوہا۔ (صحیح البخاری: ۱۸۲۹، صحیح مسلم: ۱۱۹۸ (۲۷۵۶)، سنن نسائی: ۲۸۸۵)

نافع بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ بھیڑیے کو قتل کر دیا جائے اور چوہے کو اور چیل کو، پس پوچھا گیا: سانپ اور بچھو کو؟ تو انہوں نے کہا: ان کے متعلق بھی کہا جاتا ہے، یزید بن ہارون نے کہا: یعنی محرم قتل کر دے۔ (سنن الدار قطنی ج ۲ ص ۲۳۲، سنن البیہقی ج ۵ ص ۲۱۰)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ محرم بھیڑیے اور سانپ کو قتل کر دے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ: ۱۵۴۷۶)

عطاء نے کہا: بھیڑیے کو اور ہر حملہ کرنے والے جانور کو قتل کر دیا جائے گا۔ (مصنف ابن ابی شیبہ: ۱۵۴۷۷)

سانپ اور دیگر موذی جانوروں کو مارنے کے متعلق احادیث اور آثار کی روشنی میں مذاہب فقہاء

کاٹنے والے کتے کے متعلق ابوعمر نے کہا ہے: اس سے مراد ہر کاٹنے والا درندہ ہے اور خصوصیت سے کتا مراد نہیں ہے۔ (التمہید ج ۱۵ ص ۱۵۷)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کاٹنے والا کتا شیر ہے۔ (مصنف عبدالرزاق: ۸۳۷۹۔۸۳۷۸)

امام طبرانی نے حضرت ہبار بن الاسود سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے عتبہ بن ابی لہب کے خلاف یہ دعا کی: اے اللہ!

Marfat.com

اس کے اوپر اپنے کتوں میں سے ایک کتا مسلط کردے تو اس کے اوپر شیر نے حملہ کر کے اس کو قتل کر دیا۔ (المعجم الکبیر لطبرانی: ۱۰۶۰)

امام مالک سے منقول ہے: ہر وہ جانور جو لوگوں پر حملہ کرے اور ان کو کاٹے مثلاً شیر اور چیتا ان کو قتل کر دیا جائے گا اور جو جانور درندوں میں سے ہو اور حملہ نہ کرے جیسے بجو اور لومڑی تو ان کو محرم قتل نہ کرے، اگر اس نے قتل کر دیا تو اس کا فدیہ دے گا اور ابن القاسم مالکی نے کہا: وہ جانور جو ابتداءً لوگوں پر حملہ نہیں کرتے اور وہ چھوٹے جانور جو حملہ نہیں کرتے تو محرم کے لیے ان کو قتل کرنا جائز نہیں ہے، اور علامہ نووی شافعی نے کہا ہے کہ اس پر اتفاق ہے کہ محرم کے لیے کاٹنے والے کتے کو حل میں اور حرم میں قتل کرنا جائز ہے، اور کاٹنے والے کتے سے مراد یہ ہے کہ جو کاٹنے میں مشہور ہو، قاضی عیاض نے اس قول کو امام ابوحنیفہ اور اوزاعی سے بھی نقل کیا ہے اور بھیڑیئے کو بھی اس کے ساتھ لاحق کیا ہے۔ (صحیح مسلم بشرح النووی ج ۸ ص ۱۱۴، اکمال المعلم ج ۴ ص ۲۰۴)

علامہ ابن بطال نے کہا ہے: امام مالک نے سانپ کو قتل کرنے کی اجازت دی ہے اور انہوں نے کہا کہ یہ کاٹنے والے کتے کے حکم میں ہے، اور علماء کا اس پر اجماع ہے کہ کاٹنے والے کتے کو حل اور حرم میں قتل کر دیا جائے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے گھروں میں رہنے والے سانپوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا ہے۔ (سنن ابوداؤد: ۵۲۴۹)

بعض علماء نے اس حدیث کے ظاہر پر عمل کیا ہے حالانکہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سانپوں کو مار ڈالو اور جو ان کے حملہ سے ڈر اوہ میرے طریقہ پر نہیں ہے، حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے بھی اسی طرح روایت ہے۔ (مصنف عبدالرزاق ۸۳۸۲، مصنف ابن ابی شیبہ: ۱۹۹۰۰۔۱۹۸۹۶)

اور دوسرے علماء نے کہا ہے: گھروں میں رہنے والے سانپوں کو صرف ان کا عہد یاد دلانے کے بعد قتل کرنا جائز ہے، ان کا استدلال درج ذیل حدیث سے ہے:

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مدینہ میں ایسے جنات ہیں جو اسلام لا چکے ہیں، اگر تم ان میں سے کسی کو دیکھو تو ان کو تین دن تک کی مہلت دو، اگر اس کے بعد بھی وہ ظاہر ہوں تو ان کو مار ڈالو۔ (صحیح مسلم: ۲۲۳۶ (۵۷۳۳))

ابوالسائب بیان کرتے ہیں کہ وہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے گھر میں گئے، انہوں نے کہا: میں نے دیکھا وہ نماز پڑھ رہے تھے، میں بیٹھ کر ان کا انتظار کرتا رہا حتیٰ کہ ان کی نماز ختم ہو جائے، پھر میں نے گھر کی ایک جانب میں کسی کو حرکت کرتے ہوئے دیکھا، پس میں نے مڑ کر دیکھا تو وہ سانپ تھا، میں اس کو مارنے کے لیے دوڑا تو حضرت ابوسعید نے مجھے اشارہ کیا کہ بیٹھ جاؤ، جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو انہوں نے گھر کی طرف اشارہ کیا، انہوں نے کہا: کیا تم اس گھر کو دیکھ رہے ہو، میں نے کہا: جی ہاں! انہوں نے بتایا کہ اس گھر میں ہمارا ایک نوجوان رہتا تھا جس کی نئی نئی شادی ہوئی تھی، ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس خندق کی طرف گئے تو اس نوجوان نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دوپہر کے وقت جانے کی اجازت طلب کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اجازت دی اور فرمایا: تم اپنا ہتھیار لے جاؤ کیوں کہ مجھے تم پر قریظہ کے حملہ کا خطرہ ہے، پھر وہ مرد اپنا ہتھیار لے کر گیا، پھر وہ لوٹا تو اس کی بیوی دو دروازوں کے درمیان کھڑی ہوئی تھی۔ اس نے اس کو غیرت کی وجہ سے مارنے کا قصد کیا تو اس کی بیوی نے کہا: اپنے نیزے کو روکو اور گھر میں داخل ہو حتیٰ کہ تم دیکھ لو کہ میں کس وجہ سے باہر نکلی ہوں، وہ گھر میں داخل ہوا تو دیکھا کہ بہت بڑا سانپ بستر کے اوپر ہے، اس نے اس پر نیزہ مارا، پھر نکلا اور اس نیزے کو گھر میں گاڑ دیا، پس وہ سانپ اس نوجوان پر لپٹ گیا، پھر پتا نہیں چلا کہ ان میں سے کون پہلے مرا وہ سانپ یا نوجوان، پھر ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور ہم نے اس واقعہ کا ذکر کیا اور ہم نے کہا کہ آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اسے ہمارے لیے زندہ کر دے، پھر آپ نے فرمایا: تم اپنے ساتھی کے لیے استغفار کرو، پھر آپ نے فرمایا: مدینہ میں

Marfat.com

ایسے جنات ہیں جو اسلام لا چکے ہیں، پس جب تم ان میں سے کوئی چیز دیکھو تو اس کو تین دن تک نکل جانے کے لیے کہو، پھر اس کے بعد بھی اگر ظاہر ہو تو اس کو مار ڈالو کیونکہ وہ شیطان ہے۔ (صحیح مسلم ۲۲۳۶ (۵۷۳۲) سنن ابوداؤد: ۵۲۵۷، سنن ترمذی: ۱۴۸۹)

اسی طرح ابن ابی ملیکہ نے عائشہ بنت طلحہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے غسل خانہ میں ایک سانپ کو دیکھا تو اس کو مار ڈالا، پھر آپ نے خواب میں دیکھا کہ آپ سے کہا گیا کہ آپ نے ایک مسلمان کو مار ڈالا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اگر وہ مسلمان ہوتا تو امہات المومنین کے پاس نہ آتا تو آپ سے کہا گیا: وہ آپ کے پاس اس وقت آیا تھا جب آپ کپڑے پہنے ہوئی تھیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا صبح کو خوف زدہ ہو کر اٹھیں، پھر آپ نے مسکینوں پر بارہ ہزار (دینار یا درہم حدیث میں اس کا ذکر نہیں ہے) صدقہ کیے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ: ۳۵۰۵، کتاب العظمت لابی الشیخ: ۱۱۱۴، حلیۃ الاولیاء ج ۲ ص ۴۹)

امام مالک نے کہا ہے کہ میرے نزدیک مستحب یہ ہے کہ سانپوں کو مدینہ میں بھی ڈرایا جائے اور غیر مدینہ میں بھی اور جنگلوں میں نہ ڈرایا جائے اور مدینہ میں ڈرانا زیادہ واجب ہے اور دوسروں نے کہا کہ مدینہ اور غیر مدینہ دونوں میں ڈرانا واجب ہے کیونکہ سانپوں کو قتل نہ کرنے کی علت جنات کا مسلمان ہونا ہے اور کسی مسلمان کو قتل کرنا جائز نہیں ہے خواہ وہ جن ہو یا انسان ہو، اور سانپ کو قتل کرنے کی تاکید اس حدیث سے ہوتی ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ میں محرم کو یہ حکم دیا کہ وہ سانپ کو قتل کر دے۔ (صحیح مسلم: ۲۲۳۵ (۵۷۳۰))

امام ابوحنیفہ نے کہا ہے کہ اگر محرم کاٹنے والے کتے کے سوا کسی کو قتل کر دے اور سانپ اور بچھو کو اور کوے کو اور چیل کو اور بھیڑیئے کو تو اس میں فدیہ دینا ہوگا سوا اس صورت کے کہ ان موذی جانوروں نے اس پر حملہ کرنے کی ابتداء کی ہو تو اس پر فدیہ نہیں ہے اور اس کے اونٹ پر جو چیڑیاں ہوں ان کو مار ڈالا جائے گا اور اس پر کوئی فدیہ نہیں ہے اور امام زفر نے کہا ہے کہ خواہ اس پر درندوں نے حملہ کیا ہو یا نہیں اس پر ہر صورت میں ان کو قتل کرنے کی وجہ سے فدیہ لازم ہوگا۔ (المحلی لابن حزم ج ۷ ص ۲۳۹)

اور امام طحاوی نے کہا ہے کہ محرم نہ سانپ کو قتل کرے اور نہ چھپکلی کو اور نہ کسی اور جانور کو سوائے چیل اور کوے اور بچھو اور کاٹنے والے کتے اور چوہے کے۔

اور امام مالک نے کہا ہے کہ تمام چار پاؤں والے درندوں کو قتل کر دیا جائے گا مگر کوے اور چیل کو قتل کرنا مکروہ ہے سوا اس کے کہ وہ ایذاء دیں اور لومڑی اور جنگلی بلی کو قتل کرنا جائز نہیں ہے اور ان کو قتل کرنے سے فدیہ لازم ہے سوا اس صورت کے کہ وہ ابتداءً حملہ کریں، اور چھپکلی اور مچھر اور اس کے اونٹ کی چیڑی کو قتل نہیں کیا جائے گا اور اگر اس نے ان کو قتل کر دیا تو وہ صدقہ میں کچھ طعام کھلائے اور اگر اس نے پھاڑنے والے پرندوں کو قتل کر دیا تو اس پر فدیہ ہے اور جوں کو بھی مارا نہیں جائے گا، اگر مار دیا تو صدقہ میں کچھ طعام کھلائے اور امام شافعی کے نزدیک لومڑی کو مارنے میں فدیہ لازم ہے۔ (المحلی لابن حزم ج ۷ ص ۲۴۴)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: چھپکلی کو مار دو کیونکہ وہ شیطان ہے۔ (مصنف عبدالرزاق: ۸۳۹۸، مصنف ابن ابی شیبہ: ۱۹۸۹۳)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھپکلی کو مارنے کا حکم دیا ہے اور اس کو فویسق فرمایا۔ (صحیح مسلم: ۲۲۳۸ (۵۷۳۷)، سنن ابوداؤد: ۵۲۶۲)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چار جانوروں کو مارنے سے منع فرمایا: چیونٹی، شہد کی مکھی، ہدہد اور صرد (ایک پرندہ جو چھوٹے پرندوں کو شکار کرتا ہے)۔ (سنن ابوداؤد: ۵۲۶۷، سنن ابن ماجہ: ۳۲۲۴، مسند احمد ج ۱ ص ۳۲۲، مصنف عبدالرزاق: ۸۳۱۵)

Marfat.com

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں: ہر وہ جانور جس کی طبیعت اور سرشت میں ایذاء پہنچانا اور حملہ کرنا ہو خواہ اس سے فی الحال جان اور مال میں ایذاء نہ پائی جائے تو اس کو مارنے میں کوئی حرج نہیں ہے جیسے پھاڑنے والے تمام درندے اور وہ چوپائے جن کا کھانا حرام ہے اور حملہ کرنے والے پرندے جیسے باز، عقاب اور شاہین وغیرہ اور وہ حشرات الارض جو ایذاء پہنچاتے ہوں جیسے بھڑ (تتیا) اور پسو اور مچھر اور مکھی وغیرہ اور امام شافعی کا بھی یہی قول ہے۔

(المغنی لابن قدامہ ج ۵ ص ۱۷۷۔۱۷۶) (التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۱۲ ص ۳۸۵۔۳۶۷، ملخصاً وملتقطاً، وزارت الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ھ)

مصنف کے نزدیک علامہ ابن قدامہ حنبلی نے جو کچھ لکھا ہے وہ احادیث اور آثار کے زیادہ موافق اور زیادہ قرین قیاس ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

۲۔ بَابٌ: اِنَّهَا تَرْمِیْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ﴿۳۲﴾ (المرسلات: ۳۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک دوزخ محل کے برابر انگارے پھینکتی ہے ○ (المرسلات: ۳۲) کی تفسیر

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

شَرَرٌ کا معنی ہے: آگ جب بھڑکتی ہے تو اس سے جو چنگاریاں نکلتی ہیں اور اس کا واحد شَرَرَۃٌ ہے۔

محل کے برابر: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا: وہ چنگاریاں قلعوں کے برابر ہیں اور قَصر کی جمع قصور ہے، اور مجاہد سے منقول ہے کہ اس سے مراد درخت کی لکڑیوں کا گٹھا ہے اور سعید بن جبیر اور ضحاک سے منقول ہے کہ یہ کھجور کے درخت اور دوسرے بڑے بڑے درخت ہیں اور اس کا واحد قصرۃ ہے جیسے ثَمَرَۃٌ اور ثَمَرٌ اور حُمَرَۃٌ اور حُمَرٌ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۹۳)

۴۹۳۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَابِسٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ إِنَّهَا تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ قَالَ كُنَّا نَرْفَعُ الْخَشَبَ بِقَصَرِ ثَلَاثَةَ أَذْرُعٍ أَوْ أَقَلَّ فَنَرْفَعُهُ لِلشِّتَاءِ فَنُسَمِّيهِ الْقَصَرَ (صحیح البخاری: ۴۹۳۲)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالرحمٰن بن عابس نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا، انہوں نے اس آیت انہا ترمی بشرر کالقصر کی تفسیر میں فرمایا کہ ہم سردیوں کے موسم میں تین تین ہاتھ یا اس سے کم کی لکڑیوں کو اٹھا کر لاتے تھے اور ان کو ہم قصر کہتے تھے۔

۳۔ بَابٌ: كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ﴿۳۳﴾ (المرسلات: ۳۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: گویا وہ زرد اونٹ ہیں ○ (المرسلات: ۳۳) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: گویا وہ چنگاریاں زرد اونٹوں کے برابر ہیں۔

۴۹۳۳۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَحْيَى أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَابِسٍ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالْقَصَرِ قَالَ كُنَّا نَعْمِدُ إِلَى الْخَشَبَةِ ثَلَاثَةَ أَذْرُعٍ أَوْ فَوْقَ ذَلِكَ فَنَرْفَعُهُ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے خبر دی، انہوں نے کہا: مجھے عبدالرحمٰن بن عابس نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے حضرت ابن

Marfat.com

لِلشِّتَاءِ فَنُسَمِّيهِ الْقَصَرَ كَأَنَّهُ جِمَالَاتٌ صُفْرٌ جِمَالُ السُّفُنِ تُجْمَعُ حَتَّى تَكُونَ كَأَوْسَاطِ الرِّجَالِ

(صحیح البخاری: ۴۹۳۲)

عباس رضی اللہ عنہما سے سنا وہ انہا ترمی بشرر کالقصر کی تفسیر میں فرماتے تھے، ہم سردیوں کے موسم میں تین تین ہاتھ یا اس سے زیادہ کی لکڑیاں اٹھا کر لاتے تھے اور ان کو ہم قصر کہتے تھے۔ جملت صفر سے مراد جہاز یا کشتی کی رسیاں ہیں جو جمع کر کے رکھی جائیں حتیٰ کہ وہ مردوں کی کمر کے برابر موٹی ہو جائیں۔

۴۔ بَابٌ: هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿۳۵﴾

(المرسلات: ۳۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: یہ وہ دن ہے جس میں وہ (نفع آور) بات نہ کر سکیں گے ○ (المرسلات: ۳۵) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی قیامت کے بعض احوال میں وہ بات نہیں کر سکیں گے اور بعض احوال میں وہ ایک دوسرے سے بحث کریں گے اور بعض احوال میں ان کے مونہوں پر مہر لگا دی جائے گی تو وہ بات نہیں کر سکیں گے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۹۴)

۴۹۳۴۔ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي غَارٍ إِذْ نَزَلَتْ عَلَيْهِ وَالْمُرْسَلَاتِ فَإِنَّهُ لَيَتْلُوهَا وَإِنِّي لَأَتَلَقَّاهَا مِنْ فِيهِ وَإِنَّ فَاهُ لَرَطْبٌ بِهَا إِذْ وَثَبَتْ عَلَيْنَا حَيَّةٌ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ اقْتُلُوهَا فَابْتَدَرْنَاهَا فَذَهَبَتْ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ وُقِيَتْ شَرَّكُمْ كَمَا وُقِيتُمْ شَرَّهَا قَالَ عُمَرُ حَفِظْتُهُ مِنْ أَبِي فِي غَارٍ بِمِنًى

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عمر بن حفص بن غیاث نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الاعمش نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے ابراہیم نے حدیث بیان کی از الاسود از حضرت عبداللہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ جس وقت ہم نبی ﷺ کے ساتھ ایک غار میں تھے اس وقت آپ پر سورۃ المرسلات نازل ہوئی، آپ اس کو تلاوت فرما رہے تھے اور میں اس سورت کو آپ کے منہ سے حاصل کر رہا تھا اور آپ کا منہ مبارک اس سے تر تھا، اس وقت ہم پر ایک سانپ کودا، نبی ﷺ نے فرمایا: اس کو قتل کر دو تو ہم اس پر جھپٹے لیکن وہ سانپ نکل گیا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: وہ تمہارے شر سے بچا لیا گیا جس طرح تم اس کے شر سے بچا لیے گئے۔ عمر نے کہا: میں نے اس حدیث کو منیٰ کی غار میں اپنے والد سے یاد کیا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۸۳۰ میں بہت تفصیل سے گزر چکی ہے۔

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ المرسلات کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور جو احادیث روایت کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ العزیز اس کے بعد سورۃ النباء کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور حدیث روایت کی ہے ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۷۸۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ عَمَّ یَتَسَآئَلُوْنَ

سورۂ نبا کی تفسیر

سورۃ النبا کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ النباء کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس میں چالیس (۴۰) آیات ہیں۔

عَمَّ کی اصل عَنَا ہے، الف کو تخفیف کے لیے حذف کر دیا گیا اور جمہور نے اسی طرح قراءت کی ہے، یتساءلون کا معنی ہے: یہ مشرکین کس چیز کے متعلق سوال کرتے ہیں؟ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۹۴)، یہ سورۃ مکی ہے۔

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: اس آیت کی حسب ذیل تفسیریں ہیں:

(۱) یہ سوال کرنے والے کفار تھے، اس کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو دھمکانے کے لیے فرمایا: کَلَّا سَیَعْلَمُوْنَ ۝ ثُمَّ کَلَّا سَیَعْلَمُوْنَ ۝ (النباء: ۵۔۴) (ہرگز نہیں! یہ عنقریب جان لیں گے ○ پھر ہرگز نہیں! یہ عنقریب جان لیں گے ○) اور دھمکانا صرف کفار کے لیے مناسب ہے۔ اس سے معلوم ہوا یہ کفار تھے جو ایک دوسرے سے سوال کرتے تھے۔

(۲) کفار اور مومنین دونوں سوال کرتے تھے، رہے مومنین تو وہ اس لیے سوال کرتے تھے کہ دین میں ان کی بصیرت اور قیامت پر ان کا ایمان اور زیادہ قوی ہو جائے اور رہے کفار تو وہ اسلام کا مذاق اڑانے کے لیے اور اسلام کے خلاف لوگوں کے دلوں میں شکوک وشبہات ڈالنے کے لیے سوال کرتے تھے۔

(۳) سوال کرنے والے کفار اور مشرکین تھے اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کرتے تھے کہ آپ جس قیامت کا ہم سے وعدہ کر رہے ہیں وہ کب آئے گی؟ (انوار بیان القرآن ص ۹۳۵، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

قَالَ مُجَاهِدٌ لَا یَرْجُوْنَ حِسَابًا لَا یَخَافُوْنَهٗ۔ مجاہد نے کہا: لَا یَرْجُوْنَ حِسَابًا کا معنی ہے: وہ (اعمال کے) حساب سے نہیں ڈرتے تھے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا یَرْجُوْنَ حِسَابًا ۝ (النباء: ۲۷) بے شک وہ کسی حساب کی امید نہیں رکھتے تھے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی تفسیر کی ہے: وہ حساب سے نہیں ڈرتے تھے اور امام عبد بن حمید نے اپنی سند کے ساتھ اس کی یہ تفسیر کی ہے کہ وہ حساب کی پرواہ نہیں کرتے تھے اور مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کی تصدیق نہیں کرتے اور رجاء کا لفظ امید اور خوف دونوں کے لیے مستعمل ہے۔

صَوَابًا حَقًّا فِی الدُّنْیَا وَعَمِلَ بِهٖ۔ صَوَابًا کا معنی ہے: جس نے دنیا میں حق بات کہی تھی اور اس پر عمل کیا تھا۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَ قَالَ صَوَابًا ۝ (النباء:۳۸)

جس دن جبرئیل اور تمام فرشتے صف بستہ کھڑے ہوں گے، اس سے کوئی بات نہیں کر سکے گا سوا اس کے جس کو رحمٰن نے اجازت دی اور اس نے صحیح بات کہی O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی تفسیر کی ہے: جس نے دنیا میں حق بات کہی اور اس پر عمل کیا اور ابو صالح نے کہا: جس نے درست بات کہی اور دنیا میں لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہا۔

لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا لَا يُكَلِّمُوْنَهُ اِلَّا اَنْ يَّاْذَنَ لَهُمْ۔

لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ۝ (النباء:۳۷) اس کا معنی ہے: اس سے وہی بات کر سکیں گے جس کو وہ اجازت دے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ۝ (النباء:۳۷)

جو آسمانوں اور زمینوں اور ان کے درمیان کی سب چیزوں کا رب ہے، نہایت رحم فرمانے والا ہے اس سے (بغیر اجازت) بات کرنے کا کسی کو اختیار نہ ہوگا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: لَا يَمْلِكُوْنَ کی ضمیر آسمانوں اور زمینوں والوں کی طرف راجع ہے یعنی ان کے اختیار میں ایسی کوئی چیز نہیں ہے جس کی وجہ سے وہ اللہ تعالیٰ سے بات کر سکیں، دوسرا قول یہ ہے: انہیں اس کا اختیار نہیں ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے یہ کہیں کہ وہ عذاب کم کر دے یا ثواب زیادہ کر دے سوا اس کے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اجازت دے اور اللہ تعالیٰ ان کو اجازت دے دے گا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ثَجَّاجًا کا معنی ہے: پانی گرایا ہوا یا پانی بہایا ہوا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَّ اَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ۝ (النباء:۱۴)

اور ہم نے برسنے والے بادلوں سے زوردار بارش نازل کی O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے ثَجَّاجًا کی تفسیر کی ہے: مُنْصَبًّا یعنی پانی گرایا ہوا، اسی طرح امام ابو عبیدہ نے اس کی تفسیر کی ہے اور یہ صرف علامہ نسفی کی تفسیر ہے۔

اَلْفَافًا کا معنی ہے: ایک دوسرے سے ملے ہوئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَّ جَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝ (النباء:۱۶)

اور گھنے باغات O

علامہ عینی لکھتے ہیں: علامہ ثعلبی نے کہا ہے: اَلْفَافًا کا معنی ہے: ایک دوسرے سے ملے ہوئے یا جڑے ہوئے، اس کا واحد لَفِيْفٌ ہے، اور دوسروں نے کہا: اس کا واحد لفیف ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ یہ جمع الجمع ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَهَّاجًا مُضِيْئًا۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: وَهَّاجًا کا معنی ہے: روشن۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ جَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۝ (النباء:۱۳)

اور ہم نے سورج کو چمکتا ہوا چراغ بنایا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے وَهَّاجًا کی تفسیر مُضِيْئًا کی ہے، امام ابن ابی حاتم نے بھی اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن

عباس رضی اللہ عنہما سے یہی تفسیر کی ہے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ غَسَقَتْ عَيْنُهُ وَيَغْسِقُ الْجُرْحُ يَسِيلُ كَأَنَّ الْغَسَاقَ وَالْغَسِيقَ وَاحِدٌ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے علاوہ دوسروں نے کہا کہ غَسَّاقًا کا لفظ غسقت عینہ سے ماخوذ ہے یعنی اس کی آنکھ بہہ رہی ہے، اسی سے ماخوذ ہے یغسق الجرح یعنی زخم بہہ رہا ہے، غساق اور غسیق دونوں کا ایک معنی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَا يَذُوقُونَ فِيهَا بَرْدًا وَّ لَا شَرَابًا ۝ اِلَّا حَمِيْمًا وَّ غَسَّاقًا ۝ (النباء:۲۵۔۲۴)

اس (دوزخ) میں وہ نہ ٹھنڈک پائیں گے نہ کوئی مشروب ○ سوا کھولتے ہوئے پانی اور پیپ کے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ تفسیر صرف ابوذر کے نسخہ میں ہے اور علامہ جرجانی اور علامہ نسفی کی تفسیروں میں ہے، امام بخاری نے لکھا: غسقت عینه و یغسق الجرح یسیل اس میں ہی اشارہ کیا ہے کہ غساق کا معنی ہے: مائع اور سیال چیز یعنی بہنے والی جیسے خون اور اس کی مثل کیونکہ یہ غسقت عینہ سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے: اس کی آنکھ بہہ رہی ہے اور یغسق الجرح کا معنی ہے: اس کا زخم بہہ رہا ہے۔ علامہ ثعلبی نے کہا ہے کہ الغساق کا معنی ہے: الزمہریر، دوسرا قول یہ ہے کہ اس کا معنی ہے: دوزخیوں کی پیپ، تیسرا قول ہے: اس کا معنی ہے: دوزخیوں کے آنسو۔

عَطَاءً حِسَابًا جَزَاءً كَافِيًا أَعْطَانِي مَا أَحْسَبَنِي أَيْ كَفَانِي۔

عَطَآءً حِسَابًا کا معنی ہے: پورا پورا بدلہ، عرب لوگ کہتے ہیں: اس نے مجھے اتنا دیا جو مجھے کافی ہو گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ۝ (النباء:۳۶)

آپ کے رب کی طرف سے جزاء ہوگی نہایت کافی عطاء ہوگی ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی تفسیر کی ہے: جزآءً کَافِیًا، اور علامہ ثعلبی نے کہا ہے: ایسی عطاء جو کثیر اور وافی ہو، امام بخاری نے کہا: اعطانی ما احسبنی امام بخاری نے اس سے یہ اشارہ کیا ہے کہ حساب کا لفظ کفایت کے معنی میں بھی آتا ہے، کہا جاتا ہے: اعطانی فلان ما احسبنی یعنی فلاں شخص نے مجھے اتنا دیا کہ مجھے کافی ہو گیا اور کہا جاتا ہے: احسبت فلانا یعنی میں نے اس کو اتنا عطاء کیا جو اس کو کافی ہو گیا۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری، ج ۱۹ ص ۳۹۵۔ ۳۹۴ میں کی ہے]

۱۔ بَابٌ: يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَأْتُوْنَ أَفْوَاجًا ۝ (النبا:۱۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جس دن صور میں پھونکا جائے گا تو تم فوج در فوج آؤ گے ○ (النباء:۱۸) کی تفسیر

افواجًا کا معنی ہے گروہ در گروہ۔

۴۹۳۵۔ حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مَا بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ أَرْبَعُونَ قَالَ أَرْبَعُونَ يَوْمًا قَالَ أَبَيْتُ قَالَ أَرْبَعُونَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو معاویہ نے خبر دی از الاعمش از ابی صالح از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو صور پھونکنے کے درمیان چالیس (۴۰) کا وقفہ ہوگا،

Marfat.com

شَهْرًا قَالَ أَبَيْتُ قَالَ أَرْبَعُونَ سَنَةً قَالَ أَبَيْتُ قَالَ ثُمَّ يُنْزِلُ اللهُ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَيَنْبُتُونَ كَمَا يَنْبُتُ الْبَقْلُ لَيْسَ مِنَ الْإِنْسَانِ شَيْءٌ إِلَّا يَبْلَى إِلَّا عَظْمًا وَاحِدًا وَهُوَ عَجْبُ الذَّنَبِ وَمِنْهُ يُرَكَّبُ الْخَلْقُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

کسی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: چالیس دن کا وقفہ ہو گا؟ انہوں نے کہا: میں نہیں کہہ سکتا، (پھر) کسی نے پوچھا: چالیس مہینے؟ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نہیں کہہ سکتا، (پھر) کسی نے پوچھا: چالیس سال؟ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں نہیں کہہ سکتا، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: پھر اللہ تعالیٰ آسمان سے (زندگی کی) بارش نازل فرمائے گا تو لوگ اس طرح اگنے لگیں گے جس طرح سبزہ اگتا ہے، انسان کے بدن کی ہر چیز گل جاتی ہے سوائے ریڑھ کی ہڈی کے، وہ نہیں گلتی وہ اس مقام کی ہڈی ہے جہاں جانور کی دم ہوتی ہے، قیامت کے دن اس ہڈی سے مخلوق کو (دوبارہ) پیدا کیا جائے گا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۸۱۴ میں گزر چکی ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نہیں کہہ سکتا یعنی میں نے اس کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ نہیں سنا تو میں اپنی عقل سے از خود کچھ نہیں کہہ سکتا اور یہ معاملہ غیب سے متعلق ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۰۴)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ النباء کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور حدیث روایت کی تھی ان سب کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ والنازعات کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور حدیث روایت کی ہے ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۷۹۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ وَالنّٰزِعَاتِ

سورۃ والنازعات کی تفسیر

سورۂ والنازعات کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ النازعات کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس کا نام سورۃ الساہرۃ بھی ہے، یہ سورت مکی ہے اور اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے، علامہ سخاوی نے کہا ہے: یہ سورت سورۃ النباء کے بعد اور سورۃ الانفطار سے پہلے نازل ہوئی ہے، اس سورت میں چھیالیس (۴۶) آیات ہیں۔

النازعات کے معنی میں کئی اقوال ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: فرشتے بنو آدم کی روحوں کو کھینچ کر نکالتے ہیں اور سعید بن جبیر نے کہا: موت روحوں کو نکالتی ہے، عطا اور عکرمہ نے کہا کہ ستارے ایک افق سے دوسرے افق کی طرف نکالے جاتے ہیں، وہ طلوع ہوتے ہیں، پھر غائب ہو جاتے ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۹۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

زَجْرَۃٌ صَیْحَۃٌ۔ زَجْرَۃٌ اس کا معنی ہے: چیخ اور چنگھاڑ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاِنَّمَا هِیَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝ (النازعات: ۱۳) وہ ضرور صرف ایک جھڑکی ہوگی ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے زَجْرَۃٌ کی تفسیر چیخ کی ہے اور یہ صرف علامہ نسفی کی تفسیر میں ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ۔ اور مجاہد نے کہا ترجف الراجفۃ اس سے مراد ہے: زلزلہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

یَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ۝ (النازعات: ۶) (تم کو ضرور مرنے کے بعد زندہ کیا جائے گا) جس دن لرزائے گی لرزانے والی ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد نے راجفۃ کی تفسیر زلزلہ کے ساتھ کی ہے اور علامہ الثعلبی نے کہا: جب پہلا صور پھونکا جائے گا تو زلزلہ آئے گا اور ہر چیز حرکت کرے گی، یہ بھی صرف علامہ نسفی کی تفسیر میں ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ الْآیَةَ الْكُبْرٰى عَصَاهُ وَيَدُهُ۔ اور مجاہد نے کہا الْآیَةَ الْكُبْرٰى سے مراد ہے: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی لاٹھی اور ہاتھ (ید بیضاء)۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاَرٰىهُ الْآیَةَ الْكُبْرٰى ۝ (النازعات: ۶) پھر انہوں نے اسے بہت بڑی نشانی دکھائی ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کو بہت بڑی نشانی دکھائی، مجاہد نے اس کی تفسیر ان کی لاٹھی اور ان کے ہاتھ

Marfat.com

سے کی ہے، جب ان کا ہاتھ بغل سے باہر نکالا تو وہ چمکتا ہوا سفید تھا۔ امام عبدالرزاق نے بھی از معمر از قتادہ اسی کی مثل روایت کی ہے۔

سَمَکَهَا بَنَاهَا بِغَيْرِ عَمَدٍ۔ سمکھا اس کا معنی ہے: ان کو بغیر ستون کے بنایا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ۝ (النازعات:۲۸) اللہ نے اس کی چھت بلند کی پھر اس کو ہموار بنایا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس کی تفسیر کی ہے اس کو بغیر ستون کے بنایا اور علامہ ثعلبی نے کہا ہے اللہ نے اس کی چھت بلند کی اور الفراء نے کہا ہے ہر وہ چیز جو دوسری چیز کو اٹھا لے اس کے لیے سمک کہا جاتا ہے پس اللہ تعالیٰ نے اس کو ہموار اور بغیر کسی شگاف کے بنایا، یہ بھی صرف علامہ نسفی کی تفسیر ہے۔

طَغٰى عَصٰى۔ طَغٰی کا معنی ہے: اس نے نافرمانی اور سرکشی کی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ۝ (النازعات:۱۷) کہ آپ فرعون کے پاس جائیں بے شک اس نے سرکشی کی O

علامہ عینی لکھتے ہیں: طَغٰی کا لفظ طغیان سے ماخوذ ہے، اس کا معنی ہے: حد سے تجاوز کرنا۔

يُقَالُ النَّاخِرَةُ وَالنَّخِرَةُ سَوَاءٌ مِثْلُ الطَّامِعِ وَالطَّمِعِ وَالْبَاخِلِ وَالْبَخِلِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ النَّخِرَةُ الْبَالِيَةُ وَالنَّاخِرَةُ الْعَظْمُ الْمُجَوَّفُ الَّذِي تَمُرُّ فِيهِ الرِّيحُ فَيَنْخَرُ۔ کہا جاتا ہے: الناخرۃ اور النخرۃ دونوں برابر ہیں جیسے الطَّامِعِ اور الطَّمِعِ اور الباخل اور البخل اور دوسروں نے کہا کہ نخرۃ کا معنی ہے، گلی ہوئی ہڈی اور ناخرۃ کا معنی ہے: کھوکھلی ہڈی کہ جس میں ہوا داخل ہو تو اس سے آواز پیدا ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ۝ (النازعات:۱۱) کیا جب ہم گلی ہوئی ہڈیاں ہو جائیں گے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری کی تفسیر صحیح نہیں ہے، الناخرۃ اور النخرۃ دونوں برابر نہیں ہیں، الناخرۃ اسم فاعل ہے اور اَلنَّخِرَةَ صفت مشبہ ہے اگرچہ دونوں کا معنی ایک ہے، دوسرا سقم یہ ہے کہ الناخرۃ اور النخرۃ مونث کے صیغے ہیں اور الطامع اور الطمع اور الباخل اور البخل مذکر کے صیغے ہیں، لہٰذا ان کے ساتھ مثال دینا صحیح نہیں ہے، اگر امام بخاری صَانِعَةٌ اور صَنْعَةٌ کی مثال دیتے تو درست ہوتا۔

امام بخاری نے کہا، اور دوسروں نے لکھا، اس سے مراد ابن الکلبی ہے، اہل کوفہ نے اس لفظ کو نخرۃ پڑھا ہے اور حضرت عمر بن الخطاب، حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم نے اس کو نَاخِرَةً پڑھا ہے۔

میں کہتا ہوں: علامہ عینی نے امام بخاری کی تفسیر پر لفظی گرفت کی ہے ورنہ معنوی اعتبار سے امام بخاری کی تفسیر پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْحَافِرَةِ الَّتِي أَمْرُنَا الْأَوَّلُ إِلَى الْحَيَاةِ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: الحافرۃ اس سے مراد ہماری وہ پہلی حالت ہے جو دنیا کی زندگی میں تھی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يَقُولُونَ ءَاِنَّا لَمَرْدُودُونَ فِي الْحَافِرَةِ ۝ (النازعات:۱۰) وہ کہتے ہیں: کیا ہم مرنے کے بعد ضرور زندگی کی طرف لوٹائے

Marfat.com

جائیں گے○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الحافرۃ کی تفسیر کی ہے: الی امرنا الاول یعنی پہلی حالت، اس سے مراد ہے، پہلی زندگی، کہا جاتا ہے: رجع فلان فی حافرتہ یعنی فلاں شخص اپنے اسی راستہ کی طرف لوٹ آیا جس سے وہ آیا تھا، امام ابن ابی حاتم نے اس تعلیق کی اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ قرآن مجید نے ان مشرکین مکہ کی خبر دی ہے جو مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیے جانے کے منکر تھے، وہ یہ کہتے تھے کہ کیا ہم ضرور پہلی زندگی کی طرف لوٹائے جائیں گے یعنی کیا ہمیں موت کے بعد اس طرح زندہ کیا جائے گا جس طرح ہم موت سے پہلے زندہ تھے، ان کی اس سے مراد پہلی حالت تھی، دوسرا قول یہ ہے کہ حافرۃ وہ زمین ہے جس میں ان کی قبریں کھودی گئی ہیں اور فاعل بہ معنی مفعول اور حافرۃ بہ معنی محفورۃ ہے اور زمین کو حافرۃ اس لیے فرمایا ہے کہ وہ کھودی ہوئی قبروں کا مستقر ہے۔

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: اس آیت میں حافرۃ کا لفظ ہے، اس کا معنی ہے: پہلی حالت پر لوٹنا اور الٹے پاؤں پلٹنا، گویا مشرکین یہ کہتے تھے کہ آیا ہم مرنے کے بعد پہلی زندگی کی طرف لوٹ جائیں گے۔ حسن بصری نے کہا ہے: اس قول سے مشرکین نے مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کا انکار کیا ہے یعنی ایسا کبھی نہیں ہوگا۔

وَقَالَ غَيْرُهُ أَيَّانَ مُرْسَاهَا مَتَى مُنْتَهَاهَا وَمُرْسَى السَّفِينَةِ حَيْثُ تَنْتَهِي۔

اور دوسروں نے کہا ہے: اَیَّانَ مُرْسٰھَا یعنی قیامت کی انتہاء کب ہوگی، مُرْسٰی کا لفظ مُرْسَی السَّفِیْنَۃ سے ماخوذ ہے جہاں کشتی اخیر میں جا کر ٹھہرتی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يَسْئَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسٰهَا○

یہ لوگ آپ سے قیامت کے متعلق پوچھتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہوگا○ (النازعات:۴۲)

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی تفسیر کی ہے کہ اس کی انتہاء کب ہے اور ضمیر قیامت کی طرف راجع ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ قیامت کا ذکر فرماتے تھے اور آپ سے اس کے متعلق سوال کیا جاتا تھا حتیٰ کہ یہ آیت نازل ہوگئی۔

الرَّاجِفَةُ النَّفْخَةُ الْأُولَى۔

اَلرَّاجفۃ اس سے مراد ہے: پہلی بار صور میں پھونکنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ○ (النازعات:۶)

جس دن لرزائے گی لرزانے والی○

یہ تعلیق اس سے پہلے بھی گزر چکی ہے۔

الرَّادِفَةُ النَّفْخَةُ الثَّانِيَةُ۔

تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ اس سے مراد: دوسری بار صور میں پھونکنا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ○ (النازعات:۷)

پھر اس کے پیچھے آئے گی پیچھے آنے والی○

علامہ عینی نے مؤخر الذکر دونوں تعلیقوں کی شرح نہیں کی اور نہ حافظ ابن حجر نے ان کی شرح کی ہے، تاہم علامہ عینی اور حافظ ابن حجر نے ان تعلیقوں کے بعد اس حدیث کا ذکر کیا ہے جو باب: ۱، میں آ رہی ہے اور بقیہ تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ

Marfat.com

القاری ج۱۹ص ۳۹۸۔۳۹۶ میں کی ہے۔

۱۔ بَابٌ

باب

۴۹۳۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا أَبُو حَازِمٍ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ رضی الله عنه قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ بِإِصْبَعَيْهِ هٰكَذَا بِالْوُسْطَى وَالَّتِي تَلِي الْإِبْهَامَ بُعِثْتُ وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ۔

(صحیح البخاری:۵۳۰۱، صحیح مسلم:۲۹۵۰)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں احمد بن المقدام نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الفضیل بن سلیمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو حازم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا ہمیں حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی درمیانی انگلی اور جو انگلی انگوٹھے کے قریب ہے اس سے اس طرح اشارہ کیا اور فرمایا: مجھے اور قیامت کو اس طرح (ملا ہوا) بھیجا گیا ہے جس طرح یہ دو انگلیاں ہیں۔

علامہ عینی نے لکھا ہے: اس حدیث سے قیامت کے جلد آنے کی طرف اشارہ ہے۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ص ۳۹۸)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: أَغْطَشَ کا معنی ہے: تاریک کردیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَأَغْطَشَ لَيْلَهَا وَأَخْرَجَ ضُحٰهَا ﴿۲۹﴾ (النازعات:۲۹) اور اس کی رات تاریک کردی اور اس کا دن روشن کردیا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس کی تفسیر کی ہے: تاریک کردیا، یہ صرف علامہ نسفی کی تفسیر میں ہے۔

اَلطَّامَّةُ تَطُمُّ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ۔ اَلطَّامَّةُ اس کا معنی ہے: جو ہر چیز پر چھا جائے اور غالب آجائے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَإِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿۳۴﴾ (النازعات:۳۴) پس جب بڑی مصیبت آجائے گی O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اَلطَّامَّةُ کی تفسیر کی ہے: جو ہر چیز پر غالب آجائے، علامہ ثعلبی نے کہا: اَلطَّامَّةُ اس مصیبت کو کہتے ہیں جس کو برداشت کرنے کی طاقت نہ ہو۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ص ۳۹۹)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ والنازعات کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور حدیث روایت کی تھی ان سب کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ العزیز اس کے بعد سورۃ عبس کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور احادیث روایت کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۸۰۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ عَبَسَ

سورۂ عبس کی تفسیر

سورۂ عبس کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۂ عبس کی بعض آیات کی تفسیر ہے اور اس کا نام سورۃ السفرۃ بھی رکھا گیا ہے اور اس میں بیالیس (۴۲) آیات ہیں۔

علامہ سخاوی نے کہا ہے: یہ سورت سورۃ القدر سے پہلے اور سورۃ النجم کے بعد نازل ہوئی ہے۔

امام حاکم نے تصحیح سند کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ یہ سورت حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کے متعلق نازل ہوئی ہے جو نابینا تھے، وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور یہ کہتے رہے کہ یا رسول اللہ! مجھے ہدایت دیجئے اور اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس مشرکین کے بڑے بڑے مرد بیٹھے ہوئے تھے، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابن ام مکتوم سے اعراض کرتے رہے اور دوسروں کی طرف متوجہ ہوئے تو یہ سورت نازل ہوئی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۹۹، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

عَبَسَ وَتَوَلّٰی کَلَحَ وَأَعْرَضَ۔ عَبَسَ کا معنی ہے: کَلَحَ وَأَعْرَضَ یعنی منہ بنایا اور پیٹھ پھیر لی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

عَبَسَ وَتَوَلّٰی ○ (عبس: ۱) رسول چیں بہ جبیں ہوئے اور انہوں نے منہ پھیر لیا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے عبس کی تفسیر کی ہے: کَلَحَ یعنی منہ بنایا، یہ امام ابوعبیدہ کی تفسیر ہے اور جو انہوں نے اس کی تفسیر أَعْرَضَ کی ہے یہ دوسروں کی تفسیر ہے اور متقدمین کا اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ عَبَسَ کا فاعل نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں، اور علامہ داؤدی کا یہ نہایت ناموس قول ہے کہ اس کا فاعل وہ کافر ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھا، دوسرا قول یہ ہے کہ وہ ابی بن خلف تھا، اس قول کی امام عبدالرزاق نے از قتادہ روایت کی ہے اور تیسرا قول یہ ہے کہ وہ شخص امیہ بن خلف تھا، اس قول کی امام سعید بن منصور نے روایت کی ہے اور امام ابن مردویہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ایک اور سند کے ساتھ یہ حدیث روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ربیعہ کے دو بیٹوں عتبہ اور شیبہ سے خطاب کر رہے تھے اور ایک اور سند کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آپ ایسی مجلس میں تھے جس میں مشرکین میں سے ابوجہل اور عتبہ وغیرہ تھے اور یہ روایت دیگر اقوال کی جامع ہے۔

میں کہتا ہوں: ہم نے اس سورت کی تفسیر میں لکھا ہے کہ ان آیات پر یہ سوال وارد ہوتا ہے کہ حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ تادیب اور ملامت کے مستحق تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت ابن ام مکتوم کو ملامت کرنے کے بجائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کیوں عتاب فرمایا؟ رہا یہ کہ حضرت ابن ام مکتوم ملامت کے مستحق کیوں تھے، اس کی حسب ذیل وجوہ ہیں:

(۱) حضرت ابن ام مکتوم نابینا ہونے کی وجہ سے اگرچہ یہ نہیں دیکھ رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سرداران قریش سے گفتگو فرما رہے ہیں کیونکہ ان کی سماعت تو صحیح تھی، وہ کفار سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خطاب کی آواز سن رہے تھے، پس ان کا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے

Marfat.com

کلام کو منقطع کرنا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی غرض پوری ہونے سے پہلے اپنی غرض پوری ہونے کی کوشش کرنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء پہنچانا ہے اور یہ عظیم معصیت ہے۔

(۲) اہم کام کو مقدم کیا جاتا ہے، حضرت ابن ام مکتوم اسلام لا چکے تھے اور دین کی تعظیم حاصل کر چکے تھے اور سرداران قریش ابھی اسلام نہیں لائے تھے اور ان کا اسلام لانا ایک عظیم جماعت کے اسلام لانے کا سبب تھا اور حضرت ابن ام مکتوم کا اس کام میں مداخلت کرنا ایک معمولی کام کی خاطر ایک عظیم خیر کو منقطع کرنے کا سبب تھا اس لیے ان کا یہ اقدام (بہ ظاہر) حرام تھا۔

(۳) اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

إِنَّ الَّذِينَ يُنَادُونَكَ مِنْ وَرَاءِ الْحُجُرَاتِ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ۝ (الحجرات: ۴)

بے شک جو لوگ آپ کو حجروں کے پیچھے سے پکارتے ہیں ان میں سے اکثر بے عقل ہیں O

اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو صرف نداء کرنے سے منع فرمایا اور حضرت ابن ام مکتوم کی نداء کفار کے ایمان قبول کرنے کو قطع کرنے کے حکم میں تھی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مہم کے بہ ظاہر خلاف تھی، لہٰذا اس کا ذنب اور معصیت ہونا ظاہر ہے، سو حضرت ابن مکتوم کا فعل بہ ظاہر گناہ تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل واجب تھا، پھر اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کیوں عتاب فرمایا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ بہ ظاہر ایسا ہی تھا لیکن اغنیاء کو فقراء پر اور سرداروں کو کمزوروں پر مقدم کرنے سے فقراء کے دل ٹوٹ جاتے، اس وجہ سے آپ پر عتاب کیا گیا جب کہ آپ کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ آپ فقراء کو نہ دھتکاریں، قرآن مجید میں ہے:

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ۔ (الانعام: ۵۲)

اور آپ ان لوگوں کو نہ دھتکاریں جو صبح اور شام اپنے رب کو پکارتے رہتے ہیں۔

(انوار تبیان القرآن ص ۹۴۱ فرید بک اسٹال، لاہور، کراچی، ۱۴۳۱ھ)

وَقَالَ غَيْرُهُ مُطَهَّرَةٌ لَا يَمَسُّهَا إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ وَهُمُ الْمَلَائِكَةُ وَهَذَا مِثْلُ قَوْلِهِ فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْرًا جَعَلَ الْمَلَائِكَةَ وَالصُّحُفَ مُطَهَّرَةٌ لِأَنَّ الصُّحُفَ يَقَعُ عَلَيْهَا التَّطْهِيرُ فَجُعِلَ التَّطْهِيرُ لِمَنْ حَمَلَهَا أَيْضًا۔

اور ان کے غیر نے کہا: مُطَهَّرَةٌ ۝ (عبس: ۱۴) اس کی مثل ہے لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ ۝ (الواقعہ: ۷۹) (اس کتاب کو صرف پاک لوگ ہی چھو سکتے ہیں O) اور وہ فرشتے ہیں اور اس کی مثل اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے: فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْرًا ۝ (النازعات: ۵) (پھر ان کی قسم جو (نظام کائنات کی) تدبیر کرنے والے ہیں O) اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو اور صحیفوں کو پاکیزہ یا پاک کیا ہوا فرمایا کیونکہ صحیفوں پر تطہیر کا وقوع ہوتا ہے، پس تطہیر کو صحیفوں کے حاملین کی مثل قرار دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فِي صُحُفٍ مُكَرَّمَةٍ ۝ مَرْفُوعَةٍ مُطَهَّرَةٍ ۝ بِأَيْدِي سَفَرَةٍ ۝ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ۝ (عبس: ۱۳-۱۶)

یہ عزت والے صحیفوں میں ہے O جو بلندی والے پاکیزہ ہیں O ان کے ہاتھوں سے لکھے ہوئے O جو عزت والے نیک ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے المطہرۃ کی تفسیر اس آیت سے کی ہے: اس کتاب کو صرف پاک لوگ ہی چھو سکتے ہیں O (الواقعہ: ۷۹) یعنی جب کہ صحیفے تطہیر کے وصف کے ساتھ متصف ہوتے ہیں تو صحیفوں کے حاملین یعنی فرشتوں کو بھی تطہیر اور پاکیزگی

Marfat.com

کے وصف کے ساتھ متصف فرمایا اور یہ اس طرح ہے جس طرح یہ آیت ہے: پھر ان کی قسم جو (نظام کائنات کی) تدبیر کرنے والے ہیں ○ (النازعات:۵) کیونکہ تدبیر کرنا گھوڑوں کے سواروں کی صفت تھی تو یہ صفت گھوڑوں کے حاملین کو بھی دی گئی یعنی ان کے سواروں کو، پس فرمایا: فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ○۔

علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ اس توجیہ میں تکلف ہے، علامہ عینی فرماتے ہیں: اس کا بیان یہ ہے کہ صحیفوں پر اس تطہیر کا اطلاق نہیں کیا جاتا جو تنجیس یعنی نجاست کے خلاف حقیقتاً ہے بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ وہ صحیفے اس سے پاک ہیں کہ وہ کفار کے ہاتھوں میں واقع ہوں، دوسری توجیہ یہ ہے کہ وہ صحیفے کلام اللہ کے غیر سے پاک ہیں، پس وہ خالص وحی اور محض حق ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ الْغُلْبُ الْمُلْتَفَّةُ وَالْأَبُّ مَا يَأْكُلُ الْأَنْعَامُ۔ اور مجاہد نے کہا: الغلب کا معنی ہے: اَلْمُلْتَفَّةُ یعنی ایک دوسرے سے ملے ہوئے اور گھنے اور اَلْاَبُّ کا معنی ہے: جس کو مویشی کھاتے ہیں یعنی چارا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ○ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ○ (عبس:۳۰۔۳۱) اور گھنے باغات ○ اور میوے اور مویشوں کا چارا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اَلْغُلْب کی تفسیر کی ہے: الملتفة، یہ اِلْتِفَاف سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے: وہ چیزیں جو ایک دوسرے سے ملی ہوئی اور گھنی ہوں، اور اَلْاَبُّ کا معنی ہے: جس تر اور خشک گھاس کو مویشی کھاتے ہیں اور حسن بصری سے منقول ہے کہ وہ گھاس پھوس ہے جس کو چوپائے کھاتے ہیں اور انسان نہیں کھاتے، اور علامہ الثعلبی نے کہا ہے: الغلب کا معنی ہے: گھنے درخت اور اس کا واحد اغلب ہے اور اس معنی میں موٹی گردن والے کو بھی اغلب کہا جاتا ہے اور قتادہ سے منقول ہے کہ النخل کا معنی ہے: کھجوروں کے درخت۔

سَفَرَةٍ اَلْمَلَائِكَةُ وَاحِدُهُمْ سَافِرٌ سَفَرْتُ أَصْلَحْتُ بَيْنَهُمْ وَجُعِلَتْ الْمَلَائِكَةُ إِذَا نَزَلَتْ بِوَحْيِ اللهِ وَتَأْدِيَتِهِ كَالسَّفِيرِ الَّذِي يُصْلِحُ بَيْنَ الْقَوْمِ۔ سَفَرَةٌ اس کا معنی ہے: ملائکہ یعنی فرشتے اور اس کا واحد سَافِرٌ ہے اور سَفَرْتُ کا معنی ہے: میں نے ان کے درمیان صلح کرائی اور فرشتے جب اللہ کی وحی لے کر نازل ہوتے ہیں اور اس کو پہنچاتے ہیں تو ان کو اس سفیر کی طرح قرار دیا جو لوگوں کے درمیان صلح کراتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ○ (عبس:۱۵) ان کے ہاتھوں سے لکھے ہوئے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: اور سَفَرَةٌ کا واحد سافر ہے اور قتادہ نے کہا: اس کا واحد سفیر ہے، امام بخاری نے کہا ہے کہ سفرة کا معنی ہے: میں نے لوگوں کے درمیان صلح کرادی، اس میں یہ اشارہ ہے کہ اسی سے سفیر کا لفظ ماخوذ ہے جو اللہ کا رسول ہوتا ہے اور قوم کا سفیر بھی وہ ہوتا ہے جو لوگوں کے درمیان صلح کراتا ہے، اور حضرت ابن عباس اور مقاتل سے منقول ہے کہ سَفَرَةٌ کا معنی ہے: لکھنے والے اور یہ وہ فرشتے ہیں جو کراما کاتبین ہیں اور اسی وجہ سے کتاب کو سفر کہا جاتا ہے اور اس کی جمع اسفار ہے۔ تادیۃ کا لفظ اداء سے بنا ہے اور تادیب کا لفظ ادب سے بنا ہے نہ کہ اداء سے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ تَصَدَّى تَغَافَلَ عَنْهُ۔ اور تَصَدّٰی اس کا معنی ہے: آپ اس سے غفلت کرتے ہیں۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَأَنْتَ لَهُ تَصَدّٰى ۝ (عبس:۶) تو آپ اس کے درپے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے تصدی کی تفسیر کی ہے: تغافل، یہ اصل میں تتغافل تھا، اسی طرح تصدی اصل میں تتصدی تھا، پس دو تاؤں میں سے ایک تاء کو حذف کر دیا گیا، علامہ زمخشری نے اس کی تفسیر میں لکھا ہے: جو آپ سے مستغنی ہوتا ہے (یعنی مشرکین) آپ اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور یہی تفسیر مناسب اور مشہور ہے اور صاحب التلویح نے کہا ہے کہ صحیح بخاری کے اکثر نسخوں میں تصدی کی تفسیر تغافل کے ساتھ ہے اور جو دوسری تفسیروں میں ہے: وہ یہ ہے کہ تصدی کا معنی ہے: آپ اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور یہی درست ہے اور اسی پر اکثر مفسرین کا اتفاق ہے۔

حافظ ابن حجر نے بھی امام بخاری پر یہی اعتراض کیا ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۰۷)

میں کہتا ہوں: ہم نے اس کی تفسیر میں لکھا ہے: استغنی کا معنی ہے: مال و دولت سے غنی ہونا کیونکہ آپ جن کو تبلیغ کر کے مسلمان کرنے کی کوشش کر رہے تھے وہ سب اصحاب ثروت اور مال دار لوگ تھے اور آپ کو توقع تھی کہ اگر یہ لوگ اسلام لے آئے تو ان کی اتباع میں بہت لوگ اسلام قبول کر لیں گے تو آپ ان کے درپے ہیں، اس کا معنی ہے: آپ ان کو مسلمان کرنے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں۔ (انوار تبیان القرآن ص ۹۴۰ فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ لَمَّا يَقْضِ لَا يَقْضِي أَحَدٌ مَا أُمِرَ بِهِ۔ اور مجاہد نے کہا: لَمَّا يَقْضِ کا معنی ہے: ابھی تک کسی انسان نے اس عمل پر پورا حکم نہیں کیا جس کا اسے حکم دیا گیا تھا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَا أَمَرَهُ ۝ (عبس:۲۳) بے شک اس نے اللہ کے حکم پر ابھی تک عمل نہیں کیا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کی تفسیر ظاہر ہے اور مجاہد کی عبارت میں ہے: ابھی تک کسی انسان نے اس حکم پر عمل نہیں کیا جو اس پر فرض کیا گیا تھا۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ تَرْهَقُهَا تَغْشَاهَا شِدَّةٌ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تَرْهَقُهَا اس کا معنی ہے: اس کو شدت ڈھانپ رہی ہوگی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ۝ (عبس:۴۱) ان پر سیاہی چھائی ہوگی O

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ تفسیر امام ابن ابی حاتم سے منقول ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ اس کے چہرے پر اندھیرا، ذلت، مصیبت اور سیاہی ہوگی اور ابن زید سے منقول ہے کہ غَبَرَة اور قَتَرَة یعنی گرد و غبار اور سیاہی میں یہ فرق ہے کہ گرد و غبار آسمان کی طرف سے یعنی اوپر کی طرف سے آتا ہے اور سیاہی زمین کے نچلے حصہ کی طرف سے آتی ہے۔

مُسْفِرَةٌ مُشْرِقَةٌ مُسْفِرَةٌ اس کا معنی ہے: روشن اور چمک دار۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ مُسْفِرَةٌ ۝ (عبس:۳۸) اس دن کئی چہرے چمکتے ہوئے ہوں گے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ تفسیر بھی امام ابن ابی حاتم سے منقول ہے۔

بِأَيْدِي سَفَرَةٍ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَتَبَةٍ أَسْفَارًا كُتُبًا۔

بِاَيْدِیْ سَفَرَةٍ ۝ (عبس:۱۵) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا اس کا معنی ہے کتابوں یعنی صحائف اعمال کو لکھنے والے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ تفسیر مکرر ہے اس سے پہلے گزر چکی ہے۔

سورۃ الجمعہ میں جو اَسْفَارًا کا لفظ ہے (الجمعۃ:۵) وہ بھی اسی سے ماخوذ ہے۔

تَلَهَّى تَشَاغَلَ۔

تَلَهّٰی اس کا معنی ہے: (آپ دوسروں کی طرف) مشغول ہوتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَأَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ۝ (عبس:۱۰) تو آپ اس کی طرف توجہ نہیں کرتے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: تلھی اصل میں تتلھی تھا ایک تاء کو حذف کر دیا گیا، علامہ ثعلبی نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے اس کا معنی ہے آپ اس سے اعراض کر کے دوسروں کی طرف مشغول ہوتے ہیں۔

يُقَالُ وَاحِدُ الأَسْفَارِ سِفْرٌ۔

کہا جاتا ہے اسفار کا واحد سِفْرٌ ہے یعنی کتاب۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس کی نظیر درج ذیل آیت ہے:

كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا ۔ (الجمعۃ:۵) ان کی مثال اس گدھے کی طرح ہے جس پر کتابوں کا بوجھ لدا ہوا ہو۔

اس تفسیر کو دوبارہ بالتبع ذکر کیا ہے، ابوذر کے نسخہ میں یہ تفسیر نہیں ہے۔

فَأَقْبَرَهُ يُقَالُ أَقْبَرْتُ الرَّجُلَ جَعَلْتُ لَهُ قَبْرًا قَبَرْتُهُ دَفَنْتُهُ۔

فَاَقْبَرَهٗ: کہا جاتا ہے اَقْبَرْتُ الرَّجُلَ یعنی میں نے اس مرد کی قبر بنا دی اور کہا جاتا ہے قَبَرْتُهٗ یعنی میں نے اس کو دفن کر دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

ثُمَّ أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ ۝ (عبس:۲۱) پھر اس کو موت دی، پس اس کو قبر میں پہنچایا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: الفراء نے کہا ہے: جعلته مقبورا کہا اور جعلت له قبرا نہیں کہا کیونکہ قبر بنانے والا تو دفن کرنے والا ہے اور امام ابوعبیدہ نے کہا ہے کہ فاقبرہ کا معنی ہے: میں نے اس کی قبر بنا دی اور جو اس کو اپنے ہاتھ سے دفن کرتا ہے وہی اس کی قبر بنانے والا ہے۔ [علامہ عینی نے ان تمام تعلیقات کی شرح عمدۃ القاری ج۱۹ ص۴۰۱۔۳۹۹ میں کی ہے]

۱۔ بَابٌ

باب

۴۹۳۷۔ حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ قَالَ سَمِعْتُ زُرَارَةَ بْنَ أَوْفَى يُحَدِّثُ عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَثَلُ الَّذِي يَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَهُوَ حَافِظٌ لَهُ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ وَمَثَلُ الَّذِي يَقْرَأُ وَهُوَ يَتَعَاهَدُهُ وَهُوَ عَلَيْهِ شَدِيدٌ فَلَهُ أَجْرَانِ۔ (صحیح مسلم:۸۹۸)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں آدم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں قتادہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے زرارہ بن اوفیٰ سے سنا وہ از سعد بن ہشام حدیث بیان کرتے ہیں از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا از نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے فرمایا: جو شخص قرآن مجید پڑھتا ہے اس کی مثل ہے کہ وہ السفرۃ الکرام کے ساتھ ہوگا (یعنی معزز

Marfat.com

فرشتوں کے ساتھ ہوگا) جو اعمال لکھنے والے ہیں اور اس شخص کی مثال جو قرآن مجید پڑھتا ہے اور اس کو یاد کرنے کی کوشش کرتا ہے اور وہ اس پر دشوار ہو تو اس کے لیے دو اجر ہیں۔

قرآن مجید کی تلاوت کرنے والے حافظ کی مثال اور معزز فرشتوں کے ساتھ ہونے کا معنی

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

مثل الذی: اس کا معنی ہے: اس حافظ قرآن کی صفت، جس طرح قرآن مجید میں ہے:

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ (الرعد: ۳۵) اس جنت کی صفت جس کا متقین سے وعدہ کیا گیا ہے۔

مع السفرۃ: علامہ ابن التین نے کہا ہے: وہ لکھنے والے فرشتوں کے ساتھ ہوگا جس تلاوت کی وجہ سے وہ ثواب کا مستحق ہوگا۔

علامہ کرمانی نے کہا ہے: لفظ مثل زائد ہے ورنہ اس لفظ کے درمیان اور لکھنے والے فرشتوں کے درمیان کوئی رابطہ نہیں ہوگا کیونکہ الذی موصول اور صلہ مل کر مبتداء ہے اور اس کی خبر محذوف ہے اور تقدیر عبارت اس طرح ہے کہ جو شخص قرآن مجید پڑھتا ہے وہ لکھنے والے معزز فرشتوں کے ساتھ ہوگا اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ لفظ مَثَلُ مَثِیْل اور شبیہ کے معنی میں ہو اور تقدیر عبارت اس طرح ہے، جو شخص قرآن مجید پڑھتا ہے وہ معزز فرشتوں کے مشابہ ہے۔ جو قرآن مجید کو یاد کرتا ہو اور وہ اس پر دشوار ہو تو اس کے لیے دو اجر ہیں: یعنی تلاوت کے اعتبار سے اور یاد کرنے کی مشقت کے اعتبار سے، یہ علامہ قرطبی کا قول ہے۔

اگر تم سوال کرو کہ جو شخص حافظ ہو اور وہ قرآن مجید کی تلاوت کرے تو وہ معزز فرشتوں کے ساتھ ہوگا تو اس کا کیا معنی ہے؟ میں کہتا ہوں: اس کے دو معنی ہیں: ایک معنی یہ ہے کہ اس کے لیے ایسی منازل ہوں گی جن میں وہ معزز فرشتوں کا رفیق ہوگا کیونکہ وہ ان کی صفات کے ساتھ متصف ہے اور اس کا دوسرا معنی یہ ہے کہ وہ معزز فرشتوں کا عمل کرے گا اور ان کے مسلک پر چلے گا۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۰۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں:

علامہ ابن التین نے کہا ہے کہ جو شخص قرآن مجید کو یاد کرنے کی کوشش کرتا ہے اور اس کو یاد کرنا اس پر دشوار ہے تو اس کے لیے دو اجر ہیں، اس میں اختلاف ہے کہ آیا حافظ کی بہ نسبت اس کے دو اجر ہیں یا مطلقاً اس کا اجر زیادہ ہوگا کیونکہ وہ قرآن مجید کو یاد کرنے میں مشقت اٹھاتا ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۰۷، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۂ عبس کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور جو حدیث روایت کی تھی ان سب کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ العزیز اس کے بعد سورۃ التکویر کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۸۱۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ إِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ

سورۂ اذا الشّمس کورت (سورۃ التکویر) کی تفسیر

سُوْرَۃُ إِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ (سورۃ التکویر) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ التکویر کی بعض آیات کی تفسیر ہے اور اس میں انتیس (۲۹) آیات ہیں:

میں کہتا ہوں: ہم نے لکھا ہے: تکویر کا معنی ہے: کسی چیز کے بعض اجزاء کو اس کے اوپر لپیٹنا جیسے عمامہ کو سر کے اوپر لپیٹا جاتا ہے۔ اس سورت میں فرمایا ہے:

إِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ ○ (التکویر:۱) جب سورج کو لپیٹ دیا جائے گا ○

سورج کو لپیٹنے کا معنی یہ ہے کہ سورج کے بعض اجزاء کو لپیٹ کر پھینک دیا جائے گا اور جب ایسا کیا جائے گا تو اس کی روشنی جاتی رہے گی۔ (جامع البیان جز ۳۰ ص ۸۶)

انْکَدَرَتْ انْتَثَرَتْ۔ انکدرت اس کا معنی ہے: جب وہ منتشر ہو جائیں یا بکھر جائیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَإِذَا النُّجُوْمُ انْکَدَرَتْ ○ (التکویر:۲) اور جب ستارے جھڑ جائیں گے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے انکدرت کی تفسیر انتثرت کی ہے یعنی جب ستارے بکھر جائیں اور آسمان سے زمین پر گر جائیں، انکدر الطائر اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی پرندہ گر جائے، حضرت ابن عباس سے اس کی تفسیر منقول ہے: جب ستارے متغیر ہو جائیں گے۔

وَقَالَ الْحَسَنُ سُجِّرَتْ ذَهَبَ مَاؤُهَا فَلَا يَبْقَى قَطْرَةٌ وَقَالَ مُجَاهِدٌ الْمَسْجُوْرُ الْمَمْلُوءُ وَقَالَ غَيْرُهُ سُجِرَتْ أَفْضَى بَعْضُهَا إِلَى بَعْضٍ فَصَارَتْ بَحْرًا وَاحِدًا۔

حسن بصری نے کہا ہے کہ سُجِّرَتْ کا معنی ہے کہ سمندر کا پانی سوکھ جائے اور اس میں ایک قطرہ بھی باقی نہ رہے اور مجاہد نے کہا ہے المسجور کا معنی ہے: بھرا ہوا، اور دوسروں نے کہا ہے کہ سُجِرت کا معنی ہے کہ سمندر کے اجزاء ایک دوسرے سے مل جائیں گے اور تمام سمندر مل کر ایک سمندر ہو جائے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ○ (التکویر:۶) اور جب سمندر بھڑکا دیئے جائیں گے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: حسن بصری کی تفسیر ظاہر ہے اور اسی طرح السدی نے کہا ہے اور ابن زید اور ابن عطیہ اور سفیان اور وہب بن منبہ نے کہا ہے: جب سمندر بھڑکائے جائیں گے اور وہ آگ ہو جائیں گے اور مجاہد نے وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ○ (الطور:۶) کی تفسیر

Marfat.com

میں کہا ہے: اس سے مراد بھرا ہوا سمندر ہے، ہر چند کہ یہ لفظ اس سورت میں نہیں ہے لیکن امام بخاری نے اس کی تفسیر کو سجرت کی مناسبت سے ذکر کر دیا ہے، امام بخاری نے کہا: اور دوسروں نے بیان کیا یعنی مجاہد یا حسن بصری کے علاوہ دوسروں نے بیان کیا۔ اور یہ مقاتل اور ضحاک کا قول ہے۔

وَالْخُنَّسُ تَخْنِسُ فِی مُجْرَاهَا تَرْجِعُ وَتَكْنِسُ تَسْتَتِرُ كَمَا تَكْنِسُ الظِّبَاءُ۔

وَالْخُنَّسُ: اس کا معنی ہے: تخنس یعنی وہ اپنے چلنے کی جگہ میں پھر لوٹ آتے ہیں اور تکنس: کا معنی ہے: چھپ جاتے ہیں جس طرح ہرن چھپ جاتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۙ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۙ (التکویر:۱۵،۱۶)

میں قسم کھاتا ہوں پیچھے ہٹنے والے ستاروں کی O چلنے پھرنے والے چھپنے والے ستاروں کی O

علامہ عینی لکھتے ہیں: الفراء نے کہا ہے: اَلْخُنَّس پانچ ستارے (سیارے) ہیں جو چلتے چلتے آخر میں جا کر پلٹ آتے ہیں، پھر جاتے ہیں، ان پانچوں کے یہ نام ہیں: (۱) بہرام (۲) زحل (۳) عطارد (۴) زہرہ (۵) مشتری۔ روایت کیا گیا ہے کہ قبیلہ مراد کا ایک مرد تھا جس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ان کو بیان کیا۔

اَلْخُنَّسِ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ: الفراء نے کہا: یہ وہ ستارے ہیں جو دن میں چھپ جاتے ہیں، پس دکھائی نہیں دیتے اور رات میں اپنے چلنے کی جگہوں پر پہنچ جاتے ہیں۔ خُنَّس کا اصل میں معنی ہے: اپنی پناہ گاہ کی طرف لوٹنا اور یہ وہ جگہیں ہیں جن کی طرف ہرن وغیرہ وحشی جانور پناہ لیتے ہیں اور کہا گیا ہے: خُنَّس کا معنی ہے: نیل گائے جب وہ انسان کو دیکھتی ہے تو اپنی پناہ گاہ میں چھپ جاتی ہے، امام عبدالرزاق نے اپنی سند کے ساتھ روایت کی ہے کہ عمرو بن شرحبیل سے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے پوچھا: خُنَّس کیا ہیں؟ انہوں نے کہا: میرا گمان ہے وہ نیل گائے ہیں، حضرت ابن مسعود نے فرمایا: میرا بھی یہی گمان ہے اور خُنَّس خَانِس کی جمع ہے کُنَّس کَانِس کی جمع ہے جیسے رُكَّعٌ رَاكِعٌ کی جمع ہے۔

میں کہتا ہوں: ہم نے لکھا ہے: اَلْخُنَّس کا لفظ خانس اسم فاعل کی جمع ہے، اس کا معنی ہے: پیچھے ہٹ جانے والے، پھر جانے والے، رک جانے والے، چھپ جانے والے، مفسرین کے نزدیک اس سے مراد ستارے ہیں جو دن میں چھپ جاتے ہیں اور کُنَّس کا لفظ کانس اسم فاعل کی جمع ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: الکنس سے مراد وہ ستارے ہیں جو رات میں نظر آتے ہیں اور دن میں چھپ جاتے ہیں اور نظر نہیں آتے۔ (انوار تبیان القرآن ص ۹۴۲، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

تَنَفَّسَ اِذَا تَفَجَّرَ النَّهَارُ۔

تنفس کا معنی ہے: دن چڑھ جائے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ۙ (التکویر:۱۸)

اور صبح کی جب چمکنے لگے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس کی تفسیر ظاہر ہے۔

وَالظَّنِيْنُ الْمُتَّهَمُ وَالضَّنِيْنُ يَضَنُّ بِهِ۔

وَالظَّنِيْن: اس کا معنی ہے: اَلْمُتَّهَم یعنی جس پر تہمت لگی ہو۔ وَالضَّنِين اس کا معنی ہے: جو بخل کرے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

وَمَاهُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ۝ (التکویر:۲۴) اور وہ (نبی) غیب کی خبر دینے پر بخیل نہیں ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اَلظَّنِیْن کی تفسیر کی ہے: مُتَّهَمٌ اور الضنین کی تفسیر کی ہے: جو بخل کرے، علامہ ثعلبی نے کہا ہے: یعنی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غیب پر یعنی وحی پر اور آسمان کی خبر پر اور ان کو جس علم غیب پر مطلع کیا جاتا ہے ضنین نہیں ہیں یعنی بخیل نہیں ہیں، سو وہ تم پر غیب کی خبر دینے میں بخل نہیں کریں گے بلکہ تم کو تعلیم دیں گے اور اس غیب کی خبر دیں گے، پھر علامہ ثعلبی نے کہا: یہ لفظ ظاء کے ساتھ ظنین بھی ہے یعنی وہ جس غیب کی خبر دیتے ہیں اس میں ان پر تہمت نہیں ہے، علامہ نسفی نے اپنی تفسیر میں کہا ہے: ظاء اور ضاد میں فرق کرنا واجب ہے اور ان کے مخارج کی معرفت ضروری ہے کیونکہ اکثر عجمی لوگ ان دونوں حرفوں میں فرق نہیں کرتے اور علامہ جوہری نے فصل الضاد میں کہا ہے کہ جب تم کسی چیز کے ساتھ بخل کرو تو کہتے ہو: ضَنَنْتُ بِالشَّیْءِ اور فصل الظاء میں لکھا ہے: الظنین کا معنی ہے: اَلْمُتَّهَمُ اور اَلظَّنَّةُ کا معنی ہے: تہمت۔

وَقَالَ عُمَرُ النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ يُزَوَّجُ نَظِيْرَهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ ثُمَّ قَرَأَ احْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوا وَأَزْوَاجَهُمْ۔

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ۝ (التکویر:۷) کی تفسیر میں کہا ہے کہ اہل جنت اور اہل نار میں سے ہر ایک کی اس کی نظیر کے ساتھ شادی کر دی جائے گی پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس آیت کی تلاوت کی: اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَ اَزْوَاجَهُمْ۔ (الصافات:۲۲) ظالموں کو اور ان کی ازواج کو جمع کرو۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اہل جنت میں سے کسی مرد کی اس کی نظیر کے ساتھ شادی کر دی جائے گی اور اہل دوزخ میں سے کسی مرد کی اس کی نظیر کے ساتھ شادی کر دی جائے گی، اس تعلیق کی امام عبد بن حمید نے از حضرت النعمان بن بشیر از حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہم روایت کی ہے، اور الکلبی نے کہا: مومن کی زوجہ بڑی آنکھوں والی حور ہو گی اور کافر کی بیوی شیطان ہو گی (یعنی جنیہ) اور الربیع بن خثیم نے کہا ہے: ہر مرد اپنے صاحب عمل کے ساتھ آئے گا۔ اہل جنت میں سے اپنی نظیر کے ساتھ اور اہل دوزخ میں سے اپنی نظیر کے ساتھ اور حسن بصری نے کہا: ہر مرد کو اس کے گروہ کے ساتھ ملا دیا جائے گا اور عکرمہ نے کہا: زانی مرد کا زانی عورت کے ساتھ حشر کیا جائے گا، بدکار مرد کا بدکار عورت کے ساتھ اور نیک مرد کا نیک عورت کے ساتھ حشر کیا جائے گا۔

عَسْعَسَ أَدْبَرَ۔

عَسْعَسَ اس کا معنی ہے: پیٹھ موڑنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ ۝ (التکویر:۱۷) اور رات کی (قسم)! جب وہ جانے لگے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اَدْبَرَ کی جو تفسیر کی ہے یہی تفسیر امام ابن جریر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت سے کی ہے اور زجاج نے کہا ہے: جب رات آئے تو کہتے ہیں: عَسْعَسَ الَّیْلُ اور جب رات جائے تب بھی کہتے ہیں: عَسْعَسَ، لہٰذا یہ لفظ دو ضدوں کے درمیان مشترک ہے۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۰۴۔ ۴۰۲ میں کی ہے]

الحمد للہ رب العالمین سورۃ التکویر کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ الانفطار کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۸۲۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ إِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ

سُوْرَۃُ إِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ کی تفسیر

سُوْرَۃُ إِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ (الانفطار) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الانفطار کی بعض آیات کی تفسیر ہے، یہ سورت مکی ہے اور اس میں انیس (۱۹) آیات ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۰۴، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

اِنْفِطَارُھَا اِنْشِقَاقُھَا۔ انفطارھا اس کا معنی ہے: آسمان کا پھٹنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ○ (الانفطار: ۱) جب آسمان پھٹ جائے گا○

علامہ عینی لکھتے ہیں: الانفطار فطر سے ماخوذ ہے اور اس کا معنی ہے: پھٹنا۔ یہ تفسیر صرف علامہ نسفی کی کتاب میں ہے۔

وَیُذْکَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ بُعْثِرَتْ یَخْرُجُ مَنْ فِیْھَا مِنَ الْاَمْوَاتِ۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ذکر کیا جاتا ہے کہ بعثرت کا معنی ہے کہ زمین اپنے اندر (مدفون) مردوں کو نکال دیں گی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ○ (الانفطار: ۴) اور جب قبریں شق کر دی جائیں گی○

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کی تفسیر ظاہر ہے، الفراء نے بھی یہی لکھا ہے اور یہ صرف علامہ نسفی کی کتاب میں ہے۔

وَقَالَ غَیْرُہٗ بُعْثِرَتْ اُثِیْرَتْ بَعْثَرْتُ حَوْضِیْ اَیْ جَعَلْتُ اَسْفَلَہٗ اَعْلَاہُ۔ اور دوسروں نے کہا ہے کہ بُعْثِرَتْ کا معنی ہے: پلٹ دی جائیں گی، جب کوئی شخص اپنے حوض کو پلٹ دے اور اس کے نیچے والے حصے کو اوپر کر دے تو وہ کہتا ہے: بَعْثَرْتُ حَوْضِیْ۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے غیر نے کہا ہے کہ بعثرت کا معنی یہ ہے کہ قبروں کو پلٹ دیا جائے گا اور زمین میں جو خزانے ہیں اور اس میں جو مردے مدفون ہیں اور سونا اور چاندی اور دیگر معدنیات ہیں ان سب کو پلٹ دیا جائے گا، امام بخاری نے کہا ہے: بعثرت حوضی اس میں اشارہ کیا ہے کہ جب کوئی شخص اپنے حوض کو کھود کر الٹا کر دے اور اس کا نیچے والا حصہ اوپر کر دے تو وہ کہتا ہے: میں نے اپنے حوض کو الٹ دیا یا پلٹ دیا یہ تفسیر بھی صرف علامہ نسفی کی کتاب میں ہے۔

وَقَالَ الرَّبِیْعُ بْنُ خُثَیْمٍ فُجِّرَتْ فَاضَتْ۔ اور الربیع بن خثیم نے کہا ہے کہ فُجِّرَتْ کا معنی ہے: بہیں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ اِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ○ (الانفطار: ۳) اور جب سمندر (اپنی جگہ سے) بہا دیئے جائیں گے○

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے فُجِّرَتْ کی تفسیر کی ہے: فاضت، یہ لفظ فیض سے ماخوذ ہے، اس کا معنی ہے: بہنا یعنی جب سمندر کا میٹھا پانی کڑوے پانی سے مخلوط ہو جائے گا اور کڑوا پانی میٹھے پانی سے مخلوط ہو جائے گا تو تمام سمندر کا پانی ایک ہو جائے گا۔ اس تعلیق کی امام عبد بن حمید نے اپنی سند کے ساتھ روایت کی ہے۔

وَقَرَأَ الْأَعْمَشُ وَعَاصِمٌ فَعَدَلَكَ بِالتَّخْفِيفِ وَقَرَأَهُ أَهْلُ الْحِجَازِ بِالتَّشْدِيدِ وَأَرَادَ مُعْتَدِلَ الْخَلْقِ وَمَنْ خَفَّفَ يَعْنِي فِي أَيِّ صُورَةٍ شَاءَ إِمَّا حَسَنٌ وَإِمَّا قَبِيحٌ أَوْ طَوِيلٌ أَوْ قَصِيرٌ۔

اور الاعمش اور عاصم نے (تخفیف کے ساتھ) پڑھا ہے فَعَدَلَكَ اور اہل حجاز نے (تشدید کے ساتھ) پڑھا ہے فَعَدَّلَكَ اور انہوں نے اس سے ارادہ کیا ہے کہ اس کی تخلیق معتدل ہے اور جنہوں نے اس لفظ کو تخفیف کے ساتھ پڑھا ہے انہوں نے ارادہ کیا ہے کہ جس صورت میں چاہا اس نے تخلیق کی خواہ حسین صورت میں خواہ قبیح صورت میں اور خواہ طویل قامت میں خواہ کوتاہ قامت میں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

الَّذِي خَلَقَكَ فَسَوّٰكَ فَعَدَلَكَ ۝ فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ۝ (الانفطار: ۸-۷)

جس نے تجھے پیدا کیا، پھر (تیرے اعضا کو) متناسب بنایا ۝ پھر جس صورت میں چاہا تجھے بنا دیا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی سلیمان الاعمش اور عاصم بن ابو النجود الاسدی جو سات قراء میں سے ایک ہیں انہوں نے (الانفطار: ۸) کو تخفیف کے ساتھ پڑھا ہے اور اسی طرح حسن بصری اور حمزہ اور کسائی اور امام ابو حنیفہ اور ابو رجاء اور عیسیٰ بن عمر اور عمر بن عبید اور کوفیوں نے پڑھا ہے، اور اہل حجاز نے اس لفظ کو دال کی تشدید کے ساتھ پڑھا ہے اور جنہوں نے اس کو دال کی تخفیف کے ساتھ پڑھا ہے ان کی مراد یہ ہے کہ انسان کو معتدل تخلیق کے ساتھ بنایا اور جنہوں نے اس لفظ کو دال کی تشدید کے ساتھ پڑھا ہے ان کی مراد ہے: انسان کو جس طرح چاہا اس طرح بنا دیا اور باقی تفسیر ظاہر ہے۔

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: امام رازی نے کہا: اللہ تعالیٰ نے انسان کے اعضاء معتدل بنائے، ایسا نہیں کیا کہ ایک ہاتھ بڑا اور دوسرا ہاتھ چھوٹا ہوتا یا ایک ٹانگ بڑی اور دوسری ٹانگ چھوٹی ہوتی یا ایک آنکھ بڑی اور دوسری آنکھ چھوٹی ہوتی۔ اسی طرح اس کی ہڈیاں، اس کے اعصاب اور اس کی شریانیں سب بہترین حکمت پر بنائی گئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت اور قوت کا ذکر فرمایا ہے تاکہ انسان اللہ تعالیٰ سے ڈرے اور اس کی نافرمانی کو ترک کرے اور اس کی اطاعت اور اس کی عبادت کی طرف سبقت کرے۔ (انوار تبیان القرآن ص ۹۴۴، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۰۵-۴۰۴ میں کی ہے]

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الانفطار کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ المطففین کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور ایک حدیث روایت کی ہے ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۸۳۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ

سُوْرَۃُ وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ کی تفسیر

سُوْرَۃُ وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ (المطففین) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

اس سورت کا نام ویل للمطففین ہے اور صحیح بخاری کے بعض نسخوں میں اس کا نام المطففین ہے۔ یہ اس سورت کی بعض آیات کی تفسیر ہے۔ ابوالعباس اور سعید اور محمد بن ثور نے از معمر روایت کی ہے کہ یہ سورت مکی ہے، اور اسی طرح سفیان نے کہا ہے اور السدی نے کہا ہے کہ یہ سورت مدنی ہے اور الکلبی سے منقول ہے کہ یہ سورت اس وقت نازل ہوئی جب آپ مکہ سے مدینہ کی طرف جا رہے تھے، اور مقاتل نے کہا: یہ سورت مدنی ہے سوا ایک آیت کے جو مکہ میں نازل ہوئی ہے اور وہ آیت یہ ہے: اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ○ (المطففین: ۱۳) اور ابن النقیب کے نزدیک یہ پہلی سورت ہے جو مدینہ میں نازل ہوئی اور علامہ سخاوی نے ذکر کیا ہے کہ یہ سورت سورۃ العنکبوت کے بعد نازل ہوئی ہے۔

امام نسائی اور امام ابن ماجہ نے سند صحیح کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت کی ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں آئے تو لوگ ناپ تول میں بہت زیادہ کمی کرتے تھے، اس وقت یہ آیت نازل ہوئی: وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ ○ (المطففین: ۱) (ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیے سخت عذاب ہے ○) پھر لوگ عمدہ طریقہ سے ناپ تول کرنے لگے، اور علامہ ثعلبی نے لکھا ہے کہ یہ سورت مدنی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: ویل کے متعلق مقاتل نے کہا ہے کہ یہ جہنم میں ایک وادی ہے جس کی گہرائی ستر (۷۰) سال کی مسافت ہے، اس میں ستر ہزار گھاٹیاں ہیں اور ہر گھاٹی میں ستر ہزار شگاف ہیں اور ہر شگاف میں ستر ہزار غار ہیں اور ہر غار میں ستر ہزار لوہے کے تابوت ہیں اور ہر تابوت میں ستر ہزار درخت ہیں اور ہر درخت میں ستر ہزار آگ کی شاخیں ہیں اور ہر شاخ میں ستر ہزار پھل ہیں جن کا طول ستر ہزار ہاتھ ہے، ہر درخت کے نیچے ستر ہزار اژدھے ہیں اور ستر ہزار بچھو ہیں، ہر اژدھے کا طول ایک ماہ کی مسافت ہے اور اس کی موٹائی پہاڑ کے برابر ہے، اس کی کھجور کے درخت کے برابر ڈاڑھیں ہیں اور اس کا زہریلا ڈنک پہاڑ کی چوٹی کے برابر ہے اس کو الثعلبی نے اپنی کتاب ''عیون الاخبار'' میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے اور ابن وہب نے اس کی مثل ''کتاب الاہوال'' میں روایت کی ہے اور ''صاحب التلویح'' نے ذکر کیا ہے کہ ''صحیح ابن حبان'' میں اس حدیث کی اصل ہے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ کافر کے اوپر ننانوے تنین مسلط کیے جائیں گے، کیا تم جانتے ہو تنین کیا ہے؟ یہ ستر سانپ ہیں، ہر سانپ کے سات سر ہیں، وہ اس شخص کو قیامت تک ڈستے اور بھنبھوڑتے رہیں گے۔

المطففون وہ لوگ ہیں جو لوگوں کے حقوق میں کمی کرتے ہیں اور پورا ناپ اور تول نہیں کرتے اور التطفیف کا معنی ہے: ناپ اور تول میں کمی کرنا۔ اس سورت میں چھتیس (۳۶) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۰۶۔۴۰۵، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

Marfat.com

وَقَالَ مُجَاهِدٌ بَلْ رَانَ ثَبَتُ الْخَطَايَا۔ اور مجاہد نے کہا: بَلْ رَانَ اس کا معنی ہے: گناہ قائم اور ثابت رہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ (المطففین: ۱۴) ہرگز نہیں! بلکہ اس کے (برے) کاموں نے ان کے دلوں پر زنگ چڑھا دیا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی تفسیر کی ہے: گناہ قائم اور ثابت رہے یعنی گناہوں نے ان کے دلوں کو ڈھانپ لیا اور رَانَ کا لفظ رین سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے: غلبہ، جب کوئی شخص شراب کے غلبہ سے مدہوش ہو جائے تو کہا جاتا ہے: رانت الخمر علی قلبہ اور اس آیت کا معنی ہے کہ گناہ ان کے دلوں پر غالب آ گئے اور گناہوں نے ان کے دلوں کا احاطہ کر لیا اور ان کو ڈھانپ لیا اور یہ ایسا ہے جیسے کسی صاف دھات کے اوپر زنگ چڑھ جائے۔

ثُوِّبَ جُوزِيَ۔ ثُوِّبَ کا معنی ہے: جزا دی گئی یا بدلہ دیا گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝ (المطففین: ۳۶) کفار کو اپنے کاموں کا کیا بدلہ ملا ہے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ امام ابوعبیدہ کا قول ہے اور مجاہد سے بھی مروی ہے۔

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: کفار دوزخ میں دیکھیں گے کہ دوزخ سے باہر نکلنے کا دروازہ کھل گیا ہے، جب وہ دوڑ کر اس دروازے تک پہنچیں گے تو وہ دروازہ بند ہو جائے گا اور مومنین جنت میں عزت والی مسندوں پر بیٹھے ہوئے یہ منظر دیکھ رہے ہوں گے کہ کفار دنیا کی عزت اور تکبر کی وجہ سے آج کس قدر ذلت اور رسوائی میں ہیں، اس آیت میں ثُوِّبَ کا لفظ ہے یعنی کفار کو اپنے مذاق اڑانے کا کیسا ثواب ملا اور ان کے بدلہ کو استہزاء ثواب فرمایا ہے۔

(انوار تبیان القرآن ص ۹۴۶، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

وَقَالَ غَيْرُهُ الْمُطَفِّفُ لَا يُوَفِّي غَيْرَهُ اور دوسروں نے کہا: مُطَفِّف وہ شخص ہے جو دوسرے کا حق پورا نہیں دیتا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ۝ (المطففین: ۱) ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیے شدید عذاب ہے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی جو دوسروں کا حق پورا نہیں دیتے اور اس میں کمی کرتے ہیں۔

اَلرَّحِيْق اس کا معنی ہے: خمر یعنی انگور کی شراب، خِتَامُهٗ مِسْكٌ یعنی اس کی مہر مشک ہے یعنی اس کی مَنی التسنیم ہے، یہ اہل جنت کی شراب کا نام ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ۝ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ۭ (المطففین: ۲۵-۲۶) ان کو مہر لگی ہوئی شفاف شراب پلائی جائے گی ۝ اس کی مہر مشک ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی ابرار اور نیک لوگوں سے پہلے اس مہر کی وجہ سے کسی کو وہ شراب نہیں پلائی جائے گی۔

وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ۝ (المطففین: ۲۷) اور اس میں (چشمہ) تسنیم کی آمیزش ہے ۝

Marfat.com

اور مقاتل نے کہا ہے: اس چشمہ کا نام تسنیم اس لیے رکھا گیا ہے کہ یہ اہل جنت کے بالا خانوں اور ان کے گھروں کے اوپر سے جنت عدن سے جنتیوں کی طرف بہہ رہا ہوگا اور یہ تفسیر صرف علامہ نسفی کی کتاب میں ہے۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۰۷۔۴۰۵ میں کی ہے]

۴۹۳۸۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رضی الله عنهما أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ يَوْمَ يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ حَتَّى يَغِيبَ أَحَدُهُمْ فِي رَشْحِهِ إِلَى أَنْصَافِ أُذُنَيْهِ۔ (صحیح مسلم: ۲۸۶۲)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابراہیم بن المنذر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں معن نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے امام مالک نے حدیث بیان کی از نافع از حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا: يَوْمَ يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ (المطففین: ۶) جب سب لوگ رب العالمین کے سامنے کھڑے ہوں گے ۝ حتیٰ کہ لوگوں میں سے ایک شخص اپنے آدھے کانوں تک پسینہ میں غائب ہوگا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: لوگ اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنے گناہوں سے ڈرتے ہوئے حاضر ہوں گے، وہ کم تولنے کے گناہ سے بہت سہمے ہوئے اور بہت خوف زدہ ہوں گے۔

یہ حدیث امام مالک کے غرائب میں سے ہے اور یہ الموطا میں نہیں ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۰۷)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ المطففین کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور حدیث روایت کی تھی ان سب کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ الانشقاق کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات اور احادیث ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۸۴۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ

سُوْرَۃ إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ کی تفسیر

سُوْرَۃُ إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ (الانشقاق) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

اس سورت کا نام إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ بھی ہے اور الانشقاق بھی ہے، یہ اس سورت کی بعض آیات کی تفسیر ہے اور اس میں پچیس (۲۵) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۴۰۷) یہ سورت مکی ہے۔

قَالَ مُجَاهِدٌ كِتَابَهُ بِشِمَالِهِ يَأْخُذُ كِتَابَهُ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِهِ۔ مجاہد نے کہا: کتابہ بشمالہ یعنی جو شخص اپنے اعمال نامہ کو اپنی پیٹھ کے پیچھے اپنے بائیں ہاتھ سے پکڑے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَاَمَّا مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۝ (الانشقاق:۱۰) اور جس شخص کا صحیفہ اعمال اس کی پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد نے اس آیت کی یہ تفسیر کی ہے کہ اس کا دایاں ہاتھ گردن کی طرف منتقل کیا جائے گا اور اس کا بایاں ہاتھ اس کی پیٹھ کے پیچھے کر دیا جائے گا، پھر اس کا اعمال نامہ اس کی پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گا۔ اس تعلیق میں جو ذکر ہے وہ اس آیت میں ہے:

وَاَمَّا مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ (الحاقۃ:۲۵) رہا وہ جس کو اس کا صحیفہ اعمال اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا ۝

اور مجاہد نے کہا: أَذِنَتْ کا معنی ہے: اس نے سنا اور اپنے رب کی اطاعت کی اور اس کے اندر جو مردے تھے ان کو نکال باہر کیا اور زمین ان سے خالی ہو گئی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ ۝ اور اپنے رب کا حکم سن کر اس کی اطاعت کرے گا اور یہی اس پر حق ہے ۝ اور جب زمین پھیلا دی جائے گی ۝ اور جو کچھ اس کے اندر ہے باہر ڈال دے گی اور خالی ہو جائے گی ۝ (الانشقاق:۲۔۴)

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد نے کہا ہے کہ زمین اپنے مردوں کو باہر ڈال دے گی اور علامہ ثعلبی نے کہا ہے: وہ اپنے خزانوں کو اور مردوں کو باہر ڈال دے گی اور تَخَلَّتْ کا معنی ہے کہ زمین کے پیٹ میں کچھ نہیں رہے گا اور یہ پوری تفسیر علامہ نسفی کی کتاب میں ہے۔

وَسَقَ جَمَعَ مِنْ دَابَّةٍ۔ وَسَقَ: اس کا معنی ہے: وہ چوپایوں کو جمع کر لے گی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَالَّیْلِ وَمَا وَسَقَ ۝ (الانشقاق:۱۷) اور رات کی (قسم کھاتا ہوں) اور جن چیزوں کو وہ سمیٹ لے ۝

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد نے کہا ہے: اور رات ان چوپایوں کو جمع کر لے گی جو اس میں پناہ لیتے ہیں اور عکرمہ سے منقول ہے کہ رات چوپایوں، بچھوؤں اور سانپوں کو جمع کر لے گی اور مقاتل نے کہا ہے: اندھیروں کو جمع کر لے گی، وسق کا معنی ہے: جمع کرنا، جب تم کسی چیز کو جمع کر لو تو کہتے ہیں: وَسَقْتُهُ۔ اور جو طعام بہت زیادہ ہو اور جمع ہو اس کو بھی وسق کہا جاتا ہے اور وسق ساٹھ (۶۰) صاع یعنی دو سو چالس (۲۴۰) کلوگرام غلہ کو کہتے ہیں اور طعام موسوقٌ کا معنی ہے: وہ غلہ جو بوری میں بھرا ہوا ہو۔

ظَنَّ أَنْ لَنْ يَحُورَ لَا يَرْجِعُ إِلَيْنَا۔ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ: اس کا معنی ہے: اس نے یہ گمان کیا کہ وہ ہماری طرف نہیں لوٹے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۝ (الانشقاق: ۱۴) اس کا یہ گمان تھا کہ وہ اللہ کی طرف نہیں لوٹے گا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: يَحُوْرَ کا لفظ اَلْحَوْر سے ماخوذ ہے، اس کا معنی ہے: رجوع کرنا اور لوٹنا، جب تم کسی شخص کی طرف رجوع کرو تو کہتے ہو: رَاجَعْتُهُ اور اس کا اطلاق کسی امر کے متعلق تردد کرنے پر بھی کیا جاتا ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ يُوعُونَ يَشْتَرُونَ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: يُوْعُوْنَ کا معنی ہے: يَشْتَرُوْنَ یعنی وہ خریدتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ۝ (الانشقاق: ۲۳) اور اللہ خوب جاننے والا ہے جس کو یہ اپنے دلوں میں رکھے ہوئے ہیں O

علامہ عینی لکھتے ہیں: ای یشترون یعنی خریدتے ہیں، اس کی امام ابن ابی حاتم نے علی بن ابی طلحہ سے روایت کی ہے اور مجاہد سے منقول ہے: جس کو وہ چھپاتے ہیں اور قتادہ نے کہا جس کا وہ اپنے دلوں میں زعم کرتے ہیں۔

میں کہتا ہوں: دار الفکر کے نسخہ میں اس تعلیق میں یشترون چھپا ہوا ہے، اسی طرح عمدۃ القاری میں بھی ہے، لیکن اس پر یہ اشکال ہے کہ یوعون کے معنی یشترون یعنی خریدتے ہیں نہیں ہے بلکہ اس کا معنی ہے: محفوظ رکھتے ہیں۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس تعلیق میں لکھا ہے: یوعون کا معنی ہے یسرون یعنی جس کو وہ چھپاتے ہیں اور یہی معنی مناسب ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۱۱) [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۰۸۔۴۰۷ میں ذکر کی ہے]

۱۔ بَابُ: فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا ۝ (الانشقاق: ۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تو اس سے عنقریب بہت آسان حساب لیا جائے گا O (الانشقاق: ۸) کی تفسیر

۴۹۳۹۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْأَسْوَدِ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ أَبِي مُلَيْكَةَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ... و حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ ... و حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ عَنْ يَحْيَى عَنْ أَبِي

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی از عثمان بن الاسود، انہوں نے کہا: میں نے ابن ابی ملیکہ سے سنا، انہوں نے کہا: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سنا، وہ بیان کرتی ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، ح، اور ہمیں سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں حماد بن زید نے حدیث

Marfat.com

يُونُسَ حَاتِمِ بْنِ أَبِي صَغِيرَةَ عَنْ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لَيْسَ أَحَدٌ يُحَاسَبُ إِلَّا هَلَكَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ جَعَلَنِي اللهُ فِدَائَكَ أَلَيْسَ يَقُولُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا قَالَ ذَاكَ الْعَرْضُ يُعْرَضُونَ وَمَنْ نُوقِشَ الْحِسَابَ هَلَكَ

(صحیح البخاری: ۶۵۳۶۔ ۶۵۳۷، صحیح مسلم: ۲۸۷۶، سنن ترمذی: ۳۳۳۷)

بیان کی از ایوب از ابن ابی ملیکہ از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا از نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ح، اور ہمیں مسدد نے حدیث بیان کی از یحییٰ از ابی یونس حاتم بن ابی صغیرۃ از ابن ابی ملیکہ از القاسم از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، وہ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص سے بھی حساب لیا جائے گا وہ ہلاک ہو جائے گا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اللہ تعالیٰ آپ پر قربان کر دے کیا اللہ عزوجل یہ نہیں فرماتا: فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ ۝ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا ۝ (الانشقاق: ۸۔۷) سو جس شخص کا صحیفہ اعمال اس کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا ○ تو اس سے عنقریب بہت آسان حساب لیا جائے گا ○ آپ نے فرمایا: یہ تو (حساب کو) پیش کرنا ہے جو ان پر پیش کیا جائے گا اور جس شخص سے حساب میں مناقشہ کیا جائے گا وہ ہلاک ہو جائے گا۔

باب مذکور کی آسان حساب سے متعلق ایک حدیث کا دوسری صحیح حدیث سے تعارض اور اس کے دو جواب

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اگر تم سوال کرو کہ ابوالقاسم ہبۃ اللہ بن الحسن المنصور الطبری نے سنن میں اپنی سند کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ جس مرد سے قیامت کے دن حساب لیا جائے گا وہ جنت میں داخل ہو جائے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: رہا وہ شخص جس کو اس کا صحیفۂ اعمال اس کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا ○ تو اس سے عنقریب بہت آسان حساب لیا جائے گا ○ (الانشقاق: ۸۔۷) اس کے اوپر اس کا عمل پڑھا جائے گا، پس جب وہ اپنے عمل کو پہچان لے گا تو اس کو بخش دیا جائے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: پس اس دن کسی گناہ گار کے گناہ کے متعلق سوال نہیں کیا جائے گا انسان سے نہ جن سے ○ (الرحمن: ۳۹) رہا کافر تو اس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا: (اس دن) مجرمین اپنے حلیوں سے پہچان لیے جائیں گے اور ان کو ان کی پیشانیوں کے بالوں اور قدموں سے پکڑ لیا جائے گا ○ (الرحمن: ۴۱) میں کہتا ہوں: اس سوال کا یہ جواب دیا گیا ہے کہ ہر چند کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے لیکن یہ صحت میں صحیح بخاری کی حدیث کی ٹکر کی نہیں ہے اور معارضہ کی شرط یہ ہے کہ دونوں حدیثیں صحت میں مساوی ہوں اور اگر یہ مان لیا جائے کہ یہ حدیث صحیح بخاری کے مقابلہ کی ہے تب بھی اس حدیث میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی دوسروں نے دیگر آیات اور احادیث کی وجہ سے مخالفت کی ہے، اگر تم یہ سوال کرو کہ حساب سے ثواب اور جزاء کو مراد لیا جاتا ہے اور کافر کے لیے تو کچھ ثواب نہیں ہوتا کہ اس کو اس کے حساب سے جزاء دی جائے اور اس لیے کہ حساب لینے والا تو اللہ تعالیٰ ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: اور ان کافروں سے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کلام نہیں فرمائے گا (البقرہ: ۱۷۴) میں کہتا ہوں: امام محمد بن جریر طبری نے اس سوال کا یہ جواب دیا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سے ایسا کلام نہیں فرمائے گا جس سے وہ خوش ہوں ورنہ تو اللہ عزوجل نے فرمایا ہے: تم اس دوزخ میں دھتکارے ہوئے پڑے رہو اور مجھ سے بات نہ کرو ○ (المومنون: ۱۰۸)

Marfat.com

اس حدیث میں فرمایا ہے: یہ تو حساب کو پیش کرنا ہے یعنی ان کے صحیفۂ اعمال کو دکھانا ہے اور ظاہر کرنا ہے۔

دوسرا قول یہ ہے کہ اس کا معنی ہے کہ بندہ یہ پہچان لے کہ اس کے گناہوں سے تجاوز نہیں کیا گیا اور عرض کی حقیقت یہ ہے کہ کسی چیز کا حواس سے ادراک کیا جائے اور مناقشہ کا مطلب یہ ہے کہ اس سے اس کے گناہوں کے متعلق تفتیش کی جائے کہ تم نے ایسا کیوں کیا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۰۹ ملخصاً، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اسماعیل نے کہا ہے: امام بخاری نے اس حدیث کی تین سندوں کو جمع کر دیا ہے جن کے متون مختلف ہیں میں اس کی شرح کتاب الرقاق میں کروں گا۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۱۲۔۱۱۱)

میں کہتا ہوں: حافظ ابن حجر عسقلانی نے کتاب الرقاق میں اس حدیث کی حسب ذیل شرح کی ہے۔

بیماریوں اور مصیبتوں کا گناہوں کے لیے کفارہ ہونا اور مناقشہ کے عذاب ہونے اور آسان حساب کی دو تاویلیں

امام اسحاق بن راہویہ نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ روایت کی ہے، وہ بیان کرتی ہیں کہ میں نے کہا: مجھے قرآن مجید میں اس سے زیادہ شدید اور کسی آیت کا علم نہیں، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: وہ کون سی آیت ہے؟ تو میں نے یہ آیت پڑھی:

مَنْ يَعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَ لَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّ لَا نَصِيْرًا ۝ (النساء: ۱۲۳)

جو شخص کوئی برا کام کرے گا اسے اس کی سزا دی جائے گی اور وہ اللہ کے مقابلہ میں اپنے لیے کوئی حمایتی پائے گا نہ مددگار O

آپ نے فرمایا: مومن کو اس کے سب سے برے عمل کی سزا دنیا میں دے دی جائے گی، اس پر کوئی بیماری آتی ہے حتیٰ کہ اسے کوئی کانٹا بھی چبھتا ہے (تو وہ اس کی سزا ہے) لیکن جس سے حساب میں مناقشہ کیا جائے گا تو اس کو عذاب ہوگا، علامہ قرطبی نے اس کی تفسیر میں کہا ہے: یعنی اس کو اس کے ان گناہوں کی وجہ سے جو حساب سے ظاہر ہوئے دوزخ میں عذاب دیا جائے گا، علامہ قرطبی نے کہا: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے لفظ حساب سے استدلال کیا جو قلیل اور کثیر دونوں کو شامل ہے۔

اور علامہ قرطبی نے کہا کہ آسان حساب سے مراد صحیفۂ اعمال کو پیش کرنا ہے کیونکہ مومن پر ان اعمال کو پیش کیا جائے گا جن پر اللہ تعالیٰ نے دنیا میں پردہ رکھا تھا اور آخرت میں ان کو معاف فرما دے گا۔

قاضی عیاض نے کہا ہے: جس سے حساب میں مناقشہ کیا گیا اس کو عذاب دیا گیا، اس کے دو معنی ہیں:

(۱) حساب کا نفس مناقشہ ہونا اور اس کے برے کاموں کو ظاہر کرنا اور ان پر ڈانٹنا عذاب ہے۔

(۲) مناقشہ عذاب کو مستلزم ہے، اس کا دوسرا معنی یہ ہے کہ جس سے حساب میں مناقشہ کیا گیا وہ عذاب کا مستحق ہوگا کیونکہ بندہ جو بھی نیک کام کرتا ہے وہ اس نیکی پر اللہ تعالیٰ کے قدرت دینے کی وجہ سے کرتا ہے اور اس کے فضل اور اس کی ہدایت کی وجہ سے کرتا ہے کیونکہ محض اس کی رضا کی وجہ سے تو نیک کام کرنے والے بہت کم ہیں اور اس دوسری تاویل کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ دوسری حدیث میں ہے کہ جس سے حساب میں مناقشہ کیا گیا وہ ہلاک ہوگیا۔

علامہ نووی نے کہا ہے کہ دوسری تاویل ہی صحیح ہے کیونکہ لوگوں پر کوتاہیاں غالب ہیں، پس جس سے پوری پوری تفتیش کی گئی اور اس سے چشم پوشی نہیں کی گئی وہ ہلاک ہوگیا۔

دوسروں نے کہا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے معارضہ کی وجہ یہ ہے کہ حدیث کے الفاظ عام ہیں کہ جس سے بھی حساب لیا جائے گا اسے عذاب دیا جائے گا اور آیت کے الفاظ اس پر دلالت کرتے ہیں کہ بعض لوگوں کو عذاب نہیں دیا جائے گا، ان میں تطبیق

اس طرح ہے کہ اس آیت میں حساب سے مراد یہ ہے کہ بندے پر اس کے اعمال پیش کیے جائیں گے اور اس کے اعمال کو ظاہر کیا جائے گا اور اس سے اس کے گناہوں کا اقرار کرایا جائے گا، پھر اس سے درگزر کرلیا جائے گا، اس کی تائید مسند بزار اور امام طبری کی ان کی سندوں کے ساتھ اس روایت سے ہوتی ہے: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آسان حساب کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: بندے پر اس کے صغیرہ گناہ پیش کیے جائیں گے، پھر ان سے درگزر کرلیا جائے گا اور حاکم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ جس کی نیکیاں اس کے گناہوں سے زیادہ ہوں گی اس کو جنت میں بغیر حساب کے داخل کردیا جائے گا اور جس کے گناہ اس کی نیکیوں سے زیادہ ہوں گے تو یہ وہ شخص ہے جو ہلاک ہوجائے گا اور شفاعت صرف اسی کی مثل میں ہے اور امام بخاری نے کتاب المظالم میں اور کتاب التوحید میں یہ حدیث روایت کی ہے کہ تم میں سے کسی ایک کا رب اس کے قریب ہوگا حتیٰ کہ (اپنی رحمت کا) پردہ اس پر رکھ دے گا اور اس سے فرمائے گا: کیا تو نے یہ، یہ عمل کیا تھا؟ بندہ کہے گا: جی ہاں! پس وہ اس کا اقرار کرے گا، پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں نے دنیا میں تیرا پردہ رکھا تھا اور آج کے دن میں تیری مغفرت کردیتا ہوں۔

(فتح الباری ج ۷ ص ۶۱۰۔۶۰۹، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۳۲ھ)

۲۔ بَابٌ: لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ۝ (الانشقاق:۱۹)

۴۹۴۰۔ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ النَّضْرِ أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ أَخْبَرَنَا أَبُو بِشْرٍ جَعْفَرُ بْنُ إِيَاسٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ حَالًا بَعْدَ حَالٍ قَالَ هَذَا نَبِيُّكُمْ صلی اللہ علیہ وسلم۔

(اس حدیث کی روایت میں امام بخاری منفرد ہیں)۔

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: تم ضرور درجہ بہ درجہ چڑھو گے ○ (الانشقاق:۱۹) کی تفسیر

امام بخاری روایت کرتے ہیں: مجھے سعید بن نضر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشیم نے خبر دی انہوں نے کہا: ہمیں ابو بشر جعفر بن ایاس نے خبر دی از مجاہد، انہوں نے کہا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا: (تم ضرور ایک طبقہ سے دوسرے طبقہ کی طرف سوار ہوگے)، یہ ایک حال کے بعد دوسرا حال ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: یہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

امام حاکم نے اس حدیث کی شیخین کی شرط کے مطابق روایت کی ہے۔ (المستدرک ج ۲ ص ۵۱۹)

ایک طبقہ سے دوسرے طبقہ کی طرف منتقل ہونے کی متعدد تفاسیر

علامہ عمر بن علی بن احمد الانصاری الشافعی المعروف بابن الملقن المتوفی ۸۰۴ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

بعض احادیث میں ہے کہ تم ایک منزل کے بعد دوسری منزل پر چڑھو گے اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: تم آسمان پر ایک مرتبہ دہن کی طرح چڑھو گے (یعنی تیل کی طرح) اور دوسری مرتبہ دہان کی طرح (یعنی سرخ چمڑے کی طرح) چڑھو گے، پھر آسمان پھٹ جائے گا اور شعبی نے کہا: اے محمد! (صلی اللہ علیک وسلم) آپ ایک آسمان کے بعد دوسرے آسمان کی طرف چڑھیں گے۔

دوسرا قول یہ ہے کہ اس میں جنس انسان سے خطاب ہے یعنی وہ ایک حال کے بعد دوسرے حال کی طرف چڑھے گا، تیسرا قول یہ ہے: اس سے مراد مصائب اور احوال ہیں، پھر موت ہے، پھر مرنے کے بعد دوبارہ اٹھنا ہے، یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ آسانی کے بعد مشکل ہے اور مشکل کے بعد آسانی ہے اور خوش حالی کے بعد تنگ دستی ہے اور تنگ

دکی کے بعد خوش حالی ہے اور اس کے برعکس اور صحت کے بعد بیماری ہے اور اس کے برعکس، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ انسان پہلے پیٹ میں بچہ ہوتا ہے، پھر دودھ پینے لگتا ہے، پھر روٹی کھانے لگتا ہے، پھر نوخیز لڑکا ہوتا ہے، پھر جوان ہوتا ہے، پھر بوڑھا ہوتا ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ تم اپنے سے پہلی امتوں کے طریقوں کے موافق عمل کرو گے اور ان کے طبقہ پر سوار ہو گے۔

(التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۳ ص ۵۱۷۔۵۱۶، وزارۃ الاوقاف قطر، ۱۴۲۹ھ)

طبق کا معنی اور طبقات کی مختلف تعبیریں

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

الطبق طبقہ کی جمع ہے اور بعض طبقات بعض سے زیادہ شدید ہیں، علامہ ثعلبی نے کہا ہے: اس آیت کے معنی میں اختلاف ہے، اکثر علماء نے کہا ہے کہ اس سے مراد ایک حال کے بعد دوسرا حال ہے اور یہ احوال قیامت ہیں، الکلبی نے کہا ہے کہ ایک مرتبہ انسان عالم ہوتا ہے اور دوسری مرتبہ جاہل ہوتا ہے اور مقاتل سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ انسان مردہ ہوتا ہے، پھر زندہ ہوتا ہے، پھر مردہ ہوتا ہے، پھر دوبارہ زندہ کیا جاتا ہے اور عطاء سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ وہ تنگ دست ہوتا ہے اور دوسری مرتبہ وہ خوش حال ہوتا ہے۔ حضرت ابن عباس سے منقول ہے: اس سے مراد مصائب اور ہولناکیاں ہیں، پھر موت ہے، پھر موت کے بعد زندہ ہوتا ہے، پھر حساب کا پیش کیا جانا ہے اور امام ابوعبیدہ سے منقول ہے: اس سے مراد تم سے پہلی امتوں کے طریقے اور ان کے احوال ہیں اور عکرمہ سے منقول ہے کہ ایک حال کے بعد دوسرا حال ہوگا یعنی وہ پہلے دودھ پیتا تھا، پھر روٹی کھاتا ہے، پھر نوخیز لڑکا ہوتا ہے، پھر جوان ہوتا ہے، پھر بوڑھا ہوتا ہے۔

نطفہ سے لے کر موت تک انسان کے اڑتیس (۳۸) احوال

اور حکماء نے کہا ہے: انسان کے نطفہ سے لے کر موت تک اڑتیس (۳۸) احوال ہیں اور ان کے تینتیس اسماء ہیں: (۱) نطفہ (۲) علقہ یعنی جما ہوا خون (۳) مضغہ یعنی گوشت کی بوٹی (۴) ہڈی (۵) پھر دوسری تخلیق (۶) جنین یعنی پیٹ میں بچہ (۷) ولید یعنی پیٹ سے پیدا ہوا (۸) رضیع یعنی دودھ پینے والا (۹) فطیم یعنی روٹی کھانے والا (۱۰) یافع یعنی چھوٹا بچہ (۱۱) ماشی یعنی چلنے پھرنے والا (۱۲) متعلم یعنی کھیلنے کودنے والا بچہ (۱۳) حزور یعنی طاقت ور بچہ (۱۴) مراہق یعنی بالغ ہونے کے قریب (۱۵) محتلم یعنی جس کو احتلام ہوا (۱۶) بالغ (۱۷) امرد یعنی بے ریش (۱۸) طار یعنی جس کی مسیں بھیگ جائیں (یعنی مونچھیں آنے کے قریب ہوں) یا اس کی مونچھیں نکلنے لگیں (۱۹) باقل یعنی جب اس کے چہرے پر سبزہ نکل آئے اور ڈاڑھی کے روئیں نکل آئیں (۲۰) مستطر یعنی دوڑنے والا (۲۱) مطرخم یعنی مکمل حسین (۲۲) مخلط یعنی جو معاملات کو خلط ملط کر دے (۲۳) صمل یعنی مضبوط جسم والا (۲۴) ملتحی یعنی ڈاڑھی والا (۲۵) مستوی یعنی سیدھی قامت والا (۲۶) مصعد یعنی اوپر چڑھنے والا (۲۷) مجتمع یعنی صوری اور معنوی کمالات کا جامع (۲۸) شباب یعنی جوان (۲۹) ملہوز یعنی جب عمر بڑی ہو اور جماع کرنے سے کمزور ہو (۳۰) کہل یعنی ادھیڑ عمر کا (۳۱) اعمط یعنی بوڑھا ہونے کے بعد (۳۲) اشیخ یعنی زیادہ بوڑھا (۳۳) شیب یعنی جس کی اولاد جوان ہو (۳۴) حوقل یعنی ایسا بوڑھا جو جماع نہ کر سکے (۳۵) صفتات یعنی طاقت ور بوڑھا (۳۶) ھم یعنی جو زیادہ باتیں کرتا ہو اور اس کی باتیں بے ربط ہوں (۳۷) ہرم یعنی شیخ فانی (۳۸) میت۔

اور بعض علماء نے کہا ہے کہ جب بچہ ماں کے پیٹ میں ہو تو وہ جنین ہے اور جب پیدا ہو جائے تو صبی ہے اور جب دودھ پیے تو

رضیع ہے اور جب روٹی سالن کھائے تو غلام ہے یعنی لڑکا سات سال سے دس سال تک، پھر پندرہ سال کی عمر میں حزور ہے اور پھر پچیس سال کی عمر تک قمد ہے، پھر تیس سال کی عمر تک عنطن ہے، پھر چالیس سال کی عمر تک صمل ہے، پھر پچاس سال کی عمر تک کہل ہے، پھر اسی (۸۰) سال کی عمر تک شیخ ہے، پھر اس کے بعد شیخ فانی ہے۔

(عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۴۱۱۔ ۴۱۰، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

الحمد للہ رب العالمین سورۃ الانشقاق کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور احادیث روایت کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہوگئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز سورۃ البروج کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور حدیث روایت کی ہے ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۸۵۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْبُرُوْجِ

سورۃ البروج کی تفسیر

سورۃ البروج کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ البروج کی بعض آیات کی تفسیر ہے۔ یہ سورت مکی ہے اور اس کی بائیس (۲۲) آیات ہیں۔

بروج بارہ ہیں اور یہ آسمان کے بہ طور تشبیہ محل ہیں، دوسرا قول یہ ہے کہ بروج وہ ستارے ہیں جو چاند کی منزل ہیں، تیسرا قول یہ ہے کہ یہ بڑے بڑے سیارے ہیں اور چوتھا قول یہ ہے کہ یہ آسمان کے دروازے ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۹ ص ۳۱۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

بروج کے لغوی اور عرفی معنی

حسن، مجاہد اور قتادہ نے کہا: بروج سے مراد بڑے بڑے ستارے ہیں، ان کو بروج اس لیے فرمایا کہ یہ بہت ظاہر ہیں اور برج کا معنی ظہور ہے۔

عطیہ العوفی نے کہا: برج کا معنی قلعہ اور محل ہے جس میں پہرے دار ہوں جیسا کہ قرآن مجید کی اس آیت میں ہے:

وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ۔ (النساء: ۷۸) اگرچہ تم مضبوط قلعوں میں ہو۔

عطاء نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ اس سے مراد وہ بارہ برج ہیں جو سات کواکب سیارہ کی منازل ہیں، وہ بارہ برج یہ ہیں: (۱) الحمل (بھیڑ کا بچہ) (۲) الثور (بیل) (۳) الجوزا (وہ سیاہ بکری جس کے وسط میں سفیدی ہو) (۴) السرطان (کیکڑا) (۵) الاسد (شیر) (۶) السنبلہ (گندم کا خوشہ) (۷) المیزان (ترازو) (۸) العقرب (بچھو) (۹) القوس (کمان) (۱۰) الجدی (بکری کا بچہ) (۱۱) الدلو (ڈول) (۱۲) الحوت (مچھلی)۔

الحمل اور العقرب مریخ کی منازل ہیں، الثور اور المیزان زہرۃ کی منازل ہیں، الجوزا اور سنبلہ عطارد کی منازل ہیں، السرطان قمر کی منازل ہے، الاسد شمس کی منازل ہے، القوس اور الحوت مشتری کی منازل ہے، الجدی اور الدلو زحل کی منازل ہے۔

(معالم التنزیل ج ۵ ص ۴۵۴)

اگر ثوابت ستاروں کے اجتماع سے مینڈھے کی شکل بن جائے تو اس کو برج حمل کہتے ہیں، اور اگر ثوابت ستاروں کے اجتماع سے شیر کی شکل بن جائے تو اس کو برج اسد کہتے ہیں اور اگر ان ستاروں کے اجتماع سے ترازو کی شکل بن جائے تو اس کو برج المیزان کہتے ہیں۔ علی ہذا القیاس۔ (قاعدۃ اللغات ص ۱۷۹)

یہ تفصیل ہم نے الفرقان: ۶۱ کی تفسیر میں بیان کی ہے۔ (تبیان القرآن ج ۸ ص ۲۶۴، فرید بک اسٹال، لاہور)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ الْأُخْدُوْدُ شُقَّ فِي الْأَرْضِ۔ اور مجاہد نے کہا: الاخدود کا معنی ہے: زمین میں کھودا ہوا گڑھا۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۝ (البروج:۴) خندقوں والے ہلاک کیے جائیں ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس تفسیر کو امام عبد بن حمید نے اپنی سند کے ساتھ مجاہد سے روایت کیا ہے۔

فَتَنُوا عَذَّبُوا۔ فَتَنُوا اس کا معنی ہے: جنہوں نے عذاب دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ الَّذِیْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ یَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِیْقِ ۝ (البروج:۱۰) بے شک جن لوگوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو (آگ کی) مصیبت میں ڈالا، پھر انہوں نے توبہ نہیں کی ان کے لیے دوزخ کا (عام) عذاب اور (خصوصاً) جلنے کا عذاب ہے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے فَتَنُوا کی تفسیر کی ہے: جنہوں نے عذاب دیا اور فتنے کے کئی معنی ہیں اور ان میں سے ایک معنی عذاب ہے جیسا کہ اس آیت میں ہے:

یَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ یُفْتَنُوْنَ ۝ (الذاریات:۱۳) جس دن ان کو دوزخ کے عذاب میں ڈالا جائے گا ۝

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی اَلْوَدُوْدُ الْحَبِیْبُ الْمَجِیْدُ الْكَرِیْمُ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا الْوَدُوْدُ ۝ (البروج:۱۴) اس کا معنی ہے ایسا دوست جو بزرگ اور کریم ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ۝ (البروج:۱۴) اور وہی بہت بخشنے والا اور بہت دوست رکھنے والا ہے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ تفسیر صرف علامہ نسفی کی تفسیر میں ہے۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۱۲۔۴۱۱ میں کی ہے]

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ البروج کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہوگئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز سورۃ الطارق کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۸۶۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الطَّارِقِ

سورۃ الطارق کی تفسیر

سورۃ الطارق کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الطارق کی بعض آیات کی تفسیر ہے، یہ سورت مکی ہے، اس سورت میں سترہ (۱۷) آیات ہیں۔

یہ سورت ابو طالب کے متعلق نازل ہوئی ہے کیونکہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور آپ کو دودھ اور روٹیاں تحفہ میں دیں، پس جس وقت وہ بیٹھے ہوئے کھا رہے تھے تو اچانک ایک ستارہ ٹوٹ کر گرا، پہلے وہ پانی سے بھر گیا، پھر وہ آگ بن گیا، ابو طالب اس سے ڈر گئے اور پوچھا: یہ کیا چیز ہے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ایک ستارہ ہے جس سے (شیطان کو) مارا گیا ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے، پس ابو طالب کو اس پر تعجب ہوا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ○ (الطارق:۱) آسمان کی قسم اور رات کو طلوع ہونے والے (ستارے) کی ○

یعنی وہ ستارہ جو رات کو ظاہر ہوتا ہے اور دن میں چھپ جاتا ہے اور رات میں ہر آنے والے کو طارق کہتے ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۱۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

هُوَ النَّجْمُ وَمَا أَتَاكَ لَيْلًا فَهُوَ طَارِقٌ۔ هو النجم اس کا معنی وہ ستارہ ہے اور جو تمہارے پاس رات کو آئے، وہ طارق ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: طارق کا لفظ طرق سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے کھٹکھٹانا یعنی جو شخص اپنی کسی ضرورت سے دروازے کو کھٹکھٹائے اور اپنی ضرورت بتائے یہ تفسیر علامہ نسفی کی کتاب میں ہے۔

النَّجْمُ الثَّاقِبُ الضِّيءُ۔ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ○ (الطارق:۳) اس کا معنی ہے: روشن ستارہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

النَّجْمُ الثَّاقِبُ ○ (الطارق:۳) (وہ) نہایت روشن ستارہ (ہے) ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ بھی علامہ نسفی کی تفسیر میں ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ الثَّاقِبُ الَّذِي يَتَوَقَّدُ۔ اور مجاہد نے کہا: الثَّاقِبُ: کا معنی ہے: جو چمکے، بھڑکے اور روشن ہو۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: جرجانی سے منقول ہے کہ یہ ابو نعیم سے مروی ہے اور سدی سے منقول ہے کہ جس ستارے کو مارا جائے، دوسرا قول ہے کہ الثاقب سے مراد ہے: ثریا۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ ذَاتِ الرَّجْعِ سَحَابٌ يَرْجِعُ بِالْمَطَرِ ذَاتِ الصَّدْعِ تَتَصَدَّعُ بِالنَّبَاتِ۔ اور مجاہد نے کہا: ذات الرجع: اس کا معنی ہے: وہ بادل جو بارش لائے، ذات الصدع: اس کا معنی ہے، وہ زمین جو سبزہ سے پھٹ جائے۔

Marfat.com

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝ بارش والے آسمان کی قسم ○ اور پھٹنے والی زمین کی قسم ○

(الطارق: ۱۲-۱۱)

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کی تفسیر ظاہر ہے، اور کہا جاتا ہے کہ آسمان ہر سال بارش کو اور بندوں کے رزق کو لاتا ہے اور اگر اس طرح نہ ہوتا تو بندے اور ان کے مویشی ہلاک ہو جاتے۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے وَ السَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ○ (الطارق:۱۱) کی تفسیر میں کہا: بارش والے آسمان کی قسم اور وَ الْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ○ (الطارق: ۱۲) کی تفسیر میں کہا: سبزے، درختوں، پھلوں اور دریاؤں کی قسم۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَقَوْلٌ فَصْلٌ لَحَقٌّ۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: لَقَوْلٌ فَصْلٌ: اس کا معنی ہے: لَحَقٌّ یعنی ضرور برحق ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ○ (الطارق: ۱۳) بے شک یہ (قرآن حق اور باطل میں) فیصلہ کرنے والا کلام ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ صرف علامہ نسفی کی تفسیر ہے اور علامہ الثعلبی نے کہا: یہ کلام برحق اور سنجیدہ ہے، یہ حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرتا ہے۔

لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ۔ لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ○ (الطارق: ۴) اس کا معنی ہے: اِلَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ یعنی مگر اس پر ایک محافظ ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ○ (الطارق: ۴) یعنی ہر نفس کے اوپر ایک محافظ ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ تفسیر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے اور اس کی سند صحیح ہے لیکن امام ابوعبیدہ نے اس کا انکار کیا ہے اور کہا ہے: کلام عرب میں لَمَّا کو اِلَّا کے معنی میں نہیں سنا گیا اور علامہ نسفی نے اس کو اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ اس آیت میں ان نفی کے لیے ہے اور لَمَّا اِلَّا کے معنی میں ہے اور یہ ہذیل کی لغت ہے اور اس آیت کا معنی ہے: ہر نفس کے اوپر اس کے رب کی طرف سے ایک محافظ ہے جو اس کے اعمال کی حفاظت کرتا ہے اور وہ جو بھی اچھا یا برا کام کرتا ہے اس کو لکھتا ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: علامہ نسفی کی اس عبارت میں امام ابوعبیدہ کے اس قول کا رد ہے کہ لَمَّا کو اِلَّا کے معنی میں نہیں سنا گیا۔

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: اور وہی اپنے بندوں کے اوپر غالب ہے اور وہ تمہارے اوپر نگرانی کرنے والے فرشتے بھیجتا ہے، قتادہ نے کہا: وہ فرشتے تمہارے عمل کی اور تمہارے رزق کی اور تمہاری موت اور حیات کی حفاظت کرتے ہیں اور جب تمہاری زندگی پوری ہو جائے اے ابن آدم! تو تمہاری روح قبض کر کے تمہارے رب کے پاس لے جاتے ہیں۔

(جامع البیان: ۲۸۵۸۵) (انوار تبیان القرآن، ص ۹۵۰، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۱۳-۴۱۲ میں کی ہے]

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الطارق کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز سورۃ الاعلیٰ کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور حدیث روایت کی ہے ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۸۷۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى

سُوْرَۃُ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى کی تفسیر

سُوْرَۃُ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى (الاعلیٰ) کا تعارف

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس سورت کو سورۃ الاعلیٰ بھی کہا جاتا ہے اور اس سورت کی انیس (۱۹) آیات ہیں، یہ سورۃ مکی ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ نبی ﷺ نے تلاوت کی: سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى ○ (الاعلیٰ: ۱) پس آپ نے فرمایا: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰی اور اسی طرح حضرت علی، حضرت ابو موسیٰ، حضرت ابن عمر، حضرت ابن عباس اور حضرت ابن الزبیر رضی اللہ عنہم سے منقول ہے کہ وہ بھی اس طرح کرتے تھے۔

امام سعید بن منصور نے سند صحیح کے ساتھ سعید بن جبیر سے روایت کی ہے کہ میں نے سنا حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اس طرح پڑھتے تھے:

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى ○ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ○ (الاعلیٰ: ۲۔۱)

اپنے رب کے نام کی تسبیح پڑھیے جو سب سے بلند ہے ○ جس نے مخلوق کو پیدا کیا، پھر اس کو درست بنایا ○

یہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی قراءت ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۱۳، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ قَدَّرَ فَهَدَى قَدَّرَ لِلْإِنْسَانِ الشَّقَاءَ وَالسَّعَادَةَ۔

اور مجاہد نے کہا: قَدَّرَ فَهَدٰى ○ (الاعلیٰ: ۳) اس کا معنی ہے: انسان کے لیے بدبختی اور نیک بختی کو مقدر کر دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ○ (الاعلیٰ: ۳)

اور جس نے (صحیح) اندازہ کیا، پھر ہدایت دی ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کی تفسیر ظاہر ہے۔

وَهَدَى الْأَنْعَامَ لِمَرَاتِعِهَا۔

وَهَدَى الانعام لِمَرَاتِعِهَا: اس کا معنی ہے اور جس نے مویشیوں کو ان کی چراگاہوں کی راہ دکھائی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالَّذِيْ أَخْرَجَ الْمَرْعٰى ○ (الاعلیٰ: ۴)

اور جس نے چراگاہ بنائی ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس کی تفسیر بھی ظاہر ہے، علامہ نسفی نے بھی اسی طرح لکھا ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ غُثَاءً أَحْوٰى هَشِيْمًا مُتَغَيِّرًا۔

غُثَاءً أَحْوٰى: (الاعلیٰ: ۵) اس کا معنی ہے: هَشِيْمًا متغیرا یعنی

سوکھی ہوئی اور نوئی پھوئی گھاس۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰی ۝ (الاعلیٰ:۵) پھر تازہ گھاس کو خشک مائل بہ سیاہ کر دیا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ بھی علامہ نسفی کی کتاب میں ہے، اَحْوٰی کا معنی ہے: وہ سیاہ ہوگئی۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۱۳ میں کی ہے]

۴۹۴۱۔ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ رضی الله عنه قَالَ أَوَّلُ مَنْ قَدِمَ عَلَيْنَا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ فَجَعَلَا يُقْرِئَانِنَا الْقُرْآنَ ثُمَّ جَاءَ عَمَّارٌ وَبِلَالٌ وَسَعْدٌ ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فِي عِشْرِينَ ثُمَّ جَاءَ النَّبِيُّ ﷺ فَمَا رَأَيْتُ أَهْلَ الْمَدِينَةِ فَرِحُوا بِشَيْءٍ فَرَحَهُمْ بِهِ حَتَّى رَأَيْتُ الْوَلَائِدَ وَالصِّبْيَانَ يَقُولُونَ هَذَا رَسُولُ اللهِ ﷺ قَدْ جَاءَ فَمَا جَاءَ حَتَّى قَرَأْتُ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى فِي سُوَرٍ مِثْلِهَا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبدان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہ مجھے میرے والد نے خبر دی از شعبہ از ابی اسحاق از حضرت البراء رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں: ہمارے پاس جو سب سے پہلے نبی ﷺ کے اصحاب آئے وہ حضرت مصعب بن عمیر اور حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہم تھے، یہ دونوں ہمیں قرآن مجید کی تعلیم دیتے تھے، پھر حضرت عمار اور حضرت بلال اور حضرت سعد رضی اللہ عنہم آئے، پھر حضرت عمر بن الخطاب بیس (صحابہ) کے ساتھ آئے رضی اللہ عنہم، پھر نبی ﷺ تشریف لائے، پس میں نے نہیں دیکھا کہ اہل مدینہ کسی چیز سے اتنے خوش ہوئے ہوں جتنا ان کے آنے سے خوش ہوئے حتیٰ کہ میں نے لڑکیوں اور بچوں کو دیکھا جو یہ کہہ رہے تھے، یہ اللہ کے رسول ﷺ ہیں جو ہمارے پاس آ گئے ہیں پس آپ اس وقت تک نہیں آئے تھے حتیٰ کہ میں نے سورۃ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰی اور اس کی مثل کئی سورتیں پڑھ چکا تھا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۹۲۴ میں گزر چکی ہے۔

حافظ ابن حجر کی اس پر تصریح کہ نبی ﷺ کے ساتھ ﷺ لکھنا مستحب ہے خواہ روایت میں مذکور نہ ہو

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث کی شرح اوائل الہجرۃ میں گزر چکی ہے، صحیح البخاری: ۳۹۲۵ میں مذکور ہے: لڑکیاں کہہ رہی تھیں کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لے آئے، اور یہاں ابوذر کی روایت میں ﷺ کے الفاظ مذکور نہیں ہیں جو ابوذر کی روایت میں محذوف ہیں کیونکہ نبی ﷺ پر صلاۃ وسلام پڑھنا پانچ ہجری میں مشروع ہوا ہے اور یہ ابتداء ہجرت کی حدیث ہے، قرآن مجید میں ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ اے ایمان والو! تم بھی نبی پر درود پڑھو اور بہ کثرت سلام پڑھو O

(الاحزاب:۵۶)

اور صحیح قول کی بناء پر یہ سورت سن پانچ ہجری میں ہی نازل ہوئی ہے، لیکن اس سے کوئی مانع نہیں ہے کہ یہ آیت (درود) پوری سورت سے پہلے نازل ہوگئی ہو، پھر یہ کہاں سے معلوم ہوا کہ حضرت البراء کی اس روایت میں ﷺ کا لفظ حضرت البراء کے الفاظ میں ہے۔ یہ کیوں نہیں ہوسکتا کہ اس روایت میں ﷺ کا لفظ بعد کے تابعین نے لکھ دیا ہو اور علماء نے اس کی تصریح کی ہے کہ نبی

Marfat.com

ﷺ پر صلاۃ وسلام پڑھنا مستحب ہے اور اسی طرح صحابی کے نام کے ساتھ رضی اللہ عنہ لکھنا مندوب اور مطلوب ہے خواہ متن حدیث میں یہ الفاظ مذکور نہ ہوں۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۱۴، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

علامہ عینی کا حافظ ابن حجر سے مناقشہ

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ علامہ ابن حجر پر رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

حافظ ابن حجر نے کہا ہے کہ اس سے کوئی مانع نہیں ہے کہ آیت درود پوری سورۃ الاحزاب پر مقدم ہو، میں کہتا ہوں کہ یہاں مانع موجود ہے کیونکہ اس کا علم نہیں ہے کہ آیت درود پوری سورت الاحزاب پر مقدم ہو، نیز انہیں یہ کیسے معلوم ہوا کہ نبی ﷺ پر ہر صورت میں درود پڑھنا ضروری ہے، خواہ کسی طرح بھی ہو، نیز انہوں نے کہا: یہ ضروری نہیں ہے کہ متن حدیث میں ﷺ کا لفظ صحابی نے کہا ہو، یہ کیوں نہیں ہو سکتا کہ یہ لفظ بعد کے تابعین نے لکھا ہو اور انہوں نے کہا کہ علماء نے تصریح کی ہے کہ نبی ﷺ پر درود پڑھنا مستحب ہے، علامہ عینی فرماتے ہیں: میں کہتا ہوں کہ امام ابو جعفر طحاوی کا مذہب یہ ہے کہ جب بھی نبی ﷺ کا ذکر کیا جائے تو آپ پر درود پڑھا جائے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۱۴، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی اور علامہ عینی کے درمیان مصنف کا محاکمہ

میں کہتا ہوں کہ حافظ ابن حجر عسقلانی نے بہت عمدہ اور وجد آفرین شرح کی ہے، ان کا یہ لکھنا بالکل صحیح ہے کہ ہر چند کہ نبی ﷺ پر سلام اور درود پڑھنے کا حکم (الاحزاب: ۵۶) میں پانچ ہجری میں نازل ہوا ہے لیکن آپ کے نام پر سلام پڑھنا اور درود پڑھنا ابتداء سے مشروع اور معروف تھا کیونکہ ہجرت سے ڈیڑھ سال پہلے شب معراج میں نماز فرض ہوئی اور اس میں نماز کے تشہد میں آپ پر سلام بھی ہے۔ السلام علیک ایھا النبی و رحمۃ اللہ وبرکاتہ اور اس کے بعد آپ پر درود بھی ہے اللھم صل علی سیدنا محمد و علی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم و علی آل ابراھیم انک حمید مجید اس کی نظیر یہ ہے کہ نماز سے پہلے وضو کرنے کا حکم تو اس آیت میں نازل ہوا ہے:

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَیْدِیَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَیْنِ (المائدہ: ۶)

اے ایمان والو! جب تم نماز پڑھنے کا ارادہ کرو (اور تم بے وضو ہو) تو اپنے چہروں کو اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھولو اور اپنے سروں کا مسح کرو اور اپنے پاؤں کو ٹخنوں سمیت دھولو۔

سورۃ المائدہ احکام سے متعلق نازل ہونے والی آخر سورت ہے حالانکہ نماز سے پہلے وضو کرنا تو بعثت نبوی کی ابتداء سے مشروع اور معروف تھا، اسی طرح آپ کے نام پر سلام اور درود پڑھنے کا حکم تو پانچ ہجری میں نازل ہوا لیکن آپ کے نام پر سلام اور درود پڑھنا ابتداء سے معروف اور مشروع تھا جیسا کہ فرضیت نماز کی حدیث سے ظاہر ہو رہا ہے، اللہ تعالیٰ کی بے شمار رحمتیں حافظ ابن حجر عسقلانی پر نازل ہوں جنہوں نے یہ لکھا کہ نبی ﷺ کے نام کے ساتھ ﷺ لکھنا مستحب ہے خواہ حدیث میں اس کا ذکر نہ ہو اور علامہ عینی پر بھی اللہ تعالیٰ کی بے حساب رحمتیں نازل ہوں کیونکہ انہوں نے حافظ ابن حجر عسقلانی کے موقف کی طرف رجوع کرتے ہوئے آخر میں یہ لکھ دیا کہ امام ابو جعفر طحاوی کا مذہب یہ ہے کہ جب بھی نبی ﷺ کا ذکر کیا جائے تو آپ پر درود پڑھا جائے۔

میری اس شرح کو بہ غور دل کی آنکھوں سے پڑھنا چاہیے کیونکہ یہ نعمۃ الباری کے خصائص میں سے ہے۔

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الاعلیٰ کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کیں اور حدیث روایت کی ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ العزیز اس کے بعد سورۃ الغاشیہ کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۸۸۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ هَلْ اَتٰىكَ حَدِیْثُ الْغَاشِیَةِ

سورۃ الغاشیہ کی تفسیر

سُوْرَۃُ هَلْ اَتٰىكَ حَدِیْثُ الْغَاشِیَةِ (الغاشیہ) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ هَلْ اَتٰىكَ حَدِیْثُ الْغَاشِیَةِ کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اور صحیح بخاری کے بعض نسخوں میں اس سورت کا نام الغاشیۃ ہے، یہ سورت مکی ہے، اس پر اجماع ہے اور اس میں چھبیس (۲۶) آیات ہیں۔ الغاشیہ قیامت کے ناموں میں سے ایک نام ہے اور غشیان کا معنی ہے: ڈھانپنا، اور قیامت کی ہولناکیاں ہر چیز کو ڈھانپ لیں گی۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۱۴، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَامِلَةٌ نَاصِبَةٌ النَّصَارٰی

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۝ (الغاشیہ: ۳) اس کا معنی ہے: سخت کام کرنے والے اور اس سے مراد نصاریٰ ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وُجُوْهٌ یَّوْمَىِٕذٍ خَاشِعَةٌ ۝ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۝ تَصْلٰى نَارًا حَامِیَةً ۝ (الغاشیہ: ۴-۲)

اس دن بہت سے چہرے ذلیل ہوں گے ○ کام کرنے والے مشقت برداشت کرنے والے ○ وہ بھڑکتی ہوئی آگ میں جھونکے جائیں گے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ کی تفسیر نصاریٰ کے ساتھ کی ہے، صاحب التلویح نے کہا ہے: میں نے نہیں دیکھا کسی نے اس تعلیق کی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہو، علامہ عینی فرماتے ہیں: ان کا نہ دیکھنا اس بات کو مستلزم نہیں ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت منقول نہ ہو اور بے شک امام ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت کی ہے اور اس میں یہود کا بھی اضافہ ہے۔

قرآن مجید میں ہے: یَوْمَىِٕذٍ (اس دن) یعنی قیامت کے دن وہ ذلیل وخوار ہوں گے اور دوسرا قول ہے کہ وہ دوزخ میں ذلیل وخوار ہوں گے۔

سعید بن جبیر نے کہا: انہوں نے دنیا میں اللہ کے لیے اخلاص کے ساتھ کوئی عمل نہیں کیا، سو ان کو زنجیروں اور بیڑیوں کے ساتھ دوزخ کی آگ میں ڈال دیا جائے گا، یہ بھی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ اور قتادہ سے روایت ہے کہ انہوں نے دنیا میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنے سے تکبر کیا تو ان کو دوزخ میں ڈال دیا جائے گا اور ان سے کام کرایا جائے گا، ضحاک سے منقول ہے کہ انہیں اس کا مکلف کیا جائے گا کہ وہ لوہے کے پہاڑ کو دوزخ میں چڑھائیں اور نَصَبٌ کا معنی ہے: انہیں کام کا عادی بنایا جائے گا

اور عکرمہ سے منقول ہے کہ وہ دنیا میں گناہوں کے کام کرتے تھے تو انہیں قیامت کے دن دوزخ کی آگ میں گاڑ دیا جائے گا اور سعید بن جبیر اور زید بن اسلم سے روایت ہے: یہ راہب ہیں اور یہودیوں کی عبادت گاہوں والے ہیں اور یہ بھی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ایک روایت ہے۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ عَيْنٍ آنِيَةٍ بَدَغَ إِنَاهَا وَحَانَ شُرْبُهَا حَمِيمٍ آنٍ بَدَغَ إِنَاهُ۔

اور مجاہد نے کہا: عَيْنٍ آنِيَةٍ: کا معنی ہے: وہ چشمہ گرمی کی انتہاء کو پہنچ گیا اور اس کھولتے ہوئے پانی کو پینے کا وقت آ گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ آنِيَةٍ ۝ (الغاشیہ: ۵)

انہیں کھولتے ہوئے چشمہ (کے پانی) سے پلایا جائے گا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد نے آنِيَةٍ کی تفسیر کی ہے: انتہائی گرم اور کھولتا ہوا، الجوہری نے کہا: انی الحمیم یعنی اس کی گرمی انتہاء کو پہنچ گئی۔ قرآن مجید میں ہے:

يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ۝ (الرحمن: ۴۴)

وہ اس دن اس (جہنم) میں اور سخت کھولتے ہوئے پانی میں گھوم رہے ہوں گے ○

اور حسن بصری نے کہا ہے: تمہارا ان لوگوں کے متعلق کیا خیال ہے جو اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنے قدموں پر پچاس ہزار سال تک کھڑے رہے ہوں گے، اس دن نہ وہ کوئی چیز کھائیں گے اور نہ کچھ پی سکیں گے حتیٰ کہ ان کی گردنیں پیاس سے ٹوٹ جائیں گی اور ان کے پیٹ بھوک کے مارے جل جائیں گے، ان کو دوزخ میں جھونک دیا جائے گا اور ان کو کھولتے ہوئے چشمہ کے پانی سے پلایا جائے گا، اور مقاتل نے کہا: وہ کھولتا ہوا چشمہ ایک پہاڑ کی جڑ سے نکلے گا جس کا طول ستر سال کی مسافت ہے، اس پانی کو ایک فرشتہ لوہے کے گرم پیالہ میں ڈال کر پلائے گا جس سے اس کے جبڑے جل جائیں گے اور اس سے اس کی ڈاڑھیں اور دانت بکھر جائیں گے اور جب وہ کھولتا ہوا پانی اس کے سینہ میں پہنچے گا تو اس کا دل جل جائے گا اور جب اس کے پیٹ میں پہنچے گا تو وہ اس طرح پگھل جائے گا جس طرح سیسہ پگھل جاتا ہے۔

لَا تَسْمَعُ فِيهَا لَاغِيَةً شَتْمًا۔

لَا تَسْمَعُ فِيهَا لَاغِيَةً ○ (الغاشیہ: ۱۱) لَاغِيَةً کا معنی ہے: گالی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَا تَسْمَعُ فِيهَا لَاغِيَةً ○ (الغاشیہ: ۱۱)

جس میں کوئی شخص بے ہودہ بات نہیں سنے گا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی جنت میں کوئی لغو بات نہیں سنے گا، امام بخاری نے اس کی تفسیر گالی کے ساتھ کی ہے، دوسرا قول ہے: کوئی لغو بات اور اللاغیہ العافیہ کی طرح مصدر ہے، اس کا معنی ہے: تم جنت میں جھوٹ، بہتان اور کفر نہیں سنو گے، دوسرا قول ہے: باطل کو نہیں سنو گے اور تیسرا قول ہے: معصیت کو نہیں سنو گے، چوتھا قول ہے: اور کسی قسم کو نہیں سنو گے خواہ سچی قسم ہو یا جھوٹی اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ تم ان کے کلام میں کوئی فضول اور بے مقصد بات نہیں سنو گے کیونکہ اہل جنت وہی بات کرتے ہیں جس میں سلامتی ہوتی ہے۔

وَيُقَالُ الضَّرِيعُ نَبْتٌ يُقَالُ لَهُ الشِّبْرِقُ يُسَمِّيهِ أَهْلُ الْحِجَازِ الضَّرِيعَ إِذَا يَبِسَ وَهُوَ سُمٌّ۔

اور کہا جاتا ہے الضریع کا معنی ہے: ایک قسم کی سبزی اور ترکاری جس کو شبرق کہتے ہیں جب وہ سوکھ جاتی ہے تو زہریلی ہو جاتی ہے۔ اہل حجاز اسے ضریع کہتے ہیں۔

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس قول کا قائل الفراء ہے، اس نے درج ذیل آیت کی تفسیر میں یہ بات کہی ہے:

لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ۙ لَّا يُسْمِنُ وَ لَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ۝ (الغاشیہ:۷۔۶) ان کا کھانا صرف خاردار خشک زہریلے درخت سے ہوگا ○ جو نہ فربہ کرے گا اور نہ بھوک دور کرے گا ○

مفسرین نے کہا ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو مشرکین نے کہا: ہمارے اونٹ تو ضَرِیْع (زہریلی گھاس) کو کھاتے ہیں اور فربہ ہو جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی، اور مشرکین نے جھوٹ بولا تھا، ان کے اونٹ ضریع کو اس وقت کھاتے تھے جب وہ تر ہوتی تھی اور خشک ضریع کو نہیں کھاتے تھے۔

اگر تم سوال کرو کہ اس آیت میں یہ فرمایا ہے کہ دوزخیوں کا کھانا صرف ضَرِیْع ہوگا (الغاشیہ:۶) اور دوسری آیت میں فرمایا ہے:

وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ۝ (الحاقہ:۳۶) اور نہ (دوزخیوں کی) پیپ کے سوا (ان کا) کوئی طعام ہے ○

اس کا جواب یہ ہے کہ عذاب کئی قسم کا ہوگا اور دوزخی بھی کئی قسم کے ہیں، بعض وہ ہیں جو زقوم (تھوہر کا درخت جس کو عربی میں حنظل اور اردو میں اندرائن کہتے ہیں) کھائیں گے اور بعض وہ ہیں جو ضریع کھائیں گے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ الضریع آگ کا درخت ہے، اور الخلیل نے کہا: وہ سبز رنگ کی بدبودار بوٹی ہے۔

بِمُسَيْطِرٍ بِسْطَ وَيُقْرَأُ بِالصَّادِ وَالسِّيْنِ۔ مسیطر: اس کا معنی ہے: مسلط کیا ہوا، یہ لفظ صاد سے بھی پڑھا گیا ہے اور سین سے بھی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ۝ (الغاشیہ:۲۲) آپ ان (کافروں) کو جبراً مسلمان کرنے والے نہیں ہیں ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: عاصم نے اس لفظ کو سین کے ساتھ مسیطر پڑھا ہے، اسی طرح حمزہ نے اور باقیوں نے صاد سے مُصَيْطِرٌ پڑھا ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِيَابَهُمْ مَرْجِعَهُمْ۔ اور حضرت ابن عباس نے کہا: اِيَابَهُمْ: اس کا معنی ہے ان کے لوٹنے کی جگہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ۝ (الغاشیہ:۲۵) بے شک ہماری طرف ہی ان کا لوٹنا ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس تعلیق کی امام ابن المنذر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج۱۹ ص۴۱۶۔۴۱۵ میں کی ہے]

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الغاشیہ کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ الفجر کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۸۹۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ وَالْفَجْرِ

سورۃ والفجر کی تفسیر

سورۃ والفجر کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الفجر کی بعض آیات کی تفسیر ہے، یہ سورت مکی ہے، ابن النقیب نے ابن ابی طلحہ سے روایت کی ہے کہ یہ سورت مدنی ہے اس سورت میں تیس (۳۰) آیات ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ الفجر سے مراد پورا دن ہے اور ان سے دوسری روایت ہے کہ اس سے مراد نماز فجر ہے اور ان سے تیسری روایت ہے کہ اس سے مراد محرم کی فجر ہے اور قتادہ سے روایت ہے: اس سے مراد محرم کا پہلا دن ہے اور اسی مہینہ سے سال کی ابتداء ہوتی ہے، اور ضحاک سے منقول ہے کہ اس سے مراد ذوالحجہ کی فجر ہے اور مقاتل سے منقول ہے کہ اس سے مراد پورے سال کی صبح ہے، اور علامہ قرطبی سے منقول ہے کہ اس سے مراد قیامت تک ہر دن کی صبح ہے، اور علامہ ثعلبی نے کہا ہے کہ الفجر سے مراد پانی کے وہ چشمے ہیں جو پہاڑوں سے پھوٹتے ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۱۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ الْوَتْرُ اللّٰهُ۔ اور مجاہد نے کہا: وَتر: کا معنی ہے: واحد یعنی اللہ تعالیٰ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ۝ (الفجر: ۳) اور جفت اور طاق راتوں کی قسم ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد نے کہا کہ شفع کے معنی ہیں: جوڑا اور وتر کا معنی ہے: اللہ عزوجل کی ذات جو واحد ہے اور امام عبد بن حمید نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ الشفع سے مراد یوم نحر ہے یعنی قربانی کا دن اور وتر سے مراد یوم عرفہ ہے اور قتادہ سے منقول ہے: بعض نمازیں دوگانہ ہیں اور بعض نمازیں وتر ہیں اور یہ بھی روایت ہے کہ الشفع سے مراد حضرت آدم اور حضرت حوا علیہما السلام ہیں اور وتر سے مراد اللہ عزوجل کی ذات مقدس ہے اور مکہ اور مدینہ کے قراء نے اور بعض کوفیوں نے اس لفظ کو واؤ کی زبر کے ساتھ وَتر پڑھا ہے اور یہ اہل حجاز کی لغت ہے اور کوفہ کے تمام قراء نے اس کو واؤ کی زیر کے وِتر پڑھا ہے۔

اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ یَعْنِی الْقَدِیْمَةَ وَالْعِمَادُ أَهْلُ عَمُوْدٍ لَا یُقِیْمُوْنَ۔ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۝: (الفجر: ۷) یعنی قدیم قوم عاد کے لوگ اور العماد کا معنی ہے لمبے لمبے لوگ وہ خیموں میں رہتے تھے یعنی خانہ بدوش جو لوگ کسی ایک جگہ قیام نہیں کرتے تھے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۝ (الفجر: ۷) وہ ارم کے لوگ تھے ستونوں جیسے لمبے قد والے ۝

Marfat.com

قوم عاد کا تعارف

علامہ عینی لکھتے ہیں: ارم کا لفظ قومِ عاد کا عطف بیان ہے اور عاد کے دو قبیلے تھے: عاد الاولیٰ اور عاد الاخیرہ۔ عاد الاولیٰ کی طرف امام بخاری نے القدیمہ کے لفظ سے اشارہ کیا ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ یہ لوگ عاد بن عوص بن ارم بن سام بن نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد سے تھے جو عاد کہلائے، اور ان کے دادا کے نام پر ان کا نام ارم رکھا گیا ہے اور ان کے بعد کے لوگوں کو عاد اخیرۃ کہا گیا ہے اور ارم کا لفظ غیر منصرف ہے، یہ قبیلہ ہے یا زمین ہے اور یہ علم اور معرفہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ کے مصداق میں اختلاف ہے۔ سعید بن المسیب نے کہا ہے کہ یہ لوگ دمشق میں تھے اور علامہ القرطبی سے منقول ہے کہ یہ لوگ الاسکندریہ میں تھے اور مجاہد نے کہا: یہ ایک امت ہے جس کا معنی ہے: قدیمہ اور قتادہ سے منقول ہے کہ یہ عاد کا قبیلہ ہے، ابن اسحاق سے منقول ہے کہ یہ عاد کا دادا ہے اور صحیح یہ ہے کہ یہ قبیلہ یا شہر کا نام ہے۔

امام بخاری نے کہا: ذات العماد: یعنی بہت لمبے اور بہت شدید قوت والے۔ اور حضرت المقدام رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ آپ نے اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ کا ذکر کیا تو فرمایا: ان میں سے ایک مرد کسی چٹان پر جاتا اور اس کو اپنے ہاتھ سے اٹھا کر کسی قبیلہ کے اوپر گرا کر اسے ہلاک کر دیتا، اور الکلبی سے منقول ہے کہ ان میں سے ایک مرد کے قد کی لمبائی چار سو (۴۰۰) ہاتھ تھی، اور مقاتل سے منقول ہے کہ ان کا قد ستون کی طرح بارہ ہاتھ لمبا تھا۔

امام بخاری نے کہا: العماد اھل عمود: العماد مبتداء ہے اور اہل عمود اس کی خبر ہے یعنی وہ خیموں میں رہتے تھے اور کسی ایک شہر میں قیام نہیں کرتے تھے، خلاصہ یہ ہے کہ وہ لوگ خانہ بدوش تھے، کسی ایک جگہ قیام نہیں کرتے تھے، وہ لوگ سفر کرتے رہتے تھے اور بارش کی تلاش میں رہتے تھے، جہاں ان کو مویشیوں کے لیے چارا مل جاتا وہیں ٹھہر جاتے، پھر اپنے گھروں کی طرف لوٹ آتے تھے اور کسی ایک جگہ قیام نہیں کرتے تھے اور ان کے باغات اور کھیت تھے اور ان کے گھر وادی القریٰ میں تھے، یہ بھی کہا گیا ہے کہ ان کو ذات العماد اس لیے فرمایا ہے کہ ان کا گھر شداد بن عاد نے بنایا تھا اور اس کی حکایت تفاسیر میں مشہور ہے۔

سَوْطَ عَذَابِ الَّذِی عُذِّبُوا بِهِ۔ سَوْطَ عَذَابٍ: اس کا معنی ہے: جس چیز سے ان کو عذاب دیا گیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۝ (الفجر: ۱۳) پھر آپ کے رب نے ان پر عذاب کا کوڑا برسایا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے سَوْطَ عَذَابٍ کی تفسیر کی ہے: جس چیز سے ان کو عذاب دیا گیا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ عرب لوگ اس لفظ کو ہر قسم کے عذاب کے لیے بولتے ہیں اور اس میں کوڑا بھی داخل ہے اور قتادہ نے کہا: ہر وہ چیز جس سے عذاب دیا جائے وہ عذاب کا کوڑا ہے۔

أَكْلًا لَمًّا السَّفُّ وَجَمًّا الْكَثِيرُ۔ أَكْلًا لَمًّا: اس کا معنی ہے: السف یعنی ہر چیز کو لپیٹنا یا سمیٹنا اور جَمًّا: کا معنی ہے: الکثیر یعنی بہت زیادہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَ تَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلًا لَّمًّا ۝ وَّتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ۝ (الفجر: ۱۹۔۲۰) اور تم وراثت کا پورا مال سمیٹ کر کھا جاتے ہو ○ اور تم مال سے بہت زیادہ محبت کرتے ہو ○

Marfat.com

حلال اور حرام کی تمیز کے بغیر مال کھانے کی مذمت

علامہ عینی لکھتے ہیں: اَلتُّرَاث کا معنی ہے: یتیموں کا مال اور ان کی وراثت، اور لَمًّا کی تفسیر امام بخاری نے اَلسَّفّ کی ہے، اس کا معنی ہے: ساری چیزیں سمیت لینا، جب کوئی شخص سارا کھانا کھا جائے تو کہتے ہیں: سففت الاکل اور جب کوئی شخص ساری دوا پی جائے تو کہتے ہیں: سففت الدواء اور جب کوئی شخص بہ ہوئے بغیر زیادہ پانی پی لے تو کہتے ہیں: سففت الماء، الحسن البصری نے کہا ہے: جو شخص اپنا حصہ اور دوسروں کا حصہ کھا جائے، اور علامہ نسفی نے لکھا ہے جو شخص حلال اور حرام کو جمع کر لے، اور بکر بن عبداللہ نے کہا ہے: لَمًّا کا معنی ہے: وراثت میں حد سے تجاوز کرنا یعنی جس شخص کو وراثت میں جو چیز بھی ملے وہ اس کو کھا جائے اور یہ نہ پوچھے کہ آیا یہ حرام ہے یا حلال اور وہ اپنا اور دوسروں کا حصہ کھا جائے کیونکہ وہ لوگ عورتوں اور بچوں کو وراث نہیں بناتے تھے، دوسرا قول یہ ہے کہ مرنے والے نے ظلم سے جو مال جمع کیا ہو اور ان کو اس کا پتا بھی ہو پھر بھی وہ اس کو کھا جاتے تھے، اور امام ابوعبیدہ نے کہا ہے کہ لَمْتُ کا معنی ہے، دسترخوان پر جتنا بھی کھانا ہو اس کو تم تحقیق اور تفتیش کے بغیر کھا لو۔

جَمًّا کا معنی ہے: الکثیر اور حُبًّا جَمًّا کا معنی ہے: حرص کے ساتھ بہت زیادہ کھانا اور دوسروں کے حقوق نہ دینا۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ كُلُّ شَيْءٍ خَلَقَهُ فَهُوَ شَفْعٌ السَّمَاءُ شَفْعٌ وَالْوَتْرُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى۔

اور مجاہد نے کہا: ہر وہ چیز جس کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے وہ شفع ہے یعنی جوڑا، آسمان جوڑا ہے اور وتر (یعنی واحد) اللہ تبارک و تعالیٰ ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد نے قرآن کی آیت وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ۝ (الفجر: ۳) کی تفسیر میں یہ لکھا ہے: اگر تم یہ کہو کہ آسمان تو وتر ہے کیونکہ وہ سات ہیں تو میں کہوں گا کہ آسمان سے مراد آسمان اور زمین ملا کر ہیں جیسے گرم اور سرد اور مذکر اور مونث۔

وَقَالَ غَيْرُهُ سَوْطَ عَذَابٍ كَلِمَةٌ تَقُولُهَا الْعَرَبُ لِكُلِّ نَوْعٍ مِنَ الْعَذَابِ يَدْخُلُ فِيهِ السَّوْطُ۔

اور مجاہد کے علاوہ دوسروں نے کہا کہ سَوْطَ عَذَابٍ وہ لفظ ہے جس کو عرب ہر قسم کے عذاب کے لیے بولتے ہیں، اس میں کوڑا بھی داخل ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اگر اس تعلیق کو امام بخاری اس سے پہلے سَوْطَ عَذَابٍ کی تفسیر میں لکھتے تو زیادہ بہتر ہوتا۔

لَبِالْمِرْصَادِ إِلَيْهِ الْمَصِيرُ۔

لَبِالْمِرْصَادِ: اس کا معنی ہے: اس کی طرف سب کو لوٹنا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ۝ (الفجر: ۱۴) بے شک آپ کا رب (ان کی) گھات میں ہے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی تفسیر کی ہے: اسی کی طرف لوٹنا ہے اور اسی طرح الفراء نے اس کی تفسیر کی ہے۔

علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: المرصاد المرصد سے مفعال کا وزن ہے اور اس کا معنی ہے: گھات لگانے کی جگہ۔
(فتح الباری ج ۹ ص ۱۱۹)

علامہ عینی حافظ ابن حجر کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں: یہ بات صرف وہی شخص کہہ سکتا ہے جس کو علم صرف کا بالکل علم نہ ہو (کیونکہ مفعال اسم آلہ کا وزن ہے نہ کہ اسم ظرف کا۔ سعیدی غفرلہ) بلکہ علامہ عینی لکھتے ہیں کہ المرصاد اَلْمِرْصَدُ کا اسم مبالغہ ہے اور یہ رصد کا مبالغہ ہے جیسے میقات وقت کا مبالغہ ہے اور یہ اس کی مثال ہے کہ اللہ تعالیٰ نافرمانوں کو عذاب دینے کی تاک اور گھات

Marfat.com

میں ہے اور نافرمان اس کے عذاب سے بچ نہیں سکتے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو دیکھتا ہے اور ان کو سنتا ہے، مقاتل سے منقول ہے: وہ پل صراط پر لوگوں کی گھات میں ہے۔ پس فرشتے آنکڑے اور دوسرے آلات عذاب کے ساتھ نافرمانوں کی گھات میں ہیں۔

تَحَاضُّونَ تُحَافِظُونَ وَتَحُضُّونَ تَأْمُرُونَ بِإِطْعَامِهِ۔

تَحَاضُّوْنَ: اس کا معنی ہے: تم اس کی حفاظت کرتے ہو اور تَحُضُّوْن: اس کا معنی ہے: تم اس کو کھلانے کا حکم دیتے ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝ (الفجر:۱۸)

اور تم ایک دوسرے کو یتیم کے کھلانے پر راغب نہیں کرتے ہو ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہاں پر دو قراءتیں ہیں، اہل کوفہ نے تحاضون کو الف کے ساتھ پڑھا ہے اور دوسروں نے بغیر الف کے تحضون پڑھا ہے، امام بخاری نے اس کی تفسیر کی ہے کہ تم طعام کھلانے کا حکم دیتے ہو۔

الْمُطْمَئِنَّةُ الْمُصَدِّقَةُ بِالثَّوَابِ وَقَالَ الْحَسَنُ يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ إِذَا أَرَادَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ قَبْضَهَا اطْمَأَنَّتْ إِلَى اللهِ وَاطْمَأَنَّ اللهُ إِلَيْهَا وَرَضِيَتْ عَنِ اللهِ وَعَنْهَا رضی اللہ عنہا فَأَمَرَ بِقَبْضِ رُوحِهَا وَأَدْخَلَهَا اللهُ الْجَنَّةَ وَجَعَلَهُ مِنْ عِبَادِهِ الصَّالِحِينَ۔

الْمُطْمَئِنَّةُ: کا معنی ہے: جو ثواب کی تصدیق کرنے والی ہو، حسن بصری نے يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ کی تفسیر میں کہا: جب اللہ تعالیٰ اس روح کو قبض کرنے کا ارادہ فرمائے گا جو اللہ تعالیٰ کی طرف مطمئن ہے اور اللہ تعالیٰ اس کی طرف مطمئن ہے اور وہ روح اللہ تعالیٰ سے راضی ہے اور اللہ تعالیٰ اس روح سے راضی ہے تو اس روح کو قبض کرنے کا حکم دے گا اور اللہ تعالیٰ اس روح کو جنت میں داخل کر دے گا اور اسے اپنے نیک بندوں میں شامل کرے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ۝ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ۝ (الفجر:۲۷۔۲۸)

اے نفس مطمئنہ! ○ تو اپنے رب کی طرف اس حال میں لوٹ جا کہ تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: وہ روح اللہ کے وعدے کی تصدیق کرتے ہوئے مطمئن ہے، اور ابن کیسان نے کہا المطمئنہ کا معنی ہے: المخلصہ اور ابن عطاء نے کہا: جو روح اللہ تعالیٰ کی معرفت رکھتی ہو اور ایک آن کے لیے بھی اس پر صبر نہ کر سکے اور دوسرا قول ہے: جو اللہ کے ذکر سے مطمئن ہو اور اس کی دلیل یہ آیت ہے:

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ (الرعد:۲۸)

یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کے ذکر سے مطمئن ہیں ○

حسن بصری نے کہا ہے کہ اس آیت میں سات جگہوں پر مونث کی ضمیر لانا ظاہر ہے کیونکہ یہ ضمیر نفس کی طرف لوٹتی ہے، اس تعلیق کی امام ابن ابی حاتم نے اپنی سند سے روایت کی ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف اطمینان کی نسبت مجاز ہے اور اس سے مراد اس کا لازم ہے یعنی خیر کو پہنچانا، اور یہ بر بنائے مشاکلت ہے اور رضا کا معنی ہے: اعتراض نہ کرنا۔

وَقَالَ غَيْرُهُ جَابُوا نَقَبُوا مِنْ جِيبَ الْقَمِيصُ قُطِعَ لَهُ جَيْبٌ يَجُوبُ الْفَلَاةَ يَقْطَعُهَا۔

اور حسن بصری کے علاوہ دوسروں نے کہا: جَابُوا نقبوا کا معنی ہے: (پہاڑ کو) تراش کر سوراخ بنایا، یہ لفظ جیب القمیص سے ماخوذ

Marfat.com

ہے جس کا معنی ہے: قمیص کاٹ کر گریبان بنایا اور یجوب الفلاۃ کا معنی ہے: وہ شخص جنگل کو قطع کرتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَثَمُودَ الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝ (الفجر:۹) اور ثمود کے لوگ تھے جنہوں نے وادی میں پتھروں کی چٹانیں تراشیں ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس میں یہ اشارہ کیا ہے کہ الجیب کا معنی ہے: کاٹنا اور تراشنا۔ جب قمیص کاٹ کر گریبان بنایا جائے تو کہا جاتا ہے: جبت القمیص، اسی طرح یَجُوْبُ الفلاۃ کا معنی ہے: وہ شخص جنگل کو قطع کرتا ہے۔ اور الفراء نے کہا: جابوا الصَّخْرَ کا معنی ہے انہوں نے چٹانوں کو تراش کر گھر بنائے۔

لَنَا لَبَسْتُهُ أَجْمَعَ أَتَيْتُ عَلَى آخِرِهِ۔ لَنَا: یہ لفظ لبستہ اجمع سے ماخوذ ہے: اس کا معنی ہے: میں اس کا سارا ترکہ کھا کر اخیر تک پہنچ گیا ہوں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: ابوذر کے نسخہ میں یہ تعلیق مذکور نہیں ہے اور اس کو ساقط کرنا زیادہ مناسب ہے کیونکہ یہ مکرر ہے، عنقریب اس کا ذکر ہو چکا ہے اور اگر اس کو وہیں ذکر کر دیا جاتا تو زیادہ بہتر تھا۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج۱۹ ص۴۱۹۔۴۱۶ میں کی ہے]

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الفجر کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہو گئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز سورۃ البلد کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۹۰۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ لَا أُقْسِمُ

سورۃ لا اقسم کی تفسیر

سورۃ لا اقسم (البلد) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ لَآ أُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس سورت کا نام سورۃ البلد بھی رکھا گیا ہے، یہ سورت مکی ہے اور اس میں بیس (۲۰) آیات ہیں۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ وَأَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ بِمَكَّةَ لَيْسَ عَلَيْكَ مَا عَلَى النَّاسِ فِيهِ مِنَ الْإِثْمِ۔

اور مجاہد نے کہا: بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝ (البلد: ۲) اس سے مراد مکہ ہے، یعنی لوگوں پر (اس شہر میں) لڑنے کی وجہ سے جو گناہ ہوتا ہے وہ آپ پر نہیں ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَأَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝ (البلد: ۲) اس حال میں کہ آپ اس شہر میں مقیم ہیں ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس شہر سے مراد مکہ ہے، اس آیت کا معنی یہ ہے کہ مستقبل میں اس شہر میں مشرکین کو جو آپ قتل کریں گے اور ان کو قید کریں گے وہ اللہ نے آپ کے لیے حلال کر دیا ہے اور اللہ عزوجل نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے قتال کو حلال فرما دیا حتیٰ کہ آپ نے جن کو قتل کرنا تھا ان کو قتل کیا اور جن کو گرفتار کرنا تھا ان کو گرفتار کیا، سو آپ نے ابن خطل اور اس کے ساتھیوں کو قتل کر دیا، ابوسفیان کے گھر کو حرم بنا دیا الواسطی نے کہا ہے: اس شہر سے مراد مدینہ ہے، یہ قول الشفاء میں مذکور ہے، اور پہلا قول زیادہ صحیح ہے کیونکہ یہ سورت مکی ہے۔

وَوَالِدٍ آدَمَ وَمَا وَلَدَ۔ وَوَالِدٍ: اور اس سے مراد حضرت آدم علیہ السلام اور ان کی اولاد ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ۝ (البلد: ۳) اور (انسان کے) والد کی قسم! اور اس کی اولاد کی! ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی تفسیر حضرت آدم علیہ السلام اور ان کی اولاد سے کی ہے، دوسرا قول ہے کہ اس سے مراد حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نہیں، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور عکرمہ اور سعید بن جبیر سے مروی ہے کہ والد وہ شخص ہے کہ جس کی اولاد ہو اور مَا وَلَدَ میں مَا نفی کے لیے ہے یعنی جو بانجھ ہو اور اس کی اولاد نہ ہو، یہ بھی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ایک روایت ہے۔ علامہ ثعلبی نے کہا ہے: یہ قول بہت بعید ہے۔

لُبَدًا كَثِيرًا۔ لُبَدًا کا معنی ہے: کثیر یعنی بہت زیادہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

يَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُبَدًا ○ (البلد:٦) وہ کہتا ہے: میں نے اپنا بہت مال خرچ کر دیا ہے○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ کہنے والا الولید بن مغیرہ تھا، اس نے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عداوت میں بہت مال خرچ کر دیا تھا، اور اللبد کا لفظ تلبید سے ماخوذ ہے، اس کا معنی ہے: چیزوں کا اوپر تلے ڈھیر ہو۔

وَ النَّجْدَيْنِ الْخَيْرُ وَالشَّرُّ۔ اَلنَّجْدَيْن: اس کا معنی ہے: خیر اور شر (کے دو راستے)۔

امام بخاری نے اس تعلق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ○ (البلد:١٠) اور ہم نے اس کو (خیر اور شر کے) دونوں راستے دکھا دیئے○

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد اور اکثر مفسرین نے اس آیت کی اس طرح تفسیر کی ہے، اور نجد کا اصل میں معنی ہے: راستے میں بلند جگہ۔

مَسْغَبَةٍ مَجَاعَةٍ۔ مَسْغَبَةٌ: اس کا معنی ہے: مَجَاعَةٌ یعنی بھوک۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ ○ (البلد:١٤) یا بھوک کے دن کھانا کھلانا○

بھوکے کو کھانا کھلانے کی فضیلت

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: بھوکوں کو کھانا کھلانے کی فضیلت میں یہ حدیث ہے:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا: اسلام کے کون سے حکم پر عمل کرنا سب سے افضل ہے؟ آپ نے فرمایا: تم جس شخص کو پہچانتے ہو یا نہ پہچانتے ہو اس کو کھانا کھلاؤ اور سلام کرو۔ (صحیح البخاری:١٢)

مَتْرَبَةٍ السَّاقِطُ فِي التُّرَابِ مَتْرَبَةٌ: اس کا معنی ہے: جو شخص مٹی اور خاک پر پڑا ہوا ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ○ (البلد:١٦) یا خاک نشین مسکین کو○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس آیت کی تفسیر کی ہے: جو شخص مٹی پر پڑا ہوا ہو، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کی تفسیر منقول ہے: یعنی جس شخص کے اور زمین کے درمیان کوئی بستر وغیرہ نہ ہو، اور ابن مجاہد سے اس کی تفسیر منقول ہے کہ جو شخص راستے میں پڑا ہوا ہو اور اس کا کوئی گھر نہ ہو۔

يُقَالُ فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ فَلَمْ يَقْتَحِمْ الْعَقَبَةَ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ فَسَّرَ الْعَقَبَةَ فَقَالَ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْعَقَبَةُ فَكُّ رَقَبَةٍ أَوْ إِطْعَامٌ فِي يَوْمٍ ذِي مَسْغَبَةٍ۔

کہا جاتا ہے: فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ○ (البلد:١١) یعنی اس نے دنیا میں کوئی گھاٹی نہیں پھلانگی، پھر گھاٹی کی تفسیر کی: اور آپ کو کیا معلوم کہ گھاٹی کیا ہے، وہ غلام کو آزاد کرنا ہے اور بھوک کے دن کھانا کھلانا ہے۔ (البلد: ١٣۔١٢)

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ○ وَ مَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ○ فَكُّ رَقَبَةٍ ○ اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ ○ (البلد:١٤۔١١)

پس وہ دشوار گھاٹی سے نہیں گزرا○ اور آپ کیا سمجھے کہ وہ دشوار گھاٹی کیا ہے؟○ (قرض یا غلامی سے) گردن چھڑانا○ یا بھوک کے دن کھانا کھلانا○

Marfat.com

دشوار گھاٹی اور پل صراط کا بیان

علامہ عینی لکھتے ہیں: جب اللہ تعالیٰ نے بھوک اور مٹی کا ذکر کیا تو یہ بیان شروع کیا کہ بھوک والے دن کیا کیا جائے اور جو خاک نشین ہو اس کے ساتھ کیا کیا جائے، پس فرمایا: دنیا میں انسان دشوار گھاٹی سے کیوں نہیں گزرا تا کہ آخرت میں امن سے رہتا اور اَلْاِقْتِحَام کا معنی ہے: شدت اور مشقت کے ساتھ گزرنا اور داخل ہونا، پھر اللہ تعالیٰ نے اس گھاٹی کی اہمیت بیان فرمائی اور ارشاد فرمایا: آپ کیا سمجھے کہ وہ گھاٹی کیا ہے؟ پھر اس کی خبر نہیں دی اور اس کی تفسیر کی کہ وہ گردن چھڑانا ہے اور بھوک کے دن کھانا کھلانا ہے۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے بڑے گناہوں اور ان کے بوجھ کو اور اس کے مرتکب کو گھاٹی کے ساتھ تشبیہ دی ہے، پس جب وہ غلام کو آزاد کر دے گا اور نیک عمل کرے گا تو اس شخص کی مثل ہوگا جو کسی دوسری گھاٹی سے پار گزر جائے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے: یہ گھاٹی جہنم میں پہاڑ ہے اور حسن بصری اور قتادہ سے منقول ہے کہ یہ دوزخ میں ایک گھاٹی ہے اور جہنم پر پل ہے، پس لوگ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کر کے اس پل سے پار گزر جائیں گے اور مجاہد، ضحاک اور الکلبی سے منقول ہے: یہ پل دوزخ کی پشت پر رکھا جائے گا جو تلوار سے زیادہ تیز ہوگا، اس کا طول تین ہزار سال کی مسافت ہے، اس میں لوگ سہولت سے چڑھیں گے اور اتریں گے اور اس کے پہلوؤں میں سعدان کے کانٹوں کی طرح آنکڑے ہوں گے۔

فِیْ کَبَدٍ شِدَّۃٍ۔ فِیْ کَبَدٌ: اس کا معنی ہے: شدت اور سختی میں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ کَبَدٍ ۝ (البلد: ۴) بے شک ہم نے انسان کو اس کی مشقت میں پیدا کیا ۝

علامہ عینی اور حافظ ابن حجر نے اس تعلیق کی شرح نہیں کی۔

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: یعنی ہم نے انسان کو شدت اور مشقت کے کئی مراحل میں پیدا کیا ہے، ایک مرتبہ اس کی ماں کے پیٹ میں، پھر اس کی دودھ پینے کی مدت میں، پھر جب وہ بالغ ہو گیا تو اپنے معاش اور روزگار کے حصول کی مشقت میں مبتلا ہو گیا، پھر اس کے بعد مختلف بیماریوں اور مصائب کی شدت میں، پھر موت کی شدت میں۔

(انوار تبیان القرآن ص ۹۵۵، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۲۱۔۴۱۹ میں کی ہے]

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ البلد کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ الشمس کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور حدیث روایت کی ہے ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۹۱۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا

سورۃ والشّمس کی تفسیر

سُوْرَۃُ وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا (الشّمس) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الشمس کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس سورت میں پندرہ آیات ہیں اور یہ سورت مکی ہے۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۴۲۱)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ ضُحَاهَا ضَوْءُهَا إِذَا تَلَاهَا تَبِعَهَا وَطَحَاهَا وَغَشَّاهَا أَغْوَاهَا

اور مجاہد نے کہا: ضُحٰہَا کا معنی ہے: اس کی روشنی، اِذَا تَلٰہَا: کا معنی ہے: جب وہ اس کے پیچھے آئے اور طَحٰہَا: کا معنی ہے: اور اس کو پھیلا دیا، اور دَسّٰہَا: کا معنی ہے: اور اس کو گمراہ کیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۙ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۝ (الشمس:۱۔۲)

سورج کی قسم! اور اس کی روشنی کی! O اور چاند کی قسم! جب وہ اس کے پیچھے آئے O

وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ۝ (الشمس:۶)

اور زمین کی قسم! اور جس نے اس کو پھیلایا O

وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ۝ (الشمس:۱۰)

اور جس نے اپنے نفس کو گناہوں سے آلودہ کرلیا وہ ناکام ہوگیا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد نے والشمس وضحٰہا کی تفسیر میں کہا ہے: جب سورج چمک جائے اور اس کی روشنی غالب آجائے اور ضحیٰ (چاشت) کا وقت اس کے بعد ہے اور قتادہ سے منقول ہے کہ وہ پورا دن ہے اور مقاتل سے منقول ہے: وہ اس کی حرارت ہے۔

اور مجاہد نے وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۝ (الشمس:۲) کی تفسیر میں کہا: یعنی جب چاند سورج کی روشنی سے روشنی حاصل کرے اور یہ مہینے کے ابتدائی نصف میں ہوتا ہے، جب سورج غروب ہوجاتا ہے تو اس کے بعد چاند طلوع ہوجاتا ہے۔

اور مجاہد نے وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ۝ (الشمس:۶) کی تفسیر میں کہا ہے کہ طَحٰہَا کا معنی ہے: دَحٰہَا یعنی اس کو پھیلا دیا، اور الجوہری نے ذکر کیا ہے کہ دحوت الشیئ دحوًا کا معنی ہے: میں نے اس چیز کو پھیلا دیا اور کہا ہے کہ طَحَوْتُہٗ بھی دَحَوْتُہٗ کی مثل ہے یعنی میں نے اس کو پھیلا دیا۔

اور مجاہد نے دَسّٰہَا ۝ (الشمس:۱۰) کی تفسیر میں کہا: وہ شخص ناکام ہوگیا جس نے گناہوں کا ارتکاب کیا، یعنی اس شخص نے اس کے نفس کا محل مخفی رہا اور وہ گناہوں پر سوار ہوگیا۔

فَاَلْهَمَهَا عَرَّفَهَا الشَّقَاءَ وَالسَّعَادَةَ۔

فَاَلْهَمَهَا: اس کا معنی ہے: اس کے نفس کو اس کی بدبختی اور نیک بختی کی پہچان کرائی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝ (الشمس:۸) پھر اس (نفس) کو اس کے برے کام اور ان سے بچنے کا طریقہ سمجھایا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی نفس کو اس کے فجور یعنی بدبختی اور اس کے تقویٰ یعنی اس کی سعادت کو سمجھا دیا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ اس کے لیے خیر اور شر کو بیان کر دیا اور ان سے یہ بھی منقول ہے کہ اس کو اطاعت اور معصیت کا معنی بتایا اور یہ تفسیر علامہ نسفی کی کتاب میں ہے۔

وَلَا يَخَافُ عُقْبَاهَا عُقْبَى أَحَدٍ۔ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا اس کا معنی ہے: کسی کی عاقبت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۝ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝ (الشمس:۱۴۔۱۵) تو ان کے رب نے ان کے گناہ کی وجہ سے ان کو ہلاک کر کے ان کی بستی کو ہم وار کر دیا O اور ان سے انتقام لینے سے اسے کوئی خوف نہیں ہے O

علامہ عینی لکھتے ہیں: فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ کا معنی ہے: ان کے رب نے اس کے رسول کی تکذیب کرنے اور اونٹنی کی کونچیں کاٹنے کی وجہ سے ان کو ہلاک کر دیا، اور ان کی بستی کو ہم وار کر دیا یعنی یہ عذاب ان کی پوری قوم پر آیا اور ان میں سے کسی کو نہیں چھوڑا اور ان کی جڑ کاٹ دی۔

وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا، امام بخاری نے اس کی تفسیر کی ہے: عقبیٰ أَحَدٍ جب کہ عقبها کی ضمیر نفس کے اعتبار سے مونث ہے کیونکہ نفس مونث سماعی ہے اور نفس کو عہد کے ساتھ تعبیر کیا ہے اور صحیح بخاری کے بعض نسخوں میں یہ لفظ ذال کے ساتھ اخذ ہے، اس کا معنی ہے: ان کو بالعموم ہلاک کر دیا۔ علامہ نسفی نے کہا ہے کہ اللہ کو ان کے انجام کا خوف نہیں تھا اور حسن بصری سے منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ کو کسی کا یہ خوف نہیں تھا کہ ان کی ہلاکت میں جو لوگ ان کے تابع ہو گئے، دوسرا قول یہ ہے کہ یہ ضمیر ثمود کی طرف لوٹتی ہے یعنی قوم ثمود کو اپنے انجام کا خوف نہیں تھا اور ضحاک، سدی اور الکلبی نے کہا کہ لَا يَخَافُ کی ضمیر کونچیں کاٹنے والے کی طرف لوٹتی ہے یعنی جب قوم کا سب سے بدبخت شخص اٹھا اور اس نے اونٹنی کی کونچیں کاٹ دیں اور وہ اپنے انجام سے نہیں ڈرتا تھا۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ بِطَغْوَاهَا بِمَعَاصِيهَا۔ اور مجاہد نے کہا: بِطَغْوٰىهَآ کا معنی ہے: بِمَعَاصِيهَا یعنی اپنی نافرمانیوں کے سبب سے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَآ ۝ (الشمس:۱۱) قوم ثمود نے اپنی سرکشی کے سبب سے (اپنے رسول کو) جھٹلایا O

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس کی تفسیر کی ہے: بِمَعَاصِيهَا یعنی اپنی نافرمانیوں کے سبب سے اور الفریابی نے مجاہد کی سند سے لکھا ہے: بِمَعْصِيَتِهَا۔

علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ اور مصنف کا محاکمہ

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس کی شرح میں لکھا ہے: مَعْصِيَتِهَا وَهُوَ الْوَجْهُ اور یہی عمدہ ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۱۸)

علامہ عینی اس پر رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں: حافظ ابن حجر نے اس کی عمدگی کی وجہ بیان نہیں کی بلکہ عمدہ تو لفظ جمع ہے جیسے امام بخاری کی تفسیر میں ہے بِمَعَاصِيهَا اور یہ مخفی نہیں ہے، اور طغوی اور طغیان دونوں واحد ہیں اور یہ طغی کا مصدر ہیں۔

میں کہتا ہوں: ممکن ہے حافظ ابن حجر عسقلانی کی مراد یہ ہو کہ طغوی مصدر ہے اور واحد ہے جمع نہیں ہے، اس لیے امام بخاری نے اس کی تفسیر جو بمعاصیہا کی ہے وہ مناسب نہیں ہے، اور جس طرح الفریابی نے اس کی تفسیر میں بِمَعْصِيَتِهَا لکھا ہے وہی مناسب ہے اور عمدہ ہے۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۲۲۔۴۲۱ میں کی ہے]

۱۔ بَابٌ

باب

۴۹۴۲۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ عَبْدُ اللهِ بْنُ زَمْعَةَ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ ﷺ يَخْطُبُ وَذَكَرَ النَّاقَةَ وَالَّذِي عَقَرَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِذِ انْبَعَثَ أَشْقَاهَا انْبَعَثَ لَهَا رَجُلٌ عَزِيزٌ عَارِمٌ مَنِيعٌ فِي رَهْطِهِ مِثْلُ أَبِي زَمْعَةَ وَذَكَرَ النِّسَاءَ فَقَالَ يَعْمِدُ أَحَدُكُمْ فَيَجْلِدُ امْرَأَتَهُ جَلْدَ الْعَبْدِ فَلَعَلَّهُ يُضَاجِعُهَا مِنْ آخِرِ يَوْمِهِ ثُمَّ وَعَظَهُمْ فِي ضَحِكِهِمْ مِنَ الضَّرْطَةِ وَقَالَ لِمَ يَضْحَكُ أَحَدُكُمْ مِمَّا يَفْعَلُ وَقَالَ أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَمْعَةَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ مِثْلُ أَبِي زَمْعَةَ عَمِّ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ (صحیح مسلم: ۲۸۵۵)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں وہیب نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشام نے حدیث بیان کی از والد خود کہ بے شک ان کو حضرت عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ انہوں نے نبی ﷺ سے سنا، آپ نے خطبہ دیتے ہوئے اونٹنی کا ذکر فرمایا اور اس کا ذکر فرمایا جس نے اونٹنی کی کونچیں کاٹی تھیں، پس رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی: اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝ (الشمس: ۱۲) جب (اس قوم کا) سب سے بدبخت اٹھا ۝ یعنی ایک عزیز مرد اٹھا جو مفسد تھا اور اپنے قبیلہ میں بہت قوی تھا جیسے زمعہ کا باپ (یعنی دادا) تھا، اور آپ نے عورتوں کا ذکر فرمایا، پس آپ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی کو غلام کی طرح کوڑے مارنے کا ارادہ کرتا ہے، پھر شاید وہ دن کے آخری حصے میں اس کے ساتھ مباشرت کرتا ہے، پھر آپ نے ان کو اس بات پر نصیحت کی کہ وہ کسی کے گوز لگانے پر ہنستے ہیں اور فرمایا: تم میں سے کوئی شخص اس کام پر کیوں ہنستا ہے جس کام کو وہ خود کرتا ہے؟ اور ابو معاویہ نے کہا: ہمیں ہشام نے حدیث بیان کی از والد خود از حضرت عبداللہ بن زمعہ کہ نبی ﷺ نے فرمایا: زمعہ کے والد کی مثل جو الزبیر بن العوام کے چچا ہیں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۳۷۷ میں گزر چکی ہے

حدیث مذکور کی سند کی تفصیل

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث کی سند میں وہیب کا ذکر ہے، یہ وہیب بن خالد ہیں اور ہشام کا ذکر ہے، یہ عروہ بن الزبیر بن العوام کے بیٹے ہیں جو ان کے والد سے روایت کرتے ہیں از حضرت عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ عنہ، یہ صحابی ہیں اور الاسود بن المطلب بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی القرشی کے بیٹے ہیں۔

Marfat.com

حضرت صالح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اونٹنی اور اس کی کونچیں کاٹنے والے کا تذکرہ

جس شخص نے حضرت صالح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اونٹنی کی کونچیں کاٹی تھیں اس کا نام قدار بن سالف تھا اور اس کی ماں کا نام قدیرۃ تھا اور یہ قوم ثمود کا وہ شخص تھا جس کی قوم ثمود میں بدبختی کی مثال بیان کی جاتی تھی، اس کا رنگ سرخ تھا، آنکھیں نیلی تھیں اور قد چھوٹا تھا اور ذکر کیا گیا کہ یہ ولد الزنا تھا اور ساف نام کے ایک بستر پر پیدا ہوا تھا۔

عزیز، عارم اور منیع کے معانی اور زمعہ کے باپ کی مثل کے مصداق کا بیان

ایک ایسا مرد اٹھا جو عزیز عارم اور اپنے قبیلہ میں منیع تھا، عزیز کا معنی ہے: اس جیسے لوگ بہت کم تھے اور عارم کا معنی ہے: وہ بہت شدید بدمزاج، مفسد اور خبیث تھا، ایک قول ہے کہ وہ جاہل تھا اور منیع کا معنی ہے: وہ اپنی قوم میں بہت قوی اور طاقت ور تھا۔

وہ زمعہ کے باپ کی مثل تھا: اس سے مراد اسود ہے جس کا سند میں ذکر کیا گیا ہے جو حضرت عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ عنہ کا دادا تھا، یہ ان لوگوں میں سے تھا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مذاق اڑایا کرتے تھے، یہ مکہ میں حالت کفر میں مر گیا تھا اور اس کا بیٹا زمعہ بھی غزوۂ بدر میں حالت کفر میں قتل کیا گیا تھا۔

علامہ قرطبی نے کہا ہے: ہوسکتا ہے کہ زمعہ کے اس باپ سے مراد وہ آزمائش ہو جس کی وجہ سے درخت کے نیچے بیعت رضوان کی گئی تھی اور وہ افریقہ میں ابن خدیج کے غزوہ میں فوت ہو گیا تھا اور القیر وان میں اس کو دفن کیا گیا تھا، علامہ قرطبی نے کہا: اگر یہ وہی شخص ہے تو اس کو اونٹنی کی کونچیں کاٹنے والے مرد کے ساتھ اس لیے تشبیہ دی ہے کہ یہ بھی اپنی قوم میں عزیز تھا اور اپنے مخالفین کفار کے خلاف بہت قوی اور جری تھا۔ علامہ قرطبی نے کہا: اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ زمعہ کے باپ کی مثل سے مراد کوئی اور شخص ہو جس کا نام ابوزمعہ ہو۔

عورتوں کے ساتھ نرمی کرنے کی نصیحت اور گوز کی آواز سن کر ہنسنے کی مذمت

اس کے بعد آپ نے خطبہ میں خواتین کے متعلق امور کا ذکر فرمایا اور ان کو یہ نصیحت کی کہ تم عورتوں کو نہ مارا کرو کیونکہ تم دن میں عورتوں کو کوڑے مارتے ہو، پھر اسی دن شام کو ان سے مباشرت کرتے ہو۔

پھر ان کو نصیحت کی کہ تم کسی شخص کے گوز مارنے پر ہنستے ہو حالانکہ تم خود بھی یہ کام کرتے ہو۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اپنی بیویوں کو مارنا نہیں چاہیے اور ان پر سختی نہیں کرنی چاہیے اور یہ نصیحت کی کہ تم گوز کی آواز سن کر چشم پوشی کیا کرو اور ایسا نہ کیا کرو جیسا کہ زمانہ جاہلیت میں اگر کسی شخص کا مجلس میں گوز نکل جاتا تو لوگ اس پر ہنستے تھے۔ شارح علیہ السلام نے اس سے منع فرمایا ہے اور یہ حکم دیا کہ اس سے اغماض اور چشم پوشی کرنی چاہیے اور اپنے کام میں مشغول رہنا چاہیے، یہ حضرت لوط علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم کے برے کاموں میں سے ایک برا کام تھا کہ وہ مجلس میں گوز لگاتے تھے یعنی پاد مارتے تھے اور پھر اس پر ہنستے تھے۔

زمعہ کے باپ کو زبیر بن عوام کا چچا کہنے کی توجیہ

امام بخاری نے اس حدیث کی جو دوسری سند تعلیق میں بیان کی ہے اس تعلیق کو امام اسحاق بن راہویہ نے اپنی مسند میں سند موصول کے ساتھ ذکر کیا ہے اور اس کے آخر میں لکھا ہے: زمعہ کے باپ کی مثل جو الزبیر بن العوام کا چچا ہے، اس تعلیق کی امام احمد نے بھی اپنی سند کے ساتھ ابومعاویہ سے روایت کی ہے لیکن اس کے آخر میں یہ نہیں لکھا کہ وہ الزبیر کا چچا ہے، آپ کا یہ ارشاد اس

Marfat.com

طریقہ پر ہے کہ چچا کا بیٹا بھی چچا کے حکم میں ہوتا ہے کیونکہ زمعہ کا باپ الاسود بن المطلب بن اسد تھا اور زبیر بن العوام بن خویلد بھی ابن اسد تھے۔ علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ بعض علماء نے اس میں یہ غلطی نکالی ہے اور کہا ہے کہ زمعہ کا باپ زبیر کا چچا نہیں تھا، پھر انہوں نے اسی طرح اس اشکال کا جواب لکھا ہے جس طرح ہم نے ذکر کیا ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۲۴۔ ۴۲۳، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر عسقلانی سے اس توجیہ کی تائید

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

اس تعلیق میں زمعہ کے باپ کو زبیر کا چچا مجازاً کہا ہے کیونکہ زمعہ کا باپ اسود بن المطلب ہے جو بنو اسد ہے اور الزبیر بن العوام بن خویلد بھی بنو اسد سے ہے، پس چچا کے بیٹے کو چچا کے قائم مقام کر کے اس پر اس اعتبار سے چچا کا اطلاق کیا گیا ہے، اسی طرح علامہ الدمیاطی نے زمعہ کے باپ کی یہاں پر توجیہ کی ہے اور یہی معتمد ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۱۹، دارالمعرفہ، بیروت ۱۴۲۶ھ)

الحمد للہ رب العلمین سورۃ الشمس کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور جو حدیث روایت کی تھی ان سب کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ اللیل کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور احادیث روایت کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۹۲۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ وَاللَّیْلِ إِذَا یَغْشٰی

سورۃ اللیل کی تفسیر

سُوْرَۃُ وَاللَّیْلِ إِذَا یَغْشٰی (اللیل) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ اللیل کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس سورت کا نام وَالَّیْلِ إِذَا یَغْشٰی ہے اور صحیح بخاری کے بعض نسخوں میں اس کا نام سورۃ اللیل ہے۔ قتادہ، الکلبی، الشعبی اور سفیان سے روایت ہے کہ یہ سورت مکی ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ یہ سورت اس وقت نازل ہوئی جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو بھاری قیمت میں خرید کر آزاد کیا تھا۔ عکرمہ اور عبدالرحمان بن زید نے کہا: یہ سورت مدنی ہے، یہ انصار کے ایک مرد ابوالدحداح کے متعلق نازل ہوئی اور ام سمرہ کے متعلق نازل ہوئی جن کا طویل قصہ ہے۔ اس سورت میں اکیس (۲۱) آیات ہیں۔

وَالَّیْلِ إِذَا یَغْشٰی ○ (اللیل:۱) کا معنی ہے: اور رات کی قسم! جب وہ اپنی ظلمت سے دن کو چھپائے اور الزجاج نے کہا: رات افق کو اور آسمان اور زمین کے درمیان کی چیزوں کو چھپا لیتی ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَکَذَّبَ بِالْحُسْنٰی بِالْخَلَفِ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کَذَّبَ بِالْحُسْنٰی کی تفسیر میں فرمایا: اس نے نیکی کی تکذیب کی یعنی صدقہ کرنے اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے کے اجر وثواب کی تکذیب کی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَکَذَّبَ بِالْحُسْنٰی ۙ (اللیل:۹) اور نیک باتوں کی تکذیب کی ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس کی تفسیر کی ہے: اس نے اللہ کی راہ میں خرچ کرنے پر اجر وثواب ملنے کی تکذیب کی اور مجاہد سے منقول ہے کہ اس نے جنت کی تکذیب کی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ اس نے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی تکذیب کی اور پہلی تفسیر حق کے زیادہ مشابہ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس کی راہ میں خرچ کرنے والے سے یہ وعدہ فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو اس خرچ کا بدل اور اجر عطا فرمائے گا۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ تَرَدّٰی مَاتَ وَتَلَظّٰی تَوَهَّجُ۔

اور مجاہد نے کہا: تَرَدّٰی: اس کا معنی ہے: مر گیا اور تَلَظّٰی: اس کا معنی ہے وہ بھڑک اٹھا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَمَا یُغْنِیْ عَنْهُ مَالُهٗٓ إِذَا تَرَدّٰی ○ (اللیل:۱۱) اور جب وہ ہلاکت کے گڑھے میں گرے گا تو اس کا مال اس کے کسی کام نہ آئے گا ○

فَأَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظَّى ۝ (اللیل: ۱۴) پس میں تم کو بھڑکتی ہوئی آگ سے ڈرا چکا ہوں ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس کی تفسیر کی ہے جب وہ مر جائے گا اور قتادہ اور ابو صالح سے اس کی تفسیر منقول ہے جب اس کو دوزخ میں جھونک دیا جائے گا، یہ آیت ابوسفیان بن حرب کے متعلق نازل ہوئی (علامہ عینی نے اسی طرح لکھا ہے اور یہ صحیح نہیں ہے کیونکہ حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ فتح مکہ کے بعد اسلام لے آئے تھے۔ سعیدی غفرلہ) اور تلظی اصل میں تتلظی تھا دو تاؤں میں سے ایک تا، کو حذف کر دیا گیا اس کا معنی ہے بھڑک اٹھا۔

وَقَرَأَ عُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ تَتَلَظَّى۔ اور عبید بن عمیر نے اس آیت کو تتلظی پڑھا ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی تا، کا تا، میں ادغام نہیں کیا۔

۱۔ باب: وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلَّى ۝ (اللیل: ۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور دن کی (قسم) جب وہ روشن ہوا! (اللیل: ۲) کی تفسیر

۴۹۴۳۔ حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ دَخَلْتُ فِي نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِ عَبْدِ اللهِ الشَّأْمَ فَسَمِعَ بِنَا أَبُو الدَّرْدَاءِ فَأَتَانَا فَقَالَ أَفِيكُمْ مَنْ يَقْرَأُ فَقُلْنَا نَعَمْ قَالَ فَأَيُّكُمْ أَقْرَأُ فَأَشَارُوا إِلَيَّ فَقَالَ اقْرَأْ فَقَرَأْتُ وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلَّى وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثَى قَالَ أَنْتَ سَمِعْتَهَا مِنْ فِي صَاحِبِكَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ وَأَنَا سَمِعْتُهَا مِنْ فِي النَّبِيِّ ﷺ وَهَؤُلَاءِ يَأْبَوْنَ عَلَيْنَا۔ (صحیح مسلم: ۸۲۴، سنن ترمذی: ۲۹۳۹)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں قبیصہ بن عقبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از الاعمش از ابراہیم از علقمہ وہ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بعض اصحاب کی جماعت کے ساتھ شام میں داخل ہوا، پس ہمارے متعلق حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے سنا تو وہ ہمارے پاس آئے، انہوں پوچھا: کیا تم میں سے کوئی شخص قرآن پڑھنے والا ہے؟ تو ہم نے کہا: جی ہاں! پھر انہوں نے کہا: تم میں سے کون زیادہ اچھا قرآن پڑھتا ہے؟ تو میرے اصحاب نے میری طرف اشارہ کیا تو انہوں نے کہا: قرآن پڑھو تو میں نے پڑھا: وَ الَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۙ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۙ وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى ۝ (اللیل ۳-۱) اور رات کی قسم جب وہ (دن کو) چھپا لے ۝ اور دن کی (قسم) جب وہ روشن ہوا ۝ اور نر اور مادہ کی قسم ۝ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے پوچھا: تم نے خود اس آیت کو اپنے استاد یعنی حضرت ابن مسعود سے سنا ہے؟ میں نے کہا ہاں! انہوں نے کہا: میں نے بھی اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ سے سنا ہے اور یہ لوگ ہم پر انکار کرتے ہیں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۲۸۷ میں گزر چکی ہے۔

میں کہتا ہوں: دار الفکر کے مطبوعہ نسخہ میں یہ آیت اس طرح لکھی ہے: وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْأُنْثَى ۝ (اللیل: ۳) صحیح البخاری: ۴۹۴۳ حالانکہ یہ صحیح نہیں ہے قراءت متواترہ تو اسی طرح ہے لیکن حضرت ابن مسعود اور ان کے شاگرد علقمہ وغیرہ اور حضرت ابو

Marfat.com

الدرداء اس آیت کو والذکر والانثی پڑھتے تھے اور وما خلق کو حذف کر دیتے تھے۔ (سعیدی غفرلہ)

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ اور اہل شام کا سورۃ الیل کی قراءت میں اختلاف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

یعنی اہل شام حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ پر انکار کرتے تھے کیونکہ حضرت ابوالدرداء وما خلق الذکر والانثی نہیں پڑھتے تھے اور والذکر والانثی پڑھتے تھے اور اہل شام کہتے تھے کہ یہ قراءت متواترہ ہے اور حضرت ابوالدرداء اس آیت میں حذف کر کے والذکر والانثی پڑھتے تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۲۵، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۲۔ بَابٌ: وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْأُنْثَى ۝ (اللیل: ۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اس ذات کی (قسم) جس نے نر اور مادہ کو پیدا کیا ○ (اللیل: ۳) کی تفسیر

۴۹۴۴۔ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ قَدِمَ أَصْحَابُ عَبْدِ اللهِ عَلَى أَبِي الدَّرْدَاءِ فَطَلَبَهُمْ فَوَجَدَهُمْ فَقَالَ أَيُّكُمْ يَقْرَأُ عَلَى قِرَاءَةِ عَبْدِ اللهِ قَالَ كُلُّنَا قَالَ فَأَيُّكُمْ أَحْفَظُ فَأَشَارُوا إِلَى عَلْقَمَةَ قَالَ كَيْفَ سَمِعْتَهُ يَقْرَأُ وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى قَالَ عَلْقَمَةُ وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثَى قَالَ أَشْهَدُ أَنِّي سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقْرَأُ هَكَذَا وَهَؤُلَاءِ يُرِيدُونِي عَلَى أَنْ أَقْرَأَ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْأُنْثَى وَاللهِ لَا أُتَابِعُهُمْ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عمر بن حفص نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الاعمش نے حدیث بیان کی از ابراہیم، انہوں نے بیان کیا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود کے اصحاب حضرت ابو الدرداء کے پاس آئے تو حضرت ابو الدرداء نے ان سے (کسی قاری کو) طلب کیا، پس انہوں نے اس کو پا لیا، پس حضرت ابو الدرداء نے پوچھا: تم میں سے کون حضرت عبداللہ بن مسعود کی قرأت کے موافق پڑھتا ہے، ابراہیم نے کہا: ہم سب ان کے موافق پڑھتے ہیں، پھر انہوں نے پوچھا: تم میں سے کون زیادہ حافظ ہے؟ تو سب نے علقمہ کی طرف اشارہ کیا تو حضرت ابو الدرداء نے پوچھا: تم نے حضرت ابن مسعود سے وَ الَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ○ (اللیل: ۱) کو کس طرح پڑھتے ہوئے سنا ہے؟ علقمہ نے کہا: والذکر والانثی حضرت ابوالدرداء نے کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس طرح پڑھتے ہوئے سنا ہے اور یہ لوگ (اہل شام) ارادہ کرتے ہیں کہ میں وَ مَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى پڑھوں اور اللہ کی قسم! میں ان کی موافقت نہیں کروں گا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۲۸۷ میں گزر چکی ہے۔

حضرت ابوالدرداء اور حضرت ابن مسعود کی قراءت متواترہ کی مخالفت کرنے کی توجیہ اور تحقیق

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے علقمہ وغیرہ سے پوچھا کہ تم میں سے کون حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی قراءت کے موافق پڑھتا ہے

Marfat.com

تو حضرت ابن مسعود کے تمام شاگردوں نے علقمہ کی طرف اشارہ کیا تو حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے علقمہ سے پوچھا کہ تم نے حضرت عبداللہ کو وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی کی کس طرح قراءت کرتے ہوئے سنا ہے؟ تو علقمہ نے کہا: والذکر والانثی یعنی وَمَا خَلَقَ الذَّکَرَ وَالْاُنْثٰی نہیں پڑھا۔ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح یعنی والذکر والانثی پڑھتے ہوئے سنا ہے اور یہ اہل شام چاہتے ہیں کہ میں وَمَا خَلَقَ الذَّکَرَ وَالْاُنْثٰی پڑھوں اور میں اس قراءت پر ان کی موافقت نہیں کروں گا یعنی وَمَا خَلَقَ کا اضافہ نہیں کروں گا۔

حضرت ابوالدرداء نے کہا کہ میں اہل شام کی موافقت نہیں کروں گا حالانکہ اہل شام کی قراءت متواترہ تھی اور حضرت ابو الدرداء کی قراءت یقینی تھی کیونکہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس طرح سنا تھا۔

اگر تم یہ سوال کرو کہ پھر اہل شام کو چاہیے تھا کہ وہ حضرت ابوالدرداء کی مخالفت نہ کرتے تو میں کہوں گا کہ ان کی قراءت بھی یقینی تھی اور ان کی قراءت کا ثبوت بھی تواتر سے تھا۔

علامہ المازری نے کہا ہے: اس پر اور جو اس کے حکم میں ہو اس پر اعتقاد رکھنا واجب ہے کہ یہ پہلے تھا، پھر منسوخ ہو گیا اور جن کو ان کے منسوخ ہونے کا علم نہیں ہوا وہ اپنی قراءت پر قائم رہے یا یہ اس سے پہلے کا واقعہ ہے جب ان کے پاس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا مصحف نہیں پہنچا تھا اور اس پر اجماع ہے کہ ہر منسوخ آیت اس مصحف سے محذوف ہو چکی ہے اور جب حضرت عثمان کا مصحف ظاہر ہو گیا تو پھر ان میں سے کوئی شخص بھی اس کے خلاف گمان نہیں رکھتا تھا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۲۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حضرت ابوالدرداء کی قراءت کے منسوخ ہونے پر تمام مسلمانوں کا اجماع

علامہ ابوالحفص عمر بن علی بن احمد انصاری الشافعی المعروف بابن الملقن المتوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

علامہ المازری کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ ابن ابوداؤد نے المصاحف میں حضرت ابوالدرداء کی قراءت کو نہیں لکھا اور غالباً حضرت ابوالدرداء کو قراءت متواترہ نہیں پہنچی تھی اور تمام مسلمانوں نے اس قراءت میں ان کی مخالفت کی ہے۔

(التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۳ ص ۵۳۹، وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ھ)

حضرت ابوالدرداء اور حضرت ابن مسعود کی قراءت متواترہ کی مخالفت کرنے کی مزید توجیہ

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

ہر چند کہ اس روایت کی نسبت حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگردوں کی طرف بہت قوی ہے مگر اب قراءت متواترہ پر اجماع ہو چکا ہے اور غالباً حضرت ابوالدرداء کی قراءت والذکر والانثی کی تلاوت منسوخ ہو چکی ہے اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن مسعود کے شاگردوں تک اس کے منسوخ ہونے کا علم نہیں پہنچا تھا اور تعجب ہے کہ کوفہ میں جو علقمہ اور حضرت ابن مسعود کے شاگرد تھے انہوں نے بھی ان کی قراءت کے موافق نہیں پڑھا اور اسی طرح اہل شام نے بھی حضرت ابو الدرداء کی قرآت کے موافق نہیں پڑھا، اس سے یہ بات قوی ہو جاتی ہے کہ ان کی قراءت کی تلاوت منسوخ ہو چکی ہے۔

(فتح الباری ج ۶ ص ۱۲۰، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

Marfat.com

۳۔ بَابٌ: فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝ (اللیل:۵)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پس جس نے (اللہ کی راہ میں) دیا اور اللہ سے ڈر کر گناہوں سے بچتا رہا O (اللیل:۵) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی جس نے اللہ کی راہ میں اپنے مال سے عطا کیا اور اپنے رب سے ڈرا اور حرام کاموں سے اجتناب کیا۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص۴۲۶)

۴۹۴۵۔ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ رضی الله عنه قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي بَقِيعِ الْغَرْقَدِ فِي جَنَازَةٍ فَقَالَ مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَقَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَمَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ أَفَلَا نَتَّكِلُ فَقَالَ اعْمَلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ ثُمَّ قَرَأَ فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى إِلَى قَوْلِهِ لِلْعُسْرٰى۔

(صحیح مسلم: ۲۶۴۷، سنن ترمذی: ۲۱۳۶، السنن الکبریٰ للنسائی: ۱۱۶۷۹)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابونعیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از الاعمش از سعد بن عبیدہ از ابوعبدالرحمٰن السلمی از حضرت علی رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نبی ﷺ کے ساتھ بقیع الغرقد میں ایک جنازے میں تھے، پس آپ نے فرمایا: تم میں سے ہر شخص کا جنت میں ٹھکانا اور دوزخ میں ٹھکانا لکھ دیا گیا ہے تو صحابہ نے کہا: یارسول اللہ! کیا ہم اسی پر اعتماد نہ کرلیں؟ تو آپ نے فرمایا: تم عمل کرو، پس ہر عمل آسان کر دیا گیا ہے، پھر آپ نے یہ آیات تلاوت کیں: فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝۵ وَ صَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝۶ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝۷ وَ أَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۝۸ وَ كَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝۹ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝۱۰ (اللیل:۵۔۱) پس جس نے (اللہ کی راہ میں) دیا اور اللہ سے ڈر کر گناہوں سے بچتا رہا O اور نیک باتوں کی تصدیق کرتا رہا O پس عنقریب ہم اس کو آسانی (جنت) مہیا کریں گے O اور جس نے بخل کیا اور اللہ سے بے پرواہ رہا O اور نیک باتوں کی تکذیب کی O پس عنقریب ہم اس کو دشواری (دوزخ) مہیا کریں گے O

اس حدیث کی مفصل شرح صحیح البخاری: ۱۳۶۲ میں کی جا چکی ہے، تاہم چند ضروری امور کا یہاں بیان کیا جا رہا ہے:

بقیع الغرقد کا معنی

اس حدیث میں بقیع الغرقد کا لفظ ہے ''بقیع'' اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں مختلف اقسام کے درخت ہوں۔ بقیع الغرقد اہل مدینہ کا قبرستان ہے۔

جب سب کچھ تقدیر میں لکھا ہوا ہے تو پھر عمل کی کیا ضرورت ہے

جب رسول اللہ ﷺ نے یہ خبر دی کہ اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی سعادت اور شقاوت کو کتاب میں لکھ دیا ہے تو صحابہ نے قصد کیا کہ اس لکھے ہوئے کو حجت قرار دے کر عمل کرنے کو ترک کر دیں تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں یہ بتلایا کہ یہاں پر دو چیزیں ہیں اور

Marfat.com

ایک چیز کی وجہ سے دوسری چیز باطل نہیں ہوتی، ایک ظاہر چیز ہے اور دوسری باطن چیز ہے اور وہی علت موجبہ ہے اور دوسری ظاہری چیز ہے اور وہ بندہ کے حق میں تتمہ لازمہ ہے اور وہ خیالی علامت ہے اور آپ نے یہ بیان فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جو پیدا کیا ہے اور دنیا میں اس کا عمل آخرت کے انجام کی دلیل ہے، اسی لیے اللہ عزوجل نے فرمایا:

فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی ۝ وَ صَدَّقَ بِالْحُسْنٰی ۝ فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلْیُسْرٰی ۝ (اللیل:۵۔۷)

پس جس نے (اللہ کی راہ میں) دیا اور اللہ سے ڈر کر گناہوں سے بچتا رہا ○ اور نیک باتوں کی تصدیق کرتا رہا ○ پس عنقریب ہم اس کو آسانی (جنت) مہیا کریں گے ○

اس کی نظیر یہ ہے کہ انسان کی قسمت میں رزق لکھ دیا ہے لیکن اس کو کمانے کا حکم دیا ہے اور اس کی زندگی کی مدت تقدیر میں مقرر ہے لیکن اس کو بیماری کا علاج کرنے کا حکم دیا ہے، اسی طرح نیک بختی بھی اور بدبختی بھی تقدیر میں مقرر ہے لیکن اس کو نیکی کرنے اور برائی کو ترک کرنے کا حکم دیا ہے، پس جس طرح وہ تقدیر کے لکھے ہوئے رزق پر اعتماد کر کے حصول رزق کے لیے جدوجہد کو ترک نہیں کرتا اور تقدیر میں لکھی ہوئی مدت پر اعتماد کر کے بیماری میں علاج کو ترک نہیں کرتا، اسی طرح اس کو چاہیے کہ وہ تقدیر میں لکھی سعادت اور شقاوت پر اعتماد کر کے نیک اعمال کے کرنے اور برے اعمال کے نہ کرنے کو ترک نہ کرے، پس تقدیر میں لکھا ہوا امر باطنی علت موجبہ اور اللہ تعالیٰ کا حکم ہے اور انسان کے اعمال تتمہ لازمہ ہیں اور خیالی علامت ہیں اور امر باطنی کی وجہ سے امر ظاہری کو ترک نہیں کیا جائے گا۔ (عمدۃ القاری ج ۸ ص ۳۷۳ ملخصاً، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۔ بَابٌ: وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی ①

(اللیل:۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور نیک باتوں کی تصدیق کرتا رہا ○ (اللیل:۶) کی تفسیر

۔۔۔۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ كُنَّا قُعُودًا عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ نَحْوَهُ

۔۔۔۔ امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں مسدد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالواحد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الاعمش نے حدیث بیان کی از سعد بن عبیدہ از ابو عبدالرحمٰن از حضرت علی رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نبی ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، پھر انہوں نے اسی حدیث کا ذکر کیا۔

۵۔ بَابٌ: فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلْیُسْرٰی ○

(اللیل:۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پس عنقریب ہم اس کو آسانی (جنت) مہیا کریں گے ○ (اللیل:۷) کی تفسیر

۴۹۴۶۔ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ كَانَ فِي جَنَازَةٍ فَأَخَذَ عُودًا يَنْكُتُ فِي الْأَرْضِ فَقَالَ مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَقَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ أَوْ مِنَ الْجَنَّةِ قَالُوا يَا رَسُولَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں بشر بن خالد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں محمد بن جعفر نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از سلیمان از سعد بن عبیدہ از ابو عبدالرحمٰن السلمی از حضرت علی رضی اللہ عنہ از نبی ﷺ، آپ ایک جنازے میں تھے، آپ ایک لکڑی پکڑ کر زمین کو کریدنے لگے، پھر آپ نے فرمایا: تم میں سے ہر شخص کے ٹھکانے کے متعلق لکھ دیا

Marfat.com

اللهِ أَفَلَا نَتَّكِلُ قَالَ اعْمَلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى الْآيَةَ قَالَ شُعْبَةُ وَحَدَّثَنِي بِهِ مَنْصُورٌ فَلَمْ أُنْكِرْهُ مِنْ حَدِيثِ سُلَيْمَانَ۔

گیا ہے کہ اس کا ٹھکانہ دوزخ میں ہوگا یا جنت میں، صحابہ نے کہا: یارسول اللہ! کیا ہم اسی پر اعتماد نہ کرلیں؟ آپ نے فرمایا: تم عمل کرو، پس ہر عمل آسان کر دیا گیا ہے (پھر آپ نے یہ آیات پڑھیں:) فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۙ﴿۵﴾ وَ صَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۙ﴿۶﴾ (اللیل:۶۔۵) پس جس نے (اللہ کی راہ میں) دیا اور اللہ سے ڈر کر گناہوں سے بچتا رہا○ اور نیک باتوں کی تصدیق کرتا رہا○ شعبہ نے کہا: مجھے یہ حدیث منصور نے بیان کی اور انہوں نے سلیمان کی حدیث کا انکار نہیں کیا۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۳۶۲ میں گزر چکی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ اسی حدیث کی ایک اور سند ہے۔ (عمدۃ القاری ج۱۹ ص ۴۲۸)

۶۔ بَابٌ: وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۙ﴿۸﴾ (اللیل:۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جس نے بخل کیا اور اللہ سے بے پرواہ رہا○ (اللیل:۸) کی تفسیر

۴۹۴۷۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَام قَالَ كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَقَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَمَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللهِ أَفَلَا نَتَّكِلُ قَالَ لَا اعْمَلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ ثُمَّ قَرَأَ فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى إِلَى قَوْلِهِ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَى۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں وکیع نے حدیث بیان کی از الاعمش از سعد بن عبیدہ از ابوعبدالرحمان از حضرت علی علیہ السلام، وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، آپ نے فرمایا: تم میں سے ہر شخص کا ٹھکانا لکھ دیا گیا ہے، اس کا ٹھکانا جنت سے ہوگا اور دوزخ سے ہوگا، پس ہم نے کہا: یارسول اللہ! کیا ہم اسی پر اعتماد نہ کرلیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں تم عمل کرو، پھر آپ نے یہ آیات پڑھیں: فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۙ﴿۵﴾ وَ صَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۙ﴿۶﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۘ﴿۷﴾ وَ اَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۙ﴿۸﴾ وَ كَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۙ﴿۹﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۘ﴿۱۰﴾ (اللیل:۱۰۔۵) پس جس نے (اللہ کی راہ میں) دیا اور اللہ سے ڈر کر گناہوں سے بچتا رہا○ اور نیک باتوں کی تصدیق کرتا رہا○ پس عنقریب ہم اس کو آسانی (جنت) مہیا کریں گے○ (اور جس نے بخل کیا اور اللہ سے بے پرواہ رہا○ اور نیک باتوں کی تکذیب)○ پس عنقریب ہم اس کو دشواری (دوزخ) مہیا کریں گے○

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۳۶۲ میں گزر چکی ہے۔

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ اس حدیث کی ایک اور سند ہے جس کی امام بخاری نے یحییٰ سے روایت کی ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۲۸)

۷۔ بَابٌ: وَ كَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝ (اللیل:۹)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور نیک باتوں کی تکذیب کی ○ (اللیل:۹) کی تفسیر

۴۹۴۸۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ رضی الله عنه قَالَ كُنَّا فِي جَنَازَةٍ فِي بَقِيعِ الْغَرْقَدِ فَأَتَانَا رَسُولُ اللهِ ﷺ فَقَعَدَ وَقَعَدْنَا حَوْلَهُ وَمَعَهُ مِخْصَرَةٌ فَنَكَّسَ فَجَعَلَ يَنْكُتُ بِمِخْصَرَتِهِ ثُمَّ قَالَ مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ وَمَا مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوسَةٍ إِلَّا كُتِبَ مَكَانُهَا مِنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَإِلَّا قَدْ كُتِبَتْ شَقِيَّةً أَوْ سَعِيدَةً قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللهِ أَفَلَا نَتَّكِلُ عَلَى كِتَابِنَا وَنَدَعُ الْعَمَلَ فَمَنْ كَانَ مِنَّا مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ فَسَيَصِيرُ إِلَى عَمَلِ أَهْلِ السَّعَادَةِ وَمَنْ كَانَ مِنَّا مِنْ أَهْلِ الشَّقَاءِ فَسَيَصِيرُ إِلَى عَمَلِ أَهْلِ الشَّقَاوَةِ قَالَ أَمَّا أَهْلُ السَّعَادَةِ فَيُيَسَّرُونَ لِعَمَلِ أَهْلِ السَّعَادَةِ وَأَمَّا أَهْلُ الشَّقَاوَةِ فَيُيَسَّرُونَ لِعَمَلِ أَهْلِ الشَّقَاءِ ثُمَّ قَرَأَ فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى الْآيَةَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عثمان بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں جریر نے حدیث بیان کی از منصور از سعد بن عبیدۃ از ابوعبدالرحمٰن السلمی از حضرت علی رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم بقیع الغرقد میں ایک جنازے میں تھے تو ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے، پس آپ بیٹھ گئے اور ہم بھی آپ کے گرد بیٹھ گئے اور آپ کے پاس ایک لکڑی تھی، پس آپ نے سر مبارک جھکایا اور لکڑی سے زمین کو کریدنے لگے، پھر فرمایا: تم میں سے جو شخص بھی ہے اور جو شخص بھی سانس لینے والا ہے اس کا جنت اور دوزخ سے ٹھکانا لکھ دیا گیا ہے اور یہ لکھ دیا گیا ہے کہ وہ بدبخت ہے یا نیک بخت ہے، ایک مرد نے کہا: یارسول اللہ! کیا ہم اپنے اس لکھے ہوئے پر اعتماد نہ کرلیں اور عمل کو چھوڑ دیں، پس ہم میں سے جو شخص نیک بخت ہوگا وہ عنقریب نیک بختوں کے ساتھ مل جائے گا اور جو ہم میں سے بدبخت ہوگا عنقریب بدبختوں کے ساتھ مل جائے گا، آپ نے فرمایا: رہا وہ شخص جو نیک بخت ہے تو اس کے لیے نیک بختوں کے عمل آسان کر دیئے جائیں گے اور رہا وہ شخص جو بدبخت ہے تو اس کے لیے بدبختوں کے عمل آسان کر دیئے جائیں گے، پھر آپ نے یہ آیات پڑھیں: فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝ وَ صَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ○ (اللیل:۵۔۶) پس جس نے (اللہ کی راہ میں) دیا اور اللہ سے ڈر کر گناہوں سے بچتا رہا ○ پس عنقریب ہم اس کو آسانی (جنت) مہیا کر دیں گے ○

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۳۶۲ میں گزر چکی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ اس حدیث کی ایک اور سند ہے جس کی امام بخاری نے عثمان بن ابی شیبہ سے روایت کی ہے، اس حدیث میں مخصرۃ کا لفظ ہے، اس کا معنی ہے: انسان اپنے ہاتھ میں جو لاٹھی وغیرہ رکھتا ہے، علامہ الکرمانی نے اس حدیث کی شرح میں کہا ہے

Marfat.com

کہ بادشاہ اپنے ہاتھ میں لاٹھی وغیرہ رکھتے ہیں جس سے وہ اشارہ کرتے ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ ہاتھ میں عصا اور لاٹھی وغیرہ رکھنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۲۹، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۸۔ بَابٌ: فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝ (اللیل:۱۰)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پس عنقریب ہم اس کو دشواری (دوزخ) مہیا کریں گے ○ (اللیل:۱۰) کی تفسیر

۴۹۴۹۔ حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْأَعْمَشِ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ رضی الله عنه قَالَ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ فِي جَنَازَةٍ فَأَخَذَ شَيْئًا فَجَعَلَ يَنْكُتُ بِهِ الْأَرْضَ فَقَالَ مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَقَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ وَمَقْعَدُهُ مِنَ الْجَنَّةِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ أَفَلَا نَتَّكِلُ عَلَى كِتَابِنَا وَنَدَعُ الْعَمَلَ قَالَ اعْمَلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ أَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ فَيُيَسَّرُ لِعَمَلِ أَهْلِ السَّعَادَةِ وَأَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الشَّقَاءِ فَيُيَسَّرُ لِعَمَلِ أَهْلِ الشَّقَاوَةِ ثُمَّ قَرَأَ فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى الْآيَةَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں آدم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از الاعمش، انہوں نے کہا: میں نے سعد بن عبیدہ سے سنا، وہ حدیث بیان کرتے ہیں از ابوعبدالرحمٰن السلمی از حضرت علی رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک جنازے میں تھے، پس آپ نے کوئی چیز پکڑی اور اس کے ساتھ زمین کریدنے لگے، پھر آپ نے فرمایا: تم میں سے ہر شخص کے متعلق اس کا دوزخ میں ٹھکانا اور جنت میں ٹھکانا لکھ دیا گیا ہے تو صحابہ نے کہا: یارسول اللہ! کیا پس ہم اس لکھے ہوئے پر اعتماد نہ کرلیں اور عمل کو چھوڑ دیں؟ آپ نے فرمایا: تم عمل کرو، ہر شخص کے لیے وہ عمل آسان کر دیا گیا ہے جس کے لیے وہ پیدا کیا گیا ہے۔ رہا وہ شخص جو اہل سعادت میں سے ہے تو اس کے لیے اہل سعادت کے عمل آسان کر دیئے جائیں گے اور رہا وہ شخص جو اہل شقاوت میں سے ہے تو اس کے لیے اہل شقاوت کے عمل آسان کر دیئے جائیں گے، پھر آپ نے یہ آیتیں پڑھیں: فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ○ (اللیل:۶۔۵) پس جس نے (اللہ کی راہ میں) دیا اور اللہ سے ڈر کر گناہوں سے بچتا رہا ○ پس عنقریب ہم اس کو آسانی (جنت) مہیا کریں گے ○

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۳۶۲ میں گزر چکی ہے۔

حدیث مذکور کا چھ سندوں کے ساتھ مروی ہونا

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ اس حدیث مذکور کی چھٹی سند ہے، امام بخاری نے اس حدیث کی چھ مختلف سندوں کے ساتھ روایت کی ہے اور ہر سند کے ساتھ اس حدیث کے باب کا ایک مستقل اور الگ عنوان قائم کیا ہے، اس حدیث کے متون میں کچھ کمی اور زیادتی ہے لیکن تمام متون کا مضمون واحد ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۲۹)

اہل بیت کرام کے اسماء کے ساتھ علیہ السلام لکھنے کا جواز اور رضی اللہ عنہ لکھنے کا افضل ہونا، اس کے متعلق مصنف کی تحقیق

میں کہتا ہوں: امام بخاری کی یہ چھ سندیں حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ پر منتہی ہوتی ہیں، امام بخاری نے پانچ سندوں میں حضرت مولیٰ

Marfat.com

علی رضی اللہ عنہ کے نام کے ساتھ رضی اللہ عنہ لکھا ہے اور ایک حدیث (صحیح بخاری: ۴۹۲۷) کی سند کے ساتھ حضرت مولیٰ علی کے نام کے ساتھ علیہ السلام لکھا ہے، اس سے یہ معلوم ہوا کہ امام بخاری کے نزدیک رضی اللہ عنہ کے کلمات میں علیہ السلام کے کلمات سے زیادہ فضیلت ہے اور انہوں نے ایک حدیث کی سند میں حضرت مولیٰ علی کے نام کے ساتھ علیہ السلام لکھ کر یہ مسئلہ واضح کیا ہے کہ حضرت مولیٰ علی اور دیگر اہل بیت کہ اسماء گرامی کے ساتھ علیہ السلام لکھنا بھی جائز ہے کیونکہ بعض ناصبی اور خارجی، حضرات اہل بیت کے ساتھ عداوت رکھنے کی وجہ سے ان کے ناموں کے ساتھ علیہ السلام لکھنے کو ناجائز کہتے تھے اور اس دور میں بھی بعض ایسے متشدد لوگ ہیں جو حضرت علی علیہ السلام یا حضرت فاطمہ علیہا السلام یا حضرت حسنین علیہما السلام لکھنے کو ناجائز کہتے ہیں، امام بخاری پر اللہ تعالیٰ کی بے شمار رحمتیں ہوں انہوں نے ان اہل بیت کرام کے اسماء گرامی کے ساتھ اپنی صحیح بخاری کی متعدد احادیث میں علیہ السلام لکھ کر یہ واضح کیا کہ اہل محبت کے نزدیک ان حضرات کے اسماء کے ساتھ علیہ السلام لکھنا جائز ہے۔

تاہم جیسا کہ ہم نے تصریح کی ہے کہ اہل بیت کرام کے اسماء مبارک کے ساتھ رضی اللہ عنہ لکھنا علیہ السلام لکھنے کی بہ نسبت زیادہ افضل ہے کیونکہ سلام تو ہر مومن پر پڑھا جا سکتا ہے خواہ وہ زندہ ہو یا وفات پا چکا ہو کیونکہ زندہ کو کہا جاتا ہے: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اور وفات یافتہ لوگوں کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: السلام علیکم یا اھل القبور (سنن ترمذی: ۱۰۵۳) نیز حدیث میں ہے: السلام علیکم یا اھل المقابر۔ (مسند احمد ج ۳ ص ۴۸۹، سنن دارمی مقدمہ: ۱۵)

اور امام بیہقی روایت کرتے ہیں:

عن ابی هريرة قال اذا مر الرجل بقبر يعرفه فَسَلَّمَ عليه رَدَّ عليه السلامَ و عرفه واذا مَرَّ بقبر لا يَعْرِفه فسلم عليه رَدَّ عليه السلامَ۔

(شعب الایمان جزء ۷ ص ۱۷، رقم الحدیث: ۹۲۹۶، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۰ھ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب کوئی مرد اپنی قبر کے پاس سے گزرے جس کو وہ پہچانتا ہو اور اس پر سلام پڑھے تو قبر والا اس کے سلام کا جواب دیتا ہے اور اس کو پہچانتا ہے اور اگر وہ اپنی قبر کے پاس سے گزرے جس کو وہ نہ پہچانتا ہو اور سلام کرے تب بھی وہ اس کے سلام کا جواب دیتا ہے۔

اور امام مسلم اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن ابی هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اتى المقبرة فقال السلام عليكم دَارَ قَوْمٍ مومنين وَانا ان شاء الله بكم لاحقون۔ الحديث۔

(صحیح مسلم: ۲۷۴، سنن نسائی: ۱۵۰، سنن ابن ماجہ: ۴۳۰۶، مسند احمد: ۸۸۸۷)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبرستان میں آئے اور فرمایا: اے مومنین کے گھر! تم پر سلام ہو اور بے شک ہم بھی تم سے ملنے والے ہیں۔

اور رضی اللہ عنہم کے کلمات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے لیے کہے جاتے ہیں یا پھر ان کاملین اور عارفین کے لیے جو اصحاب احسان ہوں یعنی محسنین ہوں یا متقین ہوں یعنی اللہ تعالیٰ سے بہت ڈرنے والے ہوں، اور ہر قسم کے گناہوں سے اجتناب کرتے ہوں۔ صحابہ اور محسنین کے لیے رضی اللہ عنہم کہنے کے ثبوت میں یہ آیت کریمہ ہے:

وَ السّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوْا

اور مہاجرین اور انصار میں سے (نیکی میں) سبقت کرنے والے اور سب سے پہلے ایمان لانے والے اور جن مسلمانوں نے نیکی

عَنْهُ (التوبہ:۱۰۰) میں ان کی اتباع کی اللہ ان سے راضی ہو گیا اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے۔

اور متقین اور اللہ سے بہت ڈرنے والوں اور ہر قسم کے گناہوں سے اجتناب کرنے والوں کے متعلق یہ آیت مبارک ہے:

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۝ (البینہ:۸) اللہ ان سے راضی ہو گیا اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے۔ یہ (جزاء) اس کے لیے ہے جو اپنے رب سے ڈرتا رہا ○

سو واضح ہو گیا کہ رضی اللہ عنہم کے دعائیہ کلمات کہنا صحابہ کرام اور محسنین اور متقین کاملین کے ساتھ مخصوص ہے جب کہ علیہ السلام کے دعائیہ کلمات میں ایسی کوئی تخصیص نہیں ہے ان کو ہر مسلمان کے لیے کہنا جائز ہے۔

میرے دل میں بڑے عرصہ سے یہ خواہش تھی کہ رضی اللہ عنہ اور علیہ السلام کے درمیان فرق کو واضح کروں اور یہ بتاؤں کہ اہل بیت کرام کے اسماء مبارکہ کے ساتھ علیہ السلام لکھنا جائز ہے لیکن افضل یہی ہے کہ ان کے اسماء مبارکہ کے ساتھ بھی رضی اللہ عنہ لکھا جائے۔ الحمد للہ رب العالمین صحیح بخاری کی اس حدیث کی شرح میں یہ خواہش پوری ہو گئی۔

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ اللیل کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور جو احادیث روایت کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہو گئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز سورۂ والضحیٰ کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور احادیث روایت کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۹۳۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ وَالضُّحٰی

سورۂ والضحیٰ کی تفسیر

سورۃ والضحیٰ کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ والضحیٰ کی بعض آیات کی تفسیر ہے، یہ سورت مکی ہے اور اس میں گیارہ آیات ہیں۔

علامہ الثعلبی نے کہا ہے کہ الضحیٰ کا معنی ہے: پورا دن اور قتادہ اور مقاتل نے کہا ہے: یعنی چاشت کا وقت، یہ وہ وقت ہے جس میں سورج پوری طرح بلند ہو جاتا ہے (طلوع آفتاب کے دو گھنٹے بعد) اور گرمی اور سردی میں دن معتدل ہوتا ہے اور واؤ قسم کے لیے ہے یعنی چاشت کے رب کی قسم۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۲۹)

میں کہتا ہوں کہ ہم نے سورۂ والضحیٰ کی تفسیر میں لکھا ہے: مشرکین کا یہ دعویٰ تھا کہ سیدنا محمد ﷺ کو آپ کے رب نے چھوڑ دیا اور وہ آپ سے بیزار ہو گیا، وہ اپنے اس دعویٰ پر کوئی گواہ پیش نہیں کر سکے، پھر قاعدہ کے مطابق نبی ﷺ پر لازم تھا کہ آپ ان کے اس دعویٰ کے انکار پر قسم اٹھاتے، پس قسم آپ پر آتی تھی لیکن اللہ تعالیٰ نے آپ کی جگہ دن اور رات کی قسم کھا کر فرمایا: آپ کے رب نے آپ کو نہ چھوڑا ہے اور نہ آپ سے بیزار ہوا ہے اور یہ واضح فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اور آپ کا معاملہ واحد ہے آپ کی اطاعت اللہ کی اطاعت ہے آپ کی رضا اللہ کی رضا ہے، آپ کی بیعت اللہ کی بیعت ہے، اسی طرح جو قسم آپ پر لازم آتی ہے وہ اللہ پر قسم ہے، اس لیے فرمایا: دن کی قسم! اور رات کی قسم! آپ کے رب نے آپ کو نہیں چھوڑا ہے اور نہ آپ سے بیزار ہوا ہے، بعض مفسرین نے ذکر کیا ہے کہ "والضحیٰ" سے مراد ہے: آپ کے روشن چہرے کی قسم! اور "واللیل" سے مراد ہے: آپ کی سیاہ زلفوں کی قسم!۔ (تفسیر بیضاوی ج ۲ ص ۱۹۲) (انوار تبیان القرآن ص ۹۵۸، فرید بک اسٹال لاہور، ۱۴۳۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ إِذَا سَجَى اسْتَوَى وَقَالَ غَيْرُهُ سَجَى أَظْلَمَ وَسَكَنَ۔

اور مجاہد نے کہا: إِذَا سَجَى: کا معنی ہے: جب رات برابر ہو جائے اور دوسروں نے کہا: جب رات تاریک ہو جائے یا ساکن ہو جائے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَى ۝ (والضحیٰ: ۲)

اور رات کی قسم! جب وہ پھیل جائے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس تعلیق کو ابو محمد نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

امام بخاری نے کہا اور مجاہد کے علاوہ دوسروں نے کہا کہ سَجَى کا معنی ہے: جب رات تاریک ہو جائے، یہ تفسیر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے، اور انہوں نے دوسری تفسیر کی ہے: جب رات ساکن ہو جائے، یہ تفسیر بھی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے اور حسن بصری سے منقول ہے: جب رات آ جائے اور ان سے یہ بھی منقول ہے: جب رات ٹھہر جائے اور ساکن ہو جائے۔ امام طبری نے کہا: ان اقوال میں اولیٰ یہ ہے کہ جب رات ساکن ہو جائے کیونکہ جب سمندر ساکن ہو تو کہا جاتا ہے: بَحْرٌ سَاجٍ یعنی سَاكِنٌ۔

Marfat.com

حافظ ابن حجر عسقلانی نے بھی اس تعلیق کی یہی شرح کی ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۲۲)

عَائِلًا ذُو عِيَالٍ — عَآئِلًا: اس کا معنی ہے: بال بچوں والا (یعنی ضرورت مند)۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَأَغْنٰى ۝ (والضحیٰ: ۸) — آپ کو ضرورت مند پایا تو غنی کر دیا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے العائل کی تفسیر کی ہے: بال بچوں والا، اور علامہ ثعلبی نے کہا ہے، فاغنیٰ اس کا معنی ہے کہ آپ کو پہلے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے مال سے غنی کر دیا، پھر غنیمتوں کے مال سے آپ کو غنی کر دیا، اور مقاتل نے کہا ہے: آپ کو رزق عطا کر کے آپ کو راضی کر دیا، اور ابن عطاء سے منقول ہے کہ آپ کے دل کو ضرورت مند پایا تو آپ کے دل کو غنی کر دیا۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۳۰۔۴۲۹ میں کی ہے]

۱۔ بَابٌ: مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ۝ (والضحیٰ: ۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ کے رب نے آپ کو نہیں چھوڑا اور نہ وہ بیزار ہوا ○ (والضحیٰ: ۳) کی تفسیر

۴۹۵۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا الْأَسْوَدُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ جُنْدُبَ بْنَ سُفْيَانَ رضی الله عنه قَالَ اشْتَكَى رَسُولُ اللهِ ﷺ فَلَمْ يَقُمْ لَيْلَتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا فَجَاءَتْ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ يَا مُحَمَّدُ إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَكُونَ شَيْطَانُكَ قَدْ تَرَكَكَ لَمْ أَرَهُ قَرِبَكَ مُنْذُ لَيْلَتَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةٍ فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ وَالضُّحَى وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى قَوْلُهُ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى۔ (صحیح مسلم: ۱۷۹۷)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں زہیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الاسود بن قیس نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ بیمار ہو گئے تو آپ دو راتیں یا تین راتیں نہیں اٹھے تو آپ کے پاس ایک عورت آئی، سو اس نے کہا: اے محمد (صلی اللہ علیک وسلم)! بے شک مجھے امید ہے کہ آپ کے شیطان نے آپ کو چھوڑ دیا ہے اور میں نے نہیں دیکھا کہ وہ دو یا تین راتوں سے آپ کے قریب آیا ہو، تب اللہ عزوجل نے یہ آیات نازل فرمائیں: وَالضُّحٰى ۝ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۝ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ۝ (والضحیٰ: ۳۔۱) چاشت کے وقت کی قسم! ○ اور رات کی قسم جب وہ پھیل جائے ○ آپ کے رب نے آپ کو نہیں چھوڑا اور نہ وہ بیزار ہوا ○

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۱۲۴ میں گزر چکی ہے۔

نبی ﷺ پر اعتراض کرنے والی عورت کا نام

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

جب آپ بیمار ہونے کی وجہ سے دو یا تین راتیں تہجد کے لیے نہیں اٹھ سکے تو آپ کے پاس ایک عورت آئی، اس کی کنیت ام جمیل تھی، یہ ابولہب کی بیوی اور حرب کی بیٹی تھی اور ابوسفیان کی بہن تھی اور اس کا نام العوراء تھا یعنی کانی۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۳۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۳۱ھ)

Marfat.com

صحیح بخاری کے علاوہ دیگر کتب حدیث میں سورۂ والضحیٰ کے سبب نزول کے متعلق دیگر روایات اور ان کا غیر معتبر ہونا

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

امام طبرانی نے اس آیت کے سبب نزول میں مجہول راویوں سے یہ روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تخت کے نیچے ایک کتے کا پلا تھا جس کا آپ کو پتا نہیں تھا، اس وجہ سے حضرت جبرئیل علیہ السلام آپ کے پاس نہیں آئے اور آپ کے تخت کے نیچے کتے کا پلا ہونے کی وجہ سے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے آپ کے پاس نہ آنے کا قصہ مشہور ہے، لیکن اس آیت کا یہ سبب نزول بیان کرنا غریب ہے بلکہ شاذ ہے اور حدیث صحیح کی بنا پر مردود ہے۔

اس آیت کے نزول کا صحیح حدیث میں یہ سبب ہے کہ آپ دو یا تین راتیں تہجد کے لیے نہیں اٹھے تھے جس کا سبب آپ کی بیماری تھا۔

اس آیت کے نزول کا تیسرا سبب یہ ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن مجید نازل ہوا تو کئی دن تک حضرت جبرئیل علیہ السلام نہیں آئے، اس سے آپ کو بہت رنج ہوا اور مشرکین نے کہا: آپ کو آپ کے رب نے چھوڑ دیا اور آپ سے بیزار ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

مَاوَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَاقَلٰى ۝ (والضحیٰ: ۳) آپ کے رب نے آپ کو نہیں چھوڑا اور نہ وہ بیزار ہوا O

اور اسماعیل مولیٰ آل الزبیر کی سند سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی کا آنا رک گیا، اس سے آپ غمگین ہوئے، پس آپ نے فرمایا: مجھے خوف ہے کہ میرا صاحب مجھ سے ناراض ہو گیا ہے، تب حضرت جبرئیل سورۂ والضحیٰ لے کر نازل ہوئے اور محمد بن عبدالاعلیٰ نے اپنی سند کے ساتھ روایت کی ہے کہ وحی کا آنا رک گیا تو مشرکین نے کہا: اگر یہ وحی اللہ کی طرف سے تھی تو مسلسل آتی رہتی لیکن اللہ تعالیٰ ان سے ناراض ہو گیا، تب اللہ تعالیٰ نے مکمل سورۃ والضحیٰ اور مکمل سورہ الم نشرح نازل فرمائیں اور حق بات یہ ہے کہ سورۂ والضحیٰ کے سبب نزول میں جو وحی کا رکنا بیان کیا گیا ہے یہ اور قصہ ہے جو ابتداء وحی میں وحی کے منقطع ہونے کا قصہ ہے، یہ اس کے علاوہ ہے، نیز ابتداء وحی میں جو وحی کا انقطاع ہوا تھا وہ کئی دنوں پر محیط تھا اور وہ صرف دو یا تین راتوں تک وحی کے نہ آنے کا قصہ نہیں ہے، پس بعض راویوں پر یہ دونوں قصے خلط ملط ہو گئے اور صحیح سبب نزول وہی ہے جو صحیح بخاری میں مذکور ہے۔

پھر میں نے سیرت ابن اسحاق میں دیکھا اس میں سورۂ والضحیٰ کا ایک اور سبب نزول بیان کیا گیا ہے، وہ یہ ہے کہ جب مشرکین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ذوالقرنین اور روح وغیرہ کے متعلق سوال کیا اور آپ نے ان سے کل جواب دینے کا وعدہ فرما لیا اور آپ نے ان شاء اللہ نہیں کہا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام آپ کے پاس بارہ (۱۲) یا اس سے زیادہ راتوں تک نہیں آئے، اس سے آپ کو رنج ہوا اور مشرکین نے آپ کے خلاف باتیں کیں تو حضرت جبرئیل علیہ السلام سورۂ والضحیٰ لے کر اور ان کے سوالوں کے جوابات لے کر نازل ہوئے اور یہ آیت نازل ہوئی:

وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَايْءٍ اِنِّيْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ۝ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ (الکہف: ۲۳-۲۴) اور آپ کسی کام کے متعلق یہ ہرگز نہ کہیں کہ میں یہ کام کل کرنے والا ہوں O مگر یہ کہ اللہ چاہے۔

اور سورۂ والضحیٰ کا یہاں پر ذکر کرنا بہت بعید ہے لیکن ہو سکتا ہے کہ ان دونوں قصوں کا زمانہ قریب قریب ہو تو بعض راویوں نے ایک قصہ کو دوسرے قصہ کے ساتھ ملا دیا اور ان میں سے کوئی قصہ بھی بعثت کی ابتداء سے متعلق نہیں ہے اور یہ بعثت کے بہت بعد کا

Marfat.com

قصہ ہے۔(فتح الباری ج ۶ ص ۱۲۳۔ ۱۲۲، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۲۔ بَابٌ: مَاوَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَاقَلٰى ۝ (الضحیٰ: ۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: آپ کے رب نے آپ کو نہیں چھوڑا اور نہ آپ سے بیزار ہوا ○ (الضحیٰ: ۳) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: المستملی کی روایت میں یہ باب مکرر ہے اور دوسروں کی روایت میں یہ باب مکرر نہیں ہے کیونکہ انہوں نے پہلے باب کو ذکر نہیں کیا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۳۰)

مَاوَدَّعَكَ کو دال کی تشدید کے ساتھ اور تخفیف کے ساتھ دونوں طرح پڑھا گیا ہے اور دونوں کا معنی ایک ہے یعنی آپ کے رب نے آپ کو نہیں چھوڑا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: تشدید کے ساتھ **مَاوَدَّعَكَ** پڑھنا جمہور کی قراءت ہے اور تخفیف کے ساتھ مَا وَدَعَكَ پڑھنا ابن ابی عبلہ کی قراءت ہے۔

امام بخاری نے کہا: ان دونوں قراءتوں کا معنی واحد ہے یعنی آپ کے رب نے آپ کو نہیں چھوڑا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۳۰)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے: امام ابوعبیدہ نے کہا ہے کہ **مَاوَدَّعَكَ** باب تفعیل سے ہے اور مَا وَدَعَكَ ثلاثی مجرد کے باب سے ہے اور ان میں فرق یہ ہے کہ باب تفعیل کے الفاظ زیادہ ہیں اور لفظ کی زیادتی معنی کی زیادتی پر دلالت کرتی ہے، اس لیے **مَاوَدَّعَكَ** کے معنی میں ترک کرنے کا مبالغہ ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۲۳)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس کا معنی ہے: اللہ تعالیٰ نے آپ کو نہیں چھوڑا اور نہ وہ آپ سے ناراض ہوا۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: **مَاقَلٰى** اور **فَهَدٰى** اس سورت کے یہ کلمات ایک وزن پر ہیں ان کو رعایت فواصل کہا جاتا ہے اور قرآن مجید کے غیر میں ان کو رعایت سجع کہا جاتا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۳۱)

۴۹۵۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ جُنْدُبًا الْبَجَلِيَّ قَالَتْ امْرَأَةٌ يَا رَسُولَ اللهِ مَا أُرَى صَاحِبَكَ إِلَّا أَبْطَأَكَ فَنَزَلَتْ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں محمد بن جعفر غندر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی از الاسود بن قیس، انہوں نے کہا: میں نے حضرت جندب البجلی رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک عورت نے کہا: یا رسول اللہ! میری رائے یہ ہے کہ آپ کے صاحب (یعنی حضرت جبرئیل علیہ السلام) نے آپ کے پاس آنے میں دیر لگادی، تب یہ آیت نازل ہوئی: **مَاوَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَاقَلٰى** ○ (الضحیٰ: ۳) آپ کے رب نے آپ کو نہیں چھوڑا اور نہ وہ آپ سے بیزار ہوا○

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۱۲۴ میں گزر چکی ہے۔

دوسری حدیث میں آپ سے کہنے والی عورت کا مصداق

علامہ محمد بن یوسف کرمانی متوفی ۷۸۶ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث پر یہ سوال ہوتا ہے کہ وہ عورت تو کافرہ تھی تو اس نے کیسے کہا: یارسول اللہ! اس کا جواب یہ ہے یا تو اس عورت نے آپ کا مذاق اڑانے کے لیے یارسول اللہ کہا تھا اور یا پھر حدیث میں یارسول اللہ ﷺ کے الفاظ کی روایت راوی کے تصرفات میں سے ہے۔ (تحقیق الکواکب الدراری ج ۱۷ ص ۱۹۷، داراحیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۰۱ھ)

اس پر دلیل کہ دوسری روایت میں جو عورت مذکور ہے وہ پہلی روایت میں مذکور عورت کی غیر ہے

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس سیاق وسباق سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس حدیث میں جس عورت کا یہ بیان ہے یارسول اللہ! میری رائے ہے کہ آپ کے صاحب نے یعنی حضرت جبرئیل نے آپ کے پاس آنے میں تاخیر کردی اور اس سے پہلی حدیث میں جس عورت کا ذکر ہے وہ لکڑیاں اٹھا کر لانے والی تھی کیونکہ اس نے آپ کے صاحب کو شیطان سے تعبیر کیا تھا اور کہا تھا کہ آپ کے شیطان نے آپ کو چھوڑ دیا بہ خلاف اس روایت کے کیونکہ اس روایت میں اس عورت نے شیطان کے بجائے آپ کے صاحب کا اور چھوڑنے کے بجائے تاخیر کرنا کہا اور علامہ کرمانی نے یہ جائز قرار دیا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ حدیث کی عبارت میں یہ تغیر راوی کے تصرف کی وجہ سے ہو کیونکہ دونوں حدیثوں کا مخرج واحد ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۲۴۔ ۱۲۳، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

علامہ عینی کا علامہ کرمانی اور حافظ ابن حجر عسقلانی کے ساتھ مناقشہ

علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں: علامہ کرمانی نے جو کہا ہے: وہ عورت کافرہ تھی، اس پر یہ اعتراض ہے کہ علامہ کرمانی کو یہ کیسے معلوم ہوا کہ امام بخاری کی اس سند کے ساتھ روایت میں جس عورت کا ذکر ہے وہ کافرہ تھی، ہاں! امام بخاری نے پہلی سند کے ساتھ جو روایت کی ہے اس میں ہوسکتا ہے کہ وہ عورت کافرہ ہو کیونکہ اس عورت نے یہ کہا تھا کہ مجھے امید ہے کہ آپ کے شیطان نے آپ کو چھوڑ دیا اور یہ بات نہ کوئی مسلمان مرد کہہ سکتا ہے اور نہ کوئی مسلمان عورت کہہ سکتی ہے، نیز اس دوسری روایت میں اس عورت نے کہا: آپ کا صاحب اور یارسول اللہ! کہا اور یہ بات کوئی کافر نہیں کہہ سکتا۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے علامہ کرمانی کی عبارت کے متعلق کہا کہ اس کی توجیہ کی گئی ہے کیونکہ دونوں روایتوں کا مخرج واحد ہے۔ حافظ ابن حجر کی اس عبارت پر یہ اعتراض ہے کہ مخرج کا واحد ہونا اس بات کو مستلزم نہیں ہے کہ دونوں عورتیں ایک ہوں یعنی جس عورت کا پہلی روایت میں ذکر کیا گیا ہے یہ وہی عورت ہو جس کا دوسری روایت میں ذکر کیا گیا ہے، علاوہ ازیں علامہ واحدی نے عروہ سے روایت کی ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نبی ﷺ کے پاس آنے میں تاخیر کردی تو آپ کو بہت رنج ہوا، پس حضرت خدیجہ نے کہا کہ آپ کا رب آپ سے ناراض ہوگیا تو یہ آیت نازل ہوئی، یعنی الضحیٰ: ۳۔

حضرت جبرئیل علیہ السلام کی نبی ﷺ کے پاس آنے میں تاخیر کی مدت

ابن جریج سے روایت ہے کہ یہ مدت بارہ دن تھی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ پندرہ دن تھی اور ان سے دوسری روایت ہے کہ پچیس (۲۵) دن تھی اور مقاتل سے روایت ہے کہ چالیس (۴۰) دن تھی اور دوسرا قول ہے تین دن تھی۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۳۲۔ ۴۳۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ والضحیٰ کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور احادیث روایت کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہوگئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ سورہ الم نشرح کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۹۴۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ أَلَمْ نَشْرَحْ

سورۃ الم نشرح لک کی تفسیر

سورۃ الم نشرح لک کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورہ الم نشرح کی بعض آیات کی تفسیر ہے، یہ سورت مکی ہے اور اس میں آٹھ (۸) آیات ہیں۔

الم نشرح کا معنی ہے: کیا ہم نے آپ کا سینہ ایمان، نبوت، علم اور حکمت سے کھول نہیں دیا اور اس کو وسیع نہیں کر دیا اور اس میں ہمزہ استفہام حقیقی کے لیے نہیں ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۳۲)

میں کہتا ہوں: ہم نے اس سورت کی تفسیر میں لکھا ہے کہ کفار کے طعن و تشنیع اور ان کی دل آزار باتوں سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو رنج ہوتا تھا اور آپ کا سینہ تنگ ہوتا تھا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کا سینہ کھول دیا اور وسیع کر دیا اور یا اس سے مراد آپ کا شق صدر ہے جب بچپن میں اور نبوت کے قریب اور معراج کے موقع پر آپ کا سینہ مبارک چاک کیا گیا تھا اور اس کو علم و عرفان کے ساتھ بھر دیا گیا تھا۔ (انوار تبیان القرآن ص ۹۵۹، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ وِزْرَكَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ۔ اور مجاہد نے کہا: وِزْرَكَ کا معنی ہے: وہ امور جو زمانہ جاہلیت میں صادر ہوئے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ (الم نشرح: ۲) اور آپ سے (پر مشقت چیزوں کا) بوجھ اتار دیا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ فی الجاھلیۃ، وزر کی صفت ہے اور وَضَعْنَا کے متعلق نہیں ہے اور اس سے مراد یہ ہے کہ زمانہ جاہلیت میں افضل کام کو ترک کرنے اور فاضل کو کرنے کی وجہ سے جو آپ کے اوپر بوجھ تھا ہم نے وہ بوجھ اتار دیا یعنی خطا اور سہو کے ارتکاب کی وجہ سے جو آپ پر بوجھ تھا وہ اتار دیا، دوسرا قول ہے: اس سے مراد ہے: آپ کی امت کے گناہ اور آپ کی طرف ان کی اضافت اس لیے کی ہے کہ آپ کا دل ان کی مغفرت کی فکر میں مشغول رہتا تھا۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ترک افضل کام اور خطاء اور سہو کی تحقیق

میں کہتا ہوں: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی خطاء سرزد نہیں ہوئی، اللہ تعالیٰ علامہ عینی کو معاف فرمائے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف کیسے خطاء کی نسبت کر دی، رہا اجتہادی خطا کا معاملہ تو جمہور علماء آپ کی اجتہادی خطاء کے قائل ہیں اور محققین علماء کہتے ہیں کہ دوسرے انبیاء علیہم السلام سے اجتہادی خطاء ہوتی تھی جیسے حضرت آدم علیہ السلام نے شجر ممنوعہ سے کھانے کو تنزیہی ممانعت گمان کیا حالانکہ وہ تحریمی ممانعت تھی یا جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے اجتہاد سے ایک قبطی کو اس خیال سے تادیباً گھونسا مارا کہ وہ مرے گا نہیں لیکن وہ قضاء الٰہی سے مر گیا تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے اجتہادی خطاء سے بھی محفوظ رکھا ہے اور جن امور کو جمہور علماء نے آپ

Marfat.com

کی اجتہادی خطاء کہا وہ حقیقت میں خطاء نہیں ہیں بلکہ وہ وحی خفی پر مبنی ہیں اور ان میں بہت حکمتیں ہیں جن کو ہم اپنے مقام پر بیان کر چکے ہیں۔

رہا سہو کا معاملہ تو سہو کا معنی ہے: کسی چیز کی طرف سے توجہ ہٹ جانا، نبی ﷺ جب نماز میں اللہ تعالیٰ کی صفات کے مطالعہ میں مشغول ہوتے تو نماز کے کسی کام کی طرف سے آپ کی توجہ ہٹ جاتی اور آپ کو سہو ہو جاتا، ہم کو نماز میں اس لیے سہو ہوتا ہے کہ ہم دنیا کے کسی کام یا کسی بات میں مستغرق ہو کر نماز کے کسی کام کو بھول جاتے ہیں، ہم دنیا کی محبت میں اللہ کی یاد کو بھول جاتے ہیں اور نبی ﷺ اللہ کی محبت میں دنیا کو بھول جاتے ہیں، سو ہمارا سہو اور نسیان نقص ہے اور آپ کا سہو اور نسیان کمال اور باعث فضیلت ہے۔

رہا آپ کا کسی افضل کام کو ترک کرنا تو یہ بھی امت کی تعلیم کے لیے ہوتا ہے مثلاً آپ نے بتایا کہ فجر کے وقت جب سفیدی پھیل جائے تو نماز پڑھنے کا زیادہ اجر ہوتا ہے اور یہ افضل ہے لیکن آپ نے فجر کی نماز اول وقت اندھیرے میں بھی پڑھی اور افضل کام کو ترک کر دیا تا کہ امت کو یہ معلوم ہو جائے کہ فجر کی نماز اندھیرے میں بھی پڑھنا جائز ہے اور مسائل شرعیہ کی تعلیم دینا آپ پر فرض ہے، لہٰذا آپ نے جو ترک افضل کیا اس میں بھی آپ کو فرض کی ادائیگی کا اجر و ثواب ہوگا، ہمارا ترک افضل کرنا نقص ہے اور آپ کا ترک افضل کرنا یا خلاف اولیٰ کام کرنا کمال اور باعث فضیلت ہے۔

اسی طرح آپ نے کھڑے ہو کر پانی پینے سے منع فرمایا لیکن آپ نے بعض اوقات کھڑے ہو کر بھی پانی پیا ہے، زمزم کا پانی آپ نے کھڑے ہو کر پیا تا کہ یہ معلوم ہو جائے کہ کھڑے ہو کر پانی پینا بھی جائز ہے اگرچہ خلاف اولیٰ ہے لیکن یہ بھی ہم کریں تو خلاف اولیٰ ہے، نبی ﷺ نے مسئلہ کی تعلیم کے لیے کھڑے ہو کر پانی پیا تو آپ کا اس میں وہی ثواب ہے جو فرض کی ادائیگی کا اجر و ثواب ہوتا ہے۔

کیونکہ علامہ عینی نے اور علامہ کرمانی نے یہاں نبی ﷺ کی طرف ترک افضل اور خطاء اور سہو کی نسبت کی تھی اس لیے میں نے ضروری سمجھا کہ میں نبی ﷺ کے ترک افضل اور خطاء اور سہو کی حقیقت کو واضح کروں، اللہ تعالیٰ میری جسارت کو معاف فرمائے، میں علامہ عینی کے علم کے مقابلہ میں ذرہ ناچیز سے بھی کم تر ہوں اور ان کی گرد راہ کو بھی نہیں پہنچتا لیکن نبی ﷺ کے ادب واحترام اور آپ کی عظمت و کمال کو بیان کرنے کے لیے لب کشائی کرنا ایک الگ بات ہے۔

أَنْقَضَ أَثْقَلَ۔ أَنْقَضَ: کا معنی ہے بھاری کر دیا یا بوجھل کر دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ (الم نشرح: ۳) جس نے آپ کی پشت کو گراں بار کر دیا تھا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری کی اس تفسیر کی امام ابن جریر طبری نے اپنی سند کے ساتھ روایت کی ہے، عرب لوگ کہتے ہیں: انقض الجمل ظهر الناقة کہ اونٹ نے اونٹنی کی پشت کو بوجھل کر دیا، یہ اس وقت کہتے ہیں جب اونٹنی کی پشت بھاری ہو جائے، اور الفراء نے کہا ہے: اس کا معنی ہے: جس نے آپ کی پشت کو توڑ دیا تھا۔

مع العسر يسرا قال ابن عيينة أي مع ذلك العسر يسرا آخر كقوله هل تربصون بنا إلا إحدى الحسنيين ونحن نقلب عسرا بين يسرين۔

مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ (الم نشرح: ۵) ابن عیینہ نے کہا: اس مشکل کے ساتھ دوسری آسانی ہے، جیسا کہ قرآن مجید میں ہے: قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ۭ (التوبہ: ۵۲) تم ہماری دو بھلائیوں (فتح یا شہادت) میں سے ایک کا انتظار کر رہے ہو۔

اور ایک مشکل دو آسانیوں پر کبھی غالب نہیں آسکتی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ پس بے شک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے ۝ بے شک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے ۝ (الم نشرح:۵۔۶)

نحویوں کے اس قاعدہ کی وضاحت کہ جب معرفہ مکرر ہو تو ثانی اول کا عین ہوتا ہے اور جب نکرہ مکرر ہو تو ثانی اول کا غیر ہوتا ہے، لہٰذا الم نشرح: ۳، میں ایک مشکل کے ساتھ دو آسانیوں کا ذکر ہے اور اس کی احادیث اور آثار سے تائید

علامہ عینی لکھتے ہیں: سفیان بن عیینہ کی تفسیر میں نحویوں کے اس قاعدہ کی طرف اشارہ ہے کہ جب معرفہ مکرر ہو تو ثانی اول کا عین ہوتا ہے اور جب نکرہ مکرر ہو تو ثانی اول کا غیر ہوتا ہے اور اس آیت میں الْعُسْرِ (مشکل) مکرر ہے اور وہ معرفہ ہے جس کا مطلب ہے کہ مشکل وہی ایک ہے اور یسر بھی مکرر ہے اور وہ نکرہ ہے، اس کا مطلب ہے کہ پہلی آسانی دوسری آسانی کی غیر ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ مشکل تو ایک ہے اور اس کے ساتھ آسانیاں دو ہیں، اسی لیے ابن عیینہ نے کہا کہ ایک مشکل دو آسانیوں پر ہرگز غالب نہیں آسکتی۔ ابن عیینہ نے اس آیت کی التوبہ: ۵۲ کے ساتھ تشبیہ دی ہے اور تشبیہ کی وجہ یہ ہے کہ جس طرح مومنین کے لیے بھلائیوں کا تعدد ثابت ہے اسی طرح مومنین کے لیے آسانیوں کا تعدد ثابت ہے۔

امام ابن مردویہ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی سند ضعیف کے ساتھ یہ روایت کی ہے کہ اس آیت کی تفسیر میں مجھ پر یہ وحی کی گئی ہے کہ ایک مشکل دو آسانیوں پر ہرگز غالب نہیں آسکتی۔

اور امام سعید بن منصور اور امام عبدالرزاق نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر مشکل ایک سوراخ میں داخل ہو تو اسی سوراخ میں آسانی داخل ہو کر اس مشکل کو نکال دیتی ہے اور ایک مشکل دو آسانیوں پر ہرگز غالب نہیں آسکتی۔ اس حدیث کی سند بھی ضعیف ہے۔

امام عبد بن حمید نے اپنی سند کے ساتھ قتادہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو اس آیت کے ساتھ بشارت دی، اور فرمایا: ایک مشکل دو آسانیوں پر ہرگز غالب نہیں آسکتی۔ یہ حدیث مرسل ہے۔

امام مالک نے زید بن اسلم سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کی طرف مکتوب لکھا ہے جس میں فرمایا: میرے معاملہ میں کوئی تنگی پیش آتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے بعد کشادگی فرما دیتا ہے اور ایک مشکل دو آسانیوں پر ہرگز غالب نہیں آسکتی۔ (یہ حدیث الموطا میں نہیں ہے)

امام حاکم نے کہا ہے: اس حدیث کی حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما سے روایت صحیح ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۳۳، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ فَانْصَبْ فِي حَاجَتِكَ إِلَى رَبِّكَ۔ اور مجاہد نے کہا: فَانْصَبْ کا معنی ہے: اپنی ضرورت میں اپنے رب کی طرف رجوع کریں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

Marfat.com

فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ (الم نشرح:۷) پس جب آپ (تبلیغ سے) فارغ ہوں تو عبادت پر کمر بستہ ہوں ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی جب آپ عبادت سے فارغ ہوں تو اپنی ضرورت پوری کرنے کے لیے خوب کوشش کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں اور امام ابوجعفر نے مجاہد سے اس طرح روایت کی ہے کہ جب آپ نماز کے لیے کھڑے ہوں تو اپنی ضروریات میں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کریں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب آپ فرض نماز سے فارغ ہوں تو اللہ تعالیٰ سے سوال کریں اور اس کی طرف رغبت کریں اور اس سے دعا کریں اور قتادہ نے کہا: اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے کہ جب آپ نماز سے فارغ ہوں تو بہت مبالغہ کے ساتھ دعا کریں اور فانصب کا معنی نصب سے ماخوذ ہے، اس کا معنی ہے: کسی کام میں اپنے آپ کو تھکا دینا۔

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: اس کا معنی ہے: آپ اپنی نیت اور رغبت اللہ تعالیٰ کی طرف رکھیں، اور امام ابن ابی حاتم نے زید بن اسلم سے روایت کی ہے کہ جب آپ جہاد سے فارغ ہوں تو اللہ عزوجل کی عبادت کریں۔

(فتح الباری ج ۶ ص ۱۲۴، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ شَرَحَ اللَّهُ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ذکر کیا جاتا ہے کہ أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ (الم نشرح:۱) اس آیت کی تفسیر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کا سینہ اسلام کے لیے کھول دیا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ (الم نشرح:۱) (اے رسول مکرم!) کیا ہم نے آپ کی خاطر آپ کا سینہ کشادہ نہیں کیا؟ ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ تفسیر امام ابن مردویہ نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے اور اس روایت کی سند ضعیف ہے، اور حسن بصری سے منقول ہے کہ ہم نے آپ کے سینہ کو علم اور حلم سے بھر دیا، اور مقاتل سے منقول ہے: ہم نے آپ کے سینہ کو تنگ ہونے کے بعد وسیع کر دیا۔

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

امام بخاری نے اس تفسیر میں کوئی حدیث مرفوع ذکر نہیں کی اور اس تفسیر میں امام ابن حبان کی اس صحیح حدیث کو داخل کرنا چاہیے۔

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس حضرت جبرئیل آئے اور کہا: آپ کا رب ارشاد فرماتا ہے: کیا آپ کو معلوم ہے کہ آپ کا ذکر کس طرح بلند کیا گیا ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ہی زیادہ جاننے والا ہے، حضرت جبرئیل علیہ السلام نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب میرا ذکر کیا جاتا ہے تو اس کے ساتھ آپ کا (بھی) ذکر کیا جاتا ہے، اس حدیث کی امام شافعی، امام سعید بن منصور اور امام عبدالرزاق نے مجاہد سے روایت کی ہے اور اس کا امام ترمذی اور امام حاکم نے اپنی تفسیروں میں شب معراج کو آپ کے شرح صدر کے سلسلہ میں ذکر کیا ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۲۵، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

اس حدیث کی جن تعلیقات کو ہم نے علامہ عینی کے حوالہ سے ذکر کیا ہے ان کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۳۴۔۴۳۲ میں کی ہے۔

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۂ الم نشرح کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ والتین کی تفسیر میں امام بخاری نے جو دو تعلیقیں اور ایک حدیث ذکر کی ہے ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۹۵۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ وَالتِّیْنِ

سورۂ والتین کی تفسیر

سورۂ والتین کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۂ والتین کی بعض آیات کی تفسیر ہے، یہ سورت مکی ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ یہ سورت مدنی ہے اور اس سورت میں آٹھ آیات ہیں۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ هُوَ التِّيْنُ وَالزَّيْتُوْنُ الَّذِی يَأْكُلُ النَّاسُ۔ اور مجاہد نے کہا: یہ تین (انجیر) اور زیتون ہیں جن کو لوگ کھاتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ○ (والتین:۱) انجیر اور زیتون کی قسم! ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام ابن ابی نجیح سے روایت ہے کہ انجیر اور زیتون وہ پھل ہیں جن کو لوگ کھاتے ہیں اور قتادہ سے روایت ہے کہ التین دمشق کا ایک پہاڑ ہے اور الزیتون بیت المقدس کا ایک پہاڑ ہے۔

انجیر اور زیتون کے طبی فوائد

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: انجیر عمدہ اور لذیذ پھل ہے، یہ بلغم کو تحلیل کرتا ہے، گردوں کو صاف کرتا ہے، مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور حدیث میں ہے: یہ بواسیر کو قطع کرتا ہے اور گنٹھیا کے درد میں مفید ہے۔

(بیضاوی مع الخفاجی ج ۹ ص ۵۲۱)

زیتون مشہور پھل ہے، اس سے تیل نکالا جاتا ہے جس کو روغن زیتون کہتے ہیں۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ زیتون کی مسواک کیا خوب ہے، وہ مبارک درخت کی ہے جو بدبو کو زائل کرتی ہے، یہ میری مسواک ہے اور مجھ سے پہلے انبیاء کی مسواک ہے۔ (المعجم الاوسط: ۶۸۲) (انوار تبیان القرآن ص ۹۶۰، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

فَمَا يُكَذِّبُكَ فَمَا الَّذِی يُكَذِّبُكَ بِأَنَّ النَّاسَ يُدَانُوْنَ بِأَعْمَالِهِمْ كَأَنَّهُ قَالَ وَمَنْ يَقْدِرُ عَلَى تَكْذِيْبِكَ بِالثَّوَابِ وَالْعِقَابِ۔ فَمَا يُكَذِّبُكَ کی تفسیر میں کہا جاتا ہے: پس وہ کون ہے جو آپ کی اس بات کی تکذیب کرتا ہے کہ لوگوں کو ان کے اعمال کی جزاء دی جائے گی گویا کہ یوں فرمایا کہ ثواب اور عقاب کے متعلق آپ کی تکذیب پر کون قادر ہے؟

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ○ (التین:۷) سو کون ہے جو اس کے بعد قیامت کے متعلق آپ کی تکذیب کرے ○

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت میں مطلقاً انسان سے خطاب ہے جیسا کہ لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ (التین:۴) (بے شک ہم نے انسان کو پیدا کیا) میں انسان کا ذکر ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ اس آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب ہے۔

[ان دونوں تعلیقوں کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۳۴ میں کی ہے]

۱۔ بَابٌ

باب

۴۹۵۲۔ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ أَخْبَرَنِي عَدِيٌّ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ رضی الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ فِي سَفَرٍ فَقَرَأَ فِي الْعِشَاءِ فِي إِحْدَى الرَّكْعَتَيْنِ بِالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے عدی نے خبر دی، انہوں نے کہا: میں نے حضرت البراء رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر میں تھے تو آپ نے عشاء کی کسی ایک رکعت میں التین والزیتون کی تلاوت کی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری ۷۶۷ میں گزر چکی ہے۔

تَقْوِيمِ الْخَلْقِ۔

تقویم کا معنی ہے: خلق اور بناوٹ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ ۝ (التین:۴) بے شک ہم نے انسان کو بہترین ساخت میں پیدا کیا۝

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

اس تعلیق کو امام ابونعیم نے روایت کیا ہے اور الفریابی نے اس تعلیق کو مجاہد سے سند موصول کے ساتھ روایت کیا ہے اور امام ابن المنذر نے سند حسن کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ انسان کو معتدل بناوٹ کے ساتھ بنایا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جو مسلمان قرآن پڑھتا ہے وہ اسفل سافلین یعنی ارذل عمر کی طرف نہیں لوٹایا جاتا۔

اس سوال کا جواب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی کون سی رکعت میں سورۃ التین پڑھی تھی؟

حافظ ابن حجر لکھتے ہیں: بعض لوگوں نے بہ کثرت یہ سوال کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے والتین والزیتون کو پہلی رکعت میں پڑھا تھا یا دوسری رکعت میں پڑھا تھا یا پہلی اور دوسری دونوں رکعتوں میں پڑھا تھا، یا آپ نے اس سورت کے علاوہ کسی اور سورت کی بھی عشاء کی نماز میں تلاوت کی تھی، اس وقت مجھے اس سوال کا جواب مستحضر نہیں تھا حتیٰ کہ میں نے ابوعلی بن السکن کی کتاب الصحابہ میں حضرت زرعہ بن خلیفہ کے تذکرہ میں پڑھا جو اہل یمامہ میں سے ایک مرد تھے، وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق سنا تو ہم آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپ نے ہمارے سامنے اسلام کو پیش کیا، پس ہم اسلام لے آئے اور آپ نے ہمیں (مال غنیمت میں سے) حصہ عطا فرمایا اور آپ نے نماز میں وَالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ اور إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ کو پڑھا، پس ہو سکتا ہے کہ یہ وہی نماز ہو جس کے متعلق حضرت البراء بن عازب رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ یہ عشاء کی نماز تھی اور یہ بھی ہو کہا جا سکتا ہے کہ آپ نے اس نماز کی پہلی رکعت میں سورۃ والتین پڑھی اور دوسری رکعت میں آپ نے سورۃ القدر پڑھی اور اس تقریر سے اس

سوال کا جواب مل جاتا ہے اور اس کی تقویت اس سے ہوتی ہے کہ حضرت البرآء کی حدیث کے علاوہ اور کسی حدیث میں مذکور نہیں ہے کہ آپ نے عشاء کی نماز میں سورۃ والتین پڑھی اور پھر حضرت زرعہ کی اس حدیث میں اس کا ذکر ہے۔

(فتح الباری ج ۶ ص ۱۲۶۔۱۲۵، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ والتین کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور حدیث روایت کی تھی ان سب کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ العلق کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور احادیث روایت کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۹۶۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِی خَلَقَ

سورۂ اقرأ کی تفسیر

سُوْرَۃُ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِی (العلق) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

صحیح بخاری کے بعض نسخوں میں اس سورت کا نام سورۂ اقراء ہے اور بعض نسخوں میں اس کا نام سورۃ العلق ہے، یہ سورت مکی ہے اور اس میں انیس (۱۹) آیات ہیں۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَتِيقٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اكْتُبْ فِي الْمُصْحَفِ فِي أَوَّلِ الْإِمَامِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ وَاجْعَلْ بَيْنَ السُّورَتَيْنِ خَطًّا

اور قتیبہ نے کہا: ہمیں حماد نے حدیث بیان کی از یحییٰ بن عتیق از الحسن (البصری)، انہوں نے کہا: مصحف میں قرآن مجید کی ابتداء میں (یعنی سورۃ فاتحہ سے پہلے) **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ** لکھو اور دو سورتوں کے درمیان ایک خط کھینچ دو۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس تعلیق کی مطابقت قرآن مجید کی اس آیت سے ہے:

اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ○ (العلق:۱) (اے رسول مکرم!) اپنے رب کے نام سے پڑھیے جس نے پیدا کیا ہے ○

سورۃ فاتحہ اور ہر سورت کے اول میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھنے یا نہ لکھنے کے متعلق حسن بصری کا مذہب

اس تعلیق کا معنی یہ ہے کہ قرآن کی ابتداء میں **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ** لکھو، آیا صرف سورۂ فاتحہ کے اول میں لکھو یا قرآن مجید کی ہر سورت کے اول میں لکھو، اس میں علماء کے درمیان مشہور اختلاف ہے، پس حسن بصری کا مذہب وہ ہے جس کو امام بخاری نے قتیبہ بن سعید کے قول سے سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

حسن بصری نے کہا: مصحف کے اول امام میں لکھو یعنی قرآن مجید کے اول میں لکھو اور قرآن مجید کا اول سورۃ الفاتحہ ہے تو تم فقط سورۃ فاتحہ کی ابتداء میں **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ** لکھو اور ان کے درمیان فاصلہ کی کوئی علامت لکھو، یہ سات قراء میں سے حمزہ کا مذہب ہے۔

علامہ داؤدی نے کہا ہے کہ اگر حسن بصری کی مراد یہ ہے کہ دو سورتوں کے درمیان فقط خط کھینچو اور **بِسْمِ اللّٰهِ** نہ لکھو تو یہ درست نہیں ہے کیونکہ صحابہ کا اس پر اتفاق ہے کہ سورۃ التوبہ کے علاوہ ہر دو سورتوں کے درمیان **بِسْمِ اللّٰهِ** لکھی جاتی ہے اور اگر ان کی مراد یہ ہے کہ ہر دو سورتوں کے درمیان خط کھینچو اور **بِسْمِ اللّٰهِ** لکھو تو یہ مستحسن ہے، اس پر یہ رد کیا گیا ہے کہ **بِسْمِ اللّٰهِ** صرف سورۃ فاتحہ کی ابتداء میں لکھی جائے گی اور باقی دو سورتوں کے درمیان فرق کے لیے خط کھینچ دیا جائے گا یا کوئی علامت ڈال دی جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو سورۃ فاتحہ کے اول میں اور ہر سورت کی ابتداء میں لکھنے کے متعلق مذاہب فقہاء اور علامہ ابن الملقن کا اختلاف

علامہ سہیلی نے کہا ہے: حسن بصری کے مصحف سے جو نقل کیا گیا ہے یہ شاذ ہے اور انہوں نے کہا: اس قول کی بناء پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قرآن ہے اور مصحف میں اس کو نہیں لکھا جاتا جو قرآن نہ ہو اور امام شافعی کے قول سے یہ لازم نہیں آتا کہ بِسْمِ اللّٰہِ ہر سورت کی آیت ہے اور نہ یہ لازم آتا ہے کہ یہ سورۃ فاتحہ کی آیت ہے بلکہ وہ یہ کہتے ہیں: یہ کتاب اللہ کی ایک آیت ہے جو سورت کے ساتھ ملی ہوئی ہے اور یہ امام ابوحنیفہ اور داؤد کا قول ہے۔ علامہ ابن الملقن نے کہا: ہم اس بات کو نہیں مانتے بلکہ جو شخص بھی دلائل میں غور کرے گا اس پر ظاہر ہو جائے گا کہ بِسْمِ اللّٰہِ سورۃ فاتحہ کا جزء ہے اور ہر سورت کا جزء ہے۔

(التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۳ ص ۵۶۱)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو سورۃ فاتحہ کی ابتداء اور ہر سورت کی ابتداء میں لکھنے پر علامہ ابن الملقن کی عبارت کا رد

علامہ عینی علامہ ابن الملقن کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں: میں کہتا ہوں: بغیر دلیل کے صرف یہ کہہ دینا کہ ہم نہیں مانتے یہ درست نہیں ہے بلکہ علامہ ابن الملقن نے جو کہا ہے معاملہ اس کے برعکس ہے کیونکہ جو آدمی دلائل میں ذرا بھی غور کرے گا اس پر یہ واضح ہو جائے گا کہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نہ سورۂ فاتحہ کا جزء ہے اور نہ ہر سورت کا جزء ہے بلکہ یہ آیت مستقلہ ہے جو دو سورتوں کے درمیان فصل کے لیے نازل ہوئی ہے، اسی لیے ابن القصار مالکی نے اس پر اقتصار کیا ہے کہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہر سورت کی ابتدا میں قرآن کا جزء نہیں ہے کیونکہ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو نہیں لکھا گیا ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۳۵، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

امام بخاری کا منشاء یہ ہے کہ ہر سورت کی ابتداء میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کا پڑھنا واجب نہیں ہے

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

علامہ کرمانی نے کہا ہے: گویا کہ امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ جب کہ اس سورت میں یعنی سورۃ العلق کی ابتداء اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ سے کی گئی ہے تو امام بخاری نے یہ ارادہ کیا کہ ہر سورت کی ابتداء میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو پڑھنا واجب نہیں ہے بلکہ جس نے قرآن مجید کی ابتداء میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ لیا تو یہ اس کے لیے اس حکم پر عمل کرنے کے لیے کافی ہے کہ ''اپنے رب کے حکم سے پڑھو'' ہاں علامہ سہیلی نے اس حکم سے یہ مسئلہ نکالا ہے کہ سورۃ فاتحہ کے اول میں بِسْمِ اللّٰہِ کا ثبوت ہے کیونکہ قرآن مجید میں جو سب سے پہلے حکم نازل ہوا وہ بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنے کا حکم ہے، پس قرآن مجید کے اول میں بسم اللہ کو پڑھنا اس حکم پر عمل کرنے کے زیادہ لائق ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۲۶، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ نَادِيَهُ عَشِيرَتَهُ۔ اور مجاہد نے کہا: نَادِيَهُ کا معنی ہے: اس کے رشتہ دار اور اس کا قبیلہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَلْيَدْعُ نَادِيَهُ ۝ (العلق: ۱۷) اسے چاہیے کہ اپنے ہم مجلس مددگاروں کو بلائے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: النادی کا معنی ہے: جس مجلس کو باتیں کرنے کے لیے منعقد کیا گیا ہو، اس کی امام ابن جریر نے اپنی سند کے ساتھ مجاہد سے روایت کی ہے۔

Marfat.com

الزَّبَانِيَةَ الْمَلَائِكَةَ۔ الزبانیۃ: اس کا معنی ہے: فرشتے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ○ (العلق:۱۸) ہم بھی عنقریب دوزخ کے مقرر کردہ فرشتوں کو بلائیں گے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ الزبانیۃ سے مراد فرشتے ہیں، اس کا واحد زَبِنِیَۃٌ ہے اور اس کا معنی کسی کو دھکا دینا ہے اور دوسرا قول ہے: اس کا واحد زَابِنٌ ہے اور اس سے مراد عذاب کے فرشتے ہیں جو بہت سخت اور شدید ہیں۔

وَقَالَ مَعْمَرٌ الرُّجْعَى الْمَرْجِعُ۔ اور معمر نے کہا: اَلرُّجْعٰی کا معنی ہے: اَلْمَرْجِعُ یعنی لوٹنے کی جگہ۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ○ (العلق:۸) بے شک آپ کے رب کی طرف ہی لوٹنا ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے لکھا ہے کہ معمر نے کہا: اسی طرح ابوذر کی روایت میں ہے اور اس سے مراد امام ابوعبیدہ ہیں اور دوسروں کی روایت میں یہ عبارت نہیں ہے، پس گویا کہ یہ بھی مجاہد کا قول ہے اور امام ابوعبیدہ نے اپنی کتاب ''المجاز'' میں لکھا ہے کہ المرجع کا معنی ہے: رجوع یعنی لوٹنا۔

لَنَسْفَعَنْ قَالَ لَنَأْخُذَنَّ وَلَنَسْفَعَنْ بِالنُّونِ وَهِيَ الْخَفِيفَةُ سَفَعْتُ بِيَدِهِ أَخَذْتُ لَنَسْفَعَنْ: اس کا معنی ہے: ہم ضرور پکڑیں گے اور دوسرے نسخہ میں ہے: وَلَنَسْفَعَنْ اور یہ نون خفیفہ ہے سَفَعْتُ بِيَدِهِ کا معنی ہے: میں نے اس کو ہاتھ سے پکڑا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ ۝ بے شک اگر وہ باز نہ آیا تو ہم ضرور اس کو پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر کھینچیں گے ○ (العلق:۱۵)

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی معمر نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ ہم اس کو ضرور سر کے اگلے بالوں سے پکڑ کر کھینچیں گے۔ امام بخاری نے کہا: یہ نون خفیفہ ہے یعنی نون تاکید کا ثقیلہ بھی ہوتا ہے اور خفیفہ بھی ہوتا ہے اور ابوعمرو سے نون ثقیلہ کی روایت ہے

امام بخاری نے کہا: سفعت بیدہ کا معنی ہے: میں نے اس کو ہاتھ سے پکڑا، اس عبارت سے امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ لغت میں السفع کا معنی پکڑنا ہے، دوسرا قول ہے کہ اس کا معنی ہے: شدت سے پکڑنا۔ اور مقاتل نے کہا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ میں داخل ہوئے، دیکھا کہ ابوجہل نے ہبل نامی بت کے گلے میں سونے کا طوق ڈال دیا اور اس پر خوشبو لگائی اور وہ کہہ رہا تھا: اے ہبل! ہر چیز کا شکر ہوتا ہے اور تیری عزت کی قسم! میں اگلے سال سے ضرور تیرا شکر ادا کروں گا اور اس سال ابوجہل کی ایک ہزار اوقیوں نے پیٹ دیئے تھے اور اس نے اپنی تجارت میں ایک ہزار مثقال کمایا تھا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اس سے منع فرمایا: پس ابوجہل نے آپ کو دھمکی دی اور کہا: اللہ کی قسم! اگر میں نے یہاں دیکھا کہ آپ ہمارے خداؤں کے سوا کسی اور کی عبادت کرتے ہیں تو میں ضرور آپ کو سر کے بالوں سے پکڑ کر کھینچوں گا، تب یہ آیت نازل ہوئی: بے شک اگر وہ باز نہ آیا تو ہم ضرور اس کو پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر کھینچیں گے۔ (العلق:۱۵) یعنی دوزخ میں۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج۱۹ ص۴۳۶۔۴۳۵ میں کی ہے]

۱۔ بَابٌ

باب

۴۹۵۳۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ بن بکیر نے حدیث

Marfat.com

عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ح وحَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ مَرْوَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي رِزْمَةَ أَخْبَرَنَا أَبُو صَالِحٍ سَلْمَوَيْهِ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ ﷺ قَالَتْ كَانَ أَوَّلَ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُولُ اللهِ ﷺ الرُّؤْيَا الصَّادِقَةُ فِي النَّوْمِ فَكَانَ لَا يَرَى رُؤْيَا إِلَّا جَاءَتْ مِثْلَ فَلَقِ الصُّبْحِ ثُمَّ حُبِّبَ إِلَيْهِ الْخَلَاءُ فَكَانَ يَلْحَقُ بِغَارِ حِرَاءٍ فَيَتَحَنَّثُ فِيهِ قَالَ وَالتَّحَنُّثُ التَّعَبُّدُ اللَّيَالِيَ ذَوَاتِ الْعَدَدِ قَبْلَ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى أَهْلِهِ وَيَتَزَوَّدُ لِذَلِكَ ثُمَّ يَرْجِعُ إِلَى خَدِيجَةَ فَيَتَزَوَّدُ بِمِثْلِهَا حَتَّى فَجِئَهُ الْحَقُّ وَهُوَ فِي غَارِ حِرَاءٍ فَجَاءَهُ الْمَلَكُ فَقَالَ اقْرَأْ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مَا أَنَا بِقَارِئٍ قَالَ فَأَخَذَنِي فَغَطَّنِي حَتَّى بَلَغَ مِنِّي الْجُهْدَ ثُمَّ أَرْسَلَنِي فَقَالَ اقْرَأْ قُلْتُ مَا أَنَا بِقَارِئٍ فَأَخَذَنِي فَغَطَّنِي الثَّانِيَةَ حَتَّى بَلَغَ مِنِّي الْجُهْدَ ثُمَّ أَرْسَلَنِي فَقَالَ اقْرَأْ قُلْتُ مَا أَنَا بِقَارِئٍ فَأَخَذَنِي فَغَطَّنِي الثَّالِثَةَ حَتَّى بَلَغَ مِنِّي الْجُهْدَ ثُمَّ أَرْسَلَنِي فَقَالَ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ الْآيَاتِ إِلَى قَوْلِهِ عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ فَرَجَعَ بِهَا رَسُولُ اللهِ ﷺ تَرْجُفُ بَوَادِرُهُ حَتَّى دَخَلَ عَلَى خَدِيجَةَ فَقَالَ زَمِّلُونِي زَمِّلُونِي فَزَمَّلُوهُ حَتَّى ذَهَبَ عَنْهُ الرَّوْعُ قَالَ لِخَدِيجَةَ أَيْ خَدِيجَةُ مَا لِي لَقَدْ خَشِيتُ عَلَى نَفْسِي فَأَخْبَرَهَا الْخَبَرَ قَالَتْ خَدِيجَةُ كَلَّا أَبْشِرْ فَوَاللهِ لَا يُخْزِيكَ اللهُ أَبَدًا فَوَاللهِ إِنَّكَ لَتَصِلُ الرَّحِمَ وَتَصْدُقُ الْحَدِيثَ وَتَحْمِلُ الْكَلَّ وَتَكْسِبُ الْمَعْدُومَ وَتَقْرِي الضَّيْفَ وَتُعِينُ عَلَى نَوَائِبِ الْحَقِّ فَانْطَلَقَتْ بِهِ خَدِيجَةُ حَتَّى أَتَتْ بِهِ وَرَقَةَ بْنَ نَوْفَلٍ وَهُوَ ابْنُ عَمِّ خَدِيجَةَ أَخِي أَبِيهَا وَكَانَ امْرَأً تَنَصَّرَ لِي

بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں لیث نے حدیث بیان کی از عقیل از ابن شہاب (ح) اور مجھے سعید بن مروان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں محمد بن عبدالعزیز بن ابی رزمہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابوصالح سلمویہ نے خبر دی، انہوں نے کہا: مجھے عبداللہ نے حدیث بیان کی از یونس بن یزید، انہوں نے کہا: مجھے ابن شہاب نے خبر دی کہ ان کو عروہ بن الزبیر نے خبر دی کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا زوجہ نبی ﷺ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ پر سب سے پہلے جو وحی کی ابتداء کی گئی وہ نیند میں سچے خواب تھے، آپ جو بھی خواب دیکھتے تھے (اس کی تعبیر) روشن صبح کی مثل آجاتی تھی، پھر آپ کے دل میں تنہائی کی محبت ڈالی گئی، پس آپ غار حرا میں چلے جاتے، سو وہاں تحنث کرتے، اس نے کہا: تحنث کا معنی ہے کئی کئی راتوں تک عبادت کرنا، اس سے پہلے کہ آپ اپنی بیوی کی طرف واپس جاتے اور وہ آپ کے لیے زادراہ تیار کرتیں، پھر آپ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی طرف لوٹ آتے، پس وہ اسی کی مثل زادراہ (کھانے کی چیزیں) تیار کرتیں حتیٰ کہ آپ کے پاس اچانک وحی آگئی اور اس وقت آپ غار حراء میں تھے، پس آپ کے پاس فرشتہ آیا، سو اس نے کہا، پڑھیے، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں پڑھنے والا نہیں ہوں، آپ نے فرمایا: پس فرشتے نے مجھ کو پکڑ کر دبایا حتیٰ کہ وہ فرشتہ مجھے دباتے ہوئے انتہائی مشقت کو پہنچ گیا، پھر اس نے مجھے چھوڑ دیا، پس کہا: پڑھیے، میں نے کہا: میں پڑھا ہوا نہیں ہوں، پھر اس نے مجھ کو پکڑا پس اس نے مجھ کو دوبارہ دبایا حتیٰ کہ وہ مجھے دباتے ہوئے انتہائی مشقت کو پہنچ گیا، پھر اس نے مجھے چھوڑ دیا، پس کہا: پڑھیے، میں نے کہا: میں پڑھا ہوا نہیں ہوں، پھر اس نے مجھ کو پکڑا، پس مجھ کو تیسری بار دبایا حتیٰ کہ وہ مجھے دباتے ہوئے انتہائی مشقت کو پہنچ گیا، پھر اس نے مجھے چھوڑ دیا، پس کہا: اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۚ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ (العلق: ۴-۱) (اے رسول مکرم!) اپنے رب کے نام سے پڑھیے جس نے پیدا کیا ہے O

Marfat.com

الْجَاهِلِيَّةِ وَكَانَ يَكْتُبُ الْكِتَابَ الْعَرَبِيَّ وَيَكْتُبُ مِنَ الْإِنْجِيلِ بِالْعَرَبِيَّةِ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ يَكْتُبَ وَكَانَ شَيْخًا كَبِيرًا قَدْ عَمِيَ فَقَالَتْ خَدِيجَةُ يَا ابْنَ عَمِّ اسْمَعْ مِنِ ابْنِ أَخِيكَ قَالَ وَرَقَةُ يَا ابْنَ أَخِي مَاذَا تَرَى فَأَخْبَرَهُ النَّبِيُّ ﷺ خَبَرَ مَا رَأَى فَقَالَ وَرَقَةُ هَذَا النَّامُوسُ الَّذِي أُنْزِلَ عَلَى مُوسَى لَيْتَنِي فِيهَا جَذَعًا لَيْتَنِي أَكُونُ حَيًّا ذَكَرَ حَرْفًا قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ أَوَمُخْرِجِيَّ هُمْ قَالَ وَرَقَةُ نَعَمْ لَمْ يَأْتِ رَجُلٌ بِمَا جِئْتَ بِهِ إِلَّا أُوذِيَ وَإِنْ يُدْرِكْنِي يَوْمُكَ حَيًّا أَنْصُرْكَ نَصْرًا مُؤَزَّرًا ثُمَّ لَمْ يَنْشَبْ وَرَقَةُ أَنْ تُوُفِّيَ وَفَتَرَ الْوَحْيُ فَتْرَةً حَتَّى حَزِنَ رَسُولُ اللهِ ﷺ۔

انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا ہے○ پڑھیے اور آپ کا رب ہی سب سے زیادہ کریم ہے جس نے قلم سے (لکھنا) سکھایا○ یہ آیتیں آپ نے یہاں تک پڑھیں: عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَالَمْ يَعْلَمْ ③ (العلق:۵) انسان کو وہ سکھایا جس کو وہ نہیں جانتا تھا○ رسول اللہ ﷺ نے ان آیات کو اس حال میں دہرایا کہ آپ کے کندھے کپکپا رہے تھے حتیٰ کہ آپ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے، پس آپ نے فرمایا: مجھے کپڑا اوڑھاؤ، مجھے کپڑا اوڑھاؤ، پھر گھر والوں نے آپ کو کپڑا اوڑھایا حتیٰ کہ آپ سے خوف دور ہو گیا، آپ نے حضرت خدیجہ سے فرمایا: اے خدیجہ! مجھے کیا ہو گیا ہے مجھے اپنی جان کا خطرہ ہے، پھر آپ نے حضرت خدیجہ کو اس واقعہ کی خبر دی، حضرت خدیجہ نے کہا: ہرگز نہیں، آپ خوش ہو جائیں، پس اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ آپ کو کبھی بھی شرمندہ نہیں کرے گا، پس اللہ کی قسم! آپ رشتہ داروں سے تعلق جوڑتے ہیں اور سچی بات کرتے ہیں اور لوگوں کا بوجھ اٹھاتے ہیں اور جن کے پاس مال نہ ہو ان کے لیے کماتے ہیں اور مہمانوں کو کھانا کھلاتے ہیں اور راہ حق میں پیش آنے والی مشکلات میں لوگوں کی مدد کرتے ہیں، پھر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا آپ کے ساتھ چل پڑیں حتیٰ کہ آپ کو ورقاء بن نوفل کے پاس لائیں، وہ حضرت خدیجہ کے چچا زاد تھے یعنی ان کے باپ کے بھائی تھے اور وہ ایسے مرد تھے جو زمانہ جاہلیت میں نصرانی ہو گئے تھے اور وہ عربی کتاب لکھتے تھے اور انجیل کو عربی میں لکھتے تھے جتنا اللہ تعالیٰ ان سے لکھوانا چاہتا اور وہ بہت بوڑھے ہو گئے تھے اور نابینا ہو چکے تھے، پس حضرت خدیجہ نے کہا: اے میرے چچا! آپ اپنے بھتیجے کی بات سنیں، ورقاء نے کہا: اے میرے بھتیجے! تم کیا دیکھتے ہو؟ تو نبی ﷺ نے جو کچھ دیکھا اس کی ان کو خبر دی تو ورقاء نے کہا: یہ وہ ناموس ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوا تھا، کاش! میں اس وقت طاقت ور جوان ہوتا اور کچھ الفاظ ذکر کیے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا یہ لوگ مجھ کو نکال دیں گے؟ ورقاء نے کہا: جی ہاں! جو شخص بھی آپ کے پیغام کی مثل لے کر آیا اس کو ایذاء

Marfat.com

پہنچائی گئی، پھر ورقاء زیادہ دن نہ ٹھہرے کہ ان کی وفات ہوگئی اور وحی کا آنا منقطع ہوگیا حتیٰ کہ رسول اللہ ﷺ غمگین ہوگئے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳ میں گزر چکی ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اس حدیث کا مرسل ہونا

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں: ہر چند کہ اس حدیث کی مکمل شرح پہلے گزر چکی ہے لیکن چونکہ فاصلہ بہت طویل ہو چکا ہے اس لیے ہم اس حدیث کی اہم اور مشکل باتوں کی شرح کریں گے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا: علامہ نووی نے کہا کہ یہ حدیث مراسیل صحابہ میں سے ہے کیونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس قصہ کے وقت موجود نہیں تھیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۳۸)

اس حدیث کے مرسل ہونے پر بعض لوگوں کا اعتراض اور حافظ ابن حجر کا جواب

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

بعض وہ لوگ جنہوں نے علامہ نووی کی مراد کو نہیں سمجھا انہوں نے اس پر یہ اعتراض کیا کہ ہوسکتا ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس واقعہ کو نبی ﷺ سے سنا ہو یا کسی اور صحابی سے سنا ہو اور جب یہ ہوسکتا ہے کہ انہوں نے اس واقعہ کو نبی ﷺ سے سنا ہو تو علامہ نووی نے کیسے وثوق سے یہ کہا کہ یہ حدیث مرسل ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ صحابی کی مرسل حدیث وہ ہوتی ہے جس کو وہ ان امور سے روایت کرے جس کا زمانہ انہوں نے نہ پایا ہو بہ خلاف ان امور کے جن کا زمانہ انہوں نے پایا ہو تو اس کی روایت کے متعلق یہ نہیں کہا جاتا کہ یہ حدیث مرسل ہے بلکہ اس پر محمول کیا جاتا ہے کہ انہوں نے اس کو خود سنا یا وہ اس وقت حاضر تھے، خواہ وہ اس کی تصریح نہ کریں اور یہ قید صحابی کی مرسل کے ساتھ مخصوص نہیں ہے بلکہ تابعی بھی جب کسی ایسے قصہ کی روایت کرے جس قصہ کے وقت وہ حاضر نہیں تھا تو اس کی روایت کا نام بھی حدیث مرسل رکھا جاتا ہے، ہر چند کہ یہ جائز ہے کہ اس نے اس قصہ کو اس صحابی سے سنا ہو جو اس قصہ کے وقت حاضر تھا اور رہے وہ امور جن کے زمانہ کو اس نے پایا ہو تو اس روایت کو اس پر محمول کیا جائے گا کہ اس نے اس کو خود سنا یا وہ اس قصہ کے وقت حاضر تھا بہ شرطیکہ وہ راوی تدلیس سے محفوظ ہو۔ واللہ اعلم۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ سے اس قصہ کو سنا ہے، اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ حضرت عائشہ نے اس حدیث کے اثناء میں یہ کہا کہ آپ کے پاس فرشتہ آیا تو اس نے کہا: پڑھیے تب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں پڑھنے والا نہیں ہوں، پس اس نے مجھ کو پکڑا، پھر مجھے دبایا۔ حضرت عائشہ کے اس قول سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ نبی ﷺ نے ان کو اس قصہ کی خبر دی تھی، پس باقی حدیث کو بھی اسی پر محمول کیا جائے گا۔

اس حدیث میں آپ پر نزول وحی کی دلیل ہے اور آپ کی نبوت کی دلیل دوسری کتب حدیث میں ہے اور اس پر دلیل کہ آپ کے پاس جو فرشتہ آیا تھا وہ حضرت جبرئیل تھے

اس حدیث میں مذکور ہے کہ رسول اللہ ﷺ پر سب سے پہلے جو وحی کی ابتداء کی گئی وہ نیند میں سچے خواب تھے۔ حافظ ابن حجر لکھتے ہیں: اس حدیث میں آپ پر نزول وحی کی ابتداء کی دلیل ہے کہ آپ کو نیند میں سچے خواب دکھائے جاتے تھے جن کی تعبیر روشن صبح کی طرح آجاتی تھی، یہ آپ کی نبوت کی دلیل نہیں ہے، آپ کی نبوت کی دلیل وہ حدیث ہے جو صحیح مسلم اور دوسری کتب

Marfat.com

حدیث میں مذکور ہے کہ آپ پر پتھر سلام پڑھتے تھے۔

اور عبداللہ بن ابوبکر بن حزم کی مراسیل میں یہ دلیل ہے کہ جس فرشتے کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا وہ حضرت جبرئیل علیہ السلام تھے کیونکہ حضرت جبرئیل کے سورۃ العلق کی آیات پڑھوانے کے بعد آپ نے حضرت خدیجہ سے فرمایا: کیا میں تمہیں بتاؤں کہ جس فرشتہ کے متعلق میں نے تمہیں بتایا تھا کہ میں نے اس فرشتہ کو خواب میں دیکھا ہے، پس وہ حضرت جبرئیل تھے جو غار حراء میں آئے تھے۔

رویاء صالحہ کا معنی، اور حراء میں آپ کب گئے تھے اور تحنث کا معنی حضرت عائشہ نے نہیں راوی نے بیان کیا ہے

حافظ ابن حجر لکھتے ہیں: وہ ایسے خواب تھے جو اضغاث احلام نہیں تھے (یعنی بے سر و پا اور بے تکی باتیں) اور نہ ان خوابوں میں شیطان نے اپنی طرف سے کچھ دکھا کر فریب دیا ہو اور نہ ان خوابوں میں کسی مشکل مثال کا بیان ہو۔ یہ ابن المرابط کا قول ہے لیکن اگر ان کی مشکل سے مراد یہ ہے کہ اس خواب کی تاویل اور تعبیر کا علم نہ ہو پھر تو یہ تعریف درست ہے ورنہ نہیں۔

اس حدیث میں مذکور ہے کہ آپ کئی کئی راتوں کے لیے غار حراء میں جاتے تھے، امام ابن اسحاق کی روایت میں ہے کہ آپ رمضان کے مہینہ میں غار حراء میں جاتے تھے۔

اور اس حدیث میں مذکور ہے: اس نے کہا کہ تحنث کا معنی ہے: عبادت کرنا۔ بہ ظاہر یہ ادراج ہے یعنی حدیث کا یہ جملہ حدیث مدرج ہے اور راوی کا کلام ہے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا کلام نہیں ہے ورنہ حدیث میں قال کی بہ جائے قالت ہوتا، پس ہو سکتا ہے کہ تحنث کا معنی عروہ نے بیان کیا ہو یا ان کے بعد کے راوی نے بیان کیا ہو۔

غار حراء میں عبادت کی کیفیت اور اس کے متعلق شارحین کے اقوال

اس حدیث میں آپ کی عبادت کی صفت کی تصریح نہیں ہے لیکن امام ابن اسحاق نے عبید بن عمیر کی روایت سے بیان کیا ہے کہ آپ کے پاس جو مساکین آتے تھے آپ ان کو کھانا کھلاتے تھے اور بعض مشائخ سے منقول ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کی صفات میں تفکر کرتے تھے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ کے صرف غار حراء کی تنہائی کو آپ کی عبادت کہا ہو کیونکہ لوگوں سے الگ اور علیحدہ ہونا خصوصاً جب لوگ باطل ہوں تو یہ بھی عبادات کی قبیل سے ہے جیسا کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے کہا تھا:

اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ ۝ (الصافات:۹۹) میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں وہ عنقریب میری راہ نمائی کرے گا○

ارباب اصول نے اس مسئلہ پر بحث کی ہے کہ آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نزول وحی سے پہلے کسی نبی کی شریعت کے موافق عمل کرتے تھے یا نہیں کیونکہ اگر آپ کسی کی اتباع کرتے تھے تو پھر آپ کا متبوع ہونا مستبعد ہوگا اور اگر آپ کسی کی اتباع کرتے تھے تو وہ نبی ضرور اس کا بیان فرماتے اور دوسرا قول یہ ہے کہ ہاں! آپ کسی نبی کی شریعت کے موافق عبادت کرتے تھے۔ اور یہ علامہ ابن الحاجب کا مختار ہے اور اس کی تعیین میں سات (۷) اقوال ہیں:

(۱) ابن برہان نے کہا: آپ حضرت آدم کی شریعت کے موافق عبادت کرتے تھے (۲) الآمدی نے کہا، آپ حضرت نوح کی شریعت کی موافقت کرتے تھے (۳) حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت کی موافقت کرتے تھے اور یہ ایک جماعت کا مذہب ہے:

ان کی دلیل یہ آیت کریمہ ہے:

اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا ؕ (النحل۔ ۱۲۳) کہ آپ ملت ابراہیم کی پیروی کریں۔

Marfat.com

(۴) حضرت موسیٰ کی شریعت کی (۵) حضرت عیسیٰ کی شریعت کی (۶) ہر اس حکم کی جو آپ کے پاس کسی نبی کی شریعت سے پہنچا، اس کی دلیل یہ آیت مبارکہ ہے:

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ هَدَى اللَّهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ ۔ (الانعام:۹۰) یہ وہی لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی، سو آپ بھی ان کے طریقہ پر چلیں۔

(۷) اس میں توقف ہے، اور یہ آمدی کا مختار ہے۔

اور یہ بات مخفی نہیں ہے کہ تیسرا قول بہت قوی ہے یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت کیونکہ آپ حج اور طواف اور قربانی وغیرہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت کے موافق کرتے تھے۔

اور عبادت کے یہ طریقے آپ کے اعلان نبوت سے پہلے تھے اور اعلان نبوت کے بعد آپ وحی کے موافق عبادت کرتے تھے۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی کی اور نبوت کی ابتداء کس وقت ہوئی

اس حدیث میں مذکور ہے: پس آپ کے پاس فرشتہ آیا اور وہ حضرت جبرئیل علیہ السلام تھے جیسا کہ اس کو علامہ سہیلی نے وثوق کے ساتھ کہا ہے۔

جب یہ معلوم ہو گیا کہ آپ غار حراء میں رمضان کے مہینہ میں معتکف تھے اور وحی کی ابتداء اسی غار میں ہوئی ہے، اس کا تقاضا یہ ہے کہ آپ کو رمضان کے مہینہ میں نبی بنایا گیا اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حضرت جبرئیل آپ کے پاس رمضان کے مہینہ کی ابتداء میں غار میں آئے ہوں اور اسی وقت آپ کو نبی بنایا گیا ہو اور آپ پر یہ آیت نازل کی گئی ہو: اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ پھر دوبارہ وہ آپ کے پاس ربیع الاول کے مہینہ میں آئے ہوں اور آپ پر یہ نازل ہوئی ہو:

يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَأَنْذِرْ ۝ (المدثر:۱،۲) اے چادر لپیٹنے والے ○ اٹھیے! پس لوگوں کو اللہ کے عذاب سے ڈرایئے ○

اس طرح امام ابن اسحاق کا یہ قول درست ہو جاتا ہے کہ آپ کو نبی اس وقت بنایا گیا جب آپ کی پیدائش کے چالیس سال پورے ہو گئے تھے، اس وقت حضرت جبرئیل آپ کے پاس وحی لے کر آئے۔

اقرء اور ما انا بقاری کی وضاحت اور تین دفعہ اقرء کہنے کی حکمت اور سورۃ العلق کی پانچ آیتوں کی مناسبت اور حضرت جبرئیل کے آپ کو تین بار دبانے اور تین بار چھوڑنے کی حکمت

حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا: آپ پڑھیے: ہو سکتا ہے حضرت جبرئیل نے یہ اس لیے کہا ہو کہ آپ اس کے بعد والی بات سننے کے لیے ہوشیار اور متنبہ ہو جائیں اور اس سے پہلے قل محذوف ہے یعنی آپ کہیے: اقرء اور ہو سکتا ہے اس کو اس لیے حذف کیا ہو کہ یہ وہم نہ ہو کہ یہ لفظ قرآن ہے۔

امام ابن اسحاق نے عبید بن عمیر کی مرسل روایت سے یہ بیان کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس حضرت جبرئیل ریشم کے ایک کپڑے میں ایک کتاب لکھی ہوئی لائے اور آپ سے کہا: پڑھیے تو آپ نے کہا: میں پڑھنے والا نہیں ہوں، علامہ سہیلی نے کہا کہ بعض مفسرین نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے:

الٓمٓ ۝ ذَٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ ۛ فِيهِ ۛ (البقرہ:۲-۱) الف لام میم ○ (یہ) وہ عظیم الشان کتاب ہے جس (کے کلام اللہ

Marfat.com

ہونے) میں کسی شک کی گنجائش نہیں ہے۔

اس کتاب سے اسی کتاب کی طرف اشارہ ہے جس کو حضرت جبرئیل علیہ السلام ریشم کے کپڑے پر لکھا ہوا لائے تھے۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے جو آپ سے تین مرتبہ کہا: اقرء (پڑھیے) اس تکرار میں یہ حکمت ہے کہ وحی ایمان کے سبب سے نازل ہوئی ہے اور ایمان کے تین اجزاء ہیں: قول، عمل اور نیت اور وحی کے بھی تین اہم مقاصد ہیں: توحید، احکام اور قصص۔

سورۃ العلق کی جو پانچ آیتیں نازل فرمائی ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ پانچ آیتیں مقاصد قرآن پر مشتمل ہیں کیونکہ ان آیات میں توحید، اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات، اس کی صفات ذاتیہ اور صفات افعال اور اخبار کا بیان ہے اور اللہ تعالیٰ کے انعامات کا ذکر ہے، اس سورت سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کا ذکر نہیں ہے، اس سے معلوم ہوا کہ سورۃ التوبہ کے علاوہ ہر سورت کے اول میں جو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہے وہ اس سورت کا جزء نہیں ہے اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ قرآن مجید کے مصحف کی ترتیب قرآن مجید کے نزول کی ترتیب کے مطابق نہیں ہے کیونکہ سب سے پہلی آیت اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ نازل ہوئی اور مصحف میں سب سے پہلی آیت اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ہے، جب کوئی سورت یا آیت نازل ہوتی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کو یہ بتادیتے تھے کہ اس آیت کو فلاں سورت میں فلاں آیت کے بعد لکھنا اور آپ کی اسی ہدایت کے مطابق قرآن مجید کو مصحف میں ترتیب کے ساتھ لکھا گیا ہے۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے جو آپ کو بہت زور سے دبایا تھا اس میں یہ حکمت ہے تاکہ آپ اس پر متنبہ ہوں کہ آپ پر جو کلام نازل ہونے والا ہے وہ بہت ثقیل اور بوجھل ہے اور جب آپ حضرت جبرئیل کے انتہائی زور سے دبانے کو برداشت کرلیں گے تو پھر قرآن مجید کے نزول کے ثقل کو بھی برداشت کرلیں گے۔ اور جب آپ نے حضرت جبرئیل کے انتہائی زور سے دبانے کو برداشت کرلیا تو انہوں نے جان لیا کہ آپ قرآن مجید کے نزول کے ثقل کو بھی برداشت کرلیں گے، پھر اس کے بعد انہوں نے آپ کے اوپر سورۃ العلق کی ابتدائی پانچ آیات نازل کیں۔

حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آپ کو تین بار جو زور سے دبایا اس میں یہ حکمت ہے کہ تبلیغ دین کی راہ میں آپ کو تین سختیوں کا سامنا کرنا پڑے گا، ایک سختی وہ تھی جب آپ کو شعب ابی طالب میں محصور کیا گیا اور دوسری سختی وہ تھی جب آپ کو ہجرت کے لیے وطن سے نکلنا پڑا اور تیسری سختی وہ تھی جو غزوۂ احد میں آپ پر اور آپ کے اصحاب پر پیش آئی حتیٰ کہ ستر (۷۰) مسلمان شہید ہو گئے اور کافی تعداد میں مسلمان زخمی ہوئے حتیٰ کہ خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سر میں بھی چوٹ لگی اور آپ کے چہرے پر زخم آیا اور دندان مبارک شہید ہوا۔ یہ تین سختیاں آپ پر تبلیغ اسلام کی راہ میں پیش آئیں اور حضرت جبرئیل علیہ السلام نے تین بار دبانے کے بعد آپ کو تین بار چھوڑا، اس میں یہ حکمت ہے کہ ان سختیوں کے بعد آپ کو تین آسانیاں حاصل ہوں گی: دنیا میں، برزخ میں اور آخرت میں۔

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جو تسلی دی تھی اس کی توجیہ

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا: اللہ آپ کو شرمندہ نہیں کرے گا۔

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: امام ابن اسحاق کی مرسل روایت میں ہے کہ اسماعیل بن ابی حکیم بیان کرتے ہیں کہ حضرت خدیجہ نے آپ سے کہا: اے میرے عم زاد! جب آپ کے پاس آپ کا صاحب آئے تو آپ مجھے بتا سکتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! پس حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے تو آپ نے فرمایا: اے خدیجہ! یہ جبرئیل ہیں تو حضرت خدیجہ نے کہا: آپ کھڑے ہو کر میرے بائیں زانو پر بیٹھ جائیں، پھر پوچھا: کیا آپ اب حضرت جبرئیل کو دیکھ رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! حضرت خدیجہ نے کہا: اب

آپ میرے دائیں زانوں پر بیٹھ جائیں، پھر کہا: اب آپ میری گود میں بیٹھ جائیں، پھر انہوں نے اپنا دوپٹا آپ کے اوپر ڈال دیا، پھر کہا: اب آپ دیکھ رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں۔ حضرت خدیجہ نے کہا: تو آپ ثابت قدم رہیں اللہ کی قسم! یہ فرشتہ ہے شیطان نہیں اور امام بیہقی نے دلائل النبوت میں یہ روایت کی ہے کہ حضرت خدیجہ پہلے آپ کو عداس نصرانی کے پاس لے گئیں اور ان کو یہ بتایا کہ آپ کے پاس اس طرح حضرت جبرئیل آئے تھے تو انہوں نے کہا: حضرت جبرئیل اللہ تعالیٰ اور نبیوں کے درمیان امین ہیں، پھر حضرت خدیجہ آپ کو ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں۔

ورقہ بن نوفل کا تذکرہ

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: ابومیسرۃ کی مرسل روایت میں ہے: ورقہ نے آپ سے کہا: آپ خوش ہو جائیں، میں گواہی دیتا ہوں یہ وہی فرشتہ ہے جس نے ابن مریم کی بشارت دی تھی اور بے شک آپ کے پاس حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ناموس کی مثل آیا ہے اور بے شک آپ نبی مرسل ہیں اور آپ کو عنقریب جہاد کا حکم دیا جائے گا اور اس حدیث میں ورقہ کے اسلام کی زیادہ تصریح ہے، اور امام ترمذی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ حضرت خدیجہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ ورقہ نے آپ کی تصدیق کی تھی لیکن وہ آپ کی نبوت کے ظہور سے پہلے فوت ہو گئے اور میں نے ان کو خواب میں دیکھا ان پر سفید لباس تھا اور اگر وہ اہل دوزخ سے ہوتے تو ان پر کوئی اور لباس ہوتا اور امام بزار اور امام حاکم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ورقہ کو برا نہ کہو کیونکہ میں نے دیکھا کہ اس کے لیے ایک جنت ہے یا دو جنتیں ہیں۔

(فتح الباری ج ۶ ص ۱۳۱۔۱۲۶ ملخصاً، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۴۹۵۴۔ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ شِهَابٍ فَأَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ الْأَنْصَارِيَّ رضی الله عنهما قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَهُوَ يُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ الْوَحْيِ قَالَ فِي حَدِيثِهِ بَيْنَا أَنَا أَمْشِي سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَاءِ فَرَفَعْتُ بَصَرِي فَإِذَا الْمَلَكُ الَّذِي جَاءَنِي بِحِرَاءٍ جَالِسٌ عَلَى كُرْسِيٍّ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ فَفَرِقْتُ مِنْهُ فَرَجَعْتُ فَقُلْتُ زَمِّلُونِي زَمِّلُونِي فَدَثَّرُوهُ فَأَنْزَلَ اللهُ تَعَالَى ﴿يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَأَنْذِرْ ۝ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۝ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝﴾ قَالَ أَبُو سَلَمَةَ وَهِيَ الْأَوْثَانُ الَّتِي كَانَ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَعْبُدُونَ قَالَ ثُمَّ تَتَابَعَ الْوَحْيُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: محمد بن شہاب نے کہا: پس مجھے ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن نے خبر دی کہ حضرت جابر بن عبداللہ الانصاری رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انقطاع وحی کی حدیث کو بیان کرتے ہوئے اثنائے حدیث میں فرمایا: جس وقت میں جا رہا تھا تو میں نے آسمان سے ایک آواز سنی تو میں نے اوپر سر اٹھا کر دیکھا تو وہاں پر وہی فرشتہ تھا جو میرے پاس حراء میں آیا تھا وہ آسمان اور زمین کے درمیان ایک کرسی پر بیٹھا ہوا تھا تو میں اس سے خوف زدہ ہوا، پس میں واپس آ گیا، پس میں نے کہا: مجھ پر چادر ڈالو مجھ پر چادر ڈالو، پس گھر والوں نے مجھ پر چادر ڈال دی، تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں: يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَأَنْذِرْ ۝ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۝ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝ (المدثر: ۵۔۱) اے چادر لپیٹنے والے ۝ اٹھیے، پس لوگوں کو اللہ کے عذاب سے ڈرائیے ۝ اور اپنے رب کی بڑائی بیان کیجئے ۝ اور اپنا لباس پاک رکھیے ۝ اور بتوں کو چھوڑے رہیے ۝ ابو سلمہ نے کہا: یہ وہ بت ہیں جن کی زمانہ جاہلیت میں

Marfat.com

لوگ عبادت کرتے تھے، ابوسلمہ نے کہا: پھر وحی لگاتار آنے لگی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴ میں گزر چکی ہے۔

حدیث مذکور کا مرسل ہونا

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

یہ حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اور یہ بھی صحابی کی مرسل روایت ہے کیونکہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے اس قصے کے وقت کو نہیں پایا لیکن یہ ہوسکتا ہے کہ انہوں نے اس حدیث کو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہو یا کسی اور ایسے صحابی سے سنا ہو جو اس قصہ کے وقت حاضر تھا۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

سورۃ المدثر کی ابتدائی پانچ آیتوں کی تفسیر

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث میں سورۃ المدثر کی ابتدائی پانچ آیتوں کا ذکر ہے اور ان پانچوں کا تعلق آپ کی رسالت کے ساتھ ہے۔ پہلی آیت میں آپ کی اس حالت کا ذکر ہے جب آپ چادر لپیٹے ہوئے تھے، اس میں آپ کے عظیم مرتبہ کی طرف اشارہ ہے۔

اور دوسری آیت میں آپ کو کھڑے ہوکر عذاب سے ڈرانے کا حکم دیا ہے، اس سے مراد یا تو حقیقتاً کھڑا ہونا ہے یعنی آپ بستر سے اٹھ کر کھڑے ہوں یا اس سے مراد مجاز ہے یعنی آپ اٹھیں، آپ کو صرف عذاب سے ڈرانے کا حکم دیا ہے حالانکہ آپ ثواب کی بشارت دینے والے بھی ہیں کیونکہ یہ اول اسلام کا واقعہ ہے اور اس وقت عذاب سے ڈرانا متحقق تھا کیونکہ ابھی لوگوں کو ایمان لانے اور اسلام قبول کرنے کی ہدایت دینی تھی، پس جب مسلمانوں نے آپ کی اطاعت کی تو عذاب سے ڈرانے اور ثواب کی بشارت دینے والوں کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی:

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ (الاحزاب: ۴۵)

اے نبی! ہم نے آپ کو گواہی دینے والا اور ثواب کی بشارت دینے والا اور عذاب سے ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے O

اور تیسری آیت میں رب عزوجل کی تمجید اور تعظیم کا ذکر ہے اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اس سے مراد یہ ہو کہ آپ نماز کو اللہ اکبر سے شروع کریں۔

اور چوتھی آیت میں آپ کو تطہیر کا حکم دیا ہے کہ آپ اپنے بدن کو بھی پاک رکھیں اور اپنے لباس کو بھی پاک رکھیں اور پانچویں آیت میں آپ کو حکم دیا ہے کہ آپ ان چیزوں کو چھوڑے رکھیں جو توحید کے منافی ہیں۔

سورۃ العلق اور سورۃ المدثر جن سے نزول قرآن کی ابتداء کی گئی ہے، ان میں مناسبت یہ ہے کہ ان دونوں سورتوں میں الفاظ کم ہیں اور چھوٹی چھوٹی آیتیں ہیں اور ان کے معانی بہت زیادہ ہیں۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۳۳، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۲۔ بَابٌ: خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝ (العلق: ۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا ہے O (العلق: ۲) کی تفسیر

۴۹۵۵۔ حَدَّثَنَا ابْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ أَنَّ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابن بکیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں اللیث نے حدیث بیان کی از عقیل از

Marfat.com

قَالَتْ أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُولُ اللهِ ﷺ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ فَجَائَهُ الْمَلَكُ فَقَالَ ﴿اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۚ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ اِقْرَأْ وَ رَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ﴾ (العلق:۱۔۳)

ابن شہاب از عروہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ کی (نبوت کی) سب سے پہلے سچے خوابوں سے ابتداء کی گئی، پھر آپ کے پاس فرشتہ آیا تو اس نے کہا: اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۚ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ اِقْرَأْ وَ رَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ (العلق:۱۔۳) (اے رسول مکرم!) اپنے رب کے نام سے پڑھیے جس نے پیدا کیا ہے ○ انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا ہے ○ پڑھیے اور آپ کا رب ہی سب سے زیادہ کریم ہے ○

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳ میں گزر چکی ہے۔

اس آیت میں انسان سے مراد کیا ہے اس کا بیان

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

انسان سے مراد بنو آدم ہیں کیونکہ بنو آدم کو اللہ تعالیٰ نے علق سے یعنی جمے ہوئے خون سے پیدا کیا ہے اور علق وہ چیز ہے جس کی طرف سب سے پہلے رحم میں نطفہ متحول ہوتا ہے، اور دوسرا قول یہ ہے کہ انسان سے مراد حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں اور علق سے مراد وہ مٹی ہے جو ہاتھ میں چمٹ گئی تھی یا چپک گئی تھی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۱، دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۱ھ)

۳۔ بَابٌ: اِقْرَأْ وَ رَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ (العلق:۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: پڑھیے اور آپ کا رب ہی سب سے زیادہ کریم ہے ○ (العلق:۳) کی تفسیر

۴۹۵۶۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ ح وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ قَالَ مُحَمَّدٌ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنهما أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُولُ اللهِ ﷺ الرُّؤْيَا الصَّادِقَةُ جَائَهُ الْمَلَكُ فَقَالَ ﴿اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۚ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ اِقْرَأْ وَ رَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ﴾ (العلق:۱۔۴)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالرزاق نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: ہمیں معمر نے خبر دی از الزہری (ح) اور اللیث نے کہا: مجھے عقیل نے حدیث بیان کی، محمد نے کہا: مجھے عروہ نے خبر دی از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہ رسول اللہ ﷺ کی (نبوت کی) جس کے ساتھ سب سے پہلے ابتداء کی گئی وہ سچے خواب تھے، آپ کے پاس فرشتہ آیا پس اس نے کہا: اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۚ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ اِقْرَأْ وَ رَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ (العلق:۱۔۴) (اے رسول مکرم!) اپنے رب کے نام سے پڑھیے جس نے پیدا کیا ○ انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا ہے ○ پڑھیے اور آپ کا رب ہی سب سے زیادہ کریم ہے ○ جس نے قلم سے (لکھنا) سکھایا ○

Marfat.com

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳ میں گزر چکی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے کرم اور حلم کا بیان

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس آیت میں بتایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر کریم سے بڑھ کر اپنے بندوں پر کرم فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو بے شمار نعمتیں عطا فرمائی ہیں اور اللہ تعالیٰ بندوں سے درگزر فرماتا ہے اور اس کے باوجود کہ وہ کفر کرتے ہیں اور اس کی نعمتوں کا انکار کرتے ہیں اور جن کاموں سے ان کو منع فرمایا ہے ان کا ارتکاب کرتے ہیں اور جن کاموں کے کرنے کا ان کو حکم دیا ہے ان کاموں کو ترک کرتے ہیں، پھر بھی اللہ تعالیٰ ان کو جلدی عذاب نہیں دیتا اور حلم سے کام لیتا ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

اللہ تعالیٰ کی خصوصی نعمت قلم کا بیان

میں کہتا ہوں: ہم نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے کہ قلم اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے، اگر قلم نہ ہوتا تو احکام شرعیہ کو لکھ کر محفوظ نہ کیا جاتا اور نہ معاش کے معاملات کو لکھ کر منضبط کیا جاتا، اللہ سبحانہ نے اپنے بندوں پر کرم فرمایا کہ ان کو قلم سے لکھنا سکھایا اور ان کو جہالت کے اندھیروں سے علم کی روشنی کی طرف لایا۔ اگر قلم نہ ہوتا تو علوم کو مدون نہ کیا جاتا اور حکمتوں کو مقید نہ کیا جاتا اور نہ اولین و آخرین کی خبروں کو جمع کیا جاتا اور نہ اللہ تعالیٰ کی نازل کی ہوئی آسمانی کتابوں کو محفوظ کیا جاتا اور نہ ہمارے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث اور آثار صحابہ اور اقوال مجتہدین کو مدون اور منضبط کیا جاتا، غرض یہ کہ اگر قلم نہ ہوتا تو دین اور دنیا کے حصول علم کا دروازہ بند ہو جاتا۔ (انوار البیان القرآن ص ۹۶۱، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

۴۔ بَابٌ: الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ (القلم: ۴)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: جس نے قلم سے (لکھنا) سکھایا ۝ (القلم: ۴) کی تفسیر

۴۹۵۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ سَمِعْتُ عُرْوَةَ قَالَتْ عَائِشَةُ رضی اللہ عنہا فَرَجَعَ النَّبِيُّ ﷺ إِلَى خَدِيجَةَ فَقَالَ زَمِّلُونِي زَمِّلُونِي فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں اللیث نے حدیث بیان کی از عقیل از ابن شہاب، انہوں نے کہا: میں نے عروہ سے سنا، وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی طرف لوٹے پس فرمایا: مجھے چادر اڑھاؤ، مجھے چادر اڑھاؤ پس پوری حدیث ذکر کی۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳ میں گزر چکی ہے۔

۵۔ بَابٌ: كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ ۝ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۝ (القلم: ۱۵۔۱۶)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: بے شک اگر وہ باز نہ آیا تو ہم ضرور اس کو پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر کھینچیں گے ۝ وہ پیشانی جو جھوٹی گناہ گار ہے ۝ (القلم: ۱۶۔۱۵) کی تفسیر

Marfat.com

۴۹۵۸۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ أَبُو جَهْلٍ لَئِنْ رَأَيْتُ مُحَمَّدًا يُصَلِّي عِنْدَ الْكَعْبَةِ لَأَطَأَنَّ عَلَى عُنُقِهِ فَبَلَغَ النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ لَوْ فَعَلَهُ لَأَخَذَتْهُ الْمَلَائِكَةُ تَابَعَهُ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ۔ (سنن ترمذی:۳۳۴۸)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالرزاق نے حدیث بیان کی از معمر از عبدالکریم الجزری از عکرمہ، انہوں نے کہا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ابوجہل نے کہا: اگر میں نے محمد (ﷺ) کو کعبہ کے پاس نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو میں ان کی گردن کو اپنے پیروں سے روندوں گا، یہ بات نبی ﷺ تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: اگر اس نے ایسا کیا تو اس کو فرشتے پکڑ لیں گے۔ عبدالرزاق یا یحییٰ کی متابعت عمرو بن خالد نے کی ہے از عبید اللہ از عبدالکریم۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی ابوجہل کے قول کے متعلق مرسل روایت

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ابوجہل کا قول نقل کیا ہے اور یہ ان کی حدیث مرسل ہے کیونکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ابوجہل کی اس بات کہنے کا زمانہ نہیں پایا کیونکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ہجرت سے تین سال پہلے پیدا ہوئے تھے، امام ابن مردویہ نے بھی اپنی تفسیر میں اپنی سند کے ساتھ یہ روایت کی ہے کہ ابوجہل نے کہا: میں نے اللہ تعالیٰ سے یہ نذر مانی ہے کہ اگر میں نے محمد (ﷺ) کو سجدہ کرتے ہوئے دیکھا تو ان کو اپنے پاؤں سے روندوں گا مگر اس روایت کی سند ضعیف ہے۔

ابوجہل کو اس کی دھمکی کی وجہ سے آگ کی خندق دکھائی گئی اور عقبہ بن ابی معیط کی ایذاء رسانی پر فوراً کوئی عذاب نہیں آیا، اس کی توجیہ

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: امام البلاذری نے یہ روایت کی ہے کہ بارہ دوزخ کے فرشتے آسمان سے نازل ہوئے جن کے سر آسمانوں میں تھے اور پیر زمین پر تھے۔

اسماعیلی نے اپنی روایت کے آخر میں عبدالکریم الجزری سے یہ اضافہ کیا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اگر یہود موت کی تمنا کرتے تو اسی وقت مرجاتے (قرآن مجید میں ہے: آپ کہیے کہ اگر دار آخرت اللہ کے نزدیک دوسرے لوگوں کے بجائے خصوصیت سے تمہارے لیے ہے یعنی یہودیوں کے لیے تو اگر تم سچے ہو تو موت کی تمنا کرو o البقرہ: ۹۴) اس لیے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ اگر یہود موت کی تمنا کرتے تو اسی وقت مرجاتے، نیز فرمایا: اور جو لوگ رسول اللہ ﷺ سے مباہلہ کرنے آئے تھے جب وہ واپس جاتے تو اپنے اہل اور مال کو نہ پاتے۔

اور امام نسائی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت کے آخر میں یہ اضافہ کیا ہے کہ ان لوگوں کو صرف اس چیز نے خوف زدہ کیا کہ ابوجہل اپنی ایڑیوں پر پلٹ رہا تھا اور اپنے ہاتھ سے اپنے آپ کو بچا رہا تھا، اس سے پوچھا گیا کہ کیا ہوا تو اس نے کہا: میرے اور ان کے درمیان آگ کی ایک خندق ہے اور خطرات ہیں اور پر ہیں تو نبی ﷺ نے فرمایا: اگر یہ قریب آتا تو فرشتے اس کو جھپٹ کر اس کے ایک ایک عضو کو پکڑ لیتے۔ ابوجہل کے اس قول کی وجہ سے اس پر اتنی سختی کی گئی اور جب عقبہ بن ابی معیط نے نبی ﷺ کی پشت پر اونٹنی کے بچہ کی جھلی ڈالی تھی تو اس پر اتنی سختی نہیں کی گئی، اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر چند کہ نبی ﷺ کو حالت نماز میں

Marfat.com

ایذاء پہنچانے میں یہ دونوں شریک تھے لیکن ابوجہل کی یہ خباثت تھی کہ اس نے آپ کو دھمکایا تھا اور آپ کی گردن مبارک روندنے کا ناپاک ارادہ کیا تھا، اگر وہ ایسا کر لیتا تو اس پر دنیا میں ہی دوزخ کا سخت عذاب آجاتا۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ اونٹنی کے بچہ کی جھلی میں نجاست نہیں تھی، پھر بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے خلاف اور اس کے شرکاء کے خلاف دعائے ضرر کی تو وہ سب کے سب غزوۂ بدر میں قتل کر دیئے گئے۔

نیز عمرو بن خالد کی روایت میں ہے کہ اگر ابوجہل ایسا کرتا تو سب کے سامنے فرشتے اس کو پکڑ لیتے اور اسماعیلی کی روایت میں یہ اضافہ ہے کہ اگر یہود موت کی تمنا کرتے تو اسی وقت مرجاتے اور دوزخ میں اپنے ٹھکانوں کو دیکھ لیتے۔

(فتح الباری ج ۶ ص ۱۳۵۔۱۳۶، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

الحمدللہ رب العالمین سورۃ العلق کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور احادیث روایت کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہوگئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز سورۃ القدر کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۹۷۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْقَدْرِ

سورۃ القدر کی تفسیر

سورۃ القدر کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ القدر کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اور اکثر مفسرین کے قول کے مطابق یہ سورت مدنی ہے، علامہ ماوردی نے اس کے برعکس لکھا ہے، علامہ الواحدی نے لکھا ہے کہ یہ پہلی سورت ہے جو مدینہ میں نازل ہوئی، اور علامہ ابوالعباس نے کہا ہے کہ یہ سورت مکی ہے اور اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے، اور اس سورت میں پانچ آیات ہیں۔

اس سورت کے شروع میں فرمایا: اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ اس میں ہٗ کی ضمیر قرآن مجید کی طرف راجع ہے جس کا پہلے ذکر نہیں ہے، نیز فرمایا: ہم نے اس قرآن کو لیلۃ القدر میں نازل کیا ہے یعنی لوح محفوظ سے آسمان دنیا کی طرف اس قرآن کو اس رات میں نازل فرمایا ہے، پس اس قرآن کو بیت العزت میں رکھا، پھر حضرت جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کو کتاب میں لکھوایا پھر حضرت جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام اس قرآن کو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اول سے لے کر آخر تک تیئس (۲۳) سال کی مدت میں نازل کرتے رہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۳۴۳، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

یُقَالُ اَلْمَطْلَعُ هُوَ الطُّلُوْعُ وَالْمَطْلِعُ الْمَوْضِعُ الَّذِیْ یُطْلَعُ مِنْهُ۔

کہا جاتا ہے اَلْمَطْلَعُ کا معنی ہے طلوع یعنی مصدر اور اَلْمَطْلِعُ کا معنی ہے: جس جگہ سے فجر طلوع ہوتی ہے یعنی یہ اسم ظرف ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝ (القدر:۵)

یہ رات طلوع فجر ہونے تک سلامتی ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ اس آیت میں دو قرأتیں ہیں، مَطْلَعُ (لام پر زبر) اور مَطْلِعُ (لام کے نیچے زیر) مَطْلَعُ مصدر میمی ہے اور یہ جمہور کی قرأت ہے اور اس کا معنی وہ جگہ ہے جہاں سے فجر طلوع ہوتی ہے اور یہ الکسائی اور خلف کی قراءت ہے۔

أَنْزَلْنَاهُ الْهَاءُ كِنَايَةٌ عَنِ الْقُرْآنِ إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ خَرَجَ مَخْرَجَ الْجَمِيعِ وَالْمُنْزِلُ هُوَ اللهُ وَالْعَرَبُ تُؤَكِّدُ فِعْلَ الْوَاحِدِ فَتَجْعَلُهُ بِلَفْظِ الْجَمِيعِ لِيَكُونَ أَثْبَتَ وَأَوْكَدَ۔

اَنْزَلْنٰهُ میں ہا ضمیر قرآن مجید سے کنایہ ہے، یہ جمع کا صیغہ ہے حالانکہ نازل کرنے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے (جو واحد ہے) اور عرب لوگ تاکید کے لیے واحد کے صیغہ کو جمع کے صیغہ کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں تاکہ وہ زیادہ ثابت اور زیادہ مؤکد ہو۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری کی مراد یہ ہے کہ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ میں ضمیر منصوب قرآن مجید کی طرف راجع ہے اگرچہ اس کا لفظاً پہلے ذکر نہیں ہے مگر وہ حکماً مذکور ہے اس اعتبار سے کہ قرآن مجید دائماً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذہن میں مستحضر تھا اور یا اس وجہ سے کہ

آیت کا سیاق قرآن مجید پر دلالت کرتا ہے یا اس لیے کہ پورا قرآن سورت واحد کے حکم میں ہے۔ امام بخاری نے کہا کہ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ جمع کا صیغہ ہے یعنی قیاس کا تقاضا یہ تھا کہ یہ مفرد کا صیغہ ہوتا بایں طور کہ یوں فرماتا: اِنِّیْ اَنْزَلْتُهٗ یعنی میں نے اس کو نازل کیا ہے، لیکن عرب تاکید کے لیے واحد کو جمع سے تعبیر کر دیتے ہیں، علامہ عینی امام بخاری پر اعتراض کرتے ہیں کہ اصطلاح یہ ہے کہ واحد کو تعظیم کے لیے جمع سے تعبیر کیا جاتا ہے نہ کہ تاکید کے لیے۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۲۔ ۴۴۳ میں کی ہے]

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ القدر کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ البینہ کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور احادیث روایت کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۹۸۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْبَیِّنَۃِ

سورۃ البینۃ کی تفسیر

سورۃ البینۃ کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سوۃ البینۃ کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس سورت کا نام سورۃ القیامہ اور سورۃ المنفکین بھی ہے، اور جمہور کے قول کے مطابق یہ سورت مدنی ہے، اور ابوصالح نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت کی ہے کہ یہ سورت مکی ہے اور یحییٰ بن سلام کا یہی مختار ہے، اور سفیان سے منقول ہے کہ مجھے پتا نہیں چلا کہ یہ سورت مکی ہے یا مدنی، اس سورت میں آٹھ (۸) آیات ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۴)

مُنْفَکِّیْنَ زَائِلِیْنَ۔ مُنْفَکِّیْنَ اس کا معنی ہے: زائلین یعنی وہ اپنے کفر کو زائل کرنے والے نہیں ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ وَالْمُشْرِکِیْنَ مُنْفَکِّیْنَ حَتّٰی تَاْتِیَھُمُ الْبَیِّنَۃُ ○ (البینۃ: ۱)

اہل کتاب میں سے بعض کفار اور مشرکین (اپنے دین کو) چھوڑنے والے نہیں ہیں حتیٰ کہ ان کے پاس واضح دلیل آجائے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے مُنْفَکِّیْنَ کی تفسیر زائلین کی ہے یعنی بعض اہل کتاب اپنے کفر سے زائل ہونے والے نہیں ہیں اور فَکٌّ کا اصل معنی ہے فَتْحٌ یعنی کھولنا اور اسی سے فَکُّ الکتاب ماخوذ ہے یعنی کتاب کو کھولنا۔

قَیِّمَۃٌ اَلْقَائِمَۃُ دِیْنُ الْقَیِّمَۃِ اَضَافَ الدِّیْنَ اِلَی الْمُؤَنَّثِ۔ اَلْقَیِّمَۃ اس کا معنی ہے: القائمہ یعنی قائم اور مضبوط، دِیْنُ الْقَیِّمَۃ: دین کی اضافت قَیِّمَۃ کی طرف کی ہے جو مونث لفظی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰہَ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ ۙ حُنَفَآءَ وَیُقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوا الزَّکٰوۃَ وَذٰلِکَ دِیْنُ الْقَیِّمَۃِ ○ (البینۃ: ۵)

اور ان کو صرف یہی حکم دیا گیا تھا کہ وہ اخلاص کے ساتھ اطاعت کرتے ہوئے اللہ کی عبادت کریں ملت حنفیہ پر قائم رہتے ہوئے اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں اور یہی دین مستقیم ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت میں دین کی صفت قَیِّمَۃ ہے اور وہ مونث لفظی ہے حالانکہ موصوف صفت میں مطابقت ہوتی ہے جو یہاں نہیں ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ قَیِّمَۃ کا موصوف محذوف ہے اور وہ ملت ہے یعنی دِیْنُ الْمِلَّۃ۔ القَیِّمَۃ موصوف کو حذف کر کے اس کی صفت کو اس کے قائم مقام کر دیا۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۴ میں کی ہے]

Marfat.com

۱۔ بَابٌ

۴۹۵۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ سَمِعْتُ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ لِأُبَيٍّ إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِي أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا قَالَ وَسَمَّانِي قَالَ نَعَمْ فَبَكَى۔

باب

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں غندر نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: میں نے قتادہ سے سنا از حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: بے شک اللہ نے مجھے یہ حکم فرمایا ہے کہ میں تمہارے سامنے یہ آیت پڑھوں: لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا حضرت ابی بن کعب نے پوچھا: اللہ تعالیٰ نے میرا نام لیا ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! پس وہ رونے لگے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۸۰۹ میں گزر چکی ہے۔

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے اپنے نام کے متعلق سوال کرنے اور پھر رونے کی توجیہ

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث میں مذکور ہے کہ حضرت ابی بن کعب نے پوچھا کہ کیا اللہ تعالیٰ نے میرا نام لیا ہے؟ اس سوال کی وجہ یہ ہے کہ حضرت ابی بن کعب نے یہ گمان کیا کہ ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہو کہ آپ اپنی امت کے کسی مرد کے سامنے پڑھیں۔ اور حضرت ابی بن کعب کا نام نہ لیا ہو تو انہوں نے تحقیق کے لیے آپ سے دریافت کیا، اور جب نبی ﷺ نے فرمایا: ہاں! یعنی تمہارا نام لیا ہے تو وہ روئے اور رونے کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے اپنے آپ کو اس سے کم تر خیال کیا کہ اللہ تعالیٰ ان کا نام لے اور جب انہیں پتا چلا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کا نام لیا ہے تو ان کو اس پر تعجب ہوا اور وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرے اور یہی صالحین کی شان ہے کہ جب وہ کسی بات پر خوش ہوتے ہیں تو ان پر اللہ تعالیٰ کا خوف طاری ہو جاتا ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۷ ص ۴۴۵۔ ۴۴۴، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۲۔ بَابٌ

۴۹۶۰۔ حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ لِأُبَيٍّ إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِي أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ قَالَ آللّٰهُ سَمَّانِي لَكَ قَالَ اللّٰهُ سَمَّاكَ لِي فَجَعَلَ أُبَيٌّ يَبْكِي قَالَ قَتَادَةُ فَأُنْبِئْتُ أَنَّهُ قَرَأَ عَلَيْهِ لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ۔

باب

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں حسان بن حسان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہمام نے حدیث بیان کی از قتادہ از حضرت انس رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم فرمایا کہ میں تمہارے سامنے قرآن پڑھوں، حضرت ابی بن کعب نے پوچھا: کیا اللہ تعالیٰ نے آپ سے میرا نام لیا ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھ سے تمہارا نام لیا ہے، پس حضرت ابی رونے لگے، قتادہ نے بتایا کہ مجھے یہ خبر دی گئی ہے کہ آپ نے ان کے سامنے

یہ آیت پڑھی: لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ (البینہ:۱) بے شک اہل کتاب میں سے جو کفار ہیں۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری:۳۸۰۹ میں گزر چکی ہے۔

مطلق حدیث کو مقید پر محمول کرنا اور سورۃ البینہ کی آیت پڑھنے کی تخصیص اور حضرت ابی بن کعب کا نام لینے کی توجیہ

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس سے پہلی حدیث میں مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم فرمایا ہے کہ میں تمہارے سامنے لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (البینہ:۱) پڑھوں اور اس حدیث میں مذکور ہے کہ میں تمہارے سامنے قرآن پڑھوں، ان دونوں جملوں میں اس طرح تطبیق ہے کہ اس حدیث میں مطلق قرآن پڑھنے کا حکم ہے اور وہ مقید پر محمول ہے یعنی لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ پر کیونکہ آپ نے حضرت ابی بن کعب کے سامنے اس کے سوا اور کوئی آیت نہیں پڑھی۔

اس سورت کے پڑھنے کی تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ اس سورت میں یہ آیت ہے:

رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۝ (البینہ:۲) وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسول ہیں جو پاک صحیفوں کی تلاوت کرتے ہیں ۝

اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے نام کی تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ وہ تمام صحابہ کرام میں سب سے عظیم قاری ہیں، پس جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے بلند مرتبہ کے باوجود ان کے سامنے قرآن پڑھا تو دوسروں کو ان کے سامنے بہ طریق اولیٰ قرآن پڑھنا چاہیے۔

(فتح الباری ج ۶ ص ۱۳۶، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

حضرت ابی بن کعب کو قرآن مجید پڑھانے اور ان کے سامنے قرآن پڑھنے کی حکمت اور سورۃ البینہ کی جامعیت

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

ممکن ہے کہ یہ کہا جائے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ حکم فرمایا ہے کہ میں تمہارے سامنے قرآن پڑھوں، یہ مطلق ہے اور یہ آیت لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا کو بھی شامل ہے اور دوسری آیتوں کو بھی، قتادہ کی روایت میں ہے کہ مجھے یہ خبر دی گئی ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قتادہ کو یہ حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی اور سے پہنچی تھی جس میں یہ مذکور ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے کہ آپ حضرت ابی بن کعب کے سامنے آیت مبارک لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (البینہ:۱) پڑھیں، پھر انہوں نے حضرت انس بن مالک سے اس کے متعلق پوچھا تو پھر حضرت انس رضی اللہ عنہ نے قتادہ کو وہی حدیث سنائی جو ان کو دوسروں سے پہنچی تھی۔

علامہ کرمانی نے کہا ہے: اس حدیث میں مذکور ہے کہ میں آپ کو قرآن پڑھاؤں، اور اس میں اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جو اس کے بعد آئے گی جو السعید بن ابی عروبہ از قتادہ مروی ہے۔ (صحیح البخاری:۴۹۶۱)

اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ حضرت ابی بن کعب کی قراءت میں کچھ کمی تھی تو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حکم دیا کہ آپ ان کو تجوید کے موافق پڑھائیں تاکہ وہ قراءت کو حسین بنا کر پڑھیں، اور اگر یہ قول صحیح ہو تو آپ کو دو حکم دیئے گئے، ایک میں فرمایا: آپ

Marfat.com

ابی بن کعب کے سامنے پڑھیں اور دوسرے میں فرمایا: ان کو قرآن پڑھائیں، ان کا معنی اور مناسبت ظاہر ہے۔

علامہ نووی رحمہ اللہ نے کہا ہے کہ اس میں اختلاف ہے کہ آپ نے ان کے سامنے قرآن کس حکمت سے پڑھا تھا اور مختار یہ ہے تا کہ یہ امر سنت ہو جائے کہ اہل فضل اور اہل کمال کے سامنے قرآن مجید پڑھنا چاہیے اور اس میں کسی شخص کو عار نہیں ہونا چاہیے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس میں یہ تنبیہ تھی کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ قرآن مجید کو تجوید کے ساتھ پڑھنے اور سیکھنے کی اہلیت اور صلاحیت رکھتے تھے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد وہ قراءت اور تجوید کے امام بن گئے تھے، اور کوئی اور شخص اس فضیلت میں ان کا شریک نہیں تھا اور ان کے اس بلند مرتبہ کو بیان کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے یہ حکم فرمایا کہ آپ ان کے سامنے قرآن مجید پڑھیں۔

اس سورت کو پڑھنے کا حکم دینے کی خصوصیت کی وجہ یہ ہے کہ اس میں توحید اور رسالت کا ذکر ہے اور جن امور سے رسالت ثابت ہوتی ہے ان کا بیان ہے اور وہ قرآن مجید ہے جو آپ کا عظیم معجزہ ہے اور اس میں ایمان کی فروع کا بیان ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اخلاص کے ساتھ عبادت کی جائے اور یوم حساب اور مرنے کے بعد زندہ کیے جانے کی جگہ کا بیان ہے اور جنت اور دوزخ کا ذکر ہے اور انسانوں کی نیک بختوں اور بدبختوں کی طرف تقسیم کا ذکر ہے اور ان کا ذکر ہے جو مخلوق میں سب سے بہتر ہیں اور جو مخلوق میں سب سے بے بدتر ہیں اور اس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے کے احوال کا ذکر ہے اور انسان کے معاش اور روزگار کا بیان ہے، غرض یہ کہ اس سورت میں نہایت اختصار کے ساتھ مبداء اور معاد کے اہم امور کو بیان فرمایا گیا ہے اور یہ سورت قصار مفصل میں سے ہے اور انتہائی جامع ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۶۔۴۴۵، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۹۶۱۔ حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ الْمُنَادِي حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ نَبِيَّ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ لِأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ إِنَّ اللهَ أَمَرَنِي أَنْ أُقْرِئَكَ الْقُرْآنَ قَالَ آللهُ سَمَّانِي لَكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ وَقَدْ ذُكِرْتُ عِنْدَ رَبِّ الْعَالَمِينَ قَالَ نَعَمْ فَذَرَفَتْ عَيْنَاهُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں (احمد بن ابی داؤد) ابو جعفر المنادی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں روح نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سعید بن ابی عروبہ نے حدیث بیان کی از قتادہ از حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے یہ حکم فرمایا ہے کہ میں تمہیں قرآن پڑھاؤں، حضرت ابی بن کعب نے پوچھا: کیا اللہ تعالیٰ نے آپ سے میرا نام لیا ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! انہوں نے کہا: میرا رب العالمین کے پاس ذکر کیا گیا ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! پس ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۸۰۹ میں گزر چکی ہے۔

امام بخاری کی سند پر خطیب بغدادی کے اعتراض کا جواب اور اسماء رجال کے فن میں امام بخاری کی عظمت

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

ابن طاہر نے کہا ہے کہ امام بخاری نے احمد بن ابوداؤد سے صرف یہ ایک حدیث روایت کی ہے اور اہل بغداد اس حدیث کو محمد کے نام سے پہچانتے ہیں اور یہ حدیث محمد بن عبید اللہ بن ابوداؤد بن ابوجعفر المنادی کی روایت سے مشہور ہے کیونکہ الخطیب نے اس

حدیث کو تاریخ بغداد میں محمد بن عبید اللہ کی روایت سے ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ امام بخاری نے اس حدیث کو ابن المنادی سے روایت کیا ہے مگر انہوں نے اس کا نام احمد لکھا ہے اور میں نے ہبۃ اللہ الطبری سے سنا، وہ کہتے تھے کہ امام بخاری پر اشتباہ ہو گیا اور انہوں نے یہ روایت احمد بن ابوداؤد سے کی ہے حالانکہ یہ محمد بن ابوداؤد سے روایت ہے اور کہا گیا ہے کہ محمد کا ایک بھائی مصر میں تھا جس کا نام احمد تھا، ہمارے نزدیک یہ قول باطل ہے کیونکہ ہمارے علم کے مطابق ابوجعفر کا کوئی بھائی نہیں تھا یا شاید امام بخاری نے محمد اور احمد کو ایک ہی شخص گمان کر لیا۔ خطیب بغدادی کی عبارت ختم ہوئی۔

علامہ عینی فرماتے ہیں: خطیب کا یہ کہنا صحیح نہیں ہے کیونکہ امام بخاری کا مرتبہ اس سے بہت بلند ہے کہ وہ محمد اور احمد نام کے دو راویوں میں فرق نہ کر سکیں جب کہ امام بخاری اسماء رجال کے درمیان تمیز اور ان کے احوال سے واقفیت میں ید طولیٰ رکھتے ہیں اور اس فن میں سب سے بڑھ کر اور ان کے سردار ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۶، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ البینہ کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور احادیث روایت کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہو گئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز امام بخاری نے سورۃ الزلزال کی تفسیر میں جو تعلیق ذکر کی ہے اور احادیث روایت کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۹۹۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ

سورۃ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ کی تفسیر

سورۃ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ (الزلزال) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الزلزال کی بعض آیات کی تفسیر ہے اس سورت کا نام اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ اور الزلزلہ بھی ہے، یہ سورت مکی ہے، اس سورت میں آٹھ (۸) آیات ہیں۔

اذا زلزلت کا معنی ہے: جب قیامت کی وجہ سے زمین میں شدید حرکت ہوگی، اس کو زلزلہ اور زلزال کہتے ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۔ بَابٌ: فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ خَیْرًا یَّرَہٗ ۝ (الزلزال: ۷)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد: سو جو ذرہ برابر نیکی کرے گا وہ اس کا صلہ دیکھے گا ۝ (الزلزال: ۷) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: صرف ابوذر کے نسخے میں باب کا لفظ ہے، صحیح بخاری کے دیگر نسخوں میں باب کا لفظ نہیں ہے اور مثقال کا لفظ مفعال کے وزن پر ہے جو ثقل سے ماخوذ ہے اور مثقال کا معنی ہے: وزن اور مقدار۔ ثعلب سے پوچھا گیا: ذرہ کا کیا معنی ہے تو انہوں نے کہا: ایک سو چیونٹیوں کا وزن ایک دانہ ہے اور ذرہ ان میں سے ایک چیونٹی کے برابر ہے اور یزید بن ہارون سے منقول ہے کہ لوگوں کا زعم ہے کہ ذرہ کا کوئی وزن نہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۶)

یُقَالُ اَوْحٰی لَھَا اَوْحٰی اِلَیْھَا وَوَحٰی لَھَا وَوَحٰی اِلَیْھَا وَاحِدٌ۔

کہا جاتا ہے: اوحی لھا کا معنی ہے: اَوْحٰی الیھا یعنی اس کی طرف وحی کی اور وَحٰی لَھَا اور وَحٰی اِلَیْھَا دونوں کا ایک معنی ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیتوں کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَھَا ۝ بِاَنَّ رَبَّکَ اَوْحٰی لَھَا ۝ (الزلزال: ۵۔۴)

اس دن زمین اپنی تمام خبریں بیان کر دے گی ۝ کیونکہ آپ کے رب نے اسے حکم دیا ہے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام ابوعبیدہ نے یہ کہا ہے کہ اَوْحٰی لَھَا کا معنی ہے: اَوْحٰی اِلَیْھَا اور امام بخاری نے کہا: کہا جاتا ہے: اس میں یہ اشارہ ہے کہ اوحی لھا، اَوْحٰی اِلَیْھَا اور وحی لھا اور وَحٰی اِلَیْھَا ان چاروں لفظوں کا معنی واحد ہے، اور ان کا استعمال لام اور الی دونوں کے ساتھ ہوتا ہے، اور اس آیت کا معنی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین کو کلام کرنے کا حکم دیا اور کلام کرنے کی اجازت دی، اور علامہ الثعلبی نے کہا ہے: یہ مجاز ہے اور اس کا معنی ہے: اللہ تعالیٰ نے اس کی طرف وحی کی۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۷، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

Marfat.com

۴۹۶۲۔ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ أَبِي صَالِحٍ السَّمَّانِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ الْخَيْلُ لِثَلَاثَةٍ لِرَجُلٍ أَجْرٌ وَلِرَجُلٍ سِتْرٌ وَعَلَى رَجُلٍ وِزْرٌ فَأَمَّا الَّذِي لَهُ أَجْرٌ فَرَجُلٌ رَبَطَهَا فِي سَبِيلِ اللهِ فَأَطَالَ لَهَا فِي مَرْجٍ أَوْ رَوْضَةٍ فَمَا أَصَابَتْ فِي طِيَلِهَا ذَلِكَ فِي الْمَرْجِ وَالرَّوْضَةِ كَانَ لَهُ حَسَنَاتٍ وَلَوْ أَنَّهَا قَطَعَتْ طِيَلَهَا فَاسْتَنَّتْ شَرَفًا أَوْ شَرَفَيْنِ كَانَتْ آثَارُهَا وَأَرْوَاثُهَا حَسَنَاتٍ لَهُ وَلَوْ أَنَّهَا مَرَّتْ بِنَهَرٍ فَشَرِبَتْ مِنْهُ وَلَمْ يُرِدْ أَنْ يَسْقِيَ بِهِ كَانَ ذَلِكَ حَسَنَاتٍ لَهُ فَهِيَ لِذَلِكَ الرَّجُلِ أَجْرٌ وَرَجُلٌ رَبَطَهَا تَغَنِّيًا وَتَعَفُّفًا وَلَمْ يَنْسَ حَقَّ اللهِ فِي رِقَابِهَا وَلَا ظُهُورِهَا فَهِيَ لَهُ سِتْرٌ وَرَجُلٌ رَبَطَهَا فَخْرًا وَرِئَاءً وَنِوَاءً فَهِيَ عَلَى ذَلِكَ وِزْرٌ فَسُئِلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ عَنِ الْحُمُرِ قَالَ مَا أَنْزَلَ اللهُ عَلَيَّ فِيهَا إِلَّا هَذِهِ الْآيَةَ الْفَاذَّةَ الْجَامِعَةَ فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں اسماعیل بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں امام مالک نے حدیث بیان کی از زید بن اسلم از ابوصالح السمان از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گھوڑوں کی تین قسمیں ہیں: ایک گھوڑا مرد کے لیے باعث اجر ہے، اور ایک گھوڑا مرد کے لیے باعث پردہ پوشی ہے، اور ایک گھوڑا مرد کے لیے گناہ کا سبب ہے، پس رہا وہ گھوڑا جو اس کے لیے باعث اجر ہے یہ وہ ہے جس گھوڑے کو اس نے اللہ کی راہ میں باندھ کر رکھا، پھر اس کی رسی کو چراگاہ میں یا باغ میں لمبا کر دیا، پس اس رسی کے طول میں جو اس کی لید وغیرہ چراگاہ یا باغ میں نکلی وہ اس کے لیے نیکیاں بن جائیں گی اور اگر اس گھوڑے نے اپنی رسی کو لمبائی میں کاٹ دیا، پس وہ ایک بلندی یا دو بلندیوں پر چڑھا تو اس کے قدموں کے نشان اور اس کی لید اس کی نیکیاں ہوں گی، اور اگر وہ گھوڑا دریا کے پاس سے گزرا اور اس سے پانی پیا خواہ اس کے سوار نے اس کو پانی پلانے کا ارادہ نہ کیا ہو تو وہ بھی اس کے لیے نیکیاں ہوں گی، پس یہ وہ گھوڑا ہے جو اس کے لیے باعث اجر ہے، اور رہا وہ گھوڑا جو اس کے لیے پردہ پوشی کا سبب ہے تو یہ وہ گھوڑا ہے جس کو مرد نے خوش حالی اور سوال سے بچنے کے لیے باندھا اور اس کی گردن میں اللہ کے حق کو نہیں بھولا، اور اس کی پشت پر کسی کے سوار کرنے کو نہیں بھولا تو یہ گھوڑا اس کے گناہوں کی پردہ پوشی کا سبب ہے، اور جس گھوڑے کو مرد نے فخر اور دکھاوے اور دشمن سے بدلہ لینے کے لیے باندھا تو یہ گھوڑا اس کے لیے باعث گناہ ہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے گدھوں کے متعلق سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا: مجھ پر گدھوں کے متعلق خصوصیت کے ساتھ کوئی آیت نازل نہیں کی گئی سوا اس منفرد اور جامع آیت کے: فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ ۝ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ ۝ (الزلزال: ۷۔۸) سو جو ذرہ برابر نیکی کرے گا وہ اس کا صلہ دیکھے گا ○ اور جو ذرہ برابر برائی کرے گا وہ اس کا عذاب دیکھے گا ○

اس حدیث کی مفصل شرح صحیح البخاری: ۱۷۲۳ میں گزر چکی ہے، تاہم بعض اہم امور کی شرح کی جا رہی ہے:

گھوڑوں پر زکوٰۃ فرض ہونے میں امام ابوحنیفہ کی دلیل اور الزلزال: ۸۔ے کا جامع ہونا

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث میں مذکور ہے: وہ مرد اس گھوڑے میں اللہ کے حق کو نہیں بھولا یعنی اس گھوڑے کی زکوٰۃ ادا کرنے کو نہیں بھولا۔ اس حدیث میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی دلیل ہے کہ گھوڑوں پر بھی زکوٰۃ واجب ہوتی ہے، یعنی جب اس نے گھوڑوں کو تجارت کے لیے رکھا ہو، اور اگر اس نے اس گھوڑے پر سوار ہونے کے لیے اس کو رکھا ہو یا اپنی کسی اور ضرورت کے لیے رکھا ہو تو پھر اس پر زکوٰۃ نہیں ہے۔

اس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے الزلزال: ۸۔ے کو آیت جامعہ فرمایا ہے کیونکہ اس آیت کی مثل اور کوئی آیت نہیں ہے جس کے الفاظ کم ہوں اور اس کے معانی بہت زیادہ ہوں کیونکہ یہ آیت خیر کی تمام اقسام اور شر کی تمام اقسام پر محیط ہے، اور جب کسی نے آپ سے گدھے کے حکم کے متعلق سوال کیا تو آپ نے فرمایا کہ اس کا حکم بھی اس آیت میں ہے یعنی جس طرح کسی نے گھوڑے کو اللہ کی راہ میں باندھا تو اس کے لیے اجر ہے اسی طرح کسی نے گدھے کو اللہ کی راہ میں باندھا تو وہ گدھا بھی اس کے لیے باعث اجر ہے اور اگر کسی نے گدھے کو دکھاوے کے لیے یا کسی سے بدلہ لینے کے لیے باندھا تو وہ گدھا اس کے لیے باعث گناہ ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۸۔۴۴۷، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

دریاؤں کے پانی کو بلا اجازت پینے کا جواز اور اس پانی کو فروخت کرنے کے متعلق مذاہب فقہاء

علامہ ابوحفص عمر بن علی بن احمد الانصاری الشافعی المعروف ابن الملقن المتوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

اس حدیث میں گھوڑے کے دریا سے پانی پینے کا ذکر ہے اور اس پر اجماع ہے کہ دریاؤں سے بغیر کسی کی اجازت کے پانی پینا جائز ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے دریاؤں کو لوگوں کے اور جانوروں کے پینے کے لیے پیدا کیا ہے اور اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا دریاؤں کا کوئی مالک نہیں ہے اور اس پر بھی اجماع ہے کہ دریا کے پانی کو بیچنا کسی کے لیے جائز نہیں ہے کیونکہ دریا کے پانی میں کسی کا حق متعین نہیں ہے، پس جب کسی نے دریا کے پانی کو اپنے کسی برتن میں ڈال کر محفوظ کر لیا تو پھر اس کو فروخت کرنا جائز ہے اور امام مالک نے کہا ہے کہ دریا کے پانی کو زیادتی کے ساتھ اور ادھار فروخت کرنا جائز ہے اور یہی امام ابوحنیفہ کا قول ہے اور امام محمد نے کہا کہ دریا کے پانی کی پیمائش کی جاتی ہے اور اس کا وزن کیا جاتا ہے کیونکہ صحیح حدیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک مد (ایک لیٹر) پانی سے وضو کرتے تھے اور ایک صاع (چار لیٹر) پانی سے غسل فرماتے تھے، اس وجہ سے امام محمد کے نزدیک اس کی بیع میں زیادتی اور ادھار جائز نہیں ہے کیونکہ سود کی حرمت کی علت کیل اور وزن ہے، امام شافعی کے نزدیک بھی اس کی زیادتی کے ساتھ اور ادھار بیع جائز نہیں ہے کیونکہ ان کے نزدیک سود کی حرمت کی علت یہ ہے کہ وہ کھانے پینے کی جنس سے ہو۔

بعض مشکل الفاظ کے معانی

اس حدیث میں مذکور ہے کہ اس نے گھوڑے کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں باندھا ہو، اس کا معنی یہ ہے کہ کسی مرد نے اسلام کی سرحد پر اپنے گھوڑے کو جہاد کے لیے تیار کر کے رکھا ہو، دوسرا قول یہ ہے کہ اس شخص نے اپنے آپ کو گناہوں کے ارتکاب سے روک کر اور باندھ کر رکھا ہو۔

اس حدیث میں مرج کا لفظ ہے، اس کا معنی ہے: وسیع زمین، ابوالمعالی نے کہا: جس زمین میں بہت زیادہ گھاس اور پانی ہو اور

اس میں چرنے کے لیے بہ کثرت مویشی آئیں۔

اور اس حدیث میں الروضۃ کا لفظ ہے: یہ وہ جگہ ہے جس میں پانی جمع ہو اور اس میں سبزیاں اور ترکاریاں ہوں اور پھل وغیرہ ہوں اور یہ جگہ بلندی پر ہو۔

اس حدیث میں مذکور ہے: گھوڑے نے دریا سے پانی پیا اور اس کے مالک کا ارادہ اسے پانی پلانے کا نہیں تھا: اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ جب اس کا ارادہ پانی پلانے کا نہ ہو پھر بھی اسے اجر ملتا ہے تو جب اس کا ارادہ پانی پلانے کا ہوگا تو پھر توقع ہے کہ اس کو بہت زیادہ اجر ملے گا۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اجتہاد کرنے پر دلیل اور اس پر ایک سوال کا جواب

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: سب سے زیادہ عدل والی آیت یہ ہے:

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَ مَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝ (الزلزال: ۸-۷)

سو جو ذرہ برابر نیکی کرے گا وہ اس کا صلہ دیکھے گا ○ اور جو ذرہ برابر برائی کرے گا وہ اس کا عذاب دیکھے گا ○

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان پر انکار نہیں کیا، بعض علماء نے کہا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اجتہاد نہیں کرتے تھے صرف وحی کے موافق حکم فرماتے تھے، ورنہ آپ اجتہاد کر کے گدھوں کا حکم بیان فرما دیتے، دوسرے علماء نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی طرف سے گدھے کا حکم نہیں بیان کیا بلکہ اس کے حکم کو اس آیت کے عموم کی طرف مفوض کر دیا، ایک سوال یہ کیا جاتا ہے کہ صحابہ نے آپ سے خچر کے متعلق نہیں پوچھا، اس کا جواب یہ ہے کہ عرب میں خچر بہت کم ہیں یا اس لیے کہ خچر گدھوں کے حکم میں ہیں۔ اس حدیث میں یہ اشارہ ہے کہ قرآن مجید کے عموم سے استدلال کرنا چاہیے اور اس میں استنباط اور قیاس کی طرف متنبہ فرمایا ہے کیونکہ قرآن مجید میں گدھوں کا حکم نہیں ہے لیکن نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے حکم کو اس آیت سے مستنبط فرمایا اور یہی نفس قیاس اور اجتہاد ہے۔

(التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۱۵ ص ۳۷۲-۳۶۸، وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ھ)

۱- بَابٌ: وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝ (الزلزال: ۸)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور جو ذرہ برابر کوئی برائی کرے گا وہ اس کا عذاب دیکھے گا ○ (الزلزال: ۸) کی تفسیر

۴۹۶۳- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي مَالِكٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ أَبِي صَالِحٍ السَّمَّانِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه سُئِلَ النَّبِيُّ ﷺ عَنِ الْحُمُرِ فَقَالَ لَمْ يُنْزَلْ عَلَيَّ فِيهَا شَيْءٌ إِلَّا هٰذِهِ الْآيَةُ الْجَامِعَةُ الْفَاذَّةُ ﴿فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَ مَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝﴾ (الزلزال: ۷-۸)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے ابن وہب نے حدیث بیان کی: انہوں نے کہا: مجھے امام مالک نے خبر دی از زید بن اسلم از ابی صالح السمان از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے گدھوں کے متعلق سوال کیا گیا، آپ نے فرمایا: مجھ پر ان کے متعلق کوئی چیز نازل نہیں کی گئی مگر یہ آیت جو جامعہ اور منفرد ہے: فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَ مَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝ (الزلزال: ۷-۸) سو جو ذرہ برابر نیکی کرے گا وہ اس کا صلہ دیکھے گا ○ اور جو ذرہ برابر برائی

Marfat.com

کرے گا وہ اس کا عذاب دیکھے گا O

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۲۳۷۱ میں گزر چکی ہے۔

الزلزال: ۸۔۷ کی تفسیر علامہ قرطبی سے

علامہ عینی اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے یہاں اس حدیث کی کوئی شرح نہیں کی، تاہم میں نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کفار میں سے جو شخص بھی ذرہ برابر کوئی نیک کام کرے گا اس کو اس کی نیکی کا اجر دے دیا جائے گا اور اس کو آخرت میں کوئی اجر نہیں ملے گا اور اگر کوئی کافر کوئی برا کام کرے گا تو آخرت میں اس کو شرک کی سزا کے علاوہ اس برائی کی سزا بھی دی جائے گی اور مومنین میں سے جو شخص بھی ایک ذرہ کے برابر کوئی برائی کرے گا اس کو دنیا میں ہی اس کی برائی کی سزا دی جائے گی اور مرنے کے بعد اس کو آخرت میں اس برائی کی کوئی سزا نہیں دی جائے گی اور اس کی برائی سے درگزر کر لیا جائے گا اور اگر مومن نے ذرہ برابر کوئی نیکی کی تو اس کو قبول کر لیا جائے گا اور اس کا آخرت میں اجر زیادہ کر دیا جائے گا۔

(الجامع لاحکام القرآن جز ۲۰ ص ۱۳۵) (انوار تبیان القرآن ص ۹۶۴، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۲۱ھ)

الزلزال: ۸ کی تفسیر مصنف کی طرف سے

یہ تو علامہ قرطبی کی تفسیر ہے اور میں یہ کہتا ہوں: اگر مومن سے کوئی گناہ سرزد ہو گیا اور اس نے اس پر توبہ کر لی تو اس کا گناہ معاف کر دیا جائے گا اور اگر اس نے توبہ نہیں کی اور اس پر کوئی بیماری آئی یا کوئی آفت اور مصیبت آئی تو اس سے اس کے گناہ کا کفارہ ہو جائے گا اور اگر پھر بھی اس کے گناہ بچ رہے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے یا اللہ تعالیٰ کے فضل محض سے اس کی بخشش ہو جائے گی، اور بالفرض اگر اس کے باوجود اس کے گناہ باقی رہے تو قبر کے عذاب سے یا حشر کے دن کے طول سے یا دوزخ کے عذاب سے اس کی تطہیر کر دی جائے گی، اور مجھے امید ہے کہ اس کو قبر کا عذاب یا دوزخ کا عذاب محض صورتاً ہو گا حقیقتاً نہیں ہو گا۔

مصنف کی تفسیر پر قرآن مجید اور احادیث صحیحہ سے تائید اور توثیق

میں نے لکھا ہے: اگر مومن سے کوئی گناہ سرزد ہو گیا اور اس نے اس پر توبہ کر لی تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف کر دے گا، اس کی دلیل درج ذیل آیات ہیں:

فَمَنْ تَابَ مِنْ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَ اَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ۭ (المائدہ: ۳۹)

پھر جس نے اپنے ظلم کرنے کے بعد توبہ کر لی اور اپنی اصلاح کر لی تو بے شک اللہ اس کی توبہ قبول فرمائے گا

فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَ اٰمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ۝ (القصص: ۶۷)

سو جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور اس نے نیک عمل کیے، پس عنقریب وہ کامیابوں میں سے ہو جائے گا O

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت کی طویل حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: اگر تم سے کوئی گناہ سرزد ہو گیا ہے تو تم اللہ تعالیٰ سے استغفار کرو اور اس کی طرف توبہ کرو کیونکہ جب بندہ اپنے گناہ کا اعتراف کر لیتا ہے، پھر توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے۔ (صحیح البخاری: ۴۱۴۱، صحیح مسلم: ۲۷۷۰، سنن ابوداؤد: ۴۷۳۸، سنن ابن ماجہ: ۱۹۷۰، مسند احمد: ۲۵۳۷۱)

اور امام ابن ماجہ روایت کرتے ہیں:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گناہ سے توبہ کرنے والا اس شخص کی مثل ہے

Marfat.com

جس نے کوئی گناہ نہ کیا ہو۔

سنن ابن ماجہ: ۴۲۵۰۔اس حدیث کی سند صحیح ہے اور اس کے تمام رجال ثقہ ہیں۔

اور میں نے لکھا ہے: اگر اس پر کوئی بیماری آئی یا کوئی آفت اور مصیبت آئی تو اس سے اس کا گناہ دھل جائے گا، اس کی دلیل درج ذیل احادیث ہیں:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آپ کی بیماری میں حاضر ہوا، اس وقت آپ کو بہت تیز بخار تھا، میں نے کہا: بے شک آپ کو بہت تیز بخار ہے، میں نے کہا: کیا یہ اس وجہ سے ہے کہ آپ کو دگنا اجر ہوتا ہے، آپ نے فرمایا ہاں! جس مسلمان کو بھی کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کے گناہ ساقط کر دیتا ہے جس طرح درخت کے پتے گرتے ہیں۔ (صحیح البخاری: ۵۶۴۷، صحیح مسلم: ۲۵۷۱، السنن الکبریٰ: ۷۴۸۳)

نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس مسلمان کو بھی کوئی تکلیف پہنچے خواہ کانٹا چبھے یا اس سے زیادہ تو اللہ تعالیٰ اس کے سبب سے اس کے گناہ ساقط کر دیتا ہے جس طرح درخت کے پتے گرتے ہیں۔ (صحیح البخاری: ۵۶۴۸، صحیح مسلم: ۲۵۷۱، السنن الکبریٰ: ۷۴۸۳)

اور میں نے لکھا ہے: کہ اگر پھر بھی اس کے گناہ بچ گئے تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت سے اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے اور اس کی دلیل درج ذیل حدیث ہے:

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری شفاعت میری امت کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لیے ہوگی۔ (سنن ترمذی: ۲۴۳۶)

اور میں نے لکھا ہے: یا پھر اللہ تعالیٰ کے فضل محض سے اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے، اس کی دلیل یہ آیت مبارکہ ہے:

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ (الزمر: ۵۳)

آپ کہیے: اے میرے وہ بندو جو (گناہ کر کے) اپنی جانوں پر زیادتی کر چکے ہو اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، بے شک اللہ تمام گناہوں کو بخش دے گا، بے شک وہی بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے O

اور میں نے لکھا ہے: اگر پھر بھی اس کے گناہ بچ گئے تو قبر کے عذاب سے اس کی تطہیر ہو جائے گی اور مجھے امید ہے کہ اس کو یہ عذاب محض صورتاً ہوگا حقیقتاً نہیں ہوگا اور اس امید کا منشاء حسب ذیل حدیث ہے:

باب فضل السجود کی ایک حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد ہے: حتیٰ کہ جب اللہ تعالیٰ اہل دوزخ میں سے جن پر رحم فرمانے کا ارادہ فرمائے گا تو اللہ تعالیٰ فرشتوں کو یہ حکم دے گا: ان کو دوزخ میں سے نکال لو جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے تھے، پس فرشتے ان کو دوزخ سے نکالیں گے اور ان کو سجدوں کے نشانات سے پہچانیں گے اور اللہ تعالیٰ نے دوزخ پر سجدوں کے نشانات کے کھانے کو حرام فرما دیا ہے، پس ان کو دوزخ سے نکالا جائے گا، پس سجدوں کے نشان کے سوا ہر ابن آدم کو دوزخ کی آگ کھا لے گی، سو ان کو دوزخ سے نکالا جائے گا اس حال میں کہ وہ جل کر کوئلہ ہو چکے ہوں گے، پھر ان پر حیات کا پانی ڈالا جائے گا تو وہ اس سے اس طرح اگنے لگیں گے جس طرح کوئی دانہ سیلاب کی مٹی میں تیزی سے اگتا ہے۔ الحدیث (صحیح البخاری: ۸۰۶، صحیح مسلم: ۱۸۲، سنن نسائی: ۱۱۴۰، سنن ابن ماجہ: ۴۳۳۶، مسند احمد، ج ۲، ص ۲۷۶، السنن الکبریٰ: ۷۷۰۳، مصنف عبدالرزاق: ۲۰۸۵۶)

Marfat.com

ہوسکتا ہے کہ سجدے کے نشانات کے سوا دوزخ کی آگ جسم کے جس حصہ کو جلا کر کوئلہ کرے گی وہ صرف صورۃً عذاب ہو اور حقیقتاً عذاب نہ ہو اور اللہ تعالیٰ نے اس وقت اس کے دماغ کو ماؤف کر دیا ہو جس سے اسے جلنے اور درد کا ادراک اور احساس نہ ہو جیسے کسی بڑے آپریشن اور سرجری کے وقت ڈاکٹر مریض کو بے ہوش کر دیتے ہیں، اس کے جسم کو چیرا پھاڑا جاتا ہے لیکن بے ہوش ہونے کی وجہ سے اسے کوئی تکلیف نہیں ہوتی اور اللہ تعالیٰ تو اپنے مومن بندوں پر بہت رحیم اور کریم ہے اس لیے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مجھے یہ امید ہے کہ مومن کو دوزخ کے عذاب کے وقت اللہ تعالیٰ اس کو بے ہوش کر دے گا اور اس کو صرف صورۃً عذاب ہوگا اور حقیقت میں عذاب نہیں ہوگا، یہ صرف اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے امید ہے، اس کے متعلق کوئی صریح حدیث نہیں ہے۔ ہوسکتا ہے کہ میری سوچ غلط ہو۔ الزلزال: ۸ میں فرمایا ہے: اور جو ذرہ برابر کوئی برائی کرے گا وہ اس کا عذاب دیکھے گا O

میں کافی عرصہ اس آیت پر غور کرتا رہا کہ اگر ہر برائی پر عذاب ہو تو اللہ تعالیٰ کی مغفرت کی آیات کا کیا محمل ہوگا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت کی تفسیر کے لیے میرا سینہ کھول دیا اور میں نے قرآن مجید کی آیات اور احادیث صحیحہ کی روشنی میں اس آیت کی تفسیر کی، اللہ تعالیٰ میری اس کاوش کو اور میری تمام کاوشوں اور محنتوں کو قبول فرمائے۔ (آمین)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الزلزال کی تفسیر میں جو ایک تعلیق ذکر کی تھی اور احادیث روایت کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہوگئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز سورۃ العادیات کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۰۰۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْعَادِیَاتِ

سورۃ والعادیات کی تفسیر

سورۃ والعادیات کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ العادیات کی بعض آیات کی تفسیر ہے، سورۃ العادیات مکی ہے اور اس میں گیارہ (۱۱) آیات ہیں۔

حضرت ابن عباس، عطاء، مجاہد، حسن بصری، عکرمہ، الکلبی اور ابوالعالیہ وغیرہ سے روایت ہے کہ العادیات سے مراد وہ گھوڑے ہیں جو جہاد کے وقت اللہ کی راہ میں دوڑتے ہیں اور صبحا کا معنی ہے کہ دوڑتے وقت ان کے ہانپنے اور زور زور سے سانس لینے کی جو آواز نکلتی ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۸، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ الْكَنُودُ الْكَفُورُ۔ اور مجاہد نے کہا: الکنود کا معنی ہے: الکفور یعنی جو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا نہ کرتا ہو۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

إِنَّ الْإِنْسَانَ لِرَبِّهِ لَكَنُودٌ ۝ (العادیات:۶) بے شک انسان اپنے رب کا ضرور ناشکرا ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور مجاہد سے روایت ہے کہ انسان ضرور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا ہے، الکلبی نے کہا: یہ بلسان کندۃ اور حضرموت کی لغت ہے، انہوں نے کہا: اس کا معنی ہے: العاصی یعنی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرنے والا، اور مضر اور ربیعہ کی لغت میں اس کا معنی ہے: ناشکرا اور بلسان کی لغت میں بھی اس کا معنی ہے: ناشکرا۔

يُقَالُ فَأَثَرْنَ بِهِ نَقْعًا رَفَعْنَ بِهِ غُبَارًا۔ کہا جاتا ہے: فَأَثَرْنَ بِهِ نَقْعًا ۝ (العادیات:۴) اس کا معنی ہے: جب گھوڑے گرد و غبار اڑاتے ہیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَأَثَرْنَ بِهِ نَقْعًا ۝ (العادیات:۴) پھر اس وقت وہ گرد و غبار اڑاتے ہیں ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس قول کے قائل امام ابوعبیدہ ہیں اور اس آیت کا معنی ہے کہ صبح کے وقت جب وہ گھوڑے حملہ کرتے وقت گرد و غبار اڑاتے ہیں یعنی دشمن پر حملہ کرنے کے وقت۔

لِحُبِّ الْخَيْرِ مِنْ أَجْلِ حُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ لَبَخِيلٌ وَيُقَالُ لِلْبَخِيلِ شَدِيدٌ۔ لِحُبِّ الخیر اس کا معنی ہے: خیر کی محبت کی وجہ سے، لَشَدِيدٌ اس کا معنی ہے: وہ ضرور بخیل ہے اور بخیل کو شدید کہا جاتا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَإِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ ۝ (العادیات:۸) اور بے شک وہ مال کی محبت میں بہت سخت ہے ○

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ بھی امام ابوعبیدۃ کا قول ہے، انہوں نے لام کو تعلیل کا قرار دیا ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ لام متعدی کرنے کے لیے ہے یعنی وہ خیر کی محبت میں بہت قوی اور طاقت ور ہے اور خیر سے مراد مال ہے، ابن زید سے منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مال کو خیر فرمایا ہے اور بعض اوقات مال خبیث اور حرام ہوتا ہے لیکن لوگ مال کو خیر شمار کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے عرف کے مطابق کلام فرمایا۔

حُصِّلَ مُيِّزَ۔ حُصِّلَ اس کا معنی ہے: مُيِّزَ یعنی الگ کر دیا جائے گا اور جدا کر دیا جائے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُورِ ﴿١٠﴾ (العادیات:۱۰) اور سینوں کی باتوں کو ظاہر کر دیا جائے گا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یہ بھی امام ابوعبیدہ کی تفسیر ہے، دوسرا قول ہے: اس کا معنی ہے: نکال دیا جائے گا اور ظاہر کر دیا جائے گا۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۹۔۴۴۸ میں کی ہے]

سورۃ العادیات کا شان نزول اور العادیات کے مختلف معانی

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

امام بزار اور امام حاکم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ حدیث روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے سواروں کی ایک جماعت کو بھیجا اور ایک ماہ تک ان کی کوئی خبر نہیں آئی، تب سورۃ العادیات نازل ہوئی، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے کہ ایک شخص نے مجھ سے العادیات کا معنی پوچھا تو میں نے کہا: اس کا معنی ہے: گھوڑے، پھر وہ شخص سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور ان کو بتایا کہ میں نے کیا جواب دیا تھا تو حضرت علی نے مجھے بلایا اور مجھ سے فرمایا: العادیات سے مراد وہ اونٹ ہیں جو میدان عرفات سے مزدلفہ کی گھاٹی کی طرف دوڑتے ہیں اور امام سعید بن منصور کی حارثہ بن مضرب سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ العادیات کا معنی ہے: دوڑنے والے اونٹ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے تھے کہ العادیات کا معنی ہے: دوڑنے والے گھوڑے، اور عکرمہ نے کہا کہ اونٹ حج کے موقع پر دوڑتے ہیں اور گھوڑے جہاد کے موقع پر دوڑتے ہیں اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بھی کہا ہے کہ العادیات سے مراد اونٹ ہیں۔ اس آیت میں العادیات کے بعد ضبحا ہے جس کا معنی ہے: ہانپنا اور سند صحیح کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ کتے اور گھوڑے کے سوا اور کوئی جانور نہیں ہانپتا۔

(فتح الباری ج ۶ ص ۱۳۸۔۱۳۷، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ العادیات کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہو گئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ القارعۃ کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۰۱۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْقَارِعَۃِ

سورۃ القارعۃ کی تفسیر

سورۃ القارعۃ کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ القارعۃ کی بعض آیات کی تفسیر ہے، یہ سورت مکی ہے اور اس سورت میں گیارہ (۱۱) آیات ہیں۔

القارعۃ کا معنی ہے: قیامت کے کھٹکھٹانے سے جو مہیب آواز پیدا ہوگی۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۹)

كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ كَغَوْغَاءِ الْجَرَادِ يَرْكَبُ بَعْضُهُ بَعْضًا كَذَلِكَ النَّاسُ يَجُولُ بَعْضُهُمْ فِي بَعْضٍ۔

كالفراش المبثوث: اس کا معنی ہے: جیسے ٹڈیاں جن کے پر نکل آئے ہوں اور وہ اڑنے کے لیے تیار ہوں اور ایک دوسرے پر چڑھ رہی ہوں، اسی طرح اس دن لوگ بھی ایک دوسرے پر سوار ہو رہے ہوں گے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیات کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

يَوْمَ يَكُونُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ ۝ وَتَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوشِ ۝ (القارعۃ: ۴۔۵)

(یہ وہ دن ہے) جس دن تمام لوگ منتشر پروانوں کی طرح ہو جائیں گے ○ اور پہاڑ دھنی ہوئی رنگ برنگی اون کی طرح ہو جائیں گے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے کالفراش المبثوث کی تفسیر کی ہے: جیسے ٹڈیاں جن کے پر نکل آئے ہوں اور وہ اڑنے کے لیے تیار ہوں اور ایک دوسرے پر چڑھ رہی ہوں، اور المبثوث کا معنی ہے: المتفرق اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ الفراش کا معنی ہے: وہ پروانے جو آگ پر گرتے ہیں اور الغوغاء کا معنی ہے: آواز اور بھنبھناہٹ اور اصل میں غوغاء ان ٹڈیوں کو کہتے ہیں جو اڑنے کے لیے تیار ہوں۔

كَالْعِهْنِ كَأَلْوَانِ الْعِهْنِ وَقَرَأَ عَبْدُ اللّٰهِ كَالصُّوفِ۔

کالعھن کا معنی ہے: جیسے روئی کے رنگ اور حضرت عبداللہ نے اس لفظ کو کالصوف پڑھا ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: العھن کا معنی ہے: اون اور اسی طرح حضرت عبداللہ نے کالعھن کی جگہ کالصوف پڑھا ہے۔

[ان دونوں تعلیقوں کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۹ میں کی ہے]

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ القارعہ کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان شاء اللہ العزیز سورۃ التکاثر کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۰۲۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ التَّکَاثُرِ

سورۃ التکاثر کی تفسیر

سورۃ التکاثر کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ التکاثر کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس سورت کا نام سورۃ التکاثر ہے اور اس کو سورۃ اَلْھٰکُمُ بھی کہا جاتا ہے، یہ سورت مکی ہے اور اس میں آٹھ آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۴۹)

میں کہتا ہوں: ہم نے اس سورت کی تفسیر میں لکھا ہے: اَلْھٰی کا معنی ہے: زیادہ ضروری چیز سے غافل ہونا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم مال اور اولاد کی کثرت میں اللہ تعالیٰ کی عبادت سے غافل ہو گئے، اس سورت میں علم الیقین کا ذکر ہے، کسی چیز کی خبر سن کر یا دلائل میں غور و فکر کرنے سے جو یقین حاصل ہو اس کو علم الیقین کہتے ہیں اور کسی چیز کو دیکھ کر جو یقین حاصل ہو اسے عین الیقین کہتے ہیں اور تجربہ سے جو یقین حاصل ہو اس کو حق الیقین کہتے ہیں، اس سورت میں فرمایا ہے: تم مال کی کثرت پر فخر نہ کرو کیونکہ تم کو اس فخر کرنے پر آخرت میں عذاب دیا جائے گا، کاش! تم علم الیقین کے ساتھ اپنا انجام جان لیتے یعنی اگر تم آج آخرت میں اپنا انجام جان لیتے تو مال و دولت پر فخر کرنا چھوڑ دیتے۔ (انوار تبیان القرآن ص ۹۶۵، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَلتَّکَاثُرُ مِنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے التکاثر کی تفسیر میں فرمایا: اس سے مراد ہے: مال اور اولاد کی کثرت۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ ○ (التکاثر: ۱) تم کو زیادہ مال جمع کرنے کی حرص نے غافل کر دیا ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی تم کو مال اور اولاد کی کثرت نے مشغول کر رکھا ہے، یہ تفسیر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے اور قتادہ سے روایت ہے کہ یہ آیت یہود کے متعلق نازل ہوئی ہے جو کہتے تھے کہ ہم بنو فلاں سے زیادہ ہیں، اور بنو فلاں بنو فلاں سے زیادہ ہیں، ان کو اولاد کی کثرت نے غافل کر دیا حتیٰ کہ وہ گمراہی میں مر گئے اور ابن بریدہ سے منقول ہے کہ یہ آیت انصار کے دو قبیلوں میں نازل ہوئی جو فخر کرتے تھے، اور مقاتل اور کلبی سے منقول ہے کہ یہ آیت بنو عبد مناف اور بنو سہم بن عمرو کے متعلق نازل ہوئی جو قریش کے دو قبیلے تھے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۵۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

امام ابن ابی حاتم نے سعید بن ابی ہلال کی سند سے یہ روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب اس سورت کا نام سورۃ المقابر رکھتے تھے۔

امام بخاری نے اس سورت کی تفسیر میں کوئی حدیث روایت نہیں کی اور عنقریب کتاب الرقاق میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی

ایک روایت آئے گی جس کو اس سورت کی تفسیر میں داخل کیا جا سکتا ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۳۸، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ التکاثر کی تفسیر میں جو ایک تعلیق ذکر کی تھی اس کی شرح مکمل ہو گئی اور اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز سورۃ العصر کی تفسیر میں امام بخاری نے جو دو تعلیقیں ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۰۳۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْعَصْرِ

سورۃ العصر کی تفسیر

سورۃ العصر کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ العصر کی بعض آیات کی تفسیر ہے اور یہ سورت مکی ہے اور اس سورت میں تین آیات ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۵۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

قرآن مجید میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قسم کھائی ہے یا آپ کی طرف نسبتوں کی

میں کہتا ہوں کہ ہم نے اس سورت کی تفسیر میں لکھا ہے: العصر سے مراد دہر اور زمانہ ہے، بعض مفسرین نے کہا: العصر سے مراد اس زمانہ کی قسم ہے جس میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے شہر کی قسم بھی کھائی ہے، وَ اَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ (البلد: ۲) اس شہر کی قسم جس میں آپ مقیم ہیں ○ اور آپ کی زندگی کی قسم کھائی لَعَمْرُكَ (الحجر: ۷۲) پس گویا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: آپ کے زمانہ کی قسم! آپ کے شہر کی قسم! آپ کی زندگی کی قسم! سوچیے! اللہ تعالیٰ آپ کی نسبتوں کی قسم کھا رہا ہے اور آپ کی نسبتیں اللہ کے نزدیک اتنی مکرم ہیں تو خود آپ کی ذات اللہ تعالیٰ کے نزدیک کس قدر مکرم ہوگی۔ (تفسیر کبیر ج ۱۱ ص ۲۷۹)

نیز میں کہتا ہوں کہ قرآن مجید میں ہے:

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۙ (العادیات: ۱)	ان گھوڑوں کی قسم جو بہت تیز دوڑتے ہیں ہانپتے ہوئے ○
فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۙ (العادیات: ۲)	پتھر پر سم مار کر چنگاریاں اڑاتے ہیں ○
فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۙ (العادیات: ۳)	پھر صبح کے وقت دشمن پر حملہ کرتے ہیں ○
فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۙ (العادیات: ۴)	پھر اس وقت وہ گرد و غبار اڑاتے ہیں ○
فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۙ (العادیات: ۵)	پھر دشمن کی فوج میں گھس جاتے ہیں ○

میرے شیخ علامہ سید احمد سعید کاظمی قدس سرہ العزیز نے فرمایا کہ ان آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کے گھوڑوں کی قسم کھائی اور ان چنگاریوں کی قسم کھائی جو ان کے سم مارنے سے نکلتی ہیں اور ان کے گرد و غبار اڑانے کی قسم کھائی کیونکہ گرد و غبار کی نسبت ان گھوڑوں کی طرف ہے اور چنگاریوں کی نسبت سم کی طرف ہے اور سم کی نسبت گھوڑوں کی طرف ہے اور گھوڑوں کی نسبت مجاہدین کی طرف ہے اور مجاہدین کی نسبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف ہے کیونکہ آپ نے ان کو دشمن پر حملہ کرنے کے لیے بھیجا تھا۔ خلاصہ یہ ہے کہ یہ بھی آپ کی طرف نسبتوں کی قسم ہے۔ (سعیدی غفرلہ)

وَقَالَ يَحْيَى الْعَصْرُ الدَّهْرُ أَقْسَمَ بِهِ۔ اور یحییٰ نے کہا: العصر کا معنی ہے: الدھر یعنی جس کی قسم کھائی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی العصر سے مراد زمانہ ہے جس کی اللہ نے قسم کھائی ہے، حسن بصری سے منقول ہے: اس سے مراد ہے:

Marfat.com

دوپہر سے عشاء کے وقت تک کا زمانہ، ابن کیسان سے منقول ہے: رات اور دن اور مقاتل سے منقول ہے: اس سے مراد ہے: صلاۃ العصر اور یہی صلاۃ الوسطیٰ ہے۔

اور مجاہد نے کہا: خسر کا معنی ہے: گمراہی، پھر اللہ تعالیٰ نے اس سے مومنین کو مستثنیٰ فرمایا ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۙ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا۔ بے شک ہر انسان ضرور نقصان میں ہے ○ سوا ان لوگوں کے جو (العصر: ۲۔۳) ایمان لائے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے خسر کی تفسیر گمراہی سے کی ہے اور علامہ ثعلبی نے کہا: اس سے مراد نقصان ہے اور الاخفش نے کہا: اس سے مراد ہلاکت ہے اور الفراء سے منقول ہے: اس سے مراد عقوبت ہے، پھر اللہ تعالیٰ نے مومنین کو مستثنیٰ فرمایا کیونکہ وہ نقصان میں نہیں ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۵۰)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ العصر کی تفسیر میں جو دو تعلیقیں ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہوگئی اور اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز سورۃ الہمزۃ کی تفسیر میں امام بخاری نے جو ایک تعلیق ذکر کی ہے اس کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۰۴۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْھُمَزَۃِ

سورۃ الہمزۃ کی تفسیر

سورۃ الہمزۃ کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الہمزۃ کی بعض آیات کی تفسیر ہے، صحیح بخاری کے بعض نسخوں میں اس کا نام سورۃ وَیْلٌ لِّکُلِّ ھُمَزَۃٍ ہے (الہمزۃ:۱)، یہ سورت مکی ہے اور اس میں نو (۹) آیات ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ الہمزۃ کا معنی ہے: جو لوگ چغل خوری کرتے ہیں اور دوستوں کے درمیان تفریق کرتے ہیں اور قتادہ سے منقول ہے کہ الہمزۃ وہ شخص ہے جو لوگوں کا گوشت کھاتا ہو اور ان کی غیبت کرتا ہو اور الہمزۃ کا معنی ہے: جو بہت طعنے دیتا ہو۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۵۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حضرت اسماء بنت یزید بیان کرتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم کو ان لوگوں کی خبر نہ دوں جو تم میں سے سب سے اچھے ہیں، صحابہ نے کہا: کیوں نہیں یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جب ان کو دیکھا جائے تو اللہ تعالیٰ کی یاد آجائے، پھر فرمایا: کیا میں تم کو ان لوگوں کی خبر نہ دوں جو تم میں سب سے برے لوگ ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جو چغلی کھاتے ہیں اور دوستوں کے درمیان پھوٹ اور فساد ڈالتے ہیں اور جو لوگ عیب سے بری ہیں ان میں عیب نکالتے ہیں۔ (مسند احمد: ۲۷۵۹۸)

اَلْحُطَمَۃُ اسْمُ النَّارِ مِثْلُ سَقَرَ وَلَظٰی۔ اَلْحُطَمَۃ: یہ دوزخ کا نام ہے جیسے سَقَر اور لَظٰی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

کَلَّا لَیُنْۢبَذَنَّ فِی الْحُطَمَۃِ ۝ (الہمزۃ:۴) ہرگز نہیں! وہ چورا چورا کر دینے والی (آگ) میں جھونک دیا جائے گا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الحطمۃ کی تفسیر دوزخ کے ساتھ کی ہے جیسے سقر اور لظیٰ ہے، دوزخ کا نام حطمہ اس لیے رکھا ہے کیونکہ حَطَم کا معنی ہے: جسم کو توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دینا، اور دوزخ بھی جسم کو توڑ کر چورا چورا کر دیتی ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۵۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

جو شخص بہت زیادہ کھانا کھاتا ہو اس کو بھی حطمہ کہا جاتا ہے کیونکہ وہ بھی کھانے کو چورا چورا کر دیتا ہے۔

(فتح الباری ج ۶ ص ۱۳۹، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

سورۃ الہمزۃ کے شان نزول کے متعلق روایات

علامہ ابوحفص عمر بن علی بن احمد انصاری الشافعی المعروف بابن الملقن متوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

Marfat.com

یہ سورت الولید بن مغیرہ کے متعلق نازل ہوئی ہے، دوسرا قول ہے کہ یہ امیہ بن خلف کے متعلق نازل ہوئی ہے اور تیسرا قول ہے کہ یہ الاخنس بن شریق کے متعلق نازل ہوئی ہے اور چوتھا قول ہے کہ یہ حمید بن عامر کے متعلق نازل ہوئی ہے، اگر چہ اس سورت کا سبب نزول خاص لوگوں کے متعلق ہے لیکن اس کا حکم عام ہے، اور ویل کا لفظ اس شخص کے متعلق کہا جاتا ہے جو کسی ہلاکت میں واقع ہو۔ (التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۳ ص ۵۸۳، وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ھ)

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الہمزۃ کی جو تعلیق ذکر کی تھی اس کی شرح مکمل ہوگئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز امام بخاری نے سورۃ الفیل کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۰۵۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْفِیْلِ

سورۃ الفیل کی تفسیر

سورۃ اَلَمْ تَرَ (الفیل) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الفیل کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس سورت کا نام سورۃ اَلَمْ تَرَ بھی ہے، یہ سورت مکی ہے، اور اس میں پانچ (۵) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۵۱)

سورۃ الفیل کا خلاصہ

میں کہتا ہوں: ہم نے اس سورت کی تفسیر میں لکھا ہے کہ ابرہہ کو حبشہ کے بادشاہ نے یمن کا گورنر بنا دیا، اس نے صنعاء نامی شہر میں کلیسا بنالیا، اس نے شاہ حبشہ کو خط لکھا کہ میں نے آپ کے لیے بہترین گرجا قائم کیا ہے، میری خواہش ہے کہ آئندہ عرب اس کعبہ کی بجائے اس معبد میں حج اور طواف کریں، جب یہ خبر مکہ میں پہنچی تو بنو کنانہ کے ایک شخص نے غضب میں آکر اس میں بول و براز کر دیا، یہ دیکھ کر ابرہہ سخت آگ بگولہ ہوا اور ہاتھیوں کا لشکر لے کر کعبہ کو ڈھانے کے ناپاک ارادے سے نکلا۔ مکہ سے دو میل کے فاصلے پر پہنچ کر اس نے مکہ کے لوگوں کے مویشی چھین لیے جن میں دو سو (۲۰۰) اونٹ حضرت عبدالمطلب کے تھے، اس کے بعد ابرہہ نے کسی کو بھیج کر انہیں بلوایا اور ان کی بہت عزت کی اور ترجمان کے ذریعے ان سے بات چیت ہوئی۔ ابرہہ نے کہا: تم کیا چاہتے ہو؟ حضرت عبدالمطلب نے کہا: تم میرے اونٹ واپس کر دو، ابرہہ نے تعجب سے کہا: تمہیں اونٹوں کی فکر ہے اور خانہ کعبہ کی فکر نہیں ہے، حضرت عبدالمطلب نے کہا: میں اونٹوں کا مالک ہوں اس لیے اونٹ مانگ رہا ہوں، کعبہ کا مالک اللہ تعالیٰ ہے وہ اپنا گھر خود بچائے گا، حضرت عبدالمطلب اپنے اونٹ لے کر مکہ پہنچ گئے، ابرہہ نے مکہ پر حملہ کیا، جب یہ لشکر وادی محسر کے پاس پہنچا تو اللہ تعالیٰ نے پرندوں کے غول بھیجے جن کی چونچوں میں کنکر تھے، جس فوجی کے کسی جانب کنکر لگتا تو اس کے مقابل جانب سے نکل جاتا اور اس کے جسم کے آر پار ہو جاتا تھا۔ (جامع البیان: ۱۰ ۲۹۴) (انوار تبیان القرآن ص ۹۶۷، فرید بک اسٹال، لاہور، ۱۴۳۱ھ)

اَلَمْ تَرَ اَلَمْ تَعْلَمْ۔

مجاہد نے کہا: اَلَمْ تَرَ کا معنی ہے: اَلَمْ تَعْلَمْ یعنی کیا آپ نے نہیں جانا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ (الفیل: ۱)

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا معاملہ کیا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد نے کہا ہے: اَلَمْ تَرَ کا معنی ہے: کیا آپ نے نہیں جانا اور الفراء نے لکھا ہے: کیا آپ کو حبشہ اور ہاتھی والوں کی خبر نہیں دی گئی، اور یہ اس لیے فرمایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہاتھی والوں کے قصے کے وقت موجود نہیں تھے کیونکہ آپ کی

Marfat.com

ولادت اسی سال ہوئی تھی۔

قَالَ مُجَاهِدٌ أَبَابِيلَ مُتَتَابِعَةً مُجْتَمِعَةً۔ مجاہد نے کہا: ابابیل کا معنی ہے: وہ پرندے جو لگاتار آئیں اور مجتمع ہوں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝ (الفیل: ۳) اور ان پر پرندوں کے جھنڈ کے جھنڈ بھیج دیئے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے ابابیل کی تفسیر کی ہے، وہ پرندے جو لگاتار آئیں اور اکٹھے ہوں۔ یہ تفسیر مجاہد سے منقول ہے، الثعلبی نے کہا: ابابیل کا معنی ہے: جو کثیر ہوں اور متفرق ہوں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے: ان پرندوں کی سونڈ ہوتی ہے اور پنجے ہوتے ہیں جیسے کتوں کے پنجے ہوتے ہیں اور عکرمہ سے منقول ہے: ان کے ایسے سر تھے جیسے درندوں کے سر ہوتے ہیں، ان کو اس سے پہلے دیکھا گیا نہ اس کے بعد، اور ربیع سے منقول ہے کہ ان کی کچلیاں ہوتی ہیں، اور النسفی کی تفسیر میں مذکور ہے کہ ابابیل ابال کی جمع ہے اور دوسرا قول ہے کہ یہ عَبَادِیْل کی طرح ہے، اس کا کوئی واحد نہیں ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مِنْ سِجِّيلٍ هِيَ سَنْكٌ وَكُلٌ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے من سِجیل کی تفسیر میں کہا: یہ سنگ اور گِل ہے یعنی پتھر اور مٹی۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ (الفیل: ۴) جو انہیں مٹی اور پتھر کی کنکریاں مار رہے تھے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے سجیل کی تفسیر سنگ اور گل کے ساتھ کی ہے اور یہ فارسی زبان کے الفاظ ہیں جس کے معنی پتھر اور مٹی ہیں، امام طبری نے بھی اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہی تفسیر نقل کی ہے۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۵۱ میں کی ہے]

علامہ ابوالحفص عمر بن علی بن احمد الانصاری الشافعی المعروف بابن الملقن المتوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

سجیل کے معنی میں اور بھی اقوال ہیں ان میں قریب ترین قول یہ ہے کہ یہ لفظ سجل سے ماخوذ ہے اس کا معنی ہے وہ کتاب جس میں یہ لکھا ہوا تھا کہ ان کو اس کے ساتھ عذاب دیا جائے گا یا سجیل آسمان دنیا کا نام ہے۔

(التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۳ ص ۵۸۴، وزارۃ الاوقاف قطر ۱۴۲۹ھ)

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الفیل کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان سب کی شرح مکمل ہوگئی اور اب ان کے بعد ان شاء اللہ العزیز سورۃ القریش کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۰۶۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ لِاِیْلٰفِ

سورۃ لایلاف (قریش) کی تفسیر

سورۃ لایلاف (قریش) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ القریش کی بعض آیات کی تفسیر ہے اور اس سورت کا نام سورۃ لایلاف بھی ہے، ابوالعباس نے ذکر کیا ہے کہ اس پر اتفاق ہے کہ یہ سورت مکی ہے اور ضحاک نے عطاء بن السائب سے یہ روایت کی ہے کہ یہ سورت مدنی ہے اور اس سورت میں چار آیات ہیں۔

لایلاف قریش کا معنی ہے: قریش کو رغبت دلانے کے لیے اور یہ لام پہلی سورت کے ساتھ متصل ہے، اور الکسائی اور الاخفش سے منقول ہے کہ یہ لام تعجب ہے یعنی قریش کے رغبت دلانے پر تعجب ہے، وہ سردی اور گرمی میں سفر کرتے ہیں اور اس بیت اللہ کے رب کی عبادت کو ترک کر دیتے ہیں، اور الزجاج سے منقول ہے کہ اس کا معنی ہے: وہ اس بیت اللہ کے رب کی عبادت کریں کیونکہ اس نے ان کو سردی اور گرمی کے موسم میں سفر کرنے کی سہولت مہیا کی اور قریش وہ ہیں جو النضر بن کنانہ کی اولاد ہیں اور جو اس کی اولاد نہیں ہیں وہ قریش نہیں ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۴۵۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ لِإِيلَافِ أَلِفُوا ذَلِكَ فَلَا يَشُقُّ عَلَيْهِمْ فِي الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ وَآمَنَهُمْ مِنْ كُلِّ عَدُوِّهِمْ فِي حَرَمِهِمْ۔

اور مجاہد نے کہا: لایلاف کا معنی ہے کہ قریش کا سفر میں دل لگا دیا تھا، پس سردی اور گرمی میں سفر کرنا ان پر دشوار نہیں ہوتا تھا اور ان کو ان کے حرم میں ہر دشمن سے محفوظ اور مامون رکھا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیتوں کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۝ (القریش: ۱:۲)

قریش کو رغبت دلانے کے لیے ۝ انہیں سردی اور گرمی کے (تجارتی) سفر سے مانوس کیا ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس آیت کا معنی ہے: اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں سفر کی الفت ڈال دی اور ان کو ان کے حرم میں ہر دشمن سے محفوظ اور مامون رکھا، اور ضحاک، ربیع اور سفیان سے منقول ہے اور ان کو جذام کی بیماری سے محفوظ رکھا، پس ان کے شہر میں جذام یعنی کوڑھ کی بیماری نہیں ہوتی تھی۔

قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ لِإِيلَافِ لِنِعْمَتِي عَلَى قُرَيْشٍ۔

اور ابن عیینہ نے کہا: لایلاف کا معنی ہے: قریش پر میری نعمت کی محبت ڈالنے کے لیے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی سفیان بن عیینہ نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ قریش پر میری نعمت کی الفت اور محبت ڈالنے کے لیے اور ایلاف مصدر ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۵۴۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

Marfat.com

بیت اللہ کے رب کی عبادت کی وجہ سے اس کی خصوصی نعمت سفر میں آسانی مہیا کرنا ہے

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں۔

اس سورت میں فرمایا ہے:

فَلْيَعْبُدُوا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ (القریش: ۳) پس انہیں چاہیے کہ وہ اس گھر کے رب کی عبادت کریں O

یعنی اگر وہ دوسری نعمتوں کی وجہ سے گھر کے رب کی عبادت نہیں کرتے تو وہ اپنے رب کی اس نعمت کی وجہ سے اس کی عبادت کریں کہ اس نے سردی اور گرمی کے موسم میں ان کے تجارتی سفر کو آسان کر دیا۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۴۰)

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ القریش کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان کی شرح مکمل ہوگئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز سورۃ الماعون کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۰۷۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْمَاعُوْنِ

سورۃ الماعون کی تفسیر

سورۃ الماعون کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الماعون کی بعض آیات کی تفسیر ہے، صحیح بخاری کے بعض نسخوں میں اس سورت کا نام سورۃ ارأیت ہے اور یہ سورت مکی ہے اور اس میں سات آیات ہیں۔

علامہ ثعلبی نے لکھا ہے: مقاتل اور کلبی نے کہا ہے کہ یہ سورت العاص بن وائل السہمی کے متعلق نازل ہوئی ہے اور السدی اور ابن کیسان سے منقول ہے کہ یہ سورت الولید بن المغیرہ کے متعلق نازل ہوئی ہے، اور ضحاک سے مروی ہے کہ یہ سورت عمرو بن عائذ کے متعلق نازل ہوئی ہے، اور دوسرا قول ہے کہ یہ سورت ہبیرہ بن وہب المخزومی کے متعلق نازل ہوئی ہے، علامہ النسفی نے کہا ہے: اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ○ کا معنی ہے: کیا آپ اس شخص کو پہچانتے ہیں جو روز جزاء کو جھٹلاتا ہے کہ وہ کون ہے؟ اور اگر اس کو نہیں پہچانتے تو یہ وہ شخص ہے جو یتیم کو دھتکارتا ہے اور اس کو جھڑکتا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۳، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ يَدُعُّ يَدْفَعُ عَنْ حَقِّهِ يُقَالُ هُوَ مِنْ دَعَفْتُ يُدَعُّوْنَ يُدْفَعُوْنَ۔ اور مجاہد نے کہا: یدع کا معنی ہے: اس کو اس کا حق لینے سے دھتکارتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ یہ دَعت سے ماخوذ ہے، یُدَعُّوْنَ کا معنی ہے ان کو دھکا دیا جائے گا اور دھکیلا جائے گا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ○ (الماعون: ۲) پس یہی وہ شخص ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: مجاہد نے اس کی تفسیر کی ہے: وہ یتیم کو اس کا حق لینے سے دھتکارتا ہے، اور ابورجاء سے اس کی تفسیر منقول ہے کہ وہ یتیم کا حق ادا کرنے میں کمی کرتا ہے، امام بخاری نے کہا: یہ دعت سے ماخوذ ہے کہ اس میں یہ اشارہ ہے کہ جب ضمیر متصل تھی تو عین میں ادغام نہیں کیا گیا اور انہیں بتایا ہے کہ الطور: ۱۳ میں مذکور ہے۔

يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ○ جس دن ان کو دوزخ کی آگ کی طرف دھکیل کر لایا جائے گا ○

اگرچہ یہ آیت سورۃ الطور میں ہے لیکن امام بخاری نے اس کو یَدُعُّ الْیَتِیْم کی مناسبت سے یہاں ذکر کر دیا۔

سَاهُوْنَ لَاهُوْنَ۔ سَاهُوْنَ اس کا مطلب ہے: غفلت کرنے والے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۙ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ○ (الماعون: ۵۔۴) سو ان نمازیوں کے لیے ہلاکت ہے ○ جو اپنی نمازوں سے غفلت کرتے ہیں ○

Marfat.com

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام طبری نے بھی مجاہد سے اسی طرح روایت کی ہے اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو نماز کو اس کا وقت نکلنے کے بعد پڑھتے ہیں اور متعدد علماء نے کہا: اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو نماز کو ترک کرتے ہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس سے مراد منافقین ہیں جو اس وقت نماز نہیں پڑھتے جب وہ اکیلے ہوں اور لوگ موجود نہ ہوں، اور لوگوں کے سامنے نماز پڑھتے ہیں، اور قتادہ سے منقول ہے: جو اس کی پرواہ نہ کرتا ہو کہ اس نے نماز پڑھی ہے یا نہیں پڑھی ہے۔

وَ الْمَاعُوْنَ الْمَعْرُوْفَ كُلُّهُ وَقَالَ بَعْضُ الْعَرَبِ الْمَاعُوْنُ الْمَاءُ وَقَالَ عِكْرِمَةُ أَعْلَاهَا الزَّكَاةُ الْمَفْرُوْضَةُ وَأَدْنَاهَا عَارِيَةُ الْمَتَاعِ

والماعون اس کا معنی ہے: وہ تمام چیزیں جو عرف میں مروج ہیں اور بعض عربوں نے کہا: الماعون کا معنی ہے: پانی اور عکرمہ نے کہا: الماعون کا اعلیٰ مرتبہ فرض زکوٰۃ ہے اور اس کا ادنی مرتبہ وہ چیزیں ہیں جو عاریتاً دی جائیں۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝ (الماعون: ۷) اور وہ استعمال کی معمولی چیز دینے سے منع کرتے ہیں ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے الماعون کی تفسیر میں تین قول ذکر کیے ہیں: پہلا قول ہے: وہ تمام چیزیں جن کا لوگ آپس میں لین دین کرتے ہیں جیسے پانی کا ڈول، کلہاڑی، دیگچی اور تیر وغیرہ، یہ کلبی اور محمد بن کعب کا قول ہے، دوسرا قول ہے: پانی اور یہ سعید بن المسیب، زہری اور مقاتل کا قول ہے۔ انہوں نے کہا: قریش کی لغت میں ماعون پانی کو کہتے ہیں، تیسرا قول عکرمہ کا ہے کہ ماعون کا اعلیٰ مرتبہ زکوٰۃ ہے اور یہی حضرت ابن عمر اور حسن بصری اور قتادہ کا قول ہے، امام بخاری نے کہا: جو چیزیں عاریتاً دی جاتی ہیں اور یہ گھر کی چیزوں کو شامل ہے جیسے چھلنی اور ڈول وغیرہ جو گھر میں استعمال کی جاتی ہیں، دوسرا قول یہ ہے کہ الماعون وہ چیزیں ہیں جن سے منع کرنا جائز نہیں ہے جیسے پانی، نمک اور آگ۔ [ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے ج ۲۰ ص ۴۔ ۳ میں ذکر کی ہے]

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الماعون کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان تمام کی شرح مکمل ہو گئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز سورۃ الکوثر کی تفسیر میں امام بخاری نے جو ایک تعلیق ذکر کی ہے اور تین احادیث روایت کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۰۸۔ تَفْسِيْرُ سُوْرَةِ الْكَوْثَرِ

سورۃ الکوثر کی تفسیر

سورۃ الکوثر کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الکوثر کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اور جمہور کے نزدیک یہ سورت مکی ہے، اور قتادہ، حسن بصری اور عکرمہ نے کہا کہ یہ سورت مدنی ہے، اس اختلاف کا سبب اس کے سبب نزول کا اختلاف ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ یہ سورت العاص بن وائل کے متعلق نازل ہوئی ہے، جس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ابتر یعنی بے نسل کہا تھا، دوسرا قول ہے کہ یہ عقبہ بن ابی معیط کے متعلق نازل ہوئی ہے اور عکرمہ سے منقول ہے کہ یہ قریش کی ایک جماعت کے متعلق نازل ہوئی ہے، تیسرا قول یہ ہے کہ یہ ابوجہل کے متعلق نازل ہوئی ہے اور علامہ سہیلی نے کہا کہ یہ کعب بن الاشرف کے متعلق نازل ہوئی ہے، اور اس صورت میں یہ سورت مدنی ہوگی، اس سورت میں تین (۳) آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۴، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ شَانِئَكَ عَدُوَّكَ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: شَانِئَكَ اس کا معنی ہے: آپ کا دشمن۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝ (الکوثر: ۳)

بے شک آپ کا دشمن ہی بے نسل ہے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے شَانِئَكَ کا معنی آپ کا دشمن کیا ہے، اسی طرح اسمٰعیلی کی روایت میں ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۴)

۱۔ بَابٌ

باب

۴۹۶۴۔ حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسٍ رضی الله عنه قَالَ لَمَّا عُرِجَ بِالنَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم إِلَى السَّمَاءِ قَالَ أَتَيْتُ عَلَى نَهَرٍ حَافَتَاهُ قِبَابُ اللُّؤْلُؤِ مُجَوَّفًا فَقُلْتُ مَا هٰذَا يَا جِبْرِيلُ قَالَ هٰذَا الْكَوْثَرُ۔

(ابوداؤد: ۴۷۴۸، ترمذی: ۳۳۵۹، مسلم: ۱۶۲)

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں آدم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شیبان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں قتادہ نے حدیث بیان کی از حضرت انس، وہ بیان کرتے ہیں کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو آسمان کی طرف معراج کرائی گئی تو آپ نے فرمایا: میں ایک ایسے دریا پر آیا جس کے دونوں کناروں پر کھوکھلے موتیوں کے خیمے تھے میں نے کہا: اے جبرئیل! یہ کیا ہے؟ تو انہوں نے کہا: یہ کوثر ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۵۷ میں گزر چکی ہے۔

Marfat.com

الکوثر کا معنی اور اس کے مصداق میں اقوال

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

ہر وہ چیز جس کا عدد کثیر ہو یا اس کی مقدار بہت زیادہ ہو تو عرب اس کو کوثر کہتے ہیں اور اس کے مصداق میں اختلاف ہے، جمہور کے نزدیک وہ حوض ہے، علامہ ابن الجوزی نے کہا: وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حوض ہے، قاضی عیاض نے کہا: حوض کی احادیث صحیح ہیں اور ان پر ایمان لانا فرض ہے اور اہل السنت والجماعت کے نزدیک وہ احادیث اپنے ظاہر پر محمول ہیں، ان میں نہ کوئی تاویل ہے اور نہ کوئی اختلاف ہے۔

عکرمہ سے منقول ہے کہ الکوثر سے مراد نبوت، قرآن اور اسلام ہے اور مجاہد سے منقول ہے: اس سے مراد ہر خیر ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ الکوثر کا مصداق نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دل میں وہ نور ہے جس نے آپ کی حق کی طرف رہنمائی کی اور آپ کو حق کے ماسوا سے منقطع کیا ہے، تیسرا قول ہے کہ اس کا مصداق شفاعت ہے، چوتھا قول ہے: المعجزات، پانچواں قول ہے: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنا، چھٹا قول ہے: دین کی سمجھ، ساتواں قول ہے: پانچ نمازیں، اس میں اور بھی اقوال ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۵۔۴، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۹۶۵۔ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْكَاهِلِيُّ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنها قَالَ سَأَلْتُهَا عَنْ قَوْلِهِ تَعَالَى إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ قَالَتْ نَهَرٌ أُعْطِيَهُ نَبِيُّكُمْ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شَاطِئَاهُ عَلَيْهِ دُرٌّ مُجَوَّفٌ آنِيَتُهُ كَعَدَدِ النُّجُومِ رَوَاهُ زَكَرِيَّاءُ وَأَبُو الْأَحْوَصِ وَمُطَرِّفٌ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں خالد بن یزید الکاہلی نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں اسرائیل نے حدیث بیان کی از ابواسحاق از ابوعبیدہ از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، ابوعبیدہ نے کہا: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس آیت کے متعلق سوال کیا: انا اعطیناک الکوثر (الکوثر:۱) بے شک ہم نے آپ کو کوثر عطا کی ہے، تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا: الکوثر ایک دریا ہے جو تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عطا کیا گیا ہے، اس کی دونوں جانبوں پر کھوکھلے موتی ہیں اور اس کے برتنوں کی تعداد ستاروں کے برابر ہے۔ اس حدیث کو زکریا اور ابو الاحوص اور مطرف نے از ابو اسحاق روایت کیا ہے۔

۴۹۶۶۔ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا أَبُو بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما أَنَّهُ قَالَ فِي الْكَوْثَرِ هُوَ الْخَيْرُ الَّذِي أَعْطَاهُ اللهُ إِيَّاهُ قَالَ أَبُو بِشْرٍ قُلْتُ لِسَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ فَإِنَّ النَّاسَ يَزْعُمُونَ أَنَّهُ نَهَرٌ فِي الْجَنَّةِ فَقَالَ سَعِيدٌ النَّهَرُ الَّذِي فِي الْجَنَّةِ مِنَ الْخَيْرِ الَّذِي أَعْطَاهُ اللهُ إِيَّاهُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ہشیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابوبشر نے حدیث بیان کی از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، انہوں نے کہا: الکوثر وہ خیر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمائی ہے، ابوبشر نے کہا: میں نے سعید بن جبیر سے پوچھا کہ لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ کوثر جنت میں ایک دریا ہے تو سعید نے کہا: جو دریا جنت میں ہے وہ بھی اس خیر میں

Marfat.com

سے ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کی ہے۔

(یہ حدیث صحیح البخاری: ۶۵۷۸ میں بھی مذکور ہے)

الکوثر کی تفسیر میں مزید اقوال

علامہ ابو حفص عمر بن علی بن احمد الانصاری الشافعی المعروف ابن الملقن المتوفی ۸۰۴ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

عکرمہ نے کہا: الکوثر، النبوت، القرآن اور الاسلام ہے اور مجاہد نے کہا: اس سے مراد ہر خیر ہے۔

اور اس میں اور اقوال بھی ہیں: قرآن مجید کو آسان کرنا، احکام شرعیہ میں تخفیف کرنا، آپ کے پیروکاروں اور مددگاروں کی کثرت، آپ کے ذکر کو بلند کرنا، دل میں نور، شفاعت، مقام محمود، معجزہ، فقہ، کثرت فقہاء، پانچ نمازیں، نمازیوں کی کثرت، ذکر اور ذاکرین کی کثرت، فضائل کثیرہ، عمدہ اخلاق، جنت کے دو باطنی دریا، وہ حوض جس پر آپ کی امت وارد ہوگی، مقاتل نے کہا کہ کوثر جنت کا سب سے بڑا دریا ہے جس سے اہل جنت کے لیے چار دریا نکلتے ہیں: خمر کا، پانی کا، دودھ کا اور شہد کا۔

زجاج نے کہا: اس سورت کی تفسیر میں جتنے امور بیان کیے گئے ہیں وہ سب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کر دیئے گئے ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی تفسیر میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب مجھے معراج کرائی گئی تو میں سدرۃ المنتہیٰ پر پہنچا وہاں دو دریا ظاہر تھے، وہ نیل اور فرات ہیں اور دو دریا باطن تھے وہ الکوثر اور السلسبیل ہیں۔

(التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۳ ص ۵۹۱۔ ۵۹۰، وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ھ)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الکوثر کی تفسیر میں جو ایک تعلیق ذکر کی تھی اور احادیث روایت کی تھیں ان تمام کی شرح مکمل ہوگئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز امام بخاری نے سورۃ الکافرون کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۰۹۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْکَافِرُوْنَ

سورۃ الکافرون کی تفسیر

سورۃ الکافرون کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الکافرون کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس سورت کا نام سورۃ قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ○ بھی ہے، یہ سورت مکی ہے، اس سورت میں چھ آیات ہیں۔

اس سورت میں اہل مکہ سے خطاب ہے جن میں الولید بن المغیرہ اور العاص بن وائل اور الحارث بن قیس السہمی اور الاسود بن عبد یغوث اور الاسود بن عبد المطلب اور امیہ بن خلف ہیں، انہوں نے کہا: اے محمد! (صلی اللہ علیک وسلم) آپ ہمارے دین کی پیروی کریں اور ہم آپ کے دین کی پیروی کریں گے اور ہم آپ کو اپنے تمام معاملات میں شریک کریں گے، آپ ایک سال ہمارے معبودوں کی عبادت کریں اور ہم ایک سال آپ کے معبود کی عبادت کریں گے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: معاذ اللہ میں اس سے اللہ کی پناہ طلب کرتا ہوں کہ میں کسی کو اللہ کی عبادت میں شریک کروں، تب اللہ عزوجل نے سورۃ الکافرون کو نازل فرمایا۔

(عمدۃ القاری جلد ۲۰ ص ۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

یُقَالُ لَکُمْ دِیْنُکُمُ الْکُفْرُ وَلِیَ دِیْنِ الْاِسْلَامُ وَلَمْ یَقُلْ دِیْنِی لِاَنَّ الْاٰیَاتِ بِالنُّوْنِ فَحُذِفَتِ الْیَاءُ کَمَا قَالَ یَھْدِیْنِ وَیَشْفِیْنِ۔

کہا جاتا ہے: لَکُمْ دِیْنُکُمْ یعنی تمہارے لیے تمہارا دین ہے جو کفر ہے وَلِیَ دِیْنِ یعنی میرے لیے میرا دین ہے جو اسلام ہے اور یوں نہیں فرمایا: دینی کیونکہ ان تمام آیات کے آخر میں نون ہے، پس یا کو حذف کر دیا گیا جیسے فرمایا ہے: یَھْدِیْنِ وَیشفِیْنِ (اور یھدینی ویشفینی نہیں فرمایا کیونکہ ان آیات کے آخر میں نون ہے)۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ○ (الکافرون:۶) تمہارے لیے تمہارا دین ہے اور میرے لیے میرا دین ہے ○

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس تعلیق سے اس آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے کہ تمہارے لیے تمہارا دین ہے یعنی کفر ہے اور میرے لیے میرا دین یعنی اسلام ہے۔

امام بخاری نے کہا: دینی نہیں فرمایا، اس کا حاصل یہ ہے کہ اس سورت کی تمام آیات کے آخر میں نون ہے اس لیے دینی نہیں فرمایا جیسے سورۃ الشعراء کی ان آیات میں ہے۔

الَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَھُوَ یَھْدِیْنِ ○ وَالَّذِیْ ھُوَ یُطْعِمُنِیْ وَ یَسْقِیْنِ ○ وَاِذَا مَرِضْتُ فَھُوَ یَشْفِیْنِ ○ وَالَّذِیْ یُمِیْتُنِیْ

جس نے مجھے پیدا کیا، سو وہی مجھے ہدایت دیتا ہے ○ اور وہی مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے ○ اور جب میں بیمار پڑتا ہوں تو وہی مجھے شفا

Marfat.com

ثُمَّ يُحْيِينِ ۝ (الشعراء:۷۸۔۸۱) دیتا ہے ۝ اور وہی میری روح قبض کرے گا، پھر مجھے زندہ فرمائے گا ۝

ان آیات کے آخر میں بھی یائے متکلم کو فواصل کی رعایت کے لیے حذف کر دیا گیا تا کہ تمام آیات کا آخری لفظ ایک وزن پر ہو جائے۔

وَقَالَ غَيْرُهُ لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ الْآنَ وَلَا أُجِيبُكُمْ فِيمَا بَقِيَ مِنْ عُمُرِي وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ وَهُمُ الَّذِينَ قَالَ ﴿وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا مِنْهُمْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ طُغْيَانًا وَكُفْرًا﴾ (المائدہ:۶۴)

اور دوسروں نے کہا کہ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ کا معنی ہے میں اب بھی ان کی عبادت نہیں کرتا جن کی تم عبادت کرتے ہو اور نہ باقی زندگی میں ان کی عبادت کروں گا وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ سے مراد وہ لوگ ہیں جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: اور آپ پر جو کلام آپ کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا ہے وہ ان میں سے زیادہ تر لوگوں کی سرکشی اور کفر کو زیادہ کرے گا۔

علامہ عینی اور حافظ ابن حجر کا مناقشہ اور تعلیق مذکور کا خلاصہ

علامہ عینی لکھتے ہیں: ابوذر کے نسخہ میں وقال غیرہ (اور دوسروں نے کہا) کے الفاظ نہیں ہیں۔

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: درست یہ ہے کہ یہ الفاظ ہونے چاہئیں کیونکہ یہ الفراء کے کلام کا بقیہ نہیں ہے بلکہ یہ امام ابو عبیدہ کا کلام ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۴۳)

علامہ عینی حافظ ابن حجر کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں: میں کہتا ہوں: درست یہ ہے کہ یہ الفاظ حذف ہونے چاہئیں کیونکہ اس سے پہلے یہ مذکور نہیں ہے کہ الفراء نے کہا حتیٰ کہ اس کے بعد یہ کہا جاتا: اور دوسروں نے کہا۔

امام بخاری کی اس تعلیق کا حاصل یہ ہے: نہ میں اب تمہارے خداؤں کی عبادت کرتا ہوں اور نہ مستقبل میں تمہارے خداؤں کی عبادت کروں گا گویا کہ آپ نے فرمایا: میں باطل کی عبادت نہیں کرتا اور تم حق کی عبادت نہیں کرتے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ ما مصدر یہ ہے یعنی میں تمہاری عبادت نہیں کرتا اور تم میری عبادت نہیں کرتے۔ اس سورت میں اس کا تکرار ہے کیونکہ اس تکرار سے مراد تاکید ہے اور عرب لوگ تکرار سے تاکید کا اور افہام کا ارادہ کرتے ہیں۔

امام بخاری نے کہا: یہ مخاطبین وہی لوگ ہیں جن کے متعلق المائدہ: ۶۴ میں فرمایا ہے:

وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا مِنْهُمْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ طُغْيَانًا وَكُفْرًا (المائدہ:۶۴)

اور آپ پر جو کلام آپ کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا ہے وہ ان میں سے زیادہ تر لوگوں کی سرکشی اور کفر کو زیادہ کرے گا۔

[ان تمام تعلیقات کی شرح علامہ عینی نے عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۷۔۶ میں کی ہے]

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الکافرون کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں ان تمام کی شرح مکمل ہو گئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز امام بخاری نے سورۃ الفتح کی تفسیر میں جو ایک تعلیق ذکر کی ہے اور احادیث روایت کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۱۰۔ تَفْسِيْرُ سُوْرَةِ الْفَتْحِ

سورۃ الفتح کی تفسیر

سورۃ الفتح کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ النصر کی بعض آیات کی تفسیر ہے اور اس کو سورۃ الفتح بھی کہا جاتا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس پر اتفاق ہے کہ یہ سورت مدنی ہے، اور ابن النقیب نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے یہ وہ سورت ہے: جو سب سے آخر میں نازل ہوئی اور امام الواحدی نے کہا کہ یہ سورت اس وقت نازل ہوئی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوۂ حنین سے واپس آئے تھے اور اس کے نزول کے دو سال بعد تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زندہ رہے اور مقاتل نے کہا: جب یہ سورت نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کے سامنے اس کو پڑھا، پس وہ دونوں خوش ہوئے، پس جب اس سورت کو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے سنا تو وہ رونے لگے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: تم کیوں روتے ہو؟ انہوں نے کہا: اس سورت میں آپ کی وفات کی خبر دے دی گئی ہے، پس اس کے بعد آپ اسی (۸۰) دن زندہ رہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے سر پر ہاتھ پھیرا اور دعا کی: اے اللہ! اس کو دین کی فقہ عطا فرما اور تاویل کا علم عطا فرما، اس سورت میں تین آیات ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۷، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۔ بَابٌ

باب

۴۹۶۷۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي الضُّحٰى عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنها قَالَتْ مَا صَلَّى النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صَلَاةً بَعْدَ أَنْ نَزَلَتْ عَلَيْهِ ﴿إِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝﴾ (النصر:۱) إِلَّا يَقُوْلُ فِيْهَا سُبْحَانَكَ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں الحسن بن الربیع نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابوالاحوص نے حدیث بیان کی از الاعمش از ابوالضحیٰ از مسروق از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، وہ بیان کرتی ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہ آیت نازل ہوئی: اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ (النصر:۱) جب اللہ کی مدد اور فتح آجائے ۝ تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر نماز میں پڑھتے تھے: سُبْحٰنَكَ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ (اے اللہ! ہمارے رب! تو سبحان ہے اور تیری حمد کے ساتھ میں دعا کرتا ہوں کہ اے اللہ! تو مجھے بخش دے)۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۷۹۳ میں گزر چکی ہے۔

Marfat.com

۲۔ بَابٌ

۴۹۶۸۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ أَبِي الضُّحَى عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يُكْثِرُ أَنْ يَقُولَ فِي رُكُوعِهِ وَسُجُودِهِ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي يَتَأَوَّلُ الْقُرْآنَ۔

باب

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عثمان بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں جریر نے حدیث بیان کی از منصور از ابی الضحیٰ از مسروق از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا وہ بیان کرتی ہیں کہ آپ اپنے رکوع اور سجود میں بہ کثرت پڑھتے تھے سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي (اے اللہ! ہمارے رب تو پاک ہے اور تیری حمد کے ساتھ میں دعا کرتا ہوں: اے اللہ! تو مجھے بخش دے)، آپ قرآن مجید کے حکم پر عمل کرتے تھے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۷۹۴ میں گزر چکی ہے۔

یعنی سورۃ النصر میں آپ کو جو اللہ تعالیٰ کی تسبیح پڑھنے، اس کی حمد کرنے اور اس سے استغفار کرنے کا حکم دیا ہے اس لیے آپ اخیر عمر میں رکوع اور سجود میں بہ کثرت حمد اور تسبیح کرتے تھے اور استغفار کرتے تھے تاکہ اس حکم پر عمل ہو۔

۳۔ بَابٌ۔ وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللهِ أَفْوَاجًا ۝ (النصر: ۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور آپ لوگوں کو دیکھیں کہ وہ اللہ کے دین میں فوج در فوج داخل ہو رہے ہیں ۝ (النصر: ۲) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: لوگوں سے مراد اہل یمن ہیں اور افواجاً سے مراد ہے: ایک فوج کے بعد دوسری فوج اور ایک گروہ کے بعد دوسرا گروہ اور پورا قبیلہ اور پوری قوم بغیر قتال کے دین اسلام میں داخل ہو جائیں گے۔

(عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۸، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۹۶۹۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ عُمَرَ رضی اللہ عنہما سَأَلَهُمْ عَنْ قَوْلِهِ تَعَالَى إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللهِ وَالْفَتْحُ ۝ (النصر: ۱) قَالُوا فَتْحُ الْمَدَائِنِ وَالْقُصُورِ قَالَ مَا تَقُولُ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ أَجَلْ أَوْ مَثَلٌ ضُرِبَ لِمُحَمَّدٍ ﷺ نُعِيَتْ لَهُ نَفْسُهُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از حبیب بن ابی ثابت از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان متعلق سوال کیا: إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللهِ وَالْفَتْحُ ۝ (النصر: ۱) جب اللہ کی مدد اور فتح آ جائے ۝ تو لوگوں نے کہا: اس سے مراد شہروں اور محلات کا فتح ہونا ہے، حضرت عمر نے کہا: اے ابن عباس! تم کیا کہتے ہو؟ تو انہوں نے کہا: اس سے مراد زندگی کی مدت ہے یا سیدنا محمد ﷺ کے لیے مثال بیان کی گئی ہے اور آپ کی وفات کی خبر دی گئی ہے۔

Marfat.com

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۲۶۷ میں گزر چکی ہے۔

۴۔ بَابٌ۔ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ۝ (النصر: ۲)

۴۔ باب۔ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ إِنَّهُ اللہ تعالیٰ کے ارشاد: سو آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کریں اور اس سے مغفرت طلب کریں بے شک وہ بہت توبہ قبول فرمانے والا ہے ○ (النصر: ۲)

کی تفسیر

تَوَّابٌ عَلَى العِبَادِ وَالتَّوابُ مِنَ النَّاسِ التَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ۔

تَوَّابٌ: اس کا معنی ہے: بندوں کی توبہ قبول کرنے والا ہے اور مغفرت سے اس کی طرف رجوع کرنے والا ہے اور لوگوں میں سے تَوَّاب وہ ہے جو گناہوں سے اطاعت کی طرف رجوع کرے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے اس تعلیق سے یہ اشارہ کیا ہے کہ تَوَّاب کے دو معنی ہیں: ایک معنی ہے: وہ مغفرت کے ساتھ رجوع کرتا ہے اور توبہ قبول فرماتا ہے اور توبہ کا لغت میں معنی ہے: رجوع کرنا اور کہا گیا ہے کہ وہ گناہ گاروں کے لیے توبہ کے اسباب میسر کرتا ہے اور انہیں توبہ کی توفیق دیتا ہے اور ان کو غفلت کی نیند سے بیدار کرتا ہے اور تَوَّاب کا دوسرا معنی بندے کی صفت ہے یعنی وہ اس گناہ سے رجوع کرتا ہے جس کا اس نے ارتکاب کیا تھا۔ (عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۹۔۸، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۹۷۰۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ عُمَرُ يُدْخِلُنِي مَعَ أَشْيَاخِ بَدْرٍ فَكَأَنَّ بَعْضَهُمْ وَجَدَ فِي نَفْسِهِ فَقَالَ لِمَ تُدْخِلُ هَذَا مَعَنَا وَلَنَا أَبْنَاءٌ مِثْلُهُ فَقَالَ عُمَرُ إِنَّهُ مَنْ قَدْ عَلِمْتُمْ فَدَعَاهُ ذَاتَ يَوْمٍ فَأَدْخَلَهُ مَعَهُمْ فَمَا رُئِيتُ أَنَّهُ دَعَانِي يَوْمَئِذٍ إِلَّا لِيُرِيَهُمْ قَالَ مَا تَقُولُونَ فِي قَوْلِ اللهِ تَعَالَى إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللهِ وَالْفَتْحُ ۝ (النصر: ۱) فَقَالَ بَعْضُهُمْ أُمِرْنَا أَنْ نَحْمَدَ اللهَ وَنَسْتَغْفِرَهُ إِذَا نُصِرْنَا وَفُتِحَ عَلَيْنَا وَسَكَتَ بَعْضُهُمْ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا فَقَالَ لِي أَكَذَاكَ تَقُولُ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ فَقُلْتُ لَا قَالَ فَمَا تَقُولُ قُلْتُ هُوَ أَجَلُ رَسُولِ اللهِ ﷺ أَعْلَمَهُ لَهُ قَالَ إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللهِ وَالْفَتْحُ وَذَلِكَ عَلَامَةُ أَجَلِكَ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا فَقَالَ عُمَرُ مَا أَعْلَمُ مِنْهَا إِلَّا مَا تَقُولُ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابوعوانہ نے حدیث بیان کی از ابی بشر از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجھے غزوہ بدر کے بزرگوں کے ساتھ داخل کرتے تھے، پس ان بزرگوں میں سے بعض اس بات پر ناراض ہوتے تھے اور وہ کہتے تھے کہ آپ اس کو ہمارے ساتھ کیوں داخل کرتے ہیں حالانکہ ہمارے بیٹے اس کی عمر کے ہیں، تب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: تمہیں اس کی وجہ معلوم ہے، پھر ایک دن حضرت عمر نے حضرت ابن عباس کو بلایا، پس میں نے یہی گمان کیا کہ آپ نے مجھے اس دن اس لیے بلایا تھا کہ آپ مجھے ان کو دکھائیں، حضرت عمر نے فرمایا: آپ لوگ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے متعلق کیا کہتے ہیں؟ إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللهِ وَالْفَتْحُ ○ (النصر: ۱) جب اللہ کی مدد اور فتح آجائے ○ تو ان میں سے بعض بزرگوں نے کہا: ہمیں یہ حکم دیا گیا ہے کہ جب ہماری مدد کی جائے اور ہمیں فتح عطا کی جائے تو ہم اللہ کی حمد کریں اور اس سے استغفار کریں اور دوسرے بزرگ خاموش رہے اور انہوں نے کچھ نہیں

کہا، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے سے فرمایا: اے ابن عباس! کیا تم بھی اسی طرح کہتے ہو؟ میں نے کہا: نہیں! حضرت عمر نے پوچھا: پھر تم کیا کہتے ہو؟ میں نے کہا: یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدت حیات ہے جس کی اللہ تعالیٰ نے آپ کو خبر دی ہے، فرمایا: اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ (النصر:۱) جب اللہ کی مدد اور فتح آ جائے ۝ اور یہ آپ کی وفات کی علامت ہے۔ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ۝ (النصر:۳) سو آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کریں اور اس سے مغفرت طلب کریں بے شک وہ بہت توبہ قبول فرمانے والا ہے ۝ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھے اس آیت کے متعلق اتنا ہی علم ہے جتنا تم بیان کر رہے ہو۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۲۷۰ میں گزر چکی ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: حضرت عمر نے ان بزرگوں سے کہا: تمہیں اس کی وجہ معلوم ہے یعنی تمہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے علم و فضل کا علم ہے، اور تمہیں اسلام میں ان کی سبقت اور خدمات کا بھی علم ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۹، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

آخری سورت کی تعیین اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے متعلق متعدد اقوال

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

سورۃ التوبہ کی تفسیر میں یہ گزر چکا ہے کہ وہ آخری سورت ہے اور یہاں حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ سورۃ النصر قرآن مجید کی آخری سورت ہے، ان میں تطبیق اس طرح ہے کہ سورۃ النصر مکمل آخری سورت ہے، اس کے برخلاف سورۃ التوبہ مکمل آخری سورت نہیں ہے، اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ سورۃ النصر حجۃ الوداع کے موقع پر منیٰ میں دس ذی الحج کو نازل ہوئی اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ سورۃ النصر کے نزول کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم اکیاسی (۸۱) دن زندہ رہے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت کے متعلق متعدد اقوال ہیں حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ آپ اس کے بعد نو (۹) راتیں زندہ رہے، مقاتل سے منقول ہے کہ آپ اس کے بعد سات راتیں زندہ رہے، ابن قیم نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تمام امور کے آخر میں استغفار کرتے تھے، جب آپ نماز کا سلام پھیرتے تو تین مرتبہ استغفر اللہ پڑھتے اور جب آپ بیت الخلاء سے نکلتے تو پڑھتے: غُفْرَانَكَ اور وضو کرنے بعد دعا کرتے: اے اللہ! مجھے توبہ کرنے والوں میں سے بنا دے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۴۳، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ النصر کی تفسیر میں جو ایک تعلیق ذکر کی تھی اور احادیث روایت کی تھیں ان تمام کی شرح مکمل ہو گئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز امام بخاری نے سورۃ المسد کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور احادیث روایت کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۱۱۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْمَسَدِ

سورۃ المسد کی تفسیر

سورۃ المسد (اللہب) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ المسد کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس کا نام سورۃ لہب بھی ہے، یہ سورت مکی ہے اور اس سورت میں پانچ آیات ہیں۔

ابولہب سے مراد ہے: ابولہب بن عبدالمطلب اور اس کا نام عبدالعزیٰ ہے اور اس کی ماں خزاعیہ ہے، اس کی کنیت ابولہب ہے، اس کی وجہ میں کہا گیا ہے کہ اس کے بیٹے کا نام لہب تھا۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس کے رخسار بہت سرخ تھے گویا کہ اس کے چہرے میں حسن کے شعلے لپکتے تھے، یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سب سے زیادہ دشمنی رکھتا تھا، یہ اپنی دشمنی پر برقرار رہا حتیٰ کہ غزوۂ بدر کے چند ایام کے بعد یہ مرگیا، یہ غزوۂ بدر میں نہیں گیا تھا، جب اس کو معلوم ہوا کہ غزوۂ بدر میں قریش کو شکست ہوگئی تو یہ غم سے مرگیا۔

(عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۹، ۱۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَتَبَّ خَسِرَ تَبَابٌ خُسْرَانٌ تَتْبِیْبٌ تَدْمِیْرٌ

وَتَبَّ: اس کا معنی ہے: وہ نقصان میں پڑ گیا، تَبَاب کا معنی ہے: نقصان، تتبیب کا معنی ہے: تباہ کرنا اور ہلاک کرنا۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ (اللہب: ۱) ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں اور وہ ہلاک ہوجائے O

یہ الفاظ صورتاً دعا ہیں حقیقتاً دعا نہیں بلکہ خبر ہیں۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے تب کی تفسیر تباب اور خسران کے ساتھ کی ہے اور تباب کا لفظ درج ذیل آیت میں ہے:

وَمَا كَیْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِیْ تَبَابٍ ۝ (المومن: ۳۷) اور فرعون کی ہر سازش صرف ناکام ہونے والی تھی O

اور تَتْبِیْبٌ کا لفظ درج ذیل آیت میں ہے۔

وَمَا زَادُوْهُمْ غَیْرَ تَتْبِیْبٍ ۝ (ہود: ۱۰۱) اور انہوں نے ان کی ہلاکت کے سوا کوئی اضافہ نہیں کیا O

امام بخاری نے تَبَّ کی مناسبت سے تباب اور تتبیب کے الفاظ پر مشتمل آیات کا ذکر کیا ہے۔

علامہ عینی نے لکھا ہے: تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَهَبٍ (ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں) یہ دعا ہے اور بعد میں جو وَتَبَّ فرمایا ہے یہ خبر ہے یعنی وہ ہلاک ہوگیا۔

علامہ عینی کا تسامح

میں کہتا ہوں علامہ عینی کا تبت یدا ابی لہب کو دعا لکھنا درست نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ دعا کرنے سے پاک اور بلند و برتر ہے، دراصل یہ بھی خبر ہے اور اس کے دونوں ہاتھوں سے مراد اس کا ملک اور مال ہے یعنی اس کا ملک اور مال تباہ ہوگیا اور وہ خود بھی ہلاک ہوگیا،

البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ صورتاً دعا ہے اور حقیقتاً خبر ہے۔ (سعیدی غفرلہ) (عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۱۰، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۔ بَابٌ

باب

۴۹۷۱۔ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَ أَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ ۝ (الشعراء: ۲۱۴) وَ رَهْطَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ خَرَجَ رَسُولُ اللهِ ﷺ حَتَّى صَعِدَ الصَّفَا فَهَتَفَ يَا صَبَاحَاهْ فَقَالُوا مَنْ هَذَا فَاجْتَمَعُوا إِلَيْهِ فَقَالَ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَخْبَرْتُكُمْ أَنَّ خَيْلًا تَخْرُجُ مِنْ سَفْحِ هَذَا الْجَبَلِ أَكُنْتُمْ مُصَدِّقِيَّ قَالُوا مَا جَرَّبْنَا عَلَيْكَ كَذِبًا قَالَ فَإِنِّي نَذِيرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ قَالَ أَبُو لَهَبٍ تَبًّا لَكَ مَا جَمَعْتَنَا إِلَّا لِهَذَا ثُمَّ قَامَ فَنَزَلَتْ تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَّ تَبَّ ۝ (اللہب: ۱) وَقَدْ تَبَّ هَكَذَا قَرَأَهَا الْأَعْمَشُ يَوْمَئِذٍ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں یوسف بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابواسامہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الاعمش نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عمرو بن مرۃ نے حدیث بیان کی از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: وَ اَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ۝ (الشعراء: ۲۱۴) اور آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو (عذاب سے) ڈرایئے O اور اپنے قبیلہ میں سے ان لوگوں کو جو مخلص ہیں تو رسول اللہ ﷺ باہر نکلے حتیٰ کہ آپ صفاء پہاڑ پر چڑھے، پھر آپ نے بلند آواز سے فرمایا: یا صباحاہ (اے لوگو! ہوشیار ہو جاؤ)، پس لوگوں نے کہا: یہ کون ہے، پھر وہ آپ کی طرف جمع ہو گئے، پس آپ نے فرمایا: یہ بتاؤ اگر میں تم کو یہ خبر دوں کہ گھوڑے سواروں کی ایک جماعت اس پہاڑ کے پیچھے سے تم پر حملہ کرنے کے لیے نکلنے والی ہے تو کیا تم میری تصدیق کرو گے؟ لوگوں نے کہا: ہم نے آپ پر کبھی جھوٹ کا تجربہ نہیں کیا، تو آپ نے فرمایا: تو میں تم کو صرف سخت عذاب کے آنے سے پہلے ڈرانے والا ہوں (سبا: ۴۶) ابولہب نے کہا: تمہارے لیے ہلاکت ہو کیا تم نے ہم کو صرف اس لیے جمع کیا تھا؟ پھر وہ کھڑا ہو گیا، تب یہ آیت نازل ہوئی: تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّ تَبَّ ۝ (اللہب: ۱) ابو لہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں اور وہ ہلاک ہو جائے O وقد تب۔ اسی طرح اس آیت کو الاعمش نے اس دن پڑھا ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۳۹۴ میں گزر چکی ہے۔

ورهطك منهم المخلصين کا منسوخ التلاوت ہونا

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس حدیث میں مذکور ہے ورهطك منهم المخلصين: یہ یا تو عشیرتك کی تفسیر ہے اور یا یہ قراءت شاذہ ہے، اسماعیلی نے کہا: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کو پڑھا ہے۔ علامہ نووی نے کہا: حضرت ابن عباس کے پڑھنے میں یہ خبر ہے کہ پہلے یہ قرآن مجید کی آیت تھی، پھر اس کی تلاوت منسوخ ہو گئی۔

Marfat.com

یا صباحاہ کا معنی

جب کسی قوم پر کوئی حملہ کرنے کے لیے آتا ہے تو وہ مدد طلب کرنے کے لیے لوگوں کو پکارتے ہیں اور چونکہ یہ جملہ عموماً صبح کے وقت ہوتا ہے اس لیے مدد طلب کرنے والا کہتا ہے: یا صباحاہ یعنی دشمن نے صبح کے وقت ہم پر حملہ کر دیا ہے، سو ہماری مدد کے لیے آؤ اور ہوشیار ہو جاؤ۔ (عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۱۰، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۲۔ بَابٌ: وَتَبَّ ۝ مَا أَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝ (اللہب: ۱۔۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور وہ ہلاک ہو جائے ○ اس کے مال نے اور اس کی کمائی نے اس کو کوئی فائدہ نہیں پہنچایا ○ (اللہب: ۲۔۱) کی تفسیر

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی اس کا مال اس کو اللہ کے عذاب سے بچانے کے لیے کام نہ آیا، کہا گیا ہے کہ اس کا مال اس کی بکریاں تھیں اور اس کے پاس قدرتی گھاس چرنے والی بکریاں تھیں اور اس کی کمائی بھی اس کے کام نہ آئی، علامہ الثعلبی نے کہا ہے کہ اس کی کمائی سے مراد اس کی اولاد ہے کیونکہ اولاد بھی باپ کی کمائی ہوتی ہے اور علامہ نسفی نے کا ہے کہ یہ ما موصولہ ہے یعنی اس نے اپنے اموال سے جو نفع کمایا، اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ مَا مصدریہ ہو یعنی اس کی کمائی۔ (عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۱۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۹۷۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ خَرَجَ إِلَى الْبَطْحَاءِ فَصَعِدَ إِلَى الْجَبَلِ فَنَادَى يَا صَبَاحَاهْ فَاجْتَمَعَتْ إِلَيْهِ قُرَيْشٌ فَقَالَ أَرَأَيْتُمْ إِنْ حَدَّثْتُكُمْ أَنَّ الْعَدُوَّ مُصَبِّحُكُمْ أَوْ مُمَسِّيكُمْ أَكُنْتُمْ تُصَدِّقُونِي قَالُوا نَعَمْ قَالَ فَإِنِّي نَذِيرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ فَقَالَ أَبُو لَهَبٍ أَلِهَذَا جَمَعْتَنَا تَبًّا لَكَ فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ ۝ (اللہب: ۱) إِلَى آخِرِهَا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن سلام نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں ابو معاویہ نے خبر دی، انہوں نے کہا: ہمیں الاعمش نے حدیث بیان کی از عمرو بن مرہ از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم البطحاء (مکہ کی وادی) کی طرف نکلے، پس پہاڑ پر چڑھ گئے، پھر آپ نے زور سے پکارا: لوگو ہوشیار ہو جاؤ، سو آپ کی طرف قریش جمع ہو گئے، پس آپ نے فرمایا: اگر میں تم کو یہ خبر دوں کہ دشمن تم پر صبح کے وقت یا شام کے وقت حملہ کرنے والا ہے تو کیا تم میری تصدیق کرو گے؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں! تو آپ نے فرمایا: پس میں تم کو صرف سخت عذاب کے آنے سے پہلے ڈرانے والا ہوں (سبا: ۴۶) پس ابولہب نے کہا: کیا تم نے ہم کو اس لیے جمع کیا تھا؟ تمہارے لیے ہلاکت ہو، تب اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ ○ (اللہب: ۱) ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں اور وہ ہلاک ہو جائے ○ آخر تک۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۳۹۴ میں گزر چکی ہے۔

۳۔ بَابٌ: سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝ (اللہب: ۳)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: وہ عنقریب سخت شعلوں والی آگ میں جائے گا ○ (اللہب: ۳) کی تفسیر

۴۹۷۳۔ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما قَالَ أَبُولَهَبٍ تَبًّا لَكَ أَلِهَذَا جَمَعْتَنَا فَنَزَلَتْ تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ إِلَى آخِرِهَا۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عمر بن حفص نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں میرے والد نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں الاعمش نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: مجھے عمرو بن مرہ نے حدیث بیان کی از سعید بن جبیر از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، وہ بیان کرتے ہیں کہ ابولہب نے کہا: تمہارے لیے ہلاکت ہو کیا تم نے ہم کو اس لیے جمع کیا تھا تو یہ آیت نازل ہوئی: تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ (اللہب:۱) ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں اور وہ ہلاک ہو جائے ۝ آخر سورت تک۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۱۳۹۴ میں گزر چکی ہے۔

۴۔ بَابٌ: وَامْرَاَتُهٗ ۭ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ (اللہب: ۴)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اور اس کی بیوی بھی لکڑیوں کا گٹھا اٹھائے ہوئے ۝ (اللہب: ۴) کی تفسیر

ابولہب کی بیوی کا تذکرہ

علامہ عینی لکھتے ہیں: ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں کہ اس کی بیوی ام جمیل بنت حرب تھی، یہ اس کی کنیت ہے اور اس کا نام العوراء تھا، ضحاک نے بیان کیا ہے کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے راستے میں سعدان نام کے درخت کے کانٹے پھیلا دیا کرتی تھی اور آپ ان کانٹوں پر اس طرح چلتے تھے جس طرح تم میں سے کوئی شخص ریشم پر چلتا ہے اور مرہ الہمدانی سے روایت ہے کہ ام جمیل ہر روز مختلف اقسام کے کانٹے لے کر آتی تھی اور ان کو مسلمانوں کے راستہ میں پھیلا دیتی تھی، ایک دن وہ لکڑیوں کا گٹھا لے کر آ رہی تھی تو تھک کر ایک پتھر پر بیٹھ گئی، سو ایک فرشتہ آیا، اس نے اس کو پیچھے سے پکڑ کر کھینچا اور ہلاک کر دیا۔ (عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۱۲۔۱۱)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ تَمْشِي بِالنَّمِيمَةِ

اور مجاہد نے کہا: حَمَّالَةَ الْحَطَبِ کا معنی ہے: وہ چغلیاں کھاتی تھی۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: کہ مجاہد نے کہا ہے وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اور آپ کے اصحاب کی مشرکین کی طرف چغلیاں کرتی تھی اور الفراء نے کہا ہے کہ وہ چغلیاں کر کے دشمنی کی آگ بھڑکاتی تھی تو اس کو حَمَّالَةَ الْحَطَبِ سے کنایہ کیا ہے۔

فِي جِيدِهَا حَبْلٌ مِنْ مَسَدٍ يُقَالُ مِنْ مَسَدٍ لِيفِ الْمُقْلِ، وَهِيَ السِّلْسِلَةُ الَّتِي فِي النَّارِ۔

فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝: یعنی اس کی گردن میں کھجور کی چھال کی بٹی ہوئی رسی ہو گی۔ کہا جاتا ہے کہ اس کی گردن میں درخت مقل کے چھال کی رسی ہے اور یہ دوزخ میں زنجیر ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی دنیا میں اس کی گردن میں درخت مقل کی رسی تھی اور آخرت میں اس کی گردن میں آگ کی زنجیر ہو گی، عروہ نے کہا: یہ زنجیر ستر (۷۰) ہاتھ لمبی ہو گی، اس کے منہ میں داخل ہو کر اس کی دبر سے نکل جائے گی اور اس کے جسم سے لپٹ جائے گی۔ (عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۱۲)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ اللہب کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور احادیث روایت کی تھیں ان تمام کی شرح مکمل ہو گئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز سورۃ الاخلاص کی تفسیر میں امام بخاری نے جو تعلیقات ذکر کی ہیں اور احادیث روایت کی ہیں ان کی شرح کی جائے گی۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۱۲۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْاِخْلَاصِ

سورۃ الاخلاص کی تفسیر

سورۃ الاخلاص کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الاخلاص کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس سورت کا نام سورۃ قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ بھی ہے، یہ سورت مکی اور مدنی ہے اور اس میں چار آیات ہیں۔

یہ سورت اس وقت نازل ہوئی جب آپ سے قریش نے کہا یا کعب بن الاشراف نے کہا یا مالک بن الصعب نے کہا یا عامر بن الطفیل العامری نے کہا: ہمارے لیے اپنے رب کا نسب بیان کیجئے۔ (عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۱۲)

یُقَالُ لَا یُنَوَّنُ اَحَدٌ اَیْ وَاحِدٌ۔ کہا جاتا ہے کہ اَحَدٌ پر تنوین نہیں پڑھی جاتی اور اَحَد کا معنی ہے: واحد۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: یعنی حالت وصل میں اَحَد پر تنوین نہیں پڑھی جاتی اور اس کو لفظ اللہ سے ملا کر پڑھا جاتا ہے یعنی اَحَدُنِ اللّٰہُ الصَّمَدُ۔

واحد اور احد کا فرق

امام بخاری نے کہا ہے: احد کا معنی ہے: واحد، امام بخاری کی مراد یہ ہے کہ واحد اور احد میں کوئی فرق نہیں ہے اور صحیح یہ ہے کہ ان میں فرق ہے، واحد کا معنی ہے: جو صفات کے لحاظ سے واحد ہو اور احد کا معنی ہے: جو ذات کے لحاظ سے واحد ہو، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ واحد وہ ہے جو ازل میں ہو اور سب سے افضل ہو کیونکہ واحد اعداد کا مبداء ہے اور احد اس پر دلالت کرتا ہے جو اپنی تمام صفات میں مخلوق سے ممتاز ہو اور اس سے شرک کے ابواب کی نفی ہو، پس احد اس کی نفی کے لیے ہے جس کو عدد کے ساتھ ذکر کیا جاتا ہے اور واحد کہ لفظ سے عدد شروع ہوتا ہے، پس احد کے لفظ کو کلام میں انکار کی جگہ لایا جاتا ہے اور واحد کے لفظ کو کلام میں اثبات کے لیے لایا جاتا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۱۳۔۱۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۱۔ بَابٌ

باب

۴۹۷۴۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْیَمَانِ حَدَّثَنَا شُعَیْبٌ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ رضی الله عنه عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ قَالَ اللّٰهُ كَذَّبَنِی ابْنُ آدَمَ وَلَمْ یَكُنْ لَهُ ذَلِكَ وَشَتَمَنِی وَلَمْ یَكُنْ لَهُ ذَلِكَ فَأَمَّا

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں شعیب نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا ہمیں ابو الزناد نے حدیث بیان کی از الاعرج از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ

Marfat.com

تَكْذِيبُهُ إِيَّايَ فَقَوْلُهُ لَنْ يُعِيدَنِي كَمَا بَدَأَنِي وَلَيْسَ أَوَّلُ الْخَلْقِ بِأَهْوَنَ عَلَيَّ مِنْ إِعَادَتِهِ وَأَمَّا شَتْمُهُ إِيَّايَ فَقَوْلُهُ اتَّخَذَ اللهُ وَلَدًا (البقرہ:۱۱۶) وَأَنَا الْأَحَدُ الصَّمَدُ لَمْ أَلِدْ وَلَمْ أُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لِي كُفُوًا أَحَدٌ۔

تعالیٰ فرماتا ہے: ابن آدم نے میری تکذیب کی اور اس کو یہ نہیں چاہیے تھا اور اس نے مجھے گالی دی اور اس کو یہ نہیں چاہیے تھا رہا اس کا میری تکذیب کرنا تو اس کا یہ کہنا ہے کہ وہ مجھے ہرگز دوبارہ زندہ نہیں کرے گا جس طرح اس نے مجھے ابتداءً پیدا کیا تھا حالانکہ ابتداءً مخلوق کو پیدا کرنا مجھ پر اس مخلوق کو دوبارہ پیدا کرنے سے زیادہ آسان نہیں ہے اور رہا اس کا مجھے گالی دینا تو وہ اس کا یہ کہنا ہے: اتَّخَذَ اللهُ وَلَدًا (البقرہ:۱۱۶) اللہ تعالیٰ اولاد رکھتا ہے○ اور حالانکہ میں احد ہوں اور الصمد (بے نیاز) ہوں۔ میری کوئی اولاد نہیں ہے اور نہ میں کسی کی اولاد ہوں اور نہ کوئی میرا ہمسر ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۱۹۳ میں گزر چکی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے احد ہونے کے متعلق ایک حدیث

حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

امام ترمذی اور امام طبری نے اپنی سند سے ایک روایت کی ہے، اس کے آخر میں ہے: اللہ تعالیٰ کی نہ کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے کیونکہ جو بھی پیدا ہوتا ہے وہ عنقریب مرجاتا ہے اور جو بھی مرتا ہے اس کا کوئی وارث ہوتا ہے اور ہمارا رب نہ مرتا ہے اور نہ اس کا کوئی وارث ہے اور نہ اس کا کوئی ہم سر اور ہم پلہ ہے۔ اس حدیث کا شاہد مسند ابو یعلیٰ اور المعجم الاوسط میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۴۸، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

۲۔ باب: اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ (الاخلاص:۲)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد: اللہ بے نیاز ہے○ (الاخلاص:۲) کی تفسیر

وَالْعَرَبُ تُسَمِّي أَشْرَافَهَا الصَّمَدَ قَالَ أَبُو وَائِلٍ هُوَ السَّيِّدُ الَّذِي انْتَهَى سُودَدُهُ

عرب معزز لوگوں کو الصمد کہتے ہیں، ابو وائل نے کہا: الصمد وہ سید ہے جس پر سیادت کی انتہاء ہو۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ عرب لوگ معزز شخص کو صَمَدٌ کہتے ہیں اور اسی لیے وہ سرداروں کو صمد کہتے ہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے جس میں شرف اور سیادت کی تمام اقسام مجتمع ہوں۔ دوسرا قول یہ ہے کہ صَمَد وہ شخص ہے جس کی طرف ضروریات میں رجوع کیا جاتا ہے، اور تفسیر نسفی میں صمد کے بہت معانی ذکر کیے گئے ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۱۳)

۴۹۷۵۔ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ قَالَ اللهُ كَذَّبَنِي ابْنُ آدَمَ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذَلِكَ وَشَتَمَنِي وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذَلِكَ أَمَّا

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں اسحاق بن منصور نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: اور ہمیں عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں معمر نے خبر دی از ہمام از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ

تَكْذِيبُهُ إِيَّايَ أَنْ يَقُولَ إِنِّي لَنْ أُعِيدَهُ كَمَا بَدَأْتُهُ وَأَمَّا شَتْمُهُ إِيَّايَ أَنْ يَقُولَ اتَّخَذَ اللهُ وَلَدًا (البقرہ:۱۱۶) وَأَنَا الصَّمَدُ الَّذِي لَمْ أَلِدْ وَلَمْ أُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لِي كُفُوًا أَحَدٌ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ۔

تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ ابن آدم نے میری تکذیب کی اور اس کو یہ نہیں چاہیے تھا اور اس نے مجھے گالی دی اور اس کو یہ نہیں چاہیے تھا، رہا اس کا میری تکذیب کرنا تو اس کا یہ کہنا ہے کہ میں اس کو ہرگز دوبارہ زندہ نہیں کروں گا جس طرح میں نے اس کو ابتداءً پیدا کیا تھا، رہا اس کا مجھے گالی دینا تو اس کا یہ کہنا ہے: اتَّخَذَ اللهُ وَلَدًا (البقرہ:۱۱۶) اللہ اولاد رکھتا ہے○ حالانکہ میں بے نیاز ہوں نہ میری کوئی اولاد ہے اور نہ میں کسی اولاد ہوں اور نہ میرا کوئی ہم سر اور ہم پلہ ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۳۱۹۳ میں گزر چکی ہے۔

كُفُوًا وَكَفِيئًا وَكِفَاءً وَاحِدٌ۔ كُفُواً، كفيئاً اور كفاءً ان تینوں کا معنی ایک ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: كُفُوًا میں دو پیش ہیں اور كَفِيئٌ فعیل کے وزن پر ہے اور كفاءٌ فِعَالٌ کے وزن پر ہے، ان تینوں الفاظ کا معنی واحد ہے یعنی مثال اور نظیر یعنی اللہ تعالیٰ کی نہ کوئی مثال ہے اور نہ کوئی شبیہ ہے۔ الثعلبی نے کہا ہے: اس کا معنی ہے: اس کا کوئی ہم سر اور ہم پلہ نہیں ہے، اور حمزۃ اور یعقوب نے اس لفظ میں فاء پر جزم پڑھی ہے اور دیگر قراء نے فاء پر پیش اور واؤ پر زبر پڑھی ہے بغیر ہمزہ کے۔ (عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۱۴، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

الحمد للہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الاخلاص کی تفسیر میں جو تعلیقات ذکر کی تھیں اور احادیث روایت کی تھیں ان تمام کی شرح مکمل ہوگئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز سورۃ الفلق کی تفسیر میں امام بخاری نے جو ایک تعلیق اور ایک حدیث روایت کی ہے اس کی شرح کی جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۱۳۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ الْفَلَقِ

سورۃ الفلق کی تفسیر

سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (الفلق) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الفلق کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس سورت کا نام قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ بھی ہے، سفیان نے کہا: یہ سورت مدنی ہے، قتادہ نے کہا: یہ سورت مکی ہے، اس سورت میں پانچ آیات ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: فلق کا معنی ہے: صبح اور ان سے دوسری روایت ہے کہ یہ جہنم میں ایک قید خانہ ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: الفلق جہنم میں ایک کنواں ہے جو ڈھکا ہوا ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۱۴، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

وَقَالَ مُجَاهِدٌ الْفَلَقُ الصُّبْحُ وَ غَاسِقٍ اللَّيْلُ إِذَا وَقَبَ غُرُوبُ الشَّمْسِ يُقَالُ أَبْيَنُ مِنْ فَرَقٍ وَفَلَقِ الصُّبْحِ وَقَبَ إِذَا دَخَلَ فِي كُلِّ شَيْءٍ وَأَظْلَمَ۔

اور مجاہد نے کہا: فلق کا معنی ہے: صبح اور غَاسِقٍ اللَّيْلُ کا معنی ہے: جب سورج غروب ہو جائے۔ کہا جاتا ہے اَبْيَنُ من فرق الصبح و فلق الصبح یعنی یہ بات پو پھٹنے اور روشنی کے ظہور سے زیادہ واضح ہے اور وقب اس وقت کو کہتے ہیں جب کوئی چیز کسی چیز میں داخل ہو جائے اور اندھیرا چھا جائے اس سے مراد یہاں غروب آفتاب ہے۔

امام بخاری نے اس تعلیق سے درج ذیل آیت کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ (الفلق: ۳)

اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ چھا جائے ۝

علامہ عینی لکھتے ہیں: اسی طرح امام ابوعبیدہ نے تفسیر کی ہے اور وَقَبَ کا معنی ہے: سورج کا غروب ہونا، جب کوئی چیز دوسری چیز میں داخل ہو جائے اور اندھیرا چھا جائے تو وقب کہتے ہیں۔ الفراء نے یہ کہا ہے کہ یہ چیز صبح کے نمودار ہونے سے زیادہ واضح ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۱۵۔ ۱۴)

۴۹۷۶۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَاصِمٍ وَعَبْدَةَ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ سَأَلْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ عَنِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ فَقَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ قِيلَ لِي فَقُلْتُ فَنَحْنُ نَقُولُ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی از عاصم اور عبدۃ از زر بن حبیش، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے المعوذتین (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝) کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے کہا:

Marfat.com

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تھا تو آپ نے فرمایا: مجھ سے کہا گیا تھا (کہ یہ سورتیں پڑھو) تو میں نے پڑھیں تو ہم اسی طرح کہتے ہیں جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری: ۴۹۷۷ میں ہے۔

اَلْمُعَوِّذَتَیْن کا قرآن ہونا

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ یہ کہتے تھے کہ المعوذتین قرآن مجید سے نہیں ہیں اس لیے زر بن حبیش نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے ان کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے بتایا کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے مجھے یہ دو سورتیں پڑھائی ہیں یعنی یہ قرآن ہے، حضرت ابی بن کعب نے کہا: ہم بھی اسی طرح کہتے ہیں جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۱۵)

الحمدللہ رب العالمین امام بخاری نے سورۃ الفلق کی تفسیر میں جو ایک تعلیق ذکر کی تھی اور ایک حدیث روایت کی تھی ان کی شرح مکمل ہوگئی اور اب اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز امام بخاری نے سورۃ الناس کی تفسیر میں جو ایک تعلیق ذکر کی ہے اور ایک حدیث روایت کی ہے اس کی شرح کی جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ ہی کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو نہایت رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

۱۱۴۔ تَفْسِیْرُ سُوْرَۃِ النَّاسِ

سورۃ الناس کی تفسیر

سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (الناس) کا تعارف

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

یہ سورۃ الناس کی بعض آیات کی تفسیر ہے، اس سورت کا نام سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ بھی ہے، یہ سورت مدنی ہے اور اس سورت میں چھ آیات ہیں۔ (عمدۃ القاری ج ۱۹ ص ۱۵)

وَیُذْکَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ الْوَسْوَاسِ إِذَا وُلِدَ خَنَسَهُ الشَّیْطَانُ فَإِذَا ذُکِرَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ ذَهَبَ وَإِذَا لَمْ یُذْکَرِ اللّٰهُ ثَبَتَ عَلَی قَلْبِهِ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے وسواس کی تفسیر میں یہ بیان کیا جاتا ہے کہ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو شیطان اس کو کوئی چیز چبھوتا ہے پھر جب اللہ عزوجل کا ذکر کیا جاتا ہے تو شیطان بھاگ جاتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کیا جاتا تو شیطان اس کے دل پر جم جاتا ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: اس حدیث کی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی طرف سند ضعیف ہے، امام طبری اور امام حاکم نے اس حدیث کی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے اور اس کی سند میں ایک راوی حکیم بن جبیر ہے اور یہ ضعیف راوی ہے، اس حدیث میں خنس کا لفظ ہے، اس کا معنی ہے: کسی چیز کو پیچھے کرنا اور اس کو اپنی جگہ سے زائل کرنا کیونکہ شیطان جب بچہ کی کوکھ میں کوئی چیز چبھوتا ہے تو اس کی شدت سے وہ اس کو اس کی جگہ سے پیچھے کر دیتا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۱۵، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

۴۹۷۷۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ أَبِی لُبَابَةَ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَیْشٍ ح وَحَدَّثَنَا عَاصِمٌ عَنْ زِرٍّ قَالَ سَأَلْتُ أُبَیَّ بْنَ کَعْبٍ قُلْتُ یَا أَبَا الْمُنْذِرِ إِنَّ أَخَاکَ ابْنَ مَسْعُودٍ یَقُولُ کَذَا وَکَذَا فَقَالَ أُبَیٌّ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ لِی قِیلَ لِی فَقُلْتُ قَالَ فَنَحْنُ نَقُولُ کَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا: ہمیں عبدۃ بن ابی لبابہ نے حدیث بیان کی از زر بن حبیش (ح) اور ہمیں عاصم نے حدیث بیان کی از زر، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے سوال کیا، میں نے کہا: اے ابوالمنذر! بے شک آپ کے بھائی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اس طرح اور اس طرح کہتے ہیں تو حضرت ابی نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا تھا تو آپ نے فرمایا: مجھ سے کہا گیا تھا (کہ آپ یہ دو سورتیں پڑھیں) تو میں نے پڑھیں، حضرت ابی بن کعب نے کہا: ہم اسی طرح کہتے ہیں جس طرح رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے۔

Marfat.com

اس حدیث کی شرح صحیح البخاری:۴۹۷۶ میں گزر چکی ہے۔

المعوذتین کے قرآن ہونے پر احادیث سے دلائل

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

حضرت ابن مسعود اس طرح اور اس طرح کہتے ہیں یعنی یہ دو سورتیں قرآن نہیں ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو فرمایا مجھ سے کہا گیا ہے کہ ان کو پڑھو، اس کا معنی یہ ہے کہ یہ دونوں سورتیں قرآن ہیں، اس میں صحابہ کا اختلاف رہا ہے، پھر بعد میں اختلاف اٹھ گیا اور اس پر اجماع ہو گیا کہ یہ دونوں سورتیں قرآن ہیں اور اب اگر کوئی ان کے قرآن ہونے کا انکار کرے گا تو وہ کافر ہو جائے گا۔

اگر تم یہ سوال کرو کہ امام احمد نے اور امام ابن حبان نے از عاصم یہ روایت کی ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے مصحف میں معوذتین کو نہیں لکھتے تھے اور امام طبرانی نے یہ روایت کی ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے مصحف سے المعوذتین کو مٹا دیتے تھے تو میں کہوں گا کہ امام بزار نے کہا ہے کہ حضرت ابن مسعود کی اس مسئلہ میں کسی نے موافقت نہیں کی اور صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں ان کو پڑھا ہے اور صحیح مسلم میں حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اور امام ابن حبان نے اس میں یہ اضافہ کیا ہے کہ آپ نے یہ فرمایا کہ اگر تم ایسا کر سکو کہ نماز میں ان کی قراءت نہ چھوٹے تو ایسا کرو اور امام احمد نے یہ روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کو معوذتین پڑھائیں اور آپ نے فرمایا: جب تم نماز پڑھو تو ان سورتوں کو پڑھو اور اس حدیث کی سند صحیح ہے، اور امام سعید بن منصور نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز پڑھائی اور اس کی دو رکعتوں میں المعوذتین کو پڑھا۔ (عمدۃ القاری ج ۲۰ ص ۱۶، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ)

حافظ ابن حجر نے بھی ان احادیث سے استدلال کیا ہے۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۵۱)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے المعوذتین کے انکارِ قرآن کی توجیہ

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

قاضی ابوبکر الباقلانی نے لکھا ہے کہ حضرت ابن مسعود ان دو سورتوں کے قرآن ہونے کا انکار نہیں کرتے تھے بلکہ وہ ان کو مصحف میں لکھنے سے انکار کرتے تھے کیونکہ ان کے نزدیک مصحف میں ان ہی سورتوں کا لکھنا جائز ہے جن کے متعلق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھنے کی اجازت دی ہو، اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ تک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھنے کی اجازت نہیں پہنچی اور یہ حضرت ابن مسعود کی طرف سے عمدہ تاویل ہے کہ انہوں نے ان سورتوں کے قرآن ہونے کا انکار نہیں کیا۔

بعض علماء کا حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف انکار معوذتین کی نسبت کو باطل قرار دینا

بعض علماء نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف المعوذتین کے انکار قرآن کی نسبت کو مستبعد قرار دیتے ہوئے اس بات کا انکار کیا کہ حضرت ابن مسعود نے یہ کہا ہو کہ المعوذتین قرآن نہیں ہیں، سو حافظ ابن حجر عسقلانی ان علماء کی عبارات نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

علامہ نووی نے شرح المہذب میں لکھا ہے کہ مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ المعوذتین اور الفاتحہ قرآن ہیں اور جس نے ان میں سے کسی کے قرآن ہونے کا انکار کیا وہ کافر ہے اور جو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ان کے قرآن ہونے کا انکار منقول ہے وہ باطل اور صحیح نہیں ہے۔

Marfat.com

اور اسی کی مثل ابو محمد حزم نے المحلیٰ کے اوائل میں لکھا ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے المعوذتین کے قرآن ہونے کا جو انکار منقول ہے وہ جھوٹ اور باطل ہے۔

اور اسی طرح امام فخر الدین رازی نے اپنی تفسیر کے اوائل میں لکھا ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ نقل جھوٹ اور باطل ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی کا ان بعض علماء سے اختلاف

حافظ ابن حجر عسقلانی ان مشاہیر علماء سے اختلاف کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

بغیر کسی دلیل کے روایات صحیحہ میں طعن کرنا غیر مقبول ہے بلکہ یہ روایات صحیح ہیں اور ان میں تاویل کی گنجائش ہے اور جس اجماع کا انہوں نے ذکر کیا ہے اگر اس سے ان کی مراد یہ ہے کہ ہر زمانے میں یہ اجماع رہا ہے تو یہ درست نہیں اور اگر ان کی مراد یہ ہے کہ بعد میں المعوذتین کے قرآن ہونے پر اجماع ہو گیا تو پھر یہ درست ہے۔

اور علامہ ابن السباغ نے مانعین زکوٰۃ پر بحث کرتے ہوئے یہ کہا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مانعین زکوٰۃ سے صرف قتال کیا ہے اور ان کو کافر نہیں قرار دیا کیونکہ اس وقت تک اس پر اجماع نہیں ہوا تھا کہ انکار زکوٰۃ کفر ہے اور اب ہم اس کو کافر کہیں گے جو زکوٰۃ کی فرضیت کا انکار کرے گا، اور انہوں نے کہا: اسی طرح حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے جو المعوذتین کے قرآن ہونے کا انکار منقول ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے نزدیک قطعیت کے ساتھ المعوذتین کا قرآن ہونا ثابت نہیں، پھر اس کے بعد امت کا اس پر اتفاق ہو گیا کہ المعوذتین قرآن ہیں۔

امام فخر الدین رازی نے یہ اشکال کیا ہے کہ اگر حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے زمانے میں المعوذتین کا قرآن ہونا متواتر تھا تو پھر ان کے زمانے میں بھی ان کے قرآن ہونے کا انکار کفر ہوگا اور اگر ان کے زمانہ میں المعوذتین کا متواتر نہیں تھا تو لازم آئے گا کہ بعض قرآن متواتر نہ ہو اور یہ بہت دشوار گھاٹی ہے جس کو عبور کرنا مشکل ہے، اور اس کا یہ جواب دیا گیا ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے زمانے میں بھی المعوذتین کا قرآن ہونا متواتر تھا لیکن حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے نزدیک یہ تواتر ثابت نہیں تھا، پس اللہ تعالیٰ کی مدد سے اشکال کی یہ دشوار گھاٹی عبور ہو گئی۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۵۱، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۲۶ھ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے المعوذتین کے انکار قرآن کی دوسری توجیہ

علامہ ابو حفص عمر بن علی بن احمد الانصاری الشافعی المعروف ابن الملقن المتوفی ۸۰۴ لکھتے ہیں:

صحیح البخاری: ۴۹۷۷ کے آخر میں مذکور ہے کہ زر نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ اے ابو المنذر! آپ کے بھائی حضرت ابن مسعود اس طرح اور اس طرح کہتے ہیں تو حضرت ابی نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق سوال کیا تھا تو آپ نے فرمایا: مجھ سے (المعوذتین کو پڑھنے کے لیے) کہا گیا تھا تو میں نے ان کو پڑھا، حضرت ابی نے کہا: سو ہم بھی ان کو اس طرح پڑھتے ہیں جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے۔

علامہ ابن الملقن کہتے ہیں: حضرت ابی کی مراد یہ تھی کہ حضرت ابن مسعود نے المعوذتین کو اپنے مصحف میں داخل نہیں کیا اور یہ ان کا تفرد اور ان کا اجتہاد ہے کیونکہ وہ دیکھتے تھے کہ شارع علیہ السلام بہ کثرت المعوذتین کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے پناہ طلب کرتے تھے، پس انہوں نے یہ گمان کیا کہ المعوذتین وحی سے ہیں اور قرآن مجید نہیں ہیں، اور صحابہ کرام کا اس پر اجماع ہے کہ المعوذتین قرآن ہیں اور انہوں نے ان دونوں سورتوں کو مصحف میں داخل کیا ہے۔ (التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۳ ص ۶۱۲، وزارۃ الاوقاف، قطر، ۱۴۲۹ھ)

Marfat.com

زر نے صراحتاً حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف انکار معوذتین کی نسبت نہیں کی اس کی توجیہ

علامہ قاضی بدرالدین الدمامینی محمد بن ابوبکر بن عمر القرشی المالکی المتوفی ۸۲۷ھ لکھتے ہیں:

حضرت ابی بن کعب نے زر سے کہا: آپ کے بھائی ابن مسعود اس طرح اور اس طرح کہتے ہیں: (صحیح بخاری: ۴۹۷۷) زر نے صراحتاً یہ نہیں کہا کہ آپ کے بھائی حضرت ابن مسعود المعوذتین کے قرآن ہونے کا انکار کرتے ہیں، کیونکہ وہ اس طرح کہنے کو بہت سنگین بات سمجھتے تھے جب کہ تمام صحابہ کا اس پر اجماع ہے کہ المعوذتین قرآن ہیں اور وہ ان کو اپنے مصاحف میں لکھتے ہیں اور برقرار رکھتے ہیں۔

اور قاضی ابوبکر الباقلانی نے کہا ہے: حضرت ابن مسعود نے المعوذتین کے قرآن ہونے کا انکار نہیں کیا بلکہ ان کو مصحف میں لکھنے کا انکار کیا ہے کیونکہ ان کے نزدیک یہ مقرر تھا کہ مصحف میں صرف اسی چیز کو لکھا جائے گا جس کو لکھنے کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہو اور ان تک یہ حدیث نہیں پہنچی تھی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے المعوذتین کو مصحف میں لکھنے کا حکم دیا ہے ورنہ وہ اس کے قرآن ہونے کا انکار نہیں کرتے تھے۔ (مصابیح الجامع ج ۸ ص ۵۰۸، دارالنوادر، دمشق، ۱۴۳۱ھ)

(قاضی ابوبکر الباقلانی کی یہ تاویل شرح التنقیح میں بھی مذکور ہے۔ ج ۲ ص ۱۰۲۵۔ ۱۰۲۴)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو المعوذتین پڑھنے کا حکم اللہ تعالیٰ نے دیا تھا یا حضرت جبرئیل نے یہ حکم پہنچایا تھا

علامہ احمد بن اسماعیل بن عثمان الکورانی الحنفی المتوفی ۸۹۳ھ لکھتے ہیں:

صحیح البخاری: ۴۹۷۶ میں مذکور ہے: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے (معوذتین پڑھنے کے متعلق) سوال کیا تو آپ نے فرمایا: مجھ سے (المعوذتین پڑھنے کے لیے) کہا گیا تھا، سو میں نے ان کو پڑھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کو پڑھنے کے لیے کہنے والا کون تھا؟ یا تو خود اللہ عزوجل نے آپ سے فرمایا تھا یا حضرت جبرئیل علیہ السلام نے، اور دوسرا احتمال زیادہ صحیح ہے کیونکہ صحیح ابن حبان: ۷۹۷ میں اس کا صراحتاً ذکر ہے، پس اس سے واضح ہو گیا کہ المعوذتین قرآن ہیں۔

مصنف کے نزدیک یہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ متوفی ۳۲ھ کے تفردات میں سے ہے اور ان کی اجتہادی خطا ہے، ان کی رائے یہ تھی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو المعوذتین پڑھ کر دم کرنے کا حکم دیا گیا تھا اور یہ قرآن نہیں ہے، اس لیے وہ ان سورتوں کو اپنے مصحف سے کھرچ دیتے تھے، لیکن باقی تمام صحابہ، فقہاء تابعین اور جمہور مسلمین کا موقف ان کے خلاف ہے، اس طرح حضرت ابن مسعود کے اور بھی تفردات ہیں، وہ قرآن مجید کے ایک لفظ کو اس کے مترادف کے ساتھ بدلنے کو جائز قرار دیتے تھے حالانکہ یہ صحیح نہیں ہے۔ (سعیدی غفرلہ)

نیز علامہ الکورانی لکھتے ہیں:

اگر تم یہ سوال کرو کہ اس شخص کا کیا حکم ہے جو المعوذتین کے قرآن ہونے کا انکار کرے تو میں کہوں گا کہ وہ شخص کافر ہو جائے گا کیونکہ اس پر اجماع منعقد ہو چکا ہے کہ مصحف کے دو گتوں کے درمیان جو بھی مذکور ہے وہ قرآن ہے لیکن حضرت ابن مسعود کے زمانے میں یہ اجماع نہیں ہوا تھا لیکن اس پر یہ اعتراض ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ان کے قرآن ہونے کی مخالفت کرتے تھے، اللہ تعالیٰ ہمیں برے انجام سے محفوظ رکھے اور حضرت ابن مسعود کی طرف سے وہی تاویل کی جائے گی جو علامہ الباقلانی نے کی ہے کہ حضرت ابن مسعود المعوذتین کے قرآن ہونے کا انکار نہیں کرتے تھے بلکہ ان کو مصحف میں لکھنے کا انکار کرتے تھے اور ان تک یہ حدیث نہیں پہنچی تھی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو مصحف میں لکھنے کا حکم دیا ہے۔ (الکوثر الجاری ج ۸ ص ۳۷۵۔ ۳۷۴، داراحیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۲۹ھ)

Marfat.com

المعوذتین کے قرآن ہونے پر خصوصی احادیث کی ضرورت نہیں بلکہ ان کے قرآن ہونے پر اجماع کافی ہے

علامہ محمد الفضیل بن الفاطمی الزرہونی المالکی المتوفی ۱۳۱۸ھ لکھتے ہیں:

بعض اخبار احاد سے المعوذتین کا قرآن ہونا ثابت ہے لیکن اس تکلف کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ اس پر اجماع ہو چکا ہے کہ المعوذتین قرآن ہیں۔

علامہ القسطلانی نے لکھا ہے: اب اس میں اختلاف اٹھ چکا ہے اور اس پر اجماع ہو چکا ہے کہ المعوذتین قرآن ہیں اور اب جو کوئی شخص ان کے قرآن ہونے کا انکار کرے گا وہ کافر ہو جائے گا۔

(ارشاد الساری ج ۷ ص ۴۴۲) (الفجر الساطع علی الصحیح الجامع ج ۱۱ ص ۲۹۴، مکتبۃ الرشد، ریاض، ۱۴۳۰ھ)

ہر چند کہ المعوذتین کے قرآن ہونے کے لیے یہ کافی ہے کہ ان کے قرآن ہونے پر اجماع ہو چکا ہے، تاہم میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ المعوذتین کے قرآن ہونے کے متعلق چند احادیث صحیحہ کو بھی باحوالہ جات ذکر کر دیا جائے تاکہ قارئین کو المعوذتین کے قرآن ہونے پر پوری بصیرت حاصل ہو جائے۔

المعوذتین کے قرآن ہونے پر خصوصی احادیث

امام ابوداؤد سلیمان بن الاشعث السجستانی المتوفی ۲۷۵ھ اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں ایک سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی چلا رہا تھا تو آپ نے مجھ سے فرمایا: اے عقبہ! کیا میں تم کو ایسی دو سورتوں کی تعلیم نہ دوں جو باہم ملی ہوئی ہیں، پھر آپ نے مجھے قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ کی تعلیم دی، پس آپ نے مجھے نہیں دیکھا کہ میں ان دو سورتوں کے ساتھ بہت زیادہ خوش ہوا، پھر جب آپ صبح کی نماز پڑھانے کے لیے سواری سے اترے تو آپ نے یہ دونوں سورتیں صبح کی نماز میں لوگوں کو پڑھائیں، پھر آپ نے میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا: اے عقبہ! تم نے کیسے دیکھا؟ (سنن ابوداؤد: ۱۴۶۲، سنن نسائی: ۵۴۵۲۔۵۴۵۱)

یہ حدیث درج ذیل کتب حدیث میں بھی مذکور ہے:

(مسند احمد: ج ۴ ص ۱۵۰۔۱۴۹، ص ۱۵۳، السنن الکبریٰ للنسائی: ۷۸۴۸، صحیح ابن خزیمہ: ۵۳۵، المعجم الکبیر للطبرانی ج ۱۷ ص ۳۳۵۔۳۳۴، مسند الشامیین: ۱۹۸۷، المستدرک للحاکم ج ۱ ص ۲۴۰، سنن بیہقی ج ۲ ص ۳۹۴) اس حدیث کی سند حسن ہے۔

عبدالرحمٰن بن جبیر بن نفیر الحمصی اپنے والد سے از عقبہ روایت کرتے ہیں:

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: کیا معوذتین قرآن ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو صبح کی نماز پڑھائی اور اس نماز میں المعوذتین کو پڑھا۔

(مسند ابو یعلیٰ: ۱۷۳۴، سنن نسائی: ۹۴۹، السنن الکبریٰ للنسائی: ۷۸۵۱۔ ۱۰۲۴، صحیح ابن خزیمہ: ۵۳۶، المعجم الکبیر للطبرانی: ج ۱۷ ص ۳۳۸۔۳۳۷، المستدرک ج ۱ ص ۲۴۰، سنن بیہقی ج ۲ ص ۳۹۴)

یہ حدیث ابواسامہ حماد بن اسامہ الکوفی سے بھی مروی ہے۔ (صحیح ابن خزیمہ: ج ۱ ص ۲۶۸، صحیح ابن حبان: ۱۸۱۸)

اس حدیث کی روایت میں عبدالرحمٰن بن جبیر منفرد نہیں ہیں بلکہ خالد بن معدان الحمصی نے بھی از عقبہ روایت کی ہے: حضرت عقبہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک سرخ رنگ کا خچر ہدیہ کیا گیا، آپ اس پر سوار ہوئے اور حضرت عقبہ اس کو چلا رہے تھے، تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عقبہ سے فرمایا: پڑھو انہوں نے پوچھا: یا رسول اللہ! میں کیا پڑھوں؟ تو آپ نے فرمایا: قُلْ

Marfat.com

اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ① پھر آپ نے اس سورت کو دہرایا حتیٰ کہ حضرت عقبہ نے اس سورت کو پڑھا، پس آپ نے یہ دیکھا کہ میں اس سورت سے زیادہ خوش نہیں ہوا تو آپ نے فرمایا: شاید تم نے اس سورت کو کم درجہ کی سمجھا ہے، تم نماز میں اس مرتبہ کی سورت نہیں پڑھتے۔ (مسند احمد ج ۴ ص ۱۴۹، السنن الکبریٰ للنسائی: ۷۸۴۲، مشکل الآثار للطحاوی: ۱۲۶، المعجم الکبیر ج ۱۷ ص ۳۳۷)

اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

اسلم ابی عمران نے کہا کہ انہوں نے حضرت عقبہ سے سنا وہ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیچھے گیا اور آپ سواری پر سوار تھے، پس میں نے اپنا ہاتھ آپ کے قدم پر رکھا، پس میں نے کہا: یا رسول اللہ! مجھے قرآن پڑھائیے خواہ سورۂ ہود سے یا سورۂ یوسف سے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عقبہ بن عامر! تم ہرگز کسی ایسی سورت کو نہیں پڑھو گے جو اللہ تعالیٰ کو اس سے زیادہ محبوب ہو اور نہ اللہ کے نزدیک اس سے زیادہ بلیغ ہو کہ تم پڑھو: قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ①، پس اگر تم یہ کر سکتے ہو کہ یہ سورت تم سے کسی نماز میں فوت نہ ہو تو تم ایسا کرو۔ (مسند احمد: ج ۴ ص ۱۵۹۔۱۵۵، سنن دارمی: ۳۴۴۲، سنن نسائی: ۵۴۳۹۔۹۴۹، السنن الکبریٰ للنسائی: ۷۸۴۰۔۷۸۳۹۔۱۰۲۵، صحیح ابن حبان: ۱۸۴۲۔۷۹۵، المعجم الکبیر، ج ۱۷، ص ۳۱۲۔۳۱۱، المستدرک ج ۲ ص ۵۴۰، شعب الایمان: ۱۲۱۳)

امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آج رات مجھ پر ایسی آیات نازل ہوئی ہیں کہ ان کی مثل پہلے کبھی نہیں دیکھی گئیں۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ① آخر سورت تک اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ① آخر سورت تک۔

(صحیح مسلم، ۸۱۴، الرقم المسلسل: ۱۷۷۵، سنن ترمذی: ۳۳۶۷، سنن نسائی: ۹۵۰، مسند احمد: ج ۴ ص ۱۴۴)

نیز حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وتر کی تیسری رکعت میں سورۂ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ① اور المعوذتین پڑھتے تھے۔ (سنن ابوداؤد: ۱۴۲۴، سنن ترمذی: ۴۶۲، سنن ابن ماجہ: ۱۱۷۳)

المعوذتین کو پڑھ کر دم کرنے کے متعلق احادیث

حضرت ابن عابس الجہنی بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے ابن عابس! کیا میں تمہاری رہنمائی نہ کروں یا فرمایا: کیا میں تمہیں اللہ کی پناہ طلب کرنے کے لیے ان سب سے افضل چیز کی خبر نہ دوں جس سے لوگ پناہ طلب کرتے ہیں، انہوں نے کہا: کیوں نہیں یا رسول اللہ! تو آپ نے فرمایا: قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ① اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ① یہ دو سورتیں ہیں۔ (سنن نسائی: ۵۴۴۲)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے جابر! پڑھو، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ پر میرا باپ اور میری ماں قربان ہو میں کیا پڑھوں؟ آپ نے فرمایا: تم پڑھو قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ① اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ① میں نے ان کو پڑھا تو آپ نے فرمایا: تم ہرگز ان کی مثل نہیں پڑھو گے۔ (سنن نسائی: ۵۴۵۱)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیمار ہوتے تو اپنے اوپر المعوذات کو پڑھ کر دم کرتے اور اپنے ہاتھ پر پھونک مار کر اپنے اوپر پھونکتے، پھر جس درد میں آپ کی وفات ہوئی تھی تو میں ان معوذات کو پڑھتی تھی جن کو آپ پڑھتے تھے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ پر دم کر کے آپ پر پھیرتی تھی۔

(صحیح البخاری: ۵۰۱۶۔۴۴۳۹، صحیح مسلم: ۲۱۹۲، سنن ابوداؤد: ۳۹۰۲، سنن ابن ماجہ: ۳۵۲۹، مسند احمد: ۲۶۲۴۹)

صحیح مسلم کی روایت میں ہے کہ میں آپ کے ہاتھ کی برکت کی توقع پر آپ کے ہاتھ کو آپ کے اوپر پھیرتی تھی۔

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن خبیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم ایک بارش کی رات میں اور سخت اندھیرے میں باہر نکلے، ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تلاش کر رہے تھے تا کہ آپ ہمیں نماز پڑھائیں، پھر ہم نے آپ کو پالیا، آپ نے پوچھا: کیا تم نے نماز پڑھ لی ہے تو میں نے کچھ نہیں کہا: پھر آپ نے فرمایا: تم پڑھو تو میں نے کچھ نہیں پڑھا، پھر آپ نے فرمایا: تم پڑھو تو میں نے کچھ نہیں پڑھا (پھر تیسری بار) آپ نے فرمایا: پڑھو، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں کیا پڑھوں؟ آپ نے فرمایا: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اور المعوذتین جب تم شام کے وقت میں ہو اور جب تم صبح کے وقت میں ہو تین تین مرتبہ پڑھو، یہ (سورتیں) تمہیں ہر چیز سے کفایت کریں گی۔

(سنن ابوداؤد: ۵۰۸۲، سنن ترمذی: ۳۵۷۵، سنن نسائی: ۵۴۳۳)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے نظریہ پر قوی اشکال اور جمہور صحابہ کی ایک حدیث سے دلیل

یہ معوذات کو پڑھ کر دم کرنے کی احادیث ہیں اور غالباً انہی احادیث کی وجہ سے حضرت ابن مسعود یہ سمجھتے تھے کہ المعوذتین صرف دم کرنے کے وظائف ہیں اور قرآن نہیں ہیں اور یہ ان کا تفرد اور اجتہاد ہے۔

تاہم حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے نظریہ پر یہ اشکال ہے کہ ان احادیث میں جس طرح المعوذتین کو پڑھ کر دم کرنے کا ذکر ہے، اسی طرح ان احادیث میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ یعنی سورۃ اخلاص کو پڑھ کر دم کرنے کا بھی ذکر ہے، سو اگر المعوذتین کو پڑھ کر دم کرنے سے یہ لازم آتا ہے کہ وہ قرآن نہ ہوں تو پھر سورۃ الاخلاص کو پڑھ کر بھی یہ لازم آئے گا کہ وہ قرآن نہ ہو حالانکہ اس کے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بھی قائل نہیں تھے۔

علاوہ ازیں حافظ ابن حجر عسقلانی نے درج ذیل حدیث ذکر کی ہے جس سے صراحتاً واضح ہوتا ہے کہ المعوذتین قرآن ہیں۔ امام سعید بن منصور اپنی سند کے ساتھ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز پڑھائی اور اس میں المعوذتین پڑھیں۔ (فتح الباری ج ۶ ص ۱۵۱، دارالمعرفہ بیروت ۱۴۲۶ھ)

ختم قرآن کے وقت دعا کرنے کا استحباب

الحمد رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین وعلی آلہ واصحابہ وذریتہ وازواجہ اجمعین

ہم نے اس جلد میں امام بخاری کی کتاب التفسیر سورۃ الانعام سے شروع کی تھی اور اب سورۃ الناس کی تفسیر بھی لکھی جا چکی ہے اور قرآن مجید کی تمام سورتوں کی تکمیل ہو گئی ہے اور ختم قرآن کے وقت دعا کرنا مستحب ہے۔

علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ لکھتے ہیں:

سند صحیح کے ساتھ مجاہد سے روایت ہے کہ مسلمان ختم قرآن کے وقت جمع ہوتے تھے کہ اب رحمت نازل ہوگی اور ختم قرآن کے وقت دعا کرنا بہت زیادہ مستحب ہے۔ (الاذکار ج ۱ ص ۱۲۱)

امام دارمی اپنی سند کے ساتھ حمید الاعرج سے روایت کرتے ہیں جس نے قرآن مجید کو پڑھا، پھر دعا کی تو اس کی دعا پر چار ہزار فرشتے آمین کہتے ہیں۔ (سنن دارمی ج ۲ ص ۴۷۰)

اور چاہیے کہ گڑگڑا کر دعا کی جائے اور مشکل اور اہم امور کے لیے دعا کی جائے اور زیادہ تر یا پوری دعا آخرت اور امور مسلمین سے متعلق ہو اور یہ دعا کی جائے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی اطاعت اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی اتباع کی توفیق عطا فرمائے اور میں خصوصاً اپنے لیے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مجھ کو دنیا میں مصائب، بیماریوں اور بڑھاپے کے آزار سے محفوظ رکھے اور صحت و

Marfat.com

سلامتی کے ساتھ نعمۃ الباری کو مکمل فرمائے اور میرا ایمان پر خاتمہ فرمائے اور آخرت میں قبر کے عذاب اور حشر کی ہولنا کیوں سے اور دوزخ کے عذاب سے محفوظ اور مامون رکھے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب فرمائے اور اپنے فضل وکرم سے جنت الفردوس عطا فرمائے اور یہی دعا میں اپنے متعلقین کے لیے کرتا ہوں، سید عمیر الحسن البرنی کے لیے اور مفتی محمد اسماعیل نورانی اور محترم حفیظ البرکات شاہ زید لطفہم کے لیے اور مولانا وقار الحسن کے لیے اور صاحبزادہ حبیب الرحمٰن (بریڈفورڈ) کے لیے اور مولانا عبدالمجید (برسٹل) کے لیے اور ڈاکٹر خالد اعوان، ڈاکٹر شہرام اور ڈاکٹر ارشد بھٹی (ورجینا امریکہ) کے لیے اور مولانا حامد قیوم (ناروے) کے لیے اور ثمینہ بہن (برسٹل) اور بہن شمیم اختر (کراچی) کے لیے اور نعمۃ الباری کے قارئین کے لیے اور آخر میں خصوصاً مفتی اعظم پاکستان علامہ مفتی منیب الرحمٰن زید مجدہم کے لیے دعا کرتا ہوں، اللہ تعالیٰ مجھے اور ان کو صحت اور سلامتی اور ایمان اور اسلام کے ساتھ تا حیات قائم رکھے اور ہم سب کو دارین کی نعمتیں، سعادتیں اور کامرانیاں عطا فرمائے اور آخرت کی مشکلات سے محفوظ اور مامون رکھے۔ (آمین)

کتاب التفسیر میں مذکور احادیث کی تعداد

کتاب التفسیر میں پانچ سو اڑتالیس (۵۴۸) احادیث مرفوعہ ہیں عام ازیں کہ حقیقتاً ہوں یا حکماً، ان میں سے چار سو پینسٹھ (۴۶۵) احادیث موصولہ ہیں اور بقیہ معلقہ ہیں اور اس میں چار سو اڑتالیس (۴۴۸) احادیث مکررات ہیں اور خالص احادیث صرف ایک سو (۱۰۰) ہیں۔

نعمۃ الباری جلد ثامن کی تکمیل

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین سیدنا و مولانا محمد رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین قائد الغر المحجلین وعلی الہ واصحابہ و ذریتہ و ازواجہ امہات المومنین و امتہ من الفقہآء والمفسرین والمحدثین والمسلمین اجمعین

میں نے 5 شوال 1431ھ/15 ستمبر 2010 بہ روز بدھ کو نعمۃ الباری کی آٹھویں جلد کی ابتداء کی تھی جو آج 9 شوال 1432ھ/8 ستمبر 2011 بہ روز جمعرات کو مکمل ہوگئی۔ اس آٹھویں جلد میں صحیح البخاری کی ۴۹۷۷ تک احادیث آگئی ہیں اس جلد میں 350 احادیث موصولہ ہیں اور بقیہ تعلیقات ہیں۔ یکم جنوری 2011ء سے لے کر 18 مئی 2011ء تک میں بیمار رہا اور زیادہ دماغی کام کی وجہ سے دماغ کام کرنے کے قابل نہ رہا، پھر امریکا کے بعض محبین ڈاکٹر خالد اعوان، ڈاکٹر شہرام اور ڈاکٹر ارشد بھٹی نے مجھے دماغ کی تقویت کی امریکا سے دوائیں بھجوائیں اور ان کے استعمال کے بعد میرے کام کرنے کی صلاحیت کی نشاۃ ثانیہ ہوگئی اور میں نے اٹھارہ مئی 2011ء سے پھر کام شروع کر دیا، اس دوران سورۃ النور اور سورۃ الفرقان کی شرح مولانا محمد اسماعیل نورانی زید مجدہم نے تقریباً پچاس صفحات لکھی تھی، صحت بحال ہونے کے بعد انہوں نے یہ شرح میرے سپرد کر دی، بڑھاپے، شوگر، بلڈ پریشر، کولیسٹرول اور کمر کے درد کے عوارض کی وجہ سے اب میرے لیے لکھنا مشکل ہوگیا ہے، سو اب میں بولتا ہوں اور میرے ایک مخلص اور عزیز شاگرد مولانا وقار الحسن لکھتے ہیں اور سید عمیر الحسن برنی مسودہ کو پڑھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان تمام معاونین کو جزائے خیر عطا فرمائے اور اپنے کرم سے نعمۃ الباری کی بقیہ جلدوں کو مکمل فرما دے اور اس کو موافقین کے لیے مفید اور فیض آفرین بنائے اور مخالفین کے لیے ذریعہ ہدایت بنائے، امین یا رب العالمین بجاہ سید المرسلین۔

Marfat.com

نعمۃ الباری فی شرح صحیح البخاری، جلد ثامن (۸) کی ڈائری

افتتاح: ۵ شوال ۱۴۳۱ھ، ۱۵ ستمبر ۲۰۱۰ء، بروز بدھ

تقویم میلادی	تقویم ہجری	دن	ایک ماہ کے صفحات	کل صفحات	تعداد حدیث
۱۵ مارچ ۲۰۱۰ء	۱۵، شوال ۱۴۳۱ھ	بدھ			۴۲۶۷
یکم اکتوبر ۲۰۱۰ء	ذوالقعدہ ۱۴۳۱ھ	جمعہ	۷۶	۷۶	۴۶۵۳
یکم نومبر ۲۰۱۰ء	ذوالحجہ ۱۴۳۱ھ	پیر	۱۰۱	۱۷۸	۴۷۰۶
یکم دسمبر ۲۰۱۰ء	محرم ۱۴۳۲ھ	بدھ	۹۴	۲۷۲	۴۷۴۵
یکم جنوری ۲۰۱۱ء	صفر ۱۴۳۲ھ	ہفتہ	بیماری کے ایام میں درج ذیل مہینوں میں کام معطل رہا		
یکم فروری ۲۰۱۱ء	ربیع الاول ۱۴۳۲ھ	منگل	=	=	=
یکم مارچ ۲۰۱۱ء	ربیع الثانی ۱۴۳۲ھ	منگل	=	=	=
یکم اپریل ۲۰۱۱ء	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۲ھ	جمعہ	=	=	=
۱۸، مئی ۲۰۱۱ء	جمادی الثانی ۱۴۳۲ھ	اتوار		۳۲۴	۴۷۶۸
یکم جون ۲۰۱۱ء	رجب ۱۴۳۲ھ	بدھ		۳۳۸	۴۷۷۰
یکم جولائی ۲۰۱۱ء	شعبان ۱۴۳۲ھ	جمعرات	۱۴۴	۴۸۲	۴۸۱۹
یکم اگست ۲۰۱۱ء	رمضان ۱۴۳۲ھ	پیر	۱۶۶	۶۴۸	۴۹۰۹
یکم ستمبر ۲۰۱۱ء	شوال ۱۴۳۲ھ	جمعرات	۱۵۰	۷۹۸	۴۹۵۸
اختتام: ۸، ستمبر ۲۰۱۱ء	۹، شوال ۱۴۳۲ھ	جمعرات	۴۲	۸۴۰	۴۹۷۷

Marfat.com

مصادر التحقیق فی نعمۃ الباری

کتب سماویہ

۱۔ قرآن مجید

۲۔ تورات

۳۔ زبور

۴۔ انجیل

کتب احادیث

۵۔ امام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت، متوفّٰی 150ھ، مسند امام اعظم، مطبوعہ: محمد سعید اینڈ سنز، کراچی

۶۔ امام مالک بن انس اصحی، متوفّٰی 179ھ، موطا امام مالک، مطبوعہ: دار الفکر، بیروت، 1409ھ، المکتبۃ التوفیقیہ، دار المعرفہ، بیروت، 1420ھ

۷۔ امام عبداللہ بن مبارک حنفی، متوفّٰی 181ھ، کتاب الزہد، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت

۸۔ امام ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم حنفی، متوفّٰی 183ھ، کتاب الآثار، مطبوعہ: مکتبہ اثریہ، سانگلہ ہل

۹۔ امام محمد بن حسن شیبانی حنفی، متوفّٰی 189ھ، موطا امام محمد، مطبوعہ: نور محمد، کارخانہ تجارت کتب، کراچی

۱۰۔ امام محمد بن حسن شیبانی حنفی، متوفّٰی 189ھ، کتاب الآثار، مطبوعہ: ادارۃ القرآن، کراچی 1407ھ

۱۱۔ امام محمد بن ادریس شافعی، متوفّٰی 204ھ، المسند، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1400ھ

۱۲۔ امام سلیمان بن داؤد الجارود شافعی، متوفّٰی 204ھ، مسند ابوداؤد الطیالسی، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1425ھ

۱۳۔ امام محمد بن عمر بن واقد شافعی، متوفّٰی 207ھ، کتاب المغازی، مطبوعہ: عالم الکتب، بیروت 1404ھ

۱۴۔ امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانی شیعی، متوفّٰی 211ھ، مصنف عبدالرزاق، مطبوعہ: مکتب اسلامی، بیروت 1390، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1421ھ

۱۵۔ امام عبداللہ بن الزبیر حمیدی شافعی، متوفّٰی 219ھ، المسند، مطبوعہ: عالم الکتب، بیروت

۱۶۔ امام سعید بن منصور خراسانی مکی شافعی، متوفّٰی 227ھ، سنن سعید بن منصور، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت

۱۷۔ امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ شافعی، متوفّٰی 235ھ، المصنف، مطبوعہ: ادارۃ القرآن، کراچی 1406ھ، دار الکتب العلمیہ، بیروت 1416ھ

۱۸۔ امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ شافعی، متوفّٰی 235ھ، مصنف ابن ابی شیبہ، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1416ھ

Marfat.com

۱۹۔ امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ شافعی، متوفی 235ھ، مصنف ابن ابی شیبہ، مطبوعہ: مجلس علمی، بیروت، 1427ھ

۲۰۔ امام احمد بن حنبل، متوفی 241ھ، المسند، مطبوعہ: مکتب اسلامی، بیروت، 1398ھ، دارالکتب العلمیہ، بیروت 1413ھ، داراحیاء التراث العربی، بیروت 1415ھ، دارالفکر، بیروت 1415ھ، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت 1420ھ، عالم الکتب، بیروت 1419ھ، دارالکتب العلمیہ، بیروت 1429ھ

۲۱۔ امام ابوعبداللہ بن عبدالرحمٰن دارمی شافعی، متوفی 255ھ، سنن دارمی، مطبوعہ: دارالکتاب العربی 1407ھ، دارالمعرفۃ، بیروت 1420ھ

۲۲۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری شافعی، متوفی 256ھ، صحیح بخاری، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1430ھ، دارارقم، بیروت، المکتبۃ العصریہ، بیروت 1431ھ، دارالفکر، بیروت 1421ھ، مؤسسۃ الرسالۃ 1431ھ، دارالمعرفۃ، بیروت 1425ھ، دارالعلم الحدیث 1426ھ

۲۳۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری شافعی، متوفی 256ھ، الادب المفرد، مطبوعہ: دارالمعرفۃ، بیروت 1412

۲۴۔ امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری شافعی، متوفی 261ھ صحیح مسلم، مطبوعہ: مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز، مکہ مکرمہ 1417ھ، دارالفکر، بیروت 1424ھ

۲۵۔ امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ شافعی، متوفی 263ھ، سنن ابن ماجہ، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت 1415ھ، دارالجیل، بیروت، دارالفکر، بیروت 1421ھ

۲۶۔ امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی شافعی، متوفی 275ھ، سنن ابوداؤد، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1414ھ، دارالفکر، بیروت 1421ھ، دارالمعرفۃ، بیروت 1422ھ

۲۷۔ امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی شافعی، متوفی 275ھ، مراسیل ابوداؤد، مطبوعہ: نور محمد کارخانہ تجارت کتب، کراچی

۲۸۔ امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی شافعی، متوفی 279ھ، سنن ترمذی، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت 1422ھ، دارالجیل، بیروت 1998ء، دارالمعرفۃ، بیروت 1423ھ

۲۹۔ امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی شافعی، متوفی 279ھ، شمائل محمدیہ، مطبوعہ: المکتبۃ التجاریہ، مکہ مکرمہ، 1415ھ

۳۰۔ امام علی بن عمر دارقطنی شافعی، متوفی 285ھ، سنن دارقطنی، مطبوعہ: نشر السنۃ، ملتان، دارالکتب العلمیہ، بیروت 1417ھ، دارالمعرفۃ، بیروت 1422ھ

۳۱۔ امام ابن ابی عاصم شافعی، متوفی 287ھ، الاحاد والمثانی، مطبوعہ: دارالرایہ، ریاض، 1411ھ

۳۲۔ امام احمد عمرو بن عبدالخالق بزار شافعی، متوفی 292ھ، البحر الزخار المعروف بہ مسند البزار، مطبوعہ: مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت

۳۳۔ امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی شافعی، متوفی 303ھ، سنن نسائی، مطبوعہ: دارالمعرفۃ، بیروت 1412ھ، دارالفکر، بیروت 1421ھ

۳۴۔ امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی شافعی، متوفی 303ھ، عمل الیوم واللیلۃ، مطبوعہ: مؤسسۃ الکتب الثقافیہ، بیروت 1408ھ

Marfat.com

۳۵۔ امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی شافعی، متوفی 303، سنن کبریٰ، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1411ھ، مؤسسۃ الرسالہ 1421ھ

۳۶۔ امام ابوبکر محمد بن ہارون الرویانی شافعی، متوفی 307ھ، مسند الصحابہ، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1417ھ

۳۷۔ امام احمد بن عالی المثنی التمیمی شافعی، متوفی 307ھ، مسند ابویعلی موصلی، مطبوعہ: دارالمامون التراث، بیروت 1404ھ

۳۸۔ امام عبداللہ بن علی بن جارود نیشاپوری شافعی، متوفی 307، المنتقی، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1417ھ

۳۹۔ امام محمد بن اسحاق بن خزیمہ شافعی، متوفی 311ھ، صحیح ابن خزیمہ، مطبوعہ: مکتب اسلامی، بیروت 1395ھ

۴۰۔ امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق شافعی، متوفی 316ھ، مسند ابوعوانہ، مطبوعہ: دارالباز، مکہ مکرمہ

۴۱۔ امام ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی حنفی، متوفی 321ھ، تحفۃ الاخیار، مطبوعہ: داربلنسیہ، ریاض، 1420ھ

۴۲۔ امام ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی حنفی، متوفی 321ھ، مشکل الآثار، مطبوعہ: مکتبہ دارالباز 1415ھ

۴۳۔ امام ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی حنفی، متوفی 321ھ، شرح معانی الآثار، مطبوعہ: مطبع مجتبائی، پاکستان، لاہور 1404ھ، قدیمی کتب خانہ، کراچی،

۴۴۔ امام ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی حنفی، متوفی 321ھ، شرح مشکل الآثار، مطبوعہ: مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت 1427ھ

۴۵۔ امام ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی حنفی، متوفی 321ھ، مسند الطحاوی، مطبوعہ: مکتبۃ الحرمین، دبئی 1426ھ

۴۶۔ امام ابوجعفر محمد بن عمرو العقیلی شافعی، متوفی 322ھ، کتاب الضعفاء الکبیر، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1418ھ

۴۷۔ امام ابوحاتم محمد بن حبان البستی شافعی، متوفی 354ھ، الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان، مطبوعہ: مؤسسۃ الرسالہ، بیروت 1407ھ

۴۸۔ امام ابوحاتم محمد بن حبان البستی شافعی، متوفی 354ھ، الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت 1425ھ

۴۹۔ امام ابوبکر محمد بن الحسین بن عبداللہ الآجری الشافعی، متوفی 360ھ، کتاب الشریعہ، مطبوعہ: مؤسسۃ الریان 1429ھ

۵۰۔ امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی شافعی، متوفی 360ھ، معجم صغیر، مطبوعہ: مکتبۂ سلفیہ، مدینہ منورہ 1388ھ، مکتبہ اسلامی، بیروت 1405ھ

۵۱۔ امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی شافعی، متوفی 360ھ، معجم کبیر، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت

۵۲۔ امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی شافعی، متوفی 360ھ، معجم اوسط، مطبوعہ: مکتبہ المعارف، ریاض 1405ھ، دارالفکر، بیروت 1420ھ

۵۳۔ امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی شافعی، متوفی 360ھ، مسند الشامیین، مطبوعہ: مؤسسۃ الرسالہ، بیروت 1409ھ

۵۴۔ حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن محمد اسحاق الدینوری المعروف بابن السنی شافعی، متوفی 364ھ، کتاب عمل الیوم واللیل، مطبوعہ: مؤسسۃ الکتب الثقافیہ 1408ھ

۵۵۔ امام عبداللہ بن عدی الجرجانی شافعی، متوفی 365ھ، الکامل فی ضعفاء الرجال، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت، دارالکتب العلمیہ،

Marfat.com

بیروت 1418ھ
۵۶۔ امام ابوحفظ عمر بن احمد المعروف بابن شاہین شافعی، متوفی 385ھ، الناسخ والمنسوخ من الحدیث، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1412ھ
۵۷۔ امام عبداللہ بن محمد بن جعفر المعروف بابی الشیخ شافعی، متوفی 396ھ، کتاب العظمۃ، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت
۵۸۔ امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری شافعی، متوفی 405ھ، المستدرک، مطبوعہ: دارالباز، مکہ مکرمہ، دارالمعرفہ، بیروت 1427ھ، المکتبۃ العصریہ، بیروت 1420ھ
۵۹۔ امام ابوعبداللہ محمد بن عمر بن واقد الواقدی شافعی، متوفی 407ھ، کتاب المغازی، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1424ھ
۶۰۔ امام ابونعیم احمد بن عبداللہ اصبہانی شافعی، متوفی 430ھ، حلیۃ الاولیاء، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1418ھ، دارالکتاب العربی 1407ھ
۶۱۔ امام ابونعیم احمد بن عبداللہ اصبہانی شافعی، متوفی 430ھ، دلائل النبوۃ، مطبوعہ: دارالنفائس، بیروت
۶۲۔ امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی شافعی، متوفی 458ھ، سنن کبریٰ، مطبوعہ: نشر السنہ، ملتان
۶۳۔ امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی شافعی، متوفی 458ھ، کتاب الاسماء والصفات، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت
۶۴۔ امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی شافعی، متوفی 458ھ، معرفۃ السنن والآثار، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت
۶۵۔ امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی شافعی، متوفی 458ھ، دلائل النبوۃ، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1423ھ
۶۶۔ امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی شافعی، متوفی 458ھ، کتاب الآداب، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1406ھ
۶۷۔ امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی شافعی، متوفی 458ھ، کتاب فضائل الاوقات، مطبوعہ: مکتبۃ المینارہ، مکہ مکرمہ 1410ھ
۶۸۔ امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی شافعی، متوفی 458ھ، شعب الایمان، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1401ھ
۶۹۔ امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی شافعی، متوفی 458ھ، الجامع لشعب الایمان، مطبوعہ: مکتبۃ الرشد، ریاض 1423ھ
۷۰۔ امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی شافعی، متوفی 458ھ، البعث والنشور، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت 1414ھ
۷۱۔ امام ابوعمر یوسف ابن عبدالبر قرطبی مالکی، متوفی 463ھ، جامع بیان العلم وفضلہ، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت
۷۲۔ امام محمد بن فتوح الحمیدی شافعی، متوفی 488ھ، الجمع بین الصحیحین، مطبوعہ: دارابن حزم 1423ھ
۷۳۔ امام ابوشجاع شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ الدیلمی شافعی، متوفی 509ھ، الفردوس بماثور الخطاب، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1406ھ
۷۴۔ امام حسین بن مسعود بغوی شافعی، متوفی 516ھ، شرح السنہ، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1412ھ
۷۵۔ امام ابوالقاسم علی بن الحسن ابن عساکر شافعی، متوفی 571ھ، تاریخ دمشق الکبیر، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت 1421ھ
۷۶۔ امام ابوالقاسم علی بن الحسن ابن عساکر شافعی، متوفی 571ھ، تہذیب تاریخ دمشق، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت 1407ھ

۷۷۔ امام ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی بن محمد جوزی حنبلی، متوفی 597ھ، جامع المسانید، مطبوعہ: مکتبۃ الرشد، ریاض 1426ھ

۷۸۔ امام مجدالدین بن محمد الشیبانی المعروف بابن الاثیر الجزری شافعی، متوفی 606ھ، جامع الاصول، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1418ھ، دارابن کثیر، بیروت 1432ھ

۷۹۔ امام زکی الدین عبدالعظیم بن عبدالقوی المنذری شافعی، متوفی 656ھ، الترغیب والترہیب، مطبوعہ: دارالحدیث، قاہرہ 1407ھ، دارابن کثیر، بیروت 1414ھ

۸۰۔ امام ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، متوفی 668ھ، التذکرہ فی امورالآخرہ، مطبوعہ: دارالبخاری، مدینہ منورہ

۸۱۔ امام محی الدین ابوزکریا یحیٰ بن شرف النووی الشافعی، متوفی 676ھ، الاذکار من کلام سیدالابرار، مطبوعہ: مکتبۂ نزار مصطفیٰ الباز 1417ھ

۸۲۔ امام محی الدین ابوزکریا یحیٰ بن شرف النووی الشافعی، متوفی 676ھ ریاض الصالحین، قدیمی کتب خانہ، کراچی

۸۳۔ امام ابومحمد علی بن زکریا المنجی الحنفی، متوفی 686ھ، اللباب فی الجمع بین السنۃ والکتاب، دارخضر، بیروت 1419ھ

۸۴۔ امام محی الدین تبریزی شافعی، متوفی 742ھ، مشکوٰۃ، مطبوعہ: اصح المطابع، دہلی، دارارقم، بیروت، دارابن حزم 1423ھ، دارالکتب العلمیہ، بیروت

۸۵۔ امام علی بن عبدالکافی تقی الدین سبکی الشافعی، متوفی 746ھ، شفاء السقام فی زیارۃ خیرالانام، مطبوعہ: الدائرالمعارف النظامیہ، بحیدرآباد، دکن

۸۶۔ امام شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن ابوبکر المعروف بابن قیم الجوزیہ حنبلی، متوفی 751ھ، جلاء الافہام فی فضل الصلوٰۃ والسلام علی محمد خیرالانام، مطبوعہ: دارالکتاب العربی، بیروت 1417ھ، دارالطباعۃ المحمدیہ 1388ھ

۸۷۔ حافظ جمال الدین عبداللہ بن یوسف زیلعی حنفی، متوفی 762ھ، نصب الرایہ، مطبوعہ: مجلسِ علمی سورۃ ہند، 1357ھ، دارالکتب العلمیہ، بیروت 1416ھ

۸۸۔ حافظ ابوالفرج زین الدین عبدالرحمٰن بن احمد بن رجب الحنبلی البغدادی الدمشقی، متوفی 795ھ، اہوال القبور واحوال اہلہا الی النشور، دارالکتاب العربی، بیروت 1418ھ

۸۹۔ حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی الشافعی، متوفی 807ھ، مجمع الزوائد، مطبوعہ: دارالکتاب العربی، بیروت 1402ھ، دارالفکر، بیروت 1414ھ

۹۰۔ حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی الشافعی، متوفی 807، کشف الاستار، مطبوعہ: مؤسسۃ الرسالہ، بیروت 1404ھ

۹۱۔ حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی الشافعی، متوفی 807، تقریب البغیہ بترتیب احادیث الحلیہ، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1420ھ

۹۲۔ امام ابوالعباس احمد بن ابوبکر بوصیری شافعی، متوفی 840ھ، اتحاف الخیرۃ المہرۃ بزوائد المسانید العشرہ، مطبوعہ: مکتبہ دارالکتب العلمیہ، بیروت 1442ھ

۹۳۔ امام ابوالعباس احمد بن ابوبکر بوصیری شافعی، متوفی 840ھ، زوائد ابن ماجہ علی الکتب الخمسہ، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت 1414ھ

Marfat.com

۹۴۔ حافظ علاؤ الدین بن علی بن عثمان ماردینی ترکمانی حنفی، متوفی 845ھ، الجوھر النقی، مطبوعہ: نشر السنہ، ملتان

۹۵۔ حافظ شمس الدین محمد بن احمد ذھبی شافعی، متوفی 848ھ، تلخیص المستدرک، مطبوعہ: مکتبہ دار الباز، مکہ مکرمہ

۹۶۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی، متوفی 852ھ، المطالب العالیہ، مطبوعہ: مکتبہ دار الباز، مکہ مکرمہ، دار الکتب العلمیہ، بیروت 1424ھ

۹۷۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی، متوفی 852ھ، نتائج الافکار فی احادیث الاذکار، مطبوعہ: دار ابن کثیر 1421ھ

۹۸۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی، متوفی 852ھ، تلخیص الحبیر فی تخریج احادیث رافعی الکبیر، مطبوعہ: مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز 1417ھ

۹۹۔ امام زین الدین ابو العباس احمد بن عبد اللطیف الزبیدی حنفی، متوفی 893ھ، التجرید الصریح لاحادیث الجامع الصحیح، مطبوعہ: مؤسسۃ الرسالہ، 1430ھ

۱۰۰۔ امام عبد الرحمٰن بن عبد السلام بن عبد الرحمٰن بن عثمان الصفوری الشافعی، متوفی 894ھ، نزہۃ المجالس ومنتخب النفائس، دار الکتب العلمیہ، بیروت 1419ھ

۱۰۱۔ حافظ شمس الدین محمد بن عبد الرحمٰن السخاوی الشافعی، متوفی 902ھ، القول البدیع فی الصلاۃ علی الحبیب الشفیع، مطبوعہ: مکتبہ المؤید، دمشق 1408ھ

۱۰۲۔ حافظ جلال الدین سیوطی شافعی، متوفی 911ھ، الجامع الصغیر، مطبوعہ: دار المعرفہ، بیروت 1391ھ، مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز، مکہ مکرمہ

۱۰۳۔ حافظ جلال الدین سیوطی شافعی، متوفی 911ھ، جامع الاحادیث الکبیر، مطبوعہ: دار الفکر، بیروت 1414ھ

۱۰۴۔ حافظ جلال الدین سیوطی شافعی، متوفی 911ھ جمع الجوامع، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1421ھ

۱۰۵۔ حافظ جلال الدین سیوطی شافعی، متوفی 911ھ، البدور السافرہ، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1416ھ، دار ابن حزم، بیروت 1414

۱۰۶۔ حافظ جلال الدین سیوطی شافعی، متوفی 911ھ، شرح الصدور بشرح حال الموتی والقبور، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1414ھ

۱۰۷۔ حافظ جلال الدین سیوطی شافعی، متوفی 911ھ، الخصائص الکبریٰ، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1405ھ

۱۰۸۔ شیخ الاسلام احمد بن محمد بن علی بن حجر الہیتمی الشافعی، متوفی 974، الصواعق المحرقہ فی الرد علی اھل البدع والزندقہ، مطبوعہ: مکتبہ القاہرہ، مصر 1385ھ

۱۰۹۔ علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری حنفی، متوفی 975ھ، کنز العمال، مطبوعہ: مؤسسۃ الرسالہ، بیروت

۱۱۰۔ حافظ عبد الرؤف بن علی بن زین العابدین المناوی الشافعی، متوفی 1031ھ، کنوز الحقائق من حدیث خیر الخلائق، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1417ھ

۱۱۱۔ امام محمد بن سلیمان المغربی المالکی، متوفی 1094ھ، جمع الفوائد من جامع الاصول ومجمع الزوائد، مطبوعہ: مکتبہ ابن کثیر

Marfat.com

1418ھ
۱۱۲۔ امام ابوعبداللہ محمد بن درویش الحوت البیرونی الحنفی، متوفی 1276ھ، اسنی المطالب فی احادیث مختلف المراتب، مطبوعہ: دار الفکر، بیروت 1412ھ
۱۱۳۔ الحافظ ابوالفیض احمد بن محمد بن الصدیق الغماری الحسنی الشافعی، متوفی 1380ھ، المداوی لعلل الجامع الصغیر وشرح المناوی، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1996ء
۱۱۴۔ مولانا صالح بن عبداللہ بن حمید، نضرۃ النعیم فی مکارم اخلاق الرسول الکریم، دار الوسیلہ للنشر والتوزیع 1425ھ
۱۱۵۔ مولانا عبدالسلام بن محمد بن عمر علوش، کتاب الجامع فی الاحادیث القدسیہ، مطبوعہ: المکتب الاسلامی 1426ھ

کتب تفاسیر

۱۱۶ امام ابوزکریا یحیٰ بن زیاد فراء حنفی، متوفی 207ھ، معانی القرآن، مطبوعہ: بیروت
۱۱۷۔ امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری شافعی، متوفی 310ھ، جامع البیان، مطبوعہ: دار المعرفہ، بیروت 1409ھ، دار الفکر، بیروت
۱۱۸۔ امام عبدالرحمٰن بن محمد بن ادریس بن ابی حاتم رازی شافعی، متوفی 327ھ، تفسیر القرآن العظیم، مطبوعہ: نزار مصطفیٰ الباز، مکہ مکرمہ 1417ھ
۱۱۹۔ امام ابومنصور محمد بن محمد ماتریدی حنفی، متوفی 333ھ، تاویلات اہل السنہ، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1426ھ
۱۲۰۔ امام ابواسحاق احمد بن محمد بن ابراہیم الثعلبی، المتوفی 427ھ، تفسیر الثعلبی، مطبوعہ: دار احیاء التراث العربی، بیروت 1422ھ
۱۲۱ امام ابوالقاسم عبدالکریم بن ہوازن بن عبدالملک القشیری الشافعی، متوفی 465ھ، تفسیر القشیری المسمّٰی لطائف الاشارات، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1420ھ
۱۲۲۔ علامہ ابوالحسن علی بن احمد واحدی نیشاپوری شافعی، متوفی 468ھ، الوسیط، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1415ھ
۱۲۳ امام شیخ الاسلام ابوالمظفر السمعانی الشافعی، متوفی 489ھ، تفسیر القرآن، مطبوعہ: دار الوطن، ریاض 1418ھ
۱۲۴ علامہ محمود بن عمر زمخشری معتزلی، متوفی 538ھ، الکشاف، مطبوعہ: دار احیاء التراث العربی، بیروت 1417ھ
۱۲۵۔ امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی شافعی، متوفی 606ھ، تفسیر کبیر، مطبوعہ: دار احیاء التراث العربی، بیروت 1415ھ
۱۲۶ امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی شافعی، متوفی 606ھ، اسرار التنزیل وانوار التاویل، مطبوعہ: دار الکتب والوثائق، بغداد عراق 1990ء
۱۲۷۔ علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، متوفی 668ھ، الجامع لاحکام القرآن، مطبوعہ: دار الفکر، بیروت 1415ھ
۱۲۸۔ قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، متوفی 685ھ، انوار التنزیل واسرار التاویل، مطبوعہ: دار فراش للنشر والتوزیع، مصر

۱۲۹۔ علامہ ابوالبرکات احمد بن محمد نسفی حنفی، متوفی 710ھ، مدارک التنزیل، مطبوعہ: دارالکتب العربیہ، پشاور
۱۳۰۔ علامہ عبدالرحمن بن محمد بن مخلوف ثعالبی، متوفی 857ھ، تفسیر الثعالبی، مطبوعہ: موسسۃ العالمی للمطبوعات، بیروت
۱۳۱۔ حافظ جلال الدین سیوطی شافعی، متوفی 911ھ، جلالین، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت
۱۳۲۔ علامہ اسماعیل حقی حنفی، متوفی 1137ھ، روح البیان، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت 1421ھ
۱۳۳۔ علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی، متوفی 1223ھ، تفسیر صاوی، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت 1421ھ
۱۳۴۔ علامہ السید عبداللہ سبر، متوفی 1242ھ، تفسیر القرآن الکریم، مطبوعہ: دارالاسوۃ للطباعۃ والنشر 1421ھ
۱۳۵۔ علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی، متوفی 1270ھ، روح المعانی، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت، دارالفکر، بیروت 1417ھ
۱۳۶ نواب صدیق حسن بھوپالی غیر مقلد، متوفی 1307ھ، فتح البیان، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1420ھ
۱۳۷۔ شیخ محمود الحسن دیوبندی، متوفی 1339ھ، حاشیۃ القرآن، مطبوعہ: تاج کمپنی لمیٹڈ، لاہور
۱۳۸۔ شیخ اشرف علی تھانوی دیوبندی، متوفی 1364ھ، بیان القرآن، مطبوعہ: تاج کمپنی، لاہور
۱۳۹۔ علامہ سید محمد نعیم الدین مرادآبادی بریلوی، متوفی 1367ھ، خزائن العرفان
۱۴۰۔ مفتی احمد یار خان نعیمی حنفی بریلوی، متوفی 1391ھ، نور العرفان، مطبوعہ: دارالکتب الاسلامیہ، گجرات
۱۴۱۔ سید ابوالاعلیٰ مودودی دیوبندی، متوفی 1399ھ، تفہیم القرآن، مطبوعہ: ادارہ ترجمان القرآن، لاہور
۱۴۲۔ غزالی زماں علامہ سید احمد سعید کاظمی بریلوی، متوفی 1406ھ، التبیان العظیم فی تفسیر سورۃ التحریم، مطبوعہ: مکتبہ فانوس پبلی کیشنز، پاکستان 2003ء
۱۴۳۔ جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری بریلوی، متوفی 1998ء، ضیاء القرآن، مطبوعہ: ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور
۱۴۴۔ علامہ غلام رسول سعیدی حنفی بریلوی غفرلہٗ، تبیان القرآن، مطبوعہ: فرید بک اسٹال، لاہور 1428ھ
۱۴۵۔ علامہ غلام رسول سعیدی حنفی بریلوی غفرلہٗ، انوار تبیان القرآن، مطبوعہ: فرید بک اسٹال، لاہور 1431ھ
۱۴۶۔ مفتی محمد اسماعیل حسین نورانی حنفی بریلوی غفرلہٗ، ترجمہ وتحقیق وتخریج تفسیر خازن، مطبوعہ: فرید بک اسٹال، لاہور 1427ھ
۱۴۷۔ مولانا حافظ محمد واحد بخش غوثوی مہاروی حنفی بریلوی غفرلہٗ، برکات القرآن، ترجمہ تفسیر مدارک التنزیل، فرید بک اسٹال لاہور 1430ھ

شروح احادیث

۱۴۸۔ امام ابوبکر محمد بن ابراہیم بن المنذر النیشاپوری الشافعی التوفی 318ھ الاوسط من السنن والاجماع والاختلاف، مطبوعہ: دارالفلاح، 1430ھ
۱۴۹۔ الامام ابوسلیمان حمد بن محمد الخطابی الشافعی، متوفی 388ھ، معالم السنن، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1426ھ
۱۵۰۔ الامام ابوسلیمان حمد بن محمد الخطابی الشافعی، متوفی 388، اعلام السنن، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1426ھ
۱۵۱۔ علامہ ابوالحسن علی بن خلف بن عبدالملک ابن بطال مالکی، متوفی 449ھ، شرح صحیح بخاری، مطبوعہ: مکتبۃ الرشد، ریاض

Marfat.com

1420ھ، دار الکتب العلمیہ، بیروت 1424ھ
۱۵۲۔ حافظ ابوعمر وابن عبد البر مالکی، متوفی 463ھ، الاستذکار (شرح الموطا)، مطبوعہ: مؤسسۃ الرسالہ، بیروت 1413ھ
۱۵۳۔ حافظ ابوعمر وابن عبد البر مالکی، متوفی 463ھ، التمہید، مطبوعہ: مکتبہ القدوسیہ، لاہور 1404ھ، دار الکتب العلمیہ، بیروت 1419ھ
۱۵۴۔ امام قاضی ابوبکر محمد بن عبد اللہ ابن العربی اندلسی مالکی، متوفی 543ھ، القبس فی شرح موطا ابن انس، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1419ھ
۱۵۵۔ قاضی عیاض بن موسیٰ مالکی، متوفی 544ھ، اکمال المعلم بفوائد مسلم، مطبوعہ: دار الوفاء، بیروت 1419ھ
۱۵۶۔ علامہ عبد الرحمٰن بن علی بن محمد جوزی حنبلی، متوفی 597ھ، کشف المشکل علیٰ صحیح البخاری، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1444ھ
۱۵۷۔ امام ابومحمد عبد الجلیل بن موسیٰ الاندلسی المالکی، متوفی 608ھ، شعب الایمان دار الکتب العلمیہ، بیروت 1416ھ
۱۵۸۔ امام عبد العظیم بن عبد القوی منذری شافعی، متوفی 656ھ، مختصر سنن ابوداؤد، مطبوعہ: دار المعرفہ، بیروت
۱۵۹۔ علامہ ابوالعباس احمد بن عمر ابراہیم القرطبی المالکی، متوفی 656ھ، المفہم، مطبوعہ: دار ابن کثیر، بیروت 1417ھ
۱۶۰۔ علامہ ابوعبد اللہ فضل اللہ بن الحسن التورپشتی الشافعی، متوفی 661ھ، کتاب المیسر فی شرح مصابیح السنہ، مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز 1417ھ
۱۶۱۔ علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی، متوفی 676ھ، شرح مسلم، مطبوعہ: نور محمد اصح المطابع، کراچی 1375ھ، مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز 1417ھ
۱۶۲۔ امام ابومحمد عبد اللہ بن ابی حمزہ الاندلسی المالکی، متوفی 699ھ، بہجۃ النفوس، دار الکتب العلمیہ بیروت 1428ھ
۱۶۳۔ علامہ ابن رجب حنبلی، متوفی 736ھ، فتح الباری دار ابن الجوزی، ریاض 1417ھ
۱۶۴۔ علامہ ابن رجب حنبلی متوفی 736ھ، الاحادیث والآثار، مطبوعہ: مکتبۃ الرشد 1429ھ
۱۶۵۔ علامہ شرف الدین حسین بن محمد الطیبی الشافعی، متوفی 743ھ، شرح الطیبی، مطبوعہ: ادارۃ القرآن 1413ھ
۱۶۶۔ علامہ محمد بن یوسف کرمانی شافعی، متوفی 786ھ، تحقیق الکواکب الدراری شرح البخاری، دار احیاء التراث العربی، بیروت 1401ھ
۱۶۷۔ علامہ ابوحفص عمر بن علی بن احمد الانصاری الشافعی المعروف بابن ملقن، المتوفی ۸۰۴ھ، التوضیح لِشَرحِ الجامع الصحیح، مطبوعہ: وزارۃ الاوقاف، قطر 1429ھ
۱۶۸۔ امام قاضی بدر الدین الدمامینی المالکی، متوفی 827ھ، مصابیح الجامع، مطبوعہ: دار النور 1431ھ
۱۶۹۔ علامہ ابوعبد اللہ محمد بن خلیفہ وشتانی مالکی، متوفی 828ھ، اکمال اکمال المعلم، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1415ھ
۱۷۰۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی، متوفی 852ھ تغلیق التعلیق علی صحیح البخاری، المکتب الاسلامی بیروت، 1420ھ
۱۷۱۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی، متوفی 852ھ، فتح الباری، مطبوعہ: دار نشر الکتب الاسلامیہ، لاہور

Marfat.com

1401ھ، دار الفکر، بیروت 1420ھ، دار المعرفہ، بیروت 1426ھ
۱۷۲۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی 852ھ انتقاض الاعتراض فی الرد علی العینی فی شرح البخاری مکتبہ الرشد، ریاض، 1418ھ
۱۷۳۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی، متوفی 852ھ، نتائج الافکار فی تخریج احادیث الاذکار، مطبوعہ: دار ابن کثیر، بیروت
۱۷۴۔ حافظ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی، متوفی 855ھ، عمدۃ القاری، مطبوعہ: ادارۃ الطباعۃ المنیریہ، مصر 1348ھ، دار الکتب العلمیہ، بیروت 1421ھ
۱۷۵۔ حافظ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی، متوفی 855ھ، شرح سنن ابوداؤد، مطبوعہ: مکتبہ الرشد للنشر والتوزیع 1420ھ
۱۷۶۔ علامہ محمد بن محمد سنوسی مالکی، متوفی 895ھ، مکمل اکمال المعلم، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1415ھ
۱۷۷۔ علامہ احمد قسطلانی شافعی، متوفی 911ھ، ارشاد الساری، مطبوعہ: مطبع میمنہ، مصر 1306ھ
۱۷۸۔ حافظ جلال الدین سیوطی شافعی، متوفی 911ھ، التوشیح علی الجامع الصحیح، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1420ھ
۱۷۹۔ حافظ جلال الدین سیوطی شافعی، متوفی 911ھ، الدیباج علی صحیح مسلم بن الحجاج، مطبوعہ: ادارۃ القرآن، کراچی 1412ھ
۱۸۰۔ حافظ جلال الدین سیوطی شافعی، متوفی 911ھ، تنویر الحوالک شرح موطا امام مالک، مطبوعہ: ادارۃ القرآن، بیروت 1418ھ
۱۸۱۔ حافظ جلال الدین سیوطی شافعی، متوفی 911ھ، الرسائل العشر، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1409ھ
۱۸۲۔ علامہ ابو یحییٰ زکریا بن محمد انصاری شافعی، متوفی 926ھ، تحفۃ الباری فی شرح صحیح البخاری، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1425ھ
۱۸۳۔ علامہ ابو یحییٰ زکریا بن محمد انصاری شافعی، متوفی 926ھ، منحۃ الباری بشرح صحیح البخاری، مطبوعہ: مکتبۃ الرشد 1426ھ
۱۸۴۔ علامہ شہاب الدین احمد بن حجر الہیتمی الشافعی، متوفی 974ھ، اشرف الوسائل الی فہم الشمائل، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1419ھ
۱۸۵۔ علامہ عبد الرؤف مناوی شافعی، متوفی 1003ھ، فیض القدیر، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ بیروت 1391ھ، مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز، مکہ مکرمہ 1418ھ
۱۸۶۔ علامہ عبد الرؤف مناوی شافعی،، متوفی 1003ھ، شرح الشمائل، مطبوعہ: اصح المطابع، کراچی
۱۸۷۔ ملا علی بن سلطان محمد القاری الحنفی، متوفی 1014ھ، شرح الشفاء، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1421ھ
۱۸۸۔ ملا علی بن سلطان محمد القاری الحنفی، متوفی 1014ھ، شرح مسند ابی حنیفہ، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1405ھ
۱۸۹۔ ملا علی بن سلطان محمد القاری الحنفی، متوفی 1014ھ، مرقات، مطبوعہ: مکتبہ امدادیہ، ملتان 1390ھ
۱۹۰۔ ملا علی بن سلطان محمد القاری الحنفی، متوفی 1014ھ، الاسرار المرفوعہ، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1405ھ
۱۹۱۔ شیخ محمد بن علی بن محمد شوکانی غیر مقلد، متوفی 1025ھ، تحفۃ الذاکرین، مطبوعہ: مطبع مصطفیٰ البابی، مصر 1350ھ
۱۹۲۔ شیخ عبد الحق محدث دہلوی حنفی، متوفی 1052ھ، اشعۃ اللمعات، مطبوعہ: مطبع تیج کمار لکھنو، مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ

Marfat.com

۱۹۳۔ علامہ شہاب الدین احمد بن محمد بن عمر الخفاجی المصری الحنفی، متوفی 1069ھ، نسیم الریاض فی شرح الشفاء قاضی عیاض، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1421ھ
۱۹۴۔ شیخ نورالحق محدث دہلوی حنفی، متوفی 1073ھ، تیسیر القاری شرح صحیح بخاری، مطبوعہ: مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ
۱۹۵۔ امام محمد بن عبدالباقی بن یوسف الزرقانی المصری المالکی، متوفی 1122ھ، شرح الزرقانی (شرح موطا امام مالک)، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت 1417ھ
۱۹۶۔ شیخ ابوالطیب صدیق بن حسن الحسینی القنوجی غیر مقلد، متوفی 1307ھ، عون الباری لحل ادلۃ الصحیح البخاری، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1429ھ
۱۹۷۔ امام محمد الفضیل بن الفاطمی الشبیہی الزرہونی المالکی، متوفی 1318ھ، الفجر الساطع علی الصحیح الجامع، مطبوعہ: مکتبۃ الرشد 1430ھ
۱۹۸۔ شیخ رشید احمد گنگوہی دیوبندی، متوفی 1323ھ، لامع الدراری علی جامع البخاری، مطبوعہ: ایچ ایم سعید کمپنی
۱۹۹۔ شیخ عبدالرحمٰن مبارکپوری غیر مقلد، متوفی 1325ھ، تحفۃ الاحوذی، مطبوعہ: نشرالسنہ، ملتان، داراحیاء التراث العربی، بیروت 1419ھ
۲۰۰۔ شیخ وحیدالزمان غیر مقلد، متوفی 1328ھ، تیسیر الباری ترجمہ وتشریح صحیح بخاری، مطبوعہ: نعمانی کتب خانہ، لاہور 1990ء
۲۰۱۔ امام احمد رضا خان قادری بریلوی، متوفی 1340ھ، جامع الاحادیث، مطبوعہ: مکتبہ مرکز اہلسنت برکات رضا، گجرات 1422ھ
۲۰۲۔ شیخ انور شاہ کشمیری دیوبندی، متوفی 1352ھ، فیض الباری، مطبوعہ: مطبع حجازی، مصر 1375ھ
۲۰۳۔ شیخ شبیر احمد عثمانی دیوبندی، متوفی 1369ھ، فتح الملہم، مطبوعہ: مکتبۃ الحجاز، کراچی
۲۰۴۔ الشیخ اسعد محمد سعید الصاغرجی الحنفی، متوفی 1414ھ، شعب الایمان، مطبوعہ: دارالکلم الطیب، بیروت 1430ھ
۲۰۵۔ شیخ محمد بن صالح العثیمین الحنبلی النجدی، متوفی 1421ھ، شرح صحیح بخاری، مکتبہ الطبری 1429ھ
۲۰۶۔ شیخ محمد بن زکریا بن محمد کاندھلوی دیوبندی، اوجز المسالک الی موطا امام مالک، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1420ھ
۲۰۷۔ شیخ محمد تقی عثمانی دیوبندی، انعام الباری شرح صحیح البخاری، مطبوعہ: مکتبۃ الحراء
۲۰۸۔ شیخ سلیم اللہ خان دیوبندی، کشف الباری، مطبوعہ: مکتبہ فاروقیہ، کراچی
۲۰۸۔ ابومحمد عبداللہ بن مانع الرُّوقی، الحلل الابریزیۃ من التعلیقات البازیہ علی صحیح البخاری، دارالتدمریہ، ریاض 1428ھ

کتب اصول حدیث

۲۱۰۔ علامہ ابوبکر محمد بن موسیٰ بن عثمان بن حازم الحازمی الہمدانی المتوفی 584ھ کتاب العجیل فی علم الحدیث، مکتبہ الرشد، ریاض 1428ھ
۲۱۱۔ علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی، متوفی 676ھ، تقریب النواوی، مطبوعہ: مکتبہ علمیہ، مدینہ منورہ 1392ھ

Marfat.com

۲۱۲۔ علامہ جلال الدین سیوطی شافعی، متوفی 911ھ، تدریب الراوی، مطبوعہ: مکتبہ علمیہ، مدینہ منورہ 1392ھ
۲۱۳۔ ملا علی بن سلطان محمد القاری الحنفی، متوفی 1014ھ، شرح نخبۃ الفکر، مطبوعہ: مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ

کتب اسماء الرجال

۲۱۴۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری شافعی، متوفی 256ھ، التاریخ الکبیر، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1422ھ
۲۱۵۔ امام احمد بن شعیب نسائی شافعی، متوفی 303ھ، منہج الامام النسائی فی الجرح والتعدیل، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت 1424ھ
۲۱۶۔ امام ابوبکر احمد بن علی خطیب بغدادی شافعی، متوفی 463ھ، تاریخ بغداد، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1417ھ
۲۱۷۔ حافظ جمال الدین ابوالحجاج یوسف مزی شافعی، متوفی 742ھ، تہذیب الکمال، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت 1414ھ
۲۱۸۔ حافظ شمس الدین محمد بن احمد ذہبی شافعی، متوفی 748ھ، میزان الاعتدال، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1416ھ
۲۱۹۔ حافظ شمس الدین محمد بن احمد ذہبی شافعی، متوفی 748ھ، الکاشف، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت 1418ھ
۲۲۰۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی، متوفی 852ھ، تہذیب التہذیب، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت
۲۲۱۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی، متوفی 852ھ تقریب التہذیب، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت
۲۲۲۔ حافظ جلال الدین سیوطی شافعی، متوفی 911ھ، اللآلی المصنوعہ، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1417ھ
۲۲۳۔ حافظ جلال الدین سیوطی شافعی، متوفی 911ھ، طبقات الحفاظ، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1414ھ
۲۲۴۔ حافظ صفی الدین احمد بن عبداللہ الخزرجی الشافعی، متوفی 923ھ، خلاصۃ تذہیب تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، دارالکتب العلمیہ، بیروت 1422
۲۲۵۔ علامہ محمد بن طولون شافعی، متوفی 953ھ، الشذرہ فی الاحادیث المشتہرہ، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1413ھ
۲۲۶۔ علامہ ابوالحسن علی بن محمد بن عراق الکنانی الشافعی، متوفی 963، تنزیہہ الشریعہ المرفوعہ عن الاخبار الشریعہ المطبوعہ
۲۲۷۔ علامہ محمد طاہر پٹنی حنفی، متوفی 986ھ، تذکرۃ الموضوعات، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت 1415ھ، دارالکتب العلمیہ، بیروت 1401ھ
۲۲۸۔ علامہ علی بن سلطان محمد القاری الحنفی، متوفی 1014ھ، موضوعات کبیر، مطبوعہ: مکتبہ مجتبائی، دہلی
۲۲۹۔ علامہ علی بن سلطان محمد القاری الحنفی، متوفی 1014ھ، الاسرار المرفوعہ فی الاخبار الموضوعہ، مطبوعہ: دارالباز للنشر والتوزیع 1405
۲۳۰۔ علامہ علی بن سلطان محمد القاری الحنفی، متوفی 1014ھ، المصنوع فی معرفۃ الحدیث الموضوع، مطبوعہ: مکتبہ المطبوعات الاسلامیہ، حلب 1389ھ
۲۳۱۔ علامہ اسماعیل بن محمد العجلونی، متوفی 1164ھ، کشف الخفاء ومزیل الالباس، مطبوعہ: مکتبہ الغزالی، دمشق
۲۳۲۔ شیخ محمد بن علی شوکانی غیر مقلد، متوفی 1250ھ، الفوائد المجموعہ فی الاحادیث الضعیفہ والموضوعہ، مطبوعہ: مکتبہ نزار مصطفی الباز 1415ھ

۲۳۳۔ یوسف عبدالرحمٰن المرعشلی، معجم المعاجم والمشیخات، مکتبۃ الرشد، ریاض 1426ھ

کتب لغت

۲۳۴۔ امام اللغہ خلیل بن احمد فراہیدی، متوفی 175ھ، کتاب العین، مطبوعہ: انتشارات اسوہ، ایران 1414ھ
۲۳۵۔ امام ابوعبید القاسم بن سلام الہروی الشافعی، متوفی 224ھ، غریب الحدیث، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1424ھ
۲۳۶۔ امام ابومحمد عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ الدینوری، متوفی 276ھ، غریب الحدیث، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1408ھ
۲۳۷۔ علامہ اسماعیل بن حماد الجوہری الشافعی، متوفی 398ھ، الصحاح، مطبوعہ: دارالعلم، بیروت 1404ھ
۲۳۸۔ علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی شافعی، متوفی 502ھ، المفردات، مطبوعہ: مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز، مکہ مکرمہ 1418ھ
۲۳۹۔ علامہ نجم الدین ابوحفص عمر بن محمد النسفی الحنفی، متوفی 537ھ، طلبۃ الطلبہ فی الاصلاحات الفقہیہ، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1418ھ
۲۴۰۔ امام ابونصر احمد بن محمد سمرقندی حنفی، متوفی 550ھ، انیس الفقہاء، فی تعریفات الالفاظ المتداولۃ بین الفقہاء، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1426ھ
۲۴۱۔ علامہ محمد بن اثیر الجزری الشافعی، متوفی 606ھ، نہایہ، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1418ھ
۲۴۲۔ علامہ محمد بن ابوبکر بن عبدالقادر رازی حنفی، متوفی 660ھ، مختار الصحاح، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت 1419ھ
۲۴۳۔ علامہ یحییٰ بن شرف نووی شافعی، متوفی 676ھ، تہذیب الاسماء واللغات، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت
۲۴۴۔ علامہ جمال الدین محمد بن مکرم بن منظور افریقی، متوفی 711ھ، لسان العرب، مطبوعہ: نشر ادب الحوزہ، قم ایران، دار صادر، بیروت 2003ء
۲۴۵۔ علامہ علی بن محمد بن علی الجرجانی الحنفی، متوفی 816ھ، کتاب التعریفات، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت
۲۴۶۔ علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی، متوفی 817ھ، القاموس المحیط، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت
۲۴۷۔ علامہ محمد طاہر پٹنی حنفی، متوفی 986ھ، مجمع بحار الانوار، مطبوعہ: مکتبہ دارالایمان، مدینہ منورہ 1415ھ
۲۴۸۔ علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی، متوفی 1205ھ، تاج العروس، مطبوعہ: المطبعۃ الخیریہ، مصر
۲۴۹۔ لوئیس معلوف الیسوعی، متوفی 1867ء، المنجد، مطبوعہ: مطبوعۃ المطبع الفاثولیکہ، بیروت 1927ء
۲۵۰۔ لوئیس معلوف الیسوعی، متوفی 1867ء، المنجد مترجم، مطبوعہ: دارالاشاعت، کراچی
۲۵۱۔ لوئیس معلوف الیسوعی، متوفی 1867ء، المنجد فی الاعلام، مطبوعہ: دارالمشرق، بیروت 1976ء
۲۵۲۔ لوئیس معلوف الیسوعی، متوفی 1867ء، المنجد فی اللغت، مطبوعہ: انتشارات اسلام 1379ھ
۲۵۳۔ مولانا محمد غیاث الدین، غیاث اللغات (فارسی)، مطبوعہ: مطبع ایچ ایم سعید کمپنی، کراچی
۲۵۴۔ الحاج مولوی فیروز الدین، فیروز اللغات (اردو)، مطبوعہ: مطبع فیروز سنز لمیٹڈ

Marfat.com

۲۵۵۔ سعدی الوجیب، القاموس الفقہی لغۃ واصطلاحا، مطبوعہ: ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ، پاکستان
۲۵۶۔ غلام احمد پرویز، متوفی 1985ء، لغات القرآن، ادارہ طلوع اسلام گلبرگ، لاہور 1984ء
۲۵۷۔ قاضی عبدالنبی بن عبدالرسول احمد نگری حنفی، دستور العلماء، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1421ھ
۲۵۸۔ ابونعیم عبدالحکیم خان نشتر جالندھری، قائد اللغات، مطبوعہ: حامد اینڈ کمپنی، لاہور

کتب تاریخ، سیرت وفضائل

۲۵۹۔ امام ابومحمد عبدالملک بن ہشام المعافری، متوفی 218ھ، السیرۃ النبویہ، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت 1415ھ
۲۶۰۔ امام محمد بن سعد، متوفی 230ھ، الطبقات الکبریٰ، مطبوعہ: دار صادر، بیروت 1388ھ، دارالکتب العلمیہ، بیروت 1418ھ
۲۶۱۔ امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری شافعی، متوفی 310ھ، تاریخ الامم والملوک، مطبوعہ: دارالقلم، بیروت
۲۶۲۔ امام ابوبکر محمد بن جعفر بن محمد بن سہل السامری الخرائطی، متوفی 327ھ، مکارم الاخلاق ومعالیہا ومحمود طرائقہا ومرضیہا، مطبوعہ: مطبع المدنی مؤسسۃ السعودیہ، 1411ھ
۲۶۳۔ امام ابوالحسن علی بن محمد الماوردی الشافعی، متوفی 405ھ، اعلام النبوۃ، داراحیاء العلوم، بیروت 1408ھ
۲۶۴۔ امام ابوسعید عبدالملک بن ابی عثمان نیشاپوری شافعی، متوفی 406ھ، شرف المصطفیٰ، مطبوعہ: دارالبشائر الاسلامیہ، مکہ مکرمہ 1424ھ
۲۶۵۔ حافظ ابوعمر ویوسف بن عبداللہ بن محمد بن عبدالبر مالکی، متوفی 463ھ، الاستیعاب، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت
۲۶۶۔ امام محی السنہ الحسین بن مسعود بن محمد الفراء البغوی الشافعی، متوفی 510ھ، الانوار فی شمائل النبی المختار، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1426
۲۶۷۔ قاضی عیاض بن موسیٰ مالکی، متوفی 544ھ، الشفاء، مطبوعہ: عبدالتواب اکیڈمی، ملتان، دارالفکر، بیروت 1415ھ
۲۶۸۔ امام ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن احمد الخثعمی السہیلی، متوفی 581ھ، الروض الانف فی تفسیر سیرۃ النبویہ، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1418ھ
۲۶۹۔ علامہ عبدالرحمٰن بن علی جوزی حنبلی، متوفی 597ھ، الوفاء، مطبوعہ: مکتبہ نوریہ رضویہ، فیصل آباد
۲۷۰۔ علامہ عبدالرحمٰن بن علی جوزی حنبلی، متوفی 597ھ، مولد العروس الشہیر بابن الجوزی، مطبوعہ: المکتبۃ الثقافیہ، بیروت
۲۷۱۔ علامہ ابوالحسن علی بن ابی الکرم الشیبانی المعروف بابن الاثیر شافعی، متوفی 630ھ، اسد الغابہ، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت، دارالفکر بیروت
۲۷۲۔ علامہ ابوالحسن علی بن ابی الکرم الشیبانی المعروف بابن الاثیر، متوفی 630ھ، الکامل فی التاریخ، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت
۲۷۳۔ علامہ شمس الدین احمد بن محمد بن ابی بکر بن خلکان شافعی، متوفی 681ھ، وفیات الاعیان، مطبوعہ: منشورات الشریف الرضی،

Marfat.com

ایران
۲۷۴۔ حافظ شمس الدین محمد بن احمد ذہبی شافعی، متوفی 748ھ، سیر اعلام النبلاء، مطبوعہ: دار الفکر، بیروت 1417ھ
۲۷۵۔ شیخ ابو عبداللہ محمد بن ابی بکر ابن القیم الجوزیہ الحنبلی، متوفی 751ھ، زاد المعاد، مطبوعہ: دار الفکر، بیروت 1419ھ
۲۷۶۔ حافظ علاؤ الدین ابو عبداللہ مغلطائی بن قلیج، متوفی 762ھ، الاشارہ الی سیرۃ المصطفیٰ وتاریخ من بعدہ من الخلفاء، مطبوعہ: دار القلم، دمشق 1416ھ
۲۷۷۔ علامہ تاج الدین ابو نصر عبدالوہاب سبکی شافعی، متوفی 771ھ، طبقات الشافعیۃ الکبریٰ، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1420ھ
۲۷۸۔ حافظ عماد الدین اسماعیل بن عمر بن کثیر شافعی، متوفی 774ھ، البدایہ والنہایہ، مطبوعہ: دار الفکر، بیروت 1418ء
۲۷۹۔ حافظ شہاب احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی، متوفی 852ھ، الاصابہ، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت
۲۸۰۔ شیخ عبدالرحمٰن الثعلبی، متوفی 875ھ، الانوار فی آیات النبی المختار، مطبوعہ: دار ابن حزم 1426ھ
۲۸۱۔ علامہ نور الدین علی بن احمد سمہودی شافعی، متوفی 911ھ، وفاء الوفا، مطبوعہ: دار احیاء التراث العربی، بیروت 1401ھ
۲۸۱۔ علامہ احمد قسطلانی شافعی، متوفی 911ھ، المواہب اللدنیہ، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1416ھ
۲۸۳۔ علامہ محمد بن یوسف الصالحی الشامی، متوفی 942ھ، سبل الہدیٰ والرشاد، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1414ھ
۲۸۴۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی حنفی، متوفی 1052ھ، مدارج النبوت، مکتبہ نوریہ، سکھر پاکستان 1397ھ
۲۸۵۔ علامہ محمد عبدالباقی زرقانی مالکی، متوفی 1124ھ، شرح المواہب اللدنیہ، مطبوعہ: دار الفکر، بیروت 1393ھ
۲۸۶۔ شیخ عبداللہ بن الشیخ محمد بن عبدالوہاب نجدی، متوفی 1242ھ، مختصر سیرۃ الرسول، مطبوعہ: المکتبۃ السلفیہ 1399ھ

کتب فقہ حنفی

۲۸۷۔ امام محمد بن حسن الشیبانی، متوفی 189ھ، مبسوط (کتاب الاصل)، مطبوعہ: ادارۃ القرآن، کراچی
۲۸۸۔ امام محمد بن حسن الشیبانی، متوفی 189ھ، مبسوط (شرح الکافی)، مطبوعہ: دار المعرفہ، بیروت 1398ھ، دار الکتب العلمیہ، بیروت 1421ھ
۲۸۹۔ امام محمد بن حسن الشیبانی، متوفی 189ھ، الجامع الصغیر، مطبوعہ: مصطفائی، ہند 1291ھ
۲۹۰۔ امام محمد بن محمد الشہید الحاکم الشہید البلخی الحنفی المتوفی 344ھ الکافی، دار الکتب العلمیہ بیروت 1421ھ
۲۹۱۔ امام ابو اللیث نصر بن محمد بن احمد بن ابراہیم السمرقندی، متوفی 373ھ، خزانۃ الفقہ، مطبوعہ: مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، امجد اکیڈمی، لاہور 1397ھ
۲۹۲۔ شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی، متوفی 483ھ، المبسوط، مطبوعہ، دار المعرفہ، بیروت 1398ھ
۲۹۳۔ شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی، متوفی 483ھ، شرح سیر کبیر، مطبوعہ: المکتبۃ الاسلامیہ، افغانستان 1405ھ
۲۹۴۔ علامہ علاؤ الدین محمد السمرقندی، متوفی 539ھ، تحفۃ الفقہاء، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1405ھ
۲۹۵۔ الامام الاکمل الفقیہ الامجد طاہر بن عبدالرشید البخاری، متوفی 542ھ، خلاصۃ الفتاویٰ، مطبوعہ: مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ

Marfat.com

۲۹۶۔ الوزیر عون الدین ابو المظفر یحییٰ بن محمد ہبیرہ، متوفی 560ھ، الافصاح عن معانی الصحاح، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1417ھ
۲۹۷۔ علامہ ابو بکر بن مسعود کاسانی، متوفی 587ھ، بدائع الصنائع، مطبوعہ: ایچ ایم سعید اینڈ کمپنی، دار الکتب العلمیہ، بیروت 1418ھ
۲۹۸۔ علامہ حسین بن منصور اوزجندی، متوفی 592ھ، فتاویٰ قاضی خان، مطبوعہ: کبریٰ بولاق، مصر 1310ھ
۲۹۹۔ علامہ حسین بن منصور اوزجندی، متوفی 592ھ، شرح الزیادات، دار احیاء التراث العربی، بیروت 1426ھ
۳۰۰۔ علامہ ابو الحسن علی بن ابی بکر مرغینانی، متوفی 593ھ، ہدایہ اولین وآخرین، مطبوعہ: شرکت علمیہ، ملتان
۳۰۱۔ علامہ ابو الحسن علی بن ابی بکر مرغینانی، متوفی 593ھ، کتاب التجنیس والمزید، مطبوعہ: ادارۃ القرآن العلوم الاسلامیہ 1424ھ
۳۰۲۔ علامہ برہان الدین محمود بن صدر الشریعہ ابن مازہ البخاری، متوفی 616ھ، المحیط البرہانی، مطبوعہ: ادارۃ القرآن، کراچی 1424ھ
۳۰۳۔ علامہ ابو زکریا یحییٰ بن شرف نووی شافعی، متوفی 676ھ، کتاب الایضاح فی مناسک الحج والعمرہ، مطبوعہ: المکتبۃ الامدادیہ 1417ھ
۳۰۴۔ علامہ عبد اللہ بن محمود بن مودود حنفی، متوفی 683ھ الاختیار لتعلیل المختار، مطبوعہ: دار فراش للنشر والتوزیع
۳۰۵۔ امام فخر الدین عثمان بن علی، متوفی 743، تبیین الحقائق، مطبوعہ: ایچ ایم سعید کمپنی، کراچی 1421
۳۰۶۔ علامہ محمد بن محمود بابرتی، متوفی 786ھ، عنایہ، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1415ھ
۳۰۷۔ علامہ عالم بن العلاء انصاری دہلوی، متوفی 786ھ، فتاویٰ تاتارخانیہ، مطبوعہ: ادارۃ القرآن، کراچی 1411ھ
۳۰۸۔ علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی، متوفی 855ھ، بنایہ، مطبوعہ: دار الفکر، بیروت 1411ھ
۳۰۹۔ علامہ کمال الدین بن ہمام، متوفی 861ھ، فتح القدیر، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1415ھ
۳۱۰۔ علامہ ابراہیم بن محمد حلبی، متوفی 956ھ، غنیۃ المستملی، مطبوعہ: سہیل اکیڈمی، لاہور 1412ھ
۳۱۱۔ امام شمس الدین محمد الخراسانی القہستانی، متوفی 962ھ، جامع الرموز، مطبوعہ: ایچ ایم سعید کمپنی، پاکستان
۳۱۲۔ علامہ زین الدین بن نجیم، متوفی 970ھ، البحر الرائق، مطبوعہ: علمیہ، مصر 1311ھ
۳۱۳۔ امام شہاب الدین احمد محمد بن علی بن حجر الہیتمی، متوفی 974ھ، الفتاوی الکبریٰ الفقہیہ، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1417ھ
۳۱۴۔ امام سراج الدین عمر بن ابراہیم بن نجیم الحنفی، متوفی 1005ھ النہر الفائق، مطبوعہ: قدیمی کتب خانہ، کراچی
۳۱۵۔ ملا علی بن سلطان محمد القاری، متوفی 1014ھ، فتح باب العنایہ، مطبوعہ: دار احیاء التراث العربی، بیروت 1426ھ
۳۱۶۔ ملا علی بن سلطان محمد القاری، متوفی 1014ھ، مناسک ملا علی قاری، مطبوعہ: ادارۃ القرآن العلوم الاسلامیہ 1417ھ
۳۱۷۔ ملا نظام الدین، متوفی 1061ھ، فتاویٰ عالمگیری، مطبوعہ: مطبع کبریٰ امیریہ بولاق، مصر 1310ھ
۳۱۸۔ علامہ ابو الاخلاص حسن بن عمار بن علی الفقیہ المصری الحنفی، متوفی 1069ھ، امداد الفتاح شرح نور الایضاح ونجات

Marfat.com

الارواح، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت 1421ھ ۳۱۹۔ علامہ محمد سلیمان داماد آفندی، متوفی 1078ھ، مجمع الانھر فی شرح ملتقی الابحر، مطبوعہ: المکتبۃ الغفاریہ، کوئٹہ، دارالکتب العلمیہ، بیروت 1419ھ
۳۲۰۔ علامہ خیرالدین رملی، متوفی 1081ھ، جامع الفصولین، مکتبۃ القدس، کوئٹہ 1300ھ
۳۲۱۔ علامہ علاؤالدین محمد بن علی بن محمد حصکفی، متوفی 1088ھ، الدرالمختار، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت 1426ھ
۳۲۲۔ علامہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی، متوفی 1229ھ، فتاویٰ عزیزی، مطبوعہ: مدینہ پبلی کیشنز، کراچی 1390
۳۲۳۔ علامہ احمد بن محمد طحطاوی، متوفی 1231ھ، حاشیۃ الطحطاوی، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1418ھ
۳۲۴۔ علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی، متوفی 1252ھ، منحۃ الخالق، مطبوعہ: مطبع عامیہ، مصر 1311ھ
۳۲۵۔ علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی، متوفی 1252ھ، تنقیح الفتاویٰ الحامدیہ، مطبوعہ: دارالاشاعۃ العربی، کوئٹہ
۳۲۶۔ علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی، متوفی 1252ھ، رسائل ابن عابدین شامی، مطبوعہ: سہیل اکیڈمی، لاہور
۳۲۷۔ علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی، متوفی 1252ھ، ردالمحتار، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت 1419ھ
۳۲۸۔ علامہ شاہ محمد مسعود محدث دہلوی، متوفی 1309ھ، فتاویٰ مسعودی، سرہند پبلی کیشنز 1407ھ
۳۲۹۔ شیخ رشید احمد گنگوہی دیوبندی، متوفی 1323ھ، فتاویٰ رشیدیہ، مطبوعہ: محمد سعید اینڈ سنز، کراچی
۳۳۰۔ شیخ رشید احمد گنگوہی دیوبندی، متوفی 1323ھ، احسن الفتاویٰ، مطبوعہ: ایچ ایم سعید کمپنی 1425ھ
۳۳۱۔ امام احمد رضا خان بریلوی، متوفی 1340ھ، العطایا النبویہ فی الفتاویٰ الرضویہ، رضا فاؤنڈیشن، لاہور 1427ھ
۳۳۲۔ علامہ سید پیر مہر علی شاہ، متوفی 1356ھ، فتاویٰ مہریہ، مطبوعہ: پاکستان انٹرنیشنل پرنٹر، لاہور 1418ھ
۳۳۳۔ صدرالشریعہ مولانا امجد علی اعظمی حنفی بریلوی، متوفی 1367ھ، بہار شریعت، مطبوعہ: ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور 1416
۳۳۴۔ صدرالشریعہ مولانا امجد علی اعظمی حنفی بریلوی، متوفی 1367ھ، فتاویٰ امجدیہ، مطبوعہ: مکتبہ رضویہ 1419ھ
۳۳۵۔ شیخ محمد شفیع دیوبندی، متوفی 1396ھ، جواہر الفقہ، مطبوعہ: مکتبہ دارالعلوم، کراچی 1395ھ
۳۳۶۔ مولانا نوراللہ نعیمی بصیر پوری حنفی بریلوی، متوفی 1403ھ، فتاویٰ نوریہ، مطبوعہ: کمبائن پرنٹر، لاہور 1983ء
۳۳۷۔ مولانا وقارالدین حنفی بریلوی، متوفی 1413ھ، وقارالفتاویٰ، مطبوعہ: بزم وقارالدین 1997ء
۳۳۸۔ مولانا محمد عبداللہ نعیمی حنفی بریلوی، متوفی 1982ء، فتاویٰ مجددیہ نعیمیہ، ناشر: مفتی اعظم سندھ اکیڈمی 1411ھ
۳۳۹۔ مفتی اہلسنت علامہ سید شجاعت علی قادری حنفی بریلوی، متوفی 1993ء، فقہ اہلسنت، مطبوعہ: مدینہ پبلی کیشنز، کراچی 1978ء
۳۴۰۔ مفتی اعظم پاکستان علامہ مفتی منیب الرحمن حنفی بریلوی غفرلہٗ، تفہیم المسائل، مطبوعہ: ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور 1407ھ
۳۴۱۔ مفتی محمد اسماعیل حسین نورانی حنفی بریلوی، انوارالفتاویٰ، مطبوعہ: فرید بک اسٹال، لاہور 1428ھ

کتب فقہ شافعیہ

۳۴۲۔ امام محمد بن ادریس شافعی، متوفی 204ھ، الام، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت 1403ھ
۳۴۳۔ علامہ ابوالحسین علی بن محمد حبیب ماوردی شافعی، متوفی 450ھ، الحاوی الکبیر، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت 1414ھ

Marfat.com

۳۴۴۔ علامہ ابواسحاق شیرازی، متوفی 455ھ، المہذب، مطبوعہ: دارالمعرف، بیروت 1393ھ
۳۴۵۔ علامہ یحیٰی بن شرف نووی، متوفی 676ھ، شرح المہذب، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت، دارالکتب العلمیہ، بیروت 1423ھ
۳۴۶۔ علامہ یحیٰی بن شرف نووی، متوفی 676ھ، روضۃ الطالبین، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1412ھ
۳۴۷۔ شیخ الاسلام احمد بن محمد بن علی بن حجر الہیتمی الشافعی، متوفی 974ھ، الفتاویٰ الحدیثیہ 1419ھ

کتب فقہ مالکیہ

۳۴۸۔ امام سحنون بن سعید تنوخی مالکی، متوفی 256ھ، المدونۃ الکبریٰ، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت
۳۴۹۔ امام ابوالولید سلیمان بن خلف الباجی المالکی، متوفی 494ھ، المنتقی شرح موطا امام مالک، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1331ھ
۳۵۰۔ قاضی عبدالولید محمد بن احمد بن رشد مالکی اندلسی، متوفی 595ھ، بدایۃ المجتہد، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت
۳۵۱۔ علامہ ابوعبداللہ محمد بن الخطاب المغربی، متوفی 954ھ، مواہب الجلیل لشرح مختصر خلیل، مطبوعہ: مکتبۃ النجاح، لیبیا
۳۵۲۔ علامہ علی بن عبداللہ بن الخرشی، متوفی 1101ھ، الخرشی علی مختصر خلیل، مطبوعہ: دارصادر، بیروت
۳۵۳۔ علامہ ابوالبرکات احمد دردیر مالکی، متوفی 1197ھ، الشرح الکبیر، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت
۳۵۴۔ علامہ شمس الدین محمد بن عرفہ دسوقی، متوفی 1219ھ، حاشیۃ الدسوقی علی الشرح الکبیر، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت

کتب فقہ حنبلی

۳۵۵۔ علامہ موفق الدین عبداللہ بن احمد بن قدامہ، متوفی 620ھ، المغنی، مطبوعہ: دارالحدیث، قاہرہ 1425ھ
۳۵۶۔ علامہ موفق الدین عبداللہ بن احمد بن قدامہ، متوفی 620ھ، الکافی، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1414ھ
۳۵۷۔ شیخ ابوالعباس تقی الدین بن تیمیہ، متوفی 728ھ، مجموعۃ الفتاویٰ، مطبوعہ: ریاض، دارالجیل، بیروت 1418ھ
۳۵۸۔ شیخ ابوالعباس تقی الدین بن تیمیہ، متوفی 728ھ، اقتضاء الصراط المستقیم مخالفۃ اصحاب الجحیم، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت 1424ھ، دارالکتب العلمیہ، بیروت 1426ھ
۳۵۹۔ علامہ شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن فتاح مقدسی، متوفی 763ھ، کتاب الفروع، مطبوعہ: عالم الکتب، بیروت
۳۶۰۔ علامہ ابوالحسین علی بن سلیمان مرداوی، متوفی 885ھ، الانصاف، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت 1387ھ
۳۶۱۔ علامہ موسیٰ بن احمد حجاوی، متوفی 960ھ، الاقناع، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1418ھ
۳۶۲۔ شیخ منصور بن یونس البہوتی الحنبلی، متوفی 1015ھ، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1418ھ

کتب فقہ غیر مقلدین

۳۶۳۔ شیخ علی بن احمد بن حزم اندلسی، متوفی 456ھ، المحلی بالآثار، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت 1424ھ
۳۶۴۔ شیخ محمد بن علی شوکانی، متوفی 1250ھ، نیل الاوطار، مکتبۃ الکلیات الازہریہ، مصر 1398ھ، دارالوفاء 1421ھ
۳۶۵۔ مولانا ثناء اللہ امرتسری، متوفی 1367ھ، فتاویٰ ثنائیہ، مطبوعہ: النور اکیڈمی مکتبہ ثنائیہ سرگودھا

Marfat.com

۳۶۶۔ مولانا سید محمد نذیر حسین محدث دہلوی، متوفی 1805ء، فتاویٰ نذیریہ، مکتبۃ المعارف الاسلامیہ، پاکستان 1333ھ
۳۶۷۔ شیخ حافظ عبداللہ محدث روپڑی، متوفی 1920ء، فتاویٰ اہلحدیث، مطبوعہ: ادارہ احیاء السنۃ النبویہ، پاکستان 1404ھ

کتب اصول فقہ

۳۶۸۔ امام محمد بن ادریس شافعی، متوفی 204ھ، الرسالہ، مطبوعہ: مطبع امیریہ کبریٰ، بولاق مصر 1312ھ
۳۶۹۔ فخر الاسلام علی بن محمد بزدوی حنفی، متوفی 482ھ، اصول بزدوی، مطبوعہ: نور محمد کارخانہ تجارت کتب، کراچی
۳۷۰۔ علامہ ابوبکر محمد بن احمد بن ابی سہل السرخسی الحنفی، متوفی 483ھ، اصول السرخسی، مطبوعہ: دار المعرفہ، بیروت
۳۷۱۔ امام ابوحامد محمد بن محمد غزالی شافعی، متوفی 505ھ مستصفی، مطبوعہ: مطبعہ امیریہ کبریٰ، بولاق، مصر 1294ھ
۳۷۲۔ علامہ علاؤالدین عبدالعزیز بن احمد البخاری الحنفی، متوفی 730ھ، کشف الاسرار، مطبوعہ: دار الکتاب العربی 1411ھ
۳۷۳۔ علامہ جمال الدین اسنوی، متوفی 772ھ، شرح المنہاج، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1403ھ
۳۷۴۔ علامہ کمال الدین ابن ہمام حنفی، متوفی 861ھ، تحریر، مطبوعہ: دار احیاء التراث العربی، بیروت 1403ھ
۳۷۵۔ علامہ ابن امیر الحاج حنفی، متوفی 879ھ، التقریر والتحریر، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ بیروت 1403ھ
۳۷۶۔ بحر العلوم عبدالعلی بن نظام الدین حنفی، متوفی 1225ھ، فواتح الرحموت، مطبوعہ: مطبعہ امیریہ کبریٰ، بولاق مصر 1294ھ
۳۷۷۔ شیخ محمد بن علی شوکانی غیر مقلد، متوفی 1250ھ، ارشاد الفحول الی تحقیق الحق من علم الاصول، مطبوعہ: مکتبہ اثریہ، سانگلہ ہل
۳۷۸۔ علامہ محمد امین بن عمر بن عابدین شامی حنفی، متوفی 1252ھ، شرح شرح المنار للعلامۃ الشامی، مطبوعہ: ادارۃ القرآن، کراچی

مذاہب اربعہ

۳۷۹۔ علامہ عبدالوہاب شعرانی حنفی، متوفی 973ھ، میزان الشریعۃ الکبریٰ، مطبوعہ: مطبع مصطفیٰ البابی واولادہ، مصر 1359ھ، دار الکتب العلمیہ، بیروت 1418ھ
۳۸۰۔ علامہ عبدالرحمن الجزیری، الفقہ علی مذاہب الاربعہ، مطبوعہ: دار الفکر، بیروت
۳۸۱۔ الفتاویٰ الاسلامیہ من دار الافتاء المصریہ القاہرہ 1400ھ
۳۸۲۔ ڈاکٹر وھبہ زحیلی، الفقہ الاسلامی وادلتہ، مطبوعہ: دار الفکر، بیروت 1405ھ
۳۸۳۔ موسوعۃ الفقہ الاسلامی، مطبوعہ: القاہرہ 1410ھ

کتب شیعہ

۳۸۴۔ شیخ ابوجعفر محمد یعقوب کلینی، متوفی 329ھ، الاصول من الکافی، دار الکتب الاسلامیہ، تہران
۳۸۵۔ شیخ ابوجعفر محمد یعقوب کلینی، متوفی 329ھ، الفروع من الکافی، مطبوعہ: دار الکتب الاسلامیہ، تہران
۳۸۶۔ شیخ ابوجعفر محمد بن حسن طوسی، متوفی 460ھ، تہذیب الاحکام، مطبوعہ: دار الکتب الاسلامیہ، تہران
۳۸۷۔ شیخ ابوجعفر محمد بن حسن طوسی، متوفی 460ھ، الاستبصار، مطبوعہ: دار الکتب الاسلامیہ، تہران

۳۸۸۔ نہج البلاغہ (مع فارسی)، مطبوعہ: انتشارات زرین، ایران
۳۸۹۔ نہج البلاغہ (مع اردو)، مطبوعہ: شیخ غلام علی اینڈ سنز
۳۹۰۔ شیخ عزالدین عبدالحمید بن ابی الحدید، متوفی 656ھ، شرح نہج البلاغہ، مطبوعہ: مؤسسہ مطبوعاتی اسماعیلیان، ایران
۳۹۱۔ ملا باقر بن محمد تقی مجلسی، متوفی 1110ھ، بحار الانوار، مطبوعہ المطبعہ الاسلامیہ، تہران 1392ھ
۳۹۲۔ ملا باقر بن محمد تقی مجلسی، متوفی 1110ھ، حق الیقین، مطبوعہ: خیابان ناصر خسرو، ایران 1347ھ
۳۹۳۔ ملا باقر بن محمد تقی مجلسی، متوفی 1110ھ، جلاء العیون (مترجم)، مطبوعہ: انصاف پریس، لاہور
۳۹۴۔ ملا باقر بن محمد تقی مجلسی، متوفی 1110ھ، حیات القلوب (مترجم) مطبوعہ: حمایت اہل بیت وقف، لاہور
۳۹۵۔ شیخ محمد بن حسین طباطبائی، متوفی 1293ھ، المیزان، مطبوعہ: دار الکتب الاسلامیہ، ایران 1302ھ

کتب عقائد وکلام

۳۹۶۔ علامہ محمد بن محمد غزالی شافعی، متوفی 505ھ، المنقذ من الضلال، مطبوعہ: ہیئۃ الاوقاف، لاہور 1405ھ
۳۹۷۔ علامہ سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی حنفی، متوفی 791ھ، شرح عقائد نسفی، مطبوعہ: نور محمد اصح المطابع، کراچی
۳۹۸۔ علامہ سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی حنفی، متوفی 791ھ، شرح المقاصد، مطبوعہ: دار المعارف النعمانیہ، لاہور 1401ھ
۳۹۹۔ میر سید شریف علی بن محمد جرجانی حنفی، متوفی 816ھ، شرح مواقف، مطبوعہ: مطبع منشی، لکھنو
۴۰۰۔ علامہ شمس الدین احمد بن موسیٰ خیالی حنفی، متوفی 870ھ، حاشیۃ الخیالی، مطبوعہ: عبدالحکیم اینڈ سنز، پشاور
۴۰۱۔ علامہ عبدالوہاب شعرانی حنفی، متوفی 973ھ، الیواقیت والجواہر، مطبوعہ: مطبع مصطفیٰ البابی، مصر 1378ھ
۴۰۲۔ ملا علی بن سلطان محمد القاری الحنفی، متوفی 1014ھ، شرح فقہ اکبر، مطبوعہ: مطبع مصطفیٰ البابی، مصر 1375ھ
۴۰۳۔ مولانا عبدالعزیز پرہاروی حنفی، نبراس، مطبوعہ: مکتبہ قادریہ، لاہور 1397ھ

کتب متفرقات

۴۰۴۔ ابوالمعالی عبدالملک الجوینی الشہید بامام الحرمین الشافعی، متوفی 478ھ، مغیث الخلق فی ترجیح القول الحق، مطبوعہ: مکتبہ قدوسیہ، لاہور 1400ھ
۴۰۵۔ امام ابوالفتح ظہیر الدین الولوالجیہ حنفی، متوفی 540ھ، الفتاوی الولوالجیہ، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ، بیروت 1424ھ
۴۰۶۔ ابوعبداللہ شمس الدین محمد بن ابوبکر الدمشقی المعروف بابن قیم حنبلی، متوفی 751ھ، الداء والدواء، مطبوعہ: المکتبۃ التجاریہ 1410ھ
۴۰۷۔ علامہ علی بن سلطان القاری الحنفی، متوفی 1014ھ، القائلین بوحدۃ الوجود، مطبوعہ: دار المامون للتراث 1415ھ
۴۰۸۔ میر عبدالواحد بلگرامی حنفی، متوفی 1016ھ، سبع سنابل، مطبوعہ: حامد اینڈ کمپنی، لاہور 1402ھ
۴۰۹۔ ملا باقر مجلسی شیعی، متوفی 1110ھ، ضیاء العیون، مطبوعہ: ایرانی کتب خانہ
۴۱۰۔ شیخ محمد اسماعیل دہلوی دیوبندی، متوفی 1246ھ، تقویۃ الایمان، مطبوعہ: مطبع علیمی، اندرون، لاہور
۴۱۱۔ مولانا حاجی امداد اللہ مہاجر مکی حنفی، متوفی 1258ھ، شمائم امدادیہ، مطبوعہ: مدنی کتب خانہ، ملتان 1405ھ

Marfat.com

۴۱۲۔ شیخ محمد قاسم نانوتوی دیوبندی، متوفی 1297ھ، آب حیات، ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان 1413ھ
۴۱۳۔ شیخ محمد قاسم نانوتوی دیوبندی، متوفی 1297ھ، تحذیر الناس، دارالاشاعت، کراچی
۴۱۴۔ ابوالحسنات محمد عبدالحیٔ لکھنوی حنفی، متوفی 1304ھ، سباحۃ الفکر فی الجہر بالذکر، دارالبشائر الاسلامیہ، بیروت 1408ھ
۴۱۵۔ شیخ محمود حسن دیوبندی، متوفی 1339ھ، الجہد المقل فی تنزیہہ المعز والمذل، مکتبہ مدینہ، لاہور 1409ھ
۴۱۶۔ امام احمد رضا خان قادری بریلوی، متوفی 1340ھ، ملفوظات، حامد اینڈ کمپنی، لاہور
۴۱۷۔ امام احمد رضا خان قادری بریلوی، متوفی 1340ھ، تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین، حامد اینڈ کمپنی، لاہور 1401ھ
۴۱۸۔ امام احمد رضا خان قادری بریلوی، متوفی 1340ھ، احکام شریعت، ضیاء القرآن پبلی کیشنز 2002ء
۴۱۹۔ امام احمد رضا خان قادری بریلوی، متوفی 1340ھ، الامن والعلی، شبیر برادرز، لاہور 1396ھ
۴۲۰۔ امام احمد رضا خان قادری بریلوی، متوفی 1340ھ، جعل مجلیۃ ان المکروہ تنزیہا لیس بمعصیۃ، صدیقی پبلیشرز 2009ء
۴۲۱۔ امام احمد رضا خان قادری بریلوی، متوفی 1340ھ، الدولۃ المکیہ بالمادۃ الغیبیہ، مطبوعہ: مؤسسہ رضا الجامعہ النظامیہ الرضویہ، لاہور پاکستان 1422ھ
۴۲۲۔ امام احمد رضا خان قادری بریلوی، متوفی 1340ھ، انباء الحی، مؤسسہ رضا الجامعہ النظامیہ الرضویہ، لاہور پاکستان 1422ھ
۴۲۳۔ شیخ خلیل احمد انبیٹھوی دیوبندی، متوفی 1346ھ، البراہین القاطعہ علی ظلام الانوار الساطعہ، مطبوعہ: مطبع بلالی، ڈسونڈ
۴۲۴۔ حضرت سید پیر مہر علی شاہ گولڑوی حنفی، متوفی 1356ھ، تحقیق الحق فی کلمۃ الحق، گولڑہ شریف، اسلام آباد 1421ھ
۴۲۵۔ حضرت سید پیر مہر علی شاہ گولڑوی حنفی، متوفی 1356ھ، ملفوظات مہریہ، پاکستان انٹرنیشنل پرنٹرز لمیٹڈ، لاہور 1406ھ
۴۲۶۔ حضرت سید پیر مہر علی شاہ گولڑوی حنفی، متوفی 1356ھ، اعلاء کلمۃ اللہ فی بیان وما اہل بہ لغیر اللہ، گولڑہ شریف کتب خانہ درگاہ غوثیہ 1421ھ
۴۲۷۔ حضرت سید پیر مہر علی شاہ گولڑوی حنفی، متوفی 1356ھ، شمس الہدایہ فی اثبات حیات المسیح، مطبوعہ: پاکستان انٹرنیشنل پرنٹرز، لاہور 1406ھ
۴۲۸۔ حضرت سید پیر مہر علی شاہ گولڑوی حنفی، متوفی 1356ھ، مدینۃ الرسول ﷺ، پاکستان انٹرنیشنل پرنٹرز 1415ھ
۴۲۹۔ حضرت سید پیر مہر علی شاہ گولڑوی حنفی، متوفی 1356ھ، تصفیہ ما بین السنی والشیعہ، پاکستان انٹرنیشنل، لاہور 1399ھ
۴۳۰۔ مولانا فیض احمد فیض حنفی، مہر منیر، انٹرنیشنل پرنٹرز، لاہور
۴۳۱۔ شیخ اشرف علی تھانوی دیوبندی، متوفی 1364ھ، حفظ الایمان مع بسط البنان وتغیر العنوان، مکتبہ تھانوی، کراچی
۴۳۲۔ شیخ اشرف علی تھانوی دیوبندی، متوفی 1364ھ، امداد المشتاق الی اشرف الاخلاق
۴۳۳۔ شیخ اشرف علی تھانوی دیوبندی، متوفی 1364ھ، جمال الاولیاء، مکتبہ اسلامیہ بالال گنج، لاہور
۴۳۴۔ سید ابوالاعلیٰ مودودی دیوبندی، متوفی 1399ھ، خلافت وملوکیت، ادارہ ترجمان القرآن، لاہور 1975ھ
۴۳۵۔ مولانا محمد عبداللہ معمار امرتسری غیر مقلد، محمدیہ پاکٹ بک بجواب احمدیہ پاکٹ بک، المکتبۃ السلفیہ، لاہور 1391ھ

Marfat.com

۴۳۶۔ ابوالحسنات علامہ محمد اشرف سیالوی حنفی بریلوی، انبیاء سابقین اور بشارات سید المرسلین، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور 1998ء
۴۳۷۔ شیخ عبدالحی الکتانی، نظام الحکومت النبویہ، دارالکتب العلمیہ، بیروت
۴۳۸۔ ڈاکٹر غلام جیلانی برق، متوفی 1985ء، دواسلام، مطبوعہ: شیخ غلام علی اینڈ سنز، کراچی
۴۳۹۔ ڈاکٹر محمد نجات اللہ صدیقی، انشورنس اسلامی معیشت میں، مطبوعہ: اسلامی پبلی کیشنز لمیٹڈ، لاہور 1982ء
۴۴۰۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، مطبوعہ: دانش گاہ پنجاب، لاہور
۴۴۱۔ میر عبدالواحد بلگرامی، سبع سنابل، حامد اینڈ کمپنی، لاہور
۴۴۲۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، صحیفہ ہمام بن منبہ، اکیڈمی آف لائف اینڈ لیٹرز
۴۴۳۔ عقیدہ ختم نبوت، ادارہ تحفظ العقائد الاسلامیہ، پاکستان
۴۴۴۔ شیخ خلیل احمد سہارنپوری دیوبندی، متوفی 1346ھ، المہند علی المفند، ادارہ اسلامیات 1404ھ،
۴۴۵۔ شیخ خلیل احمد سہارنپوری، حسین احمد دیوبندی، متوفی 1377ھ، منظور نعمانی، عقائد علماء دیوبند اور حسام الحرمین، دارالاشاعت، کراچی
۴۴۶۔ شیخ حسین احمد دیوبندی، متوفی 1377ھ، الشہاب الثاقب علی المسترق الکاذب، میر محمد کتب خانہ، کراچی
۴۴۷۔ شیخ محمد سرفراز خان صفدر دیوبندی، متوفی 2009ء، تسکین الصدور فی تحقیق احوال الموتی فی البرزخ والقبور، ادارہ نشر واشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم، گوجرانوالہ 1407ھ
۴۴۸۔ شیخ محمد سرفراز خان صفدر دیوبندی، متوفی 2009ء، عبارات اکابر، مکتبہ صفدریہ، گوجرانوالہ
۴۴۹۔ شیخ محمد یوسف لدھیانوی دیوبندی، متوفی 2000ء، تحفۂ قادیانیت، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، ملتان 2001ء
۴۵۰۔ شیخ محمد یوسف لدھیانوی دیوبندی، متوفی 2000ء، اختلاف امت اور صراط مستقیم، مکتبہ بینات بنوری ٹاؤن، کراچی 1399ھ
۴۵۱۔ مخدوم محمد ہاشم سندھی، متوفی 1174ھ، ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول، مکتبہ لدھیانوی، کراچی 1995ء
۴۵۲۔ محمد الیاس برنی، قادیانی مذہب کا علمی محاسبہ، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت 2001ء
۴۵۳۔ مولانا سید محمد دیدار علی شاہ الوری بریلوی، متوفی 1354ھ، فتاویٰ دیداریہ، مطبوعہ: مکتبۃ العصر، گجرات
۴۵۴۔ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی حنفی بریلوی، متوفی 2003ء، مقالات مفتی اعظم، مطبوعہ: بزم رضا، لاہور 1428ھ
۴۵۵۔ مولانا محمد منشا تابش قصوری حنفی بریلوی غفرلہ، دعوت فکر، مطبوعہ: مکتبہ اشرفیہ، مریدکے شیخوپورہ 1403ھ
۴۵۶۔ علامہ غلام رسول سعیدی حنفی بریلوی غفرلہ، حیات استاذ العلماء، مطبوعہ: دارالاسلام، لاہور 1433ھ
۴۵۷۔ علامہ غلام رسول سعیدی حنفی بریلوی غفرلہ، توضیح البیان، مطبوعہ: حامد اینڈ کمپنی، لاہور 1422ھ
۴۵۸۔ علامہ غلام رسول سعیدی حنفی بریلوی غفرلہ، ذکر بالجہر، مطبوعہ: فرید بک اسٹال، لاہور 1427ھ
۴۵۹۔ علامہ غلام رسول سعیدی حنفی بریلوی غفرلہ، تذکرۃ المحدثین، مطبوعہ: فرید بک اسٹال، لاہور 1428ھ
۴۶۰۔ علامہ غلام رسول سعیدی حنفی بریلوی غفرلہ، مقالات سعیدی، مطبوعہ: فرید بک اسٹال، لاہور 1428ھ

Marfat.com

۴۶۱۔ علامہ غلام رسول سعیدی حنفی بریلوی غفرلہ، مقام ولایت ونبوت، مطبوعہ: فرید بک اسٹال، لاہور 1426ھ
۴۶۲۔ علامہ غلام رسول سعیدی حنفی بریلوی غفرلہ، تاریخ نجد وحجاز، مطبوعہ: ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور 2004ء
۴۶۳۔ مفتی محمد اسماعیل حسین نورانی حنفی بریلوی غفرلہ، حقائق شرح صحیح مسلم ودقائق تبیان القرآن، فرید بک اسٹال، لاہور 1425ھ
۴۶۴۔ مولانا غلام نصیر الدین گولڑوی حنفی بریلوی غفرلہ، سفر آخرت کی منازل، فرید بک اسٹال، لاہور 1427ھ

Marfat.com



Marfat.com